اردو کی
صوتی لغت

الفاظ کے مآخذ، نحوی زمرے اور معنی و مطالب کے ساتھ

پروفیسر نصیر احمد خاں

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

اردو
کی
صوتی لغت

(الفاظ کے مآخذ، نحوی زمرے اور معنی و مطالب کے ساتھ)

مرتب

پروفیسر نصیر احمد خاں

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

وزارت ترقی انسانی وسائل، حکومت ہند

فروغ اردو بھون، FC-33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی-110025

پہلی اشاعت : 2014
تعداد : 550
قیمت : -/707 روپے
سلسلۂ مطبوعات : 1837

Urdu Ki Sauti Lughat

Compiled by: Prof. Naseer Ahmed Khan

ISBN :978-93-5160-066-4

ناشر: ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، فروغ اردو بھون، FC-33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی 110025، فون نمبر: 49539000، فیکس: 49539099

شعبۂ فروخت: ویسٹ بلاک۔8، آر۔کے۔پورم، نئی دہلی۔110066 فون نمبر: 26109746

فیکس: 26108159 ای۔میل: ncpulsaleunit@gmail.com

ای۔میل: urducouncil@gmail.com، ویب سائٹ: www.urducouncil.nic.in

طابع: جے۔کے۔آفسیٹ پرنٹرز، بازار مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی۔110006

اس کتاب کی چھپائی میں 70GSM, TNPL Maplitho کاغذ استعمال کیا گیا ہے۔

پیش لفظ

انسان کا اجتماعی شعور صدیوں کو محیط ہے۔ اظہار کے سانچوں پر قابو پانے میں صدیاں لگی ہیں۔ اظہار کے لسانی سانچے پر عبور پانا معجزے سے کم نہیں۔ زبان کا سفر حقیقت سے مجاز تک کا نہایت بامعنی سفر ہے۔ مجاز کے توسط سے اشارے حقیقت کی ترسیل ہیں۔ مفروضے سے معروضے کی منزل مشاہدے سے تجربے کی منزل ہے جو پیچیدگی سے آسانی کی طرف لے جاتی ہے۔ فکر سے اظہار اور اظہار سے تحریر کے مراحل میں ردوقبول کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ جذبے، احساسات اور اشیا کی شناخت کے لیے لفظیات کا انتخاب اور ان کی قبولیت کے لیے زمانہ درکار ہوتا ہے۔ زبان عمرانی، معاشرتی اور تہذیبی مظہر ہے۔ ایک دن میں زبان بنتی ہے نہ قواعد۔ نطق سے اظہار تک کا سفر صدیوں پر مشتمل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس میں پیچیدگی اور تنوع پایا جاتا ہے۔ زبان نامیاتی حقیقت ہے۔ اسی لیے نئے نئے سیاق میں ظاہر ہوتی ہے۔ ہر لفظ معنوی امکانات میں ایک سے زائد سیاق رکھتا ہے۔ ہر لفظ اپنے ساتھ مختلف تصورات لے کر ظاہر ہوتا ہے لیکن اس کی سادہ اور مجرد، دونوں صورتیں ممکن ہیں۔ ہر لفظ اپنی تخلیق کے بعد جب کچھ زمانی عرصہ گزار لیتا ہے تو اس کے معنوی حدود متعین ہو جاتے ہیں اور اس کی سند لغت فراہم کر دیتا ہے۔ اردو نے اپنا ادبی سفر شروع کیا تو تحریر بھی اسے محفوظ کرتی گئی اور آج اردو کتابوں کے عظیم ذخیرے پر ہم فخر کرتے ہیں۔

اردو میں مختلف علوم وفنون کی کتابوں کو منتقل کرنا اور معیاری تحریروں کو نئی روشنائی عطا کر کے اردو حلقوں تک پہنچانا ہماری اہم ذمہ داری ہے۔ کونسل نے متنوع موضوعات پر کافی کتابیں شائع کی ہیں۔ کونسل نے لغت نویسی کی طرف بھی توجہ دی ہے۔ کسی بھی زبان میں لغت کے اصول مرتب کرنا اور ان

کی روشنی میں لغت تیار کرنا بڑی ذمہ داری کا کام ہے۔ ہمارے یہاں لغت نویسی کے اصولوں کی طرف خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ نصیر احمد خان اردو کے ممتاز ماہر لسانیات ہیں۔ لسانیات کے مباحث پر ان کی تحریریں زبان کے رموز و نکات، تاریخ اور رویوں کی طرف طلبہ اور ہماری نسل کے اہم لکھنے والوں کو مائل کرتی ہیں۔ 'اردو کی صوتی لغت' ان کی برسوں کی محنت کا نتیجہ ہے۔ قومی اردو کونسل اسے شائع کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہی ہے کہ عہد حاضر میں اس وقیع لغت کی سخت ضرورت تھی۔ زبان کے معاملے میں تلفظ اور ادائگی آج سب سے بڑا مسئلہ بن گئی ہے۔ نصیر احمد خان صاحب نے اس اہم مسئلے کی جانب توجہ دی۔ کونسل ان کی شکرگزار ہے۔ امید ہے کہ زبان اور لغت سے دلچسپی رکھنے والے اس اہم کوشش کا استقبال کریں گے اور کونسل کی دیگر مطبوعات کی طرح اس کتاب کی بھی پذیرائی ہوگی۔

ڈاکٹر خواجہ محمد اکرام الدین

(ڈائرکٹر)

پیش گفتار

اردو میں لسانی تحقیق کی شروعات لغت نویسی سے ہوتی ہے۔ ضیاء الدین خسرو کی منظوم لغت 'خالق باری' کو اگر اردو کی قدیم ترین تالیف مان لیا جائے تو اردو لغت نویسی کا آغاز سترھویں صدی کی ابتدائی دہائی سے ہوتا ہے۔ 'خالق باری' میں عربی اور فارسی الفاظ کے اردو (ہندی) مترادفات اور معنی بیان کیے گئے ہیں۔ اس سے قبل 'بحرالفضائل' ملتی ہے جس کے باب چہار دہم میں فارسی شاعری میں استعمال ہونے والے تین سو اردو الفاظ کا ذکر ہے۔ فخرالدین قواسی بھی 'فرہنگ نامہ' کے نام سے ایسی ہی ایک کتاب مرتب کرتا ہے۔ محمد تغلق کے عہد میں رفیع حاجب نے 'دستور الافاضل' اور بدرالدین نے 'ادارت الفضلا' مرتب کیں۔ اسی سلسلے کی ایک باقاعدہ لغت عبدالواسع ہانسوی کی 'غرائب اللغات' ہے جس میں اپنے عہد کے اردو تلفظات کا اندراج بھی ملتا ہے۔ خان آرزو (1755-1687) نے تقریباً نصف صدی بعد 'نوادرالالفاظ' مرتب کی جو غرائب اللغات کی تصحیح و ترمیم ہے۔ اس کی اہمیت اس لیے بھی بڑھ جاتی ہے کہ اس میں معانی و مفاہیم کا صحیح تعین، مترادفات کے باریک اور لطیف امتیازات اور ہندوستان کی مختلف زبانوں کے حوالوں سے الفاظ کی تصحیح میں ان کی نحوی تحقیق اور تلفظات کی پرکھ دیکھنے کو ملتی ہے۔ خان آرزو کا ایک کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے فارسی اور سنسکرت کا تقابلی مطالعہ کر کے دونوں کے درمیان زبردست مماثلت کے پیش نظر یہ خیال ظاہر کیا کہ دونوں کی اصل کوئی ایک زبان ہے۔ اس نظریے کو گریرسن لے اڑے اور ہند یورپی کا تصور دیتے ہوئے کہا کہ سنسکرت، فارسی، جرمن، یونانی اور لاطینی زبانیں کسی قدیم شکل (ہند یورپی) سے ماخوذ ہیں۔ یہاں مغربی ماہرین زبان گل کرسٹ، پلیٹس، فورگوسن، فیولین اور

شیکسپیئر کا ذکر بھی ضروری ہے جنھوں نے اردو ہندی انگریزی کی ذولسانی و کثیر لسانی لغات مرتب کیں۔ یہ سلسلہ انیسویں صدی کے آخر تک ملتا ہے۔ اردو کی یک لسانی لغات میں قاموس الاغلاط، فرہنگ آصفیہ، فرہنگ عامرہ، فیروز اللغات، نوراللغات، جامع اللغات، کریم اللغات، غیاث اللغات، فرہنگ اثر اور باتصویر لغت رئیس اللغات وغیرہ شامل ہیں جن کی قدر و قیمت مسلم ہے۔ حال ہی میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نے اردو سے اردو لغت تیار کی ہے۔ اردو کی جو لغات مرتب ہوئی ہیں ان کے اندراجات میں الفاظ کے ماخذ، لغوی زمرے اور معنی شامل کیے گئے ہیں۔ بعض لغات میں ضمنی طور پر لفظوں کے تلفظات کا بھی ذکر ہے۔ الفاظ کے معنی و مطالب اور تلفظات میں اساتذہ کے کلام سے سند لی گئی ہے۔ اردو میں امیر اللغات کے نام سے ایک ادھوری لغت بہت مشہور ہے۔ اس کے مرتب امیر مینائی تھے لیکن ان کی ناگہانی موت سے کام مکمل نہ ہوسکا۔ بعد میں اسے نواب رامپور حامد علی خاں مرحوم نے پایۂ تکمیل تک پہنچوا کر 'فرہنگ حمیدیہ' کا نام دیا۔ یہ لغت 28 جلدوں پر مشتمل ہے اور بدقسمتی سے ابھی تک نہیں چھپی ہے۔ اس لغت کا مسودہ رضا لائبریری رامپور میں دستیاب ہے۔ یہ لغت الفاظ کے ماخذ ان کے تلفظات، نحوی زمرے اور معنی و مطالب کو بڑے ہی عالمانہ انداز میں بیان کرتی ہے۔

ادھر اردو میں لغت نویسی کا کام رک سا گیا ہے۔ زیادہ تر لغات نظر ثانی کے بغیر چھپ رہی ہیں۔ اس میں انجمن ترقی اردو (ہند) اور دوسرے ذاتی پبلشنگ ہاؤسز شامل ہیں۔ یہ ادارے بلاتکلف دو دو سو برس پرانی لغات بغیر ترمیم و اضافے کے چھاپ رہے ہیں۔ اس سے بدتر غیر علمی اور غیر سنجیدگی کی مثال کہیں دیکھنے کو نہیں ملتی۔ ایک بڑی کمی اردو میں صوتی لغت کا نہ ہونا ہے۔ ہر چھوٹی بڑی زبان اپنے معیاری تلفظ کے ریکارڈ کے ساتھ چلتی ہے جن کے حوالے درس و تدریس کے وقت کلاسوں، اخبار و رسائل کے دفتروں اور روزمرہ کے علمی و ادبی کاوشوں کے علاوہ برقی میڈیا کی سرگرمیوں میں دیے جاتے ہیں۔ اردو ایک بین الاقوامی زبان ہے جو ملکوں ملکوں، صوبوں صوبوں اور مختلف چھوٹے بڑے علاقوں میں ٹکڑیوں میں بولی اور سمجھی جاتی ہیں۔ اس پھیلاؤ سے زبان کے تلفظ میں تفریق و انحراف پیدا ہوا ہے۔ مثلاً بہار کے رہنے والوں کا تلفظ اتر پردیش کے باشندوں سے الگ محسوس کیا جاسکتا ہے۔ ایسا اتر پردیش کے علاقوں میں بھی ہے۔ جیسے اودھ کا علاقہ، دوآبہ کا علاقہ، اور برج بھاشا کا علاقہ۔ ان علاقوں کی اردو کے تلفظ اور لہجے جدا ہیں۔ اسی طرح مدھیہ پردیش کی اردو مہاراشٹر کی اردو سے اپنے لب و لہجے میں مختلف ہے۔ شمال کے مقابلے میں جنوبی ہند میں حیدرآباد یا میسور کے لوگ الگ طریقے سے اردو بولتے ہیں۔ اردو زبان کے تلفظ کی یہ علاقائی تفریق فطری ہے اور ان کے علاقائی معیار بھی درست ہیں لیکن معیاری اردو کا ایک الگ تلفظ ہوتا

ہے جس کا ریکارڈ بھی ہوتا ہے۔ ہم اب تک پرانی لغات سے کام چلا رہے ہیں اور سو دو برس پرانے اردو الفاظ کے جو تلفظ لغات میں ملتے ہیں انھیں معیاری سمجھتے ہیں جو کسی بھی اعتبار سے درست نہیں۔ اردو کی ایک معیاری صوتی لغت کا ہونا انتہائی ضروری ہے۔

راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانے میں یہ احساس ہو گیا تھا کہ اردو کی ایک صوتی لغت مرتب ہونا چاہیے۔ یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں پونا میں سینٹر فار ایڈوانس اسٹڈیز ان لنگوسٹکس میں لسانیات سے ایم۔ اے کر رہا تھا۔ میں نے بعد میں صوتی لغت، اردو قواعد اور اردو زبان کی تاریخ کا ایک خاکہ مرتب کیا۔ آخر الذکر دونوں کام پائے تکمیل کو پہنچ گئے لیکن صوتی لغت مرتب نہ ہو سکی۔ اس کے لیے تربیت یافتہ ایک ٹیم کے علاوہ سروے اور ایک معقول رقم درکار تھی۔ صاحب علم و ہنر اور صاحب زبان و ادب سے رجوع کیا جس میں پروفیسر نذیر احمد، پروفیسر محمد حسن، پروفیسر عبدالعظیم (امریکہ) اور پروفیسر قمر رئیس جیسے بزرگ شامل تھے۔ پروفیسر نذیر احمد مرحوم سابق صدر شعبہ فارسی علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی نے فرہنگ حمیدیہ کی جدید کاری کے لیے ایک بڑی رقم مخصوص کرائی۔ میرے لیے رضا لائبریری، رامپور جا کر کام کرنا مشکل بلکہ ناممکن تھا اس لیے معاملات ادھورے رہ گئے۔ لیکن میں اردو کی صوتی لغت پر برابر غور و خوض کرتا رہا۔ ادھر چار پانچ برسوں سے میری خاص توجہ اس موضوع پر مرکوز تھی۔ نتیجتاً صوتی لغت کی شکل میں آج یہ تحقیق آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ مجھے پورا احساس ہے کہ یہ کام محدود ہے اور موضوع کے شایانِ شان نہیں لیکن اسے اردو زبان کی صوتی لغت پر ایک کوشش سمجھ کر قبول کر لینا چاہیے۔

زیر نظر لغت کے اندراجات کے لیے فرہنگ آصفیہ کو بنیاد بنایا گیا ہے۔ متروک الفاظ کی چھٹائی کر کے ان نئے الفاظ اور مرکبات کو شامل کیا گیا ہے جو عام بول چال کے علاوہ آج ادبی و سماجی زندگی میں رواج پا گئے ہیں۔ تلفظات کا تعین کرتے وقت متعدد لغات کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ قواعدوں سے حوالے لیے گئے ہیں۔ سیمیناروں، کانفرنسوں اور ورک شاپوں میں ماہرین ادبیات کی ریکارڈ کی ہوئی گفتگو اور تقاریر سن کر فیصلے کیے گئے ہیں۔ ریڈیو، ٹیلی ویژن کی نشریات سے مدد لی گئی ہے اور اساتذہ کے کلام سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں راقم الحروف نے اپنی اردو قواعد سے بھی کافی مدد لی ہے جس کے لیے 20 کیسٹوں میں مواد جمع کیا گیا تھا اور جو شعبۂ لسانیات، علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کی سیمینار لائبریری میں شاید آج بھی موجود ہے۔ الفاظ کے تلفظات کو طے کرنے میں جہاں دقتیں پیش آئیں ہیں وہاں اپنے بزرگوں اور دوست احباب سے مشورے کیے گئے ہیں۔ بزرگوں میں علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی سے پروفیسر نذیر احمد، سابق صدر شعبہ فارسی، پروفیسر مسعود حسین خاں، پروفیسر ایمریٹس شعبۂ لسانیات،

پروفیسر قاضی عبدالستار، سابق صدر شعبہ اردو، پروفیسر عبدالعظیم، سابق ڈین، فیکلٹی آف آرٹس اور پروفیسر محمد حسن، سابق چیئر پرسن، ہندوستانی زبانوں کا مرکز، جواہر لعل نہرو یونی ورسٹی، پروفیسر قمر رئیس، سابق صدر، شعبہ اردو دہلی یونی ورسٹی و وائس چیئر مین، دہلی اردو اکادمی کے علاوہ پروفیسر انیس اشفاق، صدر شعبہ اردو، لکھنؤ یونیورسٹی، پروفیسر محمد اسلم اصلاحی، ڈین، اسکول آف لینگویج، لٹریچر اینڈ کلچر اسٹڈیز، جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، پروفیسر وہاج الدین علوی، صدر شعبہ اردو جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر شاہد پرویز دہلی ریجنل سینٹر، مولانا آزاد اردو یونیورسٹی، حیدرآباد خصوصاً قابل ذکر ہیں۔ ان حضرات نے میری حوصلہ افزائی فرمائی اور اپنے گرانقدر مشوروں سے بھی نوازا۔ پروفیسر ودیا نواس مشر، سابق وائس چانسلر، بنارس ہندو یونیورسٹی، پروفیسر گنگا پرشاد وِمل، سابق ڈائرکٹر کیندریہ ہندی سنستھان (حکومت ہند)، پروفیسر ہرمن وان آلفن، پروفیسر ایریٹس، ٹیکساس یونی ورسٹی، آسٹن (امریکہ)، پروفیسر ایرینا پرکوفیوا، ماسکو اسٹیٹ یونیورسٹی، روس اور ماریا تکشے ہنگری کی لسان شناسی نے بھی میری بڑی مدد کی ہے۔ میں ان تمام حضرات کا بے حد مشکور و ممنون ہوں۔

اندراجات کا زیادہ تر کام ڈاکٹر گلشن آرا، اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی (نئی دہلی) نے کیا ہے۔ انھوں نے نئے الفاظ کے انتخاب میں اور لب و لہجے کے تعین میں میرا کافی ہاتھ بٹایا ہے۔ یہاں ڈاکٹر ظہیر رحمتی، ذاکر حسین دہلی کالج کا نام لینا بھی ضروری ہے جو تلفظ کے انحراف کی شناخت میں جگہ جگہ میری مدد کرتے رہے۔ موجودہ تحقیق کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ان دونوں کا بڑا ہاتھ ہے۔ میں ان کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں۔ اہل خانہ کے تعاون کے بغیر یہ تحقیق پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتی تھی۔ عنبرین اور شاہ رخ کا بھی بہت بہت شکریہ۔

پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین (ڈائرکٹر این سی پی یو ایل) اور عزیزی معید رشیدی کا شکر گزار ہوں کہ انھوں نے اِس لغت میں خاص دلچسپی لیتے ہوئے اِس کی اشاعت کو جلد ممکن بنایا۔

نصیر احمد خاں

20 ستمبر، 2014، نئی دہلی

تعارف

ہزاروں سال قبل آریوں کے وسط ایشیا سے جنوب ایشیا کی طرف ہجرت کرنے کے عمل نے مختلف علاقوں میں متعدد نئی زبانوں کو جنم دیا۔ ان میں سے دو اہم زبانیں ایران میں اوستا (قدیم فارسی) اور ہندوستان میں سنسکرت کہلائیں۔ ہند ایرانی اور ہند آریائی خاندان السنہ کی ان دو عظیم زبانوں کے باہم اختلاط سے اردو پیدا ہوئی۔ نشو ونما اور تشکیل کے اس لسانی عمل میں اردو کو ہم دو بچھڑی ہوئی بہنوں کا ملاپ بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس طرح ہندوستان کی سینکڑوں زبانوں اور بولیوں میں اردو واحد زبان بن جاتی ہے جو اس منفرد کردار کی مالک ہے۔ آج اردو جدید ہند آریائی زبانوں میں 24 دوسری زبانوں کی طرح ہندوستان کی قومی زبان ہے جس کے تحفظ کی ضمانت ہمارا آئین بھی دیتا ہے۔ اردو ایک مخلوط زبان ہے جو ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کی علامت ہے۔ اس کی ترویج واشاعت میں ہندوستان کی عوام نے بلاتفریق مذہب و ملت، علاقہ، طبقہ اور نسل اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اردو کسی ایک علاقے اور قوم تک محدود نہیں ہے بلکہ اس کا مرکزی کردار ہے۔ اردو کو مادری زبان کہنے والوں کی تعداد کروڑوں میں ہے لیکن بولنے اور سمجھنے والے صرف ہندوستان میں تقریباً 50 کروڑ ہیں۔ اردو کو برصغیر ہند و پاک میں رابطے کی زبان کہا جاتا ہے کیونکہ اس کے استعمال کرنے والوں کی بڑی تعداد پاکستان، بنگلہ دیش، نیپال وغیرہ میں بھی ہے۔ قومی اور بین الاقوامی سطحوں پر دوسری زبانوں کے مقابلے میں اردو کی ہر دلعزیزی کی وجہ اس کا دوسری زبانوں سے تعلق ہے۔ بنگلہ دیش میں بنگالی، نیپال میں نیپالی، پاکستان میں پنجابی، سندھی، کشمیری، بلوچی، سرائیکی، پختون اور پشتو کے علاوہ ہندوستان میں ہندی، گجراتی، مراٹھی، پنجابی، کشمیری، بنگالی، کونکنی،

اودھی، بھوج پوری، میتھلی، برج بھاشا، تیلگو اور کنڑ زبانوں سے اردو کے گہرے لسانی، سماجی، مذہبی اور تہذیبی رشتے استوار ہیں۔ ان زبانوں سے اردو کے اخذ و اشتقاق کا زبردست رشتہ قائم ہے۔ یہی دباؤ تھے جس کی وجہ سے آزادی سے قبل اردو ہندوستان کی سرکاری زبان بنی تھی۔ اُسے یہ درجہ 1836 میں دیا گیا۔ ویسے قلی قطب شاہ کے عہد میں سولھویں صدی میں اردو دکن کی سرکاری زبان تھی۔ اردو ہندوستان کی پہلی واحد زبان ہے جو عثمانیہ یونی ورسٹی حیدرآباد میں بیسویں صدی کی ابتدائی دہائیوں میں یونیورسٹی کا ذریعہ تعلیم تھی جہاں انسانی، سماجی، سائنسی، انجینئرنگ اور میڈیسن کی گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کی تعلیم دی جاتی تھی۔

آج صورت حال یہ ہے کہ اردو پاکستان کی سرکاری زبان ہے اور ہندوستان میں کشمیر کی پہلی سرکاری زبان اور دہلی، اتر پردیش، ہماچل پردیش، بہار، مغربی بنگال اور آندھرا پردیش کے متعدد اضلاع کی دوسری سرکاری زبان ہے۔ کناڈا، امریکہ، برطانیہ اور خلیجی ممالک میں اچھی خاصی تعداد اردو بولنے والوں کی دیکھنے کو ملتی ہے۔ ہندوستان کی تقریباً سو یونی ورسٹیوں میں مختلف سطحوں پر اردو کی تعلیم دی جاتی ہیں۔ ہزاروں اسکولوں اور کالجوں میں بھی اردو درس و تدریس کا معقول انتظام ہے۔ ہندوستان کے لاکھوں مدرسوں کا ذریعہ تعلیم بھی اردو ہے۔ ملک میں سرکاری، غیر سرکاری اور نجی تنظیموں اور اداروں کیقابل ذکر تعداد ہے جو اردو ترویج و اشاعت میں سرگرم عمل ہے۔ ہندوستان کے بیشتر صوبوں میں اردو اکادمیاں بھی قائم ہیں۔

اردو کے ارتقا میں خانقاہوں، بازاروں اور درباروں نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ اردو کے سماجی و تہذیبی ادارے بھی اس عمل میں پیش پیش رہے ہیں۔ جیسے مشاعرے، قوالی، چہار بیت، مرثیہ خوانی، مجرے، غزل گائیگی اور داستان گوئی وغیرہ۔ اردو کو بین الاقوامی حیثیت دلانے اور رابطے کی زبان بنانے میں ہجرت کے عمل کا بھی بڑا ہاتھ رہا ہے۔ مختلف اوقات میں تین بڑی ہجرتوں نے اردو کو ہندوستان گیر حیثیت دلائی ہے، جیسے محمد تغلق کے زمانے میں دارالسلطنت کی دہلی سے دکن منتقلی، 1857 میں جنگ آزادی کا آغاز اور تقسیم ہند کے بعد پاکستان کا قیام وغیرہ۔ اردو ہندوستان میں واحد زبان ہے جو ملک کے مختلف صوبوں اور علاقوں میں بھی قابل ذکر حد تک رائج ہے۔ جیسے کرناٹک، آندھرا پردیش، مہاراشٹر، گجرات، مغربی بنگال، پنجاب، ہریانہ اور جموں و کشمیر کے علاقے وغیرہ۔

ابتدا میں اردو کی دیوناگری شکل کو ہی ہندی کہا گیا۔ جب اردو دکن میں قلی قطب شاہ کے دور میں سرکاری زبان تھی، ہندی کا کوئی وجود نہیں تھا۔ آج کے ہندی کے علاقوں میں اپنی اپنی مقامی بولیاں اور زبانیں رائج تھیں۔ جیسے بندرابن میں برج بھاشا، اودھ میں اودھی، میتھلا میں میتھلی، مگدھ میں مگدھی، راجستھان میں راجستھانی۔ بھوج پوری علاقہ میں بھوج پوری اور پہاڑی علاقوں میں پہاڑی بولیاں بھی

اپنے اپنے علاقوں میں آج بھی بولی جاتی ہیں۔ ان علاقوں کے اسکولوں اور کالجوں نے ہندی کو تعلیم سے جوڑ کر ہر پڑھے لکھے کی زبان ہندی بنا دی ہے۔ دراصل فورٹ ولیم کالج سے قبل اردو اور ہندی یا ہندوی ایک ہی زبان تھی جسے وہاں کے پرنسپل سر ولیم جونس نے دو رسم الخطوں یعنی عربی و فارسی یا اردو اور دیوناگری میں لکھنے کی ہدایت دے کر انھیں حسب ترتیب اردو اور ہندی کہا۔ مغربی قواعد دانوں نے بھی اسی خیال کو فروغ دیا۔ یہاں تک کہ گریرسن نے لسانیاتی جائزہ ہند میں بھی ہندی لفظ کا غلط استعمال کر کے زبانوں کی گروہ بندی میں مشرقی اور مغربی ہندی کی تفریق کی اور اردو کو مغربی ہندی کی ایک بولی کہا۔ جبکہ ہندی خود اردو زبان کا اختراع کیا ہوا لفظ ہے۔ دراصل یہ تقسیم انگریزوں کی اس سازش کا نتیجہ تھی کہ 'لڑاؤ، بانٹو اور حکومت کرو'۔ اردو اور ہندی کی لسانی ساخت تقریباً ایک ہے۔ البتہ اردو کے سرمایے الفاظ میں عربی و فارسی اور ہندی میں سنسکرت کے الفاظ زیادہ ہیں۔ سنسکرت کے تدبھو الفاظ دونوں زبانوں میں تقریباً یکساں ہیں۔ ادب کی سطح پر خصوصاً شاعری بالکل مختلف ہے کیونکہ اس کا براہِ راست تعلق تہذیبی رویوں سے ہوتا ہے۔ اردو شاعری کا ڈکشن عربی و فارسی کا مرہون منت ہے اور اردو کے مزاج میں ڈھل گیا ہے۔ جبکہ ہندی ابھی اپنی شاعری کا لہجہ متعین نہیں کر پائی ہے۔ ہندی کو آج ہندوستان میں سرکاری زبان کا درجہ حاصل ہے اور وہ دن دونی رات چوگنی ترقی کر رہی ہے۔ ملک کے تعلیمی اداروں میں اردو درس و تدریس کا معقول انتظام ہے۔ لیکن ابتدائی اور ثانوی سطحوں پر تشنگی کا احساس ہوتا ہے۔ جس کے لیے جدوجہد جاری ہے۔ ہندوستان کے مختلف صوبوں میں اردو اکادمیاں قائم ہیں جو اردو زبان و ادب کی ترویج و اشاعت کے سلسلے میں سرگرم عمل ہیں۔ میڈیا میں خصوصاً فلموں پر اردو کا غلبہ ہے۔ اخبار کی سرخیوں، گانوں اور مکالموں میں اردو کی چھاپ صاف نظر آتی ہے۔ اشتہاروں کی زبان بھی اردو ہے۔

یہ بات ہم سب جانتے ہیں کہ اردو ایک بین الاقوامی زبان ہے۔ اسے سارک ممالک میں رابطے کی زبان بھی کہا جاتا ہے۔ ہندوستان، پاکستان، بنگلہ دیش، نیپال، افغانستان، ماریشس، خلیجی ممالک کے علاوہ امریکہ، کینیڈا اور برطانیہ کی ایک بڑی آبادی اسے بولتی اور سمجھتی ہے۔ ہندوستان کی مختلف ریاستوں میں جموں و کشمیر کی پہلی اور بہار، اتر پردیش، ہماچل پردیش، دہلی، مغربی بنگال اور آندھرا پردیش کے مختلف اضلاع کی اردو دوسری سرکاری زبان ہے۔ راجستھان، گجرات، مہاراشٹر، کرناٹک، مدھیہ پردیش اور جھارکھنڈ میں اسے دوسری سرکاری زبان بنانے کی مانگیں چل رہی ہیں۔ اردو پاکستان کی قومی اور سرکاری زبان بھی ہے۔ جن لسانی ماحولوں میں اردو بولی جاتی ہے ان میں ہندی، پنجابی، بنگالی، کشمیری، مراٹھی، کونکنی، گجراتی، برج، اودھی، تامل، تیلگو، چھتیس گڑھی، میتھلی، بھوج پوری وغیرہ خصوصاً قابل ذکر ہیں۔ ان

تمام زبانوں کے اثرات اردو پر مرتب ہوئے ہیں اور اردو نے بھی ان زبانوں کو متاثر کیا ہے جو ایک فطری بات ہے۔ اس لیے ایک دلچسپ بات ابھر کر سامنے آتی ہے کہ اردو زبان اپنے درجنوں لہجے اور اسالیب رکھتی ہے۔ بعض لہجوں اور اسالیب کی شناخت بھی ہو چکی ہے۔ جیسے پنجابی اردو، کشمیری اردو، دکنی اردو، بنگالی اردو، مراٹھی اردو اور ہندی اردو وغیرہ۔ (اردو کی بولیاں اور کرخنداری کا عمرانی لسانیاتی مطالعہ از پروفیسر نصیر احمد خاں)

ہر زبان کا اپنا ایک علاقہ ہوتا ہے جہاں سے اس کے معیار کا تعین کیا جاتا ہے لیکن جس زبان کی بین الاقوامی حیثیت ہوتی ہے، اس کے کئی معیار مان لیے جاتے ہیں: جیسے انگریزی زبان جو بالخصوص برطانیہ، امریکہ، کناڈا، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور ہندستان وغیرہ کی ایک بڑی زبان ہے۔ انگریزی زبان اردو کی طرح بین الاقوامی حیثیت بھی رکھتی ہے۔ ان کے کئی علاقائی معیار بھی ہیں۔ صوتی لغت اور قواعد مرتب کرتے وقت ان معیاروں کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے اور ان کی نشان دہی لازمی کرنی پڑتی ہے۔ یہ کافی ذمہ داری اور سنجیدگی کے علاوہ ایک دشوار طلب کام ہے۔

زیرِ نظر صوتی لغت مرتب کرتے وقت دوآبہ کی کھڑی بولی کو اردو کا معیار مانا گیا ہے۔ کیونکہ تلفظ قواعد اور لغت کی بنیاد یہی ہے۔ اس کا ایک جواز یہ بھی ہے کہ یہ وہ علاقہ ہے جہاں اردو نے جنم لیا، پلی، بڑھی اور پروان چڑھی اور ہندستان گیر حیثیت قائم کی۔ یہی زبان کلاس روموں میں پڑھائی جاتی ہے اور اسی زبان میں ادب تخلیق پاتا ہے۔ عبدالواسع ہانسوی، خانِ آرزو، حاتم، مظہر جان جاناں، انشا، مصحفی، ناسخ، آزاد، امیر مینائی اور حسرت وغیرہ نے اسی زبان کو بنیاد مان کر اردو زبان کی اصلاح کی تھی اور اس کے معیار متعین کیے تھے۔ راقم الحروف نے صوتی لغت مرتب کرتے وقت حروف صحیح (Consonants) کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا ہے۔ ان آوازوں کے جو تلفظ اردو میں مخصوص ہیں انھیں ہی بنیاد مان کر اپنی بات کہی ہے۔ البتہ عربی و فارسی کے (ق، ح، ع، ض) حروف سے ظاہر ہونے والی آوازوں کو ان زبانوں کے بجائے اردو میں رائج تلفظ کو ترجیح دی ہے۔ یہی اردو کا معیار ہے کیونکہ ہر زبان مستعار لیے گئے الفاظ کو اپنے صوتی مزاج کے مطابق ڈھال کر تلفظ کرتی ہے۔ حروف علت (Vowels) میں تلفظ کے وقت جو انحراف ملتے ہیں ان کی نشان دہی کر دی گئی ہے۔ جیسے لفظ کے آخر میں رائے راور رأے ر کے تلفظ ایک دوسرے کے ساتھ خلط ملط ہو جاتے ہیں یا دو اور سہ رکنی الفاظ اپنے بند رکنوں کے مقابلے میں کھلے رکنوں کے طویل حرف علت کے طول کو کمزور کر دیتے ہیں وغیرہ۔ یہ کلیے ہیں۔

ن۔ا۔خ

اردو حروفِ صحیح اور حروفِ علت کے مخارج اور طریق ادائیگی

حروفِ صحیح

1۔ناک 2۔اوپری ہونٹ 3۔اوپری دانت 4۔اوپری مسوڑہ 5۔سخت تالو 6۔نرم تالو
7۔کوا 8۔نچلا ہونٹ 9۔نچلا دانت 10۔زبان کی نوک 11۔زبان کا اگلا حصہ 12۔زبان کا درمیانی حصہ 13۔زبان کا پچھلا حصہ 14۔حلق 15۔غشائی پردے

حروفِ علت

حروفِ صحیح (Consonants) اور ان کی رومن شکلیں

حرف	رومن	حرف	رومن
ب	b	ع	?
پ	p	غ	G
ط، ت	t	ف	f
ٹ	T	ق	q
ج	j	ک	k
چ	ch	گ	g
خ	K	ل	l
د	d	م	m
ڈ	D	ن	n
ر	r		
ڑ	R	و	v
ظ، ض، ذ، ز	z	ح، ہ	h
ژ	Z	و	w
ث، ص، س	s	ی	y
ش	sh		

حروفِ علت (Vowels) اور ان کی رومن شکلیں

حرف	رومن
ا	aa
ی	ii
ے	e
ۓ	ai
و	uu
و	o

وَ	:	au
زبر	:	a
زیر	:	i
پیش	:	u

اردو آوازوں کی صوتی تشریح

اردو واحد ایسی جدید ہند آریائی زبان ہے جس پر عربی، فارسی، ترکی، پشتو، انگریزی اور مقامی زبانوں میں سنسکرت، تیلگو، مراٹھی، پنجابی، بنگالی، گجراتی، اودھی، برج بھاشا اور بھوج پوری وغیرہ زبانوں کے اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ انھیں اثرات کی وجہ سے اردو کو ہندستان کے مشترکہ کلچر کی مخلوط زبان کہا جاتا ہے۔ ان اثرات کو لسانی اعتبار سے صوتی اور لفظی سطحوں پر زیادہ محسوس کیا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اردو کے صوتی نظام کو نسبتاً کھلا ہوا کہا جاتا ہے۔ مخارج اور طریق ادائیگی کے لحاظ سے اردو آوازوں کی صوتی تشریح یہ ہے:

الف: حروف صحیح (CONSONANTS)

(پ)	:	غیر مسموع، غیر ہاکاری، دولبی، بندشی
(پھ)	:	غیر مسموع، ہاکاری، دولبی بندشی
(ب)	:	مسموع غیر ہاکاری، دولبی، بندشی
(بھ)	:	مسموع، ہاکاری، دولبی، بندشی
(ت)	:	غیر مسموع، غیر ہاکاری، دندانی بندشی
(تھ)	:	غیر مسموع، ہاکاری، دندانی، بندشی
(د)	:	مسموع، غیر ہاکاری، دندانی، بندشی
(دھ)	:	مسموع، غیر ہاکاری، دندانی، بندشی
(ٹ)	:	غیر مسموع، غیر ہاکاری، کوزی، بندشی
(ٹھ)	:	غیر مسموع، ہاکاری، کوزی، بندشی
(ڈ)	:	مسموع، غیر ہاکاری، کوزی، بندشی

(ڈھ) : مسموع، ہاکاری، کوزی، بندشی
(چ) : غیر مسموع، غیر ہاکاری، تالوی، بندشی
(چھ) : غیر مسموع، ہاکاری، تالوی، بندشی
(ج) : مسموع، غیر ہاکاری، تالوی، بندشی
(جھ) : مسموع، ہاکاری، تالوی، بندشی
(ک) : غیر مسموع، غیر ہاکاری، غشائی، بندشی
(کھ) : غیر مسموع، ہاکاری، غشائی، بندشی
(گ) : مسموع، غیر ہاکاری، غشائی، بندشی
(گھ) : مسموع، ہاکاری، غشائی، بندشی
(ق) : غیر مسموع، غیر ہاکاری، لہاتی، بندشی
(ف) : غیر مسموع، غیر ہاکاری، لب دندانی، صفیری
(و) : مسموع، غیر ہاکاری، لب دندانی، صفیری (نیم مصمتہ کی حیثیت سے دولبی)
(س) : غیر مسموع، سوڑی، صفیری
(ز) : مسموع، سوڑی، صفیری
(ش) : غیر مسموع، تالوی، صفیری
(ژ) : مسموع، تالوی، صفیری
(خ) : غیر مسموع، غشائی، صفیری
(غ) : مسموع، غشائی، صفیری
(ہ) : غیر مسموع، حلقی، صفیری
(ل) : مسموع، غیر ہاکاری، سوڑی، بغلدار
(لھ) : مسموع، ہاکاری، سوڑی، بغلدار
(ر) : مسموع، غیر ہاکاری، سوڑی، لہردار
(رھ) : مسموع، ہاکاری، سوڑی، لہردار
(ڑ) : مسموع، غیر ہاکاری، کوزی، تھپکدار
(ڑھ) : مسموع، ہاکاری، کوزی، تھپکدار

(م) : مسموع غیر ہا کاری، دولبی، انفی

(مھ) : مسموع، ہا کاری، دولبی، انفی

(ن) : مسموع، غیر ہا کاری، دندانی، انفی

(نھ) : مسموع، ہا کاری، دندانی، انفی

(یے) : مسموع، تالوی، نیم مصوتہ

ب: حروف علت (Vowels)

(ای) : بالائی، اگلا، غیر انفی، غیر گولائی دار

(اِ) : نچلا بالائی، اگلا، غیر انفی، غیر گولائی دار

(ے) : وسطی، اگلا، غیر انفی، غیر گولائی دار

(اے) : نچلا وسطی، اگلا، غیر انفی، غیر گولائی دار

(ا) : نچلا وسطی، درمیانی، غیر انفی، غیر گولائی دار

(اَ) : درمیانی، وسطی، غیر انفی، غیر گولائی دار

(اؤ) : بالائی، پچھلا، غیر انفی، گولائی دار

(اُ) : نچلا بالائی، پچھلا، غیر انفی، گولائی دار

(و) : وسطی، پچھلا، غیر انفی گولائی دار

(او) : نچلا وسطی، پچھلا، غیر انفی، گولائی دار

نوٹ: حروف علت کی ادائیگی کے وقت اگر ہوا منہ کے بجائے ناک سے خارج ہوتو وہ تمام حروف علت انفی کہلائیں گے۔

صوتی لغت کے مشمولات

- اردو میں عام طور پر لفظ کے آخر میں ہا کاریت (ھ) کا تلفظ دب جاتا ہے۔ یہ عمل طویل مصوتوں (حروف علت) یعنی (ع، و، ا) آوازوں کے ساتھ بھی دہرایا جاتا ہے۔ اسے ایک کلیہ

سمجھنا چاہیے۔ صوتی لغت میں الفاظ کے تلفظات کے اندراجات کے وقت اس کی وضاحت نہیں کی گئی ہے۔

- تلفظ کے اندراجات میں جن آوازوں کو بریکٹ میں دیا گیا ہے۔ اس سے مراد آوازوں کے اصل تلفظ میں نصف کیفیت کا ہونا ہے۔
- الفاظ کو رکنوں میں توڑ کر اس لیے لکھا گیا ہے کہ کوئی آواز کس رکن میں آتی ہے، اس کی وضاحت ہو سکے: جیسے دوسرا یعنی دوسر والا، دوڑ۔ را یعنی پہلے کے بعد آنے والا عدد۔ اس طرح لفظوں کے معنی بھی ابھر کر سامنے آجاتے ہیں۔
- اندراجات میں (ع) حرف کو ہمیشہ بریکٹ میں لکھا گیا ہے۔ اس میں یہ وضاحت مقصود ہے کہ اردو میں (ع) بنیادی حرف یا آواز نہیں ہے اور عربی و فارسی مستعار الفاظ میں تلفظ کے وقت اس کو ترجیح نہیں دی جاتی۔ لیکن کچھ لوگ اپنے تلفظ میں اس کا اہتمام رکھتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کا براہِ راست تعلق عربی و فارسی زبانوں سے بھی ہے۔
- حرفِ علت کی انفیت کو N سے ظاہر کیا گیا ہے: جیسے ja-haaN (جہاں)۔ SaaNp (سانپ) وغیرہ۔
- حرفِ علت میں (o) اور (e) ایسی آوازیں ہیں جو تلفظ کے وقت اعلیٰ ترتیب (au) اور (ai) سے خلط ملط ہو جاتی ہیں۔ اردو میں دونوں تلفظ رائج ہیں لیکن au اور ai کو ترجیح حاصل ہے: جیسے لگاؤ سے لگاؤ، پائے گا، پاے گا۔
- کوزی آواز کو چھوٹے رومن حروف کے بجائے بڑے حروف سے ظاہر کیا گیا ہے؛ جیسے ٹ، ڈ، ڑ اور ان کی ہاکاری شکلیں (ٹھ، ڈھ، ڑھ) کے لیے R, D, T اور Rh, Dh, Th وغیرہ۔
- (ن) مصمتہ یا دندانی حرفِ صحیح اپنے بعد آنے والی آوازوں کا فوراً اثر قبول کرتا ہے۔ ان میں دندانی، کوزی، تالوی اور غشائی مصمتے یعنی د، ت، ٹ، ج اور گ خصوصاً قابلِ ذکر ہیں۔ اردو میں یہ ایک عام بات ہے اس لیے اسے کلیہ مان کر اس کی وضاحت تلفظات کے اندراجات میں نہیں کی گئی ہے۔

- لفظوں کے آخر میں جن حروف علت (Vowels) کو بریکٹ میں لکھا گیا ہے اس سے مراد ہے کہ متعلقہ آواز تلفظ کے وقت اپنا وجود ختم کر دیتی ہے۔ یہ کوئی کلیہ نہیں ہے لیکن اکثر یہی دیکھنے کو ملتا ہے۔
- جن الفاظ کے دو تلفظ رائج ہیں انھیں درمیان میں ~ نشان سے واضح کر دیا گیا ہے۔
- اردو اندراجات میں اعراب کی مدد سے الفاظ کے تلفظات کی وضاحت کی گئی ہے۔ رومن رسم الخط میں تلفظات کی تشریح زیادہ واضح ہے۔
- اردو میں کل حروف علت کی تعداد دس ہے جنھیں چار حروف (ا، ی، ے، و) اور تین اعراب زبر، زیر اور پیش سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس کی کو بنیادی حروف پر اعراب لگا کر واضح کر دیا گیا ہے (دیکھیے صوتی جدول)۔
- اردو میں ایک آواز کے لیے کئی حروف ہیں اور ایسا بھی ہے کہ کئی آوازیں محض ایک حرف سے ظاہر کی جاتی ہیں۔ اعراب اور دوسرے نشانوں کی مدد سے ایک آواز کے لیے ایک حرف مقرر کیا گیا ہے (دیکھیے جدول) کئی حروف سے ظاہر ہونے والی آواز کے لیے رومن حروف اس طرح مقرر کیے گئے ہیں:

  ذ، ز، ض، ظ کے لیے (z)

  ت، ط کے لیے (t)

  ح، ہ کے لیے (h)
- حروف (و) سے تین حروف علت، ایک نیم مصوتہ یا حرف علت اور ایک حرف صحیح ظاہر کیا جاتا ہے (دیکھیے جدول) اس کی رومن شکلیں اسی طرح مقرر کی گئی ہیں: ص 24

اردو میں مستعار لینے کا زبردست عمل ملتا ہے۔ جن زبانوں سے اردو نے بلا تکلف استفادہ کیا ہے ان میں عربی اور فارسی خصوصاً قابل ذکر ہیں۔ جو زبانیں مستعار لینے کا عمل دہراتی ہیں وہ مستعار الفاظ کو عموماً اپنے صوتی مزاج میں ڈھال لیتی ہیں۔ یہ ایک فطری عمل ہے لیکن مذہب اور تہذیب سے جڑی زبانیں ہونے کی وجہ سے اردو والے عربی اور فارسی سے مستعار الفاظ کو ان کی اصل کے مطابق تلفظ کرنے کی سعی کرتے ہیں۔ مدرسوں یا روایتی درسگاہوں سے فارغ التحصیل طلبا اس فاضل معیار کو ہی زبان کا معیار

سمجھتے ہیں جو درست نہیں ہے۔ اردو میں عربی و فارسی کی (ق، ف، خ، غ، ز) آوازیں اس کے صوتی نظام کا حصہ بن گئی ہیں لیکن (ژ، ح، ع) حروف سے ظاہر ہونے والے فارسی و عربی کے حروف صحیح حسب ترتیب (ز، ہ) اور (ع) کے بعد آنے والے حروف علت میں ضم ہوگئے ہیں۔ ایسے ہی کلیہ سمجھنا چاہیے۔ (ژ، ز، ح اور ہ) آوازوں کے مخارج اور طریق ادائیگی کو ذیل کے جدول میں دیکھیے:

<ع> متعلقہ حرف علت

اُو : uu جیسے طوفان tuu-faan

او : o جیسے سوچ soch

اَو : au جیسے اولاد au-laad

اُو ~ و : u جیسے مسکراہٹ mus-ku-raa-haT خود Kud

و : v (بحیثیت حرف صحیح) جیسے وامق vaa-miq

وْ : w (بحیثیت نیم حرف علت) جیسے خواب Kwaab

- حرف صحیح (خ، غ، ژ) کے لیے رومن میں جلی حروف مقرر کیے گئے ہیں؛ جیسے

  خ کے لیے K: جیسے خیال Kyaal

  غ کے لیے G: جیسے غالب Gaa-lib

  ژ کے لیے Z: جیسے ژاژ ZaaZ

- کوزی آوازوں کے لیے بھی رومن کی جلی شکلیں ہی مقرر کی گئی ہیں؛ جیسے

  ٹ کے لیے T؛ جیسے ٹاٹ TaaT

  ٹھ کے لیے Th؛ جیسے آٹھ aaTh

  ڈ کے لیے D؛ جیسے ڈولی Do-li(i)

  ڈھ کے لیے Dh؛ جیسے ڈھولک Dho-lak

ڑ کے لیے R؛ جیسے موڑنا moR-na(a)

ڑھ کے لیے Rh؛ جیسے علی گڑھ a-lii-gaRh

- عربی و فارسی حروف ز، ذ، ض، ظ کے لیے <z>: ث، ص، س کے لیے <s> اور ت، ط کے لیے <t> مقرر کیے گئے ہیں؛ جیسے زمانہ، ذاکر، ضامن، ظفر کے لیے حسب ترتیب za-maa-na(h) Zaa-min, za-kir, za-min اور Za-far اس طرح ثابت، سفر اور صنم کے لیے حسب ترتیب sa-far, saa-bit اور sa-nam اور تصویر، طوفان کے لیے tas-viir اور tuu-faan وغیرہ۔

- ع حرف عربی کی آزاد <?> کو ظاہر کرتا ہے جو اردو میں نہیں ہے۔ مدرسوں سے فارغ التحصیل طلبا یا عربی و فارسی کی باقاعدہ تعلیم حاصل کرنے والے اس آواز کو شعوری طور پر اپنے تلفظ میں شامل کرتے ہیں۔ اس حرف کو رومن میں متعلقہ حرف علت کے ساتھ بریکٹ میں لکھا گیا ہے۔

نحوی زمرے: اصل لفظ کی جو نحوی حیثیت ہے، اُسے حسب ذیل مخففات سے ظاہر کیا گیا ہے:

ا۔	اسم	ح ج۔ حرف جار
ص	صفت	مذ۔ مذکر
فعل	فعل	مث۔ مونث
فعل ام	فعل امداد	ض۔ ضمیر

تلفظ کا اندراج: اندراج کے عام فہم تلفظ کو متعلقہ حروف پر اعراب کے ساتھ لکھ دیا گیا ہے جو رومن میں دیے گئے تلفظ میں زیادہ واضح ہے۔ اندراج کے جو تلفظ اردو میں رائج ہیں وہی دیے گئے ہیں خواہ عربی، فارسی، انگریزی، ہندی یا ترکی میں وہ جس شکل میں بھی ہوں۔ جو لفظ جس زبان کا ہے اس کی بریکٹ میں نشان دہی کر دی گئی ہے؛ مثال کے طور پر عربی سے تعلق رکھنے والا لفظ ع، فارسی میں متعلق لفظ ف اور ہندی یا انگریزی سے متعلق لفظ کو حسب ترتیب ہ اور انگ کے ذریعے ظاہر کیا گیا ہے۔

حرفِ علت کی انفیت: حرفِ علّت کی انفیت اگر انفی حرفِ صحیح کی وجہ سے ہے تو اسے ظاہر نہیں کیا گیا ہے۔

لفظ کے مفہوم کی وضاحت: اندراج کے بنیادی معنی کو سب سے پہلے، اس کے بعد دوسرے اور پھر

تیسرے اور چوتھے معنوں کو آنے والی ترتیب میں لکھا گیا ہے۔ اس بات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کس لفظ کی زبان کے معنی و مفہوم میں کیا جگہ ہے۔

لفظ سے تشکیل پانے والے مرکبات: بنیادی لفظ سے تشکیل پانے والے مرکبات کو اس کے ساتھ آنے والے سلسلوں میں درج کیا گیا ہے۔ مرکبات الگ معنی دیتے ہیں اس کے بنیادی لفظ کے ذیل میں آنے کے بجائے اسے الگ لکھا گیا ہے۔ ایسا لغت استعمال کرنے والے کی سہولت کے پیش نظر کیا گیا ہے ورنہ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ وہ مرکبات بنیادی لفظ کے ذیل میں ہی درج ہوتے۔

اندراج کے ہجے: لفظ کے ہجوں کو روایتی طرز پر رہنے دیا گیا ہے۔ جہاں وضاحت ضروری سمجھی گئی ہے۔ وہاں نئے ہجوں کو بریکٹ میں لکھ دیا ہے؛ جیسے رحمٰن : رحمان، اعلیٰ: اعلا، مولیٰ، مولا وغیرہ۔ کچھ لفظوں کے غلط ہجے رواج پا گئے ہیں، انھیں جوں کا توں رہنے دیا ہے؛ جیسے غنڈہ (گنڈا)، طوطا (توتا) وغیرہ۔

وضاحتی نوٹ

لغت کے اندراجات کی ساخت اور اس کی وضاحت سے متعلق چند معلومات حسب ذیل ہیں:

- **اندراجات کی ساخت:** اندراج کے دس حصوں کی ترتیب اس طرح ہے: 1۔ اصل لفظ 2۔ ماخذ 3۔ نحوی زمرے 4۔ تلفظ 5۔ معنی و مطالب 6۔ لفظ میں صوتی تبدیلی 7۔ تلفظ اردو میں 8۔ تلفظ رومن خط میں 9۔ لفظوں کی رکنوں میں تقسیم 10۔ مرکبات۔

- **اصل لفظ :** اصل لفظ کا اندراج ا، ب، پ، ت، ٹ کی ترتیب میں ہے۔ اصل سے تشکیل پانے والے الفاظ یا مرکبات کو بھی اسی ترتیب میں دیا گیا ہے۔ ہر لفظ کو ایک الگ یونٹ مانا ہے تا کہ لغت کے استعمال میں سہولت ہو اور لفظ کے مشتقات یا مرکبات کے لیے بھٹکنا نہ پڑے۔ دو حصوں سے تشکیل پانے والے لفظ کو بھی الگ اندراج میں رکھا گیا ہے: جیسے بے پردہ۔ بے مروت، بے شرم وغیرہ۔

- **اندراج کی نقل:** اصلی لفظ اردو رسم الخط میں ہے جس کے تلفظ کی تفصیل اعراب کی مدد سے اردو ہی میں دی گئی ہے۔ تلفظ رومن خط میں ہی ہے جہاں ضرورت پڑتی ہے اردو آوازوں کے لیے نئے رومن حروف اختیار کیے ہیں؛ جیسے ع کے لیے ?۔ کوزی آوازوں کے لیے حروف کی جلی شکلیں استعمال ہوئی ہیں؛ جیسے ٹ، ڈ، ڑ کے لیے D, T اور R انفیت (nasatization) کے لیے N استعمال ہوا ہے۔

● __ماٰخذ :__ اصل لفظ جس زبان سے ماخوذ ہے اسے حسبِ ذیل مخففات سے ظاہر کیا گیا ہے

ار = اردو	ع : عربی	انگ : انگریزی	
س = سنسکرت	ف : فارسی	از : ازبک	
ھ = ہندی	ت : ترکی	پ : پشتو	

__مزید چند وضاحتیں__

< : یہ مصمتی خوشے کے دوسرے جزو یا رکن میں آخری متعلقہ آواز کو ظاہر کرتا ہے: جیسے
جنابؔ، مرذؔ، دوسؔرا وغیرہ

^ : یہ حرفِ علت کے مقابلے میں نیم مصوتہ یا حرفِ صحیح کو پہچاننے کے لیے استعمال ہوتا ہے: جیسے
خواب، پیاس، تپس: قیاس وغیرہ

ّ : یہ آواز کو دہرانے کے لیے استعمال ہوتا ہے: جیسے تیار، تصوّر، ابا وغیرہ

● انفیت کو نون کی ذیلی شکل (ں) سے ظاہر کرتے ہیں۔ لفظ کے آخر میں نقطے کے بغیر ن سے ظاہر کرنے کا رواج ہے: جیسے کنواں، ہاں وغیرہ۔

● لفظ میں رکنوں کو الگ کرنے کے لیے (-) کا استعمال کیا گیا ہے تاکہ اصل لفظ میں رکنوں کی پہچان ہو سکے۔

● () سے مراد ہے کہ لفظ کے تلفظ میں متعلقہ آواز مخرج کے اعتبار سے آدھی رہ جاتی ہے یا سرے سے تلفظ ہی نہیں ہوتی۔

● اندراج کے وقت بعض لفظوں میں وضاحت کے لیے مروجہ ہجوں میں کچھ ترمیم و اضافے کیے گئے ہیں۔ جیسے رائج رائج، رائگاں رائگاں۔

● <اَ> لفظ کے تلفظ میں آواز کو تصور کر لیا گیا ہے لیکن جہاں تلفظ کو سمجھنے میں الجھن ہو سکتی ہے وہاں اسے زبر سے ظاہر کر دیا گیا ہے۔

● حروفِ علت کے لیے حسبِ ذیل حروف اور علامتیں مخصوص ہیں:

ِٓ: ی آواز کے لیے مخصوص ہے: جیسے تیسرا

ٗ: ے آواز کے لیے مخصوص ہے: جیسے تیرا

ٙ: ے آواز کے لیے مخصوص ہے: جیسے پَیرا

وَ: اوَ آواز کے لیے مخصوص ہے: اَولاد

و: او آواز کے لیے مخصوص ہے: جیسے سوز، اوس

زیر: اِ آواز کے لیے مخصوص ہے: جیسے اِنسان، جِیال

پیش: اُ آواز کے لیے مخصوص ہے: جیسے اُس، مُسافر

وٗ: اؤ آواز کے لیے مخصوص ہے: جیسے بھؤت، خؤبصورت

زبر: اندراجات کے تلفظات میں اَ آواز کو تصور کر لیا گیا ہے کیونکہ اس کے بغیر کوئی مصمتہ یا حرف صحیح تلفظ نہیں ہوتا۔

ا: آواز کے لیے مخصوص ہے: جیسے آواز، دِلاور، (ٓ) لفظ کے شروع میں (ا) آواز کے اوپر لگاتے ہیں۔

حوالہ جاتی کتب

اردو ساخت کے بنیادی عناصر از پروفیسر نصیر احمد خاں

اردو لسانیات ایضاً

جدید ہندی اردو لغت ایضاً

آکسفورڈ ہندی، انگلش ڈکشنری آر، ایس، میگر یگر، آکسفورڈ یونی ورسٹی پریس دہلی۔ 1993

انگلش اردو ڈکشنری شان الحق حقی ایضاً

اے ڈکشنری آف اردو کلاسیکی ہندی اینڈ انگلش جے. ٹی. پلیٹ، لندن 1984

فیروز اللغات مولوی فیروز الدین دہلوی

زبان وادب از پروفیسر مسعود حسین خان

اردو املا	از	رشید حسن خاں، ترقی اردو بورڈ، نئی دہلی
دریائے لطافت (ترجمہ)		انشا اللہ خاں انشا، انجمن ترقی اردو ہند، نئی دہلی
اردو قواعد		مولوی عبدالحق، ؍؍ ؍؍
کیفیہ		پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی ؍؍ ؍؍

آ (الف ممدودہ)

اردو حروفِ تہجی میں یہ پہلا حرف ہے اسے تلفظ کرتے وقت ہونٹ قدرے پھیلے ہوئے ہوتے ہیں اور سطحِ زبان کے اگلے حصے اور اس کے اُٹھاؤ کے وسطی حد تک اُوپر اٹھنے سے بغیر کسی مداخلت کے منہ سے ہوا خارج ہوتی ہے یہ آواز زبر کے مقابلے میں طویل کہی جاتی ہے اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں اگلا وسطی غیر مدّ ور مصوتہ یا حرفِ علت کہتے ہیں۔

آ: (aa) اردو مصدر ''آنا''۔ کسی کو اپنے پاس بلانے کا حکم۔ حاضر ہو۔ آغازِ نغمہ اور سُر یا تال لینے کی آواز۔ بازی گروں یا مداریوں کی کوئی غائب چیز منگوانے کی آواز۔

آ آ: (aa aa) پالتو جانوروں یا مرغیوں کو بلانے کی آواز

آ۔ب

آب: (ف، مذ) aab۔ پانی، تلوار وغیرہ کا جوہر۔ عرق، پھلوں کا رس، رونق، چمک، عزت، تازگی

آب آب ہونا: (ا، محاورہ) aab-aab ho-na(a)۔ شرمندہ ہونا۔

آبِ آہن: (ف، مث) aa-be-aa-han۔ لوہے کی چمک، لوہے کا قفل

آبِ آہن تاب: (ف، مذ) aa-be-aa-han-taab۔ پانی جس میں لوہا گرم کرکے بجھایا جائے۔

آبِ ارغوانی: (ف / ع۔ مذ) aa-be-ar-Ga-vaa-ni(i)۔ سرخ شراب

آبِ انبار: (ف، مذ) aa-be-am-baar۔ پانی کا ذخیرہ۔ بڑا حوض جو قلعوں میں پانی کا ذخیرہ کرنے کے لیے ہوتا ہے۔

آبِ اندام: (ف، صف) aa-be-am-daam۔ نازک بدن۔ نازنین

آبِ انگور: (ف، مذ) aa-be-an-guur۔ انگور کا عرق، انگور کی شراب

آبِ باز: (ف، مذ، فاعل) aa-be-baaz۔ پانی سے کھیلنے والا۔ اسم کیفیت (مث، آب بازی)

آب باشی: (ف، مث) aab-baa-shi۔ بچے کو پہلی مرتبہ پانی پلانا۔

آب بستہ: (ف، مذ) aab-bas-ta(h)۔ جما ہوا پانی۔ برف۔ اولا

آبِ بقا: (ف، مذ) aa-be-ba-qa(a)۔ آبِ حیات۔ آبِ حیوان

آب بینی: (ف، مذ) aab-bii-ni(i)۔ ناک کی رطوبت

آب پاش: (ف، مذ، فاعل) aab-paash۔ درختوں اور پودوں پر پانی چھڑکنے کا آلہ، سقہ، سیراب کرنے والا، اسم کیفیت (مث) آب پاشی

آبِ پُشت: (ف، مذ) aa-be-pusht۔ نطفہ، منی، مادہ تولید

آبِ پیکاں: (ف، مذ) aa-be-pai-kaaN۔ تیر کی نوک کی تیزی

آبِ پیماں: (ف، مذ) aa-be-pai-ma(N)۔ ایک آلہ جس سے مائعات کی کثافت، اضافی کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ وہ آلہ جس سے کسی مائع کے خالص یا ناخالص ہونے کا پتہ لگایا جاتا ہے۔ (مقیاس الماء)

آبِ تاب: (ف، مث) aa-be-taab۔ چمک دمک، بھڑک، رونق

آب ترسی: (ف،مث) aab-tar-si(i)۔ پانی سے ڈرنا، سگ گزیدہ کا پانی سے ڈرنا، ہڑک

آبِ جاری: (ف/ع، مذ) aa-be-jaa-ri(i)۔ بہتا پانی، ندی، نہر، دریا

آبِ جو: (ف،مث) aa-be-ju(u)۔ نہر، چشمہ، نالا

آب جوش: (ف، مذ) aab-josh۔ شوربا، یخنی، گوشت کا عرق سُو دا اثر

آبِ چشم: (ف، مذ) aa-be-chashm۔ آنسو، اشک

آب چک: (ف، مذ) aab-chak۔ مکان کے پچھواڑے سے چھت کا پانی خارج ہونے کی جگہ

آبِ حرام: (ف/ع، مذ) aa-be-ha-raam۔ ناپاک پانی جس کا پینا جائز نہ ہو، شراب

آبِ حیات: (ف/ع، مذ) aa-be-ha-yaat۔ زندگی بخش پانی، ایک چشمہ اور اس کا پانی جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے پینے سے موت نہیں آتی۔ حضرت خضر کے متعلق مشہور ہے کہ انھوں نے آب حیات پیا ہے۔ اس لیے قیامت تک زندہ رہیں گے۔ مغلیہ دور میں بادشاہ کے پینے کے پانی کو بھی آب حیات کہتے تھے۔

آبِ حیواں: (ف، مذ) aa-be-hai-vaaN۔ دیکھیے آبِ حیات

آبِ خجالت: (ف/ع، مذ) aa-be-Ki-jaa-lat۔ عرقِ ندامت، شرم کے باعث آنے والا پسینہ

آبِ خضر: (ف/ع، مذ) aa-be-Kizr۔ دیکھیے آبِ حیات۔

آب خورد: (ف، مذ) aab-Ko-rad ۔ قسمت، نصیب، بھاگ۔

آب خورہ: (ف، مذ) aab-Ko-ra(a/h)۔ پانی پینے کا مٹی کا پیالہ۔

آب خیز: (ف، مذ) aab-Kez۔ موج لہر، وہ زمین جہاں تھوڑا کھودنے سے پانی نکل آئے۔

آب دار: (ف، مذ) aab-daar۔ وہ شخص جو پانی کے انتظام پر مامور ہو، چمکیلا، صاف مُجلّا، تیز دھار کا، خوبصورت، نفیس، عمدہ۔ اسم کیفیت،مث، آبداری

آب دار خانہ: aab-daar-Kaa-na(h)۔ وہ جگہ جہاں پانی رکھا جائے۔

آب داں: (ف، مذ) aab-daaN۔ تالاب، حوض، پانی کا برتن

آب دانہ: (ف، مذ) aab-daa-na(h)۔ دانہ پانی، اَن جل، روزی، رزق

آب دست: (ف، مذ) aab-dast۔ استنجا، طہارت، نیز وہ پانی جس سے رفع حاجت کے بعد طہارت کی جائے (افعال کرنا، لینا وغیرہ)

آب دوز: (ف، مث) aab-doz، ڈبکی کشتی، غوطہ خور کشتی، وہ جنگی کشتی جو سطح آب کے نیچے اور اوپر دونوں جگہ چل سکتی ہے۔ انگریزی لفظ (Submarine) کا ترجمہ

آبِ دہن: (ف، مذ) aa-be-da-han۔ منہ کا لعاب، رال، کُلّی کا پانی

آب دیدہ: (ف، مذ) aab-dii-da(h) ۔ آنسو، اشک

آب دیدہ: (ف،صف) aab-dii-da(h)۔ جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں، رونے والا، روںکھا (افعال: کرنا۔ ہونا)

آبِ رحمت: (فع، مذ) aa-be-reh-mat۔ بارش، مینہ، بخشش، معافی

آبِ رواں: (ف، مذ) aa-be-ra-vaaN۔ بہتا

پانی، ایک قسم کا عمدہ باریک کپڑا

آب ریز: (ف، مذ و مث) aab-rez۔ پانی گرنے یا پرنالہ گرنے کی جگہ، دوات میں پانی ڈالنے کی چمچی، پانی ڈالنے یا چھڑکنے کا برتن، لوٹا، فوارہ۔

آبِ زر: (ف، مذ) aa-be-zar۔ سونے کا پانی جو نقاشی اور ملمع میں کام آتا ہے

آبِ زُلال: (فع، مذ) aa-be-zu-laal۔ صاف اور شیریں پانی، نتھرا ہوا پانی، وہ پانی جس میں دوا بھگوئی گئی ہو اور نتھار لیا گیا ہو

آبِ زمزم: (فع، مذ) aa-be-zam-zam۔ مکہ معظمہ کے اس چشمہ کا پانی جو حضرت اسماعیلؑ کے ایڑیاں رگڑنے سے جاری ہوا تھا اور اب بھی کنوئیں کی شکل میں موجود ہے (۲) متبرک پانی

آبِ زن: (ف، مذ) aa-be-zan۔ وہ برتن جس میں دوا کا پانی بھر کر مریض کو بٹھاتے ہیں (افعال: کرنا کے ساتھ) پانی چھڑکنے والا۔ اسم کیفیت، مث: آب زنی

آبِ سبیل: (فع، مذ) aa-be-sa-biil۔ وہ پانی جو پیاسوں کے لیے سرِ راہ رکھا جاتا ہے اور مفت پلایا جاتا ہے۔

آبِ سُرخ: (ف، مذ) aab-e-surK۔ سرخ شراب، شراب، اشک خونیں

آبِ سیاہ: (ف، مذ) aa-be-si-ya(h)۔ شراب، گہرا پانی بھنور کا پانی

آبْ شار: (ف، مذ) aab-Shaar۔ بلندی سے گرنے والا قدرتی پانی، جھرنا

آبِ شار: (ف، مذ) aa-be-Shaar کھاری پانی، نمکین پانی، سمندر کا پانی

آبِ شورہ: (ف، مذ) aa-be-Sho-ra(h)۔ وہ پانی جو شورہ میں لگا کر ٹھنڈا کیا جائے۔ کھٹا پانی جو شورہ میں لگا کر ٹھنڈا کیا جائے، کھٹا پانی جو کچی املی یا اچور اور ہرڑ کو بھگو کر نتھار لیا جاتا ہے۔ شکر اور لیموں کا عرق جو پانی ملا کر پیتے ہیں۔

آبْ کار: (ف، مذ) aab-kaar۔ شراب فروش، کلال، سقا

آبْ کاری: (ف، مث) aab-kaa-ri(i)۔ شراب کشید کرنے کا کارخانہ، وہ محکمہ جو نشہ آور چیزوں پر محصول لگاتا اور ان کی قانون کے اندر خرید و فروخت کی نگرانی کرتا ہے۔

آبْ کش: (ف، مذ) aab-kash۔ سقا، کنوئیں سے پانی نکالنے والا، اسم کیفیت، مث: آب کشی

آبِ کوثر: (فع، مذ) aa-be-kau-sar۔ جنت کی ایک نہر کا پانی، شراب طہور

آبِ گریہ: (ف، مذ) aa-be-gir-ya(h)۔ آنسو

آبِ گل: (ف، مذ) aa-be-gul۔ گلاب کا عرق، پھولوں کا پانی

آبِ گل رنگ / گلگوں: (ف، مذ) aa-be-gul-rang/ gul-guuN سرخ شراب

آبْ گوں: (ف، مذ) aab-guuN۔ پانی کے رنگ کا، آسمانی، نیلا

آبِ گوہر / گُہر: (ف مرکب اضافی، مث) aa-be-gau-har/ go-har موتی کی چمک

آبْ گیر (ف، مذ) aab-giir۔ حوض، تالاب

آبگینہ: (ف، مذ) aab-gii-na(h)۔ شیشہ، بلور، کانچ

آبِ مرُوَّق: (فع، محاورہ) aa-be-mu-rav-vaq صاف پانی، نتھرا ہوا پانی

آبِ مضاف: (فع، مذ) aa-be-mu-zaaf۔ وہ

پانی جس میں کچھ ملا ہوا ہو، کسی چیز کا عرق

آبِ منجمد: (فع، مذ) aa-be-mun-ja-mid۔ ژالہ، اولا، برف

آبِ نائے / آبنائے: (فع، مث) aab-naa-ye۔ پانی کا وہ تنگ راستہ جو دو سمندروں کو ملائے

آبِ ندامت: (فع، مذ) aab-i-na-daa-mat۔ وہ پسینہ جو شرم کے باعث آتا ہے

آبِ نقرہ: (ف، مذ) aa-be-nuq-ra(h)۔ پارا، چاندی کا پانی جس سے چمڑے وغیرہ پر لکھتے ہیں، چاندی کا ملمع

آبِ نے: (ف، مث) aab-ne۔ حقہ کی وہ نلی جس کے ایک سرے پر چلم رکھی جاتی ہے اور دوسرا سرا پانی میں رہتا ہے۔

آبِ نیساں: (ف، مذ) aa-be-nii-saaN۔ بہار کے موسم کی بارش جو ساتویں رومی مہینے نیساں میں ہوتی ہے، اس کے متعلق مشہور ہے کہ اس سے سیپ میں موتی، بانس میں بنسلوچن اور کیلے میں کافور بنتا ہے۔

آب و تاب: (ف، مث) aa-bo-taab۔ چمک دمک، آبداری، رونق، شان

آب و خور / خورش: (ف، مذ) aa-bo-Kor/ Ko-rash۔ کھانا پینا، رزق

آب و دانہ: (ف، مذ) aa-bo-daa-na(h)۔ کھانا پینا، خوراک

آب و رنگ: (ف، مذ) aa-bo-rang۔ چمک دمک، رونق، رنگ روپ

آب و گل: (ف، مذ) aa-bo-gil۔ پانی اور مٹی، خمیر، فطرت، سرشت

آب و نمک: (ف، مذ) aa-bo-na-mak۔ کھانے کا ذائقہ یا مزہ

آب و ہوا: (ف، مذ) aa-bo-ha-va۔ پانی اور ہوا، موسم، ماحول، فضا

آبی: (ف، صف) aa-bi(i)۔ پانی سے متعلق، پانی میں رہنے والا، ہلکا نیلا رنگ نیلگوں، ایک قسم کی روٹی جو پلیتھن کے بجائے پانی لگا کر پکائی جاتی ہے

آبیار: (ف، مذ) aab-yaar۔ کھیتوں کو پانی دینے والا، اسم کیفیت مث: آبیاری

آبیانہ: (ف، مذ) aab-yaa-na(h)۔ آب پاشی کا معاوضہ

آباء: (ع، مذ) aa-baa۔ آب بمعنی باپ کی جمع، باپ دادا، بزرگ صفت نسبتی: آبائی

آباد: (ف، صف) aa-baad۔ بسا ہوا، آدمیوں سے بھرپور، بارونق، شاداب ہرا بھرا، پھلا پھولا

آبادان: (ف، صف) aa-baa-daan۔ آباد، بسا ہوا، بارونق، اسم کیفیت مث: آبادانی

آبادکار: (ف، مذ) aa-baad-kaar۔ غیر آباد جگہ کو آباد کرنے والا، بنجر زمین کو قابل کاشت بنانے یا کاشت کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: آبادکاری

آبادی: (ف، مث) aa-baa-di(i)۔ بستی، معمورہ، کسی گاؤں، شہر، ملک یا ملک کے حصہ میں بسنے والے افراد اور اُن کی تعداد

آبرُو: (ف، مث) aab-ruu۔ عزت، بزرگی، نیک نامی، شہرت ناموس، قدر و منزلت، اعتبار، ساکھ۔

آبرُو دار: (ف، صف فاعلی) aab-ruu-daar۔ ذی عزت، مرتبہ والا، غیرت مند

آبرُو ریزی: (ف، مث) aab-ruu-re-zi(i)۔ بے حرمتی، بے عزتی، عصمت دری

آبرُو کا پیاسا: (ار، امذ) aab-ruu ka

pi-yaa-sa(a)۔ عزت کا خواہاں، (کسی کی) عزت کا دشمن

آبلہ: (ف، مذ) aab-la(h)۔ چھالا، پھپھولا، چیچک کا دانہ

آبلہ پا: (ف، صف) aab-lah-pa(a)۔ جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں۔ اسم کیفیت مث: آبلہ پائی

آبلہ رُو: (ف، صف) aab-la-ruu۔ جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔

آبلۂ فرنگ: (ف، مذ) aab-la-e-fa-rang۔ ایک موذی مرض جو عموماً بدکاری سے ہوتا ہے اور جس کے باعث جسم پر چھالے پڑ جاتے ہیں۔ بادِفرنگ، آتشک

آبنوس: (ع، مذ) ایک درخت جس کی لکڑی سخت، سیاہ اور وزنی ہوتی ہے، مجازاً موٹا اور کالا آدمی

آ۔پ

آپ: (ار، ضمیر واحد وجمع حاضر) aap۔ تعظیم کے لیے غائب کے صیغوں میں بھی استعمال ہوتا ہے، خود اپنی ذات سے جناب، حضور، ہوش وحواس، خودی، ہستی

آپ بیتی: (ار، مث) aap-bii-ti(i)۔ اپنی سرگزشت، اپنا ماجرا، اپنی کہانی

آپ سے: (ار، متعلق فعل) aap-se۔ خود بخود، بن مانگے۔

آپ سے آپ: (ار، متعلق فعل) aap-se-aap۔ خود بخود، بلاسبب

آپ ہی آپ: (ار متعلق فعل) aab-hii-aap۔ خود بخود، از خود، بے وجہ

آپا: (ت مث) aa-paa۔ بڑی بہن

آپا: (ار، مذ) aa-paa۔ اپنا آپ، اپنی ذات، خودی

آپا دھاپی / آپ دھاپ: (ار، مث) aa-paa-dhaa-pi(i)۔ خودغرضی، نفسی نفسی، اپنی اپنی فکر

آپریٹر: (انگ، فاعل) Operator۔aap-re-tar، کسی مشین کو چلانے ولا

آپس داری: (ار مث) aa-pas-daa-ri(i)۔ غلط العام، رشتہ داری، قرابت، ناتا

آپی: (ار، متعلق فعل) aa-pii۔ آپ ہی مخفف، خودہی

آپے: (ار، مذ) aa-pe۔ آپا بمعنی سراپا کی جمع، اپنی ذات یا ظرف یا حد

آ۔ت

آتا: (ار، فعل) aa-taa۔ آنا مصدر سے مضارع اور ماضی تمنائی، آنے والا، قرض

آتا جاتا: (ار، اسم حال) aa-taa jaa-taa۔ آنے جانے والا، مسافر، کسی کام کی واقفیت

آتے آتے: (ار، متعلق فعل) aa-te aa-te۔ چلتے چلتے، آہستہ آہستہ، آنے تک

آتش / آتش: (ف، مث) aa-tish۔ آگ، نار، جلن، سوزش

آتش افروز: (ف، صف فاعلی) aa-tish af-roz۔ آگ بھڑکانے والا، اسم کیفیت مث: آتش افروزی

آتش افسُردہ: (ف، مرکب توصیفی) aa-tish-af-sur-da(h)۔ وہ آگ جو ٹھنڈی پڑ چکی ہو۔

آتش انگیز: (ف، صف فاعلی) aa-tish-an-gez۔ آگ بھڑکانے والا، فساد برپا کرنے والا، اسم کیفیت، مث: آتش انگیزی

آتش بار: (ف، صف، فاعلی) aa-tish-baar۔ آگ برسانے والا، آگ بگولا

آتش باز: (ف، صف، فاعلی) aa-tish-baaz۔ بارود کے کھلونے بنانے والا، آگ سے کھیلنے والا، اسم کیفیت مث: آتش بازی

آتش بیاں: (ف، صف) aa-tish-bayaaN۔ شعلہ بیاں، تیز گفتار، پُر اثر مقرر، اسم کیفیت مث: آتش بیانی

آتشِ بے دُوْد: (ف، صف، مث) aa-ti-she-be-duud۔ بغیر دھوئیں کی آگ، شراب

آتش پا: (ف، صف) aa-tish-pa(a)۔ بے قرار، تیز رفتار، اسم کیفیت مث: آتش پائی

آتش پرست: (ف، صف فاعلی) aa-tish-parast آگ پوجنے والا، پارسی، زردشت کا پیرو، اسم کیفیت مث: آتش پرستی

آتش پیکر: (ف، صف) aa-tish-pai-kar۔ جس کا جسم آگ کا ہو، جن، بھوت، شیطان

آتشِ تر: (ف۔ مث) aa-ti-she-tar۔ تر آگ، مجازاً شراب۔

آتشِ جاں سوز: (ف، مث) aa-ti-she-jaaN-soz مجازاً عشق کی گرمی

آتشِ خاموش: (ف، مث) aa-ti-she-Ka-mosh۔ بجھی ہوئی آگ، اندر ہی اندر سلگنے والی آگ، مجازاً محبت

آتش خانہ: (ف، مذ) aa-tish-Kaa-na(a)۔ وہ مکان جہاں پارسی آگ کی پوجا کرتے ہیں۔ آتش کدہ، وہ جگہ جہاں سردیوں میں تاپنے کے لیے آگ جلاتے ہیں، انگیٹھی، گرم مکان

آتش خُو: (ف، صف) aa-tish-Kuu۔ تیز مزاج، محرور المزاج، غصہ والا، اسم کیفیت مث: آتش خوئی

آتش خوار: (ف صف) aa-tish-Kwaar۔ آگ کھانے والا، مجازاً ایک جانور، آگ کا کیڑا، سمندر

آتش دان: (ف، مذ) aa-tish-daan۔ چولہا، انگیٹھی

آتش درون: (ف، مث) aa-tish-da-raun۔ اندر کی آگ، دلی سوز وگداز

آتش رُخ: (ف، صف) aa-tish-ruK۔ آگ کی طرح سُرخ چہرے والا معشوق

آتش رنگ: (ف، صف) aa-tish-rang۔ آگ جیسے سُرخ رنگ والا، سرخ بھبوکا

آتش ریز: (ف، صف فاعلی) aa-tish-rez۔ آگ لگانے والا، فسادی جھگڑالو، اسم کیفیت مث: آتش ریزی

آتش زُباں: (ف، صف) aa-tish zu-baaN۔ ''آتش بیاں'' اسم کیفیت مث: آتش زبانی۔

آتش زدہ: (ف، مفعول) aa-tish zada(h)۔ آگ سے جلا ہوا۔ اسم کیفیت مث: آتش زدگی

آتش زن: (ف، فاعل) aa-tish zan۔ آگ لگانے والا، جلانے والا، اسم کیفیت مث: آتش زنی۔

آتش زیر پا: (ف، صف) aa-tish zer-pa(a)۔ جس کے پاؤں کے نیچے آگ ہو، مجازاً بے چین۔ اسم کیفیت مث: آتش زیر پائی۔

آتشِ سیّال: (ف، مث) aa-ti-she-say-yaal۔ بہنے والی آگ، مجازاً شراب

آتشِ طُور: (ف، مث) aa-ti-she-tuur۔ وہ آگ جو حضرت موسیٰ کو کوہ طور پر نظر آئی

آتش عناں: (ف، صف) aa-tish anaaN۔ تیز

رفتار، تیز رو۔

آتش فشاں: (ف، صف فاعلی) aa-tish fi-shaaN۔ آگ برسانے والا، چنگاریاں بکھیرنے والا، اسم کیفیت، مث: آتش فشانی

آتش قدم: (فع، صف) aa-tish qa-dam۔ تیز رفتار، تیز قدم، اسم کیفیت، مث: آتش قدمی

آتش کا پرکالہ: (ار، ف، ترکیب اضافی) aa-tish ka par-kaa-la(h)۔ آگ کا ٹکڑا، چالاک ہوشیار، شریر، مفسد

آتش کدہ: (ف، مذ) aa-tish-ka-da(h)۔ آتش کدہ

آتش گیر (ف، صف فاعلی) aa-tish-giir۔ آگ پکڑنے والا، چمٹا، دست پناہ، وہ چیز جس کو فوراً آگ لگ جائے

آتش مُردہ: (ف، مث) aa-tish mur-da(h)۔ بجھی ہوئی آگ

آتش مزاج: (فع، صف) aa-tish mi-zaaj۔ 'آتش خو' اسم کیفیت مث: آتش خُوئی

آتش ناک: (ف، صف) aa-tish naak۔ آگ سے بھرا ہوا، نہایت گرم، غصہ والا

آتش نفس: (ف، صف) aa-tish nafs۔ نہایت گرم، دل جلا، سوز و گداز والا، اسم کیفیت مث: آتش نفسی۔

آتشِ نمرود: (فع، مث تلمیح) aa-ti-she-nam-ruud۔ وہ آگ جو نمرود بادشاہ نے حضرت ابراہیم کو زندہ جلانے کے لیے روشن کی تھی اور خدا کے حکم سے گلزار میں بدل گئی۔

آتشک: (ف، مث) aat-shak۔ 'آبلۂ فرنگ' ایک خبیث بیماری، ایک خطرناک جنسی بیماری

آتشکیا: (ف، ار، صف) aa-tish-ki-ya(a)۔ جس کو آتشک کی بیماری ہو

آتشی: (ف، صف) aat-shi(i)۔ آگ سے تعلق رکھنے والی چیز، گرم

آتشی شیشہ: (ف، مذ) aat-shi shiisha(h)۔ ایک خاص قسم کا شیشہ جس کو سورج کے سامنے رکھنے سے اس میں کرنیں جمع ہو کر نیچے پڑے ہوئے کپڑے وغیرہ کو آگ لگا دیتی ہیں۔ محدب شیشہ

آتشی شیشی: (ف، ار، مث) aa-ti-shi(i) shii-shi(i)۔ ایک خاص قسم کی شیشی جس کے ذریعے روغن نکالتے ہیں

آتشیں: (ف، صف) aat-shiiN۔ آگ سے نسبت رکھنے والا، آگ جیسا

آتشیں اسلحہ: (فع، مذ) aat-shiiN as-lah(a)۔ آگ برسانے والا ہتھیار، مثلاً بندوق، توپ وغیرہ

آتما: (ہ، مث) aat-ma(a)۔ روح، نفس، قلب، وجود، ذات

آتو / آتوں: (ت، مث) aa-tuuN(a)۔ استانی، وہ عورت جو لڑکیوں کو پڑھاتی اور خانہ داری کے کام سکھاتی ہے۔

آتی پاتی: (ار، مث) aa-tii paa-ti(i)۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں کسی درخت کا پتا توڑ کر ساتھیوں کو چھوتے ہیں۔

آ۔ ٹ

آٹا aa-Ta(a): (ار، مذ) پسا ہوا غلہ، سفوف، بہت باریک، گلا ہوا، گھسا ہوا، بُرادہ، گھن۔

آٹا دال aa-Taa daal: (ار مذ) رزق، روزی

آٹنا aaT-na(a): (ار، مص) پُر کرنا، بھرنا

آٹو گراف aa-To gi-raaf: (انگ، اند) Auto graph، اپنے دستخط، اپنی تحریر

آٹومیٹک aa-To-mai-Tik: (انگ، صف) Auto matic، خودکار، خود بخود چلنے والی (مشین)

آٹھ aaTh: (ار، عدد) سات اور ایک (8)

آٹھ پہر (چونسٹھ گھڑی) aaTh pe-har: (ار، روزمرہ) دن رات، چوبیس گھنٹے، ہر وقت، ہر لحظہ

آٹھواں aaTh-vaaN: (ار، صف، ترتیبی، مذ) ترتیب میں سات کے بعد، ہشتم (عدد کسری) آٹھواں حصہ 1/8۔

آٹھوں aa-ThoN: (ار، عدد، استغراقی) آٹھ کے آٹھ، سب کے سب

آٹھویں aaTh-viiN: (ار، صف، ترتیبی، یائے مجہول کے ساتھ) 'آٹھواں' کی مغیرہ صورت ہے

آٹھویں aaTh-vaiN: (ار، صف ترتیبی، یائے معروف کے ساتھ) 'آٹھواں' کی تانیث ہے

آ۔ث

آثار aa-saar: (ع، اند) اثر کی جمع، نشانات، قدموں کے نشان (اصطلاحاً) رسول اللہ صلی علیہ وسلم کی احادیث، سنت

آثارشریف اشریفہ aa-saarsha-riif: (ار، مذ) بزرگوں کے مقبرے اور بادشاہوں کی نشانیاں اور عمارتیں

آثار صنادید / آثار الصنادید aa-saar-sa-naa-diid: (ع، مذ) بزرگوں اور بادشاہوں کی نشانیاں اور عمارتیں

آثار قیامت / محشر aa-saa-re qa-yaa-mat: (ع، مذ بترکیب فارسی) قیامت کی نشانیاں، آفتیں اور مصیبتیں۔

آ۔ج

آج aaj: (ار، مذ) موجودہ دن، اِمروز، اَب، اس وقت، زمانۂ حال، دورِ حاضر، فی زمانا

آج تک aaj-tak: (ار، متعلق فعل) اب تک، اس وقت تک

آج کل aaj kal: (ار، مثل) ان دنوں، فی زمانا، عنقریب، جھٹ پٹ، ٹال مٹول

آج کل میں aaj-kal meiN: (ار، متعلق فعل) بہت جلد، عن قریب

آجر aa-jar: (ع، اند) اُجرت پر کام لینے والا، آقا، مالک

آ۔چ

آچار aa-chaar: (ف، مذ) کسی ترکاری، پھل بالخصوص آم کا مرکب جو تیل یا سرکہ یا پانی میں مرچ مسالا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے اور کھانے کے کام آتا ہے۔ (افعال: بنانا، ڈالنا)

آچاریہ aa-chaa-ri-ya(h): (س، صف، مذ) گرو، استاد، معلم، ادیب، برہمن، کسی فرقے کا بانی، ایک خطاب جو لائق آدمیوں کو دیا جاتا ہے

آچھیں aa-chiiN: (ار، اصوت) چھینکنے کی آواز

آ۔ح

آحاد aa-haad: (ع، اعدد) احد بمعنی ایک کی جمع، اعداد کے چار درجوں میں سے پہلا درجہ یعنی ایک سے نو تک کے اعداد

آ۔خ

آخ aaK: (ار، اصوت) کھنکھارنے کی آواز،

اظہارِ نفرت کا کلمہ

آخ تھو aaK-thu(u): (ار، اصوت) کھنکھار کر تھوکنے کی آواز، لعنت اور پھٹکار یا نفرت کے اظہار کا کلمہ

آختہ aaK-ta(h): (ف، صف مفعولی) وہ جس کے خصیے نکال دیے گئے ہوں، خصّی، نامرد (افعال: کرنا)

آخَر aa-Kar: (بفتح ثانی) (ع، صف) اور، ایک اور، دوسرا

آخِر aa-Kir: (بکسرِ ثانی) (ع، صف) پچھلا، انتہا، حد، انجام، تمام، ختم، بہر حال، انجام کار

آخر آخر aa-Kir aa-Kir: (ع، متعلق فعل) آخر کار، انجام کار، سب سے پچھلا

آخرالامر aa-Ki-rul-amar: (بکسر ثانی) (ع، متعلق فعل) آخر کار، انجام کار

آخرالذکر aa-Ke-ruz-zikr: (بفتح ثانی) (ع، صنف) جس کا ذکر سب کے بعد یا دوسرے نمبر کیا جائے

آخربیں aa-Kir-biiN: (عف، صف فاعلی) انجام پر نظر رکھنے والا، دور اندیش

آخر الزماں / زمانہ aa-Ki-ruz-za-maaN: (ع، صف) آخری زمانہ، قیامت کے قریب کا زمانہ، بڑھاپا

آخرکار aa-Kir kaar: (عف، متعلق فعل) انجام کار، الغرض

آخر وقت aa-Kir-vaqt: (ع، اند) نزع کا وقت، موت کا وقت، سب سے آخر میں

آخرت aa-Ki-rat: (بکسر ثانی) (ع، مث) عاقبت، قیامت

آخرش aa-Ki-rish: (بکسر ثانی و بفتح، ثالث) آخر کار، انجام کار

آخری / آخریں aaK-ri: پچھلا، بعد کا، آخیر کا

آخری چہار شنبہ aaK-ri cha-haar sham-ba(h): ماہ صفر کا آخری بدھ جو پیغمبر اسلام علیہ السلام کے بیماری سے افاقے کا دن ہے۔

آخُور / آخر aa-Kuur: (ف، امث) 'آب خور' کا مخفف، جانوروں کو دانہ گھاس ڈالنے کی جگہ، چراگاہ، اصطبل، کوڑا کرکٹ

آخوں aa-KuuN: (ار، مذ) اخوند، اُستاد

آخوند aaK-vand: (تلفظ آخُند: (ف، مذ) اُستاد، معلّم، مدرّس

آ۔د

آداب aa-daab: (ع، مذ) آداب کی جمع، اَطوار، مراتب، سلیقہ، سلام، ادب و احترام کے وہ الفاظ جو مکتوب میں القاب کے بعد لکھے جاتے ہیں، طور طریقے، قاعدے اصول

آداب (عرض) کرنا aa-daab-arz: (ار) سلام کرنا، آداب بجالانا

آدابِ مجلس / محفل aa-daa-be-maj-lis/ meh-fil: چار آدمیوں میں اُٹھنے بیٹھنے اور بات چیت کرنے کے طریقے

آداب و اَلقاب aa-daa-bo-al-qaab: (ع، اند بترکیب فارسی) خط کے شروع میں مکتوب الیہ کے رُتبہ کے مطابق جو الفاظ اور دعائیہ فقرے لکھے جاتے ہیں۔

آداب و تسلیمات aa-daa-bo-tas-lii-maat: (ع، مذ، بترکیب فارسی) سلام، مجرا، کورنش

آدَر aa-dar: (بفتح، ثانی) (ھ، مذ، مُذ) عزت،

احترام، خاطر تواضع

آدَرش aa-darsh: (بفتح ثانی و بسکونِ ثالث و رابع) (س، اند) آئینہ، اصل نمونہ، اصول، سیرت، معیار

آدم aa-dam: (بفتحۂ ثانی) (ع، مذ) پہلا انسان اور پہلا پیغمبر حضرت آدم علیہ السلام، شریف انسان، آدمی

آدمِ ثانی aa-da-me-saa-ni(i): (ع، اند، بترکیب فارسی) حضرت نوح علیہ السلام کیونکہ آپ کے زمانہ میں طوفان سے تمام دنیا تباہ ہو گئی تھی اور از سرِ نو نسلیں چلیں۔

آدم خور aa-dam-Kor: انسان کو کھا جانے والا درندہ یا وحشی انسان

آدم زاد aa-dam-zaad: آدم کی اولاد، انسان

آدم شناس aa-dam sha-naas: (عف، صف فاعلی) اچھے اور برے انسان میں تمیز کرنے والا۔

آدمی aad-mi(i): (عف، مذ) انسان، بنی آدم، ملازم، خادم، قاصد، خاوند، شوہر، مرد، عورت کی ضد۔

آدمیّت aad-miy-yat: (ع، مث) انسانیت، شرافت، عقل و شعور

آدھ aadh: (ار، عدد کسری) آدھا کا مخفف، نصف، دو برابر حصوں میں سے ایک حصہ

آدھا aa-dha: (ار، عدد کسری) آدھ، نصف، نیم

آدھا ساجھا aa-dhaa saa-jhaa: (ار، مذ) آدھے حصے کی شرکت

آدھا سیسی aa-dhaa-sii-si(i): (ار، مذ) آدھے سر کا درد، دردِ شقیقہ۔

آدھوں آدھ aa-dhoN aadh: (واو مجہول سے) (ار، روزمرہ) آدھا آدھا پورا آدھا

آدھی aadhi: (ار، عدد کسری) آدھا کی تانیث ہے

آدھے aa-dhe: (ار، عدد کسری) آدھا کی جمع اور مغیرہ صورت ہے

آدھار aa-dhaar: (ھ، مذ) گمان، توقع، امید، خوراک، کھانے کا سہارا

آدھین aa-dhiin: (یائے معروف سے) (ھ، اند) فرماں بردار، مطیع عاجز، مسکین (افعال: ہونا)

آدی باسی aa-dii baasi(i): (ھ، مذ): ہندوستان کے پسماندہ قدیم باشندے

آدینہ aa-dii-na(h): (ف، مذ) جمعہ

آ۔ڈ

آڈِٹ aa-Dit: (انگ، مذ) Audit حساب کی جانچ پڑتال، محاسبہ

آڈیٹر aa-Di-tar: (آڈی ٹر) (انگ، مذ) Auditor، حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا، محاسب

آ۔ذ

آذر aa-zar: (بفتح ثانی) (ف، مذ) ایرانی شمسی سال کا نواں مہینہ پوس یا جنوری، آگ

آذر پرست aa-zar-pa-rast: (ف، صف فاعلی) آگ پوجنے والا، پارسی نجوی، اسم کیفیت مث: آذر پرستی

آذر فشاں aa-zar-fa-shaaN: (ف، صف فاعلی) آگ بکھیرنے والا، شعلہ بار گرم اسم کیفیت، مث: آذر فشانی

آذوقہ aa-zuu-qa(h): (ف، مذ) دیکھیے 'آزوقہ' جو صحیح ہے، خوراک

آ۔ر

آر aar: (ھ، مث) نکیلی کیل جو کاغذ وغیرہ میں

سوراخ کرنے یا چمڑا وغیرہ سینے کے کام آتی ہے۔ وہ چھوٹی سی نوکیلی کیل جو بیلوں کو ہانکنے کی لکڑی کے سرے پر لگی ہوتی ہے۔

آر aar:(ار، لاحقہ حاصل مصدر و اسم فاعل) وہ کلمہ جو کسی لفظ کے آخر میں آ کر اس کو حاصل مصدر و اسم مفعول یا اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ مثلاً جھنکار، اسناد، مُردار۔

آرا aa-ra(a): (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر "آراستن" سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے ساتھ بطور لاحقہ آ کر اُسے فاعل بنا دیتا ہے اور سنوارنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً جہاں آرا، خود آرا۔ چمن آرا وغیرہ۔

آراء aa-raa:(ع، مث) رائے کی جمع، رائیں۔

آرا aa-raa:(ھ۔ مذ) لوہے کا دندانے دار اوزار جو لکڑی چیرنے کے کام آتا ہے۔

آراکش aa-raa-kash: (ار، ف، صف فاعلی غلط العوام) آرا چلانے والا، صحیح ارّہ کش ہے۔ اسم کیفیت۔ مث: آراکشی۔

آراستہ aa-raas-ta(h): (ف، صف مفعولی) سجا ہوا، بنا سنورا، سنگار کیا ہوا، اسم کیفیت مث: آراستگی۔

آراستہ پیراستہ aa-raas-ta(h) pai-raas-ta(h): (ف، صف مفعولی) سجا سجایا، بنا سنورا، نہایا دھویا

آراضی aa-raazi(i):(ع مث) اراضی، زمین

آرام aa-raam: (ف، مذ) سکون، چین، قرار، تسکین، راحت، صحت، شفا، افاقہ، نیند (افعال: کرنا، پانا، پہنچانا، دینا)

آرام پسند aa-raam pa-sand:(ف، صف فاعلی) آرام پسند کرنے والا، سُست کاہل، اسم کیفیت مث: آرام پسندی

آرامِ جاں/دل aa-raa-me-jaN:(ف، ترکیب اضافی) جان یا دل کا آرام، محبوب، پیارا

آرام چوکی aa-raam-chau-ki:(ار) ایک قسم کی تکیہ دار کرسی

آرام داں aa-raam daaN:(ف، مذ) پانوں کی پٹاری، چھوٹا بڑ جی والا پان دان۔

آرام رساں aa-raam ra-saaN:(ف، صف، فاعلی) آرام پہنچانے والا، سکھ دینے والا

آرام طلب aa-raam ta-lab:(ف، صف فاعلی) آرام پسند، اسم کیفیت مث: آرام طلبی

آرام کرسی aa-raam kur-si(i):(ف، مث) وہ کرسی جس پر پاؤں پھیلا کر بیٹھ سکتے ہیں یا نیم دراز ہو سکتے ہیں۔

آرام گاہ aa-raam gaah:(ف، مث) وہ جگہ جہاں آرام کیا جائے، سونے کا کمرہ، خواب گاہ

آرائش aa-raa-ish: (ف، مث) سجاوٹ، بناؤ، سنگار، زیبائش (افعال: دینا، کرنا، ہونا) صف نسبتی: آرائشی کاغذ اور ابرک کے پھول وغیرہ جو مہندی یا بارات کے ساتھ دلہن کے گھر جاتے ہیں۔

آرائش پسند aa-raa-ish pa-sand:(ف، صف فاعلی) سجاوٹ اور بناؤ سنگار کا شوقین، اسم کیفیت مث، آرائش پسندی

آرائشِ محفل aa-raa-i-she-meh-fil: (ف، مث) مجلس کی سجاوٹ، اُردو کی مشہور نثر کی کتاب جس میں حاتم طائی کا قصہ بیان کیا گیا ہے۔

آرپار aar-paar:(ھ، صف) ایک سرے سے دوسرے سرے تک سوراخ، ان معنوں میں "وار پار" فصیح ہے۔

آرتی aar-ti(i): (ھ، مث) ہندوؤں میں پوجا کی ایک رسم، ایک تھال میں پانچ مُکھا دیا۔ آٹا۔ سیندور اور خوشبو رکھ کر بت کے گرد پھراتے ہیں۔ بھجن جو اس پوجا

کے وقت گاتے ہیں۔

آرٹ aarT: (انگ، مذ) فن، ہنر، صفائی، کمال، شاعری، مصوری۔

آرٹسٹ aar-TisT: (انگ، افاعل) ARTIST فن کار، ہنرمند شاعر، ادیب، مصور۔

آرٹیکل aar-Tii-kil : (انگ، مذ) Article، مضمون، قانون کی دفعہ، معاہدے کی شرط۔

آرد aa-rad: (ف، مذ) آٹا، پیا ہوا غلہ، چورن

آرڈر aa-Dar: (انگ، مذ) Order، حکم، فرمان، فرمائش، درجہ، تمغا۔

آرگن aar-gan: (انگ، مذ) Organ، ارغن، باجا، آلہ عضو، اوزار، واسطہ، رابطہ، ترجمان

آرمیدہ aar-mii-da(h): (ف، صف، مفعولی) آرام کیا ہوا، کاہل سست، تن آسان، اسم کیفیت مث: آرمیدگی۔

آری aa-ri(i): (ھ، مث) چھوٹا آرا۔

آرے aa-re: (ف، مذ) کلمہ ایجاب، ہاں۔

آریا aar-ya(a): ایک ترکاری جو ککڑی جیسی ہوتی ہے۔

آریہ aar-ya(h): (س، مذ) ایک قوم جو پہلے وسط ایشیا میں رہتی تھی اور پھر ہندوستان اور یوروپ میں پھیل گئی۔

آریا سماج aar-yaa sa-maaj: (ھ، مث، مذ) دیانند سرسوتی کا مسلک۔

آریا سماجی aar-yaa-sa-maaji: (ھ، مذ) دیانند سرسوتی کے مسلک کا پیرو

آ۔ڑ

آڑ aaR: (ھ، مث) اوٹ، پردہ، ٹٹی، سہارا، مدد، پناہ، ٹیک باڑھ۔

آڑبند aaR-band: (ار، ف، امذ غلط العام) ایک قسم کا لنگوٹ، لنگر۔

آڑ پکڑنا/لینا aaR-pa-kaR-na(a): (ار) پناہ لینا، سہارا لینا۔

آڑا aa-Ra(a): (ھ، مذ) ٹیڑھا، ترچھا، ایک قسم کا دھاریوں والا ریشمی کپڑا۔

آڑا پاجامہ aa-Ra Pa-jaa-ma(h): (ار، مذ) چوڑی دار پاجامہ جس کی کاٹ ترچھی ہوتی ہے۔

آڑا ترچھا aa-Raa tircha(a): (ار، مذ) بانکا، ٹیڑھا۔

آڑا گوڑا aa-Raa go-Ra(a): (ھ، مذ) کوڑا کرکٹ، ناچیز، بےحقیقت

آڑا لگانا aa-Raa la-gaa-naa: (ار) کسی طرف زیادہ جھکے ہوئے پتنگ کو ڈور دے کر روکنا اور ہوا کی تہ پر لے جانا۔

آڑو aa-Ruu: (ھ، مذ) ایک مشہور پھل، شفتالو

آڑھت aa-Rhat: (ہائے مخلوط) (ھ، مث) وہ مقام جہاں بیوپاریوں کا مال دلالی لے کر فروخت کیا جاتا ہے، دلالی، دستوری محنتانہ، کمیشن

آڑی aa-Ri(i): (ھ، مذ) کھیل میں دو فریقوں میں سے اپنے فریق کا ساتھی، کھیل کا ساتھی، مددگار، دوست، حامی (امث) ٹیڑھی، ترچھی

آڑی ہیکل aa-Rii he-kal: (ار، مث) ایک زیور جو گلے میں بدھی کی طرح پہنا جاتا ہے۔

آ۔ز

آز aaz: (ف، مث) حرص، طمع، لالچ، لوبھ

آزاد aa-zaad: (ف، ار، صف) جو غلام نہ ہو،

رستگار، خود مختار

آزادانہ aa-zaa-da-na(h): (ف) آزادوں کی طرح، بے تکلف، بغیر کسی دباؤ یا رورعایت کے۔

آزاد طبع / مزاج / خیال / منش / وضع aa-zaad taba(?): (فع، صف) آزادوں کی طرح بے تکلف بغیر کسی دباؤ یا رورعایت کے۔

آزاد کا سونٹا aa-zaad kaa sauN-Ta(a): (ار، مذ) فقیروں کا ڈنڈا، اکھڑ، منہ پھٹ، بے باک۔

آزاد کا قشقہ aa-zaad kaa qash-qa(h): (ار، مذ) فقیروں کے ماتھے کا نشان۔

آزاد لوگ aa-zaad log: (ار، مذ) آزاد فقیروں کی جماعت، بے تعلق بے پروا۔

آزاد مرد aa-zaad mard: (ف، مذ) دنیا سے الگ تھلگ، نڈر، بے خوف کھرا، صاف گو۔

آزادہ aa-zaa-da(h): جس کی رہائی اپنے ہاتھ میں ہو، بے قید، بے پروا (ج آزادگاں) اسم کیفیت مث: آزادگی

آزادہ / آزادہ رُو: (فع، صف) دنیا سے بے تکلف، نڈر شریف۔

آزادہ مزاجی aa-zaa-da(h) mi-zaa-ji(i): (فع مث) طبیعت کی سادگی، بے پروائی، بے تکلفی۔

آزادی aa-zaa-di(i): (ف، مث) بے فکری، بے پروائی، غلامی سے نجات، فراغت، راستی، سیدھا پن، خود مختار (افعال: دینا، ملنا)

آزار aa-zaar: (ف، مذ) بیماری، دُکھ، تکلیف، رنج

آزار aa-zaar: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر "آزاریدن" سے امر کا صیغہ جو اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور دُکھ دینے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً دل آزار وغیرہ۔

آزاری aa-zaa-ri(i): (ف، صف) بیمار، روگی، مریض۔

آزر aa-zar: (ع، مذ) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا یا مؤرخوں کے نزدیک چچا کا نام جس نے پالا تھا اور جو مشہور بت تراش تھا۔

آزری aa-za-ri(i): (فع، مث) بت تراشی، بت گری، آزر کا پیشہ

آزُردہ aa-zur-da(h): (ف، صف، مفعولی) رنجیدہ، افسردہ، ناخوش، دکھی (ج: آزردگان) (افعال: کرنا، ہونا، رہنا) اسم کیفیت مث: آزردگی

آزردہ دل / خاطر aa-zur-dah dil: (ف، صف) اداس، غمگین، خفا۔

آزما aaz-ma(a): (ف لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر "آزمودن" سے امر کا صیغہ جو اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور جانچنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً طالع آزما وغیرہ میں۔

آزمانا aaz-maa-na,at: (ار، مص) جانچنا، پرکھنا، امتحان کرنا۔

آزمائش aaz-maa-ish: (ف، مث) مصدر آزمودن کا حاصل مصدر جانچ، پرکھ، امتحان (افعال: کرنا) صف نسبتی: آزمائشی۔

آزمودہ aaz-muu-da(h): (ف، صف مفعول) آزمایا ہوا، تجربہ شدہ، جانچا ہوا پرکھا ہوا۔

آزمودہ کار aaz-muu-dah-kaar: (ف، صف) تجربہ کار، ہوشیار، دانش مند، زمانہ کے نشیب و فراز سے واقف، اسم کیفیت مث: آزمودہ کاری۔

آزو بازو aa-zuu baazuu: (ار، متعلق فعل) آس پاس، اِدھر اُدھر

آزوقہ aa-zuu-qa(h): (ف، مذ) خوراک، دانہ پانی، غذا

آ-س

آس aas: (ہ، مث) امید، خواہش، بھروسا، سہارا، ساتھی یا ساز کی آواز جس سے گویے کو سہارا ملتا ہے، جمل۔

آس aas: (ار، مث) بال بچے

آس پاس aas-paas: (ار، متعلق فعل) اردگرد، قرب وجوار میں، قریب

آس aas: (ف، مث) چکی، تاش کا پتا، گنجفہ

آسا aa-sa(a): (ف، حرف تشبیہ) مانند، مثل

آسا aa-s(a): (ہ، مذ) ایک راگ کا نام جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

آسا aa-sa(a): (ہ، مث) امید، بھروسا، امیدوار، پرامید

آسامی aa-saa-mi(i): (ہ، مث) اسامی، رعیت، عہدہ

آسان aa-saan: (ف، صف) سہل، بے دقت، دشوار کی ضد (افعال کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: آسانی

آسائش aa-saa-ish: (ف، مث) آرام، چین، سکھ، راحت

آستاں / آستانہ aas-taɘN: (ف، مذ) چوکھٹ، دروازہ، درگاہ، بادشاہ کی بارگاہ، بزرگ کا مقبرہ۔

آستاں بوس aas-taaN bos: (ف، صف فاعلی) چوکھٹ چومنے والا، غلام، خادم، معتقد، اسم کیفیت، مث: آستاں بوسی۔

آستائی aas-taa-i(i): راگ کا ابتدائی حصہ، خیال، استحصائی۔

آستیں aas-tiiN: (ف، مث) قمیص، کوٹ وغیرہ کا بازو، لباس کا وہ حصہ جو بازوؤں کو ڈھانپتا ہے۔

آستیں کا سانپ aastiiN-ka-saaNp: (ار، امذ) وہ شخص جو دوستی کی آڑ میں دشمنی کرے۔

آسرا aas-ra(a): (ہ، مذ) امید، بھروسا، سہارا، وسیلہ، اعتبار، اعتماد، کھیل، جائے پناہ، دست گیر (افعال: پکڑنا، تکنا، توڑنا، ٹوٹنا، دینا، ڈھونڈنا، لگانا، لینا، ہونا)

آسمان aas-maan: (ف آس بمعنی چکی اور مان بمعنی مانند سے مرکب، مذ) فلک، چرخ، گردوں، آکاش، گگن۔

آسماں جاہ aas-maaN jaa(h): (ف، مرکّب توصیفی) بلند مرتبہ، بڑے مرتبہ والا، بڑی شان والا، ایک خطاب۔

آسمان گیر aas-maan giir: (ف، صف، مذ) چھجا، شامیانہ

آسمانی aas-maa-ni(i): (ف، صف) آسمان سے نسبت رکھنے والا۔ آسمان کے رنگ کا، نیلا، ناگہانی۔

آسمانی تیر aas-maa-nii tiir: (ار، مذ) وہ تیر جو آسمان کے رُخ چھوڑیں، رات کو ٹوٹنے والا ستارہ، شہاب ثاقب، بے تک بات، خدائی مار۔

آسمانی زُبان aas-maa-nii zu-baan: (ف، مث) مسلمانوں کے نزدیک عربی اور ہندوؤں کے نزدیک سنسکرت کیوں کہ ان زبانوں میں ان کی مقدس کتابیں ہیں۔

آسمانی کِتاب aas-maa-nii ki-taab: (فع، مث) خدا کی جانب سے نازل ہونے والی کتاب، کلام خدا، مثلاً قرآن مجید، توریت، انجیل، زبور

آسمانی گولہ aas-maani(i) go-laa: (ف، ار، مذ)

ناگہانی آفت، غیبی مار، اولے
آسن aa-san: (ہ، مذ) ران کے نیچے کا حصہ، گھوڑے پر بیٹھنے کا طریقہ، جوگیوں کے رہنے کی جگہ، وہ کپڑا جس پر بیٹھ کر ہندو فقیر پوجا پاٹ کرتے ہیں۔ جماع کرنے کا طریقہ۔
آسن پاٹی aa-san paa-Ti(i): (ار، مث) چارپائی، پلنگ، مسہری
آسن جوڑنا / آسن سے آسن جوڑنا aa-san joR-na(a): گھٹنے سے گھٹنا ملا کر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھنا۔
آسنی aas-ni(i): (ار، مث) کپڑا یا چٹائی جو ہندو چوکے میں بچھا کر کھاتے ہیں، وہ کپڑا جس پر جوگی بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں۔
آسودگان aa-suud-gaan: (ف، صف مفعولی) آسودہ کی جمع، آرام پائے ہوئے، خوش دل
سودگانِ خاک :aa-suud-gaa-ne-Kaak (ف، ترکیب اضافی) مجازاً قبر میں آرام پانے والے، مردے۔
آسودہ aa-suu-da(h): (ف، صف مفعولی) باآرام، خوش، مطمئن، خوش حال، اسم کیفیت، مث: آسودہ حالی
آسودہ حال aa-suu-dah haal: (ف، صف) خوش دل، امیر، مطمئن، خوش حال، اسم کیفیت، مث: آسودہ حالی
آسودہ خاطر / دل :aa-suu-da(h) Kaa-tir (ف، صف) بےفکر، مطمئن، فارغ البالی، اسم کیفیت مث: آسودہ خاطری / دلی۔
آسیا aas-ya(a): (ف، مث) چکی، غلہ پیسنے کی کل
آسیاب aas-yaab: (ف، مث) آسیائے آب کا مخفف، پن چکی، پانی سے چلنے والی چکی
آسیب aa-seb: (ف، مذ) تکلیف، صدمہ، جن، بھوت یا پری کا سایہ۔
آسیب زدہ aa-seb-za-da(h): (ف، صف، مفعولی) جن بھوت کا ستایا ہوا، جس پر جن بھوت کا اثر ہو۔
آسیبی aa-se-bii (ف، صف) وہ شخص یا مقام جہاں آسیب کا اثر ہو، آسیب زدہ۔
آسیہ aa-si-yaa(h): (ف، مث) فرعون کی بیوی کا نام جنھوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کی اور بعد میں حضرت موسیٰ پر ایمان لانے کی پاداش میں فرعون کے حکم سے شہید کردی گئیں۔

آ-ش

آش aash: (ف، مث) پتلی غذا، شوربہ، حریرہ۔
آش پلاؤ aash pu-laao: (ف، مذ) جو کا پلاؤ جو مریض کو کھلایا جاتا ہے۔
آشِ جو aa-she-jau: (ف، مذ) جو کا جوش دیا ہوا پانی جو بیماروں کو دیا جاتا ہے۔
آشا aa-shaa: (س، مث) آرزو، تمنا، خواہش، امید، توقع
آشام aa-shaam: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر آشامیدن کا صیغۂ امر جو اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور 'پینے والا' کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً مے آشام، خون آشام۔
آشتی aash-ti(i): (ف، مث) صلح، محبت، امن، دوستی، اتفاق
آشرم aash-ram: (س، مذ) مکان، رہنے کی جگہ، جھونپڑی، درس گاہ، پناہ گاہ، برہمن کی زندگی کا ایک حصہ۔

آشفتہ aa-shuf-ta(h): (ف، صف) حیران، پریشان، دیوانہ، آوارہ، عاشق، اسم کیفیت، مث: آشفتگی

آشفتہ بیاں aa-shuf-ta(h) ba-yaaN: (ف، صف) یاوہ گو، بکواسی، فضول باتیں کرنے والا، اسم کیفیت، مث: آشفتہ بیانی۔

آشفتہ حال/خاطر/دل aa-shuf-ta(h) haal: (ف، صف) پریشان حال، پراگندہ دل، عاشق، اسم کیفیت مث: آشفتہ: آشفتہ حالی/خاطری/دلی

آشفتہ روز aa-shuf-ta(h) roz: (ف، صف) بدنصیب، بدقسمت

آشفتہ سر aa-shuf-ta(h) sar: (ف، صف) سر پھرا، دیوانہ، بدحواس، اسم کیفیت، مث: آشفتہ سری۔

آشفتہ طبع/مزاج aa-shuf-ta(h) taba(?): (فع، صف) سر پھرا، دیوانہ، بدحواس، اسم کیفیت مث: آشفتہ سری۔

آشفتہ مو aa-shuf-ta(h) muu: (ف، صف) بکھرے ہوئے بالوں والا، پریشان حال غمگین۔

آشفتہ نوا aa-shuf-ta(h) na-vaa: (ف، صف) جس کی آواز سے پریشانی ظاہر ہو، اسم کیفیت، مث: آشفتہ نوائی۔

آشکار / آشکارا aash-kaar: (ف، صف) ظاہر، عیاں، نمایاں، واضح (افعال: کرنا۔ ہونا)

آشنا aash-na(a): (ف، صف و مذ) دوست، یگانہ، روشناس، جان پہچان والا، واقف، شناور، پیراک، ناجائز تعلق رکھنے والا، اسم کیفیت، مث، آشنائی۔

آشنا پرست aash-na pa-rast: (ف، صف فاعلی) دوست کی قدر کرنے والا، اسم کیفیت مث: آشنا پرستی۔

آشنا پرور aash-na par-var: (ف، صف فاعلی) دوست کی پرورش کرنے والا، دوست پر احسان کرنے والا، اسم کیفیت مث: آشنا پروری

آشوب aa-shob: (ف، مذ) فتنہ، فساد، شور، غوغا، آنکھ کا درد اور سرخی (افعال: اُٹھنا، اٹھانا)

آشوب چشم ashob chashm: (ف، مذ) آنکھ کی تکلیف، آنکھ کی سرخی اور دکھن

آشوب aa-shob: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر آشفتن اور آشوبیدن سے صیغہ امر جو اسم کے ساتھ آ کر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً عالم آشوب، شہر آشوب

آشیاں / آشیانہ aash-yaaN: (ف، مذ) گھونسلا، مکان۔

آشیر واد aa-shiir-vaad: (ہ، ادعا) نیک خواہش

آ۔ص

آصف aa-sif: (عربی، مذ) حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر کا نام، مجازاً لائق وزیر۔

آ۔غ

آغا aa-Ga(a): (ت، مذ) آقا، مالک، بڑا بھائی، افغانوں اور مغلوں کا تعظیمی لقب۔

آغا مینا aa-Gaa mai-na(a): (ار، مث) بنگالی مینا جو خوب باتیں کرتی ہے، پیاری پیاری باتیں کرنے والی لڑکی۔

آغشتہ aa-Gish-ta(h): (بفتح ت) (ف، صف مفعول) آلودہ، لتھڑا ہوا، بھرا ہوا۔

آغوں aa-GuuN: (ار، مث، ا، صوت) دودھ پیتے بچے کی آواز۔

آغوں کرنا aa-GuuN-kar-na(a): (ار، محاورہ) چھوٹے بچے کا آواز نکالنا، بولنا۔

آ۔ف

آفات aa-faat: (ع، مذ) آفت کی جمع، مصیبتیں، بلائیں۔

آفاتِ ارضی aa-faa-te-ar-zi(i): (ع، مرکب توصیفی بترکیب فارسی، مث) آسمانی بلائیں، ناگہانی مصیبتیں۔

آفاق aa-faaq: (ع، مذ) اُفق کی جمع، آسمان کے کنارے اُردو میں بطور واحد دنیا جہان کے معنوں میں مستعمل ہے۔

آفاق گیر aa-faaq giir: (عف، صف فاعلی) دنیا پر چھا جانے والا، وہ بات یا خیال جو پوری دنیا میں رائج ہو۔

آفاقی aa-faa-qii: (ع، صف) پوری دنیا سے تعلق رکھنے والا، ہمہ گیر، عالم گیر، بہت وسیع اسم کیفیت مث: آفاقیت۔

آفت aa-fat: (ع، مث) مصیبت، بلا، قہر، مشکل، وبا، عذاب، قحط، صف، چالاک، عیار، فسادی (کنایۃً)

آفت آنا aa-fat aana(a): (ار) مصیبت آنا، عذاب نازل ہونا، وبا پھوٹ پڑنا۔

آفتِ جاں aa-fa-te-JaaN: (ع، ف، صف) جان کا عذاب، جان کا دشمن معشوق (کنایۃً)

آفت خیز aa-fat Kez: (ف، صف، فاعلی) آفت برپا کرنے والا، آفت اُٹھنے کا مقام

آفت رسیدہ / زدہ aa-fat ra-sii-da(h): مصیبت کا مارا، دُکھیا

آفتِ روزگار aa-fa-te-roz-gaar: زمانہ کے لیے باعث مصیبت، فتنہ پرور، فسادی، معشوق۔

آفت کا پرکالہ aa-fat ka par-kaa-la(h): آفت کا ٹکڑا، شریر، فتنہ پرداز

آفت کی پُڑیا / پوٹ aa-fat kii puR-yaa: آفت کا ٹکڑا، شریر، فتنہ پرداز

آفت کی پُڑیا / پوٹ aafat kii pu-Ri-ya(a): نہایت شریر، عیار، چالاک، فتنہ پرداز

آفتاب aaf-taab: (ف، مذ) سورج، دھوپ، گھنٹے کا ایک پتا

آفتاب پرست aaf-taab pa-rast: (ف، صف، فاعلی) سورج کا پجاری، گرگٹ اسم کیفیت آفتاب پرستی۔

آفتاب گیر aaf-taab-giir: (ف، صف فاعلی) چھجا، چھتری، سائبان، دھوپ کو روکنے والی چیز۔

آفتابہ aaf-taa-ba(h): (ف، مذ) (بمعنی گرم پانی کا برتن) آفتابہ کا بگاڑا، دستے اور سرپوش والا لوٹا

آفتابی aaf-taa-bi(i): (ف، مث) ایک قسم کی آتش بازی، آفتاب کی طرح گول، دھوپ میں گرم کیا ہوا، سیاروں کی شکل کے اعزازی نشانات میں چاندی سونے کا ایک دائرہ جس میں ڈنڈی لگی ہوتی ہے اور جو بادشاہوں کے جلوس میں سواری کے ساتھ ہوتا ہے۔ امیروں کے مکانات میں ماہتابی کی طرح کا ایک بلند مقام۔ ایک طرح کی پنکھی، سورج مکھی، ایک قسم کی سرخ ڈھال۔

آفتابی چہرہ aaf-taabi(i) cheh-ra(h): (ف، مذ) گول، تابندہ چہرہ

آفتابی دائرہ aaf-taa-bi(i) da-ye-ra(h): (ف، مذ) گول دائرہ۔

آفتابی گل قند aaf-taa-bi(i) gul-qand: وہ

گل قند جو دھوپ میں رکھ کر تیار کیا جائے۔

آفریدگار aaf-riid gaar: (ف، فاعل) پیدا کرنے والا، خالق، خدا

آفریدہ aaf-rii-da(h): (ف، مفعول) پیدا کیا ہوا، مخلوق

آفریدی aaf-rii-di(i): (ف، مذ) پٹھانوں یا افغانوں کے ایک قبیلہ کا نام۔

آفریں aaf-riiN: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر آفریدن کا صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد بطور لاحقہ آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پیدا کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً جاں آفریں۔

آفریں aaf-riiN: (ف، کلمۂ تحسین) تعریف و تحسین کا ایک کلمہ شاباش سبحان اللہ۔

آفرینش aaf-rii-nish: (ف، مث) آفریں مصدر کا اسم کیفیت، پیدائش، موجوداتِ عالم

آفندی aa-fan-di(i): (ت، مذ) جناب، حضور، صاحب، مالک

آفیسر aa-fi-sar: (انگ، مذ) Officer، حاکم، افسر

آ۔ق

آقا aa-qa(a): (ت، مذ) مالک، میاں، صاحب، خداوند، حاکم

آ۔ک

آک aak: (ہ، مذ) ایک خودرو چوڑے پتوں اور کڑوے ذائقہ والا پودا جس کے تمام اجزا طبی مصرف میں آتے ہیں۔ مدار، آکھ، کوار

آکا aa-kaa: (ت، مذ) بڑا بھائی، کلمۂ خطاب جیسے، میاں، دوست

آکاس / آکاش aa-kaash: (ہ، مذ) آسمان، فلک، خلا، حد نگاہ

آکاس گنگا aa-kaas gan-ga(a): (ہ، مث) کہکشاں، آسماں کی بدھی، اندر کے ہاتھی کا راستہ

آکاش وانی / بانی aa-kaash vaani(i): (س، مث) ہندوستان کے ریڈیو اسٹیشن کا نام، غیبی آواز، آسمانی آواز، ہاتف کی صدا۔

آکسفورڈ aaks-forD: (انگ، مذ) (OXFORD) انگلستان کا ایک شہر جس میں اس نام کی ایک یونیورسٹی ہے جس کی وجہ اُس کی شہرت ہے۔

آکسن aak-san: (انگ، صف) Oxon آکسفورڈ یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والا، آکسفورڈ کا طالب علم

آکسیجن aak-sii-jan: (انگ، مث) Oxygen ایک بے رنگ اور بے ذائقہ گیس جو زندگی کے لیے ضروری ہے۔

آکھ aa-kh: (ہ، مث) آک، نیشکر کی پھوٹ، درندوں اور جنگلی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔

آکھر aa-khar: (ہ، مث) چوپایوں کے رہنے کی جگہ، جنگلی جانوروں کے سونے کی جگہ، وہ مقرر جگہ جہاں نر ہرن مینگنی کرتا ہے۔

آکھر aa-khar: (ہ، مذ) مربع زین کے چاروں سروں پر مڑے ہوئے کانٹے جن کو پکڑ کر آدمی دوڑتے ہیں، غاشیہ۔

آ۔گ

آگ aag: (ار، مث) عناصر اربعہ میں سے ایک عنصر، جلانے والی چیز، آتش، آگنی، گرمی، حدت، گرم تاثیر والی چیز، کھولتا ہوا، جلتا ہوا۔

آگ بولا aag babu-la(a): (ار صف) دیکھیے

'آگ بگولا' جو زیادہ مشہور ہے۔
آگ برستا aag-ba-ras-ta(a): (ار، صف) جلتا بھنتا، لال لال دمکتا ہوا، تند و تیز، غصہ میں بھرا ہوا (افعال: ہونا)
آگا aaga(a): (ار، مذ) سامنا، اگلا حصہ، سینہ، پیشانی، مستقبل۔
آگا پیچھا aa-ga(a) pii-cha(a): اگلا پچھلا حصہ، اونچ نیچ، انجام و آغاز
آگاہ aa-gaah: (ف، صف) خبردار، واقف، جاننے والا، افعال کرنا، ہونا۔ اسم کیفیت مث: آگاہی
آگے aa-ge: (ار، مذ) دیکھیے 'آگا' جس کی یہ مغیرہ صورت ہے۔
آگے پیچھے aa-ge pi-chhe: (ار، مذ متعلق فعل) اِدھر اُدھر، غائب، لگا تار، بے ترتیب
آگے سے aa-gai sai: (ار، متعلق فعل) سامنے سے، روبرو سے، شروع سے، اوّل سے
آگے قسمت / مقدر aa-gai qis-mat: (ار، روزمرہ) جو قسمت میں ہوگا رہے گا۔ ہم تو کوشش کر چکے۔
آگے کرنا aagai kar-na(a): (ار) سامنے کرنا، پیش کرنا، نذر کرنا
آگاہ / آگہ aa-gaah: جاننے والا، واقف، رازدان عالم، اسم کیفیت مث: آگاہی / آگہی
آگرہ aag-ra(h): (ار، مذ) ہندوستان کا مشہور شہر جہاں تاج محل ہے۔
آگری aag-ri(i): (ار، مث) چوڑیوں کی ایک قسم
آگیں aa-giiN: (ف، لاحقہ) فارسی لاحقہ نسبت جو اسم کے بعد آ کر اسے صفت بنا دیتا ہے اور پھر ہوا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے 'خلوص آگیں' میں۔

آ۔ل

آل aal: (ھ، مث) نئے پیاز کے ہرے پتے، لمبا گھیا، ترئی، زمین کی نمی، ایک درخت جس کی جڑ سے سرخ رنگ نکلتا ہے۔
آل aal: (ف، مث) لال، سرخ رنگ
آل aal: (ع، مث) بیٹا، بیٹی، اولاد، خاندان، نسل
آل aal: (ع، مث) بال بچے، نسل، اخلاف
آل تمغا aal-tam-Ga(a): سُرخ مہر، شاہی فرمان، معافی یا جاگیر کی شاہی سند، انعام میں بخشی ہوئی جاگیر۔
آلِ رسولؐ / نبیؐ aa-le-ras-uul: (ع، ترکیب اضافی بہ اضافت فارسی) پیغمبر آخرالزماں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد، حضور کی بیٹی، حضرت فاطمہ زہرا کی اولاد
آلِ عبا aa-le(?)a-ba(a): (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) حضرت، علی فاطمہ، حسن حسین رضی اللہ عنہم۔ مشہور ہے، کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تمام کو اپنی عبا میں چھپا کر دعا کی تھی۔
آلا aa-la(a): ہرا، کچا، وہ زخم جو ابھی بھرا نہ ہو۔ ترگیلا زخم
آلا aa-la(a): دیوار میں چراغ وغیرہ رکھنے کا طاقچہ گنجفہ میں دونوں طرف سر کرنا۔ ٹھگ۔ ختم نہ ہونے والی بات۔ لمبی کہانی۔
آلا بالا aa-laa baa-la(a): (ار، مذ) (آرے بلے کا بگاڑ) ٹال مٹول، حیلہ بہانا
آلاپ aa-laap: (ھ، مذ) (آ بمعنی بول اور لاپ بمعنی چال سے مرکب) بول چال اور گفتگو، میل جول، میل ملاپ، حساب میں سوالات کی گنتی۔ گیت کا

اتار چڑھاؤ، راگ کا آغاز جس میں بے معنی الفاظ بول کر آواز کا اتار چڑھاؤ ظاہر کیا جاتا ہے۔ گیت کی اٹھان۔

آلاپ چاری aa-laap chaa-ri(i): (ہ، مث) گانے سے پہلے دھن ٹھیک کرنا۔

آلات aa-laat: (ع، مذ) آلہ کی جمع، ہتھیار، اوزار، ساز و سامان، لوازم

آلاتِ حرب aa-la-te-harb: (ع، مرکب اضافی بہ اضافت فارسی) جنگی ہتھیار، اسلحہ جنگ

آلام aa-laam: (ع، مذ) دیکھیے 'اَلم' جس کی یہ جمع ہے۔

آلان aa-laan: (ہ، مذ) ہاتھی کا پاؤں باندھنے کی زنجیر، ہاتھ کی پیٹھ کا گدا۔

آلائش aa-laa-yish: (ف، مث) میل کچیل، غلاظت، گندگی، پھوڑے وغیرہ کا مواد۔

آلت aa-lat: (ع، عف، مذ) ہتھیار، اوزار، برتن، جہاز کی رسی، عضو تناسل۔

آلتی پالتی aal-tii paal-tii: (ار، مث) چارزانو، بیٹھنے کا ایک انداز۔

آلسی aal-si(i): (ہ، صف) سُست، کاہل

آلکس aal-kas: (ار، مث) سُستی، کاہلی، غفلت، صف، آلکسی/آلکسیا کام کردے تو کر دے۔

آلن aa-lan: (ہ، مذ) بیسن یا آٹا جو ساگ میں ڈالتے ہیں، ٹپکی

آلنا aal-na(a): (ہ، مذ) آشیانہ، گھونسلا، گھر (یہ لفظ عموماً پنجابی میں آتا ہے)

آلنگ aa-lang: (ہ، مث) گھوڑی کی مستی

آلو aa-lu(u): ایک مشہور ترکاری

آلو بخارا aa-luu bu-Kaa-ra(a): (ف، مذ) ایک مشہور پھل جو مزہ میں کھٹ مٹھا ہوتا ہے۔ اس کا رنگ زرد یا کشمشی ہوتا ہے۔ بخارا سے منسوب ہے۔

آلوچہ aa-luu-cha(h): (ف، مذ) آلو بخارا کی شکل کا ایک مشہور پھل جو مزہ میں ترش ہوتا ہے۔

آلُودہ aa-luu-da(h): (ف، صف مفعولی) بھرا ہوا، لتھڑا ہوا، تعلقات دنیا میں گرفتار (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: آلودگی

آلہ aa-la(h): (ع، مذ، ج، آلات) ہتھیار، اوزار، کسی چیز کے حاصل کرنے کا ذریعہ

آلۂ تناسُل aa-laa-e-ta-naa-sul: (بضم سین) (ع مرکب اضافی بہ اضافت فارسی مذ) عضو تناسل، ذکر، نر کا پیشاب کرنے کا عضو

آلۂ کار aa-la-e-kaar: (ع، مذ) کام کرنے کا ذریعہ، وسیلہ، وہ شخص جس کو حصولِ مقصد کا ذریعہ بنایا جائے۔

آلھا / آلا aa-lha(a): (ہ، مذ) ایک راجا جو بہت سادہ اور جنگجو تھا۔ مجازاً لمبی کہانی۔ وہ منظم جس میں راجا آلھا کے حالاتِ جنگ بیان ہوں۔

آ۔م

آم aam: (ار، مذ) پاکستان و ہندوستان کا مشہور پھل جو برسات کے موسم میں ہوتا ہے۔ یہ پھل کھٹا اور میٹھا ہوتا ہے کاٹ کر اور چوس کر کھاتے ہیں۔ اس کے نام اور اقسام بے شمار ہیں۔ کچے آم کو کیری کہتے ہیں۔ انبہ۔

آم پال ڈالنا / رکھنا aam paal Daal-na: (ار، محاورہ) کچے آموں کو پکانے کے لیے خاص طریقہ سے گھاس پھوس میں رکھنا۔

آمچور (آم۔ چور aam-chuur): (مذکر، ار)

کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانکیں

آ۔ن

آن aan: (ہ، مث) قسم، عہد، ضد، ہٹ، عادت، خصلت، آرزو، خواہش، عزت، شرم، لاج

آن aan: (ف، مث) شان، ناز، ادا، انداز، چھب، وضع ڈھنگ، غرور۔

آن بان aan-baan: (ار، مث) شان وشوکت، ٹھاٹ، بانکپن۔

آن aan: (ع، مث) وقت، لمحہ، ساعت، بہت تھوڑی مدت۔

آن کی آن میں aan-ki-aan meN: (ار، متعلق فعل) فوراً، ذرا سی دیر میں

آن پڑنا / آن پہنچنا / آن لینا / آن ملنا / آن نکلنا aan-paR-na: (ار، محاورات) ان کے معنی کے لیے دیکھیے: آ بننا، آ پڑنا، آ پہنچنا، آلینا، آملنا، آنکلنا جو فصیح ہیں۔

آن aan: (ار، آ، کی قدیم صورت) 'آ' بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔

آں aaN: (نون غنہ کے ساتھ) (ف، ا، اشارہ) اشارہ بعید، کلمہ تعظیم، وہ

آں جناب aaN-ja-naab: (ف، کلمہ تعظیم) جناب والا، عالی جناب۔

آں حضرت / حضور aaN-haz-rat/hu-zuur: (ف، کلمہ تعظیم) مراد پیغمبر اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم

آنا aa-naa: (ار، مص) 'جانا' کی ضد، پہنچنا، چلنا، سامنے آنا، ملاقات کرنا، آگے بڑھنا، نکلنا، نمودار ہونا، لوٹنا، واپس آنا، داخل ہونا، گھسنا، اترنا، ٹھہرنا، لہر آنا، مائل ہونا، گرنا، پھنسنا، جاننا، امڈنا

آنا جانا aa-na(a) jaa-na(a): (ار، مذ) آمد و رفت، میل جول، ربط ضبط

آناً فاناً aa-nan faa-nan: (ع متعلق فعل) فوراً، یک لخت، اسی دم

آنا کانی aa-na-kaa-ni(i): (ار، محاورہ) جان بوجھ کر ٹال دینا، ٹال مٹول کرنا

آنت aant: (ہ، مث) پیٹ کے اندر غذا کی نالیاں، انتڑی اور مجازاً لمبی چیز

آنت اُترنا / بڑھ آنا aant-u-tar-na(a): (ار، مص مرکب) ایک بیماری جس میں آنت خصیوں میں اتر آتی ہے۔ جس سے فوطوں میں درد اور ورم ہو جاتا ہے۔ آنت فوطوں میں اترنا۔ فتق کا مرض ہونا۔

آنٹ aanT: (ہ، مث) وہ لکیر جو سنار سونے چاندی کا کھرا پن یا کھوٹ معلوم کرنے کے لیے ریتی سے ڈالتے ہیں۔ گرہ۔ گانٹھ۔ بل۔ پیچ۔ عداوت۔ دشمنی۔ کینہ مخالفت۔ رکاوٹ

آنٹ سانٹ aaNT-saNT: (ار، مث) (آنٹ بمعنی گرہ اور سانٹ بمعنی جوڑ) جوڑ توڑ، ملی بھگت۔ میل جول۔ دوستی۔ حیلہ بہانہ۔ سازش

آنٹی / آنٹھی aaN-Tii: دھاگے کا گچھا، گانٹھ، پھندا، لکڑی یا گھاس کا گٹھا، کشتی کا ایک داؤ جس میں ٹانگ اڑا کر حریف کو گراتے ہیں۔ اڑنگا۔ دھوتی کی اڑسن۔

آنچ aaNch: (نون غنہ) (ہ، مث) گرمی، حرارت، تپش، لوکا، شعلہ، جوش، تاؤ، ممتا، محبت، صدقہ، نقصان۔

آنچ دکھانا aaNch-di-khaa-na(a): (ار) گرم کرنا، جلانا، آگ دکھانا

آنچل aaN-chal: (ار، مذ) دوپٹے کا پلو، شال یا چادر کا کنارہ، اوڑھنی وغیرہ کا دامن

آنچل پلّو aaN-chal pa!-lu(u): (ار، مذ) ایک قسم کا بنارسی دوپٹا جس کے کناروں پر زری کے تاروں کے بیل بوٹے بنے ہوتے ہیں۔ مقیش کی چادر جو دولہا دلہن کے جوڑوں یا اوڑھنی وغیرہ کے کناروں پر ٹانکتے ہیں۔

آندھی aaN-dhi(i): (ھ،مث) تیز ہوا، گرد و غبار والی ہوا، صرصر۔ نہایت تیز۔ چست چالاک۔

آندھی روگ aaN-dhii rog: (ار، محاورہ) زیادہ چلنے کی وجہ سے تکان، مصیبت، آفت۔

آنڈ / آنڈھ aaND: (ھ،مذ) فوطہ، خصیہ، کپورا

آنڈو ann-Du(u): (ھ،صف، مذ) خصی / آختہ کی ضد۔ جس کے فوطے بڑے ہوں۔ پُرشہوت۔ شہوتی

آنڈی aaN-Di(i): (ھ مث) پیاز کی گٹھی۔

آنریبل Honourable :aan-re-bil، معزز، صاحب اعزاز، عزت مآب، بڑے رتبے / مرتبے والا، وزرا کے نام سے پہلے بطور القاب آتا ہے۔

آنریری aan-re-ri(i): (انگ، صف) Honorary اعزازی۔ امتیازی۔ بغیر تنخواہ کام کرنے والا۔

آنسو aaN-su(u): (ار، مذ) وہ پانی جو خوشی یا غم یا کسی تکلیف کے باعث آنکھ سے نکلتا ہے۔

آنسو ڈھال aaN-suu-Dhaal: (ار مث) آنکھ سے لگاتار آنسو بہنا۔ گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کی آنکھوں سے ہر وقت پانی بہتا رہتا ہے۔

آنسو ڈھلکنا / ڈھلنا :aaN-suu-Dhal-na(a) (ار، مص) آنسو بہنا۔

آنسو گیس aaN-suu-gais: (ار، انگ، مث) Tear-gas ایک قسم کی گیس جس سے آنکھ میں مرچیں سی لگتی ہیں، اور پانی بہنے لگتا ہے (غیر قانونی) ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے پولیس استعمال کرتی ہے۔

آنک aaNk: (ھ، مذ) ہندسہ، حرف، نشان، جانچ، پرکھ، اندازہ، تخمینہ وغیرہ۔ کپڑے کے تھان پر قیمت کا نشان

آنکڑا aaN-ka-Ra(a): (ھ، مذ) کانٹا، ٹیک، ٹیڑھی آہنی سیخ، گرفت، قبضہ (ٹھگوں کی اصطلاح میں) ایک ہزار۔

آنکس aan-kas: (ھ، مذ) وہ آنکڑا جس سے مہاوت ہاتھی کو چلاتے اور مارتے ہیں، سرکوب، نگران۔

آنکنا aaNk-na(a): (ار، مص) اندازہ کرنا، تخمینہ کرنا، جانچنا، قیمت ڈالنا، کپڑے پر نشان لگانا، عمل یا منتر سے کسی تکلیف یا بیماری کو دور کرنا، جھاڑ دینا

آنکو aan-ku(u): (ھ، صف) آنکنے والا، اندازہ کرنا والا، جانچنے والا۔

آنکھ aaNkh: (ھ، مث) دیکھنے کا عضو، چشم، دیدہ، نگاہ، نظر دیکھنے کا انداز، تیور، بینائی، بصارت، اشارہ، دخل، شناخت، واقفیت، حق شناسی، بصیرت، تخمینہ، جانچ، امید، محبت مروت، گھٹنے کے دونوں طرف کے گڑھے آلو، بانس اور گنے میں شاخیں پھوٹنے کی جگہ، اناس کا حلقہ، سر دمیں وہ جگہ جہاں کلے پھوٹتے ہیں۔

آنکھ پھوڑ ٹِڈا :aaNkh-phor TiD-Da(a) (ار، مذ) ایک سبز رنگ کا ٹڈا جو آک کے پودے پر پایا جاتا ہے۔

آنکھ میچنا aaNkh mich-na(a): (ار، مص) آنکھ بند ہونا، مرجانا۔

آنکھ مچولی aaNkh mi-chau-li : (ار، مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک آنکھ بند کرتا ہے دوسرے چھپ جاتے ہیں۔ پھر یہ انھیں ڈھونڈ کر جس کو چھو دیتا ہے وہ چور بنتا ہے اور اُسکی آنکھیں بند کرتا ہے۔

آنکھوں آنکھوں میں aaN-khauN aan-

khauN main: (ار، متعلق فعل) نظروں ہی نظروں میں، اشاروں ہی اشاروں میں۔

آنکھوں دیکھا aaN-khoN dekha(a): (ار، مفعول) اپنا دیکھا ہوا، چشم دید۔

آنکھوں کا نور aaN-khauN ka(a) nuur: (ار، مذ) بینائی، اولاد، پیاری، عزیز

آنکھوں میں aaN-khauN maiN: (ار، متعلق فعل) سب کے سامنے، لوگوں کی موجودگی میں، اشاروں میں

آنکھیں aaN-khaiN: (ار، مث) آنکھ کی جمع ہے۔

آنگن aaN-gan: (ہ، مذ) مکان کا صحن، انگنائی (پنجابی میں ویہڑا)

آنند aa-nand: (بفتح نون اول و بسکون نون ثانی) (ہ، مذ) خوشی، شادمانی، عیش (افعال کرنا۔ رہنا۔ ہونا)

آنندی aa-nan-di(i): (ار، صف) خوش، شادماں، راضی، سکھی

آنو / آنوں aan_oN: (ار، مث) وہ سفید اور چکنی رطوبت جو پیچش کے مرض میں پاخانہ کے ساتھ نکلتی ہے۔ (افعال: آنا، پڑنا، نکلنا)

آنول aan-val: (ہ، مث) وہ جھلی کی نلی جو بچے کی پیدائش کے وقت اس کی ناف سے لگی ہوتی ہے اور کاٹ دی جاتی ہے، آنول نال۔

آنولہ / آملہ aanv-la(a): (ار، مذ) ایک کھٹا اور کسیلا پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے۔ اس کا اچار اور مربہ ڈالتے ہیں اور تیل نکالتے ہیں نیز اس کا درخت۔

آنہ aa-na(h): (ار، مذ) روپے کا سولہواں حصہ، آنی، ایک سکہ، جب سے اعشاری سکہ چلا ہے یہ متروک ہو گیا ہے۔

آنی جانی aa-nii jaa-ni(i): (ار، صف) ناپائیدار، بے ثبات، عارضی، فانی۔

آ۔و

آوا aa-va(a): (ار، مذ) کمہار کی بھٹی جس میں کچے برتن پکائے جاتے ہیں۔ اینٹوں کا بھٹا۔

آوارہ aa-vaa-ra(h): (ف، صف) پریشان، مارا مارا پھرنے والا۔

آوارہ گرد aa-vaa-rah gard: (ف، صف) بدچلن، بدمعاش، بے کار بیہودہ مارا مارا پھرنے والا، اسم کیفیت مث: آوارہ گردی۔

آوارہ مزاج aa-vaa-rah-mezaaj: (ف، صف) بدوضع، لاابالی، بے پروا، اسم کیفیت مث: آوارہ مزاجی۔

آواز aa-vaaz: (ف، مث) صدا، ندا، ہانک، پکار، کھٹکا، آہٹ، دھماکا، شہرہ، غل۔

آوازِ صور aa-vaa-ze-suur: (ار، تلمیح) اس صور (نرسنگھے) کی آواز، جو حضرت اسرافیل بحکم خدا صور پھونکیں گے تو قیامت آجائیگی، شور قیامت

آواز کا پاٹ aa-vaaz-ka-paaT: (ف، ار، بترکیب اضافی، مذ) آواز کی حد، آواز کا پھیلاؤ، گونج۔

آوازہ aa-vaa-za(h): (ار، محاورہ) کسی چیز سے آواز پیدا ہونا۔

آور aa-var: (ف لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر آوردن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور لانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً خواب آور۔

آویزاں aa-ve-zaaN: (ف، احانیہ) معلق، لٹکا ہوا، لٹکتا ہوا۔

آویزش aa-ve-zish: (ف، مث) لاگ ڈانٹ، چپقلش، لڑائی، فساد

آویزہ aa-ve-za(h): (ف، مذ) کان میں پہننے کا ایک زیور، مُرکی، بندہ کا نٹا، بالی

آ۔ہ

آہ aah: (ف، کلمہ تاسف ومث) حیف، افسوس، ہائے سان، دَم

آہ۔آہ کرنا aah aah karna(a): (ف، کلمہ تاسف ومث) کراہنا، ہائے ہائے کرنا۔ بوجہ تکلیف منہ سے آواز نکالنا۔

آہا aa-ha(a): (ف، کلمہ تحسین) واہ وا، سبحان اللہ، بہت خوب

آہٹ aa-haT: (ہ، مث) پاؤں کی آواز، چلنے کی آواز، کھٹکا (افعال: پانا، لینا، ہونا)

آہستہ aa-his-Ta(h): (ف، صف) دھیرے سے، چپکے سے، سنبھل کر، اسم کیفیت، آہستگی۔

آہن aa-han: (ار، مذ) لوہا، صف نسبتی: آہنی / آہنیں

آہن رُبا aa-han ru-ba(a): (ف، مذ) وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے، مقناطیس

آہن گر aa-han gar: (ف، فاعل) لوہے کا کام کرنے والا، لوہار، اسم کیفیت مث: آہن گری: لوہار کا کام اور پیشہ۔

آہنگ aa-hang: (ف، مذ) آواز، نغمہ، گانا، ارادہ، قصد، نیت۔

آہو aa-huu: (ف، مذ) ہرن۔ مرگ۔

آہو بَرّہ aa-huu bar-ra(a): (ف، مذ) ہرن کا بچہ

آ۔ء

آئل aa-il: (انگ، مذ) OIL تیل، روغن۔

آؤ aa-au: (ار، فعل) آنا مصدر سے صیغہ امر جمع حاضر بمعنی آیئے، چلیے وغیرہ۔

آؤ بھگت aa-au bha-gat: (ار، مث) خاطر مدارات، تواضع

آئے aa-ye: (ار، فعل) آنا مصدر سے ماضی مطلق کا صیغہ جمع غائب مذکر، مضارع کا صیغہ واحد غائب مذکر۔

آئے دن aa-ye-din: (ار، متعلق فعل) آئے روز، ہمیشہ، ہر روز

آئے گئے aa-ye-ga-e: (ار، صف) آنے جانے والے مسافر۔

آئیں aa-iin: (یائے مجہول سے) (ار، فعل) آنا مصدر سے مضارع کا صیغہ جمع غائب۔

آئین aa-iin: (ف، مذ) قائدہ، قانون، دستور، رسم، رواج۔

آئین جاری کرنا aa-iin jaa-rii kar-na(a): (ار، مص وضعی) ضابطہ مقرر کرنا، قانون مقرر کرنا۔

آئینِ دیوانی aa-iine-dii-vaa-ni(i): (ف، مذ) لین دین کا قانون۔

آئینِ فوجداری aa-ii-ne fauj-daa-ri(i): (ف، مذ) فوجی اور جنگی قانون، وہ قانون جس میں جرم اور اس کی سزا کا بیان درج ہو۔

آئینہ aa-ii-na(h): (ف، مذ) منہ دیکھنے کا شیشہ، صاف صاف بتانے والا گواہ، حیران، ششدر، صاف، واضح، عیاں، ظاہر

آئینہ باطن aa-ii-ne-baa-tin: (فع، مذ) روشن ضمیر، نیک دل، صاف باطن، دل کی بات جان جاننے والا۔

آئینہ بندی aa-ii-na(h) ban-di(i): (ف، مث)

شیشہ و بلور کے آلات سے مکان کو سجانا۔

آئینہ خانہ aa-ii-na(h) Kaa-na(a):(ف،مذ) وہ مکان جس میں چاروں طرف آئینے لگے ہوں، شیش محل

آئینہ دار aa-ii-na(h) daar : (ف، فاعل) شیشہ دکھانے والا، عیب وصواب ظاہر کرنے والا، سنگار کرانے والا، نائی، حجام، اسم کیفیت مث: آئینہ داری۔

آئینہ رُخ aa-ii-na(h) ruK: (ف، صف) نہایت حسین خوبصورت جس کا چہرہ آئینہ کی طرح صاف اور چمکیلا ہو، کنایتہً معشوق

آئینہ ساز / گر aa-ii-na(h) saaz:(ف،فاعل) آئینہ بنانے والا، آئینہ گر، اسم کیفیت مث: آئینہ سازی/گری۔

آئینی aa-ii-ni(i):(ف،صف) قانون کے مطابق، قانون کے متعلق۔

آیئے aa-ii-ye: (ار،فعل) آنا مصدر سے امر کا صیغہ بطور احترام استعمال ہوتا ہے۔ آئیں۔

آ۔ی

آیا aa-ya(a):(ار،فعل) آنا مصدر سے ماضی مطلق کا صیغہ واحد غائب مذکر

آیا aa-ya(a):(ار کلمۂ سوال) بمعنی کیا۔

آیا سمجھو / جانو aa-yaa sam-jhau: دیکھیے 'آئے کا آیا'

آیا گری aa-yaa gi-rii:(ہ،ف،مث) دائی کا پیشہ

آیا گیا aa-yaa-ga-ya(a):(ار،صف مذ) آنے جانے والا، مسافر، مہمان، بھولا بسرا۔

آیات aa-yaat: (ع، مث) (جمع آیت کی) نشانیاں، قرآن پاک کے مکمل جملے۔

آیاتِ مُتشابہات aa-yaa-te-muta-shaa-bi-hat:(ع مث ج) قرآن پاک کی وہ آیتیں جو عام فہم نہ ہوں جن کے ایک سے زیادہ معنے ہوں۔

آیت aa-yat:(ع،مث) علامت، نشان، قرآن مجید کا پورا جملہ، وہ گول نشان جو قرآن مجید میں جملہ کے خاتمہ پر لگا ہوتا ہے اور اُس پر ٹھہرنا ہوتا ہے، وقفہ۔

آیتِ مُطلق aa-ya-te-mut-laq: (ع،مث) قرآن مجید میں وقف کی وہ علامت جس پر ٹھہرنا پڑے۔

آیت لا aa-yat laa:(ع،مث) قرآن مجید میں وقف کی وہ علامت جس پر ٹھہرنا ضروری نہ ہو۔

آیندہ aa-in-da(h): (ف، فاعل) آنے والا، آنے والا زمانہ، دوبارہ پھر کبھی۔

آیہ aa-yah:(ع،مذ) آیت

ا

اس آواز کو تلفظ کرتے وقت ہونٹ قدرے پھیلے ہوئے ہوتے ہیں اور سطح زبان کے درمیانی حصے کے اور اس کے اُٹھاؤ کے وسطی حد تک اوپر اٹھنے سے بغیر کسی مداخلت کے منہ سے ہوا خارج ہوتی ہے۔ اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں وسطی، درمیانی غیر مدور مصوتہ یا حرف علت کہتے ہیں۔ اس کا طول (1) کے مقابلے میں کم ہونے کی وجہ سے یہ مختصر حرف علت کہلاتا ہے جو زبر سے ظاہر ہوتا ہے۔ لفظ کے شروع میں (1) کے اوپر زبر لگا کر اس کی شناخت ہوتی ہے۔

ا۔ب

اَب ab: (بفتح اول) (ع، مذ، ابو کی تخفیف) باپ، پدر، والد، ابّا (مسیحی) آسمانی باپ، خدا، خالق، مسیح۔

اَب وجد ab-o-jad: (ابوجد) (ع مذ بترکیب فارسی) باپ دادا، اسلاف، بزرگان خاندان۔

اَب وعم ab-o-(?)am: (ابوعم) (ع، مذ بترکیب فارسی) باپ اور چچا۔

اَب ab: (ار، ظرف) اس وقت، اس دم، موجودہ زمانہ میں، دورِ حاضر میں، آج (کل کے مقابلہ میں) ان دنوں۔ آج کل اس دَور میں۔ اس حالت میں۔ اس صورت میں۔ بہت جلد جھٹ پٹ۔ آئندہ لحہ میں۔ اس کے بعد۔ آئندہ تھوڑی دیر پہلے (زمانہ قریب میں) اُس وقت تب (ماضی میں) تنبیہ۔ تہدید۔ ترغیب۔ التماس۔ دُعا۔ جزا کے لیے۔ بیان کی توضیح۔ تمہید یا خلاصۂ کلام کے لیے۔

اَب تَب ab-tab: (ار، متعلق فعل مث) آج کل میں۔ بہت جلد۔ ٹال مٹول۔ حیلہ بہانہ (افعال: کرنا، ہونا)

اَب تَو ab-tau: (ار، متعلق فعل) اس کے بعد۔ آئندہ۔ آخرکار۔ مجبوراً ان حالات میں۔ اس زمانہ میں۔ اس مرتبہ۔ اس دفعہ۔ اس وقت۔ اس صورت میں۔

اَب سَے ab-sei: (ار، متعلق فعل) اس وقت سے۔ آگے کو۔ آئندہ

اَب نہ تب ab-na-tab: (ار، متعلق فعل) اس وقت نہ پھر کبھی۔ کبھی نہیں۔ ہرگز نہیں۔

اَبا a-ba(a): (ع، مذ حالت نصب) باپ، پدر، مثلاً یا اباتراب۔

اَبّا ab-ba(a): (بفتحہ اوّل و بہ تشدید و فتحہ ثانی) (ار، مذ) باپ، پدر، والد، بابا، جنم دینے والا۔

اِبا ib-a(a): (بکسر اوّل) (ع، مذ) انکار، نفرت، ناپسندیدگی، اختلاف ناموافقت، اجتناب، پرہیز، سرتابی، نافرمانی (افعا: کرنا ہونا)

اَبابِیل a-baa-biil: (ع، مث) ایک چھوٹی سی چڑیا جس کے پر سیاہ اور سینہ سفید ہوتا ہے۔ پرانے گنبدوں کھنڈروں اور تاریک مقامات پر مٹی کا گھونسلا بنا کر رہتی ہیں۔

اَبابِلیاں a-baa-bi-li-ya(a): (ار، مذ) ایک قسم کا کبوتر جو ابابیل سے مشابہ ہوتا ہے۔

اِباحت i-baa-hat: (ع، مث) کسی چیز کا مباح ہونا، جواز، کسی چیز کے کرنے یا نہ کرنے پر شرعاً کوئی پابندی نہ ہو، جائز ہونا۔

اِباحی / اِباحی i-baa-hi-ti(i): (ع، مذ) حرام کو جائز خیال کرنے والا، محرمات سے صحبت جائز رکھنے والا، فرقہ اباحیہ سے تعلق رکھنے والا۔

اِباحیّت i-baa-hiy-yat: (ع، مث) فرقہ اباحیہ کا طریق و عمل، حرام کو جائز سمجھنا، فرقہ اباحیہ کا مسلک۔

اباحیہ a-baa-hi-ya(h): (ع، مذ) باطل اہل تصوّف کا ایک فرقہ جس کا نظریہ ہے کہ انسان میں نہ گناہوں سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ اوامر کے بجا لانے کی اور اس دنیا میں کوئی کسی چیز کا مالک نہیں۔ اس لیے زر اور زن میں سب کا حصہ ہے۔

اباریق a-baa-riiq: (ع، مذ) دیکھیے "ابریق" جس کی یہ جمع ہے۔ کوزہ

اَباطیل a-baa-til: (ع، تفضیل) ابطل کی جمع، غلط ترین، جھوٹ، ناحق۔

اُباکنا u-baak-na(a): (ار، مص) اُبکائیاں لینا، متلی ہونا۔ قے کرنا۔

اُبال u-baal: (ار، مذ) دودھ یا پانی وغیرہ کا جوش، وفور، ابھار، ہیجان، خون وغیرہ کا جوش، پھد پھداہٹ، کف، پھین، تیز حرارت، گرمی کا جوش، غصہ، تاؤ، تپاؤ (افعال: اُٹھنا، آنا، بیٹھنا، لانا، نکلنا)

اُبالا u-baa-la(a): (ار، صف) جوش دیا ہوا، ابالا ہوا، گرم پانی میں کھولایا ہوا، بے گھی اور مسالے کا بدمزہ کھانا۔ مث: ابالی۔

ابتث ab-tas: (ار، مذ) عربی حروف تہجی کی ایک ترتیب کا نام جو یہ ہے۔ اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ ی۔

ابتدا ib-ti-da(h): (ع، مث) آغاز، آفرینش، ازل، قدیم ترین زمانہ، اوائل، شروع، وقت، آغاز، کسی چیز کے آغاز کی جگہ، بچپن، طفلی، لڑکپن (عروض) مصرع ثانی کا جز واول۔

ابتداءً ib-ti-daa: (ع، متعلق فعل) اوّل اوّل، شروع شروع میں، پہلی مرتبہ پہلے پہل۔

ابتدائی ib-ti-daa-i(i): (ع، صف) پہلا، اوّلین، تمہیدی، سرسری، آغاز کا شروع، قدیمی اصولی، بنیادی

ابتدائیہ ib-ti-da-i-ya(a): (ع، مذ) دیکھیے 'افتتاحیہ'

ابتذال ib-ti-zaal: (بہ کسرہ الف، سکون یائے موحدہ، تے مشاۃ فتح اوّل) (ع، مذ) کمینہ پن، اخلاقی پستی، پامالی، عمومیت، عامیانہ پن (شاعری میں) رکیک، بازاری، عامیانہ، فرسودہ، پامال، مضامین والفاظ کا استعمال۔

اَبتر ab-tar: (اب، تر) (ع صف مذ) دُم کٹا، لنڈورا، لاولد، جس کی نسل منقطع ہو جائے، منتشر، پراگندہ، تتر بتر، بے ربط، بے قاعدہ، بے ترتیب، خوار، زبوں، خستہ، خراب، بری، حالت بگڑی ہوئی شکل میں، بدشعار، بدچلن، آوارہ، غلط، فاسد، باطل، غیر منطقی، غیر معقول (گنجفہ میں) بے میر کی بازی جو ملادی جاتی ہے۔ یعنی جب پتے بانٹنے کے بعد میر کسی کے پاس نہ آئے تو پتے رلا ملا دیے جاتے ہیں (عروض میں) وہ رُکن جس میں زحاف بتر واقع ہو۔ ایک قسم کا سانپ جس کی دم چھوٹی ہوتی ہے۔

ابتری ab-ta-ri(i): ابتر سے اسم کیفیت بہ قاعدہ فارسی بے ترتیبی، بدنظمی، انتشار، گنجفہ میں پتوں کا گڈمڈ ہو جانا، پتوں کی تقسیم میں غلطی، زوال، تنزل، برہمی، بے قاعدگی گڑبڑ، پریشانی، تباہی (افعال: پڑنا، ڈالنا)

اِبتِلا i-ba-ti-la(a): آزمائش، امتحان، جانچ، مبتلا ہونا، پھنس جانا، بلا مصیبت۔

اُبٹن / اُبٹنا ub-Tan: (ار، مذ) وہ خوشبودار مسالا جو جسم میں صفائی اور نرمی پیدا کرنے کے لیے دولہا اور دلہن کے جسم پر ملتے ہیں۔

اَبجد ab-jad: (ع، مث) عربی حروف تہجی کی ایک ترتیب کا نام جس کے چار ابتدائی حروف یعنی اب ج د لے کا نام رکھ لیا جاتا ہے۔ حروف تہجی۔ قاعدہ جُمل۔ قاعدہ جُمل میں عموماً یہی ترتیب کام آتی ہے۔ اس قاعدہ کی رُو سے تمام حروف کے اعداد مقرر ہیں۔ کسی تاریخی فقرہ یا مصرعہ سے کسی واقعہ کا سَن دریافت کرنے کے لیے ان حروف کے اعداد کو حسب ہدایت جمع کر لیتے ہیں۔ یہ ترتیب اور اس کے اعداد کی تفصیل درج ذیل ہے:

ا ب ج د، ہ و ز، ح ط ی، ک ل م ن،
۴۳۲۱، ۷۶۵، ۱۰۹۸، ۵۰۴۰۳۰۲۰
س ع ف ص، ق ر ش ت
۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰ ۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰
ث خ ذ، ض ظ غ
۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

کسی علم یا فن کے ابتدائی اصول

اَبحار ab-haar: (ع، مذ، ج) دیکھیے 'بحر' جس کی یہ جمع ہے، بہت سے دریا۔

اَبخر ab-Kar: (ع، مذ، ج) بُخار کی جمع الجمع، بخارات

اَبخل ab-Kal: (ع، اسم تفضیل) نہایت بخیل، مہا کنجوس، ہونق، سڑیلا

اَبَد a-bad: (ع، مذ و مث) ہمیشہ، مدام، غیر متناہی مدت، ہمیشگی، زمانہ، جس کی انتہا نہ ہو۔ دنیا کی آخری حد اور قیامت۔ (تصوّف) مرتبہ ذات باری تعالیٰ

اَبَداً a-ba-dan: (ع، متعلق فعل) ہمیشہ کے لیے، ابد تک (نفی میں) قطعاً، کلیتہً

اَبدال ab-daal: (بفتح اوّل) (ع، مذ) بدیل کی جمع، اہل تصوّف کے نزدیک اولیاء اللہ کے دس طبقات میں سے پانچواں، طبقہ جس کے ارکان کی معینہ تعداد چالیس بتائی جاتی ہے اور یہ تعداد پوری رکھی جاتی ہے۔ چنانچہ اگر کوئی ابدال انتقال کر جائے یا ترقی کر جائے تو اس کی جگہ کسی اور کو ابدال مقرر کیا جاتا ہے۔

اِبدال ib-daal: (بکسر اوّل) (ع، مذ) تبادلہ، بدل کرنا۔

اَبدان ab-daan: (بفتح اوّل) (ع، مذ ج) بدن کی جمع، اجسام۔

اَبدی a-ba-di(i): (ع، صف) جاودانی سرمدی، غیر فانی، جس کی حد اور انتہا نہ ہو۔

اَبدیّت a-ba-diy-yat: (ع، مث) بقائے دوام، ہمیشگی، سرمدیت

اَبر abr: (بفتح اوّل وسکون ثانی و ثالث) (ف، مذ) بادل، گھٹا، بدلی، فولاد کا پانی، ہلکی نیل گوں یا دھانی رنگ کی لہریں جو تلوار خنجر وغیرہم کے پھل پر یا بندوق کی نالی پر یا دوسرے اسلحہ پر صیقل کے ذریعے پیدا کی جاتی ہیں۔ تصوّف کی اصطلاح میں وہ حجاب جو مراتب سلوک یا شہود کے حصول میں حائل ہوتا ہے۔

اَبر آذاری abr-aa-zaa-ri(i): (ف، مذ) آغاز بہار کا بادل، ماہ آذار میں اُٹھنے والی گھٹا۔

ابر آذری abr aaz-rii: (ف، مذ) ماہِ آذر کا بادل جو برستا کم اور گرجتا زیادہ ہے۔

اَبر بہمن abr bah-man: (ف، مذ) وہ بادل جو شمسی مہینہ بہمن میں برسے۔

اَبرِ خَر ab-re-har: (ف، مذ) برسنے والا بادل بھیگی بھیگی گھٹا جس سے بارش کی اُمید ہو۔

اَبرِ تُنک ab-re-tunk: (ف، مذ) چھدرا بادل، ہلکی گھٹا۔

اَبرِ تِیرہ ab-r-e-tii-ra(h): (ف، مذ) سیاہ بادل، کالی اور گہری گھٹا۔

ابرِ تیغ ab-re-teG: (ف، مذ) تلوار کے جوہر کی زنگاری دھاریاں۔

ابرِ رحمت ab-re-reh-mat: (فع، مذ) وقت پر برسنے والا بادل، کھیتوں کو سرسبز کرنے والا بادل، خدا کی رحمت، عنایت۔

ابرِ سیاہ ab-re-si-yaa(h): کالی، گھٹا، گہری گھٹا، گھنا بادل۔

اَبرِ غلیظ ab-re-Ga-liiZ: (ف، مذ) گہرا بادل، گھنگور گھٹا۔

اَبرِ قبلہ ab-re-qib-laa(h): قبلہ یعنی مغرب کی سمت سے اُٹھنے والی گھٹا جو بہت برستی ہے۔ ابرِ رحمت خدا کا بھیجا ہوا بادل۔

ابرِ کرم ab-re-ka-ram: (فع، مذ) بادل کی طرح نہال کرنے والا، کرم اور سخاوت کی بارش کرنے والا، سخی، فیاض، کرم، رحمت، ابرِ رحمت۔

ابرِ کوہسار / کہسار / کہساری ab-re-koh-saar: (ف، مذ) پہاڑ کی سمت سے اُٹھنے والی گھٹا جو عموماً برستی ہے۔

اَبرِ گوہرا / گہر بار ab-re-go-her: (ف، مذ) موتی برسانے والا بادل، ابرِ نیساں۔

ابرِ گھرنا abr-ghir-na(a): (فع، مذ) گھٹا چھانا، آسمان پر بادل چھانا۔

اَبرِ محیط ab-re-mu-hiit: چاروں طرف چھایا ہوا بادل، ہر طرف پھیلی ہوئی گھٹا۔

ابرِ مُردہ ab-re-mur-da(h): (فع، مذ) برسا ہوا بادل، اسفنج

اَبرو باد ab-ro-baad: (ف، مرکب عطفی) مینہ اور ہوا، بارش اور ہوا کا طوفان، آندھی اور بارش

اَبرار ab-raar: (بفتحہ اول) (ع، مذ، ج) بَرّ کی جمع، نیک اور پرہیزگار لوگ، اولیا اللہ۔

اِبرام ib-raam: (بکسر اوّل) (ع، مذ) اصرار، تقاضا، تاکید، پرزور مطالبہ، خواستگاری، طلب، انکار، ناگواری، تنگ دلی، بے قراری

اِبراہیم ib-raa-hiim: (بکسر اوّل) (ع، مذ) (عبرانی ابراہام کی عربی صورت) حضرت ابراہیم مشہور پیغمبر حضرت اسماعیل کے باپ، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جدِ امجد، کعبۃ اللہ کے بانی اُر کے باشندے، جن کو توحید کی تبلیغ کے جرم میں بابل کے مدعی الوہیت بادشاہ نمرود نے آگ میں جلا کر ہلاک کرنا چاہا مگر بحکم خدا وہ آگ گلزار بن گئی۔

اَبرَش ab-rash: (بفتحہ اوّل وسکون ثانی وفتحہ ثالث) (ع، صف) چتلا، چت کبرا، کچھ سیاہ اور کچھ سفید، اَبلق، وہ گھوڑا جس میں سُرخ اور سفید دو رنگ ہوں۔ دورنگا گھوڑا۔

اَبرَص ab-ras: (بروزن ابرش مذکور) (ع، صف، مذ) وہ شخص جس کے بدن پر گلابی رنگ کے داغ اور دھبے ہوں برص، پھلبہری کا مرض، چتکبرا گھوڑا۔

اَبرَق / اَبرک ab-raq: (ع: ف، مذ و مث) ایک معدنی شے، جس کے پرت والے ڈھیلے چٹانوں میں سے برآمد ہوتے ہیں، جن سے چمکیلے اور بھربھرے ورق جُدا ہوتے ہیں ان پر آگ، پانی اور برقی رَو اثر انداز نہیں ہوتی۔ یہ دوا کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے اور رنگ

ریز اس کا چورا کئی میں ملا کر کپڑوں کو بھی لگاتے ہیں۔ جس سے کپڑوں پر ستارے سے چمکنے لگتے ہیں۔

اَبرَن / اَبرَمَن ab-ran: (بفتحہ الف ورائے مہملہ) (ہ، مذ) زیور، گہنا، سنگھار کا سامان

اَبَرنا a-bar-na(a): (ارمص، ق) باقی بچنا، ظاہر ہونا، باہر آنا، بڑھ جانا۔

اَبرُو ab-ru(u): (ف، مث، مذ) آنکھ کی محراب کے اُوپر اُگے ہوئے بال بھوں، کلام والہام غیبی، سالک کا اپنے مرتبہ سے کسی خطا کے باعث گر جانا (اصطلاح تصوّف)

اَبرُوئے فلک ab-rau-e-fa-lak: (فع، مذ) ہلال، ماہِ نو، پہلی رات کا چاند۔ (کنایۃً)

اَبرَہ ab-rah: (ف، مذ) لباس یا اوڑھنے کے کپڑے کا بالائی حصہ اَستر کی ضد۔

اَبری ab-ri(i): (ف، مث) ابر سے منسوب، ایک قسم کا رنگین اور روغنی کاغذ جس کے چکنے رُخ پر رنگارنگ کے نقش و نگار ہوتے ہیں اور کتابوں کی جلد کے اوپر لگاتے ہیں۔ کمائے ہوئے چمڑے کی اوپر کی سطح جو رنگین اور چمکیلی ہوتی ہے، نری، ابرہ، جوہر دار، صیقل شدہ (تلوار کی صف) رنگین و منقش (کاغذ کی صف) جھلمل کرتا زرق برق لباس۔

اَبری کا پتھر ab-ri ka pat-thar: (ف، مذ) دو رنگا پتھر جس میں لہردار دھاریاں ہوتی ہیں۔

اَبریشم abr-re-sham: (ف، مذ) کچا ریشم، ایک کیڑے کے لعاب دہن کے تار ساز کا تار جو لوہے پیتل، تانبے اور جست سے بنایا جاتا ہے۔ صف نسبتی، ابریشمی، ابریشمیں۔

ابریق ab-riiq: (بکسر اوّل سکون دوم کسر سوم یائے معروف) (ع، مذ) آبریز کا معرّب، صراحی، ٹونٹی والا لوٹا، جام، شیشہ، قرابہ چھاگل۔

اَبڑ دھَبڑ a-baR dha-baR: (ار، مث، صف) بے ہنگم، بے ڈھنگے انداز میں، گڑبڑ، بھاگ دوڑ

اُبسنا u'-bas-na(a): (بضم اول فتحہ دوم، سکون سوم) (ارمص) گلنا، سڑنا، بدمزہ ہونا، خراب ہونا، بُسنا۔

اَبصار ab-saar: (بفتحہ اوّل) (ع، مذ) بصر کی جمع، آنکھیں، نور

اَبطال ab-taal: (فتح اوّل) (ع، مذ) بطل کی جمع، بہادر لوگ، بڑے لوگ، ہیرو۔

اِبطال ib-taal: (بکسر اوّل) (ع، مذ) بطلان، تردید، غلط قرار دینا، جھٹلانا، ترک، نسخ

اَبطَل ab-tal: (فتح اوّل، سکون ثانی، فتحہ ثالث) (ع، اسم تفضیل) بہت جھوٹا، بہت خود پسند، مقابلۃً

اَبعاد ab-(a)aad: (ع، مذ) بُعد کی جمع، فاصلے، دوریاں، ضخامت، موٹائی، جسم یا مکان کی حدود جن سے اس کا حجم متعین ہو، کسی رقم کے اعداد قوت نما کا مجموعہ

اَبعادِ ثلاثہ ab-(?)aa-de-sa-la-sa(h): (ع، مرکب عددی، بترکیب فارسی) تین فاصلے یعنی لمبائی، چوڑائی، موٹائی۔

اَبعادی ab-(?)aa-di(i): (ع، صف) جسامت رکھنے والا، مادی

اَبکار a-bi-kaar: (بفتحہ اوّل) (ع، مث، مذ) 'بکر' کی جمع، کنواری لڑکیاں، دوشیزگان، اچھوتے اور نادر افکار و مضامین۔

اُبکائی ub-kaa-i(i): (بضم اوّل) (ہ، مث) متلی، مالش، قے آنے کو ہونا (افعال: آنا، ہونا، اُٹھنا)

اُبکنا u-bak-na(a): (بضم اول و فتح ثانی) (ارمص) اُبکائی لینا، متلی ہونا، قے آنے کو ہونا۔

اُبل u-bal: (بضم اوّل و فتحہ ثانی) (ار، محاورہ) اُبلنا کا

مادہ اور صیغہ امر۔

اَبْلا ab-la(a): (بفتحہ اوّل وسکون دوم فتحہ ثالث) (ہ صف مث) عورت، زن، استری، نازک، کامنی، البیلی، کمزور۔ اسم کیفیت مذ، ابلاپا۔

اُبلا ub-la(a): (بضم اوّل) (ار، فعل) دیکھیے 'اُبلنا' جس کا یہ ماضی مطلق کا صیغہ ہے۔

اَبلا پری ab-laa pa-ri(i): (ار، ف، مث) حسینہ و جمیلہ، نازک اور خوبصورت عورت۔

اِبلاغ ib-laaG: (ع، مذ) تبلیغ، اشاعت پیغام رسانی بھیجنا، پہنچانا۔

اُبلان ub-laan: (بضم اوّل) (ار، مث) اُبلان کا حاصل مصدر، جوش ابال، سطح کا اُبھار، محدّب کا ابھار یا پیٹ۔

اَبلائی ab-laai(i): (فتح اول) (ار، مث) دیکھیے 'ابلاپا'۔

اَبْلَغ ab-laG: (بروزن اختر) (ع، اسم تفضیل) بلیغ ترین مقابلۃً زیادہ بلیغ، مبالغہ کی حد پر، نہایت درجہ کو پہنچایا ہوا۔

اَبْلَق ab-laq: (ع، صف) دو رنگا، سیاہ اور سفید، وہ گھوڑا جس کی جلد پر بالوں کے سیاہ اور سفید یا سرخ اور سفید بڑے بڑے دھبے ہوں۔ چتکبرا، جس کے جسم پر مرض کے دھبے ہوں، پھلبہری کا مریض۔

ابلقِ ایّام ab-la-qi-ay-yaam : (عف مرکب اضافی بترکیب فارسی) دن رات۔

ابلق چشم ab-laq chashm: (عف مرکب اضافی بترکیب فارسی) آنکھ کا استعارہ صف، خوبصورت آنکھ والا۔

اَبْلَقا ab-la-qa(a): (ع، مذ) ایک خوش آواز پرندہ جس کے پر سیاہ اور پوٹا سفید ہوتا ہے۔

اُبْلَن ub-lan: (بضم الف، سکون یائے موحد فتحہ لام) (ار مث) اُبلنا کا حاصل مصدر دیکھیے 'اُبال'

اُبلنا u-bal-na(a): (بضم اوّل فتحہ دوم سکون سوم فتحہ چہارم) (ار، مص) کھولنا، جوش کھانا، لبریز ہونا، چھلک پڑنا، نکل پڑنا، پھوٹ پڑنا، جوش دیا جانا، پکنا، پک کر نرم ہونا، گل جانا، پھدپھدانا کم ظرفی دکھانا، اترانا، پھولنا، طیش میں آنا، غصہ میں آنا، بکنا، جھکنا، پھولنا، سوجنا، اُبھرآنا، مستی یا جوش میں آنا۔

اُبلواں u-bal-vaaN: (بضم اوّل فتحہ ثانی، سکون ثالث، آخر میں نون غنہ) (ار، صف) اُبلی ہوئی حالت یا صورت میں، باہر نکلا ہوا اُبلا ہوا سا۔

اَبلہ ab-la(h): (بفتحہ اوّل، سکون ثانی، فتحہ ثالث) (ع، صف) کم عقل، بھولا، بے وقوف، احمق، اسم کیفیت مث، ابلہی۔

اَبلہ فریب / طراز ab-la(h) fa-reb: (عف، صف) فریبی، مکار، بیوقوف کو دھوکا دینے والا، اسم کیفیت مث: ابلہ فریبی/طرازی۔

اِبلیس ib-liis: (ع، مذ) خدا کی رحمت سے نا اُمید، شیطان، خبیث، شریر، صف نسبتی، ابلیسی۔

ابلیسیت / ابلیسی ib-li-si-yat: (عف، مث) شیطنت، سرکشی، باطل پرستی، فتنہ انگیزی۔

اِبن ibn: (بکسر اول وسکون ثانی وثالث) (ع، مذ) بیٹا، لڑکا، پوت، ولد، بندہ، غلام، پرستار

ابن السبیل / ابن سبیل ib-nus-sa-biil: (عف، کنیت وضعی) راہ گیر، مسافر، اجنبی، راہ چلتا (فقہ) وہ شخص جو مال کا مالک تو ہو مگر اس پر قابض نہ ہو۔

ابن الوقت ib-nul-vaqt: (ع کیفیت وضعی، مذ) زمانہ ساز، وہ شخص جو بہ مقتضائے وقت کام کرتا ہو، صوفی کامل۔

اِبنِ مریم ab-ne-mar-yam: (ع، کنیت، مذ بترکیب فارسی) مریم کا بیٹا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

اَبنَا ab-naa: (بفتحہ اوّل، سکون ثانی، فتحہ ثالث) (ع، مذ ج) اِبن کی جمع بیٹے، لڑکے، ذرّیات، اخلاف اولاد کی اولاد (اضافت کے ساتھ) والے، صاحبان، اہل، نسبت رکھنے والے۔

اَبنائے جنس ab-naa-e-jins: (ع کنیت وصفی، مذ ترکیب فارسی) ایک ہی جنس سے تعلق رکھنے والے انسان، آدمی، ہم پیشہ و ہم مشرب لوگ، ہم قوم، ہم وطن۔

ابنائے جہاں / دنیا / دہر / روزگار / زماں / عصر ab-naa-e-ja-haaN: (کنیت، مذ) دنیا کے لوگ، اہل جہاں۔

اَبنائے وطن ab-naa-e-va-tan: (ع کنیت، مذ، بترکیب فارسی) دیکھیے 'ابنائے جہاں/دہر' وغیرہ

اُبنا ub-na(a): (بضم اول) (ارمتی) اُگنا۔ زمین سے پھوٹ کر نکلنا۔

اِبنِیَّت ib-niy-yat: (اِب نیت) (ع، مث) بیٹا ہونا، بیٹا ہونے کی حیثیت، فرزندی۔

اَبنِیَہ ab-ni-ya(h): (اب نیہ) (ع، مث، ج) بنا کی جمع، بنیادیں، آغاز، عمارتیں۔

اَبُو a-bu(u): (بفتح اوّل) (بضمہ ثانی، واو معروف) (ع، مذ) باپ، والد، پدر، مالک، صاحب والا۔

اَبُو البَشَر a-bul-ba-shar: (ع، کیفیت، مذ) حضرت آدم علیہ السلام (انسانوں کے باپ)

اَبُو القاسم a-buu qaa-sim: (ع، کنیت نسبی مذ) آں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَبُو الوَقت a-bul-vaqt: (ع، کنیت، وصفی) (تصوّف) صوفی کامل، وہ صوفی جس نے وقت کو اپنا تابع کر لیا ہو۔

اَبُو الہَول a-bul-haul: (ع، کنیت، وصفی) مصر کا ایک عظیم اور ہیبت ناک بُت جس کا بدن شیر کا اور چہرہ عورت کا۔

اَبُو بَکر a-buu bakr: (ع، کنیت) مسلمانوں کے خلیفۂ اوّل حضرت ابوبکر صدیقؓ ان کا پہلا نام عبدالکعبہ اور اسلامی نام عبداللہ تھا۔

اَبُو تُراب a-buu-tu-raab: (ع کنیت وصفی، مذ) خاک دار، خاک آلودہ، مراد حضرت علیؓ جن کو خاک آلودہ دیکھ کر ایک بار آنحضرتؐ نے اس نام سے پکارا۔

اَبُو جَہل abuu-ja-hal: (ع، کنیت وصفی، مذ) ابوالحکم عمر بن ہشام مخزومی کی کنیت جو اس کی جہالت کی وجہ سے مسلمانوں نے اس کو دی۔ یہ شخص اسلام اور پیغمبر اسلام کا بہت بڑا دشمن اور مخالف تھا۔ بالآخر جنگِ بدر میں دو مسلمان لڑکوں کے ہاتھوں مارا گیا۔

اَبُو حَنِیفہ abuu-ha-nii-fa(h): (ع، کنیت وصفی، مذ) امام اعظم حضرت نعمان بن ثابت علیہ الرحمۃ کی کنیت جو اہلِ سنت کے چار بڑے طبقوں میں سے سب سے بڑے طبقہ کے امام ہیں۔ فقہ حنفی انھیں سے منسوب ہے۔ ان کے مقلدین سنی حنفی کہلاتے ہیں۔

اَبُو ذَر a-buu-zar: (ع کنیت مذ) حضرت ابوذر غفاری مشہور صحابی رسول اکرمؐ کی کنیت۔

اَبُو طالِب a-buu- taa-lib: (ع، کنیت، وصفی مذ) حضرت علیؓ کے والد اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا کی کنیت ان کا نام عمران بتایا جاتا ہے۔ آں حضرت صلعم کے ولی مربی تھے۔ مگر بعض محققین کا خیال ہے کہ عمران ابوطالب کے بڑے بھائی کا نام تھا اور وہی آں حضورؐ کے مربی تھے۔

اَبُو لَہَب a-buu-la-hab: (ع، کنیت، وصفی، مذ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حقیقی چچا تھا مگر آپ کا اور

اسلام کا بہت بڑا دشمن تھا۔ نام عبدالعزیٰ تھا چونکہ اس کے گال انگاروں کی طرح سُرخ تھے اس لیے ابولہب یعنی انگاروں والا کہا جاتا تھا۔ جنگ بدر میں قریش کی شکست کے غم میں فوت ہوا

اَبُو ہریرہ a-buu-hu-rii-ra(h): (ع، کنیت، وصفی مذ) آنحضرت صلعم کے مشہور صحابی اور راوی احادیث عبدالرحمٰن ابن صخر یا عمیہ ابن عامر نام تھا۔ چونکہ بلیاں بہت پالتے تھے اس لیے ابوہریرہ مشہور ہوئے۔

اَبُّو ab-bu(u): (ار، مذ) ابّا کا بگاڑ، ابا جان (پیار و محبت کا لفظ)

اَبواب ab-vaab: (ع، ا، مذ، ج) باب کی جمع، دروازے، کتاب کے حصے، وہ روپیہ جو مالگزاری کے ساتھ سڑکوں، مدرسوں، رفاہ عامہ کے کاموں اور چوکیداروں وغیرہ کی تنخواہ کے لیے زائد وصول کیا جاتا ہے۔ اخراجات کی مدیں، راستے، وسیلے، ذریعے۔

اُبُوّت u-buv-vat: (ع، مث) باپ ہونا، رشتہ پدری، والدیت

اَبُوچک a-buu-chak: (ہ، صف ق) بے سمجھ، نادان، بیوقوف

اَبُوجھ a-buujh: (ہ، صف) جسے بوجھا نہ جا سکے، ناقابلِ فہم، لاینحل، بے سمجھ، نادان، جاہل، نادان، ناسمجھ، بالا (سیانا کی ضد، بچہ)

اُبھار u-bhaar: (ار، مذ) اونچائی جو کسی چیز کے پھولنے یا اُبھرنے سے ظاہر ہو، اُٹھان، نمو، ظہور۔

اُبھارا u-bhaa-ra(a): (ار، مذ) اُچھالا، غوطہ کھا کر سطح پر آنا، بڑھاوا، شہ بھرا اُٹھان، بُلندی، رغبت، جوش، بہکاوا۔

اُبھارُو u-bhaa-ru(u): (ار، صف) اُبھار دینے والا۔

ابھاگا/ابھاگے a-bhaa-ga(a): (ہ، صف، ق) بدنصیب، بدقسمت، مث: ابھاگن، ابھاگنی۔

اُبھال u-bhaal: (ہ، مث) چھلانگ (سب رس) بادل۔

اُبھرنا u-bhar-na(a): (ار، مص) سطح سے نمایاں ہونا، پھولا ہونا، اونچا ہونا، اُوپر اُٹھنا، بڑھنا، پنپنا، افزائش پانا، سطح پر آنا، سر نکالنا، اُبھار لینا، ڈوب کر ترنا، اُچکنا، سر یا گردن کو اُونچا کرنا، نمود کرنا، ہرا ہونا، دبی ہوئی یا پست حالت سے نکلنا، غائب ہونا، اُڑ جانا، چلتا بننا، نمایاں ہونا، ظاہر ہونا، اُٹھان پر ہونا، جوش میں آنا، اکڑنا، تننا، غرور کرنا، جوانی کے آثار ظاہر ہونا۔

اَبھی a-bhi(i): (ار، متعلق فعل) فی الحال، سردست، اُسی آن، اُسی وقت فوراً، ذرا دیر پہلے ماضی قریب میں، ذرا دیر بعد، ذرا دیر میں ابھی سے اتنی جلدی، ہنوز، اب تک، تب تک، اس کے بعد آئندہ، کسی وقت، ایک وقت میں، کبھی

ابھی ابھی a-bhii-a-bhi(i): (ار، متعلق فعل) ذرا دیر پہلے، دم بھر پہلے، فوراً اسی وقت۔

ابھی تک a-bhii-tak: (ار، متعلق فعل) اب تک، اس وقت تک، ہنوز ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سوکھا: (ار، فعل) ہنوز نادان بچے ہیں، کچھ تجربہ نہیں رکھتے، کم عقل لونڈے ہیں۔

ابھی سے a-bhii-se: (ار، متعلق فعل) اتنی جلدی، ابتدا ہی میں، اس عمر میں، کم سنی میں، اسی وقت، آج سے۔

اِبہام ib-haam: (ع، مذ) مُلھم پن، عدم وضاحت، اشتباہ، ہاتھ کا انگوٹھا، بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی چھاپ یا اس کی لکیروں کا نقش۔

اَبے a-be: (ار، کلمہ ندا و تحقیر) اے، ارے، او، تحقیر و تصغیر کے لیے ارے، ایں، فٹ ئیہ۔

اَبے تبے a-be-ta-be: (ار، مذ) بازاری بول

چال، ناشائستہ گفتگو، بدتہذیبی کے کلمات

اَبیات ab-yaat: (ع، مذ) جمع بیت کی، گھر، اشعار مسلسل، مثنوی یا قصیدہ کی صورت میں۔

اَبیر a-bair: (ہ، مذ) عنبر زعفران کی آمیزش سے تیار کردہ خوشبو یا گلال، ایک خوشبودار لال گلال یا سفوف جو ابرک کے برادہ یا سنگھاڑے کے آٹے وغیرہ میں خوشبوئیں ملا کر بنایا جاتا ہے۔ ہولی کے تہواروں میں ہندو ایک دوسرے کے چہرے اور جسم پر ملتے ہیں۔ عبیر صحیح ہے۔

اَبیض ab-yaz: (ع، صف) سفید، اُجلا، گورا، چٹا۔

ا۔پ

اُپارنا u-paar-na(a): (ار، مص، ق) اپاڑنا۔

اُپاڑ u-paaR: (ار، مذ) اکھاڑنے یا اُدھیڑنے کا عمل، بدھی کا نشان، ادھیڑن، دانے یا آبلے جو تیز دوا کی مالش سے جلد پر نمودار ہو جائیں۔

اُپاڑنا u-paaR-na(a): (ار، مص) جڑ سے اکھاڑنا، بیخ کنی کرنا، نیست و نابود کرنا، بدھیاں ڈالنا، کھال اُدھیڑنا، جڑی ہوئی یا چپکی ہوئی چیز کو الگ کرنا، نوچنا، بگاڑنا، تیار کرنا، کاجل وغیرہ کا

اپانا a-paa-na(a): (ہ، مص) پیدا کرنا، جنم دینا، کمانا، اختیار کرنا، (تجربہ یا علاج کے طور پر)

اپاہج a-paa-hij: (ار، صف) ہاتھ پاؤں سے معذور، لنجا، لنگڑا، لولا، نحیف، نزار، کام کاج یا چلنے پھرنے کے ناقابل، معذور و مجبور، بے عمل، بے توفیق، سُست، کاہل، مفلوج، از کار رفتہ، محتاج، بے کس، بے سہارا، اسم کیفیت مث: اپاہج پن / اپنا / اپاہجی

اپٹوڈیٹ ap-Tuu-DeT: (انگ، صف) uptodate جدید وضع قطع رکھنے والا

اُپٹنا u-paT-na(a): (ار، مص ق) جوش مارنا، اُمڈنا، تیزی سے بہنا، غصہ کرنا، آپے سے باہر ہونا، بگڑنا۔

اَپج u-paj: (ار، صف غلط العوام) بڑا، پاجی، از حد کمینہ، دُوں فطرت۔

اُپج / اُپج u-paj: (ہ، مث) پیداوار، حاصل، پیدائش، وجود جسمانی بعثت، ورود، ظہور، عمر، سن و سال، انوکھی بات، نرالا پن، جدت، اختراع، جوش، اُمنگ، اُبال

اُپجانا up-jaa-na(a): (ار، مص) پیدا کرنا، اُگانا۔

اُپجنا u-paj-na(a): (ار، مص) اُگنا، پھوٹ نکلنا، نشو و نما پانا، پیدا ہونا، جنم لینا، ظہور کرنا، دل میں نیا خیال آنا، نئی بات یا اُمنگ پیدا ہونا، ظاہر ہونا، نمودار ہونا، برابر ہونا، جوش میں آنا، اُبھرنا، نکھرنا، سنورنا، فروغ پانا، تان اُڑانا، گانا

اُپجاؤ up-jaa-uu: (ہ، صف) زرخیز، قابلِ کاشت

اُپدیش up-desh: (س، مذ) رائے، مشورہ، صلاح، نصیحت، تلقین، وعظ، تقریر

اُپدیشک up-de-shak: (س، صف) ناصح، مبلغ، مقرر

اَپر a-par: (انگ، صف) upper بلند، اعلیٰ، بالائی شمالی سمندر کے مخالف سمت کا، جوتے کے اُوپر کا حصہ۔

اَپراد / اَپرادھ ap-raadh: (س، مذ) قصور، کوتاہی، جرم، الزام، اِتہام، صف: اپرادھی

اَپرنٹس ap-ren-Tas: (انگ، مذ) APRENTICE امیدوار، کسی آسامی کا خواہش مند، کسی علم یا فن یا عہدہ کا کام سیکھنے کے لیے بلا اُجرت یا کم اُجرت پر کام کرنے والا، نوآموز

اَپریشن ap-re-shan(a): (انگ، مذ) Operation

جسم کے کسی حصہ کو علاج کے لیے چاک کرنا، چیر پھاڑ کے ذریعے مادہ فاسد یا کسی اور چیز کو جسم سے باہر نکالنا یا کسی خرابی کو درست کرنا، عملیہ، عمل جراحی،

اپریل/اپرل ap-rail: (انگ، مذ) April انگریزی شمسی سال کا چوتھا مہینہ جو تین دن کا ہوتا ہے، یہ چیت اور بیساکھ میں آتا ہے۔

اُپَس a-pas: (ار، ضمیر ق) آپ (اَپ) کی مغیرہ صورت، اپنا، آپ خود، آپ کی اضافی حالت، اپنا۔

اَپسَرا ap-sa-ra(a): (ھ، مث) راجا اندر کے دربار کی رقاصہ، بہشت کی حور، شریف، مسکین، سگھڑ عورت، حسینہ خوبصورت عورت۔

اُپلا up-la(a): (ار، مذ صف) گوبر جس کو تھاپ کر خشک کر لیتے ہیں اور ایندھن کا کام دیتا ہے۔

اُپلا پاتھنا/تھاپنا up-la thaap-na(a): (ار، مص، مرکب) اُپلے بنانا، گوبر اکٹھا کر کے ہاتھ سے اُپلے گھڑنا۔

اُپلی up-li(i): (ار، مث) "اُپلا" کی تصغیر ہے۔

اَپمان ap-maan: (س، مذ) بے عزتی، ذلت، توہین، تذلیل

اَپنا ap-na(a): (ار، مذ ضمیر) اضافی، میرا، ہمارا، تیرا، تمھارا، اس کا ان کا، خود کا، اپنی ذات کا (فاعلی) آپ، یگانہ، درست۔

اپنا اپنا apna(a) ap-na(a): (ار صف) جدا جدا، الگ الگ، انفرادی، ذاتی، شخصی

اپنا بنانا ap-naa ba-naa-na(a): (ار، محاورہ) کسی چیز کو اپنی ملکیت قرار دینا، دوسرے کی چیز پر قبضہ کرنا، کسی کو اپنے عزیزوں میں شامل کرنا، اپنانا، رشتہ جوڑنا، دوستی کرنا، طرف دار بنانا، دلدادہ بنانا، فریفتہ کرنا،

اپنانا ap-naa-na(a): (ار، مص) اپنا بنانا، دوسرے کی چیز پر قبضہ کرنا، کسی کی چیز کو اپنانا، اپنے ذمہ لینا، کسی کو اپنی پناہ میں لینا، اپنے سے متعلق کرنا، پسند کرنا، عزیز رکھنا، اپنا سمجھنا اختیار کرنا قبول کرنا۔

اَپنائیت ap-na-i-yat: (ار، مث) قرابت، رشتہ داری، عزیزداری، برادرانہ سلوک، عزیزوں کی سی ہمدردی، محبت، کنبہ قبیلہ، کُنم۔

اُپنِشَد up-ni-shad: (س، مث) سنسکرت زبان کے مقدس متصوفانہ رسالے، جو ویدوں کا ایک حصہ ہیں اور اُن میں ان ویدوں کی تشریح کی گئی ہے۔

اَپنوں ap-nauN: (ار ضمیر) اپنا کی جمع

اَپنی ap-ni(i): (ار ضمیر) اپنا کی تانیث ہے

اپنی اپنی ap-ni ap-ni(i): جُدا جُدا، الگ الگ، ذاتی، انفرادی، شخصی۔

اَپنی جگہ ap-nii ja-ga(h): (ار، مث) اپنے بدلے میں، اپنے عوض میں

اَپنی سی ap-nii si(i): (ار، متعلق فعل وصف) مقدور بھر، تابہ امکان، حسب دل خواہ، اپنی مرضی کے مطابق، اپنی جیسی، اپنی ایسی

اَپنی طرف سے ap-nii-ta-raf-se: (ار، متعلق، فعل) اپنے ذہن سے گھڑ کر، اپنے دل سے جوڑ کر، ازخود، ذاتی رائے سے، اپنی چاہت سے ذاتی طور سے

اَپنے ap-ne(i): (ار، مذ ضمیر) (اضافی) اپنا کی جمع، اپنا کی مغیرہ یا ظرفی حالت (ضمیر فاعلی) خود، آپ (بطور تاکید) یگانے، عزیز۔

اَپنے آپ ap-ne-aap: (ار ضمیر) اپنا آپا، خود بخود، ازخود، اپنی ذات سے، بے بلائے، بلاترغیب، تنہا، بغیر کسی مدد کے، لازماً، البتہ، دل ہی دل میں

اَپنے آپے میں :ap-ne-aa-pe-maiN

(ار، متعلق فعل) ہوش میں، باحواس

اَپنے اَپنے ap-ne ap-ne: (ار، صف) دیکھیے "اپنا اپنا" جس کی یہ جمع ہے۔

اَپنے تئیں ap-ne ta-iiN: (ار، ضمیر) دیکھیے "اپنے آپ کو" مع محاورات

اَپنے دم سے ap-ne dam-se: (ار، متعلق فعل) بذاتِ خود، تنہا، بجائے خود، اپنے طور سے

اَپنے سے ap-ne-se: (ار، متعلق فعل) اپنی طرف سے، جہاں تک خود سے ہو سکا، مجھ سے، ہم سے دوسروں کے کام میں نہ پڑنا، کسی کے کام میں دخل نہ دینا۔

اَپنے کو ap-ne ko: (ار، ضمیر) خود کو، آپ کو، اپنے تئیں

اَپنے نام کا ایک ap-ne-naam-ka(a) ek: (ار، صف) لاجواب ہے، بے مثل ہے، ضدی ہے، آفت کا پرکالہ ہے، وعدہ کا پورا ہے۔

اَپنے ہاتھوں ap-ne-haa-thauN: (ار، متعلق فعل) از خود، دیدہ و دانستہ۔

اَپُورْو a-puurv: (ہ، صف) ادھورا، ناقص، نامکمل

اپھار / اپھارا a-phaar: (ار، مذ) پیٹ کی پھولن، نفخ، مویشی کے پیٹ کی بیماری جو جگالی بند ہونے سے ہوتی ہے اور اس کی وجہ سے پیٹ پھول جاتا ہے۔

اَپھارنا a-phaar-na(a): (ار، مص) پھونک کر پھلانا، ابھارنا۔

اَپھالنا a-phaal-na(a): اکھاڑنا، ہل چلا کر زمین نرم کرنا، ہل کی پھالی سے نیچے کی مٹی اوپر کرنا۔

اُپھان u-phaan: (ار، مذ) جھاگ، پھین، کف۔

اپھر جانا a-phar jaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے "اپھرنا" جس کی یہ تکمیل ہے

اپھارنا a-phar-na(a): (ار، مص) پھولنا، ہوا بھر کر تن جانا، پیٹ پھولنا، نفخ ہونا، فربہ ہونا، موٹا ہونا، گھمنڈ کرنا، اترانا، اکڑنا، اتنا کھانا پینا کہ سانس پھولنے لگے، ناخوش ہونا، اینٹھ جانا، فریب کھانا، فریب میں آنا۔

اَپی a-pi(i): (ار، صف، مث) سان پر چڑھی ہوئی، تیز چمکتی ہوئی، کھنچی ہوئی، عریاں، ننگی۔

اَپیل a-piil: (انگ، مذ و مث) Appeal درخواست، استدعا، استغاثہ، فریاد، شکایت، مرافعہ، عدالت ماتحت کے فیصلہ کے خلاف بالاتر عدالت سے چارہ جوئی۔

اِتا it-ta(a): (ار، متعلق فعل) اتنا، اس قدر، مث اتی جمع اِتّے۔

اتاتُرک a-taa-turk: (ت، مذ) ترکوں کا باپ، مصطفےٰ کمال پاشا کا لقب

اَتا پتا a-taa pa-ta(a): (ار، مذ) پتہ، سُراغ، نشان، دل، دماغ، مقام، مسکن، مناسبات، متعلقات جو پہیلی بوجھنے میں معاون ہوں۔

اُتار u-taar: (ار، مذ) ڈھلان، نشیب، توڑ، رو، کمی، تنزل۔

اُتار چڑھاؤ u-taar cha-Rhaa-o: (ار، مذ) اونچ نیچ، نشیب و فراز، مد و جزر، کمی بیشی (افعال: کرنا، ہونا)

اُتارا u-taa-ra(a): (ار، مذ) ڈیرا ڈالنے یا ٹکنے کا نام، اُترنے کی جگہ، پڑاؤ، مقام، ندی پار کرنے کی حالت، صدقہ، گھاٹ، پیدل ہو کر لڑنا

اُتارگی u-taar-gi(i): (ار، مث ق) آمد، ورود، پیدائش

اُتارن u-taa-ran: (ار، مذ، مث) دیکھیے "اُترن"

اُتارنا u-taar-na(a): (ار، مص) اُونچی جگہ سے نیچی جگہ لانا، دریا کے پار لے جانا، بدن سے لباس جُدا

کرنا، شمار کرنا، چربہ کھینچنا، نقل کرنا، جُدا جُدا کرنا، ٹھہرانا، ذلیل کرنا، معزول کرنا، جُدا جُدا کرنا، ٹھہرانا، ذلیل کرنا، معزول کرنا، نگلنا، نازل کرنا، ڈھانا، غصہ نکالنا، گھٹانا، داخل کرنا، کسی عضو کو اُس کی اصلی جگہ سے اُکھاڑنا، پیوست کرنا، ادا کرنا، ذہن نشین کرنا موتڈنا۔

اُتارُو u-taa-ru(u): (ار، صف) کسی کام یا بات پر آمادہ، مستعد، تُلا ہوا۔

اُتاق u-taaq: (ت، مذ) خیمہ، ڈیرا، کمرہ، کوٹھڑی

اُتال u-taal: (ار، ظرف، ق) اب، اس وقت، فوراً

اُتالا u-taa-la(a): (ار، مذ صف) اتاولا، بے چین، بے قرار، مشتاق، اتاولی، اسم کیفیت مث: اُتالی۔

اتالیق a-taa-liiq: (ت، مذ) ادب سکھانے والا، معلّم، استاد، نگران کار، خبر گیر، بچّ کا استاد، اسم کیفیت مث: اتالیقی۔

اُتاوَلا u-taav-la(a): (ھ، صف) بے چین، بے قرار، جلد باز، متلون مزاج، سیماب پا۔

اُتاوَلی u-taav-li(i): (ھ مث) جلدی، عجلت

اتائی a-taa-i(i): (ھ، مذ) عطائی، جو شخص کسی فن یا ہنر کو باقاعدہ حاصل نہ کرے اور سرسری مطالعہ یا معمولی تجربہ کی بنا پر اس میں دخل دے۔ ناواقف فن، بے استادا، اناڑی، علاج معالجہ میں تھوڑا سا دخل رکھنے والا، نیم حکیم۔

اتباع at-baa(?): (غ، مذ) مقلدین، پیرو، مرید، کسی امام فن یا مذہبی پیشوا کی تقلید کرنے والے، لواحق، متعلقین، تابعین، اصحاب رسولؐ اللہ کو دیکھنے اور ملاقات کرنے والے۔

اِتّحاد it-ti-haad: (ع، مذ) وحدت، وحدانیت، دو یا دو سے زیادہ کا مل کر ایک ہونا، یکسانی، مطابقت، دو یا دو سے زیادہ افراد یا اشیاء کی کسی صنعت میں شرکت، اتفاق، ایکا، قرب یکجائی، ہم نشینی، میل جول، خلا ملا، ملاپ، محبت پیار، اعتدال، سازگاری، باہمی موافقت۔ (تصوف) خدا کی ہستی میں سالک کا استغراق یا وجود مطلق کا اس طرح مشاہدہ کہ اس میں اور موجودات میں غیریت نظر نہ آئے۔

اِتّحادی it-ti-haa-di(i): (ع، صف، مذ) اتحاد کی طرف منسوب، اتحاد والا، حلیف، وہ لوگ یا قومیں جنھوں نے صلح و جنگ میں ایک دوسرے کی مدد کا معاہدہ کر لیا ہو، سابقہ عالمگیر جنگوں میں جرمنی وغیرہ کے خلاف لڑنے والی بڑی طاقتوں کا مجموعی تعاون۔

اتّحاف it-ti-haaf: (ع، مذ) تہدیہ، پیش کش، تحفہ، تحفہ دینا۔

اُتر u-tar: (ار، مذ) اُترنا مصدر کا صیغہ امر اور حاصل مصدر

اُتر کر / اُتر کے u-tar-kar: (ار، متعلق فعل) مقابلۃً کم یا پست، کم تر، پست تر

اُتّر ut-tar: (س، مذ) شمال، جواب، گیت، پچھلا، بعد کا

اِترا it-ra(a): (ار، مذ) دیکھیے "لترا" اترانے والا، اسم کیفیت مث: اُتراپن

اُترا ut-ra(a): (ار، مفعول) اترا ہوا۔

اُتران ut-raan: ڈھلوان، نشیب

اِترانا it-raa-na(a): (ار، مص) بڑائی جتانا، ٹھسا دکھانا، ناز کرنا، فخر کرنا، غرور کرنا۔

اُتروانا u-tar-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے "اُتروانا" جو فصیح ہے۔

اِتراہٹ / اِتراپن it-raa-haT: (ار، مث) شیخی، بڑائی، ٹھسا، ناز نخرہ، فخر، غرور۔

اُترائی ut-raa-i(i): (ار، مث، ف) ڈھلان، نشیب، اُتار، کسی انبوہ یا گروہ کا پہاڑی علاقہ سے نشیبی

علاقہ میں آنا، دریا عبور کرنے کا محصول، کشتی کا کرایہ، پہاڑ سے نیچے آنے کا بھاڑا احسان کا بدلہ، صلہ، عوض، احسان کا بدلہ چکانے والا، حق ادا کرنے والا۔

اُترتا چاند u-tar-taa chaaNd: (ار، مذ) مہینہ کا اخیر، زوال ماہ، اندھیرا

اَتَرسوں a-tar-sauN: (ار، مث) آج سے چوتھا دن گزشتہ ہو یا آئندہ، لکھنؤ میں پرسوں کے قبل کو ترسوں اور ترسوں کے قبل کو اترسوں کہتے ہیں۔ لیکن دہلی میں ترسوں کی جگہ اترسوں کہتے ہیں۔

اُترن ut-ran: (ار، مث وصف مذ) اتار ہوا کپڑا جس کا استعمال ترک کر دیا جائے، پھٹا پرانا۔

اِترانا i-tar-na(a): دیکھیے ''اترانا'' مٹکنا، چمکنا، تاڑنا، سمجھ لینا

اُترنا u-tar-na(a): (ار، مص) اُوپر سے نیچے آنا، گھٹنا، جوڑ، نس یا ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا، ایسی چیز کا تیار ہونا جو خراد وغیرہ پر تیار کی جائے، نرخ کم ہونا، گھسنا، پھلوں کا پکنے پر توڑا جانا، سلے ہوئے کپڑے بدن سے الگ ہونا، کسی باجے کا کَسن کا ڈھیلا ہونا، جنم لینا، کشتی یا لڑائی کے لیے اکھاڑے یا میدان میں آنا، پار ہونا۔

اُتروائی u-tar-vaa-i(i): (ار، مث) اُتارنے کی اُجرت، پیشوائی، استقبال

اُتری جوانی ut-rii ja-vaa-ni(i): (ار، مث) ڈھلا ہوا شباب۔

اُتری کمان ut-rii ka-maan: (ار، مث) وہ کمان جس کا چلّہ چڑھا ہوا نہ ہو یا اتار دیا گیا ہو، حکومت، رعب یا دبدبہ کا زوال، گئی گزری حالت

اُتری ut-ri(i): (ار، مث) ساز کا وہ پردہ جس سے کسی سُر کی مدھم یا کومل آواز پیدا ہو۔

اِتّصال it-ti-saal: (ع، مذ) چپکنا، پیوستگی، ملاپ، قرب، نزدیکی، تسلسل، تعاقب، ایک چیز کا بلا انقطاع دوسرے کے بعد آنا، اتحاد، یگانگی، وصل نقطۂ اتصال (سنگم) (منطق) ایک چیز کے ثبوت وسبب کا دوسری چیز کے ثبوت نہ سلب پر موقوف (اصول حدیث) کسی حدیث یا روایت کے سلسلۂ سند کا غیر منقطع ہونا یا سلسلۂ سند کے تمام راویوں کا نام، بنام ذکر کرنا (طب) جسم کے جوڑ کا دوسرے جوڑ سے ملنا (سائنس) کشش یا جذب جس کی وجہ سے جسم کے ذرے یکجا رہتے ہیں یا ایک جسم دوسرے جسم سے جدا نہیں ہوتا (نجوم) برجوں اور درجوں کے اعتبار سے ستاروں کا باہم نظر آنا، صفِ نسبتی: اتصالی

اِتّفاق it-ti-faaq: (ع، مذ) یکدلی، ہم خیالی، رائے اور خیال کی موافقت یک جہتی، میل جول، ایکا، ملاپ، اقتران، محبت خلوص سچی دوستی، یکسانی، مطابقت، ہم نوائی، ہم آہنگی، غیر متوقع بات، امرِ ناگہانی، سانحہ، حادثہ، تغیرِ زمانہ، موقع بحل، وقوع، حدوث بغیر سبب و علت (منطق) شرط اور جزا کے درمیان اتصال و انفصال کی کوئی علت نہ ہو، جمع اتفاقات۔

اتّفاقِ رائے it-ti-faa-qe-raa-ai: (ع، مذ بترکیب فارسی) ہم خیالی، باہمی رضامندی، یکجہتی، ایکا، اتحاد۔

اِتّفاق کرنا it-ti-faaq karna(a): (ار، محاورہ) ماننا، تسلیم کرنا، تائید کرنا۔

اِتّفاقاً it-ti-faa-qan: (ع متعلق فعل) اچانک، یکایک، لاعلمی کی حالت میں۔

اِتّفاقیہ it-ti-faa-qi-ya(a): (ع، متعلق) اتفاقاً، اتفاق سے، اچانک بے سان گمان پیش آنے والا واقعہ، غیر ارادی۔

اِتقاء it-ti-qa(a): کسی شخص یا چیز سے اجتناب، احتراز (شرع) ممنوعات و محرمات، شرع سے اجتناب، زُہد تقویٰ، پرہیزگاری

اِتقان it-ti-qaan: (ع، مذ) استحکام، استواری

اتقیا at-qii-ya(a): (ع مذ، جمع) تقی کی جمع بمعنی پرہیزگار، محرمات و ممنوعات شرعی سے پرہیز کرنے والے، اولیاء، زہاد

اِتلاف it-laaf: (ع، مذ) تلف کرنا، ضائع کرنا، کھونا، تلف نقصان زیاں، بربادی

اُتم ut-tam: (س، صف) اشرف، اعلیٰ، سب سے بڑھ کر، نیچ کی ضد، انسب، بہتر، بھلا، اچھا، عمدہ، نفیس

اِتمام it-maam: (ع، مذ) تکمیل، خاتمہ، انجام

اِتمامِ حُجت it-maam huj-jat: (ع، مذ) آخری دلیل، فیصلہ کی بات، رفع اختلاف کے لیے آخری بات۔

اِتنا it-na(a): (ار، متعلق فعل صف) اس قدر، اس مقدار میں، خاص مقدار جس کی طرف اشارہ کیا جائے، بہت زیادہ، بہت کم، تھوڑا سا، ایسا، اس قابل، اس درجہ، اس حد تک کی جگہ، یہ بات، برابر، مساوی، مث: اتنی

اِتنا سا it-naa- sa(a): (ار، صف) تھوڑا سا، ذرا سا، چھوٹا

اِتنی سی جان it-nii-sii-jaan: (ار، صف مذ و مث) کم سن، بہت کم عمر

اِتنے میں it-ne-meiN: (ار، متعلق فعل) اس عرصہ میں، اس اثنا میں، اس مقدار میں، اس ذرا سی بات میں۔

اُتو ut-tu(u): (ار، مذ) بوٹیا، دھاریاں، جو ایک کند آلہ کی دھار سے کپڑے کی سطح پر داب دے کر بنائی جاتی ہیں۔

اُتو کش / ساز / گر ut-tuu kash: (ار، افاعل) اُتو کرنے والا، خوش نمائی کے لیے کپڑے پر نشان کرنے والا۔

اِتوار it-vaar: (ار، مذ) یکشنبہ، سنیچر اور پیر کے درمیان کا دن۔

اِتہاس i-ti-haas: (ھ، مذ) تاریخ، قصہ کہانی۔

اِتہام i-ti-haam: (ع، مذ) الزام، تہمت (افعال: کرنا) صنعت نسبتی: اتہامی

اِتّی it-ti(i): (ار، صف) ''اِتنی''

اُتّی ut-ti(i): (ار، صف) ''اُتنی'' کی ''قدیم صورت''

اتھاہ a-thaa(h): (ار، صف) جس کی تہ نہ ہو، بہت عمیق، بہت گہرا

اُتھل u-thal: (ار، صف) اُتھلا، کم گہرا، پیٹ کا ہلکا، جو راز نہ چھپا سکے (افعال: کرنا، ہونا)

اُتھل پتھل u-thal pu-thal: (ار، صف مث) اُلٹ پلٹ، تہ و بالا اور نیچے سے تے پر آمادہ، متلائی ہوئی طبیعت، حرکت، کھدبدی۔

اُتھلا uth-la(a): (ار، صف) کم گہرا، پیٹ کا ہلکا، جو راز نہ چھپا سکے، اسم کیفیت مذ: اتھلا پن، مث: اتھلی۔

ا۔ٹ

اَٹ aT: (ار، مث) میل چیکٹ، رنگ، اٹک، اڑس، جھکھڑا، جماؤ، گرد و غبار، انٹ کا مخفف، اٹا کام

اَٹ پَٹ aT-paT: (ار، صف) بے ترتیب، اوندھی سیدھی بے تکی۔

اَٹ جانا aT-jaa-na(a): (ار، مص، مرکب) بھر جانا، پٹ جانا، جمع، جم جانا، گرد، مٹی، دھوئیں وغیرہ کا کسی چیز پر بیٹھ جانا، سوراخ وغیرہ بھر کر بند ہو جانا،

مسدود ہو جانا۔

اَٹ سَٹ aT-saT: بے تُکی، اوندھی سیدھی، جوڑ توڑ، دھوکا، فریب۔

اَتاشی a-Taa-shi(i): (انگ، مذ) ATTACHE، شامل، سفارت خانہ کا وہ عہدہ دار جو سفیر سے ہو اور اس کے گوناگوں فرائض میں سے کسی خصوصی انجام دہی میں اس کا ہاتھ بٹائے۔

اَتاچی / اَٹیچی a-Te-chi(i) attache-case: ہاتھ میں لٹکانے کے لائق چمڑے کا صندوقچہ جس میں ضروری کاغذات، کپڑے اور چھوٹی موٹی چیزیں رکھتے ہیں۔

اَٹکل aT-kal: (ار، مث) قیاس محض، عقلی تیر تکا، حس ذکی، اندازہ، تخمینہ، جبلی صلاحیت، قدرتی تمیز، علم، شعور، سمجھ، شناخت

اَٹکل باز aT-kal-baaz: (ار، صف) تاڑنے والا، بھانپ جانے والا، لینے والا (اصولاً ترکیب غلط ہے)

اَٹکل پچو aT-kal pach-chu(u): (ار، صف و متعلق فعل) اوٹ پٹانگ، بے قرینہ، بے ترتیب، بے جانے بوجھے، بے سمجھے، قیاس پر مبنی، منطقی، خیالی، فرضی، من گھڑت، اَن گھڑ، نامرتب، بے ڈھنگا۔

اَٹکن aT-kan: (ار، مث) رُکاوٹ، مشکل، جھنجھٹ

اَٹکنا a-Tak-na(a): (ار، مص) اُلجھنا، پھنسنا، گرفتار ہونا، چُبھنا، داخل ہو کر رُک جانا، ٹھہرنا، توقف کرنا، کسی چیز کے حائل ہو جانے کی وجہ سے رُک جانا، کسی سے تعلق خاطر ہونا، موقوف ہونا، منحصر ہونا، بات کو چبا چبا کر یا رُک رُک کر ادا کرنا، تامل کرنا، کسی مسئلہ یا معاملہ میں اُلجھنا یا کسی نتیجہ پر نہ پہنچنا مقابلہ کرنا، مزاحم ہونا۔

اَٹکو مٹکو aT-kuu maT-ku(u): (ار، صف، مث) مٹکنے چٹکنے والی، ناز نخرے کرنے والی۔

اَٹکھیل aT-khel: (ار، صف، مذ) کھلاڑ، شوخ، اٹکھیلیاں کرنے والا، کھلاڑ پن، شوخی، اٹھلاہٹ

اَٹکھیلی aT-khe-li(i): (ار، مث) شوخی، ناز و انداز، چھیڑ چھاڑ، خرام ناز، اٹھلاتی ہوئی چال

اَٹکھیلیاں کرنا aT-khe-li-yaaN kar-na(a): (ار، مص وصفی) کھیلنا کودنا، کھاڑیاں کرنا، شوخیاں کرنا، چھیڑ چھاڑ کرنا، ناز نخرے دکھانا، اٹھلانا، چٹک مٹک دکھانا، جھوم کر چلنا۔

اَٹل a-Tal: (ار، صف) جو اپنی جگہ سے نہ ہلے، ساکن، مضبوط، مستحکم برقرار، نہ ٹلنے والا، اڑ جانے والا، بھاری بھرکم، سیر آسودہ پائندہ، دائم، یقینی، قطعی، ناگزیر۔

اَٹلس eT-las: (انگ، مذ) Atlas کسی ملک یا شہر وغیرہ کے نقشوں کا مجموعہ جس میں زمین کے حدود و مقامات خطوط اور رنگوں کے ذریعہ ظاہر کیے جاتے ہیں۔

اَٹم a-Tam: (ھ، مذ) ڈھیر، انبار، پشتہ، بھاری سامان، آنا لے کی چیزیں۔

اَٹنا aT-na(a): (ار، مص) بھر جانا، پُر ہونا، غبار وغیرہ سے آلودہ ہونا، بھر کر بند ہو جانا، مسامات میں بیٹھ جانا، سرایت کر جانا، جمع ہونا، جم جانا، پوری طرح رچ بس جانا۔

اَٹوٹ a-TuuT: (ار، صف) نہ ٹوٹنے والا، لاینفک جو علیحدہ نہ ہو سکے، لگاتار، مسلسل۔

اَٹھ aTh: (ار، اعدو) دیکھیے 'آٹھ' جس کا یہ مخفف ہے اور مرکبات میں مستعمل ہے۔

اَٹھ پہری aTh-peh-ri(i): (ار، صف و متعلق فعل) آٹھوں پہر کا، ہر وقت کا، ہمہ وقتی، آٹھوں پہر، ہر تین گھنٹے کے بعد، ہر وقت بجائی جانے والی نوبت۔

اَٹھ گُنا aTh-gu-na(a): (ار، صف) آٹھ مرتبہ

زیادہ، آٹھ حصے بڑھ کر۔

اَٹھ ماسا aTh-maa-sa(a): (ار، مذ) اٹھوانسا، گنے کی کاشت کے لیے اساڑھ سے پوس تک آٹھ مہینے ہل چلا کر تیار کیا ہوا کھیت۔

اَٹھوانس aTh-vaaNs: (ار، صف) ہشت پہلو، ایک زیور۔

اَٹھوانسا aTh-vaaN-sa(a): (ار، مذ) وہ بچہ جو آٹھ ماہ بطنِ مادر میں رہ کر پیدا ہوا ہو۔

اُٹھ uTh: (ار، فعل، مذ) اُٹھنا سے حاصل مصدر اور صیغۂ امر۔

اُٹھ آنا uTh-aana(a): (ار، محاورہ) منتقل ہونا، ایک مکان سے دوسرے مکان میں جا کر مقیم ہونا۔

اُٹھ بیٹھ uTh-baith: (ار، مث) اُٹھک بیٹھک، بے چینی، نقل وحرکت انداز، وضع، نشست وبرخاست، صحبت، سنگت

اَٹھا aT-Tha(a): (ار، مذ) تاش کا وہ پتا جس میں آٹھ نشان بنے ہوئے ہوں۔ وہ پانسا جس پر آٹھ نقطے ہوں۔

اُٹھا u-Tha(a): (ار، فعل) اُٹھنا کا ماضی 'اٹھانا' کا صیغۂ امر

اُٹھا دینا u-Thaa-de-na(a): (ار، محاورہ) اُٹھا کر دے دینا، لڑکی کو بیاہ دینا، نکال دینا

اُٹھا رکھنا u-Thaa-rakh-na(a): (ار، محاورہ) اُٹھا کر رکھ دینا، محفوظ رکھنا، باقی رکھنا، صرف نہ کرنا۔

اُٹھا لانا u-Thaa-laa-na(a): (ار، محاورہ) اٹھا کر لانا، لے آنا۔

اُٹھا لینا u-Thaa-le-na: (ار، محاورہ) لے لینا، اختیار کر لینا، منتخب کرنا، مکمل کرنا، اہتمام کرنا۔

اُٹھا u-Tha(a): (ار، فعل) دیکھیے 'اُٹھنا' جس کی یہ ماضی ہے، اٹھا ہوا، اونچا، بچا ہوا۔

اُٹھا بیٹھی u-Thaa bai-Thi(i) (ار، مث) بار بار اُٹھنا بیٹھنا، سزا کے طور پر کان پکڑوا کر اُٹھانا بٹھانا۔

اَٹھارہ aT-thaa-ra(a): (ار، عدد) دس اور آٹھ کا مجموعہ، چوسر کا ایک داؤ، چالاک

اَٹھارواں aT-Thar-vaaN: (ار، عدد کسری اور ترتیبی وصف) ترتیب میں سترہ کے بعد کا 1/18

اَٹھاسی a-Thaa-si(i): (ار، عدد) اسی اور آٹھ کا مجموعہ۔

اُٹھان u-Thaan: (ار، مذ) بڑھوار، بلندی، اونچا، شباب، نقطۂ عروج، تعلیم وتربیت، ابتدا، آغاز، آواز کا بم، بلندی

اُٹھانا u-Thaa-na(a): (ار، مص) لینا، رکھنا، وصول کرنا، چکھنا، ہاتھ میں لینا، قبضے میں لینا، رکھنا، تصرف میں لانا، قسم کھانے کے لیے ہاتھ میں لینا، پانا، حاصل کرنا، بار کرنا، لادنا، تعمیر کرنا، بنانا، برپا کرنا، قائم کرنا، ڈپٹنا، دوڑانا، ملتوی کرنا، آغاز کرنا، شروع کرنا، الگ تھلگ کرنا، ملوث نہ کرنا، جذب کرنا، کسی نقش کو ایک کاغذ سے دوسرے کاغذ پر منتقل کرنا، شاعر کے مصرعوں کو سُن کر بلند تر آواز سے دُہرانا، نکالنا، باہر کرنا، بڑھانا، بند کرنا، خریدنا۔

اُٹھاؤ u-Thaa-au: (ار، مذ) اٹھانا کا اسم کیفیت

اُٹھاؤ U-Thaa-uu: (ار، صف) اٹھانے والا، فضول خرچ

اَٹھاون aT-Thaa-van: (ار، عدد) پچاس اور آٹھ کا مجموعہ، ستاون اور انسٹھ کا درمیانی ہندسہ

اُٹھائی گیرا u-Thaa-ii gii-ra(a): (ار، صف) گری پڑی اُٹھا کر بغل میں مارنے والا، آنکھ بچا کر پرائی چیز اٹھانے والا، اُچکا

اَٹھائیس aT-Tha-iis: (ار، عدد) بیس اور آٹھ کا مجموعہ، ستائیس اور انتیس کا درمیانی عدد۔

اَٹھتّر a-That-tar: (ار، اعدد) ستر اور آٹھ کا مجموعہ، ستتر اور اُناسی کا درمیانی عدد۔

اُٹھتی پینٹھ uTh-tii-paiNTh: (ار، محاورہ) بازار جو بند ہونے کو ہو، اُجڑنے والا میلہ، چل چلاؤ، رخصت کا وقت۔

اُٹھتی جوانی / کونپل uTh-tii ja-vaa-ni(i): (ار، مث) چڑھتا شباب، آغاز جوانی نوجوانی۔

اُٹھتے uTh-te: (ار، صف) 'اُٹھتا' کی جمع ہے۔

اُٹھتے اُٹھاتے uTh-te uThaa-te: (ار، متعلق فعل) بیدار ہوکر، حوائج ضروری سے فارغ ہوتے ہوئے، صرف ہوتے ہوئے، خرچ ہوہوا کر۔

اُٹھتے بیٹھتے uTh-te baith-te: (ار، متعلق فعل) اُٹھتے اور بیٹھتے وقت، ہر وقت اکثر و بیشتر، ملتے جلتے، باتوں باتوں میں، قیام کرتے، ٹھہرتے افتاں و خیزاں، گرتے پڑتے، بڑی دقت و دشواری سے بڑی کوشش سے۔

اَڑتیس aR-tiis: (ار، اعدد) تیس اور آٹھ کا مجموعہ، دیکھیے 'اڑتیں' جو فصیح ہے۔

اَٹھراہ aTh-raa(h): (ار، مذ) یک بیماری جس میں بچہ سوکھ جاتا ہے اور مر جاتا ہے، عورتوں کی ایک بیماری جس میں بچہ آٹھویں مہینے میں پیدا ہوتا ہے اور زمانہ شیر خوارگی میں مر جاتا ہے۔

اُٹھک بیٹھک u-Thak bai-Thak: (ار، مث) دیکھیے 'اٹھا بیٹھی'، طنز اُنماز

اِٹھلانا iTh-laa-na(a): (ار، مص) شوخی اور ناز سے قدم رکھنا، مٹک مٹک کر چلنا، نخرہ کرنا، اترانا، لاڈ میں آنا، اختلاط کا برتاؤ کرنا، لڑکھڑانا، اٹکنا یا رُکنا (زبان کا) (اسم کیفیت مث: اٹھلاہٹ)

اُٹھنا uTh-na(a): (ار، مص) کھڑا ہونا، اونچا ہونا جاگنا، چلنا، برپا ہونا، آغاز ہونا، نشو ونما پانا، پرواز کرنا، خرچ ہونا، زمین کا اجارہ پر جانا، اچار کا ترشی پر آجانا، مرنا تیار ہونا جیسے درد وغیرہ اُٹھنا۔

اُٹھنا بیٹھنا uTh-naa baiTh-na(a): (ار، محاورہ) نشست و برخاست رکھنا، رہنا سہنا، ہلنا جلنا، حرکت کرنا، وضع قطع، انداز و اطوار ظاہر کرنا۔

اَٹھنّی a-Than-ni(i): (ار، مث) آٹھ آنے کا سکہ جواب رائج نہیں، نصف روپیہ

اَٹھواڑا / اٹھوارا / اٹھوارہ aTh-vaa-ra(a): (ار، مذ) ایک ہفتہ، آٹھ دن، اصل قرض یا سود کی ہفتہ وار قسط جو قرض دار ساہوکار کو دے۔

اَٹھواسا aTh-vaa-sa(a): (ار، مذ) دیکھیے 'آٹھ ماسا'

اُٹھواں uTh-vaaN: (ار، صف) اُٹھا ہوا، اُبھرا ہوا، ابھرا / اُبھرا

اُٹھوانا uTh-vaa-naa: (ار، مص) اُٹھا ہوا، اُبھرا ہوا، اُبھرا / اُبھرا۔

اُٹھوائی uTh-vaa-i(i): (ار، اسم، معاوضہ صف) بوجھ اُٹھانے یا تعمیر کرنے کی اُجرت۔

اَٹّی aT-Ti(i): (ار، مث) انٹی، سوت کا لچھا، پولی، گٹھا، گیہوں کی بالیوں کا گٹھا۔

اَٹیرن a-Te-ran: (ار، مذ) سوت کی انٹی بنانے کا آلہ، دُبلا پن، پہلوانوں کی اصطلاح میں ایک پیچ کا نام، گھوڑا پھیرنے کا ایک طریقہ۔

اَٹیرن پھیرنا a-Te-ran phair-na(a): (ار، مص وصفی) گھوڑے کو کاوا دینا۔

اٹیرنا a-Ter-na(a): (ار، مص) سوت کو سلجھانا، گٹے ہوئے سوت کو انٹیوں پر لپیٹنا

ا۔ ث

أثاث a-saas: (ع، مذ) 'اثاثہ' کی جمع، سامان، سرمایہ، زیور

اثاثہ a-saa-saa(h): (ع، مذ) سامان، سرمایہ، پونجی، منقولہ جائداد۔

اِثبات is-baat: (ع، مذ) ابطال کی ضد، ثبوت، کسی چیز کے وجود کا ثبوت ہونا، ثبت کرنا، نقش جمانا، ابھارنا، بنانا، ثبوت، دلیل، وجود، ہست یا موجود ہونا، بہکانا، اقرار (انکار کی ضد) برقراری، قیام، بحال و برقرار ہونا، ثابت قدم رہنا، استقامت، (منطق) وجود کی نسبت سے موجود ہے ایجاب، (نفی کی ضد) (قواعد) کسی فعل میں حرف نفی کا نہ ہونا (تصوف) احکام عبادت کا قائم رکھنا، ثابت مستحق Positive

اَثر a-sar: (ع، مذ) کسی چیز کا ظاہری نشان، علامت، کسی واقعہ یا کیفیت کے مابعد نشانات، نمود، ظہور، وجود، خاصیت تاثیر، مؤثر ہونے کی کیفیت، تاثر، فائدہ، نتیجہ، مقبولیت، اجابت، دباؤ، آسیب، جن بھوت یا پری کا سایہ، (اصول حدیث) کسی صحابی کا قول یا فعل، افعال: آنا، پڑنا، ہونا، کرنا، چڑھنا۔

اَثر آثار a-sar aa-saar: (ع (مرکب عطفی) مذ) علامت، نشان، کھوج، بقیہ۔

اَثر بند a-sar band: (عف، مذ) وہ تعویذ جو جادو یا دُعا کے عمل کو باطل کردے۔

اَثر پذیر a-sar pa-ziir: (عف صف فاعلی) اثر قبول کرنے والا، اسم کیفیت مث: اَثر پذیری۔

اثردار a-sar-daar: (عف، صف فاعلی) مؤثر، تاثیر کرنے والا، اسم کیفیت مث: اثرداری

اَثری as-ri(i): (ع، صف) اثر کی طرف منسوب، آثار قدیمہ سے متعلق، تاریخی

اَثقال as-qaal: (بفتح اوّل) (ع، مذ جمع) ثقل کی جمع، بوجھ، بھاری سامان۔

اَثقل as-qal: (ع، تفضیل) زیادہ وزنی، بہت بھاری، دیر ہضم جو مشکل سے پچے

اِثم ism: (بکسر اوّل وسکون ثانی وثالث) (ع، مذ) گناہ، معصیت، اخلاقی یا مذہبی جرم

اَثمار as-mar: (بفتح اوّل وسکون ثانی) (ع، مذ) ثمر کی جمع پھل میوہ، نتیجہ، حاصل۔

اَثنا as-na(a): (ع، مذ) درمیان (وقت، کلام، مقام کا) سلسلہ تعلق، ضمن۔

اِثنا عشر is-naa(?)ashr: (ع عدد) بارہ، دس اور دو

اِثنا عشری is-naa (a)ash-ri(i): بارہ سے منسوب، امامیہ شیعہ مسلک کا پیرو جو بارہ اماموں کو مانتا ہو۔ ایک آنت جو بارہ انگشت لمبی ہوتی ہے اور معدہ کے نچلے سوراخ سے شروع ہوکر نیچے والی خالی آنت میں ختم ہوتی ہے۔ مرارہ اور لبلبہ کی نالیاں اس آنت میں کھلتی ہیں۔

اَثیر a-siir: (یائے معروف کے ساتھ) (ع، مذ، وصف) فلک الافلاک سب سے اونچا اور بڑا کرہ۔ نواں آسمان، مستحکم، شاندار

اثیر a-siir (ع، مذ) وہ لطیف اور سیال مادہ جو فضا میں بھرا ہوا ہے اور جس کی موجوں کی وجہ سے ہم آوازیں سنتے ہیں۔ انگریزی، ایتھر۔

اثیم a-siim: (یائے معروف سے) (ع، صف) گناہ گار، خطا کار مجرم

ا۔ ج

اِجابت i-jaa-bat: (ع، مث) مقبولیت، قبول

دعا (طب) قضائے حاجت، رفع حاجت، پاخانہ، براز۔

اِجارت i-jaa-rat: (ع، مذ ق) دیکھیے 'اجارہ' جس کی یہ قدیم (اُردو) صورت ہے۔

اِجارہ دار i-jaa-ra(h) daar: (عف صف، فاعلی) ٹھیکے پر لینے والا، ذمہ دار، لگان پر زمین جوتنے والا کسان، وہ شخص جس نے اُجرت پر مزدوروں کی خدمات حاصل کی ہوں۔ اسم کیفیت مث: اجارہ داری

اُجاڑ u-jaaR: (ار، صف) اجڑا ہوا، ویران، غیر آباد، تباہ، برباد، خراب بے رونق، وحشت کا مقام۔

اُجاڑنا u-jaaR-na(a): (ار، مص) غیر آباد کرنا، سنسان اور بے چراغ کرنا، برباد کرنا، نوچ کھسوٹ کر تباہ کرنا، بے گھر اور بے در بنانا، تباہ حال اور پریشان روزگار کرنا، اداس کرنا، غمگین بنانا، وحشت زدہ کرنا، نکال باہر کرنا، اٹھانا، منتشر کرنا، ضائع کرنا۔

اُجاڑُو u-jaa-Ru(u): (ار، افاعل) لٹا دینے والا، اُڑا دینے والا، اندھا دھند خرچ کرنے والا۔

اِجازت i-jaa-zat: (ع، مث) اِذن، پروانگی، رخصت، رضا، جواز، کسی کام کے کرنے کا اختیار یا آزادی (تصوّف) مرشد کی طرف سے بیعت لینے اور تلقین و ارشاد کا مجاز ہونا (اصول حدیث) محدث کا اپنے شاگرد کو روایت حدیث کا اختیار دینا۔

اِجازت طلب i-jaa-zat ta-lab: (عف افاعل) اجازت چاہنے والا، اسم کیفیت مث: اجازت طلبی۔

اِجازت نامہ i-jaa-zat-naa-ma(h): (ع، ف، مذ) دستاویزِ اجازت، پٹا، سند وہ تحریر جس کے ذریعے اجازت دی جائے، پرمٹ، پاسپورٹ وغیرہ۔

اِجازہ i-jaa-za(h): (ع، مذ) دیکھیے 'اجازت' وہ اجازت نامہ اور سند جو علما کی طرف سے شاگردوں کو تکمیل درسیات کے بعد دی جاتی ہے۔ پروانۂ راہداری۔

اُجاغ u-jaaG: (ت، مذ) چولہا، انگیٹھی۔

اُجاگر u-jaa-gar: (ار، صف) روشن، منور، نمایاں، ایسا ابھرا ہوا کہ صاف نظر آئے، ظاہر، واضح، غیر مبہم (افعال: کرنا، ہونا)

اُجالا u-jaa-la(a): (ار، مذ صف) روشنی، نور (تاریکی کی ضد) بیاضِ صبح۔ صبح کی سفیدی، بیورا، رونق، زیب و زینت، برکت، فیض، کامیابی، ترقی، نورانیت، بصیرت، چمک دمک، صفائی، صفایا، چاندنی، روشن، منور۔

اُجالنا u-jaal-na(a): (ار، مص) جلا دینا، قلعی کرنا، صیقل کرنا، میل کچیل دور کرنا، روشن کرنا، منور کرنا، اُجاگر کرنا، چمکانا، نمایاں کرنا، پالش کرنا۔

اُجالی u-jaa-li(i): (ار، مث) روشنی، چمک دمک، نور (متروک) روشن، منور۔

اَجان a-jaan: (ار، صف ق) ناواقف معصوم، سیدھا سادہ، بھولا، اجنبی، بے جان، اسم کیفیت مذ، اجان پنا۔

اَجانب a-jaa-nib: (ع، صف) اجنبی کی جمع، اغیار، بیگانے، مخالفین حریف۔

اِجبار ij-baar: (ع، مذ) جبر، زبردستی، مجبوری

اَجِت a-jat: (صف) جو جیتا نہ جا سکے، غیر مفتوح، غیر مغلوب، نا قابلِ تسخیر۔

اِجتماع ij-ta-maa(?): جمگھٹا، مجمع، انبوہ، جلسہ، نشست، یکجائی، ترتیب (نجوم) شمس و قمر کا ایک درجہ اور ایک دقیقہ میں ایک برج میں جمع ہونا (رمل) گرہ کی سولہ شکلوں میں سے چھٹی شکل کا نام جو عطارد سے منسوب ہے۔

اِجتماعیت ij-ti-maa-iy-yat: (ع، مث) ایک جگہ اکٹھا ہونا، ایک نظریہ جس کی رُو سے ملکیت انفرادی نہیں اجتماعی ہونی چاہیے۔

اِجتناب ij-ta-naab: (ع، مذ) احتراز، پرہیز، کنارہ کشی، دور رہنا/رکھنا۔ محرمات شرعیہ سے گریز و پرہیز، تقویٰ و پارسائی

اِجتہاد ij-ti-haad: (ع، مذ) کوشش، جدوجہد، رائے، قیاس، جدّت اُپج، نقطۂ تفہیم، غور کرکے سمجھنا، اُدلہ اربعہ کو بنیاد بنا کر کسی مسئلہ کے متعلق شرعی حکم دریافت کرنے کی کوشش صف نسبتی: اجتہادی

اَجداد aj-daad: (ع، مذ جمع) جد کی جمع، دادے پر دادے وغیرہ کا سلسلہ

اُجڈ u-jaD: (ار، صف) ان گھڑ، ناشائستہ، غیر مہذب، کندۂ ناتراش، گنوارا، اسم کیفیت مذ: اُجڈ پن/اپنا۔

اَجر a-jar: (ع، مذ) صلہ، بدلہ، پھل، جزا و سزا، مزدوری، اُجرت ثواب، جزائے خیر

اِجرا ij-ra: (ع، مذ) نشر و اشاعت، نفاذ، کشود، حل، تعطل کے بعد کی بحالی، آغاز، افتتاح، صورت پذیری، عمل میں آنا، جاری ہونا، بہاؤ، بہنا (قانون) حاکم یا متعلقہ افسر کے دستخط کے بعد کسی کاغذ یا حکم نامے کی روانگی، (افعال: کرنا، ہونا)

اَجرام aj-raam: (ع، مذ) جرم کی جمع، اجسام فلکیہ، آسمان اور ستارے اجسام، ابدان۔

اَجرامِ فلکی aj-raa-me-fal-ki(i): (ع، مذ) ستارے سیارے سورج چاند وغیرہ۔

اُجرت uj-rat: (ع، صف) حق محنت، مزدوری، صلۂ کار، صلۂ خدمت، کرایہ، معاوضۂ استعمال۔

اُجرتی uj-ra-ti(i): (ع، صف) اُجرت پر کام کرنے والا، مزدور، اجرت پر کیا ہوا کام، مزدوری

اُجڑ جانا u-jaR-jaana(a): (ار، مص) 'اُجڑنا' کی تکمیل ہے۔

اُجڑا uj-Ra(a): (ار، صف مذ) خالی، سنسان، خراب، برباد، مسمار، کھنڈر، بے رونق، بدحال، برے حلیے میں، نگوڑا، کمبخت، مُوا، ویران، پریشان، تباہ، بے گھر، مث، اُجڑی۔

اُجڑنا u-jaR-na(a): (ار، مص) ٹوٹنا، پھوٹنا، مسمار ہونا، برباد ہونا، تاراج ہونا، خراب و خستہ ہونا، شکستہ و ابتر ہونا، خالی ہونا، ویران ہونا، غیر آباد ہونا، بے گھر ہونا، خشک ہونا، پامال ہونا، تباہ حال ہونا، پریشان روزگار ہونا، منحوس ہونا، ناگوار ہونا، نامراد ہونا، غائب ہونا، آنکھوں سے اوجھل ہونا، بے رونق ہونا۔

اُجڑوانا ujaR-vaa-naa: (ار، مص) اُجڑنا کا متعدی ہے۔

اَجزاء aj-za(a): جزو کی جمع، حصے، ٹکڑے۔

اَجزائے ترکیبی aj-zaa-e-tar-kii-bi: (ع، مذ، بترکیب فارسی) ٹکڑے جن سے مل کر کوئی چیز بنی ہو۔

اجزائے متناسبہ aj-zaa-e-mu-ta-na-as-ba(h): (ع، مذ، بترکیب فارسی) وہ اجزا جو اجتماعی صورت میں تناسب کے لحاظ سے موزوں ہوں اور اُن میں کسی قسم کی کمی یا زیادتی نہ پائی جاتی ہو۔

اَجساد aj-saad: (ع، مذ) جسد کی جمع، دو سے زیادہ جسم یا مادی وجود اَجسام، اَبدان، مادیات، روحانیت کی ضد۔

اَجسام aj-saam: (ع، مذ) جسم کی جمع، مادّی یا عنصری ابدان، وہ صورتیں جن میں ابعاد ثلاثہ یعنی طول عرض اور عمق پائے جائیں۔

اَجگر aj-gar: (ہ، مذ، وصف) بھاری لمبا اور موٹا سانپ جو وزنی ہونے کی وجہ سے آہستہ آہستہ کھسکتا ہے اور بڑے بڑے شکار کو آنکھوں کی کشش سے مسحور کرلیتا ہے۔ اژدہا، وزنی، بھاری بھرکم۔

اَجَل a-jal: (ع مسف) قضا، مرگ، موت

اَجَل رسیدہ / گرفتہ a-jal ra-sii-da(h): (عف، صف، مفعولی) وہ شخص جس کی موت آ گئی ہو، موت کے پھندے میں پھنسا ہوا۔

اُجَل u-jal: (ار، مذ وصف ق) اُجالا، روشنی، اجلا، روشن۔

اُجلا uj-la(a): (ار، صف) سفید، براق، سُتھرا، میلا کی ضد، گورا، چٹا، عمدہ، مہذب، شائستہ، پاکیزہ، صاف، امیرانہ، پرتکلف، شفاف، بنا ٹھنا، صاف ستھرے لباس والا۔

اجلاس کرنا ij-laas kar-na: (ار، محاورہ) حاکم یا امیر کا ایوان میں مقدمات سننے کے لیے بیٹھنا، بیٹھنا متمکن ہونا۔

اَجلاف aj-laaf: (ع، مذ) جلف کی جمع، کمینے، رذالے، نیچ، نیچ ذات کے لوگ

اَجِلّہ a-jil-la(h): (ع، مذ) جلیل کی جمع، جلالت والے، بزرگان، بڑے آدمی، شان والے۔

اِجماع ij-maa(?): (ع، مذ) اجتماع، یکجائی، جمع ہونا، مجمع، جمگھٹا، اتفاق رائے، ہم خیالی، سکون، اطمینان (اصول فقہ) کسی عہد کے مسلمان مجتہدوں کا کسی امر شرعی پر اتفاق، صف نسبتی: اجماعی

اِجمال ij-maal: (ع، مذ) اختصار، تفصیل کی ضد، ابہام، عدمِ وضاحت صف نسبتی: اجمالی

اَجمل aj-mal: (ع، تفصیل) بہت حسین، نہایت خوبصورت۔

اَجناس / اَجنبیہ aj-naas: (ع، مث) بیگانہ، غیر، بے تعلق، ناشناسا، ناواقف، انجان، نامانوس، غریب (فقہ) غیر ذی رحم، نامحرم، ایسا شخص جس سے از روئے شرع نکاح جائز ہو، پردیسی بدیسی، غیر ملکی، اسم کیفیت مث: اَجنبیت

اَجوائن aj-vaa-yan: (ار، مث) ایک پودے کا بیج جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

اَجوائنی aj-vaa-i-ni(i): (ار، مث) دیکھیے 'اچھوانی'

اَجوَت aj-vat: (ہ، صف) غیر مزروعہ، بن جتا، بنجر کھیت، بنجر

اَجوتا a-juu-ta(a): (ہ، صف) دیکھیے 'اجوت' چیت کے مہینے کی چودھویں تاریخ۔

اَجورَہ a-juu-ra(h): (ع، مذ) مزدوری، حق محنت، اُجرت، کرایہ بھاڑا

اَجوری a-juu-ri(i): (ع، ار، مث) کھیت میں کام کرنے والوں کی پیشگی مزدوری

اَجوَف aj-vaf: (ع، تفصیل) کھوکھلا، خالی شکم (صرف) وہ لفظ جس کے عین کلمہ میں حرف علت ہو۔

اَجہل aj-hal: (ع، تفصیل) نہایت جاہل، بیوقوف

اَجی a-ji(i): (ار، صرف ندائیہ) اے جی، اے میاں، عزیز ترین، محبوب یا رفیق کو خطاب کرنے کا کلمہ، تنبیہ کے طور پر توجہ دلانے کے لیے۔

اجیالی aj-yaa-li(i): (ہ، مث) دیکھیے 'اُجالا' گھوڑے کی اندھیری یعنی وہ جالی جو گھوڑے کے چہرہ پر اس کی آنکھوں کو مکھیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے باندھتے ہیں، مکھیرنا۔

اَجیت a-jiit: (ہ، صف) ہمیشہ فتح مند، جسے جیتا نہ جا سکے

اَجیر a-jiir: (ع، صف، مذ) اُجرت پر کام کرنے والا، مزدور

اَجیرَن a-jii-ran: (ہ، صف، مذ) نا قابلِ ہضم، ثقیل، جس کے کھانے سے طبیعت بدمزہ ہو جائے، دشوار، دوبھر، وبالِ جان، جان لیوا، تکلیف دہ۔

ا۔چ

اُچ uch: (بضم اول) (ار، صف، ق) اونچا، بلند،

اعلیٰ، برتر، سندھ کا ایک قصبہ۔

اُچاپَٹ u-chaa-pat: (ھ، مث، متعلق فعل) اُدھار، اعتبار پر، خصوصاً اشیائے خوردنی کی ادھار خریداری جس کا حساب مقررہ میعاد پر کیا جاتا ہے۔ تجارتی مال کی نقد خریداری، شور وغل اچھل کود، بطور قرض ماہ بہ ماہ مفصل قیمت ادا کر کے وعدے یا سمجھوتے پر، صف نسبتی: اچاپتی

اُچاٹ uchaaT: (ھ، مذ، صف متعلق فعل) بیزار، اُکتایا ہوا، اوپر دل سے، اکھڑے اکھڑے انداز میں، بیزاری، اکتاہٹ۔

اُچاٹنا u-chaaT-na(a): (ار، مص) بیزار کرنا، پھیرنا (دل وغیرہ کو) نکال باہر کرنا، اکھاڑنا

اُچار a-chaar: (ھ، مذ) اچار، کھٹی مسالہ دار چیز۔

اچار ڈالنا / جتانا / کرنا a-chaar-Dal-na(a): (ار، محاورہ) نمک مرچ مسالہ وغیرہ ڈال کر اچار تیار کرنا، کسی چیز کو بلاضرورت کسی جگہ رکھ چھوڑنا، گلانا، سڑانا۔

اُچاری a-chaa-ri(i): (ار، مث) شیشہ، چینی یا مٹی کا وہ برتن جس میں اچار یا مربہ رکھتے ہیں، مرتبان، ویدوں کی تعلیم دینے والا معلّم، رامانج فرقہ کا عابد جو ہری پوجا میں خاص اہتمام سے کام لے۔

اچانک a-chaa-nak: (ار، متعلق، فعل صف) یکا یک دفعتہً، ناگہاں، ناگہانی اتفاق

اُچانک u-chaa-nak: (ار، مث) اچھل کود، شوخی، چھل بل (گھوڑے کی)

اُچٹنا u-chaT-na(a): (ار، مص) ہتھیار کا بھرپور نہ پڑنا یا اس ڈھب سے پڑنا کہ پڑتے ہی اچھل یا پھسل جائے، خطا کرنا، صحیح مقام سے ہٹنا، بیزار ہونا، اکتانا، برگشتہ خاطر ہونا، اُڑ جانا (نیند وغیرہ) بھڑکنا۔

اُچرج ach-raj: (ھ، مذ) تعجب، حیرت، اچنبھا، حیرت کی بات، تعجب انگیز امر، انوکھی چیز

اُچک u-chak: (ار، مث صف) دیکھیے، اُچکنا، جس کا یہ حاصل مصدر اور صیغۂ امر ہے۔

اُچک پڑنا u-chak-paR-na(a): (ار، محاورہ) کسی غیر متوقع آواز وغیرہ سے چونک پڑنا، اچھل پڑنا۔

اُچک پھاند u-chak-phaNd: (ار، مرکب، عطفی، مث) اچھل کود، جست وخیز، کود پھاند

اُچک دَم u-chak-dam: (ار، مرکب عطفی مث) اچھل کود، نچلا نہ بیٹھنا

اُچکا uch-ka(a): (ار، مذ) پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی چرخی، دیکھئے 'اچٹا'

اُچکّا u-chak-ka(a): (ار، مذ صف) شاطر، چور جو دن دہاڑے مال اڑا لے اور کسی کو خبر نہ ہو، اچاک لینے والا، چھین جھپٹ کر کے بھاگنے والا، اسم کیفیت مذ: اُچکاپن، مث: اُچکّی۔

اُچکانا uch-kaa-na(a): (ار، مص) اوپر اُٹھانا، اونچا کرنا۔

اَچکن ach-kan: (ار، مث) چولی دامن کا گھٹنوں سے نیچے تک کا لباس جس میں دونوں طرف پردہ اور گریبان سے کمر توئی یا کمر پٹی تک کاج اور بٹن ہوتے ہیں۔ شیروانی سے ملتا جلتا لباس۔

اُچکنا u-chak-na(a): (ار، مص) یکا یک اوپر اُٹھنا، چمک کر ابھرنا، سر ابھار کر یا پنجوں کے بل اونچا ہونا، چھلانگ مارنا، جست کرنا، اُچھلنا، پھُدکنا، جھپٹا مارنا، جھپٹا مار کر لے جانا۔

اچنبھا a-cham-bha(a): (ار، مذ) حیرت انگیز واقعہ، تعجب کی بات، تعجب، حیرت (انفعال: آنا، ہونا)

(اند) ایک خاص رنگ کا گھوڑا۔

اَچُوک a-chuuk: (ار، صف) نہ چوکنے والا، خطا نہ کرنے والا، ٹھیک نشانہ تک پہنچنے والا

اَچھّا ach-cha(a): (ار، صف، متعلق فعل) بہتر، ٹھیک، تندرست مبارک، مفید، موافق، طنزاً، بے ڈھب، برا، اسم کیفیت مث: اچھائی۔

اَچھّا اَچھّا ach-chhaa ach-chha(a): (ار، مث فعل) تسلی و تشفی کے لیے، دھمکانے کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔

اَچھّا بُرا ach-chhaa bu-ra(a): (ار، مذ، صف) کسی کام کی بھلائی یا برائی، نشیب و فراز، عمدہ یا خراب، ہر طرح کا، موافق یا ناموافق، کچھ نہ کچھ، کسی نہ کسی طرح کا مث: اچھی بری

اَچھّا بھلا ach-chhaa bha-la(a): (ار، صف) خاصا، درست، بے عیب، تندرست، بھلا چنگا۔

اَچھّا خاصا ach-chaa Kaa-sa(a): (ار، صف) بھلا چنگا، تندرست، بے عیب، بہت کچھ، بڑی حد تک، تقریباً پورا، بظاہر مکمل مث: اچھی خاصی۔

اُچھالا u-chhaa-la(a): (ار، مذ) دیکھیے 'اچھلنا اور اچھالنا' جس کا یہ حاصل مصدر ہے۔ کڑی، بلّی، شہتیر یا پتھر کی سِل وغیرہ کے کسی ایک سرے کے نیچے کو دبنے پر دوسرے کا اُوپر کو اُبھار

اُچھالنا u-chaal-na(a): (ار، مص) پستی سے بلندی کی طرف پھینکنا، فضا میں نیچے سے اوپر کی طرف دھکیلنا۔ اس طرح یا اس لیے اوپر پھینکنا کہ نیچے آرہے۔ ایک طرف سے دوسری طرف اٹھا پھینکنا، منتشر کرنا، بکھیرنا، نچھاور کرنا، شہرت دینا، نمایاں کرنا، دور کابیوں میں رکھ کر زور زور سے ہلانا، بگھارنا، بار بار ایک برتن سے دوسرے برتن میں اُوپر سے نیچے ڈالنا، انگیختہ کرنا۔

اُچھل پھاند u-chal-phaaNd: (ار، مث) دیکھیے 'اچھل کود'

اُچھل کود u-chhal-kuud: (ار، مث) اچکنے پھاندنے کا عمل، دھاچوکڑی، اٹکھیلیاں، دوڑ دھوپ کوشش، جدّ و جہد (طنزاً)

اُچھلنا u-chhal-na(a): (ار، مص) ابھرنا، دھڑکنا، مرض پلٹنا، ناز و غرور کرنا، کسی کے بل بوتے پر اترانا، کودنا

اُچھُو uch-chhu(u): (ار، مذ) وہ پھندا جو حلق میں غذا وغیرہ کے پھنس جانے سے پڑ جاتا ہے۔ سانس کی نالی میں خفیف اٹکاؤ کی وجہ سے سانس رُکنے اور گلے میں خراش آجانے کی کیفیت ہچکی۔

اَچھوانی achh-va-ni(i): (ار، مث) چند دواؤں کا حریرہ یا جوشاندہ جو زچہ کو وضع حمل کے بعد پلا دیا جاتا ہے۔

اَچھوت a-chhut: (ار، مذ، وصف) شودر، نیچ، ہندوؤں کے نزدیک کمین ذات کے لوگ، نجس

اَچھوتا a-chhuu-ta(a): (ار، صف) بچا ہوا، محفوظ، وہ کھانا وغیرہ جو کسی کا جھوٹا نہ ہو، انوکھا، نادر، تازہ تر، جدید، ان سُنا، جسے کسی نے چھوا نہ ہو جو کام میں یا معرض بحث میں نہ لایا گیا ہو، عفیف، پارسا، بے ملاوٹ، مصفا، کھرا، خالص، ٹکسالی، ٹھیٹھ، مخصوص، تنہا، اکیلا، نذر و نیاز کا کھانا، جس کو بغیر طہارت کے کھاتے اور چھوتے نہیں، پاک طاہر

اَچھی ach-chhi(i): (ار، صف مث) دیکھیے 'اچھا' جس کی یہ تانیث ہے، بے تکلفی میں عورتوں سے خطاب کا کلمہ۔

اَچھی رہی ach-chhil ra-hi(i): (روزمرہ)

خلاف امید کام ہوا، غیر متوقع فائدہ ہوگیا۔ کسی بات یا کام یا دخل اندازی سے ناگواری یا نارضامندی کے اظہار کے موقع پر کہتے ہیں، یعنی ہمیں یہ بات ہرگز پسند نہیں ہے۔

اَچھّے ach-chhe: (ار، مذ) دیکھیے 'اچھا' جس کی یہ جمع ہے، بزرگ بالاتر، قوی دست، پیارے، محبوب

اَچھّے اَچھّوں ach-chhe-ach-chhauN: (ار، صف) دیکھیے اچھے اچھے جس کی یہ مغیرہ حالت ہے۔

ا۔ح

اَحاد a-haad: (ع، صف) آحاد صحیح ہے۔

اَحادِث a-haa-dis: (ع، مذ) حادثہ کی جمع ہے۔

اَحادیث a-haa-diis: (ع، مث) حدیث کی جمع ہے۔

اَحاطہ a-haa-ta(h): (ع، مذ) گھیرا، حلقہ، چار دیواری سے گھری ہوئی جگہ، پریزیڈنسی، صوبہ، سرکل، گروہ، منڈل

اَحاطہ کرنا a-haa-taa kar-na(a): (ار، مص، مرکب) چاروں طرف سے گھیرنا، محصور کرلینا، کل اجزا کو سمیٹ کر اپنے دائرۂ اختیار یا عمل میں لے آنا، حدود تک پہنچ جانا، کلیات و جزئیات کو پورے طور پر جاننا یا سمجھنا، پورے اثر و رسوخ سے مسلط ہوجانا۔

اَحب a-habb: (ع تفضیل) جس سے بہت زیادہ محبت ہو، محبوب ترین، سب سے پیارا۔

اَحِبّا a-hib-ba(a): (ع، مذ، ج) حبیب کی جمع، احباب، دولت، عزیز، پیارے۔

اَحباب ah-baab: (ع، مذ، ج) حبیب کی جمع، دوست، عزیز پیارے، اصحاب، لوگ، وہ بیگانے جن کو اخلاقاً دوست کہہ دیا جائے۔

اَحبار ah-baar: (ع، مذ، ج) حبر کی جمع، نیک، دانا، یہودیوں کے پیشوا، عالم یا زاہد لوگ۔

اِحتباس ih-ta-baas: (ع، مذ) روک، بند ہونا۔

اِحتجاب ih-ti-jaab: (ع، مذ) عورت کا نامحرم سے پردہ، پردہ نشینی کسی ستارے کا چاند کے پیچھے یا کسی جرم فلکی کا کسی دوسرے جرم فلکی کے پیچھے چھپ جانا۔

اِحتجاج ih-ti-jaaj: (ار، مذ) کسی امر کے خلاف دلیل یا حجت پیش کرنا، کسی فرد یا روش کے خلاف اظہار ناپسندیدگی کرنا، اعتراض اور مخالفت کی آواز اُٹھانا، انگریزی لفظ Protest کا ترجمہ، صف نسبتی، احتجاجی۔

اِحتراز ih-ta-raaz: (ع، مذ) اجتناب، پرہیز، کنارہ کشی، تکلف، جھجک، حجاب۔

اِحترازی ih-ti-raa-zii: (ع، مث) دیکھیے 'احتراز' جس کی یہ قدیم اور متروک صورت ہے۔

اِحتراق ih-ti-raaq: (ع، مذ) سوزش، جلن، سوختہ ہو جانے یا جل جانے کی کیفیت (طب) حرارت وحدت کے باعث کسی خلط کے اجزائے لطیف و رقیق کا تحلیل و فنا ہونا۔ اور مابقا کا اس قدر کثیف ہوجانا کہ وہ خلط اپنی جنس سے خارج ہوجائے، خلط کی جنس کا اتحاد، (نجوم) چاند کے سوا کسی سیارے کا سورج کے ساتھ کسی برج میں ایک درجہ اور دقیقہ میں اجتماع، صف: نسبتی: احتراقی۔

اِحترام ih-ti-raam: (ع، مذ) عزت، حرمت، توقیر۔

اِحتساب eh-ta-saab: (ع، مذ) عیب و صواب کی جانچ پڑتال، جائزہ، باز پرس۔

اِحتشام ih-ti-sham: (ع، مذ) کرّ و فر، دبدبہ، شان و شوکت، ٹھاٹھ باٹھ ایک نفسیاتی بیماری جس میں مرد وقت خاص میں کسی عورت سے مرعوب ہوکر وقتی طور پر

نامرد ہو جاتا ہے۔

اِختِصار iK-ti-saar: (ع، مذ) نزع کا عالم، جان کنی کی کیفیت، موت کا سامنے نظر آنا۔

اِحتِکار ih-ti-kaar: (ع، مذ) کسی شے کو آئندہ مہنگا بیچنے کے لیے روک رکھنا، ذخیرہ اندوزی، انگریزی لفظ Hoarding کا ترجمہ

اِحتِلام ih-ti-laam: (ع، مذ) بدخوابی، سوتے ہوئے انزال ہونا، یعنی منی خارج ہونا، نطفہ، منی۔

اِحتِمال ih-ti-maal: (ع، مذ) امکان، گنجائش، توقع، شک، شبہ گمان، خیالی، فرضی یا وہمی امور (منطق) امکانی صورت مشق، جمع: احتمالات، صف نسبتی: احتمالی۔

اِحتِیاج ih-ti-yaaj ~ eh-ti-yaaj: (ع، مث) حاجت، ضرورت، محتاجی، حاجت مندی، مفلسی، غریبی، پیشاب یا پاخانہ کی ضرورت (افعال: پڑنا، رکھنا لانا)

اِحتِیاط eh-ti-yaat: (ع، مث، مذ) بچاؤ، چوکسی، دوراندیشی۔

اِحتِیاطاً eh-ti-yaa-tan: (ع، متعلق فعل) احتیاط کے طور پر

اَحجار ah-jaar: (ع، مذ، ج) حجر کی جمع، بہت سے پتھر، کنکریاں

اَحَد a-had: (ع، عدد) ایک، عدد واحد، یکتا، بے مثال، یگانہ، اکیلا، اللہ تعالیٰ کا ایک نام (تصوف) خالص ذات باری تعالیٰ، وجود محض

اُحُد u-hud: (ع، اعلم، مذ) مدینہ منورہ کے قریب ایک پہاڑی جس کے دامن میں کفار مکّہ سے آں حضرت کی جنگ ہوئی۔

اَحداث ah-daas: (ع، مذ) حدث کی جمع، نئی باتیں، بدعات، خلاف سنت باتیں۔

اِحداث ih-daas: (ع، مذ) اختراع و ایجاد، تعمیر، تاسیس، خلق، پیدائش، وجود، دریافت، انکشاف. بدعت (افعال: کرنا، ہونا)

اَحداق ah-daaq: (ار، مذ، ج) وہ سیاہ حل جو آنکھ میں ہوتے ہیں۔ آنکھ کی پتلیاں، آنکھیں (حدقہ کی جمع)

اَحدی ah-di(i): (ع، صف) اکبر بادشاہ کے عہد میں تیراندازوں کی ایک فوج، جن سے خاص اور اہم موقع پر کام لیا جاتا تھا اور یہ براہِ راست بادشاہ کے ماتحت ہوتے تھے۔ مغل سلطنت کے عہدِ زوال میں وہ وظیفہ خوار و منصب دار جو ہر وقت بیکار پڑے رہتے تھے۔ اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے بھی دوسروں کے محتاج تھے، کاہل، سست، نکما۔

اَحدیٰ ah-da(a): (ع، عدد، مث) دیکھئے 'احد' جس کی یہ تانیث ہے۔

اَحدی پن ah-dii-pan: (ع، ار، مذ) احدی سے اسم کیفیت، سُستی، کاہلی

اَحدی پن ah-dii-pan: (ع، ار، مذ) احدی سے اسم کیفیت، سستی، کاہلی

اَحدیّت a-ha-diy-yat: (ع، مث) یکتائی، توحید، واحدانیت، خدا کا ایک اور لاشریک ہونا، خدا، باری تعالیٰ (تصوف) ذات اور صفاتِ الٰہی کا وہ مرتبہ جس کے ادراک سے عارف کی بصیرت عاری ہے۔

اَحرار ah-raar: (ع، مذ ج) 'حُر' کی جمع، آزاد، آزاد منش، بے قید، شرفاء، اعیان، ابرار، پرندے خصوصاً شکرہ باز، کبوتر، برصغیر ہند و پاکستان کے مسلمانوں کی ایک سیاسی و مذہبی جماعت جس نے تحریکِ آزادی میں اور قادیانی نبوت کے خلاف مہم چلانے میں نمایاں حصہ لیا۔

اَحراری ah-raa-ri(i): (ع،صف) احرار سے متعلق رکھنے والا، جماعت احرار کا رُکن۔

اِحراق ih-raaq: (ع، مذ) جلن سوزش، کسی چیز کو جلا دینے کا عمل جلانا۔

اِحرام ih-raam ~ er-raam: (ع،مذ) حج یا عمرہ کرنے والوں کا مقررہ مقام سے حج تمام ہونے تک بعض مباح چیزوں کو اپنے لیے حرام کر لینا، حج کے زمانہ میں سلے ہوئے کپڑوں اور خوشبوؤں وغیرہ سے پرہیز۔ حاجیوں کے پہننے کا بے سلا کپڑا یا لباس جو عموماً دو چادروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ بڑی چادر (عموماً گیروے رنگ کی) جو صوفیا اور فقراء (بالخصوص وارثی سلسلہ کے صوفیا) نصف تہ بند کے طور پر اور بقیہ نصف جسم کے حصے پر لپیٹ لیتے ہیں۔

اَحزاب ah-zaab: (بفتحہ اوّل) (ع،مذ) حزب کی جمع، جماعتیں فرقے، گروہ، فوجیں، قرآن مجید کی ایک سورۃ کا نام جو اکیسویں پارہ میں ہے۔

اَحزان ah-zaan: (ع، مذ) حُزن کی جمع، غم، پریشانیاں

اَحزم ah-zam: (ع،تفضیل) بہت دور اندیش، نہایت محتاط، ہوشیار

اَحساس aih-saas: (ع،مذ) کسی حس کے ذریعے دریافت کرنے یا ہونے کا عمل، محسوس ہونے کی کیفیت، کسی چیز سے اعصاب کی اثر پذیری، جذبہ، جوش، انفعال، تاثر، جذباتی تاثر، شعور، وجدان، اندازہ، قیاس تصور، خیال جمع: احساسات، صفت، نسبتی: احساسی

اَحساسِ برتری aih-saa-se-bar-ta-ri(i): (عف، مرکب اضافی، مذ) (نفسیات) جذبہ تفوق، اپنے آپ کو دوسروں سے بالاتر سمجھنا اور دوسروں کی بات کی پرواہ نہ کرنا

اَحساسِ کمتری / کہتری aih-sa-se-kam tari(i): (عف، مرکب اضافی،مذ) (نفسیات) خود کو دوسروں سے پست خیال کرنا، مرعوبیت، خود اعتمادی کا فقدان۔

اَحساسِ محرومی aih-saa-se-mehruu-mi(i): (عف، مرکب اضافی، (نفسیات) جارحیت کا وہ جذبہ جو ناکامی یا خاطر خواہ مقبولیت حاصل نہ ہونے کے باعث پیدا ہو جاتا ہے۔

اَحسان aih-saan: (ع، مذ) نیکی، اچھا سلوک، مہربانی کا برتاؤ، نیکی، عمل خیر، اچھے سلوک کا اعتراف، ممنونیت، صف نسبتی: احسانی، جمع: احسانات

اَحسان فراموش aih-saan fa-raa-mo-shi(i): (عف،صف) کسی کے نیک سلوک کو بھلا دینے والا، محسن کو نظرانداز کر دینے والا، اسم کیفیت مث: احسان فراموشی

اَحسان مند aih-saan mand: (عف،صف) زیرِ منت، کسی کے نیک سلوک کا بوجھ اٹھانے والا، معترف، شکر گزار، ممنون اسم کیفیت: احسان مندی۔

اَحسان ناشناس aih-saan naa-sha-naas: (عف،صف) کسی کے نیک سلوک کو نہ پہچاننے والا، ناشکرا، احسان فراموش، اسم کیفیت مث: احسان ناشناسی۔

اَحسن ah-san: (ع،تفضیل) بہت اچھا، سب سے اچھا، نہایت عمدہ، بہت حسین، نہایت خوبصورت

اِحضار ih-zaar: (ع، مذ) حاضر یا موجود کرنے یا ہونے کا عمل کیا جانا، حاضر کرنا، طلبی کا حکم نامہ۔

اَحق a-haq: (ع،مذ) زیادہ حق دار، بہت مستحق، حق درست اور صحیح۔

اِحقاق ih-qaaq: (ع، مذ) دلائل، براہین سے ثابت کرنے کا عمل، ثبوت دینا، اثبات کسی کا حق ظاہر کرنا، قائم کرنا، ثابت کرنا، حق دار کے حق کو تسلیم کرنا۔

اَحقر ah-qar: (ع) پست درجہ والا، نہایت حقیر، ذلیل ترین، چھوٹا، بے حقیقت، خاکسار، ناچیز (اپنے لیے)

اَحکم ah-kam: (ع، تفضیل) بڑا حاکم، سب سے بڑا حکمران بہت زیادہ مستحکم مضبوط

اَحلام ah-laam: (ع، مذ) جمع حُلم کی، سوتے میں نظر آنے والے خواب، پریشان خواب جو معدہ کی خرابی، فکر یا علالت کے باعث نظر آتے ہیں۔

اَحمال ah-maal: (ع، مذ) لادے جانے والے بوجھ کی برداشت، سہنا۔

اَحمد ah-mad: (ع، تفضیل و اعلم) بہت زیادہ حمد کرنے والا، بہت زیادہ قابلِ تعریف، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دوسرا اسم شریف

اَحمدی ah-ma-di(i): (ع، صف) احمد سے منسوب، پیغمبر اسلام سے نسبت رکھنے والا، مرزا غلام احمد قادیانی کے پیرو، مرزائی، قادیانی

اَحمر ah-mar: (ع، صف) سُرخ، لال رنگ کا، ایک سمندر کا نام، صف نسبتی مث، احمری، اسم کیفیت مث: احمریں

اَحمق ah-maq: (ع، صف) جس میں بات سمجھنے کی صلاحیت نہ ہو، بے وقوف، ناسمجھ، جاہل، اُلو، گدھا، پاگل (افعال: بنانا بننا) اسم کیفیت مذ: احمق پن / پنا، حمقی

اَحناف ah-naaf: (ع، مذ) حنفی کی جمع، فقہی مسائل میں امام ابو حنیفہؒ کی تقلید کرنے والے، وہ لوگ جنھوں نے قبل اسلام بت پرستی ترک کر دی تھی اور ملت ابراہیم کے پیرو تھے۔

اَحوال ah-vaal: (ع، مذ) حال کی جمع، حالات، کیفیات (فلسفہ) شرائط و عوارض (بطور واحد) کیفیت حالت، صورتِ حال، کسی واقعہ کا ذکر، بیان ماجرا، سرگذشت، حقیقت امر، اصلیت، خبر اطلاع، خیرو عافیت، حال چال (تصوف) وجد اور سرمستی کی کیفیت جو حسن عمل کے اجراء میں یا بطور الطاف حقی خدا کی طرف سے انسان کو ملتی ہے۔

اَحوال نامہ ah-vaal naa-ma(h): (عف مذ) وہ رجسٹر جس میں کسی ملازم یا سپاہی کی خاص کارگزاری درج ہو۔

اَحوَل ah-vaal: (ع، صف) وہ شخص جس کی ایک پتلی ایک طرف پھری ہو جس کے سبب ایک کے دو نظر آئیں۔ کج نظر، بھینگا، اسم کیفیت احولی

اَحیا ah-yaa: (ع، مذ) حیّ کی جمع، زندہ لوگ، قبیلے، خانوادے۔

اِحیاء ih-yaa: (ع، مذ) مرے ہوئے جسم میں از سرِ نو روح پھونکنا، زندہ کرنا، زندگی بخشنا، کسی خیال یا جذبے وغیرہ کو نئے سرے سے ابھارنے کی تحریک، دبے ہوئے احساس یا جذبہ میں ڈالنے کا کام۔

اَحیاز ah-yaaz: (ع، مذ) دیکھئے 'حیز' جس کی یہ جمع ہے۔

اَحیان ah-yaan: (ع، مذ) حین کی جمع، اوقات، ساعات، مدتیں۔

اَحیاناً ah-yaa-na(n): (ع، متعلق فعل) اتفاقاً، اتفاق سے کبھی، گاہے، کبھی کبھی

ا۔خ

اَخ aK: (ع، مذ) بھائی، باپ، ماں، چچا، ماموں، خالہ

کا بیٹا بھائی، ساتھی، دوست، عزیز۔

اَخ تُھو aK-thu(u): (ار، اصوت، مث) کھنکارنے اور تھوکنے کی آواز لعنت، ملامت، نفرین کرنے کی آواز، حریف کو چھیڑنے یا ابھارنے کی آواز (افعال: کرنا)

اَخّا aK-Ka(a): (ار، حرف فجائیہ) دیکھئے 'اخاہ' جس کا یہ مخفف ہے۔

اَخّاذ aK-Kaaz: (ع، مبالغہ) پکڑنے والا، لینے والا: تیز وطباع قبول کرنے والا۔

اَخّاہ aK-Kaa(h): (ار، حرف فجائیہ) کسی غیر متوقع بات پر حیرت ومسرت کے اظہار کے لیے کہتے ہیں، بہت خوب، واہ وا۔

اخبار aK-baar: (ع، مث، مذ) خبر کی جمع، خبریں، اطلاعات، واقعات، احادیث، روایات، قصص (بطور واحد) روایت بیان، داستان، مخبر یا جاسوس کا پرچہ یا روزنامچہ، روزانہ، سہ روزہ یا ہفت روزہ پرچہ جس میں تازہ خبریں واقعات اور دیگر مضامین درج کرکے شائع کیے جاتے ہیں۔ انگریزی Newspaper: کا ترجمہ، جمع: اخبارات

اخبار بینی aK-baar-bii-ni(i): (عف، مث) اخبار وغیرہ پڑھنا۔

اخبار نویس aK-baar-na-viis: (عف، افاعل) اخبار میں لکھنے والے، نامہ نگار، صحافی، جرنلسٹ

اَخباری aK-baa-ri(i): (ع، صف) اخبار سے منسوب ومتعلق، غیر مقلد فرقہ جو صرف قرآن و حدیث کو قابل استناد سمجھتا ہے، نیز اس فرقہ سے تعلق رکھنے والا۔

اَخبث aK-bas: (ع، تفضیل) بہت خبیث۔

اُخت uKt: (ع، مث) 'اَخ' کی تانیث، خواہر، ہمشیرہ، بہن

اُخت بند uKt-band: (ار، ق) وہ گرہ جو بہن بناتے وقت لگائی جائے، بہن بنانے کی رسم۔

اِختتام iK-ti-taam: (ع، مذ) خاتمہ، ختم، اخیر، انجام، صفت نسبتی: اختتامی۔

اَختر aK-tar: (ف، مذ) ستارہ، تارا، رات کو آسمان پر چمکنے والے اجزام، سوائے چاند کے، ستاروں کی گردش کے حساب سے معلوم کیا ہوا طالع، قسمت کا ستارہ۔

اَختر سوختہ aK-tar-soK-ta(h): (ف، مذ) بدنصیبی، بدقسمتی، بدبختی، بھاگ اچھے نہ ہونا

اَختر شُمار aK-tar-shu-maar: (ف، فاعل) تارے گننے والا، جاگنے والا، اسم کیفیت۔ مث: اختر شماری/شمری

اختر شناس aK-tar sha-naas: (ف، افاعل) ستاروں کی گردش کے حساب سے آئندہ کے حالات و واقعات کا اندازہ کرنے والا، جوتشی، نجومی، منجم، اسم کیفیت مث: اختر شناس

اِختراع iK-ti-raa(?): (ع، مذ و مث) نئی چیز کی دریافت، ایجاد من گھڑت، جھوٹ، جمع: اختراعات، صف نسبتی: اختراعی

اِختصار نویس iK-ti-saar na-viis: اشارات میں لکھنے والا، حروف کی بجائے علامات میں لکھنے والا، مختصر نویس، اسم کیفیت، مث: اختصار نویسی

اِختصاص iK-ti-saas: (ع، مذ) کسی چیز سے غیر معمولی وابستگی تعلق یا نسبت کسی شخص سے خاص رابطہ، تقرب، انگریزی لفظ Specialization کا ترجمہ، صف: اختصاصی۔

اِختلاج iK-ti-laaj: (ع، مذ) بھڑکنے یا دھڑکنے کی کیفیت، حرکت اور اس کی ضربات، معمول سے زیادہ تیز دھڑکن (نبض یا دل کی) ایک مرض کا نام جس میں

دل کی حرکت بہت تیز ہو جاتی ہے اور اس میں نظم نہیں رہتا۔صف نسبتی: اختلاجی

اِختلاط iK-ti-laat: (ع، مذ) میل جول، ربط ضبط، خلا ملا، تعلقات، دوستی، اخلاص، یارانہ، دوستانہ، صحبت، چھیڑ چھاڑ، بے تکلفی کی باتیں، اشارہ بازی، گرم جوشی، ہم بستری، مجامعت، غلط ملط، گڈ مڈ ہونے کی کیفیت۔

اِختلاف iK-ti-laaf: (ع، مذ) عدم موافقت، ممانعت، تضاد، جھگڑا، مخالفت، معاندت، تغیر و تبدل۔

اِختلافی iK-ti-laa-fi(i): (ع، صف) اختلاف سے منسوب، وہ بات جس میں ایک سے زیادہ آراء و اقوال ہوں۔اختلاف کی قدیم اردو صورت۔

اِختلال iK-ti-laal: (ع، مذ) خرابی، کمزوری، ابتری، بدنظمی، فتور، خلل، ہنگامہ، جھگڑا فساد۔

آختو پختو aK-tuu paK-tu(u): (ار، مث) لکڑی کی دو پتلیاں جن کو تماشا کرنے والے لڑاتے ہیں۔

آختہ aaK-ta(h): (ف، صف، مذ) وہ چوپایہ جس کے خصیے نکال کا مسل دیے گئے ہوں، خصی، بدھیا، معطل، نکما، خواجہ سرا۔حرم سرا کا نوکر (جو خصی ہوتا ہے) نامرد (افعال: کرنا، ہونا)

آختہ بیگی aaK-tah be-gi(i): (ف، ت صف) جانوروں کو آختہ کرنے والا، جانوروں کو آختہ کرنے پر مامور۔

اِختیار iK-ti-yaar: (ع، مذ) چھانٹنا، پسند کرنا، قبول، منظور، اجازت روا، جائز، قدرت، قبضہ، حکومت جمع: اختیارات، افعال: ہونا، رکھنا، دینا، چلنا، کرنا۔

اِختیار تمیزی iK-ti-yaa-re ta-mii-zi(i): (اضافت کے ساتھ) (ع، مرکب توصیفی بترکیب فارسی) وہ حق یا قدرت جو دوسرے کو نہ ہو۔حق یا منصب رکھنے والے کے ذوق سلیم کا فیصلہ، متضاد باتوں میں سے کسی ایک کو پسند کرنے کا حق یا قدرت۔

اِختیار سماعت iK-ti-yaa-re sa-ma(a)-?at: (ع، مذ، بترکیب فارسی) مقدمہ سننے کا اختیار

اِختیارات iK-ti-yaa-raat: (ار، مذ ق) 'اختیار' کی جمع ہے۔

اِختیاری iK-ti-yaa-ri(i): جو امکان میں ہو، بس کا قابو کا، جو اپنے عزم سے انجام دیا جائے، ارادی، جس کا ذکر کرنا نہ کرنا مرضی پر منحصر ہو، غیر لازمی، انگریزی لفظ Optional کا ترجمہ، اختیار جس کی یہ قدیم صورت ہے۔

اَخذ a-Kaz: (ع، مذ) لینے یا حاصل کرنے کا عمل، حصول، کسب اکتساب، معلوم باتوں سے یا فراست سے کوئی نتیجہ نکالنے کی کیفیت، استنباط، استفادہ، نقل، اقتباس، سیکھنے یا دیکھا دیکھی اختیار کرنے کا عمل (افعال: کرنا، ہونا)

اِخراج iK-raaj: (ع، مذ) خرج کی جمع، خرچ، اخراجات،

اِخراج iK-raaj: (ع، مذ) نکال دینے یا خارج کر دینے کا عمل (نکلنے کی کیفیت یا عمل خروج افعال: کرنا، ہونا)

اَخروٹ aK-roT: (ع، مذ) جوز، گردگاں، چہار مغز، ایک قسم کا میوہ (پھل) جس کا چھلکا بہت سخت ہے اور اس کی گری کھائی جاتی ہے۔

اُخروی uK-ra-vi(i): (ع، صف) آخرت سے منسوب، اگلے جہان سے متعلق قیامت سے متعلق

اُخریٰ uK-ra(a): (ع، مث) قیامت کا دن، عاقبت، دوسری، دوم۔

اَخص a-Kas(s): (ع، تفضیل) خاص کی تفضیل (بعض، کل) مخصوص تر خاص الخاص، افضل۔

اَخصاص aK-saas: (ع، مذ ق) اثرات۔

اَخضر aK-zar: (ع، صف) سبز، ہرا، نیلگوں، صف نسبتی: اخضری،

اِخفا (iK-fa(a: (ع، مذ) مخفی رکھنے یا چھپانے کی کیفیت، چھپانا، مخفی رکھنا، مخفی ہونا، چھپنا، پوشیدگی (فقہ) نماز میں اتنی کم آواز سے قرآت کرنا کہ پاس کھڑا ہوا شخص بھی سن نہ سکے۔ (تجوید) حرف نون کے اظہار اور ادغام کی درمیانی حالت یعنی ناک میں آواز پوشیدہ کرکے پڑھنا، چھپ کر، پوشیدہ طور پر (افعال: کرنا، ہونا)

اَخگر aK-gar: (ف، مذ) انگارا، چنگاری، جلتے ہوئے کوئلے سے اچٹا ہوا ذرہ، دہکتے ہوئے کوئلے وغیرہ۔

اِخلاص iK-laas: (ع، مذ) نیک عمل کی وہ نیت جو غرض کے شائبہ سے پاک ہو، بے لوث نیت یا ارادہ، خلوص، دوستی ربط ضبط، میل ملاپ، عشق و محبت، نیک برتاؤ یا عمل جو بے غرض ہو، بے تکلف یا بے حجابی کی باتیں، قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام، جو 'قُل ہواللہ' سے شروع ہوتی ہے۔ تصوف کی اصطلاح میں شرک سے دل کا پاک ہونا۔

اِخلاص انگیز iK-laas-an-gez: (عف، صف) مخلص، سچا، خلوص والا، اسم کیفیت مث: اخلاص انگیزی۔

اَخلاط aK-laat: (ع، مذ) خلط کی جمع (طب) بدن کی چار رطوبتیں، جو غذا تحلیل ہونے سے پیدا ہوتی ہیں، سودا، صفرا، بلغم اور خون، کسی شے کے وہ عام اجزا جن سے مل کر وہ بنی ہو۔

اَخلاف aK-laaf: (ع، مذ) خلف کی جمع اولاد، بیٹے، پوتے، بعد کی نسلیں، اسلاف کی ضد

اَخلاق aK-laaq: (ع، مذ) خُلق کی جمع، خصلتیں، طور طریقے، پسندیدہ عادتیں، اچھا برتاؤ، شریفانہ سلوک، مروّت (فلسفہ) وہ علم جس میں تہذیب نفس، تدبیر منزل سیاست 'تمدن یا ان میں سے کسی ایک سے بحث کی جاتی ہے، علم الاخلاق، اخلاقیات صف نسبتی: اخلاقی'

اَخلاق سوز aK-laaq soz: (عف، صف فاعل) مروّت اور شراف کے منافی، جس سے بے حیائی یا بے شرمی ظاہر ہو۔

اَخلاقاً aK-laa-qan: (ع، متعلق فعل) مروّت یا شرافت کی راہ سے حسن سلوک کی بنا پر۔

اَخلاقی جرأت ak-laa-qi jur-aat: (ع، مث) کسی خوف یا تضحیک کے بغیر اپنا مدعا کہہ دینے کی ہمت یا حوصلہ۔

اَخلاقیات aK-laa-qi-yaat: (ع، مذ) دیکھیے 'اخلاق معنی 40 'صفت نسبتی: اخلاقیاتی۔

اَخَوات aK-vaat: (ع، مث جمع) دیکھیے 'اُخت' جس کی یہ جمع ہے

اِخوان iK-vaan: (ع، مذ جمع) دیکھیے 'اخ معنی' جس کی یہ جمع ہے

اِخوانُ الزّماں iK-vaa-nuz-za-maaN: (ع، مذ) ہم عہد، ہم زمانہ، ہم عصر، معکار

اِخوانُ الصَّفا (iK-va nus-safa(a: (ع، مذ) پرخلوص اور سچے احباب، جن کا ضمیر لوث دنیا سے پاک ہو، اہل تقویٰ پرہیزگار۔

اِخوانی iK-vaa-nii: (ع، صف) (نفسیات) جو بنی نوع کے ہر فرد سے ایسی بے لوث محبت رکھتا ہو جیسی اپنی ذات سے جو اپنی جان مال صحت اپنے ہم جنسوں کے لیے نثار کردے۔

اِخوانیت iK-vaa-niy-yat: (ع، مث) ہم جنس کی تکلیف یا ضرورتوں کی خاطر اپنی تکلیف یا ضرورتوں

کو بھلا دینے کا جذبہ

اُخُوَّت u-Kuv-vat: (ع، مث) بھائی ہونے کا رشتہ، برادرانہ تعلق، جو رشتہ کے علاوہ کسی اور تعلق سے ہو، بھائی چارہ یگانگی دوستی، بھائی بنانا یا بھائی بنانے کا عہد۔

اَخوند / اَخُنْد a-Ku-vind: (ت، مذ) استاد، معلم، اتالیق، سردار، آقا، حاکم

اَخیار aK-yaar: (ع، مذ جمع) خیر کی جمع، نیک لوگ پارسا برگزیدہ لوگ، خیر پسند، شر سے بچنے والے لوگ، 365 یا 357 ابدال غوث وغیرہ کی بارہ قسموں میں سے ایک قسم کے لوگ جن کی تعداد سات ہے۔

اَخیافی aK-yaa-fi(i): (ع، صف) جن کی ماں ایک اور باپ مختلف ہوں سوتیلا

اَخیر a-Kiir ~ aa-Kiir: (ع، صف) جو حد یا انتہا پر ہو، سب سے بعد کا آخری، پہلے کے مقابلہ میں بعد کا، سابق سے بعد کا، اگلا یا مقدم کا بالمقابل، جو ختم ہونے کے قریب ہو، خاتمہ کے لگ بھگ، مختتم، آخر کو، انجام کار، بالآخر، انتہا، حد، آخری دور، اختتام، صف نسبتی، اخیری

اَخیر دان a-Kiir-daan: (ع، ف، مذ) بیاہی ہوئی بیٹی کے کفن دفن کا خرچ جو اس کے والدین یا بھائی کے ذمہ ہو۔

ا۔د

اَدَا a-da(a): (عف، مث) نقل و حرکت کا انداز، ڈھنگ، روش اسلوب، طرز، دل لبھانے والی حرکت یا اشارہ، انداز معشوقانہ، آن، ناز، غمزہ، حسن کی دل کشی، دل کش پیرایہ، ڈھنگ، وضع، خوبی طرحداری۔

اَدا بند a-da-band: (ف، فاعل) الفاظ میں کیفیات حسن کی تصویر کھینچنے والا، ناز و انداز کو بیان کرنے والا (بیش تر غزل گو شاعر) اسم کیفیت مث: ادابندی۔

اَدَا سنج / شناس / فہم a-daa sanj/fe-ham: (ف، صف فاعلی) تیور، مزاج یا روش کو پہچاننے والا، موقع اور مصلحت کو سمجھنے والا، اسم کیفیت مث، ادا سنجی / شناسی / فہمی۔

اداکار a-daa-kaar: (ف، افاعل) ڈرامے وغیرہ میں کام کرنے والا، تمثیل میں کسی فرد کے طور پر پیش ہونے والا، مثل، انگریزی لفظ Actor کا ترجمہ، مث: اداکارہ، مگر یہ غلط ہے اسم کیفیت مث: اداکاری

ادا کرنا a-daa kar-na(a): (ار، محاورہ ق) معشوقانہ ناز و انداز دکھانا۔

اَدا a-da(a): (ع، مذ و مث) بے باقی، چکتا، چکانا (قرض وغیرہ کا) سبکدوشی، بار اُترنا یا اُتارنا، ادائیگی، ادائی، اختتام، اتمام تکمیل، حد تک پہنچانا یا پہنچنا، انجام دہی، پورا کرنا، بیان یا اظہار مفہوم الفاظ کے مطابق آواز میں اُتار چڑھاؤ اور حرکات و سکنات کرنے کا عمل، بنا بنا کر پڑھنا یا گانا (فقہ) وہ عبادت جو مقررہ وقت پر بجالائی جائے۔

اداکاری a-daa-kaa-ri(i): (عف، مث) انجام دہی بجالانا، پورا کرنا ہے، باقی چکتا ایکٹنگ۔

اَدات a-daat: (ع، ز) آلات، اوزار، اسباب (قواعد) حرف، حروف۔

اِدارت i-daa-rat: (ع، مث) اخبار یا رسالہ ترتیب دینے اور اس کی نگرانی کرنے کا کام، جریدہ نگاری، مدیری، ایڈیٹری، کسی دوسرے کی کتاب کے مسودہ و دیگر مواد یا معلومات وغیرہ کو اصول طریقے پر ترتیب دینے تصحیح کرنے اور اُس پر حواشی وغیرہ لکھنے کا کام

ترتیب و تالیف۔

اِدارہ i-daa-ra(h): (ع، مذ) محکمہ، دفتر، سررشتہ، تنظیم جو کسی جمہوری مقصد کے لیے قائم ہو، مجلس، انجمن، جمع ادارات، ادارہ جات۔

اِداریہ i-daa-ri-ya(h): (ع، مذ) مقابلہ، افتتاحیہ، اخبار کے مدیر کا اپنا خاص مضمون، انگریزی لفظ Editorial کا ترجمہ۔

اُداس u-daas: (ہ، صفت، مث) غمگین، بد دل، بیزار، اُچاٹ پژمردہ، افسردہ، نڈھال، بے رنگ، کاغذ، ہونا، بے رونق اُجاڑ، ویران۔

اُداسی u-daa-si(i): (ار، مث) دیکھیے 'اُداس' جس کا یہ اسم کیفیت ہے، سنیاسی فقیر، بیراگی، نانک شاہی سادھو، جو سر گھٹاتے اور لنگوٹ باندھتے ہیں۔ (افعال: ہونا برسنا، چھانا)

اَدام اللہ a-daam-all-a(h): (ع، کلمہ دعا) خدا ہمیشہ برقرار رکھے۔

اَدانی a-daa-ni(i): (ع، مذ) دیکھیے 'ادنیٰ' جس کی یہ جمع ہے۔

اُداہٹ u-daa-haT: (ہ مث) وہ رنگ جو سرخی اور سیاہی ملنے سے پیدا ہوتا ہے۔

اَدائگی a-daa-ye-gi(i): (عف مث) رقم، محصول، لگان وغیرہ کا ادا ہونا۔

اَدائی a-daa-i(i): (ار، مث) دیکھیے 'ادا' جمع ادائیات

اَدب a-dab: (ع، مذ) عادات و مذاق میں اعلیٰ معیار یا اخلاقی اصول کی پابندی، شائستگی، تہذیب، تمیز کسی کی عظمت یا بزرگی کا پاس، حفظِ مراتب، احترام، نظم و نثر اور ان کے متعلقات، زبان کا سرمایہ، لٹریچر، ضابطہ، سلیقہ، تہذیب، جو ایک قوم کو دوسری قوم سے ممتاز کرے۔

اَدب العالیہ / عالیہ a-dab-(?)aa-li-ya(h): (ع، مذ) کسی زبان کا مستند سرمایہ جس کو ہمیشہ کے لیے بنیادی حیثیت حاصل ہو، اعلیٰ ادب، ارفع ادب

اَدب آداب / قاعدہ a-dab aa-daab: (ع، مذ) معاشرے کے پسندیدہ طور طریقے، دستور اور قاعدے، کسی کی عظمت اور بزرگی کا پاس و لحاظ، حفظ مراتب، احترام۔

اَدب آموز a-dab-aa-moz: (ع، ف، مذ، فاعل) تعلیم و تربیت دینے والا، تادیب کرنے والا، اُستاد، ادب سیکھنے والا، شاگرد، مودب، اسم کیفیت مث: ادب آموزی

اَدب برائے اَدب a-dab ba-raa-e-a-dab: (عف، مذ) ادبیات کا یہ نظریہ کہ ادب کا مقصد کلام میں محاسن لفظی و معنوی پیدا کر کے لطف اندوز ہوتا ہے اور ادب بجائے خود اپنا مقصود ہے۔

اَدب برائے زندگی a-dab-ba-raa-e zin-da-gi(i): (عف فقرہ) ادبیات کا یہ نظریہ کہ ادب کا مقصد زندگی کی عکاسی اور ہر شعبۂ زندگی سے سماجی تقاضوں کے مطابق بحث کرنا ہے۔

ادب پارہ a-dab paa-ra(h): (عف، مذ) ادبی قدر و قیمت رکھنے والی نظم و نثر۔

اَدَب دار a-dab daar: (عف، فاعل) شائستہ، مہذب، مؤدب، اسم کیفیت مث: اَدب داری

اَدَب داں a-dab-daaN: (عف افاعل) بیان کے علوم سے واقف، ادیب، عالم اسم کیفیت مث: ادب دانی

اَدَب قاعدہ a-dab-qaa-(e)i-da (h): (ع، مذ) دیکھیے 'ادب آداب'

اَدَب گاہ a-dab gaa(h): (عف، مث) تعلیم و تربیت کی جگہ، مدرسہ، وہ مقام جہاں سزا و تنبیہ کے

لیے رکھا جائے، ادب واحترام کی جگہ

اَدَب لحاظ a-dab li-haaz: (ع، مذ) عزت و احترام، شرم وحیا

اَدَبِ لَطیف a-daa-be-la-tiif: (ع، مذ) وہ تحریر جس میں حسن تخیل جذباتی تاثر اور اسلوب بیان کی خوبی نمایاں ہو۔

اَدَبَاْ - اُدَبَا a-dab-ba(a): (ع، مذ) 'ادیب' کی جمع ہے۔

اِدبار ad-baar: (ع، مذ) بدنصیبی، نحوست، پستی، بداقبالی، افلاس (ارفعال: پڑنا، آنا، چڑھنا، کھانا)

اَدبَدَاکر ad-ba-daa-kar: (ار، متعلق فعل) ہیر پھیر کر، لازماً، ازروئے تجربہ، دانستہ، عمداً، جان بوجھ کر، بے چینی یا اشتیاق کے ساتھ

اَدَبی a-da-bi(i): (ع، صف) دیکھیے، ادب جس سے یہ منسوب و متعلق ہے، مث: ادبیہ جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے۔

اَدَبِیّات a-da-bi-yaat: (ع، مث) لٹریچر، نظم و نثر، وہ مسائل یا علوم جو لٹریچر سے تعلق رکھتے ہوں۔

اَدَبِیّت ad-bi-yat: (ع، مث) ادب کا حسن، شان خصوصیت، اہمیت

اِدخال id-Kaal: (ع، مذ) شگاف یا کشادگی وغیرہ میں داخل کرنے کا عمل، شامل کرنا، شریک کرنا، ادا کرنا، جمع کرنا، داخلہ شمولیت، داخل پانا، دخیل ہونا۔

اِدخالی id-Kaa-li(i): (ع، صف) اندر سے تعلق رکھنے والا، اندرونی۔

اِدخِنہ id-Ki-na(a): (ع، مذ) دیکھئے، 'دُخان' جس کی یہ جمع ہے

اِدراج id-raaj: (ع، مذ) خلط ملط کیا جانا جس سے اصل مفہوم مشتبہ یا مبہم ہو جائے، خلط، مبحث، محدث کا حدیث کی روایت میں اپنے راوی کی بجائے اس سے اوپر کے راوی کا نام لینا اور ایسا لفظ اختیار کرنا جس سے سماع کا احتمال ہو۔

اِدرار id-raar: (ع، مذ) پیشاب کی زیادتی، بار بار پیشاب آنا، جاری ہونا، بہنا، زیادہ بارش ہونا، روزینہ، وظیفہ۔

اِدراک id-raak: (ع، مذ) دریافت کرنا، پانا، عقل سمجھ، فہم رسائی۔

اَدرَک ad-rak: (ف، مث) ایک جڑ جو خوشبودار ہوتی ہے اور خشک ہونے پر سونٹھ کہلاتی ہے۔

اِدِّعا id-di-(?)aa: (ع، مذ) دعویٰ کرنا، بے دلیل بات کہنا، اپنی طرف سے ایسی بات منسوب کرنا جو واقعہ میں نہ ہو، صف نسبتی ادعائی

اَدعِیہ ad-(?)i-ya(h): (ع، مث) دُعا کی جمع دعائیں۔

اَدعِیہ ماثورہ ad-(?)i-yah maa-suu-rah: (ع، مث) وہ دعائیں جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔

اِدغام id-Gaam: (ع، مذ) شامل کر دینا، ملا دینا، ایک جنس کے دو حرفوں کو ملا دینا۔

اَدَق a-daq: (ع، تفصیل) بڑا دقیق نہایت مشکل، بہت باریک

اَدَقچہ a-daq-chah: (ع، مذ) کار چوبی سفید حاشیہ کی چادر جو بطور آرائش تو شک کے اوپر بچھائی جاتی ہے اور اس کے حاشیہ دار کنارے باہر لٹکتے رہتے ہیں۔

اَدَل بَدَل، ادلا بدلا / ادلی بدلی a-dal badal: (ا، مذ) ایک چیز دے کر اُس کے بدلے میں دوسری چیز لینا، معاوضہ، مبادلہ تغیر، تبدل، الٹ پھیر، عوض،

اَدنٰے ad-na(a): (ع، تفصیل) کم رتبہ، چھوٹے

درجے کا، کمینہ، اعلیٰ کی ضد، تھوڑا، ذرا سا۔

اَدْوات ad-vaat: (ع، مث) دیکھئے 'ادات' جس کی یہ جمع ہے۔

اَدْوار ad-vaar: (ع، مذ) جمع دور کی، زمانے، عرصے، مدتیں، چکر

اَدْوان / ادْوائن ad-vaan: (ھ، مث) چارپائی کی پائنتی کسنے کی رسی وہ بان جو چڑھنے میں لگایا جاتا ہے۔

اَدْوِیَہ ad-vi-yah: (ع، مث) دیکھیے 'دوا' جس کی یہ جمع ہے۔ جمع الجمع: ادویات

اَدھ adh(a): (ھ، عدد کسری) دیکھئے 'آدھا' جس کا یہ مخفف ہے اور مرکبات میں بطور سابقہ آتا ہے۔

اُدھ سیری adh-se-ri(i): (ار، مث) آدھ سیر وزن کی کوئی چیز، وہ برتن جس میں آدھ سیر وزن کی کوئی چیز ٹک سکے یا سما سکے۔

اَدھ کچرا adh-kach-ra(a): (ار، صف) گدر پھل، آدھ کچا اور آدھ پکا پھل، ناتمام کام، مث: ادھ کچری۔

اَدْھنّا / اَدْھنّی a-dhan-na(a): (ار، مث مذ) آدھ آنا یا دو پیسے کا سکہ جواب متروک ہے۔

اَدّھا ad-dha(a): (ار، مذ) کسی مقدار معینہ کا نصف، شراب کی آدھی بوتل، ہر ایک چھوٹی بوتل، لاکھ اور کانچ کی چوڑیوں کے پورے جوڑے کا نصف۔

اُدھار u-dhaar: (ھ، مذ) قرض، نقد کی ضد۔

اُدھار پٹا u-dhaar-paT-Ta(a): (ھ، مذ) وہ تجارتی سمجھوتا جس میں قیمت بعد میں ادا کی جائے (Loan deed) کا ترجمہ

اُدھار کھاتا u-dhaar-khaa-ta(a): (ار، محاورہ) قرض لینا، کسی بات پر تُل جانا۔

اَدْھر a-dhar: (ھ، صفہ) بے سہارا، بین بین، متعلق، ادھر نہ اُدھر

اِدھر اُدھر i-dhar u-dhar: (ار، متعلق فعل) چاروں طرف، ارد گرد، آس پاس ایسی ویسی جگہ، دائیں بائیں، جگہ سے بے جگہ، بے محل، پراگندہ، تتر بتر، غائب ہونے اور ٹل جانے کی جگہ۔

اُدھر u-dhar: (ار، متعلق فعل) اس سمت، اُس طرف۔ وہاں، دور سابق، پیشتر، خدا کی طرف اشارہ۔

اَدھِراج / اَدھیراج a-dhii-raaj: (ھ، مذ) مہاراجا، بڑا راجا، راجاؤں کا راجا۔

اُدھڑنا u-dhaR-na(a): (ار، مص) سیون کھلنا، ٹانکے ٹوٹنا، بہت پٹنے اور مار کھانے کی وجہ سے کھال کا اُدھڑنا / اُڑ جانا / بدن سے پوست جدا ہو جانا۔

اَدھِک a-dhik: (س، صف) زیادہ، بہت زیادہ۔

اَدھِکار a-dhi-kaar: (ھ، مذ) حق، ورثہ، ترکہ، استحقاق، صف، اُدھکاری

اَدْھم ad-ham: (ع، مذ) سیاہ رنگ کا گھوڑا، مشکی گھوڑا، کالا سانپ

اُدھم uu-dham: (ھ، مذ) ہنگامہ، چیخ، پکار، شور وغل

اُوْدھمی uudh-mi(i): (ھ، فاعل) شور مچانے والا، فسادی۔

اَدھُورا a-dhuu-ra(a): (ھ، صف) ناقص، ناتمام، ناتمام، پورا کی ضد، مث: ادھوری

اَدھی a-dhi(i): (ھ، مث) نصف دمڑی یعنی پیسے کا آٹھواں حصہ، ایک قسم کا نہایت عمدہ سفید سوتی کپڑا۔

اَدھیائے adh-yaa-e: (س، مذ) باب، حصہ، سبق

اَدھیڑ a-dheR: (ار، صف) نہ نوجوان نہ بوڑھا، درمیانی عمر کا۔

اُدھیڑ u-dheR: (ھ، ا، امر) دیکھئے 'اُدھیڑنا' جس کا یہ

امر ہے اور اسم کیفیت ہے۔

اُدھیڑبُن u-dheR-bun: (ار، مث) سوچ بچار، فکر، تردد۔

اُدھیڑنا u-dheR-na(a): (ار، مص) سیون کھولنا، سلائی کے ٹانکے توڑنا، راز فاش کرنا، عیب نکالنا، کھال اتارنا، پرندے کے پر نوچنا، چھت، قبر کے اُوپر کا حصّہ اُکھاڑنا، خوب کھانا۔

ا۔ر

اَرا a-ra(a): (ہ، مذ) لکڑی چیرنے کے ایک اوزار کا نام 'آرا' فارسی لفظ 'آرہ' کا بگاڑ۔

اِرابہ i-raa-bah: (ف، مذ) چھکڑا، گاڑی، توپ کی گاڑی جس پر توپ کا سامان، گولہ بارود وغیرہ رکھتے ہیں۔

اِرادت i-raa-dat: (ع، مث) اعتقاد، عقیدہ، عقیدت، محبت، یقین، آرزو، تمنا۔

اِرادت مند i-raa-dat-mand: (عف، صف) معتقد، مرید، اسم کیفیت مث: ارادت مندی۔

اِرادہ i-raa-da(h): (ع، مذ) قصد، عزم خواہش، تمنا، ہمت (افعال: باندھنا، کرنا، رکھنا، ہونا)

اِرادی i-raa-di(i): (ع، صف) ارادہ سے منسوب، اختیاری

اراذِل a-raa-zil: (ع، مذ) دیکھیے 'اَرذَل' جس کی یہ جمع ہے۔

اَراضی a-raa-zi(i): (ع، مث) دیکھیے 'اَرض' جس کی یہ جمع الجمع ہے، کھیت، زمین

اَراضیات a-raazi-yaat: (ع، مث) دیکھیے 'اَرض' جس کی یہ جمع الجمع ہے۔

اَراضی اُفتادہ a-raazii-uf-taa-da(h): (عف، مث) غیر آباد زمین۔

اَراضی دریابُرد a-raa-zi(i) dar-yaa-burd: (عف مث) وہ اراضی جو دریا میں شامل ہو جائے / ڈوب جائے / جس پر دریا چلنے لگے۔

اراضی سکنی a-raa-zii sak-ni(i): (عف، مث) وہ اراضی جس پر سکونتی مکانات تعمیر کر کے سکونت اختیار کی گئی ہو۔

اَراضی شاملات a-raa-zii shaam-laat: (ع، ف، مث) مشترکہ زمین جو سارے گاؤں کی ہو۔

اَراضی معافی / بلا اخراج / بلا لگان a-raa-zii ma-(?)aa-fi(i) bi-laa-lagaan: (عف، مث) وہ اراضی جس پر لگان یا مال گزاری معاف ہو۔

اراکین a-raa-kiin: (ع، مذ) دیکھیے 'رُکن' جس کی یہ جمع الجمع ہے۔

اَرب a-rab: (ار، عدد) سو کروڑ

اَدھیلا a-dhe-la(a): (ہ، مذ) آدھا پیسہ، دو دمڑی کا سکہ، یادش بخیر

اَدھیچا a-dh-e-cha(a): (ہ، مذ) آدھی پائی، وہ کنکوا جو آدھے پیسے میں آتا تھا۔

اَدھیلی a-dh-e-li(i): (ہ، مث) نصف / آدھا روپیہ

اَدیان ad-yaan: (ع، مذ) دیکھیے 'دین' کی جمع ہے، مذہب

اَدیب a-diib: (ع، صف) علم و ادب کا ماہر، استاد، ادب سکھانے والا، اتالیق، زبان دان۔

ا۔ڈ

اَڈّا aD-Da(a): (ہ، مذ) بیٹھک جو پالتو پرندوں کے بیٹھنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔ جالی کاڑھنے اور

کاڑھنے اور کار چوبی بنانے کا چوکھٹا، کہاروں کی ڈولیوں، گاڑیوں، گدّوں موٹروں وغیرہ کے کھڑے ہونے کا مقام، فاحشہ اور بدکار عورتوں کی بدکاری کی مقررہ جگہ، چکلا، جوتے کی ایڑی، کسی شخص کے اکثر بیٹھنے کی جگہ۔

ا۔ذ

أذان a-zaan: (ع، مث) عربی کے وہ جملے (مخصوص) جو مسجد میں نماز سے تھوڑی دیر پہلے ایک شخص بلند آواز سے کہتا ہے تاکہ نمازی نماز کے لیے اکٹھے ہو جائیں، پکار، بانگ، آگاہی، اطلاع (افعال: دینا/ کہنا)

أذعان az-(?)aan: (ع، مذ) یقین، اعتبار، فرماں برداری، اطاعت، اعتماد، اعتقاد

أذقان az-qaan: (ع، مث، ج) ذقن کی جمع ہے، ٹھوڑی۔

أذکار az-kaar: (ع، مذ ج) ذکر کی جمع ہے۔

أذکیا az-ki-ya(a): (ع، صف ج) 'ذکی' کی جمع ہے۔

أذواق az-daaq: (ع، مذ) دیکھیے 'ذوق' جس کی یہ افعال کے وزن پر جمع بنائی گئی ہے۔

أذہان az-haan: (ع، مذ) دیکھیے 'ذہن' جس کی یہ جمع ہے۔

أذیت a-zi-yat: (ع، مث) تکلیف، دکھ، مصیبت، گزند۔

ا۔ر

أرباب ar-baab: (ع، مذ) 'رب' کی جمع، صاحبان، مالک، پرورش کرنے والے۔

أربابِ اِقتدار ar-baa-be-iq-ti-daar: (عف، مذ) بااختیار، بااقتدار لوگ، صاحبانِ قوت

أربابِ بصیرت ar-baa-be-ba-sii-rat (عف، مذ) ذی فہم، ذی شعور، زیرک روشن دماغ لوگ

أرباب پرستی ar-baab pa-ras-ti: (ع، مث) ایک سے زیادہ خداؤں کی پرستش۔

اربابِ دانش ar-baa-be-daa-nish: (عف، مذ) صاحبِ علم لوگ

اربابِ دولت ar-baa-be-dau-lat: (عف، مذ) صاحبانِ دولت و حکومت، اُمراء، حکام

اربابِ سخن ar-baa-be-su-Kan: (عف، مذ) شعرا، اُدَبا۔

أربابِ سیر ar-baa-be-ser: (عف، مذ) قانون شریعت کا نفاذ کرنے والے لوگ، حکام قضاۃ۔

اربابِ عدالت ar-baa-be-(?)a-daa-lat: (عف، مذ) مصنفین، انصاف کرنے والے لوگ، قاضی، جج وغیرہ

اربابِ عشرت ar-baa-be-i(?)sh-rat: (عف، مذ) عیش کرنے والے، محفل عشرت کے نزدیک

اربابِ علم ar-baa-be-i(?)lm: (عف، مذ) صاحبانِ علم، علماء، فضلا،

أربابِ معنی ar-baa-be-ma(?)-ni(i): (عف، مذ) خدا شناس، حقیقت شناس، عارف و زاہد لوگ

أربابِ نشاط ar-baa-be-ni-shaat: (عف، مذ) گانے بجانے والے لوگ، ڈوم قوال، کنچن، میراثی وغیرہ۔

أربابِ نظر/ بینش ar-baa-be-na-zar: (عف، مذ) عقل و شعور رکھنے والے لوگ۔

اربابِ ہمم ar-baa-be-hu-mam: (عف، مذ)

ہمت یا حوصلہ رکھنے والے لوگ، دریا دل سخی۔

اَربابِ ہُنر ar-baa-be-hu-nar: (عف، مذ) صاحبانِ فن، فن کار

اَربع ar-ba(?): (ع، اعدد) چار

اَربعہ عناصر ar-ba-(?)-eh-(?)a-naa-sir: (ع، مرکب عددی) چار عنصر، آگ، پانی مٹی، ہوا۔

اَربعہ مُتناسبہ ar-ba(?)-mut-naa-sa-ba(h): (ع، مذ) حساب کا ایک قاعدہ جس میں چار ہم نسبت عدد ہوتے ہیں۔ ان میں سے اگر ایک عدد نامعلوم عدد دریافت کر سکتے ہیں۔

اَربعین ar-ba-(?)iin: (ع، عدد) چالیس، حضرت امام حسینؑ کا چہلم جو 20 صفر کو منایا جاتا ہے۔ چالیس حدیثوں کا مجموعہ۔

اِرتباط ir-ti-baat: (ع، مذ) میل جول دوستی، تعلق، واسطہ، بےتکلفی، آشنائی۔

اِرتجالاً ir-ti-jaa-lan: (ع، متعلق فعل) فوری طور پر، بےساختہ طور پر۔ فی البدیہہ

اِرتحال ir-ti-haal: (ع، مذ) موت، مر جانا، رحلت، کوچ، سفر

ارتداد ir-ti-daad: (ع، مذ) مُرتد ہو جانا، اسلام سے انحراف، مسلمان سے کافر ہو جانا، مذہب چھوڑ دینا

اِرتعاش ir-ti(?)aash: (ع، مذ) رعشہ، کپکپی، کانپنا۔

اِرتفاع ir-ti-faa(?): (ع، مذ) بلندی، اونچائی، مرتبہ، عروج، ترقی، سرفرازی

اِرتفاع پیما ir-te-faa(?) pe-ma(a): (ع، مذ) ستاروں یا مقامات کی بلندی ناپنے کا آلہ

اِرتقا ir-te-qa(a): (ع، مذ) ترقی، اوپر چڑھنا، بتدریج بڑھنا۔

اِرتکاب ir-ti-kaab: (ع، مذ) کسی کام کا کرنا، اختیار کرنا، عمل کرنا، ناجائز کام میں ہاتھ ڈالنا۔

اِرتکاز ir-ti-kaaz: (ع، مذ) ایک جگہ اکٹھا کر دینا، جمع کر دینا،

اَرتھ arth: (س، مذ) کسی چیز کی اصل، مادّہ، مطلب۔

اَرتھی ar-thi(i): (ہ، مث) ہندوؤں کا جنازہ۔

اِرتیاب ir-ti-yaab: (ع، مذ) شک، شبہ

اِرث irs: (ع، مث) میراث، ترکہ، ورثہ۔

اِرجاع ir-jaa(?): (ع، مذ) رجوع کرنا، دائر کرنا۔

اَرجل ar-jal: (ع، مذ) بڑے پاؤں کا آدمی، وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید اور تین کسی اور رنگ کے ہوں جسے منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

اَرجمند ar-ja-mand: (ف، صف) قدر و قیمت والا، ذی رتبہ، ذیشان

اَرجنٹ ar-jenT: (انگ صف) urgent ضروری فوری تاکیدی۔

اَرحام ar-(?)aam: (ع، مذ) دیکھیے 'رحم' جس کی یہ جمع ہے۔

اَرحم ar-ham: (ع، تفصیل) بہت زیادہ رحم کرنے والا، سب سے بڑا مہربان، اللہ تعالیٰ۔

اَرحم الرّاحمین ar-ha mur-ra-h-miin: (ع، مرکب اضافی) مہربانوں میں سے سب سے بڑا مہربان، اللہ تعالیٰ۔

اُرد urd: (ہ، مذ) ایک مشہور غلّہ جس کے دانے سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں اور ان پر بہت چھوٹا سا سفید دھبا ہوتا ہے، ماش۔

اُردا بیگنی ur-daa-be-ga-ni(i): (ار، ت، مث) وہ عورت جو مردانہ لباس پہن کر محلات میں انتظام اور پہرہ چوکی کے فرائض انجام دے، سپاہی عورت۔

اِرْدگرْد / اردگرد ird-gird: (ف، متعلق فعل) آس پاس، اِدھر اُدھر، چوگرد۔

اَرْدَلی ar-da-li(i): (ار، مذ) انگریزی لفظ (ordearly) کی اردو شکل، چپراسی جو حکام کے اجلاس پر حکم پہنچانے اور انتظام رکھنے کے لیے ہوتا ہے، امیروں کی سواری کا جلوس۔ سواری کے ساتھ رہنے والے سپاہی

اُردُوْ ur-duu: (ت، مذ) لشکر گاہ، لشکر، فوج

اُردُوْ ur-duu: (ار، مث) برصغیر میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان جس کا ایک نام ہندوستانی بھی ہے۔ پاکستان کی قومی و سرکاری زبان۔ کشمیر کی پہلی اور ہندوستان میں دہلی، اتر پردیش، بہار، ہماچل پردیش، مغربی بنگال اور آندھرا پردیش کے مختلف اضلاع کی دوسری سرکاری زبان

اُردی بہشت ur-di ba-hisht: (ف، مذ) ایک ایرانی مہینے کا نام جو موسم بہار میں آتا ہے اور اپریل کے مطابق ہوتا ہے۔

اَرْذَل ar-zal: (ع، تفصیل) انتہائی گھٹیا، بے حد کمینہ، رزیل ترین، بہت ذلیل۔

اَرَرَرَ a-ra-ra: (ار، صوت) حیرت و استعجاب کے موقع پر آواز منہ سے نکلتی ہے۔

اَرْڑانا ar-Raa-na(a): (ار، مص محاورہ عامیانہ) چیخنا، چلاّنا۔

اَرْز arz: (ف، مث) قیمت، قدر

اَرزاق ar-zaaq: (ف، مذ ج) دیکھئے 'رزق' جس کی یہ جمع ہے۔

اَرزاں ar-zaaN: (ف، صف) سستا، کم قیمت، گراں کی ضد۔

اَرزانی ar-zaa-ni(i): (ف، مث) سستا پن، بے قدری، کثرت، زیادتی۔

اَرْزِش ar-zish: (ف، مث) قیمت، وقعت۔

اَرْژَنگ ar-zang: (ف، مذ) قدیم چین کا ایک بے مثال نقاش و مصوّر، عام خیال کے مطابق مشہور مصوّر مانی کا نگارخانہ ایک دیوتا کا نام جس کو ایران کے مشہور پہلوان رستم نے شکست دی تھی، قدیم توران کا ایک پہلوان جو طوس کے ہاتھوں مارا گیا تھا۔

اِرْسال ir-saal: (ع، مذ) وہ روپیہ جو علاقوں سے وصول کر کے علاقہ دار کی سرکار میں بھیجا جاتا ہے۔ مال گزاری کی رقم جو زمیندار سرکاری خزانہ میں جمع کراتا ہے۔ تحفہ، سوغات

اِرسال کرنا ir-saal-kar-na(a): (ع، ار، مص مرکب) بھیجنا، روانہ کرنا۔

ارسطوُ a-ras-tu(u): (یو، اعلم) مشہور یونانی فلسفی و حکیم جو افلاطون کا شاگرد اور سکندر اعظم کا استاد تھا، کنایۃً، دانا، عالم، فاضل۔

اِرشاد بجا لانا ir-shad ba-jaa laa-na(a): (ار، محاورہ) حُکم کی تعمیل کرنا۔

اَرشَد ar-shad: (ع، تفصیل) بہت زیادہ ہدایت یافتہ، بہت نیک، اطاعت گزار۔

اَرشَق ar-shaq: (ع، تفصیل) بہت اچھے قد والا، خوش قد

اَرض arz: (ع، مث) زمین، علاقہ، ملک، کھیت، صف نسبتی، ارضی

اَرضِ مُقدّس ar-ze-mu-qad-das: (ع، مث) فلسطین۔

اَرضِیات ar-zi-yaat: (ع، مذ) زمین کے طبقوں کا علم، علم طبقات الارض، انگریزی اصطلاح (Geology) کا ترجمہ۔

اَرغَن ar-Gun: (ف، یو، مذ) ایک باجا جس کا

موجد افلاطون کو بتایا جاتا ہے (مقابلہ کیجیے انگریزی لفظ organ)
اَرْغَواں ar-Ga-vaaN: (ف، مذ) ایک خوش نما زردی مائل سُرخ رنگ کا پھول، جس کا مزہ میٹھا ہوتا ہے، سُرخ، سرخ رنگ (مجازاً)
اَرْغوانی ar-Ga-vaa-ni(i): (ف، صف) ارغواں سے نسبت رکھنے والا، سرخ، نارنجی
اَرْفَع ar-fa(?): (ع، تفضیل) سب سے بلند، بہت اونچا
اَرْقام ar-qaam: (عف، مذ) فارسی والوں نے عربی مادہ 'رقم' سے افعال کے وزن پر ارقام بنالیا جو عربی میں مستعمل نہیں، تحریر، کتابت، نگارش، لکھنا، لکھائی۔
اَرْکان ar-kaan: (ع، مذ) رُکن کی جمع ہے، ستون
اَرکانِ دَولت / سلطنت ar-kaan-e-dau-lat: (ع، مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی) اُمراء، وزراء، حکومت کے اعلیٰ عہدیدار۔
اَرگجا ar-ga-ja(a): (ہ، مذ) ایک مرکب سفوف کا نام
اَرگن ar-gan: (انگ، مذ) organ کی اُردو شکل دیکھیے 'ارغن'
اِرَم i-ram: (ع، مذ) ایک شہر کا نام جس میں قوم عاد آباد تھی، بہشت ایک بے نظیر باغ جو یمن کے بادشاہ شدّاد نے بنوایا تھا۔ بہشت شداد، بہشت، جنت۔
اَرمان ar-maan: (ف، مذ) تمنا خواہش، آرزو، حوصلہ، حسرت۔
ارمُغاں ar-mu-GaaN: (ف، مذ) ہدیہ، تحفہ، سوغات۔
اَرنا ar-na(a): (ف، مذ) جنگلی اُپلا، مویشیوں کا وہ گوبر جو جنگل میں پڑا پڑا خشک ہو جائے۔
اَرنا بھَینسا ar-na(a) bhaiN-sa(a): (ہ، مذ) جنگلی بھینسا جو بہت موٹا اور شہ زور ہوتا ہے، موٹا آدمی۔
اَرنڈی a-ran-Di(i): (ہ، مذ) ایک درخت، جس کے پتے بہت چوڑے اور کناؤں والے ہوتے ہیں اور لکڑی کمزور ہوتی ہے، بیجوں کا تیل نکالتے ہیں۔
اَرنڈ خربُوزہ a-ranD Kar-buu-za(h): (ہ، مذ) ایک مشہور پھل اور اُس کا درخت، درخت کی شکل ارنڈ کی مانند اور پھل خربوزہ کی مانند ہوتا ہے، پپیتا
اَرنڈ کی جڑ a-ranD ki jaR: (ار، مرکب اضافی مث) مجازاً نہایت بودا یا ورنا پائیدار، چیز۔
اَرنڈی a-ran-Di(i): (ہ مث) ارنڈ کے بیج
اَرنڈی کا تیل a-ran-Di(i) kaa tel: (ار، مذ) ارنڈ کے بیج سے نکالا ہوا تیل، جو عموماً جلاب لینے کے لیے پیا جاتا ہے۔ کسٹر آئل
اَرِنی a-ri-ni(i): (ع، تلمیح) مجھے اپنا جلوہ دکھا، کوہ طور پر حضرت موسیٰ نے اللہ تعالیٰ سے یہ درخواست کی تھی کہ مجھے اپنا جلوہ دکھا۔ جس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے 'لن ترانی' کہا تھا یعنی تو نہیں دیکھ سکے گا۔ قرآن مجید میں اس کا ذکر موجود ہے۔ یہ فقرہ اسی واقعہ کی جانب اشارہ ہے۔
اَرِنی گو a-ri-ni(i) go: (عف، فاعل) ارنی کہنے والا، مراد ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام۔
ارْواح ar-vaa(h): (ع، مث، ج) دیکھیے 'روح' جس کی یہ جمع ہے، اُردو میں بطور واحد بمعنیٰ 'رُوح' بھی مستعمل ہے۔
اَرواحِ خبیثہ ar-vaa-he-Ka-bii-sa(h): (ع، مرکب توصیفی، بترکیب فارسی) بدروحیں، بھوت پریت۔
اَرْوی ar-vi(i): (ہ، مث) کچالو کی قسم سے ایک

ترکاری، جڑ

اَرّہ کش ar-rah-kash: (ف، فاعل) آرا کھینچنے والا، آرے کے ساتھ لکڑیا چیرنے والا، اسم کیفیت مث: ارّہ کشی۔

اَرہر ar-har: (ھ، مث) ایک قسم کا غلہ اور دال

اَری a-ri(i): (ار، کلمہ خطاب) مونث کو پکارنے کے لیے کہتے ہیں۔

اَرے a-re: (ار، کلمہ خطاب) مذکر کو پکارنے کا کلمہ، اس میں تحقیر پائی جاتی ہے، کلمہ تعجب۔

اَرے رے رے a-re-re-re: (ار، کلمہ تعجب) انتہائی حیرت، تعجب کے اظہار کے لیے بولتے ہیں۔

اُریب u-riib: (ف، صف) آڑا ترچھا

اُریب واں u-riib-vaaN: (ار، صف) ترچھا، آڑا

ا۔ڑ

اَڑ aR: (ھ، مث) ضد، ہٹ، تعصب، تنفّس، سُدّہ۔

اَڑا a-Ra(a): (ار، فعل ماضی) 'اڑنا' کا صیغہ ماضی مطلق ہے۔

اُڑان u-Raan: (ھ، ر، مث) پرواز، اڑنے کی کیفیت۔

اُڑانا (بضم اوّل) u-Raa-na(a): (ار، مص) کسی پرند کو پرواز میں لانا، پتنگ یا کنکوے کو بڑھانا، کاٹنا، قلم کرنا، نقل کرنا، غائب کر دینا، چرا لینا، فریب دینا، بھگا لانا، رونق دینا، چمکانا، تیز لے جانا، دوڑانا، غائب کر دینا، چرا لینا، فریب دینا، بھگانا، بھگا لانا، رونق دینا، چمکانا، تیز لے جانا، دوڑانا، حد سے بڑھانا، برباد کرنا، مغرور کر دینا، تناول کرنا، نوش کرنا، لوٹنا، حاصل کرنا، چھیلنا، اکھاڑ کر پھینک دینا، بارود گولے وغیرہ سے گرانا، ہلاک کرنا، تان وغیرہ لینا، گانا، ہوا میں پریشان کرنا، برباد کرنا، ترک کرنا، قطع نظر کرنا، ہنسی میں ٹال دینا، لگا تار اشنا۔

اُڑاؤ u-Raa-uu: (ار، فاعل) فضول خرچ، گھر لٹا دینے والا۔

اَڑتالیس aR-taa-liis: (ار، عدد) چالیس اور آٹھ کا مجموعہ

اُڑتی uR-ti(i): (ار، صف مفعولی) اڑتی ہوئی، تول میں کچھ کم۔

اُڑتی بیماری uR-ti(i) bii-maa-ri(i): (ار، مث) وہ بیماری جو ایک دوسرے کو لگ جائے، متعدی مرض۔

اُڑتی تَول uR-ti taul: (ار، مث) کم تولنا

اُڑتی سی خبر uR-tii sii Ka-bar: (ار، مث) افواہ، سنی سنائی، بے تحقیق بات۔

اڑتیس aR-taa-liis: (ار، عدد) تیس اور آٹھ کا مجموعہ

اَڑچن aR-chan: (ار، مث) رکاوٹ، دقت۔

اُڑس u-Ras: (ار، مذ) کھٹل، اُڑسنا مصدر سے صیغہ امر۔

اَڑسٹھ aR-saTh: (ا، عدد) ساٹھ اور آٹھ کا مجموعہ۔

اَڑگڑا aR-ga-Ra(a): (ار، مذ) وہ مقام جہاں گھوڑے کو سدھاتے ہیں۔

اُڑن u-Ran: (ھ، مث) پروانہ، اڑنا مصدر سے حاصل مصدر اور سابقہ

اَڑنا aR-na(a): (ار، مص) جگہ سے نہ سرکنا، سرکشی کرنا، جمنا، قائم ہونا، پھنسنا، رُکنا، نکل نہ سکنا، سد راہ ہونا، غافل ہونا، ضد کرنا، مچلنا، چُبھنا، گڑنا

اُڑنا uR-na(a): (ار، مص) پرواز کرنا، کٹ کر علیحدہ ہو جانا، چوری ہونا، بہت جلد صرف ہو جانا، بھاگ جانا، مٹنا، اُدھڑنا، گانا، اُچٹنا، ویرانی ہونا، تباہ و برباد

ہونا، تیز چلنا۔
اُڑنا گن / ناگنی uR-na-gan: (ار، مث) اُڑنے والی سانپن، سانپن جو اُڑ کر کاٹتی ہے۔
اُڑن تشتری u-Ran tash-ta-ri(i): تشتری کی شکل کی اڑنے والی مشین، اس کی حقیقت ابھی معلوم نہیں ہوئی، البتہ بعض جگہ اڑتی ہوئی دکھائی دی ہے۔
اُڑن کھٹولا u-Ran-kha-To-la(a): (ار، مذ) پرانے قصّے کہانیوں میں پریوں کے اڑنے والا تخت۔
اڑنگا a-Ran-ga(a): (ہ، مذ) کشتی کا ایک داؤ جس میں ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر گرا دیتے ہیں، رخنہ، جھمیلا۔
اُڑن گھائی u-Ran ghaa-i(i): (ار، مث) دیکھئے 'اُڑان گھائی' جو زیادہ فصیح ہے۔ جھوٹی سچی نقرے بازی، فریب دہی، چالاکی۔
اُڑواڑ uR-vaaR: (ہ، مث) وہ لکڑی جو پرانی چھت کے نیچے گر پڑنے کے خوف سے لگا دیتے ہیں۔
اَڑوس پڑوس a-Ros pa-Ros: (ار، مذ) آس پاس، پڑوس، ہمسایہ، نزدیکی، قریب
اڑوسی پڑوسی a-Ro-si(i) pa-Ro-si(i) (ہ، مذ) ہمسائے، پڑوس میں رہنے والے۔
اُڑھانا u-Rha-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'اوڑھنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
اُڑھائی a-Rhaa-i(i): (ار، عدد) دو اور آدھے کا مجموعہ (ڈھائی) مختصر، عارضی۔
اَڑھیّا a-Rha-iy-ya(a): (ار، مث) اڑھائی سیر وزن کا باٹ۔
اَڑی a-Ri(i): (ہ، مث) مشکل وقت، مصیبت کا زمانہ۔
اِزدحام az-di-haam~iz-di-haam: (ع، مذ) ہجوم، بھیڑ، جمگھٹا
اِزدِواج iz-di-vaaj: (ع، مذ) جوڑا بنانا، نکاح کرنا، نکاح، بیاہ،
اِزدیاد iz-di-yaad: (ع، مذ) زیادہ ہونا، کثرت، زیادتی۔
اَزرق az-raq: (ع، صف) نیلا، نیلگوں
ازرق چشم az-raq chashm: (عف، صف) نیلی آنکھوں والا، گربہ چشم، بے مروّت
اَزکیا az-ki-ya(a): (ع، صف ج) دیکھیے 'زکی' جس کی یہ جمع ہے۔
اَزَل a-zal: (ع، صف، ج) وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا وانتہا نہ ہو، صف نسبتی: اَزَلی۔
اَزمان az-maan: (ع، مذ، ج) دیکھیے 'زمن' جس کی یہ جمع ہے
اَزمنہ az-mi-na(h): (ع، مذ، ج) دیکھئے 'زمانہ' جس کی یہ جمع ہے،
اَزواج az-vaaj: (ع، مث) زوج کی جمع، جوڑے، بیویاں
اَزواجِ مُطہّرات az-vaa-je-mu-tah-ha-raat: (ع، مرکب توصیفی بترکیب فارسی) پاک بیبیاں کنایۃً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں۔
اَزہَر az-har: (ع، تفضیل) بہت روشن، چمکیلا، خوبصورت، مصر کی مشہور درس گاہ جو مصر کے فاطمی حکمران نے قائم کی تھی اور اب تک موجود ہے۔ جامعۂ ازہر۔

اـژ

اَژدر az-dar: (ف، مذ) دیکھیے 'اژدہا'۔
اَژدر موسیٰ az-dar muu-sa(a): (ف، تلمیح، مذ)

حضرت موسیٰ کے عصا کی طرف اشارہ ہے جس کو حضرت موسیٰ زمین پر ڈالتے تھے تو اژدہا بن جاتا تھا۔

اژدہا az-da-ha(a): (ف، مذ) بہت بڑا اور موٹا سانپ

اِژدہام iz-da-haam~az-da-haam: (ار، مذ) دیکھیے 'اژدحام' جو صحیح ہے، بھیڑ بھاڑ۔

ا۔س

اِس is: (ار، اشارہ قریب) اشارہ قریب 'یہ' کی مغیرہ صورت۔

اِس پر بھی is par bhi (i): (ار، متعلق فعل) باوجود اس کے، اتنا کچھ لینے کے بعد بھی، ایسی حالت میں بھی۔

اِس طرح is-ta-rah: (ار، متعلق فعل) یوں، اس طریقہ سے۔

اِس قدر is-qa-dar: (ار، متعلق فعل) اتنا۔

اُس us: (ار، اشارہ بعید، ضمیر غائب) وہ کی مغیرہ صورت

اُس پر us-par: (ار، متعلق فعل) اُس وجہ سے

اساتِذہ a-saa-ti-za(h): (ع، مذ، جمع) اُستاذ کی جمع، کاملانِ فن، ماہرین معلمین

اُسارا u-saa-ra(a): (ہ، مذ) ریشم کا ڈورا جس پر تار چڑھا کر کلابتوں بناتے ہیں، آبِ زلال، دواؤں کا نتھار۔

اُسارا u-saa-ra(a): (ہ، مذ) چھپر، سائبان چھجہ۔

اَسارت a-saa-rat: (ع، مث) اسیری، قید، گرفتاری۔

اُسارنا a-saar-na(a): (ار، مص) پانی نکالنا، دوا بھگو کر اُس کا آبِ زلال لینا، عمارت بنانا، علیحدہ کرنا، ہٹانا، ختم کرنا۔

اساڑھ a-saaRh: (ہ، مذ) بکرمی سال کا تیسرا مہینہ جو برسات کا پہلا اور فصلی سال کا دسواں مہینہ ہوتا ہے۔

اَساڑھی a-saa-Rhi(i): (ہ، مث) فصل ربیع، وہ فصل جو اساڑھ کے مہینہ میں اٹھائی جائے، ہندوؤں کا ایک تہوار۔

اَساس a-saas: (ع، مث) بنیاد، بنا، نیو، جڑ، کرسی (مکان وغیرہ کی) صفت نسبتی: اساسی۔

اساطیر a-saa-tiir: (ع، مث) اُسطورہ کی جمع، قصے، کہانیاں، کہاوتیں۔

اَساطین a-saa-tiin: (ع، مذ) اُسطوانہ کی جمع، بہت سے ستون۔

اسافل asa-fil: (ع، تفضیل) اسفل کی جمع، نہایت کمینے لوگ۔

اسالیب a-saa-liib: (ع، مذ) اُسلوب کی جمع، طریقہ، ڈھنگ، وضع۔

اسامی a-saa-mi(i): (ع، مذ) اسم کی جمع الجمع۔

اَسامی a-saa-mi(i): (ہ، مث) کسان، کاشتکار، گاہک، خریدار، مقروض، عہدہ، نوکری، ملازمت، جواریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو کھیل اچھی طرح نہ جانتا ہوا اور اکثر ہارتا رہتا ہو، دولت مند، مالدار۔

اسامی شِکمی a-saa-mii shik-mi(i): (ار، مث) کسی پٹی کا شریک، چھوٹا کسان، اندرون شریک، ماتحت کاشتکار۔

اَسامی غیر موروثی a-saa-mii Ger mo-ruu-si(i): (ار، مث) دوامی کاشت کا حق نہ رکھنے والا کاشت کار۔

اسامی مستقل a-saa-mi(i) mus-ta-qil: (ار، مث) وہ کاشت کار جو مالک تو نہ ہو لیکن مقررہ لگان ادا کرتے رہنے کی صورت میں بے دخل نہ کیا

جا سکے۔

اسانید a-saa-niid: (ع،مث) سند کی جمع الجمع، وہ کتابیں جن میں حدیثیں مع راویوں کے ناموں کے لکھی گئی ہیں۔

اَساوَری a-saa-va-ri(i): (ھ، مث) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا، ایک راگنی۔

اَسباب as-baab: (ع، مذ، جمع) سبب کی جمع، وجوہ، بواعث، واجب، بطور واحد سامان، اثاثہ۔

اَسباط a-sa-baat: (ع، مذ) جمع سبط کی، پوتے پوتیاں، دوہتے دوہتیاں

اَسباق as-baaq: (ع، مذ) دیکھئے 'سبق' جس کی یہ جمع ہے۔

اَسبغول / اَسپغول a-sab-Gol: (ف، مذ) ایک قسم کا لُعابدار تخم جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے، اسپ بمعنی گھوڑا غول بمعنی کان چونکہ یہ گھوڑے کے کان سے مشابہ ہوتا ہے۔ اس لیے یہ نام پایا ہے۔

اَسپ asp: (ف، مذ) گھوڑا، شطرنج کا مُہرہ، جو گھوڑے کے ہم شکل ہو، صفت نسبتی: اسپی

اَسپات as-paat: (ھ، مذ) ہندی اسپات جس کی اصل پرتگالی اسپاڈ ہے۔ بمعنی ایک قسم کا عمدہ اور پختہ لوہا جو فولاد سے دوسرے درجہ پر خیال کیا جاتا ہے۔

اَسپتال as-pa-taal: (انگ، مذ) Hospital شفاخانہ، بیمارستان

اسپرنگ is-pring: (انگ، مذ) انگریزی Spring ایک پیچ دار کمانی جس میں لچک ہوتی ہے۔

اِسپَند is-pand: (ف، مذ) ایک قسم کا تخم جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔ کالا دانہ (حرمل) جو ہوا صاف کرنے اور نظر بد کا اثر دور کرنے کے لیے جلایا جاتا ہے۔

اَسپی طاقت as-pi-taa-qat: (ار، مث) گھوڑے کی طاقت، اتنی طاقت جس سے ساڑھے پانچ سو پونڈ وزن ایک سیکنڈ میں ایک فٹ اُٹھایا جا سکے۔

اسپیچ is-piich: (انگ، مث) انگریزی Speech تقریر۔

اِسپیڈ is-piiD: (انگ، مث) Speed رفتار، قوت کار

اِسپیشلسٹ is-pe-sha-list: (انگ، مذ) ماہر خصوصی، متخصص۔

اِسپیکر is-pii-kar: (انگ مذ) انگریزی Speaker مقرر، مجلس قانون ساز کا صدر

اُستاد us-taad: (ف، مذ) معلم، تعلیم دینے والا، سکھانے والا، پڑھانے والا۔

اِستادہ is-taa-da(h): (ف، صف) کھڑا، قائم، اسم کیفیت، مث: استادگی

اُستادی us-taa-di(i): (ف، مث) استاد سے اسم کیفیت، مہارت اور کمال، عیاری، چالاکی۔

اُستاذ us-taaz: (ع، مذ) دیکھیے 'استاد' جس کا یہ معرب ہے۔

اُستا کار us-taa kaar: (ف، مذ) استاد، ماہر فن، چالاک، اسم کیفیت، اُستا کاری۔

اُستانی us-taa-ni(i): (ار، مث) دیکھئے 'استاذ' جس کی یہ اُردو قاعدہ کے مطابق تانیث ہے۔

اِستبداد is-tib-daad: (ع، مذ) مطلق العنان ہونا، ظلم، جور، ستم۔

استبدادی is-tib-daa-di(i): (ع، صف) استبداد سے منسوب

اِستبدادیّت is-tib-da-di-yat: (ع، مث) مطلق العنان نظام حکومت، ظالمانہ نظام

اِستبرق is-tab-raq: (ع، مذ) (استبرہ کا معرب)

اطلس کی قسم کا ایک ریشمی کپڑا جو بہت چمکدار ہوتا ہے۔
اِستبصار is-tab-saar: (ع، مذ) غور کرنا، سمجھنا، دانائی، سمجھ بوجھ۔
اِستثنا is-tis-na(a): (ع، مذ) کسی عام حکم یا قاعدہ سے کسی کو الگ کرنا، علیحدگی، الگ ہونے کی کیفیت۔
اِستجابت is-ti-jaa-bat: (ع، مث) التجا کو سُننا، قبول کرنا، قبولیت۔
اِستحاضہ is-ti-ha-za(h): (ع، مذ) بہت حیض آنا، بے وقت حیض آنا، کثرتِ حیض۔
اِستحالہ is-ti-haa-la(h): (ع، مذ) حالت کی تبدیلی، تبدیل، ہیئت، قلب ماہیت
اِستحباب is-tih-baab: (ع، مذ) دوست رکھنا، اچھا جاننا، شرعی اصطلاح میں کوئی ایسا کام جس کا کرنا ثواب کا باعث ہو اور نہ کرنا گناہ کا باعث نہ ہو، مستحب ہونا۔
اِستحسان is-tih-saan: (ع، مذ) اچھا جاننا، پسند کرنا، پسندیدگی
اِستحصال is-tih-saal: حاصل کرنا، حاصل کرنے کی خواہش، انگریزی لفظ Exploit at ion کا ترجمہ، چھین لینا، چھین لینے کا عمل یا کیفیت۔
اِستحضار is-tih-zaa-r: (ع، مذ) حاضری چاہنا، یادداشت، یاد
اِستحقاق is-tih-qaaq: (ع، مذ) حق طلب کرنا، حق جتانا، مستحق ہونا، حق دعوٰی، قابلیت، اختیار (انگریزی لفظ Privilege کا ترجمہ)۔
اِستحکام is-tih-kaam: (ع، مذ) مضبوطی چاہنا، مضبوطی، پختگی، استقلال۔
اِستخارہ is-ti-Kaa-ra(h): (ع، مذ) بھلائی چاہنا، طلب خیر، کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کی نسبت مقررہ طریق سے دُعا وغیرہ پڑھ کر اشارہ غیبی چاہنا۔
اِستخراج is-tiK-raaj: (ع، مذ) نکالنا، چھانٹنا، علیحدہ کرنا، بڑی رقموں میں سے چھوٹی رقموں کو تفریق کرنا۔
اِستخفاف is-tiK-faaf: (ع، مذ) ہلکا سمجھنا، خفیف سمجھنا، حقارت، خفت، سبکی۔
اِستخلاص is-tiK-laas: (ع، مذ) چھڑوانے کی کوشش کرنا، خلاصی، رہائی۔
اِستخلاف is-tiK-laaf: (ع، مذ) جانشین کرنا، خلیفہ بنانا۔
اُستخواں us-tuK-vaaN: (ف، مذ) ہڈی۔
اُستخواں فروشی us-taK-vaaN fa-ro-shi(i): (ف، مث) مرے ہوئے باپ دادا کے نام پر عزت چاہنا۔
اِستدراج is-tid-raaj: (ع، مذ) درجہ بدرجہ آگے بڑھنا، وہ خرق عادت یا حیرت انگیز کام جو کسی کافر سے ظاہر ہو۔
اِستدراک is-tid-raak: (ع، مذ) تدارک، اصطلاح
اِستدقاق is-tid-qaaq: (ع، مذ) باریک ہونا، باریک، پتلا دُبلا۔
اِستدلال is-tad-laal: (ع، مذ) دلیل طلب کرنا، دلیل لانا، سند لانا، دلیل، سند۔
اَستر as-tar: (اَستر کی تخفیف) دوہرے یا روئی والے کپڑے کے نیچے کا تہ، اَبرے کی ضد۔
اِستراحت is-ti-raa-hat: (ع، مث) آرام کی خواہش، آرام، چین، سکھ
اِسترداد is-tir-daad: (ع، مذ) رَد کرنا، منسوخ کرنا، منسوخی، تنسیخ۔
اَستر کاری as-tar-kaa-ri(i): (ف، مث)

دیواروں پر سفیدی، چونا وغیرہ پھیرنے کا عمل۔
اُسترہ us-ta-ra(h): (ف، مذ) (اردو میں بفتحہ سوم بولا جاتا ہے) بال مونڈنے کا آلہ۔
اِستری is-ti-ri(i): (ہ، مث) لوہے یا پیتل کا آلہ جسے دھوبی یا درزی کپڑے کی شکنیں دور کرنے کے لیے گرم کر کے کپڑے کے اوپر پھیرتے ہیں۔ عورت، زوجہ، بیوی، جورو۔
اِستری دھن is-ti-rii dhan: (ہ، مذ) بیوی کی جائیداد، بیوی کا مال
اِستسقاء is-tis-qa(a): (ع، مذ) پانی مانگنا، ایک مرض جس سے پیاس بہت لگتی ہے، پیٹ بہت بڑھ جاتا ہے اور تمام بدن ڈھیلا اور سست ہو کر پھول جاتا ہے۔ اسے جلودھر یا جلندھر کہتے ہیں۔ بارش کے لیے نماز پڑھ کر دعا مانگنا
اِستشہاد is-tish-haad: (ع، مذ) ثبوت میں گواہ لانا، شہادت سننا یا لینا، شہادت۔
اِستصلاح is-tis-laaK: (ع، مذ) مشورہ لینا، پوچھنا، (افعال: کرنا، ہونا)
اِستصواب is-tis-vaab: (ع، مذ) مشورہ لینا، رائے پوچھنا، عدالت ماتحت کا کسی بڑی عدالت سے مشتبہ قانونی امر میں مشورہ لینا (افعال: کرنا، ہونا)
اِستطاعت is-ti-taa-(?)at: (ع، مث) مقدور، بساط، حیثیت، طاقت، قدرت
اِستعارہ is-ti-(?)a-ra(h): (ع، مذ) اُدھار مانگنا، کسی لفظ کو اصلی معنی کی بجائے کسی اور معنی میں استعمال کرنا، جبکہ ان دونوں میں تشبیہ کا تعلق ہو۔
اِستعانت is-ti-(?)a-nat: (ع، مث) مدد چاہنا، مدد مانگنا، مدد طلبی (افعال: کرنا، ہونا)
اِستعجاب is-ti(?)-jaab: (ع، مذ) حیرت، تعجب

اِستعداد is-ti(?)-daad: (ع، مذ) صلاحیت، لیاقت، نصاب تعلیم کی تکمیل کر لینا۔
اِستعلاج is-ti(?)-laaj: (ع، مذ) علاج چاہنا، (افعال: کرنا، ہونا)
اِستعمار is-ti(?)-maar: (ع، مذ) آبادی بڑھانا، نوآبادی قائم کرنا، صفت نسبتی: استعماری
اِستعماریّت is-ti(?)-ma-riy-yat: (ع، مث) دوسرے ملکوں کو اپنے ملک کے ساتھ زبردستی ملانے یا دوسری غیر ملکی آبادیوں پر قابض ہونے کا عمل (انگریزی Imperialism کا ترجمہ)۔
اِستعمال is-ti(?)-maal: (ع، مذ) کام میں لانا، برتنا، عمل میں لانا، عمل کار، کام برتاؤ (افعال: آنا، کرنا، لانا، ہونا)
اِستعمالی is-ti(?)-maa-li(i): برتا ہوا، پرانا
اِستغاثہ is-ti-Gaa-sa(h): (ع، مذ) فریاد کرنا، دادخواہی، نالش، فوجداری دعویٰ، دادفریاد، (افعال: کرنا)
اِستغراق is-teG-raaq: (ع، مذ) غرق ہو جانا، ڈوب جانا، کسی خیال یا فکر میں محویت، خدا کی یاد میں محو ہو جانا، جائیداد کو ادائے قرض کے لیے ذمہ دار کر دینا۔
اِستغفار is-tiG-faar: (ع، مذ) بخشش چاہنا، طلب، مغفرت، گناہ بخشوانے کی خواہش، توبہ (افعال: کرنا)
اَستغفر اللہ as-taG-fi-rul-la(h): (ع، کلمہ استغفار) مغفرت چاہتا ہوں، توبہ، اظہار نفرت۔
اِستغنا is-tiG-na(a): (ع، مذ) بے نیازی، بے فکری، بے پروائی، دولتمندی، قناعت، صبر۔
اِستفادہ is-ti-faa-da(h): (ع، مذ) فائدہ حاصل کرنا، نفع اٹھانا، مفاد، نفع (افعال: کرنا)

اِستِفاضہ is-ti-faa-za(h): (ع، مذ) فائدہ حاصل کرنا، نفع اٹھانا، سفاد، نفع (انعال: کرنا)
اِستِفتا is-tif-ta(a): (ع، مذ) فتویٰ چاہنا، شرعی حکم دریافت کرنا،
اِستِفراغ is-tif-raaG: (ع، مذ) فراغت چاہنا، قے، اُلٹی۔
اِستِفسار is-tif-saar: (ع، مذ) سوال کرنا، دریافت کرنا، پوچھنا
اِستِفہام is-tif-haam: (ع، مذ) سمجھنے کی خواہش، سوال، صف، سوال (انعال: کرنا، ہونا) نسبتی: استفہامی: مث: استفہامیہ۔
اِستِقامت is-ti-qaa-mat: (ع، مث) استقلال، قیام، پائیداری
اِستِقبال is-tiq-baal: (ع، مذ) آگے جانا، آگے بڑھنا، پیشوائی مہمان کو لینے کے لیے آگے بڑھنا، خیر مقدم: صف نسبتی: استقبالی
اِستِقبالیہ is-tiq-baa-li-ya(h): (ع، مذ) استقبالی دعوت۔
اِستِقرار is-tiq-raar: (ع، مذ) قرار پانا، قائم ہونا، طے ہونا/پانا، تصدیق، اظہار۔
اِستِقلال is-tiq-laal: (ع، مذ) ثابت قدمی، ضبط و تحمل، ثبات پائیداری، قیام، استحکام۔
اِستِکبار is-tik-baar: (ع، مذ) تکبر، غرور، زعم، فخر، شیخی۔
اِستِلام is-ti-laam: (ع، مذ) حجر اسود کو بوسہ دینا (فقہ)
اِستِمالت is-ti maa-lat: (ع، مث) دلجوئی، خوشامد (انعال: کرنا، ہونا)
اِستِمداد is-tim-zaad: (ع، مث) مدد چاہنا/مانگنا، سہارا ڈھونڈنا (انعال: کرنا، ہونا)
اِستِمرار is-tim-raar: (ع، مذ) ہمیشہ رہنا، ہیشگی، دوام، صف نسبتی: استمراری
اِستِمزاج is-tim-raaj: (ع، مذ) عندیہ لینا، مرضی پوچھنا، رائے دریافت کرنا۔ (انعال: کرنا)
اِستِناد is-ti-naad: (ع، مذ) سند لانا، سند پیش کرنا، سند پکڑنا۔ (انعال: کرنا، ہونا)
اِستِنباط is-tin-baat: (ع، مذ) نکالنا، چننا، ایک بات سے دوسری بات نکالنا، نتیجہ اخذ کرنا (انعال: کرنا۔ ہونا)
اِستِنجا is-tin-ja(a): (ع، مذ) پاک کرنا، دھونا، ناپاکی دور کرنا، پیشاب یا پاخانے کے بعد آب دست لینا۔
اِستِوا is-ti-va(a): (ع، مذ) برابر ہونا، برابری (جغرافیہ) اس فرضی خط کا نام جو دونوں قطبوں سے برابر فاصلہ پر شرقاً غرباً کھنچا ہوا مانا گیا ہے اور کرۂ زمین کو شمالاً جنوباً دو برابر حصّوں میں تقسیم کرتا ہے جو علاقے اس کی حد میں آتے ہیں۔ اُن پر سورج کی شعاعیں سیدھی پڑتی ہیں۔ صفت نسبتی: استوائی
اُستُوار us-tu-vaar: (س، صف) مضبوط، پائیدار، مستحکم، اسم کیفیت، مث: اُستُواری۔
اِستِہزا is-tib-za(a): (ع، مذ) ہنسی اڑانا، ٹھٹھا کرنا، تضحیک کرنا، تضحیک، مضحکہ۔
اِستِیصال is-ti-saal: (ع، مذ) جڑ سے اکھاڑنا، قلع قمع کرنا، برباد کرنا (انعال: کرنا، ہونا)
اِستِیعاب is-tii-(?)aab: (ع، مذ) کسی مضمون یا کتاب کا شروع سے آخیر تک مسلسل اور بہت اچھی طرح پڑھنا۔
اِستِیلا is-tii-la(a): (ع، مذ) غلبہ، تسلّط، حکومت، قابو میں رکھنا، مالک ہونا

اِسٹاپ is-Taap: (انگ، مذ) اڈا، ٹھہرنے کی جگہ (انگریزی Stop)

اِسٹارٹ is-Taart: (انگ، مذ) Start ابتدا، آغاز (کام یا دوڑ)

اِسٹاف is-Taaf: (انگ، مذ) عملہ، ایک محکمہ کے ملازم (انگریزی Staff)

اِسٹاک is-Taak: (انگ، مذ) Stock ذخیرہ۔

اِسٹال is-Taal: (انگ، مذ) Stall میلے یا بازار میں عارضی یا چھوٹی دکان، سودا بیچنے کی میز، تھیٹر میں سامنے کی نشستیں اور سینما میں سب سے پچھلی نشستیں۔

اِسٹام / اسٹامپ is-Taam: (انگ، مذ) Stamp ٹکٹ، دستاویز لکھنے کا سرکاری کاغذ، جس کی پیشانی پر سرکاری مہر اور اس کی قیمت چھپی ہوئی ہوتی ہے۔

اِسٹائل is-Taa-il: (انگ، مذ) Style طرز، اسلوب، وضع، انداز، ساخت، نمونہ۔

اِسٹرلنگ is-Tar-ling: (انگ، مذ) Sterling برطانوی سکہ کا نام، برطانیہ کا زر معیاری۔

اِسٹوو is-Tov: (انگ، مذ) Stove تیل وغیرہ سے جلنے والا چولہا۔

اِسٹوڈیو is-Tuu-di-yo: (انگ، مذ) Studio فوٹوگرافی کا کمرا، نگار خانہ، فلم کمپنی کا کارخانہ، ریڈیو سٹیشن کا کوئی کمرہ جہاں سے تقریریں، گانے وغیرہ نشر کیے جاتے ہیں۔

اِسٹور is-Tor: (انگ، مذ) (store) ذخیرہ، بڑی دکان جس میں ہر قسم کی چیز ملتی ہے۔

اِسٹیج is-Tej: (انگ، مذ) Stage ایک چبوترہ نما جگہ، تماشا گاہ کا چبوترہ، جہاں تماشا کیا جاتا ہے۔

اِسٹیڈیم is-Te-Di-yam: (انگ، مذ) Stadium دررشی کھیلوں کا میدان، اکھاڑا۔

اِسٹیشن is-Te-shan: (انگ، مذ) Station مستقر، مقام، ٹھہرنے کی جگہ، اڈا، ریل گاڑی کے ٹھہرنے کی جگہ۔

اِسٹیشنری is-Tesh-na-ri(i): (انگ، مث) لکھنے پڑھنے کا سامان، کاغذ قلم دوات وغیرہ (Stationary)

اِسٹیل is-Tiil: (انگ، مذ) Steel فولاد، عمدہ اور اعلیٰ درجہ کا لوہا۔

اِسٹیمر is-tii-mar: (انگ، مذ) Steamer دخانی کشتی، چھوٹا جہاز جو بھاپ سے چلتا ہے۔

اِسٹینڈ is-TenD: (انگ، مذ) مقام، جگہ، میز، چوکی، گھڑونچی، گاڑیوں کا اڈا، سہارا، سائیکل وغیرہ کھڑا کرنے کی ٹیک، Stand

اِسٹینوگرافر is-Te-no-gra-far: (انگ، مذ) steno-Grapher، خط نویس

اَسَدْ a-sad: (ع، مذ) شیر، آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک کا نام۔

اَسَدُ اللہ a-sad-ul-la(h): (ع، مذ) خدا کا شیر، حضرت علیؓ کا لقب، اُردو کے مشہور شاعر مرزا غالب کا نام۔

اَسَدُ اللّٰہی a-sa-dul-la-hi(i): (ع، صف) اسداللہ سے منسوب۔

اَسْرَار as-raar: (ع، مذ) سِرّ کی جمع، بھید، راز، چھپی ہوئی بات، جن، بھوت، سایہ۔

اِسراف is-raaf: (ع، مذ) فضول خرچی، بے جا خرچ

اِسرافیل is-raa-fiil: (ع، مذ) ایک مقرب فرشتہ جو قیامت کے دن صور پھونکے گا۔

اسرائیلی is-raa-ii-li: (ع، صف) اسرائیل سے منسوب، یہودی قوم یا فرد۔

اسسٹنٹ a-ɛ is-TanT: (انگ، مذ) مددگار، معاون

اُسطوانہ us-tu-vaa-na(ɛ): (ع، مذ) تھم، کھمبا، ستون، لاٹھ، پایہ۔

اُسطورہ us-tuu-ra(h): (ع، مث) کہانی، قصہ، بات، افسانہ۔

اَسعَد as-(?)ad: (ع تفصیل) بہت مبارک، نہایت خوش نصیب۔

اَسفَل as-fal: (ع، تفصیل) سب سے نیچا، انتہائی ذلیل۔

اِسفَنج as-fanj: (ع، مذ) ایک سمندری مخلوق، اس کی بناوٹ ایسی جوف دار ہوتی ہے کہ اُس میں پانی جذب ہو کر جمع ہو جاتا ہے۔

اِسقاط is-qaat: (ع، مذ) گرانا، ڈالنا، حمل گرانا۔

اَسقام as-qaam: (ع، مذ) سقم کی جمع، عیب، برائیاں، نقائص۔

اُسقُف us-qaf: (ع، مذ) لاٹ پادری، پادریوں کا پادری یا پادریوں کا سردار

اِسکاؤٹ is-ka(a)-uuT: (انگ، مذ) Scout ایک عالمگیر تحریک جس کا مقصد لڑکوں میں خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ وہ سپاہی جو دشمن کی سرگرمیوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے بھیجے جاتے ہیں۔ جاسوس۔

اِسکرٹ is-karT: (انگ، مذ) Skirt ایک انگریزی لباس، لہنگا، سایہ۔

اِسکرو is-kru(u): (انگ، مذ) (Skrew) پیچ جو لکڑی وغیرہ میں کسا جاتا ہے، بوتل کا کارک کھولنے کا پیچ۔

اِسکرین is-kriin: (انگ، مذ) Screen پردہ، آڑ، اوٹ، وہ پردہ جس پر فلم کی تصویریں دکھلائی جاتی ہیں۔

اِسکندر is-kan-dar: (یو، ع، مذ) فیلقوس شاہ مقدونیہ کا بیٹا جس نے بلخ، بخارا، ایران اور شمالی ہندوستان کا بہت سا حصہ فتح کر لیا تھا۔

اِسکندریہ is-kan-dar-ya(h): (ع، مث) بحرِ روم کے کنارے مصر کی مشہور بندرگاہ اور شہر جو سکندر کے نام پر آباد کیا گیا تھا۔

اِسکور is-kor: (انگ، مذ) Score کھیل میں حاصل کیے جانے والے نمبر۔

اِسکول is-kuul: (انگ، مذ) School مدرسہ، مکتب، درس گاہ

اِسکیچ is-kaich: (انگ، مذ) Sketch تصویر کا خاکہ

اِسکیم is-kiim: (انگ، مث) Scheme تجویز، ترکیب، منصوبہ

اِسکینڈل is-kain-Dal: (انگ، مذ) Scandal رسوائی، تہمت، فضیحت

اَسلاف as-laaf: (ع، مذ) جمع سلف کی، اگلے وقتوں کے لوگ، پچھلے بزرگ۔

اِسلام is-laam: اطاعت کرنا، گردن جھکانا، دین محمدی صفِ نسبتی: اسلامی۔

اَسلحہ is-li-ha(h): (ع، مذ) سلاح کی جمع، سامانِ حرب، جنگ کے ہتھیار۔

اَسلَم as-lam: (ع، تفصیل) نہایت سالم، بہت سالم، سانپ کا کاٹا ہوا۔

اُسلوب us-luub: (ع، مذ) طریقہ، طرز، ڈھنگ

اِسم ism: (ع، مذ) نام (صرف و نحو) وہ کلمہ جو کسی شخص یا جانور یا چیز کو دوسروں سے ممتاز کرے۔

اِسمِ آلہ is-me-aa-la(h): (ع، مذ) وہ اسم جو کسی اوزار یا ہتھیار کے معنی دے

اِسمِ استفہام is-me-is-itf-haam: (ع، مذ) وہ

اسم جو پوچھنے کے موقع پر بولا جائے۔

اِسم اِشارہ isme-i-shaa-ra(h): (ع، مذ) وہ اسم جس سے کسی طرف اشارہ کیا جائے۔

اسم اَعظم is-me-aa-zam: (ع، مذ) (بترکیب فارسی) اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام

اِسم بامُسمّٰی is-me-baa-mu-sam-ma(a): (ع، مذ) جیسا نام ویسے گُن، وہ شخص جس کے اوصاف ٹھیک ٹھیک اُس کا نام ثابت کرتے ہوں۔

اِسم تصغیر /مُصغّر is-me-tus-Giir: (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) وہ اسما جس میں اصل کی نسبت چھٹائی پائی جائے مثلاً بچہ سے بچونگڑا

اِسم تکبیر /مکبّر is-me-tak-biir: (ع، مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی) وہ اسم جس میں اصل کی نسبت بڑائی پائی جائے، مثلاً پگڑی سے پگڑ۔

اِسم جامد is-me-jaa-mid: (ع، مرکب توصیفی بترکیب فارسی) وہ اسم جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ اُس سے کچھ بنے، مثلاً گھوڑا

اِسم جلالی is-me-ja-laa-lii: (ع، مرکب توصیفی بترکیب فارسی) اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس سے شانِ جلالی کا اظہار ہوتا ہو۔ مثلاً جبار

اِسم جمالی is-me-ja-maa-li(i): (ع، مرکب توصیفی بترکیب فارسی) اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس سے رحمت جمال کا اظہار ہو، مثلاً رحیم

اِسم جنس is-me-jins: (ع، مرکب، اضافی، بترکیب فارسی) وہ اسم جو کسی نوع یا جنس کے لیے استعمال ہوتا ہو، مثلاً انسان، بیل گھوڑا۔

اِسم حالیہ is-me-haa-li-yah: (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) وہ اسم جس سے فاعل یا مفعول کی حالت معلوم ہو۔ مثلاً دوڑتا ہوا، لکھا ہوا، خنداں۔

اِسم ذات is-me-zaat: (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) وہ اسم جس سے ایک چیز کی حقیقت دوسری سے الگ ظاہر ہو اور اس میں وصفیت نہ پائی جائے، مثلاً ہاتھی، گھوڑا۔

اِسم صِفت is-me-sifat: (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) جس سے کسی شخص یا چیز کی کوئی خصوصیت ظاہر ہو، مثلاً اچھا، برا، کالا، گورا۔

اِسم ضمیر is-me-zamiir: (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) وہ اسم جو نام کی بجائے استعمال کیا جائے یا کسی دوسرے اسم کا قائم مقام ہو، مثلاً ہم تم، وہ

اسم ظرف is-me-zarf: (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) وہ اسم جس میں جگہ یا زمانے کے معنی پائے جائیں اگر جگہ کے معنی ہوں تو ظرف مکاں اور اگر زمانہ یا وقت کے معنی ہوں تو ظرف زماں کہتے ہیں۔ مثلاً صبح، شام، گھر شہر،

اِسم عدد is-me-(?)a-dad: (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) وہ اسم جس سے تعداد ظاہر ہو مثلاً دس بیس۔

اِسم علم is-me-(?)alam: (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) جو اسم کسی خاص شخص، چیز یا مقام کا نام ہو، مثلاً لاہور، سیالکوٹ

اِسم فاعل is-me-faa-(?)il: (ع، مرکب اضافی، بترکیب فارسی) وہ اسم جو کسی مصدر سے بنے اور فاعل کے معنی دے، مثلاً لکھنے والا، جانے والا۔

اِسم مُعاوَضہ is-me-mu-(?)aav-za(h): (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) وہ اسم مشتق جو کسی کام کی اُجرت کے معنی دے، مثلاً دُھلائی، رنگائی۔

اِسم معرفہ is-me-ma(?)r-fa(h): (ع، مرکب

اضافی بترکیب فارسی) کسی خاص شخص، چیز یا مقام کا نام مثلاً لاہور۔

اِسم مفعُول is-me-maf-(?)uul: (ع، مرکب توصیفی بترکیب فارسی) وہ نامکمل اسم جو کسی جملہ کا جزو نام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا جب تک اس کے ساتھ کوئی جملہ مذکور نہ ہو یعنی اکیلا نہ فاعل ہو سکتا ہے نہ مفعول، نہ ضمیر، نہ مبتدا، جو، جس وغیرہ۔

اِسم نویسی ism-na-vii-si(i): (بلا اضافت) نام لکھنا، ناموں کا اندراج، ناموں کی فہرست، گواہوں کی فہرست، وہ کاغذ جو نسبت کے رقعہ سے پہلے لکھا اور بھیجا جاتا ہے جس میں ضروری امور شادی کے درج ہوتے ہیں۔

اِسم دار ism-daar: (بلا اضافت) (وار کے ساتھ) (عف، متعلق فعل) نام بنام، ناموں کی ترتیب کے مطابق، فرداً فرداً۔

اَسماء as-maa: (ع، مذ، ج) دیکھیے 'اسم نمبر ا' جس کی یہ جمع ہے۔

اَسمائے حُسنیٰ as-maa-e-hus-na(a): (ع، مرکب توصیفی بترکیب فارسی) اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام (لفظی معنی اچھے نام)

اِسماعیل / اِسمٰعِیل is-maa-iil: (ع، اعلم) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فرزند اکبر کا نام جو حضرت ہاجرہ کے بطن سے تھے۔ ان کا لقب ذبیح اللہ علیہ السلام تھا۔

اِسماعیلی / اِسماعیلیہ is-maa-ii-li(i): (ع، صف، مذ) اہلِ تشیع کے ایک فرقہ کا نام جو امام جعفر صادق جانشین، ان کے فرزند موسیٰ کاظم کی بجائے اُن کے فرزند اکبر اسماعیل کو مانتا ہے، امام اسماعیل کا پیرو۔

اَسمبلی a-sam-bali(i): (انگ، مث) Assembly: اِجتماع، جرگہ، انجمن، مجلس، مجلسِ شوریٰ یا مجلس قانون ساز

اِسمگلر is-mag-lar: (انگ، افاعل) Smuggler: خلاف قانون درآمد اور برآمد کرنے والا۔

اِسمگلنگ is-mag-ling: (انگ، مث) Smuggling، ناجائز درآمد برآمد

اِسمی is-mi(i): (ع، صف) اسم سے منسوب، اسم وار، نام بنام

اَسناد as-naad: (ع، مث) سند کی جمع، سندیں، دلیلیں، تجیں، سرٹیفکیٹس، وثیقے۔

اَسنان as-naan: (ع، مذ) سن کی جمع، دانت

اَسوَد as-vad: (ع، صف) سیاہ، کالا، حبشی، ایک مشہور سمندر کا نام۔

اُسوہ us-va(h): (ع، مذ) نمونہ، مثال، چال، ڈھنگ

اِسی i-si(i): (ار، متعلق فعل) اسی ہی کا مخفف ہے، موجودہ۔

اُسی u-si(i): (ار، مرکب) اس + ہی کا مرکب، وُہی کی مغیرہ صورت

اَسیر a-siir: (انگ، افاعل) Assessor مشیر، مددگار، وہ شخص جو مقدمات فوجداری میں سیشن جج کو رائے دینے کے لیے اعزازی طور پر منتخب کیا جاتا ہے۔

ا۔ش

اَش اَش ash-ash: (ار، کلمہ تحسین) حیرت خوشی اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

اِشارَت i-shaa-rat: (ع، مث) رمز، کنایہ، اشارہ

اِشارہ (فہم) فہیم i-shaa-ra(h) fe-ham: (عف، افاعل) اشارہ سے مطلب سمجھنے والا اسم کیفیت مث: اشارہ فہمی۔

اِشاریہ i-shaa-ri-ya(h): (ع، مث) کسی کتاب کے مضامین یا مندرجات کی حروفِ تہجی کے اعتبار سے تفصیلی فہرست، انگریزی لفظ index کا ترجمہ۔

اِشاعت i-shaa-(?)at: (ع، مث) پھیلانا، مشہور کرنا، شائع کرنا، نئی ایڈیشن

اِشباع ish-baa(?): حرکات کو لمبا کر کے کھینچ کر پڑھنا کہ زبر سے الف، زیر سے 'ی' اور پیش سے واؤ کی آواز پیدا ہو جائے علم قافیہ میں حرف دخیل کی حرکت کا نام۔

اَشباہ ash-baa(h): (ع، مذ) شبیہ کی جمع، شبیہیں، شکلیں، صورتیں۔

اِشتداد ish-ti-daad: (ع، مذ) شدت، زیادتی، مضبوطی، سخت ہونا، اکثر زیادتی یا شدت مرض کے لیے آتا ہے۔

اِشتراک ish-ti-raak: شرکت، ساجھ، حصہ داری، میل جول

اِشتراکی ish-ti-raa-ki(i): (ع، صف) اشتراکیت کا حامی یا پیرو، Communist کا ترجمہ۔

اِشتراکیت ish-ti-raa-kiy-yat: (ع، صف) معاشی دولت اور پیدائش کے ذرائع پر ملکیت کے اصول پر مبنی معاشرتی نظام کا ذریعہ، مزدور کی آمریت۔

اِشتعال is-ti-(?)-aal: (ع، مذ) غصہ دلانا، اُبھارنا، بھڑکانا، برانگیختگی، جوش، شعلہ، الاؤ۔

اِشتغال ish-ti-Gaal: (ع، مذ) مشغول ہونا، مشغولیت، شغل، کاروبار میں لگنا، کام

اِشتمال ish-ti-maal: (ع، مذ) شامل ہونا، ملانا، شمولیت

اِشتمالی ish-ti-maa-li(i): (ع، صف) دیکھیے 'اِشتمالیت' جس سے یہ منسوب ہے (انگریزی لفظ Socialist کا ترجمہ)

اِشتمالیت ish-ti-maa-li-yat: (ع، مث) پیدائش دولت کے تمام مادی وسائل پر سرکاری تسلط ہونا اور تمام افرادِ قوم کا اس میں برابر کا حصہ دار ہونا، انگریزی لفظ Social-ism کا ترجمہ

اِشتہا ish-ti-ha(a): خواہش، بھوک، چاہت

اِشتہار ish-ti-haar: (ع، مذ) شہرت دینا، مشہور کرنا، اطلاع، نوٹس، اعلان کی غرض سے چھپنا، بڑا کاغذ، اطلاع نامہ

اِشتہاری ish-ti-haa-ri(i): (ع، صف) وہ (مجرم) جس (کے پکڑنے) کے لیے حکومت نے اشتہار دیا ہو۔

اِشتیاق ish-ti-yaaq: (ع، مذ) شوق، آرزو، تمنا، محبت، چاہت

اَشجار ash-jaar: (ع، مذ) دیکھیے 'شجر' جس کی یہ جمع ہے۔

اَشخاص ash-Kaas: (ع، مذ) دیکھیے 'شخص' جس کی یہ جمع ہے۔

اَشد a-shad: (ع، تفضیل) شدید تر، بے حد، حد سے بڑھ کر بہت سخت، سخت ترین، نہایت مضبوط، تیز مزاج، تیز طبع۔

اَشر a-shar: (ع، صف، تفضیل) نہایت شریر، انتہائی شریر، بدکار، زبوں، پاپی، فاسد۔

اَشرار ash-raar: (ع، مذ) شریر کی جمع، بُرا، بد، شرارتی، فسادی فتنہ انگیز۔

اَشراف ash-raaf: (ع، مذ، جمع) شریف کی جمع وہ لوگ جن کا حسب نسب اچھا ہو، اُردو میں بطور واحد بھی استعمال ہوتا ہے، عالی خاندان لوگ

اَشرافیہ ash-raa-fi-ya(h): (ع، مث) اُمراء کی

حکومت، طبقۂ امرا، انگریزی لفظ Artisto cracy کا لفظ۔

اِشراق ish-raaq: (ع، مذ) سورج کا طلوع ہونا، سورج نکلنے کا وقت، وہ جو نماز جو سورج نکلنے کے وقت پڑھی جاتی ہے، حکمت

اِشراقی ish-raa-qi(i): (ع، صف) اشراق سے منسوب، حکمائے کے اُس گروہ سے تعلق رکھنے والا، جو صفائے باطن اور روشن ضمیری کے باعث دور ہی سے اپنے شاگردوں کو تعلیم دیتے تھے۔

اَشرَف ash-raf: (ع، تفضیل) نہایت شریف، بزرگ تر، بہت اچھا اور نیک آدمی۔

اَشرَفُ المخلوقات ash-ra-ful-maK-luu-qaat: (ع مرکب اضافی) تمام مخلوق سے بہتر اور بزرگ تر انسان بنی آدم۔

اَشرَفی a-shar-fi: (ف، مث) سونے کا ایک سکہ، مہر، دینار، پونڈ

اَشعار ash-(?)aar: (ع، مذ) دیکھیے 'شعر' جس کی یہ جمع ہے۔

اِشعاع ish-(?)aa(?): (ع، مذ) کرنیں ڈالنا۔

اَشغال ash-Gaal: (ع، مذ) دیکھیے 'شغل' جس کی یہ جمع ہے۔

اَشفاق ash-faaq: (ع، مذ) دیکھیے 'شفقت' جس کی یہ جمع ہے۔

اَشقِیا ash-qi-ya(a): (ع، مذ) دیکھیے 'شقی' جس کی یہ جمع ہے، بد بخت نصیب، ظالم۔

اَشک ashk: (ف، مذ) آنسو، نسوا، قطرہ۔

اَشک بار / ریز / فشاں ashk-baar: (ف، مذ، فاعل) آنسو بہانے والا، اسم کیفیت مث: اَشک باری/ ریزی/ فشانی

اَشکِ کباب ash-ke-ka-bab: (ف، مرکب اضافی) وہ پانی جو کباب سے پکتے وقت نکلتا ہے۔

اَشکِ ندامت aske-na-daa-mat: (ف، مرکب اضافی) وہ آنسو جو شرمندگی یا پشیمانی کی وجہ سے نکلے۔

اَشکال ash-kaal: (ع، مث) دیکھیے 'شکل' جس کی یہ جمع ہے۔

اِشکال ish-kaal: (ع، مذ) دُشواری، دقّت، مشکل۔

اَشلوک ash-lok: (س، مذ) شعر، فقرہ، نظم بند۔

اَشنان ash-naan: (ھ، مذ) نہانا، غسل کرنا۔

اِشہاد ish-haad: (ع، مذ) شہادت دینا، شہادت پیدا کرنا، ثبوت پیش کرنا۔

اَشہب ash-hab: (ع، صف، مذ) وہ سیاہ رنگ جس میں سفیدی غالب ہو، سبز گھوڑا، گھوڑا۔

اَشہر ash-har: (ع، تفضیل) بہت زیادہ مشہور و معروف۔

اَشیا ash-ya(a): (ع، مث) دیکھیے 'شے' جس کی یہ جمع ہے۔

ا۔ص

اَصحاب as-haab: (ع، مذ) صاحب کی جمع، ساتھی، ہم نشین، دوست، وہ لوگ جنھوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور اُن پر ایمان لائے اور بحالتِ ایمان فوت ہوئے۔

اَصحابُ الرّائے as-haa-bur-raa-ye: (ع، مذ) وہ فقہا جو مسائل کے استنباط میں قیاس اور رائے سے کام لیں۔

اَصحابِ فیل as-haa-be-fiil: (ع، مذ) ہاتھی والے، یمن کے بادشاہ اَبرہہ اور اُس کے ساتھی جنھوں نے ہاتھیوں کے ساتھ خانہ کعبہ پر چڑھائی کی

تھی اور خدا کے حکم سے پرندوں نے ان پر کنکریاں برسا کر اُن کو تباہ کر دیا۔

اَصحابِ کَہف as-haa-be-ka-hef:(ع، مذ) غار والے، وہ سات یا نو شخص جواب سے ہزاروں سال پہلے دقیانوس بادشاہ کے ظلم و ستم سے بچنے کے لیے غار میں چھپ کر سو رہے اور صد ہا سال کے بعد جاگے۔

اَصدَاف as-daaf:(ع، مذ) دیکھئے 'صدف' جس کی یہ جمع ہے۔

اَصدَق as-daq:(ع، تفضیل) بہت سچا۔

اِصرار is-raar:(ع، مذ) ضد، ہٹ، تکرار، تاکید

اَصراف as-raaf:(ع، مذ) صرف کی جمع۔

اِصراف is-raaf:(ع، مذ) خرچ، مصرف۔

اِصطِباغ is-ti-baaG: (ع، مذ) رنگنا، غوطہ دینا، عیسائی بناتے وقت سر پر رنگین پانی چھڑکنے کی رَسم (بپتسمہ)

اَصطَبل as-ta-bal: (یو، ع، مذ) طویلہ، گھوڑوں کو باندھنے کی جگہ۔

اِصطِلاح is-ti-laa(h): (ع، مذ) وہ لفظ جس کے اصلی معنی کی بجائے کوئی خاص معنی لیے جائیں، صف نسبتی، اصطلاحی۔

اَصفَر as-far:(ع، صف) زرد، زعفرانی، پیلا

اَصل a-sal: (ع، مث) جڑ، بنیاد، طبیعت، خاص، سرمایہ، نسب ذات

اَصلُ الاُصُول / اصلِ اصُول as-lul-u-suul: (ع، مذ) علّت غائی، خلاصہ، لب لباب۔

اصلاً / اصلا as-lan:(ا ر / متعلق فعل) ہرگز، کسی طرح، ذرا، مطلق، نام کو، از روئے اصل، بنیادی طور پر۔

اِصلاح is-laah(h): (ع، مث) درستی، ترمیم، موافقت، سیل، صُلح، ایک دوا کی مضرت کو دوسری دوا کی شرکت سے دفع کرنا، حجامت (انفعال: لینا، دینا)

اِصلاحات is-la-haat:(ع، مث) اصلاح کی جمع، درستیاں، ترمیمیں، انگریزی لفظ Reforms کا ترجمہ۔

اَصلی as-li(i):(ع، صف) ذاتی، پیدائشی، عمدہ، سچ مچ کا خاص جس میں بناوٹ نہ ہو، خالص، نقلی یا مصنوعی کی ضد۔

اَصلیت as-li-yat:(ع، مث) اصلی بات، حقیقت، واقفیت۔

اَصناف as-naaf:(ع، مث) دیکھیے 'صنف' جس کی یہ جمع ہے۔

اَصنام as-naam:(ع، مذ) دیکھیے 'صنم' جس کی یہ جمع ہے۔

اَصوات as-vaat:(ع، مذ) دیکھیے 'صوت' جس کی یہ جمع ہے۔

اُصُول u-suul: (ع، مذ) اصل کی جمع، جڑیں، بنیادیں، بطور واحد قاعدہ، طریقہ، دستور، ڈھنگ

اُصُولِ کلام usuu-le-ka-laam: (ع، مرکب اضافی، بترکیب فارسی) علم کلام میں مسائل کو دلائل عقلی سے ثابت کرنا۔

اُصُولی u-suu-li(i):(ع، صف) دیکھئے 'اصول' جس سے یہ منسوب ہے، مسلمانوں کا ایک فرقہ جو تقلید مجتہد کا قائل ہے۔

اُصُولِیات u-suu-li-yaat:(ع، مذ) وہ امور جن کا تعلق اصول سے ہو، اُصولی باتیں۔

اَصِیل a-siil: (ع، صف) شریف، اچھی نسل کا، جو ہر دار (ار) خادمہ، لونڈی، باورچن۔

ا-ض

اِضافت i-zaa-fat: (ع، مث) تعلق، لگاؤ، نسبت

(نحو) ایک اسم کی دوسرے اسم سے نسبت یا تعلق، اُردو میں کا 'کے' کی اس تعلق کو ظاہر کرتے ہیں اور فارسی میں زیر' کسرہ' یہ کام دیتی ہے۔

اِضافہ i-zaa-fa(h): (ع، مذ) بیشی، ترقی، زیادتی، بڑھوتری (افعال: کرنا، ہونا)

اِضافی i-zaa-fi(i): (ع، صف) جو اصلی نہ ہو، اعتباری، نسبتی، زائد، مددگار، معاون۔

اِضافیت i-zaa-fi-yat: (ع، مث) اعتباری یا نسبتی تعلق، غیر اصلی تعلق (فلسفہ) یہ نظریہ کہ علم کوئی حقیقی اور اصلی شے نہیں بلکہ حالات وواقعات سے مشروط ہے۔ یعنی علم ایک اعتباری چیز ہے (طبیعات) آئن سٹائن کا یہ نظریہ کہ حرکت بذات خود کوئی چیز نہیں بلکہ یہ ایک اعتباری اور اضافی شے ہے۔ انگریزی لفظ Relativity کا ترجمہ۔

اَضحٰی az-haa: (ع، مذ) قربانی کا دن، قربانی، صبح کو کام کرنا۔

اُضحیہ uz-hi-ya(h): (ع، مث) قربانی کا جانور۔

اَضداد az-daad: (ع، مث) ضد کی جمع، ایسی متضاد چیزیں جو ایک جگہ اور ایک وقت میں جمع نہ ہو سکیں، مثلاً سیاہی اور سفیدی۔

اَضراب az-raab: (ع، مث) ضرب کی جمع، چوٹیں

اِضراب iz-raab: (ع، مذ) منہ پھیر لینا (نحو) وہ حرف جو ایک بات کو ترقی دینے یا ایک دوسرے کو بڑھانے کے لیے آتا ہے مثلاً وہ انسان بلکہ حیوان ہے، یہاں بلکہ حرف اضراب

اِضطراب iz-ti-raab: (ع، مذ) بے تابی، بے قراری، گھبراہٹ، صف نسبتی: اضطراری

اِضطرار iz-ti-raar: (ع، مذ) کسی کام کو کرنے پر مجبور ہونا اور اس کے سوا کوئی چارہ کار نہ ہونا، بے اختیاری، بے بسی، بے قراری، صف نسبتی: اضطراری

اَضعاف az-(?)aaf: (ع، صف) ضعف کی جمع، دوگنے، دوچند

اَضعَف az-(?)aF: (ع تفضیل) نہایت کمزور، سب سے ضعیف

اَضلاع az-la(?): (ع، مذ) ضلع کی جمع، خطۂ زمین، صوبہ کا حصہ حدود اشکال کے خطوط، پسلیاں۔

اِضمار iz-maar: (ع، مذ) کلام میں کسی اسم کی جگہ ضمیر استعمال کرنا۔

اِضمحلال iz-mih-laal: (ع، مذ) سُستی، پژمردگی، کمزوری، کاہلی۔

ا۔ ط

اِطاعت i-taa-(?)at: (ع، مث) فرمانبرداری، بندگی، تعمیل حکم

اِطاعت گزار i-taa-(?)at gu-zaar: (ع، ف، افاعل) اطاعت کرنے والا، فرمانبردار، حکم ماننے والا، اسم کیفیت مث: اطاعت گزاری

اُطاق u-taaq: (ت، مذ) کوٹھڑی، کمرہ، حُجرہ

اِطالیہ i-taa-li-ya(h): یورپ کا ایک مشہور ملک (اٹلی)

اَطِبّا a-tib-ba(a): (ع، مذ، جمع) دیکھئے 'طبیب' جس کی یہ جمع ہے۔

اَطراف at-raaf: (ع، مث) طرف کی جمع، کنارے، سمتیں۔

اِطریفل it-rii-fal: (ع، مذ) تری پھل کا معرّب ایک قسم کی معجون جو ہرڑ، بہیڑا اور آملہ سے تیار کی جاتی ہے۔

اَطفال at-faal: (ع، مذ) دیکھئے 'طفل' جس کی یہ

جمع ہے۔

اِطّلاع (?)it-ti-laa: (ع،مث) خبر، آگاہی، اعلان نوٹس، اشتہار۔

اِطّلاع نامہ it-ti-laa(?) naa-ma(h): (عف، مذ) وہ چٹھی یا تحریر جو خبر دینے کے لیے بھیجی جائے، سمن، حکم نامہ، پروانہ، نوٹس۔

اِطّلاعاً it-ti-laa-(?)an: (ع، متعلق فعل) آگاہ کرنے کے لیے، خبر دینے کے لیے

اِطلاق it-laaq: (ع، مذ) آزاد کرنا، چھوڑنا، کھولنا، کہنا، بولا جانا، کسی لفظ کے مفہوم کا کسی ذات پر منطبق ہونا، کسی چیز کا دوسری پر محمول ہونا یا عائد ہونا

اَطلَس at-las: (ع،مث) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا

اِطمینان it-mii-naan: (ع، مذ) تسلی، تشفی، دل جمعی، ڈھارس، دلاسا، بے قراری کی ضد (افعال: کرنا، ہونا، دلانا، رکھنا)

اِطناب it-naab: (ع،مذ) طول دینا، لمبا کرنا، طوالت

اَطوار at-vaar: (ع،مذ) دیکھیے 'طور' جس کی جمع ہے۔

اَطہار at-haar: (ع، مذ) دیکھیے 'طاہر' جس کی یہ جمع ہے پاک لوگ۔

اَطہر at-har: (ع تفضیل) بہت پاک، سب سے پاک۔

ا۔ظ

اِظہار iz-haar: (ع، مذ) ظاہر کرنا، کھولنا، بیان کرنا، بیان شہادت، گواہی۔

اِظہارِ حلفی iz-haa-re-hal-fi(i): (ع، مرکب توصیفی، بترکیب فارسی) قسمیہ بیان یا شہادت۔

اِظہار نویس iz-haar na-viis: (عف اعامل) وہ محرر جو بیان لکھتا ہے۔ اسم کیفیت مث: اظہار نویسی

اَظہر az-har: (ع، تفضیل) بہت ظاہر، بہت نمایاں، نہایت واضح، خوب روشن

اَظہر مِن الشّمس az-har-minash-shams: (ع، مص) سورج سے زیادہ نمایاں بہت نمایاں، صریح طور پر روشن، بہت واضح۔

ا۔ع

اِعادہ i-(?)aa-da(h): (ع، مذ) دہرانا، کسی بات کو بار بار کہنا، کسی کام کو بار بار کرنا۔

اِعانت i-(?)aa-nat: (ع، مث) مدد کرنا، حمایت کرنا۔

اِعتبار i(?)-ti-baar/e(?)-ti-baar: (ع، مذ) عبرت پکڑنا، قیاس کرنا، اعتماد، بھروسا، یقین، ثبات، قیام

اِعتباری i(?)-ti-baa-ri(i): (ع،صف) معتبر، بھروسے کے لائق، قیاسی، اضافی۔

اِعتدال i(?)-ti-daal/e(?)-ti-daal: (ع، مذ) برابر، نہ کمی نہ زیادتی، مناسب ٹھیک میانہ روی، درستی (طب) مزاج کا معتدل ہونا۔

اِعتدال پسند e(?)-ti-daal/i(?)ti-daal pa-sand: (ار،صف) میانہ روی پسند کرنے والا، افراط وتفریط کے خلاف، اسم کیفیت مث: اعتدال پسندی۔

اِعتذار i(?)-ti-zaar: (ع، مذ) معافی، عذر خواہی، عذر کرنا۔

اِعتراض i(?)-ti-raaz: (ع، مذ) عیب نکالنا، شبہ کرنا، نکتہ چینی، گرفت حُجت، عیب جوئی، جرح، مخالفت کرنا، منظور نہ کرنا، معترض ہونا، صف نسبتی: اعتراضی، ج: اعتراضات

اِعتراف i(?)-ti-raaf/e(?)-ti-raaf: (ع، مذ) مان لینا، تسلیم کرنا، اقرار، (افعال: کرنا، ہونا)

اعتزال i(?)-ti-zaal/e(?)-ti-zaal: (ع، مذ) علیحدہ ہو جانا، چھوڑ دینا، الگ ہو جانا، اختلاف، ناموافقت، نوکری چھوڑ دینا، تخت یا گدی سے دست بردار ہو جانا، فرقہ معتزلہ کا مسلک جس میں اخبار و آثار کی نسبت تعقل پر زیادہ زور دیا جاتا ہے۔

اعتقاد i(?)-ti-qaad/e(?)-ti-qaad: (ع، مذ) یقین، ایمان، عقیدہ، جمع: اعتقادات صفت نسبتی: اعتقادی۔

اعتکاف e(?)-ti-kaaf: (ع، مذ) عبادت کے لیے مسجد میں گوشہ نشین ہونا، نفس کو دنیاوی لذات سے باز رکھنا، افعال: بیٹھنا کرنا

اعتماد i(?)-ti-maad/e(?)-ti-maad: (ع، مذ) بھروسا، اعتبار، آسرا، یقین کرنا، صحیح سمجھنا، صفت نسبتی: اعتمادی (افعال: کرنا، ہونا، رکھنا)

اعتنا i(?)-ti-na(a): (ع، مذ) پروا کرنا، ہمدردی کرنا، شریک درد و غم ہونا۔

اعجاز i(?)-jaaz/e(?)-jaaz: (ع، مذ) معجزہ، کرشمہ، کرامت، فرق عادت، جو انبیاء کرام سے ظہور میں آئے۔

اعجوبہ a(?)-juu-ba(h): (ع، مذ) عجیب شے، انوکھی چیز، طرفہ تماشا۔

أعداد a(?)-daad: (ع، مذ) عدد کی جمع، ہندسے، گنتی، رقوم

أعداد و شمار a(?)-daa-do-shu-maar: (مرکب عطفی) پوری پوری گنتی، کسی ملک کے باشندوں کی تعداد، انکے پیشوں وغیرہ کے متعلق معلومات کسی ملک کی صنعتی تجارتی تعلیمی اور رفاہی سرگرمیوں کے متعلق مجمل اطلاعات، انگریزی statistics کا ترجمہ۔

أعدل a(?)-dal: (ع، اتفضیل) بہت عادل، نہایت عادل، بڑا منصف۔

أعراب a(?)-raab: (ع، مذ) عرب کے صحرا نشین، بدو۔

إعراب i(?)-raab/e(?)-raab: (ع، مذ) حروف کی حرکات، زیر، زبر، پیش

أعرابی a(?)-raa-bi: (ع، مذ) عرب کا صحرا نشین، بدو، گنوار، اجڈ

أعراض a(?)-raaz: (ع، مذ) عرض کی جمع، آبروئیں، عزتیں، جواہر کے برعکس، وہ چیزیں جو اپنی ذات سے قائم نہ ہوں۔

إعراض i(?)-raaz: (ع، مذ) منہ پھیرنا، رُوگردانی کرنا، گریز، نفرت، حقارت

أعراف a(?)-raaf: (ع، مذ) بہشت اور دوزخ کے درمیان کا طبقہ قرآن مجید کی ایک سورۃ کا نام

إعزاز i(?)-zaaz: (ع، مذ) عزت دینا، رُتبہ دینا، عزت، توقیر، رُتبہ

إعزازی i(?)-zaa-zi(i): (ع، صف) تعریفی، ستائشی، نمائشی، بلا تنخواہ، بلا معاوضہ، بلا قیمت یا ہدیۂ

إعزازیہ i(?)-zaa-zi-ya(h) e(?)-zaa-zi-ya(h): (ع، مذ) وہ نذرانہ جو کسی کی خدمات کے اعتراف کے طور پر پیش کیا جائے۔ یہ معاوضہ یا تنخواہ نہیں سمجھا جاتا۔ (انگریزی Honorarium کا ترجمہ)

أعزہ a-i(?)z-za(h): (ع، مذ) عزیز کی جمع، بھائی بند، رشتہ دار، اقربا

أعصاب a(?)-saab aa-saab: (ع، مذ) عصب کی جمع، پٹھے، نسیں، رگیں، صف نسبتی: اعصابی

أعصابی جنگ aa-saa-bii jang a(?)-saa-bii-jang: (عف، مث) ایسی جنگ

میں دو ملک یا بلاک ایک دوسرے کو سیاسی میدان میں نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس کا تعلق سیاسی جوڑ توڑ سے ہوتا ہے۔ سرد جنگ۔

أعضاء aa(?)-zaa: (ع، مذ) عضو کی جمع ہے، جسم کے حصے

أعضا شکنی aa(?)-zaa shik-ni(i): (عف، مث) بخار وغیرہ کی وجہ سے بدن ٹوٹنا یا جوڑوں میں درد ہونا۔

أعظم a(?)-zam/aa-zam: (ع، مذ، تفضیل) بہت بڑا، بزرگ تر، مہا۔

أعقاب a(?)-qaab/aa-qaab: (ع، مذ) عقب کی جمع، پس ماندگان، آل اولاد وہ ورثاء جو کسی کی موت کے بعد باقی رہیں۔ پچھلی نسلیں

إعلامیہ i(?)-laa-mi-ya(h): سرکاری اعلان۔

إعلان i(?)-laan: (ع، مذ) اظہار، شہرت، ظاہر کرنا، اطلاع (افعال: کرنا)

أعلم aa-lam: (ع، تفضیل) بڑا عالم، بہت جاننے والا۔

أعلیٰ aa-laa/aa?-laa: (ع، تفضیل) بہت بلند، نہایت اونچا

أعمال aa(?)-maal/aa-maal: (ع، مذ) عمل کی جمع ہے، کام

أعمال نامہ aa(?)-maal naa-ma(h) aa-maal-naa-ma(h): (عف، مذ) وہ کتاب جس میں اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ فرشتے (کراماً کاتبین) انسان کے اعمال لکھتے ہیں۔ وہ کتاب جس میں سرکاری ملازموں کے حالات و کوائف درج کیے جاتے ہیں۔ انگریزی لفظ Service-Book کا ترجمہ، تھانے وہ رجسٹر جس میں مجرموں اور بدمعاشوں کے کوائف درج ہوتے ہیں۔

ا۔غ

أغراض aG-raaz: (ع، مث) دیکھیے 'غرض' جس کی یہ جمع ہے۔

إغراق iG-raaq: (ع، مذ) ڈبونا، غرق کرنا، مبالغہ کی ایک قسم

إغلاق iG-laaq: (ع، مذ) مشکل کرنا، پیچیدہ کرنا، پیچیدگی، دشواری

إغلام iG-laam: (ع، مذ) لونڈے بازی، لواطت، لڑکوں سے بدفعلی

أغلب aG-lab: (ع، اتفضیل) زیادہ غالب، قوی تر، قوی گمان، یقین کے قریب

أغل بغل a-Gal ba-Gal: (ار، متعلق فعل) اِدھر اُدھر، اردگرد، آس پاس، دائیں بائیں۔

إغماض iG-maaz: (ع، مذ) چشم پوشی، درگزر، بے پروائی، رُو گردانی (افعال: کرنا، ہونا)

إغوا iG-vaa/aG-vaa: (ع، صف) ورغلانا، بہکانا، ابھارنا، اکسانا، بھگا لے جانا، (افعال: کرنا، ہونا)

أغیار aG-yaar: (ع، صف) 'غیر' کی جمع ہے۔ بیگانے۔

ا۔ف

أف uf: (ع، مث) آہ، ہائے، کلمہ تاسف، غلطی اور بھول چوک کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔ کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لیے بھی بولتے ہیں۔ مٹی، راکھ۔

أف أف کرنا uf-uf kar-na(a): (ار، محاورہ) آہ آہ کرنا، ہائے وائے کرنا، کراہنا۔

أف رے uf-re: (ار، کلمہ حسرت و تاسف) ہائے رے،

کسی چیز کی زیادتی کے اظہار کے لیے بھی کہتے ہیں۔
اِفادہ/افادت i-faa-da(h): (ع، مذ/مث) فائدہ، نفع، مطلب، منشا، صف نسبتی: افادی۔
اِفاقہ i-faa-qa(h): (ع، مذ) بیماری کی تکلیف میں کمی، صحت، آرام، شفا (افعال: ہونا)
اِفتا if-ta(a): (ع، مذ) فتویٰ دینا۔
اُفتاد uf-taad: (ف، مث) اچانک، مصیبت، دُکھ، تکلیف، طرز، ڈھنگ، عادت، فطرت (افعال: آنا، پڑنا)
اُفتادہ uf-taa-da(h): (ف، صف مفعولی) گرا ہوا، عاجز، بے کس، غیر مزروعہ، بنجر، اسم کیفیت، مث: افتادگی۔
اِفتتاح if-ta-tah: (ع، مذ) کھولنا، شروع کرنا، کسی ادارہ یا کاروبار کے اجراء و آغاز کی رسم ادا کرنا (افعال: کرنا، ہونا) صف نسبتی: افتتاحی
اِفتتاحیہ if-ti-taa-hi-ya(h): (ع، مذ) اخبار وغیرہ کا پہلا مضمون جو مدیر کے قلم سے ہوتا ہے۔ اداریہ، کسی کتاب کا دیباچہ، تمہید۔
اِفتخار if-ti-Kaar: (ع، مذ) فخر کرنا، ناز کرنا، فخر، عزت، بڑائی نا موری۔
اِفترا if-ti-ra(h): (ع، مذ) بہتان، تہمت، الزام۔ (افعال: باندھنا، جوڑنا، بنانا)
اِفتراق if-ti-raaq: (ع، مذ) جدائی ڈالنا، فراق، ہجر، جُدائی
اَفراتفری af-raa-taf-ri(i): (ار، مث) افراط و تفریط کا بگاڑ، گھبراہٹ، پریشانی، ہلچل، تہلکہ۔
اَفراد af-raad: (ع، مث) فرد کی جمع، لوگ، اشخاص، الگ الگ اشعار جو مربوط نہ ہوں۔
اَفراز af-raaz: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر افراختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور اونچا کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ اسم کیفیت مث: افرازی
اِفراط if-raat: (ع، مث) زیادتی، کثرت، فراوانی، حدِ اعتدال سے بڑھ جانا۔
اِفراطِ زر if-raa-te-zar: (عف، مث) مُلک میں سِکّہ کا پھیلاؤ زیادہ ہو جانا جبکہ اشیائے صرف کی پیداوار اور رسد کم ہو۔ (انگریزی لفظ Inflation کا ترجمہ۔
اَفرنج af-ranj: (ع، مذ) دیکھیے 'افرنگ' جس کا یہ معرّب ہے۔ صف نسبتی: افرنجی، اسم کیفیت مث: افرنجیت۔
افرنگ af-rang: (ف، مذ) انگریز، فرانسیسی، یورپی، صف نسبتی، افرنگی۔
اَفروختہ af-roK-ta(h): (ف، صف مفعولی) بھڑکا ہوا، غصہ میں بھرا ہوا، روشن (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: افروختگی۔
اَفروز af-roZ: (ف، لاحقہ، فاعلی) فارسی مصدر افروختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور روشن کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً جلوہ افروز۔
اَفریقہ af-rii-qa(h): (ع، اعلم) ایک براعظم جو یورپ اور بحیرہ روم کے جنوب میں واقع ہے، صف نسبتی: افریقی
اَفزا af-za(a): (ف لاحقہ فاعلی) افزودن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور بڑھانے والا کے معنی دیتا ہے، مثلاً رنج افزا۔
اَفزائش af-zaa-ish: (ف، مث) کثرت، ترقی، بڑھوتری

افزوں af-zuuN: (ف، صف) زیادہ، بیش، بہت، اسم کیفیت مث: افزونی

اَفسانہ af-saa-na(h): (ف، مذ) داستان، قصہ، کہانی، سرگزشت، بے اصل بات، چرچا، ذکر (ادبی اصطلاح) خیالی واقعہ جس میں افراد اور کردار فرضی ہوں، انگریزی لفظ Fiction کا ترجمہ، صف نسبتی: افسانوی۔

اَفسانہ خواں / گو af-saa-nah-KwaaN: (ف، افاعل) قصہ گو، داستان کہنے والا، اسم کیفیت مث: افسانہ خوانی / گوئی۔

اَفسانہ نگار / نویس af-saa-na(h)ni-gaar: (ف، افاعل) افسانہ لکھنے والا، اسم کیفیت، مث: افسانہ نگاری/نویسی۔

اَفسانویّت af-saan-vi-yat: (ف، مث) کہانی پن، قصہ پن (قاعدہ کے لحاظ سے یہ غلط لفظ ہے)

اَفسر af-sar: (ار، مذ) انگریزی لفظ Officer کا موزّد حاکم، عہدہ دار، اہل کار، اسم کیفیت مث: افسری۔

اَفسر مال af-sar-maal: (ار، مذ) محکمہ مال کا ایک عہدہ دار جس کے ذمہ ضلع کی مال گزاری اور مزروعہ اراضی کی نگرانی کا کام ہوتا ہے۔

اَفسُردہ af-sur-da(h): (ف، صف مفعولی) ٹھٹھرا ہوا، مرجھایا ہوا، اداس، رنجیدہ: اسم کیفیت، مث: افسردگی۔

اَفسُردہ خاطر / دل af-sur-dah Kaa-tir: (ف، صف) افسردہ دل، غمگین، اداس اسم کیفیت مث

اَفسوس af-sos: (ف، مذ) پچھتاوا، غم، رنج، قلق، حسرت، تاسف

اَفسوس ناک af-sos-naak: (ف، صف) قابلِ افسوس، دکھ بھرا۔

اَفسُوں af-suuN: (ف، مذ) جادو، منتر، سحر، حیلہ، مکر، فریب (افعال: پڑھنا، پھونکنا، کرنا)

اَفسُوں ساز / گر af-suuN saaz: (ف، صف) ساحر، جادوگر، اسم کیفیت، افسوں سازی / گری۔

افشا af-sha(a): (ع، مذ) ظاہر کرنا، کھولنا، اظہار، انکشاف (افعال: کرنا، ہونا)

اَفشاں af-shaaN: (ف، لاحقہ فاعلی) افشاندن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اس کو اسم فاعل بنا دیتا ہے اور چھڑکنے والا کے معنی دیتا ہے۔

اَفشاں af-shaaN: (ف، مث) مقیش یا گوٹے کی باریک کترن جو عورتیں آرائش کے لیے ماتھے پر لگاتی اور بالوں پر چھڑکتی ہیں۔

اَفشُردہ af-shur-da(h): (ف، مفعول) نچوڑا ہوا، کسی پھل سے نچوڑا ہوا عرق یا رس۔

اَفشُرہ af-shu-ra(h): (ف، مفعول) دیکھیے 'افشردہ' جس کا یہ مخفف ہے۔

اَفصَح af-sa(h): (ف، تفضیل) نہایت فصیح، بہت خوش کلام، زیادہ خوش بیان۔

اَفضال af-zaal: (ع، مذ) فضل کی جمع، مہربانیاں، بخششیں، عنایتیں۔

اَفضَل af-zal: (ع، تفضیل) بہت فضیلت رکھنے والا، نہایت بزرگ، سب سے اچھا، اسم کیفیت مث: افضلیت۔

اَفطار af-taar: (ع، مذ) روزہ کی ضد، روزہ کھولنا (افعال: کرنا ہونا)

اَفطاری af-taa-ri(i): (عف، صف) جو چیزیں روزہ افطار کرنے کے وقت کھائی جائیں، سحری کی ضد، روزہ کھولنا۔

اَفعال af-(?)aal: (بفتحِ اوّل) (ع، مذ) فعل کی ضد، کام، اعمال، مصدر کے مشتقات جن میں زمانہ پایا جائے، خواص تاثیریں۔

اَفعی af-(?)ii: (ع، مذ) (عربی میں صحیح افعی یعنی انعا ہے، مگر فارسی اور اُردو میں بیائے معروف ہے) چھوٹا سانپ جو بہت زہریلا ہوتا ہے۔

اَفغان af-Gaan: (ف، مذ) پٹھان، افغانستان کا باشندہ۔

اُفق u-faq: (ع، مذ) وہ جگہ جہاں زمین اور آسمان ملتے ہوئے نظر آتے ہیں، آسمان کا کنارہ۔

اُفقی uf-qi(i): (ع، صف) اُفق سے متعلق، افق کے متوازی، چپٹا مسطح، دائیں سے بائیں کو پھیلا ہوا، عمودی کی ضد۔

اَفکار af-kaar: (ع، مذ) فکر کی جمع، پریشانیاں، ترددات، غور وفکر سے کہی ہوئی باتیں، خیالات، شاعر کا کلام اشعار۔

اَفگار af-gaar: (ف، صف) زخمی، مجروح، گھائل، چاک چاک۔

اَفگن af-gan: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر افگندن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور گرانے یا مارنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً شیر افگن۔

اَفگندہ af-gun-da(h): (ف، صف، مفعولی) گرا ہوا، عاجز۔

اَفلاطون af-laa-tuun: (ع، مذ) یونان کا ایک مشہور حکیم جو سقراط کا شاگرد اور ارسطو کا استاد تھا، کنایۃً تیز فہم، چالاک، ہوشیار، ذہین۔

اَفلاک af-laak: (ع، مذ) دیکھیے 'فلک' جس کی یہ جمع ہے۔

اَفواج af-vaaj: (ع، مث) فوج کی جمع لشکر۔

اَفواہ af-vaa(h): فوہ کی جمع، اردو میں واحد مستعمل ہے، اڑتی ہوئی خبر، بے اصل بات، مشہور بات، بازاری خبر، گپ۔

اَفواہاً af-vaa-han: (ع، متعلق فعل) افواہ کے طور پر۔

اُفوہ uf-fo(h): (ار، کلمہ تعجب) تعجب، تاسف، تکلف، بھول چوک کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

اَفہام af-haam: (بفتحِ اوّل) (ع، مذ) فہم کی جمع، بہت سی سمجھیں، عقلیں۔

اِفہام if-haam: (بکسرِ اوّل) (ع، مذ) سمجھنا، فہمائش۔

اَفیم a-fiim: (ار، مث) ایک زہریلی اور نشیلی چیز جو پوست کے ڈوڈے کے دودھ کو جما کر بنائی جاتی ہے (افعال: پینا، دینا، کھانا، گھولنا)

افیمی / افیچی a-fii-mi(i): (ار، صف، مذ) افیم کا عادی

اَفیون af-yuun: (ف، مث) اپیون کا معرب ہے، جس کے معنی یونانی زبان میں گہری نیند لانے والی چیز کے ہیں، افیم

ا-ق

اَقارب a-qaa-rib: (ع، تفضیل) اقرب کی جمع، رشتہ دار، عزیز، مراتب دار، سگے۔

اِقامت i-qaa-mat: (ع، مذ) ٹھہرنا، قیام، قرار، سکون، نماز کی وہ تکبیر جو فرض نماز کی نیت باندھنے سے پہلی کہی جاتی ہے (افعال: کرنا، رکھنا)

اِقامت گزیں i-qaa-mat ga-ziiN: (عف، افاعل) قیام کرنے والا، ٹھہرنے والا۔

اِقبال iq-baal: (ع، مذ) خوش قسمتی، خوش نصیبی، نیک

بختی، سعادت، بہرمندی، ادبار کی ضد، عروج، خوشحالی فرخندہ حالی، قبول کرنا، مان لینا، انکار کی ضد، برکت، طفیل، پاکستان کے قومی شاعر ڈاکٹر سر محمد اقبال کا تخلص۔

اِقبالِ جُرم iq-baa-le-jurm: (ار، محاورہ) جُرم تسلیم کرنا، قصور مان لینا۔

اِقبالِ دَعویٰ iq-baa-le-da(?)-vaa: (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) کسی کے دعوے کا اقرار، دعوے کو تسلیم کرنا۔

اِقبال مند iq-baal mand: (عف، اصف) صاحب اقبال، خوش نصیب اسم کیفیت مث: اقبال مندی۔

اِقبالی iq-baa-li(i): (ع، صف) اقبال کرنے والا، ماننے والا

اِقتِباس iq-ti-baas: (ع، مذ) روشنی لینا، انتخاب کرنا، نقل کرنا، کسی کے کلام کو اپنی تصنیف میں حوالہ کے ساتھ شامل کرنا، نقل، کسی کے کلام کو اپنی تصنیف میں حوالے کے ساتھ شامل کرنا، نقل۔

اِقتِدا iq-ti-da(a): (ع، مذ) پیروی کرنا، امام کے پیچھے نماز پڑھنا، پیروی، متابعت۔

اِقتِدار iq-ti-daar: (ع، مذ) اختیار، حکومت، زور، قوت، بڑائی، شان و شوکت۔

اِقتِصاد iq-ti-saad: (ع، مذ) میانہ روی، کفایت شعاری، اعتدال سے کام لینا۔

اِقتِصادی iq-ti-saa-di(i): (ع، صف) معاشی، اقتصاد سے منسوب۔

اِقتِصادیات iq-ti-saa-di-yaat: (ع، مذ) معاشیات، وہ علم جس میں دولت کی پیداوار اور تقسیم وغیرہ پر بحث ہوتی ہے انگریزی Economics

اِقتِضا iq-ti-za(a): (ع، مذ) تقاضا، خواہش، مطالبہ

اَقدار aq-daar: (ع، مث) دیکھئے 'قدر' جس کی یہ جمع ہے۔

اَقدام aq-daam: (ع، مذ) قدم کی جمع

اِقدام iq-daam: (ع، مذ) پیش قدمی، آگے بڑھنا، عمل، ارتکاب، ارادہ

اَقدَس aq-das: (ع، تفضیل) نہایت پاک، نہایت مقدس

اِقرار iq-raar: (ع، مذ) وعدہ کرنا، عہد و پیمان (افعال: کرنا، لینا، ہونا)

اِقرارِ صالح iq-raa-re-saa-leh: (ع، مذ) عدالت میں وہ بیان جو یہ کہہ کر کہ سچ کہوں گا دیا جائے یہ حلفی نہیں ہوتا مگر حلفی بیان کی حیثیت رکھتا ہے۔

اِقرار نامہ iq-raar na-maa(h): (عف، مذ) وہ دستاویز جو کسی بات کا وعدہ کرتے وقت لکھی جاتی ہے (افعال: لکھنا، لکھانا، کہنا)

اِقراری iq-raa-ri(i): (ار، صف) اقبالی، اعتراف کرنے والا، تسلیم کرنے والا۔

اَقرَب aq-rab: (ع، تفضیل) بہت قریب، بہت نزدیک۔

اَقرِبا aq-ra-ba(a): (ع، مذ) قریب کی جمع۔

اَقساط aq-saat: (ع، مذ) قسط کی جمع

اَقسام aq-saam: (ع، مذ) دیکھئے 'قسم' اور 'قسم' جن کی یہ جمع ہے۔

اَقصے aq-saa: (ع، صف) بہت دور، بعید۔

اَقَل a-qal: (ع، مذ) بہت قلیل، بہت تھوڑا، کم چھوٹا، حقیر

اَقَلّیّت aq-al-li-at: (ع، مث) کمی، کم تعداد، تھوڑا ہونا، وہ قوم جو تعداد میں تھوڑی ہو، اکثریت کی ضد۔

اُقلیدس uq-lii-das: (یو ع، مذ) مصر کا مشہور

ریاضی داں جس نے اسکندریہ میں درس گاہ ریاضی بنیاد ڈالی، اس کو علم ہندسہ کا بے حد شوق تھا۔ اس لیے اس کا نام ہی اقلیدس ہو گیا۔

اِقلیم iq-liim: (ع، مث) ولایت، ملک، سلطنت، خطہ، دنیا، کرہ ارض کا 1/4 حصہ۔

اُقنوم uq-nuum: (یو، مذ) مادہ، اصل، بنیاد، تثلیث مسیحی کا ہر فرد نیز دیکھئے 'اقانیم'

اَقوال aq-vaal: (ع، مذ) قول کی جمع

اقوام aq-vaam: (ع، مث) قوم کی جمع

اِ ک

اِک ik: (ار، عدد) ایک کا مخفف، یک، تمام، سب

اِک بار ik-baar: (ار، متعلق فعل) ایک مرتبہ، دفعتہً، اچانک، یکا یک بے تامل۔

اِکبارگی ik-baar-gi(i): (ار، متعلق فعل) ایک ہی بار، دفعتہً، یکا یک، اچانک، صحیح یکبارگی ہے۔

اِکباری ik-baa-ri(i): (ار، متعلق فعل) یکا یک، اچانک۔

اِکتارا ik-taa-ra(a): (ار، مذ) ایک قسم کا سفید کپڑا جس میں ننھے ننھے خانے ہوتے ہیں۔ تنبور سے مشابہ ایک ساز جس کا ایک ہی تار ہوتا ہے۔ اسے اکثر سادھو یا فقیر وغیرہ بجاتے ہیں۔

اِکتالا ik-taa-laa: (ار، مذ) طبلے کی ایک گت کا نام

اِک ذرا ik-za-ra(a): (ار، متعلق فعل) ذرا کچھ، تھوڑا سا۔

اِک ڈال ik Daal: (ار، صف) بے جوڑ، یکساں، وہ خنجر یا چھری جس کا پھل اور دستہ ایک ہی لوہے کا ہو۔

اِک رُخی ik-ru-Ki(i): (ار، صف) جس کے دونوں رُخ یکساں نہ ہوں، یک طرفی، جانب داری۔

اِک سار / ساں ik-saar: (ار، صف) یکساں، ہموار، برابر، ایک طرح کے۔

اِک گُونہ ik-guu-na(h): (ار، صف) یکساں، ہموار، برابر، ایک طرح کے۔

اِک لڑا ik-La-Ra(a): (ار، صف) یک لڑی کا ہار وغیرہ۔

اِکّا دُکّا ik-kaa duk-ka(a): (ار، صف، امذ) ایک دو، کوئی کوئی، بہت کم، خال خال۔

اکادمی a-kaad-mi(i): (ار، مث) دیکھئے 'اکیڈمی' جس کا یہ مورد ہے۔

اَکارت / اَکارتھ a-ka-rat: (ھ، صف) بے فائدہ، بے سُود، ناکارہ، نِکمّا (افعال: جانا، کرنا، ہونا)

اِکّاسی ik-kaa-si(i)/ik-ki-yaa-si(i): (ار، اعدد) ایک اور اَسّی کا مجموعہ، 81

اَکالی a-kaa-li(i): (ہ، مذ) سکھوں کا ایک فرقہ

اِکانوے i-kaan-vai/i-k-ki-yaan-vai: (ار، عدد) ایک اور نوّے کا مجموعہ، 91

اِکاوَن ik-ki-ya-van/i-kaa-van: (ار، عدد) ایک اور پچاس کا مجموعہ، 51

اکاؤنٹ a-ka-unT: (انگ، مذ) Account حساب کتاب، کھاتا۔

اکاؤنٹینٹ a-ka-un-TenT: (انگ، مذ) Accountant حساب کرنے والا، محاسب۔

اِکائی i-kaa-i(i): (ار، مث) شمار کا پہلا درجہ، ایک سے نو تک کے اعداد، ایک ہونے کی کیفیت۔

اَکبر ak-bar: (ع، اتفضیل) بہت بڑا، سب سے بڑا، بزرگ تر۔

اِکتالیس ik-taa-liis: (ار، عدد) ایک اور چالیس کا مجموعہ، 41

اُکتانا uk-taa-na(a): (ار، مص) غمگین ہونا،

اداس ہونا، بےزار ہونا، تنگ ہونا، سیر ہونا۔

اِکتساب ik-ti-saab: (ع، مذ) محنت سے پیدا کرنا، کوشش سے حاصل کرنا، کمانا۔

اِکتشاف ik-ti-shaaf: (ع، مذ) دریافت کرنا، کھولنا، ظاہر کرنا، دریافت نامعلوم بات کی دریافت۔

اِکتفا ik-ti-fa(a): (ع، مذ مث) کافی ہونا، کفایت کرنا، بس کرنا، (افعال: کرنا، ہونا)

اَکتوبر ak-tuu-bar: (انگ، مذ) October مسیحی سال کا دسواں مہینہ جو اسوج اور کاتک میں آتا ہے۔

اِکتیس i-kat-tiis/ik-tiis: (ار، عدد) ایک اور تیس کا مجموعہ، 31

اِکٹھا ikhTh-Tha(a): (ار، صف) یک جا، فراہم، جمع، ایک دفعہ (افعال: کرنا، ہونا)

اَکثر ak-sar: (ع، تفضیل) بہت زیادہ، بارہا، بیش تر، ہمیشہ

اَکثر اوقات ak-sar Au-qaat: (بہت دفعہ، بارہا، ہمیشہ)

اکثریت ak-sar-yat: (ع، مث) بہتات، زیادتی، کسی ملک کا وہ گروہ جو سب سے زیادہ تعداد رکھتا ہو۔

اِکرام ik-raam: (ع، مذ) بزرگی، عزت، توقیر، بخشش، عطا۔

اَکرم ak-ram: (ع، تفضیل) معزز ترین، بزرگ تر،

اَکڑ a-kaR: (ار، مث) جسم کا تناؤ، اینٹھن، سرکشی

اَکڑباز a-kaR-baaz: (ار، صف) اکڑ کر چلنے والا، مغرور، شیخی خور (اصولاً غلط ترکیب ہے) اسم کیفیت مث: اکڑبازی

اَکڑفوں a-kaR-fuuN: (ار، مث) بانک پن، اتراہٹ، خود پسندی، گھمنڈ۔

اَکڑاؤ ak-Raa-uu: (ار، مذ) اینٹھن، کھینچاؤ

اَکڑنا a-kaR-na(a): (ار، مص) تننا، اینٹھنا، گھمنڈ کرنا، اترانا، ضد کرنا، سخت ہو جانا۔

اُکڑوں uk-RuuN: (ار، مث) تلووں پر بیٹھنے کا انداز جس میں پنڈلیاں رانوں سے لگ جاتی ہیں (افعال: بیٹھنا)

اُکسانا uk-saa-na(a): (ار، مص) مشتعل کرنا، بھڑکانا، ابھارنا، بہکانا، چراغ کی بتی کو اونچا کرنا۔

اِکسپرٹ aiks-parT: (انگ صف) Expert ماہر، مشاق۔

اِکسپورٹ aiks-porT: (انگ، مث) ملک سے باہر بھیجا جانے والا مال برآمد (Export) (افعال: کرنا، ہونا)

اِکسٹھ ik-saTh: (ار، عدد) ایک اور ساٹھ کا مجموعہ، 61

اُکسنا uk-sa-na(a): (ار، مص) گڑی ہوئی چیز کا ہلنا، جنبش کرنا، ہُنا، سر اُٹھانا، اُبھرنا، خودمختار ہونا۔

اِکسیر ak-siir: (ع، مث) کیمیا، رسائن، وہ شے جو تانبے کو سونا اور قلعی کو چاندی بنا دے، کسی مرض کی نہایت مفید اور سریع الاثر دوا۔

اِکفا ik-fa(a): (ع، مذ) قافیہ کا ایک عیب یعنی حرف روی کا مختلف ہونا مثلاً جب اور چپ میں۔

اَکلِ حلال ak-le-ha-laal: (ع، مذ، بترکیب فارسی) جائز طریقہ سے حاصل کیا ہوا رزق، حلال روزی۔

اِکلوتا ik-lau-ta(a): (ار، صف مذ) اکیلا، اکیلا بیٹا جس کا کوئی بھائی بہن نہ ہو مث: اکلوتی۔

اَکمل ak-mal: (ع، تفضیل) کامل ترین، سب سے مکمل

اِکہرابدن i-kah-ra ba-dan: (ار، مذ) ایک ہی

تہ کا، مث: اُکھری۔

اُکھاڑ u-khaaR: (ار، مث) بربادی، بیخ کنی (اُکھاڑنا کا حاصل مصدر)

اُکھاڑ پچھاڑ u-khaaR-pa-chaaR: (ار، مث) تغیر و تبدل، الٹ پلٹ، لگائی بجھائی، چغلی، بیخ کنی، بربادی۔

اُکھاڑا a-khaa-Ra(a): (ار، مذ) کشتی کا مقام، دنگل، بانک پٹے والوں کا جتھا، ناچ رنگ کی محفل۔

اُکھاڑنا u-khaR-na(a): (ار، مص) جڑ سے کھودنا، الگ کرنا، نکالنا، دل برداشتہ کرنا، نوچنا

اِکہتّر / اِکہتر i-khat-tar: (ار، عدد) ایک اور ستر کا مجموعہ۔ 71

اِکھٹا i-khaT-Ta(a): (ار، صف) دیکھیے 'اکٹھا' جو زیادہ مستعمل ہے۔

اَکھڑ ak-khaR: (ار، صف) اُجڈ، غیر مہذب، گنوار، سخت مزاج، جھگڑالو، اسم کیفیت، مذ: اکھڑپن

اُکھڑا u-kh-Ra(a): (ار، صف) اپنی جگہ سے الگ، دور، بے ربط، خراب، مث: اُکھڑی۔

اُکھڑوانا u-khaR-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'اُکھاڑنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

اُکھل u-khal: (ہ، صف) اوکھلی کا اسم مکبّر۔

اَکھنڈا a-khanD: (ہ، صف) جو تقسیم نہ ہو سکے، پورا، سالم، مکمل۔

اُکھیڑنا u-kheR-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'اُکھاڑنا'۔

اکیڈمی a-kai-Da-mi(i): (انگ، مذ) Academy بیت العلوم علم و ادب کو ترقی دینے والی انجمن، اکادمی

اِکیس ik-kiis: (ار، عدد) بیس اور ایک کا مجموعہ (21)

اَکیلا a-ke-la: (ہ، صف) تنہا، تروَن تنہا، اسم کیفیت، مذ: اکیلاپن مث: اکیلی

اَکیلے دُکیلے a-ke-le du-ke-le: (ار، متعلق فعل) ایک دو آدمی، تن تنہا۔

ا۔گ

اَگاڑی a-gaa-Ri(i): (ار، مذ) وہ رسّی جو گھوڑے کے اگلے پاؤں میں باندھتے ہیں۔

اُگال u-gaal: (ہ، مذ) پان کی پیک، اُگلی ہوئی چیز

اُگال دان u-gaal-daan: (ہ، مذ) وہ برتن جس میں پان کی پیک، اُگال، لعاب دہن ڈالتے/تھوکتے ہیں۔

اُگالنا u-gaal-na(a): (ہ، مص) منہ میں ڈال کر تھوکنا۔

اُگاہنا u-gaah-na(a): (ہ، مذ) جمع کرنا، اکٹھا کرنا، وصول کرنا (قرض، لگان وغیرہ کا)

اُگاہی u-gaa-hi(i): (ار، مث) وصولی

اُگانا u-gaa-na(a) (ہ، مص) اُگنا کا متعدی ہے، پیدا کرنا۔

اُگاؤ u-gaa-o: (ار، مذ) پیشگی، آگے

اَگد a-gad: (ہ، مث) ایک کلمہ جو فیلبان ہاتھی کو تیرہ کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

اَگر a-gar: (ف، حرف شرط) جب، جو، بشرطیکہ، مبادا، بالفرض

اگرچہ a-gar-che(h): (ف، حرف، شرط) باوجودیکہ، ہرچند

اگر مگر کرنا a-gar ma-gar kar-na: (ار، محاورہ) ہچکچانا، پس و پیش کرنا۔

اَگر a-gar: (ہ، مذ) ایک خوشبودار لکڑی یعنی عود ہندی۔

اَگر بتّی a-gar-bat-ti(i): (ار، مث) وہ بتّی جو اگر کے بُرادے، صندل اور دوسری خوشبوئیں ملاکر بنائی جاتی ہے اور خوشبو کے لیے جلائی جاتی ہے۔

اگردان/سوز a-gar-daan: (ار، ف، مذ) وہ برتن جس میں اگربتّی رکھ کر جلائی جاتی ہے۔

اَگری ag-ri(i): (ھ، صف) رنگ جو گہرے کشمشی کے قریب ہوتا ہے۔

اَگسٹ a-gast: (انگ، مذ) مسیحی سال کا آٹھواں مہینہ، August

اُگل u-gal: (ار، فعل) اُگلنا کا امر۔

اَگلا ag-la(a): (ار، صف) آگے کا، پہلے کا، پہلا، پُرانا، گزشتہ، آئندہ پیشرو، ہوشیار، چلتا ہوا، استاد، مث: اَگلی

اَگلے وقت کا ag-le-vaqt-ka(a): (ار، مذ) بڑا بوڑھا، پرانے زمانے کا۔

اُگلنا u-gal-na(a): (ار، مص) مُنہ سے باہر نکالنا، تھوک دینا، ہضم کیا ہوا مال، مجبور و بے بس ہو کر واپس کرنا، بھید کھول دینا

اُگلوانا u-gal-vaa-na(a): (ار، مص) مُنہ سے نکلوانا، اقبال یا اقرار کرنا، ہضم کیے ہوئے مال کو نکلوانا۔

اَگن a-gan: (ھ، مذ) آگ، آنچ، شعلہ، ایک چھوٹا مٹیالے رنگ کا خوش آواز پرندہ۔

اُگنا ug-na(a): (ار، مص) پیدا ہونا، ظاہر ہونا، نکلنا

اَگنی ag-ni(i): (س، مث) آگ، نار

اگواڑا ag-vaa-Ra(a): (ھ، مذ) آگے کا حصہ، مکان کے سامنے کا حصہ، سامنے کا رُخ۔

اَگولا a-go-la(a): (ھ، مذ) گنے کی چوٹی، وہ پتے جو گنے کی اُوپر کی چوٹی میں ہوتے ہیں، آگ جھڑ کی ضد۔

اُگھاڑنا u-ghaaR-na(a): (ھ، مص) کھولنا، ظاہر کرنا، عیاں کرنا۔

آگھن aa-ghan: (ھ، مذ) بکری سال کا آٹھواں مہینہ، مگھر، جو نصف نومبر سے نصف دسمبر تک ہوتا ہے۔ کھلا پن کشادہ جنگل

ا۔ل

اَل al: (ع، حرف تعریف) عربی زبان میں اسم اور صفت پر آکر اُس کے معنوں میں خصوصیت پیدا کرتا ہے جیسے انگریزی لفظ The

الامان (وَالحَفِیظ) al-a-maan: (ع، حرف ندا) پناہ، کسی بات سے تنگ آجانے پر کہا جاتا ہے۔

اِلَّا il-la(a): (ع، حرف استدراک) مگر، لیکن، بجز، سوا

اَلا بَلا a-laa ba-la(a): (ار، مث) خراب سے خراب اور بری سے بری چیز۔

اَلاپ a-laap: (نغ، مث) آواز کا اتار چڑھاؤ، سُر ملانا، آواز کو جانچنا، راگ شروع کرنے سے پہلے سُروں کا اُتار چڑھاؤ کرنا، راگ کا ابتدائی حصہ۔

اَلاپنا a-laap-na(a): (ع، مذ) گانا شروع کرنا، تانیں لگانا۔

اِلائچی / اِلاچی i-laa-i-chi(i): (ار، مث) ایک خوشبودار پھل جس کے اندر خوشبو دار دانے ہوتے ہیں۔ سکھی سہیلی، جب دو عورتیں ایک الا ئچی توڑ کر اُس کے دانے کھا لیتی ہیں تو ایک دوسری کو الا ئچی کہتی ہیں۔

اِلاچی دانہ/الائچی دانہ i-laa-chii-daa-na(a): (ار، مذ) مٹھائی کی ایک قسم جو الائچی کے دانوں کو کھانڈ چڑھا کر بناتے ہیں۔ مگر اب کھانڈ چڑھے ہوئے کھیلوں اور چنوں کو بھی کہتے ہیں۔

اُلار u-laar: (ھ، صف) گاڑی میں پچھلا بوجھ زیادہ ہونے کی وجہ سے اگلے حصہ کا اُوپر اُٹھ جانا۔

الارم a-laa-ram: (انگ، مذ) (Alarm) خطرے سے آگاہی گھڑی کی جگانے والی گھنٹی۔

اُلارنا u-laar-na(a): (ار، مص) چکنا۔

اُلاسنا u-laas-na(a): (ار، مذ ق) دلاسا، تسلی، تشفی

اِلاسٹک i-laas-Tik: (انگ، مذ) (Elastic) لچک والی چیز، ربڑ اور دھاگے کا بنا ہوا فیتا۔

اَلاؤ a-laa-o: (ہ، مذ) آگ کا ڈھیر۔

الاؤنس a-laa-uns: (انگ، مذ) (Allowance) زائد خرچ، بھتا، رعایت۔

اَلباب al-baab: (ع، مث) لُب کی جمع، عقلیں۔

البتہ al-bat-ta(h): (ع، حرف استدراک) مگر، بے شک

اَلبم al-bam: (انگ، مذ) تصویروں کی کتاب album مجموعہ تصاویر، مرقع۔

اَلبیلا al-be-la(a): (ہ، مذ) بانکا، چھبیلا، جوانِ رعنا، انوکھا، بھولا بھالا، مث: البیلی، اسم کیفیت، مث: البیلا پن

الپن al-pin: (انگ، مث) کاغذ میں لگانے کی گھنڈی دار سوائی (پن)

اِلتباس il-ti-baas: (ع، مذ) مشکل ہونا، مشکوک ہونا، دو چیزوں کا یکساں ہونے کے باعث مشتبہ ہو جانا، ہم شکل ہونا، شباہت ہونا، ایہام، تجنیس

اِلتجا il-ti-ja(a): (ع، مث) عرض، گزارش، منت، سماجت، خوشامد، بنتی، پرارتھنا (افعال: کرنا، ہونا)

اِلتزام il-ti-zaam: (ع، مذ) کسی چیز کو لازم بنا لینا، ضروری قرار دینا (افعال: کرنا، ہونا)

اِلتفات il-ti-faat: (ع، مث) توجہ مہربانی، محبت، اخلاص، مروت پاس، نگاہ، دھیان، رغبت کرنا (افعال: کرنا، ہونا)

اِلتماس il-ti-maas: (ع، مذ) عرض، گزارش، منت، سماجت، بنتی، پرارتھنا (افعال: کرنا)

اِلتوا il-ti-va(a): (ع، مذ) ملتوی کرنا، دوسرے وقت پر اُٹھا رکھنا، ٹال دینا۔

اُلٹ u-laT: (ہ، مذ) اُلٹنا کا امر، توڑ، برعکس، ضد، نقیض۔

اُلٹ آنا u-laT aa-na(a): (ار، محاورہ) پلٹ جانا، جہاں سے چلے تھے وہیں گرنا یا واپس آنا، کسی چیز کا دوسری چیز پر گرنا۔

اُلٹ پڑنا u-laT paR-na(a): (ار، محاورہ) برہم ہونا، برس پڑنا، مخالف ہونا، حملہ کرنا، ناراض ہونا، غصے ہونا، خلاف ہو جانا۔

اُلٹ پلٹ u-laT-pu-laT: (ار، محاورہ) ٹیڑھا سیدھا، بے ڈھنگا، منتشر، بے ترتیب، تباہ، درہم برہم (افعال: کرنا ہونا)

اُلٹ پھیر u-laT pher: (ار، مذ) پیچ، ردّ و بدل، برگشتگی، کرب اُدل بدل۔

اُلٹ جانا u-laT jaa-na(a): (ار، محاورہ) ایک رُخ سے دوسرے رُخ ہونا، پلٹا کھا جانا، اوندھا ہو جانا، برگشتہ ہونا، بدل جانا، واپس جانا، برباد ہو جانا، ہٹ جانا، اُٹھ جانا،

اُلٹ دینا u-laT dai-na(a): (ار، محاورہ) تباہ کر دینا، اُٹھا دینا، مدہوش کر دینا، اوندھا کر دینا، اُگل دینا، قے کر دینا۔

اُلٹا ul-Ta(a): (ار، صف) سیدھے کی ضد، ٹیڑھا، خلاف، لوٹا ہوا، اوندھا، معکوس، بیوقوف، سر کے بل، نقیض، بایاں

اُلٹا پلٹا ul-Taapul-ta(a): (ار، صف، مذ) بے ترتیب، تلے اوپر، گڈمڈ، درہم برہم

اُلٹا تَوا ul-Taa ta-va(a): (ار، مذ) کالا کلوٹا، سیہ فام، کالا بھجنگا۔

اُلٹا سیدھا ul-Taa si-dha(a): (ار، مذ) بے قاعدہ، بے ترتیب، جابجا، مث: اُلٹی سیدھی۔

اُلٹے ul-Te: (ار، صف) اُلٹا کی جمع اور مغیرہ حالت، برعکس، جیسا چاہیے اُس کے خلاف۔

الٹی میٹم al-Tii-me-Tam: (انگ، مذ) Ultimatum، اعلانِ جنگ، انتباہ

اَلجبرا al-jab-ra(a): (ع، مذ) جبر و مقابلہ کا مخفف، علم ریاضی کی ایک شاخ۔

اُلجھ u-lajh: (ار، مث) دیکھئے 'اُلجھنا' جس کا یہ حاصل مصدر ہے اور اَمر ہے۔

اُلجھا ul-jha(a): (ار، صف، مفعولی) سلجھا کی ضد، پھنسا ہوا، پیچ در پیچ گتھی یا پھندا۔

اُلجھانا ul-jhaa-na(a): (ار، مص) سلجھانا کی ضد، پیچیدہ کرنا، پھنسانا اُلکانا، روکنا، عشق میں مبتلا کرنا، فریب میں لانا۔

اُلجھاؤ ul-jhaa-o: (ار، مذ) بکھیڑا، دقت، مشکل، پھندا، گتھی، جھگڑا۔

اُلجھن ul-jhan: (ار، مث) گھبراہٹ، بے چینی، تشویش، خلش

اَلحاج al-haaj: (ع، مذ فاعل) 'حاجی' حاج۔

اِلحاح il-haaK: (ع، مذ) زاری کرنا، منت سماجت کرنا، گڑگڑانا منت وزاری۔

اَلحاد al-haad: (بالفتح اوّل) (ع، مذ) لحد کی جمع، قبریں۔

اِلحاد il-haad: (ع، مذ) سیدھے راستے سے کترا کر چلنا، ملحد ہونا، دین سے پھرنا۔

اَلحاصل al-haa-sil: (ع متعلق فعل) قصہ مختصر، قصہ کوتاہ، آخر کار

اِلحاق il-haaq: (ع، مذ) شامل کرنا، شمول، ایک چیز یا ملک کو دوسرے سے ملانا۔

اَلحال al-haal: (ع متعلق فعل) ابھی، اسی وقت

اَلحان al-haan: (ع، مث، مذ) لحن کی جمع، آواز، سُر، اچھی آواز گانے کی آواز

اِلحان il-haan: (ع، مذ) اچھی آواز سے گانا یا پڑھنا، خوش آوازی

اَلحق al-haq: (ع، متعلق فعل) فی الحقیقت، بے شک، یقیناً

اَلحمد al-hamd: (ع، مث) قرآن شریف کی پہلی سورۃ، سورۃ فاتحہ

اَلحمدُ لِلّٰہ al-ham-du-lil-la(h): (ع، فقرہ) خدا کا شکر ہے، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

اَلخ alK: (ع متعلق فعل) 'اِلٰی آخرہٖ' کا مخفف، جب کسی عبارت کا تھوڑا حصہ لکھ کر باقی کو نہیں لکھتے، تو 'الخ' لکھ دیتے ہیں۔ جس کا منشا یہ ہوتا ہے کہ باقی تمام عبارت سمجھی جائے۔

اِلرجی i-lar-ji(i): (انگ، مث) Allergy کسی چیز کا منفی اثر۔ حساسیت

اِلزام il-zaam: (ع، مذ) تہمت، بہتان، بے حقیقت بات، (افعال: آنا، پانا، تھوپنا، دینا، دھرنا، رکھنا، عائد کرنا، لگانا، لگنا، لینا، ملنا) جمع: الزامات

اَلسَّلامُ عَلَیکُم as-sa-laamu-(?)a-le-kum: (ع کلمہ دعا) تم پر سلامتی ہو، مسلمانوں کا سلام

اَلسِنَہ al-si-na(h): (ع، مث، ج) لسان کی جمع، زبانیں، بولیاں

اَلسی al-sii: (ھ، مث) ایک پودا اور اس کا بیج جس سے تیل نکلتا ہے۔

اَلطاف al-taaf: (ع، مذ) لطف کی جمع، مہربانیاں، نوازشیں، عنایتیں، شفقتیں۔

اَلْعَبد al-(?)abd: (ع، مذ) بندۂ ناچیز، فدوی، دستاویز کے خاتمہ پر دستخط کرنے سے پہلے یہ لفظ نشانی لکھتے ہیں۔

اَلْغَرَض al-Ga-raz: (ع، متعلق فعل) الحاصل، قصہ مختصر،

اَلغوزہ al-Guu-za(a): (ع، مذ) ایک ساز، جو پھونک سے بجایا جاتا ہے۔

اَلِف a-lif: (ع، مذ) 'ا' کا تلفظ، ابجد کا پہلا حرف۔

اَلِف اللہ a-lif-al-laa(h): (ع، مذ) الف آزاد کا جس سے خدا کی وحدانیت کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ اللہ کے الف کی طرح، ماتھے پر قشقہ لگانا۔

الف ب / الف ب ت a-lif be: (ار، مث) حروفِ تہجی جو بچوں کو اوّل اوّل سکھاتے ہیں۔

اَلفاظ al-faaz: (ع، مذ) لفظ کی جمع، کلمے باتیں۔

اُلفت ul-fat: (ع، مث) محبت، پیار، دوستی (افعال: جتانا کرنا/ہونا)

اُلفت کا بندہ ulfat-kaa ban-da(h): (ار، صف) پابندِ محبت جو محبت کی وجہ سے خدمت کرے۔

اَلِف لَیلہ a-lif-lai-la(h): (ع، مث) فرضی قصوں کی مشہور کتاب چونکہ اس میں ایک ہزار کہانیاں ہیں اس لیے اس کا نام الف لیلہ رکھا گیا ہے۔

اَلفی al-fii: (ار، مث) فقیروں کا بغیر بازوؤں کے لمبا کرتہ، کفنی

اِلقا il-qa(a): (ع، مذ) وہ بات جو دل میں خدا کی طرف سے ڈالی جائے۔

اَلقاب al-qaab: (ع، مذ) لقب کی جمع، وہ وصفی نام جو کسی خاص صفت کی رُو سے شہرت پا جائے اُردو میں بطور واحد بمعنی خطاب، خط کا عنوان، وہ الفاظ جو خط کے شروع میں کسی کو مخاطب کرنے کے لیے لکھے جاتے ہیں۔

اَلقِصّہ al-qis-sa(h): (ع، متعلق فعل) غرضیکہ، الحاصل، قصہ مختصر۔

اَلکُحل al-ku-hal: (ع، مث) شراب، سپرٹ وغیرہ۔

اَلَکھ a-lakh: (ہ، صف) نادیدہ، پنہاں، مخفی، پوشیدہ، بغیر شکل وصورت کے مراد خدا تعالیٰ۔

الگ a-lag: (ہ، صف) علیحدہ، جُدا، نیارا، پرے، دور، عجیب تنہا، مستثنیٰ، اچھوتا، کنارے، محفوظ جگہ، اپنی جگہ جُداگانہ (افعال: رہنا، بٹھانا، پڑنا، کرنا، ہونا)

اَلگنی al-ga-ni(i): (ار، مث) وہ ڈوری، رسّی یا تار جس پر کپڑے لٹکاتے یا ڈالتے ہیں۔

اَلل ٹپ / اَلل ٹپو a-lal-Tap: (ار، صف) اٹکل پچو، خیالی، بادِ ہوائی۔

اَللّے تللّے al-le-tal-le: (ار، مذ) فضول خرچی، اسراف، عیش وعشرت (افعال: کرنا، ہونا)

اللہ al-laah: (ع، مذ) معبود، خدا کا اسم ذات، اے خدا الٰہی واہ، آہ، آہا۔

اللہ آمین al-lah-aa-miin: (ار، محاورہ) پورا محاورہ اللہ آمین پر سلامی ہے، یعنی خدا کی جناب میں دُعا کی، پیروں کی درگاہوں کو سلام کیا تب یہ دن نصیب ہوا۔

اَللّٰہُ اَکبر al-laah-hu-ak-bar: (ع، مرکب توصیفی) اللہ بڑا ہے، تکبیر ہے جو نماز میں نیت کے بعد، رکوع وسجود کے اوّل و آخر جنگ میں حملہ آور ہونے کے وقت، جانور کو ذبح کرنے کے وقت، عیدین کی نماز کو گھر سے جاتے اور آتے وقت، قبرستان کو جاتے وقت کہی جاتی ہے۔ بول چال میں

تعجب و حیرت، شکوہ، شکایت، صفت و مبالغہ اور فخر کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

اَللہ اَللہ al-laah al-laah: (کلمہ فجائیہ) واہ واہ، سبحان اللہ، شکوہ شکایت کی جگہ، سلام کی جگہ۔

اَللہ اَللہ خیر صلاح / سلا al-lah al-laah Kair-sal-la(a): (ع، متعلق فعل) بس خاتمہ فراغت ہوئی، فرصت ملی۔

اَللہ توکل al-laah ta-vak-kal: (ا ر، متعلق فعل) خدا کے بھروسہ پر

اَللہ حافظ al-laah haa-fiz: (ا ر، محاورہ) خدا اپنی حفاظت میں رکھے، رخصت کے وقت کہا جاتا ہے۔

اَللہ رے al-laah re: (حرف فجائیہ) مبالغہ کی جگہ بولتے ہیں۔ اُف رے

اَللہ غنی al-laah-Gani(i): (کلمہ فجائیہ) اللہ بے پروا ہے، کسی صدمہ تکلیف یا تعجب کے موقع پر کہتے ہیں۔

اَللہ کا کلام al-laah kaa ka-laam: (ا ر، مرکب، اضافی مذ) قرآن مجید۔

اَللہ کا گھر al-laah ka ghar: (ا ر، مرکب ظرفی، مذ) خانۂ کعبہ، مسجد

اللہ کا محبوب al-laah ka meh-buub: (ا ر، مرکب اضافی) اللہ کا پیارا، پیغمبر آخر الزماں محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

اَللہ کا نور al-laah kaa nuur: (ا ر، مرکب اضافی، مذ) اللہ کی تجلّی، سفید داڑھی

اَللہ کی اَمان al-laah kii a-maan: (ا ر، کلمہ پناہ) خدا بچائے، خدا اپنی پناہ میں رکھے

اللہ کی پناہ al-laah kii panaa(h): (ا ر، کلمہ پناہ) خدا بچائے، خدا محفوظ رکھے۔

اَللہ کی سنوار al-laah ki saN-vaar: (ا ر، مرکب اضافی مث) اعتراض اور ڈانٹ، ڈپٹ کا کلمہ، خدا کی لعنت۔

اَللہ کی شان al-laah kii shaan: (ا ر، مرکب اضافی مث) خلاف توقع اور خلاف مرتبہ کام ہونے پر کہتے ہیں۔

اَللہ کے نام پر al-laah ke naam par: (ا ر، متعلق فعل) فی سبیل اللہ، خدا کی راہ میں، خدا کے واسطے۔

اَللہ مارا al-laah maar(a): (ا ر، مذ) اظہار نفرت کے موقع پر خدائی خوار، ذلیل، مصیبت زدہ

اَللہ میاں al-laah mi-yaaN: (ع، ا ر، مذ) محبت واحترام کے لیے 'میاں' کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

اَللہ میاں کا رَحم al-laah mi-yaaN kaa ra-ham: (ا ر، مذ) عورتیں رت جگے میں گلگلوں کے علاوہ چاولوں کے آٹے میں کھانڈ ملا کر پیڑے سے بناتی ہیں جنکو اللہ میاں کا رحم کہتی ہیں۔

اَللہ نگہبان al-laah ni-gah-baan: (ا ر، کلمہ دعا) خدا حافظ (رخصت کے وقت کہتے ہیں)

اَللہ نہ دکھائے al-laah naa-de-kha-ai: (ا ر، کلمہ دعا) کسی چیز یا وقت سے نفرت اور خوف ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ خدا کرے ایسا نہ ہو۔

اَللہ والے al-laah vaa-le: (ا ر، صف) فقیر، ولی اللہ، خدا رسیدہ، بزرگ

اَلَم a-lam: (ع، مذ) رنج، غم ملال، دکھ، سوگ (افعال: اُٹھانا، پہنچنا)۔

اَلَم انگیز a-lam an-gez: (عف، صف) رنج پیدا کرنے والا، دُکھ دینے والا، اسم کیفیت مث: الم انگیزی

اَلماری al-maa-ri: (پرتگالی لفظ المارا سے) لکڑی کا

کھڑا صندوق جس میں تختے لگا کر خانے بنائے جاتے ہیں۔

اَلماس al-maas: (ف، مذ) سفید رنگ، بیش قیمت پتھر

اَلمانی al-maa-ni(i): (ع، صف) دیکھئے 'المانیہ' جس سے یہ منسوب ہے۔

المانیہ al-maa-ni-ya(h): (ع، مذ) یورپ کا ایک ملک جرمنی۔

اَلمبای u-lam-bi(i): (ار، مذ) وہ سختی جو کسی دنبل یا زخم کے گرد کناروں پر ہوتی ہے، گلٹی۔

اَلمختصر al-muK-ta-sar: (ع، متعلق فعل) قصہ کوتاہ، الحاصل

اَلمدد al-ma-dad: (ع، کلمہ فجائیہ) مشکل کے وقت مدد کے لیے پکارتے ہوئے کہتے ہیں۔

اَلمست al-mast: (ار، صف) بدمست، مدہوش، نفسانی خواہشوں سے پُر۔

اَلم غلم al-lam Gal-lam: (ار، مذ) بے معنی اور بیکار باتیں، بے کار چیزیں (افعال: بکنا، کھانا)

اَلم نشرح a-lam nash-rah: (ع، صف) مشہور، ظاہر، کھلا، قرآن مجید کی ایک سورت کا نام (افعال: کرنا، ہونا)

اَلمیہ al-mi-ya(h)/a-la-mi-ya(h): (ع، مذ) دردناک واقعہ یا قصہ، انگریزی لفظ Tragedy کا ترجمہ۔

اُلّو ul-luu: (ار، مذ) ایک شکاری پرندہ جو دن کو سوتا اور رات کو جاگتا ہے، عموماً ویرانوں میں رہتا ہے، اسے منحوس خیال کیا جاتا ہے، مجازاً: احمق۔

اُلّو کا پٹھا ul-luu kaa paT-Tha-(a): (ار، صف) نہایت احمق، بیوقوف (گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے)

اُلّو کی دُم فاختہ ul-luu-kii-dum faaK-ta(h): (ار، صف) نہایت بیوقوف، گھامڑ۔

اَلواح al-vaah: (ع، مث) دیکھیے 'لوح' جس کی یہ جمع ہے۔

اَلوپ a-luup: (ع، صف) چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی، غائب (افعال: کرنا، ہونا)

اَلوداع al-vi-daa(?): (ع، کلمہ رخصت) کسی کو رخصت کرتے وقت کہتے ہیں (افعال: کہنا)

اَلول a-luul: (ہ، مذ) اچھل کود (خصوصاً گھوڑے کی)

الومنیم Al-mu-ni-yam: (انگ، مذ) ایک نیلگوں سفید ہلکی دھات، جو عام استعمال ہوتی ہے۔

اُلوہیت u-luu-hiy-yat: (ع، مث) خدائی، معبودیت، شانِ خداوندی۔

اِلٰہ i-laah: (ع، مذ) معبود، اللہ، خدا۔

اِلہام il-haam: (ع، مذ) وہ بات جو خدا کی طرف سے دل میں ڈالی جائے، القا، صف نسبتی: الہامی

اَلھڑ al-lhaR: (ہ، صف) کم سن، نادان، وہ بچھڑا جس کے دانت نہ نکلے ہوں۔ اسم کیفیت مذ: الھڑپن/اپنا

اِلٰہی i-laa-hi(i): (ع، صف) اِلٰہ سے منسوب، میرے خدا، میرے اللہ

اِلٰہی مذہب i-laa-hii-maz-hab: (ع، مذ) جلال الدین اکبر شاہ ہند کا وضع کردہ مذہب، جو دینِ الٰہی کے نام سے زیادہ مشہور ہے۔

اِلٰہی مُہر i-laa-hii-mohr: (ع، مذ) مہر شاہی، وہ قرض جو لازمی طور پر ادا کرنا پڑے۔

اِلٰہیات i-laa-hiy-yat: (ع، مث) ایک علم جس میں خدا کے وجود اور ذات و صفات سے بحث کی جاتی ہے۔

اِلیٰ i-laa: (ع، متعلق فعل) تک، تلک، طرف

اِلَیہ i-leyah: (ع، متعلق فعل) اُس تک، اُس کی طرف۔ مث: اِلیہا: جمع: الیہم

اِلیاس il-yaas: (ع، مذ) ایک مشہور پیغمبر جو خدا کے حکم سے قیامت تک زندہ رہیں گے۔

اُلیچنا u-liich-na(a): (ار، مص) کسی جگہ سے پانی نکال کے پرے پھینکنا

اِلیکشن i-lek-shan: (انگ، مذ) انگریزی Election انتخاب، چناؤ۔

اُلیل u-liil: (ہ، مث) کھیل کود، امنگ، ترنگ، شوخی (صف) نا کند، بچھیرا، شوخ، الھڑ۔

اَلیم a-liim: (ع، صف) دردناک، تکلیف دہ۔

ا۔م

اُمّ u-mm: (ع، مث) اماں، والدہ، اصلی، جڑ

اُمّ الامراض um-mul-im-raaz: (ع، مث) وہ بیماری جس سے دوسری بیماریاں پیدا ہوں، زکام، قبض، بیماریوں کی ماں

اُمّ الکتاب um-mul-ki-taab: (ع، مث) قرآن مجید کی پہلی سورۃ فاتحہ، قرآن مجید

اُمّ الوَلد um-mul-va-lad: (ع، مث) وہ لونڈی جو مالک کے بچے کی ماں ہو، لہٰذا کنیز کی بجائے بیوی کی حیثیت حاصل کر لے۔

اَمّا am-ma: (ع، حرف استدراک) لیکن، مگر، تاہم، پھر بھی۔

اِمارت i-maa-rat: (ع، مث) امیری، تونگری، سرداری، حکومت۔

اَمّارہ am-ma-ra(h): (ع، مذ) کثرت سے حکم کرنے والا، وہ نفسِ انسانی جو بدی کی رغبت دلاتا ہے۔

اِمام i-mam: (ع، مذ) پیشوا، ہادی، نماز پڑھانے والا، تسبیح میں اوپر کا لمبا دانہ۔

اِمامِ اعظم i-maam-a(?)-zam: (ع، مذ) ابوحنیفہ۔

اِمام باڑا / باڑہ i-maam baa-Ra(h/a): (ار، مذ) وہ مکان جو خاص طور پر شہدائے کربلا کی تعزیہ داری کے لیے ہو۔

اِمام ضامن i-maam za-min: (ار، مذ) جب کوئی سفر کو جانے لگتا ہے تو گھر والے اُس کے بازو پر امام ضامن (کا روپیہ) باندھ دیتے ہیں جس کو مسافر منزلِ مقصود پر پہنچ کر خیرات کر دیتا ہے۔ دولت مند لوگ اشرفی اور غریب لوگ پیسہ ٹکا بھی باندھ دیتے ہیں۔

اِمامت i-maa-mat: (ع، مث) امام سے اسم کیفیت، امام کا منصب

اِمامیہ i-ma-mi-ya(h): (ع، صف) شیعہ فرقہ جو بارہ اماموں کو مانتا ہے۔

اَمان a-maan: (ع، مذ) پناہ، حفاظت، آرام، آسائش (افعال: پانا، دینا، مانگنا)

اَماں a-maaN: (ارکلمہ خطاب) ارے، اے جی۔

اَمّاں am-maaN: (ماں، والدہ)

اَمانت a-maa-nat: (ع، مث) سپرد کی ہوئی چیز جس میں تصرف نہ کیا جائے۔ دیانت داری، ایمانداری، پیائش کا کام امین کا عہدہ، امن وامان، سلامتی۔

اَمانت خانہ a-maa-natKaa-na(h): (عف، مذ) وہ جگہ یا مکان جس میں چیزیں امانت رکھی جائیں۔

اَمانت دار a-maa-nat-daar: (عف، افاعل) جس کی حفاظت میں کوئی چیز رکھی گئی ہو، اسم کیفیت مث: امانت داری۔

اَمانت گزار a-maa-nat gu-zaar: (ع، مذ) وہ

شخص جو کسی کی چیز امانت میں رکھے اور اُسے بجنسہ واپس کردے۔

اَمانت نامہ a-maa-nat naa-ma(h): (ع، مذ) امانت رکھنے کی دستاویز۔

اَمانی a-maa-ni(i): (ا، مث) وہ کام جو اپنے طور پر کرایا جائے اور ٹھیکہ پر نہ کرایا جائے، یمنہ کی جمع یعنی مرادیں۔

اَماوَس/اماس a-maa-vas: (ہ، مث) اندھیرے پاکھ کی پندرھویں تاریخ قمری ماہ کی 28 تاریخ۔

اَمبَر am-bar: (س، مذ) چادر، اوڑھنا، غلاف، آسمان، بادل۔

ایمبولینس aim-bo-lens: (انگ، مذ) ہسپتال کی گاڑی، جنگی ہسپتال

امیا am-ya(h): (ہ، مث) چھوٹا سا کچا آم، کیری۔

اِمپورٹ im-porT: (انگ، مذ) درآمد۔

اُمّت um-mat: (ع، مث) جماعت، گروہ، قوم جو کسی پیغمبر کے پیرو ہوں۔ مُدّت، وقت۔

اِمتثال im-ti-saal: (ع، مذ) تعمیل حکم، فرمانبرداری

اِمتحان im-ti-haan: (ع، مذ) آزمائش، جانچ پڑتال (افعال: کرنا، دینا، لینا)

اِمتزاج im-ti-zaaj: (ع، مذ) ملاوٹ، آمیزش، مرکب ہونا۔

اِمتناع im-ti-naa(?): (ع، مذ) ممانعت، مناہی، صفت نسبتی، امتناعی

اُمّتی um-ma-ti(i): (ع، صف) اُمت سے منسوب، کسی پیغمبر کا پیرو

اِمتیاز im-ti-yaaz: (ع، مذ) فرق، تمیز کرنا، پہچان، شناخت، سمجھ، شعور، ترجیح، مرتبہ، صف نسبتی، امتیازی۔

اَمِٹ a-miT: (ہ، صف) نہ مٹنے والا، پائیدار، لافانی، قائم رہنے والا۔

اَمثال am-saal: (ع، مث) مثل کی جمع، کہاوتیں، شبیہ۔

اَمجد am-jad: (ع، تفضیل) بہت بزرگ، معزز یا بڑا۔

اِمداد im-daad: (ع، مذ) مدد، کمک، اعانت، سہارا، سلوک، صفت نسبتی: امدادی۔

اِمدادِ باہمی im-daa-de-baah-mi(i): (ا، مث) ایک دوسرے کی مدد کرنا، ایک ادارہ کا نام

اَمر a-mar: (ع، مذ) حکم، کام، فعل، مقابلہ، مسئلہ

اَمَر a-mar: (ہ، مذ) نہ مرنے والا، غیر فانی، ہمیشہ رہنے والا۔

اَمر بیل a-mar-bail: (ہ، مث) دیکھیے، آکاس بیل

اُمراء um-raa: (ع، مذ) امیر کی جمع، دولت مند، رئیس۔

اَمراض am-raaz: (ع، مذ) مرض کی جمع، بیماریاں

اَمرت am-rit: (س، مذ) آب حیات، اکسیر

اَمرت دھارا am-rit dhaa-ra(a): (ا، مث) ایک مشہور دوا جو بہت سی بیماریوں میں مختلف بدرقہ جات کے ہمراہ استعمال کی جاتی ہے

اِمرتی i-mar-ti(i): (ہ، مث) ایک مشہور مٹھائی جو ماش کے آٹے کی بنائی جاتی ہے اور شکل میں جلیبی جیسی ہوتی ہے۔

اَمرس am-ras: (ہ، مذ) پکے آم کا رس نچوڑ کر کپڑے پر پھیلا کر سکھایا ہوا۔

اَمرود am-ruud: (ف، مذ) ایک مشہور پھل

اِمروز im-roz: (ف، مذ) آج، آج کا دن۔

اِمروزفردا im-roz-far-da(h): (ف، مذ) آج کل، ٹال مٹول (افعال: کرنا) (میں کے ساتھ) جلدی عنقریب۔

اَمرَئیاں am-ray-yaaN: (ہ، مذ) آموں کے باغات جہاں آم کے درختوں کے جھنڈ ہوں۔

اِمساک im-saak: (ع، مذ) رُکنا، ٹھہرنا، کھینچ، رُکاوٹ، خِسّت، کنجوسی، بُخل، منی کا بوقت مباشرت دیر سے نکلنا۔

اَمصار am-saar: (ع، مذ) مصر کی جمع، شہر، قریے۔

اَمطار am-taar: (ع، مذ) مطر کی جمع، بادل۔

اِمکان im-kaan: (ع، مذ) ممکن ہونا، بحال، طاقت، مقدور، قابو صفت نسبتی: امکانی۔

اَمَل a-mal: (ہ، مذ) اُمید، آس، آرزو، خواہش۔

اِملا im-la(a): (ع، مذ مث) رسم الخط کے موافق لکھنا۔

اَملاک am-laak: (ع، مث) ملک کی جمع، مقبوضات، جائیداد، مال ومتاع۔

اَمل بید a-amal-bed: (ہ، مذ) گلگل کی قسم کا ایک انتہائی ترش پھل، پہاڑی گلگل۔

اَملتاس a-mal-Taas: (ہ، مذ) ایک درخت اور اُس کا پھل، اس کے گودے سے جو سیاہ لیس دار ہوتا ہے، مسہل کا کام لیا جاتا ہے، خیار شنبر۔

اِملی im-li(i): (ہ مث) ایک درخت اور اُس کا پھل، تمر ہندی۔

اُمَم u-mam: (ع، مذ) اُمّت کی جمع، اُمّتیں۔

اَمن a-man: (ع، مذ) چین، اطمینان، دلجمعی، صلح، آشتی۔

اُمنگ u-mang: (ہ، مث) جوش، ولولہ، اشتیاق، شوق، ترنگ، نہایت خوشی، انبساط، بڑی بشاشت، شادمانی۔

اَمنیّت am-niy-yat: (ع، مث) امن امان، امن چین۔

اَموات am-vaat: (ع، مث) موت کی جمع، موتیں، میت کی جمع، لاشیں

اَمواج am-vaaj: (ع، مث) مَوج کی جمع، موجیں، لہریں۔

اَموال am-vaal: (ع، مث) مال کی جمع، مال ودولت

اُمور u-muur: (ع، مذ) امر کی جمع، معاملات، باتیں۔

اُمُومَت / اُمومیّت u-muu-mat: (ع، مذ) منصب مادری، مادر پن، ماں ہونا، مادری حالت

اُمونیا / امونیا u-muu-ni-ya(a): (انگ، مذ) Ammonia ایک بے رنگ گیس جو پانی میں آسانی سے حل ہو جاتی ہے، اسے تجربہ گاہوں میں نوشادر اور چونے سے تیار کرتے ہیں۔

اُمّی um-mi(i): (ع، صف) ناخواندہ، اَن پڑھ، مکّے کا رہنے والا

اَمَیٹھنا a-maiTh-na(a): (ار، مص) مروڑنا، بل دینا، اینٹھنا

اُمّید / اُمید um-miid: (ف، مث) آسرا، توقع، آرزو، خواہش حمل (افعال: اُٹھ جانا، بر آنا، برلانا، بندھانا) بندھنا، پڑنا، توڑنا، ٹوٹنا، دلانا، رکھنا، کرنا، ہونا۔

اُمید سے ہونا um-miid se ho-na(a): (ار، محاورہ) عورت کا حاملہ ہونا۔

اُمید وار um-miid-vaar u-miid-vaar: (ف، افاعل) توقع رکھنے والا، آرزومند (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: اُمیدواری

اُمید و بیم um-mii-do-biim: (ف، عطفی) اُمید اور خوف کے درمیان کی حالت، بے اطمینانی۔

اَمیر a-miir: (ع، مذ) بڑا آدمی، دولت مند، متمول، رئیس، کیفیت: امیری

اَمیرُ الاُمَراء a-mii-rul-um-ra(a): (ع، مذ) بہت بڑا امیر، نہایت دولتمند بڑا رئیس (امیروں کا امیر)

اَمیرُ البَحر a-mi-rul-ba-har: (ع، مذ) بحری بیڑے کا افسر۔
اَمیرُ المؤمنین amii-rul-mau-mi-niin: (ع، مذ) مسلمانوں کا سردار، خلفائے اسلام کا لقب
امیرانہ a-mii-raa-na(h): (ف، صف) امیروں کی طرح، امیروں کا سا۔
امیر زادہ a-miir-zaa-da(h): (ف، مذ) امیر کا بیٹا: مث دار، امیر زادی۔
اَمین a-miin: (ع، صف) امانت دار، معتمد، بندوبست میں پیمائش کرنے والا عہدہ دار، عدالت دیوانی میں ڈگری کی جائیداد قرق کرنے اور جانچنے والا، حضورِ اکرمؐ کا لقب۔

ا۔ن

اَن an: (ھ، مذ) اناج، غلہ (نون مشدّد اور غیر مشدّد دونوں طرح مستعمل ہے) حرفِ نفی۔
اَن داتا an-daa-ta(a): (ہ، صف) رزق دینے والا، خداوندِ نعمت، آقا، والی۔
اَن an: (ھ، حرفِ نفی) حرفِ نفی جو بطور سابقہ آ کر نفی کے معنی پیدا کر دیتا ہے۔ مثلاً اَن بن۔
اَن بَن an-ban: (ھ، مث) بگاڑ، رنجش، ناچاقی
ان پڑھ an-paRh: (ھ، صف) ناخواندہ، اُمّی
اَن جان an-jaan: (ھ، صف) نہ جاننے والا، ناواقف، اجنبی، بیگانہ اسم کیفیت مذ: انجان پنا
اَن دیکھا an-de-kha(a): (ھ، صف) بن دیکھا، نادیدہ، مخفی، غائب، مث: اَن دیکھی۔
اَن سُنی an-su-ni(i): (ھ، صف، مث) نہ سنی ہوئی، عجیب۔
اَن کہی an-ka-hi(i): (ھ، صف، مث) نہ کہنے کے قابل، ناگفتنی (بُری بات)
اَن گِنا an-gi-na(a): (ھ، صف) جو شمار نہ کیا گیا ہو، شمار سے باہر۔
اَن گِنت / اَن گِنتی an-gi-nat: (ھ، صف) ناقابل شمار، لاتعداد
اَن مِل an-mil: (ھ، صف) بے میل، بے جوڑ، بے تکا
اَن مول an-mol: (ھ، صف) بے بہا، بہت قیمتی، جس کی کوئی قیمت ادا نہ کر سکے۔
اَن میل an-mel: (یائے مجہول سے ھ، صف) بے میل، بے جوڑ، ناموزوں۔
اَن ہُوت an-huut: (واؤ مجہول سے) (ھ، مث) نہ ہونا، ناداری، افلاس۔
اَن ہونی an-hau-ni(i): (ھ، صف مث) نہ ہونے والی، محال، ناممکن، ناشدنی۔
اِن in: (ا ر، اشارہ، ضمیر) اشارہ قریب اس کی جمع نیز ضمیر غائب 'اس کی جمع احترام اور تعظیم کے لیے واحد کے ساتھ بھی مستعمل ہے۔
اُن un: (س، سابقہ) ایک کم، جیسے اُنتیس یعنی ایک کم تیس۔
اُن un-: (ار، ا، اشارہ ضمیر) اشارہ بعید 'اُس کی جمع' اور ضمیر غائب جمع۔
اَنا الحق a-nal-haq: (ع، تلمیح) میں حق (خُدا) ہوں۔ حسین بن منصور حلاج کا نعرہ، جس کی پاداش میں اسے ملحد قرار دے کر موت کی سزا دی گئی تھی۔
اِنابَت i-na-bat: (ع، مث) خدا کی طرف رجوع کرنا، توبہ، رجوع، عاجزی۔
اَنابیب a-naa-biib: (ع، مث) انبوب کی جمع، نالیاں، نلکیاں، نرکل کی پوریں، تلکے۔

اَناپ شناپ a-naap sha-naap: (ار، حرف) اندھادھند، اُوٹ پٹانگ

اَناتھ a-naath: (س، صف) بے مالک، بے سہارا، بے یار و مددگار

اناج a-naaj: (ھ، مذ) غلہ، جنس

انار a-naar: (ف، مذ) ایک مشہور درخت اور اُس کا پھل، ایک قسم کی آتش بازی بشکل انار، صف نسبتی: اناری۔

اناردانہ a-naar daa-na(h): (ار، مذ) ترش انار کے خشک دانے، چورن کی ایک قسم جس میں اناردانہ شامل ہوتا ہے۔ ایک خاص قسم کا چارخانہ کپڑا۔

اَنارکی a-naar-ki(i): (انگ، مث) Anarchy، بدامنی، بدنظمی، انتشار، نراج۔

اَناڑی a-naa-Ri(i): (ھ، صف) ناتجربہ کار، انجان، ناسمجھ، اسم کیفیت، مذ: اناڑی پن/پنا۔

اُناسی u-naa-si(i): (ار، عدد) ستر اور نو کا مجموعہ، 79

اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیہِ رٰجِعُون in-na-lil-la-he-va in-na- a-le-he-ra-ji-(?)uun: (ع، مث، آیت قرآن) بے شک ہم اللہ کے ہی ہیں اور اُسی کی طرف پلٹنے والے ہیں۔ یہ آیت دکھ، مصیبت یا موت کی خبر سن کر پڑھی جاتی ہے۔

اَنام a-naam: (ع، جمع) مخلوقات و موجودات۔

اَنانیت a-naa-niy-yat: (ع، مث) خود پسندی، خود بینی، خودداری۔

اَناؤنسر a-na-un-sar: (ع، فاعل) Announcer: اعلان کرنے والا، مناد

اَنبار am-baar: (ف، مذ) ذخیرہ، ڈھیر، تودہ

اَنبار خانہ am-baar Kaa-na(h): (ظرف) مخزن، گودام، وہ مکان یا جگہ جہاں ذخیرہ کیا جائے۔

اِنبساط in-bi-saat (ع، مذ و مث) پھیلنا، کشادہ ہونا، خوشی، شادمانی فرحت۔

اَنبُوب an-buub: (ع، مذ) نلی، نکی، نیز دیکھیے 'انابیب'۔

اَنبوہ an-boh: (ف، مذ) گروہ، ہجوم، بھیڑ، بہتات، کثرت، جھمگٹا

انبیاء am-bi-ya(a): (ع، مذ) نبی کی جمع، خدا کے بھیجے ہوئے پیغمبر، رسول

انبیق an-biiq: (ع، مذ) بھبکا، وہ برتن جس میں نالی رکھ کر عرق کشید کرتے ہیں۔

اَنت ant: (س، مذ) خاتمہ، آخیر، انجام

اُنتالیس un-taa-liis: (ار، عدد) ایک کم چالیس، 39۔

اِنتباہ in-ti-baa(h): (ع، مذ) خبردار کرنا، آگاہ کرنا، آگاہی، اطلاع، خبرداری۔

اِنتخاب in-ti-Kaab: (ع، مذ) چُننا، پسند کرنا، چناؤ، پسندیدگی، چھانٹ۔

اَنتر an-tar: (س، مذ) فرق، دُوری، فاصلہ، دو چیزوں کے درمیان کی جگہ، راز، بھید۔

اَنتر جامی an-tar-jaa-mi(i)~ an-tar-yaa-mi(i): (س، مذ) ہر چیز کا اندار، روح اعلیٰ، برہما، شیوجی

اَنتر منتر an-tar-man-tar: (ھ، مذ) جادو، ٹونا، ٹوٹکا، جھاڑ پھونک۔

اَنترا an-tra: (ھ، صف، مذ) کڑی، سلسلہ، گانے کی چیز کا وہ ٹکڑا جو استھائی کے بعد ہو، لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح میں ہاتھ کی ایک ضرب

اَنتری an-ta-Ri(i): (ار، مث) دیکھیے 'آنت'

اِنتساب in-ti-saab: (ع، مذ) منسوب کرنا، کسی سے نسبت دینا

اِنتشار in-ti-shaar: (ع، مذ) پھیلنا، پراگندہ ہونا، تتر بتر ہونا، پریشانی، گھبراہٹ، تردد، شہوت۔

اِنتظار in-ti-zaar: (ع، مذ) راہ دیکھنا، آسرا تکنا، آسرا، اُمید (افعال: کرنا، ہونا، کھینچنا)

اِنتظام in-ti-zaam: (ع، مذ) بندوبست کرنا، اہتمام کرنا، تدبیر بندوبست، ترتیب، (افعال: کرنا، ہونا، دینا) صف نسبتی: انتظامی

اِنتظامیہ in-ti-zaa-mi-ya(h): (ع، مث) حکومت کا وہ شعبہ جو قانون پر عمل کرائے اور امن و امان برقرار رکھنے کا ذمہ دار ہے۔ کسی ادارہ کی وہ مجلس جو اس کا انتظام کرتی ہے، انگریزی لفظ Executive کا ترجمہ۔

اِنتقال اراضی / جائیداد in-ti-qaa-le-aa-raa-zi(i): (ع، مذ) زمین، جائیداد کا کسی دوسرے کے نام منتقل ہو جانا۔

اِنتقام in-ti-qaam: (ع، مذ) بدلہ لینا، عوض لینا، بدلہ، عوض، صف نسبتی، انتقامی۔

اِنتقامانہ in-ti-qaa-maa-na(h): (عف صف) انتقام کے طور پر، انتقامی

اِنتہا in-ti-ha(a): (ع، مث) اخیر، حد، سرا، انجام، خاتمہ، صف نسبتی، انتہائی۔

اِنتہا پسند in-ti-haa pa-sand: (فاعل) کسی کام کے اخیر کو چاہنے والا، اعتدال پسند کی ضد۔

اُنتیس un-tiis: (ار، عدد) ایک کم تیس، بیس اور نو کا مجموعہ 29۔

اَنٹا an-Ta(a): (ہ، مذ) بڑی گولی، افیون کی بڑی گولی، کھیلنے کی بڑی گولی جو شیشہ یا لاکھ کی بنی ہوتی ہے۔ بندوق کی بڑی گولی، ایک انگریزی کھیل جو گیندوں سے میز پر کھیلا جاتا ہے۔ بلیرڈ۔

اَنٹا غفیل an-Taa Ga-fiil: (ار، صف) بے ہوش، بے سُدھ، نشہ میں چور (افعال: ہونا)

اِنٹر in-Tar: (انگ، صف) inter درمیانی۔

انٹرمیڈیٹ in-tar-mi-Di-eT: (انگ، صف، مث) intermediate درمیانی، وسطی، بارھویں جماعت کے امتحان کا نام۔

اِنٹرویو in-tar-vi-u(u): (انگ، مذ) Interview ملاقات باضابطہ ملاقات، تبادلۂ خیالات، اخباری نمائندوں کا کسی سے سوالات پوچھ کر اس کے خیالات ونظریات معلوم کرنا۔

اَنٹ کانسٹنٹ / انٹ سَنٹ anT-ka-sanT: (ہ، صف) اُوٹ پٹانگ، بیہودہ، لغو، مہمل۔

اَنٹی an-Ti(i): (ہ، مث) گروہ، گانٹھ، سوت یا ریشم کی لچھی، وہ لکڑی جس پر سوت چڑھاتے ہیں، جیب، کیسہ۔

انٹی باز / مار an-Tii-baaz: (ار، صف) (قمار بازوں کی اصطلاح) وہ شخص جو انگلیوں کے درمیان کوئی چیز چھپالے مکار، فریبی، دغاباز۔

انجام an-jaam: (ف، مذ) اخیر، انتہا، خاتمہ، نتیجہ (افعال: پانا، دینا، سوچنا)

انجام کار an-jaam-kaar: (ف، متعلق فعل) آخرکار، آخرکو، نتیجتاً۔

اَنجب an-jab: (ع، تفضیل) بہت نجیب، بہت شریف پرستارزادہ، لونڈی کا بچہ۔

اَنجبار anj-baar: (ف، مذ) ایک سُرخ رنگ کی بیل جو دواؤں میں کام آتی ہے۔

اِنجذاب in-ji-zaab: (ہ، مذ) جذب کرنا یا ہونا، صف نسبتی، انجذابی

انجر پنجر an-jar pan-jar: (ہ، مذ) بدن کے جوڑ، ہڈی پسلی۔

اَنجم an-jum: (ع، مذ) نجم کی جمع، ستارے، ان

معنوں میں صرف اُردو میں مستعمل ہے۔

اَنجم شناس an-jum sha-naas: (ف، افاعل) نجومی، منجّم، ستاروں کے حساب سے پیشین گوئی کرنے والا، اسم کیفیت مث: انجم شناسی

اِنجماد in-ji-maad: (ع، مذ) جمنا، منجمد ہونا

اَنجُمن an-ju-man: (ف مث) محفل، بزم، مجلس

اَنجن an-jan: (ہ، مذ) سُرمہ، کاجل

اِنجن in-jan: (انگ، مذ) Engine مشین، بھاپ یا تیل سے چلنے والی کل۔

اِنجیر in-jiir: (ف، مذ) ایک مشہور پھل جو گولر سے مشابہ اور مزہ میں شیریں ہوتا ہے۔

اِنجیل in-jiil: (ع، مث) عیسائیوں کی مذہبی کتاب، مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق وہ کتاب جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ عیسائیوں کے عقیدہ کے مطابق ان ستائیس یا اٹھائیس رسائل کا مجموعہ جو حضرت عیسیٰ کے حواریوں یا تابعین نے مرتب کیے تھے جن میں حضرت عیسیٰ کے اقوال اور حالات زندگی تحریر ہیں۔ اس مجموعہ کو عہد نامہ جدید کہتے ہیں۔ اس مجموعہ کا ہر رسالہ بھی انجیل کہلاتا ہے۔ توریت اور انجیل کا مجموعہ بھی انجیل کہلاتا ہے۔

اِنجینئر in-jii-ni-yar: (انگ، افاعل) Engineer تعمیرات اور مشینوں کے کام کا ماہر۔

اِنچ inch: (انگ، مذ) فٹ کا بارھواں حصہ، گز کا چھتیسواں حصہ۔

اِنچارج in-chaarj: (انگ، مذ) Incharge وہ شخص جس کے اہتمام یا انتظام میں کوئی کام ہو، کسی محکمہ یا ادارہ کا ذمہ دار، عہدہ دار

اُنچان uN-chaan: (بروزن گمان) (ار، مث) اونچائی، بلندی

اِنحراف in-hi-raaf: (ع، مذ) روگردانی کرنا، پھر جانا، برخلاف ہونا، مکر جانا، سرکشی، روگردانی، مخالفت۔

اِنحصار in-hi-saar: (ع، مذ) گھرنا، محصور ہونا، موقوف ہونا، منحصر ہونا، دارومدار، احاطہ۔

انحطاط in-hi-taat: (ع، مذ) اُترنا، گھٹنا، کم ہونا، زوال، کمی، تنزّل، کمی۔

اِنخلا in-Kl-la(a): (ع، مذ) کٹا ہوا ہونا، خالی کرنا

اَنداز an-daaz: (ف، مذ) طریقہ، وضع، قیاس، اندازہ، تخمینہ، اعتدال، حد، معشوقانہ ادا، نمونہ، پیمانہ، فارسی انداختن سے صیغۂ امر بمعنی ڈالنے والا۔

انداز پٹی an-daaz-pii-Ti(i): (ار، مث) اپنے ناز و انداز پر اترانے والی عورت، نخرہ والی۔

اندازہ an-daa-za(h): (ف، مذ) قیاس، تخمینہ، اٹکل، ناپ، حد اعتدال (افعال: پانا، کرنا، ہونا)

اَندام an-daam: (ف، مذ) جسم، بدن، بُجثّہ، انگ

اندامِ نِہانی an-daa-me-ni-haa-ni(i): (ف، مذ) جسم کا پوشیدہ حصہ، شرم گاہ (بالخصوص عورت کی) جہاں سے بچہ نکلتا ہے۔

اَندر an-dar: (ف، حرف جار) میں، درمیان، بیچ، بھیتر، باہر کی ضد۔

اندرْوار an-dar-vaar: (ف، متعلق فعل) اندر کی طرف، اندر کے رُخ

اِندَر in-dar: (س، مذ) دیوتاؤں کا راجا، سورگ (بہشت) کا راجا، مینہ برسانے والا دیوتا۔

اندرجال in-dar-jaal: (ہ، مذ) دھوکا، فریب، دغا، شعبدہ۔

اِندر کا اکھاڑا in-dar ka a-khaa-Ra(a): (ار، مذ) راجا اندر کی مجلس، حسینوں کا مجمع

اِندِراج in-di-raaj: (ع، مذ) درج کرنا، تحریر کرنا،

لکھنا، داخل کرنا، تحریر، ترقیم۔

اَندَرُوْن an-du-ruun: (ف، حرف جار) دیکھیے 'اندر' صفت نسبتی، اندرونی

اَندرُوْنِ خانہ an-du-ruu-ne Kaa-na(h): (ف، مرکب جاری) گھر میں۔ عورت کی نسبت، درپردہ۔

اِندری in-da-ri(i): (ھ، مث) محسوس کرنے کا آلہ، حواس ظاہری و باطنی، عضو تناسل، اندام نہانی، خواہش نفسانی۔

اَندَک an-dak: (ف، صف) تھوڑا، قلیل، کم، ذرا سا

اندھکار andh-kaar: (ار، مذق) اندھیرا، تاریکی۔

اِندمال in-di-maal: (ع، مذ) زخم بھرنا، زخم کی درستی یا صحت۔

اَندُو an-du(u): (ار، مذق) پیشانی، ماتھا۔

اندوختہ an-doK-ta(h): (ف، صف مفعولی) جمع کیا ہوا، بچایا ہوا، پس انداز کیا ہوا مال۔

اندھا an-dha(a): (ار، صف) نابینا، کور، جو دیکھنے کی قوت سے محروم ہو، دُھندلا، غیر شفاف، بیوقوف، اسم کیفیت مذ: اندھاپن

اَندھادُھند an-dhaa-dhund: (ار، صف) بے سوچے سمجھے، بے حساب، بے دھڑک، بے احتیاطی سے۔

اَندھا کنواں an-dhaa-kuN-aaN: (ار، مذ) خشک اور تاریک کنواں بچوں کا ایک کھیل جو شطرنج کی طرح چار کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔

اَندھی an-dhi(i): (ار، صف، مث) اندھا کی تانیث ہے۔

اَندھیار andh-yaar: (ھ، مذ) اندھیرا، تاریکی

اَندھیارا andh-yaa-ra(a): (ھ، مذ) دیکھیے 'اندھیار' اندھیاری۔

اَندھیر an-dher: (ھ، مذ) تاریکی، سیاہی، ظلم و ستم، بے انصافی، فساد، کھلبلی، دغا، فریب، بے ایمانی (افعال: ڈھانا، کرنا، ہونا، مچانا)

اَندھیرا aN-dhe-ra(a): (ھ، مذ) تاریکی، سیاہی، اُجالا کی ضد (افعال: چھانا، کرنا، ہونا)

اَندھیری aN-dhe-ri(i): (ھ، مث) تاریکی، سیاہی، تاریک سیاہ کپڑے کا وہ پردہ جو شریر گھوڑے کی آنکھوں پر باندھتے ہیں۔

اَندھیرے اُجالے aN-dhe-re u-jaa-le: (ار، متعلق فعل) وقت بے وقت، دیر سویر۔

اَندیش an-desh: (ف، لاحقہ فاعلی) اندیشیدن مصدر سے صیغۂ امر جو اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور سوچنے والا کے معنی دیتا ہے، مثلاً عاقبت اندیش۔

اَندیشہ an-de-sha(h): (ف، مذ) غور، فکر، کھٹکا، خوف، ڈر، خطرہ، خیال، وہم۔

اندیشناک / اندیشہ ناک an-desh-naak: (ف، صف) پُر خطر، خوفناک

اَنڈا an-Da(a): (ھ، مذ) بیضہ، تخم۔

اَنڈر گریجویٹ un-Dar- gi-re-ju-eT: (انگ، مذ) Under Graduate جس نے ڈگری حاصل نہ کی ہو، بی اے سے کم تعلیم یافتہ۔

انڈرویئر un-Dar-vi-yar: (انگ، مذ) Under Wear زیر جامہ، پاجامہ کے نیچے پہننے کا لباس۔

اِنڈکس in-Deks: (انگ، مذ) index فہرست، تفصیلات کا خلاصہ، ضمیمہ۔

انڈے بچے an-De bach-che: (ار، مذ) لڑکے بالے، آل، اولاد

اِنزال in-zaal: (ع، مذ) اتارنا، اُترنا، بالخصوص منی

خارج ہونا (انفعال: ہونا)

اُنس ans: (س، مذ) توانائی، طاقت، درجہ، حصہ

اِنس ins: (ع، مذ) دیکھیے 'انسان'

اِنس و جن in-so-jin: (ع، مذ بترکیب فارسی) انسان اور جن

اُنس uns: (ع مث) محبت، الفت، شفقت، پیار

اِنسان in-saan: (ع، مذ) آدمی، بنی آدم، شائستہ، صف نسبتی: انسانی

اِنسانیت in-saa-ni-yat: (ع مث) آدمیت، شائستگی، عقل، شعور۔

اِنسائیکلوپیڈیا

in-saa-i-ki-lo-pii-Di-ya(a): (انگ، مذ) Encylopaedea وہ کتاب جس میں جملہ علوم و فنون کے متعلق معلومات بترتیب حروف تہجی درج ہوتی ہیں۔ دائرۃ المعارف، قاموس العلوم۔

اِنسپکٹر ins-pek-Tar: (انگ، مذ) Inspector معائنہ کرنے والا، نگراں۔

اُنسٹھ un-saTh: (ار، عدد) نو اور پچاس کا مجموعہ 59

اِنسٹی ٹیوٹ / انسٹی چیوٹ ins-Ti-Ti-yuT: (انگ مث) institute ادارہ، محکمہ، درس گاہ۔

انسٹی ٹیوشن ins-Ti-Tu-shan: (انگ، مث) Institution اصول و قواعد کا ضابطہ، علمی مجلس، ادارہ۔

اِنسِداد in-si-daad: (ع، مذ) روک، ممانعت، بندش

اُنسیت un-si-yat: (ع مث) دیکھیے 'اُنس'۔

اِنشا in-sha(a): (ع، مث) عبارت لکھنا، بات پیدا کرنا۔

اِنشا پرداز in-shaa par-daaz: (عف، صف) مضمون نگار، نثر لکھنے والا، اسم کیفیت مث: انشا پردازی۔

اِنشا کرنا in-shaa kar-na(a): (ار، مص مرکب) لکھنا، تحریر کرنا۔

اِنشاءاللہ in-shaa-al-laa(h): (ع، فقرہ) اگر خدا نے چاہا، اگر خدا کو منظور ہوا۔

اِنشائیہ in-shaa-iy-ya(h): (ع، مذ) نحو، جملے کی ایک قسم یعنی وہ جملہ جس میں سچ جھوٹ کا احتمال نہ ہو، ہلکا پھلکا مضمون، انگریزی لفظ Essay کا ترجمہ۔

اِنشراح in-shi-raa(h): (ع، مذ) کھلنا کشادہ ہونا، فرحت۔

اِنشورینس in-sho-rens: (انگ، مذ) Insurance بیمہ

اَنصار an-saar: (ع، مذ) ناصر کی جمع، مددگار، ساتھی، مدینہ کے وہ اصحاب نبویؐ جنھوں نے پیغمبر آخرالزماں علیہ السلام کے مدینہ ہجرت کر جانے پر حضورؐ اور مہاجرین کی ہر طرح مدد کی۔

اَنصاری an-saa-ri(i): (ع، صف) انصار سے منسوب، مدینہ کے انصار سے نسبی تعلق رکھنے والا۔ جولاہے کو بھی کہتے ہیں۔

اِنصاف in-saaf: (ع، مذ) داد، عدل، نیائے (انفعال: چاہنا، چکانا، کرنا، ہونا)

اِنصرام in-sa-raam: (ع، مذ) انتظام، بندوبست (انفعال: کرنا، ہونا)

اِنضباط in-zi-baat: (ع، مذ) مضبوط پکڑنا، تقسیم کرنا، تحریر کرنا، مضبوط پیوستگی، ضابطہ، ڈھنگ، نظم و ضبط، باقاعدگی، صف نسبتی: انضباطی

اِنضمام in-zi-maam: (ع، مذ) پیوستہ ہونا، ملنا، وصل ہونا، پیوستگی۔

اِنطباع in-ti-baa(?): (ع، مذ) چھپنا، طبع ہونا، چھاپا، طباعت

اِنطباق in-ti-baaq: (ع، مذ) منطبق ہونا، چسپاں ہونا، ملنا، اطلاق ہونا۔

اَنظار an-zaar: (ع، مث) نظر کی جمع، نگاہیں، ستاروں کی چالیں۔

اِنعام in-?aam: (ع، مذ) صلہ، اُجرت، بخشش، تحفہ۔

انعام و اِکرام in-?aa-mo-ik-raam: (ع، مذ بترکیب فارسی) خلعت و عزت۔

اِنعقاد in-?i-qaad: (ع، مذ) بندھنا، منعقد ہونا۔

اِنعکاس in-?i-kaas: (ع، مذ) الٹنا، عکس پڑنا، ظاہر ہوا، عکس، سایہ، انحراف۔

اَنفاس an-faas: (ع، مذ) نفس کی جمع، سانسیں، دم

اِنفراد in-fi-raad: (ع، مذ) تنہا ہونا، اکیلا ہونا، تنہائی، اکیلا پن۔

انفرادی in-fi-raa-di(i): (ع، صف) فرد سے متعلق، ذاتی، شخصی، امتیازی۔

انفرادیت in-fi-raa-di-yat: (ع، مث) ذاتی خصوصیت، خودی، انانیت، ایک عمرانی نظریہ جس کے مطابق افراد کو فکر و عمل کی آزادی ہونی چاہیے۔

اِنفعال in-fi-?aal: (ع، مذ) فاعل کے فعل کا مفعول پر اثر کرنا، اثر قبول کرنا، شرمندہ ہونا، تاثر شرمندگی۔

اِنفلوئنزا in-fu-iu-in-za(a): (انگ، مذ) Influenza، وبائی زکام نزکام سے ہونے والا بخار۔

اِنفنٹری in-fin-Ta-ri(i): (انگ، مث) infantry: پیدل فوج بَرّی فوج کا جنگجو حصہ۔

اِنقسام in-qi-saam: (ع، مذ) تقسیم ہونا، حصے بخرے ہونا، تقسیم، بٹوارا۔

اِنقضا in-qi-za(a): (ع، مذ) پورا ہونا، گزرنا، تکمیل، اختتام (مدت وغیرہ کے لیے)

اِنقلاب in-qi-laab: (ع، مذ) بدل جانا، اُلٹ پلٹ ہونا، الٹ پلٹ تغیر و تبدل، گردش، انگریزی لفظ Resolution کا ترجمہ۔

اِنقلابی in-qi-laa-bi(i): (ع، صف) انقلاب سے منسوب، انقلاب برپا کرنے والا، غیر معمولی۔

اِنکار in-kaar: (ع، مذ) نامنظوری، نفی، پرہیز (افعال: کرنا، ہونا)

اَنکاؤ an-kaa-au: (ار، مذ) تخمینہ، قیمت کا اندازہ، جانچ۔

اَنکڑی an-ka-Ri(i): (ار، مث) لوہے کی سلاخ جس کا ایک سرا مڑا ہوا ہو۔ ہل کی لکڑی جس میں پھال لگاتے ہیں، تانگے کے پہیوں کے جوڑوں میں لگی ہوئی کیل۔

اَنکس an-kas: (ار، مذ) دیکھیے 'آنکس'۔

اِنکسار in-ki-saar: (ع، مذ) ٹوٹنا، شکستہ ہونا، عجز کرنا، فروتنی۔

اِنکشاف in-ki-shaaf: (ع، مذ) کھولنا، کھلنا، ظاہر ہونا۔

اِنکم ٹیکس in-kam Taiks: (انگ، مذ) Income Tax، آمدنی پر سرکاری محصول۔

اَنکنا aNk-na(a): (ار، مص) جچنا، تخمینہ ہونا، اندازہ ہونا، قیمت لگنا، مول پڑنا۔

اَنکھڑی / اَنکھڑیاں an-kha-Ri(i): (ھ، مث) دیکھیے 'آنکھ' جس کی یہ تصغیر ہے

اَنکھیاں aNkh-yaaN: (ار، مث) دیکھیے 'آنکھ' جس کی یہ قدیم جمع ہے اور اب متروک ہے۔

انگ ang: (ھ، مذ) جسم، بدن، عضو، پستان، چھاتی۔

اَنگارا / انگارا an-gaa-ra(a): (ار، مذ) آگ کا دہکتا ہوا ٹکڑا، جلتا ہوا کوئلہ۔

اَنگبیں ang-biiN: (ار، مذ) عسل، شہد

اَنگرکھا an-gar-kha(a): (ار، مذ) مردوں کے پہننے کا ایک لباس، قبا، اچکن

انگریز ang-rez: (پر، مذ) انگلستان کا رہنے والا، فرنگی (پرتگالی میں بکسر اوّل ہے)

انگریزی ang-re-zi(i): (پر، ار، صف، مث) انگریز سے متعلق، ولایتی انگریز کی زبان، انگلش۔

انگڑائی ang-Raa-i(i): (ار، مث) جسم کو تن کر سستی دور کرنے کی کیفیت، خمیازہ۔

اَنگشت an-gusht: (ف، مث) اُنگلی۔

اَنگشتِ شہادت an-gusht-sha-haa-dat: (ف، مذ) بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ساتھ کی اُنگلی۔

اَنگشت نُما an-gusht-nu-ma(a): (ف، صف) وہ شخص جس پر اُنگلیاں اُٹھیں، بدنام، رُسوا، (افعال: ہونا)

اَنگشت نُمائی an-gusht-nu-maa-i(i): (ف، مث) بدنامی، رُسوائی، (افعال: کرنا، ہونا)

اَنگشتانہ an-gusht-aa-na(h): (ف، مذ) لوہے یا پیتل کی ٹوپی جو درزی کام کرتے وقت اُنگلی پر چڑھا لیتے ہیں، تا کہ سوئی چبھنے سے محفوظ رہیں۔

انگشتری an-gush-ta-ri(i): (ف، مث) انگوٹھی، انگلی میں پہننے کا ایک زیور۔

اُنگُل un-gul: (ہ، مذ) ایک اُنگلی کی موٹائی کے برابر

اِنگلِستان ing-lis-taan: (انگ، ر، مذ) انگریزوں کا ملک، فرنگستان انگلینڈ۔

اِنگلش ing-lish: (انگ، صف، مث) انگلینڈ سے منسوب، انگریز، انگریزوں کی زبان، انگریزی۔

اُنگلی ung-li(i): (ار، مث) ہاتھ اور پاؤں کی شاخ، انگشت

اَنگنائی ang-naa-i(i): (ہ، مث) آنگن کی تصغیر، صحن

اَنگوٹھا aN-guu-Tha(a): (ہ، مث) ایک طرف کی سب سے موٹی انگلی، پاؤں کی ہو یا ہاتھ کی (عموماً ہاتھ کے انگوٹھے کو کہتے ہیں) ٹھینگا، انگشتِ زر۔

اَنگوٹھی aN-guu-Thi(i): (ہ، مث) انگشتری، انگلی میں پہننے کا زیور۔

اَنگوچھا aN-gu-chha(a): (ہ، مذ) ہاتھ یا بدن پونچھنے کا چھوٹا کپڑا، چھوٹی لنگی

اَنگور an-guur: (ف، مذ) مشہور پھل، تاک کا پھل، رز۔ زخم بھرنے پر جو کھرنڈ سا آتا ہے۔

اَنگول an-gol: (ہ، مذ ق) وہ غسل جس میں سر پر پانی نہ ڈالا جائے،

اَنگیا ang-ya(a): (ہ، مث) وہ چھوٹا کپڑا جو عورتیں سینہ پر پہنتی ہیں تا کہ چھاتیاں چھپی اور تنی رہیں، سینہ بند، محرم

اَنگیٹھی aN-gil-Thi(i): (ہ، مث) آتش دان، چولہا جس میں راکھ نکلنے کے لیے جالی بنی ہو، ظرف جس میں آگ ڈال کر تاپتے ہیں۔

انگیخت an-geKt: (ف، مث) اشتعال، اُکساہٹ

انگیز an-gez: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر، انگیختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور اُٹھانے، پیدا کرنے اور بھڑکانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً فساد انگیز، فتنہ انگیز۔

اَنگیز کرنا an-gez-kar-na(a): (ار، محاورہ) برداشت کرنا، گوارا کرنا، سہار لینا۔

اَنناس a-nan-naas: (پرتگالی، مذ) ایک مشہور پھل جو خربوزے سے چھوٹا ہوتا ہے۔

اَنوار an-vaar: (ع، مذ) نُور کی جمع ہے۔ روشنیاں

اَنواع an-vaa(?): (ع، مث) نوع کی جمع ہے، قسمیں۔

اُنُوپ a-nuup: (ہ، صف) بے مثالی، لاثانی، بےنظیر یکتا۔

اَنُوپان a-nuu-paan: (ہ، مذ) وہ چیز جو دوا کے ساتھ اس غرض سے دی جائے کہ دوا حلق سے نیچے اُتر جائے، دوا کا طریق استعمال، پرہیز۔

اَنْوَر an-var: (ع، تفضیل) بہت روشن، سب سے زیادہ روشن زیادہ چمکیلا۔

انوکھا a-nau-kha(a): (ہ، صف) عجیب وغریب، نادر، نرالا، سب سے الگ، اسم کیفیت مذ: انوکھا پن، مث: انوکھی۔

اُنہہ / اُونہہ unh: (ار، صورت، مث) بے پروائی اور نفرت کے اظہار کے لیے یہ آواز نکالتے ہیں۔

اَنہار an-haar: (ع مث) نہر کی جمع ہے۔

اِنہدام in-hi-daam: (ع، مذ) گرانا، ڈھانا، مسمار کرنا، مسماری، بربادی۔

اِنہزام in-hi-zaam: (ع، مذ) شکست کھانا، بھاگنا، بھگدڑ

انہضام in-hi-zaam: (ع، مذ) ہضم ہونا، پچنا، ہضم، ہاضمہ۔

اِنہماک in-hi-maak: (ع، مذ) محو ہونا، مشغول ہونا، محویت، مشغولیت

اُنھتّر / اُنہتر u-nhat-tar: (ار، اعدد) ساٹھ اور نو ستر سے ایک کم، 69

اُنھوریاں a-nhu-ri-yaaN: (ار، مث ج) گرمی دانے، وہ چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمیوں میں خون کے جوش سے بدن پر نمودار ہو جاتے ہیں۔

اُنھوں (نے) un-hauN: (بضم اوّل) (ار، اشارہ ضمیر) اشارہ بعید جمع ضمیر جمع غائب 'اُن' کی مغیرہ صورت۔

اِنھیں in-haiN: (بکسر اوّل) یائے مجہول (ار، ضمیر) ضمیر جمع غائب قریبی 'اُن' کی حالت مفعولی، ان کو۔

اِنھی in-hi(i): (بکسر اوّل) (یائے معروف) (ار، مرکب، تخصیصی) اشارہ قریب جمع اور حرف تخصیص، یعنی = ان + ہی + ں۔ (زائد) سے مرکب، اِن ہی۔

اُنھیں / اُنھی un-hiiN: (بضم اوّل) (یائے معروف) (ار، ضمیر) ضمیر جمع غائب (بعید) کی حالت مفعولی، اُن کو۔

اُنھیں un-haiN: (بضم اوّل یائے معروف) (ار، مرکب، تخففی) اشارہ بعید جمع اور حرف تخصیص۔

اَنی a-ni (ار، مث) نیزے، برچھی وغیرہ ہم کی نوک، جوتے کی نوک، مرغ کا خار یا اُس کی نوک، پھکیتوں کی اصطلاح میں سامنے کی سیدھی چوٹ۔

انیائے an-ya-ye: (ہ، صف) بے انصافی، ظلم، شریر، ناشائستہ بچہ

اَنیس a-niis: (ع، صف) اُنس رکھنے والا، دوست، ہم دم، اُردو کے مشہور شاعر میر ببر علی کا تخلص۔

اُنیس un-niis: (ار، عدد) دَس اور نو کا مجموعہ، بیس سے ایک کم 19

اُنیس بیس un-niis-biis: (ار، روزمرّہ) تھوڑا سا، معمولی۔

اُنیسواں un-niis-vaaN: (ار، صف ترتیبی عدد کسری) ترتیب میں اٹھارہ کے بعد 1/19۔

انیسوں un-nii-sauN: (ع، اسث) سونف، ایک پودے کے بیج، اجوائن سے مشابہ

انیلا a-nii-la(a): (ہ، صف) ناتجربہ کار، نادان، انجان، اسم کیفیت مذ: انیلا پن، مث: انیلی

ا۔و

او o: (ار، کلمہ ندا) اپنے سے چھوٹے یا کم رتبہ شخص کو

پکارنے کے لیے کہتے ہیں۔ارے،اے،ابے۔

اَوَاخِر a-vaa-Kir: (ع، مذ) آخر کی جمع، پچھلے حصے، خاتمہ، انتہا، حد، انجام۔

اَوَامِر a-vaa-mir: (ع، مذ) امر کی جمع، احکام، فرائض۔

اَوَائِل a-vaa-il: (ع، مذ) اوّل کی جمع، ابتدائی حصے، پہلے حصے

اُوب uub: (ہ، مث) اُکتاہٹ، بیزاری، بے چینی، گھبراہٹ۔

اُوباش uu-baash: (ع، صف) بوش کی جمع، فارسی اور اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے، آوارہ، بدمعاش، بدچلن، لچا، اسم کیفیت مث: اوباشی

اُوپ uup: (ہ، مث) آب وتاب، جلا، رونق

اُوپر uu-pair: (ار، متعلق فعل) نیچے کی ضد، بالا، اونچا، بعد، باہر، زیادہ۔

اُوپر اُوپر uu-par uu-par: (ار، متعلق) الگ الگ، پوشیدہ، بالا بالا بے نتیجہ۔

اُوپر تلے uu-par ta-le: (ار متعلق فعل) نیچے اُوپر، تہ و بالا، زیروزبر، ایک کے اُوپر دوسرا، لگاتار، متواتر، یکے بعد دیگرے۔

اُوپر سے uu-par sai: (ار، متعلق، فعل) بلندی سے، اس پر، دوسرے، اس کے علاوہ، بالائی آمدنی، باہر سے، بظاہر، دکھاوے کے طور پر

اُوپر کا کام uu-par kaa kaam: (ار، مذ) فالتو کام، زائد کام، فرضِ منصبی کے علاوہ، سودا سلف وغیرہ لانے کا کام۔

اُوپر والیاں uu-par vaal-yaN: (ار، مث، جمع) چیلیں، پریاں، چڑیلیں، رُوحیں، اصلیں اور اُوپر کا کام کرنے والی خدمت گاریں، لونڈیاں، کنیزیں

اُوپری دل سے uu-prii dil-sai: (ار، متعلق فعل) ظاہرداری سے، بناوٹ سے۔

اوپیرا o-pe-raa: (انگ، مذ) Opera غنائیہ، غنائی تمثیل، وہ ناٹک جس میں موسیقی کا عنصر غالب ہو۔

اُوت uut: (ہ، مذ) بیوقوف، نادان، جاہل، لاولد، نامراد، مث: اوتی۔

اَوتاد uu-taad: (ع، مذ) وتد کی جمع، میخیں، کھونٹیاں، اولیا اللہ کا وہ طبقہ جس کو انتظام باطنی میں دخل ہے اور اپنی جگہ سے نہیں ہلتا۔

اَوتار au-taar: (ع، مذ) وتر کی جمع

اوتار/اَوتار au-taar: (ہ، مذ) بھگوان کا سروپ، خدا کا انسانی روپ۔

اوٹ oT: (ہ، مث) آڑ، پردہ، حجاب، اوجھل، غائب، سامنے کی ضد، لکڑی کا وہ چوکھٹا جسے کپڑے سے منڈھوا کر کھڑا کرتے ہیں۔

اوٹ oT: (ہ، مذ) ضمانت، ذمہ داری۔

اوٹا o-Ta(a): (ہ، مذ) پردہ، دیوار، وہ آدمی جو کپاس سے روئی علیحدہ کرنے کا کام کرتا ہو۔

اُوٹ پٹانگ uuT-pa-Taang: (ہ، صف) مہمل، واہیات، لغو، بے معنی

اَوٹن au-Tan: (ہ، مث) اُبال، تاؤ، تمباکو کاٹنے کی چھری، چرخی کے دو ڈنڈے جن کے گھومنے سے روئی سے بنولے الگ ہو جاتے ہیں۔

اَوٹنا auT-na(a): (ار، مص) کپاس سے روئی اور بنے الگ کرنا، بیلنا، کسی کی ضمانت کرنا، کسی کا قرضہ اپنے ذمہ لینا، آڑ کرنا، بچانا۔

اَوٹنی auT-ni(i): (ہ، مث) روئی اور بنولے علیحدہ کرنے کی چرخی، بیلنی۔

اَوج auj: (ع، مذ) بلندی، اونچائی، ارتفاع، رُتبہ،

عروج، ترقی۔

اُوج موج auj-mauj: (ار، مث) مزہ، لطف، فارغ البالی، شان وشوکت، عالی مرتبت۔

اُجڑ u-jaR: (ہ، مذ) ویران، برباد، تباہ، خراب، غیرآباد۔

اوجھ ojh: (ہ، مذ) اوجھڑی، انتڑیاں، معدہ۔

اوجھڑ o-jhaR: (ہ، مث) جھڑپ، ڈھال کی چوٹ، ضرب، صدمہ، ٹھوکر، ٹھیس (افعال: لگانا، لگنا، مارنا)

اوجھڑی o-jh-Ri(i): (ہ، مث) جانوروں کا معدہ۔

اوجھل o-jhal: (ہ، مث) آڑ، پردہ، اوٹ، حجاب۔

اوچھ ochh: (ہ، مث) کمی، کسر، تھوڑا، رہنا۔

اوچھا o-chha(a): (ہ، صف) کم ظرف، کمینہ، ذلیل، احسان جتانے والا، ادھورا، ہلکا، اچٹتا ہوا، نہ پورا، نہ کم، کم گہرا، خفیف، اسم کیفیت مذ: اوچھاپن، مث: اوچھی۔

اُودا uu-daa: (ہ، صف) سرخی مائل سیاہ رنگ۔

اُودات / اوداہٹ uu-daat: (ہ، مث) اوداپن، سرخی مائل سیاہی۔

اُودبلاؤ uud-bi-laa-au: (ہ، مث) پانی کا ایک جانور، جو مچھلیاں کھاتا ہے، پانی کا بلا، لدھر

اُودھم uu-dham: (ہ، مذ) شور، غل، جھگڑا، فساد، دنگا (افعال: اُٹھانا، مچانا)

اُودھمی uudh-mi(i): (ف، صف) فسادی، شریر۔

اُور aur: (ہ، مث) کنارہ، جانب، طرف، اصل، شروع، ابتدا، آغاز، ختم، سرا، اختتام، انتہا۔

اُور or: (ار، حرف، عطف، حرف عطف) پھر، مگر، لیکن، بلکہ، اگر، لازمی نتیجہ ظاہر کرنے کے موقع پر، زیادہ، دوسرا، بیگانہ، غیر، برعکس، خلاف، متغیر، خلاف سابق نیا، طرفہ، جدید، اس کے علاوہ، ساتھ ہی

اُور سنو aur-su-no: (ار، روزمرہ) تعجب کی بات سنو، تازہ بات سنو، نئی بات سنو۔

اُور کیا aur-kya(a): (ار، کلمہ، استفہام) تصدیق اور تجسس کے لیے بولا جاتا ہے، بے شک، یقیناً، کیا خوب۔

اُوراد au-raad: (ع، مذ) ورد کی جمع، وظیفے، جاپ، وہ دعائیں جو مقررہ وقت پر پڑھی جائیں۔

اُوراد خوانی au-raad Kwaani(i): (ع، مث) وظیفے کرنا، مقررہ، دعائیں مقررہ طریقے سے پڑھنا۔

اُوراق au-raaq: (ع، مذ) ورق کی جمع، کاغذ کی تاؤ، پرت، پتے پتے کا کاغذ کے ٹکڑے سے مشابہ کسی اور چیز کا پارچہ مثلاً چاندی کا ورق

اُورنگ au-raNg: (ف، مذ) تخت، تخت شاہی، ایک قسم کا پھول، گُل قندق

اُوریب au-reb: (ہ، مث) ترچھاپن، ترچھی چال، کپڑے کی ترچھی قطع۔

اُوریئنٹل au-re-yan-Tal: (انگ، صف) Oriental مشرق سے متعلق، مشرقی۔

اوڑھنا oRh-na(a): (ار، مص) بدن پر ڈالنا، چادر وغیرہ جسم پر لپیٹنا۔

اوڑھنا بچھونا oRh-naa bi-chhau-na(a): (ار، مذ) لحاف، توشک، استر بستر، تھوڑا سرمایہ پونجی، ہر وقت کام آنے والی چیز۔

اوڑھنی oRh-ni(i): (ار، امث) اوڑھنا کی تصغیر، چھوٹا دوپٹا جسے لڑکیاں پہنتی ہیں۔

اُوزار au-zaar: (ع، مذ) وزر کی جمع، آلات، ہتھیار (اُردو میں واحد استعمال ہوتا ہے)

اُوزان au-zaan: (ع، مذ) وزن کی جمع، بوجھ، تول، باٹ، تولنے کے پیمانے۔

اوس os: (ہ، مث) شبنم، پانی کی وہ بوندیں جو رات کو

بخارات ٹھنڈے ہونے پر گرتی ہیں۔

اُوسان au-saan: (ہ، مذ) ہوش و حواس، ہمت، جرأت، حوصلہ (بطور جمع مستعمل ہے) افعال: آنا، اُڑانا، اُڑنا، جانا، خطا ہونا

اُوسر au-sar: (ہ،مث) نوجوان گائے یا بھینس جس کے بچہ نہ ہو، وقت، سماں۔

اُوسر uu-sar: (ہ،مث) شور زمین، بنجر زمین، جس زمین میں کچھ پیدا نہ ہو۔

اُوسط au-sat: (ع،صف) درمیانی، بیچ کا، برابر کا، معمولی، عام انگریزی لفظ Average کا ترجمہ۔

اُوصاف au-saaf: (ع،مذ) دیکھئے 'وصف' جس کی یہ جمع ہے

اُوقات au-qaat: (ع، مذ) وقت کی جمع ہے (بطور واحد مؤنث) بساط، حیثیت، مالی حالت (افعال ہونا)

اُوقاف au-qaaf: (ع،مذ) وقف کی جمع۔

اُوقیہ uu-qi-ya(a): (ع،مذ) وزن جو قریباً 40 دام یا انگریزی آؤنس کے برابر ہوتا ہے۔

اوک ok: (ہ،مذ) چلو۔

اوکھ okh: (بہ واؤ مجہول) (ہ، مذ) گنا، نے شکر، پونڈا، ایکھ۔

اوکھل / اکھل۔ اوکھلی o-khal o-kh-li(i): (ہ، مذ، مث) لکڑی یا پتھر کی بڑی کونڈی جس میں غلہ موسل سے کوٹتے ہیں، ہاون۔

اوگ og: (ہ، مذ) ہل کی اَنی کو نگ کرنے اور سخت کرنے کا پھانا۔

اُوگن au-gun: (ہ،مذ) گُن کی ضد، خرابی، برائی۔

اُوگنا aug-na(a): (ہ،مص،صف) غصہ کے وقت احسان جتانا، طلوع ہونا۔

اَوّل av-val: (ع، صف) پہلا، یکم، مقدم، اعلیٰ، افضل ابتدا، آغاز

اَوّلاً av-va-lan: (ع، متعلق فعل) پہلے پہل، شروع میں۔

اَوّل آخر av-val aa-Kir: (ع، متعلق فعل) ابتدا، انتہا۔

اولا o-la(a): (ہ، مذ) منجمد بخارات جو بارش کے وقت برف کی شکل میں آسمان سے برستے ہیں۔ شکر یا قند سے بنائے ہوئے لڈو۔

اُولاد au-laad: (ع، مث) ولد کی جمع، عیال و اطفال، بیٹا بیٹی، بال بچے لڑکے بالے، ایک آدمی کی اولاد (اُردو میں واحد مستعمل ہے۔)

اُولادِ آدم au-laa-de-aa-dam: (ع، مذ) انسان، بنی نوع انسان۔

اُولادِ حوّا au-laa-de-hav-va(a): (ع، مث) حوا کی بیٹیاں، دُختران

اولالا o-laa-laa: (ہ،مذ ق) ولولہ، جوش۔

اولتی ol-ti(i): (ہ،مث) چھپّر، کھپریل وغیرہ کی چھت کا نیچے کا کنارہ، جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے، سائبان کا وہ کنارا جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے۔

اُول جلول uul-ja-lool: (ا، صف) بے ڈھنگا، بے سلیقہ، بھدا، ناتراشیدہ، بے قرینہ، مہمل، لغو۔

اُول فول aul-faul: (ا، مذ) لغویات، بیہودہ باتیں، فاحشات، گالی گلوچ۔

اولمپک o-lam-pik: (یو، صف) Olympic یونان کے ایک میدان اولمپیا سے منسوب جہاں پرانے زمانے میں کھیل ہوا کرتے تھے۔

اُولیا aul-ya(a): (ع، مذ) ولی کی جمع، خدا رسیدہ بزرگ، مجازاً بھولے بھالے سیدھے سادھے اشخاص۔

اَوّلیت av-va-li-yat: (ع،مث) تقدم،فوقیت، بہتری،فضیلت۔

اوّلین av-va-liin: (عف،صف) پہلا، پہلے لوگ

اوم om: (س، مذ) ایشور کا سب سے مقدس نام، پرماتما۔

اُؤن uun: (ہ،مث) پشم،صوف، جانوروں کی کھال کے بال،صفت نسبتی،اُونی۔

اُؤنٹ uuNT: (ہ، مذ) شتر، ایک پالتو چو پایہ جو ریگستانوں میں سواری اور بار برداری کے کام آتا ہے۔

اَؤٹنا au-Taa-na(a): (ار،مص) جوش دینا، کھولانا۔

اُؤنٹنی uuNT-ni(i): (ار،مث) دیکھئے 'اُونٹ' جس کی بیتا نیث ہے۔

اُؤنچ uuNch: (ار،صف) اونچائی، بلندی، فراز۔

اُؤنچ نیچ uuNch-niich: (ار،مث) نشیب وفراز، اتار چڑھاؤ، بھلائی برائی، نفع ونقصان۔

اُؤنچا uuN-cha(a): (ار،صف مذ) بلند، بالا، معزز، عالی مرتبہ،جلیل،عظیم،امیر،اسم کیفیت مذ: اونچاپن، مث: اونچی

اُؤنچا بولنا uuN-chaa bol-na(a): (ار، محاورہ) مغرور ہونا، فخر کی بات کہنا، بلند آواز سے بولنا، جھگڑا۔

اُؤنچا سُر uuN-chaa sur: (ار، مذ) تان، بلند آواز (گانے میں)

اُؤنچائی uuN-chaai(i): (ار، مث) بلندی اونچاپن

اَوندھا auN-dha(a): (ار،صف) اُلٹا، ٹیڑھا، بیوقوف، احمق،مث: اوندھی۔

اَوندھانا auN-dhaa-na(a): (ار، مص) برتن ٹیڑھا کر کے کسی سیال چیز کو گرانا، لنڈھانا

اَوندھی پیشانی / کھوپڑی کا auN-dhii-pe-shaa-ni(i): (ار،صف) کم عقل، بیوقوف

اَونس auns: (انگ، مذ) Ounce ڈھائی تولے کا انگریزی وزن۔

اُؤنگھ uuNgh: (ار،مث) غنودگی، جھپکی، نیند۔

اُونگھنا uungh-na(a): (ار،مص) جھپکی آنا، سستی آنا، غفلت آنا، غنودگی آنا۔

اُؤنہہ uuN-huh: (ار، اصوت) دیکھئے 'اُنہہ'

اَونے پونے au-ne pau-ne: (ار، متعلق فعل) سستے داموں، کم قیمت پر

اوور ٹائم o-var taa-im: (انگ، مذ) over-time زائد وقت واُجرت جو مقررہ وقت سے زیادہ کام کرنے پر دی جاتی ہے۔

اوور سیئر o-var si-yar: (انگ، مذ) over-sear عمارتوں کی نگرانی، زمین کی پیمائش وغیرہ کام کرنے والا ایک عہدہ دار

اوورکوٹ o-var-kot: (انگ، مذ) over coat ایک لمبا اور بڑا کوٹ جو باقی لباس اور چھوٹے کوٹ کے اوپر پہنتے ہیں۔

اوورہال o-var haal: (انگ، مذ) کسی مشین وغیرہ کے تمام پرزوں کو کھول کر دیکھنا اور صفائی و درستی کرنا overhaul (افعال: کرنا، ہونا)

اَوہام au-haam: (ع، مذ) دیکھیے 'وہم' جس کی یہ جمع ہے۔

اَوہام au-haam: (ع، مذ) خیالی وسوسے، اندیشے

اوہو / اوہو o-ho/oh-ho: (ار، کلمہ، تعجب وتحسین) واہ واہ، شاباش، آفرین۔

اُؤلی uu-li: (ار،مث، کلمہ تعجب وتاسف) عورتیں تکلیف،

ذراور ناز نخرے کے وقت یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔

اَوِیر سَوِیر a-ver sa-ver: (ار، متعلق فعل) وقت بے وقت، گاہے گاہے جلد یا بدیر۔

ا۔ہ

اَہا a-haa: (ار، کلمۂ تعجب وانبساط) دیکھیے 'آہا' واہ واہ بہت خوب۔

اَہاجی a-haa-ji(i): (ع، مث) ہجو، ہجیہ کی جمع اُردو میں ہجو کی جمع، وہ نظم جس میں مذمت کی جائے۔

اَہار a-haar: (ف، ہ، مذ) کھانا، خوراک، سامان خوردونوش، کلف، مادا (افعال: دینا، لگانا، کرنا)

اَہالی مَوالی a-haa-lii ma-vaa-lii(i): (ع، مذ جمع) اہل اور مولیٰ کی جمع، یار دوست، مصاحب، کارکن، امیر وغریب۔

اَہانت a-ha-nat: (ع، مث) توہین کرنا، بے عزت کرنا، حقارت ہتک، بے عزتی۔

اہتزاز eh-ti-zaaz ih-ti-zaaz: (ع، مذ) ہوا کا چلنا، پھولوں کا کھلنا، جھومنا ہلنا، ستاروں کا ڈوبتے وقت چمکنا، خوشی، مسرت، انبساط، وجد۔

اہتمام eh-ta-maam/ih-ti-maam: (ع، مذ) کوشش کرنا، غمخواری کرنا، انتظام، بندوبست، انصرام۔

اَہرام ah-raam: (ع، مذ، جمع) ہرم کی جمع بمعنی قدیم، چار پہلو مخروطی مینار جو مصر کے مختلف علاقوں میں پائے جاتے ہیں اور یہ قدیم فراعنہ مصر کے مقبرے ہیں جو کئی ہزار قبل مسیح تعمیر ہوئے ثابت ہوتے ہیں۔

اَہرَمن ah-ra-man: (ف، مذ) پارسیوں کے عقیدے کے مطابق بدی کا خدا، مجازاً شیطان۔

اَہرن ah-ran: (ہ، مذ) لوہے کی نہائی جس پر لوہار لوہا اور سنار چاندی وغیرہ کوٹتا ہے۔

اَہل a-hal: (ع، مذ) صاحب، مالک، خاندان، کنبہ، بیوی، لائق، قابل، شریف، خلیق، شائستہ۔

اہل اللہ ah-lul-la(h): (ع، صف، ترکیب، فارسی) اللہ والے، خدا رسیدہ، بزرگ

اہل (اَہل) ایمان / اِسلام eh-le-ii-maan: (ع، مذ) مسلمان، مومن، ایماندار۔

اہل (اہل) باطن eh-le-baa-tin: (ع، مذ) صاحب باطن، عارف، کشف والے۔

اہل (اہل) بَیت eh-le-bait: (ع، مذ) گھر کے لوگ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والے، بیویاں، حضرت فاطمہؓ، علیؓ، حسینؓ، حسنؓ۔

اہل (اہل) تشیع eh-le-ta-shiih?: (ع، مذ) شیعہ فرقے کے لوگ۔

اہل (اَہل) تصوّف eh-le-ta-sav-vuf: (ع، مذ) صوفی

اہل (اَہل) تقویٰ eh-le-taq-va(a): (ع، مذ) پرہیزگار۔

اہل (اہل) حدیث eh-le-ha-diis: (ع، مذ) مسلمانوں کا غیر مقلد فرقہ۔

اہل (اہل) حرفہ eh-le-har-fa(h): (ع، مذ) پیشہ ور لوگ، صنعت، وحرفت والے لوگ۔

اہل (اَہل) خانہ eh-le-Kaa-na(h): (ع، مذ) گھر کے لوگ، بیوی بچے۔

اہل (اَہل) خِرد eh-le-Ki-rad: (ع، مذ) عقل مند لوگ۔

اہل (اَہل) دِل eh-le-dil: (ع، مذ) بہادر، حوصلہ مند، سخی، ہمدرد، خدا رسیدہ۔

اہل (اَہل) دُنیا eh-le-dun-yaa: (ع، مذ)

دنیاوالے

اہلِ (اہلِ) دُوَل eh-le-da-val: (ع،صف بترکیب فارسی) دولت مند حکمران اُمراءوزراء۔

اہلِ (اَہلِ) رائے eh-le-raa-al: (ع،صف، بترکیب فارسی) دانش مند، عقل مند۔

اہلِ (اہلِ) زُبان eh-le-zu-baan: (ع،صف بترکیب فارسی) وہ شخص جس کی زبان مادری ہواور اس پراسے عبور حاصل ہو۔

اہلِ (اہلِ) سُخن eh-le-su-Kan: (ع،مذ) شاعر، اہلِ زبان

اہلِ (اَہلِ) سُنّت eh-le-sun-nat: (ع،مث) اَہلِ تسنُّن، سُنّی

اہلِ (اَہلِ) سَیف ah-le-saif: (ع،مذ) فوجی، آرمی، لشکر تلوار کے دھنی۔

اہلِ (اہلِ) شر eh-le-shar: (ع،مذ) فسادی، شریرلوگ۔

اَہلِ (اہلِ) شرع eh-le-sha-ra(?): (ع،مذ) شریعت کا پابند۔

اہلِ (اہلِ) صفا eh-le-sa-fa(a): (ع، مذ) صاف باطن لوگ، نیک لوگ۔

اہلِ (اہلِ) طریقت eh-le-ta-rii-qat: (ع، مذ) صوفی، بزرگ۔

اہلِ (اہلِ) علم eh-le-(?)ilm: (ع،مذ) عالم، علم والے لوگ۔

اہلِ (اہلِ) غَرَض eh-le-Ga-raz: (ع، مذ) مطلبی، حاجت، مند۔

اَہلِ (اہلِ) قبلہ ah-le-qib-la(h): (ع،مذ) قبلۂ مقررہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والے لوگ، عام مسلمان۔

اہلِ (اہلِ) قُرآن eh-le-qur-aan: (ع،مذ) ہندی مسلمانوں کا ایک فرقہ جو صرف قرآن کو مانتا ہے اور حدیث وسنت کے منکر ہیں۔ ان کو چکڑالوی بھی کہا جاتا ہے۔

اَہلِ (اہلِ) قلم eh-le-qa-lam: (مذ) پڑھے لکھے لوگ۔

اَہلکار (اہل کار) e-hal-kaar: (ع، مذ) کارکن، کارندہ، سرکاری ملازم، عدالتوں اور دفتروں کے منشی، کلرک۔

اَہلِ (اہلِ) کتاب eh-le-ki-taab: (ع، مذ) ہو پیغمبر جن پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں۔ یہودی، عیسائی اور مسلمان اہل کتاب کہلاتے ہیں۔

اہلمد e-hale-mad: (ع، مذ) سرکاری دفاتر کے کسی ایک صیغہ میں کام کرنے والا کلرک، مال گزاری کا محاسب، محرر جو عدالتوں میں پیش کار کے ماتحت لکھنے اور اجرا کا کام کرتا ہے۔

اہلِ (اہلِ) معرفت eh-le-ma(?)r-fat: (ع، مذ) خدا پرست، پرہیزگار، خدا کا علم رکھنے والے لوگ، عالم، فاضل، عارف۔

اہلِ (اہلِ) نِشاط eh-le-ni-shaat: (ع،مذ) خوش وخرم لوگ، عیش پرست لوگ، ناچنے گانے والے لوگ۔

اَہلِ (اہلِ) نظر eh-le-na-zar: (ع،مذ) آنکھوں والے لوگ، اہل بصیرت، صاحب اثر، جانچنے والے، پرکھنے والے، اللہ والے

اَہلیّت eh-liy-yat: (ع، مث) قابلیت، خوش آمدید۔

اہم a-ham: (ع،صف، اسم تفصیل) سخت یا مشکل، خصوصی، ضروری۔

اِہمال ih-maal: (ع، مذ) غفلت، سستی، بے پروائی، بے توجہی، تاخیر، مہمل ہونا۔مث: اہمالی

اَہنسا a-hin-sa(a): (س، مث) سلامتی، عدم تشدد، بچاؤ۔

اُہوہو o-ho-ho: (کلمہ وانبساط) دیکھیے آہاہا، خوب، بہت اچھا

اَہیر a-hiir: (ہ، مذ) ہندوؤں کی ایک قوم جو گائے رکھتے اور دودھ بیچتے ہیں، گوالا، گھوسی۔مث: اہیرن، اہیری۔

اے ء

ائتلاف a-ti-laaf: (ع، مذ) میل ملاپ، اتحاد، دوستی، بے تکلفی، محبت، تعلق، خط وکتابت۔

ائمہ a-im-mah: (ع، مذ) امام کی جمع، کردار، پیشوا

اے ی

اے لو e-lo: (ار، روزمرّہ) یہ کیجیے۔

اے وائے e-vaa-ai: (ار کلمۂ تاسف) حسرت و افسوس کی جگہ بولتے ہیں، ہائے افسوس۔

اے ہاں e-haaN: (مو) (ار، روزمرّہ) کوئی بھولی بات یاد آجائے تو کہتے ہیں

اَے ہے ai-hai: (مو)(ار، کلمۂ تاسف) تعجب اور افسوس کے مقام پر بولتی ہیں۔

اَیاز a-yaaz: (ع، مذ) سلطان محمود غزنوی کا غلام جس کا حسن ضرب المثل ہے۔

اَیاغ a-yaaG: (ت، مذ) شراب پینے کا پیالہ، کوزہ، ساغر، قدح۔

اَیال a-yaal: (ار، مث) گھوڑے کی گردن کے بال

ایّامِ بیض ay-yaa-me-baiz: (ع، مذ) ہر قمری ماہ کے 13,14,15 تاریخ جبکہ چاند مکمل روشن ہوتا ہے۔

ایّامِ تشریق ay-yaa-me-tash-riiq: (عف، مذ) عید قربان سے بعد کے تین دن۔

ایّامِ معلومات ay-yaa-me-ma(?)-luu-maat: (عف، مذ) ایک سے دوسویں ذوالحجہ تک کے دن۔

اَیٹ ہوم aiT hom: (انگ، متعلق فعل مذ) مکان میں گھر پر، دعوت عصرانہ At home

ایٹم بم ai-tam-bam: (انگ، مذ) وہ گولہ جس میں ایٹم کی طاقت ہو، جو سخت مہلک اور تباہ کُن ہے

ایٹمی ait-mi(i): (انگ، ار، صف) جوہری، ایٹم سے منسوب۔

اِیثار ii-saar: (انگ، ار، صف) جوہری، ایٹم سے منسوب

اِیثار ii-saar: (ع، مذ) دوسروں کے مفاد کے لیے خود نقصان اُٹھانا، تحفہ دینا۔

اِیجاب ii-jaab: (ع، مذ) قبول کرنا، منظور کرنا، اقرار کرنا۔

ایجاب وقبول ii-jaa-bo-qu-buul: (ع، مذ) شادی کے موقع پر مرد اور عورت کا آپس میں ایک دوسرے کو قبول کرنا۔

ایجابی ii-jaa-bi(i): (ع، صف) یقینی، حقیقی، اصلی، مثبت، انگریزی لفظ Apositine کا ترجمہ

ایجاد ii-jaad: (ع، مث) کوئی چیز پیدا کرنا، اختراع کرنا، نکالنا، بنانا، تخلیق۔

ایجاز ii-jaaz: (ع، مذ) خلاصہ کرنا، انتخاب کرنا، خلاصہ، انتخاب

ایجنٹ e-jenT: (انگ، مذ) گماشتہ، آڑھتی، قائم مقام، Agent

ایجنڈا ai-jan-Da(a): (انگ، مذ) Agenda کسی جلسہ کی کارروائی کا پیش نامہ۔

اَیجنسی ai-jain-si(i): (انگ، مث) Agency وہ دُکان جس کی معرفت کی چیز کی خرید و فروخت ہو، آڑھت۔
اَیجیٹیشن ai-jii-Te-shan: (انگ، مث) تحریک، جوش، شورش، ہنگامہ، Agitation ہنگامہ۔
ایچ پیچ ech-pech: (ہ، مذ) چکر، ہیر پھیر، مکر فریب
اَیڈریس aid-rais: (انگ، مذ) پتہ، سرنامہ، القاب، سپاسنامہ Address۔
اَیڈمرل aid-mi-ral: (انگ، مذ) امیرالبحر، بیڑے کا سپہ سالار
اَیڈوانس aid-vaans: (انگ، مذ) پیشگی، بیعانہ، پیش قدمی۔
اَیڈووکیٹ aid-vo-keT: (انگ مذ) Advocate وکیل، قانونی مشیر، ہائی کورٹ میں پیش ہونے والا وکیل۔
اَیڈیٹر ai-Dii-Tar: (انگ، مذ) Editor مدیر، کسی کتاب یا رسالہ کو ترتیب دینے والا۔
اَیڈیٹوریل ai-dii-To-ri-yal: (انگ، مذ) Editorial اخباروں یا رسالوں کا وہ مضمون جو ایڈیٹر کی طرف سے چھپے۔
اَیڈیشن ai-dii-shan: (انگ مذ) Edition اشاعت، طبع۔
ایذا ii-za(a): (ع، مث) تکلیف، دُکھ، ضرب گزند (افعال: اُٹھانا، پانا، پہنچنا، جھیلنا)
ایذا دہندہ / رساں ii-zaa da-hin-da(h): (عف، مذ) تکلیف دینے والا، تکلیف پہنچانے والا؛ اسم کیفیت، مث: ایذادہی / رسانی
ایذا طلبی ii-zaatal-bi(i): (عف مث) تکلیف چاہنا۔
اَیرا / اروب ai-ra(a): (ار، مذ) شطرنج میں وہ مُہرہ جو بادشاہ کو کشت سے بچانے کے لیے بیچ میں لایا جاتا ہے۔ آڑ، روک (افعال: دینا، کرنا)
ایرا پھیرا / ایرا پھیری e-raa phe-ri(i): (ار، مث) سودا خرید کر بار بار واپس کرنا، ہیرا پھیری / بار بار آنا جانا۔
اَیرا غیرا ai-raa Gai-ra(a): (ار، مذ) یہ وہ، اجنبی، بے واسطہ، بیگانے لوگ۔
ایرگن e-yar-gan: (انگ، مث) ہوائی بندوق، جو بارود کے بغیر چلتی ہے۔ Air-gun
ایریا e-ri-ya(a): (انگ، مث) Area رقبہ، علاقہ، زمین
ایریل a-ri-yal: (انگ، مذ) Aerail، فضائی، ہوائی، ریڈیو کا وہ تار جو فضا سے برقی لہریں وصول کرتا ہے۔
ایڑ eR: (ہ، مث) ایڑی، مہمیز، کانٹا (افعال: کرنا، لگانا)
ایڑی e-Ri(i): (ار، مث) پاؤں کا پچھلا حصہ، پنجہ کا مقابل، جوتے کا پچھلا حصہ۔
ایڑیاں eR-yaaN: (ار، مث) ایڑی کی جمع ہے۔
ایزاد ii-zaad: (ار، مذ) زیادہ کرنا، اضافہ (عربی کے وزن افعال پر یہ لفظ گھڑ لیا ہے۔ عربی میں اس کا وجود نہیں، ثقہ حضرات اُردو میں بھی اسے استعمال نہیں کرتے۔)
ایزد ii-zad: (ف، مذ) خدا، اللہ، صفت نسبتی، ایزدی
اَیسا ai-sa(a): (ار، صف) اس طرح کا، اس قسم کا، اس شکل کا، مث: ایسی
اَیسا تَیسا ai-saa tai-sa(a): (ار، صف) معمولی، فضول، غصہ میں تحقیر کے لیے کہا جاتا ہے۔
اَیسا وَیسا ai-saa vai-sa(a): (ار، صف) ناچیز، ناکارہ، برا بھلا، گھٹیا، بے حقیقت

ایسٹر iis-Tar: (انگ، مذ) Easter، عیدالفصح، باعوث، عیسائیوں کا ایک تیوہار (جو اُن کے خیال کے مطابق حضرت عیسیٰ کے مصلوب ہونے کے بعد زندہ ہو کر آسماں کی طرف پرواز کر جانے کے دن منایا جاتا ہے) یہ تیوہار 31 مارچ یا اس کے بعد پہلے اتوار کو منایا جاتا ہے۔

اَیسی تَیسی ai-sii tai-si(i): (ار، محاورہ) برا بھلا، گالی، خرابی۔

اَیسے مَیں ai-se-maiN: (ار، متعلق فعل) ایسی حالت میں، ایسے موقعہ پر، ایسے زمانہ میں۔

اَیسے وَیسے ai-se-vai-se: (ار، مذ) معمولی درجے کے لوگ، گھٹیا لوگ۔

ایشیا esh-ya(a): (انگ، مذ) دنیا کا سب سے بڑا براعظم اس کے مشرق میں بحرالکاہل، شمال میں بحر منجمد شمالی۔ جنوب میں بحر ہند اور مغرب میں بحیرہ روم ہے، ہندوپاکستان اس براعظم میں واقع ہے، صف نسبتی: ایشیائی

ایصال ii-saal: (ع، مذ) پہنچانا، ملانا، جوڑنا۔

ایصالِ ثواب ii-saa-le-sa-vaab: (ع، مذ) ثواب پہنچانا، تلاوت یا خیرات کا اجر کسی شخص کی روح کو پہنچانا۔

ایصالِ حرارت ii-saa-le-ha-raa-rat: (ع، مذ) علم طبیعی کا ایک عمل جس سے سیّال اشیاء میں حرارت ایک سے دوسری جگہ چلی جاتی ہے۔

ایصالِ مالگذاری ii-saa-le-maal-gu-zaa-ri(i): (ع، مذ) زمین کا مالیہ ادا کرنا، زمین کے لگان کا روپیہ سرکاری خزانہ میں داخل کرنا۔

اَیضاً ai-zan: (ع، متعلق فعل) وہی، بشرح صدر، ایسا ہی، اسی طرح کا، بجنسہٖ۔

ایطا ii-ta(a): (ع، مذ) پامال کرنا (عروض) قافیہ کا، بعینہٖ لفظاً ومعناً مکرر لانا۔

ایفا ii-faa: (ع، مذ) پورا کرنا، سرانجام دینا۔

ایقان ii-qaan: (ع، مذ) یقین کرنا / ہونا، یقینی طور پر جاننا

ایک ek: (ار، اعدد) واحد، فرد، اکیلا، تنہا، صرف، برابر، منتخب بہت، بڑا، نہایت، سارا، تمام، دوسرا، کوئی گنتی کا سب سے پہلا عدد، تھوڑا، ذرا سا۔

ایک آنکھ ek-aaNkh: (عو) (ار، متعلق فعل) ذرا، مطلق، برابر

ایک بات ek-baat: (ار، مث) سہل کام، ٹھیک قیمت، پختہ وعدہ، معقول بات

ایک بات مَیں ek-baat-maiN: (ار، متعلق فعل) ذرا سے اشارے میں

ایک بار / بارگی ek-baar: (ر، متعلق فعل) ناگہاں، اچانک، یکایک۔

ایک دم ek-dam: (ار، متعلق فعل) بے توقف، برابر، فوراً، متواتر

ایک دو ek-do: (ار، صف) چند، تھوڑے، بہت۔

ایکڑ e-kaR: (انگ، مذ) زمین کا رقبہ کرنے کا پیمانہ، جس میں 4840 مربع گز زمین ہوتی ہے۔

ایک زُبان ek-zu-baan: (ار، صف) ہم قول، ہم زبان، متفق اللفظ۔

ایک سی ek-si(i): (ار، صف، مث) ایک ہی طرح کی، ایک جیسی۔

ایک سے ایک ek-se-ek: (ار، صف) بہتر سے بہتر، مقابلتہً بڑھ کر۔

ایک مُشت ek-musht: (ار، صف) ایک ہی دفعہ، اکٹھا، ایک دم۔

ایک نہ ایک ek-na-ek: (ار، متعلق فعل) کوئی نہ

کوئی، ایک آدھ، تھوڑا بہت۔

ایکا e-ka(a): (ار، مذ) میل، اتفاق، اتحاد، یک جہتی

ایکا ایکی e-ka(a)-e-ki(i): (ار، متعلق فعل) اچانک، یکا یک، یکدم، دفعتہً۔

ایکٹ aikT: (انگ مذ) فعل، کام، نقل، سوانگ، قانون، ضابطہ (Act)

ایکٹر ek-Tar: (انگ، مذ) (Actor) تماشا یا نقل کرنے والا شخص، اداکار، ممثل۔

ایکٹرس aik-Te-ras: (انگ، مث) Actress، تماشا کرنے والی عورت، اداکارہ، ممثلہ۔

ایکٹنگ aik-Ting: (انگ، مذ) Acting، اداکاری، تماشا یا نقل کرنے کا عمل۔

ایکسپورٹ aiks-porT: (انگ، مذ) Export، سے برآمد، نکاسی، ملک سے کوئی مال دوسرے ممالک میں بھیجنا۔

ایکسچینج aiks-chenj: (انگ، مذ) Exchange، باہمی، تبادلہ، ادلا بدلا، مبادلہ۔

ایکسریز aiks-rez: (انگ، مذ) X-rays لاشعاع، ایک قسم کی خاص شعاعیں جن کو رونجن نامی جرمن سائنس دان نے اتفاقیہ طور پر دریافت کیا تھا۔ یہ غیر شفاف اجسام میں سے گزر جاتی ہیں۔ اس لیے ان کی مدد سے انسانی جسم کی اندرونی اعضا کی تصویریں لی جا سکتی ہیں۔

ایکھ iikh: (ہ، مث) کنا، نیشکر کا کھیت۔

ایلاسٹک i-laas-Tik: (انگ، مذ) Elastic لچکیلا فیتہ جو سوت اور ربڑ کی آمیزش سے تیار کیا جاتا ہے۔

ایلچی el-chi(i): (ار، ت، مذ) قاصد، پیغامبر، سفیر، اسم کیفیت، مث: ایلچی گری۔

ایلوپیتھی e-lo pai-thi(i): (انگ، مذ) Alopathy علاج بالضد ڈاکٹری طریق علاج۔

ایلوا el-va(a): (ہ، مذ) مصبر، ایک کڑی دوا، گھی کوار کے گودے کا سکھایا ہوا ست۔

ایلول e-lol: (ف، مذ) شامیوں کا بارھواں مہینہ۔

ایلومنیم el-mu-ni-yam: (انگ، مث) ایک ہلکی دھات Aluminium سلور جس کے برتن وغیرہ بناتے ہیں۔

ایلیا ail-ya(a): (عبر، مذ) یروشلم، حضرت الیاس، خدا

ایماء ii-ma(a): (ع، مذ) اشارہ، نین، غمزہ، منشا، عندیہ۔ (افعال: پانا، کرنا، ہونا)

ایمان ii-maan: (ع، مذ) مسلمانوں کے نزدیک ایک خدا پر یقین لانا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اقرار کرنا، دین مذہب، دھرم، اعتقاد۔

ایمان دار ii-maan-daar: (ع، ف، افاعل ترکیبی) مومن، دیانت دار، راست باز، اسم کیفیت مث: ایمانداری۔

ایمان کی ii-maan-ki(i): (ار، مث) حق کی، سچی بات

ایمبولینس aim-bo-lains: (انگ، مث) Ambulance، وہ گاڑی جس میں مریضوں کو لے جاتے ہیں۔

ایمن ii-man: (ع، صف) بے خوف، نڈر، محفوظ، امن دیا ہوا۔

ایمن ai-man: (ع، صف) خوش قسمت، مبارک

ایمہ ai-mah: (ف، مذ، مث) وہ زمین جو بادشاہ کی طرف سے کسی بطور انعام یا معمولی مالیہ پر دی جاتی تھی۔ معافی، جاگیر۔

ایمہ دار ai-mah-daar: (ف، مذ) معافی دار، جاگیردار، اسم کیفیت مث: ایمہ داری

اَئمّہ a-im-mah: (ع، مذ) امام کی جمع ہے، پیشوا۔

اَین ain: (ہ، مذ) گائے بھینس، بکری وغیرہ کے دودھ اُترنے کی جگہ، کھیری، تھن وغیرہ (افعال: کرنا، نکالنا)

اَیں ain: (ار، کلمہ تعجب) کیا، کیوں، خبردار۔

اِیں iin: (ف، اشارہ) اشارہ قریب بمعنی یہ۔

اِیں جانب iiN-jaa-nib: (ف، محاورہ) ہم، مابدولت

اِینٹ iiNT: (ہ، مث) خشت، مٹی کے بنے ہوئے کچے یا پکے ٹکڑے جن سے دیوار یا عمارت بنائی جاتی ہے، سونے یا چاندی کے بڑے بڑے ڈلے، جو مربع یا مستطیل ہوتے ہیں، تاش کا ایک رنگ جو سرخ ہوتا اور اس پر شکل اینٹ کی سی بنی ہوتی ہے۔

اَینٹھ aiNTh: (ہ، مذ) بل، پیچ، مروڑ، اکڑ، شیخی، نخوت، تکبر، غرور۔

اَینٹھ لینا aiNTh lena (a): (ار، محاورہ) چھین لینا، زبردستی لے لینا۔

اینٹھن aiN-Than: (ہ، مث) کھچاؤ، بل، مروڑ، پیچ، تشنج، پٹھوں کا کھنچ جانا۔

اَینٹھنا aiN-Th-na(a): (ہ، مص) مروڑنا، بل دینا، اکڑنا، روٹھنا، غصہ ہونا، ٹھٹھرنا، غضب کرنا، چھین لینا، دبا بیٹھنا، قبضہ کرنا، دم دے کر لے لینا، دھکے سے لے لینا۔

اَینٹھو aiN-Thu(u): (ہ، صف) اکڑباز، مغرور، گھمنڈی

اَینٹھے باز aiN-The-baaz: (ہ، مذ) مغرور، سرکش، اکڑباز۔

اَینچ aiNch: (ہ، مذ) کشش، کھچاؤ، ٹیڑھاپن۔

اَینچ پینچ aiNch-paiNch: (ہ، مذ) الجھاؤ، مکروفریب

اِیندھن iin-dhan: (ہ، مذ) جلانے کی چیزیں، لکڑی کوئلا وغیرہ۔

اَینڈا aiN-Da(a): (ہ، صف) ٹیڑھا، ترچھا (مذ) تخمینہ، اندازہ۔

اِینڈوا iiND-va(a): (ار، مذ) چھوٹی گول گدی جو بوجھ اُٹھاتے وقت سر پر رکھی جاتی ہے، تاکہ سر میں بوجھ نہ چبھے، تصغیر: اینڈوی۔

اَینگلو aing-lo: (انگ، سابقہ) Anglo بمعنی انگریزی، انگریز کا۔

اَینگلو انڈین aing-lo-in-di-yan: (ار، صف) وہ انگریز جو ہندوستان میں پیدا ہوا ہو اور وہیں بسنے لگا ہو۔ وہ نسل جس کے والدین میں سے ایک انگریز اور دوسرا ہندوستانی ہو۔

اَیوارڈ al-varD: (انگ، مذ) عدالتی حکم، تاوان، جرمانہ وغیرہ Award، انعام، اعزاز۔

اَیوان al-vaan: (ف، مذ) محل، مکان، قصر، وہ مجلس جو قوانین بنائے، اسمبلی۔

ب

یہ اردو حروفِ تہجی کا دوسرا حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت دونوں ہونٹوں کے ملنے سے منہ کی ہوا لمحہ بھر کو رک کر خارج ہوتی ہے اور غشائی پردوں کے سکڑنے سے اُن میں ارتعاش کے وقت ایک گونج سی پیدا ہوتی ہے جو آواز کو مسموع بنا دیتی ہے۔ اسے صوتیات کی اصطلاح میں مسموع دولبی بندشی مصمتہ یہ حرفِ صحیح کہتے ہیں۔

بالآخر bil-aa-Kir: (ع، متعلق، فعل) آخرکار، آخر میں

بالاتفاق bil-it-ti-faaq: (ع، متعلق، فعل) اتفاق کے ساتھ، متحد ہو کر، متفقہ طور سے۔

بالاجماع bil-ij-maa(?): (ع، متعلق، فعل) متفقہ طور پر، اختصار کے ساتھ۔

بالارادہ bil-i-raa-da(h): (ع، متعلق فعل) ارادۃً، قصداً، جان بوجھ کر، سوچتے سمجھتے ہوئے۔

باسمِہٖ bi-is-me-hi(h): (ع، متعلق، فعل) اس کے نام سے، بنام خدا۔

بالاشتراک bil-ish-ti-raak: (ع، متعلق فعل) ساجھے میں، شرکت میں۔

بالتحقیق bit-teh-qiiq: (ع، متعلق فعل) یقینی طور پر، بلا شک وشبہ۔

بالتخصیص bit-taK-siis: (ع، متعلق فعل) خصوصیت سے خاص طور سے اپر۔

بالتصریح bit-tas-rii(h): (ع، متعلق، فعل) صاف صاف، واضح طور سے۔

بالتفصیل bit-taf-siil: (ع، متعلق فعل) صاف صاف، واضح طور سے۔

بالجبر bil-jabr: (ع، متعلق فعل) زبردستی، ظلم سے، زیادتی سے،

بالجملہ bil-jum-la(h): (ع، متعلق فعل) حاصل یہ ہے، خلاصہ یہ ہے، حاصل کلام۔

بالخصوص bil-Ku-suus: (ع، متعلق فعل) خاص طور پر

بالخیر bil-Kair: (ع، متعلق فعل) خاص طور پر

بالعکس bil-a(?)ks: (ع، متعلق فعل) برخلاف، برعکس۔

بالعموم bil-u(?)-muum: (ع، متعلق فعل) عام طور سے۔

بالفرض bil-farz: (ع، متعلق فعل) فرض کرتے ہوئے، جانتے ہوئے۔

بالفعل bil-fe-(?)l: (ع، متعلق فعل) اس وقت، اب، بروقت، سر دست۔

بالقابہٖ bil-qaa-ba(a): (ع، متعلق، فعل) اپنے تمام القاب و اعزاز کے ساتھ، اگر کسی بہت سے القاب ہوں سب کا ذکر کرنے کی بجائے مختصر طور پر کہتے ہیں۔

بالقصد bil-qasd: (ع، متعلق، فعل) قصداً، جان بوجھ کر۔

بالقُوَّۃ bil-quv-va-ta(h): (ع، متعلق، فعل) قوت اور طاقت سے، ازروئے قوت (منطق) اس وقت سے جو وجود میں آنے کے قابل ہو مگر ابھی وجود میں نہ آئی ہو۔

بالکُل bil-kul: (ع، متعلق فعل) پوری طرح، ہو بہو، بہ تمام و کمال وغیرہ۔

بالکِنایہ bil-ki-naa-ya(h): (ع، متعلق فعل) اشارہ سے، کنایہ سے۔

باللہ bil-laah: (ع، متعلق فعل) اللہ کی قسم، خدا کی قسم

بالمُشافِہہ bil-mu-saa-fi-ha(h): (ع، متعلق فعل) رُوبرو، آمنے سامنے۔

بالمُقابلہ / بالمقابلہ bil-mu-qaab-la(h): (ع، متعلق فعل) آمنے سامنے، روبرو، موجودگی میں۔

بالواسطہ bil-vaas-tah: (ع، متعلق، فعل) وسیلہ سے، ذریعہ سے

بالیقین bil-ya-qiin: (فارسی میں نون غنہ سے) (ع، متعلق فعل) یقیناً، یقینی طور پر۔

بجِنسِہٖ bi-jin-si-hi(h): (ع، متعلق فعل) جوں کا توں، کُل، ٹھیک ٹھیک، ہو بہو۔

بعینہٖ bi-ai(?)n-hi: (ع، متعلق، فعل) جوں کا توں، ہو بہو۔

بفضلِہٖ / بفضلہٖ تعالےٰ be-faz-li-hi(i): (ع، متعلق، فعل) خدا کے فضل سے۔

ب۔ا

با baa: (ف، حرف، ربط، سابقہ) ہمراہ، ساتھ، مع، باوجود، صاحب، مطابق، موافق۔

باآبرُو baa-ab-ruu: (ف، صف) عزت والا، معزز۔

بااثر baa-a-sar: (فع، صف) اثر رکھنے والا، پُرتاثیر

با اِختیار baa-iK-ti-yaar: (فع، صف) اختیار رکھنے والا، مختار، صاحبِ اقتدار

با اِخلاص baa-iK-laas: (فع، صف) خلوص والا، مخلص، سچا دوست، بے ریا۔

با اَدب baa-a-dab: (فع، صف، متعلق فعل) ادب و تمیز والا، مؤدّب، ادب و احترام کے ساتھ

باتدبیر baa-tad-biir: (فع، صف) صاحب تدبیر، مدبّر، دانا، ہوشیار۔

باتمیز baa-ta-miiz: (فع، صف) تمیز والا، خوش سلیقہ، مہذب، شائستہ۔

باحیا baa-ha-ya(a): (فع، صف) حیادار، شرم والا، نیک۔

باخبر baa-Ka-bar: (فع، صف) صاحبِ ذوق، اچھا مذاق رکھنے والا، دلچسپی رکھنے والا۔

باشعور baa-sha-(?)uur: (ف، صف) عقل مند، سلیقہ مند، ہوشیار۔

باشوق baa-shauq: (فع، صف، متعلق فعل) شوق رکھنے والا، مشتاق، شوق سے، خوشی سے۔

باضابطہ baa-zaab-ta(h): (فع، متعلق، فعل) قانون کے مطابق، طریقہ کے مطابق، قاعدہ کے مطابق۔

باطہارت baa-ta-haa-rat: (فع، صف) پاک صاف، وضو کیے ہوئے، غسل کیے ہوئے۔

باعمل baa-(?)a-mal: (فع، صف) عامل، عمل کرنے والا۔

بافراغت baa-fa-raa-Gat: (فع، متعلق فعل) اطمینان سے، اچھی طرح سے، تسلّی کے ساتھ۔

باقاعدہ baa-qaa(?)e-da(h): (فع، متعلق، فعل) قاعدہ اور قانون کے مطابق قاعدہ سے۔

باقرینہ ba-qa-rii-na(h): (فع، متعلق فعل) سلیقہ سے، قاعدہ سے۔

باکمال baa-kamaal: (فع، متعلق فعل) صاحبِ کمال، کامل، ماہر۔

بامُراد ba-mu-raad: (فع، متعلق فعل) مراد پانے

والا، کامیاب

بامروّت ba-mu-rav-vat: (ار، صف) ملنسار، خوش اخلاق، لحاظ کرنے والا۔

بامزہ ba-ma-za(h): (ف، صف) خوش ذائقہ، لذیذ، دلچسپ

باوصف baa-vasf: (فع، متعلق فعل) اگرچہ، باوصف، کسی چیز کے ہوتے ہوئے۔

باوجود یکہ baa-vu-juud-ye-ke(h): (فع، متعلق فعل) حالانکہ اس بات کے ہوتے ہوئے۔

باوضع baa-va-za(?): (فع، صف) وضع دار، خوش سلیقہ، نباہ کرنے والا، بجیلا۔

باوضو baa-va-zu(u): (فع، صف) وضو کیے ہوئے، پاک صاف۔

باوفا baa-va-fa(a): (فع، صف) وفادار، بات کا پورا، قول نبھانے والا، خیر خواہ، نمک حلال۔

باوقار baa-va-qaar: (فع، صف) عزت والا، معزز، محترم۔

باہم baa-ham: (ف، متعلق فعل) ایک دوسرے کے ساتھ، آپس میں۔

باہمہ و بے ہمہ baa-ha-ma(h) va-be-ha-ma(h)/: (ف، صف) سب سے ملا ہوا اور سب سے الگ، بے فکرا آزاد، (خدا کی صف) مرنجان مرنج، جو سب لوگوں سے میل جول رکھے مگر جھگڑے بکھیڑے سے الگ رہے۔

باہمی baa-ha-mi(i): (ف، صف) آپس کا، ساتھ کا۔

باب baab: (ع، مذ) دروازہ، نوع، قسم، مصدر اور اس سے بننے والے صیغوں کا وزن، کتاب کا حصہ، جو تقسیم مضمون یا عنوان کے لحاظ سے الگ حیثیت رکھتا ہو، بابت، سلسلہ، موضوع، مضمون، زیر بحث، لائق، مناسب، محصول۔

بابِ اِجابت baa-be-i-jaa-bat: (ع، مرکب، اضافی بترکیب فارسی، مذ) دعا قبول ہونے کا دروازہ)

بابِ عالی baa-be-(?)aa-li(i): (ع، مرکب اضافی بترکیب فارسی) بلند دروازہ، عثمانی سلطنت، ترکیہ کے دارالوزراء کا نام۔

بابا baa-baa: (ف، ار، مذ) باپ، والد، دادا، فقیر، بوڑھا (فقیروں کی اصطلاح) بچہ، ان معنی میں انگریزی لفظ Baby کا بگاڑ ہے۔

بابا لوگ baa-baa log: (ار، مذ) انگریزوں کے شاگرد پیشہ لوگ بچے۔

بابت baa-bat: (ف، ار، مث) نسبت، معاملہ میں، وسیلہ، سفارش، ذریعہ

بابُل baa-bul: (ہ، مذ) باپ، والد، ایک گیت جو لڑکی کی رخصتی کے وقت گاتے ہیں۔

بابن baa-ban: (انگ، مث) Bobbin (اردو میں بضم بائے، موحدہ بولتے ہیں) باریک فیتا جو سپاہیوں کے بوٹوں میں لگایا جاتا ہے، سلائی کی مشین کا وہ پرزہ جس پر دھاگہ لپیٹتے ہیں۔

بابو baa-bu(u): (ہ، مذ) بنگالی کا لقب، عزت دار خاندانی آدمی، بچہ، عام پڑھے لکھے شخص کا لقب، دفتر کا کلرک یا منشی، انگریزی دان کا لقب گو بنگال کے باہر اسے کوئی پسند نہیں کرتا۔

باپ baap: (ہ، مذ) والد، پدر۔

بات baat: (ہ، مث) آواز، لفظ، قول، کہاوت، حال، پیام، الزام، سبب، ساکھ، نکتہ، خوبی، معمولی کام، عہد، مقصد، راز، بھید۔

بات بات میں baat baat meiN: (ار، متعلق

فعل) ہر بات میں، ہر بار، بالکل، سرتاسر۔

بات پر آنا / آجانا baat par aa-na(a): (ار، محاورہ) بات کی بچ کرنا، ضد کرنا، اپنی بات کی طرف داری کرنا، قول پر قائم رہنا، ارادہ کرنا، ہمت کرنا۔

بات پر جانا baat par jaa-na(a): (ار، محاورہ) کسی کے قول پر اعتماد کرنا، کسی کی بات کا دھیان رکھنا۔

بات پر جان دینا baat par jaan dena(a): (ار، محاورہ) ضد پر قائم رہنا

بات پر مٹنا / مرمٹنا baat par miT-na(a): (ار، محاورہ) لاگ ڈانٹ میں تباہ ہونا، نام کے لیے برباد ہونا، آبرو پر جان دینا، آن کی خاطر پروانہ کرنا۔

بات پلٹنا baat pa-laT-na(a): (ار، محاورہ) کہہ کر مکر جانا، بات بدلنا، کسی سے جیسا سننا اس کو ویسا ہی جواب دینا۔

بات پیدا کرنا baat pai-da kar-na(a): (ار، محاورہ) کوئی لطیف یا جدید پہلو نکالنا۔

بات ٹالنا baat-Taal-na(a): (ار، محاورہ) اصل بات کا جواب نہ دینا، حیلے بہانے کرنا، سُنی اَن سُنی کر دینا۔

بات ٹوٹنا baat TuuT-na(a): (ار، محاورہ) بات نہ رہنا، معاہدہ منسوخ ہونا۔

بات ٹھن جانا baat-Than-jaa-na(a): (ار، محاورہ) کوئی بات دل میں جم جانا، بات دل میں بیٹھ جانا۔

بات ٹھہرانا / ٹھہرنا baat Theh-raa-na(a): (ار، محاورہ) تجویز کرنا، ہونا، کوئی معاملہ طے کرنا، ہونا، نسبت ٹھہرانا، ٹھہرنا۔

بات چلانا / چلنا baat-cha-laa-na(a): (ار، محاورہ) بات شروع کرنا، ہونا، ذکر چھیڑنا / چھڑنا، آغاز کرنا، ہونا۔

بات چھیڑنا / چھڑنا baat-chheR-na(a): (ار، محاورہ) تذکرہ شروع کرنا، ہونا، گفتگو کا آغاز کرنا / ہونا۔ ذکر چلنا / چلانا۔

بات چیت baat-chiit: (ار، مث) گفتگو، بول چال، گفت وشنید۔

بات سنوارنا baat-saN-vaar-na(a): (ار، محاورہ) بات بنانا، بات کی اصلاح کرنا۔

بات سے پھرنا / پھر جانا baat se phir-na(a): (ار، محاورہ) کہہ کر مکر جانا، بدعہدی کرنا، زبان بدلنا۔

بات کا بتنگڑ بنانا / کرنا baat kaa ba-tan-gaRh ba-naa-na(a)/ kar-na(a): (ار، محاورہ) چھوٹی سے بات کو بڑھا کر بیان کرنا، معاملے کو طول دینا، بہت بڑھا کر مشہور کرنا۔

بات کاٹنا baat-kaaT-na(a): (ار، محاورہ) بات میں بات کہنا، بیچ میں بولنا، دوسرے کی بات میں دخل دینا، بات رد کرنا، بات پوری نہ کہنے دینا۔

بات کرنا baat kar-na(a): (ار، محاورہ) بولنا، گفتگو کرنا، متوجہ ہونا، خبر لینا، شکوہ کرنا، گلہ کرنا۔

بات کہنا baat-keh-na(a): (ار، محاورہ) منہ سے بولنا، ذکر کرنا، تذکرہ کرنا، خبر سنانا، قصہ یا کہانی کہنا، نصیحت کرنا، فہمائش کرنا۔

بات کھلنا baat khul-na(a): (ار، محاورہ) بھید ظاہر ہونا، راز افشا ہو جانا۔

بات لانا baat-laa-na(a): (ار، محاورہ) نسبت، رشتہ کا پیغام لانا، الزام لگانا۔

بات لگنا baat-lag-na(a): (ار، محاورہ) نسبت قرار پانا، منگنی ہونا۔

بات ماننا baat-maan-na(a): (ار، محاورہ)

نصیحت پر عمل کرنا۔

باتوں baa-tauN: (ار، مث) دیکھئے 'بات' جس کی یہ جمع ہے۔

باتوں باتوں میں baa-tauN-baa-tauN maiN: (ار، متعلق فعل) دورانِ گفتگو، فوراً، یکا یک، دفعتاً۔

باتوں پر چلنا baa-tauN par chal-na(a): (ار، محاورہ) کسی کے افعال کی تقلید کرنا، کسی کی بات کا برا ماننا، لحاظ کرنا۔

باتوں میں آنا / آجانا baa-TauN meiN aa-na(a) aa-jaa-na(a): (ار، محاورہ) دھوکے میں آنا، دم میں آنا، جھانسے میں آنا۔

باتوں میں اُلجھنا / اُلجھانا baa-tauN meiN u-lajh-na(a): (ار، محاورہ) باتوں میں لگانا، لگنا، بات چیت میں دیر لگانا / لگنا۔

باتوں میں ٹٹولنا baa-tauN meiN Ta-Tol-na(a): (ار، محاورہ) گفتگو کرکے راز دریافت کرنا۔

باتوں میں لگانا / لگنا baa-tauN meiN la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) گفتگو میں مشغول کرنا / ہونا۔

باتونی baa-Tuu-ni(i): (ار، مث)۔ زیادہ باتیں کرنے والا۔

باتیں بنانا baa-teiN ba-naa-na(a): (ار، محاورہ) جھوٹ بولنا، ڈینگ مارنا، حیلہ بہانہ کرنا، یاوہ گوئی کرنا، چاپلوسی کرنا، خوشامد کرنا، معذرت کرنا۔

باتیں چھانٹنا baa-teiN chhaT-na(a): (ار، محاورہ) چھوٹی باتیں بنانا، طنز آمیز باتیں کرنا، طعنے دینا۔

باتیں کرنا baa-teiN kar-na(a): (ار، محاورہ) تذکرہ کرنا، بات چیت کرنا، گفتگو کرنا، مقابلہ کرنا، برابری کرنا۔

باتیں ملانا baa-teiN mi-laa-na(a): (ار، محاورہ) ہاں میں ہاں ملانا، بے سمجھے بوجھے کسی شخص کے کلام میں تائید کرنا، باتیں گھڑنا، فریب اور دھوکے کا کلام کرنا۔

باتیں ہیں baa-teiN haiN: (ار، محاورہ) ڈھکوسلے ہیں۔

باٹ baaT: (ھ، مذ) وزن، وہ لوہے، پیتل یا پتھر کے ٹکڑے جن سے ترازو یا کانٹے میں تولتے ہیں، گنجفہ اور تاش کے پتوں کی تقسیم، راہ، راستہ، سڑک۔

باٹ دیکھنا baaT-dekh-na(a): (ار، محاورہ) انتظار کرنا، راہ دیکھنا، وزن کے پیمانے کی جانچ پڑتال کرنا۔

باٹ کا روڑا baaT ka ro-Ra(a): (ار، مذ) وہ اینٹ وغیرہ کا ٹکڑا جس سے راستہ چلنے میں رکاوٹ پیدا ہو۔

باٹ مارنا baaT maar-na(a): (ار، محاورہ) راستہ کھوٹا کرنا، نقصان پہنچانا۔

باج baaj: (ف، مذ) محصول، زمین کا محصول جو بادشاہ کو دیا جاتا ہے، زرِ مالگزاری، لگان۔

باج baaj: (ھ، مث) بجنے کی آواز یا انداز، آواز جو زیور یا باجے وغیرہ سے نکلتی ہے۔

باجدار baaj-daar: (ف، صف فاعلی) محصول دینے والا، اسم کیفیت، مث: باجداری۔

باج گزار baaj-gu-zaar: (ف، صف) خراج گزار، بادشاہ یا ریاست، محصول دینے والا، اسم

کیفیت، مث: باج گزاری۔

باج گیر baaj-giir: (ف، صف) محصول لینے والا۔

باجا baa-ja(a): (ھ، مذ) بجنے والی چیز، ساز

باجرا / باجرہ baaj-ra(a): (ھ، مذ) ایک قسم کا غلّہ جو خریف میں پیدا ہوتا ہے۔ جس کے دانے بہت چھوٹے چھوٹے اور گول ہوتے ہیں، بارش کی ننھی ننھی بوندیں، پھوہار۔

باجرا برسنا baaj-ra(a) ba-ras-na(a): (ار، محاورہ) پھوہار پڑنا، ترشح ہونا، ننھی ننھی بوندیں برسنا۔

باجری baaj-ri(i): (ار، مث) چھوٹی قسم کا باجرہ۔

باجی baa-ji(i): (ت، مث) بڑی بہن، آپا۔

باچھ baachh: (ھ، مث) تقسیم، علیحدگی، منہ، ہونٹ، لب کا سرا، شرح زمین حصہ رسدی، ہر ایک کی انفرادی ذمہ داری۔

باچھیں پھٹنا baa-chheiN phaT-na(a): (ار، محاورہ) ہونٹوں کے کناروں پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنا۔

باچھیں کھل جانا baa-chheiN khil-jaa-na(a): (ار، محاورہ) بے حد خوش ہونا، خوشی میں بے حد ہنسنا، قہقہہ مار کر ہنسنا۔

باختر baaK-tar: (ف، مذ) ایک علاقہ جو کوہ ہندوکش اور دریائے جیحون کے درمیان واقع ہے، مشرق یا مغرب، عموماً مغرب۔

باد baad: (ف، مث) ہوا۔

بادبان baad-baaN: (ف، مذ) وہ پردہ جو ہوا بھرنے یا ہوا کا رُخ بدلنے کے لیے جہاز پر لگاتے ہیں۔

بادبانی جہاز baad-baa-ni(i) ja-haaz: (ف، مذ) وہ جہاز جو بادبانوں کے ذریعے چلے۔

بادِ بہار / بادِ بہاری baa-de-ba-haar: (ف، مث) موسم بہار کی ہوا۔

بادپا baad-pa(a): (ف، مذ) تیز قدم، ہوا کی طرح چلنے والا گھوڑا۔

بادپیما baad-pai-ma(a): (ف، صف) فضول گو، بکواسی، بیہودہ گو، ہوا کی طرح تیز چلنے والا گھوڑا، جنگل کی ہوا کھانے والا، سیاح، ہوا کا دباؤ یا وزن ناپنے کا آلہ۔

بادِ پیمائی baa-de-pai-maa-i(i): (ف، مث) ہوا خوری، سیاحی، فضول کام۔

بادِ خایہ baa-de-Kaa-ya(h): (ف، مذ) وہ بیماری جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں، فتق۔

بادِ خزاں baa-de-Ki-zaaN: (ف، مث) وہ ہوا جو پت جھڑ کے وقت چلتی ہے۔

بادخواں baad-KwaaN: (ف، صف) خوشامدی۔

بادرفتار baad-raf-taar: (ف، مذ) نہایت تیز اور سبک چلنے والا (گھوڑا) اسم کیفیت مث: بادرفتاری۔

بادِزن baa-de-zan: (ف، مذ) پنکھا۔

بادِ سُرخ baa-de-surK: (ف، مث) ایک بیماری کا نام۔

بادِ سَموم baa-de-sa-muum: (ف، مث) بہت گرم ہوا، لو۔

بادسنج baad-sanj: (ف، صف) خام طبع، بے ہودہ گو، فضول کام کرنے والا۔

بادِ صبا baa-de-saba(a): (ف، مث) صبح کے وقت گوشہ شمال مشرق کی ہوا، پروا ہوا۔

بادِ صَر صَر baa-de-sar-sar: (ف، مث) تیز ہوا۔

بادِ فَتَق baa-de-fa-taq: (ف، مث) نام ایک بیماری کا جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں۔

بادِ فرنگ baa-de-farang: (ف، مت) مرض آتشک۔

بادفروش baad-fa-rosh: (ف، صف فاعلی) شیخی خورہ، باتونی، خوشامدی، اسم کیفیت مث: بادفروشی۔

بادکش baad-kash: (ف، مذ) پنکھا، چھت میں لٹکنے والا، دھونکنی۔

بادِگرد baa-de-gard: (ف، مذ) بگولا۔

بادِمُخالِف baa-de-mu-Kaa-lif: (ف، مث) وہ ہوا جو کشتی یا جہاز کے خلاف ہو، ناموافق ہوا۔

بادِموافق /مُراد baa-de-mu-vaa-fiq: (ف، مث) وہ ہوا جو کشتی یا جہاز کو آگے بڑھنے میں مدد دیتی ہو۔

بادِنُما baa-de-nu-ma(a): (ف، مذ) وہ آلہ جس سے ہوا کا رُخ معلوم ہو۔

بادِہوائی baa-de-ha-vaa-i(i): (ف، صف) جھوٹا (وعدہ) لغو (باتیں)، ناکارہ، نکما، اُڑتی ہوئی چیز

بادام baa-daam: (ف، مذ) ایک خشک میوہ۔

بادامی baa-daa-mi(i): (ف، صف) ہلکا زرد رنگ، ایک قسم کی مخروطی ڈبیا جس میں زیور اور جواہرات رکھتے ہیں، خوانچہ سرا۔

بادشاہ/بادشہ baad-sha(h): (ف، مذ) سلطان، شاہ، راجا، تخت کا مالک، مالک، حاکم، مختار، استادِفن، بادشاہانہ، طنزاً بھولا بھالا، بیوقوف، صف نسبتی، بادشاہانہ۔

بادشاہت baad-sha-hat: (ف، مث) سلطنت، حکومت، راج۔

بادشاہی baad-shaa-hi(i): (ف، صف) دیکھیے 'بادشاہ' جس سے یہ منسوب ہے، سلطنت۔

بادل/چھانا baa-dal: (ار، محاورہ) ابر کا آسمان پر نمودار ہونا، گھٹا اُٹھنا۔

بادل چھٹنا baa-dal chaT-na: (ار، محاورہ) بادل دور ہونا، بارش کے بعد آسمان صاف ہونا۔

بادل پھٹنا baa-dal-phaT-na(a): (ار، مث) بادلوں سے پانی یک مشت گرنا۔

بادل کھلنا baa-dal khul-na(a): (ار، محاورہ) بادلوں کا منتشر ہو کر آسمان کا صاف ہونا۔

بادل گھر آنا baa-dal-ghir aa-na(a): (ار، محاورہ) بادلوں کا آسمان پر چھا جانا۔

بادلا /بادلہ baad-la(a): (ار، مذ) سونے چاندی کے تار جو گوٹا بٹنے اور کلابتو وغیرہ بننے کے کام آتا ہے۔ زربفت زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بُنا جاتا ہے۔

بادمُہرہ baad-moh-ra(a): (ار، مذ) سانپ کا مہرہ جو مارگزیدہ کے لیے تریاق ہے۔

بادی baa-di(i): (ف، مث) ہوا پیدا کرنے والا، ریحی، نفاخ، سرد، ٹھنڈا، گنٹھیا، وجع المفاصل، بواسیر کی ایک قسم، خونی کی ضد، اسم کیفیت، مذ: بادی پن۔

بادی baa-di(i): (ع، صف) شروع، اول، ظاہر، شروع کرنے والا۔

بادیُ النظر baa-di-yun-na-zar: (ع، مث) سرسری نظر، ابتدائی نظر۔

بادی چور baa-di(i) chor: (از، مذ) مشاق چور، کامل چور۔

بادیاں baad-yaaN: (ف مث) سونف۔

بادیہ baad-ya(h): (ف، مذ) بڑا پیالہ نما برتن، تانبے پیتل وغیرہ کا ایک پیالہ۔

بادیہ baad-yaa(h): (ع، مذ) جنگل، بیاباں، صحرا، بیاباں میں پھرنے والا، اسم کیفیت مث: بادیہ پیائی/گردی۔

باڈی baa-Di(i): (انگ، مث) Body بادی وجود، جسم، دھڑیاں، ڈھانچہ جماعت، گروہ، انجمن، چھوٹے کپڑے، انگیاں

باڈی بلڈر baa-Dii bil-Dar: (انگ، مذ) انگریزی لفظ، Body Builder، تن ساز، ورزش سے جسم بنانے والا، موٹر گاڑیوں کا ڈھانچہ بنانے والا، اسم کیفیت مث: باڈی بلڈنگ۔

باڈی گارڈ baa-Dii garD: (انگ، مذ) Body Guard، محافظ دستہ۔

بار baar: (ہ، مث) عرصہ، دیر، وقت، نوبت، مرتبہ، موقع بطور تابع جیسے گھر بار بمعنی اہل وعیال، دروازہ، راستہ، ہفتہ کا دن، سنیچر وار، شنبہ۔

بار baar: (انگ، مث) Bar، وکیلوں کی عدالت میں کھڑے ہونے کی جگہ، بیرسٹروں یا وکیلوں کی جماعت، ہوٹل کی وہ جگہ جہاں سے شراب تقسیم ہوتی ہے۔لوہے کی سلاخ۔

بارّ baar: (مذ، مث) نیکو کار، فرمانبردار، اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

بار baar: (ف، مذ) گرانی، بوجھ، وزنی، سمائی، مرتبہ، نوبت، کار کے ساتھ بطور تابع جیسے کاروبار، باریدن مصدر سے صیغہ امر، جو کسی اسم کے بعد بطور لاحقہ آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور برسانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے گوہر بار، اشک بار، دریابار، حمل، پھل، پیداوار، درخت کی جڑ، فرض، ذمہ داری۔

بار آنا baar-aa-na(a): (ار، محاورہ) پھل آنا۔

بار آور / اور bar-aa-var: (ار، صف) پھل لانے والا، میوہ دار، نتیجہ خیز (افعال: کرنا/ہونا) اسم، کیفیت مث: بارآوری۔

بارالہٰ/الٰہا baar-e-la(h) baar-i-laa-ha(a): (عف، مذ) خدا کی جناب، اے بزرگ خدا۔

بار بار baar-baar: (ار، متعلق فعل) گھڑی گھڑی، کئی مرتبہ۔

باربردار baar-bar-daar: (ف، مذ) بوجھ اٹھانے والا، قلی، جانور جس پر بوجھ لادا جائے، گاڑی جس پر بوجھ لادا جائے، اسم کیفیت مث: بار برداری۔

بار پانا baar-paa-na(a): (ار، محاورہ) دخل ہونا، رسائی ہونا۔

بارِ خاطر baa-re-Ka-tir: (ف، مذ) طبیعت پر بوجھ، ناگوار تکلیف (افعال: ہونا)

باردار baar-daar: (ف، صف) پھلا ہوا، میوہ دار، بوجھ سے لدا ہوا، حاملہ (اسم کیفیت مث: بارداری)

باردانہ baar-daa-na(a): (ف، مذ) فارسی میں باردان، کسی چیز کے رکھنے کا برتن، کھانے پینے کا سامان رکھنے کا تھیلہ، سوداگری کے سامان کے تھیلے، بوریاں وغیرہ۔

بارِ رہن baa-re-ra-han: (ف، مذ) جب جائداد پر قرض لیا جاتا ہے تو وہ جائداد مذکورہ پر بار رہن کہلاتا ہے۔

بارِ عام baa-re-(?)aam: (ف، مذ) عام اجازت، عام کچہری، عام دربار۔

بارکش baar-kash: (ف، صف) آدمی، جانور، گاڑی وغیرہ جس پر بوجھ لادا جائے۔

بارگاہ baar-gaa(h): (ف، مذ) اجلاس کی جگہ، دربار، کچہری، عدالت، خیمہ شاہی۔

بار ملنا baar-mil-na(a): (ار، محاورہ) رسائی ہونا،

اجازت ملنا۔

باریاب baar-yaab: (ف،صف) اجازت پانے والا، حضور حاصل کرنے والا، درباری، اسم کیفیت مث: باریابی۔

بارات baa-raat: (ہ،مث) 'برات' شادی میں جانے والے اشخاص۔

باراں baa-raaN: (ف، مذ) مینہ، بارش، موسم برسات، صف، برستا ہوا، برسنے والا۔

بارانِ رحمت baa-raa-ne- rah-mat: (ف،مذ) رحمت کا مینہ۔

بارانی baa-raa-ni(i): (ف، مذ) باراں (بارش) سے منسوب، وہ زمین جو صرف بارش سے سیراب ہوتی ہو، ایک قسم کا کوٹ جو بارش سے محفوظ رکھنے لیے پہنا جاتا ہے، برساتی کوٹ۔

بار بَر baar-bar: (انگ،مذ) Barbar، نائی، حجام، اصلاح ساز۔

بارڈر baa-Dar: (انگ مذ) Border سرحد، کنارہ، حاشیہ۔ مینہ، برسات، برکھا۔

بارش baa-rish: (ف،مذ) مینہ، برسات، برکھا۔

بارک baa-rak: (انگ،مث) Barrack فوج یا پولیس کے رہنے کے مکانات، وہ بنگلے یا کوٹھیاں جن میں فوج رہے۔

بارک اللہ baa-ra-kal-lah: (ع، دعا) اللہ برکت دے، عموماً کھانے کی دعوت کے جواب میں کہتے ہیں۔

بارُود / باروت baa-ruud: (ف،مث) (لفظی معنی شورہ) شورہ، گندھک اور کوئلے وغیرہ کا مرکب، جو بندوق، توپ اور دیگر آتشیں اسلحہ داغنے اور آتش بازی کے کام آتا ہے۔

بارُود خانہ baa-ruud Kaa-na(h): (ف، اظرف، مذ) وہ مقام جہاں بارود بنتی ہے یا بارود یا گولہ بارود جمع کرتے ہیں۔

بارَہ baa-ra(h): (ف، مرکب عطفی، مذ) متعلق، باب، معاملہ، حق، نوبت، دفعہ، مرتبہ، بار۔

بارہ baa-ra(h): (ہ، اعدد) دس اور دو

بارہ امام baa-raah i-maam: (ار، ع، مرکب عددی مذ) ۱۲، اہل تشیع کے، بارہ ائمہ یا پیشوایانِ مذاہب، جن کو وہ رسول کے بعد مامور من اللہ خیال کرتے ہیں۔ ان کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہے۔ حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ، حضرت زین العابدینؒ، امام محمد باقرؒ، امام جعفر صادقؒ، امام موسیٰ کاظمؒ، امام علی رضاؒ، امام محمد تقیؒ، امام علی نقیؒ، امام حسن عسکریؒ، امام مہدیؒ۔

بارہ باٹ baa-rah-baaT: (ہ، مرکب عددی، مذ) لغوی معنی بارہ راستے، متفرق، جدا جدا۔

بارہ پتھر baa-rah pat-thar: (ہ،مذ) چھاؤنی یا شہر کی وہ حدیں جو بارہ ستونوں سے گھیری جاتی تھیں، حدودِ شہر، حدود چھاؤنی۔

بارہ دَری baa-ra(h)-da-ri(i): (ار،مث) بارہ دروازوں کا ہوادار مکان، جو باغ میں یا دریا کے کنارے پر ہوتا ہے۔

بارہ سنگھا / سنگا ba-rah siNg-gha: (از، مذ) ایک قسم کا پہاڑی ہرن، جس کے سینگ شاخ در شاخ ہوں۔

بارہ ماسہ baa-ra(h)-maa-sa(h): (ہ، مذ) ہندی نظم کی ایک قسم جس میں مجبور (بالخصوص عورت) کی طرف سے بارہ مہینوں کے دُکھ اور مصیبتوں کا حال درج یا بیان ہوتا ہے۔

بارہ ماسی baa-ra(h)-maa-si(i): (ار، صف) وہ درخت جو سال بھر سرسبز رہے یا پھل دے، وہ قلی جو مستقل ملازم ہو۔

بارہ مہینے baa-ra(h) ma-hii-ne: (ار، متعلق فعل) سال بھر، سلسلہ وار، ہمیشہ۔

بارہ وفات baa-ra(a) va-faat: (ار، مذ، ع) ربیع اول کا مہینہ، ربیع الاول کی بارہ تاریخ جس دن حضورؐ نے وفات پائی تھی۔

بارھواں baarh-vaaN: (ار، عدد ترتیبی، مذ) ترتیب میں گیارہ کے بعد۔

بارھویں baarh-viiN: (یائے مجہول سے) (ار، عدد ترتیبی، مذ) دیکھئے 'بارھواں' جس کی مغیرہ صورت ہے۔

بارھویں baarh-viiN: (یائے معروف) (ار، عدد، ترتیبی) دیکھئے 'بارھواں' جس کی یہ تانیث ہے۔

بارہا baar-haa: (ف، متعلق فعل) اکثر، کئی بار، ایک سے زیادہ مرتبہ۔

باری baa-ri(i): (ار، مث) نوبت، موقع، بخار کا دن، وہ قوم جو پتلی بناتی ہے۔

باری باری baa-rii-baa-ri(i): (ار، متعلق فعل) اپنی اپنی نوبت پر۔

باردار baar-daar: (ار، ف، صف) پہرے چوکی والا، امیروں کا چوب دار۔

باردارنی baar-daar-ni(i): (ار، مث) وہ عورت جو محلات میں پہرے چوکی کا کام کرتی ہے۔

بارے baa-re: (ف، متعلق فعل) بالجملہ، الغرض، آخر کار۔

باریک baa-riik: (ف، صف) مہین، پتلا، نازک، لطیف، مشکل، خفیف۔

باریک بین baa-riik-biin: (ف، صف فاعلی) تیز فہم، مبصر، واقف کار، معاملہ پر غور سے نظر ڈالنے والا، دقیقہ سنج، اسم کیفیت مث، باریک خیالی۔

باریک خیال baa-riik Ka-yaal: (ف، ص) نازک خیال، عالی خیال، اسم کیفیت، مث: باریک خیالی۔

باریک کام baa-riik-kaam: (ف، مذ) نازک کام، مشکل کام، مہین کام، جس سے نگاہ پر زور پڑے۔

باریکہ baa-rii-ka(h): (ف، مذ) حاشیہ، کنارہ، مصوروں کا وہ قلم جس سے باریک خط کھینچتے ہیں۔ باریک خط (حاشیہ کا)

باریکی baa-rii-ki(i): (ف، مث) پتلا پن، نزاکت، لطافت، نکتہ، دقیقہ، نکتہ چینی۔

باڑ baaR: (ہ، مث) جھاڑ بندی، حاشیہ، سپاہیوں کی قطار۔

باڑا baa-Ra(a): (ہ، مذ) احاطہ، چار دیواری، دائرہ، دنگل، میدان، گورستان، تکیہ، خیرات جو ہندو شادی میں دیتے ہیں۔

باڑھ baa-Rh: (ہ، مث) سیلاب، دریا کا سیلاب یا طغیانی، دھار، دم شمشیر، مہرہ، زد، سامنے، آگے، درختوں کی قطار، بوچھاڑ، کئی بندوقوں یا توپوں کا ایک ساتھ اور ایک ہی نشانہ پر فیر (فائر)۔

باڑھ باندھنا baaR-baandh-na(a): (ار، محاورہ) کانٹوں یا جھاڑی سے احاطہ کرنا، روک لگانا، حد بندی کرنا۔

باڑی baa-Ri(i): (ہ، مث) کھیتی زراعت، جائے سکونت، باغ، وہ چھوٹا سا چمن، جو مکان کے اندر لگاتے ہیں، کپاس کا کھیت، کپاس، پھلوں یا ترکاری کا باغیچہ۔

باز baaz: (ف، مذ) ایک شکاری پرندہ، اصل میں یہ مادہ ہے، نر کو شاہین جرہ کہتے ہیں۔

باز baaz: (ف، لاحقہ) باختن مصدر سے امر، جو کسی اسم کے آخر میں بطور لاحقہ آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھیلنے والے کے معنی دیتا ہے، جیسے شطرنج باز، مرغ باز۔

باز baaz: (ف، متعلق فعل) پھر، مکرر، دوبارہ، کھلا ہوا۔

باز آنا baaz aa-na(a): (ار، محاورہ) اجتناب کرنا، پرہیز کرنا، چھوڑ دینا۔

بازپُرس baaz-purs: (ف، مث) مواخذہ، جواب دہی، تحقیقات، پوچھ گچھ، دریافت کرنا۔

بازخواست baaz-Kwaast: (ف، مث) تحقیقات، دی ہوئی چیز کا لینا، واپس مانگنا۔

بازخواہ baaz-Kwaa(h): (ف، صف) تحقیقات کرنے والا، جواب طلب کرنے والا، اسم کیفیت مث: بازخواہی۔

بازدار baaz-daar: (ف، مذ) جس کے ذمہ باز کی پرورش ہو، اسم کیفیت مث: بازداری۔

باز دعویٰ baaz-da(?)va(a): (فع، مذ) نالش کا واپس لینا، دعویٰ سے دست برداری۔

بازدہی baaz-di-hi(i): (ف، مث) واپسی، واپس دینا۔

بازدید baaz-diid: (ف، مث) کسی کے ملنے آنے کے بعد اُسے ملنے جانا، جوابی ملاقات۔

باز رکھنا / رہنا baaz-rakh-na(a) baaz-reh-na(a): (ار، محاورہ) روکنا / رُکنا، منع کرنا / ہونا، موقوف کرنا / ہونا۔

بازگشت baaz-gasht: (ف، مث) واپس، مراجعت، لوٹنا، پلٹنا۔

بازگیر baaz-giir: (ف، صف) باز رکھنے والا، باز سے شکار کھیلنے والا۔

بازگیری baaz-gii-ri(i): (ف، صف) ضبطی، واپس لینا۔

بازیاب baaz-yaab: (ف، افاعل) دوبارہ حاصل کرنے والا، اسم کیفیت مث: بازیابی، بازیافتگی

بازار baa-zaar: (ف، مذ) وہ راستہ عام جس پر دُکانیں ہوں، منڈی، مارکیٹ، خرید و فروخت کی جگہ، نرخ، بھاؤ، خرید و فروخت۔

بازار چمکنا baa-zaar cha-mak-na(a): (ار، محاورہ) بازار گرم ہونا (ار، مذ) جیب خرچ، روزمرہ کا ذاتی خرچ۔

بازار گرم ہونا baa-zaar ga-ram ho-na(a): (ار، محاورہ) بازار میں خرید و فروخت بکثرت ہونا، بازار میں بہت رونق ہونا، کسی چیز کا زور ہونا۔

بازار گرنا baa-zaar-gir-na(a): (ار، محاورہ) بھاؤ کم ہو جانا، نرخ گر جانا۔

بازار لگانا baa-zaar la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) دکانیں کھولنا / کھلنا / چیزوں کی فروخت کے لیے سجانا / سجایا جانا۔

بازاری ba-zaa-ri(i): (ف، صف) بازار سے نسبت رکھنے والی چیز، بازار کی چیز، رائج الوقت، بازار کے بیٹھنے والے، شہدے، اوباش، رنڈی، فاحشہ۔

بازُو baa-zu(u): (ف، مذ) ڈنڈ، ہاتھ میں کہنی سے شانے تک کا حصہ، پرندوں کے جسم کا وہ حصہ جس میں پر ہوتے ہیں۔ قوت، سہارا، ثانی، مقابل، برابر، میمنہ، میسرہ، وہ شخص جو مرتبہ خواں کے ساتھ آواز ملاتا ہے۔ انگیا کے وہ حصے جو دونوں پہلوؤں کو چھپاتے ہیں۔ چارپائی کی دونو پٹیاں۔

بازُوبند baa-zuu-band: (ف، مذ) ایک قسم کا

زیور جو بازو پر پہنا جاتا ہے۔

بازو تولنا baa-zuu tol-na(a): (ار، محاورہ) پرندے کا اُڑنے پر مستعد ہونا، آمادہ ہونا، تیاری کرنا۔

بازی baa-zi(i): (ف، مث) کھیل، کرتب، تماشا، شرط، کبوتر کی پلٹی، قلابازی، داؤں، دھوکا، فریب، گنجفہ یا تاش کے پتے۔

بازی بدنا baa-zii bad-na(a): (ار، محاورہ) شرط لگا کر کوئی کھیل کھیلنا۔

بازی دینا baa-zii-de-na(a): (ار، محاورہ) ہرا دینا، مات دینا، جیتنا، شکست دینا۔

بازی گاہ baa-zii gaa(h): (ف، مث) کھیل کی جگہ، تماشا گاہ۔

بازی گر baa-zii-gar: (ف، افاعل) شعبدہ کرنے والا، نٹ، تماشا کرنے والا، اسم کیفیت مث: بازی گری۔

بازی لے جانا baa-zi le-jaa-na(a): (ار، محاورہ) جیتنا، غالب آنا، سبقت لے جانا۔

بازیچہ baa-zii-cha(h): (ف، مذ) کھیل تماشا، کھلونا۔

بازیچۂ اطفال baa-zii-cha-e-at-faal: (ف، مذ) بچوں کا کھیل، آسان کام، فضول کام۔

باس baas: (انگ، مذ) Boss، مالک آقا، افسر۔

باس baas: (مؤنث) مہک، بو

باسٹھ baa-saTh: (ار، اعدد) ساٹھ اور دو کا مجموعہ، 62

باسط baa-sit: (ع، افاعل، صف) خدا تعالیٰ کا نام، پھیلانے والا۔

باسک baa-sak: (ھ، مذ) وہ سانپ جس نے ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق اپنے پھن پر سر زمین

اٹھا رکھی ہے۔

باسمتی baas-ma-ti(i): (ھ، مذ) ایک قسم کا عمدہ اور خوشبودار چاول۔

باسن baa-san: (ھ، مذ) برتن، بھانڈا، ظرف۔

باسور baa-suur: (ھ، مث) ایک بیماری جس میں ناک یا مقعد میں زائد گوشت (مسّا) پیدا ہو جاتا ہے۔ جمع بواسیر۔

باسی baa-si(i): (ھ، صف) بودار، بسنے والا، رہنے والا، تازہ کی ضد، مرجھایا ہوا، رات کا بچا ہوا کھانا، جو کچھ پاس ہو وہ خرچ کر ڈالنا۔

باسی عید baa-sii-(?)iid: (ار، مث) عید سے دوسرا دن۔

باسی منہ baa-sii-muNh: (ھ، مذ) نہار منہ، ہاتھ منہ دھوئے بغیر۔

باشد baa-shad: (ف، فعل، مضارع، متعلق فعل) ہوا کرے، کچھ بھی ہو، پروا نہیں۔

باشندہ baa-shin-da(h): (ف، افاعل) ساکن، رہنے والا، بسنے والا۔

باشہ baa-sha(a): (ف، مذ) ایک شکاری پرندہ۔

باصر baa-sir: (ع، صف) دیکھنے والا، بینا۔

باصرہ baa-si-rah: (ع، مث) بینائی، دیکھنے کی قوت۔

باطل baa-til: (ع، صف) جھوٹ، غلط، بے کار، لغو، ناحق (افعال: کرنا، ہونا)

باطن baa-tin: (ع، مذ) ظاہر کی ضد، پوشیدہ چیز، اندرون، دل، خیال، طبیعت، خدا کا نام، صفت نسبتی نہ باطنی۔

باطنیہ baa-ti-niy-ya(h): (ع، مذ) ایک فرقہ، جس کے عقیدہ میں ہر شرعی امر کا ظاہر کچھ ہے اور باطن

کچھ اور باطن سے صرف امام وقت ہی واقف ہوتا ہے۔

باعث baa-(?)is: (ع، مذ) وجہ، سبب، علت، موجد، مخترع، اصل، حقیقت، بنیاد، اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

باعث کھلنا baa-(?)is khul-na(a): (ار، محاورہ) سبب ظاہر ہونا، وجہ معلوم ہونا۔

باغ baaG: (ف، مذ) پھلواڑی، گلزار، چمن، وہ جگہ جہاں بہت سے درخت لگائے گئے ہوں، روضہ، بوستان، گلستان، اولاد، بال بچے، دنیا، جمع: باغات (جمع خلاف قاعدہ)۔

باغ ابراہیم / خلیل baa-Ge-ib-raa-hiim: (ف، مذ) وہ آگ جو نمرود نے حضرت ابراہیم کو زندہ جلانے کے لیے روشن کی تھی۔ جب اس میں حضرت ابراہیم کو ڈالا گیا تو وہ آگ بحکم خدا باغ بن گئی، گلزار ابراہیم، گلزار خلیل۔

باغ ارم baa-Ge-iram: (ار، تلمیح) دیکھیے 'باغ شداد'۔

باغ باڑی baaG-baaRi(i): (ار، مث) پھلواڑی، اولاد، آرائش، کاغذی باغ کی ٹٹیاں جو برات کے ساتھ لے جاتے ہیں اور عروس کے مکان کے قریب پہنچ کر لٹادی جاتی ہیں۔

باغ باغ ہونا baaG baaG hona: (ار، محاورہ) خوش ہونا، شاداں وفرحاں ہونا۔

باغ بان / باغبان baaG baan: (ف، اسم فاعلی) باغ کی حفاظت رکھنے والا، باغ کا محافظ، باغ لگانے والا، مالی، اسم کیفیت مث: باغبانی۔

باغ رضوان baa-Ge-riz-vaan: (فع، مذ) جنت، بہشت۔

باغ شداد baa-Ge-shad-daad: (فع، مذ، تلمیح) وہ جنت جو شداد نے بنائی تھی اور جس پر قدم رکھتے ہی وہ مرگیا، نیز دیکھیے 'ارم'۔

باغ قدس baaG-quds: (فع، مذ) جنت، بہشت

باغ و بہار baa-Go-ba-haar: (ف، مذ، صف) آراستہ، بارونق، اردو نثر کی ایک مشہور کتاب جس میں قصہ چہار درویش بیان ہوا ہے۔ اور یہ میر امن دہلوی کی تصنیف ہے۔ ظریف الطبع، خوش مزاج، ہنس مکھ۔

باغ وحش baa-Ge-va-hash: (فع، مذ) چڑیا گھر، وہ مقام جہاں طرح طرح کے جانور رکھے جائیں۔

باغچہ / باغیچہ baa-Gii-cha(h): (ف، التصغیر، مذ) باغ کی تصغیر، چھوٹا باغ (باغیچہ غلط لفظ ہے)۔

باغی baa-Gi(i): (ع، صف) بغاوت کرنے والا، سرکش، فسادی، نافرمان (افعال: کرنا، ہونا)

باف baaf: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر 'بافیدن، بافتن' سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد بطور لاحقہ آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بننے والا کے معنی دیتا ہے، مثلاً پارچہ باف۔

بافت baaft: (ف، مث) بنائی، بناوٹ، بہت باریک بنی ہوئی چیز، نسیج، جسم کی بہت باریک ساختیں، انگریزی اصطلاح Tissue کا ترجمہ

بافتہ baaf-ta(h): (ف، اسم مفعول) بنا ہوا، ایک قسم کا ریشمی کپڑا، کبوتروں کا ایک رنگ مرکبات میں بطور لاحقہ مفعولی آتا ہے۔ مثلاً زربافتہ۔

باقر خانی baa-qar-Kaa-ni(i): (ف، مث) ایک قسم کی خستہ روغنی روٹی، جو میدہ، شکر اور دودھ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے۔ اپنے موجد باقر خان سے منسوب ہے۔

باقی baa-qi(i):(ع،صف،مذ،مث) بچا ہوا، رہا ہوا، واجب الادا، واجب الوصول، ہمیشہ رہنے والا، غیر فانی، مائدہ، موجود، اللہ کا ایک نام، امث: باقیہ، جمع: باقیات۔
باقی دار baa-qii-daar:(فع،صف) جس پر یا جس کے ذمہ کوئی رقم باقی ہو، جس پر مطالبہ باقی ہو۔
باقی مانده baa-qii maan-dah: (فع، صف، مفعول) باقی بچا ہوا، باقی رہا ہوا۔
باقی نکالنا/نکلنا baa-qii ni-kal-na:(ار،محاورہ) کسی کے ذمہ حساب میں باقی نکالنا/نکلنا۔
باقیاتُ الصّالحات baa-qi-yaa-tus-sa-li-haat: (ع، مث) وہ نیک کام جو مرنے بعد یادگار چھوڑ جائے۔
باک baak:(ف،مذ) ڈر،خوف،اندیشہ،ہراس،دہشت۔
باکس baks:(انگ،مذ) Box بکس،صندوق،تھیٹر یا سینما میں الگ نشست گاہ جو بند کمرے کی شکل کی ہوتی ہے۔سنتری یا سگنل والے کی کوٹھڑی۔
باکسر bak-sar:(انگ،مذ) Boxer،مکہ باز۔
باکسنگ bak-sing:(انگ،مث) Boxing مکے بازی۔
باکھ baakh: (ھ،مذ) مویشی کے تھنوں کے اوپر کا حصہ،دین۔شیر دان،کھیری۔
باگ baaG: (ھ،مث) عنان، لگام راس، وہ تسمہ جس کا ایک سرا سوار کے ہاتھ میں اور دوسرا سرا گھوڑے کے منہ میں رہتا ہے۔
باگ اٹھانا baag u-Thaa-na(a):(ار،محاورہ) گھوڑا دوڑانا،دوڑنا۔
باگ دینا baag-dena:(ار،محاورہ) گھوڑے کے منہ میں لگام دینا۔
باگ ڈور baag-Dor:(ھ،مث) وہ رسی جو گھوڑے کی گردن، لگام یا دہانے میں باندھ کر سائیس اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔کسی کام کے کرنے کا اختیار، زمام کار۔
باگ لینا baag-le-na(a):(ار،محاورہ) باگ اُٹھانا،گھوڑے کی باگ پکڑنا،سواری کرنا۔
باگا baa-ga(a):(ھ،مذ) دولہا کا جوڑا، پوشاک، لباس،اُردو میں تنہا اور واحد مستعمل نہیں بلکہ جوڑے کے بعد آتا ہے،جیسے جوڑے باگے۔
باگڑ بِلّا ba-gaR bil-la(a):(ھ،مذ) ایک قسم کا بڑا بلا،جنگلی جانور، جانوروں سے زراعت کو بچانے کے لیے کپڑے وغیرہ بنا ہوا جو فرضی نشان کھڑا کیا جاتا ہے۔عورتیں بچوں کو اس نام سے ڈراتی ہیں۔
باگھ baagh:(ھ،مذ) شیر،چیتا،مث: باگھن، باگھنی
باگیسری baa-ges-ri(i):(ھ،مث) ایک راگنی جس میں غم کا تاثر پایا جاتا ہے اور یہ رات کو گائی جاتی ہے۔
بال baal:(انگ،مذ) گیند،ناچ Ball،رقص۔
بال baal:(ھ،مث) بچہ،لڑکا یا لڑکی جو سن بلوغت کو نہ پہنچا، پہنچی ہو،اسم کیفیت: بالپن،اناج یا غلہ کا خوشہ (بالی) سر وغیرہ کے بال ریشم۔
بال baal: (ف، مذ) پرندے کے بازو جن سے وہ پرواز کرتا ہے،پَر۔
بال آنا/پڑنا baal-aa-na(a):(ار،محاورہ) بال پڑنا، خط پڑنا، ٹوٹنے کے آثار، ظاہر ہونا،خوشہ نکلنا، بال پیدا ہونا،بال نکلنا۔
بال اُترنا baal u-tar-na(a):(ار،محاورہ) از خود بالوں کا جھڑ جانا،موتراشی ہونا،مونڈن ہونا۔
بال بال baal-baal:(ار،متعلق فعل) ہر ایک بال، موبمو، بالکل، سر سے پاؤں تک، بہت تھوڑے فرق سے،ذرا سے تفاوت سے۔

بال باندھا baal-bandh-a(a): (ار، محاورہ) ٹھیک، سچ، بے شُبہ، یقینی، تیر ہدف، مث: بال باندھی۔

بال بچّے ball-bach-che: (ار، مث) اہل و عیال، لڑکے بالے، آل اولاد۔

بال بنانا baal-ba-naa-na(a): (ار، محاورہ) چوٹی گوندھنا، بالوں کو آراستہ کرنا، خط بنانا، حجامت بنانا۔

بال بھر baal bhar: (ار، صف) ذرا سی، خفیف۔

بال بھونری baal bhaun-ri(i): (ار، مث) گھوڑے کا ایک نقص۔

بال بیکا/ بانکا ہونا baal-bii-ka(a) ho-na(a): (ار، محاورہ) نقصان ہونا، صدمہ پہنچنا۔

بال پکنا baal-pak-na(a): (ار، محاورہ) بالوں کا سفید ہو جانا۔

بال توڑ baal-toR: (ار، مذ) وہ پھنسی جو بال ٹوٹ جانے سے ہو جاتی ہے۔

بال جمنا baal jam-na(a): (ار، محاورہ) بال پیدا ہونا۔

بال خورا baal Ko-ra(a): (ار، مذ) ایک مرض جس میں بال جھڑ جاتے ہیں۔

بالدار baal-daar: (ار، صف) روئیں دار جس کے جسم پر بہت بال ہوں، تڑخا ہوا، جس میں خط پڑ گیا ہو (شیشہ وغیرہ)

بال رکھنا baal-rakh-na(a): (ار، محاورہ) بالوں کو بڑھنے دینا، بالوں کی سنت ماننا (ہندوؤں، برہمنوں) دشمن کی تباہی و بربادی کے لیے سنت ماننا اور بال بڑھانا۔

بال صفا baal-sa-fa(a): (ار، مث) بال اُڑانے والی دوا۔

بال کمانی baal ka-maa-ni(i): (ار، مث) گھڑی کے اندر کی باریک کمانی جو گھڑی کو چلاتی ہے۔

بال کھچڑی ہونا baal-khich-Ri(i) ho-na(a): (ار، محاورہ) سیاہ بالوں میں سفیدی غالب آنا۔

بال کھڑے ہونا baal-kha-Re-hona(a): (ار، محاورہ) رونگٹے کھڑے ہونا، سردی یا خوف سے۔

بال کی کھال / نکالنا baal-kii-khaal-ni-kaal-na(a): (ار، محاورہ) نکتہ چینی کرنا، باریکیاں نکالنا، موشگافی کرنا۔

بال و پَر baa-lo-par: (ف، مرکب عطفی) بازو اور پَر، پرپُرزے، ذریعہ، وسیلہ۔

بالا baa-la(a): (ہ، مذ) کان میں پہننے کا ایک زیور، خس، جس کی ٹٹیاں، پردے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔ لڑکا، کم عمر۔

بالا بالا ba-laa baa-la(a): (ف، متعلق فعل) الگ الگ، علیحدہ علیحدہ، بے اطلاع، خفیہ طور پر۔

بالا پوش baa-laa posh: (ف، صف، مذ) پلنگ پوش، سب سے اوپر، پہننے کا جبہ، اُوور کوٹ، وہ کپڑا جو لحاف یا توشک کے اوپر ڈالا جاتا ہے۔

بالاتر baa-laa tar: (ف، صف، تفصیل بعض) زیادہ اونچا، زیادہ مرتبے والا (مقابلتہً)

بالا تنگ baa-laa tang: (ف، مذ) گھوڑے کی کاٹھی کے اوپر کسا ہوا تنگ۔

بالا خانہ baa-la Kaa-na(h): (ف، مذ) اوپر کا کمرہ، کوٹھا، چوبارہ۔

بالا دست baa-laa dast: (ف، صف) عالی صفت، عالی مرتبہ، بلند مرتبہ، زبردست، اعلیٰ افسر / حاکم، غالب۔

بالانشین baa-laa na-shiin: (ف، مذ) صدر، وہ شخص جو عزت کی جگہ بیٹھے، صف، امیرانہ، عمدہ، اسم کیفیت مث: بالانشینی۔

بالا و پست baa-laa va past: (ف، صف) آسمان و زمین، اُونچ نیچ، نشیب و فراز۔

بالائی baa-laa-i(i): (ف، صف) اونچا، بلند آر پار کا، فالتو، زائد مث، دودھ کی ملائی۔

بالٹی baal-Ti(i): (ہ، مث) ٹین یا جست کا ایک ڈول جو اوپر سے چوڑا اور نیچے سے چھوٹا ہوتا ہے۔

بالش baa-lish: (ف، مذ) تکیہ، سرہانہ، مسند، افزونی، زیادتی۔

بالشت baa-lisht: (ف، مذ، مث) وہ لمبائی جو انگلیاں پوری اٹھانے پر انگوٹھے اور چھنگلیاں کی نوکوں کے درمیان واقع ہے، 9 انچ یا چار گرہ کا پیمانہ۔

بالشتیہ / بالشتیا baa-lish-ti-yah: (ف، صف) بالشت کے برابر آدمی، بونا، پست قد۔

بالغ baa-liG: (ع، مذ) سن بلوغ کو پہنچنے والا، سیانا، جوان آدمی، اٹھارہ سال سے زیادہ عمر کا، نابالغ کی ضد، نکتہ رس، غور سے دیکھنے والا، کسی امر پر گہری نظر ڈالنے والا، تجربہ کار، باریک بیں، مث: بالغہ۔

بالغ نظر baa-liG na-zar: (ع، صف) ذہین، سمجھدار، تجربہ کار، باریک بین، حقیقت بین، گہری نظر والا، اسم کیفیت: بالغ نظری۔

بالک baa-lak: (ہ، مذ) بچہ، شیر خوار، بال، اسم کیفیت، مذ: بالک پن، پنا، مث: بالکی۔

بالم / بالما baa-lam: (ہ، مذ) پیارا، محبوب، عاشق، خاوند، معشوق۔

بالو baa-lu(u): (ہ، مث) ریت، ریگ، بھٹے کے وہ ریشے جو داڑھی کی مانند ہوتے ہیں۔

بالو شاہی baa-luu-shaa-hi(i): ایک مشہور مٹھائی، زیادہ خستگی کی وجہ سے یہ نام پڑا۔

بالی baa-li(i): (ہ، مث) ایک قسم کا زیور جسے عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں، کم عمر لڑکی، خوشۂ گندم، جو وغیرہ کا بھٹا۔

بالی پتے baa-li pat-te: (ہ، مذ) پتوں کی شکل کے جڑاؤ، آویزے جو بالیوں میں لٹکائے جاتے ہیں۔

بالیدہ baa-lii-da(h): (ف، صف) بڑھا ہوا، خوش خوش پر، نمودار، روئیدہ (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: بالیدگی۔ (افعال: پانا)

بالیں baa-liiN: (ف، مذ) سرہانہ، تکیہ۔

بالیں پرست baa-liiN pa-rast: (ف، صف) بیمار، آرام طلب۔

بام baam: (ف، مذ) چھت، کوٹھا، ایک قسم کی مچھلی جو لمبی اور سانپ کے ہمشکل ہوتی ہے۔

بام مسیح baa-me-ma-siih: (ف، مذ) چوتھا آسمان (کنایۃً)

بامن / باہمن baa-man: (ہ، مذ) برہمن، ویدوں کا عالم۔

بان baan: (ع، مذ) ایک خوشبودار درخت جو عرب میں ہوتا ہے، اس کے بیجوں سے تیل نکالتے ہیں، بید مشک۔

بان baan: (ف، لاحقہ) لاحقہ جو اسم کے آخر میں آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ صاحب، محافظ اور چلانے والا کے معنی دیتا ہے، مثلاً باغبان، میزبان، دربان، فیل بان۔

بان baan: (ہ، مذ) تیر، مونج یا کسی دوسرے ریشہ کی

رسی جس سے چارپائی وغیرہ بنتے ہیں۔ آتشبازی، طور، ڈھنگ، مزاج، خاصیت جیسے آن بان، عادت، ایک قسم کی ہوائی جو جنگوں میں دشمن کی طرف پھینکتے ہیں۔

بانا baa-na(a): (ہ، مذ) پوشاک، لباس، تانا، کی ضد یعنی وہ تار جسے جولاہے کپڑے کے عرض میں بناتے ہیں۔ ریشمی دھاگہ جو سینے اور بننے کے کام آتا ہے۔ وردی، بھیس، وضع قطع، پیشہ، ہنر، ایک آلہ حرب، ایک قسم کا لوہے کا ڈول جس سے آب پاشی کے لیے پانی نکالتے ہیں۔ دھاگوں کا چھلا جسے کبوتر کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔

بانا باندھنا baa-naa baaNdh-na(a): (ار، محاورہ) کسی کام کا بیڑا اٹھانا، ذمہ لینا، ہتھیار بند مسلح ہونا، تیار ہونا، کمر باندھنا، کسی کام میں بے مثل ہونے کا دعویٰ کرنا، شرط بدنا۔

بانات baa-naat: (ہ، مث) ایک قسم کا اُونی کپڑا جو دبیز اور گرم ہوتا ہے، صفِ نسبتی: باناتی۔

بانبی baan-bi(i): (ہ، مث) سانپ کا بل، سوراخ

بانٹ baaNT: (ہ، مث) (بانٹنا کا حاصل مصدر) تقسیم، بٹوارا، بٹائی، حاصل قسمت، خارج قسمت، حصہ بخرہ، گنجفہ یا تاش کے پتوں کی تقسیم، وہ دانہ یا چارہ جو گائے کے آگے دودھ دوہتے ہیں وقت رکھتے ہیں۔ پتھر لوہے وغیرہ کے وہ باٹ جن سے وزن کرتے ہیں

بانٹنا baanT-na(a): (ار، مص) تقسیم کرنا، حصے کرنا۔

بانج / بانجھ baanj: (ہ، مث) وہ عورت جس کے اولاد نہ ہوتی ہو، جس کو حمل نہ رہے۔

بانڈا baan-da(a): (ہ، مذ) وہ پودا جو کسی دوسرے درخت پر پیدا ہوتا ہے اور اس درخت سے اپنی خوراک لیتا ہے۔

باندھ baaNdh: (ہ، مذ) باندھنا کا صیغہ امر، بندھن، بند، مینڈھ، روک، پشتہ، قید۔

باندھا جانا baan-dhaa-jaa-na(a): (ار، محاورہ) گرفتار ہونا، قید ہونا۔

باندھ رکھنا baandh rakh-na: (ار، محاورہ) قید کرکے رکھنا، زبردستی روک رکھنا۔

باندھنا baandh-na(a): (ار، مص) بندش کرنا، گرہ لگانا، لٹکانا، لپیٹنا، پکڑنا، گرفتار کرنا۔

باندی baan-di(i): (ہ، مث) لونڈی، کنیز۔

بانڈی baan-Di(i): (ہ، مث) ایک قسم کی چھڑی، لاٹھی، چوب، چوپائے کی مادہ جس کی دُم نہ ہو۔

بانڈی باز baan-Dii baaz: (ار، ف، صف) لٹھ چلانے والا، لڑاکا، فسادی، شورہ پشت (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے)

بانس baaNs: (ہ، مذ) لکڑی کی ایک قسم، جو اندر سے خالی اور باہر سے نے کی طرح گرہ دار ہوتی ہے۔ سو تین گز کا ایک پیمانہ جس سے زمین پیمائش کی جاتی ہے (مقابلہ کیجیے انگریزی لفظ Pole سے)

بانس پھوڑ baaNs phoR: (ار، صف) بانس کی تیلیوں سے ٹوکریاں اور چکیں بنانے والا۔

بانسہ baaN-sah: (ہ، مذ) دونوں نتھنوں کے بیچ کی ہڈی، ناک کی جڑ، ایک درخت جس کے پتوں سے سرخ رنگ نکالتے ہیں۔ ایک نلی جس کے ذریعے چکی میں دانے ڈالتے ہیں۔ ایک بوٹی جس کے پتے بطور دوا مستعمل ہیں۔

بانسری baaN-su-ri(i): (ہ، مذ) بانس کا ایک آلہ جو منہ سے بجایا جاتا ہے۔

بانک baaNk: (ہ، مث) سپہ گری کا ایک فن جس میں بیٹھ کر یا لیٹ کر خمدار چھریوں سے وار کرتے ہیں۔

بانک کھیلنے کا ہتھیار، خنجر، کٹار، ایک لوہے کا خمدار دھار والا آلہ جس سے بانس یا گنا وغیرہ کاٹتے ہیں جو نعل کی شکل کا ہوتا ہے، ٹیڑھا، ترچھا، خمیدہ، ایک قسم کی چھری جس کا پھل خمدار ہوتا ہے۔ ایک زیور جسے ہندو عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں اور ایک زیور جسے مسلم عورتیں بازو میں پہنتی ہیں ایک قسم کی چوڑی جو عورتیں کلائی میں پہنتی ہیں۔ نشتر، دریا کا گھماؤ، موڑ۔

بانکا baaN-ka(a): (ار، مذ) ٹیڑھا، جھکا ہوا، کج، خمدار، ترچھا، مڑا ہوا، ناخوش، باغی، ایک خاص فرقہ جو سر پر ٹیڑھا دوپٹہ باندھتا ہے۔ رنگیلا، رسیلا، چھبیلا، البیلا، طرح دار، وضع دار، خوش طبع، خوش لباس، بہادر، دلیر، لُچا، شہدا، شوخ، شریر، آزاد، کنایۃً، معشوق، مث: بانکی۔

بانکا ترچھا / ٹیڑھا baaN-ka(a) tir-chha: (ار، صف) مغرور، سرکش۔

بانکپن baaNk-pan: (ار، مذ) ٹیڑھا پن، ترچھا پن، وضع داری جس میں خودنمائی شامل ہو، سرکشی، بدوضعی، ناز و انداز، شوخی۔

بانکڑی baaNk-Ri(i): (ھ، مث) ایک قسم کا فیتہ جو گوٹے کناری کی طرح کپڑوں پر لگایا جاتا ہے۔

بانگ baaNg: (ف، مث) آواز، صدا، اذان، مرغ کی آواز (افعال: دینا)۔

بانگِ درا baaN-ge-da-raa: (ف، مث) جرس کی آواز، قافلہ رخصت ہونے کے وقت گھنٹے کی آواز، شاعرِ مشرق علامہ اقبال کا اولین اردو مجموعہ کلام۔

بانگر baaN-gar: (ھ، مذ) کھادر کی ضد، اونچی، ہموار زمین۔

بانگرو baaNg-ruu: (ھ، مذ) بانگر سے متعلق، بانگر کا رہنے والا، کم عقل، بے وقوف، احمق۔

بانگی baan-gi: (ھ، مث) نمونہ، چاشنی، نظر (افعال: دکھانا، دیکھنا)

بانو baa-nau/o: (ف، مث) خاتونِ خانہ، بیگم، بی بی، عزت دار، عورت۔

بانوا baan-va(a): (ف، مذ) دولت و حشمت، لاؤ لشکر والا، ساز و سامان والا۔

بانوے baan-vai: (ار، اعدد) نوے اور دو کا مجموعہ، آٹھ کم سو، 92

بانہہ baaNh: (ھ، مث) بازو، کہنی سے شانے تک ہاتھ کا حصہ، آستین، کنایۃً، مددگار، زور، بل، توانائی، بھائی۔

بانہہ پکڑنا baaNh pa-kaR-na(a): (ار، محاورہ) مدد کرنا، دستگیری کرنا، حمایت کرنا، روکنا

بانی baa-ni(i): (ع، افاعل) بنیاد ڈالنے والا، کام شروع کرنے والا، ماہر، اُستاد، شریر، دغاباز۔

بانی کار baa-nii-kaar: (ار، مث) اصل باعث، سبب، وجہ، اصل ذمہ دار۔

بانی مبانی baa-nii mu-baa-ni(i): (ف، مث) آواز، صدا، زبان تقریر، بیان، بات۔

بانی baa-ni(i): (ف، مث) آواز، صدا، زبان، تقریر، بیان، بات نصیحت، تلقین، نظم، گیت، خدائی علم، فقیروں کی صدا، دوہڑے، گیت، شعر، خاص طبیعت، قدرتی مزاج، علم کی دیوی، سرسوتی، بیچنے والوں کی صدائیں، ساخت، بناوٹ، دعویٰ حق، کپڑا بننے کا دھاگا، کوئی چیز یا خوبی جس پر کسی کو فخر ہو۔ اسی تولے کا ایک باٹ (سیر)۔ ایک زرد قسم کی مٹی جسے کمہار کچے خشک برتنوں پر پکانے سے پہلے پھیرتے ہیں۔

باؤسؤل baa-o-suul: (ھ، مذ) پیٹ کا رگی درد۔

باؤ گولہ baa-o-go-la(h): (ھ، مذ) قولنج کا درد،

ریح کا گولہ جو تلی میں ہوا بھرنے کے باعث ہوتا ہے اور درد کرتا ہے۔

باؤا baa-va(a): (ہ، مذ) باپ، فقیر، استاد، سردار، گرو۔

باؤا آدم baa-vaa-aa-dam: (ار، مذ) حضرت آدم علیہ السلام، انسانِ اوّل

باؤر baa-var: (ف، مذ) یقینی، بھروسا، اعتماد (افعال: آنا، کرنا، ہونا)

باؤرچن baa-var-chan: (ار، مث) دیکھیے 'باورچی' جس کی یہ تانیث ہے۔

باؤرچی baa-var-chi(i): (ف، مذ) کھانا پکانے والا، طباخ، خانساماں، اسم کیفیت، مث: باورچی گری۔

باؤرچی خانہ baa-var-chii Kaa-na(h): (ف، مذ) کھانا پکانے کا کمرہ، مطبخ (ہندی رسوئی)

باؤلا / باؤرا baav-la(a): (ف، مذ) پاگل مرد، احمق بے وقوف، سیدھا سادہ، بھولا بھالا، کم عقل، مث: باولی، باوری۔

باؤلی baav-li(i): (ف، مث) وہ چڑیا جس کے ذریعے شکاری پرندوں کو شکار کی مشق کرائی جاتی ہے۔

باوئی / باؤری baa-o-li(i): (ہ، مث) وہ بڑا چوڑا کنواں جس میں پانی بھرنے یا لینے کے لیے سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں۔ تاکہ مسافر وغیرہ رسّی یا ڈول کے بغیر پانی لے سکیں۔

باؤن baa-van: (ار، اعدد) پچاس اور دو کا مجموعہ، 52

باؤن گز کا baa-van-gaz-ka(a): (ار، صف) طویل، دراز قامت، فسادی، شریر۔

باہ baah: (ع۔ مث) قوت مردی، شہوت، جماع کی قوت۔

باہر baa-har: (ہ، صف) اندر کی ضد، کھلے میدان میں، بیرون، روشن، آشکارا، عیاں، جُدا، علاوہ بے تعلق، قرب و جوار، بیرونِ شہر۔

باہر والا baa-har-vaa-la(a): (ار، صف) بھنگی، خاکروب، مہتر مث: باہر والی۔

باہم baa-ham: (ف، متعلق فعل) ساتھ، صف نسبتی باہمی۔

بائبل baa-i-bal: (انگ، مث) Bible عیسائیوں اور یہودیوں کی مقدس کتابوں کا مجموعہ۔

بائع baa-i(?): (صف، مذ) بیع کرنے والا، بیچنے والا، مث: بائعہ۔

بائن baa-in: (ع، صف) جدا کر دینے والی، طلاق، طلاق کی وہ قسم جس میں پھر رجوع نہ ہو سکے، رجعی کی ضد۔

بائی baa-ii: (ہ، مذ) عزت دار عورت، معزز عورت، نائکا، گرو یا مہنت کی بیوی، کسبی، وہ ہندو عورت جو ناچنے گانے کا پیشہ کرے، رنڈی، طوائف، ریح، اینٹھن۔

بائیس baa-iis: (ہ، ار اعدد) بیس اور دو کا مجموعہ، 22

بائیسکل ba-ii-si-kal: (انگ، مث) Bicycle، دو پہیوں کی گاڑی جس کو آدمی اپنے پاؤں سے چلاتا ہے۔

بائیکاٹ baa-ii-kaaT: (انگ، مذ) Boycott قطع تعلق، مقاطعہ، ترکِ موالات، عدمِ تعاون (افعال: کرنا، ہونا)

بائیں baa-iN: (ہ، صفت، مث) دیکھیے 'بایاں' جس کی یہ تانیث ہے۔

بایاں baa-yaaN: (ار، صف) دایاں کی ضد، چپ، اُلٹا ہاتھ، نیچا گہرا سُر جو خاص کر طبلے، ڈھولک وغیرہ سے نکلتا ہے، بایاں طبلہ۔

بایاں بازو baa-yaaN baa-zu(u): (ف، مذ) انتہاپسند سیاسی جماعت، انگریزی Leftist

بائے فارسی baa-e-faar-si(i): (ف، مث) 'پ'

جس کے نیچے تین نقطے ہوتے ہیں۔

بائے مُوَحّدَہ baa-e-muh-ha-da(h): 'ب' جس کے نیچے ایک نقطہ ہوتا ہے۔

ب-ب

بِب bib: وہ چھوٹا سا کپڑا جو بچوں کے گلے میں باندھا جاتا ہے تاکہ کپڑے وغیرہ خراب نہ ہوں۔

بَبَر ba-bar: (ع، مذ) ایک بڑا اور غضبناک قسم کا شیر جس کی گردن، پر بال ہوتے ہیں۔

بَبرا bab-ra(a): (ھ، مذ) وہ نیلے رنگ کا کبوتر جس کے بازو پر کالے رنگ کی چتیاں ہوتی ہیں۔

ببری bab-ri(i): (ھ، مذ) گھوڑے کی ایال یا آدم جس کے بال کٹ گئے ہوں، عورتوں کی پیشانی کے بال جن کو کاٹ کو چھوٹا کرتی ہیں اور خوبصورتی کے واسطے ماتھے پر چھوڑتی ہیں۔ طرّہ، چھوٹی موٹی لٹ۔ ببرا کبوتر کی تانیث، نیلے رنگ کی کبوتری جس کے پروں کے نیچے چتیاں ہوتی ہیں۔

بَبوا bab-va(a): (ھ، مذ) بابو کی صغیر، خوبصورت، بھولا بچہ، مٹی کا پتلا (بچے کی قسم کا کھلونا)

ببُول ba-buul: (ھ، مذ) کانٹوں والا ایک درخت جس سے گوند بھی نکلتا ہے، کیکر۔

بَبّی bab-bi(i): (ھ، مث) بوسہ، چوما چومی، پیار (افعال: لینا، دینا)

بِبیا bib-ya(a): (ار، مث) بی بی کی تصغیر، بچی، لڑکی، تاش میں بیگم یا عورت کی تصویر کا پتا۔

ب-پ

بَپا ba-pa(a): (ف، صف) قائم، کھڑا (افعال: کرنا، ہونا)

بپتا bip-ta(a): (ھ، مث) دُکھ، تکلیف، مصیبت، بلا، مصیبت کی سرگزشت (افعال: آنا، پڑنا)

بپوتی ba-pau-ti(i): (ھ، مث) میراث، ورثہ۔

بپھرنا bi-phar-na(a): (ھ، مث) غصہ ہونا، ناراض ہونا، جھلانا، بھڑکنا، آگ بگولا ہونا، خفا ہونا، برہم ہونا، چمکنا، اُچھلنا، کود (گھوڑے وغیرہ کا کام)

ب-ت

بُت but: (ف، مذ) صورت، پُتلا، صنم، وہ آڑا تختہ یا پتھر جس پر قمار باز پانسا پھینکتے ہیں، معشوق، خاموش، چُپ چاپ، گونگا، گھونسا۔

بُتانِ آزری bu-taa-ne-aaz-ri(i): (ف، مذ) آزر کے بنائے ہوئے بُت جو بہت خوبصورت ہوتے تھے۔ مجازاً معشوق۔

بُت پرست but-pa-rast: (ف، صف فاعلی) بُتوں کی پوجا کرنے ولا، کافر، عاشق، اسم کیفیت مث: بت پرستی۔

بُت تراش / گر but-ta-raash: (ف، صف، فاعلی) بُت بنانے والا، اسم کیفیت: بت تراشی / گری۔

بُت خانہ / کدہ but-Kaa-na(a): (ف، مذ) بُت رکھنے کی جگہ، مندر، شوالا۔

بُت خانۂ آزری but-Kaa-na-e-aaz-ri(i): (فع، مذ) آزر کی دکان، مجازاً، دنیا، جہاں۔

بُت شِکَن but-shi-kan: (ف، صف فاعلی) بُت توڑنے والا، اسم کیفیت، مث: بت شکنی۔

بتا ba-ta(a): (ار، فعل) بتانا مصدر سے امر کا صیغہ۔

بتاشہ ba-taa-sha(h): (ھ، مذ) بلبلا، حباب، ہوا سے بھری ہوئی چیز، ایک قسم کی مٹھائی جو خالص کھانڈ سے بشکل حباب بناتے ہیں، آتش بازی کا چھوٹا انار جو

بتاشے کا ہم شکل ہوتا ہے۔

بتانا / بتلانا ba-taa-na(a): (ار، مص) کہنا، بیان کرنا، تعلیم دینا، ظاہر کرنا، کھلینا، راز افشا کرنا، واقف کرنا، گانے میں اشارہ کرنا، کام دینا، کام پر لگا دینا، ٹھیک بنانا، مارنا، پیٹنا، بوجھنا، (پہیلی وغیرہ کا)، فریب دینا۔

بِتانا bi-taa-na(a): (ہ، مص) گزارنا، گزار دینا، وقت گزار دینا،

بتنگڑ ba-tan-gaR: (ہ، اکبر) طول طویل کلام، بے فائدہ بات۔

بتول ba-tuul: (ع، مذ) کنواری، پاکدامن، باعصمت، پاکیزہ، پارسا، حضرت فاطمہ کا لقب، تارک الدنیا۔

بتولا ba-tuu-la(a): (ہ، مذ) فریب، دھوکا، مضحکہ کی بات، دغاباز، مکار، فریبی، مث: بتولی۔

بتھوا ba-thuu-a(a): (ہ، مذ) ایک قسم کا ساگ جو گندم کے کھیت میں [illegible] ہوتا ہے۔

بتھیا [illegible]th-ya(a): ([illegible]، مث) خشک پھلوں کا ڈھیر۔

بتّی [illegible]at-ti(i): ([illegible]، مث) فتیلہ، سوت کی ڈوری جو چراغ میں جلائی جاتی ہے اور زخم میں رکھی جاتی ہے، بجلی موم یا چربی کا شمع، دیا، لاکھ، اگر، صندل یا بارود وغیرہ کا فتیلہ، حیوانات کا گوشت جو پیٹھ کی ہڈی کے دونوں طرف ہوتا ہے۔

بتّی اُڑانا bat-tii u-Raa-na(a): (ار، محاورہ) نشانہ ٹھیک لگانا، چراغ کی لو پر نشانہ لگا کر اُسے بجھا دینا۔

بتّی لگانا bat-ti la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) بتی سے کسی بندوق / توپ وغیرہ داغنا یا کسی چیز کو آگ لگانا۔

بُتّے بازی but-te-baa-zi(i): (ار، مث) حیلہ سازی، فریب دہی۔

بتّیس bat-tiis: (ار، اعدد) تیس اور دو کا مجموعہ 32

بتّیس دھار / دھارا bat-tiis dnaa-ra(a): (ار، محاورہ) ماں کا دودھ جو بچپن میں بچہ پیتا ہے۔

بتّیسا bat-tii-sa(a): (ار، مذ) ایک قسم کا حلوا جو بتیس چیزوں سے مرکب ہوتا ہے۔ اور زچاؤں کو کھانے کو دیتے ہیں۔ اس قسم کی ایک دوا جو گھوڑیوں کو بچہ دینے کے بعد کھلاتے ہیں۔ حلوا سوہن کو دو تین قسمیں۔

بتّیسی bat-tii-si(i): (ار، مث) انسان کے منہ میں بتیس دانتوں کا مجموعہ۔

ب۔ٹ

بٹ baT: (انگ، مذ) Butt (ٹکڑا)، بندوق کا پچھلا حصہ جو لکڑی کا ہوتا ہے۔

بٹ baT: (ہ، مذ) بٹنا مصدر کا صیغہ امر، تقسیم، بانٹ، حصہ مروڑ، پیچ، بل، سلوٹ، راستہ، پگڈنڈی، تولنے کا وزن بانٹ کا مخفف، کشمیریوں کی ایک ذات، وہ شکن جو گردن یا پیٹ وغیرہ پر موٹاپا (فربہی) کے سبب پڑ جائیں، اوجھڑی کا موٹا گوشت جس میں خار نہیں ہوتے۔

بَٹ مار baT-maar: (ار، صف) ڈاکو، رہزن، قزاق، اسم کیفیت مث: بٹ ماری۔

بٹّا baT-Ta(a): (ہ، مذ) تولنے کا وزن، باٹ، کٹوتی، گھاٹا، فرق، دھبّا، عیب، مسالا پیسنے کا پتھر، زیور رکھنے کا ڈبّا۔

بٹّا دِٹھانا baT-Ta(a) bi-Thaa-na(a): (ار، مذ، محاورہ) نقصان پہنچانا، تجارت میں نقصان پہنچانا۔

بٹّا دینا baT-Ta(a) de-na(a): (ار، محاورہ) کی

پورا کرنا، نقصان اٹھانا۔

بٹا لگانا، لگنا baT-Ta la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) کمی پوری کرنا، کٹوتی کا نشانہ عیب لگانا۔

بٹے باز baT-Te-baaz: (ار، صف) چالاک، دغاباز، بھان متی، بازی گر، شعبدہ باز، اسم کیفیت مث، بٹے بازی۔

بٹے کھاتے baT-Te khaa-te: (ار، مذ) ناقابلِ وصول رقم، وہ رقم جس کا وصول ہونا مشتبہ ہو، نفع نقصان۔

بٹالین ba-Taa-liin: (انگ، مث) Battalion، قریباً ایک ہزار سپاہیوں کی پیدل رجمنٹ۔

بٹائی ba-Taa-i(i): (ھ، مث) تقسیم، حصہ، کسی چیز یا جنس کا حصہ، کاشتکار اور مالک کے درمیان غلہ کی تقسیم، پیداوار اور تقسیم ہونے کا موسم، کھیت کی پیداوار بانٹنے کی ضرورت۔

بٹن ba-Tan: (انگ، مذ) Button تکمہ، بوتام، گھنڈی، جو قمیص وغیرہ پہننے والے کپڑے کی آستینوں یا گلے یا گریباں وغیرہ میں بند کرنے کی غرض سے لگاتے ہیں۔

بٹنا baT-na(a): (ار، مص) بل دینا، گوندھنا۔

بٹنگ ba-Tang: (ھ، مذ) ناشپاتی کی قسم کا ایک کشمیری پھل۔

بٹوا baT-va(a): (ھ، مذ) کئی خانوں والی دوہری تھیلی جس میں پان کھانے والے تمباکو چھالیہ وغیرہ رکھتے ہیں۔ چمڑے کی تھیلی جو نقدی رکھنے کے کام آتی ہے۔

بٹوا سا منہ baT-vaa saa muNh: (ار، مذ) چھوٹا سا منہ، غنچہ دہن، خوبصورت چہرہ۔

بٹوار/بٹوالی baT-vaar: (ھ، مذ) بانٹنا، اپنا اپنا حصہ علیحدہ کرنا۔

بٹوانا baT-va-na(a): (ھ، مذ) تقسیم کرنا، علیحدہ کرنا، کمائی کرانا، وصول کرانا۔

بٹورا bi-To-ra(a): (ھ، مذ) خشک اپلوں کا ڈھیر جس کو مٹی یا گوبر لیپ کر اوپر پھونس وغیرہ سے ڈھانپ دیتے ہیں۔

بٹورنا ba-Tor-na(a): (ار، مص) سمیٹنا، جمع کر لینا

بٹھا دینا bi-Thaa-de-na(a): (ار، محاورہ) دیکھئے 'بٹھانا' جس کی یہ تکمیل ہے۔

بٹھا رکھنا bi-Thaa-rakh-na(a): (ار، محاورہ) انتظار کرانا، بیٹھنے پر مجبور کرنا، لڑکی کی شادی نہ کرنا۔

بٹھانا/بٹھالنا bi-Thaa-na(a): (ار، مص) بیٹھنا کا متعدی، کھڑا کرنا کی ضد، داخل کرانا، ٹھیک جگہ پر لگانا، کام پر لگانا، مادہ پرند کو انڈوں پر چھوڑنا۔

بٹیا baT-ya(a): (ھ، مث) باٹ کی تصغیر، چھوٹا باٹ جس سے وزن کرتے ہیں۔ چھوٹا گول پتھر، چھوٹی راہ، کھیتوں کے بیچ کا راستہ، ایک ریشمی ڈوری جس سے عورتیں چوٹی کے بالوں کو باندھتی ہیں۔

بٹیا ba-Tay-ya(a): (ھ، مذ) کلابتوں بننے والا۔

بٹیا biT-ya(a): (ھ، مث) بٹی کی تصغیر، بٹی، لڑکی۔

بٹیر ba-Ter: (ھ، مذ و مث) ایک چھوٹا سا پرندہ جو خانگی چڑیا سے کسی قدر بڑا اور مٹیالے رنگ کا ہوتا ہے اس کو لڑانے کے لیے بھی پالتے ہیں۔

بٹیر باز ba-Ter-baaz: (ار، ف، صف) بٹیر پالنے والا، بٹیر لڑانے والا، اسم کیفیت مث، بٹیر بازی۔

بٹیری ba-Te-ri(i): (ھ، مث) بٹیرا کی تانیث، ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دلہن والے دلہا کو کپڑے اور نقدی کا نذرانہ دیتے ہیں۔

ب۔ج

بج baj: (ار، فعل) بجنا مصدر سے صیغۂ امر۔

بجا ba-ja(a): (ار،فعل) بجانا مصدر سے صیغۂ امر۔
بجا آوری ba-jaa-aav-ri(i): (ف،مث) تعمیل انجام دہی،نفاذ
بجا لانا ba-jaa-la-na(a): (آر، محاورہ) تعمیل کرنا، پورا کرنا، انجام کو پہنچانا۔
بجاج ba-jaaj: (ھ، مذ) بزاز کا بگاڑ، ہندوؤں کی ایک ذات
بجھاڑ bi-jhar: (ھ، مذ) وہ موٹا تازہ بیل جو گایوں میں نسل کشی کے لیے چھوڑتے ہیں، سانڈ، مجازاً شہوت پرست آدمی۔
بجانا be-jaa-na(a): (ار،مص) باجے سے سُر پیدا کرنا / آواز نکالنا، جانچنا، پرکھنا، کھوٹا کھرا دریافت کرنا، روپیہ یا سکے کو چٹکی لگا کر آواز نکالنا، تعمیل کرنا، خدمت کرنا، جیسے نوکری بجالانا / بجانا۔
بجائی ba-jaa-i(i): (ار،صف) بیجنا کا حاصل مصدر، بوائی، بونا، وہ غلّہ جو فصل اٹھاتے وقت غریبوں کو دیتے ہیں۔
بجائے ba-jaa-e: (ف، متعلق فعل) قائم مقام، بالعوض۔
بجائے خود ba-jaae-Kud: (ف، متعلق فعل) بغیر کسی مدد کے، اپنے آپ، اپنے نزدیک۔
بج بجانا bij-bi-jaa-na(a): (ار،مص) کسی چیز کا سڑ کر ایسا خراب ہو جانا کہ اس میں سے بلبلے اٹھیں، اُبس جانا، سڑ جانا۔
بجٹ ba-jaT: (انگ،مذ) Budget سال آئندہ کی آمد و خرچ کا حساب، فردِ حساب، میزانیہ، سالانہ آمدنی اور خرچ کا تخمینہ۔
بجّر baj-ar: (ھ،صف) بھاری بوجھل، نہایت آہستہ چلنے والا، سخت پتھر، مضبوط، ٹھوس، بھاری پتھر۔
بجر بٹو ba-jar-baT-Tu(u): (ھ،مذ) ایک سیاہ جنگلی پھل جس کی ہندو مالا بناتے ہیں اور ریچھ کے بالوں میں پرو کر کر نظرِ بد کے دفیعہ کے لیے بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں، مجازاً بیوقوف، نادان۔
بجری baj-ri(i): (ھ،مث) سنگریزہ، چھوٹے چھوٹے اولے۔
بجلی bij-li(i): (ھ،مث) وہ چمک جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے برق، صاعقہ، آم کی گٹھلی کا مغز، عورتوں کے کان کا ایک زیور، برقی قوت، صف، بہت تیز، چالاک، چُست، پھرتیلا۔
بجلی گھر bij-lii-ghar: (ار، مذ) وہ عمارت جس میں بجلی پیدا کرنے اور تقسیم کرنے کے آلات نصب ہوں
بجنا baj-na(a): (ار،مص) آواز نکلنا، بولنا، سُر پیدا ہونا (باجے وغیرہ کا) مشہور ہونا، کان سے جھنجھناہٹ کی آواز نکلنا یا سائیں سائیں کرنا۔ گھڑی گھنٹے کا وقت ظاہر کرنا۔ دانتوں کا سردی یا خوف سے ٹکرا کر آواز دینا، بندوق وغیرہ کا چلنا، چھوٹنا۔
بجنا baj-na(a): (ار،صف) بجنے والا، آواز دینے والا، بچوں کا کھلونا۔
بجو bij-ju(u): (ھ،مذ) ایک جانور کا نام جو قبر سے مردے نکال کر کھا جاتا ہے، مجازاً چھوٹی آنکھ والا آدمی، سکڑے منہ کا آدمی۔
بجوگ bi-jog: (ھ، مذ) جدائی، مفارقت، تفرقہ، بچھوڑا، علیحدگی، منحوس ستاروں کا اجتماع، حادثہ، بدنصیبی، مصیبت محرومی، برطرفی، چھوٹ، نقصان۔
بجوگی bi-jo-gi(i): (ھ،مصف،مذ) وہ شخص جو اپنے معشوق سے جدا ہو، کم بخت، بد بخت آدمی، بدقسمت شخص، مث: بجوگن۔

بجھا bu-jha(a): (ار، صف) بجھا ہوا، افسردہ جس میں کوئی خواہش نہ ہو، مث بجھی۔

بجھارت bu-jhaa-rat: (ہ، مث) حساب فہمی، حساب کا تصفیہ، پہیلی، معما، مشکل، پیچیدہ بات۔

بجھانا bu-jhaa-na(a): (ار، مص) آگ، چراغ، لیمپ، شمع یا کسی جلتی ہوئی چیز کا سرد کرنا، گل کرنا، ہمت توڑنا، شکستہ خاطر کرنا (دل کے ساتھ) تشنگی مٹانا، سیر کرنا، ٹھنڈا کرنا، (پیاس کے ساتھ) آب دینا، پانی پھیرنا، (ہتھیار کے ساتھ) پانی ڈال کر ٹھنڈا کرنا، فہمائش کرنا، ذہن نشین کرنا، کیمیا گروں کی اصطلاح میں کسی معدنی چیز کو پگھلا کر پانی وغیرہ میں ٹھنڈا کرنا، گنجفہ کھیلنے والوں کی اصطلاح میں جب کسی کے پاس سر کرنے کو پتا نہیں رہتا تو اُس کے پتے ابتر کر کے کہیں سے ایک پتہ مانگ لیتے ہیں جسے بجھانا چاہتے ہیں۔

بجھاؤ bu-jhaa-o: (ار، مذ) بجھانا کا حاصل مصدر، کاٹ، تیزی (تلوار وغیرہ کی)

بجھائی bu-jhaa-i(i): (ہ، مث) بجھانا کا حاصل مصدر۔

بجھرا bajh-ra(a): (ہ، مذ) گیہوں، جو، چنا، مسور، ملا ہوا اناج، آمیزہ ملا ہوا۔

بجھنا bujh-na(a): (ہ، مص) کسی جلتی ہوئی چیز کا ٹھنڈا ہو جانا، ہمت ہارنا، سیری ہونا، گنجفہ کے پتوں کا درہم برہم ہو کر بوجھ کے قابل ہو جانا، افسردہ ہونا۔

بجیا baj-ya(a): (ہ، مث) باجی کی تصغیر، آپا وغیرہ۔

ب ۔ چ

بَچ bach: (ف، مث) ایک کڑوی اور بدبودار دوا، (فعل) بچنا سے فعل امر۔

بَچا ba-cha(a): (ار، صف مفعولی) بچا ہوا۔

بچا بچایا ba-cha-ba-chaa-ya(a): (ار، صف) باقی ماندہ

بَچا کھچا ba-cha-khu-cha(a): (ار، صف) دیکھیے 'بچا بچایا'۔

بَچا لانا ba-cha-laa-na(a): (ار، محاورہ) کسی خطرناک سے بغیر کسی نقصان کے نکال لانا۔

بچانا ba-chaa-na(a): (ار، مص) محفوظ رکھنا، پناہ دینا، جمع کرنا، نجات دینا، چھڑانا۔

بِچارا bi-chaa-ra(a): (ہ، صف) بیچارہ، بے سہارا

بچاؤ ba-chaa-o: (ہ، مذ) بچانا کا حاصل مصدر ہے۔

بچپن bach-pan: (ار، مذ) طفلی، کم سنی، لڑکپن۔

بچت ba-chat: (ہ، مث) جو خرچ سے بچا ہو، بقیہ، نفع، فائدہ۔

بچکانہ bach-kaa-na(a): (ار، صف) بچوں کا، بچوں کا سا، مث، بچکانی۔

بِچلا bich-la(a): (ہ، مذ) منجھلا، بیچ کا، درمیانہ، مث، بچلی۔

بِچلنا bi-chal-na(a): (ار، مص) لغزش کرنا، بہکنا، چوکنا۔

بچن ba-chan: (ہ، مذ) گفتگو، بات، کہا، بات چیت، کہاوت، مثل، بقول، قول و قرار، عہد و پیمان (افعال دینا، لینا، ہارنا، وغیرہ)

بچنا bach-na(a): (ار، مصدر) باقی رہنا، پس انداز ہونا، قول پکا کرنا، سلامت رہنا، شفا پانا، ہٹنا، دور ہونا۔

بچو bach-chu(u): (ار، مذ) بچہ کی تصغیر ہے۔

بچُورنا ba-chuur-na(a): (ار، مص) توڑنا، کھولنا، ملنا، مل کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا پرزے پرزے کر دینا، اُدھیڑنا، جدا کرنا۔

بچہ bach-cha(h): (ف، مذ) طفل، نادان شخص، اولاد۔

بچہ باز bach-chah-baaz: (ف، صف) امرد پرست، اغلام باز، لونڈے باز، اسم کیفیت مث: بچہ بازی۔

باچہ بالا baa-chah baa-la(a): (ف، ھ، مذ) اولاد، لڑکا بالا۔

بچے دانی bach-che daa-ni(i): (ف، ار، مذ) رحم، کوکھ، وہ جگہ جہاں بچہ، ماں کے پیٹ میں رہتا ہے۔

بچہ ریش bach-chah resh: (ف، مذ) زیرلب بال، وہ بال جو نچلے ہونٹ کے نیچے ٹھوڑی پر ہوتے ہیں۔

بچہ کش bach-chah kash: (ف، مذ) وہ عورت جو بہت زیادہ بچے جنتی ہے، اسم کیفیت مث، بچہ کشی۔

بچھا جانا bi-chhaa jaa-na(a): (ار، محاورہ) بہت زیادہ، خاطر تواضع کرنا، بہت عجز و انکسار کرنا

بچھانا bi-chha-na(a): (ار، محاورہ) فرش یا بستر وغیرہ پھیلانا / پھسلا دینا۔

بچھ جانا bichh-jaa-na(a): (ار، محاورہ) فرش ہو جانا، کثرت سے زمین پر گر کر پھیل جانا۔

بچھا bach-chha(a): (ار، مذ) بچھڑا، مث، بچھی۔

بچھڑا bachh-Ra(a): (ھ، مذ) گائے کا بچہ، مجازاً انسان کا موٹا تازہ بچہ، مث، بچھڑی۔

بچھڑا / بچھڑا ہوا bichh-Raa-hu-a(a): (ار، صف) بچھڑنا کا صیغہ امر، جدا، دور افتادہ۔

بچھڑ جانا / بچھڑنا bi-chaR jaa-na(a): (ار، مص) علیحدہ ہونا، جدا ہونا، پیچھے رہ جانا۔

بچھڑیا ba-chhaR-ya(a): (ھ، مث) ہاتھی کا مادہ بچہ۔

بچھنا bichh-na(a): (ار، مص) فرش ہونا، بستر ہونا، گر کر پھیلنا، بکھیرنا، عاجزی کرنا۔

بچھو bich-chu(u): (ھ، مذ) ایک زہریلا کیڑا جس کی دُم کے سرے پر زہردار ڈنک ہوتا ہے۔ عقرب، کژدم، بدذات، تکلیف دینے والا۔

بچھوا bi-chhuu-aa: (ھ، مذ) بچھو، ایک قسم کی چھوٹی چھری جس کا پھل مڑا ہوتا ہے۔ ایک جانور کا زیور، جسے ہندو عورتیں پاؤں کے انگوٹھے میں پہنتی ہیں۔ سن کی پھلی جس سے سن کا بیج لیا جاتا ہے۔

بچھوڑنا bi-chhoR-na(a): (ھ، مذ) روئی کا بیج سے علیحدہ کرنا، بیلنا۔

بچھونا bi-chho-na(a): (ھ، مذ) بستر، توشک، کوئی چیز جو بچھائی جائے، دری (افعال، بچھانا، کرنا)

بچھیا bachh-ya(a): (ھ، مث) بچھی کی تصغیر، ہندوؤں کی ایک رسم جو مردے کی تیرھویں یا سترھویں کو ہوتی ہے۔

بچھیرا ba-chhe-ra(a): (ھ، مذ) گھوڑے کا بچہ، مث، بچھیری۔

بچی bach-chi(i): (ار، مث) چھوٹی عمر کی لڑکی، دوشیزہ۔

بچے bach-che: (ار، مذ) بچہ کی جمع۔

بچے کچے ba-che-ku-che: (ار، مذ) بال بچے، چھوٹے چھوٹے لڑکے بالے۔

بچے نکالنا / نکلنا bach-che-ni-kaal-na(a): (ار، محاورہ) پرندوں کا انڈوں پر بیٹھ کر بچے پیدا کرنا / ہونا۔

ب ۔ ح

بحال ba-haal: (ف، صف) اصلی حالت پر،

بدستور، صحت یافتہ، پھر مقرر کیا ہوا، (افعال، کرنا، ہونا، رکھنا، رہنا) اسم کیفیت مث: بحالی۔

بحث ba-has: (ع، مث) مباحثہ، مناظرہ، سوال و جواب، باب، لفظی یا زبانی جھگڑا، تعلق، مطلب، واسطہ، فصل (افعال: آپڑنا، بڑھنا، پڑنا، چھیڑنا، کرنا، ہونا)

بحثا بحثی beh-saa beh-si(i): (ار، مث) مقابلہ، جھگڑا، تکرار۔

بحر ba-har: (ع، مث) شعر کا وزن، چند کلمات موزوں کا نام جن سے اشعار کا وزن ٹھیک کرتے ہیں۔

بحران buh-raan: (ع، مذ) اصطلاح طب میں، بیماری کے زور کا دن، نازک حالت، تعطل، انگریزی لفظ (Crisis) کا ترجمہ۔

بحروبر bah-ro-bar: (ع، ف) تری اور خشکی

بحری beh-ri(i): (ع، صف) بحر سے منسوب، سمندری۔

بحری رَو beh-ri-rau: (عف، مث) سمندر کی رو کا وہ مسلسل بہاؤ جو کسی سمت کو مسلسل جاری رہتا ہے

بحریہ beh-ri-ya(h): (ع، مث) بحری فوج، سمندری فوج، انگریزی لفظ (Navy) کا ترجمہ

بحور ba-huur: (ع، مذ) بحر کی جمع، اوزان شعر۔

بحیرہ bu-hai-rah: (ف، مذ) بحر کی تصغیر، چھوٹا سمندر

ب۔خ

بُخار bu-Kaar: (ع، مذ) بھاپ، گرمی، حرارت، تپ، غصہ، غصہ کا جوش، کدورت، رنج (افعال: آنا، چڑھنا، اُترنا) جمع بخارات۔

بُخار اُٹھنا bu-Kaar-uTh-na(a): (ار، محاورہ) بھاپ اٹھنا، دُھواں اٹھنا۔

بُخار بھرا ہوا :bu-Kaar-bha-raa-hu-a(a) (ار، محاورہ) شکووں سے بھرا ہونا، بخار سے پُر ہونا۔

بُخار دل میں رکھنا / رہنا bu-Kaar-dil-meiN rakh-na(a): (ار، محاورہ) دل میں کینہ رکھنا / رہنا، بغض رکھنا، رہنا۔

بُخار نکالنا :bu-Kaar ni-kaal-na(a) (ار، محاورہ) دل کا جوش نکالنا / نکلنا، دل کا غبار نکالنا / نکلنا، غصہ نکالنا / نکلنا۔

بُخاری bu-Kaa-ri(i): (ار، صف) بخارہ سے منسوب، سادات کا قبیلہ، حدیث کی مشہور کتاب صحیح بخاری، غلہ رکھنے کی تنگ کوٹھڑی، وہ چمنی جو دھواں نکلنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔ دود کش۔

بخت baKt: (ف، مذ) حصہ، بخرہ، دولت، قسمت، طالع، اقبال، نصیب، بھاگ، خوش قسمتی، جاہ و حشمت۔

بخت آزمائی baKt aaz-maa-i(i): (ف، مث) قسمت آزمائی، تقدیر کا امتحان۔

بخت آور / بختاور :baKt-aa-var/baK-taa-var (ف، صف) خوش نصیب، اقبال مند، اسم کیفیت مث، بخت آوری، بختاوری۔

بخت بازی baKt-baazi(i): (ف، مث) قسمت آزمائی۔

بخت برگشتہ baKt bar-gash-ta(h): (ف، صف) برے نصیب، قسمت بد۔

بخت بلند baKt-bu-land: (ف، صف) خوش قسمت، خوش نصیب۔

بخت جوان baKt-ja-vaan: (ف، صف) خوش قسمت، خوش نصیب۔

بخت خفتہ baKt Kufa-ta(h): (ف، مذ) برا نصیب، سویا نصیب، بگڑی ہوئی قسمت۔

بختِ رسا / سازگار baK-te-ra-sa(a): (ف، مذ)

خوش نصیبی، اقبال۔

بخت سونا baKt-so-na(a): (ار، محاورہ) بدنصیب ہونا، قسمت کا ناموافق ہونا۔

بخت سیاہ baKt-si-ya(h): (ف، مذ) بدنصیبی، بدقسمتی۔

بخت کھلنا baKt-khul-na(a): (ار، محاورہ) قسمت کھلنا، نصیب جاگنا، ناکتخدا کی شادی ہونا۔

بخت و اتفاق baK-to-it-te-faaq: (ف، مذ) نصیبے اور اتفاق سے، کوشش اور سعی کے بغیر اگر کوئی چیز مل جائے تو کہتے ہیں۔

بختی buK-ti(i): (ف، مذ) ایک قسم کا بڑا اونٹ جو خراسان سے آتا ہے، بخت نصر بادشاہ نے عربی اونٹنی اور عجمی اونٹ کے ملاپ سے بچہ لے کر یہ نسل چلائی اور اسی نام سے منسوب ہے۔

بختیار baKt-yaar: (ف، مذ) کامیاب، خوش نصیب، اسم کیفیت مث: بختیاری۔

بخرہ baK-ra(h): (ف، مذ) حصہ، ٹکڑا، بانٹ، تقسیم منافع (افعال: کرنا، ہونا)

بخش baKsh: (ف، مذ) حصہ، ٹکڑا، بخرہ، بانٹ، کھانے کا مکمل حصہ جو تقریبات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

بخش baKsh: (ف، لاحقہ، فاعلی) بخشودن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ اور معاف کرنے والا، عطا کرنے والا کے معنی دیتا ہے، مثلاً گنج بخش، خطا بخش۔

بخشانا baK-shaa-na(a): (ار، مصدر جعلی) معاف کرانا، عفو کرنا، دلانا، اپنے گناہ، معاف کرانا۔

بخشایندہ baK-shaa-in-da(h): (ار، مذ، فاعل) بخشش کرنے والا۔

بخش دینا baKsh de-na(a): (ار، محاورہ) معاف کر دینا، بلا معاوضہ دے دینا۔

بخشش baKh-shish: (ار، محاورہ) معاف کر دینا، بلا معاوضہ دے دینا۔

بخشش نامہ / بخش نامہ baKh-shish naa-ma(h): (ار، مذ) وہ دستاویز جس کے ذریعے مال، جائیداد کسی کو دے دی جائے۔

بخشنا baKsh-na(a): (ار، مص، جعلی) دینا، عنایت کرنا، عطا کرنا، قرآن شریف کی آیات پڑھ کر ثواب پہنچانا، کسی کو عمل کرنے، تعویذ لکھنے، وظیفہ پڑھنے، دعا کرنے کی اجازت دینا۔

بخشن ہار / ہارا baK-shan haar: (ف، صف) معاف کرنے والا، دینے والا۔

بخشو baK-shu(u): (صیغہ امر فعل) معاف کر دو، پیچھا چھوڑ دو، بخشنا سے صیغہ امر۔

بخشوانا baKsh-vaa-na(a): (ار، مص، جعلی) معاف کرانا۔

بخشی baK-shi(i): (ف، مذ) شاہی زمانے کے وقت ایک فوجی عہدہ کا نام، جو فوج والوں کو تنخواہ تقسیم کرتا تھا، فوج کا سپہ سالار تنخواہ تقسیم کرنا بھی اسی کا ذمہ تھا۔

بخل buKl: (ع، مذ) کنجوسی، تنگ دلی، حرص، لالچ، طمع۔

بخلاء buK-laa: (ع، مذ) بخیل کی جمع

بخور ba-Kuur: (ع، مذ) وہ چیزیں جو خوشبو کے لیے جلائی جاتی ہیں۔ جیسے اگر، لوبان وغیرہ۔

بخوردان ba-Kuur-daan: (عف، مذ) وہ ظرف جس میں بخور (عود لوبان وغیرہ) جلاتے ہیں۔

بخیل ba-Kiil: (ع، مذ) کنجوس، شوم، تنگ دل، ممسک، اسم کیفیت، مث بخیلی۔

بخیہ baK-ya(h): (ف، مذ) دوہرا ٹانکا، ایک قسم کی مضبوط سیون جو لباس وغیرہ پر دوہری ہوتی ہے، (افعال: کرنا، ہونا)

بخیہ اُدھڑنا / اُدھیڑنا baK-yaa u-dheR-na(a): (ار، محاورہ) ٹانکا ٹوٹنا، ٹوٹنا، ٹانکے کھولنا / کھلنا، قلعی کھولنا / کھلنا، راز فاش کرنا / ہونا، عیب ظاہر کرنا / ہونا۔ طاقت ختم ہوجانا۔

بخیہ گر baK-yaa gar: (ف، صف) بخیہ کرنے والا، اسم کیفیت مث: بخیہ زنی / گری۔

بخیے baK-ye: (ار، مذ) دیکھیے 'بخیہ' جس کی یہ جمع ہے، مندرجہ بالا محاوروں میں بخیہ کی بجائے بخیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

ب۔د

بد bad: (ف، صف) نیک کی ضد، برا، خراب، شریر، فسادی، ناقص، نکما، بد باطن، برے شگون والا، نامبارک، منحوس۔

بد bad: (ہ، مث، مذ) ساہوکاروں کی اصطلاح میں ذمہ، متعلق وہ دُنبل جو جڑوں اور بغل وغیرہ میں نکلتا ہے۔

بدآئین bad-aa-iin: (ف، صف) خراب اصولوں والا، جس کے کوئی اصول نہ ہوں، بے اصولا، اسم کیفیت مث، بدآئینی۔

بداختر bad-aK-tar: (ف، صف) بدنصیب، بدبخت، اسم کیفیت، مث: بداختری۔

بداخلاق bad-aK-laaq: (ف، صف) بری عادتوں والا، غیر مہذب، کج خلق، اسم کیفیت مث: بداخلاقی۔

بداُسلوب bad-us-luub: (ف، صف) بے ڈھنگا، بدنما، بدقطع، بدراہ، بدوضع، بدکردار، اسم کیفیت مث، بداسلوبی۔

بداَصل bad-asl: (ف، صف) بری نسل کا، کمینہ، پاجی، بدذات۔

بد اُصول bad-u-suul: (ف، صف) بدآئین، بداصل، اسم کیفیت مث: بداُصولی۔

بداَطوار bad at-vaar: (ف، صف) برے چلن والا، بدوضع، بدمعاش، اسم کیفیت، مث: بداطواری

بداعتقاد bad-ai(?)t-qaad: (ف، صف) جس کا عقیدہ خراب ہو، اسم کیفیت مث: بداعتقادی۔

بداَعمال bad-a(?)-maal: (ف، صف) بدچلن، بدکردار، اسم کیفیت، مث: بداعمالی۔

بداَفعال bad-af-(?)aal: (ف، صف) بدمعاش، برے افعال والا، بدکردار، اسم کیفیت، بدافعالی۔

بداَمنی bad-am-ni(i): (ف، مث) گڑبڑ، بغاوت، فساد۔

بد اِنتظامی bad-in-ti-zaa-mi(i): (ف، مث) خراب انتظام ہونا، انتظام کی خرابی، بدعملی، اندھیر

بداَنجام bad-an-jaam: (ف، صف) جس کا آخر برا ہو / خراب ہو، اسم کیفیت مث: بدانجامی۔

بداندیش bad-an-desh: (ف، صف) برا چاہنے والا، مخالف، دشمن، حاسد، اسم کیفیت، مث: بداندیشی۔

بداَوسان bad-au-saan: (ف، ہ، صف) بدحواس، اسم کیفیت، مث: بداوسانی۔

بدباطن bad-baa-tin: (فع، صف) کینہ پرور، منافق، جس کی نیت خراب ہو، اسم کیفیت مث: بدباطنی۔

بدبخت bad-baKt: (ف، صف) بدنصیب، کم بخت، بدقسمت، اسم کیفیت مث: بدبختی۔

بدبلا bad-ba-la(a): (ف، صف) چڑیل، ڈائن، نہایت شریر، ظالم۔

بدبُو bad-buu: (ف، مث) خوشبو کی ضد، خراب بو، دماغ پریشان کرنے والی (افعال، آنا)

بدبُودار bad-buu-daar: (ف، صف) جس میں سے خراب بو آتی ہے۔

بدپرہیز bad-par-hez: (ف، صف) بیمار جو کھانے پینے میں پرہیز نہ کرے، مضر اشیاء کھانے والا، بداحتیاط، اسم کیفیت مث، بدپرہیزی۔

بدتر bad-tar: (ف، صف، تفصیلی بعض) بہت خراب (متابلۃ)

بدترین bad-ta-riin: (ف، صف، تفصیلی کل) سب سے زیادہ برا انتہائی برا۔

بدتمیز bad-ta-miiz: (ف، صف) بدسلیقہ، پھوہڑ، گستاخ، اسم کیفیت مث: بدتمیزی۔

بدتہذیب bad-teh-ziib: (ف، صف) بدتمیز، غیر مہذب، اسم کیفیت مث: بدتہذیبی۔

بدچشم bad-chashm: (ف، صف) بری نیت والا، لالچی، حریص، اسم کیفیت، مث: بدچشمی۔

بدچلن bad-cha-lan: (ف، صف) برے چال چلن کا، بداطوار، بداعمال، بدافعال، اسم کیفیت مث: بدچلنی

بدحال bad haal: (ف، ار، صف) خستہ حال، برا حال، بدبخت اسم کیفیت مث: بدحالی۔

بدحواس bad-ha-vaas: (فع، صف) بیہوش، بدعقل، کم عقل، مضطرب، پریشان، اسم کیفیت مث: بدحواسی۔

بدحیثیت bad-hai-si-yat: (فع، صف) بدشکل، جس کی شکل سے کم حیثیتی ٹپکتی ہو، بدقطع، بدوضع، اسم کیفیت مث: بدحیثیتی۔

بدخصال / خصلت bad-Ki-saal: (ف، صف) بدمزاج، بری خو والا، بدافعال، اسم کیفیت مث: بدخصالی/خصلتی۔

بدخط bad-Kat: (ف، صف) جس کا خط خراب ہو، برا لکھنے والا، اسم کیفیت مث: بدخطی۔

بدخُلق bad-Kulq: (ف، صف) بداخلاق، بری عادتوں والا، اسم کیفیت مث: بدخلقی۔

بدخو bad-Ku(u): (ف، صف) بری عادت والا، اسم کیفیت مث: بدخوئی۔

بدخوابی bad-Kwaa-bi(i): (ف، مذ) نیند نہ آنے کی وجہ سے بے چینی، نیند اچاٹ ہونا، احتلام، ڈراؤنے خواب۔

بدخواہ bad-Kwaa(h): (ف، صف) دشمن، برا چاہنے والا، بداندیش اسم کیفیت مث: بدخواہی۔

بددُعا bad-du-(?)a(a): (ف، مث) کوسنا، برائی چاہنا، برائی کے لیے خدا سے خواہش کرنا (افعال: دینا/ کرنا/ لگنا۔وغیرہ)

بددل bad-dil: (ف، صف) شکستہ خاطر، ناامید، ناراض، ناخوش، ڈرنے والا، بزدل، اسم کیفیت مث: بددلی۔

بددماغ bad-di-maaG: (فع، صف) مغرور، چڑچڑا، نازک دماغ، بدمزاج (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: بددماغی۔

بددیانت bad-di-yaa-nat: (فع، صف) خائن، بے ایمان، دغاباز، فریبی، اسم کیفیت مث: بددیانتی۔

بدذات bad-zaat: (فع، صف) بدطینت، کمینہ، پاجی، شریر، لُچا، شوخ، اسم کیفیت مث: بدذاتی۔

بدذائقہ bad-zaaye-qa(h): (فع،صف) بدمزہ، جس کا مزہ خراب ہو۔

بدذوق bad-zauq: (ف، صف) جس کی پسند خراب ہو، بدمذاق، غیر معیاری چیزوں کو پسند کرنے والا، اسم کیفیت مث: بدذوقی۔

بدذہن bad-de-han: (فع،صف) کندذہن، غبی، جس کا ذہن خراب ہو، اسم کیفیت مث: بدذہنی۔

بدراہ bad-ra(h): (ف،صف) برے راستے پر چلنے والا، بدوضع، بدچلن، اسم کیفیت مث: بدراہی۔

بدرگ bad-rag: (ف،صف) بدسرشت، بدطینت

بدرنگ bad-rang: (ف، صف) برے رنگ کا، خراب یا بدنما رنگ کا، جس کا رنگ اڑا ہوا ہو۔ مدہم رنگ کا، ناقص، کھوٹا، بدوضع، تاش یا گنجفہ کھیلتے وقت وہ پتا جو بازی کے رنگ کا نہ ہو۔ بازی کے رنگ کے خلاف پتا ڈالنے والا، چوسر کی سولہ گوٹوں میں سے آٹھ گوٹیں۔

بدرنگی bad-ran-gi(i): (ف،مث) خراب رنگ، بدنما رنگ، مدہم رنگ، تاش یا گنجفہ میں بازی کے ہم رنگ پتا نہ پھینکنا۔

بدرُو bad-ru(u): (ف،صف) بدشکل، بدصورت، بدنما، اسم کیفیت، مث: بدروئی۔

بدروز bad-roz: (ف،صف) بدبخت، بدقسمت، اسم کیفیت مث: بدروزی/روزگاری۔

بدزُبان bad-zu-baan: (ف،صف) گالی گلوچ بکنے والا، گستاخ، بدکلام، اسم کیفیت مث: بدزبانی۔

بدزیب bad-zeb: (ف،صف) نازیبا، بدنما، بھونڈا، اسم کیفیت، مث: بدزیبی۔

بدسَرِشت bad-sa-risht: (ف،صف) بدطینت، بدخصلت، اسم کیفیت مث: بدسرشتی۔

بدسگال bad-si-gaal: (ف، صف) بداندیش، بدخواہ، برا چاہنے والا، اسم کیفیت مث: بدسگالی

بدسُلوک bad-su-luuk: (فع، صف) برا برتاؤ کرنے والا، روکھا پھیکا، اسم کیفیت مث بدسلوکی

بدسلیقہ bad-sa-lii-qa(h): (فع، صف) بدتمیز، بدتہذیب، اسم کیفیت مث: بدسلیقگی۔

بدسیرت bad-sii-rat: (فع،صف) بدطینت، بدخو، خراب عادت کا، اسم کیفیت مث، بدسیرتی۔

بدشکل bad-sha-kal: (فع، صف) بدصورت، بدہیئت، اسم کیفیت، مث: بدشکلی۔

بدشگون/شگن bad-sha-guun: (ف،صف) منحوس، بدفال، اسم کیفیت، مث: بدشگونی/شگنی

بدصورت bad-suu-rat: (فع، صف) بدشکل، بدنما، بری صورت کا، اسم کیفیت مث: بدصورتی۔

بدطینت bad-tii-nat: (فع،صف) بری طبیعت کا، بدخو، اسم کیفیت مث: بدطینتی۔

بدظن bad-zan: (فع، صف) بدگمان، شکی، اسم کیفیت مث: بدظنی۔

بدعقیدہ bad-(?)a-qii-da(h): (فع،صف) جس کا عقیدہ ٹھیک نہ ہو، اسم کیفیت مث: بدعقیدتی/عقیدگی۔

بدعمل bad-(?)a-mal: (فع، صف) برے کام کرنے والا، خطا کار، گنہگار، اسم کیفیت مث: بدعملی۔

بدعہد bad-(?)a-had: (فع، صف) وعدہ وفا نہ کرنے والا، وعدہ خلاف، بے وفا، اسم کیفیت مث: بدعہدی۔

بدفرجام bad-far-jaam: (فع،صف) وہ جس کی عاقبت بخیر نہ ہو۔

بدفعل bad-fe(?)l: (فع،صف) بدکار، اسم کیفیت مث: بدفعلی۔

بدقدم bad-qa-dam: (فع، صف) منحوس، اسم کیفیت مث: بدقدمی۔

بدقطع bad-qa-ta(?): (فع، صف) بدشکل، بدصورت، بے ڈھنگا، اسم کیفیت مث بدقطعی۔

بدقمار bad-qu-maar: (فع، صف) جو دھوکا دے کر روپیہ بٹورے، وہ جواری جو اچھی چال نہ چل سکتا ہو۔ ہمیشہ ہارنے والا جواری، بدطینت بدسرشت، شریر، اسم کیفیت مث: بدقماری۔

بدقماش bad-qa-maash: (فع، صف) بدچلن، بدوضع، اسم کیفیت مث بدقماشی۔

بدقوارہ bad-qa-vaa-ra(h): (فع، صف) بدشکل، اسم کیفیت مث: بدقوارگی۔

بدکار bad-kaar: (فع، صف) بدفعل، بدعمل، زانی، فاجر، بدمعاش، اسم کیفیت مث: بدکاری۔

بدکردار bad-kir-daar: (فع، صف) بدفعل، بدکار، فاسق، اسم کیفیت مث: بدکرداری۔

بدکیش bad-kesh: (فع، صف) بدخو، بدمذہب، بددین، اسم کیفیت مث: بدکیشی۔

بدگمان bad-gu-maan: (فع، صف) جس کو کسی پر یقین نہ ہو، بدظن، شکی، اسم کیفیت مث: بدگمانی۔

بدگو bad-go: (فع، صف) بدزبان، چغل خور، بری بات کہنے والا، اسم کیفیت مث: بدگوئی۔

بدگہر bad-gu-har: (فع، صف) بداصل، بدسرشت، بدطینت، اسم کیفیت مث: بدگوہری / گہری۔

بدلحاظ bad-li-haaz: (فع، صف) گستاخ، بے شرم، شریر، اسم کیفیت مث: بدلحاظی۔

بدلگام bad-la-gaam: (فع، صف) منہ زور گھوڑا، وہ گھوڑا جو لگام کے اشارے پر کام نہ کرے، بدزبان، منہ پھٹ، جو منہ میں آئے بکنے والا، اپنے آپ کو ضبط نہ کرنے والا، اسم کیفیت مث: بدلگامی (افعال کرنا)

بدلہجہ (لہجہ) bad-leh-ja(h): (فع، صف) برے لہجے والا، اسم کیفیت مث: بدلہجگی۔

بدمزاج bad-mi-zaaj: (فع، صف) تندخو، ترش رو، غصہ آوری، بری طبیعت والا، اسم کیفیت مث: بدمزاجی۔

بدمزہ bad-ma-za(h): (فع، صف) بے مزہ، جس کا ذائقہ برا ہو، بیمار، علیل، ناراض، خفا، اسم کیفیت مث: بدمزگی۔

بدمست bad-mast: (فع، صف) شرابی مدہوش، نشہ میں چور، شریر، پرشہوت، اسم کیفیت مث: بدمستی۔

بدمعاش bad-ma-(?)aash: (فع، صف) بدچلن، شریر، لچا، شہدا، حرام خور، اُچکا، اٹھائی گیرا، وہ شخص جس کا گذارہ برے کاموں کی آمدنی پر ہو، اسم کیفیت مث: بدمعاشی۔

بدمعاملہ bad-mu-(?)aam-la(h): (فع، صف) بددیانت، نادہند، لین دین کا خراب، اسم کیفیت، مث: بدمعاملگی۔

بدمُہری bad-moh-ri(i): (فع، صف) سردمہری، ایک مرض جو گھوڑوں، اونٹوں اور گدھوں کو ہوتا ہے۔

بدنام bad-naam: (ف، صف) وہ شخص جس کی شہرت خراب ہو، اسم کیفیت مث: بدنامی۔ (افعال: اٹھانا، اٹھنا، سمیٹنا، کرنا، ہونا)

بدنصیب bad-na-siib: (ف، صف) بری قسمت یا نصیبے والا، بد بخت، کم بخت، اسم کیفیت مث: بدنصیبی۔

بدنظر bad-na-zar: (ف، صف) بری نظر سے یا بری نگاہ سے دیکھنے والا، اسم کیفیت مث: بدنظری / نگاہی۔

بدنظمی bad-naz-mi(i): (فع، مذ) بدانتظامی، گڑبڑ، فساد۔

بدنفس bad-na-fas: (ف، صف) بد ذات، بدطینت، اسم کیفیت مث: بدنفسی

بدنُما bad-nu-ma(a): (ف، صف) بدزیب، بدشکل، اسم کیفیت مث: بدنمائی۔

بدنہاد bad-ni-haad: (ف، صف) بدسرشت، بدطینت، اسم کیفیت مث، بدنہادی۔

بدنیت bad-ni-yat: (ف، صف) وہ شخص جس کی نیت صاف نہ ہو، خراب ارادہ والا، اسم کیفیت مث: بدنیتی۔

بدوضع bad-va-za(?): (فع، صف) بدچلن، عیاش، بداطوار، ناموزوں، بری قطع کا، نازیبا، نامناسب، بدصورت، اسم کیفیت مث: بدوضعی۔

بدہضمی bad-haz-mi(i): (فع، مث) غذا کا ہضم نہ ہونا، طبیعت میں گرانی محسوس ہونا، کوئی چیز پچ نہ سکنا۔

بدہیئت bad-hi-yat: (فع، صف) بدشکل، بدصورت، اسم کیفیت مث: بدہیئتی۔

بدا ba-da(a): (ہ، صف) مقرر، معین، قسمت میں لکھا ہوا۔

بدا/ bi-da(a)/vi-da(a): (ہ مث) وداع کا بگاڑ ہے۔

بداہت ba-daa-hat: (ع، مث) یقینی بات، وہ بات یا امر جو محتاج دلیل نہ ہو۔

بداہتاً ba-daah-tan: (ع، متعلق فعل) صریحاً، واضح طور پر۔

بدائع ba-daa-ai(?): (ع، مذ) بدیع کی جمع، عجیب چیزیں، صنعتیں۔

بدبدانا bud-bu-daa-na(a): (ہ، مص) چپکے چپکے کہنا، بڑبڑانا۔

بدر badr: (ع، مذ) چودھویں رات کا چاند، پورا چاند

بدرالدجےٰ bad-rud-du-jaa: (ع، صف) اندھیرے کا چاند، اجالا کرنے والا، لقب حضرت محمد صلعم کا۔

بدرقہ bad-ra-qa(h): (ف، مذ) وہ شخص جو راہ میں مسافر کی حفاظت کرے، اصطلاح طب میں وہ دوا جو کسی دوسری دوا کی معاون ہو، قافلہ کا رہنما، دوست، ساتھی، نگہبان، محافظ، ہمسفر، وہ ٹیکس جو زمانہ سابق میں راستوں کی حفاظت کے لیے لیا جاتا تھا۔

بدرہ bad-ra(h): (ف، مذ) چمڑے کی تھیلی، بٹوا، ہزار روپے کا توڑا۔

بدری bad-ri(i): (ار، مث) چھوٹی تھیلی، 'بدر' کی تصغیر، جنگ بدر میں شریک۔

بدری bad-ri(i): (ہ، مث) تانبے، جست اور رانگ کی مرکب دھات جس پر چاندی کا کام بنا ہوتا ہے۔

بدعت bid-(?)at: (ع، مث) نئی بات نکالنا، ایجاد کرنا، مذہب میں کوئی ایسی بات نکالنا جس سے اصول میں فرق پڑے۔ (افعال: کرنا، پھیلانا، ہونا)

بدعتی bid-(?)a-ti(i): (ع، صف) نئی بات نکالنے والا، دین میں نئی بات نکالنے والا، فسادی۔

بدکانا bid-kaa-na: (ار، مص) جانور کو ڈرانا، دل برداشتہ کرنا، دھمکانا، چمکانا، ڈرانا وغیرہ۔

بدکنا bi-dak-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'بدکانا' جس کا یہ لازم ہے۔ اچھلنا، کودنا۔

بدل ba-dal: (ع، مذ) عوض، بدلہ، تبادلہ، معاوضہ، صلہ، توڑ۔

بدل جانا ba-dal-jaa-na(a): (ار، محاورہ) پھر

جانا، بگڑ جانا، بدلنا۔

بدل دینا ba-dal-de-na(a): (ار، محاورہ) ایک چیز کے عوض دوسری چیز دینا، تبادلہ کرنا، ادل بدل کرنا، صورت بدل دینا، تبدیل کر دینا۔

بدلنا ba-dal-na(a): (ار، مص) تبادلہ کرنا، پلٹنا، تبدیل ہونا۔

بدلوانا ba-dal-vaa-na(a): (ار، مص) 'بدلنا' کا متعدی المتعدی ہے۔

بدلا / بدلہ bad-laa/bad-la(h): (ع، مذ) معاوضہ، عوض، اجر، صلہ، بخشش۔

بدلی bad-li(i): (ار، مث) تبدیلی، برطرفی، مبادلہ۔

بدلی bad-li(i): (ار، مث) بادل کا چھوٹا ٹکڑا، بادل کی تصغیر۔

بدن ba-dan: (ع، مذ) جسم، تن، شریر، ننگا جسم، صف نسبتی: بدنی۔

بدن ٹوٹنا ba-dan TuuT-na(a): (ار، محاورہ) اعضا شکنی ہونا، ہلکا ہلکا درد ہونا، ریاضت سے جسم میں نرمی پیدا ہونا، بخار سے پہلے گرانی ہونا جو عام طور پر بخار کی نشانی خیال کی جاتی ہے۔

بدن جلنا ba-dan jal-na(a): (ار، محاورہ) بخار کی بہت زیادہ تیزی ہونا۔

بدن چرانا ba-dan chu-raa-na(a): (ار، محاورہ) شرم سے بدن چھپانا، بدن سمیٹنا۔

بدنا bad-na(a): (ھ، مص) شرط لگانا۔

بدّو / بدوی bad-du(u): (ع، مذ) ریگستانِ عرب کا صحرا نورد باشندہ۔

بدھ bidh: (ھ، مث) طرح، جوڑ، میزان، اچھے نیک ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔

بدھ budh: (ھ، مث) عقل، سمجھ، دانائی، ہوشیاری، تیز فہمی۔

بدھ budh: (ھ، مذ) چہار شنبہ، عطارد، عقل، تجربہ، سمجھ، عارف، خدا شناس، گوتم کا لقب جو بدھ مت کا بانی تھا۔

بدھاوا ba-dhaa-va(a): (ار، مذ) شادی بیاہ، ولادت کی تقریبوں میں اعزہ واقربا کا جمع ہونا، شادی کا گیت، بچہ کی پیدائش کی مبارک باد، شادی بیاہ کا انعام۔

بدھائی ba-dhaa-ii: (ھ، مث) بالیدگی، بڑھوتری، نسل کی ترقی، اولاد ہونے کی مبارک باد خوشی، مبارکباد، بیاہ کا انعام۔

بدھنا badh-na(a): (ار، مذ) ٹونٹی والا مٹی کا لوٹا، اسم تصغیر: بدھنی۔

بُدّھو bud-dhu(u): (ھ، مث) لفظی معنی عقل مند، مجازاً بے وقوف، نادان، ناسمجھ۔

بِدھوا bidh-va(a): (ھ، صف) بیوہ، رانڈ۔

بدھی bad-dhi(i): (ھ، مث) پھولوں کا ہار، پھولوں کا وہ لمبا ہار جو شادی کے دن دولہا کو پہنایا جاتا ہے۔ کوڑے یا چھڑی کا نشان (نعل ڈالنا) تلوار کا آڑا زخم، گلے میں ڈالنے کا پٹکا، چمڑے کا وہ ٹکڑا جس پر حجام اُسترا تیز کرتا ہے۔

بُدھی bu-dhi(i): (بضم اوّل) (ھ، مث) عقل، سمجھ، دانائی۔

بدھیا badh-ya(a): (ھ، صف، مث) آختہ بیل، وہ جس کے فوطے نکال دیے یا مَل دیے گئے ہوں۔ (افعال: کرنا، ہونا)

بدھیا بیٹھنا badh-yaa baiTh-na(a): (ار، محاورہ) چلتے ہوئے بیل کا بیٹھ جانا، بیکار ہو جانا، نقصان ہونا، دیوالا نکلنا، مفلس ہونا۔

بدی ba-di(i): (س، مث) قمری مہینے کا دوسرا پندرھواڑا جس میں چاند گھٹتا ہے۔
بدی ba-di(i): (ف، مث) برائی، بدخواہی، غیبت۔
بدیس bi-des: (ہ، مذ) پردیس، غیر ملک، دوسرا ملک، ملک سے باہر، صفِ نسبتی: بدیسی۔
بدیع ba-dii(?): (فتحہ اوّل) انوکھا، نادر، نیا، موجد، بنانے والا، نو ایجاد چیز، ایک علم جس میں کلام کی لفظی اور معنوی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں۔
بدیہہ ba-dii-ha(h): (بفتحۂ اول) (ع، صف) صریح، ظاہر، برجستہ، ٹھیک، بغیر غور وفکر کے ٹھیک بات کہنا، منطق کی اصطلاح میں وہ بات جس کے لیے دلیل کی ضرورت نہ ہو جو بغیر غور وفکر کے سمجھ میں آجائے۔
بدیہہ گوئی ba-dii-ha(h)-go-i(i): (فع، مث) غور وفکر کے بغیر کہنا، برجستہ شعر کہنا۔
بدیہی ba-dii-hi(i): (ع، صف) صاف، واضح، صریحی، ظاہر، روشن (اصطلاحِ منطق) بلا غور وفکر سمجھ میں آنے والی بات جو دلیل کی محتاج نہ ہو، مثلاً کل جزو سے بڑا ہوتا ہے ایک بدیہی امر ہے، جمع، بدیہات۔

ب۔ڈ

بڈّھا / بوڑھا buD-Dha(a) buu-Rha(a): (بضم اول) (ار، صف، مذ) بوڑھا، عمر رسیدہ، کہن سال، ضعیف، اسم کیفیت مث: بڈھی۔
بڈّھا پھونس / کھوسٹ buD-Dhaa phuuNs: (ار، صف) بہت بوڑھا، پیر فرتوت، سال خوردہ، بہت کمزور۔
بڈھیا / بوڑھی / بڈھی buD-Dhi(i)/buu-Rhi(i) buRh-ya(a): (ار، صف، مث) پیر زال، بہت بوڑھی عورت۔

ب۔ذ

بذر ba-zar: (ع، مذ) بیج تخم۔
بذل ba-zal: (ع، مذ) بخشش، داد ودہش، سخاوت، عطیہ، انعام۔
بذلہ baz-la(h): (ع، مذ) لطیفہ، ظرافت، خوش طبعی کی بات، چٹکلا، مذاق۔
بذلہ سنج / گو baz-lah-sanj/go: (عف، صف) خوش طبع، لطیفہ گو، ظریف مزاحیہ گفتگو کرنے والا، اسم کیفیت مث: بذلہ سنجی / گوئی۔

ب۔ر

بَر bar: (ف، حرفِ ربط) اوپر، پَر، کو، میں، ساتھ، بلند، غالب۔
بَر bar: (ف، لاحقہ فاعلی) بُردن مصدر سے صیغہ امر جو اسم کے آخیر میں آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور لے جانے والا کے معنی دیتا ہے، جیسے پیام بر۔
بر bar: (ف، مذ) جسم، بدن، سینہ، بغل، آغوش، کنار، پہلو، چوڑا پن، نزدیک، ہ، جوڑا۔
برآر / برار ba-raar: (ف، صف، فاعلی) پورا کرنے والا، لے جانے والا، لانے والا، اٹھانے والا، کام کرنے والا (تراکیب کے آخیر میں آتا ہے) اسم کیفیت مث: برآری / براری۔
برآرکار bar-aar-kaar: (ف، مث) کام کی تکمیل کرنے والا۔
برآمد bar-aa-mad: (صف، امذ) خرچ، مصارف، وہ زمین جو دریا کے پیچھے ہٹ جانے سے نکل آتی ہے، ان کی روانگی یا نکاسی، اُبھار، طلوع، ظہور، خروج،

نکلنا نمائش، ظاہرداری، وہ اشیاء جو بغرض تجارت مُلک سے باہر بھیجی جائیں Export کا ترجمہ۔

برآمد کرنا / ہونا bar-aa-mad kar-na(a): (ار، محاورہ) کھوج نکالنا، نکلنا، قابو کرنا، ہونا، نکالنا/ نکلنا، چور سے چوری کا مال نکالنا/نکلنا، پکڑنا، پکڑا جانا، لینا/ملنا تنخواہ وغیرہ خزانہ یا بنک سے لانا۔

برآمدگی bar-aamd-gi(i): (ف، مث) وصولی، کھوج، سراغ، نکاسی، چور سے مالِ مسروقہ کی واپسی۔

برآمدہ bar-aam-da(h): (ف، صف) مکان کے سامنے بغیر دروازوں کا کمرہ وغیرہ، پیش گاہ ایوان۔

بَرآنا bar-aa-na(a): (ار، محاورہ) حاصل ہونا، پورا ہونا، کامیاب ہونا۔

بَرآوَرد bar-aa-vard: (ف، مث) تخمینے کی فرد، گوشوارہ وہ کاغذ جس پر مصارف کا حساب لکھا ہو، بل یا تنخواہ کا کاغذ۔

برآوَرد کرنا bar-aa-vard kar-na(a): (ار، محاورہ) نکالنا، برآمد کرنا، کسی رقم کا ایک مد سے نکال کر دوسری مد میں داخل کرنا، منہا کرنا، تفریق کرنا، گھٹانا۔

برآوَردہ bar-aa-var-da(h): (ف، صف، مفعولی) وہ رقم جو ایک مد سے نکال کر دوسری میں ڈالی جائے، باہر نکلا ہوا، نمایاں، ممتاز۔

برافروختہ bar-af-roK-ta(h): (ف، صف) غصہ میں بھرا ہوا، جلتا ہوا۔ ناراض اسم کیفیت مث: برافروختگی۔

برافگن bar-af-gan: (ف، صف) برباد کرنے والا، تہہ و بالا کرنے والا، اسم کیفیت مث: برافگنی۔

براَنداز bar-an-daaz: (ف، مذ) خرچ، پائیدان، پا انداز، ڈولی، وغیرہ کے اوپر ڈالنے کا کپڑا، برقعہ، نقاب، گرا دینے والا۔

براَنگیختہ bar-an-geK-ta(h): (ف، مذ) غصہ اور طیش میں بھرا ہوا، مشتعل، بھڑکا ہوا (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: براَنگیختگی۔

برباد bar-baad: (ف، صف) تباہ، ویران، اجاڑ، خراب، نیست و نابود، افعال، کرنا ہونا۔ اسم کیفیت مث: بربادی۔

برپا bar-pa(a): (ف، صف) قائم، ایستادہ، منعقد، برقرار (افعال: رہنا، کرنا، ہونا)

برتر bar-tar: (ف، صف تفضیل بعض) زیادہ بلند، زیادہ بزرگ۔

برجا bar-ja(a): (ف، صف) بجا، برقرار، ٹھیک، ثابت، درست۔

برجستہ bar-jas-ta(h): (ف، صف) موزوں، برمحل، بے ساختہ، مناسب ٹھیک، بے سوچ، بے فکر کیے، درس، سچ، بجا، بے شک، ناگزیر، لازمی، شدنی، راستی پر، سچائی پر، سچا۔

برخاست bar-Kaast: (ف، صف) بلند، ختم، علامت سے علیحدہ، موقوف، برطرف (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: برخاستگی۔

برخاستۂ دِل bar-Kaas-ta(h) dil: (ف، صف) سنجیدہ، کبیدہ، آزردہ، اسم کیفیت مث: برخاستہ دلی/ خاطری۔

برخلاف bar-Ki-laaf: (فع، صف) برعکس، اُلٹ، ضد، ناموافق، مخالف۔

برخود غلط bar-Kud-Ga-lat: (فع، صف) اپنے متعلق غلط رائے قائم کرنے والا، شیخی باز

برخوردار bar-Kur-daar: (فع، مذ) زندگی کا پھل کھانے والا، پیارا، عزیز، بیٹا/لڑکا۔

برخورداری bar-Kur-daa-ri(i): (ف، مث) سعادت مندی، اولاد کی کثرت، ار، مث: بیٹا، بیٹی۔

بردار bar-daar: (ف، صف) اُٹھانے والا، جیسے علمبردار، ناز بردار، بلند، اونچا، چوڑا، چوڑائی، رکھنے والا، کپڑا، اسم کیفیت مث: برداری۔

برداشت bar-daasht: (ف، مث) صبر، تحمل، بردباری، سہنا، اٹھانا (افعال: کرنا، ہونا)

برداشتہ bar-daash-ta(h): (ف، صف مفعولی) اٹھایا ہوا، سہارا ہوا، سجایا ہوا (مرکبات میں جیسے دل برداشتہ)

برزُبان bar-zu-baan: (ف، صف) زبان پر، حفظ، یاد (افعال: کرنا، ہونا)

برسرِ بازار bar-sa-re-baa-zaar: (ف، متعلق فعل) کھلم کھلا، آشکارا۔

برسرِ خود اندیش bar-sa-re-Kud: (ف، صف) خودسر، خودرائے، خودمختار۔

برسرِ کار bar-sa-re-kaar: (ف، متعلق فعل) کام پر، ملازمت میں، مشغلہ میں۔

برسرِ کینہ bar-sa-re-kii-na(h): (ف، متعلق فعل) کینے فساد یا دشمنی پر آمادہ۔

برسرِ مطلب bar-sa-re-mat-lab: (ف، متعلق فعل) اصل مقصد پر (آمدم کے ساتھ)

برطرَف bar-ta-raf: (ف، صف) برخاست، موقوف، دور، علیحدہ، بے تعلق، بالائے طاق، (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: برطرفی۔

برعکس bar-(?)aks: (ف، متعلق فعل) اُلٹا، برطرف، مخالف۔

برقرار bar-qa-raar: (ف، صف) بحال، قائم، برخلاف، ثابت، مستقل، زندہ موجود، صحیح سالم باقی (افعال: رکھنا، رہنا) اسم کیفیت مث: برقراری۔

برگزیدہ bar-gu-zii-da(h): (ف، صف) منتخب، مقبول، پسندیدہ، اسم کیفیت مث: برگزیدگی۔

برگشتہ bar-gash-tah: (ف، صف) پھرا ہوا، مخالف، باغی، سرکش، اسم کیفیت، مث: برگشتگی

برلانا bar-laa-na(a): (ار، محاورہ) پورا کرنا، انجام کو پہنچانا۔

برمحل bar-ma-hal: (ف، متعلق فعل) موزوں، برجستہ، مناسب، ٹھیک، موقع پر، عین وقت پر۔

برملا bar-ma-laa: (ف، متعلق فعل) کھلم کھلا، دن دہاڑے، آشکارا، منہ پر، روبرو۔

بروقت bar-vaqt: (ف، متعلق فعل) عین وقت پر، برمحل، ٹھیک وقت پر۔

برومند ba-ro-mand: (ف، صف) پھل لانے والا، بارور، خوش قسمت، خوش نصیب، اسم کیفیت، مث: برومندی

بَرّ barr: (ع، مذ) زمین، خشکی، جنگل، بیابان، ریگستان، بحر کی ضد، اللہ تعالیٰ کا ایک نام، بڑا نیک، احسان کرنے والا، میزبان۔

برِّاعظم bar-re-aa-zam: (ع، مذ) خشکی کا بہت بڑا قطعہ جس میں بہت سے ملک ہوں۔

برِّصغیر bar-re-sa-Giir: (ع، مذ، غلط العام) چھوٹا براعظم، مجازاً پاکستان و بھارت کہنا غلط ہے۔

برّی ba-ri(i): (ع، صف) خشکی کا، زمینی، جنگلی۔

برّی فوج bar-ri-fauj: (ع، مث) خشکی پر لڑنے والی فوج، انگریزی لفظ Army کا ترجمہ۔

بَر/وَر bar/var: (ہ، مذ) خاوند، شوہر، کپڑے کا عرض، انتخاب، چھانٹ، پسند، برکت، نیکی، کوئی چیز جو تحفہ کے طور پر انتخاب کی جائے۔

بر یوگ / جوگ bar-yog/jog: (ہ،صف) شادی کے قابل جوان لڑکی۔

بر دکھاوا bar-di-khaa-va(a): (ہ،مث) ایک اسم جو نسبت پکی کرنے سے پہلے ادا کی جاتی ہے اور منگیتر رونمائی کی غرض سے سسرال کے گھر جاتا ہے۔

بِر bir: (ع،مث) نیکی، احسان۔

بُر bur: (ہ،مث) عورت کی اندام نہانی، فرج، کپڑے کے اوپر کا رُواں۔

بُرا bu-ra(a): (ہ،صف) اچھا کی ضد، خراب، ناگوار، نکما، ناقص، بھونڈا، بدشکل، بے وفا، مہیب، بھیانک، بدمزہ، مضرت رساں، ناشائستہ، نازیبا، بدقسمت، کم بخت، چڑ چڑا، زود رنج، بیکار، دشمن، نجس، پلید، ناروا، اسم کیفیت، مث: بُری۔

بُرا بنانا / بننا bu-raa ban-na(a) bu-raa-ba-naa-na(a): (ار، محاورہ) مخالف بنانا/ بننا، مجرم ٹھہرانا، ٹھہرنا، رسوا کرنا/ ہونا۔ بدنام کرنا/ ہونا۔ حقیر کرنا/ ہونا۔ ذلیل کرنا/ ہونا۔

بُرا بھلا bu-raa bha-la(a): (ار، صف، مذ) نیک بد، ایسا ویسا، روا ناروا، ہر کس و ناکس، گالی گلوچ، سخت سست، بدزبانی۔

بُرا بھلا کرانا / کرنا bu-raa bha-laa ka-raa-na(a): (ار، محاورہ) زنا کرانا/ کرنا، بدفعلی کرانا/ کرنا۔

بُرا چاہنا / چیتنا bu-raa-chaah-na(a): (ار، محاورہ) کسی کی برائی کی آرزو کرنا، بدخواہی کرنا۔

بُرا حال کرنا / ہونا bu-raa-haal kar-na(a): (ار، محاورہ) مارنا، پیٹنا/ پٹنا، رنج کرنا ہونا، افسوس کرنا/ ہونا۔

بُرا دِن bu-ra-din: (ار، محاورہ) ناخوش ہونا، رنجیدہ ہونا، خفا ہونا، بگڑنا۔

بُرا ہو bu-raa-ho: (ار، بددعا) خانہ خراب ہو، بد دعا کے لیے کہتی ہیں۔

برابر ba-raa-bar: (ف، صف) مساوی، ہم عمر، ہم پایہ، یکساں، پورا، تربیت دار، مسلسل، ایک ساتھ، بے روک، لفظاً لفظی، ہمیشہ، نزدیک۔

برابر آنا ba-raa-bar: (ار، محاورہ) دوڑ میں اکٹھے پہنچنا، پیچھے سے آکر مل جانا مقابلہ میں ایک جیسا رہنا۔

برابر اُترنا ba-raa-bar u-tar-na(a): (ار، محاورہ) تول میں ہم وزن رہنا، برابر جچنا، یکساں ہونا۔

برابر اٹھ جانا / اُٹھنا ba-raa-bar uTh-jaa-na(a): (ار، محاورہ) شطرنج یا کسی دوسرے بیٹھک والے کھیل میں برابر ہونا۔

برابر برابر ba-raa-bar ba-raa-bar: (ار، متعلق، فعل) پہلو بہ پہلو، سینہ بہ سینہ، پاس پاس، قریب قریب، آدھا آدھا، نصفا نصف، ساتھ ساتھ، ایک صف یا قطار میں۔

برابر چھوٹنا ba-raa-bar chhuuT-na(a): (ار، محاورہ) کشتی میں پہلوانوں کا، لڑائی میں مرغوں، بیٹروں وغیرہ یا دوسرے جانوروں کا بغیر ہار جیت کا فیصلہ ہونے کے علیحدہ ہو جانا۔

برابر سرابر ba-raa-bar sa-raa-bar: (ار، متعلق فعل) 'سرابر' تابع مہمل ہے۔ یکساں مساوی، بیباق۔

برابر کرنا / ہونا ba-raa-bar kar-na(a): (ار، محاورہ) مطابق کرنا/ ہونا، یکساں کرنا/ ہونا۔ برباد کرنا/ ہونا، اڑا دینا/ اڑ جانا، مٹا دینا/ مٹ جانا سطح برابر کر دینا، ختم کرنا/ ہونا۔ مکمل کرنا/ ہونا۔ درست کرنا/ ہونا،

ٹھیک کرنا/ ہونا، ترتیب سے لگانا/ لگنا، متواتر کرنا/ ہونا، لگاتار کرنا/ ہونا، بلاناغہ کرنا/ ہونا۔

برابری ba-raa-ba-ri(i): (ا، مث) ہمسری، ہم چشمی، رقابت، مطابقت، موافقت، مساوات، یکسانیت، ہمواری، ہم وزن ہونا، ہم پلہ ہونا، مقابلہ (افعال کرنا، ہونا)۔

برات ba-raat: (ف، مث) فرمان، حکم نامہ، وہ تحریر جس سے خزانہ سے تنخواہ ملے، تنخواہ۔ (شب) شعبان کی چودھویں رات جب مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق ہر شخص کی عمر کا حساب اور رزق کی تقسیم ہوتی ہے، حصہ، بخرہ۔

برات/بارات ba-raat/baa-raat: (ھ، مث) بارات، دولہا کی سواری کا جلوس، نوشاہ/ نوشا کے ہمراہی، انبوہ گروہ، بھیڑ، اژدھام، گنجفہ کی ایک بازی کا نام بھی ہے (افعال آنا، اترنا، جانا، چڑھنا)

براتی ba-raa-ti(i): (ا، مذ) شادی کے جلوس میں شریک ہونے والا/ والے۔

براجمان bi-raaj-maan: (ھ، صف) چمکنے والا، بہت تیز، نہایت عمدہ، گدی پر بیٹھنا، (افعال ہونا وغیرہ)۔

براجنا bi-raaj-na: (ھ، صف) جلوہ فرمانا، رونق افروز ہونا، رہنا، زیب و زینت بخشنا، تشریف لانا۔

برادر bi-raa-dar: (ف، مذ) بھائی، رشتہ دار، ہم قوم، ہم مذہب، ہم مشرب، ہم پیشہ۔

برادرِ اخیافی bi-raa-da-re-aK-yaa-ni(i): (ف، مذ) وہ بھائی جن کی ماں ایک ہو، اور باپ جدا جدا ہوں۔

برادرِ اعیانی / حقیقی bi-raa-da-re-aa(?)-y aa-ni(i): (فع، مذ) سگائی بھائی، ایک ماں باپ کی اولاد۔

برادرانِ یوسف bi-raad-raa-ne-yuu-suf: (عف، مذ، تلمیح) بے مروت بھائی، جو بھائی ہو کر دشمنی کریں۔

برادرانہ bi-raa-da-raa-na(h): (ف، صف) بھائی کا سا، مثل بھائی، آپس کا، یگانگی کا۔

برادرِ توام bi-raa-da-re-ta-vaam: (فع، صف) جڑواں بھائی، وہ بھائی جو اکٹھے پیدا ہوئے ہوں۔

برادرِ خواندہ bi-raa-da-re-Kwaan-da(h): (ف، مذ، صف) منہ بولا بھائی۔

برادرِ رضاعی bi-raa-da-re-ra-zaa-i(i): (فع، مذ) دودھ شریک بھائی، وہ اشخاص جنھوں نے ایک ہی ماں کا دودھ پیا ہو۔

برادر زادہ bi-ra-dar-zha-da(h): (ف، مذ) بھائی کا بیٹا، بھتیجا، مث برادر زادی۔

برادرِ علاتی bi-raa-da-re-(?)a-laa-ti(i): (فع، مذ) سوتیلا بھائی، جن کا باپ ایک اور مائیں الگ الگ ہوں۔

برادر کش bi-raa-dar-kush: (ف، مذ) بھائی کا قاتل، اسم کیفیت مث برادر کشی

برادرِ نسبتی bi-raa-da-re-nis-ba-ti(i): (ف، مذ) بیوی کا بھائی، سالا، بہن کا خاوند، بہنوئی۔

برادری bi-raa-da-ri(i): (ف، مث) ذات، قوم، رشتہ داری، بھائی بندی، قرابت داری، قوم کے لوگ، گروہ، جماعت۔

بُرادہ bu-raa-da(h): (ف، مذ) چورا، لکڑی یا دھات کا چورا، جو آری وغیرہ سے نکلتا ہے، سفوف کی

خوشبودار لکڑی کا۔

براڈ کاسٹنگ ba-raaD-kaas-Ting: (انگ، مث) ریڈیو پروگرام نشر کرنے کا عمل۔

براز ba-raaz: (ع، مذ) فضلہ، گندگی، غلاظت، پاخانہ، گوہ، نجاست۔

براعت ba-raa-(?)at: (ع، مث) روشنی، فصاحت، کمال۔

براعتُ الاستہلال ba-raa-(?)a-tul-is-t ih-laal: (ع، مث) علم بدیع کی ایک صنعت کا نام جس میں ایسے الفاظ یا جملے شروع میں لاتے ہیں جن سے تمام عبارت کے اصل مضمون کا پتہ چلتا ہے۔

بَرّاق bar-raaq: (ع، صف) چمکیلا، بجلی کی طرح تیز رفتار، ہوشیار، مشاق، تیز ذہن، صاف شفاف، اسم کیفیت مث: بَرّاقی۔

بُرّاق bu-rraaq: (ع، مذ) وہ آسمانی گھوڑا یا جانور جس پر پیغمبرؐ معراج کی شب سوار ہو کر تشریف لے گئے تھے۔ مجازاً گھوڑا۔

براگ / براگا be-raag: (ھ، مذ) خواہشاتِ نفسانی کی عدم موجودگی، نفس کشی، ترک دینا، بے پروائی، پرہیز، نفرت، خوشی اور غم سے آزادی یا چھٹکارا۔

براگی be-raa-gi(i): (ھ، مذ) خواہشات نفسانی سے آزاد، خوشی اور غم سے بے پروا، ایک فرقہ ہندو سادھوؤں کا، مث براگن۔

بُرّاں bur-raaN: (ف، صف) تیز، کاٹنے والا۔

بَرّانا bar-raa-na(a): (ھ، مص) خواب میں بڑبڑانا، نیند میں باتیں کرنا، بہکنا، بَرّانا۔

برانچ bi-raaNch: (ھ، مص) خواب بڑبڑانا، نیند میں باتیں کرنا، بہکنا، بَرّانا۔

برانچ bi-raaNch: (انگ، مذ) Branch شاخ، شعبہ۔

برانڈ bi-raanD: (انگ، مذ) Brand تجارتی نشان، خالص قسم کا مال۔

برانڈی bi-raan-Di(i): (انگ، مث) ایک قسم کی انگوری شراب۔

براہٹ ba-raa-haT: (ھ، مث) فضول بکواس، سوتے میں بولنا۔

براہمن ba-raah-man: (س، مذ) دیکھیے 'برہمن' جو زیادہ مستعمل ہے۔ مث: براہمنی

براہین ba-raa-hiin: (ع، مذ) برہان کی جمع، دلیلیں۔

برأت ba-raa-dat: (ع، مث) آزادی، خلاصی، نفرت، بیزاری۔

بُرائی bu-raa-i(i): (ھ، مث) خرابی، نقص، عیب، شرارت، جھوٹا الزام۔

برائے ba-raa-e: (ف، متعلق فعل) کے لیے، واسطے، پہلے سے، برکت سے، صدقہ سے۔

بَرایا ba-raa-yaa: (ع، مث) مخلوقات، خلق خدا، لوگ۔

بُربُرا bur-bu-ra(a): (ھ، صف) بھربھرا، خستہ، نرم۔

بُربُرانا bur-bu-raa-na(a): (ھ، مص) چھڑکنا، بُرکنا، چھینٹا دینا۔

بربری bar-ba-ri(i): (ار، مث) بربر سے منسوب، بکری کی ایک قسم جو خوبصورت، چتکبری اور چھوٹے قد کی ہوتی ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ ہرن اور بکری کے ملاپ سے پیدا ہوئی ہے۔

بربری خانہ bar-ba-rii-Kaa-na(h): (ار، ف، مذ) قصاب خانہ، وہ جگہ جہاں بکریاں رکھی جاتی ہیں۔

بَربَریت bar-ba-ri-yat: (ع، مث) وحشی پن، ظلم، جور، خلاف انسانیت کام، سنگدل۔

بربط bar-bat:(ف،مذ)ایک ساز جس کو عود بھی کہتے ہیں،لفظی معنی بطخ کا سینہ،چونکہ یہ ساز بھی بطخ کے سینے کے مطابق ہوتا ہے۔اس لیے یہ نام پڑا۔

بَرَت ba-rat:(ھ،مذ)روزہ،صوم۔

برتا bir-ta(a): (ھ،مذ) بَل، طاقت، لیاقت، حیثیت، قابلیت، سہارا، حوصلہ، مدد، مادہ، ذریعہ، امداد، کارگزاری عمل، کردار۔

برتانا bar-taa-na(a): (ھ،مذ) تقسیم کرنا، حصہ لگانا، بانٹنا۔

برتاؤ / برتاوا bar-taa-o: (ھ،صف) سلوک، طرز عمل، روش، رویہ۔

برتن bar-tan:(ھ،مذ)ظرف، باسن، بھانڈا۔

برتن بھانڈے bar-tan-bhaaN-De:(ھ،مذ) ظرف، باسن، برتن۔

برتنا ba-rat-na(a): (ھ،مص) استعمال کرنا، کام میں لانا، تجربہ کرنا، خرچ کرنا، نبھانا، برتاؤ کرنا۔

برتھ ڈے barth De:(انگ،مذ) Birth day جنم دن، یوم پیدائش، پیدا ہونے کا دن۔

برتھ کنٹرول barth-kanT-raul: (انگ، مذ) Birth control، پیدائش پر قابو، ضبط نسل، ضبط تولید۔

بُرج burj:(ع،مذ) گنبد، روشن سیارے کا گھر یا مقام، آسمانی دوائر کا بارھواں حصہ۔

بُرج آبی burj-aa-bi(i): (ع، مذ) سرطان، عقرب، حوت (وہ برج جس کا مزاج آبی ہو)

برج آتشی burj-aat-shi(i):(ع،مذ) شیر کی شکل کا برج آسمانی۔

بُرج اَسَد burj-a-sad: (ع، مذ) حمل، اسد، قوس، وہ برج جس کا مزاج آتشی ہو۔

بُرج بادی burj-baa-di(i):(ع،مذ)جوزا، میزان، دلو

بُرج ثور burj-suur: (ع، مذ) آسمان کا وہ برج جس کی شکل بیل کی سی ہوتی ہے۔

بُرج جدی burj-ja-di(i): (ع، مذ) آسمان کا وہ برج جس کی شکل بکری کی سی ہوتی ہے۔

بُرج جوزا burj-juu-za(a): (ع، مذ) وہ برج جس کی شکل دو جڑواں بچوں کی سی ہوتی ہے۔

بُرج حمل bur-je-ha-mal:(ع،مذ) آسمان کا وہ برج جس کی شکل مینڈھے کی ہوتی ہے۔

بُرج حوت burje-huut:(ھ،مذ) آسمان کا وہ برج جس کی شکل مچھلی کی سی ہوتی ہے۔

بُرج خاکی burj-Kaa-ki(i):(ع،مذ) ثور، سنبلہ، جدی، (وہ برج جس کا مزاج خاکی ہو)

بُرج سرطان burj-sar-taan:(ع،مذ) آسمان کا وہ برج جس کی شکل کیکڑے کی سی ہوتی ہے۔

بُرج سُنبلہ burj-sun-ba-la(h):(ع،مذ) آسمان کا وہ برج جس کی شکل ایک کنواری لڑکی جو گیہوں یا جو کی بالی ہاتھ میں لیے کھڑی ہو، کی سی ہوتی ہے۔

بُرج شرف burj-sharf: (ع، مذ) وہ برج جس میں کسی ستارہ کو عروج حاصل ہوتا ہے۔

بُرج عقرب burj-aq-rab: (ع، مذ) وہ آسمانی برج جس کی شکل بچھو کے مانند ہوتی ہے۔

بُرج قوس burj-qaus: (ع، مذ) وہ آسمانی برج جس کی شکل کمان کی سی ہوتی ہے۔

بُرج میزان burj-mii-zaan:(ع،مذ) وہ آسمانی برج جس کی شکل ترازو کی سی ہوتی ہے۔

بَرَج / برج bi-raj:(ھ،مذ) ہندوستان میں آگرہ اور متھرا کا علاقہ۔

برج بھاشا / بھاکا bi-raj bhaa-sha(a):

(ھ،مث) وہ زبان جو آگرہ اور متھرا کے علاقہ میں بولی جاتی ہے۔ مغربی ہندی کی بولی۔

بُرجی bur-ji(i): (ع، ار، مث) برج کی تصغیر، چھوٹا برج، کنگرہ، گنبد کے اوپر کا گول حصہ، پتھروں کے ستونوں جو گاؤں کی حدود پر یا سڑکوں کے کنارے لگائے جاتے ہیں۔

برجیس bir-jiis: (فع، مذ) ستارہ مشتری کا نام۔

برچھا bar-chha(a): (ھ، مذ) بڑا بھالا، بڑا نیزہ، تصغیر مث: برچھی۔

برچھک bar-chak: (ھ، مذ) برج عقرب۔

بَرْد bard: (ع، مذ) سردی، ٹھنڈک، جاڑا۔

بُرد burd: (ف، مث) آمدنی، منافع، مفت کی رقم، رشوت، بالائی آمدنی۔

بُرد بار burd-baar: (ف، صف) برداشت کرنے والا، متحمل، صابر، حلیم (افعال: دینا، لینا، مارنا، ہاتھ لگنا) اسم کیفیت، مث: بردباری۔

بَرْدہ bar-da(h): (ع، مذ) غلام، بندہ، عبد لڑائی کا قیدی۔

بَردہ فروش bar-da(h) fa-rosh: (ف، مذ، صف) لونڈی، غلام، بیچنے والا، اسم کیفیت، مث: بردہ فروشی۔

بَرْزخ bar-zaK: (ع، مذ) دو چیزوں کے درمیان پردہ یا آڑ، موت سے قیامت تک کا زمانہ، دو چیزوں کے بین بین ایک ملتی جلتی چیز۔ عجیب شکل، انوکھی صورت، خیالی شکل و صورت، دو متضاد چیزوں اور کیفیتوں کا درمیان، مصیبت اور آرام کا درمیانی حصہ یا درجہ، وہ عالم جس میں موت سے قیامت تک روحیں رہیں گی۔

برزن bar-zan: (ف، مذ) گلی کوچہ، سڑک، محلہ، محل، مکان، شہر کا ایک حصہ۔

برس bars/ba-ras: (ھ، مذ) سال، سمت، سن، بارہ مہینے کی مدت، زمین کا سورج کے گرد پھرنے کی مدت جو 365 دن 5 گھنٹے 45 منٹ 46 سیکنڈ ہوتی ہے۔

برسابرس bar-saa-bars: (ھ، مذ) سالہا سال، چناد کے حساب سے 354 روز۔

برس گانٹھ bars-gaaNTh: (ھ، مذ) سال گرہ۔

برسوں bar-sauN: (ھ، مذ) سال ہا سال۔

برسوَیں دن bars-vaiN-din: (ار، مذ) ہر سال، سال میں ایک بار۔

برسی bar-si(i): (ار، مث) مرنے کے سال بھر بعد کا فاتحہ یا تقریب۔

برسات bar-saat: (ھ، مث) بارش کا موسم، برکھا رُت، پانی برسنے کا موسم۔

برسات کی چاندنی bar-saat-ki chand-ni(i): (ار، مث) ناپائیدار چیز۔

برساتی bar-saa-ti(i): (ھ، مث، صف) گھوڑوں اور اونٹوں کی ایک بیماری جو برسات میں ہوتی ہے اور بہت خطرناک ہوتی ہے، سائبان، وہ فصل جو برسات کے موسم میں تیار ہو، صف، برسات اور بارش میں پہننے کا لبادہ، چھت پر ایک کمرہ جو برسات میں سونے کے کام آتا ہے۔

برساتی کیڑے bar-saa-ti(i): (ار، مذ) چھوٹے چھوٹے کیڑے مکوڑے جو برسات کے موسم میں پائے جاتے ہیں۔

برسانا bar-saa-na(a): (ار، مص) بارش کرنا، اناج کو گرا کر صاف کرنا، کثرت سے دوڑانا، مارنا، جیسے کوڑے برسانا۔

برساو bar-saa-o: (ار، صف فاعل) برسنے والا۔

برس پڑنا ba-ras-paR-na(a): (ار، محاورہ)

بارش ہونا، مینہ کا زور سے پڑنا، مارنا، ناراض ہونا، غصہ ہونا۔

بَرسْنا ba-ras-na(a): (ار، مص) بارش ہونا، پانی پڑنا، غصہ اتارنا، ناراض ہونا، خفا ہونا۔

بَرِش bar-rish: (ار، مص) تیزی، کاٹ۔

بُرش bursh: (انگ، مذ) موقلم، کپڑے، جوتے، بال وغیرہ صاف کرنے کا بنا ہوا ایک آلہ۔

بَرِشتہ ba-rish-ta(h): (ف، صف، مفعولی) بریاں، بھونا ہوا۔

بُرشگال / برشکال bursh-gaal: (ف، مث) برسات کا موسم، بارش کا موسم۔

برص ba-ras: (ع، مذ) ایک مرض کا نام جس سے جسم پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں، پھلبہری، جذام۔

برطانیہ bar-taa-ni-ya(h): (ف، مذ) یورپ کے شمال مغرب میں ایک جزیرہ، برطانیہ کلاں، انگلستان، صف، نسبتی: برطانوی۔

بَرف barf: (ف، مث) جما ہوا پانی، پالا، یخ، جما ہوا دودھ شربت صف: بہت سفید، بہت سرد۔

برفاب bar-faab: (ف، مذ) سرد پانی، برف کا پانی، انتہائی ٹھنڈا پانی۔

برفانی bar-faa-ni(i): (ف، صف) برف سے منسوب، بہت سرد

برفباری ba-raf-baa-ri(i): (ف، صف) برف پڑنا۔

برف پروردہ barf-par-var-da(h): (ار، صف) برف میں ٹھنڈا کیا ہوا، سرد کیا ہوا، یخ بستہ۔

برف پڑنا barf-paR-na(a): (ار، محاورہ) پالا پڑنا، بہت سردی پڑنا۔

برف ہونا barf-hau-na(a): (ار، محاورہ) بہت سرد ہونا، سخت سرد ہونا۔

برفی bar-fi(i): (ف، مث) ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ کے کھوئے اور چینی ملا کر بنتی ہے۔

برفیا bar-fi-yaa: (ار، صف) برف بیچنے والا لکھنؤ

برفیلا bar-fii-la(h): (ار، صف) جس میں برف ملی ہو، مث: برفیلی۔

بَرق barq: (ع، صف) بجلی، وہ روشنی جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے، صف، تیز، چالاک، ہوشیار، صفا، شفاف، چمکیلا۔

برق آہنگ barq-aa-hang: (عف، صف) بجلی کی طرز کا، بجلی نما، معشوق کی تعریف، اسم کیفیت مث: برق آہنگی۔

برق افگن barq-af-gan: (عف، صف) بجلی گرانے والا، تباہ کرنے والا، اسم کیفیت مث: برق افگنی۔

برق تاب barq-taab: (ار، ف، صف) بجلی کی طرح چمکنے والا، اسم کیفیت مث: برق تابی۔

برق تاز barq-taaz: (عف، صف) تیز، بجلی کی طرح دوڑنے والا، اسم کیفیت مث: برق تازی۔

برق خاطف barq-Ka-tif: (خ، ف، صف) چمکتی بجلی، نگاہوں کو خیرہ کرنے والی۔

برق خرام barq-Ka-raam: (عف، صف) بجلی کی طرح تیز رفتار، اسم کیفیت مث: برق خرامی۔

برق دم barq-dam: (عف، صف) بجلی کی طرح تیز رفتار۔

برق دماں barq-da-maaN: (عف، صف) چمکنے والی بجلی۔

برق رُبا barq-ru-ba(a): (ف، مذ) بجلی کا کنڈکٹر، آسمانی بجلی کو زمین پر اتارنے والا۔

برق رفتار barq-raf-taar: (عف،صف) دیکھیے 'برق خرام' اسم کیفیت مث: برق رفتاری۔

برق زدہ barq-za-da(h): (عف،صف) بجلی کا مارا ہوا، اسم کیفیت، مث: برق زدگی۔

برق سوار barq-sa-vaar: (عف،صف) تیز، چالاک، شوخ، اسم کیفیت مث: برق سواری / عنانی۔

برقِ سرِ طور bar-qe-sa-re-tuur: (عف،مث) وہ بجلی یا وہ نور جو حضرت موسیٰ نے کوہِ طور پر دیکھا۔

برق گرنا / ٹوٹنا barq-gir-na(a): (ار،محاورہ) بجلی گرنا، مصیبت میں پڑنا۔

برق نگاہ barq-ni-gaah: (عف،صف) شوخ نظر، اسم کیفیت مث: برق نگاہی۔

برق نما barq-nu-ma(a): (عف،صف) ایک آلہ جس سے معلوم کیا جاتا ہے کہ جسم پر برقی بار کتنا ہے یا نہیں اور اگر ہے تو وہ منفی ہے یا مثبت، انگریزی لفظ Electorscope کا ترجمہ۔

برق وش barq-vash: (عف،صف) بجلی کی مانند، شوخ، چالاک، تیز، اسم کیفیت مث: برق وشی۔

برق ہونا barq-ho-na(a): (ار،محاورہ) تیز ہونا، ہوشیار ہونا، چالاک ہونا، ماہر ہونا۔

برقاب bar-qaab: (عف،مث) پانی کی طاقت سے حاصل ہوئی بجلی، پن بجلی، انگریزی لفظ ہائیڈرو الیکٹرسٹی Hydro Electricity کا ترجمہ۔

برقانا bar-qaa-na(a): (ار،مص دصفی) کسی چیز میں بجلی بھرنا، بجلی کی رو دوڑانا۔

بُرقع bur-qa(?): (ع،مذ) ایک لمبا سفید یا رنگ دار لباس جسے پردہ دار عورتیں کپڑوں کے اوپر پہنتی ہیں۔ جس کو پہننے سے تمام جسم اور چہرہ چھپا رہتا ہے۔ نقاب، لباس، پوشاک، وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے۔

بُرقع پوش bur-qa(?)-posh: (ار،صف) برقع پہننے والا / والی، نقاب پوش، پردہ دار، اسم کیفیت مث: برقع پوشی۔

برقی bar-qi(i): (ع،صف) برق سے منسوب، بجلی کا، بجلی کی طاقت سے کام کرنے والا / والی۔

بُرقیہ bur-qi-ya(h): (ع) تار، ٹیلیگرام، منفی چارج کا برق پارہ، انگریزی لفظ Existance کا ترجمہ۔

بُرکانا bur-kaa-na(a): (ہ،مص) دیکھیے 'بُرکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

برکت bar-kat: (ع،مث) (اُردو میں بسکون دوم ہے) زیادتی، نیک بختی، درازی، ترقی، افزائش، خوش قسمتی، عروج، رونق، نمود، نیک شگون کے لیے تولتے وقت پہلی تول کو برکت بھی کہتے ہیں، جمع: برکات۔

برکت اُٹھ جانا bar-kat-uTh-jaa-na(a): (ار،محاورہ) رونق نہ رہنا، جلدی ختم ہو جانا، نحوست آنا

برکت ہے bar-kat hai: (ار،محاورہ) عورتیں یہ کلمہ سائل کا سوال رد کرنے کے لیے کہتی ہیں، ختم ہے۔

بُرکنا bu-rak-na(a): (ہ،مص) بکھیرنا، ڈالنا، چھڑکنا، چھینٹا لگانا (پانی وغیرہ کا)

برکھا bar-kha(a): (ہ،مث) بارش، برسات۔

برگ و بار bar-go-baar: (ف،مذ) درخت کے پھل اور پتے (افعال: لانا)

برگ و ساز bar-go-saaz: (ف،مذ) ساز و سامان، کھانے کا سامان، زندگی کا سامان، معاش کے اسباب۔

برگ و نوا bar-go-na-va(a): (ف،مذ) توشہ، کھانا، ساز و سامان، سامان بہار، باغ، چمن۔

برگا bar-ga(a): (ہ،مذ) چھوٹے شہتیر یا کڑی۔

برگد gar-gad: (ھ، مذ) بڑ کا درخت، بڑ۔

برگد کی جٹا / داڑھی bar-gad kii ja-Ta(a): (ھ، مث) برگد کے وہ ریشے جو شاخوں سے لٹک کر زمین تک پہنچتے ہیں۔

برگزیدہ bar-gu-zii-da(h): (ف، صف) چنا ہوا، چھانٹا ہوا، منتخب، اسم کیفیت مث: برگزیدگی، باقی مرکبات (بر) کے ملاحظہ ہوں۔

بریگیڈ bi-ri-geD: (انگ، مذ) انگریزی لفظ brigade، پیدل فوج جو رسالہ کا ایک دستہ جس میں قریباً آٹھ دس ہزار جوان ہوتے ہیں۔

بریگیڈیر bi-ri-ge-Di-yar: (انگ، مذ) بریگیڈ کا سالار۔

برلا bir-la(a): (ھ، مذ) خال خال، کہیں کہیں۔

برما bar-ma(a): (ھ، مذ) سوراخ کرنے کا ایک لوہے کا آلہ۔

برمانا bar-maa-na(a): (ھ، مص) چھید کرنا، سوراخ کرنا، زخمی کرنا، مائل کرنا۔

برن ba-ran: (ھ، مذ) (سنسکرت 'ورن' کا بگاڑ) جنس، سراپا، حلیہ، ذات، قوم، ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے کوئی ایک، تازہ، مٹی جو پانی کے ساتھ کسی نشیب کی جگہ اکٹھی ہو جائے۔

برن مالا ba-ran-maa-la(a): (ورن مالا) (ھ، مث) حروف تہجی، ب کی تختی، قاعدہ۔

برنا bar-na(a): (ھ، مذ) ایک درخت۔

برنج ba-rinj: (ع، مذ) پیتل، تانبا وغیرہ (بل۔ اصطلاح کیمیا) لوہا، صف نسبتی: برنجی۔

برنجن ba-ran-jan: (ف، مث) سونے چاندی کی چوڑیاں جو ہاتھ میں پہنی جائیں۔

برنجی ba-rin-ji(i): (ار، مث) چھوٹی کیل، میخ، دست برنجن اور جو پاؤں میں پہنی جائیں وہ پا برنجن کہلاتی ہے۔

برنگا ba-rin-ga(a): (ھ، مذ) لکڑی کا چھوٹا تختہ جو چھت پر ڈالا جاتا ہے۔

برنی bar-ni(i): (ھ، مث) وہ جگہ جہاں سے پلکیں نکلتی ہیں۔

برنی bir-ni(i): (ھ، مث) بھڑ، ایک زرد رنگ کا پردار کیڑا۔

بروا bir-va(a): (ھ، مث، مذ) پودا، چھوٹا درخت، بچہ، لڑکا۔

بروگ bi-rog: (ھ، مذ) جدائی، تفرقہ، ہجر، عاشق کی عدم حاضری۔

بروگی bi-ro-gi(i): (ھ، صف، مذ) مہجور، فراق زدہ مرد، مث: بروگن۔

برومند bi-ro-mand: (ف، صف) فائدہ حاصل کرنے والا، پھل کھانے والا، بارآور، پھل لانے والا، اسم کیفیت مث: برومندی۔

بروں bi-rúuN: (ف، صف) بیرون کا مخفف، باہر، باہر کی طرف۔

برہ bar-ra(h): (ف، مذ) بکری یا بھیڑ کا بچہ، حلوان اور بزغالہ وغیرہ۔

برۂ فلک bar-ra-he-fa-lak: (ف، مذ) برج حمل، آسمان کا پہلا برج۔

برہ bi-ra(h): (ھ، مذ) فراق کا ایک گیت، فراق۔

برہان bur-haan: (ع، مث) دلیل، قطعی دلیل، جس میں شک وشبہہ نہ ہو۔

برہم bar-ham: (ف، صف) پریشان، پراگندہ، ناراض، خفا۔ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت، مث: برہمی۔

برہم چاری bar-ham-chaa-ri(i): (س، مذ) ویدوں اور شاستروں کا عالم، پرہیزگار، تجرّد کا زمانہ۔

برہمن bar-ha-man: (ھ، مذ) وید جاننے والا، وید کا عالم، پنڈت، پجاری، ہندوؤں میں سب سے اونچی ذات، صف نسبتی برہمنی: مث برہمنی۔

برہمی bar-ha-mi(i): (ف، مث) پریشانی، ابتری، گڑبڑ، خرابی، ناراضگی، رنجیدگی۔

برہنہ / برہنہ ba-rha-na(h): (ف، صف) ننگا، عریاں، بغیر کپڑوں کے۔

برہی (روٹی) Bar-hi(i)/: (ھ، مث) وہ روٹی جس میں دال یا قیمہ بھر کر پکائیں۔

بری ba-ri(i): (ھ، مث) وہ زیور، کپڑے، میوہ، مٹھائی وغیرہ جو دولہا کی طرف سے شادی کے روز دلہن کے ہاں بھیجتے ہیں۔ (افعال: آنا، جانا) ایک سالن جو دال سے تیار کیا جاتا ہے۔ اصل میں بڑی ہے (بڑیاں)۔

بری bi-ri(i): (ع، صف) آزاد، مستثنیٰ، بے جرم، پاک، فارغ، سبکدوش، بے گناہ، بے عیب، بے قصور، (افعال: کرنا، ہونا)

بَری الذِّمہ bar-ri-yuz-zim-maa(h): (ع، صف) ذمہ داری سے مستثنیٰ بے قصور، غیر ذمہ دار۔

بُری ساعت bu-rii-saa-(?)at: (ار، مث) منحوس گھڑی۔

بُری صحبت bu-rii-soh-bat: (ار، مث) بدوضع یا خراب لوگوں کی مجلس

بری لگنا bu-rii-lag-na(a): (ار، محاورہ) ناگوار گزرنا۔

بُری نظر والا bu-rii na-zar-vaa-la(a): (ار، صف) بدنظر۔

بُرے bu-re: (ار، صف) دیکھئے 'برا' جس کی یہ جمع ہے۔

بُرے حال سے bu-re-haal-se: (ار، متعلق، فعل) خراب حالت میں، پھٹے حالوں۔

بُرے دل سے bu-re-dil-se: (ار، متعلق فعل) بے اعتنائی سے، بے پروائی سے، ناخوش / ناگواری سے، بدنیتی سے۔

بُرے وقت bu-re-vaqt: (ار، متعلق، فعل) بے موقع، بے محل، نامناسب وقت، مصیبت میں، مفلسی میں۔

بِریاں bir-yaaN: (ف، صف) بھنا ہوا، تلا ہوا۔

بِریانی bir-yaa-ni(i): (ف، مث) ایک قسم کا پلاؤ، جس میں گوشت بھون کر ڈالا جاتا ہے، زرد سفید دو رنگے چاول۔

بَریّت ba-riy-yat: (ع، مث) دیکھیے 'برأت' جو صحیح ہے۔

برید ba-riid: (ع، مذ) قاصد، پیغامبر، ایلچی، ہرکارہ، ڈاک، محکمہ ڈاک۔

بریدِ فلک ba-rii-de-falak: (ع، مذ) قمر و زحل، دو ستارے۔

بریشم ba-re-sham: (ف، مث) بریشم، ریشم۔

بریک bi-rek: (انگ، مذ) Brake گاڑی روکنے کا آلہ، لادا / رکھا جاتا ہے (افعال: لگانا، لگنا)

بریکٹ bi-rai-kiT: (انگ، مذ) Bracket، خطوط وحدانی دیوارگری، دیوار میں لگانے کی چھوٹی الماری، دیوار کی کہنی یا کھچ جو تصویریں رکھنے کے لیے دیوار میں بناتے ہیں۔

بریل ba-rel: (انگ، مذ) Braille اندھوں کے لیے نظام تحریر و طباعت جس میں حروف ابھرے ہوئے

ہوتے ہیں، تاکہ ہاتھوں سے مَس کر کے پڑھے جاسکیں۔
برہیں ba-riiN: (ف، صف) عالی بلند، برتر۔
بَرِیّہ ba-riy-ya(h): (ع، مذ) خلق، خلقِ خدا۔

ب۔ڑ

بَڑ baR: (ھ، مذ) ایک چوڑے پتوں والا، بڑے پھیلاؤ کا سایہ دار درخت جو پیپل سے مشابہ ہوتا ہے۔ ان شاخوں سے داڑھی کی شکل میں جڑیں پھوٹ کر زمین سے جالگتی ہیں اور تنا بن جاتی ہیں۔ برگد۔
بَڑ baR: (ھ، مث) بکواس، ہذیان، پاگلوں کا سا کلام۔ (افعال: لگنا، لگانا، مارنا، ہانکنا)
بَڑ baR: (ھ، صف) بڑا کا مخفف جو مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے، مثلاً بڑبولا۔
بَڑ بولا baR-bo-la(a): (ار، صف) شیخی مارنے والا، زیادہ بولنے والا۔
بَڑپّن / پنا ba-Rap-pan: (ار، مذ) بزرگی، بڑائی، عزت، شان و شوکت۔
بَڑا ba-Ra: (ھ، صف) بزرگ، کلاں، برتر، لمبا، اونچا، معزز، امیر، بہت، بھاری، بلند حوصلہ، عمر میں زیادہ (مذ) مونگ، ماش وغیرہ کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیا جسے دہی میں ڈال کر بھی کھاتے ہیں۔ بھلّا۔
بَڑا ابّا ba-Ra ab-ba(a): (ار، مذ) تایا، دادا، خسر۔
بَڑا بُوڑھا ba-Ra-buu-Rha(a): (ار، صف، مذ) معمر، بزرگ، باپ دادا، مربی، سرپرست، مث: بڑی بوڑھی۔
بَڑا بول ba-Raa-bol: (ار، مذ) شیخی، غرور، تکبر کی بات، ڈینگ۔
بَڑاپا ba-Raa-pa(a): (ار، صف، مذ) بزرگی، بڑائی۔
بَڑا دِن ba-Raa din: (ار، مذ) دسمبر کی پچیسویں تاریخ، جو حضرت عیسیٰ کی پیدائش کا دن ہے، مقدس دن، مبارک دن، Big-day کا ترجمہ، چونکہ اس تاریخ سے دن بڑھنا شروع ہو جاتا ہے اس لیے بھی بڑا دن کہا جاتا ہے۔
بَڑا صاحب ba-Raa saa-hab: (ار، مذ) حاکم اعلیٰ، بڑا افسر۔
بَڑا کھانا ba-Raa khaa-na(a): (ار، محاورہ) دھوم دھام کی ضیافت، اعلیٰ درجہ کی ضیافت۔
بَڑا گھر ba-Raa ghar: (ار، مذ) وسیع مکان، شریف اور معزز خاندان، امیر گھرانہ، قید خانہ۔
بَڑا گھرانا ba-Raa-gha-raa-na(a): (ار، مذ) اعلیٰ خاندان، معزز خاندان، امیر گھر۔
بَڑائی ba-Raa-i(i): (ار، مث) بزرگی، عظمت، درازیِ عمر، وسعت، جسامت، ضخامت، حجم، تعریف، توصیف، مدح، منصب، درجہ، مرتبہ، طوالت، لمبائی، اونچائی، عزت، آبرو، فضیلت، شیخی، لاف زنی، خودنمائی، گھمنڈ۔
بَڑائی مارنا ba-Raa-ii-maar-na(a): (ار، محاورہ) شیخی مارنا، خودستائی کرنا۔
بُڑبُڑانا buR-bu-Raa-na(a): (ار، محاورہ) چپکے چپکے باتیں کرنا، منہ میں بولنا، زیرلب کچھ کہنا، آہستہ آہستہ خود بخود باتیں کرنا، چپکے چپکے کسی کو برا کہنا، چپکے چپکے پڑھنا۔
بُڑ بڑاہٹ / بڑبڑاہٹ baR-ba-Raa-haT: (ار، مث) دیکھیے 'بڑبڑ'۔
بُڑبھس buR-bhas: (ھ، مث) بڑھاپے میں جوانی کی اُمنگ / مستی، باتیں، وہ بدخوئی اور بدچلنی جو بڑھاپے میں ہو جائے۔
بُڑاک bu-Raak: (ھ، مذ) دانت کی گرفت،

حیوانوں کا دانتوں/منہ سے کاٹنا، پانی میں ڈبکی، غوطہ۔
بُڑکی buR-ki(i): (ہ، مث) غوطہ، ڈبکی (انفعال: مارنا)
بڑنا baR-na: (ہ، مص) داخل ہونا، گھسنا، اندر جانا
بڑنگا ba-Ran-ga(a): (ہ، مذ) کڑی، شہتیر۔
بڑونی ba-Ro-ni(i): (ار، مث) بڑ کے درخت کا پھل۔
بڑھ baRh: (ار، فعل) بڑھنا مصدر سے صیغہ امر۔
بڑھ جانا baRh-jaa-na(a): (ار، محاورہ) آگے نکل جانا، سبقت لے جانا، آگے چلے جانا، دولت، عزت، مرتبہ میں ترقی ہونا، متجاوز ہونا، نکل جانا، طوالت ہو جانا، چراغ یا شمع کا گل ہو جانا۔
بڑھ چڑھ کے / کر ba-Rh-chaRh-ke: (ار، صف) بہتر، برتر، بالاتر، فائق، زیادہ۔
بڑھ کا ba-Rh-ka(a): (ار، صف) زیادہ قیمتی، عمدہ تر۔
بڑھ کر / کے ba-Rh-kar/ke: (ار، متعلق فعل) زیادہ، زیادہ تر۔
بڑھا ba-Rhaa: (ار، صف) زیادہ تر مرکبات میں مستعمل ہے، آگے آیا ہوا، بڑھا ہوا۔
بُڑھاپا / بوڑھاپن bu-Rhaa-pa(a): (ار، مذ) بوڑھاپن، پیرانہ سالی، کہن سالی، عمر زیادہ ہونے کا زمانہ۔
بڑھا چڑھا ba-Rhaa cha-Rha(a): (ار، صف) نامی گرامی، زیادہ اچھا، بالاتر۔
بڑھا لانا ba-Rhaa laa-na(a): (ار، مص) آگے کرنا، آگے لے جانا/لانا، زیادہ کرنا، بہت کرنا، دراز کرنا، لمبا کرنا، بلند کرنا، کھینچنا، پھیلانا، اونچا کرنا،
دراز کرنا، لمبا کرنا، بلند کرنا، کھینچنا، پھیلانا، اونچا کرنا،
تعریف میں مبالغہ کرنا، امیر کرنا، اُٹھانا، اُتارنا، چراغ بجھانا، پتنگ کو اونچا کرنا، دسترخوان سامنے سے اٹھانا۔

بڑھاؤ ba-Rhaa-o: (ہ، مذ) بیشی، زیادتی، افزونی، اضافہ، ترقی، عروج، درازی، لمبائی، پھیلاؤ، چڑھاؤ، طوفان، خوشامد، مبالغہ، بقایا، بچت۔
بڑھاوا ba-Rhaa-va(a): (ار، مذ) حوصلہ جرأت، لالچ، طمع، ترغیب، دم، فریب، دھوکا، جھانسا، خوشامد، مبالغہ۔
بڑھتی baRh-ti(i): (ار، صف) زائد، زیادہ، فاضل، فالتو، ترقی، زیادتی، برکت۔
بڑھل ba-Rhal: (ار، مذ) ایک چوڑے پتوں والا پھل دار درخت اور اس کا پھل۔
بڑھنا baRh-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'بڑھانا' جس کا لازم سے زیادہ ہونا، آگے نکلنا۔
بُڑھوا buRh-va(a): (ہ، مذ) بوڑھا، زیادہ عمر کا۔
بڑھوتری ba-Rhaut-ri(i): (ہ، مث) دیکھیے 'بڑھاؤ' ترقی، زیادتی، بہبود، منافع۔
بڑھئی ba-Rha-ii: (ار، مذ) ترکھان، نجار، مث: بڑھن، ایک پرندہ۔
بڑھیا baRh-yaa: (ار، صف) قیمتی، بیش قیمت، نہایت اعلیٰ، زرخیز، ایک پتھر۔
بُڑھیا buRy-yaa: (ہ، مث) بوڑھی عورت، زال، آک کے درخت کی روئی۔
بڑی ba-Ri(i): (ہ، مث) مصالحہ والا، پیٹھے کا ٹکڑا جو بطور سالن پکاتے ہیں، 'بڑا' کی تانیث۔
بڑی بہو ba-Rii-ba-hu(u): (ار، مث) بڑے بیٹے کی بیوی، بے وقوف، پھوہڑ عورت۔
بڑی ناک والا ba-Rii naak vaa-la(h): (ار، مث، مذ) بہت عزت والا، بہت وقار والا (ار، صف) دیکھیے 'بڑا'۔
بڑے صاحب ba-Re-saa-hab: (ار، مذ)

مالکِ خانہ، گھر کا بڑا بوڑھا، معمّر آدمی۔

بڑے میاں ba-Re-mi-yaaN: (ار، مذ) صاحبِ خانہ، بوڑھا آدمی، گھر کا سب سے بڑا مرد۔

ب۔ز

بُزدِل buz-dil: (ف، مذ) کم ہمت، ڈرپوک، بے حوصلہ، اسم کیفیت مث: بُزدلی۔

بزّاز baz-zaaz: (ع، مذ) کپڑا بیچنے والا۔

بزّازا baz-zaa-za(a): (ع، مذ) کپڑے کا بازار۔

بزّازی baz-zaa-zi(i): (ع، مث) کپڑا بیچنے کا پیشہ۔

بُزُرگ bu-zurg: (ف، صف) بڑا، معمّر، سن رسیدہ، معزز، شریف، صاحب شان و شوکت، باپ دادا، سنجیدہ، نیک پارسا، متقی، خدا رسیدہ۔

بزرگانہ bu-zur-gaa-na(a): (ف، صف) بزرگوں کی وضع کا۔

بزرگداشت bu-zur-gu-daasht: (ف، مث) خاطرداری، خدمت گزاری، مہمانداری، خبرگیری، نگہداشت، طرز اَمار پیٹ، (افعال: کرنا، ہونا)

بزرگ زادہ bu-zurg-zaa-dah: (ف، مذ) شریف زادہ، عالی خاندان، مث: (ار) بزرگ زادی۔

بزرگ سال bu-zurg-saal: (ف، مذ) معمّر، سن رسیدہ، بوڑھا۔

بزرگ مَنِش bu-zurg-ma-nish: (ف، صف) بزرگوں کی عادت اطریقے اطرز والا، شریف النفس۔

بزرگوار bu-zur-ga-vaar: (ف، صف) بڑا، بزرگ، اسم کیفیت مث: بزرگواری۔

بزرگی bu-zur-gi(i): (ف، مث) برتری، بڑائی، عزت و شان، شرافت۔

بزم bazm: (ف، مث) محفل، مجلس، جلسہ، خوشی کی محفل، رزم کی ضد۔

بزم آراء bazm-aa-ra(a): (ف، مذ) بزم نشین، صاحب مجلس، میر جلسہ، صدر جلسہ، اسم کیفیت: بزم آرائی۔

بزم افروز bazm-af-roz: (ف، صف) مجلس کو رونق دینے والا، اسم کیفیت مث: بزم افروزی

بزمِ سخن baz-me-su-Kan: (ف، مث) محفل، مشاعرہ، شاعروں کی مجلس۔

بزمِ طرب baz-me-ta-rab: (ف، مث) گانے بجانے کی مجلس۔

بزمِ عیش baz-me-(?)aish: (ف، مذ) عیش و نشاط کی مجلس، راگ رنگ کا جلسہ۔

بزم گاہ bazm-gaa(h): (ف، مث) مجلس کی جگہ، جلسہ گاہ۔

بزمِ ماتم baz-me-maa-tam: (ف، مث) غم کی مجلس۔

بزمِ نشاط baz-me-ni-shaat: (ف، مث) بزم عیش۔

بزن bi-zan: (ف، مذ) زدن سے صیغۂ امر، مار، قتل عام کا حکم، جنگی فوج کا ایک حصہ۔

ب۔س

بَس bas: (انگ، مث) Bus چار پہیوں کی بڑی موٹر گاڑی جو مسافروں کی نقل و حرکت کے کام آتی ہے، لاری۔

بَس bas: (ف، متعلق فعل) کافی، بہت، کثرت سے بہت یا نہایت زیادہ، موقوف، تمام، ختم، حاصل کلام، القصہ، خبردار، ٹھہرو، رُکو، دم لو، فقط، صرف، اب،

اس وقت یعنی سب، تمام، کُل اور نہیں، اب نہیں۔

بَس bas: (ہ، مذ) طاقت، قوت، حکم، اختیار، قابو، قدرت، مرضی، رسوخ، موقع، داؤں، چارہ، علاج۔

بِس bis: (ہ، مذ) زہر، سم، ہلاہل، مجازاً، کوئی کڑوی چیز، ناگوار چیز، فساد یا جھگڑا پیدا کرنے والی چیز، شرارت کی چیز، کینہ، حسد، عیب جوئی، نقص نکالنا۔

بَس کا bas-ka(a): (ار، صف) قابو کا، اختیار کا۔

بَس کرنا bas-kar-na(a): (ار، محاورہ) ختم کرنا، تمام کرنا، انکار کرنا، چپ رہنا، موقوف کرنا، جانے دینا۔

بَس میں آنا bas-meiN-aa-na(a): (ار، محاورہ) قابو میں آنا، اختیار میں آنا، قبضے میں آنا۔

بِس بونا bis-bo-na(a): (ار، محاورہ) بدی کی بنیاد رکھنا۔ بدی کا بیج بونا، فساد کی ابتدا کرنا۔

بِس کی پُڑیا / پوٹ bis-ki-puR-ya(a): (ار، صف) شریر، فسادی، جھگڑالو، مردم آزاد، کینہ ور، موذی، شرارت کی جڑ، فساد کا پانی۔

بِس کی گانٹھ / گرہ bis-ki-gaaNTho: (ار، صف) بس کی پڑیا / پوٹ، فسادی، شریر۔

بِس کھپرا / کھوپرا bis-khap-ra(a): (ہ، مذ) ایک پودا جس کو ادویات میں استعمال کرتے ہیں، ایک لمبی گرہ۔

بِس گھولنا bis-ghol-na(a): (ار، محاورہ) برائی پھیلانا، فتنہ و فساد کی باتیں کرنا، کسی کے خلاف بری باتیں کرنا۔

بِس ملانا bis-mi-las-na(a): (ار، محاورہ) نقصان کرنا، برا کرنا، بگاڑ دینا، کسی کے کھانے پینے میں زہر ملانا۔

بِس ہونا bis-ho-na(a): (ار، محاورہ) کڑوا ہونا، زہر ہونا۔

بسا ba-sa(a): (ف، صف) بہت، اکثر

بسا اَوقات ba-saa-au-qaat: (ف، متعلق فعل) بارہا، اکثر مرتبہ، بہت دفعہ، بار بار۔

بِسار دینا / بسارنا bi-saar de-na(a): (ہ، مص) بُھلا دینا، بھول جانا، فراموش کرنا، دل سے نکال دینا۔

بِساط bi-saat: (ع، مث) وہ چیز جو پھیلائی جائے، پھیلاوٹ، وسعت، بچھونا، وہ کپڑا جس پر شطرنج یا چوسر کھیلی جاتی ہے اور خانے بنے ہوتے ہیں۔ حوصلہ، حیثیت، سرمایہ ہستی، قدرت، طاقت، مال تجارت، پونجی۔ (افعال: اُلٹنا، اٹھانا، بچھانا، بچھنا، اُلٹنا، لپیٹنا)۔

بِساط خانہ bi-saat-Kaa-na(a): (عف، مذ) بساطیوں کا بازار، بساطی کی دکان۔

بِساطی bi-saa-ti(i): (ف، مذ) چھوٹی چھوٹی چیزیں بیچنے والا۔

بسالت ba-saa-lat: (ع، مث) دلیری، بہادری، شجاعت، حوصلہ۔

بسان ba-saan: (ف، صف) مثل، طرح، مانند، مشابہ۔

بُسان bu-saan: (ہ، مث) بسانده، بدبو۔

بَسانا ba-saa-na(a): (ار، مص) آباد کرنا، ٹھہرانا، معطر کرنا، خوشبو میں رچانا۔

بُسانڈ bu-saaNd: (ہ، مث) مچھلی یا کچے گوشت کی بدبو، سڑاند، عفونت، اصلی مادہ کا اثر، اصلی عیب، خاندانی نقص، کمینہ پن، گنوار پن۔

بُسانده bu-saan-da(a): (ہ، صف) بدبودار، بدمزہ، بدذائقہ، گندا، متعفن، اُبسا ہوا، کمینہ، گنوار، مث:

بساندی/بساہندی۔

بُستان سَرا bus-taan-sa-ra(a): (ع،مذ) بوستان کا معرب، پھولوں کا باغ، گلزار، گلستان چمن، صف نسبتی: بستانی۔

بِستر bis-tar: (ہ، مذ) لباس، کپڑا، پوشاک، سامان، اسباب۔

بستر اُٹھانا bis-tar-UThaa-na(a): (ار، محاورہ) سکونت ترک کرنا، بچھونا، اٹھانا۔

بستر کرنا bis-tar-kar-na(a): (ار، محاورہ) سکونت اختیار کرنا، قیام کرنا/ہونا، بچھونا، بچھانا، بچھنا۔

بسترا bas-ta-ra(a): (ہ، مذ) فقراء کی اصطلاح میں لباس، پوشاک، قیام، فقیروں کا مسکن۔

بستگی bast-gi(i): (ف، مث) (طب) قبض، بند ہونا، تفریح نہ ہونا، گھٹن (طبیعت وغیرہ کی)

بستم بستہ bas-tam bas-ta(h): (ف، ار، مث) روک ٹوک، بولنے کی ممانعت، زبان بندی۔

بستنی bas-ta-ni: (ف، مث) پنجرے، ستارے، یا ساز وغیرہ کی پوشش، وہ کپڑا جس میں کوئی چیز باندھ کر رکھیں۔

بستہ bas-ta(h): (ف، صف) بندھا ہوا، کتابوں یا کاغذوں کی گٹھری، جزدان، بقچہ، وہ کپڑا جس میں کاغذات باندھ دیتے ہیں۔ بند، افسردہ، رواں کی ضد، غیر متحرک۔

بستی bas-ti(i): (ہ، مث) آبادی، آباد جگہ، گاؤں، اُجاڑ کی ضد، رونق، چہل پہل۔

بسر ba-sar: (ف، مث) گزر، گزارہ (افعال: کرنا، ہونا)۔

بسر آنا ba-sar-aa-na(a): (ار، محاورہ) غالب آنا، کامیاب ہونا۔

بسر اوقات ba-sar au-qaat: (ار، مذ) گزارہ، گزر اوقات۔

بسر ba-sar: (س، مذ) بھول۔

بسرا bis-ra(a): (ہ، صف) بھولا ہوا۔

بسرام bis-raam: (ہ، مذ) آرام، چین، استراحت، قرار، آسودگی، سکھ (افعال: کرنا، لینا)

بسرانا bis-raa-na(a): (ہ، مص) بھلا دینا، غلط راستہ پر چلانا۔

بسراہٹ bis-raa-haT: (ہ، مث) بھول، فراموشی، نسیان، سہو۔

بسط bast: (ع، مذ) پھیلانا، پھیلاوٹ، انتشار، فراخی، کشادگی، وسعت، تفصیل، وضاحت، صراحت۔

بسکٹ bis-kuT: (انگ، مذ) Biscuit، انگریزی وضع کی میٹھی اور نمکین ٹکیاں جو خستہ ہوتی ہیں۔

بسکھپرا bis-khap-ra(a): (ہ، مذ) ایک گھاس جو دوا میں مستعمل ہے۔ مزاج گرم خشک اور قابض ہوتا ہے، ریاح پیدا کرتا اور مادہ کو خشک کرتا ہے۔

بسم اللہ bis-mil-laa(h): (ع، مث) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، کا لفظ اوّل۔ بمعنی شروع کرتا ہوں، اللہ کے نام سے، ہر کام کی ابتداء میں برکت حاصل کرنے کی غرض سے کیا جاتا ہے۔ امیروں اور رئیسوں کے اُٹھنے، بیٹھنے پر مصاحب کہتے ہیں۔ مکتب نشینی کی رسم، ابتدا، آغاز، خدا کا نام لینا۔ بہت بہتر، بہت مناسب، شروع کیجیے، کسی بڑے آدمی کے آنے کے وقت تعظیماً کہتے ہیں۔

بسمل bis-mil: (ع، صف) زخمی، گھائل، مذبوح، قربان کیا ہوا، مجازاً فریفتہ، شیدا، عاشق۔

بسنا bas-na(a): (ار، مص) رہنا، ٹھہرنا، سکونت اختیار کرنا، خوشبو وغیرہ سے معطر ہونا۔

بُسنا bus-na(a): (ہ،مص) دیکھیے 'اُبسنا'۔

بَسنت ba-sant: (ہ، مذ) موسم بہار جو پھاگن کے مہینے میں ہوتا ہے۔ اسی موسم میں ایک میلہ جو ماگھ شدی پنچمی کو ہوتا ہے۔

بَسنت پنچمی ba-sant-panchh-mi(i): (ہ، مث) ہندوؤں کا ایک میلہ جو ماگھ شدی کی پانچویں تاریخ کو ہوتا ہے۔

بَسنتی ba-san-ti(i): (ہ،صف،مث) زرد رنگ، زرد رنگ، زرد رنگ کا لباس، جو بسنت میں پہنتے ہیں۔

بِسوا/بِسوہ bis-va(a): (ہ،مذ) ایک بیگھے کا بیسواں حصہ۔

بِسوہ دار bis-vaah-daar: (ہ، مذ) وہ شخص جو گاؤں میں زرعی اراضی کا مالک ہو، خواہ اُس کی مقدار کتنی قلیل ہو، مالک اراضی، گاؤں میں حصہ دار۔

بِسورنا bi-sor-na(a): (ار،مص) رونے کی تیاری، چپکے چپکے رونا، رونے کے صورت بنانا۔

بَسولا ba-suu-la(a): (ہ،مذ) لکڑی چھیلنے کا اوزار، بڑھئی کا تیشہ۔

بَسولی ba-suu-li(i): (ہ،مث) اینٹیں تراشنے کا اوزار، جسے معمار استعمال کرتے ہیں۔

بِسیار bis-yaar: (ف،صف) زیادہ، بہت، کئی، بے انتہا۔

بِسیار خور bis-yaar-Kor: (ف،صف،مذ) بہت زیادہ کھانے والا، اسم کیفیت، مث: بسیار خوری

بِسیار گو bis-yaar-go: (ف،مذ) زیادہ بولنے والا، بکواسی، بکّی، پُرگو شاعر، اسم کیفیت مث: بسیار گوئی۔

بَسیرا ba-se-ra(a): (ہ،مذ) شام ہونے سے پیشتر کا وقت جب پرندے اپنے گھونسلوں کو جاتے ہیں۔ پرندوں کی شب باشی کا وقت، رات کو درختوں پر یا گھونسلوں میں پرندوں کا سونا۔ چند پرندوں کا ایک جگہ رہنا، ہندو جوگیوں اور سادھوؤں کی اصطلاح میں رات کو آرام کرنے کا ٹھکانا۔

بَسیط ba-siit: (ع،صف) وسیع، طویل، فراخ، پھیلا ہوا، بچھا ہوا، خالص، غیر مرکب، عروض کی ایک بحر کا نام۔

ب۔ش

بَشارت ba-shaa-rat: (ع،مث) مژدہ، خوشخبری، الہام غیبی، وہ بات جس کی خواب میں ہدایت کی جائے (عربی میں بکسر اول ہے)

بشارت دینا ba-shaa-rat de-na(a): (ار،محاورہ) خوشخبری دینا، خواب میں جتانا، القا ہونا۔

بَشّاش bash-shaash: (ع،صف) ہنس مکھ، خنداں رو، خوش و خرم۔

بَشّاشت bash-shaa-shat: (ع،مث) دیکھیے 'بشاش' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بِشپ bi-shap: (انگ،مذ) Bishop گرجے کا بڑا پادری۔

بَشَر ba-shar: (ع،مذ) آدمی، انسان، اولاد آدمؑ، صف نسبتی: بشری۔

بُشرٹ / بُوشرٹ bu-sharT: (انگ،مذ) Bush-shirt، کھلے گریبان کا اونچا قمیص۔

بُشرہ bush-ra(h): (ع،مذ) عربی میں بفتحہ دوم، چہرہ، بُشرہ، شکل، حلیہ، پیشانی۔

بَشریّت ba-sha-riy-yat: (ع،مث) بشر ہونا، انسانیت، آدمیت۔

بَشیر ba-shiir: (ع،صف) خوشخبری دینے والا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا صفاتی نام۔

ب ـ ص

بَصَارت ba-saa-rat: (ع، مث) نظر، بینائی، آنکھ کی روشنی، شناخت۔

بَصَر ba-sar: (ع، مث) آنکھ، چشم، مجازاً بینائی، نظر

بصیر ba-siir: (ع، صف، مث) دیکھنے والا، بینا، ہوشیار، واقف کار، ماہر، خدا کا ایک نام

بصیرت ba-sii-rat: (ع، مث) بینائی، عقل مندی، دانائی، ہوشیاری۔

ب ـ ط

بَط bat: (ع، مث) ایک آبی پرندہ، بطخ۔

بَط / بادہ / شراب / صہبا bat / baa-da(h) / sha-raab / sah-baa: (ع، مث) شراب کی صراحی جو بط کی ہم شکل بنی ہوتی ہے۔

بَطّال bat-taal: (ع، صف، امبالغہ) بڑا مکار، ناچیز، نکما، بیہودہ، کھوٹا، دغاباز۔

بطالت ba-taa-lat: (ع، مث) بیوقوفی، جھوٹ، دغا، نکما پن۔

بطانہ ba-taa-na(h): (ع، مذ) ٹوپی یا کپڑا جو پگڑی کے نیچے باندھا جائے، رازِ نہانی۔

بَطحا bat-ha: (ع، مذ) مکّہ معظمہ، وادی مکّہ، ایسی زمین جو دریا کی گزرگاہ ہو، پتھریلی زمین۔

بطخ ba-taK: (ف، مث) پالتو بطخ۔

بطخا bat-Ka(a): (ا، مث) بطخ کا نر، نر بطخ۔

بطریق bat-riiq: (ع، مذ) عیسائیوں، یہودیوں، آتش پرستوں کا پیشوا، مغرور، متکبر آدمی، دس ہزار سپاہیوں کا کمانڈر۔

بَطَک ba-tak: (ف، ع، مث) بط کی تصغیر، چھوٹی بط، شراب کی چھوٹی صراحی۔

بَطَل ba-tal: (ع، بہا) بہادر، نامور، ہیرو، غازی۔

بَطَل پَرَست ba-tal-pa-rast: (عف، صف فاعلی) قوی ناموروں یا بہادروں کو پوجنے / پسند کرنے والا، اسم کیفیت مث: بطل پرستی۔

بَطَل ba-tl: (ع، مذ) جھوٹ، دغا، فریب۔

بُطلان but-laan: (ع، مذ) تردید، ضائع ہونا، باطل ہونا، بےاثر کر دینا۔

بَطن batn: (ع، مذ) پیٹ، شکم، ہر چیز کا اندرونی حصہ، ظاہر کی ضد، اندر۔

بطنی bat-ni(i): (ع، صف) بطن سے منسوب، پوشیدہ، پیٹ کا، رحم سے۔

بطون ba-tuun: (ع، مذ) بطن کی جمع، اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے، راز، بھید، دل کا حال، ارادہ۔

بَطی bat-ti: (ع، صف) سست رفتار، آہستہ رو، دیر کرنے والا۔

ب ـ ظ

بَظر bazr: (ع، مذ) عورت کی شرم گاہ کا اُبھرا ہوا ٹکڑا، مقامِ حس ولذت۔

ب ـ ع

بعث ba(?)s: (ع، مذ) روزِ قیامت، مُردوں کو زندہ کرنا، مجازاً قیامت۔

بعث ونشر ba(?)-so-nashr: (ع، مذ) زندہ کرنا اور پریشان کرنا، مجازاً قیامت کے دن مردوں کو زندہ کر کے میدانِ قیامت میں جانا،

بعثت bi-(?)ast: (ع، مث) پیغمبر کا بھیجا جانا، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بھیجا جانا، پیغمبری، رسالت،

رسالت کا زمانہ۔

بعد ba(?)d: (ع، متعلق فعل) پیچھے، آخر میں۔

بعد ازاں ba(?)d a-zaaN: (ع، متعلق فعل) اس کے پیچھے۔

بُعد bu(?)d: (ع، مذ) فاصلہ، مشرق سے مغرب تک کا فاصلہ، انتہائی فاصلہ۔

بعدہ ba-(?)a-dah: (ع، مذ) اس کے بعد۔

بعض ba(?)z: (ع، صف) چند، کچھ، متعدد، فرق، خاص، کوئی۔

بعض اوقات ba(?)z-au-qaat: (ع، متعلق، فعل) کسی وقت، کبھی کبھار۔

بعید ba-(?)iid: (ع، صف) دور، فاصلے پر، دور دراز، پرے، الگ، جدا، علیحدہ، خلاف، اجنبی، بیگانہ۔

بعید الفہم ba-(?)ii-dul fa-ham: (ع، صف) دیکھیے 'بعید العقل'۔

بعید القیاس ba-(?)ii-dul-qa-yaas: (ع، صف) وہ بات جسے انسان سوچ نہ سکے۔

ب۔غ

بغار / بگھارہ bi-Gaar: (ف، مذ) کپڑے یا دیوار کا بڑا چھید، رخنہ، دراز، دراڑ، شگاف، چاک، گڑھا، زخم، گھاؤ، ریش (افعال: پڑنا، ڈالنا)

بغاوت ba-Gaa-vat: (ع، مث) سرکشی، نافرمانی، غدر، بلوہ، روگردانی، مخالفت، بدامنی، لوٹ (افعال: کرنا، ہونا)

بغبغا buG-ba-Ga(a): (ع، مذ) جو گوشت انسان کی ٹھوڑی کے نیچے موٹا ہونے کی وجہ سے لٹکے، وہ گوشت جو بیل یا دوسرے جانوروں کی ٹھوڑی کے نیچے لٹکے۔

بغدا buG-da(a): (ف، مذ) قصابوں کا چوڑا اور لمبائی میں چھوٹا، قیمہ کرنے کا چھرا، چاپر، چاپڑ۔

بغدی baG-di(i): (ع، مذ) ایک قسم کا اعلٰے درجے کا اونٹ (بغداد سے منسوب)

بغض buGz: (ع، مذ) دشمنی، عداوت، کینہ، حسد (افعال: رکھنا، رہنا، نکالنا، کرنا، ہونا)

بغضِ للّٰہی buG-ze-li-llaa-hi(i): (ع، مذ) خدا واسطے کی دشمنی، بلا وجہ کی دشمنی، وہ دشمنی جو ذاتی نفسانیت سے نہ ہو بلکہ حق کی طرفداری اور خدا کے حکم کے مطابق ہو۔

بغل ba-Gal: (ف، مث) شانے مونڈھے کے نیچے کا حصہ، پہلو، بازو، وہ کپڑا جو کرتے، انگرکھے وغیرہ میں شانے کے نیچے لگایا جائے، علیحدہ کنارے، ایک طرف پہلو میں، نزدیک۔

بغل بجانا ba-Gal ba-jaa-na(a): (ار، محاورہ) خوشی منانا، مضحکہ اُڑانا۔

بغل بچہ ba-Gal bach-cha(h): (ار، مذ) پٹھا، شاگرد۔

بغل پروردہ ba-Gal par-var-da(h): (ف، صف) گودیوں میں پلا ہوا، ناز و نعمت میں پلا ہوا، لاڈلا۔

بغل جانا ba-Gal jaa-na(a): (ار، محاورہ) راستے سے ہٹ کر چلنا، ہٹ جانا، ایک طرف ہو جانا۔

بغل گرم کرنا ba-Gal ga-ram kar-na(a): (ار، محاورہ) پہلو میں لینا / ہونا، پہلو میں لیٹنا، ساتھ ہونا۔

بغل گند ba-Gal gand: (ار، مث) بغل میں سے آنے والی بُو۔

بغل گیر ba-Gal-giir: (ف، صف) ہم آغوش، معانقہ کرنے والا، گلے ملنے والا، اسم کیفیت مث: بغل گیری۔

بغلول baG-luul: (ھ، مذ) بیوقوف، سادہ، احمق، بدھو، چھچھورا، بیہودہ۔
بغلی (baG-li(i: (ار، صف) پہلو کا، ایک طرف کا، مث: مگدر ہلانے کا ایک طریقہ، کشتی کے ایک داؤ کا نام، قبر کی ایک وضع۔
بغلی چور baG-li-chor: (ار، مذ) خفیہ مخالف، وہ دشمن جو ہر وقت ساتھ رہے۔
بغلی دینا (baG-li de-na(a: (ار، محاورہ) دیوار توڑ کر گھر میں گھس جانا۔
بغلی گور / قبر baG-lii-gor: (ار، مث) ایک قسم کی قبر جس میں مردہ رکھنے کی جگہ قبر کے ایک طرف ہوتی ہے۔
بغلیں baG-laiN: (ار، مث) بغل کی جمع، آستین کے نیچے کا کپڑا۔
بغلیں بجانا baG-laiN ba-jaa-naa: (ار، محاورہ) بازوؤں کو حرکت دے کر آواز پیدا کرنا، خوشی کرنا، خوش ہونا۔
بغلیں جھانکنا (baG-laiN jhaaNk-na(a: (ار، محاورہ) شرمندہ ہونا، نادم ہونا، بھاگنے کی راہ تلاش کرنا، لاجواب ہونا، پناہ ڈھونڈھنا۔
بغی (ba-Gi(i: (ع، صف) باغی، بغاوت۔
بغیا (baG-ya(a: (ار، مث) باغ کی تصغیر۔

ب۔ف

بفا (ba-fa(a: (ف، مث) وہ سفید چھلکے جو انسان کے سر سے جھڑتے ہیں، سر کی خشکی، سکری۔

ب۔ق

بقا ba-qaa: (ع، مث) باقی رہنا، (زندہ رہنا، زندگی وجود، قیام، ہمیشہ کی زندگی، حیاتِ جاوداں۔
بقائے باہم ba-qaa-e-baa-ham: (عف، مث) دوسروں کے ساتھ زندہ رہنا، انگریزی لفظ کا ترجمہ
بقائے دوام ba-qaa-e-da-vaam: (ع، مث) ہمیشہ کی زندگی یا شہرت، حیاتِ جاودانی۔
بقال baq-qaal: (ع، مذ) اصلی معنی سبزی فروش، غلہ بیچنے والا، بنیا، پرچون فروش، مث: ار بقالنی۔
بقایا (ba-qaa-ya(a: (ع، مذ) بچا کھچا، باقی بچا ہوا، رقم فاضلہ، بچت، خرچ سے جو کچھ بچ رہے۔
بقچہ (buq-chi(i: (ف، مذ) دیکھیے 'بغچہ'
بقر / بقرہ ba-qar: (ع، مذ) گائے، بیل، قرآن شریف کی دوسری صورت کا نام جو سب سے بڑی ہے۔ یہاں صحیح لفظ 'بقرہ' ہے۔
بقرا عید / بقر عید baq-raa-iid: (عف، مذ) مسلمانوں کا وہ تہوار جو حج کے ایک دن بعد یعنی ذوالحج کی دسویں تاریخ کو ہوتا ہے۔ مسلمان اس دن قربانی کرتے ہیں جو حضرت ابراہیم کے اپنے بیٹے حضرت اسماعیل کو خدا کے حکم سے اس کی راہ میں قربان کرنے پر تیار ہو جانے کی یادگار میں ہے۔
بقعۂ نور buq-(?)a-e-nuur: (ع، مذ) منور مکان، مکان جس میں بہت روشنی ہو۔
بقل / بقلہ baql/baq-la: (ع، مث) ترکاری، سبزی، ساگ، جمع: بقولات۔
بقیہ (ba-qi-ya(a: (ع، صف) باقی بچا ہوا، بچا کھچا، بچا بچایا۔

ب۔ک

بک bak: (ھ، مث) بکواس، بے ہودہ گوئی، جھک،

یاوہ گوئی، (ف) سردار، بیگ۔
بک بک bak-bak: (ہ، مث) بہت باتیں، بہت بکواس یاوہ گوئی (افعال: کرنا، لگانا، مچانا)
بک اسٹال buk-is-Taal: (انگ مذ) Book-stall، کتابوں کی عارضی دکان جو میلوں ٹھیلوں یا کسی خاص جگہ لگائی جائے۔
بک پوسٹ buk-posT: (انگ، مذ) Book Post، ڈاک کے ذریعہ مطبوعہ مضمون کے اوراق اس طرح بھیجنا کہ لفافہ کا ایک سرا کھلا رہے۔
بک کرانا buk-ka-ra-na: (ار، محاورہ) سامان ریلوے کے ذریعہ دوسری جگہ بھیجنے کے لیے ریلوے کے متعلقہ اہل کار کو دے کر رسید حاصل کرنا، فرمائش درج کرانا، کمرہ وغیرہ مخصوص کرانا۔
بکا ba-ka(a): (ع، مث) گریہ وزاری، فریاد۔
بکارت ba-kaa-rat: (ع، مث) دوشیزگی، کنوار پن۔
بکاولی ba-kaa-au-li(i): (ار، مث) کھانا پکانے کا سامان، طشتری، ایک پری کا نام۔
بکتر bak-tar: (ف، مذ) زرہ، چار آئینہ، لوہے کی بنی ہوئی جالی کا جامہ یا پوشاک جو فوجی سپاہی میدان جنگ میں لڑائی کے وقت پہنتے تھے۔
بکتر پوش bak-tar posh: (ف، مذ) زرہ پہنے والا، زرہ پہنے ہوئے۔
بکتری bak-ta-ri(i): (ف، صف) زرہ پہنے والا، زرہ پہنے ہوئے۔
بکٹ bi-kaT: (ہ، صف) بڑا، کلاں، خوفناک، خطرناک، سخت، مشکل، کٹھن، بدشکل، بدصورت، کریہہ۔
بکٹ پہاڑا bi-kaT-pa-haa-Ra: (ہ، مذ) کسروں کا پہاڑا جیسے سوایا، ڈیوڑھا، ڈھایا، اونٹا، ڈھونچا، پونچا۔
بکٹا bu-kaT-Ta(a): (ہ، مذ) وہ مقدار جو ایک چنگل/مٹھی میں آجائے۔ (افعال: بھرنا، مارنا)
بکر bi-kar: (ع، مث) کنواری لڑکی، کنوارا لڑکا، غیر مستعمل چیز، کام میں نہ آئی ہوئی چیز، نئی چیز۔
بکر قصاب/قصائی bakar-qa-saab: (ار، مذ) وہ قصاب جو صرف بھیڑ بکری کا گوشت بیچتا ہو۔
بکرم bak-ram: (انگ، مذ) Buckrum وہ کپڑا جو آستینوں، کالروں وغیرہ میں دیا جاتا ہے تاکہ کپڑا تنا رہا۔
بکری bak-ri(i): (ار، مث) بزمادہ، (صف) غریب، مسکین، بے آزار۔
بکری bik-ri(i): (ار، مث) فروختگی، فروخت، وہ روپیہ یا قیمت جو کسی چیز کو بیچنے سے حاصل ہو۔
بکرے کی اولاد bak-re-kii-au-laad: (ار، صف) حرامی، ولدالزنا، بدمست
بکس baks: (انگ، مذ) (Box) صندوق، ڈبیا، ڈبا، پیٹی۔
بکسا bak-sa(a): (ہ، صف) کسیلا، کڑوا، اسم کیفیت مث: بکساہٹ۔
بکسا bik-sa(a): (ہ، مص) پھٹنا، پھیلنا، کھلنا، شگفتہ ہونا، پھولنا، پھول آنا، خوش ہونا، خرم ہونا، ہنسنا، مسکرانا، مرجھانا، خشک ہونا، گل جانا/سڑنا۔
بکسوا bak-su-a(a): (ہ، مذ) بانکا (بمعنی ٹیڑھا) سوا کا مخفف، ایک کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے باندھنے یا اٹکانے کے لیے ایک حلقہ سا لگا ہوتا ہے۔
بکل/بکلا bak-kal: (ہ، مذ) درخت کی چھال، چھلکا، پوست۔

بُکّل buk-kal: (ہ، مث) عورتوں کا دوپٹے کو اس طرح اوڑھنا کہ بازو، چھاتی، پیٹ، پیٹھ، سر اور منہ چھپ جائے، (بعض عورتیں منہ کھلا رکھتی ہیں) دوپٹے کی لپیٹ، (افعال: مارنا)

بکّلس bak-kals: (انگ، مذ) وہ لوہے کا چھوٹا سا آلہ جس میں کسی چیز کو اٹکانے کے لیے ایک کانٹا سا لگا ہوتا ہے جیسے واسکٹوں، پتلونوں، پیٹیوں، گھوڑے کے ساز اور زینوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ چٹی۔

بکنا bik-na: (ار، مص) فروخت ہونا، مطیع ہونا، تابع ہونا، غلامی میں آنا۔

بُکنی buk-ni(i): (ہ، مث) برادہ، سفوف، باریک پسی ہوئی چیز، ایک قسم کا ہاضم سفوف، بوسیدہ، ایک دوا جس کے کھانے سے کبوتر تیز ہو جاتے ہیں۔

بکواس bak-vaas: (ہ، مذ) بک بک، بیہودہ بات۔

بکواسی bak-vaa-si(i): (ہ، مذ) بیہودہ گفتگو کرنے والا، بہت زیادہ باتونی، فضول باتیں کرنے والا مث: بکواسن۔

بکوانا bik-vaa-na(a): (ار، مص) فروخت کروانا، سودا کروانا، مول تول کروانا۔

بکھان ba-khaan: (س، مذ) فضیحت برا، گالی، لعنت، ملامت۔

بکھاننا ba-khaan-na(a): (ار، مص) برائی بیان کرنا، برا بھلا کہنا، سخت سست کہنا، وعظ کرنا، پوشیدہ حال کھولنا۔

بکھرنا bi-khar-na(a): (ار، مص) پھیلنا، منتشر ہونا، پراگندہ ہونا، غصے ہونا، ناراض ہونا، بپھرنا، پریشان ہونا، بے حال ہونا، غشی کی حالت طاری ہونا، بویا جانا، خراب ہو جانا، ضائع ہو جانا، حالت خراب ہونا۔

بکھیر ba-kher: (ہ، مث) بکھیرنا مصدر سے صیغۂ امر، منتشر، پراگندہ، پریشان، وہ چیز جو بکھیری جائے، روپے پیسے جو دولہا کے سر سے نچھاور کیے جائیں۔

بکھیڑا ba-khe-Ra(a): (ہ، مذ) جھگڑا، تکرار، حجت، قضیہ، غباڑا، غل، شور وغوغا، فساد، دنگا، لڑائی، مار کٹائی، ہنگامہ، الجھاؤ، پیچ، جنجال، کھڑاک، دقت، مشکل، دشواری، تکلیف، کشٹ، بپتا، اندیشہ، تردد، ڈر، خوف، انتشار، کشش و پیچ، گھبراہٹ، پریشانی، روگ، حرج، اٹکاؤ، سدِ راہ، مزاحمت، مال اسباب، سامان، چیز، بست، مال و متاع، ساز و سامان، بوریا بدھنا، اکڑ کھنگڑ، ناانصافی، اختلاف، طریقہ، ڈھنگ، چالاکی، حکمت، عیاری، چھل، حیلہ، فریب، دنیاوی تعلقات، دنیاوی جھگڑے یا معاملہ (افعال: پڑنا، ڈالنا، چکانا، کرنا، لانا، چھانا، نکالنا، ہونا)

بکّی bak-ki(i): (ہ، صف) زیادہ بولنے والا، بکواس کرنے والا۔

بگاڑ bi-gaaR: (ہ، مذ) خرابی، بربادی، رنجش، لڑائی، تکرار، نقص، ضرر، عیب، بیماری، مرض، خلل، روگ، برائی، کھوٹ، ابتری، فتور، طبوہ، عذر، سرکشی، بغاوت، ناانصافی، ناموافقت، اختلاف (افعال: آنا، بیٹھنا، پڑنا، کرنا، کرانا)

بگاڑنا bi-gaaR-na(a): (ار، مص) خراب کرنا، رنجش پیدا کرنا، نقصان پہنچانا، بہکانا۔

بگدھری big-dha-ri(i): (ار، مث) گھوڑے کا اُچھلنا کودنا، (افعال: کرنا) شہسواری۔

بگڑا big-Ra(a): (ار، صف) بگڑا ہوا، خراب، ناکارہ، نکما، بدوضع، بدچلن، آزردہ، ناراض، برگشتہ، مث: بگڑی۔

بگڑا ہوا big-Ra-hu-a(a): (ار، صف) بدوضع،

آزردہ، ناراض، مث: بگڑی ہوئی۔

بگڑ جانا/ بگڑنا bi-gaR jaa-na(a): (ار، محاورہ) خراب ہونا، باغی ہونا، خفا ہونا، بپھر بیٹھنا، مٹنا، ٹوٹ پھوٹ جانا۔

بگڑے امیر / رئیس big-Re a-miir: (ار، مذ) وہ امیر یا رئیس جو اپنی فضول خرچیوں کی وجہ سے تباہ ہو گئے ہوں۔

بگڑے دل big-Re dil: بے ڈھب آدمی، غصے میں بھرا رہنے والا، بے باک، آزاد، نڈر (بگل، انگ، مذ) قرنا، نفیری، تری، سور، نرسنگی، ترم، منہ سے بجانے کا ایک باجا جسے فوج یا فوج وغیرہ میں مختلف پیغامات واشاعت کے لیے بجایا جاتا ہے۔

بگلا bag-la(a): (ہ، مذ) ایک قسم کا آبی پرندہ جس کا رنگ سفید اور اکثر پانی کے قریب مچھلیاں اور دوسرے آبی کیڑے کھاتا ہے، بوتیمار، ماہی خور، سفید۔

بگلا بھگت bag-laa bha-gat: (ہ، صف) وہ شخص جو ظاہر میں نیک اور باطن میں برا ہو، بدطینت، بدباطن، منافق، مکار۔

بگلوس bag-luus: (ار، مص) کمر میں باندھنے کی پیٹی۔

بگلے کا پر bag-le-kaa-par: (ار، صف) بہت سفید، اُجلا، چٹا، گورا۔

بگولا ba-gau-la(a): (ہ، مذ) چکر کھائی ہوئی ہوا، گردباد، بونڈلا، دیوباد، (افعال: دینا، ڈالنا، لگانا)

بگھار ba-ghaar: (ہ، مذ) گھی یا تیل جس میں پیاز وغیرہ ڈال کر مختلف سالنوں اور کھانوں میں داغ دیا جاتا ہے (افعال: دینا، ڈالنا، لگانا)

بگھیرا / بگھیرا ba-ghe-ra(a): (ہ، مذ) چیتا۔

بگھی bag-ghi(i): (انگ، مث Bogey) کا بگاڑ چار پہیوں کی گھوڑا گاڑی۔

بگھیلا / بھگیلا bha-ge-la(a)/ba-ghal: (ہ، مذ) شیر کا بچہ، راجپوتوں کی ایک ذات۔

بل bil: (انگ، مذ) قبل الوصولی، حساب کی فرد، ہنڈی، چیک (افعال: بنانا، دینا، جاری کرنا وغیرہ) مسودۂ قانون جو منظوری کے لیے پیش کیا جائے (افعال: پاس ہونا، پاس کرنا)

بل bil: (ہ، مذ) غار، بھٹ، سوراخ، خصوصاً وہ سوراخ جس میں چوہے رہتے ہوں۔

بل تاڑ bal-taaR: (ہ، مذ) وہ نرتاڑ جس میں پھل کی بجائے بالیں نکلتی ہیں۔

بل bal: (س، ہ، مذ) زور، طاقت، پیچ وتاب، مروڑ، ٹیڑھ، سمت، فرق، دوری، غرور، قربانی، نذر، بغض، رنجش، ایک راجا کا نام جسے سری کرشن جی نے پاتال میں بھیج دیا تھا، افعال: پڑنا، ہونا، آنا، کرنا، کھانا، چڑھانا۔

بل آنا bal-aa-na(a): (ار، محاورہ) ٹیڑھا ہونا، شکن پڑنا، پیچ پڑنا، فرق آنا، خلل پڑنا، اینٹھ جانا۔

بل بل جانا bal-bal-jaa-na(a): (ار، محاورہ) صدقے ہونا، قربان ہونا۔

بل بوتا bal-buu-ta(a): (ہ، مذ) طاقت، قوت، سہارا، آسرا۔

بل دار bal-daar: (ہ، ف، صف) پیچیدہ، مروڑا ہوا، بٹا ہوا۔

بل دان bal-daan: (ہ، مذ) ہندو فقیروں کا نفس کشی کا ایک طریقہ جس میں اپنے آپ کو کسی بت پر بھینٹ چڑھا کر خودکشی کر لیتے ہیں، نذر، چڑھاوا، قربانی، خدا کے نام کی قربانی۔

بل دینا bal-dai-na(a): (ار، محاورہ) بٹنا، خم دینا، مروڑنا، لپیٹنا، اینٹھنا۔

بل ڈالنا bal-Daal-na(a): (ار، محاورہ) شکن ڈالنا، پیچ ڈالنا۔

بل کھانا bal-khaa-na(a): (ار، محاورہ) پیچ و تاب کھانا، غصے میں آنا، ٹیڑھا ہونا، ترچھا ہونا، جھکنا، بگڑ بیٹھنا، زورد کھانا۔

بلا ba-la: (ھ، مذ) شہتیر، کڑی، ڈنڈا، کشتی کا قلابہ، لکڑی کا ایک آلہ، جس سے گیند کھیلتے ہیں۔ جیسے کرکٹ اور ٹینس وغیرہ۔

بلا bil-la(a): (ھ، مذ) بلی کا نر، گربہ نر۔

بلا ba-la(a): (ع، مث) مصیبت، غضب، چڑیل، چست و چالاک، صف: خوفناک، بہت، نہایت

بلا ba-la(a): (ع، مث) مصیبت، غضب، چڑیل، چست و چالاک، صف: خوفناک، بہت، نہایت

بلا ٹالنا / ٹلنا ba-la Tal-na(a): (ار، محاورہ) مصیبت سے پیچھا چھڑا لینا / چھوٹنا۔

بلا جانے ba-laajaa-na: (ار، محاورہ) بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں، یعنی میری بیزار سے۔

بلا سے ba-la-se: (ار، متعلق، فعل) جوتی سے، بیزار سے، کچھ پروا نہیں۔

بلا کا ba-laa-ka(a): (ار، صف) غضب کا، آفت کا، انتہا کا، بہت تیز، بہت چالاک، مث: بلا کی

بلا کش ba-laa-kash: (ار، صف) مصیبت اٹھانے کا، آفت جھیلنے والا، مجازاً عاشق۔

بلا نوش ba-laa nosh: (ع، صف) بہت کچھ کھانے والا، بہت زیادہ شراب پینے والا، اسم کیفیت مث: بلا نوشی۔

بلا bi-la(a): (عف، حرف نفی) بجز، بغیر، سوا، بے، بدوں، بنا، بن (اس حرف کا عربی میں کوئی وجود نہیں ہے اس لیے محتاط لوگ اسے استعمال نہیں کرتے)۔

بلا تحاشا bi-laa ta-haa-sha(a): (عف، صف) بے خوف، بے تکلف، (صحیح بے تحاشا)

بلا کم وکاست bi-la-ka-mo-kast: (ف، صف) بغیر کمی کے، پورا پورا۔

بلا میعاد bi-laa mi-(?)aad: (عف، صف) بغیر وقت مقرر کیے۔

بلا ناغہ bi-laa naa-Ga(h): (عف، صف) سلسلہ وار، ہر روز، متواتر۔

بلا واسطہ bi-laa vaas-ta(h): (عف، صف) براہ راست، سیدھا، بغیر ذریعہ کے بغیر سفارش کے، ناحق، بغیر کسی غرض سے، رونا پیٹنا۔

بلاد bi-laad: (ع، مذ) بلدہ کی جمع، شہر، قصبے، ممالک، صوبے۔

بلادت ba-laa-dat: (ع، مذ) کند ذہنی، بیوقوفی۔

بلاغت ba-laa-Gat: (ع، مث) خوش گفتاری، شیریں کلامی، کم سے کم الفاظ میں زیادہ سے زیادہ مطلب بیان کرنا۔ اردو شاعری کی تنقید کی ایک اصطلاح۔

بلاق bu-laaq: (ت، مذ) ناک کی درمیانی ہڈی، ایک زیور جو ناک میں پہنا جاتا ہے۔

بلاک bi-laak: (انگ، مذ) Block، عمارت کا حصہ، سلسلہ عمارت، سانچے کا کالبد، عکس چھاپنے کا قالب یا سانچا، Block، دو یا زیادہ گروہوں کا اتحاد، رکاوٹ، روک۔

بلانا bu-laa-na(a): (ار، مص) پکارنا، آواز دینا، طلب کرنا، بولنا متعدی۔

بلاؤ bi-laao: (ھ، مث) بلا، گربہ نر۔

بلاوا bu-laa-va(a): (ھ، مذ) دعوت، طلبی (افعال: پھرنا، دینا)

بلاؤز bi-laa-uz: (انگ، مذ) Blouse، چھوٹی

کرتی جو عورتیں ساڑھی کے نیچے پہنتی ہیں۔

بلب balb: (انگ، مذ) Bulb قمقمہ، برقی قمقمہ۔

بُلبُل bul-bul: (ع، مث) ایک خوش آواز، چھوٹا سا خاکستری رنگ کا پرندہ جو ایران میں پایا جاتا ہے۔ ہندو پاک میں (ایک سرخی مائل بھورے رنگ کے پرندے کو جس کی دُم کے نیچے سرخ داغ ہوتا ہے بلبل کہتے ہیں اگر چہ اس کا صحیح نام گُل دُم ہے)

بلبل چشم bul-bul chashm: (ف، مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کی بناوٹ چارخانہ، کھیس کی سی ہوتی ہے اور اس میں بلبل کی آنکھوں سے مشابہ نشان بنے ہوتے ہیں، مجازاً خوبصورت آنکھوں والا۔

بلبل ہزار داستان bul-bul ha-zaar daas-taaN: (ف، صف) خوش بیان، شیریں کلام، دلکش کرنے والا۔

بلبلہ bul-bu-la(a): (ہ، مذ) پانی کا بلبلا، پانی میں ہوا بھرنے یا کسی چیز کے سڑ کر اُبلنے سے جو گول سی شکل بنتی ہے، حباب، مجازاً ناپائیدار۔

بلبلانا bal-ba-laa-na(a): (بفتح اول وسوم) اونٹ کا مست ہو کر بولنا، چلانا، مستی پر آنا، غصہ میں لال پیلا ہونا، خفا ہونا، جھنجھلانا، غرانا، جوش مارنا، پھدپھدانا، کھدربدر ہونا۔

بلبلانا bil-bi-laa-na(a): (بکسر اول وسوم) ار، مص بے تاب ہونا، تڑپنا، بے قراری سے رونا، چلانا، بچہ کا زار زار رونا، بھوک سے بے تاب ہونا، منت و زاری کرنا، گڑگڑانا، چوٹ یا درد سے بلکنا، خواہش مند ہونا، مشتاق ہونا۔

بلٹی bil-Ti(I): (ار، مث) (انگریزی Billet سے ماخوذ) مال کی رسید جو ریل یا جہاز کے دفتر میں کہیں بھجوانے کے لیے مال جمع کرانے پر ملتی ہے، منزل مقصود تک مال پہنچنے کے بعد یہ رسید دکھا کر مال وصول کیا جاتا ہے۔ اشیاء کی فہرست، حساب کی فرد۔

بلدیہ bal-diy-ya(a): (ع، مذ) عوام کے انتخاب کردہ ارکان پر مشتمل وہ ادارہ یا مجلس جو شہر کی صفائی، روشنی وغیرہ کا انتظام کرتا ہے۔ انگریزی لفظ Municipality کا ترجمہ، جمع: بلدیات، صف نسبتی: بلدیاتی۔

بلڈاگ bul-Daag: (انگ، مذ) Bull-Dog، بڑے سر والا، خوفناک کتا۔

بلسنا bi-las-na(a): (ہ، مذ) زندگی کا لطف اٹھانا، آرام پانا، برتنا، استعمال میں لانا۔

بلغم bal-Gam: (ع، مذ) انسانی جسم کی چار خلطوں میں سے ایک، کف، کھنکار، تھوک۔

بلغمی bal-Ga-mi(I): (ع، صف) مرطوب، بادی، بدہضمی مزاج والا، موٹا، کاہل، سُست، موٹی سمجھ والا، بلغم سے منسوب۔

بلکانا bil-kaa-na(a): (ار، مص) بچوں کو رُلانا، چڑکانا، بے چین کرنا۔

بلکنا bi-lak-na(a): (ار، مص) بے تاب ہونا، بے چین ہونا، رونا، چیخنا، چلانا۔

بلکہ bal-ke(h): (عف، صف) پھر بھی، سوا، علاوہ، اس سے بھی بڑھ کر۔

بلم / بلما ba-lam: (ہ، مذ) عاشق، پیارا، خاوند، محبوب

بلم bal-lam: (ہ، مذ) برچھا، نیزہ، بھالا، عصا، نشان جسے اسیروں اور حاکموں کے آگے لے کر چلتے ہیں۔

بلنا bal-na(a): (ہ، مص) بٹنا، بل دینا، گوندھنا، بٹنا، آگ سے جلنا، سلگنا۔

بلند ba-land: (ف، صف) اونچا، رفیع، بالا، لمبا، دراز، عالی، برتر، بڑا، زور کا، بھاری، پرشور، بلند

(افعال: کرنا، ہونا)

بلند آواز ba-land-aa-vaaz: (ف، صف) اونچی آواز والا، اسم کیفیت مث: بلند آوازی۔

بلند آہنگ ba-land aa-hang: (ف، صف) دیکھیے 'بلند آواز' اسم کیفیت مث: بلند آہنگی۔

بلند اختر ba-land aK-tar: (ف، صف) خوش قسمت، خوش نصیب، اسم کیفیت مث: بلند اختری، اقبالی، بختی۔

بلند بالا ba-land-baa-la(a): (ف، صف) اونچے قد کا، دراز قد۔

بلند بیں ba-land biin: (ف، صف) باہمت، حوصلہ مند، بلند عزائم، اسم کیفیت مث: بلند بینی۔

بلند پایہ ba-land paa-yah: (ف، صف) عالی مرتبہ، عالی مقام، اسم کیفیت مث: بلند پایگی۔

بلند پرواز ba-land par-vaaz: (ف، صف) اونچا اُڑنے والا، بلند خیال، عالی دماغ، اسم کیفیت، مث: بلند پروازی۔

بلند تر ba-land tar: (ف، صف) دیکھیے 'بلند' جس کی یہ تفصیل بعض ہے۔

بلند حوصلہ ba-land-haus-la(h): (ف، صف) عالی ہمت، بلند ہمت، سخی، فیاض، جری، بہادر، دلیر، نڈر، اسم کیفیت مث: بلند حوصلگی۔

بلند قامت ba-land qaa-mat: (فع، صف) دراز قد، اونچا، اسم کیفیت مث: بلند قامتی۔

بلند مرتبہ ba-land mar-ta-ba(h): (فع، صف) اعلیٰ مرتبہ، بلند پایہ۔

بلند نظر ba-land na-zar: (فع، صف) عالی حوصلہ، عالی ہمت، خیال، اسم کیفیت مث: بلند نظری/ نگاہی۔

بلند و پست ba-lan-do-past: (ف، صف) اونچا نیچا، بڑا چھوٹا، نشیب و فراز۔

بلند ہمت ba-land him-mat: (فع، صف) دیکھیے 'بلند حوصلہ' اسم کیفیت مث: بلند ہمتی۔

بلندی ba-lan-di(i): (ف، مث) دیکھیے 'بلند' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بلند پیما ba-lan-d pai-ma(a): (ف، مذ) دیکھیے 'ارتفاع پیما'۔

بلندی و پستی ba-lan-di va pas-ti(i): (ف، مث) نشیب و فراز، زمین و آسمان۔

بلوا bal-va(a): (ع، مذ) غدر، سرتابی، سرکشی، غل، شور، فتنہ، فساد، کھلبلی، ہل چل، بدنظمی، بھیڑ، مجمع، ہجوم، انبوہ، قانون۔ بہت سے آدمیوں کا فساد کرنے پر آمادہ ہونا، فساد کے قصد و نیت سے مجمع میں شریک ہونا، (افعال کرنا، ہونا)

بلوائی bal-vaa-ii: (ع، ار، صف) بلوا کرنے والے، فسادی۔

بلوان bal-vaan: (ہ، صف) زور آور، طاقتور، شجاع، دلیر، بہادر۔

بلوانا bul-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'بلانا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

بلوچ ba-loch: (ف، ز) ایک قوم، بلوچستان کے رہنے والے جو پاکستان میں ہے۔

بلوچی ba-lo-chi(i): (ف، مث) بلوچوں کی زبان، (صف) بلوچ سے منسوب۔

بلّور / بلور / بلّور bal-laur: (ف، مذ) چمکیلا جوہر مانند شیشہ، جسے عام لوگ کچا ہیرا کہتے ہیں۔ ادویات میں بھی مستعمل ہے۔

بلّوری bil-lau-ri(i): (ف، صف) بلور کی طرح چمکدار، شفاف، بلور کا بنا ہوا۔

بلوط ba-luut: (ع، مذ) ایک درخت جس کی لکڑی عمارتوں اور دوسری خانگی چیزوں میں کام آتی ہے۔ ادویات میں بھی اس کے تمام اجزا مستعمل ہیں۔ سیتا برچھ، چھلیا کا درخت۔

بلوغ bu-luuG: (ع، مذ) حد کو پہنچنا، بالغ ہونا، جوانی، شباب۔

بلوغت ba-luu-Gat: (ع، مث) دیکھیے 'بلوغ'۔

بلونا bi-lau-na(a): (ھ، مص) بیٹھنا، گھنگھولنا، دہی وغیرہ کو حرکت دینا، نیل کے پانی کو حرکت دینا۔

بلونی bi-lau-ni(i): (ھ، مث) وہ برتن جس میں دودھ دہی بلوتے یا ہلاتے ہیں۔

بلونت bal-vant: (ھ، صف) بہادر، شجاع، طاقتور، زورآور۔

بلہار / بلہاری ba-li-haar: (ھ، مث) صدقہ، قربان، واری، نثار (افعال: جانا، ہونا)

بلی ba-li(i): (س، صف) طاقتور، قوی، بلوان۔

بلی bal-li(i): (ھ، مث) لمبا بانس، ناؤ چلانے والی لمبی لکڑی یا بانس۔ چھت میں سہارا دینے والی لکڑی۔ تھمی، سال یا دیودار کے درخت کی لمبی شاخ۔

بلی bil-li(i): (ھ، مث) ایک پالتو جانور جو شیر سے مشابہ ہوتا ہے، جنگلی بھی ہوتا ہے اور پالتو بھی، گربہ۔ ایک لکڑی جو کواڑوں کو بند رکھنے کے لیے لگائی جاتی ہے۔

بلائی لوشن ba-laa-ii lo-Tan: (ھ، مذ) ایک خوشبو دار گھاس جس پر بلی عاشق ہے اور اکثر وہاں خوشی میں لوٹتی ہے۔ سنبل الطیب، بالچھڑ۔

بلیات ba-lay-yaat: (ع، مث) بلیہ کی جمع، بلائیں، مصائب الابلا، خبیث، بھوت، پریت۔

بلائیں لینا ba-laa-eN le-na(a): (ار، محاورہ) بلائیں لینا، دوسرے کی بلا اپنے سر لینا، واری صدقے جانا۔

بلیٹن bu-li-Tin: (انگ، مذ) خبرنامہ، Bulletin، سرکاری، اطلاع۔

بلیچنگ پوڈر ba-lii-ching pau-Dar: (انگ، مذ) Bleaching Powder، رنگ اور بیل بوٹے مٹانے والا سفوف، صاف کرنے کا کیمیائی مرکب۔

بلیڈ bi-leD: (انگ، مذ) Blade، چاقو اُسترے وغیرہ کا پھل، وہ تیز دھار والی پتی جسے سیفٹی میں رکھ کر داڑھی مونڈتے ہیں۔

بلیزر bi-le-zar: (انگ، مذ) ایک قسم کا گرم کپڑا جس سے کوٹ بناتے ہیں اور اکثر کالج کے طالب علموں کی وردی میں شامل ہے۔

بلیغ ba-liiG: (ع، صف) خوش بیان، موقع محل کے مطابق گفتگو کرنے والا، صاحب بلاغت اعلیٰ درجے کی زبان بولنے والا، رسا، کامل، مکمل، پورا، اعلیٰ درجے کا کلام، بالغ، جوان، نہایت اچھا

بلیغ ba-liiG: (ع، صف) خوش بیان، موقع محل کے مطابق گفتگو کرنے والا، صاحب بلاغت اعلیٰ درجے کی زبان بولنے والا، رسا، کامل، مکمل، پورا، اعلیٰ درجے کا کلام، بالغ، جوان، نہایت اچھا۔

بلیک مارکیٹ bi-laik-maar-keT: (انگ، مذ) black-market، چور بازاری، مقررہ قیمت سے زیادہ قیمت پر چوری مال بیچنا۔

بلیک میل کرنا bi-laik-mel kar-na(a): (ار، مص، جعلی) افشائے راز کی دھمکی دے کر رشوت وصول کرنا۔

ب-م

بم bam: (ف، ھ، مث) راگ یا باجے کی اونچی

آواز، آواز کا چڑھاؤ، زیر کی ضد، دایاں طبل، بھاری آواز والا۔

بَم bam: (انگ، مذ) Bomb کا مخفف، آتش گیر مادے کا بنایا ہوا گولہ جو گرنے سے پھٹ جاتا ہے اور پھٹنے سے تباہ کن ثابت ہوتا ہے۔

بَم bam: (ہ، مذ) گاڑی کے آگے لگانے والی لمبی لکڑی جس میں گھوڑا جوتتے ہیں۔ چشمہ، پانی کا سوت، غل، بچّو کو پکارنے کی آواز، نقارہ، دھونسا۔

بم پولس bam-po-lis: (ار، مذ) شکوی، عام پاخانہ کی جگہ، وہ پاخانے جو عوام کے لیے بنائے گئے ہوں۔

بمبا bam-ba(a): (پر، مذ) چشمہ، نالا، پانی کی نالی، نل، کسی اونچی جگہ پانی پہنچانے کا عمل۔

بمبار bam-baar: (انگ، ف، صف) بم برسانے والا، بم گرانے والا، اسم کیفیت، مث: بمباری۔

بمبو bam-bu(u): (انگ، مذ) بانس، نے، بید، ناؤ اور بجرے کی لکڑی (بلی) چپّو چلانے کی نے، Bamboo۔

بمپر bam-par: (انگ، مذ) Bumper، ٹکر، روک، جو کار میں انجن کے آگے لگا ہوتا ہے۔ سائیکلوں وغیرہ کے آگے بھی لگاتے ہیں۔

ب۔ن

بَن ban: (ہ، مذ) جنگل، بیابان، صحرا، رَکھ، درختوں کا جھنڈ۔

بَن باس ban-baas: (ہ، مذ) دیس نکالا، جلاوطنی، جنگل میں رہنا سہنا، جنگل کی سکونت۔

بن باسی ban-baa-si(i): (ہ، صف) جنگلی، جنگل میں رہنے والا، تیاگی، سنیاسی۔

بن بلاؤ ban-bi-laao: (ہ، مذ) جنگلی بلا یا بلّی۔

بن مانس ban-maa-nas: (ہ، مذ) جنگلی آدمی، وحشی آدمی، ایک قسم کا بڑے قد کا بندر۔

بَن آنا ban-aa-na(a): (ار، محاورہ) دوست ہونا، مطلب یا مراد حاصل ہونا، کارگر ہونا، سودمند ہونا، کام درست ہونا، قسمت کھلنا۔ بس چلنا، تدبیر کارگر ہونا۔

بن بیٹھنا ban-baiTh-na(a): (ار، محاورہ) ازخود کوئی وضع اختیار کر لینا۔

بَن پڑنا ban-paR-na(a): (ار، محاورہ) موقع ملنا، ہاتھ آنا، معاملہ روبراہ ہونا، مراد حاصل ہونا، سمجھ میں آنا، ہوسکنا۔

بن ٹھن کر ban-Than-kar: (ار، متعلق فعل) سج سجا کر، بناؤ سنگار کر کے۔

بن جانا ban-jaa-na(a): (ار، محاورہ) مصیبت پڑنا، رنج یا بلا میں پھنسنا، اثر آنا، ذائقہ دار ہونا، مزہ دار بن جانا، خوشنما ہو جانا، بہتر ہو جانا، نشان پڑ جانا، وضع اختیار کرنا، خراب ہوا، کام درست ہو جانا۔

بن سنور کر ban-saN-var-kar: (ار، متعلق، فعل) دیکھیے 'بن ٹھن کر'

بِن bin. (ہ، حرف استثنا) بغیر، بجز، بدوں۔

بِن بیاہا bin-bi-yaa-ha(a): (ار، صف، مذ) وہ مرد جس کی شادی نہ ہوئی ہو، کنوارا، مث: بن بیاہی

بِن bin: (ع، مذ) بن کا مخفف، بیٹے اور باپ کے درمیان استعمال ہوتا ہے۔

بُن bun: (ع، مذ) قہوہ، بھوننے اور پیسے جانے سے پہلے۔

بُن bun: (ف، مذ) جڑ، بنیاد، انتہا، نچلا حصہ، سرا، نوک

بُنِ گوش bu-ne-gosh: (بہ اضافت) (ف، مث) کان کی لو کے نیچے کا حصہ۔

بُنِ مو bu-ne muu: (بہ اضافت) (ف، مث) بال کی جڑ۔

بنّا ban-na: (ار، مذ) نوشاہ، دولہا ۔مؤنث: بنی۔

بنا bi-na(a): (بہ کسر اول) (ھ، حرف استثنا) بغیر، سوا، بجز۔

بنا bi-na(a): (بہ کسر اول) (ع ،مث) بنیاد، جڑ، اصل، سبب، باعث، ابتدا، آغاز (افعال: پڑنا، ڈالنا)

بنائے مُخاصمت :bi-naae-mu-Kaas-mat (ار، صف، مفعولی) تیار، ٹھیک، درست، باقاعدہ۔

بنا بنایا ba-naa-ba-naa-ya(a): (ار، صف) لباس اور زیور سے آراستہ، بانکا، چھیل چھبیلا۔

بنا ٹھنا ba-naa Tha-na(a): (ار، صف) لباس اور زیور سے آراستہ، بانکا، چھیل چھبیلا۔

بنالینا ba-naa lai-na(a): (ار، محاورہ) تیار کر لینا، انتظار کر لینا، نقصان پہنچانا، حاصل کرنا، پیدا کرنا

بنات ba-naat: (بفتح اول) (ھ، مث) دیکھیے 'بانات' جس کا یہ مخفف ہے۔

بنات ba-naat: (بفتح اول) (ع ،مث) بنت، بیٹی، دختر، جمع

بنات النعش :ba-naa-tun-na(?)sh (ع ،مث) وہ سات ستارے جو قطب ستارے کے گرد پھرتے ہیں، چار ستارے چوکھٹے کی شکل کے اور تین ستارے چوکھٹے کے پیچھے ہوتے ہیں، اسی چوکھٹے کو پلنگ یا جنازہ اور پیچھے کے تین ستاروں کو جنازہ کے پیچھے چلنے والی لڑکیاں فرض کر لیا گیا ہے۔ اس لیے یہ نام پڑا۔

بنارس ba-naa-ras: (ھ، مذ) ہندوستان کا ایک شہر جو مندروں کے لیے مشہور ہے۔

بنارسی ٹھگ ba-naar-sii Thag: (ھ، مذ) بنارس کا ٹھگ، عیار، مکار، بڑا بدمعاش جو بظاہر شریف نظر آئے۔

بنارسی کپڑا ba-naar-sii kap-Ra(a): (ھ، مذ) بنارس کا بنا ہوا کپڑا، وہ ریشمی کپڑا جس پر سنہری اور روپہلی تاروں سے کام بنا ہوتا ہے۔

بناسپتی ba-naas-pa-ti(i): (ھ، مث، صف) جنگل کی پتیاں، ساگ پات، گھاس، جنگلی پھل، ایک قسم کا زردی مائل سبز رنگ، ایک قسم کا زردی مائل سبز ہیرا، مصنوعی، بناوٹی۔

بناگوش bu-naa gosh: (ف، مث) (میر کے زمانہ میں مذکر تھا، مگر اب بالاتفاق مونث ہے) کان کی لَو اور کچیا۔

بُنالا bu-naa-la(a): (ھ، مذ) گوٹا کناری وغیرہ کا بانا۔

بنانا ba-naa-na(a): (ار، مص) تیار کرنا، آراستہ کرنا، تعمیر کرنا، ہنسی اڑانا، اصلاح کرنا، ایجاد کرنا، پکانا۔

بناوٹ ba-naa-vaT: (بفتح اول) (ھ، مث) وضع، شکل، ساخت، تصنع، تکلف، نمائش، ظاہرداری، سخن سازی، جھوٹ، دروغ، کاری گری، صنعت، دست کاری۔

بناوٹ ba-naa-vaT: (ھ، مث) بننے کی وضع، بننے کا کام، بنائی۔

بناوٹی ba-naa-va-Ti(i): (ھ، صف) مصنوعی، نقلی، نمائشی، دکھاوے کا، ظاہری۔

بناؤ ba-naa-au: (ار، مذ) بگاڑ کی ضد، دوستی، میل جول، آراستگی، زیبائش، بناوٹ۔

بناؤ ٹھناؤ ba-naa-au Tha-naa-au: (ار، مذ) سنگار، آرائش۔

بناؤ سنگار/ سنوار :ba-naa-au sin-gaar (ار، مذ) آرائش، زیبائش

بنت ba-nat: (بفتح اول و دوم) (ار، مث) کپڑے کی توئی جس پر گوکھرو وغیرہ ٹکے ہوں۔ کپڑے کی لمبی چٹ پر سنہری روپہلی تاروں کا کام۔

بنت bint: (ع، مث) بیٹی، لڑکی۔

بنت البحر bin-tu-bahr: (ع، مث) (لفظی معنی سمندر کی بیٹی) ایک افسانوی مخلوق جس کا اوپر کا دھڑ، عورت کا اور نچلا دھڑ مچھلی کا ہے، جل پری۔

بنت العنب bin-tul-a(?)-nab: (ع، مث) لفظی معنی انگور کی بیٹی، انگوری شراب۔

بنٹا ban-Ta(a): (ہ، مذ) پیتل کا گھڑا جس میں پانی پیا جاتا ہے، کانچ کی بڑی گولی۔

بنجارا ban-jaa-ra(h): (ہ، صف، مذ) غلّہ کی سوداگری کرنے والا، ایک ہندو قوم جو غلّہ کی تجارت کرتی ہے۔ سوداگر، بیوپاری، ایک پہاڑی قوم جو ہر دوار سے گورکھپور تک (دامن کوہ تک) پائی جاتی ہے۔ ایک خانہ بدوش گروہ جو کہیں مستقل سکونت نہیں رکھتا۔
مث: بنجارن، بنجاری۔

بن جانا ban-jaa-na(a): (ار، محاورہ) اثر ہونا، مجبور ہونا، رنج یا بلا میں مبتلا ہونا، خوشنما ہو جانا، بہتر ہو جانا، بارونق ہو جانا، نشان پڑ جانا، وضع اختیار کرنا۔

بنجر ban-jar: (ہ، مث) غیر مزروعہ زمین، ناقابل کاشت زمین، افتادہ زمین، وہ زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہوا۔

بنجر توڑنا ban-jar toR-na(a): (ار، محاورہ) افتادہ زمین کی کاشت کرنا، غیر مزروعہ زمین کو قابل کاشت بنانا۔

بنچ banch: (انگ، مث) لمبا تختہ جس کے پائے لگے ہوتے ہیں، حکام عدالت (Bench)۔

بند band: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر بستن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ اور باندھنے، لگانے والا، مقرر کرنے والا، کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً نعل بند، نخل بند۔

بند band: (ف، مذ) کسی مسلسل نظم کا وہ حصہ، جس میں کسی خیال یا واقعہ کا کوئی ایک پہلو بیان کیا گیا ہو، جس کے آخری شعر کا قافیہ دوسرے اشعار سے مختلف ہو۔ ایسے ہر بند تین سے لے کر دس مصرعوں تک نظم کی نوعیت کے ہو سکتے ہیں۔ مثلاً مثلث کا بند، مسدس کا بند وغیرہ۔ ہڈی کا جوڑ، زنجیر یا رسّی، جس سے پاگلوں کے ہاتھ پاؤں باندھتے ہیں۔ لوہے کا پتر جو صندوق، کشتی، کواڑ کے تختوں پر مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں۔ بند شمشیر، وہ روک جو پانی کو آگے بڑھنے سے روکنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔ سپہ گری یا کشتی کا داؤ، گرہ، گانٹھ، عقدہ، کمر بند، بند قبا، بندش، کپڑے کی دھجی، پٹی، ڈورا، سلا ہوا فیتا، انگیا کے ڈورے جن سے پشت کی طرف انگیا کسی جاتی ہے، پشتہ، وہ دیوار جو تالابوں، ندی نالوں اور دریاؤں کا پانی روکنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔ جوڑ، بدن کا جوڑ، عضو، قید، حبس، حوالات، فہرست، فرد، زنجیر کا حلقہ، چوڑیوں کے بند، کاغذ کی دھجی، پرزہ، ٹکڑا، ورق، تاؤ، جادو، سحر، صف، رکا ہوا، بندھا ہوا، موقوف، مسدود، مقفل، بھڑا ہوا، کنڈی لگی ہوئی، خاموش، چپ، عاجز، گھرا ہوا، تنگ، چابک سواروں کی اصطلاح میں، سکڑا ہوا، (جادو کے زور سے) بے اثر۔

بند باندھنا band-baaNdh-na(a): (ار، مص) گرہ لگانا، پشتہ باندھنا، مینڈھ بنانا، نیز بازو اور کشتی لڑنے والوں کا حریف کے ساتھ داؤں پیچ کرنا۔ انتظام کرنا، تدبیر کرنا، جادو یا منتر سے بے اثر، ترک کرنا، قید کرنا، جادو یا منتر سے بے اثر کرنا۔

بند گوبھی band go-bhi(i): (ار، مث) ایک قسم کی گوبھی جس میں پھول کی بجائے پتوں کی تہیں ہوتی ہیں۔

بند لگانا band la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) سانپ کاٹے کی جگہ کو باندھنا/باندھی جانا، تاکہ زہر اثر نہ کرے۔

بندوبست ban-do-bast: (ف، مذ) انتظام، ترتیب، ضابطہ، سلیقہ، تجویز، تدبیر، زمین کی حد بندی اور اور مال گزاری کا انتظام۔

بند ہونا band-hau-na(a): (ار، محاورہ) رُک جانا، ملتوی ہونا، موقوف ہونا، مسدود ہونا، بھر جانا، تمام ہونا، ختم ہونا، پورا ہونا، مقفل ہونا، زِچ ہونا، چلنے کے واسطے گھر نہ ہونا، کند ہونا، تعطیل ہونا، برخاست ہونا، موقوف ہونا، قائل ہونا، خاموش ہونا، ہار جانا، قید ہو جانا۔

بند band: (انگ، مذ) انگریزی، ایک قسم کی چھوٹی، ڈبل روٹی، کلچا۔

بندی bin-di(i): (ہ، مث) نقطہ، صفر، بوند، قطرہ، نشان، ایک گول چیز جو ہندو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں۔

بُندہ bun-da(h): (ہ، مذ) عورتوں کے کان کا زیور، آویزہ، گوشوارہ۔

بندال bin-daal: (ہ، مذ) ایک قسم کی تلخ ذائقہ گھاس، جس سے چھینکیں بہت آتی ہیں۔

بندر ban-dar: (ہ، مذ) ایک مشہور جانور جس کی شکل انسان سے ملتی جلتی ہے، درختوں پر بسیرا کرتا ہے اور نباتات پر گزارہ کرتا ہے۔

بندر بانٹ ban-dar baaNT: (ار، مث) ایسی تقسیم جس میں تقسیم کرنے والے کا فائدہ ہو، اور جن کی چیز ہو ان کو خسارہ ہو، ثالث کا خود ہی مال کو ہضم کر جانا۔

بندر بھبکی ban-dar bhap-ki(i): (ار، مث) نمائشی دھمکی۔

بندر ban-dar: (ف، مذ) دریا کی گزرگاہ، وہ شہر یا تجارت کی منڈی جو سمندر کے کنارے ہو۔

بندرگاہ ban-dar gaa(h): (ف، مذ) سمندر کے کنارے جہازوں کے ٹھہرنے کا مقام۔

بندریا ban-dar-ya(a): (ہ، مث) بندر کی مادہ۔

بندش ban-dish: (ف، مث) بندھن، گرہ، الفاظ کی ترکیب، عبارت کی ترکیب، لفظوں کا ربط، سازش، تدبیر پیش بندی، روک ٹوک، الزام، تہمت، بہتان، خیالی، تمہید، ساخت، گھڑت، تکلف، بناوٹ۔

بندگان band-gaan: (ف، مذ) بندہ کی جمع، غلام عبد، نوکر۔

بندگانِ عالی band-gaa-ne(?)aa-li(i): (ع، مذ) تعظیماً حضور کی جگہ بولتے ہیں۔

بندگی ban-da-gi(i): (ف، مث) سلام تسلیم، رخصتی سلام، خدا حافظ، اجتناب، پرہیز، غلامی، عبادت، عجز، انکسار، ملازمت، خدمت، شکریہ، طنزاً مرحبا۔

بندگی بیچارگی ban-da-gi(i) be-chaar-gi(i): (ار، مقولہ) ملازمت میں فرمانبرداری ہے، اور آزادی بالکل نہیں ہے۔

بنڈوڑی baN-do-Ri(i): (ہ، مث) باندی، لونڈی

بندوق banduuq: (ع، مث) ایک مشہور آتشی ہتھیار، تفنگ (افعال، چلانا، چلنا، چھوڑنا، چھپانا، چھوٹنا، سر کرنا/ہونا، داغنا)۔

بندوقچی ban-duuq-chi(i): (ع، مث، مذ) بندوق رکھنے والا سپاہی۔

بندہ ban-da(h): (ف، مذ) غلام، نوکر، مطیع، فرمانبردار، تابع، عاجز، خاکسار، نیازمند، بشر، انسان۔

بندہ پرور ban-da(h) par-var: (ف،صف) غلاموں کو پالنے والا، فیاض، سخی، اسم کیفیت مث: بندہ پروری۔

بندۂ خدا ban-da-e-Ku-da(a):(ف،مذ) لطف کلام کے لیے کہتے ہیں، لفظی معنی خدا کا غلام۔

بندۂ درگاہ ban-da-e-dar-gaah: (ف،مذ) شاہی دربار کا غلام، نیاز مند، خاکسار۔

بندۂ زر ban-da-e-zar: (ف، مذ) لالچی، حریص، دولت کا غلام، خدا کی مرضی کے خلاف انسان کی کوئی تدبیر نہیں چلتی۔

بندہ نواز ban-da(h) na-vaaz:(ف،صف) مالک، مختار، حاکم، غلاموں کی پرورش کرنے والا، اسم کیفیت مث: بندہ نوازی۔

بندھا baN-dha(a):(ار،صف) جکڑا ہوا، کسا ہوا، مقرر کیا ہوا۔

بندھا پانی baN-dhaa paa-ni(i): (ار، مذ) کھڑا پانی، غیر جاری پانی۔

بندھک ban-dhak:(ھ،مذ) رہن، گروی۔

بندھن ban-dhan: (ھ، مذ) بندھ، بندش، پٹی، چھپر کی بندش، وہ رسّی یا فیتا جس سے کوئی چیز بندھی ہو، روک، رکاوٹ، لگاؤ، لاگ۔

بندھنا bandh-na(a):(ار،مص) گرہ لگنا، پھنسنا، مبتلا ہونا، مقرر ہونا، دستور ہونا، شعر کا مضمون اور قافیہ درست بیٹھنا۔قید ہونا، پکڑا جانا۔

بندھنا bindh-na(a): (ار، مص) سوراخ ہونا، چھدنا، پرویا جانا۔

بندھوانا baNdh-vaa-na(a):(ار،مص) قید کرانا، گرفتار کرانا، باندھنے کا حکم دینا (باندھنا کا متعدی)

بندھی ban-dhi(i):(ھ،صف،مث) معمولی، مقررہ

بندھی آواز baN-dhi(i) aa-vaaz: (ھ،مث) وہ آواز جو گانے والے کے قابو میں ہو اور اس پر قائم رہے۔

بندھی ٹکی بات baN-dhi(i) Ta-ki(i) baat: (ھ،مث) دستور، قاعدہ، مقررہ بات، عادت۔

بندھی مٹھی baN-dhi(i) muT-Thi(i): (ھ،صف) بے خوف، چپ چاپ، بے کھٹکے، خفیہ، پوشیدہ، راز، چھپی ہوئی بات، اتحاد، ایکا، یک مشت، اکٹھا مال اور اسباب جمع ہونا، قیدی۔

بندی ban-di(i):(ار،مث) لونڈی، کنیز۔

بندی خانہ ban-di(i)Kaa-na(h):(ف،مذ) قید خانہ، زندان۔

بُندیا buNd-ya(a): (ار،مث) ایک قسم کی مٹھائی جو گول گول پانی کے قطرے کی شکل کی ہوتی ہے۔ بوندی۔

بنڈا ban-Da(a): (ھ، مذ) ایک قسم کی ترکاری، بے دم کا۔

بِنڈا bin-Da(a): (ھ، مذ) لکڑیوں کا گٹھا، لکڑیوں کا بوجھ، یا گھاس پھوس کا بوجھ۔

بنڈل ban-Dal: (انگ، مذ) Bundle، گٹھڑی، پلندہ، پیکٹ۔

بنڈی ban-Di(i): (ھ،مث) بے آستینوں کا ایک چھوٹا سا کوٹ، ایک قسم کی صدری۔

بنڈیلا ban-De-la(a):(ھ،مذ) جنگلی سؤر۔

بنس واڑی bans-vaa-Ri(i): (ھ،مث) وہ جگہ جہاں کثرت سے بانس ہوں، بانسوں کے قریب قریب اُگے ہوئے درخت۔

بنسی ban-si(i):(ھ،مث) مچھلی، پکڑنے کی ڈور اور کانٹا، بانسری، مُرلی، ایک قسم کا گیہوں۔

بنسری ban-su-ri(i): (ہ، مث) دیکھیے 'بانسری'۔

بنفشہ ba-naf-sha(h): (مذ، مث) ایک مشہور بوٹی، جو کئی دواؤں میں کام آتی ہے، سہل اور ملین، صف نسبتی: بنفشی۔

بینک baink: (انگ، مذ) Bank وہ دکان یا کمپنی جو روپیہ کا لین دین کرتی ہے۔ اور جہاں لوگ روپیہ امانت رکھتے ہیں۔

بینک بیلنس baink-bai-lains: (انگ، مذ) Bank-Balance، بنک میں بقایا رقم، بنک میں جمع شدہ سرمایہ۔

بنکارنا ban-kaar-na(a): (ہ، مص) پوشیدہ بات کا اعلان کرنا، شور و غل کرنا، شیخی بگھارنا، ڈینگ مارنا، کسی بھوت پریت کا سر پر آکر بولنا۔

بنکڑی bank-Ri(i): (ہ، مص) ایک قسم کی بلوں والی چوڑی۔

بنکیا bank-ya: (ہ، مث) ایک قسم کی ٹیڑھی چھری، جس سے قلم تراشتے ہیں۔

بنکیت ban-ki-yat: (ہ، صف) بانک کے فن کا ماہر، مسلح لڑائی پر تیار، بانکا۔

بنگ (بھانگ) baNg/bhaang: (ف، مث) ایک نشیلی بوٹی، بھنگ، بنگال۔

بنگال / بنگالہ ban-gaal: (ہ، مذ) ہندوستان کا مشہور صوبہ جس کا مشرقی حصہ پاکستان میں شامل تھا اور مغربی ہندوستان میں ہے۔

بنگاہ bun-gaa(h): (ف، مث) دکان، جگہ، اسباب رکھنے کی جگہ، فوج کی پشت، فوجی ساز و سامان۔

بنگلہ / بنگلا bang-la(a): (ہ، مذ) بنگال کا پان، بنگالی پان، انگیوں پر تنا لگا ہوا چھ پان کا تکا۔

بننا ban-na(a): (ار، مص) تیار ہونا، آراستہ ہونا، تعمیر ہونا، ایجاد ہونا، دولت مند ہونا، احمق بننا، مشکل پیش آنا، چالاکی دکھانا۔

بن سنورنا ban-saN-var-na(a): (ار، محاورہ) بناؤ کرنا، سنگار کرنا۔

بنو ban-no: (ار، مث) بانو کا مخفف، خانم، بیگم، خطاب بجائے، بُوا کے، دلہن، پیار سے چھوٹی لڑکی کو بھی کہتے ہیں۔

بنوانا ban-vaa-na(a): (ار، مص) بننا کا متعدی، تیار کروانا۔

بُنوانا bun-vaa-na(a): (ار، مث) دیکھیے 'بُننا' جس کا یہ متعدی ہے۔

بنوائی ban-vaa-ii: (ار، مث) کسی چیز کی تیاری کی اُجرت، مزدوری۔

بُنوائی bun-vaa-ii: (ار، مث) کسی چیز کے بُننے کی اُجرت یا مزدوری۔

بنوٹ ba-nav-vaT: (ہ، مث) سپہ گری کا فن، جس میں ڈنڈوں سے لڑتے ہیں۔

بنولہ bi-nau-la(a): (ہ، مذ) کپاس کا بیج پنبہ دانہ۔

بنی ba-ni(i): (ہ، مث) بن کی تصغیر چھوٹا جنگل، درختوں کا جھنڈ یا ذخیرہ۔ دلہن، عروس۔

بنی ba-ni(i): (ہ، مث) میل جول، موافقت، خوشی، خوشحالی۔

بنی رکھنا ba-nii-rakh-na(a): (ار، محاورہ) میل رکھنا رہنا، تعلق قائم رکھنا رہنا۔

بنی ba-ni(i): (ع، مذ) ابنین کا مخفف، جو بن، ابن کی جمع، بیٹے، پوتے، اولاد۔

بنی آدم ba-ni(i) aa-dam: (ع، مذ) آدم کی اولاد، انسان۔

بنی اسرائیل ba-ni(i)-is-raa-iil: (ع، مذ)

حضرت یعقوبؑ (جن کا لقب اسرائیل تھا) کی اولاد، یہودی۔

بَنی جان ba-ni(i) jaan: (ع، مذ) جنوں کی نسل/قوم۔

بَنی نَوعِ انسان ba-ni(i) nau(?) in-saan: (ع، مذ) انسان، آدم کی اولاد۔

بَنیا ban-ya(a): (ہ، مذ) ہندوستان میں ایک قوم جو تجارت کرتی ہے۔ ویش، بقال، اناج بیچنے والا، جنس بیچنے والا، تاجر، دکاندار، صف، بخیل، کنجوس، کفایت شعار، کمینہ، ذلیل کم حوصلہ، بزدل، سیدھا سادھا، سادی وضع کا۔

بَنیے ban-ye: (ہ، مذ) بنیا کی جمع اور مغیرہ صورت۔

بُنیاد bun-yaad: (ف، مث) جڑ، اصل، نیو، ابتدا، آغاز، شروع، حیثیت، مقدور، طاقت، حوصلہ، پونجی، سرمایہ، مال و دولت (افعال: پڑنا، ڈالنا، رکھنا)۔

بُنیادِ فساد bun-yaa-de-fa-saad: (ار، مذ) جھگڑے کا آغاز، جھگڑے کا موجب۔

بُنیادی bun-yaa-di(i): (ف، صف) اصلی، حقیقی، ابتدائی۔

بَنیان ban-yaan: (ہ، مث) بنی ہوئی چیز، بنی ہوئی قمیض یا کرتہ جو کپڑوں کے نیچے پہنا جاتا ہے۔ زیر جامہ۔ قمیص کے نیچے پہننے والا چھوٹا لباس۔

بَنینی ba-ne-ni(i): (ار، مث) زن بقال، بنیے کی بیوی۔

بَنَیت ba-ni-yat: (ہ، مث) بانا چلانے میں مشاق، جو شخص بہادری کا نشان لیے ہوئے ہو، کبوتر جس کے پاؤں میں پیچ دار حلقہ پڑا ہوا ہو۔

بَینتی / بَینٹھی bain-ti(i): (ہ، مث) بانس کے دونوں سروں پر گیند کی شکل میں کپڑا باندھ کر اور اُسے آگ لگا کر چلانے والا اپنے سر اور بدن کے گرد اس طرح گھماتا ہے کہ آگ کا چکر بندھ جاتا ہے۔ شعلۂ جوالہ (افعال: پھینکنا، کرنا، ہلانا) ورزش۔

ب۔و

بُو / بو buu: (ف، مث) مہک، خوشبو، بدبو، سڑاند، (واؤ مجہول سے) اثر، نشان، طرز، ڈھنگ، علامت، آن بان، شان، گھمنڈ، خبر، راز، بھید، شک، شبہ۔

بُوباس buu-baas: (ار، مث) بو کا نشان، سراغ، خوشبو۔

بُو پانا buu-paa-na(a): (ار، محاورہ) بو نکلنا، افشائے راز ہونا، شہرت ہونا۔

بُو پھوٹنا buu-phuuT-na(a): (ار، محاورہ) بو نکلنا، افشائے راز ہونا، شہرت ہونا۔

بُو دار buu-daar: (ار، صف) بدبو رکھنے والا۔

بُو دینا buu-dai-na(a): (ار، محاورہ) بو نکلنا، پتہ دینا، نشان دینا۔

بُو نکلنا buu-ni-kal-na(a): (ار، محاورہ) بو کا زائل ہونا، بو ظاہر ہونا، راز کھلنا۔

بُو ہونا buu-ho-na(a): (ار، محاورہ) تھوڑی سی کوئی خاصیت ہونا، کچھ اثر ہونا۔

بُو buu: (ع، مذ) اَبُو کا مخفف، جو مرکب الفاظ میں استعمال ہوتا ہے۔ 'والد' صاحب یا مالک کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً: بوالہوس۔

بُوالعجب bul-(?)a-jab: (ع، صف) انوکھا، عجیب، شعبدہ باز، اسم کیفیت مث: بوالعجبی۔

بُوالفضول bul-fu-zuul: (ع، صف) بہت بکنے والا، بکواسی، فضول کام کرنے والا۔

بُوالہوس bul-ha-vas: (ع، صف) خواہش نفسانی کا پابند، ہوس رکھنے والا، لالچی، حریص، اسم کیفیت

مث: بوالہوسی۔

بُوتراب buu-to-raab: (ع، مذ) حضرت علیؓ کی کنیت، بلفظی معنی مٹی والا۔

بُو buu: (ھ، مث) بُوا کا مخفف، بہن، عورتیں، ایک دوسرے کو خطاب کرتی ہیں۔

بُوا buu-a(a): (ھ، مث) بوڑھی عورت، بہن، پھوپھی۔

بَوّاب bav-vaab: (ع، مذ) چوکیدار، دربان۔

بَوادی ba-vaa-di(i): (ع، مذ) دیکھیے 'بادیہ' جس کی یہ جمع ہے۔ جنگل، صحرا

بَواسِیر ba-vaa-siir: (ع، مث) باسور کی جمع لفظی معنی زائد گوشت، ایک بیماری جس میں مقعد پر مسّے ہو جاتے ہیں، اگر خون آئے تو خونی ورنہ بادی بواسیر کہلاتی ہے۔

بُوانا buu-aa-na(a): (ار، مص) بونا کا متعدی، کاشت کروانا، بیج ڈلوانا۔

بُوائی bu-aa-i(i): (ا، مث) بونے کا وقت، بونے کا عمل، بجائی۔

بِوائی bi-vaa-i(i): (ار، مث) خشکی اور سردی کے باعث پاؤں کی ایڑیاں پھٹ جانا (افعال: پھٹنا)

بُوبک buu-bak: (ھ، مذ) بوڑھا، پیر، نابالغ، احمق، بیوقوف، پاجی، مسخرہ۔

بُوبُو buu-buu: (ھ، مث) بڑی بہن، کنیز باعزت، اس باعزت لونڈی کو کہتے ہیں جس نے اُن کی ماں کی پرورش کی ہو، مالک خانہ، مالکہ، مدخولہ حرم۔

بُوتا buu-ta(a): (ھ، مذ) زور، طاقت، بس، حمایت، سہارا۔

بُوتام buu-taam: (فر، مث) دیکھیے بٹن، تکمہ، گھنڈی وغیرہ۔

بوتل bo-tal: (ار، مذ) (انگریزی Bottle کا مورد) کانچ وغیرہ کا لمبا سا برتن جس کا اوپر کا حصہ پتلا ہوتا ہے۔ اس میں سیال چیزیں رکھی جاتی ہیں۔

بوتہ bo-ta(h): (ف، مذ) اونٹ کا نر بچہ، مجازاً بدشکل، بھدا آدمی، مث: ار، بوتی۔

بوتہ bo-ta(h): (ف، مذ) دھات گلانے کی کٹھالی، پودا، بوٹا، وہ چھوٹا درخت جس کی شاخیں زمین کے قریب ہوں، کپڑے پر بنا ہوا پھول۔

بوتہ خار bo-ta(h) Kaa-r: (ف، مذ) خاردار جھاڑی۔

بُوٹ buuT: (انگ، مذ) Boot (انگریزی جوتا جو ٹخنوں تک ہوتا ہے، اور جس میں تسمے پڑے ہوتے ہیں۔

بوٹا bo-Ta(a): (ار، مذ) بوٹی کا اسم مکبّر، گوشت کا بڑا ٹکڑا (واو مجہول سے)

بُوٹا buu-Ta(a): (ار، مذ) چھوٹا درخت، جھاڑی۔ پھولوں کا چھوٹا درخت، پھول پتی جو کپڑوں پر بنی ہوتی ہے، گلکاری۔

بوٹی boTi(i): (ار، مث) گوشت کا چھوٹا ٹکڑا۔

بوٹی بوٹی پھڑکنا boTi-bo-Ti pha-Rak-na(a) (ار، محاورہ) ہر عضو بدن کا متحرک ہونا، نہایت شوخ اور چلبلا ہونا، رقاصہ کے بدن کا جنبش میں ہونا۔

بوجھ bojh: (ھ، مذ) بار، وزن، کسی چیز کی گٹھری، ذمہ داری، دشواری، دقت، ناگواری۔

بوجھ بھار bojh-bhaar: (ار، مذ) قدر، مرتبہ، ذمہ داری۔

بوجھ ڈالنا bojh-Daal-na(a): (ار، محاورہ) کسی کو ذمہ دار کرنا، دباؤ ڈالنا، کسی بھاری چیز کو گرا دینا۔

بوجھ (سر سے) اُتارنا bojh-utaar-na(a):

(ار، محاورہ) احسان اُتارنا، اترنا، بار کا سر سے اتار کر زمین پر رکھنا/رہنا، کسی کی ذمہ داری سے سبکدوش ہونا، بیٹی کی شادی کرنا/ہونا۔

بوجھ buu-jh: (ہ، مث) سمجھ، فہم، ادراک، پہیلی کا حل، گنجفہ کے کھیل میں جس کے پاس سر نہ ہو، اس کے پتے اتر کر کے کہیں سے ایک پتا مانگ لیتے ہیں۔ اُسے بوجھ کہتے ہیں۔

بوجھ بجھکڑ buujh-bu-jhak-kaR: (ہ، صف) ہوشیار، عقلمند، طنزاً بیوقوف۔

بوجھ جانا / لینا buujh-jaa-na(a) buujh-lai-na(a): (ار، محاورہ) دیکھیے 'بوجھنا' جس کی یہ تکمیل ہے۔

بوجھل bo-jhal: (ار، صف) وزن دار، وزنی، بھاری، ثقیل، لدا ہوا، بوجھ کے نیچے دبا ہوا۔

بُوجھنا buujh-na(a): (ار، مص) سمجھنا، پہچاننا، دریافت کر لینا، جان لینا، پہیلی بتانا، چیستاں حل کرنا، گنجفہ میں ورق اتر کر کے پتا مانگنا، خیال کرنا، سوچنا، غور کرنا، دھیان کرنا۔

بُوچا buu-cha(a): (ہ، صف) بغیر کانوں کے، جس کے کان کٹے ہوئے ہوں۔ کن کٹا، گوش بریدہ، چھوٹے کانوں والا، کن کٹا آدمی، جس کے زیور نہ ہوں، مث: بوچی۔

بُوچا buu-cha(a): (ہ، مذ) امیروں کی ایک سواری جس کو کہار اٹھاتے ہیں، ہوادار، تام جھام۔

بُوچڑ buu-chaR: (انگ، مذ) Butcher، کا بگاڑ، قصاب، قصائی، اُردو میں عموماً گائے ذبح کرنے والے کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔

بَوچھار / بوچھاڑ bau-chaaR: (ہ، مث) ہوا کی وجہ سے ترچھی بارش، کسی چیز کا کثرت سے ہونا، بھرمار، تاثیر، (افعال: پڑنا، کرنا، لگانا، ہونا)

بُود buud: (ہ، مث) ہستی، وجود، قیام، ترجیح۔

بُود و باش / ماند buu-do-bash: (ف، مث) رہن سہن، سکونت کی جگہ۔

بُود و نابُود buu-do-na-buud: (ف، مث) ہستی و نیستی، ہونا نہ ہونا۔ بقا و فنا۔

بودا bo-da(a): (ار، صف) کمزور، کم طاقت، بزدل، کم ہمت، ڈرپوک، بے حوصلہ، گھسا ہوا، سڑا ہوا، بوسیدہ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مذ: بوداپن، مث: بودی۔

بُودم بے دال buu-dam-be-daal: (ف، صف) بوم، اُلّو، بے وقوف، احمق۔

بَودھ baudh: (ہ، مذ) بدھ کا پیرو، علم، گیان، عقل سمجھ، معرفت، ضمانت، کفالت، علم کا دیوتا۔

بَودھ دھرم / امت baud-mat baudh-dha-ram: (ہ، مذ) گوتم بدھ کا قائم کیا ہوا مذہب۔

بور bor: (ہ، مذ) غوطہ، ڈبکی۔

بُور buur: (ہ، مذ) چوکر، بھوسی، برادہ، چھلکا، خیرات جو شادی کے موقع پر ہندو کرتے ہیں، فضول چیز، کوڑا کرکٹ۔

بور bor: (ہ، مذ) آم کا پھول، بیل، گھات، پھندا۔

بُور کا لڈو buur-kaa-laDDuu: (ہ، مذ) گیہوں کی بھوسی کے بنے ہوئے لڈو جن کے سستے ہونے کے باعث لوگ خرید لیتے ہیں، دھوکے کی مٹھائی، فریب اور چالبازی۔

بُورا buu-ra(a): (ہ، مذ) برادہ، سفوف، چورا، پسی ہوئی صاف شدہ کھانڈ۔

بورا bo-ra(a): (ہ، مذ) موٹے کپڑے یا ٹاٹ کا بڑا تھیلا، بڑی بوری۔

بَورانا bau-raa-na(a): (ہ، مص) پاگل ہونا، دیوانہ ہونا، باؤلا ہونا۔

بُورانی buu-raa-ni(i): (ف، مث) ایک قسم کا کھانا جو بریاں بینگن کو دہی میں ڈال کر بناتے ہیں۔ رائتا۔

بورڈ borD: (انگ، مذ) Board تختہ، جہاز کی سطح، مجلس، انجمن، محکمہ۔

بَورڈر bau-Dar: (انگ، صف) Boarder بورڈنگ میں رہنے والے لڑکے۔

بورڈنگ ہاؤس bor-Ding haa-us: (انگ، مذ) Boarding House، اسکول یا کالج کے لڑکوں کا مکان۔

بورژوا bor-Za-va(a): (انگ، صف) Bourgeisia، سرمایہ دار اور اُن کا حامی طبقہ، صاحب ثروت و مرتبہ۔

بوری bo-ri(i): (ہ، مث) تھیلا، بوری، دیکھیے 'بورا' جس کی یہ تصغیر ہے۔

بوریا bor-ya(a): (ف، مذ) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چٹائی۔

بوریا باف bor-yaa baaf: (ف، صف) چٹائی بنانے والا، بننے والا، اسم کیفیت مث: بوریا بافی۔

بوریا/بستر bor-yaa/bis-tar: (ف، ہ، مذ) مال اسباب، سامان۔

بُوڑھ buuRh: (ہ، صف) بوڑھا، بوڑھی کا مخفف، جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

بُوڑھ سُہاگن buuRh su-haa-gan: (ہ، صف) وہ عورت جس کا خاوند مرتے دم تک زندہ ہو، وہ جو مرتے دم تک رانڈ نہ ہو۔

بُوڑھا buu-Rha(a): (ہ، صف) سن رسیدہ، بڑی عمر کا، پیر، بڑی عمر کا آدمی، مث: بوڑھی۔

بُوڑھا پھونس bhuu-Rh(a) phuuNs: (ہ، صف) نہایت بوڑھا، پیر فرتوت۔

بُوڑھا چوچلا buu-Rha(a) choch-la(a): (ہ، مذ) بڑھاپے کا غمزہ یا نخرہ۔

بُوڑھا کُڑانٹ buu-Rha(a) Kur-raNT: (ار، صف) بہت بوڑھا، تجربہ کار، چالاک، جہاں دیدہ۔

بُوڑھا طوطا buu-Rha(a) to-ta(a): (ار، صف) بوڑھا بیوقوف جو علم حاصل نہ کر سکے۔

بُوڑھا کھوسٹ buu-Rha(a) khuu-saT: (ار، صف) دیکھیے 'بوڑھا پھونس'۔

بُوڑھی عید buu-Rhi(i) (?)iid: (ار، مث) وہ عید جس میں رمضان کا چاند تیس دن کا ہو۔

بُوڑھے buu-Rhe: (ار، صف، مذ) دیکھیے 'بوڑھا' جس کی یہ جمع ہے۔

بڑھیا buRh-ya: (ہ، صف) دیکھیے 'بوڑھا' جس کی تانیث ہے۔

بُوڑھی buu-Rhi(i): (ہ، مث) نیزے کی نوک، سنان۔

بوڑیا boR-ya(a): (ہ، مذ) غوطہ خور، ڈبکی لگانے والا۔

بوزا / بوز bo-za(a) boz: (ف، مذ) سفید گھوڑا جس کے رنگ میں سرخی یا بھوراپن جھلک دیتا ہے۔

بوزنہ را بہ درودگری چہ کار boz-na(a): (ف، مثل) اپنی حیثیت کے مطابق کام کرنا چاہیے۔

بوزہ bo-za(h): (ف، مذ) ایک قسم کی شراب جو چاول چنے اور جو کے آٹے سے بنتی ہے۔

بوس bos: (ف، صف لاحقہ) فارسی مصدر بوسیدن سے امر کا صیغہ جو اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فعل بنا دیتا ہے۔ اور چومنے والا کے معنی دیتا ہے، پابوس، فلک بوس۔

بوس bos: (ع، مذ) دیکھیے 'بوسہ' جس کا یہ مخفف ہے۔ دُکھ، رنج، غم کی شدت۔

بوستان bos-taan: (ف، مذ) باغ، خوشبو کی جگہ، چمن، شیخ سعدی کی منظوم کہانیوں کی کتاب، صنف نسبتی: بوستانی۔

بوس و کنار bo-so-ki-naar: (ف، مذ) بوسہ بازی، چومنا اور بغل میں لینا، چوما چاٹی۔

بوسہ bo-sa(h): (ف، مذ) چوما، پیار، (افعال: لینا، دینا)۔

بوسہ بازی bo-sa(h) baa-zi(i): (ف، مث) ایک دوسرے کو چومنا۔

بوسہ گاہ bo-sah-gaa(h): (ف، مث) وہ مقام جس کو چوما جائے۔

بوسیدہ bo-si-da(h): (ف، صف مفعولی) پھٹا پرانا، گلا سڑا، اسم کیفیت مث: بوسیدگی۔

بوغرا / بوگرا boG-ra(a): (ف، مذ) ایک کھانا جو آٹا، چاول اور بھنے ہوئے گوشت سے تیار کیا جاتا ہے۔

بُوغما buuG-ma(a): (ف، مذ) فضول چیزیں، الا بلا، کوڑا کرکٹ، بند ہیضہ، گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں سب اعضا سے پسینہ نکلتا ہے، گلٹی گلے یا گردن کا ایک چھوڑا، سنبل دمہ، واہی تباہی۔

بُوق buuq: (ع، مذ) کرنا، نفیری، بگل، نرسنگا، ترئی۔

بُوقلموں buu-qal-muuN: (ع، صف) رنگا رنگ، مختلف رنگ نوع یا وضع کا، عجیب، تعجب انگیز، عجیب و غریب، گرگٹ، اسم کیفیت مث: بوقلمونی۔

بوک bok: (ھ، مذ) جوان اور مست بکرا، نر بکرا جو نسل کشی کے کام آئے۔

بوکا bo-ka(a): (ھ، مذ) جوان اور مست بکرا، نر بکرا جو افزائش نسل کے کام آئے۔

بوکھلانا bokh-laa-na(a): (ار، مص) گھبرانا، بے تاب ہونا، بے چین ہونا۔

بَوکھلاہٹ baukh-laa-haT: (ھ، مث) گھبراہٹ، پریشانی۔

بوگس ba-gas: (انگ، صف Bogus)، بناوٹی، غیر حقیقی، جعلی۔

بوگی bo-gi(i): (انگ، مث Bogie)، ریل کا پورا، ڈبا

بول bol: (ع، مذ) پیشاب۔

بول bol: (ار، مذ) بات، کلمہ، طعنہ، طنز، بول بول، نکاح، گیت کے الفاظ، گیت کا ٹکڑا، بولنا مصدر سے صیغہ امر۔

بول اُٹھنا bol-uTh-na(a): (ار، محاورہ) بول، کہہ اُٹھنا، چلا پڑنا، خوشنما ہو جانا، بہتر ہو جانا۔

بول بالا bol-baa-la(a): (ار، مذ) عزت آبرو کی ترقی، کامیابی، شہرت (افعال: رہنا، ہونا، کرنا)

بول جانا bol-jaa-na: (ار، محاورہ) تمام ہونا، ختم ہونا، مجبور ہونا، عاجز آنا، گھبرا جانا، چلا اٹھنا، پرانا ہو جانا، دم نہ رہنا، دیوالا نکل جانا، برداشت نہ رہنا، سخت، سست کہا جانا، کوچ کر جانا۔

بول چال bol-chaal: (ار، مث) بات چیت، گفتگو، روزمرہ، لب و لہجہ، گفتگو کا انداز، میل جول، ربط، گفتار، بحث تکرار۔

بول نکلنا bol-ni-kal-na(a): (ار، محاورہ) سارنگی، ستار یا کسی اور ساز سے گیت کے بول ادا ہونا۔

بَولانا bau-laa-na(a): (ھ، مص) بدحواس ہو جانا، گھبرانا۔

بولتا bol-ta(a): (ار، مذ) سانس، دَم، روح۔

بولنا bol-na(a): (ھ، مص) بات کرنا، بجنا، چہچہانا،

ٹھے کا آواز دینا۔

بولر bau-lar: (انگ، صف، فاعل) Bowler، گیند پھینکنے والا۔

بولنگ bau-ling: (انگ، مث) گیند پھینکنا۔

بولی bo-li(i): (ار، مث) گفتگو، بول چال، زبان، کسی محدود علاقے میں بولی جانے والی زبان کی آواز، نیلام کی آواز۔

بولی بولنا bo-lii bol-na(a): (ار، محاورہ) جانور کا بولنا، دوسرے کے لہجے میں گفتگو کرنا۔

بولی ٹھولی boli-Tho-li(i): (ار، مث) مذاق، دل لگی، طعن تشنیع، مسخراپن، عامیانہ گفتگو کی زبان۔

بولی دینا bo-lii de-na(a): (ار، محاورہ) نیلام میں قیمت لگانا۔

بولیاں bol-yaaN: (ار، مث) دیکھیے 'بولی' جس کی یہ جمع ہے۔

بولیاں بولنا bo-li-yaaN bol-na(a): (ار، محاورہ) طرح طرح کی آوازیں نکالنا، چہچہانا، طعنہ زنی کرنا، نیلام میں قیمت لگانا، اپنی اپنی رائے ظاہر کرنا۔

بوم buum: (ف، مذ) اُلّو، جگہ، مقام، صف: مجازاً منحوس، تنہائی پسند، بیوقوف۔

بونا bau-na(a): (ار، صف) پست قد، چھوٹے قدم کا، مث: بونی۔

بونا bo-na(a): (ار، مص) کاشت کرنا، زمین میں بیج ڈالنا۔

بونا جوتنا bo-na(a) jot-na(a): (ار، مص) کھیت میں بیج ڈالنا اور ہل چلانا۔

بوند buuNd: (ار، مث) قطرہ، نطفہ، ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر چتیاں ہوتی ہیں۔ صف: نہایت اونچا، بہت تیز، آب دار (ہتھیار)

بونڈا baun-Da(a): (ہ، مذ) کچی کلی غنچہ، پوست کا ڈوڈا، مکی کا بھٹا، چھرہ جو بندوق میں بھر کر پرندے کو مارتے ہیں، پرندوں کے سر کی بیماری۔

بوندا باندی buuN-da(a) baaN-di(i): (ار، مث) تھوڑا تھوڑا مینہ، ترشح۔

بوندی buun-Di: (ار، مث) بوند کی تصغیر، ایک قسم کی مٹھائی، جس کی شکل پانی کی بوند کی شکل کی سی ہوتی ہے۔ ایک قسم کا درخت ایک قسم کی عمدہ کٹار جو راجپوتانہ کے شہر بوندی میں بنی ہو۔

بوندی baun-di(i): (ہ، مث) درخت کا کلا جو پھول گرنے کے بعد پھوٹے، وہ کلی جو کھلنے کو ہو، جوار کی بالی، کپاس کا پھول۔

بونڈیاں buund-yaaN: (ار، مث) دیکھیے 'بوندی' جس کی یہ جمع ہے۔

بوندیں buuN-daiN: (ار، مث) دیکھیے 'بوند' جس کی یہ جمع ہے۔

بونڈ buaND: (انگ، مذ) سود والے قرضہ کا تمسک جو حکومت جاری کرتی ہے اور میعاد گزرنے کے بعد قرض مع سود ادا کر دیا جاتا ہے۔ معاہدہ Bond

بونڈری bauND-ri(i): (انگ، مث) Boundary، حد بندی، زمین، کھیت یا ملک کا آخری کنارہ۔

بونڈلا buunD-la(a): (ہ، مذ) بگولا، گرد و غبار، چکر کھاتی ہوا۔

بونڈی bon-Di(i): (ہ، مث) جوار کی بالی، وہ کلی جو کھلنے کے قریب ہو۔

بونس bo-nas: (انگ، مذ) Bonus، وہ انعام جو ملازمین کو زمین کی اُجرت کے علاوہ دیا جاتا ہے۔ زائد منافع جو کمپنی کے حصہ داروں کو دیا جاتا ہے۔ وہ

منافع جو بیمہ کرانے والوں کو دیا جاتا ہے۔

بَونگا baunN-ga: (ہ، صف) بیوقوف نادان، غیر موزوں نامناسب ،مث: بونگی۔

بَونگا baun-ga(a): (ہ، مذ) گھاس وغیرہ کا بندھا مخروطی شکل کا ڈھیر، جس کے چاروں طرف پھونس باندھ دیا جاتا ہے۔ بانس کا چھوٹا سا ٹکڑا، کھوکھلا بانس اور ناریل۔

بَونی bau-ni(i): (ہ، مث) بیجنے کا موسم، بیج بونے کا موسم۔

بَوہنی boh-ni(i): (ہ، مث) وہ بکری جو دن میں پہلے پہل ہو، وہ رقم جو پہلے پہل ملے۔ (افعال: کرنا، ہونا)

ب — ہ

بہادُر ba-haa-dur: (ف، صف) جوانمرد، دلیر شجاع، نڈر، لڑائی کا مُرغ، ایک خطاب جو حکومت کی طرف سے دیا جاتا ہے، اسم کیفیت مث: بہادری۔

بہادُرانہ ba-haa-du-raa-na(a): (ف، متعلق فعل) بہادری سے، دلیری سے۔

بہار ba-haar: (ف، مث) پھول، کھلنے اور شگوفے نکلنے کا موسم، بسنت کا زمانہ، خزاں کی ضد، گُل نارنج، شادابی، رونق، سرسبزی، لطف، کیفیت، سبز تماشا، دل لگی، خوشی، صف نسبتی: بہاری، کافی ٹھاٹھ کی ایک راگنی جس میں چھ سُر لگتے ہیں اور جس کا مزاج شوخ ہے یہ عموماً موسم بہار میں گائی جاتی ہے۔

بہار آنا ba-haar-aa-na(a): (ار، محاورہ) بہار کا موسم آنا، رونق آنا، لطف آنا۔

بہار لوٹنا ba-haar-luuT-na(a): (ار، محاورہ) لطف حاصل کرنا، عیش کرنا، مزہ اڑانا، سیر کرنا، تماشا دیکھنا، تباہ و برباد کرنا، ویران کرنا۔

بہاراں ba-haa-raaN: (ف، مذ) بہار کا موسم۔

بُہارنا bu-haar-na(a): (ار، مص) صاف کرنا، جھاڑنا۔

بُہارُو bu-haa-ru(u): (ار، مذ) جھاڑو کا ہم معنی جو جھاڑو کے تابع کے طور پر آتا ہے، جھاڑو دینے والا، بھنگی۔

بُہاری bu-haa-ri(i): (ہ، مث) جھاڑو۔

بہاگ bi-haag: (ہ، مذ) بادل ٹھاٹھ کا ایک راگ جو آدھی رات کو گایا جاتا ہے۔ اس کا مزاج پرسکون ہوتا ہے۔

بہانا ba-haa-na(a): (ف، مذ) عذر، حیلہ، ظاہر داری، دھوکا، دم، فریب، وسیلہ (افعال: کرنا، بنانا، ہونا)

بہانہ/باز ba-haa-ne(h) baaz: (ف، صف، فاعلی) حیلے ڈھونڈنے والا، فریبی، اسم کیفیت مث: بہانہ جوئی/بازی۔

بہانہ ساز ba-haa-na(h)-saaz: (ف، صف فاعلی) حیلہ کرنے والا، اسم کیفیت مث: بہانہ سازی۔

بہانہ طلب ba-haa-na(h) ta-lab: (ف، صف فاعلی) حیلہ ڈھونڈنے والا، اسم کیفیت مث: بہانہ طلبی۔

بہانہ کرنا ba-haa-na(h) kar-na(a): (ار، مص، مرکب) حیلہ، حوالہ کرنا، / تلاش کرنا، ٹال مٹول کرنا، لیت و لعل کرنا۔

بہاؤ ba-haa-au: (ار، مذ) روانی، پانی کا جوش، طغیانی، پانی بہنے کا رُخ۔

بہائی ba-haa-i(i): (ہ، مث) وہ روح جو بچوں کو نیند میں ہنساتی رلاتی ہے۔ وہ خواب جس کو بچے دیکھ کر سوتے ہیں ہنستے یا روتے ہیں۔ ایک گیت کا نام جو بچہ پیدا ہونے پر گایا جاتا ہے (بدائی)۔

بہائی (ba-haa-i(i: (ع، مذ) بہاء اللہ کے مذہب کا پیرو، بہائی مذہب کا ماننے والا جو بابی مذہب کی ایک شاخ ہے۔
بہُت ba-hut: (ہ، صف) نہایت زیادہ، کثرت سے، افراط سے، کافی، کئی، بڑا وسیع۔
بہُت اچھا (ba-hut-ach-chha(a: (ار، کلمہ ایجاب) بہت بہتر، بالکل مناسب۔
بہُت خوب ba-hut-Kuub: (ار، کلمۂ ایجاب) دیکھیے 'بہت اچھا'۔
بہتات boh-taat: (ہ، مث) زیادتی، کثرت، افراط، وفور، فزونی، افزائش۔
بہتان boh-taan: (ع، مذ) تہمت، افترا، حرف، طوفان، الزام، بدنامی، (افعال: اٹھانا، باندھنا، بننا، جڑا ہوا، لگانا، لگنا، لینا)
بہتّر ba-hat-tar: (ار، اعدد) ستر اور دو کا مجموعہ (72)، بہت کثرت۔
بہتر جاننا (beh-tar jaan-na(a: (ف، صف) بہ تفصیل بعض، زیادہ اچھا۔
بہترین (بہترین) beh-ta-riin: (ف، صف) بہ کی تفصیل کُل، نہایت اچھا، اعلیٰ افضل۔
بہتیرا / بہتیرا (boh-te-ra(a / (beh-te-ra(a: (ار، صف، مذ) دیکھیے 'بہت' مث: بہتیری۔
بہدانہ (bih-daa-na(a: (ف، مذ) بہی کا بیج، جس کا لعاب گلے کے درد اور زکام کے لیے مفید ہے۔
بہ درجہ (bah-dar-ba(h: (ار، متعلق فعل) سلسلہ وار، تفصیل وار، بہی وار، مفصل، بہی در بہی کا بگاڑ۔
بہرا (bah-ra(h: (ہ، مث) وہ شخص جسے سنائی نہ دے، گراں گوش، بے پروا، توجہ نہ کرنے والا۔
بہرام bah-raam: (ف، مذ) سیارہ مریخ، جلاد فلک، منگل سیارہ۔
بہرُوپ bah-ruup: (ہ، مذ) بھیس، سوانگ، دھوکا، فریب، مکر، شعبدہ۔
بہرُوپیا bah-ruu-pi-ya: (ہ، صف) نئی وضع بدلنے والا مکار، فریبی۔
بہرہ beh-rah: (ف، مذ) فائدہ، قسمت، نصیب، حوصلہ، دلیری۔
بہرہ رکھنا (beh-ra(h) rakh-na(a: (ار، محاورہ) حصہ رکھنا، حصہ دار ہونا کچھ ملنا۔
بہری (bah-ri(i: (ہ، مث) برابر کا حصہ، چندہ نسبت، نیز دیکھیے 'بہرا' جس کی یہ تانیث ہے۔
بہشت ba-hisht: (ف، مذ) جنت، فردوس، باغ جناں، خلد، باغ رضوان، فضا کا مقام، عیش و آرام کی جگہ، ایک قسم کی مٹھائی۔
بہشت نژاد ba-hisht ni-zaad: (ف، صف) بہشت کی طرح کا بہشت کی مانند، باغ یا شہر کی تعریف میں بولتے ہیں۔
بہشتی ba-hish-thi: (ار، صف، مذ) بہشت کا رہنے والا، جنتی، چونکہ مسلمانوں میں پانی پلانا بڑے ثواب کا کام سمجھا جاتا ہے۔ اس لیے پانی پلانے والے سقہ کو کہتے ہیں۔ پانی بھرنے والا، عورتیں مرے ہوئے کے ساتھ یہ لفظ لگا کر ذکر کرتی ہیں۔ مث (ار) بہشتن۔
بہکا (beh-ka(a: (ا، مص) بہکانا مصدر کا صیغہ امر (ماضی) بہکنا مصدر کی حالت ماضی، (صف) گم گشتہ، بیوقوف، بے عقل، نافہم۔
بہک جانا (ba-hak-jaa-na(a: (ار، محاورہ) دھوکا کھا جانا، فریب میں آ جانا، (راہ راست سے بھٹک جانا، گمراہ ہو جانا)

بہکا دینا beh-kaa-de-na(a): (ار، محاورہ) دیکھیے 'بہکانہ' جس کی یہ تکمیل ہے۔

بہکانا beh-kaa-na(a): (ار، مص) راستہ بھلانا، غلط راستہ پر لگانا، ورغلانا، اغوا کرنا، دھوکا دینا، فریب دینا، سبز باغ دکھانا، جھوٹے وعدے کرنا، غلط بیانی سے یقین دلانا، کان بھرنا، بدگوئی کرنا۔

بہکاوا beh-kaa-va(a): (ار، مذ) دھوکا، فریب، ڈر۔

بہکنا ba-hak-na(a): (ار، مص) راہِ راست سے دور ہو جانا، بچھڑنا، نشے میں اُلٹی پلٹی باتیں کرنا، دھوکا کھانا، فریب میں آجانا، پھسلنا، کہیں سے کہیں جانا، نشانہ خطا کرنا، ڈرنا، خوف کھانا، حد سے بڑھ جانا، پاؤں لڑکھڑانا، ڈگمگانا۔

بہکوانا ba-hak-vaa-na(a): (ار، مص وضعی) دیکھیے 'بہکانا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

بہکی ہوئی آواز beh-kii-huii aa-vaaz: (ار، مث) وہ آواز جو قابو میں نہ ہو، بے سری آواز۔

بہل ba-hal: (ہ، مث) بہلی، بیل گاڑی کی سواری

بہلوان ba-hal-vaan: (ار، مذ) بہلی چلانے والا۔

بہلا دینا beh-laa de-na(a): (ار، محاورہ) کھیل میں لگا کر بچوں کو رونے سے باز رکھنا، ٹال دینا، دوسری طرف متوجہ کرنا۔

بہلانا beh-laa-na(a): (ار، مص) دل خوش کرنا، سیر و تفریح کرنا، سیر تماشا دیکھنا، دوسرے کو خوش کرنا، توجہ دوسری طرف لگانا/ کرنا، ٹالنا، جھوٹ موٹ تسلی دینا، کرنا، فریب دینا، دم کرنا، دھوکا دینا، بچے کو کھیل میں لگا کر رونے سے باز رکھنا، پھسلانا، پانی کھیت میں لے جانا کھیت میں پانی لگانا۔

بہلاؤ / بہلاوا bah-laa-u: (ار، مذ) تفریح، مرکبات کے آخر میں استعمال کرتے ہیں، جیسے دل بہلاؤ۔

بہلنا ba-hal-na(a): (ار، مص) دل لگنا، متوجہ ہونا، تفریح ہونا، مشغول ہونا، ضبط ہونا، وقت مزے سے گزرنا، بچے کا کسی کھیل میں مشغول ہو کر رونے سے باز رہنا۔

بہلی bah-lii: (ہ، مث) ایک سواری جسے بیل کھینچتے ہیں۔

بہلیا ba-hal-ya(a): (ہ، مذ) بہلی چلانے والا، بہلوان۔

بہم ba-ham: (ف، متعلق فعل) باہم کا مخفف، ایک دوسرے کے ساتھ، آپس میں۔

بہم پہنچانا / پہنچنا ba-ham pahuN-chaa-na(a): (ار، محاورہ) مہیا کرنا/ ہونا، فراہم کرنا، ہونا۔

بہمن beh-man: (ہ، مذ) دیکھیے 'برہمن'

بہمن bah-man: (ف، مث) ایک دوا جو سرخ و سفید دو قسم کی ہوتی ہے اور مقوی دل و دماغ ہے، بلغم، خفقان اور یرقان کے لیے مفید ہے۔ خون کو صاف اور بدن کو موٹا کرتی ہے۔ ایرانی سال کا گیارہواں شمسی مہینہ۔

بہن ba-han: (ار، مث) باپ اور ماں کی بیٹی، باپ کی بیٹی، ماں کی بیٹی، چچا، ماموں، خالہ، پھوپھی کی بیٹی، ہم عمر عورتیں آپس میں ایک دوسری کو اس نام سے پکارتی ہیں۔

بہنا (بہنا) beh-na(a): (ار، مص) جاری ہونا، رواں ہونا، پانی کی رو میں چلا جانا، پتلا ہونا، بے جا صرف ہونا، جُدا ہونا، پھیل جانا، جگہ سے ہٹ جانا، جاری ہونا، نکلنا، پہاڑ سے آنا (بیڑ وغیرہ کا) کبوتروں کے جوڑے کا بہت انڈے دینا، ہوا چلنا، پھوڑا پھوٹنا، مواد نکلنا، پگھلنا، غارت ہونا، برباد ہونا، تتر بتر ہونا،

منتشر ہونا، بک جانا، نرخ سے گھٹ کر بکنا، چھری یا تلوار کا اندر اُتر جانا، کنکوے یا تکل کا پٹیا چھوڑنا، ڈور کا ڈھیلا پڑ جانا، بہکنا۔

بہنگی (ba-han-gi(i: (ھ، مذ، مث) ایک بانس یا ڈنڈا جس کے دونوں طرف بوجھ لٹکانے کے لیے رسیاں بندھی ہوتی ہیں۔

بہنوئی(bah-no-i(i: (ھ، مث) بہن کا خاوند۔

بہینی (ba-hii-ni(i: (ار، صف) منہ بولی بہن، بہن کی مانند۔

بہو(ba-hu(u: (ار، مث) بیٹے کی بیوی، دلہن۔

بہو بیٹی / بیٹیاں (ba-huu be-Ti(i: (ار، مث) شریف نوجوان عورتیں۔

بہوڑا (ba-ho-Ra(a: (ھ، مذ) وہ کھانا جو دلہن کے ساتھ برات کی واپسی پر بھیجا جاتا ہے۔ دلہن کے رخصت ہونے کی رسم، عروس کا چوتھی کے بعد دوبارہ شوہر کے گھر جانا۔

بہی (bi-hi(i: (ف، مذ) ناشپاتی کی شکل کا ایک پھل (بہ سے) نیک، بہتری، اچھائی۔

بہی دانہ (bi-hii daa-na(a: (ف، مذ) بہی کے بیج جن کا لعاب زکام کے لیے مفید ہے۔

بہی (ba-hi(i: (ھ، مث) مہاجنوں اور دوکانداروں کی لمبی حساب کی کتاب۔

بہیڑا (ba-he-Ra(a: (ھ، مذ) ایک پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

بہیلیا ba-he-li-yaa: (عف، مذ) چڑی مار، شکاری

بہیمہ (ba-hi-ma(h: (ع، مذ) چوپایہ، مویشی۔

بہیمی (ba-hii-mi(i: (عف، مث) حیوانیت (صف) جانوروں کی مانند، بہیمہ سے منسوب۔

بہیمیت ba-hi-miy-yat: (ع، مث) حیوانیت۔

ب ـ ھ (بھ)

بھابر / بھابڑ bhaa-bar: (ھ، ار، مث) ایک قسم کی لمبی گھاس، جس سے رسیاں بناتے ہیں، ہلکی سیاہ مٹی۔

بھابی bhaa-bi(i: (ھ، مث) بھائی کی بیوی، بھاوج۔

بھاپ bhaap: (ھ، مث) پانی یا دوسری مرطوب اشیاء کے بخارات جو گرمی آگ کی تیزی کی وجہ سے اٹھتے ہیں گرم ہوا جو کسی چیز سے یا سردی کے موسم میں انسان کے منہ سے نکلتی ہے۔

بھاپ دینا bhaap- dena: (ار، محاورہ) پھونک سے گرمی پہنچانا۔

بھاپنا (baap-na(a: (ار، مص) دیکھیے 'بھانپنا'

بھات bhaat: (ھ، مذ) اُبلے ہوئے چاول، خشکہ، ایک رسم جو شادی میں نانا ماموں کی طرف سے ادا کی جاتی ہے۔ اکثر اس رسم میں چاول، مونگ گڑ کی بھیلی، زیور کپڑا نقدی لڑکی کے ننہال کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ میٹھے چاول جو ہندو ستیلا پر چڑھاتے ہیں۔

بھاٹ bhaaT: (ھ، مذ) ایک قوم جو اکثر نسب نامہ یاد رکھتی ہے، کبت / گیت وغیرہ بنانے والا، گُن گانے والا، خوشامدی۔

بھاٹا (bhaa-Ta(a: (ھ، مذ) سمندر میں پانی کا اتار، جذر، بھٹکن۔

بھاجی (bhaa-ji(i: (ھ، مث) حصہ، بخرہ، تحفہ، پکا ہوا ساگ، پکی ہوئی ترکاری، وہ کھانا جو کسی تقریب میں دوستوں یا برادری میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

بھاڈوں bhaa-dauN: (ھ، مذ) ہندوؤں کے بکری سال کا پانچواں مہینہ جو نصف اگست سے لے کر نصف ستمبر تک ہوتا ہے۔

بھادوں کا جھالا bhaa-dauN kaa jhaa-la(a): (ہ، مذ) بھادوں کے مہینے کے بارش جو مقدار میں کم مگر زوردار ہوتی ہے۔

بھار bhaar: (ہ، مذ) وزن، بوجھ، ناگوار، اجیرن۔

بھارت bhaa-rat: (س، مذ) راجا بھرت کے نام پر ہندوستان کو بھارت ورش کہتے ہیں، ہندوستان، صف نسبتی بھارتی۔ جنوبی ایشیا کا ایک بڑا جمہوری ملک۔

بھارت ورش baa-ratvarsh: (ہ، مذ) ہندوستان

بھاری bhaa-ri(i): (ہ، صف) وزنی، بوجھل، قابلِ قدر، قابلِ ترجیح، ثقیل، دیرہضم، گراں، مضبوط، مستحکم، ضخیم، عظیم، موٹا، جسیم، کثیر، بہادرانہ، افسردہ، رنجیدہ، دوبھر، اجیرن، تکلیف، شاق، ناگوار، منحوس، نامبارک، کھلا، فاش، گھسان کا، کم سننے والا، اداس، جن پری آسیب یا بلا کی گزرگاہ، قیمتی، بیش بہا، امیر، دولت مند، وہ کپڑا جس پر بہت کام بنا ہوا ہو، متحمل، بُردبار، دراز، لمبا، بیٹھی ہوئی، موٹی، بلند آواز، جیسے قبض ہو، اسم کیفیت، مذ: بھاری پن۔

بھاری آواز bhaa-ri(i) aa-vaaz: (ہ، مث) موٹی بھدی آواز بیٹھی ہوئی آواز۔

بھاری بھرکم bhaa-ri(i) bhar-kam: (ہ، صف) موٹا تازہ، فربہ، ذی عزت، ذی مرتبہ، متحمل، بردبار، پیچیدہ، متین، باوقار، وزنی، بوجھل، بھلا مانس، شریف۔

بھاری پتھر bhaa-ri(i) pat-thar: (ہ، مذ) وزنی چیز، قابو سے باہر، کنواری لڑکی (مجازاً)

بھاری پیٹ bhaa-ri(i) peT: (ہ، مذ) بدہضمی، اپھرنا۔

بھاری پاؤں bhaa-rii pauN: (ار، صف) حاملہ ہونا۔

بھاری رات bhaa-rii raat: (ہ، مث) شب دراز، تکلیف و غم کی رات۔

بھاری سر bhaa-rii sar: (ہ، مذ) سردرد۔

بھاری ہونا bhaa-ri(i) ho-na(a): (ار، محاورہ) وزنی ہونا، قیمتی ہونا، سخت مشکل معلوم ہونا، ناگوار ہونا، غالب ہونا، نامبارک ہونا، آسیب یا بلا کا گزر رہنا۔

بھاڑ bhaaR: (ہ، مذ) بھٹی جس میں بھڑبھونجے اناج بھونتے ہیں، تنور، حرام کاری کی دلالی۔

بھاڑ جھونکنا bhaaR jhauk-na(a): (ار، محاورہ) بھاڑ میں ایندھن ڈال کر جلانا، بھاڑ گرم کرنا، بھڑبھونجے کا کام کرنا، بری حالت میں زندگی بسر کرنا، اوقات ضائع کرنا۔

بھاڑا bhaa-Ra: (ہ، مذ) زنا کی کمائی، خرچی، مزدوری، گاڑی کا کرایہ، وہ چارا جو مویشی کو دودھ دوہتے وقت ڈالتے ہیں۔

بھاڑو bhaa-Ruu: (ہ، مذ) بھڑوا، زنا کی دلالی کھانے والا۔

بھاگ bhaag: (ہ، مذ) حصہ، ٹکڑا، جزو، تقسیم، بانٹ، قسمت، تقدیر، ورثہ، سرکاری بانٹ، محصول، اقبال، خوش نصیبی۔

بھاگ آنا bhaag-aa-na(a): (ار، محاورہ) دوڑ کر آنا، چلے آنا، قسمت کا یاوری کرنا، نصیب جاگنا۔

بھاگ پھوٹنا bhaag-phuT-na(a): (ار، محاورہ) تقدیر بگڑ جانا، قسمت اُلٹ جانا۔

بھاگ جاگنا bhaag-jang-na(a): (ار، محاورہ) قسمت کا یاوری کرنا، روپیہ، عزت، مرتبہ ملنا، دن پھرنا۔

بھاگ جانا bhaag-jaa-na(a): (ار، محاورہ) دوڑ جانا، فرار ہو جانا، ہمت ہارنا، شکست کھانا، ہار مان لینا،

گائے، بھینس کا دودھ دینا بند کر دینا، منحرف ہونا، بے وفائی کرنا، اقرار پورا نہ کرنا، لڑکی یا عورت کا غیر کے ساتھ نکل جانا۔

بھاگم بھاگ bha-gam-bhaag: (ہ، مث) افراتفری، بھاگنے کی ہل چل، بھاگڑ، تیزی سے جھپٹ کر، جلدی جلدی چلنا، دوڑا دوڑ، تیز تیز۔

بھاگنا bhaag-na(a): (ہ، مص) فرار ہونا، روپوش ہونا، شکست کھانا، پرہیز کرنا، بچنا، اعتراض کرنا، کنارہ کرنا، چھوڑنا، بے وفائی کرنا منحرف ہونا۔

بھاگوان bhaag-vaan: (ہ، صف) خوش قسمت، اقبال مند۔

بھاگی bhaa-gi(i): (ار، صف) بھاگنے والا، خوش قسمت، نیک نصیب، شریک، ساجن، حصہ دار۔

بھال bhaal: (ہ، مث) سنان، پیکاں، برچھی یا نیزے کا پھل (انی) تیر کی نوک۔

بھالا bhaa-la(a): (ہ، مذ) نیزہ، برچھا۔

بھالنا bhaal-na(a): (ار، مص) تلاش کرنا، دیکھنا، اُردو میں 'دیکھنا' کے تابع آتا ہے، اکیلا استعمال نہیں ہوتا، یعنی 'دیکھنا بھالنا' کی صورت میں۔

بھالو bhaa-lu(u): (ہ، مذ) ریچھ، خرس۔

بھان bhaan: (ہ، م ف) ریزہ، خردہ، ریزگاری، خم، ٹیڑھا۔

بھانا bhaa-na(a): (ار، مص) اچھا لگنا، بھلا معلوم ہونا، پسند ہونا۔

بھانپنا bhaaNp-na(a): (ار، مص) تاڑ لینا، معلوم کرنا، شناخت کر لینا، غور سے دیکھنا، چہرہ دیکھ کر شناخت کرنا۔

بھانت bhaaNt: (ہ، مذ) طرح، طور، ڈھنگ، قسم، انداز، طرز، رسم، ریت، نوع، جنس، طریقہ۔

بھانج bhaanj: (ہ، مذ) وہ کمی جو روپیہ بھناتے وقت دینی پڑے۔

بھانج bhaanj: (ہ، مث) اینٹھ، پیچ، چکر، مروڑ۔

بھانج bhaanj: (ہ، مذ) 'بھانجا' کا مخفف، مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

بھانج بہو bhaanj ba-hu(u): (ہ، مث) بھانجے کی بیوی۔

بھانج داماد bhaanj daa-maad: (ہ، مذ) بھانجی کا خاوند۔

بھانجا bhaan-ja(a): (ہ، مذ) بہن کا بیٹا، خواہرزادہ، مث: بھانجی۔

بھانجی bhan-ji(i): (ہ، مث) بہن کی بیٹی، چغلی، خلل اندازی، روک، رکاوٹ، مزاحمت، خرابی۔

بھانجی خور bhaaN-ji(i) Kor: (ار، صف) خلل انداز، چغل خور، کسی کی بھلائی میں رخنہ ڈالنے والا، کسی کے بنتے کام کو بگاڑنے والا۔

بھانجی دینا/ کھانا/ مارنا bhaaN-ji(i)-de-na(a): (ار، محاورہ) خلل ڈالنا، رخنہ ڈالنا، چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا، چغلی کرنا۔

بھانڈ bhaaND: (ہ، مذ) نقال وہ لوگ جو محفلوں میں ناچتے گاتے اور مسخرے پن سے نقلیں کرتے ہیں، پیٹ کا ہلکا، جو ہر بات ہر جگہ کہتے پھرے۔

بھانڈا bhaaN-Da(a): (ہ، مذ) مٹی کا برتن، ہانڈی، راز، بھید، ملکیت، ساز و سامان۔

بھانگ bhaaNg: (ہ، مث) بھنگ، نشہ آور بوٹی۔

بھانگڑا bhaang-ra(a): (ار، صف) دیکھیے بھنگڑ، بھنگی/ بھنگڑا۔

بھان متی bhaan-ma-ti(i): (ہ، مذ) بازی گر، مداری، نقال، شعبدہ باز اور بھانڈ۔

بھانا bhaan-na(a): (ار،مص) بل دینا، خراد پر چڑھانا، گھمانا، پھیرنا، رٹنا، بار بار کہنا، توڑنا، شکستہ کرنا۔

بھاوج bhaa-vaj: (ہ،مث) بھابی، بھائی کی بیوی۔

بھاؤ bhaa-au: (ہ،مذ) نرخ، شرح، قیمت، مول، (افعال: اترنا، بنانا، بگاڑنا، بگڑ، پڑ جانا، تیز ہونا، کاٹنا، کرنا، نکالنا) حالت، کیفیت، روپ، ڈھنگ، ناز و ادا، اشارہ، سمجھ، سبھاؤ، عادت، محبت، ممتا، طریقہ، انداز، چوچلا، نخرہ، عزت، خاطر تواضع۔

بھاؤ بتانا bhaa-au ba-taa-na(a): (ار، محاورہ) ناچ گانے میں ہاتھ یا آنکھ یا دیگر اعضاء کے اشاروں سے گیت کے مضمون کا نقشہ کھینچنا، نرخ بتانا۔

بھاؤ تاؤ bhaa-au taa-au: (ار، مذ) قیمت، نرخ، دام، مول، تول (افعال: کرنا، ہونا)

بھائی bhaa-I(i): (ار، مذ) باپ یا ماں کا بیٹا، چچا کا بیٹا، رشتہ کا بھائی، چچا، ماموں، خالہ، پھوپھی کا بیٹا، ہمراہی، ساتھی، برادری کا، قوم کا، ہمسر، ہم درجہ، دوست یار، ہم صحبت۔

بھائی بند bhaa-i(i)-band: (ہ،مذ) ہم قوم، ہم مذہب، رفیق، ساتھی، رشتہ دار، اسم کیفیت، مث: بھائی بندی۔

بھائی چارا bhaa-i(i)-chaa-ra(a): (ار، مذ) دوستی، یگانگت، اخوت، میل جول، بھائی بندی، برادری، رشتہ داری، تعلق، خون کا رشتہ یا شادی کا، کھیت یا زمین جو مشترکہ طور پر جوتیں یا بوئیں، مشترکہ غیر منقسم جائیداد، پٹی داری۔

بھائیں bhaa-eN: (ار، صف) خوف ناک، ہیبت ناک، ڈراؤنا۔

بھبک bha-bak: (ار، محاورہ) نہایت گرم ہو جانا، شعلہ اٹھنا، بھڑکنا، غصہ ہونا، سخت بدبو آنا۔

بھڑکنا bha-Rak-na(a): (ہ،مذ) مشتعل ہو جانا۔ شعلہ اٹھنا، بھڑکنا، غصہ ہونا، سخت بدبو آنا۔

بھبکا bhab-ka(a): (ہ،مذ) عرق کھینچنے کا ایک آلہ، کسی تیز بری بو کا جھونکا۔

بھبکانا bhab-kaa-na(a): (ار،مص) دیکھیے 'بھبکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

بھبکنا bha-bak-na(a): (ار،مص) خوب کھولنا، نہایت گرم ہونا، شعلہ اُٹھنا، بھڑکنا، جھلسنا، آگ لگنا، غرانا، غصہ ہونا۔

بھبکی bhab-ki(i): (ار،مث) دھمکی، گھرکی، غصہ کی شکل بنا کر ڈرانا، (افعال: دینا)

بھبوت bha-buut: (ہ،مث) راکھ جو سادھو سنیاسی اپنے بدن پر مل لیتے ہیں۔

بھبوکا bha-buu-ka(a): (ہ،مذ) شعلہ، شرارہ، شعلے کی بھڑک، بھبک، صف، انگارے کی طرح سرخ، زیادہ سرخ، نہایت روشن، چمکنے والا، بہت سفید، براق، نہایت گورا، خوب صورت، حسین، شوخ، طرار، غضب ناک، خشمگیں، گرم، جلتا ہوا، (افعال: ہونا)

بھپارا bha-paa-ra(a): (ار، مذ) جوش کی ہوئی دوا کی بھاپ، فریب، افعال: لینا، دینا۔

بھپکا bhap-ka(a): (ار، مذ) وہ ظرف جس میں نلی رکھ کر عرق لیتے ہیں۔

بھپکنا bha-pak-na(a): (ار،مص) خشمگین آواز سے کسی کو کچھ کہنا۔

بھتا bhat-ta(a): (ہ، مذ) سفر خرچ، خوراک، زادِ راہ، کوئی رقم یا الاؤنس جو سرکاری ملازموں کو تنخواہ کے علاوہ ملے۔ سرکاری ملازموں کو دورے وغیرہ کی شکل میں ملنے والی رقم اور یہ خوراک وغیرہ کے لیے ہوتا ہے۔

بھتنا bhut-na(a): (ار، مذ) بھوت کی تصغیر، خبیث روح، شیطان، بدصورت آدمی، مٹی میں لتھڑا ہوا بچہ، مث: بھتنی۔

بھتی bhat-ti(i): (ہ،مث) کھانا جو ماتم کے موقع پر قریبی رشتہ دار مرگ والے گھر میں تین دن تک بھیجتے ہیں۔

بھتی کھانا bhat-ti(i) khaa-na(a): (ار، محاورہ) بددعا دینا، ماتم کرنا۔

بھتیج بہو bha-tiij-ba-hu(u): (ہ،مث) بھتیجے کی بیوی۔

بھتیج داماد bha-tiij-daa-maad: (ہ، ار، مذ) بھتیجی کا خاوند۔

بھتیجا bha-tii-ja(a): (ار، مذ) بھائی کا بیٹا، سالے کا بیٹا، جیٹھ، دیور کا بیٹا، مث: بھتیجی۔

بھٹ bhaT: (ہ،مذ) بھٹی، چولہا، تنور، وہ غار جس میں گیدڑ، بھیڑیے وغیرہ رہتے ہیں، سانپ کا بل، کھوہ۔

بھٹ تیتر bhaT-tii-tar: (ار، مذ) ایک قسم کا تیتر جس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ ایک بڑا جنگلی تیتر جو ریگستان میں بہتات سے پایا جاتا ہے۔

بھٹا bhaT-Ta(a): (ار، مذ) بھٹی جس میں چونا یا اینٹیں وغیرہ پکاتے ہیں، پژاوہ۔

بھٹا لگانا bhaT-Taa la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) اینٹیں پکانے کا کاروبار کرنا، بھٹے میں اینٹیں پکانے کے لیے آگ لگانا۔

بُھٹا bhuT-Ta (ہ،مذ) مکئی کی ککڑی (خوشہ) جوار کی بالی۔

بھٹکانا bhaT-kaa-na(a): (ار،مص) دھوکا دینا، بہکانا، گمراہ کرنا۔

بھٹکاؤ bhaT-kaa-au: (ہ،مذ) وسوسہ، تردد۔

بھٹکنا bha-Tak-na(a): (ار، مص) گمراہ ہونا، راستہ بھولنا، بے راہ چلنا، سرگرداں، پھرنا، سرگرداں ہونا، ڈھونڈنا، تلاش کرنا، چاہنا، خواہش کرنا۔

بھٹنا bhiT-na(a): (ہ،مص) چھونا، دوسرے کو لگ جانا، کسی نجس یا ناپاک چیز سے چھونا، پلید ہو جانا۔

بھٹنی bhiT-ni(i): (ہ، مث) چھاتی کی گھنڈی، سرپستان۔

بھٹو bhuT-To: (ہ،صف) بیوقوف، احمق۔

بھٹئی bha-Ta-ii: (ہ،مذ) بھاٹ کا پیشہ، بھاٹ کی سی تعریف، خوشامد۔

بھٹی bhaT-Ti(i): (ہ،مث) لوہارو، شیشہ گروں اور دھوبیوں وغیرہ کا آتش دان، شراب خانہ، آبکاری، وہ جگہ جہاں شراب کشید کی جاتی ہے۔ پژاوہ، کپڑے کو بھاپ دینے والا آلہ جو عموماً دھوبیوں کے گھروں میں بنا ہوتا ہے، راجپوتوں کی ایک گوت۔

بھٹیا bhaT-ya(a): (ہ، مث) بھٹی کی تصغیر، چھوٹا پژاوہ، سب سے گھٹیا قسم کی زمین۔

بھٹیارا bhaT-yaa-ra(a): (ہ،مذ) پکانے کا پیشہ کرنے والا، نان بائی، ایک قوم جو کھانے پکانے کا کام کرتی تھی۔ وہ شخص جو سرائے، مکان وغیرہ مسافروں کو دے اور اُن کے کھانے وغیرہ کا انتظام کرے اور مسافروں کی خدمت کرے، مث: بھٹیارن، بھٹیاری۔

بھٹیار پن bhaT-yaar-pan: (ار، مذ) باورچی گری، بھٹیارے کا پیشہ، کمینہ پن۔

بھٹیار خانہ bhaT-yaar-Ka-na(h): (ار، مذ) سرائے، کارواں سرائے، کمینہ لوگوں کے مل بیٹھنے کی جگہ، ٹھہرانے کی جگہ، بھٹیاری کا گھر، وہ جگہ جہاں ہر شخص بلا روک ٹوک جا سکے، وہ جگہ جہاں بہت شور و

غل مچا رہتا ہو، مجمع عوام۔
بھج bhuj: (ہ، مذ) مثلث کا ضلع، کہنی سے اوپر کا حصہ، بازو۔
بھج بل bhuj-bal: (ہ، مذ) گھوڑے کے بازو کی بھونری، بازو کا زور۔
بھج بند bhuj-band: (ہ، مذ) ایک زیور جو بازو پر باندھا جاتا ہے بازو بند، کوئی چیز، جو بازو کے اوپر کے حصہ پر باندھی جائے۔
بھجن bha-jan: (س، مذ) وہ گیت جس میں خدا کی حمد ہو، وہ گیت جس میں ہندو دیوتاؤں کی مدح درج ہو، وہ گیت جو پوجا پاٹ کرتے وقت ہندو گاتے ہیں (افعال: کرنا، گانا)
بھجنا bhaj-na(a): (ہ، مص) سراہنا، تعریف کرنا، تسبیح پڑھنا، پوجا کرنا۔
بھجنگ bhu-jang: (ہ، صف) نہایت سیاہ کالا سانپ۔
بھجوانا bhij-vaa-na(a): (ہ، مص) دیکھیے 'بھیجنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
بھجیا bhuj-ya: (ہ، مث) پکایا ہوا، بھنا ہوا، بھنی ہوئی سبزی، ترکاری، شلغم، مولی وغیرہ کے پکے ہوئے پتے، بھنے ہوئے دھان، جو، جن کے ستو بناتے ہیں۔
بھچک bhu-chak: (ہ، صف) ڈرا ہوا، سہا ہوا، ہکابکا۔
بھد bhad: (ار، مث، صوت) چیز پر چیز گرنے کی آواز، ہلکی سی آواز۔
بھد bhad: (ہ، مث) ذلت، بے قعتی، بدنامی (افعال: کرنا، ہونا)
بھدا bhad-da(a): (ہ، صف) بدشکل، بدصورت، بہت موٹا، بھونڈا، بے ڈھنگا، بے ڈول، سست، کاہل، ثقیل، بے وقوف، احمق، ناتراشیدہ، اناڑی، مث: بھدی، اسم کیفیت، مذ: بھدا پن۔
بھداک / بھداکا bha-daak: (ہ، مذ) کسی چیز کے دوسری جگہ پر گرنے کی آواز، آواز جو ریت یا خاک پر گرنے سے پیدا ہوتی ہے۔ آواز جو پیٹ بھرے ہونے پر اُس کے بجانے سے نکلتی ہے۔
بھدا بھدا دوڑنا bha-da-bha-da dauR-na(a): اس طرح دوڑنا کہ زمین پر پاؤں پڑنے کی آواز پیدا ہو، زمین پر گرنے کی آواز، بھد بھد کی آواز۔
بھدّیاں bha-day-yaaN: (ہ، صف) بھادوں کا، بھادوں کی فصل کا آم۔
بھر bar: (ہ، صف) پورا، برابر، تمام، کُل، مقدار یا اندازہ، ظاہر کرنے کے لیے، تک وزن کی مقدار ظاہر کرنے کے لیے، حتی الواسع، حتی الامکان، بھرنا سے فعل امر۔
بھر آنا bhar-aa-na(a): (ار، محاورہ) زخم بھر کر گوشت برابر ہو جانا، آنسو آنا، غمگین ہونا۔
بھر جانا bhar-jaa-na(a): (ار، محاورہ) کُل وصول کرنا، کوڑی کوڑی وصول کرنا، قرض بیباق ہونا، حاصل ہونا، پھل پانا، کیے کی سزا کو پہنچنا۔ بھگت لینا۔
بھرپور bhar-puur: (ار، محاورہ) پورا، تمام، اسم، کیفیت، مذ: بھرپورپن۔
بھر جانا bhar-jaa-na(a): (ار، محاورہ) لبریز ہو جانا، پُر ہو جانا، سما جانا، آلودہ ہو جانا، سَن جانا، لتھڑ جانا، پسینے میں ہوا لگ کر گھوڑے کے اعضا کا جکڑا جانا، اینٹھ جانا، مویشی کا حاملہ ہو جانا، ختم ہو جانا، خاتمے پر آ جانا، سیر ہو جانا، سیراب ہو جانا۔
بھر دینا bhar dena(a): (ار، محاورہ) پُر کر لینا،

پورے پورے دام کرنا، تلافی کرنا، نقصان پورا کرنا، بیباق کرنا، ادا کر دینا، رفو کرنا، سان دینا، آلودہ کرنا۔

بھر لینا bhar-lai-na(a): (ار، محاورہ) پر کر لینا، پورے پورے دام لینا، کُل وصول کر لینا، آلودہ کرنا، جو مانگنا سو لے لینا۔

بھر مار bhar-maar: (ہ، مذ، صف) کثرت، افراط (افعال: کرنا، ہونا)

بھرّا bhar-ra: (ار، مذ) دھوکا، فریب، ترغیب، تحریک، اشتعال، نمائشی تعریف، جانوروں کے اُڑنے کی آواز، کسی گھومنے والی چیز کی آواز، ایک قسم کا پتنگ جو اُڑنے میں آواز دیتا ہے۔

بھرّا جانا bhar-ra jaa-na(a): (ار، محاورہ) بیٹھ جانا، پڑ جانا، بھاری ہو جانا، جھنجھلانا۔

بھرّا دینا bhar-ra(a) de-na(a): (ار، محاورہ) دھوکا دینا، فریب دینا، ترغیب و تحریص دینا، اکسانا، کبوتروں کو ایک ساتھ اڑانا۔

بھرا bha-ra(a): (ار، صف، مذ) بھرانا کا ماضی (صف) پُر، لبریز، لبالب، کُل، تمام، مکمل موجود، حاضر، مجمع، آباد، معمور، موٹا تازہ و پر گوشت، مث: بھری، مذ: بوجھ بھرت، کھیپ، گولی بارود، اسماء کے اخیر میں آکر صفت بناتا ہے۔ جیسے بس بھرا، لاج بھرا۔

بھرا بھرا bha-ra(a) bha-ra(a): (ار، صف) آباد، معمور، پر گوشت، موٹا تازہ، مث: بھری بھری۔

بھرا بیٹھنا bha-ra-baiTh-na(a): (ار، محاورہ) غصے میں ہونا، ناراض ہونا، رونے کے قریب ہونا، شکوہ شکایت کرنے کے لیے تیار ہونا۔

بھرا پُرا bha-ra-pu-ra(a): (ار، صف) آباد، بارونق، صاحبِ اولاد، بال بچے والا، کامیاب، خوش حال، امیر، دولت مند، مث: بھری پری۔

بھرانا bha-rea-na(a): (ہ، مذ) پرندوں کے اُڑنے کی آواز۔

بھرّانا bhar-raa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'بھرا جانا' جو اس کی تکمیل ہے۔

بھرانا bha-raa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'بھرنا' جس کا یہ متعدی ہے، پرندوں کا چوگا دینا، گابھن کرانا۔

بھراؤ bha-raa-au: (ار، مذ) گڑھے کے بھرنے کے لیے مٹی کوڑا وغیرہ، گڑھے کے بھرنے کی مقدار، ٹاٹ یا پرانی دری کے ٹکڑے جو جوتے کے تلے میں موٹا کرنے کے لیے بھرے جاتے ہیں، بھرتی۔

بھرائی bha-raa-i(i): (ار، مث) کپڑے میں روئی بھرنے کی اُجرت، پانی بھرنے کی اُجرت، گڑھا بھرنے کی اجرت۔

بھربھرا bhur-bhu-ra(a): (ہ، صف، مذ) خستہ، پولا، کرارا، جو ہاتھ لگانے سے ریزہ ریزہ ہو جائے، مائل، فریفتہ، مث: بھربھری۔

بھربھرانا bhur-bhu-raa-na(a): (ار، مص) قائل ہونا، راغب ہونا، فریفتہ ہونا، دل گدگدانا، بکھرنا، ختم ہونا، کسی چیز پر کوئی سفوف چھڑکنا۔

بھربھراہٹ/بھربھراہٹ bhur-bhu-ra-haT: (ار، مث) خستگی، خستہ پن۔

بھربھرانا bhar-bha-raa-na(a): (ار، مص) ورم ہونا، سوجنا، چہرہ تمتمانا، سرخ ہونا، ورم ہو کر چمکنا۔

بھربھراہٹ bhar-bha-raa-haT: (ہ، مث) دیکھیے 'بھربھری'۔

بھرت bha-rat: (ہ، مث) ایک دھات جو جست، تانبے اور سیسے سے مرکب ہوتی ہے۔

بھرت bha-rat: (ہ، مث) جو چیز بھری جائے، بھرتی، وہ مال جو گاڑی یا جہاز میں لادا جائے، روپیہ جو ادا کیا جائے، مکمل ادائیگی، ایک قسم کا چنڈول، اٹھانے والا۔

بھرت بھرنا bha-rat bhar-na(a): (ار، محاورہ) بھرنا، پُر کرنا، بھرتی ڈالنا، کمی پوری کرنا، نقصان پورا کرنا۔

بھُرتا bhur-ta(a): (ار، مذ) ایک کھانا جو اُبلی ہوئی اور بھلبھلائی ہوئی ترکاریوں کو کچل کر اور مصالحہ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں، کچلا ہوا۔

بھرتری bhar-ta-ri(i): (ہ، مذ) ہندو سادھوؤں کی ایک قسم یا گروہ۔

بھرتی bhar-ti(i): (ار، مث) وہ چیز جو کسی چیز کے اندر بھری جائے، خس و خاشاک جو کسی گڑھے میں ڈالا جائے، مٹی جو چھت پر ڈالی جائے، جہاز یا گاڑی میں جو سامان ڈالا جائے، ذخیرہ، گودام، داخلہ، اندراج، کسی محکمہ میں نام لکھا جانا، فالتو، ردی، جھوٹ اور بناوٹی تکمیل، اتمام۔ (افعال: کرنا، بھرنا، ہونا)

بھرتی کا مال bhar-ti(i) kaa maal: (ار، مذ) سوداگری کا مال، معمولی مال، کم قیمت مال۔

بھرتیا bar-ti-ya(a): (ار، مذ) کسیرا، ٹھٹھیرا، تانبے پیتل کے برتن بنانے والا۔

بھِرڑی bhir-Ri(i): (ہ، مذ) وہ اناج جو گاہنے کے بعد بالوں میں رہ جائے (پنجابی: گھنڈیاں)

بھُرکس bhur-kas: (ہ، مذ) ریزہ، چوزہ، پھانس، بھوسی۔

بھُرکس نِکالنا bhur-kas ni-kaal-na: (ار، محاورہ) مار مار کر کچومر نکال دینا/ نکل جانا، ہڈی پسلی توڑ دینا/ ٹوٹ جانا۔

بھرم bha-ram: (ہ، مذ) شہرت، عزت، وقعت، آبرو، بھروسا، ساکھ، اعتبار۔

بھرم رہنا bha-ram reh-na(a): (ار، محاورہ) ساکھ رہنا، آبرو رہنا۔

بھرنا bhar-na(a): (ار، مص) پُر کرنا، پُر ہونا، بتھڑنا، نباہنا، تاوان ادا کرنا، سیر ہونا، برداشت کرنا، چغلی کھانا، (مذ) قرض، روزانہ کے مصارف۔

بھرنا bhar-na(a): (ار، محاورہ) کسی کا خرچ برداشت کرنا، کفالت کرنا، مصیبت جھیلنا، رشوت دینا۔

بھرنی bhar-ni(i): (ار، مث) بانا، جولاہوں کا آلہ، تال۔

بھرَوتی bha-rau-ti(i): (ہ، مث) مکمل ادائیگی کی رسید، رسید قبض الوصول، جواب، معاوضہ، عوض، نقصان۔

بھروسا bha-ro-sa(a): (ہ، مذ) امید، آسرا، سہارا، اعتماد، اعتبار، ساکھ (افعال: دینا، رکھنا، کرنا)

بھری bha-ri(i): (ار، صف، مث) بھرا کی تانیث، پُر شدہ۔

بھری برسات bha-ri(i) bar-saat: (ار، مث) عین برسات کا موسم، بارش کی شدت کا زمانہ۔

بھری جوانی bhari(i) ja-vaa-ni(i): (ار، مث) عین جوانی کا زمانہ۔

بھری ڈاڑھی bha-ri(i) Daa-Rhi(i): (ار، مث) نہایت گھنی ڈاڑھی۔

بھری رکعت bha-ri(i) rak-(?)at: (ار، مث) نماز کی وہ رکعت جس میں سورۃ فاتحہ کے ساتھ کوئی اور سورت بھی ملائی جائے۔

بھڑّی bhar-ri(i): (ہ، مث) انتشار، پراگندگی، فرار۔

بھرے کو بھرنا bha-re-ko-bhar-na(a): (ار، محاورہ) ایسے شخص کو دینا جسے احتیاج نہ ہو۔

بھڑ bhiR: (ار، مث) ایک پردار زرد رنگ کا کیڑا جس کے ڈنک میں تکلیف دہ زہر ہوتا ہے۔ یہ کیڑا چھتے بنا کر رہتا ہے۔

بھڑوں کا چھتا bhi-rauN kaa chhat-ta(a): (ار، مذ) بھڑوں کا گھر، صف، ایسا خاندان جس میں سب کا باہم اتفاق ہو، اگر ان میں سے کسی ایک کو چھیڑا جائے تو سب کے سب پیچھے پڑ جائیں۔ فسادی، بھڑ کی طرح پیچھے پڑ جانے والا۔

بھڑ جانا bhiR-jaa-na(a): (ار، محاورہ) لڑائی شروع ہو جانا، بحث ہو جانا، آمنے سامنے آجانا، مقابلہ پر ڈٹ جانا، حجت کرنے لگنا، کواڑ کا بند ہو جانا، جل جانا، گتھ جانا

بھڑا دینا bhi-Raa de-na(a): (ار، محاورہ) مقابلہ کرا دینا، لڑا دینا۔

بھڑاس bha-Raas: (ہ، مث) دل کا بخار، غصہ، کینہ، عداوت، دشمنی۔ (افعال: نکالنا، نکلنا)

بھڑانا bhi-Raa-na(a): (ار، مص) قریب لانا، ملانا، ٹکرانا، مقابلہ کرنا، مقابلہ کرا دینا۔

بھڑ بھڑاہٹ bhaR-bha-Raa-haT: (ہ، مث) آگ کی بھڑ بھڑ کی آواز، اونچی اور لمبی آواز، توپ، طوفان وغیرہ کی آواز، گھر گھڑاہٹ، دندناہٹ، گرج۔

بھڑ بھڑانا bhaR-bha-Raa-na(a): (ار، مص) تڑکنا، چٹخنا، آگ کا بھڑکنا، بھڑ بھڑ کرنا، طبلہ بجانا

بھڑ بھڑیا bhaR-bhaR-ya(a): (ہ، صف) بغیر سوچے سمجھے بولنے والا، فضول باتیں کرنے والا، صاف دل، پیٹ کا ہلکا، بکی، بکواس، سیدھا سادہ بھولا بھالا۔

بھڑ بھونجا bhaR-bhuuN-ja(a): (ہ، مذ) بھاڑ جھونکنے والا، اناج بھوننے والا، ہندوؤں کی ایک ذات، بدشکل، سیاہ فام، میلا کچیلا، سیاہ، بدحیثیت، گندہ۔

بھڑاک bha-Raak: (ہ، مث) چمک دمک، روشنی، تجلی، تپ، شدید پیاس، پانی کی انتہائی خواہش، نمود، رونق، جلوس، شان و شوکت، وحشت، جھجک، گرمی۔

بھڑک اُٹھنا/جانا bha-Rak-uTh-na(a): (ار، محاورہ) مشتعل ہونا، آگ پکڑنا، جلنا، آگ کا تیز ہونا، جانور کا بدک جانا، شعلہ اُٹھنا، آگ کا روشن ہونا۔

بھڑکانا bhaR-kaa-na(a): (ار، مص) غصہ دلانا، برافروختہ کرنا، بہکانا، آگ کو تیز کرنا، مشتعل کرنا، ڈرانا، وحشت دلانا، چونکانا، تمباکو جلا کر سوختہ کر دینا۔

بھڑک دار bha-Rak-daar: (ار، صف) بھڑکیلا، چمکیلا (اصولاً ترکیب غلط ہے)

بھڑکنا bha-Rak-na(a): (ار، مص) ڈرنا، متوحش ہونا، جانوروں کا وحشت کرنا، چوکنا ہونا، گرم ہونا، جلنا، رونق بڑھنا، چمک آجانا، آگ کا شعلہ تیز ہونا، اعصاب کا کھنچ جانا، رگ پٹھے کا تن جانا، چلم کے تمباکو کا جل جانا، سُلفا ہو جانا، گرمی کا بڑھنا، جرات تیز ہونا۔

بھڑکیل bhaR-kel: (ہ، صف) وحشی، بھڑکنے والا، ڈرنے والا۔

بھڑکیلا bhaR-kii-la(a): (ہ، صف، مذ) چمکیلا، زرق برق، مث: بھڑکیلی۔

بھڑنا bhiR-na(a): (ار، مص) قریب آنا، متصل ہونا، پیوستہ ہونا، ملنا، مقابلہ ہونا، گتھنا، مقابلہ کرنا، لڑائی پر آمادہ ہونا، ٹکر کھانا، ٹکرا جانا، مباحثہ کرنا، کٹ حجتی کرنا۔

بھڑوا bhaR-va(a): (ہ، مذ۔) جو آدمی عورتوں کی کمائی کھائے، جو عورتوں کو غیر مردوں سے ملائے، دیوث، کسنا، بچولیا، دلال، بے حیا، بے شرم، بے غیرت، اسم کیفیت، مذ: بھڑواپن۔

بھڑوانا bhiR-vaa-na(a): (ار، مص) کٹنا پن کرنا، عورت کو مرد کے پاس لے جانا، دلالی کرنا، لڑانا، سامنے کرنا۔

بھس bhas: (ہ، مث) راکھ، بھبھوت، بھسم، خاک، ہیچ۔

بھُس bhus: (ہ، مذ) اناج کا چھلکا، چوکر، بھوسی، چھلکن، بھوسا۔

بھُس بھرڑا دینا bhus bhar-vaa de-na(a): (ار، محاورہ) کسی خالی چیز کو / کھال وغیرہ کو بھس سے بھر کر دینا، خراب کرنا، بگاڑ دینا۔

بھُس بھرڑانا bhus-bhar-vaa-na(a): (ار، محاورہ) پرانے زمانے کی ایک سزا جس میں آدمی کی کھال کھچوا کر بھس بھروا دیتے تھے، بہت مروانا، زدوکوب کروانا۔

بھُس ملانا bhus-mi-laa-na(a): (ار، محاورہ) خراب کرنا۔

بھسم bha-sam: (ہ، مذ) راکھ، بھبھوت، جلی ہوئی خاک۔

بھسم کر دینا bha-sam-kar-de-na(a): (ار، محاورہ) جلا دینا / جلنا، راکھ کر دینا / ہونا، ہضم کر جانا / ہونا، فنا کرنا / ہونا۔

بھقر بھقر bha-qar bha-qar: (ہ، مث) جلدی جلدی۔

بھک bhak: (ہ، مث) تمباکو کے پتوں کا ایک باریک چورا، اُڑ جانے والا، دھماکا، گھی یا تیل کو آگ لگنے کی آواز، بارود کے اُڑنے کی آواز۔

بھک بھک bhak-bhak: (ہ، مث) انجن سے دھواں نکلنے کی آواز۔

بھک سے اُڑ جانا bhak se uR jaa-na(a): (ار، محاورہ) بارود وغیرہ کا آواز دے کر اُڑ جانا۔

بھکاری bhi-kaa-ri(i): (ہ، مذ) بھیک مانگنے والا، مث: بھکارن۔

بھک منگا bhik-man-ga(a): (ہ، صف) بھیک مانگنے والا، گداگر، نہایت مفلس، بھوکا کنگال۔

بھُکنا bhuk-na(a): (ار، مص) گھس جانا، چبھنا، کسی نوکدار چیز کا دوسری چیز میں گھس جانا۔

بھکوا bhak-va(a): (ہ، صف) نادان، احمق، بیوقوف، مسخرہ، بیہودہ، بھڑوا، قرمساق، مث: بھکوی۔

بھگا bhag-ga(a): (ہ، صف) مقابلے میں شکست کھا کر بھاگنے والا۔

بھگا لے جانا bha-gaa-le-jaa-na(a): (ار، محاورہ) کسی کو دم دے کر لے جانا، فریب دے کر ساتھ لے جانا، تیز چال سے ساتھ لے جانا، خفیہ طور پر لے جانا، کسی عورت یا نابالغ بچہ کو اس کے ولی کی اجازت کے بغیر ورغلا کر لے جانا۔

بھگانا bha-gaa-na(a): (ار، مص) دوڑانا، لپکانا، سرپٹ لے جانا، کسی عورت کے گھر سے ورغلا کر لے جانا، شکست دینا، پسپا کرنا، دانت کھٹے کر دینا، مُنہ پھیر دینا۔

بھگت bha-gat: (ہ، مذ) مقدس، پرہیزگار آدمی، وہ شخص جو سفلی اعمال کرتا ہو، سیانا، گنڈے تعویذ کرنے والا، بھوت پریت اتارنے والا، (مث) ہندوؤں کا ایک مذہبی سوانگ یا ناٹک یا نقل یعنی مذاقیہ تماشا، خاطر تواضع جیسے آؤ بھگت، بے عزتی، بے حیائی۔

بھگت باز bha-gat baaz: (ہ، ف، صف) ہندوؤں میں وہ فرقہ جو لڑکوں کو ناچنے اور سوانگ بھرنے کی تعلیم دیتا ہے،لڑکوں کا تماشا کرنے والا۔

بھگتانا bhug-taa-na(a): (ار، مص) پورا کرنا، انجام کو پہنچانا، ادا کرنا، بیان کرنا، تعمیل حکم کرنا، فیصلہ کرنا، باٹنا، تقسیم کرنا، جھگڑا مٹانا، جان سے مار ڈالنا۔

بھگتان bhug-taan: (ہ، مذ) قرض کی بے باقی، سزا جزا، بدلہ۔

بھگتائی bhag-taa-i(i): (ہ،مث) ریاضت، تقوی،توکل، اُنس، پیار،رفاقت، ہمدلی، وفاداری۔

بھگت لینا bha-gat-le-na(a): (ار، محاورہ) برداشت کر لینا،لڑنے مرنے کو آمادہ، حساب سمجھ لینا، کیے کی سزا برداشت کر لینا، سمجھ لینا، دیکھ لینا۔

بھگتنا bhu-gat-na(a): (ار، مص) پورا ہونا، انجام کو پہنچنا، ختم ہونا، جھیلنا، برداشت کرنا، بیباق ہونا، بھرنا، تصفیہ ہونا، فیصلہ ہونا۔

بھگتانی bhug-taa-ni(i): (ہ،مث) دیکھیے 'بھگت' جس کی یہ تانیث ہے۔ رنڈی، کسبی۔

بھگتی /بھگتیا bhag-ti(i): (ہ، صف) ناچنے گانے والا، نقال، بھانڈ، سوانگ بھرنے والا، عورتوں کا لباس پہن کر ناچنے والا۔

بھگندر bha-gan-dar: (ہ، مذ) بواسیر، ایک قسم کا پھوڑا جو مقعد میں یا اس کے آس پاس ہوتا ہے۔

بھگو bhag-gu(u): (ہ،صف) بھگوڑا، مقابلے سے بھاگا ہوا،لڑائی سے بھاگا ہوا، جو استاد یا آقا کے پاس سے بھاگ جائے۔

بھگو بھگو کے لگانا bhi-go bhi-go ke la-gaa- na(a): (ار،محاورہ) جوتے تر کرکے مارنا تاکہ چوٹ زیادہ لگے، مذاق میں سخت سست کہنا،طعن تشنیع کرنا، شرمندہ کرنا،لعنت ملامت کرنا۔

بھگوان bhag-vaan: (ہ، مذ) ہندوؤں کا خدا۔

بھگوان کی لیلا bhag-vaan ki lii-la(a): (ہ،مث) وہ تقریر جو کرشن جی نے ارجن کو جنگ پر آمادہ کرنے کے لیے کی تھی، جس میں فلسفہ اور تصوف کے نکات شامل ہیں۔

بھگوڑا bha-go-Ra(a): (بہ واؤ مجہول) (ار، صف) دیکھیے 'بھگو'۔

بھگی bhag-gi(i): (ہ، مث) بھاگڑ، ہل چل (افعال: پڑنا)

بھل bhal: (بہ کسر اول) (ہ، مذ) رُخ، پہلو، سہارے سے، بل۔

بھلا bha-la(a): (ہ، صف، مذ) اچھا، خوب، خوش نما، دلچسپ، نیک، عجیب، شریف (بطور اسم) نیکی، سلوک، احسان (بطور کلمۂ ایجاب) ہاں، اچھا حاضر ہوا، (بطور کلمۂ تنبیہ) دیکھا جائے گا، ہیں، کیا کرتا ہے (زائد زینت کلام کے لیے) مثلاً بھلا ہم کو کیا، اچھے کے تابع کے طور، مثلاً اچھا بھلا ہے مث: بھلی۔

بھلا چنگا bha-laa chaN-ga(a): (ار، صف) تندرست صحیح سالم، اچھا بھلا، موٹا تازہ، اچھا خاصا۔

بھلا کرنا bha-laa kar-na(a): (ار، محاورہ) اچھا برتاؤ کرنا، نیکی کرنا، طنزاً برا کرنا، سزا دینا۔

بھلا لگنا bha-laa-lag-na(a): (ار، محاورہ) پسند آنا، گوارا ہونا، خوشنما ہونا۔

بھلا مانس bha-laa maa-nas: (ار، صف، مذ) شریف، سفید پوش، نیک، خلیق، ذی عزت، مث: بھلی مانس۔

بھلا ہو bha-laa ho: (ار، کلمہ دعا) خوش نصیب ہو۔

بھلا ہونا bha-laa ho-na(a): (ار، محاورہ)

بیماروں سے صحت یاب ہونا، اچھا ہونا۔

بُھلا دینا bhu-laa de-na(a): (ار، محاورہ) فراموش کر دینا، خاک میں ملا دینا، غرور مٹانا۔

بُھلانا bhu-laa-na(a): (ار، مص) بولنا کا متعدی، فراموش کرنا، یاد نہ کرنا، گمراہ کرنا، فریب دینا۔

بُھلاوا bhu-laa-va(a): (ار، مذ) مغالطہ، فریب، دھوکا، دغا۔

بُھلاوے میں رہنا bhu-laa-va maiN reh-na(a): (ار، محاورہ) دھوکے میں رہنا، مغالطہ میں رہنا۔

بھلائی bha-laa-i(i): (ار، مث) نیکی، اچھائی، خوبی، بہتری، خوبصورتی، فائدہ، نفع، سلوک، نیک نامی۔

بھل بھل bhal bhal: (ار، صوت) بہت سا پانی یا خون گرنے کی آواز۔

بُھل بُھل bhul-bhul: (ہ، مث) بھُوبل، گرم ریت یا راکھ۔

بُھلسنا bhu-laa-na(a): (ار، مص) جھلسنا۔ جلنا۔ بھرتا ہو جانا۔

بُھلکّڑ bhu-lak-kaR: (ار، صف) بھول جانے والا، جو بار بار بھولتا ہو۔

بھلمنسات / بھلمنساہت / بھلمنساہٹ / بھلمنسائی / bhal-man-saat: (ہ، مث) شریفانہ برتاؤ، شرافت، انسانیت۔

بھلے bha-le: (ہ، صف) بھلا کی جمع اور مغیرہ صورت، اچھے، عمدہ۔

بھلے دن bha-le-din: (ار، مذ) اچھا زمانہ، اقبال زمانہ۔

بھلے کو bha-le-ko: (ار، متعلق، فعل) فائدہ کی غرض سے، خیر خواہی کے لیے، حسنِ اتفاق سے۔

بھمبو bham-buu: (واؤ مجہول سے) (ہ، مث) بھدی عورت، موٹی عورت، بے سلیقہ، پھوہڑ عورت۔

بُھنا / بُھننا bhun-na(a): (ار، مص) بریاں ہونا، گوشت اور ترکاری کا گھی میں جلنا، کینہ، بغض یا غم سے جلنا، ناخوش ہونا، روپے کا خردہ ہونا، سکے یا نوٹ کا خردہ ہونا، تپنا، پھنکنا، غصہ میں جلنا، عموماً جلنا کے تابع کے طور پر آتا ہے۔

بُھنانا bhu-naa-na(a): (ار، مص) بریاں کرانا، روپے کا خُردہ کرانا، ریزگاری لینا، چیک وغیرہ کی رقم وصول کرنا۔

بُھنائی / بُھنوائی bhu-naa-i(i): (ہ، مث) بھنانے کی اُجرت، کٹوتی، بٹا۔

بھنبھناتا bhin-bhi-naa-na(a): (ار، احالیہ) بھنبھناتا ہوا، سُست کاہل، ایسا سُست جس پر مکھیاں بھنکا کریں مگر وہ ان کو اڑائے تک نہ۔

بھنبھناہٹ bhin-bhi-naa-haT: (ار، صوت، مث) مکھیوں کی آواز۔

بھنبھوڑنا bhaN-bhoR-na(a): (واؤ مجہول سے) (ار، مص) بلی، کتے یا کسی درندے کا کاٹنا، نوچنا، نوچ نوچ کر کھانا۔

بھنبھیری bhiN-bai-ri(i): (ہ، مث) برسات میں پیدا ہونے والا ایک پتنگا، تتلی کی شکل کا ایک پردار کیڑا، جس کے اُڑنے سے بھن بھن کی آواز پیدا ہوتی ہے، صف۔ تیز بھاگنے والا، پھرتیلا۔

بھنڈ bhinD: (ہ، مذ) تباہی، بربادی (افعال: کرنا، ہونا)

بھنڈار bhan-Daar: (ہ، مذ) گودام، ذخیرہ، سطح دریا، پانی کی سطح، پانی کا خزانہ۔

بھنڈارا bhan-Daa-ra(a): (ہ، مذ) ہندو فقیروں کی دعوت، خیرات خانہ، بھیکنی کی وہ ضرب جو حریف

کے بائیں طرف لگاتے ہیں۔

بھنڈاری bhan-Daa-ri(i): (ہ، مذ) گودام کا محافظ، مودی، باورچی، خان ساماں، دوسرے کی طرف سے محتاجوں کو غلہ تقسیم کرنے والا۔

بھنڈی bhin-Di(i): (ہ،مث) ایک ترکاری کا نام جس کی شکل انسانی اُنگلی سے ملتی جلتی ہے۔

بھنڈی خانہ bhan-Dii Kaa-na(a): (ہ،ف، مذ) وہ جگہ جہاں حقے پانی کا سامان رہے (گنگا جمنی ترکیب)

بھنڈیلا bhan-De-la: (ہ، مذ) بھانڈ کی تصغیر، بھکوی، جگت کرنے والا، مسخرہ۔

بھنک bha-nak: (ہ،مث) دھیمی آواز، ہلکی آواز، اُڑتی بات مکھیوں کی آواز۔

بھنکار bhin-kaar: (ار،مث) مچھروں یا مکھیوں کا ہجوم، مکھیوں مچھروں کی آواز۔

بھنکانا bhin-kaa-na(a): (ار، مص) بھنکنا کا متعدی، کسی چیز کو بے احتیاطی سے رکھنا کہ اس پر مکھیاں اڑیں یا پہنچیں۔

بھنکتی صورت bhi-nak-tii suu-rat: (ہ،مث) گھناؤنی صورت، بھونڈی صورت۔

بھنکنا bhi-nak-na(a): (ار، مص) مکھیوں کا ہجوم کرنا، مکھیوں کا بھنبھنانا، ست اور کاہل، بیٹھنا، خالی بیٹھنا۔

بھنگ bhang: (ہ،مث) ایک قسم کی بوٹی جو نشہ پیدا کرتی ہے، خرابی، بربادی۔

بھنگ کھانا / پینا bhang-khaa-na(a)/ pii-na(a): (ار، محاورہ) بدحواسی کی باتیں کرنا۔

بھنگا bhun-ga(a): (ہ،مذ) ایک چھوٹا پردار کیڑا۔

بھنگراج bhang-raaj: (ہ،مذ) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ۔

بھنگڑا bhang-Ra(a): (ہ،مث) بھنگ پینے والا، گپی، بکواسی۔

بھنگڑ خانہ bhan-gaR-Kaa-na(a): (ہ،ف، مذ) بھنگ پینے کا اڈہ، عام آدمیوں کے جمع ہونے کا مقام۔

بھنگی bhan-gi(i): (ار،صف، مذ) بھنگ پینے والا، حلال خور، خاکروب مث: بھنگن۔

بھنگیانا bhang-yaa-na(a): (ار،مص) نشہ میں ہونا، بدحواس ہونا۔

بھنگیڑا bhan-ge-Ra(a): (ہ، مذ) بھنگ پینے والا، بھنگ بنانے والا، مث: بھنگیڑن۔

بھنوانا bhun-vaa-na(a): (ار،مص) دیکھیے 'بھونا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

بھنور bhaN-var: (ہ،مذ) گرداب، پانی کا چکر پڑنا، گردش، چکر، دوران۔

بھنورکلی bhaN-var-ka-li(i): (ہ،مث) ایک پھرنے والا چھلا جو کتے یا بکری کے پٹے یا زنجیر میں ہوتا ہے اور ان کو باندھنے کے کام آتا ہے۔

بھوانی bha-vaa-ni(i): (ہ،مث) دُرگا، پاربتی، شوجی کی بیوی، چیچک۔

بھوبل bhuu-bal: (ہ،مث) راکھ، گرم راکھ، ریت۔

بھوت bhuut: (ہ،مذ) ناپاک روح، خبیث روح، شیطان، پلید، سایہ، بھتنا، جن، آسیب، پریت، صف: پیچھا نہ چھوڑنے والا، سر ہو جانے والا، بدصورت، بدشکل، سیاہ فام خال آلودہ، آپے سے باہر ہونا۔

بھوت پریت bhuu-pa-riit: (ہ،مث) دیکھیے 'بھوت'۔

بھوت چڑھنا/سوار ہونا bhuut-chaR-na(a):

(ار، محاورہ) دیوانہ ہونا، سخت غصہ آنا، طیش آنا، کسی طرح نہ ماننا، جن چڑھنا، خبیث روح کا مسلط ہونا۔

بھوت کا پکوان bhuut-ka-pak-vaan: (ار، مذ) مفت کی دوا جو آسانی سے ہاتھ لگے اور جلد صرف ہو جائے، حرام مال جو جلد ختم ہو جائے۔

بھوج bhoj: (ھ، مذ) کھانا، دعوت، عیش و عشرت، ایک درخت کا نام، بھنا ہوا غلہ۔ واؤ معروف سے۔

بھوجن bho-jan: (ھ، مذ) کھانا، طعام، آدھار، (افعال: چکھنا، کرنا)

بھوجی / بھوجائی bhau-ji(i)/bhau-jaa-i(i): (ھ، مث) بھائی کی بیوی، بھاوج، بھابی۔

بھوچکا bhau-chak-ka(a): (ھ، صف) خوف سے بدحواس، ہکا بکا، حیران۔

بھور bha-var: (ھ، مث) صبح، سویرا، تور کا تڑکا، فجر، سحر، خاتمہ۔

بھور اُڑانا bhor u-Raa-na(a): (ار، محاورہ) خرچ کر دینا، ضائع کر دینا، کنگال کر دینا، مفلس بنا دینا۔

بھورا bhuu-ra(a): (ار، صف) ایک رنگ جو سرخی مائل، سیاہی اور زردی ملا ہوا ہوتا ہے۔ اونٹ کا سا رنگ، شتری رنگ، ایک قسم کا کبوتر جس کے پروں پر سفید داغ ہوتے ہیں اور اُس کا اپنا رنگ نیلا ہوتا ہے۔ گاؤں کی وہ زمین جو آبادی سے بہت دور ہو۔

بھوری bhuu-ri(i): (ار، مث) بھورا کی تانیث، وہ روٹی جو سر کنڈوں کی راکھ پر پکائی جاتی ہے۔

بھوس / بھوسا bhuus: (ھ، مذ) دیکھیے 'بُھس'۔

بھوسی bhuu-si(i): (ھ، مث) بھوسا کی تصغیر، بوس، چھلکا، چوکر، اوپر کا چھلکا۔

بھوک bhuuk: (ھ، مث) کھانے کی خواہش، ضرورت، رُچ، اشتہا، گرسنگی، ایک دوا جو لڑائی کے بٹیروں کو دیتے ہیں۔ (افعال: لگنا، ہونا)

بھوک پیاس bhuuk-pi-yaas: (ھ، مث) کھانے پینے کی ضرورت، تنگی، افلاس، فاقہ کشی۔

بھوک ہڑتال bhuuk-haR-taal: (ار، مث) کسی بات کے خلاف خفگی کا اظہار یا کوئی مطالبہ منوانے کے لیے کھانا پینا چھوڑنا تاوقتیکہ مطالبہ مان نہ لیا جائے۔

بھوکا bhuu-ka(a): (ار، صف، مذ) کھانے کی خواہش رکھنے والا، جس نے دیر سے کچھ کھایا نہ ہو، گرسنہ، فاقہ کش۔ قحط زدہ، خواہش مند، مشتاق، آرزو مند، نہایت مفلس، کنگال۔

بھوکوں bhuu-kauN: (ار، مذ) بھوک کی جمع (متعلق) بھوک کی وجہ سے۔

بھوکوں مرنا bhu-kauN mar-na(a): (ار، محاورہ) تنگی سے گزر ہونا، مشکل سے گزر ہونا۔

بھوگ bhog: (س، مذ) کھانا، دیوتاؤں کا چڑھاوا، خوشی، آرام، بدلہ، نتیجہ۔

بھوگ بلاسی bhog-balaa-si(i): (ھ، مذ) بھوگی، مباشرت کا شائق، عیاش، زانی، شہوت پرست۔

بھوگ کرنا bhog-kar-na(a): (ار، محاورہ) ہم بستر ہونا، مجامعت کرنا، صحبت کرنا۔

بھوگ پڑنا bhog paR-na(a): (ار، محاورہ) برا بھلا کہنا، گالیاں پڑنا۔

بھوگ دینا bhog-dena(a): (ار، محاورہ) الزام دینا، گالیاں دینا، لعنت ملامت کرنا۔

بھوگنا bhog-na(a): (ھ، مص) برداشت کرنا، بھگتنا، سہنا، مصیبت جھیلنا، دکھ اٹھانا، مزے اڑانا

بھوگی bho-gi(i): (ھ، مذ) عاشق، آرام طلب، زانی، عیش دوست۔

بھول bhuul: (ھ،مث) فراموشی، نسیان، چوک، غلطی، خطا، لغزش، دھوکا، شبہ۔

بھول بھلیاں bhuul-bhu-laiy-yaaN: (ھ،مث) پیچ در پیچ راستہ کا مکان، ایک قسم کی عمارت جس میں ایک وضع کے متعدد دروازے اور راستے ہوتے ہیں۔ جو شخص اس میں داخل ہوتا ہے، راستہ بھول جاتا ہے، گورکھ دھندا۔

بھول جانا bhuul-jaa-na(a): (ار،محاورہ) غلطی ہونا، سہو ہونا، یاد سے اتر جانا، غلطی سے چلے جانا۔

بھول چوک bhuul-chuuk: (ار،مث) خطا، قصور، سہو، فردگزاشت، غلطی، فراموشی۔

بھول کر bhuul-kar: (ار،متعلق فعل) غلطی سے، بھولے سے، اتفاقاً، ایک بار بھی۔

بھولا bho-la(a): (ھ،صف،مذ) کم عقل، نادان، سیدھا سادہ، نوآزمودہ کار، ناواقف کار، مث: بھولی، اسم کیفیت، مذ: بھولا پن، بھول پن۔

بھولا بھالا bho-la(a) bha-la(a): (ھ،صف، مذ) سیدھا سادہ، سادہ لوح، بھلا مانس، نیک مزاج، معصوم، مث: بھولی بالی، بھالی۔

بھولا بسرا bhuu-la(a) bis-ra(a): (ھ،صف) وہ شخص جو راہ بھول گیا ہو، بھولی ہوئی چیز۔

بھولنا bhul-na(a): (ھ، مذ) فراموش ہونا، یاد نہ رہنا، غلطی کرنا، خطا کرنا، بھٹکنا، گم ہونا، کھو جانا، دھوکا کھانا، غرور کرنا۔

بھولے سے bhuu-le-se: (ار،متعلق فعل) دھوکے سے، سہواً۔

بھومی bhuu-mi(i): (ھ،صف) ارضی، زمین سے متعلق، مث: سیتاجی کا لقب۔

بھومیار bhuum-yaar: (ھ،مذ) زمیندار، زمین کا مالک، پرانا باشندہ، وہ بہت پرانا سانپ جس کے سر پر بال نکل آتے ہیں۔ بہار صوبہ کی ایک نسل کا نام

بھون bha-van: (ھ، مذ) گھر، مکان، مندر، رہائش، آبادی، محل، قصر، سورگ، بہشت، خاصیت، جنم ولادت، پیدائش، وجود اور ہستی۔

بھوں bhauN: (ھ،مث) وہ بال جو آنکھوں کے اوپر کمان کی شکل میں رہتے ہیں، ابرو۔

بھوں بھوں bhauN bhauN: (ار، اصوت) کتے کی آواز، رونے کی آواز (افعال: کرنا)

بھونپو bhauN-pu(u): (ھ، مذ) ایک قسم کا باجا، نرسنگا۔

بھونچال bhuuN-chaal: (ھ،مذ) زلزلہ۔

بھونچکا bhauN-chak-ka(a): (ھ،صف) حیران، پریشان، گھبرایا ہوا۔

بھوندو bhauN-du(u): (ھ،صف) کمزور، احمق، اناڑی، جاہل، کندۂ ناتراش۔

بھونڈا bhauN-Da(a): (ھ،صف، مذ) بدنما، بدشکل، بدصورت، بدنیت، خراب، ناقص، منحوس، بدقسمت، مث: بھونڈی، اسم کیفیت مذ: بھونڈاپن۔

بھونرا bhauN-ra(a): (ھ،مذ) ایک قسم کا سیاہ پردار کیڑا جو کنول کے پھول پر عاشق ہے۔ (دہلی میں) نیک شگون، صف: نہایت سیاہ، تہ خانہ، چاہ زندان، قید خانہ۔

بھونری bhaNv-ri(i): (ھ،مذ) وہ بالوں کا چکر جو گھوڑے یا آدمی کے سر یا جسم کے کسی اور حصہ پر ہوتا ہے۔ ان میں سے بعض منحوس اور بعض مبارک خیال کی جاتی ہیں۔ وہ روٹی جو انگاروں پر پکائی جاتی ہے، بھونرے کا مادہ۔

بھونرا bhanv-ra(a): (ار،محاورہ) سیاہ پردار کیڑا،

دیکھیے 'بھونرا'۔

بھونک bhauNk: (ار، اصوت) کتے کی آواز۔

بھونکنا bhauNk-na(a): (ار، مص) کتے کا بولنا، غل مچانا، چیخنا، بیہودہ بکنا، بکواس کرنا۔

بھونکنا bhauNk-na(a): (ار، مص) نوک دار چیز کو کسی دوسری چیز میں داخل کرنا، گھونپنا، سوئی سلائی کرنا۔

بھونا bhuun-na(a): (ار، مص) بریاں کرنا، آگ بھوبل یا بالو میں بھلبھلانا، گھی میں تلنا، جھلسا، جلانا، بندوق وغیرہ سے مارنا، طعنوں سے دل جلانا۔

بھویا bho-ya(a): (ہ، صف) بھاؤ بتا کرتا چنے والا۔

بھئی bha-ii: (ہ، مذ) بھائی کا مخفف، ہم سر اور چھوٹوں سے خطاب کا کلمہ۔

بھی bhii: (ار، حرف ربط) نیز، اور، اب، فوراً، تک، مرکبات میں استعمال ہوتا ہے، جیسے کچھ بھی کوئی بھی۔

بھے bhai: (ہ، مذ) ڈر، خوف، خطرہ، خدشہ، بیماری، مرض۔

بھیا bhay-ya(a): (ار، مذ) دیکھیے 'بھائی چارہ' پیار سے بولتے ہیں۔

بھیا چارا bhay-ya-chaa-ra(a): (ار، مذ) بھائی کا سا سلوک، برادرانہ برتاؤ، موافقت۔

بھیانک bha-yaa-nak: (ہ، صف) ڈراؤنا، خوف ناک، سنسان، ویران، پریشان۔

بھیانئ bha-yaa-au: (ہ، مذ) شادی، بیاہ، (سب رس)

بھیت bhiit: (ہ، مث) دیوار، دیوار کی چوڑائی، بند پرانے مکانات کے نشانات۔

بھیتر bhii-tar: (ار، متعلق فعل) درمیان، اندر، چار دیواری کے اندر، مکان کے اندر، پوشیدہ۔

بھیتری bhiit-ri(i): (ہ، صف) اندرونی باطنی، پوشیدہ۔

بھیجا bhe-ja(a): (ار، مذ) مغز سر، دماغ، سر کا گودا، (فعل: بھیجنا کا صیغہ ماضی)

بھیجا پکانا bhe-ja(a) pa-kaa-na(a): (ار، محاورہ) بہت بکنا، بکواس کرنا، بکنے کی زحمت برداشت کرنا۔

بھیجنا bhej-na(a): (بہ یائے مجہول) (ار، مص) روانہ کرنا، ارسال کرنا، چلتا کرنا، دعا یا بددعا کے طور پر کچھ کہنا، مثلاً درود بھیجنا، لعنت بھیجنا۔

بھید bhed: (بہ یائے مجہول) (ار، ہذ) راز، پوشیدہ بات، دل کی بات، سراغ، پتہ، بوجھ، پہیلی، حال، احوال، اصلی کیفیت (افعال: پانا، دینا، کہنا، کھولنا، کھلنا، لگانا، لینا، ملنا) (مذ) سوتی کا سوراخ، چھیدے ہوئے کان کا سوراخ۔

بھیدنا bhed-na(a): (ار، مص) سوراخ کرنا۔

بھیدو bhe-duu: (ہ، صف ق) دیکھیے 'بھیدی'۔

بھیدی bhe-di(i): (ار، صف) راز دار، راز دان، ہم راز، واقف حال، محرم، پتہ لگانے والے اور سراغ رساں۔

بھیروں bhai-roN: (ہ، مذ) شوجی کا غصے کا روپ، ایک راگ کا نام جس میں ساتوں سُر لگتے ہیں، صبح کے وقت گایا جاتا ہے، مہیب، خوفناک۔

بھیرویں bher-viiN: (ہ، مث) بھیروں کی بیوی، درگا کا ایک خاص روپ، سات سُر کی ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

بھیڑ bhiiR: (ہ، مث) انبوہ، ہجوم، جمگھٹ، مصیبت، بپتا، آفت۔

بھیڑ بھاڑ bhiiR-bhaaR: (ہ، مث) ہجوم، مجمع، دھوم دھام، افعال: ہونا، لگانا، پڑنا، چھٹنا۔

بھیڑ بھڑکا bhiiR-bha-Rak-ka(a): (ہ، مذ) ہجوم، دھوم دھام۔

بھیڑ beR: (ہ،مث) بکری کی نسل سے ایک چوپایہ جس کا قد عموماً دو اڑھائی فٹ ہوتا ہے، تمام جسم پر نرم نرم بال ہوتے ہیں، جس کو اُون کہتے ہیں، مسکین۔

بھیڑ چال beR-chaal: (ار،مث) دیکھا دیکھی، اندھا دھند، دستور کے مطابق۔

بھیڑا bhe-Ra(a): (ہ،مذ) دیکھیے 'بھیڑ' جس کا یہ مذکر ہے؟

بھیڑنا bheR-na(a): (ہ،مص) باہم ملانا، کواڑ بند کرنا۔

بھیڑی bhe-Ri(i): (ہ،مث) دیکھیے 'بھیڑ' جس کی یہ تانیث ہے، بالعموم مادہ بھیڑ کو کہتے ہیں۔

بھیڑیا bhe-Ri-ya(a): (ہ،مذ) ایک خونخوار درندہ جو کتے سے مشابہ ہوتا ہے، گرگ۔

بھیس bhes: (ار، مذ) لباس، پوشاک، سوانگ، وضع قطع (افعال: بدلنا، کرنا، بنانا)

بھیک bhiik: (ار،مث) بھکشا، گدائی، خیرات، وہ چیز جو خدا کے نام پر دی جائے۔

بھیک کا ٹھیکرا کاسہ bhiik kaa Thiik-ra(a): (ار، مذ) کاسۂ گدائی، مانگنے کا پیالہ، کمائی کا وسیلہ، کسب فن۔

بھیگا bhii-gaa: (ار،صف،مفعولی) گیلا، تر، پانی پڑا ہوا، مث: بھیگی۔

بھیگنا bhiig-na(a): (ار،مص) تر ہونا، گیلا ہونا، رات کا کچھ حصہ گزرنا، آواز میں سوز پیدا ہونا۔

بھیگی بلی bhii-gii bil-li(i): (ار،مث) گربۂ مسکین، عاجز، ذلیل، بے وقعت۔

بھیلی bhe-li(i): (ار،مث) گڑ کا گول ڈلا، جس کا وزن تین سیر سے زیادہ ہوتا ہے۔

بھیں bheN: (ہ، اصوت) بھیڑ اور بھینس کی آواز وغیرہ۔

بھیں بھیں bheN bheN: (ہ،صوت) رونے کی آواز۔

بھینا۔بہنا bhai-na(a): (ہ،مث) بہن کی تصغیر۔

بھینٹ bhainT: (ار،مث) بھڑنا، ٹکرنا، لڑنا، سامنا، مقابلہ، ملاپ، ملاقات، نذر، سوغات، تحفہ، قربانی صدقہ، نذرانہ (افعال: چڑھانا، چڑھانا، دینا، لینا) رشوت، منہ بھرائی، ایک قسم کا گیت جو ہندو عورتیں کسی کی تعریف میں کانی گاتی ہیں، آمنا سامنا۔

بھینچنا bhiiNch-na(a): (ار،مص) سکیڑنا، دبانا، دبوچنا، کچلنا، مسلنا، انگلیوں یا دانتوں سے زور سے بند کر لینا، مجبور کرنا، روکنا، زور کے ساتھ سینے کے ساتھ چمٹا لینا۔

بھینس bhaiNs: (ار،مث) ایک مشہور دودھ دینے والا سیاہ یا بھورے رنگ کا مویشی (صف) کالی اور بھدی عورت۔

بھینسا bhaiN-sa(a): (ہ،مذ) بھینس کا نر (صف) موٹا آدمی۔

بھینگا bhaiN-ga(a): (ہ،صف) آنکھ دبا کر دیکھنے والا، جس کو ایک کے دو نظر آئیں، احول، مث: بھینگی، اسم کیفیت مذ: بھینگا پن۔

بھینی bhii-ni(i): (ہ،صف) ہلکی، مدھم، نرم، لطیف۔

ب۔ی

بی bii: (ار،مث) بی بی کا مخفف، کلمہ خطاب ہے جو عورتوں سے مخاطب ہوتے وقت کہتے ہیں۔

بی آسیا bhii aas-ya(a): (ار،مث) بی بی عائشہ کا بگاڑ۔

بی۔اے bii-e: (انگ، صف) Bachelar of Arts کا مخفف، شعبۂ فنون کی پہلی ڈگری۔

بی ایس سی bii-ais-si(i): (انگ، صف) Bachelor of Science کا مخفف، سائنس کی پہلی ڈگری۔

بی بنو bii ban-nau: (ار، مث) عورتوں کا ایک کلمۂ خطاب۔

بی بی bii-bi(i): (ار، مث) بیگم، خانم، خاتون، عورت، بیوی، گھر والی، عورتوں کو مخاطب کرنے کا ایک باعزت کلمہ، شریف زادی، لڑکی، بیٹی، نیک و پارسا عورت بڑی بوڑھی، عروس، دلہن، عورتیں آپس میں ایک دوسری کو اس کلمہ سے خطاب کرتی ہیں۔

بی بی کا کونڈا bii-bii ka koN-Da(a): (ار، مذ) جلیبیوں یا میٹھی ٹکیوں کا کونڈا جس پر حضرت فاطمہ کی نیاز دلوائی جاتی ہے۔

بی جمالو bii-ja-maa-lo: (ار، مث) مکارہ، عیارہ، فساد انگیز۔

بے be: (ار، حرف، مذا) اے کا مخفف۔ نفی کا حرف۔

بے آب be-aab: (ف، صف) بے رونق، پانی کے بغیر، پیاسا، اسم کیفیت، مث: بے آبی۔

بے آبرو be-aab-ru(u): (ف، صف) بے حیا، بے وقعت (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: بے آبروئی۔

بے آرام be-aa-raam: (ف، صف) بے چین، بے کل، اسم کیفیت: بے آرامی۔

بے آزار be-aa-zaar: (ف، صف) جو تکلیف دہ نہ ہو، اسم کیفت، مث: بے آزاری۔

بے اثر be-a-sar: (فع، صف) جس کا اثر نہ ہو، بے کار، بے فائدہ، اسم کیفیت مث: بے اثری۔

بے احتیاط be-ah-ti-yaat: (فع، صف) بے پروا، غافل، اسم کیفیت، مث: بے احتیاطی۔

بے اختیار be-iK-ti-yaar: (فع، صف) مجبور، بے بس، بے قابو، اسم کیفیت، مث: بے اختیاری۔

بے ادب be-a-dab: (فع، صف) گستاخ، دوسروں کا لحاظ نہ کرنے والا، اسم کیفیت مث: بے ادبی۔

بے اشتباہ be-ish-ti-baa(h): (فع، صف) جس میں کوئی شبہ نہ ہو، بے شک۔

بے اصل be-a-sal: (فع، صف) بے بنیاد، بے حقیقت۔

بے اعتبار be-ait-baar: (فع، صف) نا قابلِ اعتماد، جو بھروسے کے قابل نہ ہو، اسم کیفیت، مث: بے اعتبار۔

بے اعتنائی be-ai(?)t-naa-i(i): (فع، مث) بے پروائی۔ توجہ نہ دینا۔

بے اعتدال be-ai(?)t-daal: (فع، صف) غیر معتدل، لاپرہیز، انتہا پسند، اسم کیفیت، مث: بے اعتدالی۔

بے امتیاز be-im-ti-yaaz: (فع، صف) بد تمیز، بے ادب، ناہموار۔

بے انتہا be-in-ti-ha(a): (فع، صف) بے حد، حد سے زیادہ، اسم کیفیت، مث: بے انتہائی۔

بے اندازہ be-an-daa-za(h): (ف، صف) حد سے زیادہ، بے حساب۔

بے اولاد be-au-laad: (فع، صف) لاولد، جس کے اولاد نہ ہو۔

بے ایمان be-ii-maan: (فع، صف) بد دین، بد دیانت، دغاباز، جھوٹا، مکار، ناانصاف، اسم کیفیت (مث): بے ایمانی۔

بے باق be-baaq: (فع، صف) جس کے ذمہ

بتایا نہ ہو، قرض سے سبکدوش، اسم کیفیت مث: بے باقی۔

بے باک be-baak: (ف، صف) بے خوف، نڈر، دلیر، اسم کیفیت مث: بے باکی۔

بے باکانہ be-baa-kaa-na(h): (ف، متعلق فعل) بے خوفی، شوخی سے۔

بے بال و پر be-baa-lo-par: (ف، صف) بے سروسامان بے یار و مددگار، بے کس، عاجز، اسم کیفیت مث: بے بال و پری۔

بے بدل be-ba-dal: (فع، صف) بے مثل، لاجواب۔

بے برگ ونوا be-bar-go-na-va(a): (ف، صف) بے بس، عاجز، بے سروسامان، اسم کیفیت مث: بے برگ ونوائی۔

بے بس be-bas: (ار، صف) بے اختیار، بے چارہ، مجبور، بے یار و مددگار، اسم کیفیت مث: بے بسی۔

بے بصر be-ba-sar: (فع، صف) اندھا، نابینا، ناواقف، اسم کیفیت مث: بے بصری۔

بے بود be-buud: (ف، صف) غیر موجود، معدوم، نیست، اسم کیفیت مث: بے بودی۔

بے بہا be-ba-ha(a): (ف، صف) اَنمول، بیش قیمت، گراں قیمت۔

بے بہرہ be-beh-ra(a): (ف، صف) بدبخت، بے نصیب، جو شخص کسی سے فائدہ نہ اٹھائے، خواب، خستہ، آوارہ، واہیات۔

بے بیاہا be-ba-yaa-ha(a): (ار، صف، مذ) کنوارا، جس کی شادی نہ ہوئی ہو، مث: بے بیاہی۔

بے پایاں be-paa-yaaN: (ف، صف) بے انتہا، بے حد، بے اندازہ، بے کراں، اسم کیفیت مث: بے پایانی۔

بے بال و پر be-baa-lo-par: (ف، صف) بے کس، بے یار و مددگار، بے سروسامان، محتاج، ناتواں، اسم کیفیت (مث): بے پری / بے پروبالی۔

بے پردہ be-par-da(h): (ف، صف) پردہ سے باہر، کھلم کھلا، علی الاعلان، بے شرم، اسم کیفیت (مث): بے پردگی۔

بے پروا be-par-va(a): (ف، صف) بے نیاز، بے خوف، غافل، اسم کیفیت (مث): بے پروائی۔

بے پیر be-piir: (ف، صف) (فارسی میں یہ لفظ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے) جس کا کوئی پیرو مرشد نہ ہو، بے درد، ظالم، سنگ دل، خودغرض۔

بے پیرا be-pii-ra(a): (ار، صف) جس کا کوئی اُستاد نہ ہو، گرو نہ ہو، ناقص، بے ہنر، اناڑی۔

بے پیندی کا be-pain-di-ka(a): (ار، صف) (وہ بدھنا جس کی پیندی نہ ہو) ڈھلمل یقین، جو ایک بات پر قائم نہ رہے، غیر مستقل مزاج، بے ٹھکانے۔

بے تاب (بیتاب) be-taab: (ف، صف) بے یقین، بے کل، مضطرب، کمزور، ناتواں، جس میں برداشت کی قوت نہ ہو، اسم کیفیت، مث: بے تابی۔

بے تابانہ (بیتابانہ) be-taa-baa-na(h): (ف، متعلق، فعل) گھبرایا ہوا، گھبراہٹ سے، بہت جلد، فی الفور۔

بے تاثیر be-taa-siir: (فع، صف) جس میں اثر نہ ہو، بے اثر، بے فائدہ، اسم کیفیت، مث: بے تاثیری۔

بے تال be-taal: (ار، صف) وہ شخص جو لے کو برقرار نہ رکھ سکے اور گانے میں تال سے باہر ہو جائے۔

بے تاک ہونا be-taak-ho-na(a): (ار،

محاورہ) بے پروائی سے خراب ہونا۔

بے تامل be-ta-am-mul: (فع، صف) بے اندیشہ، بے فکر، بے دھڑک۔

بے تحاشا be-ta-haa-sha(a): (فع، متعلق فعل) مضطربانہ، بے تابانہ، بے اطمینانی سے، بہت، اندھادھند۔

بے ترتیب be-tar-tiib: (فع، صف) بے قاعدہ، بے سلسلہ، گڈمڈ، اسم کیفیت، (مث): بے ترتیبی۔

بے تردد be-ta-rad-dud: (فع، صف) وہ زمین جس میں کاشت نہ کی گئی ہو، ہل نہ چلایا گیا ہو، فکر اور اندیشہ کے بغیر، بے کھٹکے۔

بے تعلق be-ta-(?)al-luq: (فع، صف) علیحدہ، الگ، کنارہ کش، کسی بات میں دخل نہ دینے والا، کسی بات میں دلچسپی نہ لینے والا، اسم کیفیت مث: بے تعلقی۔

بے تقصیر be-taq-siir: (فع، صف) بے قصور، بے جرم، بے گناہ، ناحق، بے وجہ، اسم کیفیت مث: بے تقصیری۔

بے تکا be-tu-ka(a): (ار، صف، مذ) غیر موزوں، فضول، بے موقع، بے حد، مث: بے تکی۔

بے تکان be-ta-kaan: (ار، صف) بے تکلف، باآسانی، بے حد، گھوڑے کا بہت تیز بھاگنا۔

بے تکلف be-ta-kal-luf: (فع، صف) بے ساختہ، بے بناوٹ، بے حجاب، بے دھڑک، بے خوف، آزاد، سیدھا سادھا، رازدان، محرم راز، اسم کیفیت، مث: بے تکلفی۔

بے تمیز be-ta-miiz: (فع، صف) بدتمیزی، بے سلیقہ، بدلحاظ، بے ادب، اسم کیفیت مث: بے تمیزی۔

بے توفیق be-tau-fiiq: (فع، صف) کم حوصلہ، پست ہمت، اسم کیفیت مث: بے توفیقی۔

بے ٹکٹ be-Ti-kat: (ار، صف) جو ٹکٹ کے بغیر ہو، جس شخص کے پاس اجازت نامہ نہ ہو، وہ خط جس پر ٹکٹ نہ لگایا گیا ہو، بیرنگ۔

بے ٹھکانے be-Thi-kaa-ne: (ار، صف) بے موقع، بے قرینے، بے جا، بے اصل، بے نشان، بے پتے، وہ شخص جس کا کوئی ٹھکانا نہ ہو۔

بے ثبات be-sa-baat: (فع، صف) ناپائیدار، بودا، کمزور، فانی، متزلزل، اسم کیفیت مث: بے ثباتی۔

بے ثمر be-sa-mar: (فع، صف) وہ درخت جس پر پھل نہ آئے، بے فیض انسان، اسم کیفیت مث: بے ثمری۔

بے جا be-ja(a): (ف، صف) بے موقع، نامناسب، نازیبا، بے ٹھکانے، بے کار، ناحق، نکمی بات، فضول، ناشائستہ، بے سبب، بدتہذیب، ناجائز، خلاف قانون، بے قصور، ناراض۔

بے جان be-jaan: (ف، صف) مردہ، مرا ہوا، مرجھایا ہوا، پژمردہ، ضعیف، نحیف، گلا ہوا، بودا۔

بے جگر be-ji-ger: (فع، صف) بے پروا، اسم کیفیت مث: بے جگری۔

بے جہت be-ja-hat: (فع، صف) بے سبب، بلاوجہ، جس کی کوئی سمت نہ ہو، لامحدود، اسم کیفیت، مث: بے جہتی۔

بیچارہ be-chaa-ra(h): (ف، صف) لاعلاج، عاجز، بے بس، اسم کیفیت، مث: بیچارگی، مث، ار: بے چارگی۔

بے چراغ be-cha-raaG: (ف، صف) بغیر دیے کے، جہاں چراغ نہ جلتا ہو، آبادی نہ ہو، اجاڑ، ویران، (افعال: کرنا، ہونا)

بے چگوں be-cha-guuN:(ف،صف) وہ جس کی صفات تک رسائی نہ ہو، مراد اللہ تعالیٰ، اسم کیفیت مث: بے چگونی۔

بے چُون be-chuun: (ف،صف) وہ جس کی مانند کوئی نہ ہو، بے مثل، لاجواب مجازاً اللہ، اسم کیفیت مث: بے چونی۔

بے چُون و چرا be-chuuN-cha-ra(a): (ف،صف) کسی عذر کے بغیر، بے دلیل، بے حُجت۔

بے چَین be-chain: (ار،صف) بے قرار، بے کل (اسم کیفیت مث: بے چینی، بے حاصلی)

بے حاصل be-haa-sil: (فع،صف) بے فائدہ، لاحاصل، اسم کیفیت مث: بے حاصلی۔

بے حال be-haal: (ف،صف) بیمار، جان بلب، مرنے کے قریب، برباد، تباہ، ضعیف، ماندہ، اسم کیفیت مث: بے حالی۔

بے حجاب be-hi-jaab: (ف،صف) بے پردہ، بے تکلف، بے شرم، بے حیا، کھلے خزانے، اسم کیفیت مث: بے حجابی۔

بے حجابانہ be-hi-jaa-baa-na(h): (ف، متعلق فعل) بے تکلف، بے جھجک، بے روک ٹوک۔

بے حد be-had: (فع،صف) بہت، بے حساب، نہایت۔

بے حرمت کرنا be-hur-mat kar-na(a): (ار، محاورہ) بے عزت کرنا، ذلیل کرنا، زنا بالجبر کرنا، برا کام کرنا۔

بے حس be-his: (فع،صف) بے حرکت، ساکت، سُن، جو محسوس نہ کر سکے، جس کو کسی کا احساس نہ ہو، سنگدل، اسم کیفیت مث: بے حسی۔

بے حس و حرکت be-hi-so-har-kat: (ف، صف) بالکل ساکن، سُن، غیر متحرک، جس میں حس یا حرکت نہ ہو۔

بے حساب be-hi-saab: (فع،صف) لاانتہا، بے شمار، بے اندازہ، اسم کیفیت مث: بے حسابی۔

بے حقیقت be-ha-qii-qat: (فع،صف) ناچیز، بے وقعت، ذلیل، بے اصل، ناقابل خیال، کم قیمت، اسم کیفیت مث: بے حقیقی۔

بے حکم be-hukm: (فع،صف) بلا اجازت، بلا مرضی۔

بے حکمت be-hik-mat: (فع،صف) نادان، بے تمیز، بے عقل۔

بے حلاوت be-ha-laa-vat: (فع،صف) بدذائقہ، بے مزہ، بے لطف۔

بے حمیت be-ha-miy-yat: (فع،صف) بے حیا، بے غیرت، اسم کیفیت مث: بے حمیتی۔

بے حوصلہ be-haus-la(a): (فع،صف) بغیر دلیری، بے عزم، کمینہ، ذلیل، پست ہمت، مردہ دل، بغیر لیاقت یا قابلیت، اسم کیفیت مث: بے حوصلگی۔

بے حیا be-ha-ya(a): (فع،صف) بے شرم، بے ادب، گستاخ، اسم کیفیت مث: بے حیائی۔

بے خار be-Kaar: (فع،صف) بغیر کانٹوں کے، بے خوف، بے خطر، وہ لڑکا جس کے ابھی ڈاڑھی نہ آئی ہو۔

بے خانماں be-Kan-maaN: (فع،صف) بے گھر، بے وطن، بے ٹھکانے۔

بے خبر be-Ka-bar: (فع،صف) لاعلم، ناواقف، غافل، نالائق، بے وقوف، بے عقل، ناعاقبت اندیش بے شعور، یکایک، دفعتہً، اسم کیفیت مث: بے خبری۔

بے خِرد be-Ki-rad: (ف،صف) بے عقل، ناسمجھ، بیوقوف۔

بے خطا be-Ka-ta(a): (ف، صف) بے گناہ، بے قصور، معصوم۔

بے خطر be-Ka-tar: (فع، صف) نڈر، بے خوف، دلیر، دلاور۔

بے خلش be-Ka-lish: (فع، صف) بغیر فکر یا اندیشہ، بغیر تشویش۔

بے خواب be-Kwaa-hish: (فع، صف) بے نیند کے، بے آرام، بیدار، اسم کیفیت (مث): بے خوابی۔

بے خواہش Kwaa-hish- شوق یا آرزو کے، بے دل، م

بے خود be-Kud: (ف، ص مخمور، سرشار، آپے سے باہر، ہونا) اسم کیفیت مث: مصیب

بے خور و خواب Kwaab- صف) وہ آدمی جو نہ کھائے نہ سوئے، بے آرام، مصیبت کا مارا۔

بے خوف be-Kauf: (ف، صف) نڈر، بے پروا، اسم کیفیت، مث: بے خوفی۔

بے خیال be-Kyaal: (ف، صف) وہ جس کا خیال کسی طرف سے نہ رہے، بے دھیان، اسم کیفیت، مث: بے خیالی۔

بے داغ be-daaG: (ف، صف) بغیر دھبے کے، بغیر عیب کے، صاف، اسم کیفیت، (مث): بے داغی۔

بے داد be-daad: (ف، صف) نا انصافی، ظلم (مث) ظلم، ستم، ناانصافی۔

بے دادگر be-daad-gar: (ف، صف) ظالم، سفاک، اسم، کیفیت مث: بے دادگری۔

بیدار be-daar: (ف، صف) جاگتا ہوا، جاگنے والا، اسم کیفیت مث: بیداری۔

بیدار بخت be-daar-baKt: (ف، صف) صاحب اقبال، خوش نصیب، اسم کیفیت مث: بیدار بختی۔

بیدار دل be-dar-dil: (ف، صف) تیار، مستعد، زندہ دل، روشن ضمیر، اسم کیفیت (مث): بیدار دلی۔

بیدار مغز be-daar-maGz: (ف، صف) عالی دماغ، ہوشیار، اسم کیفیت، (مث): بیدار مغزی۔

بے دانے پانی be-daa-na-paa-ni(I): (ار، صف) بھوکا پیاسا، بے آب و غذا، بغیر کھائے پیے۔

بے دخل be-da-Kal: (ف، صف) محروم، قبضہ سے نکلا ہوا، بے قبضہ، بے تعلق، اسم کیفیت مث: بے دخلی۔

بے درد be-dard: (ف، صف) بے رحم، ظالم، سفاک، معشوق (کنایۃً) اسم کیفیت مث: بے دردی۔

بے درماں be-dar-maaN: (ف، صف) لاعلاج، جس کا کوئی علاج نہ ہو سکے، نا امید، اسم کیفیت مث: بے درمانی۔

بے درنگ be-da-rang: (ف، صف) بغیر دیر لگائے، یکا یک، فوراً، تیز چالاک۔

بے دریغ be-da-reG: (ف، صف) بے سوچے سمجھے، بلاتوقف، بلا تامل، بغیر رنج و افسوس کے، کثرت سے، افراط سے۔

بے دست و پا be-das-to-pa(a): (ف، صف) بے ہاتھ پاؤں کا، اپاہج، لنگڑا لولا، عاجز، بے کس، پریشان، عاشق، جس کا کوئی رشتہ دار / دوست نہ ہو، اسم کیفیت مث: بے دست و پائی۔

بے دستور be-das-tuur: (فع، صف) بے قاعدہ، خلاف قانون، نامناسب، غیر معمول، اسم کیفیت مث: بے دستوری۔

بے دل be-dil: (ف، صف) بے جگر، جری، بہادر، رنجیدہ، دل گیر، ناخوش، ناراض، افسردہ، پژمردہ، مغموم، دل برداشتہ، عاشق، اسم کیفیت، مث: بے دلی۔

بے دم be-dam: (ف، صف) بے جان، تھکا ماندہ، خستہ، سانس چڑھا ہوا، کند، سست، بودا، بوسیدہ۔

بے دماغ be-di-maaG: (ف، صف) ناخوش، ناراض، بدمزاج، زود رنج، اسم کیفیت مث: بے دماغی۔

بے دھڑک be-dha-Rak: (ار، صف) بے خوف وخطر، بے اندیشہ و تامل، بے تکلف، اطمینان سے، بہادر، دلیر۔

بے دید be-diid: (ف، صف) بے لحاظ، بے مروت، بے حیا، سنگدل، ظالم۔

بے دین be-diin: (فع، صف) کافر، بے راہ، بے مذہب، اسم کیفیت مث: بے دینی۔

بے ڈھب be-Dhab: (ار، صف) بے ڈول، بے موقع، بے محل، از حد، بہت افراط سے، عیار، بے قابو، بے اختیار، نہایت سخت، بری طرح، بے شعور، بے ٹھکانے، عجیب، مہلک، خطرناک، خوفناک (متعلق فعل) بد اُسلوبی سے، بے ڈھنگے پن، بری طرح سے۔

بے ڈھنگا be-Dhan-ga(a): (ار، صف) ناشائستہ، بدتمیز، بدتہذیب، نامعقول، نازیبا، غیر موزوں، بدچلن، بداُسلوب، بدشکل، بھدا، بدصورت، اسم کیفیت، مذ: بے ڈھنگا پن، مث: بے ڈھنگی۔

بے ذوق be-zauq: (ف، صف) بے مزہ، پھیکا، بے شوق، اسم کیفیت مث: بے ذوقی۔

بے راہ روی be-raah-ra-vi(i): (ار، مث) آوارگی، بدچلنی۔

بے ربط be-rabt: (فع، صف) بے جوڑ، بے میل، بے موقع، اسم کیفیت، مث: بے ربطی۔

بے رحم be-ra-ham: (فع، صف) ظالم، بے درد، سفاک، اسم کیفیت، مث: بے رحمی۔

بے رخی be-ru-Kl(i): (ف، مث) بے توجہی، بے مروتی، بے لحاظی (افعال: کرنا، ہونا)

بے رضا be-ra-za(a): (ف، صف) بلا مرضی، بغیر اجازت۔

بے رنگی be-ran-gi(i): (ار، مث) وہ حالت جس میں خدا کے سوا کسی سے تعلق نہیں رہتا۔

بے روپ be-ruup: (ار، صف، مث) بدشکل، بدنما، بدصورت۔

بے روزگار be-roz-gaar: (ف، صف) جس کی آمدنی کا کوئی ذریعہ نہ ہو، نوکری سے موقوف شدہ، اسم کیفیت مث: بے روزگاری۔

بے رونق be-rau-naq: (ار، صف) بے لطف، بغیر چہل پہل، سونا (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: بے رونقی۔

بے روہت be-ro-hit: (ار، صف) دیکھیے 'بے رونق'

بے ریا be-ra-ya(a): (ف،صف) مخلص، صاف باطن، اسم کیفیت مث: بے ریائی۔

بے ریش be-resh: (ف،صف) وہ شخص جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔

بے ریشا be-re-sha(a): (ف، صف) دیکھیے 'بے ریش'۔

بے ریشہ be-re-sha(a): (ف،صف) جس میں رگیں نہ ہوں۔

بیزار be-zaar: (ف،صف) ناراض، ناخوش، افسردہ، پریشان اور بیمار، (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: بےزاری۔

بے زباں be-za-baaN: (ف،صف) خاموش، کم سخن، کم بولنے والا، غریب، مسکین، وہ جو اپنا حالِ دل بیان نہ کر سکے، گونگا، حیوان، اسم کیفیت مث: بے زبانی۔

بے زر be-zar: (ف،صف) غریب، مفلس، تہی دست، اسم کیفیت مث: بےزری۔

بے زوال be-za-vaal: (ف،صف) نہ گھٹنے والا، قائم پائیدار، اسم کیفیت مث: بےزوری۔

بے زیب و زینت be-ze-bo-zii-nat: (ف،صف) بناؤ سنگار کے بغیر، بد وضع، بدنما لباس پہنے ہوئے۔

بے زین be-ziin: (ف،صف) (گھوڑا) بغیر زین کے، ننگی پیٹھ، بغیر کاٹھی کے۔

بے ساختہ be-saaK-ta(h): (ف، صف) فی البدیہہ، بے غور وفکر، بے تکلف، بے مقصد، بے ارادہ، فوراً، اسم کیفیت مث: بے ساختگی، اسم کیفیت مذ: دار بے ساختہ پن۔

بے سامانی be-saa-maa-ni(i): (ف، مث) مفلسی، بے زری، مال واسباب کی محتاجی۔

بے سبب be-sa-bab: (ف، صف) بلا نتیجہ، بے ضرورت، بے وجہ۔

بے ستون be-sa-tuun: (ف،صف) بغیر ستونوں کے، بغیر پایوں کے، بے بنیاد، ہیچ، ناچیز، حقیر۔

بے سخن be-su-Kan: (ف،صف) خاموش، چپ، اسم کیفیت، مث: بے سخنی۔

بے سُدھ be-sudh: (ار،صف) بے تمیز، بے عقل، نافہم، غافل۔

بے سُدھ بدھ be-sudh-budh: (ار،صف) بے ہوش، مدہوش۔

بے سر be-sar: (ار،صف) بغیر سر کے، بغیر سردار کے، اسم کیفیت (مث): بے سری۔

بے سر پَیر کا be-sar-pair ka: (ار،صف) مہمل، فضول۔

بے سروبرگ be-sa-ro-barg: (ف،صف) دیکھیے 'بے سروساماں' اسم کیفیت (مث): بے سروبرگی۔

بے سروپا be-sa-ro-pa(a): (ف، صف) بے بنیاد، مہمل، فضول، آوارہ، بے ٹھکانے، حیران پریشان، محتاج، مجبور، اسم کیفیت، (مث): بے سروپائی۔

بے سروسامان be-sa-ro-saa-maan: (ف، صف) غریب، مفلس، محتاج، بے زر، بے نوا، کنگال، اسم کیفیت، مث: بے سروسامانی۔

بے سرا be-sa-ra(a): (ار،صف،مذ) بغیر سر کے، بغیر سردار کے، بدچلن، آوارہ، خود رائے، خودسر، لاوارث، (مث): بے سری۔

بے سُرا be-su-ra(a): (ار،صف) بدآواز، جس کی آواز موسیقی کے قاعدہ کے خلاف ہو، بے ڈھنگا، (ار،

مث): بے سُری۔
بے سُرت be-su-rat: (ار،صف) بے ہوش، بے وقوف، احمق۔
بے سلیقہ be-sa-lii-qa(h): (فع،صف) بدتمیز، پھوہڑ، بے ہنر، بدانتظام، اسم کیفیت مث: بے سلیقگی۔
بے سمجھ be-sa-majh: (ار،صف) بیوقوف، بے عقل، اسم کیفیت، (مث): بے سمجھی۔
بے سوچے سمجھے be-so-che-sam-jhe: (ار،متعلق فعل) بے پروائی سے، بغیر اختیار کے۔
بے سود be-suud: (ف،صف) بے فائدہ، بے نتیجہ۔
بے شعور be-sha-?uur: (فع،صف) نادان، احمق، بے تمیز، اسم کیفیت مث: بے شعوری۔
بے شک be-shak: (فع،صف) بے شبہ، یقینی، لازمی، صحیح اور درست۔
بے شمار be-shu-maar: (ف،صف) بے حساب، اَن گنت، بے اندازہ، بے حد، بہت زیادہ۔
بے صبر / صبرا be-sabr: (فع،ار،صف) بے قرار، غیر مطمئن، مضطرب، ناشکیبا، اسم کیفیت مث: بے صبری۔
بے صرفہ be-sar-fa(h): (فع،صف) بے فائدہ، بہت زیادہ، بغیر احتیاط کے۔
بے ضابطہ be-zaab-ta(h): (فع،صف) خلاف قاعدہ، خلاف قانون، اسم کیفیت مث: بے ضابطگی۔
بے ضرورت be-za-ruu-rat: (فع،صف) جس کی ضرورت نہ ہو، بلا حاجت۔
بے طاقت be-taa-qat: (فع،صف) ضعیف و ناتواں، کمزور، اسم کیفیت مث: بے طاقتی۔
بے طرح be-ta-ra(h): (فع،صف) بری طرح، عجیب طور پر، برے انداز سے، برے طریقہ سے، بے حد، زیادہ، وہ غزل جو مصرع طرح کے خلاف پڑھی جائے۔
بے طریق be-ta-riiq: (فع،صف) ناجائز طور پر، بری طرح، بے قاعدہ۔
بے طلب be-ta-lab: (فع،صف) بغیر مانگے، بن بلائے۔
بے طمع be-ta-ma(?): (فع،صف) بغیر لالچ کے، مستغنی، اسم کیفیت مث: بے طمعی۔
بے طور be-tuur: (فع،صف) بری طرح، بہت زیادہ۔
بے عدیل be-(?)a-diil: (فع،صف) بے مثال، بے نظیر۔
بے عزت be-(?)iz-zat: (فع،صف) ذلیل خوار، رسوا، بدنام بے آبرو، بے قدر، اسم کیفیت مث: بے عزتی۔
بے عقل be-(?)aql: (فع،صف) ناسمجھ، کم فہم، احمق، نادان، بیوقوف، اسم کیفیت مث: بے عقلی
بے عیب be-(?)aib: (فع،صف) پاک صاف، عمدہ، اچھا، کھرہ، بے داغ، بے نقص، اسم کیفیت مث: بے عیبی۔
بے غایت be-Gaa-yat: (فع،صف) بے انتہا، بے حد۔
بے غرض be-Ga-raz: (فع،صف) بے طمع، بے پروا بے تعلق، خواہش نہ رکھنے والا، اسم کیفیت مث: بے غرضی۔
بے غم be-Gam: (فع،صف) بے فکرا، بے تردد، مطمئن، مگن، اسم کیفیت مث: بے غمی۔
بے غیرت be-Gai-rat: (فع،صف) بے حیا،

بے شرم، بے حمیت، اسم کیفیت مث: بے غیرتی۔

بے فائدہ be-faa-al-da(h): (فع، صف) بے کار، بے نفع، بے وجہ، بے ضرورت، بے پروا۔

بے فصل be-fasl: (فع، صف) بے وقت، موسم کے خلاف، فاصلے کے بغیر، مسلسل۔

بے فکر be-fikr: (فع، ار، صف) وہ شخص جسے کسی قسم کا فکر نہ ہو، بے پروا، آزاد منش، اسم کیفیت، مث: بے فکری۔

بے فیض be-faiz: (فع، صف) شوم، بخیل، کنجوس، جس سے کوئی فائدہ نہ پہنچے۔

بے قابو be-qaa-bu(u): (فع، صف) قابو سے باہر، اپنے بس سے باہر، خودمختار، آزاد۔

بے قاعدہ be-qaa-(?)e-da(h): (فع، صف) اصول کے خلاف، دستور کے خلاف، بے ترتیب، بے موقع، اسم کیفیت مث: بے قاعدگی۔

بے قدر be-qa-dar: (فع، صف) بے عزت، بے رتبہ، ناچیز، اسم کیفیت مث: بے قدری۔

بے قرار be-qa-raar: (فع، صف) بے صبر، بے تاب، بے چین، پریشان، مضطرب، اسم کیفیت مث: بے قراری۔

بے قرینہ be-qa-rii-na(h): (فع، صف) بے ٹھکانے، بے موقع، گڑبڑ، پریشان، بے ترتیب۔

بے قصور be-qu-suur: (فع، صف) بے خطا، بے جرم، بے گناہ، پاک، معصوم۔

بے قیاس be-qa-yaas: (فع، صف) بے شمار، بے حساب، خیال سے پار، اسم کیفیت، مث: بے قیاسی۔

بے قید be-qaid: (فع، صف) آزاد، کھلے بندوں، بلاشرط، ناپابند، آوارہ، بے روک۔

بے کار be-kaar: (ف، صف) نکما، ناکارہ، ناقص، خراب، بے روزگار، فضول، خالی، اسم کیفیت، مث: بیکاری۔

بیکار بیٹھنا be-kaar beTh-na(a): (ار، محاورہ) کچھ کام نہ کرنا۔

بے کارن be-ka-ran: (ہ، صف) بے فائدہ، بے وجہ، بے ارادہ۔

بے کراں be-ka-raaN: (ف، صف) بے حد، بے انتہا، لامحدود، بغیر کناروں کے، بہت وسیع، اسم کیفیت، مث: بے کرانی۔

بے کس be-kas: (ف، صف) بے یار و مددگار، تنہا، محتاج، غریب، اسم کیفیت، مث: بے کسی۔

بے کسانہ be-ka-saa-na(h): (ف، متعلق فعل) عاجزی سے، بغیر امداد کے، بے چارگی سے۔

بے کسر be-ka-sar: (ار، صف) بغیر کمی کے، بغیر نقصان کے۔

بے کفن be-ka-fan: (فع، صف) بغیر کفن کے، جس کو کفن نہ ملا ہو، اسم کیفیت، مث: بے کفنی۔

بے کل be-kal: (ار، صف) بے قرار، بے چین، بے آرام، بے تاب، اسم کیفیت مث: بے کلی۔

بے کلیجے be-ka-le-je: (ار، صف) بے جگر۔

بے کم وکاست be-ka-mo-kaast: (ف، صف) ٹھیک ٹھیک، درست، بغیر کمی بیشی کے، مکمل۔

بے کینڈے be-kaiN-De: (ار، صف) بدقطع، جس کی شکل وصورت درست نہ ہو۔

بیگانہ be-gaa-na(h): (ف، صف) غیر، پرایا، دوسرے کا، یگانہ کی ضد، اجنبی، پردیسی، خوددرو اسم کیفیت مث: بے گانگی۔ (مث ار) بے گانی

بے گانا خو be-gaa-nah-Ku(u): (ف، صف)

جس کی فطرت میں میل جول نہ ہو، اکھڑ غیر مانوس، اسم کیفیت مث: بے گانا خوئی۔
بے گاہ be-gaa(h): (ف،صف) بے وقت۔
بے گماں be-gu-maaN: (ف،صف) بے شک، شبہہ، اسم کیفیت مث: بے گمانی۔
بے گناہ be-gu-naa(h): (ف،صف) بے قصور، بے جرم، ناحق، بے قصور، اسم کیفیت مث: بے گناہی۔
بے گنت be-gi-nat: (ار،صف) بے شمار، بے حساب، بے انتہا۔
بے گور و کفن be-go-ro-ka-fan: (ف،صف) جسے کفن نہ دیا جائے اور نہ دفن کیا جائے۔
بے گھرا be-ghi-ra(a): (ار،صف) جس کے گھر بار نہ ہو۔ برباد، آوارہ۔
بے لاگ be-laag: (ار،صف) صاف، بے غرض، کھرا، ستھرا، پاک، غیر جانبدار، بے تعصب۔
بے لاگ و لپیٹ۔ be-laa-go-la-peT: (ار، صف) صاف صاف، طرفداری کے بغیر۔ جانب دار کے بغیر۔ حمایت، بغیر مکر و فریب کے۔
بے لحاظ be-li-haaz: (فع، صف) بے شرم، بے حیا، گستاخ، بے ادب، بے مروت، اسم کیفیت مث: بے لحاظی۔
بے لطف be-lutf: (فع،صف) نامہربان، بے شفقت، بے مزہ، بے ذائقہ، بے لذت، غیر دلکش، غیر دلچسپ، اسم کیفیت مث: بے لطفی۔
بے لگام be-la-gaam: (ف،صف) (بغیر لگام کے گھوڑا) سرکش، آزاد، منہ پھٹ، گستاخ، بے ادب، بے قابو، بے باک، اسم کیفیت مث: بے لگامی۔
بے لوث be-laus: (فع،صف) خالص، بے آمیزش، بے غرض، پُر خلوص، اسم کیفیت مث: بے لوثی۔

بے مانند be-maa-nand: (فع،صف) بے مثل، بے نظیر۔
بے ماؤمن be-maa-o-man: (ف،صف) جس کو تن بدن کا ہوش نہ ہو، بے خود، نفسانیت کے بغیر
بے مایہ be-maa-ya(h): (ف،صف) مفلس، محتاج، نادار، اسم کیفیت مث: بے مائگی۔
بے مثال be-mi-saal: (فع، صف) بے نظیر، لاجواب، اسم کیفیت مث: بے مثلی، مثالی۔
بے محابا be-ma-haa-ba(a): (فع، صف) بے دھڑک، بے تکلف، بے خوف، بے ڈر، بے حجاب۔
بے محل be-ma-hal: (فع، صف) بے موقع، بے وقت، بے ڈھب، بے جا۔
بے مُروّت be-mu-rav-vat: (فع،صف) بے لحاظ، طوطا چشم، ظالم، نامہربان، اسم کیفیت، مث: بے مروتی۔
بے مزہ be-ma-za(h): (ف،صف) بے لطف، خراب، بد ذائقہ، ناساز، علیل، رنجیدہ خاطر، اسم کیفیت مث: بے مزگی۔
بے مصرف be-mas-raf: (فع،صف) بے فائدہ، بے کار، نکما، بے نتیجہ۔
بے معنی be-ma(?)-ni(i): (فع،صف) مہمل، لغو، بے ہودہ، بے سر و پا۔
بے مغز be-ma-Gaz: (فع،صف) خالی، کھوکھلا، پوچ، لچر، ہنک، اسم کیفیت مث: بے مغزی۔
بے مقدار be-miq-daar: (فع،صف) بے وقار، بے وقعت، اسم کیفیت مث: بے مقداری۔
بے مقدور be-maq-duur: (فع، صف) کم حیثیت، مفلس، نادار، اسم کیفیت مث: بے مقدوری۔

بے مِنّت be-min-nat: (فع، صف) بغیر احسان، بے پروا، بے نیاز، بے تردد، بے تکلف، بے سوچ بچار، بے دریغ۔

بے موت مرنا be-maut mar-na(a): (ار، محاورہ) قبل از وقت مارنا/مرنا، تباہ کرنا/ہونا، برباد کرنا/ہونا، صدمہ دینا/ہونا۔

بے مُوجب be-muu-jab: (فع، صف) بے سبب، بلاوجہ، بے موقع، خلافِ دستور۔

بے موسم be-mau-sam: (فع، صف) بے وقت، بے رُت۔

بے موقع be-mau-qa(?): (فع، صف) بے محل، بے وقت، نازیبا، نامناسب۔

بے مہار be-ma-haar. (فع، صف) آزاد، بے روک، اسم کیفیت، (مث): بے مہاری۔

بے مہر be-mi-har: (ف، صف) بے مروت، بے رحم، بے محبت، اسم کیفیت، (مث): بے مہری۔

بے میل be-mail: (ار، صف) جو کسی سے مطابقت نہ رکھتا ہو، بے ربط، بے جوڑ، یائے مجہول۔

بے نام be-naam: (ف، صف) گم نام۔

بے نام ونشان be-naa-mo-ni-shaan: (ف، صف) گم نام، بے پتے کا، بے ٹھکانے کا۔

بے نصیب be-na-siib: (ف، صف) بد قسمت، بد نصیب، محروم، بد بخت، اسم کیفیت، (مث): بے نصیبی۔

بے نظیر be-na-ziir: (فع، صف) بے مثال، لاجواب، لاثانی، بے بدل، بے مانند، اسم کیفیت، (مث): بے نظیری۔

بے نقط سنانا/ گالیاں دینا be-nuqt-su-naa-na(a): (ار، محاورہ) گالیاں دینا، فحش گالیاں دینا۔

بے نمک be-na-mak: (ف، صف) پھیکا، بے مزہ، بے رنگ، غیر دلچسپ، وہ آدمی جس کے رنگ میں ملاحت اور کشش نہ ہو، بے رونق، اسم کیفیت، مث: بے نمکی۔

بے نمود be-na-muud: (ف، صف) غیر مشہور، غیر معروف، غیر اہم، کم رتبہ۔

بے ننگ ونام be-nan-go-nam: (ف، صف) بے شرم، بے حیا، بے عزت۔

بے نوا be-na-va(a): (ف، صف) بے کس، بے سامان، مسلمانوں کے ایک فرقے کا نام جو مذہبی پابندیوں سے آزاد رہتا ہے، ناپابندِ مذہب فقیروں کا ایک گروہ۔

بے نہایت be-na-haa-yat: (فع، صف) بے انتہا، بے حد، اسم کیفیت (مث): بے نہایتی۔

بے نیاز be-na-yaaz: (ف، صف) مستغنی، بے پروا، بے طمع، بے غرض، آزاد جو کسی کا محتاج نہ ہو، اللہ، اسم کیفیت، مث: بے نیازی۔

بے نیلِ مرام be-nai-le-ma-raam: (فع، صف) بغیر کامیابی، حصولِ مقصد کے بغیر، ناکام، نامراد

بے نیام be-na-yaam: (ف، صف) نیام سے باہر، ننگی (تلوار وغیرہ)، بے روک ٹوک۔

بے وارث be-vaa-ris: (فع، ار، صف) جس کا کوئی والی وارث نہ ہو، (مث)، ار: بے وارثی۔

بے واسطہ be-vaas-ta(h): (فع، ار، صف) بے وسیلہ، بے ذریعہ، خواہ مخواہ، بے سبب۔

بے وجہ be-va-ja(h): (فع، صف) بغیر کسی سبب کے۔

بے وحدت be-vah-dat: (فع، صف) بے حیا،

بےشرم، بےادب، بدلحاظ۔

بے وِسْواس be-vis-vaas: (ہ، متعلق، فعل) بے کھٹکے، بغیر خوف کے۔

بے وَطَن be-va-tan: (فع، صف) وطن اور ملک سے نکالا ہوا، پردیسی، اسم کیفیت (مث): بے وطنی۔

بے وَفا be-va-faa: (فع، صف) وہ شخص جو دوستی کا حق ادا نہ کرے، بدعہد، بے مروت، ناشکرا، اسم کیفیت، (مث): بےوفائی۔

بے وَقار be-va-qaar: (فع، صف) بے غیرت، ذلیل، اوچھا، بے قدر، کمینہ، اسم کیفیت، (مث): بےوقاری۔

بے وَقت be-vaqt: (فع، صف) بے موقع، بےمحل، دیر سویر۔

بےوَقت کا راگ/راگنی be-vaqt-kaa-raag: (ار، مذ) بےوقت، بےموقع بات۔

بے وَقَر be-va-qar: (فع، صف) بےعزت، ذلیل و خوار، کم ظرف، فرومایہ، اسم کیفیت (مث): بےوقری۔

بے وَقعت be-vaq-(?)at: (فع، صف) بے عزت، بے اختیار، بے وزن، اسم کیفیت، مث: بےوقتی۔

بے وَقوف be-va-quuf: (فع، صف) کم عقل، احمق، نادان (افعال: بنانا، بننا) اسم کیفیت، مث: بےوقوفی۔

بے ہِمَّت be-him-mat: (فع، صف) کم حوصلہ، پست ارادہ، سست، کاہل، بزدل، اسم کیفیت (مث): بےہمتی۔

بے ہمتا be-ham-ta(a): (فع، صف) بے مثل، جس کے برابر کوئی نہ ہو۔

بے ہُنَر be-hu-nar: (ف، صف) وہ شخص جسے کچھ نہ آتا ہو، نکما اور پھوہڑ، جو کوئی کام نہ کر سکتا ہو، اسم کیفیت مث: بے ہنری۔

بے ہنگام be-han-gaam: (ف، صف) بےوقت، بےموقع۔

بے ہنگم be-han-gam: (ف، صف) بےموقع، بھدا، غیرموزوں، بےڈول۔

بے ہُودہ be-huu-da(h): (ف، صف) ناحق، باطل، لغو، واہیات، خراب، نکما، ناشائستہ، غیرمہذب، بے فائدہ، ناجائز، بے نتیجہ، اسم کیفیت، (مث): بےہودگی۔

بے ہودہ گو be-huu-dah-go: (ف، صف) فضول بکنے والا، اسم کیفیت مث: بیہودہ گوئی۔

بے ہوش be-hosh: (ف، صف) بےخبر، ناواقف، غافل، بدحواس، فریفتہ، کم سن، اسم کیفیت (مث): بےہوشی۔

بے یار be-yaar: (ف، صف) بے کس، جس کا کوئی ساتھ اور ہمدرد نہ ہو، اسم کیفیت (مث): بےیاری۔

بےیارومددگار be-yaa-ro-ma-dad-gaar: (ف، صف) جس کا کوئی ساتھی اور مدد کرنے والا نہ ہو، بے کس۔

بیا be-ya(a): (ہ، مذ) ایک چھوٹی زرد رنگ کی چڑیا جو گھونسلا بنانے میں مشہور ہے۔ وہ شخص جو بازار میں غلہ تولتا ہے۔

بیاباں ba-yaa-baaN: (ف، مذ) ریگستان، جنگل، ویران، اُجاڑ، جہاں کوسوں تک پانی اور درخت نہ ہو، صف نسبتی: بیابانی۔

بیابانِ قدس ba-yaa-baa-ne-quds: (فق، مذ) بیت المقدس کا جنگل۔

بیابان گرد / نورد ba-yaa-baa-ne-gard: (ف، صف، فاعلی) صحرا نورد، جنگلوں میں پھرنے والا، اسم کیفیت (مث) :بیاباں گردی/نوردی۔

بیابان مرگ ba-yaa-baa-ne-marg: (ف، صف) وہ شخص جو جنگل میں مر جائے اور اُس کا کوئی پرسانِ حال نہ ہو۔

بیاج be-yaaj: (ھ، مذ) سود، منافع، زیادتی، کسی چیز کے بدلہ میں وہی چیز زیادہ لینا۔

بیاسی ba-yaa-si(i): (ار، اعدد) اسّی اور دو کا مجموعہ (82)

بیاض ba-yaaz: (ع، مث) سفیدی، اُجلاپن، چہرہ اشعار اور مضامین لکھنے کی کتاب، یادداشت کی کاپی، رمل کی سولہ شکلوں میں سے ایک شکل کا نام، صف نسبتی: بیاضی۔

بیانِ کرن bi-yaa-Ne-ka-ran: (ھ، مذ) قواعد، صرف و نحو۔

بیاکُل bya-kul: (ھ، صف) دیکھیے 'بے کل'۔

بیالیس ba-yaa-liis: (ار، اعدد) چالیس اور دو کا مجموعہ (42)

بیان ba-yaan: (ع، مذ) قول، مقولہ، تقریر، گفتگو، اظہار، شہادت، تفصیل، تفسیر، باب، مضمون، فصل، مقدمہ، معاملہ، ذکر، خبر، اطلاع، وہ علم جس میں تشبیہ اور استعارہ وغیرہ کے ذریعے ایک بات کو کئی طریقوں سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

بیان بدلنا ba-yaan-ba-dal-na(a): (ار، محاورہ) بات بدلنا، اپنی پہلی بات سے پھر جانا، اپنی کہی بات کے خلاف بیان کرنا۔

بیانِ تحریری ba-yaa-ne-teh-rii-ri(i): (ع، مذ) وہ بیان جو لکھا ہوا ہو، جو لکھ کر دیا جائے۔

بیانِ دعویٰ byaa-ne-da(?)-va(a): (ع، مذ) ثبوت دعویٰ، دعویٰ کی تفصیل، حقیقت حال۔

بیانِ ضمنی byaa-ne-zim-ni(i): (ع، مذ) اصل مطلب کے درمیان یونہی آجانے والا ذکر۔

بیان کرنا byaan-kar-na(a): (ار، مص، مرکب) ظاہر کرنا، گفتگو کرنا، کہنا، سرگزشت دہرانا۔

بیانا bi-yaa-na(a): (ھ، مص) گائے بھینس کا بچے دینا۔

بیاہ byaa(h): (ھ، مذ) شادی، نکاح، عقد، کتخدائی، اسم کیفیت کرنا، رچانا، ہونا۔

بیائی byaa-i(i): (ھ، مث) وہ مٹھی بھر غلہ جو غلہ تولنے والے کو اُجرت میں دیتے ہیں، تولنے کی اجرت

بیاپار bi-yaa-paar: (ھ، مذ) جنس کی فروخت، لین اور دین، سوداگری۔

بپاری bi-paa-ri(i): (ھ، صف) مویشیوں کا سوداگر، جنس کا بیچنے والا، سوداگر، تاجر۔

بَیت bait: (گھر، مکان، جائے سکونت) عربی میں شعر کو بیت کہتے ہیں۔

بیت bait: (گھر، مکان، جائے سکونت) عربی میں شعر کو بیت کہتے ہیں۔

بیت الاقصیٰ bai-tul-aq-sa(a): (ع، مذ) بیت المقدس۔

بیت الحرام / الحرم bai-tul-ha-raam: (ع، مذ) خانہ کعبہ، بیت اللہ۔

بیت الحزن bai-tul-huzn: (ع، مذ) غم کا گھر، رنج کا گھر، عاشق کا گھر۔

بیت الخلاء bai-tul-Ka-la(a): (ع، مذ) طہارت

خانہ، پاخانہ، جائے ضرورت۔

بَیت السّلاح bai-tus-sa-laah: (ع، مذ) اسلحہ خانہ، میگزین۔

بَیت الشرف bai-tush-sha-raf: (ع، مذ) رسائی کا مقام، جہاں پہنچ کر بزرگی اور عزت حاصل ہو، بزرگی کا گھر، عزت کا گھر، معشوق کا گھر، قصر شاہی، آفتاب کے لیے برج حمل، چاند کے لیے برج ثور، مشتری کو برج سرطان، زہرہ کو حوت، عطارد کو سنبلہ، مریخ کو جدی اور زحل کو میزان مقام شرف ہے۔

بَیت الصّنم bai-tus sa-nam: (ع، مذ) بُت خانہ، شوالا، مورتی کا استھان، خانہ محبوب۔

بَیت العتیق bai-tul-(?)a-qiiq: (ع، مذ) پرانا مکان، قدیم گھر، خانہ کعبہ جو عبادت الٰہی کے لیے دنیا میں سب سے پہلا مقام اور مکان ہے جسے حضرت ابراہیمؑ نے خدا کی عبادت کے لیے تعمیر کیا۔

بَیت العلوم bai-tul-?(u)luum: (ع، مذ) کالج، یونیورسٹی۔

بَیت العنکبوت bai-tul-(?)an-ku-buut: (ع، مذ) مکڑی کا جالا۔

بَیت اللہ bai-tul-la(h): (ع، مذ) خانہ کعبہ، مکہ معظمہ، مسجد۔

بَیت المال bai-tul-maal: (ع، مذ) مال کا گھر، سرکاری خزانہ، شاہی خزانہ، خیرات خانہ، عام لوگوں کا حصہ جس سے ہر شخص کو مدد دی جائے۔

بَیت المعمور bai-tul-ma(?)-muur: (ع، مذ) آسمان کی وہ مسجد جو کعبہ کے برابر (مقابل) ہے، فرشتوں کا خانہ کعبہ۔

بَیت المقدس bai-tul mu-qad-das: (ع، مذ) متبرک مقام، مسجد اقصیٰ، جس کی بنیاد حضرت داؤدؑ نے رکھی اور تکمیل حضرت سلیمانؑ نے کی، یروشلم کا عبادت خانہ جو ارضِ فلسطین میں ہے۔

بَیت bait: (ع، مذ) ایک وزن کے دو مصرعے جو مربوط و ہم مضمون ہوں۔

بَیت بازی/ بَیتی bait-baa-zi(i): (ع، ار، مث) لڑکوں کا ایک مشغلہ جس میں ایک لڑکا کوئی شعر پڑھتا ہے اور دوسرا اس کے جواب میں ایسا شعر پڑھتا ہے جو اس حرف سے شروع ہو جس پر پہلا ختم ہوا تھا۔

بیتال be-taal: (ہ، مذ) بھوت پریت، دیو، خبیث روح۔

بیتنا biit-na: (ار، مص) گزرنا، ختم ہونا، تمام ہونا، تجربہ ہونا، کٹنا، وارد ہونا، واقع ہونا، اتفاق ہونا، بھگتنا، سہنا، جھیلنا۔

بیتی bii-ti(i): (ار، مث) سرگزشت، ماجرا۔

بیٹ biiT: (ہ، مث) پرندوں کا فضلہ (گوہ)

بیٹ baiT: (انگ، مذ Bat) بلا، کرکٹ کھیلنے کا آلہ

بیٹا be-Ta(a): (ار، مذ) پسر، لڑکا، پوت، فرزند، عورت کا بچہ، فقیر کا چیلا، بڑی عمر والے چھوٹوں کو پکارنے کے لیے کہتے ہیں۔

بیٹا بیٹی be-Ta-be-Ti(i): (ار، مذ، مث) لڑکے بالے، بال بچے، بلا امتیاز تذکیر و تانیث۔

بَیٹھ جانا baiTh-jaa-na(a): (ار، محاورہ) کھڑا ہونا کی ضد، سوار ہو جانا، طاقت ختم ہو جانا، اُبھری ہوئی چیز کا دب جانا، پچک جانا، کسی چیز کا دوسری چیز میں ٹھیک سا جانا، چاول گلتھی ہو جانا، الگ الگ نہ رہنا، گُڑ کا پتلا رہ جانا، ڈھیلا ہو جانا، آنکھ کے ڈھیلے کا اندر دھنس جانا، تیر وغیرہ کا پیوست ہو جانا، (دل) افسردہ ہونا، مضمحل ہونا، گھبرانا۔ (غم اور صدمہ وغیرہ سے) طاقت نہ رہنا۔ ہمت نہ رہنا، (عورت کا) گھر میں پڑ جانا، بغیر

نکاح کے کسی مرد کے ساتھ رہنا، (پانی یا پارہ وغیرہ) جم جانا، (گواہ) مکر جانا، (گھر میں) خانہ نشین ہونا، پسند آنا، اثر کرنا، سہارا لینا، بے کار ہونا، تہہ میں چلے جانا، ڈوب جانا، ٹوٹ جانا۔

بَیٹھک bai-Thak: (ار، مث) بیٹھنے کا انداز، نشست، نشست گاہ، بیٹھنے کی جگہ، پیڑا، ایک قسم کی ورزش، اٹھنا بیٹھنا، (پہلوانی) مقابل کے لنگوٹ کو ایک ہاتھ سے پکڑ کر دوسرے سے دونوں ٹانگوں کے بل اس کو اٹھا لینا، ایک قسم کی نذر نیاز۔

بَیٹھنا baiTh-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'بیٹھ جانا' خرچ پڑنا، لاگت آنا، قائم مقام ہونا، کام بگڑ جانا، وزن کا اتر جانا، داخل ہونا، بھرتی ہونا، مشق ہونا، درست ہونا (قمار بازوں کی اصطلاح) جوا کھیلنا، داؤ پر لگانا یا رکھنا (چاند کی نسبت) دیر کر کے نکلنا (پرندوں کے لیے) جفتی کھانا، انڈے سینا، (شطرنج) مہرے کا گھر پر رکھنا (تخت پر) تخت نشین ہونا، آواز کا بھاری ہونا، اچھی طرح۔

بیٹی be-Ti(i): (ار، مث) دختر، لڑکی، بیٹے کی دلہن، بہو، پیاری لڑکی جو عزیز ہو۔

بیٹی بیوہار be-Ti(i)byo-haar: (ھ، مذ) شادی کا تعلق، آپس کی شادیاں۔

بیٹی دینا be-Ti(i) de-na(a): (ار، محاورہ) دختر کی شادی کرنا، داماد بنانا۔

بیٹی لینا be-Ti(i)-le-na(a): (ار، محاورہ) کسی کی لڑکی کو شادی کر کے لانا، منگنی کرنا۔

بیٹی والا be-Ti(i)vaa-la(a): (ار، مذ) دلہن کا باپ، (مث): بیٹی والی۔

بیٹی والے be-Ti(i)vaa-le: (ار، مذ) دلہن کے رشتہ دار، (مث): بیٹی والیاں۔

بیج biij: (ار، مذ) تخم، دانہ، گٹھلی، اصل و بنیاد، نطفہ، ابتدا، وہ غلہ جو کاشت کار زمین میں اُگنے کے لیے ڈالتے ہیں۔

بیج بونا biij-bau-na(a): (ار، محاورہ) تخم ریزی کرنا، کسی بات کی بنیاد ڈالنا، باعث ہونا۔

بیج پھوٹنا biij-phuuT-na(a): (ار، محاورہ) بیج سے پودے کا نمایاں ہونا۔

بیج جمنا biij jam-na(a): (ار، محاورہ) بیج بونا، بویا جانا، حمل ٹھہرنا، نطفہ قرار پانا۔

بیج ڈالنا biij Daal-na(a): (ار، محاورہ) بیج بونا / بویا جانا، تخم ریزی کرنا / ہونا، نطفہ ڈالنا / ٹھہرنا۔

بیج کھاد biij-khaad: (ار، مذ) وہ غلہ جو کاشت کاروں کے بیچنے یا کھانے کے لیے دیا جائے۔

بجار bi-jaar: (ار، صف) بیج والا جس میں بہت بیج پڑا ہوا ہو، بیج حاصل کرنے کے لیے رکھنا، پھل۔

بجائی bi-jaa-i(i): (ار، مث) بیجنے کا موسم، بیجنے کی اُجرت۔

بجھڑ / بجھڑو be-jhaR: (ار، مث) ملی جلی فصل، مرکب اناج، خصوصاً گیہوں۔

بیچ biich: (ار، متعلق فعل) درمیان، اندر، بھیتر، مابین، وسط، میانہ، وہ فاصلہ جو دو چیزوں کے درمیان ہو، تفاوت، فرق، حرف جار میں، اندر، درمیان، دوران میں۔

بیچ بچاؤ biich-ba-cha-au: (ار، مذ) فیصلہ، تصفیہ، وہ فیصلہ جو دشمنوں میں کسی تیسرے شخص کے وسیلہ سے ہو، (افعال: کرنا، کرانا)

بیچ کا biich ka(a): (ار، صف) منجھلا، وسطی، میانہ۔

بیچ کھیت biich-khet: (ار، متعلق فعل) ڈنکے کی چوٹ، ضرور، بالضرور، میدان میں، لازمی، ٹھیک، عین وسط میں۔

بیچ والا (biich-vaa-la(a: (ار،صف) وہ شخص جو درمیان میں پڑے، کوئی کام کرائے۔

بیچا (bii-cha(a: (ہ، مث) برقعہ، نقاب، کاغذ یا کپڑے کی مصنوعی ڈراؤنی صورت، بچوں کو ڈرانے کی ایک ہیبت ناک صورت، اس کو اللہ کا فضل یا ہوّا بھی کہتے ہیں۔

بیچ کھانا (bech-khaa-na(a: (ار،محاورہ) ضائع کر دینا، صرف کر ڈالنا۔

بیچنا (bech-na(a: (ار،مص) فروخت، بیچ کرنا، مول دینا، ہنڈی کی پشت پر بیچا لکھ دینا۔

بیچوں بیچ bii-chauN biich: (ار،صف) وہ وسط جس کے ٹھیک درمیان ہونے میں کوئی شک نہ ہو۔

بید baid: (ف، مذ) ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں بہت نازک اور پتلی ہونے کی وجہ سے ہر وقت حرکت میں رہتی ہیں۔ اس سے چھڑیاں اور کرسیاں بنتی ہیں اور اس درخت کو پھل نہیں لگتا۔ (یائے مجہول سے)

بَید مجنوں bai-de-maj-nuuN: (ف، مذ) بید کی ایک قسم جس کے پتے باریک اور ٹہنیاں زمین کی طرف جھکی ہوتی ہیں اس کی صورت دیوانوں کی سی معلوم ہوتی ہے۔

بَید مُشک baid-mushk: (ف، مذ) خوشبودار پودا جس کے پھولوں کا عرق کھینچتے ہیں جو مفرح اور خوشبودار ہوتا ہے۔

بَیدا bai-daa: (ع، مذ) دشت، جنگل، صحرا، بیاباں، مکہ اور مدینہ کے درمیان کا صحرا۔

بَیدائی (bai-daa-i(i: (ہ،مث) طب، چارہ گری، علاج، معالجہ۔

بَیدک bai-dak: (ہ،مث) علم طب، چارہ گری، علاج معالجہ کا علم، طبابت، حکمت، ہندو طبیب، حکیم، معالج۔

بَیدھا (bai-dha(a: (ہ،صف) وہ شخص جس پر جادو کا اثر ہو، وہ شخص جو کسی مصیبت میں مبتلا ہو، بیوقوف، پاگل۔

بیئر bi-ar: (انگ،مث) ایک قسم کی شراب جو جو سے تیار ہوتی ہے۔ Beer

بیر (یائے مجہول سے) ber: (ہ، مذ) ایک پھل اور درخت کا نام، Bear

بَیر bair: (ار، مذ) دشمنی، عداوت، بدلہ، معاوضہ، بار۔

بَیر بسانا (bair-ba-saa-na(a: (ار، محاورہ) دشمنی مول لینا، مخالفت کرنا، بغض نکالنا۔

بَیر لینا / نکالنا (bair-le-na(a: (ار، محاورہ) بدلہ لینا، انتقام لینا۔

بَیرا (bai-ra(a: (انگ ، مذ) Bearer کا بگاڑ، خدمتگار، ہوٹل کا ملازم جس کے ذمہ گاہکوں کے آگے کھانا چننے کی خدمت ہو۔

بیرا (be-ra(a: (ہ، مذ) وہ لکڑی جو دروازے کے بازوؤں میں لگا کر دیوار میں لگا دی جاتی ہے تاکہ دروازہ اپنی جگہ سے نہ ہلے۔

بَیراج bai-raaj: (انگ،مذ) Barrage بند، پشتہ، وہ بند یا پشتہ جو دریاؤں پر باندھ کر پانی کو جمع کرتے ہیں اور آب پاشی کرتے ہیں۔

بَیراگ bai-raag: (ہ،مذ) ترک دنیا، خلوت نشینی، نفس کشی، جوگ، فقیری۔

بَیراگی (bai-raa-gi(i: (ہ،صف،مذ) تارک الدنیا، جوگی، فقیر، (مث): بیراگن، ہندو فقیروں کی چھڑی

بَیر بہوٹی (bair-ba-huu-Ti(i: (ہ،مث) ایک نہایت گہرے سرخ رنگ کا کیڑا جو برسات میں زمین سے نکلتا ہے۔ اس کا جسم مخمل کی طرح ہوتا ہے۔ اس کو خشک کرکے دواؤں میں استعمال کرتے ہیں،

عروسک، بہت سرخ۔

بَیرِسٹر bai-ris-Tar: (انگ، صف) Barrister وہ وکیل جس نے وکالت کی ڈگری انگلینڈ سے حاصل کی ہو۔

بَیرم bai-ram: (ت، مذ) عید، جشن، بیرما (بڑھئی کا اوزار)

بَیرن bai-ran: (ہ، مذ) بھائی، برادر، بہادر۔

بَیرنگ bai-rang: (انگ، صف) Bearing، کاہگاڑ، وہ چھٹی یا پارسل جس کا محصول پہلے سے ادا نہ کیا گیا ہو۔

بَیرومیٹر bai-ro-mii-Tar: (انگ، مذ) Barometer، بادپیا، ہوا کا رُخ اور دباؤ معلوم کرنے کا آلہ۔

بَیرون bai-ruun: (ف، متعلق فعل) باہر، اندر کی ضد، بغیر سوا، صف نسبتی، بیرونی۔

بَیرون جات bai-ruun-jaat: (ف، مذ) شہر کے باہر کی بستیاں، قصبے، دیہات، صف نسبتی: بیرون جاتی۔

بَیری bai-ri(i): (ہ، صف، مذ) دشمن، بدخواہ، مخالف، (مث): بیرن۔

بیری be-ri(i): (ہ، مث) بیر کا درخت۔

بِیڑ biiR: (ہ، مث) احاطہ، باڑا، حد، درخت جو اُگنے کی جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ لگائے جاتے ہیں۔

بِیڑ بندی کرنا biiR-ban-di(i)-kar-na(a): (ار، محاورہ) کھیت کے گرد باڑ لگانا، مینڈھ بنانا۔

بیڑا be-Ra(a): (ہ، مذ) ناؤ، کشتی، بانسوں کا وہ بڑا گٹھرا جس کے ذریعے سے دریا پار کرتے ہیں، جہازوں یا کشتیوں کی قطار، مجموعہ پولیس، فوج کا جتھا، چمڑے کی مشک کی طرح ایک چیز جس پر بیٹھ کر دریا پار کرتے ہیں۔ ایک قسم کی منت جس میں بانس کی تیلیوں سے ناؤ سی بناتے ہیں اور اس میں چراغ روشن کرکے بھادوں کے مہینے میں جمعرات یا جمعہ کو دریا میں بہا دیتے ہیں۔

بیڑا پار ہونا be-Raa paar ho-na(a): (ار، محاورہ) کشتی کنارے لگانا / لگنا۔ جہاز کو سلامتی کے ساتھ پار اتارنا، مصیبت سے نجات دینا / ملنا، مراد بر لانا / آنا۔

بِیڑا bii-Ra(a): (ہ، مذ) پان کی گلوری، پان میں چھالیاں، کتھا چونا وغیرہ ڈال کر لپیٹ دیتے ہیں۔ اور اس پر ڈھاک یا کیلے کے پتے لگا کر تقریبوں میں تقسیم کرتے ہیں، سگرٹ سگار، تلوار کے قبضہ میں لگا ہوا وہ تسمہ جو تلوار کو میان سے از خود نکلنے نہیں دیتا۔

بِیڑا اٹھانا bii-Ra(a) u-Thaa-na(a): (ار، محاورہ) کسی مشکل کام کو انجام دینے کی علامت کے طور پر پان کو اٹھالینا، عہد کرنا، شرط باندھنا، ہمت کرنا، تہیہ کرنا۔

بِیڑا دینا bii-Ra(a) de-na(a): (ار، محاورہ) ناچنے گانے والوں کو سائی دینا۔

بِیڑا ڈالنا bii-Ra(a) Daal-na(a): (ار، محاورہ) پرانے زمانے کا ایک رواج جس میں کوئی مہم پیش آنے پر لوگوں کو اکٹھا کرکے پان کی گلوریاں سامنے رکھ دی جاتی ہیں جو گلوریاں اٹھالیتا وہ اس کام کو کرنے کا ذمہ دار ہوتا، مہم ڈالنا۔

بِیڑا کھلانا bii-Ra(a) khi-laa-na(a): (ار، محاورہ) پان کھلانا، نسبت کرنا، منگنی کرنا۔

بیڑھی روٹی be-Rhii ro-Ti(i): (ار، مث) دال بھری روٹی۔

بِیڑی bii-Ri(i): (ہ، مث) بیڑ کی تصغیر، پان کی گلوری، ایک قسم کا دیسی سگرٹ جو تمباکو ڈھاک کے پتے میں لپیٹ کر بنائی جاتی ہے، کھلی، (افعال: پینا، کھانا)

بیڑی be-Ri(i): (ہ، مث) وہ کڑی یا زنجیر جو

مجرموں، ہاتھی، گھوڑوں کے پاؤں میں باندھ دیتے ہیں تا کہ بھاگ نہ جائیں، وہ نیلا دھاگا جو بچوں کے پاؤں میں بطور منت باندھتے ہیں۔ چاندی کی کڑی یا پازیب جو خوب صورت بچوں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔ سونے چاندی کے موٹے لچھے جو کندے کش بنا کر تارکشوں کو دیتے ہیں۔ بیاہ شادی، تعلقات دنیاوی، وہ ڈول یا ٹوکری جس سے آبپاشی کے لیے نشیب جگہ سے پانی نکالتے ہیں، روک ٹوک۔

بیڑی ڈالنا / پڑنا be-Ri paR-na(a): (ار، محاورہ) قید کرنا / ہونا، پابند کرنا / ہونا، منت کی کڑی یا دھاگا پہنانا / پہننا، شادی کر دینا / ہونا۔

بیڑ لگانا be-Ri la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) بیڑی کے ذریعے زراعت میں پانی پہنچانا، دیکھیے، بیڑی ڈالنا۔

بیزار be-zaar: (ف، صف) متنفر، ناراض، ناخوش، اسم کیفیت مث: بیزاری۔

بیس biis: (ار، اعدد) دس اور دس کا مجموعہ، صف: بہتر، زیادہ اچھا۔

بیس بسوے biis bas-ve: (ہ، مذ) ایک بیگھہ، (صف) تمام، پورا، مکمل، یقیناً۔

بیسواں biis-vaaN: (ار، عدد کسری) کسی چیز کا بیسواں حصہ۔

بیسواں biis-vaaN: (ار، عدد ترتیبی) ترتیب کے لحاظ سے انیس کے بعد کا درجہ، مرنے کے بعد کی ایک رسم جو بیسویں دن منائی جاتی ہے جس میں مسکینوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے اور عزیز و اقارب جمع ہوتے ہیں۔

بیسوں bii-sauN: (ار، عدد، استغراقی) تمام، بیس کے بیس، بہت سے۔

بیسی bii-si(i): (ہ، مث) بیس، کوڑی، زمین کا ایک پیمانہ جو بیس کے برابر ہوتا ہے۔

بیساکھ bai-saakh: (ہ، مذ) سمت بکری کا مہینہ جو دوسرے اپریل کو شروع ہوتا ہے۔

بیساکھی bai-saa-khi(i): (ہ، مث) بیساکھ کی پہلی تاریخ کو جو تہوار منایا جاتا ہے، بیساکھ کے مہینے کی فصل، لنگڑے کے لیے سہارے کی لکڑی۔

بیستوں bes-toN: (ف، مذ) ایران کا ایک مشہور پہاڑ جس کے متعلق مشہور ہے کہ فرہاد نے اس کو کھود کر شیریں کے لیے نہر نکالی۔

بیسن be-san: (ہ، مذ) چنے کی دال کا آٹا۔

بیسنی روٹی bes-ni(i) ro-Ti(i): (ار، مث) بیسن کی روٹی، چنے کے آٹے کی روٹی جو کتری ہوئی پیاز، زیرہ اور نمک وغیرہ ملا کر پکاتے ہیں۔

بیسوا bes-va(a): (ہ، مث) بدچلن عورت، شریر عورت، فاحشہ، بازاری عورت۔

بیسواں biis-vaaN: (ار، صف، ترتیبی) ترتیب میں انیس کے بعد کا درجہ، بیسواں حصہ۔

بیش besh: (ف، صف) زیادہ سے زیادہ، بہت زیادہ۔

بیش از بیش besh az besh: (ف، کلمہ دعا) برکت ہو، زیادتی ہو۔

بیش باد besh-baad: (ف، کلمہ دعائیہ) برکت ہو، زیادتی ہو۔

بیش بہا besh-ba-ha(a): (ف، صف) قیمتی، بڑھیا، گراں قیمت، مہنگا۔

بیش تر besh-tar: (ف، صف) بیش کی تفضیل بعض، مقابلتاً زیادہ، بارہا، اکثر۔

بیش قرار besh-qa-raar: (فع، صف) معقول، کافی، زیادہ۔

بیش قیمت besh-qii-mat: (قیمتی، بڑھیا، بھاری

قیمت کا عمدہ نفیس)

بیش و کم be-sho-kam:(ف،صف) تھوڑا بہت۔

بیشنوا besh-na-va(a): (ھ،صف) وشنو کا پیرو، ہندو فقیر۔

بیشہ be-sha(a):(ف،مذ) جنگل، بیابان، اُجاڑ۔

بیض baiz:(ع،مذ) نشان یا علامت جو حکام فرمانوں پر کرتے ہیں، دستخط۔

بَیضا bai-za(a):(ع،صف) روشن، سفید، سورج۔

بیضاوی bai-zaa-vi(i):(ع،صف) آفتابی، شمسی، آفتابی دائرہ، قرآن مجید کی ایک مشہور تفسیر۔

بَیضوی baiz-vi(i):(ع،صف) انڈے کی شکل کا گول

بَیضہ bai-za(h):(ع،مذ) انڈا، فوطہ، خصیہ، گھوڑے کا ایک عیب جس میں گھوڑے کے ہاتھ پاؤں کے ٹخنوں کے اوپر اندر باہر کی جانب کم و بیش انڈے کے برابر ابھار ہو جاتا ہے جسے ماہرین برا نہیں سمجھتے۔

بَیطار bai-taar: (ع، مذ) سلوتری، گھوڑوں اور مویشیوں کا معالج، اسم کیفیت (مث): بیطاری۔

بیع bai(?): (ع،مث) عربی میں یہ لفظ اضداد سے ہے، خرید، فروخت، دونوں معنوں میں آتا ہے، فروخت، بکری، افعال: کرنا۔

بیع شرطی bai(?)shar-ti(i): (ع، بترکیب فارسی مث) وہ فروخت جو کسی شرط پر مبنی ہو۔

بیع میعادی bai(?)-mi-(?)aa-di(i): (ع، بترکیب فارسی، مث) مشروط فروخت، جس میں کوئی مدت مقرر ہو۔

بَیعانہ bai-(?)aa-na(h): (عف، مذ) سائی، وہ رقم جو فروخت کرنے والے کو پیشگی دی جاتی ہے تاکہ معاملہ پختہ ہو جائے۔

بَیع نامہ bai(?)-naa-ma(a):(عف، مذ) بیع کا قبالہ، فروخت کی دستاویز یا رسید۔

بَیعت bai(?)t: (ع،مث) اطاعت کا عہد کسی کو اپنا امیر بنانا اور اس کے ہاتھ میں دے کر مکمل اطاعت اور وفاداری کا عہد کرنا، مرید بننا۔

بَیعت کرنا bai(?)t kar-na(a): (ار، مص وصفی) اطاعت و فرمانبرداری کا عہد ہونا، مرید بننا۔

بَیعت لینا bai(?)t-le-na(a): (ار، مص وصفی) فرمانبرداری کا عہد لینا۔

بیکنٹھ باسی bai-kunTh baa-shi(i): (ھ، صف) بہشتی، خلد آشیاں، ہندو مردہ کو مرحوم کی بجائے کہتے ہیں۔

بیگ baig: (انگ، مذ) چمڑے کا تھیلا، تھیلا، بوری۔

بیگ beg: (بہ یائے مجہول) (ت، مذ) سردار، امیر، ایک عزت کا لقب جو مغل اپنے نام کے ساتھ لگاتے ہیں، (مث): ار: بیگنی۔

بیگار be-gaar: (ف،مث) بغیر اجرت کے کام، زبردستی کا کام بے دلی کا کام۔

بیگاری be-gaa-ri(i): (ار، صف) بیگار میں کام کرنے والا بے دلی سے کام کرنے والا۔

بیگم be-gam:(ف،مث) امیرزادی، ملکہ، خاتون، عورتوں کے نام کا جز، ترکی زبان میں گ مضموم ہے۔

بیگمی beg-mi(i): (ار، مذ) ایک قسم کا عمدہ چاول، ایک قسم کا سفید پان، پنیر کے دوسرے کی قسم جس میں نمک ہوتا ہے۔

بیگھہ biigh: (ھ، مذ) زمین کا ایک ناپ جو بیس بسوے کا ہوتا ہے، نصف ایکڑ۔

بَیل bail: (ار، مذ) گائے کا نر، نر گاؤ، ثور، مجازاً بیوقوف آدمی۔

بیل bel: (ھ،مث) وہ پودا جس کی شاخیں زمین پر

پھیلتی ہیں، یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں۔ وہ گل بوٹے جو کپڑوں پر کاڑھتے ہیں، نچھاور صدقہ، وہ انعام جو ارباب نشاط کو دیا جائے، ایک درخت اور اس کے پھل کا نام، آل وعیال، نسل۔

بیل بڑھنا bel-baRh-na(a): (ار، محاورہ) ڈومنیوں وغیرہ کو نچھاور دینا/دیا جانا۔

بیل بوٹا bel-buu-Ta(a): (ار، مذ) نقش ونگار، پھولوں، پتوں اور درختوں کی تصویریں جو کاغذوں، کپڑوں اور پتھروں وغیرہ پر بناتے ہیں۔

بیل دار bel-daar: (ار، صف) بیل لگا ہوا، لیس لگا ہوا کپڑا، ٹوپی وغیرہ، زمین یا خندق کھودنے والے مزدور۔

بیل منڈھے چڑھنا bel-maN-dhe-chaR-na(a): (ار، محاورہ) کام بننا، شادی کا وقت آنا، خوش نصیب ہونا، نصیب یاور ہونا۔

بیل bel: (ف، مذ) لوہے کا اوزار جس سے زمین کو کھودتے ہیں۔ پھاوڑا یا کدال، بیلچہ، نشان، رستہ یا سڑک کا، جو بیل سے لگایا جائے۔

بیلچہ bel-cha(h): (ف، مذ) پھاوڑے کی قسم کا ایک چھوٹا اوزار۔

بیلچہ کار bel-cha(h)kaar: (ف، مذ) وہ شخص جو بیلچہ کے ساتھ کھدائی کا کام کرے۔

بیلدار bel-daar: (ف، مذ) دیکھیے 'بیلچہ کار' نہر کے محکمہ کا ملازم، جو نہر یا سڑکوں کی مرمت کرتا ہے۔ فوج کا سپاہی جو سڑکیں بنواتا ہے۔

بیلا be-la(a): (ھ، مذ) بڑا کٹورا، وہ نقدی جو خوشی کے طور پر بطور خوشی تقسیم کی جائے۔ ایک قسم کا باجا جو سارنگی سے مشابہ ہوتا ہے۔ وہ جنگل جو دریا کے کنارے واقع ہو یاسمن یا چنبیلی کی قسم کا ایک پھول اور پودا۔

بیلا بردار be-laa bar-daar: (ھ، ف، صف) خیرات کے روپیوں کی تھیلی لے کر چلنے والا۔

بیلن be-lan: (ھ، مذ) لکڑی کا وہ مُنڈوا اوزار جس سے چکلے پر آٹے کا پیڑا رکھ کر روٹی یا پوری کی شکل میں بڑھاتے ہیں۔ وہ لوہے یا پتھر کا ڈھول جیسا گول اوزار جس سے سڑکیں کوٹتے ہیں زمین ہموار کرتے ہیں۔ ایک پرزے کا نام جو بعض باجوں میں لگا ہوتا ہے اور چکر کھاتا رہتا ہے، گنے کا رس نکالنے کا آلہ۔

بیلنا bel-na(a): (ھ، مص) کپاس اوٹنے کا آلہ، رس نکالنے کا کولھو (گنے وغیرہ کا) بڑا بیلن۔ اسم تصغیر: بیلنی۔

بیلنا bel-na(a): (ار، مص) بیلن سے روٹی کو بڑھانا، کپاس سے بنولے نکالنا۔

بَیلَیس bai-lains: (انگ، مذ) Balance، باقی، بچت، باقی سرمایہ۔

بَیلی bai-li(i): (ھ، صف) نگاہ، نگہبان، محافظ، مددگار، ساتھی۔

بیم biim: (ف، صف) ڈر، اندیشہ، خطرہ، جوکھوں، وحشت، ادب۔

بیم ناک biim-naak: (ف، صف) ڈرپوک، بزدلی، اسم کیفیت (مث): بیم ناکی۔

بیمار bii-maar: (ف، صف) وہ شخص جسے کوئی مرض ہو، علیل، دُکھی مریض، عاشق، فریفتہ، خستہ، ماندہ، (افعال: پڑنا، ہونا، کرنا)

بیمار پُرسی bii-maar-pur-si(i): (ف، مث) عیادت، بیمار کا حال پوچھنا، بیمار کی خبر لینا۔

بیماردار bii-maar-daar: (ف، صف فاعلی) وہ شخص جو بیمار کی خدمت کرے، خدمت کرنے پر تعینات ہو، اسم کیفیت مث: بیمارداری۔

بیمارساں bii-maa-ri-saaN: (ف، مذ)

ہسپتال، شفاخانہ۔

بیماری (bii-maa-ri(i: (ف، مث) روگ، مرض، علالت، دُکھ، تکلیف، عادت، علت، لت۔

بیمہ (bii-ma(h: (ف، مذ) ٹھیکا، ضمانت، ایک مقام سے دوسرے مقام پر مال پہنچانے کی ذمہ داری، مقررہ مدت یا مرجانے پر معینہ رقم بھر دینے کی ذمہ داری، انشورنس۔

بین biin: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر دیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور دیکھنے والا کے معنی دیتا ہے، جیسے تماش بین۔

بین biin: (ہ مث) تانبے سے بنا ہوا ایک مشہور باجا جو بیچ میں سے پھولا ہوا ہوتا ہے اور منہ سے گال پھلا کر بجایا جاتا ہے، عام طور پر سپیرے بجاتے ہیں، قدیم ہندو ساز جو دو کدوؤں پر تار تان کر بنتا تھا اور ستار کی قدیم صورت۔

بین کار biin-kaar: (ار، صف) بین بجانے والا، اسم کیفیت مث: بین کاری۔

بَین bain: (ہ، مذ) عورتوں کا مردے کے اوصاف بیان کر کے رونا، پیٹنا، بایاں، چپ۔

بَین bain: (ع، مذ) فاصلہ، درمیانی فاصلہ، تفرقہ، علیحدگی، درمیان، بیچ۔

بَین الاقوامی (bai-nul-aq-vaa-mi(i: (ع، مذ) مختلف قوموں کے درمیان، جس کا تعلق مختلف قوموں سے ہو، انگریزی لفظ International کا ترجمہ۔

بَین السُّطُور bai-nas-su-tuur: (ع، مذ) وہ فاصلہ جو سطروں کے درمیان ہو۔

بَین بَین bain bain: (ع، صف) بیچوں بیچ، درمیان میں۔

بینا (bii-na(a: (ف، صف) دیکھنے والا، ناظر، دانا، عقل مند، ہوشیار، دور اندیش۔

بینائی (bii-naa-i(i: (ف، مث) نظر، آنکھ کی روشنی، بصارت، دانائی، ہوشیاری۔

بینا (biin-na(a: (ار، مص) چننا، چگنا، سمیٹنا، جدا جدا کرنا، الگ الگ کرنا۔

بَیِّنات bay-ya-naat: (ع، صف) بینہ کی جمع، روشن، واضح، گواہان صادق، روشن دلائل، ایک قسم کا ابجد کا حساب جس میں ہر حرف کے عدد اس کے تلفظ کے لحاظ سے لیتے ہیں اور اس کے پہلے حرف کے عدد کو چھوڑ دیتے ہیں، مثلاً الف کے اعداد میں صرف ل اور ف کے عدد لیں گے اور ل کو چھوڑ دیں گے۔ ہر حرف کے تلفظ میں جو حرف پہلے آتا ہے اس کو زبر کہتے ہیں۔

بَینٹ / بَینٹا bainT: (ہ، مذ) کلہاڑے، کدال، پھاوڑے، درانتی، کُھرپے، چاقو، چھری وغیرہ کا لکڑی کا دستہ۔

بَینٹ baiNT: (انگ، مث) بندوق کی کرچ، سنگین، انگریزی Bayonet کا بگاڑ۔

بَینجُو bain-juu: (انگ، مذ، مث) دیکھیے 'بنج'

بِیندھنا (biiNdh-na(a: (ہ، مص) چھیدنا، پرونا، طنز کی بات کر کے زخمی کرنا، طعنے دینا۔

بینڈ baiND: (انگ، مذ) Band انگریزی باجے والوں کا گروہ۔

بینڈ baiND: (ہ، مذ) سرکنڈہ، نے، سرکنڈوں کا گٹھا

بینڈا (baiN-Da(a: (ہ، صف، مذ) ٹیڑھا آڑا، ترچھا، سخت مشکل، بے ڈھب وہ لکڑی جو دروازے کے نیچے ترچھی لگائی جاتی ہے تا کہ دروازہ نہ کھل سکے، مث: بینڈی۔

بینڈا (baiN-Da(a: (ہ، مذ) ایک کیڑا جو برسات کے موسم میں درختوں پر بڑے زور سے ٹیں ٹیں کرتا ہے۔

بَینڈی baiN-Di(i): (ہ، مث) بالوں کا جوڑا جو پیچھے لپٹا ہوتا ہے، بان یا سُتلی کی لچھی۔
بینڈیا biiND-ya(a): (ہ، مذ) وہ بیل جو بیلوں کی گاڑی میں بطور مددگار آگے جوتا جاتا ہے۔
بینک baink: (انگ، مذ) روپیہ جمع کرنے کی جگہ، دیکھیے 'بنک'
بینک کار baink-kaar: (ار، صف) مہاجن، ساہوکار، بینک کا منتظم، انگریزی لفظ بینکر سے اُردو بنایا گیا ہے۔
بینک کاری baink-kaa-ri(i): (ار، مث) صرافہ، ساہوکاری، بینک سے متعلق کاروبار، انگریزی لفظ بینکنگ سے اُردو بنایا گیا ہے۔
بینکر ban-kar: (انگ، مذ) Banker، دیکھیے 'بینک کار'۔
بَینگن ban-gan: (ہ، مذ) مشہور ترکاری جو گول یا لمبوتری، اُودے رنگ کی ہوتی ہے، بادنجان، بتاؤں (پنجابی)
بینی bii-ni(i): (ف، مث) ناک۔
بینی be-ni(i): (ار، مث) وہ لمبی لکڑی جو کواڑ کے اگلے رُخ پر اس لیے لگاتے ہیں کہ بند کرنے پر جھری نہ رہے، کتاب کی جلد کا وہ حصہ جو آگے کو بڑھا ہوتا ہے اور کتاب بند کرنے پر اوپر آ جاتا ہے، تلوار کے قبضے کی جھنڈی جس میں نتھنی ہوتی ہے۔
بینی کوہ bi-ni-koh: (ف، مذ) پہاڑ کی چوٹی۔
بیوپار byo-paar: (ہ، مذ) بپار، تجارت، لین دین
بیوپاری byo-paa-ri(i): (ہ، مذ) دیکھیے 'بپاری'۔
بیورا byo-ra(a): (ہ، مذ) اختلاف، فرق، تفصیل، پیغام، خبر، بھید، راز
بیورے دار byo-re-daar: (ہ، صف) مفصل، واضح، بالتفصیل۔
بیونت byoNt: (ہ، مث) کاٹ، تراش، قطع و برید، حسب تقسیم موقع ڈھب، کفایت شعاری کا ڈھنگ۔
بیونتنا byoNt-na(a): (ار، مص) کپڑے کو قطع و برید کرنا۔
بیوہ be-va(h): (ف، صف مث) وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو، رانڈ۔
بیوہار byo-haar: (ہ، مذ) تجارت، لین دین، کام کاج، واسطہ، تعلق، قاعدہ، دستور، طریقہ، ڈھنگ، نامہ پیغام، بیاہ شادی، نسبت کا تعلق۔
بیوی bii-vi(i): (ار، مث) زوجہ، زن، منکوحہ، بیگم، عورت، بی بی، استری، پتنی۔
بیہڑ bii-haR: (ہ، صف) اونچی نیچی، ناہموار زمین، بنجر زمین، غیر کاشت۔

پ

پ p: (ف، مث) اسے اردو میں پے (یائے مجہول) کہتے ہیں ب اور پ میں التباس سے بچنے کے لیے اسے بائے فارسی بھی کہتے ہیں، اردو حروف تہجی کی ترتیب میں تیسرا حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت دونوں ہونٹ ایک دوسرے سے مل کر اندر سے آنے والی ہوا کو لمحہ بھر کے لیے روک کر منہ سے خارج کرتے ہیں۔ صوتیات کی اصطلاح میں یہ آواز غیر مسموع، غیر ہاکاری، دولبی بندشی مصمتہ یا حرف صحیح کہلاتی ہے۔

پا(a) pa: (ار، لاحقہ) مرکبات میں لاحقہ کے طور پر آکر اسم کیفیت کے معنی پیدا کرتا ہے مثلاً جلاپا، مٹاپا۔

پا(b) paa(a): (ف، مذ) پاؤں، قدم، جڑ، بنیاد، اصلی، مضبوطی، پائیداری۔

پا(c) paa: (ف، صف) تحت، زیریں، نیچے، ٹھہرنے والا۔

پا انداز paa-an-daaz: (ف، مذ) ٹاٹ یا ربڑ وغیرہ کا وہ ٹکڑا جو دروازہ کے آگے پاؤں صاف کرنے کے لیے رکھ دیتے ہیں، گاڑی میں پاؤں رکھنے کی جگہ بھی رکھتے ہیں۔

پابدامن paa-ba-daa-man: (ف، صف) پاؤں دامن میں سمیٹے ہوئے، گوشہ نشین عزلت گزیں جس نے چلنا پھرنا ترک کر دیا ہو۔

پابرجا paa-bar-chaa(a): (ف، صف) ثابت، قائم محکم، مضبوط۔

پابرکاب paa-ba-ra-kaab: (فع، صف) جس کا پاؤں رکاب میں ہو، چلنے کو تیار۔

پابرہنہ paa-bar-ha-na(a): (ف، صف) ننگے پاؤں جس کے پاؤں میں جوتی نہ ہو۔

پابزنجیر paa-ba-zan-jiir: (ف، صف) مقید، پابند، بیڑیاں پہنے ہوئے۔

پابست۔ بستہ paa-bast: (ف، صف) جس کے پاؤں مٹی میں یا زمین میں ہوں، مقید، بے بس جو اپنی جگہ سے ہل نہ سکے۔

پابند paa-band: (ف، صف) مقید، گرفتار، ماتحت، مطیع، مجبور، رکا ہوا، خیال رکھنے والا، باقاعدہ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: پابندی۔

پابوس paa-bos: (ف، مذ) پاؤں چومنا، تعظیم و تواضع، پابوسی (افعال: کرنا، ہونا)

پاپوش paa-posh: (ف، مذ) کفش، جوتی (بیزاری کے اظہار کے لیے بھی لفظ آتا ہے) مثلاً میری پاپوش بھی نہیں جاتی، پاپوش (کی نوک، خاک) سے (ار، متعلق فعل) بلا سے، کچھ پروا نہیں۔

پاپوش کاری paa-posh-kaa-ri(i): (ف، مث) جوتیاں پڑنا، جوتیوں کی مار۔

پاپیادہ paa-pya-da(h): (ف، صف) پیدل، سواری کے بغیر۔

پاتابہ paa-taa-ba(h): (ف، مذ) پاؤں کے نیچے جوتے کے اندر، ڈالنے کا چمڑا، کپڑے کا جوتا جو موزے کے اوپر پہنا جاتا ہے۔

پاجامہ paa-jaa-ma(h): (ف، مذ) ازار شلوار، شرعی زیر جامہ، سُتھنا، سیدھی کاٹ کا پتلون سے ملتا جلتا ایک لباس جو ٹانگوں میں پہنا جاتا ہے۔ شلوار کی کاٹ ترچھی اور پھیر بڑا ہوتا ہے۔

پاچک paa-chak: (ف، مذ) اوپلا، اُپلا، کنڈا، ارنا۔

پاچک دستی paa-chak-das-ti(i): (ف، مذ) ہاتھوں سے تھاپا ہوا اُپلا، گوبر جو جلانے کے کام آتا ہے۔

پاچک دشتی paa-chak-dash-ti: (ف، مذ) جنگلی اوپلا، وہ گوبر جو جنگل میں خود بخود خشک ہو جائے۔

پاخانہ paa-Kaa-na(h): (ف، مذ) بیت الخلا، جائے ضرورت، رفع حاجت کی جگہ، انسان کا فضلہ، براز، گوہ، افعال، پھرنا، کرنا، جانا۔

پادراز paa-da-raaz: (ف، صف) پاؤں پھیلائے ہوئے، آرام میں، مزہ میں (افعال کرنا، ہونا)

پاروب paa-rob: (ف، آل صف) وہ لکڑی جس سے گھوڑے وغیرہ کے پاؤں میں سے گھاس اور لید وغیرہ صاف کرتے ہیں۔

پازیب paa-zeb: (ف، مث) عورتوں کے پاؤں کا ایک زیور، خلخال۔

پاسنگ paa-sang: (ف، مذ) وہ چھوٹا وزن جو ترازو کے پلے برابر کرنے کے لیے ڈالتے ہیں۔ وہ نقصان جو ترازو کے پلے ہم وزن نہ ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ بے حقیقت، حقیر۔

پاکوب paa-kob: (ف، صف فاعلی) پاؤں مارنے والا، ناچنے والا، رقاص، اسم کیفیت مث: پاکوبی۔

پامال paa-maal: (ف، صف) خراب خوار، پاؤں سے روندا ہوا (افعال کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: پامالی۔

پامرد paa-mard: (ف، صف) مستقل مزاج، ثابت قدم، اسم کیفیت مث، پامردی۔

پایاب paa-yaab: (ف، صف) کم گہرا پانی جس میں آدمی پاؤں سے چل کر ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک چلا جائے، کم گہرا اُتھلا، اسم کیفیت مث: پایابی۔

پاپ paap: (ہ، مذ) گناہ، جرم، قصور، مصیبت، افعال: کرنا، ہونا۔

پاپ کٹنا paap-kaT-na(a): (ار، محاورہ) جھگڑا طے کرنا/ہونا، قرضہ چکانا/چکنا/نجات دینا/ملنا۔

پاپ کی پوٹ paap-kii-poT: (ار، صف) گناہ کی گٹھری، سراپا گناہ، مجسم گناہ۔

پاپا paa paa(a): (ف، مذ) عیسائیوں کا مذہبی پیشوا، بطریق، ایک قسم کا کیڑا جو چاول میں ہوتا ہے، صف نسبتی: پاپائی، اسم کیفیت مث: پاپائیت (مگر اصولاً غلط)

پاپاخ paa-paaK: (ت، مث) سیاہ رنگ کی لمبوتری ٹوپی جو سیاہ دنبے کی کھال سے بنائی جاتی ہے۔

پاپڑ paa-paR: (ار، مذ) مونگ یا ماش کی دال کی مصالحہ ملی ہوئی چپاتی جو خشک پتلی اور کراری ہوتی ہے۔

پاپڑ بیلنا/پیٹنا paa-paR bel-na(a): بیلن سے بیل کر پاپڑ تیار کرنا، نہایت محنت کرنا، مشقت اٹھانا۔

پاپڑا paa-pa-Ra(a): (ہ، مذ) ڈھاک کا پھل، ایک درخت کا نام جو کیلے سے مشابہ ہوتا ہے، ایک پودا، گاڑ دینا۔

پاپلین paap-lin: (انگ، مث) (Paplin) ایک قسم کا کپڑا جو عموماً قمیصوں میں استعمال ہوتا ہے۔

پات paat: (ہ، مذ) برگ، پتا، کان میں پہننے کا ایک زیور۔

پات پات ڈال ڈال paat-paat Daal-Daal: (ار، مثل) پات سے پہلے اور ڈال سے پہلے ضمیر آتی ہے۔ مثلاً میں پات پات وہ ڈال ڈال، بڑھ

کر ہونا، زیادہ ہوشیار ہونا۔

پاتال paa-taal: (ہ، مذ، مث) زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ، تحت الثریٰ، گڑھا۔

پاتھا paa-tha(a): (ہ، مذ) ہل کا وہ حصہ جس میں پھال لگائی جاتی ہے، جس سے پھالی کا کیا ہوا شگاف چوڑا ہوتا چلا جاتا ہے۔

پاتھر paa-thar: (ہ، مذ) دیکھو پتھر، جس کی یہ ہندی شکل ہے۔

پاتھنا paath-na(a): (ار، مص) تھاپنا، اُپلے بنانا، سانچے میں ڈال کر اینٹیں (تھاپنا کا مقلوب)

پاتی paa-ti(i): (ہ، مث) پات کی تصغیر، خط، چٹھی، رقعہ، پتی، چھوٹا پتا، خبر، اطلاع، پیغام، کھوج، سراغ۔

پاٹ paaT: (ہ، مذ) دریا یا کپڑے کی چوڑائی، عرض، چکی کا ایک پتھر، تخت، گدی، مسند (ان معنوں میں سراج کے تابع آتا ہے) وہ پتھر یا پڑا جس پر دھوبی کپڑے دھوتے ہیں اور پٹختے ہیں۔ کولہو، بیلنے یا رہٹ کی وہ لکڑی جس پر بیل ہانکنے والا بیٹھتا ہے۔ وہ شہتیر یا لکڑی کا لٹھا جو کنوئیں کے منہ پر رکھ دیتے ہیں تاکہ پانی کھینچنے میں آسانی رہے آواز کی بلندی، اُونچا سُر۔

پاٹ paaT: (انگ، مذ) Pot، ظرف، برتن، پاخانے کا طشت۔

پاٹ دار آواز paaT-daar aa-waaz: (ہ، ف، مث) بلند آواز، دور تک جانے والی آواز، اصولاً غلط ترکیب ہے۔

پاٹنا paaT-na(a): (ار، مص) ڈھانکنا، چھانا، ریل پیل کرنا، بھرنا، پُر کرنا (گڑھا وغیرہ) چھت بنانا، بند کرنا۔

پاٹھ paaTh: (ہ، مذ) سبق، درس وظیفہ، ورد، دعا، منتر۔

پاٹھ شالا paaTh-shaa-la(a): (ہ، ظرف، مذ) درس گاہ، مکتب، مدرسہ، ابتدائی۔

پاٹھا paa-Tha(a): (ہ، مذ) جوان ہاتھی، ہاتھی کا نر بچہ، پہلوان، پست قد، فربہ۔

پاجانا paa-jaa-na(a): (ار، محاورہ) سمجھ لینا، حاصل کر لینا، بھگتنا۔

پاجی paa-ji(i): (ف، صف) کمینہ، ذلیل، ہیچ، سفلہ، لچا، بدذات، شریر، پاجی پن/پنا۔

پاجیانہ paaj-yaa-na(a): (ف، متعلق فعل) رذیلوں کی طرح، کمینوں کی طرح۔

پاچ paach: (ہ، مذ، ق) زمرد، شیشہ، کانچ، مکڑی کا جالا۔

پاچھی paa-chi(i): (ہ، مث) دولتی، گھوڑے وغیرہ جانور کا پچھلی دونوں ٹانگوں سے ضرب لگانا۔

پاد paad: (ف، ہ، مذ) پاس، خیال، نگہداشت

پاد paad: (ہ، مذ) ریح، ریاح، گوز، بادشکم، پاخانہ کے مقام یعنی مبرز سے خارج ہونے والی ہوا۔ (انفعال، نکلنا، نکل جانا، بند ہونا)

پاداش paa-daash: (ف، مذ) جزا، بدلہ، معاوضہ، صلہ، عوض، سزا جرمانہ، ڈنڈ۔

پاڈری paad-ri(i): (پر، مذ) Padre عیسائی مذہب کا ملا، امام پیشوا، عیسائی مبلغ۔

پاڈشاہ / پادشہ paad-shaa(h): (ف، مذ) پادشاہ، سلطان۔

پاڈشاہانہ paad-shaah-haa-na(a): (ف، متعلق فعل) پادشاہوں جیسا، پادشاہوں کی طرح۔

پاڈشاہ زادہ paad-shaah-zaa-da(h): (ف، مذ) پادشاہ کا بیٹا، شہزادہ، (مث ار) پادشاہ زادی۔

پاڈشاہ سلامت paad-shaah-sa-laa-mat: (فع، کلمہ دعا) خدا بادشاہ کو سلامت رکھے یہ کلمہ دعا بطور لقب بھی استعمال ہوتا ہے۔

پاڈشاہی paad-shaa-hi(i): (ف، مذ) شاہی، سلطنت، راج، حکومت۔

پادنا paad-na(a): (ار، مص) گوز مارنا، پاد نکالنا، ریح خارج کرنا۔

پادو paa-duu: (ار، صف) پاد مارنے والا، پدوڑا۔

پادھا paa-dha(a): (ہ، مذ) معلم، استاد، پنڈت

پار paar: (س، ہ، مذ) دوسری طرف، دریا کا پرلا کنارہ، حد، کسی چیز کا اختتام، ختم، انجام، آخر، آبادی یا گاؤں، جو دریا کی دوسری طرف ہو۔

پارا paa-ra(a): (ہ، مذ) ایک نہایت بھاری، سیال سفید اور شفاف دھات، جو ہر وقت متحرک رہتی ہے۔ سیماب صفت، بے قرار، بے چین۔

پارے کی دیوار paa-re-ki(i) di-vaar: (ار، مث) وہ دیوار جو بغیر گارے اور چونے کے صرف اینٹوں اور پتھروں سے چنی جائے۔

پارار paa-raar: (ف، مذ) پچھلا، تیسرا برس، تیورس۔

پاربتی paar-ba-ti(i): (ہ، مث) پہاڑ کی بیٹی، شیو جی کی بیوی، درگا دیوی، مجازاً حوا۔

پارٹ paarT: (انگ، مذ) Part، ٹکڑا، حصہ، باب، فصل، حصہ کا کام، مقررہ خدمت، اداکار کے ذمہ جو کام یا نقل ہو، اداکار کے مکالمہ وغیرہ۔

پارٹنر paarT-nar: (انگ، صف) Partner حصہ دار، ساجھی، ساتھی، رفیق۔

پارٹی paar-Ti(i): (انگ، مث) Party، جماعت، حزب، فریق، فرقہ، ضیافت، سلسلہ۔

پارچہ paar-cha(h): (ف، مذ) (پارہ کی تصغیر) ریزہ، ٹکڑا، قاش، دھجی، چیتھڑا، پوشاک، لباس، خلعت، گوشت کا ٹکڑا، گھاٹ، پنگھٹ، بکڑی کا جالا، وہ لکڑی یا سل جو کنویں کے منہ پر کسی قدر اندر پڑی ہو، مچان، جس پر بیٹھ کر شکار کھیلتے ہیں۔ ایک ریشمی کپڑا۔

پارچہ باف paar-chah-baaf: (ف، فاعل) کپڑا بننے والا، جولاہا، اسم کیفیت (مث): پارچہ بافی۔

پارچہ فروش paar-chah fa-rosh: (ف، فاعل) کپڑا بیچنے والا، بزاز، اسم کیفیت (مث)، پارچہ فروشی۔

پارس paa-ras: (ف، مذ) ایران کا ملک، فارس، جو پارس کا معرب ہے۔

پارس paa-ras: (ہ، مذ) ایک پتھر جس کے متعلق مشہور ہے کہ اگر وہ لوہے سے چھو جائے تو اسے سونا بنا دیتا ہے، اکسیر۔

پارسا paar-sa(a): (ف، صف) پرہیزگار، نیک، صالح، بزرگ، اسم کیفیت، مث: پارسائی۔

پارسل paar-sal: (انگ، مذ) Parcel پلندہ، بستہ، بقچہ، گٹھا، وہ چیز جس پر کاغذ یا کپڑا لپیٹ کر ڈاک ریل یا کشتی وغیرہ کے ذریعہ سے کہیں بھیجیں۔

پارسی paar-si(i): (ف، صف) ایران یعنی پارس کا رہنے والا، ایرانی، فارسی زبان، آتش پرست، زردشت کا پیروکار (مث: ار، پارسن)

پارک paark: (انگ، مذ) Park، احاطہ، گھرا ہوا مقام، باغ، رمنا، سبزہ گاہ، شکارگاہ۔

پارکھ / پارکھی paa-rakh: (ہ، صف) جانچنے والا، شناخت کرنے والا جوہری، نکتہ سنج، نقاد، ممتحن، واقف، تجربہ کار۔

پارلیمان paar-li-maan: (ف، مث) انگریزی Parliament، کسی آزاد جمہوری ملک کی سب سے بڑی مجلس قانون ساز، قومی مجلس، عوام کے منتخب نمائندوں کی مجلس جس کے سامنے وزرا جواب دہ ہوتے ہیں: صف نسبتی: پارلیمانی۔

پارلیمانی نظام paar-li-maa-ni(i) ni-zaam: (ار، مذ) وہ نظام حکومت جس میں ارکانِ حکومت پارلیمان کے سامنے جواب دہ ہوتے ہیں اور حکومت کا انتظامی سربراہ وزیر اعظم ہوتا ہے، بخلاف صدارتی نظام کے کہ اس میں صدر مملکت ہی انتظامی سربراہ ہوتا ہے۔

پارلیمنٹ paar-li-menT: (انگ، مث) Parliament، دیکھیے 'پارلیمان'۔

پارنا paar-na(a): (ہ، مص) چراغ کی لو پر کوئی برتن رکھ کر دھواں جمع کرنا، کاجل بنانا، تکمیل کرنا، مکمل کرنا۔

پارہ paa-ra(h): (ف، مذ) ٹکڑا، ریزہ، پارچہ، جزو، حصہ، پتھروں کی چھوٹی سی دیوار، پیوند، جوڑ، قرآن مجید کا تیسواں حصہ عبارت کا ٹکڑا۔

پارۂ جگر paa-ra-he-ji-gar: (ف، مذ) کلیجے کا ٹکڑا، مجازاً نہایت عزیز، بیٹا۔

پارہ دوز paa-rah-doz: (ف، مذ) پیوند لگانے والا، درزی، موچی، خیمہ سینے والا۔

پارینہ paa-rii-na(h): (ف، صف) پار سے منسوب، پرانا، کہنہ، قدیم۔

پاڑ paaR: (ہ، مث) ٹانڈ، مچان، وہ مچان یا لکڑی یا بانس کی بنائی ہوئی اونچی نشست جس پر بیٹھ کر معمار بلندی پر کام کرتے ہیں۔ ایک لکڑی کا جال سا جو کنویں پر ڈالتے ہیں، پھانسی پر چڑھانے کا تختہ پہاڑ۔

پاڑا paa-Ra(a): (ہ، مذ) کھیت، کھیتی، کھیتی کی حد، وہ جھونپڑے یا آبادی جو گاؤں کی حد سے کچھ فاصلہ پر ہو۔

پاڑنا paaR-na(a): (ہ، مث) نیچے پھینکنا، گرانا۔

پاژند paa-zand: (ف، مذ) پارسیوں کی مذہبی کتاب ژند کی تفسیر کا نام، ژند خود، اوستا کی تفسیر ہے مگر اس سے بھی مشکل اس لیے اس کی تفسیر پاژند میں کی گئی۔

پاس paas: (انگ، مذ) Pass، کامیابی، گزرنا، اجازت نامہ، پاس کرنا/ ہونا (انگ، ار، مص مرکب / منظور کرنا، ہونا، کامیاب ہونا، ترقی کرنا/ ہونا)

پاس کرنا/ ہونا paas-kar-na(a): (انگ، ار، مص مرکب) منظور کرنا / ہونا، کامیاب ہونا، ترقی کرنا/ ہونا۔

پاس بک paas-buk: (انگ، مذ) Pass-Book، بہی، حساب کی کتاب بنک سے لین دین کی کتاب۔

پاس پورٹ، پاسپورٹ paas-porT: (انگ، مذ) Passport، پروانہ راہداری، ملک سے باہر جانے کا اجازت نامہ۔

پاس paas: (ف، مذ) نگاہ بانی، انتظار، حراست، پہر، دن رات کا آٹھواں حصہ، طرف داری، لحاظ، مروت، رورعایت، حق خیال، خاطر۔

پاس انفاس paas-an-faas: (فع، مرکب اضافی مذ) سانسوں کی نگہبانی، صوفیوں کی اصطلاح میں ہر سانس کے ساتھ اللہ کا لفظ نکلنا۔

پاسبان paas-baan: (ف، فاعل) نگہبانی کرنے والا، چوکیدار، دربان، گڈریا، اسم کیفیت مث، پاسبانی۔

پاس خاطر paas-Kaa-tir: (فع، مرکب اضافی،

مذ) لحاظ، رعایت، خاطر، خاطر برداشت۔

پاس دار paas-daar: (ف، فاعل) لحاظ رکھنے والا، حمایتی، طرف دار، اسم کیفیت (مث): پاس داری۔

پاس شرع paas-sha-ra(?): (فع، مرکب اضافی مذ) شرع کا لحاظ، مذہبی احکام کی پابندی۔

پاس نمک paas-na-mak: (ف، مرکب اضافی مذ) حق نمک، کسی کے احسان کا لحاظ، کھانا کھانے کا لحاظ۔

پاس paas: (ار، متعلق فعل) نزدیک، قریب، قبضہ میں، تصرف میں قابو میں (افعال: آنا، بیٹھنا، آلگنا وغیرہ)

پاس پاس paas-paas: (ار، متعلق فعل) برابر برابر۔ قریب قریب، قریباً، لگ بھگ۔

پاس پڑوس paas-pa-Ros: (ار، مذ) اردگرد، قرب وجوار، ہم سائیگی۔

پاس پھٹکنا paas-pha-Tak-na(a): (ار، خاورہ) قریب جانا، ملنا جلنا۔

پاس جانا paas-jaa-na(a): (ار، محاورہ) قریب جانا، ہم بستر ہونا، جماع کرنا۔

پاس رکھنا لحاظ کرنا paas-rakh-na(a): (ار، محاورہ) قریب رکھنا، تیار رکھنا، قبضہ میں رکھنا، ساتھ رکھنا۔

پانسا paaN-sa(a): (ہ، مذ) قرعہ، جس کو رمال پھینکتے ہیں، شش پہلو ہڈی کا ٹکڑا جس پر اعداد کی جگہ نقطے بنے ہوتے ہیں۔ قمار باز باری باری اسے پھینکتے ہیں اور اس کے مطابق ہار جیت ہوتی ہے۔

پاسخ paa-suK: (ف، مذ) جواب، اُتر

پاسنا paas-na(a): (ہ، مص) دودھ اتارنا، دودھ کا تھن میں آنا، تھنوں کو دودھ سے بھرنا۔

پاش paash: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر پاشیدن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چھڑکنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً گلاب پاش، نمک پاش۔

پاشا paa-sha(a): (ت، مذ) سرداروں کا لقب، ترکی سرداروں کا لقب۔

پاشاں paa-shaaN: (ف، صف) دور دور، متفرق، وہ تحریر جس میں دائرے اور حروف دور دور لکھے ہوں۔

پاش پاش paash paash: (ف، صف) ٹکڑے ٹکڑے، ریزہ ریزہ، چور چور، (افعال کرنا، ہونا)

پاشنہ paash-na(a): (ف، مذ) ایڑی پاؤں کا پچھلا حصہ، عقب، گھوڑے کی چالوں میں سے ایک چال جو سرپٹ کے قریب ہوتی ہے۔

پاشنہ کوب paash-na(h) kob: (ف، صف) تعاقب کرنے والا، پیچھے پیچھے جانے والا، بھاگتے ہوئے کا تعاقب کرنے والا۔

پاک paak: (س، مذ) ایک قسم کی مٹھائی۔

پاک paak: (ف، صف) طاہر، صاف، ستھرا، بےلوث، پرہیزگار، بےباق، جائز، حلال، آزاد، بےباک۔ پاکستان کا بھی مخفف ہے۔

پاک باز paak-baaz: (ف، صف) زاہد، مجرد، ایمان دار، بےگناہ صاف دل، نیک نیت، بھنگڑوں کی اصطلاح میں بھنگ چھاننے کی صافی، اسم کیفیت مث، پاکبازی۔

پاک بین paak-biin: (ف، صف) پاک نظر سے دیکھنے والا جس کی نگاہ میں گناہ کا شائبہ نہ ہو۔

پاک داماں/دامن paak daa-maaN: (ف، صف) پارسا، باعصمت، عفیفہ، اسم کیفیت، (مث):

پاک دامانی، دائمی۔

پاک ذات paak-zaat: (فع ،صف) ہر عیب سے مبرّا، اللہ تعالیٰ کی تعریف

پاک شہدا paak-shoh-da(a): (ف، ار، صف) بدوضع، بدچلن غنڈہ۔

پاک صاف paak-saaf: (فع ،صف) نیک، نیک نیت، اچھوتا، ستھرا۔

پاک کرنا / ہونا paak-kar-na(a): (ار، محاورہ) چننا، صاف کرنا/ ہونا، پونچھنا، پچھنا، دھوکر۔

پاک محبت paak-mu-hab-bat: (فع ،مرکب، توصیفی مث) وہ الفت یا دوستی جو نفسانی خواہش یا خود غرضی سے مبرّا ہو۔

پاک نظر / نگاہ paak-na-zar: (فع ،صف) نیک نیت، پاک بین، اسم کیفیت مث: پاک نظری / نگاہی۔

پاک نہاد paak-na-haad: (ف، صف) نیک نیت، نیک طینت، نیک مزاج۔

پاکٹ paa-keT: (انگ، مث) Pocket جیب، کیسہ۔

پاکستان paa-kis-taan: (ف، مذ) دنیا کی سب سے بڑی دوسری مسلم آبادی کا ملک جو 14 اگست 1947 کو ہندوستان کی تقسیم سے قائم ہوا۔ یہ سرحد، سندھ (بلوچستان) اور مغربی پنجاب پر مشتمل ہے اور ہندوستان کے مغربی سمت میں آباد ہے۔

پاکھ paakh: (ہ، مذ) قمری مہینے کا نصف حصہ، نصف ماہ، پندرھواڑا۔

پاکھا paa-kha(a): (ہ، مذ) پہلو، بازو، جانب، طرف، چھپر جو دیوار پر جھکا ہوا ہو، سائبان، دیوار جو مکان کے دو پہلوؤں کے مقابل ہوتی ہے۔ اور جس پر شہتیر رکھ کر مکان کو مثلث کی شکل میں پاٹتے ہیں۔

پاکھر paa-khar: (ہ، مث) گھوڑوں ہاتھیوں وغیرہ کی زرہ، جھول ترپال یا ٹاٹ کی پوشش، ایک درخت کا نام جس کی پھلی تلی کے مرض میں مفید ہے۔

پاکھنڈ paa-khanD: (ہ، مذ) بدذاتی، شرارت، جھگڑا، بکھیڑا، ریا، بناوٹ، تصنع، دکھاوے کی عبادت، دید کی تعلیم کے خلاف کوئی بات، بدعت (افعال: پھیلانا، کرنا، مچانا)

پاکھنڈی paa-khan-Di(i): (ہ، صف) بدعتی، منافق، ریاکار، گندم نما جو فروش، فریبی، دغاباز، فسادی جھگڑالو، شریر۔

پاکی paa-ki(i): (ف، مث) طہارت، صفائی، ستھرائی۔

پاکی لینا paa-ki(i) le-na(a): (ار، محاورہ) زیر ناف بال مونڈنا۔

پاکیزہ paa-kii-za(h): (ف، صف) (پاک کا مزید علیہ) پاک، صاف، ستھرا، خوبصورت، خوش اسلوب، بے عیب، بے نقص، بے جرم، بے داغ، اسم کیفیت مث، پاکیزگی۔

پاکیزہ گوہر paa-kii-zah go-har: (ف، صف) نیک، اصل، خالص، اچھا، اسم کیفیت مث: پاکیزہ گوہری۔

پاکیزہ نفسی paa-kii-zah naf-si(i): (فع ،صف) بے کینہ، بے شر، اسم کیفیت مث، پاک نفسی۔

پاگ paag: (ہ، مث) پگڑی، دستار، پاؤں، قدم، مٹھائی، شربت کا سخت قوام جس سے ریوڑیاں بناتے ہیں، شیرہ۔

پاگر paa-gar: (ہ، مث، مذ) جگالی، مویشیوں کا چرنے کے بعد کھانے کو اگل کر چبانا اور باریک کرنا۔

پاگل paa-gal: (ہ، صف) دیوانہ، مجنون، خبطی، بیوقوف، احمق، پریشان، حیران، سرگرداں، اسم کیفیت، مذ: پاگل پن۔

پاگل خانہ paa-gal Kaa-na(h): (ار، ف، مذ) پاگلوں کے رہنے کا مکان، وہ عمارت جہاں پاگلوں کو رکھ کر ان کا علاج کیا جاتا ہے اور ان کی نگہداشت کی جاتی ہے، وہ جگہ جہاں احمقوں کا جمگھٹا ہو۔

پاگنا paag-na(a): (ار، مص) کسی چیز پر شکر کی تہ چڑھانا، غلاف چڑھانا۔

پال paal: (ار، مث) چھوٹا خیمہ، کپڑے یا سرکیوں کا چھوٹا سا تنبو، کشتی کا پردہ بادبان، پانی رد کنے کا بند، پشتہ، وہ گھاس پھوس جس میں کچا پھل رکھ کر پکایا جاتا ہے، سایہ امان، پناہ، سرکاری زمین جو حکومت کے قبضے میں ہے، مینڈھ کنگرا، پالنا مصدر سے صیغہ امر۔

پال اٹھانا paal u-Thaa-na(a): (ار، محاورہ) پھل کو پکنے کے بعد گھاس پھوس سے نکالنا۔

پال دبانا / ڈالنا/ پڑنا paal-da-baa-na(a): (ار، محاورہ) کچے پھل کو پکانے کے لیے گھاس پھوس رکھنا/ رکھا جانا، کسی چیز کو مدت تک اپنے پاس رکھ چھوڑنا/ رکھے رکھنا۔

پالا paa-la(a): (ہ، مذ) کہر، برف، بہت ٹھہر، جمی ہوئی اوس، اکھاڑا، وہ مقام جہاں کشتی لڑتے ہیں یا زور کرتے ہیں۔ کبڈی کھیلنے والوں کی دونوں ٹولیوں کے درمیان بنائی جانے والی حد، جھڑ بیری کے سوکھے پتے جیت، فتح جیت کا نشان، تعلق واسطہ، پالا ہوا، پرورش کیا ہوا۔

پالا پڑنا / کرنا paa-la(a) paR-na(a): (ار، مص) برف پڑنا، نہایت سردی ہونا، واسطہ پڑنا، سابقہ پڑنا۔

پالا پوسا paa-la(a) po-sa(a): (ار، صف) پالا ہوا، پرورش کیا ہوا مث: پالی پوسی۔

پالان paa-laan: (ف، مذ) وہ گدی یا کپڑا جو لدو جانوروں کی پیٹھ کے بچاؤ کے لیے ڈالتے ہیں۔

پالتو paal-tu(u): (ہ، صف) پالا ہوا، سدھایا ہوا، جھول، کجاوا، (افعال: باندھنا، رکھنا)

پالتی paal-ti(i): (ہ، مث) چار زانو بیٹھنے کا ایک طریقہ، داہنی ران کو بائیں ران پر اور بائیں کو دائیں پر رکھ کر بیٹھنا، پیراکی کی ایک قسم جس میں چار زانو ہو کر تیرتے ہیں۔

پالٹ paa-laT: (ہ، مث، مذ) لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح میں وہ ضرب جو حریف کی پنڈلی پر لگائی جائے۔

پالشٹ paa-lishT: (ہ، صف ق) پلید، ناپاک، مردار۔

پالک paa-lak: (ہ، مث، مذ) ایک قسم کا ساگ اور اس کا بیج، اسفاناخ، اسپاناخ۔

پالکڑی paa-lak-Ri(i): (ہ، مث) وہ لکڑی کے ٹکڑے جو پلنگ کے سرہانے پایوں کے نیچے اس غرض سے رکھے جاتے ہیں کہ پلنگ ڈھالو ہو جائے۔

پالکی paal-ki(i): (ہ، مث) ایک قسم کی سواری جو کہار اُٹھاتے ہیں ایک قسم کی ڈولی، محافہ، قفس۔

پالکی نشیں paal-ki-na-shiiN: (ہ، ف، صف) پالکی میں بیٹھنے والا، امیر، بڑے رتبہ والا۔

پالن paa-lan: (ہ، مذ) پرورش، تربیت، تعلیم، دیکھ بھال، نگرانی، بچاؤ۔

پالن کرنا paa-lan kar-na(a): (ار، محاورہ) پالنا، پرورش کرنا، ایفا کرنا، وعدہ پورا کرنا، نبھانا، تعمیل کرنا، حکم ماننا۔

پالن ہار paa-lan-haar: (ہ، صف) پالنے والا، خدا تعالیٰ

پالنا paal-na(a): (ار، مذ) بچوں کا جھولا، ہنڈولا۔

پالنا paal-na(a): (ار، مصف) پرورش کرنا، تربیت کرنا، خدمت کرنا، خبر گیری کرنا، ناز و نعم سے رکھنا، برداشت کرنا، ذمہ داری لینا، بھرنا۔

پالنا پوسنا paal-na pos-na(a): (ار، مص) پرورش کرنا، تربیت کرنا۔

پالو paa-lu(u): (ہ، صف) پالتو، گھیر کا پالا ہوا، سدھایا ہوا۔

پالودہ paa-luu-da(h): (ف، مذ) فالودہ، ایک قسم کے چاولوں کی پیچ جو موسم گرما میں شربت ملا کر پیتے ہیں۔

پالہنگ paal-hang: (ف، مث) باگ ڈور، وہ رسی جو گھوڑے کی لگام میں باندھتے ہیں۔

پالی مارنا paa-li(i) maar-na(a): (ار، محاورہ) لڑائی جیتنا، فتح پانا۔

پالیز paa-liiz: (ف، مث) سبزہ زار، تربوز، ککڑی یا خربوزے کا کھیت، صحیح فالیز ہے۔

پام paam: (انگ، مذ) Palm چھالیا، ناریل، کھجور اور تمام ایسے پودے یا درخت جن کے پتے لمبے چوڑے بے شاخ اور سخت ہوتے ہیں۔

پامسٹ paa-mist: (انگ، صف) Palmist، ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر قسمت کا حال بتانے والا دست شناس۔

پامسٹری paa-mis-Tri(i): (انگ، مث) ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر قسمت کا حال بتانا، دست شناسی، راست الید Palmistry

پان paan: (ہ، مذ) کلف، مانڈی، پانی میں آٹا گھول کر جولا ہے جو سوت کو لگاتے ہیں وہ پان کہلاتا ہے۔

پان paan: (ہ، مذ) برگ تنبول، ایک بیل کا پتا جس پر کتھا چونا لگا کر اور چھالیا وغیرہ ڈال کر چباتے ہیں، اس سے ہونٹ سرخ ہو جاتے ہیں اور منہ صاف ہو جاتا ہے۔ پان کی شکل کا چمڑے کا ٹکڑا جو دیسی وضع کی جوتیوں کے اڈے پر لگاتے ہیں۔ تاش کا ایک رنگ، اس رنگ کے پتوں پر سرخ رنگ کی پان کی شکل بنی ہوتی ہے۔ انگیاں کی کٹوریوں میں دو ٹکڑے ہوتے ہیں۔ بڑا دیوار اور چھوٹا پان کہلاتا ہے۔

پان پتا paan pat-ta(a): (ہ، مذ) پان اور مختلف لوازم خانہ داری، خبر گیری، شادی کی مجلس۔

پان پھول paan-phuul: (از، مذ) برائی بھلائی، سرانجام کار، خاطر مدارات، ساز و سامان۔

پان دان paan-daan: (ف، مذ) پان اور اس کے لوازم رکھنے کا ظرف۔

پان دینا paan-de-na(a): (ار، محاورہ) پان کھلانا، پان سے تواضع کرنا۔

پان کا بیڑا paan kaa bii-Ra(a): (ار، مذ) پان کی گلوری، کتھا چونا لگا کر بنایا ہوا پان۔

پانا paa-na(a): (ار، مص) حاصل کرنا، وصول کرنا، معلوم کرنا پہچاننا، تاڑ جانا، کھوئی ہوئی چیز کا دستیاب ہونا، ملنا، پڑا پانا، بھگتنا، بہنا، سکنا، اجازت ہونا، کھوج لگانا، سراغ لگانا، پکڑ لینا۔

پانچنا paaNch-na(a): (ار، مص) کسی دھات کے برتن میں ٹانکا لگانا۔

پانچ paaNch: (ار، عدد) دو اور تین کا مجموعہ۔

پانچواں paaN-chauN: (ار، عدد کسری/ترتیبی) پانچواں حصہ، بلا ترتیب میں چار کے بعد کا درجہ۔

پانچواں paaNch-vaaN: (ار، عدد استغراقی) پانچ کے پانچ جو پانچ تھے وہ سب کے سب۔

پانڈا paaN-Da(a): (ھ، مذ) مندر میں پوجا کرنے والا برہمن، برہمنوں کا ایک فرقہ جو قنوج، بنارس، متھرا وغیرہ میں رہتا ہے، عالم فاضل، استاد۔

پانڈو paaN-Dav: (ھ، مذ) وہ زمین جس میں ریت اور چکنی مٹی ملی ہو، بارانی زمین، بھاری بوجھ والا، راجا پانڈو کے 5 بیٹے یدھشٹر، ارجن، بھیم، نکل، سہدیو

پانڈی paan-Di(i): (ھ، صف) بوری اُٹھانے والا، بوجھ اٹھانے والا، قلی۔

پانڈے paaN-De: (ھ، مذ) پنڈت، برہمن، استاد، معلم، برہمنوں کا ایک خطاب۔

پانڑی paaN-Ri(i): (ھ، مث) ایک قسم کی بیل جس کے پتے خوشبودار ہوتے ہیں۔

پانس paaNs: (ھ، مذ) وہ کھاد جو کھیتوں میں پیداوار بڑھانے کے لیے ڈالا جاتا ہے۔ (افعال: دینا، ڈالنا)

پانصد paaN-sad: (ار، عدد) پانچ سو (500)

پانصدی paaN-sa-di(i): (ف، ار، مذ) مغل بادشاہوں کا ایک منصب جس میں ایک امیر کو پانچ سو سپاہیوں کا ذمہ دار بنایا جاتا ہے اور بیس ہزار روپیہ تنخواہ دی جاتی تھی۔

پانا paa-na(a): (ھ، مذ) لکڑی وغیرہ کا وہ ٹکڑا جو بڑھئی لکڑی چیرتے وقت لکڑی کی درز میں رکھتے ہیں۔ پچانا، وہ آلہ جسے موچی جوتے کو قالب پر چڑھاتے وقت ایڑی میں ٹھونک دیتا ہے۔

پانی paa-ni(i): (ار، مذ) آب، ماء، جل، بارش، عرق، پسینہ منی، لحاظ، غیرت، آنسو، رطوبت، آسان کام، جرات، ارادہ، استقلال، پتلا، سیال۔

پانی آنا paa-ni(i) aa-na(a): (ار، محاورہ) مینہ برسنا، مینہ آنا، بارش کا سامان دکھائی دینا، ابر آنا، زخم سے رطوبت نکلنا، آنکھ یا ناک سے پانی نکلنا، پانی ٹپکنا، سیلاب آجانا۔

پانی اترنا paa-ni(i) u-tar-na(a): (ار، محاورہ) بارش ہونا، مینہ برسنا، موتیابند کا عارضہ لاحق ہونا، پانی کا دریا یا جھیل میں کم ہونا، فوطوں میں پانی آجانا۔

پانی بجھانا paa-ni(i) bu-jhaa-na(a): (ار، محاورہ) پانی کی خارجی رطوبت جلانے کے لیے پانی میں لوہا گرم کر کے ڈالنا اور بجھانا۔

پانی بہانا paa-ni(i) ba-haa-na(a): (ار، محاورہ) کسی کے مر جانے پر گھر کے کواڑوں پر پانی ڈالنا۔

پانی بھرنا paa-ni(i) bhar-na(a): (ار، محاورہ) کنویں، تالاب، جھیل سے پانی لانا، عاجزی وانکساری کرنا، غلام ہونا، خدمت کرنا، حکم پر کام کرنا۔

پانی کی چادر paa-ni(i) ki chaa-dar: (ار، مث) پانی کی چوڑی دھار۔

پانی کے مول paa-ni(i) ke mol: (ار، صف) نہایت ارزاں، بہت سستا، کوڑیوں میں، مفت۔

پاورق paa-varq: (فع، مذ) حاشیہ کے نیچے اگلے صفحہ کا پہلا حرف، ترک۔

پاہی paa-hi(i): (ھ، صف) وہ کاشتکار جو دوسرے گاؤں میں کاشت کرے، جس گاؤں میں کاشت کرے اُس میں اس کی سکونت نہ ہو۔

پائپ paa-ip: (انگ، مث) Pipe، نل، نال، نالی، انگریزی وضع کا تمباکو پینے کا حقہ جس میں ایک چھوٹی سی پیالی یا چلم تمباکو ڈالنے کے لیے ہوتی ہے اور اس پیالی سے قریبا پانچ چھ انچ لمبی نلکی کش لگانے کے

لیے لگی ہوتی ہے۔

پائلٹ paa-i-leT: (انگ، مذ) Pilot، ہواباز، طیارہ رواں، ہوائی جہاز چلانے والا، جہاز راں، راہ نما، بدرقہ۔

پاؤ paa-o: (ار، عدد کسری) چوتھا حصہ، چوتھائی۔

پاؤ بھر paao-bhar: (ار، صف) وزن میں ایک پاؤ یعنی چار چھٹانک کے برابر۔

پاؤ قدم paa-au qa-dam: (ار، مذ) گھوڑے کی ایک چال۔

پاؤں paa-auN: (ار، مذ) جسم کا وہ حصہ جو سب سے نیچے ہوتا ہے اور کھڑے ہونے یا چلنے کی صورت میں زمین پر ٹکتا ہے، قدم، پگ، چرن، پا، استقلال، استحکام، آخر، انجام۔

پاؤں بھاری ہونا paa-auN-bhaa-ri(i) hona(a): (ار، محاورہ) حاملہ ہونا، ہمت پست ہونا۔

پاؤں پاؤں paa-auN paa-auN: (ار، متعلق فعل) پیروں سے، پیدل۔

پاؤں پکڑنا paa-auN pa-kaR-na(a): (ار، محاورہ) قدم چھونا، پاؤں کو ہاتھ لگانا، نہایت التجا کرنا، قدموں پر گرنا، تعظیم کرنا، چلنے سے روکنا، پناہ لینا۔

پاؤں کی جوتی paa-auN ki(i) juu-ti(i): (ار، مث) پاپوش، ذلیل، حقیر۔

پاؤنڈ / پونڈ paa-auND: (انگ، مذ) Pound، انگلستان کا سکہ جو بیس شلنگ کا ہوتا ہے۔ ایک انگریزی وزن جو آدھ سیر ہوتا ہے۔

پائی paa-i(i): (ہ، مث) ایک روپیہ کا 1/192 واں حصہ، آنے کا بارھواں حصہ یہ سکہ اب متروک ہے۔

پائے paa-e: (ار، مذ) پایہ کی اردو جمع، بکری، گائے وغیرہ کے اگلے پچھلے پاؤں، قدم، پگ، نیز دیکھیے 'پا'۔

پائے گاہ paa-e-gaa(h): (ف، مث) قدر، مرتبہ، طویلہ، اصطبل، کچہری، اجلاس، چھوٹی ریاست۔

پائیل paa-iil: (ہ، صف) ایسا بچہ جس کی ولادت پاؤں کی طرف سے ہو۔

پائل / پائل / پایل paa-yal: (ہ، مث) پاؤں کا زیور، چھاگل جھانجر، تیز چلنے والی ہتھنی، بانس کی سیڑھی۔

پائیں paa-aiN: (ف، مذ) نیچے، پائینتی، سرہانے کی ضد۔

پائیں باغ paa-aiN baaG: (ف، مذ) وہ باغ جو قلعہ یا محل کے نیچے لگایا جائے جو مستورات کی سیر تفریح کے لیے پردے دار ہو۔

پائینتی / پائینت paa-yen-ti(i): (ار، مذ) فارسی پائچہ کا بگاڑ، ٹانگ کا غلاف پاجامے کا وہ حصہ جس میں ٹانگ رہتی ہے۔

پایان paa-yaan: (ف، مذ) آخر، انجام، کنارہ۔

پائیک paa-yak: (ف، مذ) پیک کا بگاڑ، پیام بر، ایلچی، چوکیدار۔

پائندہ paa-yen-da(h): (ف، صف) قائم، برقرار۔

پائندہ باد paa-in-da(h) baad: (ف، کلمہ) قائم رہے، برقرار رہے۔

پایۂ تخت paa-ya-he-taKt: (ف، مذ) تخت کا پیر، دارالسلطنت، راج دھانی۔

پایہ شناس paa-yah sha-naas: (ف، صف) مرتبہ شناس، رتبہ کو پہچاننے والا، اسم کیفیت مث: پایہ شناسی۔

پ ـ ب

پبلشر pub-li-shar: (انگ، صف) Publisher، ناشر۔

پبلک pab-lik: (انگ، مث) Public، عوام، عامۃ الناس عام مخلوق۔

پ۔پ

پپڑ pap-paR: (ہ، مذ) دیوار کی کہگل کا وہ حصہ جو پھول کر علیحدہ ہو جاتا ہے۔

پپڑا pap-Ra(a): (س، مذ) بڑی پپڑی، اُوپر کا چھلکا، چھال۔

پپڑی pap-Ri(i): (ہ، مث) خشک پوست، پرت، اوپر کی تہ، تر زمین جو خشک ہو کر پھٹ گئی ہو۔ کائی یا چکنی مٹی کا پرت جو خشک ہو کر اپنی سطح سے الگ ہو جائے، حلوا سوہن کی ایک قسم (افعال: آنا، بندھنا، پڑنا، جمانا جمنا)

پپڑیلا pap-Ri(i)-la(a): (ار، صف) تہ دار، پرت والا، چھلکے والا۔

پپنی pap-ni(i): (ہ، مث) مژہ، پلک۔

پپوٹا pa-po-Ta(a): (ہ، مذ) آنکھ کے اوپر کا غلاف، آنکھ کا پٹ۔

پپئیا pa-pay-ya(a): (ار، مذ) آم کی اُگی ہوئی گٹھلی گھس کر بنائی ہوئی سیٹی، سیٹی۔

پپیتا pa-pii-ta(a): (پرتگالی، مذ) خربوزے کی شکل کا پھل اس کا درخت ارنڈ سے مشابہ ہوتا ہے، ارنڈ خربوزہ۔

پپیہا pa-pii-ha(a): (ار، مذ) مٹی یا دھات کا باجا جسے منہ سے بجاتے ہیں، ایک پرندے کا نام جو بہت خوش آواز ہوتا ہے، پی کہاں، کی آواز نکالتا ہے۔

پ۔ت

پَت pat: (ہ، مث) عزت، آبرو، ساکھ، (افعال: اتارنا، اترنا، رکھنا، گنوانا) پات کا مخفف، پتا۔

پَت pat: (ف، مث) اچھوانی

پِت pit: (بکسر اول) (ہ، مذ) چار خلطوں میں سے ایک خلط صفرا، زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتے میں ہوتا ہے۔

پت جھڑ pat-jhaR: (ہ، مذ) پتے جھڑنے کا موسم، موسم خزاں۔

پت اُچھلنا pit-u-chal-na(a): (ار، محاورہ) صفرا کی خرابی سے جسم پر سرخ دانے نمودار ہونا، پتی اُچھلنا۔

پتا pa-ta(a): (ار، مذ) نشان، سراغ، علامت، ٹھور ٹھکانا، اشارہ، سرنامہ، مکتوب الیہ کا مکمل نام اور جائے سکونت جو خط یا لفافہ پر لکھتے ہیں۔

پتا چلنا pa-ta-chal-na(a): (ار، محاورہ) سراغ ملنا، نشان ملنا۔

پتا دینا pa-ta-de-na(a): (ار، محاورہ) سراغ بتانا، نشان بتانا، ٹھکانا بتانا۔

پتّا pat-ta: (بکسر اول) (ہ، مذ) جگر کے نیچے ایک چھوٹی سی تھیلی جس میں زرد رنگ کا کڑوا پانی ہوتا ہے۔ مقام صفرا، مرارہ، زہرہ، تاب، تحمل، تیزی دل کا جوش شرم، غیرت۔

پتامبر pi-taam-bar: (ہ، صف) زرد پوشاک پہنے ہوئے، کرشن جی، شیو جی کا ایک نام، ناچنے والا، زرد رنگ کا ریشمی کپڑا، زرد کپڑے پہننے والا سادھو۔

پتاور pa-ta-var: (ہ، مث) پھوس، جس سے چھپر بناتے ہیں، درخت، پتوں والا۔

پتائی pu-taa-i(i): (ہ، مث) لپائی، کہگل، سفیدی، پلستر، لپائی یا پلستر کرنے کا پیشہ، پلستر یا لپائی کا معاوضہ، اجرت۔

پتّر pat-tar: (ہ، مذ) سونے چاندی وغیرہ کے

چیپٹے، لمبے اور پتلے ٹکڑے، لوہے کے چوڑے اور مستطیل ٹکڑے جو صندوق وغیرہ کے جوڑوں پر مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں، پچا، برا، ورق، خط، چٹھی، تختہ، ناؤ۔

پتری pat-ri(i): (ہ، مث) جنم کنڈلی، زائچہ، خط، چٹھی چھوٹا ٹکڑا۔

پتلا pat-la(a): (ار، صف، مذ) باریک، مہین، دبلا، رقیق، سیال، نازک، ملائم، مث: پتلی۔

پتلا حال pat-laa-haal: (ار، ع، مذ) خراب حالت، غیر حالت، برا حال (افعال: کرنا، ہونا)

پُتلا put-laa: (ہ، مذ) مورت، بت، تمثال، پیکر، مجسمہ انسان یا حیوان کی صورت جو آٹے یا کسی اور چیز سے بنائی جائے۔ آٹے کی وہ مورت جو جادوگر کسی انسان کی ہم شکل بنا کر اُس پر جادو کرتے ہیں، صدقہ کاگڈا یا گڑیا، خاکہ، ہیولی، صف، مجسم، سرتاسر۔

پتلون pat-luun: (ار، مث) انگریزی Pantaloon، انگریزی وضع کا پاجامہ جس میں میانی نہیں ہوتی اور کمر بند کی جگہ پٹی کسی جاتی ہے، پہنتے وقت قمیص کا دامن اندر ہوتا ہے۔

پُتلی put-li(i): (بضم اول) (ہ، مث) گڑیا، مورت، آنکھ کا گول سیاہ حصہ، گھوڑے کے سم کا وہ گوشت جو ابھرا ہوا ہوتا ہے، شعبدہ گروں کی گڑیا، کل، مشین، حسین عورت، نازک عورت، خوبصورت، انسان یا حیوان کی کل صورت۔

پتنا pat-na(a): (ار، مص) پچارا پھرنا، پوتا جانا، وہ کپڑا جس سے پچارا پھیرتے ہیں۔

پتنگ pa-tang: (ہ، مذ) کنکوا ایک پردار کیڑا جو روشنی پر گرتا ہے، پروانہ، وہ لکڑی جس سے سرخ رنگ نکالا جاتا ہے۔

پتنگ باز pa-tang baaz: (ار، ف، فاعل) کنکوا اڑانے والا (اصولاً ترکیب غلط ہے) اسم کیفیت مث: پتنگ بازی۔

پتنگ چھڑی pa-tang-chha-Ri(i): (ار، صف، مث) لڑائی کرا دینے والی، لگائی بجھائی کرنے والی۔

پتنگا pa-tan-ga(a): (ار، مذ) پتنگاری، چراغ کا پھول، پروانہ، ایک پردار کیڑا۔

پتوار pat-vaar: (ہ، مث) وہ لکڑی جس سے کشتی چلاتے ہیں، اڑوڑا، کھم۔

پتھر pat-thar: (ہ، مذ) سنگ، چٹان کا ٹکڑا، اولا، ژالہ، جواہر یعنی ہیرا، لعل زمرد، یاقوت وغیرہ (صف) سنگدل، کٹر، بے رحم، بیوقوف، دشوار کام، ساکت، خاموش۔

پتھر برسنا pat-thar ba-ras-na(a): (ار، محاورہ) پتھر پڑنا۔

پتھر بن جانا pat-thar-ban jaa-na(a): (ار، محاورہ) سنگ دل ہو جانا، بے رحم ہو جانا، برا بن جانا، بت بن جانا۔

پتھر پڑنا pat-thar paR-na(a): (ار، محاورہ) سنگ باری ہونا، اولے گرنا، آفت آنا، مصیبت نازل ہونا۔

پتھر چاٹنا pat-thar chaaT-na(a): (ار، محاورہ) کسی دھار والی چیز کا پتھر پر رگڑ کر تیز ہونا۔

پتھر زمین pat-thar za-miin: (ار، مث) مشکل ردیف وقافیہ جس میں شعر کہنا مشکل ہو۔

پتھر کا ہونا pat-thar ka ho-na(a): (ار، محاورہ) سخت دل ہونا، سخت جان ہونا۔

پتھر کلا pat-thar ka-la(a): (ہ، مذ) پرانی وضع کی بندوق جس میں چقماق لگا ہوتا ہے۔

پتھر کی چھاتی pat-thar-kii-chaa-ti(i): (ار، مث) بڑا حوصلہ، بڑا دل، بڑا جگر (کنایۃً)

پتھر کی لکیر، لیکھ pat-thar-kii-la-kiir: (ار، صف) نہ مٹنے والی چیز، مستقل، پائیدار، پکی، مضبوط۔

پتھرانا / پتھرا جانا / دینا path-raa-na(a): (ار، محاورہ) پتھر ہو جانا / کر دینا، سخت ہو جانا / کو دینا، آنکھ کی بینائی زائل ہونا / کر دینا، پتلی میں نور نہ رہنا / نہ رہنے دینا، موت کے آثار عیاں ہونا / پیدا کرنا۔

پتھراؤ path-raa-o: (ار، مذ) سنگ باری، پتھر مارنا، پتھر پھینکنا (افعال: کرنا، ہونا)

پتھری path-ri(i): (ھ، مث) پتھر کی تصغیر، پتھر کا چھوٹا ٹکڑا، جس پر استرا وغیرہ تیز کرتے ہیں۔ ایک قسم کا سخت مادہ جو مثانہ یا گردہ میں منجمد ہو کر پتھر کی شکل ہو جاتا ہے اور پیشاب میں رکاوٹ اور درد کا باعث بن جاتا ہے۔

پتھریلا pa-th-rii-la(a): (ار، صف، مذ) پتھر سے منسوب، پتھر کا، پتھر ملا ہوا مث: پتھریلی۔

پتھنا pa-th-na(a): (ار، مص) تھونپنا، گوبر کے اپلے بنانا، سانچے میں ڈال کر اینٹیں بنانا۔

پوتھی po-thi(i): (ار، مث) پیاز کی گٹھی، لہسن یا پیاز کی گٹھی۔

پتھیرا pa-thii-ra(a): (ار، صف) کچی اینٹیں بنانے والا۔

پتی pat-ti: (ار، مث) پتا کی تصغیر، چھوٹا پتا، کونپل، سبزی بھنگ، حصہ، شرکت، چندہ، نب، فولاد کا قلم، دھات کا پتر، گنے کے اوپر کا چھلکا

پتی pit-ti(i): (بہ کسر اول) (ار، مث) فساد خون کی ایک بیماری جو صفرا کے جوش سے پیدا ہوتی ہے۔ اور تمام بدن پر سرخ سرخ دھبے سے پڑ جاتے ہیں،

افعال، اچھلنا۔

پتے باز pat-te-baaz: (ھ، ف، صف) دغا باز، فریبی (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے، اسم کیفیت مث: پتے بازی)

پتے کی بات pa-te-kii-baat: (ار، مث) راز کی بات، کام کی بات چھپی بات۔

پتیانا pat-yaa-na(a): (ار، مص) یقین کرنا، خاطر میں لانا، نرم ہونا، نرمی کرنا۔

پتیلا pa-tii-la(a): (ار، مذ) بڑے منہ کا دیگچہ، کھانا پکانے کا چوڑے منہ کا بڑا برتن تصغیر: پتیلی۔

پ ـ ٹ

پٹ paT: (ار، مذ) کواڑ، دروازے کی جوڑی کا تختہ (افعال: بند کرنا، لگانا، کھولنا) گھونگھٹ، نقاب کپڑے کا عرض، کسی چیز کے گرنے کی آواز، ران۔

پٹ paT: (ار، صف) چت کی ضد، اوندھا، سرنگوں، برگشتہ، فوراً، ترنت، جلد۔

پٹ پٹ paT-paT: (ار، اصوت، مث) متواتر گرنے کی آواز، متواتر مارنے کی آواز۔

پٹ پڑنا paT-paR-na(a): (ار، محاورہ) خلاف ہونا، غیر موثر ہونے بے سود ہونا، غلط ہونا، کارگر نہ ہونا، اوندھا گرنا، منہ کے بل گرنا، تلوار کی چوڑائی کے بل گرنا۔

پٹ رانی paT-raa-ni(i): (ھ، مث) مہارانی، ملکہ، پہلی بیاہتہ رانی جس کی اولاد تخت کی وارث ہو۔

پٹ سے بولنا paT-se-bol-na(a): (ار، محاورہ) تڑاق سے کہہ دینا، بیچ میں بول اٹھنا۔

پٹ ہو جانا / ہونا paT-ho-jaa-na(a): (ار، محاورہ) اوندھا پڑنا، پیٹ کے بل لیٹنا، بند ہو جانا۔

پُٹ puT: (بضم اول) (ھ، مث) پٹھ، شائبہ، بو، آمیزش، چاشنی، خمیر۔

پٹا pa-Ta(a): (ھ، مذ، مث) سپاہ گری کا ایک فن، چھڑی اور گدکے کا کھیل۔

پٹا باز pa-Taa baaz: (ھ، ف، صف) پٹا کھیلنے والا لکڑی کھیلنے والا ایک آتش بازی کا نام۔

پٹا paT-Ta(a): (ھ، مذ) گلوبند، طوق، اجارہ نامہ، ٹھیکہ نامہ، تختہ، بیڑا، مخمل وغیرہ کی جوتی کے پتّے جن پر کام بنا ہو، کمر میں باندھنے کا کپڑا، چپراسی پیٹی تنگ انعام، رواج، حق الخدمت، کینوس یا چمڑے کی پٹی جو مشین کی چرخی پر ہوتی ہے۔

پٹا لکھوا لینا paT-Taa likh-vaa-na(a): (ار، محاورہ) قول وقرار کرنا، معاہدہ کی دستاویز لکھوانا۔

پٹا پٹ pa-Taa-paT: (ار، صوت، مث) کسی چیز کے مسلسل گرنے کی آواز، مسلسل مارنے کی آواز، پھلوں کے متواتر زمین پر گرنے کی آواز۔

پٹاخ / پٹاک pa-TaaK paTaak: (ار، مث) تڑاق، پٹاخے، بندوق یا تھپڑ کی آواز۔

پٹاخ سے بولنا pa-TaaK se bol-na(a): (ار، محاورہ) بولنا، تیزی سے بولنا، جو منہ میں آئے کہہ دینا۔

پٹاخا pa-Taa-Ka(a): (از، مذ) پڑاقا، ایک آتش بازی جو چھوٹنے پر بندوق کی سی آواز دیتی ہے۔ بندوق کی ٹوپی، صف جو بیچ میں بول اٹھے، چالاک، بدکار، فاحشہ۔

پٹارا pi-Taa-ra(a): (ار، مذ) بانس اور بید وغیرہ کا ڈھکنے والا ٹوکرا جس میں عموماً سپیرے سانپ رکھتے ہیں۔

پٹاری pi-Taa-ri(i): (ار، مث) ایک چھوٹی ٹوکری جس پر ڈھکن ہوتا ہے۔ پاندان، انگور رکھنے کی لکڑی کی بنی ہوئی پٹاری۔

پٹاری کا خرچ pi-Taa-ri(i) kaa Karch: (ار، مذ) پاندان کا خرچ، عورتوں کا جیب خرچ۔

پٹاس pa-Taas: (انگ، مذ) Potash، ایک قسم کا آتش گیر مادہ جو پٹاخوں وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔

پٹانا pa-Taa-na(a): (ار، مص) وصول کرانا، بھنوانا، تحصیل کرانا، آبپاشی کرنا، سینچنا، پوشش کرانا، چھت ڈلوانا، سودا بنانا، معاملہ ٹھیک کرانا، جھگڑا فیصل کرانا۔

پٹاؤ pa-Taa-au: (ار، مذ) کڑی، تختہ جو دروازہ پر رکھتے ہیں، چھت کی پوشش۔

پٹ بیجنا paT-biij-na(a): (ھ، مذ) جگنو، ایک پردار کیڑا جو رات کو چمکتا ہے۔

پٹکارنا paT-Kaar-na(a): (ار، مص) پیٹنا، کوڑے لگانا، دھکانا۔

پٹخنا pa-TaK-na(a): (ار، مص) کشتی میں زمین پر دے مارنا، دیکھیے 'ٹپکنا'

پٹخنی paT-Ka-ni(i): (ار، مث) کشتی کا ایک داؤ، زمین پر دے مارنے کا عمل۔

پڑپڑ باتیں کرنا paR-paR baa-taiN kar-na(a): (ار، محاورہ) بچوں کا صاف صاف باتیں کرنا۔

پٹرا / پٹڑا paT-Ra(a): (ار، مذ) لکڑی کا تختہ، چھوٹی چوکی جس کے پائے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ جس پر بیٹھ کر نہاتے ہیں یا عورتیں روٹی پکاتی ہیں۔ لکڑی کا لمبا تختہ جو زمین ہموار کرنے کے لیے زمین پر پھیرتے ہیں۔ دھوبیوں کا کپڑے دھونے کا تختہ یا سل۔

پٹرا پھیرنا paT-ra(a) pher-na(a): (ار،

محاورہ) تباہ کر دینا، برباد کر دینا، ستیاناس کر دینا۔

پٹرول paT-raul: (انگ، مذ) Petrol، وہ معدنی تیل جو موٹریں وغیرہ چلانے کے کام آتا ہے۔

پٹری paT-ri(i): (ار، مث) چھوٹا تختہ، لوح، سڑک کا کنارہ، حاشیہ، میڈھ، روش، پٹری، پٹی، ران، زانو، کھپریل کا کھپرا۔

پٹ سن paT-san: (ھ، مذ) ایک قسم کا پودا جس کے ریشہ سے بوری اور کپڑا وغیرہ بنتا ہے۔ اس کی باقاعدہ کاشت کی جاتی ہے۔ اسے سنہری ریشہ بھی کہتے ہیں۔

پٹکا paT-ka(a): (ار، مذ) پٹی، کمر بند، وہ دوپٹا یا رومال جس کو سپاہی اور سوار کمر سے لپیٹ لیتے ہیں۔ مٹی کی دیوار میں چونے کی پٹی یا پتھر کی دیوار میں اینٹوں کی پٹی، حضرت عباسؓ کے علم کی شبیہ میں لگا ہوا، مستطیل کپڑا۔

پٹکا باندھنا paT-kaa baaND-na(a): (ار، محاورہ) کمر باندھنا، کسی امر کا تہیہ کرنا، کسی امر پر مستعد ہونا۔

پٹکن paT-kan: (ھ، مث) بے چینی، بے کلی، دھکا، گرنا، سوجن کم ہونا۔

پٹکنا pa-Tak-na(a): (ار، مص) کسی چیز کو دوسری چیز پر دے مارنا، ورم کم ہونا۔

پٹکنا pa-Tak-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'پٹخنا'۔

پٹکنی pa-Tak-ni(i): (ار، مث) دیکھیے 'پٹخنی'

پٹکی paT-ki(i): (ار، مث) صدمہ، ضرب۔

پٹکی puT-ki(i): (ار، مث) آفت، مصیبت، خدا کا قہر، ناگہانی موت، گتھی، داغ، دھبا، وہ بیسن یا آٹا جو شوربا گاڑھا کرنے کے لیے سالن میں ڈالتے ہیں۔ گوندھتے وقت آٹے وغیرہ میں پیدا ہونے والی گرہ۔

پٹلا paT-la(a): (ار، مذ) مشارہ، بقچہ، تصغیر، پٹلی۔

پٹنا piT-na(a): (ار، مص) مار کھانا، کوٹا جانا، چوٹ کھانا۔

پٹ جانا / پٹنا paT-jaa-na(a): (ار، محاورہ) پوشش ہونا، چھایا جانا، ادا ہونا، طے ہونا، بھرنا، اٹنا، آبپاشی ہونا، کثرت ہونا، افراط ہونا۔

پٹوار paT-vaar: (ھ، مث) پٹواری کا کام، پٹواری کا علاقہ۔

پٹواری paT-vaar-ri(i): (ف، مذ) وہ عہدہ دار جو گاؤں کی زمین کی پیائش کرے، زمین اور مال گزاری کا حساب کتاب رکھے، محاسب دہ۔

پٹوانا paT-vaa-na(a): (ار، مص) پیٹنا کا متعدی، مار کھلوانا، دلوانا، جھکوانا، ستانا، تنگ کرانا، ماتم کرانا۔

پٹولا pi-Tau-la(a): (ھ، مذ) ریشم کا کپڑا۔

پٹھ paTh: (ھ، مذ) بکری کا مادہ بچہ، وہ بکری جو بیائی نہ ہو، جوان مرغی۔

پٹھ puTh: (ھ، مث) کمر کا گوشت، گائے بکری کے کمر والے حصہ کا گوشت۔

پٹھا puT-Tha(a): (ھ، مذ) جانور کا چوتڑ، چوپائے کی دم کی جگہ خاص طور پر گھوڑے کا چوتڑوں کا بالائی حصہ جس پر ہاتھ رکھتے ہیں۔

پٹھا paT-Tha(a): (ھ، مذ) پہلوان، بدن کے وہ ریشے جن کے ذریعے اعضا سکڑتے اور پھیلتے ہیں، عصب، پاٹھا، نوجوان، کتاب کے دونوں طرف جو موٹا کاغذ حفاظت کے لیے لگاتے ہیں۔

پٹھان paThaan: (ھ، مذ) ایک قوم جو ہندوستان و پاکستان کے شمال مغربی پہاڑی علاقے میں آباد ہے افغان، مسلمانوں کی چار بڑی ذاتوں میں سے ایک ذات، بمجاز سپاہی، جنگی ملازم، صف، مث: پٹھانی۔

پٹھو piT-Thu(u): (ہ، مذ) دم چھلا، ہر وقت ساتھ لگا رہنے والا، ساتھی، مددگار۔

پٹھور pa-Thor: (ہ، مذ) ہر قسم کے جانوروں اور پرندوں کا جوان بچہ۔

پٹھیا piTh-ya(a): (ہ، مث) بکری، گائے، مرغی وغیرہ کا نوجوان مادین بچہ۔

پٹی paT-Ti(i): (ہ، مث) دھجی، ٹکڑا، سر بند، بندھن، گاؤں کا چھوٹا حصہ، بلی جو چار پائی کے دو جانب لمبائی میں لگی ہوتی ہے۔ صف، قطار، لمبی ڈور، ماتھے پر گوند وغیرہ سے چپکائے ہوئے بال، تختی، لوح سبق، دھوکا، ترغیب، لنگوٹ، حاشیہ، روش، پٹری۔

پٹی باندھنا paT-Ti baNDh-na(a): (ار، محاورہ) کپڑے کا لمبا ٹکڑا باندھنا، زخم پر کپڑا لپیٹنا، سر یا ماتھے پر درد کے وقت کپڑا باندھنا۔

پٹی پڑھانا/پڑھنا paT-Tii pa-Rhaa-na(a): (ار، محاورہ) بہکانا/بہکنا، ورغلانا ورغلایا جانا۔

پٹی جمانا/جمنا paT-Tii ja-maa-na(a): (ار، محاورہ) تیل یا پانی سے بالوں کو ماتھے پر جمانا۔

پٹی دار paT-Tii daar: (ہ، ف، صف) گاؤں کا شریک زمینداری کا حصہ دار، وہ پتنگ جس میں آڑی دھجیاں ہوتی ہیں اسم کیفیت مث: پٹی داری۔

پٹی دینا paT-Tii de-na(a): (ار، محاورہ) دھوکا دینا، بہکانا، گھوڑے کو لمبا اور سیدھا دوڑانا۔

پٹی نکالنا paT-Tii ni-kaal-na(a): (ار، محاورہ) سر کے بالوں کو سر کے دونوں طرف بٹھانا، عورتوں کے سر کے بالوں کی ایک خاص طرح سے آرائش کرنا۔

پٹی دار paT-Tii-daar: (ہ، صف) پٹی دار، حصہ دار، حصے کے مطابق۔

پٹے باز/پٹاباز paT-Te-baaz: (ہ، ف، صف) پٹا کھیلنے والا، لکڑی کھیلنے والا، اسم کیفیت مث: پٹے بازی۔

پٹیت pa-Tait: (ہ، مذ، صف) پٹے باز، گدکا کھیلنے والا، وہ کبوتر جو بالکل سرخ یا زرد یا کالا یا نیلا ہو اور گلے میں سفید طوق ہو، بیوقوف، گنوار۔

پٹیتی pa-Tai-ti(i): (ہ، مث) پٹے کے فن میں مہارت۔

پٹیل pa-Tel: (ہ، مذ) مار کھانے والا، وہیل۔ گجراتی ہندوؤں کی ایک قوم۔

پٹیلنا pa-Tel-na(a): (ار، محاورہ) گرا دینا، ہرا دینا، مغلوب کرنا، تھکانا، مارنا، زدوکوب کرنا، کم قیمت پر بیچنا، بیچ دینا، روکنا، روڑا اٹکانا، دخل در معقولات کرنا، دخل دینا، کمانا، نفع، اٹھانا۔ حاصل کرنا، زبردستی لینا، دھوکا دینا، فریب دینا۔

پٹیلا pa-Te-la(a): (ہ، مذ) وہ لمبا تختہ جس سے زمین ہموار کرتے ہیں، سہاگا۔

پٹیلی/پٹیلی pa-Te-li(i): (ہ، مذ) ایک قسم کی چھوٹی اور چوڑے پیندے کی کشتی۔

پٹما paT-ma(a): (ہ، مذ) لکڑی کا ایک تختہ جس پر کپڑا چھاپنے کے لیے بچھایا جاتا ہے۔

پٹین pu-Tin: (انگ، ار، مث) کھریا مٹی میں نیل کا تیل ڈال کر گھولا جاتا ہے۔ جس سے لکڑی کی درزوں یا سوراخوں کو بھر کر رنگ روغن وارنش وغیرہ کرتے ہیں، شیشوں کھڑکیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ ایک قسم کی مٹھائی جو کھانا کھانے کے بعد کھاتے ہیں (اصل میں پڈنگ ہے) حلوے یا فرنی کی ایک قسم۔

پ ـ ج

پجاری pu-jaa-ri(i): (ہ، صف) پوجا کرنے والا،

پوجا کرانے والا، چڑھاوا لینے والا، مجاور، برہمن جو مندر میں رہے۔مث: پجارن

پجاوا pa-jaa-va(a): (ہ،مذ) اینٹیں لگانے کی جگہ اینٹوں کی بھٹی، پژاوہ کا بگاڑ۔

پجنا puj-na(a): (ہ،مص) پوجا جانا، پرستش ہونا، عزت کیا جانا، مانا جانا۔

پجوانا paj-vaa-na(a): (ہ،مص) دیکھیے 'پوجنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

پجوڑا pu-jo-Ra(a): (ہ،صف) پاجی کی تفضیل، نہایت کمینہ، نہایت ذلیل، ارزل، مث: پجوڑی۔

پ۔چ

پچ pach: (ہ،مث) طرفداری، پاس، ہٹ، ضد، تعصب حمایت، رعایت، لحاظ (افعال: کرنا، ہونا۔ آپڑنا، پڑنا، لینا)

پچ لینا pach-le-na(a): (ار،محاورہ) حمایت کرنا، طرفداری کرنا۔

پچ پکوانی pach-pak-vaa-ni(i): (ہ،مث) پانچ مٹھائیاں جو ہندو لوگ تقریبات میں دعوت وغیرہ پر دیتے ہیں۔

•**پچدرہ** pach-da-rah: (ہ،ار،صف) وہ مکان جس کے پانچ دروازے ہوں۔

پچ رنگ / رنگا pach-rang(a): (ہ،صف) پانچ رنگ کا۔

پچ پہلو pach-peh-lu(u): (ہ،صف) مخمس، وہ شکل جس کے پانچ پہلو ہوں۔

پچ گنا pach-gu-na(a): (ہ،صف) پانچ سے ضرب دیا ہوا مث: پچ گنی۔

پچ لڑا pach-la-Ra(a): (ہ،مذ) پانچ لڑیوں کا ہار، پانچ لڑی کا، مث: پچ لڑی۔

•**پچلونا** pach-lo-na(a): (ہ،صف) وہ چورن جس میں پانچ نمک استعمال کیے گئے ہوں۔

پچ محلا pach-maj-la(a): (ہ،صف) پانچ چھتوں یا کمروں والا، پانچ چھت کا مکان۔

پچ منزلہ pach-man-za-la(h): (ہ،صف) پانچ منزل کا مکان۔

پچ میل pach-mel: (ہ،صف) پانچ چیزوں سے مرکب، ملا ہوا۔

پچارا pa-chaa-ra(a): (ہ،مذ) دم، دھوکا، فریب، کوچی، پوتنے کا برش، چونا یا کسی رنگ والی چیز کی پتلی تہ، سفیدی، کہگل، ہلکی رنگت۔

پچاس pa-chaas: (ار،عدد) چالیس اور دس

پچاسا pa-chaa-sa(a): (ار،مذ) پچاس کی تعداد، پچاس تولے کے اندازے کی ترازو۔

پچاسواں pa-chaas-vaN: (ار،صف) انچاس کے بعد کا درجہ، کسی چیز یا عدد کا 1/50 حصہ۔

پچاسوں pa-chaa-sauN: (ار،صف) کثرت سے، بڑی کثرت، پچاس کے پچاس۔

پچاسی pa-chaa-si(i): (ار،اعدد) اسی اور پانچ، 85 گوارا کرنا، برداشت کرنا، راز پوشیدہ رکھنا، بات دل میں رکھنا۔

پچانوے pich-chaan-ve: (ار،عدد) نوے اور پانچ، پانچ کم سو (95)

پچاؤ pa-chaa-au: (ار،مذ) ہضم، ہاضمہ، برداشت، بردباری، سہارا۔

پچ پچ pach-pach: (ہ،صوت) کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز، افعال: کرنا، ہونا۔

پچ پچا pich-pi-cha(a): (ہ،صف) رطوبت

سے بھرا ہوا، ادھ کچرا کھانا، جس میں پانی اور رطوبت جذب نہ ہوئی ہو، اسم کیفیت مث، پچ پچاہٹ۔
پچپن pach-pan: (ار، اعدد) پچاس اور پانچ، پانچ کم ساٹھ (55)
پچّر pach-char: (ھ، مث) میخ، کھونٹی، لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جو کسی درز میں رکھا جاتا ہے، روک، مزاحمت۔
پچرپچر pa-char-pa-char: (ار، مذ) پیک تھوکنے کی آواز۔
پچکار puch-kaar: (ھ، مذ) چمکار، پیار، دلاسا۔
پچکارنا puch-kaar-na(a): (ار، مص) تھپکنا، چمکارنا، پیار کرنا، دلاسا دینا۔
پچکاری pich-kaa-ri(i): (ھ، مث) حقنہ، وہ آلہ جس میں کسی رقیق چیز کو بھر کر ہوا کے دباؤ کے ساتھ پھینکا جائے، ٹین پیتل شیشے وغیرہ کا کھوکھلا ٹل جس میں باریک سوراخ کی ایک لمبی نلی لگی ہوتی ہے۔ (افعال دینا، لینا، کرنا)
پچکاری مارنا pich-kaa-ri(i) maar-na(a): دھار باندھ کر پھینکنا۔
پچکانا pich-kaa-na(a): (ار، مص) دھنسانا، دبانا، بھینچنا۔
پچکنا pi-chak-na(a): (ار، مص) دبنا، دھنسنا، اندر، بیٹھنا، سکڑنا، چوٹ کھا کر برتن کا اندر دب جانا، چھپٹنا۔
پچنا pach-na(a): (ار، مص) ہضم ہونا، گلنا، تحلیل ہونا، بہت کوشش کرنا، محنت کرنا، سہار ہونا، برداشت ہونا، مال واپس نہ ہونا، کسی چیز کا اپنے پاس رہنا۔
پچھاڑ pa-chaaR: (ھ، مث) پیٹھ کے بل زمین پر گرنا۔
پچھاڑ دینا pa-chaaR de-na(a): (ار، محاورہ) گرا دینا، چت کر دینا، بیمار کر دینا، مار ڈالنا، ہرا دینا۔
پچھاڑنا pa-chaaR-na(a): (ار، مص) پیٹھ کے بل گرانا، چت کرنا، زمین پر گرانا، ٹپکنا، کشتی جیتنا، لٹانا، جانور کو ذبح کرنے کے لیے زمین پر گرا دینا، مات کرنا، ہرانا، عاجز کرنا۔
پچھاڑی pi-chaa-Ri(i): (ھ، مث) اگاڑی کی ضد، وہ رسی جو چوپاؤں کے پچھلے پاؤں میں باندھتے ہیں خاص طور پر گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں باندھنے کی رسی۔ (افعال: باندھنا، لگانا) پیچھے، عقب میں۔
پچھاڑیں کھانا pa-chaa-ReiN khaa-na(a): (ار، محاورہ) پیٹھ کے بل گر کر لوٹنا، بے تابی سے لوٹنا، پھرنا، ضد سے لوٹنا، بے ہوش ہونا، غش کھانا، رنج اور غم سے گر پڑنا، غم و غصہ یا تکلیف کی وجہ سے زمین پر گر پڑنا۔
پچھتانا pach-taa-na(a): (ار، مص) پشیمان ہونا، تاسف کرنا، بعد کو افسوس کرنا، ہاتھ ملنا۔
پچھتاوا pach-taa-va(a): (ار، مذ) پشیمانی، حسرت، افسوس، ندامت۔
پچھتر pi-chat-tar: (ار، عدد) ستر اور پانچ کا مجموعہ۔
پچھلا pich-la(a): (ھ، صف) پیچھے کا، آخر میں، گزرا ہوا، گزشتہ، سحری وہ کھانا جو رمضان میں آخر شب کو کھاتے ہیں، آموختہ پڑھا ہوا سبق، رات کا اخیر۔
پچھلا پہر pich-laa pehr: (ھ، مذ) رات کا آخری حصہ۔
پچھلا کھانا pich-laa-khaa-na(a): (ار، محاورہ) سحری وہ کھانا جو ماہ رمضان میں رات کے پچھلے / اخیر حصہ میں کھایا جاتا ہے۔
پچھلگو، پچھ لگو phich-lag-gu(u): (ھ، مذ)

طفیلی، مقلد، ساتھ ساتھ اور پیچھے پیچھے پھرنے والا۔
پچھلے دن / دنوں pich-le-din: (ا، متعلق فعل) گزشتہ زمانہ۔
پچھم pach-chim: (ہ، مذ) مغرب، صف نسبتی، پچھمی۔
پچھنا pach-na(a): (ہ، مذ) وہ اوزار جس سے بدن پر چرکے دے کر سینگی لگائی جاتی ہے۔ نشتر۔
پچھنے لگانا pach-ne-la-ga-na: (ہ، مص) چرکے لگانا، گودنا، نشتر لگا کر خون نکالنا، سینگی لگانا۔
پچھوا pich-va(a): (ہ، مث) پچھم کی ہوا، انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کی طرف موڈھے کے نیچے اور پیچھے ہوتا ہے۔
پچھواڑ pich-vaaR: (ہ، مث) بارش جو ہوا کے زور سے مکان کے اندر آئے، بوچھاڑ۔
پچھواڑا pich-vaa-Ra(a): (ہ، مث) مکان کے پیچھے کا حصہ، پچھلا، عقب کا، مث: پچھواڑی۔
پچھوانا puch-vaa-na(a): (ا، مص) پوچھنا کا متعدی، کسی کے ذریعے دریافت کرنا، معلوم کروانا۔
پچھوڑنا pa-choR-na(a): (ہ، مص) غلہ صاف کرنا۔
پچکی pi-ch-ki(i): (ہ، صف) چپکا ہوا، چسپاں، چمٹا ہوا، سیا ہوا، ایک جان، مضبوط، پکا، پختہ، ہم آواز سر سے سر ملا ہوا۔ (مث) جوڑ، پیوند۔
پچی کاری pich-chii-kaa-ri(i): (ا، مث) مرصع سازی، جڑاؤ کام، جواہر اور رنگ دار پتھروں کا کام، پتھروں کو پتھروں میں جڑنا پیوند لگانا، چونے اور اینٹ کا مضبوط کام چوپڑ کا فرش (افعال: کرنا، ہونا)
پچی کرنا pach-chii kar-na(a): (ا، محاورہ) پیوست کرنا/ہونا، مضبوط کرنا/ہونا، پھنسا دینا، پھنسانا۔
پچیت pa-chiit: (ا، صف) کشتی لڑنے والا، داؤ پیچ کرنے والا، فریبی، دغاباز، ہنرمند، چالاک، ہوشیار
پچیتی pa-chii-ti(i): (ہ، مث) داؤ پیچ کا فن، داؤ پیچ جاننا، چالاکی۔
پچیس pach-chiis: (ا، اعدد) بیس اور پانچ (25)
پچیسواں pach-chiis-vaaN: (ا، عدد، ترتیبی) چوبیس کے بعد کا درجہ ایک کا پچیسواں حصہ (1/25)
پچیسی pach-chii-si(i): (ہ، مث) ایک کھیل جو کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے، بساط میں چار ٹکڑے ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک پچیس خانے ہوتے ہیں۔

پ۔خ

پخت paKt: (ف، مث) پکنا، کھانا پکانے کا فعل / عمل، کسی تقریب کے لیے پکوایا ہوا کھانا۔
پختیری paK-ti-ri(i): (ا، مث) روٹیاں جو سالن کے اوپر رکھ کر دی جاتی ہیں۔
پختو paK-tu(u): (ف، مث) دیکھیے 'پشتو'
پختون paK-tuun: (ف، مذ) پختو بولنے والا۔
پختہ puK-ta(h): (ف، صف) خام کا مقابل / ضد، سخت، قوی، پکا ہوا۔ بھنا ہوا، مضبوط، مستحکم، پائدار، کامل، پورا، مکمل، تجربہ کار، آزمودہ کار، جہاں دیدہ، پوری عمر کا، ہوشیار، واقف، دانا (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: پختگی۔
پختہ کار puK-taa-kaar: (ف، صف) تجربہ کار، مشاق، ہوشیار، ماہر، اسم کیفیت مث: پختہ کاری۔
پختہ مزاج puK-taa-mi-zaaj: (فع، صف) مستقل مزاج، اسم کیفیت مث: پختہ مزاجی۔
پختہ مغز puK-tah maGaz: (فع، صف) عقلمند، دانا، ہوشیار، اسم کیفیت، (مث: پختہ مغزی)

پ۔د

پِدّا pid-da(a): (ار، مذ) ایک چھوٹی خوش آواز سیاہ رنگ کی چڑیا، پدّا غلیل کا وہ حصہ جس میں غلّہ رکھ کر پھینکتے ہیں، پھنکنا (صف) حقیر، ناچیز، ادنیٰ، مث: پدی، پدڑی۔

پِدانا pi-daa-na(a): (ہ، مص) کسی کو تھکانا، عاجز کرنا، تنگ کرنا، ہرانا، بھگانا۔

پِدَر / پِدَر pi-dar: (ف، مذ) باپ، والد، پتا، صف نسبتی: پدری۔

پدرانہ pid-raa-na(h): (ف، صف) باپ سے منسوب، باپ جیسا۔

پدرسوختہ pi-dar-soK-ta(h): (ف، صف) ایک گالی۔

پدرکش pi-dar-kash: (ف، مذ) باپ کا قاتل، اسم کیفیت مث پدرکشی۔

پدرمجازی / خواندہ pi-dar-ma-jaa-zi(i): (ف، مذ) منہ بولا باپ، کسی کو متبنّیٰ بنانے والا۔

پدرم سلطان بُود pid-ram-sul-taan-buud: (ف، مثل) کوئی معمولی حیثیت کا آدمی اپنے باپ دادا کے متعلق جب شیخیاں مارتا ہے تو کہتے ہیں۔

پدکڑ pa-dak-kaR: (س، مذ) پدّو، پدوڑا، پادنے والا۔

پدم pa-dam: (س، مذ) گول چکر دار نشان جو آدمی کی انگلیوں پر ہوتا ہے، کنول، ہاتھی کی کھال کے نشان، علم حساب میں سونیل کا ایک پدم ہوتا ہے۔

پدم بھوشن pa-dam-bhuu-shan: (ہ، مذ) بھارت کا ایک خطاب جو صدر جمہوریہ کے ذریعے دیا جاتا ہے۔

پدمنی pad-ma-ni(i): (ہ، مث) اعلیٰ درجہ کے خوبصورت ترین عورت۔

پدّو / پدوڑا pad-du(u) pa-do-Ra(a): (ار، صف) پادنے والا، پادنے کا عادی (صف) بزدل، ڈرپوک۔

پدیر / پدیدار pa-diir: (ف، صف) ظاہر، آشکار، کھلا، عام۔

پ۔ڈ

پُڈنگ pu-Ding: (انگ، مث) Pudding، ایک میٹھا کھانا جو دودھ انڈے وغیرہ سے بنتا ہے، اس کی سینکڑوں قسمیں ہیں۔

پ۔ذ

پذیر pa-ziir: (ف، صف) دیکھیے 'پزیر' جو صحیح ہے، اس کے مشتقات و مرکبات بھی وہیں درج ہیں، قبول کیا ہوا، قبول کرنے والا۔

پ۔ر

پَر par: (ار، جار) دیکھیے 'اوپر' جس کا یہ مخفف ہے۔

پَر par: (ار، ربط) لیکن تاہم، مگر، ورنہ، واسطے، لیے، وجہ سے باوجود، باوصف، تک تلک، کے لیے بعد، پیچھے۔

پَر par: (ہ، صف) پرایا کا مخفف جیسے پرنار۔

پَر Par: (س، صف) دور کا بعید، دور دراز، بیری، مخالف، بقایا، بچا ہوا، پرانا، قدیم، مختلف اور دوسرا، باہر کا، دوسری جگہ کا، دوسرا، مختلف، بہت اچھا، اعلےٰ افضل، بڑا، اونچا۔

پر par: (ف، مذ) پنکھ، پرندوں کے بدن پر لگے ہوئے

بال، پنکھ، تیر کے بازو، مجازاً قوت، طاقت، سہارا۔

پُر افشاں / فشاں pur-af-shaaN: (ف، صف فاعلی) پر جھاڑنے والا، پریشان، مضطرب بے تاب، پھڑ پھڑاتا ہوا، پر کھولتا ہوا، اسم کیفیت مث: پرافشانی / فشانی۔

پر بال par-baal: (ف، مذ) ایک بیماری جو آنکھوں کے متعلق ہے۔ اس میں پلکوں کے اندر ایسے بال نکل آتے ہیں جن کا خم اندر ہونے کی وجہ سے آنکھ کے ڈھیلے میں چبھتا رہتا ہے اور آنکھوں کو خراب کرتا ہے۔

پر بریدہ par-ba-rii-da(h): (ف، صف) کٹے ہوئے پر کا، بے بس، عاجز۔

پر بستہ par-bas-ta(h): (ف، صف) پر بندھا ہوا، عاجز، بے بس، اسم کیفیت مث: پر بستگی۔

پر بند par-band: (ف، صف) پر بستہ، مقید (افعال: کرنا، ہونا)

پر پُرزہ par-pur-za(h): (ف، مذ) ساز و سامان، اپنے پیشے کے متعلق چیزیں،

پر پُرزے نکالنا par-pur-ze-ni-kaal-na(a): (ار، محاورہ) ہوشیار ہونا، ہوش سنبھالنا، بالغ ہونا، جوبن نکھارنا، شرارت پر آمادہ ہونا۔

پر تولنا par-taul-na(a): (ار، محاورہ) پرندے کا اڑنے پر آمادہ ہونا، پرندے کا اڑنے سے پہلے پروں کو اوپر نیچے کر کے تیار ہونا، آمادہ ہونا۔

پر ٹوٹنا par-TuT-na(a): (ار، محاورہ) بازو کا شکستہ ہونا، پنکھ گرنا، بال و پر شکست ہونا، قوت کم ہونا، زور گھٹنا، مدد نہ پہنچنا، سہارا نہ ملنا، حمایتی کا مخالف سے سازش کر جانا۔

پر جلنا par-jal-na(a): (ار، محاورہ) طاقت نہ رہنا، زور گھٹنا، کس بل نہ رہنا خوف آنا، دشمن کے سامنے نہ جا سکنا، ڈرنا، دہشت کھانا مرعوب ہونا، پہنچ نہ ہونا۔ آخری حد ہونا، گزر نا ہو سکنا۔

پردار par-daar: (ف، صف فاعلی) پرندہ، اُڑنے والا، پروں والا۔

پر شکستہ par-sha-kis-ta(h): (ف، صف مفعولی) پر ٹوٹا ہوا، مصیبت زدہ، تکلیف میں بے کس، بے یار و مددگار۔

پر قینچ par-qaiNch: (ف، صف) کٹے ہوئے پر کا، پر بریدہ، عاجز، بے بس (افعال: کرنا، ہونا)

پرکاہ par-kaah: (ف، اند) گھاس پھوس کا تنکا (صف) بہت ہلکا، بہت کم، حقیر۔

پر لگانا۔ لگنا par-la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) تیز رفتار کر دینا / ہونا۔ ترقی دینا / ہونا، رونق بڑھانا / بڑھنا، شان و شوکت زیادہ کرنا / نکلنا۔

پر نکالنا / نکلنا par-ni-kaal-na(a): لیاقت پیدا کرنا / ہونا۔ حیثیت سے بڑھ کر حوصلہ کرنا / ہونا، فتنہ اٹھانا / اٹھنا۔ شرارت پر آمادہ ہونا، شرارت کرنا / ہونا۔ لطف پیدا کرنا / ہونا۔ عیاش ہو جانا، مال و دولت خرچ کرنا / ہونا۔

پرو بال pa-ro-baal: (ف، مذ) پرندے کا پر، طاقت، قوت۔

پُر pur~puur: (س، مذ) شہر، فصیل دار شہر، قلعہ، گاؤں کھیڑا، قریہ، محلہ، بستی۔ پادنے کی آواز۔

پُر pur: (ف، صف) لبریز، بھرا ہوا، مکمل، بھرپور، بکثرت، بالافراط، بہت، کامل۔

پُر بہار pur-ba-haar: (ف، صف) سرسبز، پھولوں سے بھرا ہوا (افعال کرنا، ہونا)

پُر پیچ pur-pech: (ف، صف) پیچ، ٹیڑھا، ترچھا، مشکل

پُر تکلّف pur-ta-kal-luf: (ف،صف) بہت آراستہ، بڑی محنت اور اہتمام سے بنایا ہوا۔

پُر جفا pur-ja-fa(a): (ف،صف) ظالم، جفا کار، سفاک۔

پُر خار pur-Kaar: (ف،صف) کانٹوں سے بھرا ہوا، تکلیف دہ۔

پُر خطر pur-Ka-tar: (ف،صف) خطرناک، خطروں سے بھرا ہوا۔

پُرخم pur-Kam: (ف،صف) ٹیڑھا، ترچھا۔

پُر خور pur-Kor: (ف،صف) پیٹو، زیادہ کھانے والا، اسم کیفیت مث: پُرخوری۔

پُردرد pur-dard: (ف،صف) درد سے بھرا ہوا، غمناک، دردناک۔

پُرغرور pur-Gu-ruur: (ف،صف) مغرور، گھمنڈی۔

پُرفن pur-fan: (ف،صف) چالاک، ہوشیار، جسے بہت سے فن آتے ہیں۔

پُرکار pur-kaar: (ف،صف) دانا، ہوشیار، چالاک، اسم کیفیت مث: پرکاری۔

پُرگو pur-go: (ف،صف) بہت باتیں کرنے والا، باتونی، بہت شعر کہنے والا شاعر، اسم کیفیت مث: پُرگوئی۔

پُرملال pur-ma-laal: (ف،صف) رنجیدہ، رنج سے بھرا ہوا۔

پُرنم pur-nam: (ف،صف) تر، گیلا، آنسوؤں سے بھرا ہوا۔

پُرنور pur-nuur: (ف،صف) روشن، چمکیلا، صاحبِ کمال، روشن رائے، اہل بصیرت، عموماً حضور کے ساتھ آتا ہے۔

پرا pa-ra(a): (ہ،مذ) قطار، صف، سلسلہ، فوج کی قطار یا صف، گروہ، غول (افعال: باندھنا، بندھنا، جمنا، جمانا)

پرا pa-ra(a): (ہ،مذ) قینچی کا ایک پر، پلڑا۔

پرابلم pa-rab-lam: (انگ، مذ) Problem، قضیہ، مسئلہ، امر دشوار

پراپرٹی pa-raa-par-Ti(i): (انگ،مث) انگریزی Property، جائداد، جاگیر، املاک۔

پُروپیگنڈا pu-ro-pai-gan-Da(a): (انگ، مذ) Propaganda، مشتہری پرچار، مشہور کرنا، پرچار کرنا، کسی کام کی تعریف یا کسی کے خلاف کوئی معاملہ باقاعدہ طور پر مشہور کرنے کی کوشش۔

پرات pa-raat: (ہ،مث) بڑا تھال جس کے کنارے اونچے ہوتے ہیں اور عموماً آٹا گوندھنے کے کام آتا ہے۔ طشت، تھال، لگن۔

پُروٹیسٹینٹ pu-ro-Tes-TenT: (انگ، مذ) Protestent، عیسائیوں کا ایک فرقہ جو پوپ کو نہیں مانتا، معترض۔

پراٹھا pa-raa-Tha(a): (ہ،مذ) توے پر گھی میں تلی ہوئی پرت دار روٹی۔

پراسپیکٹس pa-raas-pek-Tas: (انگ، مذ) Prospectus، کسی تعلیمی ادارے یا کسی کمپنی وغیرہ کے قواعد وضوابط اور تفصیلی حالات کی کتاب۔

پراکرت pa-raa-ki-rit: (س،صف) اصلی، قدرتی، جو بناوٹی نہ ہو، غیر مبدل جو تبدیل نہ کیا گیا ہو، معمولی، عام، باقاعدہ، شودر، ہیچ، ناتراشیدہ، ناصاف، ناشستہ، گنوار، دیہاتی، دیسی، وہ زبان جو سنسکرت سے تعلق رکھتی ہے۔

پراکسی pa-raak-si(i): (انگ،مث) Proxy، مختار نامہ، ایک شخص کا دوسرے کو اپنی جگہ رائے دینے کا

اختیار دینا، کسی کی جگہ کسی کو ووٹ دینے کا اختیار دینا، یا کوئی اور کام کرنے کا اختیار دینا۔

پریاگ par-yaag: (س، مذ) الٰہ آباد شہر کا پرانا اور قدیم نام، پھول کا زیرہ، سفوف خوشبودار، سفوف جو نہانے کے بعد استعمال کیا جائے، سورج یا چاند کا گرہن۔

پراگندہ pa-raa-gan-da(h): (ف، صف) منتشر، گھبرایا ہوا، پریشان، متردد، متفکر، حیران، ششدر (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت۔ مث: پراگندگی۔

پران pa-raan: (س، مذ) سانس دم نفس، پھونک، جان، روح، زندگی، ایسا عضو جس پر زندگی کا مدار ہو، ہوا جس سے دم لیا جائے، معشوق، جانی، دلبر، پیارا، جان سے زیادہ عزیز، شاعرانہ قابلیت الہام، قابلیت۔

پران تجنا pa-raan-taj-na(a): (ار، محاورہ) جان دے دینا، مرنا، دل ہارنا، گھبرا جانا، حوصلہ ہارنا۔

پران چھوٹ جانا / چھوٹنا pa-raan-chuuT-na(a): (ار، محاورہ) جان نکل جانا، گھبرا جانا، تھک جانا، ڈر جانا، خوف زدہ ہو جانا۔ معشوق یا ساتھی کا بچھڑ جانا۔

پران چھوڑ دینا / چھوڑنا pa-raan-choR-de-na(a): (ار، محاورہ) مر جانا، ہمت ہار جانا۔

پُران pu-raan: (س، مذ) ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جو تعداد میں اٹھارہ ہیں، پرانا، قدیم۔

پَران pa-raan: (ف، اسم حالیہ) اڑنے والا، اڑتا ہوا۔

پُرانا pu-raa-na(a): (ہ، صف) قدیم، اگلے زمانہ کا، دیرینہ، پارینہ، مستعمل، پوشیدہ، بوڑھا، تجربہ کار، ہوشیار، اگلی وضع کا، دقیانوسی، متروک، منسوخ، مث: پرانی، اسم کیفیت، مذ، پراناپن۔

پُرانے چاول pu-raa-ne-chaa-val: (ار، صف) عمدہ چاول۔

پراچہ pa-raa-cha(a): (ار، صف) بزاز، پارچہ فروش، پارچہ کا کام کرنے والا، سلے ہوئے کپڑے بیچنے والا، ایک قوم جو چیتھڑوں وغیرہ سے ٹوپیاں بنا کر فروخت کرتی ہے۔

پرائمری pa-ra-e-ma-ri(i): (انگ، مذ) Primiary، ابتدائی، اوّل، شروع کی۔

پرائیویٹ pa-ra-i-veT: (انگ، صف) Private، نجی، خانگی، خفیہ، ذاتی

پرایا pa-raa-ya(a): (ہ، صف) دوسرے کا، غیر کا، بیگانہ، غیر، اجنبی، پردیسی، مث: پرائی۔

پرائے گھر کا ہونا pa-raa-e-ghar kaa ho-na(a): (ار، محاورہ) لڑکی کا بیاہ ہو جانا۔

پربت par-bat: (ہ، مذ) پہاڑ، کوہ، جبل، پہاڑی۔

پرت pa-rat: (ہ، مذ) پپڑی، چھلکا، وزن، تہ، طبق، تختہ، تادر۔

پرت دار pa-rat-daar: (ہ، ف، صف) کئی تہوں والا، (ترکیب غلط ہے)

پرتا par-ta(a): (ہ، مذ) اوسط (افعال: بٹھانا، پڑنا، پھیلانا)

پرتاپ par-taap: (س، مذ) طفیل، بدولت، اقبال، عنایت، مہربانی، فیض، جمال، روشنی، نور، جلال، شان، شوکت، عزم، حوصلہ، جوش و خروش (افعال: کرنا ہونا)

پرتال / پڑتال paR-taal/par-taal: (ہ، مث) دوسری دفعہ کی قول، جائزہ، جانچ، نظر ثانی۔

پُرتگال pur-ti-gaal: (ف، مذ) ایک یورپی

ملک، اس ملک کی تیار کردہ ایک مشہور شراب۔

پُرتگیز pur-ta-giiz: (انگ،صف) پرتگال کا باشندہ۔

پرتل par-tal: (ہ،مذ) سوار کا سامان جو سواری کے جانور پر لادا جاتا ہے۔

پرتل کا ٹٹو par-tal kaa TaT-Tu(u): (ہ،مذ) لدو، ٹٹو یا بیل، مزدور آدمی (کنایۃً)

پرتلا par-ta-la(a): (ہ،مذ) تلوار کی پیٹی جو کندھے پر ڈالتے ہیں، پیٹی، چوڑا تسمہ۔

پرتو par-tau: (ف،مذ) روشنی، کرن، شعاع، جھلک، عکس۔

پرتو انداز par-tau-an-daaz: (ف،صف) شعاع یا روشنی ڈالنے والا۔

پرجا par-ja(a): (س،مذ) اولاد، بچے، نسل، آل، رعایا، رعیت، محکوم، تابع، نوکر، غلام مخلوق، خلقت، عوام الناس، خاندان، نسل، کنبہ، قوم۔

پرچ pi-rich: (ار،مث) چھوٹی طشتری، چھوٹی پلیٹ

پرچار pir-chaar: (ہ،مذ) نشر و اشاعت، تشہیر، تبلیغ، پھیلانا۔

پرچارک par-cha-rak: (ہ،مذ) پرچار کرنے والا، تبلیغ کرنے والا، مبلغ، نقیب۔ آر۔ایس۔ایس پارٹی کا ایک منصب۔

پرچانا par-chaa-na(a): (ار،محاورہ) راضی کر لینا، اپنی طرف مائل کر لینا، فریب دے لینا، ہلا لینا، مانوس کر لینا، پھسلا لینا، بس میں کر لینا، رام کر لینا۔

پرچم par-cham: (ف، مذ) پھریرا، وہ کپڑا جو جھنڈے پر باندھتے ہیں۔

پرچم لہرانا par-cham leh-raa-na(a): (ار، محاورہ) جھنڈے کے کپڑے کو ہوا میں لہرانا، کسی جگہ کو فتح کرنے کے بعد قبضہ کر کے جھنڈا گاڑنا۔

پرچم کشائی par-cham-ku-shaa-i(i): (ف،مث) پرچم لہرانے کی تقریب اور عمل۔

پرچون par-chuun: (ہ،مث) متفرق سودا، آٹا، نمک دال وغیرہ، خوردہ فروشی، تھوک کا برعکس/ضد۔

پرچونی par-chuu-ni(i): (ہ،مث) آٹا، دال نمک، مرچ بیچنے کا کام۔

پرچہ par-cha(h): (ف، مذ) پرزہ، ٹکڑا (پارچہ کا مخفف) کاغذ کا ٹکڑا، اخبار، رسالہ، رقعہ، خط، خبر، پیام، وہ کاغذ جس پر خبریں لکھ کر حاکم یا بادشاہ کو بھیجی جائیں۔ امتحان کا سوالنامہ۔ سوالات کے جوابات کی کتاب، کھاتے کی نقل جو پٹواری دیتا ہے۔ رپورٹ جرم جو پولس تیار کرے۔

پرچہ ابتدائی pur-cha(h) ib-ti-daa-i(i): (ف، مذ) کسی جرم کی پہلی رپورٹ جو پولیس درج کرتی ہے۔

پرچہ بنانا/بننا par-cha(h) ban-naa-na(a): (ار، محاورہ) امتحان کے لیے سوالات مرتب کرنا/ہونا۔

پرچہ چاک کرنا/ہونا par-cha(h) chaak kar-na(a): (ار، محاورہ) پولیس کا ابتدائی رپورٹ لکھنا، لکھی جانا۔

پرچہ دینا par-cha(h) de-na(a): (ار، محاورہ) مقدمہ درج رجسٹر کرنا، امتحان کا پرچہ حل کرنا۔

پرچہ گزارنا/گزرنا par-cha(h) gu-zaar-na(a): (ار، محاورہ) بادشاہ کے پاس ملکی حالات پہنچانا، اطلاع دینا۔

پرچہ نویس par-cha(h) na-viis: (ار، مذ) خبر دینے والا، جاسوس، مخبر، وقائع نگار اسم کیفیت مث: پرچہ نویسی۔

پرچھا par-chha(a): (ہ، مذ) جلا ہوں کی نلی جس پر دھاگہ لپیٹتے ہیں، بڑا دیگچہ یا دیگ۔ ہجوم کی کی قضیے اور فساد کا فیصلہ، دھان جو خود بخود اگیں، صبح کی سفیدی، منجول کڑاہی (افعال: کرنا، ہونا)

پرچھاؤاں / پرچھاواں par-chaa-vaaN: (ہ، مذ) سایہ، عکس، پرتو، آسیبہ، آسیب کا خلل، بھوت پریت کا اثر، خو اور خصلت، صحبت کا اثر، رنگ، سبھاؤ۔

پرچھائیں par-chaa-iiN: (ہ مث) دیکھیے 'پرچھاواں' جس کی یہ تانیث ہے، معہ مرکبات۔

پرچی par-chi(i): (ار، مث) دیکھیے 'پرچہ' جس کی یہ تصغیر ہے۔ وہ کاغذ جو حق رائے دہی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ حق رائے دہی مقدمہ کی تاریخ یا پیشی کا کاغذ جو عدالت کی طرف سے مقدمہ والوں کو ملتا ہے۔

پرچی ڈالنا par-chi(i) Daal-na(a): (ار، مص) ووٹ ڈالنا، اپنی رائے کی پرچی صندوق میں ڈالنا۔

پرخاش pur-Kaash: (ف، مث) کینہ، غبار، رنج، نا اتفاقی، جھگڑا، فساد۔

پرخاش جو pur-Kaash-ju(u): (ف، صف، فاعلی) جھگڑے کے لیے تیار رہنے والا، فسادی، کدورت رکھنے والا، رنج سے بھرا ہوا۔

پرچخا pa-raK-cha(a): (ار، مذ) پرزہ، ٹکڑا۔

پرخچے اڑانا / اڑنا pa-raK-che u-Raa-na(a): (ار، محاورہ) پرزے پرزے کرنا / ہونا، بہت مارنا / مارا جانا، کوٹنا، کٹنا، پیٹنا / پٹنا۔

پرداخت par-daaKt: (ف مث) پرورش، پالن، دست گیری، مدد، سہارا، نگرانی، دیکھ بھال، حفاظت، نگہبانی، سنبھال، آرائش زیبائش، درستی (افعال: کرنا، ہونا)

پرداختہ par-daaK-ta(h): (ہ، صف، مفعولی) آراستہ کیا ہوا، استوار ہوا۔

پردادا par-daa-daa: (ہ، مذ) باپ کا دادا، دادا کا باپ مث: پردادی

پرواز par-vaaz: (ف، مذ) آئینہ کا چوکھٹا، ابتدا، شروع، پہل، تمہید، اٹھان، آراستگی، جلا، روپ، چمک، کشیدہ، مصوری، نقاشی، نقش نگاری، ڈرائنگ، تصویر کے نقش و نگار، روپ، رنگ، خط و خال، نوک پلک، رنگ ڈھنگ۔

پرداز par-daaz: (ف، لاحقہ فاعلی) مصدر پرداختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کرنے والا اور سنوارنے والا کے معنی دیتا ہے، مثلاً فتنہ پرداز، کار پرداز۔

پردگی pard-gi(i): (ف مث) پردہ میں رہنے والا، پردہ دار پاکدامن۔

پردہ par-da(h): (ف، مذ) اوٹ، گھونگھٹ، چلمن، اوتا، انگر کھے کا سینہ، سطح، بھید، راگ، باجوں کے سر کے مقام پیٹ وغیرہ کی جھلی، طبقہ، پرت، کولہے اور پسلیوں کے درمیان کا گوشت۔

پردہ اٹھا دینا / اٹھانا / اٹھنا par-dah-u-Thaa-na(a): (ہ، محاورہ) گھونگھٹ اٹھانا، اٹھنا، بے تکلف ہو جانا، حجاب دور کر دینا، بھید کھول دینا، تھیٹر میں کھیل شروع ہونے پر پردہ اٹھانا یا ہٹانا، ہٹنا۔

پردۂ بکارت par-da-he-ba-kaa-rat: (فع، مذ) عورت کے رحم کے منہ کی جھلی جو بکارت یا اچھوتے پن کا نشان ہے (فعل: پھاڑنا، پھٹنا) جو کنوارے پن کی علامت ہے۔

پردہ پڑنا par-dah paR-na(a): (ار، محاورہ) چلمن پڑنا، چق کا لٹکایا جانا، حجاب ہونا، اوٹ ہونا

(آنکھوں پر) اندھا ہوجانا، بیوقوف ہوجانا۔

پردہ پوش par-dah-posh: (ف، صف فاعلی) عیب چھپانے والا، رازدار، بھید چھپانے والا، اسم کیفیت مث: پردہ پوشی۔

پردۂ تصویر par-da-he-tas-viir: (ف، مذ) وہ پردہ جس پر بہت سی تصویریں ہوں، تصویر۔

پردۂ چشم par-da-he-chashm: (ف، مذ) آنکھ کا پردہ۔

پردہ چھیڑنا par-dah-chheR-na(a): (ار، محاورہ) سر ملانا، ساز بجانا، راگ چھیڑنا۔

پردہ دار par-dah-vaar: (ف، صف) پردہ کرنے والا، چھپنے والا، پردہ نشین رازدار، اسم کیفیت مث: پردہ داری (افعال: کرنا، ہونا)

پردہ در par-dah-var: (ف، صف) عیب ظاہر کرنے والا، راز فاش کرنے والا، اسم کیفیت مث: پردہ دری۔

پردہ ڈالنا par-dah-Daal-na(a): (ار، محاورہ) پردہ چھوڑنا، عیب پوشی کرنا، عیب دیکھ کر ظاہر نہ کرنا۔

پردہ ڈھانکنا par-dah Dhaak-na(a): (ار، محاورہ) اخفائے راز ہونا، عیب چھپنا، بھی آدمی کا دنیا سے اٹھ جانا، مرجانا۔

پردہ رکھنا par-dah rakh-na(a): (ار، محاورہ) عیب چھپانا، آبرو بچانا، پوشیدہ رکھنا، راز چھپانا، سامنے نہ ہونا، چھپنا۔

پردہ رہ جانا/رہنا par-dah-reh-jaa-na(a): (ار، محاورہ) پردہ رہ جانا، شرم رہ جانا، ذلت سے بچنا۔

پردۂ زنبور/زنبوری par-da-he-zan-buur: (ف، صف) جالی دار پردہ جو دروازوں کے آگے لٹکایا جاتا ہے، (افعال: پڑنا، ڈالنا)

پردۂ زنگاری par-da-he-zan-gaa-ri(i): (ف، مذ) وہ سبز رنگ کا پردہ جو آئینہ کی پشت پر ہوتا ہے، آسمان۔

پردۂ سیمیں par-da-he-sii-miiN: (ف، مذ) سفید پردہ، وہ پردہ جس پر سینمائی تصویر حرکت کرتی ہے۔

پردۂ ظلمت par-da-he-zul-mat: (ف، مذ) تاریکی۔

پردۂ عنکبوت par-dahe-(?)ank-buut: (ف، مذ) مکڑی کا جالا آنکھ کا ایک پردہ، غیر مستقل/ناپائیدار چیز۔

پردۂ غیب par-da-he-Gaib: (ف، مذ) وہ خیالی پردہ جو عالم زیریں اور عالم بالا کے درمیان ہے وہ بات جو خدا کی طرف سے یا اتفاق سے ہو، اس کے متعلق کہتے ہیں۔

پردہ فاش کرنا/ہونا par-dah-faash-hona(a): (ار، محاورہ) افشائے راز کرنا/ہونا، عیب ظاہر کرنا/ہونا۔

پردہ کرانا par-dah ka-raa-na(a): (ار، محاورہ) عورتوں کو پردے میں رکھنا، عورتوں کو غیر مردوں کے سامنے نہ ہونے دینا، پردہ روکنا، اوٹ کرنا، ٹٹی کھڑی کرنا، چلمن ڈالنا۔

پردہ کرنا par-dah-kar-na(a): (ار، محاورہ) اوٹ کرنا، کپڑا تاننا، عورتوں کا چھپنا، گھونگھٹ ڈالنا۔ غیر مردوں کے سامنے نہ ہونا، اخفائے راز کرنا۔

پردہ نشین par-dah-na-shiin: (ف، صف) پردے میں رہنے والی عورت، باحیا عورت، مخفی، پوشیدہ، اسم کیفیت (مث): پردہ نشینی۔

پردے میں بٹھانا/بیٹھنا par-deh-meiN

bi-Thaa-na(a): (ار، محاورہ) پردہ نشین کرنا/ ہونا، باہر کا آنا جانا بند کرنا/ ہونا۔

پردے چھوڑنا par-deh choR-na(a): (ار، محاورہ) پردے پڑنا/ ڈالنا، بندھے ہوئے پردے کھلنا/ کھولنا، حجاب کرنا/ ہونا۔

پردھان par-dhaan: (ھ، مذ) رہنما، صدر، مکھیا۔

پردھان منتری par-dhaan man-tri(i): (ھ، مذ) وزیر اعظم۔

پردیس par-des: (ھ، مذ) غیر وطن، دوسرا ملک، بدیس، غربت۔

پُرزہ pur-za(h): (ف، مذ) ٹکڑا، کل کا وہ حصہ یا ٹکڑا جو اس کے چلنے کے لیے ضروری ہو، جزو، جوڑ، عضو، کاغذ کا ٹکڑا، مختصر، خط، رقعہ، دھجی، کترن، چالاک، فتنہ پرداز۔

پُرزے اڑانا pur-za(h)-u-Raa-na(a): (ار، محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا/ ہونا، دھجیاں اڑانا/ اڑنا، پھاڑنا/ پھٹنا، کھال اکھاڑنا/ اکھڑنا، بہت زیادہ مارنا/ مارا جانا، اچھی طرح زدوکوب کرنا/ ہونا۔

پرس pars: (انگ، مذ) Purs، روپیہ پیسہ رکھنے کا چھوٹا سا بیگ۔ تھیلی۔ بیگ

پُرس purse: (ف، لاحقہ فاعلی) پرسیدن، مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پوچھنے والا کے معنی دیتا ہے، مثلاً مزاج پرسی، احوال پرسی۔

پُرسا pur-sa(a): (ف، مذ) تعزیت، اظہار ہمدردی۔

پرساد par-saad: (س، مذ) دیوتاؤں کا چڑھاوا، نذر، منت، تبرک، مرشد کا اُلش، انعام، بخشش، عطیہ، نتیجہ، ثمر، پھل، بدلہ، عوض

پُرسان pur-saan: (ف، اسم، حالیہ) خبر گیر، پوچھنے والا دریافت کرنے والا مددگار، سہارا دینے والا، معاون، رفیق، دوست، یار۔

پُرسانِ حال pur-saa-ne-haal: (ف، صف) حال پوچھنے والا، کیفیت دریافت کرنے والا، آسرا دینے والا، دکھ درد کا دریافت کرنے والا اعانت کرنے والا۔

پَرستْ pa-rast: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر پرستیدن سے صیغہ امر جو کسی امر کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پوچھنے والا یا پسند کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً خدا پرست، حق پرست۔

پرستار pa-ras-taar: (ف، صف) پوجا کرنے والا، پجاری، غلام کنیز، عاشق، مرید، اسم کیفیت، مث: پرستاری۔

پرستان pa-ras-taan: (ف، مذ) پریوں کے رہنے کی جگہ، پریوں کا اکھاڑا، خوبصورت عورتوں کا مجمع، حسینوں کے رہنے کا مقام۔

پرستش pa-ras-tish: (ف، مث) عبادت، پوجا، بندگی، تعظیم، توقیر، محبت، عشق۔

پرستندہ pa-ras-tan-da(h): (ف، فاعل) نوکر، ملازم، غلام، پجاری، عاشق۔

پُرسندہ pur-san-da(h): (ف، فاعل) پوچھنے والا، دریافت کرنے والا۔

پرسُوت par-suut: (س، مذ) زچہ کی ایک بیماری، سیلان الرحم۔

پرسوں par-sauN: (ار، مث) گزشتہ کل سے پہلا اور آئندہ کل سے بعد کا دن (آج سے تیسرا)

پُرسا دینا pur-saa de-na(a): (ار، محاورہ) ماتم پرسی کرنا، تعزیت کرنا، تسلی کرنا۔

پرکار par-kaar: (ف، مث) دائرہ کھینچنے کا آلہ۔

پرکالا par-kaa-la(a): (ھ، مذ) زینہ، سیڑھی،

چوکھٹ، دہلیز۔

پرکالہ par-kaa-la(h): (ف، مذ) ٹکڑا، حصہ، چنگاری، پتنگا، شرارہ۔

پرکھ pa-rakh: (ار، مث) پہچان، شناخت، تمیز، وقوف، گیان، معیار، کسوٹی، جانچ، امتحان، آزمائش، تجربہ، آنک۔

پُرکھے pur-khe: (ہ، مذ) آبا و اجداد، باپ دادا، نیک لوگ بھلے مانس بڑے بوڑھے، بزرگ، جدِ امجد، مث: پرکھن۔

پرکھنا pa-rakh-na(a): (ار، مص) جانچنا، امتحان کرنا، آزمانا، تجربہ کرنا، دیکھنا، آنکنا، سنبھالنا، گننا، پہچاننا، شناخت کرنا۔

پرکھوانا pa-rakh-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'پرکھنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

پُرغم par-Gam: (ف، صف) فکرمند، پراسرار، گہرا، مشکل۔ غم سے بھرا ہوا۔

پرگنہ par-ga-na(a): (ف، مذ) وہ بڑی بستی جس میں چند گاؤں شامل ہوں ضلع کا حصہ، وہ زمین جس سے مال گزاری اور خراج وصول کرنے کے لیے ایک افسر مقرر ہو۔

پرگنہ دار par-ga-nah-daar: (ف، فاعل) پرگنہ کا حاکم اعلیٰ، اسم کیفیت، مث: پرگنہ داری۔

پرگنہ وار par-ga-na(h)-vaar: (ف، متعلق فعل) پرگنہ کے حساب سے۔

پرگیزی par-ge-zi(i): (ار، مث) تیر کا پر، لوہے کی نوک جو تیر پر لگائی جاتی ہے۔

پرلا par-la(a): (ہ، صف) اُدھر کا، اُس طرف کا دوسرے سرے کا، اُس پار کا، انتہائی حد کا، مث: پرلی۔

پرلوک par-lok: (ہ، مذ) اوپر والی دنیا، عالم بالا، آخرت، جہانِ دیگر، عاقبت۔

پرماتما par-maat-ma(a): (ہ، مذ) خدا، ایشور

پرمٹ par-maT: (انگ، مذ) Permite، اجازت نامہ، مال درآمد برآمد کرنے، ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے یا خرید و فروخت کی تحریری اجازت۔

پرمل par-mal: (ہ، مذ) جوار، مکئی یا جرے وغیرہ کو بھگو کر بھونے ہوئے خستہ اور بھربھرے دانے یا کھیلیں، بھونے ہوئے چاول، ایک خوشبودار پھل، کوئی خوشبودار مادہ۔

پرمیشر / پرمیشور par-me-shwar: (س، مذ) خداتعالیٰ، اللہ۔

پرن pa-ran: (ف، مذ) پروین، ثریا، سات ستاروں، سہیلیوں کا جھمکا، کل گزشتہ۔

پرنالا par-naa-la(a): (ار، مذ) کوٹھے یا بالا خانے کی موری جو پانی نکلنے کے لیے ہوتی ہے۔

پرنالی par-naa-li(i): (ہ، مث) پرنالا کی تصغیر، گھوڑے کی فربہی کے سبب ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف گوشت اُبھرنے سے ہڈی کے اوپر جو گڑھا یا نالی بن جاتی ہے۔

پرنام par-naam: (س، مذ) سلام، بندگی، تسلیم آداب، آخر وقت کے آثار، مرنے کے وقت کے آثار

پرنانا par-naa-na(a): (ہ، مذ) نانا کا باپ، مث: پرنانی۔

پرند / پرید pa-raid: (ف، مذ) اڑنے والا، پرندہ، طائر۔

پرندہ pa-ran-da(h): (ف، صف) اُڑنے والا، تیز، طائر، جہاز، کشتی، پارا۔

پرنسپل pi-rins-pal: (انگ، مذ) Principal کالج کا مدرسِ اعلیٰ یا افسرِ اعلیٰ۔

پرنیاں par-ni-yaaN: (ف، مذ) ایک قسم کا پھول

دار ریشمی کپڑا، دیبا، جو بہت نرم اور ملائم ہوتا ہے۔

پرْوا par-va(a): (ف، مذ) خواہش، چاہ، محبت، فکر، اندیشہ، چنتا، ضرورت۔ بڑے گاؤں کا مزرع۔

پُرْوا pur-va(a): (ہ،مث) پورب کی ہوا، باد شرق، صبا، مشرقی ہوا، گاؤں، بستی۔

پَرْوار par-vaar: (ہ، مذ) خاندان قبیلہ، خاندان کے لوگ، اہالی موالی، ہمراہی، جلو کے لوگ، متعلقین، تابعین، ملازمین، رعیت، رعایا، پرجا، دوست، یار۔

پرْواز par-vaaz: (ف،مث) اُڑان، فخر، ناز، (افعال: کرنا، ہونا)

پرْوان چڑھنا par-vaan chaRh-na(a): (ار، محاورہ) مراد کو پہنچنا/ پہنچانا، جوان کرنا/ ہونا، کمال کو پہنچانا/ پہنچنا۔

پرْوانگی par-vaan-gi(i): (ف،مث) حکم، فرمان، منظوری۔

پرْوانہ par-vaa-na(h): (ف، مذ) حکم، فرمان، منظوری، (تحریری) اجازت نامہ، حکم نامہ، پاسپورٹ، پرمٹ، شاہی حکم، لائسنس، نوکری کا تحریری حکم، وہ تحریری حکم جو کسی ماتحت کے نام جاری کیا جائے، پتنگا، چھوٹا پردار کیڑا، مجازاً، عاشق، شیفتہ۔

پرْوانہ تلاشی par-vaa-na(h) ta-laa-shi(i): گھر کی تلاشی کا وارنٹ یا تحریری حکم۔

پرْوانہ نویس par-vaa-na(h) na-viis: (ف،صف) دفتر یا عدالت کا ایک عہدہ، پروانہ لکھنے والا، اسم کیفیت: پروانہ نویسی۔

پرْوانہ وار par-vaa-na(h) vaar: (ف،صف) پروانہ کی طرح، جاں نثار اور عاشق کی مانند۔

پرپوتا par-po-ta(a): (ار، مذ) پوتے کا بیٹا، بیٹے کا پوتا۔

پرپوتی par-po-ti(i): (ار،مث) پوتے کی بیٹی، بیٹے کی پوتی

پروٹین pu-ro-Tiin: (انگ، مذ) Protein، خوراک کا لحمیہ جز جو پٹھوں کے لیے ضروری ہے۔

پروڈکشن pu-ro-Dak-shan: (ف،صف) Production، پیداوار صنعتی اراضی۔

پرْوَر par-var: (ف،صف) پالنے والا، پرورش کرنے والا محافظت کرنے والا (مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے، جیسے بندہ پرور)

پرْوردگار par-var-di-gaar: (ف، مذ) پالنے والا، خدا تعالیٰ، رب۔

پرْوردہ par-var-da(h): (ف،صف) پالا ہوا، پرورش کیا ہوا، بسایا ہوا، دبایا ہوا، بامراد کیا ہوا۔

پرْورش par-va-rish: (ف،مث) تعلیم و تربیت، پالنا، مہربانی، شفقت (افعال: کرنا، ہونا)

پَرْوَرِیافتہ par-var-yaaf-ta(a): (ف،صف) پرورش پایا ہوا۔

پَرْوَرِندہ par-va-ran-da(h): (ف،صف) پالنے والا، پرورش کرنے والا، مربی، سرپرست۔

پروسنا pa-ros-na(a): (ہ، مص) کھانا چننا، مہمانوں کے آگے کھانا رکھنا، کھانے کے برتنوں میں کھانا اتارنا/ لگانا۔

پروسیا pa-ro-si-ya(a): (ہ،مذ) کھانا، چننے، لگانے والا۔

پُروف pu-ruuf: (انگ، مذ) Proof، ثبوت، سب سے پہلے چھپا ہوا پرچہ جو اطلاع اور درستی کے لیے دکھایا جاتا ہے، مسودہ، خاکہ۔

پُروفیسر pu-ro-fai-sar: (انگ،مذ) Professor، کالج کا استاد کسی مضمون کا ماہر، پیشہ ور استاد۔

پروگرام pu-rog-raam: (انگ، مذ) Programme، ترتیب، طرز، ڈھنگ، طریقہ، لائحہ عمل، کام اور وقت کا تعین۔

پیرول pe-rol: (انگ، مذ) Parole، وہ خاص لفظ یا الفاظ جو پہرے والوں کو بتائے جاتے ہیں، قیدی کو اس شرط پر قید سے باہر لانے کی اجازت دینا کہ وہ مقررہ وقت پر واپس آ جائے۔

پرولتاری pa-rol-taa-ri(i): (انگ، صف) Paroletary، محنت کشوں کا حامی، مزدور۔

پروموشن po-ro-mo-shan: (انگ، مث) Promotion، ترقی۔

پرونا pu-ro-na(a): (ار، مص) سوراخ دار چیز میں دھاگا ڈالنا، سوراخ یا چھید کرنے، سوئی میں دھاگا ڈالنا۔

پروہت pu-ro-hit: (ھ، مذ) خاندانی برہمن جو تمام خاندان کو پوجا پاٹ، موت اور بیاہ کی رسومات ادا کراتا ہے۔ اسم کیفیت مث: پروہتائی۔

پرویز par-vez: (ف، مذ) فاتح، خوش نصیب، نہایت اعلیٰ، مہذب سخاوت، مچھلی، روشن۔

پرویزن par-ve-zan: (ف، مث) چھلنی، غربال

پروین par-viin: (ف، مذ) چھ ستاروں کا گچھا، عقد ثریا، تیسری منزل۔

پرہ بینی parh-bii-ni(i): (ف، مذ) نتھنوں کے درمیان کا حصہ۔

پرہیز par-hez: (ف، مذ) احتیاط، احتراز، حذر، اجتناب، نفرت، اتقا، تقویٰ، خوف، اندیشہ، بیم، ناجائز اور حرام چیزوں سے دوری۔

پرہیزگار par-hez-gaar: (ھ، صف) صالح، متقی، زاہد، عابد، بھگت، اسم کیفیت مث: پرہیزگاری۔

پرہیزی par-he-zi(i): (ف، صف) جو بیمار کے موافق ہو، وہ جس سے پرہیز کیا جائے۔

پری pu-ri(i): (ھ، مث) قصبہ، گاؤں، آبادی (مرکبات میں مستعمل ہے)

پری pu-ri(i): (ف، لاحقہ کیفیت) مرکبات کے آخر میں آ کر اُن کو حاصل مصدر یا اسم کیفیت بنا دیتا ہے اور بھر جانے کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً شکم پری، خانہ پری۔

پری pa-ri(i): (ف، مث) جن کی جنس کی عورت، جس کے متعلق خیال ہے کہ بال و پر رکھتی ہے۔ بے حد خوبصورت ہوتی ہے، خوبصورت عورت، محبوب حسین، نازک، اعلیٰ درجہ کی۔

پری بن جانا pa-ri(i) ban jaa-na(a): (ار، محاورہ) حسین ہو جانا، بہت خوبصورت ہونا۔

پری بند pa-rii-band: (ار، مذ) کلائی میں پہننے کا ایک زیور، کشتی کا ایک پیچ۔

پری پیکر / تمثال pa-rii-pai-kar: (ف، صف) نہایت خوبصورت حسین و جمیل عورت۔

پری جمال pa-rii-ja-maal: (فع، صف) پری جیسے حسن والا، بہت خوبصورت۔

پری چہرہ pa-rii-cheh-.a(h): (ف، صف) جس کا چہرہ پری کی مانند ہو، بہت حسین۔

پری چم pa-rii-cham: (ف، صف) دیکھیے 'پری پیکر'۔

پری خانہ pa-rii-Kaa-na(h): (ف، مذ) وہ مکان یا جگہ جہاں حسینوں کا مجمع ہو۔

پری خواں pa-rii KwaaN: (ف، مذ) عامل، سیانا، حاضرات کرنے والا، جنوں پریوں کو حاضر کرنے والا، اسم کیفیت مث: پری خوانی۔

پری زاد pa-rii-zaad: (ف، صف مذ) پری کی اولاد، پری کا بچہ، پری کا نر، معشوق، محبوب، پری کی نسل سے حسین خوبصورت۔

پری کا سایہ pa-rii kaa saa-ya(h): (ار، مذ) پری / آسیب وغیرہ کا اثر جو دیوانہ کر دیتا ہے۔

پری وش pa-rii-vash: (ف، صف) پری کی طرح خوبصورت۔

پرے pa-re: (ہ، متعلق فعل) ورے کی ضد، اُس پار، اُس طرف، دور، الگ، علیحدہ، فاصلے سے۔

پرے پرے pa-re pa-re: (ار، کلمہ خطاب متعلق فعل) الگ رہو، دور رہو، جدا رہو۔

پریت pa-riit: (ہ، مذ) بھوت، آسیب، خبیث روح۔

پریت pi-riit: (ہ، مث) محبت، پیار، عشق، الفت، میل جول، اتفاق، اتحاد، رابطہ۔

پریتم pi-rii-tam: (ہ، صف) محبوب، عاشق، خاوند، نہایت پیارا، بہت محبوب۔

پریدہ pa-rii-da(h): (ف، صف مفعول) اُڑا ہوا، غائب۔

پریدہ چشم pa-rii-da(h) chashm: (ف، صف) وہ جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھہرے۔

پریدہ رنگ pa-rii-da(h) rang: (ف، صف) جس کا رنگ اڑ گیا ہو یا پھیکا پڑ گیا ہو۔

پریڈ pa-reD: (انگ، مث) Parade، فوج یا پولیس کی قواعد، وہ میدان جہاں قواعد ہوتی ہے، قطار، صف۔

پریسی ڈینٹ pi-rai-si-DenT: (انگ، مذ) President، میر مجلس، صدر، چیئرمین۔

پنچوں کا سردار pan-chauN kaa sar-daar: سرپنچ، حاکم اعلیٰ، کمپنی کا اعلیٰ افسر۔

پریس pi-res: (انگ، مذ) Press، مطبع چھاپا خانہ، چھاپے کی مشین، دبانے کی مشین، صحافت، اخبارات، اخباری دنیا۔

پریشان pa-re-shaan: (ف، صف) حیران، سرگرداں، آشفتہ، متحیر، متفکر، مضطرب، منتشر، تتر بتر، پراگندہ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: پریشانی

پریشان حال pa-re-shaan haal: (ف، صف) تنگ حال، مفلس، مصیبت زدہ، سراسیمہ، اسم کیفیت، مث: پریشان حالی۔

پریشان خاطر / دل pa-re-shaan Kaa-tir: (ف، صف) فکرمند، متردد، اسم کیفیت مث: پریشان خاطری / دلی۔

پریکٹس pi-rek-Tis: (انگ، مث) Practice، مشق مہارت، وکیل یا ڈاکٹر کا کام۔

پریگ pi-reg: (ار، مث) باریک کیل یا میخ۔

پریم pi-raim: (ہ، مذ) محبت، پیار، الفت، عشق، شفقت، مہربانی، عنایت، کرم، دوستی یاری، آشنائی۔

پریمی pi-rai-mi(i): (ہ، صف) محبت کرنے والا، فریفتہ، دوست آشنا، عاشق۔

پریمیم pi-rii-mi-yam: (انگ، مذ) Premium، وہ رقم جو بیمہ کرانے والا معینہ اوقات میں کمپنی کو ادا کرتا ہے، انعام، صلہ، بخشش، منافع۔

پ ۔ ڑ

پڑ جانا paR jaa-na(a): (ار، محاورہ) لیٹ جانا، بیمار ہو جانا، مشہور ہونا، گر پڑنا، ہوا کا ہلکا ہو جانا، کم ہو جانا، آواز بیٹھ جانا، پھیل جانا، کسی چیز میں رکھا جانا، ٹھہر جانا، ہو جانا، واقع ہو جانا، پھل لگنا، دانہ پڑ جانا، مصیبت پڑنا، مشکل پڑنا، زمین مزروعہ کا بے

کاشت رہ جانا، نکاح کر لینا، گھر بسانا، بگڑنا۔

پڑا pa-Ra(a): (ھ، مذ) بڑی، پڑیا، ڈھول یا طبلے کا خشک چمڑا، کاغذ میں لپٹی ہوئی مٹھائی جو شادی میں عزیزوں کے ہاں تقسیم کرائی جاتی ہے۔

پڑا پانا pa-Raa paa-na(a): (ار، محاورہ) راہ چلتے کسی چیز کا مفت ملنا۔

پڑا رہنا pa-Ra(a) reh-na(a): (ار، محاورہ) بے حرکت رہنا، ایک حالت میں رہنا، لیٹا رہنا، سوتا رہنا، سست رہنا، بیکار رہنا۔

پڑاپڑ pa-Raa-paR: (ھ، صوت) مینہ برسنے یا جوتیاں پڑنے یا تھپڑ پڑنے کی آواز، پے در پے پٹنے کی آواز۔

پڑاق pa-Raaq: (ار، مث) پٹاخے یا بندوق کے چلنے کی آواز۔

پڑاؤ pa-Raa-au: (ار، مذ) پڑنا سے اسم کیفیت، لشکر یا قافلے کے اُترنے کی جگہ، منزل، پیدل کا ایک دن کا سفر۔ (افعال: ڈالنا، کرنا)

پڑپڑ paR paR: (صوت، مث) گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز، بوندیں گرنے کی آواز۔

پرپڑانا par-pa-Raa-na(a): (ھ، مص) زبان میں مرچیں لگنا، زبان پر کسی چیز کی تیزی محسوس کرنا، خشکی کے باعث ہونٹوں پر پپڑیاں جم جانا، چرچرانا، درد سے ٹیس پڑنا۔

پڑتا paR-ta(a): (ھ، مذ) شرح، لگان، حصہ رسدی، حصہ، چندہ، شرح مالگزاری فی بیگھہ یا ہل۔

پڑنا paR-na(a): (ار، مص) ہونا، جیسے واسطہ پڑنا، برسنا، جیسے پانی پڑنا، بیتنا، واقع ہونا، درج ہونا، دخل دینا، ضمانت دینا، خیال ہونا، لیٹنا، سونا، بسنا، رہنا، ملازم ہونا، گرفتار ہونا، بویا جانا، نازل ہونا، لگنا، آنا جیسے بل پڑنا۔

پڑوس pa-Ros: (ھ، مذ) ہمسائیگی، قرب و جوار، گردونواح، اطراف، نزدیک۔

پڑوسی pa-Ro-si(i): (ھ، مذ) پڑوس میں رہنے والا، مرد، ہمسایہ مث: پڑوسن۔

پڑھا pa-Rha(a): (ار، صف) خواندہ، پڑھا لکھا، تعلیم یافتہ، مث: پڑھی

پڑھا دینا pa-Rha(a) de-na(a): (ار، محاورہ) علم سکھا دینا، کسی امر سے آگاہ کرنا، ہوشیار کرنا، بہکا دینا۔

پڑھا گُنا pa-Rha(a) gu-na(a): (ار، مص) پڑھا لکھا، تعلیم یافتہ، خواندہ۔

پڑھائی pa-Rhaa-i(i): (ار، مث) تعلیم، تعلیم کا نصاب، تعلیم کی مقدار، تعلیم کی اجرت یا فیس۔

پڑھنا paRh-na(a): (ار، مص) سیکھنا، تعلیم پانا، سبق لینا، بار بار رٹنا، طائر کا بولنا، زبان سے بولی نکالنا، باتیں کرنا، منتر پھونکنا، آیت یا افسوں پڑھ کر پھونکنا۔

پڑھنت pa-Rhant: (ھ، مث) افسوں، منتر، جادو۔

پڑھوانا paRh-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'پڑھنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

پڑھائی pa-Rhaa-i(i): (ار، مث) پڑھانے کی اُجرت۔

پڑے پڑے pa-Re pa-Re: (ار، متعلق فعل) لیٹے لیٹے، بیکاری میں خراب جگہ پر رکھا ہوا۔

پُڑیا puR-ya(a): (ھ، مث) وہ کاغذ جس میں کوئی چیز باندھی گئی ہو، کاغذ کی پوٹلی، پسی ہوئی دوائی، کوئی منت، اندر کی چیز جو کاغذ میں ہو، سیندور وغیرہ کی پوٹ جو شادی وغیرہ کے موقع پر استعمال ہوتی ہے۔

پ ـ ز

پزاوہ pa-zaa-va(h): (ف، مذ) آوا، بھٹا، جس

میں اینٹیں یا مٹی کے برتن پکائے جاتے ہیں۔

پذیر pa-ziir: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر پذیرفتن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور قبول کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے دل پذیر۔

پذیرا pa-zii-ra(a): (ف، صف) قبول کیا ہوا، قبول کرنے والا، منظور مقبول (افعال: کرنا، ہونا)

پذیرائی pa-zii-raa-i(i): (ف، مث) منظوری، قبولیت۔

پ۔ژ

پژمردہ paz-mur-da(h): (ف، صف) مرجھایا ہوا، کملایا ہوا، افسردہ، اسم کیفیت مث: پژمردگی۔

پژدہ paz-dah: (ف، مذ لاحقہ فاعلی) مصدر پژدہیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور تلاش کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے انصاف پژدہ، جلالت پژدہ۔

پ۔س

پس pas: (ف، متعلق فعل) پھر، پیچھے، بعد، بعد ازاں۔

پس افگندہ pas-af-gan-da(h): (ف، مذ) پیچھے پھینکا ہوا، گوبر، بیٹ۔

پس انداز pas-an-daaz: (ف، صف) بچا ہوا، جمع کیا ہوا، باقی ماندہ، بقایا مال، اندوختہ، کفایت شعاری، اسم کیفیت مث: پس اندازی۔

پس پا pas-paa: (ف، صف) واپس، الٹے پاؤں، پاؤں پر پاؤں رکھ کر بیٹھا ہوا۔ پیچھے ہٹا ہوا شکست خوردہ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: پسپائی

پسِ پردہ pa-se-par-dah: (ف، صف) پردے کے پیچھے چھپا ہوا، پوشیدہ۔

پسِ پشت pa-se-pusht: (ف، متعلق فعل) پیچھے، پیچھے کی طرف۔

پس خوردہ pas-Kor-da(h): (ف، صف) بچا ہوا کھانا، جھوٹا، آگے سے بچایا ہوا کھانا، اُلش۔

پس خیمہ pas-Kai-ma(h): (ف، صف) فوج وغیرہ کا پچھلا خیمہ۔

پس رو pas-ro: (ف، مذ) نوکر، چاکر، ملازم، پیرو، مقلد، جلو میں ہمراہی، اسم کیفیت مث: پس روی۔

پسِ فردا pa-se-far-va(a): (ف، متعلق فعل) پرسوں، کل کے بعد، قیامت کے بعد۔

پسماندہ pas-maan-da(h): (ف، صف) پیچھے رہا ہوا، بچا ہوا، بچا ہوا، وارث، بقایا، بچت، جمع پسماندگان، اسم کیفیت مث: پسماندگی۔

پسِ مرگ pa-se-marg: (ف، متعلق فعل) مرنے کے بعد، بعد از مرگ۔

پس منظر pas-man-zar: (ف، مذ) کسی منظر، بیان یا تصویر کا وہ حصہ جو اسے نمایاں کرنے میں مدد دے، کسی چیز کے اسباب و محرکات جو اس کے وجود میں آنے کا باعث ہوتے ہیں۔

پس نوشت pas-na-visht: (ف، صف) بعد کا لکھا ہوا، وہ عبارت جو بعد میں لکھی جائے۔

پس و پیش pa-so-pesh: (ف، مذ) آگا پیچھا، انجام، حیلہ حوالہ، ٹال مٹول، لیت و لعل، اُدھیڑبُن، تامل، کشش و پنج، فکر و اندیشہ، لباس کا آگا پیچھا، حروف کا الٹ پلٹ کا آگے پیچھے ہونا (افعال: سوچنا، کرنا، ہونا)

پسادست pa-saa-dast: (ف، صف) پس از دست کا مخفف، ادھار، قرض۔

پسارا pa-saa-ra(a): (ہ، مذ) پھیلاؤ، فراخی۔

پسارنا pa-saar-na(a): (ار، مص) پھیلانا، کھولنا، پھاڑنا، لمبا کرنا (پاؤں کا)

پسانا pa-saa-na(a): (ار، مص) کسی چیز کو اُبال کر اُس کا زائد پانی گرانا۔ چاولوں کی پیچ نکالنا/ نچوڑنا۔ کسی ابلی ہوئی چیز سے جھاگ اتارنا/ تیل اتارنا۔

پسانا pa-saa-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'پسنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

پسا ہوا pi-saa-hu-a(a): (ہ، صف) باریک کیا ہوا، کچلا ہوا، مسلا ہوا، مصیبت کا مارا۔

پسائی pi-saa-I(i): (ہ، مث) پیسنے کا عمل، پیسنے کی اُجرت، ایک قسم کا جنگلی خودرو چاول جسے ہندو لوگ ورتوں میں استعمال کرتے ہیں۔

پست past: (ف، صف) نیچا، نشیب، کمینہ، ہیچ، ادنیٰ، پاجی سفلہ، دون، چھوٹا، اسم کیفیت مث: پستی۔

پست خیال past-Kyaal: (فع، صف مذ) گھٹیا خیال کا، کمینہ یا سفلہ، چھوٹا، اسم کیفیت مث: پست خیالی۔

پست فطرت past-fit-rat: (فع، صف) کمینی طبیعت کا، کمینہ، سفلہ، دوں، کم عقل، بیوقوف، اسم کیفیت مث: پس فطرتی۔

پست قد past-qad: (فع، صف) چھوٹے قد کا، ٹھگنا، بونا۔

پست و بلند pas-to-bu-land: (ف، صف) اونچا نیچا، نشیب و فراز، زمین و آسمان، بڑا چھوٹا، امیر غریب۔

پست ہمت past-him-mat: (ف، صف) کم ہمت، بزدل، اسم کیفیت مث: پست ہمتی۔

پستان pis-taan: (ف، مذ) عورت کی چھاتی، سینے کی بالیدگی، چھاتیاں۔

پستول pis-taul: (ار، مذ) انگریزی Pistol کا مؤرد، تمنچہ۔

پستولیا pis-tau-li-ya(a): (ار، مذ) پستول باندھنے والا، کپڑے کی ایک قسم۔

پستہ pis-ta(a): (ف، مذ) سبز رنگ کا ایک گری دار میوہ، چھوٹا کتا۔

پستئی pis-ta-I(i): (ف، صف) پستہ کے رنگ کا، سبز رنگ۔

پسر pa-sar: (ہ، مث) مویشیوں کو رات کے وقت کھیت یا جنگل میں چرنے کے لیے چھوڑنا، رات کی چرائی، رات کو ڈنگر چرانا۔

پسر pi-sar: (ف، مذ) لڑکا، بچہ، پوت، فرزند۔

پسر اخیافی pis-ra-Kyaa-fii(i): (فع، مذ) بیوی کا بیٹا جو اس کے پہلے خاوند سے ہو، سوتیلا بیٹا۔

پسر خوانده pi-sar-Kwaan-da(h): (ف، مذ) متبنّیٰ، گود لیا ہوا، منہ بولا بچہ۔

پسر خواندگی pi-sar-Kwaand-gaii): (ف، مذ) بچہ گود لینا یا متبنّیٰ بنانا

پسرنا pa-sar-na(a): (ار، مص) پھیلنا، دراز ہونا، لیٹنا، پڑنا، ٹانگیں پھیلا کر یا پیٹھ کے بل لیٹ جانا، عورت کا مرد کے آگے لیٹ جانا، ماننا، مطیع ہونا، خواہش کرنا، تمنا کرنا، بچوں کا ضد کرنا۔

پسلی pas-li(i): (ہ، مث) چھاتی کے اندر کی پتلی اور لمبی ہڈی، طرف، پہلو۔

پسلی پھڑک اٹھنا/ پھڑکنا pas-li(i) pha-Rak-na(a): (ار، محاورہ) معلوم ہو جانا، خود بخود خبر ہو جانا

پسلی چلنا pas-li(i) chal-na(a): (ار، محاورہ) بچوں کی پسلی کا درد یا خاص عارضہ کی وجہ سے کھڑکنا۔

پسنا pis-na(a): (ار، مص) آٹا ہونا، چور چور ہونا،

فریفتہ ہونا، عاشق ہونا، مٹنا، گرفتار ہونا، کھِلا جانا، مسلا جانا، مغلوب ہونا۔

پسند pa-sand: (ف، صف) مرغوب، مقبول۔

پسند pa-sand: (ف، مث) انتخاب، چننا، مرضی، ترجیح، منظوری، قبولیت۔

پسند آنا pa-sand aa-na(a): (ار، محاورہ) بھانا، اچھا لگنا، مرضی کے موافق ہونا۔

پسندِ خاطر pa-san-de-Kaa-tir: (ف، صف) دل کو مرغوب۔

پسندا / پسندہ pa-san-da(h): (ف، مذ) دبایا یا کچلا ہوا گوشت کا ٹکڑا جسے بطور سالن کے پکایا جاتا ہے، کباب کی ایک قسم۔

پسندیدہ pa-san-dii-da(h): (ف، صف) پسند کیا ہوا، حسب دل خواہ، مقبول مرغوب، پسند کے قابل، اسم کیفیت مث: پسندیدگی۔

پسنہارا pa-san-haa-ra(a): (ہ، صف، فاعلی) آٹا پیسنے والا، مث: پسنہاری۔

پسو pis-su(u): (ہ، مذ) ایک چھوٹا سا سرخ رنگ کا پردار کیڑا (موذی) جو اکثر مرطوب مقامات پر پایا جاتا ہے۔ یہ انسانوں اور حیوانوں کا خون چوستا ہے۔

پسوانا pis-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'پیسنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

پسوائی pis-vaa-i(i): (ہ، مث) پسائی، پیسنے کی اجرت۔

پسیجنا pa-siij-na(a): (ار، مص) پسینہ آنا، تری آنا، نمی آنا، ملائم ہونا، زخم کھانا، نرم ہونا، ترس کھانا، دھیان دینا، توجہ کرنا، مہربانی کرنا، خیال کرنا، مظلوم کی فریاد سننے پر تیار ہونا۔

پسیں pa-siiN: (ف، صف) قدیم، آخرکار، پچھلا۔

پسینا۔ پسینہ pa-sii-na(h): (ہ، مذ) عرق، نمی، تری، بخارات، پانی جو مسامات سے نکلتا ہے (افعال آنا، بہنا، پونچھنا، ٹپکنا، جھاڑنا، چھوٹنا، نکالنا، نکلنا)

پسیو pa-sa-yu(u): (ہ، مذ) وہ پانی جو چاولوں کے پک چکنے کے قریب نکالا جاتا ہے۔

پشت pusht: (ف، مث) پیٹھ، پچھاڑی، کمک، مدد، سہارا، معاون۔

پشتہا پشت pusht-ha-pusht: (ار، مث) دیکھیے 'پشتہا پشت'۔

پشت بہ پشت pusht-ba(h)-pusht: (ف، متعلق فعل) باپ دادا سے، کئی پشتوں سے۔

پشت پناہ pusht-pa-naa(h): (ف، مذ) حامی، مددگار، معاون، اسم کیفیت مث: پشت پناہی۔

پشت تکیہ pusht-tak-ya(h): (ف، مذ) وہ تکیہ جو مسند سے پیچھے رکھتے ہیں۔

پشت خار pusht-Kaar: (ف، مذ) ایک آلہ جس سے پیٹھ کھجاتے ہیں، لوہے یا ہاتھی دانت کا پنجہ جو پیٹھ کھجانے کے کام آتا ہے۔

پشت دکھانا pusht-di-khaa-na(a): (ار، محاورہ) لڑائی سے بھاگ جانا، پیٹھ دکھانا۔

پشت گرمی pusht-gar-mi(i): (ف، مث) مدد، یاوری، تقویت۔

پشتہا پشت pusht-ha(a)-pusht: (ف، مث) پشت در پشت، کئی نسلوں، کئی پیڑھیوں۔

پشتارہ push-taa-ra(h): (ف، مذ) بوجھ، گٹھا، ڈھیر، انبار۔

پشتک push-tak: (ف، مذ، مث) ایک کھیل جس میں ایک شخص بیٹھ جاتا ہے اور دوسرا اس کے روبرو پھلانگتا ہے گھوڑے اونٹ وغیرہ کا پچھلا پاؤں مارنا۔

پشتوں pash-tuuN: (ف، مث) پختو، افغانی

زبان، صوبہ سرحد کی بولی۔

پشتولیا pash-to-li-ya(a): (ہ، مذ) ایک قسم کا کپڑا، جو باریک ہوتا ہے۔

پشتہ push-ta(h): (ف، مذ) مٹی کا ڈھیر، ٹیلا، بند، مینڈھ، وہ مٹی کا ڈھیر یا چھوٹی دیوار جو بڑی دیوار کی جڑ میں مضبوطی کے واسطے بناتے ہیں۔ کتاب کی پشت کا چمڑا یا کپڑا جس سے پٹھے جوڑے جاتے ہیں۔

پشتہ بندی push-ta(h) ban-di(i): (ف، مث) بند باندھنا۔

پشتی push-ti(i): (ف، مث) تائید، مدد، سہارا، مضبوطی، پائیداری، استحکام، ٹھہراؤ، اعانت، حمایت، جانبداری، طرف داری۔

پشتی بان push-ti(i) baan: (ف، صف) معاون، مددگار، وہ لکڑی جو کواڑوں یا تخت میں مضبوطی کے لیے لگائی جاتی ہے۔

پشتی پر ہونا push-ti(i) par ho-na(a): (ار، محاورہ) مدد پر ہونا۔

پشتی لینا push-ti(i) lai-na(a): (ار، محاورہ) سہارا دینا، حمایت کرنا، مدد دینا۔

پشتینی push-tai-ni(i): (ف، صف) موروثی، خاندانی، قدیمی۔

پشتیف pusht: (س، صف) طاقت بخش، قوت دینے والا، مقوی، مضبوط، پائدار، مستحکم، زورآور، طاقت ور۔

پشم pashm: (ف، مث) اُون، رواں، جھانٹ، بے حقیقت چیز، ذلیل، بے وقعت شخص، ناقص، ردّی، بیکار۔

پشم اکھاڑنا push-u-khaaR-na(a): (ار، محاورہ) کسی قسم کا نقصان پہنچانا۔

پشم برابر لینا pashm-ba-raa-bar le-na(a): (ار، محاورہ) بہت حقیر سمجھنا۔

پشم پر مارنا pash-par-maar-na(a): (ار، محاورہ) بہت حقیر سمجھنا، خاطر میں نہ لانا، پروانہ کرنا۔

پشمینہ pash-mii-na(h): (ف، مذ) اُونی کپڑا، بالوں کا پارچہ۔

پشواز pash-vaaz: (ف، مث) عورتوں کی ایک پوشاک جو کندھوں سے پاؤں تک لمبی اور گھیرے والی ہوتی ہے۔

پشہ pash-sha(h): (ف، مذ) مچھر، ایک پردار کیڑا، تلوار کے بند پر پھل کے قریب دو گھنڈیاں۔

پشیمان pa-she-maan: (ف، صف) شرمندہ، نادم، افسوس کرنے والا، پچھتانے والا، اسم کیفیت مث: پشیمانی۔

پ۔ف

پف paf: (ف، مث) پھونک مارنا، پھونک۔

پ۔ک

پکا pak-ka(a): (ار، صف) پکا ہوا، تجربہ کار، عمر رسیدہ، مضبوط، پختہ، پورا، بالغ، بے نقص، بے ضرر، مستند و قیع، اسم کیفیت مذ: پکاپن، پک پن، اردنا مث: پکی۔

پکا بال pak-kaa baal: (ار، مذ) سفید بال، وہ بال جو بڑھاپے میں سفید ہو گیا ہو۔

پکا پان pak-kaa paan: (ار، صف) بہت ضعیف، سن رسیدہ۔

پکا پکایا pa-kaa-pa-kaa-ya(a): (ار، صف) بنا ہوا، بالکل تیار، ٹھیک، بے محنت، بے شفقت۔

پکا کاغذ pak-ka(a) kaa-Gaz: (ار، مذ) اسٹامپ کا کاغذ، وہ دستاویز جو اسٹامپ کے کاغذ پر

لکھی جائے۔

پکا کرنا/ہونا pak-kaa kar-na(a):(ار،محاورہ) کسی کام کے لیے مستفید کرنا/ہونا، تیار کرنا/ہونا۔ مضبوط کرنا/ہونا۔ ہمت مضبوط کرنا/ہونا۔ جی دے کر مضبوط کرنا/ہونا۔ رٹنا ذہن نشین کرنا/ہونا۔ سبق کو خوب رواں کرنا/ہونا۔ تاکید کرنا/ہونا۔

پکا گانا pak-ka(a) gaa-na(a):(ار،مذ) استادی گانا، کلاسیکی موسیقی، راگ راگنی

پکار pu-kaar:(ار،مث) پکارنا سے اسم کیفیت، آواز بانگ فریاد، دوہائی، غل شور، مانگ، تلاش جستجو، منادی، اعلان، فریقین مقدمہ یا گواہان کی طلبی کی صدا، بلاوا، ملاپ۔

پکارنا pu-kaar-na(a): (ار،مص) بلانا، آواز دینا، چلانا، اغل مچانا، خبر کرنا، آگاہ کرنا، سننا، یاد کرنا، لبیک کی آواز لگانا، بیچنے کی آواز لگانا، فریاد کرنا۔

پکانا pa-kaa-na(a): (ار،مص) کھانا تیار کرنا، آگ میں پختہ کرنا، پھل کو پال وغیرہ کے ذریعہ پختہ کرنا، زخم یا پھوڑے وغیرہ کے مواد کو خارج ہونے کے قابل بنانا، مضبوط کرنا۔

پکاؤ pa-kaa-uu:(واؤ قبول)(ار،مذ) پختگی، تیاری۔

پکاؤ pa-kaa-uu:(بہ واؤ مجہول)(ار،صف) پکنے والا، گدر، پکنے کے قریب۔

پکائی pa-kaa-i(i): (ار، معاوضہ) پکانے کی اُجرت، پکوائی۔

پکڑ pa-kaR: (ار،مث) قبضہ، گرفت، وہ جگہ جس سے کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑتے ہیں۔ مواخذہ، باز پرس، نکتہ چینی، اعتراض کشتی، داؤ، پیچ۔

پکڑ دھکڑ pa-kaR-dha-kaR: (ار،مث) دارو گیر، گرفتاری، مواخذہ، ظلم، جبر، سختی۔

پکڑنا کرنا / لڑنا pa-kaR-kar-na(a): (ار،محاورہ) کشتی کرنا، گرفت کرنا۔

پکڑ لانا pa-kaR-laa-na(a): (ار،محاورہ) گرفتار کر کے لانا، نکال لانا، باہر سے آنا۔

پکڑ لینا pa-kaR-lai-na(a): (ار، محاورہ) تھام لینا گرفتار کر لینا، دوڑ یا سبق میں برابر آ جانا، غلبہ کرنا۔

پکڑا جانا pak-Ra(a)-jaa-na(a):(ار،محاورہ) گرفتار کیا جانا، ماخوذ ہونا، الزام آنا۔

پکڑنا pa-kaR-na(a):(ار،مص) لینا، گرفتار کرنا، تلاش کرنا، اعتراض کرنا، ٹوکنا، روکنا، بند کرنا، شروع کرنا، برابر ہونا، برابر میں پہنچنا، گزارنا، بسر کرنا۔

پکڑوانا pa-kaR-vaa-na(a):(ار،مص) گرفتار کرانا، پھنسوانا، سہارا دینا، ہاتھوں ہاتھ دلانا، حوالے کرنا۔

پکڑنا pa-kaR-na(a):(ار،مص) لینا، گرفتار کرنا، تلاش کرنا، اعتراض کرنا، ٹوکنا، روکنا، بند کرنا، شروع کرنا، برابر ہونا، برابر میں پہنچنا، گزارنا، بسر کرنا۔

پکنک pik-nik: (انگ،مث Picnic)، وہ دعوت جس میں دوست احباب کسی پر فضا مقام پر جمع ہو کر کھائیں پکائیں۔

پکوان pak-vaan: (ہ،مذ) تلی ہوئی چیز، پکا ہوا کھانا، پوری کچوری، مٹھائی وغیرہ۔

پکوانا pak-vaa-na(a): (ار،مص) دیکھیے 'پکانا' جس کا یہ متعدی ہے۔

پکوائی pak-vaa-i(i):(ہ،مث) پکانے کی اجرت

پکوٹھا pa-ko-Tha(a):(ار،مذ ق) پر، پنکھ۔

پکوڑا pa-kau-Ra(a): (ہ،مذ) بیسن کی ٹکی یا تیل میں تلی ہوئی پھلکی، کوئی چیز جو گول اور بھونی ہوئی

ہو، اسم تصغیر، پکوڑی۔

پکھال pa-khaal: (ہ،مث) بڑی مشک، کھال کا بڑا تھیلا جس میں پانی بھر کر جانور یا اونٹ پر لادتے ہیں، بڑا پیٹ۔

پکھالی pa-khaa-li(i): (ار،مث ق) پکھال۔

پکھاوج pa-khaa-vaj: (ہ،مث) ایک قسم کی ڈھولک، مردنگ۔

پکھاوجی pa-khaa-au-ji(i): (ہ،صف) پکھاوج بجانے والا۔

پکھراج pukh-raaj: (ہ،مذ) ایک قسم کا زرد رنگ کا قیمتی پتھر۔

پکھروٹا pakh-rau-Ta(a): (ہ،مذ) چاندی سونے کے ورق جو پان کے بیڑے پر لپیٹے جاتے ہیں۔ وہ گلوری جس پر سونے چاندی کے ورق لگاتے ہیں۔

پکھیرو pa-khe-ru(u): (ہ،مذ) پرندہ، طائر (صف) تیز رو تیز چلنے والا آدمی۔

پکی پکائی pa-ki pa-kaa-i(i): (ار،صف) پکی ہوئی تیار۔

پکی کر لینا/ہونا pak-ki kar lai-na: (ار،محاورہ) کسی بات کو پختہ کر لینا / ہونا جانچ کر اطمینان کر لینا/ہونا۔

پکی کھیتی pak-ki khe-ti(i): (ار،مث) تیار فصل۔

پ۔گ

پگ pag: (ہ،مذ) پاؤں، قدم، چرن (ری، باگ،ق)

پگانا pu-gaa-na(a): (ار،مص) وعدہ پورا کرنا، کھلاڑیوں کا کھیل کو ختم کرنا۔

پگاہ pa-gaa(h): (ف،مث) صبح، سحر، تڑکا، فجر۔

پگ ڈنڈی pag-Dan-Di(i): (ہ،مث) پیدل چلنے کا راستہ، کھیتوں کا تنگ راستہ۔

پگڑ pag-gaR: (ار،مذ) پگڑی کا اسم مکبر، بڑی پگڑی، عمامہ۔

پگڑی pag-Ri(i): (ہ،مث) دستار، عمامہ، سر پر باندھنے کا دوپٹا مکان یا دکان کے حصول کے لیے کرایہ کے علاوہ دینا لینا۔

پگڑی اتارنا/اترنا pag-Rii: (ار،محاورہ) آبرو لینا/جانا، عزت بگاڑنا، بگڑنا، لوٹنا/لٹنا۔

پگڑی اچھالنا/اچھلنا pag-Rii u-chaal-na(a): (ار،محاورہ) رسوا کرنا/ہونا بے عزتی کرنا/ہونا، مذاق اڑانا/اڑنا۔

پگڑی باندھنا/بندھنا pag-Ri baandh-na(a): (ار،محاورہ) دستار باندھنا/بندھنا/دستار بندی کرنا/ہونا، قائم مقام بنانا/بننا، خلیفہ کرنا/ہونا۔ استاد بنانا/بننا۔ گدی پر بٹھانا بیٹھنا، تخت نشین کرنا/ہونا۔

پگڑی سنبھالنا pag-Rii-saN-bhaal-na(a): (ار،محاورہ) عزت بچانا۔

پگلا pag-la(a): (ار،صف) پاگل کی تصغیر ہے۔

پگھلنا pi-ghal-na(a): (ار،مص) گلانا/گلنا۔ پتلا کرنا/ہونا، ملائم کرنا/ہونا، نرم کرنا/ہونا، راضی کر لینا/ہونا، رحم پر آمادہ کرنا/ہونا۔ توجہ دلانا/دینا ملتفت کرنا/ہونا۔

پ۔ل

پل pal: (ہ،مث) وقت کا ایک پیمانہ جو ایک گھڑی کا ساٹھواں حصہ ہوتا ہے۔ پلک کا مخفف، لمحہ، آن، پلک جھپکنے کا وقفہ۔

پل جانا pal-jaa-na(a): (ار،محاورہ) پھولوں کا خراب ہو جانا۔

پُل pul: (ف، مذ) پانی پر سے گزرنے کا راستہ، دریا کو عبور کرنے کا راستہ، سڑک، لائن وغیرہ کے اوپر سے گزرنے کا راستہ، ایک کوٹھے سے دوسرے کوٹھے تک جانے کا راستہ، چھتا۔ وہ لمحاتچہ جس کے اوپر یا نیچے سے راستہ ہو۔ بند، پشتہ، کثرت، افراط، بہتات۔

پُل باندھنا pul-baaNdh-na(a): (ار، محاورہ) پانی یا نشیب کے اوپر سے گزرنے کا راستہ بنانا، پاڑ باندھنا، ڈھیر لگانا، تو دا لگانا، مبالغہ کرنا۔

پُل بندی pul-ban-di(i): (ف، مث) پل باندھنا، پاڑ باندھنا، پل کی مرمت، پل کی تعمیر، پل کا محصول۔

پُل صراط pul-si-raat: (فع، مذ) مسلمانوں کے عام عقیدوں کے مطابق دوزخ کے اوپر ایک پل جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے اس پر سے ہر ایک نیک و بد کو گزرنا ہوگا۔ نیک اس پر سے گزر کر بہشت میں چلے جائیں گے۔ اور بدکٹ کر دوزخ میں گر جائیں گے۔

پلّا pal-la(a): (ہ، مذ) دامن، آنچل، حمایت، سہارا، تھیلا، پلڑا، کواڑ، دوری، فرق۔

پلّا بھاری ہونا pal-laa bhaa-ri(i) ho-na(a): (ار، محاورہ) ایک پلّے کا وزن دوسرے پلّے کے وزن سے زیادہ ہونا۔ زیادہ زور ہونا، طاقت ور یا دولت مند ہونا۔

پلّا پکڑ لینا pal-laa pa-kaR-lai-na(a): (ار، محاورہ) دامن پکڑ لینا، آسرا لینا، سہارا لینا۔

پلّا جھکنا pal-laa jhuk-na(a): (ار، محاورہ) وزنی ہونا، غلبہ ہونا۔

پلّا چھڑانا pal-laa chu-Raa-na(a): (ار، محاورہ) رہائی حاصل کرنا، پہلو بچانا، الگ ہو بیٹھنا، علیحدہ ہونا۔

پلّا pal-la(a): (ار، مذ) پلی کا اسم مکبّر، تیل وغیرہ نکالنے کی بڑی پلی ایک قسم کا بڑا چمچا جو کسی برتن سے تیل یا گھی وغیرہ نکالنے کے کام آتا ہے۔

پِلّا pil-la(a): (ار، مذ) کتے کا بچہ، حقارت سے انسان کے بچہ کو بھی کہتے ہیں۔

پلاٹ pi-laaT: (انگ، مذ) Plot، قطعہ، زمین، قطعہ وغیرہ کا خاکہ۔

پلاٹینم / پلاٹنیم pi-laa-Te-ni-yam: (انگ، مذ) Platignum، سفید رنگ کی قیمتی دھات جو سب سے زیادہ وزنی ہوتی ہے۔

پلاس pi-laas: (ار، مذ) موٹا کپڑا، ٹاٹ، سنڈری ایک آلہ جس سے پیچ وغیرہ کو پکڑتے ہیں۔

پلاسٹر pa-laas-tar: (ار، مذ) انگریزی Plaster، کا مواد، استرکاری، لیپ

پلاسٹک pi-laas-Tik: (انگ، مذ) Plastic، ایک مرکب جس سے کھلونے اور دوسری اشیاء تیار ہوتی ہیں آگ سے جلد متاثر ہوتا ہے۔

پلانا pi-laa-na(a): (ار، مص) کوئی سیال مادہ پینے کے لیے دینا، داخل کرنا، جذب کرنا۔

پلاؤ pu-laa-au/o: (ف، مذ) گوشت کی یخنی میں پکے ہوئے چاول۔

پلائی pi-laa-i(i): (ار، مث) دودھ پلانے والی انا، دایہ، رضائی ماں، آیا، وہ لڑکی جس کو دوسری عورت کا دودھ پلایا جائے۔

پلپلا pil-pi-la(a): (ہ، صف) نرم، ملائم، پلپلا، انسان کے جسم کا وہ گوشت جو بغیر دبائے نرم ہو گیا ہو۔ وہ پھل خصوصاً آم جو چوٹ کھانے کے بعد دب جانے یا رکھے رہنے سے تر ہو، مث: پلپلی۔

پلپلانا pil-pi-laa-na(a): (ار، مص) منہ میں

چوسنا سوڑوں یا اگلے دانتوں سے دبا کر نرم کرنا، بغیر جبائے کھانا۔

پلٹ pa-laT: (ہ، مص) گھماؤ، گردش، چکر، واپسی

پلٹ آنا pa-laT aa-na(a): (ار، مص) واپس آنا۔

پلٹ پڑنا pa-laT paR-na(a): (ار، محاورہ) ایک طرف سے دوسری طرف ہو جانا، جاتے جاتے لوٹ پڑنا۔

پلٹ کر دیکھنا pa-laT-kar-dekh-na(a): (ار، محاورہ) مڑ کر دیکھنا۔

پلٹا pal-Ta(a): (ار، مذ) گردش، انقلاب، گھماؤ، چکر، بدلہ، انتقام، وہ آلہ جس سے پوری کچوری کو پکتے وقت پلٹتے ہیں۔

پلٹا کھانا pal-Taa khaa-na(a): (ار، محاورہ) تبدیل ہو جانا، ایک حالت سے دوسری حالت میں ہو جانا، الٹ پلٹ ہو جانا، ایک رخ سے دوسرے رخ ہو جانا، گھومنا، چکر لگانا۔

پلٹا لینا pal-Taa le-na(a): (ار، محاورہ) ایک حالت بدل کر دوسری حالت اختیار کرنا۔

پلٹس pul-tis: (انگ، مٔ) لیپ / ضماد پری، وہ مٹی جو السی اور گرم اشیاء کو ملا کر پکاتے ہیں اور مواد پکانے کی غرض سے پھوڑے پر باندھتے ہیں۔

پلٹن pal-Tan: (انگ، مٔ) Platoon، پیادہ فوج کا دستہ جس میں قریباً ہزار سپاہی ہوتے ہیں۔

پلٹنا pa-laT-na(a): (ار، مص) الٹنا، پھرنا، انکار کرنا، واپس ہونا، لوٹنا، منکر ہونا، زبان سے پھر جانا، وعدہ خلافی کرنا۔

پلٹی pal-Ti(i): (ہ، مٔ) پلٹا کی تانیث، قلابازی، بازی گروں کی ایک طرح ورزش، سر نیچے اور پاؤں اوپر کر کے چھلانگ لگانا۔

پلڑا pal-Ra(a): (ار، مذ) باٹ، ترازو کا وہ حصہ جس پر سامان یا باٹ رکھا جائے، کنارہ، گوٹ پیل، پلا، اسم تصغیر: پلڑی۔

پلسٹر pa-las-tar: (انگ، مذ) دیکھیے 'پلاسٹر'۔

پلک pa-lak: (ف، صف) آنکھ کا پپوٹا، آنکھ کے پپوٹے کے بال، مژہ۔

پلک بھیگنا pa-lak-bhiig-na(a): (ار، محاورہ) پلک آنسوؤں سے تر ہو جانا، آنکھ میں آنسو آ جانا۔

پلک جھپکتے / جھپکانے میں pa-lak-jha-pak-te (ار، متعلق فعل) ذرا سی دیر میں، فوراً، جلد، بہت جلد۔

پلنا pal-na(a): (ہ، مذ) پالنا کا مخفف، گہوارہ، جھولا، مہد۔

پلنا pal-na(a): (ار، مص) پرورش پانا، تعلیم و تربیت پانا، بڑھنا، جمع ہونا، گرمی سے نرمی ہو جانا، پلپلا ہو جانا، سبزی یا پھل کا گلنے کے قریب ہونا۔

پلنا pil-na(a): (ہ، مذ) کچلا جانا، تیل نکلنا، کولہو میں پسنا، نہایت محنت کرنا، بڑی کوشش کرنا، لڑنے پر آمادہ ہونا، خطرے کی جگہ دلیری سے جانا، حملہ آور ہونا۔

پلندا pu-lan-da(a): (ہ، مذ) گڈی، بنڈل، گٹھڑی، پیکٹ۔

پلنگ pi-lang: (ف، مذ) ایک درندہ جس کے بدن پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں، چیتا۔

پلنگ pa-lang: (ہ، مذ) چارپائی، مسہری، بڑی چارپائی۔

پلنگ پوش pa-lang-posh: (ار، مذ) وہ چادر جو بستر کی حفاظت کی خاطر پلنگ پر ڈالی جاتی ہے۔

پلنگ توڑ pa-lang-toR: (ار، صف) وہ آدمی جو پلنگ پر بیٹھا کھائے اور کوئی کام نہ کرے، کاہل، سست (مٔ) مقوی۔

پلنگڑی pa-lan-gi-Ri(i): (ھ،مث) پلنگ کی تصغیر۔

پلّو pal-lu(u): (ھ،مذ) آنچل، دامن، کنارہ، چوڑا ٹھیا، چوڑی گوٹ۔

پلوانا pil-vaa-na(a): (ار،مص) پلانا کا متعدی، پیلنا کا متعدی۔

پلوٹھی pa-lau-Thi: (ار،مث) ابتدا، شروع، پہلے پہل، مثلاً پلوٹھی کا لڑکا یا لڑکی۔

پلوَل pal-val: (ھ،مذ) ایک قسم کی ترکاری، ایک قسم کا کھیرا، ایک قسم کی ککڑی۔

پلوَل pal-val: (ار، مث) (انگریزی پیرول Parole کا بگاڑ) وہ خاص لفظ یا الفاظ جو شناخت کے لیے پہرہ والوں کو بتائے جاتے ہیں۔ میل جول۔

پلّہ pal-lah: (ف، مذ) سیڑھی، زینہ، ترازو کا پلڑا، درجہ، مرتبہ، پہلو، جانب۔

پلّہ کش pal-lah-kash: (ف،صف فاعلی) طرف دار، جانبدار، اسم کیفیت مث: پلہ کشی۔

پلّی pal-li(i): (ھ،مث) گھی، تیل وغیرہ نکالنے کا آلہ، کھڑے دستہ کی پیالی جس سے سیال اشیاء برتن سے نکالتے ہیں۔

پلی پلی جوڑنا pa-li pa-lijoR-na(a): (ار،محاورہ) تھوڑا تھوڑا، جمع کرنا، کنجوسی سے مال جمع کرنا۔

پُلی pu-li(i): (ار، مث) پُل کی تصغیر، چھوٹا پل (انگ) Pully چرخی۔

پلّے باندھنا pal-le baandh-na(a): (ار، محاورہ) آنچل میں باندھنا، بندھنا، ذمہ ڈالنا/پڑنا، بیاہ دینا/پڑنا، بیاہ دینا/دیا جانا، بیاہنا، بیاہا جانا، عقد میں لانا، بات یاد رکھنا/رہنا اور اس پر عمل کرنا/ہونا۔ الزام لگانا/لگنا۔

پلّے پر ہونا pal-le-par ho-na(a): (ار،محاورہ) فاصلے پر ہونا، ترازو کے پلڑے پر ہونا تاکہ وزن بھاری ہو جائے، حمایت لینا، طرفدار ہونا، مددگار ہونا۔

پلّے پڑنا pal-le-paR-na(a): (ار، محاورہ) ہاتھ لگنا، حصہ میں آنا، بس میں آنا، بیاہ ہو جانا، سمجھ میں آنا، ساتھ ہونا۔

پلّے دار pal-le-daar: (ار، ف، صف فاعلی) مزدور، حمّال، بوجھ اٹھانے والا، (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے)

پلّے ہونا pal-le-ho-na(a): (ار،محاورہ) گرہ میں ہونا، مال دار ہونا۔

پُلیا pul-ya(a): (ار،مث) پُل کی تصغیر، چھوٹا پُل۔

پلیت pa-liit: (ھ،صف) فارسی پلید کا بگاڑ، گندہ، ناپاک، کنجوس، بخیل، پریت کا بگاڑ، جن، بھوت۔

پلیتہ pa-lii-ta(a): (ف، مذ) فتیلہ / فلتیہ، چراغ کی بتی، موٹی بتی، بٹا ہوا کاغذ یا کپڑا جو سیانے یا عامل دھونی دینے کے لیے جلاتے ہیں۔ ایک قسم کی کپڑے کی بتی جو بیچ شاخوں میں لگا کر جلاتے ہیں وہ بتی جو پٹاخوں میں لگی ہوتی ہے بارود لگا ہوا ڈورا جس میں آگ لگا کر آتش بازی یا بندوق چھوڑتے ہیں۔

پلیتھن pa-le-than: (ار، مذ) سوکھا آٹا جو روٹی پکاتے وقت پیڑوں پر لگاتے ہیں۔

پلیتھن نکالنا / نکلنا pa-le-than ni-kaal-na(a): (ار، محاورہ) بہت مارنا پیٹنا / پٹنا، بھرکس نکالنا/نکلنا، ٹھیک بنانا/بنا، مار مار کر ادھ موا کر دینا، مار کھا کر ادھ مُوا ہو جانا۔

پلیٹ pa-leT: (انگ، مث) Plate بڑی رکابی، قاب، تہ، شکن، تہی۔

پلیٹ فارم pa-leT-faarm: (انگ، مذ) Plate

form، چبوترہ، سطح، وہ چبوترہ جس کے آگے ریل گاڑی کھڑی ہوتی ہے۔ اور مسافر اترتے اور سوار ہوتے ہیں۔ وہ چبوترہ جس پر کھڑے ہو کر مقرر تقریر کرتا ہے۔

پلید pa-liid: (ف، صف) ناپاک، نجس، گندہ، غلیظ (ار، مذ) بھوت، اسم کیفیت مث: پلیدی۔

پلیڈر pi-lii-Dar: (انگ، مذ) Pleader، وکیل، وکالت کرنے والا، عدالت میں مقدمہ پیش کرنے والا

پلیگ pi-leg: (انگ، مذ) ایک مہلک مرض جو زہریلے مرض جو زہریلے پسو کے کاٹنے سے پیدا ہوتا ہے۔

پ-م

پمپ pamp: (انگ، مذ) Pump پانی کا نل، ہوا بھرنے کی نالی، گرگابی۔

پمپی pam-pi(i): (ار، مث) جوتی کی ایک قسم، گرگابی۔

پمفلیٹ pam-fi-leT: (انگ، مذ) pamphlet رسالہ، چھوٹی کتاب۔

پ-ن

پِن pin: (انگ، مث) Pin سوئی، وہ سوئی جس کے سر پر ٹوپی سی بنی ہوتی ہے اور اس سے کاغذ وغیرہ ٹانکتے ہیں۔

پُن pun: (س، مذ) خیرات، ثواب کا کام (افعال: کرنا، ہونا)

پَین / پِین pain/pen: (انگ، مذ) Pen، قلم لکھنے کا آلہ۔

پَن pan: (ار، لاحقہ) لاحقہ اسم کیفیت جو کسی صفت، اسم کے بعد آ کر اسے اسم کیفیت یا حاصل مصدر بنا دیتا ہے، مثلاً بچپن، لڑکپن وغیرہ۔

پَن بھتا pan-bhat-ta(a): (ار، مذ) اُبلے ہوئے چاول جن کو شربت میں ڈال کر پیتے ہیں۔ پتلے پکے ہوئے چاول۔

پن چکی pan-chak-ki(i): (ار، مث) پانی کے زور سے چلنے والی چکی۔

پن ڈبا pan-Dib-ba(a): (ار، مذ) پان رکھنے کا ڈبا۔

پن ڈبی pan-dab-bi(i): (ہ، مث) ایک آبی پرندہ جو مچھلی کا شکار غوطہ مار کر کرتا ہے۔ ایک قسم کی مرغابی۔

پنسال pan-saal: (ہ، مث) سبیل، پانی پلانے کی جگہ، پانی ناپنے کا آلہ، زمین سطح کرنے کا آلہ۔

پن سوئی pan-suu-i(i): (ہ، مث) چھوٹی کشتی، ڈونگا۔

پن سیرا pan-se ra(a): (ہ، مذ) پانچ سیر کا باٹ، پانچ سیر کھانا پکانے کا دیگچہ۔

پن سیری pan-se-ri(i): (ہ، مث) پانچ سیر وزن، پانچ سیر کا وزن۔

پن کپڑا pan-kap-Ra(a): (ہ، مذ) وہ کپڑا جو تر کرکے زخم پر باندھتے ہیں۔

پن کٹی pan-kaT-Ti(i): (ہ، مث) ایک قسم کا آلہ جس میں پان کوٹ کر کھاتے ہیں۔

پن کوا pan-kav-va(a): (ہ، مذ) ایک قسم کی مرغابی۔

پنگھٹ pan-ghaT: (ہ، مذ) پانی بھرنے کی جگہ، پانی بھرنے کا گھاٹ۔

پنواڑی pan-vaa-Ri(i): (ہ، مذ) پان بیچنے والا

(مث) وہ جگہ جہاں پان وغیرہ بہ کثرت ہوں۔

پنہارا pan-haa-ra(a): (ہ، مذ) پانی بھرنے والا، مث: پنہارن/پنہاری۔

پنا pa-na(a): (ار، لاحقہ) لاحقہ اسم کیفیت جو کسی اسم یا صفت کے بعد آ کر اُسے اسم کیفیت یا حاصل مصدر بنا دیتا ہے مثلاً بچپنا، چوڑائی، عرض۔

پنّا pan-na(a): (ہ، مذ) ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر، زمرّد، آم یا املی کی ترشی میں ملا ہوا کچا شربت، جوتی کے اوپر کا چمڑا، اوگی ورق۔

پتا pa-ta(a): دھات کا ورق۔

پناہ pa-naa(h): (ف، مث) حمایت، سہارا، دیوار کا سایہ، امن کی جگہ، بچاؤ، حفاظت (افعال: دینا، لینا، مانگنا، ملنا)

پناہ گاہ pa-naah-gah(h): (ف، مث) پناہ کی جگہ، حفاظت کی جگہ۔

پناہ گیر pa-naah-giir: (ف، صف، فاعلی) پناہ لینے والا، کسی کی حفاظت میں آنے والا۔

پنبہ pam-bah: (ف، مذ) روئی، کپاس۔

پنبہ دانہ pam-bah-daa-na(h): (ف، مذ) بنولا، کپاس کا بیج۔

پنبہ دہن / دہان pam-ba(h)da-han: (ف، صف) کم گو، کم سخن، کم بولنے والا۔

پنپی pan-pi(i): (ار، مذ ق) اینٹیں جوڑنے کا مسالہ۔

پنپنا pa-nap-na(a): (ار، مص) سرسبز ہونا، تروتازہ ہونا، ترقی کرنا۔

پنتھ panth: (ہ، مذ) فرقہ، قوم، ملت، مذہب، دین، مت، دھرم، گروہ، راہ، راستہ، سڑک، باٹ۔

پنتھی pan-thi(i): (ہ، مذ) پنتھ والا، دھرمی، مذہبی، دیندار، ہم مذہب، ایک جماعت کا فرقہ۔

پنج panj: (ف، عدد) پانچ۔

پنج تن panj-tan: (ف، مذ) مسلمانوں کی پانچ متبرک شخصیتیں، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت فاطمہؓ، حضرت امام حسینؓ، حضرت امام حسنؓ۔

پنج روزہ panj-ro-za(h): (ف، صف) پانچ دن کا، چند روزہ، دنیا کی مختصر زندگی، ناپائیدار۔

پنج سورہ panj-suu-ra(h): (فع، مذ) قرآن مجید کی پانچ سورتوں کا مجموعہ۔

پنج شاخہ panj-shaa-Ka(h): (ف، مذ) لوہے کا پنجہ جو بانس کی لکڑی میں لگا کر فلیتے روشن کرتے ہیں۔ پانچ بتیوں والی مشعل۔

پنج شنبہ panj-shan-ba(h): (ف، مذ) جمعرات۔

پنج عیب panj-(?)aib: (ف، مذ) وہ گھوڑا جس میں پانچ عیب ہوں یعنی منہ زور، شب کور، کہنہ لنگ، جنتر، کری۔

پنج عیب شرعی panj-(?)aib-shar(?)ii: (فع، مذ) پانچ شرعی عیب یعنی چوری، زنا، قمار بازی، دروغ گوئی، شراب خوری، کُل عیب تمام برائیاں۔

پنج گانہ panj-gaa-na(h): (ف، مث) پانچوں وقت کی نماز۔

پنج گوشیا panj-go-shi-ya(a): (ف، ار، مث) پانچ کونوں والی ٹوپی جسے شرفائے لکھنو پہنتے تھے۔

پنجم pan-jam: (ف، صف، ترتیبی) پانچواں، پانچویں، محصول جو سوداگروں سے حکومت لیتی تھی۔

پنج ند panj-nad: (ف، ار، مذ) پانچ دریاؤں والا، مغربی پاکستان کا وہ مقام جہاں پانچ دریا ملتے ہیں۔

پنج نوبت panj-nau-bat: (ف، مث) پانچ وقت کی نوبت جو بادشاہوں اور امیروں کے محل پر

بجائی جاتی تھی۔

پنجاب pan-jaab: (ف، مذ) متحدہ ہندوستان کا ایک صوبہ جس میں پانچ دریا جہلم، چناب، راوی، بیاس اور ستلج بہتے ہیں۔ اب اس کا مشرقی حصہ بھارت میں اور مغربی حصہ پاکستان میں شامل ہے۔

پنجارا pan-jaa-ra(a): (ار، مذ، ق) روئی دھنکنے والا۔

پنجر pan-jar: (ہ، مذ) ڈھانچا، قالب، پسلی۔

پنجرہ panj-rah: (ف، مذ) قفس، پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں سے بنا ہوا گھر، قالب انسانی۔

پنجری panj-ri(i): (ار، مث) پنجرہ کی تصغیر، ق، شکاری۔

پنجہ pan-ju(u): (ف، مذ) پانچ سے منسوب، ہاتھ پاؤں کی پانچ انگلیاں، چنگل، پنج شاخہ، لپ، مٹھی، آدمی کے ہاتھ کی شکل کا چاندی کا نشان جو علم کے ساتھ بانس میں لگا ہوتا ہے۔ قبضہ، گرفت۔

پنجۂ آفتاب / خورشید Pan-jae-aaf-taab: (ف، مذ) سورج کی کرنیں جو ہاتھ کے پنجے سے مشابہ ہوتی ہیں۔

پنجہ لڑانا pan-ja(h) la-Raa-na(a): (ار، محاورہ) آدمی کے پنجہ میں پنجہ ڈال کر زور آزمائی کرنا۔

پنجہ کش pan-ja(h)-kash: (ف، صف فاعلی) پنجہ کرنے والا، وہ لوہے کا پنجہ جس میں ہاتھ ڈال کر پنجہ لڑانے کی مشق کرتے ہیں۔ جانور اسم کیفیت، مث: پنجہ کشی۔

پنجہ مارنا pan-ja(h) mar-na(a): (ار، محاورہ) چنگل مارنا، جھپٹا مارنا، قابو کرنا۔

پنجۂ نگاریں panj-ja(a) ni-gaa-riiN: (ف، مذ) معشوق کا ہاتھ، سجا ہوا پنجہ، خوبصورت ہاتھ۔

پنجی pan-ji(i): (ار، مث) پنج شاخہ، ملاحظہ ہو، تاش کا وہ پتا جس پر پانچ نشان بنے ہوں۔

پنجھرا pin-jil-ra(a): (ہ، مذ) برتن میں ٹانکا لگانے والا، برتن جھالنے والا، قلعی گر۔

پنجھری pin-jii-ri(i): (ہ، مث) پانچ چیزوں کا مرکب، خشک حلوہ جس میں سوجی گھی سونٹھ، کھانڈ اور گوند ہوتے ہیں، وہ گوند کھانے وغیرہ جو زچہ کو کھلاتے ہیں۔

پنچ panch: (ہ، عدد) پانچ کا مخفف۔

پنچ panch: (ہ، مذ) حاکم، ثالث، سردار، صلاح کار مشیر، عام لوگ، دلال، برادری کا چودھری (مث) کمان۔

پنچ تنتر panch-tantr: (س، مذ) جانوروں کے قصوں کی مشہور کتاب جو فارسی میں انوار سہیلی اور عربی میں کلیلہ ودمنہ کے نام سے ترجمہ ہوئی۔

پنچا pan-cha(a): (ہ، مذ) دو دستے والی لکڑی جس میں پانچ شاخیں لگی ہوتی ہیں۔ جس سے کسان کٹی ہوئی فصل کو ہلاتے ہیں۔

پنچال pan-chaal: (ار، صف، ق) ہوشیار، مکار، جیٹھک، اسم کیفیت، مث: پنچالی۔

پنچایت pan-chaa-yat: (ہ، مث) پنچوں کی مجلس، جھگڑا سنانے کا جلسہ بھائی بندوں کی مجلس، جھگڑا دور کرنے کی سبھا، صلاح مشورہ، ثالثی، شور وغل، ہجوم، مجمع، گروہ، بلڑ۔

پنچایت نامہ pan-chaa-yat-naa-ma(h): (ار، ف، مذ) پنچوں کا کیا ہوا تحریری فیصلہ پنچوں کی تجویز۔

پنچایتی pan-chaa-e-ti(i): (ار، صف) پنچائت سے متعلق، پنچوں سے منسوب، وقف مال، شاملات کا، ساجھے کا، نطفہ حرام۔

پنچم pan-cham: (ہ، مذ) موسیقی کے ساتھ سروں

میں سے پانچواں سر جس کی علامت پا ہے۔ اس کا مخرج دل اور آواز کومل سی ہے۔ مارواٹھاٹھ کا ایک راگ اس کی آروہی میں پانچ اور امروہی میں ساتھ سر لگتے ہیں۔

پنچمی panch-mi(i): (س،مث) ہر پاکھ یا ہر پندر واڑہ کی پانچویں تاریخ۔

پنچھالا pan-chhaa-la(a): (ہ،صف) ہر وقت ساتھ رہنے والا، وہ بچہ جو ہر وقت ماں کے پیچھے پھرے، نوکر، خدمت گار، مصاحب خوشامدی، کنکوے کی دم۔

پنچھڑی paNch-Ri(i): (ار، مذ) پت جھڑ، خزاں کا موسم۔

پنچھی pan-chi(i): (ہ، مذ) پرندہ، پکھیرو، وہ آدمی جو ہر جگہ پھرتا رہتا ہے۔ سیدھا سادہ، سادہ لوح۔

پند pand: (ف، مث) نصیحت، ہدایت، نیک صلاح۔

پندار pin-daar: (ف، مذ) خیال، تصور، غرور، نخوت، غور، فکر۔

پندرہ pan-da-ra(h): (ار، عدد) دس اور پانچ کا مجموعہ (15)

پندرواں / پندرھواں pan-dar-vaaN: (ار، عدد، ترتیبی) ترتیب کے لحاظ سے چودہ کے بعد کا درجہ۔

پنڈ pinD: (ہ، مذ) جسم، بدن، تن، آٹے چاول کا گولا جس کو ہندو مردوں کے نام پر دریا میں چھوڑتے ہیں یا گائے کو کھلاتے ہیں، آبادی، بستی، گاؤں۔

پنڈ چھٹنا / چھوٹنا pinD-chhuuT-na(a): (ار، محاورہ) ذمہ داری سے بری ہونا پیچھا چھوٹنا، رہائی ہونا، بے تعلق ہونا، واسطہ چھٹنا، الگ ہونا، جدا ہونا۔

پنڈ چھڑانا pinD-chhu-Raa-na(a): (ار، محاورہ) پیچھا چھڑانا، بچنا، نجات دینا، بچانا۔

پنڈا pan-Da(a): (ہ، مذ) مندر کی خدمت کرنے والا پروہیت، برہمنوں کی ایک قوم کا نام۔

پنڈا pin-Da: (ہ، مذ) جسم، بدن، گولا، گول چیز۔

پنڈال pin-Daal: (ہ، مذ) بڑا شامیانہ جس کے نیچے چاروں طرف قناتیں لگا کر گھیر دیتے ہیں۔ تاکہ لوگ بیٹھ سکیں، جلسہ کے لیے بنایا جانے والا عارضی مکان۔

پنڈت pan-Dit: (س، مذ) عالم، دانا، اُستاد، معلم، مذہبی قانون دان، جوتشی، نجومی، برہمنوں کا تعظیمی لقب مث پنڈتانی، اسم کیفیت مث: پنڈتائی۔

پنڈت خانہ pan-Dit-Kaa-na(h): (ہ، ف، مذ) بندی خانہ، قید خانہ، قمار خانہ، جوا کھیلنے کا اڈا۔

پنڈلی pinD-li(i): (ہ، مث) ٹانگ کا وہ حصہ جو ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان ہوتا ہے، ساق۔

پنڈول pin-Dol: (ہ، مث) ایک قسم کی سفید مٹی جو دیواروں پر سفیدی کے بجائے پھیرتے ہیں جس کو پہلوان سینے پر بھی ملتے ہیں۔

پنڈولم / پنڈلم pin-Do-lam: (انگ، مذ) Pendulum لٹکن، لنگر، گھڑی کی لٹکن۔

پنساری pan-saa-ri(i): (ہ، مذ) عطار دوا فروش، نمک مرچ، مصالحے بیچنے والا۔

پنسل pen-sil: (انگ، مث) Pencil، سرمہ یا سکے کا قلم، لکڑی یا دھات کا قلم جس کے اندر سیلنے کی سلاخ ہوتی ہے، پتھر کی چھوٹی سی سلاخ جس سے سلیٹ پر لکھتے ہیں۔

پنسلین pen-si-liin: (انگ، مث) Penicilline ایک مشہور جراثیم کش دوا۔

پینشنر pen-shi-nar: (انگ، مذ) Pensioner وظیفہ پانے والا، پنشن پانے والا۔

پنچر pan-char: (انگ، مذ) Puncture، سوراخ، چھید۔

پنکھ pankh: (ھ، مذ) پر، بازو، بال، دامن، آنچل۔

پنکھا pan-kha: (ار۔مذ) ہوا جھلنے کا آلہ، بیجنا، بادکش (افعال: جھلنا، کرنا، کھینچنا، ہلانا، ہونا) تصغیر، پنکھی، پنکھیا۔

پنکھڑی pankh-Ri(i): (ھ،مث) پھول کی پتی، ورق، بازو، پرخرچے کے چکر کا ایک حصہ، پروانہ (فرہنگ اثر)

پنکی pin-ki: (ھ،مث) نشہ کی وہ کیفیت جو افیم کھانے سے پیدا ہوتی ہے، صف: وہ شخص جو افیم کے نشہ میں مبتلا ہو۔

پنگ پانگ piNg-paaNg: (انگ، مذ) Ping-pong، مغربی کھیل جو میز پر چھوٹے بلّے اور گیند سے جال لگا کر کھیلا جاتا ہے۔

پنگا paN-ga(a): (ھ،مذ) تنکا، لکڑی، انگا، خرابی، دقت، مصیبت، بیر۔

پنگا paN-ga(a): (ھ،صف) ٹیڑھے پیروں والا، چلنے سے عاجز۔

پنگت / پنگتی paNg-ti(i): (س، مث) صف، قطار، گروہ، مجمع، جماعت، پارٹی۔

پنّا pun-na(a): (ار،مص) روئی صاف کرنا یا دھتکار، گالیاں دینا، بے عزتی کرنا۔

پنہاں pin-haaN: (ف،صف) چھپا ہوا، پوشیدہ۔

پنہانا pan-haa-na(a): (ھ،مص) دودھ دہتے وقت تھن پانی سے دھونا، تھن نرمانا۔

پہنانا peh-na-na(a): (ھ، مص) جو زیادہ فصیح ہے، بدن پر کپڑے چڑھانا۔

پنّی pan-ni(i): (ھ،مث) چاول کے آٹے اور گڑ کا لڈو، بھنے گیہوں اور گڑ کا لڈو، نشاستہ، مونگ ماش اور السی وغیرہ کا لڈو۔

پنیالا pan-yaa-la(a): (ھ،مذ) ایک میوے کا نام جو عنابی رنگ کا جامن کے برابر ہوتا ہے، پانی کا۔

پنیر pa-niir: (ار، مذ) انگریزی Spaniel ایک قسم کا کتا جو شکار کی بو پر پہنچتا ہے۔

پنیر pa-niir: (ف،مذ) دودھ کو پھاڑ کر بنایا ہوا نمکین مادہ، نچوڑا ہوا دہی۔

پنیری pa-nii-ri(i): (ھ،مث) چھوٹے چھوٹے بوٹے، ذخیرہ، پود، کھٹے کا دوڑا، جو پوست اور دانوں کے درمیان ہوتا ہے۔

پنیلا panii-la(a): (ھ،صف) پانی کا، پانی والا، ایک قسم کا کیڑا۔

پ۔و

پو pau: (ھ،مث) سپیدۂ صبح، نور کا تڑکا، سویرا۔ (افعال: پھٹنا، پھوٹنا) نرد بازوں کی اصطلاح میں پانسے کا داؤں جس میں طاق عدد آتے ہیں، یا دس بیس پچیس تیس، پاؤ کا مخفف، ایک چوتھائی۔

پو بارہ / بارے pau-baa-rah: (ار، محاورہ) بارہ پاؤ کی ایک پاؤ کا حاصل ہر طرح سے جیت، اقبال مندی، خوش قسمتی (افعال: ہونا)

پو قدم، قدمی، پاؤ قدم pau-qadam: (ار،مث) وہ چال جس میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھے جائیں۔

پوا pa-uu-aa: (ار، مذ) چار چھٹانک کا باٹ، سیر کا چوتھائی، شراب کی بوتل کا چوتھا حصہ، وہ بوتل جس میں پاؤ سیال چیز سما سکے، چوتھائی۔

پوپ pop: (انگ، مذ) Pope، دیکھیے 'پاپا'۔

پوپٹ po-paT: (ار، مذق) طوطا۔

پوپلا pop-la(a): (ار، صف، مذ) بے دانت کا جس کے دانت گر گئے ہوں، مث: پوپلی

پُوت / پو (واو مجہول سے) pot: (ہ، مذ) شیشے یا کانچ کے دانے، کانچ کا چھوٹا دانہ جس میں سوراخ ہو، باری، نوبت (پوت۔ایک قسم کا نفیس کپڑا)

پوت pot: (بہ واو مجہول) (ار، مذ) دیکھیے 'پوتا' جس کا یہ مخفف ہے اور مرکبات میں مستعمل ہے۔

پُوت بہو puut-ba-hu(u): (ار، مث) پوتے کی بیوی۔

پُوت puut: (ہ، مذ) بیٹا، پسر، فرزند۔

پوتا po-ta: (ار، مذ) بیٹے کا بیٹا مث: پوتی، پچارا، وہ کپڑا جس کو سفیدی یا پنڈول میں لت کرکے لپی ہوئی جگہ پر صفائی کی خاطر پھیرتے ہیں۔ وہ کپڑا یا کوچی جس سے سفیدی یا لپائی کرتے ہیں۔ سفید مٹی جس کو پانی میں گھول کر دیوار پر پھیرتے ہیں۔ زمین کا محصول، لگان۔

پَوتر pa-vitr: (س، صف) پاک، صاف، مقدس۔

پوتڑا pot-Ra(a): (ہ، مذ) وہ کپڑا جو شیر خوار بچے کے نیچے، بچھاتے ہیں تا کہ پیشاب یا پاخانہ اسی پر گرے۔

پوتنا pot-na(a): (ار، مص) پوتا پھیرنا، کوچی پھیرنا، پچارا پھیرنا، مذ: کوچی، پچارا۔

پُوتوں پھلے puu-tauN pha-le: (ار، کلمہ دعا) کثرت سے بیٹے پیدا ہوں۔

پوتھا po-tha(a): (س، مذ) بڑے حجم کی قلمی کتاب جس کے ورق لیے علیحدہ علیحدہ رکھ کر بیچ میں سے سی دیے گئے ہیں۔

پوتھی po-thi(i): (ہ، مث) کتاب، ہندوؤں کی مذہبی کتاب، علم نجوم کی کتاب، علم موسیقی کی کتاب، لہسن کی گٹھی۔

پوتھیا poth-ya(a): (ہ، مث) تمباکو کی تھیلی جسے گنوار پگڑی میں رکھ لیتے ہیں۔

پوٹ poT: (ہ، مث) گٹھڑی، انبار، بوجھ، پشتارہ، ضمن، دو ورقوں کے درمیان کی سادی جگہ، کفن کی چادر، زیادتی کثرت افراط، جیسے غم کی پوٹ، کتاب کے ورقوں کی وہ جگہ جو جزو بندی کی خاطر سادہ چھوڑ دی جائے۔

پوٹ کی چادر poT kii chaa-dar: (ار، مث) کفن کے اوپر کی چادر۔

پوٹا po-Ta(a): (ہ، مذ) پرندوں کا معدہ، پرندہ کا بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں، طاقت، بساط، حوصلہ۔

پوٹاش po-Taash: (انگ، مذ) Potash، پوٹاشیم، کاربن، آکسیجن کا مرکب۔

پوٹلا poT-la(a): (ہ، مذ) بڑا، بنڈل، گٹھڑ، تصغیر: پوٹلی۔

پوٹی po-Ti(i): (ار، مذ ق) سہارا، مقابلہ (افعال: دینا)

پُوجا puu-ja(a): (ہ، مث) پرستش، عبادت، بندگی، سیوا، خدمت، ٹہل، نذر، نیاز، بھینٹ، چڑھاوا، قربانی۔

پُوجا پاٹ puu-jaa-paaT: (ہ، مث) عبادت، پرستش۔

پُوجنا / پُوج آنا / پُوج بیٹھنا puuj-na(a): (ار، محاورہ) ناحق کسی کو روپیہ دیدینا، عبادت کرنا، عزت کرنا، مہمان کی خاطر تواضع کرنا۔

پوچ poj: (ف، صف) لغو، بیہودہ، مہمل، ذلیل، حقیر، پاجی، کمینہ، نیچ۔

پوچ گو poj-go: (ف، صف) احمق، فضول بکنے والا، اسم کیفیت مث: پوچ گوئی / مغزی۔

پُوچھ puuch: (ہ، مث) دریافت، پرسش، تلاش،

حرمت، توقیر۔

پُوچھ گچھ puuch-gachh: (ار، ست) تحقیق، تفتیش، خاطر تواضع، عزت، حرمت، قدر و منزلت۔

پُوچھنا puuchh-na(a): (ار، مص) دریافت کرنا، معلوم کرنا، بیمار کا حال دریافت کرنا، اجازت حاصل کرنا، عزت کرنا، خبر لینا، مدد کرنا۔

پُوچھنا گچھنا puuchh-na gachh-na(a): (ار، محاورہ) پرسش کرنا، دریافت کرنا۔

پَود paud: (ھ، مث) چھوٹا درخت، چھوٹا پودا جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگایا جا سکے (افعال: جمانا، جمنا) نسل اولاد، خاندان۔

پَودا pau-da(a): (ار، مذ) بوٹا، چھوٹا درخت، بلبل کی چٹکی میں باندھنے کا پھندا، وہ جگہ جہاں سے سوار باگ پکڑتے ہیں۔ (افعال: لگانا)

پودنا pod-na(a): (ھ، مذ) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

پودینہ po-di-na(a): (ف، مذ) ایک قسم کی تیز خوشبودار بوٹی۔

پَوڈر pau-Dar: (پاؤڈر) (انگ، مذ) بُرادہ، سفوف، منہ پر ملنے خوشبودار سفید سفوف، powder

پور por: (ار، مث) انگلی کا جوڑ، بند انگشت، انگلی کے تین ٹکڑوں میں سے ایک — لاٹھی، بانس یا گنے وغیرہ کی دو گرہوں کے درمیان کا فاصلہ۔

پُور puur: (ار، مذ) گاؤں، بستی، آبادی، چنے یا ماش کی دال جو کچوری میں ڈالتے ہیں۔ پکوان وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑھائی میں ڈالتے ہیں۔

پورا po-ra(a): (واو معروف سے) (ار، صف) تجربہ کار، کامل، ٹھیک، درست، کل، سب، بکمال، کامل، پکا، مضبوط، کافی۔

پُورا puu-ra(a): (واو معروف سے) (ار، صف) تجربہ کار، کامل، ٹھیک، درست، سب، باکمال، کامل، پکا، مضبوط، کافی۔

پُورا اترنا puu-ra u-tar-na(a): (ار، محاورہ) وزن میں ٹھیک ہونا، جانچ میں صحیح ثابت ہونا، منشا کے مطابق ہونا، کام کا خاطر خواہ انجام پانا۔

پُورا پڑنا puu-ra-paR-na(a): (ار، محاورہ) کافی ہونا، کمی پوری ہونا، اچھی طرح گزر ہونا، فراغت سے بسر ہونا۔

پُورا کرنا / کر دینا puu-ra kar-na(a): (ار، محاورہ) مکمل کرنا، تسلی کرنا، انجام تک پہنچانا، نقصان بھر دینا۔

پُورب puu-rab: (ھ، مذ) مشرق، سورج نکلنے کی سمت، وہ علاقہ جو گنگا کے مشرق میں واقع ہے۔ مث: پوربن۔

پُوربی puur-bi(i): (ھ، صف) پورب سے منسوب، پورب کا رہنے والا، مشرقی (مث) پورب میں بولی جانے والی زبان تمباکو کی ایک قسم، چاول کی ایک قسم، مغرب سے کچھ پہلے گائی جانے والی ایک راگنی۔

پُوربیا puu-rab-ya(a): (ھ، مذ) پورب کا باشندہ، گنگا کے مشرقی ملک کا باشندہ۔

پورٹیبل por-Te-bil: (انگ، صف) Portable جس کو اٹھا کر لے جا سکیں، سفری۔

پُورن ماشی puu-ran-maa-shi(i): (ھ، مث) چاند کے پورے ہونے کی تاریخ، چودھویں رات۔

پورنا por-na(a): (ھ، مص) بننا، بھرنا، پھیلانا، روئی میں چنے یا ماش وغیرہ کی دال ڈالنا۔

پوری po-ri(i): (بہ واو مجہول) (ھ، مث) بانس یا گنے وغیرہ کی وہ جگہ جو دو گرہوں کے درمیان ہوتی ہے۔

پُورے دن puu-re-din: (ار، مذ) نو مہینے، حمل کا

نواں مہینہ، پوری مدت کا حمل۔

پُورے دنوں سے ہونا puu-re-di-nauN se ho-na(a): (ار، محاورہ) حمل کا نواں مہینہ ختم ہونا، وضع حمل کے دن قریب ہونا۔

پوز poz: (انگ، مذ) pose، مصنوعی انداز، ایسا انداز جو قصداً اختیار کیا جائے۔

پوزش po-zish: (ف، مث) معذرت، معافی، عذر

پُوزی puu-zi(i): (ف، مث) گھوڑے کے دہانے کا تسمہ جو دہانے کے گرد اگرد رہتا ہے، مُہری۔

پُوس puus: (ھ، مذ) ہندی سال کا نواں مہینہ، دسمبر کی پندرہ تاریخ سے شروع ہو کر 14 جنوری کو ختم ہوتا ہے۔

پوست post: (ف، مذ) جلد، کھال، بدن کا بیرونی حصہ، چمڑا، چھال، چھلکا، خشخاش کی بونڈی، ایک پودا یا اس کا پھل جس سے خشخاش نکلتی ہے اور جس کی گوندیا منجمد رس سے افیون تیار ہوتی ہے (لالہ)

پوست اُتارنا post u-taar-na(a): (ار، محاورہ) کھال اتارنا، چمڑا اتارنا۔

پوست کنندہ post-ku-nan-da(h): (ف، صف) کھال اتری ہوئی، صاف، بے لاگ، اعلانیہ، ظاہر۔

پوستی pos-ti(i): (ف، مذ) افیونی، پوست کے ڈوڈے گھوٹ کر پینے والا نشہ باز، کاغذ کا ایک کھلونا جس کا پیندا بھاری ہوتا ہے۔ اس لیے جب اسے زمین پر لٹاتے ہیں تو کھڑا ہو جاتا ہے (صف) کاہل، سست، مخبوط الحواس۔

پوستین pos-tiin: (ف، مذ، مث) بال دار کھال کا کوٹ، کھال کا کوٹ، چمڑے کا کرتا۔

پوسٹ posT: (انگ، مث) Post، ڈاک، چٹھی، چوکی، عہدہ، اسامی۔

پوسٹ آفس posT-aa-fis: (انگ، مذ) Post office، ڈاک خانہ۔

پوسٹ مارٹم posT-maar-Tam: (انگ، مذ) Post mortem، لاش کا طبی معائنہ (چیر پھاڑ)

پوسٹ ماسٹر posT-mas-Ter: (انگ، مذ) Post master، ڈاک خانے کا مہتمم یا ناظم۔

پوسٹ مَین posT-main: (انگ، مذ) Post man، ڈاکیا، ڈاک تقسیم کرنے والا۔

پوسنا pos-na(a): (ار، مص) پالنا کا تابع، پالنا، پرورش کرنا، تعلیم و تربیت دینا، دودھ پلانا۔

پوش posh: (ف، لاحقہ) پوشیدن مصدر سے صیغہ امر جو اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چھپانے والا کے معنی دیتا ہے، جیسے پردہ پوش۔

پوشاک po-shaak: (ف، مث) پہننے کے کپڑے، لباس۔

پوشش po-shish: (ف، مث) لباس، غلاف، اوپر ڈالنے یا ڈھانکنے کا کپڑا۔

پوشیدہ po-shii-da(h): (ف، صف) مخفی، پنہاں، چھپا ہوا، پیٹھ پیچھے، در پردہ، اسم کیفیت: پوشیدگی۔

پَوکنا pauk-na(a): (ار، مص) گھوڑے کا پتلی لید کرنا، جانور کا پتلا ہگنا۔

پوکھر po-khar: (ھ، مذ) تالاب، جوہڑ، پٹے بازی کی اصطلاح میں ایک ضرب کا نام جو حریف کی کمر پر دائیں جانب لگاتے ہیں۔

پول pol: (ار، مذ) جوف، کھوکھلا پن، خلا، گوشت، ماس (قصابوں کی اصطلاح)

پول کھولنا / کھلنا pol-khol-na(a): (ار، محاورہ) عیب ظاہر کرنا / ہونا، حقیقت آشکارا کرنا / ہونا۔

پُولا puu-la(a): (واو معروف سے) (ار، مذ) گھاس وغیرہ کا مٹھا، گٹھا تصغیر، پولی۔

پولا po-la: (واؤ مجہول سے) (ار، صف) کھوکھلا، اندر سے خالی، جوف دار نرم، ملائم، ہلکا، مث: پولی

پولنگ po-ling: (انگ، مث) Polling رائے دینے کے لیے رائے دہندگان کا کسی خاص جگہ جمع ہونا، رائے دہندگی۔

پولنگ اسٹیشن po-ling is-Te-shan: (انگ، مذ) Polling station، وہ مقام جہاں رائے دہندگان اپنا ووٹ ڈالتے ہیں۔

پولنگ بوتھ po-ling-buuth: (انگ مذ) Polling Booth، انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی جگہ۔

پَونی pau-ni(i): (ہ،مث) دروازہ، پھاٹک، دہلیز، چونی، روپے کا چوتھا حصہ، چار آنے کا سکہ، ق مذ، شہد کا چھتا۔

پُولیس / پولس pu-lis: (انگ، مذ،مث) Police، ایک محکمہ جس کے ذمہ شہری زندگی کی حفاظت، انتظام اور جرائم کا انسداد ہے، تھانے کا عملہ۔

پُولیس اسٹیشن pu-lis is-Te-shan: (انگ، مذ) Police-station، تھانہ، کوتوالی۔

پُولیس مَین pu-lis main: (انگ، مذ) Policeman، تھانے کا سپاہی، سنتری۔

پُوں puuN: (ہ،مث) پاد کی آواز، جھگڑا۔

پَون paun: (ار، صف) پونا کا مخفف، تین چوتھائی، 3/4 ہوا۔

پَوَن / پَون pa-van: (ہ،مث) ہوا، باد، بادصبا، دم، سانس، روح، موکل، جو جادوگر کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے مسلط کرتے ہیں، جادو کی موٹھ۔

پون چکی pan-chak-ki(i): (ہ،مث) ہوا سے چلنے والی چکی۔

پَون سلائی paun-sa-laa-i(i): (ار، مث) وہ پتلی سی لکڑی جس پر روئی لپیٹ کر پونیاں بناتے ہیں۔

پونا pau-na(a): (ار، عدد کسری) تین چوتھائی ایک میں سے چوتھا حصہ کم، مث: پونی۔

پَونا pau-na(a): (ار، مذ) تین چوتھائی کا پہاڑا، ایک قسم کا کفگیر جس سے تلی ہوئی چیزیں نکالتے ہیں، ٹوٹا ہوا چاول، کنی۔

پُونجی puuN-ji(i): (ہ، مث) سرمایہ، بساط، حیثیت، جائداد۔

پونچی pauN-chi(i): (ہ،مث) کلائی میں پہننے کا زیور، نیز دیکھیے 'پہنچی'۔

پُونچھ puuNchh: (ہ، مث) دم، کمر، پشت، صف، دم چھلا، پچھلگو، طفیلی، ہر وقت ساتھ رہنے والا، تصغیر: پونچھڑی۔

پَونچھلا pauN-chha-la(a): (ہ،مذ) دم، دیکھیے 'پونچھالا'۔

پَونچھن pauN-chhan: (ار،مث) وہ کپڑا جس سے کھانے کے برتن صاف کرتے ہیں۔ صاف نجاست صاف کرنے کا کپڑا، وہ چیز جو پونچھنے سے نکلے، بقیہ، بچا کھچا۔

پونچھنا pauNch-na(a): (ار، مص) صاف کرنا، جھاڑنا، آلائش دور کرنا، پونچھن، صافی۔

پَونڈ paunD: (انگ، مذ) Pound سولا اونس یا آٹھ چھٹانک وزن اور اس وزن کا پیمانہ یا باٹ، بیس شلنگ کا ایک برطانوی سکہ۔

پَونڈا pauN-Da: (ار، مذ) ایک قسم کا موٹا اور خستہ گنا۔

پَونگا pauN-ga(a): (ہ،مذ) بانس، بانس کی پوری، موٹا بانس، کھوکھلا بانس، پاؤں کی نلی، جلیبی کی شاخ، سانک (صف) احمق، بیوقوف۔

پَونگی pauN-gi(i): (ہ،مث) تانبے کا بنا ہوا ایک باجا جو پھونک سے بجایا جاتا ہے اسے عموماً سپیرے، بجاتے ہیں، بین۔

پَونی pau-ni(i): (ار،مث) روئی کی بتی جو کاتنے کے لیے پون سلائی پر بنائی جاتی ہے۔ تھوڑی مقدار۔

پوہ poh: (ہ،مذ) پوس، جاڑے کا مہینہ۔

پوئی po-i(i): (ار،مث) گھوڑے کی سرپٹ دوڑ، ڈُلکی چال ایک قسم کی ترکاری جس کا ساگ بناتے ہیں۔

پ ــ ہ

پہ pah: (ار، حرف جار داستدراک) پر کا مخفف اوپر اوپر، پر۔

پہاڑ pa-haaR: (ار، مذ) پتھروں کا لمبا چوڑا اور اونچا ٹیلا، کوہ، جبل، پربت (صف) دوبھر، دشوار۔

پہاڑ ٹوٹ پڑنا / ٹوٹنا pa-haaR TuuT paR-na(a): (ار، محاورہ) سخت مصیبت آ جانا، ناگہانی آفت پڑنا۔

پہاڑ سے ٹکر لینا pa-haaR se Takkar le-na(a): (ار، محاورہ) زبردست سے مقابلہ کرنا، طاقت ور سے لڑنا۔

پہاڑ کی گھاٹی pa-haaR ki ghaa-Ti(i): (ار،مث) پہاڑ کا درمیانی حصہ، درہ، کوہ۔

پہاڑا pa-haa-Ra(a): (ار،مذ) ضرب کا گُر، گننے کا قاعدہ، وہ ضرب دیے ہوئے عدد جو لڑکوں کو حفظ کرائے جاتے ہیں، ایک سے بیس تک زبانی ضرب۔

پہاڑی pa-haa-Ri(i): (ہ،مث) پہاڑ کی تصغیر، بلاول ٹھاٹھ کی پانچ سُر کی ایک راگنی۔

پہاڑی pa-haa-Ri(i): (ہ،صف) پہاڑ سے منسوب، پہاڑ کا رہنے والا مث: پہاڑن۔

پہچان peh-chaan: (ہ،صف) واقفیت، شناسائی، تمیز شناخت، سمجھ، علامت، نشانی۔

پہچاننا peh-chaan-na(a): (ار،مص) شناخت کرنا، معلوم کرنا، تاڑنا، سمجھنا۔

پہوڑا pa-ho-Da(a): (ہ، مذ) طاقچہ یا گڑھا، جو پاؤں رکھنے کے لیے کنویں میں بنایا جاتا ہے، یا دیوار میں بنایا جائے تاکہ اترنے چڑھنے میں آسانی ہو، سہارا۔

پہر pahr: (ار،مذ) دن رات کا آٹھواں حصہ، تین گھنٹے۔

پہر بجنا pahr-baj-na(a): (ار، محاورہ) ہر پہر گزرنے کے بعد نوبت یا گھنٹہ بجنا۔

پہرا pah-ra(a): (ہ، مذ) حفاظت، چوکی، نگہبانی، حراست، قید، سپاہیوں کی گشت۔

پہرا اٹھانا / لگانا / بیٹھنا peh-ra(a) bi-Thaa-na(a): (ار، محاورہ) حفاظت کے واسطے آدمی متعین کرنا/ہونا۔

پہرا دینا peh-ra-de-na(a): (ار، محاورہ) رکھوالی کرنا، جاگنا۔

پہروں peh-rauN: (ار، متعلق فعل) دیر تک، مدت تک۔

پہرے دار / والا peh-re-daar: (ار،مذ) سنتری، چوکی دار، محافظ، دربان، پاسبان۔

پہل pa-hal: (ہ،مذ) ابتدا، شروع، روئی کا ٹکڑا، روئی کا گولا، کونا، گوشا جانب، رُخ، بل، مثلث کا ضلع۔

پہل کرنا pa-hal-kar-na(a): (ار، محاورہ)

کسی کام کو سب سے پہلے شروع کرنا، ابتدا کرنا، آغاز کرنا۔

پہلا **peh-la(a)**: (ہ،صف) اوّل کا، شروع کا، ابتدائی، اوّلین، پرانا، اچھا، بڑا، پلوٹھا، مث: پہلی۔

پہلو **peh-luu(u)**: (ف،مذ) پسلی، کولہا، جانب، طرف، رخ، نگینے یا الماس کی چمکیلی اور کٹی ہوئی سطح، طرز، طریقہ، انداز، ڈھب، تدبیر، بغل، آغوش، کنار، گود، فوج کا میمنہ میسرہ، کنایہ، نکتہ، پاس پڑوس، قرب۔

پہلو بچاجانا/بچانا **peh-luu ba-chaa-na(a)**: (ار،محاورہ) الگ ہو جانا، کترا جانا، علیحدہ ہو جانا۔

پہلو بدلنا **peh-luu ba-dal-na(a)**: (ار، محاورہ) انداز بدلنا، حیلہ کرنا، دوسرا طرز اختیار کرنا، کروٹیں لینا۔

پہلو بہ پہلو **peh-luu-bah-luu**: (ف،صف) برابر، ساتھ ساتھ۔

پہلو تہی **peh-luu-ta-hi(i)**: (ف،مث) علیحدگی، اجتناب، پرہیز، احتراز۔

پہلو تہی کرنا **peh-luu-ta-hi(i) kar-na(a)**: (ار،محاورہ) پہلو خالی کرنا، پرہیز کرنا، اجتناب کرنا، دریغ کرنا۔

پہلودار **peh-luu-daar**: (ف،صف، فاعلی) وہ بات جس کے کئی مطلب ہوں، رمزوالی، کنایہ والی، مبہم، مشتبہ۔

پہلو ڈھونڈنا **peh-luu-DhuuND-na(a)**: (ار،محاورہ) موقع تلاش کرنا۔

پہلو گرم کرنا / ہونا **peh-luu-garam-kar-na(a)**: (ار،محاورہ) موقع نکالنا/نکلنا۔

پہلوان **pe-hal-vaan**: (ف،صف) توانا، دلاور، کشتی کا فن جاننے والا، سردار، باحوصلہ، باہمت، جری، لڑاکا، جنگجو، بڑے ڈیل ڈول کا، فربہ۔

پہلوانی **pe-hal-vaa-ni(i)**: (ف،مث) زور آوری، طاقت، کشتی، ورزش، کسرت۔

پہلوٹا **peh-lo-Ta(a)**: (ار،صف مذ) دیکھیے 'پلوٹھا' مث: پہلوٹی/پہلونٹی۔

پہلوی **pe-hal-vi(i)**: (ف،مث) ساسانی دور کی فارسی زبان، پرانی فارسی۔ ایران کے بادشاہ کے نام کا آخری حصہ۔

پہلی منزل **peh-li(i) man-zil**: (ار،ع،مث) قبر، گور۔

پہلے آپ **peh-le aap**: (ار، روزمرّہ) از راہِ وضع داری کسی دوسرے کو پہل کرنے کی دعوت، لیجیے، چلیے، نوش فرمایئے۔

پہلے پہل **peh-le pa-hal**: (ار، متعلق فعل) اوّل اوّل، پہلی مرتبہ شروع میں۔

پہنا **pe-he-na(a)**: (ف،صف) فراخ، کشادہ، اسم کیفیت مث: پہنائی۔

پہنانا **peh-naa-na(a)**: (ار،مص) دیکھیے 'پہننا' جس کا یہ متعدی ہے لباس دینا۔

پہناوا **peh-naa-va(a)**: (ار،مذ) پوشاک، لباس، پہننے کا ڈھنگ۔

پہنچ **pahuN-ch**: (بہ فتح اول و ضم دوم) (ار،مث) رسائی، دخل باریابی۔

پہنچا **pahuN-cha(a)**: (ار،مذ) بند دست کلائی، (فعل) پہنچنا کا ماضی۔

پہنچانا **pahuN-chaa-na(a)**: (ار،مص) کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، ساتھ لے جانا۔

پہنچا ہوا **pahuN-chaa-hu-aa**: (ار،صف) خدارسیدہ، کامل بزرگ، مث پہنچی ہوئی۔

پہنچا pahuN-ch-na(a): (ار، مص) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، ساتھ لے جانا۔

پہنچا ہوا pauNh-chaa-hu-aa: (ار، صف) خدا رسیدہ، کامل بزرگ، مث: پہنچی ہوئی۔

پہنچنا pahuN-ch-na(a): (ار، مص) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، وصول ہونا، حاصل ہونا، وارد ہونا، آ جانا، ملنا، رسائی ہونا، برابر ہونا، ہم سر ہونا، تجربہ کار بننا، بات کی تہہ سمجھنا۔

پہنچی pahuN-chi(i): (ار، مث) ایک زیور کا نام جو کلائی میں پہنا جاتا ہے، دست بند۔

پہننا pe-han-na(a): (ار، مص) کپڑا بدن پر ڈالنا، زیور بدن پر سجانا، کسی چیز کا بدن کے کسی حصہ پر استعمال کرنا۔

پہیّا pa-hay-ya(a)/pay-ya(a): (ہ، مذ) حلقہ، چکر، چرخی، گاڑی وغیرہ کا وہ چکر جو زمین پر ہوتا ہے اور اس کے گھومنے سے گاڑی چلتی ہے، لکڑی کا وہ حلقہ جو مضبوطی کے لیے کنوئیں میں ڈالا جاتا ہے۔

پہیلی pa-he-li(i): (ہ، مث) بجھارت، معما، چیستاں۔

پھ۔ا

پھاٹک pha-Tak: (ار، مذ) بڑا دروازہ، باڑا، احاطہ، مویشی خانہ، آوارہ، مویشیوں کو بند کرنے کا احاطہ، آڑ، روک۔

پھاڑ کھانا phaR-khaa-na(a): (ار، محاورہ) درندے کا کسی کو چیر کر کھا جانا، بہت غصے میں ہونا، جھنجھلا کر بات کرنا، سخت ناگوار بات کہنا۔

پھاڑنا phaR-na(a): (ار، محاورہ) چیرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کاٹنا، بھنبھوڑنا، درندے کا شکار کو چیر ڈالنا، قطع کرنا، پھوٹنا، چاک کرنا، دودھ یا کسی سیال چیز کو لاگ لگا کر پانی سے الگ کرنا، کھولنا، پھیلانا، بیزار کرنا، ناراض کرنا۔

پھاگ phaag: (ہ، مذ) پھاگن کا تہوار، ہولی کے کھیل تماشے، گلال، ہولی کا رنگ جو ہندو ایک دوسرے پر ڈالتے ہیں، عیش و عشرت کے سامان۔

پھاگ کھیلنا phaag-khel-na(a): (ار، محاورہ) ہولی کھیلنا، رنگ پاشی کرنا، عیش کرنا، گل چھرے اڑانا، چین سے بسر کرنا۔

پھاگن phaa-gun: (ہ، مذ) بکرمی سال کا گیارہ مہینہ، جو موسم بہار میں ہوتا ہے۔

پھال/پھالا phaal/phaa-la(a): (ہ، مث مذ) زمین جوتنے کا آلہ جو ہل میں لگایا جاتا ہے، یہ لوہے کا نوکدار آلہ ہوتا ہے، تیر کے پیکان کی نوک، چھالیا، سپاری۔

پھانا phaa-na(a): (ار، مذ) فارسی فانہ کا بگاڑ، وہ لکڑی جو موچی جوتا کشادہ کرنے کے لیے رکھتے ہیں۔ وہ لکڑی یا کیل (لوہے کی) جو آرہ کش یا لکڑہارے لکڑی چیرتے وقت شگاف کشادہ کرنے کے لیے اس میں لگاتے ہیں، فانہ، پچر۔

پھانڈنا phaaNd-na(a): (ار، مص) کودنا، جست لگانا، چھلانگنا، پھلانگنا، پھندا لگانا۔

پھانڈی phaan-di(i): (ہ، مث) گنوں کا گٹھا، پونڈوں کا پشتارہ۔

پھانس paaNs: (ہ، مث) لکڑی، بانس یا بان وغیرہ کا وہ ریشہ جو جسم میں چبھ جاتا ہے روحانی تکلیف، باطنی، ایذا، خلش، کھٹکا، فکر، دکھ، رنج، چبھے ہوئے کھٹی کا ناخن میں گھس جانا۔

پھانس لانا/لینا phaaNs laa-na(a): (ار، محاورہ) (مصدر پھانسنا سے) دھوکا دے کر قابو

میں لانا، فریب دے کر لانا، دھوکے سے بیچ میں لانا، پھنسالانا۔

پھانسنا phaaNs-na(a): (ار،مص) گرفتار کرنا، گھیرنا، جال سے پکڑنا، فریب میں لانا، قابو میں لانا، ڈول کنویں میں ڈالنا، لوٹے یا کسی چیز کو رسی کے حلقہ میں باندھ کر لٹکانا، شریک جرم کرنا، بیچ میں لانا، داؤ میں لانا، قید کرنا۔

پھانسی phaaN-si(i): (ھ،مث) کمند، پھندا، بند، وہ حلقہ جس سے آدمی کا گلا گھونٹ کر مار دیا جائے، موت کی سزا جو پھندے کے ذریعے دی جاتی ہے (افعال: پانا، چڑھنا، دینا، کھڑی کرنا، لگانا، لینا، ہونا)

پھانک phaaNk: (ھ،مث) قاش، ٹکڑا، پھنکا۔

پھانکی phaaN-ki(i): (ھ،مث) سفوف یا دانہ جو ایک دفعہ پھانکا جائے، میوے کا ٹکڑا، پھانک۔

پھاوڑا phaav-Ra(a): (ھ،مذ) کدال، بیلچہ، مٹی کھودنے کا آہنی آلہ۔

پھاوڑی phaav-Ri(i): (ھ،مث) پھاوڑا کی تصغیر، لید ہٹانے کی لکڑی جس میں تختی لگی ہوتی ہے۔ وہ لکڑی جس پر ڈنڈ پیلتے وقت ہاتھ رکھتے ہیں۔ جوگیوں کی لاٹھی۔

پھایا / پھاہا phaa-ya(a)/phaa-ha(a): (ھ،مذ) کپڑا یا روئی جس پر مرہم رکھ کر زخم پر چپکاتے ہیں، (افعال: چڑھانا، لگانا، چھڑانا، رکھنا کرنا)

پھب phab: (ھ،مث) زیب و زینت، چھب، ادا، حسن۔

پھبنا / پھبتا phab-na: (ار،صف) موزوں، تناسب، لائق، بجتا۔

پھبتی phab-ti(i): (ار،مث) ایسی بات جو کسی پر پھب جائے، تحقیر آمیز تشبیہ جو کسی پر چسپاں ہو کر رہ جائے۔

پھبن pha-ban: (ھ،مث) زیبائش، آرائش، سجاوٹ، تناسب، موزونی، چھب۔

بھبنا bhab-na(a): (ار،مص) بجنا، زیب دینا، بھلا لگنا، موزوں ہونا، موافق ہونا، ٹھیک ہونا۔

پھوپا / پھپھا phuu-pa/phu-pha(a): (ھ،مذ) پھوپھی کا خاوند، باپ کی بہن کا شوہر۔

پھپس phup-pas: (ھ،صف) بادی جسم والا، پھولے ہوئے جسم والا، بھدا، موٹا، پھولا ہوا۔

پھپولا، پھپھولا pha-pho-la(a): (ھ،مذ) آبلہ، چھالا۔

پھپھولے والی pha-pho-le vaa-li(i): (ار،مث) سیتلا، چیچک۔

پھپوندی / پھپھوندی pha-phuN-di(i): (ار،مث) وہ سفید تہ جو نمی کی وجہ سے کائی کی طرح کسی چیز پر جم جاتی ہے، (افعال: جمنا، لگنا)

پھپی۔ پھپھی phup-pi(i) phu-phi(i): (ھ،مث) باپ کی بہن۔

پھپیا ساس phu-ph-yaa saas: (ھ،مث) خسر کی بہن۔

پھپیرا۔ پھپھیرا phu-phe-ra(a): (ھ،مث) پھپھی کا بیٹا، پھوپھی کا،مث: پھپھیری۔

پھٹ پھٹ phaT-phaT: (ار،کلمہ) نفرین، تھوتھو، پھٹ پھٹ، دُر، دُر، موٹر سائیکل چلنے کی آواز

پھٹ پڑنا phaT-paR-na(a): (ار،محاورہ) بڑھ جانا، خوب موٹا ہو جانا، زوروں پر ہونا، افراط سے ہونا، شدت سے ہونا، کثرت سے ہونا، جمع ہو جانا، پھٹ جانا، شق ہو جانا، ٹوٹنا، بوجھ سے گرنا۔

پھٹ پھٹانا phaT-pha-Taa-na(a): (ار،مص) پھڑ پھڑانا، وہ آواز نکالنا جو بکری یا کتے کے

کانوں کی حرکت سے ہوتی ہے، دوڑ دھوپ کرنا، بے چین ہونا۔

پھٹا pha-Ta(a): (ار، صف) پھاڑا ہوا، الگ، بدقوام،مث: پھٹی۔

پھٹا پڑنا pha-Taa paR-na(a): (ار، محاورہ) نکل پڑنا، بے قابو ہونا، زیادتی ہونا، زور میں ہونا، بہت موٹا ہونا، درد سے سر یا آنکھوں کا پھٹنے کو ہونا۔

پھٹکار phaT-kaar: (ہ،مث) بد دعا، لعنت، بے رونقی، ذلت وخواری، آمیزش، چاشنی۔

پھٹکار phaT-kaar: (ار،مث) کوڑے کی آواز، پتھر پر کپڑا دھونے کی آواز، اناج پھٹکنے کی آواز، جھڑکی، رسی کا کوڑا جو بہت لمبا ہوتا ہے اور اس سے چھوڑے کو سدھاتے ہیں۔

پھٹکارنا phaT-kaar-na(a): (ہ،مص) پیٹنا، کوڑا لگانا، چابک مارنا، دھتکارنا، کپڑا دھوتے وقت پتھر پر دے مارنا، سرزنش کرنا، آڑے ہاتھوں لینا، جھٹکنا، جھاڑنا، چھاج میں پھٹکنا۔

پھٹکارنا phaT-kaar-na(a): (ہ،مص) لعنت ملامت کرنا، نفرت سے منہ پھیر لینا، برا بھلا کہنا۔

پھٹکڑی phiT-ka-Ri(i): (ہ،مث) نمک کے مشابہ ایک معدنی مادہ جس کا رنگ سرخ و سفید ہوتا ہے اور دواؤں میں کام آتا ہے جس کا دوسرا نام زاک زاج ہے۔

پھٹکنا pha-Tak-na(a): (ار، مص) جدا کرنا، علیحدہ کرنا، چھاج سے صاف کرنا، موجود ہونا، حاضر ہونا، بھولے سے چلا جانا (مذ) غلیل کا تسمہ جس میں غلہ رکھ کر چھوڑتے ہیں۔

پھٹکی phaT-ki(i): (ہ،مث) گانٹھ، گرہ، گٹھلی، پرندوں کو بند رکھنے کی پٹاری ایک قسم کی چھوٹی چڑیا، کسی

محلول مادے کا غیر محلول ذرہ۔

پھٹنا phaT-na(a): (ار، مص) چاک ہونا، شق ہونا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا، شگاف پڑنا، سر کے بالوں کا خشکی کی وجہ سے تڑکنا، اجزا کا الگ ہونا، بیزار ہونا، نفرت کرنا۔

پھٹی آواز pha-Ti-aa-vaaz: (ار،مث) بے سری، بھونڈی آواز۔

پھٹے دیدے pha-Te-dii-de: (ار، مذ) بڑی بڑی ابھری ہوئی آنکھیں۔

پھٹے حال pha-Te-haal: (ار، صف) خراب حالت میں، بخت مفلسی کی حالت، پھٹے کپڑوں میں۔

پھدکنا phu-dak-na(a): (ار، مص) اُچھلنا، کودنا، جست بھرنا، اُچھل اُچھل کر چلنا، خوشی سے کودنا، مینڈک کی طرح اچھل کے چلنا۔

پھدکی phud-ki(i): (ہ، مث) ایک چھوٹی سی چڑیا، چھلانگ۔

پھڈا phi-Da(a): (ہ،صف) وہ جوتا جس کی ایڑی بیٹھی ہوئی ہو وہ آدمی جو پاؤں رگڑ کر چلتا ہو یا لنگ کرتا ہو، وہ شخص جس کے دونوں پیروں میں خم ہو اور چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے مث: پھڈی۔

پھر phir: (ار، حرف ربط) دوبارہ، بعد ازاں، اس کے بعد اور آگے، تب، تو، تاہم، ہرگز، اس دم، اب، مگر، پھرنا سے امر۔

پھر بھی phir bhi(i): (ار، متعلق فعل) تاہم، باوجود

پھر جانا phir-jaa-na(a): (ار، محاورہ) لوٹ جانا، واپس ہو جانا، پلٹ جانا، مڑنا، لچکنا، ٹیڑھا ہو جانا، بیوفائی کرنا، بات کا پاس نہ کرنا، ہو آنا، چکر لگا جانا، حالت غیر ہونا، باغی ہونا منحرف ہونا۔

پھر سے phir-se: (ار، متعلق فعل) از سر نو، نئے

سرے سے۔

پھر نہ کہنا phir-nah-keh-na(a): (ار، محاورہ) الزام نہ دینا، شکوہ نہ کرنا۔

پھُر phur: (ار، صوت، مث) چڑیوں کے اڑنے کی آواز۔

پھُر سے phur-se: (ار، متعلق فعل) ایک دم سے، اڑنے کی آواز۔

پھرانا phi-raa-na(a): (ار، مص) گشت کرانا، گھمانا، چکر دینا، سیر کرانا، ساتھ لے جانا، واپس کرنا، مخالف کرنا، پریشان کرنا، پھیر سے کرانا۔

پھراؤ phi-raa-au: (ار، صف) وہ مال جس کی واپسی کا اقرار ہو۔

پھرائی phi-raa-ii: (ار، مث) واپس کرنے کا تاوان، واپسی۔

پھُرپھُرانا phur-phu-raa-na(a): (ار، مص) پھر پھر کرنا، کان میں روئی کو جنبش دینا، بالوں یا کسی ہلکی چیز کا ہوا میں لہرانا۔

پھرت phi-rat: (ار، مث) حرکت، گردش، چلت، گھوڑے کی گردش۔

پھرت phi-rat: (ار، مث) تیزی، جلدی، طراری، ترت کے تابع کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

پھُرتی phur-ti(i): (ار، مث) چُستی، تیزی، چالاکی (افعال: کرنا، ہونا)

پھُرتیلا phur-tii-la(a): (ار، صف) چُست، چالاک و تیز، ہوشیار، جلدی کام کرنے والا، مث: پھرتیلی۔

پھرکی phir-ki(i): (ہ، مث) چھوٹا سا پھرنے والا لٹو، چکی، ریل چکر کھانے والی چیز، لکڑی یا لوہے کی وہ پیچک جس پر کاتنے کا تکلا گردش کرتا ہے، مدور جسے تار کش استعمال کرتے ہیں۔ چھوٹے پہیے کی شکل کی گول لکڑی۔ چرخی کی گول لکڑی، گیندے کی قسم کا ایک پھول۔

پھرنا phir-naa: (ار، مص) ٹہلنا، گھومنا، چہل قدمی کرنا، سیر کرنا، گردش میں ہونا، بدل جانا، براز کی حاجت رفع کرنا، ٹیڑھا ہونا، مکرنا، پلٹنا، مارا مارا پھرنا، سفیدی وغیرہ ہونا۔

پھروانا phir-vaa-na(a): (ار، مص) واپس کرانا، پھرنا کا متعدی۔

پھریرا pha-rai-ra(a): (ار، مذ) جھنڈے کا کپڑا، پرچم۔

پھُریری phu-re-ri(i): (ار، مث) بدن پر رونگٹے کھڑے ہوجانا، جھرجھری، لرزہ، خفیف سی کپکپی، تنکے یا کسی پتلی سلائی پر لپٹی ہوئی روئی، روئی کا پھاہا، جوش، امنگ، لہر۔

پھُریری آنا phu-re-ri(i) aa-na(a): (ار، محاورہ) خوف یا سردی کے باعث رونگٹے کھڑے ہو کر بدن کا کانپ جانا، جھرجھری آنا۔

پھڑ phaR: (ہ، مث) قمار خانہ، جوا کھیلنے کا اڈا، وہ جگہ جہاں سامان رکھ کر فروخت کرتے ہیں۔ گاڑی کا بم بمو، بانس، توپ کی گاڑی، چبوترا یا تپائی جس پر توپ رکھ کر چلائی جاتی ہے۔

پھڑباز phaR-baaz: (، مذ صف فاعلی) جواری، قمار باز، جواریا، اسم کیفیت مث: پھڑبازی۔

پھڑپھڑانا phaR-pha-Raa-na(a): (ار، مص) تڑپنا، لوٹنا، بے چین ہونا، پروں کو پھٹپھٹانا، جھرجھرانا، بازو دے دے مارنا۔

پھڑپھڑاہٹ phaR-pha-Raa-haT: (ار، مث) پر مارنے کی آواز، اضطراب، بے چینی، کپڑے یا

کاغذ کی ہوا کے باعث تیز حرکت کی آواز۔

پھڑک pha-Rak: (ار، مث) بے قراری، اضطراب، تپش، نتھنوں کی حرکت، دھڑکن، تڑپ۔

پھڑک اُٹھنا pha-Rak-uTh-na(a): (ار، محاورہ) بے قرار ہو جانا، بیتاب ہو جانا، خوشی سے بے تاب ہونا۔

پھڑکانا phaR-kaa-na(a): (ار، مص) بے چین / بے قرار کرنا، مضطرب کرنا، تڑپانا، ترسانا، کبوتر کو نیچے پکڑ کر جھر جھرانا تاکہ دوبارہ اس جگہ نہ بیٹھے، بھوک پیاس سے ترسانا۔

پھڑکتا ہُوا pha-Rak-ta(a): (ار، صف) شوخ، چلبلا، برجستہ۔

پھڑکن phaR-kan: (ار، مث) پھڑک، شوق، اضطراب تڑپ۔

پھڑکنا pha-Rak-na(a): (ار، مص) تڑپنا، لوٹنا، تلملانا، فریفتہ ہو جانا، کسی عضو کا حرکت کرنا، جنبش کرنا، آرزومند ہونا، خوشی سے بیتاب ہونا، پرندے کا بیتاب ہو کر پر مارنا، پھڑ پھڑانا، بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔

پھُس پھُسا phus-phu-saa-na(a): (ار، صف مذ) ملائم، نرم، ڈھیلا، پھونس جیسا، اسم کیفیت مذ: پھس پھساپن، مث: پھس پھسی۔

پھِسڈّی phi-saD-Di(i): (ار، صف) پیچھے رہنے والا، کھیل میں دوسرے کے مقابلے میں کمزوری دکھانے والا۔

پھُسکی phus-ki(i): (ار، مث) وہ سخت پاد جس کی آواز نہ ہو۔

پھسل پڑنا / جانا phi-sal-paR-na(a): (ار، محاورہ) گر پڑنا، فریفتہ ہونا، ریجھنا۔

پھُسلانا phus-laa-na(a): (ار، مص) بہلانا، فریب دینا، دھوکا دینا، دم دینا، جھانسا دینا۔

پھِسلانا phis-laa-na(a): (ار، مص) پھسلنا کا یہ متعدی، کسی چیز کو رپٹانا۔

پھُسلاوا phus-laa-va(a): (ار، مذ) فریب، جھانسا۔

پھِسلن phis-lan: (ار، مث) لغزش، پاؤں پھسلنے کی جگہ یا سامان۔

پھِسلنا phi-sal-na(a): (ار، صف مذ) وہ چیز جس پر سے پھسل جائیں مث: پھسلنی۔

پھکڑ phak-kaR: (ار، مث مذ) گالی گلوچ، فحش اور ناشائستہ گفتگو (افعال: لڑنا، چلنا)

پھکڑباز phak-kaR-baaz: (ار، ف صف فاعلی) گالی گلوچ میں بات کرنے والا، ہزلیات بکنے والا، مغلظات بولنے والا، اسم کیفیت مث: پھکڑبازی۔

پھکڑی phak-Ri(i): (ار، مث) بداخلاقی سے پیش آنے کا فعل، بدتہذیبی، بے عزتی۔

پھُکنا phuk-na(a): (ار، مذ) مثانہ، پیشاب کی تھیلی، ربڑ کا تھیلا جس میں ہوا بھر کر کھیلتے ہیں۔

پھُکنا / پھُنکنا phuk-na(a): (ار، مص) جلنا، آگ لگنا، سوزش ہونا، جلن ہونا، ناحق خرچ ہونا۔

پھِنکنا / پھِنکنا phi-nak-na(a): (ار، مص) پھینکنا کا لازم ہے۔

پھُنکنی phuNk-ni(i): (ہ، مث) دھونکنی، پھونک مار کر آگ جلانے والا آلہ۔

پھِکیت phi-ket: (ہ، صف) گتکا باز، لکڑی کھیلنے والا، پٹے باز، اسم کیفیت، مث: پھکیتی۔

پھَل phal: (ار، مذ) ثمر، بار، میوہ، فال، شگون، فائدہ، اجر، بدلہ، عوض، نتیجہ، قسمت، کسی دھار دار آلہ کا وہ حصہ

جو قبضے اور دستے کے علاوہ ہوتا ہے۔

پھل پات phal-paat: (ار، مذ) میوہ، ترکاری، پھل پھلاری، پھول پتے وغیرہ۔

پھل پانا phal-paa-na(a): (ار، محاورہ) نتیجہ حاصل کرنا، ثمرہ پانا، صلہ پانا، کیے کی سزا پانا۔

پھل جانا phal-jaa-na(a): (ار، محاورہ) کثرت سے آبلے نکلنا، بارور ہو جانا۔

پھل دار phal-daar: (ار، صف) میوہ دار، ثمردار، پھلنے والا درخت (ترکیب غلط ہے)

پھل لانا phal-laa-na(a): (ار، محاورہ) بارور ہونا، نتیجہ ظاہر ہونا۔

پھل لگنا phal-lag-na(a): (ار، محاورہ) درخت پر پھل آنا۔

پھل ملنا phal-mil-na(a): (ار، محاورہ) صلہ پانا، نتیجہ پانا، ثمرہ پانا، کیے کی سزا پانا۔

پھلا phul-la(a): (ھ، مذ) مکئی کی کھیل، آنکھ کا ٹینٹ، وہ چیز جو پھول کی طرح پھول جائے (انفعال: پڑنا)

پھلا پھولا pha-laa phuu-la(a): (ار، صف) نصیبے والا، بھاگوان، پھلدار صاحب مال و دولت، بھرا پڑا، آباد و شاد، خوش، مث: پھلی پھولی۔

پھلانا phu-laa-na(a): (ار، مص) پھونک بھرنا، پھونک لگانا، موٹا کرنا، خوشامد سے مغرور کرنا۔

پھلانگ pha-laang: (ھ، مث) چھلانگ، جست کود۔

پھلانگنا pha-laang-na(a): (ار، مص) جست بھرنا، پھاند جانا، کسی چیز کے اوپر سے کود جانا۔

پھلاہی phu-laa-hi(i): (ھ، مث) کیکر کی ایک قسم جس کی مسواکیں بنتی ہیں۔

پھلبہری phul-beh-ri(i): (ھ، مث) برص، کھال پر سفید گلابی دھبے پڑ جانا۔

پھلجھڑی phul-jha-Ri(i): (ھ، مث) ایک قسم کی آتش بازی جس سے پھول جھڑتے ہیں۔ فتنہ انگیز بات، فساد کی بات۔

پھلکا phul-ka: (ھ، مذ) ہلکا، سبک، توے پر پکی ہوئی پتلی سبک روٹی۔

پھلکاری phul-kaa-ri(i): (ھ، مث) گل بوٹے کا کام، ایک قسم کا کپڑا جس میں پھول بنے ہوتے ہیں۔

پھلکی phul-ki(i): (ھ، مث) پھلکا کی تصغیر۔

پھلنا phul-na(a): (ار، مص) درخت کا بارور ہونا، میوہ لگنا، مبارک ہونا، آبلوں یا پھنسیوں کا بکثرت جسم پر نکل آنا، خاندان بڑھنا، کامیاب ہونا، پروان چڑھنا۔

پھلنا پھولنا phal-na(a) phuul-na(a): (ار، محاورہ) درختوں کا بارور ہونا، صاحب اولاد ہونا، ترقی کرنا۔

پھلواری / پھلواڑی phul-vaa-ri(i): (ھ، مث) پھولوں کا چھوٹا سا باغ، آل اولاد۔

پھلوری phu-lau-ri(i): (ھ، مث) پکوڑی، پھلکی، بیسن کا نمکین، گلگلا جو تیل میں تلا جاتا ہے۔

پھلی phu-li(i): (ار، مث ق) ایک زیور، ناک کی کیل۔

پھلی phul-li(i): (ھ، مث) پھولا کی تصغیر، ایک سفید داغ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے، پھول کی شکل کا ایک زیور جو عورتیں ناک میں پہنتی ہیں۔

پھلی pha-li(i): (ار، مث) سبزی وغیرہ کا وہ غلاف جس میں بیج یا دانے ہوتے ہیں۔

پھلندا phu-lan-da(a): (ار، مذ) بڑی جامن۔

پھن phan: (ہ، مذ) سانپ کا پھیلا ہوا سر، سانپ کی کلغی۔

پھنپھنانا phan-pha-naa-na(a): (ار، مص) سانپ کا غصے میں پھن کو حرکت دے کر پھنکارنا، سانپ کی طرح پھرتی سے ابھرنا، سیدھا کھڑا ہو جانا۔

پھندا phan-da(a): (ہ، مذ) رسی، دھاگے یا تار کا حلقہ، کھنی جال، دام، وہ گتھی جو جال یا دھاگے میں پڑ جاتی ہے، فریب، دَم، قابو، بس (افعال: پڑنا، چھڑانا، دینا، ڈالنا، لگانا، لگنا)

پھندانا phun-daa-na(a): (ار، مص) دیکھیے، پھاندنا، جس کا یہ متعدی ہے، کدوانا۔

پھندنا phun-da-na(a): (ار، مذ) دھاگے، ریشم یا کلابتوں کا گچھا یا جھالر۔

پھندے میں آنا / پڑنا / پھنسنا phan-de maiN aa-na(a): (ار محاورہ) دام میں گرفتار ہونا، فریب میں آنا، عشق میں مبتلا ہونا۔

پھندے میں پھنسانا / لانا phan-de maiN phaNsa-na(a): (ار، محاورہ) فریب میں لانا، مصیبت میں ڈالنا، جنجال میں پھانسنا۔

پھندیت phan-det: (ہ، مذ) وہ سدھایا ہوا پرندہ یا چوپایہ جو اپنی آواز سے اپنے ہم جنسوں کو دھوکا دے کر جال میں پھنسوائے، ہاتھیوں کا شکار کرانے والا ہاتھی — جو شخص دوسروں کو اپنا ساتھی بنائے۔

پھنسانا phaN-saa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'پھنسنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

پھنساؤ phaN-saa-o: (ہ، مذ) قید، دقت، الجھاؤ، وہ جگہ جہاں سے نکلنا مشکل ہے۔

پھنسنا phaNs-na(a): (ار، مص) اٹکنا، الجھنا، گرفتار ہونا، کسی کے عشق میں مبتلا ہونا، دوسرے کے قابو میں ہونا۔

پھنسوانا phaNs-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'پھنسنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

پھنسی phun-si(i): (ہ، مث) چھوٹا پھوڑا، وہ دانہ جو خون کی خرابی سے جسم پر ظاہر ہوتا ہے۔

پھنکا phun-ka(a): (ہ، مذ) سفوف یا کسی چیز کے ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار، (افعال: بگانا، مارنا)

پھنکار phun-kaar: (ہ، مث) سانپ کے سانس چھوڑنے کی آواز، دم، پھونک، (افعال: مارنا)

پھنکارنا phun-kaar-na(a): (ار، مص) سانپ کا سانس چھوڑنا، سانپ کی طرح زور سے منہ سے ہوا نکلنا۔

پھنکوانا / پھکوانا phik-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'پھینکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

پھننگ phu-nang: (ہ، مث) درخت کی چوٹی، شاخ کا سرا۔

پھنی pha-ni(i): (ہ، مذ، مث) ایک قسم کا پھن والا سانپ، گوٹا وغیرہ بننے کا آلہ۔

پھنی pha-ni(i): (ہ، مث) چھوٹا پھانا جو آرہ کش استعمال کرتے ہیں۔

پھوار phuu-aar: (ہ، مث) مہین مہین، باریک باریک بوندیں، ہلکی بارش (افعال: اڑانا، پڑنا، چھوڑنا) ان معنوں میں پھوہار زیادہ فصیح ہے، ایک قسم کا باریک کپڑا۔

پھوپا / پھوپھا phuu-pa(a): (ہ، مذ) پھوپھی کا خاوند۔

پھوٹ phuuT: (ہ، مث) نفاق، نااتفاقی، بگاڑ، کینہ، فساد، ٹوٹ پھوٹ، شکستگی، خربوزے کی قسم کا ایک پھل جو پک کر پھٹ جاتا ہے۔

پھوٹ آنا phuuT-aa-na(a): (ار، محاورہ) باہر نکل آنا، نمودار ہونا، کلہ نکلنا۔

پھوٹ بہنا phuuT beh-na(a): (ار، محاورہ) پانی کا دیوار توڑ کر نکل جانا، پھوڑا پھوٹ کر مواد جاری ہونا، زارزار رونا۔

پھوٹ پڑنا / ہونا phuuT paR-na(a): (ار، محاورہ) نا اتفاقی ہونا، دشمنی ہونا، زمین سے یکا یک سوت نکل پڑنا۔

پھوٹ پھوٹ کر رونا phuuT phuuT kar: (ار، محاورہ) زارزار رونا، بہت آنسو بہانا، جی کھول کر رونا۔

پھوٹ ڈالنا phuuT-Daal-na(a): (ار، محاورہ) دشمنی پیدا کرانا، نا اتفاقی کر دینا۔

پھوٹا phuu-Ta(a): (ار، صف) ٹوٹا ہوا، شکستہ، مث: پھوٹی۔

پھوٹا پڑنا phuu-Ta(a) paR-na(a): (ار، محاورہ) خود بخود ظاہر ہو جانا۔

پھوٹنا phuuT-na(a): (ار، مص) ٹوٹنا، کھلنا، پھنسیاں نکلنا، ظاہر ہونا، پتے نکلنا، پھٹنا، خبر پھیلنا، زخم کا پھٹ کر آلائش نکلنا۔

پھوٹی کوڑی phuu-Ti(i) kau-Ri(i): (ار، مذ) معمولی رقم

پھوڑا pho-Ra(a): (ھ، مذ) بڑی پھنسی، دنبل، گومڑ، جسم کا سخت ابھار جس میں پیپ پیدا ہو جاتی ہے۔ بہت تکلیف دہ، خیال یا چیز۔ (افعال: بہنا، بیٹھ جانا، پھوٹنا، ٹپکنا، رسنا، نکلنا)

پھوڑنا PhoR-na(a): (ار، مص) توڑنا، ٹکڑے کرنا، دیوار میں سوراخ کرنا، زخمی کرنا (آنکھ کے ساتھ) اندھا کرنا (قسمت کے ساتھ) بدقسمت بنانا۔

پھوس phuus: (ار، مذ) وہ لمبی گھاس جس سے چھپر وغیرہ بناتے ہیں۔ پرانی خشک گھاس (صف: نہایت ضعیف، بہت بوڑھا۔

پھوسڑا phaus-ra(a): (ار، مذ) ریشم، لکڑی کاغذ کپڑے وغیرہ کے ریشے۔

پھوک phuuk: (ھ، مث) کسی چیز کو نچوڑنے کے بعد بچنے والا فضلہ۔

پھوکا phuu-ka(a): (ھ، مذ) ہلکا، ملائم جس میں سختی نہ ہو۔

پھوکٹ pho-kaT: (ھ، مث) مفت، بے دام۔

پھول phuul: (ار، مذ) گل شرارہ، نقش و نگار مردے کی جلی ہوئی ہڈیوں کی راکھ، کانسی، ہندوؤں کا تیجا۔ مسلمان مردوں کی فاتحہ خوانی کی رسم، جسم پر سفید داغ، ساگ کے سوکھے ہوئے پتے، شراب، کسی پتلی چیز کے جما کر سکھائے ہوئے ورق، حیض، صف، ہلکا، سبک، خوبصورت۔

پھول آنا phuul-aa-na(a): (ار، محاورہ) درخت میں پھول لگنا، حیض آنا، عورت کا بالغ ہونا۔

پھول پتی phuul-pat-ti(i): (ار، مث) نقش و نگار، بیل بوٹا۔

پھول پڑنا phuul-paR-na(a): (ار، محاورہ) آگ کا پتنگا پڑنا، شرارہ گرنا، سفید داغ پڑنا۔

پھول جانا phuul-jaa-na(a): (ار، محاورہ) اترا جانا، موٹا ہونا۔

پھول جھڑنا phuul jhaR-na(a): (ار، محاورہ) پھولوں کا درخت سے گرنا، منہ سے شیریں کلام ہونا، چراغ یا آتش بازی سے شرارے نکلنا۔

پھول چڑھانا/چڑھنا phuulcha-Rhaa-na(a): (ار، محاورہ) قبر یا مورت پر پھول رکھنا/رکھے جانا۔

پھوٗل چُننا phuul chun-na(a): (ار، محاورہ) شاخ سے پھول توڑنا۔

پھوٗل دار phuul-daar: (ار، ف، صف) پھول رکھنے والی چیز، وہ کپڑا یا کاغذ وغیرہ جس پر بیل بوٹے ہوں۔

پھوٗل دان phuul daan: (ار، اند) گلدان جس میں پھول سجائے جائیں۔

پھوٗل گوبھی phuul-go-bhi(i): (ار، مث) وہ گوبھی جس میں بڑا پھول آتا ہے۔

پھولا pho-la(a): (ار، مذ) آنکھ کا ٹینٹ، پھلی، روئی کا گالا۔

پھولا pho-la(a): (ار، مذ) پرندوں کا ایک مرض جس میں جانور پھول جاتا ہے اور پھر کا نکا نکل کر مر جاتا ہے۔ وہ سفیدی کا نشان جو مشکی زردہ کمیت، قلا، سرنگ، گھوڑوں کے چار جامے کے تنگ کے باہر ایک پٹھے یا دونوں پٹھوں یا پاؤں یا ران پر ہوتا ہے جو منحوس سمجھا جاتا ہے۔

پھوٗلا پھلا phuu-la(a) pha-la(a): (ار، مص) سوجنا، ہوا بھرنا، ابھرنا، کھلنا، موٹا ہونا۔

پھوٗلنا پھلنا phuul-na phal-na(a): (ار، محاورہ) پھول آکر پھل لگنا، درخت کا سرسبز اور بارآور ہونا۔

پھوٗں پھاں phuuN-phaaN: (ار، مث) شیخی، اکڑ، غصہ، ناخوشی۔

پھوٗنک دینا phuuNk-de-na(a): (ار، محاورہ) پھونک مارنا، جلا دینا، برباد کرنا، دق کرنا، مشہور کرنا، پھیلا دینا، دعا یا منتر پڑھ کر دم کرنا، دکان کے ساتھ بھر دینا، بہکانا۔

پھوٗنک مارنا / لگانا phuuNk maar-na(a): (ار، محاورہ) زور کے ساتھ منہ سے ہوا چھوڑنا، دعا وغیرہ پڑھ کر دم کرنا، جادو کرنا، بجھانا، گل کرنا۔

پھوٗنکنا phuuNk-na(a): (ار، مص) پھونک مارنا، جلانا، آگ لگانا، مردے کو آگ دینا، پھونک کے ساتھ حقہ کا پانی نکالنا، دعا یا منتر پڑھ کر دم کرنا، بھڑکانا، بہکانا، اغوا کرنا، تشہیر کرنا، پھیلانا، دل جلانا، ستانا۔

پھوٗہا / پھاہا phuu-haa: (ار، مذ) روئی کا ٹکڑا جس کو دودھ میں تر کر کے شیر خوار بچے کے منہ میں رکھتے ہیں یا عطر میں بسا کر کان میں رکھتے ہیں۔ روئی کا ذرا سا گالا، پھریری۔

پھوٗہار phuu-haar: (ھ، مث) پھوار، ہلکی ہلکی بارش۔

پھوٗہڑ phuu-haR: (ھ، صف، مث) بے سلیقہ، بے تمیز، بے ہنر عورت۔

پھوٗہڑا phuu-ha-Ra(a): (ھ، صف، مذ) پھوہڑ، بے تمیز مرد۔

پھوٗہڑ پن / پنا phuu-haR-pan: (ار، مذ) بدتمیزی، بدسلیقگی، بے ہنری۔

پھوٗئی / پھٹی phuu-Ti(i): (ھ، مث) پھپھوندی، گھی کا پھول جو تاؤ دیتے وقت اوپر آجاتا ہے۔ باریک بوند، پھوار۔

پھیپھڑا pheph-Ra(a): (ھ، مذ) سانس لینے کا عضو، جس میں ہوا باہر سے جا کر خون کو صاف کرتی ہے۔ وہ عضو جو دل کے اوپر پنکھے کی طرح ہوتا ہے۔

پھینٹا / پھنٹا phaiNTa(a): (ھ، مذ) سر سے باندھنے کا چھوٹا دوپٹہ، چھوٹی پگڑی، سر پیچ۔

پھیٹنا / پھینٹنا phaiT-na(a): (ار، مص) ایک جان کرنا، حل کرنا، مارنا۔

پھٹی / پھٹیٹی phai-Ti(i): (ھ، مث) کتا ہوا

سوت جو چرخے پر چڑھایا ہوا ہو یا ایرن پر لپیٹا ہوا ہو، سوت کی لچھی، ریشم کی لچھی۔ انٹی۔

پھیر pher: (ہ، مذ) چکر، موڑ، گھماؤ، فاصلہ، دوری، انقلاب، راستے کی ٹیڑھ، اُلجھاؤ، فرق، فکر، دائرہ، گردش، برائی۔

پھیر پڑنا pher paR-na(a): (ار، محاورہ) چکر پڑنا، فرق ہونا، تسلسل پڑنا، فرق پڑنا، تفاوت ہونا۔

پھیر پھار pher-phaar: (ار، مث) چکر، ہیرا پھیری، الٹ پلٹ، پیچ، چال، فریب۔

پھیر دینا pher-de-na(a): (ار، محاورہ) واپس کر دینا، لوٹا دینا، سمت بدلنا، رخ بدلنا۔

پھیر میں آنا pher-mein-aa-na(a): (ار، محاورہ) چکر میں آنا، گردش میں آنا، نقصان ہو جانا، فریب میں آنا، دھوکے میں آنا، ناگہانی مصیبت میں پھنسنا۔

پھیرا phe-ra(a): (ہ، مذ) حلقہ، دائرہ، گشت، دورہ، طواف، گھماؤ، موڑ، چوتا ناپنے کا آلہ یا پیمانہ، فقیروں گداگروں کی معمولی گشت۔

پھیرا پھاری / پھیری phe-raa-ph-aa-ri(i): (ہ، مث) ہیرا پھیری، کسی چیز کا باہم لینا اور واپس کرنا۔

پھیرنا pher-na(a): (ار، مص) چکر دینا، پھرانا، واپس کرنا، موڑنا، رنگ چڑھانا، قلعی کرنا، دہرانا، بیزار کرنا، سیر کرانا، پلٹنا، بدلنا (زبان)

پھیری phe-ri(i): (ہ، مث) فقیر، گداگر خردہ فروش کا گشت، طواف، چکر (افعال: پھرنا، لگانا)

پھیرے phe-re: (ہ، مذ) پھیرا کی جمع، ہندوؤں کی بیاہ میں ایک ضروری رسم جس میں دولہا دلہن کو آگ کے گرد پھراتے ہیں۔

پھیکا phii-ka(a): (ار، صف مذ) بے نمک، الونا، کم مٹھاس والا، بدمزہ، بے ذائقہ، اُداس، بے رونق، ہلکا، مدھم، روکھا، بداخلاق، مث: پھیکی، اسم کیفیت مث: پھیکاپن۔

پھیکا پڑ جانا phii-kaa paR-jaa-na(a): (ار، محاورہ) رنگ مدھم پڑ جانا، ماند ہو جانا، رونق میں فرق آنا۔

پھیکڑا phek-Ra(a): (ار، مذ ق) ٹیڑھی ٹانگوں والا۔

پھیل جانا phail-jaa-na(a): (ار، محاورہ) جسامت کا بڑھ جانا، کسی موٹی چیز کا پتلا ہو کر بڑھ جانا، چوڑا ہو جانا، رائج ہونا، مشہور ہو جانا۔

پھیلا phai-la(a): (ار، صف مذ) پھیلا ہوا، چوڑا، مث: پھیلی۔

پھیلا پڑنا phai-laa paR-na(a): (ار، محاورہ) بچھا جانا، گرا پڑا، بے حد خواہش مند ہونا۔

پھیلانا phai-laa-na(a): (ار، مص) کھولنا، بڑھانا، کشادہ کرنا، بچھانا، فرش کرنا، دراز کرنا، حصہ رسدی بانٹنا، تخمینہ کرنا، شائع کرنا، مشتہر کرنا، دراز کرنا، رواج دینا، بکھیرنا۔

پھیلاوا phai-laa-va(a): (ار، مذ) درازی طوالت، خاندان نیز دیکھیے پھیلاؤ۔

پھیلاؤ phai-laa-o: (ار، مذ) درازی، طوالت، چوڑائی، کشادگی وسعت، فراخی، حساب کی جانچ پڑتال، اندازہ تخمینہ، مقدار، شگون، فال۔

پھیلنا phail-na(a): (ار، مص) بڑھنا، کھلنا، کشادہ ہونا، وسیع ہونا، بچھنا، فرش ہونا، دراز ہونا، لمبا ہونا۔ مشتہر ہونا، بکھرنا، پراگندہ ہونا، موٹا ہونا، فربہ ہونا، چھانا، سایہ دار ہونا، ضد کرنا، ہٹ کرنا، حد سے بڑھنا، طمع کرنا، زیادہ مانگنا، بکثرت ہونا، لگا لگنا، پڑتال ہونا، بہنا، بے تکلف ہونا۔

پھینا phai-na(a): (ھ،مذ) جھاگ، کف جو دودھ پانی میں ہوتا ہے، بیل ہانکنے کی وہ لکڑی جس کے ایک سرے پر کیل ہوتی ہے۔

پھینک phaiNk: (ار،مث) پھینکنا کا اسم کیفیت، گد کے کا ایک کھیل۔

پھینکنا phaiNk-na(a): (ار،مص) دور ڈالنا، گرانا، دے مارنا، بکھیرنا، بہت تیز دوڑانا، ضائع کرنا، گد کا کھیلنا، تیز چلانا۔

پھینی phai-ni(i): (ھ،مث) ایک قسم کا پکوان جس کی ساخت سوت کے لچھوں کے مانند ہوتی ہے۔ دودھ میں بھگو کر کھاتے ہیں۔

پ ۔ ی

پی pi(i): (ھ،مذ) پریتم، پیارا، معشوق، خاوند، شوہر پینا کا امر۔

پی پی pii-pii: (ار،صوت مث) پپیہے کی آواز۔

پیاپے pyaa-pe: (ف، متعلق فعل) پے در پے لگاتار، مسلسل۔

پے بہ پے pay-bah-pay: (ف، متعلق فعل) پے درپے، مسلسل۔

پے در پے pay-dar-pay: (ف، متعلق فعل) لگاتار، مسلسل، متواتر۔

پے کرنا pay-kar-na(a): (ار، محاورہ) کونچیں کاٹنا، جنگ میں گھوڑے کے پاؤں کاٹنا۔

پیا pya(a): (ھ،مذ) محبوب، شوہر، خاوند، پیارا۔

پیادہ pyaa-da(h): (ف،مذ) پیدل، شطرنج کا ایک مہرہ، شاہی ہرکارہ چپراسی، پیدل فوج کا سپاہی۔

پیادہ پا pyaa-dah-pa(a): (ف،صف) پیدل، سوار کی ضد، اسم کیفیت مث: پیادہ پائی۔

پیار pyaar: (ار،مذ) محبت، الفت، لاڈ، مامتا، بوسہ، دوستی (افعال: آنا، رکھنا، کرنا)

پیارا pyaa-ra(a): (ھ،صف) محبوب، معشوق، دوست، لاڈلا، عزیز، یگانہ، خوبصورت، دلکش مث: پیاری: (افعال: لگنا)

پیارا کرنا pyaa-ra(a) kar-na(a): (ار، محاورہ) کسی چیز کے دینے میں دریغ کرنا۔

پیارا ہونا pyaa-ra(a) ho-na(a): (ار، محاورہ) عزیز ہونا، محبت ہونا، مر جانا (اللہ کو)

پیاز pyaaz: (ف،مث) ایک بودار گانٹھ والی جڑ جس میں تہ در تہ چھلکے ہوتے ہیں۔

پیازی pyaa-zi(i): (ف،صف) پیاز سے منسوب، شربتی، گلابی، ہلکا گلابی رنگ، ایک قسم کا نہایت قیمتی اور خوش رنگ لعل۔

پیاس pyaas: (ار، مث) پانی پینے کی خواہش، آرزو، بچوں کی ایک بیماری جس میں تشنگی بہت ہوتی ہے۔ (افعال: بجھانا، بجھنا، بھڑکنا، لگنا، مارنا)

پیاسا pyaa-sa(a): (ار، صف) پانی کا خواہشمند، تشنہ، آرزومند مث: پیاسی

پیال pyaal: (ھ،مذ) دھان کا سوکھا ڈنٹھل، پھوس، پرال۔

پیالہ pyaa-la(a): کٹورا، ساغر، کاسہ، جام، توپ یا بندوق میں بارود رکھنے کی جگہ، کاسہ گدائی، بھیک مانگنے کا ٹھیکرا، فقیروں کے یہاں فقیروں کی دعوت۔

پیالہ بھرنا pyaa-la(h) bhar-na(a): (ار، محاورہ) پیالے کا پُر ہونا، پیالے کو پُر کرنا، عمر آخر ہونا۔

پیالہ ہونا pyaa-la(h) ho-na(a): (ار، محاورہ) آزاد فقیروں کی اصطلاح میں فاتحہ سوم کی ضیافت ہونا، عرس ہونا۔

پیالی pyaa-li(i): (ار، مث) پیالہ کی تصغیر۔

پیام pyaam: (ف، مذ) پیغام، سندیسہ، زبانی بات جو کسی سے کہلوائی جائے، نسبت، منگنی، زبانی سوال نیز دیکھیے 'پیغام'۔

پیام بر pa-yaam-bar: (ف، صف فاعلی) قاصد، ایلچی، سفیر، اسم کیفیت مث: پیام بری۔

پیام / پیغام رساں pyaam/pai-Gaam ra-saaN: (ف، صف فاعلی) دیکھیے 'پیامبر' اسم کیفیت مث: پیام / پیغام رسانی۔

پیامی pa-yaa-mi(i): (ف، صف) پیام بر۔

پیانو pi-yaa-nu(u): (انگ، مذ) Piano، ہارمونیم کی طرز کا ایک مغربی باجا جو ہاتھوں اور پاؤں سے بجایا جاتا ہے۔ اور جس میں سُر اور لے دونوں کا اہتمام ہوتا ہے۔

پیاؤ pi-yaa-u(u): (ہ، مذ) پانی پینے کی جگہ، سبیل۔

پیپ piip: (ہ مث) مواد، ریم، سفید مادہ جو پھوڑوں اور زخموں میں بھر جاتا ہے۔ (افعال: پڑنا، ڈلنا)

پیپا pii-pa(a): (ار، مذ) لکڑی یا دھات کا ڈھول کی شکل کا ظرف جس میں سیال چیزیں ڈالتے ہیں۔ کنستر

پیپر pe-par: (انگ، مذ) کاغذ، پرزہ، پرچہ، اخبار، گزٹ۔

پیپر ویٹ pe-par-veT: (انگ، مذ) Paper-weight، کاغذوں کو دبانے کا وزن جو شیشے کا ہوتا ہے کاغذ داب، وزن۔

پیپر منٹ pe-par-minT: (انگ، مذ) (paper mint) پودینہ کا ست۔

پیپل pii-pal: (ہ، مذ) ایک سایہ دار درخت جس کے پتے پان سے مشابہ مگر چکنے ہوتے ہیں اور جسے ہندو مقدس خیال کرتے ہیں ایک پھل جو دوا کے طور پر کام آتا ہے (فلفل دراز)

پیپلا pii-laa: (ہ، مذ) تلوار کی نوک۔

پیپلی piip-li(i): (ہ مث) پیپل کا پھل۔

پیت piit: (ہ، مث) محبت، دوستی، عشق۔

پیتام بر pii-taam bar: (ہ، مذ) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا، زرد پوش، ریشمی دھوتی جسے اکثر عورتیں باندھتی ہیں۔

پیترا pait-ra(a): (ہ، مذ) کشتی یا پٹے کے داؤں کرتے وقت کا ٹھاٹھ، پاؤں کا نشان، کھوج۔

پیترا بدلنا pait-ra(a) ba-dal-na(a): (ار، محاورہ) کشتی یا پٹے بازی کے وقت پاؤں قاعدے کے مطابق آگے پیچھے رکھنا۔

پیتل pii-tal: (ہ، مذ) تانبے اور جست کا مرکب جس کا رنگ زرد ہوتا ہے اور برتن وغیرہ بنائے جاتے ہیں، صف نسبتی: پیتلی۔

پیتم pii-tam: (ہ، مذ) محبوب، عاشق، نہایت پیارا، دلبر، معشوق۔

پیتمبر pii-tam-bar: (ہ، مذ) دیکھیے 'پیتامبر'

پیٹ peT: (ار، مذ) چھاتی اور پیڑو کے درمیان کا حصہ جہاں کھانا ہضم ہوتا ہے۔ شکم، بطن، رحم، بچہ دان، حمل، بندوق یا توپ کے پیالے کے قریب جگہ۔ گنجائش، حوصلہ، باطن، معدہ، پوٹا، دائرے کا اندرونی حصہ، جوف، گولائی، محیط، خوراک۔

پیٹ بڑھانا / بڑھنا peT-ba-Rhaa-na(a): (ار، محاورہ) خوراک بڑھانا / بڑھنا، مقدار سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا / بڑھنا مقدار سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا / پڑنا، دوسرے کے مال پر دانت رکھنا / رہنا۔

پیٹ بھرنا peT-bhar-na(a): (ار، محاورہ) سیر

ہونا، گزر بسر کرنا، روکھا سوکھا کھا کے دن کاٹنا۔

پیٹ پالنا peT-paal-na(a): (ار، محاورہ) وقت سے گزارہ کرنا، مشکل سے بسر ہونا۔

پیٹ پکڑنا peT-pa-kaR-na(a): (ار، محاورہ) پریشانی اور اضطراب ظاہر کرنا۔

پیٹ پوجا peT-puu-ja(a): (ار، مث) شکم پری، پیٹ بھرنا۔

پیٹ پھاڑنا peT-phaaR-na(a): (ار، محاورہ) شکم چاک کرنا، کسی کام میں جلدی بیقراری ظاہر کرنا۔

پیٹ پھٹنا peT-phaT-na(a): (ار، محاورہ) شکم چاک ہونا، بے صبر ہونا، ہنسی کے مارے بیتاب ہونا۔

پیٹ چلنا paT chal-na(a): (ار، محاورہ) دست آنا، جلاب آنا، پیٹ ڈالنا۔

پیٹ رہ جانا / رہنا peT reh jaa-na(a): (ار، محاورہ) حاملہ ہونا، حمل ٹھہر جانا۔

پیٹ سے peT se: (ار، صف) حاملہ

پیٹ کاٹنا peT-kaaT-na(a): (ار، محاورہ) کفایت کرنا، کم کھا کر گزر کرنا، خوراک سے کم دینا، بھوکا مارنا۔

پیٹ کا دھندا peT-kaa-dhan-da(a): (ار، مذ) کھانے پینے کی تدبیر، فکر معاش۔

پیٹ کا کتا peT-kaa-kut-ta(a): (ار، صف) نہایت لالچی، شکم پرور، بھوک۔

پیٹ کا ہلکا peT-kaa hal-ka(a): (ار، صف) جو راز کو چھپا نہ سکے، تنگ ظرف۔

پیٹ کی آگ peT-kii aag: (ار، مث) ماں کی محبت، بھوک۔

پیٹ والی peT-vaa-li(i): (ار، صف) حاملہ زن باردار۔

پیٹ ہونا peT-hau-na(a): (ار، محاورہ) حمل ہونا۔

پیٹا pe-Ta(a): (یائے مجہول سے) (ار، مذ) پیٹ، شکم، حیوانات کی اوجھڑی، دور، گھیر، گولائی، اڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور کا جھول، جوف، کسی چیز کا وسط، کسی تنی ہوئی چیز کا جھول، دریا راستہ یا پاٹ، ورق بیچ کا حصہ متن، میزان، فاصلہ، دوری، حمایت، (متعلق فعل) قریب قریب، تخمینا، دوران میں۔

پیٹنا piiT-na(a): (ار، مص) مارنا، کوٹنا، کپلنا، چوٹ لگانا، دُکھڑا رونا، نوحہ کرنا، ماتم کرنا، چوڑا کرنا، چپٹا کرنا، حاصل کرنا، کمانا، گوٹ مارنا، مہرہ مارنا، (مذ) ماتم، نوحہ۔

پیٹنٹ pai-TenT: (انگ، مذ) Patent رجسٹری شدہ ایجاد جس کو دوسرا نہ بنا سکے۔ مستند۔

پیٹو pe-Tu(u): (یائے معروف سے) (ار، صف) بہت کھانے والا، بسیار خور۔

پیٹھ piiTh: (ار، مث) پشت، جسم کا پچھلا حصہ جو سینے کے مقابل ہو، مدد، حمایت، پناہ، پیچھے۔

پیٹھ پھیرنا piiTh pher-na(a): (ار، محاورہ) مڑ کر بیٹھنا، رخ بدل کر بیٹھنا۔ بیزاری یا نفرت کی وجہ سے دوسری طرف منہ کر لینا، روانہ ہونا، رخصت ہونا، لڑائی سے بھاگنا۔

پیٹھ ٹھونکنا piiTh-ThoNk-na(a): (ار، محاورہ) پیار کرنا، شاباشی دینا، حوصلہ بڑھانا۔

پیٹھ دکھانا piiTh-di-khaa-na(a): (ار، محاورہ) روانہ ہونا، سفر کو جانا، منہ موڑنا، دغا دینا، لڑائی سے بھاگ جانا۔

پینٹھ painTh: (ھ، مث) دخل، رسائی، باریابی، گزر، وہ بازار جو آٹھویں دن مقررہ جگہوں پر لگتا ہے،

شئی، نقل، ہنڈوی کی نقل، وہ میل جو کانٹا وغیرہ نکل جانے کے بعد بھر جائے۔

پیٹھا pe-Tha(a): (ہ، مذ) گول کدو سے مشابہ ایک پھل جس کی مٹھائی اور مربہ بناتے ہیں۔

پٹی pe-Ti(i): (ار، مث) پٹکا، کمر بند، نقدی وغیرہ رکھنے کا صندوقچہ، کُرتی، جامہ دانی۔

پٹی اتارنا / اُترنا pe-Ti(i) u-taar-na(a): (ار، محاورہ) سپاہی کو معطل کرنا / ہونا۔

پٹی باندھنا pe-Ti(i) baandh-na(a): (ار، محاورہ) کمر کسنا، مستعد ہونا، تیار ہونا۔

پٹی کوٹ pe-Ti(i)-koT: (انگ، مذ) Petticoat لہنگا، گھگرا۔

پیجامہ pai-jaa-ma(h): (ف، مذ) پاجامہ، پائنچوں والا زیریں لباس۔

پی جانا pii-jaa-na(a): (ار، محاورہ) نوش کر لینا، چڑھا لینا، طرح دے جانا، برداشت کرنا۔

پیچ piich: (بہ یائے معروف) (ار، مث) چاولوں کا پساؤ، اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی جسے غریب لوگ پی لیتے ہیں اور دھوبی کلف بناتے ہیں۔

پیچ pech: (بہ یائے مجہول) (ف، مذ) بل، لپیٹ، داؤں، مروڑ، وہ کیل جس میں چوڑیاں سی بنی ہوئی ہوتی ہیں، چکر، موڑ، گھماؤ، پھیر، دور، گردش، دُشواری، مشکل وقت، دھوکا فریب، چال، خلل، کنکووں کی لڑائی، ایک کنکوے کی ڈور کا دوسرے کی ڈور سے الجھنا۔

پیچ باندھنا pech-baaNdh-na(a): (ار، محاورہ) کشتی کے داؤں کا توڑ کرنا، جواب دینا۔

پیچ پڑنا pech-paR-na(a): (ار، محاورہ، بجھ جانا، مشکل پیش آنا، وقت پیش آنا، پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور پر پڑنا)

پیچ چلنا pech-chal-na(a): (ار، محاورہ) داؤں کا کامیاب ہو جانا، تدبیر کارگر ہونا، دغا فریب سے کام نکلنا۔

پیچ چھٹنا pech-chaT-na(a): (ار، محاورہ) کنکوے کی بازی میں ایک ڈور کا دوسری ڈور سے علیحدہ ہو جانا۔

پیچ دار pech-daar: (ف، صف) بل دار، بل کھایا ہوا، پیچیدہ، مشکل، الجھا ہوا، دقیق، ٹیڑھا، خمدار۔

پیچ در پیچ pech-dar-pech: (ف، صف) بل پر بل پڑا ہوا، نہایت پیچیدہ، عقدۂ لاینحل، مشکل۔

پیچ دینا pech-dai-na(a): (ار، محاورہ) بل دینا، مروڑنا، لپیٹنا، پیچ کسنا۔

پیچ ڈالنا pech-Daal-na(a): (ار، محاورہ) الجھاؤ، ایک پتنگ کی ڈور کو دوسرے پتنگ کی ڈور سے الجھانا، مشکل میں پھنسانا، پیچیدگی بڑھانا، داؤں کرنا۔

پیچ کرنا pech-kar-na(a): (ار، محاورہ) کشتی میں داؤں کرنا، پتنگ کا پیچ لڑانا، دھوکا دینا۔

پیچ کسنا pech-kas-na(a): (ار، محاورہ) لوہے کے پیچ کو چکر دے کر دبانا۔

پیچ کش pech-kash: (ف، مذ) ایک آلہ جس سے پیچ کستے ہیں، کسنے اور کھولنے کا اوزار۔

پیچ کھانا pech-khaa-na(a): (ار، محاورہ) بل کھانا، دل ہی دل میں غصہ کرنا، رنجیدہ ہونا، چکر کھانا۔

پیچ لڑانا / لڑنا pech-la-Raa-na(a): (ار، محاورہ) کنکوے لڑانا / لڑنا، پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور میں الجھانا / الجھنا۔

پیچ مارنا pech-maar-na(a): (ار، محاورہ) کشتی کا

داؤں کرنا، دھوکا دینا، جل دینا۔

پیچ میں آنا/پڑنا pech-paR-na(a): (ار، محاورہ) مصیبت میں پھنسنا، پھیر میں آنا، فریب کھانا۔

پیچ میں/پھنسنا pech-maiN phaNs-na(a): (ار، محاورہ) جھگڑے میں پھنسانا/پھنسنا، مصیبت میں ڈالنا/پڑنا۔

پیچ و تاب pe-cho-taab: (ف، مذ) اضطراب، بے چینی، بل، چکر، فکر، اندیشہ۔

پیچ و خم pe-cho-Kam: (ف، مذ) بل، پھیر، چکر

پیچا pe-cha(a): (ہ، مذ) پتنگ کا پیچ، لپیٹ، بل، چکر۔

پیچاک pe-chaak: (ف، مذ) پیچ و خم، طرۂ زلف، گھونگا۔

پیچاں pe-chaak: (ف، صف) بل کھایا ہوا، پیچیدہ، (غلطاں کے ساتھ) حیران، پریشان۔

پیچش pe-chish: (ف، مث) مروڑ، درد ہو کر دست، پاخانہ آنا۔

پیچک pe-chak: (ف، مث) لپیٹے ہوئے سوت کی ریل، پیچ دار نال، تیچو۔

پیچواں pech-vaaN: (ف، مذ) ایک قسم کا حقہ جس کی نے لچکدار اور بہت لمبی ہوتی ہے۔

پیچھا pii-chha(a): (ار، مذ) آگے کی ضد، عقب، پچھلی طرف، تعاقب۔

پیچھا چھڑانا pii-chha chhu-Raa-na(a): (ار، محاورہ) آزادی حاصل کرنا، جان بچانا۔

پیچھا چھوڑنا pii-chha chhoR-na(a): (ار، محاورہ) مخلصی دینا، آزادی دینا، معاف کرنا، ترک کرنا۔

پیچھا کرنا pii-chhaa kar-na(a): (ار، محاورہ) تعاقب کرنا، پیچھے دوڑنا، رگیدنا، تنگ کرنا، دق کرنا، ستانا، سر ہونا، درپے ہونا۔

پیچھا لینا pii-chhaa le-na(a): (ار، محاورہ) تعاقب کرنا، رگیدنا، پیچھے دوڑنا، للکارنا، تنگ کرنا۔

پیچھے pii-chhe: (ار، متعلق، فعل) بعد میں، عقب میں، غیب میں عدم موجودگی میں، غیر حاضری میں، پھر، بعد کو باعث، وجہ سے، ہر ایک۔

پیچھے پڑنا pii-chhe paR-na(a): (ار، محاورہ) بار بار مانگنا، ہر وقت تنگ کرنا، ستانا، دشمنی کرنا، درپے آزار ہونا، رسوا کرنا، رسوائی چاہنا، سر ہونا، درپے ہونا، آڑے ہاتھوں لینا، دبانا، دشمنی کرنا، عداوت کرنا۔

پیچھے لگا دینا pii-chhe-la-gaa de-na(a): (ار، محاورہ) مخالف، بنا دینا، سر کرنا، درپے کرنا۔

پیچیدہ pe-chii-da(h): (ف، صف مفعولی) دقیق، مشکل، دقت طلب، لپٹا ہوا، الجھا ہوا، قابل غور و فکر، اسم کیفیت، مث: پیچیدگی۔

پیخانہ pai-Kaa-na(h): (ف، مذ) آدمی کا فضلہ، بیت الخلا، پاخانہ (افعال: آنا، کرنا، پھرنا، ہونا)

پَیدا pai-da(a): (ف، صف) ظاہر، آشکار، دستیاب، میسر، جنا ہوا، زائیدہ (مث) کمائی، آمدنی۔

پَیداوار pai-daa-vaar: (ف، مث، مذ) زراعت و تجارت وغیرہ کی آمدنی، فصل کا حاصل، نفع۔

پَیدائش pai-daa-ish: (ف، مث) خلقت، آفرینش، جنم، نفع، آمدنی، صف نسبتی، پیدائشی۔

پَیدل pai-dal: (صف، صف) چلنے والا، پیادہ پا، سوار کی ضد، (مذ) شطرنج کا ایک ادنیٰ درجے کا مہرہ، پیادہ، جو ہمیشہ سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے، پیدل فوج کا سپاہی۔

پَیڈ paiD: (انگ، مذ) Pad، جاذب، سیاہی چوس، لکھنے کے کاغذات کی گڈی، بوٹ صاف کرنے کا

کا تکہ، (کپڑے کی گدی) سیاہی کی ڈبی، جس میں نمدے کی گدی میں سیاہی جذب ہوتی ہے جس کے ذریعہ مہر لگائی جاتی ہیں۔ عورتوں کی ماہواری کی گدی کو بھی کہتے ہیں۔

پَیڈل pai-Dil: (انگ، مذ) Paddel، پائدان، بائیسکل اور سلائی کی مشین کا وہ حصہ جس پر پاؤں رکھ کر مشین چلائی یا بائیسکل چلائی جاتی ہے۔

پَیر pair: (ار، مذ) پاؤں، کھوج، سراغ پیڑ، کھلیان کی وہ جگہ جہاں اناج بالوں سے نکالتے ہیں۔

پَیر چھوٹنا pair-chhuT-na(a): (ار، محاورہ) حیض کا معمول سے زیادہ جاری ہونا۔

پِیر piir: (ار، مذ) سوموار، دوشنبہ، اتوار سے اگلا دن، یوم القمر (مث)

پِیر piir: (ف، صف) بوڑھا آدمی، بزرگ، سن رسیدہ، سال خوردہ، ہادی، رہنما مرشد مث، ار، پیرنی۔

پِیر بھائی piir-phaa-i(i): (ار، مذ) ایک ہی پیر کے مرید۔

پِیرِ خرابات pii-re-Ka-raa-baat: (ف، مذ) شراب خانے کا مالک، صوفیوں کی اصطلاح میں مرشد کامل، جو قیود شرعی سے آزاد اور فنافی اللہ ہو۔

پِیر زادہ piir-zaa-da(h): (ف، مذ) مرشد کا بیٹا، ایک لقب جو پیروں کی اولاد اختیار کرتی ہے۔

پِیر زال/زن piir-zaal: (ار، مث) بوڑھی عورت، بڑھیا۔

پِیر سال piir-saal: (ف، صف) بوڑھا، بوڑھی۔

پِیر طریقت piir-ta-rii-qat: (ف، مذ) صوفیوں کا پیر (مرشد)

پِیر کرنا piir kar-na(a): (ار، محاورہ) مرشد بنانا۔

پِیرِ کنعان piir-e-kan-(?)aan: حضرت یعقوبؑ

پِیرِ مُغاں pii-re-mu-GaaN: (ف، مذ) آتش پرستوں کا پیشوا، شراب خانے کا مالک، ساقی، تصوف میں حضرت علیؓ، مرشد کامل، بزرگ۔

پِیر نابالغ piir na-baa-liG: (فع، مذ) وہ بوڑھا جو بچوں کی طرح باتیں کرے۔

پِیر و مُرشد piiro-mur-shid: (ف، مذ) اُستاد، بزرگ، ہادی، رہنما۔

پَیرا pai-ra(a): (ف، لاحقہ) پیراستن سے صیغہ امر جو اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور زینت دینے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً نغمہ پیرا۔

پَیرا pai-ra(a): (ھ، مذ) قدم کا شگون آنے کا شگون۔

پَیراستہ pai-raas-ta(h): (ف، مذ) سجا، آراستہ، اسم کیفیت مث: پیراستگی۔

پَیراشوٹ pai-raa-shuuT: (انگ، مذ) Parachute، محافظ چھتری جس کی مدد سے انسان ہوائی جہاز سے کود کر زمین پر پہنچتا ہے۔

پَیراک pai-raak: (ھ، مذ) پانی میں تیرنے والا، شناور، اسم کیفیت مث: پیراکی۔

پَیرا/پیراگراف pai-raa-gi-raaf: (انگ، مذ) Paragraph، عبارت کا وہ ٹکڑا جس میں ایک مضمون ہو، اُردو میں صرف پیرا بھی مستعمل ہے۔

پِیرانہ pii-raa-na(h): (ف، صف) پیر سے منسوب، بوڑھوں کی طرح۔

پِیرانہ سال/سالی pii-raa-na(a) saal: (ف، مث) بڑھاپے کا زمانہ، ایام پیری۔

پَیراہن pai-ra-han: (ف، مذ) کپڑے، لباس، پوشاک، جبہ، چادر، لمبا کوٹ، ایک خاص قسم کی قبا، (افعال: پہنانا/پہننا اتارنا، اترنا)

پَیراہن کاغذی pai-raa-han-kaaG-zi(i):

(ف، مذ) فریادی یا مظلوم کا لباس، ناپائیدار چیز۔

پیرانی pai-raa-ni(i): (ہ، مث) سجاوٹ، آراستگی، زیبائش سجاوٹ۔

پیرائش pai-raa-ish: (ف، مث) سجاوٹ، آراستگی، زیبائش سجاوٹ۔

پیرایہ pai-raa-ya(h): (ف، مذ) زینت، زیور، آرائش، لباس، طرز، روش، ڈھنگ، طریقہ۔

پیرنا pair-na(a): (ہ، مص) تیرنا، بہنا، کسی فن میں ماہر ہو جانا، خنجر تلوار، چھری کا آر پار ہو جانا، بیج بونا، (نوٹ پیرنا آدمی کے لیے آتا ہے اور تیرنا بے جان کے لیے)

پیرو pai-ro: (ف، صف) کسی معاملہ میں کسی کی طرف سے پیروی، نگرانی، کوشش کرنے والا، وکیل۔

پیروکار سرکاری pai-ro-kaar sar-kaa-ri(i): (ار، مذ) وہ وکیل یا پالیس افسر جو عدالتوں میں سرکار کی طرف سے مقدمات کی پیروی کرتا ہے وغیرہ۔

پیروڈی pai-ro-Di(i): (انگ، مث) Parody کسی کے شعر کی اپنی تحریر میں مزاحیہ نقل اتارنا، نقل، مضحک۔

پیروں پڑنا pai-rauN paR-na(a): (ار، محاورہ) پاؤں پر سر رکھنا، منت وزاری کرنا۔

پیری pii-ri(i): (ف، مث) بڑھاپا، ضعیفی، مرید بنانے کا پیشہ، ہدایت کا کام، استادی، کرامت۔

پیریڈ pii-ri-yaD: (انگ، مذ) Period، مدت، دور، زمانہ، وقت، تعلیم کا ایک گھنٹہ، حیض کا زمانہ۔

پیڑ paiR: (ہ، مذ) چلنے کا نشان، کھوج، معماروں کی نشست گاہ، پاڑ۔

پیڑ peR: (ہ، مذ) درخت، شجر، پودا، بوٹا۔

پیڑ piiR: (ہ، مث) درد، مصیبت، آفت، درد زہ

(دہلی) حاجت مند ہونا۔

پیڑا pe-Ra(a): (ہ، مذ) گندھے ہوئے آٹے کی لوئی، کھوئے اور کھانڈ سے بنی ہوئی ایک مٹھائی جو گول اور میٹھی ہوتی ہے، گول ختہ، اور چپٹا۔

پیڑو pe-Ru(u): (ہ، مذ) ناف کے نیچے کا حصہ۔

پیڑو کی آنچ pe-Ru(u) ki aaNch: (ہ، مث) عورت کی محبت (مرد کے ساتھ خواہش نفسانی سے ہو) مرد کی خواہش نفسانی۔ عورت کے لیے شہوت۔

پیڑھا pii-Rha(a): (ہ، مذ) لکڑی کی چھوٹی مربع نشست گاہ جس کے پائے چھوٹے ہوتے ہیں، اور نواڑ، رسی یا بید سے بنی ہوتی ہے۔ بعض میں تکیہ لگانے کے لیے لکڑی کی نشست بھی ہوتی ہے۔

پیڑھی pii-Rhi(i): (ہ، مث) چھوٹا پیڑھا جس کی پشت نہیں ہوتی، نسل، پشت۔

پیزار pai-zaar: (ف، مث) جوتی، پاپوش، کفش، بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

پیزار سے / پیزار کے صدقے سے / کی نوک پر / سے pai-zaar-se: (ار، متعلق فعل) پاپوش سے، بلا سے، ذرا پروا نہیں۔

پیس دینا / ڈالنا piis-de-na(a): (ار، محاورہ) چکی میں ڈال کر باریک یا آٹا کر دینا، ریزہ ریزہ کرنا، برباد کرنا، تکلیف دے کر برباد کرنا۔

پیسنا piis-na(a): (ار، مص) چکی میں ڈال کر آٹا کر دینا، سل بٹے سے رگڑ کر سفوف بنا دینا، ریزہ ریزہ کرنا، رگڑنا، گھسنا، برباد کرنا، چکی چلانا، دانت کچکچانا، غلہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ پیسنے کو دی جائے۔

پیسنی piis-ni(i): (ہ، مث) ایک دفعہ پیسنے کی مقدار۔

پیسا، پیسہ pai-sa(h): (ار، مذ) روپیہ کا سوواں حصہ جو پہلے روپیہ کا چونسٹھواں حصہ تھا، روپیہ، دولت۔

پیسا چلنا pai-sa(h) chal-na(a): (ار، محاورہ) قرض یا لگان کا روپیہ وصول ہونا، کھوٹا پیسہ کسی کو دے دینا۔

پیسا لگانا pai-sa la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) روپیہ خرچ کرنا۔

پیسے کا پوت / مپت paise-ka-puut: (ار، صف) زبردست، لالچی، حریص۔

پیسٹری pes-Tri: (انگ، مث) Pastry، ایک انگریزی مٹھائی۔

پیسنجر ٹرین pai-sin-jar Ti-rain: (انگ، مث) Passanger-train، مسافر گاڑی۔

پیسے دار pai-se-daar: (ار، صف ق) دولت مند

پیش pesh: (ف، متعلق فعل) آگے، سامنے، پس کی ضد، پہلے، قبل، از، تسبیح کا امام، ضمہ کی علامت، پیش، انگرکھے وغیرہ کی کلی، اگلا حصہ، سامنے کا حصہ، معزز، شریف۔

پیش آمد pesh-aa-mad: (ف، مث) سلوک، رعایت، سامنے آیا۔

پیش pesh: (ف، متعلق فعل) پہلے، قبل، اس سے پہلے۔

پیش ازیں pesh-a-ziiN: (ف، متعلق فعل) اس سے پہلے، اس سے آگے۔

پیش اِمام pesh-imaam: (ف، مذ) پیش نماز، نماز پڑھانے والا۔

پیش بند pesh-band: (ف، مذ) زیربند، وہ چمڑا یا تسمہ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں گردن جھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں۔

پیش بندی pesh-ban-di(i): (ف، مث) دور اندیشی، پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا (افعال: باندھنا، کرنا)

پیش بین pesh-biin: (ف، صف) دور اندیش، عاقبت اندیش، اسم کیفیت مث: پیش بینی۔

پیش پا اُفتادہ pesh paa uf-taa-da(h): (ف، صف) سامنے کی بات، بہت معمولی بات۔

پیشتر pesh-tar: (ف، صف) دیکھیے 'پیش' جس کی یہ تفصیل بعض ہے۔

پیش جانا / چلنا pesh-jaa-na(a): (ار، محاورہ) اثر ہونا، قابو چلنا، سبقت لے جانا۔

پیش خِدمت pesh-Kid-mat: (ہ، مث) امیروں کا خادم۔

پیش خواں pesh-KwaaN: (ف، صف) شروع میں پڑھنے والا۔

پیش خوانی pesh-Kwaa-ni(i): (ف، مث) ابتدا میں پڑھنا، وہ نظم جو ابتدا میں پڑھی جائے۔

پیش خیمہ pesh-Ke-ma(h): (فع، مذ) وہ خیمہ جو اگلی منزل پر بھیج دیا جاتا ہے تاکہ پہنچنے پر انتظار نہ کرنا پڑے۔ کسی کام کے ظہور کا سامان۔

پیش دالان pesh-daa-laan: (ف، مذ) برآمدہ، اگلا دالان۔

پیش دست pesh-dast: (ف، صف) فائق، سبقت کرنے والا پہل کرنے والا (مذ) آگے کام کرنے والا، نائب۔

پیش دستی pesh-das-ti(i): (ف، مث) سبقت، پہل، فوقیت۔

پیش دستی کرنا pesh-das-tii-kar-na(a): (ار، محاورہ) سبقت کرنا، پہل کرنا، حملہ کرنا۔

پیش رس pesh-ras: (ف، صف) پہلا، پہلے ہونے والا، وہ پھل یا ترکاری جو موسم سے پہلے پک جائے وہ لڑکا جو اپنی عمر سے زیادہ ذہین اور عقلمند ہو۔

پیش رفت pesh-raft: (ف، صف) ترقی، قابو، بس (مث) ترقی، آگے بڑھنا۔

پیش رَو pesh-rau: (ف، صف) آگے آگے چلنے والا، نوکر، خدمتگار، امام، حاکم، لیڈر، سردار، فوج کا وہ دستہ جو آگے جا کر حالات کو دیکھے، اسم کیفیت، مث: پیش روی۔

پیش طاقت pesh-taa-qat: (ف، مذ) شاہی دروازہ، صحن۔

پیش قبض pesh-qabz: (فع، مذ، مث) خنجر، چھرا، کٹار، کشتی کا ایک داؤں۔

پیش قدمی pesh-qad-mi(i): (فع، مث) بڑھ کے کام کرنا، سبقت، پہل، فوقیت، فضیلت، حملہ، چڑھائی، دلیری، جرأت۔

پیش کار pesh-kaar: (ف، مذ) نائب، نیب، نیجر، مددگار، مسل خواں، اسم کیفیت مث: پیش کاری۔

پیش کرنا pesh-kar-na(a): (ار، محاورہ) حاضر کرنا، موجود کرنا، مقدمے کی مثل آگے رکھنا، نذر دینا، تحفہ دینا/ رکھنا۔

پیش کش pesh-kash: (ف، مث) بھینٹ، نذر، ہدیہ، تحفہ۔ خراج، محصول (انفعال کرنا، ہونا)

پیش گاہ pesh-gaah: (ف، مث) سامنے کی جگہ، سب سے اگلی جگہ، روبرو، ایوان، جلوخانہ، اجلاس، دربار، بادشاہ، صاحب تخت۔

پیش گوئی / پیشین گوئی pesh-go-i(i)/ pe-shiin goi(i): (ف، مث) کوئی بات اُس کے وقوع سے پہلے بتا دینا۔

پیشگی pesh-gi(i): (ف، مث) وہ اجرت جو کام سے پہلے دی جائے، چیز لینے سے پہلے قیمت کا کچھ حصہ ادا کرنا۔

پیش لفظ pesh-lafz: (فع، مذ) آغاز کلام، کتاب کا دیباچہ۔ انگریزی لفظ Preface کا ترجمہ۔

پیش لے جانا pesh-le-jaa-na(a): (ار، محاورہ) سبقت لے جانا، آگے بڑھ جانا۔

پیش نگاہ / نظر pesh-ni-gaa(h)/nazar: (فع، متعلق فعل) نگاہ کے سامنے روبرو، خیال رکھتے ہوئے۔

پیش نماز pesh-na-maaz: (ف، مذ) امام، نماز پڑھانے والا۔

پیش نہاد pesh-na-haad: (ف، مذ) مدنظر، منظور خاطر، ارادہ۔

پیش وپس pe-sho-pas: (ف، متعلق فعل) آگے پیچھے، دُبدھا، ہچکچاہٹ، تامل۔

پیشاب pe-shaab: (ف، مذ) بول، مُوت، قارورہ، نطفہ، ذلیل چیز۔

پیشانی pe-shaa-ni(i): (ف، مث) ماتھا، جبیں، عنوان، اوپر کا حصہ، تقدیر، قسمت، القاب، سُرخی، کاغذ کا وہ حصہ جو عبارت سے اوپر خالی چھوڑ دیا جائے۔

پیشوا pesh-va(a): (ف، صف) مقتدا، امام، سردار، مرہٹوں کا سردار۔

پیشوائی pesh-vaa-i(i): (ف، مث) استقبال، رہنمائی، رہبری۔

پیشواز pesh-vaaz: (ف، مذ) عورتوں کا ایک گھردار لباس، طوائفوں کا مجرا کرتے وقت کا لباس۔

پیشہ pe-sha(h): (ف، مذ) شغل، عمل، کسب، ہنر، فن، دھندا، روزگار۔

پیشہ کرانا/ کرنا pe-sha-kar-na(a): (ار، محاورہ) بدکاری کرانا/ کرنا، لڑکیاں پال کر اُن سے حرام کاری کرانا/ کرنا۔

پیشہ ور pe-sha(h)-var: (ف، ار، مذ) اہل حرفہ، اہل ہنر، دکاندار، تاجر۔

پیشی pe-shi(i): (ف، مث) حضوری، زیر تجویز، زیر نظر، مقدمہ کی سماعت کی تاریخ۔

پیشین pe-shiin: (ف، صف) قدیم، پرانا، پہلا، اگلا۔

پیغارہ pai-Gaa-ra(h): (ف، مذ) سرزنش، طعنہ۔

پیغام pai-Gaam: (ف، مذ) پیام، زبانی بات، منگنی کا سوال۔

پیغامبر pai-Gaam-bar: (ف، مذ) قاصد، ایلچی، سفیر، اسم کیفیت مث: پیغامبری۔

پیغمبر pai-Gam-bar: (ف، صف) خدا کا حکم لانے والا، مرسل، نبی، قاصد، سفیر، ایلچی۔

پیغمبری pai-Gam-ba-ri(i): (ف، مث) نبوت، رسالت، خدا کا پیغام پہنچانے کی خدمت۔

پیغمبری وقت پڑنا pai-Gam-bri(i) vaqt-paR-na(a): (ار، محاورہ) سخت مصیبت پڑنا۔

پیک piik: (ہ مث) چبائے ہوئے پان کا رنگین تھوک (دکن) تیار فصل، بوتلوں میں عرق یا کوئی سیال چیز ڈالنے کا آلہ، تلوار کی نوک۔

پیک piik: (ف، صف) قاصد، ہرکارہ (مذ) تعزیہ کے آگے دوڑنے والا۔

پیکار pai-kaar: (ف، مذ) لڑائی، جنگ

پیکاں pai-kaaN: (ف، مذ) بھال، تیر کی پھال۔

پیکٹ pai-kiT: (انگ، مذ) Packet چھوٹا بنڈل جو دونوں یا ایک طرف سے کھلا ہو اور اس کے اندر کی چیز دیکھی جا سکے۔

پیکدان piik-daan: (ہ، ف، مذ) اگالدان، تھوکنے کا برتن۔

پیکر pai-kar: (ف، مذ، مث) کالبد، صورت، چہرہ، جسم، تن۔

پیکڑا pai-ka-Ra(a): (ار، مذ، مث،) قیدیوں کے پاؤں کی بیڑی، وہ رسی جو پاؤں میں باندھتے ہیں۔

پیل pei: (یائے مجہول سے)(ہ، مث) ریلا، دھکا، جیسے دھکا پیل۔

پیل پایہ piil-pa-ya(h): (ف، مذ) ستون، کھم۔

پیل پیکر / پیلتن piil-pai-kar: (ف، صف) قوی ہیکل، زور آور۔

پیل مرغ piil-murG: (ف، مذ) مرغ کی قسم کا ایک جانور جس کی چونچ پر ہاتھی کی سی سونڈ ہوتی ہے۔

پیلا pii-la(a): (ہ، صف) زرد، زعفرانی، شطرنج کا پیل، اسم کیفیت مذ: پیلا پن۔

پیلنا pel-na(a): (ہ، مع) کولہو میں پیسنا، تیل نکالنا، آگے یا پیچھے دھکیلنا، نکالنا (ڈنڈ) (یائے مجہول)

پیلہ pii-la(h): (ف، مذ) ریشم کا کیڑا، شطرنج کا مہرہ

پیلی pii-li(i): (ہ، صف، مث) زرد۔

پیما pai-ma(a): (ف، لاحقہ فاعلی) پیمودن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ناپنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً کوہ پیما، حرارت پیما، وغیرہ۔

پیمان pai-maan: (ف، مذ) عہد، اقرار، قسم، وعدہ

پیماں شکن / گسل pai-mauN she-kan: (ف، صف) وعدہ توڑنے والا، عہد پر قائم نہ رہنے والا۔

پیمانہ pai-maa-na(h): (ف، مذ) وہ آلہ جس سے کسی چیز کا وزن کیا جائے پیالہ۔

پیمانہ کش / گسار pai-maa-na(h)-kash: (ف، صف) شراب خور۔

پیمائش pai-maa-ish: (ف، مث) ناپ،

اندازہ، پیائش کا علم۔

پیَمبر pai-yam-bar: (ف، مذ) پیغمبر، پیغام پہنچانے والا۔

پَیمک pai-mak: (ہ،مث) کلابتوں کی ڈوری، کلابتوں کی بنی ہوئی پتلی لیس، سونے چاندی کے بنے ہوئے تار (افعال: ٹانکنا، لگانا)

پینا pii-na(a): (ار،مص) رقیق چیز کو حلق سے اتارنا، شراب پینا، حقے کا کش لگانا، جذب کرنا، سوکھنا، چوسنا۔

پینتالیس paiN-taa-liis: (ار، عدد) چالیس اور پانچ (45)

پینتیس pain-tiis: (ار،عدد) تیس اور پانچ (35)

پینٹھ paiNTh: (ہ،مذ) آٹھویں روز کا بازار، جو عموماً دیہات میں لگتا ہے۔

پینچی pain-chi(i): (ہ،مث) ایک جوف دار حلقہ جو پاؤں میں ڈالنے سے بجتا ہے اور اکثر کبوتروں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔ گاڑی کی قوس نما لکڑی جس کی وجہ سے پہیا ادھر ادھر نکلنے نہیں پاتا۔

پیندا paiN-da(a): (ہ،مذ) تلا، تلی، ظرف کے نیچے کا حصہ، کسی چیز کی بیٹھک۔

پیندی paiN-di(i): (ہ، مث) تلی، ظرف کی بیٹھک، توپ یا بندوق کی کوٹھی۔

پیندے کا ہلکا paiN-de ka hal-ka(a): (ار،صف) بات کا کچا، اوچھا، پیٹ کا ہلکا۔

پینسٹھ paiN-saTh: (ار،عدد) ساٹھ اور پانچ (65)

پینک paiNk: (ار،مث) افیون یا پوست کے نشہ کی اُونگھ۔

پینگ بڑھانا / بڑھنا paiNg-baRhaa-na(a): (ار، محاورہ) جھولے کا لمبا جھونک لینا / آنا، میل جول بڑھانا / بڑھنا۔

پینی pai-ni(i): (ہ،مث) بیلوں کو ہانکنے کی لکڑی جس میں کیل لگی ہوتی ہے۔

پیوست pai-vast: (ف،صف) جڑا ہوا، ملا ہوا، (افعال: کرنا، ہونا)

پیوستہ pai-vas-ta(h): (ف،صف) متصل، لگاتار، مدام، ہمیشہ ملا ہوا، (سال کے ساتھ) گزشتہ، اسم کیفیت مث: پیوستگی، جمع پیوستگان۔

پیوستی pai-vas-ti(i): (ہ،مث) گائے بھینس کا وہ دودھ جو بچہ ہونے کے تین چار دن تک ہو۔

پیوند pai-vand: (ف، مذ) جوڑ، الفاظ کی بندش، میل، مناسب، نویش، عزیز و اقارب، بیوی، شوہر، درخت کی دوسرے ہم جنس درخت میں قلم (افعال: دینا، کھانا، باندھنا)

پیوندکار pai-vand-kaar: (ف، مذ) پیوند لگانے والا، اسم کیفیت مث: پیوندکاری۔

پیوندی pai-van-di(i): (ف،صف) قلمی، پیوند لگایا ہوا، پیوند والے درخت کا پھل۔

پیہر pii-har: (ہ،مذ) میکا، عورت کا خاندان۔

پیہم pai-ham: (ف، متعلق فعل) لگاتار، برابر، متواتر، پے در پے، یکے بعد دیگرے۔

ت

ت ta: (ع، اسث) یہ عربی ترتیب ابجد کا بائیسواں اور اُردو فارسی حروف تہجی کا چوتھا حرف ہے۔ اسے فارسی اور عربی میں 'تا' اور اُردو میں 'تے' کہتے ہیں۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ اوپری دانت کے پچھلے حصے سے مل کر اندر سے آنے والی ہوا کو لحہ بھر کے لیے روک دیتا ہے اور پھر ہوا منہ سے خارج ہوتی ہے۔ یہ آواز صوتیات کی اصطلاح میں غیر مسموع، غیر ہاکاری، دندانی بندشی، مصمتہ یا حرف صحیح کہلاتی ہے۔

تا taa: (ہ، اصوت) ایک پیار کا کلمہ ہے، جو اوٹ میں چھپ کر اور پھر سر نکال کر بچوں سے کہا جاتا ہے، جس کے معنی ہوتے ہیں، دیکھو ہم یہ ہیں۔

تا taa: (ف، حرف ربط) تک، تلک، جب تک، جہاں تک، اگر، تہ، پیچ، تمام، آخیر تک، عدد، اس طریقے سے، اس طرح سے۔

تا آنکہ taa-aaN-ke(h): (ف، متعلق فعل) وہاں تک کہ

تا اینکہ taa-iiN-ke(h): (ف، متعلق فعل) یہاں تک کہ۔

تا بکے taa-ba-ke: (ف، متعلق فعل) حتی الامکان۔

تا چند taa-chand: (ف، متعلق فعل) کب تک۔

تا حال taa-haal: (فع، متعلق فعل) اب تک، اس وقت تک۔

تا حیات / زندگی taa-ha-yaat: (فع، متعلق فعل) جب تک زندگی ہے۔

تا کہ taa-ke(h): (ف، حرف، ربط) اس لیے، اس واسطے، کیونکہ۔

تا وقتیکہ taa-vaq-te-ke(h): (فع، متعلق فعل) اس وقت تک، جب تک۔

تاہم taa-ham: (ف، متعلق فعل) تو بھی، پھر بھی، اس پر بھی۔

تاب taab: (ف، لاحقہ) فارسی مصدر تافتن اور تابیدن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ مثلاً شب تاب، رسن تاب۔

تاب taab: (ف، اسث) رونق، چمک، روشنی، حرارت، تپش، گرمی پیچ زخم، بل، صبر، تحمل، برداشت، طاقت، قدرت مجال غصہ، ناراضی، گرمی پہنچانے والا، روشن کرنے والا۔

تابدار taab-vaar: (ف، صف فاعلی) روشن، چمکیلا، پیچ دار، خم دار، اسم کیفیت مث: تابداری۔

تابدان taab-daan: (ف، مذ) روشن دان۔

تاب کار taab-kaar: (ف، افاعلی) گرم تاب، شاع زن جس میں گرم تابی سے برق پیچاو غیرہ کو متاثر کرنے کی قوت ہو۔ اور یہ انگریزی لفظ Radio-Active کا ترجمہ ہے۔ اسم کیفیت مث تاب کاری

تابکاری taab-kaa-ri(i): Radio Activity (ریڈیو ایکٹی وِٹی کا ترجمہ)

تاب لانا taab-laa-na(a): (ار، محاورہ) برداشت کر سکنا، متحمل ہونا۔

تابناک taab-naak: (ف، صف فاعلی) روشن، چمکیلا، اسم کیفیت مث: تابناکی۔

تاب و تب taa-bo-tab: (ف، مث) سخت

گرمی، جلن، تڑپ، بے قرار۔

تاب وتُواں taa-bo-ta-vaaN: (ف، مث) حوصلہ، مجال، صبر، تحمل، قوت۔

تاباں taa-baaN: (ف، احالیہ صف) روشن، چمکیلا، نورانی، خمدار، پیچیدہ، اسم کیفیت مث: تابانی۔

تابڑتوڑ taa-baR toR: (ار، متعلق فعل) متواتر، لگاتار، پے در پے، سلسلہ وار، پیہم۔

تابستاں taa-bis-taan: (ف، مذ) موسم گرما، گرمی، صف نسبتی، تابستانی۔

تابش taa-bish: (ف، مث) گرمی، حرارت، تپش، چمک، دھوپ

تابع taa-be(?): (ع، صف) مطیع، فرمانبردار، ماتحت، پابند (افعال: کرنا، ہونا)

تابع دار taa-be(?)-daar: (فع، افاعل) (لغوی معنی تابع رکھنے والا) فرمانبردار، مطیع، ماتحت، نوکر، یہ معنوی لحاظ سے غلط استعمال ہے، اسم کیفیت مث: تابعداری۔

تابع فرمان taa-be(?)-far-maan: (ف، صف) حکم کا تابع، فرمانبردار۔

تابع مہمل taa-be(?)-moh-mil: (فع، مذ) وہ بے معنی لفظ جو کسی دوسرے لفظ کے ساتھ زینتِ کلام کے لیے آتا ہے، مثلاً پانی وانی۔

تابعی taa-bi-(?)i(i): (ع، مذ) وہ مسلمان جس نے حضور اکرمؐ کے کسی صحابی کو حالتِ ایمان میں دیکھا ہو یا ملاقات کی ہو، جمع: تابعین۔

تابندہ taa-bin-da(h): (ف، صف فاعلی) روشن، چمکیلا، (افعال: رہنا، ہونا) اسم کیفیت مث: تابندگی۔

تابوت taa-buut: (ع، مذ) وہ صندوق جس میں مُردے کی لاش رکھتے ہیں، جنازہ، ایک قسم کا تعزیہ۔

تابیہ taa-bi-ya(h): (ار، مذ) (عربی تعبیہ کا بگاڑ) رعب، (افعال: بیٹھنا، بٹھانا)

تاپ taap: (ہ، مذ) گرمی، حرارت، سوزش، تپش، بخار، تپ، جوش، صیغۂ امر تاپنا سے۔ (افعال: چڑھنا)

تاپ تِلّی taap-til-li(i): (ہ، مث) تلی جو بخار کی وجہ سے بڑھی ہوئی ہو، ورم طحال۔

تاپنا taap-na(a): (ہ، مص) سینکنا، دھوپ یا آگ سے گرمی پہنچانا۔

تاتا تھئی/تھیا taa-taa-tha-yi/thay-ya(a): (ہ، مث) ایک کلمہ جس کو ناچتے گانے والے تال پر آنے کے واسطے زبان اور تالی سے ادا کرتے ہیں۔

تأثر taa-as-sur: (ع، مذ) اثر ہونا، اثر قبول کرنا، اثر رہنا۔

تاثیر taa-siir: (ع، مث) اثر، خاصیت، ثمرہ، نشان۔

تاج taaj: (ف، مذ) شاہی ٹوپی، سرپیچ، مکٹ، پرند کی کلغی، مکان کا چھجا، دیوار کی کنگنی، بگی جو کسی مکان یا دیوار پر سجاوٹ کے لیے لگاتے ہیں، گنجفے کی پہلی بازی کا نام۔

تاج بخش taaj-baKsh: (ف، صف) وہ شہنشاہ یا بادشاہ جو دوسروں کو بادشاہ بنائے یا بادشاہ کو شکست دینے کے بعد پھر ان کو سلطنت اور تاج واپس کر دے۔ اسم کیفیت مث: تاج بخشی۔

تاج پوشی taaj-po-shi(i): (ف، مث) بادشاہوں میں تاج پہننے کی رسم۔ بادشاہوں میں ایک رسم جب ایک بادشاہ جشن کرتا اور تاج سر پر رکھتا ہے، (افعال: کرنا، ہونا)

تاج خروس taa-je-Ka-ros: (ف، مذ) مرغ کی کلغی، ایک پھول جو کلغی کی مانند ہوتا ہے، کلغا۔

تاج دار taaj-daar: (فع، صف فاعلی) بادشاہ، صاحب، تاجور ملک اسم کیفیت مث: تاجداری۔

تاج شمع taa-je-sha-ma(?): (عف، اند) شمع کا شعلہ۔

تاج ور taaj-var: (عف، صف) بادشاہ، تاجدار، اسم کیفیت مث: تاجوری

تاجر taa-jir: (ع، اند) تجارت کرنے والا، بیوپاری، سوداگر، اسم کیفیت مث: تاجری

تاخت taaKt: (ف، مث) لوٹ، تباہی، حملہ، دھاوا، دوڑ۔

تاخت و تاراج کرنا taaK-to-taa-raaj Kar-na(a): (ار، محاورہ) برباد کرنا، تباہ کرنا، لوٹ لینا، ستیاناس کرنا۔

تاخیر taa-Kiir: (ع، مث) پیچھے چھوڑنا، ڈھیل، توقف، وقفہ، دیر کرنا۔

تادیب taa-diib: (ع، مث) تنبیہ، چشم نمائی، ادب سکھانا، علم زبان سکھانا، صف نسبتی: تادیبی۔

تادیب خانہ taa-diib Kaa-na(h): (ع، ف، اند) قیدیوں کی اصلاح کا ادارہ۔

تادیبی کارروائی taa-dii-bii kaar-ra-vaa-i(i): (عف، مث) ایسی کارروائی جس سے نظم و ضبط قائم رہے۔

تار taar: (ف، اند) تاگا، دھاگا، کسی دھات کا لمبا اور گول ڈورا، تانا، سلسلہ، قوام، چیپ، خطوط پرونے کا تار، وہ خبر جو تار کے ذریعے آئے، ٹیلیگرام، چھلا، انگوٹھی، (صف) اندھیرا، تاریکی۔

تار بابو taar baa-bu(u): (ار، مذ) ڈاک خانے کا وہ اہلکار جو تار کے ذریعے خبر بھیجتا اور وصول کرتا ہے۔

تار باندھنا taar-baaNdh-na(a): (ار، محاورہ) کسی کام کا سلسلہ کرنا، سلسلہ باندھنا۔

تار بندھنا taar-bandh-na(a): (ار، محاورہ) کسی کام کا پے در پے ہونا، قوام کا چیپ دار ہونا۔

تار بندی taar-ban-di(i): (ف، مث) بجلی کا تار نصب کرنا، تار لگا کر جگہ گھیرنا۔

تار تار taar-taar: (ف، صف) ٹکڑے ٹکڑے، بوسیدہ، بہت زیادہ پھٹا ہوا کپڑا۔

تار تار کرنا/ہونا taar-taarkarna(a): (ار، محاورہ) پھاڑنا / پھٹنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا / ہونا، دھجیاں بکھیرنا / بکھرنا۔

تار توڑ taar-toR: (ار، اند) ایک قسم کا سوئی کا کام، کارچوبی کام، جو کپڑے پر ہوتا ہے۔

تار ٹوٹنا taar-TuuT-na(a): (ار، محاورہ) سلسلہ منقطع کرنا، سانس بند ہو جانا، چلتے کام میں حرج واقع ہونا۔

تار دینا taar-de-na(a): (ار، محاورہ) تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنا۔

تار عنکبوت taa-re-(?)an-ka-buut: (فع، اند) مکڑی کا جالا۔

تار کش taar-kash: (ف، صف فاعلی) سونے چاندی کے تاروں کو کھینچ کر لمبا کرنے والا، باریک کرنے والا۔

تار کشی taar-ka-shi(i): (ف، مث) تار کھینچنے کا کام یا پیشہ، کپڑے کے تار کھینچ کر بیل بوٹے بنانے کا کام یعنی کشیدہ کاری، کڑھائی کے لیے عمدہ قسم کا نکالا ہوا تار۔

تار گھر taar-ghar: (ار، اند) ٹیلی گراف آفس، تار دینے کا دفتر، جہاں تار سے خبر دی جاتی ہے۔

تارِ مسطر taare-mis-tar: (فع، اند) وہ دھاگہ جو مسطر میں لکیریں کھینچنے کے لیے لگاتے ہیں۔

تارِ نفس taa-re-nafs: (فع، اند) سانس کا رشتہ، سانس کی آمد و رفت کا سلسلہ۔

تارِ نگہ / نگاہ taa-re-ni-gaa(h): (ف، اند) نظر، نگاہ کا سلسلہ۔

تاروپود taa-ro-paud: (ف، اند) تانا بانا۔

تارا taa-ra(a): (ھ، اند) ستارا، آنکھ کی پتلی، نہایت بلند یا نیچے یا دور فاصلے کی چیز جو ذرا سی معلوم ہو، ترمرا جو کسی دماغی صدمے کے باعث آنکھ کے سامنے آئے۔

تارا ٹوٹنا taa-raa TuuT-na(a): (ار، مص) شہاب ثاقب گرنا، آسمان سے شرارہ گرنا۔

تارا چمکنا taa-raa cha-mak-na(a): (ار، محاورہ) عروج ہونا، ترقی ہونا۔

تارا ڈوبنا taa-raa Duub-na(a): (ار، محاورہ) ستارہ غروب ہونا، نحوست چھانا۔

تارا ہو جانا / ہونا taa-raa-ho-jaa-na(a): (ار، محاورہ) کسی چیز کا اس قدر اونچا یا نیچا ہو جانا کہ بہت چھوٹی نظر آئے۔

تاراج taa-raaj: (ف، اند) غارت، بربادی، لوٹ کھسوٹ، (افعال: کرنا، ہونا)

تارپیڈو taar-pii-Do: (انگ، اند) Torpedo سگار کی شکل کا ایک اسلحہ جو پانی کے نیچے تیرتا اور دشمن کے جہاز کو غرق کر دیتا ہے۔

تارپین taar-piin: (انگ، اند) Terpentine گندا بروزہ، ایک قسم کا گوند جو چیڑ کے درخت سے حاصل کیا جاتا ہے۔

تارخ taa-raK: (ار، اند ق) حضرت ابراہیمؑ کے والد کا نام۔

تارک taa-rak: (ع، صف افاعل) ترک کرنے والا، چھوڑنے والا، ف۔ چندیا، سَر۔

تارکُ الدُّنیا / تارکِ دُنیا taa-ri-kud-dun-ya(a): (ع، عف، صف) وہ شخص جس نے دُنیوی تعلقات چھوڑ دیے ہوں۔ گوشہ نشین۔

تارکُ الصَّلٰوۃ / تارکِ صلوٰۃ taa-ri-kas-sa-laat: (ع، عف، صف) بے نماز، نماز ترک کرنے والا۔

تارکول taar-kol: (انگ، اند) Tarcoal رال، قیر، لُک کا تیل، کول تار

تاروں کی چھاؤں taa-rauN ki chhaa-auN: (ار، اسث) تاروں کی روشنی، پچھلی رات، نور کے تڑکے، علی الصبح، بہت سویرے، گجردم۔

تارے چھٹکنا taa-re chha-Tak-na(a): (ار، محاورہ) تارے کھلنا، مطلع صاف ہو کر تاروں کا نکل آنا، رات شروع ہونا۔

تارے دکھانا taa-re di-khaa-na(a): (ار، محاورہ) مسلمان عورتوں کی رسم ہے۔ چھٹی کے روز زچہ کو نہلا دھلا کر اور دلہن بنا کر اور اس کی گود کو بھر کر سر پر قرآن رکھ کر چھلنی میں روشنی دکھانا، بہت بلند پرواز کبوتر کو پرواز سے مانوس کرنے کے لیے چھلنی آگے رکھ کر چراغ دکھانا۔

تاریخ taa-riiK: (ع، اسث) ایک دن رات، مہینے کا ایک دن، کسی چیز کا ظہور کا وقت، کسی قوم یا ملک کے واقعات کا تذکرہ۔ وہ علم وہ الفاظ جن سے ماضی و حال کے واقعات سے بحث کی جاتی ہے۔ نظم یا نثر کے وہ الفاظ جن سے کسی واقعہ کی قاعدۂ جُمل سے تاریخ یا سن معلوم کیا جائے مقدمہ کی سماعت کا مقررہ دن۔

تاریخ اِرجاع taa-rii-Ke-ir-jaa(?): (ع،امث) (بترکیب فارسی) مقدمہ دائر ہونے یا پہلی درخواست گزارنے کی تاریخ۔

تاریخ پڑنا taa-riiK paR-na(a): (ار، محاورہ) مقدمہ کی تاریخ مقرر ہونا، سماعت کی تاریخ مقرر ہونا۔

تاریخ ٹھہرانا/ٹھہرنا taa-riiK The-raa-na(-a): (ار، محاورہ) دن مقرر کرنا/ہونا۔

تاریخ دان taa-riiK-daan: (ع، ف، صف) فنِ تاریخ سے واقف، اسم کیفیت مث: تاریخ دانی۔

تاریخ ڈالنا taa-riiK Daal-na(a): (ار، محاورہ) مقدمے کی سماعت کے لیے دن مقرر کرنا۔

تاریخ کہنا taa-riiK keh-na(a): (ار، محاورہ) نظم یا نثر میں ایسے الفاظ لانا جن سے قاعدۂ جُمّل کے مطابق کسی واقعہ کا سن معلوم ہو سکے۔

تاریخ وار taa-riiK-vaar: (ف، متعلق فعل) ہر تاریخ کا، تاریخ کے حساب سے، سلسلہ وار۔

تاریخی taa-rii-Ki(i): (ع، صف) یادگار، خاص نمایاں، زمانہ گزشتہ سے تعلق رکھنے والی اہم چیز یا واقعہ۔

تاریک taa-riik: (ف، صف) سیاہ، کالا، مکدّر، دھندلا، اسم کیفیت مث: تاریکی۔

تاڑ taaR: (ھ، امذ) کھجور کی قسم کا ایک درخت جس کے پتے پنکھے سے مشابہ ہوتے ہیں۔ (امث) فراست، سمجھ۔

تاڑ جانا/لینا taaR jaa-na(a): (ار، محاورہ) بھانپ جانا، قیافے سے پہچان لینا۔

تاڑنا taaR-na(a): (ھ، مص) سمجھ جانا، بھانپنا، قیافہ علامت سے پہچاننا، ایک پتھر کو دوسرے پتھر سے ہم وزن کرنا۔

تاڑی taa-Ri(i): (ھ، امث) تاڑ کا نشہ آور رس، کٹار کا قبضہ۔

تاز taaz: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر، تاختن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ مثلاً ترک تاز، (امث) حملہ، دوڑ

تازہ taa-za(h): (ف، صف) باسی کے خلاف، ہرا بھرا، سرسبز و شاداب، جدید، غیر مستعمل، نیا، ڈال کا ٹوٹا ہوا، گرما گرم، نو بنو۔ اسم کیفیت مث: تازگی۔

تازہ دم taa-zah-dam: (ف، صف) مستعد، چُست، توانا، تکان اُترا ہوا۔ جس کا دماغ تھکا ہوا نہ ہو، اسم کیفیت مث: تازہ دماغی۔

تازہ رُو taa-zah-ru(u): (ف، صف) شگفتہ رُو، بشاش، خوش، اسم کیفیت مث: تازہ روئی

تازہ کار taa-zah-kaar: (ف، صف) نیا کام کرنے والا، مبتدی، نَیب، اسم کیفیت مث: تازہ روئی۔

تازہ کرنا taa-zah kar-na(a): (ار، محاورہ) تازگی بخشنا، پژمردگی دور کرنا، یاد دلانا، ہرا کرنا، حُقّے کا پانی بدلنا، پنجا بھگونا، بہلانا، خوش کرنا۔

تازہ وارِد taa-zah vaa-rid: (ف، صف) نووارد، حال کا آیا ہوا، جو ابھی آیا ہو۔

تازہ وِلایت taa-zah-vi-laa-yat: (ف، صف) نووارد، حال کا آیا ہوا، وہ شخص جو دوسرے کی زبان نہ سمجھے۔

تازی taa-zi(i): (ف، صف) عرب کا، عربی، عربی گھوڑا، شکاری کتا، عربی زبان۔ (ار) تازہ کی تانیث

تازی خانہ taa-zii-Kaa-na(h): (ف، امذ) کتّوں کا طویلہ۔

تازیانہ taaz-yaa-na(h): (ف، امذ) کوڑا، چابک، قمچی۔ (افعال: لگانا، مارنا، جڑنا)

تاس taas:(ف،اند) بڑا طشت، تسلا۔

تاسُّف taa-as-suf: (ع، اند) افسوس، حسرت، پچھتاوا، رنج، ملال (افعال: کرنا، ہونا)

تاسنا taas-na(a):(ار،مص،ق) کشیدگی کرنا، کھینچنا۔

تاسیس taa-siis: (ع، اسث) بنیاد، جڑ، نیو، علم عروض کی اصطلاح میں وہ ساکن الف جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو، جیسے خاور اور باور کا الف۔ علم معانی کی اصطلاح میں ایک ایسا لفظ لانا جو پہلی حرف سے زائد معانی رکھتا ہو۔ جیسے علیم وحکیم، علیم کے معنی جاننے والا اور حکیم کے معنی جاننے والا اور سمجھنے والا۔

تاش taash: (ھ، اند) ایک قسم کا ریشمی زری کپڑا، زربفت، بادلہ، ایک قسم کا پتوں کا کھیل، گنجفہ کی قسم کا باون پتوں کا کھیل۔

تاشا/ تاشہ/ تاسہ taa-sha(a):(ار،اند) ایک قسم کے ڈھول کا نام جسے گلے میں ڈال کر بجاتے ہیں۔

تافتاں taaf-taaN: (ف، اسث) ایک قسم کی موٹے کناروں کی نہایت ملائم خمیری روٹی۔

تافتہ taaf-ta(h):(ف،اند) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا، استبرق، سفید چمکیلے رنگ کا گھوڑا یا کبوتر۔

تاک taak:(ف،اند،مث) انگور کی بیل، انگور۔

تاک taak: (ار، اسث) نگاہ، ٹکٹکی، گھات، نشانہ، دیکھ بھال، انتظار۔

تاک جھانک taak-jhaaNk: (ھ، اسث) نظر بازی، گھورا گھاری، (افعال: کرنا، ہونا، لگانا)

تاک کر taak-kar:(ار، متعلق فعل) سیدھ باندھ کر، موقع دیکھ کر۔

تاک لگانا/ لگنا taak la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) گھات لگانا/ لگنا، دانت رکھنا/ ہونا۔ گھورنا/ گھورا جانا۔

تاکنا taak-na(a): (ار، مص) نشانہ باندھنا، جھانکنا، گھورنا، نگاہ میں رکھنا۔

تاکید taa-kiid: (ع، اسث) اصرار، ضد، ہٹ، تقاضا، کوشش، سخت حکم، (افعال: کرنا، ہونا)

تاکیداً taa-kii-dan: (ع، متعلق فعل) زور ڈال کر، نہایت اصرار سے۔

تاکیدی taa-kii-di(i): (ع، صف) ضروری، سخت، اصرار کا، زور کا۔

تاگڑی taag-Ri(i): (ھ، صف) زنجیر کی قسم کا ایک زیور، مجازاً لنگوٹی، تاگے کا بٹا ہوا ڈورا، جو لنگوٹی الجھانے کے لیے کمر میں باندھتے ہیں۔

تال taal: (ھ، اند) تالاب، عینک کا شیشہ (مث) بجانے کا وزن، تالی، پیتل کی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے یا ڈھولک کے ساتھ بجاتے ہیں۔ (مجیرے)

تال بے تال taal-be-taal: (ھ، صف) بےسُرا، بےموقع (افعال: ہونا)

تال دینا taal-dena: (ار، محاورہ) گانے میں لے اور وزن قائم رکھنے کے لیے قاعدے سے تالی بجانا۔

تال مکھانا taal-ma-khaa-na(a): (ھ، اند) کنول گٹے کا بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

تال میل taal-mel: (ھ، اند) راہ ورسم، میل جول، مناسبت، ربط۔

تالا بندی taa-laa ban-di(i): (ف، اند) کسی ادارہ کو بند کرنا، انگریزی لفظ (Lock-out) کا ترجمہ۔

تالاب taa-laab: (ار، اند) پانی کا بڑا حوض، تال، آب گیر۔

تالو taa-lu(u): (ھ، اند) مُنہ کے اندر کی چھت، سر کا اُوپر کا حصہ، چندیا، گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کا تالو متورم ہو جاتا ہے۔ ایک قسم کی مچھلی، بچوں

کے سر کا وہ حصہ جو شروع میں نرم ہوتا ہے اور بعد میں سخت ہوتا ہے۔

تالو اُٹھانا taa-luu u-Thaa-na(a): (ار، محاورہ) نوزائیدہ بچے کی صورت میں دائی کا انگلیوں سے دبا کر تالو کا درست اور باموقع کرنا۔

تالی taa-li(i): (س، اسٹ) کنجی، چابی، کلید، وہ جس کے پاس کنجیرے ہوں (مذ) ایک پودا، پہاڑی کھجور۔

تالی taa-li(i): (ھ، اسٹ) کفِ دست، ہتھیلی، تھپڑی، ہتھیلی کو ہتھیلی پر مارنے کی آواز۔ ہتھیلی کو ہتھیلی پر مارنے کا فعل۔

تالی بجانا/بجنا taa-li(i) ba-jaa-na(a): (ار، محاورہ) ہتھیلی پر ہتھیلی مار کر آواز نکالنا/نکلنا، دستک دینا/ملنا، رسوا کرنا/ہونا۔

تالی پیٹنا/پٹنا taa-li(i) piiT-na(a): (ار، محاورہ) ہنسی اڑانا/اُڑنا، تضحیک کرنا/ہونا، تالی بجانا/بجنا۔

تالیف taa-liif: (ع، اسٹ) دو چیزوں کو باہم ملانا، جمع کرنا، دوستی پیدا کرنا، مختلف کتابوں سے مضامین لے کر نئے پیرائے میں کتاب ترتیب دینا، مختلف کتابوں سے مضامین لے کر ترتیب دی ہوئی کتاب، صفِ نسبتی: تالیفی۔

تالیفِ قلوب taa-lii-fe-qu-luub: (ع، اسٹ) دل جوئی، آدمیوں کے دلوں کو ہاتھ میں لینا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

تام جھام taam-jhaam: (ار، اند) ہوادار، ایک قسم کی پالکی۔

تام چینی taam-chii-ni(i): (ار، اسٹ) مینا کاری کیا ہوا تانبا، دھات کی چادر پر چڑھی ہوئی چینی۔

تامڑا taam-Ra(a): (ھ، اند) یاقوت کی ادنیٰ قسم، بدرنگ یاقوت۔

تأمّل taa-am-mul: (ھ، اند) سوچ، غور، بچار، توقف، ڈھیل، وقفہ، دیر، اندیشہ، فکر، شک و شبہ، تذبذب (افعال: کرنا، ہونا)

تام لوٹ/لیٹ taam-loT: (ار، اند) انگریزی لفظ Tumbler کا بگاڑ، ٹین کا لوٹا، جس میں ٹونٹی نہیں ہوتی، ڈونگا۔

تان taan: (ھ، اسٹ) گانے میں بلند آواز، پلنگ، پالکی، گاڑی وغیرہ کی آہنی سلاخ، عینک کا وہ تار جو کانوں پر آ جاتا ہے۔

تان اُڑانا taan u-Raa-na(a): (ار، محاورہ) گانے کو خوبصورت سُروں میں ادا کرنا۔

تان بھرنا/لینا/مارنا taan-bhar-na(a): (ار، محاورہ) گاتے وقت بعض سُروں کو عمدہ انداز سے بار بار زبان سے کہنا۔

تان پلٹنا taan pa-laT-na(a): (ار، اند) علم موسیقی کی اصطلاح میں مختلف انداز سے تان لینا۔

تان پورہ taan-puu-ra(h): (ھ، اند) طنبورہ، مضراب کا ایک ساز۔

تان توڑنا taan-toR-na(a): (ار، محاورہ) گیت کو سم پر لا کر ختم کرنا، طعنہ دینا، ختم کرنا۔

تان کے taan-ke: (ھ، متعلق فعل) کھینچ کر، خوب زور سے جما کر۔

تانا taa-na(a): (ھ، اند) سوت کے دھاگے جو کپڑا بنتے وقت لمبائی کی طرف ہوں۔ (مص) تاؤ دینا، جانچنا، آزمانا۔

تاناشاہ ta-naa-sha(h): (ار، اند) مجازاً انتہائی نازک مزاج، ابوالحسن قطب شاہ والئی گولکنڈہ کا لقب جو بہت نازک مزاج تھا اور ایک اچھا شاعر بھی تھا۔

تانبا taaN-ba(a): (ھ، اند) ایک سرخی مائل دھات

جو مرکبات میں پائی جاتی ہے۔ مسلمانوں کے برتن عموماً اس سے بنے ہوتے ہیں۔

تاب چون taab-chuun: (ہ، اند) تانبے کا بُرادہ۔

تانت taaNt: (ہ، اسث) بھیڑ بکریوں کی انتڑیوں جو بٹ کر دھاگہ سا بن جاتا ہے۔ دھاگہ، تاگا، رسّا، سارنگی، ستار وغیرہ کا تار، جولاہے کا راچھ۔

تانتا taaN-taa: (ہ، اند) قطار، سلسلہ، مجمع، گروہ۔

تانتا لگنا taaN-taa la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) سلسلہ آمد و رفت شروع کرنا/ہونا۔ قطار بنانا/بننا۔

تانگا taaN-ga(a): (ار، اند) ایک دو پہیا گاڑی، جو گھوڑا جوت کر چلائی جاتی ہے۔

تاننا taan-na(a): (ار، مص) پھیلانا، بڑھانا، لمبے چوڑے کپڑے کو بطور قنات کھینچنا، لٹکانا، کسنا، جکڑنا، جھول، دور کرنا، سیدھا کھڑا کرنا۔

تانی taa-ni(i): (ار، اسث) تنے ہوئے دھاگے جو بننے کے لیے تیار کیے جاتے ہیں۔

تانیث taa-niis: (ع، اسث) مونث کی علامت لگانا، مونث بنانا، مونث ہونے کی کیفیت۔

تانیث معنوی taa-nise-ma(?)n-vi(i): (ع، اسث) وہ اسم جس میں تانیث کی کوئی علامت نہ ہو، مگر اہلِ زبان اسے مونث بولتے ہوں، جیسے رقم وغیرہ۔

تاوان taa-vaan: (ف، اند) جرمانہ، ڈنڈ، وہ رقم جو مفتوح فاتح کو ہرجانے کے طور پر دے یا ادا کرے (افعال: دینا، ادا کرنا، دلانا، لگانا، لینا)

تاول taa-val: (ہ، اسث) اتاول کا مخفف، جلد، تیزی سے۔

تاولا taav-la(a): (ہ، صف) جلد باز، تیزی کرنے والا۔

تاویل taa-viil: (ع، اسث) کسی بات کو اس کے ظاہری مطلب سے پھیر دینا، عذر، حیلہ شرعی، تشریح، توضیح، کسی کلام کے ظاہری معنوی سے پھیر کر اس سے مناسبت رکھنے والے اور معنی بیان کرنا۔

تائب taa-ib: (ع، اند) توبہ کرنے والا، جرم یا گناہ سے معافی مانگنے والا ؛ سث: تائبہ

تاؤ taa-u(u): (ہ، اند) باپ کا بڑا بھائی، تایا، بزرگ؛ بڑا، ہوشیار، عقلمند آدمی، بدمعاش۔

تاؤ taa-au: (ہ، اند) گرمی حرارت، تیز آنچ، چرخ (کسی دھات کو آگ میں تپانا) غصہ۔ غضب۔ پیچ و تاب، بل، مروڑ، خم، کاغذ کا تختہ۔ بھیڑ، مجمع، طاقت، قوت، زور

تاؤ آجانا/آنا taa-auaa-jaa-na(a): (ار، محاورہ) لوہے تانبے وغیرہ کسی دھات کا آگ میں سرخ ہو جانا، چرخ کھانا، چاشنی کا پکنے پر آجانا، غضبناک ہونا۔

تاؤبند taa-au band: (ہ، اند) کیمیا گروں کی اصطلاح میں وہ دوا جس کے اثر سے چاندی یا سونے کا نقص چرخ دینے پر بھی ظاہر نہ ہو۔

تاؤ دینا taa-au de-na(a): (ار، محاورہ) گرم کرنا، آگ میں سرخ کرنا، پگھلانا، مروڑنا، بل دینا، غصہ دلانا۔

تاؤ کھانا taa-au khaa-na(a): (ار، محاورہ) سُرخ ہو جانا، پگھل جانا، چرخ کھا جانا، جوش کھانا، قوام یا چاشنی کا جل جانا، زیادہ پک جانا، اینٹھنا، پیچیدہ ہو جانا، کشتہ کا زیادہ آنچ کھا جانا، غصہ کھانا، پیچ و تاب کھانا، اندازہ سے زیادہ گرمی پہنچنا۔

تائید taa-iid: (ع، اسث) حمایت، طرف داری، استحکام، دعویٰ کی دستاویز۔ (افعال: کرنا، ہونا) صفتِ

نسبتی: تائیدی۔

تایا taa-yaa: (ہ، مذ) تاؤ، باپ کا بڑا بھائی، مث: تائی

تائیس taa-iis: (ہ، مث) خُسر کے بڑے بھائی کی بیوی۔

تائیسرا taa-iis-ra(a): (ہ، مذ) خسر کا بڑا بھائی۔

ت۔ب

تب tab: (ار، متعلق فعل) پھر، بعد میں، بعد ازاں، اس وقت۔

تب تک tab-tak: (ار، متعلق فعل) جب تک، اس وقت تک۔

تب تو tab-tau/o: (ار، متعلق فعل) پھر تو۔

تب tab: (ف، مث) تاب کا مخفف، حرارت، بخار، طاقت، قدرت

تب و تاب ta-bo-taab: (ار، مث) طاقت، حوصلہ، گرمی، حرارت، رنج و محنت۔

تبادل ta-baa-dul: (ع، مذ) بدلنا، تبدیل کرنا، باہم بدلنا، آپس میں بدلنا، ایک چیز کی جگہ دوسری چیز رکھ دینا۔

تبادلہ ta-baad-la(h): (عف، مذ) بدل، عوض، معاوضہ، بدلی، تبدیلی ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، (افعال: کرنا، ہونا)

تبادلۂ خیالات ta-baad-la(h)-e-Kyaa-laat: (عف، مذ) کسی بات کے متعلق دو یا زیادہ اشخاص کا اظہارِ خیال۔

تبار ta-baar: (ف، مذ) خاندان، گھرانا، قوم، ذات، لوگ، (عموماً خویش و تبار کی ترکیب سے مستعمل ہے)

تبارا ti-baa-ra(h): (ار، صف) تیسری دفعہ، تیسری بار۔

تبارک ta-baa-rak: (ع، صف) بزرگ، بڑا کیا گیا، عالی، برتر (اسث) قرآن شریف کے انتیسویں پارہ کے شروع میں ایک سورت کا نام، ایک مذہبی رسم جو رجب کے مہینے میں جمعہ یا جمعرات کو سورۂ تبارک پڑھ کر منائی جاتی ہے۔ مرثیہ پڑھ کر مُردے کو بخشتے ہیں اور میدے کی میٹھی تنوری روٹیاں جن پر سونف اور کلونجی جمی ہوتی ہے، بطور خیرات تقسیم کی جاتی ہیں۔ اور اس روٹی کا نام۔

تبارک اللہ تعالیٰ ta-baa-ra-kal-la(h)-ta(?)aa-la(a): (ع، مذ) بزرگ ہے، اللہ تعالیٰ، تعجب کے موقع پر بولتے ہیں۔

تباریدِ ta-baa-riid: (ع، مث) دیکھئے 'تبرید' جس کی یہ جمع ہے، ٹھنڈائی۔

تباسی ti-baa-si(i): (ہ، مث) تین روز کی رکھی ہوئی چیز، تیسرے دن کی باسی۔

تباشیر ta-baa-shiir: (ف، مذ) ایک دوا، بنس لوچن، جو بانس کی جڑ یا گانٹھوں سے برآمد ہوتی ہے۔ مجازاً صبح کاذب کی روشنی۔

تباہ ta-baa(h): (ف، صف) اُجڑا ہوا، ویران، شکستہ، خستہ حال، خراب، بُرا (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت، مث: تباہی۔

تباہ حال ta-bah(h)-haal: (ف، صف) خستہ حال، اسم کیفیت مث: تباہ حالی / روزگاری

تبایُن ta-baa-yun: (ع، مذ) فرق، تفاوت، جدائی، ضد۔

تبرّع ta-bar-ru(?): (ع، مذ) دینا، بخشنا، بغیر کسی ذاتی مفاد کے کسی کو کچھ دینا۔

تبرُّک ta-bar-ruk: (ع،اند) وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو، تحفہ جو کسی بزرگ سے ملے، کسی بزرگ کا اُلش یا کسی بزرگ دین یا پیشوا کی فاتحہ کی کوئی چیز، (صف) تھوڑا سا، قلیل، (جمع) تبرکات

تبرُّکا ta-bar-ru-ka(a): (ع،صف) برکت کے ساتھ، برکت کے طور پر، برکت کے خیال سے لینا، تھوڑا سا، قلیل۔

تبرُّکاً ta-bar-ru-kan: (ع، متعلق فعل) مبارک اور تبرک جان کر۔ خیر و برکت کے لیے، یمن و برکت کے لحاظ سے۔

تبرید tab-riid: (ع، اسث) ٹھنڈا کرنا، تر و تازہ کرنا، وہ دوا یا شربت جو مسہل کے اوّل تین دن اور مُسہل کے بعد اس کی حرارت دور کرنے کے لیے اور دل کو تقویت دینے کے لیے دی جاتی ہے۔ تر و تازہ کرنے والا شربت یا پینے کی چیز۔ جو شرابی صبح کے وقت رات کی شراب کی حرارت دور کرنے کے لیے پیتے ہیں۔

تبریک tab-riik: (ع،اسث) مبارکباد کہنا، مبارک دینا، برکت دینا۔

تبسّم ta-bas-sum: (ع، اند) مسکراہٹ، ایسی ہنسی جس میں لب نہ کھلیں مگر پھیلیں ضرور۔

تبصرہ tab-sa-ra(h): (ع، اند) کسی بات کے متعلق روشنی، اپنے رائے ظاہر کرنا، نقد و نظر، توضیح تفصیل، تشریح، (انگریزی لفظ Review کا ترجمہ)

تبع ta-ba(?): (ع،اند) پیروی کرنا، پیروی کرنے والا، پیچھے پیچھے چلنا۔

تبعاً tab-(?)an: (ع، متعلق، فعل) بطور اتباع، پیروی کے طور پر، تقلید کے طور پر۔

تبعی ta-ba-(?)ii: (ع،صف) ضمنی۔

تبلی tab-li(i): (ار، اسث) توشہ دان، وہ چھوٹی سی تھیلی جس میں بندوق کے کارتوس رکھے جاتے ہیں، وہ تختہ جو ستار طنبور کے تونبے پر لگایا جاتا ہے۔

تبلیغ tab-liiG: (ع، اسث) پہنچانا، کہہ دینا، احکامِ شریعت کا پہنچانا، پرچار۔

تبویب tab-viib: (ع، اسث) کتاب یا مضمون کو بابوں، حصوں میں تقسیم کرنا، باب باندھنا۔

تبہ ti-ba(h): (ف،اند) تباہ کا مخفف، برباد، ویران

تبییض ta-biiz: (ع، اسث) لکھی ہوئی چیز کو صاف کرنا، مسودے کو صاف کرنا۔

تبیین / تبیین tab-yiin: (ع، اسث) توضیح، تشریح، بیان۔

ت۔پ

تَپ tap: (ہ، اسث) عبادت، ریاضت، تپسیا، گرمی کا موسم، سخت گرمی۔

تَپ tap: (ف، اسث) گرمی، حرارت، جوش، گرمی کا جوش۔ وہ حرارت جو مادہ کی عفونت سے جسم میں پیدا ہو۔ (افعال: اترنا، آنا، چڑھنا)۔

تپخالہ ta-Kaa-la(h): (ف،اند) تب خالہ، آبلہ۔

تپ دِق ta-pe-diq: (ف، اسث) تپ کہنہ، وہ بخار جس سے حرارت اعضا میں سرایت کر کے بدن کی رطوبت کو خشک کر دے، پرانا بخار۔

تپ زدہ tap-za-da(h): (ف، صف) جس کو بخار آتا ہو، بخار میں مبتلا۔

تپ زر ta-pe-zar: (ف، اسث) ایک قسم کا بخار جس کے ہمراہ یرقان ہو جاتا ہے۔

تپِ زندانی ta-pe-zan-daa-ni(i): (ف، اند) ہذیانی بخار، میعادی بخار جو دو ہفتہ تک چڑھا رہتا ہے،

مریض پر بیہوشی طاری ہو جاتی ہے اور مریض بکواس کرتا ہے۔

تپِ سُرخ ta-pe-surK: (ف، اسث) ایک قسم کا بخار جو سخت متعدی ہوتا ہے۔ اس میں گلا متورّم ہو جاتا ہے۔ اور دوسرے، تیسرے روز بدن پر دھبّے پڑ جاتے ہیں۔

تپِ کُہنہ ta-pe-kuh-na(h): (ف، اسث) پرانا بخار۔

تپِ لازمہ ta-pe-laaz-ma(h): (ف، اسث) وہ بخار جو ہر وقت چڑھا رہتا ہے۔ مگر تیسرے روز زیادہ ہوتا ہے۔ یہ ملیریا کی ایک قسم ہے۔

تپِ لرزہ ta-pe-lar-za(h): (ف، اسث) وہ بخار جو لرزے کے ساتھ ہو، جس میں سردی کے ساتھ کپکپی طاری ہو۔

تپِ نزلی/وبائی ta-pe-naz-li(i)/va-baa-I(i): (ف، اسث) انفلوانزہ، بخار جو زکام سے شروع ہوتا ہے اور وبا بن جاتا ہے۔

تپِ نوبت ta-pe-nau-bat: (ف، اسث) باری کا بخار۔

تپاک ta-paak: (ف، اند) گرم جوشی، شوق، آؤ بھگت، خاطر مدارات

تپاں ta-paaN: (ف، صف) گرم، سوزاں، تڑپنے والا، لرزنے والا۔

تپانا ta-paa-na(a): (ار، مص) گرم کرنا، تاؤ دینا، سونے چاندی کو آگ پر رکھ کر کھرا کھوٹا دیکھنا۔

تُپانا tu-paa-na(a): (ہ، مص) دفن کرا دینا، دھنسوا دینا، چھپوا دینا۔

تپانچہ ta-paan-cha(h): (ف، اند) تھپڑ، کھلے ہاتھ کی ضرب جو منہ پر ماری جاتی ہے۔ وہ ضرب جو حریف کے دستِ چپ پر ماریں۔ (افعال: آنا، جڑنا، دینا، کھانا، لگانا، لگنا، مارنا، پڑنا)

تپچانا ta-pi-chaa-na(a): (ار، محاورہ) کپڑے کی نوک سے نوک ملا کر سینا۔

تپڑ tap-paR: (ہ، اند) ٹاٹ کی گدی جس پر دکاندار یا دوسرے کاروباری لوگ بیٹھتے ہیں۔

تپسیا/تپسّا ta-pas-si-ya: (ہ، اسث) تپسیا، ہندو سادھوؤں کی ریاضت۔

تپش ta-pash: (ف، اند) گرمی، حرارت، سوزش، جلن۔

تپک ta-pak: (ہ، اسث) جلن، ٹپک، پھوڑے کا درد۔

تُپک tu-pak: (ف، اسث) چھوٹی توپ، گول گیا ہتھوڑا۔

تپکن tap-kan: (ار، اسث) تپک، درد کی ٹپک۔

تپکنا ta-pak-na: (ار، مص) پھوڑے میں درد اور ٹیس اُٹھنا، ٹپکنا۔

تپنا tap-na(a): (ار، مص) گرم ہونا، جلنا، بھبھکنا

تپنچا/تپنچہ ta-pan-cha(a): (ف، اند) بندوق کی قسم کا ایک چھوٹا آتشی ہتھیار جو جیب میں رکھا جا سکتا ہے اور کئی کارتوس بغیر بار بار حرکت دینے کے چلائے جا سکتے ہیں۔ پستول۔ (افعال: بھرنا، جلانا، سر کرنا)

تپیدہ ta-pii-da(h): (ف، صف) تڑپا ہوا، گرم کیا ہوا۔

ت۔ت

تتالا ti-taa-la(a): (ہ، اند) طبلے کی ایک تال کا نام، تین تال۔

تتبع ta-tab-bo(?): (ع، اند) تقلید، پیروی، نقل، ریس۔

تتر بتر ti-tar-bi-tar: (ہ، صف) الگ الگ، جُدا جُدا، بے ترتیب۔

تُتلانا tut-laa-na(a): (ار، مص) رُک رُک کر بات کرنا، لکنت ہونا۔

تِتلی tit-li(i): (ار، مث) تیتری، بھنبیری، پردار کیڑا جس کے پر خوبصورت ہوتے ہیں۔

تَتِمّہ ta-tim-ma(h): (ع، مذ) بقیہ چیز، باقی بچی ہوئی شے، ہر شے کا آخر، کتاب وغیرہ کا وہ حصہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے، ضمیمہ، خاتمہ۔

تَتَیّا ta-tay-ya(a): (ہ، مث) لال رنگ کی بھڑ، چھوٹی مرچ جو بہت کڑوی ہوتی ہے، ذکی، ذہین۔

تَتَیّا مرچ ta-tay-yaa-mirch: (ہ، مث) ایک قسم کی زرد، چھوٹی اور نہایت تیز مرچ۔

ت۔ٹ

تَٹ taT: (س، مذ) ڈھلوان، سطح، ڈھال، اُتار، کنارہ ساحل

ت۔ث

تَثلیث tas-liis: (ع، مث) تین حصوں میں تقسیم کرنا، تین خدا ماننے یا الوہیت کے تین حصے سمجھنے کا عقیدہ، عیسائیوں کا خدا، حضرت عیسیٰ، اور روح القدس کو علیحدہ علیحدہ خدا مان کر ایک خدا کا جزو سمجھنا، ہندوؤں کا برہما جی، وشن جی اور شیو جی کو ایک خدا کی تین طاقتیں سمجھنا۔ (نجوم) سیاروں کا تہائی دائرے کا بعد، دو سیاروں کے درمیان 12 درجے یا دائرے کے تیسرے حصہ کا فاصلہ، تیسرے گھر کے ستارے کا پہلے گھر کو دکھانا۔

تَثلیث فی التوحید tas-liis-fit-tau-hiid: (ع، مث) عیسائیوں کے عقیدے میں تینوں خداؤں کا ایک ہونا۔

تَثنِیَہ tas-ni-ya(h): (ع، مذ) دو کرنا، دوگنا، دونا کرنا، اصطلاح قواعد میں دو کی جمع۔

تَثویب tas-viib: (ع، مث) صبح کی اذان اور اقامت کے درمیان دو دفعہ حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کہنا۔

ت۔ج

تَج taj: (ہ، مث) ایک درخت جس کی چھال خوشبودار ہوتی ہے۔ دار چینی کا درخت۔

تجنا taj-na(a): (ار، مص) کنارہ کش ہونا، ہاتھ اٹھانا، دستبردار ہونا۔

تَجاذُب ta-ja-zub: (ع، مذ) باہم جذب کرنا، ایک دوسرے کو کھینچنا، کشش، کشش ثقل، انگریزی لفظ Gravitation کا ترجمہ۔

تُجّار taj-jaar: (ع، مذ) تاجر کی جمع، سوداگر۔

تَجارِب ta-jaa-rib: (ع، مذ) دیکھیے 'تجربہ'

تِجارت ti-jaa-rat: (ع، مث) بیوپار، سوداگری، خرید و فروخت، صف نسبتی تجارتی۔

تَجاوُز ta-jaa-vuz: (ع، مذ) حد سے بڑھنا یا گزرنا، خلاف ورزی، تفاوت، فرق۔

تَجاوُزات ta-jaa-vu-zaat: (ع، مذ) تجاوز کی جمع، دوسرے کے حقوق یا جائیداد پر غاصبانہ قبضہ، مداخلت، غصب (انگریزی لفظ Encroachments کا ترجمہ)

تَجاہُل ta-jaa-hul: (ع، مذ) جان بوجھ کر نادان بننا، اپنے آپ کو بے خبر یا غافل ظاہر کرنا، اغماض، چشم پوشی، بے پروائی۔

تَجاہُل پیشہ tu-jaa-hul pe-shaa(h): (ع، ف، صف فاعلی) اپنے آپ کو انجان ظاہر کرنے والا، اسم کیفیت مث: تجاہل پیشگی۔

تجاہلِ عارفانہ ta-jaa-hul (?)aar-faa-na(h): (ع، اند) جان بوجھ کر انجان بننا، ناواقفیت ظاہر کرنا، کسی معلوم بات سے ارادۃً ناواقفیت ظاہر کرنا۔

تجدُّد ta-jad-dud: (ع، اند) نیا ہونا، نیاپن، جدّت، تازگی، اختراع، ایجاد

تجدید taj-diid: (ع، است) نیا بنانا، نئے سرے سے کوئی کام کرنا، جدت

تجربہ ta-jar-ba(h): (ع، اند) جانچ، آزمائش، امتحان، پرکھ، ثبوت، دلیل ایسا کام جس سے کسی چیز کی ماہیت یا اس کی اصلیت بہتر معلوم ہو۔ وہ انسانی معلومات جو قوت حافظہ اور قیاس کے باہم ملنے سے پیدا ہوتی ہے۔

تجربہ کار ta-jar-ba(h)-kaar: (عف، صف) ماہر، آزمودہ کار، ہوشیار، واقف کار، جہاندیدہ، اسم کیفیت مث: تجربہ کاری۔

تجربی / تجرباتی ta-jar-baa-ti(i): (ع، صف) تجربہ سے منسوب و متعلق۔

تجرُّد ta-jar-rud: (ع، اند) عریانی، تنہائی، ترک دنیا آزادی، بیوی بچوں کے بغیر ہونا، مجرد رہنا۔

تجرید taj-riid: (ع، است) کپڑے اتارنا، عریانی، برہنگی، ایک چیز کو دوسری سے جُدا کرنا، تنہائی، علیحدگی، خلوت، عزلت، علم بیان کی ایک صنعت جس میں زوائد کو دور کر کے صرف ایک معنی سے غرض رکھی جاتی ہے۔ مجرد رہنا، شادی نہ کرنا۔

تجریدی taj-rii-di(i): (ع، صف) دیکھیے تجرید جس سے یہ منسوب ہے۔

تجریدی فن / آرٹ taj-rii-dii fan: (ع، اند) مصوری اور سنگ تراشی کا وہ انداز جس میں فن کار اُقلیدی اشکال اور علامات کے ذریعہ اظہار خیال کرتا ہے۔ (انگریزی لفظ Abstract Art کا ترجمہ)

تجزیۂ taj-zi-ya(h): (ع، است) ایک ایک جزو کو الگ الگ کرنا، تقسیم (انگریزی لفظ Analysis کا ترجمہ)

تجسُّس ta-jas-sus: (ع، اند) تلاش، جستجو، لگاپو، تحقیق۔

تجسیم taj-siim: (ع، است) مجسم کرنا، خدا کے مجسم ہونے کا عقیدہ۔

تجسیمیت taj-sii-mi-yat: (ع، است) خدا کے مجسم ہونے کا عقیدہ (صف، نسبتی) تجسیمی۔

تجلّی ta-jal-li(i): (ع، است) آشکارا ہونا، روشن کرنا، روشن ہونا، خدا کا نور، چمک، روشنی۔

تجلّیِ طوُر ta-jal-li(i)-tuur: (ع، است، بترکیب فارسی) وہ نور جو حضرت موسیٰ کو کوہ طور پر نظر آیا تھا۔

تجمّل ta-jam-mul: (ار، اند) شان و شوکت، عظمت، وقار، جلال، مال و متاع۔

تجنیس taj-niis: (ع، است) ہم جنس، علم بدیع کی اصطلاح میں دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا، مثلاً مار، ہار۔

تجوری ta-jo-ri(i)/ti-jo-ri(i): (ہ، است) لوہے کی الماری جس میں زر و مال اور قیمتی چیزیں حفاظت کے لیے رکھی جائیں۔

تجوید taj-viid: (ع، است) خالص کرنا، عمدگی سے کرنا، قرأت کا ایک علم جس میں حروف کو اُن کے صحیح مخارج سے ادا کرنے کا طریقہ سکھایا جاتا ہے۔

تجویز taj-viiz: (ع، است) رائے، تدبیر، صلاح، فیصلہ، تصفیہ، منصوبہ، جتن، اُپائے۔

تجویزِ آخر taj-vii-ze-aa-Kir: (ع، است)

مقدمہ کا اُس کے واقعات کی رُو سے فیصلہ ہونا۔

تجویزنا taj-viiz-na(a): (ار، مص، جعلی) تجویز کرنا، رائے ٹھہرانا۔

تجویف taj-viif: (ع، اسث) خالی کرنا، کھوکھلا کرنا۔

تجہیز taj-hiiz: (ع، اسث) سروسامان کرنا، آراستہ کرنا، مرتب کرنا، مردے کو دفن کے لیے تیار کرنا۔

تجہیز و تکفین taj-hii-zo-tak-fiin: (ع، اسث) مُردے کے کفن دفن کا سامان تیار کرنا، گورگڑھا کرنا، مردے کی آخری رسومات ادا کرنا۔

تجھ tujh: (ار، ضمیر) تو کی مغیرہ اور حالتِ مفعولی۔

تجھ سا tujh-saal: (ار، صف) تیری طرح، تیرے جیسا۔

تجھ مجھ tujh-mujh: (ار، اند) ہر کوئی، اپنا بیگانہ، ہر کس و ناکس۔

تجھا ti-jha(a): (ار، صف ق) تیسرا، تیجا۔

تجھی tu-jhi(i): (ار، ضمیر تاکیدی) تجھ ہی کا مرکب، خاص تجھے۔

تجھے tu-jhe: (ار، ضمیر حالت مفعولی) تجھ کو، تُم کو۔

ت ۔ ح

تحاشا ta-haa-shaa: (ع، اند، مث) بیزاری ظاہر کرنا، اجتناب، پرہیز، ڈر۔

تحائف ta-haa-if: (ع، اند) تحفہ کی جمع ہے، ہدیے، پیشکش۔

تحت taht: (ع، اند) فوق کی ضد، نیچے کا حصہ، قبضہ، اختیار، نیچے، زیر۔

تحت الثریٰ tah-tus-sa-ra(a): (ع، اند و مث) زمین کے نیچے کا طبقہ، پاتال۔

تحت الشعور tah-tush-sha(?)-uur: (ع، اند) نفس کا وہ طبقہ جس میں نفسی عمل واقع ہوتا ہے، اور جو مشاہدہ کی حد سے باہر ہے۔

تحت اللفظ tah-tul-lafz: (ع، متعلق فعل) لفظ بہ لفظ، لفظی ترجمہ، ہر لفظ کا معنی اس کے عین نیچے لکھنا، نظم کا ترنم کے بغیر (پڑھنا)

تحت تصرف tah-te-ta-sar-ruf: (عف، صف) زیرِ حکم، زیرِ فرمان، محکوم۔

تحتِ لفظی tah-ti-laf-zi(i): (عف، متعلق فعل) تحت اللفظ، بلا ترنم پڑھنا۔

تحتانی tah-taa-ni(i): (ع، صف) نیچے کا، زیریں، وہ حرف جس کے نقطے نیچے ہوں۔

تحدیث tah-diis: (ع، اسث) بیان کرنا، بات کرنا، ذکر۔

تحدید tah-did: (ع، اسث) حد لگانا، محدود کرنا، حد بندی۔

تحرک ta-har-ruk: (ع، اند) ہلنا، حرکت کرنا، حرکت، جُنبش۔

تحریر teh-riir: (ع، اسث) لکھنا، ارقام کرنا، لکھائی، عبارت مضمون، خط، رُقعہ، خط و کتابت، دستاویز، وثیقہ، تمسک، ہلکی لکیر یا ہلکا نقش، خط جو موقلم سے یا سرے کی سلائی سے کھینچا جائے، لکھنے کا ڈھنگ، مضمون نگاری کا انداز، گٹکری گانے کی آواز، راگ کی آواز کا سلسلہ، غلام کو آزاد کرنا، نوشتہ، لکھا ہوا، افعال: کرنا، لکھنا، دینا، لکھوانا۔

تحریراً tah-ri-ran: (ع، متعلق فعل) تحریر کرکے، لکھ کر۔

تحریر بین السطور tah-riir-bai-nus-su-tuur: (عف، اسث) سطروں کے درمیان کی عبارت وہ مفہوم جو عبارت میں مخفی ہو، یعنی ظاہراً کچھ مطلب ہو اور اصلاً کچھ اور ہو۔

تحریر ظہری tah-riir zah-ri(i): (عف،اند) وہ عبارت جو کسی کاغذ کی پُشت پر لکھی جاتی ہے۔

تحریری tah-rii-ri(i): (ع،صف) نوشتہ، لکھا ہوا۔

تحریص tah-riis: (ع، اسث) لالچ دینا، حرص دلانا، ترغیب۔

تحریف tah-riif: (ع، اسث) بدل دینا، تحریر میں اصلی لفظ بدل کر کچھ اور لکھ دینا، لفظوں کا ترجمہ ارادۃً غلط اور اپنی مرضی کے مطابق کرنا، ردّ و بدل۔

تحریک tah-riik: (ع، اسث) ہلانا، حرکت دینا، حرکت، سلسلۂ جنبانی، ترغیب، چھیڑ چھاڑ، نزلہ کی شکایت، ہوا کا چلنا۔ (انگریزی لفظ Movement کا ترجمہ)

تحریک التواء tah-riik il-ta-va(a): (عف،صف) مجلس آئین ساز کے اجلاس میں کسی اہم واقعہ پر بحث کرنے کے لیے اجلاس کی معمولی کاروائی کو روکنے کی تجویز۔ (انگریزی لفظ Adjournment-motion کا ترجمہ)

تحریک کرنا / پیش کرنا tah-riik kar-na(a): (ار، محاورہ) کسی اجلاس میں منظوری کے لیے تجویز پیش کرنا، تجویز کرنا۔

تحریم tah-riim: (ع،اند) احترام کرنا، عزت کرنا، نیت باندھنے کے وقت پہلی دفعہ ہاتھ اُٹھا کر اللہ اکبر کہنا۔

تحریمہ tah-rii-ma(h): (ع،اند) نماز کے وقت نیت باندھنے میں پہلی تکبیر بلباس پہننا۔

تحسین tah-siin: (ع،اسث) آراستہ کرنا، تعریف کرنا، آفرین، مرحبا (افعال: کرنا، ہونا)

تحسین ناشناس tah-sii-ne-naa-sha-naas (عف،اسث) ناواقفیت کی تعریف، ناواقفیت کی واہ واہ۔

تحشیہ tah-shi-ya(h): (ع، اند) حاشیہ لکھنا، حاشیہ چڑھانا۔

تحصیل tah-siil: (ع، اسث) حاصل کرنا، اکٹھا کرنا، جمع کرنا، سیکھنا، نفع، فائدہ، خراج، محصول، مال گزاری، احتساب، ضلع کا ایک حصہ، اس حصہ کی ایک کچہری اور دفاتر۔

تحصیل حاصل tah-sii-le-haa-sil: (عف،اسث) موجود چیز کی تلاش، بے فائدہ بے سود، بے فائدہ تگ و دو کرنا۔

تحصیلدار tah-siil-daar: (عف،اند) محکمہ مال کا ایک افسر، جس کا کام مال گزاری وصول کرنا ہے۔

تحصیلداری tah-siil-daa-ri(i): (عف،اسث) تحصیلدار کا کام، تحصیلدار کا عہدہ۔

تحصیلنا tah-siil-na(a): (ار، مص جعلی) تحصیل کرنا، حاصل یا جمع کرنا۔

تحف tu-haf: (ع،اسث) تحفہ کی جمع ہے، ہدیے، تحائف۔

تحفظ ta-haf-fuz: (ع،اند) حفاظت، بچاؤ، احتیاط۔

تحفگی tauhf-gi(i): (عف، اسث) عمدگی، خوبی، فوقیت، بہتری، (افعال: نکالنا، نکلنا)

تحفہ tauh-fa(h): (ع، اند) ہدیہ، سوغات، نذر، پیشکش، انعام، خوبصورت، نفیس چیز (صف) اعلیٰ، چیدہ۔

تحقیر tah-qiir: (ع، اسث) حقیر سمجھنا، ذلت، بے حرمتی، بے قدری، حقارت، نفرت، (افعال: کرنا، ہونا)

تحقیق tah-qiiq: (ع، اسث) اصلیت معلوم کرنا، دریافت کرنا، درستی صحت، تفتیش، جانچ پڑتال، سچا، صداقت، اصلیت یقین، تصدیق، پایہ ثبوت کو پہنچنا،

ٹھیک، سچا، اصلی، یقینی (افعال: کرنا، ہونا)

تحقیقات tah-qii-qaat: (ع، امث) تحقیق کی جمع، اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے۔ جانچ پڑتال، مقدمہ کی ابتدائی رپورٹ یا کارروائی جس پر حکم لگانے کی بنیاد ہو، بیانات کو لکھنا اور ثبوت اکٹھا کرنا۔

تحقیقی tah-qi-qi(i): (ع، صف) یقینی، دریافت شدہ، درست اور ٹھیک۔

تحکم ta-hak-kum: (ع، اند) حکم کرنا، حکومت کرنا، زبردستی کی حکومت، دعویٰ، غلبہ، زبردستی، زورآوری، غصب، تعدی کرنا، (افعال: جتانا، کرنا)

تحلیل tah-liil: (ع، امث) کھلنا، علیحدہ علیحدہ ہونا، کھل جانا، ہضم ہو جانا، پچنا، لاغر ہونا، دُبلا ہونا، اجزا کا الگ الگ ہو جانا، ہضم، پچاؤ، حلال کرنا، قانوناً جائز قرار دینا، حلالہ کرنا۔

تحلیلِ نفسی tah-liil-naf-si(i): (عف، امث) نفسیاتی طبیعاتی کی ایک شاخ جس کے ذریعہ انسان کے ذہنی محرکات اور اُن کے متعلق روزمرّہ کے اعمال کا مشاہدہ اور تجزیہ کیا جاتا ہے۔ (انگریزی لفظ Psycho Analysis کا ترجمہ)

تحمّل ta-ham-mul: (ع، اند) برداشت، حلم، بردباری، سہارا، صبر، توقف، وقفہ۔

تحمید tah-miid: (ع، امث) ثنا، تعریف، حمد، خدا کی تعریف بار بار کرنا، الحمد پڑھنا۔

تحمید و تقدیس tah-miid-va-taq-diis: (ع، امث) تعریف کرنا اور پاکیزگی بیان کرنا، حمد اور قدس کی آیتیں پڑھنا۔

تحویل tah-viil: (ع، امث) بدلنا، نقل مکانی کرنا، حالات بدلنا، تبادلہ، بدل، سپردگی، حوالگی، قبضہ، امانت، نقدی، مال، دھن، ایک قسم کی رقم کو دوسری قسم کی رقم میں لے جانا۔ جیسے آنے کے روپے، روپے کے پیسے بنانا، کسی ستارے کا ایک بُرج سے دوسرے برج میں آنا، ستارے کا عمل پھرنا، پھیرنا۔

تحویلِ امانتی tah-vii-le-a-maan-ti(i): (ع، امث) کسی چیز کی تحویل جو اس شرط پر کی جائے کہ غرض مذکورہ کے حصول کے بعد چیز واپس لے لی جائے گی۔

تحویل دار tah-viil-daar: (عف، اند) خزانچی، امین جس کے پاس رقم رہے، اسم کیفیت مث: تحویل داری۔

تحویلِ نزولی tah-vii-le-na-zo-li(i): (ع، امث) بڑی رقم کو چھوٹی رقم میں تبدیل کرنا، جیسے روپوں کے پیسے بنانا۔

تحیۃ ta-hiy-ya(h): (ع، مذ، امث) سلام کرنا، سلام تسلیمات، آداب، دعا برکت، جمع: تحیات

تحیۃ المسجد ta-hiy-ya-tul-mas-jid: (ع، امث) مسجد میں جا کر سب سے پہلے دو رکعت نفل پڑھنا۔

تحیۃ الوضو ta-hiy-ya-tul vu-zu(u): (ع، امث) وضو کرنے کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھنا۔

تحیّر ta-hay-yur: (ع، امث) حیرانی، تعجب، اچنبھا، حیران ہونا۔

ت۔خ

تخاطب ta-Ka-tub: (ع، امث) روبرو ہو کر باتیں کرنا، مخاطب ہونا۔

تخالف ta-Ka-luf: (ع، اند) باہم مخالفت ہونا، خصومت، تنازعہ، بیر۔

تخت taKt: (ف، اند) بادشاہ کے بیٹھنے کی چوکی، مسند، چوکی۔

تخت اُترنا taKt-u-tar-na(a): (ار، محاورہ) پریوں کا تخت اُترنا، تخت کا نیچے آنا۔

تخت اُلٹنا taKt-u-laT-na(a): (ار، محاورہ) سلطنت درہم برہم کرنا، مصیبت یا تباہی آنا۔

تخت بخت taKt-baKt: (ف، اند) عیش و آرام، راج سہاگ، خاوند اور اقبال۔

تخت پوش taKt-posh: (ف، اند) تخت کی چادر، تخت کا فرش۔

تختِ رواں taK-te-ra-vaaN: (ف، اند) ہوادار پالکی، وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا تھا۔ وہ جس پر شادیوں میں لڑکے ناچتے ہوئے نکلتے ہیں۔ جس کو گڈوں وغیرہ پر نصب کیا ہوا ہوتا ہے یا آدمیوں نے اُٹھایا ہوا ہو، اُڑن کھٹولا۔

تختِ سلیمان / سلیمانی taK-te-su-lai-maan: (ف، اند) وہ تخت جس پر حضرت سلیمانؑ بیٹھ کر اُڑا کرتے تھے۔

تختِ طاؤس / طاؤسی taK-te-taa-uus: (فع، اند) وہ تخت جو ہندوستان کے مغل شہنشاہ شاہجہاں نے بنوایا تھا۔ جس پر ہیرے جواہرات سے جڑاؤ مور (طاؤس) بنا ہوا تھا۔ اس مور نے پر پھیلائے ہوئے تھے، جن کا سایہ بادشاہ کے سر پر ہوا کرتا تھا، اسے نادر شاہ ایران جاتے ہوئے اپنے ساتھ لے گیا تھا۔

تخت کی رات taKt-ki-raat: (ف، امث) بیاہ کی رات، شبِ زفاف۔

تخت گاہ taKt-gaa(h): (ف، امث) حکومت کا صدر مقام، دارالخلافہ۔

تخت نشین taKt-na-shiin: (ف، صف) تخت پر بیٹھنے والا، بادشاہ اسم کیفیت مث: تخت نشینی

تخت و تاج taK-to-taaj: (ف، اند) ملک و سلطنت

تخت یا تختہ / تالات taKt yaa taK-ta(h): (ف، مثل) کامیابی موت، ترقی یا تنزل۔

تختہ taK-ta(h): (ف، اند) پٹڑا، لکڑی کا ٹکڑا، کاغذ کا تاؤ، جہاز کا فرش، زمین یا باغ کا ٹکڑا، چمن، کھیت، وہ کاغذ یا کپڑا جس پر شطرنج کھیلتے ہیں۔

تختہ بند taK-ta(h) band: (ف، صف) محبوس، قید کیا ہوا، قیدی، قید، حبس، وہ لکڑی کا پتلا ٹکڑا اور پٹی جو ٹوٹے ہوئے عضو پر باندھتے ہیں۔

تختہ بندی taK-ta ban-di(i): (ف، امث) لکڑی کے تختوں کی دیوار یا فرش، کیاریوں کا باقرینہ ہونا۔

تختہ پُل taK-ta(h) pul: (ف، اند) وہ پُل جو قلعے کی خندق پر بناتے ہیں، کواڑ کی طرح بند ہو جانے اور کھل جانے والا پُل، جب چاہیں کھولیں یا بند کریں۔

تختۂ سیاہ taK-ta-(h)e-syaa(h): (ف، اند) لکڑی کا وہ سیاہ مسطح ٹکڑا جس پر چاک سے لکھ کر طالب علموں کو سکھایا جاتا ہے۔

تختہ کرنا taK-ta-(h) kar-na(a): (ار، محاورہ) بند کرنا، کام خراب کرنا، بگاڑ کرنا۔

تختۂ مشق taK-ta-(h)e-mashq: (ف، اند) لڑکوں کے مشق کرنے کی تختی، وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے۔

تختہ ہو جانا taK-ta(h) ho-jaa-na(a): (ار، محاورہ) اکڑ جانا، بدن کا سخت ہو جانا، دکان وغیرہ کا بند ہو جانا۔

تختی taK-ti(i): (ار، امث) چھوٹا تختہ، لوح، وہ لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جس پر بچے لکھنے کی مشق کرتے ہیں، وہ

لوح جس پر دعائیں اور نقوش کندہ کر کے گلے میں پہنتے ہیں۔ سینہ، کمر اور بازو، چھپ یا جسم کا انداز، حروف مفرد اور مرکبات کی مشق جو خط صاف کرنے کے لیے لکھتے ہیں۔

تخدیر taK-diir: (ع، اسث) پردے میں بٹھانا، سُن کرنا، بے حس کرنا (کسی عضو کو)

تخریب taK-riib: (ع، اسث) خراب کرنا، بگاڑنا، خرابی، بربادی، تباہی و ویرانی۔

تخریج taK-riij: (ع، اسث) خارج کرنا، نکالنا، مصنف کا نام بتانا، آیت کا حوالہ دینا، حدیث کے متعلق تفصیلات بیان کرنا۔

تخصیص taK-siis: (ع، اسث) خصوصیت، گُن، سُبھاؤ، محفوظ کرنا، حق مخصوص، صفِ دینی:

تخطیہ taK-ti-ya(h): (ع، اسث) کسی کے کام میں نقص نکالنا، غلطی کرنا۔

تخفیف taK-fiif: (ع، اسث) کمی، ہلکا کرنا، کمی کرنا، تھوڑا کرنا، چھوٹا کرنا، حرف کو بولنے میں ہلکا یا کم کرنا، کمی، گھٹاؤ، مصارف میں کمی، افاقہ، آرام موقوفی، برطرفی۔

تخفیف کرنا taK-fiif kar-na(a): (ا، مص مرکب) کمی کرنا/ہونا، گھٹانا/ گھٹنا، خرچ کم کرنا/ہونا، موقوف کرنا/ہونا۔

تخلّص ta-Kal-lus: (ع، اند) بچاؤ، چھٹکارا، رہائی، وہ مختصر سا نام جو شاعر اپنے اصلی نام کی بجائے رکھ لیتے ہیں، خلاصہ، مقصد (قصیدہ کا) گریز۔

تخلّف ta-Kal-luf: (ع، اند) وعدہ خلافی کرنا، پیچھے رہ جانا/رہنا۔ بدعہدی۔

تخلّق ta-Kal-luq: (ع، اند) خصلت اختیار کرنا، خوگر ہونا۔

تخلیق taK-liiq: (ع، اسث) پیدا کرنا، پیدائش، طبع زاد فن پارہ۔

تخلیہ taK-li-ya(h): (ع، اند) تنہائی، خلوت (افعال: رہنا۔ کرنا، ہونا)

تخم tu-Kam: (ف، اند) بیج، دانہ، اصل، بیضہ، انڈا، گٹھلی۔ نطفہ۔

تخمِ حرام tuK-me-ha-raam: (فق، صف) حرامزادہ۔

تخمِ ریحان tuK-me-ri-haan: (ف، اند) نیاز بو/ تلسی کا بیج۔

تخم ریز tuK-me-rez: (ف، صف) زراعت کرنے والا، کاشتکار، بیج بونے والا۔

تخم ریزی tuKm-re-zi(i): (ف، اسث) بیج بونا، بیج ڈالنا، پیدا کرنا، بنیاد ڈالنا۔

تخمِ مُرغ tuK-me-murG: (ف، اند) مرغی کا انڈا۔

تخمی tuK-mi(i): (ف، صف) جس میں پیوند نہ کیا گیا ہو۔ ایسا پودا جو بیج سے براہِ راست پیدا شدہ ہو۔

تخمیر taK-miir: (ع، اسث) خمیر اُٹھانا، طبیعت، سرشت۔

تخمیناً taK-mii-nan: (ع، متعلق فعل) اندازہ سے، اٹکل سے، قیاس سے قریب تر قریب، اندازاً۔

تخمین taK-miin: (ع، اسث) (معاشیات) بازار کے آئندہ حالات کی پیش بینی۔ (انگریزی لفظ Speculation کا ترجمہ) اندازہ۔

تخمینہ tak-mii-na(h): (ع، اند) اندازہ، قیاس، اٹکل، سرسری حساب۔

تخویف taK-viif: (ع، اسث) ڈرانا، خوف دلانا۔

تخیّل ta-Kay yul: (ع، اند) قوتِ متخیلہ، وہ قوت

جو خیالی صورتیں بنا کر وہم کے آگے کھڑی کر دی ا لی جاتی ہے۔تصور، قیاس، جمع تخیلات۔

تخیر ta-Kiir: (ع، امث) پسند کرنے کا اختیار۔

تخیل ta-Kiil: (ع، امذ) خیال، تصور، صفت نسبتی: تخیلی۔

ت۔د

تد tad: (ار، مستقل فعل ق) تب کی قدیم صورت، اس وقت۔

تدابیر ta-da-biir: (ع، امث) تدبیر کی جمع ترکیبیں۔

تداخل ta-da-Kul: (ع، امذ) ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ ایک غذا کے ہضم ہونے سے پہلے دوسری غذا کھانا۔ ظہر کے آخر وقت میں ظہر اور عصر کی نمازیں یکے بعد دیگرے پڑھنا۔ (فقہ)

تدارک ta-da-ruk: (ع، امذ) گمشدہ چیز کا پانا، قبضہ میں لانا، ناجائز فعل کا انسداد، احتیاطی ذرائع اختیار کرنا۔

تداول ta-daa-vul: (ع، امذ) باری سے کرنا، دست بدست کرنا، گردش انقلاب، رواج۔

تداوی ta-daa-vi: (ع، امث) علاج کرنا، علاج، معالجہ، دوا درمن۔

تدبر ta-dab-bur: (ع، امذ) غور کرنا، انجام سوچنا، عاقبت اندیشی، عقل، سمجھ۔

تدبیر tad-biir: (ع، امث) آگا پیچھا سوچنا، انجام پر نظر رکھنا، علاج، چارہ، درماں، خیال، اندیشہ، تجویز، سعی، حکمت چالاکی، کسی کو زک دینے کی کوشش (فقہ) غلام یا لونڈی کی آزادی کو اپنی موت کے ساتھ معلق کرنا، یعنی یہ کہنا کہ میرے مرنے کے بعد یہ آزاد ہے۔

تدرا tid-ra(a): (ار، صف مذ) تین دروازوں والا، عمارت جس میں تین دروازے ہوں۔

تدریج tad-riij: (ع، امث) رفتہ رفتہ ہونا، درجہ بدرجہ، تھوڑا تھوڑا۔

تدریس tad-riis: (ع، امث) درس دینا، تعلیم، پڑھائی۔

تدفین tad-fiin: (ع، امث) دفن کرنا، گاڑنا۔

تدقیق tad-qiiq: (ع، امث) باریک بات نکالنا، غور و فکر۔

تدلیس tad-liis: (ع، امث) عیب چھپانا، (محدثین کی اصطلاح میں) محدث کا قصداً غلطی کرنا اور اسے چھپانا۔ ایسے شخص سے روایت کرنا جس کو دیکھا نہ ہو۔ مشکوک و مشتبہ کتابوں سے حوالہ دینا۔ مکر۔ فریب دہی۔

تدویر tad-viir: (ع، امث) گول بنانا، گرد پھرانا، دائرہ کی شکل ہونا، قرآن مجید کو درمیانی رفتار سے پڑھنا، گولائی۔

تدوین tad-viin: (ع، امث) جمع کرنا، تالیف کرنا، مرتب کرنا، ترتیب و انتخاب، تالیف و ترتیب۔

تدین ta-day-yun: (ع، امذ) دیانت داری، دینداری، پرہیزگاری۔

ت۔ذ

تذبذب ta-zab-zub: (ع، امذ) ڈگمگانا، تردد کرنا، شک و شبہ، دُبدھا، دودلا پن، ہچکچاہٹ۔

تذرو taz-ro: (ف، امذ) ایک قسم کا جنگلی پرندہ جو بہت خوش رنگ اور خوش آواز ہوتا ہے، یہ استرآباد کے جنگلوں میں بکثرت پایا جاتا ہے۔ کبک۔ چکور۔

تذکار taz-kaar: (ع، امذ) ذکر، بیان، چرچا، صفت نسبتی: تذکاری

تذکرہ taz-ki-ra(h): (ع، امذ) یاد کرنا، نصیحت

کرنا، ذکر، بیان، یادداشت واقعات کی تاریخ سرگزشت، وہ کتاب جس میں شاعروں کا مختصر حال اور نمونہ کلام درج ہو۔

تذکرۃً taz-ki-ra-tan: (ع، متعلق فعل) ذکر کے طور پر، یاد دہانی کے طور پر۔

تذکیر taz-kiir: (ع، امث) ذکر کرنا، یاد دلانا، مذکر ہونا، مرد ہونا۔

تذلّل ta-zal-lul: (ع، امذ) عجز کرنا، فروتنی کرنا، عاجزی، خوشامد۔

تذلیل taz-liil: (ع، امث) ذلیل کرنا، رُسوا کرنا، بے عزتی کرنا۔

تذہیب taz-hiib: (ع، امث) سونے کا جھول چڑھانا، ملمع کاری، زرنگاری۔

ت۔ر

تُر tur: (ہ، امذ): وہ لکڑی جس پر جلاہے کپڑا بُن کر لپیٹتے ہیں وہ بیلن جس پر گوٹا کناری لپیٹتے ہیں۔

تَر tar: (ف، صف) گیلا، بھیگا ہوا، آب دار، نیا، تازہ، سبز، ملائم، کشادہ، کھلا، چکنا، گھی ٹپکتا ہوا، لتھڑا، خوش، عمدہ، پرلطف، لاحقہ، تفضیل بعض جیسے خوش تر، بد تر وغیرہ ہیں۔

تربتر tar-ba-tar: (ف، صف) بالکل گیلا، شرابور، بہت چکنا، گھی ٹپکتا ہوا، پسینہ سے بھیگا ہوا، خون میں لتھڑا ہوا۔

ترترانا tar-ta-raa-na(a): (ار، محاورہ) گھی میں ڈوبا ہوا ہونا۔

تردامن tar-daa-nam: (ف، صف) مجرم، بدکار، گنہگار، اکثر شرابیوں کے دامن شراب سے تر رہتے ہیں۔ لتھڑے ہوئے دامن والا، اسم کیفیت مث: تردامنی

تردست tar-dast: (ف، صف) ہاتھ سے عمدہ کام کرنے والا جیسے نقاش، مصور وغیرہ، چالاک، ہوشیار، اسم کیفیت مث: تردستی۔

تردماغ tar-di-maaG: (فع، صف) عقلمند، صاحب شعور، مسرور، مست اسم کیفیت مث: تردماغی

ترزُبان tar-zu-baan: (ف، صف) فصیح، خوش بیان، اسم کیفیت مث: ترزبانی۔

ترلقمہ/مال/نوالہ tar-luq-ma(h): (ار، امذ) عمدہ غذا، اچھی چیز، اچھے کھانے۔

تروتازہ ta-ro-taa-za(h): (ف، صف) بارونق، آبدار، سرسبز، شاداب

ترا te-ra(a): (ار، ضمیر اضافی) دیکھیے 'تیرا' جس کا یہ مخفف ہے۔

تُراب tu-raab: (ع، امث) مٹی، زمین، گرد و غبار، صف نسبتی: ترابی

تراجم ta-raa-jam: (ع، امذ) دیکھیے 'ترجمہ' جس کی یہ جمع ہے۔

ترادُف ta-raa-duf: (ع، امذ) آگے پیچھے، بیٹھنا، ہم معنی ہونا۔

تراز ta-raaz: (ف، امذ) کپڑے کے نقش، زینت و آرائش۔

ترازو ta-raa-zu(u): (ف، امث) وزن کرنے کا آلہ، میزان، کانٹا، برج میزان۔

ترازو ہو جانا/ہونا ta-raa-zuu ho-na(a): (ار، محاورہ) تیر کا آر پار ہو کر لٹکا رہنا، دو فوجوں کا طاقت میں اس طرح برابر ہونا کہ ایک دوسری پر غلبہ نہ پا سکے۔

تراسی ti-raa-si(I): (ار، اعدد) اسی اور تین (83)

تراش ta-raash: (ف، اسث) کاٹ، کٹاؤ، کاٹ چھانٹ، کاٹنے کا ڈھنگ، تراشے کا انداز، اختراع، ایجاد، قطع وضع۔ طرز، آرائش، تاش یا گنجفہ کے وہ پتے جو تراشنے کے بعد حاصل ہوں۔ تربوز یا خربوزہ کی پھانک۔

تراش ta-raash: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر تراشیدن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بناتا ہے اور کاٹنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے سنگ تراش۔ قلم تراش، بت تراش۔

تراش خراش ta-raash-Ka-raash: (ف، اسث) قطع و برید، طرز و انداز، زیب و زینت۔ (افعال: کرنا، ہونا)

تراشنا ta-raash-na(a): (ار، مص جعلی) کاٹنا، کترنا، چھانٹنا، چھیلنا، قطع کرنا، کاٹ کر صورت بنانا، پھانک اُتارنا، تاش کے پتے کاٹنا، گنجفہ یا تاش کے کل پتوں میں سے تقسیم کرنے سے پہلے کھلاڑی کے ہاتھ میں سے کچھ پتے اُٹھانا، مونڈنا، حجامت بنوانا، بات بنانا۔

تراشہ ta-raa-sha(h): (ف، اند) چھیلن، کترن، فولادی اوزار جس سے سنگتراش پتھر کاٹتے ہیں۔ پھانک، تاش، کسی اخبار یا رسالے سے کاٹا ہوا مضمون (انگریزی لفظ (Cutting) کا ترجمہ)

تراشیدہ ta-raa-shii-da(h): (ف، صف مفعولی) چھیلا ہوا، کاٹا ہوا، کترا ہوا۔

تراضی ta-raa-zi(i): (ع، اسث) باہم راضی ہونا، خوش ہونا، راضی نامہ۔

تراکیب ta-raa-kiib: (ع، اسث) ترکیب کی جمع، تدبیر، کاریگری، ہنر۔

ترانا ti-raa-na(a): (ار، مص) ڈوبانے کی ضد پر آنا، اُبھارنا۔

ترانوے ti-raan-vey: (ار، اعدد) نوے اور تین (93)

ترانہ ta-raa-na(h): (ف، اند) نغمہ، راگ، گیت، وہ نغمہ جو کسی قوم یا ملک کے لیے سرکاری طور پر قومی نغمہ قرار دیا گیا ہو۔

تراوش ta-raa-vish: (ف، اسث) ٹپکنا، چھڑکنا، پھوٹنا، مجازاً اشارے کنایے سے ظاہر ہونا، انداز سے معلوم ہونا، ترشح

تراوش پانا ta-raa-vash-paa-na(a): (ار، محاورہ) ظاہر ہونا، جھلکنا، معلوم ہونا۔

تراوش کرنا/ہونا ta-raa-vash-kar-na(a): (ار، محاورہ) اشارہ کنایہ یا انداز سے پایا جانا، ٹپکنا، قطرہ قطرہ گرنا۔

تراویح ta-raa-viih: (ع، اسث) ترویحہ کی جمع، راحت دینا، اصطلاح فقہ میں وہ سنت نماز جو ماہِ رمضان میں نماز عشاء کے بعد پڑھی جاتی ہے جس میں عموماً پورا قرآن پڑھا جاتا ہے۔ تعداد رکعت میں اختلاف ہے۔ اہلِ سنّت کے نزدیک بیس اور اہلِ حدیث کے نزدیک آٹھ۔

تراہا ti-raa-ha(a): (ہ، اند) وہ جگہ جہاں تین راستے ملیں۔

ترائی ta-raa-i(i): (ہ، اسث) وہ جگہ جو کسی دریا یا ندی وغیرہ کے قریب ہو، مرطوب، دلدلی زمین، وہ علاقہ جو کوہ ہمالیہ کے دامن میں پہاڑ کے ساتھ ساتھ جمنا سے برہم پتر تک چلا جاتا ہے۔

ترب ta-rab: (ار، اند) وہ تار جو اصل تار کی مدد کے لیے ستار سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں۔

تُرب tu-rab: (ف، اسث) مولی۔

تُربت tur-bat: (ع، اسث) خاک، مزار، قبر۔

تربوز tar-buuz: (ار، اند) ایک بڑا پھل جو بیل میں لگتا ہے۔

تربیت tar-bi-yat: (ع، است) پرورش، پرداخت، تعلیم وتہذیب تعلیم واخلاق۔

تربیت پذیر tar-bi-yat-pa-ziir: (عف، صف، فاعلی) تربیت کے لائق، تربیت پانے والا، اسم کیفیت مث: تربیت پذیری۔

تربیت کرنا tar-bi-yat kar-na(a): (ار، مص، مرکب) پالنا، پرورش کرنا، تعلیم دینا، سکھانا۔

تربیع tar-bii(?): (ع، است) چار میں تقسیم کرنا، مربع یا مستطیل بنانا۔ (نجوم) سیاروں کی وہ ہیئت جب ایک دوسرے سے چوتھائی دائرے یا تین برجوں یا نوے درجہ کے زاویہ کا فرق ہو تو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

تربینی tir-bai-ni(i): (ہ، است) وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں، الٰہ آباد

ٹروپ tu-rup: (ار، اند) (انگریزی Troop کا موزوں) ساٹھ یا اسی سواروں کی جماعت، (ٹرمپ Trump کا موزوں) تاش میں رنگ مقرر کرکے کھیلنا۔

ترپال tir-paal: (ار، اند) (انگریزی لفظ Tarpaulin کا موزوں) وہ ٹاٹ جس میں پانی جذب نہیں ہوتا۔

ترپائی / ترپن tur-paa-i(i): (ار، است) بخیے کے اوپر کی سیون، وہ سلائی جو کپڑے کے کنارے دبانے کے لیے کی جاتی ہے۔ (افعال: کرنا، ہونا)

ترپنا tu-rup-na(a): (ار، مص) دبا کر سینا، سیون کے اوپر ایک اور سلائی کرنا، کپڑے کے سرے موڑ کر سینا۔

ترپولیا tir-po-li-ya: (ہ، اند) سہ دَرہ، تین در کی عمارت، تین بڑے دروازے جو بازار میں بناتے ہیں تاکہ جلوس یا ہاتھی وغیرہ نکل سکیں۔

ترپھلا tir-pha-la(a): (ہ، اند) ہیڑ، بہیڑا اور آملہ کا مرکب۔

ترت پھرت tu-rat-phu-rat: (ہ، است) پھرتی، چالاکی، تیزی، طراری۔

ترترا tar-ta-ra(a): (ہ، صف) تیز، چست، چالاک۔

ترترانا tar-ta-raa-na(a): (ہ، صف) گھی میں ڈوبا ہوا۔ جس کھانے سے گھی ٹپکے۔

ترتیب tar-tiib: (ع، است) اپنے مرتبے سے رکھنا، درجہ بدرجہ ٹھیک رکھنا، انتظام، طریقہ، ڈھنگ، جنس واری، سلسلہ بندی، تقسیم، کتاب یا مضامین کی تدوین، جبر ومقابلہ میں ہر قاعدہ کا نام (افعال: آنا، دینا، کرنا، ہونا)

ترتیل tar-tiil: (ع، است) ٹھہر ٹھہر کر صاف پڑھنا، قرآن کو حروف کے مخارج سے ادا کرکے آہستہ آہستہ پڑھنا۔

تر جانا tir-jaa-na(a): (ار، محاورہ) نام آور ہونا، نیک نام ہونا، نجات حاصل کرنا۔

ترجمان tar-ja-maan: (ع، صف) فصیح، تیز زبان، خوش تقریر، ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنے والا، سفیر یا ایلچی جو کسی کی نمائندگی کرے۔ اس کے مطلب کو اپنے لفظوں میں سمجھائے۔ (ترزبان کا معرب) اسم کیفیت مث: ترجمانی۔

ترجمہ tar-ja-ma(h): (ع، اند) ایک زبان سے دوسری زبان میں عبارت بیان کی ہوئی ہو، کسی کی زندگی کا مرقع۔

ترجیح tar-jii(h): (ع، است) فوقیت، فضیلت،

برتری، سبقت۔ (افعال: دینا، رکھنا)

ترجیع tar-jii(?): (ع، اسمذ) پلٹانا، مصیبت میں اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کہنا۔ ستاروں کا اپنی عام حرکت میں واپس آنا، یعنی مشرق سے مغرب کی طرف جانا، بازگشت، واپسی، رجوع۔

ترجیع بند tar-jii?-band: (عف، امذ) نظم کی ایک قسم جس میں چند شعروں کے بند کے بعد ایک معین شعر بار بار بند کے آخر میں لایا جاتا ہے۔

ترچھا tir-chha(a): (ہ، صف) ٹیڑھا، آڑا، کج، بانکا، مخالف، اسم کیفیت مذ: ترچھاپن مث: ترچھی۔

ترچھی آنکھ / نظر / نگاہ tir-chi(i): (ہ، امث) غصہ کی نظر، نگاہ، غضب، نگاہ ناز۔

ترحم ta-rah-hum: (ع، امذ) رحم، ترس، مہربانی، شفقت، (افعال: آنا، کرنا)

ترحیم tar-hiim: (ع، امث) کسی پر رحم کرنا، کسی کو رحمک اللہ کہنا۔

ترخیم tar-Kiim: (ع، امث) دُم کاٹنا، کسی کلمہ یا حرف کے آخیر کو گرا دینا۔ جیسے مجود سے مجو، دختر سے دخت۔

تردد ta-rad-dud: (ع، امذ) سوچ، فکر، اندیشہ، شش و پنج، پس و پیش۔

تردید tar-diid: (ع، امث) کسی بات کو رد کرنا، کسی بات کا پھیر دینا، مخالفت کرنا، تنسیخ، منسوخی (افعال: کرنا، ہونا)

ترس ta-ras: (ار، امذ) ڈر، خوف، بیم، ہراس، دہشت، رحم، درد (افعال: آنا، کھانا) فارسی میں رسا کن ہے۔

ترس جانا ta-ras jaa-na(a): (ار، محاورہ) خواہش مند ہونا، کسی چیز کا بھوکا ہونا۔

ترس ta-ras: (ف، لاحقہ فاعلی) ترسیدن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ڈرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً خدا ترس۔

ترساں tar-saaN: (ف، صف) خوف زدہ، ڈرا ہوا۔

ترسانا tar-saa-na(a): (ار، مص) للچانا، جھوٹی امید دلا کر ناامید کرنا، خواہش سے کم دینا، ضرورت کے موافق نہ دینا۔

ترسول tir-suul: (ہ، امذ) تین نوک کا نیزہ یا بھالا، مہادیو کا ہتھیار۔ لوہے کا بنا ہوا نشان، جس کو ہندو مندروں میں نصب کرتے ہیں۔ پنجے کی شکل کا ہتھیار جس کو ہندو جوگی ہاتھ میں رکھتے ہیں۔

ترسوں tar-sauN: (ار، صف) گزرا ہوا یا آنے والا تیسرا دن۔

ترسیل tar-siil: (ار، امث) روانہ کرنا، بھیجنا، ارسال کرنا، روانگی، ابلاغ (ان معنوں میں یہ لفظ عربی میں نہیں آتا) اُردو والوں نے ارسال سے تفصیل کے وزن پر خود بنالیا ہے۔

تُرش tursh: (ف، صف) کھٹا، ناراض، بد مزاج، بد دماغ۔

ترش مزاج tursh-ma-zaaj: (فع، صف) بدمزاج، بدخو، اسم کیفیت مث: تُرش مزاجی۔

تُرشاوا tur-shaa-va(a): (ار، صف) لیموں اور نارنگی کی قسم کے پھل اور درخت۔

ترشح tar-shuh: (ع، امذ) ٹپکنا، بوندا باندی ہونا، بوندا باندی، پھوار (افعال: ہونا)

ترشنا ta-rash-na(a): (ار، مص) چاقو یا چھری وغیرہ سے کٹنا، قلم ہونا۔

ترشوانا ta-rash-vaa-na(a): (ار، مص)

کٹوانا، قلم کرنا۔

تُرشی tur-shi(i): (ف، اسث) کھٹاس، کھٹائی، ناخوش، بدمزگی، (تُرش کا اسم کیفیت)

ترصیع tar-sii(?): (ع، اسث) کسی چیز میں جواہر یا رنگ بھرنا۔ جڑاؤ کرنا، علم بیان کی ایک صنعت جس میں دو مصرعوں یا دو فقروں کے سب کلمات ایک دوسرے کے مقابل بالترتیب اور ہم وزن ہوتے ہیں۔ مثلاً کمال محبت اس کے حال سے ظاہر ہے اور جمال مودّت اس کے قال سے باہر ہے۔

ترطیب tar-tiib: (ع، اسث) رطوبت پہنچانا، تر کرنا۔

ترغیب tar-Giib: (ع، اسث) لالچ دلانا، رغبت دلانا، فریفتگی (انفعال: دینا) بلندی چاہنا، کفر وتکبر، بلند ہونے کا شوق، برتری۔ عبور۔

ترفّہ ta-raf-fah: (ع، اند) دولت مندی، آسودگی، خوشحالی۔

ترقّب ta-raq-qab: (ع، اند) اُمید، توقع۔

ترقّی ta-raq-qi(i): (ع، اسث) بلندی، برتری، اضافہ (افعال: پانا، دینا، کرنا، ہونا)

ترقّی پذیر ta-raq-qii-pa-ziir: (عف، صف) آگے بڑھنے والا، ترقی پانے والا، (اسم کیفیت مث: ترقی)

ترقّی پسند ta-raq-qii-pa-sand: (عف، صف) آگے بڑھنے والا، ترقی کا خواہاں جدید معاشی اور سائنسی نظریات کا حامی، قدامت پسند اور رجعت پرست کی ضد، اصطلاحاً اشتراکی، اشتمالی، انگریزی لفظ (Progressive) کا ترجمہ۔ اسم کیفیت مث: ترقی پسندی۔

ترقیم tar-qiim: (ع، اسث) تحریر کرنا۔

ترقیمہ tar-qii-ma(h): (ع، اند) وہ عبارت جو کاتب کسی کتاب کے آخر میں لکھتا ہے۔ جس میں کاتب کا نام اور تاریخ کا ذکر ہوتا ہے۔

ترک tark: (ار، اند) وہ کلمہ جو صفحۂ اول کے آخر اور پھر صفحہ دوم میں شروع میں لکھا جاتا ہے تا کہ سہو نہ ہو (انفعال: لگانا، ملنا)

ترک tark: (ع، اند) چھوڑنا، درگزر کرنا، بھول چوک، دستبرداری، وہ عبارت جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیہ پر لکھی جائے۔ انفعال: کرنا، ہونا

ترکِ اَدَب tar-ke-a-dab: (ع، اند) بے ادبی، گستاخی، بدتہذیبی، جرأت۔

ترکِ اَولٰی tar-ke-uu-la(a): (ع، اند، ترکیب فارسی) اس فعل کا ترک جس کا کرنا افضل ہے۔

ترکِ حیوانات tar-ke-hai-vaa-naat: (ع، اند) ان چیزوں کا ترک جو حیوانات سے پیدا ہوتی ہوں۔ مثلاً گوشت، دودھ، دہی، انڈے مچھلی وغیرہ سے پرہیز۔

ترکِ دُنیا tar-ke-dun-ya(a): (عف، اند) فقیر ہو جانا، دنیا چھوڑنا، خلوت گزینی۔

ترکِ مُوالات tar-ke-ma-vaa-laat: (ع، اند، ترکیب فارسی) کسی کے ساتھ مل کر نہ کام کرنا، عدم تعاون، انگریزی لفظ Non cooperation کا ترجمہ

ترکِ وطن tar-ke-va-tan: (ع، اند، ترکیب، فارسی) ہجرت کرنا، اپنا وطن چھوڑنا، ہجرت، مہاجرت۔

تُرک turk: (ف، اند) ترکستان کا باشندہ، مسلمانوں کی ایک قوم جو ترکیہ اور تاتار کے علاقوں میں آباد ہے، دلیر، بہادر، معشوق مث (ار) تُرکن۔

تُرک بچّہ turk-bach-cha(a): (ف، اند) ترک لڑکا، حسین جوان۔

ترک تاز turk-taaz: (ف، صف) جنگجوئی، حملہ، لٹیرا، اسم کیفیت مث: ترک تازی۔

ترکاری tar-kaa-ri(i): (ا، مث) ساگ پات، سبزی۔

ترکانہ tur-kaa-na(h): (ف، صف) ترک کی طرح، ترکی۔

ترکانی tur-kaa-ni(i): (ف، مث) ایک ڈھیلا ڈھالا کپڑا جسے عورتیں پہنتی ہیں۔

ترکٹا tir-ku-Ta(a): (ہ، مذ) سونٹھ، پیپل اور سیاہ مرچ کا سفوف جو ہاضمہ کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

ترکش tar-kash: (ف، مذ) تیر رکھنے کا خول۔

ترکہ tar-ka(h): (ع، مذ) مُردے کی جائیداد، جائیداد جو انسان مرنے کے بعد چھوڑتا ہے، ورثہ۔

تُرکی tur-ki(i): (ف، مث) ترکوں کی بولی، ترکستان کا گھوڑا، سپاہی پن، پروائگی، غرور، نخوت، ترکستان کا بنا ہوا یا متعلق۔

ترکیب tar-kiib: (ع، مث) مرکب کرنا، کئی چیزوں کو ملانا، بناوٹ نکل جانا، ساخت، تناسب، ڈھنگ، طور، کسی چیز کے بنانے کا خاص طریقہ، تدبیر، علاج (اصطلاح نحو) وہ لفظ جو دو یا زیادہ لفظوں سے مل کر بنے مرکب لفظ۔

ترکیب بند tar-kiib band: (ع، ف، مذ) نظم کی ایک قسم جس میں بند کے خاتمے پر معین شعر کی بجائے مختلف شعر لایا جاتا ہے۔

ترکیبی tar-kii-bi(i): (ع، صف) مرکب، بنا ہوا، بناوٹی، مصنوعی، کاریگر۔

ترلوک tir-lok: (س، مذ) تین عالم، آسمان، زمین اور پاتال، کائنات۔

تُرمتی tur-ma-ti(i): (ہ، مث) ایک شکاری پرندہ، باز یا شکرہ کی ایک قسم کا۔

ترمرا tir-ma-ra: (ہ، مذ) چکنائی جو پانی کے اوپر تیرتی ہے۔ وہ ذرّے جو دماغی کمزوری کے باعث آنکھوں کے آگے نظر آتے ہیں اسم کیفیت مث: ترمراہٹ۔

ترمیم tar-miim: (ع، مث) درستی کرنا، مرمت کرنا، تبدیلی، تغیر و تبدل (افعال: کرنا، ہونا)

ترنا tar-na(a)t: (ا، مص) پانی کے اوپر آنا، تیرنا۔

تُرنج tu-ranj: (ف، مذ) چکوترا، ایک قسم کا بڑا لیموں، کارچوبی کام کے پان کی شکل جو شال وغیرہ کے کونوں پر بنا دیتے ہیں۔

تُرنجِ زر tu-ran-je-zar: (ف، مذ) وہ سونے کا لیموں جو خسرو پرویز نے بنوایا تھا۔

تُرنجی tu-ran-ji(i): (ف، صف) ترنج سے منسوب، ترنج کا، بسنتی رنگ کا نارنجی رنگ کا۔

ترنگ ta-rang: (ہ، مث) لہر، موج، اُمنگ، جوش، نشہ کی حرکت، وہم، شک وشبہہ۔

ترنم ta-ran-num: (ع، مذ) گانا، الاپنا، آلاپ، گنگنانا۔

ترنم ریز / زا / سرا ta-ran-num-rez: (عف، صف) وہ آواز جس سے ترنم پیدا ہو، گانے والا، اسم کیفیت مث: ترنم ریزی / زائی / سرائی۔

تروار tar-daar: (ا، مث) تلوار۔

ترِوٹ ti-roT: (ہ، مث) گانے کا ایک خاص انداز جو امیر خسرو کی ایجاد ہے، ترانہ۔

ترویج tar-viij: (ع، مث) رواج، شہرت، اشاعت، جاری (افعال: دینا، کرنا)

ترویہ tar-vi-ya(h): (ع، مذ) ذوالحج کی آٹھویں تاریخ اس دن حج شروع ہوتا ہے۔

ترہ ta-rah: (ف، مذ) ترکاری، سبزی، ساگ۔

ترہ فروش ta-rah-fa-rosh:(ف،صف) سبزی یا ترکاری بیچنے والا۔

تُرئی (tu-ra-i(i:(ہ،اسث) ایک ترکاری کا نام۔

تری (ta-ri(i:(ف،اسث) رطوبت، نمی، بحر، سمندر۔

ترِی (ti-ri(i:(ہ،اسث) تین (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) تاش کا وہ پتا جس پر تین نشان ہوتے ہیں۔ تِگی

ترِی (ti-ri(i:(ار،ضمیر) دیکھئے 'تیری' جس کا یہ مخفف ہے۔

تری مورتی (ti-rii muur-ti(i: (ف،صف) تین شکلوں یا صورتوں والا، جیسے برہما جی، شیو جی اور وشنو جی، ہندو تثلیث برہما جی شیو جی، وشنو جی۔

تریا چرتر / چلتر (tir-ya(a) cha-ritr:(ہ،امذ) عورتوں کے مکر و فریب۔

تریا راج tir-ya(a)-raaj: (ہ،امذ) عورتوں کی حکومت، عورتوں کا زور۔

تریاق tir-yaaq:(ع،امذ) زہر مہرہ، وہ دوا جو زہر کے اثر کو زائل کر دیتی ہے۔

تریاک tir-yaak:(ف،امذ) زہر مہرہ، افیون۔

تریاکی tir-yaa-ki:(ف،صف) افیونی، چانڈو باز

تریپن ti-re-pan:(ار،اعدد) پچاس اور تین (53)

تریز ta-riiz:(ف،اسث) کرتے کے چوڑے منہ کی کلی جو چو بغلے کے نیچے پڑتی ہے، کپڑے کا مثلث شکل کا ٹکڑا۔

تریسٹھ / ترسٹھ ti-re-saTh: (ار،اعدد) ساٹھ اور تین (63)

ت۔ڑ

تڑ taR:(ار،اصوت مذ) تھپڑ یا ضرب کی آواز، چٹاخ

تڑ سے taR se: (ار،متعلق،فعل) گستاخی سے، بیباکی سے، فوراً۔

تڑا بھری (ta-Raa bha-ri(i:(ہ،اسث) شتابی، جلدی، گھبراہٹ، بے چینی، موت کی گرم بازاری (افعال پڑنا، ہونا)

تڑاتڑ ta-Raa-taR:(ار،اصوت مث) مارنے کی لگاتار آواز۔

تڑاخا / تڑاقا (ta-Raa-Ka(a:(ار،امذ) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز، شدت کی گرمی، شدت کی پیاس، ٹھسے دار، پُرتکلف۔

تڑاق ta-Raaq: (ار،امذ مث) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز، تھپڑ یا جوتے کی آواز۔

تڑاق پڑاق / تڑاق ta-Raaq-pa-Raaq: (ار،امذ) کوڑے کی آواز، تڑاتڑ، سڑاسڑ، بے باکانہ گفتگو، جلد، فوراً

تُڑانا (tu-Raa-na(a: (ہ،مص) تُڑوانا، علیحدہ کرنا، جُدا کرنا، روپیہ بُھنانا، ریزگاری لینا، قیمت میں کمی کرنا۔

تُڑائی (tu-Raa-i(i: (ہ،اسث) پھل وغیرہ تُڑوانے کی اُجرت، روپیہ بھنانے کا لفا، معاوضہ۔

تڑپ ta-Rap: (ار،اسث) اِضطراب، بے چینی، بے قراری، شوخی، کود، پھاند، بجلی کا چمکنا، دل کا پھڑکنا، بے حد خواہش، تمنا، جوش، جذبہ۔

تڑپانا (taR-paa-na(a:(ار،مص) بے قرار کرنا، بے چین کرنا، پھڑکانا، اضطراب میں ڈالنا، ترسانا، کدانا (گھوڑے کا)

تڑپن taR-pan:(ار،اسث) بے چینی، بے کلی۔

تڑپنا (ta-Rap-na(a:(ار،مص) لوٹنا، تلملانا، بے تاب ہونا، مُرغ کا بند توڑ کر اُڑ جانا، جست کرنا، دھڑکنا (دل کا) اُڑنے کی کوشش کرنا، آرزومند ہونا۔

تڑتڑ taR-taR: (ار، امث) بندوق یا پٹاخوں کی آواز، دالوں کے بھونتے وقت پھٹنے کی آواز، جلتے ہوئے سرکنڈوں کی آواز۔

تڑخنا / تڑقنا ta-RaK-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'تڑکنا'

تڑکا taR-ka(a): (ار، امذ) صبح کا وقت، بہت سویرا، فجر، علی الصبح۔

تڑکانا / تڑکا دینا taR-kaa-na(a): (ار، محاورہ) دیکھیے 'تڑکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

تڑکنا ta-Rak-na(a): (ار، مث) پھٹنا، کھلنا، مشق ہونا، بال آنا، زخم کا پھٹنا۔

تڑوانا tuR-vaa-na(a): (ار، مص) چھڑانا، جدائی کر دینا، نیز دیکھیے 'توڑنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

تڑی ta-Ri(i): (ہ، امث) مار، ضرب، فریب، دھونس۔

تڑی دینا ta-Rii de/na(a): (ار، محاورہ) دھمکانا، دھونس دینا، دھوکا دینا، بے وقوف بنانا۔

تڑیڑا ta-Re-Ra(a): (ہ، امذ) دیکھیے 'تریڑا'۔

ت۔ز

تزک tuzk: (ف، امذ) قانون، قاعدہ، انتظام، ضابطہ، جلوس، شان و شوکت، بادشاہ کے خودنوشت حالات۔

تزک و احتشام tuz-ko-aih-ta-shaam: (ع، امذ) شان و شوکت۔

تزکیہ taz-ki-ya(h): (ع، امذ) پاک کرنا، صاف کرنا، پاکی، صفائی۔

تزلزل ta-zal-zul: (ع، امذ) ہلنا، حرکت کرنا، زلزلہ، بھونچال، ہل چل، لغزش، جنبش۔

تزوج ta-zav-vuj: (ع، امذ) شادی کرنا، نکاح کرنا، شادی، بیاہ۔

تزویج taz-viij: (ع، امث) ایک چیز کو دوسری سے ملانا، جوڑا جوڑا کرنا، نکاح کرنا۔

تزویج محرمات taz-viij mu-har-ri-maat: (ع، امث بترکیب فارسی) ایسے رشتہ داروں سے شادی کرنا جن سے شرعاً نکاح کرنا حرام ہے۔

تزویر taz-viir: (ع، امث) دغا، فریب، دھوکہ، چھل

تزئین taz-iin: (ع، امث) آراستہ کرنا، سنوارنا۔

ت۔س

تِس پر tis par: (ار، متعلق فعل) باوجود اس کے، پھر بھی، علاوہ ازیں، ماسوا۔

تُس tus: (ہ، امذ) اناج وغیرہ سے اُوپر کا اُترا ہوا چھلکا، ریشہ اناج کا چھلکا۔

تِسالا ti-saa-laa: (ہ، صف) تین سال کا، تین سال کے لیے۔

تسامح ta-saa-muh: (ع، امذ) باہمی مہربانی، چشم پوشی، اس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو، غلطی، بھول چوک۔

تساوی ta-saa-vi(i): (ع، امث) برابر ہونا، برابری، مساوات۔

تساہل ta-saa-hul: (ع، امث) نرمی برتنا، غفلت کرنا، آسان سمجھنا، سُستی، غفلت، سہل انگاری۔

تسبیح tas-biih: (ع، امث) خدا کو ہر عیب سے پاک اور بڑا سمجھنا سبحان اللہ کہنا، وظیفہ، ورد، سو دانوں کی مالا، ایک قسم کا پودا، (افعال: پھیرنا، کرنا، پڑھنا)

تسبیح خانہ tas-biih Kaa-na(h): (ع، امذ) (دہلی) عبادت خانہ۔

تسبیح خواں tas-biih KwaaN: (عف، صف)

تسبیح پھیرنے والا، وظیفہ کرنے والا، اسم کیفیت مث: تسبیح خوانی۔

تسبیع tas-bii(?): (ع، امث) سات حصوں میں تقسیم کرنا، سات پہلو شکل بنانا۔

تسجیل tas-jiil: (ع، امث) رجسٹری، قاضی کا قبلہ یا تمسک لکھنا یا مہر لگانا، رجسٹری کرنا۔

تسخیر tas-Kiir: (ع، امث) تابع کرنا، فرمانبردار کرنا، گھیرنا، محاصرہ کرنا، جن یا پری کو قابو میں کرنا، قید کرنا، کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا (افال: کرنا، ہونا)

تسدیس tas-diis: (ع، امث) چھ بنانا، چھ حصوں میں بانٹنا، شش پہلو شکل بنانا، دو سیاروں کی نظر جب اُن کا فاصلہ ساٹھ درجے کا ہو یا دائرہ کا 1/2 حصہ کا فاصلہ ہو۔ چاند اور کسی دوسرے ستارے میں گیارہ برجوں کا فاصلہ جو نیم دوستانہ کی نظر ہے۔

تسطیر tas-tiir: (ع، امث) سطر بندی کرنا، تحریر کرنا، لکھنا۔

تسکین tas-kiin: (ع، امث) آرام دینا، سکون دینا، اطمینان، ڈھارس، دلاسا۔ متحرک حرف کو ساکن کر دینا۔ (افعال: دینا، ہونا وغیرہ)

تسلا tash-la(a): (ہ، امذ) تانبے پیتل لوہے وغیرہ کا ایک چوڑا برتن طشت جو آٹا گوندھنے نیز مختلف مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

تسلسل ta-sal-sul: (ع، امذ) پیوستہ ہونا، سلسلہ وار ہونا، سلسلہ بندی، روانی، تواتر۔

تسلط ta-sal-lut: (ع، امذ) غالب آنا، حکومت کرنا، غلبہ، حکومت، قبضہ، دخل، (افعال: بیٹھنا، بٹھانا، پانا، جمنا، جمانا)

تسلی ta-sal-li(i): (ع، امث) دل کی خوشی حاصل کرنا، عیش میں ہونا، دلاسا، خاطر جمع، اطمینان۔

تسلیم tas-liim: (ع، امث) گردن جھکانا، اطاعت کرنا، سلام کرنا، سپرد کرنا، سلام، بندگی، تابع داری، فرمانبرداری اقرار، جمع: تسلیمات

تسلیم و رضا tas-lii-mo-ra-za(a): (ع، امث) اپنے آپ کو خدا کے حوالے کرنا، اس کی رضا پر راضی رہنا۔

تسمہ tas-ma(h): (ف، امذ) چمڑے کا پتلا کم چوڑا ٹکڑا۔ جوتے یا بوٹ کا چمڑے کا فیتہ، رکاب دوال۔

تسمہ کھینچنا tas-mah-khiiNch-na(a): (ار، محاورہ) تسمہ سے گلا گھونٹ کر مارنا، کھال کھینچنا۔

تسمیہ tas-mi-ya(h): (ع، امذ) نام رکھنا (فقہ) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہنا۔

تسمیہ خوانی tas-mi-yah Kwaa-ni(i): (عف، امث) بچے کو بسم اللہ پڑھانے یا مکتب میں داخل کرانے کی تقریب۔

تسنن ta-san-nun: (ع، امذ) سُنّی ہو جانا، اپنی زندگی کے طریقہ کو باقاعدہ کرنا/بنانا۔

تسنیم tas-niim: (ع، امث) بہشت کی ایک نہر کا نام۔

تسوانسی tis-vaan-si(i): (ہ، امث) بسوانسی کا بیسواں کا حصہ، کچوانسی۔

تسوید tas-viid: (ع، امث) سیاہ کرنا، لکھنا، تحریر کرنا۔

تسویہ tas-vi-ya(h): (ع، امذ) ٹھیک کرنا، درست کرنا، برابر کرنا۔

تسہیل tas-hiil: (ع، امث) سہل کرنا، آسان کرنا۔

ت۔ش

تشابہ ta-shaa-bu(h): (ع، امذ) مشابہت، مطابقت، یکسانی۔

تشاکل ta-shaa-kul: (ع، اند) ہم شکل ہونا، مشابہت۔

تشبّہ ta-shab-bu: (ع، اند) مانند ہونا، آپس میں مشابہ ہونا، شکل ہونا۔

تشبیب tash-biib: (ع، اند) آگ روشن کرنا، جوانی کے زمانے کا ذکر کرنا، قصیدے کے شروع میں مدح سے پہلے عاشقانہ مضمون لکھنا۔

تشبیہ tash-bi-(h): (ع، امث) ایک چیز کو دوسری کے مانند ٹھہرانا۔

تشت tasht: (ف، اند) تسلا، پرات، لگن، وہ تانبے کا بڑا برتن جو امیروں کے صحت خانہ میں رکھا جاتا ہے۔

تشت از بام ہونا tasht-az-baam: (ار، محاورہ) ظاہر ہونا، کھل جانا، مشہور ہونا۔

تشت چوکی tasht-chau-ki(i): (ف، اند مث) وہ چوکی اور برتن جو زچہ خانہ یا پاخانہ میں رکھی جاتی ہیں۔

تشتری tash-ta-ri: (ف، ار مث) تشت کی تصغیر، چھوٹی رکابی، تھالی۔

تشخّص ta-shuK-Kus: (ع، اند) تعین پانا، متعین ہونا، امتیاز۔

تشخیص tash-Kiis: (ع، اند) مقرر کرنا، ٹھہرانا، قرار دینا، مرض کا پہچاننا۔

تشدّد ta-shad-dud: (ع، اند) سختی، جبر، زیادتی، مار پیٹ، کسی کام کا دشوار ہونا، سختی کرنا۔

تشدید tash-diid: (ع، امث) مضبوط کرنا، سختی کرنا، ایک حرف کو دوبار پڑھنا، جیسے بلّا، اس کا نشان (ّ) ہے۔

تشرّع ta-shar-ru(?): (ع، اند) شرع کی پابندی، شرع کے مطابق کام کرنا۔

تشریع tash-rii(?): (ع، امث) راستہ بیان کرنا، کسی امر کا حکم دینا، قانون بنانا۔

تشریح tash-rii(h): (ع، امث) تفصیل، تفسیر، وضاحت، توضیح، شرح، بتانا، حل کرنا، سمجھانا، کھول کر بیان کرنا، جسم کے اندرونی و بیرونی اعضا کا مفصل حال، صف نسبتی، تشریحی۔

تشریف tash-riif: (ع، امث) عزت کرنا، بزرگ کرنا/بنانا، بزرگی عزت، شہرت، شرف، خلعت۔

تشریف آوری tash-riif aav-ri(i): (عف، امث) آنا، آمد (کسی بڑے آدمی کا)

تشریف فرمانا / فرما ہونا / لانا tash-riif far-ma: (ار، محاورہ) آنا، قدم رنجہ فرمانا۔

تشریف لے جانا tash-riif-le-jaa-na(a): (ار، محاورہ) رخصت ہونا، جانا، سدھارنا۔

تشریق tash-riiq: (ع، امث) عید قربان کے بعد کے تین دن (ایام کے ساتھ)

تشریک tash-riik: (ع، امث) شریک بنانا، ساجھی بنانا، حصہ دار بنانا، شرکت، حصہ داری۔

تشفّی ta-shaf-fi(i): (ع، امث) شفا چاہنا، تسلی، تسکین، اطمینان۔

تشکّک ta-shak-kuk: (ع، اند) شک میں پڑنا، شبہہ کرنا، وہم کرنا، شک کرنا، وہم۔

تشکیک tash-kiik: (ع، اند) شک میں ڈالنا، شک، شبہ، فلسفہ، شکوک و شبہات۔

تِشنا tish-na(a): (ار، اند) عربی لفظ، تشنیع کا بگاڑ، طعنہ (افعال: دینا)

تشنّج ta-shan-naj: (ع، اند) پٹھوں کا کھینچنا، اینٹھن، جکڑن، اکڑاؤ۔

تشنہ tash-na(h): (ف، صف) پیاسا، خواہشمند، آرزو، جمع، تشنگان، اسم کیفیت مث: تشنگی۔

تشنہ جگر اول tash-naji-gar: (ف، صف) مشتاق۔

تشنہ خون tash-naa-Khuun: (ف، صف) دشمن، جانی دشمن، خون کا پیاسا۔

تشنہ کام tash-naa-kaam: (ف، صف) پیاسا، اسم کیفیت مث: تشنہ کامی۔

تشنہ لب tash-naa lab: (ف، صف) نہایت پیاسا، اسم کیفیت، مث: تشنہ لبی۔

تشویش tash-viish: (ع، امث) گھبراہٹ، پریشانی، بے قراری (افعال: کرنا، ہونا)

تشویق tash-viiq: (ع، امث) اُکسانا، اُبھارنا، شوق دلانا، رغبت دلانا۔

تشہد ta-shah-hud: (ع، امذ) کلمۂ شہادت پڑھنا، دوسری اور چوتھی رکعت میں سجدہ کے بعد بیٹھ کر التحیات پڑھنا۔

تشہیر tash-hiir: (ع، امث) شہرت دینا، مشہور کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا، منادی کرنا، بدنام کرنا، رسوا کرنا۔

تشیع ta-shii: (ع، امذ) شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا، شیعہ ہونا۔

ت۔ص

تصادم ta-saa-dum: (ع، امذ) باہم ٹکرانا، ٹکر ہونا، صدمہ دینا، دھکا دینا، دھکیلنا۔

تصانیف ta-saa-niif: (ع، امذ، مث) تصنیف کی جمع ہے، لکھی ہوئی کتاب۔

تصاویر ta-saa-viir: (ع، امذ مث) درست کرنا، صحیح کرنا، صحت، درستی۔

تصحیحہ tas-hii-ha(h): (ع، امذ) نشان دینے کے گھوڑوں کا اجتماع، ملازمان کی فہرست اور حلیہ وغیرہ درج کرنے کا رجسٹر۔

تصحیف tas-hiif: (ع، امث) لکھنے میں غلطی کرنا، تحریر کی غلطی، الفاظ کے اعراب یا نقطے اس طرح بدل دینا کہ ان کا تلفظ مختلف ہوجائے، جیسے محنت سے مخنث، قبضے سے قفیے وغیرہ۔

تصدُّق ta-sad-duq: (ع، امذ) صدقہ دینا، کوئی چیز وار کر خیرات کرنا، قربانی، صدقہ، بدولت، طفیل (افعال: کرنا، ہونا)

تصدیع tas-dii(?): (ع، امث) دردسر، تکلیف، دُکھ (افعال: اٹھانا، دینا، کرنا)

تصدیعہ tas-dii(?)ah: (ع، امث) ایک بار تکلیف دینا، (افعال: دینا)

تصدیق tas-diiq: (ع، امث) سچا ہونے کی تائید کرنا، سچا ثابت کرنا، اثبات، (منطق) چند تصوّرات کے ساتھ حکم ہونے کا نام (افعال: کرنا، ہونا)

تصرُّف ta-sar-ruf: (ع، امذ) استعمال، عمل، کسی غیر زبان کے لفظ میں تغیر وتبدل یا کمی بیشی کرکے اپنی زبان میں استعمال کرنا، دست اندازی، استعمال، صرف، خرچ، تغیر وتبدل، رسوخ، اعجاز، کرامت۔

تصرُّف بیجا ta-sar-ruf be-ja(a): (عف، امذ) غبن، کسی دوسرے کی چیز کو اپنے استعمال میں لے آنا۔

تصرُّف مُجرِمانہ ta-sar-ruf muj-ri-maa-na(h): (عف، امذ) (قانون) دوسرے شخص کو چیز لے لینا۔

تصرُّفی ta-sar-ru-fi(i): (ع، امث) وہ کھانا جو نوکروں کے لیے تیار ہو، خاصہ کی ضد۔

تصریح tas-rii(h): (ع، امث) واضح کرنا، صاف طور پر بیان کرنا، تشریح، توضیح (افعال: کرنا، ہونا)

تصریف tas-riif: (ع، امث) پھیرنا، بدلنا، صف، مصدر کی گردان کرنا، گران۔

تصعید tas-(?)iid: (ع، اسث) بلند ہونا، اونچی جگہ چڑھنا، کسی دوا کو آگ دے کر مادے کو گیس بنا کر حرارت کے ذریعے بخارات جمع کرنا، جوہر حاصل کرنا۔

تصغیر tas-Giir: (ع،اسث) چھوٹا کرنا، وہ اسم جس میں چھوٹائی کے معنی پائے جاتے ہیں۔ جیسے بچہ سے بچونگڑا، تخفیف، تقلیل۔

تصفیہ tas-fi-ya(h): (ع،اند) روشن کرنا، پاک کرنا،صاف کرنا،واضح کرنا،رفع تکرار،بیباقی۔

تصمیم tas-miim: (ع،اسث) خالص کرنا،مضبوط کرنا،مضبوطی۔

تصنّع ta-san-nu(?): (ع،اند) بناوٹ، دکھلاوا، نمود، تکلیف، مکر، دھوکا

تصنیف tas-niif: (ع،اسث) جدائی کرنا،جمع کرنا، نوع بہ نوع کرنا کتاب لکھنا،مضمون بنانا، اپنی طبیعت سے کوئی بات نکالنا/نکلنا۔

تصوّر ta-sav-vur: (ع،اند) کسی چیز کی تصویر/ صورت دل میں بنانا، خیال دھیان، (افعال: آنا، باندھنا، رہنا، کرنا، ہونا)

تصوّف ta-sav-vuf: (ع، اند) پشمینہ پہننا، صوفیوں کا عقیدہ/طریقہ درویشی، دل سے خواہشوں کو دور کر کے خدا کی طرف دھیان لگانا۔

تصویب tas-viib: (ع، اسث) ٹھیک رکھنا، سچا کہنا، منظوری، تصدیق

تصویر tas-viir: (ع، اسث) صورت بنانا، صورت گری، مورت شبیہ، نقشہ، رُوپ، بُت، نقش، فوٹو، (صف) نہایت خوبصورت، نہایت عمدہ، حسین، قابل تعریف، قابل تصویر کھینچنے کے (افعال: اتارنا، اترنا، بنانا، کھینچنا، کھنچنا، بننا)

تصویرِ عکسی tas-viir (?)ak-si(i): (ع، اسث) فوٹو، فوٹو کیمرے سے لی ہوئی تصویر۔

ت ۔ ض

تضاد ta-zaad: (ع، اند) باہم ضد ہونا، آپس میں مخالف ہونا، ضد مخالفت، شاعری کی ایک صنعت جس میں ایسے الفاظ جمع کئے جاتے ہیں جو ایک دوسرے کے متضاد ہوتے ہیں۔ جیسے دوست دشمن۔

تضاعف ta-zaa-(?)uf: (ع، اند) دوگنا ہونا، دوچند ہونا۔

تضحیک taz-hiik: (ع، اند) ہنسی اُڑانا، ذلّت، رسوائی، ہنسی۔

تضعیف ta-ziif: (ع،اسث) دوگنا کرنا، دوچند کرنا، افزوں کرنا۔

تضلیل taz-liil: (ع،اند) گمراہ قرار دینا، گمراہی سے منسوب کرنا۔

تضمین taz-miin: (ع، اسث) ملانا، شامل کرنا، اصطلاح شاعری میں کسی مشہور مضمون یا شعر کو اپنی نظم میں داخل کرنا، شعر پر مصرعہ لگانا یا بند لگانا۔

تضیع ta-zii(?): (ع،اسث) ضائع کرنا، کھونا، گنوانا۔

تضیعِ اَوقات ta-zii-(?)e-au-qaat: (ع،اسث) وقت گنوانا، وقت ضائع کرنا۔

ت ۔ ط

تطابُق ta-taa-buq: (ع،اند) باہم مطابق ہونا، مشابہت، مطابقت۔

تطاوُل ta-taa-vul: (ع،اند) دست درازی، ظلم جور، ستم، جفا، گھمنڈ، غرور، نخوت، بداخلاقی، بدتہذیبی، گستاخی، بےادبی، غضب، تعدی۔

تطبیق tat-biiq: (ع، اسث) برابر کرنا، مقابل کرنا، موافقت، مطابقت۔

تطہیر tat-hiir: (ع، اسث) پاک کرنا، صاف کرنا، تصفیہ کرنا، تزکیہ کرنا۔

ت۔ظ

تظاہر ti-za-hur: (ع، امذ) باہم پشتی کرنا، آپس میں مدد کرنا۔

تظلُّم ta-zal-lum: (ع، امذ) ظلم کی فریاد کرنا، فریاد، دہائی (ظلم کے معنوں میں غلط ہے)

ت۔ع

تعارُف ta-(?)aa-ruf: (ع، امذ) ایک دوسرے کو پہچاننا، جان پہچان، واقفیت (افعال: کرنا، کرانا)

تعاقُب ta-(?)aa-qub: (ع، امذ) پیچھے پڑنا، پیچھا کرنا، پیچھے دوڑنا، گرفت، تنقید، اعتراض۔

تعالیٰ ta-(?)aa-la(a): (ع، صف) بلند مرتبہ، عالی مرتبہ، برتر (اللہ کے نام کے ساتھ آتا ہے، اور کسی کے نام کے ساتھ نہیں)

تعاوُن ta-(?)aa-vun: (ع، امذ) ایک دوسرے کی مدد کرنا، امداد باہمی، مدد، معاونت۔

تعب ta-(?)ab: (ع، امذ) رنج، دُکھ، محنت، مشقت، سختی، تکلیف، تھکاوٹ، تکان، ماندگی۔

تعبیر ta(?)-biir: (ع، اسث) بیان کرنا، خواب کے معنی بتانا، مراد توضیح، عبارت میں لانا (افعال: کرنا، نکالنا)

تعبیہ ta(?)-bi-ya(h): (ع، امذ) آراستہ کرنا، سجانا، پچی کاری کرنا، جڑنا کسی چیز کا کسی چیز میں اس طرح مل جانا کہ معلوم نہ ہونا۔

تعجُّب ta(?)aj-jub: (ع، امذ) اچنبھا، تحیُّر، حیرت، حیرانی۔

تعجیل ta(?)-jiil: (ع، اسث) جلدی کرنا، جلدی، شتابی، عجلت صف نسبتی تعجیلی

تعداد ta(?)-daad: (ع، اسث) شمار کرنا، گنتی، شمار

تعدُّد ta-(?)ad-dud: (ع، اسث) متعدد ہونا، گنتی میں زیادہ ہونا، ضرب دینا، بڑھنا۔

تعدیل ta(?)-diil: (ع، امذ) برابر کرنا، درست کرنا، اصطلاح محدثین میں کسی راوی کی خوبیاں بیان کرنا، اعتراض کا جواب دینا، جرح کی ضد۔

تعدیل اُرکان ta(?)-diil ar-kaan: (ع، اسث بترکیب فارسی) (فقہ) ارکان نماز کا آہستہ آہستہ ٹھیک طور سے ادا کرنا۔

تعدیہ ta(?)-dii-ya(h): (ع، امذ) فعل لازم کو متعدی بنانا، چھوت کا لگنا۔

تعرُّض ta-(?)ar-ruz: (ع، امذ) سامنے آنا، روکنا، مزاحمت کرنا۔

تعرُّف ta-(?)ar-ruf: (ع، امذ) شناخت کرنا، دریافت، (افعال: کرنا)

تعریب ta(?)-riib: (ع، اسث) کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنالینا، جیسے پیل سے فیل۔

تعریف ta(?)-riif: (ع، اسث) واقفیت کرانا، شناسائی کرانا۔ واقفیت، شناسائی، ثنا، تعریف، کسی چیز کا حلیہ بیان کرنا، (انگریزی لفظ Definition کا ترجمہ)

تعریفی ta(?)-rii-fi(i): (ع، صف) قابل تعریف۔

تعزیت ta(?)-zi-yat (ع، اسث) ماتم پُرسی، مُردے کے پسماندگان سے اظہار ہمدردی، پُرسا، اظہار افسوس۔

تعزیت نامہ :ta(?)-zi-yat-naa-ma(h) (عف، اند) ماتم پرسی کا خط۔

تعزیرات :ta(?)-zii-raat (ع، اسث) تعزیر کی جمع، وہ مجموعۂ قانون جس میں مختلف جرائم کی سزائیں درج ہوں۔

تعزیہ :ta(?)-zi-ya(h) (ع، اند) ماتم پرسی، حضرت امام حسینؑ کی تربت کی نقل جو محرم میں بطور یادگار کاغذ اور بانس وغیرہ سے بناتے ہیں۔

تعزیہ دار :ta(?)-zi-ya(h)-daar (عف، صف) تعزیہ رکھنے یا نکالنے والا ۔اسم کیفیت مث۔تعزیہ داری۔

تعشق :ta-(?)ash-shuq (ع، اند) چاہ، عشق، پیار، محبت، پریم، عاشق ہونا، شوق، اشتیاق، تمنا، آرزو۔

تعصب :ta(?)s-sub (ع، اند) حمایت، طرفداری، پچ، ہٹ، بے جا حمایت، مذہب، نسل یا وطن ایک ہونے کی وجہ سے طرفداری، جانبداری۔

تعطل :ta-(?)t-tul (ع، اسث) بیکار کرنا، چھٹی، بیکاری۔

تعطیل :ta(?)-tiil (ع، اسث) بیکار ہونا، بیکاری، التوا

تعظیم :ta(?)-ziim (ع، اسث) عزت کرنا، بزرگی، عظمت، عزت وقدر ومنزلت، (افعال: بجالانا، دینا، کرنا)

تعفن :ta-(?)af-fun (ع، اند) گندا ہونا، بدبودار ہونا، بدبو، سڑاند۔

تعقل :ta-(?)aq-qul (ع، اند) سمجھنا، سوچنا، غور کرنا، عقلمندی، عقل پرستی۔

تعقید :ta(?)-qiid (ع، اسث) مضبوط باندھنا، گرہ دینا، پوشیدہ بات کہنا، قاعدے کے خلاف لفظوں کو آگے پیچھے کر دینا جس سے معنی سمجھنے میں دقت ہو۔

تعقید معنوی :ta(?)-qiid ma(?)n-vi(i) (ع، اسث بترکیب فارسی) کسی خاص لفظ سے شاعر کی مراد کچھ ہو، مگر محل استعمال میں وہ لفظ کچھ معنی دے رہا ہو۔

تعلق :ta-(?)al-luq (ع، اند) علاقہ، لگاؤ، مناسبت، میل، رشتے داری، محبت، سروکار، ملازمت، خدمت، جائیداد، ملکیت، آشنائی، یارانہ (افعال رکھنا، رہنا، ہونا)

تعلق خاطر :ta-(?)al-lu-qe-Kaa-tir (ع، اند) بترکیب فارسی دل کا لگاؤ، میلان طبع۔

تعلقہ :ta-(?)al-lu-qa(h) (عف، اند) علاقہ، جاگیر، حصہ، ملکیت۔

تعلقہ دار :ta-(?)al-lu-qa(h) daar (عف، صف) علاقہ دار، جاگیردار، زمیندار، اسم کیفیت مث: تعلقہ داری۔

تعلم :ta-(?)al-lum (ع، اند) علم پڑھنا، سیکھنا۔

تعلی :ta-(?)al-li(i) (ع، اسث) بلندی، ترقی، برتری، ڈینگ، اپنی تعریف آپ کرنا۔

تعلیق :ta(?)-liiq (ع، اسث) لٹکانا، کسی چیز کو دوسری سے متعلق کرنا، موقوف کرنا، ملتوی کرنا، خط کی ایک قسم جسے خواجہ تاج اصفہانی نے ایجاد کیا۔

تعلیقہ :ta(?)-lii-qa(h) (ع، اند) مال واسباب کی ضبطی، مکان کی قرقی۔ حاشیے کی تحریر یا اختلاف، متن کا اختلاف جو بطور ضمیمہ شامل کتاب کیا جائے، (افعال: کرنا، ہونا)

تعلیل :ta(?)-liil (ع، اسث) وجہ بیان کرنا، سبب نکالنا، حروف علت یا اعراب کی تبدیلی کی وجہ بیان کرنا۔

تعلیم :ta(?)-liim (ع، اسث) سکھانا، ہدایت کرنا،

ناچنے گانے کی مشق، گھوڑا سدھانا، (افعال: پانا، دینا، کرنا) صف نسبتی: تعلیمی

تعلیم یافتہ ta(?)-liim yaaf-ta(h): (عف، صف) پڑھا ہوا، خواندہ۔

تعمق ta-(?)am-muq: (ع، اند) غور کرنا، کسی چیز کی تہ میں پہنچنا، غور، فکر، گہرائی۔

تعمیر ta(?)-miir: (ع، اسث) آباد کرنا، مکان بنانا، مرمت کرنا، عمارت، گھر، بناوٹ، ساخت۔

تعمیل ta(?)-miil: (ع، اسث) آباد کرنا، مکان بنانا، مرمت کرنا، عمارت، گھر، بناوٹ، ساخت۔

تعمیم ta(?)-miim: (ع، اسث) عام کرنا، سب کو شامل کرنا، عمومیت، کلیت۔

تعمیہ ta(?)-mii-ma(h): (ع، اند) اندھا کرنا، معما کہنا، مادہ تاریخ کی کمی کسی حرف، لفظ یا فقرے سے پوری کرنا۔

تعویذ ta(?)-viiz: (ع، اند) پناہ دینا، پناہ میں لینا، وہ اعداد اور آیات وغیرہ جن کو نقش میں لکھ کے گلے میں ڈالتے ہیں یا بازو پر باندھتے ہیں، وہ کاغذ وغیرہ جس پر حصول مطلب کے لیے دعائیں لکھی گئی ہوں ابھرواں نشان جو پختہ قبروں پر بنایا جاتا ہے۔

تعویذیا ta(?)-vii-zi-ya(a): (ار، صف) ایک قسم کا کبوتر جس کی گردن میں سفید پر تعویذ کی شکل میں ہوتے ہیں۔

تعویق ta(?)-viiq: (ع، اسث) ڈھیل، لیت ولعل، ٹال مٹول، التوا۔

تعیش ta-(?)ay-yush: (ع، اند) عیش کا سامان مہیا کرنا، عیش و عشرت۔

تعین ta-(?)ay-yun: (ع، اسث) مخصوص، مقرر، تقرر، مطلق کے خلاف ہستی، وجود (افعال: کرنا، ہونا)

تعیین ta-(?)ay-yun: (ع، اسث) مقرر کرنا، معین کرنا، تقرر۔

ت ـ غ

تغافل ta-Gaa-ful: (ع، اند) جان بوجھ کر غفلت کرنا، بے توجہی۔

تغافل پسند/پیشہ/شیوہ/دستگاہ/شعار ta-Gaa-ful pa-sand: (عف، صف) بے پروا، اسم کیفیت مث: تغافل پسندی/پیشگی/شیوگی/دستگاہی/شعاری۔

تغذیہ taG-zi-yah: (ع، اند) غذا دینا، پرورش کرنا، خوراک، غذا، خورش۔

تغزل ta-Gaz-zul: (ع، اند) غزل کہنا، عشقیہ مضامین بیان کرنا، غزلیت۔

تغلب ta-Gal-lub: (ع، اند) غلبہ، قبضہ، غبن، ضیافت، تصرف، بے جا (افعال: کرنا، ہونا)

تغلیط taG-liit: (ع، اند) غلطی میں ڈالنا، غلطی سے منسوب کرنا، غلط کرنا۔

تغیر ta-Gay-yur: (ع، اند) پلٹنا، بدلنا، انقلاب، پہلی حالت سے دوسری حالت میں جانے کا عمل۔

ت ـ ف

تف taf: (ف، اند) بخار کی گرمی، بھاپ، دھواں۔

تف tuf: (ف، اند مث) تھوک، لعاب دہن، کلمہ نفرین، لعنت، ملامت۔

تفاح tuf-fah: (ع، اند) سیب۔

تفاخر ta-faa-Kur: (ع، اند) فخر کرنا، فخر، غرور، تکبر، فخر جتانا۔

تفاریق ta-faa-riiq: (ع، اسث مذ) دیکھیے 'تفریق' جس کی یہ جمع ہے، ٹکڑے، حصے۔

تفاسیر ta-faa-siir: (ع، اند مث) دیکھیے "تفسیر" جس کی یہ جمع ہے۔

تفاصیل ta-faa-siil: (ع، اند مث) دیکھیے "تفصیل" جس کی یہ جمع ہے۔

تفاوت ta-faa-vut: (ع، اند مث) فاصلہ، دوری، فرق، جدائی، (افعال کرنا، ہونا)

تفاؤل ta-faa-vul: (ع، اند) فال لینا، شگون لینا، فال، شگون۔

تفتہ taf-ta(h): (ف، صف) تافتہ کا مخفف، سوختہ، جلا، بھنا، عاشق، اسم کیفیت مث: تفتگی۔

تفتہ جان taf-ta(h) jaan: (ف، صف) دل جلا، عاشق۔

تفتیش taf-tiish: (ع، اسٹ) کھودنا، چھان بین، تلاش، کوشش (افعال: کرنا، ہونا)

تفخیم taf-hiim: (ع، اسٹ) بڑا کرنا، بزرگ رکھنا، مخصوص حروف کو پُر کر کے پڑھنا۔

تفرّد ta-far-rud: (ع، اند) تنہائی پسند ہونا، یگانہ ہونا۔

تفرقہ taf-ri-qa(h) ta-far-qa(h): (ع، اند) فرق، فاصلہ، جدائی، نااتفاقی، پھوٹ پڑنا، (افعال: پڑنا، ڈالنا)

تفریح taf-rii(h): (ع، اسٹ) خوش کرنا، چُہل، دل لگی، خوشی۔

تفریحاً taf-rii-han: (ع، متعلق فعل) خوشی سے، دل لگی سے، مزاج سے۔

تفریس taf-riis: (ع، اسٹ) کسی غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنانا، جیسے چھتر سے چتر۔

تفریط taf-riit: (ع، اسٹ) کمی کرنا، کوتاہی کرنا، کمی، کوتاہی، غفلت

تفریطِ زر taf-ri-te-zar: (ع، اسٹ) اشیاء کی قیمتوں کی حد سے زیادہ کمی جو گردش زر کی رسد میں کمی کرنے سے واقع ہوتی ہے۔ انگریزی لفظ Deflatism کا ترجمہ (معاشیات کی اصطلاح)

تفریق taf-riiq: (ع، اسٹ) جدا کرنا، فرق ڈالنا، علیحدگی، جدائی، کسی بڑے عدد سے چھوٹے عدد کو نکالنا۔

تفسیر taf-siir: (ع، اسٹ) مغز سخن کو ظاہر کرنا، تشریح، خاص طور پر قرآن حکیم کی۔ (افعال: کرنا، ہونا)

تفصیل taf-siil: (ع، اسٹ) جدا کرنا، بیان کرنا، تشریح، توضیح فہرست، فرد (افعال: کرنا، ہونا)

تفصیلاً / تفصیلی taf-sii-lan: (عف، صف) مفصّل طریقے سے، وضاحت سے

تفضّل ta-faz-zul: (ع، اند) بزرگی، بڑائی، لطف و کرم۔

تفضیل taf-ziil: (ع، اسٹ) ترجیح، فوقیت، فضیلت

تفضیلی taf-zii-li(i): (ع، ار، صف) وہ شخص یا مسلمان جو حضرت علیؓ کو تمام صحابہ کرام پر فضیلت دیتا ہو۔

تفکّر ta-fak-kur: (ع، اند) سوچنا، اندیشہ کرنا، سوچ بچار، فکر، اندیشہ۔

تُفنگ tu-fang: (ف، اسٹ) ایک لمبی نالی جس سے سانس کے زور سے تیر پھینکتے اور چڑیوں کا شکار کرتے ہیں۔ ہوائی بندوق، توپ، بندوق۔

تُفنگچی tu-fang-chi(i): (ف، ترکی، صف) بندوقچی، بندوق چلانے والا۔

تفنّن ta-fan-nun: (ع، اند) قسم قسم کا ہونا، چہل، دل لگی، شغل۔

تفوّق ta-fav-vuq: (ع، اند) برتری، ترجیح، فوقیت (افعال: کرانا، ہونا)

تفویض taf-viiz:(ع،امث) سپردگی، حوالگی، تحویل۔

تفہیم taf-hiim:(ع،امذ) سمجھانا، فہمائش۔

تقابل ta-qaa-bul: (ع، امذ) مقابلہ، آمنے سامنے کھڑے ہونا، دو سیاروں کے درمیان چھ برجوں کا فاصلہ جو منحوس ہے۔

تقارب ta-qaa-rub: (ع، امث) پاس ہونا، قریب ہونا، قرب، نزدیکی، علم عروض کی بحر جس کا وزن آٹھ بار فعولن ہے۔

تقاریب ta-qaa-riib: (ع، امث) دیکھیے 'تقریب' جس کی یہ جمع ہے، تیوہار، سبب۔

تقاریر ta-qaa-riir:(ع،امث) دیکھیے 'تقریر' جس کی یہ جمع ہے۔

تقاضا ta-qaa-za(a):(ع،امذ) طلب کرنا، تاکید، خواہش، مانگ، اقتضاء (افعال: کرنا، ہونا)

تقاطر ta-qaa-tur: (ع، امذ) پھوار، بوندا باندی، بارش کا قطرہ قطرہ برسنا۔

تقاویم ta-qaa-viim: (ع، امذ) دیکھیے 'تقویم' جس کی یہ جمع ہے۔

تقدس ta-qad-dus:(ع،امذ) پاکیزگی، پاکی۔

تقدم ta-qad-dum: (ع، امذ) پیش قدمی، آگے بڑھنا، ترجیح، پہلے ہونا۔

تقدمہ ta-qad-di-ma(h): (ع، امذ) پیش کرنا، پیشگی روپیہ، آخری فیصلہ یا چکوتا۔

تقدیر taq-diir: (ع، امث) نصیب، قسمت، مقسوم، وہ انداز جو حق تعالیٰ نے روز ازل سے ہر شے کے لیے مقرر کردیا ہے۔

تقدیس taq-diis: (ع، امث) پاکیزہ کرنا، پاکیزگی، تقدس۔

تقدیم taq-diim: (ع،امث) آگے بڑھنا، کسی کو آگے بھیجنا، پیش قدمی، برتری، ترجیح، پیش کرنا۔

تقرب ta-qar-rub:(ع،امذ) نزدیک ہونے کی کوشش کرنا، قرب ڈھونڈنا، نزدیکی، قرب۔

تقرر ta-qar-rur: (ع، امذ) تعین، لازم ہونا، مقرر ہونا، ملازمت، نوکری (افعال: کرنا)

تقریب taq-riib:(ع،امث) نزدیک کرنا، قریب پہنچنا، دینا، پہنچنا، ذریعہ، باعث، وجہ، شادی بیاہ میں رشتہ داروں کے پہنچنے کا باعث، سفارش، موقع، محل (منطق) ایسے انداز میں بات کرنا کہ نتیجہ ذہن میں آجائے۔

تقریباً taq-rii-ban: (ع، متعلق) تخمیناً، قریب قریب، بطور تقریب۔

تقریر taq-riir: (ع، امث) بیان، ذکر، گفتگو، بحث، علمی و عقلی تکرار، حجت۔

تقریری taq-rii-ri(i):(ع،صف) زبانی، تحریری کی ضد۔

تقریظ taq-riiz:(ع،امث) کسی تصنیف کی تعریف کسی بات کی تعریف، تعارف، دیباچہ۔

تقسیم taq-siim: (ع، امث) حصہ کرنا، بانٹنا، بانٹ، انقسام، قسمت، بٹوارا، حساب کا ایک قاعدہ جس میں ایک عدد کو دوسرے پر بانٹتے ہیں۔ (افعال: کرنا، ہونا)

تقشف ta-qash-shuf: (ع، امذ) غریبی، درویشی میں رہنا، شریعت کی سخت پابندی کرنا۔

تقشیر taq-shiir:(ع،امث) چھلکا اُتارنا، چھیلنا۔

تقصیر taq-siir: (ع، امث) کم کرنا، چھوٹا کرنا، کوتاہی کرنا، کمی، غلطی، گناہ کرنا۔

تقطیع taq-tii(?): (ع، امث) ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کاغذ کی لمبائی، چوڑائی، سائز، اب پ کے مرکبات جن سے حرف ملانا سکھایا جاتا ہے۔ جیسے باپ، بپ،

شعر کا وزن اور بحر معلوم کرنے کے لیے اس کے حصے کرنا۔

تقلید taq-liid: (ع، امث) پیروی، نقل، کسی کے قدم بقدم چلنا کسی کی متابعت کرنا، صف نسبتی: تقلیدی

تقلیل taq-liil: (ع، امث) کم کرنا، تھوڑا کرنا، کمی، قلت۔

تقویٰ taq-vaa: (ع، امث) خدا کا خوف، پرہیزگاری، پارسائی، اپنے آپ کو گناہ سے بچانا۔

تقویت taq-vi-yat: (ع، امث) طاقت، زور، پشتی۔

تقویم taq-viim: (ع، امث) سیدھا کرنا، بناوٹ، ساخت، جنتری پترا، وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں، ستاروں کے مقامات، نظریات وغیرہ اور گرہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے۔

تقی ta-qi(i): (ع، صف امذ) خدا سے ڈرنے والا، پرہیزگار، بارہ اماموں میں سے نویں امام کا نام۔

تقیّہ ta-qay-ya(h): (ع، امذ) ڈرنا، شیعوں کے عقیدے میں کسی ظالم سے جان یا آبرو بچانے کے لیے حیلے یا ذومعنی الفاظ کا استعمال۔

ت۔ک

تک tak: (ار، حرف جار) حد ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں، پاس، نزدیک، نیز، بھی۔

تُک tuk: (ع، امذ مث) قافیہ، وہ بات جو اپنی طرف سے بنائی جائے، ڑٹل۔

تک بند tuk-band: (ہ، ف، صف) تک سے تک ملانے والا، بکواسی، اسم کیفیت مث: تک بندی۔

تِکّا tik-ka(a): (ار، امذ) گوشت کا ٹکڑا، بوٹی، لمبی یا پتلی بوٹی۔

تُکّا tuk-ka(a): (ار، امذ) ایک قسم کا خاص تیر جس میں نوک کی بجائے گھنڈی ہوتی ہے۔

تکّا فضیحتی tuk-ka(a) fa-zii(h)-ti(i): (ار، امث) دیکھئے 'تھکا فضیحتی'۔

تکالیف ta-kaa-liif: (ع، امث) دیکھئے 'تکلیف' جس کی یہ جمع ہے (افعال: اتارنا، اُترنا، پہنچنا، چڑھانا)

تکان ta-kaan: (ف، امث) تھکن، ماندگی، کسل مندی، حرکت، جنبش، اشارہ، جھٹکا، نیزے یا برچھی کا جھٹکا دینا۔

تکبّر ta-kab-bur: (ع، امذ) اپنی بڑائی ظاہر کرنا، خود کو بڑا سمجھنا، زیادتی۔

تکبیر tak-biir: (مث) بڑا کہنا، خدا کی بڑائی کرنا، اللہ اکبر کہنا۔

تکثیر tak-siir: (ع، امث) زیادہ کرنا، زیادتی، افزونی، افراط۔

تکدّر ta-kad-dur: (ع، امذ) مکدر ہونا، میلا ہونا، گدلا ہونا، میلا پن، کدورت آلودگی، رنجیدگی، دل کی پریشانی۔

تکذیب tak-ziib: (ع، امذ) جھٹلانا، جھوٹ بولنے کا الزام لگانا۔ (افعال: دینا، کرنا)

تکرار tak-raar: (ع، امث) بار بار کہنا، دُہرانا، حجت، بحث، جھگڑا، لفظی نزاع۔

تکریر tak-riir: (ع، امث) دُہرانا، بار بار کہنا۔

تکریم tak-riim: (ع، امث) بزرگ کرنا، عزت کرنا، عزت، تعظیم، آداب، ادب، آؤ بھگت۔

تکڑا tik-Ra(a): (ہ، صف) وہ شعر جس پر ایک مصرعہ زائد کرکے تضمین کرتے ہیں۔ مثلث۔

تگڑا tag-Ra(a): (ہ، صف) مضبوط، قوی، طاقت ور، موٹا تازہ، فربہ، اسم کیفیت مث: تگڑی۔

تکڑی tik-Ri(i): (ہ، امث) تین گھوڑے جو ایک

ساتھ گاڑی میں جوتتے ہیں۔ تین آدمیوں کا اتفاق۔

تکفیر tak-fiir: (ع، اسث) کافر کہنا، کفر کا فتویٰ دینا، کفارہ دینا، دوسرے کے آگے عجز کرنا۔

تکفین tak-fiin: (ع، اسث) کفن دینا۔

تکلا tak-la(a): (ار، اند) چرخے کی وہ آہنی سلاخ جس پر کاتتے وقت لکڑی بنتی جاتی ہے۔ وہ آہنی سلاخ جس سے پکوان نکالتے ہیں۔

تکلف ta-kal-luf: (ع، اند) اپنے اوپر تکلیف گوارا کرنا، کھٹکا، ہچکچاہٹ اہتمام، نمود و نمائش، شان و شوکت، وہ تکلیف جو حجاب یا پاس لحاظ کی وجہ سے ہو، جمع: تکلفات۔

تکلف برطرف ta-kal-luf bar-ta-raf: (عف، صف) بے تکلف، صاف صاف۔

تکلم ta-kal-lum: (ع، اند) بات کرنا، بولنا، کلام کرنا، گفتگو، بول چال۔

تکلیف tak-liif: (ع، اند) دُکھ، درد، مصیبت، دشواری، فرض، دقت، رنج و غم، خدا تعالیٰ کے احکام جو بندوں کے واسطے ہیں۔ (افعال: اُٹھانا، دینا، کرنا، سہنا)

تکملہ tak-mi-la(h): (ع، اند) مکمل کرنے والی چیز، تتمہ، ضمیمہ، تکمیل، اہتمام

تکمیل tak-miil: (ع، اند) تمام کرنا، پورا کرنا، تمام، انجام، کمال (افعال: پانا، کرنا، ہونا)

تکنا tak-na(a): (ار، مص) دیکھنا، غور کرنا، ٹکٹکی باندھنا، آسرا رکھنا، انتظار کرنا، بُری نظر یا نیت سے دیکھنا، لینے کا ارادہ رکھنا، وراثت رکھنا، اُڑنے یا چرانے کا موقع رکھنا، اختیار کرنا، قبول کرنا۔

تکنیک tak-niik: (انگ، اسث) Technique فنون کا نظریہ، ہنرمندی، فنی طریق کا اظہار، فنی طریق کار۔

تکوری ta-ko-ri(i): (ار، اسث ق) بے مروتی۔

تکون ti-kaun: (ہ، اسث) مثلث۔

تکوین tak-viin: (ع، اسث) وجود میں لانا۔ پیدا کرنا، پیدائش۔

تکیہ tak-ya(h): (ف، اند) سرہانے رکھنے کی چیز، بھروسا، آسرا، فقیروں کے رہنے کی جگہ، قبرستان۔

تکیہ دار tak-ya(h)-daar: (ف، صف) وہ فقیر جو تکیہ میں رہے، قبرستان کا سجادہ نشین۔

تکیہ کرنا tak-ya(h) kar-na(a): (ار، محاورہ) بھروسا کرنا، اعتماد کرنا، اُمید رکھنا کسی چیز کے سہارے سے بیٹھنا۔

تکیۂ کلام tak-ya-e-ka-laam: (ف، اند) وہ لفظ یا ملت جس کو بار بار کہنے کی عادت ہو، سخن تکیہ۔

تکیہ گاہ tak-ya(h)gaa(h): (ف، اسث) بھروسے کی جگہ۔

تکیہ لگانا tak-ya(h) la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) دیوار یا کسی چیز کے سہارے بیٹھنا، بھروسا کرنا، آس لگانا۔

ت۔گ

تگ tag: (ف، اسث) دوڑنا، بھاگنا، اُردو میں تنہا مستعمل نہیں۔

تگ و دو ta-go-dau: (ف، اسث) دیکھیے 'تگاپو'

تگاور ta-gaa-var: (ف، اند) تیز رَو گھوڑا۔

تگاوری ta-gaa-va-ri(i): (ف، اسث) تیزی، دوڑ، چال۔

تگیے taki-ye: (ار، صف ق) زرق برق۔

تگڑم tig-Ram: (ہ، اند) تین چیزوں یا آدمیوں کا میل یا مجمع تین پتنگوں کا پیچ۔

تگی tig-gi(i): (ہ، اسث) آدمی کی پیٹھ پر چڑھنا،

پیٹھ کی سواری، چڑھی (بچوں کی زبان میں) تاش یا گنجفہ کا پتا جس پر تین نشان بھی ہوتے ہیں۔

تگیڑنا ta-geR-na(a): (ار، مص، ق) حملہ کرنا، پیچھا کرنا۔

ت۔ل

تل tal: (ع، اند) پہاڑی، ٹیلا، تودا، ڈھیر۔

تل tal: (ھ، اند) تلے، نیچے کا حصہ، نشیب (ف) لحہ، ذرا سی دیر۔

تِل til: (ھ، اند) ایک قسم کا بیج جس سے تیل نکلتا ہے۔ کنجد، خال، سیاہ نقطہ، وہ سیاہ نقطہ جو جسم کے کسی مقام پر ہوتا ہے، آنکھ کی پتلی، کاجل کا نقطہ، وہ نقطہ جہاں سورج کی کرنیں آتشی شیشے میں سے گزر کر جمع ہوتی ہیں۔

تل برابر til-ba-raa-bar: (ار، صف) ذرہ بھر، تھوڑا سا، رائی برابر۔

تل بھکٹا til-bhuk-ka(a): (ار، اند) وہ کٹے ہوئے تل جن میں شکر ملی ہوئی ہو۔

تل تل کا حساب til-til kaa hi-saab: (ار، اند) ذرا ذرا کا حساب، رتی رتی کا حساب۔

تل چاٹنا til-chaaT-na(a): (ار، محاورہ) مسلمان عورتوں میں ایک موسم کہ وہ دولہا کو وداع کے وقت دُلہن کے ہاتھ میں کالے تل رکھوا کر دُولہا سے چھواتی ہیں تا کہ وہ ساری عمر اس کا مطیع رہے۔

تل چاؤلی til-chaav-li(i): (ار، است) چاول کے ساتھ ملے ہوئے تل، سفید اور سیاہ تل۔

تل چوری til-cho-ri(i): (ار، است) ایک قسم کی مٹھائی، ایک قسم کی ڈور جو دو رنگے دھاگے سے بنائی جاتی ہے یعنی سیاہ وسفید سے۔

تل شکری til-shak-ri(i): (ار، است) تل اور شکر سے بنی ہوئی مٹھائی، گزک تل چاٹنے کی رسم۔

تُل tul: (ھ، صف) برابر، یکساں (اُردو میں تنہا مستعمل نہیں) ہم شکل، تلنا کا امر۔

تلا دینا ta-laa-de-na(a): (ار، محاورہ) ہانڈی یا پتیلی کے نیچے گیلی مٹی چڑھانا تا کہ آگ سے محفوظ رہے۔

تلّا til-la(a): (ار، اند) گوٹا کناری، سنہری تار۔

تُلا tu-laa: (ھ، اند) ترازو، بُرج، میزان۔

تُلا دان tu-laa-daan: (ھ، اند) ایک قسم کی خیرات جس میں بادشاہ یا امیر اپنے وزن کے برابر سونا چاندی یا جنس وغیرہ تول کر خیرات کر دیتے ہیں۔

تُلا ہوا tu-laa-huu-a(a): (ار، محاورہ) برابر، ہم وزن۔

تِلا دانی ti-laa-daa-ni(i): (ار، است) تلے دانی، سوئی دھاگا رکھنے کی تھیلی۔

تلازُم ta-laa-zum: (ع، اند) باہم لازم ہونا۔

تلازِمہ ta-laa-zi-ma(h): (ار، اند) کسی مضمون کی رعایت سے الفاظ لانا۔

تلاش ta-laash: (ت، است) سعی، کوشش، جستجو، (افعال: کرنا، ہونا)

تلاشی ta-laa-shi(i): (ف، صف و است) تلاش کرنے والا، ڈھونڈھنے والا، دیکھ بھال، پڑتال۔

تلاشی لینا ta-laa-shii-le-na(a): (ار، محاورہ) تلاش کرنا، ڈھونڈنا، ناجائز چیز کے لیے کسی شخص کے کپڑے یا مکان کی جستجو کرنا۔

تلاطُم ta-laa-tum: (ع، اند) موجوں کا زور، پانی کے تھپیڑے، موج، لہر، جوش، ولولہ (افعال: پڑنا، ہونا)

تلافی ta-laa-fi(i): (ع، است) تدارک پانا، بدلہ، عوض، تدارک، کمی پوری کرنا/ہونا۔

تلاقی ta-laa-ti(i): (ار، اسٹ) باہم ملنا، ملاقات کرنا۔

تلام ta-laam: (ع، اند) تلم کی جمع، خادم، ملازم، تلام اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے۔

تلامذہ ta-laa-mi-za(h): (ع، اند) 'تلمیذ' کی جمع ہے۔ شاگرد۔

تلاملی ta-laa-ma-li(i): (ار، اسٹ) اضطراب، بے چینی، بے قراری، گھبراہٹ، جلدی۔

تُلانا tu-laa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'تلنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

تِلاوت ti-laa-vat: (ع، اسٹ) پڑھنا، قرآن مجید پڑھنا، قرأت (افعال: کرنا، ہونا)

تلائی ta-laa-i(i): (ھ، اسٹ) مشعل کو کپی سے تیل پلانا، کڑھائی، تلنے کا چھوٹا برتن، برات آنے سے پہلے کا وہ دن جس میں عروس کے تیل لگایا جاتا ہے۔ جو ایک رسم ہے۔ چھوٹا تالاب، نہانے کا حوض۔

تُلائی tu-laa-i(i): (ار، اسٹ) تولنے کا فعل، تولنے کی اُجرت۔

تلبیس tal-biis: (ع، اسٹ) عیب پوشیدہ رکھنا، مکر، فریب، چھل، دھوکا۔

تلبیۂ tal-ba-ya(h): (ع، اند) حج میں لبیک کہنا

تلپٹ tal-paT: (ھ، صف) تباہ، خراب، گم، ناپید۔

تلچھٹ tal-chaT: (ار، اسٹ) تہ نشین، گار، وہ چیز جو نیچے بیٹھ جائے۔

تلخ talK: (ف، صف) بدمزہ، بدذائقہ، ناگوار، ناپسندیدہ، ناملائم، تند، تیز۔

تلخ ابرو talK-ab-ru(u): (ف، صف) بد دماغ، چڑچڑا۔

تلخاب / تلخابہ tal-Kaab: (ف، اند) کڑوا پانی۔

تلخانا tal-Kaa-na(a): (ار، مص، جعلی) مزہ میں تلخی دینا، تلخ ہونا، سخت ہونا۔

تلخ کام talK-kaam: (ف، صف) ناگوار مقصد والا، ناکام، عاشق، اسم کیفیت مث: تلخ کامی۔

تلخ کلام / گفتار / زبان talK ka-laam: (ف، صف) بدزبان جس کی باتیں ناگوار ہوں، اسم کیفیت مث: تلخ گفتاری / کلامی / زبانی۔

تلخ نوا talK-na-va(a): (ف، صف) دیکھیے 'تلخ کلام / گفتار وغیرہ' اسم کیفیت مث: تلخ نوائی۔

تلخی tal-Ki(i): (ف، اسٹ) شدت، تیزی، سختی، کڑواہٹ، ناگواری، مخالفت، دشمنی۔

تلخیص tal-Kiis: (ع، اسٹ) پاک صاف کرنا، خلاصہ کرنا، خلاصہ (افعال: کرنا ہونا)

تلذذ ta-laz-zu(u): (ع، اند) مزہ حاصل کرنا، مزہ، لذت۔

تلڑا til-Ra(a): (ھ، اند) تین لڑی کا۔ (ہار)

تلسی tul-si(i): (ھ، اسٹ) ایک پودے کا نام، جسے ہنود متبرک سمجھتے ہیں۔ نازبو۔

تلف talf: (ع، اند) برباد، خراب، رائیگاں، ہلاک، فنا، گم، ضائع، (افعال کرنا، ہونا)

تلفظ ta-laf-fuz: (ع، اند) بات کہنا، لفظ کا منہ سے ادا کرنا، لہجہ۔

تلقی ta-laq-qi(i): (ع، اسٹ) ملاقات کرنا، سامنے آنا، قبول کرنا۔

تلقین tal-qiin: (ع، اسٹ) سمجھانا، نصیحت، ہدایت، مذہب کی تعلیم، مُردے کو قبر میں اُتارتے وقت آیتیں پڑھنا۔

تلک ta-lak: (ار، حرف جار) دیکھیے 'تک' جو زیادہ مستعمل ہے اور فصیح ہے۔

تِلک ti-lak: (ھ، اند) قشقہ، ٹیکا، پیشوا، خلعت، مسند نشینی کی رسم، ماتھے کا ایک زیور، وہ روپیہ جو شادی سے

پہلے دُلہن کا باپ دُولہا کے گھر بھیجتا ہے۔

تلمّذ ta-lam-muz: (ع،مذ) شاگرد ہونا، شاگردی۔

تِلملانا til-mi-laa-na(a): (ہ،مص) مضطرب ہونا، تڑپنا، کم روشن ہونا، ٹمٹمانا، جگمگ جگمگ کرنا۔

تِلنگانا ti-lan-gaa-na(a): (ہ،مذ) آندھرا پردیش کی ریاست کا ایک حصہ

تِلنگا ti-lan-ga(a): (ہ، مذ) بدتہذیب فوج کا باوردی سپاہی۔

تلوا tal-va(a): (ہ،مذ) پاؤں کے نیچے کا حصہ

تلوار tal-vaar: (ہ،مث) لوہے کا دھار والا حصہ جو دھاردار ہوتا ہے، شمشیر، تیغ۔

تلوّن ta-lav-van: (ع،مذ) رنگ بدلنا، ایک بات پر قائم نہ رہنا۔

تلوّن مزاج ta-lav-van mi-zaaj: (ف،مذ، ترکیب) وہ شخص جس کا مزاج ٹھکانے پر نہ ہو، غیر مستقل مزاج۔

تلی ta-li(i): (ہ،مونث) پیندا

تِلتی til-ti(i): (ہ،مث) مہرہ کے بائیں جانب کا اندرونی حصہ

تلے ta-le: (ہ،مث) نیچے، دبا ہوا حصہ

تلے اوپر ta-le uu-par: (ہ،مث) لگاتار ہونا۔

تِلے دانی ti-le-daa-ni(i): (ار،مث) سوئی دھاگا رکھنے کے لیے چھوٹا جزدان

ت۔م

تُم tum: (ہ،ضمیر مخاطب) آپ حاضر کے لیے، تو کے لیے مہذب ضمیر

تماثُل ta-maa-sul: (ع، مذ) برابر ہونا، مانند ہونا، جائداد کے برابر حصے۔

تماثیل ta-maa-siil: (ع،مث) تمثال کی جمع، تصویریں، شاہی فرمان، صورتیں۔

تماچا ta-maa-cha(a): (ار،مذ) تھپڑ

تمازت ta-maa-zat: (ع،مث) گرمی، سخت گرمی

تماشا ta-maa-sha(a): (ف، مذ) دیکھنا، سیر کرنا، دل لگی، نمائش، عجیب و غریب بات۔

تماشا گاہ ta-maa-sha(a)gaa(h): (ف،مث) سیرگاہ، اکھاڑے کی جگہ۔

تماشائی ta-maa-shaa-i(i): (ف، مذ) تماشا دیکھنے والا۔

تماش بین ta-maash-biin: (ف، مذ) بدکار، آوارہ، بدمعاش

تمام ta-maam: (ع،ص) پورا، مکمل

تمام تر ta-maam-tar: (ف) بالکل، محض

تمام وکمال ta-maa-mo-ka-maal: (ع،ص) سرتاپا، کل، سب کا سب

تمام ہونا ta-maam ho-na(a): (ار، مذ) پورا ہونا، مرجانا

تمباکو tam-baa-ku(u): (ار، مذ) مشہور پودا جس کے پتے حقے میں پینے اور پان کے ساتھ کھانے میں کام آتے ہیں۔

تمتّع ta-mat-to(?): (ع، مذ) فائدہ اٹھانا، نفع فائدہ، راحت

تمتمانا tim-ti-maa-na(a): (ہ) گرم ہونا، گرمی یا بخار سے چہرہ سرخ ہونا۔

تمثال tam-saal/tim-saal: (ع،مث) مشابہ کرنا، تشبیہ دینا، مطابقت یا مشابہت دینا۔

تمدّن ta-mad-dun: (ع، مذ) طرز معاشرت، مل کے رہنے کا طریقہ، بود و باش

تمرّد ta-mar-rud: (ع، مذ) سرکشی، بغاوت
تمسخر ta-mas-Kar: (ع، مذ) ہنسی، مسخرہ پن، مذاق، مزاح
تمسّک ta-mas-suk: (ع، مذ) مضبوط پکڑنا، اقرارنامہ
تمغہ tam-Ga(h): (ف، مذ) عزت کا نشان، سونے چاندی کا میڈل جو انعام میں دیا جاتا ہے۔
تمکنت tam-ki-nat: (ع، مث) حکومت، اختیار، زور، عزت، مرتبہ حاصل کرنے، شان و شوکت، غرور، تکبر
تمکین tam-kiin: (ع، مث) زور، طاقت، شان و شوکت، دبدبہ
تمنّا ta-man-na(a): (ع، مث) خواہش، شوق، آرزو
تمن دار tu-man-daar: (ف، مذ) رسالدار، قوم کا سردار
تمنچہ ta-man-cha(h): (ار، مذ) پستول
تموّج ta-mav-vuj: (ع، مذ) لہریں اٹھنا، پانی کا موجیں مارنا، جوش، تحریک۔
تموّل ta-mav-vul: (ع، مذ) مالدار ہونا، دولت مندی۔
تمہید tam-hiid: (ع، مث) ابتدا، آغاز، باب کا دیباچہ۔
تمیز ta-miiz: (ع مث) شناخت فرق، ادب، عقل

ت۔ن

تن tan: (ف، مذ) جسم، بدن
تن آسان tan-aa-saan: (ف، مث) آرام طلب آدمی
تن پرور tan-par-var: (ف، ص) آرام طلب، خودغرض
تن تنہا tan-tan-ha(a): (ف، ا) اکیلا
تن من دھن tan-man-dhan: (ف،) جسم، جان، دولت
تن توش tan-tosh: (ف، مذ)
تنازع ta-naa-za(?): (ع، مذ) تکرار، فساد، جھگڑا، نفاق، عداوت، بغض، رنجش
تناسب ta-naa-sub: (ع، مذ) باہم نسبت رکھنا، مطابقت، باہمی تعلق، مناسبت
تناسُخ ta-naa-sum: (ع، مذ) روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں آنا خون بدلنا، ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق بار بار جنم لینا۔
تناسُل ta-naa-sul: (ع، مذ) نسل بڑھانا، اولاد پیدا کرنا
تناظر ta-naa-zur: (ع، مذ) باہم دیکھنا، منظر، حالت
تنافر ta-naa-fur: (ع، مذ) نفرت کرنا، بھاگنا
تنافس ta-naa-fus: (ع، مذ) سانس لینا، باہم فخر کرنا، کسی چیز کی رغبت کرنا اور حاصل کرنے میں مقابلہ کرنا
تناور ta-naa-var: (ف، ص) موٹا، فربہ، مضبوط، قوی
تناوُل ta-na-vul: (ع، مذ) کھانا کھانا، نوش کرنا۔
تنبول taN-bol: (ھ، مذ) پان، شادی کے موقع پر شادی والے کو جو نقد روپیہ دیا جاتا ہے اسے تنبول کہتے ہیں۔ ایک درخت۔
تنبولن taN-bo-lan: (ھ مث) پان بیچنے والی عورت۔
تنبولی taN-bo-li: (ھ، مذ) پان بیچنے والا مرد
تنبیہ tan-bi(h): (ع، مذ) عبرت، نصیحت، آگاہی، دھمکی

تنخواہ tan-Kwaa(h): (ف، مث) مشاہرہ طلب، نوکری کا صلہ
تُند tund: (ف، ص) تیز، سخت، غضبناک
تُندخو tund-Ku(u): (ف، ص) بدمزاج، بدعادت
تندرُست tan-du-rust: (ف، صف) صحیح سالم، صحت مند
تندرستی tan-du-ras-ti(i): (ف، ص) صحت، سلامتی
تُندہی tun-da-hi(i): (ف مث) تختی تیزی، غصہ
تنزّل ta-naz-zul: (ع، مذ) گھٹاؤ، زوال، کمی
تنزیل tan-ziil: (ع، مث) تھوڑا تھوڑا کر کے نیچے اتارنا، نازل کرنا، قرآن مجید۔
تنسیخ tan-siiK: (ع مث) رد کرنا، منسوخ کرنا
تنصّر ta-nas-sur: (ع، مذ) عیسائیت اختیار کرنا
تنصیب tan-siib: (ع مث) نصب کرنا، لگانا
تنصیف tan-siif: (ع، مث) نصف نصف کرنا، دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا
تنظیم tan-ziim: (ع، مث) انتظام، درستی، مجلس، ادارہ، منظم جماعت
تنفّر ta-naf-fur: (ع، مذ) بیزاری، نفرت
تنفّس ta-naf-fus: (ع، مذ) سانس لینا، سانس
تنقیح tan-qiih: (ع مث) صاف کرنا، خالص کرنا، فیصلہ
تنقید tan-qiid: (ع مث) پرکھنا، جانچ، نکتہ چینی
تنقیص tan-qiis: (ع مث) کم کرنا، گھٹانا
تنقیہ tan-qi-ya(h): (ع مث) جلاب لینا، صفائی
تُنک tu-nak: (ف، ص) ہلکا، کمزور، نازک
تُنک مزاج tu-nak mi-zaaj: (ف، ص) اوچھی طبیعت کا، چڑچڑا
تِنکا tin-ka(a): (ہ، مذ) سوکھی گھاس کا ٹکڑا، کوڑا کرکٹ، کوئی ذرا سی چیز

تِنکنا ti-nak-na(a): (ہ) خفا ہونا، ناراض ہونا، جھلانا
تنکیر tan-kiir: (ع، مث) اسم نکرہ بنانا، اچھی حالت سے بری حالت کی طرف پھینک دینا
تنگ tang: (ف، ص) جکڑا ہوا، کم، لاچار، غریب، محتاج
تنگ حال tang-haal: (ف، ص) محتاج، مفلس، غربت
تنگ حوصلہ tan-haus-la(h): (ف، ص) کم ظرف، اوچھا، کمینہ
تنگ دست tang-dast: (ف، ص) محتاج، مفلس
تنگ دستی tang-das-ti(i): (ف، ص) افلاس، ناداری
تنگ دل tang-dil: (ف، مث) کنجوس، کم حوصلہ
تنگ ظرف tang-zarf: (ف، ص) کم حوصلہ، اوچھا
تنگ نظر tang-na-zar: (ف، ص) کم نظر، کم حوصلہ
تنگی tan-gi(i): (ف مث) غریبی، مفلسی، تختی
تنّور tan-duur: (ع، مذکر) روٹی پکانے کی بھٹی، وہ جگہ جہاں سے پانی نکلے
تنوّع ta-nav-vau(?): (ع، مذ) رنگ رنگ کا، قسم قسم کا، گونا گونی
تنومند ta-nu-mand: (ف، ص) ہٹا کٹا جسم، قوی جسم والا
تنویر tan-viir: (ع مث) چمک، روشنی
تنویم tan-viim: (ع، مث) سلانا، سلانے کا عمل، مسمریزم
تنوین tan-viin: (ع مث) کسی حرف پر دو زبر یا دو پیش یا دو زیر لگا کر ان کی آواز پیدا کرنا۔
تنہا tan-ha(a): (ف، ص) اکیلا
تنہائی tan-haa-i(i): (ف، ص) علیحدگی، جدائی

ت۔و

تو (تُو) tuu: (ضمیر واحد حاضر) حرف خطاب جو

کم تر ہے والے کے لیے بولا جاتا ہے۔ کبھی پیار اور بے تکلفی سے بھی۔ خدا کے لیے ہمیشہ تو ہی بولتے ہیں۔

تو تو مَیں مَیں tuu tuu maiN maiN: جھگڑا، گالی گلوج

تَو tau: (حرفِ جار اور ربط بت) پس، پھر۔

تَواتُر ta-vaa-tur: (ع، مذ) پے در پے، لگاتار

تَوارُد ta-vaa-rud: (ع، مذ) دو لوگوں کو ایک ہی خیال سوجھنا۔

تَوارِیخ ta-vaa-riiK: (ع، مث) تاریخ کی جمع، گذرے ہوئے حالات

تَوازُن ta-vaa-zun: (ع، مذ) ہم وزن ہونا، برابر ہونا، اعتدال

تَواضُع ta-vaa-zu(?): (ع، مث) عاجزی کرنا، خاطر مدارات، مہمانداری، ضیافت۔

تَوافُق ta-vaa-fuq: (ع، مذ) موافق ہونا، مطابقت کرنا۔

تَوالُد ta-vaa-lud: (ع، مذ) اولاد پیدا کرنا

تَوام ta-vaam: (ع، مذ) جڑواں، جوڑے

توان tuu-aan: (ف، مث) قدرت، طاقت، کل

تَولنا taul-na(a): (ہ، مث) وزن کا پتہ لگانا

تُوانگری tu-vaaN-gri(i): (ف، مث) امیری، مالداری

توبہ to-ba(h): (ع، مث) ندامت، استغفار، برے کاموں سے باز آنا۔

تَوبِیخ tau-biiK: (ع، مث) تنبیہ کرنا، ملامت کرنا، جھڑکنا۔

توپ top: (ف، مث) گولہ چلانے کی مشین

توپچی top-chi(i): (ف، مث) گولہ چلانے والا

توپ خانہ top-Kaa-na(h): (ف، مذ) توپوں کے رکھنے کی جگہ

توتلا tot-la(a): (ہ) وہ شخص جس کی زبان موٹی ہونے کی وجہ سے لفظ صحیح ادا نہ ہو سکیں۔

تَوَجُّہ ta-vaj-jo(h): (ع، مث) دھیان، خیال، مہربانی

تَوَجُّہ ta-vaj-jo: (ع، مث) وجہ بیان کرنا، عیب ظاہر کرنا

توحید tau-hiid: (ع، مث) اللہ کو ایک ماننا

تودہ to-da(h): (ف، مذ) انبار، ڈھیر، مٹی کا وہ ٹیلا جس پر نشان بازی کی مشق کی جاتی ہے۔ کثرت، بہت

تودہ بندی to-dah-ban-di(i): (ف، مث) حد بندی۔

تَوَرُّع ta-var-ru(?): (ع، مذ) پرہیزگاری، زُہد، تقویٰ۔

تورہ tuu-ra(h): (ف، مذ) دستور العمل، بادشاہ کا نیا حکم، چنگیز خان کا قانون، مختلف قسم کے لذیذ کھانے جو خوانوں میں لگا کر تقریبات میں تقسیم ہوتے ہیں، غرور، ناز، گھمنڈ، عزت، رُتبہ۔

تورہ بندی tu-rah-ban-di(i): (ف، مذ) شادی سے پیشتر گھر گھر تورہ تقسیم کرنے کی رسم۔

تورہ پوش tuu-rah-posh: (ف، مذ) خوان پوش، وہ سرپوش جو تورہ کے خوانوں پر ڈھکا جائے۔

توریا to-ri-ya: (ار، مذ) ایک قسم کی سرسوں کا پودا یا بیج۔

تَورَیت tau-ret: (عبر، مث) وہ کتاب جو حضرت موسیٰ پر نازل ہوئی۔ یہودیوں کے عقائد کے مطابق چند کتابوں کا مجموعہ جو چند پیغمبروں اور یہودی علما کا لکھا ہوا ہے۔ عیسائیوں کے عقیدہ کے مطابق چند کتابوں کا مجموعہ جن کی تعداد یہودیوں کی رائے سے بھی زیادہ ہے۔ اسے پرانا عہد نامہ کہتے ہیں۔

توڑ toR: (ر، اند) شکستگی، ٹوٹ پھوٹ، دریا کی روانی کا زور، بہاؤ کا زور، دہی کا پانی، جوابی تدبیر، پلا، انتہا، گولی یا گولہ کی مار کی حد یا فاصلہ، داؤں پیچ کا دفعیہ، چیز کی قیمت کا فیصلہ، چکوتا، شور، غل، تیر یا گولی کی مار، زور قوت، علاج، چارہ، دفعیہ، پانی کی نالی کاٹ کر کھیت میں آبپاشی کرنا، خاتمہ۔

توڑ پھوڑ toR-phoR: (ار، امث) شکستگی، ٹوٹ پھوٹ، پامالی، خرابی، ویرانی، سازش، اغوا۔

توڑ جوڑ toR-joR: (ار، اند) تراش خراش، داؤں پیچ، داؤں گھات، تدبیر، سازش، دانائی، مکاری، فیلسوفی، دو آدمیوں میں نفاق کرانے کا ڈھنگ، کاٹ چھانٹ، قطع و برید۔

توڑ مروڑ toR-ma-roR: (ار، اند) دیکھیے توڑا مروڑی، دراز دستی۔

توڑا to-Ra(a): (ار، اند) قلت، کمی، قحط، رسی کا ٹکڑا، ہل کی لمبی لکڑی، جس میں جوا ہوتا ہے۔ بندوق چلانے کی بتی، شتابہ، گت کا سلسلہ توڑ کر درمیان میں ایک اور حرکت کر کے پھر گت کے اسی سلسلہ میں مل جانا۔ ہزار روپے یا اشرفی کی تھیلی۔ ایک قسم کی سونے چاندی کی زنجیر جس کو گلے یا ہاتھ میں ڈالتے ہیں۔ فولادی زنجیر جس کو پہلوان بازو پر باندھتے ہیں۔ ایک قسم کی سونے چاندی کی زنجیر جسے بانکے سپاہی پگڑی کے اوپر لپیٹ لیتے ہیں نقصان، خسارہ، بغیر گھنگرو کے پازیب۔

توڑا مروڑی to-Raa-ma-ro-Ri(i): (ار، امث) چھینا جھپٹی، ہاتھا پائی، توڑنا مروڑنا۔

توڑنا toR-na(a) t: (ار، مص) شکستہ کرنا، جدا کرنا، ڈھانا، رد کرنا، کنویں میں سے اتنا پانی نکالنا کہ ریت آنے لگے، پانی بغیر باری کے لگالینا۔ قطع تعلق کر لینا، پھول وغیرہ چننا، (منہ) کچلنا، ایسی بات کہنا کہ مخاطب جواب نہ دے سکے (گواہ) اپنی طرف کر لینا، (قفل) شکستہ کر کے کھولنا۔ (روٹیاں) مفت کھانا۔ (قسم وعدہ وغیرہ) پورا نہ کرنا۔

توڑی to-Ri(i): (ار، امث) گندم یا جو کا بھس۔

توڑے دار بندوق to-Re-daar ban-duuq: (ار، امث) وہ بندوق جو فلیتے کے ذریعے چلائی جائے، کارتوس کے بغیر۔

توزک tuu-zuk: (ت، امث) تزک، قاعدہ، ضابطہ، شان و شوکت۔

توزیع tau-zii(?): (ع، امث) پراگندہ، بانٹنا، تقسیم، فرد لگان، جمع بندی

توزیع حال to-zi(?)-haal: (ع، امث، بترکیب فارسی) ہر مہینے کا حساب جس میں ہر ایک مالک کا زر مطالبہ، تحصیل اور باقی درج ہو۔

توس tos: (ار، اند) (انگریزی لفظ Toast کا مورّد) ڈبل روٹی کا پتلا ٹکڑا۔

توس دان tos-daan: (ار، اند) دیکھیے 'توش دان' جو صحیح ہے۔

توسّط ta-vas-sut: (ع، اند) بیچ میں پڑنا، میانہ روی، اعتدال، ذریعہ، وسیلہ۔

توسن tau-san: (ف، اند) شوخ اور سرکش گھوڑا۔

توسیع tau-sii(?): (ع، امث) فراخ کرنا، کشادگی، فراخی، افزونی، ترقی، اضافہ، کھلا۔

توش دان tosh-daan: (ف، اند) وہ برتن جس میں سفر کی خوراک ہو۔ کارتوس رکھنے کا ڈبا جو سپاہی کی کمر سے بندھا ہوتا ہے۔

توشک to-shak: (ف، امث) بچھونا، گدیلا، روئی والا بستر۔

توشک خانہ to-shak-Kaa-na(h): (ف، اند)

وہ مکان جس میں امیروں کا لباس رہتا ہے، پارچہ خانہ۔

توشہ to-shah: (ف، اند) مسافر کا کھانا، زادِراہ، وہ کھانا جو مردے کے ساتھ لے جاتے ہیں اور دفن کے بعد گورکن کو دیتے ہیں۔ کسی بزرگ یا ولی کا کھانا، راستے کا خرچ، زادراہ

توشہ خانہ to-shah Kaa-na(h): (ار، اند) دیکھئے 'توشک خانہ' جس کا یہ مخفف ہے۔

توشیح tau-shii(h): (ع، اسث) بدھی گلے میں ڈالنا، آرائش کرنا، علم بیان کی ایک صفت جس میں شاعر ہر مصرعہ یا بیت کے شروع میں ایسے الفاظ لاتا ہے کہ ان کے پہلے حروف جمع کرنے سے مطلوبہ نام نکل آئے۔

توصیف tau-siif: (ع، اسث) وصف بیان کرنا، تعریف کرنا، تعریف، مدح

توضیح tau-zii(h): (ع، اسث) کھول کر کہنا، تشریح، وضاحت، مال گزاری کا نقشہ۔

توطن ta-vat-tun: (ع، اند) وطن اختیار کرنا، مستقل طور پر کسی جگہ کو اپنا وطن بنانے کا عمل۔

توطیہ tau-ti-ya(h): (ع، اند) تمہید، مُدّعا، شعر میں قافیہ کی تکرار، الزام، بہتان تراشی۔

توغل ta-vaG-Gul: (ع، اند) کسی کام میں بہت مشغول ہونا، لگے رہنا، مشق، دُھن۔

توفیر tau-fiir: (ع، اسث) زیادہ کرنا، زیادتی، افزونی، بچت، حق المحنت، بالائی یافت۔

توفیق tau-fiiq: (ع، اسث) موافق کرنا، برابر کرنا، اللہ تعالیٰ کا بندے کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا، ہدایت، رہنمائی، خدا کی مہربانی، مدد، ہمت، حوصلہ طاقت، استطاعت، لیاقت۔

توقع ta-vaq-qu(?): (ع، اسث) اُمید رکھنا، اُمید، بھروسا، آسرا (افعال: رکھنا، رہنا، کرنا، ہونا)

توقف ta-vaq-quf: (ع، اند) رُک جانا، وقفہ، ڈھیل (افعال: کرنا، ہونا)

توقیت tau-qi-yat: (ع، اند) وقت مقرر کرنا، کسی واقعہ کے ظہور کا وقت، وقت تاریخ۔

توقیر tau-qiir: (ع، اسث) تعظیم، تکریم، وقعت، عظمت۔

توقیع tau-qii(?): (ع، اند) مکتوب پر نشان لگانا، شاہی فرمان، دستخط۔

تُول، تول tuul: (ار، اسث) وزن، مقررہ وزن، جانچ، اندازہ۔

تولا/تولا to-la(a): (ار، اند) وہ شخص جو بازار میں غلہ بیچنے اور تولنے کا پیشہ کرے۔

تولد ta-val-lud: (ع، اند) پیدائش، پیدا ہونا، (افعال: ہونا)

تولنا taul-na(a): (ار، مص) وزن کرنا، اندازہ کرنا، جانچنا، امتحان لینا، قابلیت یا لیاقت کی آزمائش، تلوار کو ہاتھ میں لے کر جانچنا محبت آزمانا، بات کو اچھی طرح سمجھنا، ظاہر سے باطن کا حال معلوم کرنا۔

تولہ to-la(h): (ار، اند) بارہ ماشے کا وزن یا باٹ۔

تولہ ماشہ tau-la(h) maa-sha(h): (ار، صف) وہ مریض یا نازک مزاج آدمی جو دم بھر میں کچھ اور دم بھر میں کچھ ہو جائے۔

تولیا tau-li-ya: (انگ، اند) Towel کا موزّر، رومال، وہ کپڑا جس سے ہاتھ اور بدن پونچھتے ہیں۔

تولیت نامہ tau-li-yat naa-ma(h): (عف، اند) ولی بنانے کی تحریر، وہ تحریر جس کی رو سے کوئی چیز نگرانی میں دی جائے۔

تولید tau-liid: (ع، اسث) جنانا، جننا، پیدا کرنا، پیدائش، جنم۔

تومنا tuum-na(a): (ار، مص) روئی کو صاف کرنا، روئی کے ریزے ریزے یا ٹکڑے ٹکڑے کرنا، عیب کھولنا، قلعی کھولنا، گڑے مُردے اکھاڑنا، بید وغیرہ سے سخت سزا دینا، گالیاں دینا، تنگ کرنا، ناک میں دم کرنا دینا۔

توُن tuun: (ار، ضمیر حاضر ق) دیکھئے 'تو' جس کی یہ قدیم صورت ہے۔

تونا tuu-na(a): (ار، مص) جانوروں کا اسقاط حمل ہونا، وقت سے پہلے بیانا

تونبا tuuN-ba(a): (ہ، اذ) ایک قسم کا تلخ کدو جس کا چھلکا بہت موٹا اور سخت ہوتا ہے۔ فقیر اس کو سکھا کر اور اندر سے چھیل کر کشکول بناتے ہیں۔ تصغیر: تونبی

تونبڑا tuuNb-Ra(a): (ہ، اذ) دیکھئے 'تونبڑا/ تونبا' ایک قسم کا باجا جو اکثر فقیروں کے پاس ہوتا ہے۔ جو طنبورہ کا بگاڑ ہے۔ تصغیر تونبڑی۔

تَونْد tauNd: (ہ، اذ) بڑھا ہوا پیٹ، بڑا پیٹ۔

تَوندو tauN-du(u): (ہ، صف) بڑے پیٹ والا۔

تَونس tauNs: (ہ، است) شدت کی پیاس، جو آفتاب کی تپش کی وجہ سے ظہور میں آتی ہے۔

تَونسا tauN-sa(a): (ہ، اذ) سرسام، ایک بیماری

تَونسنا tauNs-na(a): (ہ، مص) آفتاب کی گرمی سے مضمحل ہوجانا، بے تاب ہوجانا، پیاس بڑھ جانا۔

تَوہم ta-vah-hum/ tau-ham: (ع، اذ) وہم میں ڈالنا یا پڑنا، وسواس، گمان، شک جمع: توہمات

تَوہین tau-hiin: (ع، است) اہانت کرنا، ذلت، حقارت، بے عزتی (افعال: کرنا، ہونا)

تَوہینِ عدالت tau-hiin a-daa-lat: (ع، است، بترکیب، فارسی) (قانون) عدالت کی شان کے خلاف کوئی لفظ کہنا جو جرم ہے۔

توئی to-i(i): (ہ، است) ایک قسم کی کپڑے پر بنی ہوئی بیل جو عورتیں اکثر دوپٹوں پر لگاتی ہیں۔

ت۔ہ

تہ tah: (ف، است) نچلا حصہ، تلا، نیچے، تلوار یا خنجر کا رنگ مست۔ پینڈی، تلا، تھاہ، انتہا، پرت، نکتہ، تاریکی، جھلک، تحریر، باریک اور پتلا ورق۔

تہ بازار tah-baa-zaar: (ف، است) بازار کی زمین۔

تہ بازاری tah-baa-zaa-ri(i): (ف، است) وہ محصول جو ان لوگوں سے لیا جاتا ہے۔ جو سڑک کے کنارے بیٹھ کر سودا بیچتے ہیں۔ بازار کا محصول جو بازار میں چیزیں فروخت کرنے والوں سے لیا جاتا ہے۔

تہ بند tah-band: (ف، اذ) وہ کپڑا جو بطور ستر پوشی استعمال کیا جاتا ہے جو عموماً کھدر یا لٹھے وغیرہ کا ہوتا ہے۔ لنگی، دھوتی، لنگوٹ وغیرہ۔

تہ بندی tah-bandi(i): (ف، است) جُز بندی (کتاب کی) وہ رنگ جو اصلی رنگ کے اسے پہلے کپڑے کو دیا جائے تاکہ اصل رنگ پائیدار ہو۔

تہ بہ تہ tah-ba(h)-te(h): (ف، متعلق فعل) ہر ایک تہ میں، ہر ایک پرت میں، ایک کے نیچے ایک

تہ پوشی tah-po-shii: (ف، است) زنانہ پاجامہ، وہ کپڑا جو عورتیں ساڑی کے نیچے ستر پوشی کے واسطے پہنتی ہیں۔

تہ پیچ teh-pech: (ف، است) پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔

تہ توڑنا teh-toR-na(a): (ار، محاورہ) خوب کھانا، کچھ باقی نہ رکھنا، کنوئیں کا تمام پانی نکال ڈالنا، جھاڑ دو پھیر دینا، صفایا کر دینا

تہ خاک tah-Kaak: (ف، صف) زمین کے نیچے،

دفن (افعال: کرنا، ہونا)

تہ خانہ tah-Kaa-na(h): (ف، اند) سرد خانہ، بھونرا جو زمین کے نیچے یا مکان کے نیچے بناتے ہیں۔

تہ دار tah-daar: (ف، صف) پیچیدہ، مشکل، دقیق، ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ، پہلودار، عمیق اور گہرا، اسم کیفیت مث: تہ داری

تہ درز teh-darz: (ار، صف) وہ کپڑا جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو۔ نیا، بالکل نیا۔

تہ دل سے ta-he-dil-se: (ار، متعلق فعل) نہایت خلوص سے، سچے دل سے، اطمینان قلب سے۔

تہ دیگ / دیگی tah-deg: (ف، امث) نیچے کا کھانا جس میں گھی زیادہ ہوتا ہے۔ کھرچن۔

تہ دینا teh-de-na(a): (ار، محاورہ) ہلکا رنگ دینا، اوپر نیچے رکھنا، استر لگانا

تہ کا teh-ka(a): (ار، محاورہ) عمیق، گہرا، پیچیدہ، مشکل، وقت طلب۔

تہ نشان tah-ni-shaan: (ف، اند) وہ سونے یا جواہرات کا کام جو تلوار کے قبضے پر ہوتا ہے۔

تہ نشین teh-na-shiin: (ف، صف) تہ میں بیٹھنے والا، ذہن میں اُترنے والا دل میں بیٹھ جانے والا، تلچھٹ (افعال: کرنا، ہونا)

تہ و بالا ta-ho-baa-la(a): (ف، صف) زیر و زبر، اوپر نیچے، اُلٹ پلٹ برباد تباہ، (افعال: کرنا، کر دینا، ہونا)

تہاں ta-haaN: (ار، متعلق فعل) وہاں، ادھر، تب، اس موقع پر (اُردو میں جہاں کے ساتھ مستعمل ہے)

تہائی ti-haa-i(i): (ار، عدد کسری) تیسرا حصہ (1/3)

تہتر ti-hat-tar: (ار، عدد) ستر اور تین (73)

تہترواں ti-hat-tar-vaaN: (ار، عدد ترتیبی) ترتیب میں بہتر کے بعد کا درجہ، تہتر میں سے ایک۔

تہجد ta-haj-jud: (ع، امث) رات کو جاگنا، نماز جو آدھی رات کے بعد پڑھی جائے۔

تہجد گزار ta-haj-jud gu-zaar: (عف، صف) تہجد کی نماز پڑھنے والا، پرہیزگار، اسم کیفیت مث: تہجد گزاری۔

تہجی ta-haj-ji(i): (ع، امث) ہجے کرنا، حرف مفرد کا پڑھنا، جوڑ۔

تہدید tah-diid: (ع، امث) دھمکی، گھرکی، تنبیہ، سرزنش، ڈرانا۔

تہذیب tah-ziib: (ع، امث) پاک کرنا، اصلاح کرنا، اصلاح درستی، آراستگی، شائستگی، خوش اخلاقی، انسانیت، سوسائٹی کے اصول اور رسم و رواج۔ (انگریزی لفظ Culture کا ترجمہ)

تہذیب و اخلاق teh-zii-bo-aK-laaq: (ع، امث) اخلاق کی درستی۔ خوش اخلاقی، انسانیت۔

تہذیب یافتہ teh-ziibyaaf-ta(h): (عف، صف) تربیت یافتہ، مہذب شائستہ، تعلیم یافتہ، اسم کیفیت مث: تہذیب یافتگی

تہرا tih-ra(a): (ار، صف، صفی) تگنا، سہ چند، تین تہ کا، تین لڑی کا، تین قسم کا مث: تہری۔

تہرانا tih-raa-na(a): (ار، مس) تیسری دفعہ کہنا، کسی کام کو تیسری دفعہ کرنا۔

تہس نہس ta-has na-has: (ہ، صف) (عو) تباہ، برباد، خراب (افعال: کرنا، ہونا)

تہلکہ / تہلکہ ta-hal-ka(h): (ع، امث) کھلبلی، شور و غوغا، آفت، کہرام، ہلاکت، موت، تباہی، غارت، (افعال: کرنا، ہونا، پڑنا)

تہلیل tah-liil: (ع، امث) زور سے لا الٰہ الا اللہ

کہنا۔ توحید بیان کرنا۔

تہمت tauh-mat: (ع، اسث) الزام، بہتان، شک وشبہہ، بری رائے، بڑا گمان۔ (افعال: ترشنا، جوڑنا، دھرنا، دینا، رکھنا، لگانا، لینا)

تہمد tah-mad: (ار، اند) 'تہ بند' جس کا یہ بگاڑ ہے۔

تہنیت tah-ni-yat: (ع، اسث) مبارکباد دینا، لینا، مبارکباد۔

تہنیت خوانی tah-ni-yat Kwaa-ni(i): (عف، اند) مبارکباد پڑھنا۔

تہنیت نامہ tah-ni-yat naa-ma(h): (عف، اند) مبارکباد کا خط۔

تہنید tah-niid: (ع، اسث) کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنالینا جیسے انجن، بسکٹ، پستول وغیرہ۔

تہوار teh-vaar: (از، اند) خوشی کا دن، سالانہ رسم کا دن جو برسوں سے چلا آرہا ہے۔

تہوّر ta-hav-vur: (ع، اند) بہادری، مردانگی، دلیری، اندھی شجاعت۔

تہی ta-hi(i): (ف، صف) خالی جس میں کوئی چیز نہ ہو۔

تہی دست ta-hii-dast: (ف، صف) خالی ہاتھ، مفلس، غریب، نادار، اسم کیفیت مث: تہی دستی۔

تہیّہ ta-hay-ya(h): (ع، اسث) مستعدی، آمادگی، سامان، انتظام، (افعال: کرنا، ہونا)

تھ

تھا tha(a): (ار، فعل ناقص) ہے کا ماضی۔

تھاپ thaap: (ار، اسث) تھپکی، طبلے کی آواز، ڈھولک کی آواز۔

تھاپا thaa-pa(a): (ہ، اند) لغوی معنی چوپائے کے پاؤں کا نشان، ہاتھ کا پورا نشان جو مہندی مل کر دیوار پر سمدھی کی کمر پر یا شادی کے موقع پر لگاتے ہیں۔ مکان پر نشان جو چور لگادیتے ہیں۔ نشان، مہر، مٹی کا وہ نشان جو زمیندار کھلیان پر لگادیتے ہیں تاکہ کوئی چوری کرے تو معلوم ہوجائے۔

تھاپنا thaap-na(a): (ار، مص) گوبر پاتھنا، اُپلے بنانا، تھپکی دینا، تمانچہ مارنا، دیوار پر اُپلے لگانا، دیوار کی مرمت گوبر سے کرنا۔

تھاپی thaa-pi(i): (ہ، اسث) تھپکی، تھاپنے کی آواز، کمہار کا اوزار، جس سے برتن گھڑتا ہے، معمار کا اوزار جس سے مٹی کا چونا کوٹتا ہے۔ کرکٹ ٹینس وغیرہ کا بلا۔

تھاک thaak: (ہ، اند) حد کی پکی بُرجی (ق) تھکن

تھال thaal: (ار، اند) دھات کا بڑا چپٹا، گول برتن، خوان، شیرینی کا برتن، بعض تقریبوں کا خاص قسم کا کھانا، لڑکیوں کا ایک کھیل، تصغیر: تھالی۔

تھالا thaa-la(a): (ار، اند) درختوں کے گرد پانی دینے کا کم گہرا گڑھا۔ وہ گڑھا جس میں درخت لگاتے ہیں۔ ہر چیز کا پیندا۔

تھالی thaa-lii: (ار، اسث) چھوٹا تھال، تھال کا اسم، مصغر۔

تھالی بجانا thaa-lii ba-jaa-na(a): (ار، محاورہ) سانپ کے کاٹے ہوئے کے آگے تھالی کی آواز کے ساتھ منتر پڑھنا، بچہ پیدا ہونے پر اس کا ڈر نکالنے کے لیے تھالی بجانا۔

تھالی کا بینگن thaa-lii kaa bai-gan: (ار، اند) غیر مستقل مزاج شخص، ہر کا بیہ مذہب

تھامنا thaam-na(a): (ار، مص) ہاتھ پکڑنا، سہارا دینا، مدد دینا، روکنا، بند کرنا، ٹھہرانا، کھڑا کرنا، حفاظت

کرنا، بچانا، باز رکھنا، مقابلہ کرنا۔

تھان thaan: (ھ، اند) موقع، جگہ، مقام، مکان، جائے رہائش، گھوڑے ہاتھی یا دوسرے مویشیوں کا طویلہ، کپڑے یا ریشم وغیرہ کا مقررہ لمبائی کا ٹکڑا۔ وہ مقام جس کو لوگ تبرک سمجھ کر نذر نیاز چڑھاتے ہیں جیسے دیوی دیوتاؤں کا تھان۔

تھان کا سچا thaan kaa sach-cha(a): (ار، صف) گھوڑا جو چھوٹ کر گھر آ جائے۔

تھانب thaaNb: (ار، اند ق) کھمبا، ستون، تھم

تھانگ thaaNg: (ھ، است) ٹھیک جگہ یا گمشدہ چیز کا موقع، چوروں کا مقام، مال مسروقہ کا سراغ، کھوج، نشان، سازش بھید۔

تھانگ دار thaaNg-daar: (ف، صف) دیکھیے 'تھانگی' اسم کیفیت مث: تھانگ داری۔

تھانگنا thaaNg-na(a): (ھ، مص) سراغ لگانا۔

تھانہ thaa-na(h): (ار، اند) وہ جگہ جہاں پولیس رہے، کوتوالی، پولیس کی چوکی، چوروں کو سزا دینے کی جگہ۔

تھانے دار thaa-ne-daar: (ار، ف، صف) تھانے کا افسر، سب انسپکٹر، کوتوالی۔

تھانے داری thaa-ne-daa-ri(i): (ار، ف، صف) تھانے دار کا عہدہ یا منصب، تھانے دار کا کام۔

تھاہ tha(h): (ھ، صف) گہرائی، کنویں یا دریا کی تہ کی زمین، انتہا۔

تھاہ پانا / ملنا thaa(h) paa-na(a): (ار، محاورہ) گہرائی معلوم کرنا، کھوج یا پتہ پانا، نشان معلوم ہونا۔

تھاہ لانا / لینا thaah-laa-na(a): (ار، محاورہ) گہرائی دریافت کرنا۔

تھپڑ thap-paR: (ھ، اند) تمانچہ، کھلے ہاتھ کی مار۔

تھپک tha-pak: (ھ، اند) تھپکی دینا، تھاپ، تمانچہ۔

تھپک تھپک کر tha-pak tha-pak kar: (ار، محاورہ) دم دلاسا دے کر روک تھام کرنا۔

تھپکنا tha-pak-na(a): (ار، مص) نرم ضرب لگانا، بچے کو سلانے کے لیے تھپکی لگانا، چمکارنا، منانا، ٹھنڈا کرنا، ٹالنا۔

تھپکی thap-ki(i): (ار، است) وہ ضرب جو ہتھیلی سے ماتھے یا پیٹ پر لگائیں، کشتی کا داؤں۔

تھپیڑا / تھپڑا tha-pe-Ra(a): (ھ، اند) تھپڑ کی تصغیر، تیز ہوا کا جھونکا موجوں کی ضرب، وہ ظرف جس پر آٹے کا پیڑا بڑھاتے ہیں۔

تھتکار thut-kaar: (ھ، است) تھوکنے کی آواز۔

تھتکارنا thut-kaar-na(a): (ار، مص) تھوتھو کرنا، نفرت ظاہر کرنا، کسی چیز پر بار بار تھوکنا۔

تھتھانا thu-thaa-na(a): (ار، مص) مُنہ بنانا، خفگی ظاہر کرنا، ہونٹ لٹکانا، مُنہ پھیر لینا، ناک بھوں چڑھانا، مُنہ سجانا، ناراض ہونا۔

تھرانا thar-raa-na(a): (ار، مص) ڈر سے کانپنا۔

تھراہٹ thar-raa-haT: (ار، است) کپکپاہٹ

تھرتھرانا thar-tha-raa-na(a): (ار، مص) کانپنا، لرزنا۔

تھرتھراہٹ thar-tha-raa-haT: (ار، است) لرزہ، کپکپی، جنبش۔

تھرتھری thar-tha-ri(i): (ار، است) دیکھیے 'تھرتھراہٹ' جاڑے کا بخار

تھرکنا thi-rak-na(a): (ار، مص) پھڑکنا، مٹکنا، ناچنا، اعضا کا حرکت کرنا، پرندے کا اُڑنا، منڈلانا۔

تھکا thak-ka(a): (ار، اند) کوئی جمی ہوئی چیز، ڈلا،

ڈھیلا، چاندی سونا یا کوئی دھات، جو پگھل کر منجمد ہو گئی ہو، ڈھیر، تودہ۔

تھکا tha-ka(a): (ار، صف) ہارا ماندہ، عاجز، شست، سست، تھکی

تھکا ماندہ/ ہارا tha-kaamaan-da(h): (ار، صف) عاجز، تھکا ہوا۔

تھکا فضیحتی thuk-ka fa-ziih-ti(i): (ار، اسث) لعن طعن، گالی گلوچ، بے عزتی، بے حرمتی، عزت نہ کرنا۔

تھکن tha-kan: (ار، اسث) کوفتگی، ماندگی، تکان۔

تھکنا thak-na(a): (ار، مص) شل ہونا، محنت سے ماندہ ہونا، عاجز ہونا، بوڑھا ہونا، کام سے جاتے رہنا، طاقت نہ رہنا، مایوس ہونا، ہمت ہارنا، بند ہونا۔

تھکوانا thuk-vaa-na(a): (ار، مص) دوسرے سے تھوک ڈلوانا (تھوکنا متعدی) بے عزت کرانا۔

تھگلی thig-li(i): (ار، اسث) پیوند، جوڑ، کپڑے کا ٹکڑا، تھوڑی سی جگہ۔

تھل thal: (ھ، اند) جگہ، مقام، زمین، خشک، زمین، سخت، زمین، ریگستان، ریتلا علاقہ، شہر کے رہنے کا مقام۔ اُونچی زمین، ٹیلا، تودہ، ایک کام دار گول چکتی جسے جہاں چاہیں ٹانک لیں۔ منقش کے گول پھول۔

تھلتھل thal-thal: (ھ، صف) ڈھیلا، نرم، موٹا، لرزاں، ہلنے والا۔

تھلیا thal-ya(a): (ھ، اسث) تھال کی تصغیر، تشتری۔

تھم tham: (ار، اند) کھمبا، ستون، درخت کا تنا، پلنگ پایہ، کیلے کے درخت کا تنا (اسث) ایک قسم کی مٹھائی جو ہندو عورتیں مندروں میں چڑھاتی ہیں۔ تھمنا کا امر۔

تھمانا tha-maa-na(a): (ار، مص) روکنا، باز رکھنا، باز رکھنا، ملتوی کرنا، اٹکانا، ٹھہرانا، دینا، پکڑانا۔

تھمنا tham-na(a): (ار، مص) رُکنا، بند ہونا، ٹھہرنا، وقفہ کرنا، خاموش رہنا۔

تھن than: (ار، اند) مادہ چوپایوں کے جسم کا وہ حصہ جہاں سے دودھ نکلتا ہے۔ چوچی۔ دودھی۔

تھنی tha-ni(i): (ار، اسث) گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں کھال میں کیڑے پڑ جاتے ہیں۔

تھنیلا tha-nii-la(a): (ار، اند) شیر دار عورت کے پستان میں کسی صدمہ یا دودھ کی وجہ سے پیدا ہونے والی سوجن۔

تھو thuu: (اصوت، سث) بار بار تھوکنے کی آواز، تھوک، (کلمہ نفرین)

تھو تھو thuu thuu: (ار، اصوت، سث) بار بار تھوک کی آواز (کلمہ نفرین) نفرت کرنا۔

تھوا thuu-a(a): (ھ، اند) مٹی کا بنا ہوا تودہ، نکما آدمی۔

تھوبڑا thob-Ra(a): (ھ، اند) توبرہ، منہ، تھوتھنی۔

تھوپنا thop-na(a): (ار، مص) ڈھیری لگانا، اکٹھا کرنا، موٹی اُپلا سی روٹی پکانا، لیپنا، کسی گاڑھی چیز کی موٹی تہ جمانا، کسی کے ذمہ ڈالنا۔ سر ڈالنا۔

تھوتھڑا thuuth-Ra(a): (ار، اند) حیوان کا مُنہ (حقارت کے طور پر) آدمی کا مُنہ۔

تھوتھنی / تھوتھنی thuuth-ni(i): (ار، اسث) گھوڑے یا اونٹ کا منہ، حیوان کا منہ۔

تھوڑنا thuuR-na(a): (ار، مص) (تحقیراً) کھانا نگلنا۔

تھوڑا tho-Ra(a): (ار، صف) کم، کچھ، خفیف، ادنیٰ، ذرا سا، سست، تھوڑی۔

تھوڑا بہت tho-Ra(a) ba-hut: (ار، صف) کسی قدر، کم و بیش۔

تھوک thok: (واؤ مجہول سے) (ار، مذ) ڈھیر، انبار، اکٹھا، یک مُشت، روکڑ، نقدی جمع، حصہ، پتی، جماعت گروہ، جتھا، وہ مقام جہاں کئی سرحدیں ملیں، مقدار، تعداد، اندازہ، پٹا، سند، آبادی کا بڑا حصہ، جس میں کئی پتیاں ہوتی ہیں۔ تعلقہ، ملکیت، پرچون کی ضد، اکٹھا۔

تھوک بندی thok-ban-di(i): (ار، مث) وہ اقرار نامہ جو گاؤں کے برابر تقسیم کرنے پر لکھا جاتا ہے۔

تھوک فروش thok-fa-rosh: (ہ، ف، صف) یک مشت بیچنے والا، اکٹھا مال فروخت کرنے والا، بڑا سوداگر، اسم کیفیت مث: تھوک فروشی۔

تھوک thuuk: (ہ، مذ) منہ کا لعاب، کف، رال، تف، تھوڑی۔

تھوک دینا / ڈالنا thuuk de-na(a): (ار، محاورہ) منہ سے تھوک دینا، چھوڑ دینا، نفرت سے ترک کر دینا، غصہ چھوڑ دینا۔

تھوکنا thuuk-na(a): (ار، مص) لعاب دہن نکالنا، قائل کرنا، لعنت ملامت کرنا، کسی چیز کی طرف توجہ نہ کرنا، ذلیل سمجھنا۔

تھونی thuu-ni(i): (ہ، مث) کھمبا، تھم، کھم، وہ لکڑی جو چھپر کے نیچے بطور ستون لگاتے ہیں۔ وہ لکڑی جو کنویں میں سیدھی لگاتے ہیں۔

تھوہر / تھوہڑ tho-har: (ہ، مذ) ایک خاردار پودا جس کے پتے سبز ہوتے ہیں۔ پھول رنگ برنگے، اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ چھتر تھوہر (ناگ پھن) ڈنڈا تھوہر، پہلی قسم کے پتے چوڑے ہوتے ہیں۔ دوسری کے نہ ہونے کے برابر اس کی شاخیں سیدھی اور اوپر کو ہوتی ہیں۔

تھئی tha-ii: (ہ، مث) تلے اوپر رکھی ہوئی روٹیاں یا بان، تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے۔

تھئی تھئی tha-ii tha-i(i): (ہ، مث) موسیقی کی آواز، تال سُر، تال، تھاپ وغیرہ کی آواز جو گوتے اور ناچنے والے نکالتے ہیں۔

تھیٹر the-Tar: (انگ، مذ) (Theatre) تماشا گاہ، ناچ گھر، ناٹک گھر۔

تھیلا thai-la(a): (ار، مذ) موٹے کپڑے یا ٹاٹ کا بنا ہوا بورا، تصغیر مث: تھیلی۔

تھیلیا thail-ya(a): (ار، مث) دیکھئے 'تھیلی' جس کی یہ تصغیر ہے۔

ت۔ء

تئی ta-i(i): (ہ، مث) کڑاہی، ہموار پیندے کی کڑاہی جس میں حلوائی جلیبیاں وغیرہ بناتے یا تلتے ہیں۔

تئیں ta-iiN: (ار، ضمیر ق) آپ کو، خود کو، کو (اب متروک ہے صرف دہلی میں اپنے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

ت۔ی

تیا پانچا کرنا ti-yaa-paaN-cha(a): (ار، محاورہ) کسی چیز کے حصے کرنا، بانٹنا، تقسیم کرنا، ٹکڑے کر دینا، جھگڑا چکانا، دام کھرے کرنا۔

تیار tay-yaar: (ار، صف) مستعد، آمادہ، موجود، قابل استعمال، پکا ہوا، پختہ، مکمل، تکمیل شدہ، ختم، موٹا، فربہ، پورے زوروں پر، جوان آراستہ (افعال: کرنا، ہونا)

تیاری tay-yaa-ri(i): (ار، مث) درستی، آمادگی، مستعدی، موجودگی، آراستگی، آرائش، سامان کی درستی، موٹاپن، انتظام، دھوم دھام۔

تیاگ ti-yaag: (ہ، مذ) ترک کرنا، دست کشی، دستبرداری، واگزاشت، درگزر، فرار، ہجرت۔

تیاگی ti-yaa-gi(i): (ہ، صف) چھوڑنے والا (تارک الدنیا) سادھو، راہب۔مث: تیاگن، ہندوؤں میں ایک نام

تیتالیس ti-taa-liis/tain-taa-liis: (ار، اعدد) چالیس اور تین (43)

تیتر tii-tar: (ار، اند) ایک بھورے رنگ کا پرندہ جس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے اور لڑائی کے لیے پالتے ہیں۔

تیتری tii-tri(i): (ہ، امث) تیتر کی مادہ، ایک قسم کا خوبصورت پروں والا کیڑا، بھمبیری، تتلی، خوش پوشاک اور شوقین عورت۔

تینتیس / تینتیس taiN-tiis: (ار، اعدد) تیس اور تین کا مجموعہ (33)

تیج پات tej-paath: (ہ، اند) ایک خوشبودار پتا، ساذج ہندی۔

تیج tej: (ہ، امث) تیسری تاریخ، ہندوؤں کا وہ تہوار جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے۔ اس میں بہن، بیٹیوں کو گھر بلاتے ہیں اور تحفے دیتے ہیں بیر بہوٹی۔

تیج تہوار tej-teh-vaar: (ہ، اند) کوئی تہوار۔

تیجا tii-ja(a): (ار، اند) تیسرا، مسلمانوں میں مرنے کے بعد تیسرا دن فاتحہ سوم، ہندوؤں میں پھول چننا، کھانا جو اس دن غریبوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

تیر tiir: (س، اند) دریا کا کنارہ یا پاٹ، پاس پڑوس، ہمسایہ۔

تیرا tee-ra(a): (بہ یائے معروف) (ف، اند) تیرا کا مخفف۔

تیر tiir: (بہ یائے معروف) (ف، اند) ایک قسم کا آلۂ جنگ جو کمان میں رکھ کر چھوڑا جاتا ہے۔ (افعال: مارنا، چلانا، پھینکنا جوڑنا، چھوڑنا) ساون، شمسی چوتھا مہینہ جس میں آفتاب برج سرطان میں ہوتا ہے۔ ہر شمسی مہینے کا تیرھواں دن سیدھی لکڑی، عطارد، دبیر فلک، طعنہ، پتنگ کا گز یا ٹھڈا۔

تیر افگن / انداز tiir-af-gan: (ف، صف) تیر پھینکنے والا، تیر چلانے والا، اسم کیفیت مث: تیر افگنی / اندازی۔

تیر بہدف tiir-ba-ha-daf: (ف، صف) ٹھیک نشانہ پر، بے خطا، زود اثر۔ (افعال: ہونا)

تیر پرتاپ tiir-par-taap: (ف، اند) وہ فاصلہ جو تیر طے کرے۔

تیر ترازو ہونا tiir-ta-raa-zuu ho-na(a): (ار، محاورہ) تیر کا نصف اندر اور نصف حصہ باہر ہونا۔

تیر خدنگ tiir-Ka-dang: (ف، اند) درخت خدنگ کا بنا ہوا تیر، ایک قسم کا چھوٹا تیر۔

تیر دان tiir-daan: (ف، اند) دیکھیے 'ترکش'۔

تیر رس tiir-ras: (ف، اند) وہ فاصلہ جہاں تک تیر جائے یعنی تیر کی مار۔

تیر زن tiir-zan: (ف، صف) دیکھیے 'تیر افگن' وغیرہ۔ اسم کیفیت مث: تیرزنی۔

تیر قضا tiir-qa-za(a): (فع، اند) قضا کا حملہ، موت۔

تیر ہوجانا / ہونا tiir-ho-jaa-na(a): (ار، محاورہ) غائب ہوجانا، گم ہوجانا، بھاگ جانا، چھپ جانا۔

تیرا te-ra(a): (ار، ضمیر) واحد حاضر مذکر ضمیر کی حالت اضافی، جو ادنیٰ یا چھوٹے کے لیے آتی ہے، اور خدا کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

تیراک tai-raak: (ہ، صف) تیرنے والا، پیراک، شناور، اسم کیفیت مث: تیراکی۔

تیراؤ tai-raa-o: (ار، اند) وہ پانی جو تیرنے کے لائق ہو۔

تیرتھ tii-rath: (ھ، امذ) نہانے کی جگہ، گھاٹ، دریا کا کنارہ، درشن زیارت، پاک جگہ، مقدس مقام جو دریا کے کنارے واقع ہو، سنیاسی فقیروں کا خطاب، برہموں کی ایک قوم

تیرنا ter-na(a): (ار، مص) پانی میں ڈوبے بغیر گزرنا، پیرنا، کسی تیز دھار کے آلے کا گوشت یا کسی اور نرم چیز کو کاٹ کر گزرنا، ماہر ہونا، کامل ہونا۔

تیرہ te-ra(h): (یائے مجہول سے) (ار، عدد) دس اور تین کا مجموعہ (13)

تیرہ تالی te-ra(h) taa-li(i): (ار، صف مث) وہ عورت جو تیرہ تالوں پر ناچ سکے عیار اور مکار عورت۔

تیرہ تیزی te-ra(h) te-zi(i): (ار، امث) صفر کے مہینے کے پہلے تیرہ دن جن میں عام خیال کے مطابق حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار رہے تھے اس لیے مسلمان عورتیں اس مہینے کو منحوس خیال کرتی ہیں۔

تیرہ tii-ra(h): (ف، صف) سیاہ، کالا، دھندلا، اریک، اسم کیفیت مث: تیرگی۔

تیرہ بخت tii-ra(h)-baKt: (ف، صف) بدنصیب بد بخت، بدقسمت، اسم کیفیت، مث: تیرہ بختی / روزی / روزگاری۔

تیرہ خاکدان tii-ra(h) Kaak-daan: (ف، امذ) کنایۃً، دنیائے فانی۔

تیرہ دروں tii-ra(h)da-ruuN: (ف، صف) سیاہ دل، بے ایمان، ظالم۔

تیرہ و تار te-ra(h) va-taar: (ف، صف) تیرہ و تاریک، گھپ اندھیرا۔

تیرھواں terh-vaaN: (ار، عدد، ترتیبی مذ) ترتیب میں بارہ کے بعد کا درجہ۔

تیرھویں terh-viiN: (ار، عدد ترتیبی مث) دیکھیے 'تیرھواں' جس کی یہ تانیث ہے۔ ہندوؤں کی ایک رسم جو مرنے کے بعد تیرھویں دن ہوتی ہے۔ اس میں کم از کم تیرہ برہموں کو کھانا کھلایا جاتا ہے اور سوگ ختم کر دیا جاتا ہے۔

تیری te-ri(i): (ار، ضمیر واحد حاضر اضافی) دیکھیے 'تیرا' جس کی یہ تانیث ہے۔

تیز tez: (ف، صف) کند کی ضد، دھار والا، نوکدار، تلخ، چرپرا، جلد، شتاب، ذہین، ہوشیار، غضب ناک، شوخ شریر، مضبوط، قوی، تیز رو، تیز رفتار، سریع، شدید غالب، فائق، گراں، مہنگا، سرگرم، مستعد، گرم، تتا مقدار سے زیادہ، دوربین، باریک بین، غائر، گہرا زخم میں کاٹ کرنے والا۔

تیز بال tez-baal: (ف، صف) تیز رفتار، تیز اُڑنے والا، اسم کیفیت مث: تیز بالی۔

تیز پات tez-paat: (ف، امذ) تج پات، ایک مصالحہ۔

تیز پر / پرواز tez-par: (ف، صف) دیکھیے 'تیز بال' اسم کیفیت مث: تیز پروازی۔

تیز دست tez-dast: (ف، صف) جلد جلد کام کرنے والا، اسم کیفیت مث: تیز دستی (افعال: ہونا)

تیز دم tez-dam: (ف، صف) جوشیلا۔

تیز دنداں tez dan-daaN: (ف، صف) تیز دانتوں والا، حریص، لالچی، اسم کیفیت مث: تیز دندانی۔

تیز رفتار / رو tez raf-taar: (ف، صف) جلدی چلنے والا، چالاک، پھرتیلا، اسم کیفیت مث: تیز رفتاری / تیز روی۔

تیز زُبان tez-zu-baan: (ف، صف) جس کی زبان بہت چلے، اسم کیفیت مث: تیز زبانی۔

تیز طبع / عقل tez ta-ba(?)/tez-(?)a-qal: (ف، صف) ذکی، ذہین، ہوشیار، اسم کیفیت مث: طبعی / عقلی۔

تیز فہم tez-fe-ham: (ف، صف) جلدی سمجھنے والا، ذہین، اسم کیفیت مث: تیز فہمی۔

تیز قدم / گام tez-qa-dam tez-gaam: (فع، صف) تیز چلنے والا، اسم کیفیت مث: تیز قدمی / گامی۔

تیز گوش tez-gosh: (ف، صف) تیز سننے والا، دھیمی آواز کو بھی سن لینے والا۔

تیز مزاج tez-mi-zaaj: (ف، صف) تند، غصیلا، اسم کیفیت مث: تیز مزاجی۔

تیز نظر tez-na-zar: (ف، صف) جس کو دور تک نظر آئے۔ دوربین، باریک بین، غائر۔ (مث) نہایت اچھی طرح دیکھنے کی قوت۔

تیز و تند te-zo-tund: (ف، صف) بہت تیز (شراب کی تعریف) مدہوش کرنے والی۔

تیز ہوش tez-hosh: (ف، صف) عقلمند، صاحب لیاقت۔

تیزآب tez-aab: (ف، مذ) نہایت تند عرق یا سیال جو بدن پر لگنے سے جلن پیدا کرتا ہے اور کئی چیزوں کے رنگ بدل دیتا ہے۔ اکثر دھاتوں کو نکھارنے کے کام آتا ہے۔ شورہ گندھک، نمک، اور سرکہ وغیرہ سے بنتا ہے، ترشہ صف نسبتی: تیزابی۔

تیزابیت te-zaa-biy-yat: (فع، مث) تیزاب کا اثر (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے)

تیزی te-zi(i): (ف، مث) تندی، تلخی، چرچراہٹ، غضب ناکی، گرم مزاجی، گرانی، مہنگاپن، پھرتی، صفر کا مہینہ۔ (عورتوں کی زبان میں)

تیس tiis: (ار، اعدد) بیس اور دس کا مجموعہ (30)

تیس مار خان tiis-maar Kaan: (ار، مذ) طنزاً بزدل، بودا۔

تیسا tai-sa(a): (ار، صف) اسی طرح کا، جیسے کا مقابل، اس طرح پر، سو۔

تیسرا tiis-ra(a): (ا، صف، ترتیبی) دو کے بعد کا درجہ، تین سے نسبت رکھنے والا، ثالث۔

تیسری tiis-ri(i): (ار، عدد، ترتیبی) ترتیب میں دوسری کے بعد آنے والا، تیسرا کی تانیث۔ تین دفعہ ہل چلائی ہوئی زمین۔ مہینے کا تیسرا دن۔

تیسوں tii-sauN: (ار، عدد، استغراقی) تیس کے تیس، تیس میں سب کے سب۔

تیسی tai-si(i): (ار، صف) تیسا کی تانیث، کلمۂ دشنام (ایسی تیسی)

تیسی tii-si(i): (ار، مث) تیس برس کی، تیس برس کا مجموعہ، السی، کنان۔

تیشہ te-sha(h): (ف، مذ) لکڑی، اینٹ، پتھر وغیرہ چھیلنے یا گھڑنے کا آلہ، بسولا۔

تیشہ زن te-shah-zan: (ف، صف فاعلی) بسولا چلانے والا، بڑھئی، اسم کیفیت مث: تیشہ زنی۔

تیغ teG: (ف، مث) تلوار، شمشیر (افعال: اٹھانا، پکڑنا، تھامنا، چلنا، چلانا، لگانا، ہموار کرنا، ہونا، ہاتھ میں لینا)

تیغ بکف teG ba-kaf: (ف، صف) تلوار چلانے پر آمادہ، لڑنے کو تیار۔

تیغا te-Ga(a): (ار، مث) فارسی زبان میں تیغا املا کہتے ہیں۔ چھوٹی چوڑی تلوار محراب کو اینٹ پتھر وغیرہ سے چننا، کشتی کا داؤ۔

تیغہ te-Ga(h): (ف، مذ) تیغ کی تصغیر، چھوٹی تلوار

تیغۂ پشت te-Ga(h)-e-pusht: (ف، اسث) ریڑھ کی ہڈی۔

تیقّن ta-yaq-qun: (ف، امذ) یقین ہونا، یقین، اعتبار۔

تیکھا tii-kha(a): (ہ، ار، صف) تیز، نوکدار، تیز دھار والا، دل میں کھبنے والا، تیز مزاج، زود رنج، جنگجو، عمدہ، طرح دار، بانکا، مث: تیکھی، اسم کیفیت مذ: تیکھاپن۔

تیکھی چتون / نظر tii-khii chit-van: (ف، امث) معشوق کی ٹیڑھی نگاہ، ترچھی نظر۔

تیل tel: (ار، امذ) وہ روغن جو پودوں کے بیجوں سے نکالا جاتا ہے۔ (یہ لفظ تِل سے نکلا ہے یعنی تلوں کا روغن) مجازاً ہر روغن، چکنائی۔

تیل پھل tel-phal: (ار، امذ) وہ ناریل اور تیل جو شادی سے پہلے دولہا کی طرف سے دولہن کے ہاں بھیجا جاتا ہے۔

تیل ماش tel-maash: (ار، امذ) تھوڑا سا تیل اور کسی قدر ماش جو صدقے میں دیے جاتے ہیں، صدقہ، تصدق۔

تیلنی tel-ni(i): (ار، امث) تیلن، بنی، ایک قسم کا کیڑا جو تیل میں پایا جاتا ہے، ایک قسم کی مکھی۔

تیلی te-li(i): (ار، امذ) تیل نکالنے والا شخص، ایک قوم جس کا پیشہ تیل نکالنا اور بیچنا ہے۔ میلا آدمی، غلیظ آدمی، گندہ آدمی مث: تیلن

تیلی کا بیل teli-kaa-bail: (ار، امذ) وہ شخص جو دن رات ایک ہی جگہ محنت کرتا ہے۔

تیلی tii-li(i): (یائے معروف سے) (ار، امث) لکڑی بانس یا لوہے کی لمبی باریک سیخ، تار، پنجرے کی تار، سلائی۔

تیمار tii-maar: (ف، امث) مریض کی خبر گیری، علاج معالجہ، غم خواری۔

تیماردار tii-maar-daar: (ف، صف) بیمار کی خدمت کرنے والا، غم خوار اسم کیفیت مث: تیمارداری۔

تیمّم ta-yam-mum: (ع، امذ) طہارت کرنا، پاک کرنا، طہارت کا قصد کرنا دونوں ہتھیلیاں اور ساری انگلیاں کھول کر اور پھیلا کر پاک مٹی یا کسی اور چیز پر جس سے مٹی چھٹتی ہو لگا کر منہ پر ہاتھوں پر کہنیوں تک پھیرتے ہیں۔

تیمّن ta-yam-mun: (ع، امذ) برکت لینا، برکت ہونا، برکت، کامیابی۔

تین tiin: (ار، اعدد) دو اور ایک کا مجموعہ۔

تیندو ton-du(u): (ہ، امذ) ایک جنگلی درخت۔

تیندوا taind-va(a): (ار، امذ) ایک درندہ جو چیتے کی قسم کا ہوتا ہے فارسی میں پلنگ کہتے ہیں۔

تیور te-var: (ار، امذ) بینائی، بصارت، نظر، چتون، صورت اور نگاہ کا انداز، آنکھوں کا اندھیرا جو کسی دماغی صدمہ کی وجہ سے ظہور میں آتا ہے۔

تیور بدلنا te-var ba-dal-na(a): (ار، محاورہ) نگاہ کا انداز بدل جانا، بے مروّت ہو جانا، پہلی سی نظر نہ رہنا۔

تیورانا tev-raa-na(a): (ار، مص) چکر آنا، غش آنا، ڈگمگانا، کسی دماغی صدمہ سے آنکھوں کے آگے اندھیرا ہو جانا۔

تیوری tyo-ri(i): (ہ، امث) چین بجبیں، ماتھے کا بل، انداز نگاہ، چتون۔

تیوری بدلنا tyo-ri(i) ba-dal-na(a): (ار، امث) ناک بھوں چڑھانا، انداز نگاہ بدل جانا۔

تیوڑی tl-yo-Ri(i): (ہ، اسف) تیوری، ایک بیل، عشق پیچاں

تیہار tyo-haar: (ہ، اسف) تہوار، سالانہ تقریب۔

تیہاری tyo-haa-ri(i): (ہ، اسف) تیوہار کا انجام عیدی وغیرہ، کھانا یا دستہ جو عزیز و اقارب کے ہاں بھیجے یا ملازمین کو دیتے ہیں۔

تیہو tii-hu(u): (ف، اند) ایک چھوٹا سا پرندہ، جو تیتر کی قسم کا ہوتا ہے۔

تئیس te-iis: (ار، اعدد) بیس اور تین کا مجموعہ (23)

ٹ

ٹ T: (ار، امث) اُردو میں اسے 'ٹے' (یائے مجہول سے) اور ہندی میں ٹ کہتے ہیں۔ اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں یہ پانچواں حرف ہے جس کے تلفظ کے وقت زبان کا اگلا حصہ مڑ کر اوپری مسوڑے کے پچھلے حصے سے جا ملتا ہے اور منہ سے نکلنے والی ہوا لمحہ بھر کے لیے رک جاتی ہے۔ اسے صوتیات کی اصطلاح میں غیر مسموع، غیر ہاکاری، کوزی بندشی، مصمت یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

ٹ۔ا

ٹاپ Taap: (ہ۔ امث) گھوڑے کا سُم، گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب، وہ آواز جو گھوڑے کے سموں سے چلتے وقت پیدا ہوتی ہے۔ (افعال: مارنا) پلنگ کے پائے کا نچلا گردہ جو زمین پر ٹکتا ہے۔ فرشی حقے کا حصہ جو چوڑا ہوتا ہے۔ مگدر کا آخری چوڑا حصہ، ڈھول، بجانے کی چوب۔

ٹاپ دار Taap daar: (ہ، ف، صف) آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا، موٹے سر کا (ترکیب غلط ہے)

ٹاپا Taa-pa(a): (ار، امذ) مرغیاں بند کرنے کا کھانچا، کشتی یا بیڑا جس پر چوکھٹ والا ڈھکنا ہوتا ہے۔ لکڑی کی جالی والی چوکھٹ جو بچوں کے پنگوڑے پر ڈھاکتے ہیں۔

ٹاپتا پھرنا Taap-taa phir-na(a): (ار، محاورہ) بھٹکتا پھرنا، مارا مارا پھرنا، حیران پھرنا۔

ٹاپنا Taap-na(a): (ار، مص) گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا، زمین پر غصے یا غم میں پاؤں مارنا، بیکل ہونا، بے چین ہونا، گھبرانا، دیوار پر سے کود جانا۔

ٹاپو Taa-puu: (ہ، امذ) جزیرہ، وہ خشک زمین جو چاروں طرف سے پانی میں گھری ہوئی ہو۔

ٹاٹ TaaT: (ہ، امذ) سن کا بُنا ہوا موٹا کپڑا، بوریوں کا کپڑا، چٹائی، ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی یا قالین، یونٹ کا سبز خول جس میں چنا ہوتا ہے۔

ٹارچ Taarch: (انگ، امث) (Torch) مشعل، وہ خول جس کے اندر بیٹری کے سیل ہوتے ہیں اور منہ پر بلب لگا ہوتا ہے۔ جو بٹن دبانے سے روشن ہو جاتا ہے۔

ٹافی Taa-fi(i): (انگ، امث) Toffee ایک قسم کی انگریزی مٹھائی۔

ٹاکی Taa-ki(i): (انگ، امث) Talkie، بولتی فلم، ایسی فلم جس سے آواز آتی ہو۔

ٹال Taal: (ار، امث) لکڑی، بانس، گھاس وغیرہ کا ڈھیر، انبار، تودہ، ذخیرہ، لکڑی یا بھُس کی دُکان، لیت و لعل بہانہ، ٹال مٹول۔

ٹال مٹول Taal-ma-Tol: (ار، امث) حیلہ حوالہ، بہانہ، تاخیر (افعال کرنا، ہونا)

ٹالنا Taal-na(a): (ار، مص) بہانہ کرنا، لیت و لعل کرنا، ہٹانا، سرکانا، رفع کرنا، ملتوی کرنا، گزار دینا، طرح دینا، درخواست نامنظور کرنا۔

ٹانٹ TaaNT: (ہ، امث) آدمی کے سر کی کھوپڑی، چندیا۔

ٹانچ Taanch: (ہ، امث) جھگڑا، تکرار، اکڑ، مقابلہ (افعال کرنا، لانا)

ٹانڈ TaaND: (ھ، اند وسف) مچان، چبوترہ، پلیٹ فارم، دیوار میں لگا ہوا تختہ، کڑا جو بازوؤں میں پہنا جاتا ہے۔

ٹانڈا TaaN-Da(a): (ھ، اند) مویشیوں کی قطار، سوداگروں کا گروہ، سوداگری کا مال اسباب، گھر کا سامان۔

ٹانک TaaNg: (ھمسف) جوہریوں کی اصطلاح میں چار ماشے کے برابر وزن، کمان جانچنے کا وزن جو بیس سیر کا ہوتا ہے۔ اسے چلے میں لٹکا دیتے ہیں۔ کمان کے ایک تیر کے انداز ے تک کھنچ جانے کو بھی کہتے ہیں۔ لوہے کا بیلن۔

ٹانِک Taa-nik: (انگ، مذ) Tonic مقوی دوا۔

ٹانکا TaaN-ka(a): (ار، اند) سیون، سلائی، سوئی دھاگے کا ایک دفعہ کپڑے میں سے نکالنا، زخم کا ایک مرتبہ کا بخیہ، دھات جوڑنے کا مسالہ۔ (دکن) وہ جوہڑ یا تالاب جس سے برساتی پانی پینے کے لیے جمع کر لیتے ہیں۔ کیل، میخ، لوہے کا بیلن، پیوند، جوڑ (کپڑے وغیرہ کا)

ٹانکنا TaaNk-na(a): (ار، مص) سینا، ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے ملا کر ٹانکا بھرنا، کپڑے میں موتی، لچکا، بنت وغیرہ سوئی دھاگے سے لگانا، جوڑنا، چسپاں کرنا، جھالنا، نقش کرنا۔ درج کرنا، زخم سینا۔

ٹانکی TaaN-ki(i): (ھ، مث) سنگتراشوں کا ایک اوزار، چھینی، خربوزے وغیرہ کی پھانک جس سے پختگی کی کیفیت معلوم ہوتی ہے سوراخ، چھید، ایک قسم کا پھوڑا، آتشک یا سوزاک کا زخم، دندانہ، آرے کا دانتا، چوبی یا آہنی ظرف جس میں پانی بھر کر رکھتے ہیں۔

ٹانکی لگانا TaaN-kii la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) خربوزے تربوز وغیرہ کو تراش کر پختگی کی کیفیت معلوم کرنا، سوراخ کرنا۔

ٹانگ TaaNg: (ار، اسف) لات، ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصہ، دلالوں کی اصطلاح میں چوتھا حصہ، چہارم۔

ٹانگا TaaN-ga(a): (ھ، اند) ایک قسم کی دو پہیے کی گاڑی، جو گھوڑے سے چلتی ہے۔ اس میں عموماً چار سواریاں بیٹھتی ہیں۔

ٹانگن TaaN-gan: (ھ، مذ) پہاڑی ٹٹو، نہایت تیز رفتار اور پستہ قد ٹٹو۔

ٹانگنا TaaNg-na(a): (ار، مص) لٹکانا، آویزاں کرنا، پھانسی دینا۔

ٹاور Taa-var: (انگ، مذ) Tower برج، مینار، لاٹھ۔

ٹائپ Taa-ip: (انگ، مذ) Type چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف، چھاپ، ٹھپا، انداز، وضع قطع۔

ٹائٹل Taa-ii-Tal: (انگ، اند) (Title) کتاب کا پہلا ورق، سرورق جس پر نام وغیرہ لکھا ہوتا ہے، نام، خطاب عنوان۔

ٹائر Taa-yar: (انگ، مذ) (Tyre) موٹر یا سائیکل وغیرہ کے پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ کا خول جس کے اندر ٹیوب ہوتی ہے۔

ٹائی Taa-i(i): (انگ، اسف) (Tie) نکٹائی کا مخفف، وہ فیتہ جو زینت کے لیے گلے میں باندھا جاتا ہے اور انگریزی لباس کا جزو ہے۔

ٹائیں ٹائیں فش Taa-aiN-Taa-aiN-fish: (ار، مثل) زبانی جمع خرچ بہت نتیجہ کچھ نہیں۔

ٹ۔ب

ٹب Tab: (انگ، اند) (Tib) لوہے یا لکڑی کا بڑا سا برتن

جس میں بیٹھ کر نہاتے یا کپڑے دھوتے ہیں، ناند۔

ٹ۔پ

ٹپ Tap: (ار، مذ) تانگے یا بگھی وغیرہ کا سائبان جو دھوپ یا بارش کے وقت بچاؤ کے کام آتا ہے، ٹپکنے کی آواز، خیمے کی دو تھوں میں سے ایک۔

ٹِپ Tip: (انگ، مذ) Taxi، انعام جو قلی، بیرے یا چپراسی وغیرہ کو دیا جاتا ہے۔

ٹپ ٹپ/ٹپاٹپ Tap Tap: (ار، مست) کسی چیز کے ٹپکنے یا آنسو گرنے کی آواز۔

ٹپا Tap-pa(a): (ھ، اند) فاصلہ، زد، گولی یا تیر کی حد جہاں وہ جا کر گرے، گانے کا ایک انداز۔ (دکن) ڈاکخانہ، کود پھاند، پرگنہ کا حصہ، پڑاؤ، منزل، مرحلہ، مقام۔

ٹپانا Ta-paa-na(a): (ار، مس) کدانا، چھلانگ لگوانا، کسی چیز کی اُمید میں دوڑانا

ٹپٹپانا Tap-Ta-paa-na(a): (ار، مس) ٹپکنا، قطرہ قطرہ گرنا۔

ٹپس Tips: (ھ، اسٹ) تھوڑا سا تعلق، ذرا سا وسیلہ، مضبوط قدم، اڈا، وجہ، بنیاد بننا۔

ٹپک پڑنا Ta-pak paR-na(a): (ار، محاورہ) مائل ہو جانا، پختہ پھل زمین گرنا، کودنا، ضبط نہ کر سکنا، پھسل پڑنا، اچانک آ دھمکنا، رسنا، مقطر ہونا، ظاہر ہونا، نظر آنا۔

ٹپکا Tap-ka(a): (ھ، اند) پانی یا آنسوؤں کے قطروں کا پیہم ٹپکنا، آم کا پھل پک کر زمین پر از خود شاخ سے گر پڑتا ہے۔ دھبا، لگا ہو رنگ، گرا ہوا، جو دوسروں کی باتوں میں دخل دے۔ ٹھگوں کی اصطلاح میں پیتل کا کڑا جسے سڑک پر ڈال کر گھات میں بیٹھ جاتے ہیں۔ اگر کوئی سادہ لوح راہگیر اُسے اٹھائے تو اس کے پاس جا کر حصہ دار بن کر اس سے کچھ وصول کر لیتے ہیں۔

ٹپکانا Tap-kaa-na(a): (ھ، مس) دیکھیے 'ٹپکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

ٹپکاؤ Tap-kaa-uu: (ار، مذ) ٹپکنے کا عمل، تقطیر، عرق کشی۔

ٹپکنا Ta-pak-na(a): (ار، مس) چونا، رسنا، قطرہ قطرہ گرنا، ترشح ہونا، چھننا، نچڑنا، عرق نکلنا، پھل کا پک کر درخت سے گرنا، ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، سوچتے وقت بے تکلف کوئی مضمون یا شعر سوجھنا۔

ٹ۔ٹ

ٹٹ پونجیا TaT-puunj-ya(a): (ار، صف) تھوڑی پونجی والا، تھوڑے سرمائے والا، دیوالیا، یعنی ایسا شخص جس کے پاس پونجی نہ ہو۔

ٹٹری TaT-ri(i): (ھ، سٹ) ٹٹی، ڈھانچ، کھوپڑی، چندیا۔

ٹٹو TaT-Tu(u): (ھ، اسٹ) چھوٹا گھوڑا، لیر (ٹائر) زور، طاقت، قابو، سٹ: ٹٹوانی

ٹٹول Ta-Tol: (ار، سٹ) ہاتھ سے چھونا یا مس کرنا، تلاش، جستجو۔

ٹٹولنا Ta-Tol-na(a): (ار، مس) ہاتھ سے محسوس کرنا، تلاش کرنا، چھو کر معلوم کرنا، عندیہ لینا، ہاتھ پھیرنا، خفیہ طور پر دریافت کرنا، امتحان کرنا، آزمانا، پرکھنا۔

ٹٹی TaT-Ti(i): (ار، اسٹ) بانس یا سرکنڈوں کا بنا ہوا چھوٹا چھپر۔ پردہ، اوٹ، بانس وغیرہ کا وہ ڈھانچہ جس پر بیل چڑھاتے ہیں، خس کا چھپر آتش بازی کی دیوار، شکار کھیلنے کی آڑ، بانس کا ٹھاٹھر جس پر چراغ رکھ کر

روشنی کرتے ہیں، مہندی وغیرہ کی باڑ جو پردے کے طور پر لگاتے ہیں۔ آرائش جو بیاہ شادیوں میں لے جاتے ہیں۔ پاخانہ، جائے ضرورت۔

ٹ۔چ

ٹچا Tuch-cha(a): (ہ، صف) کم ظرف، تنگ دل، کم حوصلہ، اوچھا، شیخی خورہ، پاجی مث: ٹچی اٹوچی

ٹ۔خ

ٹخ ٹخ TaK TaK: (ار، مث) گھوڑے گدھے کو ہانکنے کی آواز، ٹچکاری

ٹخنا TaK-na(a): (ار، مذ) پاؤں اور پنڈلی کے جوڑ کی اُبھری ہوئی ہڈی یا گٹا۔

ٹ۔ڈ

ٹڈا TiD-Da(a): (ار، مذ) ایک قسم کا پردار کیڑا جو عموماً آک کے پودے پر ہوتا ہے۔

ٹڈی TiD-Di(i): (ار، مث) ٹیڑی، ملخ، ایک پردار کیڑا جو فصلوں کو تباہ کرتا ہے۔

ٹڈی دَل TiD-Di(i) dal: (ار، اند) ٹڈیوں کا بڑا گروہ، بہت ہجوم، بھیڑ بھاڑ۔

ٹ۔ر

ٹر Tar: (ار، اسث) مینڈک کی آواز، پوچ بات، بیہودہ بات، ہٹ، ضد، شیخی، بڑائی، ایک قسم کا بڑا ہنگا، عید کے دوسرے دن لگنے والا میلہ۔

ٹرٹر Tar-Tar: (ار، اسث) مینڈک کی آواز، بک بک جھک جھک، کائیں کائیں، گستاخی۔

ٹرٹرانا Tar-Ta-raa-na(a): (ار، مص) بک بک کرنا، بکواس کرنا، رونا، جھینکنا، مینڈک کا بولنا۔

ٹرا Tar-ra(a): (ار، صف) بدمزاج، شریر، سرکش، سخت کلام، اسم کیفیت، مذ: ٹرا پن۔

ٹرانا Tar-raa-na(a): (ار، مص) سخت کلامی کرنا، بڑبڑانا، گستاخی کرنا

ٹرولی Ti-rau-li(i): (انگ، اسث) (Trolley) وہ ٹھیلا یا گاڑی جس کو ریل کی لائن پر چلاتے ہیں۔ پھیری والوں کا ٹھیلا، وہ چرخی جس سے بجلی کے تار کو لگ کر ٹرام وغیرہ چلاتے ہیں۔ وہ پہیوں والی میز جس پر چائے وغیرہ کا سامان۔

ٹ۔س

ٹسر Ta-sar: (ار، مث) کچا ریشم، ایک ادنیٰ قسم کا ریشم اور اس کا کپڑا۔

ٹسری Tas-ri(i): (ار، اسث) ٹسر سے بنا ہوا کپڑا۔

ٹسوے Tus-vey: (ار، اند) جھوٹ موٹ کے آنسو (افعال: بہانا)

ٹ۔ف

ٹفن Ti-fan: (انگ، مذ) Tiffin، دوپہر کا کھانا۔

ٹ۔ک

ٹِک Tik: (انگ، صف، مث) (Tick) گھڑی کی آواز، گھڑی کی آواز سے مشابہ آواز۔

ٹک Tuk: (ار، صف و متعلق فعل) ذرا، کچھ، تھوڑا سا، ذرا سی دیر کے لیے (اب متروک ہے)

ٹکا Ta-ka(a): (ار، مذ) دو پیسے، دو پیسے کا سکہ، روپیہ، نقدی۔

ٹکا سا جواب Ta-kaa saa ja-vaab: (ار، محاورہ)

صاف جواب دینا، قطعی انکار کر دینا۔

ٹِکانا Ti-kaa-na(a): (ار، مص) سہارا لینا، بوجھ اُتارنا، روکنا، ٹھہرانا، مکان یا سرائے میں جگہ دینا، ٹھہرانا، مارنا، لگانا، کسی چیز کے سہارے سے کھڑا ہونا۔

ٹکاؤ Ti-kaa-uu: (واو مجہول) (ار، مذ) ٹھہراؤ، قیام، قرار، ٹھکانا۔

ٹکائی Ti-kaa-ii: (ار، معاوضہ، مث) ٹھہرنے کا کرایہ۔

ٹِکٹ Ti-kiT: (انگ، مذ) (Ticket) ڈاکخانے یا عدالت کا چھوٹا سا مہر لگا ہوا کاغذ کا وہ موٹا سا چھپا ہوا ٹکڑا جو ریل گاڑی یا جہاز میں سفر کرنے کے لیے کرایہ ادا کرنے پر ملتا ہے۔ کھیل تماشے یا نمائش وغیرہ میں داخل ہونے کا اجازت نامہ جو قیمت ادا کرنے پر ملتا ہے۔ سوداگری کے مال کا پرچہ جس پر کارخانہ کا نام لکھا ہوتا ہے۔ الیکشن یا انتخاب میں اُمیدوار کھڑا ہونے کے لیے کسی سماجی جماعت کا اجازت نامہ۔ (افعال: دینا، لینا، ملنا)

ٹِکٹِکی Tik-Ti-ki(i): (ار، مث) تاک، نظر نظارہ، کسی کی طرف غور یا حیرت سے تکنا، آنکھیں انتظار میں کھلی رہنا، ایک لکڑی جس پر مجرموں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر بید یا کوڑے مارے جاتے ہیں۔

ٹکر Tak-kar: (ہ، مث) دھکا، صدمہ، ٹھوکر، دو چیزوں کا ٹکراؤ، ماتھے/پیشانی پر ماتھے/پیشانی کا مارنا، مقابل، برابر، ہمسر، نقصان، ضرر، گھاٹا، ٹوٹا، مقابلہ، مڈبھیڑ، برابری، ہمسری۔

ٹکر کھانا Tak-kar khaa-na(a): (ار، محاورہ) لڑ جانا، مڈبھیڑ، صدمہ اٹھانا، ضرب کھانا، نقصان اُٹھانا، مقابلہ کا ہونا، ہم پلہ ہونا۔

ٹکر لینا Tak-kar le-na(a): (ار، محاورہ) مقابلہ کرنا، ہمسری کرنا، پہلوانوں کا ایک دوسرے کو پیشانی سے مارنا، ہاتھیوں کا باہم ٹکرانا، مینڈھوں کا ٹکر سے لڑنا، صدمہ سہنا، چوٹ سہارنا۔

ٹکرانا Tak-raa-na(a): (ار، محاورہ) ٹکر لگنا، لڑ جانا، بھڑ جانا، کسی چیز سے سر مارنا، ٹکر لگانا، ڈھونڈنا، تلاش کرنا، ڈانوا ڈول ہونا۔

ٹکر ٹکر Tu-kar Tu-kar: (ار، متعلق فعل) حیرت سے، شوق سے۔

ٹکڑخور Tu-kaR Kor: (ہ، ف، صف) وہ شخص جو دوسرے کی روٹی کے ٹکڑوں پر گزارا کرے، طفیلیہ، لقمہ جو، ملازم، خادم۔

ٹکڑا Tuk-Ra(a): (ہ، مذ) حصہ، لخت، جزو، ریزہ، پرزہ، پھانک، کھنڈ، روٹی، رزق، روزی، روٹی کا نوالہ، لقمہ، تقسیم، کسر۔

ٹکڑا دینا Tuk-Ra(a) de-na: (ار، محاورہ) روٹی دینا، رزق دینا، وظیفہ مقرر کرنا۔

ٹکڑوں پر پڑنا Tuk-RauN par paR-na(a): (ار، محاورہ) دوسروں کی مفت روٹیاں کھانا۔

ٹِکڑی Tik-Ri(i): (ہ، مث) چھوٹی روٹی، ایک درخت۔

ٹکڑی Tuk-Ri(i): (ہ، مث) شیشے یا آئینے کا ٹکڑا، کبوتروں کا پرا، پرندوں کا غول، گروہ، جتھا، جماعت، فوج کا حصہ، کپڑے کا تھان، جواریوں کا مجمع جو جُوا کھیلنے کے لیے اکٹھا ہوا ہو، کاتک شدی پورن، تاشی کے تھان کا میلہ۔

ٹِکس Tiks: (انگ، مذ) بگاڑ، محصول، لاگ، لگان، مال گزاری۔

ٹکسال Tak-saal: (ہ، مث) سکہ بنانے کی جگہ / کارخانہ / دارالضرب۔

ٹکسال باہر Tak-saal baa-har: (ار، صف) وہ

سکہ جو ٹکسال میں نہ بنا ہو، کھوٹا جعلی سکہ، غیر مستند، غیر معتبر، متروک، وہ شخص جو کسی فن میں کسی معتبر استاد کا شاگرد یا پیرو نہ ہو، وہ محاورہ جو اہلِ زبان نہ بولتے ہوں۔

ٹکسالی (Tak-saa-li(i: (ار،صف) ٹکسالی ضرب لگا ہوا، کھرا، اصلی، درست جانچا ہوا، آزمودہ، فصیح، مستند، رائج، مانا ہوا۔

ٹِکلی (Tik-li(i: (ہ،اسث) ماتھے کا ایک زیور، ٹیکا، دھات کا چھوٹا سا گول ٹکڑا، چھوٹی سی روٹی، بندی، ماتھے کا ستارہ۔

ٹِکنا (Tik-na(a: (ار،مص) ٹھہرنا، رُکنا، خودکش ہونا، اُترنا، قیام کرنا، صبر کرنا، تحمل کرنا۔

ٹکنا (Tak-na(a: (ار،مص) سیا جانا، ٹانکا جانا، ٹنکنا، گوٹا، موتی مقیش وغیرہ لگنا، پرویا جانا۔

ٹکوا (Tak-va(a: (ہ،امذ) چارہ کاٹنے کا اوزار (ٹوکا)

ٹکوانا (Tak-vaa-na(a: (ار،مص) دیکھیے 'ٹکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

ٹکور Ta-kor: (ہ،اسث) ہلکی چوٹ یا دھکا، ٹھیس، سینک، بھوسی ریت وغیرہ کی پوٹلی کو گرم کر کے سینکنا۔ گرم کپڑا بار بار رکھنا، چلتس، نوبت، نقارے کی صدا، ٹنکار (افعال: کرنا، دینا، ہونا)

ٹکورا (Ta-ko-ra(a: (ہ،امذ) چھوٹا کچا آم، کیری، چھوٹی کلہاڑی، چٹکی، ڈنکا، نوبت، ڈھول یا نقارہ کی آواز۔

ٹِکی (Tik-ki(i: (ار،اسث) چھوٹی روٹی، ٹکیا، رسوخ، تعلق، گزارا، تھوڑی آمدنی، کم آمدنی۔

ٹکے کی اَوقات :ta-ke-kii-au-qaat (ار،سث) کم حیثیتی، مفلسی، ذلت۔

ٹِکیا (Tik-ya(a: (ار،سث) چھوٹی روٹی، قرص، چکتی، وہ روٹی جو چھوٹے بچے تھوڑے آٹے سے پکاتے ہیں، تمباکو کی گولی جو چلم میں رکھ کر پیتے ہیں۔ پیشانی، ٹلڈی، پسی کٹی ہوئی دواؤں کا قرص جو چوٹ وغیرہ پر باندھتے ہیں۔

ٹ۔ل

ٹل جانا (Tal-jaa-na(a: (ار،مص) جگہ سے ہٹنا، کسی کام سے باز رہنا، ہٹ جانا، اِدھر اُدھر ہو جانا، غائب ہو جانا، چشم پوشی کرنا، بھاگ جانا، گزر جانا، بیت جانا، آہستہ آہستہ کھسک جانا/چلا جانا۔

ٹلانا (Ta-laa-na(a: (ہ،مص) دیکھیے 'ٹلنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

ٹلنا (Tal-na(a: (ار،مص) دیکھیے 'ٹل جانا' جو اس کی تکمیل ہے۔

ٹلوا (Til-va(a: (ہ، صف مذ) گرہ دار ٹیڑھی لکڑی، سر مونڈنے کا اُسترہ۔ خوشامدی، چاپلوسی، چھوٹے قد کا ٹھگنا، بازی گروں کی اصطلاح میں بے وقوف، احمق۔

ٹلیا (Til-ya(a: (ہ،سث) چوزہ، پٹھہ، مرغی کا بچہ، چھوٹی مرغی طنزاً موٹی نوجوان عورت۔

ٹ۔م

ٹمبر Tam-bar: (انگ،اسث) عمارتی لکڑی، شہتیر، Timber

ٹمپریچر Temperature :Taimp-re-char درجہ حرارت، گرمی اور سردی کی کیفیت یا درجہ۔

ٹمٹم Tam-Tam: (ار، اسث) انگریزی لفظ (Tanctem) کا مورد ایک دو پہیے کی گاڑی جو گھوڑے سے چلتی ہے، دو سواری آگے اور چار پیچھے

بیٹھتی ہیں۔

ٹمٹمانا Tim-Ti-maa-na(a): (ار، مص) ستاروں کی طرح روشنی دینا، جھلملانا، کم کم روشنی دینا، چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا۔

ٹمٹماہٹ Tim-Ti-maa-haT: (ہ، مث) ہلکی روشنی، جھلملاہٹ۔

ٹ۔ن

ٹن Tan: (ہ، اسث) گھنٹے کی آواز، جھنکار، کسی دھات کے برتن کی آواز۔

ٹن Tan: (انگ مذ) (Ton) ایک انگریزی وزن جو 20 ہنڈر ویٹ 80، کوارٹر یا 2240 پونڈ یا 28 من کے برابر ہوتا ہے۔

ٹِن Tin: (انگ، اسث) (Tin) ایک ملائم دھات کا نام قلعی، وانگ، لوہے کی پتلی چادر جس پر قلعی ہوتی ہے۔

ٹن ٹن Tan Tan: (ہ مث) گھنٹے کی آواز، دھات کے برتن کی آواز (فعال: کرنا، ہونا)

ٹنٹا Tan-Ta(a): (ہ، مذ) جھگڑا، فساد، لڑائی، تکرار، ردّوکد۔

ٹنٹا Tun-Ta(a): (ہ، صف) (دہلی) ٹنڈا، بے ہاتھ آدمی، ہاتھ کٹا۔

ٹنڈ TunD: (ہ، اند) کٹا ہوا ہاتھ، کٹی ہوئی درخت کی ٹہنی، ہاتھ کا وہ حصہ جو کٹنے کے بعد رہ جائے، موٹی لکڑی جس میں شاخیں نہ ہوں، کٹی ہوئی دُم۔

ٹنڈا Tin-Da(a): (ہ، اسث) ایک قسم کی گول ترکاری۔

ٹینڈر Tain-Dar: (انگ، اند) (Tender) ٹھیکے کی درخواست جس پر نرخ کی تفصیل دی ہوئی ہو۔ (افعال: بھیجنا، دینا، مانگنا، لینا)

ٹنڈیاں TunD-yaaN: (ہ، اسث) آدمی کے دونوں بازو (افعال: باندھنا، کسنا)

ٹنکار Tan-kaar: (ہ، اسث) تانت کی آواز یا غلیل کی آواز، آواز، جھنکار۔

ٹنکانا Tan-kaa-na(a): (ہ، مص) دیکھئے 'ٹانکنا' جس کا یہ متعدی ہے (سینا پرونا)

ٹنکنا TaNk-naa: (ہ، مص) سیا جانا، ٹانکنا کا لازم۔

ٹنگڑی Tang-Ri(i): (ار، اسث) دیکھئے 'ٹانگ' جس کی یہ تصغیر ہے۔

ٹنگیانا Tang-yaa-na(a): (ار، مص) گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

ٹ۔و

ٹوپ Top: (ار، اند) ٹوپی کا اسم مکبر، بڑی ٹوپی جس سے کان ڈھک جاتے ہیں۔ سردیوں میں پہننے کی روئی والی بڑی ٹوپی، لوہے کی ٹوپی، خود، مغفر، غلاف، پوشش، انگشتانہ۔

ٹوپا To-pa(a): (ار، اند) ٹانکا، سیون، سلائی، ٹوپ، کن ٹوپ۔

ٹوپنا Top-na(a): (ار، مص، ق) مٹی ڈال کر چھپانا، دفن کرنا، درخت یا درخ کی شاخ زمین میں لگانا، لٹکانا، آویزاں کرنا، کچی سلائی کرنا، ٹھونسنا۔

ٹوپی To-pi(i): (ار، اسث) سر کی پوشش، کلاہ، بندوق کا پٹاخا، شکاری جانوروں کے منہ پر چڑھانے کی تھیلی۔

ٹوپی اُتارنا To-pii u-taar-na(a): (ار، محاورہ) ٹوپی سر سے الگ کرنا، بے عزتی کرنا، توہین کرنا، بے عزتی کرنا سر ہونا۔

ٹوپی چڑھانا To-pii cha-Rhaa-na(a):

(ار، محاورہ) کسی کے سر پر ٹوپی رکھنا۔

ٹوٹ TuuT: (ار، امث) پھوٹ، ٹوٹن، شکستگی، وہ عبارت یا رہا ہوا فقرہ جو تصحیح کرتے وقت حاشیہ پر چڑھا دیتے ہیں۔

ٹوٹ پڑنا TuuT paR-na(a): (ار، محاورہ) کسی کام میں پوری طرح لگ جانا، حملہ کرنا، دھاوا کرنا، پل پڑنا، بہت خواہش ظاہر کرنا، کسی چیز کے خریدنے یا لینے پر ہجوم کرنا۔

ٹوٹ پھوٹ TuuT-phuuT: (ار، امث) ٹوٹن پھوٹن، شکستگی، چورا چھانٹ، ریزہ، ریزکاری۔

ٹوٹ کر / کے TuuT kar-ke: (ار، متعلق فعل) شدت سے، کثرت سے، بڑی کوشش سے، کسی ایک کی طرف سے قطع تعلق کرکے۔

ٹوٹا Tuu-Ta: (ار، صف، مفعولی) ٹوٹا ہوا، پھوٹا ہوا، شکستہ، مرمت طلب مضمحل، خستہ، مث: ٹوٹی

ٹوٹا پھوٹا Tuu-Taa phuu-Taa: (ار، صفت) ناقص، شکستہ، ادنیٰ درجہ کا، نامکمل مث: ٹوٹی پھوٹی۔

ٹوٹا Tuu-Ta(a): (واؤ مجہول سے) (ار، اند) نقصان، گھاٹا، خسارہ، کمی توڑا، معاوضہ، تاوان، بانس کا ٹکڑا، موم بتی کا بچا ہوا ٹکڑا، ایک قسم کی آتش بازی، چاول چورا، کنی۔

ٹوٹکا ToT-ka(a): (ار، اند) جادو، افسوں، ٹونا، جنتر منتر، وہ جتن جو عورتیں کسی مرض کے رفع یا کسی مطلب کے حصول کے لیے کرتی ہیں (افعال: کرنا)

ٹوٹنا TuuT-na(a): (ار، مص) شکستہ ہونا، ٹکڑے ہونا، کسی پر ہجوم کرنا، مل کر حملہ کرنا، جھکنا، گرنا، زور شور سے مائل ہونا، علیحدہ ہونا، جدا ہونا، اکھڑنا، گواہ کا مخالف سے مل جانا، کم ہونا، تہ نکل جانا، پھوٹنا، نہر یا نالی کے اندر سے پانی باہر نکل آنا، کمی ہونا، قلت ہونا، کمزور ہونا، طاقت نہ رہنا، اعضا شکنی ہونا، گھٹنا، اترنا، تباہ ہونا، برباد ہونا، چھٹنا، زیر بار ہونا، نرخ کم ہونا، ہجوم ہونا، کسی کی رفاقت سے علیحدگی اختیار کرنا، روزہ یا وضو کا فاسد ہو جانا، موت آنا، زندگی ختم ہو جانا۔

ٹوڈی To-Di(i): (انگ، صف) Tody، خوشامدی، کاسہ لیس، جی حضوری۔

ٹوڈی / ٹوڑی To-Ri(i): (ہ، امث) ایک سات سر کی راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

ٹوسا Tuu-sa(a): (ہ، اند) آک کا پھل، ڈوڈا، جوار باجرے کا خوشہ، ریشہ، پھوسڑا، انس۔

ٹوسٹ TosT: (انگ، اند) Toast، ڈبل روٹی کا ٹکڑا، توس، جام صحت۔

ٹوک Tok: (ہ، امث) نظر گزر، نظر بد، مزاحمت، ممانعت، روک، تعرض، پوچھ گچھ۔

ٹوک ٹال Tok-Taak: (ہ، امث) روک، مزاحمت، پوچھ گچھ، دیکھ بھال۔

ٹوک دینا Tok-de-na(a): (ہ، امث) ٹوکنا، روکنا، روک ٹوک کرنا، غلطی جتا دینا، آنے جانے سے روک دینا، ہوتے ہوئے کام میں دخل انداز ہونا۔

ٹوکرا Tok-ra(a): (ار، اند) بانس، جھاؤ یا توت کی پتلی شاخوں سے بنا ہوا کھانچا، چھبڑا، چھوٹی کشتی، پچیسی کی ہاری ہوئی بازی، تصغیر مث: ٹوکری۔

ٹوکن To-kan: (انگ، اند) Token، نشان، لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس پر نمبر ہوتے ہیں۔ اور شناخت کے لیے دیتے ہیں۔

ٹوکنا Tok-na(a): (ار، مص) روکنا، تعرض کرنا، مزاحمت کرنا، پوچھنا، دریافت کرنا، ایک پہلوان کا دوسرے پہلوان کو لڑنے کا پیغام دینا، نظر لگانا، حسد کرنا، آنے جانے والوں سے پوچھنا۔

ٹول Tol: (انگ، اند) (Toll) سڑک کا محصول، چنگی۔
ٹولا To-la(a): (ھ، اند) لوگوں کے رہنے کی جگہ، محلّہ، سنگ ریزہ، بڑی کوڑی، گروہ، مجمع، ضرب کا نشان، نیل۔
ٹولی To-li(i): (ار، اند) گروہ، جتھا، غول، جماعت۔
ٹونا Tau-na(a): (ھ، اند) جادو، منتر، شادی کے موقع کا ایک گیت۔
ٹونٹی TauN-Ti(i): (ھ، مسث) لوٹے وغیرہ کی نلی جس سے پانی نکلتا ہے۔
ٹونگنا Tuung-na(a): (ھ، مص) تھوڑا تھوڑا کھانا، ایک ایک دانہ اُٹھا کر منہ میں ڈالنا۔
ٹوہ Toh: (ار، مسث) تلاش، کھوج (افعال: رکھنا، لگانا، لینا)
ٹوہنا Toh-na(a): (ار، مص) ڈھونڈنا، تلاش کرنا، کھوج لگانا، ہاتھ لگانا، چھیڑنا۔
ٹوئیاں Tuy-yaaN: (ھ، صف) پست قد، بونا، ایک چھوٹا طوطا۔

ٹ ۔ ہ

ٹہل Tahl: (ار، مسث) خدمت گزاری، بندگی، غلامی، گشت، چہل قدمی، ٹہلنا۔
ٹہل جانا Ta-hal-jaa-na(a): (ار، محاورہ) چلا جانا، ٹل جانا، بھاگ جانا، مرجانا۔
ٹہل کرنا Ta-hal-kar-na(a): (ار، مص، مرکب) خدمت کرنا، سیوا کرنا، آرام پہنچانا۔
ٹہلانا Teh-laa-na(a): (ار، مص) چہل قدمی کرانا، گرمائے ہوئے گھوڑے کو آہستہ آہستہ پھیرا دینا، تاکہ وہ ٹھنڈا ہو جائے، ٹالنا، ہٹانا، اُڑانا، غائب کرنا، خارج کرنا۔
ٹہلنا Ta-hal-na(a): (ار، مص) آہستہ آہستہ پھرنا، چہل قدمی کرنا، گشت کرنا۔
ٹہلوانا Ta-hal-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'ٹہلانا' جس کا یہ متعدی ہے۔
ٹہنا Tah-na(a): (ار، اند) موٹی اور بڑی شاخ، درخت کا گدّا۔
ٹہنی Tah-ni(i): (ار، مسث) شاخ، ڈالی، ٹہنا کی تصغیر۔
ٹہوکا Ta-ho-ka(a): (ار، اند) دھکا، خفیف سا اشارہ جو اُنگلی یا بازو سے چھیڑ کر کیا جاتا ہے۔ ہلکی ضرب، ہلکا دھکا، کہنی مارنا، انکس مارنا، ہلانا۔
ٹہوکا دینا Ta-ho-ka de-na(a): (ار، محاورہ) ہاتھ پاؤں سے ہلکا دھکا دینا، انگلی مار کر اشارہ کرنا، ہوشیار کرنا، جگانا، بیدار کرنا۔

ٹ ۔ ھ (ٹھ)

ٹھا Tha(a): (ھ، مسث) جگہ، مکان، مقام، مدہم آواز، درمیانے درجہ کی آواز، گویوں کی اصطلاح میں دون سے نصف آواز
ٹھاٹ / ٹھاٹھ ThaaT: (ھ، اند) فیشن، ڈھنگ، ناز و انداز، طور طریقہ، ڈول، شان و شوکت، کروفر، آن بان، دبدبہ، رعب داب، بھڑک، جاہ و حشم، جاہ و جلال، لاؤ لشکر، سجاوٹ، آرائش، چراغاں، بہتات، افراط، کثرت، فراوانی، ہجوم، زیادہ تعداد میں ہونا، ہنگامہ، دھوم دھام، ساز و سامان، تکلفات، اسباب، مال و متاع، لوازم زندگی، فرنیچر، سامانِ آرائش، اسکیم، پلان، منصوبہ، بندوبست، تجویز، تدبیر، انتظام، تراش، وضع، سانچا، فریم، ٹھاٹر، بانس کا چوکھٹا جس پر چھپر رکھتے ہیں۔ پنجر، ڈھانچہ، پٹے بازوں کا پینترا۔

(چوٹ لگانے یا پیٹنے کا انداز) مرغ کی چال ڈھال، جب وہ اپنے مقابل سے بھڑنے کے لیے قدم اٹھاتا ہے، آرام و آرائش، ستار نواز کا ستار کی کھونٹیاں کسنا، راگ کا خاص انداز، اہم مشترکہ سر رکھنے والے راگ راگنیوں کا گروہ۔

ٹھاٹر Thaa-Tar: (ار، مذ) بانس کا ڈھانچہ، ٹٹی، کبوتروں کے رہنے کا جال، روشنی کرنے کی ٹٹی۔

ٹھاٹھیں مارنا Thaa-ThaiN maar-na(a): (ار، محاورہ) پانی کا اونچی اونچی پرشور موجیں مارنا۔

ٹھاکر Thaa-kur: (ھ، اذ) دیوتا، ایشور، دیوتا کی مورت، مالک دار، زمیندار، راجپوت، نائی، حجام، عزت و احترام کا لفظ جیسے جناب، صاحب، دولت مند، مال دار۔ مث: ٹھاکرائی، ٹھکرائن۔

ٹھاننا Thaan-na(a): (ار، مص) پکا ارادہ کرنا، منصوبہ باندھنا، نیت کر لینا، عزم بالجزم کرنا، قرار دینا

ٹھائیں ٹھائیں Thaa-eN Thaa-eN: (ھ، مث) بندوق کے فیروں کی لگاتار آواز، ڈھول کی آواز، (افعال: کرنا، ہونا)

ٹھپا Thap-pa(a): (ھ، اذ) دھات کا بنا ہوا چھاپا، نقش کرنے، چھاپنے یا نشان لگانے کا آلہ، سکہ، نقش، مہر، بھرا ہوا نقش، ڈائی، سانچا، قالب، ایسا نشان جو ہاتھ یا پنجے سے لگایا جائے، چوڑا گوٹا یا لیس۔

ٹھٹ / ٹھٹھ ThaT: (ھ، اذ) ہجوم، بھیڑ۔ (اژدحام، جمگھٹ، انبوہ)

ٹھٹا / ٹھٹھا ThaT-Ta(a): (ھ، اذ) ہنسی، مذاق، چہل، آسان کام، قہقہہ (افعال: اڑانا، مارنا، لگانا)

ٹھٹر / ٹھٹھرنا Thi-Thar-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'ٹھٹرنا / ٹھٹھرنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

ٹھٹرنا / ٹھٹھرنا Thi-Tar-na(a): (ار، مص) سردی کی شدت سے بے سدھ ہو جانا، یخ ہو جانا، بڑھنے نہ دینا،

ٹھٹک / ٹھٹھک Thi-Tak: (ھ، مث) ٹھہراؤ، رکاوٹ، نیز دیکھئے 'ٹھٹکنا' جس کا اسم کیفیت ہے۔

ٹھٹکنا / ٹھٹھکنا Thi-Tak-na(a): (ار، مص) چلتے چلتے رُک جانا، حیرت یا خوف کی وجہ سے ٹھہر جانا، اٹک ہو جانا۔

ٹھٹول / ٹھٹھول Tha-Thol: (ار، صف) خوش طبع، مسخرا۔ (مث) ہنسی، ظرافت، مذاق۔

ٹھٹے / ٹھٹھے باز ThaT-Te baaz: (ھ، ف، صف) ہنسوڑ، مسخرا، خوش طبع، ظریف، اسم کیفیت مث: ٹھٹے / ٹھٹھے بازی

ٹھٹیرا / ٹھٹھیرا Tha-Te-ra(a): (ھ، مذ) پیتل تانبے کے برتن بنانے یا بیچنے والا۔

ٹھڈا Tha D-Da(a): (ار، مذ) پتنگ کے بیچ کی موٹی تیلی، ریڑھ کی ہڈی، تین دیہات کی حد کا نشان۔

ٹھڈی ThuD-Di(I): (ار، مث) ٹھوڑی، بھنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھلا نہ ہو۔

ٹھر Thir: (ار، مث) سخت سردی، پالا، انتہائی ٹھنڈ۔

ٹھرا Tar-ra(a): (ار، مث) گھٹیا دیسی شراب، انگیا کے بند یا تنی، وہ اینٹ جو اچھی طرح پکی نہ ہو، ایک قسم کا گنوارو جوتا، سوت کی رسی، دیسی اور سستی شراب۔

ٹھس / ٹھس Thas Thus: (ار، صف) ٹھوس، پر مغز، نگر، بوجھل، نکما اور سست آدمی، کودن، کند ذہن، وہ آواز جس میں جھنکار نہ ہو، پتنگ کے اُوپر نیچے کے کندھے برابر نہ ہونا، (مث) بندوق کی آواز، ایک جگہ بیٹھا رہنے والا، اسم کیفیت مث: ٹھس پن

ٹھساٹھس Tha-Ta-Thas: (ار، صف) کھچا کھچ، بہت بھرا ہوا، ٹھونس ٹھونس کر بھرا ہوا۔

ٹھسا دینا Thu-saa-de-na(a): (ار، محاورہ) زیادہ کھلا دینا، اتنا کھلا دینا کہ ہضم نہ ہو سکے۔

ٹھسک Tha-sak: (ار، مث) کھانسی کی آواز، خشک کھانسی، ہلکی ضرب، شان و شوکت، دھوم دھام، تزک، بھڑک، نخرے، تکبر، غرور۔

ٹھسا Thas-sa(a): (ار، مذ) گھمنڈ، غرور، تمکنت، تکبر، خاص انداز، نخرہ، زیب و زینت۔

ٹھسکا Thas-ka(a): (ار، مذ) کھانسی کی آواز، تھوڑی تھوڑی کھانسی ۔

ٹھسکی Thus-ki(i): (ار، مث) پھسکی، وہ گوز جس میں خفیف آواز نکلے۔

ٹھکانا Thi-kaa-na(a): (ار، مص) گھر، منزل، مقام، پتہ، نشان، سراغ، اعتبار، بھروسہ، جائے قرار، مرکز، موقع، جمان، برت، حد، انتہا۔

ٹھکانا کرنا / ہونا Thi-kaa-na(a): (ار، محاورہ) جگہ کرنا / ہونا، ٹھہرنا، رہنا، بسنا، بیاہنا / بیاہا جانا، انتظام کرنا / ہونا۔

ٹھکانے کا Thi-kaa-ne ka: (ار، صف) قرینے کا، ڈھب کا، موزوں مناسب، برمحل۔

ٹھکانے لگانا Thi-kaa-ne-la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) منزل مقصود پر پہنچانا، کامیاب کرنا، مار ڈالنا، ہلاک کر دینا، قتل کر دینا، اُڑا دینا، ختم کر دینا، کسی کام کو پورا کرنا، خرچ کر دینا۔

ٹھک جانا Thuk-jaa-na(a): (ار، محاورہ) گڑ جانا، اندر گھسنا، مار کھا لینا، شکست کھا جانا، بچھڑ جانا، نقصان اُٹھانا، قید ہو جانا، مقدمہ دائر ہونا۔

ٹھکرانا Thuk-raa-na(a): (ار، مص) ٹھوکر مارنا، ٹھوکر لگانا، روندنا، ذلیل سمجھنا، حقیر جاننا، چھوڑنا، ترک کرنا، انکار کرنا، رد کرنا۔

ٹھکوانا Thuk-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'ٹھکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

ٹھگ Thag: (ار، صف) ٹھگنے والا، دغاباز، فریبی، ایک قوم کا نام جس کا پیشہ مسافروں کو زہر یا پھانسی دے کر مارنا اور ان کا مال چھین لینا تھا۔ مث: ٹھگنی۔

ٹھگ لینا Thag-le-na(a): (ار، محاورہ) فریب دے کر مال ہتھیانا، دھوکے سے کوئی چیز لینا۔

ٹھگا جانا Tha-gaa jaa-na(a): (ار، محاورہ) دھوکا کھانا، کم داموں کی چیز کے زیادہ دام دینا۔

ٹھگائی Tha-gaa-ii: (ہ، امث) رہزنی، فریب، دھوکا۔

ٹھگنا Thag-na(a): (ار، مص) لوٹنا، فریب دینا، دغا کرنا، دھوکے سے کچھ لینا۔

ٹھگی Tha-gi(i): (ہ، مث) قزاقی، رہزنی، ٹھگوں کا پیشہ۔

ٹھگیا Thag-ya(a): (ہ، صف، ق) فریبی، مکار، قزاق، رہزن۔

ٹھلیا Thal-ya(a): (ار، مث) مٹی کا چھوٹا گھڑا۔

ٹھمری Thum-ri(i): (ار، مث) گانے کا ایک خاص انداز جو کچے گانے اور گیتوں کے بین بین ہے، عاشقانہ مضمون کا مختصر گیت، افواہ، گپ، جھوٹی بات۔

ٹھمک / ٹھمکا Thu-mak thum-ka(a): (ہ، امث / مذ) ناچنے کی چال، ناز و انداز کی رفتار۔

ٹھمک ٹھمک Thu-mak Thu-mak: (ہ، متعلق، فعل) آہستہ آہستہ، مٹک مٹک کر، خرام ناز سے۔

ٹھمک چال Thu-mak-chaal(a): (ہ، مث) معشوقانہ رفتار، خرام ناز۔

ٹھمکانا Thum-kaa-na(a): (ار، مص) مٹکانا، ناز و انداز سے چلانا (پتنگ کو) جھٹکا دینا، ایڑ لگانا۔

ٹھمکنا Thu-mak-na(a): (ار، مص) ناز و انداز

سے چلنا، مٹک مٹک کر چلنا، اکڑ کر چلنا۔

ٹھمکی Thum-ki(i): (ار، مث) چھوٹا سا جھٹکا، جھٹکا، کنکوے کی ڈور کو دیا جانے والا جھٹکا۔

ٹھن Than: (ھ،ا،صوت مث) گھنٹے کی آواز، شور غل۔

ٹھن ٹھنانا Than Tha-naa-na(a): (ار، مص) گھنٹی بجانا، ٹھن ٹھن کرنا، برتنوں کا آپس میں بجنا، کھنکنا، دندنانا، کسی جگہ موجود ہو کر مزے اُڑانا۔

ٹھن ٹھن گوپال Than-Than go-paal: (ھ، مثل) بے وقوف، احمق، نادان۔

ٹھنڈ ThanD: (ار، صف) سردی، خنکی، گرمی کی ضد۔

ٹھنڈا Than-Da(a): (ار، صف) سرد، دھیما، بردبار، کم گو، نامرد، کاہل

ٹھنڈائی Than-Daa-i(i): (ار، مث) تبرید، وہ دوا جو گرمی کے اثر کو دور کرنے کے لیے پی جاتی ہے۔ (بروزنِ رسائی) بھنگ، بوٹی (بروزنِ سودائی)

ٹھنڈک Than-Dak: (ار، مث) سردی، خنکی، آرام، تسلی، خوشی، فرحت، تازگی، سکون۔

ٹھنڈی Than-Di(i): (ار، امث) چیچک (صف مث) دیکھیے 'ٹھنڈا' جس کی یہ تانیث ہے۔

ٹھنڈے ٹھنڈے Than-De-Than-De: (ار، متعلق فعل) آرام سے، خوشی سے، صبح سویرے، بخیریت۔

ٹھنڈیاں ThanD-yaaN: (ار، مث) چیچک کے دانے، (افعال: ڈھلنا، نکلنا)

ٹھنکانا Thin-kaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'ٹھنکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

ٹھنکنا Tha-nak-na(a): (ار، مص) آواز دینا، ٹھن ھن کرنا، طبلے کا بجنا۔

ٹھنکنا Thi-nak-na(a): (ار، مص) ناز سے رونا، بچوں کی طرح رونا، ضد کرنا، نخرے جتانا۔

ٹھنگنا / ٹھگنا Thing-na(a): (ار، مص) چھوٹے قد کا، بونا، ناٹا، پست قد، مث: ٹھنگنی / ٹھگنی۔

ٹھننا Than-na(a): (ار، مص) دل میں پکا ارادہ ہونا، ان بن ہونا قرار پانا، مصمم ہونا۔

ٹھور ٹھکانا Thor-Thi-kaa-na(a): (ھ،ا،مذ) وہ جگہ جہاں مسکن ہو، جہاں سکونت ہو، رہنے کی جگہ۔

ٹھوڑی Tho-Ri(i): (ار، امث) چہرے کا سب سے نچلا حصہ جس سے کچھ اوپر ہونٹ ہوتے ہیں۔ ذقن، زنخداں۔

ٹھوس Thos: (ار، صف) پرمغز، بھاری، بوجھل، سخت، بھدا، کند ذہن۔

ٹھوکر Tho-kar: (ار، امث) پاؤں کو لگنے والی ضرب، پاؤں سے لگائی جانے والی ضرب، لات، لکد، صدمہ، ضرب، نقصان، ضرر، ناچنے والے کا ناچتے ہوئے پاؤں مارنا۔

ٹھوکر کھانا Tho-kar khaa-na(a): (ار، محاورہ) پاؤں میں کسی سخت چیز کی ٹھوکر لگنا، اُلجھنا، اُلجھ کر گر پڑنا، صدمہ اُٹھانا، نقصان اٹھانا، بھولنا، چوکنا، دھوکا کھانا۔

ٹھونکنا / ٹھوکنا ThauNk-na(a): (ار، مص) گاڑنا، کوٹنا، زدوکوب کرنا، لات مکے سے مارنا، پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا، طبلہ وغیرہ بجانا، عرضی دینا، نالش کرنا، جڑنا، لگانا۔

ٹھونس ٹھانس ThuuNs-ThaaNs: (ار، امث) ٹھونس دینے کا عمل، کسی چیز کو کسی چیز میں زبردستی ٹھونسنا۔

ٹھونسنا ThuuNs-na(a): (ار، مص) دبا کر بھرنا، خوب زور کے ساتھ بھرنا، گھسیڑنا، داخل کرنا، کھانا، نگلنا، زبردستی کھلانا۔

ٹھونگ مارنا Thuung-maar-na(a): (ار، محاورہ) بیچ کی انگلی دوہری کر کے مارنا، ٹھولا مارنا، چونچ مارنا۔

ٹھہرانا / ٹھیرنا Theh-raa-na(a): (ار، مص) روکنا، تھامنا، ٹھاننا، منصوبہ باندھنا قائم کرنا، مکان میں اُتارنا، تجویز کرنا، قیمت چکانا۔

ٹھہراؤ / ٹھیراؤ Thai-raa-o: (ار، مذ) وقفہ، قیام، اعتبار کرنا۔

ٹھہرنا / ٹھیرنا Thehr-na(a): (ار، مص) رُکنا، قیام کرنا، ثابت قدم رہنا طے پانا، قرار پانا، جم جانا، بیٹھ جانا، فردکش ہونا، اُترنا، تاریخ مقرر ہونا، بھاؤ قرار پانا، قیمت چکنا، دیرلگانا، وقفہ کرنا، دیر ہونا، غم کھانا، صبر کرنا، قرار پکڑنا، تہہ نشین ہونا، نیچے بیٹھنا، کوئی کام کرتے کرتے رک جانا، اضطراب کم ہونا، طبیعت کا بحال ہونا، نوبت آنا، حمل ہونا۔

ٹھیا Thi-yaa: (ھ، مذ) حد، تودا، جگہ، گدی۔

ٹھیپ Thep: (ھ، مث) وہ ٹھیکرا جس پر فقیر آگ رکھتے ہیں، گھڑے کا نچلا حصہ، شمع دان، چراغ۔

ٹھیٹ / ٹھیٹھ ThiiT: (ار، صف) خالص، اصلی، وہ زبان جس میں کسی اور زبان کی آمیزش نہ ہو۔

ٹھیس Thes: (ار، مث) خفیف ضرب، ہلکی سی رگڑ، (افعال: لگانا، لگنا)

ٹھیک Thek: (یائے مجہول) (ار، مث) ٹیک، ڈاٹ، تلا، تلی، پیندی، جوتے کی ایڑی، غلے یا لکڑی کا انبار، وہ چیز جس سے لکڑی کے سوراخ یا آتش بازی کے انار بند کرتے ہیں۔ پھانا

ٹھیک Thiik: (ار، صف) صحیح، درست، بجا، برابر، چست، موزوں، ہوبہو، جوں کا توں، پوراپورا، خاطر خواہ، بے شک، درحقیقت، مستقل، مستقیم، مقرر، مجوزہ، مناسب، شایان، عین موقع پر، پورا کامل، (مذ) ٹھور ٹھکانا، اعتبار بھروسا (مث) وہ مٹی کا برتن جس میں فقیر آگ بھر کر رکھ دیتے ہیں۔ ٹھیپ۔

ٹھیک ٹھاک Thiik-Thaak: (ار، صف) ہر طرح سے درست، لیس، تیار، چست، موزوں، (افعال: کرنا، ہونا)۔ (ٹھاک تابع مہمل ہے)

ٹھیک ٹھیک Thiik-Thiik: (ار، صف) ٹھیک ٹھیک، ہوبہو۔

ٹھیکا / ٹھیکہ The-ka(a): (ر، مذ) اجارہ، (افعال: لینا، دینا) نشست گاہ، ٹھہرنے کی جگہ، طبلہ یا ڈھولک بجانے کا خاص انداز۔

ٹھیکہ دار / ٹھیکے دار The-ke-daar: (ار، ف، صف) اجارہ دار، وہ شخص جس نے ٹھیکہ لیا ہو، (افعال: دینا، لینا اسم کیفیت مث: ٹھیکہ / ٹھیکے داری)

ٹھیکرا Thiik-ra(a): (ار، اند) مٹی کے برتن کا ٹکڑا، ناریل کے سخت پوست کا ٹکڑا، (حقارت کے طور پر) دھات کے پرانے برتن، جائیداد، مکان وغیرہ۔

ٹھیکری Thiik-ri(i): (ر، مث) ٹھیکرا کی تصغیر، مٹی کا تودا، ٹھیپ۔

ٹھیکرے کی مانگ Thiik-re kii maaNg: (ار، امث) پیدائشی رشتہ، رشتہ دار عورتیں کسی بچہ کی پیدائش پر دائی کے ٹھیکرے میں کچھ نقدی ڈال دیتی ہیں۔ جس کا مطلب ہوتا ہے کہ اس بچہ کی نسبت ہمارے بچہ سے ہوگی۔

ٹھیکی The-ki(i): (ر، مث) سہارا، غلہ رکھنے کی جگہ، غلہ کا انبار، لکڑی کا انبار، اڑواڑ۔

ٹھیل Thel: (ار، امث، ق) ٹال مٹول، ٹھکرانا۔

ٹھیلا The-la(a): (دھکا، ریلا، بار برداری کی گاڑی)۔

ٹھیلنا Thel-na(a): (ار، مص) کہنی مارنا، ٹھوکا دینا، دھکیلنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹانا۔

ٹھینگا ThaiN-ga(a): (ا،مذ) انگوٹھا، لاٹھی، سونٹا۔

ٹھینگے سے ThaiN-ge se: (ار، متعلق فعل) بلا سے بیزار سے، کچھ پروا نہیں۔

ٹ۔ی

ٹیاں Tuy-yaaN: (ہ، مذ) ایک قسم کی چھوٹی کوڑی، چھوٹا بونا، پست قد ایک قسم کا چھوٹا طوطا۔

ٹیلا Tii-la(a): (ہ،مذ) ٹیلا، پہاڑی، تودا۔

ٹیپ Tep: (انگ، مذ) سوت اور پلاسٹک وغیرہ کی باریک پٹی، فیتہ۔

ٹیپ Tep: (ار، مث) اونچی سے اونچی آواز، الاپ، تمسک، اقرارنامہ، مسدس کی تیسری بیت، مخمس یا مثلث وغیرہ کی آخری بیت۔ ماتھے کا زیور، فوج کا دستہ گنجفے میں مقابل کے ایک پتے کو اپنے دو پتوں سے مارنا، چپت، دھول، پکی عمارت کی درزوں کو چونے یا سمنٹ سے بھرنے کا عمل (صف) عمدہ، چیدہ۔

ٹیپ ٹاپ Tiip-Taap: (ار، مث) بھڑک، آرائش، زیبائش، سنگار، خودنمائی، شان وشوکت۔

ٹیپ کا بند Tiip kaa band: (ار، محاورہ) مخمس، مسدس یا مثلث کا آخری شعر، آخری بات۔

ٹیپنا Tiip-na(a): (ار، مص) دبانا، بھینچنا، لکھ لینا، یاد داشت میں درج کر لینا، گنجفے میں یا تاش میں دو پتوں سے ایک پتا جیتنا، دون میں گانا، اونچے سروں میں گانا، روپیہ وصول کرنا، روپیہ جیب میں رکھنا۔

ٹیٹو Te-Tu(u): (انگ، مذ) Tattoo، وہ نیلا یا سرخ نشان جو بدن کے کسی حصہ پر گدایا جاتا ہے۔ حاضری کے لیے بگل یا ڈھول بجنا، طبل، نقارہ، پولیس یا فوج کے کرتب۔

ٹیچر Tii-char: (انگ، مذ) Teacher، مدرس، معلم، استاد

ٹیڑھ نکالنا TeRh ni-kaal-na(a): (ار، محاورہ) کجی دور کرنا، اتنا مارنا پیٹنا کہ شرارت دور ہو جائے۔

ٹیڑھا Te-Rha(a): (ار، صف مذ) خمدار، جھکا ہوا، مخالف، پھرا ہوا، اُجڈ، اوندھی سمجھ کا، بد مزاج، غصہ ور، مث: ٹیڑھی اسم کیفیت مذ: ٹیڑھاپن۔

ٹیڑھی کھیر Te-Rhii khiir: (ار، مث) (تلمیح) مشکل کام، دشوار کام۔

ٹیس Tiis: (ار، مث) درد، زخم اور پھوڑے پھنسی کا درد، انگریزی لفظ (Stitch) کا بگاڑ، جز بندی، کتاب کی سلائی۔

ٹیسٹ TaisT: (ار، مذ) Test، آزمائش، جانچ، امتحان (افعال: کرنا، لینا، ہونا)

ٹیسو Te-su(u): (ہ،مذ) ڈھاک کا پھول جس میں سے زرد رنگ نکلتا ہے۔ درخت، پلاس، وہ مٹی کا پتلا جس کو ہندو لڑکے دسہرے کے زمانہ میں رات کے وقت گھر گھر لیے پھرتے ہیں۔ وہ گیت جو لڑکے مٹی کے پتلے کے ساتھ گاتے ہیں۔

ٹیک Tek: (ہ، مث) کھمبا، تھم، ستون، پشتی، سہارا، کسی چیز کو کسی چیز پر سیدھا کھڑا کرنا، قول قرار، اترا، گیت کا وہ ٹکڑا جو بار بار کہا جائے، ٹیپ کا شعر۔

ٹیک لگانا Tek-la-gaa-na(a): (ار، محاورہ) سہارا لینا، کسی چیز سے لگ کر یا اس کے سہارے کھڑا ہونا یا بیٹھنا۔

ٹیکا Tii-ka(a): (ار، محاورہ) تِلک، قشقہ، بندی، دھبا، داغ، ماتھے کا ایک زیور، شادی بیاہ کے موقع کی ایک خاص رسم، بازو یا جسم کے کسی حصے پر سوئی لگا کر دوا اندر داخل کرنا، انجکشن۔

ٹیکا لگانا Tii-ka(a) la-gaa-na(a): (ار، محاورہ)

ماتھے پر ٹیکا لگانا، ماتھے پر بندی لگانا، بیماری روکنے کے لیے سوئی لگانا، دھبا یا داغ لگانا۔

ٹیکرا Tiik-ra(a): (ہ، مذ) ٹیلا، تودہ، ڈھیر، انبار، پہاڑی کی ڈھلوان۔

ٹیکس Taiks: (انگ، مذ) Tax، محصول، لگان۔

ٹیکسی Taik-sii: (انگ، مث) (Texi) کرائے کی موٹر گاڑی، کیبی۔

ٹیکن Te-kan: (ہ، امث) ٹیک، سہارا۔

ٹیکنا Tek-na(a): (ہ، مص) سہارا لگانا، سہارا رکھنا، سہارا لینا۔

ٹیلا Tii-la(a): (ار، مذ) مٹی کا بڑا تودہ، چھوٹی پہاڑی، ٹبا، ٹیکرا۔

ٹیلر Te-lar: (انگ، مذ) (Tailor) درزی، کپڑے سینے والا۔

ٹیلی گرام Te-lii gi-raam: (انگ، مذ) Tele-gram، تار برقی کا پیغام، وہ پیغام جو تار کے ذریعہ بھیجا جاتا ہے۔

ٹیم Tiim: (انگ، مذ) مل کر کام کرنے والوں کا گروہ، جماعت (Team)

ٹیمپن Tiin: (انگ، مذ) دیکھیے 'ٹن' (Tin)

ٹیں TeN: (ار، مث) (یائے مجہول) طوطے کی آواز، جب وہ کسی وجہ سے چیخے۔

ٹیں ٹیں TeN-TeN: (ار، امث) طوطے کی متواتر آواز، مہمل بات، بیہودہ بات۔

ٹینٹ TeNT: (انگ، اذ) TenT، خیمہ، ڈیرا، شامیانہ، جھول داری۔

ٹینٹ TenT: (ہ، اذ) کریل کا پھل، کپاس کا ڈوڈا، آنکھ کی پھلی، بیرونی چھلکا یا جھلی۔

ٹینٹوا TeNT-va(a): (ار، مذ) گلا، حلق۔

ٹینی Tai-ni(i): (ہ، صف) پست قد، بونا، ٹھگنا، (مذو مث) چھوٹے قد کی مرغی یا مرغا۔

ٹیوب Tyuub: (انگ، امث) Tube، نل، نال، سرنگ، نلکی یا نلکا۔

ٹیوشن Tyuu-shan: (انگ، امث) (Tuition) اسکول کی باقاعدہ پڑھائی کے علاوہ گھر پر [illegible]ائی، تعلیم، پڑھائی۔

ث

ث S: (ع،امث) عربی اور فارسی میں اسے ثا اور اُردو میں ثے کہتے ہیں۔ دوسرے ہم شکل حروف سے التباس دور کرنے کے لیے اسے ثائے مثلثہ بھی کہتے ہیں۔ اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں یہ چھٹا حرف ہے۔ یہ عربی سے مخصوص ہے اور اس کی آواز کسی دوسری زبان میں نہیں ملتی۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔ یہ آواز زبان کے دائیں اور بائیں کناروں کو اوپری دانتوں سے ملا کر سطح زبان پر نالی بناتے ہوئے اس طرح تلفظ کی جاتی ہے کہ منہ سے نکلنے والی ہوا ایک رگڑ کے ساتھ خارج ہو۔ اسے صوتی اصطلاح میں غیر مسموع سوڑی صفیری مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔ یہ آواز اردو میں س اور ص سے بھی ظاہر کی جاتی ہے۔

ث۔ا

ثابت Saa-bit: (ع،صف) قائم، مستقل، برقرار، پائیدار، مضبوط، وہ ستارہ جو گردش نہ کرے، عالموں کی اصطلاح میں سال کے وہ مہینے جس میں وہ اپنے فائدہ کے لیے عمل پڑھتے ہیں۔ اور یہ ماہ جیٹھ اور بھادوں کے ہیں۔

ثابت قدم saa-bit qa-dam: (ع، صف، بترکیب فارسی) عہد کا پکا، مصیبت میں قائم رہنے والا، مستقل ارادے والا، اسم کیفیت مث: ثابت قدمی

ثابت کرنا/ہونا saa-bit kar-na(a): (ار،محاورہ) ثبوت دینا/ملنا، صداقت کو پہنچانا/پہنچنا، تحقیق کرنا/ہونا۔

ثاقب saa-qib: (ع،صف) روشن، چمکتا ہوا۔

ثالث saa-lis: (ع،صف) تیسرا، پنچ، منصف، سرپنچ۔

ثالث بالخیر saa-lis-bil-Kair: (ع،صف،مذ) غیر جانبدار منصف، وہ پنچ جو کسی کی رورعایت نہ کرے۔

ثالث نامہ Saa-lis naa-ma(a): (عف،اند) پنچ کا فیصلہ۔

ثالثی saa-li-si(i): (عف،اند) پنچایت، کسی معاملہ کا فیصلہ کرنے کی کارروائی۔

ثانوی saan-vi(i): (ع، صف) دوسرے درجہ کا، بعد کا، دوسرا، دوئی۔

ثانوی تعلیم saan-vii ta(?)-liim: (ع،امث) وسطائی درجہ سے اوپر کی تعلیم، ہائی اسکول کی تعلیم، انگریزی لفظ۔(Secondary Education کا ترجمہ)

ثانوی مدارس/مدرسہ saan-vii ma-daa-ris: (ع،امث) ہائی اسکول۔

ثانی saa-ni(i): (ع، عدد ترتیبی) دوسرا، نظیر، مقابل۔

ثانیاً saa-ni-yan: (ع،متعلق فعل) دوبارہ، مکرر، دوسرے نمبر پر۔

ثانی الحال saa-nii-yul-haal: (ع،متعلق فعل) بعدازاں، پھر، دوسرے وقت۔

ثانیہ saan-ya(h): (ع، اند) پل، سیکنڈ، منٹ کا ساٹھواں حصہ، لحظہ۔

ث۔ب

ثبات Sa-baat: (ع، اند) قیام، قرار، پائیداری،

مضبوطی، استقلال، ثابت قدمی۔

ثباتِ رائے sa-ba-te-raa-ye: (ع، اند) رائے کی مضبوطی، استحکام رائے۔

ثبت sabt: (ع، امث) نوشتہ، تحریر، قرار دیا ہوا، نقش کرنا، لکھنا، تحریر کرنا، لگانا، مہر چھاپنا (افعال: کرنا، ہونا)

ثبوت su-buut: (ع، اند) دلیل، سچائی، اپنی جگہ پر ہونا، شہادت گواہی، مضبوطی، پائیداری، (افعال: پیش کرنا، ہونا)

ثبوتِ استحقاق su-buu-te-is-teh-qaaq: (ع، اند بترکیب فارسی) حقدار ہونے کا ثبوت۔

ثبوتِ قانونی su-buu-te-qaa-nuu-ni(i): (ع، اند) قانون کے مطابق دعویٰ کی تصدیق کی شہادت۔

ث۔ر

ثروت sar-vat: (ع، امث) مال و دولت کی فراوانی، دولت مندی، اختیار، حکومت، رسوخ۔

ثریٰ sa-ra(a): (ع، اند) زمین کے نیچے کی مٹی، گیلی مٹی، پاتال۔

ثریّا su-ray-ya(a): (ع، اند) پروین، وہ چھ ستارے جو اکٹھے جڑے ہوئے نظر آتے ہیں۔ جھمکا۔

ث۔ع

ثعالِب sa-(?)aa-lib: (ع، اند) ثعلب کی جمع، لومڑیاں۔

ثعبان su-(?)-baan: اژدہا، بڑا سانپ

ث۔ق

ثقات si-qaat: (ع، اند) 'ثقہ' کی جمع، معتبر، دیندار اشخاص۔

ثقافت sa-qaa-fat: (ع، امث) انگریزی لفظ (Culture) کا ترجمہ، تہذیب، عقلمند ہونا۔

ثقالت si-qaa-lat: (ع، امث) گرانی، بوجھ، وزن، بھاری پن۔

ثقاہت sa-qaa-hat: (ع، امث) قابلِ اعتبار ہونا، متانت، سنجیدگی۔

ثقل siql: (ع، اند) گرانی، بوجھ، زمین کے خزانے۔

ثقلِ سماعت siq-le-sa-maa(?)at: (ع، اند) بہرہ پن، کم سننے کی آواز۔

ثقلین saq-lain: (ع، اند) دونوں جہان، انسان اور جن۔

ثقہ si-qa(h): (ع، اصف) معتبر آدمی، قابلِ اعتبار، مقطع، حسین، سنجیدہ۔

ثقیل sa-qiil: (ع، صف) وزنی، گراں، بوجھل، بھاری، دیر ہضم نا قابلِ ہضم، جو ہضم نہ ہو۔

ث۔ل

ثلاثہ sa-laa-sa(h): (ع، ا، عدد) تین۔

ثلاثی sa-laa-si(i): (ع، اند) سہ حرفی کلمہ۔

ثلث suls: (ع، عدد کسری) تیسرا حصہ، تہائی، ایک خط کا نام جو نسخ خط ہی کی ایک بنیادی صورت ہے۔ اس میں حرف لمبائی سے دوچند ہوتا ہے۔

ثم sum: (ع، متعلق، فعل) پھر، تب، پیچھے، وہاں، اس جگہ۔

ثم باللہ sum-ma-bil-laah: (ع، کلمہ تاکید) تاکید قسم، تاکید کے لیے دوبارہ قسم کھانا۔

ثمار si-maar: (ع، اند) ثمر، پھل۔

ثمر sa-mar: (ع، اند) پھل، میوہ، پیداوار، فائدہ، نتیجہ (افعال: پانا، ملنا)

ثمر دار/ور sa-mar-daar: (ع،صف) پھل دار، اسم کیفیت مث: ثمر داری/وری

ثمرہ (sam-ra(h: (ع، اند) بدلہ، معاوضہ، پھل، نتیجہ، انجام، حاصل۔ (افعال: پانا، دینا، ملنا)

ثمن su-man: (ع، اند) قیمت، مول، قدر، اُجرت۔

ثمین sa-miin: (ع،صف) قیمتی، ہشت پہلو۔

ث۔ن

ثنا (sa-na(a: (ع، امث) تعریف، توصیف، حمد، نعت، ستائش، مدح۔

ثناخواں sa-naa KwaaN: (عف،صف) مداح، تعریف کرنے والا اسم کیفیت مث: ثناخوانی/گری/گستری/گوئی۔

ثنویت san-vi-yat: (ع، امث) دوہراپن، دوئی، دو خدا ہونے کا عقیدہ (انگریزی لفظ Dualism) کا ترجمہ۔

ث۔و

ثواب sa-vaab: (ع، اند) بدلہ، معاوضہ، اُجرت، جزا (نیک کاموں کی)

ثوابت sa-va-bit: (ع، اند) ثابت کی جمع وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے اور ایک جگہ قائم رہتے ہیں۔

ثواقب sa-vaa-qib: (ع،صف) ثاقب، چمکدار ستارہ۔

ثوب saub: (ع، اند) پہننے کا کپڑا، لباس، پوشاک

ثور sor: (ع، اند) بیل، دوسرا برج آسمان جو گائے کی شکل کا ہے۔ مکہ معظمہ کے ایک پہاڑ کا نام جس کے غار میں حضور سرورِ کائنات عبادت کیا کرتے تھے۔

ج

ج j: (ع، اند) اسے جیم تازی بھی کہتے ہیں حروف تہجی کی ترتیب ابجد میں یہ تیسرا اور ویسے ساتواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ سخت تالو سے مل کر منہ سے خارج ہونے والی ہوا کو لمحہ بھر کے لیے روک کر نکالتا ہے۔ صوتیات کی اصطلاح میں یہ آواز مسموع، غیر ہاکاری، سوزی یا لہاتی بندشی، معصمتہ یا حرف صحیح کہلاتی ہے۔

ج۔ا

جا jaa: (ف، اسث) جگہ، مقام، موقع۔

جابجا jaa-ba-ja(a): (ف، متعلق فعل) ہر جگہ، جگہ جگہ، ہر موقع پر۔

جانشین jaa-na-shiin: (ف، صف فاعلی) ولی عہد، قائم مقام، نائب السلطنت اسم کیفیت مث: جانشینی۔

جانماز jaa-na-maaz: (ف، اند) نماز پڑھنے کا مصلّٰے، فرش، سجادہ۔

جا jaa: (ار، فعل) جانا مصدر سے صیغہ امر، مرکبات تکمیل کے معنی بڑھاتا ہے۔ مثلاً جا اُترنا، جا پہنچنا وغیرہ۔

جابر jaa-bir: (ع، صف) جبر کرنے والا، ظالم، زبردست۔

جاپ / جپ jaap jap: (ھ، اسث) وظیفہ کرنا، مالا پھیرنا، تسبیح کرنا، ورد، پاٹھ۔

جاپ / جاب jaap jaab: (ھ، اند) مویشیوں کے منہ پر باندھنے والا چھینکا، پھلوں کے گچھوں پر باندھنے والا چھینکا، ایک قسم کی گھاس۔

جاپا jaa-pa(a): (ھ، اند) پیدائش، بیانت، جننا، زچگی، زائیدگی۔

جات jaat: (ھ، اسث) اولاد، جاپا، بچہ، طفل، نسل، نتیجہ، برادری، قوم، گوت، فرقہ، جماعت، منت، نذر، بھینٹ۔

جاتک jaa-tak: (ھ، اند) ایک رسم جو بچے کی پیدائش کے بعد ادا کی جاتی ہے۔ جنم، پیدائش، ولادت، جنم پتری۔

جاٹ jaaT: (ھ، اند) ہندوؤں کی ایک ذات، اس ذات کا فرد۔

جاجم jaa-jam: (ت، اسث) وہ فرش جو دری کے اوپر بچھا دیا جاتا ہے۔

جادُو jaa-du(u): (ف، اند) سحر، ٹونا، افسوں، طلسم، منتر، افعال: (کرنا، چلانا، ڈالنا)

جادُو اثر jaa-duu-a-sar: (فع، صف) جس کا اثر فوراً ہو۔ فوراً کارگر ہو۔

جادُو بیان jaa-duu-biyaaN: (فع، صف) جس کی زبان یا کلام میں بہت تاثیر ہو۔ اسم کیفیت مث: جادو بیانی۔

جادُو رقم jaa-duu ra-qam: (فع، صف) جس کی تحریر میں جادو جیسا اثر ہو، بہت دلکش لکھنے والا۔

جادُوگر jaa-du-gar: (ف، صف) جادو کرنے والا شخص، سیانا، کاریگر، ٹونا کرنے والا، اسم کیفیت: جادوگری مث ار: جادوگرنی۔

جادہ jaa-da(h): (ع، اند) راہ، راستہ، پگڈنڈی، باریک راستہ جو لوگوں کی آمدورفت سے بن جاتا ہے۔ طریقہ، رسم ورواج دستور، ریت۔

جادہ پیما jaa-da(h)-pai-ma(a): (ف،صف) راستہ چلنے والا، اسم کیفیت مث: جادہ پیمائی۔

جاذب jaa-zib: (ع، صف) جذب کرنے والا، کھینچنے والا، خشک کرنے والا، کشش کرنے والا۔

جاذبہ jaa-zi-ba(h): (ع،صف، مث) جذب کرنے والی قوت، تاثیر، کشش خوبصورتی، حسن۔

جاذبیت jaaz-bi-yat: (ع،امث) کشش، تاثیر

جار jaar: (ع، امذ) ہمسایہ، پڑوسی، کھینچنے / کشش کرنے والا۔

جار jaar: (انگ، امذ) Jar، مرتبان، مٹی یا شیشے وغیرہ کا کھلے منہ کا برتن۔

جارح jaa-rah: (ع،صف، فاعلی) زخم لگانے والا، چیر پھاڑ کرنے والا، حملہ میں پہل کرنے والا۔

جارحانہ jaar-haa-na(h): (ع،صف) حملہ کرنے والا، آگے بڑھنے والا۔ پہل کرنے والا، جابرانہ۔

جارحیت jaa-ri-hi-yat: (ع، امث) دوسرے ملک پر بلاوجہ حملہ، ناجائز چڑھائی، لڑائی میں پہل، حملہ آوری۔

جارجٹ jaar-jaT: (انگ، امذ) Georgette ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔

جاروب jaa-ruub: (ف،امث) جھاڑو، بہارو۔

جاروب کش jaa-ruub kash: (ف،صف) جھاڑو دینے والا، خاکروب اسم کیفیت مث: جاروب کشی۔

جاری jaa-ri(i): (ع، صف) رواں، بہتا ہوا، چلتا ہوا، بڑھتا ہوا، دائم، لگاتار، برابر (قانون) رائج، نافذ (افعال: رکھنا، رہنا، ہونا)

جاریہ jaa-ri-yah: (ع، امث) لونڈی، باندی، کنیز، کشتی، جہاز۔

جاڑا jaa-Ra(a): (ار، امذ) سردی، برودت، خنکی، موسم سرما، سردی کا موسم، بخار، تپ۔ (افعال: پڑنا، چڑھنا، کھانا، لگنا)

جازم jaa-zim: (ع،صف) جزم دینے والا، ساکن کرنے والا۔

جازم jaa-zam: (ت، امث) جاجم۔

جاسوس jaa-suus: (ع، امذ) مخبر، راز جو، سراغ رساں، اسم کیفیت، مث: جاسوسی۔ (افعال: کرنا، ہونا)

جاکٹ jaa-kiT: (انگ، امث) Jacket چھوٹا کوٹ جانیم آستین یا بلا آستین کے ہوتا ہے۔

جاکھن jaa-khan: (ہ، امث) وہ لکڑی جس پر کنویں کی عمارت کی بنیاد رکھتے ہیں۔ کنویں کا چک۔

جاگ jaag: (ہ، امث) جاگنا، شب بیداری، بے خوابی، ہوشیاری، ٹائم پیس کا الارم (افعال: اٹھنا، پڑنا، جانا، ہونا)

جاگنا jaag-na(a): (ار، مص) بیدار ہونا، ہوشیار، متنبہ ہونا، چونکنا، روشن ہونا، موثر ہونا، تازہ ہونا۔

جاگیر jaa-giir: (ف، امث) وہ گاؤں یا زمین جو بادشاہوں یا نوابوں کی طرف سے انعام کے طور پر دی جائے، معافی۔

جاگیر دار jaa-giir-daar: (ف، امذ) جاگیر کا مالک، تعلقہ دار، اسم کیفیت مث: جاگیرداری، صفت نسبتی: جاگیردارانہ / جاگیرداری۔

جال jaal: (ف، امذ) پیلو کا درخت، پھندا جو دھاگوں یا رسیوں سے جانور، پرندہ اور مچھلیاں وغیرہ پکڑنے کے لیے بنایا گیا ہو۔ (ق) جلن، جادو، طلسم، پرتلا، کھڑکی دریچہ۔

جال پھینکنا jaal phaik-na(a): (ار، محاورہ)

مچھلیاں پکڑنے کے لیے دریا میں جال ڈالنا۔

جال دار jaal-daar: (ف،صف) پھندے والا، جالی والا۔

جال مارنا jaal-maar-na(a): (ار، محاورہ) جال کے ذریعہ جانور پکڑنا، کسی کو فریب میں لانا، دھوکا دینا۔

جالا jaa-la(a): (ار، اند) وہ سفید کاغذی جھلّی یا تاروں کا پھندا جو مکڑی اپنے لعاب دہن سے بناتی ہے۔ وہ سفید پودہ یا جھلّی جو آنکھوں میں آجاتی ہے۔ رسی سے بنا ہوا جال جس سے گھاس لکڑی وغیرہ مختلف چیزیں باندھتے ہیں۔ پانی پر جم جانے والی پپڑی۔

جالی jaa-li(i): (ہ، ار، اسث) خانہ دار کپڑا یا ایسی چیزیں جن میں سوراخ ہوں، کشیدہ، لوہے کے تاروں کا بنا ہوا جال جو عورتیں بالوں پر ڈالتی ہیں۔ جھلّی، نقاب یا سوراخ دار کپڑا آم کا پردہ جو گٹھلی پڑنے سے پڑ جاتا ہے۔ سخت ریشے جو کدو پکنے کے بعد پڑتے ہیں۔

جام jaam: (ف، اند) شراب پینے کا ظرف، پیالہ یا گلاس (ق) امرود، ایک پھل۔

جام jaam: (انگ، اند) Jam، مربّہ۔

جام پیما jaam pai-ma(a): (ف، صف) شراب خور، شرابی، اسم کیفیت مث: جام پیمائی۔

جامِ جم / جمشید / جہاں نما jaa-me-jam: (ف، اند) وہ پیالہ جو جمشید بادشاہ کی خواہش سے حکما یونان نے بنایا تھا۔ جس سے از روئے نجوم آئندہ کا حال معلوم ہو جاتا تھا۔

جامد jaa-mid: (ع، صف) جما ہوا، منجمد، بستہ، وہ لفظ جو نہ خود کسی سے نکلا ہو اور نہ کوئی اس سے نکلا ہو، بے حس و حرکت۔

جامدانی jaam-daa-ni(i): (ف، اسث) جامہ دانی کا مخفف، کپڑوں کی پیٹی / صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں۔ کڑھا ہوا پھول دار کپڑا، شیشے، ابرق یا کاغذ کی چھوٹی سی صندوقچی جس میں بچے محرم کے دنوں میں گوٹا بھر کر رکھتے ہیں۔ ایک قسم کا چارگوشہ زری باف بٹوا۔ گلدار، پھولدار، کڑھا ہوا، شادی میں کمینوں کا حق۔

جامع jaa-me(?): (ع، صف) جمع کرنے والا، اکٹھا کرنے والا، تکمیل کرنے والا، محیط، وسیع۔

جامع مسجد jaa-ma(?) mas-jid: (ع، اسث) وہ بڑی مسجد جس میں بہت سے لوگ جمع ہوں اور جمعہ پڑھا جائے۔

جامعہ jaa-mi-a(?)(h): (ع، اسث) یونیورسٹی، دارالعلوم۔

جامعیت jaa-mi-i(?)y-yat: (ع، اسث) اکملیت، کاملیت، جامع ہونے کی کیفیت۔

جامگی jaam-gi(i): (ف، اسث) کپڑے کا ٹکڑا، بندوق کا توڑا، تنخواہ مشاہرہ۔

جامن jaa-man: (ہ، اسث) ایک پھل دار درخت اور اس کا اُودے رنگ کا پھل، وہ پنیر یا دہی جس کو دودھ میں ڈال کر دہی جماتے ہیں، ضامن۔

جامہ jaa-ma(h): (ف، اند) کپڑا، پوشاک، لباس، وہ خاص قسم کا لباس جو نوشہ کو پہناتے ہیں۔

جامہ اِحرام jaa-ma(h) ih-raam: (فع، اند) وہ لباس جسے حج کرنے والے پہن کر حج کرتے ہیں، یہ لباس ایک خاص مقام پر جا کر پہنتے ہیں یہ اَن سلے کپڑوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

جامہ تلاشی jaa-ma(h) ta-laa-shi(i): (ار، اسث) کسی مجرم کو حوالات یا جیل میں بند کرنے سے پہلے اس کے کپڑوں کی تلاشی لے کر ناجائز یا قیمتی اشیا

کا اس سے لے لینا، لباس کی تلاش۔

جامہ دار jaa-ma(h)-daar: (ف، اند) داروغہ لباس، وہ ملازم یا افسر جو لباس کی نگہداشت کے لیے مقرر ہو۔

جامہ دان jaa-ma(h) daan: (ف، اند) چرمی صندوق جس میں لباس رکھا جائے، اتصغیر مث: جامہ دانی۔

جامہ زیب jaa-ma(h) zeb: (ف، صف) وہ شخص جس پر ہر قسم کا لباس اچھا معلوم ہو، جس کو ہر قسم کا لباس زیب دے، اسم کیفیت مث: جامہ زیبی۔

جامہ دار jaa-mah-daar: (ار، اسث) اعلیٰ قسم کی اونی چھینٹ، پھول والی اونی چادر۔

جان jaa-an: (ع، اند) جن و پری کا جدِّ اعلیٰ، جن کی جمع۔

جان بوجھ کر jaan-buujh-kar: (ار، متعلق فعل) عمداً، قصداً، دیدہ دانستہ۔

جان پڑنا jaan-paR-na(a): (ار، محاورہ) معلوم ہونا، خیال، زندگی کے آثار ظاہر ہونا۔

جان پہچان jaan-peh-chaan: (ار، اسث) واقفیت، شناسائی، صاحب سلامت (صف) واقف، شناسا۔

جان کار jaan-kaar: (ار، صف) واقف، آشنا، اسم کیفیت مث: جان کاری۔

جان لینا jaan-le-na(a): (ار، محاورہ) پہچان لینا، واقف ہو جانا، مار ڈالنا۔

جان jaan: (ف، اسث) روح، زندگی، وہ جوہر لطیف جس کے سبب سے زندگی ہے۔ معشوق، بل، زور، ہمت۔

جان آنا jaan-aa-na(a): (ار، محاورہ) طاقت آنا، زور پیدا ہونا، پنپنا، تازگی پانا، رونق آنا، خوشی حاصل ہونا۔

جان آفریں jaan-aaf-riiN: (ف، صف فاعلی) جان پیدا کرنے والا، جان ڈالنے والا، خدا۔

جان باختہ jaan-baaK-ta(h): (ف، صف، مفعولی) جان پر کھیلا ہوا، جس کو جان جانے کا ڈر نہ ہو۔

جاں باز jaaN-baaz: (ف، صف فاعلی) جان پر کھیل جانے والا، دلیر، جفاکش، جاں نثار، اسم کیفیت مث: جاں بازی (افعال: کرنا، دکھانا)

جاں بخش jaaN-baKsh: (ف، صف، فاعلی) تازگی بخشنے والا، جان ڈالنے والا، زندگی بچانے والا، اسم کیفیت مث: جاں بخشی۔

جاں بر jaaN-bar: (ف، صف) صحیح سالم، محفوظ (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: جاں بری۔

جاں بلب jaaN-ba-lab: (ف، صف) مرنے کے قریب، نزع میں۔ (افعال: آنا، ہونا)

جانِ جاں jaa-ne-jaaN: (ار، ف، صف) بہت عزیز، پیارا۔

جانِ جہاں jaa-ne-ja-haaN: (ف، صف) کنایۃً معشوق۔

جاں دادہ jaaN-daa-da(h): (ف، صف مفعولی) قربان، نثار، فریفتہ، عاشق۔

جاں دار jaaN-daar: (ف، صف) ذی روح، حیوان، جان رکھنے والا طاقتور، زور آور، تیز، پھرتیلا، امیر، دولت مند۔

جان ڈالنا jaan-Daal-na(a): (ار، محاورہ) روح ڈالنا، زندگی دینا۔

جاں سپار jaaN-si-paar: (ف، صف) جان قربان کرنے والا، جاں نثار، عاشق، اسم کیفیت مث: جاں سپاری۔

جاں ستاں jaaN-si-taaN: (ف، صف) جان

لینے والا، اسم کیفیت مث: جاں ستانی۔
جاں سوختہ jaaN-soK-ta(h): (ف، صف، مفعولی) جان جلا ہوا، عاشق۔
جاں سوز jaaN-soz: (ف،صف فاعلی) جان جلانے والا، ایذا دینے والا، اسم کیفیت مث: جاں سوزی۔
جان سے دُور jaan-se-duur: (ار، متعلق، فعل) کسی مرے ہوئے شخص کا زندہ عزیزوں میں ذکر کرتے ہوئے بولتے ہیں۔
جان سے زیادہ jaan-se-zyaa-da(h): (ار، صف) بہت پیارا، زیادہ عزیز (افعال: رکھنا، ہونا)
جانِ عالم jaa-ne-aa-lam: (ف، امث) پیارا، معشوق، واجد علی شاہ والی اودھ کا لقب۔
جاں فرسا jaaN-far-saa: (ف، صف، فاعلی) جان کو دکھ دینے والا، اسم کیفیت مث: جاں فرسائی۔
جانِ فزا jaa-ne-fi-zaa: (ف، صف) جان بڑھانے والا، خوش کن، فرحت انگیز، اسم کیفیت مث: جاں فزائی۔
جاں فِشاں jaaN fi-shaaN: (ف، صف، فاعلی) دوسرے کے لیے اپنی جان دینے والا، محنتی، اسم کیفیت مث: جاں فشانی۔
جان کا جنجال jaan ka jan-jaal: (ار، امذ) تکلیف، مصیبت (صف) تکلیف دہ، دوبھر، ناگوار، (افعال: بننا، ہونا)
جان کا روگ jaan-ka-rog: (ار، امذ) مصیبت، وہ مرض جس سے جان کا خطرہ ہو۔ (صف) خطرناک
جاں کاہ jaaN-kaa(h): (ھ، صف) جان کو دکھ دینے والا / گھٹانے / گھلانے والا، سخت تکلیف دہ، رنج زدہ، اسم کیفیت مث: جاں کاہی۔
جان کی امان jaan ki a-maan: (ار، امث)

جان بچنا، معافی یا رہائی ملے۔
جاں گداز jaaN-gu-daaz: (ف، صف) جان کو دکھ دینے والا، جان پگھلانے والا، اسم کیفیت مث: جاں گدازی۔
جاں گزا jaaN-gu-za(a): (ف، صف) جان کو گھٹانے والا، جان پر خطرہ پہنچانے والا۔
جاں گسِل jaaN gu-sil: (ف، صف) جاں گزا، روح فرسا۔
جان لیوا jaan-le-va(a): (ار، امذ) دشمن جاں، جان کا خواہاں۔
جاں نثار jaaN-ni-saar: (فع، صف) جان قربان کرنے والا، فدا کرنے والا، وفادار، جاں باز (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: جاں نثاری
جاں نواز jaaN-na-vaaz: (ف، صف) جان پر مہربانی کرنے والا، معشوق اسم کیفیت مث: جاں نوازی۔
جانور jaan-var: (ف، امذ، صف) جاندار، حیوان (صف) بیوقوف، وحشی، غیر مانوس۔
جان ہار jaan-haar: (ار، صف) جان دینے والا، جان پر کھیلنے والا، مرحوم۔
جانا jaa-na(a): (ار، مص) سدھارنا، رخصت ہونا، چلنا، گزرنا، چھوٹنا، جُدا ہونا، دور ہونا، گم ہونا، گزرنا، مرنا، فوت ہونا، پروا نہ کرنا، ہٹنا، کٹنا، قلم ہونا، پروا کرنا، ٹل جانا۔
جانا بُوجھا jaa-na(a) buu-jha(a): (ار، صف) جس سے اچھی طرح واقفیت ہو، واقف، دیکھا بھالا، مث: جانی بوجھی۔
جاناں/جانانہ jaa-naaN/jaa-naa-na(h): (ف، صف) معشوق، پیارا، جانی، محبوب، دلبر۔
جانب jaa-nib: (ع، امث) طرف، سمت، پہلو، رخ۔

جانبدار jaa-nib-daar: (فع، صف) طرف دار، حمایتی، مددگار، اسم کیفیت مث: جانبداری۔

جانبدارانہ jaa-nib-daa-raa-na(h): (فع، صف) وہ جس میں ایک فریق کی حمایت کی جائے، طرفدارانہ۔

جانبین jaa-ne-bain: (ع، امث) دونوں طرف، فریقین۔

جانچ jaaNch: (ار، امث) آزمائش، امتحان، آنک (افعال: کرنا، ہونا)

جانچنا jaaNch-na(a): (ار، مص) تشخیص کرنا، امتحان کرنا، تاڑنا۔

جانگ / جانگھ jaaNg: (ہ، امث) ران، زانو۔

جانگلو jaaNg-lu(u): (ہ، صف) گنوار، وحشی، جنگلی، بیوقوف، اُجڈ۔

جانگلی jaaNg-li(i): (ہ، صف) دیکھئے 'جانگلو'۔ ایک درشت، سپیرا سانپوں کے زہر کا علاج کرنے والا۔

جانگھیا jaaNgh-ya(a): (ہ، اند) نصف پاجامہ جورانوں تک ہوتا ہے، کچھا، پہلوانوں کا سلا ہوا لنگوٹ۔

جاننا jaan-na(a): (ار، مص) آگاہ ہونا، واقف ہونا، پہچاننا، تمیز کرنا، قائل ہونا، ذمہ دار ہونا، کفیل ہونا، ضامن بننا، ماننا، تسلیم کرنا، سمجھنا، بھروسا کرنا۔

جانی jaa-ni(i): (ف، صف) پیارا، معشوق، پیار کا کلمہ۔

جانی دُشمن jaa-ni-dush-man: (ف، صف) عدوِ جاں، جان کا خواہاں، جان کا دشمن۔

جانی دوست jaa-ni(i)-dost: (ف، صف) دلی دوست، گہرا دوست۔

جانے jaa-ne: (ار، متعلق فعل) گویا، فرض کیجیے، کون جانے، نہ معلوم، خدا جانے۔

جانے دو jaa-ne do: (ار، محاورہ) نہ روکو، چلنے دو، باز آؤ، معاف کرو، درگزر کرو۔

جاوتری jaa-vat-ri(i): (ہ، امث) جائفل کا پھول

جاوداں / جاودانہ jaa-vi-daaN: (ف، صف) ہمیشہ، دائم، سدا، اسم کیفیت مث: جاودانی۔

جاوید jaa-ved: (ف، صف) ہمیشہ، دائم، سدا۔

جاہ jaa(h): (ف، امث) رتبہ، مرتبہ، عزت، شکوہ، شان، عظمت۔

جاہ وجلال jaa-(h)o-ja-laal: (فع، اند) شان و شوکت، رعب داب، دبدبہ۔

جاہل jaa-hil: (ع، صف) بے علم، ناخواندہ، نادان، اناڑی، وحشی غیر مہذب، گنوار، اُجڈ، اکھڑ، بے ادب، گستاخ۔

جاہ وحشم jaa-(h)o-hashm: (فع، اند) لاؤ لشکر، ٹھاٹ باٹھ، کروفر۔ دولت و عزت۔

جاہلیت / جاہلی jaa-hi-liy-yat: (ع، امث) جاہل ہونا، وہ زمانہ جب قبل اسلام لوگ بُت پرستی کرتے تھے۔

جائز jaa-iz: (ع، صف) درست، صحیح، جس کی اجازت ہو، مباح۔

جائزہ jaa-i-za: (ع، اند) جانچ پڑتال، حاضری، گنتی، شمار، درستی کا نشان، پڑتال کی علامت۔

جائی jaa-ii: (ہ، امث) بیٹی، لڑکی، دختر۔

جائے jaa-ai: (ف، امث) جگہ، گنجائش، بچے۔

جائے ضرور jaa-ai za-ruur: (ف، امث) جائے ضرورت، بیت الخلا، پاخانہ۔

جائپھل / جائفل jaa-ai-phal/jaa-ai-fal: (ار، اند) ایک مشہور پھل جو ادویہ میں استعمال ہوتا ہے، مزاج گرم وخشک ہے۔

جائیداد jaa-ai-daad: (ف، امث) ملکیت،

مال اسباب، جاگیر، پونجی اثاثہ، پیداوار۔

جائیداد آبائی jaa-ai-daad aa-baa-i(i): (ف، امث) جدی میراث، باپ دادا کی جاگیر۔

جائیداد اراضی jaa-ai-daad a-raa-zi(i): (ف، امث) زمین یا مکانات جو قبضے میں ہوں۔

جائیداد استمراری jaa-ai-daad is-tam-raa-ri(i): (ف، امث) جاگیر جو دائمی ہو۔

جائیداد غیر منقولہ jaa-ai-daad-e Gair-man-quu-la(h): (ف، امث) جائیداد جس کی نقل و حرکت نہ ہو سکے، زمین، مکانات وغیرہ۔

جائیداد مکفولہ jaa-ai-daa-de-mak-fuu-la(h): (ف، امث) وہ جائیداد جس پر بار کفالت ہو، جو کسی قرض کی ضمانت کی ذمہ دار ہو۔

جائیداد منقولہ jaa-ai-daa-de-man-quu-la(h): (ف، امث) وہ جائیداد جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں، مثلاً گھر کا سامان۔

ج۔ب

جب jab: (ار، حرف، شرط، اسم موصول) جس وقت، جس صورت میں ہر گاہ، درحالیکہ۔

جب تب jab-tab: (ار، متعلق فعل) کبھی کبھی، گاہ گاہ

جب تک / تلک jab-tak: (ار، متعلق فعل) جس وقت تک، ایسے وقت تک۔

جب سے jab-se: (ار، متعلق فعل) جس وقت سے

جب کا jab-ka(a): (ار، صف) اس وقت کا، گذشتہ، پچھلا، آخری۔

جب کہ jab-ke: (ار، متعلق فعل) جس وقت۔

جب نہ تب jab-na(h)-tab: (ار، متعلق فعل) وقت بے وقت، ہمیشہ، عموماً، بار بار۔

جب ہی / جبھی jab-hi(i): (ار، متعلق فعل) فوراً، اسی وقت، عین اسی وقت۔

جب ہی تو / جبھی تو jab-hi(i)-tau: (ار، متعلق فعل) اس وجہ سے، اسی باعث۔

جبّار jab-baar: (ع، اسم مبالغہ) جبر کرنے والا، زبردست، بزرگ، خدا۔

جبال ja-baal: (ع، اند) جبل کی جمع، پہاڑ، کوہستان

جبْر jabr: (ع، اند) ظلم و ستم، دباؤ، جور و جفا، انسان کے مجبور محض ہونے کا عقیدہ۔ (افعال: اٹھانا، کرنا)

جبراً jab-ran: (ع، متعلق فعل) زبردستی سے۔

جبراً قہراً jab-ran qah-ran: (ع، متعلق فعل) مجبوری سے، چار و ناچار۔

جبر و تعدّی jab-ro-ta(?)-ad-di(i): (عف، امث) جور و جفا، ظلم و ستم۔

جبر و مُقابلہ jabro-mu-qaab-la(h): (ع، اند) حساب کی ایک شاخ جس کا مختصر نام الجبرا ہے، جس میں علامات و حروف کے ذریعے عمل کیا جاتا ہے اور معلوم مقداروں کے ذریعے نامعلوم مقدار دریافت کی جاتی ہے۔

جبرُوت ja-ba-ruut: (ع، اند) عظمت، تکبر (تصوف) عظمت و جلال، اسمائے صفاتِ الٰہی، مرتبۂ وحدت، اسم کیفیت مث: جبروتی، صفت نسبتی جبروتی۔

جبری jab-ri(i): (ع، صف) مجبوری سے زبردستی سے، ناچاری سے۔

جبریہ jab-ri-ya(h): (ع، اند) اسلام کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ بندہ کو اعمال و افعال میں کوئی اختیار نہیں۔

جبڑا jab-Ra(a): (ار، اند) منہ کے اندر کی وہ ہڈی جس میں دانت اوپر نیچے جڑے ہوتے ہیں۔

جبڑی jab-Ri(i): (ار، است) جبڑا کی تصغیر، ایک مہلک بیماری جس سے جبڑے بند ہوتے ہیں۔

جبل ja-bal: (ع، اند) پہاڑ، کوہ، صف نسبتی: جبلی

جبلت ji-bal-lat: (ع، است) اصل طبیعت، خصلت، سرشت۔

جبلی ji-bal-li(i): (ع، اند) بزدلی، کم ہمتی، نامردی

جبن ju-ban: (ع، اند) بزدلی، کم ہمتی، نامردی۔

جبہ jub-bah: (ع، است) کرتہ کی صورت کا ایک خاص لباس، جامہ، چوغا۔

جبہہ jib-ha(h): (ع، اند) چہرے کا وہ حصہ جو دونوں ابروؤں کے درمیان ہوتا ہے۔ پیشانی، ماتھا۔

جبہ سا jab-hah-sa(a): (ف، صف) ماتھا رگڑنے والا، منت کرنے والا۔ (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: جبہ سائی۔

جبین ja-biin: (ف، است) پیشانی، ماتھا۔

ج۔پ

جپ jap: (ھ، است) پوجاپاٹ، پرستش، ورد، وظیفہ عبادت، ذکر۔

جپ تپ jap-tap: (ھ، است) پوجاپاٹ، عبادت، ریاضت۔ تکلیف، دُکھ۔

جپنا jap-na(a): (ھ، مص) مالا پھیرنا، تسبیح ہلانا، خدا کو یاد کرنا، رٹنا۔

ج۔ت

جتانا / جتلانا ja-taa-na(a) jat-laa-na(a): (ار، مص) آگاہ کرنا، خبردار کرنا، تاکید کرنا، یاد دلانا، تنبیہ کرنا۔

جتانا / جتوانا ji-taa-na(a) jit-vaa-na(a): (ار، مص) غلبہ دلانا، بازی دلوانا، ہار سے بچانا۔

جتائی ju-taa-i(i): (ار، است) کھیت میں ہل چلنا۔

جتن ja-tan: (ھ، اند) کوشش، ڈھنگ، تجویز، علاج، بندوبست دنیا، سنسار، کرتوت، مکروفریب، استقلال، استحکام۔

جتنا jut-na(a): (ار، مص) گھوڑے یا بیل وغیرہ کا گاڑی میں لگایا جانا، کھیت کا جوتا جانا۔

جتنا jit-na(a): (ار، موصول) جس قدر، جو کچھ سارا، تمام، کُل مث: جتنی

جتوانا jut-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'جوتنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

جتھا ja-tha(a): (ار، اند) گروہ، جماعت، انبوہ، بھیڑ، سرمایہ۔

جتی ستی ja-ti(i) sa-ti(i): (ھ، صف) نیک، مجرد، تارک الدنیا، پرہیزگار، پارسا۔

جتے jit-te: (ار، موصول) دیکھئے 'جتنے' جس کا یہ مخفف ہے۔

جتیانا jut-yaa-na(a): (ار، مص) جوتے مارنا۔

ج۔ٹ

جٹ jaT: (ھ، اند) جاٹ (صف) اُجڈ، اَن پڑھ، مث: جٹی

جُٹ juT: (ھ، اند) جوڑا، جوڑی، جنت، زوج، دو متحد اور متفق آدمی، ثانی۔

جٹا ja-Ta: (ھ، است) گندھے ہوئے بال، لمبے بال، جوڑا، ترشا، بڑی ڈاڑھی۔

جٹادھاری ja-Taa dhaa-ri(i): (ھ، صف)

لمبے بالوں والا، دراز گیسو، جوگی، سنیاسی (مذ) شیو جی، مہیش، مہادیو، پرانا سانپ جس کے سر پر بال ہوں، زعفران۔

جٹنا / جُٹ جانا jaT-na(a): (ار، مص) جڑنا، گتھنا، پیوند ہونا، ملنا، چمٹنا، لپٹنا، پیچھے پڑنا، ہم بستر ہونا۔

جٹھانی ji-Thaa-ni(i): (ہ، امث) جیٹھ کی بیوی، خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔

جُٹی juT-Ti(i): (ہ، امث) سوکھے تمباکو کی گڈی، روئیوں کی تھئی، روپوں یسوں کی بیڑی، پاس پاس، پیوستہ۔

جٹی jiT-Ti(i): (انگ، امث) Getty، وہ بند یا پل جو بندرگاہ کی حفاظت کے لئے ستونوں پر سمندر کے اندر تک بنا دیا جائے، وہ پل جس پر جہاز سے اتر کر کنارے پر آتے ہیں۔

ج۔ث

جثہ jus-sa(h): (ع، امذ) ڈیل، تن، جسم، پنڈا، کایا، کاٹھی، ڈھانچا۔

ج۔ج

جج jaj: (انگ، امذ) Judge منصف، قاضی، مفتی حاکم عدالت، انصاف کرنے والا، مبصر، پرکھنے والا۔

ججمان jij-maan: (ہ، امذ) وہ شخص جس کا برہمن نائی وغیرہ مستقل کام کریں۔ مربی، مخدوم۔

ججمانی jij-maa-ni(i): (ہ، امث) وہ روپیہ جو ججمان برہمن نائی وغیرہ کو دیں۔ ججمان کی حیثیت۔

ججی ja-ji(i): (انگ، امث) جج کا عہدہ، جج کی کچہری۔

ج۔چ

جچا ja-cha(a): (ار، صف مفعولی) اندازہ لگایا ہوا، پورا، ٹھیک، مث: جچی۔

جچا تلا ja-chaa-tu-la(a): (ار، صف) تجربے اور آزمائش کے مطابق ٹھیک درست، مث: جچی تلی۔

جچا jach-cha(a): (ار، امث) زچہ کا بگاڑ ہے۔

جچا گیریاں jach-cha(a)giir-yaaN: (ہ، امث) وہ گیت جو زچہ خانے میں گائے جاتے ہیں۔

جچنا / جنچنا jach-na(a) jaNch-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'جانچنا' جس کا یہ لازم ہے۔

ج۔ح

جحود ju-huud: (ع، امذ) جان بوجھ کر انکار کرنا، تجاہل عارفانہ۔

جحیم ja-hiim: (ع، امذ) دوزخ کا چھٹا طبقہ، بہت تیز آگ۔

ج۔د

جد jad: (ار، حرف، شرط، ق) دیکھیے 'جب' جس کی یہ قدیم صورت ہے۔

جَدّ jad: (ع، امذ) باپ کا باپ، دادا، مث: جَدّہ

جَدِّ اَعلیٰ jad-de-aa(?)-la(a): (ع، امذ) مورثِ اعلیٰ

جَدِّ اَمجَد jad-de-am-jad: (ع، امذ) دادا، پردادا

جد و جہد / جہد jad-do-ja-had: (ع، امث بہ ترکیب فارسی) سعی، محنت۔

جدوکد jad-do-kad: (عف، امث) محنت، مشقت، ردوبدل، تکرار سوال و جواب (افعال کرنا، ہونا)

جدا ju-da(a): (ف، صف) علیحدہ، نرالا، بچھڑا ہوا، مث (ار) جُدی

جدا جدا ju-daa ju-da(a): (ف، صف، متعلق

فعل) الگ الگ، علیحدہ علیحدہ تفصیل وار۔ (افعال: کہنا، کرنا، ہونا)

جدا کرنا / ہونا ju-da(a) kar-na(a): (ار، محاورہ) علیحدہ کرنا/ہونا، ہٹانا/ہٹنا، کاٹنا/کٹنا، توڑنا/ٹوٹنا، نفاق ڈالنا/پڑنا۔

جداگانہ ju-daa-gaa-na(h): (ف، متعلق فعل) علیحدہ علیحدہ، الگ الگ، ایک طرف۔

جدال ji-daal: (ع، امث) لڑائی، جنگ، معرکہ، کارزار، جھگڑا

جدان ja-daan: (ار، متعلق فعل ق) جب سے۔

جداول ja-daa-vil: (ع، امث) دیکھیے 'جدول' جس کی یہ جمع ہے۔

جدائی ju-daa-i(i): (ف، امث) علیحدگی، مفارقت، بچھوڑا، تفرق، فراق۔

جدل ja-dal: (ع، امث، مذ) دیکھیے 'جدال'۔

جدلیات / جدلیت jad-li-yat: (ع، امذ) فلسفہ کی ایک شاخ جس میں مابعد الطبعی تضادات اور اُن کے حل اور معاشرتی قوتوں کے تصادم اور اس سے پیدا شدہ نتائج پر بحث کی جاتی ہے۔ (انگریزی Dialectics کا ترجمہ)

جدلیاتی مادّیت ja-dal-yaa-ti(i) mad-di-yat: (ع، امث) کارل مارکس اور اینگلز کا وہ نظریہ جس کے مطابق سیاسی واقعات معاشرتی قوتوں یعنی طبقاتی کشمکش کا نتیجہ ہوتے ہیں جو انسانوں کی مادّی ضروریات سے پیدا ہوتی ہے۔

جدوار jad-vaar: (ع، امث) نربسی، ایک دوا۔

جدول jad-val: (ع، امث) وہ لکیر جو صفحہ کے خاتمہ پر یا صفحہ کے چاروں طرف کھینچی جاتی ہے۔ پانی کی نہر، روش۔

جدول بندی jad-val-ban-di(i): (عف، امث) خانہ وار ترتیب، اعداد کی ترتیب و فہرست، امتحانوں کے نتائج کی ترتیب (انگریزی Tabulation کا ترجمہ)

جدول کش jad-val-kash: (عف، صف) کتاب کے صفحات پر خطوط کھینچنے والا، پیمانہ، اسم کیفیت مث: جدول کشی

جدھر ji-dhar: (ار، متعلق فعل) جس طرف، جس جگہ، جہاں کہیں۔

جدی ja-di(i): (ع، امذ) بکری کا بچہ، وہ برج آسمانی جس میں ستاروں کی شکل بکری کی مانند ہوتی ہے۔ قطب شمال کے ایک ستارہ۔ خط استوا سے 331/2 درجے جنوب کی طرف ایک فرضی خط جو منطقہ حارہ کی جنوبی حد ہے۔

جدّی jad-di(i): (ع، صف) موروثی، آبائی، باپ دادا سے متعلق۔

جدید ja-diid: (ع، صف) نیا، تازہ، حال کا، عُرت کا، اب کا۔

ج۔ذ

جذام ju-zaam: (ع، امذ) کوڑھ، فساد خون کی ایک بیماری۔

جذامی ju-zaa-mi(i): (ع، صف) جو کوڑھ کے مرض میں مبتلا ہو، کوڑھی۔

جذب jazb: (ع، امذ) کھینچ، کشش، چوسنا، سوکھنا، وہ حالت جو مجذوب فقیروں کے لیے مخصوص ہے۔ مجذوبیت (افعال: کرنا، ہونا)

جذبِ مقناطیسی jaz-be-maq-naa-tii-si(i): (ع، امذ، بہ ترکیب، فارسی) مقناطیس کی کشش۔

جذباتی jaz-baa-ti(i): (ع، صف) جذبات سے متاثر ہو جانے والا، جلد غصہ کرنے والا، جذبات پرست۔

جذبہ jaz-ba(h): (ع، اند) دل کا جوش، کشش، ولولہ (ار) غصہ، جمع: جذبات

جذر ja-zar: (ع، اند) جز، علم حساب میں کوئی عدد اس رقم کا جذر کہلاتا ہے جو اس کو اسی کے ساتھ ضرب دینے سے حاصل ہے۔ مادہ، اصل۔

جذرُ المال jaz-rul-maal: (ع، اند) وہ عدد اس رقم کا جذر المال کہلاتا ہے جو اس کو آپس میں چار دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے مثلاً (2×2×2×2=16 تو 2-16 کا جذر المال ہے)

جذرِ ناطق jazr-naa-taq: (ع، اند) کسی رقم کا وہ جذر جو معلوم ہو سکے۔

جذر نکالنا jazr ni-kal-na(a): (ار، مص، مرکب) دوسرے درجہ کا اُتار معلوم کرنا۔

ج۔ ر

جَر jar: (ع، اند) کھنچاؤ، کسرہ، بنیاد۔

جرِ ثقیل jar-re-sa-qiil: (ع، اند) بھاری بوجھ اٹھانے اور کھینچنے کا آلہ۔

جُراب ju-raab: (ع، اسث) موزہ جو پاؤں میں جوتی کے اندر پہنا جاتا ہے۔ (اردو میں بفتح اول مستعمل ہے)

جُرأت ju-raat: (ع، اسث) دلیری، دلاوری، شجاعت، بے باکی، جواں مردی، بہادری، دل گردہ، سورما پن (افعال: کرنا، دکھانا)

جراثیم ja-raa-siim: (ع، اند) دیکھئے 'جرثومہ' جس کی یہ جمع ہے۔

جراثیم کش ja-raa-siim kash: (عف، صف) جراثیم کو مار دینے والی چیز۔

جرّاح jar-ra(h): (ع، اند) وہ شخص جو زخموں، پھوڑوں پھنسیوں کا علاج کرے۔ زخموں کو چیرنے پھاڑنے والا، سرجن، اسم کیفیت مث: جراحی، مث (ار) جراحی۔

جراحت ja-raa-hat: (ع، اسث) زخم، گھاؤ، چیر، جمع: جراحات

جرار jar-raar: (ع، اند) بھاری لشکر، انبوہ کثیر، بہادر، دلیر، کھینچنے والا۔

جرائد ja-raa-id: (ع، اند) جریدہ، رسالہ، اخبار، میگزین۔

جرائم ja-raa-im: (ع، اند) دیکھئے 'جرم' جمع کے طور پر مستعمل ہے۔ اصلاً جریمہ کی جمع ہے۔

جرائم پیشہ ja-raa-im pe-sha(a): (ع، اند) جو جرم کرنے کو اپنا پیشہ بنا لے، عادی مجرم۔

جرثومہ jar-soo-ma(h): (ع، اند) وہ چھوٹا کیڑا جو مختلف بیماریاں پیدا کرتا ہے اور خوردبین کے بغیر نظر نہیں آتا (انگریزی لفظ Germ کا ترجمہ)

جرثومیات jar-suu-mi-yaat: (ع، اند) علم جراثیم (انگریزی لفظ Bacteriology کا ترجمہ) صف نسبتی: جرثومیاتی۔

جرح ja-ra(h): (ع، اسث) گواہ پر طعن، چوٹ، عیب نمائی، گواہ سے سوال و جواب (افعال: کرنا، ہونا)

جرس ja-ras: (ع، اند) گھنٹہ، گھڑیال، وہ گھنٹہ جو قافلے کی روانگی کے وقت بجاتے ہیں۔

جرسی jar-si(i): (انگ، اسث) Jersey اُونی، بنیان مع آستین جس کا اگلا حصہ سالم کھل سکتا ہو۔

جرعہ jur-(?)a-(h): (ع، اند) گھونٹ، ایک دفعہ کا

پینا، جمع: جرعات

جرعہ کش / نوش jur-(?)a-kash: (عف، صف) پینے والا، اسم کیفیت مث: جرعہ کشی / نوشی۔

جرگہ jir-ga(h): (ف، اند) گروہ، جتھا، جماعت، فرقہ، پنچایت، سرحدی قبائلی علاقہ میں وہ جماعت جو سنگین مقدمات کا فیصلہ کرتی ہے۔

جُرم jurm: (ع، اند) قصور، خطا، گناہ، تقصیر۔

جُرمانہ jur-ma-na(h): (فع، اند) روپیہ جو کسی جرم کی سزا کے عوض مجرم سے لیا جائے، تاوان (افعال: ادا کرنا، بھرنا، دینا، کرنا، لینا، وصول کرنا)

جُروا jur-va(a): (ہ، صف) جورو کی تصغیر۔ بیوی۔

جُرہ jur-raa(h): (ف، اند) باز پرندہ کا نر، ایک شکاری پرندہ۔

جریان jar-yaan: (ع، اند) بہنا، بہاؤ، روانی، ادرار، ایک بیماری جس میں منی خود بخود نکلتی رہتی ہے۔

جریب ja-riib: (ع، اسث) ایک خاص پیمانہ جس سے زمین ناپی جاتی ہے۔ عصا۔ چوب دستی، چاندی کا خول چڑھی ہوئی لکڑی، جو نوابوں بادشاہوں کے چوبداروں کے پاس ہوتی ہے۔

جریبی ja-rii-bi(i): (ع، اصف) جریب کش (مث) کوئی چیز پیائش زمین کے متعلق۔

جریدہ ja-rii-da(h): (ع، اند، صف) تنہا (مذ) حساب کا دفتر، اخبار، رسالہ

ج۔ڑ

جڑ jaR: (ہ، اسث) بیخ، بُن، مول، کُنہ، بنیاد، بِنا، اصل۔

جڑ پیڑ / مول jaR-peR/mol: (ہ، اند) بیخ و بنیاد، تمام چیز۔

جڑاور / جڑاول ja-Raa-var/ja-Raa-val: (ہ، اسث) جاڑوں کے گرم کپڑے۔

جڑاؤ ja-Raa-u(u): (ار، اند) جڑوانے کی مزدوری، جڑنے کا کام۔

جڑت ja-Rat: (ار، اسث ق) جڑاؤ، مرصع، نگ وغیرہ جڑنے کا کام۔

جُڑنا juR-na(a): (ار، مص) پیوند ہونا، ملنا، لگنا، چپکنا، چسپاں ہونا۔ جفت ہونا، جمع ہونا، اکٹھا ہونا، میسر ہونا، حاصل ہونا، جتنا، گاڑی وغیرہ میں بیل یا گھوڑے وغیرہ کا لگایا جانا۔

جڑنا jaR-na(a): (ار، مص) کسی چیز کو کسی چیز میں بٹھانا، پچی کرنا، جوڑ ملانا، وصل کرنا، لکڑی یا ہاتھ سے مارنا، چغلی کھانا، کان بھرنا۔

جُڑواں juR-vaaN: (ار، صف) وہ بچے جو ساتھ پیدا ہوئے ہوں (جوڑے) وہ چیزیں جو آپس میں ملی ہوئی ہوں (توام)

جڑوانا jaR-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'جڑنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

جڑی ja-Ri(i): (ہ، اسث) وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو، ایک قسم کی جڑ جو سانپ کے کاٹے پر زہر مہرہ کا کام دیتی ہے۔

جڑی بوٹی ja-Ri(i)buu-Ti(i): (ہ، اسث) وہ پودے جو دوا دارو کے کام آتے ہیں، نباتاتی ادویات۔

جڑیا ja-Riy-ya(a): (ار، اند) زیورات میں جواہرات جڑنے والا، جوہری۔

ج۔ز

جُز juz: (ف، حرف ربط) بغیر، سوا، بدون۔

جُز juz: (ع، اند) حصہ، ٹکڑا، پارہ، انس، ذرہ، ریزہ، کن۔ ورق کا / کتاب کا حصہ، چھاپے خانہ والوں کا

ایک ورق۔

جُزبندی juz-ban-di(i): (عف، امث) کتاب کے جزوں کو جلد بندی کے لیے سینا، تہ بندی، جلد بندی۔

جُزدان juz-daan: (عف، امذ) بستہ، وہ کپڑا جس میں کتابیں باندھتے ہیں۔

جُزرس juz-ras: (عف، صف) کفایت شعار، اسم کیفیت مث: جزرسی۔

جُزوقتی juz-vaq-ti(i): (عف، امذ، صف) وقت کے ایک حصے کے لیے تھوڑے وقت کے لیے۔ (انگریزی Part time کا ترجمہ)

جزا ja-za(a): (ع، امث) صلہ، بدلہ، نیکی کا عوض جو اگلے جہاں میں ملے گا، ثواب۔

جزالت ja-zaa-lat: (ع، امث) مضبوطی، خوبی، بزرگی، بڑا ہونا۔

جزائر ja-zaa-ir: (ع، امذ) جزیرہ کی جمع، ٹاپو۔

جُزبُز juz-buz: (ف، صف) ناراض، خفا، آزردہ، (افعال کرنا، ہونا)

جزر ja-zar: (ع، امذ) سمندر کے پانی کا اُتار، گھٹاؤ، کمی۔

جزع ja-za(?): (ع، امث) بے صبری، ناشکیبائی۔

جزم jazm: (ع، صف) مصمم، پکا، مضبوط، حرف ساکن کی علامت۔

جُزو juzv: (ع، امذ) دیکھیے جُز، ٹکڑا، حصہ وغیرہ

جُزوِ عظیم/اعظم jaz-vo-(?)a-ziim/(?)aa-zam: (ع، امذ) بڑا حصہ، کسی چیز کا بنیادی اور اہم حصہ۔

جُزوِ لاینفک juz-ve-laa-yan-fik: (ع، امذ) وہ حصہ جو الگ نہ کیا جا سکے۔

جزوی/جزئی juz-vi(i): (ع، صف، مث) منسوب بہ جزو، چند، کچھ، خاص، مخصوص، بہت تھوڑی سی، خال خال، ہزاروں میں ایک

جزویات/جزئیات juz-vi-yaat/ju-zi-yaat: (ع امذ) فروعات، افراد، چھوٹے امور، معمولی باتیں۔

جزیرہ ja-zii-ra(h): (ع، امذ) خشکی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔

جزیہ jiz-yah: (ع، امذ) وہ محصول جو مسلمان غیر مذہب کے لوگوں پر لگاتے تھے۔ اس کے عوض میں ان کی جان و مال کی حفاظت اُن کے ذمہ ہوتی تھی۔

ج۔س

جس jas: (ہ، امذ) شہرت، ناموری، آبرو، عزت، حرمت، ساکھ، گُن، وصف، خوبی، نیکی، ذاتی جوہر، اثر تاثیر، شفا، برکت، قسمت (افعال: کرنا، لینا، ہونا)

جس jis: (ار، ضمیر موصولہ) وہ جو، اُس، جونسا۔

جس پر jis par: (ار، متعلق فعل) تو بھی، تب، بعد ازاں، یہ سن کر۔

جس تس jis-tis: (ار، متعلق فعل) ہر قسم کا، ہر طرح کا، اعلےٰ ادنےٰ ہر کوئی۔

جس جس jis-jis: (ار، متعلق فعل) ہر چیز، ہر شخص، ہر ایک۔

جس دم jis-dam: (ار، متعلق فعل) جب، جب کہ

جس طرح jis-ta-ra(h): (ار، متعلق فعل) جس حالت میں، جیسے، جس طریقہ سے۔

جس طرف jis-ta-raf: (ار، متعلق فعل) جدھر، ہر طرف۔

جس قدر jis-qa-dar: (ار، متعلق فعل) جتنا۔

جسارت ja-saa-rat: (ع، امث) ہمت، جرأت، دلیری۔

جسامت ja-saa-mat: (ع، امث) جسیم ہونا،

موٹائی، حجم۔

جست jast: (ار، اند) ایک دھات کا نام، ایک نیلگوں دھات جو دوسری دھاتوں کے مرکب کرنے کے کام آتی ہے۔ جیسے تانبا میں جست ملانے سے پیتل بن جاتا ہے۔

جست jast: (ف، اسث) چھلانگ، پھاند، قلانچ، چوکڑی۔ (افعال: بھرنا، کرنا، لگانا، مارنا)

جست وخیز jas-to-Kaiz: (ف، اسث) اُچھل کود

جستجو jus-tu-ju(u): (ف، اسث) ڈھونڈ ڈھانڈ، تلاش، ٹٹول، کھوج۔

جستہ جستہ jas-tah jas-tah: (ف، متعلق فعل) کم کم، کہیں کہیں سے، تھوڑا تھوڑا۔

جسد ja-sad: (ع، اند) تن، بدن، جسم۔

جسم jism: (ع، اند) بدن، تن، ہر وہ شے جو طول عرض اور عمق رکھتی ہو، صف نسبتی: جسمانی جسمی۔

جسمانیت jis-maa-ni-yat: (ع، اسث) جسم پن، جسم ہونا، مادّیت۔

جسولنی ja-sol-ni: (ھ، اسث) یسوئی کا بگاڑ، چوب دارنی، شاہی محلوں میں خبر پہنچانے والی۔

جسیلا ja-sii-la(a): (ار، صف، ق) جس والا، نامور۔

جسیم ja-siim: (ع، صف) تنومند جسم والا، موٹا تازہ فربہ۔

ج۔ش

جشن jashn: (ف، اند) شادی، مہمانی، عیش ونشاط کی مجلس، تہوار، خوشی، تخت نشینی کا جلسہ (افعال: اڑانا، کرنا، منانا)

ج۔ع

جعفری ja(?)-fri(i): (ع، اسث) ایک قسم کا زرد پھول، گیندے کا پھول، ٹھاٹر، ٹٹی، لکڑی یا لوہے کا جال، خالص سونا، حضرت جعفرؑ سے منسوب۔

جعل ja(?)l: (ع، اند) بدلنا، بنانا، بھیس بدلنا، مکر، فریب۔

جعل ساز jaa(?)l-saaz: (عف، صف فاعلی) فریبی، مکار، اسم کیفیت مث: جعل سازی۔

جعلی jaa(?)-li(i): (ع، صف) مصنوعی، نقلی، مکار، دغاباز۔

ج۔غ

جُغادری ju-Gaad-ri/ju-gaad-ri: (ار، صف) دیکھیے 'جگادری' جو صحیح ہے۔

جغرافیہ juG-raa-fi-ya(h): (ع، اند) (از یونانی جیوگرافی) وہ علم جس میں سطح زمین اور اس کی خشکی وتری اور طبعی تقسیم سے بحث کی جاتی ہے۔ صف نسبتی: جغرافیائی / جغرافی

ج۔ف

جفا ja-faa: (ف، مث) ظلم، ستم، زیادتی۔

جفاپیشہ / جو / کار / شعار ja-faa pesh: (ف، صف فاعلی) ظالم، ستم گار، کنایۃً معشوق، اسم کیفیت مث: جفا پیشگی / جوئی / کاری / گستری / شعاری /

جفاکش ja-faa-kash: (ف، صف، فاعلی) ظلم سہنے والا، محنتی، مشقت اٹھانے والا، اسم کیفیت مث: جفاکشی۔

جفار jaf-faar: (ع، صف) علم جفر کا ماہر۔

جُفت juft: (ف، اند) جوڑا، وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو سکے۔ طاق کی ضد، ہمسر، ہم پایہ، ثانی، مقابل، جوتی کا جوڑا۔

جُفت ساز juft-saaz: (ف، صف، فاعلی) موچی،

جوتی بنانے والا۔ اسم کیفیت مث: جفت سازی۔

جُفُتَہ ju-fu-ta(h): (ف، اند) شکن، سلوٹ، چرس، داغ، دھبّا، دراڑ، شگاف۔

جُفتی juf-ti(i): (ف، امث) نر اور مادہ کا ملاپ، جماع۔

جُفتی کرنا/ کھانا juf-ti(i) kar-na(a): (ار، محاورہ) نر مادہ کا ملنا، جنسی وظیفہ ادا کرنا۔

جفر jafr: (ع، اند) ایک علم جس سے غیب کا حال معلوم کیا جاتا ہے۔ حضرت امام جعفر صادقؒ سے بھی منسوب کیا جاتا ہے۔

ج۔ک

جکڑ بند ja-kaR-band: (ار، ف، صف) کسا ہوا، مضبوط، کھچا ہوا، تنا ہوا، (مذ) گرفت، پکڑ، روک، گنٹھیا، وجع المفاصل۔

جکڑنا ja-kaR-na(a): (ار، مص) کھینچ کر باندھنا، کس کر باندھنا، مشکیں بنانا۔

ج۔گ

جگ jag: (ھ، اند) دنیا، جہاں، عالم، مخلوق، خلقت، لوگ، راجاؤں کا جشن، دعوت، ضیافت، مہمان داری

جگ بیتی jag-bii-ti(i): (ھ، امث) دنیا جہان کی سرگزشت، زمانے کے حالات و معاملات۔

جگ ہنسائی jag-haN-saa-i(i): (ھ، امث) رسوائی، ذلّت، بدنامی (افعال: کرنا، ہونا)

جگ jag: (انگ، اند) قرابہ، صراحی، پانی رکھنے کا دستے والا برتن، کھلے منہ کا برتن۔

جگ jug: (ھ، اند) زمانہ، عہد، دور، وقت، قرن، پیڑھی پشت، مدت، عرصہ، ہمیشہ، چوسر کے کھیل میں دونوں کا ایک خانے میں اکٹھا ہو جانا۔ وہ ڈورا جو گوٹا یا کپڑا بننے والے تاروں کو ایک دوسرے سے جدا رکھنے کے لیے تانے میں ڈالتے ہیں۔

جگ جگ jug-jug: (ھ، متعلق فعل) ہمیشہ، سدا، مدام۔

جگاڑی / جغادری ju-gaad-ri(i) ju-Gaad-ri(i): (ھ، صف) بہت پرانا انسان، گرگ باراں دیدہ۔

جگانا ja-gaa-na(a): (ار، مص) نیند سے اٹھانا، بیدار کرنا، خبردار کرنا۔

جگت ja-gat: (ھ، اند) دنیا، سنسار، (مث) کنویں کی مینڈھ، انسان، حیوان۔

جگت اُستاد / گرو ja-gat-us-taad: (ھ، ف، اند) بہت بڑا کاریگر، مانا ہوا استاد۔

جُگت ju-gat: (ھ، امث) چترائی، کاریگری، جوڑ توڑ لطیفہ، تلازمہ، دو معنی رکھنے والی بات۔

جُگت باز ju-gat baaz: (ھ، ف، صف) چٹکلے چھوڑنے والا، لطیفہ کہنے والا، اسم کیفیت مث: جگت بازی۔

جگر ji-gar: (ف، اند) کلیجا، کلیجی، دل، جی جان، طاقت، حوصلہ۔ جوہر، لُبِّ لباب۔

جگر آب ہونا ji-gar-aab-ho-na(a): (ار، محاورہ) سخت صدمہ ہونا / پہنچنا ہمت ٹوٹ جانا۔

جگر افگار / فگار ji-gar-af-gaar: (ف، صف) شکستہ دل، رنجیدہ خاطر۔

جگر بند ji-gar-band: (ف، اند) مجازاً، فرزند، بیٹا۔

جگر پارہ ji-gar-paa-ra(h): (ف، اند) کلیجے کا ٹکڑا، مجازاً بیٹا۔

جگر تاب ji-gar-taab: (ار، ف، اند) مجازاً، فرزند، بیٹا۔

جگر تاب ji-gar-taab: (ار، ف، صف، فاعلی) کلیجا گرم کرنے والا، عزیز، معشوق یا اولاد۔

جگر تشنہ ji-gar-tish-na(h): (ف، صف) بہت پیاسا۔

جگر تفتہ ji-gar-taf-ta(h): (ف، صف) جگر بھنا ہوا، غمگین، رنجیدہ۔

جگر چاک ji-gar-chaak: (ف، صف) وہ جس کا دل صدمہ سے ٹوٹا ہوا ہو، غم زدہ (افعال: ہونا)

جگر خراش ji-gar Ka-raash: (ف، صف) چھیلنے والا، بہت زیادہ تکلیف دہ۔

جگر خون / لہو کرنا / ہونا ji-gar Kuun: (ار، محاورہ) روحانی یا دلی صدمہ پہنچانا / پہنچنا، بہت تکلیف دینا / ملنا۔

جگر دار ji-gar-daar: (ف، صف) دلیر، باحوصلہ، بہادر، اسم کیفیت مث: جگر داری۔

جگر دوز ji-gar-doz: (ف، صف) جگر چھلنی کرنے والا، دل پر اثر کرنے والا۔

جگر سوختہ ji-gar soK-ta(h): (ف، صف) جگر جلا، رنجیدہ، غمگین، اسم کیفیت مث: جگر سوختگی۔

جگر سوز ji-gar soz: (ف، صف) کلیجا جلانے والا، ہمدرد، اسم کیفیت مث: جگر سوزی۔

جگر کاوی ji-gar kaa-vi(i): (ف، صف) سخت محنت، جاں فشانی۔

جگر گوشہ ji-gar go-sha(h): (ف، اند) فرزند، بیٹا، عزیز قریب۔

جگرا jig-ra(a): (ار، اند) ہمت، حوصلہ، جرأت، دلیری۔

جگری jig-ri(i): (ف، صف) اندرونی، دلی، سچا، گہرا۔

جگمگانا jag-ma-gaa-na(a): (ار، مص) چمکنا، روشن ہونا، روشن کرنا، اسم کیفیت: جگمگاہٹ۔

جگنو jug-nu(u): (ار، اند) ایک اُڑنے والا کیڑا جس کے جسم سے رات کے وقت روشنی نکلتی ہے، جگنی زیور۔

جگنی jug-ni(i): (ھ، امث) گلے کا ایک زیور، ایک مشہور گیت جو پنجاب میں گایا جاتا ہے۔

جگہ ja-ga(h): (ار، امث) ٹھکانا، مقام، موقع، گنجائش۔

جگہ جگہ ja-ga(h)-ja-ga(h): (ار، متعلق فعل) ہر جگہ، جہاں تہاں، جا بجا۔

ج ـ ل

جل jal: (ھ، اند) پانی، (ق) اوجھل۔

جل بانک jal-baaNk: (ھ، اند) ایک فن سپہ گری جس کا مقصد گہرے پانی میں دشمن پر قابو پانا ہوتا ہے۔

جل پان jal-paan: (ھ، اند) تھوڑا سا ناشتہ، (افعال: کرنا)

جل پری jal-pa-ri(i): (ھ، امث) ایک سمندری مخلوق جس کا سینہ تک کا حصہ عورتوں کا اور نچلا مچھلی جیسا بتاتے ہیں۔

جلترنگ jal-ta-rang: (ھ، اند) ایک ساز جو چینی کے پیالوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجاتے ہیں۔

جل تھل jal-thal: (ھ، اند) وہ زمین جس پر بہت سا پانی ہو، دلدل تری خشکی۔

جل کاک / کوّا jal-kaak-kav-va(a): (ھ، اند) آبی کوا، ماہی گیر، غوطہ خور۔

جل ککڑا jal-kuk-Ra(a): (ار، صف) مغلوب الغضب، مرغابی، مث: جل ککڑی۔

جل مانس jal-maa-nas: (ھ، اند) پانی کا آدمی، مرد آبی، ایک قسم کا چھوٹا بندر۔

جلّ Jal-la: (ع، صف) بزرگ، باعظمت۔

جلّ جلالہٗ jal-la-ja-laa-la-hu(h): (ع،صف) خدا کی عظمت اور شان بڑی ہے۔

جلّ شانہٗ jal-la shaa-na-hu(u): (ع،صف) خدا کی شان اور عظمت۔

جُل jul: (ہ، اند) دھوکا، فریب، چال، جھانسا، دَم، چھل، (افعال: دینا، کھیلنا، میں آنا)

جُل باز jul-baaz: (ہ، ف، صف) دھوکا دینے والا، فریبی (ترکیب غلط ہے)

جلا ja-laa: (ار، صف) جلا ہوا، تنگ آیا ہوا، غصہ کی حالت میں مث: جلی۔

جلا بھُنا ja-laa-bhu-na(a): (ار، صف) غصہ میں بھرا ہوا، ناراض، رنجیدہ مث: جلی بھنی۔

جلانا ja-laa-na(a): (ار، اند) جلن، رنج، غم، ملال، رشک، حسد، بغض۔

جلا/جلے تن ja-laa-ja-le-tan: (ار،صف) بد مزاج، جھلّا، وہ شخص جو کسی بات کا متحمل نہ ہو سکے۔

جلاوطن ja-laa-va-tan: (ع، اند) وطن سے نکالنا (افعال: کرنا، ہونا) (صف) وہ شخص جس کو وطن سے نکال دیا گیا ہو۔ اسم کیفیت مث: جلاوطنی۔

جِلا ji-la(a): (ع، امث) چمک، روشنی، صیقل، صفائی (افعال: دینا، کرنا)

جلا کار/ساز ji-laa-kaar: (عف، صف) صیقل گر، اُجالنے والا، اسم کیفیت مث: جلا کاری/سازی

جُلاب jul-laab: (ع، اند) گلاب کا معرّب، مسہل، دست، دست لانے والی دوا۔

جلاجل ja-laa-jal: (ع، اند) دیکھیے 'جلجل' جس کی یہ جمع ہے، جھانجھ۔

جلّاد jal-laad: (ع، اند) دُرّہ مارنے والا، پوست کھینچنے والا، ظالم، بے درد، تلوار مارنے والا، معشوق، اسم کیفیت مث: جلادی۔

جلادِ فلک jal-laa-de-fa-lak: (عف، اند) مریخ، بہرام۔

جلاوت ja-laa-vat: (ع، امث) جوانمردی، شجاعت، چستی، چالاکی۔

جلال ja-laal: (ع، اند) بزرگی، شان و شوکت، رعب داب، سختی۔

جلالی ja-laa-li(i): (ع،صف) جلال سے منسوب، وہ صفت جس میں شان غضب کا اظہار ہو، صاحب جلال، وہ عمل یا نقش جس میں خدا کی شانِ قہاری کا ظہور ہو، ایک سلسلہ کا نام جو سید جلال بخاری سے منسوب ہے۔

جلانا ja-laa-na(a): (ار، مص) آگ لگانا، بھڑکانا، غصہ دلانا، دق کرنا، تنگ کرنا، رشک دلانا، چھیڑنا، آزردہ کرنا۔

جِلانا ji-laa-na(a): (ار، مص) زندہ کرنا، کھینچنا، لینا، حصول، کشش۔

جلبِ زر jal-be-zar: (عف، اند) دولت حاصل کرنا، حصولِ مال۔

جلبِ منفعت jal-be-mun-fa-(?)at: (ع، اند) نفع حاصل کرنا۔

جِلد jild: (ع، امث) کھال، پوست (صف نسبتی جلدی) کتاب کا پٹھا، کتاب کی جُز بندی اور سلائی، کتاب کا حصہ۔

جلد ساز / گر jild-saaz/gar: (عف، صف فاعلی) کتاب کی جلد بنانے والا، اسم کیفیت مث: جلد سازی/گری۔

جلد jald: (ف، متعلق فعل) فوراً، بلاتوقف، ترت۔

جلد باز jald-baaz: (ف، صف، فاعلی) عجلت

کرنے والا، بے موقع جلدی کرنے والا، اسم کیفیت مث: جلد بازی۔

جلدی jal-di(i): (ف، امث) تیزی، گرمی، شتابی، عجلت، پھرتی، گھبراہٹ، فوراً۔

جلدی کا مارا jal-di(i) kaa maa-ra(a): (ار، صف) دیکھیے 'جلد باز'

جلسہ jal-sa(h): (ع، امذ) ایک بار بیٹھنا، ایک طرح بیٹھنا، نشست ملاقات۔ محفل، مجلس، انجمن، مجمع، جمگھٹا، نماز میں سجدہ کر کے اوّل مرتبہ بیٹھنا۔

جلسہ خطبی jal-sa(h)-e-Ka-tii-bi(i): (ع، امذ، بہ ترکیب فارسی) خطیب کا پہلے اور دوسرے خطبہ کے درمیان بیٹھنا۔

جلسہ گاہ jal-sa(h)-gaa(h): (عف، امث) وہ جگہ جہاں جلسہ کیا جائے۔

جلف jilf: (ع، صف) کمینہ، احمق۔

جلق ja-laq: (ف، امذ، مث) مشت زنی، ہاتھ سے منی نکالنا۔ (افعال: لگانا، مارنا)

جلقی jal-qi(i): (ف، صف) جلق لگانے والا، وہ شخص جس کو جلق کی عادت ہو۔

جلن ja-lan: (ار، امث) جلنے کی کیفیت، تپک، سوزش، گرمی، جدت، غصہ، طیش، رنج، غم، حسد، رشک، کینہ، دشمنی۔ (افعال: پڑنا، ہونا)

جلنا jal-na(a): (ار، مص) آگ لگنا، سلگنا، روشن ہونا، مشتعل ہونا، جھلسنا، بھننا، داغ لگنا، خاکستر ہونا، راکھ ہو جانا، حسد کرنا، سوزش ہونا، چٹکنا، چڑچڑاہٹ، نباتات کا برف یا پالے سے مرجھانا، سوکھنا۔

جلندر / جلندھر ja-lan-dar: (ہ، امذ) استسقاء کا مرض۔

جلو ji-lo: (ت، امث) باگ، لگام، وہ گھوڑا جو سجا کر صرف زینت کے لیے سواری کے ساتھ خالی لے جاتے ہیں۔

جلو خانہ ji-lo-Ka-na(h): (ف، امذ) صحن، آنگن، وہ میدان جو صدر دروازہ کے سامنے ہو۔

جلو دار ji-lo-daar: (ف، صف، فاعلی) وہ شخص جو گھوڑے کی باگ پکڑ کر ہمراہ چلے۔

جلوت jal-vat: (ع، امث) خلوت کی ضد، مجمع۔ جہاں تنہائی نہ ہو۔

جلوس ju-luus: (ع، امذ) بیٹھنا، تخت نشینی، شاہانہ حشم، بادشاہوں اور امیروں کی سواری، ساز و سامان، کروفر۔

جلوسی ju-luu-si(i): (ع، صف) جلوس سے منسوب، تخت نشینی سے منسوب۔

جلوہ jal-va(h): (ع، امذ) کسی خاص طرز سے خود کو ظاہر کرنا، پہلی بار سامنے آنا، نظارہ، دیدار، تجلی، نور آرسی مصحف کی رسم اور پہلی بار دلہن کا منہ دکھانا۔

جلوہ آرا / افروز jal-va(h) aa-ra(a)/af-roz: (عف، صف) خاص بناؤ سنگار کے بعد سج دھج کر سامنے آنے والا، کسی مجلس میں بیٹھنے والا، بلند مرتبہ آدمی (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: جلوہ آرائی / افروزی۔

جلوہ گر jal-va(h) gar: (عف، صف) جلوہ دکھانے والا، اسم کیفیت مث: جلوہ گری / نمائی۔

جلی ja-li(i): (ع، صف) روشن، آشکار، ظاہر، موٹے حروف۔

جلی قلم ja-li qalm: (ع، امذ) چوڑے قط والا قلم، جس سے حروف موٹے لکھے جائیں۔

جلی کٹی ja-li(i) ka-Ti(i): (ار، امث) رشک و حسد کی گفتگو، طعن و طنز کی بات، (افعال: کہنا، سنانا، کرنا)

جلیبی ja-le-bi(i): (ار، اسث) ایک قسم کی مٹھائی جو بلوں والی ہوتی ہے اور تل کر شیرہ میں ڈبوئی جاتی ہے۔

جلیس ja-liis: (ع، صف) ہم نشین، مصاحب، ساتھی۔

جلیل ja-liil: (ع، صف) بزرگ، بڑا، اعلیٰ، افضل، مث: جلیلہ۔

جلیل القدر ja-lii-lul-qadr: (ع، صف) بڑی شان والا، نہایت معزز عالی مرتبہ۔

ج۔م

جم jam: (ف، اند) بڑا بادشاہ، جمشید (شاہ ایران) مخفف، حضرت سلیمان علیہ السلام کا نام، سکندر کا نام (نوٹ) جب یہ لفظ جام یا جشن وغیرہ کے ساتھ آئے تو اس سے جمشید اور جب جن، پری، انگوٹھی وغیرہ کے ساتھ آئے تو حضرت سلیمان علیہ السلام اور جب آئینہ وغیرہ کے ساتھ تو سکندر مراد لیتے ہیں۔

جم جاہ jam-jaa(h): (ف، صف) بڑے مرتبے والا، جمشید جیسے مرتبہ والا۔

جم جانا jam-jaa-na(a): (ار، محاورہ) چپک جانا، سخت ہو جانا۔

جمِ غفیر jam-me-Ga-fiir: (ع، اند) بڑا ہجوم، انبوہ کثیر۔

جماد ja-maad: (ع، اند) وہ چیز جس میں نشو ونمائی قوت نہ ہو، بے جان پتھر، جمع: جمادات۔

جمادی ja-maa-di(i): (ع، صف) جماد سے متعلق، بے جان، پتھر، غیر نمو پذیر اشیاء۔

جمار ji-maar: (ع، اند) وہ سنگ ریزے جو حاجی لوگ حج کے مناسک ادا کرتے وقت پھینکتے ہیں۔

جماع ji-maa(?): (ع، اند) مرد کا عورت سے صحبت کرنا، ہم بستر ہونا، باشرت۔ چودنا

جماعت ja-maa-(?)at: (ع، اسث) پارٹی، گروہ، جتھا، ٹولی، سوسائٹی (صف) نماز، سلسلہ، جُث، پرا، فرقہ، فریق، ہجوم۔

جماعت تیار ہونا ja-maa(?)t-tay-yaar-ho-na(a): (ار، محاورہ) نمازیوں کا نماز کے لیے تیار ہونا۔

جمال ja-maal: (ع، اند) حسن، جوبن، روپ، خوب صورتی، جلال کی ضد ی، نرمی، رحمت۔

جمال گوٹا ja-maal go-Ta(a): (ھ، اند) ایک گرم اور خشک پھل جو جلابوں میں بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

جمالی ja-maa-li(i): (ع، صف) شان رحمت کی تجلی، وہ اسم جو جلالی نہ ہو، ایک قسم کا سردا یا خربوزہ، عالموں اور صوفیوں کی اصطلاح میں نباتات وغیرہ جیسے لہسن، پیاز وغیرہ۔

جمالیات ja-maa-li-yaat: (ع، اند) فلسفہ کی وہ شاخ جس میں حسن اور اس کے لوازم سے بحث کی جاتی ہے۔ حسن بینی، حسن شناسی (انگریزی لفظ Aesthetics کا ترجمہ) صف نسبتی: جمالیاتی۔

جمانا ja-maa-na(a): (ار، مص) منجمد کرنا، بستہ کرنا، قائم کرنا، ٹھہرانا، ترتیب سے لگانا، ڈھنگ سے رکھنا، راضی کرنا، رکھنا، جمع کرنا، لگانا، ٹھانا، مستحکم کرنا۔

جماہی / جمائی ja-maa-hi(i) ja-maa-i(i): (ھ، اسث) انگڑائی، جسم میں ذرا تناؤ آ کر منہ کھل جانا۔ (افعال: آنا، لینا)

جماہیر ja-maa-hiir: (ار، محاورہ) جمہور کی جمع، عوام، عام آدمی۔

جماؤ ja-maa-o: (ار، محاورہ) جمنے کی خاصیت، بھیڑ، ہجوم، قیام، ٹھہراؤ۔

جمبوری jam-buu-ri(i): (انگ، امث) Jamboree، جشن، رنگ رلیاں۔

جمپر jem-par: (انگ، امث) Jumper، عورتوں کی ڈھیلی ڈھالی کرتی، کریچ کی ڈھیلی ڈھالی کرتی۔

جم جم jam-jam: (ہ، صف) سدا، ہمیشہ، نت، لگاتار، خدا مبارک کرے۔

جم در jam-dar: (ہ، امذ) ایک قسم کی چھری، خنجر، ایک قسم کا بادامی کاغذ۔

جمرہ jam-ra(h): (ع، امذ) حج کے دوران میں کنکری مارنا، آگ کی چنگاری، آتشک۔

جمشید jam-shed: (ف، امذ) ایران کا ایک مشہور بادشاہ جس نے ایک ایسا پیالہ بنوایا تھا جسے جام جم کہتے ہیں اور اس میں تمام دنیا کے حالات نظر آتے تھے۔

جمع ja-ma(?): (ع، امذ و مث) کل، تمام، اکٹھا، سب، سارا، جملہ۔ میزان، جوڑ، چند رقموں کا مجموعہ، ایک سے زیادہ ہونا، گروہ، جماعت، مجمع، اصل سرمایہ، پونجی، لاگت، محصولات مال گزاری، حساب کتاب کے رجسٹر کا وہ صفحہ جس میں آمدنی کی رقم درج کی جاتی ہے۔ ریاضی کے چار بنیادی قاعدوں میں سے ایک، ڈھیر، انبار، تودہ، ذخیرہ۔ گودام، خزانہ، شاعری کی ایک صفت جس سے شاعر ہم وصف چیزوں کو یکجا کر دے (افعال: کرنا، بھرنا)

جمع الجمع ja-ma-(?)ul-ja-ma(?): (ع، امث) کسی لفظ کی دوہری جمع، جیسے رقم کی جمع رقومات

جمع بندی ja-ma(?)-ban-di(i): (عف، امث) لگان کا حساب کتاب، فرد لگان، سرکاری مال گزاری کا بندوبست (افعال: کرنا)

جمع جتھا ja-ma(?)-jat-tha(a): (ار، امث) سرمایہ، پونجی۔

جمع خرچ ja-ma(?)-Karch: (ع، ار، امذ) آمدنی اور خرچ، آمدنی و خرچ کا حساب کتاب۔

جمعدار ja-ma(?)-daar: (عف، امذ) جماعت کا سردار، ایک فوجی عہدہ سپاہیوں کا افسر، سقہ، ماشکی، بھنگی، خاکروب، اسم کیفیت مث: جمعداری۔ مث (ار): جمعدارنی۔

جمع کرنا / ہونا ja-ma(?) kar-na(a)/ ho-na(a): (ار، مص مرکب) جوڑنا / جڑنا، سمیٹنا / سمٹنا۔ ایک جگہ کرنا / ہونا، ذخیرہ کرنا / ہونا۔ گودام میں رکھنا / رہنا۔ رقم جوڑنا / جڑنا۔ میزان کرنا / ہونا۔ فرد حساب میں وصولی درج کرنا / ہونا، روپیہ کسی کے نام پر وصول دکھانا / دکھایا جانا، امانت رکھنا / رہنا۔

جمع مُرکّب ja-ma(?) mu-rak-kab: (ع، امث) رقموں کی جمع، اوزان و پیمائش کی جمع۔

جُمعرات ju-me(?)-raat: (ار، امث) جمعہ سے ایک دن پہلے کا روز، پنجشنبہ۔

جُمعہ ju-ma(?): (ع، امذ) جمعرات کے بعد کا دن، یوم آدینہ، شکروار۔

جمعیّت jam-(?)iy-yat: (ع، امث) فراہمی، اکٹھا ہونا، گروہ، مجمع، انبوہ، جمگھٹ، فوج، لشکر، اطمینان، تسکین، دلجمعی۔

جمعیّت خاطر / اول jam-(?)iy-yat Kaa-tir: دلجمعی، تسلی، تشفی۔

جمگھٹا jam-gha-Ta(a): (ہ، امذ) ہجوم، انبوہ، بھیڑ، بڑی دیوالی کی آخری رات، دیوالی کی رات کو قمار بازوں کا ہجوم۔

جمل ja-ml~ja-mal: (ع، امذ) نر اونٹ، شُتر۔

جُمل ju-mal: (ع، امذ) حروف ابجد کے اعداد کا حساب جس سے تاریخ نکالتے ہیں۔ تمام، کُل، جملہ کی جمع۔

جُملگی jum-la-gi(i): (عف، اسث) پورا پن، کلی، کلیت، تمامی، عمومیت۔

جملہ jum-la(h): (ع، صف، مذ) تمام، سب، کُل (مذ) کلموں کا مجموعہ۔ فقرہ، جو مطلب ادا کرے، جس کی مندرجہ ذیل مشہور قسمیں ہیں۔ جملہ اسمیہ، جملہ انشائیہ، جملہ خبریہ، جملۂ شرطیہ، صفتیہ، فعلیہ، جملہ معترضہ، معطوفہ، معللہ وغیرہ۔

جمن / جمنا ja-man/jam-na(a): (ہ، اند، مث) ہند کا ایک دریا جو گنگا کا معاون ہے۔ شہر دہلی آگرہ اور الٰہ آباد اس کے کنارے آباد ہیں۔ اس کو ہندو متبرک سمجھتے ہیں۔

جمنا jam-na(a): (ار، مص) منجمد ہونا، بستہ ہونا، رنگ یا کائی کا اکٹھا ہونا، قائم ہونا، ٹھہرنا، بیج کا اُگنا، جڑ پکڑنا، ڈٹنا، رُکنا، کسی جگہ بہت دیر تک بیٹھے رہنا، لگنا۔ پیدا ہونا، پڑنا، دل پر اثر ہونا / کرنا، انبوہ ہونا / رہنا، یقین ہونا، گھوڑے کا کودنے کے واسطے رک جانا۔

جمْوا jam-va(a): (ار، اند) جامن کی ایک قسم جس کا پھل بہت چھوٹا ہوتا ہے۔ ایک درخت جس کی لکڑی عمارتی کاموں میں شہتیر بننے کے کام آتی ہے جو انتہائی مضبوط ہوتی ہے، نیل کا پودا جو برسات کے مہینے لگایا جاتا ہے۔

جُمُود ju-muud: (ع، اند) جمنا، منجمد ہونا، بے حسی بے حرکتی۔

جمہوریت jam-huu-ri-yat: (ع، اسث) وہ طرزِ حکومت جس میں بادشاہ کی بجائے عوام کے نمائندے کاروبار حکومت کو انجام دیتے ہیں۔ صف نسبتی: جمہوری۔

جمیع ja-mi(?): (ع، صف) کُل، سب، تمام۔

جمیل ja-miil: (ع، صف، اند) خوبصورت، حسین، شکیل، قبول صورت، مث: جمیلہ۔

ج۔ن

جن jin: (ار، ضمیر، مقولہ) ایک پوشیدہ مخلوق جو آگ سے پیدا کی گئی ہے۔ بھوت، اسر، دیو، عفریت، غصہ، غضب، ضدی آدمی، مستعد آدمی، مستقل مزاج آدمی، ثابت قدم شخص۔

جنا ja-na(a): (ار، اند) شخص، آدمی، پیدا شدہ، جنا ہوا، مث: جنی

جناب ja-naab: (ار، کلمہ خطاب) درگاہ، آستانہ، حضرت، قبلہ۔

جنابت ja-naa-bat: (ع، اسث) دور ہونا، نجاست، پلیدی، ناپاکی، آلودگی، غسل کی ضرورت۔

جنات jin-naat: (ع، اند) دیکھیے 'جنہ' جس کی یہ جمع ہے۔ اُردو میں 'جن' کی جمع ہے۔ صف نسبتی: جناتی

جناتی زبان jin-naa-ti(i)za-baan: (عف، اسث) ایسی زبان جو سمجھ میں نہ آئے۔ •

جناح ja-naa(h): (ع، اند) پر، بازو، پنکھ، فوج کے بازو، میمنہ، میسرہ وغیرہ۔

جنازہ ja-naa-za(h): (ع، اند) نعش جو دفن کرنے کے لیے لے جاتے ہیں تابوت میت۔

جناں ji-naaN: (ع، اند) دیکھیے 'جنت' جس کی یہ جمع ہے۔

جنْوانا jan-vaa-na(a): (ار، مص) بچہ پیٹ سے نکالنا، دائی کا عورت کے پیٹ سے بچہ نکلنے میں مدد دینا۔

جنائی ja-naa-i(i): (ار، محاورہ) بچہ جنانے والی عورت، قابلہ، دائی، بچہ جنانے کی اُجرت۔

جنب janb: (ع، اسث) پہلو، پسلی، طرف، ملک کا

ایک حصہ۔

جُنُب ju-nub: (ع، امذ) ناپاک آدمی، وہ آدمی جسے جماع یا احتلام کی وجہ سے غسل کی حاجت ہو۔

جُنبش jum-bish: (ف، امث) حرکت، گردش، ہلنا، (افعال: دینا، کرنا)

جنبہ دار jam-baa-daar: (عف، صف، مذ) حمایتی، طرفدار، جانب دار، اسم کیفیت مث: جنبہ داری۔

جنبیت jan-biy-yat: (ار، امث) حمایت، طرفداری، جانبداری۔

جنت jan-nat: (ع، امث) وہ باغ جس کی زمین سبز ٹہنیوں سے ڈھکی ہوئی ہو، بہشت۔

جنت الحمقاء jan-na-tul-hum-qaa: (ع، امث) خیالی جنت، قیاسی خوشی۔ (انگریزی لفظ Fools Paradise کا ترجمہ)

جنتِ شدّاد jan-na-te-shad-daad: (ع، امذ) وہ باغ جو شداد شاہ بابل نے تیار کروایا تھا۔

جنتِ عدن jan-na-te-(?)a-dan: (ع، امذ) وہ باغ جس میں حضرت آدم علیہ السلام کو دنیا میں بھیجنے سے پہلے رکھا گیا تھا۔

جنت نشان jan-nat ni-shaan: (عف، صف) جنت کی نشانی، جنت جیسا دلکش، جنت نظیر۔

جنت نصیب jan-nat na-siib: (عف، صف) مرحوم، بہشتی، آنجہانی۔

جنت نگاہ jan-na-te-ni-gaa(h): (عف، امث) وہ چیز جو آنکھوں کو بھلی معلوم ہو۔

جنتا jan-ta(a): (اس، امث) بہت سے آدمی، گروہ، مجمع، عوام، جمہور۔

جنتر منتر jan-tar man-tar: (ہ، امذ) ٹوٹکا، افسوں، شعبدہ بازی، مکاری دھوکا فریب، رصدگاہ۔ ستاروں کی گردش معلوم کرنے کی ایک جگہ جو راجستھان میں ہے۔ نئی دہلی میں ایک جگہ کا نام۔

جنتری jan-ta-ri(i): (ہ، امث) ایک اوزار کا نام جس میں بہت سے چھید ہوتے ہیں اور اس میں سونے چاندی کو ڈال کر کھینچتے ہیں تاکہ لمبا ہو سکے۔ شعبدہ باز، مداری، جادوگر تقویم جس میں نجم روزانہ حالات اور تاریخیں درج کرتے ہیں۔

جنتی jan-na-ti(i): (ع، صف) بہشت کا رہنے والا، بہشت میں جانے والا۔

جنجال jan-jaal: (ہ، امذ) مصیبت، آفت، مشکل، تکلیف دہ آدمی، تکلیف دہ بات۔

جنجر jin-jar: (انگ، امذ) Ginger، ادرک، سونٹھ۔

جُند jund: (ع، امذ) لشکر، فوج۔

جندا / جندرا jan-da(a): (ہ، امذ) گھاس وغیرہ اکٹھی کرنے کا آلہ، وہ آلہ جس سے کیاریاں وغیرہ بناتے ہیں۔ قفل دتالا۔

جنڈ janD: (ہ، امذ) ایک درخت جس کی لکڑی جلانے کے کام آتی ہے۔ اس کی پھلیوں کا اچار ڈالا جاتا ہے۔ سانگر۔

جنرل jan-ral: (انگ، امذ) General، عام، اکثر سب سے بڑا، بڑے رتبہ کا فوجی افسر، جرنیل، سپہ سالار

جنس jins: (ع، امث) قسم، جماعت، نوع، صنف، فرع، وہ کُل جس کے تحت مختلف نوعیں (انواع) ہوں (نوع، وہ جس کے تحت اصناف ہوں (صنف) وہ جس کے تحت افراد ہوں) مثلاً حیوانی جنس ہے اور انسانی نوع اور صنف ہندی، روسی، ترکی، چینی وغیرہ۔ اصناف اور ہر صنف کے اشخاص، چیز، شے، اسباب، سودا، مال سوداگری، اناج مثلاً، پیداوار، تذکیر و تانیث۔

جنس خانہ jins-Kaa-na(a): (عف، اند) مال گودام۔

جنس وار jins-vaar: (عف، صف) قسم وار، تفصیل وار (مذ) وہ نقشہ جو پٹواری کاشت کی ہوئی جنسوں کے متعلق تحصیل میں داخل کرتے ہیں۔

جنس دار jins-daar: (عف، امث) مال گزاری کی تشخیص، اقسام اناج کے موجب خاص شرحوں پر۔

جنسی jin-si(i): (ع، صف) جنس سے منسوب، شہوانی، عورت اور مرد کے ایک دوسرے کے میلان کے متعلق۔

جنسی امراض jin-si(i) am-raaz: (ع، اند) وہ بیماریاں جن کا تعلق مرد یا عورت کے جنسی افعال سے ہے۔

جنسیات jin-si-yaat: (ع، اند) وہ علم جس میں مرد عورت کے جسمانی تعلق کی شرح کی جاتی ہے۔

جنسیت jin-si-yat: (ع، امث) ہم قسم ہونا، ایک میل ہونا، جنسی جذبہ۔

جنکشن jank-shan: (انگ، مذ) Junction، ملنے کی جگہ، وہ جگہ جہاں دریا کی دو سے زیادہ شاخیں آ کر ملتی ہوں (ریلوے) وہ اسٹیشن جہاں سے مختلف اطراف میں گاڑیاں چلتی ہوں۔

جنگ jang: (ف، امث) لڑائی، معرکہ، دشمنی، بیر، کینہ، عداوت، (افعال: کرنا، ہونا)

جنگ آزمودہ / آزما jang-aaz-muu-da(h): (ف، صف) وہ شخص جو بہت سی لڑائیوں میں شریک ہو چکا ہو۔

جنگ آور jang-aa-var: (ف، صف، فاعلی) شجاع، دلیر، لڑائی کرنے والا، اسم کیفیت مث: جنگ آوری۔

جنگ جو jang-juu: (ف، صف) لڑاکا، لڑائی کے بہانے ڈھونڈنے والا، نبرد آزما، اسم کیفیت مث: جنگ جوئی۔

جنگِ زرگری jan-ge-zar-ga-ri(i): (ف، امث) جھوٹ موٹ کی لڑائی، دکھاوے کی لڑائی، مصنوعی لڑائی۔

جنگ گاہ / جنگاہ jang-gaa(h): (ف، امث) میدانِ جنگ، لڑائی کا میدان۔

جنگِ مغلوبہ jan-ge-maG-luu-ba(h): (فع، امث) دست بدست جنگ، انبوہ کی لڑائی، فتح کی امید پر زیادہ لڑائی۔

جنگ وجدال / جدل jan-go-ja-dal: (فع، امث) لڑائی، معرکہ، دنگا فساد، مار کٹائی۔

جنگل jan-gal: (ار، اند) میدان، صحرا، بیابان، بنجر اور ویران جگہ، چراگاہ، درختوں کی کثرت کا مقام۔

جنگل بیاباں jan-galba-yaa-baaN: (ار، ف، امث) ایسا جنگل جو بالکل ویران ہو، جہاں آبادی اور آدمی کا نشان نہ ہو۔

جنگلا jang-la(a): (ار، اند) جھنڈ، گھنا جنگل، کٹہرا، احاطہ، ویران، غیر آباد جگہ، دوپٹے پر گوٹے کناری کا حاشیہ، مختلف رنگوں کے بیل بوٹے، صحرائی کبوتر، ایک راگنی کا نام۔

جنگلی jang-li(i): (ف، صف) صحرائی، وحشی، بھڑکنے والا، بدکنے والا، خودرو، قدرتی، گنوار، اُجڈ۔

جنگم jan-gam: (س، اند) وہ فقیر جس کے سر پر جٹائیں اور ہاتھ میں سونٹا ہو، پاؤں میں زنجیر اور ہاتھ میں ایک گھنٹی جسے وہ ہر وقت بجاتا پھرے، متحرک، زندہ اور زندگی رکھنے والا۔

جنگی jan-gi(i): (ف، صف) قابل جنگ، بہادر،

دلیر، سپاہی، لشکری، فوجی، بڑا، عظیم۔

جنگی بیڑا :jan-gii be-Ra(a) (ف، ار، اند) بحری فوج اور سامانِ جنگ سے لدے ہوئے جہاز۔

جنگی لاٹ :jan-gii laaT (ار، اند) سپہ سالار، کمانڈر انچیف، مارشل۔

جنم :ja-nam (ھ، اند) ولادت، پیدائش، نسل، بنیاد، زندگی، حیات، عادت، خصلت۔

جنم اشٹمی :ja-nam ash-Ta-mi(i) (ھ، اسٹ) بھادوں کے اندھیرے پاکھ کا آٹھواں دن جو کرشن جی کی پیدائش کا دن ہے۔

جنم بھوم/بھومی/استھان :ja-nam-bhuu-mi(i) (ھ، اند) پیدائش کی جگہ، مول۔

جنم پتر/پتری/پترا :ja-nam-pat-tar (ھ، اسٹ، مذ) وہ کاغذ جو ستاروں کے حساب سے بچے کی پیدائش کے وقت تمام عمر کے احکام و احوال کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔

جنم جگ :ja-nam-jug (ھ، اند، ق) عمر بھر۔

جنم جلا :ja-nam-ja-la(a) (ھ، صف) بدنصیب منحوس، بیچارہ، مصیبت زدہ، مث: جنم جلی۔

جنم جنم :ja-namja-nam (ھ، صف) سدا، ہمیشہ۔

جنم دن :ja-namdin (ھ، اند) پیدائش کا دن، سالگرہ۔

جنم کنڈلی :ja-nam-kunD-li(i) (ھ، اسٹ) دیکھیے 'جنم پتر' وغیرہ۔

جنم گھٹی :ja-nam ghuT-Ti(i) (ھ، اسٹ) وہ چیز جس کی مدت سے عادت ہو گئی ہو، وہ گھٹی یا دوا جو بچے کو پیدا ہوتے ہی دی جاتی ہے۔

جننا :jan-na(a) (ھ، مص) بچہ دینا۔

جنوائی :jan-vaa-i(i) (ھ، اند) داماد، بیٹی کا خاوند۔

جنوب :ja-nuub (ع، اند) شمال کی ضد، دکھن، دکن، صف، نسبتی: جنوبی۔

جنوباً :ja-nuu-ban (ع، متعلق فعل) جنوب کی طرف۔

جنوری :jan-va-ri(i) (انگ، اند) January، انگریزی سال کا پہلا مہینہ۔

جنون :ju-nuun (ع، اند) دیوانگی، پاگل پن، (کنایۃً) عشق، غصہ، طیش (افعال: آنا، اچھلنا، چڑھنا، ہونا)

جنونی :ju-nuu-ni(i) (ف، صف) پاگل، غصہ ور، سفاک، ظالم۔

جنھیں :jin-haiN (ار، ضمیر) جن کی مفعولی حالت۔

جنے :jin-ne (ار، ضمیر، ق) جس نے

جنی :ja-ni(i) (ار، اسٹ، ق) پیاری، اولاد۔

جنی :jin-ni(i) (ع، صف) دیکھیے 'جن' جس سے منسوب ہے۔

جنین :ja-niin (ع، اند) وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہو۔

جنیو :ja-ne-uu (ھ، اند) زنار، وہ دھاگا جو ہندو بغل کے نیچے سے نکال کر گلے میں ڈال لیتے ہیں۔ وہ بال یا خط جو شیشے یا ہیرے وغیرہ میں پڑ جائے۔

ج۔و

جو :juu (ف، اسٹ) ندی، نالا، سوتا، نہر۔

جو :juu (ف، لاحقہ فاعلی) جستن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور تلاش کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً، بہانہ جو، جنگجو۔

جو :jav (ع، اند) آسمان اور زمین کے درمیان کا فاصلہ، خلا فضا۔

جو :jau (ف، اند) ایک غلہ جو زردی مائل سفید رنگ کا

ہوتا ہے اور گندم کا مشابہ اور کھردرا ہوتا ہے۔ شعیر، قلیل، ذرا سا، انچ کا تیسرا حصہ۔

جَو بھر jau-bhar: (ار، متعلق فعل) ذرا سا، کچھ ہی، قدرے، قلیل۔

جَو جَو jau-jau: (ار، متعلق فعل) ذرا ذرا، رتی رتی۔

جَوکوب jau-kob: (ف، صف) موٹا کٹا ہوا، دردرا۔

جو jo: (ار، حرف، صلہ و شرط) جو شخص، جو چیز، اگر، بشرطیکہ، بالفرض، جتنا، جیسا، چونکہ، جس سبب سے، ناگاہ۔

جو جو jo-jo: (ار، متعلق فعل) ہر کوئی، ہر چیز، ہر شخص۔

جو کوئی jo-koi(i): (ار، متعلق فعل) ہر ایک، ہر کوئی۔

جو کہ jo-ke(h): (ار، حرف شرط) چونکہ، اگرچہ۔

جو ہو سو ہو jo-ho-so-ho: (ار، متعلق فعل) کچھ ہی کیوں نہ ہو، ضرور بالضرور۔

جُوا jo-aal: (ار، امذ) وہ لکڑی جو گاڑی یا ہل چلانے والے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے۔ قمار، شرط بازی۔

جُوا باز ju-aa-baaz: (ار، ف، صف) دیکھیے 'جواری' جو صحیح ہے۔ اسم کیفیت مث: جوا بازی۔

جَواب ja-vaab: (ع، امذ) تردید، عوض، سوال کی ضد، اُتر، پاسخ، مقابل، جوڑ، جوڑا، جفت، انکار، خط، پیغام یا زبانی بات چیت کا جواب (انفعال: آنا، پانا، دینا، ملنا)

جَوابُ الجَواب ja-vaa-bul-ja-vaab: (ع، امذ) جواب کا جواب۔

جَواب باصَواب ja-vaab-ba-sa-vaab: (ع، امذ، بہ ترکیب فارسی) معقول جواب مناسب اور عمدہ جواب، حسب مراد جواب۔

جَواب تلخ ja-vaab-talK: (عف، امذ) سخت جواب۔

جَواب دعویٰ ja-vaa-be-da(?)vaa: (ع، امذ، بہ ترکیب فارسی) مدعا علیہ کی طرف سے، دعویٰ کا قانونی جواب۔

جَواب دہ ja-vaab deh: (عف، صف فاعلی) ذمہ دار، ضامن، قابلِ باز پرس، (انفعال: ہونا) اسم کیفیت مث: جواب دہی۔

جَواب طلب ja-vaab-ta-lab: (عف، صف) قابل باز پرس، قابل مواخذہ، قابل دریافت، وہ بات یا جس کا جواب مطلوب ہو۔

جَواب طلبی ja-vaab-tal-bi(i): (عف، امث) باز پرس، مواخذہ، (انفعال: کرنا، ہونا)

جَواب قطعی ja-vaab-qa-ta-?i(i): (ع، امذ، بہ ترکیب، فارسی) پورا پورا جواب، مطلق انکار۔

جَواب نامہ ja-vaab-na-ma(h): (عف، امذ) وہ کپڑا جس پر مسلمان کلمہ لکھ کر مُردے کے کفن میں رکھ دیتے ہیں۔

جَواباً ja-vaa-ban: (ع، متعلق، فعل) جواب، جواب کے طور پر۔

جَوابی ja-vaa-bi(i): (ع، امذ) وہ شخص جو سوز خوانوں میں مرثیہ کا پہلا مصرعہ ہر بند کے تمام ہونے پر پڑھتا ہے۔ مقابل، نظیر فریق ثانی، جوابی خط۔

جَوابی حملہ ja-vaa-bi(i) ham-la(h): (ع، امذ) دشمن پر پلٹ کر حملہ کرنا۔

جَوابی کارّوائی ja-vaa-bii kaar-ra-vaa-i(i): (عف، امث) وہ کاروائی جو کسی کاروائی کے جواب میں کی جائے۔

جَواد ja-vaad: (ع، صف) بہت بخشش کرنے والا، سخی، خدا کا ایک صفاتی نام۔

جِوار ju-aar: (ع، امذ) پڑوس، ہمسائگی۔

جُوار ju-aar: (ھ، امث) ایک قسم کا غلہ، مکئی، سمندر کی

لہروں کا اُتار، جزر۔

جُوار بھاٹا ju-aar-bhaa-Ta(a): (ہ، اند) سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ۔

جوارح ja-vaa-re(h): (ع، اند) جارحہ کی جمع، انسان اور شکاری جانور کے ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضا

جوارش ja-vaa-rish: (ع، امث) فارسی گوارش کا معرب، ہاضمہ کی ایک مرکب اور خوش گوار و خوش ذائقہ دوا۔

جُواری ju-aa-ri(i): (ہ، اند) جوا کھیلنے والا، قمار باز۔

جواز ja-vaaz: (ع، اند) جائز ہونا، درست ہونا۔

جواسیس ja-vaa-siis: (ع، اند) جاسوس کی جمع، مخبر، حواس خمسہ

جُوالا ju-aa-la(a): (س، اند) شعلہ، لپٹ، آگ، گرمی، حدت۔

جُوالا مُکھی ju-aa-la(a) mu-khi(i): (س، اند) آتش فشاں، آگ اُگلنے والا۔

جوّالہ jav-vaa-la(h): (ع، صف) چکر کھانے والا۔

جوامع ja-vaa-ma(?): (ع، اند) دیکھیے 'جامعہ' جس کی یہ جمع ہے۔

جوان ja-vaan: (ف، صف) پیر کا مقابل، نوعمر، نوخیز، تازہ، نیا، مضبوط، بہادر، دلیر، ہوشیار، بہادر سپاہی، لڑکا، چھوکرا۔

جواں بخت ja-vaaN baKt: (ف، صف) خوش نصیب، اقبال مند، اسم کیفیت مث: جواں بختی۔

جوان جہان ja-vaan ja-haan: (ار، صف) بھرپور جوانی کا عالم، پوری جوانی پر۔

جواں دولت ja-vaaN dau-lat: (ف، صف) نو دولت، با اقبال۔

جواں سال ja-vaaN-saal: (ف، صف) نیا سال، نو جوان، اسم کیفیت، مث: جواں سالی۔

جواں عید ja-vaaN (?)iid: (فع، امث) وہ عید جس کا چاند جو انتیسویں رمضان کو نظر آئے۔

جواں مرد ja-vaaN mard: (ف، صف) دلیر، شجاع، عالی ہمت، فیاض سخی، اسم کیفیت مث: جواں مردی۔

جواں مرگ / جوانا مرگ ja-vaaN marg: (ف، صف) جوانی میں مر جانے والا۔

جواں میر ja-vaaN-miir: (ف، صف) جواں مرگ۔

جوانانِ چمن ja-vaa-naa-ne cha-man: (ف، اند) باغ کے نوخیز درخت۔

جوانب ja-vaa-nib: (ع، امث) دیکھیے 'جانب' جس کی یہ جمع ہے۔

جوانی ja-vaa-ni(i): (ف، امث) شباب، نوعمری، جوان کا اسم کیفیت۔

جوانی چڑھنا ja-vaa-ni(i) chaRh-na(a): (ار، محاورہ) بلوغت کی عمر کو پہنچنا، شباب کا زوروں پر ہونا۔

جوانی دیوانی ja-vaa-ni(i) di-vaa-ni(i): (ار، مقولہ) جوان آدمی نشیب و فراز نہیں دیکھتا۔

جواہر ja-vaa-har: (ع، اند) دیکھیے 'جوہر' جس کی یہ جمع ہے۔ جمع الجمع: جواہرات۔

جواہر آگیں ja-vaa-har aa-giiN: (ع، صف) جواہرات سے بھرا ہوا، جواہرات۔

جواہر خانہ ja-vaa-har-Kaa-na(h): (عف، اند) وہ جگہ جہاں جواہرات رکھتے ہیں۔

جواہر نگار ja-vaa-har-ni-gaar: (عف، صف) مرصع، جڑاؤ، خوشخط، خوب صورت تحریر والا۔

جواہڑ ja-vaa-haR: (ہ، امث) چھوٹی ہرڑ، سیاہ

ہرڑ جو بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ ہلیلہ سیاہ۔

جوبلی jub-li(i): (انگ، اسث Jubilee) جشن۔ یادگاری تیوہار، جو پچیس، پچاس یا ساٹھ سال کے بعد منایا جاتا ہے۔

جوبن jo-ban: (ھ، اند) جوانی، اٹھتی جوانی، خوبصورتی، حسن و جمال، عالم، کیفیت، رونق، چھاتی۔

جوت jot: (ھ، اسث) آنکھ کی روشنی، روشنی، چمک، رونق، بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جوا اٹھا رہتا ہے۔ وہ تسمہ جو گھوڑا گاڑی کے ساز میں ہوتا ہے۔ ترازو کی ڈوری جس میں پلڑے بندھے ہوتے ہیں۔ روح، آتما، شعلہ، لو۔

جوت جگانا jot-ja-gaa-na(a): (ار، محاورہ) چراغ روشن کرنا، موکلات حاضر کرنا۔

جوتا jo-ta(a): (ھ، اند) کاشت کار، کسان، دیوار کی حد فاصل۔ دیوار کی کوئی جانب، بیلوں کی گردن، گردن کے پاس کے پٹھے۔

جوتا juu-ta: (ار، اند) پاپوش۔

جوتش jo-tish: (ھ، اسث) علم نجوم، ستاروں سے پیشگوئی کرنے کا علم۔

جوتشی jot-shi(i): (ھ، اند، صف) نجومی، منجم۔

جوتنا jot-na(a): (ار، مص) بیلوں کو ہل یا گاڑی میں لگانا، گھوڑے کو گاڑی میں جوڑنا، مصروف کرنا، کام میں لگانا۔ کاشت کرنا۔

جوتنا بونا jot-na bo-na(a): (ار، مص) زمین میں ہل چلانا اور بیج ڈالنا۔

جوتی ja-ti(i): (ھ، اسث) وہ رسّی جس میں ترازو کی ڈنڈی اور پلڑے بندھے ہوتے ہیں۔ وہ رسّی جو بیل کے گلے میں جوئے کو روکنے کے واسطے باندھتے ہیں (ق) روشن، چمکیلا۔

جوتی juu-ti(i): (ار، اسث) دیکھئے 'جوتا' جس کی یہ تصغیر ہے۔

جوتی چھپائی juu-tii chhu-paa-i(i): (ار، صف) وہ روپیہ جو سالیاں دولہا کی جوتی چھپا کر لیا کرتی ہیں۔

جوتی خور juuti-Kor: (ار، ف، صف) وہ شخص جس کی پٹنے کی عادت ہو، بے عزت۔

جوتیوں کا صدقہ juut-yauN kaa sad-qa(h): (ار، اند) جوتیوں کے طفیل، آپ کی بدولت انکسار کا کلمہ جو اظہار ممنونیت کے لیے کہتے ہیں۔

جود juud: (ع، اند) بخشش، فیاضی، سخاوت، فیض، داد و دہش۔

جودت jo-dat: (ع، اسث) تیز فہمی، عقل کی تیزی، ذکاوت، فراست، ذہانت، لیاقت، خوبی، گن، جوہر، عمدگی۔

جور jaur: (ع، اند) ظلم، ستم، بے رحمی، جفا۔

جورو jo-ruu: (ھ، اسث) بیوی، زوجہ۔

جوری/جیوری ju-ri(i): (انگ، اسث Jury) ثالثی، مجلس ثالثان۔

جوڑ joR: (ار، اند) دو، جفت، برابر کا ہم پلہ، رفیق، ہم شکل، گرہ، تعلق، ستاروں کا میل، میزان، جمع کا قاعدہ، فریب، تہمت، ثبت، ہم رنگ اور ہم سلسلہ برتن، پیوند، جھال، پور، پوری، اعضا کے ملنے کی جگہ۔

جوڑ بید joR-bed: (ار، ف، اند) بندش، جوڑ عضو۔

جوڑ توڑ joR-toR: (ار، اند) ساز باز، بہتان، فریب، چال، تدبیر۔ (افعال: کرنا، ہونا)

جوڑا jo-Ra(a): (ار، اند) ہر چیز کا جفت، دو چیزیں، ہمسر، زیادہ، ساتھی۔ مکمل پوشاک، خلعت، کیمیا گروں کی اصطلاح آدھا تانبا ملا کر کھوٹی چاندی یا اسی طرح کا سونا بنانا۔ (صف) دوسرا، ثانی۔

جوڑا jo-Ra(a): (ار، اند) سر کے بال جن کو عورتیں یکجا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لیتی ہیں۔ چوٹی، چونڈا، گونڈا (افعال: باندھنا، بندھنا، کھولنا) پرندے کے سر کے پر یا چوٹی بٹی ہوئی رسی جو برتنوں کے نیچے گول کر کے رکھتے ہیں۔ پگڑی کا پچھلا حصہ۔

جوڑنا joR-na(a): (ار، مص) ملانا، گانٹھنا، پیوند لگانا، جمع کرنا، میزان دینا، روپیہ بچا کر رکھنا، جوتنا، دوستی کرنا، گرہ لگانا، جتھا بنانا، شامل کرنا، ٹوٹی ہوئی ہڈی باندھنا۔

جڑواں juR-vaaN: (ھ، اند) جوڑا، دو چیزیں، توام، ہمراہی۔

جوڑی jo-Ri(i): (ار، امث) برابر کی دو چیزیں، ساتھی، ہمراہی، دروازے کے دو کواڑ، دو طبلے جو اکٹھے بجائے جاتے ہیں، مجیرے، تال، دوگدر۔

جوڑی دار jo-Rii-daar: (ار، ف، اند) دوست، ساتھی، دو شخص جو پہرے چوکی کے لیے مقرر کیے جائیں۔

جوڑی والا jo-Rii-vaa-la(a): (ار، اند) وہ شخص جو طوائفوں کے پیچھے طبلہ بجاتا ہے۔

جوڑی ہلانا jo-Rii-hi-laa-na(a): (ار، محاورہ) مگدر ہلانا۔

جوڑے باگے jo-Re-baa-ge: (ار، اند) کپڑے۔

جوز joz: (ع، اند) جائفل، ہر ایک پھل جس کا چھلکا سخت ہو۔

جوزا jo-za(a): (ع، اند) تیسرا آسمانی برج جو دو جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے، متھن جس میں سورج بائیس مئی سے اکیس جون تک رہتا ہے۔

جوس juus: (انگ، اند) (Juice) عرق، افشردہ۔

جوش josh: (ف، اند) اُبال ہیجان، ولولہ، ترنگ، تیزی، زیادتی، زور، مستی، سرگرمی۔

جوشِ خوں jo-she-KuuN: (ف، اند) پدری و مادری محبت، برادرانہ جوش، خون کی حرارت کی زیادتی۔

جوش و خروش jo-sho-Ka-rosh: (ف، اند) غل غپاڑا، شور و غل، غصہ، طیش، غضب۔

جوشاندہ jau-shaan-da(h): (ف، اند) جوش دی ہوئی دوا۔

جوشش jo-shish: (ف، اند) ابال، حرارت، تیزی۔

جوشن jo-shan: (ف، اند) زرہ بکتر، بازو کا ایک زیور۔

جوع juu(?): (ع، امث) بھوک، گرسنگی۔

جوع الارض juu-(?)ul-arz: (ع، امث) زمین کی ہوس، حکومت بڑھانا۔

جوع البقر juu-(?)-ul-ba-qar: (ع، امث) ایک قسم کی بیماری، جس میں باوجود کھانے کے بھوک معلوم ہوتی ہے۔ بھوک کی زیادتی۔

جوع الکلب juu-?ul-kalb: (ع، صف) دیکھیے 'جوع البقر'

جوف jauf: (ع، اند) خلا، کسی کے اندر کی خالی جگہ، اندرونی خلا، کھوکھلا پن، شکم، پیٹ، غار، گڑھا، شگاف

جوق / جوق jauq/jauq: (ت، اند، مث) جماعت، مجمع، بھیڑ۔

جوق در جوق jauq-dar jauq: (ف، اند) گروہ در گروہ، بہت بڑا مجمع۔

جوکر jo-kar: (انگ، اند) Joker، مسخرہ، وہ شخص جو تماشوں میں لوگوں کو ہنسانے کا کردار یا پاٹ ادا کرے۔

جوکھم / جوکھوں jau-kham: (ھ، امث) کوئی مشکل کام، خطرہ، اندیشہ، خوف، ڈر، قیمتی چیزیں، بیمہ، نقصان، گھاٹا، مصیبت، (افعال: اٹھانا، سہنا)

جوگ jog: (ہ، اند) موقع محل، نیک ساعت، چاند کی منزلیں جو ستائیس ہیں۔ ستاروں کا ملاپ، تعلق، جوڑ، جوتنا، ساتھ لگنا، دائرے کے بہت سے ان ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا جو منطقۃ البروج سے ناپے جاتے ہیں۔ ریاضت، کفارہ۔

جوگا jo-gaa: (ہ، صف) لائق، مناسب، درست، موافق، مطابق، برمحل، حسب موقع، افیون کا فضلہ جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے۔

جوگی jo-gi(i): (ہ، اند) جوگ کرنے والا شخص، ہندی فقیر، سادھو، ساحر، مث: جوگن۔

جوگیا jog-ya(a): (ہ، صف) گیروے رنگ کا، سرخی مائل، ایک قسم کا کبوتر، ایک قسم کی قمری، بھیروں ٹھاٹھ کی ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

جول jol: (ار، مث، ق) قطار۔

جُولاں juu-laaN: (ف، مث) بیڑی، زنجیر جو مجرم کے پاؤں میں پہنائی جاتی ہے۔

جَولاں jau-laaN: (ع، اند) کود پھاند، گھوڑے کی دوڑ یا چکر کھانا، کاوا دینا، چکر دینا۔

جَولاں گاہ jau-laaN gaa(h): (ع، مث) گھوڑ دوڑ کی جگہ، میدان۔

جَولانیٔ طبع jau-laa-ni(i) ta-ba(?): (ع، مث) طبیعت کی تیزی، ذہانت۔

جُولا / جُولاہا juu-la(a): (ار، اند) جلاہا، کپڑا بننے والا مث: جولاہن۔

جُون juun: (انگ، اند) June سنہ عیسوی کا چھٹا مہینہ۔

جُوں juuN: (ہ، مث) وہ کیڑا جو بالوں میں میل کے سبب پیدا ہو جاتا ہے۔

جُوں کی چال juuN-ki-chaal: (ار، مث) نہایت سُست رفتار، بہت آہستہ چال۔

جُوں juuN: (ار، حرف تشبیہ) مانند، مثل، کی طرح، جیسا / جیسی۔

جُوں توں juuN tuuN: (ار، متعلق فعل) کسی نہ کسی طرح۔

جُوں جُوں juuN juuN: (ار، متعلق فعل) جہاں تک، جب تک، جس قدر۔

جُوں کا توں juuN kaa tuuN: (ار، متعلق فعل) سارا، ویسے کا ویسا ہی، ہو بہو۔

جُوں ہی juuNhi(i): (ار، متعلق فعل) فوراً، جس وقت۔

جَونک jauNk: (ار، مث) پانی کا ایک کیڑا جو جانوروں کے بدن سے خون چوستا ہے اور خون فاسد نکالنے کے لیے آدمی کے بدن پر لگاتے ہیں۔ (افعال: لگنا، لگانا)

جُونیئر juu-ni-ar: (انگ، صف) Junior چھوٹا، ادنیٰ دوسرے درجے کا۔

جَوہر jau-har: (ع، اند) قیمتی، پتھر، جیسے لعل، زمرد، ہیرا وغیرہ۔ اصل شے، خلاصہ، لُبِ لباب، عرض کی ضد، وہ چیز جو بذاتِ خود قائم ہو۔ تلوار یا فولاد کے باریک دانتے، خاصیت، خوبی، ہنر، کمال لیاقت، بھید، چالاکی، کسی چیز کا نچوڑ، وہ لکیر جو اچھی لکیروں پر نمایاں ہوتی ہیں۔ ایٹم۔

جَوہردار jau-har-daar: (عف، صف) صاحب جوہر، عمدہ۔

جَوہرِ فرد jau-har-fard: (ع، اند، بہ ترکیب فارسی) مادّے کا سب سے چھوٹا ٹکڑا، بے مثل۔

جَوہرِ لطیف jau-har-la-tiif: (ار، ع، اند) پاکیزہ جوہر، نفیس خوبی، ایسا نفیس مادہ جو آنکھوں سے نظر آئے۔

جَوہری jau-ha-ri(i): (ع، صف) جواہر فروش،

جواہر پرکھنے والا، ہنرشناس، ایشی۔

جوہری بازار jau-ha-ri(i) baa-zaar: (عف، اند) وہ بازار جہاں جواہرات کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

جوہری توانائی jau-ha-ri ta-vaa-naa-i(i): (عف، امث) ایٹمی طاقت۔

جوہڑ jau-haR: (ہ، اند) بارانی تالاب، جھیل۔

جوہڑی jau-ha-Ri(i): (ہ، امث) دیکھئے 'جوہڑ' جس کی یہ تصغیر ہے۔

جوہی juu-hi(i): (ہ، امث) جنگلی چنبیلی، ایک قسم کی آتش بازی، ایک قسم کا کیڑا جو فصل کو لگ جاتا ہے۔

جوئے بار juu-e-baar: (ف، امث) وہ بڑی نہر جو کئی نہروں سے مل کر بنتی ہو، وہ مقام جہاں بہت سی نہریں اور نالے ہوں۔

جوئے شیر juu-e-shiir: (ف، اند) وہ نہر جو شیریں کے حکم سے فرہاد نے کوہ بے ستون سے نکالی تھی اور اس میں بکریوں کا دودھ دوہا جاتا تھا جو شیریں کے محل کے ایک حوض میں جمع ہوتا تھا۔

جوئے شیر لانا juu-e-shiir-laa-na(a): (ار، محاورہ) مشکل کام کرنا۔

جویا/جویاں ju-yaa: (ف، صف) تلاش کرنے والا، جستجو کرنے والا۔

جُویں ju-viiN: (ف، صف) جو سے منسوب، جو سے بنی ہوئی چیز۔

جُوینده ju-in-da(h): (ف، اسم فاعل) تلاش کرنے والا، ڈھونڈنے والا۔

ج۔ہ

جہات ja-haat: (ع، امث، مذ) جہت کی جمع، سمتیں، طرفیں۔

جہاد ji-haad: (ع، اند) حق کی حمایت میں جنگ، کوشش، تسلی۔

جہادِ اصغر ji-haa-de-as-Gar: (ع، اند) صوفیا کی اصطلاح میں کافروں سے لڑنا۔

جہادِ اکبر ji-haa-de-ak-bar: (ع، اند، بہ ترکیب، فارسی) صوفیا کی اصطلاح میں نفس کشی، ریاضت۔

جہاد بالسّیف ji-haa-de-bis-saif: (ع، اند) حق کی حمایت میں تلوار یا ہتھیاروں سے لڑائی۔

جہادُ بالقلم ji-haa-de-bil-qa-lam: (ع، اند) حق کی حمایت میں قلم اٹھانا، باطل کے خلاف مضامین لکھنا۔

جہاز ja-haaz: (ف، اند) بہت بڑی کشتی جس میں سوار ہو کر سمندر میں سفر کرتے ہیں۔ چیل کی شکل کی ہوا میں اڑنے والی گاڑی جس میں بیٹھ کر انسان فضائی سفر کرتا ہے۔ گھر کا مال اسباب، جہیز، کفن، سامان سفر (صف) بڑا، وسیع۔

جہاز راں ja-haaz-raaN: (عف، صف فاعلی) جہاز کو چلانے والا، ملاح، ڈرائیور، اسم کیفیت مث: جہاز رانی

جہازی ja-haa-zi(i): (ع، صف) جہاز سے منسوب، جہاز میں بیٹھنے یا چلانے والا، بحری، بڑا وسیع، لمبا چوڑا۔

جُہّال juh-haal: (ع، صف) دیکھئے 'جاہل' جس کی یہ جمع ہے۔

جہاں ja-haaN: (ف، اند) تمام عالم، دنیا کے لوگ۔

جہاں آرا ja-haaN-aa-ra(a): (ف، صف فاعلی) دنیا کو سجانے والا، اسم کیفیت مث: جہاں آرائی

جہان آفرین ja-haan-aaf-riin: (ف، صف

فاعلی) جہان کو پیدا کرنے والا، خدا، اسم کیفیت مث: جہاں آفرینی۔

جہاں باں ja-haaN-baaN: (ف، صف، فاعلی) دنیا کا محافظ، بادشاہ، اسم کیفیت مث: جہاں بانی۔

جہاں بیں ja-haaN biiN: (ف، صف، فاعلی) دنیا کا محافظ، بادشاہ، اسم کیفیت مث: جہاں بانی۔

جہاں بیں ja-haaN biiN: (ف، صف، فاعلی) دنیا دیکھنے والا، مسافر، تجربہ کار۔

جہاں پناہ ja-haaN pa-naaha: (ف، صف) جس کی پناہ میں دنیا ہو، کنایۃً بادشاہ۔

جہاں تاب ja-haaN taab: (ف، صف فاعلی) دنیا کو روشن کرنے والا۔

جہاں دار ja-haaN daar: (ف، صف، فاعلی) بادشاہ، حاکم وقت، دنیا رکھنے والا، اسم کیفیت مث: جہاں داری۔

جہاں دیدہ ja-haaN-di-dah: (ف، صف، مفعولی) دنیا دیکھے ہوئے، تجربہ کار، پختہ کار۔

جہاں گرد / نورد ja-haaN-gard: (ف، صف، فاعلی) دنیا میں پھرنے والا، سیاح، اسم کیفیت مث: جہاں گردی/نوردی۔

جہاں گشت ja-haaN-gasht: (ف، صف) دنیا میں گھومنے پھرنے والا، سیاح۔

جہاں گیر ja-haaN-giir: (ف، صف، فاعلی) دنیا کو فتح کرنے والا۔

جہاں گیری ja-haaN-gii-ri(i): (ف، امث) دنیا کی فتح، ہاتھ کا ایک جڑاؤ زیور، لاکھ یا کانچ کی چوڑی۔

جہاں نما ja-haaN nu-ma(a): (ف، صف، مذ) جہان کو دکھانے والا۔

جہاں ja-haaN: (ار، ظرف) جس جگہ، جس مقام پر، جس وقت، جس گھڑی۔

جہاں تک ja-haaN-tak: (ار، متعلق فعل) جب تک، حتی الامکان، تا بہ مقدور

جہاں تہاں ja-haaN ta-haaN: (ار، متعلق، فعل) ہر جگہ، ہر کہیں، ادھر اُدھر۔

جہاں جہاں ja-haaN ja-haaN: (ار، متعلق فعل) جا بجا، جگہ جگہ، جس جس جگہ۔

جہاں کہیں ja-haaN ka-hiiN: (ار، متعلق فعل) جس جگہ، جس مقام پر۔

جہانیاں ja-haa-ni-yaaN: (ف، اند) دنیا کے لوگ، مخلوق خدا۔

جہت ja-hat: (ع، امث) سمت، جانب، طرف، وجہ، سبب۔

جہد ja-had: (ع، امث) کوشش، سعی، مشقت۔

جہد للبقا jah-de-lil-ba-qa(a): (ع، امث) زندگی کی کوشش، اپنے آپ کو باقی رکھنے کی کوشش۔

جہر jahr: (ع، اند) اونچی آواز سے پڑھنا، بلند آواز پڑھنا آواز کی بلندی۔

جہل jahl: (ع، اند) جہالت، بے علمی، بیوقوفی، نادانی۔

جہل مرکب jeh-le-mu-rak-kab: (ع، اند، بہ ترکیب فارسی) علم نہ ہونے کے باوجود اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔

جہلاء joh-la(a): (ع، اند صف) دیکھیے 'جاہل' جس کی یہ جمع ہے۔

جہنم ja-han-nam: (ع، اند) گہرا کنواں، دوزخ، وہ مقام جہاں گنہگار آگ میں جلیں گے۔

جہنمی ja-han-na-mi(i): (عف، صف) دوزخی، دوزخ میں جانے والا، بدکار۔

جہول ja-huul:(ع،امبالغہ) سخت جاہل، سخت نادان۔

جہیز ja-hez:(ع،امذ) اسباب، سامان، وہ سامان جو ماں باپ اپنی بیٹی کی شادی میں دیتے ہیں۔

ج۔ھ (جھ)

جھاب / جھابا jhaab/jhaa-ba(a) (ھ،امذ) گھی یا تیل رکھنے کا چمڑے کا برتن، گول چمڑے کا خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں۔ جھاؤ، فانوس جو روشنی کے لیے مکانوں میں لٹکاتے ہیں۔

جھابر / جھابڑ jhaa-bar/jhaa-baR:(ھ،امث) دلدلی زمین، جوہڑ، تالاب، بڑے بڑے بالوں والا، چوڑے چہرے والا شیر۔

جھاپڑ jhaa-paR:(ھ،امذ) تمانچہ، تھپڑ۔

جھارا jhaa-ra(a):(ھ،امذ) پتلی چھنی ہوئی بھنگ کا مقطر پانی، چھاج یا چھلنا جس میں گندم وغیرہ چھان کر چنے علیحدہ کرتے ہیں۔ مویشی وغیرہ کے پاؤں پر دوا پکا کر گرم پانی سے ٹکور کرنا۔ ہلکی ہلکی بارش، پھوار۔

جھاڑ jhaaR: (ھ، امذ) جھاڑی، فانوس، ایک قسم کی آتش بازی، پنج شاخہ مشعل، باتوں کا سلسلہ (مینہ کی جھڑی)

جھاڑ پونچھ jhaaR-pauNch:(ار،امث) صفائی۔

جھاڑ پھونک jhaaR-phuuNk: (ار، امث) منتر، دُعا جو دفعِ مرض کے لیے ہو۔

جھاڑ جھنکاڑ jhaaR-jhan-kaaR:(ار،امذ) نہایت گھنا اور خاردار پودا۔ بہت سی شاخوں کا درخت، خاردار درختوں کا جھنڈ، گھاس پھوس، کوڑا کرکٹ۔

جھاڑا jhaa-Ra(a): (ار، امذ) تلاشی، تجسس، کوڑا کرکٹ، پاخانہ، منتر پڑھ کر پھونکنے کا عمل۔

جھاڑن jhaa-Ran: (ار، امذ، مث) جھاڑنے کا کپڑا، وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے، صفائی، چھلنی، کوڑا کرکٹ۔

جھاڑنا jhaaR-na(a): (ار، مص) صاف کرنا، پونچھنا، پھٹکنا، پیڑ پر سے پتے پھول یا پھل گرانا، مارنا، فیئر کرنا، کنگھی کرنا، دم کرنا، دم کرنا۔ چقماق سے آگ پیدا کرنا، پرندے کا پر گرانا، پھٹکارنا، سرزنش کرنا۔

جھاڑنا جھٹکنا jhaaR-na(a) jha-Tak-na(a): (ار، محاورہ) جھاڑو بہار دینا، گرد و غبار صاف کرنا، جو کچھ کسی کے پاس سے ملے اسے لے لینا۔

جھاڑو jhaa-Ru(u): (ار، امث) جاروب، بہاری، دُم دار ستارہ، ایک طرح کی کونچی جس سے مکان کی صفائی ہوتی ہے۔

جھاڑی jhaa-Ri(i):(ار،امث) چھوٹا خاردار درخت، جھڑبیری، بن، جنگل، خاردار درختوں کی جگہ

جھاگ jhaag:(ار،امذ) کف، پھین

جھال jhaal:(ار،امث) تیزی، جلن، ٹانکا، دھات کا جوڑ۔ بڑی اور چوڑی ٹوکری، موج، ترنگ، تلاطم، خواہش جماع جو عورتوں کو ہو۔

جھالا jha-la(a): (ار، امذ) وہ زور کا چلتا ہوا مینہ جو کہیں برسے اور کہیں نہ برسے، عورتوں کے کانوں کا ایک زیور جو صرف چند موتیوں کی لڑی پر مشتمل ہوتا ہے۔ اشارہ، ایما

جھالر jhaa-lar:(ار،امث) حاشیہ، کنارا، پلّہ، مقیش یا ریشم کے تار یا سوت کے دھارے میں پروئے ہوئے موتی جو آرائش کے وقت رومال، دوپٹے، چھتری، مسند، پنکھے وغیرہ کے اردگرد لگاتے ہیں۔

جھالردار jhaa-lar-daar: (ار، ف، صف) وہ چیز جس میں جھالر لگی ہوئی ہو۔

جھالنا jhaal-na(a):(ار،مص) دھات کو ٹانکا لگانا،

زیور کو مسالے سے جوڑ لگانا، پانی یا شراب وغیرہ کو شورے یا برف میں لگا کر ٹھنڈا کرنا۔

جھام jhaam: (ار، اند) ایک قسم کا بڑا پھاوڑا جو اکثر کنویں کی کوٹھی گلانے کے کام آتا ہے اس کو رسّی سے باندھ کر کنویں سے مٹی نکالتے ہیں۔

جھانپ jhaaNp: (ار، امث) بانس کا بڑا ٹوکرا یا خوان پوش۔ چوکھٹ کے آگے کا چھوٹا سائبان، لکڑی کا چوڑا اور باریک تختہ جو چھت پر ڈالنے کے کام آتا ہے۔

جھانپل jhaaN-pal: (ار، امث) ایک سیاہ رنگ کا چالاک پرندہ، کال کلچی۔

جھانپو jhaaN-pu(u): (ار، امث) ایک چڑیا جو اپنی دُم اکثر ہلاتی رہتی ہے، چھنال، فاحشہ۔

جھانٹ jhaanT: (ار، امث) ناف کے نیچے کے بال جو عضو تناسل کو گھیرے رہتے ہیں، کم حقیقت چیز۔

جھانٹ برابر jhaanT ba-raa-bar: (ار، صف) بہت چھوٹا، ذرا سا، بے حقیقت۔

جھانج / جھانجھ jhaaNj/jhaaNjh: (ار، امث) غصہ، تندی، تیزی، بڑا مجیرا جو تاشے اور ڈھول کے ساتھ بجاتے ہیں۔ بھوک سے پیدا ہونے والی، جھنجھلاہٹ (افعال: آنا، لانا)

جھانجر jhaan-jar: (ار، امث) پاؤں میں پہننے کا ایک زیور (جو آواز دار ہوتا ہے)

جھانجھیں jhaaN-jheN: (ار، امث) ایک قسم کا پاؤں کا زیور (افعال: بنانا، دینا)

جھانسا jhaaN-sa(a): (ار، اند) دھوکا، جُل، حیلہ۔

جھانسیا jhaan-si-ya(a): (ار، صف) جھانسا دینے والا، فریبی، مکّار، دھوکے باز۔

جھانک jhaaNk: (ار، امث) تاک، نظر، دُزدیدہ نظر۔

جھانکا جھانکی / جھونکی jaaN-ka(a) jaaN-ki(i): (ار، امث) دیکھا دیکھی، تاک جھانک

جھانکڑ jhaaN-kaR: (ار، اند) خاردار درخت، جھاڑی، درخت کا خشک ٹکڑا جس میں کئی شاخیں ہوں، دبلا، لاغر۔

جھانکنا jhaaNk-na(a): (ار، مص) چھپ کر دیکھنا، کھڑکی یا دروازے سے منہ نکال کر دیکھنا۔

جھانکی jhaaN-ki: (ار، امث) نظارہ، دید بازی، نمائش، روزن۔

جھانواں jhaaN-vaaN: (ار، امث) کھردری اینٹ یا پتھر وغیرہ جس سے پاؤں وغیرہ کی میل اتارتے ہیں۔ آوے یا پژاوے میں پگھل کر جڑی ہوئی اینٹیں اور راکھ۔

جھانولی jhaa-nau-li(i): (ار، امث) آنکھ کا اشارہ، غمزہ، ناز و انداز، جھلک، جھانسا، چکما، فریب (افعال: دینا)

جھاؤ jhaa-uu: (ار، اند) ایک پودا جو دریاؤں کے کنارے اُگتا ہے، جس سے ٹوکریاں بناتے ہیں۔

جھائیں jhaa-iiN: (ار، امث) عکس، سایہ، وہ عکس جو شیشے یا کسی اور چمکیلی چیز کے سورج کے سامنے کرنے سے پڑے، چہرے کے سیاہ دھبے، کلف، چھیپ۔

جھبّا jhab-ba: (ار، اند) گُچھا، پھندنا، سیاہ ریشم کا پھندنا جو علم پر باندھتے ہیں۔

جھبرا / جھبڑا jhab-ra(a): (ار، اند) بڑے بالوں والا کتا، بڑے بالوں والا مث: جھبری / جھبڑی

جھپ jhap: (ار، صف) جلدی، فوراً، بلاتوقف۔

جھپا جھپ jha-paa-jhap: (ار، متعلق فعل) جلدی جلدی۔

جھپاک jha-paak: (ار، صف) جلد۔

جھپاکا jha-paa-ka(a): (ار، اند) جلدی، فوراً، شتابی۔
جھپٹ jha-paT: (ار، اسث) جلدی کا حملہ، دوڑ، چھلانگ، جھپٹنا، کوئی چیز چھین لینا۔
جھپٹا jha-paT-Ta(a): (ار، اند) چیل یا شیر کا کوئی چیز پنجوں میں چھین لینا، حملہ (افعال: مارنا)
جھپٹانا jhap-Taa-na(a): (ار، مص) حملہ کرنا، حربہ کرنا، کسی پر دوڑنا، جلد جانا، دوڑنا، لپکنا، اُچک لینا، کسی شکاری جانور کا شکار پر دوڑنا یا اڑتے ہوئے حملہ کرنا۔
جھپک jha-pak: (ار، اسث) شرم، حیا، حجاب، نیند کے غلبہ سے آنکھ بند ہونا، چستی چالاکی۔
جھپکا jhap-ka(a): (ار، اند) جلدی، عجلت (ق) ہوا کا جھونکا۔
جھپکنا jha-pak-na(a): (ار، مص) آنکھ بند ہونا، شرمندہ ہونا، جھینپنا، آنکھ مارنا۔
جھپکی jhap-ki(i): (ار، اسث) نیند، غنودگی، ذرا کی ذرا صورت دکھانا، جھلک۔
جھٹ jhaT: (ار، متعلق فعل) فوراً، جلدی، تیزی۔
جھٹ پٹ jhaT-paT: (ار، متعلق فعل) بہت جلد، فوراً۔
جھٹالنا jhu-Taal-na(a): (ار، مص) چھو کر خوراک نجس کر دینا، جھوٹا کر دینا، چکھ کے چھوڑ دینا، صحنک سے ایک ایک لقمہ کھانا تاکہ باقیوں کو تقسیم ہو سکے۔
جھٹانا jhu-Taa-na(a): (ار، مص، ق) جھٹلانا، جھٹ پٹا: (ار، اند) صبح یا شام کی سیاہی، دونوں وقت ملنے کا سماں۔
جھٹک jha-Tak: (ار، اسث) ہچکولا۔
جھٹکا jhaT-ka: (ار، اند) صدمہ، ٹکر، دھکا، تلوار کے ایک ہی وار سے جانور کی گردن اتارنے کا عمل یا گردن اتارا ہوا جانور، سکھوں کا ذبیحہ جو مسلمانوں کے نزدیک حرام ہے۔
جھٹکنا jha-Tak-na(a): (ار، مص) جھاڑنا، کپڑے وغیرہ کو ہلانا، دھکا دینا، صدمہ پہنچانا، چھیننا، ہاتھ مارنا۔
جھٹکے کا مال jhaT-ke kaa-maal: (ار، اند) چوری کا مال۔
جھٹلانا jhuT-laa-na(a): (ار، مص) جھوٹا ثابت کرنا، باطل کرنا، جھٹالنا۔
جھجر jhaj-jar: (ار، اند) بڑی صراحی (مٹی کی)
جھجری jhu-ju-ri(i): (ار، اسث) جھجر کی تصغیر، چھوٹی صراحی یا گھڑیا۔
جھجک / جھجھک jhi-jak/jhi-chak: (ار، اسث) بھڑک، خوف، حیا، شرم، خطرہ (افعال: نکلنا، ہونا)
جھجکنا / جھجھکنا jhi-jak-na(a): (ار، مص) چونکنا، بھڑکنا، حجاب کرنا، حیران ہونا۔
جھرجھرا jhir-jhi-ra(a): (ار، صف) بہت باریک کپڑا جس کے تار فاصلے پر ہوں۔
جھرجھری jhur-jhu-ri(i): (ار، اسث) لرزہ، کپکپی
جھرمٹ jhur-maT: (ار، اند) بھیڑ، انبوہ، حلقہ، گروہ، عورتوں کا حلقہ، جُگل۔ (افعال: مارنا)
جھرنا jhar-na(a): (ار، اند) آبشار، پانی کی چادر، ٹپکتے پانی کا چشمہ، حلوائیوں کا سوراخ دار کفگیر۔
جھرنا jhir-na(a): (ار، مص) ٹپکنا، بہنا، جاری ہونا، رسنا۔
جھرنا jhur-na(a): (ار، مص) غم یا بیماری کے سبب کمزور اور دبلا ہو جانا۔
جھروکا jha-ro-ka(a): (ار، اند) کھڑکی، دریچہ، روشن دان، ایسی کھڑکی جو پر منظر اطراف میں سیر یا

نظارہ کی غرض سے رکھی یا لگائی جاتی ہے۔

جِھری jhi-ri(i): (ار، امث) درز، شگاف، سوراخ، رخنہ۔

جھُرّی jhur-ri(i): (ار، امث) شکن، سلوٹ جو بڑھاپے کی وجہ سے جسم پر پڑ جائے۔

جھڑ jhaR: (ار، امث) لگاتار بارش، جھڑی، قفل کا کھٹکا۔

جھڑبیری jhaR-beri(i): (ار، امث) ایک جنگلی بیری جس میں چھوٹے چھوٹے سرخ رنگ بیر لگتے ہیں۔

جھڑ لگنا jhaR-lag-na(a): (ار، محاورہ) مینہ کی جھڑی بندھنا، لگاتار، موسلا دھار بارش ہونا۔

جھڑا جھڑ jha-Raa-jhaR: (ار، صف) لگاتار، متواتر، مسلسل، پے در پے۔

جھڑپ jha-Rap: (ار، امث) خفیف لڑائی جھگڑا (افعال: کرنا، ہونا) ایک چیز کو دوسری چیز کا صدمہ پہنچنا۔

جھڑجھڑانا jhaR-jha-Raa-na(a): (ار، مص) جھنجھوڑنا، ہلانا، جنبش دینا، پھڑپھڑانا، آڑے ہاتھوں لینا، دھمکانا، لتاڑنا۔

جھڑجھڑاہٹ jhaR-jha-Raa-haT: (ار، امث) جھڑجھڑانے کا عمل، جھنجھلاہٹ، تیز مزاجی۔

جھڑک jhi-Rak: (ار، امث) دھمکی، خفگی، ڈانٹ ڈپٹ۔

جھڑکنا jhi-Rak-na(a): (ار، مص) ڈانٹنا، دھمکانا، گھرکنا، ملامت کرنا، تنبیہ کرنا۔

جھڑکی jhiR-ki(i): (ار، امث) دیکھیے 'جھڑک' (افعال: دینا، کھانا)

جھڑن jha-Ran: (ار، امث) جھڑنے کے بعد جو کچھ حاصل ہو، کھرچن تلچھٹ، نفع، سود۔

جھڑنا jhaR-na(a): (ار، مص) کسی چیز کا کسی چیز سے گرنا، ٹپکنا، بچنا، بچ رہنا، بچت ہونا، قیمت دینا، لینا، جھاڑ دیا جانا، انزال ہونا، دم ہونا، منتر پڑھ کر پھونکا جانا۔

جھڑوانا jhaR-vaa-na(a): (ار، مص) 'جھڑنا' متعدی المتعدی ہے۔

جھڑوس jha-ruus: (ار، مذ) بوڑھا، بے عزت، بے حمیت۔

جھڑی jha-Ri(i): (ار، امث) لگاتار بارش (افعال: باندھنا، لگانا، لگنا)

جھک jhak: (ار، امث، صف) بک بک، واہی تباہی، گفتگو، غصہ، جوش، دیوانگی، بے فائدہ کام (صف) صاف، اُجلا، چمکیلا، روشن۔

جھک جھک jhak-jhak: (ار، امث) جھگڑا، تکرار، بک بک۔

جھکانا jha-kaa-na(a): (ار، مص) جھانکنا کا متعدی، پٹے بازوں کی اصطلاح میں مغالطہ دینا، دھوکا دینا، پھرانا، دکھانا۔

جُھکانا jhu-kaa-na(a): (ار، مص) خم کرنا، نیچا کرنا۔

جھکڑ jhak-kaR: (ار، مذ) آندھی، تیز ہوا، (افعال: چلنا)

جھکنا jhuk-na(a): (ار، مص) خمیدہ ہونا، خم ہونا، نیچا ہونا، عاجزی سے ملنا، انکسار کرنا، آنکھیں بند ہونا، تول میں پلا جھکنا۔

جھکنی jhak-ni(i): (ار، امث، ق) غم۔

جھکولا / جھکورا jha-ko-la(a): (ار، مذ) لہر، ترنگ، موج، پانی کا زور سے آنا، غوطہ، ڈبکی۔

جھکولنا jha-kol-na(a): (ار، مص) پانی کو ہلانا جلانا، ڈبکی لگانا۔

جھکولے دینا jha-ko-le-de-na(a): (ار، محاورہ) ادھر ادھر پھرانا۔

جھکی jhak-ki(i): (ار، مذ) زیادہ بولنے والا، ضدی، اڑیل، تکرار کرنے والا۔

جھگڑا jhag-Ra(a): (ار، مذ) دنگا، فساد، قضیہ،

حجت، بحث، خلجان، کھٹ پٹ (افعال: اٹھانا، پاک کرنا/ ہونا، پڑنا، جانا، چکانا، چکنا، کرنا، ختم کرنا، کھڑا کرنا، مول لینا، چھونا، کوتاہ کرنا، نکالنا، نکلنا)

جھگڑالو jhag-Raa-lu(u): (ار، امث) جھگڑا کرنے والا، حجتی، فسادی، شریر، مث: جھگڑالن۔

جھگڑنا jha-gaR-na(a): (ار، مص) فساد کرنا، تکرار کرنا، ضد کرنا، اڑنا، زیادہ مانگنا، زیادہ نہ کرنا۔

جھگی jhug-gi(i): (ار، امث) جھونپڑی۔

جھل jhal: (ار، امث) غصہ، خفگی، طیش، جوش، جھونجل، شہوت کی زیادتی۔

جھل ہائی jhal-haa-i(i): (ار، امث) چھنال، بدمزاج عورت۔

جھلا jhal-la(a): (ار، صف) مغلوب الغضب، پاگل، دیوانہ، غصیل بدمزاج۔

جھلابور jha-laa-bor: (ار، صف) زرق برق، چمکتا دمکتا، طوفان، طغیانی۔

جھلانا jhu-laa-na(a): (ار، مص) جھولے میں بٹھا کر جھونٹے دینا، حرکت دینا، ٹال مٹول کرنا، جھوٹے وعدے کرنا۔

جھلانا jhal-laa-na(a): (ار، مص) غصہ ہونا، جھلنا، غضب ناک ہونا۔

جھلجھل jhal-jhal: (ار، امذ) چمک دمک، روشنی۔

جھلجھلاہٹ jha-jha-laa-haT: (ار، امث) چمک، وہ جلن جو زخم پر نمک چھڑکنے یا تیز مرچ یا کسی اور چیز کی تیزی سے محسوس ہوتی ہے۔ چرچراہٹ، سوزش، جلن۔

جھلڑی jhal-Ri(i): (ار، امث، ق) جھرلی۔

جھلڑ jhal-laR: (ار، امث) پرندوں کا غول، جھنڈ، پرا، ٹکڑی، گروہ۔

جھلسا jhul-sa(a): (ار، امذ) لو کا شعلہ، آگ، جلا ہوا۔

جھلسانا jhul-saa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'جھلسنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

جھلسنا jhul-las-na(a): (ار، مص) جلنا، پھکنا، آگ لگنا، جلانا، آگ لگانا، پھونکنا۔

جھلک jha-lak: (ار، امث) روشنی، چمک، جلوہ، عکس، پانی کا دور سے نظر آنا، اثر، تھوڑی مشابہت، مختصر نظارہ (افعال: دکھانا، دیکھنا)

جھلکار jhal-kaar: (ار، صف، ق) چمک دمک۔

جھلکنا jha-lak-na(a): (ار، مص) کچھ کچھ چمکنا، کسی چیز کے اندر سے چمک ظاہر ہونا، عکس ظاہر ہونا، جھلملانا۔

جھلکی jhal-ki(i): (ار، امث) دیکھیے 'جھلک' (افعال: دیکھنا، دکھانا)

جھلم jhi-lam: (ار، امث) زرہ کا ایک حصہ جو لڑائی کے وقت منہ پر ڈال لیتے ہیں۔

جھلماں jhil-maaN: (ار، صف، ق) جھلمل۔

جھلمل jhil-mil: (ار، امث) ٹمٹماہٹ، جگمگاہٹ، پانی پر چراغوں کے عکس پڑنے کی کیفیت۔ ستاروں کا کم کم (افعال: کرنا، ہونا)

جھلملانا jhil-mi-laa-na(a): (ار، مص) جھلکنا، چراغ یا ستاروں کا تھوڑا تھوڑا چمکنا۔

جھلملی jhil-mi-li(i): (ار، امث) چلمن، چق، جھری دار کواڑ یا کھڑکی جو روشنی یا ہوا آنے کی غرض سے گاڑی یا کوٹھیوں میں لگا دیتے ہیں۔

جھلنا jhal-na(a): (ار، مص) پنکھا ہلانا، دھات کے برتن یا زیور کو ٹانکا لگانا، برف یا شورے میں لگا کر ٹھنڈا کرنا، مکھیاں اُڑانا۔

جھلنگا jha-lan-ga(a): (ار، امذ) ایسی چارپائی

جس کے بال ٹوٹ گئے ہوں اور جھولا ہو گئی ہو، (صف) لاغر، دُبلا، کمزور۔

جھلوانا jhal-vaa-na(a): (ار،مص) دیکھئے 'جھلنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

جھلی jhil-li(i): (ار، اسث) پردہ، باریک گوشت، کھال یا چربی کا پردہ، انسان اور حیوان کا باریک پوست، پتلا۔

جھم جھم / جھما جھم jham-jham: (ار، اند) مینہ برسنے کی آواز (صف) چمکیلا۔

جھمجھمانا jham-jha-maa-na(a): (ار،مص) چمکنا، روشن ہونا، جگمگ جگمگ کرنا۔

جھمک jha-mak: (ار،اسث) چمک، دمک، بھڑک، درخشانی، رونق۔

جُھمکا jhum-ka(a): (ار،اند) گچھا، خوشہ، عقد ثریا، وہ سات ستارے جو آسمان پر اکٹھے نظر آتے ہیں۔ کانوں کا ایک زیور۔ تصغیر مث: جھمکی۔

جھمکانا jham-kaa-na(a): (ار،مص) شان و شوکت دکھانا، خودنمائی کرنا، چمکانا۔

جھمکڑا jham-ka-Ra(a): (ار،اند) کروفر، تجمل، خوبصورتی، تجلی، دیدار۔

جھمکنا jha-mak-na(a): (ار،مص) چمکنا، دمکنا، جھلکنا۔

جھمیلا jha-me-la(a): (ار، اند) جھگڑا، بکھیڑا، فساد، ناپسندیدہ حالات۔

جھنج jhunj: (ار،اسث،ق) قضیہ، جھگڑا، لڑائی۔

جھنجٹ / جھنجھٹ jhan-jhaT: (ار،اند) جھگڑا، تکرار، قضیہ، حجت، بکھیڑا، الجھن (افعال: لانا)

جھنجلانا jhunj-laa-na(a): (ار،مص) غصہ ہونا، خفا ہونا، ناراض ہونا، پیچ و تاب کھانا۔

جھنجوٹی jhaN-jo-Ti(i): (ار، اسث) پہاڑی علاقوں کی راگنی۔

جھنجوڑنا / جھنجھوڑنا jhaN-joR-na(a): (ار،مص) کسی کو جگانے کے لیے زور سے ہلانا، تکلیف دینا، تنگ کرنا، نوچنا، کھسوٹنا۔

جھن جھن jhan-jhan: (ار،اسث) دھات کے برتن کھڑکنے کی آواز، بچوں اور عورتوں کے زیور کی آواز۔

جھنجھنا jhun-jhu-na(a): (ار،اند) بچوں کا کھلونا جس کے اندر بجنے کے لیے کنکریاں ڈال دیتے ہیں۔

جھنجھنانا jhan-jha-naa-na(a): (ار،مص) بجنا، کھڑکنا، سنسنانا جو جسمانی اعضا سو جانے سے ہو۔

جھنجھناہٹ jhan-jha-naa-haT: (ار،اسث) جھنکار، جھن جھن ہونا، غصہ، ناراضگی، سنساہٹ۔

جھنجھنی jhin-jhi(i)-ni(i): (ار،اسث) قمار بازوں کی کوڑی جس کا اوپر کا حصہ گھسا ہوا ہوتا ہے۔ ایسی عورت جس کی ناک چھدی ہو۔

جُھنڈ jhunD: (ار، اند) آدمیوں کی بھیڑ، حیوانات کا گلہ، بہت سے درخت جو ایک جگہ اُگے ہوئے ہوں۔

جھنڈا jhan-Da(a): (ار، اند) علم، نشان، پرچم، تصغیر مث: جھنڈی

جھنک jha-nak: (ار،صف،مث) گھونگرو کی آواز، جھنکار، گھوڑے کے پاؤں کا مرض۔

جھنکار jhan-kaar: (ار، اصوت مث) چینی یا شیشے وغیرہ کے ٹوٹنے کی آواز، دھات کے برتن یا تلواریں ٹکرانے یا پازیب یا جھانجن کی آواز، مور کا کوکنا۔

جھنکارنا jhan-kaar-na(a): (ار،مص) مور کا کوکنا، جھینگر کا بولنا، بیٹھے بیٹھے سروں میں گانا۔

جھنکاڑ jhan-kaaR: (ار، اسث) بے پتوں کا درخت، جھاڑ۔

جھوٹ jhuuT: (ار، صف) جو سچ نہ ہو، واقعہ کے خلاف، حقیقت کے برعکس، غلط، دغا، کھوٹ، پس خوردہ (افعال: بکنا، بولنا، بنانا، جاننا)

جھوٹ سچ jhuuT-sach: (ار، اند) وہ بات جس میں جھوٹ شامل ہو۔

جھوٹ موٹ jhuuT-muuT: (ار، اند) یونہی، ہنسی سے، مذاق سے۔ (موٹ تابع مہمل ہے)

جھوٹا jhuu-Ta(a): (ار، اند صف) جھوٹ بولنے والا، واقع کے خلاف بیان کرنے والا، کھوٹا، جعلی، نقلی، مصنوعی، جھوٹی، فرضی کسی کے آگے کی بچی ہوئی خوراک، مث: جھوٹی

جھوٹا کاغذ jhuu-Ta(a) kaa-Gaz: (ار، اند) جھوٹی تحریر، جعلی دستاویز۔

جھوٹا کام jhuu-Ta(a) kaam: (ار، اند) زری کا وہ کام جو کھرے مسالے سے نہ بنایا گیا ہو۔

جھوٹا موتی jhuu-Taa mo-ti(i): (ار، اند) مصنوعی موتی۔

جھوٹوں jhuu-TauN: (ار، متعلق، فعل) جھوٹ موٹ، یوں ہی ظاہرداری سے۔

جھوڑ jhauR: (ار، امث) لڑائی جھگڑا، تکرار، ردّوبدل۔

جھوک jhok: (ار، امث) جھکاؤ، ٹیڑھاپن، خمیدگی، دھکا، ہچکولا، نشے کی غفلت، ترازو کا ایک پلڑا جھکنا۔

جھوکا jho-ka(a): (ار، اند) ہوا کا ریلا، ہوا کا دھکا، نیند کا ہچکولا نیند کے باعث سر کا جھک جھک جانا۔

جھوکنا jhauk-na(a): (ار، مص) ڈالنا، پھینکنا، تنور یا بھاڑ کو ایندھن ڈال کر گرم کرنا، بیٹی کی بری جگہ شادی کرنا، بندوق کا رُخ کسی کی طرف کرنا۔

جھول jhuul: (ار، اند) ڈھیلا پن، چرس، سلوٹ، سیدھا نہ چلنا، ملمع، گلٹ، ایک دفعہ کئی بچوں کو جننا۔

جھول دار jhol-daar: (ار، ف، صف) جس میں جھول ہو، جس میں شکنیں ہوں۔

جھول jhuul: (ار، اند) درخت یا کسی کھمبے میں پڑی ہوئی رسی جس میں بیٹھ کر جھولیں۔ پالنا، ہنڈولا (افعال: جھولنا، ڈالنا)

جھولا jhuu-la(a): (واؤ مجہول سے): (ار، اند) ایک قسم کا ڈھیلا تھیلا رعشہ، فالج، تھیلی جو پالکی یا گاڑی کے پیچھے سامان وغیرہ رکھنے کے لیے باندھتے ہیں۔

جھولنا jhol-na(a): (ار، اند) فقیروں کی وہ تھیلی جس میں روٹی آٹا مانگ کر رکھتے ہیں، کوکھ کا گوشت۔

جھولنا jhuul-na(a): (ار، مص) جھولے میں بیٹھ کر پینگ لینا، لٹکنا، آویزاں ہونا، ایک ہی کام میں انکار رہنا۔

جھولی jho-li(i): (ار، امث) وہ کپڑا جس کے چاروں کونے باندھ کر گلے میں ڈالتے ہیں۔ خرجی، چھوٹی تھیلی، سبز رنگ کا کپڑا جس کی تھیلی بنا کر محرم میں بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

جھوم جھوم کر jhum jhum kar: (ار، متعلق فعل) لہرا لہرا کر، ہل ہل کر، گر گر کر زور سے۔

جھومر jhuu-mar: (ار، اند) ماتھے کا زیور، عورتوں کا ایک ناچ جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر حلقہ باندھ کر ناچتی ہیں۔ ایک قسم کا گیت۔

جھومنا jhuum-na(a): (ار، مص) ہلنا، سر ہلانا، لٹکنا، اونگھنا، بادل جمع ہونا، لڑکھڑانا، مستانہ چال چلنا۔

جھونپڑا jhauNp-Ra(a): (ار، اند) چھپر کا گھر، پھونس کا گھر اسم تصغیر مث: جھونپڑی۔

جھونٹا jhuuN-Ta(a): (ار، اند) پینگ، عورت کے سر کے بال، (یائے مجہول)

جھونجل jhuun-jal: (ار، امث) غصہ، جھنجھلاہٹ

جھونکا jhauN-ka: (ار، امذ) دیکھیے 'جھوکا' (افعال: آنا، چلنا، کھانا، لینا)

جھونکنا jhauNk-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'جھوکنا'

جھیپ jheNp: (ار، امث) شرمندگی (افعال: مٹنا، مٹانا)

جھینپنا jheN-pa(a): (ار، مص) آنکھ چرانا، کنیانا، شرمانا۔

جھیرا jhe-ra(a): (ار، مثل) چشمہ، سوتا، غار، گڑھا، خشک کنواں جس میں اکثر کبوتر رہتے ہیں۔

جھیل jhiil: (ار، مث) پانی کا وہ بڑا سا قطعہ جس کے چاروں طرف خشکی ہو، گیت کا وہ حصہ جو مدھم آواز سے گانا جائے یا ادا کیا جائے۔

جھیلنا jhel-na(a): (ار، مص) برداشت کرنا، سہنا، سویاں الگ کر کے کسی چیز پر ڈالنا۔

جھینکنا jhiNk-na(a): (ار، مص) رونا، دکھڑا بیان کرنا، افسوس کرنا، پچھتانا۔

جھینگا jhiN-ga(a): (ار، امث) ایک چھوٹی مچھلی۔

جھینگر jhiiN-gar: (ار، امذ) بڑی بڑی مونچھوں والا کیڑا جو دیواروں پر رہتا ہے اور کپڑے کو چاٹ جاتا ہے۔

ج۔ء

جئی ji-yi: (ار، امث) جَو جیسا غلّہ، چاول کی پھوٹتی ہوئی پود۔

ج۔ی

جی ji(i): (ار، حرف ایجاب) ہاں، جناب، حضرت، صاحب۔ درست ہے، بجا ہے، طنزاً، ضرور، بے شک، کلمہ تعظیم جو کسی اسم کے آخر میں لگا دیا جاتا ہے جیسے شیخ جی، حاجی جی استاد جی وغیرہ۔

جی حضور jii hu-zuur: (ار، کلمہ ایجاب) بڑا یا بزرگ آدمی بلائے تو اس کے جواب میں کہتے ہیں۔

جی حضوری/حضوریا jii-hu-zuu-ri(i): (ار، صف) خوشامدی، کاسہ لیس، ہاں میں ہاں ملانے والا۔

جی ہاں jii-haaN: (ار، کلمہ، ایجاب) یہ کلمہ کے سوال کے جواب میں کہتے ہیں، طنزاً بھی کہتے ہیں۔

جی jii: (ار، امذ) جان، روح، زیست، زندگی، دل، من، طبیعت، خواہش، بذاتِ خود، مردانگی، جانور، حیوان، ذی روح۔

جی دار jii-daar: (ار، صف) دلیر، بہادر، منچلا، شجاع، اسم کیفیت۔ مث: جی داری۔

جیب jeb: (ع، امذ) گریبان، کرتے یا قمیص کے گلے کی کھلی جگہ۔

جیب jeb: (ار، امث) کیسہ یا تھیلی جو قمیص، کوٹ یا واسکٹ میں چیزیں رکھنے کے لیے لگا لیتے ہیں، کنایۃً قبضہ، قابو، اختیار۔

جیب خاص jeb-Kaas: (ار، امذ) وہ خزانہ جو صرف بادشاہوں کے ذاتی خرچ کے لیے ہو۔

جیب خرچ jeb-Karch: (ار، امذ) وہ خرچ جو روزانہ ضروریات کے لیے کیا جائے/رکھا جائے۔

جیب کترا jeb-kat-ra(a): (ار، امذ) وہ چور جو جیب کتر کر مال نکال لے، اُچکا۔

جیب گھڑی jeb-gha-Ri(i): (ار، امث) وہ گھڑی جو جیب میں رکھی جاتی ہے۔

جیبی je-bi(i): (ار، صف) جیب کا، جیب کے متعلق، جیب کے لیے، چھوٹا، حجم میں کم۔

جیپ jiip: (انگ، امث) Greep ایک قسم کی چھوٹی ہلکی پھلکی موٹر گاڑی جو بہت زیادہ طاقت ور اور مضبوط ہوتی ہے۔ چاروں پہیوں سے چلتی ہے اور بھاری

بھاری سامان لے کر دشوار گزار راستوں میں چل سکتی ہے۔ اکثر جنگ میں کام آتی ہے۔

جیت jiit: (ار، مث) ہار کی ضِد، فتح، کامیابی، غلبہ، فوقیت، نفع، فائدہ۔

جیتا jii-ta(a): (ار، صف) زندہ، جاندار، بیش، مث: جیتی۔

جیتا جاگتا jii-taa jaag-ta(a): (ار، صف) زندہ سلامت، صحیح تندرست، مث: جیتی جاگتی۔

جیتنا jiit-na(a): (ار، مص) فتح کرنا، غالب آنا، کامیاب ہونا، جوئے میں روپیہ حاصل کرنا۔

جیتے جی jii-te-ji(i): (ار، صف) زندگی میں، عمر بھر، تاحیات، تمام۔

جیتے رہو jii-te-ra-ho: (ار، کلمہ دُعا) عمر دراز ہو، جب کوئی چھوٹا بزرگوں کو سلام کہے یا ادب کرے تو بزرگ یہ دعا دیتے ہیں۔

جَیٹ jaiT: (انگ، اند) Jet ایک خاص قسم کا ہوائی جہاز (طیارہ) جو بہت تیز رفتار اور بلند پرواز ہوتا ہے۔ ایک طاقتور انجن جو طیاروں اور کاروں میں ہوتا ہے۔

جیٹھ jeTh: (ھ، اند) خاوند کا بڑا بھائی، بکرمی سال کا دوسرا مہینہ جو نصف مئی سے نصف جون تک ہوتا ہے۔ سب سے بڑا، مث: جیٹھانی۔

جَیِّد jay-yad: (ع، صف) کھرا، خالص، عمدہ، نیک، طاقتور، زبردست۔

جَیِّدُالکَیمُوس jay-ya-dul-kai-muus: (ع، صف، مذ) غذا کا معدہ میں تحلیل ہو کر جزوِ بدن ہو جانا، بہت اچھا ہونا۔

جَیسے کا تیسا jai-se-kaa-te-saa: (ار، صف، مذ) بعینہٖ، ہو بہو۔

جَیش jesh: (ع، اند) لشکر، فوج، سپاہ، عسکر، کٹک، دَل۔

جیغہ jii-Ga(h): (ت، اند) ایک مرصّع زیور کا نام جو پگڑی میں باندھا جاتا ہے، کلغی۔

جیل jel: (انگ، اند) Jail، قید خانہ، زندان، بندی خانہ، مجلس۔

جیل خانہ jel-Kaa-na(a): (ار، اند) دیکھیے 'جیل' جو صحیح ہے۔

جیلر je-lar: (انگ، اند) Jailer، داروغہ زندان، جیل کا داروغہ، قید خانے کا افسر۔

جَین jain: (س، اند) بوڑھا آدمی، سراوگیوں کا مذہب جس میں ویدوں کو نہیں مانا جاتا۔

جَینا jai-na(a): (ار، مص) زندہ رہنا، زندگی بسر کرنا۔

جَینی jai-ni(i): (س، صف) جین مذہب کا پیرو۔

جُیُوش ju-yuush: (ع، اند) جیش کی جمع، لشکر، فوجیں۔

چ

چ ch: (ف، امث) اس کا نام 'چے' ہے یہ اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں آٹھواں حرف صحیح ہے، مزید وضاحت کے لیے اسے جیم فارسی بھی کہتے ہیں۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ سخت تالو کے اگلے حصے سے جا کر ملتا ہے جس کی وجہ سے منہ کی ہوا لمحہ بھر کو رک کر خارج ہوتی ہے۔ صوتیات کی اصطلاح میں اسے غیر مسموع، غیر ہا کاری، مسوڑی یا لہاتی، بندشی، مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

چ۔الف

چاب chaab: (ار، امث) دھوئے تل، چاول اور شکر جو کسی عزیز کے سفر سے واپس آنے پر سینیوں میں لگا کر بھیجے جاتے ہیں یا بچہ پیدا ہونے پر گانے والی عورتوں میں تقسیم کیے جاتے ہیں۔ چبائی جانے والی چیز۔

چابک chaa-buk: (ف، اند) کوڑا، تازیانہ (افعال: کھانا، لگانا، مارنا) صف چُست، چالاک، تیز، پھرتیلا، اسم کیفیت مث: چابکی۔

چابک سوار chaa-buksa-vaar: (ف، اند) گھوڑا پھیرنے والا، گھوڑا سدھانے والا، خوب سواری کرنے والا، اسم کیفیت مث: چابک سواری۔

چابنا chaab-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چبانا' جو فصیح ہے۔

چابی chaa-bi(i): (ار، امث) (پرتگالی چاوی سے ماخوذ تا کید، کنجی، تالی)

چاپ chaap: (ار، امث) پاؤں کی آہٹ۔

چاپڑ chaa-paR: (ار، اند) انگریزی chopper کا بگاڑ، قیمہ کوٹنے کا آلہ، بغدا۔

چاپلوس chaap-luus: (ف، صف) خوشامدی، جھوٹی تعریف کرنے والا، اسم کیفیت مث: چاپلوسی۔

چاٹ chaaT: (ار، امث) چاٹنے کا مزہ، ذائقہ، کوئی مزہ دار چیز اور اس کا مزہ، وہ مزہ دار چیز جو منہ کا ذائقہ درست کرنے کے لیے کھائی جائے، عادت، لپکا، چٹپٹی چیز۔

چاٹنا chaaT-na(a): (ار، مص) زبان سے پونچھنا، چکھنا، مزے لینا۔

چاٹی chaa-Ti(i): (ار، امث) دودھ بلونے کا مٹی کا بڑا برتن۔

چاچی chaa-chi(i): (ف، صف) چاچ شہر کی بنی ہوئی (کمان) چچی۔

چاچا chaa-chaa: (ار، اند) دیکھیے 'چچا' جو فصیح ہے، مث: چاچی۔

چادر chaa-dar: (ف، امث) لمبا چوڑا کپڑا جو اوڑھنے کے کام آتا ہے وہ کپڑا جو مزاروں پر چڑھایا جاتا ہے۔ پانی کی چوڑی دھار لوہے وغیرہ کے چوڑے چوڑے پترے۔ شال۔

چار chaar: (ار، عدد) ایک اور تین کا مجموعہ، چارہ کا مخفف مثلاً ناچار، (میں) چند۔

چار آئینہ chaar-aa-ii-na(h): (ف، اند) ایک قسم کی زرہ جس میں فولاد کی چار تختیاں بانات یا مخمل میں منڈھ کر سینہ اور پشت کی حفاظت کے لیے لگاتے ہیں۔

چار ابرو chaar ab-ru(u): (ار، اند) سر،

بھویں، ڈاڑھی اور مونچھیں، درویشوں کی ایک قسم جو سر اور چہرے کے تمام بال مونڈ ڈالتے ہیں۔

چار باغ chaar-baaG: (ف، اند) مربع باغ، چوکھونٹا باغ۔ شہر لکھنؤ میں ایک علاقے کا نام جہاں ریلوے اسٹیشن ہے۔

چارپائی chaar-paa-i(i): (ار، امث) لیٹنے، سونے کے لیے۔

چارپایہ chaar-paa-ya(h): (ف، اند) چوپایہ، چار پاؤں والا جانور۔

چارتال chaar-taal: (ار، اند) طبلہ کی ایک گت۔

چارتخم chaar-tu-Kum: (ف، اند) چار قسم کے بیج، یعنی ریحان، اسپغول، بالنگو اور خرفہ جو پیچش کا علاج ہے۔

چارتکبیر chaar-tak-biir: (فع، امث) نماز جنازہ، کیونکہ اس میں چار تکبیریں کہی جاتی ہیں۔

چار جامہ chaar-jaa-ma(h): (ف، اند) زین کی طرح کی پوشش جو گھوڑے پر ڈال کر سوار ہوتے ہیں۔

چارچشم chaarchashm: (ار، صف) طوطاچشم، مقابل، مشاق، بےحیا۔

چارحرف chaar harf: (فع، اند) لعنت (ل ع ن ت) پھٹکار۔

چارخانہ chaar Kaa-na(h): (ف، اند) ایک قسم کا خانوں والا کپڑا، شطرنج کی بساط کے بیچ کے چاروں خانے۔

چارداںت chaar-daaNt: (ار، اند) پوری عمر کا (بکرا وغیرہ) جوان (گھوڑا)

چار دانگ chaar daaNg: (ار، اند) چاروں طرف، تمام عالم۔

چاردیواری chaar-di-vaar-ri(i): (ار، امث) شہر پناہ، فصیل، احاطہ۔

چارعنصر chaar-un-sur: (فع، اند) وہ چار اجزاء یعنی آگ، پانی، ہوا، مٹی جن سے بخیال مشاہیر موجودات عالم کی ظاہری صورت نمایاں ہوئی۔

چارقل chaar-qul: (فع، اند) قرآن مجید کی آخری چار سورتیں جو قل سے شروع ہوتی ہیں یعنی سورۃ الکافرون، الاخلاص، الفلق، الناس جو اکثر نظر بد کے دفیعہ اور فاتحہ کے لیے پڑھتے ہیں۔

چارکھونٹ chaar-khunT: (ار، امث) دیکھیے 'چارسو'

چار مذہب chaar mas-hab: (فع، اند) اہل سنت والجماعت کے چار مسلک یعنی فقہ حنفی، حنبلی، شافعی، مالکی۔

چارمغز chaar maGz: (فع، اند) خربوزہ، تربوزہ، کھیرا اور کدو کے مغز۔

چارمنزل chaar man-zil: (فع، امث) اصطلاح میں قرب الٰہی کے چار درجے یعنی شریعت، طریقت، معرفت، حقیقت جنھیں صوفیا استعمال کرتے ہیں۔

چار یار chaar-yaar: (ف، اند) پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے چار مشہور صحابہ یعنی حضرات ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی اور علی رضی اللہ عنہم۔

چاریاری chaar-yaa-ri(i): (ف، امث) دوستی، مصاحبت، دوستوں کا مجمع، چار یاروں کو ماننے والا یعنی سنی۔

چارا chaa-ra(a): (ار، اند) گھاس جو جانوروں کو کھلاتے ہیں۔ وہ چیز جو مچھلی پکڑنے کے لیے کانٹے

میں لگاتے ہیں۔

چارٹ chaarT: (انگ، اند) Chart نقشہ، خاکہ، جدول۔

چارج chaarj: (انگ، اند) Charge، سپردگی، تحویل، الزام، جرم، حملہ، دھاوا۔

چار(و) ناچار chaa-ro-naa-chaar: (ف، متعلق فعل) مجبوراً، قہراً۔

چاروں chaa-rauN: (ار، عدد، استغراقی) ہر چار، چار کے چار، سب۔

چاروں جگ chaa-rauN jug: (ھ، اند) ہندو عقیدے کے مطابق چار زمانے یعنی ست جگ، ترتیا جگ، دوپرا جگ، کل جگ۔

چارہ chaa-rah: (ف، اند) تدبیر، مدد، درستی۔

چارہ جو chaar-ju(u): (ف، صف، فاعلی) علاج تلاش کرنے والا، دادخواہ۔ اسم کیفیت مث: چارہ جوئی۔

چارہ ساز chaa-raa-saaz: (ف، صف فاعلی) کام بنانے والا، معالج، اللہ تعالیٰ، اسم کیفیت مث: چارہ سازی۔

چارہ گر chaa-rah-gar: (ف، صف، فاعلی) طبیب، معالج، اسم کیفیت مث: چارہ گری۔

چاڑ chaaR: (ار، اند) شکوہ، خواہش، آرزو۔

چاڑی chaa-Ri(i): (ار، اسث، ق) چغلی، غیبت، الزام۔

چاشت chaasht: (ف، مذ، مث) سورج نکلنے اور دوپہر کے درمیان کا وقت، صبح کا کھانا (اسث) چاشت کی نماز۔

چاشنی chaash-ni(i): (ف، اسث) ذائقہ، مزہ، نمونہ، کسی قدر ترش و شیریں، قوام، شیرہ، سونے یا چاندی کا کس۔

چاشنی دار chaash-ni(i) daar: (ف، صف) کھٹ مٹھا، ترش و شیریں۔

چاق و چوبند chaa-qo-chau-band: (ف، صف) توانا، زورآور، موٹا، تازہ، تندرست، بھلا چنگا، پھرتیلا۔

چاقو chaa-qu(u): (ت، آلہ، مذ) کاٹنے یا تراشنے کا ایک اوزار، بند ہونے والی چھری۔

چاک chaak: (ف، صف) پھٹا ہوا، چیرا ہوا، تراشیدہ (مذ) شگاف آستین یا دامن وغیرہ کا کھلا حصہ۔

چاک chaak: (اند) کمہار کا برتن بنانے والا پہیہ نما اوزار جسے گول پھرا کر اس پر گول برتن ہانڈی لوٹا گھڑا وغیرہ بناتے ہیں۔ کنویں کی لکڑی کا گول پہیا سا جس پر کنویں کی کوٹھی (گول عمارت) کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔

چاک chaak: (انگ، اند) chalk، کھریا مٹی یا بتی جس سے تختہ سیاہ پر لکھتے ہیں۔

چاکر chaa-kar: (ف، اند) ملازم، خادم، خاص طور پر وہ ملازم جس کے ذمے گھوڑے یا ہاتھی کی خدمت ہو، اسم کیفیت مث: چاکری۔

چاکو chaa-ku(u): (ھ، اند) چاقو کا بگاڑ ہے۔

چاکی chaa-ki(i): (ار، اسث) پچے بازوں کی اصطلاح میں وہ ضرب جو حریف کے سر پر گدکا پھرا کر خالی جگہ میں ماری جائے، چکی، آسیا۔

چال chaal: (ار، اسث) رفتار، حرکت، روش، طرز، طور، عادت، گھوڑے کی رفتار، شطرنج کے مہرے یا چوسر کی نرد کو ایک گھر اخانے سے دوسرے گھر اخانے میں لے جانا، ایک قسم کی مچھلی، پیسے کا دائیں بائیں ہلنا۔

چال باز chaal-baaz: (ف، صف، فاعلی)

ہوشیار، عیار، فریبی، اسم کیفیت مث: چال بازی۔

چال چلن chaal-cha-lan: (ار، اند) طور طریقہ رنگ ڈھنگ، طرز معاشرت کرنا، دم دینا، فریب دینا، چوسر یا شطرنج کے مہروں کا گھر بدلنا، تدبیر کا گر ہونا۔

چال ڈھال chaal-Dhaal: (ار، امث) طرز، روش، انداز۔

چالا chaa-la(a): (ار، اند) شادی کے بعد دولہن کا پہلے پہلے سسرال سے چار مرتبہ میکے میں جانا، سفر کرنے کی اچھی مسافت، روانگی، رخصت کوچ۔

چالاک chaa-laak: (ف، امف) چست، تیز، تیز رفتار، ذہین، عیار، مکار، اسم کیفیت مث: چالاکی۔

چالان chaa-laan: (ھ، اند) بیجک، بھیجی ہوئی چیزوں کی فہرست، رسید، پولیس کا کسی جرم کی دیکھ بھال / تحقیق، تفتیش کے بعد عدالت کے سپرد کرنا، پروانہ راہداری، ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ کو روانگی۔

چالیا chaa-li-ya(a): (ھ، اند) فریبی، مکار، دغاباز۔

چالیس chaa-liis: (ار، اعدد) تیس اور دس کا مجموعہ (40)

چالیس واں chaa-liis-vaaN: (ار، عدد ترتیبی) ترتیب میں انتالیس کے بعد کا درجہ، کسی چیز کے چالیس برابر حصوں میں سے ایک حصہ، چہلم کی فاتحہ۔

چام کے دام chaam-ke-daam: (ار، تلمیح) چمڑے کا سکہ جو سونے کی کیل جڑ کر نظام سقے نے ہمایوں بادشاہوں کے زمانے میں اپنی ڈھائی دن کی حکومت میں جاری کیا تھا۔

چانپ chaaNp: (ار، امث) بندوق کا وہ پرزہ جس کے ذریعے کندہ نالی سے جڑا رہتا ہے۔ مصنوعی دانتوں کی کمانی۔

چانپ chaaNp: (ار، امث) انگریزی لفظ (Chop) کا بگاڑ، سینے یا پشت کے گوشت کے ٹکڑے۔

چانٹا chaaN-Ta(a): (ار، اند) تھپڑ، (افعال: مارنا، رسید کرنا) طمانچہ

چانڈ chaaNd: (ار، اند) ماہتاب، قمر، مہینہ، ڈھال کا آہنی یا برنجی پھول، جانوروں کی پیشانی کا سفید پھول / ٹیکا، ایک زیور جو ہلال کی شکل کا ہوتا ہے، وہ گول نشان جو نشانہ بازی کے لیے لگایا جاتا ہے، ناچ، وہ چاند کی شکل جو شال یا رومال پر بناتے ہیں (امث) کھوپڑی، چندیاں۔

چانڈ رات chaand-raat: (ار، امث) نئے مہینے کی پہلی رات شب ہلال۔

چانڈ کا ٹکڑا chaand-kaa-Tuk-Ra(a): (ار، صف) خوبصورت، حسین آدمی، معشوق۔

چانڈ ماری chaand-maa-ri(i): (ار، امث) نشانہ بازی کی مشق، وہ جگہ جہاں یہ مشق کی جائے۔

چانڈنا chaand-na(a): (ار، اند) روشنی، اُجالا، چاندنی رات کا زمانہ، اُجالا، پاکھ، ہرے رنگ کا کبوتر جس کی گردن اور سینہ سفید ہو اور سر پر بھی کچھ بال سفید ہوں۔

چانڈنی chaand-ni(i): (ار، امث) چاند کی روشنی، مہتاب کی روشنی، وہ سفید چادر جو دری پر بچھاتے ہیں۔ ایک پھول کا نام، چمکدار چیز، سائبان۔

چانڈنی کا پھول chaand-ni(i) kaa phuul: (ار، اند) ایک سفید پھول

چانڈہ / چانڈا chaan-dah: (ھ، اند) وہ جگہ جہاں سے گاؤں کی حدیں مقرر ہوں۔

چانڈی chaan-di: (ھ، امث) ایک سفید دھات، نقرہ، سیم روپا، جو زیوروں، برتنوں اور دوسری چیزوں

میں مستعمل ہے، فائدہ، کامیابی۔

چاندی کا تار chaan-di ka taar: (ار، اند) تحقیراً، چاندی کا زیور، معمولی زیور۔

چانڈو chaan-Du(u): (ار، اند) دیکھئے 'چنڈو' ایک نشہ۔

چانس chaans: (انگ، اند) Chance، موقع، امکان، اتفاق، احتمال، باری۔

چانسلر chaans-lar: (انگ، اند) Chancellor یونیورسٹی کا اعلیٰ عہدیدار، رئیس جامعہ۔

چاول chaa-val: (ار، اند) ایک قسم کا اناج جو سفید رنگ کا ہوتا ہے، جسے اُبال کر کھاتے ہیں، وہ گری جو کسی غلہ سے نکالی جائے جو باریک اور لمبی ہو۔ ایک وزن رتی کا آٹھواں حصہ۔

چاہ chaah: (ف، امث) چاہنا مصدر سے فعل امر کا صیغہ، دوستی، محبت، عشق، اُلفت، پیار، خواہش، آرزو، تمنا، لطف، حاجت۔

چاہ chaah: (ف، اند) کنواں، باؤلی، گڑھا، غار۔

چاہِ بابل chaa-he-baa-bul: (ف، اند) شہر بابل کا ایک کنواں جس کے متعلق مشہور ہے کہ ہاروت ماروت دو فرشتے اس میں قید ہیں۔

چاہِ ذقن / زنخداں chaa-he-za-qan: (ف، اند) ٹھوڑی کا گڑھا۔

چاہِ غب غب chaa-he-Gab-Gab: (ف، اند) چاہ ذقن، ٹھوڑی کا گڑھا، وہ گڑھا جو بعض لوگوں کی باچھوں کے پاس پڑتا ہے جس کو حسن سمجھا جاتا ہے۔

چاہِ یوسف chaa-he-yu-suf: (وہ کنواں جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو اُن کے بھائیوں نے ڈال دیا تھا۔ جو نواحِ شام میں طبریہ کے قریب ہے۔)

چاہت chaa-hat: (ہ، امث) محبت، پیار۔

چاہنا chaah-na(a): (ار، مص) خواہش کرنا، طلب کرنا، پیار کرنا، محبت کرنا، ارادہ کرنا۔

چاہو chaa-hu(u): (ار، متعلق فعل) خواہ، اگر مرضی میں آئے، اگر دل چاہے۔

چاہی chaa-hi(i): (ف، صف) بارانی کے خلاف، وہ زمین جسے کنویں سے پانی ملے۔

چاہے chaa-he: (ار، متعلق فعل) خواہ، جیسے مرضی ہو، اگر دل چاہے۔

چاہیے chaa-hi-ye: (ار، متعلق فعل) مناسب ہے۔ درکار ہے، موزوں، لازم ہے، چاہنا مصدر کا صیغۂ امر۔

چاؤ chaa-au: (ہ، اند) خواہش، آرزو، تمنا، ناز نخرہ۔

چاوش chaa-vish: (ت، اند) چوبدار، عصا بردار، نقیب۔

چائے chaa-ye: (ف، امث) ایک پودا جس کے پتوں کو جوش دے کر پیتے ہیں۔

چائے دان / دانی chaa-ye-daan: (ف، اند) وہ برتن جس میں چائے بنا کر ڈالتے ہیں، یا جس میں انگریزی طریقہ سے چائے بناتے ہیں۔

چ۔ب

چبانا cha-baa-na(a): (ار، مص) دانتوں سے کاٹنا / کچلنا / پیسنا۔

چبر چبر / چپڑ چپڑ cha-bar cha-bar: (ہ، امث) بک بک، بکواس، یاوہ گوئی، کتے کے چاٹنے کی آواز۔

چبک / چبکا cha-bak: (ہ، امث) درد، تپک، ٹیس

چبکنا cha-bak-na(a): (ار، مص) ٹپکنا، ٹیس مارنا، درد ہونا۔

چبلا chi-bil-la(a): (ہ، صف) طفلانہ، بچپن کا، چھچھورا، مث چبلی، اسم کیفیت مذ، چبلا پن۔

چبائی cha-ba-i(i): (ار، مث) نرم ہڈی جو چبائی جائے۔

چبوانا chab-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چبانا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چبوترا/چبوترہ cha-bu-tra(a): (ار، مذ) مربع یا مستطیل اونچی بنائی ہوئی جگہ جس پر بیٹھتے ہیں۔ کرسی، کوتوالی، تھانہ، حد کا نشان، عدالت کی نسبت (افعال: بنانا، بنا)

چبوڑا cha-buu-Ra(a): (ہ، صف) مجتی، بے ہودہ گو، بکواسی، مث: چبوڑی

چبھانا chu-bhaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چبھونا'

چبھتا chubh-ta(a): (ار، صف) چبھنے والا، داخل ہونے والا، اثر کرنے والا، پتے کا، مث: چبھتی۔

چبھتی (چبھتی) بات chub-ti(i)baat: (ار، مث) رنج دہ یا ناگوار بات، پتے یا بھید کی آواز۔

چبھن chu-bhan: (ار، مث) کھٹک، درد، تپک، خلش۔

چبھنا chubh-na(a): (ار، مص) کسی نوک دار شے کا کھٹک جانا، پیوست ہو جانا، داخل ہونا۔

چبھونا chi-bhau-na(a): (ار، مص) کسی نوکدار شے کا بھونکنا، پیوست کرنا۔

چبینی cha-bai-ni(i): (ار، مث) وہ مٹھائی جو ہندوؤں کی بارات کو ناشتہ کے طور پر دی جاتی تھی۔ بھنا ہوا غلہ جو مزدور دوپہر کے بعد چباتے یا کھاتے ہیں۔

چ۔پ

چپ chap: (ف، صف) بایاں، بائیں طرف، بائیں طرف کو، الٹے ہاتھ کی طرف، دو رنگ کا، دو رنگا۔ (ار) پاؤں کی آواز، چاپ۔

چپ و راست chap-o-raast: (ف، صف) دائیں بائیں، ہر طرف، ادھر ادھر۔

چپ chup: (ہ، مث) سکوت، خاموشی۔ نہ بولنا

چپا chap-pa(a): (ہ، مذ) چار انگلی جگہ، چار بالشت چوڑی جگہ، ذرا سی جگہ۔

چپاتی cha-paa-ti(i): (ار، مث) پتلی روٹی، پھلکا۔

چپت cha-pat: (ار، مذ) تھپڑ جو منہ پر مارا جائے، دھول، تمانچہ (لگانا، رسید کرنا)

چپٹا، چپٹھا chap-Ta(a): (ار، صف) چوڑا، چکلا، بیٹھا ہوا۔

چپٹانا chip-Taa-na(a): (ار، مص) لپٹا لینا، چپکا دینا۔

چپٹنا cha-paT-na(a): (ہ، مص) دیکھیے 'چپٹانا'

چپچپا chip-chi-pa(a): (ار، صف) لیس دار، چیپ دار چپکنے والا، اسم کیفیت مث: چپچپاہٹ۔

چپچپانا chip-chi-paa-na(a): (ار، مص) چپکنا، لیس دار ہونا۔

چپک/چپک chip-paK: (ار، صف) ایک قسم کی ابابیل، صف، لاغر، دبلا، بڑا شکرہ، ایک شکاری پرندہ۔

چپڑا chap-Ra(a): (ہ، مث) صاف کی ہوئی لاکھ، عمدہ قسم کی لاکھ، صاف زمین، کھلا میدان، دلالوں کی اصطلاح میں دو پیسے۔

چپراسی chap-raa-si(i): (ار، صف) اردلی، پیادہ، سپاہی، دفتر کا خدمت گار، اسم کیفیت مث: چپڑاسی/چپراسی۔

چپڑ چپڑ cha-paR cha-paR: (ہ، مث) کتے کے کھانے پینے کی آواز، کھانے پینے میں منہ کی آواز جو بدتمیزی سے نکلتی ہے۔

چپڑ۔ خندی cha-paR Kan-di(i): (ار، اسٹ) آوارہ گرد، ہرزہ گرعورت۔

چپڑ غٹو cha-paR GaT-Tu(u): (ار، صف) اسیر، گرفتار، بے ہوش، مدہوش۔

چپڑ قناتیاں cha-paR qa-naat-ya(a)N: (ار، صف) خوشامدی، چاپلوس، کمینہ، سفلہ، آوارہ گرد۔

چپڑنا chu-paR-na(a): (ار، مص) چکنانا، روٹی پر گھی لگانا، بدن پر یا کسی دوسری چیز پر روغن ملنا۔

چپقلش / چپقلش chap-qa-lish: (ت، اسٹ) انبوہ، ہجوم، تلوار کی لڑائی، لڑائی جھگڑا، تکرار، جگہ کی تنگی۔

چپکا chup-ka(a): (ہ، صف) خاموش، ساکت، چپ، مکار، فریبی، دغاباز مٹ: چپکی۔

چپکانا chip-kaa-na(a): (ار، مص) کسی لیس دار چیز سے جوڑنا، چسپاں کرنا نوکری سے نکالنا، کسی کام میں اٹکا دینا۔

چپکن / چپکن chap-kan: (ہ، اسٹ) ایک قسم کا انگرکھا جو پرانے زمانے میں پہنتے تھے، اس کی آستین آگے کو لٹکی رہتی تھی۔ نہ گریبان ہوتا تھا نہ بغلوں کے نیچے سلائی۔

چپکنا chi-pak-na(a): (ار، مص) چسپاں ہونا، الجھنا، پھنسنا، آشنائی ہونا۔

چپکے chup-ke: (ار، متعلق، فعل) آہستہ سے، خاموشی، خفیہ طور پر۔

چپل / چپلی chap-pal: (ار، اسٹ) ایک قسم کا سلیپر، جوتی۔

چپن chap-pan: (ار، اند) ہنڈیا کا ڈھکنا، جو مٹی کا ہوتا ہے۔

چپنی chap-ni(i): (ہ، اسٹ) ہنڈیا کا ڈھکنا، گھٹنے کی ہڈی۔

چپو chap-pu(u): (ار، اند) کشتی کھینے کا ڈنڈا جو آگے سے چوڑا ہوتا ہے۔ (افعال: چلانا، مارنا)

چپی chap-pi(i): (ہ، اسٹ) اعضاء کی مالش، ہاتھ پاؤں دبانا، مشت مال (افعال: کرنا، کرانا)

چپی chip-pi(i): (ہ، اسٹ) کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا جو کسی چیز پر چسپاں کیا جائے، پیوند (چیپی کا مخفف)

چپیٹ cha-peT: (ہ، اسٹ) خفیف چوٹ، جھپٹ، نقصان، ٹوٹا۔

چ۔ت

چت chit: (ار، صف) پشت کے بل لیٹا ہوا، دل، ذہن، توجہ۔

چت پٹ chat-paT: (ہ، اسٹ) ایک قسم کی شرط یا کھیل جس میں کسی چیز کے الٹا یا سیدھا گرنے پر بازی لگائی جاتی ہے۔

چتا chi-ta(a): (ہ، اسٹ) لکڑیوں کا ڈھیر جس پر ہندو مردے کو رکھ کر جلاتے ہیں۔

چترنگ chat-rang: (ہ، اند) وہ فوج جس میں ہاتھی گھوڑے رتھ سوار، پیدل سب شامل ہوں، چار رنگ کی فوج، شطرنج، ایک قسم کا گیت۔

چترنی chit-ri-ni(i): (ہ، اسٹ) عورت کی چار قسموں میں سے ایک قسم، نازک عورت۔

چتکبرا chit-kab-ra(a): (ہ، صف مذ) ابلق سفید اور کالے رنگ کا۔ داغدار، مٹ: چتکبری۔

چتلا chit-la(a): (ہ، مث) داغدار، دھبے والا، سیاہ اور سفید رنگ کا، وہ چیز جس پر مختلف رنگ کے نقطے یا دھبے ہوں مٹ: چتلی، ایک قسم کا نہایت شیریں خربوزہ۔

چتون chit-van: (ار، اسٹ) نظر، نگاہ کا انداز۔

چتی chi-ti(i): (ہ، اسث) دھبا، داغ، بندی، ایک قسم کا سانپ جس پر چتیاں پڑی ہوتی ہیں۔ ایک قسم کی کوڑی جس پر چتیاں ہوتی ہیں۔ مادہ لال۔

چتی دار chit-ti-daar: (ہ، ف، صف) داغدار، دھبوں والا۔

چ۔ٹ

چٹ chaT: (ار، متعلق فعل) فوراً، اسی وقت، فی الفور، بہت جلد ٹوٹنے کی آواز۔

چٹ پٹ chaT-paT: (ار، متعلق، فعل) فوراً، بہت جلد، ناگاہ، یکا یک۔

چٹ چٹ chaT-chaT: (ار، اصوت) انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔ اسپند کے جلنے کی آواز، چوڑیوں کے ٹوٹنے کی آواز (عورتیں ضم جیم فارسی بھی بولتی ہیں)

چٹ سے chaT se: (ار، متعلق، فعل) چٹاخ کی آواز کے ساتھ۔

چٹ chiT: (انگ، امث) (Chit) ٹکڑا، رقعہ، وہ کاغذ جو کتابوں یا دوا کی بوتلوں پر لگاتے ہیں۔

چٹا chiT-Ta(a): (ہ، صف) سفید، اُجلا، گورا امث: چٹی۔

چٹا پٹا cha-Taa-pa-Ta(a): (ہ، اند) بچوں کا ایک کھلونا جو لکڑی کی چھوٹی چھوٹی گولیوں سے بنا ہوتا ہے اور ہلانے سے پلٹتا ہے۔

چٹا پٹی cha-Ta-paTi(i): (ار، امث) مارامار، دھڑا دھڑ، موت پر موت۔

چٹاخ cha-TaaK: (ار، اصوت، مث) لکڑی ٹوٹنے یا انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔

چٹاخ پٹاخ cha-TaaK pa-TaaK: (ار، مث) تڑاک پڑاک (امث) چالاک عورت۔

چٹاخا cha-Taa-Ka(a): (ہ، اصوت، مذ) وہ آواز جو لکڑی کے ٹوٹنے اور بلائیں لینے سے پیدا ہو۔

چٹان chaT-Taan: (ار، امث) بڑا اور چوڑا پتھر، پتھر کی بڑی سِل۔

چٹانا cha-Taa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چاٹنا' جس کا یہ متعدی ہے۔ بچے یا بیمار کو کوئی گاڑھی چیز ذرا ذرا کر کے کھلانا، رشوت دینا، کسی دھار والے آلہ کو پتھر پر رگڑ کر تیز کرنا۔

چٹائی cha-Taa-i(i): (ار، اسث) بوریا، گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش۔

چُٹ پُٹ chuT-puT: (ار، امث) متفرق خرچ، متفرقات، چھوٹا چھوٹا خرچ، کم قیمت دوائیں۔

چٹ پٹا chaT-pa-Ta: (ار، صف) مزہ دار، خوب، نمک، مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا امث: چٹ پٹی۔

چٹخارا chaT-Kaa-ra(a): (ار، اند) وہ آواز جو زبان اور تالو سے کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینے سے نکلتی ہے۔

چٹخارنا chaT-Kaar-na(a): (ار، مص) زبان اور تالو سے آواز نکلنا۔

چٹخانا / چٹکانا chaT-Kaa-na(a): (ار، مص) انگلیوں یا کسی اور چیز کی آواز پے در پے نکالنا، کھجانا، توڑنا، تڑقانا۔

چٹخ جانا cha-TaK-jaa-na(a): (ار، مص) اَن بَن ہو جانا، بگڑ جانا، درز پڑ جانا، شق ہو جانا۔

چٹخنا cha-TaK-na(a): (ار، مص) کلی کا کھلنا، لکڑی یا کوئلے کا آگ پر آواز دینا، چلا جانا، غائب ہو جانا، اُچھل کر دور جا پڑنا۔

چٹخنی / چٹکنی chaT-Ka-ni(i): (ار، امث) دروازے کو روکنے کی چیز۔

چٹک cha-Tak: (ار، امث) ٹوٹنے کی آواز، رنگ کی تیزی، دھوپ کی تیزی۔

چٹکا chuT-ka(a): (ار، اند) لب بھر آنا، منھی بھر آنا۔

چٹکلا chuT-ka-la(a): (ار، اند) لطیفہ، دلچسپ فقرہ، کوئی پر تاثیر دوا۔

چٹکنا cha-Tak-na(a): (ار، مص) تڑکنا، پھٹنا، ٹوٹنا، رنگ اڑنا، ناراض ہو کر بات کرنا، اسپند کا آگ پر آواز دینا، کلی کھلنا، سخت چیز پر گر کر اچھل کر دور جانا، غائب ہو جانا۔

چٹکی chuT-ki(i): (ار، امث) انگلیوں سے پکڑ کر گوشت کھینچنا (لینا) بکنا، بندوق کے پیالے کا سر پوش، انگشت نرکو انگشت وسطی کے ساتھ ملا کر آواز نکالنا، دوا کا سفوف جو بچوں کو دیتے ہیں۔

چٹکی بھر chuT-kii bhar: (ار، متعلق فعل) اس قدر جو چٹکی میں سما جائے۔

چٹکی میں chuT-kiimaiN: (ار، متعلق فعل) آنا فانا۔

چٹکیلا chuT-kii-la(a): (ار، اند۔ صف) چمکیلا، بھڑکیلا، شوخ، تیز، ذائقہ (امث)

چٹیلا chu-Tii-laa(a): (ھ، اند) وہ فیتہ یا دھاگا جس سے چونڈا پچھلی طرف باندھا جاتا ہے۔ سونے یا چاندی کا گچھا جو عورتیں پیچھے چوٹی میں باندھتی ہیں۔ مصنوعی بال جن کو عورتیں زیادہ ظاہر کرنے کے لیے لگا لیتی ہیں۔ دھاگے سے بندھا ہوا، موٹی، مینڈھی۔

چٹنی chaT-ni(i): (ھ، امث) چاٹنے کی چیز یا دوا، چٹ پٹی چیز جس کو دھنیا انار دانہ پودینہ نمک مرچ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں اور کھانا کھانے کے بعد یا ساتھ کھاتے ہیں۔

چٹوانا chaT-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چاٹنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

چٹور / چٹورا cha-Tor/cha-To-ra(a): (ار، صف) وہ شخص جو لذیذ کھانوں کا عادی ہو، کھاؤ، مث: چٹوری اسم کیفیت مث: چٹور، چٹوراپن۔

چٹھا chiT-Tha(a): (ھ، اند) قبض الوصول، تنخواہ کی کتاب، چندے یا روزنامچے کی کتاب، کچا حساب۔

چٹھی chiT-Thi(i): (ار، امث) خط، مراسلہ، رقعہ

چٹھی رساں chiT-Thi(i) ra-saaN: (ار، ف، اند) ڈاکیا، خط بانٹنے والا۔ (سرکاری ملازم) اسم کیفیت مث: چٹھی رسانی۔

چٹی chaT-Ti(i): (ھ، صف) جرمانہ، تاوان، ٹوٹا، خسارہ۔ (افعال: بھرنا، دھرنا)

چٹے بٹے chaT-Te baT-Te: (ار، اند) چھوٹے بچوں کے ایک قسم کے کھلونے، وہ چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں جو مداری تماشے میں دکھاتے اور لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں۔

چٹیا chuT-ya(a): (ار، امث) دیکھیے 'چوٹی' جس کی یہ تصغیر ہے۔

چٹیانا chaT-yaa-na(a): (ار، مص) زخم دینا، گھائل کرنا، ضرر پہنچانا، کچلنا۔

چٹیل cha-Tail: (ار، صف) کفِ دست، خالی، بغیر سبزے کے میدان، صاف۔

چٹیل / چٹیلا chaT-yal: (ھ، زخم خوردہ، بغیر سبزے کا میدان، چوٹ کھایا ہوا پھل۔)

چ - چ

چچا cha-chaa: (ھ، اند) باپ کا چھوٹا بھائی، مث: چچی۔

چچا زاد بھائی cha-chaa-zaad bhaa-i(i): (ار، اند) چچیرا بھائی، عم زاد، چچا کا بیٹا مث: چچازاد بہن۔

چچیا سسر chach-yaa su-sar: (ار، اند) خاوند یا بیوی کا چچا، مث:

چچیرا cha-che-ra(a): (ار، اند) چچا زاد بھائی، مث: چچیری۔

چچینڈا cha-chaiN-Da(a): (ھ، اند) ایک ترکاری، لکڑی کی شکل کی لمبی ترکاری۔

چ۔خ

چخ chaK: (ف، امث) زبانی جھگڑا، تکرار قضیہ، فساد، جس میں مار پیٹ نہ ہو، (افعال: چلنا، ہونا)

چخ chaK: (کلمہ، کلمۂ نفرین) دور ہو، چل پرے ہٹ، باتیں نہ بنا۔

چ۔د

چدو chud-do: (ار، صف مث) فاحشہ عورت، بدکار عورت۔

چ۔ڈ

چڈا chaD-Da(a): (ار، اند) ایک کلمہ ہے جو مذاقاً کہا جاتا ہے، مسخرا

چڈو chuD-Du(u): (ار، صف) حرامزادی، زانیہ، بدذات، ایک گالی عورتوں کے متعلق۔

چڈھا chaD-Dha(a): (ار، اند) ران کے اوپر کا جوڑ، بن ران، ایک قسم کا پھوڑا، کگرالی۔

چڈھی chaD-Dhi(i): (ار، امث) پیٹھ کی سواری، انسان یا حیوان کی، (افعال: چڑھنا، دینا، لینا)

چ۔ر

چر chur: (ھ، اصوت مث) سوکھے ہوئے پتوں کے مڑنے یا ٹوٹنے کی آواز۔

چرمر chur-mur: (ھ، اصوت) سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ پھوٹ کر چور چور ہو جانا۔

چرا cha-ra(a): (ف، متعلق، فعل) کیوں، کس واسطے، کس کی، کس طرح۔

چراغ chi-raaG: (ف، اند) وہ برتن جس میں تیل اور بتی ڈال کر روشن کریں۔ دیا، لیمپ، شمع، گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا۔

چراغ پا chi-raaG paa: (ار، اند) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا۔ بگڑنا، آزردہ ہونا، (افعال: کرنا، ہونا)

چراغ جلے chi-raaG ja-le: (ار، متعلق فعل) سرشام، جھٹ پٹے کا وقت

چراغ چشم cha-raaG chashm: (ار، اند) بیٹا۔

چراغ دان cha-raaG daan: (ار، اند) شمعدان، وہ لکڑی جس پر چراغ جلاتے ہیں۔

چراغ سحر cha-raaG sa-har: (ار، اند) زوال آمادہ، مرنے کے قریب۔

چراغا cha-raa-Ga(a): (ار، اند) گداگروں کی اصطلاح میں ایک پیسہ۔

چراغاں cha-raa-GaaN: (ف، اند) بہت سے چراغوں کا اکٹھا جلانا۔

چراغی cha-raa-Gi(i): (ار، امث) نذرانہ، تحفہ، بھینٹ، وہ روپیہ جو کسی مزار پر فاتحہ پڑھنے کے بعد رکھتے ہیں۔ تاکہ مزار کے اخراجات روشنی میں خرچ کیا جاسکے۔ (افعال: چڑھانا، لینا)

چراگاہ / چراگہ cha-raa-gaa(h): (ار، امث) جانوروں کے چرنے کی جگہ، جنگل سبزہ زار، مرغزار۔

چرانا cha-raa-na(a): (ار، مص) جانوروں کو جنگل میں لے جا کر گھاس کھلانا۔

چرانا cha-raa-na(a): (ار، مص) زرم زخم خشک

ہو کر درد کرنا، شوق پیدا ہونا۔

چُرانا chu-raa-na(a): (ار، مص) چوری کرنا، چھپانا، بچانا، جذب کرنا۔

چَرائی cha-raa-i(i): (ار، امث) مویشیوں کو چرانے کی اُجرت۔ جنگل کا محصول۔

چِرائی chi-raa-i(i): (ار، امث) لکڑی چیرنے کا عمل، لکڑی چیرنے کی اُجرت۔

چرائیتا cha-ra-iy-yaa: (ھ، امذ) ایک قسم کی کڑوی بوٹی جو بطور دوا استعمال ہے یہ مصفی خون اور دافع بخار سوداوی ہوتی ہے۔

چرب charb: (ف، صف) چکنا، روغنی، فربہ، موٹا۔

چرب زُباں charb-zu-baaN: (ف، صف) شیریں کلام، خوشامدی، چکنی چپڑی باتیں کرنا والا، اسم کیفیت مث: چرب زبانی۔

چرب کرنا/ہونا charb-kar-na(a): (ار، محاورہ) گھی یا تیل لگانا/ لگنا۔ نرم کرنا/ ہونا، چکنا کرنا/ ہونا۔

چربانک / چرباک char-baak: (ار، صف) چالاک، گستاخ، زبان دراز۔

چربراک char-ba-raak: (ار، صف) بے باک، ہوشیار۔

چربہ char-ba(h): (ف، امذ) روغنی کاغذ۔ جس کے ذریعے خاکہ اڑایا جائے، خاکہ، نقل (افعال: اتارنا/اترنا)

چربی char-bi(i): (ف، امث) وہ سفید اور چکنا مادہ جو رطوبت اور خون سے پیدا ہوتا ہے۔ اور جسم میں گوشت کے اوپر جم جاتا ہے۔

چربیانا char-bi-yaa-na(a): (ار، مص) موٹا ہونا، فربہ ہونا۔

چرپرا char-pa-ra(a): (ار، صف) تیز، گرم، مصالح دار، مرچوں والا، چالاک، ہوشیار، اسم کیفیت مث: چرپراہٹ، مث: چرپری۔

چرچ charch: (انگ، مث) گرجا، کلیسا (Church)

چرچا char-cha(a): (ار، امذ) ذکر، تذکرہ، گفتگو، مشورہ، شہرت (افعال: پھیلنا، کرنا، ہونا)

چرچر char-char: (ار، اصوت، مث) نئی جوتی کی آواز، لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز۔

چرچرانا char-cha-raa-na(a): (ار، مص) چارپائی کی آواز، کمان یا لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز۔

چرچراہٹ char-cha-raa-haT: (ار، امث) چرچرانے کا فعل۔

چرخ charK: (ف، امذ) پھیرنے والا، آسمان، کنویں کے اوپر کی چرخی، ایک قسم کا باز، آلہ جس پر مٹی چڑھا کر صاف کرتے ہیں۔ کمہار کا چاک۔

چرخ بریں char-Ke-ba-riiN: (ف، امذ) نواں آسمان جہاں پر خدا کا تخت ہے۔

چرخ بے پیر charK-be-piir: (ف، امذ) ظلم و ستم کی وجہ گردش چرخ کو سمجھتے ہیں اس لیے اسے عموماً برا بھلا کہتے ہیں۔

چرخ زن charK zan: (ار، صف) پھرنے والا، گھومنے والا، اسم کیفیت مث: چرخ زنی، گردش۔

چرخہ char-Ka(h): (ف، امذ) سوت کاتنے کا آلہ، پرانی اور کمزور گاڑی۔

چرخی char-Ki(i): (ف، امث) روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ، ایک قسم کی آتش بازی جو چھوٹتے ہیں وقت گھومتی ہے۔ پانی کھینچنے کا پہیہ جو کنوؤں پر لگا ہوتا ہے۔ ہچکا جس پر ڈور لپیٹتے ہیں۔ وہ اوزار جس پر بادلا لپیٹتے ہیں (چرخ کی تصغیر)

چرس cha-ras: (ھ، امذ) ایک قسم کا نشہ جو بھنگ

کے پتوں سے تیار ہوتا ہے اور تمباکو کی طرح پیا جاتا ہے۔ چمڑے کا بڑا ڈول جس سے آبپاشی کے لیے پانی نکالتے ہیں۔

چُرس chu-ras: (ھ، امث) فرش یا کپڑے کی شکن، سلوٹ۔

چرسا (char-sa(a: (ھ، امذ) بڑا ڈول، بیل یا بھینسے کا چمڑا، دھوڑی۔

چرسی / چرسیا (char-si(i: (ھ، صف) چرس پینے والا، نشہ باز۔

چرغ charG: (ف، امذ) باز یا شکرے کی قسم کا ایک پرندہ۔

چرغا (char-Ga(a: (ار، امذ) کوئلوں پر سینکا ہوا مرغ مسلم، خاص طریقہ سے بھنا ہوا مرغ۔

چرک chark: (ف، امذ) میل، پاخانہ، غلاظت، پیپ، زنگ۔

چرکا (char-ka(a: (ار، امذ) ہلکا سا زخم، نقصانِ زر، (افعال: دینا، کھانا، لگانا)

چرکٹا (char-ka-Ta(a: (ھ، صف) ہاتھی کا چارہ لانے والا، فیلبانوں کا پیش خدمت، کمینہ آدمی۔

چرکنا (chi-rak-na(a: (ار، مص) تھوڑا تھوڑا ہگنا۔

چرکیں chir-kiiN: (ف، صف) پلید، نجس، غلیظ، اُردو کے ایک شاعر کا تخلص جو گندے شعر کہتا تھا۔

چرم charm: (ف، امذ) چمڑہ، کھال، صف نسبتی، چرمی۔

چرن cha-ran: (س، امذ) پاؤں، قدم، مصرع، پیدل سپاہی، فرقہ، سلسلہ، چلن، طریقہ، عمل۔

چرن بردار cha-ran bar-daar: (ھ، ف، امذ) کفش بردار، امیروں کے جوتے اٹھانے والا۔

چرنا (char-na(a: (ار، مص) گھاس کھانا، چگنا۔

چرنا (chir-na(a: (ار، مص) لکڑی کا آرے سے دو ٹکڑے ہونا، پھٹنا۔

چُرنا (chur-na(a: (ھ، امذ) ایک قسم کا باریک سفید کیڑا جو بچوں کے پیٹ میں پڑ جاتا ہے۔ جو سوت کی مانند ہوتا ہے۔

چرند / چرندہ cha-rand: (ف، امذ) چرنے والا، چوپایہ حیوان۔

چرنی (char-ni(i: (ھ، امث) وہ ٹوکرا یا برتن وغیرہ جس میں جانوروں کو چارہ وغیرہ کھلاتے ہیں، مٹی یا اینٹوں سے بنایا ہوا حوض یا چوبچہ جس میں چارا ڈالتے ہیں۔ ناند۔

چرَوانا (char-vaa-na(a: (ار، مص) مویشیوں کو چرانا، مویشیوں کو چرائی پر بھیجنا۔

چِروانا (chir-vaa-na(a: (ار، مص) لکڑیوں کے آرے سے تختے کروانا۔

چرواہا (char-vaa-ha(a: (ار، امذ) مویشی چرانے والا، گڈریا، مث: چرواہی۔

چری (cha-ri(i: (ھ، امث) جوار کے ہرے پودے جو کاٹ کر جانوروں کو کھلائے جاتے ہیں۔ زمین جس کا کرایہ اور مال گزاری نہ دی جائے، چرنا، گھاس کھانا

چ۔ڑ

چڑ / چڑھ chiR/chiRh: (ھ، امث) ناگوار خاطر بات، وہ بات جس کا سننا، دیکھنا ناگوار ہو۔

چڑا (chi-Ra(a: (ار، امذ) ایک چھوٹا پرندہ، چڑیا کا مذکر، کنجشک نر۔

چڑچڑا (chiR-cha-Ra(a: (ار، صف) بدخو، تنگ مزاج، بداخلاق، اسم کیفیت مث: چڑچڑاپن مث: چڑچڑی۔

چڑنا / چڑھنا (chiR-na(a: (ار، مص) کسی بات پر ناراض ہونا، نفرت ہونا، بگڑنا۔

چڑھانا cha-Rhaa-na(a): (ار، مص) نیچے سے اوپر لے جانا، لادنا، سوار کرنا، نذر یا منت کسی بزرگ کے مزار پر لا کر رکھنا۔ لگانا، جوڑنا، سینا، ذمہ لینا، بڑھانا، زیادہ کرنا، تعریف میں مبالغہ کرنا، گستاخ کرنا، نر کو مادہ سے ملانا۔

چڑھاوا cha-Rhaa-va(a): (ار، اند) نذر، نیاز، بھینٹ، وہ زیور جو برات کے روز دُلہا کی طرف سے دُلہن کو دیا جاتا ہے۔ شادی سے پہلے دُلہن کو بھیجے ہوئے کپڑے وغیرہ۔ دلاسا، تسلی۔

چڑھاؤ cha-Rhaa-o: (ار، اند) طغیانی، جوش، بلندی، بلند راستہ، اتار کی ضد، زیادتی، عروج، دریا کا وہ رخ جس سے پانی آتا ہے۔

چڑھائی cha-Rhaa-i(i): (ار، اسث) بلندی، حملہ، دھاوا۔

چڑھتا chaRh-ta(a): (ار، صف) بڑھتا ہوا، ترقی کرتا ہوا، جوش پر آتا ہوا، مث: چڑھتی۔

چڑھتے چاند chaRh-te chaand: (ار، اند) مہینے کا شروع، مہینے کے شروع میں۔

چڑھنا chaR-na(a): (ار، مص) نیچے سے اوپر جانا، سوار ہونا، حملہ کرنا، ترقی کرنا، گراں ہونا، طغیانی ہونا (سانس) پھولنا۔

چڑھواں chaRh-vaaN: (ار، صف) اُٹھی ہوئی ایڑی کا جوتا۔

چڑھوانا chaRh-vaa-na(a): دیکھیے 'چڑھانا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چڑی مار chi-Ri(i)-maar: (ار، اند) پرندوں کو پکڑنے والا، صیاد۔

چڑیا chiR-ya(a): (ار، اسث) چڑے کی مادہ، پرند، چوبغلا، اِزار بند ڈالنے کی جگہ، انگیا کی کٹوریوں کے درمیان کی سلائی، بیڈمنٹن کی گیند۔

چُڑیل chu-Rail: (ھ، اسث) اس عورت کی روح جو بقول ہندوؤں کے حمل کی یا ناپاکی کی حالت میں مر جائے، بھتنی، ڈائن، پلید عورت۔

چ۔س

چُسانا chu-saa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چوسنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چسپاں chas-paaN: (ف، صف) چپکا ہوا، موزوں، زیبا، ٹھیک، (افعال: کرنا، ہونا)

چسپیدہ chas-pii-da(h): (ف، صف) چپکا ہوا، چمٹا ہوا، پسند کرنے والا، محبت کرنے والا۔ محبت کرنے والا، اسم کیفیت مث: چسپیدگی۔

چُست chust: (ف، صف) پھرتیلا، چالاک، تیز، ہوشیار، کھینچا ہوا، تنگ، درست، موزوں، ٹھیک، مضبوط، استوار، محکم، اسم کیفیت مث: چستی۔

چُسر چُسر chu-sar chu-sar: (ار، اسث) ماں کا دودھ پیتے وقت بچے کے منہ کی آواز۔

چُسک chu-sak: (ار، اسث) میٹھا میٹھا درد، ہلکا ہلکا درد، ٹپک، ٹیس، گوٹہ کناری کی باریک تحریر جو گوٹ کے نیچے ٹانکتے ہیں۔

چسکا chas-ka(a): (ار، اند) چاٹ، مزہ، وہ مزہ جس کی زبان عادی ہو، چٹورپن، عادت، دھت، ذوق، شوق۔

چسکانا chas-kaa-na(a): (ار، مص) درد پیدا کرنا۔

چسکنا cha-sak-na(a): (ار، مص) میٹھا میٹھا درد ہونا، پرانی چوٹ میں ہلکا ہلکا درد ہونا۔

چُسکی chus-ki(i): (ار، اسث) گھونٹ، کش، وہ افیون جو افیونی خلاف وقت کھاتے ہیں۔ کھلی ہوئی

افیون کا گھونٹ، حقے کا گھونٹ۔

چُسنا chus-na(a): (ار،مص) دیکھیے 'چوسنا' جس کا یہ لازم ہے۔ طاقت تباہ ہونا، نچڑنا، عرق نکل جانا، کپڑے سکڑنا، پھٹنا۔

چُسنا chus-na(a): (ار، امذ) بچوں کے چوسنے کا کھلونا۔

چُسنی chus-ni(i): (ار، امث) بچوں کے چوسنے کا کھلونا، دودھ پلانے والی شیشی۔

چُسوانا chus-vaa-na(a): (ار، محاورہ) دیکھیے 'چسنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

چ۔ش

چشتی chish-ti(i): (ف،صف) چشت کا باشندہ، مسلمان صوفیا کا ایک سلسلہ، طریقت اور اس سلسلہ کا پیرو۔

چشم chashm: (ف، امث) آنکھ، دیدہ، اُمید، آسرا، نظر۔

چشم آشنا chashm-aash-na(a): (ف،صف) واقف، شناسا۔

چشمِ بد chash-me-bad: (ف،امذ) نظر بد، وہ نظر جو لگ جاتی ہو۔

چشمِ بد دور chash-me-bad duur: (ف،دُعا) بری نظر دور رہے۔ نظر نہ لگے، طنزاً کسی کی مذمت میں بھی بولتے ہیں۔

چشم براہ chashm-ba-rah: (ف، صف) منتظر، نگراں۔

چشمِ بیمار chash-me-bii-maar: (ف، امث) آنکھ جو آدھی بند ہو کر دیکھتی ہو۔ (شرم یا ناز سے) خوبصورت، مست آنکھ کو تشبیہ دیتے ہیں۔ نشیلی آنکھ، خمار آلود آنکھ۔

چشمِ بینا chash-me-bii-na(a): (ف، امث) دیکھنے والی آنکھ، غیب کا حال جاننے والی، نیز دیکھیے 'بصیرت' صف، تیز نظر، ہوشیار۔

چشمِ پُرآب chash-me-pur-aab: (ف،امث) آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ۔ (متعلق فعل) روتے ہوئے۔

چشمِ تر / نم chashm-tar: (ف،صف) رونے والی آنکھ، روتی ہوئی آنکھ۔

چشم داشت chashm-daasht: (ف،امث) اُمید، توقع، آس۔

چشم دید chashm-diid: (ف،صف) آنکھوں دیکھا۔

چشم زخم chashm za-Kam: (ف،امذ) آزار جو نظر بد کی وجہ سے پہنچے۔

چشم زدن chashm-za-dan: (ف، امذ) پلک جھپکنا، لمحہ بھر۔

چشم نمائی chash-me-nu-maai(i): (ف، امث) تنبیہ، جھڑکی، تہدید، سرزنش، ملامت۔ (افعال: کرنا، ہونا)

چشمِ نیم باز / خواب chash-me-niim-baaz (ف،امث) شرمیلی آنکھ، نیچی اور جھکی ہوئی، نشیلی آنکھ

چشم و چراغ chash-mo-cha-raaG: (ف،صف) بہت عزیز، بڑا پیارا، نور چشم۔

چشمک chash-mak: (ف،امث) چھوٹی آنکھ، عینک، آنکھ کی جھپک، اشارہ چشم، شکر رنجی، رنجش، بگاڑ۔

چشمک زن chash-mak-zan: (ف،صف فاعلی) آنکھ سے اشارہ کرنے والا، اسم کیفیت مث: چشمک زنی۔

چشمہ chash-ma(h): (ف، اند) پانی کا سوتا، عینک، سوئی کا ناکہ، آفتاب، فوارہ۔

چشمۂ حیواں chash-ma-e-hai-vaaN: (ف،اند) آبِ حیات کا چشمہ، کنایۃً معشوق کا منہ۔

چشیدہ cha-shii-da(h): (ف،صف) چکھا ہوا، تجربہ شدہ۔

چ۔غ

چغا chu-Gaa: (ت،اند) لبادہ، چوغا۔

چغد chu-Gad: (ف،اند) اُلّو، اُلّو کی ایک چھوٹی قسم۔

چغل / چغل chu-Gal: (ف، اند) مخبر، جاسوس، غماز، برائی کرنے والا، سخن چین (اُر) وہ کنکر جسے چلم میں رکھ کر تمباکو رکھتے ہیں۔

چغل خور chu-Gal-Kor: (ف، اند) غماز، لترا (اسم کیفیت مث: چغل خوری)

چغلی chuG-li(i): (ف،مث) غیبت، غمازی وغیرہ۔

چ۔ف

چفتہ chaf-ta(h): (ف، اند) لکڑی کا بنا ہوا کمرا جس کی چھت لکڑی کے ستون پر ہو، پایہ، تھونی، منڈپ، منڈا، جعفری جال۔

چفتی chaf-ti(i): (ف، مث) وہ چپٹی لکڑی جس سے لکیریں وغیرہ کھینچتے ہیں۔ پٹری، خوشامدی۔

چ۔ق

چق chiq: (ت،مث) بانس کی تیلیو یا سرکنڈے کی بنی ہوئی چلمن جو دروازوں یا کھڑکیوں میں باہر کی طرف لٹکاتے ہیں۔ چک، چلمن وغیرہ۔

چقماق chaq-maaq: (ت، مث، مذ) وہ پتھر جس میں سے آگ نکلتی ہے۔ صفت نسبتی، چقماقی۔

چقندر chu-qan-dar: (ف، اند) ایک ترکاری جو گول شلجم کی شکل کی ہوتی ہے اور اُبلنے سے نہایت سرخ رنگ نکلتا ہے۔

چ۔ک

چک chak: (ار، اند) اراضی، قطعہ زمین، زمین کا ٹکڑا، پھیر، جماؤ۔

چک برار chak-ba-raar: (ار،اند) لگان وصول کرنے والا۔

چک بست chak-bast: (ار، مث) چکوں میں تقسیم شدہ ریاست چک کا مالک۔

چک بندی chak-ban-di(i): (ار، مث) اراضی کی حد بندی۔

چک نامہ chak-na-ma(h): (ار، اند) ایک دستاویز جس میں اراضی کا حدود اربعہ اور کھیتوں کی فہرست ہوتی ہے۔

چک chak: (ہ، مث) کمر کا یا کولہے کا درد، جھٹکا (افعال: آنا پڑنا)

چک chik: (ہ، مث) چلمن (چق) تکلیف دینا، قصاب، چوہا یا چھچھوندر۔

چیک chek: (انگ،اند) Cheque، نقدی بینک سے لینے کا تحریری حکم۔

چکا chak-ka(a): (ہ،اند) گول چیز، مربع، اینٹ یا پتھر کا چبوترا، جو پیمائش کے لیے بنایا جاتا ہے۔ صف جما ہوا، منجمد (افعال: باندھنا، لگانا)

چکا چک / چاک cha-kaa-chak: (ف،مث) تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز، لگاتار۔

چکا چوندھ cha-kaa-chaund: (ار،مث)

روشنی کے باعث آنکھوں کا جھپکنا خیرگی چشم، چندھیانے کی حالت۔

چکارا chi-kaa-ra(a): (ہ، اند) چھوٹی سارنگی، دوتارا۔

چکاری chi-kaa-ri(i): (ہ، امث) شکاری چاقو، مچھر کی طرح کا ایک کیڑا، چیخنے والا، ہزل، فحش، چاکری، چوری کا تابع مہمل۔

چکاں cha-kaaN: (ف، احالیہ) ٹپکتا ہوا، ٹپکنے والا، گرانے والا، چھڑکنے والا۔

چکانا chu-kaa-na(a): (ار، مص) قیمت ٹھہرانا، مول کرنا، فیصلہ کرنا، قصہ کوتاہ کرنا، بھگتانا، بیان کرنا، ختم کرنا، پورا کرنا۔

چک پھیری chak-phe-ri(i): (ہ، امث) چکر باندھ کر پھرنا، دائرہ میں گردش۔

چکتا cha-kat-ta(a): (ہ، اند) گول نشان، گول دھبا، کاٹنے کا نشان۔ دانتوں کا نشان، لال یا نیلے داغ جو فساد خون سے پڑ جاتے ہیں۔ گوشت کا ٹکڑا۔

چکتا chuk-ta(a): (ہ، صف) مقررہ، فیصلہ شدہ، معینہ۔

چکتی chuk-ti(i): (ار، امث) ٹکیا، قرص، گروہ، گول یا مدور چیز دُنبے کی چوڑی دُم، صابن کا چوڑا ٹکڑا، چمڑے کا گول ٹکڑا۔ دھات کا چھوٹا گول ٹکڑا، گینڈے کا چمڑا۔ پیوند۔

چکیٹ chiik-kaT: (ہ، صف) نہایت میلا کچیلا، لیسدار، میل سے بھرا۔

چکٹ جانا chi-kaT jaa-na(a): (ار، مص) میلا ہوا، چکناہٹ اور میل سے بھرا ہونا، زنگ آلود ہونا۔

چکر chak-kar: (ار، اند) دائرہ، حلقہ، گھیرا، گاڑی کا پہیا، کمہار کا چاک، گول ہتھیار جو سکھ پگڑی میں باندھتے ہیں۔ بھنور، بگولا، کولہو، گردش، سر کا گھومنا۔

چکرانا chak-raa-na(a): (ار، مص) گردش کرنا، گھومنا، گھبرانا، غش کھانا۔

چکل cha-kal: (ار، اند ق) دباؤ۔

چکلا chak-la(a): (ہ، صف، مذ) گول، چوڑا، وہ گول پتھر جس پر روٹی بیلتے ہیں۔ علاقہ، رنڈیوں کے رہنے کا مقام۔

چکلا بندی chak-laa-ban-di(i): (ہ، ف، امث) حد بندی، صوبے کو چکلوں میں تقسیم کرنا۔

چکلاٹ / چکلان chak-laaT: (ہ، اند) چوڑائی۔

چکلنا chi-kal-na(a): (ار، مص، ق) دبانا، بھینچنا، کچلنا۔

چکلی chak-li(i): (ہ، امث) چرخی، صندل رگڑنے کا گول پتھر۔ (صف) چوڑی، فراخ۔

چکلے دار chak-le-daar: (ہ، ف، اند) ناظم علاقہ، پرگنہ کا حاکم، صوبیدار، جاگیردار، محلہ دار۔

چکن chi-kan: (ف، امث) بیل بوٹے کا کام، کشیدہ کاری، بیل بوٹوں والا کپڑا۔

چکن دوز / کار chi-kan-doz: (ف، صف) کپڑے پر بیل بوٹے کا کاڑھنے والا، اسم کیفیت مث: چکن دوزی / کاری۔

چکنا chik-na(a): (ار، مص، ق) بہنا، گرنا، ٹپکنا۔

چکنا chik-na(a): (ار، صف، مذ) چرب، تیل لگا ہوا، روغنی، چربی والا، موٹا، فربہ، پھلنے والا، صاف، چمک دار، صاف ستھرا، بے حیا، بے غیرت، حسین، خوبصورت، رونق، چرب زبان، میٹھا بولنے والا، مث: چکنی۔ (اند) تیل، گھی، روغن۔ چربی۔

چکنا گھڑا chik-naa-gha-Ra(a): (ار، صف) بے حیا، بے شرم، بے غیرت (افعال: بننا، ہوجانا)

چکنا chuk-na(a): (ار، مص) بھاؤ ٹھہرنا، قیمت

طے ہونا، حساب بے باک ہونا، جھگڑا ختم ہونا، تمام ہونا، خرچ ہو جانا، کسی فعل کی تکمیل کے واسطے صیغۂ امر کے بعد اضافہ کرتے ہیں۔ مثلاً جا چکنا۔

چکنا چور chak-naa-chuur: (ار، صف) ٹکڑے ٹکڑے، پرزے پرزے، تھکا ماندہ (افعال: کرنا، ہونا)

چکنانا chik-naa-na(a): (ار، مص) کسی چیز پر روغن لگانا، کسی چیز کو چکنا بنانا۔

چکنائی chik-naa-i(i): (ار، امث) چربی، دہنیت، تیل، گھی، روغن، بے شرمی، بے حیائی۔

چکنی باتیں chik-ni(i) baa-taiN: (ار، امث) خوشامد کی باتیں، دلفریب باتیں۔

چکنی چپڑی باتیں chik-nii chup-Ri(i) baa taiN: (ار، امث) خوشامد کی باتیں، خوش آئند گفتگو، (افعال: کرنا، ہونا، بنانا)

چکنی ڈلی chik-ni(i) Da-li(i): (ار، امث) ایک قسم کی چھالیہ جس کو دودھ میں پکا کر خشک کر لیتے ہیں۔

چکنی مٹی chik-ni(i) miT-Ti(i): (ار، امث) ایک قسم کی مٹی جو لپائی کے کام آتی ہے۔

چکوا chak-va(a): (ھ، امذ) ایک آبی پرندہ، سرخاب مث چکوری۔

چکوتا cha-ko-ta(a): (ار، امذ) فیصلہ، تصفیہ۔

چکوترا cha-ko-tra: (ار، امذ) ایک پھل جو نارنگی سے بڑا ہوتا ہے مگر اسی قسم کا ہے۔

چکور cha-kor: (ار، امذ) تیتر کی قسم کا ایک پرندہ جس کی چونچ اور پنجے سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے۔ اسے چاند کا عاشق بتاتے ہیں مث: چکوری

چکھنا cha-kh-na(a): (ار، مص) چاشنی دکھانا، ذائقہ دکھانا، نوش کرانا، کھلانا، مارنا۔

چکھنا chakh-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'چکھانا' جس کا یہ لازم۔

چکھوتیاں cha-khaut-yaaN: (ار، امث) لذیذ اور مزہ دار کھانا، مفت کا مزہ۔

چکئی chak-yi(i): (ار، امث) لکڑی کا گول کھلونا، جس کو لڑکے ڈورا ڈال کر پھراتے ہیں۔

چکی chak-ki(i): (ار، امث) آٹا پیسنے کا آلہ، گھٹنے کی ہڈی۔

چکی پیسنا chak-ki(i) piis-na(a): (ار، محاورہ) آٹا پیسنا، غم سہنا، قید بھگتنا، کسی کام کو مدت تک کیے جانا۔

چکی کا پاٹ chak-ki kaa paT: (ار، امذ) چکی کا ایک حصہ۔

چکی کا کھونٹا chak-ki kaa khuuNTa(a): (ار، امذ) چکی چلانے کا دستہ۔

چکی کی مانی chak-ki ki maa-ni(i): (ار، امث) وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے۔

چکیدہ cha-kii-da(h): (ف، صف) ٹپکا ہوا، معطر

چ۔گ

چگانا chu-gaa-na(a): (ار، مص) پرندوں کو دانہ کھلانا، مویشی کو چرانا۔

چگائی chu-gaa-i(i): (ار، امث) چگانے کی اجرت۔

چگنا chug-na(a): (ار، مص) پرندوں کا دانہ چن چن کر کھانا۔

چگونہ chi-go-na(h): (ف، کلمہ استفہام) کس طرح، کیونکہ، کیسا، کیا۔

چگونگی chi-gon-gi(i): (ف، امث) کیفیت خاصیت، اصلیت۔

چگی chug-gi(i): (ہ، صف) چھوٹی سی چیز، ذرا سی، چٹکی بھر، ایسی ڈاڑھی جس میں ٹھوڑی پر چند لمبے لمبے بال ہوں۔

چ۔ل

چل chul: (ار، اسث) خارش، کھجلی، مستی، شہوت بے کلی، بے چینی، انسان کے ہاتھ پاؤں کا قرار نہ پکڑنا۔ حرکت کرتے رہنا (افعال: اٹھانا، مٹانا)

چل chal: (ار، کلمہ تنفر) کلمہ تنفر و اختلاط، ہٹ دور ہو، چلنا کا امر، روانہ ہو جا، چلا جا۔

چل بسا chal-ba-sa(a): (ار، محاورہ) مر جانا، جہان سے اٹھ جانا، گزر جانا۔

چل دُور chal-duur: (کلمہ نفرت) خفگی، الگ ہو، چلا جا، دور ہو۔

چل چلاؤ chal-cha-laa-o: (ار، اند) روا روی، کوچ، سفر، چلا چل۔

چلا چلی cha-laa-cha-li(i): (ار، اسث) روا روی، ہل چل، سفر پر روانگی، موت کی گرم بازاری۔

چلانا cha-laa-na(a): (ار، مص) ہانکنا، روانہ کرنا، جاری کرنا، کاروبار کرنا، حرکت کرنا، استعمال کرنا۔

چلانا chil-laa-na(a): (ار، مص) چیخنا، غل مچانا، رونا گریہ وزاری کرنا، فریاد کرنا۔

چلاہٹ chil-laa-haT: (ار، اسث) شور غل، چیخ و پکار۔

چلاؤ cha-laa-o: (ار، صف) عارضی، ناپائیدار، فانی، جانے پر مستعد۔

چلاؤ chu-laa-au: (ار، صف) بغیر گوشت کے پلاؤ، نمکین خشکہ جس میں گھی ڈالا گیا ہو۔

چلبلا chul-bu-laa: (ار، صف) نچلا نہ بیٹھنے والا، جس کے ہاتھ پاؤں حرکت کرتے رہیں۔ شوخ، چالاک، اسم کیفیت مث

چلبلاہٹ chul-bu-laa-haT: اسم کیفیت مذ، چلبلاپن مث چلبلی۔

چلتا chal-ta(a): (ار، صف) بہتا ہوا، رومال، جاری، مروج، رائج، ہوشیار، چالاک، کارگر، پر اثر، مث: چلتی۔

چلتا پُرزہ chal-ta pur-za(h): (ار، صف) چالاک، شریر، فتنہ انگیز۔

چلتا ہوا chal-ta hu-a(a): (ار، صف) کارگر، پر اثر، کامیاب، چالاک، ہوشیار۔

چلت پھرت cha-lat phi-rat: (ار، اسث) پھرتی، چالاکی، رفتار، گردش، رقص، حرکت۔

چلتر cha-lit-tar: (ہ، اسث) دیکھئے 'چرتر'

چلتر باز cha-lit-tar baaz: (ہ، ف، صف) چالاک، مکار، اسم کیفیت مث: چلتر بازی۔

چلتی پھرتی چھاؤں chal-tii phir-tii chaauN: (ار، اسث) دُنیا کی دولت ناپائیدار، جلد ختم ہو جانے والی چیز۔

چلتے چلتے chal-te-chal-te: (ار، متعلق فعل) عین جانے کے وقت، روانہ ہوتے وقت، دوران سفر میں۔

چلتے ہاتھ chal-te haath: (ار، متعلق فعل) جب تک ہاتھ میں کام کرنے کی طاقت ہے۔

چلچل chal-chal: (ہ، اسث) ابرک، بھوڈل۔

چلچلانا chil-chi-laa-na(a): (ار، مص) جلانا، گرم ہونا، سخت گرمی پڑنا، چیخ کر بولنا، رونا، فریاد کرنا۔

چلچلانا chul-cha-laa-na(a): (ار، مص) کھجلانا، خارش ہونا، کھجلی ہونا، خواہش ہونا۔

چلغوزہ chil-Go-za(h): (ف، اند) ایک قسم کا خشک میوہ، یہ صنوبر کا پھل ہوتا ہے۔

چلم chi-lam: (ف، امث) آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف، جسے حقے پر رکھ کر دم لگاتے ہیں۔ (افعال: بھرنا، پینا)

چلم بردار chi-lam bar-daar: (ف، اند) حقہ پلانے والا، خادم، اسم کیفیت مث: چلم برداری۔

چلمچی chi-lam-chi(i): (ف، امث) ہاتھ منہ دھونے کا برتن جس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں۔

چلمن chil-man: (ار، امث) چق، تیلیوں کا بنایا ہوا پردہ، (افعال: باندھنا، لٹکانا، چھوڑنا)

چلن cha-lan: (ار، اند) چال، رفتار، دستور، رسم، رواج، سکے کا چلنا، عادت، برتاؤ۔

چلنا chal-na(a): (ار، مص) حرکت کرنا، روانہ ہونا، رواج پانا، جاری رہنا، سکنا، نشہ ہونا، مرنا، لڑائی ہونا، آگے بڑھنا، بندوق یا توپ چھٹنا، کارگر ہونا، رواں ہونا۔

چلّو chul-lu(u): (ار، اند) ہاتھ کو اس طرح موڑنا کہ اُس میں کوئی پتلی چیز رک سکے۔

چلّو بھر chul-luu-bhar: (ار، صف) تھوڑا سا، ذرا سا۔

چلوانا chal-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چلانا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چلّہ chil-la(h): (ف، اصف) کمان کی تانت، چالیس دن کا عرصہ، چالیس روز کا عمل، وہ جگہ جہاں کسی بزرگ نے چلہ کشی کی ہو، زچہ کا چالیسویں دن نہانا۔ سخت سردی کے چالیس دن۔

چلیے cha-li-ye: (ار، فعل) چلنا سے صیغہ اُمر، آجایئے، ہمراہ آیئے۔ (تعظیم کے لیے آتا ہے)

چ - م

چم cham: (ہ، اند) چام کا مخفف، چمڑا، کھال، چرم

چم چم / چم خم cham-cham: (ف، امث) چمک دمک، پیچ و خم۔

چمار cha-maar: (ہ، اند) ایک قوم کا فرد: موچی، جوتیاں سینے / بنانے / گانٹھنے والا مث: چماری / چمارن۔

چماں چماں cha-maaN cha-maaN: (ار، متعلق فعل) خرام ناز سے ٹہلتے ہوئے چلنے والا۔

چمبک chum-bak: (س، امث) مقناطیس، فارسی میں 'چیک' ہے۔

چمپا cham-pa(a): (ار، امث) فارسی چنپا کا مورد، ایک درخت اور اُس کا پھول، سفیدی مائل زرد اور نہایت ست خوشبودار ہوتا ہے۔

چمپاکلی cham-paa-ka-li(i): (ار، امث) گلے کا ایک زیور، جس کے دانے چمپا کے پھول کی کلیوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔

چمپت ہونا cham-pathau-na(a): (ار، محاورہ) غائب ہو جانا، چھپ جانا، بھاگ جانا۔

چمپئی cham-pa-i(i): (ہ) چمپا کے رنگ کا، چھپ کر، گھات لگا کر، وہ سانولا رنگ جس میں خون کی سرخی جھلکتی ہو۔

چمٹا chim-Ta(a): (ہ، اند) آگ پکڑنے کا آلہ، دست پناہ، چمٹنا کا ماضی۔

چمٹنا / چمٹ جانا / چمٹ رہنا chi-maT-na(a): (ار، مص) چپکنا، پیچھے پڑنا، پیچھا نہ چھوڑنا، سر ہونا، لپٹنا۔

چمٹی chim-Ti(i): (ہ، امث) چھوٹا چمٹا، چٹکی، چیونٹی۔

چمچا cham-cha(a): (ار، اند) چائے یا شوربا پینے کا آلہ۔

چمچڑ cham/mich-chaR: (ہ، صف) بڑی چچڑی، چمڑے سے چمٹنے والی چچڑی، پیچھا نہ چھوڑنے والا شخص۔

چمچمانا cham-cha-maa-na(a): (ار، مص) چمکنا۔

چمچہ cham-cha(h): (ف، اند) ڈوئی، کفچہ، تپلی

چیز لینے یا نکالنے کا آلہ۔ (ار) اسم تصغیر مث چمچی۔
چمرخ cham-raK: (ار، امث) چمڑے کا پتلا ٹکڑا یا مونج سے بنا ہوا حلقہ جس کے اندر چرخے کا تکلا پھرتا ہے (صف) لاغر، دبلی۔
چمرس cham-ras: (ار، امذ) جوتی لگنے سے جو زخم پاؤں میں پیدا ہو جائے۔
چمڑا cham-Ra(a): (ھ، امذ) کھال، پوست، جلد، ادھوڑی (صف) سخت، نہ گلنے والا۔
چمڑی cham-Ri(i): (ھ، امث) کھال، پوست چمڑا کی تصغیر۔
چمک cha-mak: (ار، مث) بھڑک، جھپک، روشنی، تاب، درد، خوف، رونق، آب و تاب۔
چمکدار cha-mak-daar: (ار، ف، صف) چمکیلا، درخشاں (ترکیب اصولاً غلط ہے۔)
چمک دمک cha-mak da-mak: (ار، ف، امث) روشنی، تجلی، آرائش، سجاوٹ۔
چمکارا chum-kaa-ra(a): (ار، امذ) چمک، روشنی۔
چمکانا cham-kaa-na(a): (ار، مص) صیقل کرنا، بھڑکانا، گھوڑے کی رفتار کو تیز کرنا۔
چمکنا cha-mak-na(a): (ار، مص) روشنی دینا، نام پانا، رونق پانا بھڑکنا، ڈرنا
چمکو cha-mak-ko: (ار، صف مث) چمکنے مٹکنے والی شوخ عورت، تمسخر آمیز حرکات کرنے والی عورت۔
چمکوانا cha-mak-vaa-na(a): (ھ، مص) صیقل کرنا، آب دلوانا، چمکانا کا متعدی۔
چمکی cham-ki(i): (ار، امث) وہ ستارے جو سلمٰی اور نقشی میں پرو کر ٹانکے جاتے ہیں۔ نقلی ریشم کا کپڑا۔
چمکیلا cham-kii-la(a): (ھ، صف) چمک دار، جگمگاتا ہوا، مث: چمکیلی۔

چمگادڑ cham-gaa-daR: (ھ، امث) ایک پرندہ جو چوہے کی شکل کا ہوتا ہے، اکثر درختوں اور چھتوں میں لٹکتا ہے۔ رات کو اُڑتا ہے بچے دیتا اور ان کو دودھ پلاتا ہے۔ شب پر۔
چمن cha-man: (ف، امذ) وہ جگہ جہاں پھلوں اور پھولوں کے پودے بوئے گئے ہوں۔ باغ کا قطعہ، چھوٹا کھیت، سبزہ زار، نہایت آباد شہر۔
چمن آرا / بند / پیرا / طراز cha-man-aa-ra: (ف، صف) باغبان، مالی، اسم کیفیت مث: چمن آرائی / بندی / پیرائی / طرازی۔
چمن زار / چمنستان cha-man-zaar: (ف) پھولوں کا گلدستہ، گلزار۔
چمنی chim-ni(i): (انگ، اسم، امث) Chimney شیشے کی نالی جو لیمپ پر لگاتے ہیں۔ لوہے کی نالی یا مینار جو کارخانوں میں دھواں نکلنے کے لیے لگا ہوتا ہے۔ جو آج کل ترقی کے دور میں پختہ اینٹوں سے بنایا جاتا ہے۔ دیواروں میں وہ سوراخ جس میں سے چولہے میں سے آگ جلنے سے دھواں نکلتا ہے۔
چموٹا cha-mau-Ta(a): (ھ، امذ) وہ چمڑے کا ٹکڑا جس پر حجام استرا تیز کرتے ہیں وہ چمڑا جس میں تکلا پھرتا ہے چمڑے کا موزہ جو قیدیوں کی ٹانگ میں ڈالتے ہیں تا کہ بیڑی سے ٹانگ زخمی نہ ہو۔ (صف) بے وقوف، احمق، موٹے دماغ کا، تصغیر مث: چموٹی۔
چمورانی cham-mo-raa-ni(i): (ھ، امث) بچوں کا ایک کھیل ہے جسے سات سمندر اور پہلا درجہ بھی کہتے ہیں۔

چ-ن

چنا cha-na(a): (ار، امذ) نخود، بونٹ، ایک اناج جو

فصل ربیع میں پکتا ہے۔

چنار cha-naar: (ف، اند) ایک بہت بڑے درخت کا نام، جس کے پتے انسانی پنجہ کے مشابہ اور سرخ ہوتے ہیں۔ شاعروں کا خیال ہے کہ جب یہ درخت پرانا ہو جاتا ہے تو اس سے آگ نکلتی ہے۔ مہندی لگانے کا ایک آلہ۔

چناں chu-naaN: (ف، حرف تشبیہ) مثل، ویسا، اُس طرح کا۔

چناں::چنیں chu-naaN chu-niiN: (ف، حرف تشبیہ) ایسا ویسا، اس طرح کا، اُس طرح کا، نکتہ چینی، عیب، نقص، ذکر، چرچا (افعال: کرنا، ہونا، آنا)

چنانا cha-naa-na(a): (ار، مص، ق) مشہور کرنا۔

چنانچہ chu-naaN-cha(h): (ف، متعلق فعل) جیسا کہ، مثلاً اس طور سے۔

چناؤ chu-naa-o: (ار، اند) انتخاب، الیکشن، ترتیب، اینٹوں یا لکڑیوں کا برابر برابر رکھنا۔

چنائی chu-naa-i(i): (ار، امث) اینٹ پتھر سے دیوار اٹھانا، تعمیر، عمارت کی بناوٹ، ساخت، چننے کی مزدوری۔

چنبر chan-bar: (ف، اند) سرپوش، حلقہ، گھیرا، محیط، چلم کا سرپوش، آسمان کا دور، گردن کی ہنسلی، صفت نسبتی چنبری۔

چنبک chun-bak: چمبک chum-bak (ف، اند) مقناطیس۔

چنبل chan-bal: (ار، اند) فارسی چنبل کا بگاڑ، بھیک کا پیالہ، حقہ کا سرپوش، داد کی قسم کی ایک بیماری۔

چنبیلی / چمیلی chaN-be-li(i): (ار، امث) ایک مشہور خوشبودار پھول جو سفید اور زرد دو قسم کا ہوتا ہے۔ (ف میں) یاسمن، عورتوں کا نام بھی ہوتا ہے۔

چنت chu-nat: (ار، امث) سلوٹ، شکن، پگڑی کی شکن۔

چنچل chan-chal: (ہ، صف) شوخ، چست و چالاک، بےقرار، بےچین۔

چنچنے / چنونے chun-chu-ne: (ہ، اند) وہ کیڑے، جو بچوں کی آنتوں میں ہو جاتے ہیں۔

چند chand: (ف، صف) کسی قدر، کتنے، کچھ، قلیل، محدود۔

چند در چند chand-dar-chand: (ف، صف) کئی، بہت سے، مختلف، بےحد، کئی گنا۔

چند روزہ chand-ro-za(h): (ف، صف) عارضی، فانی، ناپائیدار، بےثبات۔

چندا chan-da(a): (ار، اند) چاند کی تصغیر، مور کی دم کا چاند، مکان کے دروازے کے قریب کی دیوار، گول ٹکڑا۔

چنداں chan-daaN: (ف، متعلق فعل) اتنے، اس قدر، اتنی، ایسی۔

چندانکہ chand-aaN ke(h): (ف، متعلق فعل) جس قدر، جتنا۔

چندر / چندر chan-dar: (س، اند) چاند، مور کی دم کا چاند۔

چندرانا chan-da-raa-na(a): (ہ، مص) جھٹلانا، جان بوجھ کر کوئی بات پوچھنا، تجاہل عارفانہ کرنا۔

چندرکی chan-dar ki(i): (ار، امث ق) یخنی۔

چندن chan-dan: (س، اند) صندل، صندل کی لکڑی۔

چندنا chan-dana: (ہ، مص، ق) چاندنی۔

چندنا chand-na(a): (ہ، اند) ٹوپی کے اوپر کا حصہ، گول ٹوپی کے اوپر کا گروہ، چھوٹا شامیانہ۔

چندہ chan-da(h): (ف، اند) وہ روپیہ جو مختلف

آدمیوں سے لے کر یا از خود دے کر کسی کام کے لیے جمع کیا جائے اخبار یا رسالہ کی ماہانہ یا سالانہ قیمت۔

چندھیانا chundh-yaa-na(a): (ار، مص) روشنی کی وجہ سے آنکھیں جھپکنا۔

چندی chan-di(i): (ہ، امث) چھوٹا ٹکڑا، پرزہ، ذرا ذرا، معنی در معنی سمجھانا۔

چندے chan-de: (ف، صف) کچھ مدت، کچھ روز، غیر معین مقدار یا تعداد، کچھ۔

چندیا chand-ya(a): (ار، امث) سر کی کھوپڑی، چھوٹی سی روٹی بچے ہوئے آٹے کی روٹی۔

چنڈال chan-Daal: (ہ، صف) کمینہ ادنیٰ ذات کا، بد بخت، بدنصیب، کنجوس، بخیل، ایک کمینہ فرقہ جو شراب پیتا اور سور چراتا اور ذلیل کام کرتا تھا۔

چنڈال چوکڑی chan-Daal chauk-Ri(i): (ہ، امث) چند شریر آدمیوں کا اجتماع جو فساد برپا کرتے ہیں۔

چنڈو chan-Du(u): (ہ، امذ) ایک نشہ جو افیون کو پانی میں پکا کر بنایا جاتا ہے اور حقہ کی طرح پیا جاتا ہے۔ (ق) گیند۔

چنڈو باز chan-Duu-baaz: (ہ، ف، صف) چنڈو پینے والا۔

چنڈو خانہ chan-Duu-Kaa-na(h): (ہ، ف، صف) وہ مقام جہاں چنڈو پیا جاتا ہے۔

چنڈول chan-Dol: (ار، امذ ق) گیند۔

چنڈول chan-Dol: (ہ، امث) ایک خوش الحان پرندہ، بڑا اور تاجدار پرندہ (مذ) بے ہنگم، بیہودہ، بدشکل آدمی، پالکی، ایک مٹی کا کھلونا جس میں چار بڑی ہوئی مٹی کی کلیاں ہوتی ہیں۔ (چوڈول کا مخفف)

چنری/چنڑی chun-ri(i): (ہ، امث) رنگ برنگ دوپٹا، کپڑا رنگنے کا طریقہ جس میں گرہ باندھ کر رنگتے ہیں۔ بندھی ہوئی جگہ پر رنگ نہیں چڑھتا، اسی طرح رنگی ہوئی ساڑھی۔

چنک chi-nak: (ار، امث، ق) چبھن۔ ایک ایسی بیماری جس میں مقعد میں کھجلی ہوتی ہے۔

چن کھاؤ chan-khaa-o: (ار، امذ، ق) فقیر، بھکاری، پرندہ۔

چنگ chang: (ف، امذ) ایک باجے کا نام، آدمی یا جانور کا پنجر، کوئی چیز جو ٹیڑھی یا جھکی ہوئی ہو۔ ایک قسم کا کنکوا جس میں دیا روشن کر کے اڑاتے ہیں۔ لمبا کاغذ کا ٹکڑا جو کنکوے کے ساتھ چسپاں کر دیتے ہیں۔ گنجفے کی ایک بازی کا نام شہرت شہزادہ۔

چنک chink: (ہ، امث) سوزاک، پیشاب کی سوزش، سوزش، جلن ٹیس، سوجن، درد۔

چنگا chan-ga(a): (ار، پن، امذ) اچھا، بھلا، تندرست، توانا ۔مث: چنگی

چنگاری chin-gaa-ri(i): (ہ، امث) شرارہ، آگ کا پھول، رنجش کی بات (افعال: جھڑنا، چھوڑنا، ڈالنا، لگانا)

چنگال chan-gaal: (ف، امذ) دیکھیے 'چنگل'

چنگل chan-gal: (ف، امذ) درندے کا پنجہ، شکاری پرندے کا پنجہ، آدمی کا پنجہ / ہاتھ / پکڑ اور پنجے کی گرفت، مٹھی بھر کوئی چیز۔

چنگھاڑ chin-ghaaR: (ہ، امث) ہاتھی کی آواز، شور غل، نالہ فریاد کی آواز۔

چنگھاڑنا chin-ghaaR-na(a): (ہ مص) مہیب آواز نکالنا، ہاتھی کا چیخنا، شیر کا دھاڑنا، بادل کا گرجنا۔

چنگی chin-gi(i): (ار، امث، ق) چنگاری۔

چنگی chun-gi(i): (ہ، امث) ایک محصول جو

میونسپل کمیٹی حدود کے اندر مال لے جانے پر لیا جاتا ہے۔(افعال:ادا کرنا، دینا لینا)

چنگیر chan-ger: (ہ، اسث) ٹوکری، خوان کا سرپوش، پھول رکھنے کا برتن جو گھاس پھوس سے بنایا جاتا ہے۔اسم مکبر چنگیرا،تصغیر:چنگیری۔

چننا chun-na(a):(ار،مص)انتخاب کرنا، چھانٹنا، پسند کرنا، دیوار بنانا، روا رکھنا، ترتیب دینا، سلیقہ سے رکھنا،نوچنا،چگنا،دانہ اٹھانا، کپڑے میں چنٹ ڈالنا۔

چننگ chi-nang: (ار،اسث) پیشاب کی سوزش، پیشاب کرتے وقت جلن۔

چنوانا chun-vaa-na(a):(ار،مص)بنوانا، اکٹھا کرنا،سنوانا،تعمیر کرانا۔

چنور chan-var: (ہ، اند) وہ بالوں کا گچھا جس سے مکھیاں اڑاتے ہیں،مورچھل۔

چنی chun-ni(i): (ہ،اسث) سرخ، چھوٹا سا نگ جو اکثر موتیوں کے درمیان ڈالتے ہیں۔ریزہ،یاقوت، لاٹری،چھوٹا سادوپٹا۔

چنیا chun-ya(a): (ہ،صف) چھوٹی ذراسی، کیلے کی ایک قسم۔

چنیا بطخ chun-ya ba-taK:(ار،اسث) چھوٹی سی بطخ۔

چنیا بیگم chun-yaa be-gam: (ار،اسث) افیون کو کہتے ہیں۔

چنیدہ chu-nii-da(h): (ار،صف) دیکھئے'چیدہ' جس کا یہ بگاڑ ہے۔

چنیں chu-niiN:(ف،متعلق فعل)ایسا،ایسی بات۔

چ۔و

چوب chob:(ف،اسث)لکڑی،سونٹا،خیمہ یا شامیانہ کی لکڑی۔نوبت نقارہ بجانے کی لکڑی۔

چوبارا cho-baa-ra(a): (ار، اند) کوٹھا، مکان کے اوپر کا کمرہ جس کے چار دروازے ہوں،صحن۔

چوبائی chau-baa-i(i): (ہ،اسث) وہ ہوا جو چار طرف چلے۔

چو بغلا chau baG-la(a): (ار،اند) چوغے یا انگرکھے کی بغل کے نیچے کا حصہ، جہاں چار جوڑ ہوتے ہیں۔

چو بولا chau-bo-laa: (ہ،اند)چار مصرعوں کا گیت۔

چوبیس chau-biis: (ار، اعدد) چار اور بیس کا مجموعہ(24)

چوپاڑ/چوپال chau-paaR:(ہ،اسث) گاؤں کا وہ مقام جہاں مہمان ٹھہرتے ہیں۔اور لوگ جمع ہوتے ہیں۔بیٹھک،نشست گاہ۔

چوپائی / چوپئی chau-paa-i(i): (ہ، اسث) رباعی،چار مصرعوں کی نظم۔

چوپایہ chau-paa-ya(h):(ار،اند) جانور، چار پاؤں کا جانور۔

چوپٹ chau-paT:(ہ،صف) چاروں دروازے کھلے ہوئے، فراخ، کشادہ، جاہل، مطلق، ویران، خراب،تباہ،پیٹ کے بل(افعال: کرنا،ہونا)

چوپڑ chau-paR: (ہ، اسث) چوسر، چوسر کھیلنے کا کپڑا۔(افعال: بچھانا،کھیلنا،ہونا)

چوپہرا chau-peh-ra(a):(ہ،صف) چار پہر کا اسث چوپہری۔

چوپہل chau-pehl:(ہ،صف،مث) چار پہلو کا مربع،چوڑی اینٹ۔

چوپہلا chau-peh-la(a): (ہ، اند) ایک قسم کا ڈولا،لحافہ۔

چوپہیا chau-pa-hi-ya(a): (ہ، صف) چار پہیوں کی گاڑی۔

چوتار / چوتارا chau-taar: (ہ، اند) چار تار کا بنا ہوا کپڑا، ایک قسم کا ساز، باجا۔

چوتال / چوتالا chau-taal: (ہ، اند) طبلہ بجانے کی ایک تال۔

چوترا chau-tra(a): (ہ، اند) چوبوترا، چبوترا۔

چوتہہ chau-teh: (ہ، صف) چار تہوں کا۔

چوتہی chau-ta-hi(i): (ف، ہ، اند) ایک قسم کا بستر جس کو چار تہیں کر کے بچھاتے ہیں۔

چوتھ chauth: (ہ، امث) چوتھا حصہ، ہر ایک پاکھ کی چوتھی تاریخ آمدنی کا چوتھائی جو مرہٹے بطور لگان وصول کرتے تھے۔

چوتھا chau-tha(a): (ہ، صف) عدد ترتیبی، ترتیب میں تیسرے کے بعد کا درجہ۔

چوتھائی chau-thaa-i(i): (ار، عدد کسری) چوتھا حصہ (مرسلہ)

چوتھیا chau-thi-ya(a): (ہ، اند) چوتھے روز کا بخار، نمبردار کا لگان میں حصہ۔

چوحدہ chau-had-da(h): (ار، صف) ایک برجی جو اس جگہ بنائی جاتی ہے، جہاں چار گاؤں کی حدود ملتی ہیں۔ وہ جگہ جہاں برجی بنائی جائے۔

چودس / چودش chau-das: (ہ، امث) چاند کی چودھویں تاریخ۔

چودہ chau-da(h): (ار، اعدد) دس اور چار کا مجموعہ (14)

چودہ معصوم chau-da(h) ma(?)suum: (ع، اند) شیعوں کے فرقۂ امامیہ کے نزدیک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت فاطمہؑ اور بارہ امام۔

چودھواں chaudh-vaaN: (ار، عدد، ترتیبی) ترتیب میں تیرہ کے بعد کا درجہ، مث: چودھویں۔

چودھویں رات chaudh-viiN raat: (ار، امث) پورے چاند کی رات، چاند کی چودھویں تاریخ

چوڈول chau-Dol: (ار، متعلق، فعل) چاروں طرف مث: پالکی، محافہ۔

چوراسی chau-raa-si(i): (ار، عدد) اسی اور چار کا مجموعہ (مث) گھنگھروؤں کا ہار، جو پہلوانوں کی گردن میں ڈالا جاتا ہے۔ ایک قسم کا زیور، جھانجن، جھانجر، گھنگرو جو ناچنے والیاں ناچتے وقت پاؤں میں باندھتی ہیں۔

چورانوے chau-raan-ve: (ار، عدد) نوے اور چار کا مجموعہ (94)

چوراہا chau-raa-ha(a): (ار، اند) وہ جگہ جہاں سے چاروں طرف کو راستے جاتے ہوں۔

چورس chau-ras: (ار، اصف) ہموار، مسطح، مربع، چوکور، چوکون اسم کیفیت مث: چورسائی۔

چورنگ chau-rang: (ار، اند) تلوار کی ایک خاص طریقے اور ڈھنگ سے ضرب جس سے ایک ہی وار میں مجروح کے چار ٹکڑے ہو جائیں۔ مشق شمشیر۔

چونسٹھ chauN-saTh: (ار، اعدد) ساٹھ اور چار کا مجموعہ (64)

چوکڑی chauk-Ri(i): (ار، امث) ہرن کی قلانچ / چھلانگ، چار چیزوں کا مجموعہ۔ رسی کے چار تاروں سے پلنگ بُننا، چار گھوڑے کی بگھی۔

چوکس chau-kas: (ار، صف) خبردار، چوکنا، تول میں پورا، ٹھیک (افعال: رہنا، ہونا) اسم کیفیت مث: چوکسائی چوکسی۔

چوکنا chau-kan-na(a): (ار، صف) ہوشیار،

باخبر، دوراندیش، گھبرایا ہوا، مث: چوکنی۔

چَوکور / چوکون / چوکونا chau-kor: (ار، صف) مربع، چوگوشا، چورس، مذا قاً موٹا آدمی۔

چوکھٹ chau-khaT: (ار، اسث) دروازے کی چاروں لکڑیاں، بازو اور سردل جس میں پٹ لگائے جاتے ہیں۔ آستانہ در، دہلیز۔

چوکھٹا chaukh-Ta(a): (ار، اند) وہ چار لکڑیاں جن میں آئینہ وغیرہ جڑتے ہیں لکڑی جو کنوئیں کی من پر ڈالتے ہیں۔

چوکھنٹا chau-khan-Ta(a): (ار، صف) چار گوشہ، مربع، مستطیل، سطح۔

چوگنا chaug-na(a): (ار، صف، عدد) چہار چند، چار گنا، مث: چوگنی۔

چوگوشی / چوگوشیا chau-go-shi(i): (ار، اسث) ایک قسم کی ٹوپی جس کے چار کونے ہوتے ہیں۔ ایک قسم کا گھوڑا جس کے کان بیچ میں سے کٹے ہوئے ہوں۔ ترکی گھوڑا۔

چوگھرا / چوگھڑا chaugh-ra(a): (ار، صف، اند) چار خانوں والا۔ (اند) چار خانوں کا برتن جس میں الائچی وغیرہ رکھتے ہیں۔ چار گھڑے جو نقل اور میوہ جات سے بھرے ہوئے آرائش کے تختوں کے ساتھ باندھ کر دولہن کے گھر جاتے ہیں۔

چوکڑا chauk-Ra: (ار، اند) گلے کا ایک ہار جس میں چار لڑیاں ہوتی ہیں۔

چوماس / چوماسا chau-maas: (ار، اند) برسات کے چار مہینے، برسات، ایک گانا جو برسات میں گایا جاتا ہے۔ وہ زمین جسے برسات میں ہل چلا کر تیار کیا جائے۔

چومُک / چومکھ chau-muk: (ھ، اند) چار بتی والا چراغ، چار لو والا دیا۔

چومکھا chau-mu-kha(a): (ھ، صف) چار منہ کا، چار بتی کا چراغ پٹے کا وہ ہاتھ جو چاروں طرف اس طرح چلایا جائے کہ کسی طرف سے بھی حریف قابو نہ پا سکیں۔

چونتیس chauN-tiis: (ار، اعدد) تیس اور چار کا مجموعہ۔ (34)

چونسٹھ chauN-saTh: (ار، اعدد) ساٹھ اور چار کا مجموعہ، چوسٹھ (64)

چونّی cha-van-ni(i): (ار، اسث) ایک روپیہ کا چوتھا حصہ، چار آنے کے پرانے سکے کا نام۔

چوہتر chau-hat-tar: (ار، اعدد) ستر اور چار کا مجموعہ (74)

چوہٹا chau-haT-Ta(a): (ھ، اند) چوک، وہ بازار جس کے چاروں طرف راستہ ہو۔

چوّا chav-va(a): (ار، اند) گنجفہ اور تاش کا وہ پتا جس پر چار نشان ہوں۔

چوالیس cha-vaa-liis: (ار، عدد) چالیس اور چار کا مجموعہ (44)

چوانا cha-vaa-na(a): (ار، مص) ٹپکانا، نچوڑنا جو سنسکرت چواتی سے نکلا ہے۔

چوب chob: (ف، اسث) لکڑی، عمارتی لکڑی خیمے کا ڈنڈا، ڈھول وغیرہ، بجانے کی لکڑی، ڈنڈا، لاٹھی، صفت، نسبتی: چوبی۔

چوب چینی chob-chii-ni(i): (ف، اسث) ایک مشہور دوا۔

چوبدار chob-daar: (ف، اند) نقیب، عصا بردار، جو حاکموں کے آگے سونے کا ڈنڈا لے کر چلتا ہے۔

چوبدست / چوبدستی chob-dast: (ف، اسث)

لاٹھی، عصا۔

چوپ chop: (ار، اند ق) بندوبست۔

چوپان cho-paan: (ف، اند) چرواہا، گڈریا، گوالہ، اسم کیفیت مث: چوپانی۔

چُوت chuut: (ار، امث) عورت کی شرمگاہ، فرج۔

چُوتڑ chuu-taR: (ھ، اند) ٹانگوں کے اوپر باہر کو نکلا ہوا پچھلی طرف کا موٹا حصہ۔

چُوتیا chuut-ya(a): (ھ، صف) بے وقوف، احمق، اسم کیفیت مذ: چوتیاپن۔

چوٹ choT: (ار، امث) ضرب، دُکھ، صدمہ، جوڑ، مقابل، وار، نقصان، ضرر۔

چوٹ پھینٹ choT-phaiNT: (ار، امث) ضرب، صدمہ، زخم۔

چوٹا / چوٹٹا cho-Ta(a): (ھ، اند) چور کی تصغیر، گھٹیا درجے کا چور، اُچکا، اُٹھائی گیرا، مث: چوٹی۔

چوٹی کا choTi-kaa: (ار، صف) سب سے اوّل، عمدہ، بڑھیا، چھٹا ہوا۔

چوچلا choch-la(a): (ھ، اند) نخرہ، ناز، عشوہ گری، چُہل، ناز کی باتیں۔

چُوچی chuu-chi(i): (ار، امث) سرپستان، چھاتی۔ عورت کے سینے کا ابھار

چودھر / چودھرات / چودھراہٹ / چودھرایت / چودھرائی chaudh-raahat: (ار، امث) حکومت، سرداری، رتبہ، منصب۔

چودھری chaudh-ri(i): (ار، اند) کسی قوم یا فرقہ کا سردار، نمبردار، گاؤں کا سردار، زمیندار کا سرکاری خطاب۔ مث: چودھرانی۔

چُور chuur: (ار، صف) پسا ہوا، ٹُٹا ہوا، چورا، ریزہ، بدمست، مدہوش، سرشار، متوالا (افعال: ہونا، رہنا)

چور chor: (ار، اند) دزد، سارق، دوسروں کا مال اٹھا لے جانے والا، ناسور، پوشیدہ سوراخ، وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جائے، وزدِحنا، گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں وہ پتا جسے کھلاڑی چھپائے رکھتے ہیں۔ خفیہ پوشیدہ۔

چور بازاری chor-baa-zaa-ri(i): (ار، امث) خفیہ طور پر، مہنگے داموں بلیک مارکیٹ۔

چور بالو chor-baa-luu: (ھ، امث) ریگ رواں، سراب۔

چور بدن chor-ba-dan: (ار، اند) وہ جسم جس کی موٹائی معلوم نہ ہو۔

چور پہرا chor-peh-ra(a): (ار، اند) خفیہ پہرا، پوشیدہ پاسبانی۔

چور چُکار / چار chor-chu-kaar: (ار، اند) چور، گرہ کٹ۔

چور خانہ chor Ka-na(h): (ار، ف، اند) صندوقچہ کا پوشیدہ خانہ، پنجرے کا اندر کا خانہ، خلوت گاہ، گھر کا چور راستہ۔

چُورا chuu-ra(a): (ار، اند) برادہ، ریزہ، (افعال: کرنا، ہونا)

چُورن chuu-ran: (ار، اند) ہاضم سفوف، پھنکی، چورا۔

چوری cho-ri(i): (ار، امث) سرقہ، دزدی، پردہ۔

چوری جانا cho-ri-jaa-na(a): (ار، محاورہ) گم ہو جانا۔

چَوڑ chauR: (ار، اند ق) نقصان۔

چَوڑا chau-Ra(a): (ار، صف) فراخ، کشادہ، وسیع، مث: چوڑی، اسم کیفیت مث: چوڑائی۔

چَوڑا۔ چوڑا chauu-Ra(a): (ھ، ار، اند) لاکھ کی بنی ہوئی، بڑی چوڑی، کہنی سے کلائی تک چوڑیاں۔

چوڑھا chuu-Rha(a): (ار، از) خاکروب، بھنگی، رذیل، کمینہ، مث چوڑھی۔

چوڑی chuu-Ri(i): (ار، امث) لاکھ، کانچ، سونے یا چاندی وغیرہ کے حلقے جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں۔ وہ پیچ جو کسی پرندے میں کٹے ہوئے ہوں۔

چوڑی / چوڑیوں دار chuu-Ri(i): (ار، امذ) وہ تنگ پاجامہ، جس کی مہریاں لمبی ہونے کی وجہ سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑ جاتی ہیں یا خود ڈالی جاتی ہیں۔

چوزہ chuu-zah: (ف، امذ) مرغی کا بچہ، نو عمر انسان کا بچہ۔

چوسا chuu-sa(a): (ار، امذ) ریتی، سوہن، آم کی ایک قسم۔

چوسار cho-saar: (ار، صف، ق) ہوشیار، چالاک

چوسر chau-sar: (ھ، امث) ایک قسم کی پچیسی جو پانسے سے کھیلی جاتی ہے۔

چوسر باز cho-sar-baaz: (ھ، ف، صف) چوسر کا کھلاڑی۔

چوسنا chuus-na(a): (ار، مص) جذب کرنا، سوکھنا، پینا، نچوڑنا، ہونٹوں سے دبا کر کسی چیز کا مزہ لینا۔

چوسنی chuus-ni(i): (ار، امث) دیکھیے 'چسنی' چوسنے کا مہرہ۔

چوغہ / چوغا chuu-Ga(h): (ف، امذ) لبادہ، عبا، جبّہ۔

چوک chuuk: (ار، امث) بھول، خطا، غلطی (امذ) ایک قسم کا کھٹا ساگ، ایک کھٹی چیز کا نام جو لیموں وغیرہ کے عرق سے بنتی ہے (صف) ترش نہایت کھٹا۔

چوک chauk: (ار، امذ) مربع، مربع میدان، وسیع صحن، وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں۔ وہ کھلی جگہ جہاں منڈی لگتی ہو، ایک قسم کا زیور جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں۔

چوکا chau-ka: (ار، امذ) اگلے چار دانتوں کی لڑی، مربع پتھر یا اینٹ پکانے کا مقام، چار یکساں چیزیں۔

چوکر chau-kar: گیہوں کی بھوسی۔

چوکنا chuuk-na(a): (ار، مص) بھولنا، غلطی کرنا، باز رہنا، نشانہ پر نہ لگنا۔

چوکھا cho-kha(a): (ار، صف) خالص، کھرا، بے میل، اچھا، عمدہ، خوب نادر، صاف ستھرا، ہوشیار، چوکس، محنتی، خوشگوار، اونچا تیز سُر، تیز کڑوا۔

چوکھاٹ cho-khaaT: (ار، صف) وہ انسان جس کے اعضا قوی ہوں۔

چوکی cho-ki(i): (ار، امث) چھوٹا تخت، پہرا، پاسبانی پڑاؤ، جاری خدمت، جادو، نیاز، قوالوں کا گروہ۔

چوکیدار chau-kii-daar: (ار، ف، امذ) پاسبان، گاؤں کا ایک ملازم جو نمبردار کا چپڑاسی ہوتا ہے۔ اسم کیفیت مث چوکیداری۔ پہرہ دینے والا۔

چوگا cho-ga(a): (ار، امذ) پرندوں کی دانہ، دانہ، وہ غذا جو پرندے اپنی چونچ سے اپنے بچوں کو کھلاتے ہیں۔

چوگان cho-gaan: (ف، امذ) ایک قسم کا گیند کا کھیل جو گھوڑے پر چڑھ کر لمبی لکڑی کے بلے سے کھیلتے ہیں۔ پولو، بلا جس سے چوگان کھیلتے ہیں۔ گلی کا ڈنڈا، نقارہ، بجانے کی چوب۔

چول chuul: (ار، امث) لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جائے، لکڑی کا چھید جس سے دوسری لکڑی لگائی جائے، جوڑ بند، دروازے کے پٹ کے نیچے اور اوپر کا وہ پتلا اور گول حصہ جو اوپر پٹاؤ کے سوراخ میں اور نیچے کنڈی کے اوپر تھما رہتا ہے۔ دھرے کا وہ حصہ جو کسی چیز میں رہے، گھڑی کے

پہیوں کے اوپر نیچے کی لاٹھ۔

چولا cho-la(a): (ہ، اند) پوشاک، انگرکھے کے اوپر کا حصہ۔

چولا بدلنا cho-la(a) ba-dal-na(a): (ار، محاورہ) قالب بدلنا، ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا، جون بدلنا۔

چولائی cho-laa-i(i): (ار، امث) ایک قسم کا ساگ، ایک بہت باریک اناج جسے بھون کر لڈو بناتے ہیں۔ یہ کپاس کے کھیتوں میں اگتا ہے۔

چولھا chuu-lha(a): (ار، اند) دیگدان، آتش دان، ہنڈیا پکانے کی جگہ۔

چولی cho-li(i): (ار، امث) انگرکھے کے اوپر کا حصہ، انگیا، ایک قسم کی کرتی جو عورتیں پہنتی ہیں۔ وہ مخصوص کپڑا جس میں عورتیں اپنے دودھ ڈھکتی ہیں۔

چوما chuu-ma(a): (ار، اند) بوسہ۔

چوما چاٹی chuu-maa chaa-Ti(i): (ار، امث) بوس و کنار، اختلاط۔

چومنا چاٹنا chuum-na(a) chaaT-na(a): (ار، محاورہ) چوماچاٹی کرنا، پیار کرنا، خوشامد کرنا۔

چون chuun: (ار، صف) آٹا، پسی ہوئی چیز۔

چوں chuuN: (ار، امث) تکرار، ضد، کسی چیز سے نکلنے والی خفیف آواز۔

چوں chuuN: (ف، حرف، تشبیہ و شرط) مانند، اگر، جب، کیوں، کس لیے۔

چوں چوں chuuN chuuN: (ار، اصوت، مث) چڑیوں کی آواز، گاڑی چلنے کی آواز (اند) ایک کھلونے کا نام۔

چوں وچرا chuuN-o-cha-ra(a): (ف، حرف استفہام) کیوں، کس واسطے (امث) تکرار، حجت، (افعال: کرنا، ہونا)

چونکہ chuuN-ke(h): (ف، حرف، شرط) کیونکہ، کس لیے، کس واسطے۔

چون chav-van: (ار، اعدد) پچاس اور چار کا مجموعہ (54)

چونا chuu-na(a): (ار، اند) وہ سفید خاک جو پتھر، موتی اور سیپ وغیرہ کے جلانے سے حاصل ہوتی ہے۔ تیز، تند، کھٹا۔

چونپ chauNp: (ار، امث) اکساؤ، بڑھاؤ، شوق، رغبت، خواہش، ضد، ہٹ، دشمنی، سونے کی کیل جو ہندو دانتوں میں لگاتے ہیں (افعال: دینا، لگانا، ہونا)

چونچ chauNch: (ار، امث) پرندوں کا منہ، منقار، نوک، سرا، باتوں کی طراری، احمق

چونچال chuuN-chaal: (ار، صف) فربہ، ہوشیار، چالاک، دانا، مستعد۔

چونچلا chuuNch-la(a): (ار، اند) دیکھئے 'چوچلا'

چوندھ chauNdh: (ار، امث) خیرگی چشم، آنکھ کا روشنی برداشت نہ کرسکنا۔

چوندھی chauN-dhi(i): (ہ، امث) تاریکی، سیاہی، تیرگی، دھوکہ، فریب۔

چوندھیانا chauNdh-yaa-na(a): (ار، مص) آنکھیں خیرہ ہونا، روشن چیز کو دیکھنے کی تاب نہ لانا، حیرت زدہ ہوجانا، حیران ہونا۔

چونڈا chuuN-Da: (ہ، اند) عورتوں کے سر کے بال جن کو اکٹھا کرکے پیچھے گدی پر باندھتی ہیں عموماً بوڑھی عورتوں کا، جوان عورتوں کا جوڑا کہلاتا ہے۔ سر، کلغی۔

چونری chau-ni-ri(i): (ہ، امث) مورچھل، مور کی دم جس سے مکھیاں اڑاتے ہیں۔

چونکانا chauN-kaa-na(a): (ار، مص) ہوشیار کرنا، جگانا (چونکنا کا متعدی)

چونکنا chauNk-na(a): (ار، مص) جاگ پڑنا، بھڑکنا، چوکنا ہونا، گھبرا جانا۔

چونگا chauN-ga(a): (ار، اند) خوشامد، لبھاؤ، چاپلوسی، محنت، چرب زبانی، فریب، بانس کا نل / نلی (صف) احمق، بے وقوف (اند) ٹیلیفون کا ریسیور۔

چونی chau-ni(i): (ہ، اسٹ) وہ موٹا آٹا جو دال دلنے کے وقت نکلتا ہے۔ دال کا پسا ہوا آٹا۔

چوہا chuu-ha(a): (ار، اند) موش، نیولے سے ملتا جلتا ایک چھوٹا سا جانور۔ ناک کا سوکھا ہوا میل، مث: چوہی، چوہیا۔

چوہادان chuu-ha-daan: (ار، ف، اند) چوہے پکڑنے کا پنجرہ۔

چویا cho-ya(a): (ار، اند) دریا کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی جھر جھر کر ٹھہر جائے، دال کا چھلکا۔

چ۔ہ

چہ cheh: (ف، حرف استفہام) کیا، کیونکہ

چہا cha-ha(a): (ار، اند) ایک آبی پرندہ۔

چہ خوش cheh-Kush: (ف، کلمہ، طنز) کیا خوب، واہ کیا کہنا، کیا بات ہے۔

چہ می گوئیاں cheh-me-go-ii-yaaN: (ف، ار، مث) قیاس آرائی، رائے زنی، گپ شپ۔

چہ chah: (ف، اند) 'چاہ' کا مخفف ہے، کنواں، گڑھا، وہ پل جو دریا کے کنارے کشتی تک سوار ہونے کے لیے بناتے ہیں۔ پل کے دونوں سر۔

چہار cha-haar: (ف، اعدد) چار (4)

چہار چند cha-haar-chand: (ف، عدد) چوگنا

چہار شنبہ cha-haar shan-ba(h): (ف، اند) بدھ کا دن

چہار گانہ cha-haar gaa-na(h): (ف، متعلق، فعل) چار سے نسبت رکھنے والا۔

چہچہا cheh-cha-ha(a): (ار، اند) پرندوں کا بولنا، خوش الحانی، خوش آوازی، خوشی، فرحت، مسرت۔

چہچہا cheh-chu-ha(a): (ار، صف) نہایت شوخ اور سرخ رنگ، روشن، چمکیلا۔

چہچہانا cheh-cha-haa-na(a): (ار، مص) پرندوں کا خوشی سے بولنا اور گانا۔

چہچہاہٹ cheh-cha-haa-haT: (ار، اسٹ) خوش آوازی، نغمہ سرائی، نوا سنجی، خوش الحانی۔

چہرہ cheh-ra(a): (ف، اند) منہ، صورت، سر کا سامنے کا حصہ، سامنے کا رخ، حلیہ جو رجسٹروں وغیرہ میں درج کیا جاتا ہے۔ بھاؤ، طور، روپ، شکل، شباہت، تصویر، مصنوعی شکل جو منہ پر لگاتے ہیں۔ لغت کے اعراب الفاظ میں لکھنا۔

چہرہ پرداز cheh-rah-par-daaz: (ف، صف، فاعلی) مصور، نقاش، تصویر کھینچنے والا، اسم کیفیت مث: چہرہ پردازی۔

چہرہ مہرہ cheh-rah-moh-ra(h): (ار، ف، اند) خط و خال، شکل و صورت۔

چہرہ نویس cheh-ra(a)-na-viis: (ف، صف، فاعلی) رجسٹر میں حلیہ درج کرنے والا، حلیہ لکھنے والا۔

چہک cha-hak: (ف، اسٹ) خوش الحانی، پرندوں کی نوا سنجی۔ نغمہ سرائی۔

چہکار chah-kaar: (ار، اسٹ) خوش الحانی، پرندوں کی نوا سنجی۔ نغمہ سرائی۔

چہکار chah-kaar: (ار، اسث) خوش الحانی، نوا سنجی، نہایت خوشی کی حالت میں باتیں کرنا۔

چہکارنا chah-kaar-na(a): (ار، مص) چہچہانا، نوا سنجی کرنا۔

چہل ابدال cho-hal-ab-daal: (ف، امذ) چالیس تن جو دنیا میں کہیں نہ کہیں، ہر وقت موجود رہتے ہیں اگر ان میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرا پیدا کر دیتا ہے۔ ایک عقیدے کے مطابق دنیا ان کی برکت سے قائم ہے۔

چہل تن che-hal-tan: (ف، امذ) دیکھئے 'چہل ابدال' وہ چالیس شخص جن کو کوہ طور پر خدا نے مار دیا تھا مگر بعد میں حضرت موسیٰ کے کہنے پر دوبارہ زندہ کر دیا۔

چہل چراغ che-hal-cha-raaG: (ف، امذ) ایک قسم کا جھاڑ جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں۔ اور زمین پر رکھا جاتا ہے۔

چہل قدمی che-hal-qad-mi(i): (ف، اسث) سیر، ٹہلنا، ہوا خوری، گشت۔

چہل cha-hal: (ار، اسث) ہنسی، مذاق، زندہ دلی، دل لگی۔ چھیڑ چھاڑ (افعال: کرنا)

چہل باز cha-hal-baaz: (ار، ف، صف) ظریف، خوش مزاج، ٹھٹھول۔

چہلا chah-la(a): (ھ، امذ) کیچڑ، دلدل، کیچڑ والی زمین (صف) گیلا۔

چہل پہل cha-hal pa-hal: (ھ، ار، اسث) رونق، خوشی، خرمی (افعال: کرنا، ہونا)

چہلم chi-hal-lam: (ف، عدد، ترتیبی) چالیسواں، چالیسویں کی فاتحہ۔ موت کے چالیس دن کے بعد کی فاتحہ۔

چہلی chih-li(i): (ار، ف، اسث) کنویں کی چرخی۔

چہوڑ chih-noR: (ار، امذ) ایک بیماری جس کے سبب بچہ پیٹ میں نہیں ٹھہرتا۔

چہیتا cha-hii-ta(a): (ار، صف، مذ) پیارا، محبوب، عزیز، مث: چہیتی۔

چ ۔ ھ

چھ / چھے chh: (ار، اعدد) پانچ اور ایک کا مجموعہ۔

چھ ماہی chhe-maa-hi(i): (ار، اسث) مردے کی فاتحہ اور کھانا جو مرنے کے چھ ماہ بعد یا چھٹے مہینے ہوتا ہے۔

چھاپ chaap: (ار، اسث) ٹھپا، انگوٹھی، مہر، نشان، جو ہندو تیرتھوں میں جا کر بازوؤں اور کندھوں پر لگاتے ہیں۔

چھاپا chaa-pa(a): (ار، امذ) مہر، ٹھپا، چھاپنے کا آلہ، نقشہ، تصویر، سانچا ڈھالنے کا ظرف۔

چھاپنا chaap-na(a): (ار، مص) نقش کرنا، طبع کرنا، مہر لگانا، ٹھپا لگانا، شائع کرنا، مشہور کرنا، بیاہ کی رسم میں مکان کی دیواروں کو صندل سے سجانا۔

چھاپہ خانہ chaa-pah-Kaa-nah: (ار، امذ) مطبع، وہ کارخانہ جہاں کتابیں وغیرہ چھپتی ہوں (ترکیب غلط ہے)۔

چھاتا : (بردار) فوج chaa-ta(a): (ار، ف، اسث) پراشوٹ یا ہوائی چھتری کے ساتھ اترنے والی فوج، (انگریزی لفظ Paratroop کا ترجمہ)

چھاتی chhaa-ti(i): (ار، اسث) سینہ، پستان، چوچی، جرأت، حوصلہ، فیاضی، مضبوطی۔

چھاج chhaaj: (ھ، امذ) غلہ پھٹکنے کا آلہ، بگھی کے آگے کا وہ حصہ جس کے نیچے کوچوان کے پاؤں اور

اوپر گھوڑے کی راس رہتی ہے۔

چھاچھ chhach: (ہ، امث) دہی کو بلو کر مکھن نکالنے کے بعد جو سفید پانی رہ جاتا ہے۔

چھاگل chha-gal: (ہ،صف) پازیب سے ملتا ہوا ایک زیور۔ چھوٹا مشکیزہ، مٹی کا برتن، پاؤں کا ایک زیور، جھانجن، خلخال۔

چھال chhaal: (ہ،امذ) درختوں کا چھلکا یا پوست، قشر، بکل۔

چھالا chhaa-la(a): (ہ، امذ) کھال کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مرگ چھالا، آبلہ، پھپھولا، وہ داغ جو تلوار کے لوہے یا شیشے وغیرہ پر پڑ جاتا ہے۔(افعال: پڑنا، پھوٹنا، ہونا)

چھالیا chhaal-ya(a): (ار،امث) سپاری، ڈلی۔

چھاں chaaN: (ہ، امث) سایہ، پرچھائیں، حقیقت، اثر، آئینہ میں کسی چیز کا عکس۔

چھان chaan: (ہ،امذ) چھاننا مصدر سے صیغہ امر، دریافت، تحقیق۔

چھانا chhaa-na(a): (ار،مص) چھایا کرنا، اندھیرا کرنا، پاٹنا، پھوس یا کھپریل وغیرہ سے پوشش کرنا، غالب ہونا، طاری ہونا۔

چھانٹ chhaaNT: (ہ،امث) چھانٹنا مصدر سے صیغہ امر، کترن، انتخاب، تراش، وہ چھوٹی چھوٹی شاخیں جو درختوں سے کاٹی جائیں۔

چھانٹن / چھٹن chhaaN-Tan: (ہ، امث) وہ چیز جو چھانٹنے سے بچ جائے۔

چھانٹنا chhaaNT-na(a): (ار،مص) چننا، انتخاب کرنا، شاخ کا کاٹنا، سر کے بال کترنا، مختصر کرنا، گوشت کے ٹکڑے کرنا، چرب زبانی کرنا۔

چھاننا chhaan-na(a): (ار،مص) چھلنی سے آٹا نکالنا، صاف کرنا، پرکھنا، تحقیقات کرنا، ڈھونڈنا، سوراخ کر دینا۔

چھاؤں chhaa-auN: (ہ،امث) سایہ، چھاں، عکس، پرتو، روشنی، کرن، تھوڑی سی مشابہت دو چیزوں یا شخصوں میں۔

چھاؤنی chhaa-o-ni(i): سپاہیوں کی بارکیں، مکانات، وہ شہر جہاں فوج رہے، لشکر گاہ، کیمپ۔

چھائیں مائیں chaa-aiN maa-aiN: (ہ،امث) بچوں کا ایک کھیل چھائیں مائیں۔

چھایا chhaa-ya(a): (ہ،امث) سایہ، چھاؤں۔

چھب chhab: (ہ،امث) خوبصورتی، حسن، روپ تناسب اعضا، انداز جسم، آرائش، زیبائش، زیب و زینت، بناؤ سنگار، سجاوٹ، ناز و انداز، معشوقانہ انداز، ادا، نخرہ، غمزہ، تاب، تجلی، جلوہ، شان، بدن، جسم، شکل صورت، وضع۔

چھب تختی chhab-taK-ti(i): (ہ، امث) سینے اور جسم کی خوبصورتی، پستانوں کی خوبصورتی۔

چھبڑا chhab-Ra(a): (ہ،امذ) ٹوکرا جس کا پیندا چپٹا ہوتا ہے اور جھاؤ کی شاخوں کا بنا ہوتا ہے+ اسم تصغیر مث: چھبڑی۔

چھبیس chhab-biis: (ار، اعدد) بیس اور چھ کا مجموعہ (26)

چھبیلا chha-bii-laa: (ہ، صف) خوبصورت، حسین، خوش وضع، بانکا، رنگیلا، چنچل، خوش مزاج، زندہ دل، دل شاد+ مث: چھبیلی۔

چھپا chu-pa(a): (ہ، صف) پوشیدہ، مخفی، نہاں، پنہاں، گپت۔

چھپارستم chhu-pa-rus-tam: (ار،امذ) جو اپنے فن میں استاد کامل مگر لوگوں میں ظاہر نہ ہو، خفیہ بدمعاش۔

چھپاکا cha-paa-ka(a): (ار، اند) پانی منہ پر ڈالنے کی آواز، پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز، روپوش ہوجانا۔

چھپانا chha-paa-na(a): (ار، مص) پوشیدہ رکھنا، مخفی کرنا، ڈھانکنا، پردہ کرنا۔

چھپاؤ chhuu-paa-au: (ار، اند) پوشیدگی، پردہ، راز بھید۔

چھپائی chhu-paa-i(i): (ار، ست) چھاپا، چھاپنے کی اُجرت۔

چھپٹی chhap-Ti(i): (ھ، ست) لکڑی کی چھلن، صف دبلا پتلا لاغر۔

چھپر chhap-par: (ار، اند) پھوس کا سائبان، پھوس کی چھت، بوجھ، برساتی، پانی کی جھیل جس میں سنگھاڑے اور کنول بو دیتے ہیں۔ لمبی، چوڑی ڈاڑھی۔

چھپرکھٹ chha-par-khaT: (ار، ست) وہ پلنگ جس پر چھت اور پوشش ہو، دلہن کا چھتری دار پلنگ۔

چھپکا chhap-ka(a): (ار، اند) کیچڑ کا بڑا چھینٹا، کبوتر پکڑنے کا چھوٹا سا جال، ایک زیور، لوہے کا وہ چوڑا پترا جو کنڈی میں لگا کر بند کر دیا جاتا ہے۔

چھپکلی / چھپکی chup-ka-li(i): (ار، ست) وہ جانور جو دیواروں پر رینگتا ہے اور کھیاں وغیرہ کھا جاتا ہے۔

چھپن chhap-pan: (ار، اعدد) چھ اور پچاس کا مجموعہ، 56

چھپنا/چھپنا chhup-na(a): (ار، مص) مخفی ہونا، پوشیدہ ہونا، غیر حاضر ہونا، غروب ہونا، نقاب منہ پر ڈالنا۔

چھپنا chhap-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'چھاپنا' جس کا یہ لازم ہے۔

چھپواں chup-vaaN: (ار، صف) پوشیدہ، مخفی

چھپوانا chhap-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چھاپنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چھت chhat: (ار، ست) سقف، پٹاؤ، سائبان، کوٹھا، بام۔

چھت گیری chhat-gii-ri(i): (ار، ست) وہ کپڑا جو چھت کے نیچے لگا دیتے ہیں۔

چھتا chhat-ta(a): (ار، اند) شہد کی مکھیوں کا گھر، گلی یا بازار جس پر چھت بنی ہوئی ہو۔

چھتر/چھتر chhat-tar: (ار، اند) چتر، شامیانہ۔

چھترا دینا: چھترانا chhat-raa de-na(a): (ار، مص) بکھیرنا، پراگندہ کرنا، تتر بتر کرنا۔

چھتری chhat-ri(i): (ار، ست) چھوٹا چھاتا، کبوتروں کے بیٹھنے کا ٹھٹھر، ایک قسم کا گنبد دار محل، ڈوئی کے اُوپر کا ٹھٹھر، ہندوؤں کی ایک ذات۔

چھتنار chhat-naar: (ھ، صف) چھاتے کی شکل کا، گھنا، برابر، ہموار۔

چھتیانا chhat-yaa-na(a): (ار، محاورہ) بندوق کی شست باندھنا، (بندوق) چھاتی سے لگانا۔

چھتیس chhat-tiis: (ار، عدد) تیس اور 6 کا مجموعہ (36)

چھتیاں chha-tiy-ya(a): (ار، صف) چالاک، عیار، مکار، چالیا، فریبی، پرشہوت، مؤنث چھتیسی۔

چھٹ chhuT: (ار، حرف استثنا) بجز سوا، چھوٹا کا مخفف جو مرکبات میں مستعمل ہے۔

چھٹ بھیا، بھیے chuT bhay-ya/bhay-ye: (ار، اند) نچلے طبقے کے لوگ، غریب غربا، تحقیر کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

چھٹا chha-Ta(a): (ار، عدد، ترتیبی) پانچ کے بعد کا درجہ (ترتیب میں) مث: چھٹی۔

چھٹا ہوا chha-Ta huu-aa: (ار، صف) منتخب، چیدہ، بڑا بدمعاش، مث: چھٹی ہوئی۔

چھٹاپا chhu-Taa-pa(a): (ار، امذ) چھوٹا پن، خردی۔

چھٹانک chhi-TaaNk: (ار، امث) ایک سیر وزن کا سولہواں حصہ پانچ تولے کے برابر وزن۔

چھٹ پن / پنا chhuT-pan chhut-pa-na(a): (ار، امذ) چھوٹا پن۔

چھٹکارا chhuT-ka-ra(a): (ار، امذ) رہائی، خلاصی، چھٹی، نجات، فرصت، مہلت، آزادی، آزادگی۔

چھٹکانا chhiT-kaa-na(a): (ار، مص) پراگندہ کرنا، پھیلانا، چھینٹے اڑانا، ڈالنا، بال پریشان کرنا، منتشر کرنا، جھٹکنا، ہٹانا، سرکانا۔

چھٹکنا chha-Tak-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چھٹکانا' جس کا یہ لازم ہے فوطہ یہ بیضہ کا جھٹکا کھا کر بڑھ جانا۔ ستارے چمکنا، روشنی، ہو جانا۔

چھٹنا chhaT-na(a): (ار، مص) صاف ہونا، مواد یا ملبہ نکلنا، دُبلا ہونا، منتخب ہونا۔

چھٹنا chhuT-na(a): (ار، مص) آزاد ہونا، موقوف ہونا، بچنا، باقی رہنا، دغنا، سر ہونا، جدا ہونا۔

چھٹنکی cha-Tan-ki(i): (ار، امث) چھٹانک کی تصغیر، پانچ تولہ کا باٹ سیر کا سولہواں حصہ۔

چھٹی chhaT-Ti(i): (ھ، صف) چھٹا کی تانیث، ششم ٦ تاریخ ایک رسم جو بچہ پیدا ہونے کے چھٹے دن ادا کی جاتی ہے۔

چھٹی حس chha-Tii his: (ار، امث) انسان کی وہ حس جو کسی خطرہ کے وقت بیدار ہو جاتی ہے اور انسان آنے والے خطرہ سے چونک پڑتا ہے۔

چھٹی chhuT-Tii: (ھ، امث) رخصت، تعطیل، فرصت، اجازت، بیوقوفی، برطرفی، چھٹکارا، رہائی، چھوٹے چھوٹے لطیفے جو نقال بیان کرتے ہیں۔

چھجا chhaj-ja(a): (ار، امذ) چھت کے آگے بڑھا ہوا حصہ جو بارش سے حفاظت یا دھوپ کے بچاؤ کے لیے ہوتا ہے۔

چھچھورا chha-chho-ra(a): (ار، صف) کم ظرف، پیٹ کا ہلکا، کمینہ، رذیل، خودنما، نمود یا نمائشی، اوئی، اسم کیفیت، مذ: چھچھور پن، چھچھورا پن، مث: چھچھوری۔

چھچھوندر chha-chhuuN-dar: (ار، امث) ایک قسم کا چھوٹا سا چوہا کی قسم کا جانور جس کے بدن / جسم سے سخت بدبو آتی ہے۔ ایک قسم کی آتش بازی۔

چھدّا chhud-da(a): (ھ، امذ) الزام، تہمت، بہتان گلہ، (افعال: دھرنا، رکھنا، اتارنا)

چھدام chha-daam: (ھ، امث) دمڑی۔

چھدرا chhad-ra(a): (ھ، صف) چھر چھرا، چھید دار، فرق فرق سے فاصلہ، فاصلہ سے، مث: چھدری۔

چھدنا chhid-na(a): (ھ، مص) سوراخ دار ہونا، چھینا، زخمی ہونا، مجروح ہونا۔

چھتر chat-tar: (ار، امذق) دھیان خیالی۔

چھر chhir: (ار، امذق) زہر۔

چھرّا chhar-raal: (ار، امذق) سکہ کی چھوٹی چھوٹی گولیاں جو بندوق میں رکھ کر چھوڑتے ہیں سنگ ریزہ، وہ سنگ ریزے جو گھنگرو میں ڈالتے ہیں۔ کنایۃً لعن طعن کی بوچھاڑ۔

چھرا chhu-ra(a): (ار، امذ) بڑا چاقو، گوشت کاٹنے کا ہتھیار، بڑی چھری۔

چھری chhu-ri(i): (ار، امث) لمبا چاقو، دیکھیے 'چھرا' جس کی یہ تصغیر ہے۔ (افعال: بھونکنا، پھرنا،

چھیرنا، چلانا، چلنا)

چھریرا / چھرہرا chha-re-ra(a): (ہ، صف) دُبلا، پتلا، لمبا، ہلکا، پھلکا مث: چھریری۔

چھڑ chhaR: (ار، امث) پتلا لمبا بانس، تیرے کی چوب، لمبا بانس جس میں پھندا لگا کر کبوتر پکڑتے یا مچھلی کا شکار کرتے ہیں۔

چھڑا chha-Ra(a): (ار، امذ) ایک قسم کا پاؤں کا زیور، (مذ) (صف) اکیلا، تنہا مث: چھڑی۔

چھڑانا chhu-Raa-na(a): (ار، مص) رہا کرانا، آزاد کرانا، جدا کرانا، علیحدہ کرنا، ترک کرانا، نوکری سے ہٹانا یا الگ کرنا، عقدہ کھولنا، وا کرنا۔

چھڑکاؤ chhiR-kaa-o: (ار، امذ) آب پاشی، پانی وغیرہ کا زمین پر چھڑکنا۔

چھڑکنا chhi-Rak-na(a): (ار، مص) پانی کی چھینٹیں پھینکنا، تصدق کرنا۔ تھوڑا تھوڑا ڈالنا۔

چھڑکوانا chhi-Rak-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'چھڑکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چھڑنا chhaR-na(a): (ار، مص) غلّہ کوٹ کر صاف کرنا۔

چھڑنا chaR-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'چھڑنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چھڑی chha-Ri(i): (ار، امث) پتلی لکڑی، قمچی، چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی قمچی، گوکھرو اور چکنی وغیرہ کو سیدھا ٹانکنا، وہ جھنڈی جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جائے۔ ایک قسم کی سیدھی شاخ جس میں گل فروش پھول اور پتے لپیٹتے ہیں۔ (صف مث) تنہا اکیلی۔

چھڑیاں chhaR-yaaN: (ار، مث) چھڑی کی جمع، وہ جھنڈیاں جو کسی بزرگ کے مزار پر چڑھاتے ہیں۔

چھکا chhak-ka(a): (ار، امذ) چھ سے نسبت رکھنے والا تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جس پر چھ نشان ہوتے ہیں پانسے کا چھ نقطوں والا دانہ، پان کی طرح کی آتش بازی۔ سر منڈھا چھکا یعنی چھ دن جو ایک باری میں بنتے ہیں۔ کرکٹ کی ایک اصطلاح جس میں گیند پر ضرب لگا کر سیدھے بونڈری کے باہر پھینک دیتے ہیں۔

چھکڑ chhak-kaR: (ہ، امذ) تھپڑ، ڈھول، لیتر، تماچا۔

چھکڑا chhak-Ra(a): (ار، امذ) سامان لادنے کی گاڑی (صف) وہ چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں۔

چھکڑی chhak-Ri(i): (ار، امث) چوسر کا داؤں جس میں تینوں پانسوں میں دو دو صفر آتے ہیں۔ وہ چھ گھوڑے جو ایک ساتھ گاڑی میں جتے ہوئے ہوں، ہوشمندی۔

چھکے چھوٹنا chhak-ke chhuuT-na(a): (ار، محاورہ) گھبرا جانا، بدحواس ہو جانا۔

چھل chhal: (ار، امذ) دھوکا، فریب (امذ) (افعال: آنا، کرنا)

چھل / بٹے chhal-ba-Te: (ار، امذ) فریب، دھوکا، دم۔

چھل بل chhal-bal: (ار، امث) شوخی، چالاکی۔

چھلا chhal-la(a): (ار، امذ) حلقہ، کڑا، انگوٹھی، ایک پنجابی گیت۔

چھلانگ chha-laang: (ار، امث) جست، زقند، چوکڑی، پھلانگ، قلانچ۔

چھلاوا chha-laa-va(a): (ار، امذ) چھل دینے والا، آسیب، غول بیابانی، شوخ، طرار۔

چھلٹا chhal-Ta(a): (ار، امذ ق) چھلکا۔

چھلک chha-lak: (ار، امث) لبریزی، پانی یا کسی رقیق چیز کا کناروں سے اچھلنا۔

چھلکا chhil-ka(a): (ار، اند) پوست، چھال، کھال، بکل۔

چھلکانا chhal-kaa-na(a): (ار، مص) بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا، ڈھلکانا، لبریز کرنا۔

چھلکنا chha-lak-na(a): (ار، مص) ڈھلکنا، لبریز ہو کر بہنا، باہر نکلنا، تھوڑی سی جاہ و حشمت پر غرور کرنا، بہت بھرے ہوئے گھڑے کو تھوڑا سا خالی کرنا۔

چھلنا chhal-na(a): (ار، مص) فریب دینا، چھل دینا، تاریکی میں کسی چیز یا بھوت پریت سے ڈر جانا، (مذ) بڑی چھلنی۔

چھلنا chhil-na(a): (ار، مص) کسی چیز کی کھال اُتر جانا، رگڑ لگنا۔ پوست بالکل اترنا، خراش آنا۔

چھلنی chhal-ni(i): (ار، مث) چھاننے کا آلہ، غربال۔

چھلوانا chhil-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چھلنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چھم چھم chham-chham: (ار، اصوت، مث) مینہہ کے آہستہ آہستہ برسنے کی آواز۔ زیور کے آپس میں ٹکرانے کی آواز۔ گھنگروؤں کی آواز۔

چھن / چھن chhan/chhun: (ار، اصوت مث) جلتے توے پر پانی گرنے کی آواز، شیشے یا دھات کی آواز، سنگ ریزہ، چھوٹے چھوٹے کنکر، بجری، ایک قسم کا زیور جو خواتین ہاتھ میں چوڑیوں کے درمیان پہنتی ہیں۔ ایک قسم کے ٹکے جو دولہا سسرال میں سنا کر انعام لیتا ہے۔ تلنے کی آواز۔

چھناک chha-naak: (ار، اسٹ صف) گرم چیز پر پانی گرنے کی آواز

چھناکا chha-naa-ka(a): (ار، اصوت، مذ) جھنکار، روپیہ کی آواز۔

چھنال chhi-naal: (ار، صف، مث) بدکار، فاحشہ، عیار عورت، اسم کیفیت مذ، چھنال پن / پنا، چھنالا۔

چھنٹنا chhanT-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چھٹنا' جو فصیح ہے۔

چھنچھنانا chhan-chha-naa-na(a): (ار، مص) چھن چھن کی آواز، جھنکار ہونا، بجنا، بجانا۔

چھند chhand: (ھ، اند) فریب، جال، دغا، دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف ظاہر کرنا، ہندی نظم کی ایک قسم، اشلوک، شعر، وزن، عروج۔

چھنگا chhan-ga(a): (ار، صف) چھ انگلیوں والا آدمی۔

چھنگلی chhung-li(i): (ار، اسٹ) ہاتھ پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی۔

چھننا chhan-na(a): (ار، مص) کسی چیز کا چھلنی سے نکلنا، چھانا جانا، تیروں یا گولیوں سے بدن کا چھدنا، سوراخ دار ہونا، سوراخ ہونا، چھید ہونا، تحقیق یا بحث مباحثہ کے بعد کسی امر کا واضح ہونا، روشنی کا باہر نکلنا، روشنی کا پتوں یا بادلوں وغیرہ سے گزر کر آنا۔

چھننا chhin-na(a): (ار، مص) زبردستی کسی چیز سے محروم کیا جانا۔

چھنوانا chhan-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چھاننا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چھنوانا chhin-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چھیننا' جس کا یہ متعدی ہے۔

چھنی chhan-ni(i): (ار، اسٹ) صافی، وہ کپڑا جس میں سے کوئی دوا یا رقیق چیز، چھانی جائے، چھلنی۔ آٹا چھاننے کا ایک برتن۔

چھو chhuu: (ار، اسٹ) کچھ پڑھ کر پھونکنے کی آواز، جادو، منتر، دم۔

چھومنتر chhuu man-tar: (ھ، اند) جادو ٹونا،

کچھ پڑھ کر دم کرنا یا پھونکنا۔

چھوا چھو chhu-aa-chhu(u): (ار، امث) دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی آواز۔

چھوارا chhu-aa-ra(a): (ار، امذ) خشک، کھجور، خرما۔

چھوانا chhu-vaa-na(a): (ار، مص) لگانا، مس کرنا۔

چھوپ chhop: (ار، مص) وہ دوائیں جو گھوڑے کے زخم پر لیپ کرتے یا باندھتے ہیں۔ لیپ

چھوپا chho-pa: (ار، امذ) تر مٹی جس سے دیوار کا سوراخ بند کیا جائے۔

چھوپنا chhop-na(a): (ار، مص) گیلی مٹی کی تہہ چڑھانا، گیلی مٹی دیوار پر تھوپنا، کچی دیوار کی مرمت کرنا، لیسنا، سوراخ بند کرنا، کہگل کرنا، پلستر کرنا، روغن کرنا۔

چھوٹ chuuT: (ار، امث) رہائی، فرصت، چھٹکارا، بے ساختہ وار، چمک دمک۔

چھوٹا chho-Ta(a): (ار، صف) قد میں کم، کوتاہ، کوچک، صغیر، خرد، عمر میں کم، اوچھا، تنگ، کمتر، کہتر، تھوڑا، قلیل، ادنیٰ، ماتحت، رذیل، کمینہ، معمولی، خفیف، ناچیز، بے قدر، مث: چھوٹی۔

چھوٹا کپڑا chho-Ta(a) kap-Ra(a): (ار، امذ) انگیا۔ وہ کپڑا جس سے عورتیں اپنے دودھ چھپاتی ہیں۔

چھوٹتے ہی chuuT-tehi(i): (ار، متعلق فعل) فوراً۔

چھوٹنا chhuT-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'چھٹنا' رسی تڑانا، گھوڑے کا جفتی کرنا، نکلنا، کہیں سے رہائی پانا، بچنا۔

چھوٹی اِلائچی chho-Ti(i) i-laae-chi(i): (ار، امث) سفید الائچی۔

چھوٹے بڑے chho-Te ba-Re: (ار، امذ) اعلیٰ، ادنیٰ، امیر غریب، بچے بوڑھے۔

چھو چھو / چھو چھو chhuu chhuu: (ہ، امذ) دایہ، انا، کھلائی، وہ لڑکی جو بچوں کو کھلانے کے لیے نوکر رکھی جاتی ہے، وہ لونڈی جو ہم عمر ہو اور ساتھ کھیل کر بڑی ہوئی ہو۔

چھور chhor: (ہ، امث) کنارہ، ساحل، حد، پہلو، طرف، سرا، کونا۔

چھورا chho-ra: (ہ، امذ) لڑکا، غلام چھوکرا، مث: چھوری۔

چھوڑنا chhoR-na(a): (ار، مص) نجات دینا، رہا کرنا، معاف کرنا، ترک کرنا، طلاق دینا، دوڑانا۔

چھوکرا chhok-ra(a): (ہ، امذ) لڑکا، بچہ، غلام، چیلا۔ (صف) نادان، ناتجربہ کار، مث: چھوکری۔

چھولداری chhol-daa-ri(i): (ار، امث) چھوٹا خیمہ جس میں سپاہی رہتے ہیں۔

چھونا chhuu-na(a): (ار، مص) مس کرنا، ہاتھ لگانا، گود میں لینا۔

چھونکنا chhauNk-na(a): (ار، مص) بگھار لگانا، داغ دینا، اسم کیفیت مث: چھونک

چھوئی موئی chhuu-i(i) muu-i(i): (ار، امث) ایک پودا جس کے پتے انسان کا ہاتھ لگتے ہی مرجھا جاتے ہیں۔ لاجونتی، نازک مزاج شخص، چڑچڑا شخص، نہایت نازک یا کمزور چیز۔

چھہتر chhai-hat-tar: (ار، اعدد) ستر اور چھ کا مجموعہ (76)

چھٹی chha-Ti(i): (ہ، امث) ایک پرندے کا نام۔ بچے کی پیدائش کا چھٹا دن جس میں بچے کی ماں کو نہلایا جاتا ہے۔

چھٹی chha-Ti(i): (ہ، امث) چھپر کی چھت، گدا

جو بیلوں کی گردن زخمی ہونے سے بچنے کے لیے رکھتے ہیں۔ ڈھانپا، دور کیا ہوا، جدا کیا ہوا، منسوخ کیا ہوا، تباہ کیا ہوا۔

چھی chhi(i): (ار، کلمہ نفرت) اَخ تھو، تف، تھو (امث) چھینکنے کی آواز، بچوں کا پاخانہ (صف) خراب، نکما، بھدّا، بچوں سے خطاب کرتے ہیں۔

چھیاسٹھ chhi-yaa-saTh: (ار، اعدد) ساٹھ اور چھ کا مجموعہ (66)

چھیاسی chhi-yaa-si(i): (ار، اعدد) اسی اور چھ کا مجموعہ (86)

چھیالیس chhi-yaa-liis: (ار، اعدد) چالیس اور چھ کا مجموعہ (46)

چھیانوے chhi-yaan-vai: (ار، اعدد) نوے اور چھ کا مجموعہ۔

چھیپ chiip: (ہ، امث) بدن کا سفید داغ، داغ، دھبا، برتن کا نشان۔

چھینا chiin-na(a): (ار، مص) توڑنا، کوٹنا، کچلنا۔ کسی چیز کو زبردستی حاصل کرنا۔

چھجانا / چھی جانا chii ja-na(a): (ار، مص) سوراخ ہو جانا، پھٹنا، کان کا سوراخ زیور کے بوجھ سے چوڑا ہو جانا۔

چھیجنا chhiij-na(a): (ار، مص) کم ہو جانا، گھٹ جانا، زوال ہونا، گھل جانا، دُبلا ہو جانا، سوکھنا، مرجھانا، مرجانا، جان سے جانا، ضائع ہو جانا، خراب ہونا، علیحدہ ہونا، کٹنا، چھیلا جانا۔

چھیچھڑا chhi-ichh-Ra(a): (ار، اند) چھچھڑا۔

چھید chhed: (ہ، اند) سوراخ، رخنہ، روزن، بل گڑھا، غار، بھٹ (افعال: ڈالنا، کرنا)

چھیدنا chhed-na(a): (ار، مص) سوراخ کرنا۔

چھیر chhiir: (ار، اند ق) زخم، شگاف۔

چھیڑ chheR: (ار، امث) ہاتھ لگانا، چھونا، گدگدی، دل لگی، مذاق، اشتعال، طبع، ستانا، تنگ کرنا، نشترزنی، باجا بجانا، ابتدائے فساد، جھگڑے کا آغاز۔

چھیڑ چھاڑ chheR chaaR: (ار، امث) ہنسی مذاق، نوک جھونک، تحریک فساد کی ابتدا۔

چھیڑ خانی chheR-Kaa-ni(i): (ار، امث) ٹھٹھا، مذاق، مخالفت، فساد، چڑ، چڑانے کی بات۔

چھیڑنا chheR-na(a): (ار، مص) گدگدانا، چڑانا، مذاق کرنا، خواہ مخواہ لڑنے کے لیے آمادہ کرنا، ذکر کرنا، کریدنا، الاپنا۔

چھیک chhiik: (ار، اند ق) سوراخ، کریدنا، الاپنا۔

چھیل / چھیلا chhai-la(a): (ہ، صف) بانکا، رنگیلا، نمائش باز، خوش پوش۔ اسم کیفیت چھیل پن، چھیلا پن۔

چھیل چھبیلا chhail-chha-bii-la(a): (ار، صف) بانکا، رنگیلا۔

چھیلن chhii-lan: (ار، امث) تراشہ، چھلکا جو چھیلنے سے نکلے۔

چھیلنا chhiil-na(a): (ار، مص) پوست اتارنا، چھلکا اتارنا، کھرچنا۔

چھین جھپٹ / چھینا جھپٹی / چھینا چھانی chhiin-jhha-paT: (ار، امث) اینچ کھینچ، کسی سے کوئی چیز جلدی اور چالاکی سے لے لینا یا لے کر بھاگ جانا، (افعال: کرنا، لینا، ہونا)

چھینٹ chhiiNT: (ار، امث) کسی رقیق چیز کا قطرہ، بوند، دھبا، داغ، رنگین چھپا ہوا کپڑا۔

چھینٹنا chhiiN-Ta(a): (ار، اند) پانی کا چلو کسی پر ڈالنا، ہلکی بارش۔

چھینک chhiiNk: (ار،امث) ناک کی آواز جو چھینکتے وقت نکلتی ہے (افعال: آنا، مارنا)

چھینکا chhiiN-ka(a): (ار،امذ) وہ جالی یا شکن جو کھانا وغیرہ رکھنے کے لیے چھت سے باندھ دیتے ہیں یا لٹکا دیتے ہیں۔ وہ جالی جو پایوں کے منہ پر چڑھا دیتے ہیں۔ بھنگی کی رسی۔

چھینکنا chhink-na(a): (ار،مص) ناک کی خراش کی وجہ سے ہوا کا زور سے ناک سے نکلنا، چھینک آنا۔

چھیننا chiin-na(a): (ار،مص) کسی کے ہاتھ سے کوئی چیز زبردستی لے لینا، اُچک لینا۔

چھینی chhai-ni(i): (ار،امذ) لوہا کاٹنے کا اوزار۔

چ۔ی

چی chii: (ف، لاحقہ تصغیر و فاعلی) اُردو اور فارسی میں اسم کے ساتھ مل کر فاعل بناتا ہے۔ جیسے باورچی، مشعلچی تصغیر کے لیے جیسے دیگچی وغیرہ۔

چیال chi-yaal: (ار،امذ) املی کا بیج تخم تمر ہندی۔

چیپ chaip: (ھ،امذ) لیس دار چیز، چپکنے والی چیز، لاسا، آنکھوں کا کیچڑ۔ چیپ۔

چیپی chai-pi(i): (ھ،امث) کاغذ کا پیوند اور وہ دھجی جو کسی چیز پر چپکائی جائے۔

چیت chait: (ھ،امذ) بکرمی سال کا بارھواں مہینہ، جو مارچ اپریل کے مقابل ہے۔ گانے جو اس مہینے میں گائے جاتے ہیں، ایک چھتر۔

چیتا chii-ta(a): (ار،امذ) شیر کی قسم کا ایک درندہ جس کی کمر پتلی اور جسم پر چتیاں ہوتی ہیں۔

چیتل chii-tal: (ھ،امذ) ایک قسم کا ہرن جس کے جسم پر چتیاں بنی ہوتی ہیں۔ کوئی بھی چتیوں والا جانور، ایک قسم کا موٹا چتکبرا سانپ (صف) داغ دار۔

چیتھڑا chiith-Ra(a): (ار،امذ) کپڑے کا ٹکڑا، لیر، لتّا، نیز دیکھیے 'چھتڑا'

چیچڑی chech-Ri(i): (ار،امث) ایک کیڑا جو کتے گائے بھینس کے بدن پر لگ جاتا ہے۔

چیچک che-chak: (ھ،امث) متیلا، ماتا، خسرہ، ایک بیماری جس میں بدن پر دانے پڑ جاتے ہیں اور بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔

چیخ chiiK: (ار،امث) زور کی آواز، چلانے کی آواز، چلاہٹ، غل، شور، پرندوں کا بچہ جس کے ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ (افعال: مارنا)

چیخنا chiiK-na(a): (ار،مص) شور کرنا، چلانا، نالہ و فریاد کرنا۔

چیدہ chii-dah: (ف، صف، مفعولی) چنا ہوا، انتخاب کیا ہوا۔

چیر chiir: (ار،امث) شگاف، درز، دھجی، کپڑے کی پٹی، کترن، دوپٹا۔

چیر پھاڑ chiir-phaaR: (ار،امث) عمل جراحی، کانٹ چھانٹ۔

چیرا chii-ra(a): (ار،مص) پھوڑے کا شگاف، نشتر کا شگاف، ایک قسم کی رنگ دار پگڑی۔

چیرنا chiir-na(a): (ار،مص) پھاڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، شگاف دینا، شق کرنا، کاٹنا، آری سے چیرنا، تراشنا، چرانا، بنانا خلق کرنا، پیدا کرنا۔

چیرہ che-ra(h): (ف، صف) زور آور، بہادر، غالب، اکڑفی۔

چیرہ دست chii-rah-dast: (ف، صف، فاعلی) غالب، زور آور، زبردست، سرکش، اسم کیفیت، مث: چیرہ دستی۔

چیڑ chiiR: (ھ، اند) ایک اونچا درخت، دیار، دیودار کی قسم کا ایک درخت۔

چیز chiiz: (ف، امث) شے، سامان، جنس، زیور، جواہر، راگ میں ٹھمری، غزل، مٹھائی، شیرینی۔

چیز بست chiiz-bast: (ار، امث) سامان، اثاثہ، اثالا۔

چیس chiis: (ھ، امث) مروڑ، ٹیس۔

چیستان chiis-taan: (ف، امث) پہیلی، بجھارت، جس میں وصف بتا کر کسی چیز کا نام پوچھا جاتا ہے۔

چیف chiif: (انگ، صف) Chief، اعلیٰ، افضل، خاص۔

چیک chek: (ار، امث، ق) وہ مادّہ جو لکڑی کے جلتے وقت اس کے آخری سرے پر ظاہر ہوتا ہے۔

چیک chaik: (انگ، اند) Cheque، بنک سے روپیہ نکلوانے کا تحریری حکم نامہ۔

چیل chiil: (ھ، امث) ایک مشہور پرندہ، زغن، مردار، کھاتی ہے، چیڑ کا درخت۔

چیلنج chai-lenj: (انگ، اند) Challenge، مقابلے کے لیے بلانا، دعوت مبارزت، سنتری کا پکارنا۔

چیں chiiN: (ار، اصوت) چڑیا کی آواز۔

چینا chii-na(a): (ار، امث) ایک قسم کا غلہ، جو گول اور بہت باریک ہوتا ہے۔

چیند chaind: (ھ، امث) بدمعاملگی، ہٹ دھرمی، کھیل میں حقیقت کا چھپانا۔

چیندی chaiN-di(i): (ھ، امث) چمڑے کے گول ٹکڑے جو گاڑیوں کے دُھرے پر چڑھائے جاتے ہیں۔

چینی chii-ni(i): (ار، امث) شکر سفید، سفید مٹی جس کے برتن بنتے ہیں۔ چتکبرے رنگ کا کبوتر۔ چین سے منسوب۔ چین کے رہنے والا۔

چیونٹا chyuuN-Ta(a): (ار، اند) ایک قسم کا سیاہ رنگ کا کیڑا، مورکلاں۔

چیونٹی chyuuN-Ti(i): (ار، امث) دیکھیے 'چیونٹا' جس کی یہ تانیث اور تصغیر ہے۔

چیونٹیوں بھرا کباب chyuuN-Ti-yauN bha raa -ka-baab: (ار، اند) جھگڑے کی چیز مصیبت کا گھر۔

ح

ح h: (ع،اسث) اردو میں اسے 'ح' اور فارسی عربی میں 'حا' کہتے ہیں۔ دوسرے متشابہ حروف سے التباس دور کرنے کے لیے 'حائے حطی' حائے مہملہ یا غیر منقوط کہتے ہیں۔ یہ اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں نواں حرف ہے۔ یہ حرف عربی سے مخصوص ہے کسی اور زبان میں اس کی آواز نہیں۔ اردو میں اسے تلفظ کرتے وقت حلق کا نچلا حصہ نرم تالو کے رابطے میں آتا ہے اور منہ کی ہوا زبان کی سطح پر رگڑ کھاتی ہوئی خارج ہوتی ہے۔ صوتیات کی اصطلاح میں اس آواز کو غیر مسموع، حلقی، رگڑ دار مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔ یہ اردو کی ہ آواز سے مشابہ ہے۔

حاتم haa-tam: (ع،اند،صف) قبیلہ طے کا سردار جو شجاعت، جوانمردی اور سخاوت میں مشہور تھا۔ کنایۃً سخی، کریم، فیصلہ کرنے والا۔

حاجب haa-jib: (ع، اند) دربان، چوبدار، پردہ، ایک عہدہ جو وزیر کے برابر ہوتا تھا۔

حاجت haa-jat: (ع، اسث) ضرورت، فرض، خواہش، امید، آرزو، ضرورت کی چیز، پاخانہ۔

حاجت رَوا haa-jat ra-va(a): (عف،صف) ضرورت پوری کرنے والا، مراد پوری کرنے والا، اسم کیفیت مث: حاجت روائی۔

حاجت مند haa-jat-mand: (عف، صف) محتاج، ضرورت والا، خواہش مند، اسم کیفیت مث: حاجت مندی۔

حاجتی haa-ja-ti(i): (ار،اسث) وہ برتن جس میں بیمار لیٹے لیٹے پیشاب کر لیتا ہے، ضرورت مند، خیر خواہ۔

حاجز haa-jiz: (ع،صف) روکنے والا، حائل، مانع، پردہ، روک، آڑ، رکاوٹ۔

حاجی haa-jii: (ع، اند) حج کرنے والا شخص، وہ مسلمان شخص جس نے مقررہ شرائط کے مطابق خانۂ کعبہ کا حج کیا ہو۔ مث: حاجہ (ار) حاجن، حجن

حاجی الحرمین haa-jii-al-har-main: (ع،اند) وہ مسلمان جس نے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا حج اور زیارت کی ہو۔

حاد haad: (ع،صف) تیز، نوکیلا، چڑچڑا، تیز مزاج۔ جوشیلا۔

حادُّالزّاویہ haa-duz-zaav-yah: (ع،اند) وہ زاویہ جو قائمہ زاویہ سے چھوٹا ہو۔

حادث haa-dis: (ع،صف) قدیم کی ضد، نیا، نئی چیز جو پہلے نہ ہو، فانی۔

حادثہ haad-sa(h): (ع، اند) واردات، واقعہ، مصیبت، صدمہ، سانحہ، وہ تکلیف دہ واقعہ جو اچانک ہو۔

حاذق haa-ziq: (ع،صف) ہوشیار، چالاک، دانا، کامل، ماہر فن (حکیم یا طبیب کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے۔)

حار haar: (ع،صف) گرم، گرمی کرنے والا، مشکل، تکلیف دہ، مث: حارہ۔

حاسد haa-sid: (ع،صف) حسد کرنے والا، بدخواہ، دشمن۔

حاسّہ haa-si-yah: (ع،اند) محسوس کرنے کی قوت۔

حاشا haa-sha(a): (ع، حرف جار) انکار کرنے کے وقت بطور قسم بولتے ہیں، ہرگز نہیں۔

حاشیہ haa-shi-ya(h): (ع، اند) کنارہ، کوٹا، گوٹ، پلہ، کتاب یا ورق کا چاروں طرف کا کنارہ، وہ بیل بوٹے جو رومالوں چادروں وغیرہ کے کناروں پر بناتے ہیں۔ شرح یا یادداشت جو کتاب کے کناروں پر لکھی جاتی ہے۔ فٹ نوٹ، کام جو وردی کے سامنے بنا ہوتا ہے۔

حاشیہ آرا haa-shi-ya(h) aa-ra(a): (حف، صف) حاشیہ چڑھانے والا، مبالغہ کرنے والا، اسم کیفیت مث: حاشیہ آرائی۔

حاشیہ بردار haa-shi-ya(h) bar-daar: (عف، صف) امیروں کی پوشاک کے کنارے اُٹھا کر چلنے والا۔ اسم کیفیت مث: حاشیہ برداری۔

حاشیہ نشین haa-shi-ya(h) na-shiin: (ار، اند) پاس بیٹھنے والے لوگ، مصاحبین، اسم کیفیت مث: حاشیہ نشینی۔

حاصل haa-sil: (ع، اند) پیداوار، محاصل، بقایا، کسی چیز کا بقیہ، نتیجہ، ثمرہ، مطلب، خلاصہ، آمدنی، محصول، بکری، فائدہ، نفع (افعال: کرنا، ہونا)

حاصل بازار haa-sil baa-zaar: (عف، اند) آمد جو کسی میلہ، منڈی یا بازار کی دکانوں سے ٹیکس کے ذریعے وصول ہو۔

حاصل تفریق haa-sil taf-riiq: (عف، اند) وہ رقم جو منہائی کے بعد باقی رہے۔

حاصل تقسیم haa-sil taq-siim: (عف، اند) خارج قسمت، وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔

حاصل جمع haa-sil ja-ma(?): (عف، اند) میزان کل، جمع، مجموعہ، وہ عدد جو جمع کرنے سے پیدا ہوا۔

حاصل خیز haa-silKez: (عف، صف) زرخیز، زرریز۔

حاصل ضرب haa-sil zarb: (عف، اند) وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو۔

حاصل کلام haa-sil ka-laam: (عف، اند) خلاصہ، مطلب، بات کا نتیجہ، الغرض۔

حاصل مصدر haa-sil mas-dar: (ار، اند) وہ لفظ جو کسی ایسی کیفیت کو ظاہر کرے جو کسی فعل کا اثر یا نتیجہ ہو۔ کسی کیفیت کا نام، مثلاً جلن، ملاپ۔

حاضر haa-zir: (ع، صف) موجود، سامنے، کھڑا، تیار، آمادہ، مستعد، حرف صیغہ مخاطب، (افعال: آنا، کرنا، ہونا)

حاضر باش haa-zir-baash: (عف، اند) وہ شخص جو کسی کی خدمت میں حاضر رہے۔ اسم کیفیت مث: حاضر باشی۔

حاضر جواب haa-zir-ja-waab: (عف، اند) وہ شخص جو فوراً جواب دے، اسم کیفیت مث: حاضر جوابی

حاضر ضامن haa-zir zaa-min: (عف، اند) وہ شخص جو کسی کے حاضر رہنے کی ضمانت دے۔ اسم کیفیت مث: حاضر ضامنی۔

حاضر و ناظر haa-ziro-naa-zir: (عف، صف) موجود اور دیکھنے والا، خدا کی صفت ہے۔

حاضرات haa-zi-raat: (ع، امث) جن، بھوت، پریت، یا بد روحوں کے جمع کرنے کا عمل ان کو بلانا، حاضر کرنا، ان کو نکالنا، کوئی حکم دینا، (افعال: کرنا، ہونا)

حاضراتی haa-zi-raa-ti(i): (ع، اند) حاضرات کرنے والا، جادوگر۔

حاضری haa-zi-ri(i): (عف، امث) موجودگی، کھانا جو دن میں پہلی دفعہ کھایا جائے، وہ کھانا جو قربی

رشتہ دار مردے کے وارثوں کے گھر دفن کرنے کے بعد بھیجتے ہیں۔ وہ کھانا جس پر شہدائے کربلا یا حضرت عباسؓ کا فاتحہ دیتے ہیں۔ عدالت میں حاضر ہونا، نام کا پکارا جانا، گنتی ہونا۔

حاطِبُ اللیل haa-ti-bul-lail: (ع، صف) رات کو لکڑیاں چننے والا، اچھے برے میں تمیز نہ کرنے والا۔

حافِظ haa-fiz: (ع، صف) حفاظت کرنے والا، محافظ۔

حافِظہ haa-fi-za(h): (ع، اند) قوت حافظہ، یاد رکھنے کی قوت، یادداشت۔

حاکم haa-kim: (ع، اذ) حکم کرنے والا، حکومت کرنے والا، مفتی، قاضی، جج، مجسٹریٹ، کوتوال، سردار، ناظم، افسر، عامل، کوئی بڑا عہدیدار، مالک، آقا، خدا کا ایک صفاتی نام۔

حاکم اعلیٰ/ بالا haa-kim-aa(?)-la: (ع، اذ) خداتعالیٰ، بڑا افسر، محکمہ کا سربراہ، گورنر۔

حاکم فوجداری haa-kim fauj-daa-ri(i): (عف، صف) مجسٹریٹ، لڑائی جھگڑے کے مقدمات سننے والا۔

حاکم دیوانی haa-kim-di-vaa-ni(i): (عف، صف) سب جج، لین دین کے مقدمے سننے والا۔

حاکمانہ haa-ki-maa-na(a): (عف، صف) حاکم کے مانند، حاکم کی طرح۔

حاکمی/ حاکمیت haak-mi-yat: (عف، ع، امث) حکومت، حکمرانی، سرداری، تسلط، فرمان روائی۔

حال haal: (ع، اذ) موجودہ زمانہ، حالت، کیفیت، احوال، حقیقت، سرگزشت، دم، وجد، بیخودی، وہ فعل جو زمانہ موجودہ کو ظاہر کرے۔

حال قال haal-qaal: (عف، اذ) حالت اور بیان۔

حالا haa-la(a): (ا، متعلق، فعل) ابھی، اسی وقت

حالانکہ haa-laaN-ke(h): (عف، متعلق، فعل) باوجودیکہ، یہ حال ہوتے ہوئے بھی۔

حالات haa-laat: (ع، اذ) حالت کی جمع جو اُردو میں حال کی جمع کے طور پر مستعمل ہے۔

حالت haa-lat: (ع، امث) واردات جو انسان پر گزرے، کیفیت، گت، جان، طاقت، وجد، درجہ۔

حالتِ اِضافی haa-lat-e-i-zaa-fi(i): (ع، امث) مضاف الیہ ہونے کی حالت۔

حالت فاعلی haa-lat-faa(?)-li(i): (ع، امث) فاعل ہونے کی حالت کسی اسم کی وہ حالت جب وہ فاعل کی حیثیت سے کام کرے۔

حالت مفعولی haa-lat-maf-(?)uu-li(i): (ع، امث) کسی اسم کی وہ حالت جب وہ بطور مفعول کام کر رہا ہو۔

حالی haa-li(i): (ع، صف) موجودہ، حال کی، وقتی، سکہ رائج الوقت، سرکاری مال گزاری، اُردو کے مشہور شاعر مولانا الطاف حسین تخلص حالی، وجد لانے والا۔

حالیہ haa-li-ya(h): (ع، صف) کوئی واقعہ یا مسئلہ جو حال ہی میں پیش آیا ہو۔

حامِد haa-mid: (ع، صف) حمد کرنے والا، تعریف کرنے والا۔

حامِل haa-mil: (ع، اذ) بوجھ اُٹھانے والا / لے جانے والا، مزدور، قلی، کسی چیز کو لے جانے والا۔

حاملِ وَحی haa-mile-va-hi(i): (ع، اذ) وحی لانے والا، کنایتہً جبرئیل۔

حامِلہ haa-mi-la(h): (ع، صف، مث) وہ عورت یا مادہ جس کے پیٹ میں بچہ ہو، حامل کی تانیث

حامی haa-mi(i): (ع، اذ) حمایتی، مددگار، نگہبان

حامی کار haa-mii-kaar: (عف،صف) گرم جوشی سے حمایت یا مدد کرنے والا۔
حادی haa-di(i): (ع،صف) گھیرنے والا، احاطہ کرنے والا، چھانے والا، غالب، جمع کرنے والا، سمجھنے والا، کسی فن میں کامل، ماہر۔
حائل haa-il: (ع،صف) بیچ میں آنے والا، باز رکھنے والا، روکنے والا، روک، آڑ، پردہ۔

ح۔ب

حَب habb: (ع،امث) گولی، دانہ، بیج تخم۔
حُب hubb: (ع، امث) محبت، اُلفت، اُنس، شوق، آرزو۔
حُبّ الوطن hub-bul-va-tan: (ع،امث) وطن کی محبت، اپنے ملک کی محبت۔
حُباب hu-baab: (ع، امذ) پانی کا بلبلا، شیشے کے گولے جو آرائش کے لیے مکانوں میں لگاتے ہیں۔ روشنی کے باریک کنول۔
حِبال hi-baal: (ع،امث) 'حبل' کی جمع، رسیاں۔
حبّال hab-baal: (ع،امذ) رسّی بٹنے والا۔
حِبالہ hi-baa-la(h): (ع،امذ) پھندا، جال، رسّی
حبائل ha-baa-il: (ع، امذ) (۱) حبالہ کی جمع، عورتوں کا شیطان۔
حبس habs: (ع،امذ) قید خانہ، جیل، ہوا کا بند ہو جانا، اُمس، دم گھٹنے کی کیفیت۔
حبسِ بے جا hab-se-be-ja(a): (ع،امذ) کسی کو غیر قانونی طور پر بند رکھنا۔
حبسِ دم hab-se-dam: (عف،امذ) ضیق النفس، دمہ، دم رکنا، ہندو جوگیوں کا ایک عمل جس میں وہ سانس روکنے کی اس قدر مشق کرتے ہیں کہ کافی عرصہ تک بغیر سانس لیے زندہ سکتے ہیں۔
حبسِ دوام hab-se-da-vaam: (عف، امذ) ساری عمر کی قید، عمر قید۔
حبسیات hab-si-yaat: (ع، امث) قید سے نسبت رکھنے والی اشیا خصوصاً وہ نظمیں جو کوئی شاعر قید میں لکھے۔
حبشی hab-shi(i): (ع،امذ) (حبش سے منسوب) زنگی، سیاہ رنگ کا آدمی (صف) کالا، سیاہ (مث ار) حبشن۔
حبشی حلوا hab-shii hal-va(a): (ع،ار،امذ) ایک قسم کا سیاہ حلوا۔
حبل habl: (ع،امث) رسّی، موٹا دھاگا، رگ، نس، بند، جوڑ۔
حُبوب hu-buub: (ع،امث، حَب کی جمع) غلے، گولیاں۔
حبوبات ha-buu-baat: (عف،امث) وہ چیزیں جو زمیندار کو مفت نذر کر دی جاتی تھیں۔
حبّہ hab-ba(h): (ع،امذ) ذرا سا، تھوڑا سا، دانہ، غلہ، ایک چیز، ایک گولی، ایک جو کے برابر وزن، ایک ناپ جو دو جو کے برابر ہے۔
حبیب ha-biib: (ع،صف) پیارا، محبوب، معشوق
حبیبِ خُدا ha-bii-be-Ku-da(a): (ع، امذ) خدا کا دوست، خدا کا پیارا، کنایۃً رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

ح۔ت

حتم hatm: (ع،امذ) فیصلہ، قانونی حکم، ارادہ۔
حتمی hat-mi(i): (ع،صف) مضبوط، پختہ، پکا، مستقل۔
حتّٰی hat-ta: (ع، حروف جار) یہاں تک، اس قدر، جب تک۔
حتّی الِامکان احقی المقدور hat-tul-im-kaan

hat-tul-maq-duur: (ع، متعلق فعل) جہاں تک ہو سکے، جہاں تک ممکن ہو۔

حتیٰ کہ hat-taa-ke: (عف، متعلق فعل) یہاں تک کہ، جب تک کہ، اس حد تک۔

ح۔ج

حج haj: (ع، اند) ارادہ کرنا، وقت مقررہ پر بیت اللہ کی زیارت کرنا، اور مقررہ ارکان بجالانا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

حج اصغر haj-je-as-Gar: (ع، اند، بترکیب فارسی) چھوٹا حج جو ایام حج کے علاوہ اور دنوں میں ادا کیا جائے، عمرہ صوفیوں کی اصطلاح میں عام حج۔

حج اکبر haj-je-ak-bar: (ع، اند بترکیب فارسی) وہ حج جس کا بڑا ثواب ہو۔ وہ حج جو عمرہ کے مقابلہ میں نویں ذوالحجہ کو ہو، یا ادا کیا جائے۔

حجاب hi-jaab: (ع، اند) پردہ، اوٹ، حیا، شرم، لحاظ، نقاب، برقع، (افعال: آنا، اُٹھنا، لوٹنا، کرنا، ہونا) جمع: حجابات۔

حُجاب huj-jaab: (ار، اند) حاجب کی جمع، ابرو، دربان، پردے۔

حُجاج huj-jaaj: (ع، اند) دیکھیے 'حاجی' جس کی یہ جمع ہے۔

حجارہ hi-jaa-rah: (ع، اند) دیکھیے 'حجر' جس کی یہ جمع ہے۔

حجاز hi-jaaz: (ع، اند) عرب کا ایک حصہ جس میں مکہ، مدینہ اور طائف شامل ہیں۔ مجازاً مرکز اسلام، صف نسبتی: حجازی، موسیقی کا ایک مقام، ایک راگ کا نام۔

حجام haj-jaam: (ع، اند) لغوی معنی پچھنے لگانے والا، موتراش، نائی۔

حجامت ha-jaa-mat: (ع، امث) (پچھنے لگانا) موتراشی، بال کاٹنا، ڈاڑھی مونڈھنا۔

حجامی ha-jaa-mi(i): (عف، امث) سر مونڈنے کا کام، نائی کا پیشہ۔

حجب hajb: (ع، امث) ورثہ سے محرومی، چھپائی۔ پوشیدگی۔

حُجت huj-jat: (ع، امث) دلیل، برہان، تکرار، جھگڑا، (افعال: کرنا، ہونا، لانا، لگانا)

حجتی huj-ja-ti(i): (ع، ار، صف) جھگڑالو، تکرار کرنے والا۔

حجر ha-jar: (ع، اند) پتھر، سنگ۔

حجرِ اسود haj-re-as-vad: (ع، اند، بترکیب، فارسی) وہ سیاہ رنگ کا پتھر جو خانۂ کعبہ کی دیوار میں نصب ہے۔ اور اس کو بوسہ دیتے ہیں۔

حُجرہ huj-ra(h): (ع، اند) کوٹھڑی، خلوت خانہ، مسجد کے ایک طرف رہائشی کمرا۔

حجری haj-ri(i): (ع، صف) پتھریلا، پتھر کا بنا ہوا، سنگین۔

حجریات haj-ri-yaat: (ع، اند) پتھروں کی تحقیق کا علم۔

حجریت haj-ri-yat: (ع، اند) سنگینی، پتھریلاپن، سختی۔

حجلہ / حَجلہ haj-la(h): (ع، اند) دلہن کا چھپرکھٹ، پردۂ عروس آراستہ خیمہ۔

حجم hajm: (ع، اند) ضخامت، جسامت، موٹائی۔

ح۔د

حد had: (ع، امث) کنارہ، افق، سرحد، انتہا، اقلیدس کے مقررہ اصول، وہ سزا جو شریعت اسلامی کے مطابق دی جائے۔ مقررہ مقام پر روانہ ہونے کی جگہ، احاطہ، باڑا۔

حد بست had-bast: (عف، امث) حد بندی۔
حدِّ بلوغ had-de-bu-luuG: (عف، امث) جوان یا بالغ ہونے کی عمر۔
حد بندی had-ban-di(i): (عف، امث) حد بست، حد قائم کرنا۔
حد سے باہر had-se-baa-har: (ار، متعلق فعل) انتہائی۔
حدِّ فاصل had-de-faa-sil: (ع، امث) بترکیب فارسی، وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان آکر انھیں جدا کر دے۔
حداثت ha-daa-sat: (ع، امث) نیا پن، نوعمری، نو جوانی، شروع، آغاز، تازگی۔
حدّاد had-daad: (ع، امذ) لوہار، نعلبند، قید خانہ کا داروغہ، اسم کیفیت مث: حدّادی۔
حدائق ha-daa-iq: (ع، امذ) حدیقہ کی جمع، باغ
حِدّت hid-dat: (ع، امث) گرمی، تپش، جوش، زور، قوت، طاقت۔
حدث hads: (ع، امذ) وضو ٹوٹ جانا، کوئی چیز جو پہلی دفعہ ہو، نئی چیز، ایجاد، عجوبہ، پاخانہ، پیشاب۔
حدقہ ha-da-qa(h): (ع، امذ) آنکھ کا پیالہ، آنکھ کا خانہ۔
حُدوث hu-duus: (ع، امذ) نیا تازہ جوان ہونا، قدیم کی ضد، پیدا ہونا۔
حُدود hu-duud: (ع، امث) حد کی جمع۔
حُدودِ اربعہ hu-duud-i-ar-ba(?)h: (ع، امث) چاروں سمتیں، شمال جنوب، مشرق، مغرب، چاروں سمتوں کے ملک علاقوں جگہوں کی تفصیل۔ چوحدی۔
حُدودِ شرعی hu-duu-de-shar-(?)i(i): (ع، امث) وہ سزائیں جو احکام شرعی کے مطابق ہوں۔

حُدی hu-di(i): (ع، امذ) ساربانوں کا گیت جس کو سن کر اُونٹ مست ہو کر تیز چلتا ہے۔
حدیث ha-diis: (ع، امث) قول وفعل وتقریر جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھیں جسے خبر بھی کہتے ہیں۔ بات، نئی چیز۔
حدیثِ شاذ ha-dii-se shaaz: (ع، امث) وہ حدیث جس کو کسی ثقہ راوی نے روایت کیا ہو، جو اس سے مرجح راوی کی روایت کے خلاف ہو۔
حدیثِ فعلی ha-dii-se-fe(?)-li(i): (ع، امث) وہ کام جو پیغمبر اسلام علیہ السلام نے کیا۔
حدیثِ قولی ha-dii-se-qo-la: (ع، امث) وہ کام جس کے متعلق حضور اکرمؐ نے ارشاد فرمایا ہو۔
حدید ha-diid: (ع، امذ) لوہا۔
حدیقہ ha-dii-qa(h): (ع، امذ) باغ جس کے گرد چار دیواری ہو، پھلوں کا باغ۔

ح۔ذ

حذاقت ha-zaa-qat: (ع، امث) عقلمندی، دانائی، زیرکی، چالاکی، تیزی، مہارت۔
حذر ha-zar: (ع، امذ) ڈر، خوف، خطرہ، احتیاط، پرہیز۔
حذف hazf: (ع، امذ) دور کرنا، گرا دینا، کسی عبارت سے کسی لفظ کو گرا دینا، (افعال: کرنا، ہونا)

ح۔ر

حَر har: (ع، امذ) گرمی، حرارت، جوش۔
حُر hur: (ع، امذ) آزاد شخص جو غلام نہ ہو مث: حُرّہ۔
حِرا hi-ra(a): (ع، امذ) مکہ کے نزدیک ایک پہاڑی غار جہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عبادت کے لیے

جایا کرتے تھے۔ جہاں پہلے پہل وحی نازل ہوئی۔

حرارت ha-raa-rat: (ع، امث) گرمی، حدت، خفیف تپ، غصہ، جذبہ، جلال۔ (افعال: آنا، ہونا)

حرارہ ha-raa-ra(h): (ع، امذ) جوش، غلبہ، شوق، غصہ کا غلبہ تیزی تندی، حرارت کی اکائی، حرارت کی وہ مقدار جو ایک گرام پانی کو ایک درجہ سینٹی گریڈ تک گرم کرنے کے لیے درکار ہوتی ہے (انگریزی لفظ) کا ترجمہ۔

حراست hi-raa-sat: (ع، امث)، نظربندی، حوالات، محافظت، نگہبانی، (افعال: میں لانا، میں لینا، میں رکھنا)

حراف har-raaf: (ع، صف) چالاک، تیز، شوخ دیدہ، خوش مزاج مث: حرافہ۔

حرام ha-raam: (ع، امث) ناجائز، ممنوع، خلاف شرع ناشائستہ، ناپاک، مقدس، پاک، ناجائز کام، گناہ، بدکاری۔

حرام خوار / خور ha-raam Kwaar/Kor: (عف، امذ) مردار خور، رشوت خور، مفت خور، (صف) نمک حرام، کورنمک، بےوفا، بےمروت۔

حرام زادہ ha-raam zaa-da(h): (عف، امذ) وہ جس کے باپ کا نکاح اُس کی ماں سے نہ ہوا ہو۔ ولدالزنا، شریر، مفسد، اسم کیفیت مث: حرام زادگی / زدگی مث: حرامزادی۔

حرام کار ha-raam kaar: (عف، صف) زانی، بدکار، بدفعل، اسم، کیفیت مث: حرام کاری۔

حرام مغز ha-raam maGz: (عف، امذ) وہ گودا جو ریڑھ کی ہڈی میں ہوتا ہے۔

حرامی ha-raa-mi(i): (عف، امذ) حرامزادہ، (صف) شریر، بدذات۔ جو ناجائز نطفے سے پیدا ہوا ہو۔

حرب harb: (ع، امث) لڑائی، کارزار، جنگ۔

حربہ har-ba(h): (ع، امذ) آلۂ جنگ، ہتھیار، چوبدستی، تازیانہ (ق)

حربی har-bii: (ع، امذ) دارالحرب کا رہنے والا شخص (صف) لڑائی کے متعلق بخالف دشمن جنگجو شجاع سپاہی۔

حرج ha-raj: (ع، امذ) تنگی، سختی، نقصان، کمی، ضرور، دیر۔

حرز hirz: (ع، امذ) پناہ گاہ، ملجا، تعویذ، جنتر۔

حرص hirs: (ع، امث) لالچ، طمع، خواہش، آرزو، ہوس، تمنا، رغبت، (افعال: کرنا، ہونا)

حرصی hir-si(i): (ار، صف) حریص، لالچی۔

حرف harf: (ع، امذ) وہ نشان جو آواز کو ظاہر کرے، حرف تہجی، لغوی معنی، کنارہ، طرف، سخن، کلمہ، نقص، عیب، وہ کلمہ جس کے معنی دوسرے لفظ کے بغیر سمجھ میں نہ آئیں۔

حرف آشنا harf-aash-na(a): (عف، صف) مبتدی، نوآموز، وہ شخص جو تھوڑا سا پڑھ سکے۔

حرف بحرف harf-ba-harf: (ار، متعلق، فعل) ایک ایک حرف کر کے، لفظ بہ لفظ۔

حرف شکایت har-fe shi-kaa-yat: (ع، امذ بترکیب فارسی) شکایت کی بات۔

حرف شناس harf-sha-naas: (عف، امذ، صف) نوآموز، اسم کیفیت مث: حرف شناسی۔

حرف مطلب harf mat-lab: (عف، امذ) مطلب کی بات درخواست۔

حرف مکرر har-fe-mu-kar-rar: (ع، امذ) (بترکیب فارسی) وہ حرف جو غلطی سے دوبارہ لکھا گیا ہو۔

حرف و حکایت / سخن har-fo-ha-kaa-yat: (عف، امذ) گفتگو، بات چیت۔

حرفت hir-fat: (ع، امث) پیشہ، کسب ہنر، علم، چالاکی، مکاری، عیاری۔

حرفہ har-fah: (ع، امذ) پیشہ، کسب، ہنر، کسی کار خانہ کا خاص نشان، ٹریڈ مارک۔

حرکاتِ ثلاثہ har-kaa-te-sa-laa-sa(h): (ع،امث) تینوں حرکتیں، زیر، زبر، پیش۔

حرکات وسکنات har-kaa-to sak-naat: (ع،امث) اٹھنا، بیٹھنا، ہلنا، جلنا۔

حرکت har-kat: (ع، امث) جنبش، ہلنا، چلنا، سفر، تڑپ، اضطراب، فعل، کردار، شرارت، گناہ، اعراب، زبر، زیر، پیش میں سے کوئی ایک۔

حرکت دینا har-kat de-na(a): (ار، مص، مرکب) ہلانا چلانا، اعراب دینا۔

حرکتِ مذبوحی har-ka-te-maz-buu-hi(i): وہ تھوڑی سی حرکت جو مذبوح جانور کرے، تھوڑی سی حرکت جو بے اختیاری میں ہو جائے۔

حرم ha-ram: (ع، امذ، مث) خانہ کعبہ کی چار دیواری اندرونِ خانہ، زنان خانہ، زنانہ محلات، باندی، خادمہ۔

حرماں hir-maaN: (ع، امذ) مایوسی، نا اُمیدی، بدقسمتی، انکار، نہ دینا۔

حرماں نصیب hir-maaN na-siib: (ع، صف) بدقسمت، بدبخت، جس کی قسمت میں نااُمیدی ہو، اسم کیفیت مث: حرماں نصیبی۔

حُرمت hur-mat: (ع، امث) تقدس، عزت، آبرو، عظمت، مذہب کی رو سے حرام ہونا۔

حرمل har-mal: (ع، امذ) کالا دانہ، سُداب، اسپند۔

حرمین شریفین har-main-sha-rii-fain: (ع، امذ) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ۔

حرُوب hu-ruub: (ع، امث) 'حرب' کی جمع لڑائیاں۔

حرُوف hu-ruuf: (ع، امذ) حرف کی جمع۔

حرُوفِ اعرابی hu-ruu-fe-a(?)-raa-bi(i): (عف، امذ) وہ حروف جو اعراب کا کام دیں، یعنی ا، و، ی۔

حرُوفِ تہجی hu-ruu-fe-ta-haj-ji(i): (عف، امذ) حروفِ ہجا، ا، ب، ت وغیرہ۔

حرُوفِ شمسی hu-ruu-fe sham-si(i): (عف، امذ) وہ حروف جن سے پہلے 'ال' تلفظ میں نہ آئے، جیسے عبدالرحیم میں 'ر' اور والشمس میں 'ش'۔

حرُوفِ قمری hu-ruu-fe-qam-ri(i): (عف، امذ) وہ حروف جن سے پہلے ال تلفظ میں آئے جیسے ابوالبرکات میں ب اور عبدالحسیب میں ح۔

حرُوفِ متشابہ hu-ruu-fe-mu-ta-shaa-ba(h): (ع، امذ بترکیب فارسی) وہ حروف جن کی صورت، ایک جیسی ہو۔

حرُوفِ معجمہ hu-ruu-fe-ma(?)-ja-ma(h): (عف، صف) وہ حروف جن پر نقطہ ہو، مثلاً ب، ت، ث، وغیرہ۔

حرُوفِ مغیّرہ hu-ruu-fe-mu-Gay-ya-ra(h): (عف، امذ) وہ حروف جن کے پہلے اسما اور صفات میں امالہ واقع ہو جاتا ہے۔ جیسے کا، کے، کو، نے، میں وغیرہ۔

حرُوفِ مقطّعات hu-ruu-fe-mu-qa-ta(?)-aat: (عف، امذ) وہ حروف جو قرآن شریف کی بعض صورتوں کے شروع میں آتے ہیں۔ اور جن کے معنی کسی کو معلوم نہیں جیسے الٓمٓ، حٰمٓ وغیرہ۔

حرُوفِ مُہملہ / غیر منقولہ hu-ruu-fe-muh-ma-la(h): (ع، امذ) بے نقط حروف۔

حرُوفِ تہجّی hu-ruu-fe-hij-jah: (عف، اند) دیکھیے 'حروف تہجی'

حُرِّیّت hur-ri-yat: (ع، امث) غلامی کے بعد آزادی، آزادی۔

حریر ha-riir: (ع،امذ) ریشم،ریشمی کپڑا،صف نسبتی: حریری۔

حریرہ ha-rii-rah: (ع، امذ) ایک پینے کی چیز جو میدہ، سوجی اور کھانڈ ملا کر پکاتے ہیں، پتلا حلوا۔

حریص ha-riis: (ع، امذ) لالچی، حاسد، پیٹو، دیکھا، دیکھی، کام کرنے والا۔

حریصہ ha-rii-sa: گوشت اور دلیا کو ملا کر پکائے گئے کھانے کی ایک قسم

حریف ha-riif: (ع، امذ) ہم پیشہ، ہم سر، ہم مشرب (ف) دشمن، بدخواہ، چرپرا، چالاک، ہوشیار، شوخ، شریک مث: حریفہ۔

حریم ha-riim: (ع، امذ) خانہ کعبہ کی باہر کی دیوار، گھر کی چار دیواری، مکان، گھر، حرم، حق، منصب، موافق، حاجی کا لباس، احرام کا لباس۔

حریمہ ha-rii-ma(h): (ع، امث) ممانعت، مزاحمت، رکاوٹ۔

ح۔ز

حزب hizb: (ع، امذ) جتھا، گروہ، جماعت، وظیفہ یا ورد کا حصہ۔

حزبِ اختلاف / مُخالف hiz-be-iK-ta-laaf: (ع، امث) پارلیمنٹ یا اسمبلی میں حکومت کے مخالف جماعت۔

حزبِ اقتدار hiz-be-iq-te-daar: (ع،امث بترکیب فارسی) اسمبلی میں حکومت کی جماعت۔

حزم hazm: (ع،امذ) احتیاط، ہوشیاری، دوراندیشی۔

حُزن huzn: (ع،امذ) رنج، ملال، غم، اندوہ، سرور کی ضد۔

حُزنیہ huz-ni-ya(h): (ع، صف، امذ) دیکھیے 'المیہ' غمناک۔

حزیں ha-ziiN: (ع، صف) غمگین، رنجیدہ، ملول، اسم، کیفیت مث: (ف) حزینی، باریک آواز۔

ح۔س

حِس his: (ع،امث) محسوس کرنے کی قوت، خبیث حرکت۔

حِسِ باطنی his-se-baat-ni(i): (ع، امث بترکیب فارسی) محسوس کرنے کی اندرونی قوت۔

حِسِ ظاہری his-se-zaa-hi-ri(i): (ع، امث، بترکیب فارسی) محسوس کرنے کی بیرونی قوت، جیسے باصرہ دیکھنے کی اور سامعہ سننے کی۔ وغیرہ۔

حِسِ مُشترک his-se-mush-ta-rak: (ع،امث، بترکیب، فارسی) وہ قوت جو حواس خمسہ کے ذریعے محسوس کی ہوئی صورتوں کو قبول کر کے ایک خزانہ میں جمع کر دیتی ہے۔ یہ خزانہ خیال ہے۔ عقل عامہ۔

حِساب hi-saab: (ع، امذ) گنتی، شمار، علم ریاضی کی ایک شاخ، نرخ، بھاؤ، قیمت، قاعدہ، ڈھنگ، طور، لین دین، سمجھ، میزان، جوڑ، حالت، کیفیت۔

حِسابِ جُمَل hi-saab-ju-mal: (ع، امذ) ابجد کے عددوں کا حساب، علم الاعداد: اد، حروف کے اعداد کا علم۔

حِساب دار hi-saab daar: (عف، صف) کسی دُکان یا بنک کا حساب رکھنے والا، وہ شخص جس نے بنک میں اپنا حساب کھولا ہوا ہو۔

حِساب دان hi-saab-daan: (عف، صف) حساب کا ماہر، علم حساب سے واقف۔

حِساب کتاب hi-saab-ki-taab: (ع، امذ)

لین دین، ربط، ضبط، میل ملاپ۔

حِسابی hi-saa-bi(i): (ار، صف) حساب دان، (امث) حساب کی بات، قاعدہ کی بات۔

حُساد hus-saad: (ع، امذ) دیکھئے 'حاسد' جس کی یہ جمع ہے۔

حسّاس has-saas: (ع، امبالغہ) زیادہ محسوس کرنے والا، ہوشیار، چالاک۔

حُسام hu-saam: (ع، امث) تلوار، شمشیر، بُرّاں۔

حُسامی hu-saa-mi(i): (ع، صف) تلوار چلانے والا، شمشیر زن۔

حَسّان has-saan: (ع، امذ) بہت اچھا، بڑا عقلمند، حسانؓ بن ثابت انصاری صحابی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جو بہت بڑے شاعر اور مداح رسول اکرمؐ تھے

حسب ha-sab: (ع، امذ) سلسلۂ خاندان، بڑائی، بزرگی، اندازہ، شمار۔

حَسَب نَسَب hasab-nasab: (ع، امذ) ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔

حسْب hasb: (ع، متعلق فعل) بموجب، مطابق، موافق۔

حسبِ ارشاد has-be ir-shaad: (ع، متعلق فعل) بموجب حکم، حکم کے مطابق۔

حسبُ الامر / حسبُ الحکم has-bul amr / has-bul-hukm: (ع، متعلق، فعل) حکم کے مطابق، ہدایت کے مطابق۔

حسبِ توفیق has-be tau-fiiq: (ع، متعلق فعل بترکیب فارسی) حیثیت کے مطابق۔

حسبِ حال has-be haal: (ع، متعلق، فعل، بترکیب فارسی) حال کے مطابق، موقع محل کے مطابق

حسبِ دستور has-be das-tuur: (ع، متعلق فعل) دیکھیے حسب قاعدہ/ضابطہ۔

حسبِ دل خواہ has-be-dil-Kwaah: (ع، ف، مثل) دلی خواہش کے مطابق۔

حسبِ ذیل has-be-zail: (ع، متعلق، فعل، بترکیب فارسی) نیچے دیئے ہوئے کے مطابق۔

حسبِ فرمائش has-be-far-maa-ish: (عف، متعلق فعل) کہنے کے مطابق فرمائش کے مطابق۔

حسبِ قاعدہ / ضابطہ has-be qaa-(?)i-da(h): (ع، متعلق فعل بترکیب فارسی) قاعدہ کے مطابق۔

حسبِ معمول has-be ma(?)muul: (ع، متعلق فعل بترکیب فارسی) دستور کے مطابق، معمولی طور پر۔

حسبِ مقدور has-be maq-duur: (ع، متعلق، فعل بترکیب فارسی) اپنی بساط اور حیثیت کے مطابق۔

حسبِ منشا has-be man-sha(a): (عف، متعلق فعل) خواہش اور ارادہ کے مطابق۔

حسد ha-sad: (ع، امذ) جلن، کسی کا زوال چاہنا، عداوت، بغض، کینہ (افعال: کرنا، رکھنا، ہونا)

حسرت has-rat: (ع، امث) افسوس، تاسف، کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس، آرزو، ارمان، (افعال: آنا، باقی رہنا، کرنا، لے جانا، نکالنا)

حسرت آلودہ has-rat aa-luu-da(h): (عف، صف) غمزدہ، حسرت بھرا۔

حسرت آیات has-rat-aa-yaat: (ع، صف، بترکیب، فارسی) پرحسرت، افسوسناک، رنج دہ۔

حسرت انگیز has-rat an-gez: (عف، صف) جس کو دیکھ کر ارمان اُبھر آئیں۔

حسرت بھرا has-rat bha-ra(a): (ار، صف) پُر ارمان، پرشوق، پر رنج۔ مث: حسرت بھری۔

حسرت زدہ has-rat zada(h): (عف، صف، مفعولی) غمزدہ، مایوس، اسم کیفیت مث: حسرت زدگی۔

حسرت سنج has-rat sanj: (عف، صف) پُر حسرت، آرزومند، اسم کیفیت مث: حسرت سنجی۔

حَسَن ha-san: (ع، صف) خوبصورت، نیک، (مذ) حضرت علیؓ کے بڑے فرزند۔

حُسن husn: (ع، مذ) خوبصورت، خوبی، عمدگی، خوش نمائی، دل ربائی، رونق، جوبن، بہار۔

حُسنِ اتفاق hus-ne-it-ta-faaq: (ع، مذ، بترکیب فارسی) اچھا موقع، اچانک اچھا موقع۔

حُسنِ اخلاق hus-ne-aK-laaq: (ع، مذ بترکیب، فارسی) خوش خلقی، تواضع، ملنساری۔

حُسنِ انتظام hus-ne in-ti-zaam: (ع، مذ، بترکیب فارسی) انتظام کی خوبی، خوش انتظامی۔

حُسنِ بیان hus-ne-ba-yaan: (ع، مذ) بترکیب فارسی، خوش بیانی۔ کسی چیز کو موثر طور پر بیان کرنا۔

حُسنِ تدبیر hus-ne-tad-biir: (ع، مذ، بترکیب فارسی) خوش تدبیری، عمدہ مشورہ۔

حسنِ تعلیل hus-ne-ta(?)-liil: (ع، مذ بترکیب فارسی) شاعری کی ایک صنف جس میں شاعر ایک ایسی چیز کو کسی چیز کی علت فرض کر لیتا ہے، جو در حقیقت اس کی علت نہیں ہوتی۔

حُسن خیز hus-ne-Kaiz: (عف، صف) حسن پیدا کرنے والا۔

حُسن دان husn-daan: (عف، مذ) چھوٹا سا پاندان، جس میں سامانِ آرائش ہوتا ہے۔

حُسنِ سلوک hus-ne-so-luuk: (ع، مذ، بترکیب فارسی) برتاؤ کی اچھائی، اچھا رویہ۔

حسن صبیح hus-ne-sa-biih: (ع، مذ، بترکیب فارسی) دلکش، گورا رنگ، گورے رنگ کی خوبصورتی۔

حُسنِ طلب hus-ne-ta-lab: (ع، مذ بترکیب فارسی) کسی چیز کو اشارہ سے طلب کرنا، طلب کرنے کا اچھا طریقہ۔

حُسنِ ظن hus-ne-zan: (ع، مذ، بترکیب فارسی) نیک گمان، کسی کے متعلق اچھا خیال۔

حُسنِ قبول hus-ne-qa-buul: (ع، مذ، بترکیب فارسی) اچھے طریقہ سے قبول کرنا، پسندیدگی، من بھاؤنا۔

حسنِ گلو سوز hus-ne-ga-luu-soz: (عف، مذ) بہت دل کش حسن۔

حُسنِ مطلع hus-ne-mat-la(?): (عف، مذ) غزل یا قصیدہ کا دوسرا مطلع۔

حُسنِ ملیح hus-ne-ma-liih: (ع، مذ۔ بترکیب فارسی) ملاحت، گندمی رنگ کا حُسن

حَسَنہ ha-sa-na(h): (ع، مث) نیکی، بھلائی، جمع: حسنات۔

حُسنیٰ hus-na(a): (ع، مث) حسن کا مونث، اچھی، خوبصورت۔

حَسنَین has-nain: (ع، مذ) امام حسنؓ اور امام حسینؓ۔

حسُود ha-suud: (ع، امبالغہ) بہت حسد کرنے والا، بڑا بدخواہ۔

حسُود ha-suud: (ع، مذ) دیکھیے 'حاسد' جس کی یہ جمع ہے۔

حسِین ha-siin: (ع، صف) خوبصورت، شکیل، مث: حسینہ۔

حُسَین hu-sain: (ع، مذ) حضرت علیؓ کے دوسرے صاحبزادے جو کربلا میں شہید ہوئے۔

ح۔ش

حشر hashr: (ع، مذ) ایک مقام پر زیادہ اجتماع،

قیامت، روزِ حساب (ار) شور وغل، غوغا، ہنگامہ، چیخنا، رونا، پیٹنا، ہجوم، بھیڑ۔

حشر ڈھانا hashr-Dhaa-na(a): (ار، محاورہ) کہرام مچانا/مچنا، قیامت ڈھانا/ٹوٹنا، شور مچانا/مچنا۔

حشر ہونا hashr-ho-na(a): (ار، محاورہ) کہرام مچنا، غل شور ہونا، انجام ہونا۔

حشراتُ الارض ha-sha-ra-tul arz: (ع، اند) برساتی کیڑے، زمینی کیڑے، کیڑے مکوڑے، سانپ، بچھو، کنکھجورے وغیرہ۔

حشری hash-ri(i): (ار، صف) خوفناک، ہیبت ناک، تند اور شرارتی گھوڑا، وہ گھوڑا جو اور گھوڑوں میں مل کر نہ رہے۔ دنگئی گھوڑا۔

حشری باغی hash-rii baa-Gii: (ار، اند) وہ باغی جو دوسروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کرے۔

حشریات hash-ri-yaat: (ع، اند) کیڑے مکوڑوں کی تحقیق کا علم۔

حشفہ hash-fa(h): (ع، اند) آلۂ تناسل کا اگلا حصہ، سرِ ذکر، سپاری۔

حَشَم ha-sham: (ع، اند) نوکر چاکر، ملازمان۔ (حاشم کی جمع)

حشم وخدم hash-mo-Ka-dam: (ع، اند) ملازمان، نوکر چاکر۔

حشمت / حشمت hash-mat: (ع، اند) ملازمان، نوکر چاکر، خدمتگاروں کا گروہ، شان و شوکت، دبدبہ، جلوس، ساز و سامان، سواری، سامان لشکر، اسباب فوج، عظمت، بزرگی، مرتبہ، شان، دولت۔

حشو hashv: (ع، اند) زائد کلام، عبارت میں بھرتی کی چیز، فضولیات، الابلا، گھٹیا درجے کے لوگ، (عروض) مصرعہ کا درمیانی حصہ۔

حشیش ha-shiish: (ع، اسث) خشک پتے یا گھاس، بھنگ کے خشک پتے۔

ح۔ص

حِصار hi-saar: (ع، اند) چار دیواری، احاطہ، گھیرا، شہر پناہ، فصیل، قلعہ، وہ دائرہ جو عامل یا جادوگر اپنے گرد بطور حفاظت کھینچ لیتا ہے۔

حصر hasr: (ع، اند) گھیرنا، احاطہ کرنا۔

حِصص hi-sas: (ع، اند) دیکھیے 'حصہ' جس کی یہ جمع ہے۔

حِصن hi-san: (ع، اند) قلعہ، حصار، جائے پناہ، حراست، اسلحہ، زرہ، تباہی، ہلاکت۔

حُصُول hu-suul: (ع، اند) حاصل، فائدہ، نفع، پیداوار، فصل، اولاد، نتیجہ، انجام، انت۔

حِصّہ his-sa(h): (ع، اند) ٹکڑا، پارہ، جز، انش، تقسیم، بخرہ، بانٹ، بھاگ، جزو کتاب، صیغہ، سررشتہ، قسم، نوع۔

حصہ بخرہ his-sah baK-ra(h): (عف، اند) تقسیم، بانٹ، کھانے پینے کی چیزوں کا حصہ، ان کا آپس میں لینا دینا، میل ملاپ (افعال: کرنا ہو جانا، ہونا)

حصہ دار his-sah daar: (ع، اند) شریک، ساجھی، سہیم، کمپنی کے کسی حصہ کا مالک، پتی دار، اسم کیفیت مث: حصہ داری۔

حصہ رسد / رسدی his-sah ra-sa-di(i): (عف، اسث) حصہ کے مطابق، جتنا جتنا حصے میں آئے، برابر حصہ، زمین کا ایک چھوٹا حصہ، حصہ پر منافع، محصول، باچھ۔

ح۔ض

حضر ha-zar: (ع، اند) سفر کی ضد، کسی ایک جگہ کا

قیام، پڑاؤ، مقام، شہر، ملک۔

حضرت haz-rat: (ع، اند) حضور، قبلہ، جناب، عزت کا خطاب، پیغمبروں کا خطاب، نزدیکی، کنایۃً رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (صف) طنزاً شریر، بدذات، چالاک، جمع: حضرات۔

حضرت سلامت haz-rat sa-laa-mat: (ع، اند) جناب عالی، قبلہ سے بادشاہوں کو خطاب کرتے ہیں۔

حضری haz-ri(i): (ع، صف) شہری لوگ، بدوی کی ضد۔

حُضُور hu-zuur: (ع، اند) موجودگی، حاضری، جناب، حضرت، قبلہ، روبرو، سامنے۔

حُضُورِ اقدس hu-zuure aq-das: (ع، اند) جناب پاک، خداوند، حاکم یا کسی بزرگ کے سامنے یا خدمت میں۔

حُضُوری hu-zuu-ri(i): (ع، اث) حاضری، نزدیکی، بادشاہی دربار/اجلاس۔

ح۔ط

حطّاب hat-taab: (ع، اند) لکڑہارا، لکڑی بیچنے والا۔

حطب ha-tab: (ع، اند) ایندھن، تہمت، الزام۔

حطمہ hat-ma(h): (ع، اند) دوزخ کا تیسرا طبقہ، تیز، آگ۔

حطیم ha-tiim: (ع، اند) پچھلے سال کا، پودا، شکستہ، دیوارِ کعبہ۔ کعبہ کا وہ پتھر جو رکن اور زم کے درمیان ہے۔

ح۔ظ

حظ haz: (ع، اند) لطف، مزہ، عیش، نشاط، خوشی، انبساط، نصیب، بخت، اقبال، بختاوری، خوش قسمتی، خوش نصیبی، حصہ، بہرہ۔ (افعال: اٹھانا)

حظِ نفسانی haz-ze-naf-saa-ni(i): (ع، اند) حیوانی مزہ، بدنی خوشی، جماع۔

حظوظ ha-zuuz: (ع، اند) دیکھیے 'حظ' جس کی یہ جمع ہے۔

ح۔ف

حف نظر haf-na-zar: (ع، متعلق فعل) چشم بددور، دفع نظر کے لیے کہتے ہیں۔

حِفاظت hi-faa-zat: (ع، اث) بچاؤ، سلامتی، نگرانی، یاد (افعال: کرنا، ہونا)

حِفظ hifz: (ع، اند) حفاظت، خبرداری، ازبر، زبانی، (افعال: کرنا، ہونا)

حِفظِ امن hif-ze-aman: (ع، اند) امن قائم رکھنا، قیام امن، امن وسکون کی حفاظت۔

حِفظِ جاں hif-ze-jaaN: (ع، اند) جان کی حفاظت، بچاؤ۔

حِفظِ صحت hif-ze-se-hat: (ع، اند) صحت کا بچاؤ، تندرستی کی حفاظت۔

حِفظِ ماتقدم hif-¯e-ma-ta-qad-dam: (ع، اند) پہلے سے بچاؤ کرنا، پیش بندی، حفاظت کرنا۔

حِفظِ مراتب hif-ze-ma-raa-tib: (ع، اند) مرتبے کا پاس، حیثیت کا لحاظ۔

حفیظ ha-fiiz: (ع، صف) محافظ، نگہبان، ولی، خدا کا صفاتی نام۔

ح۔ق

حق haq: (ع، اند) سچ، لائق، واجب، ذاتِ خدا، درست، فرض، جائز، انصاف، صلہ، بدلہ، مزدوری، انعام۔

حق آشنا haq-aash-na(a): (عف، صف) خدا پرست، سچی اور حق بات کہنے والا، اسم کیفیت مث:

حق آشنائی۔

حق اِرجاع (نالش) haq-ir-jaa(?): (عف،اند) نالش یا مقدمہ دائر کرنے کا حق۔

حقُّ السعی/المحنت haq-qus-sa-(?)i(i): (ع،اند) محنت کا حق، محنت کی مزدوری۔

حقُّ العباد haq-qul-(?)a-baad: (ع، اند) بندوں کا حق، انسان کا انسان پر حق۔

حقُّ النظر haq-qun-na-zar: (ع،اند) کھانے میں سے تھوڑا سا نکال کر رکھ دیتے ہیں جو حق النظر کہلاتا ہے۔

حقُّ الیقین haq-qul-ya-qiin: (ع،اند) تصوف کی اصطلاح، اللہ تعالیٰ کو دل کی آنکھ سے دیکھنا۔ اللہ پر پورا پورا یقین۔

حق بجانب haq-ba-jaa-nib: (عف،صف) سزاوار، لائق، حق پر۔

حق بحقدار رسید haq-ba-haq-daar ra-siid: (ف، مثل) جس کا حق تھا اسے مل گیا۔

حق پرست haq-pa-rast: (عف،صف) حق کی عبادت کرنے والا، خداپرست، سچائی، آدمی انصاف والا۔ اسم کیفیت مث: حق پرستی۔

حق پژدہ haq-paz-da(h): (عف،صف) حق تلاش کرنے والا، اسم کیفیت: حق پژدہی۔

حقِ تصنیف / تالیف haq-qi-tas-niif: (ع،اند بترکیب فارسی) کتاب لکھنے کا معاوضہ، وہ رقم جس کے عوض مصنف کسی کو اپنی کتاب چھاپنے کا حق دے دے۔

حق تلفی haq-tal-fi(i): (عف، امث) کسی کا حق مار لینا، بے انصافی۔

حق حلال haq-ha-laal: (ع،اند) جائز، مباح، صحیح، درست۔

حق دار haq-daar: (عف،صف) حق رکھنے والا، مستحق، اسم کیفیت مث: حق داری۔

حق رسی haq-ra-si: (عف امث) حق کو پہنچنا، انصاف، عدل، نیاؤ۔

حقِ سرکار haq-qe-sar-kaar: (عف، اند) خراج، مالگزاری۔

حقِ سِرّہ haq-qe-sir-rah: (ع، مقولہ) اس کا بھید سچ ہے، اللہ کی ذات حق ہے۔ عارفوں اور درویشوں کا نعرہ۔

حقِ شفعہ haq-qe-shof-(?)a(h): (ع،اند) اپنے مکان یا زمین سے ملتی ہوئی زمین یا مکان خریدنے کا قانونی طور پر فائق حق۔

حق شناس haq-sha-naas: (عف،صف) حق کو پہنچانے والا، خدا شناس، قدر دان، جوہر شناس، اسم کیفیت مث: حق شناسی۔

حق فراموش haq-fa-raa-mosh: (عف، صف) دوسرے کا حق بھول جانے والا، اسم کیفیت مث: حق فراموشی۔

حق گو haq-go: (عف،صف) سچ کہنے والا، انصاف کی بات کہنے والا، اسم کیفیت مث: حق فراموشی۔

حق میں haq-maiN: (ع، متعلق فعل) (ا) نسبت میں، باب میں، تائید میں، حمایت میں۔

حق ناشناس haq-na-sha-naas: (عف، صف) ناشکرگزار، اسم کیفیت مث: حق ناشناسی۔

حق نیوش haq nu-yuush: (عف،صف) سچی بات سننے والا حق جاننے والا، حق پسند، اسم کیفیت۔

حقّا haq-qa(a): (ف، کلمہ، قسم) سچ ہے، قسم ہے خدا کی۔

حِقارت ha-qaa-rat: (ع،امث) ذلّت، بے عزتی،

حقت، نفرت۔

حقانی haq-qaa-ni(i): (عف، صف) حق سے نسبت رکھنے والا۔

حقانیت haq-qaa-ni-yat: (عف، امث) خدا کی طرف منسوب ہونا، سچی باتیں، اصلی کیفیت۔

حقائق ha-qaa-iq: (ع، امذ) دیکھیے 'حقیقت' جس کی یہ جمع ہے۔

حقنہ huq-na(h): (ع، امذ) ایک دوا پچکاری سے پاخانے کے مقام میں چڑھانا تاکہ پاخانہ آجائے۔ (افعال: کرنا)

حقوق hu-quuq: (ع، امذ) دیکھیے 'حق' جس کی یہ جمع۔

حقہ huq-qah: (ع، امذ) زیور / عطر / جواہرات رکھنے کا ڈبا، تمباکو پینے کا آلہ۔

حقہ باز huq-qaa baaz: (ف، صف) بھان متی، بازی گر، مکار، حقہ پینے والا، اسم کیفیت مث: حقہ بازی۔

حقیت haq-qi-yat: (ع، امث) حق، حق داری، ملکیت۔

حقیر ha-qiir: (ع، صف) چھوٹا، ادنیٰ، ذلیل وخوار، اوچھا، کمینہ (افعال: جاننا، سمجھنا، کرنا)

حقیقت ha-qii-qat: (ع، امث) اصل، جڑ، بنیاد، حال، سچائی، سرگزشت، مجاز کی ضد۔

حقیقتاً / حقیقۃً ha-qi-qa-tan: (ع، متعلق فعل) واقعی، فی الحقیقت۔

حقیقی ha-qii-qi(i): (ع، صف) اصلی، سچا، کھرا، بلا آمیزش، اپنا، سگا، ذاتی۔

ح-ک

حک hak: (ع، امذ) چھیلنا، دور کرنا، کسی دوسری چیز سے کھرچنا۔

حکاک hak-kaak: (ع، امذ) حرف کھودنے والا، نگینہ ساز۔

حکام huk-kaam: (ع، امذ) دیکھیے 'حاکم' جس کی یہ جمع ہے۔

حکایت hi-kaa-yat: (ع، امث) کہانی، قصہ، داستان، جمع: حکایات۔

حکایتاً / حکایۃً hi-kaa-ya-tan: (ع، متعلق فعل) بطور ذکر۔

حکم hukm: (ع، امذ) فرمان، پروانہ، ارشاد، فتویٰ، شرعی فیصلہ، اجازت، پروانگی، تاش کا ایک رنگ جس کی شکل وصورت سیاہ رنگ کے پان کی سی ہوتی ہے۔ اختیار، قانون، قاعدہ، (نجوم) پیش گوئی۔

حکمِ امتناعی huk-me im-ta-naa-i(i): (ع، امذ، بترکیب، فارسی) کسی فعل سے باز رکھنے کا حکم۔ ممانعت کا حکم۔

حکم راں hukm-raaN: (ف، صف) حاکم، بادشاہ، فرمانروا، اسم کیفیت مث: حکم رانی۔

حکمِ شرعی huk-me-shar(?)-i(i): (ع، امذ) وہ حکم جو اسلام کے مطابق ہو یا اسلامی اصول کے مطابق ہو۔

حکم ظہری hukm-zah-ri(i): (ع، امذ) (بترکیب فارسی) وہ حکم جو کسی درخواست یا رپورٹ کی پشت پر لکھا جائے۔

حکمِ قطعی / ناطق huk-me-qa-ta(?)-i(i): (ع، امذ) دیکھیے 'حکم آخر'۔

حکم نامہ hukm-naa-ma(h): (عف، امذ) تحریری حکم، وہ حکم جو کسی بااختیار حاکم کی طرف سے جاری ہو۔

حکماً huk-man: (ع، متعلق فعل) بطور حکم، حکم کے مطابق، حکم سے۔

حکمت hik-mat: (ع، امث) دانائی، عقل، ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم، تدبیر، ترکیب۔

حکمتِ عملی hik-ma-te(?)am-li(i): (ع، امث، بترکیب فارسی) علم جو تجربے اور علم سے حاصل ہو، تہذیب، اخلاق، چالاکی، تدبیر۔

حکمتی hik-ma-ti(i): (ار، صف) فیلسوف، فلسفی، چالاک اور ہوشیار۔

حکمی huk-mi(i): (ع، صف) یقینی، بے خطا، فرمانبردار، محکوم، شرعی، ضروری۔

حکومت hu-kuu-mat: (ع، امث) حکمرانی، سلطنت، سختی، جبر، اختیار، بس۔

حکومت جمہوری hu-kuu-matjam-huu-ri(i): (عف، امث) وہ حکومت جو عوام کے منتخب کردہ ارکان پر مشتمل ہو یعنی عوام کی بنائی ہوئی حکومت۔

حکومتِ خود اختیار hu-kuu-ma-te Kud-Ik-ta-yaar: (عف، امث) آزاد حکومت، وہ حکومت جو فیصلہ کرنے میں خود مختار ہو اور دوسروں کی پابند نہ ہو۔

حکومتِ شخصی hu-kuu-ma-te shaK-si(i): (عف، امث) وہ حکومت جس کی باگ ڈور ایک شخص کے ہاتھ میں ہو۔

حکیم ha-kiim: (ع، صف) عقلمند، دانا، زیرک، عالم، فاضل، فلسفی، گیانی، طبیب، ڈاکٹر، وید۔

حکیمی ha-kii-mi(i): (ار، امث) حکیم کا پیشہ، حکمت، طبابت۔

ح۔ل

حل hal: (ع، امذ) کھولنا، انکشاف، مشکل کام کو آسان کرنا، سلجھانا، تحلیل کرنا/ہونا گھلنا، ملنا، حساب کے سوال کا عمل، عقدہ کشائی (افعال: کرنا، ہونا)

حل پذیر hal-pa-ziir: (عف، صف) گھل جانے والا، تحلیل ہو جانے والا، اسم کیفیت مث: حل پذیری۔

حل و عقد hal-lo-(?)aqd: (ع، امذ بترکیب فارسی) کھولنا باندھنا انتظام و انصرام۔

حلاّج hal-laaj: (ع، امذ) دھنیا، روئی دھنکنے والا۔

حلال ha-laal: (ع، امذ) حرام کی ضد، مباح، جائز، درست، ذبح کیا ہوا، شرع کے مطابق، صف: حلال۔

حلال خور ha-laal Kor: (عف، صف) مہتر، بھنگی، خاکروب، جائز روزی کمانے والا، مث: (ار) حلال خوان/خوری۔

حلال زادہ ha-laal-zaa-dah: (عف صف) جائز اولاد، جائز، بیٹا، شریف، دیانتداری، طنزاً شریر، اسم کیفیت۔ مث: حلال زادگی۔ مث (ار) حلال زادی۔

حلاوت ha-laa-vat: (ع، امث) مٹھاس، شیرینی، لذت، مزہ، ذائقہ، راحت، آرام، (افعال: پانا)

حلّت hil-lat: (ع، امث) حرمت کی ضد، جائز ہونا، کشادگی، درستی، مباح ہونا۔

حلف ha-laf: (ع، امذ) قسم، عہد، پیمان (افعال: اُٹھانا، دینا، لینا)

حلف دروغی hal-fe-da-ro-Gi(i): (عف، امذ) جھوٹی قسم کھانا۔

حلفِ منصب hal-fe-man-sab: (ع، امذ، بترکیب فارسی) کسی عہدے کا چارج لیتے وقت ادائے فرض کا عہد کرنا۔

حلف نامہ ha-laf-naa-ma(h): (عف، امذ) لکھا ہوا حلفی بیان۔

حلفاً hal-fan: (ع، متعلق فعل) قسمیہ، از روئے قسم

حلفی hal-fi(i): (ع، صف) قسمیہ، قسم کے ساتھ، مث: حلفیہ۔

حلق ha-laq~halq: (ع، اند) گلا، ٹینٹوا، گردن، منہ، زبان، مونڈنا، حجامت۔

حلقوم hal-quum: (ع، اند) گلا، ٹینٹوا، نرخرہ، ٹینٹوے کے نیچے کا گڑھا۔

حلقہ hal-qa(h): (ع، اند) دائرہ، گھیرا، ہر گول شکل کی چیز، پہیا، مجلس، کڑا، کنڈا/ کنڈل، کنڈی کا گھر، علاقہ۔

حلقۂ انتخاب hal-qa-e-in-ti-Kaab: (ع، اند، بترکیب، فارسی) وہ علاقہ جسے پارلیمنٹ اسمبلی یا کسی دوسرے انتخابی ادارے کے انتخاب کے موقع پر ایک وحدت قرار دیا جائے۔

حلقہ بگوش hal-qa(h) ba-gosh: (عف، صف) غلام، فرمانبردار، مطیع جس کے کان میں کنڈل ہوں، اسم کیفیت مث: حلقہ بگوشی۔

حلقہ بندی hal-qah ban-di(i): (عف، امث) چند علاقوں کو کسی مقصد کے لیے یکجا کر دینا۔

حلقہ در hal-qah-dar: (عف، اند) دروازے کی محراب، دروازے کا کنڈا۔

حلقی hal-qi(i): (ع، صف) حلق سے منسوب، وہ حروف جو حلق سے ادا ہوتے ہوں۔

حِلم hilm: (ع، اند) بردباری، تحمل، برداشت، نرمی، نرم دلی۔

حلمہ ha-la-ma(h): (ع، امث) بمعنی سر پستان چوچی۔

حلوا hal-va(a): (ع، اند) وہ کھانا جو گھی شکر اور میدے یا سوجی سے بنتا ہے۔ نرم اور میٹھی چیز، تر چیز، ملائم چیز۔

حلوا کھائے hal-vaa-khaa-ye: (ار، کلمہ قسم) مردہ دیکھیے۔

حلوان hal-vaan: (ع، اند) بھیڑ یا بکری کا بچہ۔

حلوائی hal-vaa-ii: (ار، اند) مٹھائی بنانے یا بیچنے والا، مث: حلوائن۔

حلوئے بے دُود hal-va-e-be-duud: (عف، اند) شیریں میوہ، نرم اور ملائم چیز، لذیذ۔

حُلول hu-luul: (ع، اند) ایک چیز کا دوسری چیز میں اس طرح حل جانا کہ تمیز نہ ہو سکے۔ خالق کا مخلوق میں اس طرح سما جانا کہ دونوں میں فرق نہ ہو۔

حُلّہ hul-la(h): (ع، اند) جُبہ، یمن کی پوشاک، چادر، بہشتی لباس۔

حلیف ha-liif: (ع، صف) ہم معاہدہ، دوست، ساتھی

حلیم ha-liim: (ع، صف) بردبار، متحمل، ایک کھانا جو، گیہوں، چاول، چنے وغیرہ۔ سات اناج اور چار دالیں اور گوشت ڈال کر پکاتے ہیں اور اکثر محرم میں شہدائے کربلا کی فاتحہ دلواتے ہیں۔ کھچڑا۔

حُلیہ / حلیہ hul-ya(h): (ع، اند) صورت، سراپا، شکل، خط و خال، چہرہ مہرہ، حلیہ بمعنی زیور۔

ح۔م

حمّاد ham-maad: (ع، امبالغہ) بہت زیادہ حمد کرنے والا، بہت تعریف کرنے والا۔

حمار ha-maar: (ع، اند) گدھا، خر، احمق۔

حماست ha-maa-sat: (ع، امث) دلیری، بہادری۔

حماسہ ha-maa-sah: (ع، اند) رزمیہ نظم، بہادری اور دلیری سے متعلق نظم/ اشعار۔

حماقت hi-maa-qat: (ع، امث) سخت بیوقوفی،

نادانی، حمق، مورکھ پن، بے عقلی۔

حمّال ham-maal: (ع، اند) بوجھ اٹھانے والا، مزدور، قلی، مث: حمالہ۔

حمام ham-maam: (ع، اند) کبوتر، ہر ایک پرندہ جس کے گلے میں کنٹھی ہو، فاختہ وغیرہ۔

حمام ham-maam: (ع، اند) نہانے کی جگہ، غسل خانہ، گرم آب۔

حمامی / حمامچی ham-maa-mi(i)/ ha-maam-chi(i): (ار، اند) نہلانے والا، غسل کرانے والا۔

حمائل ha-ma-il: (ع، امث) تلوار، شمشیر، پرتلا، گلے میں ڈالنے یا پہلو میں لٹکانے کی چیز، چھوٹا قرآن شریف جس کو گلے میں ڈال سکیں، ایک زیور جسے عورتیں گلے میں پہنتی ہیں۔

حمایت hi-maa-yat: (ع، امث) طرفداری، مدد، حفاظت، نگہبانی، محافظت، بچاؤ، (افعال: کرنا، ہونا، لینا)

حمایتی hi-maa-ya-ti(i): (ار، صف) مددگار، طرفدار، معاون۔

حمد hamd: (ع، امث) خدا کی تعریف اصطلاحاً وہ نظم جس میں خدا کی تعریف بیان کی جائے، (افعال: کرنا، ہونا)

حمراء ham-ra: (ع، صف، امث) احمر کی تانیث، سرخ رنگ والی، سرخ۔

حُمرت hum-rat: (ع، امث) سرخی، لالی۔

حمق / حُمق hamq hu-muq: (ع، اند) بے وقوفی، نادانی، حماقت، احمق پن۔

حُمقاء hu-ma-qaa: (ع، اند) دیکھیے 'احمق' جس کی یہ جمع ہے۔

حمل ha-mal: (ع، اند) بوجھ، وزن، بار، بھار، عورت کے پیٹ میں بچہ ہونا۔

حمل ha-mal: (ع، اند) آسمان کا ایک برج جس کی شکل مینڈھے کی سی ہے۔

حملہ ham-la(h): (ع، اند) وار، چوٹ، دھاوا، یورش، ہلّہ، تاخت، چڑھائی، (افعال: کرنا، ہونا، کردینا)

حملہ آور ham-la(h) aa-var: (ع، صف) حملہ کرنے والا۔

حمیّت ha-miy-yat: (ع، امث) شرم، غیرت، ننگ، غصہ، جوش۔

حمید ha-miid: (ع، صف) بہت تعریف کیا ہوا، لائق تعریف، خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، مث: حمیدہ۔

حُمیرا hu-mai-ra(a): (ع، صف، مث) حمرا کی تصغیر، حضرت عائشہ صدیقہ کا لقب۔

حمیم ha-miim: (ع، صف) گرم پانی، گرم پانی کی بارش، دوست، رشتہ دار۔

ح۔ن

حنا hi-na(a): (ع، امث) مہندی، ایک پودا جس کے پتے پیس کر اور بھگو کر ہاتھ پاؤں، سر، ڈاڑھی وغیرہ پر لگانے سے سرخ رنگ ہو جاتا ہے۔

حنابند hi-na(a) band: (ف، اند) مہندی لگا ہوا، مہندی کا رنگ چڑھا ہوا۔

حنابندی hi-na-ban-di(i): (ف، امث) شادی کی رسم جو ساچق سے پہلے ہوتی ہے۔ اسے مہندی بھی کہتے ہیں۔

حنا کا چور hi-naa kaa-chuur: (ف، اند) وہ جگہ جہاں مہندی کا رنگ نہ چڑھے۔

حنائی hi-naa-i(i): (ف، صف) مہندی کے رنگ کا،

مہندی لگا ہوا۔

حنبلی hanb-li(i): (ع، امذ) سنی مسلمانوں کا وہ گروہ جو حضرت امام حنبلؒ کی فقہ کا پیرو ہے۔

حنجرہ han-ja-ra(h): (ع، امذ) گلا، حلق۔

حنفی han-fi(i): (ع، صف) صادق، سچا، مومن، سنی مسلمانوں کی وہ جماعت یا گروہ جو امام اعظم حنیفہؒ کا مقلد ہے۔

حنفیت han-fi-yat: (ع، امث) حنفی کا مسلک، امام ابوحنیفہؒ کی تقلید۔

حنوط hu-nuut: (ع، امذ) چند خوشبودار چیزوں کا مرکب جو مردے کو غسل کے بعد ملتے ہیں۔ ایسی دواؤں کا مرکب جو لگانے سے نعش خراب نہیں ہوتی۔

حنیف ha-niif: (ع، امذ) وہ جو حضرت ابراہیمؑ کے مذہب پر ہو، سچا مسلمان، مومن، مذہبی عقائد کا مضبوط، حضرت ابراہیمؑ کا لقب۔

ح۔و

حوا hav-va(a): (ع، امث) آدم علیہ السلام کی بیوی کا نام، بنی آدم کی ماں۔

حواجب ha-va-jib: (ع، امذ) دیکھیے 'حاجب' جس کی یہ جمع ہے۔ پردہ دار دربان، جھلّیاں۔

حوادث ha-vaa-dis: (ع، امذ) دیکھیے 'حادثہ' جس کی یہ جمع ہے۔

حواری ha-vaa-ri(i): (ع، امذ) خاص، برگزیدہ، دھوبی، حضرت عیسیٰؑ کا صحابی۔

حواس ha-vaas: (ع، امذ) دیکھیے 'حاسّہ' جس کی یہ جمع ہے۔ وہ قوتیں جو انسان میں حس کرنے کی ہیں۔ پانچ ظاہری پانچ باطنی، ہوش، عقل، (افعال: اڑانا، اڑ جانا، جاتے رہنا، بگڑنا، جانا)

حواس باختہ ha-vaas baaK-ta(h): (عف، صف) گھبرایا ہوا، بے اوسان، مخبوط الحواس، اسم کیفیت مث: حواس باختگی۔

حواسِ خمسہ ha-vaa-se-Kam-sa(h): (ع، امذ، بترکیب فارسی) محسوس کرنے کی پانچ قوتیں۔ جو دو حصوں ظاہری اور باطنی میں تقسیم ہیں۔ باطنی: حس مشترک، خیال، وہم، حافظہ متصرفہ، ظاہری، باصرہ، سامعہ، شامہ، ذائقہ، لامسہ۔

حواشی ha-vaa-shi(i): (ع، امذ) دیکھیے 'حاشیہ' جس کی یہ جمع ہے۔

حواصل ha-vaa-sil: (ع، امذ) حوصلہ کی جمع، ایک سفید آبی پرندہ، جو مچھلیاں کھاتا ہے۔ ماہی خور۔

حوالات ha-vaa-laat: (ع، امث) حوالت کی جمع، نگرانی، قید، نظر بندی، وہ مکان جس میں مجرم تا تحقیقاتِ مقدمہ بند رکھے جاتے ہیں۔

حوالاتی ha-vaa-laa-ti(i): (ار، امذ) وہ ملزم جو حوالات میں ہو، قیدی۔

حوالدار ha-val-daar: (ع، امذ) ایک فوجی عہدہ دار، چند سپاہیوں کا سردار، پولیس میں ہیڈ کانسٹیبل کہلاتا ہے۔

حوالہ ha-vaa-la(h): (ع، امذ) سپردگی، تحویل، پتہ، نشان، مثال۔ روپیوں کا چوری چھپے لین دین جو قانوناً جرم ہے۔

حوالی ha-vaa-li(i): (ع، امذ) گردونواح، آس پاس۔

حوائج ha-vaa-ij: (ع، امذ، مث) دیکھیے 'حاجت' جس کی یہ جمع ہے۔

حوائج ضروری/ضروریہ ha-vaa-i-jeza-ruu-ri(i): (ع، امث) ضروری حاجتیں بالخصوص پیشاب پاخانہ وغیرہ۔

حُوت huut: (ع، اند، مث) مچھلی، بڑی مچھلی، بارہواں برج۔

حُور huur: (ع، اسث) حورا کی جمع مگر اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے۔ گوری چٹی عورتیں جن کی آنکھوں کی پتلیاں اور بال سیاہ ہوں۔ بہشت کی عورت۔

حُورُالعَین huu-rul-(?)ain: (ع، اسث) دیکھیے 'حور' موٹی آنکھ والی حور۔

حَوراء hau-ra(a): (ع، اسث) حور کا واحد، جنت کی عورت۔

حَوصَلہ hau-sa-lah: (ع، اند) پرند کا پوٹا، جرأت، دلیری ہمت، آرزو، جوش، ارمان (افعال: بڑھانا، بڑھنا، پورا کرنا/ ہونا)

حَوصَلہ افزا hau-slah- af-za(a): (عف، صف) ہمت دلانے والا، حوصلہ بڑھانے والا، اسم کیفیت مث: حوصلہ افزا۔

حَوصَلہ مند hau-sa-la(h)-mand: (عف، صف) صاحب ہمت، عالی حوصلہ، اولوالعزم، اسم کیفیت مث: حوصلہ مندی۔

حَوض hauz: (ع، اند) پانی جمع کرنے کی جگہ، متن، حاشیہ کے اندر کی جگہ، میدان۔

حَوضہ hau-za(h): (ع، اند) ہودج، ہودہ، ہاتھی کے اُوپر رکھنے کی عماری، حاشیہ کے اندر کی جگہ، حلقہ۔

حَونَق ha-van-naq: (ار، صف) احمق، ہونق، عربی لفظ کا بگاڑ۔

حَویلی ha-ve-li(i): (ف، اند) بڑا مکان، محل، عالیشان مکان۔

ح-ی

حَیّ ha-yi: (ع، صف) زندہ، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

حَیا ha-ya(a): (ع، اسث) شرم، غیرت، حجاب۔

حَیادار ha-yaa-daar: (عف، صف) غیرت مند، لحاظ والا، اسم کیفیت مث: حیاداری۔

حَیات ha-yaat: (ع، اسث) زندگی، عمر، زیست۔

حیاتِ جاوید ha-yaa-te-jaa-ved: (ع، اسث) ہمیشہ کی زندگی، نجات۔

حیاتِ مُستعار ha-yaa-te-mus-ta-(?)aar: (ع، اسث) مانگی ہوئی زندگی، عمر فانی۔

حَیاتی ha-yaa-ti(i): (ع، صف) حیات سے منسوب (ق) حیات کا بگاڑ۔

حَیاتیات ha-ya-ti-yaat: (ع، اسث) انگریزی لفظ Biology کا ترجمہ، جانوروں اور پودوں کا علم

حَیاتین ha-ya-tiin: (ع، اسث) وہ کیمیاوی اجزا جو انسان اور جانوروں کی غذا میں ہوتے ہیں۔ اور جن کی کمی خرابی صحت کا باعث بنتی ہے۔ غذا کے حیات بخش جوہر، انگریزی لفظ Vitamin کا ترجمہ۔

حَیثیتِ عُرفی hai-si-yat ur-fi(i): (ع، اسث) بنی ہوئی عزت، ناموری، شہرت۔

حَیدر hai-dar: (ع، اند) شیر، حضرت علیؓ کا لقب۔

حَیدرِ کرّار hai-da-re-kar-raar: (ع، اند) حضرت علیؓ کا لقب، (حملہ کرنے والا شیر۔)

حَیدری hai-da-ri(i): (ع، اسث) حیدر سے منسوب، ایک لقب شیعوں کا۔

حَیران hai-raan: (ع، صف) گھبرایا ہوا سٹپٹایا ہوا، ہکا بکا، دنگ، سرگشتہ، پریشان، خراب، بھٹکنے والا، اسم کیفیت مث: (ف) حیرانی۔

حَیرت hai-rat: (ع، اسث) گھبراہٹ، پریشانی۔

حیرت آفریں hai-rat aaf-riiN: (ع، صف) حیرت پیدا کرنے والا، حیران کن، اسم کیفیت مث:

حیرت آفریں۔

حیرت افزا hai-rat af-za(a): (عف، صف) حیرت بڑھانے والا، اسم کیفیت مث: حیرت افزائی۔

حیرت زدہ hai-rat za-da(h): (عف، صف) حیران، بھونچکا، اسم کیفیت مث: حیرت زدگی۔

حیرتی hai-ra-ti(i): (ع، صف) حیران، ہکابکا۔

حیص بیص hais-bais: (ع، امث) بحث، تکرار، لڑائی (افعال: کرنا، ہونا)

حیض haiz: (ع، امذ) عورتوں کا ماہواری خون۔

حیف haif: (ع، امذ) افسوس، دریغ، (افعال: کرنا، کھانا)

حیل hiil: (ع، امذ) دیکھیے 'حیلہ' جس کی یہ جمع ہے۔

حیلہ hii-la(h): (ع، امذ) بہانہ، مکر، فریب، دھوکا، کسی مشکل سے نکلنے کی تدبیر۔

حیلہ باز/ساز/گر hii-la(h) baaz/saaz/gar: (عف، صف) بہانہ کرنے والا، مکار، فریبی، دغاباز، اسم کیفیت مث: حیلہ بازی/سازی/گری۔

حیلہ حوالہ hii-lah ha-vaa-la(h): (ار، محاورہ) بہانہ بنانا/بننا، ٹو کر کرنا/ہونا، کوشش کرنا/ہونا۔

حین hiin: (ع، امذ) وقت، زمانہ، عرصہ۔

حین حیات hii-ne-ha-yaat: (ع، امث) تمام زندگی، زندگی بھر، تمام عمر۔

حیوان hai-vaan: (ع، امذ) جانور، ذی روح، مویشی، چوپایہ، وحشی، بیوقوف۔

حیوانِ مُطلق hai-vaa-ne-mut-laq: (ع، امذ) جانور، چوپایہ، بے سلیقہ، بے تمیز۔

حیوان ناطق hai-vaa-ne-naa-tiq: (ع، امذ) بولنے والا جانور، انسان۔

حیوانی hai-vaa-ni(i): (ع، صف) حیوان سے منسوب، نفسانی، شہوانی، حیوان سے حاصل ہونے والی چیز، گوشت، پوست، دودھ، دہی، گھی وغیرہ۔

حیوانیات hai-vaa-ni-yaat: (ع، امذ) جانداروں کی تحقیق کا علم۔

حیوانیت hai-vaa-ni-yat: (ع، امث) حیوان کی خاصیت، وحشت، بے شری۔

خ

خ K: (ع، الف) عربی اور فارسی میں خا اور اُردو میں اس کو 'خ' کہتے ہیں حروف متشابہ میں التباس سے بچنے کے لیے اسے خائے معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں۔
اس آواز کو تلفظ کرتے وقت زبان کا پچھلا حصہ قدرے اٹھ کر نرم تالوں کے پچھلے حصے کے ربط میں آتا ہے اور ہوا زبان کی سطح سے رگڑ کھاتی ہوئی منہ سے خارج ہوتی ہے۔ اسے صوتیات کی اصطلاح میں غیر مسموع، تالوی، صفیری مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

خ۔الف

خا Kaa: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر خائیدن کا صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد بطور آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور چبانے والا کے معنی دیتا ہے، مثلاً شکر خا۔

خاتم Kaa-tim: (ع،صف) ختم کرنے والا، اخیر یا انجام کو پہنچانے والا۔

خاتم Kaa-tam: (ع، اسث) مہر، انگوٹھی، چھاپ کنایتہً خاتمہ، انتہا۔

خاتم الانبیا/ خاتم النبیین Kaa-ta-mul-an-bi-ya /Kaa-ta-mun-na-bii-yiin: (ع،اند) پیغمبر اسلام محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا لقب، کیوں کہ آپؐ پر نبوت کا سلسلہ ختم ہوگیا۔ گویا آپؐ سلسلہ کے اتمام واختتام پر بمنزلہ مہر ہیں۔

خاتم بند / کار Kaa-tam-band-kaar: (عف،صف) مہر کن، گلکاری کرنے والا، نقاش، اسم کیفیت مث: خاتم بندی/ کاری۔

خاتم سلیمان Kaa-ta-me-so-lai-maan: (ع، اسث ترکیب فارسی) (تلمیح) حضرت سلیمان علیہ السلام کی وہ انگوٹھی جس پر اسم اعظم کندہ تھا اور اس کے سبب تمام مخلوقات آپ کی مطیع تھی۔

خاتمہ Kaa-ti-ma(h): (ع، اند) انجام، عاقبت، اخیر، نتیجہ، موت، رحلت، انتقال، وہ عبارت جو اختتام پر لکھی جائے (افعال: کرنا ہونا)

خاتمہ بالخیر Kaa-ti-ma(h) bil-Kair: (ع، اند) نیک انجام، اخیر وقت ایمان کی سلامتی اور دینداری میں گزر جانا، ایمان کے ساتھ موت (افعال: کرنا ہونا)

خاتون Kaa-tuun: (ت، اسث) بیوی، بیگم، ملکہ، امیر گھر کی عورت۔

خاتونِ جنت Kaa-tuu-ne-jan-nat: (فع، اسث) جنت کی شہزادی یا ملکہ حضرت فاطمہؓ جو رسول اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بیٹی اور حضرت علیؓ کی بیوی تھیں۔

خادم Kaa-dim: (ع،صف اند) خدمت کرنے والا، خدمت گار، ملازم، کسی درگاہ کی خدمت کرنے والا، مجاور، انکسار کے طور پر اپنے لیے بھی کہتے ہیں۔

خار Kaar: (ف، اسث) کانٹا، پھانس، مرغ کے پاؤں کا کانٹا، حسد، جلن، کھٹک۔

خار بست / بند Kaar-bast: (ف، اند) کانٹوں کی باڑھ۔

خار پشت Kaar-pusht: (ف، اند) ایک قسم کا کانٹوں والا چوہا۔

خارزار / خارستان Kaar-zaar/Kaa-ris-taan:

(ف، اند) کانٹوں کا جنگل، جہاں کثرت سے کانٹے ہوں۔

خار و خس/خاشاک Kaa-ro-Kas/Kaa-shaak: (ف،اند) گھاس پھوس، کوڑا کرکٹ۔

خارا شگاف Kaa-raa-sha-gaaf: (ف، صنف) پتھر میں شگاف ڈالنے والا، اسم کیفیت مث: خارا شگافی۔

خارائی Kaa-raa-i(i): (ف،امث) سختی۔

خارج Kaa-rij: (ع،صف) نکلا ہوا، باہر، بیرون، الگ، علیحدہ۔

خارج آہنگ Kaa-rij-aa-hang: (ف،صف) بے سُرا۔

خارج از بحث Kaa-rij-az-ba-has: (ف، اند) جس کا بحث سے کوئی تعلق نہ ہو، نا قابلِ سماعت، فضول بات۔

خارج از عقل Kaa-rij-az-(?)aql: (عف، صف) عقل کے خلاف، احمق بے وقوف۔

خارج قسمت Kaa-rij-qis-mat: (ع،اند) وہ عدد جو مقسوم علیہ پر مقسوم کو تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔

خارجاً Kaa-ri-jan: (ع،متعلق فعل) بالا بالا، ظاہراً، باہر سے۔

خارجہ Kaa-ri-ja(h): (ع،اند) داخلہ کی ضد، خارج کیا ہوا، باہر نکالا ہوا، باہر کا، صفحہ کا آخری لفظ جو اگلے صفحہ پر لے جاتا ہے۔ وہ ستارہ جو نشان کے طور پر حاشیہ پر بنایا جاتا ہے۔ خارج کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے، بیرونی۔

خارجی Kaa-ri-ji(i): (ع، صف) بیرونی، باہر کا، ظاہر کا، باہر سے متعلق، وہ فرقہ جو جنگ صفین کے بعد حضرت علیؓ سے الگ ہو گیا تھا۔ مث: خارجیہ۔

خارجیت Kaar-ji-yat: (ع،امث) ظاہری یا مادی امور پر زور دینے کا مسلک۔

خارش Kaa-rish: (ف، امث) کھجلی، کھاج، ایک جلدی مرض، جس میں کھجلی ہوتی ہے۔

خارشی Kaa-ri-shi(i): (ف،صف) کھجلی والا جس کو خارش ہو گئی ہو۔

خارق Kaa-riq: (ع،صف) پھاڑنے والا، توڑنے والا۔

خارق عادات Kaa-riq ?aa-daat: (ع،اند) فوق الفطرت۔

خازن Kaa-zin: (ع،صف) جمع کرنے والا، نگہبان، خزانچی۔

خاسر Kaa-sir: (ع،صف) نقصان اٹھانے والا، گھاٹا کھانے والا۔

خاشاک Kaa-shaak: (ف،اند) کوڑا کرکٹ۔

خاشع Kaa-shi(?): (ع،صف) عام کی ضد، مخصوص، نج کا، ذاتی، صرف، فقط، عمدہ، منتخب۔

خاص بردار Kaas-bar-daar: (عف، اند) وہ سپاہی جو بادشاہ یا امیروں کی سواری کے آگے خاصہ یا بندوق لے کر چلتے تھے، بندوقچی۔

خاص خاص Kaas-Kaas: (ع، صف) چیدہ چیدہ، عمدہ، نادر۔

خاص دان Kaas-daan: (ف، اند) گلوریاں رکھنے کا ظرف۔

خاص کر Kaas-kar: (ا، متعلق فعل) خصوصاً، بالخصوص، خاص طور پر۔

خاص نویس Kaas-na-viis: (عف، اند) ذاتی منشی، پرائیویٹ سکریٹری

خاص و عام Kaa-so-?aam: (ع،اند، ترکیب

فارسی) چھوٹے بڑے۔ امیر غریب۔ ادنیٰ اعلیٰ

خاصہ Kaa-sa(h): (ار، صف) اچھا، خوب، موزوں، خوش نما، متوسط طبقہ کی ایک قسم، سوتی کپڑا جو لٹھے سے پتلا اور ململ سے موٹا ہے، امیروں کا کھانا، بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا، (مث ار) خاصی۔

خاص الخاص Kaa-sul-Kaas: (ع، صف) نہایت منتخب، بہت منظورِ نظر، اعلیٰ درجہ کا۔

خاصگی Kaas-gi(i): (عف، اند، مث) بادشاہ اور امرا کا مصاحب، رسالدار، خزانچی، عمدہ چیز، مالک کی مدخولہ لونڈی۔

خاصہ Kaa-sa(h): (ع، اند) عادت، خو، خصلت، صفت، ذاتی، اعلیٰ نفیس، خصوصیت۔

خاصیۃً Kaas-ya-tan: (ع، متعلق فعل) خصوصیت سے، خصوصاً، اصلاً۔

خاصیت Kaa-si-yat: (ع، امث) طبیعت، عادت، خصلت، وصف۔

خاطر Kaa-tir: (ع، امث) دل کی بات، وارداتِ قلب، دھیان، توجہ، ارادہ، تواضع، آؤ بھگت، طبیعت، طرفداری کے لیے، واسطے۔

خاطر جمع Kaa-tir-ja-ma(?): (ع، امث، بترکیب فارسی) دل جمعی، اطمینان، تسکین، تسلی (افعال: رکھنا ہونا)

خاطر خواہ Kaa-tir-Kwaa(h): (ف، صف) مرغوب، دل پسند، خواہش کے مطابق۔

خاطر داری Kaa-tir-daa-ri(i): (عف، امث) تواضع و مدارات، مہمان نوازی، آؤ بھگت۔

خاطر مدارات Kaa-tir-ma-daa-raat: (عف، امث) آؤ بھگت، مہمان نوازی، (افعال: کرنا، ہونا)

خاطر نشین Kaa-tir-na-shiin: (عف، صف) دل نشین، دل پر اثر کرنے والی چیز، دل میں بیٹھ جانے والی چیز۔

خاطف Kaa-tif: (ع، صف) اچک لے جانے والا، چھین لے جانے والا، (عموماً برق کی صفت)

خاطی Kaa-ti(i): (ع، صف) گناہ گار، خطا کار، پاپی، مجرم۔

خاقان Kaa-qaan: (ت، اند) سلطان، بڑا بادشاہ، چین اور ترکستان کے سابقہ بادشاہوں کا لقب۔

خاک Kaak: (ف، امث) مٹی، دھول، گرد، زمین، دھرتی، کچھ نہیں، بالکل نہیں، راکھ، بھبھوت، خمیر، سرشت۔

خاک آلودہ Kaak-aa-luu-dah: (ف، صف) مٹی سے بھرا ہوا، مٹی سے چھپا ہوا، اسم کیفیت مث: خاک آلودگی۔

خاک باز Kaak-baaz: (ف، صنف) کھلنڈر، مٹی اڑانے والا، مٹی سے کھیلنے والا، اسم کیفیت مث: خاک بازی۔

خاک بدہن Kaak-ba-da-han: (ف، متعلق فعل) کوئی بری بات کہنے سے پہلے کہتے ہیں۔ تمام ضمائر کے ساتھ مستعمل ہے۔ مثلاً خاکش خاکم وغیرہ۔

خاک بسر Kaak-ba-sar: (ف، صف) محتاج، آوارہ، پریشان، خستہ حال، دربدر۔

خاک بیز Kaak-baiz: (ف، صف) مطلب حاصل کرنے لیے، خاک چھاننے والا، محنتی، اسم کیفیت مث: خاک بیزی۔

خاک پا Kaa-ke-pa(a): (ف، صف) پاؤں کی مٹی، کنایۃً عاجز، مسکین (افعال: بننا ہونا)

خاک دان Kaak-daan: (ف، امث) مٹی اور کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ، مجازاً دنیا۔

خاکروب Kaak-ruub: (ف، اند) جھاڑو دینے والا، بھنگی، حلال خور۔

خاک سار Kaak-saar: (ف، صف) خاک کی مانند، عاجز، حقیر، اسم کیفیت مث: خاکساری۔

خاکِ شفا Kaa-ke-shi-fa(a): (فع، امث) شفا اور تندرست کرنے والی مٹی، کربلا اور مکہ معظمہ کی مٹی۔

خاک کا پتلا Kaak-ka-put-la(a): (ار، اند) آدمی، انسان۔

خاک نائے Kaak-naa-ye: (ار، امث) خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو خشکی کے دو بڑے قطعات کو ملائے۔

خاک نشین Kaak-na-shiin: (ف، صف) منکسر، خاکسار، خلیق، متواضع، زمین پر بیٹھنے والا، اسم کیفیت مث: خاک نشینی۔

خاک نہیں Kaak-na-hiiN: (ار، متعلق فعل) کچھ نہیں۔

خاکستر Kaa-kis-tar: (ف، امث) راکھ، بھبھوت، جلی چیز کی راکھ، صفت، نسبتی: خاکستری۔

خاکستر نشین Kaa-kis-tar na-shiin: (ف، مث) خوب کلاں، ایک قسم کے باریک بیج جو دواؤں میں مستعمل ہیں۔

خاکسی Kaak-si(i): (ف، اند، مث) خوب کلاں، ایک قسم کے باریک بیج جو دواؤں میں مستعمل ہیں۔

خاکہ Kaa-ka(h): (ف، اند) وہ نقشہ جو صرف حدود کی لکیریں کھینچ کر بنایا گیا ہو، ڈھانچا، جو بہ کسی چیز کا ابتدائی نقشہ، وہ مضمون جس میں کسی شخص کے جستہ جستہ حالات لکھے جائیں۔

خاکہ نگار / نویس Kaa-ka(h) ni-gaar/ na-viis: (ف، صف) خاکہ لکھنے والا، مرقع نگار، کسی کے خاص حالات لکھنے والا، اسم کیفیت مث: خاکہ نگاری/نویسی۔

خاکی Kaa-ki(i): (ف، صف) خاک کا، خاک کی پیدائش، خاک کے رنگ کا، مٹیالا، پنجابی فوج کا سپاہی جس کو 1857 میں خاکی وردی ملی تھی فقیروں کا ایک گروہ جو خاک شاہ کا مرید ہے۔

خاکی انڈا Kaa-ki(i) an-Da(a): (ار، اند) وہ انڈا جو جفتی کے بغیر مرغی خاک میں لوٹ کر دے، بن باپ کا۔

خاکی نہاد Kaa-ki(i) ni-haad: (ف، صف) بہت خلیق، نرم دِل۔

خاگینہ Kaa-gii-na(h): (ف، اند) تلے ہوئے انڈوں کا سالن، تلے ہوئے انڈے اور کتری ہوئی پیاز ملا کر قیمہ کی طرح پکایا ہوا۔

خال Kaal: (ع، اند) وہ قدرتی سیاہ نقطہ جو چہرے یا جسم پر ہوتا ہے، تل، دورنگا کبوتر، سفیدی کے ساتھ اور رنگ ملا ہوا کبوتر، کاجل کا وہ نشان جو نظر بد سے بچانے کے لیے یا خوبصورتی کے لیے کم سن بچوں کے چہروں پر لگا دیتے ہیں۔ ماموں، خالو۔

خال خال Kaal-Kaal: (ار، متعلق فعل) اِکا دُکا، کوئی کوئی، شاذ و نادر، بہت کم۔

خال دار Kaal-daar: (عف، صف) خال والا، جس پر تل ہوں۔

خالائی Kaa-laa-I(i): (ار، اندق) خالو۔

خالص Kaa-lis: (ع، صف) بے میل، کھرا، صاف، جس میں کسی چیز کی ملاوٹ نہ ہو۔

خالصہ Kaal-sah: (ع، صف، مث) دیکھیے 'خالص' جس کی یہ تانیث ہے۔ سرکاری زمین جس پر کسی اور کا حق نہ ہو، سکھ، سردار۔

خالق Kaa-liq: (ع، صف) پیدا کرنے والا، اللہ

تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

خالُو Kaa-lu(u): (ار، اند) خالہ کا شوہر۔

خالہ Kaa-la(h): (ع، اسث) ماں کی بہن۔

خالہ زاد بھائی Kaa-la(h)-zaad bhaa-i(i): (ار، اند) خالہ کا بیٹا بھائی۔ مث: خالہ زاد بہن۔

خالی Kaa-li(i): (ع، صف) تہی، کھوکھلا، صرف، محض، اکیلا، تنہا، بیکار، عورتوں کی زبان میں ماہ ذی قعدہ، غیر آباد، فارغ، بے شعلہ، غیر مقبوضہ، بے اثر، مبرّا

خالی خولی Kaa-lii-Ko-li(i): (ار، صف) (خولی تابع مہمل ہے) دیکھئے 'خالی'

خالی کا چاند Kaa-lii-kaa chaand: (ار، اند) (عو) ماہ ذی قعدہ، کیونکہ اس میں کوئی تہوار نہیں ہوتا۔

خالی ہاتھ Kaa-lii-haath: (ار، صف) نادار، مفلس، کنگال، محروم، بے ہتھیار، غیر مسلح، بغیر کوئی چیز لیے (افعال: آنا، جانا)

خام Kaam: (ف، صف) کچا، چڑا، خالص، کھرا، بودا، کمزور، ناتجربہ کار، بند، سربستہ۔

خام آمدنی Kaam-aa-ma-da-ni(i): (ار، اسث) کل آمدنی، جس میں سے خرچ وضع نہ کیا گیا ہو۔

خام پارہ Kaam-paa-ra(h): (ار، اسث) کچی ٹوٹی ہوئی، چھنال۔

خام خیال / طبع Kaam-Kyaal: (فع، صف) بیہودہ مزاج، فاسد خیالات کا حامل آدمی، اسم کیفیت مث: خام خیالی/طبعی۔

خام دشت Kaam-dasht: (ف، صف) ناتجربہ کار، اناڑی فضول خرچ۔

خام رائے Kaam-raa-ye: (فع، صف) کم عقل نادان۔

خام کار Kaam-kaar: (ف، صف) ناآزمودہ کار، نادان، اسم کیفیت مث: خام کاری۔

خامِل Kaa-mil: (ع، صف) گوشہ نشین۔

خاموش Kaa-mosh: (ف، صف) چپ، ساکت، محتاط۔

خاموشی Kaa-mo-shi(i): (ف، اسث) سکوت، سکون، سناٹا (افعال: چھانا) طاری ہونا۔

خامہ Kaa-ma(h): (ف، اند) قلم، کلک۔

خامہ فرسا Kaa-ma(h) far-saa: (ف، صف، فاعلی) قلم گھسنے والا، لکھنے والا (افعال: کیفیت مث: خامہ فرسائی (افعال: کرنا)

خامہ کش Kaa-ma(h)-kash: (ف، صف) قلم چلانے والا، مُصور، نقاش اسم کیفیت مث: خامہ کشی۔

خامۂ مُو Kaa-ma(h) muu: (ف، اند) بالوں کا بنا ہوا قلم، جس سے تصویر بناتے ہیں۔ موقلم

خان Kaan: (ت، اند) شاہان ترکستان کا لقب، سردار، رئیس پٹھانوں کا لقب، اب دوسرے لوگ اسے بلاتخصیص استعمال کرتے ہیں۔

خان بہادر Kaan ba-haa-dur: (ف، اند) ایک خطاب جو حکومت برطانیہ سے مسلمانوں کو دیا جاتا تھا۔

خانِ خاناں Kaa-ne-Kaa-naaN: (ف، اند) سرداروں کا سردار، مغلیہ حکومت کا ایک خطاب، جو سپہ سالاروں کو دیا جاتا تھا۔ اب اس سے عموماً عبدالرحیم خان خاناں مراد لیتے ہیں۔ خان خاناں عبدالرحیم ابن بیرم خاں جو کھانا کسی غریب کو بھیجتا تھا اس میں اشرفیاں رکھ دیتا تھا۔ اس لیے یہ مثل بن گئی کہ خان خاناں کے کھانے میں بھی مال و دولت ہوتی ہے۔ پوشیدہ طور پر احسان کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

خان صاحب Kaan-saa-heb: (ف، اند) خان

بہادر سے چھوٹے درجہ کا خطاب، جو حکومت برطانیہ کی جانب سے مسلمانوں کو دیا جاتا تھا۔ پٹھانوں کے لیے کلمۂ احترام۔

خاندان Kaan-daan: (ف، اند) گھرانہ، نسل، کنبہ، صفت نسبتی: خاندانی۔

خانساماں Kaan-saa-maaN: (ف، اند) میر سامان، گھر کا سامان کرنے والا داروغہ، کھانا کھلانے والا ملازم، کھانا پکانے والا، باورچی۔

خانقاہ / خانقہ Kaan-qaa(h): (ع، اسث) (فارسی خانہ گاہ کا معرب) درویشوں کے رہنے کی جگہ، کسی درویش کا مقبرہ۔

خانگی Kaan-gi(i): (ز، صف) گھریلو، گھر کا، نج کا، ذاتی، آموختہ (ار، اسث) خفیہ طور پر زنا کا پیشہ کرنے والی گھریلو عورت۔

خانم / خانُم Kaa-nam: (ت، اسث) (خان کی تانیث) اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب، امیرزادی، بیگم، بیوی۔

خانماں Kaan-maaN: (ف، اند) اسباب خانہ، گھر کا سامان، مال و متاع۔

خانماں خراب / برباد Kaan-maaN Ka-raab/ bar-baad: (نع، صف) تباہ حال، پریشان برگشتہ، وہ جس کا گھر برباد ہو، اسم کیفیت، مث: خانماں خرابی / بربادی۔

خانوادہ Kaan-vaa-dah: (ف، اند) خاندان، درویشوں کا وہ خاندان یا سلسلہ جس سے ان کو توسل ہو، فقرا کا سلسلہ۔

خانہ Kaa-nah: (ف، اند) گھر، مکان، مرغیوں یا کبوتروں کا ڈربا: کابک، آشیانہ، صندوق وغیرہ کے اندر کا گھر، شطرنج کے مہرے کا گھر، پیٹ، شکم، عمودی اور اُفقی لکیریں کھینچنے سے جو مربع یا مستطیل ڈبیاں سی بنتی ہیں۔ نقش کا گھر۔

خانہ آباد دولت زیادہ Kaa-na(h) aa-baad/ dau-lat zyaa-da(h): (ار، کلمہ دعا) گھر آباد ہے اور مال و دولت زیادہ ہو۔ تم اپنے گھر راضی ہم اپنے گھر راضی۔

خانہ آبادی Kaa-na(h): (ف، اند) گھر کی آبادی، مجازاً شادی، نکاح۔

خانہ باغ Kaa-na(h)baaG: (ف، اند) وہ باغ جو چار دیواری کے اندر ہو۔

خانہ بدوش Kaa-na(h) ba-dosh: (ف، صف) آوارہ، پریشان، ساتھ گھر لیے پھرنا / پھرنے والا، وہ شخص جس کا کہیں ٹھکانا نہ ہو۔ ایک قوم جو کہیں مستقل طور پر نہیں رہتی، بلکہ اپنا گھر اور سامان لیے پھرتے ہیں۔ اسم کیفیت مث خانہ بدوشی، درویشی۔

خانہ بر انداز Kaa-na(h) bar-an-daaz: (ف، صف) گھر بار اجاڑ دینے والا، کنایۃً معشوق، اسم کیفیت مث: خانہ براندازی۔

خانہ پُری Kaa-na(h)-pu-ri(i): (ف، اسث) نقشہ بھرنا، نقشہ کے خانوں میں ضروری اندارج کرنا۔

خانہ تلاشی Kaa-na(h) ta-laa-shi(i): (ف، اسث) گھر کی تلاشی، کوئی چیز ڈھونڈنے کے لیے گھر کا سامان دیکھنا۔

خانہ جنگی Kaa-na(h) jan-gi(i): (ف، اسث) گھر کی لڑائی، آپس کا جھگڑا، ملک کے اندر مختلف گروہوں کا آپس میں لڑنا، انگریزی لفظ Civil War کا ترجمہ۔

خانہ خُدا Kaa-na(h) Ku-daa: (ف، اند) مسجد، عبادت گاہ۔

خانہ خراب / برباد Kaa-na(h) Ka-raab: (فع،صف) وہ شخص جس کا گھر برباد ہو گیا ہو، آوارہ، ہر جائی، بد وضع، اسم کیفیت مث: خانہ خرابی / خانہ بربادی۔

خانہ دار Kaa-na(h)-daar: (ف،صف) گھر کا انتظام کرنے والا/والی، وہ چیز جس میں خانے بنے ہوں۔

خانہ داری Kaa-na(h) daa-ri(i): (ف، امث) گھر کا کام کاج۔

خانہ داماد Kaa-na(h) daa-maad: (ف،امذ) وہ داماد جو بیوی کے گھر میں ہی رہتا ہو، گھر جنوائی۔

خانہ زاد Kaa-na(h) zaad: (ف،صف) وہ جو کسی کے گھر میں پیدا ہوا ہو، گھر کا پیدا شدہ غلام، لونڈی، قدیمی اسم کیفیت مث: خانہ زادگی۔

خانہ زین Kaa-na(h) ziin: (ف،امذ) زین یا کاٹھی کے درمیان کا وہ حصہ جہاں سوار بیٹھتا ہے۔

خانہ ساز Kaa-na(h)-saaz: (ف،صف) گھر کا بنا ہوا، معمار، گھر بنانے والا۔

خانہ شمار Kaa-na(h) shu-maar: (ف، صف) گھر گننے والا۔

خانہ شماری Kaa-na(h)-shu-maa-ri(i): (ف،امث) مکانوں کی گنتی۔

خانہ نشین Kaa-na(h)-na-shiin: (ف، صف) گوشہ نشین، معطل، دنیا کے کاروبار سے الگ، اسم کیفیت مث: خانہ نشینی۔

خانہ ویران Kaa-na(h) vii-raan: (ف، صف) خانہ برباد، اسم کیفیت مث: خانہ ویرانی۔

خاور Kaa-var: (ف، امذ) مشرق، صفت: نسبتی: خاوری۔

خاوند Kaa-vand: (ف، امذ) (خداوند کا مخفف) مالک، آقا، شوہر، اسم کیفیت مث: خاوندی۔

خائب Kaa-yab: (ع،صف) نا اُمید، محروم، نادار، غریب۔

خائف Kaa-yaf: (ع،صف) ڈرنے والا، خوفزدہ

خائن Kaa-yan: (ع،صف) خیانت کرنے والا، بددیانت: مث: خائنہ

خایہ Kaa-ya(h): (ف، امذ) انڈا، بیضہ، خصیہ، فوطہ، انڈا۔

خایہ بردار / لیس Kaa-ya(h) bar-daar: (ف، صف) خوشامدی، چاپلوس، اسم کیفیت مث: خایہ برداری/لیسی۔

خ۔ب

خباثت Ka-baa-sat: (ع، امث) ناپاکی، گندگی، بدباطنی، شرارت۔

خبّاز Kab-baaz: (ع، امذ) نانبائی، روٹی پکانے یا بیچنے والا۔

خبائث Ka-baa-yes: (ع،امث) دیکھیے 'خباثت' جس کی یہ جمع ہے۔

خبث Kabs: (ع،امذ) گندگی، ناپاکی، دغابازی۔

خبثِ باطن Kab-se-baa-tin: (ع،صف) بد باطنی، شرارت، بدنیتی۔

خبر Ka-bar: (ع، امذ) واقفیت، آگاہی، اطلاع، پیغام، سندیسا، افواہ، پتہ، سراغ، نشان، بدھ، ہوش، خبرداری، ہوشیاری، حال، احوال۔ اعلان (افعال: آنا، اُڑانا، پھیلنا، رکھنا، سنانا، لانا)

خبردار Ka-bar-daar: (عف، صف) واقف، آگاہ، محتاط، ہوشیار، چوکنا تنبیہ کے لیے بھی آتا ہے (افعال: کرنا، رہنا، ہونا) اسم کیفیت مث: خبرداری۔

خبر رساں Ka-bar-ra-saaN: (عف،اند) خبر دینے والا، پیغام دینے والا، ایلچی، قاصد، پیغامبر، اسم کیفیت مث: خبر رسانی۔

خبر گیر / گیراں Ka-bar-giir: (عف،مف) معاون، مددگار، دستگیر، نگہبان، محافظ، جاسوس، اسم کیفیت مث: خبر گیری۔

خبط Kabt: (ع،اند) سودا، جنون، دیوانگی، غلطی کرنا۔

خبطی Kab-ti(i): (ار،امث) پاگل، جنونی، حواس باختہ، بدحواس بے وقوف۔

خبیث Ka-biis: (ع،صف) گندہ، ناپاک، شریر، بدباطن اور بھوت پریت مث: خبیثہ۔

خبیر Ka-biir: (ع،صف) جاننے والا، واقف، خدا کا ایک صفاتی نام۔

خ۔ت

ختکا Kat-kaa: (ف،اند) انگوٹھا، بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا، آلہ تناسل، تصغیر مث: ختکی۔

ختم Katm/Ka-tam: (ع،اند) مہر، انجام، آخیر، انتہا، تمام، کُل، قرآن شریف ختم ہونے کی رسم، نیاز، نذرانہ، فاتحہ، قُل، ختم کرنے والا۔ کسی آیت یا ورد کی تعداد معینہ کے مطابق پڑھنا یا پڑھوانا۔

ختم الانبیاء / المرسلین / الرسل Ka-ti-mul-an-bi-ya(a): (ع،اند) دیکھئے 'خاتم الانبیاء'

ختم قرآن Katm qur-aan: (ع، اند) قرآن شریف مکمل پڑھنا۔

ختنہ Kat-na(h): (ع،اند) مسلمانوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قائم کی ہوئی رسم جس میں بچہ کے عضو تناسل کا زائد چمڑا کاٹ دیا جاتا ہے۔ (افعال: کرانا، کرنا، ہونا)

خ۔ٹ

ختّا KuT-Ta(a): (ار،اند) آلۂ تناسل، خایہ۔

خ۔ج

خجالت Ka-jaa-lat: (ع،امث) شرمندگی، خفت، ندامت (عربی لفظ خجلت کا بگاڑ ہے)

خجل Ka-jal: (ع،صف) شرمندہ، نادم۔

خجلت Kaj-lat: (ع،امث) دیکھئے 'خجالت' جو اس کا بگاڑ ہے۔ (افعال: اٹھانا، کھانا)

خ۔چ

خچاخچ Ka-chaa Kach: (ار،امث) نیزے یا چھری کی آواز، کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

خچ سے Kach se: (ار، متعلق، فعل) فوراً، (انگلی وغیرہ چاقو سے کٹ جانے کے موقع پر بولتے ہیں)

خچر Kach-char: (ار،امث/اند) وہ دوغلا جانور جو گدھے اور گھوڑی کے ملاپ سے پیدا ہوتا ہے۔

خچرا Kach-ra(a): (ار،امث) نر خچر۔

خ۔د

خد Kad: (ع،اند) گال، گلہ، رخسار، چہرہ۔

خدوخال Ka-do-Kaal: (عف، اند) چہرہ، مہرہ، شکل صورت۔

خُدا Ku-daa: (ف، اند) اللہ، مالک، صاحب، آقا، حاکم

خُدا بخشے Ku-daa-baK-she: (ار، کار، دعا) خدا گناہ معاف کرے۔

خُدا پرست Ku-daa-pa-rast: (ف، اند) خدا

کی عبادت کرنے والا، زاہد اسم کیفیت مث: خدا پرستی۔

خُدا ترس Ku-daa ta-ras: (ف، صف) اللہ سے ڈرنے والا، اسم کیفیت مث: خدا ترسی۔

خدا حافِظ Ku-daa haa-fiz: (ار، کلمہ دعا) اللہ نگہبان، رخصت کے وقت کہتے ہیں (افعال: کہنا)

خُدا خُدا کر کے Ku-daa Ku-daa kar ke: (ار، متعلق فعل) بڑی مشکل سے، بدقّت۔

خُدا خیر کرے Ku-daa: Kair-ka-re: (ار، کلمہ دعا) خطرے کے موقع پر بولتے ہیں، یعنی خدا بھلا کرے، خدا محفوظ رکھے۔

خُدا داد Ku-daa daad: (ف، صف) خدا کی دی ہوئی، منجانب اللہ، قدرتی۔ خدا دیکھا نہیں تو عقل سے تو پہچانا ہے۔ (اس وقت کہتے ہیں جب کسی ثبوت کی ضرورت نہیں ہوتی۔)

خُدارا Ku-daa-raa: (ف، متعلق فعل) خدا کے واسطے، خدا کے لیے۔

خُدا راس لائے Ku-daa-raas la-ye: (ار، کلمہ دعا) خدا سازگار کرے، خدا موافق کرے۔

خُدا رسیدہ Ku-daa-ra-si-dah: (ار، صف) خدا تک پہنچا ہوا، اللہ والا، نیک پرہیزگار، بہت بزرگ

خدا رکھے Ku-daa rak-khe: (ار، کلمہ دعا) کسی زندہ عزیز کا ذکر کرتے وقت کہتے ہیں۔ یعنی خدا اس کو ہمیشہ زندہ رکھے۔

خُدا ساز Ku-daa-saaz: (ف، صف) خدا کا بنایا ہوا، قدرتی، اتفاقی، خدا سے موافقت کرنے والا۔

خُدا سمجھے Ku-daa-sam-jhe: (ار، کلمہ دعا) خدا بدلہ لے، خدا سزا دے۔

خُدا شاہد Ku-daa-shaa-hid: (ار، کلمہ قسم) اللہ گواہ، سچ کہتا ہوں۔

خُدا شناس Ku-daa-sha-naas: (ف، صف) خدا کو جاننے / پہچاننے والا، نیک پارسا، عارف باللہ، اسم کیفیت مث: خدا شناسی۔

خُدا طلبی Ku-daa tal-bii: (ف، امث) خدا کی تلاش، خدا کو چاہنا۔

خُدا فروش Ku-daa fa-rosh: (ف، صف) خدا کا نام لے کر دھوکا دینے والا منافق، اسم کیفیت مث: خدا فروشی۔

خُدا کا گھر Ku-daa kaa ghar: (ار، امذ) مسجد، عبادت گاہ۔

خُدا کی پناہ Ku-daa-kii pa-naa(h): (ار، کلمہ دعا) اللہ بچائے، اللہ امان میں رکھے۔

خُدا کی دین Ku-daa ki dain: (ار، امث) خدا کی عنایت، خدا کی بخشش۔

خُدا کی راہ Ku-daa kii raah: (ار، امث) سیدھی راہ، صراط مستقیم۔

خُدا کی قسم Ku-daa-kii qa-sam: (ار، امث) اللہ کی قسم، خدا کو حاضر ناظر جان کر کسی چیز کے متعلق کہنا۔

خُدا کی مار Ku-daa-kii maar: (ار، کلمہ دعا) خدا کا غضب، خدا کی لعنت، جب کسی سے تکلیف پہنچے تو عورتیں بولتی ہیں۔

خُدا گواہ ہے Ku-daa-ga-vaah hai: (ار، کلمہ قسم) سچ کہتا ہوں۔

خدامست Ku-daa mast: (ف، صف) خدا کی محبت میں محو، خدا کی محبت میں مست۔

خُدا معلوم Ku-daa-maa-luum: (ار، متعلق فعل) مجھے معلوم نہیں، خدا جانے۔

خُدا ناترس Ku-daa-naa-ta-ras: (ار، صف) ظالم، خدا سے نہ ڈرنے والا، بے رحم، اسم کیفیت مث:

خدا ناترسی۔

خُدا نخواستہ / نکردہ / نہ کرے Ku-daa-naa-Kwaas-ta(h): (ار، متعلق فعل) مبادا، ایسا نہ ہو، خدا ایسا نہ کرے۔

خُدا واسطے (کا) Ku-daa-vaas-te: (ار، متعلق فعل) ناحق، بے سبب، خواہ مخواہ۔

خُدا یاد آنا Ku-daa-yaad aa-na(a): (ار، محاورہ) سخت مصیبت میں گرفتار ہونا، خدا کی قدرت نظر آنا۔

خُدّام Kud-daam: (ع، امذ) دیکھئے 'خادم' جس کی یہ جمع ہے۔

خُداوند Ku-daa-vand: (ف، امذ) مالک، آقا، صاحب، اللہ، اسم کیفیت۔مث: خداوندی۔

خُداوندِ مجازی Kudaa-van-de-ma-jaa-zi(i): (ف، امذ) خاوند، شوہر، حاکم، بادشاہ۔

خُداوندِ نعمت Ku-daa-van-de-na(?)-mat: (ف، امذ) امیر، رئیس، بلانے کا ایک خطاب یا طریقہ، بادشاہ وغیرہ سے مخاطب ہونے کا محکمہ۔

خُدایگان Ku-daa-ye-gaan: (ف، امذ) بڑا بادشاہ، بڑا آدمی، لائق سزاوار۔

خُدائی Ku-daa-ii: (ف، امث) خداوندی، خدا کی شان، دنیا، جہاں، مخلوق خدا۔

خُدائی خوار Ku-daa-ii Kwaar: (ف، صف) خانہ خراب، آوارہ، خستہ، ذلیل، رسوا۔

خُدائی فوجدار Ku-daa-ii fauj-daar: (ف، امذ) وہ شخص جو خواہ مخواہ ہر ایک کا حمایتی بنے اور دوسروں کے کاموں میں دخل دے۔ وہ شخص جو زبردستی لوگوں کی صلاح کے درپے ہو۔

خُدائی کا جھوٹا Ku-daa-ii-kaa jhuu-Ta(a): (ار، صف) سخت جھوٹا، فریبی، مکار۔

خُدائے مجازی Ku-daa-ye-ma-jaa-zi(i): (فع، امذ) غیر حقیقی خدا، کنایۃً خاوند، شوہر۔

خدایا Ku-daa-ya(a): (ار، کلمۂ ندا) اے خدا۔

خدشہ Kad-sha(h): (ع، امذ) فکر اندیشہ، شک وشبہ، خراش، موچ۔

خِدمت Kid-mat: (ع، امث) نوکری، چاکری، کام، کار، کارلازی۔ کارمتعلقہ، فرض، عہدہ، منصب، سامنے، روبرو، پاس، درگاہ (افعال: کرنا، لینا، ہونا) جمع: خدمات۔

خِدمت گار Kid-mat-gaar: (عف، صف) خادم، نوکر، اسم کیفیت، مث: خدمتگاری۔

خِدمت گزار Kid-mat-gu-zaar: (ف، صف) خدمت کرنے والا، کارگزار، ملازم، اسم کیفیت مث: خدمت گزاری۔

خِدمتی Kid-ma-ti(i): (ف، صف) دیکھیے 'خدمتگار' مث: تحفہ پیش کش، نذرانہ۔

خدنگ Ka-dang: (ف، امذ) ایک قسم کا چھوٹا تیر، بان، وہ پیڑ جس کی لکڑی سے تیر بنتے ہیں۔

خدیجہ Ka-dii-ja(h): (ع، امث) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی بیوی کا نام۔

خدیو / خدیو Kad-yav: (ف، امذ) بڑا بادشاہ، مصر کے بادشاہوں کا لقب رہا ہے۔ بڑا امیر، مالک، آقا۔

خ۔ذ

خذف Ka-zaf: (ع، امث) ٹھیکرا، ٹھیکری دیکھیے 'خزف' جو صحیح ہے۔

خ۔ر

خر Kar: (ف، امذ) گدھا، احمق، بے وقوف، اسم

کیفیت مث خری۔

خرِ دجّال Ka-re-daj-jaal: (فع، امذ) وہ گدھا جس پر سوار ہو کر قیامت کے قریب دجال خروج کرے گا۔

خر دماغ Kar-di-maaG: (فع، صف) ضدی، ہٹیلا، مغرور، متکبر، اسم کیفیت مث: خر دماغی۔

خرکار Kar-kaar: (ف، امذ) گدھے کے ذریعے روزی کمانے والا، خربان گدھے والا مزدور۔

خرمست Kar-mast: (ف، صف) احمق، نادان، نشہ جوانی میں مست، متوالا، اسم کیفیت مث: خرمستی۔

خرِ ناشخص Ka-re-na-shaKs: (ف، صف) لغو، بیہودہ، احمق، بے اصول۔

خردار Kar-daar: (ف، امذ) گدھے کا بوجھ، ڈھیر

خراب Ka-raab: (ع، صف) ویران، اُجاڑ، تباہ، برباد، مست۔ آوارہ، پریشان، نکما، ضائع، اکارت، ذلیل، رُسوا (افعال: کر۔، ہونا)

خراب آباد Ka-raab-aa-baad: (عف، امذ) تباہی کی جگہ، دُنیا۔

خراب حال Ka-raab-haal: (ع، صف بترکیب فارسی) بری حالت والا، پریشان حال۔

خرابات Ka-raa-baat: (عف، امث) شراب خانہ، قمار خانہ، فحاشی کا اڈا، بت خانہ۔

خراباتی Ka-raa-baa-ti(i): (ع، صف) شرابی، جواری۔

خرابہ Ka-raa-ba(h): (فع، امذ) ویران مکان، کھنڈر، قید خانہ، وہ زمین جس میں کاشت نہ ہو، وہ فصل جو خراب ہوگئی ہو۔

خرابی Ka-raa-bi(i): (عف، امث) ویرانی، تباہی، بربادی، برائی، بدی، مشکل، بگاڑ، عیاشی۔

خراٹا Kar-raa-Ta(a): (ار، اصوت مذ) وہ آواز جو سوتے وقت حلق سے نکلتی ہے۔ یہ اکثر بلغمی مزاج لوگوں کے حلق سے نکلتی ہے۔

خِراج Ki-raaj: (ع، امذ) زمین کا محصول، مالگزاری، باج، وہ روپیہ جو چھوٹا بادشاہ شہنشاہ کو دے، نعل بندی۔

خِراج گزار Ki-raaj-gu-zaar: (ع، امذ) خراج دینے والا، باج گزار، ماتحت بادشاہ یا رئیس۔

خِراجی Ki-raa-ji(i): (ع، صف) دیکھیے 'خراج گزار' قابل محصول۔

خراد Ka-raad: (ف، امذ) وہ آلہ جس سے لوہے یا لکڑی کو چھیل کر صاف کرتے ہیں۔ اور گول بناتے ہیں۔ اُردو میں تشدید کے بغیر بھی مستعمل ہے۔

خرادنا Ka-raad-na(a): (ار، مص) خراد پر چڑھا کر درست کرنا۔

خرادی Ka-raa-di(i): (ف، صف) خرادنے والا، خراد کا کام کرنے والا (اُردو میں 'ر' پر تشدید نہیں)

خراس Ka-raas: (ف، امذ) آٹا پیسنے کی بڑی چکی جس کو بیل یا اونٹ وغیرہ چلاتے ہیں۔

خراش Ka-raa-sh: (ف، لاحقہ فاعلی) خراشیدن مصدر سے صیغۂ امر، جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چھلنے والا اور دُکھ دینے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً دل خراش (امث مذ) چھیلن، رگڑ، کھجلی، زخم کی ہلکی لکیر۔

خراط Ka-raat: (ع، امذ) دیکھیے 'خراد'

خراطین Ka-raa-tiin: (ع، امذ) خراطین کا معرب، کیچوے۔

خُرافات Ku-raa-fat: (ع، امث) خرافت کی جمع، بیہودہ باتیں، بکواس۔

خُرافت Ka-raa-fat: (ع، امث) بیہودہ بات،

واہی تباہی، گالی گلوچ۔

خُرافیات Ku-raa-fi-yaat: (ع، امث) خیالی، قصے، کہانیاں، دیو مالا، علم الاصنام، انگریزی لفظ Mythology کا ترجمہ، صفت نسبتی: خرافیاتی۔

خِرام Ki-raam Ka-raam: (ف، امذ) وہ چال جو مٹک مٹک کر چلی جائے۔ ناز و ادا کی چال، مٹک چال، لاحقۂ فاعلی جو کسی اسم یا صفت کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چلنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً خوش خرام۔

خراماں Ki-raa-maaN Ka-raa-maaN: (ف، صف) مٹک کر چلنے والا، ناز کی چال چلنے والا۔

خِراماں خِراماں Ki-raa-maaN ki-raa-maaN: (ف، صف) آہستہ آہستہ چلتے ہوئے ٹہلتے ہوئے چلنا۔

خربُوزہ Kar-buu-za(h): (ف، امذ) ایک میٹھا پھل جو بیل پر لگتا ہے اور مئی جون میں ہوتا ہے۔

خرج Karj: (ع، امذ) خرچ، باہر نکلنا، اخراج۔

خُرجی Kur-ji(i): (ار، امث) دیکھیے 'خرجین' جس کا یہ مورد ہے۔

خُرجین Kur-jiin: (ف، امث) جھولا، جھولی، زنبیل، تھیلا جو گھوڑے کی پیٹھ پر سامان کے لیے باندھ دیتے ہیں۔

خرچ Karch: (ار، امذ) صرف، لاگت، روپیہ، زر، آمد کی ضد۔

خرّاچ Kar-raach: (ار، صف) فضول خرچ، (عربی اسم مبالغہ کے وزن پر یہ بنایا گیا ہے مگر غلط ہے)

خرچنا Karch-na(a): (ار، مص) صرف کرنا، اٹھانا، کام میں لانا، استعمال کرنا جیسے کچھ دماغ خرچ کرو۔

خرچنگ Kar-chang: (ف، امذ) کیکڑا، سرطان۔

خرچہ Kar-cha(h): (ار، امذ) مقدمہ کا صرف، لاگت، صرف، (افعال: دینا، لینا، دلانا)

خرچی Kar-chi(i): (ار، امث) زنا کا معاوضہ یا اُجرت جو عورت کو دی جائے۔

کُرکُر Kur-Kur: (ار، امث) کترانے کی آواز۔

خِرخِر Kir-Kir: (ار، امث) بلی کی آواز جو پیار میں خود بخود نکلتی رہتی ہے۔

خُرد Kurd: (ف، صف) چھوٹا، کم عمر، کم زور، کم بخت، اسم کیفیت مث: خردی۔

خُردبین Kurd-biin: (ار، اله) وہ آلہ جو چھوٹی چیز کو بڑا دکھائے۔

خُرد سال Kurd-saal: (ار، صف) کم عمر، کم سن، اسم کیفیت مث: خردسالی۔

خِرد Ki-rad: (ف، امث) عقل، دانائی۔

خِردمند Ki-rad-mand: (ف، صف) عقل مند، دانا، اسم کیفیت مث: خردمندی اوری۔

خردل Kar-dal: (ع، امث) رائی، بہت باریک سے بیج جو بہت سی دوائیں میں کام آتے ہیں۔

خُردہ Kur-da(h): (ف، امذ) ٹکڑا، ریزہ، پارچہ، جز، ریزگاری، عیب، نکتہ، باریکی۔

خُردہ بیں Kur-da(h) biiN: (ف، صف) عیب جو، نکتہ چیں، باریک بیں، اسم کیفیت مث: خردہ بینی۔

خُردہ فروش Kur-da(h) fa-ro-sh: (ف، صف) تھوک فروش کی ضد، تھوڑا تھوڑا بیچنے والا، بساطی، اسم کیفیت مث: خردہ فروشی۔

خُردہ کار Kur-da(h)-kaar: (ف، صف) وقتہ پسند، اسم کیفیت مث: خردہ کاری۔

خُردہ گیر Kur-da(h)giir: (ف، صف) عیب جو

نکتہ چیں، اسم کیفیت مث: خردہ گیری۔

خردیہ Kur-di-ya(h): (ف، صف) خردہ فروش، صرّاف، سکے بدلنے والا۔

خرس Ka-zas: (ف، مذ) ریچھ، بھالو۔

خرطوم Kar-tuum: (ع، مث) ہاتھی کی سونڈ سردار قوم، ایک افریقی شہر کا نام۔

خرفہ Kur-fa(h): (ع، مذ) ایک بیج جو اکثر ٹھنڈائی میں ڈالتے ہیں۔ ایک قسم کا ساگ۔

خرگوش Kar-gosh: (ف، مذ) بڑے کانوں والا، ایک تیز رفتار بلی کے برابر جانور۔

خرم Kur-ram: (ف، صف) خوش، شاداں، شاداب، اسم کیفیت مث: خرمی۔

خرما Kur-maal: (ف، مذ) چھوہارا، کھجور، چھوہارے کی شکل کی ایک مٹھائی۔

خرمہرہ Kar-moh-ra(h): (ف، مذ) سنکھ، ناقوس، کوڑی۔

خروج Ku-roj: (ع، مذ) نکاس، برآمد، باہر نکلنا، شورش، بغاوت۔ (افعال: کرنا، ہونا)

خروس Ku-ruus: (ف، مذ) مرغا۔

خروش Ka-ruush: (ف، مذ) شور، غل، غوغا، رونے کی آواز۔

خرید Ka-riid: (ف، صف) خریدی ہوئی، مول لی ہوئی (مث) خریداری قیمت۔

خرید وفروخت Ka-rii-do-fa-roKt: (ف، مث) لین دین، بیچنا، خریدنا۔

خریدار Ka-rii-daar: (ف، صف) گاہک مول لینے والا، خواہاں، طلب گار، اسم کیفیت مث: خریداری

خریدنا Ka-riid-na(a): (ار، مص جعلی) مول لینا، خرید کرنا۔

خریف Ka-riif: (ع، مث) خزاں، وہ موسم جب آفتاب برج میزان میں ہوتا ہے۔ ساونی کی فصل جس میں جوار، مکئی وغیرہ ہوتی ہے۔ اساڑھ سے کارتک تک کا زمانہ۔

خ۔ز

خزاں Ki-zaaN: (ف، مث) بہار کی ضد، پت جھڑ کا موسم، بے رونقی، زوال۔

خزانچی Ka-zaan-chi(i): (ف، صف) خزانہ رکھنے والا، تحویل دار، خزانہ کا نگراں۔

خزانہ Ka-zaa-na(h): (ع، مذ) وہ جگہ جہاں روپیہ پیسہ جمع رہتا ہے۔ بنک ذخیرہ گودام، پانی کا ذخیرہ کرنے کی جگہ، بندوق یا توپ کی وہ جگہ جہاں گولیاں رہتی ہیں۔ روپیہ، نقدی، دولت۔

خزانہ دار Ka-zaa-nah daar: (عف، صف) دیکھیے 'خزانچی'۔

خزانۂ عامرہ Ka-zaa-na(h)-e-(?)aa-me-ra(h): (ع، مذ، بترکیب فارسی) بھرا ہوا خزانہ، شاہی یا سرکاری خزانہ۔

خزائن Ka-zaa-in: (ع، مذ) دیکھیے 'خزینہ' جس کی یہ جمع ہے۔

خزف Ka-zaf: (ع مث) ٹھیکری۔

خ۔س

خس Kas: (ف، مذ مث) کوڑا کرکٹ، پھوس، سوکھی ہوئی گھاس۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ جو پانی کے کنارے ہوتی ہے۔ اس سے ٹٹیاں بنائی جاتی ہیں۔

خس پوش Kas-posh: (ف، صف) وہ چیز جس کو سوکھی گھاس سے چھپایا جائے۔

خس خانہ Kas-Kaa-na(h): (ف، اند) وہ مکان جو خس کی ٹٹیوں سے بنایا جاتا ہے۔

خس و خاشاک Ka-so-Kaa-shaak: (ف، اند) کوڑا کرکٹ، گھاس پھوس۔

خسارہ Ka-sa-ra(h): (ع، اند) ٹوٹا، نقصان، گھاٹا، گراہی (افعال: اٹھانا، دکھانا، دیکھنا، دینا)

خساست Ka-saa-sat: (ع، است) بخل، کنجوسی، کمینہ پن۔

خستہ Kas-ta(h): (ف، صف) زخمی، بدحال، مفلس، بھربھرا، مُرمُرا، اسم کیفیت مث: خستگی۔

خستہ حال Kas-tah-haal: (ف، صف) پریشان، آزردہ، شکستہ دل، رنجیدہ، ناخوش۔

خُسر Ku-sur: (ف، اند) سسر، بیوی یا خاوند کا باپ

خُسر پورہ Ku-sar pu-ra(h): (ف، اند) سالا، بیوی کا بھائی۔

خُسران Kus-raan: (ع، اند) نقصان، گھاٹا، خسارہ۔

خُسرو Kus-ro: (ف، اند) بڑا بادشاہ، مشہور بادشاہ، ایران کا شاہی خطاب، صاحب شوکت۔

خُسروانہ Ku-sur-vaa-na(h): (ف، صف) شاہانہ، بادشاہی طریقہ سے، خسرو کی طرح۔

خُسروی Kus-ra-vi(i): (ف، صف، مث) بادشاہ سے منسوب بادشاہت، بادشاہی، ایک شراب۔

خسرہ Kas-ra(h): (ار، اند) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست جس میں مالک و کاشتکار کا نام، کھیت کا رقبہ، زمین کی قسم اور جنس پیدا شدہ درج ہوتی ہے۔ وہ کتاب جس میں فہرست درج ہو، مسودہ۔ ایک بیماری جو چیچک سے مشابہ ہوتی ہے۔

خسرہ آبادی Kas-rah-aa-baa-di(i): (ار، اند) گاؤں کی فہرست مع مکانات وملکیت۔

خسرہ تقسیم Kas-rah taq-siim: (ار، اند) حصوں کی فہرست۔

خسک Ka-sak: (ف، اند) کوڑا کرکٹ، خس و خاشاک، کانٹے دار جھاڑی، گوکھرو، لوہے کے کانٹے جنہیں دشمن کے راستے میں بچھا دیتے ہیں۔

خسیس Ka-siis: (ع، صف) بخیل، کنجوس، کمینہ، رذیل۔

خ۔ش

خشت Kisht: (ف، است) اینٹ، ایک قسم کی مٹھائی، روٹی جو مردوں کی فاتحہ کے لیے پکائی جاتی ہے۔ ژند کے بارھویں باب کا نام۔

خشت زن Kisht zan: (ف، صف) اینٹیں مارنے والا، اینٹیں پھینکنے والا، اسم کیفیت مث: خشت اندازی/بازی/زنی۔

خشت ریز Kisht-rez: (ف، اند) اینٹیں پاتھنے والا، اسم کیفیت مث: خشت ریزی۔

خشخاش Kash-Kaash: (ف، اند) پوست کا پودا، پوست کے بیج، کوکنار وزن میں ایک چاول کا آٹھواں حصہ۔

خشخشی ڈاڑھی Kash-Ka-shii Daa-Rii(i): (ار، است) چھوٹی ڈاڑھی جو اکثر باریک مشین سے کاٹی جاتی ہے۔

خشخش Kash-Kash: (ار، اند) دیکھئے 'خشخاش' جو صحیح ہے۔

خشک Kushk: (ف، صف) سوکھا، بلا پانی یا نمی، کج اخلاق، روکھا، بے لطف، بے حظ، سالن کے بغیر، بے دودھ، بلا بارش، بے سمجھ، بے مغز۔

خشک دماغ/مغز Kushk di-maaG/maaGz: (ف، صف) سودائی، دیوانہ، تندخو، بیہودہ گو، مغموم، اسم کیفیت مث: خشک دماغی/مغزی۔

خشک سال Kushk-saal: (ف، اند) وہ سال جس میں بارش نہ ہو۔

خشک لب Kushk-lab: (ف، صف) پیاسا، اسم کیفیت مث: خشک لبی۔

خشک وتر Kush-ko-tar: (ف، صف) برا بھلا، گیلا اور سوکھا۔

خشکہ Kush-ka(h): (ف، اند) اُبلے ہوئے چاول، پلیتھن۔

خشکی Kush-ki(i): (ف، مث) سوکھاپن، نمی نہ ہونا، روکھاپن، قحط، امساک، باراں، پیتھن، خشک آٹا، وہ میل جو سر میں خشکی پیدا ہونے سے ہو جاتا ہے۔ خش زمین (صف)

خشم Kashm: (ف، اند) غصہ، ناراضگی، خفگی، طیش، عتاب، کرودھ۔

خشم آلود Kashm aa-luud: (ف، صف) غصے، ناراض، غضبناک۔

خشمگیں Kashm-giis: (ف، مث) غصہ سے بھرا، طیش میں آیا ہوا، اسم کیفیت مث: خشمناکی/گینی۔

خشوع Ku-shuu(?): (ع، اند) عاجزی، فروتنی، گڑگڑانا۔

خشونت Kush-uu-ant: (ع، مث) سختی، درشتی، دشمنی، تندی، کرودھ، نفرت، کراہت۔

خشیت Ka-shiy-yat: (ع، مث) ڈر، خوف۔

خ۔ص

خصال Ki-saal: (ع، مث) خصلت کی جمع، مرکبات میں بھی مستعمل ہے جیسے خوش خصال، بدخصال۔

خصائص Ka-saas-is: (ع، مث) دیکھئے 'خاصیت' جس کی یہ جمع ہے۔

خصائل Ka-saa-il: (ع، مث) دیکھئے 'خصلت' جس کی یہ جمع ہے۔

خصلت Kas-lat: (ع، مث) (لکھنؤ میں مذکر) عادت، خو، خاصیت، تاثیر، گن، طبیعت۔

خصم Kasm/Ka-sam: (ع، اند) مقابل، حریف، دشمن، مالک، صاحب، خاوند، شوہر۔

خصوص Ku-suus: (ع، اند) خاص کرنا، خاص ہونا، خصوصیت، نرالاپن، تحقیق، معاملہ، بات، چیز۔

خصوصاً Ku-suu-san: (ع، متعلق فعل) خاص کر، خاص طور پر۔

خصوصی Ku-suu-si(i): (ع، صف) خاص، مخصوص۔

خصوصیت Ku-suu-si-yat: (ع، مث) خاص بات، خاص صفت، ذاتی تعلق، میل ملاپ، دوستی، اخلاص، جمع خصوصیات۔

خصومت Ku-suu-mat: (ع، مث) دشمنی، جھگڑا، فساد، جمع خصومات۔

خصی Kas-si(i): (ع، اند) خصیے نکلا ہوا، آختہ، نامرد، ہیجڑا، مخنث (افعال: کرنا، ہونا)

خصیہ Kus-ya(h): (ع، اند) فوطہ، خایہ، بیضہ، انڈا

خ۔ض

خضاب Ki-zaab: (ع، اند) وسمہ، بالوں کو سیاہ کرنے کا رنگ جو نیل اور مہندی کو ملا کر کرتے ہیں۔ کوئی سفوف یا تیل جو بالوں کو سیاہ کرے۔ (افعال: کرنا، لگانا)

خِضر / خضر Ki-zar: (ع، اند) مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق ایک پیغمبر یا ولی کا نام جنھوں نے آبِ حیات پیا ہے اور قیامت تک زندہ رہیں گے۔ جو خشکی پر عبور رکھتے ہیں اور بھولے بھٹکوں کو راستہ دکھلاتے ہیں۔ کنایۃً راہنما، رہبر۔

خِضرِ راہ Kiz-re raa(h): (ع، اند) رہنما، رہبر۔

خِضر صورت Kiz-re suu-rat: (ع، صف) سفید و دراز ریش۔

خِضرا Kiz-ra(a): (ع، اسث) خضر کی تانیث، سبز

خضوع Ka-zuu(?): (ع، اند) دل کا عاجزی کرنا، گڑگڑانا، عاجزی، فروتنی۔

خ۔ط

خط / خط Kat: (ع، اند) لکیر، نشان، نیا سبزہ جو چہرے پر آتا ہے۔ نامہ، مکتوب، وہ لکیر جس میں صرف طول ہوتا ہے۔ عرض اور عمق نہیں ہوتا، ہاتھ کا لکھا ہوا انداز تحریر جس کی چند مشہور قسمیں یہ ہیں: ریحان، شکستہ، غبار، گلزار، نستعلیق، نسخ، تعلیق، حلیہ، چھب، صورت، شکل، حجامت۔

خطِ آزادی Ka-te aa-zaa-di(i): (عف، اند) رہائی کی سند جو غلاموں کو دی جایا کرتی تھی۔

خطِ آفتابی Ka-te aaf-taa-bi(i): (ف، اند) ایک قسم کی ایرانی تحریر جس میں حروف کے خط دائرہ کا ایک حصہ ہوتے ہیں۔

خطِ اِستوا / اعتدال Ka-te is-ta-va(a): (ف، اند) وہ فرضی لکیر جو زمین کے گرد بیچوں بیچ قطبین سے برابر فاصلہ پر شرقاً غرباً تسلیم کی جاتی ہے۔ وجہ تسمیہ یہ ہے کہ سورج جب اس پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتا ہے۔

خطِ بندگی Ka-te-band-gi(i): (ار، ف، اند) خط غلامی کا اقرار کرنا۔

خطِ پیشانی / جبیں / سرنوشت Ka-te pe-shaa-ni(i): (عف، اند) تقدیر کا لکھا، نوشتۂ تقدیر۔

خطِ تقدیر Ka-te taq-diir: (ع، اند بترکیب فارسی) تقدیر کا لکھا ہوا، قسمت کا لکھا ہوا۔

خطِ تیغ Ka-te teG: (اند) تلوار کا زخم۔

خطِ جام Ka-te-jaam: (ف، اند) جمشید کے پیالہ کی لکیریں جو سات ہیں: خط جور، خط بغداد، خط بصرہ، خط ازرق، خط اشک، خط کاشغر، خط مدینہ۔

خطِ جدی Ka-te-ja-di(i): (عف، اند) خط جو خطِ استوا سے 231/2 درجے جنوب میں واقع ہے۔ جب آفتاب اس خط پر پہنچتا ہے تو شمال کی طرف دن چھوٹا اور رات بڑی اور شمال میں یہ سردی کا موسم ہوتا ہے۔

خطِ جلی Ka-te-ja-li(i): (ع، اند) موٹی تحریر، موٹے حروف۔

خطِ حصار Ka-te-ha-saar: (ع، اند بترکیب فارسی) وہ دائرہ جو وظیفہ کرنے والے اپنے گرد کھینچ لیتے ہیں۔

خطِ دار Ka-te-vaar: (عف، صف) دھاری دار، جس پر لکیریں ہوں۔

خطِ ریحان: گلزار Ka-te-rii-haan: (عف، اند) ایک خط جس میں حروف جلی ہوتے ہیں اور حروف کے بیچ میں نقش و نگار بنے ہوتے ہیں۔

خطِ سرطان Ka-te-sar-taan: (ع، اند بترکیب فارسی) وہ خط جو خطِ استوا سے 23 1/2 درجے شمال کو ہے۔ سورج جب اس پر آتا ہے تو شمالی حصہ میں موسم گرما اور جنوبی حصہ میں موسم سرما ہوتا ہے۔

خطِ شعاع Ka-te-shu-aa(?): (ع، اند، بترکیب فارسی) آفتاب کی کرن۔

خطِ شکستہ Ka-te-shi-kas-taa(h): (عف، اند) ایک قسم کا خط جو گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے اور بدقت پڑھا جاتا ہے۔

خطِ عمود / عمودی Ka-te-(?)a-mod/i: (ع، اند، بترکیب فارسی) دو نقاط کا سب سے کم درمیانی فاصلہ، وہ کھڑی لکیر جو زاویے پیدا کرے۔

خطِ غبار Ka-te Gu-baar: (ف، اند) نستعلیق، تحریر کا ایک انداز جس میں جلی حروف کے درمیان باریک باریک نقطے لگائے جاتے ہیں جو دور سے غبار معلوم ہوتے ہیں۔

خطِ فاصل Ka-te-faa-sil: (ع، اند بترکیب فارسی) درمیانی لکیر، دو چیزوں کو علیحدہ کرنے کی لکیر۔

خط و کتابت Ka-to ki-taa-bat: (ع، اسث، بترکیب فارسی) مراسلت، خط لکھنا، چٹھی، پتر۔

خطِ کش Ka-te-kash: (ف، صف، مذ) وہ سودا جو بیچنے والا واپس نہ کرے۔ وہ آلہ جس سے بڑھئی لکڑی چیرنے کے لیے نشان لگاتے ہیں۔ وہ لکڑی یا پیانہ جس سے لکیریں لگاتے ہیں۔ مسطر، لکھنے والا، کاتب، قانون ساز، اسم کیفیت مث: خط کشی۔

خط کھینچنا Kat khiiNch-na(a): (ار، محاورہ) محو کر دینا، مٹا دینا قلم زد کرنا، نشان کرنا۔

خطِ مستقیم Kate-mus-ta-qiim: (ف، اند، بترکیب فارسی) سیدھی لکیر، دو نقطوں کے درمیان چھوٹے سے چھوٹا خط۔

خطِ منحنی Ka-te-mu-nah-ni(i): (ع، اند، بترکیب فارسی) ٹیڑھی لکیر، دائرہ دار لکیر۔

خطِ میخ / میخی Ka-te miiK/me-Ki(i): (عف، اند) وہ خط جس میں اہل بابل کے خط اور کتبے لکھے جاتے تھے۔ یہ تکونے قلم سے لکھا جاتا تھا۔

خطِ نصف النہار Ka-te-nis-fun-na-haar: (ف، اند، بترکیب فارسی) ایک فرضی لکیر جو زمین کی سطح پر سے گزر کر قطبین کو ملائے۔ خطِ استوار پر ان لکیروں کا درمیانی فاصلہ 69 میل ہوتا ہے۔ طول البلد۔

خطا Ka-ta(a): (ع، اسث) قصور، گناہ، جرم، تقصیر، غلطی، سہو، بھول، چوک، چین کا ایک علاقہ جو مشک کے لیے مشہور ہے۔

خطاپوش Ka-taa-posh: (عف، صف) گناہوں کو چھپانے والا، مراد خدا۔ اسم کیفیت مث: خطاپوشی۔

خطاکار / گر / وار Ka-taa-kaar: (عف، صف) قصوروار، گناہگار، مجرم، اسم کیفیت مث: خطاکاری / گری / واری۔

خِطاب Ki-taab: (ع، اند) کلام، گفتگو، بات چیت، مکالمہ، مخاطب ہونے کا فعل، توصیلی لقب جو حکومت کی طرف سے ملتا ہے۔ عزت کا نام (افعال: دینا، پانا، ملنا)

خِطابت Ki-taa-bat: (ف، اسث) خطبہ پڑھنا، تقریر کرنا، تقریر کا فن، خطبہ پڑھنے کا فعل۔

خِطابی Ki-taa-bi(i): (ع، اسث) زبانی بات چیت

خِطابیات Ka-taa-bi-yaat: (ع، اسث) فن خطابت، تقریر کا فن، انگریزی لفظ (Rhetorics) کا ترجمہ۔

خطّاط Kat-taat: (ع، اند) خوش نویس، کاتب، اسم کیفیت مث: خطاطی۔

خطبا Ka-ta-baa: (ع، اسث) دیکھئے 'خطیب' جس کی یہ جمع ہے۔

خطبہ Kat-ba(h): (ع، صف) وہ تعریف یا حمد و نعت جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جائے کتاب کا دیباچہ،

سبب تالیف تقریر (افعال: پڑھنا، دینا)

خطر Ka-tar: (ع، اند) خوف، اندیشہ، آفت، ضرر، دشواری، مشکل۔

خطرناک Ka-tar-naak: (ع، صف) ڈراؤنا، جس سے نقصان کا ڈر ہو۔

خطرہ Kat-ra(h): (ع، اند) دیکھئے 'خطر'

خطمی Kat-mi(i): (ع، اسٹ) گل خیرو۔

خطوط Ka-tuut: (ع، اند) دیکھئے 'خط' جس کی یہ جمع ہے۔

خطہ Kit-ta(h): (ع، اند) وہ قطعہ زمین جس کے گرداگرد عمارت کے واسطے خط کھینچ دیں۔ ملک کا حصہ، قطعہ سرزمین، ملک، بڑا شہر۔

خطی Kat-ti(i): (ع، صف) خط کی طرف منسوب، لکیر کی طرح سیدھا ایک قسم کا نیزہ، ہاتھ سے لکھا ہوا۔

خطیب Ka-tiib: (ع، صف) خطبہ پڑھنے والا، مقرر، تقریر کرنے والا، وہ عہدیدار جو بادشاہ کو کسی شخص یا بات کی طرف دعا دے کر متوجہ کرتا ہے۔ عربوں میں ایک عہدہ دار جس کا کام اپنی قوم کی خوبیاں اور مخالفین کی برائیاں ظاہر کرنا تھا۔

خطیر Ka-tiir: (ع، صف) بڑا، کثیر، بہت، عالی رتبہ، امیر، عالی منزلت، خطرناک جس سے نقصان کا اندیشہ ہو۔

خ۔ف

خفا Ka-fa(a): (ف، صف) برہم، ناراض، آزردہ (افعال: کرنا، ہونا)

خفا Ka-fa(a): (ع، اسٹ) پوشیدگی، چھپاؤ۔

خفاش Kaf-faash: (ع، اند) چمگادڑ۔

خفایا Ka-faa-ya(a): (ع، اسٹ) دیکھئے 'خفیہ' جس کی یہ جمع ہے۔

خفت Kif-fat: (ع، اسٹ) سبکی، ہلکا پن، اوچھا پن، اوچھاپن، ذلت۔ شرم، ندامت (افعال: اٹھانا، کھینچنا، ہونا)

خفتہ Kuf-ta(h): (ف، صف) سویا ہوا، خوابیدہ، غافل (جمع خفتگان)

خفقان Kaf-qaan: (ع، اند) دل دھڑکنا، ایک بیماری جس میں دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی ہے۔ گھبراہٹ، مالیخولیا، جنون، وحشت۔

خفقانی Kaf-qaa-ni(i): (ع، صف) خفقان میں مبتلا، مجنون، وحشت زدہ، گھبرایا ہوا۔

خفگی Kaf-gi(i): (ف، اند) دیکھئے 'خفا' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خفی Ka-fi(i): (ع، صف) پوشیدہ، چھپا ہوا، باریک، مہین (جلی کی ضد)

خفیف Ka-fiif: (ع، صف) ہلکا، سبک، ذلیل، شرمندہ، نادم (افعال: کرنا، ہونا) (اسٹ) عروض میں ایک بحر کا نام جس کے اصلی ارکان فاعلاتن، مستفعلن فاعلاتن ہیں: اسٹ: خفیف۔

خفیہ Ku-fi-yah: (ع، صف) پوشیدہ، در پردہ، چھپا ہوا۔

خفیہ پولس Ku-fi-yah puu-lis: (ع، انگ، اند) پولیس کا وہ شعبہ جس کا کام در پردہ خبر لگانا ہے، محکمہ، سراغ رسانی۔

خفیہ نویس Ku-fi-yah na-viis: (عف، صف) پوشیدہ طور پر اطلاع دینے والا، مخبر، جاسوس، اسم کیفیت مث: خفیہ نگاری/نویسی۔

خ۔ل

خلا Ka-laa: (ع، اند) جوف، خلو، خالی جگہ، جو، زمین اور آسمان کے درمیان کی خالی جگہ، زمین سے اُوپر کا وہ خطہ جہاں زمین کی کشش ثقل اثر انداز نہیں ہوتی۔

انگریزی لفظ، (Space vacuum) کا ترجمہ، تخلیہ خلوت خانہ۔

خلاباز Ka-laa-baaz: (عف، صف) خلا میں سفر کرنے والا، زمین کی کشش سے اوپر سفر یا تحقیق کرنے والا، اسم کیفیت مث: خلابازی۔

خلا ملا Ka-laa ma-la(a): (ع، اند) میل جول، ربط وضبط، دوستی۔

خلاص Ka-laas: (ع، اند) رہائی، آزادی، آزاد، چھوٹا ہوا۔

خلاص ہونا Ka-laas hona(a): (ار، محاورہ) آزاد ہونا، چھوٹنا، بچہ جننا، انزال ہونا، ختم ہونا۔

خُلاصہ Ku-laa-sa(h): (ع، اند) اصل، پاک، اختصار، انتخاب، مختصر، منتخب، نچوڑ، جوہر۔

خلاصۂ کلام Ku-laa-saa-e-ka-laam: (ع، اند، بترکیب فارسی) حاصل کلام مختصر بات۔

خلاصی Kal-laa-si(i): (عف، مث) رہائی، آزادی، خیمہ لگانے والا، توپ خانہ، ریل یا جہاز پر کام کرنے والا مزدور یا کسی اور محکمہ میں کام کرنے والا قلی۔

خِلاف Ki-laaf: (ع، صف) ناسازگار، ناموافق، اُلٹا، برعکس، جھوٹ، اختلاف، مخالف، دشمن۔

خِلاف بیانی Ki-laaf-ba-yaa-ni(i): (عف، مث) دروغ گوئی، جھوٹ بیان کرنا۔

خِلافِ دستور / آئین Ki-laa-fe-das-tuur: (عف، صف) رواج کے خلاف قاعدہ کے برعکس۔

خِلافِ شرع Ki-laa-fe-sha-ra(?): (ع، صف، بترکیب فارسی) شریعت محمدیؐ کے برعکس۔

خلافِ طبع Ki-laa-fe-ta-ba(?): (ع، صف، بترکیب، فارسی) مزاج کے ناموافق طبیعت کے برعکس۔

خِلافِ عقل Ki-laa-fe-(?)aql: (ع، صف، بترکیب فارسی) عقل کے برعکس، جسے عقل قبول نہ کرے۔

خِلافِ قیاس Ki-laa-fe qa-yaas: (ع، صف، بترکیب فارسی) عقل کے برعکس، ناممکن۔

خلاف ورزی Ki-laaf-var-zi(i): (عف، مث) مخالفت، خلاف کرنا، قانون یا قاعدہ توڑنا۔

خِلافِ وضع Ki-iaa-fe-va-za(?): (ع، صف، بترکیب فارسی) طریقہ اور عادت کے برعکس۔

خِلافت Ki-laa-fat: (ع، مث) نیابت، جانشینی، نبی یا بادشاہ کی خلیفہ کا عہدہ، مسلمانوں کی بادشاہت، ایک تحریک کا نام جو ترکی خلافت کے تحفظ کے لیے ہندوستان میں چلائی گئی تھی۔

خِلافتِ راشدہ Ki-laa-fa-te-raash-da(h) (ع، مث) رسول کریمؐ کی وفات سے حضرت علیؓ تک کی خلافت کا زمانہ۔

خلاق Kal-laaq: (ع، مبالغہ) بہت پیدا کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

خِلال Ki-laal: (ع، مث) دو چیزوں کے درمیان فرق یا فاصلہ۔ دانت کریدنے کا آلہ یا تنکا، گنجفہ کی بازی (افعال: کرنا، دینا، لینا)

خلائق Ka-laa-iq: (ع، مث) خلیقہ کی جمع، اُردو میں یہ 'خلقت' کی جمع آئی ہے۔

خُلّت Kul-lat: (ع، مث) دوستی، محبت۔

خلجان Kal-jaan: (ع، اند) تپک، دھڑک، خلش، تردّد، فکر، اندیشہ، گھبراہٹ، چنتا۔

خلخال Kal-Kaal: (ع، مث) پازیب، پاؤں میں پہننے کا ایک زیور۔

خلخل / خلخلہ Kal-Kal/ Kal-Ka-lah: (ع، صف) ڈھیلا، ڈھالا۔

خُلد Kuld: (ع، اند) ہمیشہ رہنے والی چیز، بہشت،

فردوس، جنت۔

خُلد آشیاں / مکانی Kuld-aash-yaaN/ma-Kaa-ni(i): (ع،صف) بہشت میں سکونت رکھنے والا، مرحوم، مغفور، متوفی، اکثر بادشاہوں اور بڑے آدمیوں کی نسبت بولا جاتا ہے۔

خُلدِ بریں Kul-de-ba-riiN: (ع، اند) بہشت، فردوس۔

خلِش Ka-lish: (ف، امث) کانٹے کا بدن میں چبھنا، کھٹک، چبھن، رنجش، بغض، جھگڑا، مناقشت۔

خلط Kalt: (ع، اند) آمیزش، ملاوٹ۔

خلطِ مبحث Kal-te-mab-has: (ع، اند) بحث کو کہیں سے کہیں پہنچا دینا، غیر متعلقہ گفتگو / امور شامل کر کے بحث کو طویل کرنا، بے فائدہ الجھاؤ۔

خَلط مَلط Ka-lat-ma-lat: (ع، صف) درہم، برہم، گڈمڈ (افعال: کرنا: ہونا)

خُلع Ku-la(?): (ع، اند) عورت کا مہر چھوڑ کر یا شوہر کو بدلہ یا معاوضہ دے کر طلاق حاصل کرنا۔

خِلعت Kil-?at: (ع، اند) وہ پوشاک جو بادشاہ یا اُمراء کے طرف سے بطور عزت ملے، وہ نشان جو استاد اصلاح دیتے وقت عمدہ حرف پر لگا دیتے ہیں۔

خِلعتِ فاخرہ Kil-?a-te faa-Ki-ra(h): (ع، اند) ایسا خلعت جو باعثِ فخر ہو اعلیٰ خلعت۔

خلف Kalf: (ع، اند) جانشین، قائم مقام، وارث، بیٹا، فرزند، برا، مخالف، بدچلن۔

خُلفاء Kul-fa(a): (ع، اند) دیکھئے 'خلیفہ' جس کی یہ جمع ہے۔

خُلفائے راشدین kul-faa-e-raash-diin: (ع، اند) پہلے چاروں خلیفے یعنی حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ۔

خلفشار Kal-fa-shaar: (ع، اند) گڑ بڑ، کھلبلی۔

خلق Kalq: (ع، اند) لوگ، مخلوق، خلقت۔

خلقِ آزار Kal-qe-aa-zaar: (ع، اند) لوگوں کو تنگ کرنے والا، اسم کیفیت مث: خلق آزاری۔

خُلق Kulq: (ع، اند) ملنساری، خوش مزاجی، عادت، خصلت، مروت۔

خُلقِ محمدیؐ Kul-qe-mu-ham-ma-di(i): (ع، اند) پیغمبر صلعم کا خلق ضرب المثل ہے۔ بے مثل اخلاق۔

خلقت Kal-qat: (ع، امث) مخلوق، لوگ۔

خِلقت Kil-qat: (ع، امث) پیدائش، آفرینش، فطرت، سرشت۔

خِلقی Kil-qi(i): (ع، صف) پیدائشی، قدرتی، فطرتی۔

خلل Ka-lal: (ع، اند) رخنہ، شگاف، فتور، بگاڑ، بدہضمی، (افعال: آنا، پڑنا، ڈالنا)

خلل انداز Ka-lal-an-daaz: (ع، صف) فتور ڈالنے والا، شرارت کرنے والا، خواہ مخواہ دخل دینے والا، اسم کیفیت مث: خلل اندازی۔

خلل پذیر Ka-lal-pa-ziir: (ع، صف) جو خلل پڑنے کے قابل ہو، پراگندہ، پریشان، اسم کیفیت مث: خلل پذیری۔

خلل دماغ Ka-lal-di-maaG: (ع، اند) سودا، دیوانگی، پاگل پن، مزاجی۔

خُلو Ku-luu: (ع، اند) خالی ہونا، جوف۔

خلوت Kal-vat: (ع، امث) تنہائی، علیحدگی، گوشہ نشینی، عزلت، خالی جگہ، تنہائی کا مقام، کوٹھری، حجرہ، خواب گاہ، سونے کا کمرہ، پوشیدگی، علیحدہ ملاقات۔

خلوت پسند Kal-vat-pa-sand: (ع، صف) تنہائی پسند کرنے والا، اسم کیفیت مث: خلوت پسندی

خلوت خانہ / سرا / گاہ / کدہ Kal-vat Ka-na(h)/ sa-raa/ gaah/ ka-dah: (ع، امث) بیوی اور خاوند کا ہم بستری کے لیے تنہا جگہ اکٹھا ہونا۔

خلوت گزین / نشین Kal-vat-ga-ziin: (عف، امث) تنہائی میں بیٹھنے یا اکیلا رہنے والا، گوشہ نشین، اسم کیفیت مث: خلوت گزینی / نشینی۔

خلوتی Kal-va-ti(i): (عف، صف) اکیلا رہنے والا، تنہا، تنہائی کا۔ تنہائی کے متعلق (امذ) بن باسی، راہب، گوشہ نشین، وہ شخص جسے تنہائی میں بلایا جائے۔ ہمراز، بے تکلف دوست۔

خُلُود Ku-luud: (ع، امذ) ہمیشگی، دوام، ابدیت۔

خُلُوص Ku-luus: (ع، امذ) سچی دوستی، وفاداری، اخلاص، بے ریائی، صفائی، سچائی۔

خُلُوص نیت Ku-luu-se-ni-yat: (ع، امث) نیک نیتی، خالص نیت۔

خلیا Kal-ya(a): (ار، امث) خالہ کی تصغیر، جو مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل ہے۔

خلیا ساس Kal-yaa saas: (ھ، امث) ساس کی بہن، خاوند یا بیوی کی خالہ۔

خلیا سُسر Kal-yaa-su-sar: (ھ، ار، امذ) خلیا ساس کا خاوند، خاوند یا بیوی کی خالہ۔

خلیج Ka-liij: (ع، امث) پانی کا ایک قطعہ جس کے تین طرف خشکی ہو، اور چوتھی طرف سمندر سے ملا ہوا ہو۔

خلیرا Ka-le-ra(a): (ار، صف) خالہ کا، خالہ کی اولاد، مث: خلیری۔

خلیفہ Ka-lii-fa(h): (ع، امذ) قائم مقام، بادشاہ یا نبی کا قائم مقام پیغمبر صلعم کا قائم مقام، امیر المومنین، استاد کا نائب، مانیٹر، نائی، درزی، باورچی۔

خلیفۃ اللہ Ka-lii-fa-tul-laa(h): (ع، امذ) خدا کا نائب، حضرت آدمؑ کا لقب

خلیق Ka-liiq: (ع، صف) خوش خلق، خوش اخلاق، صاحب اخلاق۔

خلیل Ka-liil: (ع، امذ) سچا دوست، یا صادق۔

خلیہ Kul-ya(h): (ع، امذ) جسم کا مختصر ترین خانہ Cell کا ترجمہ، چھتہ۔

خ۔م

خَم Kam: (ف، امذ) ترچھا پن، ٹیڑھ، کجی، گھونگریالا، کنڈلی مارے ہوئے، موڑ، پھیر، گھماؤ، بل، پیچ، گھونگر، حلقہ، چھلا۔

خَم ابرُو Kam-aab-ru(u): (ف، امذ) بھوؤں کی، کجی، یہ ایک قسم کی خوبصورتی ہے۔

خمدار Kam-daar: (ف، صف) ٹیڑھا، ترچھا، کج

خم در خم Kam-dar-Kam: (ف، صف) پیچ در پیچ، گھنگریالے بال۔

خَم و چَم Ka-mo-cham: (ف، مذ) نخرہ، ناز کی چال، خرام ناز، معشوق کی چال، ناز معشوقانہ۔

خُم Kum: (ف، امذ) شراب کا مٹکا، گنجفے کے کھیل میں وہ پتے جو تقسیم سے پہلے چھپا لیتے ہیں اور ایک ایک کر کے نکالتے ہیں۔

خم خانہ / کدہ Kam-Kaa-na(h)/ka-da(h): (ف، امذ) شراب خانہ۔

خَمّار Kam-maar: (ع، امذ) مے فروش، شراب فروش، بہت زیادہ شراب پینے والا، شرابی، معشوق کی آنکھ۔

خُمار Ku-maar: (ع، امذ) نشہ، سرشار کی کیفیت، نشہ اترنے کے قریب جو درد سر ہوتا ہے اور ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں سر درد وغیرہ جو نشہ ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

خُمار آلُود / آلُودہ Ku-maar-aa-luud/ aa-

(luu-da(h: (عف، صف) مدبھری، مخمور، متوالا۔

خمار شکن Ku-maar-shi-kan: (عف، صف) خمار توڑنے والا، خمار کی کیفیت دور کرنے والی چیز، اسم کیفیت مث: خمار شکنی۔

خماسی Ki-maa-sii: (ع، مث) پنج حرفی لفظ۔

خمر Kamr: (ع، مث) شراب، مے۔

خمس Kams: (ع، اعداد) پانچ (۵)

خمس Kums: (ع، عدد کسری) پانچواں حصہ، مالِ غنیمت میں پانچواں حصہ، جو غرباء اور یتامیٰ کا حق ہے اور ان کے لیے وقف کیا جاتا ہے۔

خمسہ (Kam-sa(h: (ع، صف) پانچ سے نسبت کرنے/رکھنے والا، پانچ مصرعوں کا بند یا نظم۔

خمسہ متحیرہ Kam-sa-he-mu-ta-hay-ya-ra(h): (ع، اند) پانچ سیارے: مشتری، زہرہ، زحل، عطارد اور مریخ جو کبھی سیدھی اور کبھی اُلٹی رفتار سے چلتے ہیں۔

خموش Ka-mosh: (ف، صف) دیکھیے 'خاموش' جس کا یہ مخفف ہے۔ اسم کیفیت مث: خموشی۔

خمول Ku-muul: (ع، اند) گمنام ہونا، گمنامی۔

خمیازہ (Kam-yaa-za(h: (ف، اند) انگڑائی، بدلا، نتیجہ۔

خمیدہ (Ka-mii-da(h: (ف، صف) ٹیڑھا، ترچھا، جھکا ہوا، اسم کیفیت مث: خمیدگی۔

خمیر Ka-miir: (ع، اند) کسی چیز مثلاً گندھے ہوئے آٹے کو کچھ دیر گرمی میں رکھ کر ترش کرنا، وہ ترشی جو خوش دے کر اٹھائی جائے/پیدا کی جائے۔ سرشت۔ بناوٹ، طبیعت، فطرت، مٹی، جسم کی مٹی جس سے انسان کا پتلا بنا ہوا ہے۔ (افعال: اٹھانا، بنانا، اٹھنا)

خمیرہ Ka-mii-rah: (ع، اند) خمیر اٹھا کر تیار کی ہوئی چیز، مصری یا شکر سفید میں پکائی ہوئی دوا، ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو۔

خمیری (Ka-mii-ri(i: (ع، امث) خمیرے آٹے کی روٹی۔

خمریات Ku-mar-yaat~Ka-mar-yaat: (ع، امث) خمر کے متعلق، وہ شاعری جس میں شراب اور اس کے لوازمات کا ذکر ہو۔

خمیس Ka-miis: (ع، اند) پانچواں، ہفتے کا پانچواں دن، جمعرات۔

خ۔ن

خناس Kan-naas: (ع، اند، صف) سرکش دیو، خبیث روح، شیطان بہکانے والا۔

خناق Ku-naaq: (ع، اند) گلے کی ایک بیماری، گلا گھونٹنا۔

خنثیٰ Kun-saa: (ع، اند) ہیجڑا، وہ شخص جس کی مردانہ یا زنانہ دونوں علامات ناقص ہوں۔

خنجر Kan-jar: (ف، اند) ایک ہتھیار جو بڑے چھرے کی قسم کا ہوتا ہے۔ کٹار۔ (افعال: اٹھانا، الھنا، باندھنا، پھرنا، تیز کرنا، ملانا، کھینچنا)

خنجری (Kan-ji-ri(i: (ف، امث) چھوٹی دف، ڈفلی، گلبدن اور مشروع کی دھاریاں۔

خنداں Kan-daaN: (ف، صف) ہنستا ہوا، شگفتہ، کھلا ہوا۔

خندق Kan-daq: (ع، امث) فارسی کندہ کا معرب، کھائی، کھوہ، گڑھا۔

خندہ (Kan-da(h: (ف، اند) ہنسی، شوخ، شریر۔

خندہ پیشانی/رو Kan-da(h)-pe-shaa-ni(i): (ف، صف) ہنس مکھ، خوش مزاج، شگفتہ رو، اسم

کیفیت مث: خندہ روی۔

خندۂ جام/شراب/صہبا/ساغر/شیشہ/صُراحی/مینا Kan-da(h)-jaam: (ف،صف) ہنسنے والا، اسم کیفیت مث: خندہ زنی۔

خندہ زن Kan-da(h)-zan: (ف، صف) ہنسنے والا، اسم کیفیت مث: خندہ زنی۔

خندۂ صُبح Kan-da(h)-e-subh: (ف،مذ) طلوعِ صبح۔

خندی Kan-di(i): (ار،مث) بے حیا، بے غیرت، فاحشہ، قحبہ۔

خنزیر Kan-ziir: (ع،صف) سور، جنگلی سور، بنیلا۔

خُنک Kunk: (ف، صف) ٹھنڈا، سرد، اسم کیفیت مث: خنکی۔

خُنگ Kung: (ف،صف) نقرئی گھوڑا۔

خُنیا گر Kun-yaa-gar: (ف،صف) گویا، مطرب، اسم کیفیت مث: خنیا گری۔

خ۔و

خُو Kuu: (ف، مث) عادت، سبھاؤ، طبیعت، بان، خصلت، خاصیت، طور طریقہ، ڈھنگ، چلن، رسم و رواج، ریت۔ (افعال: پڑنا، چھوڑنا، ڈالنا)

خُوبُو Kuu-buu: (ف، مث) عادت، ڈھنگ، خصلت، رنگ۔

خو Kho: (ار،مث) بندریا، ریچھ کی بھنک یا آواز۔

خوابِ Kwaab: (ف، مذ) نیند، نوم، قیلولہ، وہ بات جو انسان سوتے میں دیکھتا ہے، رویا، سپنا (افعال: کرنا، دیکھنا)

خوابِ آلودہ Kwaab-aa-luu-da(h): (ف،صف) نیند میں بھرا ہوا، اسم کیفیت مث: خواب آلودگی۔

خوابِ آوَر Kwaab-aa-var: (ف،صف) نیند لانے والی/والا۔

خوابِ پریشان Kwaa-be-pa-re-shaan: (ف،مذ) بے آرامی کی نیند، ڈراؤنا خواب۔

خوابِ خرگوش Kwaa-be-Kar-gosh: (ف،مذ) غفلت، تغافل، بے خبری (افعال: پڑنا، رہنا، ہونا، پڑا سونا)

خوابِ سنگین Kwaab-san-giin: (ف، مذ) گہری نیند۔

خوابِ شیریں Kwaa-be-shii-riiN: (ف،مذ) پرلطف نیند، راحت کا خواب۔

خوابِ غفلت Kwaa-be-Gaf-lat: (ف، مث) غفلت کی نیند، مجازاً بیحد غفلت۔

خوابگاہ Kwaab-gaa(h): (ف، مث) سونے کا کمرہ۔

خوابِ گراں Kwaa-be-ga-raaN: (ف،مذ) گہری نیند، غفلت کی نیند۔

خوابِ نوشیں Kwaa-be-no-shiiN: (ف، مذ) میٹھی نیند، پرلطف نیند۔

خواب و خیال Kwaa-bo-Kyaal: (ف،مذ) بے اصل باتیں، ناممکن باتیں۔ امرِ محال (افعال: ہو جانا، ہونا)

خوابیدہ Kwaa-bii-da(h): (ف،صف) سویا ہوا، خمار آلودہ، اسم کیفیت مث: خوابیدگی۔

خواتین Kwaa-tiin: (ع،مذ) خاتون کی جمع، معزز عورتیں۔

خواجہ Kwaa-ja(h): (ف،مذ) مالک، سردار، آقا، ایک عزت کا لقب، خواجہ سرا کا مخفف، ہیجڑا، جمع: خواجگاں۔

خواجۂ تاش Kwaa-ja(h)-e-taash: (ف، اند) ایک آقا کے ملازموں یا غلاموں میں سے ہر ایک، ہم جماعت، ہم مدرسہ۔

خواجہ زادہ Kwaa-jah zaa-da(h): (ف، اند) خواجہ کا بیٹا، مالک، مث: ار، خواجہ زادی۔

خواجہ سرا Kwaa-ja-sa-ra(a): (ف، اند) بادشاہوں یا امیروں کے محلات کا دربان یا داروغہ جو عموماً ہیجڑا ہوتا تھا۔ نامرد غلام، ہیجڑا۔

خوار Kwaar: (ف، صف) ذلیل، رسوا، بے عزت، بے اختیار، آوارہ، سرگرداں، پریشان، اسم کیفیت مث: خواری۔ لاحقہ فاعلی جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور کھانے والا یا پینے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً شراب خوار۔

خوارج Kwaa-rij: (ع، اند) دیکھئے 'خارجی' جس کی یہ جمع ہے۔

خوارق Kwaa-raq: (ع، اند) دیکھئے 'خارق' جس کی یہ جمع ہے معجزے کرامات۔

خواست Kwaast: (ف، اند) گزارش، عرض، التماس، التجا، سوال، خواہش، آرزو۔

خواستگار Kwaast-gaar: (ف، صف) امیدوار، سائل، مستغیث، طلبگار، اسم کیفیت مث: خواستگاری

خواستہ Kwaas-ta(h): (ف، صف) چاہا ہوا، جس کی خواہش ہو۔

خواص Kwaas: جمع خاص کی: چیدہ اشخاص، بڑے لوگ، جمع خاصہ کی، خدمت گار، پرستار، جمع۔ خاصیت کی، اثرات، (واحد مذ) (امث) لونڈی، کنیز، مدخولہ۔

خواصی Kwaa-si(i): (ف، امث) ہودج / عماری کے پیچھے کی وہ جگہ جہاں اعلیٰ ملازم بیٹھتا ہے۔ عماری کی پچھلی بیٹھک، مصاحبت، ہمنشینی۔

خوان Kwaan: (ف، اند) کشتی، جس میں کھانا لگا کر لے جاتے ہیں۔ سینی، چنگیر، دستر خوان۔

خوال Ku-vaal: (ف، لاحقہ، فاعلی) خواندن مصدر سے صیغہ امر، کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پڑھنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً لغت خواں، کتاب خواں۔

خوان پوش Kwaan posh: (ف، اند) خوان کو ڈھکنے والا کپڑا۔

خوانِ نعمت Kwaa-ne-na(?)-mat: (ف، اند) لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان۔

خوانچہ Kwaan-cha(h): (ف، اند) چھوٹا خوان، تھال، سینی، لکڑی کی کشتی۔

خوانچہ فروش Kwaan-cha(h) fa-rosh: (ف، اند) وہ پھیری والا جو تھال میں چیزیں رکھ کر بیچے۔

خواندہ Kwaan-dah: (ف، صف) پڑھا ہوا، تعلیم یافتہ، بلایا ہوا، طلبیدہ، اسم کیفیت مث: خواندگی

خوانندہ Kwaa-nin-da(h): (ف، صف، فاعلی) پڑھنے والا، طالب علم، نقیب، موذن، جمع خوانندگان۔

خوانین Ka-vaa-niin: (ف، اند) دیکھیے 'خان' جس کی یہ جمع ہے۔

خواہ Kwaa(h): (ف، حرف تردید) چاہے، یا، لاحقہ فاعلی، خواستن مصدر سے صیغہ امر، جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بناتا ہے اور چاہنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً خیر خواہ۔

خواہاں Ku-vaa-haaN: (ف، حالیہ) چاہنے والا، خواہش مند، طلب گار۔

خواہش Kwaa-hish: (ف، امث) آرزو، تمنا، چاہ، شوق، حسرت۔ (افعال: کرنا، ہونا، رکھنا)

خواہش مند Kwaa-hish-mand: (ف،صف) شائق، طالب، آرزو مند، اسم کیفیت، مث خواہش مندی۔
خوب Kuub: (ف،صف) اچھا، عمدہ، خوبصورت، مرغوب، ہاں۔ (جواب میں کہتے ہیں) کسی کا عمدہ کلام سن کر تعریف میں کہتے ہیں۔ بعض وقت طنزاً کہا جاتا ہے۔ اسم کیفیت مث: خوبی۔
خوبصُورت/رو Kuub-suu-rat/ru(u): (ف، صف) حسین، شکیل، سندر، قبول صورت، پری چہرہ، اسم کیفیت مث: خوب صورتی/روئی۔
خوب کلاں Kuub-ka-laaN: (ف، مذ) ایک باریک قسم کے بیج جو بخار اتارنے کے لیے بطور دوا استعمال کیے جاتے ہیں۔ خاکسی۔
خوبانی Kuu-baa-ni(i): (ف، مث) ایک میوہ، زردآلو۔
خوجہ Kuu-ja(h): (ف، مذ) ہجڑا، زنانہ (خواجہ کا مخفف)
خوخیانا KuuK-yaa-na(a): (ار، مص) بندر اور ریچھ وغیرہ کا چیخنا، بھبکی دینا۔
خُود Kud: (ف، مذ) لوہے کی ٹوپی جو جنگ میں سر کی حفاظت کے لیے، استعمال ہوتی ہے۔
خُود Kud: (ف، مذ) آپ، اپنا، نج کا، ذاتی، بذاتہ۔
خُود آرا Kud-aa-ra(a): (ف، صف) اپنے آپ کو سنوارنے والا، بناؤ سنگار کرنے والا، مغرور، متکبر، اسم کیفیت مث: خودآرائی۔
خُود اختیار Kud-iK-ti-yaar: (ف، مذ) آزاد، جس کے ہاتھ میں اختیار ہو، اسم کیفیت مث: خوداختیاری۔
خُود ارادیت Kud-i-raa-di-yat: (فع، مث) آزادی، عمل و ارادہ، اپنے معاملات خود سلجھانا، انگریزی لفظ Self Determination کا ترجمہ۔
خُود اعتمادی Kud-a(?)t-maa-di(i): (فع، مث) اپنی ذات پر بھروسہ، اپنی صلاحیتوں پر بھروسہ۔
خُود انتظامی Kud-in-ti-zaa-mi(i): (ف، مث) اپنا انتظام جو انتظام اپنے ہاتھ میں ہو۔
خُود بخُود Kud-ba-Kud: (ار، متعلق فعل) آپ ہی آپ، از خود، قدرتی طور پر۔
خُود بِیں Kud-biin: (ف، صف) مغرور، متکبر، خود پسند، اسم کیفیت مث: خود بینی۔
خُود پرست Kud-pa-rast: (ف، صف) مغرور، متکبر، اسم کیفیت مث: خود پرستی۔
خُود پسند Kud-pa-sand: (ف، صف) وہ شخص جو اپنے آپ کو بہتر سمجھے اور اپنی رائے کو ترجیح دے۔ اسم کیفیت مث: خود پسندی۔
خُود دار Kud-daar: (ف، صف) اپنے آپ کو حرکات لغو سے باز رکھنے والا، ضبط کرنے والا، صابر، اپنی عزت کا خیال رکھنے والا، اسم کیفیت مث: خودداری۔
خُود رفتہ Kud-raf-ta(h): (ف، صف) بے خود، بے خبر، اپنے آپ سے باہر، اسم کیفیت مث: خودرفتگی۔
خُود رُو Kud-ru(u): (ف، صف) خود بخود اُگنے والا، جنگلی، بغیر کاشت اُگنے والا۔
خُود ساختہ Kud-saaK-ta(h): (ف، صف) اپنا بنایا ہوا، گھڑا ہوا۔
خُود رائے Kud-raa-ye: (ف، صف) خود سر، سرکش، خود مختار کسی کی نہ ماننے والا، اسم کیفیت مث: خودداری۔
خُود سِتا kud-si-taa: (ف، صف) اپنی تعریف آپ کرنے والا، اپنے منہ میاں مٹھو بننے والا، اسم کیفیت مث: خودستائی۔

خودسر Kud-sar: (ف،صف) خودرائے، سرکش، ضدی خودسری۔

خودسے Kud-se: (ار، متعلق فعل) اپنے آپ، ازخود، بن بلائے۔

خودغرض Kud-Ga-raz: (فع،صف) مطلبی، خودکام، اسم کیفیت مث: خودغرضی۔

خودفراموش Kud-fa-raa-mosh: (ف،صف) اپنے آپ کو بھولنے والا، غافل، اسم کیفیت مث: خود فراموشی۔

خودفروش Kud-fa-rosh: (ف،صف) اپنی تعریف آپ کرنے والا شیخی خورہ، اسم کیفیت مث: خودفروشی۔

خودکار Kud-kaar: (ف،صف) اپنے کام آپ کرنے والا، وہ چیز یا مشین جو خود بخود کام کرے انگریزی Automatic کا ترجمہ۔

خودکاشت Kud-kaasht: (ف،صف) وہ شخص جو اپنی ملکیتی زمین خود بوئے، وہ زمین جسے مالک خود بوئے، مزارعہ کے ذریعے کاشت نہ ہو۔

خودکام Kud-kaam: (ف،صف) خودغرض، جو اپنی مرضی کے مطابق کام کرے، ضدی، ہٹیلا، مغرور، اسم کیفیت مث: خودکامی۔

خودکشی Kud-ku-shi(i): (ف،مث) اپنے آپ کو قتل کر دینا، اپنے آپ کو مارنا۔

خودکفیل Kud-ka-fiil: (فع،صف) اپنے وسائل پر گزارہ کرنے والا، انگریزی لفظ self-dependent کا ترجمہ۔

خودمختار Kud-muKh-taar: (ف،صف) آزاد با ختیار، خودسر، خودرائے، اسم کیفیت مث: خودمختاری۔

خودمطلب Kud-mat-lab: (ف،صف) خود غرض، اسم کیفیت مث: خودمطلبی۔

خودنما Kud-nu-ma(a): (ف،صف) مغرور، متکبر، اپنی نمائش کرنے والا، شیخی خورہ، اسم کیفیت مث: خودنمائی۔

خودنوشت Kud-na-visht: (ف،صف) خود لکھا ہوا، آپ لکھا ہوا

خودی Ku-di(i): (ف،امث) اپنا آپ، خودغرضی، خودسری، فخر۔

خور Kor: (ف،صف) خوردنی مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور کھانے والا کے معنی دیتا ہے، جیسے آدم خور، گوشت خور (ار) خورشید کا مخفف۔

خوروخواب Ko-ro-Kwaab: (ف،اند) کھانا سونا، زندگی کا سامان۔

خوردنوش Kurd-nosh: (ف،اند) کھانا پینا، دانا پانی۔

خورا Ko-ra(a): (ار،اند) کھانے والا، چٹو، لالچی، مرکبات کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے شکرخورا۔

خوراک Ku-raak: (ف،امث) غذا، کھانا، روزینہ دوا کی وہ مقدار جو ایک وقت میں کھائی جائے، رسد، راشن۔

خورد Kurd: (ف،صف) دیکھیے 'خرد' جو صحیح ہے، مع مرکبات ومحاورات چھوٹا، ننھا۔

خوردبُرد Kurd-burd: (ف،اند) بے جا تصرف، غبن، خیانت (افعال: کرنا، ہونا)

خوردنی Kurd-ni(i): (ف،صف) کھانے کی چیز، کھانے کے قابل، کھانا، خواہش۔

خورسند Kur-sa-nad: (ف،صف) دیکھیے 'خرسند' جو صحیح ہے۔

خُورِش Ku-rish: (ف، اسث) کھانا، طعام، خوراک

خُورشید لب بام Kur-shiid-la-be-baam: (ف، امذ) ڈوبتا ہوا سورج کنایۃً مرنے کے قریب۔

خُوزادہ Ku-zaa-da(h): (ف، امذ) دیکھیے 'خواہرزادہ' جس کا یہ مخفف ہے مث: خوزادی۔

خُوش Kush: (ف، صف) شاد، خرم، مسرور، مگن، راضی، تندرست۔

خُوش آب / خوشاب Kush-aab/Ku-shaab: (ف، صف) آب دار، چمکیلا، تر و تازہ، شاداب، اسم کیفیت مث: خوش آبی، خوشابی۔

خُوش آمد Kush-aa-mad: (ف، اسث) خاطر تواضع، آؤ بھگت، دیکھیے 'خوشامد' جو مشہور ہے۔

خُوش آمدید Kush-aam-diid: (کلمہ استقبال) کسی کے آنے پر اظہار مسرت کے طور پر کہتے ہیں۔ مرحبا، بخوشی تشریف لائیے۔ (افعال: کہنا)

خُوش آواز / آہنگ Kush-a-vaaz/aa-hang: (ف، صف) اچھی آواز والا، سریلا، اسم کیفیت مث: خوش آوازی / آہنگی۔

خُوش آیند / آیندہ Kush-aa-ind: (ف، صف) اچھا لگنے والا / والی، خوشگوار۔

خُوش اُسلوب Kush-us-luub: (فع، صف) خوش وضع، اچھے طریقہ والا، اسم کیفیت مث: خوش اسلوبی۔

خُوش اخلاق Kush-akh-laaq: (فع، صف) اچھی عادتوں والا، خلیق، اسم کیفیت مث: خوش اخلاقی۔

خُوش اطوار Kush-at-vaar: (فع، صف) باسلیقہ، مہذب، شائستہ، خوش وضع، اسم کیفیت مث: خوش اطواری۔

خُوش اِقبال Kush-iq-baal: (ف، صف) خوش نصیب، اچھی قسمت والا / والی۔ اسم کیفیت مث: خوش اقبالی۔

خُوش الحان Kush-il-haan: (فع، صف) دیکھیے 'خوش آواز' اسم کیفیت مث: خوش الحانی۔

خُوش اَندام Kush-an-daam: (ف، صف) جس کا بدن سڈول ہو، خوش قطع، اسم کیفیت مث: خوش اندامی۔

خُوش اِنتظام Kush-in-ti-zaam: (فع، صف) اچھا انتظام کرنے والا، اچھا بندوبست کرنے والا، اسم کیفیت مث: خوش انتظامی۔

خُوش اَوقات Kush-au-qaat: (فع، صف) جس کا وقت اچھی طرح گزرے، باعزت، اسم کیفیت مث: خوش اوقاتی۔

خُوش باش Kush-baash: (ف، صف) خوش رہنے والا، آزاد، بے فکر، اسم کیفیت مث: خوش باشی۔

خُوش بخت Kush-baKt: (ف، صف) دیکھیے خوش اقبال / اختر وغیرہ، اسم کیفیت مث: خوش بختی۔

خُوش بُو Kush-buu: (ف، صف) اچھی بو والا، معطر (اسث) اچھی بو، مہک، (افعال: آنا، دینا، پھیلنا)

خُوش بیان Kush-ba-yaan: شیریں گفتار، فصیح، خوش کلام جس کی بات اچھی لگے، اسم کیفیت مث: خوش بیانی۔

خُوش پوش / پوشاک Kush-posh/po-shaak: (ف، صف) عمدہ لباس پہننے والا، خوش لباس، اسم کیفیت مث: خوش پوشی، پوشاکی۔

خُوش تحریر Kush-teh-riir: (فع، صف) اچھا لکھنے والا، اچھا کاتب، اسم کیفیت مث: خوش تحریری۔

خُوش تدبیر Kush-tad-biir: (فع، صف) اچھا تدبر، اچھا انتظام کرنے والا، اسم کیفیت مث: خوش تدبیری۔

خُوش ترکیب Kush-tar-kiib: (فع، صف) سڈول، خوبصورت، اسم کیفیت مث: خوش ترکیبی۔

خُوش تقریر Kush-taq-riir: (فع، صف) شیریں زبان، شیریں کلام، فصیح، خوش بیاں، اسم کیفیت مث: خوش تقریری۔

خُوش حال Kush-haal: (فع، صف) آسودہ، مالدار، اسم کیفیت مث: خوش حالی۔

خُوش خبر Kush-Ka-bar: (فع، صف) اچھی خبر لانے والا، اسم کیفیت مث: خوش خبری۔

خُوش خرام Kush-Ka-raam: (ف، صف) اچھی چال والا، اسم کیفیت مث: خوش خرامی۔

خُوش خرید Kush-Ka-riid: (فع، اسث) وہ فصل جو تیار ہونے سے پہلے رعایتی نرخ پر خرید لی جائے، نقد قیمت دے کر خریدی ہوئی چیز۔

خُوش خِصال / خو Kush-Ki-saal/Kuu: (فع، صف) اچھی عادت والا، نیک خصلت، اسم کیفیت مث: خوش خصالی / خوئی۔

خُوش خط Kush-Kat: (فع، صف) اچھا لکھنے والا، اچھا لکھا ہوا، اچھا خط، نوجوان جس کے ابھی ابھی ڈاڑھی نکلی ہو، اسم کیفیت مث: خوش خطی۔

خُوش خُلق Kush-Kulq: (فع، صف) بامروت، صاحب اخلاق، اسم کیفیت مث: خوش خلقی۔

خُوش خواں Kush Ka-vaaN: (ف، صف) وہ طالب علم جو وظیفہ خوار نہ ہو، وہ متعلم جو فیس ادا کرے، جو اچھی طرح پڑھے یا گائے، اسم کیفیت مث: خوش خوانی۔

خُوش خُوراک Kush-Ku-raak: (ف، صف) عمدہ اور اچھے لذیذ کھانے پکانے والا، اسم کیفیت مث: خوش خوراکی۔

خُوش دامن Kush-daa-man: (ف، اسث) ساس، (یہ لفظ اہل ہند کا وضع کردہ ہے)

خُوش دِل Kush-dil: (فع، صف) شاداں، فرحاں، بشاش، اسم کیفیت۔مث: خوش دلی۔

خُوش ذائقہ Kush-zaa-ye-qa(h): (فع، صف) مزہ دار، لذیذ، خوشگوار سواد کا۔

خُوش رفتار / رو Kush-raf-taar/rau: (فع، صف) دیکھیے 'خوش خرام' اسم کیفیت مث: خوش رفتاری / روی۔

خُوش رنگ Khush-rang: (فع، صف) اچھے رنگ کا، شوخ رنگ کا۔

خُوش رُو Khush-ruu: (فع، صف) خوبصورت چہرے والا، حسین، اسم کیفیت۔مث: خوش روی۔

خُوش زُبان Kush-zu-baan: (فع، صف) فصیح البیان، شیریں زبان، اسم کیفیت مث: خوش زبانی۔

خُوش سلیقہ Kush-sa-li-qa(h): (فع، صف) اچھے سلیقے والا، باتمیز، سلیقہ شعار، اسم کیفیت مث: خوش سلیقگی۔

خُوش سَواد Kush-sa-vaad: (فع، صف) جس کے گرد و نواح کا علاقہ سرسبز ہو اور آباد ہو۔

خُوش سِیَر Kush-sair: (فع، صف) اچھی عادتوں والا، نیک، نیک سیرت۔

خُوش طبع Kush ta-ba(?): (فع، صف) ظریف، بامذاق، ہنسی مکھ، اسم کیفیت مث: خوش طبعی۔

خُوش طریق Kush-ta-riiq: باسلیقہ، تمیز دار شائستہ

خُوش عقیدت Kush-(?)a-qi-dat: (فع، صف) اچھی عقیدت رکھنے والا، کسی کے متعلق اچھا خیال رکھنے والا، اسم کیفیت مث: خوش عقیدگی۔

خُوش عناں Kush-(?)i-naaN: (فع، صف) باگ کے اشارے پر چلنے والا، اسم کیفیت مث: خوش عنانی۔

خُوش عیّار Kush-(?)ay-yaar: (فع، صف) وہ سونا یا چاندی جو کسوٹی پر اچھا رنگ دے۔اسم کیفیت مث: خوش عیاری۔

خُوش غِلاف Kush-Gi-laaf: (ع، صف) وہ تلوار جو خود بخود میان سے نکل آئے، بدچلن آدمی جسے کسی سے انکار نہ ہو۔

خُوش فعلی Kush-fe(?)-li(i): (ع، اسٹ) چہل، مذاق، اچھا یا موزوں کام کرنا۔

خُوش فکر/اندیش Kush-fikr/an-desh: (ع، صف) خوش خیال، اچھے شعر کہنے والا، اسم کیفیت مث: خوش فکری/اندیشی۔

خُوش قامت/قد Kush-qaa-mat: (ع، صف) اچھے قد کا، موزوں قد کا، سڈول، اسم کیفیت مث: خوش قامتی/قدی۔

خُوش قدم Kush-qa-dam: (ع، صف) اچھی چال والا، خوش رفتار، اسم کیفیت مث: خوش قدمی۔

خُوش قِسمت Kush-qis-mat: (ع، صف) دیکھیے 'خوش اقبال۔ اسم کیفیت مث: خوش قسمتی'

خُوش قطع Kush-qa-ta(?): (ف، صف) سڈول، خوش وضع، موزوں، اچھا قطع کیا ہوا، اسم کیفیت مث: خوش قطعی۔

خُوش قِمار Kush-qi-maar: (ع، صف) اچھا کھیلنے والا، وہ جو کھیل میں بے ایمانی نہ کرے، اسم کیفیت مث: خوش قماری۔

خُوش قُماش Kush-qa-maash: (ع، صف) اچھی بناوٹ کا اچھی ساخت کا۔

خُوش کلام Kush-ka-laam: (ع، صف) فصیح البیان، اسم کیفیت مث: خوش کلامی۔

خُوش گام Kush-gaam: (ف، صف) (گھوڑے کی تعریف) خوش رفتار، ہلکی چال والا، اسم کیفیت مث: خوش گامی۔

خُوش گپ Kush-gap: (و، صف) ادھر اُدھر کی، پرلطف باتیں کرنے والا، اسم کیفیت مث: خوش گپی۔

خُوش گُزران Kush-guz-raan: (ف، صف) اچھا گزارہ کرنے والا، مزے سے زندگی بسر کرنے والا، اسم کیفیت مث: خوش گزرانی۔

خُوش گفتار/گو Kush-guf-taar/go: (ف، صف) فصیح، خوش بیان، اسم کیفیت مث: خوش گفتاری/گوئی۔

خُوش گُلو Kush-gu-luu: (ف، صف) خوش الحان، سریلا، اسم کیفیت مث: خوش گلوئی۔

خُوش گوار Kush-ga-vaar: (ف، صف) دل پسند، پسندیدہ، من بھاتا، اسم کیفیت مث: خوش گواری

خُوش لِباس Kush-li-baas: (ف، صف) عمدہ کپڑے پہننے والا، خوش پوش۔ اسم کیفیت مث: خوش لباسی

خُوش لہجہ Kush-leh-ja(h): (ف، صف) خوش آواز، اسم کیفیت مث: خوش لہجگی۔

خُوش مذاق Kush-ma-zaaq: بامذاق، اچھے ذوق والا، اسم کیفیت مث: خوش مذاقی۔

خُوش مِزاج Kush-mi-zaaj: (ف، صف) خوش طبع، اسم کیفیت مث: خوش مزاجی۔

خوش مزہ Kush-ma-za(h): (ف، صف) مزہ دار، لذیذ، اسم کیفیت مث: خوش مزگی۔

خُوش معاش Kush-ma-(?)aash: (ف، صف) خوش گزران، آسودہ حال، اسم کیفیت، مث: خوش معاشی۔

خُوش معاملہ Kush-ma-(?)aam-la(h): (ف، صف) لین دین میں اچھا، اسم کیفیت مث: خوش معاملگی۔

خُوش منش Kush-mansh: (ف، صف) دل کا اچھا، اسم کیفیت مث: خوش منشی۔

خُوش منظر Kush-man-zar: (ف، صف) خوبصورت۔

خُوش نشین Kush-na-shiin: (ف، صف) مزے سے بیٹھا ہوا، اسم کیفیت مث: خوش نشنی۔

خُوش نصیب Kush-na-siib: (ف، صف) خوش قسمت، اسم کیفیت مث: خوش نصیبی۔

خُوش نظر Kush-na-zar: (ف، صف) بے تکلف، ملنسار، اسم کیفیت مث: خوش نظری۔

خُوش نغمہ Kush-naG-ma(h): (ف، صف) خوش الحان، اچھا گانے والا، اسم کیفیت مث: خوش نغمگی۔

خُوش نُما Kush-numaa: (ف، صف) موزوں، زیبا، دلکش اسم: کیفیت مث: خوش نمائی۔

خُوش نوا Kush-na-vaa: (ف، صف) اچھا گانے والا، سریلا پرندہ اسم کیفیت مث: خوش نوائی۔

خُوشنُود Kush-nuud: (ف، صف) خوش، راضی، اسم کیفیت، مث: خوشنودی/خوشنودی۔

خُوش نویس Kush-na-viis: (ف، صف) عمدہ لکھنے والا، خوشخط، کاتب، اسم کیفیت مث: خوش نویسی۔

خُوش نہاد Kush-ni-haad: (ف، صف) نیک طینت، ہنس مکھ، اسم کیفیت مث: خوش نہادی۔

خُوش نیت Kush-niy-yat: (ف، صف) دیانت دار، ایمان دار، اسم کیفیت، مث: خوش نیتی۔

خُوش و خرم Ku-sho-Kar-ram: (ف، صف) خوش، شاد، مسرور، شادماں، آسودہ حال۔

خُوش وضع Kush-va-za(?): (ف، صف) خوش شکل، خوش لباس، اچھی جگہ پر واقع۔

خُوش وقت Kush-vaqt: (ف، صف) خوش، آسودہ حال، خوش حال، اسم کیفیت مث: خوش وقتی۔

خوشا Ku-shaa: (ا، کلمہ مسرت) بہت اچھا، خوب۔

خُوشامد Ku-shaa-mad: (ف، امث) چاپلوسی، جھوٹی تعریف، (افعال: کرنا، ہونا)

خُوشامدی Ku-shaam-di(i): (ف، صف) خوشامد کرنے والا، کسی کی جھوٹی تعریف کرنے والا۔

خُوشہ Ko-sha(h): (ف، امذ) پھل کا گچھا، اناج کی بال/بالی، سنبلہ، کینا۔

خوشۂ پروین Ko-sha-e-par-viin: (ف، امذ) سات ستاروں کا جھرمٹ۔

خوشہ چین Ko-sha-chiin: (ف، صف) وہ جو کھیت کٹنے کے بعد گرے پڑے خوشے چنتا ہے۔ فیض حاصل کرنے والا، اسم کیفیت مث: خوشہ چینی۔

خُوشی خُوشی / خوشی خوشی سے Ku-shi(i) Ku-shi(i) se: (ا، متعلق فعل) رضامندی سے، مشتاقانہ، بسروچشم، مزے سے۔

خُوف Kauf: (ع، امذ) ڈر، اندیشہ، دہشت، ہراس (افعال: آنا، ڈالنا، کرنا، کھانا ہونا)

خُوفناک Kauf-naak: (ع، صف) ڈراؤنا، ہولناک، وحشت ناک، بھیانک۔

خوک Kok: (ف، امذ) سور، خنزیر۔

خول Kol: (ف، امذ) چھلکا، نیام، میان۔

خولدار Kol-daar: (ف، صف) جو اندر سے کھوکھلا ہو۔

خُون Khuun: (ف، امذ) لہو، قتل۔

خون آشام Kuun aa-shaam: (ف، صف) خون پینے والا، خونخوار، اسم کیفیت مث: خون آشامی۔

خُون آلود / آلودہ Kuun aa-luud/aa-luu-da(h): (ف، صف) خون سے بھرا ہوا، لہولہان۔

خوں فشاں KuuN-fi-shaaN: (ف، صف) خون بہانے والا، اسم کیفیت مث: خون افشانی / افشانی

خوں بار KuuN-baar: (ف،صف) خون بہانے والا، خون برسانے والا، اسم کیفیت مث: خون باری۔

خوں بہا KuuN-ba-haa: (ف،صف) وہ نقدی یا روپیہ جو قاتل مقتول کے وارثوں کو دے۔

خوں چکاں KuuN cha-kaaN: (ف،صف) خون ٹپکتا ہوا، اسم کیفیت مث: خوں چکانی۔

خون خرابہ Kuun Ka-raa-ba(h): (ف،اِمذ) خون ریزی، کشت و خون۔

خوں خوار KuuN Kwaar: (ف،صف) ظالم، ستم گر، جلاد، بے رحم، سفاک، جانور جو دوسروں کا شکار کرے، قاتل، اسم کیفیت۔مث: خون خواری۔

خوں ریز KuuN rez: (ف،صف) خون بہانے والا، قاتل، خونی، اسم کیفیت مث: خون ریزی۔

خون کا پیاسا Kuun-kaa-pyaa-saa: (ار، صف) جانی دشمن، تشنہ خون، مث: خون کی پیاسی۔

خون کا جوش Kuun kaa-josh: (ار،اِمذ) رشتہ داری کی محبت، وہ محبت جو اعزہ کے ساتھ ہوتی ہے۔

خون گرفتہ Kuun-gi-raf-ta(h): (ع،صف) اجل رسیدہ، قابلِ قتل۔

خوناب Kuu-naab: (ف، اِمذ) پانی ملا ہوا خون، رنج و غم کی حالت کا خون۔

خوں ناب KuuNnaab: (ف،اِمذ) خالص خون۔

خونی Kuu-ni(i): (ف، صف) قاتل، خوں ریز، خون سے منسوب۔

خوے Ku-ye: (ف،اِمث) دیکھئے 'خو'

خوید Ka-ved: (ف،اِمث) ہرے جو، سبز جو یا گندم جو گھوڑے کو کھلائے۔

خویش Ki-vesh: (ف،ضمیر) خود، آپ (صف) رشتہ کا (اِمذ) رشتہ دار، داماد۔

خویش واقارب Ki-ve-sho-a-qaa-rib: (ف،صف) قریبی رشتہ دار، عزیز و اقارب۔

خویشاوند Ki-vesh-aa-vand: (ف، صف) اپنے لوگ، رشتہ دار، اسم کیفیت مث: خویشاوندی۔

خ۔ی

خیاباں Ka-yaa-baaN: (ف، اِمذ) راستہ جو باغ کے بیچ میں سے گزرتا ہو، روش، کیاری، چمن۔

خیار Ki-yaar: (ع، اِمذ) ککڑی، کھیرا، خیر کی جمع، نیک لوگ، پسند، انتخاب۔

خیاط: Kay-yaat: (ع، اِمذ) درزی، اسم کیفیت مث: خیاطی۔

خیال Kyaal: (ع، اِمذ) تصور، تفکر، ادھیڑ بن، جو بات آدمی کے دماغ میں گزرے، پندار، ایک قوت جو محسوسات کی صورت کو ان کے غائب ہونے کے بعد محفوظ رکھتی ہے۔ فکر، اندیشہ، دھیان، رائے، منشا، پاس، لحاظ، موسیقی کا ایک خاص طریقہ ارنگ۔ جمع: خیالات

خیالِ باطل Kyaa-le-baa-til: (ف، اِمذ) جھوٹا خیال۔

خیال بندی Kyaal-ban-di(i): (ار، اِمث) خیال کا سلسلہ، سوچ، خیالات نظم ہونا۔

خیالِ خام Kyaa-le-Kaam: (ف، اِمذ) بیہودہ خیال، وہ خیال جس کے پورا ہونے کی امید نہ ہو۔

خیالِ فاسد Kyaa-le-faa-sid: (ف،اِمذ) فساد پیدا کرنے والا خیال، برا خیال۔

خیالی Kyaa-li(i): (ف،صف) قیاسی، وہمی، ظنی۔

خیام Ki-yaam: (ع،اِمذ) دیکھیے 'خیمہ' جس کی یہ جمع ہے۔

خیانت Ki-yaa-nat: (ع، اسث) دغا، دھوکا، غبن، تغلُّب، بددیانتی، بےایمانی، چوری (افعال: کرنا، ہونا)

خیانت پیشہ Ki-yaa-nat pe-sha(h): (صف، اند) دغاباز، اسم کیفیت مث: خیانت پیشگی۔

خیانت مجرمانہ Ki-yaa-nat muj-ri-maa-na(h): (قانون، اسث) بدنیتی سے اس مال کو دبالینا جو کسی نے بطور امانت رکھا ہو۔

خیر Kair: (ع، اند) نیکی، بھلائی، بہتری، برکت، بڑھوتری، ٹھیک، بجا، درست، سلامتی، تندرستی، عافیت، اچھا، ہاں، (اند) کچھ پروانہیں، جانے دو۔

خیر الانام Kai-rul-a-naam: (ع، اند) مخلوقات میں سب سے بہتر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب۔

خیر البشر Kai-rul-ba-shar: (ع، اند) بہترین انسان پیغمبر صلعم کا لقب۔

خیر النساء Kai-run-ni-saa: (ع، اسث) عورتوں میں سب سے بہتر، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب۔

خیر اندیش Kair-an-desh: (عف، صف) خیر خواہ، بھلائی چاہنے والا، اسم کیفیت مث: خیر اندیشی۔

خیر باد Kair-baad: (ار، کلمہ، رخصت) خدا حافظ، الوداع۔

خیر باشد Kair-baa-shad: (ار، متعلق فعل) خیر تو ہے کسی کو گھبرایا ہوا دیکھ کر کہتے ہیں۔

خیر خواہ / خیر طلب Kair-Kwaa(h)/Kair-ta-lab: (عف، صف) بھلائی چاہنے والا، اسم کیفیت مث: خیر خواہی / طلبی۔

خیر سلا / صلاح Kair-sal-la(h): (عف، صف) خیر و عافیت، مزاج پرسی، (افعال: پوچھنا، دریافت کرنا)

خیر سے Kair-se: (ار، متعلق فعل) خیر و عافیت کے ساتھ، صحیح سلامت، ماشاءاللہ۔

خیر سگال Kair-si-gaal: (عف، صف) بھلائی سوچنے والا، خیر اندیش۔ اسم کیفیت مث: خیر سگالی۔

خیر مقدم Kair-maq-dam: (ع، اند) بزرگوں یا اعلیٰ مرتبت لوگوں کو خوش آمدید کہنے کا کلمہ، (افعال: کرنا، کہنا، ہونا)

خیر ہے Kair-hai: (ار، کلمہ استفہام) خیریت ہے۔ صحت و سلامتی ہے۔ استفہامی طور پر کسی کو گھبرایا ہوا دیکھ کر کہتے ہیں۔ کوئی برا کام کرے تو کہتے ہیں۔

خیرات Kai-raat: (ع، اسث) دیکھئے 'خیر' جس کی یہ جمع ہے۔ صدقہ

خیرات خانہ Kai-raat-Kaa-na(h): (ار، اند) لنگر خانہ محتاج خانہ۔

خیراتی Kai-raa-ti(i): (ار، صف) خیرات سے منسوب، خیرات کا۔

خیرو Kai-ruu: (ف، اند) ایک پھول جو کئی رنگ کا ہوتا ہے۔ خطمی۔

خیرہ Ke-ra(h): (ف، صف) تاریک، اندھیرا، بےحیا، بےباک، گستاخ، شوخ، حیران، پریشان، جس کی آنکھوں میں چکاچوند ہو، اسم کیفیت مث: خیرگی۔

خیرہ سر Ke-ra(h)-sar: (ف، صف) شوخ، گستاخ، خودپسند مغرور، بےحیا اسم کیفیت مث: خیرہ سری۔

خیریت Kair-yat: (ف، اسث) نیکی، بھلائی، صحت، تندرستی، سلامتی، بچاؤ۔

خیز Kez: (ف، لاحقہ فاعلی) خاستن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پیدا کرنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً حیرت خیز، پیدا کرنا، اٹھانا، کود، چھلانگ۔

خیز کرنا Kez-kar-na(a): (ار، محاورہ) گھوڑے کو کدانا۔

خیزاں Ke-zaaN: (ف،صف) اُٹھتا ہوا، نکلتا ہوا۔

خیزش / خیزی Ke-zish: (ف، مث) اٹھنا، نکلنا، شہوت میں آلہ تناسل کی ایستادگی۔

خیسانده Kii-saan-da(h): (ف، مذ) وہ دوا جو بھگو کر اور نتھار کر پی جائے۔

خیط Kait: (ع،مذ) دھاگا، ڈورا۔

خیط الاسوَد Kai-tul-as-vat: (ع، مذ) سیاہ، دھاگا، شام کے بعد کی تاریکی۔ رات کا اندھیرا۔

خیف Kiif: (ع،مذ) باپ کی جانب سے سوتیلا۔

خیفا Kai-fa(a): (ع،مث) وہ گھوڑی جس کی ایک آنکھ سیاہ اور ایک سفید ہو یا نیلی ہو۔ نثر یا نظم میں ایک حرف منقوط اور ایک غیر منقوط لانا۔

خیل Kail: (ع، مذ) گروہ، جماعت، گھوڑے، گھوڑوں کا گلہ۔

خیل وخدم Kai-lo-Ka-dam: (ع،مذ، بترکیب فارسی) حشم وخدم، شان وشوکت۔

خیلا Kai-la(a): (ار،صف) لغو، بیہودہ، اسم کیفیت مث: خیلا پن/نیا

خیمہ Kai-ma(h): (ع، مذ) تنبو، ڈیرا، (افعال: کھڑا کرنا، اکھاڑنا، لگانا، لگنا)

خیمہ دوز Kai-ma(h)-doz: (عف،مذ) تنبو سینے والا، تنبو بنانے والا، اسم کیفیت مث: خیمہ دوزی۔

خیمہ زن Kai-ma(h) zan: (عف،صف) خیمہ لگانے والا۔

خیمہ گاہ Kai-ma(h) gaa(h): (عف، مذ) چھاؤنی، وہ جگہ جہاں خیمے لگے ہوں، کیمپ

د

د d: (ع،مث) اس کا نام دال ہے۔ التباس سے بچنے کے لیے اسے دال مہملہ اور دال ابجد بھی کہتے ہیں۔
یہ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں گیارھواں حرف ہے۔
اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ اوپری دانت کے پچھلے حصے سے مل کر منہ سے خارج ہونے والی ہوا کو لمحہ بھر کے لیے روک دیتا ہے اور غشائی پردوں کے تنگ ہوکر ارتعاش پیدا کرنے سے اندر گونج سی پیدا ہوتی ہے اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں مسموع، دندانی، بندشی مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

د۔ا

داب daab: (ار،مث) بوجھ، دباؤ، وزن (طباعت کی اصطلاح میں) کاغذ کا ایک دفعہ چھپنا، ایک رُخ سو کاغذ، پیچ، گھماؤ، درخت کی ٹہنی جو جڑ پکڑنے کے لیے دبائی جائے، ایک دفعہ کل (مشین) سے نکلنا۔

داب daab: (ع،اند) طرز، ڈھنگ، طریقہ، کروفر، شان وشوکت آداب واطوار۔

داب چوک جانا daab chok jana: (ار،محاورہ) چھپائی میں کاغذ کا چھپنے سے رہ جانا۔ پتھر پہ ٹھیک نہ بیٹھنا، خالی رہ جانا۔

داتا daa-ta(a): (ہ،صف) دینے والا، سخی، فیاض، رازق، خدا، فقیر، درویش اسم کیفیت مث: داتا پن۔

داتن daa-tan-daa-tuun: (ہ،مث) دانتوں کو صاف کرنے کی لکڑی، مسواک، داتون

داٹن daa-Tan: (ار،مث،ق) گھنا پن۔

داٹی daa-Ti(i): (ار،مث،ق) ڈانٹ ڈپٹ۔

داخل daa-Kil: (ع،اند) خارج کی ضد، اندر آنے والا، پہنچنے والا، شامل، ملحق، گھسا ہوا، اندر گیا ہوا، برابر، مساوی، (مث) مانند، مثل۔

داخل خارج daa-Kil Kaa-rij: (ع،مذ) ملکیت کے رجسٹر میں ایک شخص کا نام ملکیت سے خارج کرکے دوسرے کا نام لکھا جانا، ایک شخص کا دوسرے کے بجائے مالک قرار دے دیا جانا۔

داخل دفتر daa-Kil daf-tar: (ع،صف) شامل مثل، نامنظور، ملتوی کرنا، التوا میں ڈالنا، مقدمہ یا درخواست نامنظور ہو جانا، خارج ہونا (افعال: کرنا، ہونا)

داخلہ daa-Ki-la(h): (ع،مذ) کسی دربار / مقام / مرتبہ / درجہ میں شامل ہونا، بازیابی، سپردگی، حوالگی، شمولیت، شرکت، دروازہ، اندر جانے کا راستہ، اندرونی، ملکی، خارجی کی ضد۔

داخلی daa-Ki-li(i): (ع،صف) شامل، داخل، اندرونی، اندر کا، شمولہ، ملحقہ، جبلی، قدرتی، دخل، گزر، موضوع، جو کسی بڑے موضع کا حصہ ہو۔ (خارجی کی ضد)

داخلیت daa-Ki-li-yat: (ع،مث) فلسفہ میں وہ نظریہ کہ علم محض داخلی چیز ہے اور حقیقت کا کوئی ظاہری معیار نہیں ہے۔ موزونیت، خارجیت کی ضد۔

داد daad: (ار،مذ) ایک بیماری جس میں پھنسیوں کے چھتے خون کی خرابی سے جسم پر ظاہر ہوتے ہیں اور ان میں کھجلی ہوتی ہے۔ سرخ باد، کھسمی۔

داد daad: (ف،مث) تحسین و آفریں، عطا، عدل، انصاف، فریاد رہائی، نالش، سزا، پاداش، عوض معاوضہ،

بدلہ (افعال: پانا، چاہنا، دینا، لینا، مانگنا، ملنا)

داد بخش / گر daad-baKsh/gar: (ف، صف) عادل، منصف، اسم کیفیت مث: داد بخشی / گری۔

داد بیداد daad-be-daad: (ف، مث) فریاد، نالش، انصاف کے لیے شور، دہائی۔

دادخواہ daad-Kwaa(h): (ف، صف) فریادی، مستغیث، انصاف چاہنے والا، اسم کیفیت مث: دادخواہی۔

دادرس daad-ras: (ف، صف) فریاد سننے والا، انصاف کرنے والا، اسم کیفیت مث: دادرسی۔

دادطلب daad ta-lab: (ف، صف) مستغیث، فریادی، تعریف کا خواہاں، اسم کیفیت مث: دادطلبی۔

دادگاہ daad-gaah: (ف، مث) کچہری، عدالت، انصاف کی جگہ۔

دادگستر daad-gus-tar: (ف، صف) دیکھیے 'داد بخش / گر۔ منصف بادشاہ اسم کیفیت مث: دادگستری'

دادنہ فریاد daad-na far-yaad: (ار، متعلق، فعل) یہاں نہ انصاف ہے نہ فریاد سنی جاتی ہے۔

دادو دہش daa-do-da-hash: (ف، مذ) لین دین۔

دادا daa-daa: (ار، امذ) باپ کا باپ، استاد، گرو، بڑا بھائی (عوام) بڑی عمر والا، بوڑھا، مث: دادی۔

دادار daa-daar: (ھ، مذ) منصف، عادل، اللہ تعالیٰ۔

دادرا daad-ra(a): (ھ، مذ) ایک تال کا نام، ایک قسم کا گیت جو دادرا تال میں گایا جاتا ہے۔ بتیسی، حلق، تالو، حلق کا کوا۔

دار daar: (ف، لاحقہ، فاعلی) داشتن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور رکھنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً دلدار، آبدار،

لکڑی، لکڑی کا ٹکڑا، پھانسی، سولی، صلیب۔

داربست daar-bast: (ف، مث) لکڑی کی باڑ جس پر بیٹھ کر معمار کام کرتے ہیں۔ ٹھاٹھر جس پر انگور کی سبز بیل چڑھاتے ہیں۔

دار daar: (ع، امذ) گھر، محل، قصر، مقام، جگہ، محلہ، کوچہ، شہر، قصبہ، علاقہ، ملک۔

دارُالآخرت daa-rul-aaK-rat: (ع، مذ) اگلا جہان، دوسرا عالم۔

دارُالاسلام daa-rul-is-laam: (ع، مذ) وہ ملک جس میں اسلامی حکومت ہو، اور اسلامی قانون نافذ ہو۔

دارُالاقامت daa-rul-a-qaa-mat: (ع، مذ) ٹھہرنے کی جگہ، طالب علموں کی قیام گاہ، ہوسٹل۔

دارُالامارت daa-rul-a-maa-rat: (ع، مذ) پایۂ تخت، دارالخلافہ۔

دارُالامان / الامن daa-rul-a-maan: (ع، مذ) امن کا گھر، وہ ملک جہاں امن ہو۔

دارالبقا daa-rul-ba-qa(a): (ع، مذ) ہمیشہ رہنے کا گھر، عالمِ آخرت۔

دارُالجزاء daa-rul-ja-za(a): (ھ، مذ) عالم آخرت، دارالمکافات، جہاں بھلے برے کا بدلہ ملے گا۔

دارُالحرب daa-rul-harb: (ع، مذ) وہ ملک جہاں کافروں کی حکومت ہو، اور مسلمانوں کو دین کی پیروی اور مذہبی فرائض ادا کرنے سے روکا جاتا ہے۔

دارُالحکومت daa-rul-hu-kuu-mat: (ع، امذ) راج دھانی، حکومت کا صدر مقام، پایۂ تخت، بادشاہ کے رہنے کی جگہ۔

دارُالخلافت daa-rul-Ki-laa-fat: (ع، مذ) وہ شہر جس میں مسلمانوں کا خلیفہ رہے۔ خلافت کا صدر مقام۔

دارُالسلام daa-rus-sa-laam: (ع، مذ) سلامتی کا گھر، امن کی جگہ، بہشت۔

دارُالسلطنت daa-rus-sal-ta-nat: (ع، مذ) پایۂ تخت وہ مقام جہاں سلطان یا بادشاہ کی رہائش ہو۔

دارُالشفاء daa-rus-sha-faa: (ع، مذ) ہسپتال، شفاخانہ۔

دارُالضرب daa-ruz-zarb: (ع، مذ) وہ مقام جہاں حکومت کا سکہ تیار ہوتا ہو، ٹکسال۔

دارُالعلوم daa-rul-(?)u-luum: (ع، مذ) درسگاہ، کالج، یونیورسٹی۔

دارُالعمل daa-rul-(?)a-mal: (ع، مذ) وہ جگہ جہاں کام کیا جائے۔

دارُالفنا daa-rul-fa-naa: (ع، مذ) فنا کا گھر، موت کا گھر، دنیا۔

دارُالقرار daa-rul-qa-raar: (ع، مذ) بہشت، جنت۔

دارُالمحن daa-rul-ma-han: (ع، مذ) غم یا رنج کا گھر، دنیا۔

دارُالمکافات daa-rul-ma-kaa-faat: (ع، مذ) بدلہ ملنے کا گھر۔

دارُالملک daa-rul-mulk: (ع، مذ) دارالخلافہ، دارالحکومت، کسی ملک کا صدر مقام۔

دارُالیتامیٰ daa-rul-ya-taa-ma(a): (ع، مذ) یتیموں کے رہنے کی جگہ، یتیم خانہ۔

دارا daa-ra(a): (ف، مذ) ملک آقا، بادشاہ، اسم کیفیت، مث: دارائی

دارابی daa-raa-bi(i): (ار، مث) توپ کھینچنے کی رسی۔

دارائی daa-raa-i(i): (ف، مث) ایک قسم کا سرخ ریشمی کپڑا جسے دریائی بھی کہتے ہیں، حکومت۔

دارچینی daar-chii-ni(i): (ف، مث) ایک درخت کی چھال۔

داروگیر daa-ro-giir: (ف، مث) پکڑ دھکڑ، پرسش، مواخذہ، لڑائی کا شور، ہاؤ ہو، مشکل، دقت، الجھیڑا۔

دارُو daa-ru(u): (ف، مث) دوا، بارود، شراب۔

داروغہ daa-ro-Ga(h): (ف، مذ) محافظ، نگران، کوتوال، تھانیدار، کسی جماعت کا سردار ملازموں یا سپاہیوں کا سردار اسم کیفیت مث: داروغائی۔

دارومدار daa-ro-ma-daar: (ف، مذ) انحصار، قرار، ٹھہراؤ (مث) فیصلہ، تصفیہ، صلح۔

داری daa-ri(i): (ہ، مث) وہ لونڈی جسے لڑائی میں جیت کر لائے ہوں، حرم۔

دارَین daa-rain: (ع، مذ) دونوں جہاں، دنیا اور عاقبت۔

داڑھ daaRh: (ہ، مث) دیکھیے 'ڈاڑھ' جو زیادہ فصیح ہے۔

داڑھا daa-Rha(a): (ہ، مذ) داڑھی کا اسم مکبر، بڑی ڈاڑھی۔

داڑھی daa-Rhi(i): (ہ، مث) دیکھیے 'ڈاڑھی' جو فصیح ہے۔

داس daas: (ہ، مذ) نوکر، غلام، چیلا، مث: داسی

داسا daa-saa: (ہ، مذ) لکڑی کا لمبا ٹکڑا یا پتھر کی سل جسے دیوار کے اوپر رکھ کر اوپر سے کڑیاں ڈالتے ہیں یا ستونوں کے نیچے یا اوپر رکھتے ہیں۔ لکڑی وغیرہ کا وہ ٹکڑا جو زینے کے اگلے حصے پر لگا ہوتا ہے۔ لکڑی یا پتھر کا لمبا ٹکڑا۔

داستان daas-taaN: (ف، مث) قصہ، کہانی، حکایت، طویل قصہ، لمبی کہانی سرگزشت، تاریخ،

شہرت۔(افعال: چھیڑنا، سنانا، سننا، کہنا)

داستان گو daas-taan-go: (ف، مذ) قصہ خواں، وہ شخص جس کا پیشہ امیروں کو قصے سنانا ہو، اسم کیفیت مث: داستان گوئی۔

داشت daasht: (ف، مث) خبر گیری، نگرانی، گھوڑے کی مالش۔

داشتنی daash-ta-ni(i): (ف، مث) تحفہ (افعال: کرنا، ہونا) رکھنے کے لائق۔

داشتہ daash-ta(h): (ف، صف) رکھا ہوا، بچایا ہوا، مدخولہ وہ غیر منکوحہ عورت جس کو بیوی کے طور پر رکھا ہوا ہو۔

داعی daa-(?)ii: (ع، صف) بلانے والا، دعا کرنے والا، مدعی، مستغیث وہ جو دوسرے کو کوئی کام کرنے کے لیے اکسائے، وجہ، موجب، بانی، ذریعہ، سبب، وسیلہ۔

داعیہ daa-(?)i-ya(h): (ع، مذ) خواہش، مرضی، اجارہ، دعویٰ، زور، استدعا (افعال: کرنا، ہونا) دیکھیے 'داعی' جس کی یہ تانیث ہے۔

داغ daaG: (ف، مذ) دھبا، نشان، رنج، صدمہ، نقص، عیب، افعال: پرانا، ڈالنا، لگانا۔

داغ اُٹھانا/اُٹھنا daaG-bel: (ار، محاورہ) صدمہ برداشت کرنا/ہونا۔

داغ بیل daaG-bel: (ار، مث) وہ نشان جو سڑک، روش، نالی کھودنے یا عمارت کی حدود قائم کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔ بنیاد (افعال: پڑنا، ڈالنا، لگانا)

داغِ جگر daa-Ge-ji-gar: (ف، مذ) زخم جگر، اولاد کے مرنے کا صدمہ (افعال: کھانا)

داغِ دل daa-Ge-dil: (ف، مذ) دل کا داغ، غم، صدمہ۔

داغ دار daaG-daar: (ف، صف) جس پر داغ ہو، پھل یا کوئی چیز داغی (افعال: کرنا، ہونا)

داغنا daaG-na(a): (ار، مذ) لوہا یا کوئی دھات گرم کر کے بدن پر نشان لگانا، توپ یا بندوق سر کرنا، بارود کو آگ لگانا، آتش بازی چھوڑنا، کسی کی بات کسی سے کہہ دینا۔

داغی daa-Gi(i): (ف، صف) داغدار، دھبے دار، عیب دار، معیوب، جلایا ہوا، سزایاب، مجرم۔ (افعال: کرنا، ہونا)

دافع daa-fa(?): (ع، صف) دفع کرنے والا، ہٹانے والا۔

دافعہ daa-fa-(?)a(h): (ع، مث) ایک قوت بدن انسان میں جو نقصان دہ چیز کو نکال دیتی ہے۔

داکھ daakh: (ھ، مث) انگور کی ایک قسم، انگور، کشمش خشک انگور۔

دال daal: (ھ، مث) دلے ہوئے اناج جو سالن کے طور پر پکاتے ہیں۔ جیسے چنے، مونگ ماش، ارہر، مسور، وغیرہ، کسی چیز پر دال کی قسم کا نشان، حرف 'د' کا تلفظ، کھرنڈ، نقطہ، شعاع، کرن، زردی جو پرندے کے بچے کی چونچ پر انڈے سے نکلنے کے وقت ہوتی ہے۔

دال بھات daal-bhaat: (ار، مث) گڈمڈ، آمیزش۔

دال چپاتی daal-cha-paa-ti(i): (ار، مث) دال روٹی، بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔

دال خور daal-Kor: (ار، مذ) مسلمان مذاقاً ہندوؤں کو کہا کرتے ہیں۔ (دال کھانے والا)

دال دلیا daal-dal-ya(a): (ار، مذ) معمولی خوراک، غریبوں کا سا کھانا۔ روکھی سوکھی روٹی۔

دالان daa-laan: (ار، مذ) بڑا اور لمبا کمرہ، جس میں سہ درہ یا محراب اور دروازے ہوں۔

دام daam: (ف، مذ) جال، پھندا، گھاس کھانے والا جنگلی جانور، دنیا کے پھندے، رینگنے والا کیڑا، پیسے کا پچیسواں حصہ، خراج میں روپیہ کا چالیسواں حصہ، ایک وزن جو پکا اٹھارہ ماشے اور کچا بارہ ماشے کا ہوتا ہے۔ (دھوکا، فریب)

دام و دد daa-mo-dad: (ف، مذ) چرند اور درند۔

دام daam: (ہ، مذ) دمڑی، چھدام، کوڑی، گنڈا پیسے کا پچیسواں حصہ، چار کوڑیا، قیمت، سول، نرخ، بھاؤ، نقدی، رقم بھاؤ۔

دام daam: (ع، کلمہ، دعا) ہمیشہ رہے، دائم رہے، برقرار رہے۔

دام اقبالہٗ daam-iq-ba-la-hu(h): (ع، کلمہ، دعا) اس کا اقبال ہمیشہ رہے۔

دام برکاتہ daam-bar-kaa-tu-h(a): (ع، کلمہ، دعا) اس کی برکتیں ہمیشہ رہیں۔

دام دولتہ daam-dau-la-tah: (ع، کلمہ دعا) اس کی دولت ہمیشہ رہے، اس کی حکومت ہمیشہ رہے۔

دام ظلہٗ daam-zul-la-hu: (ع، کلمہ، دعا) اُس کا سایہ ہمیشہ رہے۔

داماد daa-maad: (ف، مذ) بیٹی کا شوہر، نیا دولہا، جنوائی اسم کیفیت مث: دامادی۔

داماں daa-maaN: (ف، مث) دیکھیے 'دامن'

دامن daa-man: (ف، مذ) کوٹ قمیص کا وہ حصہ جو نیچے لٹکتا رہتا ہے۔ جہاز کا بادبان، کسی چیز کا کنارہ، پہاڑ کے نیچے کی زمین صحرا یا شہر کے اردگرد کی زمین، حروف کا دائرہ۔

دامن آلودہ daa-man aa-luu-da(h): (ف، صف) گناہ گار، مجرم، اسم کیفیت مث: دامن آلودگی۔

دامن بندی daa-man-ban-di(i): (ف، مث) شادی، بیاہ، نکاح (افعال: کرنا، ہونا)

دامنِ تر daa-ma-ne-tar: (ف، مذ) گناہ، جرم

دامن تر daa-man-tar: (ف، صف) گنہگار، (افعال: کرنا، ہونا)

دامن دار daa-man-daar: (ف، صف) چوڑا، دامن والا۔

دامن دراز daa-man-da-raaz: (ف، صف) بیوقوف، احمق۔

دامنِ شب daa-ma-ne-shab: (ف، مذ) شب کا آخری حصہ۔

دامنِ قیامت daa-ma-ne-qa-yaa-mat: (ف، مذ) قیامت کا میدان۔

دامن کشاں daa-man-ka-shaaN: (ف، صف) نخرہ یا ناز سے چلتے ہوئے، ٹھکراتے ہوئے، چھوڑتے ہوئے۔

دامنِ کوہ daa-ma-ne-koh: (ف، مذ) میدان میں جو پہاڑ سے ملا ہوا نیچے کی طرف ہوتا ہے۔

دامن گیر daa-man-giir: (ف، صف) مدد چاہنے والا، حمایت چاہنے والا، مستغیث، مدعی، مزاحم، روکنے والا، چپ کرانے والا، اسم کیفیت مث: دامن گیری۔

دامنِ محشر daa-ma-ne-meh-shar: (ف، مذ) قیامت کا میدان۔

دامنی daam-ni(i): (ف، مذ) وہ کپڑا جو گھوڑے کے پیچھے پڑا رہتا ہے۔ زین پوش، باریک چادر جو عورت کے جنازہ پر ڈالتے ہیں مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے پاکدامنی، تردامنی، عورت کی پوشاک کا ایک حصہ، نقاب، ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں۔

دان daan: (ف، لاحقہ فاعلی) دانستن مصدر سے

صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور جاننے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً فلسفہ دان، سائنس دان، لاحقہ ظرف جو کسی اسم کے بعد آ کر اس کو اسم ظرف بنا دیتا ہے جیسے نمکدان، پاندان، قلمدان۔

دان daan: (ہ، مذ) نذر، خیرات (افعال: دینا، کرنا، لینا) تحفہ نذرانہ، چندہ، عطیہ، محصول، ایک رسم جس میں برہمن، کچھ پڑھ کر کسی کو کچھ دیتے ہیں۔ وہ چیز جو اس طرح دی جائے، جہیز، کنیادان، پانی جو مست ہاتھی کی کنپٹیوں سے نکلے۔

دان پُن daan-pun: (ہ، مذ) صدقہ، خیرات۔

دان دہیز daan-da-hez: (ہ، مذ) جہیز۔

دانا daa-na(a): (ف، صف) عقلمند، ہوشیار، دانش مند، جاننے والا، اسم کیفیت مث: دانائی۔

دانا بِینا daa-na(a) bii-na(a): (ف، صف) جاننے والا، عاقل، ہوشیار۔

دانت daant: (ار، مذ) چبانے اور کاٹنے کا عضو جو انسان اور حیوان کے منہ میں ہوتا ہے۔ دندان، دندانہ، خواہش، قصد۔

دانتی daaN-ti(i): (ہ، مث) بتیسی، دانتوں کا جوکڑا، دیکھیے درانتی جو فصیح ہے۔

دانٹیا daaNt-yaa: (ہ، مذ) ایک قسم کا نمک جو تمباکو کو تیز کرنے کے لیے دغاباز دکاندار کام میں لاتے ہیں۔ کلّہ، اریہ۔

دانست daa-nist: (ف، مث) علم، جاننا، واقفیت، سمجھ، شناخت۔

دانستہ daa-nis-ta(h): (ف، صف) جانا ہوا، جان کر، جان بوجھ کر، سوچ سمجھ کر واقف ہوتے ہوئے، اسم کیفیت مث: دانستگی۔

دانش daa-nish: (ف، مث) عقل، دانائی، سمجھ، علم، فضیلت۔

دانش مند/ور daa-nish mand: (ف، صف) عالم، فاضل، عقلمند، ہوشیار، اسم کیفیت مث: دانش مندی/وری۔

دانگ daaNg: (ف، مذ) ایک دینار کا حصہ، چھ رتی کا وزن، مثقال کا چوتھا حصہ، کسی چیز کا چھٹا ٹکڑا/ا حصہ، طرف، سمت، جانب۔

دانہ daa-na(h): (ف، مذ) اناج، غلّہ، بیج، تخم، تسبیح کا دانہ، انگور کیلے، پھلوں وغیرہ کے لیے بولا جاتا ہے۔ چھوٹی پھنسی چیچک کے آبلے، چھوٹے چھوٹے کنکر، روڑ وغیرہ۔ جن کی جنبش سے گھنگھرو بجتے ہیں۔ پاسا، چھوٹی کوڑیاں۔ جن سے پاسے کا کام لیتے ہیں۔ جواہرات اور سونا تولنے کی لاٹری (رتی) گھی وغیرہ کے ذرّات۔

دانہ بدلی daa-na(a) bad-li(i): (ار، مث) پرندوں کا ایک دوسرے کو دانہ کھلانا، پرندوں کا اختلاط (افعال: کرنا، ہونا)

دانہ بندی daa-na(a) ban-di(i): (ار، مث) کھڑی کھیتی کی پیداوار جانچنا، کنکوت کرنا، کچی پیمائش، پیمائش کا تخمینہ۔

دانہ پانی daa-nah-paa-ni(i): (ار، مذ) آب و دانہ، رزق، قسمت، نصیب۔

دانہ دار daa-na(h) daar: (ار، صف) وہ شے جس میں گول گول دانے پیدا ہو جائیں۔

دانی daa-ni(i): (ہ، صف) فیاضی، سخی، لاحقہ ظرف، مثلاً سرمہ دانی۔

داوان daa-vaan: (ار، مذ ق) گود، جوڑا۔

داور daa-var: (ف، صف) منصف، عادل، بادشاہ، حاکم یا جج کنایۃً خدا، اسم کیفیت مث: داوری

داہنا daah-na(a): (ار، مذ) دایاں، راست، سیدھا، مث: داہنی۔

داء daa: (ع، مذ) بیماری، دکھ، روگ۔

دائر daa-ar: (ع، صف) گرد پھرنے والا، گھیرنے والا، گردش کرنے والا، زیرِ تجویز، درپیش۔

دائرہ daa-e-ra(h): (ع، مذ) گھیرا، حلقہ، چکر، دور، محیط، مجلس۔ اقلیدس کی شکل، وہ سطح مستوی جو ایک خط سے محیط ہو اور درمیان میں ایک نقطہ ایسا ہو جس سے سب خط مساوی محیط تک کھینچے جا سکیں۔ خانقاہ، ڈیرا، محلہ، ٹولا، ڈفلی، ایک تال کا ساز، جو ایک طرف سے کھلا ہوتا ہے۔ حرفوں کی گولائی۔

دائم daa-yam: (ع، صف) ہمیشہ، سدا، مدام

دائم الحبس daa-ya-mul-habs: (ع، صف) عمر بھر کی قید۔

دائم الخمر daa-ya-mul-Kumr: (ع، صف) ہر وقت اور ہمیشہ شراب پینے والا۔

دائم الصوم daa-ya-mus-saum: (ع، صف) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

دائم المرض daa-ya-mul-maraz: (ع، صف) ہمیشہ بیمار رہنے والا۔

دائما daa-ye-ma(a): (ع، متعلق فعل) ہمیشہ، لگاتار، برابر۔

دائمی daa-ye-mi(i): (ع، صف) ہمیشگی والا، سدا کا، ابدی، ہمیشہ کا۔

دائن daa-yan: (ع، صف) قرض دینے والا، قرض خواہ۔

داؤ۔ دانو daa-au: (ھ، مذ) شطرنج، جوئے وغیرہ کی چال، چال بازی، فریب، وہ آلہ جس سے جانوروں کے چارہ کے لیے پتے (درختوں کے) کاٹتے ہیں۔ نوبت، باری کھیل کی باری وہ رقم جو قمار باز ہار جیت کے لیے مقرر کریں، درانتی، ایک قوس نما چھرا، جو اکثر پہاڑیوں، کھوکھروں اور عربوں کے پاس ہوتا ہے، کشتی کا پیچ، پانسا، قرعہ، وہ چیز جو قمار بازی میں شرط ظاہر کرنے کے لیے رکھ دیتے ہیں۔

داؤ / داؤں پیچ daa-auN-pech: (ار، مذ) کشتی کے بند یا ڈھنگ، مکر و فریب، چال (افعال: چلنا، چلانا، کرنا، ہونا)

داؤدی daa-au-di(i): (ف، مذ) ایک پھول کا نام جس کا رنگ زردی مائل سفید ہوتا ہے۔

داؤنا daa-au-na(a): (ار، مص) گاہنا۔

دائی daa-ii: (ار، مث) دایہ، جنائی، قابلہ، انا، دودھ پلانے والی، خادمہ، آنکھ مچولی کے کھیل میں چور کی آنکھیں بند کرنے والا لڑکا، صف، دینے والا، کرنے والا، جیسے سکھ دائی۔

دائی کھلائی daa-ii-khi-laa-i(i): (ار، مث) بچوں کو کھلانے والی خادمہ۔

دائی گیری daa-ii-gii-ri(i): (ار، مث) دیکھیے 'دایہ گری' جس کا یہ بگاڑ ہے۔

دائیں daa-eN: (ار، صف) دنی طرف، جانب راست۔

دائیں بائیں daa-eN baa-eN: (ار، متعلق، فعل) چپ و راست، ادھر، ادھر۔

دایاں daa-yaaN: (ار، مث) دیکھئے 'داہنا'۔

دایہ گری daa-yah-gi-rii: (ف، مث) دایہ کا پیشہ، دایہ کا کام۔

د۔ب

دب dub: (ع، مذ) ریچھ، قطب شمالی کے قریب ریچھ سے مشابہ چند ستاروں کے دو مجموعے جن میں سے بڑا

دُب اکبر اور چھوٹا دُبِ اصغر کہلاتا ہے۔
دب جانا dab-jaa-na(a): (ار، محاورہ) مغلوب ہو جانا، کسی چیز کے نیچے آجانا۔
دبا دبایا da-baa da-baa-ya(a): (ار، صف) دبا ہوا، گڑا ہوا، پوشیدہ۔
دبا کر da-baa-kar: (ار، متعلق، فعل) زبردستی، جبر سے، بخوبی، جم کر۔
دبازت da-baa-zat: (ع، مث) موٹائی، موٹاپن، گندگی، گنداپن۔
دباغ da-baaG: (ع، مذ) چمڑا کمانے والا، چرم ساز۔
دباغت da-baa-Gat: (ع، مث) چمڑا کمانے کا کام، چرم سازی۔
دبانا da-baa-na(a): (ار، مص) گاڑنا، دفن کرنا، زبردستی قبضہ کر لینا، پرایا حق مارنا، عاجز کرنا، تنگ کرنا، شکست دینا، بھگانا، تعاقب کرنا، بیج بونا، بیج کو زمین کے اندر رکھنا، دبوچنا، چپی کرنا (جسم کو) مجبور کرنا۔
دباؤ da-baa-o/au: (ار، مذ) بوجھ، بار، غلبہ، خوف، دہشت، جبر، سختی، رعب، داب، زور، حکومت۔
دباؤ da-baa-o/au: (ار، صف) بوجھل بھاری۔
دبدبہ dab-da-ba(h): (ع، مذ) ڈھول کی آواز، گھوڑے کی ٹاپ کی آواز، رعب داب، کروفر، شان و شوکت۔
دبستان da-bis-taan: (ف، مذ) اسکول، مدرسہ، مکتب، صفت نسبتی: دبستانی۔
دبک da-bak: (ار، مث) ڈانٹ، دھمکی، دبکنا کا امر۔
دبکا dab-ka(a): (ھ، مذ) چوہوں کو مارنے کا آلہ، جو چکی کے پاٹ کے مشابہ مٹی سے بنایا جاتا ہے۔ دبکنا سے ماضی کا صیغہ جو صفت کا افادہ کرتا ہے۔
دبکانا dub-ka-na(a): (ار، مص) چھپانا، پوشیدہ کرنا، ڈرانا، دھمکانا، سیلنے سے لگانا۔
دبکائی dab-kaa-i(i): (ار، مث) تارکشی کا کام، تارکشی کی اُجرت۔
دبکنا da-bak-na(a): (ار، مص) چھپنا، روپوش ہونا، زمین سے لگ کر بیٹھنا، ڈرنا، دب کر بیٹھنا، سونے یا چاندی کے تار کو کوٹ کر چوڑا کرنا۔
دبکیا dab-ki-ya(a): (ار، صف) سونے چاندی کے تار دبکنے یا کوٹنے والا۔
دب کر dab-kar: (ف، صف) مرعوب ہو کر، ڈر کر۔
دُبلا dub-la(a): (ار، صف) پتلا، لاغر، کمزور، اسم کیفیت، مذ، دبلا پن، مث: دبلی۔
دُبلا پتلا dub-laa pat-la(a): (ف، صف) ہلکے بدن کا، ہلکے وزن کا، چھریرا، مث: دبلی پتلی۔
دبنا dab-na(a): (ار، مص) بوجھ کے نیچے آنا، دفن ہونا، گڑنا، چھپنا، پوشیدہ ہونا، مغلوب ہونا، مرعوب ہونا، سمٹنا، سکڑنا۔ عجز و انکسار کرنا، لحاظ کرنا، پسنا، بھینچنا، شرمانا، کسی چیز کے اجزا کا متصل ہونا، فرو ہونا، دور ہونا، دفع ہونا۔
دبنگ / دبنگا da-bang: (ار، صف) موٹا تازہ، فربہ، ہٹا کٹا، زبردست مث: دبنگی۔
دبوچنا da-boch-na(a): (ار، مص) پکڑ لینا، قابو میں کر لینا، دبانا، بھینچنا، چھپا لینا۔
دبور da-bor: (ع، مث) پچھوا ہوا۔
دبوس / دبوس da-bos: (ف، مذ) عصا، آہنی گرز۔
دبوسہ da-bo-sa(h): (ف، مذ) جہاز کا کمرا یا کوٹھڑی، اسباب کی کشتی۔
دبونی da-bo-ni(i): (ار، مث) دبانے کی کل، شکنجہ۔
دبہ dab-ba(h): (ف، مذ) کپا، چمڑے کا کپا۔
دبے پاؤں da-be-paa-auN: (ار، متعلق، فعل)

٭ ڈرتے ڈرتے، آہستہ آہستہ۔

دبیر da-biir: (ف، صف) منشی، کاتب، انشا پرداز، مصنف، مولف، مدیر، اسم کیفیت مث: دبیری۔

دبیرِ فلک da-bii-re fa-lak: (ف، مذ) کنایۃً عطارد۔

دبیرستان da-bii-ris-taan: (ف، مذ) مکتب، ہائی سکول۔

دبیز da-biiz: (ف، صف) موٹا، گف، مضبوط۔

دبیل da-biil: (ار، صف) ماتحت، تابع، دبنے والا، کمزور، بودا۔

د۔پ

دپانا da-paa-na(a): (ار، مص، ق) روشن کرنا، چراغ جلانا۔

دپٹ da-paT: (ار، مث) دیکھیے 'ڈپٹ' جو فصیح ہے۔

دپٹانا/دپٹنا dap-Taa-na(a) /da-paT-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'ڈپٹانا/ڈپٹنا'۔

د۔ت

دُتکار dut-kaar: (ار، مث) لعنت ملامت، گھڑکی، دھتکار۔

دُتکارنا dut-kaar-na(a): (ار، مص) دھتکارنا، جھڑکنا، لعنت ملامت کرنا، کتے کو نکالنا۔

د۔ج

دجال daj-jaal: (ع، مبالغہ) مکار، جھوٹا، فریبی، ایک شخص جو قیامت کے نزدیک خروج کرے گا اور لوگوں کو گمراہی میں ڈالے گا۔

دجل da-jal: (ع، مذ) فریب، جھوٹ، ادجھل۔

دجلہ daj-la(h): (ع، مذ) عراق کا مشہور دریا، مجازاً ہر دریا۔

دُجٰی du-ja(a): (ع، مث) تاریکی، اندھیرا۔

د۔خ

دُخان da-Kaan: (ع، مذ) دھواں، بھاپ، تمباکو کا دھواں، صفت نسبتی: دخانی۔

دُخت duKt: (ف، مث) 'دختر' کا مخفف، بیٹی، لڑکی۔

دُختِ رز duK-te-raz: (ف، مث) انگوری شراب۔

دختر duK-tar: (ف، مث) بیٹی، لڑکی، اسم کیفیت مث: دختری۔

دُخترک duK-ta-rak: (ف، مث) دیکھیے 'دختر' جس کی یہ تصغیر ہے۔

دخل da-Kal: (ع، مذ) رسائی، پہنچ، قبضہ، تصرف، تعلیم میں ترقی۔ علم، کمال، سمجھ، ادراک، فہم، امکان، مجال، طاقت، قوت، اثر، تاثیر، شدید، واقفیت، اختیار مداخلت، دست اندازی۔ آمدنی، یافت۔

دخل انداز da-Kal-an-daaz: (عف، صف) دخل دینے والا، مداخلت کرنے والا، اسم کیفیت مث: دخل اندازی۔

دخل بے جا da-Ka-le-be-ja(a): (عف، مذ) (قانون) کسی کے مکان کے اندر بلا اجازت جانا، کسی کی ملکیت پر ناجائز قبضہ کرنا، بے جا مداخلت کرنا۔

دخل پانا da-Kal-paa-na-(a): (ار، محاورہ) رسائی ہونا، باریابی ہونا، قبضہ ملنا۔

دخل دار da-Kal-daar: (عف، مذ) حصہ دار، شریک، جس کی کسی تک رسائی ہو۔

دخل نامہ da-Kal-naa-ma(h): (عف، مذ)

قبضہ کی سند یا حکم، پروانہ، دخل یابی۔

دخل وُ خرچ da-Kal-va-Karch: (عف، مذ) آمدنی وخرچ۔

دخل و قبضہ da-kal-va-qab-za(h): (عف، مذ) قبضہ پانے والا، دخل پانے والا، اسم کیفیت مث: دخل یابی۔

دخم / دخمہ da-Kam/daK-ma(h): (ف، مذ) آتش پرستوں کے مردوں کا مینار، قبر، مقبرہ، تابوت، صندوق، وہ گوشت جو اونٹ کے منہ سے مستی کے وقت نکلے (جو بوجہ گرمی کی شدت کے ہوتا ہے)

دخول da-Kuul: (ع، مذ) داخل ہونا، گھسنا، اندر جانا، داخلہ، (افعال: کرنا، ہونا)

دخیل da-Kiil: (ع، صف) کسی کاروبار میں دخل دینے والا، قابض، باریاب، متصرف، بے تکلف، واقف کار، دوست، ہم راز، غیر زبان کا لفظ جو کسی زبان میں مستعمل ہو۔ وہ حرف جو الف تاسیس کے بعد نظم میں آئے۔

دخیل کار da-Kii-le-kaar: (عف، مذ) کاروبار میں دخل دینے والا، قابض، سربراہ کار، مصاحب، شریک، ایک قسم کا کاشتکار جس کو حق قبضہ داری حاصل ہوتا ہے۔ اسم کیفیت مث: دخیل کاری۔

د۔د

دد dad: (ف، مذ) پھاڑ کھانے والا درندہ۔

ددا da-da(a): (ف، مذ) وہ عورت جو بچوں کی پرورش کے لیے ملازم ہو، دایہ، انّا، کھلائی، بچوں کو پالنے اور رکھنے والی باندی۔

ددوڑا da-do-Ra(a): (ھ، مذ) وہ دانہ (پھنسی) جو کسی کیڑے کے کاٹنے سے بدن پر نکلتا ہے۔ یا فساد خون کی وجہ سے بدن پر نمودار ہوتا ہے۔ (دھپڑ)

دودھاری do-dhaa-ri(i): (ھ، مث) دودھ دینے والا مویشی۔

ددھیال da-dhi-yaal: (ھ، مذ) دادا کی اولاد، دادا کا خاندان۔

دُدھیل / ددھیلن du-dhiil: (ھ، صف) 'دودھار' دودھ دینے والی۔

ددیا dad-ya(a): (ھ، صف) دادا سے منسوب۔

ددیا خسر / سسر / سسرا dad-ya(a) Ku-sar/ su-sar/ sus-ra(a): (ھ، مذ) بیوی یا شوہر کا دادا، مث: ددیا ساس۔

د۔ر

در dar: (ار، مذ) نرخ، قیمت، عزت، آبرو۔

در dar: (ف، مذ) دروازہ، پھاٹک، چوکھٹ۔

دربان dar-baan: (ف، مذ) چوکیدار، سنتری، پہرہ دار، اسم کیفیت مث: دربانی۔

دریچہ da-rii-cha(h): (ف، مذ) دروازے کے اندر چھوٹا دروازہ، کھڑکی۔

دربدر dar-ba-dar: (ف، صف) ایک دروازے سے دوسرے دروازے پر، آوارہ، سرگشتہ (افعال: پھرانا، پھرنا، ہونا)

دربند dar-band: (ف، مذ) دروازہ کا بند ہونا، زنجیر، کنڈی، پہاڑی، درّہ جس سے گزرنا بہت مشکل ہو، وہ سڑک جس پر ڈاکے پڑیں، علاقہ جس میں ملکی فوج رکھی جائے۔

دربندی dar-band-di(i): (ف، صف) دیکھیے 'دربند' جس کا یہ اسم کیفیت ہے، تلاشی سے پہلے مکان کے دروازے بند کرنا، کارخانہ مزدوروں کی مرضی کے

خلاف بند کرنا، قید۔

دردر dar-dar: (ف، متعلق فعل) دیکھیے 'دربدر'۔

درِ دولت da-re-dau-lat: (ف، مذ) بادشاہ یا رئیس کا مکان۔

درڈ ازہ dar-vaa-za(h): (ف، مذ) پھاٹک۔

در dar: (ف، حرف ربط و سابقہ لاحقہ) میں، اندر، پر، اوپر کے متعلق، سے، لیے، نزدیک، قریب، کو، جہاں تک۔ مطابق، سامنے موجودگی میں۔ برخلاف، ساتھ نیچے، آخرکار، بعد، باہر، باہر کا (امر) دریدن سے امر جو بطور لاحقہ فاعلی مرکبات میں بھی پھاڑنے والا مثلاً پردہ در۔

درآمد dar-aa-mad: (ف، مذ) وہ مال جو باہر سے ملک میں آئے، آمدنی اندر آنا۔

درآمد برآمد dar-aa-mad bar-aa-mad: (ف، مث) آمدورفت، آنا جانا، آمدوخرچ، مال کا ملک میں آنا اور باہر جانا۔

دراصل dar-asl: (ف، متعلق) اصل میں، واقعی

درانداز dar-an-daaz: (ف، مذ) دو آدمیوں کو لڑانے والا، بدگو، چغل خور، اسم کیفیت مث: دراندازی

دراِیں dar-iiN: (ف، متعلق فعل) اس اثنا میں اس وقت میں۔

درباب dar-baab: (ف، متعلق فعل) نسبت، بابت، سبب، معاملہ۔

دربارہ dar-baa-rah: (ف، متعلق فعل) نسبت، بابت۔

دربر dar-bar: (ف، متعلق، فعل) اوپر، پہن کر، جسم پر (افعال: کرنا، ہونا)

دربستْ dar-bast: (ف، مذ) بالکل، تمام۔

دربستہ dar-bas-ta(h): (ف، صف) بندھا ہوا، جکڑا ہوا، پوشیدہ۔

درپردہ dar-par-da(h): (ف، متعلق، فعل) خفیہ طور پر، پوشیدہ، غائبانہ پیٹھ پیچھے۔

درپے dar-pe: (ف، متعلق، فعل) گھات میں، پیچھے، خواہاں (افعال: کرنا، ہونا)

درپیش dar-pesh: (ف، صف) سامنے، روبرو، زیر بحث، زیر تجویز (افعال: رہنا، کرنا، لانا، ہونا)

درحقیقت dar-ha-qii-qat: (ف، متعلق، فعل) حقیقت میں، اصل میں۔

دردست dar-dast: (ف، متعلق، فعل) ہاتھ میں، قبضہ میں۔

درصورت dar-suu-rat: (ف، متعلق، فعل) بشرطیکہ، بحالت، ایسی حالت میں، صورت میں، شکل میں۔

درکار dar-kaar: (ف، صف) ضروری، مطلوب (افعال: کرنا)

درکنار dar-ki-naar: (ف، صف) علاوہ، جدا، علیحدہ، الگ، ایک طرف بغل میں، ہم بغل (افعال: کرنا، ہونا)

درگرفت dar-gi-raft: (ف، صف) پکڑ میں، قبضہ میں (افعال: کرنا، ہونا)

درگزر dar-gu-zar: (ف، مث) معافی، چشم پوشی (افعال: کرنا، ہونا)

درگزرنا dar-gu-zar-na(a): (ار، مص) طرح دینا، معاف کرنا، چشم پوشی کرنا، چھوڑنا۔

درگور dar-gor: (ف، صف) قبر میں، مدفون، مرجانا، (بد دعا) غارت ہو، دور ہو، دفع ہو۔ (افعال: کرنا، ہونا)

درگیر dar-giir: (ف، صف) پکڑنے والا، نشان

کرنے والا، موثر، چلنے والا۔

درمیان dar-mi-yaan: (ف، مذ) بیچ، وسط، بیچ میں، وسط میں۔ سامنے، دوران، متعلق، اندر۔

درمیانی dar-mi-yaa-ni(i): (ف، صف) بیچ کا، جو بیچ میں آ جائے، معمولی، اچھا، اندرونی، اندر کا، جو اندر ہو، بیچ میں آنے والا، صلح کرانے والا، مترجم، دلال۔

درو بست dar-o-bast: (ف، مذ) سب، تمام، کشائی، بندھائی۔

دُردُرانا dur-du-raa-naa(a): (ار، محاورہ) نکال دینا، دور دور کرنا۔

دُرافشاں / افشاں dur-af-shaaN: (ع، صف) موتی بکھیرنے والا، خوش بیان اسم کیفیت مث: درافشانی/افشانی۔

دُربار dur-baar: (عف، صف) موتی برسانے والا۔

دُریچہ du-rii-cha(h): (عف، مذ) کان میں پہننے کا موتیوں کا بنا ہوا زیور، گوشوارہ۔

دُردانہ dur-daa-na(h): (عف، مذ) موتی کا ایک دانہ۔

دُرریز dur-rez: (عف، صف) موتی بکھیرنے والا، خوش بیان، اسم کیفیت مث: دُرریزی۔

دُرِشہوار dur-re-shah-vaar: (عف، مذ) بادشاہوں کے لائق موتی، بہت بڑا موتی۔

دُرِناسُفتہ du-re-naa-suf-ta(h): (عف، مذ) وہ موتی جس میں سوراخ نہ کیا گیا ہو۔ ان بندھا موتی۔ مجازاً کنواری عورت۔

دُرِنجف du-re-na-jaf: (عف، صف) ایک قسم کا سفید پتھر۔

دُریتیم du-re-ya-tiim: (عف، مذ) بڑا آبدار موتی، جو سیپی میں اکیلا ہوا۔

دُرۃ التاج dur-hut-taaj: (ع، مذ) بادشاہوں کے تاج کا موتی، قیمتی موتی۔

درا/دورا da-ra(a): (ار، مذ ق) آ تا۔

درائی/دورائی da-raii: (ار، مث، ق) دیکھئے دودرا/دورا، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

درا di-ra: (ف، مذ) گھنٹی، جرس، گھنٹا۔

دُرّاج dur-raaj: (ع، مذ) تیتر۔

دراڑ / دڑاڑ da-raaR: (ار، مث) شگاف، درز، رخنہ، (افعال: پڑنا، ہونا)

دراز da-raaz: (ف، صف) لمبا، طویل، اسم کیفیت مث: درازی، الماری یا میز کا لمبا خانہ جس کو کھینچ کر باہر نکالا جا سکتا ہے۔

دراز دست da-raaz-dast: (ف، صف) لمبے ہاتھوں والا، غالب، زبردست اسم کیفیت مث: درازدستی۔

دراز ریش da-raaz-resh: (ف، صف) لمبی ڈاڑھی والا۔

دراز قد da-raaz-qad: (ف، صف) لمبے قد والا، طویل القامت، قد آور۔

دڑانا dar-raa-na(a): (ار، صف) بے خوف وخطر، بے دھڑک، بلا اجازت، بے پوچھے۔

درانت da-raaNt: (ار، مذ) بڑی درانتی۔

درانتی da-raaN-ti(i): (ار، مث) گھاس یا کھیت کاٹنے کا ایک قوس نما آلہ، ہنسیا۔

دراہم da-ra-him: (ع، مذ) دیکھیے 'درہم' جس کی جمع ہے۔

درایت da-raa-yat: (ع، مث) دانائی، عقل، دانش، تصدیق، وہ علم جس میں روایت کو عقل کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں۔

دربار dar-baar : (ف، مذ) بادشاہوں کی مجلس، شاہی عدالت، بادشاہ کی کچہری، آستانہ بارگاہ، بادشاہوں کی ملاقات حاضری، حاضر باشی۔

دربارِ خاص dar-baa-re-Kaas: (فع، مذ) وہ دربار جس میں عام لوگوں کو آنے کی اجازت نہ ہو، خاص اجلاس۔

دربار دار dar-baar-daar: (ف، صف) حاضر باش، بادشاہ و امرا کے دربار میں ہر روز جانے والا خوشامدی۔ اسم کیفیت مث: درباردار ی۔

دربارِ عام dar-baa-re-aam: (فع، مذ) وہ دربار یا اجلاس جس میں عام لوگ جا سکیں۔

درباری dar-baa-ri(i): (ف، صف) دربار سے منسوب و متعلق دربار میں حاضر رہنے والا۔

درپن dar-pan: (س، مذ) آئینہ، شیشہ، آرسی، تصغیر، مث: درپنی۔

دُرت da-rut: (س، صف) جلد، تیز، مفرور، بھگوڑا

دُرت لے da-rut-lai: (ھ، مث) تیز تال، تیز لے، تیز رفتار میں گانے کا انداز۔

دُرج durj: (ع، مذ) کسی چیز کو دوسری چیز میں لپیٹنا، نقشین خط، لکھائی، فہرست میں داخل کرنا، لمبا کاغذ، وہ چیز جس پر کچھ لکھا جائے (افعال: کرنا، ہونا)

دُرجک dur-jak : (عف، مث مذ) دیکھئے 'درج' جس کی تصغیر ہے۔

درجن dar-jan: (ار، مذ، صف) انگریزی لفظ (Dozen) کا مورد، ایک جنس کی بارہ چیزیں۔

درجہ (درجہ زاری) dar-ja(h): (ع، مذ) مرتبہ، رتبہ، دائرۂ فلکی کا تین سو ساٹھواں حصہ، سیڑھی، سیڑھی کا ڈنڈا، عہدہ، منصب، منزل، مث، دقیقہ، حالت، بار، دفعہ، نوبت، عزت، توقیر، قدر، جمع: درجات۔

درجہ بدرجہ dar-jah-ba-dar-jah: (عف، متعلق فعل) رفتہ رفتہ، بتدریج، ترتیب وار۔

درجہ بندی dar-ja(h) ban-di(i): (عف، مث) خاص درجہ یا مقام متعین ہونا، قسم بندی، ہم جنس چیزوں کو اکٹھا کرنا، قسم وار کرنا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

درجہ دار dar-jah-daar: (عف، متعلق فعل) جماعت دار، سلسلہ وار، رتبہ کے مطابق۔

درخت da-raKt: (ف، مذ) پیڑ، نہال، بوٹا، شجر۔

درخشاں ka-raK-shaaN: (ف، صف) چمکتا ہوا، تاباں، روشن، اسم کیفیت مث: درخشانی۔

دَرَخْشَندہ da-raK-shin-da(h): (ف، صف) چمکتا ہوا، چمکنے والا، تاباں، نورانی، (افعال: کرنا، ہونا، بنانا، بننا) اسم کیفیت مث: درخشندگی۔

درد dard: (ف، مذ) دکھ، تکلیف، افسوس، دریغ، سوز و گداز، رحم، ترس، غم، رنج، ٹیس، ہوک، دردِزہ۔

درد آشنا dard-aash-na(a): (ف، صف) درد سے واقف، ہمدرد، اسم کیفیت مث: درد آشنائی۔

درد آگیں dard-aa-giiN: (ف، صف) درد سے بھرا ہوا، تکلیف دہ۔

درد آلود dard-aa-luud: (ف، صف) جسے سخت تکلیف ہو، غم زدہ، تکلیف دہ۔

درد آمیز dard-aa-mez: (ف، صف) دردناک، قابلِ رحم، رقت انگیز۔ اسم کیفیت مث: درد آمیزی۔

درد اُٹھنا dard-uTh-na(a): (ار، محاورہ) کسی عضو میں درد محسوس ہونا، ہوک اٹھنا، ٹیس پڑنا۔

درد انگیز dard an-gez: (ف، صف) درد پیدا کرنے والا، دل پر اثر کرنے والا، درد آمیز، اسم کیفیت مث: درد انگیزی۔

دردبھرا dard-bha-ra(a): (ار، صف) دیکھئے 'درد

آمیز۔مث: دردبھری۔

دردِ دل dar-de-dil: (ف، مذ) غم، رنج، دلی صدمہ

دردِ زہ dar-de-zah: (ف، مذ) وہ تکلیف جو بچہ جنتے وقت ہوتی ہے۔

دردِ سر / سری dard-sar/sa-ri(i): (ف،صف) سر کا درد، تکلیف، عذاب، مشکل، محنت۔

دردِ شکم dar-de-shi-kam: (ف، مذ) پیٹ کا درد۔

دردِ فرزندی dar-de-far-zan-di(i): (ف،صف) اولاد کی محبت۔

دردفزا dard-fa-za(a): (ف،صف) درد بڑھانے والا، اسم کیفیت مث: دردفزائی۔

دردِ قولنج dar-de-qo-lanj: (ف،مذ) درد جو پسلی کے نیچے ہوتا ہے۔

دردِ گردہ dar-de-gur-da(h): (ف، مذ) ایک بیماری جو گردے میں پتھری ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے اور اس میں سخت درد ہوتا ہے۔

دردمند dard-mand: (ف، صف) صاحب درد، ہمدرد، غمگسار، رحمدل، غمخوار، اسم کیفیت مث: دردمندی۔

دردناک dard-naak: (ف،صف) دردبھرا، رنجیدہ۔

درد dard: (ف،مذ) تکلیف۔

دُردآشام durd-e-aa-shaam: (ف،صف) تلچھٹ پینے والا، بلانوش، اسم کیفیت مث: دردآشامی

دردرا dar-da-rah: (ار،صف) موٹا موٹا کٹا ہوا/پسا ہوا، دلا ہوا، جوکوب، نیم کوب، مث: دردری، اسم کیفیت مذ۔ دردراپن، اسم کیفیت مث: دردراہٹ۔

درز darz: (ف،مث) دراڑ، شگاف، جھری، چیرے اور کھوپڑی کی ہڈیوں کا جوڑ۔

درزی dar-zi(i): (ف، مذ) کپڑے سینے والا، کپڑے سینے کا پیشہ کرنے والا مرد/مث: (ار) درزن

درسْ dars: (ع، مذ) سبق، وعظ، پند (افعال: دینا، کہنا، لینا)

درسی dar-si(i): (ع،صف) درس سے متعلق، نصابی، پڑھائی جانے والی کتاب وغیرہ،مث: درسیہ۔

دُرست du-rust: (ف،صف) ٹھیک، صحیح، طنز سے بھی کہتے ہیں۔ موزوں، چست، عالم، تندرست، سچ ہے۔ مہذب، صحیح، درست، بہت خوب، اسم کیفیت مث: درستی۔

دُرشت du-rusht: (ف،صف) سخت، کھردرا، کند، اسم کیفیت مث: درشتی۔

درشن dar-shan: (ھ،مذ) نظارہ، زیارت، دیدار

درشنی dar-sha-ni(i): (ھ،صف) قابل دید، خوبصورت، حسین جوان، فوراً قابل ادائیگی (مث) تحفہ ملاقات کا بھینٹ، نذر، ہنڈی، جس کا روپیہ دیکھتے ہی مل جائے۔

درع dar(?): (ع، مذ) زرہ، لڑائی کے وقت پہنا جانے والا آہنی لباس۔

درعہ dar-(?)ah: (ع،مذ) کپڑا یا زمین ناپنے کا گز۔

درفش da-ra-fash: (ف، مذ) جھنڈا، علم، ایک رومال جو سر یا خود پر لڑائی کے وقت باندھ لیتے ہیں۔ روشنی، چمک دمک بجلی، کوئی چمکنے والی چیز، موچی کی آر۔

درک dark: (ع، مذ) عقل، سمجھ، واقفیت، تمیز، دخل (افعال: ہونا)

درکانا dar-kaa-na(a): (ھ،مص) بال ڈالنا، شگاف ڈالنا۔

درکنا da-rak-na(a): (ھ،مص) تڑکنا، پھٹنا، شگاف۔

درگاہ dar-gaa(h): (ف، مث) چوکھٹ، آستانہ، دربار، دربارِ شاہی، خدا کا دربار۔

دُرگا dur-gaa(h): (س، مث) ہندوؤں کی ایک دیوی، بھوانی، پاربتی۔

دُرگت dur-gat: (ہ مث) دُر کے تحت دیکھیے، بری حالت۔

درم / درہم dir-ram dir-ham: (ع، مذ) ایک چاندی کے سکے کا نام جو دو آنے کے برابر ہوتا تھا۔ ایک وزن ۳ ماشے ۲ ۱/۲ رتی کے برابر نقدی، روپیہ۔

درماں dar-maaN: (ف، مذ) علاج، دوادارو، چارہ۔

درماندہ dar-maan-da(h): (ف، صف) مصیبت زدہ، بیچارہ، لا علاج، اسم کیفیت مث: درماندگی۔

درمُٹ dur-muT: (ہ، مذ) کنکر، روڑی وغیرہ کوٹنے کا آلہ۔

درمن dar-man: (ف، مذ) دیکھیے 'درماں' جس کا یہ مخفف ہے۔

درندہ da-rin-da(h): (ف، صف) پھاڑنے والا، خونخوار، ظالم، سفاک، شکاری جانور، پھاڑ کھانے والا جانور، اسم کیفیت مث: درندگی۔

درنگ da-rang: (ف، مث) دیر، وقفہ، (افعال: کرنا، ہونا)

دروازہ dar-vaa-za(h): (ف، مذ) در، پٹ، پھاٹک، کواڑ۔

دُرود du-ruud: (ف، مذ) صلوات، رحمت، تحسین، شاباش، استغفار، حمد، سلام، دعا، تعریف، تسبیح، وہ تحفہ حمد و سلام جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر بھیجا جائے۔ وہ دعا جو رسول مقبول صلعم کے نام آنے پر طلب رحمت کے لیے پڑھی جاتی ہے۔ (افعال: بھیجنا، پڑھنا) کنائی۔

دروغ da-roG: (ف، مذ) جھوٹ، کذب۔

دروغ بیانی da-roG ba-yaa-ni(i): (ف، مث) جھوٹ، بہتان۔

دروغ حلفی da-roG Hal-qi(i): (ف، مث) جھوٹی قسم۔

دروغ گو / باف da-roG go/ baaf: (ف، صف) جھوٹا، کاذب، اسم کیفیت مث: دروغ گوئی / بافی۔

دروغی da-ro-Gi(i): (ف، صف) جھوٹا، کاذب۔

دروُں da-ruuN: (ف، مذ) دل، باطن (متعلق فعل) اندر، درمیان، صف نسبتی: درونی۔

درویش dar-vesh: (ف، مذ) فقیر، بھکاری، منگتا، فقیر / صاحب معرفت، مذہبی فقیر (صف) خدا رسیدہ، غریب، مفلس، مسکین، اسم کیفیت مث: درویشی۔

درویشانہ dar-ve-shaa-na(h): (ف، صف) فقیرانہ۔

دُرّہ dur-ra(h): (ف، مذ) چمڑے کا کوڑا، چمڑے کا وہ تسمہ جس سے مجرم کو سزا دینے کے لیے مارتے ہیں۔ (افعال: پڑنا، لگانا، لگنا) (ع) بڑا موتی۔

درّہ dar-rah: (ف، مذ) پہاڑیوں کے درمیان کا راستہ، دو پہاڑیوں کے درمیان کی وادی جس میں ایک ندی بہتی ہو، گھاٹی، دراز، درز، شگاف۔

درہم dar-ham: (ف، صف) گڑبڑ، تہ و بالا، الٹ پلٹ، تتر بتر، گڈمڈ، ملے جلے، اسم کیفیت مث: درہمی

درہم برہم dar-ham/bar-han: (ف، صف) بگاڑ کر رکھ دینا۔

دری da-ri(i): (ہ، مث) ایک قسم کا موٹا کپڑا جو فرش اور بستر پر باندھتے ہیں یا بچھانے کے کام آتا ہے۔ (ف، صف) درہ سے منسوب (ف) قدیم فارسی کا نام۔

دریا dar-ya(a): (ف، مذ) پانی کی بڑی دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر ندی نالوں کو ساتھ لیتی ہوئی کسی بڑی جھیل یا سمندر میں گر پڑے یا ریگستانوں میں غائب ہو جائے، سمندر، بحر، صوفیوں کی اصطلاح میں خالص غیر مخلوق خدائی طاقت۔

دریا بار dar-yaa-baar: (ف، صف) بہت برسنے والا، سخی، فیاض، اسم کیفیت مث: دریا باری۔

دریا برار / برآمد dar-yaa-ba-raar/ bar-aa-mad: (ف، مث) وہ زمین جو دریا ہٹ جانے کی وجہ سے نکل آئے۔

دریا بُردی dar-yaa-bur-di(i): (ف، مث) دریا کا بہا لے جانا۔

دریا دِل dar-yaa-dil: (ف، صف) فیاض، سخی، اسم کیفیت مث: دریا دلی۔

دریا نوش dar-yaa-nosh: (ف، صف) بے حد شراب پینے والا، شرابی، اسم کیفیت مث: دریا نوشی۔

دریائی dar-yaa-ii: (ف، صف) دریا کا، دریا سے منسوب (حیوان پرندہ، آدمی، پری، گھوڑا)۔

دریبا da-rii-ba(a): (ہ، مذ) پانوں کا بازار، تنبولیوں کا بازار۔

دریچہ da-rii-cha(h): (ف، مذ) چھوٹا دروازہ، کھڑکی، موکھا۔

دریدہ da-rii-da(h): (ف، صف) پھٹا، اسم کیفیت مث: دریدگی۔

دریدہ دہن da-rii-da(h) da-han: (ف، صف) منہ پھٹ، بد زبان، زبان دراز، اسم کیفیت مث: دریدہ دہنی۔

دریز da-rez. (ہ، مث) باریک چھینٹ چھپی ہوئی ململ اس کے دوپٹے بنتے ہیں۔ چھپا ہوا باریک کپڑا۔

دریسی da-re-si(i): (ار، مث) زمین کی ہمواری، برابری، پولیس یا فوج کی قطار کو سیدھا کرنا، پولیس یا فوج کا ملاحظے کے لیے وردی پہنانا، زخموں کو صاف کرنے والا، (افعال: کرنا، وغیرہ)

دریغ da-reG: (ف، مذ) انکار، تامل، بخل، نفرت، افسوس، رنج، غم، آہ، کلمہ افسوس۔

دریغا da-re-Gaa: (ف کلمہ تاسف) افسوس، رنج۔

دریوزہ dar-yo-zah: (ف، مذ) بھیک، گداگری، گدائی۔

دریوزہ گر dar-yo-zah-gar: (ف، صف) فقیر، گدا، بھک منگا، اسم کیفیت، مث: دریوزہ گری۔

د۔ڑ

دڑبا daR-ba(a)~dar-ba(a): (ار، مذ) مرغیوں یا کبوتروں کا گھر، کابک، طنزاً چھوٹا گھر جھونپڑا۔

دڑبڑانا daR-ba-Raa-na(a): (ار، محاورہ) جھوٹا بنانا، جھوٹا ٹھہرانا، جھڑکنا، دبکانا، دھمکانا۔

دڑُوکنا da-Ruuk-na(a): (ہ، مص) شیر کا دھاڑنا، ڈکارنا۔

دڑھ مُنڈا daRh-mun-Da(a): (ہ، مذ) داڑھی منڈانے والا۔

دڑھیل da-Rhail~daRh-yal: (ہ، مذ) بڑی داڑھی والا۔

د۔ز

دُزد duzd: (ف، مذ) چور، سارق، اسم کیفیت مث: دزدی۔

دُزدِحنا duz-dih-na(a): (ف، مذ) حنا کا چور، وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھوٹ جائے۔

دُزدیدہ duz-dii-da(h): (ف، صف) چرایا ہوا۔
دُزدیدہ نظر / نگاہ duz-dii-da(h) na-zar/ ni-gaa(h): (ف، مث) کن انکھیوں سے دیکھنا، چور نظر۔

د۔ژ

دِژ diz: (ف، مذ) قلعہ، گڑھی، کوٹ، شہر، خراب۔
دِژبان diz-baan: (ف، صف) قلعدار، قلعہ کا محافظ۔
دِژم di-zam: (ف، صف) غمگین، غصیلا، نحس۔
دِژمان diz-maan: (ف، مذ) حسرت، افسوس۔

د۔س

دَس das: (ار، عدد) نو اور ایک کا مجموعہ (10)
دِساتیر di-saa-tiir: (ع، مذ) دستور کی جمع، نقول، نمونے، نظیریں، مثالیں، پارسیوں کی مقدس کتاب۔
دِساسُول di-saa-suul: (ہ، مذ) مردانِ غیب، وہ فرضی اور غائب وجود جو دنیا کے دائرہ میں حرکت کرتا ہے۔ اور جدھر وہ واقع ہو نجوم کی رو سے اس طرف سفر کرنا منحوس خیال کیا جاتا ہے۔
دِساوَر di-saa-var: (ہ، مذ) غیر ممالک، غیر ملکوں کی منڈی، وہ جگہ جہاں ہر ایک چیز فروخت کرنے کے لیے جمع کریں، منڈی سوداگری کا مال جو ملک غیر سے آئے۔
دِساوَری di-saav-ri(i): (ہ، صف) ممالک غیر کا، بدیسی باہر سے آیا ہوا، (مذ) ممالک غیر کا آدمی، پردیسی، ایک قسم کا کبوتر، ایک قسم کا پان۔
دَسپنا das-pa-na(a): (ف، مذ) دیکھیے 'دست پناہ' جس کا یہ مخفف ہے۔

دست dast: (ف، مذ) ہاتھ، پنجہ، قدرت، قابو، فتح، پتلا پاخانہ، اسہال، تعداد، مرغانِ شکاری کی گنتی کی اکائی۔ جیسے ایک دست جرہ باز، تمام، بالکل پوری شے۔
دست آزما dast-aaz-ma(a): (ف، صف) ہاتھ کو آزمانے والا، تجربہ کار اسم کیفیت مث: دست آزمائی۔
دست آشنا dast-aash-na(a): (ف، صف) بیچ میں پڑنے والا، بچولیا، اسم کیفیت مث: دست آشنائی۔
دست آموز dast-aa-moz: (ف، صف) ہاتھ پر سکھایا ہوا، ہلایا ہوا، پالتو، کام کا، کاریگر، دستکار
دست آوَر dast-aa-var: (ف، صف) دست لانے والی دوا، مسہل۔
دست افشاں dast-af-shaaN: (ف، صف) ناچنے والا، رقاص، ہاتھ جھاڑنے والا۔
دست انداز dast-an-daaz: (ف، صف) کسی کام میں دخل دینے والا، خلل انداز، مزاحم، اسم کیفیت مث: دست اندازی (افعال: کرنا، ہونا)
دست بخیر dast-ba-Kair: (کلمہ، دعا) ہاتھ خیر سے لگے، جب کسی کو بیماری کی جگہ اپنے یا کسی دوست کے بدن پر بتاتے ہیں تو کہتے ہیں۔
دست بدست dast-ba-dast: (ف، صف) ہاتھوں ہاتھ، جلد (افعال: آنا، پہنچنا، چلنا، دینا، ملنا)
دست بدُعا dast-ba-du(?)aa: (ف، صف) دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے ہوئے، دعا گو۔
دست بُرد dast-burd: (ف، مث) غبن، خیانت، تصرف بیجا، لوٹ مار، لوٹ کھسوٹ، غصب، فضیلت، برتری، فتح (افعال: کرنا، ہونا)
دست بردار dast-bar-daar: (ف، صف) چھوڑنے والا، باز آنے والا، اسم کیفیت مث: دست برداری۔

دست بستہ dast-bas-ta(h): (ف، متعلق فعل) ہاتھ باندھ کر، ہاتھ جوڑ کر، منت کر کے، کمال اطاعت کے ساتھ۔

دست بُقچہ dast-buq-cha(h): (ف، مذ) چھوٹی بقچی، جو اپنے پاس رکھی جائے۔

دست بند dast-band: (ف، مذ) موتی اور جواہرات کا لچھا جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں۔ سونے چاندی کا زیور جو ہاتھ کی پشت پر پہنا جاتا ہے۔ ایک قسم کے کڑے، ایک ناچ جس میں ہاتھ ہلاتے ہیں۔

دست بندھک dast-ban-dhak: (ہ، مث) رہن، گروی۔

دست بوس dast-bos: (ف، صف) ہاتھ چومنے والا، اسم کیفیت مث: دست بوسی۔

دست پاک dast paak: (ف، مذ) رومال، تولیا، وہ کپڑا جس سے کھانے کے بعد ہاتھ صاف کرتے ہیں۔

دست پناہ dast-pa-naah: (ف، مذ) چمٹا، آگ پکڑنے کا آلہ۔

دست جامہ dast-jaa-ma(h): (ف، مذ) مکمل خلعت۔

دست چالاک dast-chaa-laak: (ف، صف) چابک دست، چور، آنکھ بچا کر چرا لینے والا، اسم کیفیت مث: دست چالاکی۔

دستخط dast-Kat: (ف، مذ) اپنا نام اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا، العبد، نوشتہ، تحریر اپنے ہاتھ کی، کسی کے نام کی نشانی یا علامت، اُس کے اپنے حکم سے (افعال: دینا، کرنا، کرانا، لینا)

دستخطی dast-Ka-ti(i): (ف، صف) دستخط کیے ہوئے۔ (۲) ہاتھ کا لکھا ہوا۔

دست دراز dast-da-raaz: (ف، صف) بیباک، نڈر، جو ہر کسی کو مارے، اسم کیفیت مث: دست درازی۔

دست راست dast-raast: (ف، مذ) دایاں ہاتھ، فوج کا دایاں بازو، تحفہ، عطیہ، حامی، مددگار، وزیر اعظم۔

دسترس dast-ras: (ف، مذ، مث) پہنچ، رسائی، بساط، حیثیت، طاقت، قدرت، مقدور، قابلیت پہنچ میں، طاقت میں قابل، حاصل شدہ۔

دست شانہ dast-shaa-na(h): (ف، مذ) ایک قسم کی کنگھی جس سے ریشم صاف کرتے ہیں۔ کنگھی۔

دستِ شفا das-te-shi-fa(a): (ف، مذ) وہ ہاتھ جو صحت بخشے، طبیب کے متعلق کہتے ہیں۔ جس کے ہاتھ سے بہت سے مریض اچھے ہوں۔

دست شناس dast-sha-naas: (ف، صف) دیکھیے 'پامسٹ' جس کا یہ ترجمہ ہے۔

دست شناسی dast-sha-naa-si(i): (ف، مث) دیکھیے 'پامسٹری' جس کا یہ ترجمہ ہے۔

دستِ غیب das-te-Gaib: (ف، مذ) وہ آمدنی جو غیب سے بغیر کسی ظاہر وسیلہ کے ہو۔

دست فروش dast-fa-rosh: (ف، صف) چیزوں کو ہاتھ میں لے کر بازار میں بیچنے والا، اسم کیفیت مث: دست فروشی۔

دست کار dast-kaar: (ف، مذ) کاریگر، وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر ہو، وہ شے جس پر کوئی ہاتھ کا کام بنا ہوا ہو، اسم کیفیت مث: دست کاری۔

دست کش dast-kash: (ف، صف) کسی کام سے ہاتھ کھینچنے والا۔ علیحدہ ہو جانے والا، نابینا کا ہاتھ پکڑ کر چلانے والا، اسم کیفیت مث: دست کشی۔

دست گاہ / گہ dast-gaa(h)/ga(h): (ف، مث) طاقت، قدرت، مہارت، مشق۔

دست گرداں dast-gar-daaN: (ف، صف) سر راہ بکتی ہوئی چیز، بکاؤ مال ہاتھ اُدھار، قرضہ بغیر تحریر کے۔

دستگی dast-gi(i): (ف، مث) دستانہ جو باز یا شاہین کو ہاتھ پر بٹھانے کے لیے ہاتھ پر پہنتے ہیں۔ تھیلا جس میں ضروری کاغذات رکھتے ہیں۔ دستہ دار برتن یا لوٹا جس سے طہارت کرتے ہیں۔ وہ تسمہ جو قبضہ شمشیر سے لٹکا رہتا ہے۔ کپڑا جو مہنال سے ایک بالشت تک حقہ کی نے پر لپیٹتے ہیں۔ تاکہ ہاتھ کو تری کا اثر نہ پہنچے، وہ چیز جو پکڑنے کے لیے کسی برتن میں یا پر لگی ہوئی ہو، دستہ۔

دست گیر dast-giir: (ف، صف) مددگار، حامی، اسم کیفیت مث: دستگیری (افعال: کرنا، ہونا)

دست مال dast-maal: (ف، مذ) برتن صاف کرنے کا کپڑا، صافی۔

دست یاب dast-yaab: (ف، صف) حاصل، میسر، پایا ہوا، وصول، (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: دست یابی۔

دست یار dast-yaar: (ف، صف) مددگار، ہتھیار اسم کیفیت مث: دست یاری۔

دستار das-taar: (ف، مث) پگڑی، چیرا، عمامہ، سر پیچ۔

دستار بدل das-taar-ba-dal: (ف، صف) پگڑی بدل بھائی۔

دستار بند das-taar-band: (ف، صف) پگڑی باندھنے والا۔

دستار بندی das-taar-ban-di(i): (ف، مث) جانشینی کی رسم، جس میں جانشین کے سر پر پگڑی باندھی جاتی ہے۔

دستار فضیلت das-taa-re-fa-zii-lat: (فع، مث) وہ پگڑی جو تعلیم مکمل ہونے کے بعد باندھی جاتی ہے۔

دستانہ das-taa-na(h): (ف، مذ) ہاتھ میں پہننے کا بنا ہوا یا (چمڑے کا) غلاف، بڑی کرچ یا تلوار کا قبضہ۔

دستاویز das-taa-vez: (ف، مث) وہ سند جس سے اپنا مطلب ثابت کریں، کسی چیز کا تحریری ثبوت، تمسک، قبالہ، نوشتہ۔

دستر das-tar: (ار، مذ) دسترخوان۔

دسترخوان das-tar-Kwaan: (ف، مذ) رومال یا چادر جس پر کھانا چنتے ہیں۔

دستک das-tak: (ف، مث) دروازہ کھٹکھٹانا، تالی، ہاتھ پر ہاتھ مارنا، کسی چیز پر ہاتھ مارنا کہ آواز نکلے، محصول ٹیکس، پروانہ راہداری، مہر شدہ کاغذ جو حاکم کے حکم سے لکھا جائے ترقی، سمن کی تعمیل کی فیس۔

دستک پیادہ / سوار das-tak-pyaa- da(h)/ sa-vaar: (ار، مذ) وہ چپڑاسی یا سپاہی جو مال گزاری کی وصولی یا ترقی کے لیے بھیجا جائے۔

دستگی das-t-gi(i): (ف، مث) پاکٹ بک، یادداشت کی چھوٹی کتاب شکرے بازوں کا دستانہ۔

دستور das-tuur: (ف، مذ) قاعدہ، قانون، طرز، روش، اجازت، رخصت، عادت، ڈھنگ، فیس، کمیشن (مذ) وزیر، منشی۔

دستور العمل das-tuu-rul (?)a-mal: (ع، مذ) قانون، قاعدہ، ہدایت نامہ، کام کا طریقہ۔

دستوری das-tuu-ri: (ف، مث) دلالی، کمیشن، وزارت، رخصت، اجازت (ار) صف، آئینی۔

دستوری حکومت das-tuu-ri hu-kuu-mat: (ار، مث) آئینی حکومت، ملکی آئین یا دستور کے

مطابق ملک کا نظم ونسق۔

دستہ das-ta(h): (ف، مذ) لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جو کسی اوزار کے ساتھ پکڑنے کے لیے لگا ہوا ہو، کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے ساتھ پکڑنے کے لیے لگی ہو۔ ہتھا، ہتھی، فوج کا ایک حصہ کاغذ کے چوبیس ورقوں کا مجموعہ تیروں کا مٹھا۔ ایک قسم کی گھنڈی جو اکثر قبا پر لگاتے ہیں، سنجاف، پھولوں کا گچھا۔ آہنی موسل، لوگوں کا گروہ، دھاگوں کا گچھا۔

دستۂ گل das-ta-e-gul: (ف، مذ) دیکھئے 'گلدستہ' جو زیادہ مشہور ہے۔

دستی das-ti(i): (ف، صف، مث) ہاتھ کے متعلق (مث) مشعل، فلیتہ کشتی کا ایک داؤں جو ہاتھ سے کیا جاتا ہے۔ دار، چھوٹا دستہ، چھوٹا قبضہ، چھوٹا سا قلمدان جو ہر وقت ہاتھ میں رہے وہ تحفہ جو راجا دسہرہ کے دن کسی سردار یا عہدہ دار کو دے۔

دُسرانا dus-raa-na(a): (ہ، مص) دہرانا، بار بار کہنا۔

دُسراہٹ dus-raa-haT: (ہ، مث) رفع، تنہائی، دو آدمیوں کا اکٹھا ہونا۔

دسمال das-maal: (ار، مذ) دیکھئے 'دست مال' جس کا یہ مخفف ہے۔

دسمبر di-sam-bar: (ار، مذ) انگریزی لفظ December کا موروانگریزی سال کا بارھواں مہینہ۔

دسن da-san: (ار، مذ) دانت۔

دِسنا dis-na(a): (ار، مص) دکھائی دینا، نظر آنا، ظاہر ہونا۔

دسواں das-vaaN: (ار، صف، ترتیبی) ترتیب میں نو کے بعد کا درجہ مردے کے دسویں دن کا فاتحہ۔

دسوں da-sauN: (ار، عدد، استغراقی) پورے دس کے دس، تمام دس۔

دسویں das-viiN: (ار، عدد ترتیبی) دیکھئے 'دسواں' دسویں دن کی تقریب۔

دسہرا da-sah-ra(a): (ہ، مذ) دس گناہوں کو لے جانے والا، دور کرنے والا، جیٹھ شدی، دسویں کا وزن جو گنگا کے پیدا ہونے کا دن ہے۔ جو اس دن گنگا میں نہائے ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق اس کے دس گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ اسوج شدی کی دسویں تاریخ اس دن ہندو درگا جی کی پوجا کرتے ہیں اس دن راجا رام چندر جی نے راون پر چڑھائی کی تھی۔ تیوہار جو اس دن منایا جاتا ہے۔

دسیسہ da-sii-sa(h): (ع، مذ) سازش، فریب، مکاری۔

دسیسہ کار da-sii-sa(h)-kaar: (عف، صف) سازش کرنے والا، فریبی مکار، اسم کیفیت مث: دسیسہ کاری۔

د۔ش

دشت dasht: (ف، مذ) جنگل، صحرا، بیابان، میدان، شطرنج کا تختہ، صف نسبتی، دشتی۔

دشٹ dasht: (ار، مث، ق) نظر۔

دُشمن dush-man: (ف، مذ) بیری، مخالف، بدخواہ، عدو، حریف، رقیب، دوستی کا رشتہ جو عورتیں آپس میں بدلتی ہیں اور مخاطب کو کسی بری بات کے اثر سے بچانے کے لیے کہتی ہیں۔

دُشمن چراغ پا dush-man-cha-raaG pa(a): (ار، کلمہ، دعا) (عو) جو کوئی ٹھوکر کھاتا ہے تو یہ کہتی ہیں۔

دُشمن زیر پا dush-ma-ne-zer-pa(a):

(ف، کلمہ دعا) جس وقت نئی جوتی پہنتے ہیں تو یہ کہتی ہیں۔

دُشمنی dush-ma-ni(i): (ف، مث) بیر، بدخواہی، عداوت، مخالفت، (افعال: رکھنا، لینا، نکالنا)

دُشنام dush-naam: (ف، مث) گالی گلوچ، برا نام۔

دُشنام طرازی dush-naam ta-raa-zi(i): (ف، مث) گالی گلوچ (افعال: کرنا)

دشنہ dash-na(h): (ف، مذ) خنجر، کٹار۔

دُشوار dush-vaar: (ف، صف) مشکل، کٹھن (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: دشواری۔

دشوار پسند dush-vaar pa-sand: (ف، صف) مشکل اور دقیق باتوں کو پسند کرنے والا۔

دشوار گزار dush-vaar-gu-zaar: (ف، صف) جہاں سے گزرنا مشکل ہو۔

دُشیا dush-ya(a): (ار، نذ ق) اچھے دن، مبارک دن۔

د۔ع

دُعا duu-(?)aa: (ع، مث) خدا سے مانگنا، درخواست، استدعا، التجا، وظیفہ، نیکی، بھلائی، اشیر باد۔ بہتری کی خواہش۔

دُعا گو du-(?)aa-go: (عف، صف) دعا کہنے والا، دعا کرنے والا۔

دعاوی da(?)aa-vi(i): (ع، مذ) دیکھیے 'دعوٰی' جس کی یہ جمع ہے۔

دعائے جوشن du-(?)aa-e-jo-shan: (عف، مث) ایک دعا جو جنگ کے وقت حفاظت کے لیے پڑھتے ہیں۔

دعائے خیر du-(?)aa-e-Kair: (ع، مث، بترکیب، فارسی) اچھی دعا، فاتحہ ایصال ثواب۔

دعائے قدح du-(?)aa-e-qa-dah: (عف، مذ) ایک دعا جو پڑھ کر گندم پر دم کرتے ہیں۔ اور گندم مسکینوں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ بارش کی دعا۔

دعائے قنوت du-(?)aa-e-qu-nuut: (عف، مث) وہ دعا جو نماز عشاء میں وتروں کی تیسری رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔

دعائیہ du-(?)aai-i-ya(h): (ع، صف) دعا سے منسوب۔

دعوت da(?)-vat: (ع، مث) بلاوا، طلبی، ضیافت، کھانے کا بلاوا، کسی مذہب کی طرف بلانا، پکار، چیلنج، اعلان۔

دعوتِ سمرقند da(?)vat-e-sa-mar-qand: (عف، مث) پرتکلف دعوت، شان و شوکت کی دعوت۔

دعوتِ شیراز da(?)-va-te-shii-raaz: (صف، مث) سادہ کھانا بے تکلفی کی دعوت۔

دعوتِ ولیمہ da(?)-va-te va-lii-ma(a):

(ع، مذ) درخواست، خواہش، مطالبہ، مانگ۔ استحقاق۔ استغاثہ (ق) دشمن۔

دعویٰ دار da(?)vaa-daar: (عف، صف) مدعی، نالشی، فریادی، مستغیث، دادخواہ۔

دعویٰ کرنا da(?)-vaa-kar-na(a): (ار، محاورہ) مطالبہ کرنا، نالش کرنا، استغاثہ کرنا، حق چاہنا، درخواست کرنا، اپنے آپ کو کسی قابلیت یا شے کا مالک جتانا۔

د۔غ

دغا da-Ga(a): (ف، مث) دھوکا، فریب، مکاری، بے ایمانی۔

دغاباز da-Gaa-baaz: (ف،صف) مکار، فریبی، اسم کیفیت مث: دغابازی۔

دغاپیشہ da-Gaa-pe-sha(h): (ف،صف) دغا باز، مکار، عیار، کنایۃً معشوق۔ اسم کیفیت مث: دغا پیشگی۔

دغائی da-Gaa-ii: (ار، اسم، معاوضہ، مث) داغ لگانے کی اجرت۔

دغدغا daG-da-Ga(a): (ار،مذ) ایک قسم کی چھوٹی قندیل، کنول، روشن، چمکیلا۔

دغدغانا daG-da-Gaa-na(a): (ار،مص) روشن ہونا، چمکنا، دمکنا، سرخ ہونا۔

دغدغاہٹ daG-da-Gaa-haT: (ار،مث) چمک، دمک، سرخی، تمتماہٹ۔

دغدغہ daG-da-Ga(h): (ع،مذ) طعنہ دینا، خوف، اندیشہ، ڈر، کھٹکا، گدگدی۔

دغل da-Gal: (ع،مذ) مکر، چھل، فریب، عیب، کھوٹا، سونا چاندی۔

دغل فصل da-Gal-fa-zal: (عف، مذ) چالاکی، فریب۔

دغنا daG-na(a): (ار،مص) دیکھیے 'داغنا' جس کا یہ لازم ہے۔

دغوانا daG-vaa-na(a): (ار،مص) دیکھیے 'داغنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

دغیلا da-Gii-la(a): (ار،صف) داغ دار، چتی والا، عیب دار، چوٹ لگا ہوا پھل، دھوکے باز، مکار، فریبی۔

د۔ف

دف daf: (ف،مذ) ایک چوبی ساز جو ایک طرف سے کھال سے منڈھا ہوتا ہے، اور اسے ہاتھ سے بجاتے ہیں۔ ڈفلی۔ یہ ساز افغانستان میں مشہور ہے اور چہار بیت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

دف نواز daf-na-vaaz: (ف،صف) ڈفلی بجانے والا، اسم کیفیت مث: دف نوازی۔

دف daf: (ہ، مذ) گرمی، حرارت، جوش، تیزی، غصہ، چڑھاؤ۔ زہر

دفاتر da-faa-tir: (ع، مذ) دیکھیے 'دفتر' جس کی یہ جمع ہے۔

دِفاع di-faa(?): (ع، مذ) حفاظت، بچاؤ، روک، انگریزی لفظ Defence کا ترجمہ۔

دفان da-faan: (ار، مذ) (عو) دفع، دور، (افعال: کرنا، ہونا)

دفائن da-faa-in: (ع،مذ) دیکھیے 'دفینہ' جس کی یہ جمع ہے۔

دفتر daf-tar: (ع، مذ) کاغذ، کاپی، رجسٹر، طومار، لمبا چوڑا خط، مجموعہ حساب، مجموعہ اشعار، کچہری کے کاغذات کا مجموعہ، محکمہ، سررشتہ، وہ جگہ جہاں کسی محکمہ کے کاغذ یا کتابیں رکھی جائیں۔ کاروبار کی جگہ، طویل کہانی۔

دفتر اعمال daf-tare-aa(?)-maal: (ع، مذ، بترکیب فارسی) اعمالنامہ، وہ کتاب جس میں اعمال کی تفصیل درج ہو۔

دفتر خانہ daf-tar-Kaa-na(h): (عف،مذ) محافظ خانہ، وہ محکمہ جہاں سرکاری کاغذات محفوظ ہوں۔

دفتر دار daf-tar-daar: (عف،صف) ناظر مالیہ۔ محاسب۔

دفتر روزگار daf-ta-re-roz-gaar: (عف، مذ) روزگار دلانے والا دفتر یا محکمہ، انگریزی لفظ Employment-Exchange کا ترجمہ۔

دفتر کھلنا daf-tar khul-na(a): (ار، محاورہ) ضرورت سے زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان کرنا۔

دفتری daf-ta-ri(i): (عف، صف) دفتر درست کرنے والا، جلد بنانے والا، کاغذوں کا پلندہ، چاندی یا سونے کے ورقوں کا گٹھا۔

دفتی daf-ti(i): (ع، مث) جلد کا پٹھا، کاغذ رکھنے کا پٹھا، جولا ہے کی کنگھی۔

دفتر قلیہ daf-tar qal-ya(h): (ار، مذ) خراب پکا ہوا قلیہ، وہ قلیہ جس میں بہت سی چیزیں ملا کر پکائی جائیں۔

دفع da-fa(?): (ع، مذ) دور کرنا، ہٹانا، پرے کرنا، دھکیلنا، رد کرنا، (افعال: کرنا، ہونا)

دفع الوقتی daf-(?)ul-vaq-ti(i): (عف، مث) وقت ٹالنا، حیلے حوالے کرنا۔

دفعدار da-fa(?)-daar: (عف، مذ) دیکھیے 'دفعہ دار'

دفعتہً daf-(?)a-tan: (ع، متعلق، فعل) یکا یک، یکبارگی، فوراً، اچانک، ناگہاں۔

دفعہ daf-(?)a(h): (ع، مث) باری نوبت، قانون کا فقرہ، قانون۔ مجموعہ جماعت، زمرہ، جمع، دفعات۔

دفعہ دار daf-(?)a(h)-daar: (عف، صف) سپاہیوں کے چھوٹے گروہ کا سردار۔

دفعیہ daf-(?)iy-ya(h): (ع، مذ) توڑ، روک، تدبیر، علاج، (افعال: کرنا، ہونا، سوچنا)

دفن dafn: (ع، مذ) زمین میں چھپانا، گاڑنا، گڑا ہوا، زمین میں چھپا ہوا۔

دفنانا daf-naa-na(a): (ار، مص، جعلی) دیکھیے 'دفن کرنا'

دفینہ da-fii-na(h): (ع، مذ) گڑا ہوا خزانہ، دفن کیا ہوا مال۔ دفن کی ہوئی شے۔

د۔ق

دق diq: (ع، مث) ایک بیماری جو پھیپھڑوں کے خراب ہونے سے لگ جاتی ہے۔ (ٹی۔بی) (صف) باریک، پتلا، چھوٹا تنگ، ناراض، آزردہ۔

دقائق da-qaa-iq: (ع، مذ) دیکھیے 'دقیقہ' جس کی یہ جمع ہے۔

دقت diq-qat: (ع، مث) دشواری، مشکل، تنگی، باریکی، نازک معاملہ پیچیدہ معاملہ۔

دقت پسند diq-qat pa-sand: (عف، صف) مشکل بات کو پسند کرنے والا، اسم کیفیت مث: دقت پسندی۔

دقت طلب diq-qat ta-lab: (عف، صف) دشوار، مشکل۔

دقیانوس daq-yaa-nuus: (ع، مذ) فارس اور عرب کے ایک نہایت ظالم اور فاسق بادشاہ کا نام جس کے عہد میں اصحاب کہف ہوئے۔

دقیانوسی daq-yaa-nuu-si(i): (ع، صف) پرانا، قدیم، قدیمی، از کار رفتہ فضول، موجودہ زمانے کے رسم ورواج اور تجربات کے خلاف، پرانی باتیں۔

دقیق da-qiiq: (ع، صف) باریک، نازک، کٹھن۔

دقیقہ da-qii-qah: (ع، مذ) باریکی، نکتہ، منٹ، گھنٹے کا ساٹھواں حصہ، معمولی بات، خفیف، معاملہ، لطیف سوال، ذرّہ، چھوٹی چیز۔

دقیقہ شناس da-qii-qa(h) sha-naas: (عف، صف) زود فہم، نکتہ سنج، باریک بین، تیز طبع، ہوشیار، اسم کیفیت مث: دقیقہ رسی/شناسی۔

دک dik: (ار، مث، ق) حد، سمت، وسعت، کشادگی

ڈکا duk-ka(a): (ھ، مذ، مث) تاش میں دو نشان

والا پتا، دوسرا، اردو میں اِکا کے تابع کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

دُوکان / دُکان du-kaan: (ع، مذ) سودا بیچنے کی جگہ، بکری کی جگہ یا مکان، ہاٹ، ہٹی۔

دُکان دار du-kaan-daar: (عف، صف) دکان کا مالک، تاجر، اسم کیفیت مث: دکانداری۔

دکانچہ du-kaan-cha(h): (عف، مذ) چھوٹی دکان۔

دکنی / دکھنی da-ka-ni(i) dakh-ni(i): (ار، صف) دکن سے منسوب، اردو زبان کی قدیم صورت جو دکن میں بولی جاتی تھی۔ وہ زبان جو دکن میں بولی جاتی ہے۔

دُکھ dukh: (ار، مذ) درد، تکلیف، رنج، عذاب، بیماری، مصیبت، ظلم، بلا، آفت، محنت، تنگی۔

دُکھ بھرنا dukh-bhar-na(a): (ار، صف) رنجیدہ، غمگین، مث: دکھ بھری۔

دُکھ دائی dukh-daa-ii: (ھ، صف) ظالم، ستم گار، دکھ دینے والا۔

دُکھ درد dukh-dard: (ار، مذ) آفتیں، مصیبتیں۔

دُکھ درد کا شریک dukh-dard kaa sha-riik: (ار، صف) رنج و غم کا ساتھی، ہمدرد۔

دُکھ سُکھ dukh-sukh: (ھ، مذ) رنج و راحت۔

دُکھال du-khaal: (ار، مث، ق) تے، جتلی۔

دِکھانا di-khaa-na(a): (ار، مص) ملاحظہ کرانا، پیش کرنا، روبرو کرنا، آفت لانا مصیبت لانا، آگاہ کرنا۔

دُکھانا du-khaa-na(a): (ار، مص) تکلیف دینا

دِکھاوا / دکھاوت / دکھاوٹ di-khaa-va(a): (ھ، مذ، مث) نمود، نمائش، ظاہرداری، تکلف۔

دِکھاؤ di-khaa-a(u): (ار، مذ) دور کی چیز کا نظر آنا، سامنا ہونا۔

دِکھائی di-khaa-i(i): (ار، مث) معائنہ، معائنہ کرانے کی اُجرت۔

دُکھڑا dukh-Ra(a): (ار، مذ) روگ، مرض، بیماری، محنت، مزدوری، رنج و غم کا بیان، گلہ شکوہ۔

دِکھلانا dikh-laa-na(a): (ار، مص) دکھانا۔

دکھلاوا dikh-laa-va(a): (ار، مذ) دیکھیے 'دکھاوا'

دِکھلوانا di-khal-vaa-na(a): (ار، مص) دکھلانا کا متعدی المتعدی۔

دَکھن da-khan: (ھ، مذ) جنوب، ہندوستان کا جنوبی حصہ، صف نسبتی: دکھنی۔

دُکھنا dukh-na(a): (ار، مص) تکلیف ہونا۔

دِکھنا dikh-na(a): (ار، مص) دکھائی دینا۔

دکھنی مرچ dakh-ni(i) mirch: (ار، مص) سفید گول مرچ۔

دُکھی du-khi(i): (ھ، صف) مصیبت زدہ، رنجیدہ، بیمار، مث: دکھیا۔

دُکھیارا dukh-yaa-ra(a): (ھ، صف) دیکھیے 'دکھی' مث: دکھیاری۔

دُکی duk-ki(i): (ھ، مث) تاش یا گنجفے میں دو کا پتا، تاش کا وہ پتا جس پر دو نشان بنے ہوں۔ دُکی۔

د۔گ

دُگاڑا du-gaa-Ra(a): (ھ، مذ) دو نالی بندوق، دوہری گولی، دو گولیاں ملا کر مارنا۔ (افعال: کرنا، لگنا وغیرہ)

دُگانا du-gaa-na(a): (ھ، مذ) بہناپا، دو ہم عمر عورتوں کا رشتۂ اخوت جو دو مغز کا بادام کھا کر جوڑا کرتی ہیں۔ باہم بدکار سہیلیوں میں سے ایک۔

دُگانہ du-gaa-na(h): (ف، مذ) دوگانہ کا مخفف، دوہری چیز، جڑواں، دو رکعت والی نماز، اوباش عورتوں کی اصطلاح اِس عورت کو کہتی ہیں جو چپٹی لڑاتی ہو۔

دُگدگانا dug-da-gaa-na(a): (ہ، مص) دیکھیے 'دغدغانا'۔

دُگدگی / دھکدھکی / دھگدگی dag-da-gi(i) dhak-dha-ki(i): (ہ، مث) حلقوم سینہ اور گلے کے بیچ کا حصہ / گڑھا، گلے کے ایک زیور کا نام جو سینے کے اوپر لٹکتا رہتا ہے۔ سینے کی ہڈی۔

دِگر di-gar: (ف، صف) دوسرا۔

دِگرگوں di-gar-guuN: (ف، صف) الٹا، سرنگوں

دُگن du-gan: (ہ، مث) باجے کی دگنی آواز، دوسرے درجے کی آواز۔

دُگنا dug-na(a): (ار، عدد، صفعی) دونا، دوچند، دوہرا مث: دگنی۔

د۔ل

دَل dal: (ار، مذ) موٹائی، جسامت، فوج، لشکر، گروہ، پتا، شگوفہ، تباہی، بربادی۔

دَل بادل dal-baa-dal: (ار، مذ) بہت گھرا ہوا بادل، بہت سی فوج، بڑا خیمہ۔

دل باندھنا / بندھنا dal-banNdh-na(a): (ار، محاورہ) پھوڑے پھنسی کی جسامت بڑھانا / بڑھنا، فوج کا انبوہ کرنا / ہونا۔

دل دار dal-daar: (ہ، ف، صف) موٹا، دبیز۔

دِل dil: (ف، مذ) انسان کے جسم کا اندرونی عضو جس کی شکل پان کی سی ہوتی ہے مگر گول اور اس کا کام رگوں میں خون پہنچانا ہے۔ قلب، کسی شے کا باطن۔ حوصلہ، کلیجا، جرأت، دلیری، ہمت، خواہش، رغبت، ہوس، مرضی، خوشی، وسط، درمیان، مرکز۔

دِل آرا dil-aa-ra(a): (ف، صف) دل کو آراستہ کرنے والا، معشوق، اسم کیفیت مث: دل آرائی۔

دِل آرام dil-aa-raam: (ف، صف) دل کو آرام دینے والا، معشوق۔

دِل آزار dil-aa-zaar: (ف، صف) دل دکھانے والا، ظالم، موذی، اسم کیفیت مث: دل آزاری۔

دِل آرزُو dil-aarzuu: (ف، صف) رنجیدہ، ناخوش، (افعال: کرنا، ہونا)

دِل آشوب dil-aa-shob: (ف، صف) کنایۃً معشوق جس کی خواہش ہو، درہم برہم کرنے والا۔

دِل آگاہ dil-aa-gaa(h): (ف، صف) دانا، ہوشیار، بیدار دل۔

دِل آویز dil-aa-vez: (ف، صف) دل کش، دل لبھانے والا، اسم کیفیت مث: دل آویزی۔

دِل اُفتادہ dil-uf-taa-da(h): (ف، صف) بددل، شکستہ خاطر۔

دِل افروز dil-af-roz: (ف، صف) دل کو روشن کرنے والا، اسم کیفیت، مث: دل افروزی۔

دِل افگار / فگار dil-af-gaar/fi-gaar: (ف، صف) رنجیدہ، غمگین، اسم کیفیت مث: دل افگاری / فگاری۔

دِل باختہ dil-baaK-ta(h): (ف، صف) پریشان، مضطرب ہونا، اسم کیفیت مث: دل باختگی۔

دِلبر dil-bar: (ف، صف) دل لے لینے والا، پیارا، محبوب، معشوق، اسم کیفیت مث: دل بری۔

دِل برداشتہ dil-bar-daash-ta(h): (ف، صف) اکتایا ہوا، جس کا دل، ہٹ جائے، (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: دل برداشتگی۔

دل برگشتہ dil-ba-rash-tah: (ف،صف) غمگین، رنجیدہ، اسم کیفیت،مث: دل برشتگی۔

دل بستہ dil-bas-tah: (ف،صف) جس کا دل لگا ہوا ہو، عاشق، دل بہلا ہوا، رنجیدہ، اسم کیفیت مث: دل بستگی۔

دل بند dil-band: (ف،صف) پیارا، محبوب، بیٹا۔

دل بھر کے dil-bhar-ke: (ار، محاورہ) غم غلط کرنا/ ہونا، وحشت دور کرنا/ ہونا، دل خوش کرنا/ ہونا۔

دل پذیر dil-paziir: (ف،صف) مرغوب، پسندیدہ خاطر، اسم کیفیت مث: دل پذیری۔

دل پسند dil-pa-sand: (ف،صف) مرغوب، پسندیدہ، اسم کیفیت مث: دل پسندی۔

دل تفتہ dil-taf-tah: (ف،صف) دل جلا، مصیبت زدہ، عاشق اسم کیفیت مث: دل تفتگی۔

دل تنگ dil-tang: (ف،صف) ملول، رنجیدہ، ناخوش، اسم کیفیت مث: دل تنگی۔

دل ٹٹولنا dil-Ta-Tol-na(a): (ار، محاورہ) مرضی دریافت ہونا، عندیہ لینا۔

دل جلا dil-ja-la(a): (ار، صف) عاشق، فریفتہ، مث: دل جلی۔

دل جمعی dil-ja-ma(?)-i(i): (ف،صف) تسلی، اطمینان بے فکری۔ (افعال: رکھنا، کرنا، ہونا)

دل جو dil-ju(u): (ف،صف) پیارا، محبوب۔

دل جوئی dil-jo-i(i): (ف، مث) دلداری، تسلی، تسکین (افعال: کرنا، ہونا)

دلچسپ dil-chasp: (ف،صف) دل لبھانے والا، خوش نما، خوبصورت، پرلطف، اسم کیفیت مث: دلچسپی۔

دل چلا dil-cha-la(a): (ار، صف) دلیر، بہادر، منچلا، جری، شجاع صاحب ہمت، ذی ہمت، سخی، فیاض، داتا، پاگل، دیوانہ، مث: دل چلی۔

دل خراش dil-Ka-raash: (ف،صف) تکلیف دہ، جانکاہ، اسم کیفیت مث: دل خراشی۔

دل خستہ dil-Kas-ta(h): (ف،صف) رنجیدہ، کبیدہ، غم رسیدہ مصیبت زدہ، اسم کیفیت مث: دل خستگی۔

دل خواہ dil-Kwaa(h): (ف،صف) مرغوب، خاطر خواہ، مرضی کے مطابق۔

دل خوش dil-Kush: (ف،صف) راضی، خوش، صابر، قانع، (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: دل خوشی۔

دل دادہ dil-daa-da(h): (ف،صف) عاشق، فریفتہ۔

دل دار dil-daar: (ف،صف) تسلی دینے والا، معشوق، پیارا، محبوب، اسم کیفیت مث: دل داری۔

دل دریا dil-dar-ya(a): (ف،صف) فیاض، سخی، (افعال: ہونا)

دل دوز dil-doz: (ف،صف) دل پر اثر کرنے والا، کرب ناک دل میں گھس جانا۔

دل دہی dil-da-hi(i): (ف، مث) دل جوئی، تسلی، تشفی، دلاسا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

دل ربا dil-ru-ba(a): (ف،صف) دل لبھانے والا، معشوق، اسم کیفیت مث: دل ربائی۔

دل ریش dil-resh: (ف،صف) جس کا دل زخمی ہو، کنایۃً عاشق، اسم کیفیت مث: دل ریشی۔

دل زدہ dil-za-dah: (ف،صف) غم زدہ، اندوہ گین، اسم کیفیت مث: دل زدگی۔

دل ستان dil-si-taan: (ف،صف) دل لے جانے والا، دل ربا، خوبصورت، اسم کیفیت مث: دل ستانی۔

دِل سرد dil-sard: (ف، صف) بے مہر، سرد مہر، متنفر، مخالف۔

دِل سوختہ dil-soK-ta(h): (ف، صف) دل جلا، غم زدہ، مصیبت زدہ۔

دِل سوز dil-soz: (ف، صف) رلانے والا، رقت انگیز، ہمدرد، غمخوار، سرگرم، پرجوش، مشتاق، اسم کیفیت مث: دل سوزی۔

دِل سے dil-se: (ار، متعلق، فعل) خلوص سے، حقیقتاً، رغبت سے وغیرہ۔

دِل شاد dil-shaad: (ف، صف) خوشی، بشاش (افعال: کرنا، ہونا، رہنا)

دِل شدہ dil-shu-da(h): (ف، صف) دل کھویا ہوا، عاشق، دیوانہ۔ پاگل، حواس باختہ۔

دِل شکستہ dil-shi-kas-ta(h): (ف، صف) رنجیدہ، افسردہ، مایوس، کنایۃً عاشق (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: دل شکستگی۔

دِل شکن dil-shi-kan: (ف، صف) دل توڑنے والا، ہمت پست کرنے والا۔ ناراض کرنے والا، اسم کیفیت مث: دل شکنی۔

دِل شگفتہ dil-sha-guf-ta(h): (ف، صف) خوش، بشاش، ہنس مکھ۔

دِل صد چاک dile-sad-chaak: (ف، صف، مذ) سخت زخمی دل، دل جس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے ہوں، غمگین۔

دِل فروز dil-fa-roz: (ف، صف) دل کو خوش کرنے والا، دل کو روشن کرنے والا، اسم کیفیت مث: دل فروزی۔

دِل فروش dil-fa-rosh: (ف، صف) دل بیچنے والا، عاشق۔

دِل فریب dil-fa-reb: (ف، صف) دل کو لبھانے والا، دل کش، فریفتہ کرنے والا، من موہن، اسم کیفیت مث: دل فریبی۔

دِل کا بُخار dil-ka-bu-Kaar: (ار، مذ) غصہ، رنج، کدورت، ملال، (افعال: نکالنا، نکلنا)

دِل کا غُبار dil-ka-Gu-baar: (ار، مذ) ملال، رنج، غصہ، کدورت۔ (افعال: نکالنا، نکلنا)

دِل کا کھوٹا dil-ka-khu-Ta(a): (ار، صف) دل کا برا، دغاباز، فریبی، مث: دل کی کھوٹی۔

دِل کش dil-kash: (ف، صف) دل کو کھینچنے والا، پسندیدہ، مرغوب دل لبھانے والا، اسم کیفیت مث: دل کشی۔

دِل کُشا dil-Ku-shaa: (عف، صف) روشن، فراخ، دل شگفتہ کرنے والا، دل کو خوش کرنے والا، اسم کیفیت مث: دل کشائی۔

دِل کھول کر / کے dil-khol-kar/ke: (ر، متعلق، فعل) بے دھڑک خاطر خواہ۔

دِل کی بات dil-kii-baat: (ار، مث) راز، بھید۔

دِل کی بھڑاس dil-kii-bha-Raas: (ار، مث) دل کا غبار، دل کی کدورت دل کا بخار۔ (افعال: نکلنا، نکالنا)

دِل کی پھانس dil-kii phaaNs: (ار، مث) دل کی تکلیف، رنج، خلش، صدمہ۔

دِل کی جلن dil-kii-ja-lan: (ار، مث) رنج، غم۔

دل کی چوٹ dil-kii-choT: (ار، مث) صدمہ۔

دِل کی رُکاوٹ dil-kii-ru-kaa-vaT: (ار، مث) آزردگی، افسردگی۔

دِل کی صفائی dil-kii-sa-faa-ii: (ار، مث) دل کا بری باتوں سے مبرا ہونا۔

دل کی گرہ / گانٹھ dil-kii-gi-rah/gaaNTh: (ار، مث) دلی رنجش، دل کی گتھی۔

دل کی لاگ / لگن dil-kii-laag: (ار، مث) محبت، عشق۔

دل کی لگی dil-kii-la-gii: (ار، مث) غم، رنج، عشق، چوٹ۔

دل گداختہ di-le-ga-daaK-ta(h): (ف، صف) نرم دل، حساس، دردمند، اسم کیفیت مث: دل گداختگی۔

دل گداز dil-gu-daaz: (ف، صف) دل کو نرم کرنے والا، (افعال: کرنا، ہونا)

دل گردہ dil-gur-da(h): (ف، مذ) حوصلہ، جرات، تاب، طاقت، صبر، برداشت۔

دل گرفتہ dil-gi-raf-ta(h): (ف، صف) رنجیدہ، غمگین، مغموم، اسم کیفیت مث: دل گرفتگی۔

دل گرم dil-ga-ram: (ف، صف) دوست، پرشوق، گرم جوش، اسم کیفیت مث: دل گرمی۔

دل گیر dil-giir: (ف، صف) مغموم، غمگین، اندوہ گین، اسم کیفیت مث: دل گیری۔

دل لگی dil-la-gi(i): (ار، مث) ہنسی مذاق، چہل، معمولی بات، آسان بات، لگاؤ، محبت، دوستی، دل چسپی، مشغلہ۔

دل لگی باز dil-la-gii-baaz: (ار، صف) ظریف، مسخرہ، خوش طبع۔

دل نشین dil-na-shiiN: (ف، صف) دل پر جما ہوا، موثر۔

دل نواز dil-na-vaaz: (ف، صف) دل کو تسلی دینے والا۔ (مذ) دوست، یار، (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: دل نوازی۔

دل والا dil-vaa-la(a): (ار، صف) دلیر، بہادر، جری، سخی، فیاض، مث: دل والی۔

دل و دماغ dilo-di-maaG: (ف، مذ) عقل، خرد، علم، کنایۃً، عقل مند آدمی۔

دل ہی دل میں dil-hii-dil-meiN: (ار، متعلق فعل) چپکے چپکے، اندر ہی اندر۔

دُلار du-laar: (ار، مذ) پیار، لاڈ۔

دُلارا du-laa-ra(a): (ار، صف) پیارا عزیز، مث: دلاری۔

دلاسا di-laa-sa(a): (ف، مذ) تسلی، دل کو تسکین دینے والا، (افعال: دینا، پانا)

دلّال dal-laal: (ع، مذ) سودا کرانے والا، آڑھتیا، کٹنا، بھڑوا اسم کیفیت مث: دلالی، مث: دلالہ۔

دلالت da-laa-lat: (ع، مث) علامت، نشان، پتہ، سراغ، دلیل، ثبوت، ہدایت، رہنمائی، کسی چیز کا اس حیثیت پر ہونا کہ اس کی واقفیت سے دوسری چیز کی واقفیت حاصل ہو، اطلاق، (افعال: کرنا، ہونا)

دلانا di-iaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'دینا' جس کا یہ متعدی ہے۔

دلاور di-laa-var: (ف، صف) بہادر، شجاع، جرات مند، اسم کیفیت، مث: دلاوری۔

دلائل da-laa-il: (ع، مث) دلیل کی جمع۔

دُلائی du-laa-ii: (ف، مث) دوہر، دوہری چادر، ہلکی رضائی۔

دُلبا dul-ba(a): (ار، مذ) وہ پرندہ جس کو پٹوا پٹوا کر دوسرے لڑنے والے پرندوں کو دلیر بناتے ہیں۔ دبیل مغلوب، بھگوڑا۔

دُلتی du-lat-ti(i): (ہ، مث) جانور کی پچھلی دونوں ٹانگیں۔ (افعال: مارنا، چلانا)

دلِدَّر da-lid-dar: (ہ، مذ) افلاس، محتاجی، تنگ دستی، نحوست، منحوس چیز۔ پلید آدمی۔

دُلدُل dul-dul: (ع، مذ) وہ سیاہی مائل خچر جو حاکم اسکندریہ نے حضور اکرم صلعم کو نذر کی تھی۔ اور حضور اکرم صلعم نے حضرت علیؓ کو عطا فرمائی۔ گھوڑے کی شکل کا تعزیہ۔ وہ گھوڑا جس پر جنگی سامان سجا کر عشرۂ محرم میں عزاخانے میں لے جاتے ہیں۔

دلدل dal-dal: (ار، مث) کیچڑ، دھنس، چہلا، صف، نسبتی، دلدلی۔

دَلق dalq: (ع، مذ) پشمینہ کا وہ لباس جسے درویش یا صوفی پہنتے ہیں۔ گدڑی

دُلکی dul-ki(i): (ار، مث) گھوڑے یا کتے کی ایک چال جس میں وہ اچھل کر چلتا ہے اور ایک وقت میں تین پاؤں اٹھتے ہیں (افعال: جانا، چلنا)

دُلمہ dul-ma(h): (ف، مذ) پنیر یا دودھ جو مایہ نکالنے کے بعد جم جائے، ایک قسم کا سالن جو بینگن اور گاجر میں قیمہ اور پنیر بھر کر پکاتے ہیں۔

دلنا dal-na(a): (ار، مص) موٹا پیسنا، دال بنانا، دردرا بنانا، تباہ کرنا، برباد کرنا۔

دلوانا dal-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'دلنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

دِلوانا dil-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'دینا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

دلوائی dal-vaa-i(i): (ار، مث) دلنے کی اجرت۔

دُولھا duu-lha(a): (ار، مذ) دولہا، نوشہ، پیارا، عزیز، مث: دُلھن۔

دِلی di-li(i): (ف، صف) دل سے منسوب، خالص، پکا، جگری، جانی۔

دلیا dal-ya(a): (ار، مذ) دلا ہوا اناج، موٹا پسا ہوا غلہ۔

دلیر di-ler: (ف، صف) نڈر، بہادر، جری، چالاک، اسم کیفیت مث: دلیری۔

دلیرانہ di-le-raa-na(h): (ف، متعلق، فعل) جرات سے، بہادری سے گستاخانہ

دلیل da-liil: (ع، مث) حجت، بحث، وجہ، سبب، ثبوت، شہادت (افعال: پیش کرنا، کرنا، ہونا)

دلیل da-liil: (ار، مث) انگریزی لفظ (Drill) کا بگاڑ، فوجی سپاہیوں کی وہ سزا جس میں سامان اور ہتھیاروں سمیت قواعد کراتے اور دوڑاتے ہیں۔

دلیتی da-le-ti(i): (ہ، مث) دانہ یا دال دلنے کی چھوٹی چکی۔

د۔م

دَم dam: (ع، مذ) خون، لہو، جان، روح۔

دم dam: (ف، مذ) سانس، پل، منٹ، وقت، زندگی، روح، ذات، حقے کا کش، کھانے کو دھیمی آگ پر رکھنا، طاقت، تلوار کی دھار، دھوکا، فریب افسوں، منتر۔

دم آب dam-aab: (ف، مذ) تھوڑا سا پانی، پانی کا گھونٹ۔

دمِ آخریں dame-aaK-riiN: (ف، مذ) نزع کا وقت، آخری سانس۔

دم اِختضار dam-iK-ta-zaar: (فع، مذ) دم نزع، آخری سانس۔

دم باز dam-baaz: (ف، صف) مکار، فریبی، حیلہ گر، بہانہ جو، حقے کا دم لگانے والا، اسم کیفیت مث: دم بازی۔

دم بخود dam-ba-Kud: (ف، صف) چپ چاپ، ساکت وصامت، (افعال: رہنا، ہونا)

دم بدم dam-ba-dam: (ف، متعلق، فعل) ہر وقت، ہر گھڑی، متواتر، پے در پے۔

دم بھر dam-bhar: (ار، متعلق فعل) ذرا، لحظہ، تھوڑی دیر کے لیے۔

دم پُخت dam-puKt: (ف، مذ) بھاپ میں پکا ہوا کھانا، کوئی چیز جو مرغ کے پیٹ میں رکھ کر پکائی جائے۔

دَم تک dam-tak: (ار، متعلق فعل) جیتے جی، زندگی میں۔

دم تیغ dam-teG: (ف، مذ) تلوار کی کاٹ، تلوار کی تیزی۔

دم جھانسا dam-jhaaN-sa(a): (ار، مذ) دھوکا، فریب، چال (افعال: دینا)

دم خم dam-Kam: (ف، مذ) طاقت، قوت، استواری، مضبوطی، تلوار کی دھار اور خمیدگی۔ اوسان، ہوش، حواس۔

دم دار dam-daar: (ف، صف) مضبوط، جاندار، طاقتور، دھار والا تیر، مدتوں رہنے اور چلنے والی چیز۔

دم دِلاسا dam-di-laa-sa(a): (ار، مذ) چکنی چپڑی باتیں (افعال، دینا)

دم دھاگا dam-dhaa-ga(a): (ار، مذ) دھوکا، فریب، جھانسا۔

دم ساز dam-saaz: (ف، صف) ہم دم، راز دار دوست، گانے یا نفیری میں گا کر ساتھ دینے والا، اسم کیفیت مث: دم سازی۔

دم سے dam-se: (ار، متعلق فعل) دھوکے سے، ہنسی سے، مذاق سے، اپنی ذات سے۔

دم شُماری dam-shu-maa-ri(i): (ف، مث) مرتے وقت کے سانس گننا، آخری وقت۔

دم عیسیٰ / عیسوی da-me-(?)ii-saa: (ع، مذ) حضرت عیسیٰ کی پھونک جس میں مردے زندہ کرنے کی تاثیر تھی۔ صحت بخش، جان ڈالنے والا۔

دم قدم dam-qa-dam: (فع، مذ) زندگی، ہستی، وجود، سلامتی، سانس چلنے کی طاقت۔

دم قدم کی برکت dam-qa-dam-kii-bar-kat: (ار، مث) ہستی کا طفیل، وجود کی برکت۔

دم قدم کی خیر dam-qa-dam-kii-Kair: (ار، مث) جان کی سلامتی، فقیروں کی دعا۔

دم کا مہمان dam-kaa-neh-maan: (ار، صف) جلد چلے جانے والا، مرنے کے قریب۔ (افعال: ہونا)

دم کش dam-kash: (ف، صف) گویے کی آواز کے ساتھ آواز ملانے والا، دم کھینچنے والا، دم لینے والا، ہانپنے والا۔

دم کشی dam-ka-shi(i): (ف، مث) ضیق النفس کی بیماری، دمہ، چپ، دم لینا۔

دم کے دم میں dam-ke-dam-maiN: (ار، متعلق فعل) تھوڑی سی دیر میں، فوراً۔

دم میں dam-maiN: (ار، متعلق فعل) عمر بھر میں، فی الفور، پل بھر میں۔

دم نقد dam-na-qad: (فع، مذ) تنہا، اکیلا، نقد معاملہ جو ادھار نہ ہو۔

دم واپسیں dame-vaap-siiN: (ف، مذ) نزع کا وقت، آخری وقت۔

دُم dum: (ف، مث) پونچھ، دنبالہ، پچھلا حصہ، انجام، سفید، لکیر جو دم دار ستارے کے پیچھے ہوتی ہے۔ وہ شخص جو ہر وقت دوسرے کے ساتھ رہے۔ پیرو۔

دُم چھلا dum-chal-la(a): (ار، مذ) وہ لمبا کاغذ جو کنکوے کے نچلے سرے پر لگاتے ہیں۔ وہ شخص جو کسی کے ساتھ ساتھ رہے چھوٹی دُم، پونچھڑی۔

دُم دار dum-daar: (ف، صف) پونچھ والا۔

دم دار تارہ dum-daar-taa-ra(h): (ار، مذ) وہ ستارہ جس کے پیچھے روشن لکیر ہو۔
دُم ریز / ریزی dum-rez/re-zi(i): (ار، صف) موسم کے آخر پر یا دوسری بار پھل دینے والا درخت۔
دُم کٹا dum-ka-Ta(a): (ار، صف) جس کی دم کٹی ہوئی ہو ۔مث: دم کٹی۔
دُم گزا dum-ga-za(a): (ار، مذ) دم کی ہڈیاں اور گوشت۔
دمادم da-maa-dam: (ف، متعلق فعل) پے در پے، متواتر۔
دماغ di-maaG: (ع، مذ) سر کا مغز، گودا، بھیجا، عقل، فہم دانائی، برداشت، تاب، طاقت، اوسان، ہوش، حواس، غرور، تکبر، گھمنڈ۔
دماغ چٹ di-maaG chaT: (ار، صف) بکواسی۔
دماغ چوٹنا di-maaG cho-Tan-na(a): (ار، صف) بہت مغرور، گھمنڈ ۔مث: دماغ چوٹنی۔
دماغ دار di-maaG-daar: (عف، صف) مغرور، متکبر، خود پسند، اسم کیفیت مث: دماغ داری۔
دماغ سوزی di-maaG so-zi(i): (عف، مث) دماغی محنت۔
دماغ کا خلل di-maaG-kaa Ka-lal: (ار، مذ) سودا، جنون، پاگل پن۔
دماغی di-maa-Gi(i): (ع، صف) دماغ سے نسبت رکھنے والا، مغرور۔
دمامہ da-maa-ma(h): (ف، مذ) نقارہ، شور، رونق، چہل پہل، (افعال: باندھنا)
دماق da-maaq: (ف، صف) تیز چلنے والا، طاقت ور، خونخوار ڈراؤنا۔

دمانا da-maa-na(a): (ار، مص) لچکیلا ہونا، ملائم ہونا، تلوار کو دبا کر اس کی لچک دیکھنا۔
دمانیک da-maa-yak: (ف، مذ) ایک قسم کی چھوٹی بندوق جو گھوڑے پر بیٹھ کر چلائی جاتی ہے۔
دُمچی dum-chi(i): (ار، مث) گھوڑے کے ساز کا وہ حصہ جو گھوڑے کی دم کے نیچے ہوتا ہے۔
دمدمہ dam-da-ma(h): (ف، مذ) مصنوعی قلعہ جو لڑائی میں تھیلوں وغیرہ میں مٹی بھر کر بنا دیا جاتا ہے (افعال: باندھنا)
دمرک dam-rak: (ار، مذ) چمڑے کا وہ گول ٹکڑا جو تکلے پر چڑھاتے ہیں۔
دمڑ چا da-maR-cha(a): (ار، مذ) دمڑی میں بکنے والا پتنگ۔
دمڑی dam-Ri(i): (ھ، مث) چھدام، پیسے کا چوتھا حصہ، چوتھائی حصہ۔
دمڑی کا dam-Ri(i)-ka(a): (ار، صف مذ) بہت کم قیمت کی / کا، معمولی، مث: دمڑی کی۔
دمک da-mak: (ار، مث) چمک، درخشانی، تابش، تمتماہٹ۔
دمکلا dam-ka-la(a): (ار، مذ) پانی چڑھانے کی مشین، پچکاری، آگ بجھانے کا انجن۔
دمکنا da-mak-na(a): (ار، مص) چمکنا، درخشاں ہونا، جھلکنا۔
دمن da-man: (ف، مذ، مث) ٹیلا، مٹی کا بڑا تودہ، چھوٹی پہاڑی راجا نل کی محبوبہ کا نام۔
دمنا dam-na(a): (ار، مص) چمکنا، دمکنا، لوہے کا ملائم ہونا۔ مڑ جانا۔
دُمنہا du-mun-ha(a): (ار، صف) دو منہ والا، دو منہ کا سانپ۔ مث: دُمنہی۔

دمَوی dam-vi(i): (ع،صف) خونی، خون سے منسوب۔

دمَوی مِزاج dam-vii-mi-zaaj: (ع، مذ) وہ شخص جس میں خون کی خلط غالب ہو۔

دمہ da-ma(h): (ف، مذ) دھونکنی، ایک بیماری جس میں سانس جلدی جلدی اور رک رک کر آتا ہو، ضیق النفس۔

دمی da-mi(i): (ف، مث) ایک قسم کا چھوٹا حقہ، چھوٹی گڑگڑی۔

دمیدگی da-miid-gi(i): (ف، صف) کھلا ہوا، پھوٹا ہوا، اسم کیفیت مث: دمیدگی۔

د۔ن

دن dan: (ار، اصوت مث) توپ یا بندوق چھوٹنے کی آواز۔ ع، منکا۔

دن سے dan-se: (ار، متعلق فعل) تڑاق سے، دن کی آواز کے ساتھ۔

دن din: (ار، مذ) سورج نکلنے سے غروب ہونے تک کا زمانہ، روز، نہار، سورج نکلنے سے دوبارہ سورج نکلنے تک کا زمانہ چوبیس گھنٹے کی مدت، یوم، روشنی کا وقت، زمانہ، دور، وقت، ساعت، گھڑی، رُت، موسم، نصیب، بخت۔

دن بدن din-ba-din: (ار، ف، متعلق، فعل) دیکھیے 'روز بروز' جو صحیح ہے۔

دن بھر din-bhar: (ار، متعلق، فعل) تمام دن۔

دن دوپہرے din-do-peh-re: (ار، متعلق، فعل) دیکھیے 'دن دہاڑے'

دن دہاڑے din-da-haa-Re: (ار، متعلق، فعل) دن میں سب کے سامنے، کھلے بندوں، علانیہ۔

دن ڈھلے din-Dha-le: (ار، متعلق فعل) دوپہر کے بعد۔

دن رات din-raat: (ار، متعلق، فعل) شب و روز، ہر وقت، ہر گھڑی۔

دن رہے din-ra-he: (ار، متعلق فعل) وہ وقت جب تھوڑا سا دن باقی رہے۔

دن سے din-se: (ار، متعلق فعل) دن چھپنے سے پہلے، سرِ شام۔

دن کے دن din-ke-din: (ار، متعلق فعل) اسی دن، جلدی۔

دنادن da-naa-dan: (ار، صوت) بندوق، توپ، پٹاخا وغیرہ کی مسلسل اور متواتر آواز۔

دنانیر da-naa-niir: (ع، مذ) دینار کی جمع، اشرفیاں۔

دنائت da-naa-yat: (ع، مذ) کمینہ پن، رذالت۔

دُنبال / دُنبالہ dun-baal dun-baa-la(a): (ف، مذ) وہ چیز جو دم سے مشابہ ہو، جانوروں کی دم، آنکھ کا گویا، سرمے کی وہ لکیر جو آنکھ کے کونے سے آگے تک بڑھی ہوئی ہو۔ (افعال: کھینچنا)

دُنبالہ دار dun-baa-lah-daar: (ف، صف) دم والا، گچھے دار، دمدار۔

دُنبل dun-bal: (ف، مذ) پھوڑا، موٹا، دمدار پھوڑا

دُنبہ dun-ba(h): (ف، مذ) ایک قسم کا مینڈھا جس کی دم بڑی چوڑی اور موٹی ہوتی ہے صف، موٹا فربہ، مث: دُنبی۔

دنت dant: (ھ، مذ) دیکھیے 'دانت' جس کا یہ مخفف ہے۔ جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

دنتو dan-to: (ھ، صف) لمبے لمبے دانتوں والا۔

دنتیلا daN-tii-la(a): (ھ، صف) بڑے دانتوں والا ہاتھی، بڑے دانتوں والا آدمی، دندانہ دار۔

دُند dund: (ھ، مذ) بڑا نقارہ، دھونسا، شور و غل، غوغا،

ظلم وستم اندھیر۔

ڈنڈ مچانا dund-ma-chaa-na(a): (ار، محاورہ) شور وغل کرنا، اودھم مچانا، ظلم ڈھانا۔

دندان dan-daan: (ف، مذ) دیکھیے 'دانت'

دندان ساز dan-daan-saaz: (ف، صف) مصنوعی دانت بنانے والا، اسم کیفیت مث: دندان سازی۔

دندان شکن dan-daan-shi-kan: (ف، صف) منہ توڑ، ایسا سخت جواب جس کا جواب نہ بن پڑے۔

دنداں مصری dan-daaN-mis-ri(i): (ف، مث) ایک قسم کی ولایتی مٹھائی جس کی شاخیں سی بنی ہوئی ہوتی ہیں۔

دنداں نما dan-daaN nu-ma(a): (ف، صف) دانت دکھانے والا، ظاہر آشکارا۔

دندانہ dan-daa-na(h): (ف، مذ) دانت، دانت سے مشابہ کوئی چیز ہر چیز کا کنگرہ، وہ متعدد شگاف جو کنگھی کے دونوں طرف ہوتے ہیں آرے یا آری کا خار۔

دندنانا dan-da-naa-na(a): (ار، مص) عیش کرنا، مزے اڑانا، بے خوف ہونا۔

دنڈارس dan-Daa-ras: (ار، مذ ق) مختلف رنگوں میں رنگا ہوا ایک کپڑا۔

دنڈنا danD-na(a): (ار، مص، ق) سزا دینا، جرمانہ کرنا۔

ڈنکا dun-ka(a): (ار، مذ) اناج کا دانہ، دانہ کے تابع کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

دنگ dang: (ف، صف) حیران، گھبرایا ہوا، ہکا بکا، بے حس وحرکت (افعال: رہنا، ہونا)

دنگا dan-ga(a): (ار، مذ) جھگڑا، فساد، فتنہ، ہنگامہ، بغاوت، شرارت، بدذاتی۔

دنگل dan-gal: (ف، مذ) اکھاڑا، کشتی کرنے کی جگہ، بھیڑ، مجمع، انبوہ، ایک قسم کی بڑی کرسی جس پر کئی آدمی بیٹھ سکتے ہیں۔ پہلوان کی جائے نشست۔ (دکن)، ایک قسم کا سامان، ماتم جو عشرہ محرم میں کرتے ہیں۔

دنگئی dan-ga-yi(i): (ار، صف) لڑاکا، شریر، فسادی۔

دنی da-ni(i): (ع، صف) کمینہ، سفلہ، رذیل، ناکس

دنی الطبع da-nut-ta-ba(?): (ع، صف) کمینی طبیعت کا، کمینہ۔

دُنیا dun-yaa: (ع، صف) کائنات، ادنیٰ کا مونث، خلاف عقبیٰ، جہان، عالم، موجودہ زندگی۔ لوگ، دولت جائیداد۔

دُنیا پرست dun-yaa pa-rast: (ف، صف) دنیادار، لالچی، اسم کیفیت مث: دنیا پرست۔

دُنیا جہان dun-yaa ja-haan: (ف، مذ) تمام عالم۔

دُنیادار dun-yaa-daar: (ف، صف) تعلقات دنیا میں گھرا ہوا، چالاک آدمی، ظاہر دار، اسم کیفیت مث: دنیاداری۔

دُنیا ساز dun-yaa-saaz: (عف، صف) ظاہرداری کرنے والا، اسم کیفیت مث: دنیا سازی۔

دُنیاؤمافیہا dun-yaa-va-ma-fii-ha(a): (ع، مث) یہ عالم اور جو کچھ اس میں ہے۔

دُنیاوی/دُنیوی dun-yaa-vi(i): (ع، مث) دنیا سے منسوب، دنیا کا، دینی کی ضد۔

د۔و

دو do: (ار، ف، عدد) ایک اور ایک کا مجموعہ، جفت، جوڑا چند، الگ، جدا، غیر۔

دو آب / آبہ do-aab/do-aa-ba(h): (ار،ف،مذ) دو دریاؤں کے درمیان کی زمین۔ عموماً گنگا و جمنا کے بیچ کے علاقہ کو کہتے ہیں۔

دْوارکا dwaar-ka: (ھ، مذ) سومنات کا تیرتھ، ہندوؤں کا مقدس مقام جو گجرات میں ہے۔

دوآتشہ do-aa-ti-sha: (ف،صف) شراب یا عرق جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کشید کیا گیا ہو، تند، تیز۔

دو آشیانہ do-aash-yaa-na(h): (ف، مذ) ایک قسم کا خیمہ جس میں دو کمرے ہوتے ہیں۔ دو کمروں کا ڈیرا۔

دواسپہ do-as-pa(h): (ف،صف) تیز، جلدی، وہ سپاہی جس کے پاس دو گھوڑے ہوں ایسی سواری جس میں دو گھوڑے جوتے ہوں۔

دوایک do-ek: (ار،صف) چند، تھوڑے۔

دوباتیں do-baa-teiN: (ار،مث) تھوڑی سی گفتگو۔

دوبار do-baar: (ار،متعلق فعل) دو دفعہ، دو مرتبہ۔

دوبارہ do-baa-ra(h): (ف،صف) دوسری مرتبہ، دوسری دفعہ، مکرر۔

دوباز do-baaz: (ف،مذ) کنکوا جس کے دو کندے رنگ دار ہوں، ایک قسم کا باز، دو رنگے بازو کا کبوتر۔

دوبالا do-baa-la(a): (ف،صف) دُگنا، دو چند، دونا (افعال: کرنا، ہونا)

دوبر / برا do-bar/ba-ra(a): (ف،صف) دو پاٹ کا۔

دوبول do-bol: (ار،مذ) نکاح (کنایۃً) (افعال: پڑھنا، پڑھانا)

دوبیتی do-bii-ti(i): (ار،مث) ایک قسم کی رباعی، نظم۔

دوپارہ do-paa-rah: (ف،صف) دو ٹکڑے، ٹکڑے ٹکڑے، پھٹا ہوا۔

دو پائے کی رفتار do-paa-ye-kii raf-taar: (ار،مث) دو پایہ نقش بھرنے کا طریقہ۔

دوپٹا do-paT-Ta(a): (ار، مذ) عورتوں کی اوڑھنی جو پہلے دو پاٹ عرض کپڑے سے بناتی تھیں، مگر آج کل چوڑے عرض کی ململ یا دوسرے باریک کپڑے سے بناتے ہیں۔

دوپٹیا do-paT-ya(a): (ار، مذ) کبوتر جس کا پیٹ سفید ہو، ایک قسم کا پلنگ جس کی پٹیاں دو رنگ کی ہوں (مث) دوپٹا کی تصغیر، اوڑھنی۔

دوپرتا do-par-ta(a): (ف،صف) دوہرا، دوتہہ کا۔

دوپشتہ do-push-ta(h): (ف،صف) دونوں طرف سے چھپا ہوا کاغذ، دو ورقہ دو طرفہ (افعال: کرنا)

دو پلڑی do-pal-Ri(i): (ف، مث) ایک قسم کی ہندوستانی وضع کی ٹوپی جو ٹکڑوں سے بنی ہوتی ہے۔

دو پلکا do-pal-ka(a): (ف، مذ) ایک قسم کا کبوتر، ایک قسم کا پلنگ، ایک قسم کا نگینہ۔

دو پلی do-pal-li(i): (ھ، مث) دیکھئے 'دو پلڑی' ٹوپی۔

دوپنتھی do-pan-thi(i): (ار،مث) ایک قسم کی جالی جس کا دوہرا خانہ ہوتا ہے اگلے زمانے کی عورتیں اس کی کرتیاں بنایا کرتی تھیں۔

دوپہر do-pa-har: (ار،مث) وہ وقت جب سورج سر پر ہو، ایک پہر کا دوگنا (افعال: آنا، چڑھنا، ڈھلنا، کرنا، ہونا)

دوپہری do-peh-ri(i): (ار،صف،مث) دوپہر کی، دوپہر سے منسوب، دوپہر کی نوبت۔

دوپیازہ do-pyaa-za(h): (ف، مذ) سالن جو گوشت سے دوگنا پیاز ڈال کر پکایا گیا ہو اور اس میں شوربا اور تری وغیرہ نہیں ہوتی۔

دوتا do-ta(a): (ف، صف) دوگنا، دوہرا، خمیدہ، ٹیڑھا، کبڑا، نفیس کپڑا۔

دوتاؤ/تاؤ do-taa-au: (ف، صف) دودھاگوں کا بنا ہوا، دوہرا خمیدہ۔

دوتہی do-ta-hi(i): (ف، مث) ایک قسم کا دوہرا، دو عرض کا موٹا کپڑا، جس کے کنارے سرخ یا نیلے ہوتے ہیں۔ اسے دری کے اوپر اور چادر کے نیچے دری کے طور پر بچھاتے ہیں استر والا کپڑا، صف، دوتہہ کی، دوہری۔

دوٹوک do-Tok: (ار، صف) دوپارہ، دوٹکڑے، صاف، کھرا، فیصلہ کن، موزوں۔

دوجہان do-ja-haan: (ف، مذ) دنیا اور آخرت۔

دوجی سے do-jii-se: (ف، ہ، صف) حاملہ۔

دوچار do-chaar: (ف، صف) چند، ملاقات، سامنا، ملاپ۔

دو چشمہ do-chash-ma(h): (ف، مذ) چاند سورج، دن رات، آنکھ کی دونوں پتلیاں۔

دوچشمی do-chash-mi(i): (ف، مث) وہ تصویر جس میں سارے چہرے کا عکس ہوتا ہے، ہائے ہوز، جس کی صورت یہ (ھ) ہے۔

دوچلّو do-chul-lu(u): (ف، ہ، صف) تھوڑا سا، ذرا سا۔

دو چند/ چنداں do-chand/chan-daaN: (ف، صف) دگنا، دونا، دوہرا۔

دوچوبہ do-cho-ba(h): (ف، صف) دو چوب والا خیمہ جس میں دو ڈنڈے یا بانس ہوتے ہیں۔

دوحرف do-harf: (ف، مذ) تھوڑی سی تحریر یا تقریر، کنایۃً ک، ن جن کے کہنے سے خدا نے تمام کائنات کو پیدا کیا۔

دوحرفی do-har-fi(i): (ف، صف) بہت مختصر تحریر یا تقریر، جواب خط وغیرہ۔

دوخصمی do-Kas-mi(i): (ار، صف) وہ عورت جس نے دو آدمیوں سے شادی کی ہو، دو خاوند والی۔

دودستہ do-das-ta(h): (ف، صف) دونوں طرف۔

دو دستہ خلال do-das-tah Ka-laal: (ف، صف) وہ بازی جس میں دو آدمیوں کو ایک دفعہ شکست دی جائے۔

دودستی do-das-ti(i): (ف، مث) کشتی کا ایک پیچ (دو ہاتھ کا وار، تلوار کا) متعلق فعل، دونوں ہاتھوں سے۔

دودلہ/ دلا do-di-la(h): (ف، صف) شکی، وہمی، متفکر، حیران، متذبذب

دودلی do-di-li(i): (ف، مث) تذبذب، نیم دلی، گومگو۔

دودن do-din: (ف، ہ، مث) قلیل عرصہ، تھوڑا سا زمانہ، عارضی۔

دودن کا مہمان do-din-kaa meh-maan: (ف، صف) عارضی، فانی، ناامید، مرنے کے قریب۔

دو دن کی زندگی do-din-kii zin-da-gi(i): (ف، مث) چند روزہ زندگی۔

دودھارا do-dhaa-ra(a): (ار، صف، مذ) دو دھارا یا دو ہونا باڑھ کا ہتھیار، خنجر وغیرہ۔ وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہو جائیں۔ ایک قسم کا تھوہڑ جس کی دوہری شاخ ہوتی ہے۔ مث: دودھاری۔

دوراہا do-raa-ha(a): (ار، مذ) دو راستہ جو دو طرف گیا ہو، یا جہاں دو راستے ملے ہوں۔

دورُخا do-ru-Ka(a): (ار، صف، مذ) دو رویہ، دو رنگا، منافق، وہ شخص جو دونوں طرف ہو، مث: دورخی۔

دو رِکابہ do-ri-kaa-ba(h): (ف، صف) بہت اونچا گھوڑا۔

دوڑگا do-ra-ga(a): (ار،صف) وہ آدمی جس کے ماں باپ دو قوم کے ہوں، دوغلا مرغ، مث: دوڑگی۔

دورنگا do-ran-ga(a): (ار،صف) دورنگ کا، ایک کی ضد، اسم کیفیت مث: دورنگی۔

دوروزہ do-ro-za(h): (ف،صف) مختصر وقفہ کا، تھوڑی مدت کا۔

دورویہ do-ru-ya(h): (ف،صف) دورخا، دورنگا، دونوں طرف دونوں جانب۔

دوزانو do-zaa-nu(u): (ف، متعلق، فعل) گھٹنوں کے بل (افعال: بیٹھنا)

دوزُبان/زبانہ do-zu-baan/zu-baa-na(h): (ف،صف) دو زبان والا، چری ہوئی زبان والا۔ مکار، فریبی (مث) قلم۔ سانپ، افعی، سوسن، سانپ اور قلم کی صفت، اسم کیفیت مث: دوزبانی۔

دوساکھی do-saa-khi(i): (ار،صف) دوفصلی۔

دوسالہ do-saa-la(h): (ف،صف) دوسال کا

دوسُخنہ do-suK-na(h): (ف، مذ) چٹکلا، امیر خسرو کی ایجاد وہ چٹکلے جن میں متعدد سوالات کا جواب ایک ہی ہوتا ہے۔ مثلاً گوشت کیوں نہ کھایا۔ ڈوم کیوں نہ گایا، جواب ایک ہی ہے، گلا نہ تھا۔

دوسر do-sar: (ف،صف) دوسر والا، دو زبانوں والی تلوار۔

دوسر ملانا do-sar mi-laa-na(a): (ف،صف) نکاح کر دینا، صلح کرا دینا۔

دوسَری do-sa-ri(i): (ار،مث) وہ زمین جس میں دو دفعہ ہل چلایا جائے۔

دوُسرا duus-ra(a): (ف، مذ) دونوں جہاں، دنیا اور آخرت دوسرا، ترتیبی۔

دوسوتی do-suu-ti(i): (ار،مث) دوسوت کا بنا ہوا کپڑا، ایک موٹا کپڑا جو فرشوں، خیموں وغیرہ کے بنانے کے کام آتا ہے۔

دوسیرا do-se-ra(a): (ار، مذ) دو سیر کا باٹ، مث: دوسیری۔

دوشاخہ do-shaa-Ka(h): (ف،صف) دو شاخوں کی لکڑی، دو شاخوں کا درخت شمع دان، جس میں دو شمعیں روشن کی جاتی ہیں، بھنگ چھاننے کی لکڑی جس میں دو شاخیں ہوتی ہیں۔

دوشالہ do-shaa-la(h): (ف، مذ) پشمینہ کی دوہری چادر۔

دوشنبہ do-shan-ba(h): (ف، مذ) پیر کا دن، سوموار۔

دوضربی do-zar-bi(i): (فع،صف) دو کنڈوں کا تالا، دونالی بندوق، دو زخم لگانے والا آلہ یا ہتھیار۔

دوطرفہ do-tar-fa(h): (عف،صف) دو رویہ، دونوں طرف، دونوں جانب۔

دوعالم do-(?)aa-lam: (فع، مذ) دونوں جہاں

دوعملی do-(?)am-li(i): (فع،مث) اختلاف رائے، بدانتظامی، ایک جگہ دو حکومتیں ہونا، کبھی یہ کہنا کبھی وہ کہنا۔

دوغزلہ do-Gaz-la(h): (عف، مذ) ایک بحر اور ایک ہی ردیف میں کہی گئی دو غزلیں۔

دوفُٹا do-fu-Ta(a): (ار، مذ) عوامی، ایک پیمانہ جس سے دو فٹ تک ناپا جا سکتا ہے۔

دوفصلہ do-fas-la(h): (فع،صف) وہ زمین جس سے سال میں دو دفعہ پھل آئے، یکسوئی نہ رکھنے والا، دورنگا۔

دوفصلی do-fas-li(i): (فع،صف) وہ زمین جس میں سال میں دو دفعہ فصل بوئی جائے۔ وہ درخت جس

پر سال میں دو دفعہ پھل آئے، دو پہلو کی گول مول بات۔

دوکن do-kan: (ار، صف، ق) دگنا، دونوں طرف، ہر طرف۔

دوکونیاں do-ko-ni-yaaN: (ار، صف) ایک قسم کی پتنگ۔

دوکوہانیاں do-ko-haa-ni-yaaN: (ار، صف) دوکوہان والا اونٹ۔

دوگاڑا do-gaa-Ra(a): (ار، مذ) وہ بندوق جس میں دو گولیاں بھری جائیں، دو نالی بندوق، دُگنا، (افعال: مارنا، لگنا)

دوگانہ do-gaa-na(h): (ف، صف) جڑواں یا دوہری چیز، نماز کی دو رکعتیں، نماز کا دوگانہ، وہ گیت جس کو دو شخص مل کر گائیں۔

دوگز زمین do-gaz-za-miin: (ف، مذ) کنایۃً قبر۔

دوگنا do-gu-na(a): (ف، صف) دو قسم کا، دو طرح کا۔

دوگیتی do-gii-ti(i): (ف، مث) دیکھیے 'دوسرا' دونوں عالم، دنیا و عقبیٰ۔

دولتّی do-lat-ti(i): (ار، مث) چوپائے خصوصاً گھوڑے یا گدھے کی پچھلی ٹانگیں (اٹھا کر مارنا) (افعال: پھینکنا، مارنا، جھاڑنا، چلانا وغیرہ)

دولڑا do-la-Ra(a): (ار، مذ) دو لڑی کا ہار، دو قطاروں والا، دو رنگا، لگائی بجھائی کرنے والا، دو دھاگوں والا۔

دوماہہ do-maa-ha(h): (ف، مذ) دو مہینے کی تنخواہ۔

دومحلا do-mah-la(a): (ار، صف، مذ) دو منزلہ مکان، دو درجہ والا مکان۔

دومنزلہ do-man-zi-la(h): (فع، مذ) دیکھیے 'دومحلا'

دونالی do-naa-li(i): (ار، صف، مث) وہ بندوق جس کی دو نالیاں ہوں۔

دونوں dau-nauN: (عدد، استغراقی) ہر دو، دو کے دو۔

دونیم do-niim: (ف، مذ) دو ٹکڑے، دو پار۔

دوورقہ do-var-qa(h): (ف، مذ) دو ٹکڑے، دو پار۔

دوورقی do-var-qi(i): (ار، مث) دو ورق کی چھوٹی سی کتاب۔

دووقتہ/وقتی do-vaq-ta(h)/vaq-ti(i): (ار، صف) دونوں وقت کا، دونوں وقت۔

دوہا/دوہڑا do-ha(a)/do-ha-Ra(a): (ہ، مذ) ہندی نظم کی ایک قسم۔

دوہاجو do-haa-ju(u): (ہ، مذ) وہ شخص جس نے دوسری دفعہ نکاح کیا ہو، مث: دوہاجن۔

دُہتڑا / دوہتھڑا do-hath-Ra(a)/ do-hath-Rha(a): (ار، مذ) دونوں ہاتھ کے ساتھ تھپڑ مارنا، دو ہاتھوں کی ضرب (افعال: مارنا، جڑنا)

دوہر do-har: (ار، مث) دوہری چادر، وہ زمین جس میں دو فصلیں ہوتی ہوں۔ دریا کی تدی تہہ۔

دوہرا doh-ra(a): (ہ، مث) دولائی (مذ) نظم کی ایک قسم، (صف) خمیدہ۔

دوا da-va(a): (ع، مث) دوائی، دارو، درماں، علاج معالجہ۔

دواخانہ da-vaa-Kaa-na(h): (عف، مذ) شفاخانہ، وہ کمرہ جس میں دوائیں رکھی جائیں، دوا کی دکان۔

دیا di-yaa: (ار، مذ، ق) چراغ۔

دوابّ da-vaab: (ع، مذ) دیکھئے 'دابّۃ' جس کی یہ جمع ہے، چوپایہ۔

دوات da-vaat: (ف، مذ) روشنائی رکھنے کا ظرف، چانڈو پینے کی چلم۔

دوادوش da-vaa-dosh: (ف، مث) دوڑ دھوپ، کوشش۔

دوّار dav-vaar: (ع، صف) گردش کرنے والا، دورہ کرنے والا۔

دُوار/دُوارا duu-vaar/ duu-vaa-ra(a): (ھ، مذ) دروازہ، آستانہ، چوکھٹ، مقام جیسے ٹھاکردوارا۔

دوال da-vaal: (ھ، صف) دینے والا، عطا کرنے والا۔

دُوال du-vaal: (ف، مذ) تسمہ، رکاب کا تسمہ، نقارہ بجانے کا تسمہ، شان وشوکت۔

دوال بند da-vaal band: (ف، صف) سپاہی۔

دوال پا da-vaal-pa(a): (ف، مذ) ایک افسانوی قوم جس کی ٹانگیں بہت پتلی ہوتی تھیں۔ اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرکے مسافروں کے اوپر سوار ہو جاتیں اور اپنی ٹانگیں ان کی گردن میں پھنسا کر مار ڈالتی تھیں۔

دِوالا di-vaa-la(a): (ھ، مذ) دیوالا، قرض ادا کرنے کی قابلیت نہ رہنا، بربادی، خسارہ۔

دِوالی di-vaa-li(i): (ھ، مث) ہندوؤں کا مشہور تہوار جو کارتک دیوتا کی یاد میں ہوتا ہے۔ جس میں رات کو چراغ جلاتے ہیں۔ اور لکشمی کی پوجا کرتے ہیں اور جوا کھیلتے ہیں۔ اسی دن رام چندر جی لنکا فتح کرکے آئے تھے۔

دِوالیا di-vaal-ya(a): (ھ، صف) وہ شخص جس کا دیوالا نکل جانے کے باعث کاروبار بند ہوگیا ہو، مفلس، قلاش، نادار، ٹٹ پونجیا۔

دوام da-vaam: (ع، مذ) ہمیشگی۔

دوامی da-vaa-mi(i): (ف، صف) دائمی، ہمیشہ کے لیے۔

دوامی بندوبست da-vaa-mii ban-do-bast: (ف، مذ) زمین کا وہ انتظام جو سرکار کی طرف سے ایک ہی دفعہ کیا جائے۔

دوامی پٹّا da-vaa-mi(i) paT-Ta(a): (ار، مذ) ایسا پٹا جو ہمیشہ کے لیے ہو۔

دوانہ da-vaa-na(h): (ار، مذ) دیکھیے 'دیوانہ' جس کا یہ مخفف ہے۔

دواوین da-vaa-viin: (ع، مذ) 'دیوان' کی جمع، اشعار کی کتابیں۔

دوائر da-vaa-yir: (ع، مذ) دیکھیے 'دائرہ' جس کی یہ جمع ہے۔

دوائی da-vaa-yi(i): (عف، مث) دیکھیے 'دوا'، جس پر 'ی' خواہ مخواہ بڑھا دی گئی ہے۔

دُوب duub: (ار، مث) ایک قسم کی باریک عمدہ گھاس۔

دُوبدُو duu-ba-du(u): (ف، صف) آمنے سامنے، بمقابل، روبرو۔

دُوبھر duu-bhar: (ار، صف) مشکل، دشوار، ناگوار، بوجھ۔

دُوت duut: (ھ، مذ) قاصد، ایلچی، سفری، مخبر، جاسوس، مث: دوتن۔

دُوج duuj/dauj: (ھ، مث) قمری مہینے کی دوسری تاریخ۔

دُوجا duu-ja(a): (ھ، صف) دوسرا، مث: دوجی۔

دوخت doKt: (ف، مث) سلائی، سیون۔

دُود duud: (ف، مذ) دھواں، بھاپ، دھند، غبار۔

دُودکش duud-kash: (ف، مذ) چمنی، دھواں نکلنے کا سوراخ۔

دُودمان duud-maan: (ف، مذ) خاندان، قبیلہ، کنبہ۔

دَودھ daudh: (ع، مذ) کیڑا، کرم۔

دُودھ duudh: (ھ، مذ) وہ سفید سیال مادہ جو کہ پستانوں سے نکلتا ہے۔ شیر، لبن، درخت یا پودے کا گاڑھا رس۔

دُودھ بچا کر duudh ba-chaa kar: (ار، متعلق فعل) دودھ کا رشتہ بچا کر۔

دُودھ بڑھائی duudh ba-Rhaa-i(i): (ار، مث) بچوں کا دودھ چھڑانے کی رسم۔

دُودھ بھاتی duudh-bhaa-ti(i): (ھ) دودھ اور چاول، چوتھی کی ایک رسم جس میں دولہا کو کھیر کھلائی جاتی ہے۔

دُودھ بھائی duudh-bhaa-i(i): (ار، مذ) وہ اشخاص جنھوں نے ایک ماں کا دودھ پیا ہو، برادر رضاعی مث: دودھ بہن۔

دُودھ پلائی duudh pi-laa-i(i): (ار، مث) دایہ، دودھ پلانے والی، وہ نقدی جو دولہا کو دلہن کے گھر سے ساچق کے روز آتی ہے۔ یا دولہن کے رشتہ دار دولہا کو اس نام سے دیتے ہیں۔

دُودھ پُوت duudh puut: (ار، مذ) دھن دولت، آل اولاد۔

دُودھ پُوت والی duudh puut vaa-li(i): (ار مث) آل اولاد والی، دھن دولت والی، بانصیب

دُودھ پیتا duudh-pii-ta(a): (ار، مذ) شیر خوار، نادان، بے سمجھ، مث: دودھ پیتی۔

دُودھ کا سا اُبال duudh-kaa-saa-u-baal: (ار، مذ) جلد رفع ہو جانے والا غصہ / جوش۔

دُودھ کے دانت duudh-ke-daaNt: (ار، مذ) شیر خوارگی کا زمانہ۔

دُودھ ماں duudh-maaN: (ار، مث) دودھ پلانے والی، انا، رضاعی ماں۔

دُودھ والا duudh-vaa-la(a): (ار، مذ) دودھ بیچنے والا، گوالا۔

دُودھ والی duudh-vaa-li(i): (ار، مث) دیکھئے 'دودھ والا' جس کی یہ تانیث ہے۔ بچے کو دودھ پلانے والی عورت، زچہ۔

دُودھنگ duu-dhang: (ار، مث، ق) چمنی، دھواں نکلنے کا روزن جو گھروں میں ہوتا ہے۔

دُودھی duu-dhi(i): (ار، مث) پستان، چوچی، ایک قسم کا پتھر، ایک بوٹی جس سے دودھ نکلتا ہے۔

دُودھیا duudh-ya(a): (ار، صف) دودھ سے بھرا ہوا، ہرا، سبز، ایک قسم کا پتھر، وہ رنگ جس میں سفیدی جھلکے۔ ایک قسم کا نرم حلوہ سوہن

دُودھیل duu-dhail: (ار، صف) دودھ دینے والی گائے، بھینس، بکری وغیرہ۔

دَور daur: (ع، مذ) چکر، گردش، حاشیہ، کنارہ، باری، زمانہ، عہد، سبق کو بار بار دہرانا، حافظ کا قرآن شریف حفظ کرنا، محیط، پھیلاؤ۔

دُور duur: (ف، صف) بعید، فاصلے پر، علیحدہ، جدا، الگ، پرے، دشوار، دانش مند، دور اندیش، اسم کیفیت مث: دوری۔ (کلمہ نفرت) ہٹ پرے ہو۔

دُور از حال duur-az-haal: (فع، متعلق فعل) خدا نہ کرے، خدا محفوظ رکھے، اب سے دور۔

دُور از کار duur-az-kaar: (ف، صف) بیکار، خلاف مرضی۔

دُور اُفتادہ duur-uf-taa-da(h): (ف، صف) جو دور ہو، توجہ سے محروم، جو فاصلے پر ہو۔

دُور اندیش duur-an-desh: (ف، صف) عقل مند، دانا، دور کی بات سوچنے والا، ہوشیار، اسم کیفیت،

مث: دور اندیشی۔

دُور باد duur-baad: (ف، متعلق فعل) خدا نہ کرے، اب سے دور۔

دُور باش duur-baash: (ف، مث) بادشاہوں کے آگے چوبدار پکارتے تھے کہ دور رہو، ایک دوشاخہ نیزہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے تھے۔

دُور بِین duur-biin: (ف، صف) دور اندیش، عقلمند، اسم کیفیت مث: دور بینی (مث) دور کی چیز دیکھنے کا آلہ۔

دُور پار duur-paar: (ار، کلمہ، نفرت) خدا نہ کرے، خدانخواستہ۔

دُور دبک duur-da-bak: (ار، مث) ڈانٹ، ڈپٹ، دھتکار، (انفعال: بتانا، کرنا)

دُور دراز duur-da-raaz: (ف، صف) بہت فاصلے پر، کالے کوس، بعید از قیاس۔

دُور دست duur-dast: (ف، صف) دور کا، مسافت دراز کا، اسم کیفیت مث: دوردستی۔

دُور دفان duur-da-faan: (ار، صف) غالب، علیحدہ، دور، الگ (انفعال: کرنا، ہونا)

دُور دُور duur-duur: (ار، کلمہ تحقیر، عو) کافی فاصلے کے مقامات تک، پرے پرے۔

دُور رس duur-ras: (ف، صف) دور تک پہنچنے والا، بلند خیال، اسم کیفیت مث: دوررسی۔

دُور کا رِشتہ / ناتا duur-ka-rish-ta(a): (ار، مذ) رشتۂ بعید، قرابت بعید۔

دُور کا مضمُون duur-kaa-maz-muun: (ار، مذ) نہایت اعلیٰ مضمون، گہرا مضمون۔

دُور کی بات duur-ki-baat: (ار، مث) نکتہ، باریکی۔

دَوران dau-raan: (ع، مذ) زمانہ، وقت، عمر، گردش، چکر، دورہ، انقلاب۔

دورانِ خُون dau-raa-ne-Kuun: (ف، مذ) خون کی گردش۔

دَورانِ سر dau-raa-ne-sar: (ف، مذ) سر گھومنا، سر چکرانا، سر کا چکر۔

دَورہ dau-ra(h): (ع، مذ) چکر، گردش، ہیر پھیر، نوبت، باری، گشت، حاکم کا اپنے علاقے میں پھرنا، شراب کا دور۔

دُوری duu-ri(i): (ع، صف) دیکھئے 'دور' جس سے منسوب ہے۔

دَوڑ dauR: (ار، مث) بھاگ، پہنچ، رسائی، کوشش، پولیس کا عملہ۔

دوڑا / دوڑی do-Ra(a)/do-Ri(i): (ھ، مث) بھاگا بھاگ، تیزی، جلدی، مقابلہ (دوڑ میں)

دَوڑنا dauR-na(a): (ار، محاورہ) بھگانا، جلدی چلانا، لپکانا، پھرانا، حیران کرنا، محنت کرانا، مشقت لینا، قاصد روانہ کرنا، جلد بھیجنا، خیال کو متوجہ کرنا۔

دوز doz: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر دوختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور سینے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً خیمہ دوز۔

دوزخ do-zaK: (ف، مذ) وہ جگہ جہاں گنہگار قیامت کے بعد جائیں گے، جہنم، نرک، پیٹ، معدہ۔

دوزخی doz-Ki(i): (ف، صف) جہنمی، پاپی، گنہگار

دوس / دوش dosh/dos: (ھ، مذ) قصور، خطا، عیب، گناہ، (انفعال: دینا)

دوست dost: (ف، صف) آشنا، یار، محب، خیرخواہ، محبوب، معشوق، اسم کیفیت مث: دوستی۔

دوست دار dost-daar: (ار، مذ) دوست، خیرخواہ، ہمراز، اسم کیفیت مث: دوست داری۔

دوست نواز dost-na-vaaz: (ف، صف) دوستوں پر نوازش مہربانی کرنے والا، اسم کیفیت مث: دوست نوازی۔

دوستانہ dos-taa-na(h): (ف، مذ) یارانہ، دوستی، یاری، محبت، الفت۔

دؤسرا duus-ra(a): (ار، عدد، ترتیبی) ترتیب میں ایک کے بعد کا درجہ، ثانی، دوم، ایک اور اگلا، دیگر، غیر، اجنبی اور مقابل کا مث: دوسری۔

دؤسری ماں duus-ri(i) maaN: (ار، مث) سوتیلی ماں۔

دوسی do-si(i): (ھ، مث، ق) لونڈی، باندی، کنیز۔

دوش dosh: (ف، مذ) بازو، کندھا، شانہ، مونڈھا، گزری ہوئی رات، کل رات۔

دوش بدوش dosh-ba-dosh: (ف، متعلق فعل) کندھے سے کندھا ملا کر، متحد ہو کر، اتفاق سے۔

دوشیزہ do-shii-zah: (ف، مث) کنواری لڑکی، باکرہ، جمع: دوشیزگان، اسم کیفیت مث: دوشیزگی۔

دوشین do-shiin: (ف، صف) گزشتہ رات کا۔

دوشینہ do-shii-na(a): (ف، صف) گزشتہ رات کا۔

دوغ doG: (ف، مذ) دہی، چھاچھ، مکھن نکلا ہوا دودھ۔

دوغلا doG-la(a): (ار، صف) دونسلا، وہ شخص جس کے ماں اور باپ دونوں ایک قوم سے نہ ہوں، کم اصل، کمینہ، کم ذات مث: دوغلی۔ اسم کیفیت مذ: دوغلا پن۔

دوغلی بات doG-li(i) baat: (ار، مث) دورخی بات، وہ بات جو صاف نہ ہو۔

دُوکان du-kaan: (ف، مذ) دیکھیے 'دوکان' جو صحیح ہے، مرکبات۔

دوکھ dokh: (ھ، مذ) دیکھیے 'دوس/دوش'

دُوَل du-val: (ع، مذ) دولت کی جمع۔

دَولا مَولا dau-laa mau-la(a): (ار، صف) سیدھا سادہ، بھولا بھالا، بڑی ہمت والا۔

دؤلاب / دُولاب duu-laab: (ع، مذ) چرخ، رہٹ، چکر، پہیا، صف نسبتی: دولابی۔

دَولت dau-lat: (ع، مث) دھن، مال، سلطنت، حکومت۔

دَولتِ بیدار dau-laate-be-daar: (ار، مث) وہ دولت جس سے فائدہ حاصل کریں، معشوقہ۔

دَولتِ پناہ dau-late-pa-naa(h): (ف، صف) سلطنت کو محفوظ رکھنے والا، بادشاہ، بادشاہوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

دَولت خانہ / سرا، کدا dau-lat Kaa-na(h)/ sa-ra(a)/ ka-da(a): (ف، مذ) محل، قصر، دوسرے کے گھر کے متعلق کہتے ہیں، اپنے گھر کو غریب خانہ کہتے ہیں۔

دَولتِ خُداداد dau-la-tee Ku-daa daad: (ف، صف) خدا کی دی ہوئی نعمت، حکومت، منت ملی ہوئی نعمت جو بغیر کسی کوشش کے حاصل ہو۔

دَولتِ دارَین / کونین dau-lat-e-daa-rain/ kau-nain: (ف، مث) دونوں جہان کی دولت، نعمت اور لطف۔

دَولت مند dau-lat mand: (عف، صف) مال دار، امیر، زردار، اسم کیفیت مث: دولتمندی۔

دؤلہا duu-lha(h): (ار، مذ) وہ شخص جس کی شادی ہو، نوشاہ، نیڑا، خاوند، مث: دولہن۔

دؤلہا بھائی duu-lha(a)bhaa-i(i): (ار، مذ) بہن کا شوہر، بہنوئی۔

دوْمَین do-main: (ف، عدد ترتیبی) دوسرا، دوسرا۔

دَون daun: (ار، مث) آگ، شعلہ، لو، وہ آگ جو جنگلوں کے پہاڑ میں اس غرض سے لگاتے ہیں کہ درختوں میں قوت نمو زیادہ ہو، پیاس، تشنگی، گرمی، حدت، حرارت، سوزش، جلن۔ (افعال: لگنا)

دُوْن duun: (ار، صف) دگنا، اونچے سُر کی آواز، تیز، شیخی، ڈینگ، لاف و گزاف، پہاڑی تلہٹی، گھاٹی، درّۂ کوہ۔

دُوْن duun: (ع، ف) حقیر، کمینہ، ادنیٰ، پاجی، کم، ہیچ (متعلق فعل) جز، سوا (ان، معنوں میں 'ب' کے ساتھ 'بدون' آتا ہے۔)

دُوْن پرست / نواز duun pa-rast/ na-raaz: (عف، صف) کمینے کی پرورش یا قدر کرنے والا۔

دُوْن ہمّت duun-him-mat: (ف، صف) کم ہمت، پست ہمت۔ اسم کیفیت مث: دوں ہمتی۔

دُوْنا duu-na(a): (ار، عدد، ضعفی) دوگنا، دو چند (افعال کرنا: ہونا) مث: دونی۔

دُونگڑا dauNg-Ra(a): (ھ، مذ) برسات کے شروع کی بارش جو خوب زور سے ہو۔

دَونوں dau-nauN: (ار، عدد استغراقی) دو کے دو، ہر دو۔

دوہائی do-haa-ii: (ھ، مث) شور و غوغا، فریاد، داد خواہی، پناہ، بچاؤ، امن خواہی، قسم، سوگند منادی، اعلان، گلہ، شکوہ (افعال: پکارنا، دینا، پھرنا، کرنا)

دوہائی ہے do-haa-ii-hai: (ار، کلمہ، ندا) فریاد ہے، الاماں، الحفیظ، المدد۔

دوہر do-har: (ھ، مذ) دیکھیے 'دُو' کے تحت، چادر۔

دوہرا doh-ra(a): (ار، صف) دیکھیے 'دوہر' چادر، مث: دوہری۔

دوہنا doh-na(a): (ار، مص) دودھ نکالنا، (مذ)۔

دُوْئی duu-i(i): (ف، مث) دو ہونے کی کیفیت، بیگانگی، مغائرت، نفاق، جدائی، اَن بن، جھگڑا، دو سمجھنا، شرک، توحید کی ضد۔

دوُیَم do-yam: (ف، عدد ترتیبی) دیکھیے 'دوم' دوسرا۔

د۔ہ

دِہ deh: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر دادن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور دینے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً تکلیف دہ۔

دِہ deh: (ف، مذ) گاؤں، چھوٹی سی آبادی، قریہ۔

دہ بندی deh-ban-di(i): (ف، مث) حلقہ بندی، گاؤں کی مفصل فہرست اور مالگزاری۔

دِہ خُدا deh-Ku-da(a): (ف، مذ) گاؤں کا مالک، زمیندار۔

دَہ dah: (ف، اسم عدد) دس۔

دَہ چند dah chand: (ف، عدد، صفتی) دس گنا۔

دَہ در دَہ dah-dar dah: (ف، مذ) دس گز گہرا، دس گز لمبا اور دس گز چوڑا تالاب جس کا پانی شرعاً پاک ہے۔

دَہ یَک dah-yak: (ف، عدد کسری) دسواں حصہ، دس میں سے ایک، کل آمدنی کا دسواں حصہ جو خراج کے طور پر دیا جاتا ہے۔ عشر۔

دہا da-ha(a): (ار، مذ) عشرہ، مہینے کے دس دن، محرم کا مہینہ، محرم کی دسویں تاریخ، دہائی کا ہندسہ۔

دہاڑ / دھاڑ da-haaR: (ھ، مث) گرج، شیر کی آواز، شور غل۔

دہاڑا da-haa-Ra(a): (ھ، مذ) درجہ، گت، برا حال، درگت، دن دوپہر۔

دہاڑنا / دھاڑنا da-haaR-na(a)/da-haa

R-na(a):(ہ،مص) گرجنا،غل مچانا،شور کرنا،شیر کا بولنا۔

دہاڑی da-haa-Ri(i): (ہ، مث) ایک دن کی اُجرت، روزانہ مزدوری۔

دہاقین da-haa-qiin: (ف، مذ) دیکھیے 'دہقان' جس کی یہ جمع ہے۔

دہاکا da-haa-ka(a): (ار، مذ) دس، دس کا مجموعہ، دہائی، دس کا نوٹ، نقصان، صدمہ، غم، رنج۔

دہان da-haan: (ف، مذ) منہ، دہن، سوراخ، روزن، زخم کا منہ۔

دہانہ da-haa-na(h): (ف، مذ) منہ، دہن، سمندر یا جھیل میں دریا کے گرنے کا مقام، وادی کا آغاز، لوہے کا ساز جو گھوڑے کے منہ میں دیتے ہیں۔ جولاہوں کا ایک اوزار۔

دُہائی du-haa-yi(i): (ہ مث) دیکھیے 'دوہائی'

دہائی di-haa-ii/ahaa-(i): (ف، مث) دس کے عدد کا مرتبہ، دس کی وحدت۔

دہر da-har: (ع، مذ) دنیا، زمانہ، وقت، مدت العمر، قسمت، نصیب، اتفاق۔ بدقسمتی، مصیبت، خطرہ، طرز، طریقہ، رسم و رواج، حفاظت، تردد، فکر، چکنی مٹی۔

دُہرا doh-ra(a): (ار، صف) دو چند، دُگنا، دوشتہ کا، ٹیڑھا، خمیدہ، سپاری کا ٹکڑا، پتنگ بازی کا ایک پیچ، مث: دہری۔

دُہرا بدن doh-ra(a) ba-dan: (ار، مث) موٹا بدن، بھرا جسم۔

دہرانا doh-raa-na(a): (ار، مص) کسی عبارت کو بار بار پڑھنا، دوبارہ کہنا، دوشتہ کرنا، کوئی کام دوبارہ کرنا، کسی بات کی نقل کرنا۔

دہراؤ doh-raa-au: (ار، مذ) اعادہ، تکرار۔

دہرائی doh-raa-yi: (ار، مث) سبق یا کتاب کو دوسری بار پڑھ لینا، تکرار۔

دُہرم doh-ram: (ہ، مذ) پتنگ کا دوہرا پیچ۔

دُہری بات doh-rii baat: (ار، مث) وہ بات جس میں دو پہلو نکلتے ہوں۔

دُہری سواری dauh-rii sa-vaa-ri(i): (ار، مث) ڈولی یا کسی اور سواری پر دو کا سوار ہونا۔

دہری dah-ri(i): (ع، صف) 'دہر' سے منسوب، خدا کا منکر، زمانے کو قدیم ماننے والا، اسم کیفیت مث: دہریت۔

دہریا / دہریہ da-har-ya(a): (ار، صف) دیکھیے 'دہری' اسم کیفیت مث: دہریت۔

دِہش di-hash: (ف، مث) بخشش، انعام۔

دہشت dah-shat: (ف، مث) ڈر، خوف، خطرہ، (افعال: سانا، کھانا، لگانا)

دہشت انگیز dah-shat-an-gez: (ف، مث) ڈراؤنا، خوف ناک، بھیانک، اسم کیفیت مث: دہشت انگیزی۔

دہشت زدہ dah-shat-za-da(h): (ف، صف) خوف کا مارا، ڈرا ہوا، اسم کیفیت مث: دہشت زدگی۔

دہشت گرد dah-shat-gard: (ف، صف) خوف پھیلانے والا۔ دہشت پھیلانے والا، اسم کیفیت مث: دہشت گردی۔

دہشت ناک dah-shat-naak: (ف، صف) بھیانک، ڈراؤنا، اسم کیفیت مث: دہشت ناکی۔

دہقان dah-qaan: (ف، صف مذ) دیہات کا یا گاؤں کا باشندہ، کسان، کاشتکار، گنوار، اجڈ، ناشائستہ، جاہل، نمبردار، قاضی۔

دہقانی dah-qaa-ni(i): (ف، صف) گاؤں کا، دیہاتی، اُجڈ، گنوار، اسم کیفیت مث: دہقانیت۔

دہکانا dah-kaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'دہکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

دہکنا dah-hak-na(a): (ار، مص) جلنا، بھڑکنا، آگ کا روشن ہونا، بدن گرم ہونا، سلگنا، روشن ہونا، چمکنا۔

دُہُل du-hul: (ع، مذ) ڈھول، نقارہ۔

دہل da-hal: (ھ، مث) خوف، ڈر، گھبراہٹ، تردد، دلدل، (افعال: پڑنا، جانا)

دہلا dah-la(a): (ار، مذ) تاش کا وہ پتا جس پر دس نشان ہوں۔

دہلانا dah-laa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'دہلنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

دہلنا da-hal-na(a): (ار، مص) رعب کھانا، ڈرنا، خوف کھانا، زمین کا جنبش میں آنا، صدمہ سے شق ہو جانا، کانپنا۔

دہلی deh-li(i): (ار، مث) دہلیز، چوکھٹ، گنوار، ہندوستان کا دارالحکومت۔

دہلیز dah-liiz: (ف، مث) چوکھٹ، ڈیوڑھی، دروازہ۔

دَہُم/دَہَم da-hum/da-ham: (ف، عدد ترتیبی) دسواں، دسویں۔

دہن da-han: (ف، مذ) منہ۔

دہن بستہ da-han-bas-tah: (ف، صف) چھینکا چڑھا ہوا۔

دہن دریدہ da-han-da-rii-dah: (ف، صف) منہ پھٹ، گستاخ، بے شرم۔

دُہن du-han: (ع، مذ) تیل، ہلکی بارش جو زمین کو صرف تر کرے۔

دہنا dah-na(a): (ار، صف) راست، سیدھا ہاتھ، مث: دہنی۔

دہند di-hand: (ف، صف) دیکھیے 'دہندہ' جس کا یہ مخفف ہے۔

دہندہ di-hin-dah: (ف، صف) ادا کرنے والا، دینے والا، عموماً مرکبات میں مستعمل ہے۔ جمع دہندگان۔

دہنیت de-hi-ni-yat: (ع، مث) چکنائی، چکناہٹ، روغن، چربی۔

دہی da-hi(i): (ھ، مذ) جما ہوا دودھ، (افعال: جمانا، جمنا)

دہے da-he: (ار، مذ) محرم کے پہلے دس دن، تعزیے۔

دہیز da-hez: (ار، مذ) دیکھیے 'جہیز' جو صحیح ہے۔

دہینڈی da-hen-Di(i): (ھ، مث) وہ برتن جس میں دودھ جمایا جاتا ہے، مٹی کی بڑی سی ہانڈی۔

د۔ھ

دھا dhaa: (ھ، مذ) ترانہ، سر، لے، ترنگ، آہنگ، ہندی موسیقی کی سرگم کا چھٹا سر جو دھویت کی تخفیف ہے۔

دھابا dhaa-ba(a)/Dhaa-ba(a): (ھ، مذ) مٹی کی پکی چھت، کچا کوٹھا جو اٹاری نے بنایا ہو، رسوئی، باورچی خانہ، باورچی کی دکان (ق) پہلی نظر۔

دھات dhaat: (ھ، مث) وہ معدنی جوہر جس میں پگھلنے کی صلاحیت ہو، جیسے سونا چاندی، مادۂ تولید، منی۔

دھار dhaar: (ار، مث) کسی گرتی ہوئی چیز یا سیال چیز کا تار، تلوار کی باڑھ، دریا کا وسط یا بہاؤ، پیشاب۔

دھاردار dhaar-daar: (ار، ف، صف) تیز، باڑھ دار۔

دھارا dhaa-ra(a): (ار، مذ) چشمہ، سوتا، بہاؤ، منبع، آبشار، پانی بہنے کی جگہ، دریا کے وسط میں پانی کا بہاؤ، پہاڑ کی چوٹی، سلسلہ کوہ۔

دھاڑنا dhaar-na(a): (ھ، مص) اختیار کرنا، رکھنا، کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا، پرورش کرنا، سنبھالنا۔

دھاری dhaa-ri(i): (ہ،مث) لکیر، خط، نالی، چھوٹا، پست، حد، کنارہ، (صف) پکڑنے والا۔

دھاری دار dhaa-ri(i) daar: (ہ،ف،صف) وہ شے جس پر خط پڑے ہوئے ہوں۔

دھاڑ dhaaR: (ہ،مث) ہجوم، انبوہ، مجمع، چوروں کا جتھا، اولاد کی کثرت، جلدی، اشد ضرورت، بے قراری (ق) مشکل، مصیبت۔

دھاڑا dhaa-Ra(a): (ہ،مذ) لوٹ کا مال، غنیمت کا مال، ظلم، زبردستی، مجمع، گروہ، ڈاکا۔

دھاڑی dhaa-Ri(i): (ہ،صف) نامی چور، لٹیرا (ڈاکو)

دھاک dhaak: (ہ،مث) شہرت، شہرہ، غلغلہ، دھوم، ڈر، خوف، رعب داب، دبدبہ، شان وشوکت۔

دھاگا dhaa-ga(a): (ہ،مذ) ڈور، سوت کا دھاگہ، (افعال: باندھنا، پرونا، ڈالنا) فریب، دھوکا۔

دھام dhaam: (ہ،مذ) گھر، جگہ، دھوم کا تابع مہمل

دھامن dhaa-man: (ہ، مث) ایک قسم کا لمبا سانپ جو اکثر گائے بھینسوں کی ٹانگیں جکڑ کر دودھ پی جاتا ہے۔ ایک قسم کا بانس جس سے کمان اور غلیل بناتے ہیں۔ ایک قسم کی عمدہ گھاس، قاصد۔

دھان dhaan: (ار،مث) توپ، بندوق کی آواز۔

دھان dhaan: (ار، مذ) چھلکوں سمیت چاول، چاول کا پودا۔

دھان پان dhaan-paan: (ار،صف) دبلا پتلا، لاغر، نازک۔

دھانڈل dhaaN-dal: (ہ،مث) بے ایمانی، مکر، فریب، حیلہ، حجت، جھگڑا۔

دھانڈ لی / دھاندھلی dhaaNd-li(i): (ہ،مث) صحیح بات کو چھپانا، دیکھیے 'دھاندلی' (افعال: کرنا)

دھانس dhaaNs: (ہ،مث) خشک تمباکو یا مرچ کی تیز بو جس سے کھانسی اُٹھے، ہلکی کھانسی (افعال: چڑھنا، ہونا)

دھانسنا dhaaNs-na(a): (ہ،مص) دھسانا، ٹھونسنا، گھوڑے بیل وغیرہ کا کھانسنا۔

دھانسی dhaaN-si(i): (ہ، مث) گھوڑے وغیرہ کی کھانسی۔

دھانی dhaa-ni(i): (ار،صف) ہلکا سبز رنگ، دھان بونے کے قابل زمین، ایک قسم کا چاول۔

دھاوا dhaa-va(a): (ار، مذ) چڑھائی، بڑا حملہ۔

دھائیں dhaa-aiN: (ار،صوت مث) توپ، بندوق وغیرہ کی آواز۔

دھائیں سے dhaa-aiN-se: (ار، تعلق فعل) دھائیں کی آواز کے ساتھ۔

دھبا dhab-ba(a): (ار، مذ) داغ، نشان، ٹیکا، عیب، بیجا تہمت (افعال: پڑنا، دینا، لگانا، لگنا)

دھب دھب dhab-dhab: (ار،صوت) بھدے اور موٹے آدمی کے پیروں کی آواز۔

دھبڑ دھبڑ dha-baR dha-baR: (ار،صوت مث) دیکھیے 'دھب دھب'۔

دھپ dhap: (ہ،مث) آواز، شور، بھاری جسم کے گرنے کی آواز، دھول، تھپڑ، (افعال: دینا، لگانا، مارنا) نقصان، خسارہ۔

دھپا dhap-p(a): (ہ، مذ) تھپڑ، دھول چانٹا، نقصان، خسارہ، ضرر، دنا، فریب، دوری، بعد، فاصلہ (افعال: لگانا، مارنا)

دھپاڑ dha-paaR: (ہ،مث) دوڑ (مرکبات میں آتا ہے)

دھپنا dhap-na(a): (ہ،مص) دھپ مارنا، بھرنا، بھرا جانا، اکتانا، جھکنا۔

دھت dhat: (ہ،مث) خراب عادت، لت، دھن۔ (افعال: پڑنا، لگنا)

دھت dhat: (ار،صوت،مث) ایک کلمہ جو فیل بان ہاتھی کو چلانے کے لیے کہتے ہیں۔

دُھت dhut: (ار،صوت) نشہ میں چور۔

دھتا dha-ta(a): (ہ، مذ) ٹال مٹول، دھتکار، دور دبک، اخراج۔

دُھتکار dhat-kaar: (ہ،مث) لعنت ملامت (افعال: بتانا)

دُھتکارنا dhat-kaar-na(a): (ہ،مث) لعنت ملامت کرنا، نکالنا۔

دھتورا dha-tuu-ra(a): (ہ، مذ) ایک خاردار زہریلا پودا جس کا بیج نشہ آور ہوتا ہے۔ یہ دواؤں میں کام آتا ہے (ق) فریب، دھوکا۔

دھتیا dhat-ya(a): (ہ،صف) عادی۔

دھتیارا dhat-yaa-ra(a): (ار،صف،ق) دغاباز، فریبی۔

دھی dha-i(i): (ار، مث، ق) علم کو آراستہ کرنے کا کپڑا، پٹکا۔

دھج dhaj: (ار،مث) طرز، روش، انداز، وضع، پوشاک، نشست (افعال: بدلنا، بنانا، نکالنا)

دھجی dhaj-ji(i): (ار،مث) کاغذ یا کپڑے کی لمبی پٹی، کترن جس میں عرض کم ہو۔

دھچکا dhach-ka(a): (ار، مذ) صدمہ، دھکا، جھٹکا، ہچکولا، نقصان، گھاٹا (افعال: دینا، لگنا، اٹھانا)

دھچکانا dhach-kaa-na(a): (ار،مص،ق) ڈرانا، ڈرنا۔

دھر dhar: (ار،فعل) دھرنا مصدر کا صیغہ امر جو دوسرے مصدروں کے ساتھ مل کر ان کے معنوں میں زور پیدا کر دیتا ہے۔ مثلاً دھر گھسیٹنا۔ (ق) طرف، نزدیک۔

دُھر dhhur: (ار، مذ) بعد، مسافت، اختتام، سیدھا راستہ جو منزل تک پہنچا دے۔

دُھر سے dhur-se: (ار، متعلق فعل) ابتدا سے، شروع سے۔

دُھرا dhu-ra(a): (ار، صف) محور، زمین کا وہ فرضی خط جو زمین کے مرکز سے گزر کر قطبین تک پہنچتا ہے اور زمین اس کے گرد حرکت کرتی ہے۔ وہ سلاخ جس پر پہیا چلتا ہے۔ تصغیر مث: دھری۔

دھرانا dha-raa-na(a): (ار، مص) کسی کے پاس کچھ امانت رکھنا، کسی کا مقروض ہونا۔

دھرانا dhu-raa-na(a): (ار، مص) دھمکی دینا، ڈرانا۔

دُھرپت / دھرپد dhur-pat/dhur-pad: (ہ،مث) کلاسیکی موسیقی کا ایک قدیم انداز یا رنگ۔

دھرتی dhar-ti(i): (ہ، مث) زمین، مٹی، اراضی، دنیا، جہاں۔

دھرم dha-ram: (س، مذ) ایمان، عقیدہ، انصاف، پکا قانون، رسم و رواج، فرض، مذہب، ملت، حق، عدل، نیکی، نیک کام، خاصیت، خصوصیت، نشان، ایک خاص رسم، بھینٹ۔

دھرم شالا dha-ram-shaa-la(a): (ہ، مذ) مفت کا مسافر خانہ، خیراتی سرائے۔

دھرنا dhar-na(a): (ہ،مص) رکھنا، جمانا، ٹکانا، قائم کرنا، سپرد کرنا، امانت رکھنا، رہن کرنا، ضمانت میں رکھنا، قبضہ کرنا، گرفتار کرنا، حاصل کرنا، غور سے سننا، غور کرنا، کسی کام میں دل لگانا، بہتان لگانا، نام رکھنا (مذ) کسی جگہ زبردستی بیٹھ جانا۔

دھرن ہار dha-ran-haar: (ہ، صف، ق) دھرنے والا۔

دھرْوانا dhar-vaa-na(a): (ہ، مص) رکھوانا، پکڑوانا۔

دھڑ dhaR: (ہ، مذ) بدن، جسم، بدن کا بلا سر کا حصہ، طرف، جانب، ایک قسم کا ڈھول، پہلو، چہرہ، جماعت، فریق۔ (مث) گرنے کی آواز، تھپیڑ وغیرہ کی آواز (صف) مضبوط۔

دھڑ دھڑ dhaR-dhaR: (ہ، مذ) سخت شور یا کھڑ کھڑ کی آواز، دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز، آگ جلنے کی آواز۔

دھڑا dha-Ra(a): (ہ، مذ) وزن، بوجھ، پانچ کا وزن، پاسنگ، برابر کرنے کا وزن، جماعت، فریق۔

دھڑا دھڑ dha-Raa-dhaR: (ار، صف) کسی چیز کے برابر گرنے کی آواز، ماتم کی آواز، پے در پے آواز۔

دھڑاکا dha-Raa-ka(a): (ہ، مذ) زور کی آواز، دھماکا، حملے کا زور، لڑائی کا شور۔

دھڑام dha-Raam: (ہ، مث) بھاری چیز کا پانی میں یا زمین پر گرنا اور اس کی آواز۔

دھڑ دھڑانا dhaR-dha-Raa-na(a): (ہ، مص) دروازہ کھٹکھٹانا، ڈھول بجانا، کسی چیز پر کوئی چیز مارنا، پھڑکنا، دھڑکنا، پھڑ پھڑانا۔

دھڑکا dhaR-ka(a): (ہ، مذ) خوف، ڈر، دل کی دھڑکن، زور کی آواز، دھماکا، گرج، کڑک، دھکا۔

دھڑکن dhaR-kan: (ہ، مث) ہول، اختلاج، بے چینی، بیقراری، خوف۔

دھڑکنا dha-Rak-na(a): (ار، مص) خوف کھانا، ڈرنا، دہلنا، بے قرار ہونا، بے چین ہونا، جلنا، سخت گرم ہونا، غصے یا جوش میں ہونا۔

دھڑلا dha-Ral-la(a): (ار، مذ) شان و شوکت، رعب داب، انبوہ، ہجوم۔

دھڑلے سے / کا dha-Ral-le-se: (ار، متعلق فعل) زور سے، اعلانیہ، بے باکانہ۔

دھڑی dha-Ri(i): (ہ، مث) ایک وزن جو عموماً پانچ سیر کا ہوتا ہے۔ لکیر، مسی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔ کپڑے کا کنارہ۔

دھس dhas: (ہ، مذ) دریا کے کنارے یا پہاڑ کی ڈھلوان، کوئی ڈھلوان جگہ، قلعہ، پشتہ، ریت کا اونچا میدان۔

دھسانا dha-saa-na(a): (ہ، مص) بھرنا، ٹھونسنا، گھسیڑنا، دلدل میں پھنسانا۔

دھساؤ dha-saa-au: (ہ، مذ) دلدل، نشیبی زمین۔

دھسک dha-sak: (ہ، مث) خفیف کھانسی، دھسانا، بیٹھ جانا۔

دھسکنا dha-sak-na(a): (ار، مص) بیٹھ جانا، دھس جانا، گر جانا، اپنی جگہ سے ہٹ جانا، کھانسنا، داخل ہونا، گھسنا۔

دھسنا dhas-na(a): (ار، مص) گھسنا، گھس جانا، دلدل میں پھنسنا۔

دھکا dhak-ka(a): (ہ، مذ) صدمہ، ریلا، آفت، بلا، حادثہ، ٹکر، ضرر، ٹوٹا، ہچکولا (افعال: لگنا)

دھکا پیل / پیلی dha-kaa-pel/ pe-li(i): (ار، مذ، مث) ہجوم میں بہت دھکے لگنا (افعال: کرنا، ہونا)

دھک دھک dhak-dhak: (ہ، مث) دل کی دھڑکن، گھبراہٹ، بے چینی۔

دُھک دُھکی dhuk-dhu-ki(i): (ہ، مث) گلے کے نیچے کا گڑھا، گلے کا زیور۔

دھکڑ پکڑ dha-kaR-pa-kaR: (ہ، مث) زور زبردستی پکڑنے کی مہم۔

دھکم دھکا dhak-kam dhak-ka(a): (ھ، مذ) دھکے پہ دھکا، ریلا پیلی، دھکا پیل، دھکے دینا۔

دھکیانا dhak-yaa-na(a): (ار، مص) دھکا دینا، ریلنا، ٹھیلنا، پیچھے کو دھکیلنا۔

دھکیل dha-kel: (ار، مذ) دھکا، صدمہ۔

دُھلانا dhu-laa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'دھونا' جس کا یہ متعدی ہے۔

دُھلائی dhu-laa-i(i): (ار، مث) کپڑے یا دوسری شے کے دھونے کی اُجرت، معاوضہ۔

دھل دھل dhal-dhal: (ار، صف) زور سے بہنے والا۔

دُھلنا dhul-na(a): (ار، مص) دھویا جانا، پانی سے کپڑے یا کسی شے کا صاف ہو جانا۔

دُھلوانا dhul-vaa-na(a): (ار، مص) صاف کروانا، دھونا کا متعدی۔

دُھلوائی dhul-vaa-i(i): (ار، معاوضہ مث) دیکھیے 'دھلائی'

دھم dham: (ار، صوت مث) آواز، شور، زور کی آواز، ڈھول کی آواز، گرنے یا کودنے کی آواز۔

دھم دھم dham-dham: (ار، صوت مث) زور سے زمین پر پاؤں مارنے کی آواز، ڈھول کی آواز۔

دھم دھماہٹ dham-dha-maa-haT: (ار، صوت مث) سر کے اوپر کوئی آواز۔

دھم سے dham-se: (ار، متعلق فعل) زور کی آواز سے، شور کرتے ہوئے، یکا یک، فوراً۔

دھما چوکڑی dha-maa-chok-Ri(i): (ار، مث) شور وغل، اچھل کود، ہنگامہ۔

دھمادھم dha-maa-dham: (ار، مث صوت) متواتر زور کی آواز۔

دھماکا dha-maa-ka(a): (ار، مذ) گرنے یا کودنے کی آواز۔ توپ پٹاخے یا بم کی آواز۔ دیوار گرنے کی آواز، زور کا تمانچہ، ایک قسم کی توپ جو ہاتھی پر لادی جاتی تھی۔

دھمال dha-maal: (ار، مث) اچھل، کود، شور وغل، دھما چوکڑی، ایک قسم کی ڈھول کی تال، دھلینڈی کے دن کا راگ، قلندروں اور فقیروں کا ایک رقص (افعال: کرنا/ کھیلنا)

دھمک dha-mak: (ار، مث، صوت) آہٹ، پاؤں کی آواز، صدمہ جو سخت آواز سے دماغ کو پہنچے، ہلکا درد سر، ٹیس، دھڑکن۔

دھمکانا dham-kaa-na(a): (ار، مص) ڈرانا، خوف دلانا، ڈانٹنا، سرزنش کرنا، تہدید کرنا۔

دھمکنا dha-mak-na(a): (ار، مص) صدمہ پہنچنا، وارد ہونا، کوئی چیز کوٹنا، یکا یک کہیں پہنچ جانا۔

دھمکی dham-ki(i): (ار، مث) خوف، ڈر، گھڑکی۔

دھن dhan: (س، مذ) دولت، مال، جائداد، برج، قوس، نصیب، بخت۔

دھن وان dhan-waan: (ھ، صف) دولت مند، امیر، دھنونت۔

دُھن dhun: (ھ، مث) راگ کی آواز، لے، طرز، دھیان، خیال، شوق، سرگرمی، اشتیاق، عادت، لت، خواہش، گھبراہٹ، تیز درد۔

دُھن کا پکا dhun-kaa-pak-ka(a): (ار، صف) ارادہ کا پکا، وہ شخص جو کسی خیال یا بات کے پیچھے لگ جائے۔

دھنا سیٹھ dhan-naa seTh: (ھ، صف) بہت دولت والا، امیر، کنایۃً مفسد، شریر، سرکش۔

دُھنا dhu-na(a): (ار، مذ) روئی دھننے والا نیز دیکھیے 'دھنیا'

دُھندُ dhund: (ار، مذ) تاریکی، دھندلا پن، کہر، ایک مرض جس سے آنکھوں کی روشنی میں کمی آجاتی ہے۔

دُھندُ کار dhund-kaar: (ار، مذ) اندھیرا۔

دھندا dhan-da(a): (ار، مذ) کام، کاروبار، مصروفیت، پیشہ، ہنر۔

دھندھار dhan-dhaar: (ار، صف، ق) تنہا، نرالا، عجیب۔

دُھندُلا dhund-la(a): (ار، صف) تاریک، اندھیرا، بے نور، غیر شفاف، گدلا مث: دھندلی، اسم کیفیت مث: دھندلاہٹ/ مذ دھندلاپن۔

دُھندُلانا dhund-laa-na(a): (ار، مص) دھندلا ہونا، صاف نظر نہ آنا۔

دھنسنا dhans-na(a): (ار، مص) گھسنا، گھس جانا، دلدل میں پھنسنا۔

دھنک dha-nak: (ار، مث) لیس، گوٹا، کمان، قوس، قوسِ قزح۔ ایک قسم کی داڑھی، کشیدے کا کام

دھنکنا dhank-na(a): (ار، مص) روئی صاف کرنا، خوب مارنا پیٹنا، مہیب آواز نکالنا۔

دُھنکوانا dhu-nak-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'دھنکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

دُھنکی dhun-ki(i): (ار، مث) روئی دھنکنے کی اُجرت۔

دُھنکی dhun-ki(i): (ار، مث) روئی دھنکنے کی کمان۔

دُھننا dhun-na(a): (ار، مص) روئی دھنکنا، مارنا پیٹنا، ذلیل کرنا، سوچنا، کوشش کرنا۔

دھنی dha-ni(i): (ار، صف) خوش قسمت، صاحب نصیب، مالدار، دولت مند، آقا، مالک۔

دھنیا dhan-ya(a): (ار، مذ) ایک خوشبودار پودا جس کے پتے اور بیج سالن میں ڈالتے ہیں۔ کشنیز، کوتھمیر۔

دُھنیا dhun-ya(a): (ار، مذ) روئی دھنکنے والا، مث: دُھنی۔

دھواں dhuu-aaN: (ار، مذ) وہ کالے رنگ کے بخارات جو کسی چیز کو جلاتے وقت اٹھتے ہیں۔ دود، دُخان (صف) سیاہ۔

دھواں دھار dhuu-aaN dhaar: (ار، صف) پرجوش، نہایت سیاہ، تیرہ و تار، دھوئیں سے بھرا ہوا، دھوئیں کا بادل، نہایت غلیظ بادل۔

دھوب dhob: (ار، مذ) دھلائی، دھونا۔

دھوبی dho-bi(i): (ار، مذ) کپڑے دھونے والا، مث: دھوبن۔

دھوبی پاٹ dho-bii-paT: (ار، مذ) وہ سِل یا لکڑی کا تختہ جس پر دھوبی کپڑے دھوتے ہیں۔ کشتی کا ایک پیچ یا داؤں۔

دھوپ dhuup: (ار، مث) سورج کی روشنی (افعال: آنا، پڑنا، پہنچنا، پھیلنا) ایک قسم کی خوشبو جو ہندو پوجا کے وقت جلاتے ہیں۔ (واوٴ مجہول سے) ایک قسم کی تلوار جو سیدھی ہوتی ہے۔

دھوپ چھاؤں dhuup-chaa-auN: (ار، مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا، روشنی اور سایہ۔

دھوتی dho-ti(i): (ار، مث) تہہ بند، لنگی۔

دھوتی بند dho-ti(i) band: (ار، ف، صف) دھوتی باندھنے والا، ہندو بنیا، بقال۔

دھوک dhok: (ھ، مث) کلابتوں بٹنے کی سلائی۔

دھوکا dho-ka(a): (ار، مذ) دغا، فریب، جل، مکر، غلطی، غلط فہمی، شبہہ، ہچکچاہٹ، پرندوں کو ڈرانے کا پتلا۔

دھوکا دھڑی dho-kaa-dha-Ri(i): (ار، مث) دغا، فریب، چھل۔

دھوکا دہی dho-kaa-da-hi(i): (ار، مث) فریب دینا۔

دھوکے باز dho-ke-baaz: (ار، صف) دغاباز، فریبی، مکار، اسم کیفیت مث: دھوکے بازی۔
دھوکے کی ٹٹی dho-ke-ki-TaT-Ti(i): (ار، مث) فریب میں لانے والی یا مغالطہ دینے والی شے، وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکار کھیلتے ہیں۔نازک چیز، بودی چیز
دھول dhaul: (ار، مث، مذ) جوار کا ہرا پٹھا جسے چوستے ہیں، ایک قسم کا گنا، دھپ، تھپڑ، چانٹا، (افعال: پڑنا، جڑنا، مارنا، لگانا، لگنا)
دھول دھپا dhaul-dhap-pa(a): (ار، مذ) ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا، چھیڑ چھاڑ۔
دھول dhuul: (ار، مث) گرد، غبار، خاک، مٹی، راکھ۔
دھولا dho-la(a): (ار، صف) روشن، چمکدار، کوئی سفید چیز، مث: دھولی، اسم کیفیت مث: دھولا پن۔
دھولیا dhol-ya(a): (ار، صف) سفید پوش، سفید بالوں والا۔
دھولیا dhuul-ya(a): (ار، صف) خاک کا بنا ہوا، مٹی کی بنی ہوئی کوئی شے۔
دھوم dhuum: (ار، مث) شور وغل، ہنگامہ، شہرت، غلغلہ، شان وشوکت، (افعال: اٹھانا، اُٹھنا، اڑانا، اُڑنا پڑنا، ڈالنا مچانا، کرنا، ہونا) ایک قسم کا چکن کا کام۔
دھوم دھام dhuum-dhaam: (ار، مث) شان، وشوکت، بھیڑ بھاڑ، زور شور، ریل پیل، غلغلہ، دھاک، شہرہ۔
دھوم دھامی dhuum-dhaa-mi(i): (ار، صف) دھوم والا، دھوم دھام سے۔
دھوم دھڑکا dhuum-dha-Rak-ka(a): (ار، مث) شان وشوکت، بھیڑ بھاڑ، زور شور، ریل پیل، غلغلہ، دھاک، شہرہ۔
دھوں دھوں dhuuN-dhuuN: (ار، صوت مث) توپ یا بندوق کی متواتر آواز۔
دھونا dhau-na(a): (ار، مص) پانی سے صاف کرنا، پاک کرنا، دور کرنا، زائل کرنا۔
دھونس dhauNs: (ار، مث) دھمکی، ڈراوٴ، دم، جھانسا، فریب، دھوکا (افعال: دینا، میں آنا)
دھونکنا dhauNk-na(a): (ار، مص) ہوا دے کر آگ کو تیز کرنا، دھونکنی سے پھونک مارنا۔
دھونکنی dhauNk-ni(i): (ار، مث) آگ پھونکنے کا چمڑے کی مشک کی شکل کا آلہ۔
دھونی dhuu-ni(i): (ار، مث) خوشبو جلانا، دھواں اٹھنے کے لیے کوئی چیز آگ میں ڈالنا، سادھوؤں کا الاؤ کرنا۔
دھووَن dhau-van: (ار، مذ) وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو۔
دھویا dho-ya(a): (ار، صف) دھویا ہوا، صاف، پاک۔
دھویا دھایا dho-yaa dhaa-ya(a): (ار، صف) صاف ستھرا، بے حیا، بے غیرت۔
دھی dhii: (ہ، مث) بیٹی، دختر، سمجھ، عقل۔
دھیان dhi-yaan: (ار، مذ) خیال، تصور، توجہ، مراقبہ، سوچ، فکر۔
دھیرج dhii-raj: (ہ، مث) صبر، تحمل، نرم مزاجی۔
دھیرے دھیرے dhii-re-dhii-re: (ار، متعلق، فعل) آہستہ آہستہ۔
دھیلی dhe-lii: (ار، مث) آدھا روپیہ، اٹھنی۔
دھیما dhii-ma(a): (ار، صف) سُست، کاہل، نرم، آہستہ، مدھم، ہلکا، مندا، اسم کیفیت مذ، دھیما پن، مث: دھیمی۔
دھینگا مشتی dhaiN-gaa-mish-ti(i):

(ار، مث) گھونسے مکے کی لڑائی، ہاتھا پائی، دست درازی۔

دھیُوت dha-yuut:(ہ، مذ) ہندی موسیقی کی سرگم کا چھٹا سُر، دھا۔

د۔ی

دی di(i):(ف، مذ) دیروز کا مخفف، گزرا ہوا کل۔

دَے dai: (ف، مذ) دسواں شمسی مہینہ (دسمبر) جب آفتاب برج جدی میں ہوتا ہے۔

دے de:(ار، فعل) دینا سے امر کا صیغہ، جو دوسرے مصدروں کے ساتھ آ کر اس میں زور پیدا کر دیتا ہے۔

دے مارنا de-maar-na(a):(ار، محاورہ) زمین پر پٹکنا۔

دِیا di-ya(a):(ار، مذ) چراغ، صف، عطا کیا ہوا، بخشا ہوا۔

دِیا سلائی di-yaa-sa-laa-i(i):(ار، مث) چھوٹی سی لکڑی کی تیلی جس کے ایک سرے پر آتش گیر مادہ لگا ہوتا ہے جو گھسنے سے جل اٹھتا ہے۔ انگریزی لفظ Match-stick کا ترجمہ۔

دَیا da-ya(a):(ہ، مث) بخشش، مہربانی، رحم، ہمدردی، ترس، محبت، شفقت، مہربانی، عنایت، لطف۔

دیَّا day-ya(a):(ہ، مذ) دیکھیے دائی جس کی یہ تصغیر ہے۔

دَیار da-yaar:(ع، مذ) دار بمعنی گھر کی جمع، ملک، شہر (اردو میں واحد مستعمل ہے)

دیالو da-yaa-lu(u):(ہ، صف) رحم دل، رحیم، ہمدرد، مہربان، شفیق، فیاض، سخی۔

دِیانت di-yaa-nat:(ع، مث) ایمان داری، راست بازی، راستی، سچائی۔

دِیانتدار di-yaa-nat-daar : (عف، صف) ایماندار، اسم کیفیت مث: دیانتداری۔

دیبا dii-ba(a):(ف، مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا، اطلس۔

دیباج dii-baaj:(ع، مذ) دیبا کا معرّب، ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

دیباچہ / دیباچہ dii-baa-cha(h): (ف، مذ) تمہید، مقدمہ (افعال: لکھنا، لکھوانا)

دیپ diip:(ہ، مذ) دیا، لیمپ، لالٹین، چراغ۔

دیپ مالا diip-maa-la(a):(ہ، مث) چراغوں کی قطار، چراغاں۔

دیپک dii-pak: (ہ، مث) چراغ وغیرہ، پوربی ٹھاٹھ کا ایک راگ جو رات کو گایا جاتا ہے اور جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے گانے سے چراغ روشن ہو جاتے ہیں اور آگ لگ جاتی ہے۔ ایک قسم کی آتش بازی۔

دَیجور dai-jor: (ف، صف) تاریک، اندھیرا، وہ رات جس میں چاند قطعاً نظر نہیں آتا۔ وہ رات جب سورج اور چاند مقابل آ جائیں، سیاہ چیز، سیاہی، تاریکی۔

دیجیے / دیجے dii-ji-ye:(ار، فعل) دینا مصدر سے صیغہ امر جو بطور تعظیم استعمال ہوتا ہے۔

دید diid:(ف، مث) نظارہ، نگاہ، نظر، ملاقات، لحاظ۔

دید باز diid-baaz:(ف، صف) دیکھنے والا، نظر کرنے والا، اسم کیفیت مث: دید بازی۔

دیدبان diid-baan:(ف، مذ) وہ سوراخ جس میں سے نشانہ تاکتے ہیں۔ پہرے دار، چوکیدار، محافظ، سنتری، وہ جو حفاظت رکھے، اسم کیفیت مث: دیدبانی۔

دید و شنید diid-o-sha-niid:(ف، صف) واقفیت، شناسائی۔

دید (و) باز دید diid (o) baaz:(ف مث) ملاقات، ایک دوسرے کا ایک دوسرے کی ملاقات کو جانا۔

دیدار dii-daar: (ف، مذ) بینائی، چہرہ، منہ، جلوہ، نظارہ، (افعال: کرنا، ہونا)

دیدار بازی dii-daar-baa-zi(i): (ف، مث) نظارہ بازی، تاک جھانک (افعال: کرنا، ہونا، پانا)

دیدارُو dii-daa-ru(u): (ف، صف) قابل دید، خوبصورت، حسین، شکیل۔

دیدان dii-daan: (ع، مذ) کیڑے، کرم۔

دیدنی diid-ni(i): (ف، صف) قابل دید، نظارہ کے قابل، تماشا۔

دیدہ dii-da(h): (ار، مذ) آنکھ کا ڈھیلا، آنکھ، نظارہ، مشاہدہ، شوخ آنکھ، گستاخ آنکھ، گستاخی، شوخی، حوصلہ، جرأت، دلیری، مرکبات کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے شوخ دیدہ۔

دیدہ باز dii-dah baaz: (ف، صف) نظرباز، اسم کیفیت مث: دیدہ بازی۔

دیدہ پھٹی dii-dah fa-ti: (ار، مث) بڑی بڑی باہر کو نکلی ہوئی آنکھوں والی عورت۔

دیدہ جوہر dii-dah-jo-har: (ف، مذ) وہ گول نشان جو جوہر شمشیر پر نظر آتا ہے۔

دیدہ درائی dii-dah-da-raa-i(i): (ف، مث) دلیری، جرأت، بیباکی، شوخ چشمی۔

دیدہ دلیر dii-dah-di-ler: (ف، صف) شوخ، بیباک، نڈر، بےلحاظ، بےغیرت، گستاخ، اسم کیفیت مث: دیدہ دلیری

دیدہ دھوئی dii-da(h)-dhuu-yi(i): (ار، صف، مث) دیکھئے 'دیدہ دلیر'

دیدہ ریزی dii-da(h)-re-zi(i): (ف، مث) باریک کام جس کے کرنے میں آنکھوں پر زور پڑتا ہے، کسی کام میں بہت زیادہ غور کرنا، (افعال: کرنا، ہونا)

دیدہ و دانستہ dii-dah-o-daa-nis-tah: (ف، متعلق فعل) جان بوجھ کر، قصداً، عمداً۔

دیدہ وَر dii-da(h)-var: (ف، صف) صاحب نظر، تیز نظر، اسم کیفیت مث: دیدہ وری۔

دیدے کی صفائی dii-de-kii-sa-faa-i(i): (ار، مث) بےباکی، شوخی، بےحیائی، بےغیرتی، بےشرمی، بےلحاظی۔

دیر der: (ف، مث) وقفہ، عرصہ، مدت، توقف، ڈھیل۔

دیر آشنا der-aash-na(a): (ف، صف) وہ شخص جو بعد مدت بےتکلف ہو، اسم کیفیت مث: دیر آشنائی

دیرپا der-pa(a): (ف، صف) مضبوط، پائیدار، اسم کیفیت مث: دیرپائی۔

دیرپیوند der-pai-vand/der-pe-vand: (ف، صف) دیکھئے 'دیر آشنا' اسم کیفیت مث: دیرپیوند

دیر خواب der-Kwaab: (ف، صف) دیر تک سونے والا، اسم کیفیت مث: دیرخوابی۔

دیر سویر der-sa-ver: (ار، مث) وقفہ، دیر۔

دیرگاہ der-gaa(h): (ار، مث) ہمیشہ، ہیشگی، مدت تک۔

دیری de-ri(i): (ار، مث) (عو) تاخیر، توقف، دیر کا بگاڑ۔

دیرینہ de-rii-na(h) dai-rii-na(h): (ف، صف) پرانا، قدیم، کہنہ، بزرگ، بوڑھا، تجربہ کار۔

دیس des: (ار، مذ) وطن، ملک، ولایت، علاقہ، ایک راگ کا نام جو کھماج ٹھاٹ کا راگ ہے جس کا وقت نصف شب کے بعد ہوتا ہے۔

دیس نکالا des-ni-kaa-la(a): (ار، مذ) وطن سے نکالا جانا، جلاوطنی، ملک سے باہر نکالنا (افعال: دینا)

دیسا de-sa(a): (ار، مذ) مسلمانوں میں مردے کی

پہلے سال کی برسی کی فاتحہ کے بعد ہر سال/سالانہ فاتحہ۔

دیسی de-si(i): (ھ، صف) ملک کا، شہر کا، وہ جو دیس میں پیدا ہو بدیسی کا ضد، مذ، کسی ملک کا باشندہ۔

دیغ deG: (ف، مث) دیگ، بڑا ظرف۔

دیکھ daikh: (ار، صف، ق) فریاد رس۔

دیکھ dekh: (ار، فعل) دیکھنا مصدر سے صیغۂ امر جو تاکید کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

دیکھ بھال dekh-bhaal: (ار، مذ) کسی چیز کو غور سے دیکھنا، تلاش، جستجو، تیمارداری، نگرانی۔ (افعال: کرنا، ہونا)

دیکھ کر dekh-kar: (ار، متعلق فعل) زیارت کر کے، سمجھ سوچ کر، ہوشیاری سے۔

دیکھا بھالا de-khaa-bhaa-la(a): (ار، صف) آزمودہ، تجربہ کیا ہوا مث: دیکھی بھالی۔

دیکھا دیکھی de-khaa-de-khi(i): (ار، متعلق فعل) ریس کر کے، دیکھ کر، (مث) ایک دوسرے کی طرف دیکھنا، ایک دوسرے کے سامنے ہونا، نقل، ریس، برابری، ہمسری۔

دیکھا نہ بھالا de-khaa-na bhaa-la(a): (ار، صف) جان نہ پہچان، دیدہ نہ شنیدہ مث: دیکھی نہ بھالی۔

دیکھا نہ سُنا :de-kha(a) na-su-na(a) (ار، صف) آنکھوں دیکھا نہ کانوں سنا جس کی نسبت کچھ پتہ نہ ہو، لاثانی، بے نظیر، عجیب، انوکھا۔

دیکھتے جاؤ dekh-te-jaa-o/au: (ار، کلمہ، تنبیہ) خیال رکھو، آگاہ رہو۔ دیکھ کر جاؤ، دیکھو۔

دیکھتے دیکھتے :dekh-te-dekh-te (ار، متعلق فعل) فوراً، بہت جلد، لگاتار دیکھنے کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے موجودگی میں۔

دیکھتے ہی dekh-te-hi(i): (ار، متعلق فعل) نظر ڈالتے ہی، فوراً۔

دیکھنا dekh-na(a): (ار، مص) نگاہ کرنا، غور کرنا، سوچنا سمجھنا، ڈھونڈنا، آزمانا، لحاظ کرنا، معائنہ کرنا۔

دیکھنے کا dekh-ne-ka(a): (ار، صف) نمائشی، بیکار مث: دیکھنے کی۔

دیکھنے کو dekh-ne-ko: (ار، متعلق فعل) برائے نام۔

دیکھنے والا dekh-ne-vaa-la(a): (ار، صف) صحبت یافتہ، فیض یافتہ، معتقد، مرید۔

دیکھیے de-khi-ye: (ار، متعلق فعل) شاید، ممکن، خدا جانے، خدا معلوم۔

دیکھیں de-khaiN: (ار، متعلق فعل) آزمائیں، تجربہ کریں، خدا جانے، خدا معلوم۔

دیگ deg: (ف، صف) کھانا پکانے کا بڑا تانبے کا برتن۔

دیگ گیر deg-giir: (ار، مذ) ایک کپڑا جس سے دیگ اُٹھاتے ہیں۔

دیگچہ deg-cha(h): (ف، مذ) دیگ کی تصغیر، چھوٹی دیگ۔

دیگچی deg-chi(i): (ار، مث) پتیلی، دھات کی بنی ہوئی ہنڈیا۔

دیگدان deg-daan: (ف، مذ) چولھا۔

دیگر dii-gar: (ف، عدد ترتیبی) دوسرا، دوسری، گلا، باقی علاوہ، غیر۔

دیمک dii-mak: (ف، مث) ایک قسم کی سفید چیونٹی جو لکڑی کتاب وغیرہ کو چاٹ کر خاک کر دیتی ہے۔

دیَن dain: (ع، مذ) قرض، اُدھار، (ف) دام۔

دین den: (یائے مجہول سے) (ھ، مث) بخشش، داد و تحسین، عنایت، مہربانی۔

دین diin: (ع، مذ) مذہب، دھرم، نظام حیات، عقیدہ، ایمان، عاقبت، آخرت، مشرب، مسلک، صف نسبتی: دینی۔

دین پناہ diin pa-naa(h): (عف، صف) وہ جو دین کا حامی یا مددگار ہو، مسلمان بادشاہوں کا لقب، اسم کیفیت مث: دین پناہی۔

دین دار diin-daar: (عف، صف) پابند مذہب، پابند شرع، اسم کیفیت مث: دین داری۔

دین دُنیا diin-dun-ya(a): (عف، مث) دونوں جہاں، دنیا اور عاقبت۔

دینا dai-na(a) de-na(a): (ار، مص) بخشنا، عطا کرنا، مرحمت کرنا، حوالہ کرنا، جدا کرنا، بیچنا، فروخت کرنا، پیش کرنا، ہدیہ دینا، نذر کرنا، جننا، بچے نکالنا، ادا کرنا، مارنا، لگانا، بند کرنا، بھرنا، ڈنڈ بھگتنا، سہارا، مقرر کرنا، سرمہ لگانا۔

دینا دلانا de-na(a) di-laa-na(a): (ار، محاورہ) دادودہش کرنا۔

دینار dii-naar: (ع، مذ) ایک سونے کا سکہ جو عرب ممالک میں رائج ہے۔ جو 2½ روپے کے برابر ہوتا ہے۔ سونے کا ایک وزن جو 1½ اور ہم کے برابر ہوتا ہے۔ ایک دوا کا نام۔

دینی بھائی dii-nii bhaai(i): (ار، مذ) ہم مذہب ہونے کی وجہ سے بھائی، ہم مذہب شخص مث: دینی بہن۔

دینیات dii-ni-yaat: (ار، مث)، وہ کتابیں یا رسائل جن کا مذہب سے تعلق ہو، دینی امور۔ دین کا علم۔

دیو de-o: (ف، مذ) سرکش، بدکردار، انسان یا حیوان، جن، بھوت، پریت، شیطان، پریوں کا نر، قوی ہیکل آدمی، موٹا تازہ شخص، ننگا دھڑنگا، گھوڑا، مث: دیونی۔

دیو بند de-o-band: (ف، مذ) کشتی کا ایک پیچ، دیوؤں کو قابو کرنے والا شخص، جادوگر، وہ جگہ جہاں دیو رہتے ہوں، مہینے کا سولھواں دن، ایک شہر کا نام، ایک دوا۔

دیو جامہ de-o-jaa-ma(h): (ف، مذ) پوستین جس میں بال باہر کی طرف رہیں۔ شیر کی کھال جو سپاہی پہنتے ہیں۔

دیو دار dev-daar: (ف، مذ) چیڑ کی قسم کا ایک درخت جس کی شاخیں زمین کے متوازی پھیلتی ہیں۔ اس کی لکڑی تعمیری کام میں کام آتی ہے اور بہت پائیدار ہوتی ہے۔

دیو زاد de-o-zaad: (ف، مذ) دیو کا بچہ، قوی ہیکل آدمی، تیز رفتار گھوڑا۔

دیو من de-o-man: (ھ، مث) ایک بھونری کا کام جو گھوڑے کے اگلے پاؤں میں ہوتی ہے اور بہت مبارک سمجھی جاتی ہے۔ یہ دوسری بھونریوں کی نحوست کو دفع کرتی ہے۔

دیوٗ dev: (س، مذ) مقدس، دیوتا، برہمنوں کا لقب، قابل پرستش۔

دیو بانی dev-baa-ni(i): (ھ، مث) دیوتاؤں کی زبان، مقدس زبان سنسکرت۔

دیوار dii-vaar: (ار، مث) مٹی پتھر یا اینٹ سے بنائی ہوئی آڑ، اوٹ یا پردہ، کنایۃً انگیا کے پان۔

دیوار بیچ dii-vaar biich: (ار، صف) پاس کا مکان جس میں دیوار حائل ہو۔

دیوارِ چین dii-vaa-re-chiin: (ف، مث) ایک مشہور دیوار جو منگولیا اور چین کی سرحد پر واقع ہے، جسے مغلوں کے حملوں سے بچنے کے لیے شہنشاہ چین نے بنایا تھا۔ یہ سمندر کے قریب سے شروع ہو کر ۱۵۰۰ میل تک وادیوں اور پہاڑیوں پر سے ہوتی ہوئی غرب کی طرف چلی گئی ہے۔ بیس فٹ اونچی اور چوٹی پر سے 10 سے 25 فٹ تک چوڑی ہے اور سو فٹ پر برج بنا ہوا ہے۔

دیوارِ قہقہہ dii-vaa-re-qah-qa-hah: (ار، مث) ایک اساطیری دیوار جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے اندر سے ہنسنے کی آواز آتی ہے جو شخص دریافت کرنے کی غرض سے اوپر چڑھتا ہے وہ ہنستے ہنستے اندر گر جاتا ہے۔

دیوار گیر dii-vaar-giir: (ار، مث) دیوار میں لگانے کا لیمپ، وہ کپڑا جو دیواروں پر خوشنمائی کے لیے لگاتے ہیں۔

دیوانی di-vaa-ni(i): (ف، مث) وزارت، دیوان کا منصب، قرضہ، جائداد وغیرہ کے مقدمے سننے والی عدالت، فوجداری کی ضد، عدالت خفیفہ۔

دیوتا dev-taa: (ہ، مذ) فرشتہ، اوتار، بزرگ، مقدس (صف) بھولا بھالا، سادہ لوح، طنز آمکار، شریر، ناگ، سانپ۔

دیوث da-yuus: (ع، صف) وہ شخص جس کی بیوی زانیہ اور بدکار ہو اور وہ اس کی بدکاری سے دیدہ دانستہ چشم پوشی کرے۔ جورو کا بھڑوا، بے حیا، بے غیرت۔

دیور de-var: (ار، مذ) خاوند کا چھوٹا بھائی مث: دیورانی۔

دیول de-val: (ہ، مذ) چھوٹا مندر، کسی بت کا مندر۔

دیولا de-o-laa: (ہ، مذ) چھوٹا چراغ۔

دیوی de-vi(i): (ہ، مث) دیوتا کی تانیث، کنیا، کنواری معصوم لڑکی۔

دیہہ deh: (ف، مذ) گاؤں، قریہ، چھوٹی آبادی، صف نسبتی: دیہی، جمع: دیہات (خلاف قاعدہ صحیح ہے)

دیہانت de-haaNt: (ہ، مذ) موت، مرگ۔

ڈ

ڈ D: (ار، مث) اُردو میں اسے ڈال کہتے ہیں۔ اُردو حروفِ تہجی کی ترتیب میں یہ بارھواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ پیچھے کی طرف مڑ کر اوپری سوڑے کے پچھلے حصے سے جا کر ملتا ہے۔ نتیجتاً منہ سے نکلنے والی ہوا لمحہ بھر کو رک کر خارج ہوتی ہے۔ اس کی ادائیگی کے وقت غشائی پردوں کے سکڑ کر ارتعاش پیدا کرنے سے اندر ایک گونج سی سنائی دیتی ہے۔ صوتیات کی اصطلاح میں اس آواز کو مسموع، کوزی، بندشی مصمتہ یا حرفِ صحیح کہتے ہیں۔

ڈ۔ا

ڈاب Daab: (ھ، مث) ایک قسم کی گھاس، جس سے بان بٹتے ہیں۔ چمڑے کا کمر بند جس کے حلقے میں تلوار لٹکاتے ہیں۔ وہ نشیب جہاں پانی اکٹھا ہو جائے۔

ڈابر daa-bar: (ھ، مث) جھیل، چھوٹا، تالاب، وہ نشیب جہاں پانی اکٹھا ہو جائے۔ ایک کمپنی کا نام بھی ہے۔

ڈابک daa-bak: (ھ، مذ) کنویں کا تازہ پانی۔

ڈاٹ DaaT: (ار، مث) گٹا، کاک، میخ، سوراخ روکنے کی چیز، محراب دار پکا دروازہ، وہ چیز جو پرانی بندوقوں میں گولی بارود ڈالنے کے بعد نالی میں ٹھونس دی جاتی تھی تاکہ بارود وغیرہ گر نہ سکے۔

ڈاٹنا DaaT-na(a): (ار، مص) بھرنا، ٹھونسنا، ٹھونس کر بھرنا، پہننا۔

ڈار Daar: (ار، مص) جانوروں کا جھنڈ، پرندوں کی قطار۔

ڈارلنگ Daar-ling: (انگ، مذ، مث) پیارا، پیاری Darling۔

ڈاڑھ DaaRh: (ار، مث) پچھلے دانت جو موٹے ہوتے ہیں اور غذا وغیرہ چبانے کے کام آتے ہیں۔

ڈاڑھا Daa-Rha(a): (ار، مذ) لمبی اور بڑی ڈاڑھی، بڑھی: وئی اینٹیں جو آئندہ بننے والی دیوار کو ساتھ ملانے کے لیے کھلی چھوڑ دی جاتی ہیں۔

ڈاڑھی Daa-Rhi(i): (ار، مث) ٹھوڑی اور رخساروں کے بال، برگد کے ریشے، بھٹے کے ریشے۔

ڈاک Daak: (ار، مث) پیغام رسانی کا محکمہ، سواری بدلنے کے مقامات، خبر رسانی کا سلسلہ۔

ڈاک چوکی Daak chok-ki(i): (ار، مث) وہ جگہ جہاں گھوڑے یا ہرکارے اپنا چٹھیوں کا تھیلا دوسرے کے حوالہ کریں اور تازہ دم گھوڑے ڈاک گاڑی میں جوڑے جائیں یا بدلے جائیں۔

ڈاک خانہ Daak Kaa-na(h): (ار، مذ) چٹھیوں وغیرہ کے بھیجنے کا دفتر۔

ڈاک گاڑی Daak gaa-Ri(i): (ار، مث) وہ گھوڑا گاڑی جس میں ڈاک لے جائیں۔ وہ گھوڑا گاڑی جس میں گھوڑوں کی ڈاک لگا کر سفر کریں۔ وہ ریل گاڑی جس میں چٹھیاں جائیں۔ میل ٹرین۔

ڈاک گھر Daak-ghar: (ار، مث) ڈاک خانہ۔

ڈاک والا Daak-vaa-la(a): (ار، مذ) ڈاکیا، چٹھی رساں۔

ڈاکا Daa-ka(a): (ار، مذ) مسلح چوروں کا حملہ، راہزنی، قزاقی، وہ لوگ جو قزاقی یا غارت گری کی غرض سے کسی کے مکان میں داخل ہو کر حملہ کریں۔

ڈاکازنی Daa-kaa-za-ni(i): (ار، مث) لوٹ مار، غارت گری۔

ڈاکٹر Daak-Tar: (انگ، مذ) انگریزی علم طب کا ماہر، حکیم، طبیب، وید، عالم، فاضل، وہ شخص جو کسی علم میں سب سے بڑی ڈگری حاصل کرے۔

ڈاکو Daa-ku(u): (ار، مذ) لٹیرا، راہزن، قزاق۔ لوٹ مار کرنے والا، ڈکیت، مث: ڈاکن۔

ڈاکیا Daak-ya(a): (ار، مذ) وہ شخص جو ڈاک تقسیم کرے، چٹھی رساں، ہرکارہ، مث: ڈاکن۔

ڈال Daal: (ار، مث) شاخ، ٹہنی، ٹوکری یا ڈال جس سے آبپاشی کے لیے پانی پھینکتے ہیں۔ اس طرح کی آبپاشی کیا ہوا، ٹکڑا یا حصہ جس میں جوڑ نہ ہو، ڈالنا مصدر سے صیغۂ امر۔

ڈالی Daa-li(i): (ار، مث) درخت کی چھوٹی شاخ، ٹہنی، ٹوکری، جس میں میوہ رکھ کر حکام کو پیش کرتے ہیں۔

ڈانٹ DaaNT: (ہ، مث) دیکھیے 'ڈانٹ مع محاورات و مرکبات' جھڑکی (افعال: بتانا، دینا) ڈانٹنا مصدر سے صیغۂ امر۔

ڈانٹ ڈپٹ DaaNT Da-paT: (ار، مث) گھڑکی، دھمکی، ڈراوا۔

ڈانٹنا DaaNT-na(a): (ار، مص) دھمکانا، ڈرانا، دھمکی دینا، گھڑکی دینا، بلند آواز سے کہنا، نعرہ مارنا، سخت آواز سے روکنا۔

ڈانڈ daaND: (ہ، مذ) تاوان، ڈنڈ، کشتی کھینے کا بانس۔ (مث) ایک پیمانہ طولانی، بغیر چھڑے کا گدکا، نیزے کی چھڑ، اونچا کھیت جس میں پانی نہ جا سکے۔

ڈانس Daans: (ار، مذ) ایک قسم کا بڑا مچھر، کسی جانور کا ڈنک۔

ڈانگ Daang: (ہ، مث) پہاڑی علاقہ، اونچی زمین، لاٹھی، ڈنڈا۔

ڈانواں ڈول Daa-vaaN-Dol: (ہ، صف) آوارہ پھرنے والا جس کا کوئی گھر گھاٹ نہ ہو، ڈگمگاتا ہوا، (افعال: پھیرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ڈانواں ڈولی۔

ڈاہ Daah: (ہ، مث) جلن، رشک، حسد۔

ڈائجسٹ Daa-i-jest: (انگ، مذ) خلاصہ، قانونی نظیروں کے خلاصہ کا مجموعہ، منتخب مضامین کا مجموعہ، وہ رسالہ جس میں منتخب مضامین شائع ہوں۔

ڈاریکٹر / ڈائریکٹر Daa-rek-Tar: (انگ، مذ) Director، حاکم، منتظم، سربراہ کار۔

ڈایری (ڈائری) Daa-e-ri(i): (انگ، مث) Diary، روزنامچہ، یادداشت۔

ڈائس Daa-is: (انگ، مذ) Dice) چبوترا، شہ نشین، وہ چبوترا جس پر مقرر کھڑا ہو کر تقریر کرے۔

ڈائل (ڈاایل) Daa-il: (انگ، مذ) Dial گھڑی کا سامنے کا حصہ، جس پر گھنٹوں کے نمبر اور سوئیاں وغیرہ لگی ہوتی ہیں۔ ٹیلیفون کا نمبروں والا حلقہ یا چکر۔

ڈائیلاگ (ڈائی لاگ) Daa-ii-laag: (انگ، مذ) مکالمہ، گفتگو، دو آدمیوں کی بات چیت۔

ڈایمنڈ (ڈائی منڈ) Daa-ye-manD: (انگ، م) ہیرا، جواہر، Diamond۔

ڈائن Daa-yan: (ہ، مث) دیونی، عفریتہ، جادوگرنی، عورتوں کا خیال ہے کہ یہ بچوں کا جگر کھاتی ہے۔

ڈائی Daa-yi(i): (انگ، مث) Die پیچ ڈالنے اور ٹھپا لگانے کا آلہ۔

ڈ۔ب

ڈب Dab: (ہ، مذ) طاقت، قوت، قابو، قبضہ، چمڑا

جس کے بٹوے کیسے وغیرہ بنتے ہیں۔ جیب، تہمد کے اوپر کا سرا۔

ڈبا Dab-ba(a): (ہ، مذ) کپّا، چمڑے کا صندوق، سیاہی کی خریطی، کارتوسوں کا بکس، پسلی کا عارضہ جو بچوں کو ہوتا ہے۔ تصغیر: ڈبّی/ڈبیا

ڈباؤ Du-baa-au: (ہ، مذ) آدمی کے قد سے گہرا پانی جس میں آدمی ڈوب جائے۔

ڈبڈبانا Dab-Da-baa-na(a): (ار، مص) آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

ڈبکی Dub-di(i): (ار، مث) غوطہ، تیراکی، (افعال: دینا، کھانا، لگانا، مارنا)

ڈبل Da-bal: (انگ، صف) Double دوگنا، دوچند، دوہرا۔

ڈبل پیسا Da-bal-pai-sa(a): (ار، مذ) دو پیسے کا تانبے کا سکہ۔

ڈبل روٹی Da-bal-ro-Ti(i): (ار، مث) انگریزی روٹی، نان پاؤ۔

ڈبل مارچ Da-bal march: (انگ، مذ) دوڑنا، تیز چلنا Double March۔

ڈبونا Du-bo-na(a): (ار، مص) غوطہ دینا، مجازاً بگاڑنا۔

ڈبی / ڈبیا Dib-bi(i)/Dab-bii Dib-ya(a): (ہ، مث) دیکھیے 'ڈبا' جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈ۔پ

ڈپٹ Da-paT: (ہ، ار، مث) تیز رفتاری، گھوڑے کی دوڑ، دھمکی، ڈانٹ۔

ڈپٹانا Dap-Taa-na(a): (ار، مص) گھوڑے کو تیز دوڑانا۔

ڈپٹنا Da-paT-na(a): (ار، مص) دوڑانا، تیز جانا، دھمکانا، ملامت کرنا، حملہ کرنا۔

ڈپٹی Dip-Ti(i): (انگ، مذ) Deputy نائب، مددگار۔

ڈپلوما Dip-lo-ma(a): (انگ، مذ) Diploma سند، سرٹیفکٹ۔

ڈپو Di-po: (انگ، مذ) Depot ذخیرہ، کارخانہ، تجارت گاہ۔

ڈ۔ٹ

ڈٹ DaT: (ار، صف، ہی) ڈٹنا مصدر سے صیغہ امر۔

ڈٹانا Da-Taa-na(a): (ار، مص) روکنا، ٹھہرانا۔

ڈٹنا DaT-na(a): (ار، مص) رُکنا، روکا جانا، کھڑا ہونا، دیر تک ٹھہرنا، جرأت اور دلیری سے کسی جگہ رکنا اور مقابلہ کرنا۔

ڈ۔ر

ڈر Dar: (ار، انب) خوف، اندیشہ، خطرہ۔

ڈر کے مارے Dar-ke-maa-re: (ار، متعلق، فعل) خوفزدہ، اور ڈر کی وجہ سے۔

ڈرافٹ Da-raafT: (انگ، مذ) Draft خاکہ، مسودہ، روپیہ ادا کرنے کا تحریری حکم جو ایک بنک دوسرے بنک کے نام جاری کرتا ہے۔ ہُنڈی، تمسک

ڈراما Da-raa-ma(a): (انگ، مذ) Drama کسی کہانی کو اسٹیج پر حرکاتِ جسم اور مکالمہ کی صورت میں ادا کرنا، سوانگ، نقل، ناٹک، تمثیل۔

ڈراما نگار / نویس Da-raa-maa ni-gaar/ Di-raa-maa nawes: (انگ، ف، صف فاعلی) دیکھیے 'ڈراما نسٹ'۔ اسم کیفیت مث: ڈراما نگاری/نویسی۔

ڈرامائی Da-raa-maa-i(i): (ار، مث) ڈراما سے منسوب، حیرت انگیز، خلافِ توقع۔
ڈرانا Da-raa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'ڈرنا' جس کا یہ متعدی ہے۔
ڈراوا Da-raa-va(a): (ار، مذ) دھمکی، خوف، دہشت۔
ڈراؤنا Da-raa-au-na(a): (ار، صف) بھیانک، خوفناک۔
ڈرائیور Di-raa-i-var: (انگ، مذ) Driver گاڑی چلانے والا، ہانکنے والا۔
ڈربی Dar-bi(i): (انگ، مذ) انگلینڈ کی سالانہ گھوڑ دوڑ، Derby
ڈرپوک Dar-pok: (انگ، مث) کم ہمت، بودا، کمزور دل۔
ڈرم Da-ram: (انگ، مذ) Drum، ڈھول، نقارہ، کان کا پردہ، ڈھول کی شکل کا لوہے کا بڑا پیپا جس میں تیل وغیرہ ڈالا جاتا ہے۔
ڈریس Da-res: (انگ، مذ) Dress سیدھا ایک قطار میں کھڑا ہونا، پوشاک، ملباس، زخم کی مرہم پٹی کرنا۔

ڈ۔ڑ

ڈڑھ DaRh: (ھ، صف) ڈاڑھی کا مخفف جو مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل ہے۔
ڈڑھ منڈا DaRh mun-Da(a): (ھ، صف) وہ جس کی ڈاڑھی منڈی ہوئی ہو۔
ڈڑھیل DaRh-yal: (ھ، صف) بڑی ڈاڑھی والا۔

ڈ۔س

ڈس Das: (ھ، مث) ترازو کی ڈور جس میں پلڑے بندھے ہوتے ہیں۔ وہ دھاگے ` تھان کے آخر پر کھلتے ہیں۔
ڈسپینسری Dis-pen-sa-ri(i): (انگ، مث) Dispensary، شفاخانہ، دواخانہ، دوا فروشوں کی دکان، ڈاکٹر کی دکان کا وہ حصہ جہاں سے دوا دی جائے۔
ڈسچارج Dis-chaarj: (انگ، مذ) Discharge، برطرفی، علیحدگی، رہائی، خلاص (افعال: کرنا، ہونا)
ڈسک Disk: (انگ، مذ) Desk، ڈھلوان میز۔
ڈسنا Das-na(a): (ار، مص) سانپ کا کاٹنا، کسی زہریلے جانور کا کاٹنا۔
ڈسیلا Da-sii-la(a): (ار، صف، ق) ڈسنے والا، کاٹنے والا۔

ڈ۔ش

ڈش Dish: (انگ، مث) Dish، رکابی۔ تھالی، خاص کھانا۔

ڈ۔ف

ڈف Daf: (ار، مذ) دف، ڈفلی کا مخفف، ڈھولک۔
ڈفالچی / ڈفالی Da-faal-chi(i): (ار، مذ) دف بجانے والا۔
ڈفر Da-far: (انگ، مذ) Duffer، نالائق، بے کار، بےوقوف۔
ڈفلی Daf-li(i): (ار، مث) ڈھولک، چھوٹا ڈھول۔
ڈکار Da-kaar: (ھ، مث) معدہ کی ہوا جو آواز کے ساتھ منہ کے ذریعہ نکلتی ہے (افعال: آنا، لینا)
ڈکار لینا Da-kaar le-na(a): (ار، محاورہ) معدہ کی ہوا منہ سے نکلنا / نکالنا، مال ہضم کر لینا، مال مار لینا۔

ڈکارنا Da-kaar-na(a): (ار، مص) معدہ کی ہوا منہ سے نکالنا، شیر کا بولنا، خیانت کرنا۔

ڈکٹیٹر Dik-Te-Tar: (انگ، مذ) Dictator آمر، حاکم مطلق خود مختار، اسم کیفیت مث: ڈکٹیٹرشپ

ڈکرانا Dak-raa-na(a): (ار، مص) گائے کا بولنا، کراہنا، چلانا، زار زار رونا۔

ڈکشن Dik-shan: (انگ، مث) Diction، بندش، عبارت، الفاظ۔

ڈکشنری Diksh-na-ri(i): (انگ، مذ) Dictio-nary، لغت، کوش، فرہنگ۔

ڈکوٹا Da-ko-Ta(a): (انگ، مذ) Dakota، ایک مال بردار ہوائی جہاز۔

ڈکوسنا Da-kos-na(a): (ار، مص) پینا، نگلنا۔

ڈکّی Dik-ki(i): (ار، مث، ق) حملہ، دھاوا، تاخت، یورش، ہلّہ۔

ڈکیت Da-kait: (ار، صف) قزاق، ڈاکو، لٹیرا، راہزن، اسم کیفیت مث: ڈکیتی۔

ڈ۔گ

ڈگ Dag: (ھ، مذ) قدم، دو قدم کے درمیان کا فاصلہ جو چلنے میں پیدا ہوتا ہے۔

ڈھگّا Dhag-ga(a): (ار، صف) دُبلا اور لمبی ٹانگوں کا گھوڑا، ڈائن۔

ڈگانا Da-gaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'ڈگنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

ڈگڈگی Dug-Du-gi(i): (ھ، مث) ایک قسم کا چمڑے سے منڈھا ہوا باجا جو عموماً بندر / ریچھ والے مداری رکھتے ہیں۔ (افعال: بجانا، بجنا) ڈھنڈورا (افعال: پیٹنا، پٹنا)

ڈگر Da-gar: (ھ، مث) راستہ، سڑک، شارع عام، شاہی سڑک، راہ۔

ڈگری Dig-ri(i): (انگ، مث) Degree، حکم، فیصلہ، فرمان عدالت، جائداد کے فیصلہ میں حکم حاصل کرنا، کامیابی، کامیابی کی سند (افعال: حاصل کرنا، دینا، لینا)

ڈگری دار Dig-rii-daar: (انگ، ف، مذ) وہ شخص جس نے ڈگری حاصل کی ہو، جس کے حق میں فیصلہ ہوا۔

ڈگمگ Dag-mag: (ھ، صف) ہلتا ہوا، لرزاں، کانپتا ہوا۔

ڈگمگانا Dag-ma-gaa-na(a): (ھ، مص) لڑکھڑانا، ڈولنا، ضعف کی وجہ سے کھڑا نہ ہوسکنا۔

ڈگمگاہٹ Dag-ma-ga-haT: (ھ، مث) ڈگمگانے کا فعل۔

ڈ۔ل

ڈل Dal: (ھ، مذ) دستہ، گروہ، دولت (مث) کشمیر کی مشہور جھیل۔

ڈلا Da-la(a): (ھ، مذ) ڈھیلا، کلوخ، بڑا ٹکڑا، منجمد شے جو بڑا حجم رکھتی ہو، بڑی ٹوکری، مٹھائی جو دولہا کے گھر سے دُلہن کے گھر جائے۔

ڈُلانا Du-laa-na(a): (ھ، مص) جنبش دینا، ہلانا، ہچکولے دینا۔

ڈلک Da-lak: (ھ، مث) چمک، دمک، خصوصاً سونے کی، ناہمواری سی جو صاف شفاف چیز میں معلوم ہو۔

ڈلکنا Da-lak-na(a): (ھ، مص) چمکنا، دمکنا۔

ڈلنا Dal-na(a): (ھ، مص) ڈالنا کا لازم۔

ڈلی Da-li(i): (ھ، مث) کسی چیز کا چھوٹا ٹکڑا، خصوصاً

مصری مٹھائی کا، سپاری، چھالیا۔
ڈلیا Dal-ya(a):(ھ، مث) چھوٹی ٹوکری، ڈالی کی تصغیر۔

ڈ۔م

ڈمرو Dam-ru(u):(ھ، مذ) ڈگڈگی۔
ڈمی Dam-mi(i):(انگ، مث) Dummy جعلی، مصنوعی چیز، جھوٹ موٹ کا پلندہ، تاش میں فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ہے اور اس کا ساتھی اُسے کھیلتا ہے۔ اخبار یا کتاب کا نمونہ۔

ڈ۔ن

ڈنٹھل Dan-Thal:(ھ، مذ) ٹہنی، شاخ جس پر پھول آئیں، گاجر مولی کی ٹہنی۔
ڈنڈ DanD:(ھ، مذ) بازو، ایک قسم کی ورزش، ڈنٹر، جرمانہ، تاوان۔
ڈنڈ پیلنا DanD pel-na(a):(ار، محاورہ) ورزش کرنا، ڈنٹر کی ورزش کرنا۔
ڈُنڈ DunD:(ھ، مذ) درخت کا تنا جس میں شاخیں نہ ہوں۔
ڈنڈا Dan-Da(a):(ھ، مذ) سونٹا، لاٹھی، عصا، سیڑھی کی لکڑی، جھنڈے کی لکڑی، گدکا۔
ڈنڈوت DaN-Daut:(ھ، مث) ہندوؤں میں سلام کا ایک طریقہ، سجدہ (افعال: کرنا، ہونا)
ڈنڈی Dan-Di(i):(ار، مث) ترازو کی ڈنڈی، لکڑی، دستہ، قبضہ، ہارسنگار کے پھول کا سرخی و زردی مائل حصہ، ڈنٹھل، گرز، آلۂ تناسل، ایک قسم کی بالی، ہندو فقیروں کی ایک قسم جو صرف برہمن سے دان لیتے ہیں۔ چھوٹا راستہ، گاڑی کی لمبی لکڑی۔

ڈنک Dank:(ھ، مذ) بچھو، بھڑ وغیرہ کا زہریلا کانٹا۔ (افعال: چبھونا، چبھنا، لگانا، لگنا، مارنا) وہ نشان جو جونک کے کاٹنے سے پڑ جاتا ہے۔
ڈنکا Dan-ka(a):(ار، مذ) نقارہ جو امراء و سلاطین کی سواری کے آگے رہتا ہے۔ شہرت، عروج۔
ڈنکنی Dan-ka-ni(i):(ار، مث) ڈائن، جھگڑالو عورت۔
ڈنکے کی چوٹ Dan-ke kii-choT:(ار، متعلق فعل) کھلم کھلا، علی الاعلان، علانیہ۔
ڈنگر Dan-gar:(ار، مث) مویشی، حیوان۔

ڈ۔و

ڈوب Duub:(ار، مذ) غوطہ، ڈبکی، کپڑے کو رنگ میں ڈبونا، لگانا، بدن سے نکلنے والا پسینہ۔
ڈوبا Duu-ba(a):(ار، مذ) ڈبکی، غوطہ، قلم کی روشنائی میں ڈبونا، (افعال: بھرنا، لینا)
ڈوبا ہوا Duu-baa hu-a(a):(ار، صف) نشہ میں چور، کسی خیال میں محو۔
ڈوبتے اُچھلتے Duub-te u-chhal-te:(ار، متعلق فعل) بڑی مشکل سے۔
ڈوبنا Duub-na(a):(ار، مص) غرق ہونا، دریا بُرد ہونا، چھپنا، غروب ہونا، پسینہ میں غرق ہونا، ضائع ہونا، بری جگہ یا برے خاندان سے پالا پڑنا۔
ڈور Dor:(ار، مث) سوت کی باریک رسّی، دھاگا، بٹا ہوا دھاگا جس سے پتنگ اُڑاتے ہیں۔ بٹا ہوا مضبوط دھاگا۔
ڈورا Do-ra(a):(ار، مذ) دھاگا، تار، بٹا ہوا دھاگا، خط، لکیر، آنکھ کی رگوں کی سرخی، تلوار کی دھار، کسی کو اپنی طرف مائل کرنا، سرمہ کی لکیر، معشوق کی نازک گردن کی جنبش۔

ڈوری (Do-ri(i: (ار، مث) پتلی رسی، پانی بھرنے کی رسّی، خیمے کی طناب، بنا ہوا دھاگا جو عورتیں سینہ بند کے سرے پر ٹانکتی ہیں۔

ڈوریا (Dor-ya(a: (ار، مذ) ایک قسم کا باریک دھاری والا کپڑا، شکاری کتوں کا محافظ۔

ڈوکر Do-kar: (ار، صف) بہت بوڑھا، ضعیف، مث: ڈوکری۔

ڈوکنا (Dok-na(a: (ار، مص) قے کرنا، واپس کر دینا۔

ڈول Dol: (ار، مذ) کنوئیں سے پانی نکالنے کا برتن جو چمڑے یا لوہے کا ہوتا ہے، تصغیر: ڈولچی۔

ڈول Daul: (ار، مذ) ڈھنگ، وضع، صورت (مث) کھیت کی مینڈھ۔

ڈولا (Do-la(a: (ار، مذ) زنانی سواری کا نام، سکھپال، محافہ۔

ڈولا جانا (Do-laa ja-na(a: (ار، محاورہ) دیکھیے 'ڈولا دینا' جس کا یہ لازم ہے۔

ڈولا دینا (Do-laa-de-na(a: (ار، محاورہ) بادشاہ یا امیر کو بیٹی دینا۔

ڈولا لینا (Do-laa lai-na(a: (ار، محاورہ) ڈولے کی رسم ادا کر کے کسی عورت کو زوجہ یا بیوی بنانا۔

ڈولچی (Dol-chi(i: (ار، مذ) دیکھیے 'ڈولا' جس کی یہ تصغیر ہے، پانی کھینچنے کا چھوٹا برتن۔

ڈولنا (Dol-na(a: (ار، مص) چلنا، پھرنا، ٹہلنا، آوارہ اور مارا مارا پھرنا۔

ڈولی (Do-li(i: (ار، مث) ایک پردہ دار زنانی سواری جس کو کہار اٹھا کر چلتے ہیں۔

ڈوم Daum/Duum: (ار، مذ) ایک قوم جس کا پیشہ گانا بجانا ہے۔ میراثی قوال، گویا، مث: ڈومنی۔

ڈونڈ DuuND: (ار، صف) وہ بیل یا گائے جس کا ایک سینگ ٹوٹا ہوا ہو یا مڑا ہوا ہو۔

ڈونڈی (Daun-Di(i: (ار، مث) منادی، ڈھنڈورا، شہرت، (افعال: پیٹنا، پٹنا، پھیرنا، پھرنا)

ڈونگا (DauN-ga(a: (ار، مذ) چھوٹی کشتی، بجرا، چھوٹی سی ناؤ۔

ڈونگی (DauN-gi(i: (ار، مث) ایک قسم کی چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ بندھی رہتی ہے۔ چھوٹا سا چمچہ۔

ڈوئی (Do-i(i: (ار، مث) لکڑی کا بڑا چمچہ جس سے ہنڈیا پکاتے ہیں۔ کفگیر۔

ڈویژن Di-vi-zan: (انگ، مث Division) فوج کا حصہ، علاقہ، قسمت، تقسیم، درجہ۔

ڈ۔ہ

ڈہر Da-har: (ہ، مذ) جوہڑ، برساتی پانی کا تالاب، جہاز یا کشتی کا پیندا۔

ڈہکانا (Dah-kaa-na(a: (ہ، مص) ترسانا۔

ڈہنا (Dah-na(a)/ Deh-na(a: (ار، مص) گرنا، منہدم ہونا۔

ڈ۔ھ

ڈھابلی (Dhaab-li(i: (ہ، مث) کبوتروں یا مرغیوں کا ڈربا۔

ڈھاپنا (Dhaap-na(a: (ار، مص) دیکھیے 'ڈھانپنا' جو فصیح ہے، چھپانا۔

ڈھاٹا (Dhaa-Ta(a: (ہ، مذ) وہ کپڑا جو منہ پر باندھ لیتے ہیں تاکہ شناخت نہ ہو سکے۔ وہ کپڑا جس سے مردے کا منہ باندھ دیتے ہیں۔ ڈاڑھی بٹھانے کی غرض سے منہ کے گرد لپیٹنے کی پٹی (افعال: بندھنا، باندھنا)

ڈھاٹی Dhaa-Ti(i): (ہ، مث) وہ کپڑا جو گھوڑے کے منہ میں لگام کی جگہ دیتے ہیں۔

ڈھارس Dhaa-ras: (ار، مث) سہارا، تسلی، تقویت دل، (افعال: باندھنا، بندھنا، بندھوانا، دینا، دلانا، ہونا)

ڈھاڑی / ڈھاری Dhaa-Ri(i): (ہ، مذ) مسلمانوں میں گویوں کی ایک قوم جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے گاتی جایا کرتی ہے۔ اس قوم کا ایک فرد، ڈوم، میراثی، گویا، سازندہ، سنگتار، مث: ڈھاڑن۔

ڈھاک Dhaak: (ہ، مذ) ایک خورد و جنگلی درخت کا نام جس کے تین پتے بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ اس کے پھول گہرے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ پلاس۔

ڈھال Dhaal: (ار، مث) نشیب، نیچی جگہ، تیز تلوار یا نیزے وغیرہ کا وار روکنے والا آلہ، جو اکثر گینڈے کے چمڑے کا توے کی شکل کا گول ہوتا ہے۔

ڈھال کا پھول Dhaal-kaa-phuul: (ار، مذ) وہ پھول جو ڈھال پر چاندی وغیرہ سے بناتے تھے۔

ڈھالنا Dhaal-na(a): (ار، مص) دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈھالنا، سانچے میں ڈال کر کوئی چیز بنانا، اپنی طرف مائل کرنا۔

ڈھالو Dhaa-luu: (ار، صف) ایک طرف کو نشیب یا پستی رکھنے والا، ترچھا، ٹیڑھا۔

ڈھانا Dhaa-na(a): (ار، مص) گرانا، منہدم کرنا، مسمار کرنا، مغلوب کرنا، پچھاڑنا۔

ڈھانپنا DhaaNp-na(a): (ار، مص) چھپانا، ڈھانکنا۔

ڈھانچ / ڈھانچا DhaaNch/ DhaaN-cha(a): (ہ، مذ) بغیر جان کی چیز، پنجر، قالب۔

ڈھانکنا DhaaNk-na(a): (ار، مص) کسی چیز کو بند کرنے یا چھپانے کے لیے اس پر کوئی دوسری چیز ڈال دینا یا رکھ دینا۔

ڈھائی Dhaa-yi(i): (ار، اعدد) دو اور آدھا، اڑھائی۔

ڈھب Dhab: (ار، انب) ڈھنگ، طرز، روش، موقع، صورت۔

ڈھبری Dhib-ri(i): (ار، مث) پیچ کے اوپر کا لوہا، یا پیچ دار ٹوپی۔

ڈھٹائی Dha-Taa-yi(i): (ار، مث) بے شرمی، بے حیائی، شوخی۔

ڈھچر Dha-char: (ار، مذ) ڈھانچ، نمونہ، خاکہ، (صف) بوڑھا۔

ڈھڈو DhaD-Do: (ہ، مث) بڑھیا، بے شرم عورت، ایک قسم کی چڑیا۔

ڈھڈی DhaD-Di(i): (ہ، مث) مقعد کے اوپر کی ہڈی، دُم کی جڑ۔

ڈھرا Dhar-ra(a): (ہ، مذ) معمول، راستہ، شاہراہ، وہ راستہ جو رات دن چلتا رہے۔

ڈھکنا Dhak-na(a): (ار، مذ) سرپوش، چپنی، ڈھکن، (مص، چھپانا) ڈھانکنا۔

ڈھکنی Dhak-ni(i): (ار، مث) ڈھکنا کی تصغیر، چھوٹا ڈھکن۔

ڈھکوسلا Dha-kos-la(a): (ار، مذ) بے قرینہ بات، مہمل بات، لغو بات۔

ڈھکوسنا Dha-kos-na(a): (ار، مص) بہت کھانا، اندازہ سے زیادہ کھانا۔

ڈھکیلنا Dha-kel-na(a): (ار، مص) پیچھے سے ریلنا، دھکا لگانا۔

ڈھلان Dha-laan: (ار، مذ) ڈھال، نشیب، نیچی زمین۔

ڈھلت Dha-lat: (ہ، مث) اس چیز کی ساخت جو

سانچے میں ڈھالی گئی ہو۔

ڈھلتی پھرتی چھاؤں Dhal-tii phir-tii chhaa-auN: (ار،مث) وہ حالت جو یکساں نہ رہے۔

ڈھلکا Dhal-ka(a): (ار، مذ) آنکھ سے پانی بہتے رہنے کا مرض، (افعال: لگنا)

ڈھلکانا Dhal-kaa-na(a): (ار،مص) لُنڈھانا، لڑھکانا، بہانا۔

ڈھلکنا Dha-lak-na(a): (ار،مص) اوپر سے نیچے آنا، ٹپکنا، بہنا۔

ڈھلمل Dhil-mil: (ار،صف) ہلتا ہوا، لڑکھڑاتا ہوا۔

ڈھلملانا Dhil-mi-laa-na(a): (ار،مص) ڈگمگانا، لڑکھڑانا، ڈانواں ڈول ہونا۔ تذبذب میں ہونا۔

ڈھلنا Dhal-na(a): (ار،مص) نیچے کی طرف جانا، پھسلنا۔

ڈھلوان Dhal-vaan: (ار، صف) پھسلنے والا، جھکواں، ڈھلوان۔

ڈھلوانا Dhal-vaa-na(a): (ار،مص) دیکھیے 'ڈھالنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

ڈھلوانا Dhul-vaa-na(a): (ار،مص) دیکھیے 'ڈھونا' جس کا یہ متعدی ہے۔

ڈھنڈار Dhan-Daar: (ار، مذ) ویران مکان، ڈراؤنا کھنڈر۔

ڈھنڈوانا DhaND-vaa-na(a): (ار،مص) تلاش کروانا۔

ڈھنڈورا DhaN-Do-ra(a): (ار، مذ) منادی، اعلان، تشہیر (افعال: پیٹنا، پھیرنا) ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں (لا،مثل) کوئی چیز پاس ہونا مگر دور دور تلاش کرنا۔

ڈھنڈورچی DhaN-Dor-chi(i): (ار،صف) منادی کرنے والا، ڈھنڈورا پیٹنے والا۔

ڈھنگ Dhang: (ار، مذ) طریقہ، طرز، طور، روش، چال چلن، (افعال: اڑانا، ڈھالنا، سیکھنا، نکالنا)

ڈھوبڑا Dhob-ra(a): (ار،مذ) مٹی کا پرانا برتن، ٹھیکرا۔

ڈھور Dhor: (ار، مذ) مویشی، چوپایہ، چنے کے دانوں کو کھا جانے والا کیڑا، احمق، بیوقوف۔

ڈھوکنا Dhok-na(a): (ار،مص) چھپ کر شکار کرنا۔

ڈھول ڈھمکا Dhol-Dha-mak-ka(a): (ار، مذ) دھوم دھام، دھوم دھڑکا، باجا گاجا۔

ڈھولا Dho-la(a): (ار، مذ) کھیت اور زمین کی سرحد دکھانے کا نشان، طاق یا گنبد کا قالب، احمق، بیوقوف آدمی، اونچے سروں میں گایا جانے والا گیت، محبوب، پیارا، عاشق۔

ڈھولک / ڈھولکی Dho-lak: (ار،مث) ڈھول کی تصغیر، چھوٹا ڈھول۔

ڈھولی Dho-li(i): (ار،مث) دوسو پانوں کا گٹھا۔

ڈھونا Dhau-na(a)/Dho-na(a): (ار،مص) بوجھ اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، لادنا۔

ڈھونڈ DhuuND: (ار،مث) تلاش، جستجو، سراغ، کھوج۔

ڈھونڈ DhoND: (ھ،صف) خراب، خستہ، پرانا، شکستہ۔

ڈھونگ DhauNg: (ار، مذ) مصنوعی باتیں، فریب، ریاکاری (افعال: رچانا)

ڈھونگی DhauN-gi(i): (ار،صف) ڈھونگ رچانے والا، مکار۔

ڈھوئی Dho-yi(i): (ار،مث) اینٹوں کا بوجھ جو ایک بار میں لے جا سکیں۔

ڈھہنا / ڈھینا Dhaih-na(a): (ار،مص) دیوار یا مکان وغیرہ کا گرنا۔

ڈھئی (Dha-yi(i: (ار، مث) ایک جگہ جم کر بیٹھنا، جماؤ، دھرنا۔

ڈھئی دینا (Dha-yi(i) de-na(a: (ار، محاورہ) جم کر بیٹھنا، اَڑ کر بیٹھنا، ٹالے نہ ٹلنا۔

ڈھے پڑنا (Dhai-paR-na(a: (ار، محاورہ) گر پڑنا، زبردستی اُترنا، ترہ پڑنا۔

ڈھیّا (Dhay-ya(a: (ھ، مذ) ڈھائی سیر کا باٹ۔

ڈھیٹ / ڈھیٹھ DhiiTh: (ار، صف) بیباک، بے شرم، بے حیا، سرکش، جو کسی کا کہا نہ مانے۔

ڈھیر Dher: (ار، مذ) انبار، اٹالا (صف) بکثرت۔ (کنایۃً) قبر۔

ڈھیر سا (Dher sa(a: (ار، صف) بہت سا۔

ڈھیر کرنا / ہونا (Dher-kar-na(a: (ار، محاورہ) جمع کرنا / ہونا، مار ڈالنا / مر جانا۔

ڈھیرا (Dhe-ra(a: (ار، صف) جس کی آنکھ کج ہو اور ایک کے دو نظر آئیں، بھینگا، موٹی نُوں۔

ڈھیری (Dhe-ri(i: (ار، مث) چھوٹا سا انبار۔

ڈھیل Dhiil: (ار، مث) دیر، وقفہ، تامل، سستی، کاہلی، فرصت، مہلت، بے توجہی، بے پروائی، بھول۔

ڈھیل دینا (Dhiil-de-na(a: (ار، محاورہ) ڈور دے کر پتنگ کو بڑھانا، چشم پوشی کرنا، مہلت دینا۔

ڈھیلا (Dhii-la(a: (ار، صف) سست، کاہل، کھلا، تنگ کی ضد، نامرد، (اسم کیفیت مذ: ڈھیلاپن مث: ڈھیلی)

ڈھیلا ڈھالا (Dhii-laa Dhaa-la(a: (ار، صف) کشادہ، کھلا، ملنگا ہوا، پھسپھسا۔

ڈھیلا کرنا (Dhii-laa kar-na(a: (ار، محاورہ) کشادہ کرنا، کھلا کرنا، مضمحل کرنا، سست کرنا۔

ڈھیلا (Dhe-la(a: (ار، مذ) مٹی کا بڑا ٹکڑا، سونے چاندی یا گڑ کا ڈلا، آنکھ کے اندر کا گول حصہ (یائے مجہول سے)

ڈھینک DhaiNk: (ار، مذ) ایک آبی پرندہ، سارس، لم ڈھینگ کا مخفف۔

ڈھینکلی (DhaiNk-li(i: (ار، مث) پانی نکالنے کی لمبی لکڑی، جس کے ایک سرے پر ڈول اور رسّی باندھی جاتی ہے۔ اور دوسرے سرے پر بوجھ رکھ دیا جاتا ہے۔ آڑی سیون، دھان کوٹنے کا آلہ۔

ڈھینکی (DhaiN-ki(i: (ار، مث) آڑی سلائی، دھان کوٹنے کا آلہ۔

ڈھینگر DhiiN-gar: (ار، مذ) کمزور، دُبلا، پتلا، کانٹے دار سوکھی لکڑی۔

ڈ۔ی

ڈیرا / ڈیرہ (De-ra(a)/De-ra(h: (ھ، مذ) خیمہ، تنبو، چھوٹا مکان جو بڑی حویلیوں کے ساتھ علیحدہ بنا لیتے ہیں۔ رہائش، مقام۔

ڈیرے دار / والی De-re-daar/vaa-lii: (ھ، ف، صف) بڑے احاطے میں رہنے والی طوائف۔

ڈیڑھ DeRh: (ھ، عدد، کسری) ایک اور آدھا (1 1/2)

ڈیڑھ حاشیہ (DeRh haash-ya(h: (ار، مذ) ایک قسم کی زردوزی جو دو کناروں پر زیادہ ہوتی ہے اور دو پر کم۔

ڈیڑھ حاشیہ کی جوتی (DeRh-haash-ya kii juu-ti(i: (ار، مث) جوتی جس کے پنّے کا ڈیڑھ حاشیہ کا مدار ہوتا ہے۔

ڈیل ڈول Diil-Daul: (ھ، مذ) قامت، جسامت، قد و قامت کا اندازہ۔

ڈیم Daim: (انگ، مذ) Dam، پشتہ، بند، روک، وہ پانی جو بند کے ذریعے روک دیا جائے۔

ڈین Diin: (انگ، مذ) Dean، بڑے درجے کا افسر

اعلیٰ، بڑا پادری، کالج کا افسر جس کے سپرد طلبا کی نگرانی ہو، کسی یونیورسٹی کے شعبہ کا صدر۔

ڈینگ DiiNg: (ار، مث) شیخی، لاف، گزاف، (افعال: مارنا)۔

ڈیوٹی Di-yuu-Ti(i): (انگ، مث) Duty، فرض، فرض منصبی، کام، خدمت، محصول، چنگی۔

ڈیوڑھا Dyo-Rha(a): (ار، صف) ایک اور آدھا، ایک قسم کا سود جو پچاس فی صد لیا جاتا ہے۔ ریل کا ڈیوڑھا درجہ۔ درمیانہ درجہ، انٹر کلاس۔

ڈیوڑھی Dyo-Rhi(i): (ھ، مث) ڈیوڑھا کی تانیث، دہلیز، درگاہ، آستانہ، مکان کا وہ حصہ جو بیرونی دروازے سے ملحق ہو۔

ڈیوڑھی دار Dyo-Rhii-daar: (ار، ف، صف) دربان، حاجب، مث: (ار) ڈیوڑھی دارنی۔

ذ

ذ z: (ع، مث) اس کا نام ذال ہے۔ مزید وضاحت کے لیے اسے ذال معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ یہ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں تیرھواں حرف ہے۔ یہ عربی سے مخصوص ہے۔ اس کی آواز اور کسی زبان میں نہیں پائی جاتی۔ بعض شاید فارسی میں ہے مگر ابھی یہ امر محقق نہیں۔

اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ اوپری دانت کے پچھلے حصے کے ربط میں آتا ہے اور سطح زبان سے رگڑ کھاتی ہوئی اس کی بغلوں سے ہوا منہ سے خارج ہوتی ہے۔ غشائی پردوں کے سکڑ کر ارتعاش سے اندر گونج سی پیدا ہوتی ہے جو اس آواز کو مسموع بناتی ہے۔ صوتیات کی اصطلاح میں یہ مسموع، سوڑی، صفیری مصمت یا حرفِ صحیح کہلاتا ہے۔

ذ۔ا

ذابح zaa-bih: (ع، صف) ذبح کرنے والا، حلال کرنے والا۔

ذات zaat: (ع، مث) اصلیت، جوہر، سرشت، بنیاد، مادّہ، قوم، گوت، پیدائش، خاندان، نسل، صاحب، مالک، قسم، نوع، جسم، بدن، ہستی، وجود، عہد، پایہ (سابقہ) مالک، صاحبہ۔

ذات الرقاع zaa-tur-ri-qaa(?): (ع، مذ) ایک طرح کا استخارہ جس میں کاغذ کے چھ یا نو پرزوں میں سے بعض پر 'افعل' اور بعض پر 'لاتفعل' لکھا ہو تو افعل پر اجازت ورنہ ممانعت خیال کی جاتی ہے۔

ذات الریہ zaa-tur-riy-yaa(h): (ع، مذ) پھیپھڑے کا درد اور سوزش، نمونیہ۔

ذات الصدر zaa-tus-sadr: (ع، مذ) سینہ کا درد۔

ذات باہر zaat-ba-har: (ار، صف) ذات سے نکلا ہوا، برادری سے خارج۔

ذات پات zaat-paat: (ار، مذ) پات تابع مہمل ہے۔ قوم، قبیلہ، ذات۔

ذاتِ شریف zaa-te-sha-riif: (ار، صف) بڑا استاد، کنایۃً چالاک، شریر۔

ذاتی zaa-ti(i): (ار، صف) اصلی، حقیقی، شخصی، اپنا، فطری، خلقی۔

ذاکر zaa-kir: (ع، صف) ذکر کرنے والا، وہ شخص جو منبر پر بیٹھ کر اہل بیت کے واقعات بیان کرے یا واقعات کربلا بیان کرے، مث: ذاکرہ۔

ذائقہ zaa-ye-qah: (ار، مذ) چکھنے کی قوت، ایک حس جو زبان میں ہے، مزہ، لذت، لطف، چسکا۔

ذائقہ شناس zaa-ye-qah-sha-naas: (ار، صف) وہ جو اچھے مزے کی شناخت کرنے میں ماہر ہو۔

ذ۔ب

ذبح za-bah: (ع، مذ) شرعی طور پر حلال کرنا، گلا کاٹنا (افعال: کرنا، ہونا)

ذبیح اللہ za-bii-hul-laa(h): (ع، مذ) حضرت اسمٰعیل کا لقب۔

ذبیحہ za-bii-ha(h): (ع، مذ) قربانی کا جانور، شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور۔

ذ۔خ

ذخائر za-Kaa-yir: (ع، مذ) ذخیرہ کی جمع۔

ذخیرہ za-Kee-rah: (ع، مذ) خزانہ، گودام، پونجی، جمع کی ہوئی چیز۔ج۔ذخائر۔

ذ۔ر

ذرا za-raa: (ع، مذ) تھوڑا وقت، چھوٹا سا معاملہ، (صف) تھوڑا، بہت، کم، (متعلق فعل) تھوڑی دیر کے لیے، مہربانی کر کے۔

ذرا ذرا za-raa za-ra(a): (ار، متعلق فعل) تھوڑا تھوڑا، کل، تمام کا تمام۔

ذرائع za-raa-ye(?): (ع، مذ) دیکھیے 'ذریعہ' جس کی یہ جمع ہے۔

ذرّہ zar-ra(h): (ع، مذ) مادے کا نہایت چھوٹا ٹکڑا، ریزہ، تھوڑا، قلیل، ناقابل تقسیم جز، جمع: ذرات۔

ذرّہ بھر zar-rah-bhar: (ع، مذ) ذرا سا، نہایت قلیل۔

ذرّۂ بے مقدار zar-rah-he-be-miq-daar: (ع، صف) ناچیز کی قدر کرنے والا، آفتاب، اسم کیفیت مث: ذرّہ پروری/نوازی۔

ذرّہ پرور/نواز zar-rah-par-var/na-vaaz (ار، مث) ناچیز کی قدر کرنے والا، آفتاب، اسم کیفیت مث: ذرّہ پروری/نوازی۔

ذری za-ri(i): (ار، مذ) ذرّہ، کسی قدر۔

ذُرّیت zu-riy-yat: (ع، مث) اولاد، نسل، تخم، جمع: ذرّیات۔

ذریعہ za-rii-(?)a(h): (ع، مذ) وسیلہ، وساطت، طفیل، معرفت، موقع، پہنچنے کا طریقہ۔

ذ۔ق

ذقّن zaq-qan: (ع، مذ) ٹھوڑی، زنخداں۔

ذ۔ک

ذکا za-ka(a): (ع، مث) ذہانت، تیزی، تیزی طبع، تیزفہمی۔

ذکاوت za-kaa-vat: (ع، مث) ذہن کی تیزی، تیزی طبع، تیزفہمی۔

ذکر za-kar: (ع، مذ) نر، مرد، پرش، مذکر، علامت مردی، عضو تناسل۔

ذِکر zikr: (ع، مذ) تذکرہ، چرچا، زبان اور دل سے خدا کی یاد، قرآن پاک کی تلاوت۔

ذکی za-ki(i): (ع، صف) تیزفہم، ذہین، ہوشیار، زیرک، زودفہم، صاف پاک، پاکیزہ، مث: ذکیہ۔

ذ۔ل

ذلالت za-laa-lat: (ار، مث) ذلت، رسوائی، خواری، ہتک، توہین، کمینہ پن، حقارت، صحیح لفظ 'ذلت' ہے۔

ذِلّت zil-lat: (ع، مث) ذلت، رسوائی، توہین، حقارت۔

ذلیل za-liil: (ع، صف) خوار، خستہ، بدنام، کمینہ، رذیل، پاجی، سفلہ۔

ذ۔م

ذم zam: (ع، مث) مذمت، ہجو، برائی۔

ذمائم za-maa-im: (ع، مذ) دیکھیے 'ذمیمہ' جس کی یہ جمع ہے۔ ذلیل باتیں۔

ذِمّہ zim-ma(h): (ع، مذ) ضمانت، کفالت، ضامنی، عہد، پیان، سپردگی، تحویل، امانت، جواب دہی، مواخذہ، بار، فرض۔

ذِمّہ دار zim-mah-daar: (عف، صف) ضامن، کفیل، جواب دہ، اسم کیفیت مث: ذمہ داری۔

ذِمّی zim-mi(i): (ع، مذ) مسلم حکومت کی غیر مسلم رعایا جو جزیہ ادا کرے اور جس کی جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری حکومت پر ہو۔

ذمیمہ za-mi-ma(h): (ع، صف) برائی، خرابی، برا، خراب۔

ذ۔ن

ذَنب zanb: (ع، مذ) گناہ، پاپ، قصور، جرم، برا کام۔

ذَنَب za-nab: (ع، مذ) دُم، پونچھ، سرا، آنکھ کا باہر کا سرا۔

ذُنُوب zu-nuub: (ع، مذ) دیکھیے 'ذنب' بمعنی گناہ جس کی یہ جمع ہے۔

ذ۔و

ذُو zuu: (ع، مذ) مالک، آقا، خداوند، مرکبات میں بطور سابقہ، فاعلی واحد استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً ذوالجلال۔

ذُواضعاف zu-vaa-z(?)aaf: (ع، مذ) جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے، تو اسے ان عددوں کا ذواضعاف کہتے ہیں۔

ذُوالاحترام zu-al-eh-ti-raam: (ع، صف) مرتبے والا، صاحب احترام، صاحب عزت، قابل احترام۔

ذُوالجلال zul-ja-laal: (ع، صف) صاحب جلال، بزرگی اور عظمت والا، دبدبے والا، اللہ تعالیٰ۔

ذوالجناح zul-ji-naa(h): (ع، مذ) پروں والا، حضرت امام حسین علیہ السلام کے گھوڑے کا نام۔

ذُوالحال zul-haal: (ع، صف) جس کی حالت بیان کی جائے، موصوف۔

ذُوالحج / ذوالحجہ zul-haj: (ع، مذ) اسلامی سال کا بارھواں مہینہ۔

ذُوالفِقار zul-fi-qaar: (ع، مذ) حضرت علیؓ کی تلوار جس کی پیٹھ پر مہرے تھے۔

ذُوالقُربا zul-qu-ri-ba(a): (ع، مذ) رشتہ دار، ذوی القربیٰ۔

ذُوالقرنَین zul-qar-nain: (ع، مذ) دو قرنوں والا، دو سینگوں والا، دو گیسوؤں والا، سکندر بادشاہ کا لقب۔

ذُوالقعد / ذوالقعدہ zul-qa(?)d: (ع، مذ) اسلامی قمری سال کا گیارھواں مہینہ۔

ذُوالنُّورین zun-nuu-rain: (ع، صف) حضرت عثمانؓ کا لقب۔

ذُوالنُّون zun-nuun: (ع، مذ) حضرت یونسؑ کا لقب۔

ذُوفُنُون zu-fu-nuun: (ع، صف) وہ جو کئی فن جانتا ہو۔ عالم، فاضل، طرار، پرفن، چالاک۔

ذُومعنیٰ zuu-ma(?)na: (ع، صف) بامعنی، کئی معنوں والا (ان معنوں میں صحیح ذومعنین ہے)۔

ذُومَعنَیین zu-ma(?)niin: (ع، صف) دو معنوں والا، پہلو دار بات۔

ذَوات za-vaat: (ع، مذ) دیکھیے 'ذات' جس کی یہ جمع ہے۔

ذَوق zauq: (ع، مذ) لطف، ذائقہ، خوشی، نشاط، دلچسپی۔

ذَوق چش zauq-chash: (ع، صف، مذ) حظ حاصل کرنے والا، لطف اٹھانے والا۔

ر

ر ra:(ع،مث) اسے اُردو میں رے کہتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لیے اسے رائے مہملہ یا غیر منقوطہ کہتے ہیں۔
اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں یہ چودھواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ لہراتا اور اوپری سوڑے کے پچھلے حصے کے ربط میں آتا ہے اور غشائی پردوں کے سکڑ کر ارتعاش سے اندر گونج سی پیدا ہوتی ہے۔ اسے صوتیات کی اصطلاح میں مسموع، سوڑی، لہردار مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

ر۔ا

را ra:(ف،حرف) کا،کو،سے، لیے، اُردو میں اس کے مرکبات قضارا بمعنی اتفاقاً، ناگہانی، خدارا بمعنی خدا کے لیے وغیرہ مستعمل ہیں۔

راب raab:(ہ،مث) شیرہ، پتلا گڑ۔

رابڑی / ربڑی raab-Rl(i):(ار،مث) شکر ملی ہوئی گاڑھی بالائی۔ عورت کا ایک نام بھی ہے۔

رابطہ raa-bi-ta(h):(ع،صف) ملانے والا، جوڑنے والا۔

رابطہ raa-bi-ta(h):(ع،مذ) تعلق، میل، ملاپ، قربت، رشتہ داری۔

رابع raa-bi(?):(ع،عدد،ترتیبی) چوتھا،مث: رابعہ۔

رات raat:(ار،مث) سورج غروب ہونے سے طلوع ہونے تک کا وقت، شب، لیل۔

رات بھر raat-bhar:(ار،متعلق فعل) ساری رات، تمام رات۔

رات دن raat-din:(ار،متعلق فعل) ہر وقت، آٹھوں پہر۔

رات کی رات raat-kii-raat:(ار،مث) صرف ایک رات۔

رات گئے raat-ga-ye:(ار،متعلق فعل) ایسا وقت جب رات کا کچھ حصہ گزر چکا ہو۔

راتب raa-tib:(ع،مذ) روزینہ اور مقررہ خوراک، (افعال: دینا، ملنا، باندھنا) چوپاؤں کا کھانا۔

راتوں رات raa-tauN raat:(ار،متعلق فعل) رات بھر میں، تمام شب میں، رات کے وقت، بہت جلد

راٹھور ra-thaur:(ہ،صف) مضبوط، پکا، سخت، کھردرا (مذ) راجپوتوں کی ایک گوت۔

راج raaj:(ہ،مذ) بادشاہت، سلطنت، ریاست، معمار۔

راج پاٹ raaj-paaT:(ہ،مذ) تخت و تاج۔

راج پوت / راجپوت raaj-puut:(ہ،مذ) ایک ہندی نژاد جنگجو قوم، شہزادہ، مث: راجپوتنی، صفت نسبتی و اسم کیفیت مث: راجپوتی

راج تلک raaj-ti-lak:(ہ،مث) گدی نشینی کی رسم۔

راج دُلارا raaj-du-laa-ra(a):(ہ،مذ) ناز و نعمت سے پالا ہوا، ناز پروردہ،مث: راج دُلاری۔

راج دوت raaj-duut:(ہ،مذ) راجا کا ایلچی، حکومت کا نمائندہ۔

راج دھانی raaj-dhaa-ni(i):(ہ،مث) پایۂ تخت، دارالحکومت۔

راج کمار raaj-kumaar:(ہ،مذ) راجا کا بیٹا، مث: راج کماری۔

راج گدی raaj-gad-di(i): (ھ، مث) تخت شاہی، تخت سلطنت۔

راج گرو raaj-gu-ru(u): (ھ، مذ) راجا کا مرشد

راج گھاٹ raaj-ghaaT: (ار، مذ) راجا کے نہانے کا گھاٹ، بہت بڑا گھاٹ، مہاتما گاندھی کی سادھی کے علاقہ سے منسوب جگہ کا نام۔

راج raaj: (ار، مذ) مکان بنانے والا، معمار۔

راج گیری raaj-gii-ri(i): (ار، مث) معماری، عمارت یا تعمیر کا کام یا پیشہ۔

راج ہنس raaj-hans: (ھ، مذ) ایک دریائی / آبی پرندہ، قاز، بڑی بطخ۔

راجا raa-ja(a): (ھ، مذ) بادشاہ، سخی۔

راجح raa-ji(?): (ع، صف) غالب، فائق، قابل ترجیح، پسندیدہ۔

راجع raa-ji(?): (ع، صف) رجوع کرنے والا، پھرنے والا۔

راجوٹ raa-joT: (ار، صف، ق) حکومت، سلطنت۔

راچھ raach: (ھ، مذ) جلاہوں کی دندانے دار کنگھی، آلہ، اوزار، بڑھئی اور دیگر پیشہ وروں کے اوزار، لوہے کا کڑا جس کے گرد چکی پھرتی ہے۔ درخت یا لکڑی کے اندر کا سخت حصہ۔

راکشس / راچھس raak-shas: (ھ، مذ) سرکش لوگ، ظالم، جن، بھوت، راکشش، مث: راچھسی۔

راحت raa-hat: (ع، مث) آرام، آسائش، آسودگی، قرار، سکھ، استراحت۔

راحت پرست / طلب raa-hat pa-rast :raa-hat ta-lab: (ع، صف) خوشی اور آرام چاہنے والا، اسم کیفیت مث: راحت پرستی / طلبی۔

راحتِ جان raa-ha-te-jaan: (ع، صف) دل خوش کرنے والا، (بلا اضافت) ایک قسم کا کھانا۔

راحل raa-hil: (ع، صف) چلنے یا کوچ کرنے والا، مسافر۔

راحلہ raa-hi-la(h): (ع، مذ) سواری کا جانور، اونٹ، کارواں، قافلہ۔

راحم raa-him: (ع، صف) رحم کرنے والا۔

رادھا raa-dha(a): (س، مث) اقبال مندی، طالع مندی، کرشن جی کی ایک گوپی جوان کی معشوقہ بھی تھی۔

راڑ raaR: (ھ، مث) لڑائی، جھگڑا، فساد، ہنگامہ۔

راز raaz: (ف، مذ) بھید، خفیہ، پوشیدہ بات۔

راز بستہ raaz-bas-tah: (ف، مث) سخت خفیہ بھید۔

راز جو raaz-juu: (ف، صف) تفتیش کرنے والا، راز تلاش کرنے والا، کسی معاملے کو دریافت کرنے والا، اسم کیفیت مث: راز جوئی۔

راز داں raaz-daaN: (ف، صف) محرمِ راز۔ بھید چھپانے والا، اسم کیفیت مث: رازدانی۔

راز و نیاز raaz-o-ni-yaaz: (ف، مذ) محبت کی باتیں، پیار کی باتیں، خفیہ گفتگو۔

رازق raa-ziq: (ع، صف) رزق دینے والا، روزی پہنچانے والا، پروردگار، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

رازقہ raa-zi-qa(h): (ع، مث) رزق، روزی۔

راس الجدی / جدی raa-sul-ja-di(i): (ع، مذ) خط جدی کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے پر ہمارے ہاں سردی شروع ہو جاتی ہے۔ مکرر یکھا۔

راس السرطان raa-sus-sar-taan: (ع، مذ) خط سرطان کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے پر ہمارے ہاں گرمی شروع ہو جاتی ہے۔ کرک ریکھا۔

راس المال raa-sul-maal: (ع، مذ) اصل،

پونجی، سرمایۂ تجارت۔

راس raas: (ف،صف) (راست کا مخفف) درست، صحیح مبارک، دایاں، دہنا، بوجھ اُٹھانے اور دودھ دینے والے جانوروں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے بھی آتا ہے۔ جیسے ایک راس گائے۔

راس raas: (ھ،مث) آسمان کے بارہ برجوں میں سے ہر ایک، وہ آسمانی کرہ جو ہر برج میں تیرہ یا اٹھارہ مہینے رہتی ہے۔ بے صاف کیے ہوئے اناج کا ڈھیر، گھوڑے کی باگ ڈور۔

راس چکر raas-chak-kar: (ھ، مذ) آسمان پر ایک خیالی دائرہ جس میں بارہ برج ہوتے ہیں۔ منطقۃ البروج، طریق الشمس۔

راس دھاری raas-dhaa-ri(i): (ھ، مذ) تماشا کرنے والا، کھیل کرنے والا، نقل کرنے والا، کرشن جی اور اُس کی گوپیوں کی نقل کرنے والا۔

راس لیلا raas-lii-la(a): (ھ،مث) کرشن جی اور ان کی گوپیوں کا کھیل۔

راست raast: (ف،صف) درست، ٹھیک، سازگار، اسم کیفیت مث: راستی، دایاں، داہنا۔

راست اِقدام raast-iq-daam: (فع، مذ) صحیح اقدام، براہِ راست اقدام، وہ کاروائی جو کسی مطالبہ کو منوانے کے لیے حکومت سے براہِ راست کی جائے۔

راست باز raast-baaz: (ف، صف) سچا، ایماندار، دیانتدار، اسم کیفیت مث: راست بازی۔

راست رو rasst-ro: (ف،صف) سیدھا چلنے والا، ایماندار، اسم کیفیت مث: راست روی۔

راست کردار raast-kir-daar: (ف،صف) دیانتدار، نیک کردار، اسم کیفیت مث: راست کرداری۔

راست گو/گفتار raast-go/guf-taar: (ف،صف) سچ کہنے والا، سچا، صاف گو، اسم کیفیت مث: راست گوئی/گفتاری۔

راستہ raas-ta(h): (ف، مذ) دیکھئے 'رستہ' مع محاورات و مرکبات، سڑک'

راسخ raa-siK: (ع،صف) پکا، مضبوط، اٹل، مث: راسخہ۔

راشد raa-shid: (ع،صف) ہدایت پانے والا، ہدایت یافتہ، مث: راشدہ۔

راشن raa-shan: (انگ، مذ) Ration، مقررہ خوراک، رسد، راتب، فوجی کھانا۔

راشن ڈپو raa-shan-Di-po: (انگ، مذ) Ration Depot راشن کی دُکان، رسد ملنے کی جگہ۔

راشن کارڈ raa-shan-kaarD: (انگ، مذ) Ration Card وہ پروانہ جس پر راشن کی مقدار اور راشن لینے والے کا نام و پتہ درج ہو۔

راشی raa-shi(i): (ع، صف) رشوت دینے والا (عام زبان میں رشوت لینے والا) جو غلط ہے۔

راضی raa-zi(i): (ع،صف) شاد، خوش، رضامند، تندرست، (افعال: کرنا، ہونا)

راضی بہ رضا raa-zi(i)-ba-ra-za(a): (ع،صف) خدا کے حکم پر راضی، خدا کی مرضی کو تسلیم کرنے والا۔

راضی نامہ raa-zii na-ma(h): (عف، مذ) وہ تحریر جو سرکار میں فریقین کی رضامندی سے داخل کی جاتی تھی، صلح نامہ۔

راغ raaG: (ف، مذ) پہاڑ کے نیچے کا میدان، سبزہ زار، جنگل۔

راغب raa-Gib: (ع،صف) مائل، خواہش مند۔

رافت raaft: (ع،مث) مہربانی، رحمت کی شدت۔

رافضی raa-fi-zi(i): (ع، مذ) وہ گروہ جو اپنے سردار

کو چھوڑ دے۔

راقم raa-qim: (ع، مذ) کاتب، لکھنے والا، نویسندہ: مث: راقمہ

راکٹ raa-kiT: (انگ، مذ) ہوائی بان، گول اور مخروطی شکل کا خودکار بم۔

راکھ raakh: (ہ، مث) خاکستر، بھسم، بھبوت، بھوبل، کسی جلی ہوئی چیز کی راکھ وغیرہ۔

راکھی raa-khi(i): (ہ، مث) وہ رنگین ڈورا جس کو ہنود سلونوں میں ہاتھ پر باندھتے ہیں، حفاظت۔

راگ raag: (ہ، مذ) نغمہ، ترانہ، لے، سُر، قصہ، کہانی، رنگ، برن۔

راگ رنگ raag-rang: (ار، مذ) رنگ رلیاں، عیش وعشرت، کھیل تماشا۔

راگ مالا raag-maa-la(a): (ہ، مث) وہ کتاب جس میں راگ کے اصول ہوتے ہیں۔ علم موسیقی کے اصولوں کی کتاب۔

راگنی raag-ni(i): (ہ، مث) راگ کی شاخ، راگ کی تانیث۔

راگی raa-gi(i): (ہ، مذ) کلاسیکی موسیقی کا ماہر، راگ کا گانے والا، گویا۔ ایک اناج کا نام۔

رال raal: (ہ، مث) چیڑ کے درخت کا گوند، لعاب دہن، تھوک۔

رام raam: (ف، صف) تابع، فرمانبردار، مطیع۔ (افعال: کرنا، ہونا)

رام raam: (ہ، مذ) سب میں رہنے والا، خوشگوار، خوش کن، حسین، رام چندر کا مخفف، مجازاً، خدا، پرمیشور۔

رام پھل raam-phal: (ہ، مذ) ایک قسم کا سرخی مائل شریفہ جو رام چندر جی کو بہت مرغوب تھا۔

راکشش raak-shash: (ہ، مث) جنگلوں میں رہنے والی قوم، وحشی آدمی۔

رام جنی raam-ja-ni(i): (ہ، مث) رنڈی، کسبی، طوائف۔

رام دُہائی raam-du-haa-i(i): (ہ، مث) خدا کی پناہ، خدا کی فریاد۔

رام راج raam-raaj: (ہ، مث) ہندوؤں کی مذہبی حکومت۔

رام رام raam-raam: (ہ، مذ) ہندوؤں کا باہمی سلام، صاحب سلامت۔

رام کہانی raam-ka-haa-ni(i): (ہ، مث) رام چندر جی کی داستان، رامائن، طولانی داستان۔

رام کلی raam-ka-li(i): (ہ، مث) بھیروں ٹھاٹھ کی راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

رام کی مایا raam-kii-maa-ya(a): (ہ، مث) خدا کے کھیل، خدا کی قدرت، فطرت۔

رام لیلا raam-lii-la(a): (ہ، مذ) دسہرے کا میلہ، رام چندر کی فتوحات کی نقل۔

رام نومی ram-nau-mi(i): (ہ، مذ) رام چندر جی کا جنم دن، ہندوؤں کا ایک تہوار جو چیت کے پچھلے پاکھ کی نویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔

رامائن raa-maa-yan: (ہ، مث) رام چندر جی کی کتھا، وہ رزمیہ نظم جو والمیک نے سنسکرت میں لکھی اور تلسی داس نے اسے ہندی میں منتقل کیا۔

رامش raa-mish: (ف، مث) خوشی میں گانا، راگ رنگ۔

رامش گر raa-mi-sh-gar: (ف، صف) مطرب، گویا، اسم کیفیت مث: رامش گری۔

رامش و رنگ raa-mish-o-rang: (ف، مذ) عیش وعشرت۔

ران raan: (ف، مث) ٹانگ کا گھٹنے سے اوپر کا حصہ، زانو، جانگھ، آسن، بیٹھک۔

رانا raa-na(a): (ہ، مذ) راجا، چھوٹا راجا، ٹھاکر، راجپوتوں کا خطاب، اودے پور کے راجاؤں کا لقب، ادھیراج۔

رانبھنا raaNbh-na(a): (ہ، مص) گائے کا چلانا، چیخنا، چلانا، شور مچانا، ڈکرانا۔

رانپی raaN-pi(i): (ہ، مث) موچیوں کا ایک اوزار جس سے چمڑا چھیلتے ہیں۔

رانجھا raaN-jha(a): (ہ، مذ) پنجاب کے ایک شخص کا نام جو ہیر پر عاشق تھا۔

رانڈنا raaNd-na(a)t: (ا، مص) نکال دینا، خارج کرنا۔

رانده raaN-da(h): (ا، حالیہ) نکالا ہوا، مردود، ملعون، محروم، خارج، جمع: راندگان۔

راندۂ درگاہ raaN-da-he-dar-gaa(h): (ا، مذ) بادشاہ کے دربار یا خدا کے دربار سے نکالا ہوا، شیطان۔

رانڈ raaND: (ہ، مث) بیوہ، گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

رانڈ کا سانڈ raaND kaa saaND: (ا، مذ) بے پرواہ، آزاد طبع، نوجوان بدکار آدمی۔

رانگ raaNg: (ہ، مث) پودوں کا عرق جو رنگنے کے کام آتا ہے، رنگ، قلعی۔

رانگا raaN-ga(a): (ہ، مذ) قلعی، رنگ۔

رانی raa-ni(i): (ہ، مث) راجا کی بیوی، ملکہ، ہندوؤں میں عورتوں کا معزز خطاب، رانا کی مؤنث۔

راوت raa-vat: (ہ، مذ) راجا، سردار، راؤ، شجاع، بہادر سیف بازی کا اُستاد۔

راول raa-val: (ہ، مذ) دیکھئے 'راوت' نمبر ۱ تا ۳ (پنجاب میں) جوگی، سنیاسی۔

راوی raa-vi(i): (ع، صف) روایت کرنے والا، مورخ، افسانہ نگار، قصہ کہانی کا مصنف، مغربی پاکستان کے ایک مشہور دریا کا نام (دریائے راوی)

راہ raah: (ف، مذ) راستہ، ڈھب، وضع، میل جول، موقع محل، تدبیر۔

راہبر raah-bar: (ا، مذ) راہنما، راستہ دکھانے والا، سردار، سرغنہ، پیر، ہادی، پیغمبر، اسم کیفیت مث: راہبری۔

راہ پیما raah-pe-ma(a): (ف، صف) راہرو، مسافر، اسم کیفیت مث: راہ پیمائی۔

راہ چلتا raah-chal-ta(a): (ا، مذ) مسافر، راہ رو، مث: راہ چلتی۔

راہ دار raah-daar: (ف، مذ) راہ کا نگہبان، راستے کا محصول لینے والا۔

راہداری raah-daa-ri(i): (ف، مث) راستے کا محصول، راستے پر چلنے کا اجازت نامہ۔

راہِ راست raa-he-raast. (ف، مذ) سیدھا راستہ، درست راستہ۔

راہ رو raah-rau: (ف، مذ) مسافر، راستہ چلنے والا، اسم کیفیت مث: راہ روی۔

راہزن raah-zan: (ف، مذ) قزاق، لٹیرا، ڈاکو، قطاع الطریق، اسم کیفیت مث: راہزنی۔

راہ سے raah-se: (ا، متعلق فعل) سیدھی طرح، رستے سے، قاعدے سے۔

راہگزر raah-gu-zar: (ا، مذ) سڑک، راستہ۔

راہ گیر raah-giir: (ا، مذ) مسافر، راہرو۔

راہ لگنا raah-lag: (ا، مقولہ) اپنا راستہ لینا، چلتا بننا/ہونا۔

راہ نامہ raah-na-ma(h): (ا، مذ) سڑکوں کا نقشہ یا کتاب۔

راہ نما raah-nu-ma(a): (ار، مذ) ہادی، پیر، رہبر، پیشوا، اسم کیفیت مث: راہ نمائی۔

راہ دار raah-daar: (ار، مذ) گھوڑا، تیز چلنے والا گھوڑا، باد پا۔

راہ و ربط / رسم raa-ho-rabt/rasm: (ف، مث) میل جول، ربط ضبط، صاحب سلامت، راہ ریت۔

راہی raa-hi(i): (ف، مذ) مسافر، راہ رو۔

راہب raa-hib: (ع، مذ) عیسائی زاہد، عابد، تارک الدنیا، جوگی، مث: راہبہ، اسم کیفیت مث: رہبانیت۔

راہن raa-hin: (ع، مذ) رہن کرنے والا، گروی رکھنے والا شخص۔

راہنا raah-na(a): (ار، مص) چکی راہنا، چکی پر لوہے سے نشان کھودنا۔

رایتا raa-ye-ta(a): (ار، مذ) ایک قسم کی خوراک جو سبزیوں کو ابال کر دہی میں ڈال کر بناتے ہیں۔

رائج raa-yij: (ع، مذ) جاری، رواں، عام، رسمی، دستور کے موافق (افعال: کرنا، ہونا) مث: رائجہ۔

رائج الوقت raa-yi-jul-vaqt: (ف، مذ) زمانے کا دستور یا فیشن، سکہ جو اُس وقت جاری ہو۔

رائیگاں raa-ye-gaaN: (ف، صف) بے کار، فضول، اکارت، زائل، عبث، بے وقعت، لاحاصل، اسم کیفیت مث: رائگاں۔

راؤ raa-au: (ہ، مذ) راجا، راجا کا بیٹا، سردار، ہندوؤں کا ایک اعزازی لقب۔

راؤ صاحب / رائے بہادر raa-au-saa-hab/raa-ye-ba-haa-dur: (ار، مذ) سرکاری خطاب جو حکومت برطانیہ کی طرف سے ہندوؤں کو دیا جاتا تھا۔

راؤٹی raa-au-Ti(i): (ہ، مث) ایک قسم کا چھوٹا خیمہ / تنبو۔ (افعال: کھڑی کرنا، ہونا)

رائی raa-yi(i): (ار، مث) ایک قسم کا سرسوں سے مشابہ اناج، تھوڑی مقدار۔

رائی بھر raa-yii bhar: (ار، صف) ذرا سا، قلیل مقدار۔

رائے raa-ye: (ع، مث) عقل، تدبیر، سمجھ، دانست، مشورہ، صلاح مشورہ (افعال: دینا، لینا، ملنا)

رائے دہندہ raa-ye-di-han-dah: (عف، صف) رائے دینے والا، ووٹر، ووٹ دینے والا، اسم کیفیت مث: رائے دہندگی۔

رائے دہی raa-ye-da-hi(i): (عف، مث) رائے دینے کا فعل۔

رائے زنی raa-ye-za-ni(i): (عف، مث) اظہار رائے، کسی امر کی نسبت خیال ظاہر کرنا (افعال: کرنا، ہونا)

رائے raa-ye: (ہ، مذ) راجا، سردار، ایک خطاب جو حکومت برطانیہ کی طرف سے ہندوؤں کو دیا جاتا تھا۔

رائے بیل raa-ye-bel: (ہ، مث) ایک قسم کی چنبیلی اور اس کے پھول۔

رایت raa-yat: (ع، مث) جھنڈا، علم، جمع، رایات

ر ـ ب

رب rab: (ع، صف) پالنے والا، پروردگار، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

ربُّ الارباب rab-bul-ar-baab: (ع، صف) سب پالنے والوں کا پالنے والا، اللہ تعالیٰ۔

ربُّ العالمین rab-bul-(?)aa-la-miin: (ع، صف) تمام جہانوں کو پالنے والا، اللہ تعالیٰ۔

ربُّ النوع rab-ban-nuu(?): (ع، صف) ایک قسم کی اشیاء کو ترتیب دینے والا، فرشتہ۔

رُبّ rub: (ع،مذ) کسی پھل کارس جو پکا کر جمالیا جائے۔

رُبا ru-ba: (ف، لاحقہ، فاعلی) فارسی مصدر ربودن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور اُڑانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً دل رُبا، ہوش رُبا وغیرہ۔

ربٰو ri-ba(a): (ع،مذ) سود، بیاج، اضافہ، بڑھوتری۔

رباب ra-baab: (ع،مذ) ایک قسم کی سارنگی۔

ربابی ra-baa-bi(i): (ار،صف) رباب بجانے والا۔

رباط ra-baat: (ع، مذ) سرائے، مسافر خانہ، خیمہ، پٹے، موٹا پٹھا۔

رُباعی ru-baa-(?)i(i): (ع،مث) وہ چار مصرعوں کی نظم جس کے پہلے دوسرے اور چوتھے مصرعہ کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے اور یہ بحر ہزج کے مقررہ چوبیس اوزان میں لکھی جاتی ہے۔

ربّانی rab-baa-ni(i): (ع،صف) رب کا، رب کی طرف منسوب، درویش، خدا پرست۔

ربدا rab-da(a): (ھ، مذ) وہ کیچڑ جو پانی کے بہاؤ سے ہو جاتا ہے۔

ربڑ ra-baR: (انگ، مذ) Rubber، حرف مٹانے کی چیز جو ایک درخت کا دودھ پکا کر بناتے ہیں۔ یہ لچک دار شے پکی سیاہی اور پنسل کے نشانات مٹا دیتی ہے۔ اسی سے بنا کر سینکڑوں اشیاء استعمال کی جاتی ہیں۔

ربڑی rab-Ri(i): (ھ،مث) رابڑی، بالائی۔

ربط rabt: (ع، مذ) بندش، لگاؤ، تعلق، میل ملاپ، راہ و رسم نسبت، تناسب، محبت، دوستی، پیار، اخلاص، مہارت، ڈھب، عادت۔

رُبع ru-ba(?): (ع، عدد کسری) چوتھا حصہ، چہارم (1/4) چہار یک۔

رُبع مسکون ru-ba(?)-mas-kuun: (ع،مذ) دُنیا کا چوتھا حصہ جو آباد ہے (خشکی)

رِبن ri-ban: (انگ،مذ) Ribbon فیتہ، پتلی لمبی پٹی۔

رُبُوبیت ru-buu-bi-yat: (ع، مث) پروردگاری، پرورش۔

ربودگی ru-buu-da-gi(i): (ف،مث) غنودگی، غفلت جو بیمار کو ہوتی ہے، لوٹ کھسوٹ۔

ربیب ra-biib: (ع،صف) پالا پوسا، سوتیلا بیٹا جو پہلے خاوند سے ہو مث: ربیبہ۔

ربیع ra-bii(?): (ع،مث) موسم بہار، اساڑھی، وہ فصل جو مارچ اپریل میں کاٹی جاتی ہے۔

ربیع الآخر / الثانی ra-bii-(?)ul-aa-Kir/ saa-ni(i): (ع،مذ) عربی سال کا چوتھا مہینہ۔

ربیع الاوّلی / الاوّل ra-bii-(?)ul uu-la(a)/ av-val: (ع،مذ) عربی سال کا تیسرا مہینہ۔

ر۔پ

رپٹ / رپٹن ra-paT: (ھ، مث) پھسلن، پھسلاہٹ، انگریزی لفظ Report کا بگاڑ، خبر، اطلاع، کسی جرم یا وقوع کی خبر۔

رپٹانا rap-Taa-na(a): (ار،مص) پھسلانا، دوڑانا۔

رپٹنا ra-paT-na(a): (ار،مص) پھسلنا، لڑھکنا، کھسکنا۔

رپورٹ re-porT: (انگ،مث) Report اطلاع، خبر، وہ تحریر جس میں کارروائی درج ہو۔

رپورٹر ra-po-Tar: (انگ، صف) Reporter اطلاع دینے والا، خبر نگار، نامہ نگار۔

ر۔ت

رُت rut: (ھ،مث) فصل، ہر چیز کا زمانہ، موسم۔

رَت rat: (ہ،مث) رات کا مخفف جو مرکبات میں مستعمل ہے۔ مثلاً رت جگا۔

رَت جگا rat-ja-ga(a): (ہ، مذ) شب بیداری، خوشی یا عبادت میں رات بھر جاگنا۔

رتا ra-taa: (ہ، مذ) ایک کیڑا جو گیہوں وغیرہ کو لگ جاتا ہے۔

رتالو ra-taa-lu(u): (ہ، مذ) ایک قسم کی جڑ جو اروی کے مشابہ ہوتی ہے۔

رُتبہ rut-ba(h): (ع، مذ) درجہ، مرتبہ، عہدہ، عزت، حرمت، قدر، منزلت۔

رتن ra-tan: (ہ، مذ) جواہرات، قیمتی پتھر، نگ، آنکھ کی پتلی، منی، نطفہ، عطر، لُبِّ لباب۔

رتن جوت ra-tan jot: (ہ، مذ) ایک پودا جس کے پتے یا لکڑی تیل میں ڈالنے سے تیل سرخ ہو جاتا ہے۔ یہ دواؤں کے کام آتا ہے۔

رتن مالا ra-tan maa-la(a): (ہ، مث) ہیروں یا موتیوں کا ہار، ایک قسم کا پھول۔

رتنا rat-na(a): (ار، مص) ریتی سے رگڑا جانا، خالی ہونا، سارنگی بجنا۔

رِتوانا rit-vaa-na(a): (ار، مص) ریتی سے صاف کروانا، برتن وغیرہ خالی کرانا۔

رتَونْد ra-tauNd: (ار، مذ، مث) شب کوری۔ آنکھ کی ایک بیماری جس کے سبب رات کو دکھائی نہیں دیتا، اندھراتا۔

رتَوندھیا ra-taundh-ya(a): (ار، صف) جس کو رات کو نظر نہ آئے، شب کور۔

رتھ rath: (ار، مذ و مث) ایک قسم کی دیسی گاڑی جس کے اوپر برجی سی بنی ہوتی ہے۔ جس میں گھوڑے یا بیل جوتے جاتے ہیں۔

رتھ بان / وان rath-baan: (ہ، صف) گاڑی بان، رتھ ہانکنے والا۔

رتّی rat-ti(i): (ہ، مث) ماشے کا آٹھواں حصہ، مقدار قلیل، گھونگچی۔

رتّی بھر rat-tii bhar: (ار، صف، فعل) ذرا سا، تھوڑا سا، قلیل، قدرے۔

رتّی رتّی rat-ti rat-ti: (ار، متعلق فعل) ذرا ذرا، ایک ایک حبہ، بالکل، تمام، سراسر۔

رتیلا ra-tii-la(a): (ہ، صف، مذ) ریت ملا ہوا، مث: رتیلی۔

ر۔ٹ

رٹ raT: (ہ، مث) کسی بات کا بار بار کہنا، تکرار (افعال: رہنا، لگانا، لگنا)

رِٹ riT: (انگ، مث) عدالت کا حکم نامہ، اجرائے پروانہ کی درخواست جو ہائی کورٹ میں دائر کی جاتی ہے۔ Writ

رٹنا raT-na(a): (ار، مص) بار بار کہنا، دہرانا، کسی چیز کو زبانی یاد کرنا، جپنا۔

رٹّو raT-Tuu: (ار، صف) رٹنے والا، رٹ کر یاد کرنے والا۔

ر۔ج

رَج raj: (ہ، مث) دریا کا ریتا، ریگ رواں، بالوں ریت، حیض، دلدل، پھولوں کا زیرہ۔

رُج ruj: (ار، مث، ق) بیماری، علامت۔ بہت چھوٹے کیڑے، جو مرغیوں کے پروں میں ہو جاتے ہیں۔

رجاء ri-ja(a): (ع، صف) امید، آس، آسرا، آرزو، تمنا، خواہش۔

رجا ra-ja(a): (ھ، صف) پیٹ بھرا، شکم سیر، بے پروا، دولت مند، مث: رجی۔

رجا پُجا ra-jaa pu-ja(a): (ھ، صف) رجا ہوا، امیر، غنی، آباد، دھنی، مث: رجی پُجی۔

رجال ri-jaal: (ع، مذ) دیکھئے 'رَجُل' جس کی یہ جمع ہے۔ نیز دیکھئے 'اسماء الرجال'۔

رجالُ الغَیب ri-jaa-lul-Gaib: (ع، مذ) مردانِ غیب، ایک غیبی ہستی جو زمین کے گرد پھرتی ہے۔

رجائی ri-jaa-yii(i): (ع، صف) پرامید، تصویر کا روشن پہلو دیکھنے والا، انگریزی لفظ Optimist کا ترجمہ۔

رجائیت ri-jaa-iy-yat: (ع، مث) اچھے خیال رکھنا، تصویر کا روشن پہلو دیکھنا، آرزو سے پر ہونا، انگریزی لفظ Optimism کا ترجمہ۔

رجب ra-jab: (ع، مذ) سالِ ہجری کا ساتواں مہینہ، عربی قمری سال کا مہینہ۔

رُجحان ruj-haan: (ع، مذ) میلان، توجہ۔

رجزیہ ra-ja-ziy-ya(a): (ع، صف) رجز سے منسوب۔

رجسٹر ra-jis-Tar: (انگ، مذ) Register یادداشت کی کتاب، حاضری کی کتاب۔

رجسٹری ra-jis-Tri(i): (انگ، مث) Registry ڈاکخانے یا تحصیل میں داخلہ اندراج، اندراج فہرست۔ (افعال: کرنا، کرانا)

رجسٹریشن ra-jis-Tra-shan: (انگ، مذ) Registration درج رجسٹر کرانا۔

رجعت raj-(?)at/ruj-(?)at: (ع، مث) واپسی، بازگشت، عورت کو طلاق دینے کے بعد زوجیت میں لانے کا عمل، سیارے کا اپنی جگہ سے / اپنی گردش سے پھرنا، جلالی عمل کی شرائط میں غلطی ہو جانے سے پاگل، بیہودہ، بکواس بن جانا۔

رَجُل ra-jul: (ع، مذ) آدمی، مرد۔

رجم ra-jam: (ع، مذ) پتھر مار مار کر ہلاک کرنا، سنگ باری: شہاب ثاقب۔

رجمنٹ raj-menT: (انگ، مث) Regiment، پیدل سپاہیوں کا دستہ، پلٹن، رجمنٹ میں عموماً آٹھ سو سے ایک ہزار تک سپاہی ہوتے ہیں۔

رجنا raj-na(a): (ار، مص) پیٹ بھرنا، سیر ہونا۔

رجواڑا raj-vaa-Ra(a): (ھ، مذ) راجہ کا ملک، راجہ کی عملداری۔

رُجوع ru-juu(?): (ع، مذ، مث) واپس ہونا، مڑنا، لوٹنا، مائل ہونا، راغب ہونا، رغبت، میل، میلان، ظاہر ہونا، حاضر ہونا، التجا، نظر ثانی، گزارش یا اپیل عدالت میں، توجہ، رابطہ قائم کرنا (افعال: کرنا، ہونا)

رجولت / رجولیت ri-juu-lat: (ع، مث) مردانگی، باہ، قوت تولید۔

رجھانا ri-jhaa-na(a): (ار، مص) خوش کرنا، مائل کرنا، فریفتہ کرنا، لبھانا، مسرور کرنا۔

رجھنا rijh-na(a): (ار، مص) رُکنا، ٹھہرنا، بند ہونا، مشغول ہونا، تنگ ہونا، گھبرانا، ستانا، چھیڑنا۔

رجیم ra-jiim: (ع، صف) مردود، بہکایا ہوا، پتھر مارا ہوا، دھتکارا ہوا۔

ر۔چ

رُچ ruch: (ھ، مث) رغبت، چاہ، خواہش۔

رچانا ra-chaa-na(a): (ار، مص) مقرر کرنا، شروع کرنا، پھیلانا، منانا، خوشی منانا، مہندی سے ہاتھ رنگنا۔

رچاوٹ ra-chaa-vaT: (ار، مث) رنگ کی شوخی، خوب، اچھا، اچھا رنگ۔

رچاؤ ra-chaa-au: (ہ، مذ) رچاوٹ، رچنے کا عمل۔

رچنا (rach-na(a: (ا ر، مص) سرایت کرنا، مہندی کا رنگ لانا یا ہونا، (خوشی کی تقریب ہونا) (س، مث) شکل، صورت، گیت۔

رُچنا (ruch-na(a: (ہ، مص) پسند ہونا، اچھا لگنا، خواہش ہونا، میلان ہونا۔

ر۔ح

رحل rahl: (ع، مث) مسکن، منزل، اسباب، کوچ

رِحل re-hal: (ع، مث) لکڑی کی ٹیک یا کرسی جس پر قرآن مجید رکھ کر پڑھتے ہیں۔ جو قینچی کی طرح ہوتی ہے۔

رحلت reh-lat: (ع، مث) موت، روانگی، کوچ، انتقال۔ (افعال: کرنا)

رحم ra-ham: (ع، مذ) کرم، مہربانی، دیا، بخشش، عفو، ہمدردی، چاولوں کا کچا حلوا جو خاص اللہ میاں کی نیاز کے لیے عورتیں بناتی ہیں۔

رُحم / رَحم ra-hum/ra-ham: (ع، مذ) بچہ دانی۔

رحم دل ra-ham-dil: (عف، صف) مہربان، ہمدرد، رقیق القلب اسم کیفیت مث: رحم دلی۔

رحمان reh-maan: (ع، صف) مہربانی کرنے والا، شفیق، رحیم، خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔

رحمت rah-mat: (ع، مث) کرم، مہربانی، کنایۃً بارش، مینہہ، درود و سلام، صلوٰۃ، کلمۂ تحسین۔

رحیق ra-hiiq: (ع، مث) خالص شراب۔

رحیل ra-hiil: (ع، مذ) کوچ کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، کوچ، سفر۔

رحیم ra-hiim: (ع، صف) مہربانی کرنے والا، مہربان (مذ) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، اسم کیفیت مث (ف) رحیمی۔

ر۔خ

رُخ ruK: (ف، مذ) رخسار، منہ، گال، طرف، جانب، ایک فرضی جانور جو بہت بڑا ہوتا ہے اور جس کا ذکر الف لیلہ میں آتا ہے۔ سیمرغ، افق، شطرنج کا ایک مہرہ، توجہ۔

رُخام ru-Kaam: (ع، مذ) سنگ مرمر۔

رخت raKt: (ف، مذ) اسباب، اثاثہ، لباس، پوشاک، جامہ۔

رُخسار ruK-saar: (ف، مذ) گال، عذار۔

رَخش raKsh: (ف، مذ) رستم کا گھوڑا، گھوڑا، سرخ اور سفید ملا ہوا رنگ۔

رخشاں raK-shaaN: (ف، صف) چمکنے والا، منور، اسم کیفیت مث: رخشانی۔

رخشندہ (raK-shan-da(h: (ف، صف) چمکیلا، روشن، اسم کیفیت مث: رخشندگی۔

رُخصت ruK-sat: (ع، مث) اجازت، منظوری، رضا، چلنا، روانگی، کوچ، جانا، فرصت، اجازت، چھٹی

رُخصتِ اتفاقی (ruK-sa-te it-ta-faa- qi(i: (ع، مث، بترکیب فارسی) وہ چھٹی جس کا حق ہو۔

رُخصت طلب ruK-sat-ta-lab: (عف، صف) جانے کی اجازت چاہنے والا، چھٹی مانگنے والا۔

رُخصتانہ (ruK-sa-taa-na(h: (عف، مذ) رخصت کے وقت کا انعام، وہ نقدی جو کسی کو چلتے وقت دی جائے۔

رُخصتی (ruK-sa-ti(i: (عف، مث) دلہن کی روانگی، وداع، وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے، سلامی (صف) چھٹی پر، مرخص۔

رخنہ (raK-na(h: (ف، مذ) سوراخ، روزن،

مزاحمت، خلل، فساد، فتنہ۔

رخنہ انداز raK-na(h) an-daaz: (ف، صف) مزاحمت کرنے والا، خلل ڈالنے والا، بھانجی مارنے والا، اسم کیفیت مث: رخنہ اندازی۔

رخنہ بندی raK-na(h) ban-di(i): (ف، مث) سوراخ بند کرنا، فتنہ فساد روکنا۔

ر۔د

ردّ rad: (ع، مذ) واپس کرنا، موڑنا، پھیرنا، دلیل توڑنا، تردید، قے، اُلٹی، نامنظوری (افعال: کرنا، ہونا)

ردِّ دعوت rad-de-da(?)-vat: (ع، مذ، بترکیب فارسی) دعوت کو نامنظور کرنا۔

ردِّ سلام rad-de-sa-laam: (ع، مذ، بترکیب فارسی) سلام کا جواب

ردِّ عمل rad-de-(?)a-mal: (ع، مذ، بترکیب فارسی) جوابی عمل، تاثیر و تاثر، اُلٹ عمل کرنا، انگریزی لفظ Reaction کا ترجمہ۔

ردّ و بدل rad-do-ba-dal: (ع، مذ، بترکیب فارسی) اُلٹ پلٹ، تکرار، لڑائی میں حملہ اور اس کا توڑ۔

ردو قدح rad-do-qa-dah: (ع، مث، بترکیب فارسی) حجت۔ بحث، تکرار۔

ردا ri-da(a): (ع، مث) چادر، اوڑھنی۔

رڈا / ردّہ rad-da(a): (ف، مذ) دیوار پر اینٹوں کی ایک قطار، اینٹ کو اینٹ پر یا مٹی کو تہہ در تہہ رکھنا۔

ردی ra-di(i): (ع، صف) خراب، ناکارہ، نکما، بگڑا ہوا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

ردّی rad-di(i): (ار، مث) ناقص کاغذ، نکما، خراب کاغذ (صف) خراب۔

ردیف ra-diif: (ع، مث) گھوڑے پر سوار کے پیچھے بیٹھنے والا آدمی، اصطلاح شعر میں وہ لفظ یا الفاظ کا مجموعہ جو کسی غزل، قصیدہ یا ابیات کے آخر میں قافیہ کے پیچھے بار بار آئیں۔

ر۔ذ

رذالپن / رذیل پن ra-zaal-pan/ra-ziil-pan: (ار، مذ) سفلہ پن، کمینگی، پاجی پن۔

رذالت ra-zaa-lat: (ار، مث) دیکھیے 'رذالپن'

رذائل ra-zaa-yil: (ع، مذ) دیکھیے 'رذیلہ' جس کی یہ جمع ہے۔

رذیل ra-ziil: (ع، صف) کمینہ، پاجی، بے شرم، بے حیا، بدمعاش۔

رذیلہ ra-zii-la(h): (ع، مث) رذیل کی تانیث، کمینگی، اوچھاپن۔

ر۔ڑ

رڑک ra-Rak: (ہ، مث) چبھن، خلش، ٹھک۔

رڑکنا ra-Rak-na(a): (ہ، مص) چبھنا، خلش ہونا، درد ہونا، گھونٹنا۔

ر۔ز

رَز raz: (ف، مذ) انگور، انگور کی بیل۔

رز raz: (ف، لاحقہ فاعلی) رزیدن مصدر سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور رنگنے والا کے معنی دیتا ہے، مثلاً رنگ ریز وغیرہ۔

رزّاق raz-zaaq: (ع، اسم مبالغہ) رزق پہنچانے والا، روزی دینے والا، خدا تعالیٰ کا صفاتی نام، اسم کیفیت مث (ف) رزاقی۔

رزائی ra-zaa-i(i): (ار، مث) دیکھیے 'رضائی'

رزرویشن ri-zar-va-shan: (انگ، مث) Reservation تخصیص، خاص کرنے کا عمل۔

رزق rizq: (ع، مذ) خوراک، کھانا، اناج، روٹی، وظیفہ۔

رزق کا کیڑا rizq-kaa-kii-Ra(a): (ار، مذ) اناج کھانے والا، کنایتہً انسان۔

رزلٹ ri-zalT: (انگ، مذ) Result نتیجہ، ثمرہ۔

رزم razm: (ف، مث) جنگ، معرکہ، لڑائی۔

رزم گاہ razm-gaa(h): (ف، مث) میدان جنگ، جنگ گاہ۔

رزمیہ raz-mi-ya(h): (ف، صف) رزم سے نسبت رکھنے والا، (مث) جنگ کی داستان، انگریزی لفظ Epic کا ترجمہ۔

ر۔س

رَس ras: (ہ، مذ) شیرہ، عرق، دودھ، گنّے کا شیرہ، جوہر، ست، دھات کے کُشتے، منی، نطفہ، آواز کی شیرینی، نشیلا پن، محبت، (رقص کی اصطلاح) لوچ، پینے والی چیز، خشک ڈبل روٹی۔

رس بھری ras-bha-ri(i): (ار، صف) رس دار، شیریں، خوش ذائقہ، نشیلی، خمار آلود، انگریزی لفظ کا موردِ قوتِ فرنگی۔

رس پڑنا ras-paR-na(a): (ار، محاورہ) اناج میں دودھ پیدا ہونا۔

رس ras: (ف، لاحقہ فاعلی) رسیدن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پہنچنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً دوررس۔

رسا ra-sa(a): (ف، صف) پہنچنے والا، بلند ہونے والا، دور جانے والا، کامل۔

رسّا ras-sa(a): (ار، مذ) موٹی رسّی، بڑی رسّی، ریسمان۔

رسالت ri-saa-lat: (ع، مث) پیغمبری، پیغامبری، ایلچی گری، سفارت۔

رسالت پناہ / مآب ri-saa-lat pa-naa(h): (عف، صف) پیغمبر صلعم سے مراد ہے۔

رسالدار ri-saal-daar: (عف، مذ) ایک رسالہ کا افسر، سوسوار کا افسر اسم کیفیت مث: رسالداری۔

رسالہ ri-saa-la(h): (ع، مذ) نامہ، مکتوب، چھوٹی کتاب، مختلف حضرات کے مضامین کا مجموعہ جو مقررہ وقت پر شائع ہوتا ہے۔ آٹھ سو یا ہزار سواروں کا دستہ۔

رساں ra-saaN: (ف، اسم حالیہ) پہنچنے والا، دور جانے والا، پہنچانے والا، مرکبات میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے خبر رساں۔

رسان ra-saan: (ار، مث) آہستگی، نرمی۔

رسانا ra-saa-na(a): (ار، مص) ٹانکا لگانا، جوڑنا (برتن وغیرہ)

رساول ra-saa-val: (ہ، مذ) گنّے کے رس کی کھیر۔

رسایل ra-saa-il: (ع، مذ) دیکھیے 'رسالہ' جس کی یہ جمع ہے۔

رسائن ra-saa-yan: (س، مث) وہ دوا جو کسی دھات کو مار کر بنائی جاتی ہے۔ کیمیا، اکسیر۔

رسائی ra-saa-i(i): (ف، مث) پہنچ، باریابی، رسوخ، واقفیت، آہستگی۔ (افعال: پانا، کرنا، ہونا)

رستگار rast-gaar: (ف، صف) چھٹکارا پانے والا، نجات پانے والا، آزاد، محفوظ، فیاض، سخی، اسم کیفیت مث: رستگاری۔

رُستم rus-tam: (ف، مذ) ایک ایرانی پہلوان، مجازاً بہادر، دلیر، شجاع، کامل فن۔

رُستم کا سالا rus-tam kaa saa-la(a): (ار، مذ) بڑے آدمی سے رشتہ داری پر شیخی مارنے والا۔

رُستمی rus-ta-mi(i): (ف،مث) بہادری، شجاعت۔
رستوراں res-tu-raaN: (ع، مذ) انگریزی لفظ Restaurant کا مورد) طعام خانہ۔
رُستہ rus-ta(h): (ف،صف) اُگا ہوا۔
رستہ ras-ta(h): (ف، مذ) دیکھئے 'راستہ' جس کا یہ مخفف ہے چھوٹا ہوا، آزاد۔
رسد ra-sad: (ف، مث) وہ چیز جو پہنچے آئے، آمدنی، درآمد، فوج کے لیے اناج، کھانے کا سامان، فراہمی، بخرہ، عموماً حصہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (حصہ رسد)
رسکوک ras-kuuk: (ہ، مذ) (جوہریوں کی اصطلاح) چھوٹا موتی، چھوٹا مروارید، مرجان۔
رُسُل ru-sul: (ع، مذ) رسول کی جمع، پیغمبر۔
رسل ورسایل ras-lo-ra-saa-il: (ع، مذ) نقل وحرکت، نقل وحمل، آمدورفت۔
رسمؔ rasm: (ع، مث) نقش، تحریر، مجازاً، دستور، رواج، منطق، عادات، چال چلن، عرضیات کے ساتھ کسی چیز کی تعریف۔
رسمُ الخط / رسم خط ras-mul-Kat/ras-me-Kat: (ع، مذ) املا، حروف لکھنے کا انداز، طریق املا، طریقہ تحریر۔
رسم ورواج ras-mo-ri-vaaj: (ار، مذ) قاعدہ، دستور۔
رسم وراہ ras-mo-raa(h): (عف، مث) میل جول، برتاؤ، ربط ضبط، دستور، ڈھنگ۔
رسماً ras-man: (ع، متعلق فعل) رسم کے طور پر۔
رسمسا ras-ma-sa(a): (ہ، صف) تر، گیلا، مث: رسمسی۔
رسمسانا ras-ma-saa-na(a): (ہ، مص) تر ہونا/ کرنا، ناز سے بستر پر اینٹھنا، جوانی کے جوش میں ڈوبا ہونا۔
رسمی ras-mi(i): (ع، صف) رواجی، جس کا رواج ہو، معمولی، دوسرے درجے کا، متوسط مث: رسمیہ۔
رسمیات ras-mi-yaat: (ع، صف) دیکھئے 'رسمی' جس کی یہ جمع ہے۔ رسمی اُمور۔
رَسَنا ras-sa: (ع، مث) رسّی۔
رِسنا ris-na(a): (ار، مص) ٹپکنا، چونا۔
رسنا ras-na(a): (ار، مص) آرام سے رہنا، مزے سے بسنا۔
رُسواؔ rus-va(a): (ف، صف) ذلیل، خوار، بدنام، بےعزت، روسیاہ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: رُسوائی۔
رُسوب ru-suub: (ع، مذ) تلچھٹ، دُرد، تہ نشین، گاد۔
رسوت ra-saut: (ہ، مث) ایک کڑوی دوا جو ایک پودے کا رس ہے۔
رُسوخ ru-suuK: (ع، مذ) رسائی، پہنچ، ربط ضبط، اعتبار، اعتماد (افعال: کرنا، ہونا)
رسول ra-suul: (ع، مذ) نبی جو خُدا کی طرف سے پیغام اور کتاب لائے، قاصد، ایلچی، نامہ بر، پیغمبر۔
رسولُ الثقلین ra-suu-lus-saq-lain: (ع، مذ) جنوں اور انسانوں کا رسول حضور صلعم کا لقب۔
رسول دار ra-suul-daar: (عف، مذ) شاہی زمانے کا ایک شاہی افسر جو میز بانی کا کام کرتا تھا۔
رسول شاہی ra-suul-shaa-hi(i): (عف، مذ) آزاد فقیروں کا ایک فرقہ جو ڈاڑھی ٹھوڑی کے نیچے رکھتے تھے۔
رسولی ڈاڑھی ra-suuli Daa-Rhi(i): (ار، مث) وہ ڈاڑھی جو رسول شاہی فقیر رکھتے تھے۔ اس میں صرف ٹھوڑی کے نیچے بال رکھتے تھے۔

رسَولی ra-sau-li(i): (ہ،مث) ایک قسم کا غدود جو بہت سخت اور بڑا ہوتا ہے۔ گلٹی۔

رُسوُم ru-suum: (ع،مذ) دیکھیے 'رسم' جس کی یہ جمع ہے، محصول۔

رسوئی ra-so-i(i): (ہ،مث) کھانا، بھوجن (افعال: بنانا، بننا، پکانا، پکنا) تیار کرنا ہونا، باورچی خانہ، مطبخ۔

رسوئیا ra-so-yi-ya: (ہ، مذ) کھانا پکانے والا، باورچی۔

رسہ ras-sa(h): (ہ،ف،مث) دیکھئے 'رسّا' جو صحیح املا ہے۔

رسہ کشی ras-sa(h) ka-shi(i): (ہ،مث) کشاکش، کھینچا تانی۔

رسیا ras-ya(a): (ہ،مذ) بانکا، طرح دار، رنگیلا، خوش خو، وہ شخص جو زندگی مزے سے گزارے، عیاش، زن فاحشہ کا آشنا۔

رسید ra-siid: (ف،مث) پہنچنا (آدمی، خط یا کسی چیز کا) تحریر جس میں کسی چیز کی وصولی کا اقرار ہو، گنجفہ کی بازی میں کسی کے سر پہنچنا۔ (فال: آنا، دینا، ملنا)

رسیدگی ra-siid-gi(i): (ف،مث) دیکھئے 'رسیدا۲' پختگی، تکمیل۔

رسیدہ ra-sii-da(h): (ف،صف) پہنچا ہوا، کمال پر پہنچا ہوا، پختگی پر پہنچا ہوا (میوہ یا پھل) کامل، مبتلا، مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے اجل رسیدہ، خدارسیدہ وغیرہ۔

رسیلا ra-sii-la(a): (ہ،صف) بانکا، طرح دار، رسیا، عرق دار، شاداب، عیاش، اسم کیفیت مث: رسیلا پن۔

ریسیور ri-sii-var: (انگ، مذ) Receiver ٹیلی فون کا وہ حصہ جس سے دوسرے کا پیغام سنتے ہیں۔ وہ شخص جس کے سپرد عدالت کے حکم سے مال وغیرہ وصول کر کے اُسے بیچ کر روپیہ خزانہ میں داخل کرنا ہو۔ پیغامات کو وصول کرنے کا آلہ۔

ر۔ش

رشتہ rish-ta(h): (ف، مذ) دھاگا، تاگا، رسی، قرابت، رشتہ داری، ناتا، لڑی، سلسلہ، تعلق، ایک مرض جس میں ڈورے کی طرف کا ایک مادہ جسم سے نکلتا ہے۔

رشتہ برپا rish-tah-bar-pa(a): (ف،مذ) جس کے پاؤں میں ڈورا بندھا ہو، مقید، پابہ زنجیر۔

رشتہ جاں / حیات rish-ta-e-jaaN/ha-yaat: (ف،مذ) سانس لینے کا سلسلہ۔

رشتہ دار rish-tah-daar: (ف، مذ) قرابتی، ناتے دار، بھائی، اسم کیفیت مث: رشتہ داری۔

رشتہ ناتا rish-ta(h) naa-ta(a): (ف، مذ) قرابت داری، رشتہ داری، میل جول۔

رشحہ rash-ha(h): (ع،مذ) ٹپکنا (پانی کا) قطرہ، تراوش، نتیجہ، جمع: رشحات۔

رُشد rushd: (ع،مذ) راہِ راست پر ہونا، ہدایت پانا، ہوش سنبھالنا۔

رشک rashk: (ف، مذ) حسد، جلن، کسی کے برابر ہونے کی خواہش غیرت (افعال: آنا، کرنا، ہونا)

رِشوت rish-vat: (ع، مث) ناجائز نذرانہ، وہ نقدی یا چیز جو بغیر حق ناجائز طور پر حاصل کر کے کسی کا کام کیا جائے۔ (افعال: دینا، لینا، کھانا)

رشوت خوار / خور rish-vatKwaar: (عف،صف) رشوت لینے والا، رشوت کھانے والا، اسم کیفیت مث: رشوت خواری / خوری۔

رشوت ستانی rish-vatsa-taa-ni(i): (عف،مث)

رشوت لینا، رشوت لینے کا فعل۔

رِشی ri-shi(i): (س،صف) زاہد، عابد، خدا پرست، سنت۔

رشید ra-shiid: (ع، صف) ہدایت یافتہ، تربیت یافتہ، خدا کا ایک صفاتی نام، مث: رشیدہ۔

ر۔ص

رصاص ra-saas: (ع،مذ) رانگ، سیسہ۔

رصد ra-sad: (ع، مذ) ملاحظہ کرنا، مشاہدہ کرنا، دیکھ بھال، مشاہدہ۔

رصد بندی ra-sad ban-di(i): (عف،مث) سیاروں کا مشاہدہ۔

رصدخانہ / گاہ ra-sad-Ka-na(h)/gaa(h): (عف، مذ، مث) سیاروں کی گردش کا مشاہدہ کرنے کی جگہ، انگریزی Obervatory۔

ر۔ض

رضؓ ra-zi-al-lah-(?)an-ha: (ع، مذ) رضی اللہ عنہ کا اختصار ہے۔

رضا ri-za(a) ra-za(a): (ع، مث) مرضی، رضامندی، اجازت، خوشی یا قناعت کی حالت۔

رضا بہ قضا ri-zaa-ba(h) qa-za(a): (ف، مثل) جو خدا کی مرضی ہے اُس پر راضی ہے۔

رضا کار ra-zaa-kaar: (والنٹیر) اپنے آپ کو بغیر معاوضہ قومی اور ملکی خدمات کے لیے پیش کرنے والا۔

رضاکارانہ ra-zaa-kaa-raa-na(a): (عف، صف) اپنی مرضی سے بلا جبر و معاوضہ۔

رضامند ra-zaa-mand: (عف، صف) راضی، خوشنود، منظور کرنے والا، اسم کیفیت مث: رضامندی

رضا و رغبت ra-zaa-o-raG-bat: (عف، مث) مرضی اور خوشنودی، اجازت و خواہش۔

رضاعت ra-zaa-(?)at: (ع، مث) بچوں کو دودھ پلانا، دودھ پینے کی حالت، شیر خوارگی۔

رضاعی ra-zaa-(?)i(i): (ع،صف) دودھ شریک، وہ بچے جنھوں نے ایک ہی عورت کا دودھ پیا ہو۔

رضائی ra-zaa-yi(i): (ف، مث) روئی دار رنگے ہوئے کپڑے کی دلائی۔

رِضوان riz-vaan: (ع،مث) بہشت کے داروغہ کا نام، رضامندی، خوشنودی، برکت، بہشت۔

رِضوان اللہ علیہ riz-vaa-nul-la(h)-(?)a-le-yeh: (ع،کلمہ دعا) دیکھیے 'رضی اللہ عنہٗ'

رضی ra-zi(i): (ع،صف) پسندیدہ، خوشنود، مث: رضیہ۔

رضی اللہ عنہٗ / عنہا ra-zii-al-lah-(?)an-hu: (ع،کلمہ، دعا) ایک دعائیہ کلمہ جو صرف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے لیے استعمال ہوتا ہے مطلب اللہ اُس سے راضی ہوا۔

ر۔ط

رطب ratb: (ع،صف) تر و تازہ، نرم، گیلا۔

رطب اللسان rat-bul-li-saan: (ع،صف) تر زبان، مداح۔

رطب و یابس rat-bo-ya-bis: (ع،صف) تر و خشک، نیک، بد برا بھلا، اونچ نیچ۔

رُطب rutb: (ع، مذ) سبزی، سبز درخت، سبزہ زار۔

رُطب ru-tab: (ع، مذ) تازہ پکی ہوئی کھجوریں۔

رطل ra-tal: (ع، مذ) ایک وزن جو عرب میں 28 تولے 4½ ماشے کا ہوتا ہے۔ شام میں 2½ سیر کا مصر میں قریباً ایک سیر کا اور بعض جگہ نصف من کا بھی ہوتا ہے۔ شراب کا پیمانہ یا بڑا پیالہ۔

رطوبت ra-tuu-bat: (ع،مث) تری، نمی، سیل، تھوک، تازگی، تری، جمع: رطوبات۔

ر۔ع

رعایا ra-(?)aa-ya(a): (ع،مث) دیکھیے 'رعیت' جس کی یہ جمع ہے۔ مگر اُردو میں یہ واحد بھی مستعمل ہے۔

رعایت ri-(?)aa-yat: (ع،مث) حفاظت، بچاؤ، نگہداشت، مناسبت، لحاظ، خیال، طرفداری، تخفیف، رحم، تحریر وتقریر میں ایسے الفاظ لانا جن میں تشبیہ یا مناسبت پائی جائے۔

رعایتی ri-(?)aa-ya-ti(i): (ع،مث) وہ جس کی رعایت کی جائے، رعایت کے طور پر، جس میں لحاظ کیا گیا ہو، سفارشی۔

رعب rau(?)b: (ع، مذ) ڈر، خوف، دہشت، ہیبت، دبدبہ، دھاک، افعال: باندھنا، جمانا، دینا، ماننا۔

رعب داب rau(?)b-daab: (عف، مذ) دبدبہ، دھاک۔

رُعب دار rau(?)b-daar: (عف، صف) دبدبہ والا، ڈراؤنا، خوف ناک۔

رعد ra(?)d: (ع، مذ) آواز جو ابر سے پیدا ہوتی ہے۔ جو دو بجلیوں سے پیدا ہوتی ہے۔ کڑکنے والی بجلی۔

رعشہ ra(?)-sha(h): (ع، مذ) کپکپی، لرزہ، تھرتھراہٹ، ایک بیماری کا نام جس میں بدن کانپنے لگ جاتا ہے۔

رعشہ براندام ra(?)-sha bar-an-daam: (عف، صف) وہ جس کے بدن پر رعشہ پڑا ہوا ہو۔

رعشہ دار ra(?)-shah-daar: (عف، صف) کانپنے والا۔

رعنا ra(?)-na(a): (ع،صف) نازک، خوش نما، زیبا، خوبصورت، حسین، ایک پھول۔

رعنائی ra(?)-naa-yi(i): (عف، مث) نزاکت، خوبصورتی، خودآرائی، زیبائی۔

رُعونت ru-(?)uu-nat: (ع،مث) تکبر، غرور، فخر، کبر، نخوت، گھمنڈ۔

رعیت ra-(?)iy-yat: (ع،مث) وہ لوگ جو بادشاہ یا راجا کی سلطنت میں آباد ہوں، پرجا، مال گزار کاشت کار، آسامی، نوکر، ملازم، متعلقین، وہ شخص جو بغیر کرائے کے کسی مکان میں رہے۔

رعیت آزار ra-(?)iy-yat-aa-zaar: (عف، صف) رعیت کو تکلیف دینے والا، ظالم، اسم کیفیت مث: رعیت آزاری۔

رعیت پرور / نواز ra-(?)iy-yat par-var/ na-vaaz: (عف، صف) رعیت کی حفاظت اور مدد کرنے والا، اسم کیفیت مث: رعیت پروری/نوازی۔

رعیتی ra-(?)iy-ya-ti(i): (ع، مث) رعیت کا، رعیت کی ملکیت، جو کاشت کار یا اسامی کو دی جائے (مث) دخل کاری، قبضہ کرایاداری، زمین جس کی مال گزاری نقدی میں دی جائے برخلاف اس کے جس کی جنس میں دی جاتی ہے۔ زمین جو براہ راست کاشت کار کو کاشت کے لیے دی جائے، وہ زمین جس پر کاشت کار رہے اور کاشت کرے۔

ر۔غ

رغبت raG-bat: (ع، مث) خواہش، آرزو، رجحان، میلان، افعال: کرنا، ہونا، رکھنا، دلانا، رہنا۔

ر۔ف

رف raf: (انگ، صف) Rough کھردرا، ناملائم،

ناہموار ابتدائی حالت میں۔ انداز ے پر مبنی، کٹا پھٹا، بے ترتیب بھونڈا۔

رفاقت ra-faa-qat: (ع، مذ) ہمراہی، ساتھ، سنگت، میل جول صحبت، اتحاد، وفاداری، خیر خواہی (افعال: ہونا، کرنا)

رفاہ ri-faa(h): (ع، مث) آرام، چین، سکھ۔

رفاہ عام / خلائق ri-faa-he-aam/Ka-laa-yiq: (ع، مث) عوام یا خلقت کی بہبود۔

رفاہیت ra-faa-hiy-yat: (ع، مث) دیکھیے 'رفاہ'۔

رفت raft: (ف، مث) رفتن مصدر سے ماضی مطلق، روانگی چلنا اُردو میں زیادہ تر آمد و رفت میں استعمال ہوتا ہے۔

رفتار raf-taar: (ف، مث) چال، چلن، روش۔

رفتارِ زمانہ raf-taa-re-za-maa-na(h): (ف، مث) زمانے کی روش۔

رفتار گفتار raf-taar guf-taar: (ف، مث) چال چلن، طور طریقہ۔

رفتن raf-tan: (ف، مص) جانا، چلنا۔

رفتنی raf-ta-ni(i): (ف، مث) جانے والا، جانے کے قابل، جانے پر مجبور، عارضی۔

رفتہ raf-ta(h): (ف، صف) بے خود، عاشق، گیا ہوا، مرا ہوا، کھویا ہوا، جمع: رفتگاں، اسم کیفیت مث: رفتگی۔

رفتہ رفتہ raf-ta(h) raf-ta(h): (ف، متعلق فعل) آہستہ آہستہ، بتدریج۔

رفرف raf-raf: (ع، مذ) حضرت اسرافیلؑ کے رہنے کا مقام، وہ جانور جس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، شب معراج کو (براق کے بعد) آسمانوں پر پہنچنے کے بعد سوار ہوئے تھے۔

رفض rafz: (ع، مث) رافضی کا عقیدہ یا مذہب، چھوڑنا، ترک کرنا۔

رفع ra-fa(?): (ع، مذ) اٹھانا، بلند کرنا، نکالنا، دور کرنا، پورا کرنا، مکمل کرنا، فیصلہ کرنا، طے کرنا، ترقی، عروج، ضمہ، پیش کی حرکت۔

رفعِ احتیاج / حاجت ra-fi(?) ih-ti-yaaj/haa-jat: (ع، مذ) پیشاب یا خانہ وغیرہ کرنے کی ضرورت (افعال: کرنا، ہونا)

رفعِ شر / فساد raf-(?)i-shar/fa-saad: (ع، مذ) شر یا فساد دور کرنا۔

رفعِ یدین ra-fa(?)-ya-dain: (ع، مذ) نماز میں تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ اُوپر اٹھانا۔

رفعت rif-(?)at: (ع، مث) (بالفتح غلط ہے) بلندی، اونچائی، مرتبہ کی بلندی، عروج، عظمت، شان، منزلت، عزت۔

رفق rifq: (ع، مث) مہربانی، نرمی۔

رُفقاء ruf-qaa: (ع، مذ) دیکھیے 'رفیق' جس کی یہ جمع ہے۔

رفو ra-fu(u): (ع، مذ) پھٹے ہوئے کپڑے کی تاگوں سے مرمت کرنا پھٹی ہوئی جگہ کو بھرنا، ایک قسم کی سلائی جس سے عام طور پر شال دو شالوں کی مرمت کی جاتی ہے۔ (افعال: کرنا، ہونا)

رفوگر ra-fuu-gar: (عف، مذ) وہ شخص جو رفو کرے، اسم کیفیت مث: رفوگری / کاری۔

رفیدہ ra-fii-da(h): (ع، مذ) پرانے کپڑے جو اکٹھے سیے ہوں۔ گدا جس پر رکھ کر روٹی تنور میں لگاتے ہیں۔ گدا جو گھوڑے کی زین کے نیچے رکھتے ہیں۔

رفیع ra-fii(i): (ع، صف) بلند، اونچا، مث: رفیعہ۔

رفیع الدرجات ra-fii-(?)ud-dar-jaat: (ع، صف) بڑے درجے یا مرتبہ والا۔

رفیعُ الشان ra-fii-(?)ush-shaan:(ع،صف) بڑی شان یا رُتبے والا۔

رفیعُ المرتبت / المرتبہ ra-fii-(?)ul-mar-ta-bat:(ع،صف) اُونچے مرتبے والا۔

رفیق ra-fiiq: (ع، مذ) ساتھی، ہمراہی، ہم سفر، مصاحب، ہم نشین، کسی کام میں شریک، مث: رفیقہ۔

رفیقِ حیات ra-fii-qe-ha-yaat: (ف، مذ) زندگی بھر ساتھ رہنے والا، خاوند مث: رفیقہ حیات۔

رقابت ra-qaa-bat:(ع،مث) مخالفت، چشمک، ہم چشمی، ہمسری ایک معشوق کے کئی / بہت سے عاشق ہونا۔

رقّاص raq-qaas:(ع،مذ) ناچنے والا شخص، کلاک کا لٹکن، کیفیت مث (ف) رقاصی،مث: رقاصہ۔

رقاع ri-qaa(?):(ع، مذ) رقعہ کی جمع، خط یا اندازِ تحریر کی ایک قسم۔

رقبہ raq-ba(h):(ع،مذ) گردن، غلام، گھری ہوئی زمین، احاطہ زمین، متعلقہ دِہ، وہ عدد جو عرض اور طول کو ضرب [illegible] ہو۔

رقّت [illegible]-qat:(ع،مث) پتلا پن [illegible] پتلا ہونا، رحم، مہر۔

رقت انگیز riq-qat an-gez: (عف، صف) جس پر رونا / رحم آئے، قابل رحم، اسم کیفیت مث: رقت انگیزی۔

رقص raqs:(ع،مذ) ناچ، مجرا۔

رقصاں raq-saaN: (عف، صف متعلق) ناچنے والا، ناچتا۔

رقصِ بسمل raq-se-bismil:(ف،مذ) ذبح کیے ہوئے جانور کا پھڑکنا، تڑپنا، ہاتھ پاؤں مارنا۔

رقص کناں raqs-ku-naaN:(ف، متعلق فعل) ناچتے ہوئے۔

رقص و سُرُود / غنا raq-so-su-ruud:(عف،مذ) ناچنا، گانا۔

رقطا raq-ta(a):(ع،مث) تحریر کی ایک صنعت جس میں ایک حرف منقوط اور دوسرا غیر منقوط ہوتا ہے۔

رُقعہ ruq-(?)ah: (ع، مذ) ٹکڑا، پرزہ، چھوٹا خط، خط، وہ کاغذ جو پیام یا نسبت کے واسطے حسب نسب لکھ کر لڑکی کے گھر بھیجتے ہیں۔ جمع: رقعات، رقعہ جات۔

رُقعہ دار ruq-(?)ah-daar:(ف،مذ) چٹھی لکھنے کا کاغذ۔

رقم raqm~ra-qam:(ع،مث) تحریر، لکھنا، عدد، ہندسہ، میزان، مال و دولت، قیمتی چیز، نوع، جنس، قسم، طریقہ (مذ) مشترکہ جائداد کا حصہ، مال گزاری کی شرح، نشان، قیمت کا نشان، ٹانک کا ایک ایکٹ۔

رقم پذیر / زدہ raqm pa-ziir/za-dah: (عف،صف) لکھا ہوا، تحریر شدہ۔

رقم زدن / سنج / طراز raqm-za-dan: (عف، صف) لکھنے والا، کاتب، محرر۔

رقمی raq-mi(i):(ع،صف) نشان کیا ہوا، لکھا ہوا۔

رقیب ra-qiib: (ع،مذ) ہم چشم، حریف، ایک معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک، نگہبان، خدا کا ایک نام۔

رقیق raqiiq: (ع، صف) پتلا، لطیف، نرم، ملائم (امذ) غلام، مث: رقیقہ۔

رقیقُ القلب ra-qii-qul qalb:(ع،صف) نرم دل، رحم دل۔

رقیم ra-qiim:(ع،مذ) تحریر، کتاب، خصوصاً وہ کتاب جس میں اصحاب کہف کا قصہ درج ہے۔ ان کا گاؤں / پہاڑ، وہ غار جس میں وہ سوئے ہوئے تھے۔

رقیمہ ra-qii-ma(h): (ع، مذ) خط، چٹھی، رقعہ، نوشتہ۔

ر-ک

رکاب ra-kaab~ra-kab: (ع، مث) لوہے کے حلقے جو زین کے دونوں طرف لٹکتے ہیں اور سوار ان میں پاؤں رکھتا ہے، جلو، تزک، حشم، وہ لفظ جو ہر صفحہ کا جوڑ مل جائے۔

رکاب دار ri-kaab-daar~ra-kaab-daar (عف) گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر، وہ نوکر جو امیروں کے گھوڑے کے ساتھ دوڑتا ہے، اعلیٰ باورچی۔

رکاب میں ra-kaab meiN: (ار، متعلق فعل) ہم رکاب، ہمراہ۔

رکابی ri-kaa-bi(i) ra-kaa-bi(i): (ف، مث) تھالی، طشتری، ایک قسم کا روپیہ جو لکھنؤ میں رائج تھا۔

رکابی چہرہ ri-kaa-bi(i) cheh-ra(a): (ار، مذ) گول چہرہ، چوڑا منہ، گول منہ۔

رکابی مذہب ri-kaa-bi(i) maz-hab: (ار، مذ) وہ شخص جو طمع کی وجہ سے کبھی ادھر کبھی ادھر ہے، طفیلیہ، خوشامدی۔

رکاکت ra-kaa-kat: (ع، مث) سستی، کمزوری، ضعف، بے عزتی، سفلہ پن۔

رُکاوٹ ru-kaa-vaT: (ار، مذ) اٹکاؤ، روک، ممانعت، ٹھہراؤ۔

رکشا rik-sha(a): (انگ، مذ) Rickshaw، ہلکی تین پہیوں کی سواری گاڑی۔

رَکشا / رکھشا rak-sha(a)/rikh-sha(a): (ھ، مث) حفاظت، حمایت، پناہ، بچاؤ، امان (افعال: کرنا، ہونا)

رکشا بندھن rak-sha(a) ban-dhan: (ھ، مث) ایک تیوہار جس پر ہندو راکھی باندھتے ہیں۔

رکعت rak-(?)at: (ع، مث) نماز کا ایک حصہ، کھڑے ہونے سے رکوع کرنے اور بیٹھنے تک جھکاؤ، جمع، رکعات۔

رُکنْ rukn: (ع، مذ) باہر کا حصہ، کونا، زاویہ، ستون، سہارا، کسی چیز کا ضروری جزو، سربراہ، (عروض) وہ لفظ جو دو یا تین اجزائے اوتاد سے بنے، جمع: ارکان۔

رُکنا ruk-na(a): (ار، مص) ٹھہرنا، تھمنا، خفا ہونا، ناراض ہونا، کشیدہ ہونا۔

رُکوانا ruk-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'رُکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

رُکوع ru-kuu(?): (ع، مذ) جھکنا، جھکاؤ، نماز میں جھک کر گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا عمل۔

رکھ رکھاو rakh-ra-khaa-o: (ار، مذ) خاطر داری، تکلف، دیکھ بھال، بچوں کی نگہداشت۔

رُکھانی ru-khaa-ni(i): (ار، مث) بڑھئی کا ایک آلہ، برما۔

رُکھائی ru-khaa-i(i): (ار، مث) بے التفاتی، بے پروائی، بے مروتی، (افعال: کرنا، دکھانا)

رکھب ra-khab: (ھ، مذ) موسیقی کا دوسرا سُر جس کا مخفف 'رے' ہے۔

رکھنا rakh-na(a): (ار، مص) دھرنا، بچانا، جمع کرنا، رہن کرنا، دبا لینا، نصب کرنا، حوالے کرنا۔

رکھوال / رکھوالا rakh-vaal/ rakh-vaa-la(a): (ھ، مذ) محافظ، نگہبان، کھیت کی نگہبانی کرنے والا۔

رکھوالی rakh-vaa-li(i): (ھ، مث) حفاظت کرنے والی عورت، حفاظت، نگہبانی (افعال: کرنا، ہونا) نگہداشت

رفیع الشان ra-fii-(?)ush-shaan:(ع،صف) بڑی شان یا رتبے والا۔

رفیع المرتبت / المرتبہ ra-fii-(?)ul-mar-ta-bat:(ع،صف) اُونچے مرتبے والا۔

رفیق ra-fiiq: (ع، مذ) ساتھی، ہمراہی، ہم سفر، مصاحب، ہم نشین، کسی کام میں شریک،مث: رفیقہ۔

رفیقِ حیات ra-fii-qe-ha-yaat: (ف، مذ) زندگی بھر ساتھ رہنے والا، خاوندمث: رفیقہ حیات۔

رقابت ra-qaa-bat:(ع،مث) مخالفت، چشمک، ہم چشمی، ہمسری ایک معشوق کے کئی / بہت سے عاشق ہونا۔

رقاص raq-qaas:(ع،مذ) ناچنے والا شخص، کلاک کا لٹکن، کیفیت مث (ف) رقاصی،مث: رقاصہ۔

رقاع ri-qaa(?):(ع، مذ) رقعہ کی جمع، خط یا اندازِ تحریر کی ایک قسم۔

رقبہ raq-ba(h):(ع،مذ) گردن، غلام، گھری ہوئی زمین، احاطہ زمین، متعلقہ دِہ، وہ عدد جو عرض اور طول کو ضرب دینے سے حاصل ہو۔

رقت riq-qat:(ع،مث) پتلا پن، رونا، گریہ، منی کا پتلا ہونا، رحم، مہر۔

رقت انگیز riq-qat an-gez: (عف، صف) جس پر رونا / رحم آئے، قابل رحم، اسم کیفیت مث: رقت انگیزی۔

رقص raqs:(ع،مذ) ناچ، مجرا۔

رقصاں raq-saaN: (عف، صف متعلق) ناچنے والا، ناچتا۔

رقصِ بسمل raq-se-bismil:(ف،مذ) ذبح کیے ہوئے جانور کا پھڑکنا، تڑپنا، ہاتھ پاؤں مارنا۔

رقص کناں raqs-ku-naaN:(ف، متعلق فعل) ناچتے ہوئے۔

رقص و سُرُود / غنا raq-so-su-ruud:(عف،مذ) ناچنا، گانا۔

رقطا raq-ta(a):(ع،مث) تحریر کی ایک صنعت جس میں ایک حرف منقوط اور دوسرا غیر منقوط ہوتا ہے۔

رُقعہ ruq-(?)ah: (ع، مذ) ٹکڑا، پرزہ، چھوٹا خط، خط، وہ کاغذ جو پیام یا نسبت کے واسطے حسب نسب لکھ کر لڑکی کے گھر بھیجتے ہیں۔ مع: رقعات، رقعہ جات۔

رُقعہ دار ruq-(?)ah-daar:(ف، مذ) چٹھی لکھنے کا کاغذ۔

رقم raqm~ra-qam:(ع،مث) تحریر، لکھنا، عدد، ہندسہ، میزان، مال و دولت، قیمتی چیز، نوع، جنس، قسم، طریقہ (مذ) مشترکہ جائداد کا حصہ، مال گزاری کی شرح، نشان، قیمت کا نشان، ٹانک کا ایک ایکٹ۔

رقم پذیر / ازدہ raqm pa-ziir/za-dah:(عف،صف) لکھا ہوا، تحریر شدہ۔

رقم زدن / سنج / طراز raqm-za-dan:(عف، صف) لکھنے والا، کاتب، محرر۔

رقمی raq-mi(i):(ع،صف) نشان کیا ہوا، لکھا ہوا۔

رقیب ra-qiib: (ع،مذ) ہم چشم، حریف، ایک معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک، نگہبان، خدا کا ایک نام۔

رقیق raqiiq: (ع، صف) پتلا، لطیف، نرم، ملائم (اند) غلام،مث: رقیقہ۔

رقیق القلب ra-qii-qul qalb:(ع،صف) نرم دل، رحم دل۔

رقیم ra-qiim:(ع،مذ) تحریر، کتاب، خصوصاً وہ کتاب جس میں اصحاب کہف کا قصہ درج ہے۔ ان کا گاؤں / پہاڑ، وہ غار جس میں وہ سوئے ہوئے تھے۔

رقیمہ ra-qii-ma(h): (ع، مذ) خط، چٹھی، رقعہ، نوشتہ۔

ر۔ک

رکاب ra-kaab~ra-kab: (ع،مث) لوہے کے حلقے جو زین کے دونوں طرف لٹکتے ہیں اور سوار ان میں پاؤں رکھتا ہے، جلو، تزک، حشم، وہ لفظ جو ہر صفحہ کا جوڑ مل جائے۔

رکاب دار ri-kaab-daar~ra-kaab-daar (عف) گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر، وہ نوکر جو امیروں کے گھوڑے کے ساتھ دوڑتا ہے، اعلیٰ باورچی۔

رکاب میں ra-kaab meiN: (ار، متعلق فعل) ہم رکاب، ہمراہ۔

رکابی ri-kaa-bi(i) ra-kaa-bi(i): (ف،مث) تھالی، طشتری، ایک قسم کا روپیہ جو لکھنؤ میں رائج تھا۔

رکابی چہرہ ri-kaa-bi(i) cheh-ra(a): (ار، مذ) گول چہرہ، چوڑا منہ، گول منہ۔

رکابی مذہب ri-kaa-bi(i) maz-hab: (ار، مذ) وہ شخص جو طمع کی وجہ سے کبھی ادھر کبھی ادھر ہے، طفیلیہ، خوشامدی۔

رکاکت ra-kaa-kat: (ع، مث) سستی، کمزوری، ضعف، بے عزتی، سفلہ پن۔

رُکاوٹ ru-kaa-vaT: (ار، مذ) اٹکاؤ، روک، ممانعت، ٹھہراؤ۔

رکشا rik-sha(a): (انگ، مذ) Rickshaw، ہلکی تین پہیوں کی سواری گاڑی۔

رَکشا / رکھشا rak-sha(a)/rikh -sha(a): (ھ، مث) حفاظت، حمایت، پناہ، بچاؤ، امان (افعال: کرنا، ہونا)

رکشا بندھن rak-sha(a) ban-dhan: (ھ،مث) ایک تیوہار جس پر ہندو راکھی باندھتے ہیں۔

رکعت rak-(?)at: (ع،مث) نماز کا ایک حصہ، کھڑے ہونے سے رکوع کرنے اور بیٹھنے تک جھکاؤ، جمع، رکعات۔

رُکنْ rukn: (ع، مذ) باہر کا حصہ، کونا، زاویہ، ستون، سہارا، کسی چیز کا ضروری جزو، سربراہ، (عروض) وہ لفظ جو دو یا تین اجزائے اوتاد سے بنے، جمع: ارکان۔

رُکنا ruk-na(a): (ار، مص) ٹھہرنا، تھمنا، خفا ہونا، ناراض ہونا، کشیدہ ہونا۔

رُکوانا ruk-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'رُکنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

رُکوع ru-kuu(?): (ع، مذ) جھکنا، جھکاؤ، نماز میں جھک کر گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا عمل۔

رکھ رکھاو rakh-ra-khaa-o: (ار، مذ) خاطر داری، تکلف، دیکھ بھال، بچوں کی نگہداشت۔

رُکھانی ru-khaa-ni(i): (ار، مث) بڑھئی کا ایک آلہ، برما۔

رُکھائی ru-khaa-i(i): (ار، مث) بے التفاتی، بے پروائی، بے مروتی، (افعال: کرنا، دکھانا)

رکھب ra-khab: (ھ، مذ) موسیقی کا دوسرا سُر جس کا مخفف 'رے' ہے۔

رکھنا rakh-na(a): (ار، مص) دھرنا، بچانا، جمع کرنا، رہن کرنا، دبالینا، نصب کرنا، حوالے کرنا۔

رکھوال / رکھوالا rakh-vaal/ rakh-vaa-la(a): (ھ، مذ) محافظ، نگہبان، کھیت کی نگہبانی کرنے والا۔

رکھوالی rakh-vaa-li(i): (ھ،مث) حفاظت کرنے والی عورت، حفاظت، نگہبانی (افعال: کرنا، ہونا) نگہداشت

کرنے کی مزدوری فیس جو کسی سردار وغیرہ کی حفاظت کرنے کی غرض سے دی جائے۔

رکھوانا rakh-vaa-na(a): (ار، مص) رکھنا مصدر کا متعدی المتعدی، دھروانا، لے لینا، واپس لینا۔

رکبی ra-ki-bi(i): (ھ، مث) (عو) رکابی کا مخرب

رکین ra-kiin: (ع، صف) مضبوط، محکم، استوار، سنجیدہ، متعین مطمئن۔

ر۔گ

رگ rag: (ف، مث) جسم کی بڑی نالی جس میں خون بہتا ہے، پھول یا پتے کا ریشہ، آنکھ کا ڈورا، تار، دھاگا، پٹھا۔

رگ پٹھا rag-paT-Tha(a): (ار، مذ) رگ اور پٹھا۔

رگِ جاں ra-ge-jaaN: (ف، مث) بڑی رگ جس سے تمام رگوں یا جسم میں خون پہنچتا ہے۔

رگ حمیت ra-ge-ha-may-yat: (ف، مث) غیرت یا حمیت کا جوش۔

رگ دبنا rag-dab-na(a): (ار، محاورہ) ڈرنا، قابو میں ہونا۔

رگ غیرت ra-ge-Gai-rat: (ار، مث) غیرت یا حمیت کا جوش۔

رگ وپے ra-go-pai: (ف، مذ) رگ پٹھا۔

رگ وریشہ ra-go-re-sha(h): (ف، مذ) اصل نسل، خوبو۔

رگ وید rig-ved: (س، مذ) ہندوؤں کی چار مذہبی کتابوں میں سے ایک جو سب سے اوّل اور اہم کتاب ہے۔ یہ مناجات پر مشتمل ہے۔

رگڑ ra-gaR: (ھ، مث) نشان جو دو چیزوں کے ٹکرانے یا آپس میں لگنے سے ہو جاتا ہے۔ گھساؤ، خفیف زخم جس میں گوشت نہ کٹے۔

رگڑا rag-Ra(a): (ھ، مذ) دیکھئے 'رگڑ' پینا، مانجھنا، چکانا، جھگڑا، لڑائی، نزاع، نشان جو دو پتنگوں کے لڑنے سے ڈور پر پڑ جاتا ہے۔ بھنگ گھوٹنا، ایک قسم کا سرمہ یا لیپ (آنکھوں کے لیے)

رگڑا جھگڑا rag-Ra(a) jhag-Ra(a): (ھ، مذ) فساد، نزاع، لڑائی، جھگڑا (افعال: رہنا، کرنا، ہونا)

رگڑنا ra-gaR-na(a): (ار، مص) گھسنا، پیسنا، گھوٹنا، مانجنا، حیران کرنا۔

رگیں مرنا ra-gaiN-mar-na(a): (ار، محاورہ) رگوں کی قوت جاتی رہنا، نامرد ہو جانا، کمزوری ہو جانا۔

ر۔ل

رُلانا ru-laa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'رونا' جس کا یہ متعدی ہے۔

رلنا ral-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'رل جانا'۔

رُلنا rul-na(a): (ار، مص) خاک میں ملنا، تباہ ہونا، پھینکا جانا، صاف ہونا۔

رُلوانا rul-vaa-na(a): (ار، مص) رُلانا، تلوار، درست کرنا۔

ر۔م

رم ram: (ف، مذ) ڈر، خوف، دہشت، گریز، بھاگنا

رم خوردہ / دیدہ / زدہ / کردہ ram Kor-da(h)/ dii-dah/ za-dah/ kar-dah: (ف، صف، مفعول) بھاگا ہوا، وحشت زدہ۔

رم ram: (انگ، مث) Rum گنّو کی شراب۔

رِم rim: (انگ، مذ) Ream کاغذوں کے بیس دستوں کا بنڈل۔480 یا 500 کاغذ۔

رِم rim: (انگ، مذ) Rim پہیے کا حلقہ یا گھیرا خاص طور پر سائیکل کا پہیا جس پر ٹائر اور ٹیوب چڑھاتے ہیں۔

رَماد ra-maad: (ف، مث) راکھ، خاکستر۔

رَمّال ram-maal: (ع، مذ) علم رمال کا ماہر، جوتشی، نجوی، اسم کیفیت مث (ف) رمالی۔

رُمّان rum-maan: (ع، مذ) انار، صفت نسبتی رُمانی۔

رمبھانا ram-bhaa-na(a): (ہ، مص) گائے بھینس کا بولنا۔

رمتا ram-ta(a): (ہ، صف) گھومنے والا، پھرنے والا، مث: رمتی۔

رمپا ram-pa(a): (ہ، مذ) چمڑا تراشنے کا آلہ

رمپی ram-pi(i): (ہ، مث) چمڑا چھیلنے کا آلہ۔

رِم جھِم rim-jhim: (ہ مث) بارش کی خفیف آواز۔

رمز ramz: (ع، مث) آنکھوں، بھوؤں یا ہونٹوں کا اشارہ، غمزہ، عشوہ، ایما، اشارہ (ار) معما، پہیلی، صفت نسبتی: رمزیہ۔

رمز آمیز ramz-aa-mez: (ف، صف) اشارے کنائے کا، طنزیہ کلام/باتیں وغیرہ۔

رمز شناس ramz-sha-naas: (ف، صف) اشارے پہچاننے والا، اسم کیفیت مث: رمز شناسی۔

رمضان ram-zaan: (ع، مذ) اسلامی سال کا نواں قمری مہینہ جس میں فرض روزے رکھے جاتے ہیں۔

رمضانی ram-zaa-ni(i): (ع مث) رمضان کا، رمضان کے متعلق، روزوں کا یا اُن کے متعلق جو رمضان میں پیدا ہوا ہو۔

رمق ra-maq: (ع، مث) کوئی تھوڑی سی چیز، سسکتی جان آخری سانس۔

رمل raml: (ع، مذ) ایک علم جس سے لکیروں اور ہندسوں کے ذریعے غیب کی بات معلوم کرنے کا دعویٰ کیا جاتا ہے، نجوم، جوتش۔

رمل ra-mal: (ع مث) علم عروض میں ایک بحر کا نام۔

رمنا ram-na(a): (ہ، مذ) چراگاہ، سبزہ زار، شکارگاہ۔

رُموز ru-muuz: (ع، مذ) دیکھیے 'رمز' جس کی یہ جمع ہے۔

رمی ra-mi(i): (ع، مذ) کوئی چیز پھینکنا، مارنا۔

رمی جمار ra-mii ja-maar: (ع، مث) حاجیوں کا منیٰ میں چھوٹی کنکریاں پھینکنا۔

رمیدہ ra-mii-da(h): (ف، صف) بھاگا ہوا، وحشت زدہ، اسم کیفیت مث: رمیدگی۔

رَن ran: (ہ، مذ) لڑائی، جنگ، رزم، کارزار، معرکہ، میدان جنگ، رزم گاہ، میدان کارزار، مقتل جنگل، بیاباں۔

رن ran: (انگ، مث) Run دوڑ، جھپٹ، کرکٹ کے کھیل میں ایک وکٹ سے دوسرے وکٹ تک کی دوڑ۔

رنج ranj: (ف، مذ) تکلیف، دُکھ، درد، افسوس، ملال، پچھتاوا، آزردگی، غم، سوگ، ناراضگی، غصہ، نفرت۔

رنجور ran-juur: (ف، صف) غمگین، افسردہ، مغموم، اسم کیفیت مث: رنجوری۔

رنجش ran-jish: (ف، مث) رنج، آزردگی، اَن بن، بگاڑ۔

رنجک ran-jak: (ف، مث) وہ بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کی غرض سے رکھی جاتی ہے۔ چورن، سفوف۔

رنجہ ran-ja(h): (ف، صف) رنجیدہ، مغموم (اند) رنج۔

رنجہ خاطر ran-ja(h) Kaa-tir: (ف، صف) رنجیدہ، آزردہ دل۔

رنجیدہ ran-jii-da(h): (ف، صف) خفا، ناراض، بیزار، افسردہ، اداس (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: رنجیدگی۔

رنجیدہ خاطر ran-jii-dah Kaa-tar: (ف،صف) رنجیدہ، آزردہ دل۔

رند rind: (ف، مذ) آزاد، بے قید شخص، جس شخص کا ظاہر خراب باطن اچھا ہو، بے قید شخص، جس شخص کا ظاہر خراب باطن اچھا ہو، غیر شرعی کام کرنے والا، شریعت کے خلاف کام کرنے والا، منکر، شرابی، اسم کیفیت مث: رندی۔

رند مذہب / مشرب rind-maz-hab/mash-rab: (ف، مذ) آزاد وضع، بدوضع۔

رندانہ rin-daa-na(h): (ار، مص) رندے سے چھیلنا، رندا کیا جانا۔

رنڈنا rand-na(a): (ار، مص) رندے سے چھیلنا، رندا کیا جانا۔

رُنڈنا rund-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'روندنا' جس کا یہ لازم ہے۔

رنڈوانا rand-vaa-na(a): (ار، مص) رندے سے چھلوانا، صاف کروانا۔

رُنڈوانا rund-vaa-na(a): (ار، مص) پامال کرانا۔

رندہ ran-da(h): (ف، مذ) بڑھئی کا اوزار جس سے لکڑی چھیل کر صاف کی جاتی ہے۔

رُندھنا rundh-na(a): (ار، مص) پامال ہونا، روکا جانا، غمگین ہونا۔

رنڈ ranD: (ھ، مث) رانڈ کا مخفف۔

رنڈا / رنڈوا ran-Daa/ranD-va(a): (ھ، مذ) مرد جس کی بیوی مر جائے۔

رنڈاپا raN-Daa-pa(a): (ھ، مذ) بیوگی، بیوہ ہونے کا زمانہ۔

رنڈ سال / سالا ranD-saal/saa-laa: (ھ، مذ) بیوہ کی پوشاک (افعال: پہنانا، پہننا)

رنڈوا ranD-va(a): (ھ، مذ) جس کی بیوی مر جائے۔

رنڈی ran-Di(i): (ھ، مث) طوائف، کسبی، زن بازاری، رقاصہ۔

رنڈی باز ran-Dii-baaz: (ہ، ف، صف) رنڈیوں سے زنا کرنے والا، تماش بین، عیاش، بدکار، اسم کیفیت مث: رنڈی بازی۔

رنڈیا ran-Di-ya(a): (ھ مث) رنڈی کی تصغیر، بیوہ۔

رنگ rang: (ف، مذ) رنگ روپ، رنگ ڈھنگ، روش، طرز، مکر، رونق، نشہ، گانا، عیش و عشرت لطف، مزہ، ہمسر، جوڑ، بہار، جوبن، مذاق، چہل، تاش کی ایک بازی کا نام، تماشا، سیر، چمک، مانند، نظیر، قسم، نوع، حالت، کیفیت، وہ سفوف یا سیال چیز جس سے رنگ دیتے ہیں۔

رنگ آمیز rang-aa-mez: (ف، صف) نقاش، مصور، رنگ ملانے والا، اسم کیفیت مث: رنگ آمیزی۔

رنگ برنگ rang-ba-rang: (ف، صف) طرح طرح کا، بیچ رنگا۔

رنگ دار rang-daar: (ف، صف) رنگین، رنگا ہوا، اسم کیفیت مث: رنگ داری۔

رنگ ڈھنگ rang-Dhang: (ار، مذ) چال چلن، برتاؤ۔

رنگ رز rang-raz: (ف، صف) کپڑا رنگنے والا۔

رنگ رس rang-ras: (ھ، مذ) خوشی، خرمی، عیش۔

رنگ رسیا rang ras-ya(a): (ھ، صف) رنگیلا، عیاش۔

رنگ رلیاں rang-ral-yaaN: (ھ، مث) ہنسی، چہل، عیش، نشاط، لطف مزہ۔

رنگ رنگیلا rang-ran-gii-la(a): (ار، صف)

رنگین، نالائق، عیاش۔

رنگ رُوپ / روغن rang-ruup/ro-Gan: (ار، مذ) چمک دمک، آب وتاب۔

رنگ ریز rang-rez: (ار، صف) دیکھئے 'رنگ رز' جس کا یہ بگاڑ ہے۔ اسم کیفیت مث: رنگ ریزی۔

رنگ ساز rang-saaz: (ف، صف) رنگ یا وارنش کرنے والا، مصور، اسم کیفیت ث: رنگ سازی

رنگ کاٹ rang-kaaT: (ار، مذ) ایک کیمیائی مرکب جو رنگ دور کرنے کے کام آتا ہے۔

رنگ محل rang ma-hal: (عف، مذ) بادشاہ اور امیروں کی عشرت گاہ عیش منزل۔

رنگ میں rang-main: (ار، متعلق فعل) صورت میں، حالت میں۔

رنگ وبُو ran-go-bu(u): (ف، مذ) رونق، شان و شوکت۔

رنگ ماسٹر ring-mas-Tar: (انگ، مذ) Ring Master سرغنہ، سرگروہ، باغیوں کا سرغنہ۔

رنگا ran-ga(a): (ار، صف، ق) رنگ ساز۔

رنگا رنگ ran-ga-rang: (ار، صف) رنگ برنگ کا، طرح طرح کے رنگوں کا۔

رنگا ہُوا ran-ga(a) hu-a(a): (ار، صف مفعولی) رنگین۔

رنگا (ہوا) سیار ran-ga(a) si-yaar: (ار، صف) وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔

رنگانا ran-gaa-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'رنگنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

رنگائی / رنگوائی ran-gaa-i(i)/rang-vaa-i(i) (ار، اسم معاوضہ) رنگنے یا رنگوانے کی اُجرت۔

رنگت ran-gat: (ار، مث) دیکھیے 'رنگ' مع مرکبات ومحاورات۔

رنگترہ rang-ta-rah: (ف، مذ) ایک ترشاوہ پھل جو زعفرانی رنگ کا ہوتا ہے۔ سنگترہ، نارنج، نارنگی۔

رنگرُوٹ rang-ruuT: (ار، مذ) Recruit نیا بھرتی کیا ہوا سپاہی۔

رنگنا rang-na(a): (ار، مص) رنگ چڑھانا، رنگین بنانا۔

رنگوانا rang-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھئے 'رنگنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

رنگیلا ran-gii-la(a): (ار، صف) رنگ دار، بانکا، چھیلا، عیاش، مث: رنگیلی۔

رنگین ran-giin: (ف، صف) رنگدار، رنگیلا، زندہ دل، خوش طبع، اسم کیفیت مث: رنگینی۔

رنگین ادا ran-giin a-da(a): (ف، صف) طرح دار، حسین، اسم کیفیت مث: رنگین ادائی۔

رنگین مزاج ran-giin-me-zaaj: (ف، صف) خوش طبع، زندہ دل، عیاش اسم کیفیت مث: رنگین مزاجی۔

رنگینیِ سخن ran-gi-nii-e-su-Kan: (ف، مث) کلام کی خوبصورتی، خوش بیانی۔

رنواس ran-vaas: (ھ، مذ) زنان خانہ، حرم۔

ر۔و

رَو rau: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر رفتن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بناتا ہے، اور چلنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے تیز رو، راہ رو، وغیرہ۔

رَو rau: (ھ، مث) دھارا، پانی کا بہاؤ، لہر، موج، جوش، ولولہ، فوج، لشکر۔

رَو (واوٗ مجہول سے) rau: (ف، لاحقہ فاعلی) مصدر اور دیدن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور اُگنے والا کے معنی دیتا

ہے جیسے خود رد۔

روٗ ruu: (ف، مذ) منہ، چہرہ، شکل، صورت، آگا، سامنے کا حصہ، سبب، وجہ۔

روٗ براہ ruu-ba-ra(h): (ف،صف) اصلاح کیا ہوا، درست، آمادہ، تیار۔

روٗ بروٗ ruu-ba-ruu: (ف،صف) آمنے سامنے، مقابل (افعال: آنا، کرنا، لانا، ہونا)

روٗبصحت ruu-ba-seh-hat: (ف،صف) صحت کی طرف مائل، تندرست ہونے والا۔

روٗبکار ruu-ba-kaar: (ف،مث) تحریر، حکم، پروانہ۔

روٗبکاری ruu-ba-kaa-ri(i): (ف،مث) مقدمہ کی پیشی، مقدمہ کی کارروائی حاضری۔

روٗ پاک ruu-paak: (ف، مذ) رومال، منہ صاف کرنے والا۔

روٗپوش ruu-posh: (ف،صف) منہ چھپائے ہوئے، پوشیدہ، چھپا ہوا، جو کسی مقدمہ کی تفتیش پر غیر حاضر ہو (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: روپوشی

روٗداد ruu-daad: (ف، مذ) ماجرا، احوال، کیفیت سرگزشت، عدالت کی کارروائی۔

روٗدار ruu-daar: (ف،مث) وجیہ، شکیل، خوبصورت، اسم کیفیت مث: رو داری۔

روٗ درروٗ ruu-dar-ruu: (ف، متعلق فعل) منہ پر، علانیہ، کسی کے روبرو۔

روٗ رعایت ruu-ri-(?)aa-yat: (ف، مث) پاس، لحاظ، طرفداری۔

روٗشناس ruu-sha-naas: (ف، صف) جان پہچان، واقف کار، اسم کیفیت۔مث: روشناسی۔

روٗکش ruu-kash: (ف، صف) مقابل، حریف، ثانی، ہم سر، اسم کیفیت مث: روکشی۔

روٗگرداں ruu-gar-daaN: (ف، صف) بے دماغ، منہ پھیرنے والا، ناراض ناخوش، منحرف۔ وہ کپڑا جس کی دونوں اطراف یکساں ہوں، اسم کیفیت مث: روگردانی۔

روٗمال ruu-maal: (ف، مذ) منہ پونچھنے کا کپڑا، دست مال، دست پاک وہ سوتی یا اُونی کپڑا جو تکونا پہنا اوڑھا جاتا ہے۔

روٗمالی ruu-maa-li(i): (ار،مث) اوڑھنی لڑکیوں کے اوڑھنے کا چھوٹا کپڑا/دوپٹا، میانی کا کپڑا، دو تین گوشوں کا کپڑا جو پہلوان ورزش کرتے وقت باندھتے ہیں۔گلوبند، ایک قسم کا کبوتر، ایک ورزش جو مگدر سے کی جاتی ہے۔

روٗمالی سوٗئیاں ruu-maa-li(i) si-vay-yaaN: (ار،مث) بہت باریک سوئیاں۔

روٗنما ruu-nu-ma(a): (ف،صف) چہرہ دکھانے والا، منہ دکھانے والا، ظاہر ہونے والا (افعال: ہونا)

روٗنمائی ruu-nu-maa-yi(i): (ف،مث) دیکھیے 'رونما' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ وہ نقدی جو دلہن کو منہ دیکھنے کے وقت دی جاتی ہے۔ منہ دکھائی، نذر (افعال: دینا، لینا)

رورو کے ro-ro-ke: (ار، متعلق فعل) مشکل سے۔

رواداار ra-vaa-daar: (ہ، ف،صف) اجازت دینے والا۔لحاظ رکھنے والا فرد۔

روا ra-vaa: (ف،صف) جائز، مباح، درست، مروج، جاری، نافذ کرنے والا، چلانے والا، اسم کیفیت مث: روائی۔

روٗسیاہ ruu-si-yaa(h): (ف،صف) کالے منہ والا، گنہگار، ذلیل، بدنصیب، نالائق، اسم کیفیت مث: روسیاہی۔

روابط ra-vaa-bit: (ع، مذ) دیکھیے 'رابطہ' جس کی یہ جمع ہے۔

رواتب ra-vaa-tab: (ع، مذ) دیکھیے 'راتب' جس کی یہ جمع ہے۔

رُوات ru-vaat: (ع، مذ) دیکھیے 'راوی' جس کی یہ جمع ہے۔

رواج ra-vaaj: (ز، مذ) رسم، دستور، معمول (افعال: پانا، پڑنا، پکڑنا) صف نسبتی: رواجی۔

رواحل ra-vaa-hil: (ع، مذ) دیکھیے 'راحلہ' جس کی یہ جمع ہے۔

رواروی ra-vaa-ra-vi(i): (ف، مث) بھاگ دوڑ، جلدی، سرسری پن (افعال: ہونا)

رواسا / رواںسا ru-vaa-saa/ru-vaaN-sa(a): (ہ، صف) رونے پر آمادہ، ناراض، رنجیدہ، (افعال: ہونا)

روافض ra-vaa-fiz: (ع، مذ) رافضی کی جمع۔

رواق ra-vaaq: (ع، مذ) خیمہ یا شامیانہ جو ایک ستون پر کھڑا ہو، کمرہ، پردہ جو مکان یا خیمہ کے آگے سائبان کی طرح لگایا جائے۔

رواقی ra-vaa-ti(i): (ع، مذ) فلسفہ افلاطون کا پیرو۔

رواقیت ru-vaa-qiy-yat: (ع، مث) حکمت افلاطون۔

رواں ruu-aaN: (ہ، مذ) چھوٹے چھوٹے بال جو انسان کے بدن پر ہوتے ہیں۔ پرندوں کے بچوں کے وہ بال جو پیدا ہوتے وقت ہوتے ہیں۔ پھل یا پھولوں پر کے چھوٹے بال۔

رواں ra-vaan: (ف، مذ) جان، روح، نفس، ناطقہ۔

رواں ra-vaaN: (ف، اسم حالیہ) بہتا ہوا، جاری، چلنے والا، تیز، منجھا ہوا، صاف، اسم کیفیت مث: روانی۔

رواں دواں ra-vaaN da-vaaN: (ف، صف) دوڑ کر، دوڑتے بھاگتے ہوئے۔

روانسا / روانکھا ru-vaaN-sa(a): (ار، صف) رونے پر آمادہ، رونے کو تیار۔

روانہ ra-vaa-na(h): (ف، صف) اسم کیفیت مث: روانگی۔

روائی ra-vaa-i(i): (ف، مث) رواج، رونق، حاجت پوری ہونا۔

روایت ri-vaa-yat: (ع، مث) دوسرے کے الفاظ بیان کرنا، دوسرے کی بات کی نقل، بیان، ذکر، قصہ، کہانی، حدیث، سرگزشت، تاریخ (افعال: کرنا، ہونا) جمع روایات۔

روب ruub: (ف، لاحقہ فاعلی) روبیدن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے جیسے خاکروب۔

روباہ ruu-ba(h): (ف، صف) لومڑی، کنایۃً بزدل، مکار، اسم کیفیت مث: روباہی۔

روباہ بازی ruu-baa(h) baa-zi(i): (ف، مث) مکاری، دغابازی، بزدلی۔

روبل ro-bal: (روسی، مذ) روس کے ایک سکہ کا نام۔

روبوٹ / روبٹ ro-boT: (انگ، مذ) Robot کل کا آدمی، مصنوعی آدمی، پتلا۔

روپ ruup: (ہ، مذ) صورت، شکل، بھیس، وضع، ڈھنگ حسن، آب و تاب، جلوہ، روپا بمعنی چاندی کا مخفف، عدد صحیح۔

روپ دان ruup-daan: (ہ، صف) حسین، خوبصورت مث: روپ دئی۔

روپا ruu-pa(a): (ہ، مث) چاندی، چھچھوندر۔

روپلی ruu-pal-li(i): (ار، مث) دیکھئے 'روپیہ' جس

کی یہ تصغیر ہے۔

رُوْپہلا ruu-pah-la(a): (ہ، صف، مذ) چاندی کے رنگ کا، سفید، مث: روپہلی۔

رُوْپئے ruu-pye: (ار، مذ) دیکھئے 'روپیہ' جس کی یہ جمع ہے۔

رُوْپیہ ruup-ya(h): (ار، مذ) پاکستان و بھارت کا ایک سکہ جو پہلے سولہ آنے کا اور اب سو پیسے کا ہوتا ہے مجازاً دولت۔

روتا ro-ta(a): (ار، صف) روتا ہوا، گریاں، مث: روتی۔

روتی صوٗرت ro-ti(i) suu-rat: (ار، مث) وہ شخص جو ہر وقت غمگین رہے، کم نصیب۔

روٹ roT: (واؤ معروف سے) (انگ، مذ) Route راستہ، راہ (بس وغیرہ کا)

رُوْٹھا ruu-Tha(a): (ار، صف) ناراض، خفا، مث، روٹھی۔

رُوْٹھنا ruuTh-na(a): (ار، مص) خفا ہونا، بگڑنا، آزردہ ہونا، چھوٹے کا بڑے سے آزردہ ہونا۔

روٹی ro-Ti(i): (ار، مث) نان، چپاتی، پھلکا، اناج، رزق۔

روٹی دال ro-Ti(i) daal: (ار، مث) نان نفقہ، معمولی غذا، گزارہ، خرچ۔

روٹی دینا ro-Ti(i) dai-na(a): (ار، محاورہ) برادری کو کسی تقریب پر کھانا کھلانا، کھانا کھلانا۔

روٹی کپڑا ro-Ti(i) kap-Ra(a): (ار، مذ) نان نفقہ، کھانے اور کپڑے کا خرچ (افعال: دینا، لینا)

رُوْح ruuh: (ع، مث) جان، پران، آتما، امر الٰہی، وہ لطیف بخارات جو دل سے پیدا ہوتے ہیں۔ زندگی اور حس و حرکت کا باعث ہیں۔ جوہر، عطر، خلاصہ، خواہش۔

رُوْحِ اعظم ruu-he-aa-zam: (ع، مث، بترکیب فارسی) کنایۃً اللہ تعالیٰ۔

رُوْح افزا ruuh-af-za(a): (ع ف، صف فاعلی) فرحت بخشنے والا، تازگی بخشنے والا۔

رُوْحُ الامین ruu-hul a-miin: (ع، مذ) حضرت جبرائیل امین کا لقب۔

رُوْحُ القُدُس ruu-hul-qu-dus: (ع، مذ) حضرت جبرائیل، عیسائیوں کے نزدیک روح۔

رُوْحُ اللہ ruu-hul-lah: (ع، مذ) حضرت عیسیٰ کا لقب، حضرت جبرائیل عیسائیوں کے نزدیک روح القدس۔

رُوْح پرْوَر ruuh par-var: (عف، صف) دیکھیے 'روح افزا'۔

رُوْحِ رواں ruu-he-ra-vaaN: (عف، مذ) وہ چیز یا شخص جس پر کسی چیز کا دارومدار ہو۔

رُوْح فرسا ruuh-far-sa(a): (عف، صف) روح تباہ کرنے والا، خطرناک۔

رُوْح قُدسی ruuh-qud-si(i): (ع، مث) حضرت جبرائیل۔

رُوْحانی ruu-haa-ni(i): (ع، صف) روح کے متعلق، وہ جو روح رکھے، فرشتوں یا جنوں کے متعلق۔

رُوْحانیت ruu-haa-niy-yat: (ع، مث) روح کی قوت یا خاصیت۔

رُوْحی ruu-hi(i): (ع، مث) روح سے متعلق۔

رُوْحی فِداک ruu-hii fi-daak: (ع، کلمہ تحسین) میری روح تجھ پر فدا ہو، میں تجھ پر قربان جاؤں۔

رُوْد ruud: (ف، مذ) ندی، نالا، دریا۔

رُوْدبار ruud-baar: (ف، مذ) وہ مقام جہاں سے بہت سی نہریں جاری ہوں، بڑی نہر، آبنائے۔

رُوْدہ ruu-dah: (ف، مذ) آنت، انتڑی۔

روڑا ro-Ra(a): (ہ، مذ) اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا، سنگریزہ مزاحم، روک، جانوروں کی ایک بیماری جو برسات میں ہوتی ہے۔ باشندہ۔

روڑی ro-Ri(i): (ہ، مث) دیکھیے 'روڑا' جس کی یہ تصغیر ہے۔ پتھروں یا اینٹوں کی کنکریاں جو سڑک وغیرہ پر بچھانے کے کام آتی ہیں۔

روز roz: (ف، مذ) دن، نہار، وقت، زمانہ، نصیب۔ (متعلق فعل) روزانہ کی۔

روزِ اِستفتاح ro-ze-is-ti-fa-taah: (فع، مذ) خوشی کا دن، رجب کی پندرھویں تاریخ۔

روزِ افزوں ro-ze-af-zuuN: (ف، صف) جو چیز روز بڑھے۔

روزِ الست ro-ze-al-sat: (ف، مذ) وہ دن جب خدا اور انسان کے درمیان معاہدہ ہوا تھا۔

روزانہ ro-zaa-na(h): (ف، متعلق فعل) روز بروز، ہر روز، ہمیشہ۔

روز بازار roz-baa-zaar: (ف، مذ) گرم بازاری، رونق، بازار کھلنے کا دن۔

روزِ بد ro-ze-bad: (ف، مذ) مصیبت کا دن، ادبار کا زمانہ (افعال: دیکھنا، دکھانا)

روز بروز roz-ba-roz: (ف، متعلق فعل) ہر روز، پے در پے، مسلسل۔

روزِ جزا ro-ze-ja-za(a): (ف، مذ) اعمال کا بدلہ ملنے کا دن، قیامت کا دن۔

روزِ حساب/محشر/حشر/قیامت ro-ze-hi-sab/ :meh-shar/hashr/qa-yaa-mat (فع، مذ) قیامت کا دن۔

روز روز roz-roz: (ف، متعلق فعل) ہر روز۔

روزِ سیاہ ro-ze-si-yaa(h): (ف، مذ) دیکھیے 'روزِ بد' (افعال: دکھانا، دیکھنا، لانا)

روزگار roz-gaar: (ف، مذ) زمانہ، وقت، نوکری، پیشہ، کمائی، قسمت۔

روزگار پیشہ :roz-gaar-pe-sha(h) (ف، صف) نوکری پیشہ۔

روزمرّہ roz-mar-ra(h): (ف، مذ) الفاظ یا محاورات جو اہل زبان بولیں۔ (متعلق فعل) ہر روز، بلا ناغہ۔

روزنامچہ roz-naam-cha(h): (ف، مذ) وہ کتاب جس میں ہر روز کا حال لکھا جائے، وہ بہی جس میں روزانہ کا حساب کتاب درج ہو۔ پولیس کا رجسٹر جس میں جرائم، مقدمات اور پولیس کی دیگر تمام کارروائیاں وقت وار تحریر کی جاتی ہیں۔

روزنامہ roz-naa-ma(h): (ف، مذ) دیکھیے 'روزنامچہ' روزانہ اخبار۔

روزنامہ نویس :roz-naa-ma(h) na-viis (ف، مذ) اخبارات میں روزانہ مضمون لکھنے والا، رپورٹر، حساب کتاب لکھنے والا، نیب سیاہہ نویس، دفتروں یا تھانوں میں روزنامچہ لکھنے والا اسم کیفیت مث: روزنامہ نویسی۔

روز و شب ro-zo-shab: (ف، متعلق فعل) دن رات، ہمیشہ، ہر وقت۔

روزہ ro-zah: (ف، مذ) ایک مذہبی فرض جس میں وقت مقررہ میں کچھ نہیں کھاتے پیتے۔ روزے کا دن۔

روزہ خوار/خور ro-zah-Kwaar/Kor: (ف، مذ) روزہ نہ رکھنے والا، اسم کیفیت مث: روزہ خواری/خوری۔

روزہ دار ro-zah-daar: (ف، صف) روزہ رکھنے والا، جس نے روزہ رکھا ہوا ہو، اسم کیفیت مث: روزہ داری۔

روزہ کشائی ro-zah-ku-shaa-I(i): (ف، مث)

روزہ کھولنا، افطاری، روزہ کھلوانے کی تقریب

روزی ro-zi(i): (ف، مث) رزق، خوراک، قسمت، مقدر۔

روزی رساں ro-zi(i) ra-saaN: (ف، صف) روزی پہنچانے والا، پروردگار، خدا۔

روزینہ ro-zii-na(h): (ف، مذ) روزانہ تنخواہ، مزدوری جو روزانہ ملے، خوراک، جو روزانہ دی جائے۔

روزینہ دار ro-zii-na(h)-daar: (ف، مذ) وظیفہ خوار، تنخواہ دار، وہ جسے روز کی تنخواہ یا خرچ ملے۔

روستا ros-ta(a): (ف، مذ) شہر، گاؤں، ترکوں کی جھونپڑیوں کی چھاؤنی۔

روستائی ro-sa-taa-i(i): (ف، مذ) گاؤں کا باشندہ، دہقان۔

روش ra-vish: (ف، مث) طور طریقہ، تراش خراش، ڈھنگ، باغ کی پٹری، قاعدہ، چلن۔

روشن ro-shan: (ف، صف) چمکیلا، تاباں، منور، درخشاں، جلتا ہوا، صاف، عیاں، واضح، ظاہر۔

روشن تاب ro-shan-taab: (ف، صف) بہت چمکنے والا، درخشاں (مذ) سورج۔

روشن جمال ro-shan-ja-maal: (ف، صف) خوبصورت چہرے والا، حسین۔

روشن چوکی ro-shan chau-ki(i): (ف، مث) ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی۔

روشن دان ro-shan-daan: (ف، مذ) روزن جس میں سے روشنی، ہوا، دھواں اندر آئے یا نکلے۔

روشن دل ro-shan dil: (ف، صف) عارف، عقل مند، زود فہم، جو دوسروں کے دل کی بات سمجھ لے، اسم کیفیت مث: روشن دلی۔

روشن دماغ ro-shan di-maaG: (ف، صف) عقلمند، عالی دماغ، اسم کیفیت مث: روشن دماغی۔

روشن رائے ro-shan-raa-ye: (ف، صف) جس میں سمجھ زیادہ ہو، باتدبیر۔

روشن ضمیر ro-shan-za-miir: (فع، صف) 'روشن دل' اسم کیفیت مث: روشن ضمیری۔

روشن نظر / نگاہ ro-shan na-zar/ ni-gaa(h): (ف، صف) جو لوگ بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ ان کو نقیب یہ کلمہ کہا کرتے تھے۔

روشنائی rosh-naa-i(i): (ار، مث ق) روشنی، چمک۔

روشنائی rosh-naa-i(i): (ف، مث) دیکھیے 'روشنی' مراد لکھنے کی سیاہی۔

روشنی rosh-ni(i): (ف، مث) نور، جوت، اُجالا، چمک، رمک، رونق، آبادی، بینائی، بصارت، ریا، چراغ، چراغاں۔

روشنیِ طبع rosh-ni(i)-ta-ba(?): (فع، مث) ذہانت، طباعی۔

روض roz: (ع، مذ) دیکھیے 'روضہ' جس کی یہ جمع ہے۔

روضہ ro-za(h): (ع، مذ) باغ، سبزہ زار، وہ مقبرہ جس پر گنبد بنا ہوا ہو۔

روضہ خواں ro-za(h) KwaaN: (عف، صف فاعلی) کتاب 'روضۃ الشہدا' پڑھنے والا، مصائب اہل بیت، بیان کرنے والا، اسم کیفیت مث: روضہ خوانی۔

روضۂ رضواں ro-za-e-riz-vaaN: (ع، مذ، بترکیب فارسی) کنایۃً بہشت، جنت۔

روغن ro-Gan: (ف، مذ) تیل، گھی، چکنائی، وارنش، پالش لُک، چمک دمک۔

روغنِ تلخ / سیاہ ro-Ga-ne-talK: (ف، مذ) سرسوں کا تیل۔

روغن جوش ro-Gan-josh: (ف، مذ) ایک قسم کا

تو رمہ جو بگھار کر تیار کیا جاتا ہے۔

روغن دار ro-Gan-daar: (ف، صف) روغن چڑھا ہوا چکنی، چکنا، چکنائی والا۔

روغن زرد ro-Gan-zard: (ف، مذ) گھی، گائے کا گھی۔

روغن فروش ro-Gan-fa-rosh: (ف، مذ) تیل بیچنے والا، تیلی، اسم کیفیت مث: روغن فروشی۔

روغن قاز ro-Ga-ne-qaaz: (ف، مذ) ہنس کی چربی جو بہت آبدار اور چکنی ہوتی ہے۔

روغن گر ro-Gan-gar: (ف، صف فاعلی) تیل نکالنے والا، تیلی۔

روغن نفت ro-Gan-na-fat: (ف، مذ) مٹی کا تیل، معدنی۔

روغنی roG-ni(i): (ف، صف) وہ روٹی جس کے خمیر میں روغن ملایا گیا ہو، چپڑی ہوئی روٹی، پالش کیا ہوا، وارنش کیا ہوا لڑائی کا مرغ۔

روک rok: (ہ، مذ) نقد، روپیہ (مث) ممانعت، مزاحمت

روک تھام rok-thaam: (ار، مث) ایسی تدبیر جس سے کوئی معاملہ نہ بڑھے، انسداد۔

روک ٹوک rok-Tok: (ار، مث) ممانعت، مزاحمت، پوچھ گچھ، (افعال: کرنا، ہونا)

روکڑ ro-kaR: (ہ، مث) روپیہ، پیسہ، نقد، دھن دولت، تحویل، نقد روپیہ، جو کسی کی تحویل میں ہو۔

روکڑ بکری ro-kaR bik-ri(i): (ہ، مث) وہ فروخت جو نقد ہوئی ہو۔

روکڑ بہی ro-kaR-ba-hi(i): (ہ، مث) وہ کتاب جس میں نقدی کا حساب درج ہو۔

روکڑی ro-ka-Ri(i): (ہ، صف) خزانچی، تحویل دار۔

روکنا rok-na(a): (ار، مص) باز رکھنا، منع کرنا، راستہ بند کرنا، ٹھہرنا، بات کاٹنا، پردہ، احاطہ کرنا، پھنسانا، ساکن کرنا، چھپانا، حریف کی ضرب کسی چیز پر لینا۔

رُوکھ ruukh: (ہ، مذ) درخت۔

رُوکھا ruu-kha(a): (ار، صف) خشک، سوکھا، بےلطف، بےمزہ، پھیکا، بےنمک، اکھڑ، ترش رو، بدخلق، بے گھی کا، بغیر سالن کا، اسم کیفیت مذ: روکھاپن، مث: روکھی۔

رُوکھا پھیکا ruu-khaa phii-ka(a): (ار، صف) کنایۃً آزردہ، بدمزہ، اسم کیفیت مث: روکھی پھیکی۔

رُوکھا جواب ruu-khaa-ja-vaab: (ار، مذ) کسی کام سے صاف انکار، (افعال: دینا، ملنا)

رُوکھا سُوکھا ruu-khaa suu-kha(a): (ار، صف) خراب، سالن کے بغیر، مث: روکھی سوکھی۔

روگ rog: (ار، مذ) دُکھ، درد، بیماری، کنایۃً وبال، جنجال، خلافِ طبع چیز، تکلیف۔

روگ کا گھر rog-kaa-ghar: (ار، مذ) روگ کی جڑ، بیماری کا سبب۔

روگی ro-gi(i): (ار، صف) بیمار، دُکھی، مث: روگن۔

رُول ruul: (انگ، مذ) Rule قاعدہ، قانون، ضابطہ، اصول، رسم، جدول، وہ لکیر جو کتاب کے حاشیہ پر کھینچی جائے۔

رول rol: (انگ، مذ) Role دفتر کی وہ فہرست جس میں ترقی مدارج و مناسب کے لیے ملازم کے نام ترتیب وار لکھے جاتے ہیں۔ فرد اسماء، ناموں کی فہرست۔

رول نمبر rol-num-bar: (انگ، مذ) Roll Number، دفتر کے حساب سے جو نمبر ہو، وہ نمبر جو امتحان دینے والوں کے لیے مخصوص کیا جاتا ہے۔

رول rol: (انگ، مذ) Roll کردار، کارمنصبی، کام، حصہ۔

رولر ro-lar: (انگ، مذ) Ruler، جدول کش، لکیر

کھینچنے کا گول ڈنڈا، حاکم۔

رولن ro-lan: (ھ، مث) وہ چیز رد لنے کے بعد رہ جائے، چھٹن، پھٹکن۔

رولنا rol-na(a): (ار، مص) چن لینا، چننا، ہاتھ سے موٹا موٹا جدا کر لینا۔

روم rom: (ھ، مذ) رونگٹا، رواں، جسم کے چھوٹے چھوٹے بال۔

رؤمان ruu-maan: (ار، مذ) انگریزی لفظ (Romance) کا مورد، ادب کی وہ صنف جس میں غیر حقیقی باتیں بیان کی جائیں۔ فرضی داستان، عشق محبت کی داستان صف نسبتی: رومانی۔

رؤمانیت ruu-maa-ni-yat: (ار، مث) ادب میں تخیل پرستی، جذبات پرستی۔

رومن ro-man: (انگ، صف) روم سے منسوب (مث) انگریزی حروف میں اُردو اور ہندی کی عبارت کو لکھنا۔

رونا ro-na(a): (ار، مص) آنسو بہانا، فریاد کرنا، دُکھ بیان کرنا، (مذ) شکوہ، گلہ۔

رونا آنا ro-na(a) aa-na(a): (ار، مص) دل بھر آنا، افسوس ہونا۔

روندنا raund-na(a): (ار، مص) لتاڑنا، پاؤں کے نیچے ملنا، سوار ہو کر کسی چیز پر سے گزرنا۔

روندہ ra-dind: (ف، صف) جانے والا، سفر کرنے والا، جمع: روندگان۔

ژوں ژوں rauN rauN: (ھ، مث) بچے کے رونے کی آواز، سارنگی کی آواز۔

رونق rau-naq: (ع، مث) چمک، تاب، درخشانی، زیبائش خوبی، تازگی، طراوت، لطف، کیفیت، چہل پہل، آبادی، بہار، اچھی حالت، رنگ روپ۔

رونق افروز rau-naq af-roz: (عف، صف) رونق بخشنے یا بڑھانے والا، اسم کیفیت مث: رونق افروزی۔ تکلفاً آنے کے لیے بھی کہتے ہیں۔

رَونق افزا rau-naq-af-za(a): (عف، صف) رونق بڑھانے والا، اسم کیفیت مث: رونق افزائی / فزائی۔

رَونقِ محفل rau-na-qe mai-fil: (عف، مذ) محفل کی بہار، وہ شخص جو محفل کو پر لطف بنائے۔

رَونگٹا raung-Ta(a): (ھ، مذ) انسان کے بدن کے وہ باریک بال جو مسامات میں ہوتے ہیں۔ چھوٹے ریشے جو پشمینے میں ہوتے ہیں۔

رونی صؤرت rau-ni-suu-rat: (ار، مث) ایسی شکل جس سے رونے کی حالت ظاہر ہوتی ہو۔

رونے کی جگہ rau-ne-kii-ja-gah: (ار، مث) وہ موقع جہاں رونا چاہیے، افسوس کا مقام۔

رؤہانسا ruu-haaN-sa(a): (ھ، صف) آنسو بھر لانے والا مث: روہانسی۔

روہت ro-hat: (ار، مث) چہرے کی رونق یا تر و تازگی، نرمی خوبصورتی، حسن۔

روہٹا ro-ha-Ta(a): (ھ، مذ) روئی کا بازار۔

روہڑ ro-haR: (ھ، صف) موٹا دھاگا، کنایتہً بدصورت، بھدا۔

روہؤ / رہو ro-huu: (ھ، مذ) ایک قسم کی مچھلی۔

روہے ro-he: (ھ، مذ) گکرے، آنکھوں کی بیماری۔

رؤئی ruu-i(i): (ھ، مث) ایک پودے کے بیج اور ریشے، مع بیج کے کپاس کہلاتی ہے اور جب بیج نکال لیا جائے تو روئی۔

رؤئی دار ruu-i-daar: (ف، صف) وہ کپڑا جس میں روئی پڑی ہوئی ہو۔

رؤیے ro-ye: (ف، مذ) دیکھیے 'رُو'

رؤیے داد ruu-ye-daad/ruu-daad: (ف، مث) روداد، سرگزشت، ماجرا۔

رؤیے سخن ruu-ye-su-Kan: (ف، مذ) اشارہ، خطاب، توجہ، دھیان، بات کا رخ۔

رؤئیدہ ro-yii-da(h): (ف، صف) اُگا ہوا، پیدا شدہ، بڑھا ہوا، نمو یافتہ، اسم کیفیت مث: روئیدگی۔

رؤئیں دار ruu-yeiN-daar: (ف، صف) وہ جس میں روئیں ہوں۔

رؤئیں ruu-yiiN: (ف، مث) کانسی، پیتل اور تانبے کا مرکب۔

رؤئیں تن ruu-yiiN-tan: (ف، صف) کانسی کے جسم والا، وہ جس کے بدن پر ہتھیار کا اثر نہ ہو، اسفندیار پسر گشتاسپ کا لقب ہے۔

رؤی ra-vi(i): (ع، مذ) وہ حرف جس پر قافیہ کی بنیاد ہو۔

رؤیا ro-ya(a): (ع، مذ) خواب، سپنا، وہ چیز، جو خواب میں دیکھی جائے۔

رؤیائے صادقہ ro-yaa-ye-saa-di-qah: (ع، مذ) سچا خواب، وحی کی ایک قسم۔

رؤیت ro-yat: (ع، مذ) نظر آنا، کسی چیز کا نظر نہ آنا، دیدار، نظارہ، شکل، صورت، چہرہ، جوک، لگن، لحاظ، پاس۔

رؤیت ہلال ro-yat-he-laal: (ع، مث) مہینے کی پہلی شب کو چاند نظر آنا۔

رؤیہ ra-vay-ya(h): (ف، مذ) رسم و رواج، دستور، چال، چلن۔

ر۔ہ

رہبر reh-bar: (ف، صف) راہ بر، ہادی، راستہ دکھانے والا، اسم کیفیت مث: رہبری۔

رہرؤ rah-rau: (ف، صف) راہ رو، مسافر، اسم کیفیت مث: رہروی۔

رہ گرا rah-ga-ra(a): (ف، صف) راہ پر مائل، راستہ چلنے پر مائل، عازم۔

رہگزر rah-gu-zar: (ف، مذ) دیکھیے 'راہگزر'

رہگزری rah-guz-ri(i): (ف، صف) مسافر، راہرو۔

رہزن reh-zan: (ف، صف) دیکھیے 'راہزن' اسم کیفیت مث: رہزنی، مسافروں کو لوٹنے والا۔

رہنما rah-nu-ma(a): (ف، صف) دیکھیے 'راہنما' اسم کیفیت مث: رہنمائی، راستہ بتانے والا۔

رہ نورد rah-na-vard: (ف، صف) دیکھیے 'راہ نورد' اسم کیفیت مث: رہ نوردی۔

رہوار raah-vaar: (ف، مذ) دیکھیے 'رہوار' گھوڑا۔

رہو raho: (ار، فعل) رہنا مصدر سے صیغۂ امر۔

رہ رہ کر / کے reh-reh-ke/kar/ rah-rah ke/kar: (ار، متعلق فعل) ٹھہر ٹھہر کر، بار بار، گھڑی گھڑی۔

رہا ri-ba(a): (ف، صف) چھوٹا ہوا، نجات پایا ہوا (افعال: کرنا، کرانا، ہونا)

رہاسہا ra-haa-sa-ha(a): (ار، صف) بچا کھچا

رہانا ra-haa-na(a): (ار، مص) چکی کے پتھر یا سل میں دندانے (النا، ڈلوانا)

رہائش ri-haa-ish: (ار، مذ) (غلط العام) مقام، سکونت، رہائش، بودوباش، (یہ لفظ فارسی انداز پر بنایا گیا ہے)

رہائی ri-haa-i(i): (ف، مث) نجات، خلاصی، فراغت، معافی۔

رُہبان ruh-baan: (ع، مذ) راہب کی جمع، عیسائیوں کے زاہد، تارک الدنیا۔

رہبانیت rah-baa-ni-yat: (ع، مث) ترک دنیا،

ترکِ لذت، راہبوں کے طریقہ، پرہیز گاری۔

رہمت rah-mat: (ہ، مذ) ٹھہرنا، رہنا، مقام۔

رہتی دُنیا تک rah-ti dun-yaa tak: (ار، متعلق فعل) جب تک دنیا قائم ہے، ہمیشہ۔

رہٹ re-haT: (ہ، مذ) کنوئیں سے بیلوں کے ذریعے پانی نکالنے کا ہنڈولا۔

رہٹا rah-Ta(a): (ہ، مذ) چرخہ، رہٹ۔

رہٹی rah-Ti(i): (ہ، مث) رہٹ کی تصغیر، طریقہ، معمول، قرضہ کا حصہ قسط وار لیا جائے۔

رہڑو rah-Ru(u): (ہ، مذ) ایک قسم کا چھکڑا، بہل، بچوں کو چلنا سکھلانے کی گاڑی۔

رہس ra-has: (ہ، مذ) خوشی، دل لگی، چہل پہل، کرشن جی اور گوپیوں کا ایک قسم کا ناچ، ڈرامے کے اندر ناچ جسے واجد علی شاہ والیٔ اُودھ نے رواج دیا۔

رہکلا rah-ka-la(a): (ہ، مذ) چھوٹی توپ، توپ رکھنے کی گاڑی، بہل، دلالوں کی اصطلاح میں تیرہ (13)

رہن ra-han: (ار، مذ) رہائش، دستور، قاعدہ۔

رہن سہن ra-han-sa-han: (ار، مذ) معاشرت، طرز، بود و باش۔

رہن ra-han: (ع، مذ) اُردو میں بکسر اول بھی بولتے ہیں۔ گرو، کفالت، بندھک، (افعال: رکھنا، کرنا، چھڑانا، لینا)

رہنِ اِشفاعی reh-ne-ish-faa-(?)i(i): (ع، مذ بترکیب فارسی) وہ گرو جس میں فائدہ اٹھانے کی صورت ہو۔

ریہن در رہن re-han dar re-han: (عف، مذ) رہن کی ہوئی چیز کو کسی اور کے پاس رہن رکھنا۔

رہینِ مُطلق ra-hii-ne-mut-laq: (ع، مذ، بترکیب فارسی) بے قید رہن، دست بندھک۔

ریہن نامہ re-han-naa-ma(h): (عف، مذ) رہن کی دستاویز۔

رہنا reh-na(a): (ار، مص) بسنا، ٹکنا، ٹھہرنا، قیام کرنا، دیر تک کام دینا، موجود ہونا، باقی رہنا، ذمہ ہونا، باقی ہونا۔ ذمہ ہونا، گنا جانا، حساب میں آنا، بسر ہونا۔ گزرنا، بن ہو جانا، شل ہو جانا، قائم ہو جانا، ملتوی ہونا۔

رہنا سہنا reh-na(a) seh-na(a): (ار) گزر بسر کرنا۔

رہین ra-hiin: (ع، صف) وہ چیز جو رہن رکھی جائے، مرہون، وابستہ، تابع، ماتحت۔

رہینِ منت ra-hii-ne-min-nat: (ع، صف) ممنون، احسان مند، شکر گزار، (افعال: کرنا، ہونا)

ر۔ء

رؤسا ra-uu-sa(a): (ع، مذ) رئیس کی جمع، دولت مند، سردار۔

رؤف ra-uuf: (ع، صف) بہت شفقت کرنے والا، بہت مہربان، خدا کا صفاتی نام۔

رئی ra-i(i): (ہ، مث) دودھ بلونے کا اوزار، بلونی، مدھانی (افعال: پھرنا، پھیرنا، چلانا، چلنا، ہلانا، ہلنا)

رئیس ra-iis: (ع، مذ) سردار، دولت مند، سالار، مالک، راجا، نواب، مث: رئیسہ۔

ر۔ی

ری ri(i): (ار، حرف، مذ) اری کا مخفف، عورت کو بلانے کا کلمہ۔

رے re: (ار، حرف مذ) ارے کا مخفف (لڑکوں کو بلانے کا کلمہ) لاحقہ، جو کسی لفظ کے بعد آ کر تعجب کے معنی پیدا کرتا ہے۔ مثلاً اللہ رے، اُف رے۔

ریا **ri-ya(a)**: (ع، مث) ظاہر داری، دنیا سازی، دکھاوا، درندگی مکاری، بناوٹ، منافقت، صف، ریائی۔

ریا کار **ri-yaa-kaar**: (عف، صف) مکار، منافق، زمانہ ساز (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ریا کاری۔

ریاح **ri-yaah**: (ع، مذ) دیکھئے 'ریح' جس کی یہ جمع ہے۔ معدہ کی ہوا، گونہ، پاد۔

ریاحین **ra-yaa-hiin**: (ع، مذ) 'ریحان' کی جمع، پھول۔

ریاست **ri-yaa-sat**: (ع، مذ) عمل داری، راج، حکومت، وہ علاقہ جو رئیس کی حکومت میں ہو، دیسی راجوں نوابوں کی مملکت، سرداری، افسری۔

ریاض **ri-yaaz**: (ع، مذ) روضہ کی جمع، باغات، محنت، مشقت، مشق (افعال: کرنا، ہونا)

ریاضت **ri-yaa-zat**: (ع، مث) محنت، مشقت، زہد، نفس کشی، مشق، مہارت، مزدوری، پیشہ وری، سپدہ ریزی۔

ریاضتی **ri-yaaz-ti(i)**: (ع، صف) ریاضت کرنے والا۔

ریاضی **ri-yaa-zi(i)**: (ع، مث) ایک علم جس میں مقدار یا حجم یا ان کے ناپ کے متعلق بحث علامت کے ذریعے ہوتی ہے۔

ریاضی دان **ri-yaa-zii-daan**: (عف، مذ) ماہر علم ریاضی، اسم کیفیت مث: ریاضی دانی۔

ریائی **ri-yaa-i(i)**: (ع، صف) ریاکار، مکار، منافق

ریت **riit**: (ھ، مث) رسم، رواج، دستور، چلن، طور طریقہ، قاعدہ، قانون۔

ریت **ret**: (ار، مث) دانے دار مٹی جو پتھروں کے گھسنے سے بنتی ہے۔ دریاؤں، سمندروں ریگستانوں اور مٹی کی تہ کے نیچے پائی جاتی ہے۔ بالو، ریگ، وہ مٹی جو پیشاب کے ساتھ نکلتی ہے۔

رتیل **ra-tiil**: (ار، صف) جس میں ریت ہو، رتیلا (مث) رتیلی زمین، ریت۔

رتیلا **ra-tii-la(a)**: (ار، صف) وہ جس میں ریت ہو، * کرکرا مث: رتیلی۔

ریتنا **rait-na(a)**: (ار، مص) ریتی کے ساتھ رگڑنا، صاف کرنا۔

ریتی **re-ti(i)**: (ار، مث) ریت، ریتا، لوہے کو رگڑنے کا آہنی آلہ۔ سوہن، سوہان۔

ریتی کا میدان **re-tii kaa mai-daan**: (ار، مذ) ریگستان، وہ میدان جہاں بہت ہی ریت ہو۔

ریتیلا **re-tii-laa**: (ھ، مذ) ریتیلا مث: ریتیلی، ریت دار۔

ریٹ **reT**: (انگ، مذ) Rate نرخ، شرح، بھاؤ۔

ریٹھا **rii-Tha(a)**: (ھ، مذ) ایک درخت جس کا چھلکا بھگونے کے بعد صابن کا کام دیتا ہے۔

ریجن **rii-jan**: (انگ، مذ) Region خطہ، علاقہ، منطقہ۔

ریجنل **riij-nal**: (انگ، صف) Regional علاقائی۔

ریجھ **riijh**: (ھ، مث) رغبت، چاہت، شوق۔

ریجھنا **riijh-na**: (ار، مص) مائل ہونا، خوش ہونا، راغب ہونا، لٹو ہونا۔

ریچھ **riichh**: (ھ، مذ) بھالو، خرس مث: ریچھنی۔

ریح **riih**: (ھ، مذ) ہوا، پاد، گوز، مقعد کی ہوا، گھٹیا، وجع المفاصل۔

ریحان **rai-haan**: (ع، مذ) نازبو، ایک قسم کا پودا، جس کے پتوں اور چھوٹے چھوٹے پھولوں میں سے خوشبو آتی ہے۔ اس کا بیج، ہر ایک خوشبودار پودا، سرخ پھول کے سوا ہر ایک پھول، ایک قسم کا عربی خط، صف نسبتی: ریحانی۔

ریحانی **rai-haa-ni(i)**: (ع، صف) ریحان کا یا اُس کے متعلق، ریحان کی خوشبو والا۔

رِیحی rii-hi(i): (ع ،صف) 'ریح' سے منسوب۔
ریختہ reK-ta(h): (ف، مذ) گراپڑا، پکی تعمیر، وہ نظم جس میں ہندی اور فارسی کے فقرے مخلوط ہوں اور بحرے پرگائے جاسکیں۔ اردو زبان کا پرانا نام، اردو غزل۔
ریختی reK-ti(i): (ار، مث) وہ نظم جو عورتوں کی بولی میں کہی جائے۔
ریڈر rii-Dar: (انگ، مذ) Reader محرر، منشی، جو افسروں کو کاغذات پڑھ کر سناتا ہے۔ مثل خواں پیشکار، درسی کتاب، نصاب کی کتاب، یونیورسٹی کا استاد جس کا رتبہ پروفیسر سے کم ہوتا ہے۔
ریڈی میڈ re-Dii meD: (انگ، صف) Ready made، بنابنایا، تیار شدہ۔
ریڈیم re-Di-yam: (انگ، مث) Radium دھات کا ایک عنصر جو 1898 میں پیئر اور مادام کیوری نے دریافت کیا تھا۔
ریڈیو re-Di-yo: (انگ، مذ) Radio ایک بلا تار برقی پیغام وصول کرنے کا آلہ، نشری آلہ۔
ریڑھ riiRh: (ار، مث) پیٹھ کی درمیانی ہڈی جو سر سے شروع ہوکر چوتڑوں تک جاتی ہے۔
ریز rez: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر ریختن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ اور بہانے والا، گرانے والا کے معنی دیتا ہے، جیسے خوں ریز، اشک ریز (مث) پرند کا چہکنا۔
ریزر re-zar: (انگ، مذ) Razor اُسترہ۔
ریزرو ri-zarv: (انگ، مذ) Reserve فاضل چیز جو بوقت ضرورت کام آئے، محفوظ فوج۔
ریزش re-zish: (ف، مث) بہانا، ڈالنا، ناک سے پانی بہنا، زکام، نزلہ (افعال: کر دینا، کرنا، ہونا، ہو جانا) گرنا، جھڑنا۔

ریزگاری rez-gaa-ri(i): (ف، مث) روپے کے حصے، خردہ۔
ریزگی rez-gi(i): (ار، مث) خردہ، چھٹن، کھرچن، کترن، سونے یا چاندی کے تار کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
ریزہ re-za(h): (ف، مذ) بہت چھوٹی چیز، ذرّہ، ٹکڑا، پرزہ، پارچہ، ریشمی کپڑے کا تھان۔
ریزہ چین re-zah-chiin: (ف، صف) ٹکڑے چننے والا (مذ) ٹکڑ گدا، اسم کیفیت مث: ریزہ چینی۔
ریزہ خط re-zah-Kat: (ف، صف) باریک دھاریوں والا۔
ریزہ ریزہ re-zah re-zah: (ف، مذ) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، ذرّے، (صف) چھوٹا (متعلق فعل) ٹکڑے ٹکڑے (افعال: کرنا، ہونا)
ریس res: (انگ، مث) Race دوڑ، گھڑ دوڑ۔
ریس کورس res-kors: (انگ، مذ) Race Course میدان (گھڑ دوڑ کا)
ریسرچ re-sarch: (انگ، مث) Research تحقیق۔
رِسمان ris-maan: (ف، مث) رسی، ڈوری، دھاگا۔
ریسیور ri-sii-var: (انگ، مذ) Receiver آواز وصول کرنے کا آلہ، ٹیلیفون کا وہ آلہ جس سے آواز سنائی دیتی ہے۔ کسی مقروض یا دیوالیے کی جائداد کا سرکاری نگراں۔
ریش riish: (ف، مث) ڈاڑھی۔
ریشائیل rii-shaa-yil: (ف، صف) بڑی اور لمبی ڈاڑھی والا۔
ریش بچہ riish-bach-cha(h): (ف، مذ) ٹھوڑی کے بال۔
ریش خند / ریش خندہ riish-Kand/Kan-da(h): (ف، صف) مذاق، ہنسی، تمسخر۔

ریش resh: (ف، مذ) زخم، زخمی، گھائل۔
ریشم re-sham: (ف، مذ) تار جو ریشم کا کیڑا کوئے کی شکل میں بناتا ہے۔ اس تار سے بنا ہوا کپڑا، نخ۔
ریشمی / ریشمین resh-mi(i)/resh-miin: (ف، صف) ریشم کا، ریشم کا بنا ہوا۔
ریشہ re-sha(h): (ف، مذ) سوت کا تار، پھوسڑا، پتے یا درخت کی رگیں، پھلوں کے تار۔
ریشہ خطمی re-sha(h) Kat-mi(i): (ار، مذ) ایک دوا، کنایۃً، فریفتہ۔
ریشہ دار re-shah-daar: (ف، صف) وہ چیز جس میں ریشے ہوں۔
ریشہ دوانی re-shah-da-vaa-ni(i): (ف، مث) شرارتیں اور فساد ڈالنے کی ترکیبیں۔
ریحان rii-(?)aan: (ف، مذ) کسی چیز کا بہترین حصہ۔
رَیفری raif-ri(i): (انگ، مذ) Referee حکم، پنچ (کھیلوں کا)
رَیفریجریٹر rai-friij-re-Tar: (انگ، مذ) Refrigerator ٹھنڈا رکھنے والی برقی الماری۔
رَیفیوجی rai-fyuu-ji(i): (انگ، مذ) Refugee سیاسی یا مذہبی تشدد کے باعث غیر ملک میں پناہ لینے والا، مہاجر، شرنارتھی۔
رَیک raik: (انگ، مث) خانے دار الماری، کپڑے رکھنے کی کھونٹی۔
ریکارڈ re-kaarD: (انگ، مذ) مقدمہ، اندراج، دفتر کے کل کاغذات، دفتر، گراموفون کی پلیٹ۔
رَیکٹ rai-kiT: (انگ، مذ) Racket ٹینس وغیرہ کا بلا۔
ریکٹر rek-Tar: (انگ، مذ) Rector حلقہ کا پادری، یونیورسٹی کا ناظم یا صدر، شیخ الجامعہ۔
ریکھ rekh: (ہ، مذ مث) لکیر، خط، مسی کی سیاہ لکیر دانتوں پر۔
ریکھا re-kha(a): (ہ، مث) لکیر، تحریر، قسمت، کا لکھا ہوا، تقدیر، نصیب۔
ریگ reg: (ف، مث) ریت، بالو، ریت جو گرد سے میں پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ مٹی جو سیاہی خشک کرنے کے لیے ڈالا کرتے ہیں۔
ریگِ رَواں re-ge-ra-vaaN: (ف، صف) وہ ریت جو چمکتی ہوئی نظر آتی ہے، جس سے پانی کا شبہ ہو۔
ریگ زار reg-zaar: (ف، مذ) ریگستان۔
ریگستان re-gis-taan: (ف، مذ) ریتیلا میدان، صحرا۔
ریگ مال reg-maal: (ف، مذ) وہ کاغذ جس سے لکڑی یا لوہے کو صاف کرتے ہیں۔
ریگ ماہی reg-maa-hi(i): (ف، مث) سقنقور، گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو ریگستانوں میں پایا جاتا ہے۔
ریل riil: (انگ، مث) Reel پھرکی جس پر سوت یا دھاگے لپٹے ہوئے ہوں۔
ریل rel: (انگ، مث) Rail کٹہرا، بنگلا، ریل گاڑی، لوہے کی پٹری جس پر ریل گاڑی چلتی ہے۔
ریلوے rel-ve: (انگ، مث) Railway ریل کی سڑک، ریل کا محکمہ، وہ تمام ریل کی سڑکیں جو ایک منتظم کے ماتحت ہوں، جیسے نارتھ ویسٹرن ریلوے۔
ریل rel: (ہ، مث) بہتات، افراط، ہجوم، انبوہ، بھیڑ، ازدہام۔
ریل پیل rel-pel: (ہ، مث) دھکم دھکا، بہتات، کثرت، افراط، (افعال: کرنا، ہونا)
ریلا re-la(a): (ہ، مث) دھکا، رو، سیلاب، دھار، بھیڑ، ہجوم۔

ریلا دینا re-la(a) de-na(a): (ار، محاورہ) دھکا دینا، ریلنا۔

ریلنا rel-na(a): (ار، محاورہ) دھکیلنا، ٹھیلنا۔

رَیلی rai-li(i): (انگ، مث) Rally فوج یا اسکاؤٹوں کا اجتماع۔

رِیمْ riym: (ف، مث) پیپ، وہ مادہ جو زخموں وغیرہ سے نکلے، تلچھٹ۔

ریمی rii-mi(i): (ف، صف) پیپ دار جس میں سے پیپ نکلے۔

ریمیا riim-ya(a): (ف، مث) ایک علم جس کے عمل سے انسان جہاں چاہے جا سکتا ہے۔

رَین rain: (ہ، مث) رات، شب۔

رَین بسیرا rain-ba-se-ra(a): (ہ، مذ) رات کا ٹنا، شب باشی، رات بسر کرنے کی جگہ۔

رینج renj: (انگ، مذ) قطار، چاند ماری کا میدان، مقام، دائرہ، حد بندی، مار، فاصلہ (بندوق کا)

رَین چین rain-chain: (ہ، مث) رات کے مزے، عیش، امن چین کی زندگی۔

رَیں رَیں raiN raiN: (ہ، اصوت مث) بچوں کے رونے کی آواز، سارنگی کی آواز۔

رَینک raink: (ہ، اسم صوت) گدھے کی آواز۔

رَینک raink: (انگ، مذ) Rank عہدہ، منصب، مرتبہ۔

رینگنا raing-na(a): (ار، مص) آہستہ آہستہ، جوں کی چال چلنا، پیٹ کے بل گھسٹ کر چلنا۔

رینی re-ni(i): (ہ، مث) سونے چاندی کی ڈلی، چاندی کو پگھلا کر ٹھنڈا کرنے کا اوزار۔

ریو riiv: (ف، مث) دھوکا، فریب، چھل، مکر، حیلہ۔

رِوالور ri-vaal-var: (انگ، مذ) Revolver تمنچا، جیبی بندوق ایک قسم کا پستول، جس میں چرخی لگی ہوتی ہے اور لگاتار کئی فائر ہو سکتے ہیں۔

ریوڑ re-vaR: (ہ، مذ) بھیڑوں، بکریوں کا گلہ، غول

ریوڑی rev-Ri(i): (ہ، مث) ایک قسم کی مٹھائی جو کھانڈ یا گڑ کے گٹوں پر تل چڑھا کر بناتے ہیں۔

ریویو ri-vi-u: (انگ، مذ) Review تبصرہ، تنقید، رائے زنی، معائنہ افواج۔

ریہ ri-ya(h): (ع، مذ) پھیپھڑا۔

ریہہ ra-ya(h): (ہ، مث) کھاری مٹی، شور والی مٹی، جس کو دھوبی کپڑے صاف کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، کلر۔

ریہرسل rii-har-sal: (انگ، مث) Rehear-sal: حفظ کیا ہوا، بیان سنانا، ڈرامے وغیرہ سے پہلے مشق کرنا۔

ریہڑ re-haR: (ہ، مث) وہ زمین جس میں شور ہو، بنجر زمین، کلر والی زمین۔

ڑ

ڑ R: (ہ، مث) اُردو میں اسے 'ڑے' کہتے ہیں۔ چونکہ اس کی آواز عربی، فارسی میں نہیں پائی جاتی اس لیے اسے رائے ہندی اور رائے ثقیلہ بھی کہتے ہیں۔ اردو حروف تہجی کا یہ پندرھواں حرف ہے۔ یہ کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ پیچھے کی طرف مڑ کر سخت تالو کے رابطے میں آتے ہوئے ایک تھپک کے ساتھ آگے گرتا ہے۔ اس عمل میں غشائی پردے سکڑ کر حلق میں ارتعاش پیدا کرتے ہیں۔ صوتیات کی اصطلاح میں اس آواز کو مسموع، کوزی، تھپک دار، مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

ز

ز Z: (ع، مث) اس حرف کو اردو میں 'زے' اور مزید وضاحت کے لیے 'زائے معجمہ یا منقوطہ' بھی کہتے ہیں۔ یہ اُردو حروفِ تہجی کی ترتیب میں سولہواں حرف ہے۔ یہ اردو میں عربی و فارسی کی 'ز' آواز کی نمائندگی کرتا ہے اور اُسی طرح تلفظ ہوتا ہے۔ یعنی اسے ادا کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ اوپری مسوڑوں کے ربط میں آکر اندر سے آنے والی ہوا کو زبان کی سطح پر رگڑ لگاتے ہوئے اس کی بغلوں سے خارج کرتا ہے۔ اس عمل میں غشائی پردے حلق میں سکڑ کر ارتعاش پیدا کرتے ہیں۔ اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں مسموع، لثاہی یا مسوڑی صفیری، مصمتہ یا حرفِ صحیح کہتے ہیں۔

ز۔ا

زِ zi: (ف، حرف ربط) دیکھیے 'اَز' جس کا یہ مخفف ہے۔

زا za(a): (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر زائیدن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پیدا کرنے والا یا پیدا شدہ کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً فتنہ زا، ولایت زا۔

زاج zaaj: (ف، مث) بجی، توتیا، ہیرا کسیس، زنگار، پھٹکری۔

زاجِ سفید zaa-je-sa-fed: (ف، مث) سفید پھٹکری۔

زاد zaad: (ف، صف) جنا ہوا، بیٹا، اولاد، مثلاً آدم زاد (مث) پیدائش، جنم۔

زاد بوم zaad-buum: (ف، مث) جائے پیدائش، جنم بھومی، وطن۔

زاد zaad: (ع، مذ) راہ کا توشہ، سفر خرچ۔

زادِ آخرت / عقبیٰ zaa-de-aaK-rat/(?)uq-ba: (ع، مذ، بترکیب فارسی) عاقبت یا آخرت میں کام آنے والے نیک اعمال۔

زادِ راہ / سفر zaa-de-raah: (ع، ف، مذ) راستہ کا خرچ، راہ کا توشہ۔

زادہ zaa-da(h): (ف، صف) جنا ہوا، پیدا شدہ، بیٹا (مث ار) زادی۔

زار zaar: (ف، لاحقہ ظرفی) وہ لفظ جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم ظرف مکاں بنا دیتا ہے۔ مثلاً گلزار، کارزار وغیرہ اور کثرت و زیادتی کے معنی دیتا ہے۔

زار zaar: (ف، صف) ضعیف، کمزور، رنج و غم، فریفتہ، عاشق، رونے والا، نالاں، ذلیل، رسوا، خوار۔

زار زار / زار و قطار رونا zaar-zaar: (ار، محاورہ) بہت بہت رونا، آنسوؤں کا تار باندھنا۔

زارنالی zaar-naa-li(i): (ف، مث) فریاد۔

زار و زبوں zaa-ro-za-buuN: (ف، صف) خراب، خستہ، غمگین۔

زار و نزار zaa-ro-na-zaar: (ف، صف) دُبلا پتلا، کمزور، ناتواں، لاغر۔

زار zaar: (انگ، مذ) Czar شاہانِ روس کا لقب۔ مث: زارینہ (Czarina)

زاری zaa-ri(i): (ف، مث) رونا، گریہ، پیٹنا، عجز و انکسار / نیاز۔

زاغ zaaG: (ف، مذ) کوا، کاگ، کمان کے گوشے کی نوک۔

زال zaal: (ف، صف) بوڑھا، سفید بالوں والا، بڈھا

پھونس۔ (مذ) رستم کے باپ کا نام جس کے بال پیدائشی سفید تھے۔

زال دینا/زماں zaal-de-na(a)/za-maaN: (ف،مث) کنایۃً دنیا جو قدیم سے ہے۔

زانُو zaa-nu(u): (ف،مذ) جانگھ، ران، گھٹنا۔

زانو بہ زانو zaa-nuu-bah-zaa-nu(u): (ف، متعلق فعل) زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا۔

زانو پوش zaa-nuu-posh: (ف،مذ) وہ کپڑا جو کھانا کھاتے وقت گھٹنوں پر ڈال لیتے ہیں۔

زانی zaa-ni(i): (ع،صف) زنا کار مرد، مث: زانیہ۔

زاوِیَہ zaa-vi-ya(h): (ع، مذ) کونہ، گوشہ (اُقلیدس) وہ کونہ جو دو خطوطِ مستقیم کے ایک نقطہ پر ملنے سے پیدا ہوتا ہے۔ خانقاہ، مسافر خانہ۔

زاوِیۂ نگاہ/ نظر zaa-vi-ya-(h)e-ni-gaa(h): (ع، مذ بترکیب فارسی) وہ زاویہ جو نگاہ اس عمود کے ساتھ بنائے جو آنکھ سے زمین تک کھینچا جائے، اندازِ نظر۔

زاہد zaa-hid: (ع، مذ) وہ شخص جو دنیا سے الگ رہے اور عبادت و ریاضت میں وقت گزارے، عابد، خدا پرست، راہب، جوگی، مث: زاہدہ۔

زاہدِ خشک/ خنک zaa-hi-de-Kushk: (ع،صف) وہ عابد جو ظاہری باتوں کا سختی سے پابند ہو مگر اس کا دل روحانی لذت سے محروم ہو، وہ عبادت گزار جس کے مزاج میں روکھا پن ہو۔

زائچہ zaa-yai-cha(h): (ف،مذ) جنم پتری، رمل کی شکلیں جو رمال قرعہ ڈال کر بناتے ہیں۔ (افعال: بنانا، بننا، کھینچنا)

زائد zaa-id: (ع،صف) زیادہ، فضول، بچا ہوا، بڑھا ہوا، فالتو۔

زائدالمیعاد zaa-i-dul-mi(?)-aad: (ع،مذ) وہ معاملہ جس کی میعاد گزر چکی ہو۔

زائر zaa-ir: (ع،صف) زیارت کرنے والا، زیارت کو جانے والا۔

زائل zaa-yil: (ع،صف) دور ہونے والا (افعال: کرنا، ہونا)

زائیدہ zaa-iy-da(h): (ف،صف) جنا ہوا، پیدا کیا ہوا، اسم کیفیت مث: زائیدگی۔

ز۔ب

زُباد zu-baad: (ع،مث) ایک قسم کی خوشبو، مشک، جنگلی بلی۔

زُبان zu-baan: (ف، مث) جیبھ، لسان، بول چال، نطق، محاورہ، بولی، بات، گفتگو، اقرار، قول، وعدہ، بیان۔

زُباں آور zu-baaN-aa-var: (ف، صف) شاعر، فصیح، خوش بیان، اسم کیفیت مث: زباں آوری۔

زُبان بریدہ / بستہ zu-ban ba-rii-da(h)/ bas-ta(h): (ف،صف) چپ، خاموش، اسم کیفیت مث: زبان بستگی۔

زُبان بندی zu-baan-ban-di(i): (ف،مث) بولنے پر پابندی، بولنے کی ممانعت۔

زُبانِ ترازو zu-baa-ne-ta-raa-zu(u): (ف،مذ) ترازو کی ڈنڈی کے درمیان کی ڈوری۔

زُبانِ خامہ zu-baa-ne-Kaa-ma(h): (ف،مث) قلم کا وہ حصہ جس میں شگاف دیتے ہیں۔

زُبان داں zu-baan-daaN: (ف،صف) زبان کا ماہر، اسم کیفیت مث: زباں دانی۔

زُبان دراز zu-baan-da-raaz: (ف،صف)

گالیاں دینے والا، بدزبان، گستاخ، منہ پھٹ، اسم کیفیت مث: زبان درازی۔

زُبانہ zu-baa-na(h): (ف، مذ) شعلہ، لو، آگ کی لپک، ترازو کی سوئی۔

زُبانہ کش zu-baa-na(h)-kash: (ف، صف) شعلہ نکالنے والا، شعلہ پیدا کرنے والا۔

زُبانی zu-baa-ni(i): (ف، صف) منہ سے کہا ہوا، نہ لکھا ہوا، سنی سنائی، ظاہری (متعلق فعل) حفظ، از بر۔

زُبانی امتحان zu-baa-ni(i) im-ti-haan: (ف، مذ) وہ امتحان جو پوچھ کر لیا جائے تحریری نہ ہو۔

زُبانی جمع خرچ zu-baa-ni(i) ja-ma(?)-Karch: (ار، مذ) باتیں کرنا، کچھ نہ کر کے دکھانا، (افعال: کرنا، ہونا)

زُبانی وعدہ zu-baa-ni(i) va(?)da(h): (ف، مذ) وعدہ جو زبان سے کیا جائے، یعنی تحریری نہ کیا جائے۔

زُبد / زُبدہ zubd/zub-dah: (ع، صف) چیدہ، برگزیدہ، منتخب، تازہ مکھن۔

زبر za-bar: (ف، صف) زبر کا مخفف، اوپر، اونچا، بالا، بہتر، طاقت ور، زور آور۔

زبردست za-bar-dast: (ف، صف) طاقت ور، قوی، زور آور، جابر، ظالم، اسم کیفیت مث: زبردستی۔

زبرجد za-bar-jad: (ع، مذ) ایک قسم کا زمرد۔

زِبس zi-bas: (ف، صف) ازبس کا مخفف۔

زبُور za-buur: (ع، مث) کتاب، نوشتہ، وہ کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

زبُوں za-buuN: (ف، صف) خراب، تباہ، نجس، منحوس، کمزور، لاغر۔

زبُونی za-buu-ni(i): (ف، مث) خرابی، تباہی، کمزوری، بے عزتی۔

زبُونی کش za-buu-ni(i) kash: (ف، صف) ذلت اٹھانے والا۔

زُبیدہ zu-bai-da(h): (ع، مث) مدھانی، متھنی، مکھن نکالنے والی چیز، بلونی، رئی۔

ز۔پ

زِپ zip: (انگ، مث) زنجیر جو عام طور پر پتلونوں کو لگاتے ہیں۔

زپاٹا za-paa-Ta(a): (ار، مذق) پرندے کے اڑتے وقت پروں کی آواز۔

ز۔ٹ

زٹل za-Tal: (ار، مث) فضول بات، بے اصل بات، بے تکی بات، لغو بات، بڑ، جھک۔ (افعال: ہانکنا، مارنا)

زٹل باز za-Tal-baaz: (ف، صف) گپی، بکواسی، فضول کہانیاں کہنے والا۔

زٹل قافیے za-Tal-qaa-fi-ye: (ار، مذ) فضول اور بے تکی باتیں، بے اصل باتیں (افعال: اڑانا)

زٹلی za-Tal-li(i): (ار، صف) دیکھیے 'زٹل باز'

ز۔ج

زُجاج / زُجاجہ zu-jaaj: (ع، مذ) شیشہ، کانچ، آبگینہ، شیشے کا پیالہ یا گلاس، صف نسبتی: زجاجی۔

زجر zajr: (ع، مث) جھڑکی، سرزنش، ڈانٹ، ڈپٹ۔

ز۔چ

زِچ zich: (ار، صف) شکست خوردہ، عاجز، تنگ، بے بس،

ناچار، دِق (مث) شطرنج میں جب شہ دینے کے بعد چال کا کوئی گھر نہ ہو، کمزور، ضعیف (افعال: کرنا، ہونا)

زچہ zach-cha(h): (ف، مث) وہ عورت جس نے بچہ جنا ہو، چالیس دن تک زچہ کہلاتی ہے۔

زچہ خانہ zach-cha(h)-Kaa-na(a): (ف، مذ) وہ مقام جہاں بچہ پیدا ہوا ہو۔

زچہ گیریاں zach-cha(h) giir-yaaN: (ار، مث) زچہ خانے کے گیت جن میں بچہ اور ماں کی تعریف ہوتی ہے۔

زچگی zach-chi-gi(i): (ف، مث) زچہ ہونے کی حالت۔

ز ـ ح

زحاف zi-haaf: (ع، مذ) (اصطلاح عروض) تغیر جو ارکان بحر میں کمی یا زیادتی سے ہو جائے، کمی۔

زُحل zu-hal: (ع، مذ) ایک سیارہ جو نحس خیال کیا جاتا ہے۔ سنیچر، کیواں۔

زحمت zah-mat: (ع، مث) مصیبت، تکلیف، دُکھ۔ (افعال: اُٹھانا، اُٹھنا، کرنا، ہونا)

زحمت کش zah-mat-kash: (عف، صف) زحمت اُٹھانے والا، تکلیف برداشت کرنے والا، اسم کیفیت مث: زحمت کشی۔

زحمتی zah-ma-ti(i): (ع، صف) جسے تکلیف ہو، بیمار۔

زحیر za-hiir: (ع، مث) پیچش، پیچش کا مرض، مروڑ

ز ـ خ

زخار zaK-Kaar: (ع، مبالغہ) لبالب، نہایت بھرا ہوا، طغیانی پر آیا ہوا۔

زخارف za-Kaa-rif: (ع، مذ) زخرف کی جمع، جہاز، کیڑے جو پانی پر اُڑتے ہیں۔

زُخرف zuK-ruf: (ع، مذ) خوبصورتی، سجاوٹ، زینت، ایسی گفتگو جس میں تشبیہیں اور استعارات استعمال کی جائیں۔

زخم zaKm: (ف، مذ) گھاؤ، ریش، چیر، نقصان، گھاٹا، خسارہ، صدمہ، ضرر، زیاں (افعال: لگنا، لگانا، پڑنا / پکنا)

زخم جگر zaK-me-ji-gar: (ف، مذ) غم و رنج۔

زخم خنداں zaK-me Kan-daaN: (ف، مذ) کھلا ہوا زخم، جو زخم سیا نہ گیا ہو۔

زخم خوردہ / دار zaKm-Kor-da(h): (ف، صف) زخمی، مجروح، زخم کھایا ہوا۔

زخم دامن دار zaK-me-daa-man-daar: (ف، مذ) بڑا زخم۔

زخم دوز zaKm-doz: (ف، صف) زخم میں ٹانکے لگانے والا، اسم کیفیت مث: زخم دوزی۔

زخم کاری zaK-me-kaa-ri(i): (ف، مذ) مہلک زخم (افعال: کھانا، لگنا، لگانا)

زخمہ zaK-ma(h): (ف، مذ) وہ آلہ جس سے ساز بجائیں، نقارے کی چوب، مضراب۔

زخمی zaK-mi(i): (ف، صف) جس کو زخم لگا ہو، مجروح، چوٹ کھایا ہوا، گھائل، (افعال: کرنا، ہونا)

ز ـ د

زَد zad: (ف، مذ) ضرب، چوٹ، نشانہ، جو چیز ماری جائے، صدمہ، نقصان، نشانے کا سامنا، مارنا، چوٹ لگانا، ضرب لگانا، نشانہ پر مارنا۔

زدہ za-da(h): (ف، صف) مارا ہوا، ضرب رسیدہ، مصیبت کا مارا ہوا، مظلوم، اسم کیفیت مث: زدگی۔

زدوکوب za-do-kob: (ف، مث) مارپیٹ، گتھم گتھا۔

ز۔ر

زر zar: (ف، مذ) سونا، طلا، روپیہ، پیسہ، دولت، پھول کے اندر کا زیرہ۔

زرِاحمر za-re-ah-mar: (ف، مذ) سونا، سرخ سونا۔

زرافشاں zar-af-shaaN: (ف، صف) سنہری چھپا ہوا کاغذ یا رقعہ جو تقریبات کے موقع پر بھیجا جاتا ہے۔ سخی، فیاض۔

زراندود zar-an-dod: (ف، صف) سونے کا ملمع کیا ہوا، سونے کا جھول چڑھا ہوا۔

زرباف zar-baaf: (ف، صف) زربفت بنانے والا، تاروں کا بنا ہوا کمخواب۔

زربالائی za-re-baa-laa-i(i): (ف، مذ) وہ رقم جو تنخواہ کے علاوہ ملے۔ رشوت۔

زربفت zar-baft: (ف، اند) وہ کپڑا جو سونے کی تاروں اور ریشم کا بنا ہوا ہو۔

زرپرست zar-pa-rast: (ف، صف) لالچی، بخیل، اسم کیفیت مث: زرپرستی۔

زرتار zar-taar: (ف، صف) وہ چیز جو سونے کے تاروں سے بنائی گئی ہو۔

زرِجعفری za-re-jaa(?)f-ri(i): (ف، مذ) خالص سونا، جعفر برمکی وزیر ہارون رشید کے نام پر مشہور ہے۔ جس نے خالص سونا استعمال کیا تھا۔

زرخرید zar-Ka-riid: (ف، صف) روپیہ دے کر خریدا ہوا، غلام یا لونڈی۔

زرخیز zar-Kez: (ف، صف) سرسبز، شاداب، جو زمین پیداوار اور منافع دے (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: زرداری۔

زردار zar-daar: (ف، صف) مالدار، دولت مند، اسم کیفیت مث: زرداری۔

زردوز zar-doz: (ف، صف) وہ کپڑا جس پر زری کا کام کیا ہوا ہو۔

زرِسرخ za-re-surK: (ف، مذ) دیکھیے 'زرِاحمر'

زرِسفید za-re-sa-fed: (ف، مذ) روپیہ، روپا، چاندی۔

زرِضامن zare-zaamin: (فع، مذ) ضمانت کا روپیہ۔

زرِقلب za-re-qalb: (فع، مذ) کھوٹا سونا، کھوٹا روپیہ۔

زرکار zar-kaar: (ف، صف) جس پر ملمع یا سنہری کام ہوا ہو، سنار۔

زرِکامل عیار za-re-kaa-mil/(?)ay-yaar: (فع، مذ) خالص سونا، کسوٹی پر پورا اترنے والا ہونا۔

زرکش zar-kash: (ف، صف) کلابتوں بنانے والا، چاندی کے تاروں سے بنا ہوا کپڑا، اسم کیفیت مث: زرکشی۔

زرکوب zar-kob: (ف، مذ) سونے چاندی کے ورق بنانے والا وہ چیز جس پر سونے چاندی کے پتر لگائے جائیں۔ اسم کیفیت مث: زرکوبی۔

زرگر zar-gar: (ف، اند) سنار، سونے کا کام کرنے والا۔

زرگری zar-ga-ri: (ف، مث) سنار کا پیشہ۔

زرگری جنگ zar-ga-ri(i) jang: (ف، مث) جھوٹ موٹ، نمائشی لڑائی۔

زرِگل za-re-gul: (ف مث) پھول کے اندر کا زیرہ۔

زرِمبادلہ za-re-mu-baa-da-la(h): (فع، مذ) وہ سکہ جس کے ذریعے بین الاقوامی تجارت ہوتی ہے۔ انگریزی لفظ Foreign Exchange کا ترجمہ۔

زرِمسکوک za-re-mas-kuuk: (فع، مذ) طلائی، سکہ، وہ سونا جو سکے کی صورت میں ہو۔

زرنگار zar-ni-gaar: (ف، صف) وہ چیز جس پر سنہری کام کیا ہو، اسم کیفیت مث: زرنگاری۔

زراعت za-raa-(?)at: (ع، مث) کاشتکاری، کھیتی، کھیتی کرنا، فصل جو کھڑی ہو، مزروعہ کھیت (افعال: کرنا، ہونا)

زراعت پیشہ za-raa-(?)at pe-sha(h): (عف، صف) کاشتکار، جس کا پیشہ کاشتکاری ہو، زمیندار۔

زرافہ za-raa-fa(h): (ع، مذ) ایک جانور جس کی گردن اونٹ کی طرح لمبی اور اُونچی اور بدن پر لکیریں ہوتی ہیں۔ افریقہ کے جنگلوں میں ملتا ہے۔ اس کی ٹانگیں بھی بہت لمبی ہوتی ہیں۔

زرائن za-raa-in: (ا، مذ ق) زیور۔

زرتشت / زردشت zar-tusht/zar-dasht: (ف، مذ) عقل کل، نورِ الٰہی، روح، ناطق، ایران کا مشہور مصلح جو پارسی مذہب کا بانی تھا۔ ژند واوستا اس کی تصنیفات ہیں۔

زرد zard: (ع، صف) پیلا، سنہری، ہلکا۔

زرد آلو zard-aa-luu: (ف، مذ) ایک قسم کا آڑو، خوبانی۔

زردابہ / زرداب zar-daa-ba(h)/zar-daab: (ف، مذ) صفرا، پتا۔

زرد چوب zard-chob: (ف، مث) ہلدی

زرد رُو zard-ru(u): (ف، صف) شرمندہ، ہراساں، ترساں، اسم کیفیت مث: زرد رُوی۔

زردک zar-dak: (ف، مذ) گاجر۔

زردہ zar-da(h): (ف، مذ) زرد رنگ کا گھوڑا یا کبوتر، پت، صفرا۔ زرد رنگ کے میٹھے چاول، کھانے کا تمباکو۔

زردی zar-di(i): (ف، مث) پیلا پن (افعال: چھانا) پیلا رنگ۔ انڈے کے اندر کا زرد حصہ، پھول کا زیرہ، اشرفی۔

زرشک za-rishk: (ف، مذ) ایک پودا جو دوائیوں میں کام آتا ہے۔ کشمش کی قسم کا شیریں پھل۔

زرق zarq: (ع، مذ) آنکھ کا اس طرح پھرنا کہ سفیدی نظر آئے دھوکا، دغا، ریاکاری، منافقت۔

زرق برق zarq-barq: (ع، مث) شان و شوکت، طمطراق، چمک دمک (صف) چمکیلا، بھڑکیلا۔

زُرقا zur-qa(a): (ع، مث) وہ عورت جس کی آنکھیں نیلی اور سبز ہوں۔

زرہ zi-rah: (ف، مث) فولاد کا بنا ہوا جالی دار کرتہ جو لڑائی یا جنگ میں پہنا کرتے ہیں۔

زرہ پوش zi-re(h)posh: (ف، صف) زرہ پہننے والا، اسم کیفیت مث: زرہ پوشی۔

زری za-ri(i): (ف، صف) سونے کا بنا ہوا (مذ) سونے کے تار چاندی کے تار جس پر سونے کا ملمع چڑھا ہوا ہو، گوٹا کناری، سلمہ، ستارہ، کلابتوں وغیرہ۔

زری باف za-rii-baaf: (ف، مذ) سونے کا تار بنانے والا، سنہری لیس بنانے والا شخص، گوٹا کناری بنانے والا، اسم کیفیت مث: زری بافی۔

زری گوٹے والا za-rii-go-Te-vaa-la(a): (ا، مذ) زری اور پرانا گوٹا خریدنے والا بیوپاری۔

زریں zar-riiN: (ف، صف) سونے کا بنا ہوا، سنہرا، جس پر سونے کا کام کیا ہوا ہو، بیش قیمت۔

ز۔ڑ

زڑ ziR: (ہ، ا، مث) دیوانوں کی سی باتیں، واہی تباہی بات، بکواس، بڑ، جھک، رٹ، دُھن (افعال: مارنا، ہانکنا، لگنا)

زڑی zi-Ri(i): (ہ، صف) بیہودہ، بکواسی۔

ز۔ش

زِشت zisht: (ف، صف) بدشکل، بدنما، برا، بھدا،

گنوار، گندہ، فحش۔

زشت خُو zisht-Ku(u): (ف،صف) بدخصلت، بدمزاج، اسم کیفیت مث: زشت خوئی۔

زشتُ رُو zisht-ru(u): (ف، صف) بدشکل، بدصورت، اسم کیفیت مث: زشت روئی۔

ز۔ع

زعفران za(?)f-raan: (ع، مث) ایک قسم کا پودا جس میں نارنجی رنگ کا نہایت خوشبودار پھول لگتا ہے۔ اس پودے کا پھول۔ سفوف جو اس پودے کے گُنٹھوں سے جو جڑ میں پیدا ہو گئے ہوں بناتے ہیں۔ یہ زردے، تنجن وغیرہ میں رنگ اور خوشبو دینے کے لیے ڈالا جاتا ہے۔ کیسر۔

زعفران زار za(?)f-raan-zaar: (ف، مذ) وہ مقام جہاں زعفران یا زعفرانی رنگ کثرت سے ہو۔

زعفرانی za(?)f-raa-ni(i): (ف،صف) زعفران کے رنگ کا، کیسری رنگ کا، نارنگی، نارنجی رنگ۔

زعم za(?)m: (ع، مذ) گمان، ظن، غرور، تکبر (افعال: کرنا، ہونا)

زعما zu-(?)a-ma(a): (ع،صف) زعیم کی جمع، سردار۔

زعیم za-(?)iim: (ع، صف) وکیل کار، مختار، سردار، قائد، لیڈر۔

ز۔غ

زُغال zu-Gaal: (ف،مذ) سیاہ کوئلہ آگ کا جو روشن نہ ہو۔

زغن za-Gan: (ف،مث) چیل، غلیواز۔

زغندُ za-Gand: (ف،مث) چھلانگ، چوکڑی، جست، کود، پھاند (افعال: بھرنا، مارنا)

ز۔ف

زفاف za-faaf: (ع،مث) دولہن کو دولہا کے پاس لے جانا، دولہا دولہن کی ہم بستری۔ دونوں کا جنسی عمل۔

زفیر za-fiir: (ع،مث) زفیل، سیٹی۔

زفیل za-fiil: (ع،مث) سیٹی، وہ آواز جو کبوتر یا منہ میں اُنگلی ڈال کر نکالتے ہیں (افعال: دینا، مارنا)

ز۔ق

زقندُ za-qand: (ف،مث) دیکھیے 'زغند' جس کا یہ مخرب ہے۔

زقوم zaq-quum: (ع،مذ) تھوہر، ایک درخت جس کا پھل دوزخ میں دوزخیوں کو کھانے کو دیا جائے گا۔

ز۔ک

زَک zak: (ع،مث) شکست، ہار، نقصان، خسارہ، گھاٹا (افعال: اٹھانا، اٹھنا، پانا، دینا، کھانا)

زُکام zu-kaam: (ع، مذ) ایک بیماری جو ناک کی اندرونی سطح پر خراش پیدا کرتی ہے اور ناک سے پانی بہنے لگتا ہے۔

زکوٰۃ za-kaat: (ع،مث) خیرات، صدقہ، مسلمانوں میں سال بھر کے بعد مال فاضلہ کا چالیسواں حصہ جو راہ خدا میں دیا جائے (عالموں کی اصطلاح) کسی دعا یا اسم کو تعداد معینہ میں مقررہ قیود کے ساتھ پڑھنا۔ (افعال: دینا، لینا)

زکریا za-ka-ri-ya(a): (ع، مذ) ایک مشہور پیغمبر جو آرے سے چیرے گئے۔

زکی za-ki(i): (ع،صف) نیک پاک، وہ جو زکوٰۃ دے مث: زکیہ۔

ز۔ل

زلازل za-laa-zil: (ع، مذ) دیکھیے 'زلزلہ' جس کی یہ جمع ہے۔

زلزلہ zal-za-la(h): (ع، مذ) زمین کی حرکت، زمین کا کانپنا، بھونچال (افعال: آنا، پڑنا، ہونا، چڑھنا)۔

زُلفُ zulf: (ف، مث) بالوں کا گچھا جو کانوں کے پاس کنپٹیوں پر لٹکتا ہے۔ کاکل، گیسو، مینڈھی، گُندھے ہوئے بال (افعال: بنانا، بننا، سنوارنا، سنورنا وغیرہ)

زُلفِ پریشان zul-fe-pa-re-shaan: (ف، مث) بکھرے ہوئے بال۔

زُلفِ تابدار zul-fe-taab-daar: (ف، مث) گھونگریالے بال۔

زُلفِ چلیپا zul-fe-cha-lii-pa(a): (ف، مث) صلیب کی شکل کے بال۔

زُلفِ سُنبُل zul-fe-sun-bul: (ف، مذ) سنبل کے بال یا گھاس کی پتیاں۔

زُلفِ گرہ گیر zul-fe-gi-rah-giir: (ف، مث) اُلجھنے والی زلف، بال۔

زُلفی zul-fi(i): (ار، مث) وہ زنجیر جو چوکھٹ اور کواڑ میں اس لیے لگائی جاتی ہے تاکہ کواڑ چوکھٹ سے علیحدہ نہ ہو سکیں۔ تلوار کی موٹھ۔

زلّہ zal-la(h): (ع، مذ) آگے کا بچا ہوا کھانا (جو بیاہ شادی کے موقعہ پر کمینوں کو دیا جاتا ہے) جمع: زلات۔

زلّہ رُبا / بردار zal-la(h) ru-ba(a): (عف، صف) خوشہ چیں، فائدہ اُٹھانے والا۔ فیض حاصل کرنے والا، اسم کیفیت مث: زلہ ربائی/برداری۔

زُلیخا zu-lai-Ka(a): (ع، مث) حسین و جمیل عورت، عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسفؑ پر عاشق ہو گئی تھی۔

ز۔م

زِمام zi-maam: (ع، مث) باگ ڈور، نکیل، مہار

زمان za-maan: (ع، مذ) وقت، زمانہ، ساعت، ہنگام، دنیا، عالم، دنیا کے لوگ، مخلوق، عرصہ، مدت، عہد، راج حکومت۔

زمان و مکاں za-maa-no-ma-kaaN: (ع، مذ، بترکیب فارسی) وقت اور جگہ، کل کائنات

زمانہ za-maa-na(h): (عف، مذ) دیکھیے 'زمان'

زمانۂ جاہلیت za-maa-na-he-jaah i-li-yat: (عف، مذ) عرب میں اسلام سے پہلے کا زمانہ۔

زمانۂ حال za-maa-na(h)-e-haal: (فع، مذ) وہ زمانہ جو گزر رہا ہو، موجودہ زمانہ۔

زمانہ ساز za-maa-na(h)-saaz: (ف، صف) ظاہردار، مطلب کا یار، خودغرض، موقع پرست، اسم کیفیت مث: زمانہ سازی۔

زمانۂ ماضی za-maa-na(h)-e-maa-zi(i): (فع، مذ) گزرا ہوا زمانہ۔

زمانۂ مستقبل za-maa-na-e-mus- taq-bil: (فع، مذ) آنے والا زمانہ، وہ زمانہ جو آئے گا۔

زمانی za-maa-ni(i): (ع، صف) دیکھیے 'زمان جس سے یہ منسوب ہے'۔ ایک اطریفل۔

زمانیاں za-maa-ni-yaaN: (ف، صف) زمانے کے لوگ۔

زمرُّد za-mar-rud: (ف، مذ) ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر۔

زمرُّد نِگار za-mar-rud-ni-gaar: (ف، صف) زمردوں سے جڑا ہوا، مرصع۔

زُمرہ zum-rah: (ع، مذ) جماعت، گروہ، جتھا، ساتھی، ہمراہی، بھیڑ، فوج۔

زمزم zam-zam: (ع، مذ) بیت اللہ کے کنوئیں کا نام، نیز دیکھیے 'آبِ زمزم'۔

زمزمہ zam-za-ma(h): (ف، مذ) ترنم، نغمہ، ترانہ، گیت، دھیمی آواز میں عبادت کے کلمات پڑھنا۔

زمزمی zam-za-mi(i): (عف، مث) آبِ زمزم رکھنے کا برتن، وہ شخص جو حاجیوں کو آبِ زمزم دیتا ہے۔

زمستان za-mis-taan: (ف، مذ) موسم سرما، جاڑا، سردی، صف نسبتی: زمستانی۔

زمن za-man: (ع، مذ) دیکھیے 'زمان'

زمہریر zam-ha-riir: (ع، مذ) سخت جاڑا، نہایت سردی، کرۂ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے۔ دوزخ کا وہ طبقہ جس میں سردی کا عذاب دیا جائے گا۔

زمین za-miin: (ف، مث) دھرتی، ارض، غزل کی ردیف، قافیہ اور وزن یا بحر۔ (ار) دنیا، خطہ، ملک، خاک، مٹی، بنیاد، تہہ، طبقہ، کاغذ یا کپڑے کی اصل سطح یا رنگ۔

زمین اُفتادہ za-miin uf-taa-da(h): (ف، صف) وہ زمین جو کاشت نہ کی گئی ہو۔

زمیں بوس za-miin-bos: (ف، صف) وہ جو حاضر ہو کر ادب کے لیے زمین چومے، اسم کیفیت مث: زمیں بوسی۔

زمین دار za-miin daar: (ف، صف) حاکم، سردار، زمین کا مالک، اسم کیفیت مث: زمینداری۔

زمین دارہ za-miin daa-rah: (ار، مذ) دیہات، گاؤں وغیرہ، زمیندار کا علاقہ۔

زمین دوز za-miin-doz: (ف، صف) زیرِ زمین، زمین کے نیچے، ایک قسم کا خیمہ۔

زمینِ شعر za-mii-ne-she(?)r: (ف، مث) ردیف قافیہ اور بحر۔

زمینِ غیر مزروعہ za-miin-Gair-maz-ruu(?)a(h): (ف، مث) وہ زمین جو کاشت نہ کی جائے، افتادہ زمین۔

زمین قند za-miin qand: (ف، مث) ایک قسم کی ترکاری، کچالو کی ایک قسم۔

زمین گیر za-miin giir: (ف، صف) وہ جو اپنی جگہ سے جنبش نہ کر سکے۔

زمین وزمان za-mii-no-za-maan: (ف، مذ) تمام زمانہ۔

زمینی za-mii-ni(i): (ف، صف) زمین کی، زمین کے متعلق، خاکی۔

ز۔ن

زن zan: (ف، مث) عورت، ناری، تریا، استری، زوجہ، لگائی۔

زن زر زمین zan-zar-za-miin: (ف، مثل) مشہور ہے کہ یہ تینوں 'ز' سے شروع ہونے والے لفظ فتنہ انگیز و شر انگیز ہیں۔

زنِ مدخولہ za-ne-mad-Kuu-la(h): (فع، مث) گھر میں ڈالی ہوئی عورت۔

زن مرید zan-mu-riid: (ف، صف) جورو کا مطیع۔

زنِ منکوحہ za-ne-man-kuu-ha(h): (ف، مث) وہ عورت جس کے ساتھ نکاح ہوا ہو۔

زن وشو za-no-sho: (ف، مذ) عورت اور مرد، بیوی اور شوہر۔

زن وفرزند za-no-far-zand: (ف، مذ) بیوی بچے۔

زن zan: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر زدن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے پیچھے آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور مارنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے شمشیر زن، تیر زن۔

زن سے zan-se: (ار، متعلق فعل) تیزی سے، تلوار کی صفت میں بولتے ہیں۔

زنا zi-na(a): (ع، مذ) اپنی منکوحہ عورت یا شوہر کے سوا کسی اور سے مجامعت کرنا، حرام کاری، فعل بد، بدکاری (افعال: کرنا، کرانا، ہونا)

زنا بالجبر zi-na(a) bil-jabr: (ع، مذ) زبردستی اور ناجائز طور پر غیر عورت سے جماع کرنا۔

زناکار zi-na(a) kaar: (ع، ف، صف) بدکار، زانی، اسم کیفیت مث: زناکاری۔

زنابیر zi-naa-biir: (ع، مذ) دیکھیے 'زنبور' جس کی یہ جمع ہے۔

زنابیل zi-naa-biil: (ع، مث) دیکھیے 'زنبیل' جس کی یہ جمع ہے۔

زناٹا za-naa-Ta(a): (ہ، مذ) کسی ٹھوس چیز کے ہوا میں زور سے گزرنے کی آواز، سائیں، سنسناہٹ۔

زناخ za-naaK: (ار، مذ) مرغ یا کبوتر کے سینے کی ہڈی جو دوشاخ ہوتی ہے۔

زناخی za-naa-Ki(i): (ار، مث) سہیلی گوئیاں، صف نگوڑی۔

زناشوئی za-naa-sho-ii: (ف، مث) زن اور شوہر کے تعلقات، مباشرت۔

زُنار zun-naar: (ع، مذ) وہ دھاگا جو عیسائی، یہودی اور مجوسی کمر میں باندھتے ہیں۔ وہ دھاگا جو ہندو گلے اور بغل کے نیچے پہنتے ہیں۔ جنیو۔ (افعال: پہنانا، پہننا، ڈالنا)

زنار بند / دار / پوش zun-naar-band/daar/posh: (عف، مذ) جو شخص زنار پہنے۔ برہمن، اسم کیفیت مث: زنار بندی/داری/پوشی۔

زُنّارِ سلیمان zun-naa-re-su-lai-maan: (ع، مذ) باریک نشان جو حضرت سلیمانؑ کی مہر میں تھا۔

زنان خانہ za-naan-Kaa-na(h): (ف، مذ) عورتوں کا مکان، حرم۔

زنانہ za-naa-na(h): (ف، مذ) مرد جو عورتوں کی طرح حرکات کرے، ہیجڑا، زنخا، عورتوں کے رہنے کا مکان، پردہ دار عورتیں، عورتوں سے منسوب۔

زنانی za-naa-ni(i): (ف، صف) زن سے منسوب، عورت کے متعلق، عورت کی۔

زنبق zan-biiq: (ع، مذ) چنبیلی کی ایک قسم، چنبیلی کا تیل، شراب۔

زنبور zan-buur~Zam-buur: (ع، مذ) بھڑ، شہد کی مکھی، تتیا، ایک آلہ جس سے پکڑ کر میخوں وغیرہ کو کھینچتے ہیں۔ چھوٹی توپ جو بادشاہوں کی سواری کے ساتھ اونٹ پر رہا کرتی تھی۔

زنبورچی zan-buur-chi(i)~zam-buur-chi(i): (ف، مذ) توپ چلانے والا۔

زنبور خانہ zan-buur-Kaa-na(h)~zam-buur-Kaa-na(h): (عف، مذ) بھڑوں کا چھتا۔

زنبورہ zan-buu-ra(h)~zambuu-ra(h): (عف، مث) بھڑ، شہد کی مکھی، تتیا، ایک قسم کا ستار جس کے دونوں سروں پر کدو لگے ہوتے ہیں۔ بین۔

زنبوری zan-buu-ri(i)~zam-buu-ri(i): (ع، صف) جالی دار، مشبک۔

زنبیل zan-biil~zam-bil: (ف، مث) ٹوکری

جو کھجور کے پتوں کی بنی ہوتی ہے۔ فقیروں کا کاسہ جو کدو کا بنا ہوتا ہے۔ بٹوا، جھولی، تھیلی، جھولا۔

زنبیل عمرو عیّار zan-biil-(?)am-ro-(?)ay-yaar~zambiil:(ف،مذ) ایک تھیلی جو عمرو عیار کے پاس تھی، اس میں ایک دنیا آباد تھی وہ جس چیز کو چاہتا اُس میں رکھ لیتا تھا۔

زنجبیل zan-ja-biil:(ع،مث) سونٹھ۔

زنجیر zan-jiir: (ف، مث) دروازے کی کنڈی، پاؤں کی بیڑی۔ لڑی، سلسلہ، دھات کے چھوٹے چھوٹے حلقوں کی لڑی جیسے گھڑی کی، گلے کی، بٹنوں کی، فیل کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لیے۔

زنجیرِ در zan-jiir-e-dar:(ف،مث) دروازے کی کنڈی (فعل: کھٹکھٹانا، کھڑکھڑانا، کھڑکانا)

زنجیر عدل/داد zan-jii-re-(?)a-dal:(ف،مذ) وہ زنجیر جو شہنشاہ جہانگیر نے اپنے محل میں اس لیے لگائی تھی کہ فریادی بادشاہ تک فریاد پہنچا سکیں۔

زنجیرہ zan-jii-ra(h):(ف،مذ) کوئی چیز جو زنجیر کی شکل کی ہو، بنا ہوا ڈورا جو زنجیر کی شکل کا بنا ہو، کپڑا وغیرہ پر جو حلقہ دار سلسلہ کاڑھا جائے، لہریا، کنگھار، زنجیر دار سلائی، تصویر کے گرد کا کنارہ، حلقے جو سطح آب پر پڑ جائیں، زنجیر، گردن، ہار۔

زنخا zan-Ka(a): (ف، مذ) زنکہ کا بگاڑ، وہ مرد جو عورتوں کی طرح گفتگو اور حرکات کرے، زنانہ، بزدل، نامرد، مخنث۔

زنخدان za-naK-daan:(ف،مث) ٹھوڑی، ٹھڈی، ذقن۔

زند zand:(ف،مث) دیکھیے 'ژند'۔

زندان zan-daan:(ف،مذ) قید خانہ، بندی خانہ، جیل۔

زنداں خانہ zin-daaN Ka-na(h):(ف،مذ) دیکھیے 'زنداں' جو زیادہ صحیح اور فصیح ہے۔

زندانی zin-daa-ni(i): (ف، صف) قیدی، مجرم، گرفتار شدہ۔

زندگانی zin-da-gaa-ni(i):(ف،مث) زندگی۔

زندگی zin-da-gi(i):(ف، مث) حیات، جینا، زیست، عمر۔

زندگی بخش zin-da-gi(i)-baKsh:(ف، صف) زندگی دینے یا عطا کرنے والا۔

زندگی بھر zin-da-gi(i) bhar:(ف، صف) تمام عمر، ساری زندگی۔

زندگیِ مُستعار zin-da-gi(i)-e-mus-t(?)aar:(ف،مث) چند دن کی زندگی، ناپائیدار زندگی۔

زندہ zin-da(h):(ف، صف) جیتا، ذی حیات، آگ کے لیے ہو تو مشتعل سلگنے والی، تروتازہ، شاداب، سرسبز، خوش، شگفتہ، جمع: زندگان۔

زندہ باد / باش zin-da(h)baad/baash (کلمہ، دعا) جیتے رہو، زندہ رہو، سلامت رہو، شاباش، مرحبا۔

زندہ پیر zin-da(h) piir: (ف، مذ) وہ شخص جو زندگی میں تعظیم کے لائق ہو۔

زندۂ جاوید zin-da(h)-e- jaa-ved:(ف، صف) ہمیشہ کے لیے زندہ، نہ مرنے والا۔

زندہ دار zin-da(h)-daar: (ف، صف) زندہ رہنے والا، جاگنے والا، اسم کیفیت مث: زندہ داری

زندہ دارانِ شب zin-da(h) daa-raa-ne-shab:(ف،مذ) جو راتوں کو جاگتے رہیں، چوکیدار۔

زندہ در گور zin-da(h) dar-gor: (ف،صف) سخت مصیبت میں مبتلا (افعال: کرنا، ہونا)

زندہ دل zin-da(h)-dil:(ف،صف) خوش طبع،

خوش مزاجی، اسم کیفیت مث: زندہ دلی۔

زِندِیق zin-diiq: (ع، مذ) پارسی، مجوسی، آتش پرست، ملحد، کافر، وہ شخص جو وحدت کا قائل نہ ہو، بے دین، اسم کیفیت: مث (ف) زندیقی۔

زنگ zang: (ف، مذ) چھوٹا گھنٹا، گھنٹی، دھات کا میل، کدورت، افریقہ کے ایک ملک کا نام، حبشہ۔

زنگ آلُود zang-aa-luud: (ف، صف) وہ دھات جس پر میل / زنگ چڑھا ہو، مکدر، تاریک

زنگ خوردہ zang-Kor-da(h): (ف، صف) جسے زنگ لگا ہوا ہو۔

زنگار zan-gaar: (ف، مذ) زنگ، تانبے کا زنگ یا کساؤ، نیلا تھوتھا۔ سبز مسالا جو آئینہ کے پیچھے لگایا جاتا ہے اور وہ شیشہ بن جاتا ہے۔

زنگاری zan-gaa-ri(i): (ف، صف) زنگار سے منسوب، زنگار کے رنگ کا، سبز۔

زنگولہ zan-go-la(h): (ف، مذ) جرس، گھنٹا، گھونگرو، ایک سر۔

زنگی zan-gi(i): (ف، صف) حبشی، زنگبار کا رہنے والا۔

زنگی ہڑ zan-gi(i) ha-raR: (ا، مث) کالی اور چھوٹی ہڑ، ہلیلہ سیاہ۔

زِنہار zin-haar: (ف، حرف تاکید) ہرگز نہیں، کبھی نہیں، خبردار، دیکھو۔

ز۔و

زوّار zav-vaar: (ع، مبالغہ) بہت زیادہ زیارت کرنے والا۔

زُوّار zuv-vaar: (ع، صف) دیکھیے 'زائر' جس کی یہ جمع ہے۔

زوال za-vaal: (ع، مذ) عروج کی ضد، کمی، اتار، گھاٹا، تنزل، ادبار، مصیبت، کم بختی، نقصان، سورج کا نصف النہار سے نیچے اُترنا۔

زوال آمادہ za-vaal-aa-maa-da(h): (عف، صف) دیکھیے 'زوال پذیر' اسم کیفیت مث: زوال آمادگی۔

زوال پذیر za-vaal pa-ziir: (عف، صف) گھٹنے والا، تغیر قبول کرنے والا، اسم کیفیت مث: زوال پذیری۔

زوایا za-vaa-ya(a): (ع، مذ) دیکھیے 'زاویہ' جس کی یہ جمع ہے۔

زوائد za-vaa-id: (ع، مذ) زائد کی جمع، فضول اور خارج از بحث باتیں۔

زَوج zauj: (ع، مذ) جوڑا، جفت، خاوند، بیوی، وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو سکے۔

زوج الزّوج zo-juz-zoj: (ع، مذ) وہ عدد جو دو پر تقسیم ہونے کے بعد پھر دو پر پورا تقسیم ہو سکے (4-8-16)

زوج الفرد zo-jul-fard: (ع، مذ) وہ عدد جو جفت اور طاق دونوں پر (دو اور تین پر) پورا تقسیم ہو سکے۔ مثلاً (6-12-18) وغیرہ۔

زوجہ zo-ja(h): (ع، مث) دیکھیے 'زوج' جس کی یہ تانیث ہے۔

زوجیت zo-ji-yat: (ع، مث) دیکھیے 'زوجہ' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ بیوی بننے کا عمل یا بیوی ہونے کی حالت۔

زوجین zo-jain: (ع، مذ) میاں بیوی دونوں۔

زُود zuud: (ف، صف) جلدی، جلد، شتاب، فوراً، ابھی۔

زُود آشنا zuud-aash-na(a): (ف، صف)

بہت جلد گھل مل جانے والا، جلد دوست بن جانے والا، اسم کیفیت مث: زود آشنائی۔

زود پشیماں zuu-do-pa-she-maaN: (ف، صف) جلد پچھتانے والا، اسم کیفیت مث: زود پشیمانی۔

زُود حِس zuud-his: (فع، صف) ذکی الحس، جلد محسوس کرنے والا، حساس، اسم کیفیت مث: زود حسی۔

زُود رس zuud-ras: (ف، صف) بات کی تہہ تک جلد پہنچ جانے والا، زود فہم اسم کیفیت مث: زود رسی

زُود رنج zuud-ranj: (ف، صف) جلد غصے ہو جانے والا، جلد رنجیدہ ہو جانے والا، اسم کیفیت مث: زود رنجی۔

زُود فہم zuud-fe-ham: (ف، صف) بات کو جلد سمجھنے والا، ہوشیار، ذکی اسم کیفیت مث: زود فہمی۔

زُود نویس zuud-na-viis: (ف، صف) تیزی سے لکھنے والا، جلد لکھنے والا، اسم کیفیت مث: زود نویسی۔

زُودی zuu-di(i): (ف، مث) جلدی، شتابی۔

زُور zuur: (ع، مذ) مکر، فریب، دغا، جھوٹ۔

زور zor: (ف، مذ) طاقت، توانائی، اختیار، بس، قابو، زبردستی، ظلم، غلبہ، جدوجہد، محنت، وہ سہارا جو شطرنج کے ایک مہرے کو دوسرے مہرے سے ہوتا ہے (صف) غضب کا، قیامت کا، بے ڈھب۔

زور آزما zor-aaz-ma(a): (ف، صف) زور یا طاقت آزمانے والا، پہلوان اسم کیفیت مث: زور آزمائی۔

زور آور zor-aa-var: (ف، صف) طاقت ور، قوی، زبردست، اسم کیفیت مث: زور آوری۔

زورِ بازُو zo-re-baa-zuu: (ف، مذ) اپنی ذاتی طاقت، اپنی محنت، مشقت۔

زور پر zor-par: (ار، متعلق فعل) ترقی پر، کمال پر، انتہا پر، حوصلے پر، سہارے پر۔

زور شور zor-shor: (ف، مذ) تیزی و تندی، جوش و خروش، چڑھاؤ، شدت، زیادتی، شوق، محنت (افعال: دکھانا، دیکھنا، ہونا)

زورِ طبع zo-re-ta-ba(?): (ف، مذ) نئے مضامین، نئے خیالات پیدا کرنے والی طاقت۔

زورِ قلم zo-re-qa-lam: (فع، مذ) لکھنے کی طاقت، تحریر کا زور، تحریر کا اثر۔

زور کا zor-kaa: (ار، صف) پر جوش، شدت کا، بلند، مث: زور کی۔

زورق zo-raq: (ف، مث) چھوٹی کشتی / جہاز / چھوٹا ڈونگا۔

زوفا zo-fa(a): (ع، مذ) پودا جس کے پتے تیز اور خوشبودار ہوتے ہیں۔

زون zon: (انگ، مذ) کرۂ ارض کے وہ پانچ حصے جو خطِ استواء کے متوازی خطوط کے درمیان واقع ہوں۔ علاقہ، منطقہ۔

ز۔ہ

زہ za(h): (ف، مذ) بچہ، اولاد (حرفِ تحسین) شاباش، مرحبا، بہت خوب (مث) کمان کا چلہ، کوئی چیز جو بل دے کر سوراخ سے نکالی جائے، لیس، فیتہ، جھالر، انعام، کنارہ، منڈیر، اُبھری ہوئی اینٹیں جو دیوار کے اختتام پر بنائی جاتی ہیں۔

زہ گیر za(h)giir: (ف، مذ) سینگ یا ہڈی کی بنی ہوئی انگوٹھی کی طرح کی ایک چیز جس کو انگوٹھے پر پہن کر کمان کے چلے کو نیچے کھینچتے ہیں۔

زُہاد zu-haad: (ع، مذ) دیکھیے 'زاہد' جس کی یہ جمع ہے۔

زِہار zi-haar: (ف، مث) پیڑو، شرمگاہ۔

زُہد zuhd: (ع، مذ) پرہیزگاری، تقویٰ، ریاضت، عبادت۔

زہر zahr/za-har: (ع، مذ) سم، بِس، وہ چیز جس کے کھانے سے انسان یا حیوان مر جائے، کوئی چیز جو نہایت کڑوی ہو، غصہ، غضب۔

زہرآب / زہراب za-har-aab: (ف، مذ) وہ پانی جس میں زہر ملا ہوا ہو، غم و غصہ۔

زہرآشام zehr-aa-shaam: (ف، صف) زہر پینے والا۔

زہرآگیں za-har-aa-giiN: (ف، صف) دیکھیے 'زہرآلود'

زہرآلود za-har-aa-luud: (ف، صف) زہریلا، وِش بھرا، زہر میں بجھا ہوا۔

زہرآمیز za-har-aa-mez: (ف، صف) زہر ملا ہوا۔

زہر باد za-har baad: (ار، مذ) ایک مرض جس میں پھوڑے پھنسی کا اثر پورے جسم میں پھیل جاتا ہے۔ ایک مرض جس کے باعث عموماً ہاتھیوں اور گھوڑوں کے خصیوں پر ورم ہو جاتا ہے اور اس سے دوسرے جانوروں کے جسم میں زہریلا مادّہ پھیل جاتا ہے۔

زہرخند za-har-Kand: (ف، مذ) وہ ہنسی جو ناگواری اور شرمندگی کی وجہ سے ہو۔

زہردار za-har-daar: (ف، صف) زہریلا، زہر بھرا ہوا۔

زہر کی پُڑیا za-har-kii puR-ya(a): (ار، صف) فتنہ انگیز، مفسد، شریر۔

زہرگیاہ za-har-gyaa(h): (ف، مث) ایک قسم کی گھاس جو بہت زہریلی ہوتی ہے۔

زہرمہرہ za-har-moh-ra(h): (ار، مذ) ایک قسم کا پتھر جو زہر کو جذب کر لیتا ہے ایک پتھر جو بچوں کو گھس کر پلایا جاتا ہے۔

زہر ہلاہل zah-re-ha-laa-hal: (ف، مذ) مہلک زہر۔

زہرا zoh-ra(a): (ع، صف) چمکیلا، درخشاں، تاباں، مشہور (مث) حضرت فاطمہؓ بنت الرسولؐ کا لقب۔

زہرہ zah-ra(h): (ف، مذ) ایک اندرونی عضو جس میں صفرا عارضی طور پر رہتا ہے۔ پِتّا، کنایۃً دلیری، شجاعت، کلی پھول، بالخصوص زرد رنگ کا پھول۔

زہرہ آب / پانی ہونا zoh-rah-aab: (ار، محاورہ) خوف زدہ ہونا، حوصلہ پست ہونا۔

زہرہ گداز zah-rah gu-daaz: (ف، صف) سخت تکلیف دہ، اسم کیفیت مث: زہرہ گدازی۔

زُہرہ zuh-ra(h): (ع، مث) ایک سیارے کا نام، ناہید، شکر۔

زُہرہ جبیں zuh-rah ja-biiN: (ف، صف) خوبصورت، ماہ رو، زہرہ ستارے کی طرح چمکیلی پیشانی والا۔

زہری zah-ri(i): (ف، صف) بِس بھرا، زہردار، شریر، فتنہ انگیز۔

زہریلا zah-rii-laa: (ار، صف) دیکھیے 'زہری' اسم کیفیت: زہریلا پن مث: زہریلی۔

زہے za-he: (ف، کلمہ تحسین) مرحبا، واہ واہ۔

زہے نصیب za-he-na-siib: (ف، کلمہ تحسین) خوش اقبالی اور اچھے نصیب۔

ز۔ی

زیادہ zi-yaa-dah: (ع، مذ) دیکھیے 'زیادہ'

زیادت zi-yaa-dat: (ع، مث) کسی کلمے میں ایک یا زیادہ حرفوں کو بڑھانا، مثلاً بھیڑ چال سے بھیڑ یا

چال، زیادتی اضافہ۔

زیادتی zi-yaad-ti(i): (ف، مث) کثرت، بہتات، شدت، ظلم زبردستی (افعال: کرنا، ہونا)

زیادہ zi-yaa-da(h): (ع، صف) افزوں، بہت، بیش، بڑھا ہوا، فالتو، فاضل۔

زیادہ تر zi-yaa-da(h)-tar: (عف، صف) بہت زیادہ، بیشتر۔

زیادہ ستانی zi-yaa-da(h)-si-taa-ni(i): (ف، مث) اپنے حق سے ادب مانع ہے۔

زیادہ سے زیادہ zi-yaa-da(h) se zi-yaa-da(h): (ار، متعلق فعل) حد درجہ کا۔

زیادہ گو zi-yaa-da(h)-go: (ف، صف) بات کو بہت بڑھا کر کہنے والا، بہت زیادہ بات کو بڑھانے والا، اسم کیفیت مث: زیادہ گوئی۔

زیارت zi-yaa-rat: (ع، مث) مقدس و متبرک جگہ یا شخص یا چیز کو دیکھنا، اردو میں کسی بزرگ کا مقبرہ، سلام (افعال: کرنا، ہونا)

زیارت گاہ zi-yaa-rat-gaa(h): (عف، مث) وہ جگہ یا شخص جس کو دیکھا جائے، آستانہ، مبارک و مقدس اور متبرک مکان/مقام/درگاہ۔

زیاست zi-yaa-sat: (ار، صف ق) زیادہ، اسم کیفیت مث: زیاستی۔

زیاں zi-yaaN: (ار، مذ) نقصان، خسارہ، گھاٹا، ضرر۔

زیاں کار zi-yaaN-kaar: (ف، صف) نقصان دینے والا، مضر، نقصان اٹھانے والا، اسم کیفیت مث: زیاں کاری۔

زیب zeb: (ف، مث) آرائش، زینت، سجاوٹ، خوشنمائی خوبصورتی، سج دھج۔

زیب بدن / تن ze-be-ba-dan/tan: (ار، محاورہ) کسی کپڑے یا زیور کا جسم پر پہننا، سجانا۔

زیبا ze-ba(a): (ف، صف) زیب دینے والا، خوشنما، خوبصورت، اسم کیفیت مث: زیبائش، زیبائی۔

زیبرا zeb-ra(a): (انگ، مذ) گدھے سے مشابہ ایک جانور جس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں اور افریقہ میں پایا جاتا ہے۔

زیبندہ zii-ban-da(h): (ف، اسم فاعل) زیب دینے والا۔

زیت zait: (ع، مذ) تیل۔

زیتون zai-tuun: (ع، مث) ایک درخت کا نام جس کے پھل سے تیل نکالا جاتا ہے۔

زیٹ zeT: (ار، مث) یاوہ گوئی، جھوٹ، بکواس (افعال: اڑانا)

زیٹک zii-Tak: (ار، صف) بے حیثیت، کوتاہ قد۔

زیج / زیچ ziij/ziich: (ف، مث) معمار کا دھاگا جس سے دیوار سیدھی کرتا ہے، جنتری، تقویم۔

زید zaid: (ع، مذ) ایک نام جو فلاں کی بجائے استعمال ہوتا ہے، ایک مشہور صحابیؓ کا نام۔

زیر ziir: (ف، مذ) باریک آواز، نیچا سر، دھیمی آواز۔

زیر ziir: (ف، مث) کمزور، نیچے، دھیمی آواز، علامت کسرہ میں، اندر، جاری۔

زیر افگن / افگندہ zar-af-gan/ af-gan-da(h): (ف، مذ) چھوٹا قالین/غالیچہ/بستر۔

زیر انداز zer-an-daaz: (ف، مذ) وہ کپڑا یا چمڑا جو حقے وغیرہ کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ نیچے کا فرش وغیرہ خراب نہ ہو۔

زیر بار zer-baar: (ف، صف) بوجھ میں دبا ہوا، مقروض، ممنون، اسم کیفیت مث: زیرباری۔

زیر بند zer-band: (ف، مذ) گھوڑے کا تنگ جو

زین سے گزار کر پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے۔ وہ تسمہ جو گھوڑے کی لگام سے باندھ کر تنگ کے نیچے لگا دیا جاتا ہے تاکہ گھوڑا سوار کو سر نہ مار سکے اور الف نہ ہو سکے۔

زیر (پائی) zor-paa-yi(i): (ار، مث) ایک قسم کی زنانی جوتی۔

زیر جامہ zer-jaa-ma(h): (ف، مذ) وہ کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالیں، وہ لباس جو پوشاک کے نیچے پہنا جاتا ہے۔ انڈر ویئر۔

زیردست zer-dast: (ف، صف) کمزور، عاجز، ماتحت، مظلوم، مغلوب، اسم کیفیت مث: زیردستی۔

زیر دستخطی zer-dast-Ka-ti(i): (عف، صف) جس کے دستخط نیچے ہوں۔

زیر سایہ ze-re-saa-ya(h): (ف، صف) قریب، نزدیک، حمایت میں، پناہ میں۔

زیر لب ze-re-lab: (ف، صف) آہستہ بات، پوشیدہ کہنا۔

زیر نظر / نگاہ ze-re-na-zar: (ف، صف) نگاہ میں، حراست میں۔

زیر نگیں ze-re-ni-giiN: (ف، صف) ماتحت، زیر حکومت۔

زیر و زبر ze-ro-za-bar: (ف، صف) تہ و بالا، الٹ پلٹ۔

زیرک ze-rak: (ف، صف) دانا، دانشمند، اسم کیفیت مث: زیرکی۔

زیرہ zii-ra(h): (ف، مذ) ایک خوشبودار باریک بیج جو سیاہ اور سفید ہوتا ہے اور گرم مصالحہ میں استعمال ہوتا ہے۔

زیریں ze-riiN: (ف، صف) نیچے کا، تلے کا، پائیں۔

زیست ziist: (ف، مث) زندگی، حیات۔

زین ziin: (ار، مث) ایک مضبوط اور موٹا کپڑا جس سے پائجامے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

زَین zain: (ع، مذ) زیب و زینت، خوبصورتی، سجاوٹ۔

زین پوش ziin-posh: (ف، مذ) زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔

زین ساز ziin-saaz: (ف، مذ) زین بنانے والا، اسم کیفیت مث: زین سازی۔

زینت zii-nat: (ع، مث) زیبائش، خوبصورتی، سجاوٹ۔

زین زپٹ ziin-za-paT: (ار، مث) یاوہ گوئی، بکواس۔

زینہ zii-na(h): (ف، مذ) سیڑھی۔ (افعال: لگانا، لگنا)

زینہار ziin-haar: (ف، حرف تاکید) دیکھیے 'زنہار'۔

زیور ze-ver: (ف، مذ) زیب ور کا مخفف، بناؤ سنگار کی چیزیں گہنا پاتا۔ زیب و زینت (افعال: پہنانا، پہننا) جمع: زیورات

ژ

ژ z: (ف، مث) فارسی میں اسے ژا اور اردو میں ژے کہتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لیے اسے زائے فارسی یا عجمی بھی کہتے ہیں۔ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں یہ سترھواں حرف ہے۔
یہ فارسی سے مخصوص ہے اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ سخت تالو کے رابطے میں آتا ہے اور سطح زبان پر نالی بناتے ہوئے رگڑ کے ساتھ ہوا منہ سے خارج ہوتی ہے۔ اس عمل میں غشائی پردے سکڑ کر ارتعاش پیدا کرتے ہیں جس سے گونج سی اٹھتی ہے۔ اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں مسموع، تالوی، صفیری، معسمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

ژ۔ا

ژاژ ZaaZ: (ف، مذ) فضول گفتگو، کوڑا کرکٹ، گوبر۔
ژاژ خا ZaaZ Kaa: (ف، صف) بیہودہ گو، لغو گو، اسم کیفیت مث: ژاژ خائی۔
ژالہ Zaa-la(h): (ف، مذ) اولا، کہرا۔
ژالہ بار Zaa-lah-baar: (ف، صف) اولے برسانے والا، اسم کیفیت مث: ژالہ باری۔

ژ۔ر

ژرف Zarf: (ف، صف) گہرا، عمیق۔
ژرف نگاہ Zarf niga(h): (ف، صف) گہری نظر والا، وہ جو کسی معاملہ کی تہ تک پہنچ جائے۔ اسم کیفیت مث: ژرف نگاہی۔

ژ۔ن

ژند Zand: (ف، مث) پرانے زمانے کی فارسی زبان جو زرتشت کے زمانہ میں بولی جاتی تھی۔ زرتشت کی کتاب جس کو پارسی الہامی سمجھتے ہیں۔ گدڑی، پھٹا ہوا کپڑا، بزرگ، قلندر۔
ژندہ Zan-da(h): (ف، صف) پرانا، قدیم، پیوند لگا ہوا، پرانا کپڑا، ست، اسم کیفیت مث: ژندگی۔

ژ۔و

ژولیدہ Zo-lii-da(h): (ف، صف) الجھا ہوا، پریشان، درہم برہم، اسم کیفیت، مث ژولیدگی۔
ژولیدہ بیاں Zo-lii-dah ba-yaaN: (فع، صف) جس کی تقریر یا تحریر الجھی ہوئی ہو، پریشان بیان، اسم کیفیت مث: ژولیدہ بیانی۔
ژولیدہ حال Zo-lii-da(h)-haal: (فع، صف) پریشان حال، خستہ حال، اسم کیفیت مث: ژولیدہ حالی۔
ژولیدہ مو Zo-lii-da(h)-muu: (ف، صف) بکھرے ہوئے یا پریشان بالوں والا اسم کیفیت مث: ژولیدہ موئی۔

ژ۔ی

ژیاں Zi-yaaN: (ف، صف) غضب ناک، خوف ناک، خشم ناک۔

س

س siin: (ع، مث / مذ) اردو میں اسے سین کہتے ہیں۔ حروف تہجی کی ترکیب میں اٹھارہواں حرف ہے۔ اس کو سین مہملہ اور سین غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ اوپری مسوڑے کے پچھلے حصے کے ربط میں آتا ہے اور سطح زبان پر نالی بن کر ہوا رگڑ کے ساتھ منہ سے خارج ہوتی ہے۔ اس عمل میں زبان کی بغلیں اوپر مسوڑوں سے جا ملتی ہیں۔ اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں غیر مسموع لثائی یا مسوڑی صفیری مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

س۔ا

سا saa: (ف، حرف تشبیہ) ساں اور آسا کا مخفف، مثل، مانند، افراط اور کثرت ظاہر کرنے کے لیے جیسے اندھیر سا اندھیر ہے۔ گویا سائیدن مصدر سے صیغۂ امر، صفت کے معنوں میں ملنے والا، لگانے والا، کھینچنے والا جیسے جبیں سا، سرمہ سا۔

سا saa: (ہ، متعلق فعل) ہندی موسیقی کی سرگم کا پہلا سُر، شَرج کا مخفف، کھرج، بہت، بیحد، جیسے بہت سا۔

سابر saa-bar: (ہ، مذ) بارہ سنگا، بارہ سنگے کا سفید یا زرد چمڑا۔

سابع saa-ba(?): (ع، عدد ترتیبی) ساتواں، ہفتم۔

سابق saa-biq: (ع، صف) پچھلا، گزشتہ، عہد گزشتہ۔

سابقا saa-ba-qa(a): (ع، متعلق فعل) گزشتہ زمانے میں، پہلی دفعہ، قبل ازیں۔

سابقہ saa-bi-qa(h): (ع، صف) اگلا، اگلے زمانے کا، مذکورہ بالا، گزشتہ، قدیمی (مذ) وہ کلمہ جو کسی لفظ کے پہلے آ کر اس میں کوئی خاص معنی پیدا کر دے، مثلاً خوش اخلاق میں 'خوش' شہسوار میں لفظ 'شہ' واسطہ، معاملہ، تعلق، افعال: پڑنا، ڈالنا۔

سابو دانہ saa-buu-daa-na(h): (ہ، مذ) دیکھیے 'ساگودانہ' ایک قسم کی ہلکی خوراک۔

سات saat: (ار، عدد) چھ اور ایک کا مجموعہ (۷)

سات پانچ saat-paaNch: (ہ، مث) کنایۃً: چالاکی، چالبازی حجت، تکرار، جھگڑا (افعال: کرنا، ہونا، لانا)

سات پشت saat-pusht: (ار، مث) سات نسلیں، سات پیڑھیاں کنایۃً سب خاندان۔

سات پھیرے Saat-phe-re: (ار، مذ) وہ سات چکر جو ہندوؤں میں شادی کے وقت دولہا اور دلہن آگ کے گرد لگاتے ہیں۔

سات پیڑھی saat-pii-Rhi(i): (ہ، مث) سات پشت۔

سات جہنم saat-ja-han-num: (ار، مذ) مسلمانوں کے اعتقاد کے مطابق جہنم کے سات درجے۔

سات سنگار saat siN-gaar: (ار، مذ) عورتوں کی سات آرائشیں، مہندی سرمہ، پان، مسّی، سر گوندھنا، افشاں، چوڑیاں۔

سات قلم / خط saat-qa-lam/Kat: (ار، مذ) مشہور خط: نسخ، نستعلیق، علق، ریحان، ثلث، شکستہ، طغرا۔

ساتر saa-tir: (ع، صف) چھپانے والا۔

ساتواں saat-vaaN: (ار، عدد، ترتیبی) ترتیب میں چھ کے بعد / چھ سے اگلا درجہ، مث: ساتویں۔

ساتوں saa-tauN: (ار، عدد، استغراقی) سات کے سات، سب کے سب۔

ساتھ sath: (ار، مذ) رفاقت، ہمراہی، میل ملاپ، شرکت، سنگ، متعلق، اکٹھے۔

ساتھ چھوڑ دینا saath choRh- dena(a): (ار، محاورہ) ہمراہیوں کا رفاقت سے منہ موڑ لینا / بچھڑنا، تعلق ختم ہونا / ہونا، الگ کرنا / ہونا۔

ساتھ دینا saath-dena(a): (ار، محاورہ) نبھانا، رفاقت کرنا، حمایت کرنا، مدد دینا۔

ساتھ رکھنا / رہنا saath-rakh-na(a): (ار، محاورہ) شریک رکھنا / رہنا، ہمراہ رکھنا / رہنا۔ ایک گھر یا جگہ میں رکھنا / رہنا۔

ساتھ ساتھ saath-saath: (ار، متعلق فعل) ہمراہ (افعال: چلنا، رہنا)

ساٹا sa-Ta(a): (ہ، مذ) (ا) دیکھئے 'سانٹ' ایک قسم کی نئی سیمنٹ پیوند (پودے کا) یا بدلہ، تبادلہ، معاوضہ، ہنڈی کا باہمی لین دین۔

ساٹن saa-Tan: (انگ، مذ) اطلس، ایک بڑھیا ریشمی کپڑا۔

ساٹھ saaTh: (ار، عدد) پچاس اور دس کا مجموعہ (60)

ساٹھا پاٹھا saa-Thaa paa-Tha(a): (ہ، مذ) وہ آدمی جس کے قویٰ ساٹھ سال کی عمر میں درست ہوں۔ (کہاوت)

ساٹھی saa-Thi(i): (ہ، مث) ایک قسم کا موٹا چاول جو برسات میں بویا جاتا ہے اور ساٹھ دن میں فصل تیار ہو جاتی ہے اس چاول کا رنگ سرخ ہوتا ہے۔

ساج saaj: (ع، مذ) درخت سال کا معرب جس کی لکڑی بہت مضبوط اور پائیدار ہوتی ہے۔ ایک پتھر جس سے تلواریں صیقل کی جاتی ہیں۔

ساجد saa-jid: (ع، صف) سجدہ کرنے والا، سر جھکانے والا، مث: ساجدہ۔

ساجن saa-jan: (ہ، صف) عاشق، پیارا، شوہر۔

ساجھا saa-jha(a): (ہ، مذ) کسی کام میں شراکت، شرکت، حصہ داری (افعال: کرنا، ہونا)

ساجھی saa-jhi(i): (ہ، مذ) ہمراہی، حصہ دار، شریک۔

ساچق saa-chaq: (ت، مث) شادی کی ایک رسم جس میں دولہا کے گھر سے دلہن کے گھر شادی سے ایک دن پہلے کپڑے مہندی، مٹھائی وغیرہ بھیجی جاتی ہے۔ رسم، مہندی حنابندی۔

ساحر saa-hir: (ع، مذ) جادوگر، افسوں گر، مث: ساحرہ اسم کیفیت مث (ف) ساحری۔

ساحل saa-hil: (ع، مذ) سمندر یا دریا کا کنارہ۔

ساخت saaKt: (ف، مث) بناوٹ، ترکیب، گھڑت، بنائی ہوئی بات۔

ساختہ saaK-ta(h): (ف، صف) بنایا ہوا، سنوارا ہوا، کیا کرایا، کیا دھرا۔

سادات saa-daat: (ع، مث) سید بمعنی سردار کی جمع الجمع کنایۃً حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کی نسل۔

سادہ sas-da(h): (ف، صف) بے نقش و نگار، صاف، بے ریش، بے ہنر، بھولا بھالا، خالی، مث: سادی، اسم کیفیت مث: سادگی، اسم کیفیت مذ: سادہ پن۔

سادہ پُرکار saa-dah-pur-kaar: (ف، صف) جو بظاہر بھولا بھالا مگر فی الواقع چالاک ہو، شوخ۔

سادہ دِل saa-dah-dil: (ف، صف) صاف دل، بے ریا، بے کینہ، بھولا بھالا، بیوقوف، اسم کیفیت

مث: سادہ دلی۔
سادہ رُخ/رُو saa-dah ruK/ro: (ف، صف) صاف چہرے والا بے ریش و بروت، ان ڈاڑھیا، اسم کیفیت مث: سادہ رُخی/روئی۔
سادہ کار saa-dah-kaar: (ف، مذ) زیوروں پر نفیس اور عمدہ کام بنانے والا، سنار، مرصع کار کی ضد، کلام میں صنائع بدائع سے گریز کرنے والا، اسم کیفیت مث: سادہ کاری۔
سادہ لوح saa-dah-lau(h): (ف، صف) بھولا بھالا، سیدھا سادہ، بیوقوف، اسم کیفیت مث: سادہ لوحی۔
سادہ مزاج saa-dah-mi-zaaj: (ف، ع، صف) جس کے مزاج میں تکلف اور بناوٹ نہ ہو، صاف دل، اسم کیفیت مث: سادہ مزاجی۔
سادہ وضع saa-dah-va-za(?): (ف، ع، صف) بے تکلف، اوّل سے آخر تک یکساں رہنے والا شخص، اسم کیفیت مث: سادہ وضعی۔
سادھ saadh: (ہ، صف) نیک، پرہیزگار، فقیر، جوگی، تکمیل، بجا آوری، تعمیل۔
سادھنا saadh-naa: (ہ، مص) ثابت کرنا، پورا کرنا، درست کرنا، تول لینا، تھامنا، سنبھالنا، توازن قائم کرنا۔
سادھنی saadh-nii: (ہ، مث) دیکھیے 'سادھ' جس کی یہ تانیث ہے۔ معمار یا بڑھئی کا آلہ، جس سے وہ کونا وغیرہ درست کرتا ہے۔ گنیا، کونیا، انگوٹھی کا نگینے والا حصہ۔
سادھو saa-dhu(u): (ہ، صف) فقیر، جوگی، درویش، پارسا، پرہیزگار، زاہد، عابد۔
سار saar: (ف، لاحقہ) 'سر' کا مخفف، جیسے نگوں سار، مثل، مانند، مثلاً خاکسار، کثیر، زیادہ، مثلاً کوہسار، شاخسار، والا مثلاً شرمسار۔
سار saar: (ف، مذ) اونٹ، شتر، ایک سیاہ رنگ کا پرندہ، بڑا سانپ۔
ساربان saar-baan: (ف، مذ) اونٹ رکھنے یا اونٹ کے ذریعے روزی کمانے والا، اسم کیفیت مث: ساربانی۔
سار saar: (ہ، مذ و مث) حقیقت، اصل، کیفیت۔
سارا saa-ra(a): (ا، صف) کل، تمام، سب، مث، ساری۔
سارٹیفکیٹ/سرٹیفکیٹ sar-Tii-fi-keT: (انگ، مذ) سند، تصدیق، خوشنودی کا پروانہ۔
سارجنٹ sar-jaNT: (انگ، مذ) رنگروٹوں کو سکھانے والا حوالدار، داروغہ، جمعدار۔
سارس saa-ras: (ہ، مذ) سفید رنگ کا لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ، کلنگ۔
سارس کی سی جوڑی saa-ras-kii-sii-jo-Ri(i): (ا، مث) ہمیشہ کا ساتھ، ہمیشہ ساتھ رہنے والا دوست۔
سارق saa-riq: (ع، مذ) چور، دزد، مث، سارقہ
سارنگ saa-rang: (ہ، مذ) کافی، ٹھاٹھ کا راگ جس کے چڑھاؤ میں پانچ اور اتراؤ میں چھ سر لگتے ہیں۔ ایک قسم کا سانپ، مور، طاؤس، مور کی آواز، بادل، ابر، قوس قزح، شہد کی مکھی، بھڑ، تتلیاں، ہاتھی، چنگ، سارنگی۔
سارنگی saa-ran-gi(i): (ہ، مث) ایک قسم کا ساز جس میں تانت کے تار لگے ہوتے ہیں اور اس کو گھوڑے کے بالوں کے گز سے بجایا جاتا ہے۔
سارنگیا saa-ran-gi-ya(a): (ہ، صف) سارنگی بجانے والا۔
سارنی saar-ni(i): (ا، مث، ق) سانڈنی۔
ساری saa-ri(i): (ع، صف) سرایت کرنے والا، اثر کرنے والا۔

ساڑھو saa-Rhuu: (ھ،مث) سالی کا شوہر، ہم زلف۔

ساڑھی saa-Rhii: (ھ،مث) فصل ربیع جس میں گندم وغیرہ کاٹتے ہیں۔

ساڑھے saa-Rhe: (ھ،عدد،کسری) آدھا، نصف، جو مرکبات میں بطور سابقہ آتا ہے۔ مثلاً ساڑھے تین، یہ سابقہ ایک اور دو کے ساتھ استعمال نہیں ہوتا۔

ساڑی saa-Ri(i): (ھ، مث) ایک قسم کی لمبی دھوتی جو عورتیں آدھی تہ بند کی جگہ باندھتی ہیں اور باقی آدھی چادر کی طرح اوڑھ لیتی ہیں۔

ساز saaz: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر ساختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے مثلاً ظروف ساز بعض اوقات مفعول کے معنی بھی دیتا ہے۔ مثلاً خانہ ساز۔

ساز saaz: (ف، مذ) باجا، سامان، جنگ کا سامان، گھوڑے کا سامان، میل جول، سازش، درستی، سرانجام۔

ساز باز saaz-baaz: (ف،مذ) سازش، کسی کے خلاف گٹھ جوڑ، (افعال: کرنا، ہونا)

سازگار saaz-gaar: (ف، صف) موافق، مناسب، لائق، اسم کیفیت مث: سازگاری۔

ساز و سامان saa-zo-saa-maan: (ف،مذ) اسباب، سامان، درستی، ترتیب، تیاری، ضروریات

سازش saa-zish: (ف،مث) کسی کے خلاف خفیہ جوڑتوڑ۔ خلاف قانون منصوبہ۔

سازشی saa-zi-shi(i): (ف،صف) سازش کرنے والا۔

سازنا saaz-naa: (ار،مص،ق) بنانا۔

سازندہ saa-zin-da(h): (ف،مذ) ساز بجانے والا۔

ساس saas: (ھ، مث) شوہر یا بیوی کی ماں، خوش دامن۔

ساطور saa-tuur: (ع،مذ) بڑی چھری، خنجر۔

ساعت saa-?at: (ع،مث) گھڑی، پل، منٹ، لحظہ، وقت مقررہ، معین وقت، ڈھائی گھڑی، گھنٹا، وقت بتانے والی گھڑی۔

ساعت ساز saa-(?)at-saz: (عف، صف) گھڑی ساز، اسم کیفیت مث: ساعت سازی۔

ساعد saa-(?)id: (ع،مث) کلائی، کرنے والا۔

ساعی saa-(?)ii: (ع،صف) کوشش کرنے والا، دوڑ دھوپ۔

ساغر saa-Gar: (ف، مذ) شراب کا پیالہ، جام، کٹورا، پیالہ گلاس۔

ساغر کش saa-Gar kash: (ف،صف) شراب پینے والا، شرابی، اسم کیفیت مث: ساغر کشی۔

ساغری saa-Ga-rii/saaG-rii: (ف،مث) ساغر سے منسوب۔

سافل saa-fil: (ع،صف) نچلا، نیچے کا، کمینہ۔

ساق saaq: (ف،مث) پنڈلی، ڈنٹھل، درخت کا تنا، ساگ پات کا ڈنٹھل یا ڈنڈی۔

ساق پوش saaq-posh: (ف،مذ) موزہ، گیٹس۔

ساقط saa-qit: (ع،صف) گرانے والا، گرا ہوا، کھویا ہوا، گم، متروک، بے عزت، قابل نفرین۔

ساقن saa-qan: (ار،مث) ساقی کی عورت، وہ عورت جو بازاری آدمیوں کو پانی، شراب، حقہ، چرس، بھنگ وغیرہ پلاتی ہے۔

ساقول saa-quul: (ف،مذ) معماروں کا آلہ جس سے دیوار کی سیدھ معلوم کرتے ہیں، پنسال، لٹکن، حمائل (شاقول کا بگاڑ)

ساقہ saa-qa(h): (ع،مذ) فوج کا عقب، ڈنٹھل، ڈنڈی۔

ساقی saa-qii: (ف، مذ) پلانے والا، پانی شراب یا حقہ پلانے والا۔
ساقیِ کوثر saa-qi(i)-e-ko-sar: (ف، مذ) حضور صلعم کا لقب، مولا علی کا لقب۔
ساقی گری saa-qi(i) gi-ri(i): (عف مث) شراب، حقہ پلانے کا پیشہ۔
ساقی نامہ saa-qi(i)-na-ma(h): (عف، مذ) نظم کی وہ قسم جس میں ساقی سے خطاب کر کے شراب و شاہد کا ذکر کیا جاتا ہے۔
ساکت saa-kit: (ع، صف) چپ، خاموش، بے حس و حرکت، سنسان۔
ساکن saa-kin: (ع، صف) بے حرکت، غیر متحرک، جس حرف پر کوئی حرکت نہ ہو (یعنی جزم ہو) باشندہ، متوطن، مث ساکنہ۔
ساکھ saakh: (ھ مث) اعتبار، بھرم، عزت، آبرو
ساکھا saa-kha(a): (ھ، مذ) شاخ، ٹہنی، ڈال، گھمسان کی لڑائی جھگڑا۔
ساگ saag: (ھ، مذ) وہ بوٹیاں جن کے پتے کھائے جائیں، جیسے پالک، سیتھی، خرفہ وغیرہ۔
ساگ پات saag-paat: (ار، مذ) بقولات، ترکاریاں۔
ساگر saa-gar: (س، مذ) سمندر، بحر۔
ساگو saa-gu(u): (انگ، مذ) کھجور کی قسم کا ایک درخت جو ملایا میں پیدا ہوتا ہے۔
ساگو دانہ saa-guu-daa-na(h): (ار، مذ) ایک قسم کا دانہ / بیج جو ساگو کے درخت سے حاصل ہوتا ہے۔
سال saal: (ف، مذ) برس، حیات
سالِ پیوست saa-le pai-vast: (ار، مذ) پچھلے سے پچھلا سال، پرار سال۔
سالِ تمام saa-le-ta-maam: (ار، مذ) کل سال، آخیر سال۔
سال خوردہ saal-Kor-dah: (ف، صف) تجربہ کار، کافی عمر والا، پرانا، کہنہ
سالِ شمسی saa-le-sham-si(i): (ف، مذ) وہ سال جس کا حساب سورج کے گرد زمین کے گردش سے کیا جاتا ہے۔
سالِ عیسوی saa-le-(?)iis-vi(i): (ف، مذ) وہ سال جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے شمار کیا جاتا ہے۔
سالِ قمری sa-le-qam-ri(i): (ف، مذ) وہ سال جس کا حساب چاند کی گردش سے کیا جاتا ہے۔ سنہ، ہجری، سنہ فصلی اور یہودیوں کا سال قمری سال ہیں۔
سالِ کبیسہ saa-le-ka-bii-sa(h): (ف، مذ) وہ سال فصلی جس میں تین سال کے بعد تیرہ مہینے ہوتے ہیں۔ تاکہ قمری اور شمسی سال برابر ہوتے رہیں۔
سال گرہ saal gi-rah: (ف، مث) کسی کی پیدائش کی تاریخ کا جشن، برس، گانٹھ۔
سالِ گزشتہ saa-le-gu-zash-ta(h): (ف، مذ) گزرا ہوا سال، پچھلا سال۔
سالِ مالی saa-le maa-li(i): (ف، مذ) مال گزاری کا سال، وہ سال جس کے حساب سے مال گزاری وصول ہوتی ہے۔
سال نامہ saal-naa-ma(h): (ف، مذ) جنتری، کسی اخبار یا رسالہ کا وہ سالانہ پرچہ جو اس کی سال گرہ کے موقع پر اہتمام سے شائع ہوتا ہے۔
سالِ نو saa-le-nau: (ف، مذ) نیا سال۔
سال وار saal-vaar: (ار، متعلق فعل) سالانہ

سالہ saa-lah: (ف، مذ) سال سے نسبت رکھنے والا، مرکبات کے آخر میں مستعمل ہے۔ جیسے دو سالہ، پنچسالہ۔

سالہا سال saal-haa-saal: (ار، متعلق فعل) کئی سال تک۔

سالِ ہجری saa-le-hij-ri(i): (ف، مذ) مسلمانوں کا وہ سال جو حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ ہجرت سے شروع ہوتا ہے جو ۱۶ جولائی 622 میں واقع ہوئی یہ قمری سال ہے۔

سالا saa-laa: (ہ، مذ) بیوی کا بھائی، گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ مث: سالی۔

سالار saa-laar: (ف، اند) سردار، حاکم، مرکبات کے آخر میں جیسے سپہ سالار، قافلہ سالار، اسم کیفیت مث: سالاری۔

سالک saa-lik: (ع، صف) راہ چلنے والا، سفر کرنے والا، صوفی۔

سالم saa-lim: (ع، صف) محفوظ، سلامت، تندرست، مکمل درست۔

سالمہ saa-li-ma(h): (ع، مذ) دو یا دو سے زیادہ عناصر کے جوہروں Molecule کے مرکب کا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ۔

سالمی saal-mi(i): (ع، صف) سالمہ سے متعلق۔

سالمیت saal-mi-yat: (ع، مث) پورا ہونے کی حالت، نا قابل تقسیم، وحدت۔

سالن saa-lan: (ار، مذ) پکا ہوا گوشت یا ترکاری جو روٹی کے ساتھ کھائی جائے۔

سالنا saal-na(a): (ار، محاورہ) سوراخ کرنا، چھید کرنا، کاٹنا، چول کھودنا۔

سالوس saa-luus: (ف، صف) دغاباز، دھوکے باز، اسم کیفیت سالوسی۔

سالیانہ saal-yaa-na(h): (ف، مذ) سال بھر کی اُجرت، سالانہ اُجرت یا معاوضہ۔

سام saam: (ع، مذ) سوجن، درد، جلن، سونا، چاندی، نوح علیہ السلام کا بڑا بیٹا، جس کی اولاد سے عرب اور شمالی افریقہ کے لوگ تصور ہوتے ہیں۔

سامان saa-maan: (ف، مذ) مال اسباب، چیز بست، سرانجام بندوبست۔

سامراج saam-raaj: (ہ، مذ) شہنشاہیت، نو آبادیات اور ماتحت سلطنتیں رکھنے کی پالیسی، امپریلزم۔

سامراجی saam-raa-ji(i): (ہ، صف) سامراج سے متعلق، شہنشاہی حکومت کا حامی، شہنشاہیت پسند۔

سامری saam-ri(i): (ع، مذ) حضرت موسیٰ کے زمانے کا ایک جادوگر جس نے جادو کے زور سے بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے اس کی پرستش کرائی تھی۔ جادوگر، فسوں گر۔

سامری فن saam-rii-fan: (ع، صف) جادوگری کا استاد، بہت بڑا جادوگر۔

سامع saa-me(?): (ع، صف) سننے والا، سماعت کرنے والا۔

سامعہ saa-mi-(?)ah: (ع، مث) سننے کی طاقت، سننے کی قوت۔

سامنا saam-na(a): (ار، مذ) ملنا، ملاقات، مقابلہ، بے حجابی ہوجانا۔

سامنے saam-ne: (ار، متعلق فعل) مقابل، روبرو موجودگی میں۔

سامی saa-mi(i): (ع، صف) دیکھئے 'سام' جس سے یہ منسوب ہے۔ اونچا، بلند۔

ساں saaN: (ف، حرف، تشبیہ) مانند، مثل۔

سان saan: (ف، مث) دھار تیز کرنے کا پتھر، دھار، باڑھ جنگلی بطخ کی ایک قسم۔
سان saan: (ھ، مث) نشان، علامت، سراغ، پتہ۔
سانبھر saaN-bhar: (ھ، مذ) ایک قسم کا نمک جو سانبھر جھیل سے تیار ہوتا ہے۔ بارہ سنگھا۔
سانپ saaNp: (ار، مذ) ایک رینگنے والا زہریلا جانور، جو لمبا اور مختلف اقسام کا ہوتا ہے۔ مار، ظالم، موذی۔
سانپ کا من saaNp kaa man: (ار، مذ) سانپ کا منکا جس کے متعلق عوام کا خیال ہے کہ خاص سانپ رات کو اُسے اُگلتا ہے تو ہر طرف روشنی ہو جاتی ہے اور جس کے پاس یہ منکا ہو وہ تمام آفات سے محفوظ رہتا ہے۔
سانپ چھتری saaNp chat-ri(i): (ار، مث) ایک پودا اکر متا، کھمبی۔
سانپا saaNpaa: (ھ، مذ) مردہ کا سوگ، نوحہ، بددعا۔
سانپن saaN-pan: (ار، مث) دیکھئے 'سانپ' جس کی یہ تانیث ہے۔ بالوں کی لمبی لکیر جو گھوڑے کے کندھے کی جڑ میں یا بعض آدمیوں کی پشت پر ہوتی ہے اور جسے بہت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔
سانت saaNt: (ار، مذ ق) ایک ستارہ جو برسات میں نکلتا ہے۔ مینھ۔
سانٹ / سانٹھ saaNTh/SaaNT: (ھ، مث) گانٹھ، گرہ، سازش، گٹھ جوڑ، دشمنی، عداوت۔
سانٹا saaN-Taa: (ھ، مذ) تازیانہ، کوڑا۔
سانٹنا / سانٹھنا saaNT-na(a): (ھ، مص) جوڑ لگانا، ساتھ ملانا، چپکانا، نتھی یا منسلک کرنا، اُلجھانا، گرہ لگانا۔
سانجھ saaNjh: (ار، مذ) شام کا وقت، دوستی۔
سانجھ سویرے saaNjh sa-ve-re: (ار، مذ و مث) صبح و شام۔
سانچا saaN-chaa: (ار، صف) قالب، ڈھانچا، بچہ دانی۔
سانحہ saa-ni-ha(h): (ع، مذ) صدمہ پہنچانے والا واقعہ، حادثہ، وقوعہ۔
سانڈی saaN-di(i): (ار، صف ق) دیوانہ، جال کا خانہ یا پھندا۔
سانڈ saaND: (ار، مذ) ایسا بیل یا کوئی نر مویشی جو افزائش نسل کے لیے رکھا جائے۔ ایسا بیل جو پُن کر کے دیوتا کے نام پر چھوڑ دیا جائے۔ (صف) موٹا تازہ، لحیم شحیم بے فکرا، شہوت پرست، عیاش۔
سانڈا saaN-Daal: (ار، مذ) گوہ کی قسم کا ایک جانور، اس کی چربی گٹھیا کے مرض اور نامردی میں مالش کے کام آتی ہے۔
سانڈنی saaND-ni(i): (ار، مث) سواری کی اونٹنی، تیز رفتار اونٹنی۔
سانس saaNs: (ار، مث، مذ) دم، پھونک، نفس۔
سانسا saaN-sa(a): (ھ، مذ) فکر، اندیشہ، سوچ بچار، خدشہ، ڈر، خوف۔
سانسنا saaNs-naa: (ھ، مذ) فکر، اندیشہ، سوچ بچار، ناراض ہونا، جھڑکنا، سزا دینا۔
سانسی saaN-sii: (ھ، مث) ہندوستان کی ایک جرائم پیشہ خانہ بدوش قوم۔ مث: سانسن۔
سانگ saaNg: (ھ، مذ) دیکھئے 'سوانگ' جو فصیح ہے مع مرکبات (افعال: بنانا، بھرنا، دکھانا، کرنا، لانا، مچانا)
سانگی saaN-gi(i): (ھ، صف) سوانگ بھرنے والا، بھانڈ، مسخرہ۔
سانا saan-na(a): (ھ، مص) (۱) گوندھنا، ملنا، عیب لگانا، شریک جرم کرنا۔

سانوَرا saaN-va-ra(a): (ھ،صف) دیکھیے ii 'سانولا' جس کی یہ ہندی صورت ہے۔ مث: سانوری، ملیح رنگ۔

سانولا saaNv-laa: (ار،صف) سبزہ رنگ، سیاہی مائل رنگ، نمکین ملیح، مجازاً، حسین، محبوب، مث: سانولی۔

سانولا سلونا saaNv-la-sa-lau-na(a): (ار، صف) سبزہ رنگ مث: سانولی سلونی۔

سانوریا saaN-var-yaa: (ھ، مذ) کرشن جی کا لقب جو ہندو روایت کے مطابق ناگ کی پھونک سے سیاہ پڑ گئے تھے۔

سانی saa-ni(i): (ار،مث) وہ بھوسا جس کو دھو کر کھلی آٹا وغیرہ ملا کر بھینس، گائے کو کھلاتے ہیں (مذ) کاشتکار، مالی، باغباں۔

سانیٹ saa-neT: (انگ، مذ) Sonnet انگریزی نظم کی ایک قسم جس کے ایک بند میں چودہ مصرے ہوتے ہیں۔

ساوَج saa-vaj: (ھ،صف) جنگلی جانور، شکار کے جانور، مثلاً ہرن، شیر وغیرہ۔

ساوَن saa-van: (ھ،مث) بکری سمبت کا چوتھا مہینہ جو برسات میں آتا ہے۔

ساوَن بھادوں saa-van-bha-dauN: (ار، مذ) وہ مکان جس میں چاروں طرف جالیاں لگی ہوں اور اُن سے نظر ٹکرانے سے بارش کی سی کیفیت معلوم ہو، ایک قسم کی آتش بازی دھوپ چھاؤں۔

ساوَنت saa-vant: (ھ،صف) بہادر، دلیر، شجاع، اسم کیفیت مث: ساونتی۔

ساہا saa-haa: (ھ، مذ) شادی کے دن، لگن، سہاگ، کھیتی کاٹنے کا وقت، قصابوں کی اصطلاح میں بکری کا نر بچہ۔

ساہتیا saa-hit-yaa: (ھ،مذ) ادبیات، ادب۔

ساہوکار saa-huu-kaar: (ھ، مذ) لین دین کرنے والا سوداگر، تاجر۔

ساہی saa-hi(i): (ھ،مذ) سیہی، خارپشت، ایک جانور جس کی پشت پر کانٹے ہوتے ہیں۔

سائبان saa-ye-baan: (ف، مذ) چھپر، پائین وغیرہ، دھوپ سے بچنے کے لیے مکان کے آگے لگاتے ہیں۔ شامیانہ۔

سائر saa-ir: (ع، مذ) پھرنے والا، سیر کرنے والا، سیلانی، باقی بچا ہوا تمام، سب، سارا۔

سائرن saa-i-ran: (انگ، مذ) Siren ایک آلہ جس سے بلند آواز پیدا ہوتی ہے۔ بھونپو۔

سائز saa-iz: (انگ، مذ) قد و قامت، ڈیل ڈول، جسامت، ناپ۔

سائیس saa-iis: (ع، مذ) ملازم جو گھوڑے کی خدمت کے لیے رکھا جائے، اسم کیفیت مث: سائیسی / سائسی۔

سائیسی saa-ii-si(i): گھوڑے کی رکھوالی کا پیشہ۔

سائفن saa-i-fin: (انگ، مث) Syphen ٹیڑھی نالی جس کے ذریعے پانی کسی اونچے برتن سے کنارے کے اُوپر سے گزر کر نیچے کے برتن میں گراتے ہیں۔ وہ نالہ یا نہر جو کسی دوسری نہر، دریا یا ندی کے نیچے سے گزرے۔

سائل saa-il: (ع، مذ) سوال کرنے والا، پوچھنے والا، مانگنے والا، درخواست دینے والا مث: سائلہ

سائن saa-in: (انگ، مذ) Sign نشان، علامت، دستخط (افعال کرنا، ہونا)

سائن بورڈ saa-in-borD: (انگ، مذ) Sign

Board وہ تختہ جس پر لکھتے ہیں۔ وہ تختہ جس پر اشتہار لگاتے ہیں دکان یا سڑک وغیرہ کا نام لکھنے کا تختہ۔

سائنس saa-ins: (انگ، مذ) Science علم، فن، وہ علم جس کی بنیاد تجربات اور مشاہدات پر ہو۔

سائنس داں saa-ins-daan: (انگ، ف، مذ) سائنس جاننے والا، سائنس کا ماہر۔

سائنسی saa-in-si(i): (ار، مث) سائنس سے متعلق، سائنس سے منسوب۔

ساؤنڈ پرُوف saa-unD-pu-ruuf: (انگ، صف) Sound Proof وہ مکان یا جگہ جہاں سے آواز باہر نہ نکلے یا جہاں باہر کی آواز اندر نہ آئے

سائی saa-ii: (ہ، مث) وہ تھوڑی سی رقم جو کسی چیز کا نرخ یا قیمت مقرر ہو جانے کے بعد بطور پیشگی دی جائے۔ بیعانہ (افعال: دینا)

سائیکل saa-i-kil: (انگ مث) Cycle پاؤں سے چلانے کی دو پہیوں کی گاڑی جس کے پہیے آگے پیچھے ایک ہی سیدھ میں ہوتے ہیں۔ چکر، گھیرا۔

سائیں saa-iiN: (ہ، مذ) درویش، خدا، مالک، خاوند، شوہر۔

سائیں سائیں saa-aiN saa-aiN: (ہ، مث) ہوا کے چلنے کی آواز۔

سایا saa-ya(a): (پر، مذ) یورپین عورتوں کا گون۔

سایہ saa-ya(h): (ف، مذ) چھاؤں، پرتو، پرچھائیں، صحبت کا اثر وہ تیرگی جو مصوّر تصویروں میں دکھاتے ہیں۔ مہوسوں کی اصطلاح میں، وہ سیاہی جو سفید کیے ہوئے تانبے میں کسی نقص کی وجہ سے آ جائے۔ حفاظت، حمایت بھوت پریت، آسیب، جن کا اثر۔

سایہ افگن / فگن saa-ya(h) af-gan/ fa-gan: (ف، صف) سایہ ڈالنے والا۔

سایہ گستر saa-yah-gus-tar: (ف، صف) مہربان، متوجہ، حامی، مددگار، سایہ دار۔

س۔ب

سبّ sab: (ع، مذ) گالی دینا، لعن طعن کرنا، برا بھلا کہنا۔

سبّ و شتم sab-bo-sha-tam: (ع، مذ) لعن طعن کرنا، برا بھلا کہنا، گالی گلوچ دینا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

سب sab: (ار، صف) کل، تمام، سارا، پورا، مکمل، کامل، بالکل، سراسر (مذ) عام لوگ، تمام چیز۔

سب sab: (انگ) سابقہ Sub ماتحت، نائب، کم تر (بطور سابقہ مستعمل ہے مثلاً سب انسپکٹر، سب آفس۔ سب آرڈی نیٹ وغیرہ)

سبا sa-baa: (ع، مذ) ملک شہر جہاں کی حکمران حضرت سلیمانؑ کے زمانے میں ملکہ بلقیس تھی جس کا بعد میں حضرت سلیمانؑ سے نکاح ہوا۔

سباق sa-baaq: (ع، مذ) سبقت لے جانے کی کوشش، سبقت لے جانا، دوڑ میں آگے بڑھنا، علم حساب کی مہارت مضمون کا ربط اور طرز۔

سبب sa-bab: (ع، مذ) وجہ، باعث، موجب، واسطے، لیے، کارن، حجت، دلیل، ذریعہ، وسیلہ، جوڑ، پیوند، عروض میں دو حرفی کلمہ، فلسفہ میں وہ چیز جس سے دوسری چیز کا وجود حاصل ہو۔

سببیت sa-ba-biy-yat: (ع، مث) غرض و غایت، یہ اصول کہ ہر چیز کا کوئی سبب یا علت ضرور ہوتی ہے۔

سبت sabt: (ع، مذ) آرام، آسائش، آسودگی، آرام، چھٹی یا عبادت کا دن، بالخصوص ہفتہ کا دن، شنبہ سنیچر۔

سبجیکٹ sab-jecT: (انگ، مذ) Subject مضمون، رعایا، محکمہ، شعبہ۔

سُبحان sub-haan: (ع،صف) تمام عیبوں سے پاک، مبرا۔

سُبحان اللہ sub-haan-al-laah: (کلمہ تحسین و تعجب) پاک ہے اللہ، میں اللہ کو پاکی سے یاد کرتا ہوں۔ واہ واہ، آفرین۔

سُبحان تیری قُدرت sub-haan-te-rii qud-rat: (ار، مث) تعجب اور مذاق کے موقع پر کہتے ہیں۔ تمھاری کیا بات ہے۔ تیتر کی آواز

سبحہ sub-hah: (ع،مث) تسبیح، تسبیح کے دانے، مالا۔

سُبحہ گرداں / خواں sub-hah gar-daaN/ KwaaN: (ع، صف) تسبیح پڑھنے والا، مالا جپنے والا، اسم کیفیت مث: سبحہ سنجی / گردانی/خوانی۔

سبز sabz: (ف،صف) ہرا، کچا، تروتازہ، شاداب۔

سبز بخت sabz-baKt: (ف،صف) خوش قسمت، خوش اقبال، اسم کیفیت مث: سبز بختی۔

سبز پوش sabz-posh: (ف،صف) سبز لباس پہننے والا، عابد، زاہد اسم کیفیت مث: سبز پوشی۔

سبز پیشانی sabz-pe-shaa-ni(i): (ف،صف) جو بظاہر بھلا معلوم ہو۔

سبز فام sabz-faam: (ف،صف) سبز رنگ کا، کنایۃً معشوق۔

سبز قدم sabz-qa-dam: (فع،صف) بدبخت، منحوس، اسم کیفیت مث: سبز قدمی۔

سبزہ sab-zah: (ف،مذ) ہریاول، تازگی، روئیدگی، نیل کنٹھ، بھنگ، سبزی، سیاہی مائل سفید رنگ کا گھوڑا، معشوق۔ وہ سبزی جو ڈاڑھی مونچھوں کے نئے بال نکلنے سے چہرے پر نمودار ہوتی ہے۔

سبزہ آغاز sab-za-he-aa-Gaaz: (ف،صف) جس کی ڈاڑھی نکلنی شروع ہوئی ہو، نوجوان (افعال: ہونا)

سبزۂ بیگانہ sab-za-he/(e) be-gaa-naa(h): (ف، مذ) خود رو سبزہ یا نباتات، جنگلی جڑی بوٹیاں۔

سبزۂ خط sab-za-he/e-Kat: (فع، مذ) نئی ڈاڑھی مونچھیں اور ان کے رنگ کی سبزی۔

سبزۂ خوابیدہ sab-za-he/e-Kwaa-bii-da(h): (ف،مذ) وہ سبزہ جو روندا جائے۔ بالکل بجھ جائے یا ٹیڑھا ہو جائے۔

سبزہ زار sab-zah-zaar: (ف، مذ) چراگاہ، ہرا بھرا جنگل، گھاس کا تختہ۔

سبزۂ شمشیر sab-za-he-sham-shiir: (ف،مذ) وہ سبزی جو جوہردار تلوار میں ہوتی ہے۔

سبزی sab-zii: (ف، مث) سبز رنگ، ہریاول، ترکاری، بقولات، بھنگ، وہ رنگ جو اصیل تلوار میں جوہر کی وجہ سے ہوتا ہے۔

سبزی فروش sab-zi-fa-rosh: (ف، صف) ترکاری، بیچنے والا، کنجڑا، اسم کیفیت مث: سبزی فروشی۔

سبزی منڈی sab-zii-man-Dii: (ار،مث) وہ مقام جہاں ترکاریاں فروخت ہوتی ہیں۔

سبط sibt: (ع، مذ) بیٹے یا بیٹی کی اولاد، پوتا، نواسہ، یہودی قوم۔

سبطین sib-tain: (ع، مذ) سبط کی جمع، تثنیہ، کنایۃً حضرات حسنؓ و حسینؓ۔

سبع sab(?): (ع، اعد) سات (7)

سبع سیارہ sa-b(?)-say-yaa-ra(h): (ع، بترکیب فارسی) وہ سات ستارے جن سے منسوب کر کے ہفتہ کے دن مقرر کیے گئے ہیں یعنی شمس، قمر، مریخ، عطارد، مشتری، زہرہ، زحل۔

سبع مثانی sub(?)ma-saa-nii: (ع، مث) قرآن مجید کی سورۃ فاتحہ، کیونکہ اس میں سات آیات ہیں اور یہ دو دفعہ نازل ہوئی ایک بار مکہ میں دوسری دفعہ مدینہ میں۔

سبع sub(?): (ع، عدد کسری) ساتواں حصہ (1/7)

سبق sa-baq: (ع، مذ) درس کا وہ حصہ جو روزانہ پڑھایا جائے تعلیم، پاٹھ، درس، نصیحت (افعال: پڑھنا، پڑھانا، لینا، دینا)

سبقت sab-qat~sa-baq-qat: (ع، مث) (اردو میں یہ سکون ثانی بولتے ہیں) آگے نکلنا، پیش قدمی، بڑھوتری، افزونی۔

سبک sabk: (ع، مذ) ڈھالنا، سکہ ڈھالنا، طرز، اسلوب۔

سُبُک sa-bak~su-bak: (ف، صف) ہلکا، خفیف، نازک، چست، چالاک، بے عزت، اسم کیفیت مث: سبکی

سبک بار / بال sa-buk-baar/baal: (ف، صف) ہلکے بوجھ والا، فارغ البال، خوش حال، مجرد، اکیلا، اسم کیفیت مث: سبک باری/ بالی۔

سبک پا sa-buk-paa: (ف، صف) تیز، چالاک، تیز رفتار، بے وفا، ڈاک کا ہرکارہ، اسم کیفیت مث: سبک پائی۔

سبک پر sa-buk-par: (ف، صف) تیز اُڑنے والا، اسم کیفیت مث: سبک پری/ پردازی۔

سبک تاز sa-buk-taaz: (ف، صف) تیزی سے حملہ کرنے والا، تیز رفتار اسم کیفیت مث: سبک تازی۔

سبک دست sa-buk-dast: (ف، صف) تیز دست، تیز کام کرنے والا، چابک دست، کاریگر، اسم کیفیت مث: سبک دستی۔

سبک دوش sa-buk-do-sh: (ف، صف) جس کے پاس کچھ بوجھ نہ ہو ہلکا پھلکا، مجرد، بری الذمہ، فارغ، اسم کیفیت مث: سبک دوشی۔

سُبک رفتار / رُو sa-buk-ro/raf-taar: (ف، صف) تیز رفتار، تیز چلنے والا، اسم کیفیت مث: سبک رفتاری/ روی۔

سُبک رُوح sa-buk-ruuh: (فع، صف) مسرور، خوش، لطیف، مطمئن، اسم کیفیت مث: سبک روحی

سُبک سار sa-buk-saar: (ف، صف) فارغ البال، بے تعلق، بے وقار، کم قیمت، بے وقعت، اسم کیفیت مث: سبک ساری۔

سُبک سر sa-buk-sar: (ف، صف) کمینہ، اوچھا، بے حوصلہ، بے عزت، بے وقار، اسم کیفیت مث: سبک سری۔

سُبک سَیر sa-buk-sair: (ف، صف) تیز رفتار، تیز چلنے والا، اسم کیفیت مث: سبک سیری۔

سبک عنان sa-buk-(?)a-naan: (ف، صف) تیز چلنے والا (گھوڑا) یا (ہرکارہ) اسم کیفیت مث: سبک عنانی۔

سُبک گام sa-buk-gaam: (ف، صف) تیز رفتار، تیز قدم، اسم کیفیت مث: سبک گامی۔

سُبکنا su-buk-naa: (ا، مص) سسکی بھرنا، سسکنا۔

سُبکی sub-kii: (ا، مث) ہچکی، سسکی۔

سبل sa-bal: (ع، مذ) آنکھ کی ایک بیماری، موتیابند، اناج کی بال، بارش زمین پر گرنے سے پہلے۔

سبّل sab-bal: (ہ، مذ) آلہ نقب زنی۔

سبُو sa-buu: (ف، مذ) گھڑا، مٹکا، پیالہ، گلاس، تصغیر، مذ سبوچہ۔

سبوتاژ sa-bu-taaz: (انگ، مذ) Sabotage تخریب، شرارت، توڑ پھوڑ۔

سبوُس sa-buus: (ف، مذ) چوکر، بھوسی، سر کی خشکی۔

سبھا sa-bhaa: (ھ، مث) مجلس، انجمن، محفل، بزم، جماعت، جتھا، پنچایت، اکھاڑا، کونسل، انجمن مشاورت، صبح کا درشنی دربار، وہ جگہ جہاں لوگ عام طور پر جائیں۔

سُبھاؤ su-bhaa-o: (س، مذ) اچھی عادت، اچھا برتاؤ، خو، ڈھنگ۔

سبیل sa-biil: (ع، صف) رستہ، راہ، تدبیر، طریقہ، ذریعہ، وسیلہ، سبب، پانی، شربت، دودھ، برف جو محرم کے موقع پر لوگوں کو پلاتے ہیں۔ وہ جگہ جہاں پانی وغیرہ پلایا جائے۔

سبیل اللہ sa-bii-lul-laah: (ع، مذ) اللہ کا راستہ، خدا کو پانے کا ذریعہ۔

س - پ

سپاٹ sa-paaT: (ھ، مذ) ہموار، برابر، مسطح، صاف، سادہ، جس کے کنارے اونچے نہ ہوں، کپڑا وغیرہ۔

سپاٹا sa-paa-Taa: (ھ، مذ) جھپٹ، کود، چھلانگ، دوڑ، کوچ، سیر۔

سپارک sa-paark: (انگ، مث) Spark چنگاری، شعلہ۔

سپارہ si-paa-rah: (ف، مذ) سی پارہ / سیپارہ کا مخفف۔

سُپاری su-paa-ri(i): (ھ، مث) چھالیا، ڈلی، ایک درخت کا پھل جو بیر کے برابر اور انتہائی سخت ہوتا ہے۔ اُسے کتر کر پان کے ہمراہ چباتے ہیں۔

سپاس si-paas: (ف، مذ) شکر گزاری، شکریہ، تعریف، ثنا، مہربانی، عنایت۔

سپاس دار / گزار si-paas-daar/ gu-zaar: (ھ، صف) شکر گزار، مداح، تعریف کرنے والا، اسم کیفیت مث: سپاس داری / گزاری۔

سپاس نامہ si-paas naa-ma(h): (ف، مذ) وہ مضمون جس میں کسی اہم شخصیت کو خوش آمدید کہا جاتا ہے اور اس کی خدمات کو سراہا جاتا ہے۔

سپاہ si-paa(h): (ف، مث) فوج، لشکر، عسکر۔

سپاہ / سالار si-paah-sa-laar: (ف، مذ) فوج کا اعلیٰ افسر، جرنیل، اسم کیفیت مث: سپاہ داری / سالاری۔

سپاہ گری si-paah-gi-ri(i): (ف، مث) سپاہی کا کام / پیشہ۔

سپاہی si-paa-hi(i): (ف، مذ) فوجی آدمی، ملازم پولیس، چپراسی۔

سپاہیانہ si-paah-yaa-na(a): (ف، صف) سپاہی کی طرح۔

سپر si-par: (ف، مث) ڈھال، پھری، آڑ، روک، پناہ، حفاظت۔

سپر انداز si-par-an-daaz: (ف، صف) وہ جو سپر پھینک دے اور ہار مان لے، اسم کیفیت مث: سپر اندازی۔

سپر داری si-par-daa-ri(i): (ف، مث) حفاظت کرنا، بچانا (افعال: کرنا، لینا، دینا)

(ا) سپرٹ is-pi-riT: (انگ، مث) Spirit روح، جذبہ، شراب کی روح (ادویات اور جلانے کے کام آتی ہے۔)

سُپُرد si/u-purd: (ف، صف) کسی قبضہ میں دیا ہوا، کسی کے حوالے کیا ہوا، (مث) حوالہ، تحویل، رکھوالی، سپردگی (افعال: کرنا، ہونا)

سُپُردنامہ si/u-purd-naa-ma(h): (ف، مذ)

سپردگی کی تحریر۔

سُپردنی si/u-purd-ni(i): (ف، مث) وہ چیز جو قابل سپرد ہو۔

سُپرد داری si/u-purd daa-ri(i): (ف، مث) وہ چیز جو سپرد کی جائے، امانت۔

سُپُردہ si/u-pur-da(h): (ف، صف) سپرد کیا ہوا، حوالہ کیا ہوا، امانت میں رکھا ہوا، اسم کیفیت مث: سپردگی۔

سُپرنٹنڈنٹ su-parn-Tin-DenT: (انگ، مذ) مہتمم، سربراہ کار، ناظم، بعض محکموں میں افسر اعلیٰ، جیسے پولیس اور ڈاکخانہ کے محکمہ میں ضلع کا اعلیٰ انتظامی افسر Superintendent۔

اِسپرنگ si-pi-ring: (انگ، مذ) Spring، کمانی، لچک۔

سپروائیزر su-par-va-i-zar: (انگ، صف) Supereme اعلیٰ، سب سے بڑا، افضل، بہترین۔

سپلائی sap-laa-i(i): (انگ، مث) Supply فراہمی، بہم رسانی، رسد۔

سپند si-pand: (ف، مذ) کالا دانہ، حرمل۔

سپوت sa-puut: (ھ، مذ) فرمانبردار بیٹا، اچھا بیٹا۔

سپوتی sa-puu-ti(i): (ھ، مث) وہ عورت جو صاحب اولاد ہو۔

سپولا/سپولیا sap-yuu-laa/sa-puu-li-yaa: (ھ، مذ) سانپ کا چھوٹا بچہ۔

سپہ si-pah: (ف، مث) دیکھیے 'سپاہ' جس کا یہ مخفف ہے مع مرکبات ومحاورات، فوج۔

سپہر si-pahr: (ف، مذ) آسمان، فلک

سپھل su-phal: (س، صف) پھل والا، پھلا ہوا، ثمردار، نفع دینے والا، فائدہ مند، مفید، کامیاب، مبارک۔

سپیچ is-peech: (انگ، مث) speech تقریر، خطبہ، بیان۔

سپید sa-ped: (ف، صف) دیکھیے 'سفید' جو زیادہ مشہور ہے۔ مع مرکبات، اسم کیفیت مث: سپیدی

سپیدہ sa-pe-da(h): (ف، مذ) صبح صادق کی روشنی، سفید سفوف جو منہ پر لگاتے ہیں یا بچوں کی پر آشوب آنکھوں میں لگاتے ہیں۔

سپیڈ is-piiD/ispiiD: (انگ، مث) Speed رفتار، چال، تیزی۔

سپیرا sa-pe-raa: (ھ، مذ) سانپ پکڑنے والا اور تماشا دکھانے والا، مث: سپیرن۔

(ا) **سپیشل** is-pe-shal: (انگ، مذ) Special خاص، مخصوص۔

(ا) **سپیشلسٹ** is-pe-sha-lisT: (انگ، مذ) Specialist ماہر خصوصی، متخصص۔

(ا) **سپیکر** is-pii-kar: (انگ، مذ) Speaker تقریر کرنے والا، بولنے والا، مجلس قانون ساز کا صدر سربراہ/ نگراں۔

س۔ت

ست sat: (ھ، مذ) زور، بل، طاقت، دوا کا جوہر، سات کا مخفف، ایمان، دھرم، سچ، صحیح، پاکدامنی، پرہیزگاری، عصمت وعفت، مضبوطی، پختگی۔

ست جگ sat-jug: (ھ، مذ) ہندو عقیدے کے مطابق دنیا کی زندگی کے چار زمانوں میں سے سب سے پہلا اور بہترین زمانہ جس میں صداقت اور دیانت کا دور دورہ تھا۔

ست مانسا sat-maaN-saa: (ھ، صف) وہ بچہ جو حمل کے ساتویں مہینے پیدا ہو، حمل کے ساتویں

مہینے کی ایک رسم۔

ستّا sat-taa: (ار، مذ) گنجفہ یا تاش کا وہ پتا جس پر سات نشان بنے ہوتے ہیں۔ پانسے کے سات حصے، پچیسی کی وہ کوڑیاں جو چت پڑیں۔

سِتار si-taar: (ف، مذ) اصل سہ تار تھا، کیونکہ شروع میں اس میں تین تار ہوتے تھے۔ مگر اب تین کی قید نہیں، تار کا ساز جسے مضراب سے بجایا جاتا ہے۔ مشہور روایت کے مطابق امیر خسرو کی ایجاد ہے۔

سِتارنواز si-taar-na-vaaz: (ف، صف) ستار بجانے والا، اسم کیفیت مث: ستار بازی/نوازی۔

ستّار sat-taar: (ع، اسبالغہ) پردہ پوش، عیب چھپانے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

سِتارہ si-taa-rah: (ف، مذ) اُن کروں میں سے ایک جو رات کو آسمان پر قمقمہ کی طرح چمکتے نظر آتے ہیں۔ نجم، کوکب، طالع قسمت، سفید نشان جو گھوڑے کی پیشانی پر ہوتا ہے۔ اگر یہ نشان انگوٹھے کے نیچے آجائے تو ستارہ کہلاتا ہے اور منحوس خیال کیا جاتا ہے اگر اس سے بڑا ہو تو ستارہ نہیں کہلاتا۔ چاندی وغیرہ کا گول ٹکڑا جو جوتے پر لگاتے ہیں۔ بندوق کی ٹوپی کا گول اور سفید حصہ، ایک قسم کی آتش بازی، پنج یا شش پہلو نشان جو عموماً ہلال کی تصویر میں بناتے ہیں۔

سِتارہ بیں / داں si-taa-rah-biiN/daaN: (ف، صف) ستاروں کی چالوں سے آئندہ کے حالات کا اندازہ کرنے والا اسم کیفیت مث: ستارہ بینی/دانی۔

سِتارہ شناس si-taa-rah-sha-naas: (ف، صف) دیکھیے 'ستارہ بیں / داں' اسم کیفیت مث: ستارہ شناسی۔

سِتاری si-taa-rii: (ار، مث) دیکھیے 'ستار' جس کی یہ تصغیر ہے۔

سُتاری su-taa-rii: (ھ، مث) چماروں / موچیوں کے ایک اوزار کا نام جس سے چمڑے میں چھید کرتے ہیں۔

سِتاریا si-taa-ri-yaa: (ار، صف) ستار بجانے والا۔

ستاسی sa-taa-sii: (ار، اعدد) اسّی اور سات کا مجموعہ (87)

سِتاں si-taaN: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر ستاندن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لے لینے کے معنی دیتا ہے۔ جیسے جاں ستاں آستاں کا مخفف۔ رہنے کی جگہ، مقام۔

ستانا sa-taa-naa: (ار، مص) تکلیف دینا، رنج دینا، حیران کرنا، پیچھے پڑنا۔

ستّانوے sat-tan-vai: (ار، عدد) نوے اور سات کا مجموعہ، سو سے تین کم (97)

سِتاور si-taa-var: (ھ، مذ) ایک نباتی دوا جو موٹاپا لاتی ہے۔

ستّاون sat-ta-van: (ار، عدد) پچاس اور سات کا مجموعہ (57)

سُتاؤ su-taa-uu: (ھ، مذ) مانجھے کے سوتنے کا عمل

ستّائیس sat-taa-iis: (ار، اعدد) بیس اور سات کا مجموعہ (27)

ستائش sa-taa-ish: (ف، مث) تعریف، حمد، ثنا، سراہنا، تعریف کرنا، توصیف، شکر، سپاس۔

ستّر sa-tat-tar: (ار، اعدد) ستر اور سات کا مجموعہ (77)

ستر sa-tar: (ع، مذ) چھپانا، پردہ، پوشش، پوشیدگی، عورت یا مرد کے جسم کا وہ حصہ چھپانا شرعاً واجب ہو۔

ستر پوش sa-tar-posh: (عف، صف) وہ چیز یا کپڑا وغیرہ جس سے ستر چھپایا جائے، اسم کیفیت مث: ستر پوشی۔

سترہ sat-rah: (ع، مذ) لکڑی یا کوئی چیز جو نماز

پڑھتے وقت آگے رکھ لیتے ہیں۔ تاکہ آگے سے گزرنے والے کو رکاوٹ نہ ہو۔

ستر ھواں sat-tar-vaaN: (ار، عدد، ترکیبی) ترتیب میں سولہ کے بعد کا درجہ (سٹ) ستر ھویں

سُتلی sut-li(i): (ھ، مث) سن کی باریک رسی۔ اصطلاح صرافاں، بیس روپے۔

سِتَم si-tam: (ف، مذ) ظلم، جور، تعدی، جبر، زور، بےانصافی، ناحق، غضب، قیامت، بےجابات، اندھیر۔

ستم ایجاد si-tam ii-jaad: (ف، صف) ستم کی بنیاد ڈالنے والا، ظالم، کنایۃً معشوق۔

ستم زدہ si-tam-za-dah: (ف، صف) مظلوم

ستم شِعار si-tam shi(?)aar: (ف، صف) ظالم، جسے ظلم کرنے کی عادت ہو، اسم کیفیت مث: ستم شعاری۔

ستم ظریف si-tam za-riii: (ف، صف) وہ جو ظرافت کے پردے میں ظلم کرے، وہ جس کی ظرافت میں شوخی و شرارت ہو۔ اسم کیفیت مث: ستم ظریفی۔

ستم گر si-tam-gar: (ف، صف) ظالم، جفاکار، اسم کیفیت مث: ستم کیشی / گاری / گری / گستری

ستمبر si-tam-bar: (انگ، مذ) عیسوی سن کا نواں مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے۔ 23 تاریخ کو دن رات برابر ہوتے ہیں۔

ستنا sut-naa: (ھ، مص) دُبلا ہونا، پتلا ہونا، گڑھے پڑ جانا، لو چا جانا، کھنچنا، سمٹنا، لیٹنا، سونا، آرام کرنا۔

ستّو sat-tuu: (ھ، مذ) بھنے ہوئے جو کا آٹا، کسی بھنے ہوئے اناج کا آٹا۔

ستواں sut-vaaN: (ھ، صف) پتلی، نازک۔

ستوانا sut-vaa-naa: (ھ، مص) دیکھیے 'ستنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

سُتون su-tuun: (ف، مذ) کھمبا، چیل پایہ، منارہ، تھم، رکن۔

ستھرال sath-raal: (ھ، مذ) چٹائی، بستر۔

سُتھرا suth-raa: (ھ، صف) پاک، صاف، نفیس، خوبصورت، اچھا، اعلیٰ، سٹ: ستھری، اسم کیفیت مذ: ستھراپن۔

ستھرائی suth-raa-ii: (ھ، مث) صفائی، نفاست، طبیعت کی صفائی، خوش سلیقگی، جھاڑو۔

ستھیا sath-ya(a): (ھ، مذ) ایک نشان جو ہندو لوگ برکت کے لیے چیزوں اور آدمیوں پر لگاتے ہیں۔ عموماً سرخی سے بہی کے شروع میں اور فرش زمین پر شادی کے موقع پر بناتے ہیں۔

ستی sa-ti: (س، مث) اخیر، انجام، تباہی، دُنیا، تحفہ (ست کا مؤنث) نیک بیوی، وہ ہندو بیوہ جو اپنے خاوند کی لاش کے ساتھ اپنے آپ کو جلا دے۔ ستی کی قبر یا مقبرہ دو بحروں یا وزنوں کا نام۔ اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب، وفادار، باوفا۔

ستیاناس sat-yaa-naas: (ھ، مذ) تباہی، بربادی، ناس (افعال: جانا / کرنا / ہونا)

ستیز sa-tiiz: (ف، مذ) لڑائی، جنگ، فساد، جھگڑا

ستیزگر sa-tiiz-gar: (ف، صف) جھگڑالو، ضدی

ستیہ sat-ya(h): (س، صف) سچا، راست، صادق اصلی، حقیقی، وفادار، باوفا، تصدیق کیا ہوا (مذ) سچائی راستی، نیکی، پارسائی، سات سے اوپر کا لوک، چار یگوں میں سے پہلا یگ۔

س ۔ ٹ

سٹ saT: (ھ، متعلق فعل) فوراً، جلدی سے۔

سٹ saT: (ھ، مذ) اتحاد، لگاؤ، تعلق، سازش، تدبیر،

ڈھب، تعلق ناجائز۔

سٹا siT-Taa: (ھ، مذ) تحریری اقرار نامہ جس کی رو سے زراعتی پیداوار میں شرکت قائم ہوتی ہے۔ بیوپار کا سودا، ایک قسم کا جوا جس میں کسی بات کے متعلق حکم لگانے کی شرطیں بدی جاتی ہیں۔

سٹا بٹا saT-Ta baT-Taa: (ھ، مذ) خرید و فروخت، لین دین، سودا، سازش اتحاد (افعال: لڑانا)

سٹا / سٹے باز saT-Ta/saT-Te-baaz: (ھ، مذ) پیداوار پر شرط لگانے والا، جوا کھیلنے والا، فریبی، جھوٹا، اسم کیفیت مث: سٹا / سٹے بازی۔ (نوٹ) 'S' (س) سے شروع ہونے والے انگریزی الفاظ 'س' کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

(إ) سٹاک is-Taak: (انگ، مذ) Stock ذخیرہ، مال تجارت کا ذخیرہ، تجارتی کمپنی کا مشترکہ سرمایہ۔

سٹال is-Taal: (انگ، مذ) Stall بازار، منڈی یا میلے میں چھوٹی سی دکان۔

(إ) سٹامپ is-Taamp: (انگ، مذ) Stamp سرکاری ٹکٹ، مہر۔

سٹپٹانا saT-pa-Taa-na(a): (ار، مذ) گھبرا جانا، حیران ہونا، متعجب ہونا، پریشان ہونا، اوسان خطا ہونا، چھکے چھوٹنا، بے چین ہونا، بیقرار ہونا، جواب نہ بن پڑنا۔

(إ) سٹرائیک is-Ti-raa-ik: (انگ، مث) Strike احتجاج کے طور پر یا کوئی مطالبہ منوانے کے لیے کام بند کر دینا، ہڑتال، تالہ بندی۔

سٹر پٹر sa-Tar pa-Tar: (ھ، مث) متفرق کام، چھوٹا موٹا کام، معمولی باتیں، ذرا ذرا سی باتیں، ادھر ادھر (پھرنا) (افعال: کرنا)

(إ) سٹریچر is-Ti-re-char: (انگ، مذ) بیمار ڈولی، وہ تختہ جس پر بیمار کو ڈال کر یا لٹا کر کہیں لے جاتے ہیں۔

سٹک sa-Tak: (ھ، مث) چھوٹا پیچوان، چھریرے بدن کی عورت، ہلکی چھڑی، پتلا سانپ۔

سٹکنا sa-Tak-naa: (ھ، مص) چپکے سے چلا جانا، روپوش ہونا، کھسک جانا۔

سٹکنا su-Tak-naa: (ھ، مص) آواز کے ساتھ پینا، سڑکنا۔

سٹکنی sa-Tak-ni(i): (ھ، مث) دروازے کی بلی، چٹخنی۔

سٹنا saT-naa: (ھ، مص) سازش کرنا، مل جانا، جڑ جانا، چپک جانا، چھوڑنا، رسی وغیرہ کا جوڑ لگانا، گانٹھنا، پھینکنا۔

سٹھیانا / سٹھیا جانا saTh-yaa-na(a)/ jaa-na(a): (ار، محاورہ) بوڑھاپے کی وجہ سے حواس باختہ ہو جانا، عقل جاتی رہنا۔

سٹی siT-Tii: (ھ، مث) سمجھ، ہوش، عقل، حواس۔

س۔ج

سج saj: (ار، مث) شکل، وضع، انداز، آرائش، سجاوٹ

سج دھج saj-dhaj: (ار، مث) شان و شوکت، آن بان، بناؤ سنگھار، نمود و نمائش۔

سُجات suj-jaat: (ار، صف، ق) نیک ذات۔

سجادہ نشین saj-jaa-dah na-shiiN: (عف، صف) پیر یا مرشد کی گدی پر بیٹھنے والا، اسم کیفیت مث: سجادہ نشینی۔

سجانا sa-jaa-naa: (ھ، مص) آراستہ کرنا، ترتیب سے لگانا، سنگھار کرانا۔

سجاوٹ sa-jaa-vaT: (ھ، مث) آراستگی، آرائش،

زیبائش، بناؤ سنگھار۔

سجدہ saj-da(h): (ع، مذ) پیشانی زمین پر ٹیکنا، سر جھکانا، خدا کے آگے سر جھکانا، نماز کا ایک رُکن جس میں ماتھا ناک، کہنیاں گھٹنے اور پاؤں کی انگلیاں زمین پر لگتی ہیں۔ (افعال: کرنا، ہونا)

سجدہ گاہ saj-dah-gaah: (ع، مث) مصلی، جانماز، سجدہ کرنے کی جگہ، خاک شفا کی گول ٹکیا جس پر شیعہ ماتھا رکھ کر سجدہ کرتے ہیں۔

سجل sa-jal: (ہ، صف) آراستہ، عمدہ، نفیس، صاف

سجّل saj-jal: (ع، مذ) رجسٹر، عدالت کا حکم، تمسک، عدالتی مہر۔

سجن sa-jan: (ار، مذ) محبوب، پیارا، شوہر، دوست، رفیق مث: سجنی۔

سجود su-juud: (ع، ز) سجدہ کرنا، سجدہ، سجدہ کی جمع

سجھانا su-jhaa-naa: (ار، مص) آگاہ کرنا، جتانا، دکھانا، بتانا، ظاہر کرنا۔

سجی saj-ji(i): (ہ، مث) ایک قسم کے کھار کا نام جو کپڑے دھونے اور دواؤں میں کام آتا ہے۔

سجیلا sa-jii-laa: (ہ، صف) بنا ٹھنا، چھبیلا، بانکا، خوش وضع مث: سجیلی۔

سجّین sij-jiin: (ع، مذ) دوزخ کی ایک گھاٹی۔

س۔چ

سچ sach: (ار، صف) صحیح، درست، حق، ٹھیک، راست، واقعی، حقیقتاً (مث) صداقت، سچائی۔

سچ مچ sach-much: (ار، متعلق فعل) یقیناً، بالکل صحیح، ہو بہو (مچ تابع مہمل ہے)

سچا sach-chaa: (ار، صف) سچ بولنے والا، راست گو، راست باز، نیک کردار، درست، ٹھیک، کھرا، اصل، خالص، مث: سچی، اسم کیفیت مث: سچائی/مذ: سچاپن۔

سچلا sach-laa: (ار، صف ق) صداقت، سچائی۔

س۔ح

سحاب sa-haab: (ع، مذ) بادل، ابر، گھٹا۔

سحر sa-har: (ع، مث) صبح، فجر، تڑکا۔

سحر خیز sa-har Kez: (عف، صف) صبح سویرے اُٹھنے والا، صبح اُٹھنے کا عادی، اسم کیفیت مث: سحر خیزی۔

سحر گاہ sa-har-gaah: (عف، مث) صبح سویرے، علی الصباح۔

سحر si-har: (ع، مذ) جادو، ٹونا، افسوں، طلسم۔

سحر آفریں si-har aaf-riiN: (ف، مذ) جادوگر، اسم کیفیت مث: سحر آفرینی۔

سحر آمیز si-har aa-mez: (ف، صف) مرغوب، وہ جو مسحور کرے، اسم کیفیت، سحر آمیزی۔

سحر باز si-har-baaz: (ف، صف) افسوں گر، اسم کیفیت مث: سحر بازی۔

سحر بیاں/سحر البیان si-har-ba-yaaN/ sih-rul-ba-yaan: (ف، صف) فصیح و بلیغ، خوش تقریر، اسم کیفیت مث: سحر بیانی۔

سحر زدہ si-har za-dah: (عف، صف) وہ جس پر جادو کا اثر ہو گیا ہو اسم کیفیت مث: سحر زدگی۔

سحر ساز si-har-saaz: (عف، صف) جادوگر، اسم کیفیت مث: سحر سازی۔

سحر سامری si-har-saam-ri(i): (ع، مذ) وہ جادو جس کے ذریعے سامری نے بچھڑے کو بلایا تھا۔ سامری کا جادو، سخت جادو۔

سحر طراز si-har-ta-raaz: (عف،صف) جادوگر، اسم کیفیت۔مث: سحر طرازی۔

سحُور sa-huur: (ع،مث) سحری، سحر آگہی، روزہ رکھنے سے پہلے کھانے پینے کا وقت اور کھانا پینا۔

س۔خ

سخافت sa-Kaa-fat: (ع، مث) نحیف کا اسم کیفیت، ہلکی، بے عقلی۔

سخاوت / سخا sa-Kaa-vat/sa-Kaa: (ع،مث) فیاضی، بخشش، خیرات۔

سختؔ saKt: (ف،صف) کڑا، کرخت، سنگین، دشوار، نہایت، کیفیت مث: سختی۔

سختؔ جاں saKt jaaN: (ار،صف) جس کی جان مشکل سے نکلے۔طنزاً بے حیائی سے زندہ رہنے والا، نہایت جفاکش محنتی، اسم کیفیت مث: سخت جانی۔

سختؔ دل saKt dil: (ف،صف) سنگدل، بے رحم، بے مہر، اسم کیفیت مث: سخت دلی۔

سختؔ زُباں saKt zu-baaN: (ف،صف) بدزباں، اسم کیفیت مث: سخت زبانی۔

سختؔ کلام / گو saKt ka-laam/go: (ف،صف) دیکھیے 'سخت زباں' اسم کیفیت مث: سخت کلامی / گوئی۔

سخت گیر saKt giir: (ف،صف) ظالم، جو معمولی نقص پر بھی سخت سزا دے، سخت پکڑنے والا، اسم کیفیت مث: سخت گیری۔

سخت مزاج saKt mi-zaaj: (ف،صف) تند، غصیلا، اسم کیفیت مث: سخت مزاجی۔

سختی آنا saK-tii aa-na(a): (ار، محاورہ) سخت مصیبت ہونا۔

سُخن / سُخُن sa-Kun/su-Kan: (ف، مذ) کلام، بات چیت، گفتگو، زبان بولی، بات، فقرہ، شعر، نظم، اعتراض۔

سُخن آرا / پیرا su-Kan aa-raa/pai-ra(a): (ف،صف) فصیح، خوش گفتار، شیریں زبانی، شاعر، اسم کیفیت مث: سخن آرائی / پیرائی۔

سُخن آفریں su-Kan aaf-riiN: (ف،صف) فصیح، شیریں زبان، اسم کیفیت مث: سخن آفرینی۔

سُخن پرداز su-Kan par-daaz: (ف،صف) اپنی بات کی پچ کرنے والا، شاعر، اسم کیفیت مث: سخن پردازی، لسان، مقرر، لیکچرار کنایتہً۔

سُخن پرؤر su-Kan-par-var: (ف،صف) اپنی بات کی پچ کرنے والا، اسم کیفیت مث: سخن پروری۔

سُخن چیں su-Kan-chiin: (ف،صف) عیب جو، ادھر کی اُدھر لگانے والا، مخبر، لترا، اسم کیفیت مث: سخن چینی۔

سُخن دان su-Kan-daan: (ف،صف) فصیح، بلیغ، شاعر، مقرر، عالم، اسم کیفیت مث: سخن دانی۔

سُخن رس su-Kan-ras: (ف،صف) بات کی تہہ کو پہنچنے والا، جلد سمجھنے والا، ہوشیار، ذکی، شاعر، اسم کیفیت مث: سخن رسی۔

سُخن ساز su-Kan saaz: (ف، صف) وہ جو الفاظ کا استعمال اپنا مطلب نکالنے کے لیے کرے۔ دغاباز، مکار، فریبی، چرب زبان، اسم کیفیت مث: سخن سازی۔

سُخن سنج / سرا su-Kan-sanj: (ف،صف) مقرر، لسان، فصیح، بلیغ، خوش بیان، اسم کیفیت مث: سخن سنجی / سرائی۔

سُخن شناس su-Kan sha-naas: (ف،صف)

بات کی تہہ کو پہنچنے والا، قدر دان، فصیح، بلیغ، اسم کیفیت مث: سخن شناسی۔
سخن طراز su-Kan ta-raaz: (ف، صف) سخن آرا، شاعر، اسم کیفیت مث: سخن طرازی۔
سخن فروش su-Kan fa-rosh: (ف، صف) خوشامدی شاعر، اسم کیفیت مث: سخن فروشی۔
سخن فہم su-Kan fahm: (ف، صف) شعر یا بات سمجھنے والا، عاقل، اسم کیفیت مث: سخن فہمی۔
سخن کوتاہ su-Kan-ko-taah: (ف، متعلق، فعل) القصہ، قصہ کوتاہ، المختصر۔
سخن گستر su-Kan-gus-tar: (ف، صف) فصیح، بلیغ، شاعر، لفاظ، اسم کیفیت مث: سخن گستری
سخن گسترانہ su-Kan gus-ta-raa-na(h): (ف، صف) شاعرانہ، معترضانہ، چھیڑ چھاڑ۔
سخن گو su-Kan-go: (ف، صف) فصیح، خوش بیان شاعر، اسم کیفیت مث: سخن گوئی۔
سخن ور su-Kan-var: (ف، صف) دیکھئے سخن گو، اسم کیفیت مث: سخن وری۔
سخی sa-Kii: (ع، صف) فیاض، مخیر، فیض بخش، کریم، داتا، دھرماتما۔
سخیف sa-Kiif: (ع، صف) کم عقل، جلد باز، فضول، بیہودہ۔

س ۔ د

سدّ sadd: (ع، مذ) دیوار، روک، ممانعت، رکاوٹ، بند۔
سدِّ باب sad-de-baab: (ع، مذ) کسی بات کی قطعی ممانعت (افعال: کرنا، کردینا، ہوجانا، ہونا)
سدِّ راہ/رہ sad-de-raah/reh: (عف، صف) سدِّراہ (مث) مزاحمت، راستے کی روک (افعال: بن جانا، ہونا)
سدا sa-daa: (ہ، متعلق فعل) ہمیشہ، نت، دائم، مدام، آئے دن، برابر، لگاتار۔
سدا برت sa-daa-ba-rat: (ہ، مذ) لنگر، دائمی خیرات۔
سدابہار sa-daa-ba-haar: (ہ، صف) ہمیشہ سر سبز رہنے والا (پھول یا گھاس)
سدا سہاگن sa-daa su-haa-gan: (ہ، مث) ایک قسم کا پرندہ، کسبی، قحبہ، بھیرویں، راگنی جو ہر وقت گائی جاسکتی ہے۔
سُداب su-daab: (ف، مذ) طاقت، قوت، اسپند۔
سِدرہ sid-rah: (ع، مذ) بیری، ایک قسم کا درخت
سُدس suds: (ع، عدد کسری) چھٹا حصہ (1/6)
سُدّہ sud-dah: (ع، مذ) غلیظ مواد کی گانٹھ جو انتڑیوں یا رگوں میں پھنس جائے۔
سِدّھ siddh: (ہ، صف) کامل، مکمل، ماہر، عالم، فاضل۔
سُدھ sudh: (ہ، مث) حافظہ، یاد، ہوش، آگاہی، ہوشیاری، چوکسی، عقل، سمجھ۔
سُدھ بُدھ sudh budh: (ہ، مث) عقل و شعور، ہوش و خرد، خبر، آگاہی۔
سدھا si-dhaa: (ہ، صف، مذ) مانوس کیا گیا۔
سدھا سدھایا sa-dhaa sa-dhaa-yaa: (ہ، صف) قابو میں کیا ہوا، درست کیا ہوا۔
سُدھارنا su-dhaar-na(a): (ار، مص) سنوارنا، درست کرنا، اصلاح کرنا، عیب یا خرابی دور کرنا، سزا دینا، ٹھیک بنانا۔
سِدھارنا si-dhaar-na(a): (ار، مص) رخصت ہونا، جانا، وداع ہونا، انتقال کرنا، مرنا۔
سدھانا sa-dhaa-na(a): (ار، مص) سکھانا،

تربیت دینا، جانور کو، مانوس کرنا۔

سُدھرنا su-dhar-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'سدھارنا' جس کا یہ لازم ہے۔

سِدھنا sidh-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'سدھانا' جس کا یہ لازم ہے۔

سُدھنا sudh-na(a): (ار، مص) صاف ہونا، میل دور ہونا۔

سدی sa-di(i): (ہ، ث) چڑھتے چاند کا وقت، قمری مہینے کا پہلا حصہ۔

سُدیش su-desh: (ہ، مذ) ملک، وطن۔

سُدیشی su-de-shii: (ہ، ث) دیسی، ملکی۔

س۔ڈ

سڈول sa-Dol: (ہ، صف) خوش وضع، خوبصورت، خوش نما، متناسب، زیبا۔

سڈھال sa-Dhaal: (ہ، صف) سڈول، خوش وضع۔

س۔ر

سر sar: (ف، مذ) کھوپڑی، کسی چیز کا اوپر کا حصہ، چوٹی، فکر، سردار، خواہش، ارادہ، کنارہ، عنوان، دماغ، برابر، بالکل۔

سرآغاز sa-re-aa-Gaaz: (ف، مذ) عبارت کی پیشانی، عنوان۔

سرآمد sa-re-aa-mad: (ف، صف) برگزیدہ، برتر، حاکم، سردار۔

سرفراز sar-fa-raaz: (ف، صف) معزز، عالی مرتبہ، اسم کیفیت مث: سرافرازی/افرازی۔

سرانجام sar-an-jaam: (ف، صف) انتظام، بندوبست، تکمیل، نتیجہ، خاتمہ۔

سرِبار sar-baar: (ف، مذ) (دفتر کی اصطلاح) وہ رقم جو قابل محصول چیزوں کا حساب پیش نہ کرنے پر بطور جرمانہ وصول کی جائے، جرمانہ۔

سرِبازار sa-re-baa-zaar: (ف، مذ) بازار میں، منظر عام پر، سب کے سامنے۔

سرِبالیں sa-re-baa-liiN: (ف، مذ) سرہانے۔

سرِبام sa-re-baam: (ف، مذ) کوٹھے یا بالا خانے پر، لب بام۔

سربرآوردہ sar-bar-aa-var-dah: (ف، صف) بڑا، بزرگ، معزز، نمایاں، سردار، افسر۔

سربراہ sar-ba-raah: (ف، صف) منتظم، مہتمم، اسم کیفیت مث: سربراہی۔

سربرہنہ sar-bar-ha-na(h): (ف، صف) ننگے سر۔

سربریدہ sar-bu-rii-da(h): (ف، صف) سر کٹا ہوا۔

سربزانو sar-ba-zaa-nuu: (ف، صف) سر زانو پر رکھے ہوئے، سوچ میں، متفکر، نادم، شرمندہ۔

سربستہ sar-bas-ta(h): (ف، صف) ملفوف، چھپا ہوا، پوشیدہ، اسم کیفیت مث: سربستگی۔

سربسر sar-ba-sar: (ف، متعلق فعل) سراسر، اس سرے سے اُس سرے تک، کل، تمام، یکساں۔

سربہ فلک sar-bah-fa-lak: (ف، صف) بہت اونچا، اونچی۔

سربکف sar-ba-kaf: (ف، صف) سر ہتھیلی پر رکھے ہوئے، جان دینے پر آمادہ۔

سربگریباں sar-ba-ga-rii-baaN: (ف، صف) سوچ بچار کے حالت میں، نادم شرمندہ۔

سربلند sar-bu-land: (ف، صف) معزز، عالی مرتبہ،

ممتاز، سرفراز، اسم کیفیت مث: سربلندی۔

سربمُہر sar-ba-mu-har: (ف، صف) بند کر کے مہر لگایا ہوا، جسے سیل کر دیا گیا ہو۔

سربند sar-band: (ف، صف) منہ بند، پیک کیا ہوا، ڈھکنا بند کیا ہوا، منہ سیا ہوا۔

سر پاؤں sar-paa-auN: (ف، مذ ق) سراپا، خلعت، لباس۔

سرِ پستان sa-re-pis-taan: (ف، مذ) چھاتی کی گھنڈی، چھاتی کا منہ، چوچی۔

سرپوش sar-posh: (ف، مذ) وہ کپڑا جو کھانے وغیرہ پر ڈالتے ہیں۔ ڈھکنا، چپنی۔

سرپیچ sar-pech: (ف، مذ) پگڑی کے اوپر کا چھوٹا سا ٹکڑا یا کپڑا، ایک قسم کا زیور، جو پگڑی پر باندھتے ہیں۔

سرتابی ar-taa-bii: (ف، مث) سرکشی، نافرمانی، حکم عدولی۔

سرتاپا sar-taa-paa: (ف، متعلق فعل) سر سے پاؤں تک، اول سے آخر تک۔

سرتاج sar-taaj: (ف، مذ) آقا، مالک، خاوند، شوہر۔

سرتاقدم sar-taa-qa-dam: (ف، متعلق فعل) سر سے پاؤں تک، پورے کا پورا۔

سرچشمہ sar-chash-ma(h): (ف، مذ) منبع، پانی نکلنے کی جگہ۔

سرچنگ sar-chang: (ف، مث) ہاتھ کی ضرب جو پورے زور سے ماری جائے۔

سرحد sar-had: (ف، مث) حد فاصل، کنارہ، انتہا۔

سرخط sar-Kat: (ف، مذ) بیع نامہ، اقرار نامہ۔

سرخوش sar-Kush: (ف، صف) خوش حال، مسرور، مگن، شراب سے مست، اسم کیفیت مث: سرخوشی۔

سرخیل sar-Kel: (ف، صف) سرکردہ، سرغنہ، افسر

سردار sar-daar: (ف، مذ) سرکردہ، سرغنہ، افسر، اسم کیفیت مث: سرداری۔

سرِدستُ sa-re-dast: (ف، متعلق فعل) ابھی، اس وقت، فی الحال، بالفعل، فوراً۔

سرِراہ sa-re-raah: (ف، مذ) راہ میں، سڑک پر، رستے میں۔

سررشتہ sar-rish-tah: (ف، مذ) تدبیر، چارۂ کار، معاملہ، مطلب، مقصود، محکمہ، دفتر، کچہری، دستور، رواج۔

سرزد ہونا sar-zad-ho-na(a): (ار، مص وصفی) واقع ہونا، صادر ہونا، ظاہر ہونا، عمل میں آنا۔

سرزمین sar-za-miin: (ف، مث) خطہ، ملک، زمین کی سطح۔

سرزنش sar-za-nish: (ف، مث) ملامت، برا بھلا کہنا۔

سرزور sar-zor: (ف، صف) سرکش، نافرمان، باغی، بٹیلا، اسم کیفیت مث: سرزوری۔

سرسبز sar-sabz: (ف، صف) تروتازہ، ہرا بھرا، شاداب، خوشحال، خوش و خرم، کامیاب، فتح مند (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: سرسبزی۔

سرشار sar-shaar: (ف، صف) نشے میں چور، لبریز، چھلکتا ہوا، اسم کیفیت مث: سرشاری۔

سرِشام sa-re-shaam: (ف، متعلق فعل) شام ہوتے وقت، سورج چھپتے وقت۔

سرغنہ sar-Ga-nah: (ف، صف) سرکردہ، سردار

سرفروش sar-fa-rosh: (ف، صف) جاں باز، دلیر، اسم کیفیت مث: سرفروشی۔

سرکردہ sar-kar-dah: (ف، صف) ممتاز، معزز، نمایاں، حاکم، اسم کیفیت: سرکردگی۔

سرکرنا/ہونا sar-kar-naa: (ار، محاورہ) فتح کرنا/

ہونا، زبردستی دینا/ماننا، بندوق چلانا/چلنا۔ داغنا/دغنا، گنجفے یا تاش میں بڑا پتا ڈال کر پتے اٹھانا/اٹھنا۔

سرکش sar-kash: (ف، صف) نافرمان، باغی، مغرور، بے وفا، اسم کیفیت مث: سرکشی۔

سرکوبی sar-ko-bii: (ف،صف) سر کچلنا، سزا دینا (انفعال: کرنا، ہونا)

سرگزشت sar-gu-zasht: (ف، مث) ماجرا، واردات، کیفیت، مکمل احوال، قصہ، داستاں، حکایت، سوانح عمری۔

سرگراں sar-gi-raaN: (ف، صف) خفا، ناراض، اسم کیفیت مث: سرگرانی۔

سرگرداں sar-gar-daaN: (ف، صف) حیران و پریشان، آوارہ، اسم کیفیت مث: سرگردانی۔

سرگرم sar-garm: (ف، صف) مستعد، پرجوش، محنتی، کوشش کرنے والا، اسم کیفیت مث: سرگرمی۔

سرگشتہ sar-gash-tah: (ف، صف) حیراں، بھٹکا ہوا، اسم کیفیت مث: سرگشتگی۔

سرگوشی sar-go-shi(i): (ف، مذ) کاناپھوسی، کان میں بات کہنا، چغلی، غیبت۔

سرمحفل sa-re-meh-fil: (ف، متعلق فعل) مجلس کے روبرو، سب کے سامنے۔

سرمست sar-mast: (ف، صف) متوالا، نشے میں چور، اسم کیفیت مث: سرمستی۔

سرمغزی sar-maG-zii: (ف، مث) بک بک، مغززنی۔

سرمو sa-re-muu: (ف، مذ) بال کی نوک کے برابر، ذراسا، رائی برابر۔

سرنامہ sar-na-ma(h): (ف، صف) خط کی پیشانی، مکتوب الیہ کا پتہ اور نشان جو خط پر لکھا جائے۔

سرنگوں sar-ni-guuN: (ف، صف) سر کے بل، اوندھا، شرمندہ، خجل۔

سرنوشت sar-na-visht: (ف، مث) تقدیر کا لکھا، کرم ریکھا، مقسوم تقدیر، نصیب۔

سروپا sa-ro-paa: (ف، متعلق فعل) سر سے پاؤں تک، خلعت۔

سرورق sa-re-varq: (ف، مذ) کتاب کا پہلا ورق، ٹائٹل پیج، جس پر کتاب کا نام وغیرہ ہوتا ہے۔

سروساماں sa-ro-saa-maan: (ف، مذ) ضروری اسباب، لوازمات۔

سروکار sa-ro-kaar: (ف، مذ) واسطہ، تعلق، غرض، مطلب، رجحان، جھکاؤ، خواہش، میل (انفعال: رکھنا، ہونا، رہنا)

سر sar: (ار، مذ) تاش یا گنجفے کا پتا جو کھیلا جائے، دو تین یا چار پتے جو جیتنے والا لے جائے، مرتبے میں بڑا پتا، مثلاً اکا، بادشاہ۔

سر بنانا sar-ba-naa-naa: (ار، محاورہ) پتے جیت کر لے جانا۔

سر چلنا sar-chal-na(a): (ار، محاورہ) تاش یا گنجفے کا پتا کھیلنا۔

سر sar: (انگ، مذ) Sir بڑوں سے خطاب، جناب، حضور۔

سِر sir: (ہ، مذ) سر، سیس، کھوپڑی، چوٹی، ذمہ، مالک، آقا، سردار، ابتدا، شروع، اگر محاورات میں 'سر' بفتحہ اوّل پڑھا جائے تو بھی صحیح ہے۔

سر آنکھوں پر/سے sar-aaN-khauN par/se: (ار، متعلق فعل) دل وجان سے بڑی خوشی سے برضامندی یا اتفاق رائے ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

سر پاؤں/اپر sar-paa-auN: (ار، مذ) ابتدا، اتا پتا، ٹھکانا۔

سر پر sar-par: (ار، متعلق فعل) بہت قریب، بہت نزدیک، ذمّہ، سر کے اُوپر، بالائے سر۔

سرپنچ sar-panch: (ار، محاورہ) پنچایت کا سربراہ، پنچوں کا سردار۔

سرپھٹول sar-phuT-Tol: (ار، مث) سر پھوٹنا، لڑائی، جھگڑا۔

سرپھرا sar-phi-ral: (ار، صف) خبطی، پاگل۔

سرچڑھا sar-cha-Rhaa: (ار، صف) منہ لگا، گستاخ، بےادب، مث: سرچڑھی۔

سرڈوب sar-Duub: (ار، صف) سر سے اونچا پانی، اتنا گہرا کہ سر ڈوب جائے، شرابور۔

سر سے پاؤں تک sar-se-paa-auN tak: (ار، متعلق فعل) شروع سے آخیر تک، نیچے سے اوپر تک۔

سر کے بل sar-ke-bal: (ار، متعلق فعل) سر کے سہارے، سر کی طرف سے، ادب کے ساتھ، تعظیم کناں، (افعال: جانا، چلنا، گرنا)

سر ماتھے پر sar-ma-the-par: (ار، متعلق فعل) بسر و چشم۔

سرمنڈی sar-mun-Dii: (ہ، مث) وہ عورت جس کا سر منڈا ہوا ہو۔

سر نہ پاؤں sar-na-paa-auN: (ار، متعلق فعل) آغاز نہ انجام، بے ترتیب۔

سُر sur: (ہ، مذ) وہ ہوا جو نتھنوں سے نکلے، وہ آواز جو ناک سے سانس لینے سے نکلتی ہے۔ (علم موسیقی کی اصطلاح) آواز، الحان، آہنگ، کسی نغمہ یا راگ کی اکائی یا بنیادی عنصر جس سے راگ ترتیب دیا جاتا ہے۔ گنجفہ کی اصطلاح میں بازی کا آغاز۔

سُر بدیا sur-bad-ya: (ہ، مذ) گانے کا علم، علم موسیقی۔

سرا sa-raa: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر سرائیدن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور گانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً نغمہ سرا۔

سرا sa-raa: (ف، مث) گھر، مکان، حویلی، مسافر خانہ، مہمان خانہ۔

سراپردہ sa-ra-par-dah: (ف، مذ) اونچی قنات جو ڈیرے کے آس پاس لگاتے ہیں اور جو دیوار کی طرح پردے کا کام دیتی ہے۔ بارگاہ شاہی، گھر کا پردہ، ڈیرہ، خیمہ۔

سراچہ sa-raa-chah: (ف، مذ) چھوٹا خیمہ، چھوٹا مکان، محل سرا۔

سراب sa-raab: (ہ، مذ) ریتلی زمین کی وہ چمک جس پر چاند سورج کی چمک سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے۔

سراپ sa-raap: (ہ، مذ) بددعا، کوسنا۔

سراپا sa-raa-paa: (ف، مذ) تمام بدن سر سے پاؤں تک، وہ نظم جس میں سر سے پاؤں تک ہر عضو کی تعریف کی گئی ہو، حلیہ، پورا خلعت۔

سِراج si-raj: (ع، مذ) چراغ، شمع۔

سرّاج sar-raaj: (ع، مذ) زین ساز، زین فروش۔

سرادھ sa-raadh: (ہ، مذ) ہندوؤں میں مرے ہوئے کے نام کھانا دینے کی سالانہ رسم۔

سراسر sa-raa-sar: (ف، صف) تمام، کل، اس سرے سے اُس سرے تک۔

سراسری sa-ra-sa-rii: (ف، صف) رواروی، سرسری (ار، مث) ماتھے کا ایک زیور (متعلق فعل) جلدی سے، چلتے چلتے، مختصراً۔

سراسیمہ sa-raa-sii-ma(h): (ف، صف) ہکا بکا، حیران و پریشان، گھبرایا ہوا، بے قرار، اسم کیفیت

مث: سراسیمگی۔

سُراغ su-raaG: (ف، مذ) کھوج، پاؤں کا نشان، پتا، نشان، تلاش (افعال: پانا، لینا، لگانا)

سُراغ رساں su-raaG ra-saaN: (ف، صف) سراغ یا کھوج لگانے والا، پتہ لگانے والا، جاسوس، کھوجی، اسم کیفیت مث: سراغ رسانی۔

سراہنا sa-raah-na(a): (ار، مص) سراہنا، تعریف کرنا۔

سرائے فانی sa-raa-e-faa-ni(i): (فع، مث) فنا ہونے والا گھر، دُنیا۔

سرایت sa-raa-yat: (ع، مث) تاثیر کرنا، سماجانا، نفوذ کرنا، (افعال: کرنا، ہونا)

سُرب surb: (ف، مذ) سکہ، سیسہ، ایک سیاہ رنگ کی نرم دھات۔

سربند sar-band: (ار، مث) دستار، پگڑی۔

سرپ sa-rap: (س، مذ) سانپ، کینہ رکھنے والا۔

سرپٹ sar-paT: (ہ، مث) تیز دوڑ، تیز پڑھنا لکھنا (افعال: بھاگنا، دوڑنا، پھینکنا)

سرپھوکا sar-phuu-kaa: (ہ، مذ) ایک قسم کی گھاس جو مصفّی خون ہے۔

سُرت surt: (ہ، مث) ہوش، دھیان، خیال، ہوشیاری یادداشت، یاد، شعور، عقل، سمجھ، صورت (افعال: آنا، اُٹھانا)

سُرتا sur-taa: (ہ، صف) ہوشیار، چوکس، باخبر، ذہین، عقلمند، دانا۔

سُرتی sur-tii: (ہ، مث) تمباکو کا بُرادہ، دانائی، ذہانت، دید۔ (موسیقی) چھوٹا سُر۔

سرج sarj: (ع، مذ) زین، کاٹھی۔

سرجری sar-ja-rii: (انگ، مث) Surgery جراحی، چیر پھاڑ۔

سرجن ser-jan: (انگ، صف) Surgeon ماہر جراحی، جراح۔

سرچارج sar-chaarj: (انگ، مذ) Surcharge زائد رقم، مزید رقم کا بار، بجلی کی فاضل رقم

سُرخ surK: (ف، صف) لال، احمر، گھونگچی، رتی بھر، ماشے کا آٹھواں حصہ۔

سُرخ باد surK-baad: (ف، مذ) ایک بیماری جس میں سارے بدن پر لال لال نشان پڑ جاتے ہیں۔

سُرخ بید surK-bed: (ف، مذ) ایک درخت جسے بید مجنوں بھی کہتے ہیں۔

سُرخ رُو surK-ruu: (ف، صف) کامیاب، عزت و آبرو حاصل کرنے والا، سرخ چہرے والا (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: سرخ روئی۔

سُرخ فیتہ surK fii-taa: (ف، مذ) دفتری طوالت، ضابطہ پرستی انگریزی اصطلاح Red Tapism کا ترجمہ۔

سُرخ وسفید surK-o-sa-fed: (ف، صف) وہ جس میں سفیدی کے ساتھ سرخی ملی ہو، تندرست موٹا تازہ، حسین (افعال: کرنا، ہونا)

سُرخا/سرخہ sur-Ka(h): (ف، مذ) سرخ رنگ، سرخ کبوتر، کنایۃً کمیونسٹ، اشتراکی، کیونکہ اُن کا نشان سرخ ہوتا ہے۔

سُرخاب sur-Kaab: (ف، مذ) چکوا چکوی، ایک آبی پرندہ۔

سُرخی sur-Kii: (ف، مث) لال رنگت، کٹی ہوئی اینٹیں، عنوان، جلی عبارت، چہرے ہونٹوں یا ناخنوں کو لگانے کا سرخ رنگ۔

سُرخی مائل su-Kii maa-il: (فع، صف) لالی

لیے ہوئے، کوئی ایسا رنگ جس میں سرخی جھلکتی ہو۔

سرد sard: (ف، صف) ٹھنڈا، بے جان، بے رونق، سست، ڈھیلا، مدھم۔

سرد بازاری sard baa-zaa-rii: (ف، مذ) مندا، کسی چیز کی مانگ نہ ہونا، قیمت یکایک گر جانا۔

سرد جنگ sard-jang: (ف، مذ) سیاسی جنگ، زبانی جنگ، وہ جنگ جو بغیر اسلحہ کے لڑی جائے، ایک دوسرے کے خلاف پراپیگنڈا Cold war کا ترجمہ۔

سرد مزاج sard mi-zaaj: (فع، صف) ٹھنڈی طبیعت والا، مردہ دل، سست، افسردہ خاطر، اسم کیفیت مث: سرد مزاجی۔

سرد مہر sard me-har: (فع، صف) بے مروت، بے وفا، ظالم، سخت دل، بے رحم، اسم کیفیت مث: سرد مہری۔

سرد و گرم sar-do-garm: (ف، مذ) اونچ نیچ، نشیب و فراز، انقلاب زمانہ۔

سرداب / سردابہ sar-daab: (ف، مذ) سرد خانہ، تہ خانہ۔

سردل sar-dal: (ار، مث) چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی، جس میں کواڑ کی چول ہوتی ہے۔

سردہ sar-dah: (ف، مذ) ایک قسم کا بڑا خربوزہ۔

سردئی sar-di(i): (ار، صف) سردے کے رنگ کا، ہلکا سبز رنگ، سبزی مائل زرد رنگ۔

سردی sar-dii: (ف، مث) ٹھنڈ، خنکی، جاڑا، موسم سرما، (افعال: پڑنا) بخار کی کپکپی (افعال: پہنچنا، چڑھنا، دینا) سرد مہری۔

سُرسا sur-saa: (ہ، مذ) تیز کیل یا میخ جو اکثر تختوں میں ٹھونکتے ہیں۔

سرساہی sar-saa-hi(i): (ہ، مث) زمین کا ایک ناپ، ایک مربع کرم۔

سرستی sa-rus-sa-ti(i): (ہ، مث) سرسوتی، راگ، علم، ہنر اور زبان کی دیوی۔

سرسٹھ sar-saTh: (ہ، اعد) ساٹھ اور سات کا مجموعہ (67)

سرسر sar-sar: (ہ، مث) کسی رینگتے ہوئے جانور کی آواز، سائیں سائیں کی آواز۔

سرسراہٹ / سرسراٹ sar-sa-raa-haT: (ہ، مث) کیڑے کے رینگنے کی آواز، ہوا کے چلنے سے پتوں کے ہلنے کی آواز۔

سرسرانا sar-sa-raa-na(a): (ار، مص) رینگنا، جوں یا چیونٹی وغیرہ کا بدن پر چلنا۔

سرسری sar-sa-rii: (ف، مث) دیکھیے 'سراسری مع مرکبات و محاورات'

سُرسُری sur-su-rii: (ہ، مث) ایک سرخ کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے۔

سُر سنگار sur-sin-gaar: (ہ، مذ) ایک باجے کا نام۔

سرسوں sar-sauN: (ار، مث) ایک پودا اور اُس کا بیج جس کا تیل نکالتے ہیں جسے کڑوا تیل کہتے ہیں۔

سرشت sa-risht: (ف، مث) طبیعت، خو، سبھاؤ، سیرت جبلت، خصلت، عادت، مزاج، ترکیب، آمیزش، خلقت، پیدائش۔

سرشتہ sa-rish-ta(h): (ف، صف) گوندھا ہوا نیز دیکھیے 'سررشتہ (جس کا یہ مخفف ہے) مع مرکبات۔

سرشک sa-rashk: (ف، مذ) قطرہ، آنسو، اشک

سرطان sar-taan: (ف، مذ) کیکڑا، ایک آبی کیڑا، ایک برج کا نام جو بہت سے ستارے ملنے سے کیکڑے کی شکل بن جاتا ہے۔ ایک نہایت تکلیف دہ

اور مہلک پھوڑا ایک بیماری جو مویشیوں کے پاؤں میں ہوتی ہے۔

سُرعت sur-(?)at: (ع مث) جلدی، تیزی، پھرتی۔

سُرعتِ اِنزال sur-(?)at-e-in-zaal: (ع، مذ، بترکیب فارسی) مردوں کی ایک بیماری جس میں انزال بہت جلد ہو جاتا ہے۔

سُرفہ sur-fah: (ف، مذ) کھانسی۔

سرقہ sar-qah: (ع، مذ) چوری (افعال: کرنا، ہونا)

سرکار sar-kaar: (ف، مث) حکومت، سلطنت، گورنمنٹ، دربار شاہی، عدالت، سردار، حاکم، مالک، آقا، کسی رئیس کی ریاست، صوبہ کا ایک حصہ، منتظم، سربراہ کار۔

سرکاری sar-kaa-rii: (ار، صف) دیکھیے 'سرکار' جس سے یہ منسوب ہے۔ حکومت سے متعلق۔

سرکانا sar-kaa-naa: (ار، مص) ہٹانا، ایک طرف کرنا، کام ملتوی کرنا، کام کی تاریخ، کسی کا مال چپکے سے کسی کو دے دینا۔

سرکنا sa-rak-naa: (ار، مص) دیکھیے 'سرکانا' جس کا یہ لازم ہے۔

سرکٹ sar-kiT: (انگ، مذ) Circuit چکر، دور ججوں کا کسی جگہ مقدمات سننے کے لیے جانا۔

سرکٹ ہاؤس sar-kiT-haa-us: (انگ، مذ) وہ مکان جہاں جج صاحبان جا کر ٹھہرتے ہیں اور اعلیٰ حکام بھی قیام کرتے ہیں۔

سرکنڈا sar-kan-Daa: (ہ، مذ) سرکنڈا، ایک جنگلی پودا۔

سرکل sar-kil: (انگ، مذ) Circle دائرہ، کنڈل، حلقہ، احاطہ، صوبہ، علاقہ جو کسی افسر کے ماتحت ہو۔

سرکلر sar-ku-lar: (انگ، مذ) گشتی چٹھی یا حکم، وہ حکم جو جا بجا ہدایات لکھ کر بھیجا جائے۔ Circular

سِرکہ sir-ka(h): (ف، مذ) گنے یا انگور کا شیرہ یا رس جسے سڑا کر خمیر اٹھاتے ہیں۔ (افعال: اُٹھانا، اُٹھنا)

سِرکی sir-kii: (ہ، مث) ایک گھاس کا ڈنٹھل جس کی چق یا ل یا سوپ بناتے ہیں۔

سُرَگ su-rag: (ہ، مذ) راجا اندر کا باغ، بہشت، جنت، آسمان، فلک، آکاش۔

سَرگم sar-gam: (ہ، مذ) راگ کا سُر، ساتوں سروں کا مجموعہ۔

سرگُن sar-gun: (ہ، مذ) تمام خاصیتیں، ذات باری تعالیٰ کی صفات، اوصاف الٰہی صف، تمام خاصیتوں والا، خدا۔

سرما sar-maa: (ف، مذ) سردی کا موسم، زمستان، جاڑا، صفت نسبتی: سرمائی۔

سرمایہ sar-maa-ya(h): (ف، مذ) پونجی، مایہ، اصل، مول۔

سرمایہ دار sar-maa-yah-daar: (ف، مذ) امیر آدمی، ساہوکار، اسم کیفیت مث: سرمایہ داری۔

سرمایہ کاری sar-maa-yah-kaa-rii: (عف، مث) کسی کاروبار میں سرمایہ لگانا، انگریزی لفظ (Capitalism) کا ترجمہ۔

سرمد sar-mad: (ع، صف) ہمیشہ، دائم۔

سرمدی sar-ma-dii: (ع، صف) دائمی، ہمیشہ کا۔

سرمگین sur-ma-giin: (ف، صف) سرمہ آگیں کا مخفف، سرمہ لگا ہوا۔

سُرمہ sur-ma(h): (ف، مذ) ایک سیاہ رنگ کا پتھر جسے پیس کر آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ یہ پانی سے 67-60 گنا بھاری ہے۔ اس کے کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے۔ انجن (صف) بہت باریک۔

سُرمہ آگیں / آلود sur-mah aa-giiN/ aa-luud: (ف، صف) سرمہ لگی ہوئی۔

سُرمہ دانی sur-mah-daa-nii: (ف، مث) سرمہ رکھنے کی ڈبیاں۔

سُرنا sur-naa: (ف، مذ) نفیری جو روشن وکی کے ساتھ بجتی ہے۔

سُرنگ su-rang: (ار، صف) زمین دوز راستہ، نقب، سوراخ، زمین، وہ زمین دوز نالی جس میں بارود بھر کر دشمنوں کو پہاڑ یا قلعے کی دیوار وغیرہ کو اڑا دیتے ہیں۔ سرخ گھوڑا، ایسا گھوڑا جس کی دُم اور ایال کے بال سرخ ہوں۔

سرْو sarv: (ف، مذ) ایک مشہور درخت جو سیدھا مخروطی شکل کا ہوتا ہے۔ خوشنمائی کی وجہ سے معشوق کے قد کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں۔

سرْو آزاد sarv aa-zaad: (ف، مذ) ایک شاخ کا بالکل سیدھا سرو جس کی شاخیں سیدھی ہوں۔ اس میں پھل نہیں آتا۔

سرْو اندام sarv an-daam: (ف، صف) وہ جس کا بدن سرو کی طرح سڈول اور سیدھا ہو، اسم کیفیت مث: سرواندامی۔

سرْو بالا / بلند sarv-baa-laa: (ف، صف) سیدھے قد والا، مجازاً معشوق۔

سرْو چراغاں sarv-cha-raa-GaaN: (ف، مذ) سرو کی مانند جھاڑ جو محفلوں میں روشن کیا جاتا ہے۔ کھمبا جس پر قمقمے لگا دیتے ہیں۔

سرْو سہی sarv sa-hii: (ف، صف) دوشاخہ سرو جس کی شاخیں سیدھی اُوپر کو گئی ہوں۔

سرْو قد sarv-qad: (ف، صف) سرو جیسے سیدھے قد والا، خوش قامت، سیدھا کھڑا۔

سرْواہال sar-vaa-haal: (ہ، مذ) وارث، ساز وسامان۔

سرُوپ su-ruup: (ہ، مذ) شکل، صورت، شباہت، نظارہ، ضروری، خاصیت، قدرت۔

سروتا sa-ro-taa: (ار، مذ) چھالیا یا گنڈیریاں کاٹنے کا اوزار۔

سروج sa-roj: (س، مذ) (جھیل کا بیٹا) کنول، نیلوفر۔

سرود sa-rod: (ف، مذ) نغمہ، گیت، راگ، ایک قسم کا باجا۔

سرْوَر sar-var: (ف، مذ) سردار، امیر، حاکم، بادشاہ اسم کیفیت مث: سروری۔

سرُوْر su-ruur: (ع، مذ) خوشی، فرحت، ہلکا سا نشہ۔

سرْوِس sar-vis: (انگ، مث) Service خدمت، فرض منصبی، فریضہ، ملازمت، نوکری، نماز، پوجا پاٹ (والی بال میں) گیند پھینکنا، گیند کو پہلی دفعہ پھینکنا جس سے کھیل شروع ہوتا ہے۔

سرْوِس بک sar-vis-buk: (انگ، مث) Service Book وہ رجسٹر جس میں ملازم کے چال چلن اور کارگزاری کے بارے میں اندراجات کیے جائیں۔

سروش sa-rosh: (ف، مذ) آوازِ غیب، الہام، پیام الٰہی لانے والا فرشتہ۔

سروہی sa-ro-hii: (ہ، مث) ایک قسم کی خمدار تلوار۔

سرْوے sar-ve: (انگ، مذ) Survey جائزہ۔ پیمائش، ناپ۔

سرہانا sar-haa-naa: (ہ، مذ) سر رکھنے کی جگہ، بالیں، تکیہ پائنتی کی ضد۔

سرہنگ sar-hang: (ف، مذ) فوج کا سردار، بہادر، من چلا، پیدل سپاہی، نقیب، چوب دار۔

سِری si-rii: (ہ، مث) ذبح کیے ہوئے جانور کا سر، ایک عزت کا خطاب، پوربی ٹھاٹھ کا ایک راگ جو دوپہر کے بعد گایا جاتا ہے۔ انداز، وضع۔

سِری پایے si-rii-paa-ye: (ہ، مذ) ذبح کیے ہوئے جانور کے پاؤں اور سر۔

سِری پھل si-rii-phal: (ہ، مذ) جنگلی ناریل۔

سِرے سے si-re-se: (ار، متعلق فعل) شروع سے

سرے کا si-re-ka: (ار، صف) شروع کا یا آخری۔

سرِیاپان sar-yaa-paan: (ار، مث، ق) آفتابی، چھتری۔

سُریانی (i)sur-yaa-ni: (ار، مث) ایک زبان جو زمانہ قدیم میں ملک شام میں بولی جاتی تھی۔

سُرِیت su-ri-yat: (ار، مث، ق) وہ باندی جو گھر میں ڈالی جائے، داشتہ۔

سریر sa-riir: (ع، مذ) تخت شاہی، مسند، گدی۔

سریر آرا (a)sa-riir-aa-ra: (ع، صف) تخت نشین، برسرِ حکومت، اسم کیفیت مث: سریر آرائی۔

سریش sa-riish: (ف، مذ) جانوروں کے پٹھوں سے نکلی ہوئی لیس دار چیز جس سے لکڑی جوڑتے ہیں۔

سریع (?)sa-rii: (ع، صف) جلدی کرنے والا، تیز، جلد، شتاب (مذ) ایک بحر کا نام۔

سریع الاثر sa-rii-(?)ul-asr: (ع، صف) زود اثر، تیز اثر دکھانے والا۔

سریع الحرکت sa-rii-(?)ul-har-kat: (ع، صف) زود اثر، تیز اثر دکھانے والا۔

سریع الزوال sa-rii-(?)uz-za-vaal: (ع، صف) جلد گھٹنے والا، جلد زائل ہونے والا۔

سریع الفہم sa-rii-(?)ul-fa-ham: (ع، صف) تیز فہم، جلدی سمجھنے والا۔

سُریلا (a)su-rii-la: (ہ، صف) خوش گلو، خوش آواز، مث: سریلی، اسم کیفیت مث: سریلا پن۔

س۔ڑ

سِڑ siR: (ہ، مث) جنون، دیوانگی، پاگل پن، (افعال: چھوٹنا، لگنا)

سِڑ پن / اپنا (a)siR-pan/pa-na: (ہ، مذ) دیکھیے 'سِڑ'

سِڑی (i)si-Ri: (ہ، صف) پاگل، دیوانہ، خبطی۔

سڑا / سڑا ہوا sa-Ra(a)/hu-aa: (ہ، صف) بسا ہوا، بدبودار، سڑاند والا، مث: سڑی / سڑی ہوئی۔

سڑاسڑ sa-Raa-saR: (ہ، اصوت، مث) چھی یا چابک، جلد جلد مارنے کی آواز۔

سڑانا (a)sa-Raa-na: (ہ، مص) گلانا، بوسیدہ کرنا، بدبو پیدا کرنا، رکھ چھوڑنا۔

سڑانڈ / سڑاہند sa-RaaNd: (ہ، مث) بدبو، تعفن۔

سڑپ sa-Rap: (ہ، اصوت، مث) کسی رقیق چیز کے جلد پینے کی آواز، چسکی۔

سڑپا sa-Rap-paa: (ہ، اصوت مذ) دیکھیے 'سڑپ' (افعال: لگانا، مارنا)

سڑپنا sa-Rap-naa: (ار، مص) کسی رقیق چیز کو ایک دفعہ پی جانا۔

سڑک sa-Rak: (ار، مث) شارع عام، شاہراہ، عام راستہ، بڑا رستہ۔

سڑکنا su-Rak-naa: (ہ، مص) نگل جانا، ہڑپ کر جانا، پانی یا دوا ناک میں پہنچانا۔

سڑنا (a)saR-na: (ار، صف) خراب ہونا، بدبو پیدا ہونا۔

سِڑی / سِڑڑی (i)si-Rii/siR-Ri: (ہ، صف) پاگل، خبطی، سودائی، بیوقوف، مث: سڑن۔

سڑیل saR-yal: (ہ، صف) غصیلا، ہر وقت ناک

بھوں چڑھانے والا، نکما، خراب، مث: سڑیلی۔

س۔ز

سزا sa-zaa: (ف، مث) جزا، بدلہ، عوض، تاوان، جرمانہ، قید، موافق، لائق (افعال: بھگتنا، پانا، دینا، ملنا، ہونا)

سزاوار sa-zaa-vaar: (ف، صف) لائق، قابل، مناسب، مستحق واجب (افعال: ہونا)

سزایاب sa-zaa-yaab: (ف، صف) سزا پایا ہوا، اسم کیفیت مث: سزایابی۔

سزایافتہ sa-zaa-yaaf-tah: (ف، صف) سزا پایا ہوا، اسم کیفیت مث: سزایافتگی۔

سزائے جسمانی / بدنی sa-zaa-e-jis-maa-ni/bad-ni(i) (ف، مث) مار پیٹ، زدوکوب کی سزا۔

سزائے قتل sa-zaa-e-qatl: (فع، مث) جرم کے بدلہ میں قتل کرنا۔

سزائے قید sa-zaa-e-qaid: (فع، مث) کسی جرم کے بدلہ میں قید کرنا۔

سزائے موت sa-zaa-e-maut: (فع، مث) کسی جرم کے بدلہ میں موت کے گھاٹ اتار دینا۔

س۔س

بساند sa-saaNd/si-saaNd: (ھ، مث) مچھلی کی سی بساہند۔

سست sust: (ف، صف) کاہل، کام میں دیر لگانے والا، ملول، مضمحل، کم شہوت، نامرد، اسم کیفیت مث: سستی۔

سست اعتقاد sust-ai(?)ti-qaad: (فع، صف) اعتقاد کا کچا، ضعیف الاعتقاد، اسم کیفیت مث: سست اعتقادی۔

سست بنیاد sust-bun-yaad: (ف، صف) کمزور بنیاد کا، غیر مستحکم اسم کیفیت مث: سست بنیادی۔

سست پیمان sust pai-maan: (ف، صف) وعدے کا کچا۔

سست رائے sust-raa-ye: (فع، صف) بے عقل بیوقوف، نادان۔

سست زمین sust-za-miin: (ف، صف) کسی شعر کا ردیف وقافیہ وغیرہ موزوں نہ ہونا۔

سست قدم sust-qa-dam: (فع، صف) دھیمی چال چلنے والا، آہستہ رو، اسم کیفیت مث: سست قدمی۔

سستا sas-taa: (ف، صف) کم قیمت، ارزاں، کم داموں کا، کم درجہ کا، مث: سستی۔

سسٹم sis-Tam: (انگ، مذ) System قاعدہ، اصول، نظام۔

سسر su-sar: (ار، مذ) بیوی یا شوہر کا باپ۔

سسرال sus-raal: (ار، مث) ساس سسر کا گھر، خاوند یا بیوی کی طرف کا کنبہ۔

سسرالیا sus-raa-li-ya(a): (ار، صف) سسرال سے متعلق، سسرال کا۔

سسری sus-rii: (ار، مث) سسر کی بیوی، ساس۔

سسکارنا sus-kaar-na(a): (ار، مص) کتے کو کسی پر دوڑانے یا حملہ کرنے کے لیے مخصوص آواز نکالنا۔

سسکارنا sas-kaar-na(a): (ار، مص) بچہ کو پیشاب کرنے کے لیے آواز نکالنا۔

بسکانا sis-kaa-na(a): (ار، مص) کوئی چیز تھوڑی تھوڑی کر کے دینا، ترسانا۔

بسکتا si-sak-ta(a): (ار، صف) روتا، بسورتا، منہ بناتا، ہچکیاں لیتا، مث: بسکتی۔

سِسکنا si-sak-na(a): (ار،مص) ذرا ذرا سانس لینا، مرنے کے قریب ہونا۔

سِسکی sis-ki(i): (ار،مث) کسی تکلیف کی وجہ سے زبان بھینچ کر نکالی جانے والی آواز۔

سِسنا sis-na(a): (ار،مص،ق) سوجھنا، معلوم ہونا

س۔ش

سَیشن Session (انگ،مذ): sai-shan نشست، اجلاس، عدالت فوجداری، عدالت فوجداری کے اجلاس کا زمانہ۔

سیشن جج Session (انگ،مذ): si-shan-jaj Judge دیوانی و فوجداری کے سنگین مقدمات کا فیصلہ کرنے والا ضلع کی عدالتوں کی اپیل سننے والا۔

س۔ط

سطح sa-tah: (ع،مث) کسی چیز کا بالائی حصہ، کوٹھا، چھت وہ چیز جس میں طول و عرض ہو، عمق نہ ہو، ہموار جگہ، زمین پر بچھانا۔

سطح آب sat-he aab: (ع،مث) پانی کا بالائی حصہ، سرآب، پانی کی چادر۔

سطح زمین sat-he-za-miin: (عف،مث) روئے زمین، زمین کا فرش۔

سطح مُستوی sat-he-mus-ta-vi(i): (ع،مث) ہموار سطح، چورس سطح۔

سطحی sat-hii: (ع،صف) اوپری، بالائی، جس میں گہرائی نہ ہو، بےوزن۔

سَطر / سطر sa-tir: (ع،مث) لکیر، لائن، ریکھا، قطار، حرفوں اور لفظوں کی قطار، تحریر، سلسلہ، لکھنا، خط کھینچنا۔

سطوت sat-vat: (ع،مث) قہر، دبدبہ، رعب، شان و شوکت۔

س۔ع

سعادت sa-(?)aa-dat: (ع،مث) نیکی، نیک بختی، اقبال مندی، برکت، بھلائی۔

سعادت مند sa-(?)aa-dat-mand: (ع،مث) نیک بخت، مطیع، فرمانبردار، وفادار، خدمت گزار، اسم کیفیت مث: سعادت مندی۔

سعد saa(?)d: (ع،صف) مبارک، نیک، برکت والا، چاند کی بائیسویں منزل کا نام، سعد، خوشبودار دوا۔

سعد اصغر sa(?)-de-as-Gar: (ع،مذ) زہرہ ستارہ (اصطلاح نجوم میں)

سعد اکبر sa(?)-de-ak-bar: (ع،مذ) ستارہ مشتری (اصطلاح نجوم)

سعدَین sa(?)-dain: (ع،مذ) مبارک دو ستارے یعنی زہرہ اور مشتری، سعد کا تثنیہ۔

سُعُود su-(?)uud: (ع،مذ) نیک ہونا۔

سعی sa-(?)ii: (ع،مث) دوڑ دھوپ، کوشش، جد و جہد (افعال: کرنا، اٹھانا)

سعی لاحاصل sa(?)-i-la-haa-sil: (ع،مث، ترکیب فارسی) بے نتیجہ کوشش، بے نتیجہ دوڑ دھوپ۔

سعید sa-(?)iid: (ع،صف) نیک بخت، اچھا بھلا، مبارک، خوش نصیب، مث: سعیدہ۔

سعیر sa-(?)iir: (ع،مذ) دوزخ کا بھڑکتا ہوا طبقہ، دوزخ کا چوتھا طبقہ، جلتی آگ، لپٹ۔

س۔ف

سفّاح saf-faa(h): (ع،مبالغہ) خون بہانے والا، پہلا عباسی خلیفہ۔

سِفارت si-faa-rat: (ع، مث) سفیر کا عہدہ، ایلچی یا سفیر کے فرائض، صف نسبتی: سفارتی۔

سِفارت خانہ si-faa-rat Kaa-na(h): (عف، مث) کسی حکومت یا ملک کے سفیر کا دفتر جو دوسرے ملک میں ہو۔

سِفارش si-faa-rish: (ف، مث) کسی کے حق میں کلمۂ خیر، سپردگی (افعال: کرنا، ہونا)

سِفارش نامہ si-faa-rish na-ma(h): (ف، مذ) سفارش کا خط۔

سِفارشی si-faa-ri-shi: (ف، صف) وہ شخص جس کی سفارش کی جائے۔

سِفارشی ٹٹو si-faar-shi(i) TaT-Tuu: (ار، صف) وہ نالائق شخص جس کو سفارش سے کوئی عہدہ ملا ہو۔

سفّاک saf-faak: (ع، صف) ستم گر، بے رحم، ظالم، خون بہانے والا، خونی، قاتل، اسم کیفیت مث: سفاکی۔

سِفال si-faal: (ع، مث) ٹھیکری، ٹھیکرا، بادام، اخروٹ وغیرہ کا خول۔

سِفال گر si-faal-gar: (عف، صف) مٹی کے برتن بنانے والا، کمہار۔

سِفالی si-faa-lii: (ع، صف) مٹی کا، مٹی سے بنا ہوا

سفاہت sa-faa-hat: (ع، مث) کمینہ پن، بیوقوفی۔

سُفتہ suf-tah: (ف، صف) سوراخ کیا ہوا، بیندھا ہوا۔

سفر sa-far: (ع، مذ) مسافرت، سیاحت، روانگی، کوچ۔

سفرِ آخرت sa-fa-re aaK-rat: (ع، مذ) دنیا سے کوچ، مر جانا، انتقال۔

سفر خرچ sa-far Karch: (ار، مذ) زادِ راہ، بھتّا، سفر کا خرچ۔

سفر نامہ sa-far-naa-ma(h): (ف، مذ) سفر کا روز نامچہ، سفر کے حالات پر مشتمل کتاب۔

سفر مینا sa-far-mai-naa: (ار، مث) سرنگ لگانے اور راستہ صاف کرنے والا فوجی دستہ

سُفرہ suf-rah: (ع، مذ) دسترخوان، توشہ دان، مقعد، دبر۔

سُفرہ بندی suf-rah-ban-dii: (ف، مث) مال دار کی موت کے چالیسویں میں دو تھیلیاں، ایک میں نقل اور دوسری میں میوہ ایک بکرے اور بکری کے ساتھ بھیجتے ہیں۔

سُفرہ چیں suf-rah-chiiN: (ف، صف) ریزہ چین۔

سفری saf-rii: (ع، صف) سفر سے منسوب و متعلق۔

سُفل sufl: (ع، مذ) پستی، نشیب، پھوک، فضلہ۔

سفل دان sa-fal daan: (ار، مذ) دسترخوان کا وہ برتن جس میں کھانا کھاتے وقت ہڈی یا کوئی اور فضول چیز ڈالتے ہیں۔

سِفلہ sif-lah: (ف، صف) کمینہ، رذیل، اوچھا، کم ظرف، نالائق، اسم کیفیت مث: سفلگی، اسم کیفیت مذ (ار) سفلہ پن۔

سِفلہ پرور sif-lah par-var: (ف، صف) کمینوں کو منہ لگانے والا، نالائقوں کو دوست رکھنے والا، اسم کیفیت مث: سفلہ پروری۔

سِفلی sif-lii: (ع، صف) ادنیٰ، کم درجے کا، نشیبی۔

سِفلی جادو / عمل sif-lii jaa-du(u)/(?)a-mal (عف، مذ) ایسا منتر یا عمل جس میں شیطانی مدد طلب کی جائے۔

سُفنا suf-naa: (ع، مذ) مچھلی یا مگرمچھ کی کھال پر جو گول گول ٹکڑے ہوتے ہیں۔ کھال کے چھلکے۔

سفوف sa-fuuf: (ع، مذ) پسی ہوئی دوا، برادہ، پوڈر۔

سُفہا su-fa-haa: (ع، صف) دیکھیے سفیہ، جس کی یہ جمع ہے۔

سفید sa-fed: (ع، صف) سپید، اُجلا، گورا چٹا، گنجفے کی آٹھ بازیوں میں سے ایک بازی کا نام، فارسی 'سپید' کا معرب۔

سفید پوش sa-fed-posh: (ف، صف) سفید کپڑے پہننے والا، بھلا مانس اسم کیفیت مث: سفید پوشی۔

سفید چشم sa-fed chashm: (ف، صف) اندھا، نابینا، بے حیا، اسم کیفیت مث: سفید چشمی۔

سفید مٹی sa-fed miT-Ti: (ا، مث) کھریا مٹی

سفید و سیاہ sa-fe-do-si-yaa(h): (ف، صف) برا بھلا، نیک و بد، کل عام کا انتظام، اختیار۔

سفید ہاتھی sa-fed-haa-thii: (ا، مذ) کنایۃً وہ شخص جس کا خرچ ہو مگر فائدہ نہ ہو۔

سفیدہ sa-fe-dah: (ف، مذ) پھنکے ہوئے جست کا پھول جو آنکھوں کی دواؤں میں کام آتا ہے۔ ایک قسم کا پوڈر، جس سے سوراخ وغیرہ بند کرتے ہیں۔ ایک درخت۔

سفیدی sa-fe-di(i): (ف، مث) گوراپن، چٹاپن انڈے کے اندر کا سفید حصہ، قلعی، دیواروں پر پھیرنے کا چونا۔

سفیر sa-fiir: (ع، مذ) ایلچی، قاصد، پیغام بر۔

سفینہ sa-fii-nah: (ع، مذ) کشتی، ناؤ، جہاز، بیاض، نوٹ بک۔

سفیہ sa-fii-hah: (ع، صف) بے وقوف، نادان، احمق، کمینہ۔

س۔ق

سقا saq-qaa: (ف، مذ) بہشتی، پانی پلانے یا لانے والا، ماشکی، مث (ا) سقن، سقنی۔

سقا شاہی saq-qaa-shaa-hi(i): (ف، مذ) تھوڑے دن کی حکومت یا اقتدار، وہ عارضی حکومت جو نظام سقے نے شہنشاہ ہمایوں کو غرقابی سے بچانے کے عوض چند دن کے لیے حاصل کی۔

سقابہ sa-qaa-bah: (ا، مذ) خزانۂ آب، پانی کی ٹنکی، پانی کا حوض، نہانے کی جگہ۔

سقائی saq-qaa-ii: (ف، مث) سقا کا کام (افعال: کرنا)

سقایہ si-qaa-yah: (ع، مذ) پانی پلانا، پانی کا پیالہ، پانی کی سبیل۔

سقایہ خانہ si-qaa-yah Kaa-na(h): (ع، مذ) پانی پلانا، پانی کا پیالہ جہاں پانی کا ذخیرہ رکھا جاتا ہے اور وہاں سے آگے تقسیم کیا جاتا ہے۔

سقر sa-qar: (ع، مذ) دوزخ، جہنم۔

سقف saqf: (ع، مث) چھت، شامیانہ۔

سقم suqm: (ع، مذ) خرابی، عیب، نقص، بیماری، دکھ۔

سقوط su-quut: (ع، مذ) گر پڑنا، خطا کرنا، جنگ ہارنا، (علم عروض) کسی حرف کا وزن کے خلاف ہونا۔

سقیفہ sa-qii-fah: (ڈیوڑھی میں بیٹھنے کا تخت، چوڑا تختہ، چھتا ہوا مکان۔

سقیم sa-qiim: (ع، صف) بیمار، خراب، ناقص، خستہ، ابتر، ردی۔

س۔ک

سکت sa-kat: (ہ، مذ) طاقت، قوت، بل، توانائی۔

سکتا sak-ta(a): (ا، صف، ق) قادر، قوی۔

سکتر sa-kat-tar: (ا، صف) سکرٹری کا مورد۔

سکتہ sak-tah: (ع، مث) ایک بیماری جس میں انسان مردہ کی طرح بیہوش ہو جاتا ہے۔ شعر کی روانی

میں وزن کی وجہ سے فرق پڑ جانا، شعر کی غیر موزونی۔

سُکر sukr: (ع، مذ) خمار، نشہ، بے ہوشی۔

سُکرات suk-raat: (ع، مث) جان کنی کی تکلیف نزع کی حالت، آخری وقت کی بیہوشی۔

سِکریٹری sik-reTri(i): (انگ، مذ) Secretary معتمد، دبیر، ناظر۔

سَکریٹریٹ sak-re-Ta-ri-at: (انگ، مذ) Secretariat سکریٹری کا دفتر، وہ عمارت جس میں حکومت کے سرکاری دفتر ہوں۔

سکر دادا sa-kar daa-daa: (ھ، مذ) دادا کا دادا

سکرناتا sa-kar-naa-naat: (ھ، مذ) پڑنانا کا باپ۔

سُکڑا suk-Raa: (ھ، صف) تنگ، بھنچا ہوا، سمٹا ہوا۔

سُکڑاؤ suk-Raa-o: (ار، مذ) اینٹھن، جکڑاؤ، سمٹنا، (اصطلاح کیمیا) ٹھٹھرنے کی حالت یا عمل۔

سُکڑنا suk-Raa-naa: (ار، مص) سمٹنا، بھچنا، تنگ ہونا، اینٹھنا، شکن پڑنا، ٹھٹھرنا۔

سِکنج / شِکنجی si-kanj/shi-kan-jii: (ع، مث) سرکہ یا لیموں کے عرق میں ملایا ہوا شربت۔

سِکندر si-kan-dar: (ف، مذ) فیلقوس شاہ مقدونیہ کا بیٹا، فاتح عالم، کنایۃً خوش نصیب۔

سِکندری si-kan-di-rii: (ف، صف) سکندر سے متعلق۔

سَیکنڈ sai-kinD: (انگ، مذ) Second ثانیہ، لحظہ، لمحہ، اول کے بعد، دوسرا۔

سَیکنڈ ہینڈ sai-kinD hainD: (انگ، مذ) Second Hand برتا ہوا، مستعمل، استعمال شدہ۔

سَیکنڈری sai-kan-Da-rii: (انگ، مذ) Secondary، ثانوی، دوسرے درجہ کی۔

سکنہ sak-na(h): (ع، مذ) دیکھئے 'ساکن' جس کی یہ جمع ہے۔

سکنہ sak-na(h): (ع، مذ) سکونت کی جگہ، مکان، ٹھہراؤ، سکون، جمع: سکنات۔

سکنی sak-nii: (ع، صف) قابل سکونت، سکونتی۔ (زرعی کی ضد)

اِسکوپ is-kop: (انگ، مذ) Scope گنجائش۔

سُکُوت su-kuut: (ع، مذ) خاموشی، امن۔ (افعال: کرنا، ہونا)

اِسکوٹر is-kuu-Tar: (انگ، مذ) Scooter چھوٹے پہیوں کی موٹر سائیکل۔

سکوره sa-ko-rah: (ف، مذ) علیحدگی، بکڑن۔

سُکُون su-kuun: (ع، مذ) ٹھہراؤ، قرار، امن، خاموشی، ساکن حروف کی علامت۔

سُکُونت su-kuu-nat: (ع، ف، مث) بود و باش، مستقل قیام۔ رہنے کی جگہ، مسکن۔

سکونت پذیر su-kuu-nat pa-ziir: (عف، مث) بود و باش اختیار کرنے والا۔

سکونیات su-kuu-ni-yaat: (عف، مذ) (اصطلاح طبیعات) وہ علم جس میں اجسام کی حالت سکون سے متعلق بحث کی جاتی ہے۔

سِکّہ sik-kah: (ع، مذ) ٹھپا، ضرب، چھاپ، نقش کیا ہوا، ڈھلا ہوا، سرکاری منقش زر جو ملک میں چلے، طرز روش، طریقہ، قانون، رعب داب، پیسہ، شرب۔

سکہ دھانا / بیٹھنا sik-kah bi-Thaa-naa: (ار، محاورہ) رعب قائم کرنا، ہونا، حکومت قائم کرنا، ہونا۔

سکہ رائج الوقت sik-kah-raa-i-jul vaqt: (ع، مذ) وہ سکہ جو ملک میں چل رہا ہو۔

سکہ قلب sik-kah qalb: (ع، مذ) جھوٹا سکہ، مصنوعی سکہ، وہ سکہ جو نا جائز طور پر بنایا گیا ہو، کھوٹا سکہ۔

سِکھ sikh: (ھ، مذ) چیلا، شاگرد، گورو نانک کا پیروکار

مث: سِکھنی۔

سُکھ sukh: (ار، مذ) آرام، چین، راحت، آسودگی۔

سِکھا شاہی sik-khaa-shaa-hii: (ار، مث) سکھوں کی عملداری جو ظلم و ستم اور ناانصافی کے لیے مشہور ہے۔

سِکھانا / سِکھلانا si-khaa-naa sikh-laa-naa: (ار، مص) تعلیم دینا، پڑھانا، سکھانا سدھانا، ترتیب دینا، بہکانا، ورغلانا، پٹی پڑھانا۔

سکھایا پڑھایا si-khaa-yaa pa-Rha-yaa: (ار، صف) تعلیم یافتہ، تربیت یافتہ، بہکایا ہوا، مث: سکھائی پڑھائی۔

سُکھ پال sukh-paal: (ار، مث) ایک قسم کی پالکی

سِکھم si-kham: (ار، صف، ق) باریک، جالی دار

سکھی sa-khii: (ہ، مث) سہیلی، سدا سہاگن فقیروں کا گروہ جو زنانہ لباس پہنتا ہے۔ ہیجڑا، زنخا

سُکھی su-khii: (ہ، صف) آسودہ حال، خوش، مطمئن۔

(ا)سکیچ is-kaich: (انگ، مذ) Sketch خاکہ، ڈھانچہ، ابتدائی شکل۔

سُکیڑنا su-keR-naa: (ار، مص) تنگ کرنا، بھینچنا، سمیٹنا، اکٹھا کرنا۔

(ا)سکیل is-kel: (انگ، مذ) Scale پیمانہ، انداز، تجویز۔

(ا)سکیم is-kiim: (انگ، مث) Scheme تجویز، منصوبہ، مصلحت۔

سکینہ sa-kii-nah: (ع، مث) سکون، آرام۔

س۔گ

سگ sag: (ف، مذ) کتا۔

سگِ بازاری sag-baa-zaa-ri(i): (ف، مذ) وہ کتا جس کا کوئی مالک نہ ہو۔

سگا sa-gaa: (ہ، صف) ایک ماں باپ کا، ایک خون، حقیقی، بہت قریبی، رشتہ دار۔ (مث) سگی، اپنا، یگانہ۔

سِگار si-gaar: (انگ، مذ) Cigar چرٹ، ایک قسم کا بڑا اور موٹا سگرٹ۔

سِگال si-gaal: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر سگالیدن سے صیغۂ امر، جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور اندیشہ کرنے والا، چاہنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً بدسگال، خیر سگال۔

سِگانہ si-gaa-naa: (ف، صف) (اصطلاح کیمیا) زمین کی تیسری تہہ، تینوں، چھٹی باز عورت۔

سگائی sa-gaa-ii: (ہ، مث) منگنی، نسبت، قرابت داری۔

سِگرٹ sig-reT: (انگ، مذ) Cigarette کاغذ کی بتی جس میں تمباکو لپٹا ہوتا ہے۔ چھوٹا چرٹ، سگار کی تصغیر۔

سُگند su-gand: (ہ، مث) خوشبو، مہک، سوندھا، خوشبودار۔

سِگنل sig-nal: (انگ، مذ) Signal اشارہ، وہ اشارہ جو ریل گاڑی کے آنے کی اطلاع دیتا ہے۔

سُگھڑ su-ghaR: (ہ، صف) تمیزدار، خوش سلیقہ، صاحب تمیز اسم کیفیت مث: سگھڑائی، مذ سگھڑاپا، سگھڑپن۔

س۔ل

سِل sil: (ع، مث) ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں زخم پڑ جاتے ہیں اور منہ سے خون آنے لگتا ہے۔ دق۔

سِل sil: (ار، مث) مصالحہ پیسنے کا پتھر، پتھر کا لمبا چوڑا ٹکڑا جو عمارتوں میں لگاتے ہیں۔

سلاجیت si-laa-jiit/sa-laa-jiit: (ہ، مذ) سیا

رنگ کا رقیق مادہ جو پتھر سے نکلتا ہے اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔ اس سے قوتِ باہ بھی بڑھتی ہے۔

سِلاح si-laah: (ع، مذ) لڑائی کے ہتھیار، اوزار۔

سِلاح بند si-laah band: (ع، صف) ہتھیار لگائے ہوئے، مسلح۔

سِلاح خانہ si-laah-Ka-nah: (ع، صف) میگزین، وہ عمارت جس میں ہتھیار جمع رہتے ہیں۔

سلاخ sa-laaK: (ار، مث) لوہے کی گول چھڑ، لکیر، دھار۔

سلاد sa-laad: (انگ، مذ) کچے ساگ اور ترکاریوں کا کچرایا کچالو جو کھانے کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔

سلاست sa-laa-sat: (ع، مث) نرمی، روانی، ہمواری، کلام میں ثقیل لفظ نہ لانا، صفائی، فصاحت۔

سلاسل sa-laa-sil: (ع، مث) (سلسلہ کی جمع) بیڑیاں، زنجیریں کڑیاں۔

سلاطین sa-laa-tiin: (ع، مذ) سلطان کی جمع، بہت سے بادشاہ، بادشاہ کے بھائی بند۔

سلام sa-laam: (ع، مذ) سلامتی، تسلیم، آداب، رخصت کرنا، الوداع، بس جائیے۔ نماز کے آخر پر دائیں بائیں منہ پھیرنا، مایوسی کا اظہار، غزل کے انداز پر وہ نظم جس میں واقعات کربلا کا ذکر کیا گیا ہو۔ کھڑے ہوکر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صلوٰۃ وسلام عرض کرنا۔

سلام پیام sa-laam pa-yaam: (ع، صف) منگنی یا نسبت کی بات چیت۔

سلامِ شوق sa-laa-me-shauq: (ع، مذ) محبت اور اشتیاق کا سلام، برابر والوں کو۔

سلام علیکم sa-laam-(?)a-lai-kum: (ع، کلمہ دعا) تم پر سلامتی ہو، مسلمان جب ایک دوسرے کو ملتے ہیں تو یہ دعا وسلام کہتے ہیں۔

سلامت sa-laa-mat: (ع، صف) زندہ، حیات، موجود، محفوظ، مبارک باد کا جواب (مث) عافیت۔

سلامت روی sa-laa-mat ra-vii: (عف، مث) کفایت شعاری، میانہ روی، سیدھی راہ اختیار کرنا، ایسا ڈھنگ اختیار کرنا جس سے کوئی الزام نہ آئے۔

سلامتی sa-laam-tii: (عف، مث) خیریت، عافیت، حفاظت، بچاؤ، محفوظ ہونا، صحت، تندرستی (صحیح سلامت)

سلامی sa-laa-mii: (عف، مث) تعلیم، سپاہ کا ہتھیار اُٹھا کر تعظیم دینا، توپیں، بندوقیں چلا کر تعظیم دینا، ڈھلان، مجرئی، سلام کرنے والا، وہ نذرانہ جو دولھا کو سہرابندی کے بعد دیتے ہیں۔

سِلوانا sil-vaa-naa: (ار، مص) ٹانکے لگوانا، بخیہ کروانا۔

سُلانا su-laa-naa: (ار، محاورہ) نیند میں محو کرنا، بچے کو تھپک تھپک کر نیند کی ترغیب دینا۔

سِلائی si-laa-ii: (ار، مث) سینے کی اُجرت۔

سلائی sa-laa-ii: (ار، مث) سلاخ، سیخ، تار، سوئی

سلبُ salb: (ع، مذ) لے جانے یا مٹانے کا عمل، جذب کرنا، چھین لینا، نیست، عدم۔

سلبی sal-bi(i): (ع، صف) سلب سے منسوب، نہ ہونے والا، منفی۔

سِلپچی / سِلفچی si-lap-chii: (ار، مث) ہاتھ دھونے کا برتن۔

سُلجھانا sul-jhaa-naa: (ار، مص) گرہیں اور پیچ کھولنا، الجھاؤ دور کرنا، پیچیدہ معاملے کی الجھنیں دور کرنا، حل کرنا۔

سُلجھاؤ/ سُلجھا سلجھایا sul-jhaao/au: (ار، مذ)

فیصلہ، اُلجھن دور کرنا، حل۔
سلجھا ہوا / سلجھا سلجھایا sul-jhaa hu-aa: (ار، مذ) تجربہ کار، آزمودہ کار، مث: سلجھی ہوئی / سلجھی سلجھائی۔
سِلح si-lah: (ع، مذ) ہتھیار، اوزار، آلاتِ حرب
سِلح پوش si-lah-posh: (عف، صف) ہتھیار بند، مسلح، اسم کیفیت مث: سلح پوشی۔
سِلح خانہ si-lah-Kaa-nah: (عف، صف) ہتھیار رکھنے کا کمرا، اسلحہ خانہ۔
سَلخ salK: (ع، مذ) قمری مہینے کا آخری دن، کھال اُتارنا۔
سلسبیل sal-sa-biil: (ع، مث) بہشت کی ایک نہر، خوشگوار چیز، شراب۔
سلسلانا sal-sa-laa-naa: (ہ، مص) نرم نرم کھجلی ہونا، رینگنا، کیڑوں کا پیٹ کے بل چلنا۔
سلسلاہٹ sal-sa-laa-haT: (ہ، مث) کھجلی، چُل (ق) درد۔
سِلسِلہ sil-si-lah: (ع، مذ) زنجیر، بیڑی، قطار، لڑی، خاندان، نسل، شجرہ، تعلق، واسطہ۔
سِلسِلہ بندی sil-si-lah-ban-dii: (عف، مث) قطار بندی، ترتیب، ذیل بندی، گروہ بندی۔
سِلسِلہ وار sil-si-lah-vaar: (عف، صف) ترتیب وار، درجہ کے لحاظ سے، نمبر کے مطابق۔
سُلطان sul-taan: (ع، مذ) بادشاہ، فرماں روا، حاکم، راجا، حجت قدرت، مث: سلطانہ۔
سُلطانی sul-taa-ni(i): (ع، صف) دیکھئے 'سلطان' جس سے یہ منسوب ہے (ف، مث) حکومت، سلطنت۔
سَلطنت sal-ta-nat: (ع، مث) بادشاہی، حکومت، عمل داری۔
سَلف salf: (ع، صف) گزشتہ، سابقہ، پہلے کا، اگلے زمانے کے لوگ۔
سُلف sulf: (ار، مذ) سودا، اسباب (مرب ہوکر آتا ہے) جیسے سودا سلف (ق) کشتی۔
سلفی sa-la-fii: (ع، صف) سلف سے منسوب، سلف کا پیرو، اہل حدیث۔
سُلفا sul-faa: (ار، مذ) ایک دفعہ چلم بھرنے کے قابل تمبا کو یا چرس (افعال: جمانا، جمنا)
سلفر sal-far: (انگ، مذ) Sulphur گندھک، کبریت۔
سِلک silk: (انگ، مذ) ریشم Silk
سِلک بندی silk-ban-dii: (عف، مث) مال گزاری کی روزانہ آمدنی کا حساب جس کو مہینہ کے آخر میں جمع کرکے میزان لگا دیتے ہیں۔
سُلگانا sul-gaa-naa: (ار، مص) آگ جلانا یا روشن کرنا۔
سُلگنا su-lag-naa: (ار، مص) آگ روشن ہونا، آہستہ آہستہ دھواں نکلنا، جلنا۔
سلگی sal-gii: (ار، صف، ق) سدھا ہوا، سلیم الطبع، اسم کیفیت مث: سلگی پنا۔
سلم sa-lam: (ع مث) کسی چیز کی قیمت پیشگی دے دینا کہ تیار ہوجانے پر وہ چیز لے لی جائے گی۔
سلما sal-maa: (ہ، مذ) چاندی سونے کے تار جن کو بٹ دے کر اور بل دے کر لباس، جوتوں، ٹوپیوں وغیرہ پر لگاتے ہیں۔
سلنا sal-naa: (ہ، مص) چھدنا، سوراخ ہونا۔
سِلنا sil-naa: (ار، مص) سیا جانا۔
سلوا / سلوئی sal-vaa: (ع، مذ) ایک قسم کا میٹھا لوا۔
سِلوانا sil-vaa-naa: (ار، مص) سلانا، سینے کے لیے دینا۔

سِلوائی sil-vaa-ii: (ار، مص) سلوانے کے دام، سلوانے کی مزدوری۔

سِلوٹ sil-vaT: (ہ، مث) شکن، بل، چرس۔

سلوٹ sa-luuT: (انگ، مث) Salute سلام، آداب تسلیم، فوجی سلام۔

سِلوَر sil-var: (انگ، مث) Silver چاندی، روپا

سلوشن sa-luu-shan: (انگ، مذ) Solution محلول، تحلیل کی کیفیت، حل، سلجھاؤ، ربڑ وغیرہ جوڑنے کا محلول۔

سلوک sa-luuk: (ع، مذ) راستہ چلنا، راہ طے کرنا۔ برتاؤ، طرز عمل رویہ۔ ملاپ، دوستی، محبت، امداد، بھلائی، نیکی۔ خیرخواہی، بہتری، نیک روی (اصطلاح تصوف) حق تعالیٰ کا تقرب چاہنا، تلاش حق۔

سلول sa-luul: (ار، صف ق) خوش ادا، کھلنڈرا۔

سلون sa-luun: (ار، صف، ق) خوبصورت۔

سلونا sa-lau-naa: (ہ، صف) نمکین، نمک آلود، نمک دار، سانولا گندمی۔ مث: سلونی۔

سلہج / سلج sal-haj/sa-laij: (ہ، مث) سالے کی بیوی، سرج۔

سِلے si-le: (ار، مذ ق) اسلحہ۔

سِلّی sil-li(i): (ہ، مث) اُسترہ، چاقو وغیرہ تیز کرنے کی پتھری۔

سلیبس si-lai-bas: (انگ، مذ) نصاب، تدریس کے لیے مقررہ کتابیں۔ Syllabus

سلیپر si-lii-par: (انگ، مذ) Sleeper لکڑی کا وہ کندا جس پر ریل کی پٹری رکھی جاتی ہے۔ بغیر ایڑی کے جوتا۔ سونے والا ریل کا ڈبہ۔

سلیٹ si-leT: (انگ، مث) Slate پتھر کی تختی جس پر چونے یا پتھر کے قلم سے لکھتے ہیں۔

سلیس sa-liis: (ع، صف) آسان، رواں، عام فہم زبان۔

سلیقہ sa-lii-qah: (ع، مذ) تمیز، شعور، لیاقت، سُگھڑاپا، ہنر، دست کاری۔

سلیقہ مند sa-lii-qah-mand: (ع، صف) تمیز دار، سُگھڑ، ذی شعور، ہنرمند، اسم کیفیت مث: سلیقہ مندی۔

سلیکشن sa-laik-shan: (انگ، مذ) Selection انتخاب، اختیار، پسند۔

سلیم sa-liim: (ع، صف) ٹھیک، درست، کامل، پورا، سادہ دل، صاف دل، تندرست، چنگا، حلیم، بردبار، خاموش، صلح پسند۔

سلیم الطبع sa-lii-mut-ta-ba(?): (ع، صف) حلیم، نرم دل، دانش مند، دوراندیش۔

سلیم شاہی sa-liim shaa-hii: (ار، مث) ایک قسم کی خوبصورت جوتی۔

سُلیمان su-lai-man: (ع، مذ) حضرت داؤد کے بیٹے اور بنی اسرائیل کے مشہور پیغمبر و بادشاہ، مشہور ہے کہ تمام حیوان اور جن و انس ان کے تابع تھے۔

سُلیمانی su-lai-maa-ni: (ع، صف) حضرت سلیمانؑ سے منسوب ایک قسم کا دورنگا پتھر، ایک قسم کا چورن جسے نمک سلیمانی کہتے ہیں۔ ایک قسم کا خرمہ۔

س۔م

سم sam: (ہ، مذ) آواز، تال، سر، جو آخری ضرب کے ساتھ وزن میں برابر ہوں، برابر، ہم وزن، پورا، مکمل۔

سَم sam: (ع، مث) زہر، بِس۔

سُم sum: (ف، مذ) کھر، گھوڑے اور گدھے کا پاؤں

سماء sa-maa: (ع، مذ) آسمان، فلک، آکاش۔

ساں sa-maaN: (ہ،مذ) وقت، ساعت، موقع، محل، رُت، موسم، فصل، کیفیت، رونق۔

سماج sa-maaj: (س،مث) معاشرہ، سوسائٹی، انجمن، کمیٹی، محفل، گروہ، جتھا، لڑی، منڈی۔

ساجت sa-maa-jat: (ع،مث) شرمندگی، ترشی، زشتی، عیب دار ہونا (ار) چاپلوسی، خوشامد۔

سماجی sa-maa-ji(i): (ار،صف) دیکھئے 'سماج' جس سے یہ منسوب ہے۔

سماچار sa-maa-chaar: (س،مذ) خبر، اطلاع، حالت، کیفیت۔

سمادھی sa-maa-dhii: (س،مذ) گڑھا، غار، کھوہ جوگیوں، سنیاسیوں یا راجاؤں کے دفن ہونے کی جگہ (ق) خاکستر۔

سماع sa-maa(?): (ع،مذ) سننا، راگ، گانا۔ قوالی۔

سماعت sa-maa-(?)at: (ع،مث) سننے کی قوت، مقدمے کی پیشی۔

سماعی sa-maa-(?)ii: (ع،صف) سنا ہوا، روایتی سینہ بہ سینہ۔ کانوں کان (صرف ونحو کی اصطلاح) وہ لفظ جو کسی قاعدے کے مطابق نہ بنا ہو بلکہ اہل زبان اس طرح بولتے ہوں اور اُن سے سنا گیا ہو۔

سماق sa-maaq: (ایک قسم کا پتھر، بھورے رنگ کے سیاہ دانے جن کا چھلکا ترش اور ہاضم ہوتا ہے اور دواؤں میں کام آتا ہے۔)

سمان sa-maan: (ہ،صف) مانند، برابر، نظیر، ثانی مشابہ۔

سمانا sa-maa-na(a): (ہ،مص) کھپنا، پورا ہونا، بسنا، جمنا، گنجائش ہونا، چھپنا۔

سماوات sa-maa-vaat: (ع،مذ) دیکھئے 'سما' جس کی یہ جمع ہے۔

سماوار sa-maa-vaar: (ف،مذ) پانی گرم کرنے کا دوہرا برتن جو پیتل یا تانبے کا ہوتا ہے۔ کشمیر میں اکثر استعمال ہوتا ہے۔

سماوی sa-maa-vii: (ع،صف) آسمانی، غیبی۔

سمائی sa-maa-ii: (ار،مث) گنجائش، وسعت، جگہ، بردباری، برداشت، تحمل، حوصلہ، ظرف، کھپت

سمبندھ sam-bandh: (ہ،مذ) رشتہ، ناطہ، کنبہ، قبیلہ، میل ملاپ، رہ ورسم۔

سمت samt/simt: (ع،مث) راہِ راست، جانب، طرف، رخ، جہت۔

سمٹن sim-Tan: (ہ،مث) شکن، سکڑن (اکٹھا یا جمع کرنے کا فعل)

سمٹنا si-maT-naa: (ار،مص) اکٹھا ہو جانا، سکڑ جانا، کام گھٹ جانا، ترتیب میں آجانا۔

سمجھ sa-majh: (ہ،مث) عقل، فہم، دانائی، ادراک، دانش، گمان (افعال: آنا)

سمجھ بوجھ sa-majh buujh: (ار،مث) عقل و دانش، فہم وفراست۔

سمجھدار sa-majh-daar: (ار،صف) عقل مند، سیانا، ہوشیار، دانا، تجربہ کار، اسم کیفیت مث: سمجھداری۔

سمجھانا sam-jhaa-naa: (ار،مص) ذہن نشین کرانا، مطلع کرانا، آگاہ کرنا، فہمائش کرنا، نصیحت کرنا، حساب دینا، ٹھیک بنانا، حاصل کرنا، کان کھولنا، تنبیہ کرنا۔

سمجھنا sa-majh-naa: (ار،مص) جاننا، واقف ہونا، سیکھنا، دل میں ٹھاننا، حساب میں لگانا، بدلہ لینا، غور وفکر کرنا۔

سمجھوتا sam-jhau-taa: (ار،مذ) مصالحت، مفاہمت، آپس میں سمجھ کر فیصلہ کرنا۔

سمدھی sam-dhii: (ار، مذ) دولہا اور دلہن کے باپ آپس میں سمدھی ہوتے ہیں۔ مث: سمدھن۔

سمدھیانا sam-dhi-yaa-naa: (ار، مص) دولہا یا دلہن کا گھرانا، سمدھی کا گھر۔

سمر sa-mar: (ع، مذ) کہانی، افسانہ۔

(ا)سمرتی is-ma-ri-tii: (س، مث) یاد، دھیان، حافظہ، ہندوؤں کی الہامی کتابیں۔

سمرن sim-ran: (ھ، مث، یاد خدا، مالا، تسبیح، ورد، وظیفہ، تصغیر مث: سمرنی۔)

سمرُوت sam-ruut: (ھ، صف) بزرگ، نیک، صابر، لائق، اسم کیفیت مذ: سمروت پنا۔

سم سم sim-sim: (ع، مذ) کنجد، تل۔

سمع sa-ma(?): (ع، مذ) کان، گوش، صف نسبتی: سمعی۔

سمع خراش sa-m(?)-Ka-raash: (ع، مث) مغز چاٹنے والا۔

سمک Sa-mak: مچھلی، وہ مچھلی جس کے متعلق خیال ہے کہ اس کی پیٹھ پر زمین رکھی ہوئی ہے۔ کنایۃً سب سے نچلا طبقہ۔

اِسمگل is-ma-gal: (انگ، مذ) Smuggle ناجائز درآمد برآمد، چنگی یا محصول ادا کیے بغیر مال لے جانا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

سمن sa-man: (ف، مث) چنبیلی یاسمن۔

سمن اندام sa-man an-daam: (ف، صف) گوراچِٹا، سیم تن۔ معشوق، نازک بدن۔

سمّن sam-man: (انگ، مذ) Summons حاضر عدالت ہونے کا تحریری حکم، پروانہ طلبی، بلاوا۔

سمند sa-mand: (ف، مذ) بادامی سرخ رنگ کا گھوڑا جس کی ایال دم اور زانو سیاہ ہوں یا جس کے ہاتھ پاؤں کے بال سیاہ ہوں۔

سمندر sa-man-dar: (ف، مذ) ایک جانور جس کی بابت مشہور ہے کہ آگ میں پیدا ہوا ہے اور وہیں رہتا ہے۔ آگ سے باہر نکلتے ہی مر جاتا ہے۔

سَمُندر sa-mun-dar: (ھ، مذ) بحر، دریائے اعظم، ساگر، صف نسبتی: سمندری۔

سمنک sam-nak: (ھ، مث) گیہوں کا مغز جس کو اُبال کر نکالا جاتا ہے۔

سمّور sa-muur: (ف، مذ) ایک نہایت باریک، پشم والا برفانی جانور، اس جانور کی کھال۔

سموسہ sa-mo-sah: (ف، مذ) تکونی شکل کا پکوان جس میں ترکاری یا قیمہ بھر کر تلتے ہیں۔ دوہرا کیا ہوا کپڑا جس میں تین کونے پیدا ہوں۔ وہ مثلث گتا جو قرآن پاک کی جلد کی چوڑائی کے آگے ورق کھلنے کی جانب لگا دیتے ہیں جسے قرآن پاک پڑھنے کے بعد نشانی کے طور پر اندر کو موڑ دیتے ہیں۔

سموم sa-muum: (ع، مث) زہریلی ہوا، گرم ہوا جو ریگستانوں میں چلتی ہے۔

سُموم su-muum: (ع، مذ) دیکھئے 'سم' بمعنی زہر۔

سمونا sa-muu-naa: (ار، مص) ملانا، ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا۔ دو مختلف مزاج چیزوں کو ملا کر اعتدال پیدا کرنا۔

سمی sa-mii: (ع، صف) زہریلا، زہرناک۔

سمیات sam-yaat: (ع، مذ) زہریلی چیزیں۔

سمیت sam-mi-yat: (ار، متعلق فعل) پاس، اکٹھے، ہمراہ۔

سمیٹنا sa-meT-naa: (ار، مص) اکٹھا کرنا، جمع کرنا، پورا کرنا، مکمل کرنا، تنگ کرنا، سکیڑنا، سنبھالنا، خلاصہ کرنا، عبارت وغیرہ کا۔

سمیع sa-mii(?): (ع،صف) سننے والا، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

س۔ن

سن san: (ہ،مذ) ایک پودا جس کی چھال سے رسیاں بنتے ہیں (مث) کسی چیز کے زور سے گرنے کی آواز، تلوار کے چلنے کی آواز۔

سن سے san-se: (ار، متعلق فعل) جلدی سے، زناٹے سے۔

سنہ sa-nah: (ع،مذ) سال، برس۔

سن sin: (ع،مذ) عمر، سال، مقدار عمر۔

سنِ بلوغ/بلاغت/تمیز/شعور si-ne-ba-luuG/ ba-luu-Gat/ ta-miiz/ sha-(?)uur: (عف،مذ) سمجھ کی عمر، جوانی کی عمر۔

سن رسیدہ sin-ra-sii-dah: (عف،صف) بوڑھا، اسم کیفیت مث: سن رسیدگی۔

سُن sun: (ہ، صف) بے حس و حرکت، ساکن، خاموش، چپ چاپ (افعال: کرنا، ہونا) بیہوش، بے خبر، سکتے میں۔

سُن گُن sun-gun: (ار،مث) خفیہ خبر، بھید، اڑتی ہوئی خبر۔ (افعال: پانا، لینا)

سنا sa-naa: (ع،مث) ایک پودا جس کی پتی دست آور ہوتی ہے۔

سناتن دھرم sa-naa-tan dharm: (ہ،مذ) قدیم ہندو مذہب۔

سُنار su-naar: (ار، مذ) زیور بنانے والا، سونے کا کام کرنے والا ہمث: سناری۔

سنیاسی san-yaa-sii: (ہ،صف) دیکھیے 'سنیاسی' جوگی، راہب۔

سِنان si-naan: (ع،مث) نیزے کی انی، تیر کی نوک، بھالا نیزہ، برچھی۔

سنّاٹا san-na-Taa: (ار،مص) بے فکر ہو کر سونا، سائیں سائیں کی آواز دینا۔

سُنانا su-naa-naa: (ار،مص) کہنا، کان میں ڈالنا، برا بھلا کہنا، طعن مارنا، کسی کے سامنے قرآن پاک کی تلاوت کرنا یا تراویح میں پڑھنا۔

سُناؤنی su-naav-nii: (ار،مث) خبر مرگ، موت کی خبر، جو پردیس سے آئے۔

سُنبُل sum-bul: (ف، مذ) ایک خوشبودار پودا یا گھاس جس کے ریشے زلفوں کی طرح ہوتے ہیں۔ بال چھڑ۔

سُنبُلہ sum-bu-lah: (ع،مذ) خوشہ یا گیہوں یا جو کی بالی۔ آسمان کا چھٹا برج، کنیا۔

سنبوسہ sam-bo-sah: (ف،مذ) دیکھیے 'سموسہ'

سُنبہ sum-bah: (ف،مذ) سوراخ کرنے کا آلہ، برما، توپ یا بندوق کا گز۔

سنبھالا saN-bhaa-laa: (ار، مذ) وہ افاقہ جو مریض کو موت سے پیشتر ہو جاتا ہے۔

سنبھالنا saN-bhaal-naa: (ار،مص) تھامنا، روکنا، مدد کرنا، انتظام ہاتھ میں لینا، احتیاط برتنا، سمیٹنا، وار کرنے کے لیے ہاتھ اٹھانا۔

سنبھالو saN-bhaa-luu: (ار، مذ) ایک درخت جس کے پتے انسان کے پنجہ سے مشابہ ہوتے ہیں۔

سنبھل سنبھل کر saN-bhal saN-bhal kar: (ار، متعلق فعل) رُک رُک کر، ٹھہر ٹھہر کر، احتیاط سے، بن بن کر، تکلیف سے۔

سنبھلنا saN-bhal-naa: (ار،مص) تھمنا، رکنا، گرنے سے بچنا، قائم رہنا، افاقہ ہونا، راہ پر آنا۔

سنپتل saNp-tal: (ار، مذ ق) اعلیٰ قسم کا پیتل جو سونے کی طرح زرد ہوتا ہے۔

سنپڑنا saN-paR-naa: (ار، مص، ق) ہاتھ میں آنا، گرفت میں آنا۔

سنپولیا saN-po-liya: (ار، مذ) سانپ کا بچہ۔

سُنت sun-nat: (ع، مث) راستہ، طریقہ، چلن، پیغمبرِ خدا کا عمل، دستور، قانون، ختنہ۔

سنتان san-taan: (س، مذ) بال بچے، اولاد، نسل

سنترا san-ta-ral: (ار، مذ) دیکھیے 'سنگترا'

سنتری san-ta-rii: (انگ، مذ) سپاہی Sentry پہریدار، چوکیدار۔

سنتوش san-tosh: (ھ، مذ) صبر، قناعت، تسلی، استقلال۔

سینٹر sain-Tar: (انگ، مذ) Centre مرکز، صف نسبتی: سنٹرل۔

سنج sanj: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر سنجیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور وزن کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے سخن سنج۔

سنجاب san-jaab: (ف، مذ) چوہے سے ذرا بڑا جانور جس کی ملائم پشم دار کھال کی پوستین بناتے ہیں۔

سنجاف san-jaaf: (ف، مث) جھالر، کنارہ، کور، چوڑی اور آڑی گوٹ، حاشیہ، گوٹ جو کپڑوں کے کناروں پر زیبائش کے لیے لگاتے ہیں۔

سنجافی san-jaa-nii: (ف، صف) حاشیہ دار، گوٹ والا۔

سنجیدہ san-jii-dah: (ف، صف) تلا ہوا، موزوں بھاری بھرکم، متین، باوقار، اسم کیفیت مث: سنجیدگی۔

سنجیدہ گفتار san-jii-dah guf-taar: (ف، صف) وہ جس کی باتیں اچھی عمدہ اور شیریں ہوں اسم کیفیت مث: سنجیدہ گفتاری۔

سینچائی siiN-chaai(i): (ار، مث) سینچنے کا عمل، سیرابی، سینچنے کی اُجرت۔

سینچری sain-cha-ri(i)~ sain-chu-ri(i): (انگ، مث) Century صدی، سو سال (قرن) (کرکٹ) سو دوڑیں پوری کر لینا۔

سند sa-nad: (ع، مث) تکیہ گاہ، سہارا، دلیل، ثبوت، دستاویز، تمسک، تصدیق نامہ، اجازت نامہ، قابل اعتماد معتمد۔

سند یافتہ sa-nad-yaaf-tah: (عف، صف) وہ شخص جس کے پاس کسی امر کی سند ہو۔

سنداً sa-na-dan: (ع، متعلق فعل) بطور سند، مثال کے طور پر۔

سنڈ sand: (ار، صف، ق) بے ہوش، حواس باختہ، سخت دل۔

سنداں / سندان san-daaN: (ف، مث) لوہے کا وہ ٹکڑا جس پر لوہار رکھ کر کوٹتے ہیں۔ اہرن، نہائی۔

سُندر sun-dar: (ار، صف) خوبصورت، حسین و جمیل، شکیل، اسم کیفیت مث: سندرتا، سندرتائی۔

سندلا san-da-laa: (ھ، مذ) ایک قسم کی کہگل جو پختہ عمارت پر کرتے ہیں۔ (افعال: پھیرنا، کرنا)

سندلی san-da-lii: (ار، مث) لکڑی کی وہ چیز جس پر جوتے اور کپڑے رکھے جاتے ہیں۔

سندُور siN-duur: (ار، مذ) سندور، ایک قسم کا سرخ سفوف جو ہندو عورتیں اپنی مانگوں میں بھرتی ہیں۔

سندھیا sin-dhi-yaa: (س، مث) دن اور رات کے ملنے کا وقت، ہندوؤں کی صبح، دوپہر، شام کی پوجا۔

سندیسا saN-de-saa: (ھ، مذ) پیغام، خبر، خوش خبری، نوید۔

سنڈاس san-Daas: (ہ، مذ) پاخانہ، بیت الخلا، اصطلاحاً وہ پاخانہ جس کے صاف کرنے کا منہ باہر دیوار میں ہو۔

سنڈاسی san-Daa-sii: (ار، مث) دست پناہ، چمٹا، آگ میں سے کوئی چیز نکالنے کا آلہ۔

سنڈیکیٹ Syndicate san-Di-keT: (انگ، مذ) شرکت تجار، متعدد تاجروں یا کارخانہ داروں کی شرکت جو متحدہ طور پر کوئی کاروبار کرے۔ یونیورسٹی کی مجلس انتظامیہ۔

سنسار san-saar: (ہ، مذ) دنیا، جہان، کائنات۔

سُنسان sun-saan: (ہ، صف) ویران، اُجاڑ، بے رونق، خاموش، خالی، اُداس، ڈراؤنا، بھیانک۔

سینسر sen-sar: (انگ، مذ) Censor، احتساب محتسب، کسی بات سے روکنے والا۔

سنسکرت sans-ki-rit: (س، مث) مقدس، شستہ، مہذب، عمدہ، افضل، آریہ لوگوں کی زبان۔ تہذیب

سنسناہٹ / سنسنی san-sa-naa-haT: (ار، مث) ضعف کے آثار یا علامت، غشی کا عالم، سکتے کی حالت، وہ آواز جو مٹی کے کورے برتن میں پانی ڈالنے یا کھولنے سے پیدا ہو۔

سنسنی خیز san-sa-nii-Kez: (ہ،ف، صف) اضطراب انگیز، سنسنی پیدا کرنے والا، اسم کیفیت مث: سنسنی خیزی۔

سنک sa-nak: (ہ، مث) خبط، جنون، سودا، ہوا کا ہلکے ہلکے چلنا۔ (افعال: پھیرنا، کرنا)

سنکٹ san-kaT: (ہ، مذ) مشکل، تکلیف، چنتا۔

سِنکنا si-nak-naa: (ار، مص) ناک صاف کرنا۔

سنکھ sankh: (ہ، مذ) ناقوس، گھونگا، بڑی کوڑی جو مندروں میں بجائی جاتی ہے۔ سوپدم، زیور، گہنا (افعال: بجانا، پھنکنا)

سنکھیا saNkh-yaa: (ہ، مث) ایک زہریلا پتھر، سم الفار، مجازاً ہر وہ چیز جو مہلک یا مضر ہو، عدد۔

سنگ sang: (ف، مذ) پتھر، وزن، بوجھ، گرانی۔

سنگِ آستاں / آستانہ san-ge-aas-taaN: (ف، مذ) دہلیز کا پتھر، دروازے کی چوکھٹ کا پتھر۔

سنگِ اَسوَد san-ge-as-vad: (فع، مذ) وہ سیاہ پتھر جو کعبہ کی دیوار میں نصب ہے۔ جسے مسلمان طواف کرتے وقت بوسہ دیتے ہیں۔

سنگ بار sang-baar: (ف، صف) پتھر برسانے والا، پتھر مارنے والا، پتھروں کی بوچھاڑ کرنے والا، اسم کیفیت: سنگ باری۔

سنگ پا sang-paa: (ف، مذ) پاؤں رگڑنے کا پتھر۔

سنگ پشت sang-pusht: (ف، مذ) کچھوا۔

سنگ تراش sang-ta-raash: (ف، صف) پتھر کاٹنے والا، پتھر کا کام کرنے والا، اسم کیفیت مث: سنگ تراشی۔

سنگِ تُربت san-ge-tur-bat: (ف، مذ) وہ پتھر جو قبر پر لگایا جاتا ہے۔

سنگِ جراحت san-ge-ja-raa-hat: (فع، مذ) ایک قسم کا سفید پتھر جو زخم کے لیے مفید ہے۔

سنگِ خارا san-ge-Kaa-raa: (ف، مذ) ایک قسم کا نیلگوں پتھر، سخت پتھر۔

سنگ دانہ sang-da-nah: (ف، مذ) پرند کا معدہ۔

سنگ دل sang-dil: (ف، صف) بے رحم، سخت دل، ظالم اسم کیفیت مث: سنگ دلی۔

سنگِ راہ san-ge-raah: (ف، مذ) راستے کا پتھر، جس سے لوگوں کو ٹھوکر لگے، رکاوٹ، مزاحم۔

سنگ ریزہ sang-re-zah: (ف، مذ) کنکر،

روڑی، بجری۔

سنگ سار sang saar: (ف،صف) وہ شرعی سزا جس میں انسان کو آدھا زمین میں گاڑ کر مار ڈالتے ہیں (افعال: کرنا، ہونا) پتھر مارنے کی سزا۔

سنگ ساز sang-saaz: (ف، صف) چھاپے خانے کا وہ ملازم جو چھاپے کے پتھر یا پلیٹ پر غلطیاں درست کرتا ہے مصلح سنگ۔

سنگِ فساں san-ge-fa-saaN: (ف،مذ) وہ پتھر جس پر تلوار یا چاقو وغیرہ تیز کیا جائے۔

سنگلاخ sang-laaK: (ف،صف) پتھریلی زمین، پہاڑی علاقہ، کنایۃً مشکل، دشوار۔

سنگِ لرزاں san-ge-lar-zaaN: (ف،مذ) وہ پتھر جو ہلانے سے لچک دار چیزوں کی طرح ہلتا ہے۔

سنگِ لوح / مزار san-ge-lauh/ma- zaar: (ف،مذ) قبر کے سرہانے کا پتھر جس پر مردے کی تاریخ وفات اور نام وغیرہ تحریر ہوتے ہیں۔

سنگِ مثانہ san-ge-ma-saa-nah: (ف،مذ) وہ پتھری جو آدمی کے مثانے میں پیدا ہو جاتی ہے۔

سنگِ مرمر san-ge-mar-mar: (ف،مذ) ایک قسم کا سفید پتھر جو عمارتوں میں کام آتا ہے۔

سنگِ موسیٰ san-ge-muu-saa: (ف،مذ) ایک قسم کا سیاہ اور خوبصورت پتھر۔

سنگِ میل san-ge-miil: (ف،مذ) وہ پتھر جو راستہ کا نشان یا راستہ بتانے کے لیے لگاتے ہیں۔ نشانِ راہ۔

سنگِ یشب san-ge-yashb: (ف،مذ) ایک قسم کا سبزی مائل پتھر جو قیمتی ہوتا ہے۔ جسے اکثر گھس کر ہول دل کے واسطے پیتے ہیں یا تختی بنا کر گلے میں ڈالتے ہیں۔

سنگ sang: (ہ،مذ) ساتھ، ہمراہ، رفاقت، صحبت (افعال: جانا، چھوڑنا، دینا، کرنا، لینا، ہونا)

سِنگار siN-gaar: (ار،مذ) آرائش، سجاوٹ، زیب و زینت، کنگھی چوٹی (افعال: کرنا، ہونا)

سِنگار دان siN-gaar-daan: (ار، ف، مذ) سنگار کی چیزیں رکھنے کا بکس، صندوقچہ، پٹاری۔

سِنگار میز siN-gaar-mez: (ار، مث) وہ میز جس پر آرائش کا سامان رہتا ہے۔

سنگت san-gat: (ہ،مث) ہمراہی، صحبت، جماعت، منڈلی، ڈیرا، خانقاہ، گویئے کے ساتھ آواز ملانے والے، سازندے۔

سنگترہ sang-ta-rah: (پر،مذ) ایک قسم کی بڑی اور میٹھی نارنگی۔

سنگرام sang-raam: (س،مذ) جنگ و جدل۔

سنگ رہنی sang-reh-nii: (ا،مث) ایک مرض جس میں بدہضمی کی وجہ سے بار بار دست آتے ہیں۔

سِنگِل sin-gil: (انگ،صف) Single ایک، واحد، تنہا، اکیلا، کرکٹ میں ایک دوڑ کی ہٹ، چھبیس پتوں کی ترپ کا ایک کھیل جس میں جیتنے والوں کے پانچ ہاتھ اور ہارنے والوں کے چار ہاتھ ہوتے ہیں۔

سنگم san-gam: (ف، مذ) وہ جگہ جہاں دو دریا ملیں۔ دو آدمیوں کا میل۔

سنگوٹی san-go-Ti(i): (ار،مث) وہ خول جو خوبصورتی کے لیے سینگوں پر چڑھاتے ہیں۔ ہرن کا چھوٹا سا سینگ، ہرن کے سینگوں کا ایک ہتھیار جس سے پٹے باز کھیلتے ہیں۔ جانوروں کی فروخت کا محصول۔

سِنگھ singh: (ہ،مذ) شیر، آسمان کا برج اسد، ایک لقب جو ہندو راجپوت اور سکھ اپنے نام کے ساتھ لگاتے ہیں۔ فیض (صف) بہادر، زور آور۔

سِنگھاڑا siN-ghaa-Raa: (ھ، مذ) ایک تکونا کانٹے دار پھل جو سموسے کی طرح ہوتا ہے۔ سموسے کی طرح لپٹا ہوا رومال (دلالوں کی اصطلاح) تین روپے، مثلث۔

سِنگھاسن sin-ghaa-san: (ھ،مذ) شاہی تخت، راج گدی۔

سَنگ sang: (ھ،صف) ساتھی (مث) ایک ریشمی کپڑا جس میں سوت ملا ہو۔

سنگیت san-giit: (س، مذ) ایسا گانا جسے بہت سے آدمی آواز ملا کر گائیں۔ ایسا گانا جس میں ناچ گانا اکٹھا ہو، ساز اور رقص کے ساتھ گانے کا فن۔

سنگین san-giin: (ف،صف) سنگ سے منسوب، وزنی، بھاری سخت (مث) ایک تکونی نوکدار چھری جو بندوق پر چڑھائی جاتی ہے۔

سنگینی san-gii-nii: (ف، مث) سختی، مضبوطی، پائیداری، گرانی ٹھوس پن۔

سُنَن su-nan: (ع،مث) دیکھیے 'سنت' جس کی یہ جمع ہے۔

سُننا sun-na(a): (ار، مص) کانوں سے آواز معلوم کرنا، کان لگانا، دھیان دینا، گالی کھانا، مقدمہ کی سماعت کرنا، گانا سننا۔

سنوار saN-vaar: (ار، مث) سجاوٹ، درستی، اصلاح، لعنت پھٹکار۔

سنوارنا saN-vaar-na(a): (ار، مص) درست کرنا، آراستہ کرنا۔ ترتیب سے لگانا۔

سنورنا saN-var-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'سنوارنا' جس کا یہ لازم ہے۔

سنہ عیسوی sa-nah-(?)iis-viiN: (ع،مذ) وہ شمسی سال جو حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے شروع ہو۔

سنہ ہجری sa-nah-hij-rii: (ع،مذ) وہ قمری سال جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت مکہ سے شروع ہو۔

سنہرا su-neh-raa: (ار،صف، مذ) سونے کے رنگ کا، زرّیں۔

سنی sa-nii: (ار،مث) ایک باریک اور ملائم سن جسے اکثر گدوں میں بھر دیتے ہیں۔

سُنّی sun-nii: (ع،صف) مسلمانوں کا اہل سنت والجماعت فرقہ یا اس مسلک کا پیرو۔

سُنی سُنائی su-nii-su-naa-ii: (ار، مث) سنی ہوئی بات، ہوائی بات، افواہ۔

سنیاس san-yaas: (س،مذ) دنیا چھوڑ دینا، ترک، تیاگ، جوگ، فقیری، ہندو دھرم کا چوتھا آشرم جس میں دنیا ترک کر دی جاتی ہے۔

سنیاسی san-yaa-sii: (س،صف) تارک دنیا، فقیر، جوگی، جنگلی جڑی بوٹیوں کا ماہر، وید۔

سینے ٹوریم sai-ne-To-ri-yam: (انگ، مذ) sanatorium صحت گاہ، صحت افزا مقام۔

سنیچر sa-ni-char: (ھ،مذ) زحل ستارہ جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ بدنصیبی، نحوست۔

سنیما (گھر) sa-nii-maa: (انگ،مذ) Cinema وہ مقام جہاں متحرک تصویریں دکھائی جائیں۔

سنین si-niin: (ع،مذ) دیکھیے 'سنہ' جس کی یہ جمع ہے۔

س۔و

سَو sau: (ار، اعدد) پانچ بیسی، پچاس جمع پچاس۔

سو کی ایک بات sau kii ek baat: (ار،مث) منتخب بات، عمدہ بات۔

سُو suu: (ف،مث) سمت، جانب، طرف۔

سو so: (واؤ مجہول) (ار، اشارہ ضمیر) وہ، جو، تو، اس

لیے واسطے، بس، کیونکہ (فعل) اردو مصدر سونا کا صیغۂ امر۔

سوا sa-vaa: (ار، عدد کسری) ایک اور چوتھائی۔

سوا / سوائے si-vaa: (ھ، مذ) بغیر، علاوہ، بجز، زیادہ، فالتو۔

سواحل sa-vaa-hil: (ع، مذ) دیکھیے 'ساحل' جس کی یہ جمع ہے۔

سواد / سواد sa-vaad: (ار، مذ) مزہ، چاٹ، ذائقہ (صف) لذیذ، خوش ذائقہ، فرحت، خوشی، اخلاص (افعال: پڑنا، لگنا)

سواد sa-vaad: (ع، مذ) سیاہی، کالک، گردونواح آس پاس، ذہن، خاکہ۔

سوار sa-vaar: (ف، مذ) جو پیدل نہ ہو، کنایۃً، مست، متوالا، رسالے کا ملازم (افعال: کرنا، کرانا، ہونا، بنانا) کنگن۔

سوارت / سوآرتھ sa-vaa-rat/ su-aarth: (ھ، مذ) کسی چیز کا اچھے کام میں آنا، ٹھکانے لگنا، مطلب (افعال: کرنا، ہونا، لگانا، لگنا)

سواری sa-vaa-rii: (ف مث) گھوڑے پر چڑھنے کا کام، سوار ہونے کا فعل، وہ چیز جس پر سوار ہوا جائے۔ جلوس، کشتی کا ایک داؤں جو سوار ہو ہمرکاب۔

سوآگت suu-aa-gat: (س، مذ) خوش آمدید، استقبال، سلام، آداب۔

سوال sa-vaal: (ع، مذ) پوچھنا، دریافت کرنا، درخواست، طلبی، مانگ، التماس، التجا، استفسار، پرسش، دعویٰ عرضی، استغاثہ، نالش، گزارش، بھیک (مانگنا) مسئلہ، عقیدہ، حل طلب بات، ریاضی یا اُقلیدس کا جواب طلب مسئلہ، جمع سوالات۔

سوال جواب sa-vaal ja-vaab: (ع، مذ) گفتگو، بات چیت، مباحثہ۔

سوال نامہ sa-vaal-na-maah: (عف، مذ) جواب طلب امور کی فہرست۔

سوالی sa-vaa-lii: (ار، صف) سوال کرنے والا، مانگنے والا۔

سوامی suw-aa-mii: (ھ، صف) آقا، مالک، حاکم، خدا، شوہر، خاوند، خصم، گرو، پیر۔

سوانح (سوانح) حیات sa-vaa-neh-ha-yaat/ sa-vaa-nah: (ع، مث) کسی شخص کی زندگی کے حالات کا تذکرہ۔

سوانح (سوانح) نگار sa-vaa-nah-ni-gaar: (عف، صف فاعلی) واقعہ نویس، کسی شخص کی زندگی کے حالات لکھنے والا، اسم کیفیت مث: سوانح نگاری۔

سوانگ / سوانگ su-aaNg: (ار، مذ) شعبدہ، تماشا، کھیل، نقل، بہروپ۔

سوائی sa-vaa-ii: (ار، مث) ایک قسم کی زمین جس میں سوائے چاول کے ہر چیز ہو سکتی ہے۔ چکنی مٹی اور ریت کا مرکب۔ وہ غلہ جو کاشت کاروں کو بیج بونے کے وقت اس شرط پر دیا جائے کہ کٹائی کے وقت من کا سوا من لیا جائے گا دیکھئے 'سوایا' جس کی یہ تانیث ہے۔ غلبہ، فتح۔

سوائے sa-vaa-ai/si-vaa-ai: (ع، حرف، استثنا) دیکھیے 'سوا' (ار، مث) وہ منافع کی رقم جو زمیندار کو لگان کے علاوہ وصول ہو۔

سوایا sa-vaa-yaa: (ار، عدد کسری) ایک اور چوتھائی۔

سؤپ suup: (انگ، مذ) Soup یخنی، شوربا۔

سؤپ suup: (ار، مذ) چھاج، اناج پھٹکنے کا آلہ، پانی سینچنے کا ٹوکرا۔

سَوت / سَوتن saut/sau-tan: (ہ، مث) ایک خاوند کی دو یا زیادہ بیویاں آپس میں ایک دوسرے کی سوت کہلاتی ہیں، سوکن۔

سوت sot: (واؤ مجہول سے) وہ پانی جو زمین سے اُبلے، زمین سے پانی نکلنے کی جگہ۔

سُوت suut: (ار، مذ) دھاگا، کچے دھاگے کا تار، دیوار وغیرہ کی سیدھ دیکھنے کا معماروں کا ڈورا، سوکا سولہواں حصہ، ریشہ۔

سوتا so-taa: (ار، مذ) سوت، چشمہ، پانی کی وہ شاخ جو کسی دریا تالاب سے کٹ کر بہتی چلی جائے (صف) سوتا ہوا، سونے والا مث: سوتی۔

سُوتنا suut-naa: (ار، مص) نچوڑنا، چوسنا، کھینچ لینا، صاف کرنا، جذب کرنا۔

سُوتی suu-tii: (ار، صف) سوت کا بنا ہوا۔

سَوتیلا sau-te-laa: (ار، صف) سوت یا سوکن سے تعلق رکھنے والا سوت کا بیٹا مث: سوتیلی۔

سُوٹ suuT: (انگ، مذ) Suit کپڑوں کا جوڑا۔ جس میں کوٹ پتلون یا شلوار اور قمیص ایک ہی رنگ کے ہوتے ہیں۔

سُوٹ کیس suuT-kes: (انگ، مذ) Suit case کپڑے رکھنے کا چھوٹا بکس۔

سُوٹنگ suu-Ting: (انگ، مذ) Suiting سوٹ کا کپڑا۔

سُوج suj: (ار، مث) سوجن، سوزش۔

سُوجا suu-jaa: (ار، صف) سوجا ہوا، متورم، مث: سوجی، بڑھی ہوئی۔

سُوجن suu-jan: (ار، مث) ورم، آماس۔

سُوجھ suujh: (ار، مث) عقل، سمجھ، نظر، بینائی۔

سُوجھ بُوجھ suuj-buujh: (ار، مث) عقل، فہم، دوراندیشی۔

سُوجھنا suujh-naa: (ار، مص) نظر آنا، دکھائی دینا، کوئی بات خیال میں آنا، سمجھ میں آنا۔

سُوجی suu-ji: (ار، مث) گیہوں کی گری جس سے حلوا وغیرہ بناتے ہیں، روا۔

سوچ soch: (ار، مذ، مث) فکر، خیال، رنج و غم، اندوہ، غور، دھیان، توجہ۔

سوچ بچار soch-bi-chaar: (ار، مذ، مث) فکر و تامل، غور و فکر (افعال: کرنا، ہونا)

سوچ سمجھ کر / کے soch-sa-majh-kar/ke: (ار، متعلق فعل) غور کر کے۔

سُوئچ suu-ich: (انگ، مذ) Switch وہ بٹن جس کے دبانے یا حرکت دینے سے تار میں برقی رو جاری ہوتی یا بند ہوتی ہے۔

سُوئچ بورڈ suu-ich-borD: (انگ، مذ) SwitchBoard وہ تختی جس پر سوئچ لگے ہوتے ہیں۔

سوچنا soch-na(a): (ار، مص) غور کرنا، فکر کرنا، اندیشہ کرنا، خیال کرنا۔

سوختْ soKt: (ف، مث) جلن، سوزش، سوختگی، ضائع، گنجفے میں جب کوئی پتا سر ہوا اور کھیلنے والا وقت پر نہ پھینکے تو وہ پتا سوخت یعنی بیکار ہو جاتا ہے۔

سوختنی soKt-nii: (ف، صف) جلنے یا جلانے کے قابل۔

سوختہ soK-tah: (ف، صف، مفعولی) جلا ہوا، جھلا ہوا، مصیبت زدہ، افسردہ، دم کیا ہوا، اُبلا، بجھا ہوا کوئلہ، اسم کیفیت مث: سوختگی، وہ بارود لگایا ہوا کپڑا جس میں چقماق سے جلد آگ لگ جاتی ہے۔

سوختہ بال soK-tah-baal: (ف، صف) بے بس، جس کے پر جل چکے ہوں۔

سوختہ بختْ soK-tah baKt: (ف، صف)

بدقسمت، بدنصیب، اسم کیفیت مث: سوختہ بختی۔

سوختہ جاں soK-tah jaaN: (ف، صف) جان جلا، دل جلا، کنایۃً عاشق۔

سوختی soK-tii: (ار، مث) رنج، تکلیف، کلفت۔

سود suud: (ف، مذ) نفع، منافع، فائدہ، بیاج۔

سودخوار / خور suud-Kor/Kwaar: (ف، صف) سود پر چلانے والا۔ بیاج لینے والا، اسم کیفیت مث: سودخواری/خوری۔

سودمند suud-mand: (ف، صف) مفید، فائدہ مند، اسم کیفیت سودمندی۔

سَودا sau-daa: (ع، مذ) کالا سیاہ، چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام، دیوانگی، جنون، پاگل پن، خیال، دھن، محبت، عشق۔

سَودا sau-daa: (ف، مذ) بیوپار، خرید و فروخت، سوداگری کا مال و اسباب۔

سَوداسَلَف sau-daa-sa-laf: (ار، مذ) بازار سے خریدی ہوئی چیز، بازاری چیز۔

سَوداگر sau-daa-gar: (ف، صف) بیوپاری، تاجر، اسم کیفیت مث: سوداگری۔

سَودائی sau-daa-ii: (ع، صف) وہ شخص جس کے مزاج میں سوداوی خلط زیادہ ہو۔

سودہ suu-dah: (ف، مذ) وہ چیز جو گھسنے سے حاصل ہو، برادہ سفوف۔

سودھنا sodh-naa: (ف، صف) کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا میل کچیل نکالنا۔

سودی suu-dii: (ف، صف) سود سے متعلق، بیاجو

سودیشی so-de-shii: (ھ، صف) اپنے دیس کا، ملکی۔

سوڈا so-Daa: (انگ، مذ) Soda سوڈیم کا کھار، ایک قسم کی سجی جو کپڑے دھونے کے کام آتی ہے۔

سوڈاواٹر so-Daa-vaa-Tar: (انگ، مذ) Soda Water سوڈے سے بنایا ہوا پانی، گیس بھرا ہوا پانی۔

سُور suur: (ھ، صف) بہادر، دلیر، شجاع۔

سُؤر suu-ar: (ار، مذ) خوک، خنزیر، ایک چوپایہ جو بہت نجس ہوتا ہے (صف) شریر، بد ذات، مث: سورنی۔

سُورات sau-raat: (ار، مث، ق) خودغرضی، غرض، مطلب، حرص۔

سُوراج sau-raaj: (ھ، مذ) حکومت خود اختیاری، اپنے دیس میں اپنا راج۔

سُوراخ suu-raaK: (ف، مذ) چھید، رخنہ، روزن، بل، موکھا، درز، دراڑ، جھری۔ (افعال: کرنا، ہونا)

سُوراخ دار suu-raaK-daar: (ف، صف) جس میں سوراخ ہو، چھیدوالا۔

سُورت su-rat: (ع، مث) قرآن مجید کا کوئی باب یا فصل، سورہ، ایک بندرگاہ۔ ایک شہر جو گجرات میں ہے۔

سُورج suu-raj: (ار، مذ) شمس، خورشید، آفتاب، دن کو روشنی و حرارت دینے والا سیارہ۔

سُورج ونشی suu-raj-van-shii: (ھ، مذ) راجپوتوں کا ایک خاندان جو اپنے آپ کو سورج کی اولاد بتاتا ہے۔ رام چندر جی کا تعلق اسی قوم سے تھا۔

سُورج مُکھی suu-raj mu-khii: (ار، مذ) ایک قسم کا زرد رنگ کا پھول جو سورج کے ساتھ ساتھ اپنا رخ بدلتا رہتا ہے۔ ایک قسم کا پنکھا جو مور کی کھلی دم کے مشابہ ہوتا ہے۔

سُورہ suu-rah: (ع، مذ) قرآن مجید کا ایک باب یا ایک فصل، سورت۔

سوریاباں suur-yaa-baan: (ار، مذ ق) آفتاب

گیری، دھوپ سے بچانے والا چھجا۔

سوز soz: (ف،مذ) جلن، سوزش، دُکھ، درد، مرثیہ خوانی کی ایک طرز، فارسی مصدر سوختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنادیتا ہے اور جلانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً جاں سوز۔

سوز خواں soz-KwaaN: (ف،صف) طرز اور لے سے مرثیہ پڑھنے والا، اسم کیفیت۔مث: سوز خوانی۔

سوز و ساز so-zo-saaz: (ف،مذ) رنج آمیز، کیفیت، درد و احساس۔

سوز و گداز so-zo-gu-daaz: (ف،مذ) رنج آمیز، کیفیت، درد و احساس۔

سوزش so-zish: (ف، مث) جلن، کھولن، درد، تکلیف۔

سوزن so-zan: (ف،مث) سوئی، کپڑے سینے کا آلہ۔

سوزن کار so-zan-kaar: (ف،صف) کڑھائی کرنے والا، سوئی کا کام کرنے والا، کشیدہ کاڑھنے والا، اسم کیفیت۔مث: سوزن کاری۔

سوزنی soz-nii: (ف،مث) ایک قسم کا دوہرا یا روئی بھرا کپڑا جس پر سوئی کا کام کیا گیا ہو۔ ایسے کپڑے کا لباس یا فرش۔

سوُس suus: (ع،مث) ملیٹھی، ایک قسم کا مگرمچھ۔

سُوسائٹی su-saa-ai-Tii: (انگ،مث) Society سماج، معاشرہ، اجتماعی زندگی، لوگوں کی صحبت، مجلس، انجمن۔

سوسن so-san: (ف،مث) آسمانی رنگ کا پھول جسے شعرا زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔

سوسنا sos-naa: (ار،مص، ق) جھیلنا، سہنا، برداشت کرنا۔

سوسنی sos-nii: (ف،صف) آسمانی، نیلا رنگ (سوسن سے منسوب)

سوُسی suu-sii: (ار،مث) ایک قسم کا دھاری دار کپڑا

سوشل so-shal: (انگ،صف) Social سوسائٹی یا معاشرے سے متعلق، میل جول رکھنے والا، ملنسار

سوشلزم so-sha-lizm: (انگ،مذ) Socialism ایک معاشرتی و معاشی نظریہ جس کے مطابق وسائل پیداوار اجتماعی یا سرکاری ملکیت میں ہونے چاہئیں۔ اشتمالیت۔

سوَغات sau-Gaat: (ت، مث) تحفہ، ہدیہ، عمدہ چیز، نرالی چیز۔

سوفا so-faa: (انگ،مذ) Sofa ایک قسم کی کرسی جس میں اسپرنگوں پر گدے لگے ہوتے ہیں۔

سوُفار suu-faar: (ف،مذ) سوئی کا ناکا، تیر کا وہ حصہ جو چلے پر رکھا جاتا ہے۔ تیر کی چٹکی۔

سوفتہ sof-tah: (ار،مذ) ہندی سیتا کا بگاڑ، فرصت، مہلت، چھٹکارا، افاقہ۔

سوفسطائی su-fis-taa-ii: (ع،مذ) حکما کا وہ گروہ جن کے خیالات کی بنیاد وہم پر ہے۔ جو حقائق اشیاء کا منکر ہے۔ وہمی۔

سوُق suuq: (ع،مذ) بازار۔

سوُقیانہ suu-qi-yaa-nah: (عف،صف) بازاری، عوام کا، مبتذل، اسم کیفیت۔مث: سوقیت۔

سَوکن sau-kan: (ھ،مث) دیکھیے 'سوت' شوہر کی دوسری بیوی۔

سوُکھا suu-khaa: (ھ،صف) خشک، بے نم، پتلا دبلا، لاغر، ایک بیماری۔

سوُکھنا suukh-naa: (ار،مص) خشک ہونا، بے نم ہونا، دبلا ہونا، سکڑنا، انتظار کی تکلیف برداشت کرنا۔

سوگ sog: (ف، ہ، مذ) غم، ماتم، مردے کا ماتم۔
سَوگوار sau-ga-vaar: (ف، صف) غمگین، مغموم، ماتمی، آفت زدہ، مصیبت زدہ، اسم کیفیت مث: سوگواری۔
سوگی so-gii: (ار، صف) ماتم کنندہ، وہ جو سوگ کرے، مث: سوگن۔
سوگیانہ so-gi-yaa-nah: (ار، مذ) سوگ کے کپڑے۔
سَوگند sau-gand: (ف، مث) قسم، سوں، اقرار، عہد (افعال: لانا، دینا، کھانا، کھلانا)
سُول suul: (ہ، مذ) کانٹا (کیکر وغیرہ کا) درد، پیڑ، تیز درد (مث) کوئی نوکدار ہتھیار جیسے نیزہ، تیر، برچھا، رحم، ہمدردی۔
سِوِل si-vil: (انگ، صف) Civil، غیر فوجی، شہری۔
سِوِل جج si-vil jaj: (انگ، مذ) Civil Judge دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرنے والا جج۔
سِوِل سرجن si-vil-sar-jan: (انگ، مذ) Civil Surgeon شہریوں کا اعلیٰ معالج، ضلع کے سرکاری ہسپتال کا نگران ڈاکٹر۔
سِوِل سروس si-vil sar-vis: (انگ، مث) Civil Service سرکاری ملازمین کا وہ شعبہ جس میں انتظامی اور غیر فوجی عہدیدار شامل ہیں۔
سِوِل کورٹ si-vilkorT: (انگ، مث) عدالت دیوانی۔
سِوِل لا si-vil laa: (انگ، مذ) قانون دیوانی۔
سِوِل نافرمانی si-vil-naa-far-maa-nii: (انگ، ف، مث) Civil Disobedience کا ترجمہ، حکومت کے احکامات کی تعمیل سے بلا تشدد انکار۔
سِوِل وار si-vil-vaar: (انگ، مث) Civil War ایک قوم کے مختلف طبقوں کی باہمی لڑائی، خانہ جنگی۔

سول sol: (انگ، مذ) Sole تلوا، کفِ پا، جوتے کا تلا (صف) واحد، تنہا، بلا شرکتِ غیرے۔
سولہ so-la(h): (ار، عدد) دس اور چھ کا مجموعہ (16) چوسر کے کھیل میں پانسوں کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر چھ اور دو پر پانچ پانچ دائرے شمار میں آئیں۔
سولہ سنگار so-lah-siN-gaar: (ار، مذ) عورتوں کی مکمل آرائش۔
سولھواں solh-vaaN: (ار، عدد ترتیبی) ترتیب میں پندرہ کے بعد کا درجہ، مث: سولھویں۔
سولھی so-lhii: (ہ، مث) ایک قسم کا کھیل جو سولہ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔
سولی suu-lii: (ہ، مث) ایک چوبی آلہ جس پر مجرموں کے ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں ٹھونک کر لٹکا دیا کرتے تھے جس پر وہ سسک سسک کر جان دے دیتے تھے۔ مجازاً مصیبت، ہلاکت، بے حد تکلیف دہ محنت مشقت۔
سوم saum so-yam: (ف، صف) تیسرا، مردے کا تیجا، مرنے کے تیسرے روز کا فاتحہ۔
سُوم suum: (ہ، صف) بخیل، کنجوس (غالباً عربی شوم سے) اسم کیفیت مذ: سوم پن، مث: سومن۔
سوم som: (س، مذ) ایک پودا جس کا رس بہت مقدس خیال کیا جاتا تھا۔ اس پودے کے رس کو قدیم ہندو دیوتاؤں پر چڑھاتے تھے، چاند، ہوا، آندھی، کافور۔
سوم رس som-ras: (س، مذ) دیکھیے 'ایک مقدس رس'۔
سُونا suu-naa: (ار، صف) اُجاڑ، ویران، غیر آباد، خالی، برباد، اسم کیفیت مذ: سوناپن، مث: سونی۔
سونا so-naa: (ار، مص) نیند لینا، حالتِ خواب میں ہونا۔
سونا مکھی / کی so-naa mu-khii: (ہ، مذ)

ایک مفرد، زرد رنگ کی دھات جو پانی سے ۱۹ گنا بھاری ہے اس کے زیور بناتے ہیں۔

سَونپنا sauNp-naa: (ار،مص) سپرد کرنا، حوالہ کرنا، امانت کے طور پر رکھنا۔

سونٹنا suuNt-naa: (ار،مص) دیکھئے 'سوتنا'۔

سونٹا saun-Taa: (ار،مذ) ڈنڈا، عصا، لٹھ، لاٹھی۔

سَونٹھ sauNTh: (ار،مث) خشک ادرک، مجازاً کوئی قیمتی چیز۔

سَونٹھ پانی sauNTh-paa-nii: (ار،مذ) زیرے وغیرہ کا ترش پانی۔

سَوندھاہٹ sauN-daa-haT: (ار،مذ) 'سوندھا پن' ملاحظہ ہو۔

سَوندھا saun-dhaa: (ار،اصف) مٹی کے کورے برتن کی خوشبو رکھنے والا، بھوبل میں بھنا ہوا پھل (مث) سوندھی اسم کیفیت مذ: سوندھا پن اسم کیفیت مث: سوندھاوت / سوندھاہٹ، ایک مرکب۔

سَوندھنا sauNdh-naa: (ار،مص) گوندھنا، متھنا، ملانا، کپڑوں کو دھونے کے واسطے ملنا۔

سونڈ suuND~suuNR: (ار،مث) ہاتھی کی ناک جو لمبی ہوتی ہے جس سے وہ ہاتھ کا کام بھی لیتا ہے۔

سونڈا suuN-Daa: (ار،مذ) ایک لمبی ناک والا کیڑا جو چنے کے سبز پودوں کو کھا جاتا ہے۔ بڑھی ہوئی ناف۔

سونف sauNf: (ار،مث) ایک پودا اور اُس کے بیج جو خوشبودار ہوتے ہیں اور ہاضم بھی۔

سونگھنا suuNgh-naa: (ار،مص) بو لینا، مہک معلوم کرنا، باس لینا۔

سَونے کا پانی sau-ne-kaa-paa-nii: (ار،مذ) ملمع، سونے کی ہلکی تہہ، جو دوسری دھاتوں پر چڑھائی جاتی ہے۔ (افعال: پھرانا، پھیرنا، پھرنا، چڑھانا، چڑھنا)

سَونے کا ورق sau-ne-kaa-varq: (ار،مذ) سونے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاغذوں کے درمیان رکھ کر کوٹتے ہیں، یہاں تک کہ وہ باریک ورق بن جاتے ہیں۔ جو اکثر ادویات میں مستعمل ہیں۔ ورق طلا۔

سَونے کی چڑیا sau-ne-ki-chiR-yaa: (ار،مث) مالدار آدمی، دولت مند آدمی، بیش قیمت چیز۔

سوئیا suu-ni-yaa: (ہ،مذ) حال بتانے والا، شگون بتانے والا، پیشین گو۔

سوہا suu-haa: (ہ،صف) سرخ، لال، بھیروں راگ کی ایک راگنی، طوطا۔

سوہان so-haan: (ف،مذ) ریتی، لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا ایک خاردار اوزار۔

سوہانِ روح so-haa-ne-ruuh: (فع،صف) روح کو دکھ دینے والا، آزار رساں، ناگوار۔

سوہلا soh-laa: (ہ،مذ) تعریف کا گیت، بیاہ کا گیت۔

سوہن so-han: (ف،مذ) سوہان کا مخفف، ایک قسم کی مٹھائی جسے حلوہ سوہن بھی کہتے ہیں۔

سوہنا soh-naa: (ار،مص) سجنا، زیب دینا، اچھا دکھائی دینا، خوبصورت، سجیلا۔

سوہنی soh-nii: (ار،صف) دیکھئے 'سوہنا' جس کی یہ تانیث ہے۔ ماروا ٹھاٹھ کی راگنی۔

سوہنی suuh-nii: (ہ،مث) جھاڑو، جاروب۔

سوء suu: (ع،صف) برا، خراب۔

سوء suu: (ع،مث) برائی، بدی، خرابی، بیماری۔

سوئی suu-ii: (ار،مث) کپڑا سینے کا اوزار، سوزن، ترازو کا کانٹا، پودے کی روئیدگی کی نوک، گھڑی یا

قطب نما وغیرہ کا وہ خط یا پرزہ جو وقت اور سمت کو ظاہر کرتا ہے۔

سُوئے اِتّفاق suu-e-it-ti-faaq: (ع، مذ ترکیب فارسی) موقع کی خرابی، برا اتفاق۔

سویا so-yaa: (ہ، مذ) ایک خوشبودار ساگ کا نام، سویا ہوا، خوابیدہ۔

سَوَیّا sa-vay-yaa: (ہ، مذ) سوا کا پہاڑا، سوا سیر کا باٹ۔

سِوَیّاں si-vay-yaaN: (ار، مث) ایک قسم کی خوراک جو میدے، آٹے، یا روے کو گوندھ کر تار کی صورت میں بناتے یا نکالتے ہیں۔

سَوِیپ sa-viip: (انگ، مذ) sweep تاش کا ایک کھیل، جھاڑ پونچھ۔

سُوِیت su-vi-yat: (روی، مذ) Soviet پنچایت، کونسل، مجلس۔

سوٹر suu-Tar: (انگ، مذ) Sweater موٹا اونی بنیان۔

سُوَیدا su-ve-daa: (ع، مذ) وہ سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے۔

سَوَیرا sa-ve-raa: (ار، مث) اوّل، اوّل وقت، پہلے، دیر کی ضد۔

سویمبر sa-vem-bar: (ہ، مذ) ہندوؤں کی ایک قدیم رسم جس میں لڑکی اپنے شوہر کا خود انتخاب کرتی تھی۔

س۔ہ

سہ seh: (ف، اسم عدد) تین، 3

سہ برگہ seh-ber-gah: (ف، مذ) ایک قسم کا پھول جس کی تین پتیاں ہوتی ہیں۔ ٹوپیوں پر بنائی ہوئی پتی۔

سہ پہر seh-pahr/pehr: (ف، مذ) تیسرے پہر کا وقت، دوپہر کے بعد کا وقت۔

سہ پہل / پہلو seh-pe-hal/peh-luu: (ف، صف) تین پہلو کا، ایک قسم کا تیر۔

سہ چند seh-chand: (ف، صف) تگنا، تین گنا۔

سہ حرفی seh-har-fii: (فع، صف) تین حرف کا، وہ کلمہ جس میں تین حرف ہوں۔

سہ درہ seh-da-rah: (ف، مذ) تین دروازوں کا چھوٹا کمرا۔

سہ شنبہ seh-shaN-bah: (ف، مذ) منگل کا دن

سہ فصلہ seh-fas-lah: (ف، صف) سال میں تین بار پھل دینے والا درخت۔

سہ گانہ seh-gaa-naa: (ف، صف) تین سے نسبت رکھنے والا۔

سہ ماہی seh-maa-hii: (ف، صف) تین مہینے کا عرصہ، تیسرے مہینے کا۔

سہ منزلہ seh-man-zi-lah: (فع، صف) اوپر نیچے تین درجوں کا مکان۔

سہار sa-haar: (ار، مث) برداشت، تحمل۔

سہارا sa-haa-raa: (ار، مذ) مدد، بھروسا، وسیلہ، امید، توقع، توانائی۔ قوت، ٹیک، اڑواڑ، (افعال: پانا، تکنا، ٹوٹنا، دینا، ڈھونڈنا، کرنا، لگانا، لینا، ہونا۔)

سہارنا sa-haar-naa: (ار، مص) برداشت کرنا، تحمل کرنا، سہنا، تھامنا، روکنا، سنبھالنا۔

سُہاگ su-haag: (ہ، مذ) خوش حالی، خوش نصیبی، خوش قسمتی، عورت کے لیے خاوند کی زندگی کا زمانہ، ایک خاص گیت جو شادی میں گایا جاتا ہے۔

سُہاگ رات su-haag-raat: (ہ، مث) شب زفاف، دولہا دلھن کے اکٹھے ہونے کی پہلی رات۔

سُہاگا su-haa-gaa: (ہ،مذ) ایک قسم کا پہاڑی کھار جس سے سونا چاندی گلایا جاتا ہے اور دواؤں میں بھی کام آتا ہے۔ زمین ہموار کرنے کا پٹڑا جو آلات کشاورزی میں ایک اہم اوزار۔

سُہاگن su-haa-gan: (ہ،مث) وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو، خوش نصیب۔

سُہال su-haal: (ہ،مذ) ایک قسم کی خستہ اور تلی ہوئی روغنی روٹی۔

سُہالی su-ha-lii: (ہ،مث) پوری، کچوری، پراٹھا، میٹھی تلی ہوئی کچوڑی، سسرال کی گالیاں۔

سُہانا/سُہاوَنا su-haa-naa/su-haav-naa: (ہ،صف) خوش گوار، من بھاتا، خوش پسند مرغوب، دل پسند، موزوں، مناسب۔ معقول (مص) بھانا، پسند آنا، پیارا لگنا، نیم گرم ہونا (مث): سہانی/سہاونی۔

سہج sa-haj: (ہ،صف) آسان، سہل، آہستہ۔

سہجنا sa-haj-naa: (ہ،مذ) ایک درخت جس کے پھل سے اچار بنتا ہے۔ پھول سالن کے کام آتے ہیں۔ مصفّی خون ہے، ادویات میں بھی مستعمل ہے۔

سَہر/سُہر sa-har/su-har: (ع،مذ) بیداری بے خوابی/ایک مرض جس میں نیند نہیں آتی۔ جاگنے کی بیماری۔

سہرا sih-raa: (ہ،مذ) پھولوں/موتیوں/یا سونے کی لڑیاں جو دولہا کے ماتھے پر باندھتے ہیں۔ گانا جو اُس کے باندھنے کے وقت گایا جاتا ہے۔ وہ نظم جو شاعر اُس موقع پر پڑھتے ہیں۔ پھولوں کے ہار جو مزار کے طاقچوں میں رکھے جائیں۔

سہرا بندھائی sih-raa baN-dhaa-ii: (ار،مث) سہرا باندھنے کا نیگ ہونا، لاگ جو بہنوں کو ملتا ہے۔

سہل sahl: (ع،صف) آسان، ہلکا، سادہ (افعال: کرنا، ہونا)

سہلُ الحصُول sah-lul-hu-suul: (ع،صف) آسانی سے حاصل ہونے والا۔

سہلُ الوصُول sah-lul-vu-suul: (ع،صف) آسانی سے وصول ہونے/ملنے والا۔

سہلُ الہضم sah-lul-hazm: (ع،صف) جلد یا آسانی سے ہضم ہونے والی غذا۔

سہل پسند sahl/sa-hal-pa-sand: (عف،صف) راحت طلب، آسانی پسند، اسم کیفیت مث: سہل پسندی۔

سہل گو sahl-go/sahal: (عف،صف) آسان کہنے یا شعر لکھنے والا، اسم کیفیت مث: سہل گوئی۔

سہلانا seh-laa-naa: (ہ،مص) آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا، گدگدانا، خوشامد کرنا، پچکارنا، تھپکنا۔

سہلاہٹ seh-laa-haT: (ہ،مث) آہستہ سے ملنا، گدگدانا، پیار کرنا۔

سَہم sahm: (ف،مذ) خوف، بیم، باک، ترس۔

سہما sah-maa: (ار،صف) ڈرا ہوا، خوف زدہ، چپ، خاموش، مث: سہمی۔

سہمگیں / سہمناک sa-ham-naak/ sa-ham-giiN: (ار،مص) ڈرانا، خوف کھانا۔

سہمنا sa-ham-naa: (ار،مص) ڈرانا، خوف کھانا۔

سہن sa-han: (ار،مذ) برداشت، تحمّل، رہن کا تابع۔

سہنا seh-naa: (ار،مص) برداشت کرنا، سہارنا، جھیلنا، صبر کرنا۔

سہو sahv: (ع،مذ) بھول چوک، فراموشی، غفلت، خطا، غلطی، لغزش، (افعال: کرنا، ہونا)

سہوِ قلم sah-ve-qalam: (ع،مذ) قلم سے کچھ کا

کچھ لکھا جانا۔
سہوِ کتابت sah-ve-ki-taa-bat: (ع، مذ) لکھنے کی غلطی، تحریر کی غلطی۔
سہواً sah-vanl: (ع، متعلق فعل) بھول سے، غلطی سے۔
سہولت sa-huu-lat: (ع، مث) آسانی، نرمی۔
سہی si-hii: (ف، صف) سیدھا، راست، عموماً سرو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
سہی sa-hii: (ار، متعلق فعل) صحیح، درست، ہاں، منظور، مانا، فرض کیا، تسلیم کیا، کرلو، ہر چہ باداباد، کچھ ہی ہو۔
سُہیل su-hail: (ع، مذ) ایک ستارہ۔
سُہیلا su-he-laa: (ہ، مذ) ایک قسم کا گیت (صف) دوستی، قابل عمل۔
سہیلی sa-he-lii: (ہ، مث) ساتھ رہنے یا کھیلنے والی عورت، سکھی، مصاحب عورت، ہجولی، خواص، ساتھ رہنے والی ملازم عورت۔
سہیم sa-hiim: (ف، صفا) شریک، حصہ دار۔

س۔ی

سی پارہ sii-pa-rah: (ف، مذ) قرآن مجید کا تیسواں حصہ، تیس پارے یا حصے۔
سی sii: (ار، مث) وہ آواز جو چٹکی لینے یا کسی چیز کے کاٹ کھانے یا مرچ وغیرہ کی جلن سے انسان کے منہ سے نکل جاتی ہے۔ حرف تشبیہ، سا کی تانیث۔
سے se/sai: (ار، حرف ربط) ساتھ، ہمراہ، کو، طرف، جانب ابتدا، سبب، علت، کثرت، افراط، علیحدگی، دوری، جدائی، شمولیت، اشتمال، تشبیہ، حالت کے اظہار کے لیے آتا ہے۔
سَو sau: (ہ، اعدد) سو، صد (100)
سیّاح say-yah: (ع، مبالغہ) سفر و سیاحت کرنے والا، مسافر، سیر کرنے والا، اسم کیفیت مث (ف) سیاحی۔
سیاحت si-yaa-hat: (ع، مث) سیر، سفر۔
سیادت si-yaa-dat: (ع، مث) سرداری، بزرگی، سلطنت، حکومت، حکومت کرنا۔
سِیار si-yaar: (ہ، مذ) گیدڑ، شغال، مث: سیارن، سیارنی، سیاری۔
سیّارہ say-yaa-rah: (ع، مذ) ثابت کی ضد، گردش کرنے والا ستارہ۔
سیّاس say-yaas: (ع، مذ) سیاست دان، ماہر سیاست۔
سیاست si-yaa-sat: (ع، مث) حفاظت، نگہبانی انتظام، معاملات ملکی، حکومت، سلطنت، ملک کی حفاظت، گنہگاروں کو سزا (افعال) کرنا، ہونا
سیاست داں si-yaa-sat-daaN: (عف، صف) سیاست کا ماہر، اسم کیفیت مث: سیاست دانی۔
سیاسی si-yaa-sii: (ع، صف) سیاست سے متعلق، ملکی انتظام سے متعلق۔
سیاسیات si-yaa-si-yaat: (ع، مث) علم سیاست (انگریزی لفظ Politics کا ترجمہ)
سیاق si-yaaq: (ع، مذ) رواں کرنا، چلانا، حساب، گنتی، حساب کتاب رکھنا، مضمون کا ربط، وہ ڈوری جو باز کے پروں میں باندھ دیتے ہیں۔
سیاق وسباق si-yaa-qo-sa-baaq: (عف، مذ) مضمون کا تسلسل اور اپنے ماقبل سے ربط و تعلق۔
سیّال say-yaal: (ع، مبالغہ) بہت بہنے والا، رواں، رقیق، پتلا (مذ) مائع، بہنے والا۔
سیام si-yaam: (ہ، صف) سیاہ، کالا، سیاہی مائل نیلا، سیاہی مائل گندمی، کرشن جی کا لقب، کوئل۔
سیان si-yaan: (ہ، مث) ہوشیاری، چالاکی،

دانائی، عیاری، مکاری، پختگی۔

سیّاں say-yaaN: (ہ،صف) پیارا، عاشق، سائیں، مالک، آقا، خاوند، شوہر۔

سیانا si-yaa-naa: (ہ،صف) ہوشیار، چالاک، عقل مند، دانا، بالغ، سن تمیز کو پہنچا ہوا، بھوت پریت اُتارنے یا گنڈا تعویذ کرنے والا عامل، اسم کیفیت مذ: سیانا پن۔

سیاہ si-yaah: (ف،صف) کالا، تاریک، بدقسمت، بدبخت، منحوس۔مث: سیاہی۔

سیاہ باطن si-yaah-baa-tin: (ف، صف) شوم، نحس، منحوس، بدباطن، اسم کیفیت مث: سیاہ باطنی۔

سیاہ بخت si-yaah baKt: (ف،صف) بدقسمت بدنصیب، اسم کیفیت مث: سیاہ بختی۔

سیاہ پوش si-yaah-posh: (ف،صف) وہ جو سیاہ لباس پہنے، اسم کیفیت مث: سیاہ پوشی۔

سیاہ تاب si-yaah-taab: (ف،صف) وہ چیز جس کی سیاہی میں چمک ہو۔

سیاہ خانہ si-yaah-Kaa-naa: (ف، مذ) تاریک گھر، تاریک مکان، کمبل کا خیمہ۔

سیاہ دانہ si-yaah daa-naa: (ف،مذ) کالے تل کلونجی۔

سیاہ رُو si-yaah ruu: (ف، صف) کالے منہ والا، بے عزت، رسوا، شرمندہ، بدنام، اسم کیفیت مث: سیاہ روئی۔

سیاہ روزگار si-yaah roz-gaar: (ف،صف) بدنصیب، مصیبت زدہ اسم کیفیت مث: سیاہ روزی / روزگاری۔

سیاہ زبان si-yaah zu-baan: (ف،صف) وہ شخص جس کی بددعا جلد اثر کرے، بدزبان۔

سیاہ فام si-yaah faam: (ف،صف) کالا کلوٹا۔

سیاہ کار si-yaah kaar: (ف،صف) بدکار، پاپی، فاسق، گنہگار، اسم کیفیت مث: سیاہ کاری۔

سیاہ گوش si-yaah-gosh: (ف، مذ) جنگلی بلا، چھوٹا جنگلی درندہ۔

سیاہ مست si-yaah mast: (ف،صف) بدمست، نشہ میں چور، اسم کیفیت مث: سیاہ مستی۔

سیاہ نامہ si-yaah naa-maah: (ف،صف) گنہگار، فاسق۔

سیاہی si-yaa-hii: (ف، مث) کالک، روشنائی جس سے لکھا جاتا ہے۔ تاریکی، اندھیرا، دھبا، داغ، کلنک کا ٹیکا۔

سیب / سیو seb: (ف، مذ) ایک مشہور سرخ و سفید شیریں پھل۔

سیپ siip: (ہ،مث) ایک قسم کی دریائی مخلوق جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں۔ صدف، پرندوں کی ایک بیماری، ایک قسم کا پتلی گٹھلی کا آم۔

سپی sip-pii: (ار، مث) سیپ، جس سے موتی نکلتے ہیں۔

سیت siit: (ہ، مث) وہ پسینہ جو انسان کی ہتھیلی اور کف پا سے نکلتا ہے۔ جاڑا، سردی، جاڑے کا موسم

سیتا پھل sii-taa-phal: (ار، مذ) ایک خوش ذائقہ پھل، شریفہ۔

سیتل sii-tal: (ہ،صف) ٹھنڈا، سرد، سست، ڈھیلا، خوش سکھی، ایک قسم کی گھاس جس کے بوریئے بنائے جاتے ہیں۔

سیٹ sait: (انگ، مذ) Set ڈرامے وغیرہ کا منظر (منقش پردے اور دیگر لوازمات) یکساں قسم کی چیزوں کا مجموعہ، ٹینس وغیرہ کی ایک بازی (صف)

قائم، مستقل (اپنی جگہ) جما ہوا۔

سیٹ seet: (انگ، مث) Seat نشست، مسند، تخت، کرسی، چوکی، گدی، رکنیت (خصوصاً اسمبلی کی) پتلون کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں نیچے آتا ہے۔

سیٹھ seTh: (ہ، مذ) بڑا سوداگر، ساہوکار، مہاجن، لکھ پتی، دولت مند، کوٹھی کا مالک، کمپنی کا چیف ڈائرکٹر، ایک عزت کا خطاب، جو بنیئے بقالوں کے لیے بولا جاتا ہے۔ مث: سیٹھانی۔

سیٹھا sii-Thaa: (ہ، صف) جس میں سے رس نکال لیا گیا ہو۔ پھیکا، بے مزہ، بے نمک مرچ، کمزور، پتلا، بیمار اسم کیفیت مث: سیٹھا پن، مث، سیٹھی۔

سیٹی sii-Tii: (ہ، مث) منہ کی باریک آواز، پرندوں کی آواز، ایک چھوٹا سا آلہ جسے منہ میں رکھ کر پھونک مار کر آواز نکالی جاتی ہے۔ (افعال: بجانا، بجنا، دینا، مارنا)

سیج sej: (ہ، مث) پلنگ، چارپائی، بستر، بچھونا، گھوڑے کا گھاس کا بستر، پھولوں کی چادر جو فرشِ خواب پر بچھاتے ہیں۔

سیخ siiK: (ف، مث) لوہے کی سلاخ جس پر کباب بھونتے ہیں۔

سیخ پا siiK paa: (ف، صف) پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا (افعال: ہونا)

سیخ کباب siiK ka-baab: (ار، مذ) وہ کباب جو قیمہ بنا کر سیخ پر پکاتے ہیں۔ کنایۃً مضطرب۔

سیخچہ siiN-chah: (ف، مذ) چھوٹی سلاخ یا سیخ۔

سیّد say-yad: (ع، مذ) سردار، امام، پیشوا، حضرت علیؓ کی اولاد، حضرت فاطمہؓ سے، ان کا ایک فرد، مث: سیدہ، مث (ار) سیدانی۔

سیّدُ الانبیا say-ya-dul-an-bi-yaa: (ع، مذ) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

سیّدُ السادات say-ya-dus-saa-daat: (ع، مذ) سرداروں کا سردار، پیغمبر صلعم، سیدوں کا خطاب

سیّدُ الشہدا say-ya-dus-shoh-daa: (ع، مذ) حضرت امام حسینؓ، حضرت حمزہؓ

سیّد زادہ say-yad-zaa-dah: (ع، مذ) سید کا بیٹا، مث (ار) سیدزادی۔

سیّدۃ النساء say-ya-dun-ni-saa: (ع، مث) عورتوں کی سردار، حضرت فاطمہؓ کا لقب۔

سیدھ siidh: (ہ، مث) راستی، استقامت، سادگی، سادہ پن، ٹھیک، سامنے کی طرف۔

سیدھا sii-dhaa: (ار، صف) راست، مستقیم، کھڑا، سادہ، عمودی، آسان، داہنا، دایاں، مث: سیدھی۔ اسم کیفیت مذ: سیدھا پن۔

سیدھی طرح sii-dhii ta-rah: (ار، متعلق فعل) نرمی سے، آہستگی سے، شرافت سے، بغیر چالاکی کے۔

سیَر sair: (ع، مث) چلنا، پھرنا، ہواخوری کرنا، تفریح، تماشا کیفیت نظارہ، سفر۔

سیَر سپاٹا sair-sa-paa-Taa: (ار، مذ) ہواخوری کرنا، پھرنا۔

سیَرگاہ sair-gaah: (عف، مث) تماشا گاہ، مقام پُرفضا، خوبصورت نظارہ۔

سیر siir: (ف، مذ) لہسن، آبی پودینہ۔

سیَر sair: (ع، مث) سیرت کی جمع، عادتیں۔

سیَر sair: (واؤ مجہول سے) (ف، صف) آسودہ، پیٹ بھرا، پُر، مطمئن، بیزار، متنفر۔

سیَراب sai-raab: (ف، صف) پانی سے بھرا ہوا، لبریز، سرسبز، شاداب (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: سیرابی۔

سیر چشم sair-chashm: (ف،صف) بے پروا، قانع، صابر، سخی، فیاض، اسم کیفیت مث: سیر چشمی۔

سیر siir: (ا،مث) وہ اراضی جو زمیندار خود کاشت کرے۔

سیر ser: (ھ، مذ) ایک وزن، جو سولہ چھٹانک یا 80 تولے کا ہوتا ہے۔

سیرت sii-rat: (ع،مث) عادت، خصلت، طریقہ، خاصیت، نیکی، اخلاق، سوانح عمری۔

سیروا/سیرو ser-vaa/se-ruu: (ھ،مذ) چارپائی کی چوکھٹ کے سرہانے یا پائنتی کی لکڑی۔

سیڑھی sii-Rhii: (ھ،مث) زینہ، درجہ، پایہ (افعال: لگنا، لگانا، کھڑی کرنا)

سیزن sii-zan: (انگ،مث) Season موسم، کسی چیز یا کام کا خاص زمانہ۔

سیسا / سیسہ sii-saa/sii-sah: (ھ، مذ) ایک مفرد دھات جس سے بندوق کی گولیاں اور کھلونے بنتے ہیں۔ یہ دھات بہت جلد پگھل جاتی ہے۔

سیف saif: (ع،مث) تلوار، شمشیر۔

سیف زُبان saif-zu-baan: (عف،صف) جس کی زبان میں اثر ہو، تیز زبان، جس کی دعا فوراً قبول ہو جاتی ہو، اسم کیفیت مث: سیف زبانی۔

سیف sef: (انگ، صف) Safe محفوظ، مامون، (مذ) تجوری، وہ آہنی صندوق جس میں روپیہ، زیور، وغیرہ قیمتی اشیاء رکھتے ہیں تا کہ محفوظ رہیں۔

سیفٹی پن sef-Ti-pin: (انگ، مذ) Safety Pin محفوظ پن، وہ سوئی جو بم وغیرہ میں لگی ہوتی ہے تا کہ وہ چل نہ جائے، بندوق وغیرہ کا پرزہ جو اسی مطلب کے لیے کام آتا ہے تا کہ بغیر چلائے خود نہ چل سکے۔

سیفٹی ریزر sef-Tii-re-zar: (انگ، مذ) Safety Razor، ایک قسم کا اُسترا جو ایک مشین میں لگا ہوتا ہے۔

سیفٹی لیمپ sef-Tii-laimp: (انگ، مذ) Safty Lamp ایک خاص قسم کا لیمپ جس کے گرد جالی لگی ہوتی ہے یہ کان وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔ گیس جو کوئلے کی کان سے نکلتی ہے اس میں لیمپ سے آگ نہیں لگتی۔

سَیفہ sai-fah: (ع، مذ) جلد سازوں کا کاغذ کاٹنے کا اوزار۔

سکریٹری sek-re-Ta-rii: (انگ، مذ) Secretary سرکاری یا کسی جماعت کا عہدیدار جو اس کی طرف سے کاروبار انجام دے، معتمد۔

سیکڑا saik-Raa: (ھ، مذ) ایک سو، صد (100) گنتی میں سو کی جگہ (صف) فی صد۔

سیکس saiks: (انگ، مث) Sex جنس، مذکر یا مؤنث ہونے کی حالت۔

سیکس اپیل saiks a-piil: (انگ، مذ) Sex Appeal وہ خواہش جس کا تعلق جنسی جذبہ سے ہو، جنسی کشش۔

سیکشن saik-shan: (انگ، مذ) Section حصہ، قطعہ، ٹکڑا، شعبہ۔

سیکورٹی si-ko-ri-Tii: (انگ،مث) Security حفاظت، سلامتی، بچاؤ، ضمانت، کفالت، ضامن، کفیل، وثیقہ، ہنڈی۔

سیکولر sai-ko-lar: (انگ،صف) Secular لادینی، جس میں مذہبی امتیاز نہ کیا جائے۔ لادینی، اسم کیفیت مث: سیکولرازم۔

سِکھایا si-khaa-yaa: (ا، صف) تعلیم یافتہ، ہوشیار، چالاک مث: سیکھی پڑھی / سکھائی۔

سیکھنا siikh-naa: (ار، مص) تعلیم حاصل کرنا، تجربہ حاصل کرنا، پڑھنا کوئی کام جاننا۔

سَیل sail: (ع، مذ، مث) پانی کا بہاؤ، طغیانی، پانی کی رو۔

سَیل پیما sail-pai-maa: (ف، مذ) پانی کا بہاؤ، ناپنے کا آلہ (Flood Meter) کا ترجمہ۔

سیل siil: (ار، مث) نمی، رطوبت، عادت، خصلت، طبیعت، خاصیت۔

سیل sel: (ھ، مذ) چھوٹا نیزہ، تیر، ایک قسم کی مچھلی۔

سیل siil: (انگ، مث) Seal مہر، چھاپ، ٹھپا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

سیلا se-laa: (ھ، مذ) ایک خاص قسم کا ابلا ہوا چاول، چھوٹا نیزہ برچھا، بھالا۔

سیلا sii-laa: (ھ، صف) نم دار، بھیگا ہوا، تر، گیلا، مث: سیلی۔

سَیلاب sai-laab: (ف، مذ) طغیانی، پانی کا ریلا، پانی کا بہاؤ۔

سَیلابی sai-laa-bii: (ار، مث) سیلاب سے منسوب، وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے سیراب ہوتی ہے۔

سَیلان sai-laan: (ع، مذ) کسی پتلی چیز کا بہنا، جاری ہونا۔

سَیلانی sai-laa-nii: (ھ، صف) مارا مارا پھرنے والا، سیاح، سیر کا شوقین۔

سیلکھڑی sel-kha-Rii: (ھ، مث) سنگِ جراحت

سیلن sii-lan: (ھ، مث) نمی، تری۔

سیلنا siil-naa: (ھ، مص) بھیگ جانا، نمی کا اثر قبول کرنا، گیلا ہو جانا۔

سَیلون sai-luun: (انگ، مذ) Saloon ہوٹل یا قہوہ خانہ کا بڑا کمرا، جہاز کا سب سے بڑا کمرا دیوان خانہ بیٹھک، دُکان۔ جہاں بال وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

سیلی sii-lii: (ھ، مث) جالی، جال، پیٹ اور سینے پر بالوں کی سیدھی لکیر، ریشم یا دھاگے کی سیاہ ڈوری، جو اکثر جوگی اپنے گلے میں ڈالتے ہیں۔

سیم sem: (ھ، مث) ایک قسم کی پھلی، جسے بطور ترکاری پکاتے ہیں۔ زمین کی بیماری/ نقص جو پانی کی سطح بلند ہو جانے سے ہوتی ہے۔

سیم siim: (ف، مذ، مث) چاندی، ساز کا تار، دولت، روپیہ۔

سیم اندام siim-an-daam: (ف، صف) گورا، چٹا، حسین، خوبصورت، کنایۃً معشوق۔

سیم اندود siim-an-dod: (ف، صف) چاندی چڑھا ہوا۔

سیما sii-maa: (ف، مث) ماتھا، پیشانی، چہرہ، منہ

سیماب sii-maab: (ف، مذ) پارا، ایک دھات کنایۃً بے قرار مضطرب۔

سیمابی sii-maa-bii: (ف، صف) پارے کے رنگ کا (مذ) ایک رنگ، کبوتروں کا سفید رنگ جس میں کسی قدر نیلا پن سبزی کی جھلک پیدا کرے۔

سَیمپل saim-pil: (انگ، مذ) Sample نمونہ۔

سیمرغ sii-murG: (ف، مذ) ایک بڑا خیالی پرندہ جس کے متعلق مشہور ہے کہ تیس پرندوں کے قد کے مجموعے کے برابر ہوتا ہے۔

سیمنٹ sii-mainT: (انگ، مذ) Cement پسا ہوا پتھر جس سے اینٹوں اور پتھروں کو جوڑتے ہیں۔

سیمیا siim-yaa: (ع، مذ) ایک علم جس کے ذریعے اشیاء موہوم دکھائی جا سکتی ہیں۔ اور روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔

سیمیں sii-miiN: (ف، صف) چاندی سے منسوب، سفید۔

سیمنار sai-mii-naar: (انگ، مذ) Seminar مجلس مذاکرہ، مجلس مباحثہ۔

سین siin: (انگ، مذ) Scene نظارہ منظر، وہ پردہ جو تماشا گاہوں اور تھیٹروں میں ڈالا جاتا ہے۔

سین sain: (ہ، مذ) اشارہ، آنکھ مارنا۔ (افعال: چلانا، مارنا، کرنا)

سینا sii-naa: (ہ، مص) سلائی کرنا۔

سینا sai-naa: (ہ، مص) پرندوں کا بچے نکالنے کے لیے انڈوں پر بیٹھنا۔

سینا sai-naa: (ہ، مص) فوج، لشکر۔

سیناپتی sai-naa-pa-t i(i): (ہ، مذ) فوج کا سپہ سالار۔

سینت saiNt: (ار، محاورہ) سنبھال کر رکھنا، حفاظت سے رکھنا، ملتوی رکھنا۔

سینتالیس saN-taa-liis: (ار، اعدد) چالیس اور سات کا مجموعہ (47)۔

سینتنا saiNt-naa: (ہ، مص) سنبھالنا، حفاظت کرنا۔

سینتیس saiN-tiis: (ار، اعدد) تیس اور سات کا مجموعہ (37)

سینٹ sainT: (انگ، مذ) Scent عطر، خوشبو۔

سینٹر sain-Tar: (انگ، مذ) Center مرکز، دائرے کا وسطی نقطہ۔

سینچنا siiNch-naa: (ہ، مص) آبپاشی کرنا، زراعت کو پانی دینا۔

سینڈواں saiNd-vaaN: (ار، مث، ق) جنگلی کھجور۔

سینڈھ saiNdh: (ہ، مث) نقب، سوراخ جو مکان میں چوری کے لیے کیا جاتا ہے (افعال: لگانا، لگنا، مارنا وغیرہ)

سینڈل sain-Dil: (انگ، مذ) Sandal ایک قسم کی جوتی۔

سینڈوچ saiND-vich: (انگ، مذ) Sandwich نظارہ، منظر، ڈرامہ وغیرہ کے باتصویر پردے۔

سینک siiNk: (ہ، مث) تیلی، خلال، تنور کا گز جس سے روٹیاں نکالتے ہیں۔

سینک سلائی siiNk-sa-laa-ii: (ار، صف) پتلا، دبلا، کمزور۔

سینگ siiNg: (ہ، مذ) وہ نوکدار ہڈی جو حیوانات کے سروں پر ہوتی ہے۔ شاخِ حیوان (افعال: چبھونا، مارنا، لگنا)

سینگڑا siiNg-Raa: (ہ، مذ) بارود رکھنے کا سینگ، سینگ کا باجا جو منہ سے بگل کی طرح بجایا جاتا ہے۔

سینہ sii-nah: (ف، مذ) چھاتی، صدر، گردن اور پیٹ کے درمیان کا حصہ، حیوانات کا اگلا دھڑ جس کے ساتھ اگلی ٹانگیں ہوتی ہیں۔

سینہ فگار sii-nah fi-gaar: (ف، صف) زخمی سینے والا، کنایۃً رنجیدہ، عاشق، اسم کیفیت مث: سینہ فگاری/فگاری۔

سینہ بسینہ sii-nah-ba-sii-nah: (ف، متعلق، فعل) وہ راز جو ایک خاندان میں بڑوں کی طرف سے یا زبانی چھوٹوں کو منتقل ہو، مقابل میں۔

سینہ بند sii-nah band: (ف، مذ) انگیا، ایک پوستین جو چھاتی کو گرم رکھتی ہے۔ گھوڑے کی پٹی جو گھوڑے کی چھاتی پر کسی جاتی ہے وہ کپڑا جو بچوں کی چھاتی پر باندھ دیتے ہیں تاکہ رال ٹپکنے سے کپڑے خراب نہ ہوں۔ کفنی کے نیچے کا وہ کپڑا جو عورت کے سینے پر باندھ دیا جاتا ہے۔

سینہ چاک sii-nah chaak: (ف، صف) زخمی سینے والا، کنایۃً غمگین، اسم کیفیت مث: سینہ چاکی

سینہ ریش sii-nah resh: (ف، صف) سینے پر زخم ڈالنے والا۔

سینہ زن / کوب sii-nah zan: (ف، صف) ماتم کرنے والا، سینہ پیٹنے والا، اسم کیفیت مث: سینہ زنی / کوبی۔

سینہ زور sii-nah zor: (ف، صف) سرکش، مغرور، زبردست، اسم کیفیت مث: سینہ زوری۔

سینہ سپر sii-nah si-par: (ف، صف) معرکہ میں ڈٹا رہنے والا، سامنے ہوکر جنگ کرنے والا، آڑے آنے والا۔

سینہ سوختہ / سوز sii-nah soK-tah: (ف، صف) رنجیدہ، کبیدہ، اسم کیفیت مث: سینہ سوزی

سینہ سیاہ sii-nah si-yaah: (ف، صف) بد باطن۔

سینہ صاف sii-nah saaf: (فع، صف) صاف دل، مخلص۔

سینہ کاوی sii-nah kaa-vii: (ف، مث) سخت کوشش، مشقت۔

سینی sii-nii: (ف، مث) دھات کا بنا ہوا خوان یا کشتی۔

سینیارٹی sii-niyaa-ri-Tii: (انگ، مذ) Seniority افضلیت، فوقیت، تقدم، پرانا ہونے کی خصوصیت۔

سینیٹ se-neT: (انگ، مث) Senate مجالس وضع قوانین کا دوسرا یا اعلیٰ ایوان، مجلس قانون ساز۔

سینیئر sii-ni-yar: (انگ، صف) Senior برتر، بڑا، عمر، عہدے یا رتبے میں بڑا۔

سیو sev: (ہ، مذ) سیویوں سے میٹھا پکوان جو چنے کے آٹے سے بنتا ہے، نمکین اور میٹھا ہوتا ہے۔

سیوا se-vaa: (ہ، مث) خدمت، ٹہل (افعال: کرنا)

سیوک se-vak: (ہ، مذ) نوکر، خدمتی، خدمت گار، چاکر، پجاری، بھگت، عابد۔

سیون se-van: (ہ مث) سلائی، انسانی جسم میں آلۂ تناسل اور دبر کی درمیانی جگہ کا جوڑ۔

سیونگ بینک se-ving baink: (انگ، مذ) Savings Bank عوام کی بچت کا روپیہ امانتاً رکھنے والا محکمہ۔

سیہ si-yah: (ف، صف) دیکھیے 'سیاہ' (مع مرکبات) جس کا یہ مخفف ہے۔

ش

ش۔ا

اس حرف کو شین کہتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لیے اسے شین منقوطہ یا معجمہ اور شین قرشت بھی کہتے ہیں۔ یہ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں انیسواں حرف ہے۔ شین کو تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ اوپری مسوڑے کے پچھلے حصے کے ربط میں آتا ہے۔ سطح زبان نالی کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور ہوا رگڑ کھاتی ہوئی منہ سے خارج ہوتی ہے۔ اس عمل میں زبان اپنی بغلوں سے اوپری مسوڑوں کے اندرونی حصوں کو ملا کر بند کر لیتی ہے۔ اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں غیر مسموع، مسوڑی یا غشائی صفیری، مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

شاباش shaa-baash: (ف، کلمۂ تحسین) شاد باش کا مخفف، خوش رہو، واہ واہ، بہت خوب۔

شاباشی shaa-baa-shii: (ف، مث) تحسین، آفرین، تعریف (افعال: پانا، دینا، ملنا)

شاپ shaap: (انگ، مث) Shop، دکان، کارخانہ۔

شاٹ گن shaaT-gan: (انگ، مث) Shotgun وہ بندوق جس میں چھرّا چلایا جائے۔

شاخ shaaK: (ف، مث) ٹہنی، ڈالی، جانوروں کا سینگ، جھگڑا، نقص، ہنر، خوبی۔

شاخِ آہو / غزال shaa-Ke-aa-huu/ Gaz-zaal: (ف، مث) ہرن کا سینگ، انوکھی بات، تیراندازی کی کمان۔

شاخ دار shaaK-daar: (ف، مذ، صف) ٹہنیوں والا۔

شاخِ زعفران shaa-Ke-za(?)f-raan: (ف، مث) وہ شخص جو اپنی خوبیوں کو بہت سمجھے (صف) مغرور، خودنما، خودبین۔

شاخسار shaaK-saar: (ف، صف) وہ جگہ جہاں بہت سے درخت ہوں۔ باغ، کنج۔

شاخسانہ shaaK-saa-nah: (ف، مذ) بات میں بات، باتوں کا سلسلہ، حجت، تکرار، جھگڑا، بکھیڑا، رخنہ عیب، ڈھکوسلا، دم، فریب، بات کے پہلو، حیلہ خودنمائی (افعال: پیدا ہونا، کھڑا کرنا، نکالنا، نکلنا)

شاخِ نبات shaa-Ke-na-baat: (ف، مث) مصری کے کوزہ کی وہ لکڑی جو کوزہ بنانے کے لیے اس کے آبخورے میں لگا دیتے ہیں۔

شاخچہ shaaK-cha(h): (ف، مذ) چھوٹی شاخ

شاخچہ بندی shaaK-chah ban-dii: (ف، مث) درخت میں قلم لگانا۔

شاخہ shaa-Ka(h): (ف، مذ) ٹہنی، سینگ، وہ لکڑی جس میں مجرم کا سر دے کر سزا دیتے ہیں۔ مرکبات جیسے پنج شاخہ، دوشاخہ۔

شاد shaad: (ف) خوش، مسرور، بےغم، زیادہ بھرا ہوا، مثلاً شاداب۔

شاد باش shaad-baash: (کلمۂ تحسین) شاباش۔

شادکام shaad-kaam: (ف، صف) بامراد، کامیاب، خوش حال، اسم کیفیت مث: (شادکامی)

شادماں shaad-maan: (ف،صف) خوش وخرم، اسم کیفیت مث: شادمانی۔

شاداب shaa-daab: (ف، صف) سرسبز، تروتازہ، ہرا بھرا، سیراب، پانی سے بھرا ہوا، اسم کیفیت مث: شادابی۔

شاداں shaa-daaN: (ف،صف) خوش حال، مگن۔

شادی shaa-dii: (ف،مث) خوشی، عید، بیاہ۔

شادی مرگ shaa-dii marg: (ف، مث) ایسی موت جو حد سے زیادہ خوشی سے واقع ہو۔

شادیانہ shaa-di-yaa-na(h): (ف، مذ) شادی کی نوبت، خوشی کا باجا۔ (افعال: بجنا، بجانا)

شاذ shaaz: (ع، صف) عجیب، نادر، انوکھا، کبھی کبھی۔ گاہے گاہے، اتفاقاً۔

شاذو نادر shaa-zo-naa-dar: (ع، متعلق، فعل) بہت کم، کبھی کبھی، اتفاقاً۔

شار shaar: (ف، مذ) پانی کا گرنا، مرکبات جیسے آبشار، بہتا ہوا، ڈالا ہوا، جیسے مرکبات میں سرشار، بستی، شہر، راستہ۔

شارب shaa-rib: (ع،صف) پینے والا۔

شارٹ کٹ shaarT kaT: (انگ، مذ) Short cut مختصر راستہ۔

شارٹ ہینڈ shaarT haiND: (انگ، مذ) Short hand مختصر نویسی۔

شارح shaa-reh: (ع، مذ) کھول کر، بیان کرنے والا، شرح کرنے والا۔

شارد shaa-rid: (ار، مذق) پرندہ، ایک قسم کا باجہ۔

شارع shaa-ri(?): (ع، مذق) بڑا راستہ، سڑک (صف) شریعت بتانے والا، صاحب شرع۔

شارع عام shaa-ri(?)-aam: (ع،مث) عام راستہ، گزرگاہ عام، وہ سڑک یا راستہ جس پر ہر ایک کو چلنے کا حق ہو۔

شارک shaa-rak: (ف، مث) مینا، باتیں کرنے والی چڑیا۔

شارک sh aa-rk: (انگ، مث) Shark، ایک بڑی سمندری مچھلی۔

شاستر shaastr: (ہ، مذ) ہدایت کرنے یا سکھانے کی تحریر، حکم، فرمان، دستور، قاعدہ، ہندوؤں کی مذہبی کتاب۔

شاستری shaas-trii: (ہ، صف) شاستر جاننے والا، عالم، پنڈت، برہمنوں کی ایک گوت۔

شاش / شاشہ shaash/shaa-sha(h): (ف، مذ) پیشاب، موت۔

شاطر shaa-tir: (ع، مذ) شوخ، عیار، چالاک، شطرنج کھیلنے والا، بدچلن، (ف، مذ) ایلچی، قاصد، ہرکارہ۔

شاعر shaa-(?)ir: (ع، مذ) شعر لکھنے والا، سخنور، مث: شاعرہ۔

شاعرانہ shaa-(?)i-raa-na(h): (ع،صف) شاعر کے طریقے پر، شاعر سے منسوب، مبالغہ آمیز۔

شاعری shaa(?)i-rii: (ع،صف) شاعر کے طریقے پر، شاعر سے منسوب، مبالغہ آمیز۔

شاغل shaa-Gil: (ع، مذ) کسی شغل میں مصروف، متوجہ۔

شافع shaa-fi(?): (ع، مذ) شفاعت یا سفارش کرنے والا۔

شافعی shaa-fa-(?)ii: (ع، مذ) اہل سنت کے ایک امام محمد بن ادریس اما شافعی کا پیرو اور اُن کا طریقہ۔

شافہ shaa-fa(h): (ف، مذ) دوا یا صابون کی بتی جو

مقعد میں پاخانہ آنے کے لیے رکھی جاتی ہے۔

شافی shaa-fii: (ع، مذ) صحت یا شفا دینے والا، صاف، فیصلہ کن۔

شاق shaaq: (ع، صف) مشکل، دشوار، دوبھر، ناگوار (افعال: گزرنا، ہونا) مث: شاقہ۔

شاقول shaa-qul: (ع، مذ) معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی سیدھ دیکھی جاتی ہے۔

شاکر shaa-kir: (ع، صف) شکر گزار، شکر کرنے والا، صابر مث: شاکرہ۔

شاکی shaa-kii: (ع، مذ) شکایت یا گلہ کرنے والا۔ (افعال: ہونا)

شاگرد shaa-gird: (ف، مذ) جو استاد سے کچھ سیکھے، طالب علم، تلمیذ، خدمت گار، ملازم، نوکر، چیلا، بانکا، اسم کیفیت مث: شاگردی۔

شاگرد پیشہ shaa-gird pe-sha(h): (ف، مذ) عملہ ملازم، خدمت گار، نوکر چاکر۔ ادنیٰ ملازموں کے رہنے کے مکان جو کوٹھی یا محل کے ساتھ ہوں۔

شال shaal: (ف، مث) اُون کی چادر۔

شالی shaa-lii: (ہ، مذ) دھان، چاول، چھوٹی شالی۔

شام shaam: (ف، مث) سورج کے ڈوبنے کا وقت، غروب آفتاب، کنایتہً زوال۔

شامِ اودھ shaa-me-avadh: (ار، مث) اودھ میں شام کا رنگین نظارہ جو قابلِ دید اور مشہور ہے۔

شامِ غریباں shaa-me-Ga-rii-baaN: (ف، مث) مصیبت کی شام، عاشورہ، محرم کی گیارھویں شب جس میں حضرت امام حسینؑ کی شہادت کے بعد ان کے خیمے جلا دیے گئے۔

شام کلیان shaam-kal-yaan: (ہ، مذ) کلیان ٹھاٹھ کا ایک راگ جو مغرب کے وقت گاتے ہیں۔

شام گھاٹ shaan`-ghaat: (ار، مث) (پٹے بازوں کی اصطلاح) حریف کے مقابلہ پر اسی طرح کا وار کرنا جس طرح کا وہ کرے۔

شام و سحر shaa-mo-sa-har: (فع، متعلق فعل) صبح و شام، ہر وقت۔

شام shaam: (ہ، مث) کسی دھات کا بنا ہوا چھلا جو اوزاروں یا چھڑیوں پر لگاتے ہیں۔ کرشن جی کا لقب، پیارا، معشوق، محبوب، کالا، سیاہ۔

شاما shaa-maa: (ہ، مث) ایک خوش الحان چھوٹا پرندہ۔

شمپین shem-pi-yan: (انگ، مث) عمدہ انگوری شراب۔

شامت shaa-mat: (ع، مث) بدنصیبی، برائی، آفت، نحوست۔

شامتِ اعمال shaa-ma-te-aa(?)- maal: (ع، مث بہ ترکیب فارسی) کیے کی سزا کرتوت کا بدلہ۔ اعمال کی کم بختی۔

شامت زدہ shaa-mat-za-dah: (عف، صف) مصیبت زدہ، خراب حال۔

شامل shaa-mil: (ع، صف) ساتھ، اکٹھا، ملا ہوا، شریک، پھیلا ہوا (افعال: کرنا، ہونا)

شامل مسل shaa-mil misl: (ار، صف) مقدمہ کے کاغذات کے ساتھ نتھی۔ (افعال: کرنا، ہونا)

شاملات shaam-laat: (ار، مث) وہ ملکیت یا جائداد جو بہت سے حصہ داروں میں مشترک ہو، حصہ داری۔

شاملاتی shaam-la-ti: (ار، صف) مشترکہ۔

شامہ shaam-ma(h): (ع، مث) سونگھنے کی قوت۔

شامی کباب shaa-mii ka-baab: (ع، مذ) گوشت کے قیمہ کی تلی ہوئی ٹکیاں۔

شامیانہ shaam-yaa-na(h): (ف، مذ) کپڑے کا سائبان، شمگیرا، بہت بڑی چھتری۔

شان shaan: (ع، مث) شوکت، دبدبہ، توقیر، شرف، عزت، طرز، انداز، وضع۔

شان دار shaan-daar: (ف، صف) عالی شان، بلند، خوش نما۔

شان و شوکت shaa-no-sho-kat: (ع، مث) رعب داب، طمطراق، ٹھاٹھ باٹھ۔

شان گمان shaan-gu-maan: (ار، مث) سان گمان کا بگاڑ، خیال تصور۔

شانِ نزول shaa-ne-nu-zuul: (ع، مث، بترکیب فارسی) کسی قرآنی آیت کے اُترنے کا موقع اور سبب۔

شانتُ shaaNt: (س، صف) مطمئن، صابر، قانع

شانتی shaan-tii: (ہ، مث) امن، آرام، سُکھ، تسلی، اطمینان۔

شانڈ shaand: (ار، مث، ق) مکاری، عیاری۔

شانہ shaa-na(h): (ف، مذ) کنگھی، کنگھا، مونڈھا، کاندھا۔

شاہ shaah: (ف، مذ) مالک، بادشاہ، سلطان، خاوند، فقیروں کا لقب، شطرنج کا ایک مہرہ، نوشہ، دولہا، بڑا، عظیم، مرکبات میں سابقہ اسم مکبر کے طور پر آتا ہے۔ جیسے شاہ زور، شاہ سوار۔

شاہ باز/شہباز shaah-baaz/shah-baaz (ف، مذ) بڑا باز جس سے شکار کرتے ہیں۔ شاہین

شاہ بالا / شہ بالا shaah-baa-laa/shah-baa-laa: (ار، مذ) وہ قریبی رشتہ دار لڑکا جس کو اچھے کپڑے پہنا کر دولہا کے پیچھے گھوڑے پر بٹھا دیتے ہیں۔

شاہ بلوط shaah ba-luut: (ف، مذ) ایک پہاڑی درخت، اوک کا پیڑ۔

شاہ بیت shaah bet: (ف، مث) قصیدہ یا غزل کا بہترین شعر۔

شاہ پر / شہپر shah-par/sheh-par: (ف، مذ) پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پر۔

شاہ پرستُ shaah-pa-rast: (ف، صف) بادشاہت کا حامی، اسم کیفیت مث: شاہ پرستی۔

شاہ ترہ shah-ta-ra(h): (ف، مذ) ایک مصفّی خون دوا، پت پاپڑا۔

شاہ خانم shah-Kaa-nam: (ف، مث) بڑے گھر کی عورت، متکبر عورت۔

شاہِ خاور shaa-he-Kaa-var: (ف، مذ) کنایۃً سورج، مشرق کا بادشاہ۔

شاہ دانہ shaah-daa-na(h): (ف، مذ) بھنگ کا بیج، بڑا موتی، تسبیح کا بڑا دانہ۔

شاہراہ shaah-raah: (ف، مذ) بڑا راستہ، شارع عام بڑی سڑک۔

شاہ رگ shaa-rag: (ف، مث) بڑی رگ جو گردن میں سے گزرتی ہے۔ رگِ جاں۔

شاہ زادگی shaah-zaad-gii: (؟، مث) شہزادہ کے بچپن کا زمانہ، نوجوانی کی بیوقوفیاں۔

شاہ زادہ/شہزادہ shaah-zaa-da(h) shah-zaa-da(h): (ف، مذ) بادشاہ کا بیٹا، شاہی خاندان کا ایک فرد، مث (ار) شہزادی/شاہ زادی

شاہ سوار/شہسوار shaah-sa-vaar/ shah-sa-vaar: (ف، مذ) گھوڑے کی سواری کا ماہر، اسم

کیفیت مث: شاہ سواری/شہسواری۔

شاہ کار / شہکار shaah-kaar/ shaah-kaar: (ف، مذ) سب سے بڑا کارنامہ، کسی کام یا چیز کا بہترین نمونہ، Masterpiece

شاہ گام / شہ گام shaah-gaam/shah-gaam: (ف، مذ) گھوڑے کی ایک عمدہ چال جو عام چال سے تیز ہوتی ہے۔ مگر دوڑنے سے کم۔

شاہِ لولاک shaa-he-lau-laak: (فع، مذ) حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

شاہِ مرداں shaa-he-mar-daaN: (ف، مذ) حضرت علیؑ کا لقب۔

شاہنشاہ shaa-han- shaa(h): (ف، مذ) بادشاہوں کا بادشاہ جس کے ماتحت کئی بادشاہ ہوں۔ اسم کیفیت مث: شاہنشاہی۔

شاہنشاہ / شہنشاہ دو جہاں / مشرقین shaa-han-shaa(h): (ف، مذ) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔

شاہ نشین / شہ نشین shah-na-shiin/ shah-na-shiin: (ف، مذ) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ، مکان کی کسی کھڑکی کے آگے بڑھا کر بنائی ہوئی جگہ۔

شاہ وار / شہوار :shah-vaar sha. h-vaar (ف، صف) بادشاہوں کے لائق نہایت عمدہ۔

شاہانہ shaa-haa-nah: (ف، صف) بادشاہوں کی مانند۔

شاہانہ مزاج :shaa-haa-na(h) mi-zaaj (ف، مذ) نازک طبیعت۔

شاہد shaa-hid: (ع، مذ) گواہ، دیکھنے والا حسین، معشوق، محبوب، مث: شاہدہ، اسم کیفیت مث (ف) شاہدی۔

شاہد باز shaa-hid baaz: (ف، صف) نوجوان لڑکیوں یا حسین عورتوں سے زیادہ صحبت رکھنے والا، حسن پرست، اسم کیفیت مث: شاہد بازی۔

شاہد بازار / بازاری shaa-hid baa-zaar/ baa-zaa-ri(i): (ف، صف، مث) بازاری معشوق طوائف، رنڈی۔

شاہد لم یزل :shaa-hid-lam-ya-zal: (ع، صف، بترکیب فارسی) کنایۃً خدا تعالیٰ، جس کو زوال نہیں۔

شاہی shaa-hii: (ف، صف) شاہ سے منسوب (مث) سلطنت، حکومت۔

شاہین shaa-hiin: (ف، مذ) شکاری پرندہ، اعلیٰ قسم کا بلند پرواز باز، ترازو کی سوئی یا ڈنڈی۔

شائبہ shaa-i-ba(h): (ع، مذ) آمیزش، آلودگی، ملاوٹ، شک، شبہ، احتمال۔

شائع shaa-i(?): (ع، صف) فاش، آشکارا، چھاپ کر، مشتہر کیا ہوا ( ) افعال: کرنا، ہونا

شائق shaa-iq: (ع، صف، فاعل) شوق بڑھانے والا، معشوق فارسی اور اُردو میں بمعنی مشتاق بھی استعمال ہوتا ہے۔

شائگان shaa-i-gaan: (ف، صف) وہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو، وہ کام جو بادشاہ کے حکم پر بغیر اجرت ہو، بیگار، قافیہ کا ایک عیب، ایطاء۔

شایاں shaa-yaaN: (ف، صف) لائق، مناسب، موزوں، زیبا۔

شاید shaa-yad: (ف، کلمہ، شک) غالباً، ممکن ہے۔ اس جگہ کہتے ہیں جہاں شک ہو۔

شائستہ shaa-is-tah: (ف، صف) مہذب، باسلیقہ، باتمیز، مناسب، موزوں، اسم کیفیت مث: شائستگی۔

ش-ب

شب shab: (ف،مث) رات، رین۔

شب اسریٰ sha-be-as-raa: (ع،مث) معراج کی رات۔

شب افروز shab-af-roz: (ف،صف) رات کو روشن کرنے والا، جگنو، چاند۔

شب باش shab-baash: (ف،صف) رات کو رہنے والا، (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: شب باشی۔

شب بخیر shab-ba-Kair: (ف، کلمہ دعا) رات خیر سے گزرے رات کو رخصت ہونے کا سلام، انگریزی لفظ Good Night کا ترجمہ۔

شب برات sha-be-ba-raat: (ف،مث) ماہِ شعبان کی پندرھویں رات، مسلمانوں کے عقائد کے بموجب اس رات کو عمر کا حساب اور تقسیم رزق کا کام ہوتا ہے۔ خوشی کی رات۔

شب بیدار shab-be-daar: (ف،صف) رات کو جاگنے والا، رات کو اُٹھ کر عبادت کرنے والا، اسم کیفیت مث: شب بیداری۔

شب چراغ shab-cha-raaG: (ف،صف) رات کو چمکنے والا ہیرا، جگنو۔

شب خوابی shab-Kwaa-bii: (ف،مث) رات کی پوشاک، رات کو پہن کر سونے کے کپڑے، رات کا سونا۔

شب خوانی shab-Kwaa-nii: (ف،صف) وہ قصہ جو رات کو داستان گو پڑھا کرتے ہیں۔

شب خون shab-Kuun: (ف،مذ) رات کا حملہ، چھاپا، رات کو بے خبری میں دشمن پر حملہ کرنا (افعال: لانا، مارنا)

شب خیز shab-Kaiz: (ف،صف) شب بیدار، رات کو اُٹھنے والا، اللہ کی عبادت جو رات کو کی جائے، اسم کیفیت مث: شب خیزی۔

شب خیزیا shab-Kez-yaa: (ف،صف) قزاق جو رات کو لوٹے۔

شب دیز shab-dez: (ف،مذ) سیاہ رنگ کا گھوڑا، مشکی گھوڑا۔

شب دیگ shab-deg: (ف، مذ) ایک قسم کا سالن جس میں گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے اور شلغم وغیرہ ڈال کر تمام رات پکاتے ہیں۔

شب رنگ shab-rang: (ف،صف) تاریک، سیاہ۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا، سیاوش کا گھوڑا۔ ایک قسم کا پتھر جو کوئلے کی طرح جلتا ہے۔

شب رَو shab-rau: (ف،مذ) چور، چوکیدار، جو رات کو پہرہ دے، کوتوال، نیک آدمی (صف) رات کو چلنے والا، اسم کیفیت مث: شب روی۔

شب زفاف shab-za-faaf: (ف،مث) دولہا دولہن کی پہلی رات تخت کی رات۔

شب زندہ دار shab-zin-dah-daar: (ف، مذ) رات بھر جاگنے والا، اسم کیفیت مث: شب زندہ داری۔

شب شہادت shab-sha-haa-dat: (ف،مث) محرم کی نویں رات جس سے اگلے روز امام حسینؓ شہید ہوئے۔

شب عاشورہ shab-(?)aa-shuu-rah/ sha-be-(?)aa- shuu-rah: (ف،مث) دیکھیے 'شب شہادت'۔

شب غم shab-Gam: (ف،مث) جدائی کی رات

شب قدر sha-be-qadr: (ف،مث) لیلۃ القدر،

ایک رات جو بہت متبرک سمجھی جاتی ہے۔ اس کے متعلق اختلاف ہے۔ عموماً رمضان کی ستائیسویں رات خیال کی جاتی ہے۔

شبِ کور sha-be-kuur: (ف، صف) جس کو رات کو نظر نہ آئے، اسم کیفیت مث: شب کوری۔

شب گرد shab-gard: (ف، صف) رات کو پھرنے والا، چوکیدار، کوتوال، چور، چاند، اسم کیفیت مث: شب گردی۔

شب گشت shab-gasht: (ف، مث) رات کا پھرنا۔

شب گوں shab-guuN: (ف، صف) سیاہ، کالا۔

شب گیر shab-giir: (ف، صف) جو رات کو جاگتا رہے، جھینگر، جو رات کو بولتا ہے۔ بلبل، پچھلی رات کا سفر۔

شبِ ماہ تاب / مہتاب sha-be-maah-taab/meh-taab: (ف، مث) چاندنی رات۔

شبِ معراج sha-be-mai(?)-raaj: (فع، مث) وہ رات جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج ہوئی۔ رجب ۲۸ / ۲۷ کی درمیانی رات۔

شب وروز sha-bo-roz: (ف، متعلق فعل) رات دن، ہر وقت۔

شبِ وِصال / وَصل sha-be-vi-saal/ sha-be-vasl: (ف، مث) وہ رات جس کو کسی کامل فقیر یا بزرگ کا انتقال ہو، معشوق سے ملنے کی رات۔

شبِ یلدا sha-be-yal-daa: (ف، مث) سخت تاریک رات، سال کی سب سے لمبی رات۔

شباب sha-baab: (ع، مذ) جوانی، بیس سے چالیس برس تک کی عمر کا زمانہ، کسی چیز کے عروج یا ترقی کا زمانہ، موسیقی کا ایک پردہ۔

شباشب sha-baa-shab: (ف، متعلق فعل) راتوں رات، تمام رات، رات بھر۔

شِباک shi-baak: (ع، مذ) دیکھئے 'شبکہ' کی جمع، جال۔

شبان sha-baan: (ع، مذ) چرواہا، گذریا، اسم کیفیت، مث: شبانی۔

شبانگاہ sha-baa-ni-gaah: (ف، مث) رات کا وقت۔

شبانہ sha-baa-na(h): (غ، صف) رات کے متعلق، رات کا۔

شبانہ روز sha-baa-na(h) roz: (ف، متعلق، فعل) دیکھئے 'شب وروز'

شباہت sha-baa-hat: (ف، مث) (یہ لفظ عربی دان ہندیوں کا بنایا ہوا ہے۔) مشابہت، صورت یا سیرت کی مطابقت، رونق، روپ۔

شبد shabd: (ہ، مذ) لفظ، شور، سکھوں کے بھجن، حمد، مناجات۔

شبّر shab-bar: (ع، مذ) حضرت امام حسنؑ کا لقب۔

شِبر shibr: (ع، مذ) بالشت۔

شبستان sha-bis-taan: (ف، مذ) پلنگ، سونے کا کمرا، شب خوابی کا کمرا۔ بادشاہوں کے سونے کا کمرا، حرم سرا۔

شبستانی sha-bis-taa-nii: (ف، مث) رات کے کپڑے، تاریکی، اندھیرا۔

شبکا shab-kaa: (ار، مذ) شگاف جو کپڑے یا دیوار وغیرہ میں ہو۔

شبنمی shab-nami: (ف، مذ) وہ کپڑا جو اوس سے بچنے کے لیے مسہری کے اوپر ڈالتے ہیں۔

شبکات shab-kaat: (ار، مذ) لوہے یا جست کے

تاروں وغیرہ کا جال، کبوتروں کے پکڑنے کا جال۔

شبکہ shab-ka(h): (ع، مذ) مچھلی پکڑنے کا جال، شکاری کا جال۔

شبنم shab-nam: (ف، مث) رات کی نمی، اوس، ایک قسم کا کپڑا جو سفید اور نہایت باریک ہوتا ہے۔

شبو shab-buu: (ف، مث) ایک پھول جو رات کو مہکتا ہے، رات کی رانی۔

شِبہ / شبہ shi-ba(h): (ع، مذ) مثل، مانند، تصویر، ایک گھٹیا پتھر۔

شُبہ / شبہہ shu-ba(h): (ع، مذ) شک، گمان، وہم، وسواس (افعال: اٹھانا، کرنا، مٹانا، نکالنا، گزرنا، ہونا، اٹھنا، نکلنا)

شُبھ shubh: (س، مذ) مبارک، نیک، روشن، درخشاں، خوبصورت حسین، خوش قسمت، خوش نصیب۔

شبیر / شبّیر shab-biir: (ع، مذ) حضرت امام حسینؑ کا لقب، حضرت ہارون کا چھوٹا بیٹا۔

شبیں sha-biiN: (ف، مذ) رمضان 19، 20، 21، 23 کی رات جن میں شیعوں کے نزدیک شب قدر ہوتی ہے اور جن میں حضرت علیؑ قاتل کا زخم کھانے کے بعد دو رات زندہ رہے۔

شبینہ sha-bii-na(h): (ف، مذ) رات کا، رات کے متعلق، نماز تراویح میں ایک رات میں قرآن ختم کرنا۔

شبیہ sha-bii(h): (ع، مث) مشابہت، شباہت، تصور۔

ش۔پ

شپ shap: (ف، صف) تیز، جلد، (مث) چابک، چھچی، تلوار کی آواز، پانی میں کودنے کی آواز، گپ کے ساتھ تابع مہمل۔ (افعال: لگانا، لگنا)

شپّا shap-paa: (ہ، مذ) ٹپس (افعال: لگانا، لگنا)

شپر / شپر، شپّر shap-par: (ف، مث) چمگادڑ۔

شپّرہ چشم shap-pa-rah chashm: (ف، صف) سورج کی روشنی میں آنکھیں بند کرنے والا، وہ شخص جو صاف اور واضح چیز کو تعصب کی بناء پر نہ دیکھ سکے۔

شِتاب shi-taab: (ف، صف) جلد، فوراً، بلاتوقف، جھٹ پٹ، اسم کیفیت مث: شتابی۔

شِتاب کار shi-taab-kaar: (ف، مذ) جلد کار / جلد باز، اسم کیفیت مث: شتاب کاری۔

شتابا sha-taa-baa: (ار، مذ) وہ کاغذ جس کو بارود میں تر کر کے خشک کر لیتے ہیں اور فلیتہ کی جگہ کام آتا ہے۔

شتّا(ہ) shat-taa: (ار، مذ) بدکار اور بدوضع عورت 'شطاح' کا بگاڑ۔

شُتر / اشتر shutr/shu-tur: (ف، مذ) اُونٹ۔

شتربان shu-tur-baan: (ف، صف، فاعلی) اونٹ ہانکنے والا، اونٹ والا، ساربان، اسم کیفیت مث: شتربانی۔

شترغمزہ shu-tur-Gam-za(h): (ف، مذ) ناز بے جا، بے جا نخرہ۔

شُتر کینہ shu-tur-kii-na(h): (ف، مذ) وہ شخص جس کا کینہ کبھی زائل نہ ہو، دلی عداوت، دلی دشمنی۔

شُتر گاؤ shu-tur-gaa-o: (ف، مذ) ایک چوپایہ جس کی گردن اونٹ اور کھر گائے سے مشابہ ہوتے ہیں۔ زرافہ۔

شُتر گُربہ shu-tur-gur-ba(h): (ف، مذ) ناموافق جوڑا / بے میل چیزیں اصطلاح شعر میں ایک ہی چیز کو تعظیم اور تحقیر کے ساتھ بیان کرنا۔

شُتُر مُرغ shu-tur-murG: (ف، مذ) ایک بہت بڑا پرندہ جس کی ٹانگیں اور گردن لمبی ہوتی ہے۔ تیز دوڑ سکتا ہے مگر اُڑ نہیں سکتا۔
شُتُر نال shu-tur-naal: (ار، مث) ایک قسم کی چھوٹی توپ جو اونٹ کی پیٹھ پر لادی جاتی اور وہیں سے چلائی جاتی تھی۔
شَتم shatm: (ف، مذ) گالی گلوچ۔

ش۔ج

شُجاع shu-jaa(?): (ع، صف) دلیر، بہادر، جری۔
شُجاعت shu-jaa-(?)at: (ع، مث) دیکھیے 'شجاع' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شَجر sha-jar: (ع، مذ) درخت، پیڑ، روکھ۔
شجرِ ممنوع shaj-re-mam-nuu(?): (ع، مذ، بترکیب فارسی) وہ چیز جس سے روک دیا گیا ہو۔
شجرہ shaj-rah: (ع، مذ) ایک درخت، نسب نامہ، وہ کاغذ جس میں کسی خاندان کے مورثِ اعلیٰ اور اس کی اولاد کی ترتیب وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے وہ کاغذ جس پر مشائخ اپنے پیروں کا نام اور سلسلہ لکھ کر مریدوں کو دیتے ہیں۔
شجرہ کلہ shaj-rah-kul-lah: (ع، مذ) پیروں کا شجرہ اور ٹوپی جو مرید کو دی جاتی ہے۔ چیز بست، بوریا بستر۔
شجرۂ نسب shaj-ra-e-nasb: (ع، مذ، بترکیب فارسی) سلسلۂ نسب، نسب نامہ۔
شجیع sha-jii(?): (ع، صف) بہادر، دلیر۔

ش۔ح

شحم shahm: (ع، مذ) چربی، گودا، مغز۔
شحنا shah-naa: (ف، مذ) دشمنی۔
شحنہ shah-na(h): (ف، مذ) کوتوال، پولیس کا افسر، چوکیدار، محصول وصول کرنے والا۔
شحیم sha-hiim: (ع، صف) موٹا، فربہ، لحیم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

ش۔خ

شخص shaKs: (ع، مذ) آدمی، بشر، ایک فرد، یکتا۔
شخصی shaK-sii: (ع، مث) اپنا، ذاتی، جسمی۔
شخصیت shaK-si-yat: (ع، مث) آدمیت، وقار، بڑی ہستی۔

ش۔د

شد shad: (ع، مذ) ایک حرف کو دو دفعہ پڑھنا، تشدید دینا، زور دینا (آواز کو) پہلوانوں کا نعرہ۔
شد و مد sha-do-mad: (ع، مذ) زور، قوت، سختی، تندی، تیزی، پڑھنے میں زور دینا، آواز کو، شان و شوکت، دھوم دھام۔
شُد shud: (ف، مذ) فارسی مصدر شدن سے صیغہ ماضی (امث) کسی کام کی ابتدا، آغاز (صف) گذرا ہوا، مرا ہوا۔
شُد بُد shud-bud: (ار، مث) پڑھنے لکھنے کا تھوڑا سا ملکہ، تھوڑی واقفیت (افعال: ہونا)
شدنی shud-ni(i): (ف، صف) ہونے والا، ہونے کے قابل، ممکن، اغلب۔
شدّا shud-daa: (ع، مذ) علم، جھنڈا، نشان، خصوصاً جو محرم پر نکالے جاتے ہیں (افعال: اٹھانا، نکالنا)
شدّاد sha-dd-aa-d: (ع، صف) طاقت ور، ظالم (اسذ) قوم عاد کا ایک بادشاہ، جس نے خدائی کا دعوئ

کیا تھا اور بہشت بنوائی تھی۔

شِدّت shid-dat: (ع، مث) سختی، تکلیف، زیادتی، کثرت، زبردستی، ترقی، غلبہ۔

شُدہ شُدہ shu-dah shu-dah: (ف، متعلق فعل) رفتہ رفتہ، آہستہ آہستہ، ہوتے ہوتے۔

شُدھ shudh: (ہ، صف) پاک، ظاہر، پوتر، خالص، بے میل صاف۔

شُدّھی shud-dhii: (ف، مث) شُدھ کا اسم کیفیت، وہ تحریک جو شردھا نند نامی ایک ہندو نے ہندوستان کے مسلمانوں کو دوبارہ ہندو بنانے کے لیے چلائی تھی۔

شدید sha-diid: (ع، صف) مشکل، کٹھن، سخت، تیز، زور کا، زیادہ، تکلیف دہ۔

ش۔ ز

شذرہ shaz-rah: (ع، مذ) کچے سونے کا ٹکڑا، چھوٹا موتی، مختصر مضمون، مختصر اداریتی مضمون چھوٹا اداریہ، جمع شذرات۔

ش۔ ر

شر shar: (ع، مذ) شرارت، بدی، فساد، جھگڑا، دنگا، (افعال: اٹھانا، اٹھنا) جمع شرور۔

شرانگیز shar-an-gez: (عف، صف) شریر، مفسد، اسم کیفیت مث: شرانگیزی۔

شراب sha-raab: (ع، مث) رقیق چیز جو پی جائے نشہ دار عرق، دارو، مے، مشروب۔

شراب خانہ sha-raab Kaa-na(h): (عف، مذ) وہ جگہ جہاں شراب بکے یا بنے۔

شراب خور sha-raab-Kor: (ف، صف) شراب پینے والا، بادہ نوش اسم کیفیت: شراب خواری۔

شرابِ طہور sha-raa-be-ta-huur: (ع مث بترکیب فارسی) پاک شراب جو بہشت میں ملے گی۔

شرابور sha-raa-bor: (ار، صف) تربتر، بہت بھیگا ہوا، (افعال: کرنا، ہونا)

شرابی sha-raa-bii: (ف، صف) شراب پینے والا، مے نوش۔

شرابی کبابی sha-raa-bi ka-baa-bii: (ہ، صف) شرابی، عیاش۔

شرّاٹا shar-raa-Taa: (ار، مذ) زور سے مینہ برسنے کی آواز، ہوا کا سناٹا، خون یا پانی کی دھار زور سے نکلنا۔

شرادھ sha-raadh: (ہ، مذ) وہ کھانا جو اسوج کے مہینے میں مردوں کے نام پر برہمنوں کو کھلایا جاتا ہے۔

شرار sha-raar: (ع، مذ) آگ کا پتنگا، چنگاری۔

شرارت sha-raa-rat: (ع، مث) بدی، ایذا رسانی، خرابی، بدنیتی، شیطنت۔

شرارہ sha-raa-rah: (ع، مذ) آگ کی چنگاری، آگ کا پتنگا۔

شرارۃً sha-raa-ra-tan: (ار، متعلق فعل) شرارت سے۔

شرافت sha-raa-fat: (ع مث) بزرگی، بھلمنسی نجابت، عالی خاندانی، شریف ہونا۔

شرافت پیشہ sha-raa-fat pe-shah: (عف، صف) عالی خاندان، شریف۔

شراکت sha-raa-kat: (ع، مث) ساجھا، حصہ داری (عربی میں اس کی بجائے شرکت ہے)

شراکت نامہ sha-raa-kat-naa- ma(h): (ف، مذ) شراکت نامہ، وہ دستاویز جس میں ساجھے

کی کیفیت درج ہو۔

شرائط sha-raa-it: (ع، مذ / مث) دیکھیے 'شرط' جس کی یہ جمع ہے۔

شرائین sha-raa-iin: (ع، مث) دیکھیے 'شریان' جس کی یہ جمع ہے۔

شُرب shurb: (ع، مذ) پینے والی چیز۔

شُربُ الیہود shur-bul-ya-huud: (ع، مذ) پوشیدہ شراب پینا، خفیہ مے نوشی۔

شربت shar-bat: (ع، مذ) وہ مقدار جو ایک دفعہ پی جائے، قند میں پکا ہوا عرق، (کسی پھل پھول یا دوا کا) قند، مصری، کھانڈ پانی میں گھلی ہوئی۔

شربتی shar-ba-ti(i): (ف، صف) شربت کے رنگ یا تاثیر کا، کسی قدر سرخی مائل ہلکا رنگ، ایک قسم کا میٹھا میوہ ایک قسم کا نگینہ۔ ایک قسم کا نفیس اور باریک کپڑا، ایک قسم کا کبوتر، شراب کا پیالہ جو ایک ہی دفعہ پی لیا جائے۔

شرتاوا shar-taa-vaa: (ار، مذق) ایک قسم کی کھچڑی۔

شرح sha-rah: (ع، مث) تفسیر، کھول کر کہنا، نرخ، بھاؤ۔

شرح بندی sha-rah-ban-dii: (عف، مث) نرخ نامہ، نرخوں کا نقشہ۔

شردھا shar-dhaa: (س، مذ) یقین، دھرم، وفاداری، اشتیاق۔

شرر sha-rar: (ع، مذ) آگ کی چنگاری (شرارہ کی جمع)۔

شرر بار / ریز / فشاں sha-rar-baar/rez/fi-shaaN: (ف، صف) چنگاریاں برسانے والا، چنگاریاں اُڑانے والا، اسم کیفیت مث: شرر باری / ریزی / فشانی۔

شرزہ shar-za(h): (ف، صف) خوفناک، غصیلا (شیر وغیرہ)

شُرط shurt: (ع، صف) موافق، سازگار، معاون (ہوا کے لیے آتا ہے)

شرط shart: (ع، مث) اقرار، عہد، قول و قرار، پابندی۔

شُرطہ shur-tah: (ع، مث) پولیس، محکمہ پولیس۔

شرطی shar-tii: (ع، صف) ضرور، بے شک، کسی شرط پر مشروط، مث: شرطیہ۔

شُرطی shur-tii: (ع، مذ) سپاہی، فوجی۔

شرطیہ shar-ti-yah: (ع، صف، اصطلاح، منطق) اقراری، شرطی وہ جملہ جو شرط اور جزا سے مل کر پورا ہوتا ہے ضروری، بلاشک۔

شرع sha-ra(?): (ع، مث) سیدھا راستہ، طور طریقہ، قانون محمدیؐ جو قرآن کے مطابق ہے۔ آئین، مذہب۔

شرعِ محمدیؐ sha-ra(?) mo-ham-ma- dii: (ع مث، بترکیب فارسی) اسلامی قانون۔

شرعاً shar-(?)an: (ع، متعلق، فعل) ازروئے شرع، قانون اسلام کے مطابق۔

شرعاً و عُرفاً shar-(?)an va-(?)ur-fan: (ع، متعلق، فعل) قاعدے قانون اور رسم و رواج کے موافق۔

شرعی shar-(?)ii: (ع، صف) شرع کے مطابق، قانون اسلام کے مطابق۔

شرعی پاجامہ shar-(?)ii paa-jaa-ma(h): (ار، مذ) ٹخنوں سے اوپر پاجامہ۔

شرعی ڈاڑھی shar-(?)ii Daa-Rhii: (ار مث) شرع کے مطابق ڈاڑھی جو ایک مشت اور

دو انگل کے برابر ہوتی ہے۔

شرعیّہ shar-(?)ay-ya(h): (ع،مث) شرعی کی تانیث۔

شرغا shar-Gaa: (ع،مذ) وہ گھوڑا جو سرتاپا بادامی رنگ کا ہو۔

شرف sharf: (ع، مذ) بزرگی، بلندی، برتری، ترجیح، فوقیت، عزت، فخر، افتخار، کسی سیارے کا اپنے اصلی برج میں آنا۔ (افعال: پانا، حاصل کرنا، ہونا)

شرف یاب sharf-yaab: (عف،صف) عزت پانے والا، شرافت حاصل کرنے والا، اسم کیفیت مث: شرف یابی۔

شرفاء shur-faa: (ع،مذ) دیکھیے 'شریف' جس کی یہ جمع ہے۔

شرق sharq: (ع،مذ) مشرق، پورب، سورج نکلنے کی جگہ۔

شرقی shar-qii: (ع،صف) مشرق کا، مشرق کا متعلق، شرق سے نسبت رکھنے والا، پورب، شاہان جونپور کا لقب، مث: شرقیہ۔

شِرک shirk: (ع، مذ) خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک کرنا/جاننا، حصہ داری، ساجھا۔

شرک جلی shirk-ja-lii: (ع، مذ) ظاہری شرک، جیسے بت پرستی۔

شرک خفی shirk-Ka-fii: (ع،مذ) پوشیدہ شرک، جیسے پیر پرستی۔

شرکاء shu-ra-kaa: (ع،مذ) دیکھیے 'شریک' جس کی یہ جمع ہے۔

شرکت shir-kat: (ع،مث) شامل ہونا، شمولیت، ساجھا، شراکت، کمپنی۔

شرکتی shir-ka-tii: (ار،صف) مشترکہ، ساجھے کا۔

شرم sharm: (ف،مث) حیا، لاج، حجاب، ننگ، عار، ندامت، انفعال، خجالت، خفت، شرمندگی، پشیمانی، غیرت، عزت، حرمت، خیال، پاس (افعال: آنا، دلانا، رکھنا، رہنا)

شرم آلود sharm-aa-luud: (ف،صف) شرمگیں، شرمندہ۔

شرم حضور sharm-hu-zuur: (فع،مذ) سامنے لحاظ کرنے والا، آنکھ کی شرم اسم کیفیت مث: شرم حضوری۔

شرمسار sharm-saar: (ف،صف) شرمندہ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: شرمساری۔

شرمگاہ sharm-gaa(h): (ف،مث) اندام نہانی، انسان کے بول و براز کی جگہ۔

شرمگیں shar-ma-giiN: (ف،صف) شرمندہ، خجل۔

شرمناک sharm-naak: (ف، صف) قابل شرم، شرمیلا۔

شرمالو shar-maa-luu: (ار،صف) شرماؤ، شرمیلا۔

شرمانا shar-maa-naa: (ار،مص،جعلی) شرمندہ ہونا، نادم ہونا، شرمندہ کرنا، غیرت دلانا۔

شرمندگی shar-mind-gii: (ف، مث) دیکھیے 'شرمندہ' جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال: اٹھانا، اٹھنا)

شرمندہ shar-min-dah: (ف،صف) شرمسار، نادم، ممنون، احسان مند (افعال: کرنا، ہونا)

شرمندۂ احسان / منّت shar-min-da-e-ah-saan/ min-nat: (ف،صف) ممنون احسان (افعال: بنانا، بننا، کرنا، ہونا)

شرمندہ تعبیر shar-min-da-e-ta(?)biir: (ف،صف) جس کی کوئی تعبیر ہو۔

شرمندۂ معنی shar-min-da-e-ma(?)-ni(i):

(فع،صف) جس کے معنی ہوں۔
شرمیلا shar-mii-laa: (ار،صف) دیکھیے 'شرماؤ' اسم کیفیت مذ (شرمیلا پن مث: شرمیلی)
شرنارتھی shar-naar-thii: (ھ،صف) پناہ گزیں
شُروح shu-ruuh: (ع،مث) دیکھیے 'شرح' جس کی یہ جمع ہے۔
شُروط shu-ruut: (ع،مذ) دیکھئے 'شرط' جس کی یہ جمع ہے۔
شِری shi-rii: (س،مذ) کلمۂ خطاب، ہندی میں بجائے جناب اور مسٹر کے مستعمل ہے۔
شِری متی shi-rii-ma-tii: (س،مث) 'شری' کی تانیث، محترمہ۔
شِریان shir-yaan: (ع،مث) چھوٹی رگیں، کودنے اور پھڑکنے والی رگ، نبض، لال رگ جس کے ذریعے دل کا خون بدن کو جاتا ہے۔
شریر sha-riir: (ع،صف) شرارتی، بدذات، برا، عیب دار۔
شریعت sha-rii-(?)at: (ع،مث) دیکھئے 'شرع' جس کی یہ جمع ہے۔
شریف sha-riif: (ع،صف) بھلا مانس، بزرگ، معتبر، اعلیٰ خاندان کا، خاندانی، بڑے رتبے والا، مقدس پاک، تعظیم کا کلمہ، جو شہروں اور مقدس مقامات کے لیے مستعمل ہے مث: شریفہ۔
شریف النفس sha-rii-fun-nafs: (ع،صف) نیک نفس، نیک طینت، اسم کیفیت مث: شریف النفسی۔
شریفہ sha-rii-fa(h): (ع،مذ) ایک پھل۔
شریک sha-riik: (ع،صف) شرکت کرنے والا، ساجھی، حصہ دار، شامل، ملا ہوا، مث: شریکہ۔
شریکِ شِکمی sha-rii-ke-shik-mii: (ار،مذ) وہ شخص جو اندرونی طور پر کاشت کاری میں شریک ہو، مگر زمین کی کاشت کا پٹا زمیندار کی طرف سے اُس کے نام نہ ہو۔

ش۔س

شستٗ shast: (ف،مث) نشانہ، سیدھ، ہدف، مچھلی پکڑنے کا کانٹا (افعال: باندھنا، پڑنا، لگانا/ لگنا)
شُست shust: (ف،مذ) دھونے کا عمل۔
شُست و شو shus-to-sho: (ف، مث) نہانا دھونا، دھو کر صاف کرنا (افعال: کرنا، ہونا)
شَستر shastr: (س،مذ) ہتھیار، آلۂ حرب۔
شُستہ shus-tah: (ف،صف) دھویا ہوا، صاف کیا ہوا، پاکیزہ صیقل کیا ہوا، اسم کیفیت مث: شستگی۔
شستہ و رفتہ shus-ta-o-raf-tah: (ف، صف) پاک صاف منجھا ہوا، شستہ فصیح۔

ش۔ش

شش shash: (ف،اعدد) چھ (6)
شش پہل / پہلو / گوشہ shash-pa-hal/ peh-luu/go-sha(h): (ف،صف) چھ کونوں کا۔
شش جہت shash-je-hat: (ف، صف) چھ اطراف یعنی شمال جنوب مشرق مغرب، اطراف عالم، ہر جگہ، تمام عالم۔
ششم shashm: (ف،عدد، ترتیبی) چھٹا۔
ششماہی shash-maa-hii: (ف، صف) چھ مہینے، چھ مہینے کا۔
شش و پنج sha-sho-panj: (ف، مذ) فکر، اندیشہ، سوچ، بچار (افعال: میں پڑنا، ہونا)

ششدر shash-dar: (ف، صف) وہ جگہ جہاں سے رہائی مشکل ہو، تختہ نرد کی بازی، کنایۃً حیران، پریشان۔

شُشکارنا shush-kaar-naa: (ہ، مص) شش کہہ کر کتے کو شکار پر دوڑانا۔

ش۔ص

شصت shast: (ف، اعدد) ساٹھ (60) صحیح 'شست' ہے مگر مشہور 'شصت' ہے۔

ش۔ط

شط shat: (ع، مذ) دریا، نالہ، ندی، رود کا کنارا، دریا کا کنارہ، بڑا دریا، اونٹ کے کوہان کی ایک طرف۔

شطاح shat-ta(h): (ع، صف) بے حیا، بے شرم، بیہودہ، عورت۔

شطح shatah: (ع، مذ) شریعت کے خلاف کلمہ، بکواس، بے حیائی۔

شطحات / شطحیات shat-haat/ shat-ha-yaat: (ع، مث) دیکھیے 'شطح'، جس کی یہ جمع ہے۔ صوفیوں یا بزرگوں کا بے اختیاری کی حالت میں کوئی ایسا کلمہ کہنا جو شریعت کے خلاف ہو۔

شطرنج shat-ranj: (ع، مذ) فارسی شترنج کا معرب جو سنسکرت میں چترنگ ہے۔ ایک کھیل جو تیس مہروں کے ساتھ چونسٹھ خانوں کی بساط پر کھیلا جاتا ہے۔

شطرنج باز shat-ranj-baaz: (عف، صف) شطرنج کا کھلاڑی، شاطر، اسم کیفیت مث: شطرنج بازی۔

شطرنجی shat-ran-jii: (عف، صف) شطرنج باز (ار، مث) ایک قسم کا دبیز سوتی فرش جس پر دو رنگ کے خانے بنے ہوتے ہیں، دردی۔

ش۔ع

شِعار shi-(?)aar: (ع، مذ) چلن، طور طریقہ (مرکبات کے آخر میں بھی مستعمل ہے جیسے ستم شعار) نشان، اشارہ، وہ نشان یا لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں۔ بدن سے لگا ہوا کپڑا، بنیان۔

شُعاع shu-(?)aa(?): (ع، مث) سورج کی کرن، روشنی، چمک، (افعال: پڑنا، ہونا) صفت، نسبتی: شعاعی۔

شعائر sha-(?)aa-ir: (ع، مذ) دیکھیے 'شعیرہ'، جس کی یہ جمع ہے۔

شِعب shi-(?)eb: (ع، مذ) دراڑ، گھاٹی، پہاڑی سڑک یا راستہ غار، گروہ، بڑا خاندان، قبیلہ۔

شعبان sha(?)-baan: (ع، مذ) عربی قمری سال ہجری کا آٹھواں مہینہ جس میں شب برات ہوتی ہے۔

شوعبدہ (شعبدہ) sho-(?)ab-dah: (ف، مذ) کرتب یا جادو، عجیب اور حیرت انگیز کام، نظر بندی، دھوکا فریب۔

شوعبدہ (شعبدہ باز) / گر sho-(?)ab-dah-baaz: (ف، مذ) بھان متی (صف) مکار، دغاباز، ساحر، جادوگر، اسم کیفیت مث: شعبدہ بازی گری۔

شعبہ sho(?)-ba(h): (ع، مذ) ٹکڑا، حصہ، شاخ، درخت کی شاخ، نہر کی شاخ، کسی محکمہ کی شاخ، محکمہ، قبیلہ کی شاخ۔

شعر she(?)r: (ع، مذ) سخن موزوں، دو مصرے جو ایک وزن کے ہوں اور ایک خیال کو ظاہر کریں۔ قافیہ ملنا ضروری نہیں۔ بیت، نظم، دل کش اور خیال انگیز بات (افعال: بنانا، کہنا)

شعرتر she-(?)r tar: (عف، مذ) پرلطف بیت،

خوبصورت اور مؤثر شعر۔

شعر خواں she(?)r KwaaN: (عف، مذ) شعر پڑھنے/سنانے والا۔ اسم کیفیت مث: شعر خوانی۔

شعر گو she(?)r-go: (عف، مذ) شاعر، شعر کہنے والا، اسم کیفیت مث: شعر گوئی۔

شعر she(?)r: (ع، مذ) بال، مو، صفت نسبتی: شعری

شعراء sho(?)-raa: (ع، مذ) دیکھیے 'شاعر' جس کی یہ جمع ہے۔

شعریت she(?)-ri-yat: (ع، مث) شعر کا حسن، شعر کی روح۔

شعلہ shau(?)-la(h): (ع، مذ) آگ کی لپیٹ، آنچ، روشنی (کسی چیز کو آگ لگنے سے اس میں سے گیسیں نکلتی ہیں یہ جلتی ہیں تو روشنی نظر آتی ہے اس کو شعلہ کہتے ہیں) تیزی، گرمی۔

شعلہ آشام shau(?)-lah,aa-shaam: (عف، صف) جلنے والا، مجازاً شراب پینے والا۔

شعلۂ آواز shau(?)-lah aa-vaaz: (عف، مذ) آواز کی تیزی جو دل پر اثر کرے۔

شعلہ افشاں/بار shau(?)-lah af-shaaN: (عف، صف) شعلہ برسانے والا جس سے بہت شعلے نکل رہے ہوں۔ اسم کیفیت مث: شعلہ افشانی/باری۔

شعلۂ جوالہ shau(?)-lah jav-vaa-lah: (ع، مذ) وہ شعلہ جس کو جلا کر گول چکر کی صورت میں گھماتے ہیں، جلتی ہوئی لکڑی، معشوق۔

شعلہ خو shau(?)-lah Kuu: (عف، صف) بدمزاج، تندخو، معشوق کی تعریف، اسم کیفیت مث: شعلہ خوئی۔

شعلہ خیز shau(?)-lah-Kez: (عف، مذ) جس سے زیادہ شعلے نکلتے ہوں۔

شعلہ رُخ shau-la(h)-ruK: (عف، صف) سرخ اور دہکتے چہرے والا، معشوق۔

شعلہ زا shau-la(h)-zaa: (ع، صف) شعلہ پیدا کرنے والا۔

شعلہ زُباں/بیاں shau-la(h) zu-baaN/bi-yaaN: (عف، صف) تیز زبان، اسم کیفیت مث: شعلہ زبانی/بیانی۔

شعلہ زن shau-la(h)-zan: (عف، صف) شعلہ نکالنے والا، اسم کیفیت مث: شعلہ زنی۔

شعلہ طُور shau-la(h)-e-tuur: (ع، مذ) وہ نور جو حضرت موسیٰ نے کوہ طور پر دیکھا تھا۔

شعور sha-(?)uur: (ع، مذ) دانائی، عقل، سلیقہ، ہوش، واقفیت، تمیز، پہچان۔

شُعیب shu-(?)eb: (ع، مذ) ایک پیغمبر کا نام، حضرت موسیٰ مصر سے ہجرت کر کے اُن کے پاس پناہ گزین ہوئے اور انھوں نے اپنی بیٹی صفورا کا نکاح آپ سے کر دیا۔

شعیر sha-(?)iir: (ع، مذ) جو، ایک غلہ جو گندم سے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کا چھلکا زیادہ کھردرا ہوتا ہے۔

شعیرہ sha-(?)ii-rah: (ع، مذ) عبادت، قربانی، مکہ میں قربانی کا جانور، مذہبی رسم، آنکھ کی ایک بیماری جسے گوہانجنی بھی کہتے ہیں۔

ش۔غ

شغار sha-Gaar: (ع، مذ) دو آدمیوں کا ایک دوسرے کی بہنوں یا بیٹیوں سے شادی کرنا، بٹے کی شادی۔

شغال sha-Gaal: (ف، مذ) گیدڑ۔

شغب sha-Gab: (ع، مذ) شور، غل، اُردو میں شوروشغب مستعمل ہے۔

شغف sha-Gaf: (ع، مذ) دلچسپی، لگاؤ۔
شغل sha-Gal: (ع، مذ) کام، دھندا، مشغلہ، پیشہ، تفریح۔

ش۔ف

شِفا shi-faa: (ع، مث) صحت، تندرستی، بیماری سے صحت (افعال: پانا، دینا، ملنا، ہونا)
شِفا بخش shi-faa-baKsh: (عف، صف) شفا دینے والا، اچھا کرنے والا، اسم کیفیت مث: شفابخشی۔
شِفاخانہ shi-faa-Kaa-na(h)/sha-faa-Kaa-na(h): (عف، مذ) ہسپتال، بیماریوں کے علاج کی جگہ، دارالصحت، دارالشفا، وہ جگہ جہاں، ڈاکٹر و حکیم رہتے اور مریضوں کو دوا دیتے ہیں۔
شِفایاب shi-faa-yaab: (عف، صف) اچھا بھلا، تندرست، شفا پانے والا، اسم کیفیت مث: شفایابی۔
شفاعت sha-faa-(?)at: (ع، مث) گناہوں کی معافی کی سفارش کرنا۔ (افعال: کرنا، ہونا)
شفاعتی sha-faa-(?)e-tii: (ع، صف) شفاعت سے منسوب، سفارش۔
شفاف shaf-faaf: (ع، صف) نہایت صاف، جس کے آرپار نظر جائے (افعال: کرنا، ہونا، ہوجانا) مث: شفافی۔
شفت sha-fat: (ع، مذ) ہونٹ، لب۔
شفتالو shaf-taa-luu: (ف، مذ) ایک قسم کا بڑا امرود، آڑو۔
شفتل shaf-tal: (ف، صف) بدکار، بدچلن، نالائق بے حیا، بے شرم (عورتوں کے لیے استعمال ہوتا ہے) ایک چارا جو برسیم کی شکل ہے اُسے بھی کہتے ہیں۔
شفتی shaf-tii: (ع، صف) ہونٹ، ہونٹ سے نکلنے والا۔
شفٹ shifT: (انگ، مذ) مزدوری میں مقررہ وقت / عرصہ، مزدوروں کی بدل چوکی، کسی چیز کا تبدیل کرنا، جیسے فلاں نے مکان شفٹ کرلیا۔
شُفعاء shuf-(?)aa: (ع، مذ) دیکھیے 'شفیع' جس کی یہ جمع ہے۔
شُفعہ shuf-(?)a(h): (ع، مذ) ہمسایہ کے گھر / مکان پر قبضہ کرنے کی خواہش، وہ حق جو گھر یا زمین یا دیگر جائیداد کی ہمسائیگی کے باعث خریدنے کا ہوتا ہے۔
شفق sha-faq: (ع، مث) سرخی جو شام کو یا صبح کو بوقت طلوع یا غروب آفتاب آسمان پر ہوتی ہے۔ مہربانی، محبت، مہربانی کرنا وغیرہ۔
شفقت sha-f-qat: (ع، مث) مہربانی، رحم، غم خواری، محبت الفت، (افعال: کرنا، ہونا)
شفوی sha-fa-vii: (ع، صف) ہونٹ سے متعلق، وہ حروف جن کا مخرج لب یا ہونٹ ہیں، جیسے ب، پ، م، ف۔
شفیع sha-fii(?): (ع، صف) شفاعت کرنے والا، شفعہ کا حق چاہنے والا۔
شفیع الامم sha-fii-(?)al-u-mam: (ع، صف) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب، امتوں کی شفاعت کرنے والا۔
شفیع محشر sha-fii-(?)e-meh-shar: (ع، صف) قیامت کے دن شفاعت کرنے والا، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔
شفیعا sha-fii-(?)aa: (ع، مذ) ایک فارسی رسم الخط یا انداز تحریر۔
شفیق sha-fiiq: (ع، صف) مہربان، غم خوار، پیارا، معشوق، مث: شفیقہ۔

ش۔ق

شق shaq: (ع، صف) پھٹا ہوا، شگاف دار (مذ) شگاف دراز، چیر، پو پھٹنے کا وقت۔

شق القمر shaq-qul-qa-mar: (ع، مذ) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ جس میں چاند کو دو ٹکڑے کر دکھایا تھا۔

شِق shiq: (ع، مذ) کسی چیز کا آدھا حصہ، اس قدر کہ جتنا بوجھ جانور ایک طرف اٹھاتا ہے۔ پہلو جانب، ٹکڑا، حصہ، محنت، تھکاوٹ، قانون میں دفعہ کا ایک حصہ، جس کو انگریزی میں، کہتے ہیں۔

شِقاق shi-qaaq: (ع، مذ) نفاق، مخالفت، دشمنی۔

شقاقل sha-qaa-qul: (ع، مذ) جنگلی گاجر۔

شقاقل مصری sha-qa-qul mus-rii: (ع، مث) ایک دوا جو مصر کی پیداوار ہے اور مقوی باہ ہے۔

شقاوت sha-qaa-vat: (ع، مذ) بدبختی، بدنصیبی، سنگدلی۔

شقائق sha-qaa-iq: (ع، مذ) جمع شقیقہ کی، شگاف، گلِ لالہ، ہر پھول۔

شقوق sha-quuq: (ع، مذ) دیکھیے 'شق' جس کی یہ جمع ہے۔

شقہ shaq-qa(h): (ع، مذ) وہ جامہ جو آگے سے پھٹا ہوا ہو۔ شاہی فرمان، وہ رقعہ یا مراسلہ یا حکم جو بادشاہ یا بڑے بڑے امیر اپنے سے کم تر مرتبہ حاکموں یا امیروں کو لکھتے ہیں۔ وہ کپڑا جو علم میں باندھتے ہیں۔ پھریرا۔

شقی sha-qii: (ع، صف) بدبخت، بدنصیب، سنگدل، ظالم، برا۔

شقیق sha-qiiq: (ع، صف) نصف، آدھا ٹکڑا، ہر چیز کا نصف اپنے دوسرے نصف حصے کا شقیق ہے۔ بھائی۔

شقیقہ sha-qii-qah: (ع، مذ) کنپٹی، دیکھیے 'شق' جب درد کے ہمراہ استعمال ہو تو سر کا درد مراد ہوتا ہے۔

ش۔ک

شک shak: (ع، مذ) شبہ، گمان، احتمال، اشتباہ، ابہام، ظن، یقین کی ضد، بھرم، وسواس (افعال: آنا، پڑنا، ڈالنا، کرنا، گزرنا، ہونا)

شِکار shi-kaar: (ع، مذ) جانوروں کو مارنا، مارا ہوا جانور، وہ جانور جس کا عام طور پر شکار کیا جاتا ہے۔

شِکار افگن shi-kaar af-gan: (عف، مذ) وہ شکاری جو بیچنے کے لیے شکار کرے۔

شِکار بند shi-kaar band: (عف، مذ) وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے پاس زین کے ساتھ شکار یا کوئی اور چیز باندھنے کے لیے لگا ہوتا ہے۔

شِکار گاہ shi-kaar-gaah: (عف، مث) وہ جنگل جہاں شکار کے بہت سے جانور ہوں، کاغذ کی قندیل جس پر کاغذ کے گھوڑے ہاتھی وغیرہ چلتے پھرتے نظر آتے ہیں۔

شِکاری shi-kaa-rii: (ف، مذ) شکار کرنے والا، صیاد، شکار سے نسبت رکھنے والا۔

شِکایت shi-kaa-yat: (ع، مث) شکوہ، گلہ، مرض، بیماری، برائی، بدی، دادخواہی۔

شِکایت آمیز shi-kaa-yat aa-mez: (عف، صف) پُرشکوہ، شکایت سے بھرا ہوا، جس میں شکایت پائی جائے۔

شِکایتی shi-kaa-ye-tii: (ع، صف) شکایت کرنے والا، جو شکایت کرنے کا عادی ہو۔

شکتی shak-tii: (س، مث) زور، طاقت، قوت۔

شکر shukr: (س، مذ) زہرہ ستارہ۔
شکر shukr: (ع، مذ) کسی کے احسان کی تعریف کرنا، احسان ماننا، شکریہ، سپاس (افعال: ادا کرنا، ہونا، بجالانا)
شکرگزار shukr-gu-zaar: (عف، صف) احسان ماننے والا، اسم کیفیت مث: شکرگزاری۔
شکر / شکّر sha-kar shak-kar: (ار، صف، مث) کھانڈ، قند، چینی، بورا، نبات، مصری، ذیابیطس۔
شکرآمیز shakr aa-mez: (ف، صف) قند ملا ہوا، میٹھا۔
شکرپارہ sha-kar-paa-ra(h): (ف، مذ) ایک قسم کی روٹی جس میں قند بادام اور پست پڑا ہوتا ہے۔
شکرتری sha-kar ta-rii: (ف، مث) سفید کھانڈ۔
شکرخا sha-kar Kaa: (ف، صف) شکر چباتا ہوا، شیریں سخن۔
شکرخند / خندہ sha-kar-Kand: (ف، مث، مذ) مسکراہٹ، تبسم۔
شکرخواب shak-kar Kwaab: (ف، مذ) میٹھی نیند سونے والا، میٹھی نیند سونا، اسم کیفیت مث: شکرخوابی۔
شکرخوار sha-kar Kwaar: (ف، صف) شیریں سخن۔
شکرخورہ sha-kar-Ko-ra(h): (ف، مذ) ایک پرندہ جس کی چونچ بہت لمبی اور باریک ہوتی ہے اور پھولوں سے مٹھاس چوس لیتا ہے (صف) تر مال کھانے والا۔ کھانے کا شوقین۔
شکردان sha-kar daan: (ف، مذ) برتن جس میں کھانڈ ڈالتے ہیں۔

شکردہاں sha-kar-da-haaN: (ف، صف) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔
شکررنجی sha-kar-ran-jii: (ف، مث) دوستوں میں خفیف رنجش۔
شکر زُباں sha-kar zu-baan: (ف، صف) شیریں سخن / گفتار۔
شکرشکن sha-kar-shi-kan: (ف، صف) شکر چھڑکنے والا، شیریں زبان۔
شکرفشاں sha-kar-fi-shaaN: (ف، صف) شکر چھڑکنے والا، شیریں زباں
شکرقند / قندی sha-kar-qand qan-di(i): (ف، مذ / مث) ایک قسم کی میٹھی جڑ جو آلو کی طرح زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے جسے اُبال کر یا بھون کر کھاتے ہیں۔
شکرسخن sha-kar-su-Kan: (ف، صف) شیریں زبان، شیریں سخن۔
شکرلب sha-kar-lab: (ف، صف) میٹھے ہونٹوں والا، کنایۃً معشوق۔
شکرانہ shuk-raa-na(h): (عف، مذ) شکریہ، وہ رقم جو کام کرنے پر کسی کو اُجرت کے علاوہ نذر کی جائے (افعال: ادا کرنا، ادا ہونا، دینا)
شکرانہ shak-raa-na(h): (ف، مذ) وہ خشکہ جس میں گھی اور شکر ملا کر کھاتے ہیں۔
شِکرم shik-ram: (انگ، مذ) ایک قسم کی چار پہیوں کی گاڑی۔
شِکرہ shik-rah: (ف، مذ) ایک شکاری پرندہ جو باز سے چھوٹا ہوتا ہے۔
شکری / شکرین shak-rii shak-riin: (ف، صف) شکر کے رنگ کا، ایک قسم کا ماسہ۔

شُکرِیہ shuk-ri-ya(h): (ع، مذ) احسان کی تعریف، ممنونیت کا اظہار (افعال: ادا کرنا، ہونا)

شِکست shi-kast: (ف، مث) ہار، مات، ہزیمت، ٹوٹ پھوٹ (افعال: آنا، دینا، کھانا، ہونا)

شِکست بند shi-kast-band: (ار، مذ) ایک قسم کا چھلا جو ٹوٹتا اور بند ہو جاتا ہے۔

شِکست پذیر shi-kast pa-ziir: (ف، صف) کچا، نازک، ٹوٹ جانے والا، اسم کیفیت مث: شکست پذیری۔

شِکست خوردہ shi-kast Kor-dah: (ف، صف) شکست کھائے ہوئے وہ جو ہار گیا ہو، ٹوٹا ہوا، رکا ہوا۔

شِکست و ریخت shi-kas-to-reKt: (ف، مث) ٹوٹ پھوٹ، نقصان ہرجہ، گری ہوئی چیز۔

شِکست فاش shi-kast-faash: (ف، مث) بے شری کی ہار، سخت زک، بھاری شکست (افعال: دینا، کھانا)

شِکستہ shi-kas-tah: (ف، صف) ٹوٹا ہوا، گرا ہوا، باریک کیا ہوا، کوٹا ہوا، وہ خط جو گھسیٹ کر لکھا جائے، اسم کیفیت مث: شکستگی۔

شِکستہ بال / بازو shi-kas-tah-baal/ baa-zuu: (ف، صف) بیچارہ محتاج، غریب، اسم کیفیت مث: شکستہ حالی۔

شِکستہ دل shi-kas-tah-dil: (ف، صف) پریشان، غمگین، دل شکستہ، اسم کیفیت مث: شکستہ خاطری / دلی۔

شِکستہ رنگ shi-kas-tah rang: (ف، صف) جس کا رنگ اڑا ہوا ہو۔

شِکستہ نویس shi-kas-tah na-viis: (ف، مذ) شکستہ رسم الخط میں لکھنے والا شخص، اسم کیفیت مث: شکستہ نویسی۔

شکل shakl: (ع مث) صورت، وضع، ڈھنگ، قسم نقشہ، ڈھانچا، تدبیر۔

شکل جبار shakl- jab-baar: (ع، مث) ستاروں کی ایک شکل جو مسلح آدمی سے مشابہ ہے۔

شکلِ حماری shak-le-ham-maa-rii: (ع مث) اقلیدس کے پہلے مقالے کی بیسویں شکل ہے جو اس قدر آسان ہے کہ جو اسے بھی نہ سمجھے وہ گدھا / احمق ہے۔

شکلِ عُروس / عروسی shak-le-(?)u-ruu-sii: (ع، مث) (اقلیدس کے) پہلے مقالہ کی سینتالیسویں شکل جو عروس سے مشابہ ہے۔

شکلِ مامونی shak-le-maa-muu-nii: (ع، مث) (اقلیدس کے) پہلے مقالہ کی پانچویں شکل جو خلیفہ مامون الرشید کو بہت پسند تھی۔

شکلِ نظری shak-le-naz-rii: (ف، مث) (اقلیدس کا) مسئلہ، دعویٰ جو دلائل سے ثابت ہو۔

شکل و شباہت shak-lo-sha-baa-hat: (ف مث) صورت، چہرہ، رنگ ڈھنگ۔

شکل و شمائل shak-lo-sha-maa-il: (ف، مذ) صورت اور سیرت۔

شِکم shi-kam: (ف، مذ) پیٹ، بطن۔

شِکم پرست shi-kam pa-rast: (ف، صف) پیٹ پالنے والا، پیٹو، بہت کھانے والا۔

شِکم سیر shi-kam ser: (ف، صف) پیٹ بھرا ہوا، رجا ہوا، آسودہ۔

شِکمی shik-mii: (ف، صف) پیٹ کا، پیٹ کے متعلق، اندرونی خفیہ، پیٹ کا چڑا جانوروں کا جس کی

پوستین بناتے ہیں، وہ کاشتکار جو دوسرے کا شتکار سے زمین لے کر بوئے۔

شِکن shi-kan: (ف، لاحقہ، فاعلی) شکستن مصدر سے امر کا صیغہ جو اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بناتا ہے اور توڑنے والا، تباہ کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے صف شکن، بت شکن (مذ، مث) چین، جھول، جھری، گجل (افعال: پڑنا، ڈالنا)

شِکن در شکن shi-kan dar shi-kan: (ف، صف) پیچدار، زلف اور بالوں کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے۔

شِکنجہ shi-kan-ja(h): (ف، مذ) ایک آلہ جس میں کسی چیز کو دے کر دباتے ہیں (اگلے زمانے میں مجرموں کے ہاتھ پاؤں اس میں دے کر دبا دیا کرتے تھے) جلد سازوں کا آلہ جس میں کتابوں کو دبا کر کاٹتے ہیں۔ روئی دبانے کی کل، بیلنے کا آلہ۔

شَکُور sha-kuur: (ع، مبالغہ) بہت شکر کرنے والا، بڑا قدر دان۔

شُکُوک shu-kuuk: (ع، مذ) دیکھیے 'شک' جس کی یہ جمع ہے۔

شِکوہ shik-vah: (ع، مذ) شکایت، گلہ (افعال: کرنا، ہونا)

شِکوہ گزاری shik-vah gu-zaa-rii: (عف، مث) گلہ کرنا۔

شِکوہ مند / سنج shik-vah mand/ sanj: (ف، صف) گلہ کرنے والا، اسم کیفیت مث: شکوہ مندی / نا کی / سنجی۔

شُکوہ shu-koh: (ف، مذ) دبدبہ، رعب، شان و شوکت مرکبات میں جیسے دارا شکوہ۔

شَکّی shak-kii: (ف، صف) شک کرنے والا، وہمی

شِکیب shi-keb: (ف، مذ) صبر، تحمل، برد باری، صبوری، برداشت، سہارا (اردو میں عموماً صبر و شکیب کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے)

شِکیبائی shi-ke-baa-ii: (ف، مث) دیکھیے 'شکیب'

شَکیل sha-kiil: (ع، صف) خوب صورت، خوش وضع، وجیہ مث: شکیلہ۔

ش۔گ

شِگاف shi-gaaf: (ف، مذ) درز، چیرا، دراڑ، جھری۔

شِگرف shi-garf: (ف، صف) عمدہ، اچھا، نفیس، عجیب، کمیاب، نادر، نیک، صالح۔

شَگُفت sha-guft (ف، صف) خوش، شاد، مسرور، کھلا ہوا (مث) تفریح، خوشی، مسرت۔

شَگُفتہ sha-guf-tah: (ف، صف) کھلا ہوا، پھولا ہوا، خوش، شاد (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: شگفتگی۔

شَگُفتہ پیشانی / رو sha-guf-tah pe-shaa-nii: (ف، صف) ہنس مکھ، خوش مزاج۔

شَگُفتہ خاطر / دل sha-guf-tah Kaa-tir/dil: (ف، صف) خوش، بشاش، خوش مزاج۔

شَگُوفہ sha-guu-fah shi-guu-fah: (ف، مذ) کلی، غنچہ، انوکھی بات، جھوٹ، طرہ۔

شُگُون shu-guun: (ف، مذ) شگن، فال۔

شَگُونیا sha-guu-ni-yaa: (ف، مذ) شگنیا، رمال، نجومی، فالیا۔

ش۔ل

شَل shal: (ع، صف) وہ جس میں حس نہ ہو، بے حس،

ست، بے حرکت۔ (افعال: کرنا، ہونا)

شلاق shal-laaq: (ف، مذ) دُرّے مارنا، بہت مارنا، لاٹھی، دُرّہ، کوڑا کی مار۔

شلتاق shal-taaq: (ف، مذ) کسی سے جھگڑا، خوانخواہ کا جھگڑا، فساد، لڑائی۔

شلتاقی shal-taa-qii: (ف، صف) خوانخواہ جھگڑا کرنے والا۔

شلجم / شلغم shal-jam~shal-Gam: (ف، مذ) ایک ترکاری جس کی جڑ زمین کے اندر اور پتے باہر ہوتے ہیں۔

شلک sha-lak: (ت، مث) بندوقوں یا توپوں کی باڑھ جو سلامی کے واسطے یا کسی واسطے یا کسی خوشی کے موقع پر چھوڑی جاتی ہے۔

شِلِنگ shi-ling: (انگ، مذ) Shilling انگلستان کا ایک سکہ جو بارہ پنس کا اور پونڈ کا بیسواں حصہ ہوتا ہے۔

شلوار shal-vaar: (ف، مث) بھاری گاؤدُم پاجامہ، ازار۔

شلوکا sha-luu-kaa: (ھ، مذ) کرتا جو کمر تک ہوتا ہے اور آستین کہنی تک ہوتی ہے۔

شُلّہ shul-lah: (ف، مذ) ایک قسم کا کھانا جو چاولوں کو شوربے میں بہت گلا کر پکاتے ہیں۔

شلیتہ sha-lii-ta(h): (ھ، مذ) ٹاٹ کا بڑا تھیلا جو بیل گاڑی کے پورے ناپ کا ہوتا ہے اور گاڑی میں بچھا کر کھلا اناج بھرتے ہیں۔ بڑا تھیلا جس میں خیمہ تہ کر کے رکھتے ہیں۔

ش۔م

شُما shu-ma: (ف، ضمیر، حاضر) تم، آپ۔

شماتت sha-maa-tat: (ع، مث) کسی کے نقصان پر خوش ہونا، طعنہ زنی، دشمن کے نقصان پر خوش ہونا۔

شُمار shu-maar: (ف، مذ) گنتی، تعداد (افعال: کرنا، ہونا) حساب تخمینہ (صف) گننے والا، جیسے انجم شمار۔

شُمار دانے shu-maar-daa-ne: (ف، مذ) وہ دانے جو تسبیح کے پھندے میں سینکڑوں کا حساب رکھنے کے لیے ہوتے ہیں۔

شُمار سے باہر shu-maar se baa-har: (ار، صف) بے حد، بے حساب۔

شمار کنندہ shu-maar ku-nin-dah: (ف، صف) شمار کرنے والا (علم حساب) کسر کا اُوپر کا عدد جیسے 2/3 میں 2 یعنی 3 حصوں میں سے 2 لیے گئے۔

شُمارہ shu-maa-ra(h): (ف، مذ) نمبر، رسالہ یا اخبار کا کوئی پرچہ۔

شُماریات shu-maar-yaat: (فع، مث) اعداد و شمار کا علم، انگریزی Statistics کا ترجمہ۔

شُمال shu-maal: (ع، مذ) بایاں ہاتھ، اُتر کی جانب، قطب شمال کی طرف، اگر سورج کے نکلنے / چڑھنے کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں تو شمال بائیں طرف ہوتا ہے، خصلت، عادت، طبیعت، صف نسبتی: شمال۔

شُمال رُو / رویہ shu-maal-ruu/ro-yah: (ع، صف) جس کا سامنا حصہ شمال کی طرف ہو۔

شمامہ sha-maa-ma(h): (ع، مث) خوشبو، جو کسی چیز میں سونگھیں، خوشبو کی گولیاں۔

شمائل sha-maa-il: (ع، مذ) جمع شمال و شمیلہ بمعنی عادتیں، خصلتیں، مرکبات میں مستعمل جیسے حور شمائل۔

شمائم sha-maa-im: (ع، مذ) دیکھیے 'شمیمہ' جس کی یہ جمع ہے۔

شمر sha-mar: (ع، مذ) یزید کی فوج کا ایک

عہدیدار جس نے حضرت امام حسینؓ کو میدان کربلا میں شہید کیا تھا۔ (صف) کنایۃً مردود، لعین، ملعون، شقی، ظالم۔
شمس العلما sham-sul u(?)l-maa: (ع، مذ) ایک خطاب جو حکومت برطانیہ کی طرف سے علما کو دیا جاتا تھا۔
شمسی sham-sii: (ع، صف) سورج کا، سورج کے متعلق، سورج سے منسوب (مث) شش ماہی، تنخواہ، وہ رخصت جو شاہی زمانے میں چھ ماہ کے بعد دی جاتی تھی۔
شمسہ sham-sah: (ع، مذ) چھاتا، چھتری، کلس، کلس کی سنہری تھالی، روشندان، تسبیح کا بڑا دانہ۔
شمشاد sham-shaad: (ف، مذ) ایک خوبصورت درخت، کنایۃً معشوق کا مختصر قد۔
شمشان sham-shaan: (س، مذ) مسان، جہاں ہندو مردے جلاتے ہیں۔
شمشیر sham-shiir: (ف، مث) تلوار جو بیچ میں سے خمدار ہو، تلوار، گنجفہ میں ایک بازی۔
شمشیر باز sham-shiir baaz: (ف، صف) تلوار سے کھیلنے والا، تلوار چلانے والا، اسم کیفیت مث: شمشیر بازی۔
شمشیر برہنہ / بکف sham-shiir bar-hai-na(h)/ ba-kaf: (ف، صف) جو لڑنے پر تیار ہو۔
شمشیر زن sham-shiir-zan: (ف، صف) دیکھیے 'تلوار باز' اسم کیفیت مث: شمشیر زنی۔
شمع sha-ma(?): (ع، مث) موم، موم بتی، چراغ، دیا۔
شمع بالیں sha-ma(?) baa-liiN: (ع، مث) وہ شمع جو سرہانے کی طرف جلائی جائے۔
شمع دان sha-ma(?) daan: (عف، مذ) وہ ظرف جس میں موم بتی رکھ کر جلاتے ہیں۔
شمع رو sha-ma(?) ruu: (ف، صف) نورانی چہرہ والا، کنایۃً معشوق۔
شمع سحری sha-ma(?) seh-rii: (ع، مث) وہ شمع جو بجھنے والی ہو، کنایۃً قریب مرگ۔
شمع کشتہ sha-ma(?) kush-ta(h): (عف، مث) بجھی ہوئی شمع۔
شمعی sha-ma-(?)ii: (ع، صف) شمع کا، شمع کا متعلق، شمع سے منسوب۔
شملہ sham-la(h): (ف، مذ) پگڑی کا سرا، ایک قسم کی دستار۔
شموس shu-muus: (ع، مذ) دیکھیے 'شمس' جس کی یہ جمع ہے۔
شموع shu-muu(?): (ع، مث) دیکھیے 'شمع' جس کی یہ جمع ہے۔
شمول shu-muul: (ع، مذ) شامل ہونا، ملنا۔
شمہ sham-ma(h): (ع، مذ) تھوڑی مقدار، قلیل چیز، کسی چیز کو ایک بار سونگھنا۔
شمیز sha-miiz: (انگ، مذ) Shameas بغیر آستینوں کے عورتوں کی چھوٹی کرتی۔
شمیم sha-miim: (ع، مث) خوشبودار ہوا، خوشبو۔
شمیمہ sha-mii-ma(h): (ع، مث) وہ خوشبو جو سونگھی جائے۔

ش۔ن

شنا shi-naa: (ف، مث) تیرنا
شناخت sha-naaKt: (ف، مث) پہچان، تمیز، شناسائی، واقفیت (افعال: کرنا، ہونا) صف نسبتی: شناختی۔
شناختی کارڈ sha-naaK-tii kaarD: (ف، انگ،

مذ) وہ کارڈ یا پرچی جس پر نام اور پتہ لکھا ہوتا ہے اور
اس پر شناختی نشانات اور تصویر بھی ہوتی ہے تاکہ کارڈ
رکھنے والے کو پہچانا جا سکے۔ انگریزی لفظ Identity
Card کا ترجمہ۔

شناس sha-naas: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر
شناختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم
فاعل بنا دیتا ہے اور پہچاننے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً
قدر شناس۔

شناسا sha-naa-saa: (ف، صف) پہچاننے والا،
پرکھنے والا، اسم کیفیت مث: شناسائی۔

شناعت sha-naa-(?)at: (ع، مث) بدی،
برائی، گندگی۔

شِناور shi-naa-var: (ف، مذ) تیراک، تیرنے
والا، پیراک اسم کیفیت مث: شناوری۔

شنبہ sham-bah: (ف، مذ) ہفتہ، سنیچر وار، اتوار
سے پہلا دن۔

شنٹ shanT: (انگ، مذ) Shunt ریل گاڑی کو
ایک لائن سے دوسری پر لے جانا (افعال: کرنا، ہونا)۔

شنجرف shan-ja-raf: (ف، مذ) ایک سرخ
مرکب جو پارے اور گندھک سے بنتا ہے۔ سرخ
روشنائی، شنگرف، صف نسبتی: شنجرفی۔

شنگ shang: (ف، مذ) چالاک، شوخ، ظریف
(معشوق کی تعریف ہے۔ عموماً شوخ و شنگ کی ترکیب
میں مستعمل ہے۔ خوبصورت، حسین)

شنوا sha-na-vaa: (ف، صف) سننے والا، توجہ
دینے والا، دھیان کرنے والا، اسم کیفیت مث: شنوائی۔

شُنید shu-niid: (ف، صف) سنا ہوا (مث) سننا،
سننے کا فعل سنی سنائی بات۔

شنیدنی shu-niid-nii: (ف، صف) قابل سماعت
سننے کے لائق۔

شُنیدہ shu-nii-da(h): (ف، صف، مفعولی) سنا ہوا۔

شنیع sha-nii(?): (ع، صف) بد، خراب، برا، عیب
دار، بدکار، کمینہ، زانی، مث: شنیعہ۔

ش۔و

شو shav: (ف، مذ) شوہر، خاوند۔

شِو shiv: (س، مذ) ہندوؤں کے تین سب سے
بڑے دیوتاؤں میں سے ایک کا نام جس کا کام مخلوق فنا
کرنا ہے اس کو مہادیو، بھیروں وغیرہ کے ناموں سے
پکارتے ہیں۔

شِو راتری shiv-rat-ri: (ھ، مث) ماگھ کی تیرہ تاریخ
جس میں ہندو تہوار مناتے ہیں۔

شِولنگ shiv-ling: (ھ، مذ) مہادیو جی کے عضو
تناسل کی شبیہ جس کی مندروں میں پوجا کی جاتی ہے۔

شو sho: (انگ، مذ) Show شبیہ تماشا، نظارہ نمائش،
دکھاوا، نمود، ٹیپ ٹاپ۔

شو بوئے sho-bau-e: (انگ، مذ) Show
Boy نمائشی دکھاوے کا۔

شو shuu: (انگ، مذ) Shoe جوتا جو ٹخنوں تک رہے۔

شواذ sha-vaaz: (ع، صف) دیکھیے 'شاذ' جس کی یہ
جمع ہے۔

شوافع sha-vaa-fi(?): (ع، مذ) دیکھیے 'شافعی'
جس کی یہ جمع ہے۔

شوال shav-vaal: (ع، مذ) سنہ ہجری/عربی قمری سال
کا دسواں مہینہ جس کی پہلی تاریخ کو عید الفطر ہوتی ہے۔

شِوالا shi-vaa-laa: (س، مذ) شِو کا مندر، مہادیو
کا استھان۔

شواہد sha-vaa-hid: (ع، مذ) دیکھیے 'شاہد' جس کی یہ جمع ہے۔

شوب shob: (ف، مذ) دستار، مندیل، دھلائی۔

شوخ shoK: (ف، صف) چالاک، طرار، بیباک، بے حیا، کنایۃً معشوق۔

شوخ چشم/دیدہ shoK chashm/di-dah: (ف، صف) بے شرم، بے حیا، اسم کیفیت مث: شوخ چشمی۔

شوخ زبان shoK zu-baan: (ف، صف) بیباکی اور گستاخی کی باتیں کرنے والا، گستاخ، بیباک۔

شوخ طبع shoK ta-ba(?): (ف، صف) تیز طبع، بیباک، خوش مزاج، اسم کیفیت: شوخ طبعی/مزاجی

شوخی sho-Kii: (ف، مث) چالاکی، طراری، چلبلا پن، شرارت ظرافت، بیباکی، بیقراری، اضطراب، رنگ کی تیزی، چمک۔

شودر shuudr: (س، مذ) ہندوؤں کی چوتھی ذات جو بقول منو برہما جی کے پاؤں سے پیدا ہوئی۔ دراصل یہ ہندوستان کے اصلی باشندے تھے۔ ان کو فتح کرنے کے بعد فاتح ہندوؤں نے یہ درجہ دیا چوہڑے، چمار، بھیل، گونڈ اور دوسری قومیں اصل ہندوستانی قوم کی یادگار ہیں۔ اس قوم کا ایک فرد مث: شودرانی/شودرنی/شودری۔

شور shor: (ف، مذ) غل، غل غپاڑا، غلغلہ، بلوہ، ہنگامہ (افعال: کرنا، مچانا، مچنا، ہونا) شہرت، دھوم، ولولہ، جنون، کھار، نمک (صف) کھاری، نمکین، برا، فارسی مصدر شوریدن سے صیغہ امر، جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور رکھنے والا، برتنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً سلحشور۔

شورآب/آبہ shor-aab/aa-bah: (ف، مذ) کھاری پانی۔

شوراختر shor-aK-tar: (ف، صف) بدنصیب۔

شورانگیز shor-an-gez: (ف، صف) شور پیدا کرنے والا، اسم کیفیت مث: شورانگیزی۔

شوربخت/طالع shor-baKt/ taa-la(?): (ف، صف) بدبخت، اسم کیفیت مث: شوربختی/طالعی۔

شورشور sho-re-na-shor: (ف، مذ) بے حد شور، شور قیامت۔

شور و شر sho-ro-shar: (ف، مذ) فتنہ فساد، لڑائی، دنگا، ہنگامہ۔

شورائی sho-raa-ii: (ع، صف) دیکھیے 'شوریٰ' جس سے یہ منسوب ہے۔ جس میں صلاح مشورہ پایا جائے۔

شوربا/شوربہ shor-baa/(h): (ف، مذ) پکے ہوئے گوشت کا مصالحہ دار پانی۔

شورش sho-rish: (ف، مث) شور وغوغا، غل غپاڑا، فتنہ وفساد، بغاوت، بلوا، ہنگامہ۔

شورہ sho-ra(h): (ف، مذ) سفید رنگ کا ایک مرکب مادہ جو پانی کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بارود میں شامل کیا جاتا ہے۔

شورہ پشت sho-ra(h) pusht: (ف، صف) سرکش، نافرمان، لڑاکا، جھگڑالو، اسم کیفیت مث: شورہ پشتی۔

شوریٰ sho-raa: (ع، مذ) مشورہ، صلاح۔

شوریت sho-ri-yat: (ف، مذ) کھاری پن، یہ لفظ اہل ہند کی ایجاد ہے۔

شوریدہ sho-rii-dah: (ف، صف) بدبخت، بدقسمت، اسم کیفیت مث: شوریدہ بختی۔

شوریدہ حال sho-rii-dah haal: (ف، صف) پریشان حال، دیوانہ، حیران۔

شوریدہ روزگار/سر/مغز sho-ri-dah roz-gaar:

(ف، صف) دیوانہ، مجنوں، سودائی، اسم کیفیت مث: شوریدہ روزگاری/سری/مغزی۔

شوشہ sho-sha(h): (ف، مذ) انوکھی یا نئی بات، چٹکلا، ہائے ہوز کی علامت، س یا ش کا دندانہ۔

شوفر sho-far: (مذ) Chauffeur موٹر چلانے والا ڈرائیور۔

شوق shauq: (ف، مذ) خواہش، میلان، اُمنگ، چسکا، چاٹ، دُھن، ترنگ، کھلاتے وقت ازراہ تواضع کہتے ہیں کہ شوق کیجیے۔

شوقین shau-qiin: (عف، صف) شوق یا خواہش رکھنے والا، مشتاق، عیاش، تماش بین، اسم کیفیت، شوقینی۔

شوقیہ shau-qi-ya(h): (ف، صف) دیکھیے 'شوق' جس سے یہ منسوب ہے۔

شوک shauk: (ع، مذ) خار، کانٹا۔

شوکت shau-kat: (ع، مث) شان وشکوہ، جاہ و جلال دبدبہ، رعب داب، قوت، مرتبہ، رتبہ کانٹا، ڈنک۔

شوگر shuu-gar: (انگ، مث) (Sugar) کھانڈ، چینی، ذیابیطس کا مرض۔

شولا sho-laa: (ہ، مذ) ایک قسم کا کھانا جو چاولوں اور گوشت کو نہایت گلا کر پکایا جاتا ہے۔ پتلی کھچڑی کو کہتے ہیں۔

شوم shuum: (ع، صف) کنجوس، منحوس۔

شومی shuu-mii: (ع، مث) نحوست، بدبختی۔

شوہر shau-har: (ف، مذ) خاوند، خصم، بر، میاں، پی، سوامی، بالم، اسم کیفیت، وصف نسبتی: شوہری۔

ش۔ہ

شہ sha(h): (ف، مذ) شاہ کا مخفف، شاہ (مث) ترغیب، بہکانا، پرچک، حمایت، شطرنج میں بادشاہ کو زد پر لانے کی چال، کنکوے کی آہستہ آہستہ ڈور بڑھانا۔

شہباز shah-baaz: (ف، مذ) باز کی ایک بڑی قسم، سبزی پینے والوں کا ایک پیر، فیاض آدمی، خوبصورت، نوجوان، اسم کیفیت مث: شہبازی۔

شہ پر sheh-par: (ف، مذ) پرندوں کے بازوؤں میں سے بڑا بازو یا پر۔

شہ بالا sheh-baa-laa: (ف، مذ) دیکھیے 'شاہ بالا'

شہتوت sheh-tuut: (ف، مذ) ایک درخت جس میں پتلا لمبا اور میٹھا پھل لگتا ہے۔

شہتیر sheh-tiir: (ف، مذ) مکان کی بڑی لکڑی جس پر کڑیاں رکھتے ہیں۔

شہ رُخ sheh-ruK: (ف، مث) شطرنج میں رُخ کی شہ۔

شہ رُخی sheh-ru-Kii: (ف، مث) شطرنج میں بادشاہ ایسے خانے میں رکھنا کہ شہ پڑتی ہو، سامنے کی چوٹ۔

شہ رگ sheh-rag: (ف، مث) رگ جان۔

شہزادہ sheh-zaa-da(h): (ف، مذ) دیکھیے 'شاہ زادہ' جمع: شہزادگان، اسم کیفیت مث: شہزادگی مث: شہزادی۔

شہ زور sheh-zor: (ف، صف) بہت طاقت ور، زور آور اسم کیفیت مث: شہ زوری۔

شہ سوار sheh-sa-vaar: (ف، صف) گھوڑے کی سواری کا ماہر، اسم کیفیت مث: شہسواری۔

شہ کار sheh-kaar: (ف، مذ) دیکھیے 'شہپارہ'، دھوکا، فریب۔

شہکارا sheh-kaa-raa: (ار، مث) بدکار، عورت، فاحشہ، بدزبان عورت۔

شہ لولاک sheh-lau-laak: (ف، مذ) پیغمبر رسول صلعم کا لقب۔

شہ مات sheh-maat: (ف، مث) شطرنج میں وہ کشت جس میں مات ہو جائے (افعال: کرنا، ہونا)

شہنا/شہنائی sheh-naa-ii: (ف، مث) نفیری (افعال: بجانا، بجنا، منہ سے لگانا)

شہنا نواز sheh-na-na-vaaz: (ف، مذ) نفیری، بجانے والا، اسم کیفیت مث: شہنا نوازی۔

شہنشاہ (شہنشاہ) she-han-shaah: (ف، مذ) بادشاہوں کا بادشاہ قیصر، اسم کیفیت مث: شہنشاہی/شہنشہی۔

شہ نشین sheh-na-shiin: (ف، مذ) دیکھیے 'شاہ نشین'

شہنشاہیت (شہنشاہیت) she-han-shaa-hi-yat: (ف، مذ) دوسرے ملکوں پر قبضہ کرنا، امپیریلزم، ملوکیت، سامراج۔

شہوار sheh-vaar: (ف، صف) بادشاہ کے قابل، شاہی (مذ) بہت قیمتی موتی، اپنی قسم کی بہترین چیز۔

شہاب sha-haab: (ف، مذ) نہایت سرخ رنگ جو کسم کو بھگو کر ٹپکانے کے بعد حاصل کرتے ہیں۔

شہاب shi-haab: (ع، مذ) وہ دخانی مادّہ جو رات کو قبرستان کہنہ، مرگھٹ، دلدل وغیرہ میں چراغ کی طرح روشن معلوم ہوتا ہے۔ جسے عام طور پر لوگ بھوت پریت سے منسوب کرتے ہیں۔ ٹوٹتا تارا۔

شہابی sha-haa-bii: (ع، صف) سرخ رنگ، سرخ شہاب کے رنگ کا، ایک قسم کی سرخ رنگ کی مہتابی۔

شہادت sha-haa-dat: (ع، مث) گواہی، اظہار (افعال: دینا، لینا) راہ حق میں جہاد کرتے ہوئے مارا جانا، شہید ہونا (افعال: پانا، ہونا) قتل، ذبح، خدا کی وحدانیت اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر سچے دل سے اقرار۔

شہادت نامہ sha-haa-dat na-ma(h): (عف، مذ) اہل تشیع کپڑے پر کلمہ شہادت لکھ کر کفن میں مردے کے ساتھ قبر میں دفن کرتے ہیں۔ وہ کتاب جس میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت یا شہدائے کربلا کی شہادت کا ذکر ہو۔

شہامت sha-haa-mat: (ع، مث) بہادری، دلیری، شجاعت۔

شہانہ sha-haa-na(h): (ف، صف) دیکھیے 'شاہانہ' جس کا یہ مخفف ہے۔ سرخ رنگ کی خاص قسم کی چوڑیاں شادی کا جوڑا، شادی کا گیت۔

شہب sho-hob: (ع، مذ) شہاب کی جمع۔

شہد shai-had: (ع، مذ) وہ میٹھا شیرہ جو شہد/مہال کی مکھیاں پھولوں کا رس چوس کر جمع کرتی ہیں۔

شہداء shoh-daa: (ع، مذ) دیکھیے 'شہید' جس کی یہ جمع ہے۔

شہدا shoh-daa: (ہ، صف) بدمعاش، بدچلن، لچا (مذ) فقیروں کا ایک فرقہ جو ننگے سر اور ننگے پاؤں رہتا ہے۔ اسم کیفیت مذ: شہداپن/اپنا، شہدپن۔

شہر shahr: (ع، مذ) قمری مہینہ، نیا چاند، مہینہ۔

شہر shehr: (ف، مذ) بڑی آبادی، وہ جگہ جہاں بہت سے آدمی مکانات میں رہتے ہوں اور میونسپلٹی یا کارپوریشن کے ذریعے انتظام ہوتا ہو۔

شہر آشوب shehr-aa-shob: (ف، مذ) وہ نظم جس میں کسی شہر کی بربادی کا حال بیان کیا گیا ہو یا کسی شہر کے باشندوں کی پریشانی وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہو۔

شہر بدر shehr-ba-dar: (ف، صف) جلا وطن (افعال: کرنا، ہونا)

شہر بند shehr-band: (ف، صف) فصیل،

قیدخانہ، قیدی۔

شہرِ پناہ shehr-pa-naah: (ف) فصیل جو دشمن کے حملے سے بچاؤ کے لیے شہر کے گرد بنائی جاتی ہے۔

شہرِ خموشاں shehr-Ka-mo-shaaN: (ف، مذ) گورستان، قبرستان۔

شہر دار shehr-daar: (ف، صف) شہر میں رہنے والا، شہری، اسم کیفیت مث: شہرداری۔

شہر یار shehr-yaar: (ف، مذ) بادشاہ، مطلق العنان، اسم کیفیت مث: شہریاری۔

شُہرت shoh-rat: (ع، مث) نیک نامی، افواہ، چرچا، رسوائی، بدنامی۔

شُہرت یافتہ shoh-rat-yaaf-tah: (ف، صف) مشہور و معروف۔ جس کی دھوم ہو گئی ہو، جس کی بدنامی ہو گئی ہو۔

شُہرہ shoh-ra(h): (ع، مذ) دیکھئے 'شہرت'۔

شُہرۂ آفاق shoh-ra-e-aa-faaq: (عف، صف) بہت مشہور، تمام عالم و دنیا میں مشہور۔

شہری sheh-rii: (ف، صف) شہر سے منسوب، شہر کا باشندہ کسی ملک کا باشندہ۔

شہریت sheh-ri-yat: (ف، مذ) شہر کا باشندہ ہونے کی حالت، کسی ملک کی سکونت یا باشندگی۔

شہلا sheh-laa: (ع، صف) وہ جس کی آنکھ کی سیاہی میں سبز، سرخ، نیلے یا بھورے رنگ کی جھلک ہو، (مث) نرگس کی ایک قسم جس میں بجائے زردی کے سیاہی ہو۔

شہوانی / شہوی sheh-vaa-nii: (ع، صف) شہوت کی طرف منسوب۔

شہوت sheh-vat: (ع، مث) خواہش، آرزو، لذت اور منفعت کا شوق، خواہش جماع (جمع) شہوات۔

شہوت انگیز sheh-vat an-gez: (عف، صف) شہوت اُبھارنے والا، اسم کیفیت مث: شہوت انگیزی۔

شہوت پرست sheh-vat pa-rast: (عف، صف) عیاش، بدزنی، نفس پرست، اسم کیفیت مث: شہوت پرستی۔

شہوتی sheh-va-tii: (ع، صف) شہوت پرست۔

شہود sha-huud: (ع، مذ) حاضر ہونا، چشم دیدہ گواہ ہونا۔ (صوفیوں کی اصطلاح) دیدارِ خدا، ایسے درجے پر پہنچ جانا جہاں ہر چیز میں خدا ہی نظر آئے، شاہد کی جمع۔

شُہودی shu-huu-dii: (ع، صف) شہود سے متعلق، شہود سے نسبت رکھنے والا۔

شُہور shu-huur: (ع، مذ) دیکھئے 'شہر' جس کی یہ جمع ہے۔ مہینے۔

شُہورِ معلومات shu-huu-re ma(?)-luu-maat: (ع، مذ) مسلمانوں کے چار مشہور اور مقدس مہینے یعنی محرم، رجب، ذی قعد، ذوالحج، بعض شوال کو رجب کی بجائے کہتے ہیں۔

شہید sha-hiid: (ع، مذ) خدا کا ایک نام، وہ جو ہر بات سے مطلع اور واقف ہو، وہ شخص جو راہ خدا میں جہاد کرتا ہوا مارا جائے، عاشق، قربان، فدا، مقتول، مذبوح، گواہ، دیکھنے والا۔

شہیدِ کربلا sha-hii-de kar-ba-laa: (ع، مذ) حضرت امام حسینؓ

شہیدی sha-hii-dii: (ف، صف) شہید ہونے کے لیے تیار، سرخ رنگ کا۔

شُؤن shu-uun: (ع، مث) دیکھئے 'شان' بمعنی کام یا دھندا جس کی یہ جمع ہے۔

ش۔ی

شے shai: (ع،مث) چیز، نفیس یا نایاب چیز، برکت زیادتی، افزونی، معاملہ، واقعہ، چاہنا، خواہش کرنا۔

شئے لطیف shai-la-tiif: (عف،مث) عقل، سمجھ۔

شیاد shay-yaad: (ع، صف) مکار، فریبی، دغاباز۔

شیاطین sha-yaa-tiin: (ع، مذ) شیطان کی جمع

شیاطین الانس sha-yaa-tii-nul-ins: (ع، مذ) وہ آدمی جو لوگوں کو شیطان کی طرح بہکاتے ہیں۔

شیاف shi-yaaf: (ع، مذ) سرمہ، وہ چیز جو باریک پیس کر سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائی جائے۔ شافہ۔

شیب shaib: (ع، مذ) بڑھاپا، بالوں کی سفیدی۔

شیٹ shiiT: (انگ، مث) Sheet کاغذ کا ایک تختہ، تاؤ، ورق، دھات یا پانی کی چادر۔

شیخ sheK: (ع، مذ) بوڑھا آدمی، پیر، مرشد، بزرگ، مذہبی علوم میں فائق، سرکردہ، پیشوا، خانقاہ کا سردار سجادہ نشین، مسلمانوں میں ایک ذات۔

شیخ الاسلام she-Kul-is-laam: (ع، مذ) سب سے بڑا پیشوائے دین، مفتی اعظم۔

شیخ الجامعہ she-Kul-jaa-mi-(?)a(h): (ع، مذ) یونیورسٹی یا دانش گاہ کا سربراہ، چانسلر، وائس چانسلر۔

شیخ الرئیس she-Kur-ra-iis: (ع، مذ) بوعلی سینا کا لقب۔

شیخ جی sheK-ji: (ار، مذ) قوم شیخ کا تعظیمی خطاب، عابد و زاہد (طنزاً)

شیخ چلی sheK chil-lii: (ف، مذ) ایک فرضی احمق جس کی بے وقوفی کے قصے بہت مشہور ہیں۔ ایک بزرگ جن کا مزار ضلع کرنال (بھارت) میں ہے جو چلہ کشی کے بہت شائق تھے اس لیے یہ نام پڑ گیا۔ صف، احمق، بیوقوف۔

شیخ فانی sheK faa-nii: (ع، صف ہترکیب فارسی) قریب مرگ بوڑھا۔

شیخانی she-Kaa-nii: (ار،مث) شیخ کی تانیث۔

شیخوخت she-KoKt: (ف،مث) بڑھاپا، کمزوری۔

شیخی she-Kii: (ف،مث) ڈینگ، بڑائی، گھمنڈ، غرور۔

شیخی باز / خورہ she-Kii baaz/ Ko-rah: (ار، صف) گھمنڈی، بے جا ڈینگ مارنے والا۔

شیخین sh-ai-Kain: (ع، مذ) شیخ کا تثنیہ، کنایۃً حضرت ابوبکر صدیقؓ و حضرت عمرؓ فاروق۔

شیدائی shai-daa-ii: (ف، صف) عاشق، فدا، مدہوش، دیوانہ (افعال: بنانا، بننا)

شیدی shii-dii: (ف، مذ) حبشی۔

شیڈ sheD: (انگ، مذ) Shade سایہ، چھاؤں، گوشہ، تصویر کا تاریک حصہ۔

شیڈ shaiD: (انگ، مذ) Shed سائبان، چھپر۔

شیڈول shai-Duul: (انگ، مث) Schedule فہرست، جدول، نقشہ، گوشوارہ۔

شیر shiir: (ف، مذ) دودھ۔

شیر برنج shiir-ba-ranj: (ف، مث) دودھ اور چاول، کھیر۔

شیر پیما shiir-pai-maa: (ف، مذ) وہ آلہ جس سے دودھ کے خالص ہونے کا امتحان کیا جاتا ہے۔ انگریزی لفظ کا ترجمہ۔

شیر خوار / خور shiir-Kwaar/Kor: (ف، صف) دودھ پیتا بچہ، اسم کیفیت مث: شیر خوارگی / خواری۔

شیر دان shiir-daan: (ف، مذ) دودھ کا برتن، عورت کے پستان۔

شیر مادر shiire-maa-dar: (ف، مذ) ماں کا دودھ، جائز، حلال، مباح۔

شیر مال shiir-maal: (ف، مذ) روغنی روٹی جس پر دودھ کا چھینٹا دیتے ہیں۔ یا آٹے کو دودھ میں گوندھتے ہیں۔

شیر ماہی shiir-maa-hii: (ف، مث) ایک قسم کی مچھلی جس کے چھلکے سفید ہوتے ہیں اور بہت لذیذ ہوتی ہے۔

شیر مُرغ shiir-murG: (ف، مذ) چمگادڑ، چونکہ بچوں کو دودھ پلاتی ہے۔

شیر وشکر shii-ro-sha-kar: (ف، مذ) دودھ اور کھانڈ اچھی طرح ملے ہوئے (مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا، دوست۔

شیر sher: (ف، مذ) ایک گوشت خور شکاری جانور، باگھ، سینہ، پرنالے کا منہ جو شیر کی طرح ہوتا ہے۔ بہادر آدمی۔

شیر آبی shiir-aa-bii: (ف، مذ) نہنگ، مگرمچھ، ایک بحری جانور۔

شیر آسماں shiir-aas-maaN: (ف، مذ) برج اسد، سورج۔

شیر ببر sher-ba-bar: (ف، مذ) ایک خاص قسم کا شیر جس کا رنگ فاختائی اور گردن پر ایال ہوتی ہے۔

شیر بچہ sher-bach-chaa: (ف، مذ) شیر کا بچہ چھوٹی بندوق۔

شیر خُدا she-re-Ku-daa: (ف، مذ) حضرت علیؓ کا لقب۔

شیر دل sher-dil: (ف، صف) بہادر، دلیر، شجاع، قوی۔

شیر دہاں sher-da-haaN: (ف، صف) شیر کا منہ، وہ شکل جو شیر کے منہ سے مشابہ ہو جو پرنالوں، فواروں، حوضوں وغیرہ کی جگہ بناتے ہیں۔ عورتوں کے ہاتھوں میں پہننے کے شیر کے منہ والے کڑے جو سونے یا چاندی کے ہوتے ہیں۔

شیر زن sher-zan: (ف، صف) شیرنی، بہادر عورت، شیر کو مارنے والا۔

شیر ژیاں sher-za-yaaN: (ف، مذ) درندہ شیر، بہادر آدمی۔

شیر غرّاں she-re-Gar-raaN: (ف، مذ) تند شیر، شجاع اور بہادر آدمی۔

شیر کی خالہ sher-kii-Kaa-la(h): (ف، مث) بلی۔

شیر ماہی sher-maa-hii: (ا، مث) ایک قسم کی مچھلی۔

شیر مرد sher-mard: (ف، صف) بہادر، دلیر، عارف کامل، ولی اللہ۔

شیر نیستاں sher-niis-taaN: (ف، صف) جنگلی شیر، بڑا بہادر، جری۔

شیر یزداں she-re-yaz-daaN: (ف، مذ) شیر خدا، مولا علی مرتضیٰ کا لقب۔

شیرازہ shii-raa-zah: (ف، مذ) فیتہ جو کتاب کی جزبندی کے بعد اس کی پشت پر لگا دیتے ہیں، سلائی جو کتاب اور پٹھوں پر کی جاتی ہے۔ انتظام، سلسلہ۔

شیرازہ بند shii-raa-zah-band: (ف، صف) سلائی شدہ، جلد بندھی ہوئی کتاب، متحد یا متفق کرنے والا اسم کیفیت مث: شیرازہ بندی۔

شیرازی shii-raa-zii: (ف، صف) ایک قسم کا کبوتر، گولا کبوتر، جنگلی کبوتر، کبک صحرائی۔

شیرنی sher-nii: (ا، مث) دیکھئے 'شیر' جس کی یہ تانیث ہے۔

شیرہ shii-raa: (ف، مذ) قوام، چاشنی، عرق جو کسی چیز کو پیش کر نکالا جائے، پتلا گڑ جسے تمبا کو میں ڈالتے ہیں۔ راب

شیری she-rii: (انگ، مذ) Sherry ایک قسم کی میٹھی شراب۔

شیریں ادا shii-riiN a-daa: (ف، صف) جس کی ادائیں دل پسند ہوں، خوش ادا، معشوق، اسم کیفیت مث: شیریں ادائی۔

شیریں shii-riiN: (ف، صف) میٹھا، لذیذ، خوشگوار، فرہاد کی معشوقہ کا نام۔

شیریں بیان shii-riiN ba-yaan: (ف، صف) خوش بیان، اسم کیفیت: شیریں بیانی۔

شیریں زبان / سخن shii-riiN za-baan/ su- Kan: (ف، صف) فصیح، خوش گفتار، اسم کیفیت مث: شیریں زبانی / سخنی / کلامی / گفتاری / مقالی / نفسی۔

شیریں نوا shii-riiN na-vaa: (ف، صف) سریلا، خوش مزاج، خوش لہجہ اسم کیفیت مث: شیریں نوائی۔

شیرینی shii-rii-ni(i): (ف، مث) مٹھاس، حلاوت، مٹھائی۔ ایک قسم کی کھیر

شیش shiish: (ہ، مذ) سر، کھوپڑی، ماتھا

شیش ناگ shiish-naag: (ہ، مذ) ہندو عقیدے کے مطابق سانپوں کا بادشاہ، جس کے سر پر زمین قائم ہے۔

شیش shiish: (ف، مذ) دیکھئے 'شیشہ' جس کا یہ مخفف ہے اور بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔

شیش محل shiish ma-hal: (ف، مذ) وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں۔

شیشہ shii-shah: (ف، مذ) ایک دھات جو ریت، چونے گندھک اور سوڈا وغیرہ کے مرکبات سے بناتے ہیں۔ اسے ہر شکل وصورت میں ڈھال سکتے ہیں مثلاً: بوتل، صراحی، کانچ کا مسطح ٹکڑا، آئینہ، آرسی وغیرہ، کانچ۔

شیشہ آلات shii-shah aa-laat: (ف، مذ) روشنی کا ساز وسامان مثلاً جھاڑ، فانوس وغیرہ۔

شیشہ باز shii-shah baaz: (ف، صف) رقاصوں کا ایک فرقہ جو سر پر شیشہ رکھ کر ناچتا ہے۔ شعبدہ باز، ٹھگ، مکار، اسم کیفیت مث: شیشہ بازی۔

شیشۂ ساعت shii-shah-saa-(?)at: (ف، مذ) گھڑی۔

شیشہ گر shii-shah-gar: (ف، صف) شیشہ بنانے والا، نازک کام کرنے والا، اسم کیفیت مث: شیشہ گری۔

شیشی shii-shii: (ار، مث) کانچ کی چھوٹی بوتل۔

شیطان shai-taan: (ع، مذ) فرشتوں کا معلم، جس نے خدا کی نافرمانی کر کے حضرت آدم کو سجدہ نہ کیا اور راندہ گیا، سرکش، نافرمان، باغی، پلید، خبیث۔

شیطان کی آنت shai-taan-kii-aaNt: بڑی لمبی چیز، طویل داستان، وہ چیز جس کا سلسلہ دور تک پھیلا ہوا ہو۔

شیطان کی پھٹکار shai-taan-kii-phaT-kaar: (ار، کلمہ بددعا) کوئی برا کام کرے تو کہتے ہیں۔

شیطان کی خالہ shai-taan-kii-Kaa-lah: (ار، مث) کنایۃً لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت

شیطانی چرخا shai-taa-nii-char-Kaa: (ار، مذ) بری چیز یا برا شخص، خطرناک، سواری۔

شیطنیت shai-ta-ni-yat: (ع، مث) شرارت، خباثت، بدی، فتنہ، فساد۔

شیعہ shii-(?)a(h): (ع، مذ) گروہ، مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علیؑ کو پیغمبر اسلام حضور اکرم صلی اللہ علیہ

وسلم کے بعد بلا فصل خلافت کا حق دار مانتا ہے، امامیہ مذہب کا پیرو، اہلبیت کا مقلد۔

شیلان shii-laan: (ف، مذ) دستر خوان، کھانا، عناب۔

شیلڈ shiilD: (انگ، مث) Shield سپر، ڈھال انعامی نشان، نشانِ ظفر۔

شیلف shailf: (انگ، مث) Shelf الماری، خانہ، طاق۔

شِیَم shi-yam: (ع، مث) دیکھیے 'شیمہ' جس کی یہ جمع ہے۔

شیمہ shii-mah: (ع، مث) عادت، خصلت، طبیعت۔

شین shiin: (ع، مذ) عیب، برائی، عیب لگانا، ایک حرف تہجی کا نام۔

شین قاف درست ہونا shiin-qaaf: (ا، محاورہ) زبان کا تلفظ درست ہونا۔

شیو shev: (انگ، مذ) shave حجامت، اردو میں ڈاڑھی مونڈنے کے لیے مستعمل ہے (افعال: کرنا، کرانا)

شیوا she-vaa: (ف، صف) فصیح، بلیغ۔

شیوا زُبان / بَیان shi-vaa-zu-baan/ ba-yaan: (ف، صف) فصیح، بلیغ، خوش بیان، اسم کیفیت مث: شیوازبانی/بیانی۔

شُیُوخ shu-yuuK: (ع، مذ) دیکھیے 'شیخ' جس کی یہ جمع ہے۔

شُیُوخت shu-yuuKt: (ع، مث) بڑھاپا۔

شُیُوع shu-yuu(?): (ع، مذ) ظاہر ہونا، جاری ہونا، آغاز، اشاعت، تبلیغ، دور نزدیک پھیلانا۔

شُیُون shu-yun: (ع، مث) دیکھیے 'شان' جس کی جمع ہے۔

شیون she-van: (ف، مذ) غم، ماتم، سوگ، نوحہ، آہ وزاری، نالہ، فریاد، داویلا۔

شیوہ she-va(h): (ف، مذ) طور، طریق، ڈھنگ، انداز، روش، دستور، ناز، کرشمہ، ہنر۔

ص

ص۔ا

اس کا نام صاد ہے۔ یہ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں سترھواں حرف ہے۔ یہ عربی کا مخصوص حرف ہے جو اردو میں س آواز کی شکل میں تلفظ ہوتا ہے۔ یہ حروف عربی سے مستعار الفاظ میں ہی استعمال ہوتا ہے۔ اِسے صاد مہملہ یا غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں تا کہ ضاد سے ممیّز ہو سکے۔

صابِر saa-bir: (ع، صف) صبر کرنے والا، متحمل، بردبار، برداشت کرنے والا۔ مث: صابرہ۔

صابُن saa-bun: (ار، مذ) دیکھیے 'صابون' جس یہ مورد اور مخفف ہے۔

صابُن دانی saa-bun-daa-nii: (ار، مث) وہ ظرف جس میں صابن رکھتے ہیں۔

صابُون saa-buun: (ع، مذ) کپڑا اور جسم صاف کرنے کا ایک مشہور کیمیائی مرکب۔

صابُونی saa-buu-nii: (ف، مث) ایک قسم کی مٹھائی۔

صابی saa-bii: (ع، صف) ایک دین سے پھر کر دوسرے دین کی طرف جانے والا، ستارہ پرست، اسم کیفیت مث: صابیت۔

صاحب saa-heb: (ع، مذ) یار، دوست، مددگار، ساتھی، مالک، آقا، انگریزوں کا لقب، افسروں کا لقب۔

صاحِبِ اختیار saa-hi-be-iK-ti-yaar: (ع، صف بترکیب فارسی) بااختیار، حکومت والا، مطلق العنان۔

صاحِبِ اخلاق saa-ha-be-aK-laaq: (ع، صف، بترکیب، فارسی) خلیق، نیک عادت، خوش اخلاق، شائستہ، مہذب۔

صاحِبِ ادراک saa-hi-be-ad-raak: (ع، صف) عقلمند، دانا۔

صاحِبُ الزّماں saa-hi-buz-za-maaN: (ع، مذ) امام مہدی۔

صاحِبِ تمیز saa-hi-be-ta-miiz: (ع، صف) تمیزدار، مہذب، شائستہ۔

صاحِبِ جمال saa-hi-be-ja-maal: (ع، صف) خوبصورت۔

صاحِبِ حال saa-hi-be-haal: (ع، صف) وہ شخص جس کی طرف کسی فقرے یا جملے کا اشارہ ہو، لائق، قابل، واقف، بیخود، ذوق وشوق والا، وہ بزرگ جس پر کوئی حالت وارد ہو۔

صاحِبِ حال وقال sa-hi-be-haa-lo- qaal: (ع، صف) لائق، قابل، واقف، حال و قال والا، دیکھیے 'حال وقال'۔

صاحِبِ حیثیت sa-hi-be-hai-si-yat: (ع، صف) مال دار، امیر، دانشمند، جس کی کوئی حیثیت ہو۔

صاحِبِ خانہ sa-hi-be-Kaa-na(h): (ع، مذ) گھر کا مالک۔

صاحِبِ دل sa-hi-be-dil: (ع، صف) پرہیزگار، متقی، خداشناس، بہادر، دلیر، فیاض، حساس، دردمند۔

صاحِبِ دیوان sa-hi-be-di-vaan: (ع، مذ) وزیرخزانہ، رجسٹرار، شاعر جس نے دیوان تصنیف کیا ہو۔

صاحِبِ روایت sa-hi-be-ra-vaa-yat:

(ع، مذ) معتبر راوی۔

صاحب زادہ sa-hib-zaa-dah: (ع، مذ) امیر زادہ، بیٹا، فرزند، سجادہ نشینوں کے لڑکے، بزرگوں کی اولاد، نوابوں کے رشتہ دار، ناتجربہ کار نوجوان، مخاطب کا بیٹا، اسم کیفیت مث: صاحب زادگی، مث (ار) صاحبزادی۔

صاحب سلامت sa-hib-sa-laa-mat: (ع مث) جان پہچان، واقفیت سلام جو آپس میں کیا جائے، روشناسی۔

صاحبِ عالم sa-hi-be-(?)aa-lam: (ع، مذ) دہلی کے شاہزادوں کا لقب۔

صاحب فراش sa-hab-fa-raash: (ع، مذ) جو بیمار ہو اور بستر سے اُٹھ نہ سکتا ہو۔

صاحبِ فن saa-hi-be-fan: (ع، صف) عقل مند، ہرفن۔

صاحبقران saa-hib-qa-raan: (ع، مذ) وہ شخص جو زہرہ اور مشتری کے قران کے وقت پیدا ہوا ہو جس کے متعلق خیال ہے کہ وہ صاحبِ صولت اور حکومت ہوتا ہے۔

صاحبِ کتاب saa-hi-be-ki-taab: (ع، مذ) پیغمبر جس پر کتاب اُتری ہو۔

صاحبِ کمال saa-hi-be-ka-maal: (ع، صف) کامل، عارف۔

صاحبِ لولاک saa-hi-be-lau-laak: (ع، مذ) پیغمبر صلعم کا لقب۔

صاحبِ لیاقت saa-hi-be-li-yaa-qat: (ع، صف) لائق، قابل۔

صاحبِ ید بیضا saa-hi-be-ya-de- be-zaa: (ع، مذ) حضرت موسیٰ۔

صاحبو saa-hi-bo: (ار، حرف ندا) اے لوگو! اے حضرات!

صاحبہ saa-hi-ba(h): (ع، مث) دیکھیے 'صاحب' جس کی یہ تانیث ہے۔

صاحبی saa-hi-bii: (ع، مذ) حکومت، سلطنت، ایک قسم کا انگور۔

صاحبیت saa-hi-biy-yat: (ع، مث) صاحب ہونا، انگریز کی نقل کرنا۔

صاد saad: (ع، مذ) حرف صاد کا نام، دیکھیے 'ص'

صادِ چشم saad-de-chashm: (ع، مذ) شاعر آنکھ کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں۔

صادر saa-dir: (ع، صف) جاری کیا گیا، جاری، نافذ۔

صادر وارد saa-dir vaa-rid: (ع، صف) آیا، گیا، مہمان، مسافر۔

صادق saa-diq: (ع، صف) سچا، قول کا پکا، ٹھیک، درست، معنی کا کسی دوسری چیز پر درست آنا/ آجانا/ چسپاں ہونا، پکا وفادار، مث: صادقہ۔

صادق الاعتقاد saa-di-qul-(?)ai-ti-qaad: (ع، صف) سچے اعتقاد والا۔

صادق القول saa-di-qul-qaul: (ع، صف) سچ بولنے والا، قول کا سچا۔

صادق الوعد sa-di-qul-va(?)d: (ع، صف) سچے طور پر، وفاداری سے۔

صارف saa-rif: (ع، صف) صرف کرنے والا، خرچ کرنے والا۔

صارم saa-rim: (ع، صف) بہادر آدمی، کاٹ کرنے والی تلوار، شمشیر بُرّاں۔

صاع saa(?): (ع، مذ) ایک خشک وزن جو چار در کا ہوتا ہے 1/2 ارطل کے برابر ہے۔ 234 تولہ کا ایک وزن، خشک زمین، نشیب زمین۔

صاعِد saa-(?)id: (ع،صف) اوپر چڑھنے والا۔
صاعِقہ saa-(?)i-qah: (ع،مذ،مث) بجلی، برق (جو زمین پر گرے)
صاعِقہ بار saa-?i-qah baar: (ع،صف) بجلی گرانے والا، اسم کیفیت مث: صاعقہ باری۔
صاف saaf: (ع،صف) کھرا، خالص، اجلا، بے داغ، آسان، ہموار، قطعی، مفصل، واضح ٹھیک، درست۔
صاف باطِن saafbaa-tin: (عف،صف) بے کینہ، جس کے دل میں کوئی برائی نہ ہو، اسم کیفیت مث: صاف باطنی۔
صاف گو saaf-go: (عف،صف) سچا، کھری کھری کہنے والا، اسم کیفیت مث: صاف گوئی۔
صاف مطلع saaf-mat-la(?): (ع،مذ) آفتاب یا مہتاب کا صاف نظر آنا۔
صافا saa-faa: (ع،مذ) دیکھیے 'صافہ' شکاری پرندے / جانور کو بھوکا رکھنا تا کہ شکار کرے۔
صافِن saa-fin: (ع،مذ) پاؤں کی ایک رگ جو ٹخنے سے انگوٹھے کو جاتی ہے، گھوڑے کا تین ٹانگوں پر اور چوتھی ٹانگ کی نوک پر کھڑا ہونا۔
صافہ saa-fah: (ع،مذ) پگڑی، سر کو باندھنے کا دوپٹا، نہانے کے لیے کمر میں باندھنے کا کپڑا۔
صافی saa-fii: (ع،صف) دیکھیے 'صاف' چھاننے کا کپڑا، وہ کپڑا جس سے باورچی دیگ / دیگچی ہنڈیا وغیرہ چولہے سے اتارتے ہیں۔
صاقِل saa-qil: (ع،صف) صیقل کرنے والا، مانجھنے والا۔
صالِح saa-leh: (ع،صف) نیک بخت، نیکوکار، متقی، پرہیزگار، نیک چلن، ایک پیغمبر جو قوم ثمود میں مبعوث ہوئے تھے، مث: صالحہ۔

صامِت saa-mit: (ع،صف) چپ، خاموش، گونگا۔
صانِع saa-ni(?): پیدا کرنے والا، بنانے والا۔
صانِعِ حقیقی / مُطلَق saa-ni(?) ha-qii-qii/ mut-laq: (ع،صف بترکیب فارسی) کنایۃً خدا، اللہ تعالیٰ۔
صائب saa-ib: (ع،صف) ٹھیک، درست، رسا، پہنچنے والا۔
صائبُ رائے / الرائے saa-ib-raa-ye/ sa-i-bur-raa-ye: (ع،صف) جس کی رائے درست ہو، عقل مند۔
صائم saa-im: (ع،صف) روزہ رکھنے والا، روزہ دار، مث: صائمہ۔
صائم الدہر saa-i-mud-da-har/: (ع،صف) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

ص۔ب

صبا sa-baa: (ع،مث) مشرقی ہوا، بادِ صبا، پروا۔
صبا خرام / دم / رفتار sa-baa Ka-raam/ dam/ raf-taar: (ع،صف) تیز رفتار، کنایۃً تیز گھوڑا۔
صباح sa-baah: (ع،مث) سحر، صبح، تڑکا، سویرا (علی الصباح میں استعمال ہوتا ہے)
صباحت sa-baa-hat: (ع،مث) خوبصورتی حسن، سفید رنگت، گوراپن۔
صبّاغ sab-baaG: (ع،مذ) رنگنے والا شخص، رنگ رز۔
صُبحِ الست sub-hi-alast: (ع،مث) صبح جب خدا نے روحوں سے پوچھا تھا کہ الست بربکم، روزِ ازل۔
صُبحِ ازل sub-hi-a-zal: (ع،مث) وہ صبح جس کی کبھی دوپہر نہ ہو، مخلوق کی پیدائش کا وقت، جس کی

ابتدا نہ ہو۔

صبحِ بنارس sub-he-ba-naa-ras: (ار،مث) بنارس میں صبح کا منظر بہت دلکش ہوتا ہے۔ دل کش صبح۔

صبحِ بہار sub-he-ba-haar: (عف،مث) بہار کے موسم کی صبح بہت اچھی سمجھی جاتی ہے۔

صبح خیز / خیزاں subh-KeZ/ Kai-zaaN: (عف،صف) صبح کو اُٹھنے والا، اسم کیفیت مث: صبح خیزی۔

صبح خیزاں / خیزیا subh-Ke-zaaN/Kez-yaa: (ار،صف) وہ چور جو مسافروں سے پہلے اُٹھ کر اُن کا مال اسباب اُٹھا کر لے جاتا ہے۔

صبح سویرے sub-ha-sa-ve-re: (عف،مث) تڑکے تڑکے، پو پھٹے۔

صبحِ کاذب sub-he-ka-zib: (ع،مث، بترکیب فارسی) صبح کی روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہوجاتا ہے۔

صبح گاہ sub-he-gaah: (عف، متعلق فعل) صبح کے وقت، علی الصباح، صف نسبتی: صبح گاہی۔

صبحِ محشر / حشر sub-he-mah-shar: (ع،مث، بترکیب فارسی) قیامت کی صبح، روز قیامت۔

صبح و مساء sub-ho-ma-saa: (عف، متعلق فعل) صبح و شام۔

صِبر sibr: (ع،مذ) ایلوا، ایک نہایت کڑوا درخت۔

صبر sabr: (ع،مذ) برداشت، تحمل، ضبطِ نفس، توکل

صبر آزما sabr-aaz-maa: (عف،صف) صبر کو آزمانے والا، تکلیف دہ، اسم کیفیت مث: صبر آزمائی۔

صبرِ ایوب sab-re-ay-yuub: (ع،مذ، بترکیب فارسی) حضرت ایوبؑ کا صبر جو مشہور ہے۔ انتہائی صبر۔

صبرِ جمیل sab-re ja-miil: (ع،مث، بترکیب فارسی) بہترین صبر، وہ صبر جس پر ثواب ملے۔

صِبغ / صبغہ sibG: (ع،مذ) رنگ، ملت، دین۔

صبغۃ اللہ sib-Ga-tul-laah: (ع، مذ) قدرتی رنگ، دین کا رنگ، خدائی قانون۔

صبوح / صبوحی sa-buuh/ sa-buu-hi(i): (ع،مث) صبح کو پی جانے والی شراب۔

صبوحی کش sa-buu-hii kash: (عف،صف) صبح کو شراب پینے والا۔

صبور sa-buur: (ع، اسم مبالغہ) صبر کرنے والا، گناہگاروں پر نرمی کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

صبوری sa-buu-rii: (عف،مث) دیکھیے 'صبر'۔

صبی sab-bii: (ع، مذ) دودھ چھٹا بچہ، چھوکرا، مث: صبیہ۔

صبیح sa-biih: (ع، صف) خوبصورت، گورا، چٹا، مث: صبیحہ۔

ص ـ ح

صحابت sa-haa-bat: (ع مث) رفاقت، دوستی۔

صحابہ sa-haa-bah: (ع، مذ) دیکھیے 'صحابی' جس کی یہ جمع ہے۔

صحابی sa-haa-bii: (ع، مذ) پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وہ شخص جس نے آپ کو بحالت ایمان اور خود بھی بحیثیت مسلمان دیکھا ہو مث: صحابیہ۔

صحابیت sa-haa-biy-yat: (ع، مث) صحابی ہونے کی حیثیت، صحابی ہونا۔

صحاح si-haah: (ع،مث) دیکھیے 'صحیح' جس کی یہ جمع ہے۔

صحاح ستہ si-haa-he-sit-tah: (ع، مث) حدیث کی وہ چھ کتابیں جن میں صحیح احادیث کی کثرت پائی جاتی ہے۔ یعنی بخاری، مسلم، ترمذی، ابوداؤد،

ابن ماجہ اور نسائی۔
صحاری sa-haa-rii: (ع، مذ) دیکھیے 'صحرا' جس کی یہ جمع ہے۔
صحافت sa-haa-fat: (ع، مث) نامہ نگاری، اخبار نویسی، انگریزی لفظ Journalism کا ترجمہ۔
صحافی sa-haa-fii: (ع، مذ) اخبار نویس، نامہ نگار، انگریزی لفظ Journalist کا ترجمہ۔
صحائف sa-haa-if: (ع، مذ) دیکھیے 'صحیفہ' جس کی یہ جمع ہے۔
صحب sahb: (ع، مذ) دیکھیے 'صاحب' جس کی یہ جمع ہے۔
صُحبت suh-bat: (ع، مث) یاری، دوستی، مددگاری، ہمراہی، ساتھ، محفل، مجلس، مل بیٹھنا، ہم بستری۔
صُحبت داری suh-bat-vaa-rii: (عف، مث) اختلاط، مصاحبت، میل جول، ہم بستری۔ (افعال: کرنا، ہونا)
صُحبتِ شعر suh-ba-te-sher: (عف، مث، بترکیب فارسی) مشاعرہ، مجلس شعرخوانی۔
صُحبت یافتہ soh-bat-yaaf-tah: (عف، صف) تعلیم یافتہ، شائستہ، لائقوں کی مجلس کا فیض پایا ہوا۔
صحبتی soh-ba-tii: (ع، صف) ہم صحبت، یار دوست۔
صحت seh-hat: (ع، مث) آرام، تندرستی، شفا، عیب سے پاک ہونا، صحیح ہونا۔
صحت افزا seh-hat-af-zaa: (عف، صف) صحت کو بڑھانے والا، تندرستی کے لیے مفید، اسم کیفیت مث: صحت افزائی۔
صحت الفاظی se-hat al-faa-zii: (عف، مث) صحیح لفظ بولنا، لفظ صحیح ہونا۔
صحت بخش se-hat baKsh: (عف، صف) فائدہ بخشنے والا، شفا دینے والا، مفید، اسم کیفیت مث: صحت بخشی۔
صحت گاہ se-hat gaah: (عف، مث) صحت افزا مقام۔
صحت نامہ se-hat na-ma(h): (عف، مذ) فہرست اغلاط، تندرستی کا سرٹیفکٹ۔
صحت یاب se-hat-yaab: (عف، صف) تندرست، بیماری کے بعد اچھا ہونا، اسم کیفیت مث: صحت یابی۔
صحرا seh-ra: (ع، مذ) ریگستان، بیابان، ویرانہ، چٹیل میدان۔
صحرا گرد seh-ra gard: (عف، صف) جنگلوں میں پھرنے والا، مسافر، وحشی، پاگل، مجنوں، اسم کیفیت مث: صحرا گردی/نوردی۔
صحرائی seh-raa-ii: (ع، صف) جنگلی، بیابانی۔
صحرائے اعظم seh-raa-e-aa-zam: (ع، مذ، بترکیب فارسی) افریقہ کا ایک طویل و عریض ریگستان۔
صحرائے قدسی seh-raa-e-qud-sii: (ع، مذ) مقام لاہوت۔
صُحف su-huf: (ع، مذ) دیکھیے 'صحیفہ' جس کی یہ جمع ہے، کتابیں۔
صحن se-han: (ع، مذ) آنگن، انگنائی، ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا۔
صحنِ چمن seh-ne-cha-man: (عف، مث) باغ کا تختہ، تختۂ گلشن۔
صحنچی sa-han-chii: (عف، مث) وہ چھوٹا صحن جو دالان کے سامنے بناتے ہیں۔
صحنک sah-nak: (عف، مث) صحن کی تصغیر، رکابی، طباق، حضرت فاطمہؓ کی نیاز اور اس کا کھانا۔
صحو sa-hav: (ع، مذ) بیداری، ہوشیاری۔
صحیح sa-hiih: (ع، صف) تندرست، ٹھیک، بجا،

واقعی، حقیقی، کامل، سارا، دستخط، سالم عدد، اصطلاح
عروض میں عروض وضرب، وہ حروف جن کی اپنی خاص
آواز ہو، حرف علت کی ضد، مث: صحیحہ۔
صحیح العقل sa-hi-hul-(?)ql: (ع،صف) عقل کا
پورا، وہ جس کی عقل سالم ہو۔
صحیح المزاج sa-hi-hul-me-zaj: (ع،صف)
بھلا چنگا، تندرست، راست طبع۔
صحیح النسب sa-hi-hun-nasb: (ع،صف) نسل
کا کھرا، خاندانی شریف۔
صحیح سالم/سلامت sa-hiih sa-lam/sa-laa-mat: آفات سے محفوظ، زندہ اور سلامت۔
صحیح کرنا sa-hiih Kar-na: (ع،صف) اصلاح
دینا/ملنا، درست کرنا/ہونا، تصدیق کرنا/ہونا۔ دستخط
کرنا/ہونا۔ حساب میں درج کرنا/ہونا۔
صحیفہ sa-hii-fah: (ع،مذ) کتاب، رسالہ، لکھا ہوا،
اخبار، کتابچہ، وہ چھوٹی چھوٹی کتابیں جو بعض پیغمبروں
پر اللہ تعالی نے نازل فرمائیں۔
صحیفۂ آسمانی sa-hii-fah aas-maa-nii:
(عف،مذ) خدا کی طرف سے نازل ہونے والی کتاب۔
صحیفہ نگار/نویس sa-hi-fah-ni-gaar/na-viis: (عف، مذ) اخبار نویس، صحافی، اسم
کیفیت مث: صحیفہ نگاری/نویسی۔

ص۔خ

صخر saKr: (ع،مذ) پتھریلی زمین، بڑا پتھر۔
صخرہ saK-rah: (ع،مذ) پتھر، چٹان، بہت بڑا پتھر، ٹیلا۔

ص۔د

صد sad: (ف، اسم عدد) اصلاً "سد" ہے۔ سیکڑا، کثرت۔
صدآفریں sad-aaf-riin: (ف، کلمہ تحسین)
شاباش، واہ واہ۔
صدبرگ sad-barg: (ف، مذ) بہت سی پنکھڑیوں
والا پھول، گیندا۔
صد پارہ/چاک sad-paa-rah/chaak:
(ف،صف) بہت جگہ سے پھٹا ہوا، ٹکڑے ٹکڑے۔
صد شکر sad-shukr: (ا، محاورہ) خدا کا شکر ہے،
خیریت گزری۔
صدہا sad-haa: (ع،مث) سیکڑوں، بہت سے۔
صدا بصحرا sa-daa ba-seh-raa: (فع،صف)
جنگل کی آواز، بےکار اور بے سود بات۔
صدا بندی sa-da-ban-dii: (عف، مث)
آواز کو محفوظ یا ریکارڈ کرنے کا عمل، انگریزی لفظ
Recording کا ترجمہ۔
صداکار sa-daa-kaar: (عف، صف) آواز کا
فن کار، یعنی گویا، اسم کیفیت مث: صداکاری۔
صدارت sa-daa-rat: (ع،مث) صدر نشینی،
وزارت کے قریب کا عہدہ۔
صدارت عظمیٰ sa-da-rat u(?)z-maa:
(ع،مث) وزارت عظمیٰ۔
صُداع su-daa(?): (ع،مذ) دردِ سر۔
صداقت sa-daa-qat: (ع،مث) سچائی، راست
بازی، صدق۔
صدائے بازگشت sa-daa-e-baaz gasht:
(عف، مث) وہ آواز جو پہاڑ یا گنبد سے ٹکرا کر
لوٹتی ہے۔
صدائے کوہ sa-daa-e-koh: (ف، مث) پہاڑ
کی گونج۔
صدر sadr: (ع، مذ) سینہ، چھاتی، کسی چیز کا سب

سے اونچا حصہ کسی جلسہ میں سب سے اونچی جگہ، اعلیٰ، اعلیٰ جگہ، مکان کا صحن، دارالسلطنت، فوج کے رہنے کا مقام، چھاؤنی، شعر کا پہلا لفظ، افسرِ اعلیٰ، سربراہ، پریزیڈنٹ (صف) بیان، مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مندرجہ صدر۔

صدرِ اعظم sad-re-(?)aa-zam: (ع، مذ) وزیر اعظم۔

صدرِ اعلیٰ sad-re-(?)aa-laa: (ع، مذ) بڑا جج

صدرُ الصدوُر sad-rus-su-duur: (ع، مذ) چیف جج، دیوان خاصہ۔

صدرِ امین sad-re-a-miin: (ع، مذ) وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو، سب جج۔

صدرِ اوّل sadr av-val: (اسلام) (ع، مذ بترکیب فارسی) حضور اور صحابہؓ کا زمانہ، اسلام کا ابتدائی زمانہ، ابتدائی زمانہ۔

صدر بازار sadar baa-zaar: (عف، مذ) چھاؤنی کا بڑا بازار۔

صدرِ دیوان sadar-e-di-vaan: (عف، مذ) خزانہ شاہی کا مہتمم اعلیٰ۔

صدرِ زین sad-re-ziin: (عف، مذ) زین کا وہ حصہ جہاں سوار بیٹھتا ہے۔

صدرِ عدالت sad-re-(?)a-daa-lat: (ع، مث) سب سے بڑی عدالت، ہائی کورٹ، سب سے بڑی فوجی عدالت۔

صدر مُقام sadr-mu-qaam: (ع، مذ) ہیڈ کوارٹر، دارالسلطنت، دارالخلافہ۔

صدرِ مُملکت sad-re-mum-le-kat: (ع، مذ) جمہوری ملک کا سربراہ۔

صدر نشین sadr-na-shiin: (ع، صف) مسند نشین، میر مجلس، اسم کیفیت مث: صدر نشینی۔

صدرہ sad-rah: (ع، مذ) انسان کے بدن / جسم کا بالائی حصہ۔

صدری sad-rii: (ع، مث) واسکٹ، ایک قسم کی مرزئی، سینہ پوش۔

صدف sa-daf: (ع، مث) سیپی، سیپ، کوئی اونچی چیز، دیوار یا پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ (مذ) چھوٹا پیالہ جس میں شراب پیتے ہیں۔

صدفِ زانو sad-fe-zaa-nuu: (عف، مث) گھٹنے کی چپنی۔

صدق sadq: (ع، مذ) سچائی، راستی، خلوص۔

صِدق مقال sidq ma-qaal: (ع، صف) سچ بولنے والا، سچ بولنا۔

صِدقِ نیّت sid-qe-ney-yat: (ع، مث) خلوص نیت۔

صَدقۃُ الفطر sad-qa-tul-fitr: (ع، مذ) قریباً دو سیر گندم فی فرد جو مسلمان نماز عید الفطر سے قبل غربا یا مساکین کو دیتے ہیں۔

صدقہ sad-qa(h): (ع، مذ) قربانی (کسی مصیبت کو دفع کرنے کے لیے) خیرات، وہ کھانا جو سر پر وار کر چوراہے میں رکھتے ہیں، پرند جو وار کر چھوڑا جائے، فدا، قربان، بدولت، جمع، صدقات۔

صدقۂ جاریہ sad-qah-jaa-ri-ya(h): (ع، مذ) ایسا صدقہ جس کا فائدہ لوگوں کو ہمیشہ پہنچتا رہے۔

صدمہ sad-mah: (ع، مذ) ضرب، چوٹ، ٹکر، دھکا، ٹھیس، رنج و غم کی چوٹ، بلا، مصیبت، نقصان، ضرر۔

صُدوُر su-duur: (ع، مذ) دیکھیے 'صدر' جس کی یہ جمع ہے، صادر ہونا، جاری ہونا، نفاذ۔

صدُوق sa-duuq: (ع، اسم مبالغہ) بہت سچا۔
صدی sa-dii: (ف مث) سو برس (قرن) صد سے منسوب۔
صدیق sa-diiq: (ع، صف) دوست، مخلص دوست مث: صدیقہ۔
صِدّیق sid-diiq: (ع، اسم مبالغہ) بہت سچا، بے حد سچا، حضرت ابوبکرؓ کا لقب۔
صِدیقہ sid-di-qah: (ع، اسم، مبالغہ مث) دیکھیے 'صدیق' جس کی یہ تانیث ہے۔ حضرت عائشہؓ اور حضرت مریم کا لقب۔

ص۔ر

صِر sir: (ع مث) جاڑے کی سردی، خنکی، ٹھنڈا، پالا، ہلکی، برف باری۔
صُراح su-raah: (ع، مث) خلاصہ، خالص چیز، کھلی اور صاف بات چیت، فارسی کی ایک مشہور لغت۔
صراحت sa-raa-hat: (ع، مث) وضاحت، تشریح (افعال: کرنا، ہونا)
صراحتاً sa-raa-ha-tan: (ع متعلق فعل) کھلم کھلا، صاف طور پر۔
صُراحی su-raa-hii: (ع مث) پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا برتن، کوزہ، بوتل، صراحی کی شکل کا کپڑا جو انگرکھے وغیرہ کی دونوں بغلوں کے نیچے خوبصورتی کے لیے لگا دیتے ہیں۔ لمبا، خوش نما۔
صُراحی دار su-raa-hii-daar: (ف، صف) صراحی کی شکل کا، صراحی نما (بالعموم گردن کی تعریف میں کہتے ہیں)
صِراط si-raat: (ع مث) راہ، راستہ، دیکھیے 'پل صراط'۔
صِراطِ مستقیم si-raa-te-mus-ta-qiim:

(ع، مث) سیدھا راستہ، راہ راست۔
صرّاف sar-raaf: (ع، مذ) جانچنے والا، پرکھنے والا، سونا چاندی پرکھنے والا، نقدی اور زیورات کا لین دین کرنے والا۔
صرّافہ sar-raa-fah: (ار، مذ) صراف کا پیشہ، سونا چاندی زیورات بیچنے کا کام، روپیہ پیسہ کا بیوپار، ایک قسم کا ہندی خط جو صراف یا مہاجن لکھتے ہیں۔
صرصر sar-sar: (ع، مث) آندھی، تیز ہوا، باد تند، جھکڑ (افعال: چلنا)
صرع sar(?): (ع، مذ) مرگی کا مرض، پچھاڑ کھانا۔
صِرف sirf: (ف، صف) خالص، تنہا، فقط۔
صرف sarf: (ع، مذ) خرچ، مشغول، مصروف، وہ علم جس سے کلموں کی تقسیم، اصل اور گردان کا حال معلوم ہو۔
صرف و نحو sar-fo-nahv: (ع، مث بترکیب فارسی) زبان کے قاعدوں کا علم۔
صرفہ sar-fah: (ف، مذ) فائدہ، نفع، کفایت شعاری، افسوس دریغ، فضول خرچ، زیادتی، غلبہ، محست، بچاؤ۔
صرفی sar-fii: (ع، مذ) علم صرف جاننے والا (صف) علم صرف سے متعلق۔
صُریاں sur-yaaN: (ار مث ق) صراحیاں۔
صریح sa-riih: (ع، صف) خالص، ظاہر، آشکار، صاف۔
صریحاً sa-rii-han: (ع، متعلق فعل) کھلم کھلا، صاف طور پر، واضح طور پر۔
صریر sa-riir: (ع مث) قلم چلنے کی آواز۔

ص۔ع

صعب sa(?)b: (ع، صف) سخت، سنگین، مشکل۔
صعوبت sa-(?)uu-bat: (ع، مذ) مصیبت،

آفت، تکلیف، دشواری۔

صعود sa-(?)-uud: (ع، مذ) اوپر چڑھنا، کسی عدد کی کئی دفعہ فی نفسہٖ ضرب دینا (افعال: کرنا)

ص۔غ

صِغار si-Gaar: (ع، مذ) دیکھیے 'صغیر' جس کی یہ جمع ہے چھوٹے گناہ۔

صغائر sa-Gaa-ir: (ع، مذ) دیکھیے 'صغیرہ' جس کی یہ جمع ہے۔ چھوٹے گناہ۔

صِغر si-Gar: (ع، مذ) چھوٹا پن، چھٹائی۔

صِغر سن si Gr-sin: (ع، مذ) چھوٹی عمر کا، خرد / خوردسال، اسم کیفیت مث: صغرسنی۔

صُغریٰ suG-raa: (ع، مث) دیکھیے 'اصغر' جس کی یہ تانیث ہے۔ زیادہ چھوٹی چیز، چھوٹی عورت، حضرت حسینؑ کی بیٹی فاطمہؓ کا لقب، منطق کی شکل کا پہلا قضیہ۔

صغیر sa-Giir: (ع، صف) چھوٹا، ادنیٰ (مذ) چھوٹا آدمی (مث) ایک بحر یا وزن، مث: صغیرہ۔

صغیر سن sa-Giir-sin: (ع، صف) چھوٹی عمر کا، اسم کیفیت مث: صغیر سنی۔

صغیر و کبیر sa-Gii-ro-ka-biir: (ع، مذ) چھوٹے بڑے، خرد وکلاں۔

ص۔ف

صف saf: (ع، مث) قطار، نمازیوں کی قطار، بوریا، چٹائی۔

صف آراء saf-aa-raa: (ع، صف) وہ شخص جو میدانِ جنگ میں صفیں بنائے، صفیں باندھے ہوئے (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: صف آرائی۔

صف بستہ saf-bas-tah: (ع، صف) پرا جمائے ہوئے، قطار باندھے ہوئے۔

صف بندی saf ban-dii: (ع، مث) پرا جمانا، قطار بندی۔

صف بہ صف saf-ba(h)-saf: (ع، متعلق فعل) صف سے صف ملا کر، ہر صف میں۔

صفدر saf-dar: (ع، صف) صفوں کو توڑنے والا، بہادر، شجاع دلیر (مذ) حضرت علیؑ کا لقب۔ اسم کیفیت مث: صفدری۔

صف شکن saf-shi-kan: (ع، صف) صف توڑنے والا، بہادر، دلیر، اسم کیفیت مث: صف شکنی۔

صفِ ماتم sa-fe-maa-tam: (عف، مث) وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے بیٹھیں۔ (افعال: بچھانا، بچھنا)

صفا sa-faa: (ع، مث) صفائی، ستھرائی، پاکیزگی، آب، جلا، چمک، دل کی پاکیزگی، تکلیف سے بچت، قناعت، آرام، تسلی، خوشی، مسرت، مکہ کے قریب ایک پہاڑ، صاف۔

صفا بخش sa-faa-baKsh: (عف، صف) لذیذ، خوش گوار، صاف کرنے والا، اسم کیفیت مث: صفا بخشی۔

صفا چٹ sa-faa chaT: (ع، صف) بالکل صاف جس پر کوئی چیز نہ لگی ہو۔

صفاً صفاً saf-fan saf-faa: (ا، متعلق فعل) برباد، اُجاڑ، صفا چٹ۔

صفّار saf-faar: (ع، مذ) برتن بنانے والا، ٹھٹھیرا۔

صفائی sa-faa-ii: (ع، مث) ستھرا پن، پاکیزگی، صاف ہونا، چکناہٹ، ملاپ، بے گناہی، صداقت، تردید، پھرتی، چالاکی، بالکل نہ رہنا، نیک نیتی، خلوص، دل کا صاف رکھنا، درختوں کی کانٹ چھانٹ،

گواہی جو ملزم کے حق میں دی جائے، حساب کی بے باقی۔

صفایا sa-faa-yaa: (ار، مذ) بربادی، تباہی، کسی چیز کو نہ رہنے دینا، قتل ہونا، کام تمام ہونا۔

صِفت si-fat: (ع، صف) خوبی جو کسی کی ذات میں ہو، خاصیت، تعریف، وصف، خوبی جو بیان کی جائے، طریقہ، طرز وہ کلمہ جو اسم کی تعریف یا خاصیت بیان کرے (صف) مانند، مثل۔

صفحہ saf-ha(h): (ع، مذ) کاغذوں کے ورق کی ایک جانب، وسعت سطح، چوڑائی۔

صفحۂ ہستی saf-ha-e-has-tii: (عف، مذ) دنیا، زندگی۔

صِفر si-far: (ع، مذ) نقطہ، حساب میں اکیلے کی کوئی قیمت نہیں، مگر دوسرے عدد کے دہنے طرف آنے سے اس عدد کی قیمت فی نقطہ دس گنا بڑھ جاتی ہے اور کسر اعشاریہ کے ساتھ عدد کے بائیں طرف آنے سے قیمت اس کی دس حصے کم ہو جاتی ہے اور مزید فی نقطہ کے لیے دس حصے کم ہوتی چلی جائے گی۔ جیسے 5 کے داہنی طرف نقطہ آنے سے 50 اور بائیں طرف آنے سے 05، جو 5/100 ہوتے ہیں (صف) بے قیمت، بے وقعت۔

صفراء saf-raa: (ع، مذ) پت، اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط اصفر کی تانیث بمعنی زرد۔

صفرا شکن saf-raa shi-kan: (ف، صف) حرارت زائل کرنے والا، صفرا زائل کرنے والا۔

صفراوی saf-raa-vii: (ع، صف) دیکھیے 'صفرا' جس سے یہ منسوب۔

صفو saf-fo: (ار، مذ) تاش اور گنجفے کی ایک اصطلاح یعنی کھیلنے والے کے پاس پتے بالکل نہ آنا۔

صِفوت sif-vat: (ع، مث) برگزیدگی، خالص، بہترین (حرف اول کی تینوں حرکتوں کے ساتھ درست)

صُفّہ suf-fa(h): (ع، مذ) مکان کے آگے کی ڈیوڑھی، دروازے کے آگے بیٹھنے کی جگہ، مسجد نبوی کے ساتھ کا چبوترا۔

صفی sa-fii: (ع، صف) برگزیدہ، دوست، خالص، حضرت آدمؑ کا لقب مث: صفیہ۔

صفیر sa-fiir: (ع، مث) پرندوں کی آواز، وہ سیٹی جو پرند کے لیے منہ سے بجائیں۔

ص۔ل

صَلِّ علیٰ sal-le-(?)a-laa: (ع، کلمہ تحسین) واہ واہ، شاباش، سبحان اللہ، قاعدوں کے مطابق، اس کا استعمال بلا مجرور غلط ہے۔

صلا sa-laa: (ع، مث) پکار، آواز، دعوت۔

صلابت sa-laa-bat: (ع، مث) سختی، مضبوطی، استحکام۔

صلاح sa-laah: (ع، مث) نیکی، بھلائی، بہتری، اچھائی، مشورہ، مصلحت۔

صلاح اندیش sa-laah-an-desh: (ف، صف) خیر اندیش، بہتری سوچنے والا۔

صلاح دید sa-laahdiid: (ف، مث) تجویز، صلاح۔

صلاح کار sa-laah kaar: (عف، صف) زاہد، متقی، رائے دینے والا، مشیر، ناصح۔

صلاح مشورہ sa-laah-mash-va- ra(h): (ع، مذ) دوسروں سے پوچھ کر عمل کرنا، تدبیر و تجویز

صلاحِ وقت sa-laa-he-vaqt: (ع، مذ بترکیب فارسی) قرین مصلحت، مناسب۔

صلاحیت sa-laa-hiy-yat: (ع، مث) نیکی، بھلائی، بہتری، رسائی، پہنچ، لیاقت، سمجھ، اصلاح،

دوستی، نرمی، ملائمت، پولیس کی رپورٹ۔
صلائے سمرقند sa-laa-e-sa-mar- qand: (عف، مث) نمائشی دعوت، جھوٹی آؤ بھگت، چکنی چپڑی باتیں۔
صلائے عام sa-laa-e-(?)aam: (ع، مث، بترکیب فارسی) عام دعوت، عام اجازت۔
صلب salb: (ع، مذ) پشت کے مہرے، پیٹھ کی ہڈیاں، خاندانی بزرگ، نسل، نطفہ۔
صُلبی sul-bii: (عف، صف) سگا، حقیقی، اپنے نطفہ کا۔
صُلح su-lah: (ع، مث) میل ملاپ، دوستی، امن، امان، صفائی، ربط باہم۔
صُلح دوست su-lah-dost: (عف، صف) صلح پسند، امن پسند، جھگڑے فساد سے بچنے والا۔
صلح کل su-lah-kul: (ع، صف، بترکیب فارسی) سب کے ساتھ دوستی رکھنے والا، بے تعصب، روادار۔
صُلح نامہ su-lah-naa-ma(h): (ع، ف، مذ) راضی نامہ، میل ملاپ کی دستاویز۔
صلحاء sul-haa: (ع، صف) دیکھیے 'صالح' جس کی یہ جمع ہے۔
صَلصال sul-saal: (ع، مذ) گندھی ہوئی مٹی جس سے برتن بنتے ہیں۔ سوکھی مٹی جو بجانے پر آواز دے۔
صُلصُل sul-sul: (ع، مث) فاختہ۔
صلصلہ sal-sa-lah: (ع، مذ) زنجیر، لوہے یا گھنٹی کی آواز۔
صلعم sal-(?)am: (ع، کلمہ دعا) دیکھیے 'صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' جس کی یہ تخفیف ہے۔
صلوٰات sal-vaat: (ع، مث) صلوٰۃ کی جمع، درود، رحمت۔
صلوٰۃ sa-laat: (ع، مث) دعا، درود، رحمت، نماز۔
صلوٰۃ التسبیح sa-laa-tut-tas-biih: ایک نفل نماز جس میں قیام میں پندرہ بار باقی چھ جگہ دس دس بار سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ واللہ اکبر پڑھا جاتا ہے۔
صلوٰۃ الخوف sa-laa-tul-Kauf: (ع، مث) خوف کی حالت میں یا میدانِ جنگ میں پڑھی جانے والی نماز۔
صِلہ si-la(h): (ع، مذ) انعام، عطا، ہدیہ، تحفہ، بدلہ، پاداش، وہ جملہ جو موصول کے بعد اُس کے جواب میں آتا ہے۔ (افعال: دینا، ملنا)
صلہ رحمی si-la(h)-rah-mii: (ع، مث، بترکیب فارسی) قرابت داروں اور عزیزوں سے اچھا سلوک کرنا۔
صلی اللہ علیہ وسلم sal-lal-la-ho-(?)a-le-hi va-sal-lam: (ع، کلمہ دعا) درود اور سلام ہو، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے ساتھ بولا اور لکھا جاتا ہے۔
صلیب sa-liib: (ع، مث) سولی، دار، چلیپا کا نشان یعنی '+' جو عیسائیوں کا قومی نشان ہے۔
صلیبی sa-lii-bii: (ع، صف) دیکھیے 'صلیب' جس سے منسوب ہے، عیسائی۔
صلیبی جنگ sa-lii-bii-jang: (عف، مث) عیسائیوں کی مذہبی جنگ۔
صلیبی خط sa-lii-bii-Kat: (ع، مذ) وہ خط جس کے چار کونے ہوں، جس کی شکل '+' ہے۔

ص۔م

صُم sum: (ع، مذ) 'اصم' کی جمع، بہرے جنھیں سنائی نہ دے۔
صُمٌّ بُکْمٌ sum-mum-buk-mum: (ع، مذ) بہرے، گونگے۔

صَمت samt: (ع،مث) خاموشی۔
صمد sa-mad: (ع،صف) بے نیاز، جو کسی کا محتاج نہ ہو، نرادھار، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام، صف نسبتی: صمدی۔
صمدیّت sa-ma-diy-yat: (ع،مث) بے نیازی۔
صمصام sam-saam: (ع،مث) تیغ براں، جس کا منہ نہ پھرے، تیز تلوار۔
صمغ samG: (ع،مذ) گوند۔
صمغ عربی sa-mi-Ge-(?)ar-bii: (ع،مذ) کیکر کا گوند۔
صمیم sa-miim: (ع،صف) خالص، سچا، مخلص (مذ) گودا، جڑ، اصل، بہرا۔
صمیم قلب sa-miim qalb: (ع،مذ) خلوص دل، دل کی سچائی۔

ص۔ن

صنادید sa-naa-diid: (ع،مذ) صندید کی جمع، سردار۔
صنادیق sa-naa-diiq: (ع،مذ) 'صندوق' کی جمع۔
صنّاع san-na(?): (ع،مذ،صف) بہت بڑا کاریگر، ہنرمند، پیشہ ور۔
صنّاعت/صنّاعی san-naa-(?)ii/ san-naa-at(?): (ع،مث) ہنر، کاریگری، دست کاری۔
صنائع sa-naa-i(?): (ع،مذ) دیکھئے 'صیغہ کی جمع: کاریگریاں'، ہنرمندیاں۔
صنائع بدائع sa-naa-i(?) ba-daa-i(?): (ع،مذ) وہ عجیب وغریب نکات اور باریکیاں جو نظم و نثر میں ظاہر کی جائیں۔
صندل san-dal: (ع،مذ) ایک قسم کی خوشبودار لکڑی، چندن، جو دواؤں میں کام آتی ہے۔
صندلا san-da-laa: (ار،مذق) وہ پتھر جس پر صندل گھستے ہیں۔
صندلی san-da-lii: (ف،صف) صندل سے منسوب (مث) کرسی، چوکی، ایک خاص قسم کی اونچی تپائی جس پر چڑھ کر سفیدی وغیرہ پھیرتے ہیں۔ یہ اصل سندلی تھا، بگڑا۔
صندوق san-duuq: (ع،مذ) چوبی بکس، پیٹی، ٹرنک، تابوت۔
صندوقچی san-duq-chii: (ع،صف) صندوق کی شکل کا چھوٹا ظرف۔
صندید san-diid: (ع،صف) سردار، بہادر، شریف، جرنیل، راجا۔
صُنع su-na(?): (ع،مث) ہنرمندی، دستکاری، کاری گری۔
صنعت san-(?)at: (ع،مث) کاریگری، پیشہ، ہنر، دستکاری، کام۔
صنعت گاہ san-(?)at gaah: (عف،مث) کارخانہ، کام کرنے کی جگہ۔
صنعت گر san-(?)at-gar: (عف،صف) ہنرمند، کاری گر، اسم کیفیت مث: صنعت گری۔
صنعتی san-a(?)-tii/sa-na-i(?)-tii: (ع،صف) وہ چیز جو صنعت وحرفت سے تعلق رکھتی ہو۔
صِنف sinf: (ع،مث) نوع، جنس، قسم، گونہ۔
صِنفِ نازک sin-fe-naa-zuk: (عف،مث) کنایۃً عورت۔
صنم sa-nam: (ع،مذ) بت، مورتی، پتلی، کسی چیز کا بنا ہوا قالب، دلبر، معشوق۔
صنم خانہ / کدہ sa-nam Kaa-nah/ ka-dah: (عف،مذ) مندر، بت خانہ، ٹھاکر دوارا۔
صنم گرا sa-nam-ga-ra: (عف،صف) بت تراش،

بت بنانے والا، اسم کیفیت مث: صنم گری۔

صنوبر sa-no-bar: (ع، مذ) ایک نہایت سیدھا اور اونچا درخت چلغوزے کا درخت۔

صفوف sa-fuuf: (ع، مث) دیکھئے 'صنف' جس کی یہ جمع ہے۔

ص۔و

صواب sa-vaab: (ع، مذ) نیکی، نیک کام، درست، راست خوب۔

صواب دید sa-vaab-diid: (ف، مث) نیک صلاح، اچھی تجویز۔

صوبائی suu-baa-ii: (ا، صف) صوبے سے متعلق۔

صوبہ suu-ba(h): (ع، مذ) ریاست یا ملک کا وہ حصہ جس میں بہت سے اضلاع شامل ہوں۔ کسی ملک کی سب سے بڑی انتظامی وحدت۔

صوبہ دار su-bah-daar: (عف، صف) حاکم صوبہ، پیادہ، سپاہ کا افسر۔ اسم کیفیت مث: صوبہ داری۔

صوت saut: (ع، مث) آواز، صدا، ندا، صفت نسبتی: صوتی۔

صوت پیما saut-pai-maa: (عف، مذ) آواز کی پیمائش کرنے والا۔

صوتیات sau-ti-yaat: (ع، مث) وہ علم جو زبان کی آوازوں سے تعلق رکھتا ہے۔

صور suur: (ع، مذ) ترئی، بگل، قرنا، نفیری۔

صورِ اسرافیل suu-re-is-raa-fiil: (ع، مذ) وہ آواز جو حضرت اسرافیل حشر کے روز ایک دفعہ مار ڈالنے کے لیے اور دوسری دفعہ زندہ کرنے کے لیے نکالیں گے۔

صورت suu-rat: (ع، مث) شکل، چہرہ، منہ، مکھڑا، نقش، تصویر، خاکہ، ڈھانچا، حالت، کیفیت، طرح، طور، تدبیر، تجویز، مانند، مثل، مشابہ، موقع محل، ظاہر، بھیس، روپ، مورت، بت۔

صورت آشنا suu-rat-aash-naa: (عف، صف) جان پہچان، معمولی واقف روشناس (افعال: ہونا)

صورت احوال suu-ra-te- ah-vaal: (ع، مث) بترکیب فارسی، حالات کا نقشہ۔

صورت بند suu-rat-band: (عف، صف) مصور، نقاش۔

صورت پرست suu-rat-pa-rast: (عف، صف) بت پرست، ظاہر پرست، اسم کیفیت مث: صورت پرستی۔

صورتِ حال suu-ra-te-haal: (ع، مث، بترکیب فارسی) صورت، معاملہ، کیفیت، ظاہری روئداد، شاہی زمانے میں اس کاغذ کو کہتے تھے جس میں کسی واقعہ یا واردات کا ذکر ہوتا ہے۔

صورت حرام suu-rat-ha-raam: (ع، صف، بترکیب فارسی) جو چیز ظاہراً اور باطناً خراب ہو۔

صورت دار suu-rat-daar: (عف، صف) خوبصورت، شکیل، اسم کیفیت مث: صورت داری

صورت ساز suu-rat-saaz: (عف، صف) مصور، نقاش، اسم کیفیت مث: صورت سازی۔

صورت گر suu-rat-gar: (عف، صف) مصور، نقاش، اسم کیفیت مث: صورت گری۔

صورت نگار suu-rat ni-gaar: (عف، صف) دیکھئے 'صورت ساز' اسم کیفیت مث: صورت نگاری

صورتاً suu-ra-tan: (ع، متعلق فعل) بظاہر، ظاہری طور پر۔

صوری suu-rii: (ع، صف) ظاہری، معنوی کی ضد۔

صوف suuf: (ع، مذ) اُون، نمدہ، پشم، پشمینہ کا کپڑا، کپڑے کا وہ ٹکڑا جو دوات میں ڈالتے ہیں۔ وہ کپڑا

جسے زخم میں بھرتے ہیں۔ گوٹا بٹنے کا بانا۔

صُوفی suu-fii: (ع، مذ) پشمینہ پوش، متقی، پارسا، درویش، پرہیزگار، اصلِ تصوف۔

صُوفی صافی suu-fii saa-fi(i): (ع، صف) فقراء کی اصطلاح میں وہ شخص جو غیر حق سے اپنے آپ کو پاک صاف رکھے۔

صُوفی مَنِش suu-fii manish: (عف، صف) درویشانہ مزاج، صوفی طبیعت کا، اسم کیفیت مث: صوفی منشی۔

صُوفیانہ suuf-yaa-na(h): (ف، مذ) دیکھیے 'صوفی' جس سے منسوب ہے۔ سادہ، ٹیپ ٹاپ کے بغیر، متین رنگ۔

صُوفیہ / صوفیاء suu-fi-yah/ suu-fi-yaa: (ع، مذ) دیکھیے 'صوفی' جس کی یہ جمع ہے۔

صولت suu-lat: (ع مث) دبدبہ، رعب، ہیبت۔

صَوم saum: (ع، مذ) روزہ۔

صَومعہ sau-ma-(?)a(h): (ع، مذ) گرجا، عبادت خانہ۔

ص۔ہ

صہبا seh-baa: (ع، مث) ایک قسم کی لال شراب، سفید رنگ کی شراب۔

صہبائے خام seh-baa-e-Kaam: (عف، مث) مقطر شراب۔

صِہر si-har: (ع، مذ) خسر، داماد، سسرال کا کوئی آدمی۔

صہیل sa-hiil: (ع مث) گھوڑے کا ہنہنانا۔

ص۔ی

صیّاد say-yaad: (ع، مذ) شکاری، چڑی مار، ماہی گیر۔

صیّام say-yaam: (ع، مذ) دیکھیے 'صوم' جس کی یہ جمع ہے۔

صِیانت si-yaa-nat: (ع مث) حفاظت، نگہبانی، بچاؤ۔

صیحہ sii-ha(h): (ع، مذ) سخت آواز، بلند آواز، نعرہ، چنگھاڑ، چیخ، گھوڑے کی ہنہناہٹ۔

صَید said: (ع، مذ) شکار، وہ جانور جس کو شکار کریں۔

صَید افگن/انداز said-af-gan: (عف، صف) شکار کرنے والا، شکاری اسم کیفیت مث: صید افگنی/اندازی۔

صَیدگاہ said-gaah: (عف، مث) شکار کھیلنے کی جگہ۔

صَید گر / گیر said-gar/giir: (عف، صف) شکار کرنے والا، اسم کیفیت مث: صید گری / گیری۔

صَیدی sai-dii: (ف، مذ) شکاریوں کی اصطلاح میں وہ آدمی جو اپنے ہم پیشہ آدمیوں سے ضد اور لڑائی رکھے۔

صیغہ sii-Ga(h): (ع، مذ) سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز، طریقت، خلقت، اصل، وہ مشتق کلمہ جو کسی اصل لفظ سے نکالا گیا ہو، شیعوں کا نکاح، سررشتہ، محکمہ، شعبہ۔

صَیف saif: (ع مث) گرمی کا موسم۔

صَیقل sai-qal: (ع، مذ) جلا، صفائی، آب، چمک (افعال: کرنا، ہونا)

صَیقل گر sai-qal-gar: (عف، صف) جلا کرنے والا، ہتھیار صاف کرنے والا، اسم کیفیت مث: صیقل گری۔

صَیہُونی sai-huu-nii: (ع، صف) یہودیوں کی عالم گیر تحریک، وطن سے متعلق، یہودیت سے متعلق، انگریزی لفظ Zionist کا ترجمہ۔

صَیہُونیت sai-huu-niy-yat: (ع، مث) یہودیوں کی عالم گیر تحریک جس کا مقصد شام اور حجاز وغیرہ کے علاقوں پر یہودی تسلط قائم کرنا ہے۔ یہودیت وغیرہ۔

ض

ض z: (ع، مذ) اس کا نام ضاد ہے اور اسے صاد سے ممیز کرنے کے لیے ضاد منقوطہ یا معجمہ بھی کہتے ہیں۔ یہ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں اکیسواں حرف ہے۔ یہ عربی سے مخصوص حرف ہے۔ اس کی آواز اور کسی زبان میں نہیں پائی جاتی۔ اردو میں اسے 'ز' آواز کے مترادف سمجھا جاتا ہے اور اسی طرح تلفظ ہوتا ہے۔ یہ حرف صرف عربی سے مستعار الفاظ میں اردو میں استعمال ہوتا ہے۔

ض۔ا

ضابط za-bit: (ع، صف) انتظام میں رکھنے والے۔ حاکم یا لک صابر۔ متحمل۔ بردبار۔

ضابطہ za-bit-ta(h): (ع، مذ) قاعدہ، قانون، دستورالعمل۔

ضاحک zaa-hik: (ع، صف) ہنسنے والا، خنداں، مسخرا، ظریف۔

ضارب zaa-rib: (ع، صف) مارنے والا، چوٹ لگانے والا۔

ضال zaal: (ع، صف) گمراہ بھٹکا ہوا، سرگراں، فکرمند۔

ضامن zaa-min: (ع، صف) کسی کی ضمانت دینے والا، ذمہ دار بنا کر پیش کرنا۔

ضامنی zaa-mi-nii: (عف، م) ذمہ داری، کفالت، ضمانت۔

ضائع zaa-e(?): (ع، صف) رائگاں۔ اکارت، غارت، تباہ، برباد۔ (افعال: جانا، کرنا، ہونا)

ض۔ب

ضبط zabt: (ع، مذ) برداشت، تحمل، انتظام، بندوبست، روک، رکاوٹ۔

ضبط کرنا/ہونا zabt kar-naa / ho-naa: (ار، محاورہ) خوشی رو کنا/رکنا، تحمل کرنا/ہونا۔ حکومت کا کسی کی جائیداد کو قرق کرنا/ہونا۔ تکلیف پر اُف نہ کرنا/ہونا۔ تلخی بات کا جواب نہ دینا/دیا جانا۔

ضبطِ وِلادت / تولید zab-te-va-laa-dat/ tau-liid: (ع، مذ، ترکیب فارسی) ایسی تدابیر اختیار کرنا جن سے بچے پیدا نہ ہوں یا حسب منشا پیدا ہوں۔ انگریزی لفظ family planning کا ترجمہ۔

ضبطی zab-tii: (عف، مذ) قرقی، عدالت کے حکم سے کسی کا مال لے لینا، قرقی (افعال: ہونا)

ض۔ح

ضحاک zah-haak: (ع، مبالغہ) بہت ہنسنے والا، ایک ایرانی بادشاہ جو بہت ظالم تھا۔

ضحکہ zuh-ka(h): (ع، مذ) وہ جس پر سب ہنسیں۔

ضحیٰ zu-haa: (ع، مذ) ایک پہر دن چڑھے، چاشت کا وقت۔

ض۔خ

ضخامت za-Kaa-mat: (ع، مؤ) حجم، جسامت۔

ضد zid: (ع، صف) مخالف، برعکس چیز، الٹ، ہٹ، سینہ زورس، تکرار، جھگڑا۔

ضِدم ضِدّا zid-dam-zid-daa:(ا، مؤ) ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔

ضِدّی zid-dii: (ع، صف) ہٹ کرنے والا اڑیل مؤ ار ضدی۔

ض ۔ ر

ضِرار zi-raar: (ع، مذ) ایک دوسرے کو ضرر پہنچانا، باہمی نقصان، ایک مسجد جو مدینہ میں منافقوں نے بنائی تھی۔ جسے گرادیا گیا تھا۔

ضربْ za-rb: (ع، مؤ) چوٹ، مار، صدمہ، نقصان، تلوار یا کسی ہتھیار کی چوٹ یا زخم، ٹھپا، مہر، وہ زخم، ٹپا، مہر، تلوار یا کسی ہتھیار کی چوٹ یا قاعدہ جس سے ایک رقم کو کئی بار آپس میں مختصر ترکیب سے جمع کیا جاتا ہے۔ شعر کا آخری رکن۔ دل میں اللہ اللہ کرنا، تیزی، آفت، توپ، بندوق وغیرہ کی تعداد (مؤ) سکہ (صف) مہر لگا ہوا، ٹھپا لگا ہوا جمع ضربات۔

ضربُ المثل zar-bul-misl: (ع، مذ) کہاوت، مثل۔

ضرب خانہ zarb-Kaa-na(h): (عف، مذ) ٹکسال، سکے بننے کی جگہ/مقام۔

ضربِ خفیف zar-be-Ka-fiif: (عف، مذ) معمولی چوٹ، ہلکی چوٹ۔

ضرب لازب zar-be-laa-zib: (ع، مذ) وہ چوٹ جس کا نشان یا وجود اچھا ہو جانے کے بعد بھی ہمیشہ قائم رہے۔

ضربِ مُرکّب zar-be-mu-rak-kab: (ع، مذ) حساب کا ایک قاعدہ جس میں نقدی یا جنس کے وزن کو مختصر ترکیب سے کئی گنا کرتے ہیں۔

ضربِ مُفرد zar-be-mu-far-rad: (ع، مذ) سادہ ضرب۔

ضرب و تقسیم / قسمت zar-bo-taq-siim: ضرب اور تقسیم۔

ضربت zar-bat: (ع، مذ) چوٹ، زد۔

ضربی zar-bii: (ع، متعلق فعل) زور سے، قوت سے، ضرب مارنے والا، مرکبات میں جیسے یک ضربی۔

ضرر za-rar: (ع، مذ) زیان، نقصان، مصیبت، آفت انفعال، پہنچانا، ہونا۔

ضرر رساں za-rar-ra-saaN: (ع، صف) نقصان پہنچانے والا۔

ضِرغام zir-Gaam: (ع، مذ) شیر، اسد

ضرُور za-roor: (ع، صف) واجب، فرض، لازم، ناگزیر، جو کرنا پڑے متعلق فعل بے شک، یقیناً۔

ضرُور بالضرُور / ضرور za-ruur-biz-zu-ruur: (متعلق فعل) تاکید کے واسطے۔

ضرُورت za-ruu-rat: (ع، مذ) حاجت، احتیاج، کمی ہونا، مجبوری۔

ضرُورتاً / ضرورۃً za-rur-ra-tan: (ع، صف) واجب، تاکیدی۔

ضریح za-rii(h): (ع، مذ) قبر جو سیدھی کھودی جائے، جو ایک طرف کھودیں اسے لحد کہتے ہیں۔ ایک قسم کا تعزیہ جو گنبد نما ہوتا ہے۔

ض ۔ ع

ضِعاف zi-(?)aaf: (ع، صف) دیکھیے، ضعیف، جس کی یہ جمع ہے۔

ضعف za-a(?)f: (ع، مذ) دو چند، دوگنا، علم، جفر کا ایک قاعدہ جس میں حروف کو دوگنا کرکے جوابات نکلتے ہیں۔

ضعفِ بصارت zua(?) fe-ba-saa-rat: (ع، مذ) بصر، آنکھوں کی روشنی کم ہونا، قوت باصرہ کا کمزور ہونا۔

ضعفاء zua(?)-faa: (ع، مذ) دیکھیے، ضعیف جس کی یہ جمع ہے۔

ضعیف za-(?)iif: (ع، صف) کمزور، ناتواں، سست، بوڑھا، افعال: کرنا، ہونا۔ وہ حدیث جس کی اسناد قابل اعتبار نہ ہوں، مذ، ضعیفہ، اسم کیفیت مذ، ف، ضعیفی۔

ضعیف الاعتقاد za-(?)ii-ful-ai-ti-qaad: (ع، صف) سست اعتقاد، وہ جس کا اعتقاد پکا نہ ہو، جو کسی بات کو نہ مانے۔

ضعیف الایمان za-(?)ii-ful-ii-maan: (ع، مذ) وہ جس کا ایمان کمزور ہو، جو مذہبی باتوں پر یقین نہ کرے۔

ضعیف البنیان za-(?)ii-ful-ban-yaan: (ع، صف) جس کی بنیاد کمزور ہو، جو عموماً انسان کے ساتھ آتا ہے۔

ضعیف الجثہ za-(?)ii-ful-jus-sah: (ع، صف) کمزور بدن، لاغر، دبلا۔

ضعیف العقل za-(?)ii-ful-(?)aql: (ع، صف) غریب مصیبت زدہ کم عقل، بے وقوف، احمق۔

ض۔ل

ضلال۔ ضلالت za-laal: (ع، مذ) گمراہی، راہ راست سے بھٹکنا، غلطی، تباہی، بربادی گناہ، بدی

ضلع zi-la(?): (ع، مذ) پہلو، طرف، خط، لکیر، ذومعنی بات، تلازم کلام، رعایت لفظی، ملک کا حصہ، جزو۔ وہ علاقہ جو ڈپٹی کمشنر کلکٹر کے ماتحت ہو۔ حاکم ضلع کا صدر مقام، ذومعنی بات کرنے کا ہنر، وہ علاقہ جو چند تحصیلوں پر مشتمل ہو۔

ضلع بندی zi-la(?)-ban-dii: (عف، مذ) صوبہ کی اضلاع میں تقسیم۔

ضلع جگت zi-la(?)-ju-gat: (ھ، مذ) پہلودار بات جس میں رعایت لفظی ہو۔

ضلعدار zi-la(?)-daar: (عف، مذ) محکمہ نہر میں ایک افسر جو نائب تحصیل دار کے ہم رتبہ ہوتا ہے۔ محکمہ وٹرنری کا ایک افسر، وہ افسر جو ضلعوں کی مالگواری کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ تحصیل وصول کرنے والا، اسم کیفیت مذ، ضلعداری۔

ض۔م

ضمائم za-maa-im: (ع، صف) دیکھیے ضمیمہ جس کی یہ جمع ہے۔

ضم zam: (ع، مذ) ملانا، شامل کرنا، افعال، کرنا، ہونا پیش یا رفع کی حرکت۔

ضماد zi-maad: (ع، مذ) لیپ، دوا کو پانی یا کسی اور چیز میں ملا کر بدن پر لگانا، افعال، کرنا، ہونا۔

ضمانت za-ma-nat: (ع، مذ) ذمہ داری، کفالت۔

ضمانت نامہ za-maa-nat-naa-ma(h): (عف، مذ) تحریری ضمانت، کفالت نامہ۔

ضمانتی za-maan-tii: (ع، صف) ضامن، کفیل، ذمہ دار۔

ضمائر za-maa-ir: (ع، مذ) دیکھیے، ضمیر، جس کی یہ جمع ہے۔

ضمن zimn: (ع، مذ) اندر، اندروں، مشمول، حق، شرکت، وقفہ، تعلق۔

ضمنی zim-nii: (ع، مذ) مقدمہ کی تفتیش کی روزانہ رپورٹ جو پولیس افسر بھیجے، صف، ضمن سے منسوب ذیلی۔

ضمیر za-miir: (ع، مذ) دل، قلب، راز، بھید، خفیہ

حالات، خیال، وہ قوت جو برے کاموں سے روکے، مؤ، وہ کلمہ جو قائم مقام اسم نکرہ یا معرفہ ہو۔ مثلاً وہ، تم، میں وغیرہ۔

ضمیم، ضمیمہ za-miim/za-mii-ma(h): (ع، صف) ملا ہوا، شامل کیا گیا۔ تتمہ، تکملہ، پرچہ زائد، اخبار کی معمول سے الگ اشاعت۔

ضو zau: (ع، مذ) روشنی، پرتو، چمک، نور۔

ضو افشاں zau-af-shaaN/ zau-fi-chaaN: (عف، صف) روشن، منور، روشنی دینے والا، اسم کیفیت، مؤ، ضوافشانی، فشانی۔

ضوریز zau-rez: (عف، صف) روشنی پھینکنے والا۔

ض۔ ی

ضیا zi-ya: (ع، مذ) روشنی، چمک، رونق۔

ضیا بار zi-yaa-baar: (ع، صف) روشن کرنے والا، روشنی پھیلانے والا (اسم کیفیت) ضیا افروزی، باری، باشی، گستر، فشانی۔

ضیافت zi-yaa-fat: (ع، مذ) مہمانی، دعوت، کھانا کھلانا، افعال، کرنا، ہونا۔

ضیافت خانہ zi-yaa-fat-Kaa-na(h): (عف، مذ) مہمان خانہ، مہمان داری کا مکان، جہاں دعوت وغیرہ کا انتظام ہو۔

ضیغم zai-Gam: (ع، مذ) پھاڑنے والا، شیر، شیر ببر۔

ضیف zaif: (ع، مذ) مہمان۔

ضیق ziiq: (ع، مذ) تنگی، دقت، دشواری مکان کی تنگی۔

ضیق النفس zii-qun-nafs: (ع، مذ) دمہ، سانس کا روگ، دم کا گھٹنا۔

ط

ط

اس حرف کو اردو میں طوے کہتے ہیں۔ اردو حروفِ تہجی میں بائیسواں حرف ہے۔ التباس سے بچنے کے لیے اسے طائے مہملہ یا غیر منقوطہ کہتے ہیں۔ یہ خالص عربی کا حرف ہے اور اردو میں 'ت' کی آواز دیتا ہے۔ یہ عربی سے مستعار الفاظ میں ہی استعمال ہوتا ہے۔ کبھی کبھی دیسی الفاظ میں بھی 'ت' کے لیے استعمال ہوتا ہے جو غلط ہے؟ جیسے طوطا۔

ط۔ا

طاب taab: (ع، صف) خوشبودار، معطر، نفیس، خوشگوار، اچھا پاک۔

طاب ثراہ taab-sa-raa(h): (ع، کلمہ، دعا) اس کی قبر خوشبودار ہو، یعنی اس کی روح کو سکون ہو۔

طائع taa-be(?): (ع، صف) فاعلی، فرماں بردار، چھاپنے والا۔

طارق taa-riq: (ع، مذ) صبح کا ستارہ، سخت حادثہ، رات کو چلنے والا۔

طارم taa-rim: (ع، مذ) لکڑی کا مکان، بالا خانہ، بلند مکان، گنبد، آسمان۔

طارمِ اعلیٰ taa-ri-me-a(?)aa-laa: (ع، مذ) بترکیب فارسی، فلک الافلاک۔

طاری taa-rii: (ع، صف) ظاہر ہونے والا، چھا جانے والا، غالب آنے والا۔

طاس taas: (ع، مذ) تاس کا معرب، طشت، لگن، تھال، ایک قسم کا ریشمی کپڑا، وہ قطعہ زمین جس کا پانی کسی دریا میں آپڑتا ہو کا ترجمہ۔

طاسہ taa-sa(h): (ع، مذ) ایک قسم کا باجا جو کھال منڈھ کر بنایا جاتا ہے۔ تاسہ، تاشہ۔

طاسہ نواز taa-sa(h) na-vaaz: (عف، صف) طاسہ بجانے والا، اسم کیفیت مؤ، طاسہ نوازی۔

طاعت taa-(?)at: (ع، مذ) عبادت، بندگی، فرماں برداری۔

طاعن taa-(?)in: (ع، صف) طعنہ دینے والا، چھید کرنے والا۔

طاعون taa-(?)uun: (ع، مذ) ایک مشہور متعدی مرض جس میں گلٹیاں نکل آتی ہیں۔

طاغوت taa-Guut: (ع، مذ) شیطان، گمراہوں کا سردار بت، دیو، خدا کے سوا کسی کی پرستش کرنے والا۔

طاغوتی taa-Guu-tii: (ع، صف) سرکش، باغی مالک کا نافرمان، حد سے گزرنے والا۔

طاغی taa-Gii: (ع، صف) باغی، سرکش، نافرمان، ظالم، حد سے بڑھا ہوا۔

طاق taaq: (ع، مذ) محراب، محراب دار ڈاٹ جو دیوار میں بناتے ہیں۔ وہ عدد جو دو پر تقسیم نہ ہو۔ طاقچہ جو دیواروں میں بناتے ہیں، صف، فرد، لاثانی، افعال، کرنا، ہونا۔

طاقت آزمائی taa-qat-aaz-maa-ii: (ع، مث) زور آزمانا، زور آزمائی، سکت، مقدرت۔

طاقِ نسیاں taa-qe-nis-yaaN: (ع، مذ) ترکیب فارسی، نسیاں کا طاق، سے استعارہ کرتے

ہیں۔ بھولی ہوئی چیز۔

طاقچہ taaq-cha(h): (ف، مذ) طاق کی تصغیر، چھوٹا طاق۔

طاقت taa-qat: (ع، مث) قوت، زور، بل، شکتی، توانائی۔

طاقت ور taa-qat-var: (ع، صف) قوی، توانا، مضبوط، زورآور پہلوان، اسم کیفیت مذ: طاقت وری۔

طاقی taa-qii: (ف، مث) ایک قسم کی لمبی ٹوپی، وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی ہو صف: بھینگا۔

طاقیہ taa-qi-ya(h): (ع، مذ) ٹوپی جو پگڑی کے نیچے رکھتے ہیں، برآمدہ۔

طال (اللہ) عمرہ taal-(?)um-rah: (ع، دعا) خدا اس کی عمر دراز کرے، عموماً چھوٹوں کے نام کے بعد لکھتے ہیں۔

طالب taa-lib: (ع، صف) طلب کرنے والا، مانگنے والا، خواست گار، مشتاق، عاشق، ڈھونڈنے والا، طالب علم مث: طالبہ۔

طالبِ علم taa-li-be-(?)ilm: (ع، بترکیب فارسی) علم پڑھنے، سیکھنے والا، متعلم (اسم کیفیت) مث: طالب علمی۔

طالبِ علمانہ taa-li-be-(?)il-maa-na(h): (عف، صف) بترکیب فارسی، طالب علموں کی مانند، شاگردوں کی طرح۔

طالبہ taa-li-ba(h): (ع، مث) طلب کرنے والی، علم حاصل کرنے والی عورت، متعلمہ۔ جمع: طالبات۔

طالح taa-lih: (ع، صف) برا، خراب، بد، بدکار۔

طالع taa-li(?): (ع، صف) طلوع ہونے والا، چڑھنے والا۔ مذ، نصیبہ، قسمت، بخت، وہ برج یا ستارہ جو بہ وقت ولادت یا سوال افق پر نمودار ہو رہا ہو۔

طالع آزما taa-li(?)-aaz-maa: (عف، صف) قسمت آزمانے والا نصیب آزمانے والا، اسم کیفیت مث، طالع آزمائی۔

طالع بیدار ta-li(?)-be-daar: (عف، مذ) خوش قسمتی، معشوق۔

طالع خوابیدہ ta-li(?) Kwaa-bi-dah: (ع، صف) بدقسمتی، سویا ہوا نصیبہ۔

طالع شناس ta-li(?)-sha-naas: (ع، صف) نجومی، منجم، جوتشی۔

طالع مند، یاور ta-li(?)-mand-yaa-var: (ع، صف) خوش قسمت، صاحب نصیب اسم کیفیت مث۔ طالع مندی، یاوری۔

طامات taa-maat: (ع، مذ) لاف و گزاف، خصوصاً ریاکار صوفی کی کرامتوں کے جھوٹے دعوے۔

طامات باف taa-maat-baaf: (ع، صف) جھوٹ بولنے والا۔ گپی، شیخی خورہ۔ اسم کیفیت مذ: طامات بافی۔

طامع taa-mi(?): (ع، صف) لالچی۔ حریص۔

طاہر taa-hir: (ع، صف) پاک۔ صاف مقدس، مث۔ طاہرہ۔

طاہری taa-hi-rii: (ار۔ مث) بڑی پلاؤ۔ ایک کھانا جو چاولوں اور بڑیوں کو ملا کر پکاتے ہیں۔

طائر taa-ir: (ع۔ صف) اڑنے والا۔ مذ: پرندہ

طائر قبلہ نما taa-ire-qib-lah-nu-maa: (ع۔ مذ) دیکھیے مرغ قبلہ نما۔

طائرِ قدس taa-i-re-quds (ع۔ مذ) حضرت جبریل علیہ السلام

طائف taa-if: (ع۔ مذ) طواف کرنے والا۔ حجاز میں

ایک قصبہ۔

طائفہ taa-i-fa(h): (ع۔ مذ) گروہ۔ جماعت۔ قوم۔ فرقہ۔ اردو میں رنڈی اور اور اس کے ہمراہی، ناچنے والوں کا گروہ۔ افعال۔ آنا۔ بلانا۔ ناچنا۔ نچانا۔

طائل taa-(?)il: (ع،صف) فائدہ۔ نفع۔ اردو میں لاطائل کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔

طاؤس taa-uus: (ع۔ مذ) مور۔ ستار کی قسم کا ایک ساز جو مور کی شکل کا ہوتا ہے۔

طاؤسی taa-uu-sii: (ع۔صف) طاؤس کے رنگ کا طاؤس کے متعلق۔ طاؤس سے منسوب۔

ط۔ ب

طِب tib: (ع۔ مذ) حکمت۔ علاج معالجہ کا علم۔ خصوصاً یونانی طب۔

طِبِ جسمانی tib-be-jis-maa-nii: (عف۔ مث) جسم کے علاج کا علم۔

طِبِ روُحانی tib-be-ruu-haa-nii: (عف۔ مث) روح کے علاج کا علم۔

طباخ ta-baak: باورچی۔ خانساماں۔ کھانا پکانے والا۔ اسم کیفیت مث۔ طباخی۔ مث۔ طباخہ۔

طباشیر ta-baa-sher: (ع۔ مذ) ایک سفید رنگ کی دوا جو بانس کی گانٹھوں میں جم جاتی ہے۔

طباع ta-ba(?): (ع۔ صف)، ذہین، ذکی، اسم کیفیت مث، ف، طباعی۔

طباعت ta-baa-(?)at: (ع۔ مث) چھاپنے کا ہنر، چھاپنا۔

طباعتی ta-baa(?)-tii: (ع۔صف) دیکھیے۔ طباعت۔ جس سے یہ منسوب ہے۔

طباق ta-baaq: (ع۔ مذ) بڑی رکابی۔ تھالی۔ تسلا۔

طباقی ta-baa-qii: (ع۔صف) طباق سا۔

طبّال tab-baal: (ع۔ مذ) پکنا۔ کھانا پکانے کا ہنر۔

طبخ ta-tak: (ع۔ مذ) پکنا۔ کھانا پکانے کا ہنر۔

طبخ خانہ ta-baK-Kaa-na(h): (ع۔ مذ) باورچی خانہ۔ مطبخ۔ رسوئی۔

طبع tab-a(?): (ع۔ مذ) خصلت۔ طبیعت۔ مزاج سرشت۔ فطرت۔ چھاپنا۔ چھپائی۔

طبع آزمائی tab-(?)a-aaz-maa-ii: (ع۔ مث) طبیعت کی ذہانت اور رسائی کا امتحان۔ چھاپ۔ اڈیشن۔

طبع رسا tab-(?)i-ra-saa/ra-vaan: (رواں۔ عف۔ صف) تیز طبیعت، اچھا ذہن۔

طبع زاد ta-b(?)a-zaad: (عف۔ صف) طبیعت سے نکالا ہوا۔ ایجاد

طبعِ موزوں ta-b(?)e-mau-zuuN: (ع۔ مذ) بترکیب فارسی وہ طبیعت جس میں شعر سے مناسبت ہو اور وزن کا احساس ہو۔

طبعی ta-b(?)ii: (ع۔صف) طبیعت سے منسوب۔ ذاتی۔ اصلی۔ اصل قدرتی۔

طبق ta-baq: (ع۔ مذ) تھال۔ طبقہ۔ تختہ۔ تہ۔ چھلکا۔

طبقاتُ الارضٗ tab-qaa-tul-arz: (ع۔ مذ) زمین کے طبقے۔ زمانہ قدیم میں یہ خیال تھا کہ زمین کے سات طبقے۔ تہیں۔ اوپر نیچے ہیں۔

طبقچہ ta-baq-cha(h): (عف۔ مذ) چھوٹا طبق۔

طبقری ta-baq-rii: (ار۔ مذ) صندوقچی۔ دف۔ دائرہ کی گھنٹیاں۔

طبقہ tab-qa(h): (ع۔ مذ) درجہ۔ منزل۔ تختہ۔ آدمیوں کا فرقہ یا گروہ۔ چھت۔ تہ۔ زمین کا چھوٹا سا

ٹکڑا۔ جمع۔ طبقات۔
طبلْ tabl: (ع۔ مذ) بڑا ڈھول۔ نقارہ۔ افعال۔ بجانا۔ بجنا۔ بجوانا۔
طبلِ آسائش tab-le-aa-saa-ish: (ع۔ مذ) فوجوں کی واپسی کا طبل۔ وہ نقارہ جس کے بجنے پر آرام کیا جاتا ہے۔
طبلْ زن tabl-zan: (ف۔ مذ) طبل بجانے والا۔ اسم کیفیت مث۔ طبل زنی۔
طبلِ ظفر tab-le-za-far: (ع۔ مذ) وہ نقارہ جو فتح ہونے پر بجایا جاتا ہے۔
طبلْ نواز tabl-na-vaaz: (ع۔ مذ) دیکھیے۔
طبلْ زن tabl-zan: (اسم کیفیت مث) طبل نوازی۔
طبلچی ta-bal-chii: (عف۔ مذ) طبلہ بجانے والا۔ طبلیا۔ نقارچی۔
طبلق tab-laq: (عف۔ مذ) کاغذوں کا مٹھا۔ دوہرا کاغذ۔ وہ خالی جگہ جہاں منشی لوگ اپنے کاغذات رکھتے ہیں۔ وہ دفتر جس میں سپاہیوں کا حلیہ درج ہوتا تھا۔
طبلہ tab-la(h): (ع۔ مذ) ایک قسم کا ایک رخا ڈھول۔ بایاں، افعال۔ بجانا۔ بجنا۔ ٹھنکنا۔ کھڑکنا وغیرہ۔ صندوقچہ۔ ڈبا۔
طبلہ خوار tab-lah-kwaar: (عف۔ مذ) طفیلیا۔ مفت خورہ۔
طبلہ نواز tab-la(h)-na-vaaz: (عف۔ مذ) طبلیا۔ طبلہ بجانے والا۔ اسم کیفیت مذ۔ طبلہ نوازی۔
طبلی tab-lii: (ار۔ مث) وہ تھیلی جس میں بندوق کا سامان رکھتے ہیں۔
طبلیا ta-bal-yaa: (ار۔ صف) طبلہ بجانے والا۔ طبلچی، طبلہ نواز۔
طبی tib-bii: (ع۔ صف) طب سے منسوب و متعلق۔
طبیب ta-biib: (ع۔ مذ) حکیم۔ ڈاکٹر۔ معالج۔ بیماریوں کا علاج کرنے والا۔ مث، طبیبہ۔
طبیب حاذق ta-bib-haa-ziq: (ع۔ مذ) عقل مند، تجربہ کار حکیم۔
طبیبِ روحانی ta-bii-be-ruu-haa-ni(i): (ع۔ مذ) وہ شخص جو روح کا علاج کرے جیسا کہ اکثر عامل کرتے ہیں۔
طبیعت ta-bi-(?)at: (ع۔ مث) خصلت۔ عادت۔ طینت۔ خاصیت۔ مزاج۔ خصوصیت۔ جمع۔ طبیعات۔ طبیعت
طبیعتِ ثانیہ ta-bii-(?)a-te-saa-ni-yah: (ع۔ مث) دوسری طبیعت۔ عادت جو طبیعت بن جائے۔
طبیعت دار ta-bii-(?)at-daar: (ع۔ صف) ذہین۔ ہوشیار۔ شوخ۔ چالاک۔ اسم کیفیت مث۔ طبیعت داری۔
طبیعت شناس ta-bii-(?)at-sha-naas: (عف۔ صف) مزاج شناس۔ طبیب حاذق۔
طبیعیات ta-bii(?)-yaat: (ع۔ مذ) علم الاجسام۔ بشمول نباتات و جمادات۔ فزکس۔

ط۔پ

طپانچہ ta-paan-cha(h)/ta-maan-cha(h): (ف۔ مذ) طمانچہ۔ تھپڑ۔
طپش ta-pish: (ف۔ مذ) دیکھیے۔ تپش۔ گرمی۔ تڑپ۔
طمنچہ ta-man-cha(h): (ف۔ مذ) تمنچہ۔ پستول۔

طرّار tar-raar: (ع۔ صف) چالاک۔ شوخ۔ تیز زبان۔ گرہ کٹ، جیب کترنے والا۔ اسم کیفیت مث۔ طراری

طرارہ ta-raa-rah: (ع۔ مذ) چوکڑی۔ کلانچ۔ چھلانگ۔

طِراز ti-raaz: (ف۔ مذ) نقش و نگار۔ زینت۔ آرائش۔ آراستہ کرنے والا۔

طِرازندہ ti-raa-zin-da(h): (عف۔ صف) آراستہ کرنے والا۔ سجانے والا، کارچوبی کا کام کرنے والا۔

طِرازی ti-raa-zi(i): (عف۔ مث) سجانا۔ نقش ونگار بنانا۔ بنانا طراز کا اسم کیفیت

طراوت ta-raa-vat: (ع۔ مث) نمی۔ تری۔ رطوبت۔ ٹھنڈک۔ خنکی۔ تازگی۔

طرب ta-rab: (ع۔ مث)۔ خوشی۔ شادمانی۔ انبساط۔

طرب انگیز ta–rab-an-gez/kez: (خیز۔ ع۔ صف) خوش کرنے والا۔ فرحت بخشنے والا۔ اسم کیفیت مث۔ طرب انگیزی، خیزی۔ تنجی۔ فزائی۔

طرب خانہ/ گاہ ta-rab-Kaa-nah-ga(h): (ع۔ مذ)۔ خوشی کی جگہ۔

طربناک ta-rab-naak : (ع۔ صف) فرحت والا۔ خوشی دینے والا۔ اسم کیفیت مث۔ طربناکی۔

طربُوش tar-buush: (ع۔ مث) ترکی ٹوپی۔ سرخ، رنگ کی اونچی ٹوپی۔

طربیہ tar-bi-yah: (ع۔ مذ) وہ قصہ یا ڈراما جس کا انجام خوشی ہو کا ترجمہ۔

طرح ta-rah: (ع۔ مث) وضع۔ طرز۔ حالت۔ وہ مصرع جو مشاعرہ میں غزل کہنے کے لیے بحر، ردیف اور قافیہ بتانے کے لیے مقرر کرتے ہیں۔ بفتح اوّل۔ مانند۔ بانکپن۔

طرح دار ta-rah-daar: (عف۔ صف) خوبصورت۔ بانکا۔ افعال ہونا۔ اسم کیفیت مث۔ طرح داری۔

طرح ڈال دینا/ڈالنا ta-rah Daal de-naa/ Daal-na: (ار۔ محاورہ) بنیاد ڈالنا۔ تدبیر کرنا۔ طرح طرح کا۔ ار۔ صف۔ مختلف طرح کا۔ قسم قسم کا۔

طرح کرنا ta-rah kar-naa: (ار۔ محاورہ) تفریق کرنا۔ مصرعہ بتانا۔ بحر ردیف اور قافیہ بتانا، کیمیا، آگ پر سرخ کی ہوئی۔ دھات پر کوئی ایسی دوا ڈالنا جو رنگت تبدیل کردے۔

طرحی غزل tar-hii-ga-zal: (ع۔ مث) غزل جو طرح پر کہی جائے۔

طرز tarz: (ع۔ مث) طور۔ طریقہ۔ روش۔ ڈھنگ۔ وضع۔ خصلت۔ خو۔ شکل میں اچھا ہونا۔

طرزِ تحریر tar-ze-teh-riir: (ع۔ مث) لکھنے کا ڈھنگ۔ تحریر کا طریقہ۔

طرزِ عمل tar-ze-(?)a-mal: (ع۔ مذ) بترکیب فارسی۔ رویہ۔ روشنی۔ برتاؤ سلوک۔

طرزِ کلام tar-ze-ka-laam: (ع۔ مث) انداز گفتگو۔

طرف ta-raf: (ع۔ مث) جانب۔ سمت۔ رخ۔ کنارہ۔ پہلو۔ پاس۔ لحاظ۔ پاسداری۔ پیچ، طریق۔ آنکھ کے باہر کے کنارے کی طرف سے دیکھنا۔

طرفِ اوّل tar-fe-av-val: (ع۔ مث) مدعی۔ مستغیث۔

طرفِ ثانی tar-fe-saa-nii: (ع۔ مث) مخالف۔ مدعا علیہ۔ ملزم۔

طرف دار ta-raf-daar (عف۔صف) ساتھی۔ پاسدار۔ حامی۔ فریق۔ تعلق رکھنے والا۔ (اسم کیفیت مث) طرف داری۔

طرفت، طرفہ tar-fat: (ع۔ مث۔ مذ) آنکھ کا جھپکنا۔

طرفۃ العین tar-fa-tul-ain: (ع،مث) آنکھ کا جھپکنا،چشم زدن۔

طرفہ tur-fah: (ع۔صف) نیا۔انوکھا۔عجیب۔اسم کیفیت مث۔

طرفہ معجون tur-fah-ma(?)-juun: (ع۔مذ) عجیب آدمی۔بیوقوف۔احمق شخص

طرفین tar-fain: (ع۔ مذ) فریقین۔ دونوں جانب مدعی اور مدعا علیہ

طرق tu-ruq: (ع۔مذ) دیکھیے۔طریق۔جس کی یہ جمع ہے۔

طرہ tur-rah: (ع۔صف) وہ پھندنا جو پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں۔جانوروں کی کلغی۔

طرہ باز tur-rah-baaz (عف۔صف) اکڑنے والا۔ پگڑی پر طرہ لگانے والا۔

طرۂ طرار tur-ra-he-tar-raar: (ع،مذ) معشوق کی زلفیں۔

طرے باز خاں tur-re-baaz-kaan: (عف۔مذ) پگڑی پر طرہ لگانے والا۔اکڑ باز خاں۔

طریق ta-riiq: (ع۔ مذ) راستہ سڑک۔طرز۔ ڈھنگ۔روش۔مذہب۔شریعت۔رواج۔دستور۔

طریقِ عمل ta-ri-qe-(?)a-mal: (ع۔ مذ) کام کرنے کا طریقہ۔

طریقت ta-rii-qat: (ع۔ مث) اصطلاح تصوف۔تزکیہ باطن صوفیوں کا طریقہ جس سے کمال حاصل ہوتا ہے۔

طریقہ ta-rii-qa(h): (ع۔ مذ) طرز۔ ڈھنگ۔ رستہ۔ چاند کا برج عقرب کے قریب آنا۔ افعال۔ آنا۔بتانا۔پڑنا۔

ط۔ش

طشت tasht: (ع۔ مذ) تھال۔لگن۔تسلا۔ ہاتھ دھونے کا برتن۔چلمچی۔

طشتری tash-ti-rii: (ار۔مث) رکابی

ط۔ع

طعام ta-(?) aam: (ع۔مذ) کھانے کی کوئی چیز روٹی گوشت وغیرہ۔افعال۔رکھنا۔

طعمہ ta?-ma(h): (ع۔مذ) رزق۔خورش۔لقمہ۔ نوالہ۔شکاری۔ پرندوں کا کھانا۔

طعن ta(?)n: (ع۔مذ) طنز۔ملامت۔حرف گیری۔ نیزے کی ضرب۔

طعن تشنیع ta(?)n tash-nii(?): (ع۔مث) طعنے۔برائی۔افعال کرنا۔ہونا۔

طعنہ ta(?)-na(h): (ع۔مذ) مہنا۔آوازہ۔عیب جوئی۔افعال دینا سنانا۔سننا وغیرہ

طعنہ زن ta(?)-na(h)-zan: (عف۔صف) طنز کی باتیں کرنے والا۔اسم کیفیت مث۔طعنہ زنی

ط۔غ

طغرا tug-raa: (ت۔ مذ) خط پیچیدہ جس میں نام، القاب اور بادشاہوں کا نام فرمان کے اوپر لکھا جاتا ہے۔مہروں پر اس خط میں نام کندہ کراتے ہیں۔ نشان علامت۔ایک رسم الخط۔

طُغیان tug-yaa-n: (ع۔ مذ) زیادتی۔ ظلم۔ نافرمانی۔

طُغیانی tug-yaa-nii: (عف۔ مث) سیلاب۔ دریا کا چڑھاؤ۔ افعال۔ آنا۔ ہونا۔

ط۔ف

طِفل tifl (ع۔ مذ) لڑکا، بچہ

طِفلِ اشک tif-le-ashk: (ع۔ مذ) آنسو

طِفلِ تسلّی tif-le-ta-sal-lii: (عف۔ مث) جھوٹی تسلی۔ بچوں کو بہلانے کے لیے جس طرح تسلی کی بات کہہ دی جاتی ہے۔

طِفل مزاج tif-le-mi-zaaj: (ع۔ صف) جس کے مزاج میں لڑکپن ہو۔ (اسم کیفیت مث) طفل مزاجی۔ مشربی

طفلِ مکتب tif-le-mak-tab: دبستاں (ع۔ مذ) t ناتجربہ کار شخص۔

طِفلی tif-lii: (عف۔ مث) بچپن۔ لڑکپن۔ نادانی۔

طُفولت tu-fu-lat: (ع۔ مث) لڑکپن۔ طفلی۔

طُفَیل tu-fail: (ع۔ مذ) وسیلہ۔ سبب۔ ذریعہ۔ چھوٹا بچہ۔

طُفَیلی/طُفَیلیا tu-fai-lii: (ع/ار۔ صف) بے بُلائے کسی کے ساتھ دعوت پر چلا جانے والا۔ کیڑے یا (نباتات) جو دوسروں کے سرگزارہ کریں

ط۔ل

طِلاء ti-laa: (ع۔ مذ) سونا۔ ملمع (اصطلاح طب میں) ایک خاص روغن جو سستی اور نامردی کو رفع کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

طِلا بانی ti-la-baa-nii (ف۔ مذ): جس کپڑے کی بُنائی میں سونے کے تار شامل ہوں۔

طِلا دوز ti-laa-daz (ف۔ صف): جس چیز پر طلائی کام کیا گیا ہو۔

طِلا کار ti-laa-kaar (عف۔ صف): سونے کا کام بنانے والا۔ ملمع ساز وہ چیز جس پر سونے سے نقش ونگار بنائے جائیں۔ اسم کیفیت مث: طلا کاری۔

طِلا کوب ti-laa-kob: (عف۔ صف) سونے کے ورق کوٹنے والا۔ اسم کیفیت مث: طلا کوبی۔

طُلّاب tul-laab (ع۔ مذ): دیکھیے ''طالب'' جس کی یہ جمع ہے۔

طلاق ta-laaq (ع۔ مث): نکاح کا فسخ ہونا۔ عورت کا نکاح سے آزاد ہونا۔ آزادگی۔ روانی۔ کشادگی۔ رہائی۔ قیدِ نکاح سے خلاصی۔

طلاقِ بائن ta-laa-qe-ba-yin (ع۔ مث بترکیب فارسی): طلاق کا دوسرا درجہ، جُدا کرنے والی طلاق جس میں رجوع نہیں ہوسکتا اور اس میں بغیر حلالہ کے نکاح نہیں ہوسکتا۔

طلاقِ رَجعی ta-laa-qe-raj-(?)ii (ع۔ مث بترکیب فارسی): طلاق کا پہلا درجہ۔ وہ طلاق جس میں عدت پوری ہونے سے پہلے بیوی کی طرف رجوع کرسکتا ہے اور دوبارہ نکاح کی ضرورت نہیں۔

طلاقِ مُغلّظہ ta-laa-qe-mu-gal-la-zah (ع۔ مث بترکیب فارسی): طلاق کا تیسرا درجہ۔ قطعی طلاق۔ ایسی طلاق جس میں بغیر حلالہ کے نکاح نہیں ہوسکتا۔

طلاق نامہ ta-laaq-na-ma (عف۔ مذ): وہ دستاویز جس میں طلاق کی شرطیں درج ہوں۔ خطِ آزادی

طلاقت ta-laa-qat (ع۔ مث): چرب زبانی۔ تیز زبانی۔

طلاقن ta-laa-qan (ا ر۔مث): وہ عورت جس کو طلاق ہو گئی ہو مُطلقہ

طِلائی ti-laa-ii (ف۔صف): سُنہری۔سونے کا۔

طِلائے اَحمر ti-laa-e-ah-mar (ع۔مذ) سُرخ سونا۔عمدہ سونا۔کُندن۔

طِلائے دَست ti-laa-e-dast (عف۔مذ): خسرو پرویز کے خزانہ کا ایک خاص قسم کا سونا۔ جو اتنا نرم تھا، کہ ہاتھ سے دبا کر جیسی شکل چاہو بنالو۔

طلائیہ ta-laa-yah (ف۔مث): (طلاء کا بگاڑ) وہ فوج جو رات کو شہر اور فوج کی حفاظت کرے۔ پولیس کی روند (انعال پھیرنا)

طلب ta-lab (ع۔مث) ڈھونڈنا۔جستجو کرنا۔ تلاش۔جستجو مانگ۔آرزو۔خواہش۔لت۔دھت۔ بُلاوا طلبی تنخواہ۔معاوضہ۔

طلب گار ta-lab-gar (عف۔صف): خواہش مند۔تلاش کرنے والا۔اسم کیفیت مث: طلب گاری۔

طلب نامہ ta-lab-naa-ma (عف۔مذ): سمن۔حاضر عدالت ہونے کا سرکاری پروانہ۔

طُلَباء tu-la-ba(a) (ع۔صف): دیکھئے "طلیب" جس کی یہ جمع ہے۔اُردو میں "طالب" کی جمع کے طور پر مستعمل ہے۔

طَلَبانہ ta-la-baa-nah (ف۔مذ): سپاہیوں کا یومیہ۔روزینہ، وہ روپیہ جو گواہ کو عدالت میں پیش کرنے کے لیے لیا جائے۔

طلبندہ tal-bin-dah (ف۔صف فاعلی): طلب کرنے والا۔بلانے والا۔چاہنے والا۔

طلبہ ta-la-bah (ع۔مذ): دیکھیے "طالب" جس کی یہ جمع ہے۔

طلبی tal-bii (ف۔مث): بُلاوا۔حاضر ہونے کا حکم (انعال ہونا)

طلبیدہ ta-la-bii-da(h) (ف۔صف مفعولی): بُلایا ہوا۔

طِلِسم ti-lism (ع۔مذ): جادُو۔سحر۔جادُو کا تماشا۔ ڈراؤنی شکل یا مصنوعی سانپ کی شکل جو دفینوں پر بنائی جائے راز۔جادُو کے خطوط اور نقش۔

طِلِسم آمیز/افزا ti-lism-aa-mez/ af-zaal (عف۔صف): حیرت انگیز عجیب۔

طِلِسمِ سامری ti-lis-me-saam-rii (ع۔مذ ترکیب فارسی): سامری کا جادو، دھوکا۔فریب۔

طِلِسماتی ti-lis-maa-tii (ف۔صف): جادو کا۔آفت کا۔

طِلِسمی ti-lis-mii (ع۔صف): جادو کے متعلق جادُو کا۔

طلعت tal-(?)at (ع۔مث): چہرہ، رُخ۔شکل نظارہ۔دیدار۔

طُلَق tu-la-qa (ع۔صف): دیکھیے "طلیق" جس کی یہ جمع ہے۔

طُلُوع tu-luu(?) (ع۔مذ): سورج، چاند، ستارے کا نکلنا۔بلند ہونا۔نمود۔

طلیب ta-liib (ع۔صف): بہت ڈھونڈنے والا۔ چاہنے والا۔

طلیعہ ta-lii-(?)ah (ع۔مذ): وہ لشکر جو فوج کے آگے دشمن کی نقل و حرکت کا پتہ لگاتا ہے۔ ہراول دستہ۔سکاؤٹ۔شہر اور لشکر کی حفاظت کرنے والی سپاہ۔

طلیق ta-liiq (ع۔صف): ہنس مکھ۔خندہ پیشانی۔ قید سے رہائی پایا ہُوا۔

طلیق اللسان ta-lii-qul-li-saan (ع۔صف): فصیح۔خوش تقریر۔خوش بیان۔

ط۔م

طمّاع tam-maa(?) (ع۔اسم۔مبالغہ): بہت

لالچی۔ بڑا حریص۔

طُماع tu-maa(?) (ع۔ صف): دیکھیے "طامع" جس کی یہ جمع ہے۔

طمانچہ ta-maaN-cha(h) (ا۔ مذ): تھپڑ۔ جو کسی کے گال پر لگائیں۔

طُمانینت/طمانیت tu-maa-ni-yat/ ta-maa-ni-yat (ع/ف۔ مث): اطمینان، دل، جمعی تسلی

طمث tam-sa: (ع۔ مذ) حیض کا خون۔

طمطراق tam-ta-raaq (ف۔ مذ): شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ کرّوفر۔ رعب داب۔ غرور۔ تکبر۔

طمع ta-ma (ع۔ مث): لالچ۔ حرص۔ چاہ۔

طمعِ خام ta-mi(?)-kam (ع۔ مث): ایسی خواہش جس کا پورا ہونا ناممکن ہو۔ تمنائے ناتمام۔

ط۔ن

طناب ta-naab (ع۔ مث) خیمے کی رسی۔ وہ رسی جس سے زمین ناپتے ہیں۔ بازی گروں کا رسا۔ رسی ڈوری

طنابِ معمار ta-naa-be-ma(?)- maar (ع۔ مث، ترکیب فارسی) معمار کی رسی جس سے دیوار کی سیدھ ناپتے ہیں۔

طنّاز tan-naaz (ع۔ صف) طنز کرنے والا۔ ناز و انداز سے چلنے والا۔ شوخ۔ بیباک۔ چالاک۔ اشارے کنائے میں بات کرنے والا۔ اسم کیفیت مث (ف) طنازی۔

طنبور/طنبورہ tam-buur/tam-buu-ra(h) (ع۔ مذ): ایک قسم کا ستار۔ ایک آلہ موسیقی۔

طنبور نواز tam-buur-na-vaaz (ع ف۔ صف) طنبور بجانے والا اسم کیفیت مث: طنبور نوازی۔

طنز tanz (ع۔ مث): طعنہ۔ مہنا۔ آوازہ۔ ٹھٹھا۔ تمسخر۔

طنز آمیز tanz-aa-mez (ع ف۔ صف): وہ بات جو طعنے کے طور پر کی جائے۔

طنزاً tan-zan (ع۔ متعلق فعل): طعنے سے۔ اشارۃً کنایتہً۔ رمزاً۔

طنزیات tan-zi-yat(h) (ع۔ مث): دیکھیے "طنزیہ" جس کی یہ جمع ہے

طنزیہ tan-zi-yah (ع۔ صف): وہ بات جس میں طنز پائی جائے۔

طنطنہ tan-ta-na (ع۔ مذ): باجے وغیرہ کی آواز۔ کروفر۔ رعب داب۔ شان و شوکت۔ غصہ۔ بدمزاجی۔ شور۔ غلغلہ۔

ط۔و

طواسین ta-va-siin (ع۔ مذ): طس کی جمع۔ حسین بن منصور حلاج کی کتاب کے ابواب۔

طواغیت ta-vaa-Gii-yat (ع۔ مذ): دیکھیے، طاغوت جس کی جمع ہے۔

طوالت ta-vaa-lat (ع۔ مث): طول۔ لمبائی۔ درازی۔ زیادتی افزونی۔

طوالت پذیر ta-vaa-lat-pa-ziir (عف۔ صف): طول پکڑنے والا۔ لمبا ہونے والا۔ اسم کیفیت مث: طوالت پذیری۔

طوائف ta-vaa-if (ع۔ مذ): دیکھیے "طائفہ" جس کی یہ جمع ہے (ا۔ مث) ناچنے والی عورت۔ رقاصہ۔ رنڈی۔

طوائف الملوکی ta-vaa-if-ul-mu-luu- kii (ع ف۔ رث): ہل چل، بدنظمی۔ لاقانونیت۔

طوبیٰ tuu-baa (ع۔ مذ): بہشت کا ایک درخت

(اسث) نہایت خوشبودار۔ خوشگوار۔ اچھا۔ نفیس۔
جائز نہایت پاک۔ خوش خبری۔

طوبیٰ قامت/قد tuu-baa-qaa-mat/ qad
(ع۔صف) طوبیٰ جیسے قد والا خوش قامت۔ دراز قامت۔

طور (سینا) tuur (ع۔مذ): کوہ سینا۔ جزیرہ نمائے سینا میں ایک پہاڑ جہاں حضرت موسیٰ پر تجلّی الٰہی کا ظہور ہوا تھا۔

طور taur (ع۔مذ): حالت۔ طرز۔ ڈھنگ۔ طرح۔ طریقہ۔ طور بے طور ہونا: (ار۔محاورہ) حالت خراب ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔ گڑبڑ ہونا۔

طور طریق/طریقہ taur-ta-riiq (ع۔مذ): رنگ ڈھنگ۔ چال چلن، برتاؤ۔

طوس tuus (ف۔مذ): ایک قسم کا اونی ملائم دلدار کپڑا۔

طوسی tuu-si (ف۔صف): ایک رنگ کا نام جو مازو، کسیس اور پھٹکری سے تیار کیا جاتا ہے۔

طوطا to-taa (ف۔مذ): ایک سبز رنگ کا پرندہ جس کا قد کبوتر کے برابر ہوتا ہے۔ صحیح لفظ توتا ہے۔

طوطا چشم to-taa-chashm (ف۔صف): بے وفا۔ بے مروّت۔ ناآشنا اسم کیفیت مث: طوطا چشمی۔

طوطی tuu-tii (ف۔مذ۔مث): طوطا۔ ایک ساز۔ الغوزہ۔ ایک چھوٹی سبز چڑیا۔ توتا۔

طوطیا tuu-ti-yaa (ع۔مذ): دیکھیے "توتیا" نیلا تھوتھا۔ سُرمہ۔

طوع tau(?) (ع۔مث): رغبت۔ رضا مندی۔ خوشنودی، طاعت۔ فرمانبرداری۔

طوعاً tau-(?)an (ع۔متعلق فعل): رضا مندی سے، بخوشی۔

طوعاً و کرہاً tau-(?)an-va-kar-han
(ع۔متعلق فعل): چاروناچار۔ جبراً قہراً خوشی یا ناخوشی سے۔

طوغ tuuG (ت۔مذ) فوج کا نشان (جھنڈا) (مث) ایک بڑی شمع۔

طوف tauf (ع۔مذ): پھیرا۔ چکر۔ گرد پھرنا۔ حج۔ ایک ایک بیوی کے پاس باری باری جانا۔

طوفان tuu-faan (ع۔مذ): سیلاب۔ شدید بارش۔ آندھی مصیبت۔ بہتان۔ تہمت۔

طوفانِ نوح tuu-faa-ne-nuh (ع۔مذ): وہ طوفان جو نوح علیہ السلام کے زمانے میں لوگوں کے گناہوں کی وجہ سے آیا۔

طوفانی tuu-faa-nii (ع۔صف): طوفان سے منسوب۔ جھوٹا۔ شریر فسادی۔

طوفانی دورہ: tuu-fa-ni-dau-ra(h) (عف۔مذ): وہ طویل دورہ جس میں کسی ایک جگہ قیام بہت مختصر ہو۔ وسیع و عریض علاقہ کا تیزی سے دورہ کرنا۔

طوق tauq (ع۔مذ): گلے کا ایک زیور، کبوتر، فاختہ وغیرہ کے گلے کا گول نشان۔ منت کی چوڑی ہنسلی جو بچوں کے گلے میں پہناتے ہیں۔

طول tuul (ع۔مذ): لمبائی۔ درازی۔ وسعت (صف) طویل۔ بڑا۔ وسیع۔ پھیلا ہوا۔

طول البلد/بلد tuu-lul-ba-lad (ع۔مذ): کسی مقام کا فاصلہ جو نصف النہار کے خطوط سے معلوم کیا جائے۔

طولِ امل tuu-leamal (ع۔مذ): امید کی طوالت کنایۃً دنیا کی طمع۔

طولِ عمرہٗ tuu-la-(?)um-ra-hu (ع۔دعا): خدا عمر دراز کرے (چھوٹوں کو لکھتے ہیں) صحیح دُعا طال عُمرہ ہے۔

طولاً tuu-lan (ع۔متعلق فعل): لمبائی میں۔ لمبائی کی طرف۔

طُوْلانی tuu-laa-nii (ع۔صف): بہت لمبا۔ دراز
طولے tuu-laa (ع۔صف): کامل۔ پورا۔ جیسے یدِ طولیٰ۔
طُوْمار tuu-maar (ع۔مذ): کتاب۔ صحیفہ۔ دفتر۔ مکتوب۔ لپٹا ہوا کاغذ۔ لمبی کہانی۔ کاغذوں کا مٹھا۔ جھوٹی باتیں۔ مبالغہ آمیز باتیں۔
طَوِیل ta-viil (ع۔صف): لمبا۔ دراز۔ ایک بحر یا وزن کا نام۔
طَوِیل الجُثّہ/قامت ta-vii-lul-jus- sah/ qaa-mat (ع۔صف): لمبے قد کا۔
طَوِیل الذَیل ta-vii-lul-ziil (ع۔صف): جس کا دامن لمبا ہو۔ وسیع دامن والا۔
طَوِیلہ ta-vii-la(h) (ع۔مذ): گھوڑوں کا تھان۔ اصطبل

ط۔ہ

طٰہٰ ta-ha (ع۔مث): تلفظ ''طاہا'' ایک مشہور سورت قرآن شریف کی۔ پیغمبر صلعم کا لقب۔
طہارت ta-haa-rat (ع۔مذ): پاکیزگی۔ صفائی۔ پاکی۔ وضو، استنجا۔ آبدست۔ غسل (افعال: کرنا۔ ہونا)
طہارت خانہ ta-haa-rat-Kaa-na-(h) (ع ف۔مذ): نہانے اور وضو کرنے کی جگہ
طُہر tuhr (ع۔مذ): عورت کا حیض سے پاک ہونا۔ وہ ایام جن میں حیض نہ آئے۔
طَہُور ta-huur (ع۔صف): پاک کرنے والا۔ پاک (شراب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

ط۔ی

طے tai (ع۔مذ): قطع مسافت۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا ایک قبیلہ جس سے حاتم طائی تھا۔ فیصلہ بے باقی (صف) کوتاہ۔ مختصر۔
طے کا روزہ tai-kaa-ro-za(h) (ع۔مذ): وہ روزہ جو تیسرے دن افطار کیا جائے۔
طیّار (ع۔صف): اُڑنے والا۔ تیز دوڑنے والا۔ پردار جانور۔ جعفرؓ بن ابوطالب کا لقب۔
طیّارہ tay-yaa-rah (ع۔مذ) ہوائی جہاز
طیّاری tay-yaa-rii (ع۔مث): فربہی جو ورزش کرنے سے ہوئی ہو۔
طیّب tay-yab (ع۔مذ): اچھا۔ عمدہ۔ نفیس۔ پاک خوشگوار لذیذ۔ جائز۔ پیغمبر صلعم کے ایک بیٹے کا نام۔ مث طیبہ: جمع: طیبات۔
طِیب tiib (ع۔مث): خوشی۔ رضا مندی۔ خوشبو مہک۔ کسی چیز کا بہترین حصہ۔
طِیبِ خاطر ti-i-be-Kaa-tir (ع۔مث): رضا مندی۔ خوشنودیٔ مزاج۔
طِیبت tii-bat (ع۔مث): جائز کام۔ خالص شراب۔ چاہ زمزم۔ مذاق۔ چہل
طیبہ tay-ya-ba(h) (ع۔مذ): مدینہ منورہ کا نام۔
طیران گاہ tai-raan-gaah (عف۔مث): اُڑنے کی جگہ۔ ہوائی اڈا وہ مقام جہاں سے ہوائی جہاز اُڑتے ہیں۔ مطار۔
طیش taish (ع۔مذ): غصہ۔ غصب۔ جوش۔ قہر (افعال: آنا۔ دلانا)
طِیف tiif (ع۔مذ): ٹکڑا جو روشنی کی شعاع کو مختلف رنگوں میں ظاہر کرتا ہے انگریزی لفظ (prism) کا ترجمہ۔
طِینت tii-nat (ع۔مث) سرشت۔ طبیعت۔ خو عادت۔ فطرت۔
طُیُور tu-yuur (ع۔مذ): دیکھئے ''طائر'' جس کی یہ جمع ہے۔

ظ

ظ z: (ع۔مث) اس حرف کو اُردو میں ظوئے کہتے ہیں۔ طا سے ممیّز کرنے کے لیے اُسے ظائے منقوطہ یا معجمہ بھی کہتے ہیں۔

یہ اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں تیئسواں حرف ہے۔ یہ 'ز' آواز کی نمائندگی کرتا ہے اور اردو کے ان الفاظ میں استعمال ہوتا ہے جو عربی سے مستعار ہیں۔

ظ۔ا

ظالم zaa-lim (ع۔صف): ظلم کرنے والا۔ سنگدل۔ بےرحم۔ کنایۃً معشوق۔ بےانصاف۔

ظالمانہ zaa-li-maa-na(h) (عف۔صف): ظلم سے بھرا ہوا۔ ظالم کا طریقہ

ظالموں کا بادشاہ: (ع۔صف): سخت ظالم۔

ظالمی zaa-li-mii (عف۔مث) ظلم۔ انتہائی زیادتی۔

ظاہر zaa-hir (ع۔صف): عیاں۔ آشکار۔ صاف۔ کھلا۔ (مذ) خدا کا ایک نام۔ اوپری حالت/صورت۔ نمائش دکھاوا۔ لکھنؤ میں خاکروبوں کا پیر۔

ظاہر/ظاہراً zaa-hi-ran (ع متعلق فعل): ظاہر میں۔ آشکارا۔ عیاں۔

ظاہر بین zaa-hir-biin (عف۔صف): ظاہر دیکھنے والا۔ اسم کیفیت مث: ظاہر بینی۔

ظاہر پرست Zaa-hir-pa-rast (عف۔صف): دنیادار۔ ظاہری باتوں پر عمل کرنے والا۔ ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا۔ اسم کیفیت مث: ظاہر پرستی۔

ظاہر دار Zaa-hir-daar (عف۔صف): دکھاوے کا برتاؤ کرنے والا اسم کیفیت مث: ظاہر داری۔

ظاہر ظہور zaa-hir-za-huur (ع۔متعلق فعل): کھلم کھلا۔ ظاہری طور پر۔

ظاہر و باطن zaa-hi-ro-baa-tin (ع۔مذ): اندر اور باہر۔ زبان اور دل۔

ظاہری zaa-hi-ri (ع۔صف): نمائشی۔ دکھاوے کا۔ ظاہر کا بدیہی۔ کھلا ہوا۔

ظاہریت zaa-hi-ri-yat (ع۔مث) دیکھیے ''ظاہری'' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ ظاہر داری۔

ظ۔ر

ظرّاف zar-raaf (ع۔مبالغہ) بہت زیادہ ہنسنے والا، بہت دانا۔ چتر۔

ظرافت za-raa-fat (ع۔مث): دل لگی ٹھٹھا۔ تمسخر۔ نفاست عمدگی۔

ظرافت آمیز za-raa-fat-aamez (عف۔صف): ظرافت ملی ہوئی۔ دل لگی کی۔ اسم کیفیت مث: ظرافت آمیزی۔

ظرافت انگیز za-raa-fat-an-gez (عف۔صف): مسخرے پن کا۔ مذاقیہ۔ دل لگی کا۔ اسم کیفیت مث: ظرافت انگیزی۔

ظرافت پسند za-raa-fat-pa-sand (عف۔صف): جو دل لگی پسند کرے۔ اسم کیفیت مث: ظرافت پسندی۔

ظرافتاً za-raaf-tan (ع۔متعلق فعل) مذاقاً۔ دل لگی سے۔

ظرف zarf (ع۔مذ): چالاکی۔ ہنر۔ کاری گری۔ نفاست۔ خوبی۔ تہذیب۔ قابلیت۔ لیاقت۔ حوصلہ۔

برتن (صف) وہ اسم جو مقام یا وقت پر دلالت کرے۔

ظرفِ زماں zar-fe-za-maaN (ع۔مذ): وہ اسم جو مطلق زمانے پر دلالت کرے۔

ظُرفاء zur-faa (ع۔مذ): دیکھیے 'ظریف' جس کی یہ جمع ہے۔

ظرفیت zar-fi-yat (ع۔مث): حوصلہ۔ دلیری۔ مکانیت ظرف ہونے کی حالت۔

ظُرُوف zu-ruuf (ع۔مذ): دیکھیے 'ظرف' جس کی یہ جمع ہے۔

ظریف za-riif (ع۔صف): خوش طبع آدمی۔ مسخرا۔ باذاق شخص، نفیس وعمدہ ٹھٹھے باز۔ لطیفہ گو۔ ہنسی اور دل لگی کرنے والا۔ مث: ظریفہ۔

ظریفانہ za-rii-faa-nah (ع۔صف): ظرافت کا۔ مسخرے پن کا۔

ظ۔ف

ظفر za-far (ع۔مث): فتح۔ کامیابی۔ (افعال: پانا۔

ظفر آیات/آیہ/اثر/پیکر فوج za-far-aa- yaat (عف۔صف) جو اکثر فتح پاتا ہے۔

ظفر انگیز za-far-an-gez (عف۔صف): فاتح، کامیاب۔

ظفر تکیہ za-far-tak-yah (ع۔مذ): ایک لکڑی جس پر فقیر اپنے بدن کا بوجھ ڈالتے ہیں۔ جب بیٹھے بیٹھے تھک جاتے ہیں، اس میں چھری بھی ہوتی ہے۔ لوہے کی نوکدار سلاخ۔ خنجر۔ پتلی اور لمبی چھری۔

ظفر التوام za-far-at-vaam (ع۔صف): فتح پانے والا۔

ظفر جنگ za-far-jang (ع۔مذ): ایک قسم کا فوجی خطاب۔

ظفر شعار za-far-shi-(?)aar (ع۔صف): فاتح۔

ظفر صُورت za-far-suu-raat (ع۔صف): فاتح۔ جس کی صورت سے فتح کرنا ظاہر ہو۔

ظفر قریب/مُراد/نشان za-far-qa-riib/ mu-rad/ni-shaan (ع۔صف): جس کے حملے کے ساتھ فتح وابستہ ہو۔

ظفریاب za-far-yaab (ع۔صف): فتح پانے والا۔ اسم کیفیت مث: ظفریابی۔

ظفرہ za-fa-rah (ع۔مث): آنکھ کی ایک بیماری / ناخنہ/ ناخونہ

ظ۔ل

ظِل zil (ع۔مذ): سایہ۔ پناہ۔ چھاؤں

ظِل اللہ/سبحانی zil-lul-laah/sub-haa-nii (ع۔مذ): خدا کا سایہ۔ کنایتہً بادشاہ۔

ظِلِ حمایت zil-le-hi-maa-yat (ع۔مذ): حمایت کی پناہ۔

ظِلِ عنایت zil-le-(?)i-naa-yat (ع۔مذ): مہربانی کی پناہ۔

ظِلِ ہُما zil-le-hu-ma(a) (ع۔مذ): ہُما کا سایہ، کہتے ہیں ہما کا سایہ جس شخص پر پڑے وہ بادشاہ ہوتا ہے۔ سایہ کی جگہ۔

ظَلال za-laal (ع۔مذ): ابر کا سایہ۔ دماغ۔ پشت۔

ظِلال zi-laal (ع۔مذ): دیکھیے 'ظِل' جس کی یہ جمع ہے۔

ظلام za-laam (ع۔مذ) رات کی تاریکی۔ اندھیرا۔ شام کا دُھندلکا۔

ظُلم zulm (ع۔مذ) بے انصافی۔ زبردستی۔ جبر۔ زیادتی۔ جور۔ ستم۔ جفا۔ آفت۔ مصیبت۔ کمزور کو ستانا۔ بھاری بوجھ۔ بھاری مالگزاری۔ نقصان۔

ضرر۔ سختی استحصال بالجبر۔ کوئی چیز زبردستی لے لینا۔ اندھیرا۔ تاریکی۔ بُت پرستی۔ بے انصافی کرنا۔

ظُلم پرور zulm-par-var (عف۔ صف): ظلم کو رونق دینے والا۔ ظالم اسم کیفیت مث: ظلم پروری۔

ظُلم پسند zulm-pa-sand (عف۔ صف) ظلم کرنے والا۔ ظلم کو پسند کرنے والا اسم کیفیت مث: ظلم پسندی۔

ظُلم پیشہ: zulm pe-shah (عف۔ صف): جو ظلم کا عادی ہو۔ اسم کیفیت مث، ظلم پیشگی۔

ظُلم دوست zulm-dost (عف۔ صف): ظلم کو پسند کرنے والا۔ ظالم۔

ظُلم شِعار zulm-shi-(?)aar (ع۔ صف): ظلم پیشہ، ظالم اسم کیفیت مث: ظلم شعاری۔

ظُلم کیش zulm-kesh (عف۔ صف) ظالم۔ اسم کیفیت مث: ظلم کیشی۔

ظلم وستم zul-mo-si-tam (ع۔ مذ) بے حد ظلم۔ جبر و تشدد

ظلما ظلمی zul-maa-zul-mii (ار۔ متعلق فعل): زبردستی سے۔ جبراً۔

ظلمات zul-maat (ع۔ مذ) دیکھئے "ظلمت"، جس کی یہ جمع ہے۔ وہ تاریکی جو سکندر اعظم کو آب حیات کے چشمے تک جاتے ہوئے ملی تھی۔ ایک ملک جہاں ہر وقت اندھیرا ہی رہتا ہے۔ یورپ اور افریقہ کے مغربی سمندر یعنی بحر اوقیانوس کا دوسرا نام۔

ظلماتی zul-maa-tii (ع۔ صف): تاریک۔ سیاہ۔ اندھیرے سے نسبت رکھنے والا۔

ظلمت zul-mat (ع۔ مث) اندھیرا۔ تاریکی سیاہی۔

ظلمت آباد zul-mat-aa-baad (عف۔ مذ) تاریک مقام۔ کنایۃً دنیا۔

ظلمت خانہ/ظلمت کدہ zul-mat-Kaa-nah/ zul-mat-ka-dah (عف۔ مذ) دیکھئے "ظلمت آباد"

ظلمی zul-mii (ع۔ صف) ناانصاف۔ ظالم۔

ظلوم za-luum (ع۔ مبالغہ) سخت ظالم۔

ظلوم وجہول za-luu-mo-ja-huul: (ع۔ صف) سخت ظالم اور جاہل، کنایۃً انسان۔

ظلّی zil-lii (ع۔ مث) دیکھیے "ظل" جس سے یہ منسوب ہے۔

ظلّی نبی zil-le-na-bii غیر تشریعی نبی۔ وہ نبی جو کسی صاحب شریعت نبی کے تابع ہو (یہ اصطلاح قادیانیوں کی وضع کردہ ہے)

ظ۔ و

ظواہر za-vaa-hir (ع۔ مذ) ظاہر کی جمع۔ ظاہر شکلیں۔ وہ قریش جو مکہ کے باہر خیمہ زن ہوتے تھے۔

ظ۔ ہ

ظِہار zi-haar (ع۔ مذ): مرد کا اپنی بیوی کو اپنی ماں بہن سے تشبیہ دینا۔ طلاق کا ایک انداز۔

ظُہر zu-har (ع۔ مذ): دوپہر ڈھلے کا وقت۔ تیسرا پہر۔ دوسری نماز کا وقت۔

ظہر zahr (ع۔ مذ): پیٹھ۔ پُشت۔

ظہرانہ zah-raa-na (عف۔ مذ): دوپہر کا کھانا۔ انگریزی لفظ Lunch کا ترجمہ۔

ظہرین zah-riin (ع۔ مذ): ظہر اور عصر کی نمازیں۔

ظہری zah-rii (ع۔ صف): پشت پر لکھا ہوا۔ پُشت سے متعلق و منسوب۔

ظہور zu-huur (ع۔ مذ) ظاہر۔ نمائش۔ دکھاوا۔ نمود۔ (افعال) پانا۔ کرنا۔ ہونا)

ظہیر za-hiir (ع۔ صف) مددگار۔ معاون۔ مث ظہیرہ۔

ع

ع: (ع۔مذ) اس حرف کا نام عین ہے۔ اسے عین سے ممیز کرنے کے لیے عین مہملہ یا غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ یہ اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں چوبیسواں حرف ہے۔ عام طور پر اردو میں اس کا تلفظ نہیں ہوتا اور صرف ان الفاظ میں لکھا جاتا ہے جو عربی سے مستعار ہیں۔ یہ تلفظ میں اپنے آگے پیچھے آنے والے حرفِ علت میں ضم ہو جاتا ہے۔

ع۔ا

عابد aa-bid(?) (ع۔صف): عبادت کرنے والا۔ پرہیزگار۔ متقی۔ زاہد مث: عابدہ

عاج aaj(?) (ع۔مذ): ہاتھی دانت

عاجز aa-jiz (?) (ع۔صف): کمزور، ناتواں۔ ضعیف۔ حیران مث: عاجزہ۔ اسم کیفیت مث: عاجزی۔

عاجز نواز aa-jiz-na-vaaz(?) (عف۔صف): بے کس کی امداد کرنے والا۔ غریب کا امدادی۔ اسم کیفیت مث، عاجز نوازی۔

عاجل aa-jil (?) (ع۔صف): جلد باز۔ جلدی کرنے والا۔ جلد ہونے والا۔ مث: عاجلہ۔

عاد aad(?) (ع۔مذ): ایک قوم جس پر حضرت ہودؑ بھیجے گئے تھے، مگر انھوں نے نافرمانی کی اور ہلاک ہوئے (بہ تشدید دال) شمار کرنے والا۔

عادت aa-dat (?) (ع۔مث) خصلات۔ خُو۔ ریت۔ لت۔ طلب۔ جمع عادات۔

عادل aa-dil(?) (ع۔صف) عدل کرنے والا۔ جس کی گواہی شرع میں معتبر ہو۔

عادلانہ aa-di-laa-na(h)(?) (عف متعلق فعل) انصاف کے طور پر۔

عادی aa-dii(?) (عف) قوم عاد کا فرد۔ خوگر۔ جسے کوئی لت پڑ جائے (افعال کرنا۔ ہونا)

عار aar(?) (ع۔مث): شرم۔ ننگ۔ عیب۔ نقص۔ بے عزتی۔ دُشنام۔ گالی

عارض aa-riz (?) (ع۔صف): پیش آنے والا۔ واقع ہونے والا، گال۔ رخسار۔ فوج کا بخشی۔

عارضہ aa-ri-za (ع۔مذ): بیماری۔ مرض۔

عارضی aa-ri-zii (?) (ع۔صف): اتفاقیہ۔ چند روزہ۔ جو مستقل نہ ہو۔ نقلی۔ غیر اصلی۔

عارف aa-rif (?) (ع۔صف): پہچاننے والا۔ خداشناس ولی مث: عارفہ

عارفانہ aa-ri-faa-na(h)(?) (ع متعلق فعل): عارف سے منسوب۔ عقلمندانہ۔ عارف کی طرح۔

عارف باللہ aa-rif-bil-la(h)(?) (ع۔صف): خداشناس۔

عاریت نامہ aa-ri-yat-naa-ma(?) (ع۔مذ): مانگی ہوئی چیز کو واپس کرنے کا تحریری اقرار۔

عاریتاً aa-ri-ya-tan(?) (ع متعلق فعل): چند روز کے لیے بطور قرض اُدھار (افعال: دینا۔ لینا۔ مانگنا)

عاریتی aa-ri-ya-tii(?) (ع۔صف): عارضی۔ چندروزہ۔ مستعار۔

عازم aa-zim(?) (ع۔صف) ارادہ یا قصد کرنے والا۔

عاشر aa-shir(?) (ع۔صف): دسواں (اند) شمار میں دسواں حصہ مث: عاشرہ۔

عاشرت aa-shi-rat (?) (ع۔مث): قرآن شریف کی ہر دسویں آیت جمع: عاشرات

عاشق aa-shiq (?) (ع۔صف) فریفتہ۔ پسند کرنے والا۔ جو کسی پر فریفتہ ہو۔ عورت ہو یا مرد دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

عاشقانہ aa-shi-qaa-na(h) (?) (عف۔صف): عاشقوں سے منسوب۔ عاشقوں کا سا۔

عاشقی aa-shi-qii (?) (ع۔مث) عشق ہونا۔ عشق۔ محبت۔ محویت۔

عاشُور / عاشور / عاشورہ aa-shuur / aa-sho-ra (?) (ع۔مذ): ماہ محرم کی دسویں تاریخ، حضرت امام حسینؑ کی شہادت کا دن۔

عاصم aa-sim (?) (ع۔صف) نگاہ رکھنے والا۔ باز رکھنے والا۔ بچا ہوا۔ باعصمت۔ مث۔ عاصمہ۔

عاصی aa-sii (?) (ع۔صف) گناہ گار۔ نافرمان۔ باغی۔ سرکش۔

عاطر aa-tir (?) (ع۔صف) خوشبودار۔ معطر۔ پاکیزہ۔ نفیس (خاطر کے ساتھ بطور تابع استعمال ہوتا ہے۔

عاطف aa-tif (?) (ع۔صف): جھکنے والا۔ مہربانی کرنے والا۔ مث۔ عاطفہ۔

عاطفت aa-ti-fat (?) (ع۔مث) شفقت۔ مہربانی۔ جھکاؤ۔ میلان۔

عاطفہ aa-ti-fa(h) (?) (ع۔صف): جھکا ہوا۔ ملانے والا۔ جیسے واو عاطفہ۔ (عاطف کی تانیث)

عافیت aa-fi-yat (?) (ع۔مث): سلامتی۔ بچاؤ۔ آرام۔ آسائش۔ نیکی۔ خیریت۔

عافیت اندیش aa-fi-yat-an-desh (?) (عف۔صف): خیر اندیش۔ اسم کیفیت مث: عافیت اندیشی۔

عافیت سوز aa-fi-yat-soz (?) (عف۔صف): امن وسکون برباد کرنے والا اسم کیفیت مث: عافیت سوزی۔ عافیت بیزار۔

عاق aaq (?) (ع۔صف): نافرمان۔ سرکش۔ ماں باپ کا حکم نہ ماننے والا۔ الگ۔ منقطع۔

عاق نامہ aaq-na-ma (?) (ع۔ف۔مذ): فرزندی سے محروم کرنے کی دستاویز۔

عاقبت aa-qi-bat (?) (ع۔مث) انجام۔ نتیجہ۔ خاتمہ۔ آخرت۔ عُقبیٰ، زمانہ آئندہ۔ قیامت کا دن (متعلق فعل) آخرکار۔ بالآخر۔

عاقبت اندیش aa-qi-bat-an- desh (?) (عف۔صف) دُور اندیش۔ انجام بین ہوشیار۔ اسم کیفیت مث: عاقبت اندیشی۔

عاقبت بین aa-qi-bat-biin (?) (عف۔صف): انجام سے ہوشیار۔ اسم کیفیت مث: عاقبت بینی۔

عاقبت کا توشہ aa-qi-bat-ka-to-shah (?) (ع۔مذ): اعمال نیک۔ وہ اعمال جو عاقبت میں کام آئیں۔

عاقبت کار aa-qi-bat-kaar (?) (عف۔متعلق فعل): بالآخر۔ انجام کار۔

عاقر aa-qir (?) (ع۔صف): بانجھ۔ جس کے اولاد نہ ہوتی ہو۔ مث عاقرہ۔

عاقل aa-qil (?) (ع۔صف): عقل مند۔ دانا۔ مث: عاقلہ۔

عاقلانہ aa-qi-laa- na(h) (?) (ع۔صف): عقلمندانہ۔ عقلمندی کا۔ عقل مندوں کا۔

عاکف aa-kif (?) (ع۔صف): اعتکاف کرنے والا۔ مث: عاکفہ۔

عالم aa-lam (?) (ع۔مذ): جہاں۔ زمانہ۔ دُنیا۔

مخلوقات۔ طور طریقہ۔ صورت۔ گت۔ رونق۔ رُوپ بہار۔ خوبصورت نظارہ۔

عالمِ آخرت (?)aa-lam-aaK-rat (ع۔مذ): آخرت عُقبیٰ۔

عالم آرا (?)aa-lam-aa-raa (عف۔صف): دنیا کو آراستہ کرنے والا۔ کنایتہً خدا۔ اسم کیفیت مث: عالم آرائی۔

عالم آشنا (?)aa-lam-aash-naa :(عف۔مذ): جس کو تمام دنیا جانے۔ کنایتہً خُدا۔

عالمِ ارواح (?)aa-la-me-ar-vaa(h) (ع۔مذ): رُوحوں کا جہاں۔

عالمِ اسباب (?)aa-la-me-as-baab (ع۔مذ): سببوں کا عالم۔ کنایتہً یہ دُنیا۔

عالم افروز (?)aa-la-me-af-roz (ع۔صف): عالم کو روشن کرنے والا: سورج کی تعریف۔ اسم کیفیت مث: عالم افروزی۔

عالمِ اَمر (?)aa-la-me-amr (ع۔مذ): تصوف میں ملائکہ، عالم ارواح۔

عالمِ بالا aa-la-me-baa-laa (عف۔مذ): فرشتوں کا عالم یا جہاں۔

عالم پناہ (?)aa-lam-pa-naah (عف۔صف): وہ جس کے پاس مخلوق کو امن ملے۔ جہاں پناہ ملے۔ کنایتہً بادشاہ۔

عالم تاب (?)aa-lam-taab (عف۔صف): دیکھئے "عالم افروز" اسم کیفیت مث: عالم تابی۔

عالمِ جبرُوت (?)aa-la-me-jab-ruut (ع۔مذ): فرشتوں کی دنیا۔ وہ عالم جو ستاروں کے اُوپر ہے اور جہاں فرشتے رہتے ہیں۔ صفاتِ خدا کا مرتبہ۔

عالمِ خواب (?)aa-la-me-kwaab (عف۔مذ) وہ دنیا جو خواب میں نظر آئے۔ دنیا۔ نیند کی حالت۔

عالمِ شہُود (?)aa-la-me-sha-huud (ع۔مذ): وہ عالم جس میں سب کچھ نظر آئے۔ اصطلاح تصوف میں وہ حالت جس میں جلوۂ حُسن ہر چیز میں نظر آئے۔

عالمِ فانی (?)aa-la-me-faa-nii (ع۔مذ): دنیا جو ختم ہو جائے گی۔ فنا ہونے والی دُنیا۔

عالمِ قُدس (?)aa-lam-mo-quds (ع۔مذ): بہشت۔ عالم جبروت۔

عالم کبیر (?)aa-lam-ka-biir (ع۔مذ): کل کائنات۔ قدرت۔

عالم گیر (?)aa-lam-giir (عف۔صف): دنیا کو فتح کرنے والا۔ دنیا میں پھیلا ہوا۔ دہلی کے شہنشاہ اورنگ زیب کا لقب۔

عالمِ لاہُوت (?)aa-la-me-laa-huut (ع۔مذ): عالم ذات الٰہی جہاں سالک کو مقام فنائی اللہ کا مقام حاصل ہو جاتا ہے۔

عالمِ مِثال (?)aa-la-me-mi-saal (ع۔مذ): خیالات کا عالم۔ ایک عالم جو اس سے لطیف تر ہے اور اس میں بھی اسی طرح کی چیزیں ہیں۔

عالمِ مَلکُوت (?)aa-la-me-mal-kuut (ع۔مذ): فرشتوں کا عالم۔

عالمِ ناسُوت (?)aa-la-me-na-sut (ع۔مذ): دنیائے فانی۔

عالمِ یاس (?)aa-la-me-yaas (ع۔مذ): ناامیدی کی حالت۔

عالِم (?)aa-lim (ع۔صف): جاننے والا۔ صاحبِ علم۔ فاضل بہت پڑھا ہوا۔ مث: عالِمہ۔

عالمِ غیب (?)aa-li-me-gaib (غیب کی باتوں کا

رجاننے والا ۔ اللہ تعالیٰ ۔)

عالمی aa-la-mii(?) (غ ۔ صف): دنیا میں رہنے والا ۔ جمع ۔ عالمیان عالم سے متعلق ۔ عالمگیر ۔ آفاقی ۔

عالی تبار aa-lii-ta-baar(?) (ع ۔ صف): اعلیٰ خاندان کا ۔

عالی جاہ/ جناب/ حضرت/ قدر/ aa-lii-jaah(?)/ja-naab/haz-rat/qadr (عف ۔ صف): بلند مرتبہ رئیسوں اور امیروں کے لیے مستعمل ہے ۔

عالی خاندان aa-lii-Kaan- daan(?) (ع ۔ صف) بڑے یا شریف گھرانے کا ۔

عالی دماغ aa-lii-di-maaG(?) (ع ۔ صف): بڑے دماغ والا ۔ عقل مند ۔ اسم کیفیت مث: عالی دماغی ۔

عالی شان aa-lii-shaan(?) (ع ۔ صف): بڑی شان والا ۔ بڑے مرتبے کا ۔ شان دار ۔

عالی ظرف aa-lii-zarf(?) (ع ۔ صف): بڑے حوصلے والا ۔ بلند حوصلہ ۔

عالی نظر aa-lii-na-zar(?) (ع ۔ صف) بلند نظر ۔

عالی ہمّت aa-lii-him-mat(?) (ع ۔ صف): بلند حوصلہ ۔ اسم کیفیت مث: عالی ہمتی ۔

عام aam(?) (ع ۔ صف): سب ۔ تمام ۔ مشہور ۔ پھیلا ہوا ۔ رسمی ، رواجی ۔ بکاری ۔ معمولی ۔ مستعمل ۔ مروج ۔ مشترک ۔ مشتمل ۔ بہت ۔ سب جگہ ملنے والا ۔ سال ۔ برس ۔

عام پسند aam-pa-sand(?) (ع ۔ صف): وہ جسے ہر کوئی پسند کرے ۔

عام فہم aam-fe-ham(?) (ع ۔ صف): جسے سب سمجھ جائیں ۔ آسان ۔ سہل ۔

عامر aa-mir(?) (ع ۔ صف): آباد ۔ آباد کرنے والا ۔ بھرا ہوا ۔ مث عامرہ ۔

عامل aa-mil(?) (ع ۔ صف): کام کرنے والا ۔ عمل کرنے ولا ۔ وہ جو کسی عمل پر باقاعدہ عمل کرے (مذ) سیانا ، تعویذ ، منتر کرنے والا ۔ بھوت پریت آسیب نکالنے والا ۔ حاکم ، عہدیدار ۔ افسر ۔

عامّہ aam-ma(h)(?) (ع ۔ صف): کل ۔ سب ۔ تمام ۔ مشہور ۔ سب پر چھائی ہوئی چیز ۔

عامی aa-mii(?) (ع ۔ صف): جاہل ۔ ناخواندہ ۔

عامیانہ aa-mi-yaa-naa(?) (ع ۔ متعلق فعل): عوام کا ۔ جاہلوں کا سا ۔

عاید aa-id(?) (ع ۔ صف) اُلٹ کرنے والا ۔ عود کرنے والا ۔ پھرنے والا ، آنے والا ۔ واپس ہونے والا ۔ دہرانے والا ۔ واقع ہونے والا ۔

عایدہ aa-i-da(h)(?) (ع ۔ مث): حصول ۔ رسم رواج ، عائد کی تانیث ۔

عائش aa-ish(?) (ع ۔ صف): خوشحالی آدمی ۔

عائشہ aa-i-sha(?) (ع ۔ مث) دیکھیے "عائش" جس کی یہ تانیث ہے ۔ پیغمبر صلعم کی سب سے چھوٹی بیوی اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کی لڑکی ۔

عائلہ aa-i-la-(h)(?) (ع ۔ مذ): خاندان

عائلی aa-i-lii(?) (عف ۔ صف): خاندان سے متعلق ۔ بیاہ شادی سے متعلق ۔

ع ۔ ب

عبا a-baa(?) (ع ۔ مذ): ایک لمبا کوٹ چغہ جو پاؤں تک لمبا ہوتا ہے ۔ (افعال ، پہننا ، پہنانا)

عبا پوش a-baa-posh(?) (عف ۔ صف): وہ جو عبا پہنے ہوئے ہو ۔

عبّاد ab-baad(?) (ع ۔ اند): عابد کی جمع عبادت کرنے والا ۔

عِباد ai-baad(?) (ع۔ مذ) دیکھیے ''عبد'' جس کی یہ جمع ہے۔

عِبادت i-baa-dat(?) (ع۔ مث): خدا کی بندگی۔ پرستش، نماز، پوجا کرنا (افعال، کرنا، ہونا)

عبادت خانہ/کدہ/گاہ i-baa-dat-Kana-ka-da/gaah (عف۔ مث): پرستش یا عبادت کرنے کی جگہ۔ معبد۔

عِبارت i-baa-rat(?) (ع۔ مث): تحریر۔ مضمون۔ بیان جو لکھا ہوا ہو۔ طرز تحریر۔ بیان کرنا۔ خواب کی تعبیر کرنا۔ مراد۔ مطلب۔ جمع: عبارات۔

عِبارت آرائی i-baa-rat-aa- raa-ii(?) (ع۔ مث): مضمون کی رنگینی۔ اچھا مضمون۔

عِبارتِ ظہری i-baa-rate-zah-rii(?) (ع۔ مث): وہ عبارت جو کسی تحریر کی پشت پر لکھی جائے۔

عبّاس ab-baas(?) (ع۔ مذ): رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا عباسؓ بن عبدالمطلب۔ شیر۔ درندہ۔

عبّاسی ab-baa-sii(?) (ع۔ صف): حضرت عباسؓ سے منسوب۔ نیم سُرخ رنگ جو قدرے نیلا پن لیے ہو۔ ایک پھول والے پودے کا نام سنگ مرمر کی ایک قسم۔

عَبَث a–bas(?) (ع۔ صف) فضول۔ بے فائدہ بے وجہ۔ ناحق۔ کھیل کود۔

عبدٗ abd(?) (ع۔ مذ) بندہ۔ غلام۔ بندگی۔

عبدیّت ab-di-yat(?) (ع۔ مث): غلامی۔ بندگی۔

عبر ibr (ع۔ مذ): تعبیر گوئی۔ گھاٹ۔ عبور کرنے کی جگہ گھاٹ کا محصول۔ کنعان۔ دریائے فرات اور عرب کا درمیانی علاقہ۔

عبرانی ib-raa-ni(?) (ع۔ مث) اہلِ کنعان کی زبان، یہودیوں کی زبان۔

عِبرت ib-rat(?) (ع۔ مث): نصیحت۔ پند، خوف تنبیہ، سبق آموز۔

عبرت آمیز/انگیز/خیز ib-rat-aa-mez an-gez/Kez (ع۔ صف): عبرت دلانے والا وہ جس سے آدمی ڈر کر عبرت پکڑے۔ اسم کیفیت مث۔ عبرت آمیزی، انگیزی۔

عِبرت پذیر ib-rat-pa-ziir:(?) (ع۔ صف): عبرت پکڑنے والا۔ اسم کیفیت مث: عبرت پذیری۔

عِبرتناک ib-rat-naak(?) (ع۔ صف): عبرت دلانے والا۔

عبقری ab-qa-rii(?) (ع۔ صف) نہایت، اچھا، اعلیٰ۔ سردار، ذہین۔ فطین۔ (۲) عجیب وغریب۔

عبقریّت ab-qa-ri-yat(?) (ع۔ مث): دیکھیے ''عبقری'' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عُبُودیّت u-buu-di-yat(?) (ع۔ مث) اطاعت۔ بندگی۔

عُبُور u-buur(?) (ع۔ مث) پار اُترنا۔ گزر جانا۔ پانی میں سے گزرنا، دریا کے پار جانا۔ راہ طے کرنا۔ مسائل پر حاوی ہونا۔ مہارت حاصل کرنا ہونا۔

عُبُوری u-buu-rii(?) (ع۔ صف): عارضی وقتی۔

عُبُوس a-buus(?) (ع۔ صف): ترش رو۔ چڑچڑا۔ شیر بیشہ۔

عُبُوسَت a-buu-sat(?) (ع۔ مث): دیکھیے ''عبوس'' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عبہر ab-har(?) (ع۔ مث) طویل القامت۔ سڈول (2) نرگس کی ایک قسم جو اندر سے زرد ہوتی ہے۔ صف نسبتی۔ عبہری۔

عُبَید u-baid(?) (ع۔ اندمث) عَبد کی تصغیر۔

عبید a-biid(?) (ع۔ مذ) عبد کا اسم جمع، بہت سے غلام۔

عبیر a-biir(?) (ع۔ مذ) ایک خوشبودار مصالحہ جسے زعفران، عنبر وغیرہ ملا کر بناتے ہیں اور ہولی یا دوسرے تہواروں و تقریبات میں کپڑوں پر چھڑکتے ہیں۔ صف نسبتی: عبیری۔

ع۔ت

عتاب i-taab(?) (ع۔مذ) غصہ۔ غضب۔ ناراضی۔

عتاب نامہ i-taab-naa-mah(?) (ع۔مذ) وہ خط جس میں عتاب کا مضمون ہو۔

عترت it-rat(?) (ع۔مث): قریبی رشتہ دار۔ اولاد۔ بیٹے۔ بیٹیاں۔

عتق i-taq(?) (ع۔مث): آزادی۔

عتق atq(?) (ع۔مذ): پرانا پن۔ کہنگی، قدامت۔

عتیق a-tiiq(?) (ع۔صف): آزاد۔ پرانا۔ بزرگ۔ برگزیدہ۔ حضرت ابوبکرؓ کا ایک لقب۔ کعبۃ اللہ کی ایک صفت، مث۔ عتیقہ

عتیقیات a-tiiq-yaat(?) (ع۔مث): پرانی چیزوں کا علم۔

ع۔ث

عثمان us-maan(?) (ع۔مذ) مشہور صحابی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد اور خلیفہ ثالث۔

عثمانی us-maa-nii(?) (عف۔صف): عثمان کی اولاد۔ جو ترکوں کا مورث اعلیٰ تھا۔ ترک

ع۔ج

عجاج a-jaaj(?) (ع۔مذ) غبار۔ گرد۔ دھول۔

عجایب a-jaa-yab(?) (ع۔صف): عجیب کی جمع۔ اُردو اور فارسی میں بطور واحد بھی مستعمل ہے۔ جمع الجمع: عجائبات۔

عجایبُ المخلوقات a-jaai-bul-maK-luu-qaat(?) (ع۔مث): وہ چیزیں جن کی پیدائش حیرت انگیز ہے جو پیدائش ہی سے تعجب انگیز ہو، عجیب و غریب چیزیں۔

عجایب خانہ/گھر a-jaa-yab-kaa-na/ ghar (ع۔مذ): وہ مکان جہاں عجیب و غریب اور نادر چیزیں لوگوں کے دیکھنے کے لیے رکھی جائیں۔

عجایب وغرایب a-jaa-ya-bo-Ga-raa-ib(?) (ع۔مذ): انوکھی اور عجیب چیزیں۔

عجایز a-jaa-iz(?) (ع۔مث) جمع عجوزہ کی۔ بوڑھی عورتیں۔

عُجب ujb(?) (ع۔مذ): غرور۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ خود بینی۔ کبر۔ فخر۔

عجب a-jab(?) (ع۔صف): نادر۔ انوکھا۔ عجیب۔ حیرت انگیز۔ تعجب خیز، طرفہ۔ اچنبھے میں ڈالنے والا حیرت۔ تعجب۔

عجز ijz(?) (ع۔مذ): ناچاری۔ عاجزی۔ منت۔ گڑگڑانا۔ انکسار۔ فروتنی (افعال: کرنا۔ ہونا)

عُجلت uj-lat(?) (ع۔مث): جلدی۔ تیزی۔ پھرتی (اردو میں بضم اوّل بھی مستعمل ہے)

عجم a-jam(?) (ع۔مذ): عرب کے سوا کوئی۔ وہ لوگ جو عرب نہ ہوں۔ اجنبی۔ گونگا۔

عجمی aj-mii(?) (ع۔صف): عجم سے منسوب۔ عجم کا باشندہ۔ غیر عرب۔ مث، عجمیہ۔

عجمیت a-ja-mi-yat(?) (ع۔مث): ایرانی یا غیر عربی مزاج۔ عجمی ہونے کی حالت۔

عجوبۂ روزگار a-juu-ba-he-roz- gaar(?) (ع۔مذ): زمانے کی عجیب چیزیں۔

عجوز a-juuz(?) (ع۔مث): بوڑھی عورت۔ بڑھیا

عجول a-juul(?) (ع۔صف): جلد باز۔ بہت دوڑنے والا۔

عجیب a-jiib(?) (ع۔صف): نادر۔ انوکھا۔ طرفہ۔ تعجب خیز۔ حیرت انگیز مث: عجیبہ

عجیبُ الخِلقت a-jii-bul-kil- qat(?) (ع۔صف) حیرت انگیز۔ بناوٹ کا۔ انوکھی شکل کا۔ عجیب فطرت کا۔

عجیب و غریب a-jii-bo-Ga-riib(?) (ع۔صف): انوکھا۔ نادر۔

ع۔د

عدالت a-da-lat(?) (ع۔مث): انصاف۔ عدل۔ نیائے، کچہری۔

عدالتِ خفیفہ a-daa-la-te-Ka-fii- fah(?) (ع۔مث): وہ عدالت جس میں قرضے کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ ہو۔

عدالتِ دیوانی a-daa-la-te-dii-vaa- nii(?) (ع۔مث): وہ عدالت جس میں جائیداد اور حقوق کا فیصلہ ہو۔

عدالتِ سیشن a-daa-la-te-sai-shan(?) (ع۔مث): فوجداری کی وہ کچہری جس میں سنگین مقدمات کا فیصلہ کیا جائے۔

عدالتِ شاہی a-daa-la-te-shaa-hii(?) (ع۔مث): بادشاہ کا انصاف، بادشاہ کی عدالت۔

عدالتِ عالیہ a-daa-la-te-(?)aa- li-yaa(?) (ع۔مث): ہائی کورٹ۔ چیف کورٹ۔

عدالتِ فوجداری a-daa-lat-fauj-daa-rii(?) (ع۔مث): وہ عدالت جس میں فوجداری مقدمات کی سماعت ہو۔

عدالتِ مال a-daa-la-ti-mal(?) (ع۔مث): وہ عدالت جس میں کاشت کاروں زمینداروں اور مالگزاری کے مقدمات دائر ہوں اور سماعت ہو۔

عدالتِ مجاز a-daa-la-te-ma-jaaz(?) (ع۔مث): وہ عدالت جسے سماعت مقدمہ کا پورا پورا اختیار ہو۔

عدالتی a-daal-tii(?) (ف۔صف): عدالت سے منسوب۔ عدالت کا۔ عدالت کے متعلق۔

عداوت a-daa-vat(?) (ع۔مث): دشمنی۔ مخالفت۔ خصومت۔ مخاصمت۔ بیر۔ افعال (رکھنا۔ ہونا)

عداوتِ قلبی a-daa-va-te-qal- bii(?) (ع۔مث): دلی دشمنی۔ پوشیدہ کینہ۔

عِدّت id-dat(?) (ع۔مث): وہ زمانہ جس میں عورت کو دوسرا نکاح کرنے کی ممانعت ہے۔ مطلقہ کی عدت تین حیض یا تین مہینے۔ بیوہ کے چار مہینے دس دن۔ حاملہ کے لیے وضع حمل تک۔ گنتی۔ شمار۔

عدد a-dad(?) (ع۔مذ): ہندسہ۔ رقم۔ گنتی۔ شمار۔ کوئی ایک چیز۔

عددِ اوّل a-da-de-av-val(?) (ع۔مذ): کسی سلسلہ کا پہلا عدد۔ عددِ صحیح۔

عددِ صحیح a-da-de-sa-hii(h)(?) (ع۔مذ): وہ عدد جس میں کسر نہ ہو جیسے ایک دو تین۔

عددی a-da-dii(?) (ع۔صف): عدد سے منسوب۔ عدد کے متعلق۔

عدس a-das(?) (ع۔مث): مسور۔ ایک اناج جس کی دال بناتے ہیں۔

عدسہ a-de-sah(?) (ع۔مذ): فوٹو گرافی کے کیمرے کا وہ چھوٹا سا آئینہ جس میں عکس آتا ہے۔

محذب شیشہ۔

عدل adl (ع۔مذ) انصاف۔ نیائے۔ داد۔

عدل گستر a-dal-gus-tar(?) (عف۔صف): انصاف کرنے والا۔ اسم کیفیت مث عدل گستری۔

عدم a-dam(?) (ع۔مذ): نہ ہونا۔ حاجت۔ ضرورت۔ نیستی۔ نہ ہونا۔ مرکبات میں نفی کے لیے بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً عدم وجود۔

عدم آباد a-dam-aa-baad(?) (عف۔مذ): وہ عالم جہاں مرنے کے بعد آدمی جاتا ہے۔ قبرستان۔

عدن a-dan(?) (ع۔مذ): بہشت کا باغ۔ وہ باغ جس میں حضرت آدم علیہ السلام کو گیہوں کھانے سے پہلے رکھا گیا تھا۔

عدو a-duu(?) (ع۔مذ): دشمن۔ مخالف۔ بیری۔ رقیب۔

عدول a-duul(?) (ع۔مبالغہ) بہت بڑا عادل۔ سچا گواہ۔

عدول u-duul(?) (ع۔مذ): انکار۔ روگردانی۔ منہ پھیرنا۔ عادل کی جمع۔

عدولی u-duu-lii(?) (ع۔مث): عدول کا اسم کیفیت جو مرکبات میں مستعمل ہے جیسے حکم عدولی۔

عدید a-diid(?) (ع۔صف): نظیر۔ مانند۔ گنے ہوئے بہت سے۔

عدیل a-diil(?) (ع۔صف): نظیر۔ مانند۔ برابر۔ مثلاً عموماً "بے" کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

عدیم a-diim(?) (ع۔صف): وہ جو نہ ہو یا معدوم ہو، کسی چیز کا پاس نہ ہونا۔ نایاب۔

عدیم الفرصت a-dii-mul-fur-sat (ع۔صف): وہ جسے بالکل فرصت نہ ہو۔

عدیم المثال a-dii-mul-mi-saal(?) (ع۔صف): بے مثل۔ بے نظیر۔

عدیم الوجود a-dii-mul-vu-juud(?) نایاب۔ کمیاب۔ جو موجود نہ ہو۔

ع۔ذ

عذاب a-zaab(?) (ع۔مذ): تکلیف۔ اذیت۔ دُکھ۔ وہ تکلیف جو قبر میں یا دوزخ میں بداعمالی کی وجہ سے دی جائے گی۔ گناہوں کی سزا۔ (افعال۔ دینا۔ کرنا۔ ہونا) دقت دشواری، جھگڑا۔ بکھیڑا۔ ایذا یا تکلیف دینے والا (افعال: اُٹھانا اُٹھنا۔ (دیکھنا۔ دینا۔ کھینچنا)

عذاب الحریق a-zaa-bul-ha-riiq(?) (ع۔مذ): دوزخ کی آگ کا عذاب۔

عذاب الٰہی a-zaa-be-i-laa-hii (ع۔مذ): وہ تکلیف یا مصیبت جو خدا کی طرف سے پاداشِ اعمال میں آئے۔

عذاب ثواب a-zaab-sa-vaab(?) (ع۔مذ): برائی بھلائی۔ نیکی بدی۔

عذابِ جان a-zaa-be-jaan(?) (ع۔مذ): جی کا وبال۔

عذابِ قبر a-zaa-be-qabr(?) (ع۔مذ): وہ عذاب جو فشار قبر سے ہوتا ہے۔

عِذار i-zaar(?) (ع۔مذ): رخسار۔ گال۔ مرکبات کے آخر میں جیسے گلعذار/سمن عذار۔

عذب azb(?) (ع۔صف): شیریں۔ خوشگوار۔ میٹھا۔

عذب البیان az-bul-ba-yaan(?) (ع۔مذ): شیریں کلام۔ خوش بیان۔

عذر uzr(?) (ع۔مذ): حیلہ۔ بہانہ۔ اعتراض۔ گرفت۔ دلیل۔ حجت معانی۔ معافی کی طلب۔

عُذرْ آوَر uzr-aa-var(?) (ع۔صف): عذر کرنے والا۔
عُذرِ بے جا uz-re-be-jaa(?) (ع۔مذ): لغو اور بیہودہ عذر۔
عُذرْ پذِیر uzr-pa-ziir(?) (ع۔صف) عذر قبول کرنے ولا۔ معاف کرنے والا۔ قابل معافی۔ قابل تسلیم یا پذیرائی۔ اسم کیفیت: عذر پذیرائی۔
عُذرخواہ uzr-kwaah(?) (ع۔صف): عذر کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: عذر خواہی۔
عُذر دار uzr-daar(?) (ع۔صف): دعویٰ دار۔ معترض۔ اسم کیفیت مث، عذر داری۔
عُذرِ گُناہ: بدتر از گناہ uz-re-gu-naa(h)(?) (ف۔مثل): بیہودہ عذر کے متعلق کہتے ہیں۔ گناہ کی تاویل کرنا اصل گناہ سے بھی برا ہے۔
عُذرِ لنگ uz-re-lang(?) (ع۔مذ): فضول عذر۔ بے بنیاد بہانہ۔
عُذرِ معذرت uz-re-ma(?)z-rat(?) (ع۔مذ): منت سماجت (افعال، کرنا ہونا)۔
عُذوبَت u-zu-bat(?) (ع۔مث): لذت خوش مزگی۔ شیرینی۔ مٹھاس۔

ع۔ر

عَرّابہ/عَرّادہ ar-raa-bah(?) (ع۔مذ): چھکڑا۔ گاڑی۔
عَرّابچی ar-raab-chii(?) (ف۔مذ): عرابہ چلانے والا۔
عِراق i-raaq(?) (ع۔مذ): ایک راگ جسے چاشت کے وقت گاتے ہیں۔ ایک ملک جو ایران کے مغرب اور عرب کے مشرق میں ہے۔
عِراقی i-raa-qii(?) (ع۔صف): عراق کے ملک کا۔ عراق کا گھوڑا۔ عربی گھوڑا۔
عَرائس a-raa-is(?) (ع۔مث): عروس کی جمع۔ دُلہنیں۔
عَرائض a-raa-is(?) (ع۔مذ): عریضہ کی جمع چٹھیاں۔ خطوط۔ درخواستیں۔
عَرَب a-rab(?) (ع۔مذ): ایک علاقہ جس کی زبان عربی ہے۔
عَربَدَہ ar-ba-dah(?) (ع۔مذ): بدخوئی۔ بدطینتی۔ نفرت۔ ناپسندیدگی۔ جھگڑا۔ فتنہ۔
عَرَبی ar-bii(?) (ع۔صف): عرب سے متعلق۔ عرب کا۔ مث: عربیہ۔ عرب کا گھوڑا یا زبان۔
عُرس u-rs(?) (ع۔مذ): کسی بزرگ یا مرشد کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو تاریخ وفات پر ہو (2) شادی کی دعوت، طعام ولیمہ۔
عَرش arsh(?) (ع۔مذ): چھت۔ تخت۔ وہ جگہ جو نویں آسمان کے اُوپر ہے جہاں خدا تعالیٰ کا تخت ہے۔
عَرش آشیاں arsh-aash-yaaN(?) (ع۔صف): مرحوم۔ مغفور۔ خطاب جو اکبر کو مرنے کے بعد دیا گیا تھا۔
عَرشِ اعظم ar-sha-a-zam(?) (ع۔مذ): خدا کا عرش۔
عَرشِ بریں ar-she-ba-riin(?) (ع۔مذ): دیکھیے "عرش نمبر 3"
عرش پایہ arsh-paa-yah(?) (ع۔صف): عالی مرتبہ۔
عرش پیما arsh-pai-ma(a)(?) (عرش پر پہنچنے والا۔ مقبول۔
عرشِ مُعلّیٰ ar-she-mu(?)al-laa(?)

(ع۔مذ): عرش 3 ملاحظہ فرمائیں۔
عرش وفرش ar-sho-farsh(?) (ع۔مذ): زمین وآسمان۔
عرشہ ar-sha(?) (ع۔مذ): جہاز کی چھت۔
عرشی ar-shii(?) (ع۔صف): مقرب۔فرشتہ۔ عرش سے تعلق رکھنے والا۔
عرصہ ar-sa(h)(?) (ع۔مذ): میدان۔فاصلہ۔ وقفہ۔زمانہ۔
عرصۂ محشر ar-sa-e-mah-shar(?) (ع۔مذ): جہاں تمام مخلوق جمع کی جائے گی۔میدان قیامت۔
عرصۂ زیست ar-sa-e-ziist(?) (عف۔مذ): زندگی۔عمر۔
عرض a-raz(?) (ع۔مذ): وہ چیز جو قائم بالغیر ہو۔ جوہر کی ضد۔کوئی تکلیف جو کسی دوسری تکلیف کے باعث ہو جیسے بخار کی وجہ سے کھانسی۔
عرض arz(?) (ع۔ا۔مث) التماس۔درخواست۔ گزارش۔(افعال کرنا۔ہونا) پیش کرنا۔چوڑائی۔
عرضُ البلد ar-zul-ba-lad(?) (ع۔مذ): کسی مقام کا کسی خاص نصف النہار سے فاصلہ شرقاً غرباً درجوں میں۔
عرض بیگی arz-be-gii(?) (عف۔مذ): وہ شخص جو لوگوں کی درخواستوں کو بادشاہ یا کسی بڑے آدمی یا کسی امیر کے روبرو پیش کرے۔
عرض پرداز arz-par-daaz(?) (عف۔صف): عرض کرنے والا۔درخواست کرنے والا۔مث: عرض پردازی۔
عرض حال ar-ze-haal(?) (ع۔مث): گزارش۔عرض داشت۔حال عرض کرنا۔عرض۔
عرض دار arz-daar(?) (ع ف۔صف): جس کا عرض/چوڑائی ہو۔چوڑائی رکھنے والا۔عریض۔
عرض داشت arz-daasht(?) (ع۔م) عرضی۔
عرض کنندہ arz-ku-nan-dah(?) (عف۔صف): عرض کرنے والا۔
عرضِ مطلب ar-ze-mat-lab(?) (ع۔مذ): مطلب بیان کرنا۔
عرض معروض arz-ma(?)-ruuz(?) (ع۔ا۔مذ) درخواست۔التماس۔التجا۔(افعال: کرنا۔ہونا)
عرض وطول ar-zo-tuul(ع۔مذ): لمبائی چوڑائی۔
عرضی ar-zi(i)(?) (ع۔صف): عارض،تحریری درخواست
عرضی دعویٰ ar-zii-da(?)-vaa(?) (ع۔مذ): درخواست جس میں مدعی حالات مقدمہ لکھ کر عدالت میں دائر کرتا ہے۔
عرضی نویس ar-zii-na-viis(?) (ع۔مذ): وہ شخص جو عرضی درخواست یا تمسک وغیرہ لکھنے کا پیشہ کرتا ہو۔
عُرف urf(ع۔مذ): وہ نام جس سے انسان مشہور ہو۔ مشہور نام،نام نام۔نیکی۔
عُرفاء ur-faa(?) (ع۔مذ) جمع عارف کی۔
عرفاً ur-fan(?) (ع۔متعلق فعل) عُرف کی رو سے۔
عَرَفات a-ra-faat(?) (ع۔مذ): مکہ معظمہ سے 9 میل کے فاصلے پر ایک پہاڑی میدان ہے۔حج کے دن حاجی یہاں آتے ہیں۔اور دُعائیں پڑھتے ہیں۔ نماز ظہر اور عصر پڑھ کر یہاں سے واپس مکہ معظمہ چلے جاتے ہیں۔
عرفان ir-faan(?) (ع۔مذ): معرفت حق تعالیٰ۔ پہچان۔علم

عرفہ (?)ar-fa(h) (ع۔مذ): ماہ ذوالحج کا نواں دن جس دن حج ہوتا ہے۔شب برات سے پہلا دن۔
عُرفی (?)ur-fii (ع۔صف): عُرف سے منسوب۔رسمی۔مشہور۔معمولی۔ظاہری۔ایک مشہور فارسی شاعر کا نام۔
عِرق (?)irq (ع۔مث): رگ۔جڑ۔نس۔
عِرق النّسَاء (?)ir-qun-ni-saa (ع۔مث): رگ۔جڑ۔ایک درد جو ٹانگ کی پچھلی رگ میں ہوتا ہے۔لنگڑی کا درد۔
عرق (?)a-raq (ع۔مذ): پسینہ۔پھل وغیرہ کا نچوڑا ہوا پانی۔کسی چیز کو پانی میں بھگو کر عمل کشید کے ذریعے نکالا ہوا پانی۔
عرق آلود (?)arq-aa-luud (ع۔صف): پسینے پسینے۔پسینے میں تر۔
عرقِ انفعال (?)ar-qe-in-fi-(?)aal (ع۔مذ): شرمندگی کا پانی۔وہ پسینہ جو شرمندگی کے باعث آئے۔
عرقِ بہار (?)ar-qe-ba-haar (ع۔مذ) ایک عرق جو نارنج اور ترنج کے پھولوں سے نکالتے ہیں۔
عرق چین (?)arq-chiin (ف۔صف) پسینہ صاف کرنے کا رومال۔ایک قسم کی ٹوپی جو پگڑی کے نیچے پہنتے ہیں۔
عرقِ حیا (?)ar-qe-ha-yaa (ع۔مذ): شرمندگی کا پسینہ (افعال: بھیگنا۔ڈوبنا)
عرق ریز (?)arq-rez (ع۔صف): جسے بہت پسینہ آ رہا ہو۔
عرق ریزی (?)arq-re-zii (ع۔مث): بے حد کوشش/مشقت۔سخت محنت۔جانفشانی۔(افعال، کرنا۔ہونا)

عرق گیر (?)arq-giir (عف۔مذ): عرق پونچھنے کا رومال۔وہ آلہ جس کے ذریعے عرق کشید کریں۔وہ چیز جو چلم کے نیچے اس غرض سے رکھتے ہوں کہ تمباکو کا عرق اس میں رہے اور نے کو خراب نہ کرے۔
عرُوبہ (?)a-ruu-bah (ع۔مذ): اسلام سے پہلے جمعہ کا نام۔جمعہ۔آدینہ۔
عُرُوج (?)u-ruuj (ع۔مذ) چڑھنا۔بلند ہونا۔ترقی۔اوج۔
عُرُوجِ ماہ (?)u-ruu-je-maah (ع۔مذ) چاند کی پہلی تاریخ سے چودھویں تاریخ تک کا زمانہ۔
عرُوس (?)a-ruus (ع۔مث): دُلہن۔بنی۔بہو۔دُولہا۔نوشا۔
عرُوس البلاد (?)a-ruu-sul-ba-laad (ع۔مذ): سب سے خوبصورت شہر۔دارالحکومت۔
عرُوسِ عرب (?)a-ruu-se-a-rab (ع۔مذ): مکّہ معظمہ (کنایۃً)
عرُوسانہ (?)a-ruu-saa-nah (ع۔صف) دلہن کے مانند۔
عرُوسَک (?)a-ru-sak (عف۔مث): گڑیا۔ایک میوہ۔بیر بہوٹی۔
عرُوسی (?)a-ruu-sii (ع۔مث): اسم کیفیت "عروس کا" شادی۔نکاح (صف) شادی سے متعلق۔
عرُوض (?)a-ruuz (ع۔مذ): وہ علم جس میں نظم کی درستی کے قواعد وزن اور بحر کے ارکان اور زحافات مذکور ہوتے ہیں مکّہ مکرمہ کا قدیم نام۔
عُرُوق (?)u-ruuq (ع۔مذ): دیکھئے۔عرق اور عِرق جن کی یہ جمع ہے۔
عُریاں (?)ur-yaan (ع۔صف) ننگا۔برہنہ (افعال: کرنا۔ہونا) اسم کیفیت عریانی۔

عریش a-riish(?) (ع۔مذ): دھوپ سے بچنے کے لیے کوئی سایہ دار جگہ پھوس سے پٹا ہوا مکان جو اکثر باغات یا فصلوں میں عارضی طور پر بنا لیتے ہیں۔

عریض a-riiz(?) (ع۔صف): چوڑا۔ پھیلا ہوا۔ وسیع۔

عریضہ a-rii-zah(?) (ع۔صف): چوڑا۔ چٹھی جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھی جائے۔ (اہلِ تشیع میں) چٹھی جو خواجہ خضر حضرت مہدی کے نام کوئی منت ماننے یا مراد کے واسطے دریا میں بہاتے ہیں۔

ع۔ز

عزّ az-za(?) (ع۔مذ): غالب ہوا۔ زبردست ہو۔ اس کی عزت ہو اس کی حمد ہو۔

عزّ وجل az-zawa-jal(?) (ع۔صف): اس کی عزت اور حمد ہو۔ خدا کے لیے مستعمل ہے۔

عز iz(?) (ع۔مث): عزت۔

عز وجاہ iz-zo-jaah(?) (ع۔مذ) عزت و مرتبہ

عز وشان iz-zo-shaan(?) (ع۔مث): عزت و مرتبہ۔

عزا a-zaa(?) (ع۔مذ): مصیبت میں صبر کرنا۔ شکایت کرنا۔ ماتم۔ ماتم پرسی۔

عزا خانہ a-zaa-Kaa-nah(?) (ع۔مذ) ماتم خانہ/ وہ گھر/ مکان جس میں مرثیے پڑھے جاتے ہیں اور تعزیہ رکھا جاتا ہے۔

عزادار a-zaa-daar(?) (ع۔مذ): شیطان کا نام۔

عزازیل a-zaa-ziil(?) (ع۔مذ) شیطان کا نام۔

عزائم a-zaa-im(?) (ع۔مذ) دیکھیے 'عزیمت' جس کی یہ جمع ہے۔

عزائم خواں a-zaa-im-kwaan(?) (ع۔مذ): عزیمتیں یا منتر پڑھنے والا۔ فسوں گر۔

عزت iz-zat(?) (ع۔مث): آبرو۔ وقار۔ پت۔ شرف۔ اعزاز، بڑائی۔ بزرگی۔ ادب۔ تعظیم۔ آدر۔ مان۔ شان و شوکت۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔

عزت افزا iz-zat-af-zaa(?) (عف۔صف): عزت بڑھانے والا۔ اسم کیفیت مث: عزت افزائی۔

عزت دار iz-zat-daar(?) (عف۔صف): معزز۔ صاحبِ عزت۔ اسم کیفیت مث: عزت داری۔

عزت طلب iz-zat-ta-lab(?) (عف۔صف): عزت چاہنے والا۔ وقار کا خواہاں۔ اسم کیفیت مث: عزت طلبی۔

عزت مآب iz-zat-ma-aab(?) (ع۔صف): عزت والا۔ ایک تعظیمی کلمہ جو وزیروں اور سفیروں کے نام سے پہلے استعمال ہوتا ہے۔

عزرائیل iz-raa-iil(?) (ع۔مذ): موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔ جان نکالنے والا فرشتہ۔ یم دوت۔

عزل azl(?) (ع۔مذ): موقوفی۔ برطرفی۔ معزولی۔ عورت سے صحبت کرتے وقت انزال سے پہلے جدا ہو جانا تاکہ نطفہ قرار نہ پائے۔

عزل ونصب az-lo-nasb(?) (ع۔مذ): برطرفی و بحالی۔ ترقی و تنزل۔ ادل بدل (افعال: کرنا۔ ہونا)

عزلت uz-lat(?) (ع۔مث) گوشہ نشینی۔ علیحدگی۔ تنہائی (افعال: پانا۔ ہونا)

عزلت گزیں uz-lat-ga-ziiN(?) (عف۔صف): گوشہ نشین، تنہائی پسند۔ کنایۃً عارف زاہد۔ اسم کیفیت مث: عزلت دوستی/ گزینی/ نشینی۔

عزم azm(?) (ع۔مذ) ارادہ۔ نیت۔ خواہش۔ منشا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

عزم بالجزم azm-bil-jazm(?) (ع۔مذ): پکا ارادہ۔ مصمم ارادہ۔

عزّیٰ uz-zaa(?) (ع۔مذ): بمعنی خدا کی تانیث۔ ایک بُت جو اہلِ عرب نے کعبہ شریف میں رکھا ہوا تھا۔ ایک درخت جس کو اہلِ عرب پوجتے تھے۔ خالد بن ولید نے بحکم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کو جلا دیا تھا۔

عزیز a-ziiz(?) (ع۔صف): پیارا، محبوب۔ رشتہ دار۔ قرابت دار۔ مرغوب۔ پسندیدہ۔ زبردست۔ غالب۔ قادر۔ خدا کا نام۔ وزرائے مصر کا لقب۔ زمانہ قدیم میں بادشاہ کو فرعون کہتے تھے۔ مصر کے باشاہوں کالقب۔

عزیز القدر a-zii-zul-qadr(?) (ع۔صف): ایک القاب جو چھوٹے رشتہ دار بھائی کو لکھا جاتا ہے۔ گرامی قدر۔

عزیز دار a-ziiz-daar(?) (عف۔مذ): دوست۔ رشتہ دار۔ اسم کیفیت مث: عزیز داری۔

عزیمت a-zii-mat(?) (ع۔مث): عزم۔ ارادہ۔ مقصد۔ افسوں۔ منتر۔ وہ عمل یا افسوں جس سے مؤکلوں کو حاضرات میں طلب کریں۔

ع۔س

عساکر a-saa-kar(?) (ع۔مذ): جمع عسکری کی۔ لشکر۔ فوجیں۔

عُسر usr(?) (ع۔مذ): تنگی، عُسرت۔

عُسرت us-rat(?) (ع۔مث): تنگی۔ دشواری۔ مُفلسی۔

عسس a-sas(?) (ع۔مذ): عاس کی جمع۔ مگر مفرد استعمال ہوتا ہے) طلایہ دار، کوتوال۔

عسکر as-kar(?) (ع۔مذ): لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔ سینا۔ کٹک۔

عسکران as-ka-raan(?) (عف۔مذ): عسکر کا تثنیہ۔ کنایۃً عرفات اور منیٰ

عسکری as-ka-rii(?) (ع۔مث): عسکر سے منسوب۔ جنگی۔ سپاہی۔ فوجی۔ امام حسن عسکری۔

عسل asl(?) (ع۔مذ): شہد۔ انگبیں۔

عسیر a-siir(?) (ع۔صف): دشوار۔ مشکل۔ قیامت کا دن۔

عسیرُ الانقیاد a-sii-rul-in-qi-yaad (ع۔صف): مشکل سے اطاعت کرنے والا۔

عسیرُ الحال a-sii-rul-haal(?) (ع۔صف): تنگ حال۔ مفلس۔

ع۔ش

عشا a-shaa(?) (ع۔مث): رات کا اندھیرا، رات کی نماز، سوتے وقت کی نماز۔

عشائر a-shaa-ir(?) (ع۔مذ) دیکھیے "عشیرہ" جس کی یہ جمع ہے۔

عِشائیہ i-shaa-iya(?) (ع۔مذ): رات کا کھانا۔

عُشاق ush-shaaq(?) (ع۔مذ): دیکھیے "عاشق" جس کی یہ جمع ہے۔ راگ کا ایک نام جو دو گھڑی دن رہے گایا جاتا ہے۔

عشبہ ush-ba(h)(?) (ع۔مذ): ایک بوٹی جو دواؤں میں صفائی خون کے لیے مستعمل ہے۔ سارا سپریلا۔

عشر a-shar(?) (ع۔مذ): دس(10)

عُشر ushr(?) (ع۔مذ): دسواں حصہ۔ دہ یک۔ جمع: عُشرات۔

عُشر شرعی u-shr-shar-(?)ii(?) (ع۔مذ): دسواں حصہ جو اسلام نے مویشی اور فصل میں بطور زکوٰۃ مقرر کیا ہے۔
عشرِ عَشیر ushr-(?)a-shiir(?) (ع۔صف): دسویں کا دسواں۔ یعنی سوواں حصہ، بہت کم۔
عشرات ash-raat(?) (ع۔مذ) دہائیاں یعنی وہ اعداد جو دس پر تقسیم ہو۔ جیسے دس۔ بیس۔ تیس۔ چالیس۔ پچاس۔ ساٹھ۔ ستر۔ اسی۔ نوے۔
عِشرت ish-rat(?) (ع۔مث): عیش و نشاط۔ عزیزوں، محبوبوں کے ساتھ رہنا۔
عِشرت آمیز ish-rat-aa-mez(?) (ع۔صف): خوشی سے بھرا ہوا۔ اسم کیفیت مث: عشرت آمیزی۔
عِشرت افزا ish-rat-af-zaa(?) (ع۔صف): خوشی کو بڑھانے والا۔ اسم کیفیت مث: عشرت افزائی۔
عِشرت انگیز ish-rat an-gez(?): (ع۔صف): خوش کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: عشرت انگیزی۔
عِشرت خانہ/سرا/گاہ ish-rat-kaa-na(h)/(?)si-raa/gaah (ع۔مذ): عیش و نشاط کا گھر۔
عشرہ ash-rah(?) (ع۔مذ): دس (مذ) مہینے کا دسواں دن۔ مہینے کے دس روز۔ محرم کی دسویں تاریخ۔ یوم عاشورہ۔ دس دن، دس سال۔
عشرہ اوّل ash-rah-av-val(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی): مہینے کے پہلے دس روز، عمر کے پہلے دس سال۔
عشرۂ ثانی ash-reh-saa-nii(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی) مہینے کے دس روز۔ گیارھویں سال سے بیسویں سال تک عمر کا زمانہ۔
عشرۂ مُبشّرہ ash-ra-mu-bash-ra(h)(?) (ع۔مذ۔ بترکیب فارسی) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دس صحابہ جن کو ان کی زندگی ہی میں بہشت کی بشارت دی گئی ہے۔ وہ یہ ہیں۔ ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، زبیرؓ، طلحہؓ، سعدؓ، سعیدؓ، ابوعبیدؓ، عبدالرحمٰنؓ ابن عوف۔
عِشق ishq (ع۔مذ): بے حد محبت۔ پریت۔ پریم۔ پیار۔ آفرین۔
عشق اللہ ishq-allah(?) (ع۔مذ): آزاد فقیروں کا سلام۔
عشق انگیز ishq-an-gez(?) (عف۔صف): عشق پیدا کرنے والا۔ عشق کو بھڑکانے والا۔ اسم کیفیت مث: عشق انگیزی۔
عشق باز ishq-baaz(?) (عف۔صف): عاشق مزاج۔ حُسن پرست۔ عیاش اسم کیفیت مث: عشق بازی۔
عشق پیچاں ish-qe-pe-chaan (عف۔مث) ایک قسم کی بیل جس میں رنگ دار پھول لگتے ہیں۔
عشق پیشہ ishq-pe-shaah(?) (عف۔صف): عاشق۔ جو اکثر عاشق ہوتا رہے۔
عشقِ حقیقی ish-qe-ha-qii-qii(?) (ع۔مذ) خدا کی محبت۔
عشقِ صادق ish-qe-saadiq(?) (ع۔مذ): سچی محبت جس میں خود غرضی کا خیال نہ ہو۔
عشقِ مجازی ish-qe-ma-jaa-zii(?) : (ع۔مذ) دنیوی انسانوں کا عشق، بناوٹ کا عشق۔
عشق مولا ishq-mula(?) (ع۔مذ): دیکھیے ''عشق اللہ''۔
عِشوہ ish-vah(?) (ع۔مذ): ناز۔ کرشمہ۔ نخرہ۔ ادا۔ غمزہ۔ معشوق کی فریفتہ کُن حرکت۔ پوشیدہ حرکت۔ دُور سے نظر آنے والی آگ۔
عشوہ ساز گر ish-vah-saaz-gar(?) (عف۔صف): ناز و ادا کرنے والا۔ کنایۃً معشوق۔ اسم کیفیت

مث: عشوہ پردازی/سازی/کاری/طرازی/گری۔

عشیر a-shiir(?) (ع۔عدد کسری) دسواں حصہ۔ (صف)۔ کنبہ والا۔

عشیرہ a-shii-rah(?) (ع۔مذ): کنبہ۔ خاندان۔ اہل خانہ۔

ع۔ص

عصا a-saa(?) (ع۔مذ): چھڑی۔ لاٹھی۔ ڈنڈا

عصا بردار a-saa-bar-daar(?) (عف۔صف): چوب دار۔ جو امیروں یا بادشاہوں کی سواری کے ساتھ چلتے تھے۔

عصائے پیری a-saa-e-pii-rii(?) (عف۔مذ): بوڑھے ربڑھاپے کی لاٹھی یا سہارا۔ کنایۃً بوڑھے کا بیٹا۔

عُصارہ u-saa-rah(?) (ع۔مذ): نچوڑا ہوا پانی۔ رس۔ شیرہ۔ عرق۔ نچوڑ۔

عصافیر a-saa-fiir(?) (دیکھیے "عصفورہ" جس کی یہ جمع ہے۔

عصب a-sab(?) (ع۔مذ): پٹھا۔ نس۔ (عصبہ کی جمع)

عصبہ/عَصَبہ as-ba(h)(?) (ع۔مذ): باپ کی طرف کا رشتہ دار۔ طبقہ ذکور میں سے جو اصحاب الفروض میں تقسیم کے بعد بچے ہوئے ترکہ کا حق دار ہو اور اصحاب الفروض نہ ہونے کی صورت میں میت کے تمام مال کا وارث ہو۔ جدّی۔ پٹھا۔ عسب۔ عُصبہ۔ گروہ۔ جماعت۔

عصبی a-sa-bii(?) (ع۔صف): دیکھیے "عصب" جس سے یہ منسوب ہے۔

عصبیت a-sa-biy-yat(?) (ع۔مث): طرف داری۔ رشتہ داری۔ قرابت طاقت۔ مضبوطی۔

عصر asr(?) (ع۔مذ): زمانہ روزگار۔ دن کا آخیر حصہ۔ وہ نماز جو دن کے آخر حصہ میں غروب آفتاب سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔

عصرانہ as-raa-nah(?) (عف۔مذ): سہ پہر کا کھانا۔ تیسرے پہر کی چائے وغیرہ۔

عصری as-rii(?) (ع۔صف) عصر سے منسوب۔ مث۔ عصریہ۔

عُصفور us-fuur(?)(ع۔مث): کنجشک۔ چڑیا

عِصمت is-mat(?) (ع۔مث): پاک دامنی۔ بے گناہی۔

عِصمت دار is-mat-daar(?)(عف۔صف): نیک۔ پاک دامن۔ نیک چلن۔ اسم کیفیت مث: عصمت داری (افعال: کرنا۔ ہونا)

عِصمت دَری is-mat-da-rii(?) (عف۔مث): بے آبروئی۔ زنا کاری۔

عِصمت فروش is-mat-fa-rosh(?) (عف۔صف) آبرو بیچنے والی۔ معاوضہ لے کر زنا کرانے والی۔ فاحشہ۔ اسم کیفیت مث: عصمت فروشی۔

عِصیان is-yaan(?) (ع۔مذ): نافرمانی۔ گناہ۔

ع۔ض

عضدُ الدولہ a-zu-dud-dau-lah(?) (ع۔مذ): ایک خطاب جو شاہی زمانہ میں امراء کو دیا جاتا تھا۔ لفظی معنی سلطنت کا بازو۔

عضلہ az-lah(?) (ع۔مذ): پٹھا۔ گوشت۔ بوٹی۔ جمع: عضلات: انگریزی لفظ MUSCLE کا ترجمہ۔

عضو azv(?) (ع۔مذ): جوڑ، بند، بدن کا ٹکڑا، اندام جسم۔

عضوِ مُعَطّل (?)az-ve-mu-(?)at-tal(?) (ع۔مذ): بیکار عضو۔ ناکارہ۔ بیکار۔

عضویات (?)az-vi-yaat (ع۔مث): علم افعال اعضا: (انگریزی لفظ PHYSIOLOGY کا ترجمہ۔

ع۔ط

عطا (?)a-ta(a) (ع۔مذ): بخشش۔ فیض۔ سخاوت۔ کوئی چیز کسی کو دینا۔

عطا بخش (?)a-ta-baksh (عف۔صف) سخی، فیاض۔

عطّار (?)at-taar (ع۔مذ): وہ شخص جو عطر کشید کرے اور فروخت کرے۔ گندھی۔ دوافروش۔

عطارد (?)a-taa-rid (ع۔مذ): ایک سیارہ جو سورج کے قریب ہے۔ منشی فلک۔ دبیر فلک۔

عطّاری (?)at-taa-rii (عف۔صف): عطار کا پیشہ۔ دوافروشی۔

عطائی (?)ataa-ii (ع۔صف): جس نے کوئی فن باقاعدگی سے حاصل نہ کیا ہو۔ بلکہ ویسے ہی کوئی بات جانتا ہو۔ وہ طبیب جس نے کسی سے کوئی ایک نسخہ حاصل کرلیا ہو۔ مگر اصول علاج سے ناواقف ہو۔

عطایا (?)a-taa-yaa (ع۔مذ): دیکھیے "عطیہ" جس کی یہ جمع ہے۔

عِطْر افشاں (?)itr-af-shaan (عف۔صف): خوشبو چھڑکنے والا۔ پھیلانے والا۔ اسم کیفیت مث: عطرافشانی۔

عطر بیز (?)itr-bez (عف۔صف): خوشبو پھیلانے والا۔ اسم کیفیت مث: عطربیزی۔

عطر دان (?)itr-daan (عف۔مذ): عطر رکھنے کا برتن یا شیشی۔

عِطْر ریز (?)itr-rez (عف۔صف) عطر یا خوشبو پھیلانے والا۔ اسم کیفیت مث: عطرریزی۔

عِطْرِ عَرُوس (?)itr-u(?)-ruus (ع۔مذ): عطر کی ایک قسم جو دلہن کے لگاتے ہیں۔

عِطْر فروش (?)itr-fa-rosh (عف۔مذ): گندھی۔ عطر بیچنے والا۔ اسم کیفیت: مث: عطرفروشی۔

عِطْرِیَّت (?)it-riy-yat (ع۔مث): عطر کی خوشبو رکھنا۔

عَطْس (?)ats (ع۔مذ): چھینکنا۔ مرنا۔

عطسیہ (?)at-si-ya(h) (ع۔مذ): چھینک

عطش (?)atsh (ع۔مث): پیاس۔ تشنگی۔

عطشان (?)at-shaan (ع۔صف): پیاسا۔ تشنہ۔ بے حد خواہش یا آرزو رکھنے والا۔

عطف (?)atf (ع۔مذ) پھرنا۔ ملانا۔ مہربانی۔ شفقت۔ اُلفت۔ رحم۔ تحفہ۔ عبارت۔ تعلق۔ ملاپ۔ کسی کلمہ یا کلام کو دوسرے کلمہ یا کلام کی طرف پھیلانا۔ وہ حرف جو دو کلموں یا دو لفظوں کو ملائے جیسے اور ریا۔

عطوفت (?)a-tuu-fat (ع۔مذ): مہربانی۔ عنایت۔ شفقت۔ لطافت۔

عطیہ (?)a-ti-ya(h) (ع۔مذ): وہ چیز جو دی جائے۔ بخشش۔ تحفہ۔ انعام (افعال: دینا وغیرہ۔

ع۔ظ

عظام (?)a-zaam (ع۔مبالغہ): بڑا۔ کلاں۔ بزرگ۔

عَظْم (?)azm (ع۔مذ): ہڈی۔

عُظْم (?)uzm (ع۔مذ): بزرگی۔

عِظْم (?)izm (ع۔مذ): بڑائی۔ بڑا ہجوم۔ غرور۔ تکبر۔

عظمت (?)az-mat (ع۔مث): بڑائی۔ بزرگی۔ شان وشوکت۔

عُظمیٰ (?)uz-maa (ع۔صف): اعظم کی تانیث۔ بڑی۔
عظیم (?)a-ziim (ع۔صف): بڑا۔ کلاں۔ بزرگ۔ (مذ) خدا تعالیٰ کا نام۔ جو ہر صفت میں بڑا ہے۔
عظیم الجثہ (?)a-zii-mul-jus-sa(h) (ع۔صف): وہ جو بہت موٹا تازہ ہو۔ جس کا قد و قامت بڑا ہو۔
عظیم الشان (?)a-zii-mush-shaan (ع۔صف): بڑے رُتبے والا۔ کلاں مرتبے والا۔

ع۔ف

عف (?)af (ع۔مث): کتے کی آواز۔
عفاریت (?)a-faa-ri-yat (ع۔مذ): دیکھیے "عفریت" جس کی یہ جمع ہے۔
عِفاف (?)a-faf (ع۔مث): پوشیدگی۔
عِفّت (?)if-fat (ع۔مث): پاکدامنی۔ عصمت۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔
عِفریت (?)if-ri-yat (ع۔مذ): دیو۔ بھوت۔ پریت۔ خوفناک چیز۔
عُفونت (?)u-fuu-nat (ع۔مث): بدبُو۔ سڑاند۔ تعفن۔
عُفی اللہ عنہٗ (?)u-fi-al-lah-(?)an-hu (ع۔مذ): خدا اسے معاف کرے۔ اپنے نام کے آخر میں انکسار لکھتے ہیں۔
عَفیف (?)a-fiif (ع۔مذ): پارسا (مرد)۔ مث: عفیفہ۔

ع۔ق

عِقاب (?)i-qaab (ع۔صف): عذاب۔ تکلیف۔
عُقاب (?)u-qaab (ع۔مذ): ایک طاقتور اور بلند پرواز شکاری پرندہ۔ ایک خوبصورت سیارہ کا نام۔ کیمیا گروں کی اصطلاح میں نوشادر۔ اونچی جگہ۔ پیغمبر صلعم کا ایک جھنڈا۔
عُقابین (?)u-qaa-bain (ع۔مذ): مجرم کو باندھنے کی دو اونچی لکڑیاں۔
عُقابین (?)u-qaa-biin (ع۔مذ): آہنی گوکھرو۔
عُقاقیر (?)u-qaa-qiir (ع۔مذ): دیکھیے "عُقار" جس کی یہ جمع ہے۔
عقار (?)aq-qaar (ع۔مذ) جڑی بوٹی۔ دوا۔
عقارب (?)a-qaa-rib (ع۔مذ) دیکھیے "عقرب" جس کی یہ جمع ہے بچھو۔
عقال (?)a-qaad (ع۔مذ) وہ رسی جس سے گھوڑے، خچر وغیرہ کا پچھلا پاؤں باندھتے ہیں۔
عقائد (?)a-qaa-id (ع۔مذ): دیکھیے "عقیدہ" جس کی یہ جمع ہے۔
عقائق (?)a-qaa-iq (ع۔مذ) دیکھیے "عقیق" جس کی یہ جمع ہے۔
عقائم (?)a-qaa-yam (ع۔مث): دیکھیے "عقیمہ" جس کی یہ جمع ہے۔
عقب/عقْب (?)a-qab-aqb (ع۔مذ) پچھلا حصہ۔ پیچھے۔
عقبہ/عَقَبہ (?)aq-ba(h)/ (?)a-qa-bah (ع۔مث): اُونچی اور لمبی پہاڑی جس کی چوٹی تک راستہ جاتا ہو۔
عُقبیٰ (?)uq-baa (ع۔مذ): اگلا جہاں۔ دوسرا جہاں۔ آخرت۔
عقد (?)aqd (ع۔مذ) گرہ۔ گانٹھ۔ عہد۔ پیمان۔ نکاح۔ شادی بیاہ (افعال: باندھنا۔ بندھنا۔ کرنا۔ ہونا)

عُقدِ پَروین/ثُریّا (?)aq-de-par-viin/ su-ray-ya(a) (ع۔ مذ): چھ ستارے جو قریب نظر آتے ہیں، ان کا گچھا۔

عِقد iqd(?) (ف۔ مذ) لڑی۔ ہار۔ گلوبند۔

عِقد ساز iqd-saaz(?) (ف۔ مذ): جوہری۔ زرگر۔ ہار بنانے والے۔

عُقدہ uq-dah(?) (ع۔ مذ) گرہ۔ گانٹھ۔ گُتھی۔ پیچیدہ معاملہ۔ مسئلہ۔ مشکل بات۔

عُقدہ کُشا uq-dah-ku-sha(?) (عف۔ صف): مسئلہ حل کرنے والا۔ مشکل آسان کرنے والا۔ اسم کیفیت مث:

عقرب aq-rab(?) (ع ب) بچھو، کژدم۔ ایک آسمانی بُرج

عقربی aq-ri-bii(?) (ع۔ مذ): ایک قسم کا لعل۔

عقر aqr(?) (ع۔ مذ) بانجھ پن۔

عقل aql(?) (ع۔ مث): سمجھ۔ فہم۔ ادراک۔ تمیز۔ بُدھ۔ سُرت۔ گیان۔ شعور۔ وقوف۔ ہوش۔ رائے۔

عقل ڈاڑھ aql-daarh(?) (ار۔ مث): وہ ڈاڑھ جو انسان کے جوان ہونے پر نکلتی ہے۔

عقلِ سلیم aq-le-sa-liim(?) (ع۔ مث): پوری عقل۔ صائب رائے۔

عقل کا پُتلا aql-ka-put-laa(?) (ار۔ صف): بہت عقلمند۔ طنزاً بے وقوف۔

عقل کا دُشمن aql-ka-dush-man(?) (ع۔ مذ): بے وقوف۔ احمق۔

عقل کا مارا aql-ka-maa-raa(?) (ار۔ صف): بے وقوف۔ احمق

عقلِ کُل aq-le-kul(?) (ع۔ مث) دیکھیے "عقلِ اول" خدا۔ وہ مشیر جس کے بغیر کام نہ کر سکیں۔

عقلمند aql-mand(?) (ع۔ صف): عاقل۔ دانا۔ خردمند۔ ہوشیار۔ طنزاً بیوقوف۔ اسم کیفیت مث: عقلمندی۔

عُقلاء u-qa-laa(?) (ع۔ صف): دیکھیے "عاقل" جس کی یہ جمع ہے۔

عقلاً aq-lan(?) (ع۔ تابع فعل) از رُوئے عقل۔

عقلی aq-lii(?) (ع۔ صف): عقل کا۔ عقل کے متعلق۔ عقل سے منسوب مث: عقلیہ۔

عُقم uqm(?) (ع۔ مذ): بانجھ پن۔

عُقوبَت u-quu-bat(?) (ع۔ مث): سزا۔ عذاب۔ تکلیف۔ مصیبت۔

عُقول u-quul(?) (ع۔ مذ): دیکھیے "عقل" جس کی یہ جمع ہے۔

عُقولِ عشرہ u-quu-le-ash-rah(?) (ع۔ مذ): دس فرشتے۔

عقیدت a-qii-dat(?) (ع۔ مث): اعتقاد۔ ارادت مندی۔

عقیدت مند a-qii-dat-mand(?) (ع۔ صف): معتقد۔ وفادار اسم کیفیت مث، عقیدت کیشی/مندی/فشی۔

عقیدہ aqii-dah(?) (ع۔ مذ): اعتقاد۔ ایمان۔ مذہبی اصول کو ماننا/رکھنا بھروسا/اعتبار۔

عقیق a-qiiq(?) (ع۔ مذ): ایک سُرخ رنگ کا قیمتی پتھر۔ ایک پودا جس کے بیج سے تسبیح کے دانے بنائے جاتے ہیں۔ اس کے پھول تقریباً ہر رنگ کے ہوتے ہیں۔

عقیق لب a-qiiq-lab(?) (عف۔ صف): جس کے ہونٹ سرخ ہوں۔ معشوق۔

عقیقِ یمن/یمنی (?)a-qii-qe-ya-man/ yam-ni(i) (ع۔مذ): اعلیٰ قسم کا عقیق۔

عقیقہ (?)a-qii-qah (ع۔مذ): مسلمانوں میں ایک رسم جو بچے کے پیدا ہونے کے سات دن بعد اس کے سر کے بال منڈا کر اور اُن کے ہم وزن چاندی خیرات کی جاتی ہے اور بچے کا نام رکھا جاتا ہے اور لڑکے کے لیے دو بکرے اور لڑکی کے لیے ایک بکرا ذبح کیے جاتے ہیں۔ یا جب استطاعت ہو، اس وقت بھی بکرے ذبح کیے جاسکتے ہیں۔

عقیل (?)a-qiil (ع۔صف): عقلمند۔ بزرگ۔ معزز۔ سردار۔ مث عقیلہ۔

عقیمہ (?)a-qii-ma(h) (ع۔مث): بانجھ عورت۔ بانجھ پن۔

ع۔ک

عکاس (?)ak-kaas (ع۔مذ): فوٹو گرافر۔ مصوّر۔ کنایۃً ظاہر کرنے والا اسم کیفیت مث: عکاسی۔

عکس (?)aks (ع۔مذ): سایہ۔ پرتو۔ پرچھائیں۔ تصویر جو پانی میں نظر آئے۔ ضد۔ اُلٹا۔ فوٹو۔

عکس اُفگن (?)aks-af-gan (عف۔صف): عکس ڈالنے والا۔ اسم کیفیت مث: عکس افگنی۔

عکسی (?)ak-sii (ع۔صف) عکس سے منسوب فوٹو لیا ہوا۔

عکوس (?)u-kuus (ع۔مذ): دیکھیے ''عکس'' جس کی یہ جمع ہے۔

علاتی (?)a-laa-tii (ع۔صف): سوتیلا۔ سوتیلی۔

عِلاج (?)i-laaj (ع۔مذ) بیمار کو دوا دینا۔ مصالحہ۔ دوا دارو۔ تدبیر۔ چارہ (افعال: کرنا۔ ہونا)

عِلاج پذیر (?)i-laaj-pa-ziir (عف۔صف): جس کا علاج ہو سکے۔ قابلِ علاج۔ قابلِ صحت۔

علاحِدہ (?)a-laa-hi-da(h) (ع۔صف): دیکھیے ''علیحدہ'' جُدا۔

عِلاقہ (?)i-laa-qah (ع۔مذ): تعلق۔ لگاؤ۔ واسطہ۔ سروکار۔ نسبت۔ وہ رقبہ جو کسی افسر کے زیر انتظام ہو۔ تعلقہ۔ زمینداری۔ جائیداد۔ عملداری۔ طرۂ۔ شملہ۔

عِلاقہ بند (?)i-laa-qah-band (عف۔مذ): زیور میں ڈورے ڈالنے والا۔ پٹوا۔ اسم کیفیت مث: علاقہ بندی۔

علاقہ دار (?)i-laa-qah-daar (عف۔مذ): علاقے کا حاکم۔ مالک تعلقہ دار۔ رشتہ دار۔ اسم کیفیت مث: علاقہ داری۔

علالت (?)a-la-lat (ار۔مث): بیماری۔ روگ۔ ماندگی۔ علت۔ دُکھ درد (یہ لفظ اُردو والوں کی اختراع ہے عربی میں نہیں)

علّام (?)al-laam (ع۔صف): بڑا جاننے والا۔ بڑا دانا۔ خدا کی صفت۔

علامت (?)a-laa-mat (ع۔مث): نشان۔ داغ۔ نقش۔ آثار۔ پہچان نشان جو کسی خاص کارخانے کا بنایا جائے۔ (ریاضی) جمع تفریق، ضرب تقسیم وغیرہ کا نشان۔ امتیازی نشان، میل کا پتھر۔ فاصلے کا نشان جو سڑک پر لگایا جائے۔ جمع علامات۔

علامتِ مردُی (?)a-laa-ma-ta-mar-vi مرد کی نشانی۔ آلۂ تناسل۔

علّامہ (?)a-lah-ma(h) ع۔صف): نہایت فاضل۔ نہایت دانا (انذ) نہایت چالاک و مکار آدمی۔ شوخ چشم عورت۔

علّامی (?)al-laa-mii (ع۔مث): میرا بہت

فاضل/علم والا دوست۔ ابوالفضل کو اکبر کی طرف سے یہ خطاب عطا ہوا تھا۔

علانیۃ a-laa-ni-yah(?) (ع۔صف): کھُلم کھلا۔ ظاہراً۔ ڈنکے کی چوٹ۔ کھلے خزانے (افعال، کرنا۔ کہنا۔ ہونا)

عِلاوہ i-laa-vah/ (?)a- laa-vah(?) (ع۔متعلق فعل): ماسوا۔ مزید۔ اور بھی۔

عِلاوہ ازیں/اس کے ابریں a-laa-vah-a-ziiN(?) (عف: متعلق فعل) ماسوا، باوجودیکہ۔ مزید برآں۔ ماسوا اس کے۔

علایق a-laa-yiq(?) (ع۔مذ): دیکھیے "علاقہ" جس کی یہ جمع ہے۔

عِلّت il-lat(?) (ع۔مث): بیماری۔ روگ۔ ماندگی۔ وجہ۔ سبب۔ الزام۔ گناہ۔ خراب یا ناکارہ چیز۔ عذر۔ نقص جھگڑا۔

عِلّتُ العِلل il-la-tul-(?)i-lal(?) (ع۔مث) سبب اوّل۔ کنایۃً خدا۔

علیحدگی a-leh-di-gii(?) (عف۔مث): جُدائی۔ خلوت۔ تنہائی۔

علیحدہ a-lah-dah(?) (ع۔صف): جُدا۔ الگ۔ تنہائی میں۔ الگ الگ۔ شرکت سے باہر۔

علف زار a-laf-zaar(?) (ع۔مذ) گھاس۔ چارا

علق a-laq(?) (ع۔مذ): جما ہوا خون ۔ جونک (صف) لٹکا ہوا۔ آویزاں۔

عِلل i-lal(?) (ع۔مث): دیکھیے "علت" جس کی یہ جمع ہے۔

علَم a-lam(?) (ع۔مذ): خاص نام۔ مشہور و معروف نام۔ جھنڈا (ار) شہدائے کربلا کے نام کا وہ جھنڈا جس پر پان کی شکل ہو۔

علَم بَردار a-lam-bar-daar(?) (عف۔صف): جھنڈا اٹھانے والا۔ فوج میں جھنڈا اٹھا کر چلنے والا۔ مدعی۔ پیش پیش۔ اسم کیفیت مث: علم برداری۔ حضرت عباسؓ ابن علیؓ جو معرکہ کربلا میں حضرت امام حسینؓ کے علم بردار تھے۔

علَم دار a-lam-daar(?) (عف۔مث): دیکھیے "علم بردار۔ اسم کیفیت: علم داری

عِلم ilm(?) (ع۔مذ): جاننا۔ آگاہی۔ واقفیت۔ ہنر۔

عِلم الاصنام il-mul-as-naam(?) (ع۔مذ): بُتوں یا دیوی دیوتاؤں کا علم۔ دیومالا۔

علمُ الیقین ilmul-ya-qiin(?) (ع۔مذ): وہ یقین جو کسی چیز کے علم کے باعث ہو۔

عِلمِ باطن/باطنی il-me-baa-tan(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی) وہ علم جس سے خدا شناسی حاصل ہو۔

علم دوست ilm-dost(?) (عف۔صف): علم اور اہل علم کا مشتاق اسم کیفیت مث: علم دوستی۔

عِلمِ دین il-me-diin(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی): مذہب یا دین کی باتوں کا علم۔

عِلمِ غیب il-me-Gaib(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی): غیب کی بات جاننا۔ پوشیدہ باتوں کا علم۔

عِلمِ کلام il-me-ka-laam(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی) مذہبی امور کو دلائل سے ثابت کرنا۔ مذہبی بحث ومناظرہ کا علم۔

عِلمِ لدُنّی il-me-la-dun-nii(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی) وہ علم جو بغیر استاد کے روحانی فیض سے حاصل ہو۔

عِلمِ مجلس il-me-maj-lis(?) (ع۔مذ): محفل میں نشست و برخاست اور آداب کا علم۔

عِلم مناظِر il-me-ma-naa-zir(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی)عکسی تصویریں لینے کا علم۔
عِلم نظر il-me-na-zar(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی): مناظرہ کا علم جس میں بحث کے واسطے اصول بتائے جاتے ہیں۔
عُلَماء u-la-maa(?) (دیکھیے "عالم" جس کی یہ جمع ہے۔
عِلمی il-mii(?) (ع۔صف): دیکھیے "علم" جس سے یہ منسوب ہے مث عِلمیہ۔
عِلمیّت il-miy-yat(?) (ع۔مث): علم ہونا۔ قابلیت۔لیاقت۔واقفیت۔
عُلُوّ ul-luu(?) (ع۔مذ): بلندی۔رفعت۔اُونچائی۔
عُلُوفہ u-luu-fa(h)(?) (ع۔مذ): خوراک۔ روزینہ۔وظیفہ۔چارا۔دانہ۔گھاس۔
عُلُوم u-luum(?) (ع۔مذ): دیکھیے "علم" جس کی یہ جمع ہے۔
عُلُوم رَسمی u-luu-me-ras-mii(?) (ع۔مذ بترکیب فارسی)وہ علم جو رائج ہوں۔
علوی a-la-vii(?) (ع۔صف): علی سے منسوب (مذ): حضرت علیؓ کی اولاد جو حضرت فاطمہؓ کے بطن سے نہ ہو۔
عُلوی ul-vii(?) (ع۔صف): آسمانی۔اونچا۔بلند۔ وہ عمل جو فرشتوں یا اسمائے الٰہی کے ذریعے کیا جائے۔ سفلی کی ضد۔اوپر کے درجہ کا باشندہ۔
عُلُوِّ شان u-luu-ve-shaan(?) (ع۔مذ): شان اور مرتبے کی بلندی۔
عُلُوِّ نسب u-luu-e-na-sab(?) (ع۔مذ): عالی خاندانی۔
عُلُویّت ul-vi-yat(?) (ع۔مث): بلندی۔رفعت۔
عَلی a-lii(?) (ع۔صف): بلند و برتر۔ اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔خلفائے راشدین میں سے چوتھے خلیفہ۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچیرے بھائی یعنی ابن ابی طالب۔
علی بند a-lii-band(?) (عف۔مذ): ایک زیور جو عورتیں کلائی پر باندھتی ہیں اور انگلیوں میں بھی پہنتی ہیں۔کشتی کا ایک پیچ۔ایک تعویذ جو جادو کے اثر کو مٹاتا ہے۔
علی غول a-li-Gol(?) (ار۔مذ): مسلمان بیٹے بازوں کا ایک گروہ۔
علی مد a-lii-mad(?) (ار۔مث): ایک داؤ۔کشتی کا ایک پیچ۔پھکیتی یا بنکتی کی ایک قسم۔
علیٰ a-laa(?) (ع۔حرف جار) اوپر۔پر۔وجہ سے۔سبب سے۔میں سے۔ساتھ۔پاس۔اگرچہ۔ باوجودیکہ۔
علی الاتصال a-l-al-it-ti-saal(?) (ع۔متعلق فعل): متواتر۔لگاتار۔
علی الاجمال a-l-al-aj-maal(?) (ع۔متعلق فعل) بالاشتراک مجمل طور سے۔
علی الاطلاق a-l-al-it-laaq(?) (ع۔متعلق فع): مطلق۔بےقید۔آزاد۔
علی الاعلان a-lal-i(?)-e-lān(?) (ع۔متعلق فعل): کھلے طور پر۔آزادانہ علانیہ۔کھلم کھلا۔
علی التحقیق a-lat-tah-qiiq(?) (ع۔متعلق فعل): یقیناً۔ٹھیک طور پر۔
علی التواتر a-li--ta-va-tur(?)(ع۔متعلق فعل): پے در پے۔متواتر۔
علی التوالی a-li-ut-ta-vaa-lii(?)(ع متعلق فعل): یکے بعد دیگرے۔
علی التوکل a-la-ta-vak-kal(?)(ع۔متعلق

فعل): اعتبار کر کے۔ بھروسہ کر کے۔

علی الحساب a-lal-hi-saab(?) (ع۔ متعلق فعل): اس حساب میں جس کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا ہو۔ بلا حساب پیشگی۔

علی الخصوص a-lal-Ku-suus(?) (ع۔ متعلق فعل): خصوصاً۔ خاص طور سے۔

علی الدوام a-lad-da- vaam(?) (ع۔ صف): دوامی۔ دائمی۔ ہمیشہ۔

علی الرغم a-lar-ra-Gam(?) (ع۔ متعلق فعل): باوجود اس کے برخلاف۔ مقابلے میں۔ ذلیل کرنے کے لیے۔

علی العموم a-lal-(?)u- muum(?) (ع۔ متعلق فعل): عموماً۔ عام طور پر۔

علیٰ فوق a-laa-fauq(?) (ع۔ متعلق فعل): اوپر پر۔

علیا ul-yaa(?) (ع۔ صف): اعلیٰ کی تانیث۔ بلند۔ اونچی۔

علیک a-laik(?) (ع۔ متعلق فعل): تجھ پر۔

علیک سلیک a-laik-sa-laik(?) (ار۔ مث) واقفیت۔ شناسائی۔ سلام ودعا۔ (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

علیل a-liil(?) (ع۔ صف): کمزور۔ ضعیف۔ بیمار۔ ناساز۔ مریض۔

علیم a-liim(?) (ع۔ صف): جاننے والا۔ دانا (مذ) خدا تعالیٰ کا نام۔ جو ظاہر اور پوشیدہ کو جانتا ہو یا جاننے والا۔

علیہ a-la-ya(h)(?) (ع۔ متعلق فعل) اس پر۔ اس کے ساتھ۔ مث علیہا۔ تثنیہ۔ علیہما۔ جمع: علیہم۔

علیہ الرحمۃ a-lai-hir-rah-ma (h)(?) (ع۔ دعا) اس پر خدا کی رحمت ہو۔ ولیوں اور مقدس ہستیوں کے نام کے آگے لکھتے ہیں۔

علیہ السلام (التسلیم) a-lai-his-sa-laam(?) (at-tas-liim) (ع۔ دعا) اس پر سلام ہو پیغمبروں کے نام کے آگے لکھا جاتا ہے اور بطور اختصار صرف لکھتے ہیں۔

علیہ الصلوٰۃ والسلام a-lai-his-sa-lat-to vas-sa-lam(?) (ع۔ دعا): اس پر خدا کی رحمت اور سلام ہو۔

علیہم السلام a-lia-hi-mus-sa- laam(?) (ع۔ دعا): ان سب پر خدا تعالیٰ کا سلام۔

ع۔م

عم am(?) (ع۔ مذ): باپ کا چھوٹا یا بڑا بھائی۔ چچا۔ تایا۔

عم زادہ am-zaa-da(h)(?) (ع۔ صف): چچیرا بھائی یا بہن۔ چچا کا بیٹا یا بیٹی۔

عماد i-maad(?) (ع۔ مذ): ستون۔ کوئی چیز جس سے سہارا دیا جائے۔ اعتبار۔ اعتماد۔ جمع عمادہ کی۔ اونچے مکان۔

عمارت i-ma-rat(?) (ع۔ مث): وہ چیز جو تعمیر کی جائے۔ گھر۔ مکان۔ جمع: عمارات۔ صف نسبتی: عمارتی۔

عمارت گر i-maa-rat- gar(?) (عف۔ مذ): معمار۔ اسم کیفیت مث: عمارت گری۔

عماری am-maa-rii(?) (ع۔ مث): ہودہ۔ محمل۔ عمار۔ کی ایجاد کردہ۔

عمال um-maal(?) (ع۔ مذ): عامل کی جمع۔ سرکاری کارگزار۔ روپیہ وصول کرنے والا۔ عہدہ دار۔ پرگنوں کا حاکم۔

عمامہ i-maa-mah(?) (ع۔ مث) پگڑی۔ دستار۔ خود۔ تاج۔

عمائد (?)a-maa-iid (ع۔مذ): عمید کی جمع۔قوم کے سردار۔معززین۔جمع الجمع۔عمائدین۔

عمدٗ (?)amd (ع۔مذ): ارادہ۔قصد۔

عمداً (?)am-dan (ع۔متعلق فعل): قصداً۔ دانستہ۔جان بوجھ کر۔

عمدہ (?)um-dah (ع۔صف): نفیس۔اعلیٰ درجہ کا۔پسندیدہ۔منتخب ستون۔امیر۔سردار۔مالک۔اسم کیفیت مث (ف) عمدگی۔

عمرٗ (?)umr (ع۔مث) زندگی۔ زمانہ۔ سن و سال۔عرصہ۔

عمرِ ابد (?)um-re-a-bad (ع۔مذ) عمر جو کبھی ختم نہ ہو۔

عمر بھر (?)umr-bhar (ا۔متعلق فعل): تمام عمر۔

عمر پٹا (?)u-mar-pat-ta(a) (ا۔مذ) عمر بھر کا ٹھیکہ۔ہمیشہ جیتے رہنے کا اقرار نامہ۔

عمرِ پنج روزہ (?)um-re-panj-ro-za(h) (ع۔صف): تھوڑی عمر۔چند دنوں کی عمر۔

عمرِ جاوداں/جاوید (?)um-re-jaa-va-daaN (عف۔مث): ہمیشہ کی زندگی۔

عمر رسیدہ (?)umr-ra-sii-dah (عف۔صف): بوڑھا۔بڑی عمر کا۔

عمرِ طبعی/طبیعی (?)um-re-ta-b(?)ii (ع۔مث): انسان کی معمولی اوسط عمر۔جو ۷۰-۵۰ سال ہے۔

عمرِ قید (?)umr-qaid (عف۔مث): ایک سزا جس میں ساری عمر قید رہنا پڑتا ہے۔پاکستان میں اس کی میعاد چودہ سال ہے۔

عمرِ نوح (?)um-re-nuuh (ع۔مث): بہت لمبی عمر۔بہت بڑی عمر۔اس لیے کہتے ہیں کہ حضرت نوحؑ ساڑھے نوسو سال زندہ رہے تھے۔

عمرانی (?)im-raa-nii (ع۔صف): معاشرتی رہن سہن کے متعلق۔سماجی۔

عمرانیات (?)im-raa-ni-yaat (ع۔مث): انسانی معاشرت کا علم۔لوگوں کے رہن سہن کے طریقوں کا علم۔انگریزی لفظ Sociology کا ترجمہ۔

عمرٗ زید، بکر (?)umr-zaid-Bakar (ع۔مذ): مسائل صرف ونحو یا منطق میں تمثیلاً یہ نام استعمال کیے جاتے ہیں۔عام اشخاص۔فلاں فلاں۔

عمرو عیار (?)am-ro-ay-yaar (ع۔مذ): داستان امیر حمزہ کا مشہور کردار جس کے پاس ایک زنبیل (جھولی) تھی جس میں سب کچھ سما سکتا تھا پھر بھی جگہ رہ جاتی تھی اور وقت ضرورت ہر چیز مل جاتی تھی۔

عمرہ (?)um-ra(h) (ع۔مذ): زمانۂ حج کے علاوہ مکہ معظمہ کی حاضری اور بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان دوڑنے کے بعد کھول دیا جاتا ہے۔ حج کے دیگر مناسک ادا نہیں کیے جاتے۔

حاجیوں کی ایک خاص عبادت ہے۔ اس میں احرام باندھنا۔خانہ کعبہ کا طواف کرنا۔صفا مروہ میں جا کر دوڑنا۔حج میں عرفات میں ٹھہرنا اور منیٰ میں کنکریاں پھینکنا شامل ہیں۔وہ حج جو ایام حج میں نہ کیا جائے۔ چھوٹا حج۔

عمق/عُمق (?)u-maq/ (?)u-muq (ع۔مذ): گہرائی۔تھاہ۔تہہ (کنواں۔حوض۔دریا تالاب وغیرہ کی) جمع: اعماق۔

عمل (?)a-mal (ع۔مذ): کار۔ دھندا۔منتر۔ افسوں۔ رسم ۔ تاثیر۔ کاروائی۔ عہد۔ حکومت۔ وقت۔مشق۔پچکاری۔نشہ۔نشہ کا اثر۔

عمل دار (?)a-mal-daar (عف۔صف): تحصیل دار۔عامل۔کارکن۔حاکم۔

عملداری a-mal-daa- rii(?) (عف۔مث): حکومت۔سلطنت۔علاقہ۔اختیار۔حکم۔

عمل دخل a-mal-da-Kal(?) (عف۔مذ): قبضہ۔اختیار (افعال: کرنا۔ہونا)

عمل درآمد a-mal-dar-aa-mad(?) (عف۔مذ): تعمیل۔کاروائی۔ضابطہ۔(افعال: کرنا۔ہونا)

عملِ صالح am-leh-sa-lah(?) (ع۔مذ): نیک کام۔

عمل گزار a-mal-gu-zaar(?) (عف۔مذ): عامل۔تحصیل۔

عمل نامہ a-mal-naa-ma(h)(?) (اعمال کی کتاب۔وہ کتاب جس میں کسی کے افعال درج ہوں۔

عملاً a-ma-lan(?) (ع متعلق فعل): کام کر کے۔یقیناً۔حقیقت میں۔عمل کے لحاظ سے۔

عملہ am-lah(?) (ع۔مذ): کسی محکمہ کے ملازم۔دفتر کے ملازم۔کارکن لوگ۔اہل کار۔طبہ زمین کے علاوہ مکان کا سارا سامان۔کام۔مزدوری۔

عملہ دخلہ am-lah-daK- lah(?) (ع۔مذ): قبضہ۔تصرف (افعال: کرنا۔ہونا)

عملی صورت a-ma-lii-suu-rat(?) (ع۔مث): کسی کام کے ہونے کی صورت۔

عملیات a-mal-li-yaat(?) (ع۔مذ): عمل کی جمع۔افسوں۔منتر (مث) ٹوٹکے۔

عمو am-muu(?) (ع۔مذ): چچا۔تایا۔

عمود a-muud(?) (ع۔مذ): ستون۔گرز۔وہ خط مستقیم جو دوسرے خط مستقیم پر کھڑا ہو کر دونوں زاویے قائمے بنائے، سردار۔ترازو کی ڈنڈی کی رسی۔اخبار کا کالم۔اونچائی۔

عموداً a-muu-dan(?) (ع متعلق فعل): سیدھا زاویہ قائمہ بناتا ہوا۔

عموم a-muum(?) (ع۔مذ): عام ہونا۔

عموماً a-mau-man(?) (ع متعلق فعل): عام طور پر۔اکثر و بیشتر۔

عمومی u-muu-mii(?) (ع۔صف): عام۔عام سے تعلق رکھنے والا۔

عمید a-miid(?) (ع۔مذ) سردار۔حاکم۔مرکبات میں جیسے عمید الدولہ۔وغیرہ

عمیق a-miiq(?) (ع۔مذ): گہرا۔کامل۔

عمیم a-miim(?) (ع۔صف): عام۔پورا۔مکمل۔بہت۔کثیر۔سب پر حاوی۔مث۔عمیمہ۔

عمیم الاحسان a-mii-mul-ah-saan(?) (ع۔صف): سب پر احسان کرنے والا۔خدا کے لیے مستعمل ہے۔

عمیم البرکات a-mii-mul-bar-kaat(?) (ع۔صف): سب پر برکتیں بھیجنے والا۔

ع۔ن

عن an(?) (ع۔حرف جار) سے۔ساتھ۔ذریعے سے۔اس کے بموجب۔اس کی زبانی۔عموماً حدیثیں اس لحاظ سے شروع ہوتی ہیں۔

عنقریب an-qa-riib(?) (ع متعلق فعل): جلد۔پاس۔نزدیک۔

عناب un-naab(?) (ع۔مذ) ایک میوہ جو بیر کی قسم کا ہے اور سُرخ ہوتا ہے۔

عنابی un-naa-bii(?) (ع۔صف): عناب کے رنگ کا۔سیاہی مائل سُرخ۔

عناد i-naad(?) (ع۔مذ): دشمنی۔مخالفت۔بیر۔

عناداً i-naa-dan(?) (ع متعلق فعل): مخالفت کی،

وجہ سے۔دشمنی سے۔

عناصر a-naa-sir(?) عنصر کی جمع۔

عناصر اربعہ a-naa-sir-ar-bah (ع۔مذ): چاروں عنصر۔ پانی۔ ہوا۔ آتش۔ خاک۔ مگر موجودہ سائنس کی رو سے ان میں کوئی بھی عنصر نہیں ہے۔

عِنان i-naan(?) (ع۔مذ): لگام۔ مرکبات میں جیسے خوش عنان۔

عِنان تاب i-naan-taab(?) (ع۔صف): اشارے پر چلنے والا۔

عِنان گسستہ i-naan-gu-sas-tah(?) (عف۔صف): لگام ٹوٹا ہوا۔ قابو سے باہر۔

عِنان گیر i-naan-giir(?) (عف۔صف): باگ پکڑنے والا۔ چلنے سے روکنے والا۔

عِنایت i-naa-yat(?) (ع۔مث): مہربانی۔ شفقت۔لطف۔کرم۔

عنب e-anb(?) (ع۔مذ): انگور۔

عنب الثعلب a-nus-sa(?)-lab(?) (ع۔مذ): مکوہ۔ ایک پودا۔ ایک بوٹی جو دواؤں میں کام آتی ہے۔

عنبر an-bar(?) (ع۔مذ): ایک خوشبو جو سمندر کی تہہ میں بیٹھی رہتی ہے۔ اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ آگ پر پگھل جاتی ہے ویل مچھلی کے بدن پر ایک قسم کا دُنبل ہوتا ہے جب یہ اچھا ہو جاتا ہے تو کھرنڈ جھڑ جاتا ہے۔ یہی عنبر ہے۔

عنبر آگیں an-bar-aa-giiN(?) (ع۔مذ): عنبر سے بھرا ہوا۔ خوشبودار۔

عنبر آلود an-bar-aa-luud(?) (ع۔صف): خوشبودار۔

عنبر اشہب an-bar-ash-hab(?) (ع۔ مذ): اعلیٰ قسم کا عنبر جو ہلکے رنگ کا ہوتا ہے۔

عنبر افشاں/بیز an-bar-af-shaan(?) (ع۔مذ): خوشبو بکھیرنے والا۔

عنبر سارا an-bar-saa-raa(?) (ع۔صف): خالص عنبر۔

عنبر سوز an-bar-soz(?) (عف۔مذ): عنبر کو جلانے کا برتن۔

عنبر شمیم an-bar-sha-miim(?) (ع۔صف): عنبر کی خوشبو والا۔

عنبری an-ba-rii(?) (ع۔صف): عنبر سے منسوب۔مذ۔ایک قسم کا کبوتر۔

عنبریں an-ba-riiN(?) (عف۔صف): عنبر کی خوشبو دینے والا عنبر سے منسوب۔

عِند ind(?) (ع۔ظرف): نزدیک ۔ قریب ۔ پر۔ وقت پر (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)۔

عِند التحقیق in-dut-tah-qiiq(?) (ار۔متعلق فعل): یقیناً۔ضرور۔ تحقیق کے مطابق۔ دوران تفتیش میں۔

عندلیب an-da-liib(?) (ع۔مث): بلبل۔ ایک پرندہ۔

عِندیہ in-di-yah(?) (ع۔مذ): رائے۔ منشا۔ منصوبہ۔ جمع: عندیات۔

عُنصر un-sur(?) (ع۔مذ): اصل۔ بنیاد۔ وہ چیزیں جو مرکب نہ ہوں۔ مفرد چیز۔ آگ، پانی، ہوا۔ مٹی کو عنصر سمجھا جاتا تھا۔ مگر اب یہ ثابت ہو گیا ہے کہ پانی مٹی ہوا تو مرکب ہیں اور آگ آکسیجن گیس کے کسی چیز کے ساتھ جلنے سے پیدا ہوتی ہے۔

عُنصری un-su-rii(?) (ع۔صف): عنصر سے منسوب۔ عنصر کا۔

عُنفوان un-fa-vaan(?) (ع۔مذ): طاقت۔

تازگی۔ کسی چیز کا آغاز۔

عنفوانِ شباب (?)un-fa-vaa-ne-sha-baab (ع۔مذ): آغاز جوانی کا زمانہ۔

عنقا (?)an-qaa (ع۔مذ): ایک فرضی پرندہ۔ کنایتہً نایاب۔ نادر الوجود چیز، بے نظیر۔ ناپید۔ معدوم۔ لمبی گردن والی (مث)۔

عنکبوت (?)un-ka-buut (ع۔مث): مکڑی۔

عنوان (?)un-vaan (ع۔مذ): سرنامہ۔ مضمون کی سُرخی۔ تمہید۔ کوئی بات وجہ دوسری بات کی طرف اشارہ ہو۔ جمع: عنوانات۔

عِنّین (?)i-ni-yan (ع۔مذ): نامرد۔ ہیجڑا۔ زنخہ۔ مخنث۔

ع۔و

عوارض (?)a-vaa-riz (ع۔مذ): جمع عارضہ کی۔ پیش آنے والی چیزیں۔ بیماریاں۔

عواطف (?)a-vaa-tif (ع۔مذ): عاطفت کی جمع۔ مہربانیاں۔

عواقب (?)a-vaa-qib (ع۔مذ): جمع عاقبت کی۔ وہ چیزیں جو دوسری چیزوں کے پیچھے آئیں۔

عوالم (?)a-vaa-lim (ع۔مذ): دیکھیے 'عالم' جس کی یہ جمع ہے۔

عوام (?)a-vaam (ع۔مذ): جمع عامہ کی۔ عام لوگ۔ ہاشا۔ رعیت۔

عوام الناس (?)a-vaa-mun-naas (ع۔مذ): عام لوگ۔ تمام لوگ۔ بازاری آدمی، جاہل لوگ۔

عوامل (?)a-vaa-mil (ع۔مذ): جمع عاملہ کی۔ کارکن۔

عوائب (?)a-vaa-yib (ع۔مذ): عائب کی جمع۔ اُردو میں عیب کی جمع کے طور پر بھی مستعمل ہے۔

عوائد (?)a-vaa-yid (ع۔مذ۔مث): جمع "عائدہ" کی۔

عود (?)aud (ع۔مذ): لوٹنا۔ پھیرنا۔ مڑنا (افعال: کرنا۔ ہونا)

عود (?)uud (ع۔مذ): ایک قسم کی لکڑی جسے خوشبو کے لیے جلاتے ہیں۔ ایک قسم کا باجا۔ بَربط۔

عودِ خام (?)uu-de-Kaam (ع۔مذ): تازہ یا خالص عود۔

عود سوز (?)uu-de-soz (ع۔مذ): وہ برتن جس میں عود جلائیں۔ اگردان۔

عودِ ہندی (?)uu-de-hindii (ع۔مذ): درخت جو ہندوستان میں ہوتا ہے اور اس کی لکڑی۔ مرزا غالب کے مکاتیب کے مجموعے کا نام۔

عودی (?)uu-dii (ع۔صف): عود کا۔ لکڑی کا (مذ): سیاہ رنگ کا۔ اگرئی۔

عوذ (?)auz (خدا سے پناہ مانگنا۔

عور (?)uur (ع۔مذ): ننگا۔ عُریاں۔

عورات (?)auv-raat (ع۔مث): دیکھیے "عورت" جس کی یہ جمع ہے۔

عورت (?)au-rat (ع۔مث): وہ چیز جس کے ننگا ہونے سے شرم آئے۔ ناف سے گھٹنے تک جسم۔ مرد کی مادہ۔ زن۔ ناری۔ تریا۔ زوجہ۔ بیوی۔ استری۔

عِوض (?)i-vaz (ع۔مذ): بدلہ۔ معاوضہ۔ انتقام (متعلق فعل) بجائے۔

عوض (?)auz: (ع، مذ) وہ روپیہ جو کسی کام کے بدلے دیا جائے۔ رشوت کی ایک قسم۔ قائم مقام کے طور پر۔ بدلہ میں۔ عوض میں۔

عِوَضی (?)iv-zii (عف صف مذ): وہ شخص جو کسی کی

بجائے/ بدلے میں قائم مقام ہو۔ چھٹی پر جانے والا شخص جسے اپنے بدلہ میں کام پر چھوڑ جائے۔

عون aun (ع۔ مذ): مددگار۔ یار۔

ع۔ہ

عہد a-had(?) (ع۔ مذ): زمانہ۔ وقت۔ حکومت کا زمانہ۔ وعدہ۔ قول۔ قرار۔ قسم۔ سوگند۔ اقرارنامہ۔ ارادہ۔

عہدِ اَساطیری ah-de-a-saa-tii-ri(i)(?) (ع۔ مذ): زمانہ ماقبل تاریخ جس کا ذکر کہانیوں میں آتا ہے۔

عہد شکن a-had-shi-kan(?)(عف۔ مذ): وعدہ خلاف اِسم کیفیت مث: عہد شکنی۔

عہدِ عتیق ah-de-a-qiiq(?)(ع۔ مذ): پُرانا زمانہ۔ کنایۃً توریت۔

عہد نامہ ahd-naa-ma(h)(?)(ع۔ مذ) وہ تحریر جو بادشاہوں کے باہمی معاہدہ سے لکھی جائے۔ اقرار نامہ۔ وہ کاغذ جو قول وقرار کے استحکام کے لیے لکھا جائے (افعال: کرنا۔ ہونا)

عہد و پیمان ah-do-pai-maan(?) (ع۔ مذ): قول وقرار۔ قسم (افعال: کرنا۔ ہونا)

عہدہ oh-dah(?)(ع۔ مذ): مرتبہ۔ منصب۔ سرکاری منصب۔ درجہ۔ مرتبہ۔ ذمّہ۔

عُہدہ برآ on-dah-bar-aa(?)(ف۔ صف): ذمّہ داری سے سبکدوش ہونے والا، قرض ادا کرنے والا۔ (افعال: ہونا)

عہدہ برآئی auh-dah-bar-aa-ii(?)(عف۔ مث): سبکدوشی۔ ذمہ داری سے۔

عُہدہ دار auh-deh-daar(?)(عف۔ مذ): افسر۔ ذی رُتبہ۔ اسم کیفیت مث: عُہدہ داری۔

عُہدے auh-de(?)(ار۔ مذ): عُہدہ کی جمع۔ وہ چیزیں جو امیروں کے خادم/ ملازم ہاتھوں میں لے کر امیروں کے ساتھ چلیں۔ جیسے پیکدان، حقہ وغیرہ۔

عُہود u-huud(?)(ع۔ مذ): عہد کی جمع۔ معاہدے۔ وعدے۔

ع۔ی

عِیادت i-yaa-dat(?)(ع۔ مث): بیماری کی خبر پوچھنا۔ بیمار پُرسی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

عِیاذ i-yaaz(?)(ع۔ مذ): پناہ لینا۔ بُرائی سے بھاگنا۔

عِیاذاً باللہ i-yaa-zan-bil-lah(?)(ع۔ مذ): خدا کی پناہ، معاذ اللہ۔

عَیّار ay-yaar(?)(ع۔ صف): بہت زیادہ حرکت کرنے والا۔ چالاک ہوشیار۔ مکار۔ فریبی۔ اسم کیفیت مث (ف) عیاری، مث (ع) عیارہ (مث) (ار) عیارنی۔

عَیّاش ay-yaash(?)(ع۔ صف): اپنی زندگی بہت اچھی طرح بسر کرنے والا۔ عیش پسند۔ رنگین مزاج۔ تماش بین۔ اوباش۔ رنڈی باز۔ بدچلن۔ اسم کیفیت۔ مث: ف: عیاشی۔

عَیّاشانہ ay-yaa-shaa-na(h)(?)(ع۔ متعلق فعل): عیاش کی مانند۔ عیاش کی طرح۔

عِیال i-yaal(?) (ع۔ مذ): جمع عیل کی۔ بیوی بچے۔ کنبہ۔

عِیال دار i-yaal-daar(?)(عف۔ صف): کنبے والا۔ بیوی بچوں والا اسم کیفیت مث: عیال داری۔

عِیاں i-yaaN(?)(ع۔ صف): ظاہر۔ کھلا۔ آشکارا (افعال کرنا۔ ہونا) زبر سے غلط ہے۔

عیب aib(?)(ع۔ مذ): نقص۔ بُرائی۔ خرابی۔ گناہ۔ جرم۔ قصور۔

عیب بیں/ تراش aib-biin/ta-rash(?) (عف۔ مث): عیب جُو۔ اسم کیفیت مث: عیب بینی/ تراشی۔

عیب پوش aib-posh(?) (عف۔ صف): عیب چھپانے والا۔ اسم کیفیت مث: عیب پوشی۔

عیب جُو aib-juu(?)(عف۔ صف): عیب ڈھونڈنے والا۔ نکتہ چیں اسم کیفیت مث: عیب جوئی۔

عیب چیں aib-chiin(?)(عف۔ صف): عیب چننے والا۔ نکتہ چیں اسم کیفیت مث: عیب چینی۔

عیب دار aib-daar(?)(عف۔ صف): نقص والا۔ جس میں عیب ہو۔ اسم کیفیت مث: عیب داری۔

عیب گو/ گیر aib-go/giir(?)(عف۔ صف): عیب جُو۔ اسم کیفیت مث: عیب گوئی/ گیری۔

عیب و ثواب ai-bo-sa-vaab(?)(عف۔ مذ): بُرائی بھلائی (افعال: ظاہر کرنا، ہونا، کہنا)

عیبی ai-bii(?)(ع۔ صف): ناقص۔ شریر۔ بدذات۔ بدچلن جس میں کوئی برائی یا عیب ہو۔

عید iid(?)(ع۔ مث): لغوی معنی جو بار بار آئے۔ تیوہار۔ جشن، مسلمانوں کے دو تیوہاروں کا نام جو یکم شوال اور دس ذوالحجہ کو ہوتے ہیں۔

عیدُ الضحیٰ/ عید الاضحیٰ iid-duz-zu-haa(?) ii-dul-az-haa(?)(ع۔ مث): اہلِ اسلام کا وہ تیوہار جو دس ذوالحجہ کو منایا جاتا ہے اور مویشی قربان کیے جاتے ہیں۔

عیدِ غدیر iide-Gaa-diir(?)(ع۔ مث ترکیب فارسی): احادیث کی روایت کے مطابق مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک گاؤں خُم غدیر میں حجتہ الوداع سے واپسی پر آنحضرتؐ نے حضرت علیؓ کو حدیث "من کنت مولا فعلّی مولاہ" کی رُو سے اپنا خلیفہ قرار دیا جس کی خوشی میں۔ 18 ذوالحجہ کو شیعہ حضرات جشن مناتے ہیں۔

عیدُ فطر/ عیدُ الفطر ii-dul-fitr(?)(ع۔ مث): اہلِ اسلام کا سب سے بڑا تیوہار جو ماہ رمضان کے اختتام کے بعد یکم شوال کو منایا جاتا ہے۔

عیدِ قُربان ii-de-qur-baan(?)(ع۔ مث ترکیب فارسی): دیکھیے "عید اضحیٰ"

عید گاہ iid-gaah(?)(عف۔ مث): وہ مقام جہاں عید کی نماز پڑھتے ہیں یہ عموماً آبادی سے باہر سمت مغرب میں وسیع احاطہ کی صورت میں ہوتا ہے۔

عید مَولُود/ میلاد iid-mau-luud/mii-laad(?)(ع۔ مذ): پیغمبر صلعم کی پیدائش کا دن۔ جب مسلمان محفلیں اور مجلسیں کر کے بیانِ ولادت آنحضرت صلعم کرتے ہیں اور خوشیاں مناتے ہیں۔

عیدِ نوروز ii-de-nau-roz(?)(ع۔ مث): ایرانیوں کے سال کے پہلے دن کا تیوہار۔

عیدَین ii-dain(?)(ع۔ مث): عید الفطر اور عید الاضحیٰ۔

عیسائی ii-saa-ii(?)(ع۔ مذ): حضرت عیسیٰ کا پیرو۔ نصرانی۔ اس فرقہ کا ایک فرد۔

عیسوی iis-vii(?)(ع۔ صف): حضرت عیسیٰ سے منسوب۔ مسیحی۔ وہ سنہ جو حضرت عیسیٰ کی ولادت سے شروع ہوتا ہے۔

عیسیٰ ii-saa(?)(ع۔ مذ): ابن مریم۔ ایک پیغمبر جو بیت اللحم میں پیدا ہوئے۔ مسلمانوں اور عیسائیوں کے عقیدہ کے مطابق بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے اس لیے اُن کو رُوح اللہ کہتے ہیں۔ ان پر انجیل اُتری۔

یہ عیسائیوں او ریہودیوں کے عقیدہ کے مطابق مصلوب ہوئے اور مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق زندہ آسمان پر اُٹھائے گئے۔

عیش پسند aiish-pa-sand(?) (عف۔صف): آرام طلب۔اسم کیفیت مث: عیش پسندی۔

عیش کا بندہ aish-ka-ban-dah(?) (ار۔مذ): عیاش۔نفس پرست۔

عیش کوش aish-kosh(?) (عف۔صف): عیش و عشرت کرنے والا۔اسم کیفیت مث: عیش کوشی۔

عیش محل aish-ma-hal(?) (ع۔مذ): محل کا وہ کمرا جہاں عیش ونشاط کی محفل ہوتی ہے۔

عیش منزل aish-man-zil(?) (ع۔مذ): وہ مکان جس میں عیش کیا جائے۔

عیش وعشرت / نشاط ai-sho-ish-rat/ ni-shaat (?) (ع۔مث): زندگی کے مزے، لطف عیاشی۔نفسانی خوشیاں۔

عین شین ain-shiin(?) (ع۔مث): آنکھ۔چشم۔ نین۔چشمہ۔اصل۔جوہر۔(صف) خاص۔پورا۔ اصل۔ٹھیک۔سیاہ آنکھ والی۔متعلق فعل۔بجنسہ۔

عین ain (?) (ع۔صف): سیاہ آنکھ والی جیسے "نورالعین"

عین المال ai-nul-maal(?) (ع۔مذ): اصل زر۔اصل آمدنی۔اصل رقم۔

عین الکمال ai-nul-ka-maal(?) (ع۔مث): چشم زخم۔نظر بد۔

عین الیقین ai-nul-ya-qiin(?) (ع۔مذ): وہ معاملہ جس پر آنکھوں سے دیکھ کر یقین کیا جائے۔

عین صواب ai-ne-sa-vaab(?) (ع۔متعلق فعل) بالکل ٹھیک۔نہایت۔درست۔

عین غین ain-Gain(?) (ع۔صف): بہت کم فرق۔بالکل ایک جیسے ہمشکل۔اَحول۔بھینگا۔

عین کمال ai-ne-ka-maal(?) (ع۔مذ): کسی چیز کی بہترین حالت۔

عین مین ain-main(?) (ار۔متعلق فعل) ہو بہو۔بعینہ۔

عین وقت ain-vaqt(?) (ع۔مذ) ٹھیک وقت۔ نازک وقت۔

عینک ai-nak(?) (عف۔مث): آنکھ کا چشمہ۔وہ ایک یا دو شیشے جو بینائی بڑھانے کے لیے آنکھ پر لگاتے ہیں۔ (افعال: بنانا۔ بننا۔ بجنا۔ توڑنا۔ چڑھنا۔ چڑھانا۔خریدنا۔لگانا۔لگنا)۔

عینک باز ai-nak-baaz(?) (عف۔صف): وہ جو شوقیہ عینک لگائے۔

عینک دان ai-nak-daan(?) (ار۔مذ): وہ ڈبیا جس میں عینک رکھتے ہیں۔

عینک فروش ai-nak-fa-rosh(?) (عف۔مذ): وہ شخص جو عینک بیچے۔

عینی ai-nii(?) (ع۔صف): دیکھا ہوا۔سگا۔حقیقی۔

عینی شہادت ai-nii-sha-haa-dat(?) (ع۔مث): چشم دید گواہی۔

عینی گواہ ai-nii-ga-vaa(h)(?) (ع۔مذ): وہ گواہ جس نے خود معاملہ دیکھا ہو

عُیُوب u-yuub(?) (ع۔مذ): عیب کی جمع

عُیُون u-yuun(?) (ع۔مذ): آنکھیں۔عین کی جمع۔

غ

غ G: (ع۔مذ) اس کا نام غین ہے۔عین سے ممیّز کرنے کے لیے غین معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں۔
یہ اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں پچیسواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کی جڑ حلق میں لٹکے ہوئے کوّے کے ربط میں آتی ہے اور سطح زبان پر ایک نالی سی بن کر ہوا رگڑ کھاتی ہوئی منہ سے خارج ہوتی ہے۔اس عمل میں غشائی پردوں کے سکڑ کر ارتعاش پیدا کرنے سے یہ آواز مسموع ہو جاتی ہے۔ اسے صوتیات کی اصطلاح میں مسموع، غشائی صفیری، مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

غ۔ا

غاب Gaab (ع۔مذ) بَن۔بَنی۔جنگل "غابہ" کی جمع۔
غابہ Gaa-bah (ع۔مذ) دیکھیے "غاب" جس کا یہ واحد ہے۔
غادِر Gaa-dir (ع۔صف) بے وفا۔بدعہد۔
غار Gaar (ع۔مذ): پہاڑ کی کھو۔ پہاڑ میں بڑا سوراخ۔جنگلی جانوروں کا سوراخ۔
غارِ ثَور Gaa-re-saur (ع۔مث): وہ غار جس میں پیغمبر صلعم ہجرت کے بعد تین دن رہے تھے۔
غارِ حرا Gaa-re-hi-raal (ع۔مذ): وہ غار جس میں پیغمبر صلعم بعثت سے پہلے عبادت کیا کرتے تھے۔ پہلی وحی اسی غار میں نازل ہوئی تھی۔
غارَت Gaa-rat (ع۔مث): وہ حملہ جو دشمن کے ملک میں کیا جائے لوٹ کھسوٹ، مال غنیمت۔بربادی۔ تباہی (صف) تباہ و برباد۔افعال: کرنا۔ہونا)
غارت گر Gaa-rat-gar (عف۔مذ): کنایۃً شیطان۔کنایۃً معشوق۔
غارتِ ہوش Gaa-ra-te-hosh (عف۔صف): کنایۃً خوبصورت حسین کنایۃً معشوق۔
غارتنگ Gaar-tang (ف۔مذ): دروازے کی آگل۔
غاز Gaaz (ف۔مذ): انگریزی گیس (Gas) کا مفرس۔
غازہ Gaa-zah (ف۔مذ): ایک قسم کا خوش بُو دار گلابی سفوف جو عورتیں خوبصورتی کے لیے گالوں میں ملتی ہیں۔
غازی Gaa-zi (ع۔صف) غزا کرنے والا۔ کافروں سے لڑنے والا، کفار کو قتل کرنے والا۔فتح مند مسلمان۔بہادر آدمی، شجاع۔
غاشیہ Gaa-shi-yah (ع۔مذ): پردہ۔زین پوش۔قیامت۔
غاشیہ بَردار Gaa-shi-yah-bar-daar (عف۔صف): زین پکڑ کر چلنے والا، سائیس خادم۔ غلام۔مطیع۔اسم کیفیت مث: غاشیہ برداری۔
غاشیہ بردوش Gaa-shi-yah-bar-dosh (عف۔صف): فرمانبردار۔مطیع۔حکم ماننے والا اسم کیفیت مث: غاشیہ بردوشی۔
غاشیہ دار Gaa-shi-yah-daar (عف۔صف): دیکھیے "غاشیہ بردار۔ کنایۃً جبرائیل علیہ السلام۔ جو شب معراج کو پیغمبر صلعم کے براق کے ہمراہ تھے۔
غاصِب Gaa-sib (ع۔صف) دوسرے کا حق مارنے

والا۔ زبردستی کسی کی چیز چھین لینے والا۔ مث۔غاصِبَہ۔

غافِر Gaa-fir (ع۔صف): چھپانے والا۔ گناہ معاف کرنے والا۔

غافِل Gaa-fil (ع۔صف): بے فکرا۔ بے پروا۔ کم توجہ۔ بے خبر (افعال: رہنا۔ ہونا) مث، غافِلہ۔

غالِب Gaa-lib (ع۔صف): زبردست۔ مغلوب کرنے والا۔ فاتح۔ سبقت لے جانے والا۔ زیادہ۔ مث: غالِبَہ۔ اردو کے ایک بڑے شاعر کا تخلص۔

غالِباً Gaa-li-ban (ع۔ متعلق فعل): بالضرور۔ توی گمان سے۔

غالی Gaa-lii (ع۔صف): غلو کرنے والا۔ حد سے گزرنے والا۔ بیحد مبالغہ کرنے والا۔

غالیچہ Gaa-li-cha(h) (عف۔مذ): غالی کی تصغیر۔ چھوٹا قالین۔

غالِیَہ Gaa-li-yah (ع۔مذ): ایک خوشبو عنبر، مشک اور کافور وغیرہ سے مرکب ہوتی ہے۔

غالِیَہ دان Gaa-li-yah-daan (عف۔مذ) غالیہ رکھنے کی ڈبیا۔ عطردان۔

غالِیَہ مُو Gaa-li-yaa-muu (عف۔صف): خوشبودار بالوں والا۔ کنایۃً معشوق۔

غامِر Gaa-mir (ع۔صف): عامر کی ضد، اُجاڑ، ویران، خود کو خطرے میں ڈالنے والا۔

غامِض Gaa-miz (ع۔صف): مشکل کام۔ جو مشکل سے سمجھ میں آئے۔ گہرا۔

غائِب Gaa-ib (ع۔صف): پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ غیر حاضر۔

غائِب غُلّہ Gaa-ib-Gul-lah (ار۔صف): بالکل غائب۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

غائِر Gaa-yir (ع۔صف): نشیب۔ گہرا۔ وسیع۔

غائی Gaa-ii (ع۔صف): دیکھیے "غایت" جس سے یہ منسوب ہے۔

غایَت Gaa-yat (ع۔مث): غرض۔ مطلب۔ انتہا۔ انجام۔ آخری سرا، بہت۔ بیحد۔ حد سے زیادہ۔

غایَت درجہ Gaa-yat-dar-jah (عف۔صف) بیحد۔ انتہائی۔ صد درجہ۔

غ۔ب

غُبار Gu-baar (ع۔مذ): گرد۔ دُھول۔ کدورت۔ رنج۔ ملال۔ ایک رسم الخط کا نام۔ (خطِ غُبار)

غُبار آلُود/ آلُودہ Gu-baar-aa-luud/ aa-luu-dah (عف۔صف): گرد میں بھرا ہوا۔ مٹی سے اٹا ہوا۔

غُبارِ خاطِر Gu-baa-re-ka-tir (ع۔ مذ بترکیب فارسی): دل کی کدورت، رنج۔ ابو الکلام آزاد کے خطوط کے مجموعہ کا نام بھی ہے۔

غُبّارا/ غُبّارَہ Gub-baa-ra(h): ایک قسم کی آتش بازی۔ باریک کاغذ کا بنا ہوا تھیلا۔ جس کے اندر تیل کی بھیگی ہوئی گیند روشن کر کے ہوا میں اڑاتے ہیں۔ ایک قسم کا ہوائی جہاز۔

غَباوَت Ga-baa-dat (ع۔مث): دیکھیے "غبی" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ کند ذہنی۔

غِبطَہ Gib-tah (ع۔مذ): رشک کرنا۔ کسی کا زوال چاہے بغیر اس جیسا بننا یا آرزو کرنا۔

غَبغَب Gab-Gab (ع۔مذ): تھوڑی کے نیچے لٹکا ہوا گوشت جو نیچے لٹکا ہوا ہوتا ہے۔

غَبن Ga-ban (ع۔ مذ): خورد بُرد۔ خیانت۔ (افعال کرنا۔ ہونا):

غَپ Gap (ار۔مث): دیکھیے۔ "گپ" جو صحیح ہے۔

جلدی سے حلق میں اُتر جانے کی آواز۔

غپ شپ Gap-Shap (ار۔محاورہ): جھوٹی بات۔ لغو بات۔ بیہودہ بات۔ اِدھر اُدھر کی بات۔

غپی Gapi (ار۔صف) دیکھیے "گپی" جو صحیح ہے۔

غ۔ت

غتر بُود Ga-tar-buud (ار۔صف): ملا جُلا۔ گڈمڈ۔ خراب۔ بے معنی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

غ۔ٹ

غٹ Gat (ار۔مذ): جتھا۔ ٹولی۔ گروہ۔ ہجوم۔ نگلنے یا حلق میں اُترنے کی آواز۔

غٹ غٹ Gat-Gat (ار۔مث) وہ آواز جو پانی یا کوئی رقیق چیز پیتے وقت انسان کے گلے سے نکلتی ہے۔

غٹا غٹ Ga-ta-gat (ار۔مث۔صورت): متواتر پینے کی آواز۔

غٹرغٹر Ga-tar-Ga-tar (ار۔محاورہ): مزے لے لے کر پینا۔

غٹرغوں Gu-ta-Guun (ار۔صوت مث): کبوتر کے بولنے کی آواز۔

غٹکنا Gu-tak-naa (ار۔مص): کبوتر کا بولنا۔

غ۔چ

غچ Gach (ار۔اصوت۔مث): تلوار چاقو وغیرہ کے گوشت میں داخل ہونے کی آواز۔

غچا/غچہ Gach-chaa (ار۔مذ) دھوکا۔ فریب۔ جُل (افعال: دینا۔ کھانا)

غچا غچ Ga-chaa-Gach (ار۔صوت مث): تلوار کے جسم پر متواتر پڑنے کی آواز کیچڑ میں گھسنے یا دلدل میں پاؤں رکھ کر نکالنے کی آواز۔

غچاکا Ga-chaa-kaa (ار۔صف) بھرے جسم کا۔ موٹا تازہ (مذ) گوشت میں چھری گھسنے کی آواز۔

غچ غچ Gach-Gach (ار۔مث): بھیڑ۔ کھچا کھچ۔ اژدحام۔

غچلا Guch-laa (ار۔صف): گندہ۔ میلا۔ غلیظ۔ کثیف۔

غ۔د

غدّار Gad-daar (ع۔صف) بے وفا۔ مُفسد۔ باغی۔ نمک حرام۔ (شہر کی صفت) بہت وسیع۔ اسم کیفیت مث: غدّاری۔

غدر Ga-dar (ع۔مذ): بغاوت۔ بلوا۔ ہنگامہ (افعال: کرنا۔ ہونا، پڑنا، مچنا۔ مچانا۔ ڈالنا)۔

غدری Gad-rii (ار۔صف ق): غدار۔ بے وفا۔

غُدود Gu-duud (ار۔مذ): دیکھیے "غُدّہ" جس کا یہ مورد ہے۔

غُدّہ Gud-dah (ع۔مذ): جسم کے اندر کی گانٹھ۔ گلٹی۔ گوشت کی گرہ۔ گومڑ۔

غَدیر Ga-diir (ع۔مذ): تالاب۔ جوہڑ۔ جھیل۔ نشیبی زمین۔ گنڈ، حوض۔ ڈھلوان۔

غ۔ذ

غِذا Gi-zaa (ع۔مث): کھانا۔ خوراک۔

غِذائے ثقیل Gi-zaa-e-sa-qiil (ع۔مث): بترکیب فارسی): وہ کھانا جو دیر بعد ہضم ہو۔

غذائے لطیف Gi-zaa-e-la-taif (ع۔مث بترکیب فارسی): ہلکی غذا۔ زود ہضم غذا۔

غِذائی Gi-zaa-ii (ع۔صف): دیکھیے "غذا" جس سے یہ منسوب ہے۔

غِذائیات Gi-zaa-i-yaat (عف۔مث): غذا سے متعلق چیزیں یا باتیں کھانے کی چیزیں۔

غِذائیت Gi-zaa-iy-yat (عف۔مث): کسی شے میں غذا کا عنصر پایا جانا۔ حاصل غذا۔ غذا ہونے کی حالت۔

غ۔ر

غرّا Gar-raa (ع۔صف): سفید۔ روشن۔ مشہور۔ شان دار دیکھیے "غرّہ"۔

غُراب Gu-raab (ع۔مذ): کوا۔ زاغ۔ ایک قسم کی کشتی/ جہاز۔

غرابت Ga-raa-bat (ع۔مث): انوکھا پن۔ عجیب ہونا۔ نظم یا نثر میں نامانوس الفاظ لانا۔

غرّاٹا Gar-raa-Taa (ع۔مذ): پانی کے دور کی آواز جو گرداب میں سے یا تیرنے سے نکلتی ہے۔

غرارہ Ga-raa-rah (ع۔مذ): سفید ہونا۔ ایک قسم کا ڈھیلا پاجامہ۔ حلق میں پانی ڈال کر غر غر کرنے کی آواز (کلّی کے ساتھ) (افعال: کرنا) غرارہ کرنے کی دوائیں۔ شامیانے کی چوب کا غلاف۔

غرارم Ga-raa-ram (ع۔مذ): عشق۔ شیفتگی۔ ہلاکت۔ عذاب۔

غُرّاں Gur-raaN (ف۔صف): شور مچانے والا۔ چیخنے والا۔ دھاڑنے والا۔

غُرّانا Gur-raa-naa (ار۔محاورہ): غُصّے کی آواز نکالنا۔ شیر۔ بلی۔ کُتے وغیرہ کا غصہ میں مُنہ بند کر کے آواز نکالنا۔ کُفرانِ نعمت کرنا۔ غُصّے میں کہنا۔ غُرّاہٹ۔

غرائب Ga-ra-ib (ع۔صف): دیکھیے "غریب" جس کی یہ جمع ہے

غرب Garb (ع۔مذ): سورج ڈوبنے کی جگہ۔ مغرب۔ پچھم۔

غُربا Gur-baa (ع۔مذ): دیکھیے "غریب" جس کی یہ جمع ہے۔ مسکین۔

غِربال Gir-bal (ع۔مث): چھلنی۔ گربال کا مُعَرب ہے۔

غربت Gur-bat (ع۔مث): سفر۔ مسافری۔ بے وطنی (اُردو) محتاجی۔ کنگالی۔ تنگ دستی۔ بُردباری۔ عاجزی۔ انکسار۔

غُربت اندر وطن Gur-bat-an-dar- va-tan (عف۔مذ): صوفیوں کی اصطلاح میں انسان کا صفاتِ خداوندی میں محو ہو کر صفات بشری سے الگ ہونا۔

غُربت دیدہ/زدہ Gur-bat-dii-dah/ za-dah (عف۔صف): وہ جو وطن سے دُور ہو۔ مصیبت زدہ۔

غربی Gar-bii (ع۔صف): غرب سے منسوب۔ مغرب کا۔

غُرش Gursh (ف۔صف): غراہٹ۔ ہیبت۔

غرض Ga-raz (ع۔مث): ضرورت۔ حاجت۔ پروا۔ مقصد۔ ارادہ۔ خواہش۔ مطلب (تعلق فعل) حاصل کلام۔ قصہ کوتاہ۔

غرض کہ/غرضیکہ Ga-raz-kah (ع۔متعلق فعل): حاصل مطلب یہ ہے۔ قصہ مختصر یہ ہے۔

غرض مند Ga-raz-mand (عف۔صف): حاجت مند۔ ضرورت مند۔ خواہش مند۔ اسم کیفیت مث: غرض مندی۔

غُرغُر Gur-gur (ار۔مث): غرّانے کی آواز (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

غرغرہ Gar-Ga-rah (ف۔مذ) دیکھئے "غرارہ ۲"

غُرفِش Gur-fish (ار۔مث): (غُرش کا مورّد) کُتے، شیر یا بلّی کی غصے بھری آواز۔ تکرار۔ غُصہ آمیز

باتیں۔ دھمکی۔

غُرفہ Gur-fah (ع۔مذ): دریچہ۔ کھڑکی۔ بالا خانہ۔ بہشت۔ تھیٹر میں بکس۔ جمع: غُرفات۔

غرق Ga-raq (ع۔صف): ڈوبا ہوا۔ غریق۔ مصروف۔ مشغول۔ منہمک۔ نشہ میں چُور۔

غرقاب Gar-qaab (ع۔صف): پانی میں ڈوبا ہوا۔ اسم کیفیت مث: غرقابی۔

غرقی Gar-qii (عف۔صف): ڈوبا ہوا۔ نشیبی زمین۔ بھاری۔

غُرِندہ Gu-rin-dah (ف۔صف): غُرانے والا۔ غرّاں۔

غُرُوب Gu-ruub (ع۔مذ): چاند سورج کا ڈوبنا/ چھپنا۔ مغرب۔ پچھم۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

غُرُور Gu-ruur (ع۔مذ): فریب۔ مکر۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ خود بینی۔ فخر۔ عجب۔ ابھیمان۔ گربھ۔ نخوت۔ اکڑ۔ اینٹھ (افعال: آنا۔ کرنا۔ ہونا)۔

غُرّہ Gur-rah (ع۔مث): سفیدی۔ چمک۔ چاند کی پہلی رات۔ چاند رات۔ ناغہ۔ فاقہ۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفید نشانی یا تارا۔

غَرّہ Gar-rah (ع۔مذ): دیکھیے ''غرور'' معہ مرکبات ومحاورات۔

غریب Ga-riib (ع۔صف): نادر۔ عجیب۔ اجنبی۔ مسکین۔ عاجز۔ سیدھا سادہ۔ مث: غریبہ۔

غریبُ الوطن Ga-rii-bul-va-tan (ع۔صف): مسافر۔ پردیسی۔ بے گھر۔ اسم کیفیت مث: (ف) غریب الدیاری/الوطنی۔

غریب پرور Ga-riib-par-var (عف۔صف): بے کس کی پرورش کرنے والا۔ حاکم۔ افسر۔ اسم کیفیت مث: غریب پروری۔

غریب خانہ Ga-riib-Kaa-na(h) (عف۔مذ): اپنا گھر۔ انکسار کے طور پر اپنے گھر کو کہتے ہیں۔

غریب غرباء Ga-riib-Gur-baa (ع۔مذ): محتاج۔ مفلس لوگ۔

غریب نواز Ga-riib-na-vaaz (عف۔صف): دیکھیے ''غریب پرور'' اسم کیفیت مث: غریب نوازی۔ ایک مذہبی رہنما کو بھی کہتے ہیں جن کا مزار اجمیر میں ہے۔

غریبانہ Ga-rii-baa-na(h) (عف۔صف): غریب کی مانند۔ غریبوں جیسا۔

غریبی Ga-rii-bii (ف۔مث): محتاجی۔ مفلسی۔ مُسافرت۔ عاجزی۔

غریزت Ga-rii-zat (ع۔مث): طبیعت۔ سرشت۔

غریزی Ga-rii-zii (ع۔صف): طبعی۔ فطری۔ حقیقی۔

غریق Ga-riiq (ع۔صف): ڈوبا ہوا۔ سمایا ہوا۔

غریقِ رحمت Ga-rii-qe-rah-mat (ع۔صف): مرحوم۔ مغفور۔ رحمتِ خداوندی میں ڈوبا ہوا۔ (افعال: کرنا ہونا)۔

غ۔ڑ

غڑاپ Ga-raap (ار۔مذ): پانی میں ڈوبنے کی آواز۔

غڑپ Ga-rap (ار۔مث): ڈوبنے کی آواز پلک جھپکتے۔ آنا فانا۔

غ۔ز

غزا Ga-zaa (ع۔مذ): مذہبی جنگ۔ جہاد۔

غُزات Gu-zaat (ع۔صف): غازی کی جمع۔

غزال Ga-zaal (ع۔مذ): ہرن کا بچہ۔ ہرن۔

غزال چشم Ga-zaal-chashm (عف۔صف):

ہرن کی سی آنکھوں والا۔ بڑی آنکھوں والا۔ معشوق۔
غزالِ ختن Ga-zaa-le-Ka-tan (عف۔ صف): ختن کا آہو۔ معشوق۔
غزالہ Ga-zaa-la(h) (ع۔مث): ہرن کا مادہ بچہ۔ ہرنی۔
غزل Ga-zal (ع۔مث): عورتوں سے باتیں کرنا۔ عورتوں کے حسن و جمال کی تعریف کرنا۔ نظم کی ایک صنف جس میں عشق و محبت کا ذکر ہوتا ہے۔ پہلا شعر مطلع اور آخری مقطع کہلاتا ہے۔
غزل خواں Ga-zal-KwaaN (عف۔صف): غزل پڑھنے والا۔ اسم کیفیت مث: غزل خوانی۔
غزل سَرا Ga-zal-sa-raa (عف۔صف): ترنم سے غزل پڑھنا۔ اسم کیفیت مث: غزل سرائی۔
غزل گو Ga-zal-go (عف۔صف): غزل لکھنے یا سُنانے والا اسم کیفیت مث: غزل گوئی۔
غزلِ مُسلسل Ga-za-le-mu-sal-sal (ع۔ مث بترکیب فارسی): وہ غزل جس میں کوئی مضمون مسلسل بیان کیا گیا ہو۔
غزوہ Gaz-vah (ع۔مذ): وہ جہاد جس میں حضور رسول اکرمؐ خود شریک ہوئے ہوں۔ دینی جنگ۔ جمع: غزوات۔

غ۔س

غسّال Gas-saal (ع۔مذ): نہلانے والا۔ مُردے کو نہلانے والا۔ مث: غسّالہ۔
غُسالہ Gu-saa-lah (ع۔مذ) وہ پانی جس سے ہاتھ مُنہ دھویا جائے دھوون۔
غُسل Gusl (ع۔مذ): نہانا۔ اشنان۔ جسم کو دھونا۔
غُسل خانہ Gusl-Kaa-na(h) (ع ف۔مذ): نہانے کا کمرا۔ حمام۔ باتھ روم (ف) گرمابہ۔
غُسلِ صحت Gus-le-se-hat (ع۔مذ بترکیب فارسی): بیماری سے شفا پا کر نہانا۔ اچھا ہونے کی تقریب منانا۔
غُسلِ میّت Gus-le-may-yat (ع۔مذ بترکیب فارسی): مُردے کو نہلانا۔

غ۔ش

غش Gash (ف۔مذ): بے ہوشی۔ ناطاقتی
غش Gash (ع۔مث): کدورت۔ تشویش۔ کھوٹا پن۔ خیانت۔
غشی Ga-shii (ف۔مث): بے ہوشی۔

غ۔ص

غصب Ga-sab (ع۔مذ): خیانت۔ ناجائز قبضہ۔ زبردستی کرنا۔ ظلم سے چھین لینا (افعال: کرنا۔ ہونا)
غصباً Gas-ban (عف۔ متعلق فعل) زبردستی۔ ناجائز طور پر۔
غصبی Gas-bii (ع۔صف): غصب کیا ہوا۔ غصب کرنے والا۔
غُصّہ Gus-sah (ع۔مذ): برہمی۔ خفگی۔ عتاب۔ رنجش۔ کرودھ۔
غُصّہ وَر Gus-sa-var (عف۔صف): بدمزاج۔ جلد غُصّہ میں آجانے والا۔
غُصَیل/غُصیلا Gu-sail/Gu-sii-laa (ار۔صف): بدمزاج۔ غُصّہ ور۔

غ۔ض

غضب Ga-zab (ع۔مذ): قہر۔ غصہ۔ آفت۔

مصیبت۔ بے انصافی۔ ظلم۔ کلمۂ حیرت اور مبالغہ۔ لعنت۔ مار۔ اندھیرا۔ خوبی میں یکتا۔ سفر۔ بُرا۔

غضب آلود Ga-zab-aa-luud (عف۔صف): غصہ میں بھرا ہوا۔ جس میں غصہ پایا جائے۔

غضب خدا/ خدا کا Ga-zab-Ku-daa-ka (ار۔مذ): خدا کا خوف کرو۔ حیرت اور تعجب ظاہر کرنے کا کلمہ۔

غضب کا Ga-zab-kaa (ار۔صف): بہت اعلیٰ۔ خوفناک۔ بیان سے باہر۔

غضب ناک Ga-zab-naak (عف۔صف): غصہ میں بھرا ہوا (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

غضبی Ga-za-bii (ظالم۔ غصہ ور۔ ظالم شخص۔

غضنفر Ga-zan-far (ع۔مذ): شیر۔ بہادر۔ اسم کیفیت مث: غضنفری۔

غ۔ف

غفّار Gaf-faar (ع۔ اسم مبالغہ): بہت زیادہ معاف کرنے والا، ڈھانپنے والا۔ بخشنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ اسم کیفیت مث: غفّاری۔

غُفران Guf-raan (ع۔مذ): بخشش۔ گناہ کی معافی۔

غُفران مآب Guf-raan-ma-aab (ع۔صف): مرحوم۔ بخشا ہوا۔ خدا کی پناہ میں۔

غُفِرَ لَہٗ Gu-fi-ra-la-hu (ع۔کلمہ دعا): اس کے لیے بخشش کی جائے۔ خدا اس کی مغفرت کرے۔

غفلت Gaf-lat (ع۔مث): بھول چوک۔ غلطی۔ خطا۔ قصور۔ بےخبری بے پروائی۔ اونگھ۔ نیند۔ بے ہوشی۔

غفلت پیشہ/ زدہ Gaf-lat- pe-shah (عف۔صف): غافل۔ بے خبر۔

غفلت شعار Gaf-lat-shi-aar (ع۔صف بترکیب فارسی) غفلت کرنے والا غافل۔ اسم کیفیت مث: غفلت شعاری۔

غفلتی Gaf-la-tii (ار۔صف): بے پروا۔ بے خبر۔ غیر محتاط۔

غفور Ga-fuur (ع۔صف): بڑا بخشنے والا۔ گناہوں کو چھپانے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

غفورُ الرحیم Ga-fuu-rur-ra-hiim (ع۔صف): بخشش اور رحم کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔

غفیر Ga-fiir (ع۔صف): محیط۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ چھپانے والا۔

غ۔ل

غل Gul (ف۔مذ): شور۔ ہنگامہ۔ چیخم دھاڑ، (ع۔ طوق) (افعال: اٹھانا۔ اٹھنا۔ مچنا۔ مچانا۔ ہونا۔ کرنا۔ ڈھانا)

غُل غپاڑا Gul-ga-paa-rah (ار۔مذ): بے حد شور وغوغا۔ حد سے زیادہ چیخ و پکار۔ ہنگامہ۔ (افعال: مچانا۔ مچنا)

غِل Gil (ع۔مذ): کینہ۔ کدورت۔ خیانت۔

غِلات Gi-laat (ع۔صف): دیکھیے ''غالی'' جس کی یہ جمع ہے۔

غِلاظت Gi-laa-zat (ع۔مث): گاڑھا پن۔ کوڑا کرکٹ۔ گندگی۔ نجاست۔ پاخانہ۔ بول و براز (افعال: کرنا۔ پھیلانا)

غِلاف Gi-laaf (ع۔مذ) نیام۔ خانہ۔ تکیہ۔ بکس وغیرہ کا اوپر کا کپڑا۔ خول۔ جزدان۔

غِلافِ کعبہ Gi-laa-fa-ka-(?)ba(h) (ع۔مذ بترکیب فارسی): وہ مخمل کا غلاف جسے ہر سال حج کے موقع پر کعبہ کی مرکزی عمارت پر چڑھایا جاتا ہے۔

غِلافْنا Gi-laaf-naa (ار۔مص): مٹھائی پاگنا۔ شیرے میں غوطہ دینا۔ شیرہ چڑھانا۔
غِلافی Gi-laa-fii (ع۔صف نسبتی): دیکھیے "غلاف" جس سے یہ منسوب ہے۔
غلافی آنکھ Gi-laa-fii-aankh (ار۔مث): پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی آنکھ۔
غُلام Gu-laam (ع۔مذ): لڑکا۔ زرخرید نوکر۔ بندہ۔ ملازم۔ انکسار کا کلمہ۔ نیاز مند۔ فدوی۔ تاش کا ایک تصویردار پتا۔ گنجفہ کے بارہ زرد پتوں کا نام۔
غُلامِ زرخرید Gu-laam-zar-Ka-riid (عف۔صف): مول لیا ہوا غلام۔ خریدا ہوا چھوکرا ادنیٰ غلام۔
غُلام گردش Gu-laam-gar-dish (عف۔مث): دیوان خانہ اور زنان خانہ کی درمیانی دیوار اور برآمدہ۔ مسقّف۔ راستہ جو کسی عمارت کے چاروں طرف ہو۔
غُلامی Gu-laa-mii (عف۔مث): حلقہ بگوشی۔ بندگی۔ اطاعت۔
غلبہ Gal-ba(h) برتری۔ فوقیت۔ بالادستی۔ جیت۔ حملہ۔ فراوانی۔ کثرت۔
غلبۂ رائے Gal-ba-e-raa-ye (ع۔مذ بترکیب فارسی): کثرت رائے۔ ووٹوں کی اکثریت۔ نصف سے زائد تعداد کی رائے۔
غلط Ga-lat (ع۔صف): نادرست۔ ناصحیح۔ کھوٹا۔ بھول۔ چوک۔
غلطُ العام Ga-la-tul-aam (ع۔مذ): وہ لفظ یا ترکیب جو غلط ہونے کے باوجود مانے ہوئے زبان والوں کے کثرت استعمال کے باعث صحیح تصور ہونے لگے۔

غلط انداز Ga-lat-an-daaz (عف۔صف): نشانہ پر نہ لگنے والا تیر یا نگاہ۔ بے توجہی کی نظر۔
غلط بردار Ga-lat-bar-daar (عف۔صف مذ): کاغذ کھرچنے کا اوزار۔ وہ کاغذ جس پر سے حرف آسانی سے مٹا سکیں۔ ربڑ۔
غلط بیاں Ga-lat-bi-yaaN (عف۔صف): جھوٹا۔ اسم کیفیت مث: غلط بیانی۔
غلط بیں Ga-lat-biiN (عف۔صف): دوسروں کی غلطی نکالنے والا، سچائی کو جھٹلانے والا۔
غلط در غلط Ga-lat-dar-Ga-lat (عف۔صف): سراپا غلط۔ بالکل غلط۔ بالکل جھوٹ۔ ایک غلطی جو دوسری پر ہو۔
غلط سلط Ga-lat-sa-lat (عف۔صف): گڑبڑ۔ خلافِ حقیقت۔ جھوٹ سچ۔
غلط فہم Ga-lat-fa-ham (عف۔صف): کچی سمجھ۔ ناسمجھ۔
غلط فہمی Ga-lat-fah-mii (عف۔مث): دیکھیے "غلط فہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ اور دوسرے کی بات کو نہ سمجھنے کی غلطی (افعال: پھیلنا۔ ہونا):
غلط کار Ga-lat-kaar (عف۔صف): دھوکا دینے والا۔ بُرے کام کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: غلط کاری۔
غلط گیر Ga-lat-giir (عف۔صف): غلطی پکڑنے ریا نکالنے والا۔ اسم کیفیت مث: غلط گیری۔
غلط گو Ga-lat-go (عف۔مث): دیکھیے "غَلَط بیاں" اسم کیفیت مث: غَلَط گوئی۔
غلط نامہ Ga-lat-na-ma(h) (عف۔مث): غلطیوں کی فہرست۔
غلطاں Gal-taaN (ف۔صف): لوٹتا اور چکر کھاتا ہوا۔ لوٹنے والا۔ تڑپنے والا۔

غلطاں وَ پیچاں Gal-taan-va-pe-chaaN (ف۔مذ): کوشاں اور چکّر کھاتا ہوا۔ متفکّر۔ فکر میں پریشاں۔

غلطک Gal-tak (ف۔مذ): لوٹ۔ کروٹ۔ گاڑی کا ڈھرا۔ سوراخ دار چرخی جو کنوئیں کے اُوپر لگاتے اور پانی نکالتے ہیں۔ چکّی کی پھرکی۔

غلطی Gal-tii (عف۔مث): خطا۔ بھول چوک۔ سہو۔ نادرستی۔ خلاف بیانی۔ جھوٹ۔

غِلظت Gil-zat (ع۔مث): گاڑھا پن۔ گندگی۔

غلغلہ Gul-Gu-la (h) (ف۔مذ): شور و غوغا۔ شہرت۔ شُہرہ۔ دھوم (افعال: برپا کرنا۔ ہونا۔ بند ہونا۔ کرنا۔ ہونا)۔

غُلک Gu-lak (ف۔مذ): برتن وغیرہ جس میں بکری کی رقم رآمدنی ڈالتے رہتے ہیں۔ (پنجابی گولک) دیوار یا کسی اور جگہ کا وہ سوراخ جس میں بچے اپنے پیسے ڈالتے ہیں۔

غِلمان Gil-maan (ع۔مذ): عربی میں جمع غلام۔ لڑکے۔ بچے۔ خوبصورت لڑکے جو بہشت میں بہشتیوں کی خدمت کے لیے ہوں گے۔

غلمٹا/غلمچا Gu-lam-Taa/ Gu-lam-cha(a) (ہ۔ت۔مذ): غلام کی تصغیر۔ بچہ غُلام۔ تاش کے پتوں کا غلام۔

غُلوُ Gul-luu (ع۔مذ): زیادتی۔ شدّت۔ بے حد انہماک۔ بہت مشغولیت ایسا مبالغہ جو عقلاً اور عادۃً محال ہو۔

غلولہ Ga-luu-lah (ف۔مذ): گولی یا غُلّہ (مٹی کا) کوڑیاں جو لوگ مزاروں پر چڑھاتے ہیں۔

غلّہ Gal-la(h) (ع۔مذ): وہ دانے جن کا آٹا پیس کر اور روٹی پکا کر کھاتے ہیں۔ آمدنی جو مال ردکان کے سامان کی فروخت سے دن بھر میں ہو۔ اناج کی وہ مٹھی جو پیسنے کے لیے چکی میں ڈالتے ہیں۔

غلّہ فروش Gal-lah-fa-rosh (عف۔مذ): اناج بیچنے والا۔

غُلّہ Gul-la(h) (ف۔مذ): غلولہ کا مخفف۔ مٹی کی گولی جو غلیل میں چلاتے ہیں۔

غلی Ga-lii (ف۔مذ): وہ لگان جو اناج کی صورت میں ادا کیا جائے۔

غلیان ga-la-yaan (ع۔مذ): جوش۔ غلبہ۔

غَلیظ Ga-liiz (ع۔صف) گاڑھا۔ گہرا۔ گندہ۔ میلا۔ پلید۔ موٹا، دبیر۔ کثیف (مذ) گوہ میلا۔

غُلیل Gu-lel (ف۔مث): تانت کی کمان۔ جس میں غُلّہ رکھ کر چلاتے ہیں۔

غُلیل باز Gul-lel-baaz (ف۔صف): وہ شخص جو غلیل چلائے، غُلّہ مارنے والا۔ اسم کیفیت مث: غلیل بازی۔

غُلیلہ Gu-le-la (h) (ف۔مذ): غلولہ۔ غُلّہ

غُلیواز Gu-le-vaaz (ف۔مث): چیل۔ ایک شکاری پرندہ۔

غ۔م

غم Gam (ع۔مذ): رنج۔ الم۔ حُزن۔ کُلفت۔ ملال۔ افسوس۔ دِل گیری۔ اندوہ۔ آزردگی۔ سوگی۔ ماتم۔

غم انگیز Gam-an-g-e-z (عف۔صف): غم پیدا کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: غم انگیزی۔

غم خانہ Gam-Kaa-na(h) (عف۔مذ): غم کا گھر۔ ماتمکدہ۔

غم خوار Gam-Kwaar (عف۔صف): ہمدرد۔ دُکھ درد و رنج و راحت کا شریک۔ متحمل۔ بُردبار۔ اسم کیفیت مث: غم خواری۔

غم غلط Gem-Ga-lat (ع۔مذ): وہ چیز جس سے غم مٹے۔

غم کش Gam-kash (عف۔صف): غمگین۔ مغموم۔

غمگسار Gam-gu-saar (عف۔صف): ہمدرد۔ غمخوار۔ اسم کیفیت مث: غم گساری۔

غمگین Gam-giin (عف۔صف): رنجیدہ۔ اداس (افعال: کرنا۔ ہونا) اسم کیفیت مث: غمگینی۔

غماز Gam-maaz (ع۔صف): چغل خور۔ جاسوس۔ آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔ طعنہ زن۔ اسم کیفیت مث: غمازی۔ (افعال: کرنا/رہونا)۔

غمزہ Gam-jah (ع۔مذ): چشم و ابرو کا اشارہ۔ ناز نخرہ۔ عشوہ۔ معشوقانہ ادا۔

غمزۂ بیجا Gam-zah-be-jah (عف۔مذ): بے موقع نخرہ۔

غمزہ جانستاں Gam-zah-e-jaaN-sa-taan (عف۔مذ): جان لینے والا نخرہ۔ محبوب کی ادائے دل نشیں۔

غمزہ زن Gam-za(h)zan (عف۔صف): ناز کرنے والا۔

غم کدہ Gam-ka-da(h) (عف۔مذ): رنج/مصیبت/تکلیف کا گھر۔

غموس Ga-muuz (ع۔مث): جھوٹی قسم۔

غموض Gu-muuz (ع۔مذ): پوشیدہ یا مبہم کلام۔

غموم Gu-muum (ع۔مذ): غم کی جمع۔

غمی Ga-mii (ع۔مث): موت۔ ماتم۔ غم کی بات۔

غمین Ga-miin (عف۔صف): غمگین۔

غ۔ن

غنا Ge-naa (ع۔مث): آزادی (حاجت/ ضرورت سے گزارہ۔ دولت۔ ثروت۔ دولتمندی۔ استغنا۔ بے نیازی۔

غِنا Gi-naa (ع۔مذ): راگ۔ نغمہ۔ گانا۔ گیت۔

غنائم Ge-naa-yem (ع۔مذ): غنیمت کی جمع۔ لوٹ کا مال۔

غنچہ Gun-cha (h) (ف۔مذ) کلی۔ شگوفہ۔ بے کھلا پھول۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ جھرمٹ۔

غنچۂ پیکاں Gun-cha-ye-pai-kaaN (ف۔مذ): تیر کا پھل۔

غنچہ دہن Gun-cha-(h) de-han (ف۔صف): چھوٹے سے منہ والا۔ چھوٹے منہ کا۔ معشوق۔

غنچۂ سربستہ Gun-cha(h)-e- sar-bas-tah (عف۔مذ): کلی۔ وہ پھول جو ابھی کھلا نہ ہو۔

غنچۂ ناشگفتہ Gun-cha-e- na-sha-guf-tah (عف۔مذ): کلی۔ دوشیزہ۔ کنواری لڑکی (کنایۃً)

غنڈا Gun-daal (ار۔صف): دیکھیے ''گنڈا'' جو صحیح ہے۔

غنغنانا Gin-gi-naa-naa (ار۔صف): ناک میں بولنا۔

غنم Ga-nam (ع۔مذ): لوٹ کا مال۔ مال غنیمت۔

غنودگی Gu-nuud-gii (ف۔صف): خمار۔ اونگھ۔ نیند۔

غنہ Gun-ne(h) (ع۔مذ): وہ نون جو ناک میں بولا جائے اور اعلان سے پڑھا نہ جائے۔ ناک میں بولنا۔

غنی Ga-nii (ع۔صف): آسودہ۔ مطمئن۔ بے نیاز۔ دولت مند۔ بے پروا۔

غنیم Ga-niim (ع۔مذ): لٹیرا۔ ڈاکو۔ دشمن۔

غنیمت Ga-nii-mat (ع۔مث): لُوٹ۔لوٹ کا مال۔مفت ملی ہوئی چیز۔قابل قدر۔عمدہ۔

غ۔و

غوّاص Gav-vaas (ع۔مذ): غوطہ لگانے والا (اصطلاح کیمیا) کسی دھات کے اندر سرایت کر جانے والا۔اسم کیفیت مث: (ف) غوّاصی۔

غوامض Ga-vaa-miz (ع۔مذ): چھپی ہوئی باتیں۔بھید۔تاریکیاں۔غامض کی جمع۔

غوایت Ga-vaa-yat (ع۔مث): گمراہی۔

غوث Gaus (ع۔مذ): فریاد کو پہنچنے والا۔اہل اسلام میں ولایت الٰہی کا درجہ اس درجہ پر پہنچ کر جسم کے تمام اجزا جسم سے الگ ہوکر یاد خدا میں لگ جاتے ہیں۔

غوث الاعظم Gau-sul-aa-zam ~ Gau-se-aa-zam (ع۔مذ): شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا لقب۔

غور Gaur (ع۔مذ): سوچ۔فکر۔تامل۔خبرگیری۔حفاظت۔قندھار کے قریب علاقہ۔

غور و پرداخت Gau-ro-par-dakht (ع ف۔مث): خبرگیری۔پرورش۔رکھ رکھاؤ۔

غور طلب Gaur-ta-lab (عف۔صف): سوچنے اور فکر کرنے کے قابل، قابل غور۔توجہ کا طالب۔

غورہ Gau-rah (ف۔مذ): کچے تُرش انگور جن کا شربت بنایا جاتا ہے۔کبوتروں کا رنگ۔

غوری Gau-rii (ف۔صف): غور سے منسوب۔چینی رکابی جو غور سے آتی تھی اور زہر سے ٹوٹ جاتی تھی۔

غوزہ Gau-zah (ف۔مذ): رُوئی اور خشخاش کے پھل کا چھلکا۔کبوتر کا ایک رنگ۔

غوط Gaut (ار۔مذ): پتنگ کا اُوپر نیچے آنا۔بے ہوشی۔غشی۔استغراق۔

غوطہ Go-ta(h) (ف۔مذ): ڈبکی۔پانی میں ڈوبنا۔

غوطہ خور Go-taa-kor (عف۔صف): ڈبکی لگانے والا۔اسم کیفیت مث: غوطہ خوری۔

غوطہ زن Go-taa-zan (عف۔صف): دیکھیے ''غوطہ خور'' اسم کیفیت مث:

غوطہ غاطی Go-ta-Gaa-tii (ار۔مث): بار بار غوطہ دینا۔غوطہ زنی۔

غوغا Go-Gaa (ف۔مذ): غل غپاڑا۔شور۔فریاد۔بلوہ۔ہنگامہ۔(افعال: کرنا۔مچانا)

غوغائی Gau-Gaa-ii (ف۔صف): شور کرنے والا۔غل مچانے والا۔

غوک Gauk (ف۔مذ) مینڈک۔

غول Gol (ف۔مذ): انبوہ۔گروہ۔مجمع۔ٹولی۔

غُول Guul (بیاباں): (عف۔مذ): بھوت پریت۔چھلاوا۔

غوں غاں Guun-Gaan (ار۔مث): دودھ پیتے بچے کے بولنے کی آواز۔

غیاب Gi-yaab (ع۔مذ): پوشیدگی۔پوشیدہ چیز۔غیب کی جمع۔

غیاث Gi-yaas (ع۔صف): فریاد سننے والا۔فریاد کو پہنچنے والا۔(مذ) فریادرسی۔دادخواہی۔

غیب Gaib (ع۔مذ): غائب۔غیرموجود: اوجھل۔

غیب دان Gaib-daan (عف۔صف): پوشیدہ حال جاننے والا۔غیب کی خبر رکھنے والا۔اسم کیفیت مث: غیب دانی۔

غیبانی Gai-baa-nii (ار۔صف): بےشرم اور بد چلن عورت۔

غیبت Gai-bat (ع۔مث): غیرموجودگی۔غیر

حاضری۔ پس پشت۔

غیبتِ صُغریٰ Gii-ba-te-suG-raa (ع۔مث): امام وقت کا غائب ہونا مگر امام کے نائبوں اور سفیروں کا ظاہر رہنا۔

غیبتِ کُبریٰ Gii-ba-te-kub-raa (ع۔مث): شیعہ اعتقاد کے مطابق امام وقت کا غائب ہونا اور امام کے نائب یا سفیر کا بھی ظاہر نہ رہنا۔

غیبت Gii-bat (ع۔مث): بدگوئی۔ کسی کی پیٹھ پیچھے برا کہنا۔ چغلی۔ بدی۔

غیبی Gai-bii (ار۔صف): غائب۔ غیر حاضر۔ عالم غیب سے متعلق۔ مث: غیبیہ۔

غیر Gair (ع۔صف): اجنبی۔ علیحدہ شے۔ دوسرا۔ رقیب۔ دشمن، بیگانہ۔ سوا۔ مختلف۔ حرف نفی جیسے غیر آباد، دگرگوں۔ خراب نازک۔

غیر آباد Gair-aa-baad (ف۔صف): ویران۔ اُجاڑ۔ بنجر۔

غیر آئینی Gair-aa-yii-nii (ف۔صف): ملک کے بنیادی قانون کے خلاف۔

غیر اختیاری Gair-iK-ti-yaa-rii (ف۔صف): مجبوری کی حالت، بے اختیاری کی حالت۔

غیر از Gai-raaz (ف حرف استثنا): ناسوا۔ علاوہ ازیں۔ بجز۔ اس کے۔

غیر حاضر Gair-haa-zir (ع۔صف): غائب۔ اوجھل۔ عدم موجود۔ اسم کیفیت مث: غیر حاضری۔

غیر حالت Gai-haa-lat (ع۔مث): جان کنی کی حالت۔ دگرگوں حالت۔ خراب حالت۔

غیر ذالک Gair-zaa-lik (عف۔صف): اجنبی۔ کمینہ۔ اس کے سوا۔

غیر ذمہ دار Gair-zim-meh-daar (عف۔صف): لا اُبالی۔ فرض ناشناس۔ جس کو ذمہ داری کا احساس نہ ہو۔ اسم۔

غیر رائج Gair-raa-ij (عف۔صف): جو مروّج نہ ہو۔ جس کا رواج نہ ہو۔

غیر شافی Gair-Shaa-fii (ع۔صف): تسکین نہ دینے والا۔ ناکافی جس سے شفا نہ ہو۔

غیر شخص Gair-Shaks (ع۔صف): اجنبی۔ بیگانہ۔ نامحرم۔

غیر شرعی Gair-shar-(?)ii (ع۔صف): شریعت کے خلاف۔

غیر ضروری Gair-za-ruu-rii (ع۔صف): جس کی ضرورت نہ ہو۔ بیکار۔

غیر علاقہ Gair-i(?)-laa-qaa (ع۔مذ): دوسرے کی ریاست۔ سرحدی۔ قبائلی علاقہ۔

غیر فانی Gair-fa-nii (ع۔صف): کبھی نہ مرنے والا۔ ہمیشہ رہنے والا۔ دائمی۔ ابدی

غیر معیّن Gair-mu-(?)ay-yan (ع۔صف): لامحدود۔ لامتناہی۔ بے اندازہ۔

غیر متناہی Gair-mu-te-naa-hii (ع۔صف): جس کی انتہا نہ ہو۔

غیر محدود Gair-meh-duud (ع۔صف): بے شمار۔ جس کی کوئی حد نہ ہو۔

غیر مزروعہ Gair-maz-ruu-(?)ah (ع۔صف): کاشت نہ کی ہوئی زمین۔

غیر مساوی Gair-mu-saa-vii (ع۔صف): جو برابر نہ ہو۔

غیر مستعمل Gair-mus-ta(?)-mal (ع۔صف): جو استعمال میں نہ لایا گیا ہو۔ کورا۔ چھوتا۔

غیر مشروط Gair-mash-ruut (ع۔صف): بغیر

کسی شرط کے۔ یقینی۔

غیر معتبر Gair-mu-(?)at-bar (ع۔صف): ناقابلِ اعتبار۔ جھوٹا۔

غیر معمولی Gair-ma(?)-muu-lii (ع۔صف): معمول کے خلاف۔ دستور کے خلاف۔ بہت زیادہ۔

غیر مقبوضہ Gair-maq-buu-zah (ع۔صف): جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو۔ لاوارث۔

غیر ملفوظ Gair-mal-fuuz (ع۔صف) وہ حرف جو لکھنے میں آئے۔ مگر بولنے میں نہ آئے جیسے بالکل میں الف۔

غیر ملکی Gair-mul-ki (ع۔صف): پردیسی۔ دوسرے ملک کا اجنبی۔

غیر ممکن Gair-mum-kin (ع۔صف): دشوار۔ ناممکن محال۔ ناقابلِ کاشت زمین۔

غیر منقولہ Gair-man-quu-lah (ع۔صف): وہ جائیداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لے جائی جا سکے۔ مثلاً مکان۔ زمین۔

غیر منکوحہ Gair-man-ku-hah (ع۔صف مث): بن بیاہی عورت۔ جس سے نکاح نہ ہوا ہو۔

غیر موروثی Gair-mu-ruu-sii (ع۔صف): وہ جو وراثت میں نہ ملی ہو، ایک قسم کا کاشت کار۔

غیر ناقد Gair-naa-qid (ع۔صف): جو جاری نہ ہو۔

غیر واجب Gair-vaa-jib (ع۔صف): نامناسب۔ بے جا۔

غیر واجبی Gair-vaaj-bii (ع۔صف): دیکھیے غیر واجب

غیر واقع Gair-vaa-qe(?) (ع۔صف): جھوٹ۔ خلافِ واقعہ۔

غیرت Gai-rat (ع۔مث): لاج۔ شرم۔ رشک۔ وجہ رشک۔ حمیت۔ احساسِ عزّت۔

غیرت انگیز Gai-rat-an-gaz (عف۔صف): غیرت پیدا کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: غیرت انگیزی۔

غیرت بخش Gai-rat-baKsh (عف۔صف): جس کو دیکھ کر غیرت آئے۔

غیرت مند/دار Gai-rat-mand/ daar (عف۔صف): غیرت والا۔ باحیا۔ اسم کیفیت مث: غیرت مندی/داری۔

غیریت Gai-riy-yat (ع۔مث): مخالفت۔ بیگانگی۔ مغائرت۔

غیظ Gaiz (ع۔مذ): شدید غصہ۔ قہر۔ کرودھ۔

غیور Ga-yuur (ع۔صف): بہت غیرت والا۔ بڑا غیرت مند۔ اسم کیفیت مث (ف) غیوری

ف

ف f: (ع۔مث) اسے اردو میں فے کہتے ہیں۔ اردو حرفِ تہجی کی ترتیب ابجد میں یہ بیسواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت نچلا ہونٹ اوپری دانت کے ربط میں آکر سطحِ زبان پر قدرے نالی بناتے ہوئے ہوا رگڑ کے ساتھ منہ سے خارج ہوتی ہے۔ اسے صوتیات کی اصطلاح میں لب دندانی، صفیری مصمتہ یا حرفِ صحیح کہتے ہیں۔

ف۔ا

فاتح fa-teh (ع۔صف): کھولنے والا۔ ابتدا کرنے والا۔ شروع کرنے والا۔ جیتنے والا۔ فتح کرنے والا۔ ظفر۔ منصور۔

فاتحہ faa-te-ha(h) (ع۔مث۔ مذ): فاتح کی تانیث قرآن مجید کی پہلی سورت کا نام کسی مُردے کی رُوح کو کچھ پڑھ کر ثواب پہنچانا۔

فاتحہ خیر faa-ta-he-Kair (ع۔ مذ ترکیب فارسی): دعائے خیر۔

فاتر faa-tir (ع۔صف): کمزور۔ ضعیف۔ سُست۔ خراب۔

فاتر العقل faa-ti-rul-(?)aql (ع۔صف): جس کی عقل میں خرابی آ گئی ہو۔

فاجر faa-jir (ع۔صف): بد چلن۔ بدکار۔ گنہگار۔ مث: فاجرہ۔

فاجعہ faa-ji-(?)ah (ع۔صف): درد مند کر دینے والا۔ غمناک۔ غم انگیز، درد انگیز۔

فاحش faa-hish (ع۔صف): بدی میں حد سے گزرنے والا۔ سخت گناہ۔ شرم ناک۔ قبیح۔ سخت۔

فاحشہ faa-hi-sha(h) (ع۔صف): بدکار عورت۔ بدی۔ بُرائی۔ جمع فاحشات

فاختہ faaK-ta(h) (ع۔مث): قُمری کے برابر اور ہم شکل خاکستری رنگ کا پرندہ۔

فاختی faaK-tii (ف۔صف): فاختہ جیسا رنگ۔ خاکستری۔ ہلکا اُودا۔

فاخر faa-Kir (ع۔ مذ): فخر کرنے والا۔ عمدہ۔ بیش قیمت۔ مث۔ فاخرہ۔

فادر faa-dar (انگ۔مذ): Father (باپ۔ عیسائیوں کے رومن کیتھولک فرقے کا پادری۔

فار faar (ع۔مذ): چوہا۔ مُوش۔

فاران fa-raan (ع۔مذ): مکّہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔

فارخطی faar-Kat-tii (ار۔مث): دیکھیے "فارغ خطی" جس کا یہ مخفف ہے۔

فارس faa-ris (ار۔مث): گھوڑے کا سوار۔ ایران۔ ایران کا ایک صُوبہ۔ پارس کا معرب۔

فارسی faar-sii (ع۔مث): وہ زبان جو فارس یعنی ایران میں بولی جاتی ہے۔ پارسی کا معرب۔

فارغ البال faa-ri-Gul-baal (ع۔صف): بے فکر۔ آزاد (افعال ہونا کرنا۔ اسم کیفیت مث: فارغ البالی۔

فارغ خطی faa-riG-Kat-tii (عف۔مث): مطالبہ بھر پانے کا تحریری اقرار۔ بے باقی کی رسید۔ بے تعلقی کی رسید۔ بے تعلقی کی تحریر جو میاں بیوی کے

درمیان ہو۔ فارغ کرنا۔

فارغ faa-riG (ع۔مذ): آسودہ۔ مطمئن۔ خلاصی اور نجات پانے والا۔ آزاد۔ بری۔

فارق faa-riq (ع۔صف): فرق کرنے والا۔

فارقلیط faar-qa-liit (عبرانی۔مذ): حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ نام جو انجیل میں درج ہے۔

فارم farm (انگ۔مذ): Form نقشہ۔ نمود۔ وضع۔ شکل یا ہیئت۔ چھپا ہوا کاغذ جو خانہ پُری کے لیے دیا جاتا ہے۔

فارم farm (انگ۔مذ): Farm (کھیت۔ اراضی کا بڑا رقبہ۔ جس پر مشینوں سے کاشت کی جاتی ہے۔

فارمولا far-muu-laa (انگ۔مذ) Formula مقررہ قاعدہ۔ گُر۔ کلیہ۔

فارمیسی faar-me-sii (انگ۔مث): PHARMACY دواسازی۔ دواخانہ۔

فارمیکا faar-mii-kaa (انگ۔مذ) Farmica پلاسٹک کی پتلی تہہ جو لکڑی کی بنی ہوئی چیزوں پر چڑھا دیتے ہیں تا کہ کیمیاوی اثرات اور حرارت سے محفوظ رہیں۔

فارن آفس faa-ran-aa-fis (انگ۔مذ): Foreign Office غیر ملکوں سے معاملات کرنے والا محکمہ۔

فارن ہائٹ faa-ran-haa-it (انگ۔مذ): Fahrenheit جرمن تھرمامیٹر جس میں نقطہ انجماد 33 ڈگری اور نقطہ جوش 23 ڈگری ہوتا ہے۔

فاروق faa-ruuq (ع۔صف): فرق کرنے والا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا لقب۔ ایک تریاق۔ ایک تیزاب جس سے کھرا کھوٹا پرکھتے ہیں۔

فاسخ faa-siK (ع۔صف): فسخ کرنے والا۔ توڑنے والا۔

فاسد faa-sid (ع۔صف) تباہ۔ برباد۔ بد۔ شریر۔ فسادی۔ جھگڑالو۔ خراب۔ ناقص۔ بگڑا ہوا۔ مث: فاسدہ۔

فاسفورس faas-fo-ras (انگ۔مذ): Phosphorus ایک تاب ناک کیمیاوی مادہ جو مرکب حالت میں پایا جاتا ہے۔

فاسفیٹ fas-feT (انگ۔مذ): PHOSPHATE فاسفوری نمک۔

فاسق faa-siq (ع۔صف): گناہ گار۔ بدکار۔ دروغ گو۔ جھوٹا۔ مث، فاسقہ۔

فاش fash (ع۔صف): ظاہر۔ کھلی۔ آشکار۔ صریح۔

فاشزم faa-shizm (انگ۔مذ): Fascism سرمایہ داروں کی جارحانہ آمریت۔

فاسسٹ faa-sist (انگ۔صف) Fascist فاشزم کا پیرو۔ فسطائی۔

فاشی faa-shii (ا۔صف) دیکھیے ''فاشزم'' جس سے یہ منسوب ہے۔

فاصل faa-sil (ع۔صف): جدا کرنے والا۔ فرق کرنے والا۔

فاصلہ Faa-sil-lah (ع۔مذ) دُوری۔ مسافت۔ عرصہ۔ میدان فرق۔

فاضل faa-zil (ع۔صف): زیادہ نکلتا ہوا۔ فالتو۔ بڑھا ہوا۔ عالم، دانا۔ صاحب۔

فاضل اجل faa-zi-le-a-jal (ع۔صف بترکیب فارسی): بہت بڑا فاضل۔ جید عالم۔

فاضلات faa-zil-laat (ف۔مذ): فاضل رقم۔ وہ پانی جو سیلاب کی وجہ سے نہر سے باہر نکلے۔

فاطمہ faa-ti-mah (ع۔مث): وہ عورت جس نے دو ہی برس میں بچے کا دودھ چھڑا دیا ہو۔ بچے کو دودھ نہ پلانے والی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی۔

فاعِل faa-(a) il (ع۔صف) : کام کرنے والا۔ اغلام کرنے والا۔ وہ اسم جس سے فعل سرزد ہو (جس کے متعلق سرزد ہوا سے مفعول کہتے ہیں) مث، فاعلہ۔

فاعِلِ حقیقی fa-(?)i-le-ha-qii-qii (ع۔مذ): خدا تعالیٰ۔

فاعِلِ مُختار faa-(?)i-le-muK-taar (ع۔مذ): وہ کام کرنے والا، جسے اختیار کامل ہو۔

فاعِل مفعول faa-(?)i-le-maf-(?)uul (ع۔مذ): وہ جو کام کرے اور جس کے ساتھ کام کیا جائے/اغلام کرنے والا اور کرانے والا۔

فاعِلیّت faa-(?)i-li-yat (ع۔مث): فاعل ہونا۔ فاعل کا اسم کیفیت۔

فاقِد faa-qid (ع۔مذ): وہ جو کوئی چیز کھو دے اور کھو دی ہوئی چیز کو تلاش نہ کر سکے۔

فاقہ faa-qah (ع۔مذ): بھوکا رہنا۔ کھانا نہ کھانا۔ فقیری۔

فاقہ زدہ faa-qah-za-dah (عف۔صف): جسے عام طور پر کھانے کو نہ ملے۔ بھوک کا مارا ہوا۔ اسم کیفیت مث: فاقہ زدگی۔

فاقہ شِکنی faa-qah-shik-nii (عف۔مث): فاقہ کے بعد کھانا کھلانا۔ فاقہ توڑنا۔

فاقہ کش faa-qah-kash (عف۔صف): فاقہ کرنے والا۔ بھوکا رہنے والا۔ اسم کیفیت: مث: فاقہ کشی۔

فاقہ مَست faa-qah-mast (عف۔مث): حالت افلاس میں بھی خوش رہنے والا۔ جو فاقے کی حالت میں بھی بےفکر ہو۔ اسم کیفیت مث: فاقہ مستی۔

فاکہہ faa-ki-hah (ع۔مذ): میوہ۔ پھل۔ ہرا میوہ۔ جمع فواکہ۔

فال faal (ع۔مث): شگون۔

فالِ بد faa-le-bad (عف۔مذ): بُرا شگون۔

فالِ گوش faa-le-gosh (عف۔مث): وہ فال جو راہ گیروں کی آواز سے لی جائے۔

فال نامہ faal-naa-ma (h) (عف۔مذ): وہ کتاب جس میں فال دیکھتے ہیں یا جس میں فال کے قاعدے درج ہوں۔

فالِ نیک faal-nek (عف۔مث): اچھا شگون۔

فالتو faal-tuu (ار۔صف): ضرورت سے زیادہ۔ نکما بیکار۔

فالج faa-lij (ع۔مذ): ایک بیماری جس میں کوئی عضو بدن بیکار اور بے حس ہو جاتا ہے۔ (افعال: گرنا۔ ہونا) جھولا۔

فالج زدہ faa-lij-za-dah (عف۔صف): جسے فالج ہوا ہو۔ فالج کا مارا ہوا۔ مفلوج۔

فالسہ faa-e-sa(h) (ار۔مذ): ایک چھوٹا سا پھل جو پک کر سیاہی مائل اوراودے رنگ کا ہو جاتا ہے۔

فالسائی/فالسئی faal-saa-ii (ار۔صف): فالسے کے رنگ کا۔ ایک رنگ جو اودے سے ملتا جلتا ہے۔

فالودہ faa-!uu-dah (ف۔مذ): پکا ہوا نشاستہ جسے چھلنی میں چھان کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا لیتے ہیں۔ اُن کو دودھ اور برف میں ڈال کر اور شکر ملا کر کھاتے ہیں (افعال: بنانا۔ بننا۔ کھانا)۔

فالیز faa-liiz (ف۔مث): خربوزوں، کھیروں یا ککڑیوں کا کھیت اصلاً پالیز ہے۔

فام faam (ف۔صف): مانند۔ رنگ کا۔ شکل کا۔ رنگ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے سفید فام۔

فانوس faa-nuus (ف۔مذ): ایک قسم کا شمعدان۔ ایک قسم کا بڑا قندیل۔ سمندر میں چٹانوں پر بنا ہوا وہ

مینار جس سے جہازوں کو روشنی دکھائی دیتی ہے۔ جس سے وہ رہبری حاصل کرتے ہیں۔

فانوسِ خیال faa-nuu-se-Kyaal (ف۔ مذ): ایک قسم کی کاغذی قندیل جس میں ہاتھی گھوڑے کاغذ کے کتر کر لگا دیتے ہیں۔ وہ گردش کرتے ہیں تو ان کا سایہ قندیل کے کاغذوں پر پڑ کر بہت اچھا معلوم ہوتا ہے۔

فانہ faa-na(h) (ف۔ مذ) پھانا۔ میخ۔

فانی faa-ni(i) (ع۔ صف): فنا ہونے والا۔ بہت بوڑھا۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ عالم فانی۔

فائدہ faa-ye-da(h) (ع۔ مذ): نفع۔ آمدنی۔ یافت۔ محاصل۔ نتیجہ۔ حاصل مطلب۔ غرض۔ افاقہ۔ آرام۔ بہتری۔ بھلائی۔ سود۔ فیض۔ نتیجہ کسی کہانی کا۔

فائدہ بخش faa-ye-dah-baksh (ف۔ صف): فائدہ کرنے والا۔ مفید۔ سود مند کارگر۔

فائر بریگیڈ faa-yar-bi-rii-ged (انگ۔ مذ): Fire Brigade آگ بجھانے والی جماعت۔

فائر مین faa-yar-man (انگ۔ مذ): وہ شخص جو انجن میں ایندھن ڈالتا ہے۔ وہ شخص جو فائر انجن یا کسی دوسری جگہ آگ بجھانے پر ملازم ہو۔ Fireman

فائز المرام faa-yi-zul-ma-raam (ع۔ صف): پہنچنے والا۔ کامیاب۔ کامران۔

فائق faa-iq (ع۔ صف): بڑھا ہوا۔ سب سے بڑھ کر۔ اعلیٰ۔ معزز فوقیت رکھنے والا۔ مث: فائقہ۔

فائل faa-yal (انگ۔ مث): وہ کاغذ جو تاریخ اور مضمون وار رکھے جائیں۔ (File) رجی۔

فائل بک faa-yil-buk (انگ۔ مث): کاغذ لگانے کی کتاب/جلد File Book

فائن faa-in (انگ۔ مذ): جرمانہ (افعال: کرنا۔ ہونا): صف۔ اچھا اعلیٰ۔ نفیس۔ انگریزی لفظ Fine کا مورد۔

فاؤل Faa-uwl (انگ۔ مذ): Foul کھیل کے قواعد کی خلاف ورزی۔ بُرا۔ خراب۔

فاؤنڈیشن faa-un-de-shan (انگ۔ مذ): Foundation بنیادوں پر قائم ادارہ۔ وقت۔ فلاحی ادارہ۔ مؤسسہ

ف۔ب

فبہا fa-bi-haa (ع۔ متعلق فعل): یہی اصل مراد ہے۔ بہت خوب۔ بہتر۔

ف۔ت

فتاح fat-taah (ع۔ اسم مبالغہ) فتح کرنے والا۔ کھولنے والا۔ خدا تعالیٰ کا نام۔

فُتادہ fu-taa-dah (ف۔ صف): دیکھیے "افتادہ" اسم کیفیت مث: فُتادگی۔

فتان fat-taan (ع۔ مبالغہ): لبھا لینے والا۔ فسوں ساز۔ دل رُبا۔ فتنہ انگیز (آنکھ کے لیے استعمال ہے)۔

فتح fa-tah (ع۔ مث): جیت۔ ظفر (افعال پانا۔ حاصل کرنا۔ ہونا۔ کرنا۔ ہونا) فتحہ۔ زبر۔ سلام۔ بندگی۔ کشائش کشادگی۔

فتح باب fa-ta-baab (ع۔ مث): ابتدا۔ آغاز۔ کشادگی، آسودگی۔ دروازے کا کھلنا۔

فتح مند fa-tah-mand/fa-teh-mand (عف۔ صف): فاتح۔ جیتنے والا۔ ظفریاب۔ اسم کیفیت مث: فتح مندی۔

فتح نامہ fa-tah-naa-ma (h) (عف۔ مذ):

ظفرنامہ۔ وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی میں نظم یا نثر میں لکھی جاتی ہے۔

فتح نشان fa-tah-ni-shan (عف۔صف): فتح کے جھنڈے والا۔ جس سے فتح ظاہر ہو۔

فتح نصیب fa-tah-na-siib (عف۔صف): فتح کرنے والا۔ فاتح۔ جس کی قسمت میں جیت ہو۔

فتح وظفر fa-ta-ho-za-far (ع۔مث): فتح۔ کامیابی وکامرانی۔

فتحہ fat-hah (ع۔مث): زبر۔ نصب۔ ایک علامت اعراب جو الف کی مختصر صورت ہے۔

فتح یاب fath-yab (عف۔صف): فتح پانے والا۔ جیتنے والا۔ ظفریاب (افعال: کرنا۔ ہونا) اسم کیفیت مث: فتح یابی۔

فتراک fit-raak (ف۔مذ۔مث): چمڑے کے تسمے جو زین کے دونوں طرف شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لیے لگے ہوتے ہیں۔ شکار بند۔ تھیلا۔

فترت fat-rat (ع۔مث): سستی۔ ضعف۔ دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ۔ خلا۔

فتق fatq (ع۔مذ): کشادگی۔ خصیہ/فوطہ بڑھنے کی ایک بیماری۔

فتن fitn (ع۔مذ): دیکھیے "فتنہ" جس کی یہ جمع ہے۔

فتنہ fit-nah (ع۔مذ): شرارت۔ چالاکی۔ ہنگامہ۔ فساد۔ جھگڑا چالاک۔ شوخ۔ بغاوت۔ ایک قسم کا عطر (صف) شریر۔

فتنہ انداز/جو/سامان fit-nah-an-daaz/ juu/saa-maan (عف۔صف): شرارتی۔ فسادی۔ جھگڑا پھیلانے والا۔ اسم کیفیت مث: فتنہ اندازی/انگیزی/پردازی/جوئی/زائی/سامانی۔

فتنہ خیز fit-na(h)-Kaiz (عف۔صف): فتنہ برپا کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: فتنہ خیزی۔

فتنہ عالم fit-nah-e-(?)a-lam (عف۔صف): مفسد۔ فسادی۔ معشوق۔

فتنۂ عظیم fit-na-e-a-ziim (ع۔مذ): بڑا فساد۔ سخت بغاوت۔

فتنہ گر fit-nah-gar (عف۔صف): مفسد۔ فسادی۔ معشوق۔ اسم کیفیت مث: فتنہ گری۔

فتنی fit-nii (ار۔صف مث): شرارتی/چالاک عورت۔ لڑاکی۔ جھگڑالو۔

فتوت fu-tuut (ع۔مث): شجاعت۔ بہادری۔ سخاوت۔ مروّت۔

فتوح fu-tuuh (ع۔مث۔مذ): فتح کی جمع۔ فتوحات۔ نعمتیں۔ کامیابی، کشائش۔ آسودگی۔ بالائی یافت۔ خیرات وغیرہ۔

فتوحات fu-tuu-haat (ع۔مث): فتح کی جمع الجمع۔ بہت سی فتوحات بہت سے شہروں علاقوں کی تسخیر۔

فتوحاتِ غیب fu-tuu-haa-te-Gaib (ع۔مث بترکیب فارسی): عطیاتِ الٰہی۔

فتوحی fu-tuu-hii (ف۔ا، مث) واسکٹ۔ صدری۔ بغیر آستینوں کا ایک چھوٹا سا کوٹ۔

فتور fu-tuur (ع۔مذ): فساد۔ شرارت۔ فتنہ۔ کمزوری۔ خرابی۔

فتوریا fu-tuur-yaa (ار۔صف): وہ جو فتور برپا کرے۔

فتویٰ fat-vaa (ع۔مذ): شرع کا حکم۔ مفتی کا فیصلہ۔ کسی مسئلہ کے متعلق شرعی فیصلہ۔

فتیل fa-tiil (ع۔مذ): بتی۔ چراغ کی بتی۔ نیز دیکھیے "فتیلہ"۔

فتیل سوز fa-tiil-soz (عف۔مذ): روشنی کا چومکھا ظرف۔

فتیلہ fa-tii-la(h) (ع۔مذ): چراغ کی بتی۔ موٹی روئی کی بتی۔ مشعل۔ وہ بتی جو زخم میں رکھتے ہیں۔ وہ بٹا ہوا ڈورا جو انگرکھوں میں رکھ کر اُوپر سے سی دیتے ہیں۔ تعویذ کی بتی جس کی دھونی بیمار یا آسیب زدہ کو دی جاتی ہے، اور کبھی اس کے سامنے جلاتے ہیں۔ توپ یا بندوق کا توڑا۔

فتیلہ سوز fa-tii-lah-soz (عف۔مذ) خوشبو کا چومکھا ظرف۔ شمع دان۔

فِتین fit-tiin/ fit-tiin (ار۔صف) چالاک۔ عیار۔

ف۔ٹ

فِٹ fit (انگ۔مذ):Fit چست۔ کپڑے یا جوتے کا درست ہونا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا۔ آنا)۔

فُٹ fut (انگ۔مذ)Foot پاؤں۔ ایک ناپ جو بارہ انچ کے برابر ہوتا ہے اور ایک گز کا تہائی ہوتا ہے۔ صحیح مقام پر رکھنا۔

فُٹ پاتھ fut-paath (انگ۔مذ):Footpath پگڈنڈی۔ پیدل چلنے کا راستہ۔

فُٹ بال fut-baal (انگ۔مذ):Foot Ball پاؤں سے لڑھکانے کا گیند۔ ایک کھیل۔

فُٹ نوٹ fut-not (انگ۔مذ):Foot Note وہ شرح کتاب جو کتاب کے متن کے نیچے لکھی جائے۔

فِٹر fi-tar (انگ۔مذ): Fitter وہ جو مشینوں کے پُرزے درست کرتا ہے۔

فِٹن Fi-tan (انگ مث):Phaeton ایک قسم کی چوپہیا گاڑی جو اوپر سے کھلی ہوتی ہے۔

فِٹنگ fi-ting (انگ۔مذ):Fitting کپڑے وغیرہ کا درست ہونا۔ درست کرنے کا فعل۔ جوتے کی چوڑائی۔ درستی۔ کسی چیز کو صحیح مقام پر رکھنا۔

ف۔ج

فجّار faj-jaar (ع۔مبالغہ): بہت بڑا بدکار۔

فُجّار fuj-jaar (ع۔مذ): "فاجر" کی جمع۔ بدکار۔ فاسق۔

فجائی fa-jaa-ii (ع۔صف): اچانک۔ یکایک۔ ناگہاں۔ حروف کی وہ قسم جس سے کسی امر کے ناگہاں ہونے کا اظہار ہو۔ مث: فجائیہ۔

فجر fa-jar (ع۔مث): صبح۔ سویرا۔ تڑکا۔ سحر۔ صبح کی نماز۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

فُجور fu-juur (ع۔مذ): بدکاری۔ بدچلنی۔ گناہ۔ فسق۔

ف۔ح

فحّاش fah-haash (ع۔مبالغہ): شریر۔ بدچلن۔ بھکو۔ بدزبان۔

فحاشی fa-haa-shii (عف۔مث): بے حیائی۔ بدکاری۔ شرارت۔

فُحش fu-hash (ع۔مذ): بے حیائی کی بات۔ گندی بات۔ قابلِ شرم بات۔

فحوائے کلام fah-vaa-ye-ka-laam (ع۔مذ): بات کا مطلب۔ گفتگو کا انداز۔

ف۔خ

فخامت fa-Kaa-mat (ع۔مث): دیکھیے "فخیم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

فخر faKr (ع۔مذ): ناز۔ گھمنڈ۔ غرور۔ بزرگی۔ شیخی۔ نقل۔ شان و شوکت۔

فخر امبیا/ بشر faK-re-am-bi-yaa/ ba-shar

(ع۔مذ): کنایۃً حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کالقب۔

فخرِ خاندان fak-re-Kaan-daan (عف۔مذ): وہ آدمی جس کے باعث خاندان کو عزت ملی ہو۔

فخراً/فخریۃً faK-ran/fak-ri-yah (ع۔متعلق فعل): فخر کے طور پر۔ شیخی سے نازاں ہو کر۔

فخیم fa-Kiim (ع۔صف): بزرگ۔ بلند مرتبہ۔ بڑی چیز۔

ف۔د

فِدا fi-daa (ع۔صف): نثار۔ قربان۔ صدقے۔ عاشق۔ فریفتہ۔ مفتون۔

فِدائی fi-daa-ii (ع۔صف): جان نثار۔ عاشق۔ سر دینے والا۔ مث: فدائیہ۔

فِدوِی fid-vii (ع۔صف): جان نثار۔ قربان ہونے والا۔ بندہ عاجز۔ خاکسار۔ مث: فدویہ

فِدیہ fid-yah (ف۔مذ): نقد معاوضہ۔ خون بہا۔ مال یا روپیہ جسے دے کر قیدی رہا ہو۔

ف۔ذ

فذالِک fa-zaa-lik (ع۔مذ): حساب کی اصطلاح میں وہ جمع جو تفصیل کے بعد دی جائے۔

ف۔ر

فر far (ع۔مذ): شان۔ شوکت۔ زینت۔ آرائش۔ زیبائش بھڑک۔ رعب داب۔ دبدبہ (مث): اُڑنے کی آواز۔

فر سے far-se (ار۔متعلق فعل): جلدی سے۔

فر far (انگ۔مذ): پوستین۔ سمور۔ سنجاب۔ Fur

فرات fa-raat (ع۔مذ): میٹھا اور ٹھنڈا پانی۔ عراق کا ایک دریا۔

فراٹا far-raa-Taa (ار۔مذ): کسی چیز کے اُڑنے کی آواز۔ ہوا کا سناٹا جلد جلد بولنا یا پڑھنا۔

فراخ fa-raaK (ف۔صف): وسیع۔ چوڑا۔ کشادہ پیشانی۔ خندہ مکھ اسم کیفیت مث: فراخی۔

فراخ آستین far-raaK-aas-tiin (ف۔صف): سخی۔ جوانمرد۔

فراخ ابرو fa-raaK-ab-ruu (ف۔صف): کشادہ پیشانی۔ خندہ مکھ۔ اسم کیفیت مث: فراخ ابروی۔

فراخ بال Fa-raaK-baal (ف۔صف): فارغ البال۔ اچھی حالت میں۔

فراخ پیشانی fa-raaK-pe-shaa-nii (ف۔ صف): چوڑی پیشانی کا۔ خندہ مکھ۔

فراخ چشم fa-raaK-chashm (ف۔صف): عالی ہمت۔ بلند حوصلہ۔ اسم کیفیت مث۔ فراخ چشمی۔

فراخ حوصلہ fa-raaK-haus-la(h) (فع۔صف): بلند حوصلہ۔ عالی ہمت۔ اسم کیفیت مث: فراخ حوصلگی۔

فراخ دامن/دست fa-raak-daa-man/dast دولت مند۔ سخی۔ اسم کیفیت مث: فراخ دامنی/دستی۔

فراخور fa-raa-Kor (ف۔صف): لائق۔ مناسب۔ شائستہ۔ سزاوار۔ اسم کیفیت مث: فراخوری۔

فرادیٰ far-raa-da (ع۔صف): "فرد" کی جمع بمعنی تنہا۔ الگ۔

فرادیس fa-raa-desh (ع۔مذ): فردوس کی جمع۔ باغات۔

فراڈ fa-raaD (انگ۔مذ): FRAUD دھوکا۔

فریب، جعل سازی۔ حیلہ گری۔

فرار fa-raar (غ۔صف): بہت بھاگنے والا۔ کیمیا کی اصطلاح میں پارہ۔

فِرار fi-raar (ع۔مذ): بھاگنا۔ بھاگڑ۔ دوڑ۔

فراری fa-raa-rii (ف۔صف): بھگوڑا۔ بھاگا ہوا۔ روپوش۔

فراز fa-raaz (ف۔صف): بلندی۔ اونچائی۔ بلند۔ اوپر۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔ اسم کیفیت مث: فرازی۔

فِراست fi-raa-sat (ع۔مث): دانائی۔ عقلمندی۔ قیافہ۔ شناخت۔ سمجھ داری۔

فرّاش خانہ fa-raash-Kaa-nah (ف۔مذ): وہ مکان جہاں ڈیرا، خیمہ اور فرش فروش کا سامان ہوتا ہے۔

فرّاشن far-raa-shan (ار۔مث): دیکھیے "فرّاش" جس کی یہ تانیث ہے۔

فرّاشی پنکھا far-raa-shii-pan-khaa (ار۔مذ): ایک قسم کا بہت بڑا پنکھا جو محفل میں ہاتھ سے ہلایا جاتا ہے۔

فرّاشی سلام far-raa-shii-sa-laam (ار۔مذ): وہ سلام جو جھک کر کیا جائے کہ سر فرش سے لگ جائے۔

فراعِنہ fa-raa-?i-nah (ع۔مذ): "فرعون" کی جمع۔ مصر کے بادشاہ۔

فراغ fa-raaG (ع۔مذ): چھٹی۔ آرام۔ فرصت۔ مہلت۔ نجات مخلصی۔ خوشی۔ سکھ۔ چین۔ افراط۔ بہتات، دل جمعی، اطمینان۔

فراغ بال fa-raaG-baal (ف۔صف): بے فکر۔ آسودہ۔ اسم کیفیت مث: فراغ بالی۔

فراغِ خاطر/دل fa-raa-Ge-Kaa-tir/dil (ف۔مذ): دل جمعی۔ تسلی۔ بے فکری۔ آسودگی۔

فراغت faa-raa-Gat (ع۔مث): فرصت۔ چھٹکارا۔ نجات۔ خلاصی رہائی (افعال: پانا۔ کرنا۔ ہونا)

فِراق fi-raaq (ع۔مذ): علیحدگی۔ جدائی۔ فکر۔ خیال۔ دُھن۔ محبوب سے جدائی کا زمانہ۔

فِراق دیدہ fi-raaq-dii-dah (ف۔صف): وہ جو کسی عزیز ہستی سے جدا ہو گیا ہو۔

فِراق زدہ fi-raaq-za-dah (ف۔صف): وہ جو اپنے محبوب سے جدا ہو۔

فِراقیہ fi-raa-qi-yah (ع۔صف): دیکھیے "فراق" جس سے یہ منسوب ہے۔

فراک fa-raak (انگ۔مذ): FROCK: بچوں اور عورتوں کا ایک لمبا کوٹ یا قمیص۔"

فرامُش fa-raa-mush (ف۔صف): دیکھیے "فراموش" جس کا یہ مخفف ہے۔ اسم کیفیت مث: فرامُشی۔

فراموش fa-raa-mosh (ف۔صف): بھولا ہوا۔ یاد سے اترا ہوا۔ اسم کیفیت مث: فراموشی۔

فراموش کار fa-raa-mosh-kaar (ف۔صف): جس کی عادت میں بھول جانا ہو۔ بھلکو۔ اسم کیفیت مث: فراموش کاری۔

فرامین fa-raa-miin (ف۔مذ): دیکھیے "فرمان" جس کی یہ بےقاعدہ عربی جمع بنائی گئی ہے۔ جو غلط ہے۔

فِرانسیسی fi-ran-sii-sii (ف۔مذ۔مث): فرانس کا باشندہ۔ فرانس کی زبان۔

فِرانک fa-rank (ف۔مذ): فرانس کا سکہ۔

فراواں fa-raa-vaan (ف۔صف): بہت زیادہ۔ بکثرت۔ وافر۔ اسم کیفیت مث: فراوانی۔

فراہم fa-raa-him (ف۔صف): جمع۔ اکٹھا۔ سب۔ سارا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا) اسم کیفیت مث: فراہمی۔

فِردَوس fir-daus (ع۔مذ): باغ۔ گلزار۔ گلشن۔ بہشت۔ جنت۔

فِردَوسِ بریں fir-dau-se-ba-riin (ع۔مذ): بہشت کا اعلیٰ طبقہ۔

فِردَوسِ گوش fir-dau-se-gosh (عف۔صف): وہ چیز جس کی آواز کانوں کو اچھی لگے۔

فِردَوس مکانی fir-daus-ma-kaa-nii (ع۔صف): فردوس میں رہنے والا۔ وہ شخص جس کو مرنے کے بعد جنت نصیب ہو۔ انتقال کے بعد بابر بادشاہ کا لقب۔

فِردَوس منزلت fir-daus-man-za-lat (ع۔صف) جنت میں رہنے والا۔ مرحوم و مغفور۔

فَرزانہ far-zaa-na(h) (ف۔صف): عاقل۔ دانا۔ دانش مند۔ سمجھ دار۔ ہوشیار۔ ہنر مند۔ لائق۔ حکیم۔ جمع فرزانگاں۔ اسم کیفیت مث: فرزانگی۔

فرزانہ خُو far-zaa-na(h)-Kuu (ف۔صف): خوش خلق۔ خوش خو۔ اسم کیفیت مث: فرزانہ خُوئی۔

فرزجہ far-za-jah (ف۔صف) کپڑا۔ جس کو دوا میں تر کرنے کے بعد فرج میں رکھتے ہیں۔

فرزند far-zand (ف۔مذ): بیٹا۔ لڑکا۔ اولاد۔

فرزندِ معنوی/رُوحانی far-zan-de-m(?)-anavi/ -ruu-haa-nii (عف۔مذ): کنایۃً شاگرد مرید۔ چیلا۔

فرزندِ نرینہ far-zand-na-rii-na (ف۔مذ): بیٹا۔ لڑکا۔

فرزندی far-zan-dii (ف۔مث): باپ بیٹے کا رشتہ۔ بیٹا ہونے کی حالت۔

فرزیں far-ziiN (ف۔صف): دانا۔ عاقل (مذ): شطرنج کے کھیل میں وزیر کا مُہرہ (انفعال پٹنا۔ پیٹنا۔ کھیلنا۔ مارنا)

فَرَس fa-ras (ع۔مذ): گھوڑا۔ شطرنج کا گھوڑا۔

فرستادہ fa-res-taa-dah (ف۔صف): بھیجا ہوا۔ قاصد۔ ایلچی۔

فسٹ fast (انگ۔صف): First پہلا۔ اوّل۔ اعلیٰ۔

فسٹ ایڈ fast-eD (انگ۔مث): First Aid ابتدائی طبی امداد۔ جو ہسپتال لے جانے سے پہلے مریض کو بہم پہنچائی جاتی ہے۔

فرسخ far-saK (ع۔مذ): فاصلے کا ایک ماپ جو اٹھارہ ہزار فٹ کا ہوتا ہے (فرسنگ کا معرب)

فرسنگ far-sang (ف۔مذ): دیکھیے "فرسخ" تین کوس۔

فرسودہ far-suu-dah (ف۔صف): گھسا ہوا۔ گیا گزرا۔ پرانا۔ کہنہ۔ پوشیدہ۔ اسم کیفیت مث: فرسودگی۔

فرسودہ حال far-suu-dah-haal (عف۔صف): خستہ حال۔ بد حال۔ تباہ حال۔ اسم کیفیت مث: فرسودہ حالی۔

فَرش farsh (ع۔مذ): بچھانے کی چیز کپڑا جو زمین پر بچھایا جائے۔ بچھونا۔ سطح زمین۔ وہ زمین جس پر اینٹیں بچھا دی گئی ہوں یا کنکر کوٹے گئے ہوں۔

فرشِ پا انداز far-she-paa-an-daaz (ف۔مذ): وہ فرش جس پر چلتے ہیں۔ وہ فرش جو پاؤں کے نیچے بچھایا جاتا ہے۔

فرشِ خاک far-she-Kaak (ف۔مذ): زمین

فرشِ راہ far-she-ra(h) (ف۔مذ): راہ پر بچھا ہوا۔ کمال عاجزی و خاکساری کے واسطے مستعمل ہے۔

فرش فُروش farsh-fa-rosh (ف۔مذ): بچھونا وغیرہ۔

فرشِ گُل far-she-gul (ف۔مذ): پھولوں کی سیج۔

فرِشتہ fa-rish-tah (ف۔مذ): ایک مخلوق جو نور سے بنی ہے اور خدا کی پرستش کرتی ہے اور اس کا حکم بجالاتی ہے کھاتی پیتی کچھ نہیں۔ ان میں سے بعض کا ذکر قرآن شریف میں آتا ہے۔ مثلاً جبرائیل۔ میکائیل اسرائیل۔ عزرائیل جو بڑے فرشتے ہیں۔ ہاروت، ماروت۔ ملک۔ دوت۔ قاصد۔ رُوح۔ کرو۔ استاد (صف) پاک۔ مقدس، بھولا بھالا۔ جمع۔ فرشتگان۔

فرِشتہ خاں fa-rish-tah-KaaN (ار۔مذ): زبردست اور رعب داب والا آدمی۔

فرِشتہ خُو fa-rish-tah-kuun (ف۔صف): نیک طبیعت۔ بھولا بھالا۔

فرِشتہ صُورت fa-rish-tah-suu-rat (فع۔صف): جو شکل سے بہت نیک معلوم ہو۔

فرِشتہ مَرگ fa-rish-tah-marg (ف۔مذ): ملک الموت۔ حضرت عزرائیل، موت کا فرشتہ۔

فرشی far-shii (ع۔صف): فرش سے منسوب۔ چوڑے پیندے کا بڑا حقہ۔ دیکھیے فراشی مع افعال و مرکبات۔

فُرصت fur-sat (ع۔مث): مہلت۔ فراغت۔ خالی وقت۔ چھٹی۔ چھٹکارا۔ اطمینان۔ آرام۔ موقع۔ وقت۔ (افعال: پانا، چاہنا۔ دینا، مانگنا۔ ملنا۔ ہونا)

فُرصت جُو fur-sat-juu (ع۔صف): موقع تلاش کرنے والا۔

فرض farz (ع۔مذ): وہ کام جو خدا کے حکم سے ضروری طور پر کرنا مقرر ہوا ہو۔ ضروری لازمی۔ نماز کی وہ رکعتیں جن کا پڑھنا لازمی ہے۔ بار ثبوت، ذمہ داری (صف) تسلیم کیا ہے۔ مانا ہے۔

فرضِ عَین far-ze-(?)ain (ع۔مذ): ہر ایک کا ذاتی فرض۔

فرضِ کِفایہ far-ze-ki-faa-yah (ع۔مذ): وہ فرض جو جماعت میں سے چند آدمیوں کے ادا کرنے سے سب کی طرف سے ادا ہو جائے۔ مثلاً جنازے کی نماز۔ سلام کا جواب۔

فرضِ مُحال fur-ze-mu-haal (ع۔مذ): غیر ممکن القیاس۔ ایسی چیز کا مان لینا جس کا واقع ہونا ناممکن ہو۔

فرضِ مُؤقّت far-ze-mu-vaq-qat (ع۔مذ): وہ فرض جس کو مقررہ وقت پر ادا کیا جائے۔

فرضی far-zii (ع۔صف): خیالی۔ قیاسی۔ مصنوعی۔ بے اصل۔

فرضیت far-zi-yat (ع۔صف): خیالی۔ قیاسی۔ مصنوعی۔ بے اصل۔

فرط fart (ع۔مذ): زیادتی۔ بہتات۔ کثرت۔ غلبہ۔

فرع fa-ra(?) (ع۔مث): ٹہنی۔ شاخ۔ وہ جس کا اصل کوئی اور چیز ہو۔

فِرعون fir-(?)aun (ع۔مذ): مصر کے بادشاہوں کا لقب۔ متکبر۔ مغرور۔

فِرعونی رفرعونیت fir-au-ni-yat (ع۔مث): غرور۔ تکبر۔ سرکشی۔ ظلم۔

فرغُل far-Gul (ف۔مذ): لمبا روئی دار کوٹ رجُبہ کپڑا جو بچوں کو پہناتے ہیں جس میں ٹوپی بھی ساتھ ہی لگی ہوتی ہے۔ لبادہ۔

فرفر far-far (ف۔مث): جلدی۔ تیزی۔ پھرتی۔ (متعلق فعل) جلد جلد شتاب۔ بے روک ٹوک۔ بغیر اٹکے۔

فرفری far-fa-rii (ف۔مث): ایک قسم کی خفیہ گفتگو جس میں ہر لفظ کے بعد فر لگا دیا کرتے ہیں۔ تاکہ دوسرا شخص نہ سمجھ سکے۔

فرفند far-fand (ار۔مذ): مکر۔ حیلہ (ہندی پھر پھند)

فرفندی far-fan-di (ار۔صف): حیلہ ساز۔ مکار۔

فرق farq (ع۔مذ): فاصلہ۔ دُوری۔ اختلاف۔ خلل۔ کمی۔ جدائی۔ علیحدگی۔ بیگانگی۔ غیرت۔ سَر۔ بالوں کی مانگ۔ کسی چیز کا اوپر کا حصّہ۔ چوٹی۔ جُدا۔ الگ۔

فرق داں farq-daan (عف۔صف): سر۔ کھوپڑی۔ فرقدین (ع) دوستارے۔

فرق farq (ع۔مذ): فرقہ کی جمع۔ جماعتیں۔ گروہ۔

فُرقان fur-qaan (ع۔مذ): وہ چیز جو سچ اور جھوٹ میں تمیز کرے۔ قرآن شریف۔

فُرقت fur-qat (ع۔مث): جُدائی۔ علیحدگی۔ ہجر۔

فرقدان/فرقدین farq-daan/ farq-diin (ع۔مذ): دوستارے جو قطب شمالی کے پاس ہیں اور شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہیں۔

فِرقہ fir-qah (ع۔مذ): جماعت۔ گروہ۔ ہجوم۔

فِرقہ بندی fir-qah-ban-dii (عف۔مث): جماعت بنانا۔ کسی گروہ کی تنظیم کرنا۔

فِرقہ دار fir-qah-daar (عف۔صف): فرقہ رکھنے والا۔ گروہ بندی کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: فرقہ داری۔

فِرقہ وار fir-qah-vaar (عف۔صف): جماعت وار۔ اسم کیفیت مث: فرقہ واری۔

فِرقہ وارانہ fir-qah-vaa-raa-nah (عف۔صف): جماعت وار۔ ہر فرقہ کا علیحدہ علیحدہ۔

فرلانگ far-laang (انگ۔مذ): فرلانگ فاصلے کا ایک ناپ جو 220 گز کا ہے Furlong

فرم farm (انگ۔مث): Firm دُکان یا کارخانہ جس میں کئی حصّہ دار ہوں۔ کمپنی۔

فرما far-maa (انگ۔مذ): فارم کا مُعرب۔ وہ تختہ جو جانچنے کے لیے پہلے چھاپتے ہیں۔

فرمان far-maan (ف۔مذ): حکم نامہ۔ شاہی حکم۔ پروانہ۔

فرمان بر/بردار/پذیر far-man-bar/bar-daar/pa-ziir (ف۔صف): تابع۔ مطیع نوکر۔ غلام۔ اسم کیفیت مث: فرماں بری/برداری/پذیری۔

فرمانده/گزار far-maan-dah/ gu-zaar (ف۔صف): حاکم۔ اسم کیفیت مث: فرماں دہی/گزاری۔

فرماں رواں far-maaN-ra-vaa (ف۔صف): حکمران۔ حاکم۔ بادشاہ۔ اسم کیفیت مث: فرماں روائی۔

فرمان ہار far-maan-haar (ار۔اندق): حکم دینے والا۔

فرمانا far-maa-naa (ار۔مص۔جعلی): حکم دینا۔ بولنا۔ کہنا۔ بیان کرنا۔

فرمائش far-maa-yish (ف۔مث): درخواست۔ طلب۔ مانگ۔ تمنا حاجت (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

فرمائشی far-maa-yi-shii (ف۔صف): فرمائش کی ہوئی۔ حکماً منگوائی ہوئی۔ عمدہ، نفیس۔ پُرتکلف جوتوں کی مار، مغلّظ گالیاں

فرمائشات far-maa-yi-shaat (ف۔صف): دیکھیے "فرمائش" جس کی یہ جمع بقاعدہ عربی بنائی گئی ہے مگر غلط ہے۔

فرمودہ far-muu-dah (ف۔صف): فرمایا ہوا۔ ارشاد۔ حکم۔ اسم کیفیت: فرمودگی۔

فِرنٹ fi-ranT (انگ۔صف): Front سامنا۔ مقابل کا حصّہ۔ باغی۔ سرکش۔ منحرف۔ محاذ۔ مورچہ۔

فرنٹیر fi-ran-ti-yar (انگ صف): سرحد۔ حد

فرنچ کٹ fi-ranch-kaT (انگ۔مث): ایک

خاص قسم کی ڈاڑھی جس میں کلّوں پر کے بال تراش دیتے ہیں اور ٹھوڑی کے بال کسی قدر بڑھا لیتے ہیں۔ French Cut

فرنچ لیدر fi-ranch-lai-dar (انگ۔مذ): French Leather پلاسٹک کا باریک خول جو بوقت جماع عضو تناسل پر چڑھا لیتے ہیں تاکہ نطفہ فرج میں داخل نہ ہو۔

فرنگ fa-raang (ف۔صف): یورپ۔

فرنگی fa-ran-gii (ف۔مث): دیکھیے ''فرنگ'' جس سے یہ منسوب ہے۔

فرنی fir-nii (ف۔مث): ایک قسم کی کھیر جو دودھ چینی اور چاولوں کے آٹے سے بنتی ہے۔

فرو fe-rau (ف۔صف): زیر حکم، نیچے۔ تحت۔ سفلہ۔ کم رتبہ۔

فرنیچر far-nii-char (انگ۔مذ): Furniture میز کرسی وغیرہ۔ سامانِ آرائش۔

فروتر fi-ro-tar (ف۔صف): بہت کم۔ بہت نیچے۔ مقابلتاً کم۔ فرو کی تفصیل۔ بعض۔

فروترین fi-ro-ta-riin (ف۔صف): بہت ہی نیچے۔ کم رُتبے کا۔ فرو کی تفصیل کُل۔

فروتن fi-ro-tan (ف۔صف): غریب۔ عاجز۔ مسکین۔ خاکسار۔ اسم کیفیت مث: فروتنی۔

فرودست fi-ro-dast (ف۔صف): ماتحت۔ کم رُتبہ۔ کمزور۔

فروکش fi-ro-kash (ف۔صف): ٹھہرنے، اُترنے، قیام کرنے والا۔ (افعال: ہونا)۔

فروگذاشت fi-ru-gu-zasht (ف۔مث): کوتاہی۔ کمی۔ بھول۔ خطا۔ بے پروائی۔ غفلت۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

فرومانده fi-ro-maan-dah (ف۔صف): عاجز۔ مفلس۔ تھکا ہوا۔ کمزور اسم کیفیت مث: فروماندگی۔

فرومایہ fi-ro-maa-yah (ف۔صف): کمینہ۔ سفلہ۔ کم ظرف۔ اسم کیفیت مث: فرومائیگی۔

فُروٹ fu-ruuT (انگ۔مذ): Fruit پھل۔ میوہ۔

فروخت fa-roKt (ف۔مث): بکری۔ بیع۔ بیچنا (افعال: کرنا؛ ہونا)۔

فُرود fu-rod (ف۔صف): نیچے۔ زیر (ارانہ): اُتراؤ، ٹکاؤ، ٹھہراؤ۔ بسیرا۔

فُرودگاہ fu-rod-gaah (ف۔مث): اُترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام۔

فروردین far-var-diin (ف۔مذ): فارسی سال کا پہلا مہینہ۔ (مارچ)

فروری far-va-rii (انگ۔مذ): February انگریزی سال کا دوسرا مہینہ۔

فُروز fa-roz (ف۔صف): روشن کرنے والا۔ مرکبات میں آتا ہے اسم کیفیت مث: فروزی۔

فروزاں Fa-ro-zaan (ف۔صف): روشن۔ سوزاں۔ منور۔

فُروس fu-raus (ع۔مذ): فرس کی جمع۔

فروش fa-rosh (ف۔صف): بیچنے والا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے اسم کیفیت مث: فروشی۔

فروشیدہ fa-ro-shii-dah (ف۔صف): فروخت کرنے والا۔ بیچنے والا۔

فُروع fu-ruu(?) (ع،مذ): دیکھیے فرع جس کی یہ جمع ہے، شاخیں، ڈالیاں، غیر اہم باتیں۔

فُروغ fu-rog (ف۔مذ): روشنی۔ نور۔ چمک دمک۔ رونق۔ آگ کی تپش۔

فُروغ بخش fu-rog-baksh (ف۔صف): روشنی دینے والا۔

فَرہاد far-haad (ف۔مذ): وہ افسانوی سنگ تراش جو خسرو پرویز بادشاہ ایران کی ملکہ پر عاشق ہو گیا تھا۔ عاشق صادق۔

فَرہنگ far-hang (ف۔مث): دانائی۔ دانش۔ سمجھ۔ لُغت کی کتاب۔

فریاد far-yaad (ف۔مث): دُہائی۔ مدد مانگنے کا شور۔ آہ و نالہ۔ (ار) ظلم زیادتی کی شکایت۔ نالش۔ استغاثہ۔

فریادرَس far-yaad-ras (ف۔صف): فریاد کو پہنچنے والا۔ فریاد سننے والا، داد دینے والا۔ اسم کیفیت مث: فریادرسی۔

فریب fa-reb (ف۔مذ) دَغا۔ مکر۔ دھوکا۔ دم۔ جھانسا۔ چالاکی۔ عیّاری۔ شعبدہ۔

فریب دہی fa-reb-da-hii (ف۔مث): دغابازی۔

فریب ساز fa-reb-saaz (ف۔صف): دغاباز۔ مکار۔

فریبی fa-re-bii (ف۔صف): دغا باز۔ مکار۔ دھوکا باز۔ مث فریبن۔

فرید fa-riid (ع۔صف): یکتا۔ بے مثال۔ لاثانی۔ حضرت شیخ فریدالدین کالقب۔ مث: فریدہ۔

فرید بُوٹی fa-riid-buu-Tii (ار۔مث): ایک نہایت سردلیس دار بُوٹی۔

فریدی fa-rii-dii (ار۔مث): بابافرید کی نیاز کا کھانا۔ بابافرید سے نسبت رکھنے والا۔ پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔

فَریس fa-res (ار۔مث): فراست والا۔ دانش مند۔

فریسندہ fa-re-sin-dah (ع۔صف): بھیجنے والا۔

فریسی fa-re-sii (انگ۔صف): قدیم یہودی فرقہ جو رسم پرستی اور ظاہرداری میں مشہور تھا۔

فریضہ fa-re-zah (ع۔مذ): واجب۔ لازم۔ ضروری۔ حکم۔

فریضۂ سحری fa-re-zah-e-seh-rii (ع۔مذ بترکیب فارسی) کنایۃً صبح کی نماز۔

فریفتہ fa-ref-tah (ف۔صف): عاشق۔ دل دادہ اسم کیفیت مث: فریفتگی۔

فریق fa-riiq (ع۔مذ): جماعت۔ گروہ۔ فرقہ۔ جتھا۔ مدعی یا مدعاعلیہ۔

فریقِ اوّل fa-rii-qe-av-val (ع۔مذ بترکیب فارسی) مدعی۔ وہ گروہ یا جماعت جس نے دعویٰ کیا ہو۔

فریقِ ثانی fa-rii-qe-saa-nii (ع۔مذ بترکیب فارسی): مدعاعلیہ۔ وہ گروہ یا جماعت جس پر دعویٰ کیا گیا ہو۔

فریقین fa-rii-qain (ع۔مذ): دونوں فریق۔ فریق کی جمع تثنیہ۔

فَریم fa-raim (انگ۔مذ): Frame چوکھٹا۔ تصویر کا چوکھٹا۔ ٹھاٹھ۔ پنجر۔ ڈھچر۔

فری میسن fi-rii-mai-san (انگ۔مذ): Free Mason دیکھیے "فرامیشن" یہودیوں کی عالم گیر تحریک جس کے رسم و رواج اور طور طریقہ انتہائی خفیہ ہوتے تھے۔

ف۔ز

فزا fa-zaa (ف۔صف): فارسی مصدر فزودن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے فاعل بنا دیتا ہے اور بڑھانے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے جاں فزا۔ راحت فزا۔

فزع fa-za (?) (ع۔مث): ڈر۔ دہشت۔ خوف۔ ہراس۔

فزل fa-zal (ار۔مذ ق): تھوڑا۔

فزوں fa-zuun (ف۔صف): زیادہ۔ بڑھا ہوا۔
اسم کیفیت مث: فزونی۔

ف۔س

فساد fa-saad (ع۔مذ): تباہی۔ خرابی۔ فتنہ۔ بلوا۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ ہنگامہ۔ شرارت۔ مخالفت (افعال: کرنا۔ مچانا۔ مچنا۔ ہونا)۔

فسادِ خون fa-saa-de-kuun (عف۔مذ): خون کی خرابی۔

فسادی fa-saa-dii (عف۔صف): فساد پھیلانے والا۔ فتنہ انگیز۔ جھگڑالو۔

فُسّاق fus-saaq (ع۔صف): فاسق کی جمع

فَسان fa-saan (ف۔مث): اوزار تیز کرنے کا پتھر۔

فسانہ fa-saa-nah (ف۔مذ): دیکھیے "افسانہ" کہانی۔

فسخ fasK (ع۔مذ): توڑنا۔ منسوخ کرنا۔ رائے پھیرنا۔ باطل کرنا (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

فسُردہ fa-sur-dah (ف۔صف): دیکھیے "افسردہ"
اسم کیفیت مث: فسردگی۔

فسطائی fas-taa-ii دیکھیے "فاشسٹ"۔

فِسق Fisq (ع۔مذ): نافرمانی۔ جرم۔ بدکاری۔ گناہ۔

فِسق و فجور fis-qo-fa-juur (ع۔مذ) دیکھیے "فسق"۔

فسوں سازرگر fu-suuN saaz/gar (ف۔صف): جادوگر۔ ساحر۔ اسم کیفیت مث: فسوں سازی رگری۔

ف۔ش

فش fash (ف۔مذ): پگڑی کا شملہ۔ ایال کے بال۔ دُم۔

فِش fish (ف۔کلمہ تحقیر): ہیچ۔ فضول۔

فشار fa-shaar (ف۔مذ): دباؤ۔ بھینچاؤ۔ قبر کا مُردے کو بھینچنا۔ پھیلانا۔

فشارِ خون fa-shaa-re-Kuun (ف۔مذ): خون کا دباؤ (انگریزی لفظ BloodPressure کا ترجمہ)

فشارِ قبر رگور fa-shaa-re-qabr/gor (فع۔مذ): قبر کا مردے کو بھینچنا۔

فُشردہ fu-shur-dah (ف۔صف): نچوڑا ہوا۔ عرق نکالا ہوا۔ رس۔ عرق۔

ف۔ص

فصاحت fa-saa-hat (ع۔مث): خوش کلامی۔ خوش بیانی۔ علم معانی کی رُو سے کلام میں ایسے الفاظ لانا جو اہل زبان کے روز مرہ اور محاورہ کے خلاف نہ ہوں مشکل اور بھدّے نہ ہوں اور رواں و سلیس ہوں۔

فصّاد fas-saad (ع۔صف): فصد کھولنے والا۔ جراح۔

فصحاء fu-sa-haa (ع۔صف): دیکھیے "فصیح"، جس کی یہ جمع ہے۔

فصد fasd (ع۔مث): نشتر لگانا۔ رگ سے خون نکالنا۔ (افعال: لینا۔ کھلوانا وغیرہ)۔

فصل fasl (ع۔مث): موسم۔ رُت۔ سال۔ کتاب یا کلام کا ایک حصہ۔ باب۔ جُدائی۔ فرق۔ علیحدگی۔ حجاب۔ پردہ۔ اوٹ۔ دو چیزوں کے بیچ کا حجاب غلّہ اناج وغیرہ جو ابھی کھیت میں ہو۔ کھیتی۔

فصلِ باراں fas-le-baa-raaN (عف۔مث): برسات کا موسم۔

فصلِ بہار fas-le-ba-haar (عف۔مث): بہار کا موسم۔

فصلِ خریف fas-le-Ka-riif (عف۔مث): ساونی کی فصل۔ جس میں جوار، باجرا وغیرہ ہوتا ہے۔
فصلِ ربیع fas-le-re-bii(?) (عف۔مث): ہاڑی کی فصل۔ جس میں گندم، جو وغیرہ ہوتے ہیں۔
فصلِ گل fas-le-gul (عف۔مث): بہار کا موسم۔
فصلانہ fas-laa-na(h) (عف۔مذ): وہ رقم یا جنس جو فصل تیار ہونے پر مالک یا پٹواری کو دی جائے۔
فصلی fas-lii (ع۔مث): دیکھیے "فصل" جس سے یہ منسوب ہے۔
فصلی بخار fas-lii-bu-Kaar (عف۔مذ): وہ بخار جو موسم بدلنے پر آئے۔ جیسے ملیریا۔
فصلی سال fas-lii-saal (عف۔مذ): وہ سال جو فصلوں کے اعتبار سے ہو یہ اپریل مئی کو شروع ہوتا ہے۔
فصلی میوہ fas-lii-me-va(h) (عف۔مذ): موسم کا پھل۔
فصول fu-sool (ع۔مذ): دیکھیے "فصل" جس کی یہ جمع ہے۔
فصیح fa-sii(h) (عف۔صف): خوش بیان۔ شیریں کلام۔
فصیل fa-siil (ع۔مث) دیوار۔ چار دیواری۔ شہر پناہ۔

ف۔ض

فضاء fa-zaa (ع۔مث): زمین میں کشادگی۔ وسعت۔ فراخی۔ رقبہ۔ میدان۔ بہار۔ رونق۔ کیفیت۔ زمین سے آسمان تک خلا۔
فضائل fa-zaa-yil (ع۔مذ): دیکھیے "فضیلت" جس کی یہ جمع ہے۔
فضائلِ اربعہ fa-zaa-yi-le-ara-ba(?)h (ع۔مذ بترکیب فارسی): چار خوبیاں یعنی حکمت۔ شجاعت۔ عفت۔ عدالت۔
فضائی fi-zaa-ii (ع۔صف): دیکھیے "فضاء" جس سے یہ منسوب ہے۔
فضائیہ fa-zaa-yi-yah (ع۔مذ): کسی ملک کے سرکاری ہوائی جہازوں کا بیڑا۔ ہوا میں جنگ کرنے والی فوج انگریزی لفظ Air Force کا ترجمہ دیکھیے "فضائی" جس کی یہ تانیث ہے۔
فضل Fazl (ع۔مذ): زیادتی۔ افزونی۔ علم و ہنر۔ جوہر۔ رحم۔ مہربانی۔ بخشش۔ بزرگی۔
فضلاء fu-za-laa (ع۔مذ) دیکھیے "فاضل" جس کی یہ جمع ہے۔
فضلہ fuz-la(h) (ع۔مذ): بچا ہوا۔ پس خوردہ۔ پھوک۔ نجاست۔ بول و براز۔
فضول fu-zuul (ع۔صف): دیکھیے "فضل" جس کی یہ جمع ہے۔ (ار) زیادہ۔ از حد۔ کثیر۔ بے فائدہ۔ لا حاصل۔ بیکار، نکما۔ فالتو۔ زائد۔
فضول خرچ fu-zuul-Karch (ار۔صف): بے موقع اور بے جا خرچ کرنے والا اسم کیفیت مث: فضول خرچی۔
فضول گو fu-zuul-go (عف۔صف): بیہودہ بکنے والا۔ بیکار باتیں کرنے والا۔ لا حاصل اور لغو باتیں کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: فضول گوئی۔
فضولی Fu-zuu-lii (ف۔صف): بیہودہ گو۔ یاوہ گو۔
فضہ fiz-zah (ع۔مث): چاندی۔ سیم۔ نقرہ۔
فضیتا/فضیحتا fa-zi-ta/fa-zii-ha-ta (ار۔مث): دیکھیے "فضیحت" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
فضیحت fa-zii-hat (ع۔مث): رسوائی۔ ذلت۔ بدنامی۔

فضیحتی fa-zi-ha-ya-tii (ار۔صف): دیکھیے "فضیحت" جس کا یہ اردو بگاڑ ہے۔

فضیلت fa-zii-lat (ع۔مث): بڑائی۔ بزرگی۔ برتری۔علم۔فضل۔نیکی۔عمدگی۔

فضیلت کی پگڑی fa-zii-lat-kii-pag-Rii (ار۔مث): وہ پگڑی جو تحصیل علم کی بعد باندھی جاتی ہے۔(انفعال: باندھنا۔بندھنا)

فضیلتمآب fa-zii-lat-ma-aab (ع۔صف): نہایت اعلیٰ۔ برتر۔ انگریزی لفظ His Excellency کا ترجمہ۔

ف۔ط

فطانت fa-taa-nat (ع۔مث): ذہانت۔ عقل مندی۔دانائی۔چترائی۔

فطر fatr (ع۔مذ): روزہ کھولنا۔افطار۔

فطرانہ رفطرہ fit-raa-na(h) fit-rah صدقۂ فطر، جو عید الفطر کے دن نماز سے قبل قریباً دو سیر گندم فی کس کے حساب سے دینا صاحب نصاب پر واجب ہے۔

فطرت fit-rat (ع۔مث): آفرینش۔ قدرت۔ خمیر۔سرشت، دانائی۔ ہوشیاری۔مکر۔فریب۔شرارت۔ چالاکی۔سازش۔

فطرتی fit-ra-tii (ف۔صف): قدرتی۔ پیدائشی۔ شرارتی۔فتنہ پرداز۔شوخ۔چالاک۔

فطرتاً fit-ra-tan (ع۔متعلق فعل): قدرت کے مطابق۔

فطری fit-rii (ع۔صف): فطرت کے مطابق۔پیدائشی۔

فطنت fat-nat (ع۔مذ): تازہ گندھا ہوا جس میں خمیر نہ ہو۔

فطیری روٹی fa-tii-rii-ro-Tii (ار۔مث): وہ روٹی جو خمیری نہ ہو۔ پھلکا۔چپاتی۔

فطین fa-tiin (ع۔صف): ذہین۔دانا۔زیرک۔

ف۔ع

فعال fa-(?)a-al (ع۔مبالغہ): بہت زیادہ کام کرنے والا۔سرگرم۔اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔دسویں عقل۔

فعالی fa-(?)a-li(i) (عف۔مث): دیکھیے "فعال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

فعل fe(?)l (ع۔مذ): کام۔کاج۔عمل۔ اصطلاح صَرف میں وہ کلمہ جو مستقل معنی رکھتا ہو اور تینوں زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ پایا جائے۔عمل۔قول کے خلاف۔ بُرا کام زِنا۔

فعلاً fe(?)-lan (ع۔متعلق فعل): عمل کی رُو سے۔

فعلی fa(?)-lii (ع۔صف): فعل سے منسوب۔ مث رفعلیہ

ف۔غ

فغاں fa-Gaan (ف۔مذ): شور۔غوغا۔ واویلا۔ نالہ۔فریاد۔آہ وزاری۔

فغانی fu-Gaa-nii (ف۔صف): فریاد کرنے والا۔

فغفور fug-fuur (ف۔مذ): شاہان چین کا لقب۔

ف۔ق

فق faq (ع۔صف): خوف یا حیرت کی وجہ سے چہرے کی رنگت کا سفید پڑ جانا۔زرد۔سفید۔اُداس۔حیران و پریشان۔ہکابکا۔

فقدان fuq-daan (ع۔مذ): گم ہونا۔کھونا۔نہ ہونا۔بھول۔کمی۔نایابی۔عدم۔

فقر faqr (ع۔مذ): قلندری۔ درویشی۔ محتاجی۔ تنگ دستی۔مفلسی۔

فقرو فاقہ faq-ro-faa-qah (ع۔مذ،ترکیب فارسی): غریبی۔ مفلسی۔ تنگی۔

فُقراء fuq-raa (ع۔صف): دیکھیے "فقیر" جس کی یہ جمع ہے۔

فِقرہ کسنا fiq-rah-kas-na (ار۔محاورہ): آوازہ کسنا۔ طعنہ دینا۔

فقط fa-qat (ع۔صف): صرف۔ تنہا۔ اکیلا۔ نرا۔ محض۔ بس خاتمہ۔ ختم شد۔

فِقہ fi-qah (ع۔مث): سمجھ۔ واقفیت۔ دانائی۔ قانون شریعت کے مسائل کا علم۔ صف نسبتی: فقہی۔

فُقہاء fu-qah-haa (ع۔صف): دیکھیے "فقیہ" جس کی یہ جمع ہے۔

فقید fa-qiid (ع۔صف): نایاب۔ معدوم۔

فقیدُ المِثال fa-qii-dul-mi-saal (ع۔صف): جس کی مثال نہ ہو۔ بے مثل۔ لاثانی۔ لاجواب۔ بےنظیر۔

فقیر fa-qiir (ع۔صف): گداگر۔ بھکاری۔ منگتا۔ درویش۔ قلندر۔ خداپرست۔ غریب۔ محتاج۔ شریعت اسلامی کی رو سے وہ شخص جس کے پاس ایک دن کا کھانا ہو۔ (مث) (ار) فقیرنی۔

فقیر خانہ fa-qiir-Kaa-na(h) (عف۔مذ): فقیر کا مکان۔ عاجزی سے اپنے مکان کو کہتے ہیں۔

فقیر دوست fa-qiir-dost (عف۔صف): فقیر کو دوست رکھنے والا۔ فقیروں سے میل جول رکھنے والا۔

فقیر کی صدا fa-qiir-kii-sa-daa (ار۔مث): وہ آواز جو بھکاری اور فقیر لگاتے ہیں۔

فقیر کی موج fa-qiir-kii-mauj (ار۔مث): خیال جو فقیر کے دل میں آئے۔

فقیرانہ fa-qii-raa-nah (عف۔صف): فقیروں کی طرح۔ درویشوں کی طرح (مث) زمین جو فقیروں کے گزارہ کے لیے وقف کی جائے۔

فقیری fa-qii-rii (عف۔مث): فقیر کا رُتبہ۔ درویشی۔ غریبی۔ محتاجی۔

فقیہ fa-qii-h (ع۔مذ): علم فقہ یعنی مسائل شریعت کا ماہر۔

ف۔ک

فک fak (ع۔مذ): جبڑا کھولنا۔ رہا کرنا۔ چھوڑنا۔ دو باہم ملی ہوئی چیزوں کو علیحدہ کرنا۔

فکِ اِضافت fa-kke-i-zaa-fat (ع۔مذ): کسرہ اضافت چھوڑنا جیسے صاحب دل میں ب کو بجائے کسرہ کے جزم دیتے ہیں۔

فکُ الرّہن فکِ رہن fa-kkur-re-han (ع۔مذ): رہن چھڑانا۔ قرضہ ادا کرکے گروی شے کو رہن سے لینا۔

فکاہات fa-kaa-haat (ع۔مذ): دیکھیے "فکاہت" جس کی یہ جمع ہے۔

فکاہت fa-kaa-hat (ع۔صف): دیکھیے "فکاہت" جس سے یہ منسوب ہے۔ مث: فکاہیہ۔

فِکر fikr (ع۔مذ۔مث): تردّد۔ احتمال۔ اندیشہ۔ دغدغہ۔ دھیان سوچ۔ خیال۔ غور۔ تامّل۔ حاجت۔ ضرورت۔ پروا۔ غم۔ رنج۔ تدبیر۔

فِکرِ رسا fik-re-ra-saa (عف۔مذ۔مث): پہنچنے والی عقل۔ اعلیٰ عقل۔

فِکرِ سخن fik-re-su-Kan (عف۔مذ): شعر کہنے کے لیے سوچنا۔

فِکرِ فردا fik-re-far-daa (عف۔مذ۔مث): آئندہ کا خیال یا تردّد۔ مستقبل کا خیال۔

فکرِ معاش رمعیشت /fik-re-ma-(?)aa-sh ma-(?)ii-shat(عف۔صف): غمگین۔اسم کیفیت۔مث: فکر مندی، فکرو تردد: (عف۔مذ): احتمال۔اندیشہ۔سوچ بچار۔

ف۔گ

فگار fi-gaar(ف۔صف): زخمی۔گھائل۔مرکبات کے آخر میں آتا ہے۔جیسے سینہ فگار۔دل فگار وغیرہ۔ کنایۃً عاشق اسم کیفیت مث: فگاری۔

فگن fi-gan(ف۔صف): دیکھیے "افگن" جس کا یہ مخفف ہے۔

ف۔ل

فلاح fa-laa(h) (ع۔مث): نجات۔چھٹکارا۔ بھلائی۔بہتری۔فائدہ۔خوشی۔سلامتی۔بچاؤ۔

فلاحِ دارین fa-laa-he-daa-rain (ع۔مث بترکیب فارسی): دنیا اور عاقبت کی بھلائی۔

فلاح fal-lah(ع۔مذ): کاشت کار۔کسان۔

فلاحت fa-laa-hat(ع۔مذ): کاشت کرنا۔کھیتی کرنا۔کاشت کاری، کھیتی باڑی۔

فلاحی fa-laa-hii(ع۔صف): دیکھیے "فلاح" جس سے یہ منسوب ہے۔بھلائی کا۔

فلاحی ریاست fa-laa-hii-ri-yaa-sat (ع۔مث): ایسی حکومت یا ریاست جس میں عوام کو ہر قسم کی سہولتیں حاصل ہوں۔مثلاً جان و مال محفوظ ہو اور روزگار مہیا ۔۔۔ ۔ ۔۔۔زی کی لفظ Welfare State کا ترجمہ۔

فلاسفر fa-las-far(انگ۔صف): Philosopher: فلسفی، علم دوست۔حکیم۔

فلاسفہ fa-laa-si-fah(ع۔مذ): فیلسوف کی جمع۔

فلاش fa-laash(انگ۔مذ): FLASH تاش کا ایک کھیل۔

فلاکت fa-laa-kat(ع۔مث): مفلسی۔غریبی۔ ناداری۔نحوست۔بدقسمتی۔

فلاکت زدہ رکا مارا رفلاکتی fa-laa-kat-za-dah/ ka maa-raa/ fa-laa-ka-ti(i) (عف۔ار۔صف): غریب۔مفلسی۔نادار۔بدقسمت۔

فلالین fa-laa-lain(انگ۔مث): ایک قسم کا اونی کپڑا۔Flannel کا بگاڑ۔

فلاں fu-laaN(ع۔صف): خاص آدمی یا چیز جس کا نام نہ لیں۔

فلانی fu-laa-nii(ار۔مث): فلاں کی تانیث۔

فلٹر fil-Tar(انگ۔مذ): پانی، تیل وغیرہ صاف کرنے کا آلہ Filter۔

فلرٹ fi-larT(انگ۔صف): Flirt دکھاوے کی محبت۔دکھاوے کی عاشقی۔

فلس fals(ع۔مذ): پیسا۔مچھلی کا چھلکا۔الماس کا قرص۔

فلسِ ماہی fal-se-maa-hii(ع۔مذ): مچھلی کا چھلکا۔فلسفہ fal-sa-fa(h) (ع۔مذ): حکمت۔ دانائی۔استدلال۔حجت کا اندازہ۔ایک علم جس سے انسان میں سوچنے اور بحث کرنے کا مادہ بڑھتا ہے۔

فلسفہ دان fal-si-fah-daan(عف۔صف): ماہر علم فلسفہ۔

فلسفی fal-sa-fii(عف۔صف): فلسفہ سے منسوب علم فلسفہ جاننے والا۔

فلسفیانہ fal-sa-fi-yaa-nah(عف۔صف): فلسفہ سے منسوب۔حکیمانہ۔

فلش fi-lash(انگ۔مذ):Flush پانی کا تیز بہاؤ۔ نالی یا بدرو کو تیز اور زیادہ پانی بہا کر صاف کرنا۔ جدید وضع کا پاخانہ جس میں پانی کے تیز بہاؤ سے نجاست صاف کی جاتی ہے۔

فلفل fil-fil(ع۔مث): مرچ۔ پپیل کا معرب۔ سیاہ مرچ۔

فلک fa-lak(ع۔مذ): آسماں۔ گردوں۔ چرخ۔ مذہبی خیالات کے مطابق زمین کے اوپر سات آسمان ہیں۔ جن پر مختلف چاند ستارے ہیں ان تمام سے اوپر خدا تعالیٰ کا عرش معلیٰ ہے۔

فلک اَساس fa-lak-a-saas(ع۔صف): آسمان کی سی بنیاد والا جامع۔ مستحکم۔

فلک العرش fal-kul-arsh(ع۔مذ): دیکھیے ''عرش''۔

فلک بارگاہ fa-lak-bar-gaah(ع۔صف): عالی مرتبہ۔

فلک پایہ fa-lak-paa-yah(ع۔صف): عالی مرتبہ۔ اونچا۔

فلک پیما/ناز fa-lak-pai-maa/naaz (عف۔صف): آسمان پر پہنچنے والی۔ آہ کے لیے استعمال ہے۔

فلکِ پیر fa-la-ke-piir(عف۔مذ): بوڑھا آسمان۔ چونکہ بہت پرانا ہے اس لیے پیر کا استعارہ کرتے ہیں۔

فلک سیر fa-lak-sair(ع۔صف): تیز رو گھوڑا۔ (مذ) بھنگ جو نشہ میں آسمان کی سیر کراتی ہے۔

فلک شکوہ fa-lak-shik-va(h)(ع۔صف): آسمان جیسی شان و شوکت والا۔ رفیع الشان۔

فلک مآب/مرتبہ fa-lak-ma-aab/mar-ta-bah(ع۔صف): عالی رُتبہ۔ اسم کیفیت مث: فلک مآبی۔

فلک نورد fa-lak-na-vard(ع۔صف): تیز رفتار۔ تیز رَو۔

فلکی fal-kii(ع۔صف): آسمانی۔

فلکیات fal-lki-yaat(ع۔مث): فلک کے متعلق چیزیں۔ وہ علم جس میں آسمان اور اس کے موجودات پر بحث ہوتی ہے۔ انگریزی لفظ Astronomy کا ترجمہ۔

فلکیہ fa-la-kiy-yah(ع۔مث): دیکھیے ''فلکی'' جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔

فلم film(انگ۔مذ):Film جھلی۔ جالا۔ وہ تصویر جو پردے پر چلتی اور کام کرتی دکھائی دیتی ہے۔ وہ پردہ جسے کیمرا میں ڈال کر تصویریں اتارتے ہیں۔

فلم اِسٹار film-is-Taar(انگ۔مذ): Film Star سینما کا مشہور اداکار۔ فلمی دنیا کا ستارہ۔

فلمانا fil-maa-naat(ا۔مص جعلی): فلم بنانا۔ فلم کی صورت میں لانا۔

فلمی fil-mii(ا۔صف): فلم کے متعلق۔

فلو fu-lu(u)(انگ۔مذ):Flue انفلوئنزا کا مخفف۔ وبائی زکام۔

فلوس fu-luus(ع۔مذ): فلس کی جمع۔ مچھلی کے چھلکے وغیرہ۔ پیسے۔

فلیتہ fa-lii-tah(ف۔مذ): دیکھیے 'فتیلہ' جس کا یہ معرب ہے۔

فلیتہ دار fa-lii-tah-daar(عف۔صف): توڑے دار (بندوق یا توپ) جس میں بتی ہو۔

فلیٹ fi-leT(انگ۔صف): Flat مسطح۔ برابر (مذ) چھت جس میں کمرے ہوں۔ ان چند کمروں میں سے ایک جو ایک منزل میں ہوں اور ان میں

سے ہر ایک ایک شخص یا کنبہ کی آزادانہ سکونت کے لیے ہو۔

ف۔م

فَم fam (ع۔مذ): منہ۔دہن۔
فَمِ رحم fam-me-ra-him (ع۔مذ): بچہ دانی کا منہ۔
فَمِ معدہ fam-me-me(?)-dah (ع۔مذ): معدہ کی تھیلی کا منہ۔

ف۔ن

فن fan (ع۔مذ): ہنر۔صنعت۔کاریگری۔جوہر۔ فریب۔مکر۔حیلہ۔دھوکا۔علم کی شاخ۔
فن برائے فن fan-ba-raa-e-fan (ف۔مذ): فن کو کسی مقصد سے وابستہ نہ کرنا۔
فنِ سپاہ گری fan-ne-se-paah-gi-rii (عف۔مذ): لڑنے کا ہنر۔
فنِ شاعری fan-ne-shai-ri (ع۔مذ): شعر کہنے کا ہنر۔
فنِ شریف fa-ne-sha-riif (ع۔مذ): ترکیب فارسی) معزز ہنر یا پیشہ۔
فنِ لطیف fan-ne-la-tiif ~ fa-ne-la-tiif (ع۔مذ ترکیب فارسی): دیکھیے۔فنونِ لطیفہ جو اس کی جمع ہے۔
فن کار fan-kaar (عف۔صف): ہنرمند۔کاریگر۔ تخلیقی کام کرنے والا اسم کیفیت مث: فن کاری۔
فن کارہ fan-kaa-rah (ع۔صف۔مث): فن کار کی تانیث جو غلط ہے۔
فنا fa-naa (ع۔مث): ہلاکت۔موت۔نیستی۔عدم (افعال: کرنا ہونا) تصوف میں حدوث اور قدم کے تفرقہ رتمیز کا زائل ہو جانا (صف) معدوم۔ناپید۔کسی کام میں منہمک رمستغرق۔
فنا فی الشیخ fa-naa-fish-sheK (ع۔مث): تصوف میں ایک مرتبہ جس میں مرید اپنے مرشد کے دھیان میں مستغرق رہتا ہے۔
فنا فی اللہ fa-naa-fil-lah (ع۔مث): خدا تعالی کے دھیان میں ہر وقت ڈوبے رہنے کا مرتبہ۔
فائینینشل faa-yi-nain-shal (انگ۔صف): Financial مالی۔مالیاتی۔خراج۔آمدنی، خزانہ یا روپے کے متعلق۔
فنجان fin-jaan (ع۔مذ): چھوٹی پیالی جس میں قہوہ پیتے ہیں۔
فنڈ fand (ف۔مذ): دھوکا۔مکر۔فریب۔
فند فریب fand-fa-reb (ف۔مذ): دغا۔فریب۔ دَم۔جھانسا۔
فندی fan-dii (ف۔صف): فریبی۔مکار۔
فِندُق fin-duq (ف۔مث): ایک سخت سُرخ رنگ کا پھل۔معشوق کی مہندی لگی ہوئی انگلی کا سرا۔ معشوق کا ہونٹ۔
فِندُق بند fin-duq-band (ف۔مث): انگلیوں کے سروں کو مہندی لگانا۔
فنڈ fanD (انگ۔مذ) Fund سرمایہ۔پونجی۔
فِنس fins (ار۔مث): پالکی۔ڈولی۔پینس۔
فنون fu-nuun (ع۔مذ): جمع فن کی۔علوم۔
فنونِ لطیفہ fu-nuu-ne-la-tii-fah (ع۔مذ): وہ فنون یا ہنر جن میں اعلیٰ درجہ کی ذہنی کشش پائی جائے۔اس میں موسیقی شاعری نقاشی اور تعمیر وغیرہ شامل ہیں۔انگریزی لفظ Fine Arts کا ترجمہ۔
فنی fa-nii (عف۔صف): فن سے متعلق۔

ف۔و

فواتح fa-vaa-tih (ع۔مذ): دیکھیے "فاتحہ" جس کی یہ جمع ہے۔

فواحش fa-vaa-hish (ع۔مذ): دیکھیے "فاحشہ" جس کی یہ جمع ہے۔

فُؤاد fu-vaad (ع۔مذ): قلب۔ دل۔

فوّارہ fuv-vaa-rah (ع۔مذ): اُبالی۔ سر جوش۔ پچکاری۔ پھوار۔ نہایت جوش مارنے والا۔ پانی کو اوپر پھینکنے والا آلہ۔

فواصل fa-vaa-sil (ع۔مذ): دیکھیے "فاصلہ" جس کی یہ جمع ہے۔ قرآن مجید کی آیات کے آخر میں آنے والے ہم وزن لفظ۔

فُواق fu-vaaq (ع۔مث) ہچکی۔

فواکہ fa-va-kah (ع۔مذ): فاکہہ کی جمع۔ تازہ میوے۔ پھل۔

فوائد fa-vaa-iid (ع۔مذ): دیکھیے "فائدہ" جس کی یہ جمع ہے۔

فَوت faut (ع۔صف): نیست۔ معدوم۔ جاتا رہنا۔ موت۔

فَوتی نامہ fau-tii-naa-mah (عف۔مذ): شہر کے مردوں کا روزنامچہ۔ مقتولوں کی فہرست۔

فوٹو fo-tuu (انگ۔مذ) Photo تصویر عکس۔

فوٹو اسٹیٹ کاپی fo-tuu-is-TeT (انگ۔مث): Photostate copy کسی دستاویز کی وہ نقل جو عکسی تصویر کے ذریعے حاصل کی جائے۔

فوٹو گرافر fo-Tuu-gi-raa-far (انگ۔صف): Photographer تصویر کھینچنے والا یا اتارنے والا۔ عکاس۔

فوٹو گرافی fo-Tuu-gi-raa-fii (انگ۔مث): Ph.Graphy سے تصویر اتارنا۔ تصویر کشی۔ عکاسی۔

فَوج fauj (ع۔مث): سپاہ۔ لشکر۔ عسکر۔ جنگی آدمیوں کا گروہ۔ جتھا۔ انبوہ۔ بھیڑ۔

فَوج دار fauj-daar (عف۔صف): سپہ سالار۔ فوج کا افسر۔ شہر کے اندر یا باہر کا حاکم۔ کوتوال۔ مجسٹریٹ۔ فیل بان۔ وہ شخص جو بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھتا ہے۔

فَوج داری fauj-daa-rii (عف۔مث): فوجدار کا عہدہ۔ وہ محکمہ جس میں لڑائی جھگڑے اور مقدماتِ خون کا فیصلہ ہوتا ہے۔ لڑائی جھگڑا۔ دنگا فساد کرنا۔

فَوج کشی fauj-ka-shii (عف۔صف): حملہ۔ چڑھائی۔ دھاوا۔

فَوجی fau-jii (ف۔صف): فوج سے متعلق۔

فَور faur (ع۔مذ): جلدی۔ شتابی۔ گھڑی۔ ساعت۔

فوراً fau-ran (ع متعلق فعل): اسی وقت۔ جھٹ پٹ۔

فورم fo-ram (انگ۔مذ): Forum عام مباحثہ عام مباحثہ کی جگہ۔

فورمین for-main (انگ۔مذ): Foreman مزدوروں کا نگراں مستری۔

فَوری fau-rii (ع۔صف): جلد۔ حال کا۔ وقتی۔

فَوز fauz (ع۔مذ): کامیابی۔ فتح۔ ظفر۔ مقصد کو پہنچنا۔

فوضویت fo-za-viy-yat (ع۔مث): تمدنی۔ مساوات۔ اشتراکیت مزاج۔ طوائف الملوکی انتشار Anarchy کا ترجمہ۔

فوطہ fo-tah (ف۔مذ): بیضہ۔ خصیہ۔ خراج۔ محصول۔ کمر بند۔ پٹی۔ تھیلی۔ حمام کی لنگی۔ رومال۔ پگڑی۔ عضو تناسل کے نیچے لٹکی ہوئی دو گولیاں۔

فوطہ خانہ fo-tah-Kaa-nah (ف۔مذ): خزانہ۔ گنج۔

فوطہ دار fo-tah-daar (ف ۔ مذ): خزانچی ۔ تحویل دار ۔ اسم کیفیت مث: فوطہ داری ۔

فَوق f a u q (ع ۔ مذ): اونچا ۔ بالا ۔ بلند ۔ اوپر ۔ بلندی ۔ اونچائی ۔

فَوق الفطرت fau-qul-fit-rat (ع ۔ صف): عادت سے بڑھ کر ۔ بساط سے باہر ۔ حیران کن ۔

فوقانی f a u - q a a - n i i (ع ۔ صف): اوپر کا ۔ بالائی ۔ مث ۔ فوقانیہ ۔

فَوقیت fau-qi-yat (ع ۔ مث): ترجیح ۔ بہتری ۔ برتری (افعال: چاہنا ۔ حاصل ہونا ۔ رکھنا)

فوکس fo-kas (انگ ۔ مذ) Focus نقطہ ماسکہ ۔ نقطۂ ارتکاز

فولاد Fau-laad (اف ۔ مذ): نہایت سخت اور اعلیٰ قسم کا لوہا ۔ اسپات سخت ۔ کڑا ۔

فولادی fau-laa-di(i) (ف ۔ صف): فولاد کا بنا ہوا ۔ بہت سخت ۔ بہت مضبوط ۔ بلّم کی چھڑ ۔ بالے کی لکڑی نیزے کا بانس ۔

فولڈر fol-Dar (انگ ۔ مذ): Folder کاغذ تہہ کرنے والا آلہ ۔

فولیو fo-li-o (انگ ۔ مذ): Folio کاغذ کا ورق جس پر ایک ہی طرف نمبر لگا ہوا ہو ۔

فوں FuuN (ار ۔ اصوت مث): سانپ کی پھنکار ۔

فون Fuun (انگ ۔ مذ): ٹیلی فون کا مخفف ۔ دُور دراز بات کرنے کا آلہ ۔ Phone

فونو گراف f o - n o - g i - r a a f (انگ ۔ مذ): Phonography ایک آلہ جو خود بخود آواز کو ریکارڈ کرتا ہے ۔

فونو گرام fo-no-gi-raam (انگ ۔ مذ): Phonogram وہ برقی پیغام جو بذریعہ فون تار گھر بھیجا جائے ۔ صوت بندی ۔

ف ۔ ہ

فہارس fa-haa-ris (ع ۔ مث): دیکھیے فہرست / فہرس" جس کی یہ جمع ہے ۔

فہّامہ fah-haa-maa (ع ۔ امبالغہ): بہت سمجھ دار ۔

فِہرست f e h - r i s t (عف ۔ مث): چیزوں کی تفصیل ۔ نقشہ ۔

فہم fa-ham (ع ۔ مث): سمجھ ۔ دریافت ۔ عقل ۔ دانائی ۔ شعور ۔ وقوف ۔

فہم ناقص fa-ham-naa-qis (ع ۔ مث ترکیب فارسی): نامکمل عقل ۔ ناقص عقل / رائے ۔

فہمائش feh-maa-ish (ف ۔ مث): تلقین ۔ نصیحت ۔ ہدایت (افعال: کرنا ۔ ہونا) ۔

فہمید feh-miid (ف ۔ مث): سمجھ ۔ عقل ۔ رائے ۔

فہمیدہ feh-mii-dah (ف ۔ صف): سمجھ دار ۔ ہوشیار ۔ دانا ۔ اسم کیفیت مث: فہمیدگی ۔

فہیم fa-hiim (ع ۔ صف): عقل مند ۔ دانا ۔ سمجھ دار ۔

ف ۔ ی

فی fii (ع ۔ حرف جار): درمیان ۔ اندر ۔ میں ۔ ہر ۔ ایک نقص ۔

فی الاصل fil-asl (ع ۔ متعلق فعل): حقیقت میں ۔

فی البدیہہ fil-ba-diih (ع ۔ متعلق فعل): فی الفور ۔ بے سوچے ۔ برمحل کوئی شعر کہنا ۔

فی الجملہ fil-jum-lah (ع ۔ متعلق فعل): القصہ ۔ الغرض ۔ حاصل کلام ۔ قریب قریب ۔ قصہ مختصر ۔ تھوڑا ۔

فی الحال fil-haal (ع متعلق فعل): اب ۔ ابھی ۔ اسی

وقت۔ سردست۔ بالفصل۔
فی الحقیقت fil-ha-qii-qat (ع۔ متعلق فعل): دراصل۔ واقعی۔ بیشک۔ حقیقتاً۔
فی الفور fil-fuur (ع۔ متعلق فعل): جلدی۔ شتابی۔ ترت۔
فی المثل fil-masl (ع۔ متعلق فعل): مثال کے طور پر۔
فی النار fin-naar (ع۔ کلمہ بددعا): دوزخ میں پڑے۔
فی الواقع fil-vaa-qe(?) (ع۔ متعلق فعل): دراصل، واقعی، حقیقتاً۔
فی الوقت fil-vaqt (ع۔ متعلق فعل): فوراً۔ اسی وقت۔
فی امان اللہ fi-a-maa-nil-laah (ع۔ کلمہ دعا): دُعائے نیک جو کسی عزیز ہستی کو رخصت کرتے وقت کہتے ہیں۔ خدا حافظ۔ اللہ بیلی۔
فی زمانہ fii-za-ma-nah (ع۔ متعلق فعل): اس زمانے میں۔ آج کل۔ ان دنوں۔
فی سبیل اللہ fii-sa-bii-lil-lah (ع۔ متعلق فعل): خدا کی راہ میں۔ خدا کے لیے۔ وقف۔
فی صد fii-sad (ف۔ متعلق فعل): ہر سیکڑے پر۔ ہر سو پر۔
فی کس fii-kas (ف۔ متعلق فعل): ہر آدمی کے لیے۔ ہر آدمی پر۔
فی مابین fii-maa-ben (ع۔ متعلق فعل): دونوں کے درمیان۔ باہم آپس میں۔
فی مال fii-maal (ع۔ متعلق فعل): اس میں۔ اس کے متعلق۔
فی نفس الامر fii-naf-sil-amr ~ fii-naf-sil-a-mar (ع۔ متعلق فعل): دراصل۔ فی الحقیقت۔
فی نفسہٖ fii-naf-si-hii (ع۔ متعلق فعل): اپنی ذات میں۔ دراصل۔

فی fii (ار۔ مث): عیب۔ کھوٹ۔ غلطی۔
فے fai (ع۔ مث): بغیر جنگ غنیم سے ہاتھ آیا ہوا مال۔ مالِ غنیمت۔ خیرات۔
فیّاض fay-yaaz (ع۔ صف): سخی۔ دریا دل (افعال ہونا) اسم کیفیت مث: فیاضی۔
فیتا/فیتہ fii-ta(h)/ fii-taa (ریشمی یا سوتی کم چوڑی پٹی۔ موٹا بنا ہوا دھاگا جو بوٹوں میں ڈالتے ہیں۔ بنا ہوا کنارہ۔
فیچر fii-char (انگ۔ مذ): ریڈیو یا فلم کی کہانی جس میں گانے بھی ہوں افسانوی طرز کا مضمون۔ امتیازی خدوخال۔ Feature
فیڈرل faiD-ral (انگ۔ صف): Fedral: وفاقی۔ اجتماعی۔
فیڈریشن faiD-re-shan (انگ۔ مث): Federation اجتماعی۔ وفاقیت۔ وفاقی انجمن۔
فیر fa-yar (ار۔ مذ): آگ۔ توپ یا بندوق کو آگ دینا۔ سر کرنا۔ وار۔ دفعہ۔ مرتبہ۔ کھیل۔ (انگریزی لفظ فائر Fire کا موزوں) (افعال: کرنا۔ ہونا۔ اڑانا)۔
فیروز fi-roz (ع۔ صف): فتح مند۔ ظفریاب۔ کامران۔ کامیاب۔ ف۔ فارسی پیروز کا معرب۔
فیروز بخت fi-roz-bakt (عف۔ صف): خوش نصیب۔ کامیاب۔
فیروز مند fi-roz-mand (ف۔ صف): خوش نصیب۔ کامیاب۔ اسم کیفیت مث: فیروزمندی۔
فیروزہ fi-ro-zah (ف۔ مذ): ایک قیمتی پتھر جو سبز، زنگاری یا نیل گوں ہوتا ہے۔
فیروزی fi-ro-zii (ف۔ صف): فیروزے کے رنگ کا سبز۔ زنگاری یا نیل گوں ہوتا ہے۔
فیری fai-rii (انگ۔ مث): Ferry: نواڑا۔ کشتی۔ گھاٹ۔

فیز faiz (ف۔مث): ترکی ٹوپی۔
فیس fiis (انگ۔مث): Fees محنتانہ۔ اُجرت وہ رقم جو طلبا مدرسوں میں ماہانہ ادا کرتے ہیں۔ نذرانہ حق الخدمت۔ ڈاکٹر یا وکیل کی اُجرت۔
فیشن fai-shan (انگ۔مذ) Fashion وضع قطع۔ ڈھنگ طور طریقہ۔ مروّجہ آرائش و زیبائش۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔
فیشن ایبل fai-shan-e-bil (انگ صف): Fashinable خوش پوش۔ خوش لباس۔ فیشن کے مطابق۔ نفیس۔ خوبصورت، عُمدہ۔
فیصل fai-sal (ار۔مذ): فیصلہ۔ تصفیہ۔ فیصلہ کرنے والا۔ حکم۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔
فیصلہ fais-la(h) تصفیہ۔ چکوتا۔ نیاؤ۔ جانچ۔ پرکھ۔ فتویٰ۔ حکم۔ تجویز (افعا: کرنا۔ ہونا)۔
فیض faiz (ع۔مذ): فائدہ۔ تمتع۔ سخاوت۔ فیاضی۔ نیکی۔ اردو کے ایک مشہور شاعر کا تخلص۔
فیض رساں faiz-ra-saaN (عف۔صف): فائدہ پہنچانے والا۔ اسم کیفیت مث: فیض بخشی/رسانی۔
فیضِ عام faiz-e-aam (ع۔مذ ترکیب فارسی): عام لوگوں کا فائدہ۔ عام سلوک۔
فیض گستر faiz-gus-tar (عف۔صف): بہت فیض پہنچانے والا۔
فیضیاب faiz-yaab (عف۔صف): فائدہ پانے والا۔ فائدہ حاصل کرنے والا۔ اسم کیفیت مث: فیض یابی۔
فیضان fai-zaan (ع۔مذ): بڑا فائدہ۔ بڑی بخشش۔
فیکٹری faik-Tri (انگ۔مذ): Factory کارخانہ۔
فیکلٹی fai-kal-Tii (انگ۔مث): Faculty کسی علم یا فن کی شاخ یا شعبہ۔
فیل fel (انگ۔صف): Fail ناکام۔ نامراد۔ کرا

ہوا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
فیل fail (ار۔مذ): مکر۔ فریب۔ شرارت۔
فیل fiil (ع۔مذ): فارسی پیل کا معرب۔ ہاتھی۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔
فیل بان fiil-baan (عف۔مذ): مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا۔ اسم کیفیت مث: فیل بانی۔
فیل بند fiil-band (ف۔مذ): شطرنج میں فیل کا پیادہ کی زد میں ہونا (افعال: ٹوٹنا۔ پڑنا)۔
فیل پا fiil-paa (ف۔مذ): ایک قسم کا مرض جس میں ٹانگیں اور پاؤں سوج جاتے ہیں۔
فیل پایہ fiil-paa-yah (ف۔مذ): ستون۔ کھمّ۔
فیلخانہ fiil- Kaa-na (h) (ف۔مذ): ہاتھیوں کا طویلہ۔
فیل مُرغ fiil-murG (ف۔مذ): ایک پرندہ جو مور کی طرح اکثر دم پھیلائے رکھتا ہے۔
فیلٹ fi-lt (انگ۔مذ): FELT ایک روئیں دار کپڑا جو اُون کو موڑ کر اور دبا کر تیار کیا جاتا ہے۔ نمدے کی ٹوپی۔
فیلڈ fiilD (انگ۔مث): Field میدان۔ میدانِ جنگ۔ کھیت۔
فیلڈ مارشل fiilD-maar-shal (انگ۔مذ): Field Masshal سپہ سالار افواج۔ فوج کا سب سے اعلیٰ عہدہ۔
فیلڈر fiil-Dar (انگ۔مذ): Fielder کرکٹ کے کھیل میں وہ کھلاڑی جو بال روک کر بالر یا وکٹ کی طرف پھینکیں۔
فیلڈنگ fiil-Ding (نگ۔صف): Fielding کرکٹ میں گیند کو پھرتی سے روکنے کا ہنر۔
فیلر fii-lar (انگ۔مذ): Feeler حالات کا جائزہ

لینے والا آلہ۔ کیڑے کی مونچھ۔

فیلسوف fail-suuf (ع۔ مذ): حکیم۔ دانش مند۔ عالم۔ فاضل۔ مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔

فیلسوفی fail-suu-fii (ار۔ مث): فضول خرچی۔ نمود ونمائش۔ عیاری چالاکی۔

فیلو fai-lo (انگ۔ مذ): Fellow آدمی۔ فرد۔ ساتھی۔ ہم جولی۔ ہمسر۔ سوسائٹی یا یونیورسٹی کا ممبر۔

فیلوشپ fai-lo-ship (انگ۔ مث): Fellowship کسی تعلیمی ادارے، انجمن یا برادری کی ممتاز رکنیت۔ تعلیمی ادارے کے فیلو کا مشاہرہ۔

فیلہ fii-la (h) (ف۔ مذ): شطرنج کا ایک مہرہ جو ترچھا چلتا ہے۔ فیل۔

فیملی faim-lii (انگ۔ مث): Family خاندان۔ نسب۔ اہل وعیال بیوی بچے۔

فیملی پلاننگ faim-lii-pi-laa-ning (انگ۔ مث): Family Planning خاندانی منصوبہ بندی۔

فین fain (انگ۔ مذ): Fan پنکھا۔ بجلی کا پنکھا۔

فینائل fi-naa-il (انگ۔ مث): دیکھیے ''فینیل'' ایک جراثیم کش دوا۔

فیوز fi-uuz (انگ۔ مذ): Fuse تیز حرارت سے پگھلنا یا جل جانا۔ فتیلہ، بتی جسے آتش گیر مادے سے بھگو کر جلایا جاتا ہے۔ ایک خاص قسم کی دھات کا ٹکڑا یا تار جو بجلی کے میٹروں میں لگایا جاتا ہے۔ اگر اس میں زیادہ طاقت کی بجلی کی رو گزرے تو یہ جل جاتا ہے۔ اس طرح بجلی کا سلسلہ بند ہو جاتا ہے۔

فیوض fu-yuuz (ع۔ مذ): دیکھیے ''فیض'' جس کی یہ جمع ہے۔

فیہ fai-yah (ع۔ متعلق فعل): اس میں۔ اس کے اندر۔

ق

ق q: (ع۔مذ): اس کا نام قاف ہے۔ یہ اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں ستائیسواں حرف ہے۔ یہ خالص عربی آواز ہے جو اردو میں مستعار الفاظ کے ذریعہ رائج ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت حلق میں لٹکا ہوا کوا نیچے اور زبان کی جڑ کا حصہ قدرے اوپر اٹھ کر ایک دوسرے سے جا کر ملتا ہے اور ہوا لمحہ بھر کو رک کر منہ سے خارج ہوتی ہے۔ اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں حلقی بندشی، مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

ق۔ا

قاب qaab (ت۔مث): بڑی رکابی۔ تھال۔

قاب qaab (ع۔مذ): فاصلہ۔ جگہ۔ ایک ہاتھ کا فاصلہ۔ کمان کے چلّے اور قبضہ کے درمیان کا فاصلہ۔

قابَ قَوسَین qaa-ba-qau-sen (ع۔مذ ترکیب فارسی): دو کمانوں کا فاصلہ۔ نہایت قریب۔ سورۃ النجم میں معراج رسولؐ کے متعلق ہے۔

قابض qaa-biz (ع۔صف): قبضہ کرنے والا۔ وہ چیز جو قبض کرے۔ مث: قابضہ۔

قابض ارواح qaa-biz-ar-vaah (ع۔صف ترکیب فارسی): روحوں کو قبض کرنے والا۔ ملک الموت۔

قابض شکمی qaa-biz-shik-mii (ع۔صف): درمیانی قابض۔ چھپا ہوا قابض (افعال: ہونا۔ کرنا)۔

قابل qaa-bil (ع۔صف): لائق۔ قابل۔ سزاوار۔ دانا۔ عقل مند ہوشیار۔ تجربہ کار۔ استعداد رکھنے والا۔ عالم۔ فاضل۔

قابلِ ادا qaa-bil-a-daa (ع۔ف۔صف): ادا کرنے کے لائق۔

قابلِ اعتبار/اعتماد qaa-bi-le-(?)ait-baar/ (?)ait-maad (صف۔صف): معتبر بھروسے کے قابل۔

قابلِ اعتراض qaa-bi-le-ai(?)ta-raaz (عف۔صف): اعتراض کے لائق بے جا۔ قبیح۔

قابلِ التفات/توجہ qaa-bi-le-il-ti-faat (عف۔صف): توجہ کے لائق۔

قابلِ انقسام qaa-bi-le-in-fa-saam (عف۔صف): تقسیم ہونے کے لائق۔ جس کو تقسیم کیا جا سکے۔

قابلِ بازپرس qaa-bi-le-baaz-purs (عف۔صف): جواب دہی کے لائق۔ مواخذہ کے لائق۔

قابلِ تعریف qaa-bi-le-ta(?)-riif (عف۔صف): سراہنے کے لائق۔ بہت پسندیدہ۔ آفرین کے قابل۔

قابلِ دید/زیارت qaa-bi-le-diid/ zi-yaa-rat (عف۔صف): دیکھنے کے لائق۔

قابلِ ذکر qaa-bi-le-zikr (ع۔صف ترکیب فارسی): ذکر کرنے کے قابل۔

قابلِ زراعت qaa-bi-le-za-raa-(?)at (ع۔صف ترکیب فارسی): کاشت کرنے کے لائق۔

قابلِ سزا qaa-bi-le-sa-zaa (ع۔صف ترکیب فارسی): سزا کے قابل، سزا کے لائق۔

قابلِ ساعت qaa-bi-le-sa-maa-(?)at

(ع۔صف) بترکیب فارسی) سننے کے لائق۔ وہ مقدمہ جواز روئے قانون کسی عدالت کے حدود اختیار میں ہو۔

قابلِ ضبطی qaa-bi-le-zab-tii (عف۔صف): ضبط کرنے کے لائق۔

قابلِ عمل qaa-bi-le-(?)a-mal (عف۔صف): عمل کرنے کے لائق۔

قابلِ غور qaa-bi-le-Gaur (عف۔صف): سوچنے کے لائق۔ توجہ کرنے کے لائق۔

قابلِ مؤاخذہ qaa-bi-le-mu-vaaK- zah (ع۔صف بترکیب فارسی): جواب دہی یا گرفت کے قابل۔ گرفتاری کے لائق۔

قابلِ نکاح qaa-bi-le-ni-kaah (ع۔صف بترکیب فارسی): نکاح کے لائق۔ جوان۔ بالغ۔ بالغہ۔

قابلِ یقین qaa-bi-le-ya-qiin (ع۔صف بترکیف فارسی): یقین کرنے کے لائق۔

قابلہ qaa-bi-lah (ع۔صف): قابل کی تانیث۔ بچہ جنانے والی۔ دائی۔ جنائی۔

قابلیت qaa-bi-liy-yat (ع۔مث): لیاقت۔ سلیقہ۔ استعداد۔ مناسبت۔

قابو qaa-buu (ع۔مذ): موقع۔ فرصت۔ زور۔ بس۔ طاقت۔ حکم اختیار۔ رسائی۔ پہنچ۔ قبضہ۔ قدرت۔

قابوچی qaa-buu-chii (ت۔مذ): دربان۔ کمینہ۔ سفلہ۔ مفسد۔ بدذات فتنہ پرداز۔ خودغرض۔ خودکام۔

قابیل qaa-biil (سریانی۔ مذ): حضرت آدمؑ کا بیٹا جس نے اپنے بھائی کو مارڈالا تھا۔ (ہابیل کو)۔

قاتل qaa-til (ع۔صف۔مذ): قتل کرنے والا۔ جلاد۔ خونی۔ مہلک۔ جان لیوا۔ ظالم۔

قادر qaa-dir (ع۔صف): قدرت والا۔ طاقت رکھنے والا۔ قابو رکھنے والا۔ غالب۔ مختار۔

قادرُ الکلام qaa-di-rul-ka-laam (ع۔صف): کلام پر قدرت اور قابو رکھنے والا۔ اسم کیفیت مث: قادرالکلامی۔

قادرِ مطلق qaa-di-re-mut-laq (ع۔صف بترکیب فارسی): پوری پوری قدرت رکھنے والا۔ خداتعالیٰ۔

قادری qaa-di-rii (ع۔صف): حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی سے منسوب (ا۔مث) ایک قسم کا سینہ بند۔

قادریہ qaa-dir-yah (ع۔مذ): صوفیاء کا ایک سلسلہ جو شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منسوب ہے۔

قادیانیت qaad-yaa-ni-yat (ا۔مث): مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے کا مسلک۔

قارُورہ qaa-ruu-rah (ع۔مذ): شیشی۔ شیشہ۔ وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم کو دکھاتے ہیں۔ مجازاً پیشاب۔ بارود کی کپی جس میں آگ لگا کر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں۔

قارُون qaa-ruun (ع۔مذ): حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کا بہت مال دار اور کنجوس شخص جس نے زکوٰۃ دینے سے انکار کردیا تھا اور آخر کار حضرت موسیٰؑ کی بددعا سے اپنے تمام مال سمیت زمین میں غرق ہوا۔

قاری qaa-rii (ع۔مذ): پڑھنے والا۔ علمِ قرأت کے مطابق قرآن مجید پڑھنے والا۔

قاز qaaz (ت۔مث): ایک آبی پرندہ۔ بڑی بط۔

قاسم qaa-sim (ع۔صف۔مذ): تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔

قاش qaash (ت۔مث): پھل وغیرہ کی پھانک۔

پھاٹک ،ٹکڑا، بادل ۔ابر۔

قاشِ زین qaa-she-zen (ف۔مث): زین کے آگے اور پیچھے کے تکیے۔زین کا ہرنا۔

قاصد qaa-sid (ع۔مذ): نامہ بر۔چٹھی رساں۔ پیام بر۔قصد کرنے والا۔

قاصر qaa-sir (ع۔صف): کوتاہی کرنے والا مجبور ناچار عاجز (افعال: ہونا)۔

قاضی qaa-zii (ع۔مذ): حکم لگانے والا۔ جھگڑا چکانے والا۔منصف۔ادا کرنے والا۔حاجت پوری کرنے والا۔نکاح پڑھانے والا۔مسلمان منصف۔

قاضی الحاجات qaa-zi-al-haa-jaat (ع۔صف): حاجت روا کرنے والا۔خدا تعالیٰ مجازاً روپیہ پیسہ۔

قاضی القضات/القضاۃ qaa-zi-ul-qaz- zaat (ع۔صف): سب سے بڑا قاضی۔چیف جسٹس۔

قاضیِ چرخ/ فلک qaa-zii-e-chark/falak (عف۔مذ): مشتری ستارہ۔

قاضی قدوہ qaa-zii-qid-va (h) (ع۔مذ): ایک کثیر الاولاد قاضی کنایۃً ہر کثیر الاولاد شخص۔

قاطبتاً/قاطبۃً qaa-tib-tan (ع۔متعلق فعل): تمام۔بالکل۔سرتاسر۔

قاطع qaa-ti(?) (ع۔صف): قطع کرنے والا۔ کاٹنے والا۔

قاطع الطریق qaa-ti-(?)ut-ta-riiq (اصل بنیاد۔ دستور۔ رسم۔ قانون۔ ضابطہ (ار) عادت۔ خصلت۔حروف تہجی کا پہلا رسالہ۔قرینہ۔اہلیت۔ دستور العمل۔صرف ونحو یا حساب کا سوئی قاعدہ۔جیو میٹری یا اُقلیدس میں وہ خط جس پر مثلث یا متوازی الاضلاع شکل واقع ہو۔

قاعدہ دان qaa-i-dah-daan (عف۔صف): قاعدہ جاننے والا۔ رسم و رواج سے واقف۔ اسم کیفیت مث: قاعدہ دانی۔

قاعدۂ کلیہ qaa-e-dah-e-kul-li-yah (ع۔مذ): قاعدہ۔اُصول۔گُر۔ وہ قاعدہ جو سب پر لاگو ہو۔

قاف qaaf (ع۔مذ): عربی حروف کا اکیسواں حرف (ق) ایک بڑا پہاڑ جو ایشیائے کوچک کے شمال میں ہے اور پرانے زمانے کے لوگوں کا خیال تھا کہ یہ ساری دُنیا کو محیط ہے اور اس میں پریاں آباد ہیں۔

قافلہ qaa-fi-lah (ع۔مذ): مسافروں کا گروہ۔ سوداگروں کا گروہ جو مال ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے/ایک ملک سے دوسرے ملک میں لے جائے۔

قافلہ باشی/سالار qaa-fi-lah-baa-shii (عف۔مذ): قافلہ کا سردار۔وہ آدمی جسے قافلہ کے لوگ انتظام کے لیے منتخب کریں۔

قافیہ qaa-fi-yah (ع۔مذ): مصرعوں یا فقروں کے آخیر میں یکساں حرکات وحروف جو واقع ہوں۔ جیسے یار اعتبار۔کمال۔جمال۔اجل۔کل۔جانجاں۔ مہرباں وغیرہ۔پیچھے چلنے والا۔

قافیہ بندی qaa-fi-yah-ban-dii (ار۔مث): تک بندی (افعال: کرنا۔ہونا)۔

قافیہ پیما qaa-fi-yah-pai-maa (عف۔صف): قافیہ ڈھونڈ ڈھونڈ کر شعر کہنے والا۔ تک بند۔اسم کیفیت مث: قافیہ پیمائی۔

قافیہ سنج qaa-fi-ya-sanj (عف۔صف): موزوں طبع۔شاعر۔اسم کیفیت مث: قافیہ سنجی۔

قاق qaaq (ت۔مذ): خشک گوشت۔دُبلا۔لاغر۔

قاقلہ qaa-qu-lah (ع۔مث) الائچی، اس کی دو

قسمیں ہیں، چھوٹی الا یچی اور بڑی الا یچی۔

قاقم qaa-qum: (ع، مذ) ایک جانور جس کی کھال کی بہت قیمتی پوشش بنتی ہے اس کی کھال جو سفید ہوتی ہے۔

قاقم پوش qaa-qum-posh: (عف، صف) سفید پوش، وہ جس نے قاقم کی کھال پہنی ہو۔

قال qaal: (ع، مذ) حرف، کہاوت، مقولہ، گفتگو، کہنا، مباحثہ۔

قال وقیل qaa-lo-qiil: (ع، مث) حجت، بحث، تکرار۔

قالب qaa-lib: (ع، مذ) سانچہ، کالبد، جسم، بدن، تن، سانچہ جس سے کپڑے وغیرہ پر پھول وغیرہ بناتے ہیں۔ جوتوں کے اندر بھرنے کی لکڑی، لوہے کا ٹوپی نما برتن جس پر ٹوپیاں چڑھا کر بناتے یا صاف کرتے ہیں۔

قالب خاکی qaa-lib Kaa-kii: (ع، مذ) جسم، بدن، انسان

قالیچہ qaa-li-chah: (ت، مذ) چھوٹا قالین

قالیچۂ سلیمانی qaa-li-cha-he-su-lai-maa-nii: (ت، مذ) حضرت سلیمانؑ کا غالیچہ جس پر بیٹھ کر جہاں چاہتے تھے چلے جاتے تھے۔

قالین qaa-liin: (ت، مذ) بڑا غالیچہ۔

قامت qaa-mat: (ع، مذ) قد، ڈیل، جسم، بدن۔

قاموس qaa-muus: (ع، مذ) سمندر، بحر، لغت، انسائیکلوپیڈیا۔

قاموسی qaa-muu-sii: (ع، مث) دیکھیے ''قاموس'' جس سے یہ منسوب ہے۔

قاموسیت qaa-muu-si-yat: (ع، مث) تبحر، وسعت، معلومات۔

قانت qaa-nit: (ع، صف) فرماں بردار، عبادت گزار، صالح چپ، مث: قانتہ۔

قانع qaa-ni(?): (ع، صف) قناعت کرنے والا، تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا۔

قانون qaa-nuun: (ع، مذ) قاعدہ، ضابطہ، دستور، وہ قاعدہ جس کے مطابق مقدمات کے فیصلے کیے جاتے ہیں۔ ایک باجا جو رومی لفظ (یونین) کا معرب ہے۔ ایک باجے کا نام جس کے تار ایک تختہ پر ہوتے ہیں۔ طب کی بنیادی کتاب۔ تصنیف بوعلی سینا۔

قانونِ اساسی qaa-nuu-ne-asaa-sii: (ع، مذ ترکیب فارسی) بنیادی قانون۔

قانون دان qaa-nuun daan: (عف، صف) قانون جاننے والا، وکیل اسم کیفیت مث: قانون دانی۔

قانونِ دیوانی qaa-nuu-ne-di-vaa-nii (عف، مذ) وہ قانون جو جائیداد کے متعلق ہو۔

قانونِ فوجداری qaa-nuu-ne-fauj-daa-rii: (عف، مذ) وہ قانون جس کے مطابق جرائم کی سزائیں دی جائیں۔

قانون گو qaa-nuun-go: (عف، مذ) وہ محرر اہل کار جس کے پاس علاقہ کی زمینوں کا حساب رہے۔ پٹواریوں کا افسر شیخوں کی ایک گوت، جھگڑالو، لڑاکا، حجتی۔

قانون گوئی qaa-nuun-go-ii: (عف، مث) قانون گو کا عہدہ اور علاقہ۔

قانون نامہ qaa-nuun naa-ma(h): (عف، مذ) قانون کی کتاب۔

قانوناً qaa-nuu-nan: (ع، متعلق فعل) قانون کی رُو سے، از روئے قانون

قانونچہ qaa-nuun-chaa(h): (ع، صف) علم طب کی ایک کتاب کا نام، ایک قسم کا باجا۔

قانونی qaa-nuu-nii: (عف، صف) قانون کا،

قانون جاننے والا، جھگڑالو، حجتی۔

قانونیا qaa-nuu-ni-yaa: (ار،صف) حجتی، جھگڑالو۔

قانی qaa-nii: (ع،مذ) بہت سُرخ رنگ کا، بہت سرخ۔

قاہر qaa-har: (ع،صف) فاتح، زبردست، غالب، طاقت ور، ظالم، جابر، سفاک، اسم کیفیت مث: قاہری مث: قاہرہ۔

قاہرانہ qaa-hi-raa-na(h): (ع،صف) زبردستی سے، غلبہ سے۔

قاید qaa-yid: (ع، مذ) فوج کا سردار، حاکم، اندھے کی لاٹھی پکڑ کر چلنے والا، دُبِ اصغر کا آخری ستارہ، رستہ دکھلانے والا۔

قاید اعظم qaa-yi-de-aa-zam: (ع،مذ) بہت بڑا رہنما، بانی پاکستان محمد علی جناحؒ کا لقب

قایزہ qaa-yi-zah: (ع،مذ) گھوڑے کو باندھنے کا ایک طریقہ جس میں اُس کی لگام کو اُس کی دم یا زین میں لگا دیتے ہیں۔ وہ لگام جسے صاف کرنے کے وقت گھوڑے کے منہ میں دیتے ہیں۔ لنگوٹیا۔

قایزی qaa-yi-zii: (ع،مث) لگام۔

قایل qaa-yil: (ع،صف) تسلیم کرنے والا، ماننے والا، لاجواب ہونے والا، کہنے والا، بولنے والا، مث: قا

قایم qaa-yam: (ع،صف) کھڑا ہوا، کھڑا ہونے والا، برقرار سیدھا، عمودی، ساکن، مقررہ، لگا ہوا، پکا، دیرپا، دائمی، جاری، ناقد (شطرنج) دو مہرے رہ جانا، اسم کیفیت مث: قائمی۔

قایم الزاویہ qaa-yi-mu-zaa-vi-yah: (ع، صف) 90 درجے کا زاویہ (مذ) مستطیل مربع۔

قایم الزماں qaa-yi-muz-za-maaN: (ع،مذ) شیعوں میں امام کا نائب۔

قایم المزاج qaa-ya-mul-me-zaaj: (ع،صف) مستقل مزاج، دُھن کا پکا۔

قایم النار qaa-yi-mun-naar: (ع، صف) آگ پر ٹھہرنے والا (پارہ) (افعال: کرنا، ہونا)

قایم انداز qaa-yim an-daaz: (ع،صف) وہ جو اپنی بازی کو ہر طرف برقرار رکھے۔

قایم بالذات qaa-yim biz-zaat: (ع،صف) وہ جو اپنی ذات سے قائم ہو، کسی کا محتاج نہ ہو۔

قایم بالغیر qaa-yim bil-Gair: (ع،صف) وہ جو کسی کے سہارے قائم ہو۔

قایم مزاج qaa-yam mi-zaaj: (ع،مذ) مستقل مزاج، اسم کیفیت مث: قائم مزاجی۔

قایم مقام qaa-yam mu-qaam: (ع، صف) عوضی، وہ جو دوسرے کی جگہ کام کرے (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: قائم مقامی۔

قایمہ qaa-yi-ma(h): (ع،مذ) دفتر کا کاغذ، پایہ، دیکھیے "زاویہ قائمہ"۔

قاؤں قاؤں / قائیں قائیں qaa-uuN qaa-uuN/qaa-aiN qaa-aiN: (ار،مث) کوے کی آواز

ق-ب

قب qab: (ار،مذ،مث) مقابلہ کیجیے کا مخفف۔

قبا qa-baa: (ع،مذ) ایک لباس جو دوہرا اور چغے کی قسم کا ہوتا ہے جس میں کبھی آستینیں بھی نہیں ہوتیں اور صرف سوراخ ہوتے ہیں۔ لبادہ۔

قبادوز qa-baa-doz: (ع،صف) قبا بنانے والا،

قبا سینے والا۔

قباچہ qa-baa-chah: (ع، مذ) چھوٹی (قبا کی تصغیر) سندھ کے بادشاہ ناصر الدین کا لقب۔

قبائے آہنی qa-baa-ye-aah-nii: (ع، ف، مث) زرہ۔

قباحت آہنی qa-baa-hat-aa-hi-nii: (ع، مث) برائی، خرابی، نقص، عیب (افعال: دیکھنا، نظر آنا، نکالنا، نکلنا)

قبالہ qa-baa-lah: (ع، مذ) مکان وغیرہ کا وہ کاغذ جس سے جاگیر ثابت ہو، مکان کا بیع نامہ، ضامنی نامہ، جاگیر کی سند۔

قبالہ دار qa-baa-lah-daar: (عف، صف) وہ جس کے پاس قبالہ ہو۔

قبالہ نویس qa-baa-lah na-viis: (عف، مذ) وہ شخص جس کا پیشہ تمسک اور بیعنامہ لکھنا ہو۔

قبالۂ نیلام qi-baa-lah-ye-ni-laam: (عف، مذ) وہ بیعنامہ جو نیلام کرنے والا حاکم دے۔

قبائل qa-baa-il: (ع، مذ) جمع قبیلہ کی۔

قبۃ الاسلام qub-ba-tul-is-laam: (ع، مذ) بصرہ، بلخ۔

قبۃ الصخرا qub-ba-tul-saK-raa: (ع، مذ) یروشلم میں ایک چٹان جو بہت مقدس سمجھی جاتی ہے۔

قبچاق qab-chaaq: (ع، مث) تاتار میں ایک صحرا۔

قبح qu-bah: (ع، مذ) برائی، عیب، نقص، حسن کا نقیض

قبر qa-bar/qabr: (ع، مث) وہ گڑھا جس میں مردے کو دفن کرتے ہیں۔ (افعال: بنانا، بننا)

قبر سلامی qa-bar sa-laa-mii: (ع، مث) وہ قیمت جو مالک زمین کو قبر بنانے کے لیے دی جائے۔

قبر کا پتھر qabr-kaa-pat-thar: (ار، مذ) وہ پتھر جس پر متوفی کا نام وغیرہ لکھ کر قبر پر لگاتے ہیں، سنگ لحد۔

قبر کا تعویذ qabr kaa-taa-viiz: (ار، مذ) پکی قبر کا وسطی حصہ، سنگ مزار۔

قبرستان qab-ras-taan: (عف، مذ) وہ جگہ جہاں مردے دفن ہوں، جہاں قبریں ہوں۔

قبض qabz: (ع، مذ) قابو، بس، دخل، انتڑیوں کی گرفت جس کی وجہ سے پاخانہ نہ آئے (تصوف، دل کا یاد خدا کی طرف متوجہ نہ ہونا، دل کی گرفت)

قبض الوصول qab-zul-vu-suul: (ع، مذ) وہ رجسٹر جس پر تنخواہ وصول کرنے والوں کے دستخط کرائے جاتے ہیں۔

قبض دخل qabz-da-Kal: (عف، مذ) پورا قبضہ

قبض روح qabz-ruuh: (ع، مذ) روح کا جسم سے نکالنا۔

قبض وبسط qab-zo-bast: (ع، مذ) دل خدا کی یاد میں کبھی متوجہ نہ ہونا، تکدر اور بساط، دل کی بندش اور کشادگی۔

قبضہ qab-zah: (ع، مذ) دخل، تصرف، قابو، اختیار، دستہ لوہے کا ٹکڑا، جس کے ذریعے لکڑی کے ٹکڑے جوڑتے ہیں تاکہ کھل اور بند ہو سکے، گرفت، پکڑ۔

قبضہ دار qab-zaa-daar: (عف، صف) ایک قسم کا موروثی کاشتکار، اسم کیفیت مث: قبضہ داری

قبضیت qab-ziy-yat: (ع، مث) معدے کی وابستگی جس سے اجابت نہ ہو یا کم ہو۔

قبط qibt: (ع، مذ) مصر کا پرانا نام۔

قبطی qib-tii: (ع، مذ) حضرت موسیٰ کے وقت میں پرانے مصر کی ایک قوم، مث: قبطیہ۔

قبل qabl: (ع، متعلق فعل) پہلے، آگے، شروع میں

پیشتر، قبل، اندام نہانی، آ گا۔

قبل ازاں qabl-a-zaaN: (ع، متعلق فعل) اس سے پہلے، پہلے پہل، پہلے ہی، پیشتر۔

قبل از وقت qabl az vaqt: (عف، متعلق فعل) پیشتر ہی، پہلے ہی۔

قبل ازیں qabl-a-ziiN: (عف، متعلق فعل) اس سے پہلے۔

قبلوانا qu-bul-vaa-naa: (ار، معں، جعلی) تسلیم کرانا، اقرار کرانا۔

قبلتین qib-la-tain: (ع، مذ) دونوں قبلے یعنی یروشلم اور خانۂ کعبہ۔

قبلہ qib-lah: (ع، مذ) وہ جگہ جس کی طرف منہ کر کے مسلمان نماز پڑھتے ہیں، یروشلم، حضور، جناب، طرف، پہلو، طریقہ، طرز، طنزاً بہت چالاک آدمی۔

قبلۂ انام qib-lah a-naam: (ع، مذ) سب کا واجب التعظیم شخص۔

قبلۂ حاجات qib-la-e-haa-jaat: (عف، مذ) حاجتیں، رفع کرنے امرادیں برلانے والا شخص۔

قبلۂ دین qib-la-e-diin: (ع، مذ) مذہب کی بنیاد، جس کی وجہ سے مذہب کی عزت کی جائے۔

قبلہ رُو qib-lah- ruu: (عف، صف) وہ جو قبلہ کی طرف منہ کیے ہو، قبلہ کی طرف راست۔

قبلۂ عالم qib-la(?)-aa-lam: (ع، مذ) بادشاہ (کنایۃً)

قبلہ گاہ qib-lah gaah: (عف، مذ) باپ (کنایۃً)

قبلہ نما qib-lah nu-maa: (عف، مذ) قطب نما، جس سے قبلہ کی سمت کا تعین ہو، وہ آلہ۔

قبلہ و کعبہ qib-lah-o-ka(?)-bah: (ع، مذ) بزرگ باپ، کلمۂ تعظیم و تکریم، بزرگوں کا القاب (خطوں میں)

قبور qu-buur: (ع، مذ) جمع قبر کی (واحد) پستول کا چری خانہ جو گھوڑے کی زین میں بنا ہوتا ہے۔

قبول qu-buul: (ع، مذ) تسلیم کرنا، ماننا، رضامندی، پسند، منظور، تسلیم، دعا یا کسی خواہش کی منظوری، اقبال، اقرار۔

قبول جمع qu-buu-le-ja-ma(?): (ع، مث) مقررہ مالگزاری۔

قبول جواب qu-buu-le-ja-vaab: (ع، مذ) وہ جواب دعویٰ جس میں دعوے کو درست تسلیم کیا جائے۔

قبول صورت qu-buul suu-rat: (ع، صف) کسی قدر حسین، خوبصورت گوارشکل، اسم کیفیت مث: قبول صورتی۔

قبولنا qu-buul-naa: (ار، معں، جعلی) اقبال کرنا، ماننا، منظور کرنا۔

قبولی qu-buu-lii: (ع، مث) ایک قسم کا پلاؤ جو چنے کی دال سے پکایا جاتا ہے۔ کھچڑی۔ عام طور پر مردے کو دفنانے کے بعد گھر میں پکایا جاتا ہے۔

قبولیت qu-buu-liy-yat: (ع، مث) منظوری، دعا کا قبول ہونا، پسندیدگی، مقبول ہونا، وہ کاغذ جو پٹہ کے مضمون کا کاشتکار کی طرف سے بحق زمیندار لکھا جاتا ہے۔

قبہ qub-bah: (ع، مذ) گنبد، گنبد کی صورت۔

قبہ دار qub-ba(h) daar: (عف، صف) گنبد دار، محدب، گنبد والا۔

قبیح qa-biih: (ع، صف) بدشکل، بدصورت، قابل شرم، معیوب۔

قبیحہ qa-bii-hah: (ع، صف) قبیح کی تانیث (مث) خرابی، برائی۔

قبیل qa-biil: (ع، مذ) آدمیوں کا گروہ، قسم، نوع۔

قبیلہ qa-bii-lah: (ع، مذ) خاندان، ایک دادا کی

اولاد، فرقہ، گروہ، قوم، بیوی، جورو۔

ق۔پ

قپو qa-puu:(ت،مذ) دروازہ، پھاٹک، سلطان روم یا وزیر کا مکان۔

قپوچی qa-puu-chii:(ت،مذ) دربان۔

ق۔ت

قتال qat-taal:(ع،صف) بہت قتل کرنے والا۔

قِتال qit-taal: (ع، مذ) لڑائی جس میں بہت قتل ہوں، خوں ریز جنگ۔

قتل qatl: (ع، مذ) جان سے مار ڈالنا، ہلاک کرنا، خون کرنا۔

قتلِ عام qat-le-aam: (ع، مذ) عام خوں ریزی، بلا امتیاز جان سے مار ڈالنا۔

قتلِ عمد qat-le-(?)a-mad:(ع، مذ) دیدہ دانستہ کسی کو جان سے مار ڈالنا (افعال: کرنا، ہونا)

قتل گاہ qatl-gaah: (عف، مث) وہ جگہ جہاں قتل کیا جائے، مقتل۔

قتل و غارت qat-lo-Gaa-rat: (ع، مث) جان سے مارنا اور لوٹ لینا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

قتلا qat-laa: (ف، مذ) قاش، پھانک، کتلا، کسی کھانے کی چیز کا گول تراشا ہوا ٹکڑا۔

قتلی qat-lii:(ا،مث) دیکھیے "قتلا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

قتلیٰ qat-laa:(ع،مذ) جمع قتیل کی۔

قتیل qa-tiil:(ع،صف) مقتول، شہید۔

ق۔ث

قِثّا qis-saa:(ع،مث) ککڑی، کھیرا، خیار۔

ق۔ح

قحبہ qah-bah: (ع، مث) بدچلن عورت، بدکار عورت، فاحشہ، کنایۃً دنیا۔

قحبہ گری qah-bah-ga-rii:(عف،مث) فاحشی، بدچلنی، بدکاری۔

قحط qaht: (ع، مذ) خشک سالی، گرانی، کال (افعال: پڑنا، ہونا) کمیابی، کسی چیز کی نایابی۔

قحط الرجال qah-tul-ri-jaal: (ع، مذ) مردوں کی کمی، لوگوں کا کم ہو جانا، اچھے لوگوں کی کمی۔

قحط زدہ / کا مارا qaht-za-dah: (عف، صف) بھوکا، کنگال، وہ جو فاقوں کی وجہ سے بہت کھائے۔

قحط سالی qaht-saa-lii: (ع، مث) قحط کا زمانہ، خشک سالی۔

ق۔د

قد qad: (ع، مذ) جسم کی اونچائی / لمبائی، لمبائی کے رُخ کسی چیز کا کاٹنا۔

قدِ آدم qad-de-aa-dam: (ع،صف) آدمی کے قد کے برابر۔

قدِ آزاد qa-de-aa-zaad:(ع،مذ) سیدھا قد۔

قد آور qad-aa-var: (ع،صف) لمبے قد کا، بڑے ڈیل ڈول کا، اسم کیفیت مث: قد آوری۔

قدِ بالا qa-de-baa-laa:(عف،مذ) لمبا قد۔

قد کاٹھ qad-kaaTh:(ا،مذ) ڈیل ڈول۔

قدامت qa-daa-mat:(ع مث) قدیم ہونا، کہنہ ہونا، پرانا ہونا، پرانا پن، ہمیشگی، کہنگی۔

قدح qa-dah: (ع، مذ) گالی دینا، برا بھلا کہنا، طنز کرنا، طعنہ دینا، آنکھ بہانا، طنز، لعنت ملامت، تضحیک،

ہجو، نکتہ چینی۔ (افعال: کرنا، ہونا)

قدح qa-da(h): (ع، مذ) بڑا پیالہ، پیالہ، گلاس، خصوصاً شراب کا۔

قدر qa-dar: (ع، مث) تقدیر، مقدار، انسان کو مختار فعل سمجھنا۔

قدرٗ qadr: (ع، مث) بڑائی، بزرگی، برتری، عزت، توقیر، درجہ، مرتبہ، رُتبہ، مقدار، اندازہ، یکساں برابر، وقعت، منزلت، لطف، مزا۔

قدر انداز qa-dar an-daaz: (ف، صف) دیکھیے 'قادرانہ انداز'۔

قدرٗ دان qadr-daan: (عف، صف) قدر جاننے والا، مربی، سرپرست، اسم کیفیت مث: قدر دانی۔

قدر شناس qa-dar-sha-naas: (عف، صف) دیکھیے 'قدر دان' اسم کیفیت مث: قدر شناسی۔

قدرِ عافیت qad-re-(?)aa-fi-yat: (عف، مث) آرام سے زندگی بسر کرنے کا لطف۔

قدر و قیمت qad-ro-qii-mat: (عف، مث) وقعت، منزلت، عزت، توقیر۔

قدر و منزلت :qad-ro-man-zi-lat (عف، مث) بزرگی، عزت، مرتبہ۔

قُدرت qud-rat: (ع، مث) طاقت، مجال، حوصلہ، اختیار، دسترس، خدا تعالیٰ کی شان، صفت اور طاقت، فطرت۔

قُدرتِ خدا :qud-ra-te Ku-daa (عف، مث) خدا کی شان (تعجب اور حیرت کے موقع پر بولتے ہیں۔)

قُدرتی qud-ra-tii: (ع، صف) قدرت سے منسوب، فطری، خلقی، پیدائشی، اصلی، ذاتی۔

قدری qad-rii: (ع، صف) انسان کو مختار فعل سمجھنے والا، قدریہ۔

قدرے qad-re: (عف، صف) ذرا سا، تھوڑا، قلیل

قدریہ qad-riy-yah: (ع، مذ) ایک فرقہ جو انسان کو مختار فعل سمجھتا ہے۔

قدس quds: (ع، صف) پاک، متبرک (مذ) بیت المقدس، یروشلم، حضرت جبرائیل کا نام، پاکی، تقدیس۔

قُدسی qud-sii: (ع، صف) پاک، پاکیزہ، متبرک (مذ) فرشتہ، ولی اللہ، بزرگ، مث: قدسیہ۔

قُدسی الاصل qud-si-ul-asl: (ع، مذ) فرشتہ۔

قدغن qad-Gan: (ت، مث، مذ) اہتمام، روک ٹوک، ممانعت، تاکید، ضروری۔

قِدم qi-dam: (ع، مذ) قدامت، کہنگی، ہمیشگی، اللہ تعالیٰ کی صفت حدوث کی ضد۔

قدم qa-dam: (ع، مذ) پاؤں، چلتے وقت ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں تک کا فاصلہ، رفتار، خرام، پاؤں کا نشان، ذات، دم، موجودگی، گھوڑے کی ایک چال جس میں سوار کو تکان نہیں ہوتی، پوتدی چال۔

قُدما qa-da-ma/qud-maa: (ع، صف) قدیم کی جمع، پرانے بزرگ۔

قدم باز qa-dam-baaz: (عف، صف) چالاک، تیز رفتار، خوش رفتار (گھوڑا) اسم کیفیت مث: قدم بازی۔

قدم با قدم qa-dam ba-qa-dam: (عف، متعلق فعل) دیکھیے 'قدم بقدم' جو زیادہ مستعمل ہے۔

قدم برداشتہ :qa-dam bar-daash-tah (ار، محاورہ) کسی حد سے باہر جانا۔

قدم بوس qa-dam-bos: (عف، صف) دیکھیے پاؤں چومنا اسم کیفیت مث: قدم بوسی۔

قدم بھر qa-dam bhar: (ار، متعلق فعل) ایک

قدم، ایک قدم کا فاصلہ۔

قدمچہ qa-dam-chah: (ار، مذ) پاخانے میں وہ جگہ جس پر قدم رکھ کر بیٹھتے ہیں۔

قدم رسولؐ / شریف qa-dam ra-suul /sha-riif: (ع، مذ) پیغمبر صلعم کا نقش قدم۔

قدم قدم qa-dam qa-dam: (ع، متعلق فعل) ایک ایک قدم کر کے، آہستہ آہستہ چل کر۔

قدم قدم پر qa-dam qa-dam par: (ار، متعلق فعل) چپے چپے پر، تھوڑے تھوڑے فاصلے پر بھٹکنا (افعال: ٹھوکر کھانا، رُکنا وغیرہ)

قدُّوس qud-duus: (ع، صف) پاک، مبارک (مذ) خدا تعالیٰ کا نام۔

قدُّوسی qud-duu-sii: (ع، مث) قدّوس سے نسبت (صف) نیک، پاک۔

قدُّوسیت qud-duu-si-yat: (ع، مذ) دیکھیے 'قدوسی' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قُدُوم qu-duum: (ع، مذ) تشریف آوری، آنا، آمد۔

قِدوہ qid-vah: (ع، مذ) مثال، نمونہ، سرگروہ، پیشوا، رہبر، مرشد، سردار، حاکم۔

قدیر qa-diir: (ع، صف) قدرت والا (مذ) خداوند تعالیٰ کا نام۔

قدیم qa-diim: (ع، صف) پرانا، پرانے زمانے کا، ازلی، ابدی، ہمیشہ، آبائی، موروثی، جس کی ابتدا و انتہا نہ ہو۔

قدیمی qa-dii-mi(i): (ع، صف) پرانا، بوڑھا، گزشتہ (مذ) پرانا باشندہ، وہ شخص جس کا قبضہ پشت ہا پشت سے چلا آتا ہو۔

ق۔ذ

قذف qazf: (ع، مذ) شرعی اصطلاح میں کسی پر زنا کی تہمت لگانا، گالی دینا، بہتان لگانا۔

ق۔ر

قُرا / قُرّیٰ qu-raa: (ع، مذ) دیکھیے 'قریہ' جس کی یہ جمع ہے۔

قُرّا qu-raa: (ع، مذ) دیکھیے 'قاری' جس کی یہ جمع ہے۔

قرابت qa-raa-bat: (ع، مث) رشتہ داری، رشتہ، یگانگی، نزدیکی۔

قرابت دار qa-raa-bat-daar: (عف، مذ) رشتہ دار، اسم کیفیت مث: قرابت داری۔

قرابتِ طرفی qa-raa-ba-te-tar-fii: (عف، مث) باہمی جدی رشتہ داری۔

قرابہ qa-raa-bah: (ع، مذ) عراق کا بڑا شیشہ، صراحی۔

قرابین qa-raa-biin: (ف، مث) چھوٹی بندوق

قِرأت qir-aat: (ع، مث) دیکھیے 'قرأت' قرآن پڑھنا۔

قرار qa-raar: (ع، مذ) اقرار، عہد، سکون، قیام، تسکین، اطمینان، دلجمعی، چین، سکون۔

قرارداد qa-raar-daad: (عف، مذ) عہد و پیمان، اقرار، تجویز، فیصلہ۔

قرارگاہ qa-raar-gaah: (عف، مث) ٹھہرنے کی جگہ۔

قرار مدار qa-raar ma-daar: (عف، مذ) عہد و پیمان، قول و قرار

قرار واقعی qa-rare-vaa-qa-(?)ii: (ع، صف) معقول، پوری، کامل (متعلق فعل) درست، ٹھیک، پورے طور پر، بالکل۔

قراطیس qa-raa-tiis: (ع، مذ) دیکھیے 'قرطاس' جس کی یہ جمع ہے۔ کاغذ۔

قراقر qa-raa-qir: (ع، مذ) پیٹ بولنے کی آواز

(افعال: کرنا، ہونا) یہ 'قرقرہ' کی جمع ہے۔

قِران qi-raan: (ع، مذ) علم نجوم میں دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا، حج اور عمرہ اکٹھا کرنا، میل، یکجائی، نکاح۔

قرانِ اعظم qa-raa-ne-(?)aa-zam: (ع، مذ) علم نجوم میں سب سے بڑا قران۔

قِرانُ السّعدین qi-raa-nus-sa(?)-den: (ع، مذ) دو اچھے / نیک / سعد ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا، مجازاً دو نیک بڑے آدمیوں کا اکٹھا ہونا۔

قِرانُ النّحسین qi-raa-nun-neh-siin: (ع، مذ) دو منحوس ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہونا، دو برے آدمیوں کا جمع ہونا۔

قُرآن qur-aan: (ع، مذ) مسلمانوں کی مقدس کتاب جو پیغمبر صلعم پر نازل ہوئی، کلام اللہ۔

قُرآن خواں qur-aan KwaaN: (عف، صف) قرآن پڑھنے والا۔

قُرآن دکھانا qur-aan di-khaa-naa: (ار، مذ) آگ لگنے پر قرآن شریف آگ کی طرف کرنا تاکہ آگ بجھ جائے۔

قُرآن مجید qur-aan-ma-jiid: (ع، مذ) عزت سے قرآن مجید کو کہتے ہیں، یعنی بزرگی والا قرآن

قُرآنی qur-aa-nii: (ع، صف) قرآن کا، قرآن سے منسوب

قُرآنیات qur-aan-yaat: (ع، مث) علوم قرآن، وہ علوم جن کا تعلق قرآن مجید سے ہے۔

قُراوُل qu-raa-vul: (ع، مذ) بندوقچی، شکاری، فوج، سپاہی، جو خبر لانے کے لیے آگے جاتے ہیں۔ سکاؤٹ، شکار کھیلنے والا۔

قراولی qa-raa-va-lii: (ع، مث) جھڑپ کرنے والا۔

قِراءَت qi-raa-at: (ع، مث) خواندگی، پڑھانا، قرآن مجید کو صحیح لہجہ میں پڑھنا، تجوید کے ساتھ پڑھنا۔

قرائن qa-raa-yin: (ع، مذ) دیکھیے 'قرینہ' جس کی یہ جمع ہے۔

قُرب qurb: (ع، مذ) نزدیکی، قرابت، مرتبہ، منزلت۔

قُربِ وجوار qur-bo-ja-vaar: (ع، مذ) گرد و نواح، آس پاس۔

قُربان qur-baan: (ع، مذ) کسی کے گرد پھر کر اس کی بلا اپنے سر لینا، صدقے واری، کسی چیز سے اجتناب کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔ وہ تسمہ جس میں ترکش بندھا ہوا پیٹھ پر لٹکتا ہے۔

قربان شوم qur-baan shuum: (ف، مقولہ) واری جاؤں، صدقے جاؤں۔

قُربان گاہ qur-baan gaah: (عف، مث) مذبح، جہاں کسی کو قربان کیا جائے، جہاں قربانی پیش کی جائے۔

قُربانت شوم qur-baant-shuum: (ف، مقولہ) تجھ پر قربان ہوں، واری جاؤں۔

قُربانی qur-baa-nii: (ع، مذ) مسلمانوں کا بقر عید / عیدالاضحیٰ کے موقع پر جانوروں کو خدا کی راہ میں، خدا کے نام پر ذبح کرنا۔ (افعال: کرنا، ہونا) ایثار۔

قُربت qur-bat: (ع، مث) نزدیکی، قرب۔

قربوس qar-buus: (ع، مذ) زین کا ہرنہ، زین کا اگلا حصہ / سامنے کا حصہ جس پر کمان رکھی جاتی ہے۔

قُربیٰ qur-baa: (ع، مذ) رشتہ، تعلق، رشتے دار۔

قِرد qird: (ع، مذ) بندر، بوزنہ، میمون۔

قُریشی qu-rai-shii: (ع، مذ) عرب کا ایک مشہور قبیلہ، قریش سے تعلق رکھنے والا، قریشی۔ گوشت کا

کاروبار کرنے والے۔ قصائی اپنے نام کے ساتھ لگاتے ہیں۔

قریشیت qu-re-shiy-yat:(ع،مث) قریشی ہونا۔

قُرص qurs:(ع،مذ) ٹکیا، دوائی کی ٹکیا، سورج یا چاند کا گروہ، روئی یا صابن کا گول ٹکڑا۔ چاندی کا ایک عربی سکہ جو قریباً 1/2 1 آنے آج کل کے پاکستانی دس نئے پیسے کے برابر ہوتا ہے۔ ایک قسم کی سبز شیرینی جو ساچقوں میں آتی ہے۔

قرض qarz:(ع،مذ) اُدھار، مستعار۔

قرضِ حسنہ qar-ze-has-nah: (ع،مذ) وہ قرض جو بلا سود اور بلا میعاد، بلا شرط ہو۔

قرضخواہ qarz Kwaah: (عف،مذ) قرض دینے والا، اسم کیفیت مث: قرض خواہی

قرض دار qarz daar: (عف،صف) قرض لینے والا، مقروض اسم کیفیت مث: قرض داری۔

قرضہ qar-zah:(ار،مذ) ادھار، دین، قرض۔

قِرطاس qir-taas:(ع،مذ) کاغذ۔

قِرطاسِ ابیض qir-taa-se-a-bi-yaz:(ع،مذ) وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے عام اطلاع کے لیے شائع کی جائے انگریزی لفظ (White paper) کا ترجمہ۔

قُرعہ qur-(?)ah:(ع،مذ) پانسا، کسی کام یا انعام کے لیے کسی کا نام نکالنے کا طریقہ۔

قُرعہ انداز qur-(?)ah an-daaz:(عف، صف) پانسہ پھینکنے والا، اسم کیفیت مث: قرعہ اندازی۔

قُرق qurq:(ف،مذ) ضبطی، روک، ممانعت، بندش۔

قُرق امین qurq-a-miin: (ت،ع،مذ) محکمہ مال کا ایک عہدہ، ناظر عدالت۔

قُرق تحصیل qurq-teh-siil:(ت،ع،مذ) مال گزاری وصول کرنے کے لیے قرقی

قُرقی qur-qii:(ت،مث) ضبطی، روک۔

قُرم qur-ram:(ار،مذ) دیکھیے 'قرم ساق' جس کا یہ مخفف ہے۔ بے غیرت، دیوث۔

قرمزی qir-ma-zii:(ع،صف) لال سرخ۔

قُرم ساق qur-ram saaq:(ت،مذ) اپنی بیوی دوسرے کے حوالے کر دینے والا، بھڑوا، پاجی، ذلیل۔

قرن qarn:(ع،مذ) ستاروں کا ملاپ، جنگ، زمانہ، کم از کم دس سال اور زیادہ سے زیادہ ایک سو بیس سال کا زمانہ، مدت دراز، سینگ، شاخ، گیسو۔

قرنِ اوّل qar-ne-av-val:(ع،مذ) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ کا زمانہ۔

قرنا qar-naat:(ف،مذ) سینگ کا بگل، نرسنگا، ترئی، ترم، نفیری۔

قرنطینہ qa-ran-tii-nah:(ع،مذ) انگریزی لفظ کا معرب، وہ مقام جس میں متعدی امراض میں مبتلا لوگوں کو دوسروں سے الگ رکھا جاتا ہے۔

قرنفل qa-ran-ful:(ع،مذ) لونگ، ایک درخت کا پھول جو گرم مصالحہ کا ایک جزو ہے۔

قرولی qa-ruu-li:(ت،مث) شکاری چاقو، ایک قسم کی چھری جس کو کمر میں باندھتے ہیں۔ (افعال: لگانا، باندھنا)

قُرون qu-ruun:(ع،مذ) دیکھیے 'قرن' جس کی یہ جمع ہے۔

قُرونِ اولیٰ qu-ruu-ne-uu-laa:(ع،مث) اسلام کا ابتدائی زمانہ۔

قُرونِ مظلمہ qu-ruu-ne-muz-li-maa(h): (ع،مذ) زمانہ جاہلیت، دور تاریکی۔

قُرۃ العین qur-ra-tul-(?)ain:(ع،مذ)

آنکھوں کی ٹھنڈک، کنایۃً 'اولاد' کوئی عزیز چیز۔ اردو کی ایک بڑی فکشن نگار کا نام۔

قریب qa-riib: (ع، صف) پاس، نزدیک، متصل، رشتہ دار، تابع، لگ بھگ، تقریباً (مؤنث) عروض میں ایک بحر کا نام۔

قریب الاختتام qa-rii-bul-iK-ti-taam: (ع، صف) ختم ہونے کے قریب، ختم ہونے والا۔

قریبُ الفہم qa-rii-bul-fahm: (ع، صف) جلد سمجھ میں آ جانے والا۔

قریب القیاس qa-rii-bul-qi-yaas: (ع، صف) جلد قیاس میں آ جانے والا، قرین عقل۔

قریبُ الوقوع qa-rii-bul-vu-quu(?): (ع، صف) عنقریب واقع ہونے والا، جلد پیش آنے والا۔

قریب قریب qa-riib qa-riib: (ع، متعلق فعل) پاس پاس، نزدیک نزدیک، ملتا جلتا، لگ بھگ۔

قریبِ مرگ qa-rii-be-marg: (عف، صف) مرنے کے قریب، کوئی دن کا مہمان۔

قریباً qa-rii-ban: (ع، متعلق فعل) اندازہ سے تخمیناً، لگ بھگ۔

قُریش qu-raish: (ع، مذ) عرب کا ایک مشہور قبیلہ، قرش (بمعنی ویل مچھلی) کی تصغیر، مجازاً سب سے بڑا، زبردست۔

قرین qa-riin: (ع، صف) قریب، پاس، ملا ہوا، ملحق، مثل، مانند، نظیر، مشابہ (ار، مذ) ہم نشین۔

قرینِ عقل و قیاس qa-rii-ne-(?)aql: (ع، صف) وہ بات جسے عقل قبول کرے۔

قرینِ مصلحت qa-rii-ne-mas-li-hat: (ع، صف بر کیب فارسی) مصلحت کے مطابق۔

قرینہ qa-rii-nah: (ع، مذ) ڈھنگ، صورت، طرز، روش، طور طریق، مناسب، سلیقہ، سجاوٹ، ترتیب قیاس۔

قرینے سے qa-rii-ne se: (ار، متعلق فعل) ڈھنگ سے، ترتیب سے، ظاہری انداز سے، ظاہری مناسبت سے۔

قرینے کی بات qa-rii-ne-kii baat: (ار، مث) موقع کی بات، مناسب بات۔

قریہ qar-yah: (ع، مذ) گاؤں، قریہ۔

قُریٰ qu-raa: (ع، مذ) دیکھیے 'قریہ' جس کی یہ جمع ہے، گاؤں۔

ق۔ز

قزاق qaz-zaaq: (ت، مذ) ڈاکو، لٹیرا، بٹ مار، اسم کیفیت مذ: قزاقی۔

قزاق اجل qaz-zaaq a-jal: (ت، ع، مذ) کنایۃً موت کا فرشتہ، قابض ارواح، موت۔

قزاگند qa-zaa-gand: (ف، مذ) ایک قدیم جنگی لباس، جھلم۔

قِزل qizl: (ت، صف) سرخ، لالی۔

قِزل باش qe-zil-baash: (ت، مذ) سرخ والا یا سرخ ٹوپی والا، ایرانی فوج، ایران اور افغانستان کے شیعہ لوگ۔

ق۔س

قسّام qas-saam: (ع، صف) تقسیم کرنے والا، بانٹنے والا۔

قسّام ازل qas-saam a-zal: (ع، صف) کنایۃً خدا تعالیٰ۔

قساوت qa-saa-vat: (ع، مث) سنگدلی، بے رحمی۔

قسائی qa-saa-ii: (ار، مذ) گوشت فروش، قصاب،

قصائی، ذبح کرنے والا، مجازاً بے رحم، سخت دل، سنگ دل، ظالم۔ مث: قسائی۔

قِسط qist: (ع، مث) حصہ، جز، ٹکڑا، وہ رقم جو حسب قرار داد تھوڑی تھوڑی ادا کی جائے، ترازو، بانٹ، انصاف، قسط ایک دوا کا نام۔

قِسط بندی qist ban-dii: (عف، صف) قسط مقرر کرنا۔

قِسط وار qist-vaar: (عف، متعلق فعل) قسط کے مطابق، تھوڑا تھوڑا کرکے، جزواً

قَسم qa-sam: (ع، مذ) حلف، سوگند، اقرار۔

قِسم qism: (ع، مث) نوع، طرح، حصہ، جزو، جنس، طور طریق، ڈھنگ، طرز، بانٹ، تقسیم، مکھ، صیغہ۔

قِسم وار qism-vaar: (عف، صف) حصہ وار، جنس وار، قسم یا نوع کے مطابق۔

قسماقسمی qas-maaqas-mii: (ار، مث) عہد و پیان۔

قِسمت qis-mat: (ع مث) تقسیم، نصیب، بخت، مقدر، بھاگ، حصہ، بخرہ، مقسوم، تقسیم کیا ہوا، کمشنری علاقہ، احاطہ۔

قِسمت آزمائی qis-mat aaz-maa-ii: (عف، مث) قسمت آزمانے کا فعل، مقدر آزمائی، طالع آزمائی۔

قِسمت کا پیچ qis-mat-kaa-pech: (ار، مذ) تقدیر کا دیا ہوا رنج۔

قِسمت کا رزق qis-mat kaa rizq: (ار، مذ) تقدیر میں لکھا ہوا رزق۔

قِسمت کا دھنی qis-mat kaa- dha-nii: (ار، مذ) اقبال یاور، خوش نصیب۔

قِسمت کا ستارہ qis-mat-kaa-si-taa-rah: (ار، مذ) نصیب، قسمت (افعال: چمکنا، ڈوبنا)

قِسمت کا سکندر qismat kaa si-kan-dar: (ار، مذ) خوش نصیب، خوش اقبال۔

قِسمت کا لکھا qis-mat kaa li-khaa: (ار، مذ) نوشتہ تقدیر، مشیت ایزدی۔

قِسمت کا ہیٹا qis-mat kaa he-Ta: (ار، صف) بدنصیب، بد بخت، منحوس۔

قِسمت کرنا qis-mat kar-naa: (ار، مص مرکب) تقسیم کرنا، بانٹنا، حصے لگانا۔

قِسمت کی بات qis-mat kii baat: (ار، مث) کوئی بات خلاف توقع ہو تو کہتے ہیں۔

قِسمت والا qis-mat vaa-laa: (ار، صف) خوش قسمت، خوش نصیب، مث: قسمت والی۔

قسمیہ qas-mi-ya(h): (ع، متعلق فعل) از روئے قسم، قسم کھا کر (مذ) وہ جملہ جس میں قسم کا ذکر ہو۔

قسیُ القلب qa-si-yul-qalb: (ع، صف) سنگدل، ظالم، بے رحم، اسم کیفیت مث: قسی القلبی۔

قِسّیس qis-siis: (ع، مذ) دین نصاریٰ کا عالم، عیسائیوں کا عالم یا پیشوا۔

قسیم qa-siim: (ع، صف) تقسیم کرنے والا، حصہ دار، شریک۔

ق۔ش

قشر qashr: (ع، مذ) چھلکا، پوست۔

قشقہ qash-qah: (ف، مذ) تلک، ٹیکا، ایک نشان جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔

قشلاق qash-laaq: (ع، مذ) وہ گرم مقام جہاں سردیوں کا موسم گزارتے ہیں۔

قُشون qu-shuun: (ت، مذ) فوج کا دستہ، گروہ، لشکر، چھاؤنی۔

ق۔ص

قصاب qas-saab: (ع، مذ) ذبح کرنے والا،

کاٹنے والا۔

قصابہ qas-saa-bah:(ع، مذ) قصائی پیشہ، قصائی خانہ، قصائیوں کا بازار، قصاب کی تانیث۔

قصابہ qa-saa-bah:(ع، مث) عورتوں کا سر سے باندھنے کا رومال۔

قصار qas-saar:(ع، مذ) دھوبی

قصاص qa-saas:(ع، مذ) بدلہ، انتقام، خون کا بدلہ، قتل کا بدلہ (انعال: لینا)

قصائد qa-saa-yid:(ع، مذ) دیکھیے 'قصیدہ' جس کی یہ جمع ہے۔ اردو شاعری کی ایک قسم جس میں بڑوں کی تعریف یا ہجو کی جاتی ہے۔

قصائی qa-saa-ii:(ار، مذ) دیکھیے 'قصاب'

قصباتی qas-baa-tii:(ف، صف) دیکھیے 'قصبہ' جس سے یہ منسوب ہے۔

قصبہ qas-bah:(ع، مذ) چھوٹا شہر، شہر سے چھوٹا اور گاؤں سے بڑا، جمع: قصبات

قصد qasd:(ع، مذ) ارادہ، نیت، عزم، منشا، مطلب، مرضی، خواہش، سعی، کوشش، پیش قدمی، اقدام۔

قصد رکھنا/ کرنا qasd rakh-naa/kar-naa (ار، مص مرکب) ارادہ رکھنا، نیت رکھنا یا کرنا۔

قصداً qas-dan:(ع، متعلق فعل) ارادہ کر کے، جان بوجھ کر، دیدہ دانستہ۔

قصر qa-sar/qasr:(ع، مذ) محل، ایوان، حویلی، مکان، کمی، تخفیف، اختصار۔ (مث) وہ نماز جو حالتِ سفر میں مقررہ رکعتوں سے کم پڑھی جائے۔

قصص qa-sas:(ع، مذ) دیکھیے 'قصہ' جس کی یہ جمع ہے۔

قُصُوروار qu-suur vaar:(ع، مذ) خطا کرنے والا، گنہگار۔

قِصّہ qis-sah:(ع، مذ) کہانی، داستان، افسانہ، حکایت، ذکر، بیان، لڑائی جھگڑا، قضیہ، بکھیڑا۔

قِصّہ گو qis-sah go:(عف، صف) داستان گو، کہانی کہنے والا، اسم کیفیت مث: قصہ خوانی/ گوئی۔

قِصّہ کوتاہ qis-sah ko-tah:(فع، متعلق فعل) الغرض، مختصر یہ کہ، بس، فقط، الحاصل۔

قِصّہ کہانی qis-sah ka-haa-nii:(ار، مث) فسانہ یا حکایت، ذکر اذکار، فضول باتیں۔

قصیدہ qa-sii-dah:(ع، مذ) نظم کی وہ قسم جس میں کسی کی تعریف یا ہجو ہو۔ اس کا مطلع اور ہر شعر کا دوسرا مصرع ہم قافیہ ہوتا ہے۔

قصیدہ گو/ نگار qa-sii-dah-go:(عف، صف) قصیدہ کہنے والا شاعر اسم کیفیت مث: قصیدہ گوئی/ نگاری۔ داستان سنانے والا۔

قصیر qa-siir:(ع، صف) پست قد، کوتاہ، چھوٹا۔

ق ۔ ض

قضا qa-zaa:(ع، مث) حکم خدا، مشیت الٰہی، قسمت، نصیب لکھا ہوا، موت، اجل، اختیار علاقہ، عدالت کرنا، عدل گستری، قرض کی ادائیگی، نماز جس کا وقت گزر گیا ہو، وقت گزرنے کے بعد ادا کرنا، کوئی مذہبی فرض، ترکوں کے ممالک میں وہ علاقہ جو کسی قائم مقام کے ماتحت ہو۔

قضارا qa-zaa-raa:(ع، ف، متعلق فعل) اتفاقاً، اتفاق سے، یکایک، دفعتہً۔

قضا کار qa-zaa-kaar:(عف، متعلق فعل) دیکھیے 'قضارا'

قضا کا فرشتہ qa-zaa kaa fa-rish-tah:(ار، مذ) ملک الموت۔

قضا و قدر qa-zaa-o-qadr:(ع مث) تقدیر،

نصیب، لکھا، تقدیر کا فرشتہ، خدا کی رضا، مشیت ایزدی۔

قضائے اِلٰہی qa-zaa-ye-i-laa-hii: (ع، متعلق فعل) اتفاقاً (مث) خدا کی مرضی / کا حکم۔

قضائے حاجت qa-zaa-ye-haa-jat: (ع مث) پاخانہ پھرنا (افعال: کرنا ہونا)

قضائے خدا qa-zaa-ye-Ku-daa: (ع مث) مشیت ایزدی۔

قضائے عُمری qa-zaa-ye-(?)um-rii: (ع مث) قضا شدہ نمازوں کے عوض ہر نماز کے ساتھ جو زائد نماز پڑھی جائے۔

قضائے کار qa-zaa-ye-kaar: (عف، متعلق فعل) اتفاقاً، اچانک۔

قضائے مُبرم qa-zaa-ye-mub-ram: (ع مث) یقینی، یا نہ ٹلنے والی موت، نہ ٹلنے والا حکم۔

قضائے مُعلّق qa-zaa-ye-mu-(?)al-laq: (ع مث) وہ قضا جو کسی تدبیر سے ٹل جائے۔

قضائے ناگہانی qa-zaa-ye-naa-ga-haa-ni(i) (ع مث) اچانک موت، خطرناک حادثہ

قضاۃ qa-za-aat: (ع، صف) قاضی کے اختیارات، کام، عہدہ۔

قُضات qu-zaat/qa-zaat: (ع، مذ) قاضی کی جمع۔

قضایا qa-za-yaa: (ع، مذ) جمع قضیہ کی، جھگڑا، احکام، خبریں، مطالب۔

قضیب qa-ziib: (ع، مذ) ٹہنی، شاخ، چھڑی، پتلی لچکدار تلوار، سپاہی، آلۂ تناسل (انسان یا حیوان کا) جدید عربی، ریل کی پٹری۔

قضیہ qa-ziy-yah: (ع، مذ) جھگڑا، بکھیڑا۔ فساد، مقابلہ (منطق) جملہ فقرا، وہ قول جس میں سچ اور جھوٹ دونوں پائے جائیں (جدید عربی) قرارداد، ریزولیشن

ق ۔ ط

قط qat: (ع، صف) کافی، بس، ف کے ساتھ مل کر اُردو میں فقط استعمال ہوتا ہے۔ قلم کی نوک کو کاٹنا۔

قط زن qat-zan: (عف، مذ) وہ چپٹی چیز جس پر رکھ کر قلم کو قط لگاتے ہیں۔

قطار qa-taar: (ع، مث) ترتیب، سلسلہ، شمار، گنتی زار کے ساتھ بطور تابع مہمل آ کر بہت رونے کے معنی دیتا ہے۔ اس طرح بندھے ہوئے اونٹ کہ ایک دوسرے کے پیچھے چلے آئیں۔ ریل گاڑی۔

قطار بندی qa-taar-ban-dii: (عف، مث) قطار باندھنے کا فعل۔

قطار در قطار qa-taar dar qa-taar: (عف، متعلق فعل) صف در صف، صفیں بنا کر۔

قطّاع qat-ta(?): (ع، مذ) دیکھیے 'قاطع' جس کی یہ جمع ہے، کاٹنے والے۔

قطّاع الطریق qat-taa-(?)ut-ta-riiq: (ع، مذ) ڈاکوؤں اور رہزنوں کا گروہ، لٹیرے۔

قطّامہ qat-taa-mah: (ع، مث) فاحشہ، قحبہ، فاحشہ عورت۔

قُطب qutb/ qu-tub: (ع، مذ) ایک ستارہ جو قطب شمالی کی طرف زمین کے محور کے سرے پر ہے۔ زمین کے محور کے دونوں سرے، وہ ولی جس پر دنیا کے انتظام کا مدار ہو۔ سردار قوم جس پر کسی کام کا مدار ہو، کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ افضل، عمدہ، برگزیدہ۔

قُطبِ جنوبی qut-be-ju-nuu-bii: (ع، مذ) زمین کے محور کا جنوبی سرا۔

قُطبِ سما qut-be sa-maa: (ع، مذ) آسمان کا محور۔

قُطبِ شُمالی qut-be-shu-maa-lii: (ع، مذ) زمین کے محور کا شمالی سرا۔

قُطب صاحب qutb-saa-heb: (ع، مذ) قطب الدین بختیار کاکیؒ

قُطب مینار qu-tab mii-naar: (عف، مذ) ایک ادھوری مسجد کا مینار جسے قطب الدین ایبک نے دہلی میں مہرولی میں بنوایا تھا، جو سنگِ سرخ کا بہت مضبوط اور خوبصورت مینار ہے۔ اس کے پتھروں پر قرآنی آیات کندہ ہیں۔ اس کے مقابلے میں مسجد مکمل کرنے کے لیے شمس الدین التمش نے دوسرے مینار کی بنیاد رکھی تھی مگر وہ بھی نامکمل رہی۔

قُطب نُما qu-tub nu-maa: (عف، مذ) ایک آلہ جس میں مقناطیس کی سوئی لگی ہوتی ہے جو ہمیشہ قطب شمالی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ اس سے فضا اور سمندر میں راستہ کا پتہ چلتا ہے۔

قُطبی qut-bii: (ع، صف) قطب سے منسوب (مذ) یاقوت از مرد کا چھوٹا نگینہ۔

قُطبین qut-biin: (ع، مذ) قطب شمالی اور قطب جنوبی۔

قُطر qatr: (ع، مذ) وہ خطِ مستقیم جو دائرے کے مرکز میں سے گزر کر محیط تک دونوں طرف چلا جائے۔ یہ دائرے کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے اور سب سے بڑا خط ہے جو محیط کے دو نقطوں کو ملاتا ہے۔

قطر qa-tar: (ع، مذ) ایک ملک کا نام جو خلیجی ممالک میں شمار ہوتا ہے۔

قطرہ qat-rah: (ع، مذ) پانی یا کسی دوسری رقیق چیز کی بوند جمع: قطرات۔

قطرہ افشاں qat-rah af-shaaN: (عف، صف) قطرے چھڑکنے والا، پانی برسانے والا، اسم کیفیت مث: قطرہ افشانی۔

قطرہ زن qat-rah zan: (عف، صف) دوڑنے والا، تیز رو، اسم کیفیت مث: قطرہ زنی۔

قطرہ قطرہ qat-rah qat-rah: (ع، متعلق فعل) بوند بوند۔

قطع qa-ta(?): (ع، مذ) طور، طریق، انداز، تراش، بیونت، کاٹ چھانٹ، شکل، صورت، وضع، حصہ، توڑنا، روکنا، دخل دینا، کاٹنا، سفر کرنا۔

قطع برید qa-ta(?) ba-riid: (ع، مث) دیکھیے "قطع وبرید"۔

قطع تعلق qat-a(?) ta-(?)al-luq: (ع، مذ) کچھ تعلق یا غرض نہ رکھنا، تعلق چھوڑنا (افعال: کرنا، ہونا)

قطع دار qa-ta(?)-daar: (عف، صف) اچھی شکل کا، خوش شکل۔

قطع دایرہ qa-te(?)-daa-ye-rah: (ع، مذ) دائرے کا ایک حصہ، چکر ٹکڑا، وہ شکل جو محیط کے ایک ٹکڑے اور خطِ راست کے درمیان ہو۔

قطعِ راہ qa-ta-(?)i-raah: (ع، ف، مذ) راہ طے کرنا، سفر کرنا (افعال: کرنا، ہونا)

قطعِ رحم qa-ta-(?)i-ra-ham: (ع، مذ) رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنا۔

قطعِ سخن qa-ta-(?)-su-Kan: (ع، مذ) بات کاٹنا۔

قطعِ مراحل ِمسافت qa-ta-(?)i ma-raa-hil: (ع، مذ) سفر کرنا (افعال: کرنا، ہونا)

قطعِ نظر qa-ta-(?)i-na-zar: (ع، متعلق فعل) اس کے سوا، تاہم، اس پر بھی۔

قطع وبُرید qa-ta-(?)o-bu-riid: (عف، مث)

درزی کا کپڑوں کی کانٹ چھانٹ کرنا، کانٹ چھانٹ کتر بیونت، تراش خراش (انفعال: کرنا، ہونا)

قطعاً qat-(?)an: (ع، متعلق فعل) اصلاً، ہرگز، بالکل۔

قِطعہ qit-(?)ah: (ع، مذ) دو یا زیادہ اشعار کا مجموعہ جن کا مضمون ایک ہی ہو، اور اشعار کے آخری مصرعے ہم قافیہ ہوں۔ ٹکڑا یا حصہ زمین کا علاقہ، پرچہ، نگینہ، جواہر۔

قطعہ بند qa-ta(?)h band: (عف، مذ) وہ ابیات جن میں کوئی مضمون مسلسل بیان کیا گیا ہو۔

قطعی qat-(?)ii: (ع، صف) ناطق، کامل، آخری، یقینی، مکمل، بالکل، بالقطع، درزی کا گز۔

قطعیت qat-(?)iy-yat: (ع، مث) دیکھیے 'قطعی' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قطعیات qat-(?)iy-yaat: (ع، مذ) 'قطعیت' کی جمع، وہ امور جن پر شک وہ شبہہ نہ ہو۔

قِطمیر qit-miir: (ع، مذ) وہ باریک جھلی جو کھجور کی گٹھلی پر ہوتی ہے، مجازاً انتہائی معمولی اور کم حیثیت چیز۔

قُطن qu-tun: (ع، مذ) روئی کنایۃً حقیر شے، ادنیٰ چھوٹا۔

قُطنی qut-nii: (ع، صف) روئی کا بنا ہوا۔

ق۔ع

قعدہ qa(?)-dah: (ع، مذ) نشست کا انداز، دوزانو بیٹھنا، نماز میں 'التحیات' کے لیے بیٹھنا۔

قعر qa(?)r: (ع، مذ) گہرائی، کنوئیں یا دریا کی، بڑا گڑھا۔

قعر دریا qa(?)-re dar-yaa: (ع، مذ) دریا یا سمندر کی گہرائی۔

قعر مذلّت qa(?)-re-ma-zal-lat: (ع، مذ) انتہائی ذلت۔

قعود qu-(?)uud: (ع، مذ) دیکھیے 'قعدہ' جس کی یہ جمع ہے۔

ق۔ف

قفا qa-faa: (ع، مث) گدی، گردن کا پچھلا حصہ، سر کا پچھلا حصہ، کسی چیز کا پچھلا حصہ۔

قفس qa-fas: (ع، مذ) پنجرا، پھندا، جال، بدن، قالب خاکی قید خانہ۔

قفس تن qa-fas tan: (ع، مذ) بدن کا قفس سے استعارہ کرتے ہیں۔

قُفل qufl/ qu-fal: (ع، مذ) وہ لوہے کا آلہ جس سے دروازوں، صندوقوں کو بند کرتے ہیں، تالا۔

قُفلِ ابجد quf-le-ab-jad: (ع، مذ) حروف ابجد کے ملانے سے کھلنے والا تالا۔

قُفل بند qu-fal band: (ع، صف) وہ جس کو قفل لگا ہوا ہو۔

قُفلِ خاموشی quf-le-Kaa-mo-shii: (ع، مذ) قفل کا خاموشی سے استعارہ کرتے ہیں۔

قُفلی quf-lii: (عف، مث) وہ سانچا جس میں برف سے دودھ وغیرہ جماتے ہیں۔ وہ دودھ جو ایسے سانچے میں ڈالا جائے اور جمایا جائے۔ حقہ کا وہ حصہ جو دوسرے میں پھنس جاتا ہے۔ سالن بند کرنے کا برتن، کھیر یا فرنی کی پیالی ایک دوسری پر رکھی ہوئی۔ پہلوانی کا ایک پیچ، دیکھیے ''قفلیاں'' مع مرکبات۔

ق۔ق

ققنس quq-nus: (یو، مذ) ایک خیالی پرندہ جس کی نسبت مشہور ہے کہ ہر قسم کا راگ گاتا ہے۔ اس کی

چونچ میں تین سو ساٹھ سوراخ ہوتے ہیں۔ جب مرنے کے قریب ہوتا ہے تو سوکھی لکڑیاں جمع کر کے ان میں بیٹھ کر دیپک راگ گاتا ہے جس سے لکڑیوں میں آگ لگ جاتی ہے اور خود جل کر مر جاتا ہے۔ جب کبھی مینہ برستا ہے تو راکھ سے انڈا پیدا ہوتا ہے اور اس انڈے سے دوسرا ققنس پیدا ہوتا ہے۔

ق-ل

قُل qul: (ع، مذ) صیغہ امر بمعنی کہہ، فاتحہ، سوم، تیجا ختم، قرآن مجید کی چار سورتیں یعنی سورۂ اخلاص، سورہ فلق، سورۂ کافرون، سورۂ ناس، انھیں چار قُل کہتے ہیں اور یہ فاتحہ میں بھی پڑھی جاتی ہے، کنایۃً خاتمہ۔

قلا qa-laa: (ار، مث) ہندی 'کلا' کا بگاڑ، بازی گر کی وہ حرکت جس سے وہ سر نیچے اور ٹانگیں اوپر کر کے لٹک جاتا ہے۔

قلابازی qa-laa-baa-zii: (ار، مث) کرتب، کھیل، سر کے بل اُلٹ جانے کا کھیل (افعال: کھانا، وغیرہ)

قُلّاب / قُلّابہ qul-laab/qul-laa-bah: (ع، مذ) آنکڑا، مچھلی پکڑنے کا آلہ یا کانٹا، کنڈا، کڑی۔ ممبئی شہر کا ایک علاقہ۔

قُلابین qu-laa-biin: (ع، مذ) کنایۃً 'خطوط واحدانی' قوسین لفظ معنی دو قلابے یا آنکڑے ہیں

قلا جنگ qa-laa-jang: (ف، مذ) کشتی کا ایک داؤں جس میں دائیں ٹانگ یا دائیں بازو کو پکڑ کر پھینک دیتے ہیں۔

قلاچ qa-laach: (ت، صف) دیکھیے 'قلاش'۔

قِلادہ qi-laa-dah: (ع، مذ) گلوبند، گلے کا پٹا، کتے وغیرہ کا پٹا۔

قلاش qal-laash: (ت، صف) مفلس، غریب، کنگال۔

قلاقند qa-laa-qand: (ار، مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو کھوئے اور کھانڈ سے بنتی ہے۔

قلانچ qal-laaNch: (ار، مث) چوکڑی، زقند، جست، چھلانگ (افعال: مارنا)

قلبْ qalb: (ع، مذ) دل، ہر چیز کا درمیان، لشکر کا درمیانی حصہ، کسی چیز کو اُلٹ کر دینا، الٹنا، کھوٹی چاندی یا سونا، کھوٹا سکہ۔

قلب ساز qalb-saaz: (عف، صف) کھوٹا اور جعلی سکہ بنانے والا اسم کیفیت مث: قلب سازی۔

قلب گاہ qa-lab-gaah: (عف، مث) وہ جگہ جہاں درمیانی فوج کھڑی ہوتی ہے۔

قلبِ ماہیت qal-be-maa-hi-yat: (ع، مذ بترکیب فارسی) اصلیت بدل جانا، کایا پلٹ، مکمل تبدیلی۔

قلبِ مکان qal-be-ma-kaan: (ع، بترکیب فارسی) صف جگہ بدلنے والا، بھیس بدلنے والا۔

قلبانہ qal-baa-nah: (ف، مذ) قوالی سے ملتا جلتا گانا یا گانے کا انداز۔

قُلبہ qul-baah: (ع، مذ) ہل، زمین جوتنے کا آلہ۔

قُلبہ ران qul-bah raan: (عف، صف) ہل چلانے والا، اسم کیفیت مث: قلبہ رانی۔

قلبی qal-bii: (ار، صف) دلی، جانی، کھوٹا، جعلی، الٹا کیا ہوا۔

قِلّت qil-lat: (ع، مث) کمی، کمیابی، توڑا، مشکل، ضرورت۔

قُلتبان qul-ta-baan: (ف، مذ) دیوث، بھڑوا، قرم ساق، وہ آدمی جو اپنی بیوی کو غیر شخص کے پاس

بھیجے، اسم کیفیت مث: قلتبانی۔

قلزوم qul-zum: (ع، مذ) وہ بحیرہ جو عرب اور مصر کے درمیان واقع ہے، بحیرۂ روم کنایۃً گہرا سمندر۔

قلع qal(?): (ع، مذ) گرانا، ڈھانا، بیخ کنی، مسمار کرنا، معزول کرنا۔

قلع قمع qal(?) qa-ma(?): (ع، مذ) توڑ پھوڑ، مسماری، انہدام (افعال: کرنا، ہونا)

قلعہ qal-(?)ah/qi-lah: (ع، مذ) وہ مضبوط اور سنگین عمارت جس میں بادشاہ حاکم یا فوج رہے۔ گڑھی، حصار، شطرنج میں بادشاہ کو اس طرح گوشے میں رکھنا کہ مہرے اُسے بچانے کے لیے سامنے آجائیں۔ ایک قسم کی آتش بازی، قلعہ کی فوج۔

قلعہ بند qil-(?)ah band: (عف، صف) قلعہ میں پناہ لینے والا۔

قلعہ دار qil-(?)ah daar: (عف، صف) محافظ قلعہ، قلعہ کا افسر، اسم کیفیت مث: قلعہ داری۔

قلعہ شکن qil(?)ah shi-kan: (عف، صف) قلعہ توڑنے والا۔

قلعہ کشا qil-(?)ah ku-shaa: (عف، صف) قلعہ فتح کرنے والا، اسم کیفیت مث: قلعہ کشائی۔

قلعی qal-(?)ii: (ع، مذ) رانگ، رانگا، ملمع، گلٹ، مکان پر پھیرنے کی سفیدی وغیرہ، روغن، وارنش، ظاہری ٹیپ ٹاپ۔

قلعی دار qal-(?)ii-daar: (عف، صف) وہ برتن جس پر قلعی ہو۔

قلعی کا کشتہ qal-(?)ii kaa kush-tah: (ار، مذ) رانگ کا کشتہ، پھونکا ہوا رانگ۔

قلعی گر qal-(?)ii gar: (عف، صف) برتنوں میں قلعی کرنے والا۔

قلفی qul-fii: (ار، مث) دیکھیے "قفلی" جو صحیح ہے۔

قلق qa-laq: (ع، مذ) اضطراب، بیقراری، بے چینی، رنج، گھبراہٹ، سوچ، فکر، حسرت، افسوس۔

قلقاری qil-qaa-rii: (ار، مث) بے زبان بچوں کی ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو، کلکاری کا بگاڑ۔

قلقل qul-qul: (ع، مذ مث) صراحی یا بوتل وغیرہ سے شراب نکلنے کی آواز، مہمل کلام۔

قلم qa-lam: (ع، مذ) خامہ، کلک، لکھنے کا آلہ، مصوری یا رنگ سازی کا برش، حکومت، فرمانروائی (صف) بریدہ، کاٹا ہوا (مث) کاٹی ہوئی ہر شاخ جو زمین میں پودا تیار کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔ مثلاً گلاب کی قلم، آم کی قلم، کنپٹی کے اُوپر کے چھوٹے بال شاخ، ٹہنی جو ایک درخت سے کاٹ کر دوسرے درخت میں لگائی جائے۔ سلاخ، کسی چیز کا ٹکڑا، مثلاً شورے کی قلم، ایک قسم کی آتش بازی، شیشے یا بلور کا تراشا ہوا لمبا ٹکڑا، پتلی، لمبی اور چھوٹی شیشی جس میں شراب یا عطر رکھتے ہیں۔ گائے بکری کی پنڈلی کی ہڈی، رسم الخط۔

قلم بند qa-lam band: (عف، مذ) لکھا ہوا، مرقومہ، داخل شدہ، گنتی کے مطابق۔ (افعال: کرنا، ہونا)

قلم پاک qa-lam paak: (عف، مذ) قلم پونچھنے اور صاف کرنے کا کپڑا۔

قلم تراش qa-lam ta-raash: (عف، مذ، مث) اسم آلہ، قلم، بنانے کا چاقو۔

قلم دان qa-lam-daan: (عف، مذ) قلم رکھنے کا چھوٹا سا بکس، کنایۃً عہدہ، منصب۔

قلمرو qa-lamrau: (عف مث) سلطنت، حکومت، ریاست، عمل داری، جہاں تک قلم یعنی حکم چلے۔

قلم زن / کش qa-lam zan: (عف، مذ) لکھنے

والا، محرر، کاتب، نقاش۔

قلم شرب / سرمہ / فرنگی qal-me-surb/sur-mah/ fi-ran-gi: (عف، مث) پنسل۔

قلم کار qa-lam-kaar: (عف، مذ) محرر، منشی، نقاش، مصور، اسم کیفیت مث: قلم کاری، رنگ برنگی کپڑا، ایک قسم کا پارچہ جس پر رنگ برنگ کے نقش و نگار ہوتے ہیں۔

قلم کش qa-lam kash: (عف، صف) قلم چلانے والا، لکھنے والا کاتب، اسم کیفیت مث: قلم کشی۔

قلم کشیدہ qa-lam ka-shii-dah: (عف، صف) کٹا ہوا، بریدہ، قلم زد کیا ہوا۔

قلمقاق qa-lam-qaaq: (ت، مذ) ترکستان کی ایک قوم جو خانہ بدوش ہے جو کھیتی باڑی نہیں کرتے اکثر شکار پر گزر بسر کرتے ہیں۔

قلمی qal-mii: (عف، صف) ایک قسم کی چادر جس پر سیدھی دھاریاں ہوتی ہیں۔ ہاتھ کا لکھا ہوا، غیر مطبوعہ، قلم سے منسوب، قلم کے مانند لمبا، وہ درخت اور اُس کا پھل جس میں قلم لگائی گئی ہو، تحریر۔

قلمی نسخہ qal-mii nus-Kah: (ار، مذ بترکیب فارسی) ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ یا کتاب، غیر مطبوعہ کتاب

قلنج qu-lanj: (ار، مذ) دیکھیے 'قولنج' جس کا یہ مخفف یا بگاڑ ہے۔

قلندر qa-lan-dar: (ف، مذ) مسلمانوں میں فقیروں کا ایک فرقہ جو سر اور داڑھی منڈواتا ہے اور بیوی بچوں کو چھوڑ کر جابجا پھرتا رہتا ہے۔ اس فرقہ کا مرد وہ شخص جو اس قدر روحانی ترقی کر گیا ہو کہ اپنے وجود اور تعلقات سے بے خبر ہو کر خدا کی یاد میں مشغول رہے (صف) آزاد۔ رند۔

قلندرا qa-lan-da-raa: (ف، مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ خیمہ کا قلابہ۔ ایک قسم کا چالان جو پولیس پیش کرتی ہے۔

قلندر خانہ qa-lan-dar-Kaa-na(h): (ف، مذ) قلندروں کے رہنے کی جگہ۔

قلندری qa-lan-da-rii: (ف، مث) قلندر کا منصب، ایک قسم کا خیمہ، ایک قسم کا کپڑا، قلندر سے منسوب۔

قلوب qu-luub: (ع، مذ) دیکھیے 'قلب' جس کی یہ جمع، دل، من۔

قلہ qul-lah: (ع، مذ) پہاڑ کی چوٹی، بڑا سبو چہ مٹکا، گھوڑے کا ایک رنگ، بادامی گھوڑا، ٹوپی۔

قلہ شجرہ qu-la(h) shij-ra(h): (ار، مذ) اصل کلادہ و شجرہ تھا، مال و اسباب بوریا بدھنا۔

قلی qu-lii: (ت، مذ) غلام، مزدور، وہ شخص جو بوجھ اُٹھانے کی مزدوری کرے۔

قلی / گیری qu-lii/gii-rii: (ت، ف، مذ) قلی کا پیشہ یا کام، مزدوری۔

قلیان qul-yaan: (ف، مذ) حقہ، گڑگڑی، پیچوان

قلیان کشی qul-yaan-ka-shii: (ف، مث) حقہ پینا۔

قلیچ qa-liich: (ت، مذ) شمشیر، تلوار۔

قلیل qa-liil: (ع، صف) کم، تھوڑا، چھوٹا، چھوٹے قد کا۔

قلیل الاعتبار qa-lii-lul-(?)ait-baar: (ع، صف) جس پر اعتبار کم ہو۔

قلیل البضاعت qa-lii-lul-ba-zaa- (?)at: (ع، صف) وہ جس کی پونجی تھوڑی ہو، کم مایہ۔

قلیل و کثیر qa-lii-lo-ka-siir: (ع، صف) تھوڑا بہت، کم و بیش۔

قلیہ qa-la-ya(h): (ع، مذ) سادہ گوشت گھی میں بھون کر شوربہ دار پکا ہوا۔ ترکاری پڑا ہوا گوشت سالن، گوشت۔

ق۔م

قُم qum: (ع، مذ، امر) اُٹھ، جی اُٹھ، اُٹھ کھڑا ہو، ایران کے ایک مشہور شہر کا نام۔

قُم بِاذنِ اللہ qum-bi-iz-nil-lah: (ع، مذ) خدا کے حکم سے جی اُٹھ، حضرت عیسیٰ مردوں کو یہ کلمہ سنا کر زندہ کیا کرتے تھے۔

قُم باذنی qum-bi-iz-nii: (ع، مذ) میرے حکم سے جی اُٹھ، حسین بن شمس تبریزی کے متعلق مشہور ہے کہ انھوں نے یہ کلمہ کہہ کر مردہ زندہ کیا تھا۔ اس وجہ سے بحکم شرع قتل کیے گئے یا ان کی کھال کھنچوائی گئی۔

قُمار qu-maar: (ع، مذ) وہ بازی جو شرط لگا کر کھیلی جائے جوا۔

قُمار باز qu-maar baaz: (عف، صف) جوا کھیلنے والا، جواری، اسم کیفیت مث: قمار بازی۔

قُمار کاغذی qu-maa-re-kaaG-zii: (عف، مذ) تاش، گنجفہ، وہ جوا جو تاش کے ذریعے کھیلا جائے۔

قُمار خانہ qu-maar-Kaa-nah: (عف، مذ) وہ مکان جس میں جوا کھیلا جائے۔

قُماری qu-maa-rii: (ع مث) دیکھیے 'قمر' جس کی یہ جمع ہے (صف) قمار باز، جواری۔

قُماریا qu-maar-yaa: (ار، صف) چالاک، عیار

قُماش qu-maash/qa-maash: (ع، مذ) طرز، وضع، ڈھنگ، قسم، نوع، جنس، گنجفہ کی ایک بازی، ایک قسم کی ریشم کا کپڑا، گھر کا ساز و سامان، جوہر، صفت۔

قمچی qam-chii: (ت، مث) پتلی چھڑی جو جھک جائے، تازیانہ، کوڑا۔

قمر qa-mar: (ع، مذ) چاند خصوصاً تیسری رات کے بعد۔ (پہلی اور دوسری رات کا ہلال کہلاتا ہے)

قمر پیکر/ چہرہ qa-mar pai-kar/ cheh-ra(h): (عف، صف) خوبصورت حسین، چاند کی مانند۔

قمر داغ qa-mar daaG: (عف، مذ) قورمہ۔

قمر در عقرب qa-mar-dar-(?)aq-rab: (عف، مذ) چاند کا برج عقرب میں ہونا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

قمر طلعت qa-mar tal-(?)at: (ع، صف) حسین، خوبصورت، چاند جیسے چہرے والا۔

قمر وش qa-mar-vash: (ع، صف) حسین، خوبصورت۔

قمری qam-rii: (ع، صف) چاند کا، چاند سے منسوب، وہ سال جو چاند کی حرکت کے مطابق ہو، جیسے سنہ ہجری۔

قُمری qum-rii: (ع مث) فاختہ کی قسم کا ایک پرندہ شعرا اُسے سرو کا عاشق باندھتے ہیں۔ کنایۃً عاشق، ایک قوم جو اپنے آپ کو حضرت علیؓ کے غلام قنبر کی اولاد بتاتے ہیں۔

قمع qam(?): (ع، مذ) توڑنا، زخمی کرنا۔

قمقام qam-qaam: (ع مث) تلوار (مذ) گہرا سمندر، بڑا دریا، قوم کا سردار۔

قُمقُمہ qum-qu-ma(h)/qum-qa-mah: (ع، مذ) لاکھ کا گولہ جس میں عبیر و گلال بھرتے ہیں۔ شیشے کا گولہ جو چھتوں میں لگاتے ہیں۔ جو مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں۔ بجلی کا بلب (افعال: لٹکانا، لٹکنا) چھوٹا قندیل (افعال: جلنا، جلانا، روشن کرنا، ہونا)

قمل qum-mal: (ع، مث) جوں، ایک کیڑا۔
قمیض qa-miiz: (ع، مث، مذ) بے کلی کا کرتہ، وہ کرتہ جس کے کف ہوتے ہیں۔ کفوں اور گردن میں بٹن ہوتے ہیں۔ بعض کا کالر بھی ہوتا ہے۔ اب چھوٹی بانہوں کی بھی بناتے ہیں۔ پیراہن، پوشاک۔

ق۔ن

قنات qa-naat: (ت، مث) وہ کپڑا جو دیوار کی صورت میں یا پردہ کی جگہ خیمہ کی چاروں طرف کسی جگہ کو صحن بنانے کے لیے لگاتے ہیں، کپڑے کی اوٹ۔
قناتی qa-naa-tii: (ت، صف) قنات سے گھرا ہوا۔
قناد qan-naad: (ع، مذ) قند ساز، حلوائی۔
قنادیر qa-naa-diir: (ار، مذ) ایک قسم کا چمکدار اور ریشمی کپڑا۔
قنادیل qa-naa-diil: (ع، مث) دیکھیے 'قندیل' جس کی یہ جمع ہے۔
قناعت qa-naa-(?)at: (ع، مث) جو ملے اُسی پر راضی ہونا، حرص سے بچا رہنا، اطمینان و دلجمعی (افعال: کرنا، ہونا)
قند qand: (ع، مذ) سفید شکر، کھانڈ، ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی، سرخ پکے رنگ کا کپڑا، شالباف (صف) نہایت شیریں:
قند پارسی qand-paar-sii: (ع، مث) ایک قسم کی لطیف کھانڈ / مصری۔
قند لب qand-lab: (عف، صف) میٹھی باتیں کرنے والا، اسم کیفیت مث: قند لبی۔
قند مکرر / دوبارہ qan-de-mukar-rar/ do-baa-rah: (ع، مذ) دو دفعہ صاف کی ہوئی کھانڈ، عمدہ بات جو دوبارہ کی جائے۔
قندیل qan-diil: (ع، مث) ایک قسم کا شیشے کا برتن جس میں موم بتیاں جلا کر لٹکاتے ہیں۔ ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلاتے ہیں۔ کاغذ یا ابرک سے منڈھا ہوا فانوس، لالٹین۔
قندیل چرخ qan-dii-le-charK: (ع، صف) سورج، چاند (کنایۃً)
قندیل عیسےٰ qan-dii-le-(?)ii-saa: (ع، مث) سورج (کنایۃً)
قندیلا qan-dii-laa: (ار، مذ) بڑا کاغذ یا ابرک کا بڑا فانوس۔
قُنصل qun-sal: (ف، مذ) دیکھیے 'قونصل' کونسل، سفیر۔
قِنطار qin-taar: (ع، مذ) ایک وزن جو 140 اوقیہ یا 120 دینار کے برابر ہوتا ہے۔ سو پونڈ وزن سونے چاندی کا ڈھیر۔
قُنوت qu-nuut: (ع، مث) ایک دعا جو عشا کے وقت وتر نماز میں پڑھی جاتی ہے۔ فرمانبرداری، پاکبازی، عبادت۔
قُنوط qu-nuut: (ع، مث) نا اُمیدی، مایوسی۔
قُنوطی qu-nuu-tii: (ع، صف) مایوس، تاریک، پہلو دیکھنے والا (زندگی کا)۔
قُنوطیت qu-nuu-tiy-yat: (ع، مث) زندگی کا تاریک پہلو دیکھنا (انگریزی لفظ Pessimism کا ترجمہ)

ق۔و

قواٰ qa-vaa: (ع، مذ) دیکھیے 'قویٰ'۔
قُوارہ qu-vaa-ra(h): (ع، مذ) مضبوط آدمی کی گردن اور موٹے بدن کی مضبوطی (اُردو میں صرف بدقوارہ میں آتا ہے، بگڑا)

قوارِیر qa-vaa-riir: (ع، مذ) 'قارورہ' کی جمع، شیشے۔

قواعِد qa-vaa-(?)id: (ع، مذ) دیکھیے 'قاعدہ' جس کی یہ جمع ہے سپاہیوں کا حکم پر کام کرنا، پریڈ، سپاہیوں کی ورزش۔

قواعِد دان qa-vaa (?)id-daan: (عف، صف) صرف و نحو جاننے والا، سپاہیوں کی قواعد سے واقفیت رکھنے والا، اسم کیفیت مث: قواعد دانی۔

قواعِد گاہ qa-vaa-(?)id-gaah: (عف، مث) وہ جگہ جہاں قواعد کرائی / کی جائے (پریڈ گراؤنڈ)

قوافِل qa-vaa-fil: (ع، مذ) دیکھیے 'قافلہ' جس کی یہ جمع ہے۔

قوافی qa-vaa-fii: (ع، مذ) دیکھیے 'قافیہ' جس کی یہ جمع ہے۔

قوّال qav-vaal: (ع، مذ) گویا جو صوفیانہ یا حقانی چیزیں گائے، بہت بولنے والا۔

قوّالی qav-vaa-lii: (عف، مث) گانے کا ایک خاص انداز، قوالوں کا گانا۔

قوالِب qa-vaa-lib: (ع، مذ) دیکھیے 'قالب' جس کی یہ جمع ہے۔

قِوام qa-vaam: (ع، مذ) شکر یا کھانڈ جو پانی میں گھول کر پکائی گئی ہو، شیرہ (افعال: بنانا، پکانا، تیار کرنا) اصلی نظام، قیام، ٹھہراؤ، کسی چیز کی اصل۔

قوانِین qa-vaa-niin: (ع، مذ) دیکھیے 'قانون' جس کی یہ جمع ہے۔

قُوّت quv-vat: (ع، مث) طاقت، زور، بل، مجال، مدد، سہارا، سلطنت، ریاست، حس۔

قُوّتِ اِرادی quv-va-te i-raa-dii: (ع، ترکیب، فارسی) ارادہ کی پختگی، ارادے کا پکا پن، انگریزی لفظ Will power کا ترجمہ۔

قُوّتِ مُدرِکہ quv-va-te mu-dar-keh: (ع، مث ترکیب فارسی) دریافت کرنے / معلوم کرنے کی طاقت / سمجھ۔

قُوّتِ مُمَیِّزہ quv-va-te mu-may-ya-za(h): (ع، مث ترکیب فارسی) ہر چیز کا فرق دریافت کرنے کی طاقت۔

قُوّتِ نامِیہ quv-va-te-naa-mi-yah: (ع، ترکیب فارسی) بڑھنے کی قوت نشوونما کی صلاحیت

قُوّتِ واہِمہ quv-va-te vaa-hi-ma(h): (ع، مذ) وہ قوت جس سے انسان سوچتا ہے۔

قُوت quv-vat: (ع، مذ) خوراک، کھانا، روزی۔

قُوتِ لایَمُوت quv-va-te-laa-ya-muut: (ع، مث) اس قدر خوراک جو زندگی قائم رکھنے کے لیے کافی ہو۔

قور quur: (ت، مث) سلاح، ہتھیار، زرہ، خاصے کا ہاتھی، فیتہ جو کپڑے کے حاشیے پر لگاتے ہیں۔

قوربیگی qor-bii-gi(i): (ت، مذ) اسلحہ خانہ کا داروغہ۔

قور خانہ quur-Kaa-na(h): (ت، ف، مذ) اسلحہ خانہ، میگزین، وہ جگہ جہاں ہتھیار رکھے جائیں۔

قور qor/kor: (ع مث) ناخن کی کور۔

قورمہ qor-ma(h): (ت، مذ) بغیر ہلدی گوشت پکا ہوا جس میں کوئی دوسری سبزی ترکاری نہ ڈالی جائے۔

قوز qauz: (ت، صف) جھکا ہوا، ٹیڑھا (مذ) ٹیلا، تودہ، پشتہ۔

قوز پشت qauz-pusht: (ف، صف) کبڑا۔

قوس qaus: (ع، مث) کمان، دائرے کا وہ حصہ جو وتر اور محیط دائرہ کے کسی حصے سے گھرا ہوا ہو۔ نواں برج آسمانی۔

قوسِ قزح qau-se-qa-zah: (ع، مذ) کمان کی

شکل جو آسمان پر بارش کے بعد سات مختلف رنگوں میں ظاہر ہوتی ہے۔

قوس نما qaus-nu-maa: (ع،صف) قوس کی شکل کا، محراب دار۔

قوسی qau-sii: (ع،صف) محراب دار۔

قوسین qau-sain: (ع،مث) قوس کی جمع تثنیہ (خطوط وحدانی)

قول qaul: (ع، مذ) بات، مقولہ، کہاوت، وعدہ، اقرار، عہد، وہ پند و نصائح یا اشعار جو قوال گاتے ہیں ایک راگ جو امیر خسرو کی ایجاد ہے، اقرار نامہ جس کے تحت سرکار کو مال گزاری ادا کرتے ہیں۔

قولِ صالح qau-le-saa-leh: (ع،مذ) پختہ وعدہ۔

قولِ فیصل qau-le-fai-sal: (ع،مذ) فیصلہ کن بات۔

قول قلبانہ qaul-qul-baa-na(h): (ع،ف، مذ) ایک قسم کا گیت یا گانے کا انداز جو امیر خسرو کی ایجاد ہے۔

قول نامہ qaul-na-ma(h): (عف، مذ) اقرار نامہ، عہد نامہ۔

قول و فعل qau-lo-fa(?)l: (ع، مذ بترکیب فارسی) بات اور فعل گفتار اور کردار، رنگ اور ڈھنگ، طور طریقہ۔

قول و قرار / قسم qau-lo-qa-raar: (ع، مذ بترکیب فارسی) عہد و پیمان (افعال: کرنا، ہونا)

قولنج quu-lanj: (ع، مذ) ایک درد جو پسلیوں کے نیچے ہوتا ہے۔ انتڑیوں کا درد۔

قولہ qau-la(h): (ع،مذ) اس کا قول، اس کا کہا ہوا، بات کے حوالے کے لیے کہتے ہیں۔

قولی qau-lii: (عف،صف) قول سے منسوب، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول سے تعلق رکھنے والی حدیث۔

قوم qaum: (ع،مث) فرقہ، ذات، نسل، خاندان، آدمیوں کا گروہ، کسی ایک ملک کے باشندے۔

قومِ آتشی qau-me-aat-shii: (عف، مذ) کنایۃً جن۔

قومہ quu-mah: (ع، مذ) نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا۔

قومی qau-mii: (ع،صف) قوم سے منسوب، قوم کا۔

قومیانا qau-mi-yaa-naa: (ار،مص، جعلی) قوم بنانا، قومی ملکیت میں لے لینا، انگریزی لفظ Nationalise کا ترجمہ۔

قومیت qau-miy-yat: (ع،مث) نسل، ذات، اصل۔

قونصل qaun-sil: (ع، مذ) انگریزی لفظ کا معرب، سفیر، مختار، جو ایک سلطنت کا دوسری سلطنت میں رہے۔ نصیحت۔ مشورہ۔ مجلس شوریٰ۔

قونصل / قونصل qaun-sil: (عف،مث) قونسل کا عہدہ۔

قوی qa-vi(i): (ع،صف) طاقت ور، توانا، زور آور، مضبوط مستحکم، خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

قویُ الجثہ / جثہ qa-vi-yul-jus-sah: (ع،صف) موٹا تازہ، قوی ہیکل ہٹا کٹا۔

قوی بخت qa-vii-baKt: (ع،صف) خوش قسمت

قوی تن qa-vii-tan: (ع،صف) مضبوط، تن۔

قوی دل qa-vii-dil: (ع،صف) بہادر، شجاع۔

قوی ہیکل qa-vii-hai-kul: (ع،صف) دیکھیے 'قوی الجثہ'

قویٰ qa-vaa: (ع،مذ) عقل، سمجھ، شعور، قوت کی جمع۔

ق۔ہ

قہار qah-haar: (ع، صف) بڑا قہر کرنے والا،

زبردست، غلبہ حاصل کرنے والا (فوج کے لیے) زوردار، تیز (دریا کے لیے) مذ خدا تعالیٰ کا نام صف نسبتی، قہاری اسم کیفیت مث: قہاری۔

قہر qahr~qa-har: (ع، مذ) غصہ، غضب، خشم، ناراضگی، جوش جذبہ، ولولہ، مشکل کام، غلبہ، زبردستی، بلا، آفت، مصیبت، ظلم، تعدی (صف) چالاک، آفت کا پرکالہ فسادی، شرارتی، تیز، برا، طرح دار، وضعدار، خوبصورت، حسین، نامناسب بات یا فعل، عجیب انوکھے، بے حد، بہت۔

قہر آمیز qa-har-aa-mez: (عف، صف) غصے سے بھرا ہوا۔

قہر الٰہی qah-re-i-laa-hii: (ع، مذ بترکیب فارسی) خدا کا غضب بلائے آسمانی۔

قہرناک qa-har-naak: (عف، صف) غضب ناک، سخت غصے میں، بہت بڑا، بہت تیز۔

قہراً qah-ran: (ع، متعلق فعل) زبردستی، جبر سے، مجبور کر کے۔

قہرمان qa-har-maan: وکیل، خزانچی، حاکم، قہر و جلال کے ساتھ حکومت کرنا۔

قہرمانی qa-har-maa-nii: (ف، مث) قہرمان سے منسوب۔

قہری روزہ qah-rii-ro-za(h): (عف، صف) غصہ کی وجہ سے فاقہ کرنا، غصہ کی وجہ سے کچھ نہ کھانا۔

قہریہ qah-ri-yah: (عف، صف) ظلم کے ساتھ، زبردستی کا۔

قہقریٰ qah-qah-raa: (ع، مذ) پیچھے ہٹنا، پیچھے کو چلنا، اصل معنی اُلٹے پاؤں چلنا۔

قہقہہ qah-qa-ha(h): (ع، مذ) آواز سے ہنسنا، کھلکھلا کر ہنسنا، زور سے ہنسنا۔

قہقہہ شیشہ qah-qah-ha-shii-sha(a): (ع، مذ) قلقل مینا، شراب کی بوتل کی آواز جو شراب انڈیلتے وقت نکلتی ہے۔

قہہ قہہ qah-qa-ha(h): (ع، مذ) کھل کھلا کر ہنسنے کی آواز۔

قہوہ qah-va(h): (ع، مذ) ایک پودا اور اُس کے تخم کا نام جس کو چائے کی طرح اُبال کر پیتے ہیں۔

قہوہ خانہ qah-vah Kaa-na(h): (عف، مذ) قہوہ کی دکان، وہ جگہ جہاں لوگ بیٹھتے یا جمع ہوتے ہیں اور قہوہ پیتے ہیں۔

قہوہ دان qah-vaadaan: (ف، امذ) قہوے کا برتن۔

ق۔ی

قے qey: (ع، امث) منہ کے راستے پیٹ میں سے کھانے کا نکل آنا، استفراغ، متلی، وہ چیز جو پیٹ میں سے نکل آئے۔

قے و دست qey-o-dast: (ا، امذ) ایک بیماری جس میں استفراغ بھی ہو اور دست / جلاب بھی آئیں، ہیضہ۔

قیادت qi-yaa-dat: (ع، مث) رہبری، ہدایت، رہنمائی، سرداری۔

قیاس qi-yaas: (ع، مذ) تصور، گمان، اندازہ، اٹکل، جانچ۔

قیاس استثنا qi-yaas is-tas-naa: (ع، مذ) منطق میں قضیہ، بالشرط۔

قیاس استقرائی qi-yaa-se-is-taq-raa-ii: (ع، مذ) منطق میں قضیہ کمل۔

قیاصرہ qi-yaa-si-ra(h): (ع، مذ) جمع قیصر کی، شاہان روم کا لقب۔

قیافہ qi-yaa-fa(h): (ع، مذ) شکل، صورت، چہرہ، مشابہت، وہ علم جس سے انسان کے خط و خال وغیرہ سے اس کی عادتوں اور خصلتوں کا اندازہ کیا جاتا ہے۔

قیافہ دان/شناس qi-yaa-fah-daan/sha-naas: (ع، صف) علم قیافہ سے واقف، اسم کیفیت مث: قیافہ دانی/شناسی۔

قیام qi-yaam: (ع، مذ) نماز میں کھڑا ہونا، سکونت، ٹھہراؤ، استقلال پائیداری، شیعوں، بریلویوں کا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے وقت کھڑا ہونا۔

قیام پذیر qi-yaam-pa-ziir: (عف، صف) مقیم، وارد، فروکش، دیرپا۔ (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: قیام پذیری۔

قیامت qi-yaa-mat: (ع، مث) روز جزا، روز محشر، وہ دن جب تمام جاندار مر جائیں گے، مصیبت، آفت، ہنگامہ، شورش، ظلم، اندھیر، انوکھی بات، بے حد، بکثرت، فتنہ انگیزی، فسادی۔

قیامت خیز qi-yaa-mat Kez: (عف، صف) قیامت اٹھانے والا یا پیدا کرنے والا۔

قیامت زا qi-yaa-mat-zaa: (عف، صف) غضب کا، آفت کا۔

قیامتِ صُغریٰ qi-yaa-ma-te-suG-raa: (ع، مث) چھوٹی قیامت، شخصی موت۔

قیامتِ کُبریٰ qi-yaa-ma-te-kub-raa: (ع، امث) سخت مصیبت، وہ دن جب ساری دنیا کا نظام تہہ و بالا ہو جائے گا۔

قَید qaid: (ع، مث) بند، حبس، اسیری، روک، شرط، پابندی۔

قید بامشقت qai-de-baa-mu-shaq-qat: (فع، امث) وہ سزا جس میں سخت کام لیا جائے۔

قیدِ تنہائی qai-de-tan-haa-ii: (عف، مث) تنہا رہنے کی قید، جس میں قیدی کو کسی سے ملنے کی اجازت نہیں ہوتی۔

قید خانہ qaid-Kaa-nah: (عف، مذ) جیل، بندی گھر، قیدیوں کے رکھنے کا مکان، زنداں۔

قیدِ سخت qai-de-sakt: (عف، امث) دیکھیے 'قید بامشقت'۔

قیدِ فرنگ qai-de-fa-rang: (عف، امث) کنایۃً ایسی قید جس سے چھوٹنا مشکل ہو، سخت قید۔

قیدِ قفس qai-de qa-fas: (عف، مث) پنجرے کی قید۔

قیدِ محض qai-de ma-haz: (ع، مث، بترکیب فارسی) بلا مشقت قید۔

قیدی qai-dii: (عف، صف) اسیر، محبوس، گرفتار، پابند، مجرم سزا یافتہ۔

قیر qiir: (ع، مذ) ایک قسم کا سیاہ روغن جو کشتیوں، جہازوں کی درزوں میں لگایا جاتا ہے تاکہ درزوں میں سے پانی نہ آئے، تارکول، رال۔

قیراط qii-raat: (ع، مذ) درہم کے بارھواں حصہ کے برابر وزن، اونس کا چوبیسواں حصہ۔

قرُوطی qa-ruu-tii: (یونانی، مث) موم روغن، ایک قسم کا مرہم۔

قیس qais: (ع، مذ) مجنون عامری کا نام جو لیلیٰ کا عاشق تھا۔

قَیصر qai-sar: (ع، مذ) شاہ روم کا لقب، سلطان، شہنشاہ، مث: قیصرہ۔

قَیصری qais-rii: (عف، مث) بادشاہی، شہنشاہی۔

قیف qiif: (ت، اذ، مث) بوتلوں میں رقیق چیز بھرنے کا آلہ، وہ پیالہ جس کے نیچے ٹونٹی ہوتی ہے۔

قیق qiiq: (ع،مث) زور کی چیخ، ہاتھی کی آواز، مرغی کا کڑکڑانا (افعال: مارنا) (صف) بےوقوف۔

قیل وقال qii-lo-qaal: (ع،مث) گفتگو، بات چیت، تذکرہ، بحث ومباحثہ، ردوکد، حجت، (افعال: کرنا، ہونا)

قَیلوُلہ qai-luu-la(h): (ع، مذ) دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد ذرا سونا، لیٹنا، آرام کرنا، (افعال: کرنا، ہونا)

قیّم qay-yim: (ع،صف) قائم کرنے والا، نگراں، منتظم، خدا تعالیٰ کا نام، جنرل سکریٹری۔

قیماق qai-maaq: (ت،اسث) بالائی، دودھ کی ملائی، سرشیر۔

قیمت qii-mat: (ع،اسث) مول، دام، بھاؤ، نرخ، در، قدر، مرتبہ۔

قیمتاً qii-ma-tan: (ع، متعلق فعل) قیمت کے ساتھ، قیمت چکا کر۔

قیمتی qiim-tii: (عف، صف) بیش قیمت، گراں بہار، بڑی قیمت کا نفیس، قابل قدر۔

قیمہ qii-mah: (ع، اند) ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت، کٹا ہوا گوشت، بہت زخمی (افعال: کرنا، ہونا)

قینچا qaiN-chaal: (ا،اند) باغبانوں کی بڑی قینچی۔

قیود qa-yuud: (ع،مث) دیکھیے 'قید' جس کی یہ جمع ہے۔

قیّوم qay-yuum: (ع،صف) بڑا قائم ہونے والا، بہت بڑا نگاہ رکھنے والا، تھامنے والا، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

ک

ک k: (ع، مذ) اس کا نام کاف ہے اور مزید وضاحت کے لیے اسے کاف کلمن بھی کہتے ہیں۔
یہ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں اٹھائیسواں اور فارسی میں پچیسواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا پچھلا حصہ نرم تالو کے اس طرح ربط میں آتا ہے کہ منہ سے خارج ہونے والی ہوا لمحہ بھر کو رک جاتی ہے۔ اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں غشائی بندشی مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

ک۔ا

کا kaa: (ار، حرف اضافت) تعلق، قبضہ، ملکیت، نسبت وغیرہ ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے۔ صفت کے معنی بھی پیدا کرتا ہے۔ مثلاً اُصول کا بمعنی اصول پسند۔

کابرا kaab-raal: (ار، مذ) ایک قسم کے کبوتر کا رنگ۔

کابش kaa-bash: (ہ، مث) وہ مٹی جس سے مٹی کے برتن پر قلعی کرتے ہیں اور اسے حاملہ عورتیں بھی کھاتی ہیں۔

کابک kaa-buk: (ف، مث) بیٹروں، کبوتروں کا ڈربا جو بانس کی کھپچیوں سے بناتے ہیں۔

کابل kaa-bul: (ف، مذ) پاکستان کے شمال مغرب کے ہمسایہ ملک افغانستان کا دارالحکومت۔

کابلا kaab-laa: (ہ، مذ) ایک قسم کا بڑا پیچ، ڈھبری۔

کابلی kaab-li: (ف، صف) کابل سے منسوب، ایک قسم کا کبوتر جو بہت بلندی پر اُڑتا ہے اور تین تین پہر تک زمین پر نہیں اترتا۔

کابلی چنا kaab-lii cha-naa: (ار، مذ) ایک قسم کا موٹا چنا جس کا چھلکا باریک اور سفید ہوتا ہے۔

کابوس kaa-buus: (ع، مذ) ایک بیماری کا نام جس میں انسان کو خواب میں یہ خوف معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے اس کو دبالیا ہے۔

کابین kaa-ben: (ف، مذ) وہ روپیہ جو شوہر بوقت نکاح بیوی کو دیتا یا دینا منظور کرتا ہے۔ مہر۔

کابین نامہ kaa-ben-naa-mah: (ف، مذ) مہر کی دستاویز، نکاح نامہ۔

کابینہ kaa-bii-na(h): (ف، مث) انگریزی لفظ Cabinet کا مترس، مجلس وزرا، وزارت۔

کاپی kaa-pii: (انگ، مث) Copy نقل، جلد سلے نسخہ، چند سلے ہوئے ورق، چھاپنے کے لیے کتابت کیے ہوئے ورق جو خاص روشنائی سے رنگ وار سطر پر لکھے جاتے ہیں۔

کاپی رائٹ kaa-pii raa-iT: (انگ، مذ) Copy-Right حق تالیف وتصنیف، حق ایجاد۔

کاپی نویس kaa-pii-na-viis: (انگ، ف، صف) نقل کرنے والا، نقل نویس، کاتب خوشنویس۔

کاتب kaa-tib: (ع، مذ) کتابت کرنے والا، لکھنے والا، کاپی نویس، محرر، خوشنویس۔

کاتب ازلی kaa-tib az-lii: (ع، مذ) کنایتہً، اللہ تعالیٰ۔

کاتب اعمال kaa-tib-(?)a-maal: (ع، مذ بترکیب فارسی) انسان کا اعمال نامہ لکھنے والا فرشتہ۔

کاتب تقدیر/ القدرت kaa-ti-be-taq-diir/ qud-rat: (ع، مذ) کنایتہً، خدا تعالیٰ۔

کاٹبی kaa-ti-bii: (ف، مث) نصف بازو کی ایک قسم کی واسکٹ۔

کاٹبی سمور kaa-ti-bii sa-muur: (ف، مذ) ایک قسم کا خلعت جس پر سمور لگا ہوتا ہے۔

کارتک kaar-tik: (ہ، مذ) ہندی سال کا ساتواں مہینہ قریباً اکتوبر نومبر۔

کاتنا kaat-naa: (ار، مص) چرخے پر روئی سے سوت بنانا، چرخے کے ذریعے روئی کے تار نکالنا۔

کاٹ kaaT: (ہ، مث) برش، زخم، گھاؤ، چھانٹ، قطع، تراش، تیزی، روانی، عداوت، دشمنی، کتر، بیونت

کاٹ پھانس kaaT-phaaNs: (ار، مث) عیاری، چالاکی، اُجرت یا حق میں کمی بیشی، چغل خوری، لگائی بجھائی، غبن (افعال: کرنا، ہونا)

کاٹ چھانٹ kaaT-chhaaNT: (ار، مث) قطع و برید، تراش خراش جوڑ توڑ، کتر بیونت، چھٹی اور کٹی ہوئی چیز، نکمی چیز چھیچھڑن، ریزہ (افعال: کرنا، ہونا) حساب میں کمی بیشی ترمیم و تنسیخ۔

کاٹ کوٹ kaaT-koT: (ار، مث) چیر پھاڑ، جراحی، کمی بیشی، وضع، مجرا، کترن، چھانٹ۔

کاٹا kaa-Taa: (ہ، صف) ڈسا ہوا، کاٹا ہوا، مذ، چوٹ، مار، زخم۔

کاٹنا kaaT-naa: (ار، مص) تراشنا، قاش اتارنا، شاخ قلم کرنا، درخت چھانٹنا، قطع نظر، ڈسنا، منہ مارنا، دانت مارنا، زخم کرنا، دور کرنا، چھوڑنا، گزارنا، بسر کرنا، ضائع کرنا، ذبح کرنا، طے کرنا، قطع مسافت کرنا، فیصلہ کرنا، چکانا، وضع کرنا، منہا کرنا، طیس دینا، منسوخ کرنا، شرم دلانا، شرمانا، بھٹکنا، بھرنا، آگے سے نکل جانا، ڈبے کو ریل گاڑی سے جدا کرنا، بیچ میں بولنا، القط کرنا، تیاگنا، تجنا۔

کاٹھ kaaTh: (ار، مث) لکڑی، وہ کندہ جس کو چھید کر مجرموں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔

کاٹھ کا اُلّو kaaTh ka ul-luu: (ار، صف) احمق، بے وقوف۔

کاٹھ کباڑ kaaTh-ka-baaR: (ار، مذ) گھر کا سامان، معماسازی۔ ٹوٹا ہوا اسباب۔

کاٹھی kaa-Thii: (ار، مث) جسم، جسامت، ڈھانچہ، قالب، تلوار کا نیام، سیان، غلاف، گھوڑے کا چمڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے۔

کاٹھی گر kaa-Thii-gar: (ہ، ف، صف) تلوار کا غلاف بنانے والا، نیام بنانے والا۔

کاٹھیاواڑی kaaTh-yaa-vaa-Rii: (ہ، صف) مذ، گھوڑے کی ایک قسم جو مضبوطی کے لیے مشہور ہے اور کاٹھیاواڑ سے منسوب ہے۔

کاج kaaj: (ار، مذ) کام، کار، بٹن کا گھر یا سوراخ، بیاہ شادی، کام۔

کاجل kaa-jal: (ار، مذ) تیل کا دھواں جو برتن وغیرہ میں رکھ کر جمع کر لیا جاتا ہے اور سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ (افعال: دینا، گھلانا، لگانا، تحریر کھینچنا)

کاجل کی کوٹھڑی kaa-jal ki koTh-Rii: (ار، مث) کاجل اکٹھا کرنے کا مکان، بدنامی کا گھر، عیب لگنے کی جگہ۔

کاچھ kaach: (ہ، مذ) زانو کے اوپر کا حصہ، جانگھ، جانگیا، کاچھا، آدھا گھٹنا، بھیس، لباس، روپ، بانا، دھوتی کا وہ حصہ جو پیچھے اُڑسا جاتا ہے۔

کاچھا kaa-chaa: (ہ، مذ) جانگیا، گھٹنا۔

کاچھنا kaach-naa: (ار، مص) خشخاش کی بوندی نکالنا، پانی سے چکنائی نکالنا، دودھ سے اوپر کا پھین الگ کرنا۔

کاچھی kaa-chii: (ہ، مذ) ہندو کنجڑا، ہندو سبزی فروش، مالی، مث: کاچھن۔

کاخ kaaK: (ف، مذ) بلند عمارت، محل، دیوان، قصر، اوپر کی منزل۔

کاذب kaa-zib: (ع، صف) دروغ گو، صادق کا نقیض، جھوٹا، مث: کاذبہ۔

کار kaar: (انگ، مذ) Car موٹر کار، گاڑی۔

کار kaar: (ف، مذ) کام کاج، دھندا، فعل، ہنر، پیشہ، شغل، معاملہ، بیوپار، شادی کی تقریب، غرض، واسطہ۔

کارآزمودہ kaar aaz-muu-dah: (ف، صف) تجربہ کار، آزمودہ کار، جہاں دیدہ، واقف کار، اسم کیفیت مث: کارآزمودگی۔

کارآفریں kaar aaf-riiN: (ف، صف) کام کا پیدا کرنے والا، مجازاً، خدا تعالیٰ اسم کیفیت مث: کارآفرینی۔

کارآگاہ kaar aa-gaah: (ف، صف) کام کی حقیقت سے واقف، خبردار، اسم کیفیت مث: کارآگاہی۔

کارآمد kaar-aa-mad: (ف، صف) مفید مطلب، کام کا آدمی، کام آنے والا، سودمند، فائدہ مند چیز، ضروری۔

کارآموز kaar-aa-muz/ kaar-aa-moz: (ف، صف) کام سیکھنے والا، مبتدی، (انگریزی لفظ Apprentice کا ترجمہ) اسم کیفیت مث: کار آموزی۔

کاربار kaar-baar: (ا، مذ) دیکھیے 'کاروبار'

کاربرآر kaar-bar-aar: (ف، صف) کام نکالنے والا، مطلب پرست اسم کیفیت مث: کاربرآری۔

کاربند kaar-band: (ف، صف) تعمیل کرنے والا، مطیع، فرمانبردار، عمل میں لانے والا۔

کارپرداز kaar par-daaz: (ف، صف) کارکن، منتظم، سربراہ کار، کارندہ، گماشتہ، اسم کیفیت مث: کارپردازی۔

کارثواب kaa-re-sa-vaab: (ع، مذ) نیک کام، بھلائی کا کام۔

کارخانہ kaar-Kaa-na(h): (ف، مذ) کام کرنے کی جگہ، چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا مقام، دُکان، کوٹھی، ایک قسم کی اونچی چوکی جس پر بیٹھ کر گوٹا کناری بنتے ہیں۔ جولاہوں کا کرگھا، نیچر، خدا کی قدرت۔

کارخانہ دار kaar-Kaa-na-daar: (ف، صف) کارخانے کا مالک، کاروبار والا آدمی، داروغہ، باورچی خانہ، اسم کیفیت مث: کارخانہ داری۔

کارخیر kaar-Kair: (ع، مذ) نیکی کا کام، ثواب یا بھلائی کا کام، فاتحہ خیر، اصطلاحاً لڑکی کا نکاح، کنیادان۔

کاردار kaar-daar: (ف، صف) عہدہ دار، عامل، منصب دار، تجربہ کار، واقف کار۔

کارداں kaar-daan: (ف، صف) تجربہ کار، واقف کار، ہنرمند، کاریگر، قدرداں، کارشناس، معاملہ فہم، بادشاہ کا وزیر، اسم کیفیت مث: کاردانی۔

کاروائی kaar-vaa-ii: (ف، مث) کام چلانا، اجرائے کار، کاربرآری، کام کاج، تعمیل، کارگزاری، برتاؤ، قانون، بندوبست روئیدادِ عدالت (افعال: کرنا، ہونا)

کارزار kaar-zaar: (ف، صف) جنگ، لڑائی، مقابلہ۔

کارساز kaar-saaz: (ف، صف) کام بنانے والا، کام سنوارنے والا، اسم کیفیت مث: کارسازی۔

کارستانی kaa-ras-taa-nii: (ف، مث) شرارت، عیاری، چالاکی، سازش۔

کارشناس kaar-sha-naas: (ف، صف) کام سے واقف، تجربہ، کام جاننے والا، اسم کیفیت مث: کارشناسی۔

کارطلب kaar-ta-lab: (ف، صف) کنایۃً بہادر، شجاع۔

کارفرما kaar-far-maa: (ف، صف) کام لینے اور کام بنانے والا، حکم کرنے والا اور چلانے والا، کمانڈر، بادشاہ، استاد، اسم کیفیت مث: کارفرمائی۔

کارکردگی kaar-kar-di-gii: (ف، مث) کارگزاری، اچھا کام (انگریزی لفظ Efficiency کا ترجمہ)

کارکردہ kaar-kar-dah: (ف، صف) تجربہ کار، آزمودہ کار۔

کارکن kaar-kun: (ف، صف) کام کرنے والا، کارندہ۔

کارگاہ kaar-gaah: (ف، مث) کام کرنے کی جگہ، جولاہوں کا کپڑا بننے کا کرگھہ، چیزیں بنانے کا کارخانہ۔

کارگر kaar-gar: (ف، صف) موثر، سریع التاثیر، تیر بہدف، فائدہ مند، مفید، سودمند، کاری (افعال: ہونا)

کارگزار kaar-gu-zaar: (ف، صف) چالاک، مستعد، نوکر، کارندہ، حاجت روا، اسم کیفیت مث: کارگزاری۔ کسی کی جگہ وقتی طور پر کام کرنے والا۔

کارنامہ kaar-na-ma(h): (ف، مذ) جنگ نامہ، بہادری کا تحفہ، ضابطۂ سلطنت قانون، آئین، تاریخ کی کتاب، تصویروں کا مرقع، کوئی بہت بڑا کام، یادگاری کام۔

کارنمایاں kaar-nu-maa-yaaN: (ف، مذ) بڑا کام، اہم کام۔

کاروبار kaa-ro-baar: (ف، مذ) لین دین، بیوپار، کام، مشغلہ (افعال: کرنا، ہونا) صف نسبتی: کاروباری۔

کاربن kaar-ban: (انگ، مذ) Carbon خالص کوئلہ، وہ مادہ جو ہیرے اور جلی ہوئی چیزوں میں پایا جاتا ہے۔

کاربن پیپر kaar-ban pe-par: (انگ، مذ) Carbon paper وہ کاغذ جس کے ایک طرف مسالہ لگا ہوتا ہے۔ اور اس کے ذریعے کسی چیز کی نقل اُتاری جاتی ہے۔

کارپوریشن kaar-po-re-shan: (انگ، مث) Corporation سند یافتہ جماعت، وہ جماعت یا کمیٹی جو قانوناً کسی کام کو کرنے کی مجاز ہو، بڑی میونسپل کمیٹی۔

کارتوس kaar-tuus: (ار، مذ) بارود بھری گولی، جسے بندوق میں بھر کر سر کرتے ہیں۔ (انگریزی لفظ Cartridge کا بگاڑ)

کارٹون kaar-Tuun: (انگ، مذ) تصویر کے ذریعہ کسی کا خاکہ اڑانا، مزاحیہ تصویر Cartoon

کارٹونسٹ kaar-Tu-nisT: (انگ، صف) Cartoonist مضحک تصویر یا خاکہ بنانے والا۔

کازد kaazd: (ف، مث) چاقو، چھری، چھرا۔

کارڈ kaarD: (انگ، مذ) Card پوسٹ کارڈ، وہ سرکاری کاغذ جس پر کچھ لکھ کر بذریعہ ڈاک بھیجا جاسکتا ہے۔ تاش کا پتا، موٹے کاغذ کا ٹکڑا۔

کارڈ بورڈ kaarD-borD: (انگ، مذ) Card-Board موٹے کاغذ کا تختہ، گتا۔

کارندہ kaa-ran-da(h): (ف، صف) مختی، کام کرنے والا، (مذ) مزدور، کارکن، سربراہ، منیجر،

ایجنٹ، مختار، گماشتہ۔

کارنس kaar-nis: (انگ، مث) Cornice دیوار میں کنگنی، منڈیر، کانس۔

کارنیوال kaar-ni-vaal: (انگ، مذ) Carnival کیتھولک عیسائیوں کا جشن، جشن، عیش و عشرت، رنگ رلیاں۔

کارواں kaar-vaaN: (ف، مذ) قافلہ، مسافروں کی جماعت، گروہ۔

کارواں سالار kaar-vaaN saa-laar: (ف، صف) قافلے کا سردار، میر قافلہ۔

کارواں سرا kaar-vaaN sa-ra(a): (ف، مث) قافلہ اترنے یا ٹھہرنے کی جگہ۔

کاری kaa-rii: (ف، صف) مہلک، کارگر، کام تمام کرنے والا، گہرا، بھاری، باثر، کارآمد۔

کاریگر kaa-rii-gar: (ف، صف) ہنر مند، پیشہ ور، دستکار، استاذ فن، کامل ہوشیار، کام کو خوب سمجھنے والا، اسم کیفیت مث: کاریگری۔

کاریز kaa-rez: (ف، مث) کھیتوں کو پانی دینے کی بند نالی، چھوٹی نہر۔

کاڑھا kaa-Rhaa: (ھ، مذ) وہ جوش دی ہوئی گرم دوائیں جو زچہ کو پلاتے ہیں۔ اچھوانی، جوشاندہ۔

کاڑھنا kaaRh-naa: (ار، مص) نکال لینا، نکالنا، باہر کرنا، کھینچنا، کشید کرنا، کپڑے پر بیل بوٹے بنانا۔

کاس kaas: (ار، مذ ق) گائے بھینس یا بکری کا تھن، جنوبی ہند کے ایک سکہ کا نام، ایک قسم کی گھاس جس کی رسیاں بنائی جاتی ہیں۔ کانس۔

کاست kaast: (ف، صف) کم ہونا، گھٹنا، کمی، گھٹاؤ (عموماً بے کم و کاست کی صورت میں مستعمل ہے)

کاسٹ kaasT: (انگ، مث) کسی کھیل یا ڈرامے میں کام کرنے والے اداکاروں کی جماعت Cast

کاسد kaa-sid: (ع، صف) ناقص، بے قدر، کھوٹا، جس کا رواج نہ ہو، مندا۔

کاسر kaa-sar: (ع، صف) توڑنے والا۔

کاسنی kaas-nii: (ف، مث) ایک پودا جس کے پھول ہلکے اُودے رنگ کے ہوتے ہیں، ہلکا اودا رنگ

کاسہ kaa-sah: (ف، مذ) کٹورا، پیالہ۔

کاسہ باز kaa-sah-baaz: (ف، مذ) شعبدہ باز، بازی گر، مداری جو کاسہ کے کھیل تماشے دکھاتے ہیں۔ مکار، اسم کیفیت مث: کاسہ بازی۔

کاسۂ سر (کاسائے سر) kaa-sa-he-sar: (ف، مذ) کھوپڑی۔

کاسۂ گدائی (کاسائے گدائی) kaa-sa-he-ga-daa-ii: (ف، مذ) بھیک کا پیالہ، کشکول۔

کاسہ گر kaa-sah-gar: (ف، مذ) پیالہ بنانے والا، کوزہ گر، کمہار، اسم کیفیت، مث: کاسہ گری

کاسہ لیس kaa-sah-lais: (ف، صف) پیالہ چاٹنے والا، خوشامدی، فیض حاصل کرنے والا، اسم کیفیت مث: کاسہ لیسی۔

کاش kaash: (ف، حرف مذ بہ / تمنا) کلمہ افسوس، خواہش، تمنا، آرزو، مثلاً، خدا کرتا، کیا اچھا ہوتا، میری یہ خواہش تھی، اے کاش۔

کاشانہ kaa-shaa-na(h): (ف، مذ) غریبوں کا گھر، آشیانہ، گھونسلا، جھونپڑا، وہ مکان جس میں شیشے لگے ہوں۔

کاشت kaasht: کھیتی، زراعت، مزروعہ زمین جو کسی کے قبضے میں ہو۔ (افعال: کرنا، ہونا)

کاشتکار kaasht-kaar: (ف، مذ) کسان، زمین کو جوتنے والا، اسامی اسم کیفیت مث: کاشتکاری۔

کاشتہ kaash-tah: (ف،صف) بویا ہوا، جوتا ہوا۔

کاشِف kaa-shif: (ع،صف) ظاہر کرنے والا، کھولنے والا۔

کاغذ kaa-Gaz: (ف، مذ) ایک ورق جو لکڑی اور پرانے کپڑوں کو بھگو کر اور لئی سی بنا کر پھیلا کر بناتے ہیں۔ قرطاس، رقعہ، مکتوب، نامہ قبالہ، تمسک، سند، ہنڈی، نوٹ۔

کاغذ اطفال / باد / بادی / ہوائی kaa-Gaz at-faal/ baad/ baa-dii/ ha-vaa-i(i): (ف، مذ) کنکوا، پتنگ۔

کاغذی kaaG-zii: (ف،صف) کاغذ کا، پتلے چھلکے کا، کاغذ بنانے یا بیچنے والا، ایک پرندہ جو چھوٹی مچھلیاں کھاتا ہے۔ ایک قسم کا سفید کبوتر، نازک۔

کاغذی پیرہن kaaG-zii pair-han: (ف، مذ) کاغذ کی پوشاک جو درباری لوگ پہن کر بادشاہوں کے دربار میں جایا کرتے تھے۔ اس سے اظہار عاجزی مقصود ہوتا ہے۔ فریادی کا لباس۔ (ایران میں)

کاف kaaf: (ع، مذ) حرف 'ک' کا نام۔

کافر kaa-fir: (ع،صف) وہ شخص جو خدا کو نہ مانے، انکار کرنے والا، منکر، بدبخت، کم بخت، غضب کا فتنہ انگیز، عمدہ، پیارا، معشوق، محبوب، دل دار، ایک قوم جو افغانستان کی سرحد پر رہتی ہے۔ افریقہ کے حبشیوں کا ایک فرقہ، اسم کیفیت مث: کافری مث: کافرہ۔

کافرانہ kaa-fi-raa-nah: (عف،صف) کافر کی طرح کا، کافر کی مانند۔

کافر ادا kaa-fir a-daa: (ف، صف) دلکش اداؤں والا، کنایۃً معشوق، اسم کیفیت مث: کافر ادائی۔

کافر حربی kaa-fir-har-bi: (ع، مذ) وہ کافر جس سے لڑنا واجب ہو۔

کافر کتابی kaa-fir ki-taa-bi: (ع، مذ) اہل کتاب جو اسلام کو نہ مانیں، عیسائی اور یہودی۔

کافر کیش kaa-fir kesh: (عف،صف) بے وفا معشوق کی تعریف میں، کافر کے طریقہ پر چلنے والا۔

کافر ماجرا kaa-fir maaj-raa: (ف، صف) جس کا حال کافروں کا سا ہو۔

کافر نعمت kaa-fir ne(?)-mat: (ف، صف) نعمت کی ناشکری کرنے والا، بے وفا محسن کش، احسان فراموش۔

کافرنی kaa-fir-nii: (ار، مث) کافر عورت، کافر کی بیوی۔

کافور kaa-fuur: (ع، مذ) کپور، ایک نہایت خوشبو دار مادہ، تلخ ذائقہ جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے اور کھلا رہنے سے اڑ جاتا ہے (صف) دور، غائب، سفید۔

کافوری kaa-fuu-rii: (ف،صف) کافور کا بنا ہوا، کافور کے رنگ کا سفید، ایک قسم کا پان۔

کافوری شمع kaa-fuu-rii-sha-ma(?): (ف،مث) کافور کی بنی ہوئی شمع جس کی روشنی نہایت صاف ہوتی ہے۔

کافی kaa-fi(i): (انگ، مث) Coffee قہوہ کی ایک قسم جو افریقہ میں پیدا ہوتی ہے۔

کافی kaa-fii(i): (ہ، مث) ایک قسم کی راگنی، پنجابی میں ایک قسم کے اشعار یا نظم۔

کافی kaa-fi(i): (ع، صف) بہت، وافر، کام نکل جانے کے قابل اتنا جتنی ضرورت ہو۔

کاک kaak: (ف، مذ) ایک قسم کی روغنی ٹکیا، ایک قصبہ۔

کاکا kaa-kaa: (ہ، مذ) چچا، بڑے بھائی یا بڑے چچازاد بھائی کو بھی کہتے ہیں۔ چھوٹا بچہ۔

کاکا kaa-kaa: (ف، مذ) خواجہ سرا، جس کی گود میں والدین نے پرورش پائی ہو، بڑا بھائی، وہ قدیم غلام جو گھر میں رہتے رہتے بوڑھا ہو گیا ہو۔

کاک ٹیل Cock-Tell(انگ،مث) kaak-Tel: کئی شرابوں سے مرکب شراب۔

کاکریز kaak-rez: (ف، مذ) ایک قسم کا اودا رنگ، صف نسبتی: کاکریزی۔

کاکڑ kaa-kaR: (ہ،مذ) ہرن کی قسم کا ایک جانور۔

کاکل kaa-kul: (ف،مث) انسان کے سر کے بال جو منہ کی طرف لٹکیں، زلف، لٹ، گھوڑے کی ریال۔

کاکلِ پیچاں kaa-ku-le-pe-chaaN: (ف،مث) خمدار زلفیں، بل کھاتے ہوئے بال۔

کاکلِ شمع kaa-ku-le-sha-ma(?): (ف،مث) شمع کا دھواں۔

کاکن kaa-kun: (ہ،مث) کنگنی، ایک قسم کا باریک غلہ جو بیٹروں کو کھلاتے ہیں۔

کاکی kaa-kii: (ہ،مث) چچی، باپ کے چھوٹے بھائی کی بیوی، لڑکی، بچی، بیٹی، خواجہ قطب الدین بختیار چشتی کا لقب۔

کاگ kaag: (انگ، مذ) انگریزی لفظ Cork کا بگاڑ، ڈاٹ، زاغ، کوا۔

کال kaal: (ہ،مذ) وقت، زمانہ، موسم، رت، موت کا دیوتا، موت کا وقت، فرشتہ اجل، قحط، خشک سالی۔

کال کوٹھری Kaal-koTh-rii: (ہ، مث) اندھیری کوٹھری، تنہائی، قید۔

کالا kaa-laa: (ہ،صف) سیاہ، سیاہ فام، بڑا، بہت زیادہ، بے حد، سانپ، افعی، سیاہ ہرن، دیسی آدمی، مث کالی، اسم کیفیت مث: کالا پن۔

کالا بھٹ / بھجنگ kaa-laa bhat/ bhu-jang: (ہ،صف) بہت کالا۔

کالا پانی kaa-laa-paa-ni(i): (ہ، مذ) سزائے عبور، دریائے شور، حبس دوام کی سزا، یہ ہر ملک کا علیحدہ ہوتا ہے۔ جیسے ہندوستان کا جزیرہ انڈمان، روس کا سائبیریا۔

کالا پہاڑ kaa-laa-pa-haaR: (ار، مذ) مصیبت کی لمبی تاریک رات، مصیبت، آفت۔

کالا چور kaa-laa-chor: (ار، مذ) بڑا بھاری چور، نامی چور، جہاں نام نہ بتانا ہو وہاں کہہ دیتے ہیں۔

کالا دانہ kaa-laa-daa-na(h): (ار، مذ) اسپند، نظر بد کو رفع کرنے کے لیے جلاتے ہیں۔

کالا دیو kaa-laa-dev: (ار، مذ) اندر سبھا میں ایک دیو جو گلفام اور سبز پری کا مددگار ہے۔ نہایت سیاہ اور قوی ہیکل شخص۔

کالا زیرہ kaa-laa-zii-ra(h): (ار، مذ) سیاہ رنگ کا زیرہ۔

کالا کلوٹا kaa-laa-ka-luu-Taa: (ار،صف) بہت کالا، مث: کالی کلوٹی۔

کالا منہ Kaa-laa muNh: (ار، مذ) چہرہ جس پر سیاہی ملی ہوئی ہو۔ اظہار نفرت کے لیے بھی کہتے ہیں۔

کالا ka-laa: (ف، مذ) پونجی، اسباب، سامان۔

کالانعام kaal-an-aam: (ع،صف) چوپائیوں کی مانند، بے وقوف، انسانی صفات سے عاری۔

کالبد kaal-bud: (ف، مذ) قالب، ڈھانچہ، ڈھانچہ، جسم تن، بدن، سر پر، سانچا وہ اوزار جس میں کوئی چیز ڈالیں۔

کالعدم kaal-(?)a-dam: (ع،صف) معدوم، ناپید، گویا کہ ہے ہی نہیں، نابود۔

کالبوت kaal-buut: (ار، مذ) دیکھیے 'کالبد' جوتے

کے اندر پھنسانے والا فرما۔

کالج kaa-lij: (انگ، مذ) College بڑا مدرسہ، مدرستہ العلوم، دارالعلوم، کسی یونیورسٹی سے ملحق، کسی خاص پیشے کی تعلیم گاہ، مجلس، انجمن، دانش کدہ۔

کالر kaa-lar: (انگ، مذ) Collar کنٹھا، گلوبند، پٹا، حلقہ طوق، گردن، قمیص میں گریبان سے اوپر کا زائد کپڑا جو خوبصورتی کے لیے لگاتے ہیں۔

کالرا kaal-raa: (انگ، مذ) Cholera ہیضہ۔

کالک kaa-lik: (ہ، مث) سیاہی، رسوائی، عیب۔

کالکا kaal-kaa: (س، مث) کالی دیوی، درگا، کالے رنگ کی دیوی جسے ہندو پوجتے ہیں۔ فوج کا دستہ۔

کالوا kaal-vaa: (ار، مذ ق) چشمہ، ندی، نہر۔

کالونی kaa-lo-nii(i): (انگ، مث) Colony نئی بستی، نو آبادی، کسی نئی جگہ بیرونی لوگوں کی آبادی۔

کالی kaa-lii: (ہ، صف) دیکھیے کالا، جس کی یہ تانیث ہے۔ سیاہ کالے رنگ کی، مث: ایک دیوی کا نام جس کا رنگ سیاہ ہے۔ درگا، کالکا، شیو جی کی استری پاربتی، ایک سانپ، کالا سانپ جس کو کرشن جی نے جمنا کے بھنور سے نکالا تھا۔

کالی زیری kaa-lii ze-rii(i): (ار، مث) ایک قسم کا تخم، جو زیرہ سے مشابہ اور بہت کڑوا ہوتا ہے۔

کالی کھانسی kaa-lii-khaaN-sii(i): (ار، مث) ایک قسم کی کھانسی جو اکثر بچوں کو ہوتی ہے۔ بہت تکلیف دہ ہوتی ہے۔

کالی مرچ kaa-lii-mirch: (ار، مث) سیاہ مرچ جو گول ہوتی ہے، کنایۃً مکھی۔

کالے کوس / کوسوں kaa-le-kos/ ko-sauN: (ار، مذ) دور کا فاصلہ، بہت دور۔

کالیا kaal-yaa: (ار، صف) کالے رنگ کا آدمی۔

کام kaam: (س، مذ) خواہش نفسانی، شہوت، عشق۔

کام دیو kaam-dev: (س، مذ) خواہش نفسانی کا دیوتا، خواہش جماع۔

کام kaam: (ار، مذ) کار، دھندا، بیوپار، غرض، تعلق۔

کام چلاؤ kaam-cha-laa-uu: (ار، صف) کام نکلنے کے قابل، حاجت پوری کرنے کے لائق۔

کام چور kaam-chor: (ار، صف) جو کام سے جی چرائے یا حیلے بہانے کرے۔

کامدار kaam-daar: (ار، صف) زردوزی زری یا ریشم کا کام کیا ہوا۔ (جیسے کامدار جوتی) فیب۔

کامدان kaam-daan: (ار، مذ) سونے چاندی کے تاروں سے کپڑے پر بیل بوٹے بنانے کا کام یا پیشہ۔

کام دھندا kaam-dhan-daa: (ار، مذ) کاروبار، شغل، گھر کا کام۔

کام کا kaam-kaa: (ار، صف) کارآمد، مفید مطلب، مث: کام کی۔

کام کاج kaam-kaaj: (ار، مذ) کام، گھر کا کام، کاروبار، شغل، اشغال، لین دین، بیوپار۔

کامگر kaam-gaar: (ف، صف) خوش نصیب، اقبال مند، اسم کیفیت مث: کامگاری۔

کام kaam: (ف، مذ) تالو، مراد، مقصد، خواہش، آرزو۔

کام بخش kaam baKsh: (ف، صف) آرزوئیں یا خواہشیں پوری کرنے والا، اسم کیفیت مث: کام بخشی۔

کامروا kaam-ra-vaa: (ف، صف) جس کا مطلب یا آرزو پوری ہو چکی ہو، اسم کیفیت مث: کامروائی۔

کامگار kaam-gaar: (ف، صف) وہ شخص جس کی خواہش پوری ہو، وہ جو اپنی خواہش کے مطابق داد

حاصل کر لے، خوش قسمت خوش نصیب، اسم کیفیت مث: کام گاری۔

کامیاب kaam-yaab: (ف، صف) جس کا مطلب حاصل ہو گیا ہو۔ فتح یاب، فتحمند، امتحان میں پاس (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: کامیابی۔

کوما ko-maa: (انگ، مذ) Comma سکتہ، عبارت میں ٹھہراؤ کی علامت، وقف، وقفہ۔

کامرس kaa-mars: (انگ، مذ) Commerce سوداگری، بیوپار، تاش کا ایک کھیل۔

کامریڈ kaam-reD: (انگ، مذ) Comrade یار، ساتھی، رفیق، ہمدم۔

کامل kaa-mil: (ع، صف) مکمل، پورا، تمام، کل، پکا، مضبوط، ماہر، عالم، ماہر فن، استاد، عارف، خدا رسیدہ، عروض کی ایک بحر، مث: کاملہ۔

کامل عیار kaa-mi-le-(?)a-yaar: (ع، صف) دیکھیے 'کامل العیار' خالص، عمدہ۔

کامل فن kaa-mi-le-fan: (ع، صف) کسی فن کا ماہر، ماہر فن۔

کامنی kaam-nii: (ھ، مث) نہایت خوبصورت نازک عورت، حسینہ، ایک پودا اور اس کا پھول جو بہت خوبصورت اور خوشبودار ہوتا ہے۔

کامود kaa-mod: (ھ، مذ) مالکوس راگ کی راگنی جو رات کے وقت گاتے ہیں۔

کامون kaa-mon: (ف، مذ) زیرہ۔

کامی kaa-mii: (س، صف) خواہش مند، مشتاق، محبتی، پرشہوت عاشق، عیاش آدمی، مشغول۔

کامیڈی kaa-me-Dii: (انگ، مث) Comedy ایسا ڈرامہ یا قصہ جس کا انجام خوشی پر ہو، طربیہ۔

کامیڈین kaa-me-Di-yan: (انگ، مذ) Comedian طربیہ نگار، خوش کن ڈرامے لکھنے والا، نقال، بھانڈ، سوانگیا، مسخرا ایکٹر۔

کمیونزم ka-myu-nizm: (انگ، مث) Communism ایک نظام معیشت جو پیداوار اور اشیا کی مشترکہ ملکیت پر منحصر ہے۔ اس میں تمام لوگ برابر کے حق دار ہوتے ہیں۔

کان kaan: (ف، مث) وہ جگہ جہاں سے کھود کر معدنیات نکالتے ہیں، منبع، چشمہ۔

کان کن kaan-kan: (ف، صف) کان کھودنے والا، اسم کیفیت مث: کان کنی۔

کان kaan: (ھ، مذ) سننے کا عضو، گوش، سماعت، سننے کی قوت، ستار وغیرہ کی کھونٹی، چارپائی کی ٹیڑھ، بل، کھپاؤ، برتن کا دستہ، جہاز کا پتوار، ہیئت، وتر، (عروض) دور کن کا ایک وزن۔

کان / کانوں کا کچا kaan-kaa-kach-chaa: (ار، صف) وہ شخص جو بے سوچے سمجھے ہر ایک بات پر اعتبار کرے۔

کان کرولنی kaan-ka-rol-nii: (ار، مث ق) کانوں سے میل نکالنے کا اوزار یا آلہ۔

کان مَیلیا kaan-mai-li-yaa: (ار، صف) کان صاف کرنے والا۔

کانا kaa-naa: (ار، صف) ایک آنکھ کا، یک چشم، داغی پھل، کرم خوردہ پھل، ٹیڑھا، پانسے کا ایک نقطہ۔

کانا باتی kaa-naa-baa-tii: (ار، مث) کان میں بات کہنا، کسی بچے کو ہنسانا مقصود ہو۔

کانا پھونسی kaa-naa phuuN-sii: (ار، مث) چپکے چپکے باتیں کرنا۔

کانپ kaaNp: (ار، مث) پتنگ یا کنکوے کی پتلی قوس نما قمچی، چھتری کے تار جس پر کپڑا منڈھا جاتا

ہے۔ سور یا ہاتھی کا اگلا دانت، بہت سفید چونا، کانپنا کا امر۔

کانپنا kaaNp-naa: (ار، مص) تھرتھرانا، لرزنا، خوف کھانا۔

کانپنی kaaNp-nii: (ار، مث، ق) کپکپی، تھرتھراہٹ، لرزش۔

کانٹا kaaN-Taa: (ار، مذ) خار، سول، کنڈا، بہت چھوٹی ترازو، ترازو کے دستے کی سوئی، مچھلی پکڑنے کا نوکدار کانٹا، کنویں میں گرا ہوا ڈول نکالنے کا اوزار، پنجے کی شکل کی چیز جو پھل یا گوشت کھانے کے کام آتا ہے۔ آنکڑا، وہ کل جس کے کھینچنے سے ریل گاڑی دوسری پٹری پر چلی جاتی ہے، بک، پرندوں کا ایک مہلک مرض، علم حساب میں جمع، ضرب تفریق، تقسیم کا نشان مہمیز جس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں۔

کانٹا بدلنا kaaN-Ta ba-dal-naa: (ار، محاورہ) ریل کے کانٹے کو ایک طرف سے دوسری طرف کر دینا۔

کانٹی kaaN-Tii: (ار، مث) کانٹا کی تصغیر، تولنے کا چھوٹا کانٹا، سانپ پکڑنے کی لکڑی، خراب روئی جو دھنکنے میں نہ آئے، مجرم کے پاؤں میں ڈالنے کی بیڑی، وہ کنکر جو لڑ کے ڈور میں باندھ کر لڑاتے ہیں۔

کانٹے کے تول kaaN-Te-ke-taul: (ار، مث) بالکل ٹھیک نہ کم نہ زیادہ۔

کانجی kaaN-ji: (ہ، مث) ایک قسم کا کھٹا پانی جس میں رائی زیرہ وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں۔ گاجروں کے اچار کا پانی چاولوں کی پیچ۔

کانجی ہاؤس kaaN-ji haa-us: (ار، مذ) حوالات، نگرانی، سرکاری مکان جہاں لاوارث یا آوارہ مویشی بھیج دیے جاتے ہیں۔ انگریزی Confining House یا Catching House کا بگاڑ۔

کانچ kaaNch: (ار، مث) شیشہ، کچا شیشہ، ایک قسم کی بیماری جس میں پاخانہ پھرتے وقت مقعد باہر نکل آتی ہے۔

کانچو kaaN-chuu: (ار، مذ) وہ شخص جس کو کانچ نکلنے کا مرض ہو۔

کانچی kaaN-chi: (ار، مث، ق) شادی کی ایک رسم۔

کانڈا kaaN-daa: (ار، مذ ق) نیشکر، پیاز، کسی پودے کی گانٹھ دار جڑ۔

کانڈو kaan-duu: (ار، مذ ق) نیشکر، چینی، ایک سبزی۔

کاندھا kaaN-dhaa: (ار، مذ ق) کندھا، شانہ، دوش، مونڈھا۔

کانڑا kaaN-Raa: (ہ، مذ) دیکھیے 'کانا' ایک راگ، ایک قسم کا پتنگ مث: کانڑی۔

کانس kaaNs: (ار، مث) دیکھیے 'کانس'

کانس kaaNs: (ہ، مث) ایک قسم کی لمبی گھاس جو اکثر ریتلی اور غیر مزروعہ زمین میں ہوتی ہے، کانسی، جھگڑا، ٹنٹا۔

کانسٹیبل kaans-Te-bil: (انگ، مذ) Constable پولیس کا سپاہی۔

کانسٹی ٹیوشن kaans-Ti-Tu-shan: (انگ، مذ) Constitution ساخت، بناوٹ، وجود، دستور، آئین، نظام، اصول۔

کانسی kaaN-sii: (ار، مث) پیتل سے مشابہ ایک خراب دھات جس سے برتن اور گھنٹیاں بناتے ہیں۔

کانفرنس kaans-fi-rains: (انگ، مث) Conference مجلس شوریٰ، مشاورت۔

کانکھنا kaaNkh-naa: (ہ، مص) گلا صاف کرنے کے لیے آواز نکالنا، کراہنا، آہیں بھرنا، پاخانے جانے یا بوجھ اٹھانے کے وقت یہ آواز نکلتی ہے۔

کانگریس kaaNg-res: (انگ،مث) Congress مجلس، سبھا، نمائندوں کی مجلس، انجمن، پارٹی، جماعت۔ ہندوستان کی ایک سیاسی جماعت۔

کانگڑی kaaNg-Rii: (ہ،مث) مٹی کی انگیٹھی جس کے اوپر تیلیوں کا غلاف چڑھا ہوتا ہے۔ کشمیریوں میں اس کا استعمال عام ہے۔

کانور kaa-nor: (ہ،مذ) ایک قسم کا آنکھ کا مرض جس میں زردی چھا جاتی ہے۔ مث: ایک لکڑی جس کے دونوں کناروں پر ٹوکریاں رکھ کر گنگا کے پانی کے برتن رکھتے ہیں، بہنگی۔

کانووکیشن kaan-vo-ke-shan: (انگ،مذ) Convocation جلسہ تقسیم اسناد۔

کانوینٹ kon-vainT: (انگ، مذ) Convent عیسائی اہل خانقاہ، عیسائی خانقاہ، عیسائی مدرسہ۔

کانی kaa-nii: (ف،صف) کان کی چیز، معدنی۔

کاو kaav: (ف،مث) کھودنا، تلاش، تفتیش، امتحان

کاو کاو kaav-kaav: (ف،مث) کوشش، تفتیش، زخم کو ناخن سے چھیلنا اور کھجانا۔

کاواں kaa-vaa: (ار،مذ) گھوڑے کو اس طرح چکر دینا کہ اس کے قدموں کے نشانوں سے زمین پر ایک دائرہ پیدا ہو جائے۔

کاواک kaa-vaak: (ف، صف) خالی، کھوکھلا، بے ڈول۔

کاوِش kaa-vish: (ف،مث) کھودنا، کھوج لگانا، خلش، کرید، تلاش، تجسس، جستجو، انتہائی، (ار) بیر، دشمنی

کاول kaa-val: (ار،صف،ق) گشت کرنے والا، گشت۔

کاوی kaa-vii(i): (ف،مث) کھودنا، تلاش کرنا، تفتیش کرنا، مرکبات کے آخر میں آکر اسم کیفیت کے معنی پیدا کر دیتا ہے، مثلاً جگر کاوی وغیرہ۔

کاہ kaah: (ف،مث) کٹی ہوئی سوکھی گھاس۔

کاہ رُبا kaah ru-baa: (ف،مث) ایک قسم کا گوند جس کی یہ خاصیت ہے کہ اگر اسے کپڑے یا چمڑے پر رگڑ کر گھاس کے تنکے کے سامنے لائیں تو وہ اسے مقناطیس کی طرح اٹھالیتا ہے۔

کاہ کشاں kaah-ka-shaaN: (ف،مث) بہت چھوٹے ستاروں کی قطار یا سڑک جو آسمان پر رات کے وقت نظر آتی ہے۔

کاہ گل kaah-gil: (ف،مث) پلستر کرنے کی بھس ملی ہوئی مٹی۔

کاہش kaa-hish: (ف،مث) زوال، کمی، گھٹاؤ، اتار، تنزل، دُبلا پتلا لاغری، تشویش، اندیشہ، فکر، تکلیف، مصیبت (افعال: اٹھانا، اٹھنا)

کاہل kaa-hil: (ع، صف) سست، مجہول، آرام طلب، کام چور، اسم کیفیت مث: کاہلی۔

کاہل الوجود kaa-hi-lul-va-juud: (ع،صف) سست آدمی، مجہول آدمی، آرام طلب شخص۔

کاہلا kaa-hi-laa: (ار،صف) سست، تھکا ہوا۔

کاہل پن kaa-hil-pan: (ار،مذ) دیکھیے 'کاہلی'۔

کاہلانہ kaa-hi-laa-naa: (عف، متعلق فعل) سستی سے، آہستہ سے۔

کاہن kaa-han: (ع، مذ) جنوں سے دریافت کر کے غیب کی خبریں بتانے والا، مث: کاہنہ۔

کاہو kaa-huu: (ف، مذ) ایک قسم کا ساگ اور اس کا بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

کاہی kaa-hii: (ار، مذ) گہرا سبز رنگ، کسیس جو ایک قسم کی پھٹکری بھی ہے، سوکھی گھاس کا رنگ ہلکا زرد۔

کاہے kaa-he: (ار، حرف استفہام) کیوں، کس لیے۔

کاہے سے / کاہے کو :kaa-he se/ kaa-he ko

(ار،حرف استفہام) کس چیز کا؟ مث: کاہے کی۔

کاہیدہ kaa-hi-dah: (ف،صف) گھٹا ہوا، دبلا، لاغر، اسم کیفیت مث: کاہیدگی۔

کائے پھل ka-ye-phal: (ھ، مذ) ایک دوا جو کسی درخت کی چھال سے تیار کی جاتی ہے، خاردار پودا جس کا پھل اور پتے دوا میں استعمال ہوتے ہیں۔

کائنات kaa-ye-naat: (ع،مث) موجودات، دنیا، حقیقت، حیثیت۔

کاونٹ kaa-unT: (انگ، مذ) Count سرمایہ، پونجی، خلق اللہ۔

کاونٹر kaa-un-Tar: (انگ،مذ) Counter تختہ، روپیہ گننے والی میز۔

کاؤں کاؤں kaa-auN kaa-auN: (ار،مث) کوے کی مسلسل آواز، شور وغل۔

کائی kaa-ii: (ار،مث) وہ سبزی جو اکثر بند پانی کے اوپر یا برسات میں دیواروں پر جم جاتی ہے۔ ایک قسم کی پھپھوندی گہرا سبزی مائل رنگ۔

کائیاں kaa-ii-yaan: (ار،صف) نہایت چالاک، ہوشیار، خرانٹ، تجربہ کار، اسم کیفیت، مذ: کائیاں پن۔

کائیں کائیں kaa-aiN kaa-aiN: (ھ،مث) کوے کی آواز، شور وغل (افعال: کرنا، ہونا، مچانا)

کایا kaa-yaa: (ھ،مث) جسم، شکل، صورت، ماہیت۔

کایا پلٹ kaa-yaa-pa-laT: (ار،صف،مذ،مث) قالب بدلنے والا، بھیس بدلنے والا، جس کے ذریعے سے بوڑھا جوان ہو جاتا ہے (افعال: کرنا، ہونا)

کایستھ kaa-ist: (ھ،مذ) ایک ہندو ذات کا نام۔

ک ـ ب

کب kab: (حرف استفہام) ظرف زمان جو محل استفہام میں آتا ہے، کس وقت، کس دن، کس زمانے میں، کہاں، کس جگہ۔

کب تک / تلک kab-tak/ta-lak: (ار، متعلق، فعل) کس وقت تک؟ کس زمانے تک۔

کب سے kab-se: (ار، متعلق فعل) کس وقت سے، بہت دیر سے، بہت مدت سے۔

کب کا kab-kaa: (ار، متعلق فعل) کس زمانے کا، کس وقت کا، کس مدت کا؟ بہت دیر کا، بڑی مدت کا۔

کب کب kab-kab: (ار، متعلق فعل) کس کس وقت، کون کون سے دن۔

کُب kub: (ار، مذ) ٹیڑھ، کجی، خم، جھکاؤ، انسان کی پیٹھ کی کجی اونٹ یا سانڈ وغیرہ کا اوپر کا ابھرا ہوا مقام، دیوار کا ٹیڑھا ہونا (افعال: نکلنا، ہونا)

کباب ka-baab: (ف، مذ) سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بھنے ہوئے قیمے یا گوشت کے ٹکڑے، گھی وغیرہ میں تلی ہوئی قیمے کی ٹکیاں، کنایۃً جلا ہوا، بھنا ہوا۔

کباب چینی ka-baab-chii-nii: (ف،مث) ایک قسم کی دوا، سرد چینی۔

کبابہ ka-baa-ba(h): (ف، مذ) سیاہ مرچ سے مشابہ ایک قسم کے گول گول بیج جو دوا میں استعمال ہوتے ہیں، کباب چینی۔

کبابی ka-baa-bii: (ف، مذ) کباب بنا کر بیچنے والا، کباب فروش (صف) کباب کرنے کے لائق۔

کبابیا ka-baa-bi-yaa: (ار،صف) 'کبابی'

کبار ka-baar: (ع،صف) دیکھیے 'کبیر' جس کی یہ جمع ہے۔

کباڑ ka-baaR: (ھ، مذ) کاٹھ کباڑ، ٹوٹا اسباب، ٹوٹا پھوٹا۔

کباڑ خانہ ka-baaR Kaa-na(h): (ھ، ف،

مذ) ٹوٹے پھوٹے سامان کا کمرہ یا دوکان۔

کباڑی / کباڑیا ka-baa-Ri-yaa/ka-baa-Rii: (ار، صف) ٹوٹا پھوٹا سامان بیچنے والا۔

کبتائی (kab-taa-ii(i: (ہ، صف) کبت بنانا، شاعری، نظم نگاری۔ (افعال: کرنا، ہونا)

کبد / کبِد ka-bad: (ع، مذ) جگر، کلیجہ، صف نسبتی: کبدی۔

کبڈّی (ka-baD-Dii(i: (ار، مث) ایک کھیل کا نام جس میں دو گروہ بناتے ہیں اور درمیان میں ایک حد ہوتی ہے جس میں سے ایک گروہ کا لڑکا دوسرے گروہ کے لڑکے کو چھوتا ہے اور اس کے لیے وقت مقرر ہوتا ہے (افعال: کھیلنا)

تکبّر ta-kab-bur: (ع، مذ) بڑائی، شان، امیری، غرور، بکر، گھمنڈ۔

کبر و نخوت kib-ro-naK-vat: (ع، مذ) غرور، بے جا فخر، تکبر۔

کِبَر kibr: (ع، مذ) پیری، کہن سالی، بڑا ہونا۔

کبر سن kibr-san: (ع، مذ) بوڑھا، سن رسیدہ، کہن سالی، اسم کیفیت مث: کبرسنی۔

کبرا kab-raa: (ہ، صف) دھبے دار، دھاریدار، رنگ برنگی، پیلا، خاکستری، اردو میں چتکبرا کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

کُبریٰ kub-raa: (ع، صف) دیکھیے 'اکبر' جس کا یہ مونث ہے، بہت بڑی، بہت بزرگ، بزرگ تر عورت۔

کبریا kib-ri-yaa: (ع، مذ) خدا تعالٰی کا نام یا صفت، بزرگی، عظمت، بڑائی۔

کبریائی kib-ri-yaa-ii: (ع، مذ) دیکھیے 'کبریا' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کبریت kib-ri-yat: (ع، مث) گندھک۔

کُبڑا kub-Raa: (ہ، صف) وہ جس کی پیٹھ ٹیڑھی / جھکی ہوئی ہو، کوزپشت کج، مث: کبڑی، اسم کیفیت مذ، کبڑاپن۔

کبک kabk: (ف، مذ) چکور، ایک قسم کا بڑا تیتر جس کے سر اور پنجے سرخ ہوتے ہیں۔ اس کی چال سے معشوق کی چال کو تشبیہ دی جاتی ہے۔

کُبل ku-bal: (ار، صف، ق) سخت، دشوار۔

کبوتر ka-buu-tar: (ف، مذ) ایک پرندہ جو بہت سے مختلف رنگوں کا ہوتا ہے۔ اسے لوگ اڑانے کے لیے پالتے ہیں۔ پرانے زمانے میں جب ڈاک کا موجودہ نظام نہ تھا۔ اس جانور کے ذریعہ خطوط ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے تھے، مث: کبوتری۔

کبوتر باز ka-buu-tar-baaz: (ف، مذ) کبوتر اڑانے والا، کبوتر رکھنے کا شوقین اسم کیفیت: کبوتر بازی۔

کبوترِ حرم ka-buu-ta-re-ha-ram: (ف، مذ) خانۂ کعبہ کے کبوتر جن کا شکار ممنوع ہے۔

کبوتر خانہ ka-buu-tar-Kaa-nah: (ف، مذ) وہ مکان، ڈربا، کابک جس میں کبوتر رکھے جائیں، بے انتظام جگہ۔

کُبود ku-buud: (ف، مث) نیلا رنگ، آسمانی رنگ۔ (صف) نیلگون

کبھی ka-bhii: (ہ متعلق فعل) کب ہی کا مخفف ہے۔ کسی وقت، کسی گھڑی، شاذ و نادر، گاہے گاہے بھولے چوکے، سابق میں ہرگز، زنہار، بالکل، قطعی، فعلوں میں مکرر آتا ہے جیسے کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ہے۔ استفہام انکاری۔

کبھی کبھار ka-bhii-ka-bhaar: (ار، متعلق فعل) گاہے بگاہے، بہت کم، شاذ و نادر۔

کبھی نہ کبھی kabhii-na-ka-bhii: (ار، متعلق فعل) کسی نہ کسی وقت۔

کبیدہ ka-bii-dah: (ف،صف) رنجیدہ، آزردہ، یہ دونوں لفظ اہل ہندوستان کی اختراع ہیں۔ اسم کیفیت مث: کبیدگی۔

کبیدہ خاطر ka-bii-dah Kaa-tir: (ف، صف) رنجیدہ۔

کبیر ka-biir: (ع،صف) بڑا بزرگ، جوان، شریف آدمی، سردار، مث: کبیرہ۔ ہندی کے مشہور شاعر کا نام جو کھڑی بولی میں شاعری کرتے تھے۔

کبیر پنتھ ka-biir-panth: (ہ،مذ) وہ مذہب جو بھگت کبیر نے نکالا تھا، اس میں وحدانیت کی تعلیم تھی۔

کبیر پنتھی ka-biir-pan-thii: (ہ،صف) کبیر کے چلائے ہوئے مذہب پر قائم / کا پیرو۔

کبیسہ ka-bii-sah: (ع،مذ) دیکھیے 'لوند' زائد مہینا۔

ک۔پ

کپ kap: (ہ،مذ) کانپنا، لرزہ۔

کپ kap: (انگ،مذ) Cup پیالہ، وہ نمائشی پیالہ جو کھلاڑیوں کو بطور انعام دیا جاتا ہے۔

کُپ kup: (ہ،مذ) بھس کا ڈھیر جو شکل گنبد بنا دیتے ہیں۔ اناج کا ڈھیر۔

کُپّا kup-paa: (ہ،مذ) چمڑے کا پھولا ہوا برتن، جس میں گھی یا تیل رکھتے ہیں۔ اس کا منہ چھوٹا ہوتا ہے۔ موٹا، فربہ، تصغیر مث: کپی۔

کپاری، کپال ka-paa-rii: (ہ، مث) رسی جو گھوڑے کو قابو میں رکھنے کے لیے منہ پر باندھ دیتے ہیں۔ پنجابی (کھبی)

کپاس ka-paas: (ہ،مث) بغیر صاف کی ہوئی روئی، ایسی روئی جس میں بنولے بھی ہوں، روئی کا پودا۔

کپاسی ka-paa-sii: (ار،صف) کپاس سے منسوب، ہلکا زرد رنگ۔

کپتان kap-taan: (ار،مذ) انگریزی لفظ Captain کا موزد، فوج کا افسر، جہاز یا پولیس کا افسر، صوبیدار، رسالدار۔

کپٹ ka-paT: (س، مث) دھوکا، فریب، چھل، کھوٹ، کدورت (افعال: رکھنا، رہنا)

کپٹی kap-Tii: (س،صف، مذ) دغاباز، فریبی، مکار، کینہ ور، حاسد، دشمن۔

کپچہ kap-chah: (ار،مث،ق) صدری۔

کپڑ ka-paR: (ار، مذ) کپڑا کا مخفف جو مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔

کپڑ چھن ka-paR-chan: (ار،مث) کپڑے کا چھنا ہوا باریک اور میدہ سا چھنا ہوا۔

کپڑ گند ka-paR-gand: (ار، مث) کپڑے کے جلنے کی بو۔

کپڑا kap-Raa: (ہ، مذ) پارچہ، بستر، لباس، پوشاک، جامہ۔

کپڑ لتّا kap-Raalat-ta: (ار،مذ) کپڑا، پوشاک۔

کُپڑھ ku-paRh: (ہ،صف) ان پڑھ۔

کپکپانا kap-ka-paa-naa: (ار،مص) تھرتھرانا، لرزنا، لرزہ اندام ہونا۔

کپل ka-pal: (ار،صف،ق) تیز، سخت۔

کپوت ka-puut: (ہ،مذ) نالائق بیٹا، برا اور بدچلن لڑکا۔

کپور ka-puur: (ہ،مذ) دیکھیے 'کافور' پنجابی ہندؤں میں ایک ذات۔

کپوری ka-puu-rii: (ہ،مذ) ایک قسم کا پان، ایک رنگ۔

کپولی ka-puu-lii: (ار،مث،ق) مستک، ماتھا۔

ک ۔ ت

کِت kit: (ہ، متعلق فعل) کدھر؟ کس طرف؟ کہاں؟
کِتا kit-taa: (ہ، متعلق فعل) دیکھیے کتنا جس کا یہ مخفف ہے۔
کُتّا kut-taa: (ار، مذ) سگ، کلب، مشہور جانور، ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں سے چمٹ جاتی ہے۔ بندوق کا گھوڑا، رہٹ کا کھٹکا جو چکر کو واپس پھرنے سے روکتا ہے۔ گھڑی کا ایک پرزہ، ذلیل مث: کتی، کتیا۔
کِتاب ki-taab: (ع، مث) نوشتہ، نامہ، پوتھی، گرنتھ، جلد، نسخہ۔
کِتابِ آسمانی ki-taa-be-aas-maa-nii: (عف، صف) وہ کتاب جو کسی پیغمبر کے وسیلے کے بطور احکام، خداوند تعالیٰ کی طرف سے نازل ہو۔ قرآن شریف، توریت، انجیل، زبور۔
کتاب بیں ki-taab-biin: (عف، صف) کتاب پڑھنے والا، اسم کیفیت مث: کتاب بینی۔
کتاب پوش ki-taab-posh: (عف، مذ) دیکھیے 'گرد پوش'
کتاب فروش ki-taab fa-rosh: (عف، صف) کتاب بیچنے والا، اسم کیفیت مث: کتاب فروشی۔
کتاب کا کیڑا ki-taab kaa kii-Raa: (ار، مذ) ایک کیڑا جو کتابوں کو کھا جاتا ہے۔ وہ شخص جو ہر وقت کتاب خوانی کرتا ہے۔
کتاب و سُنّت kita-bo-sun-nat: (ع، مث، ترکیب فارسی) قرآن و حدیث۔
کِتابت ki-taa-bat: (ع، مث) لکھائی، کاپی نویس، (افعال: کرنا، ہونا) محرری، خوش نویسی، تحریر، نامہ، خط، ان دنوں میں خط و کتابت کی ترکیب میں آتا ہے۔
کِتابہ ki-taa-bah: (ع، مذ) وہ عبارت جو لوحِ قبر یا مسجد پر کندہ کر کے لگائی جاتی ہے۔
کِتابی ki-taa-bii: (ع، مذ) اہل کتاب، سوائے مسلمانوں کے، صف، لکھا ہوا، قابل وثوق، لمبا، لمبوترا، کتاب کی شکل کا مث: کتابیہ۔
کتابی آدمی ki-taa-bii aad-mii: (ع، صف) کتابی کیڑا۔ بہت پڑھنے والا۔
کتابی چہرہ / رخ / رُو ki-taa-bii cheh-ra(h)/ ruK/ruu: (عف، مذ) لمبا، خوشنما چہرہ۔
کتابی علم ki-taa-bii (?)ilm: (عف، مذ) وہ علم جو کتاب پڑھنے سے حاصل ہوا ہو، مگر تجربہ نہ ہو۔
کتابی کافر ki-taa-bii kaa-fir: (ع، مذ) اہل کتاب، سوائے مسلمانوں کے، مثلاً عیسائی، یہودی وغیرہ۔
کتابیات ki-taab-yaat: (ع مث) کسی خاص بحث کے متعلق کتابوں کی فہرست Bibliography کا ترجمہ۔
کتارا ki-taa-raa: (ہ، مذ) ایک قسم کا پتلا گنا، جس سے رس نکال کر گڑ وغیرہ بناتے ہیں۔ نیشکر، قطار۔
کتان ki-taan: (ف، مذ) ایک قسم کا کپڑا جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بہت باریک ہوتا ہے یہاں تک کہ چاند کی روشنی سے پھٹ جانے کا مبالغہ کرتے ہیں۔ السی۔
کتائی ki-taa-ii(i): (ہ، مث) کاتنے کا عمل، کاتنے کی اجرت۔
کُتُب ku-tub: (ع، مذ) دیکھیے 'کتاب' جس کی یہ جمع ہے۔
کتب خانہ ku-tub Kaa-nah: (ع، مذ) وہ جگہ جہاں کتابیں جمع ہوں، کتابوں کی دکان، لائبریری۔
کتب سماوی ku-tub sa-maa-vii(i): (ع، مذ) الہامی کتابیں، مقدس کتابیں۔
کُتب فروش ku-tub fa-rosh: (ع، ف، مذ) وہ

شخص جو کتابیں بیچے، اسم کیفیت مث: کتب فروشی۔

کُتبہ kut-bah: (ع، مذ) دیکھیے 'کتابہ' اب عام طور پر کتبہ استعمال ہوتا ہے۔

کَتخُدائی kat-Ku-daa-ii: (ف، مث) شادی بیاہ خصوصاً لڑکے کا، لڑکی کے لیے کار خیر مستعمل ہے۔

کَتَر kat-tar: (ہ، مث) کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو تراشنے سے نکلتے ہیں۔ ہوباف، سربند، کتل۔

کتر بیونت ka-tar-bi-yuNt: (ہ، مث) کانٹ چھانٹ، تراش خراش، قطع و برید، توڑ جوڑ، چال، کاٹ، پالس، کفایت شعاری، حساب میں سے کاٹ لینا، غبن، تغلب۔

کترنا ka-tar-naa: (ار، مص) قینچی سے کاٹنا، تراشنا، چھانٹنا۔

کتر ka-tar: (ہ، مث) دیکھیے 'کتر'

کتر ka-tar: (ہ، مث) گوشہ دار ٹکڑا۔ کپڑے کا بچا ہوا چھوٹا ٹکڑا۔

کترانا kat-raa-naa: (ار، مص) گھوم کر جانا، ٹیڑھا چلنا، راستے سے بچ کر نکلنا، راستہ کاٹ کر جانا، ساتھ سے بھاگنا، راہ میں موافقت نہ کرنا، راہ سے جدا ہو جانا، بچنا، کنارہ کرنا۔

کترن kat-ran: (ہ، مث) کتری ہوئی دھجی، ریزہ، ٹکڑا، چھانٹن۔

کُترنا ku-tar-naa: (ار، مصدر) کاٹنا، تراشنا، بیونتنا، طوطے یا چوہے کا کسی چیز کو دانتوں سے کاٹنا۔

کترنی ka-tar-nii: (ہ، صف) کترنے والی، قینچی، مقراض (افعال: چلنا، چلانا)

کتروائی ka-tar-vaa-ii: (ار، مث) قطع کرانے کی اُجرت۔

کُتکا kut-kaa: (ہ، مذ) بھنگ کوٹنے کا ڈنڈا۔

کُتّل kut-tal: (ہ، مذ) پتھر کا دھار دار ٹکڑا، پتھر کی کرچ، کتر، مٹی کے برتن کا ٹکڑا، ٹھیکری۔

کتلال kat-laal: (ہ، مذ) پھانک، ٹکڑا، (افعال: کرنا، ہونا)

کتم ka-sam: (ع، مذ) پردہ، حجاب۔

کتمان kit-maan: (ع، مذ) چھپانا، پوشیدگی۔

کتنا kit-naa: (ار، متعلق فعل) کس قدر؟ کس تعداد میں، نہایت، بہت، کہاں تک، مث: کتنی۔

کتنا kit-naa: (ار، مصدر) کاتا جانا۔

کُتوال kut-vaal: (ہ، مث) کوتوال کا مخفف۔

کتوانا kat-vaa-naa: (ار، مص) روئی سے سوت تیار کرانا، چرخہ چلوانا، کسی سے سوت کاتنے کا کام لینا۔

کتھہ / کتھا kat-thaa: (ہ، مذ) ایک پودے کا ست جو سرخی دینے کے لیے پانوں میں لگایا جاتا ہے۔ اصل کھیر کا ست ہے۔ مگر مصنوعی طور پر جامن وغیرہ و دیگر درختوں سے بھی تیار ہوتا ہے جو گھٹیا ہے، کھیر۔

کتھا ka-thaa: (س، مث) قصہ، کہانی، ہندوؤں کے مشاہیر کے حالات جو برہمن سنایا کرتے ہیں، بات چیت، گفتگو۔

کُتّی kut-tii: (ہ، مث) مادہ سگ، کتیا۔

کُتّے کی دم kut-te-kii-dum: (ار، صف) کج فہم، کج طبع، جسے باوجود فہمائش کے سمجھ نہ آئے۔

کُتّے کی نیند kut-te-kii-nind: (ار، محاورہ) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو سویا ہوا ذرا سی آہٹ سے اُٹھ بیٹھے۔ (افعال: ہونا)

ک۔ٹ

کٹ kaT: (انگ، مذ) Cut تراش، کاٹ، کمر، میان۔

کُٹ kuT: (ہ، مث) کٹی کا کاغذ، دانت کے کٹنے کی

آواز، انگوٹھے کے ناخن کو اوپر کے دانت سے بجانے کی آواز جو دوستی ترک کرنے کی علامت ہے۔

کٹ کھانا kaT-kha-naa: (ار، صف) کاٹ کھانے والا، چوٹ کرنے والا، منہ مارنے والا، مث کٹ کھنی۔

کٹ کھنا kaT-kha-na(a): (ار، مذ) چھن، مکاری، نمونہ، خاکہ، وہ حروف جو استاد لکھنا سکھانے کی غرض سے تختی پر روشنائی کے بغیر لکھ دیتا ہے۔ یا نقطے لگا کر لکھ دیتا ہے تاکہ شاگرد اُن پر قلم پھیر کر لکھ سکے۔

کٹ مُلّا / کٹھ مُلّا kaT mul-laa: (ار، صف) ناخواندہ، کند، نافہم۔

کُٹا ku-Taa: (ار، مذ) پر کٹا ہوا کبوتر، پر اُکھاڑا ہوا کبوتر۔

کٹّا kaT-Taa: (ار، صف) نہایت مضبوط، پکّا (ہٹا کے ساتھ) موٹا تازہ (پنجابی) (مذ) بھینس کا بچہ۔

کٹا چھنی ka-Taa cha-nii: (ار، مث) لڑائی جھڑائی، دشمنی، عداوت (افعال: ہونا)

کٹار ka-Taar: (ار، مث، مذ) ایک تیز دھار چوڑا خنجر جسے کمر میں باندھتے ہیں۔ (افعال: بھونکنا، مارنا)

کٹارا ka-Taa-raa: (وہ، مذ) ایک پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

کٹاری ka-Taa-rii: (ار، مث) کٹار کی تصغیر، وہ ٹیڑے نشان جو ریشمی گلبدن یا مشروع وغیرہ پر ہوتے ہیں۔

کٹاری دار ka-Taa-rii-daar: (ار، صف) آڑی دھاریوں کا کپڑا اصولاً ترکیب غلط ہے۔

کٹاؤں ka-Taa-uuN: (ار، مذ) تراش خراش، کاٹنا، کٹائی، زخم، گلکاری۔

کٹائی ka-Taa-ii: (ار، مث) کٹنا، کٹنے کا عمل، کاٹنے کی اُجرت، فصل کاٹنے کا موسم۔

کُٹائی ku-Taa-ii: (ار، مث) کوٹنے کا عمل، کوٹنے کی اجرت۔

کٹ پیس kaT-piis: (انگ، مذ) Cut-piece تھانوں کے بچے ہوئے ٹکڑے، بیکار کپڑے کے ٹکڑے۔

کٹّر kaT-Tar: (ار، صف) سنگدل، بے درد، بے مروت، کاٹ کھانے والا، (گھوڑا)

کٹڑا kaT-raa: (ہ، مذ) زمین کا چھوٹا سا آباد قطعہ، منڈی، قلعہ کی منڈی شہر کا قرب و جوار، بھینس کا نر بچہ۔

کٹک ka-Tak: (ہ، مذ) بڑا لشکر۔

کٹکٹی kaT-ka-Tii: (ار، مث) دانت پیسنا، تکلیف، رنج۔

کٹکی kuT-kii: (ار، مث) ایک پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے ایک قسم کا اناج، ڈانس، بڑا مچھر، دانتوں سے ڈور کا کاٹنا، (افعال: دینا، لگانا، لگنا)

کٹ گلاس kaT-gi-laas: (انگ، مذ) Cut glass نقشیں گلاس، عمدہ اور مضبوط شیشہ۔

کٹ لیٹ kaT-leT: (ار، مذ) انگریزی کا بگاڑ، گوشت کا بھنا ہوا یا اُبلا ہوا ٹکڑا۔

کٹلری kaT-la-rii: (انگ، مث) Cutlery چھری، کانٹا، چمچہ وغیرہ۔

کُٹم ku-Tum: (ہ، مذ) کنبہ، گھرانا، خاندان، رشتہ داری۔

کٹنا kaT-naa: (ار، مص) کاٹنا کا لازم، تراشا جانا، قلم ہونا، قتل ہونا، زخم لگنا، الگ ہونا، شرمندہ ہونا، بسر ہونا، رشتہ طے ہو جانا، رنگ اڑنا، کھیت کاٹا جانا، پانی کے زور سے زمین کا بہہ جانا، قلم زد ہونا۔

کُٹنا kuT-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کوٹنا' جس کا یہ لازم ہے۔

کُٹنا kuT-naa: (ار، صف) بھڑوا، دیوث۔

کٹنی kuT-nii: (ار، صف، مث) عورتوں کو ورغلانے والی عورت، نائکہ۔

کٹوانا kaT-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کاٹنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

کٹوائی kaT-vaa-ii: (ار، معاوضہ، مث) کاٹنے کی اجرت۔

کٹوتی ka-Tau-tii: (ار، مث) منہائی، مجرائی، مٹی کاٹنا، کٹائی، تراش۔

کٹورا ka-To-raa: (ار، مذ) تانبے، پیتل یا کسی اور دھات کا پیالہ، پورا کھلا ہوا۔

کٹوردان ka-Tor-daan: (ار، مذ) ڈھکن دار برتن جس میں روٹی وغیرہ رکھتے ہیں۔

کٹوری ka-To-rii: (ار، مث) 'کٹورا' کی تصغیر، انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں۔ پیتل کے ورق کی گول گہرائی والی ٹکیاں کھلا ہوا چھوٹا پھول، تلوار کی موٹھ کا وہ حصہ یا پھول جو قبضہ کے سرے پر ہوتا ہے۔ جھنڈے کے اوپر کی کلغی یا طلائی قرص۔

کٹول ka-Tol: (س، مذ) ایک درخت کا نام (صف) رذیل، چنڈال۔

کٹھ kaTh: (ار، مذ) کاٹھ کا مخفف جو مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل ہے، نیز دیکھیے 'کٹ'

کٹھ پتلی KaTh-put-lii: (ار، مث) لکڑی کا ایک کھلونا، بے اختیار اور بے بس شخص۔

کٹھ پھوڑا kaTh-pho-Raa: (ار، مذ) ایک پرندہ جس کی چونچ بہت لمبی اور نوک دار ہوتی ہے، جس سے درخت میں سوراخ کر کے اپنا گھر بناتا ہے، ہُد ہُد۔

کٹھ مُلّا kaTh-mul-laa: (ار، صف) تنگ نظر اور روایت پرست، مذہبی عالم۔

کٹہرا kaT-ha-raa: (ار، مذ) لوہے یا لکڑی کا جنگلا جو حفاظت کے لیے مکان کے چاروں طرف یا حد بندی کے لیے زمین پر لگاتے ہیں۔ درندوں کے رکھنے کا پنجرہ۔

کٹھا kaT-Thaa: (ہ، مذ) پانچ سیر غلہ کا پیمانہ، ایک درخت کا نام، زمین کا ایک پیمانہ جو بیگھے کا بیسواں حصہ ہوتا ہے۔

کٹھار / کٹھیار kaTh-yaar/ ka-Thaar: (ہ، مذ) غلے کا گودام۔

کٹھالی ku-Thaa-lii: (ار، مث) سونا چاندی وغیرہ پگھلانے کی پیالی۔ وہ پتھر کا گڑھا جس میں دھان کوٹتے ہیں۔

کٹھل ka-Thal: (ار، مذ) ایک پھل کا نام اور اس کا درخت۔

کٹھلا kuTh-laa: (ار، مذ) کوٹھی کی تصغیر، اناج کا گودام، کھتی، چوڑیاں پکانے کی بھٹی، کان کی بڑی۔

کٹھلا kaTh-laa: (ار، مذ) گلے کا ایک زیور جو بچے پہنتے ہیں۔ وہ شخص جو دوسرے کے ساتھ رہے۔

کٹھن ka-Thin: (ہ، صف) سخت، دشوار، مشکل۔

کٹھور ka-Thor: (ہ، صف) سخت، کڑا، سنگ دل، بے رحم، ظالم اسم کیفیت مذ: کٹھور پن۔

کٹھیا kaTh-yaa: (ار، مث) غلہ رکھنے کا مٹی کا بڑا ظرف، سخت چھلکے والا بادام، چھوٹا گیہوں۔

کٹی ku-Tii: (ار، مث) درویشوں کی جھونپڑی، مڑھی، سادھو۔

کٹی ku-Tii: (ار، مث) باریک کٹا ہوا چارا، پانی میں گلایا ہوا کاغذ جس کے پٹھوں سے قلمدان وغیرہ بناتے ہیں۔ (بچوں کی زبان) خاتمہ، قطع تعلق۔

کٹی چھنی ka-Ti-cha-nii: (ار، مث) دشمنی، عداوت، ٹوک، نوک جھونک۔

کٹیا kaT-yaa: (ار، مث) بھینس کا مادہ بچہ۔
کٹیلا ka-Tii-laa: (ار، صف) خاردار، نوک دار، دل میں کھٹکنے والا، دل رُبا، تیز، چالاک مث: کٹیلی۔
کٹیلی آنکھ ka-Tii-lii aaNkh: (ار، مث) دل میں کھب جانے والی آنکھ، سرخی بھری آنکھ۔
کثافت ka-saa-fat: (ع مث) گاڑھا پن، گھنا پن، میلا پن، غلاظت۔
کثافت پیما ka-saa-fat pai-maa: (مث، مذ) کثافت ناپنے کا آلہ۔ (Pyro-Meter)
کثرت kas-rat: (ع مث) زیادتی، افراط، بہتات، بجا آوری، انبوہ، ہجوم، بھیڑ، دنیاوی تعلقات۔
کثرت رائے kas-ra-te-raa-ye: (ع مث، بترکیب فارسی) لوگوں کی رائے کا کسی امر کی طرف زیادہ ہونا۔
کثیر ka-siir: (ع، صف) بہت زیادہ، افراط شے، بے شمار۔
کثیر الاضلاع ka-siir-rul-az-laa(?): (ع، صف) بہت سے ضلعوں کی شکل (اقلیدس)
کثیر الاولاد ka-sii-rul-au-laad: (ع، صف) جس کی بہت سی اولاد ہو۔
کثیر العیال ka-sii-rul-(?)i-yaal: (ع، صف) کثیر الاولاد، بڑے کنبے والا۔
کثیر المعانی/المعنی ka-sii-rul-ma- (?)aa-nii/ al-ma(?)-ni(i): (ع، صف) وہ لفظ جس کے بہت سے معنی ہوں۔
کثیر المقاصد ka-si-rul ma-qaa-sid: (ع، صف) وہ جس میں بہت سے مقاصد شامل ہوں۔ انگریزی لفظ Multipurpose کا ترجمہ۔
کثیر الوقوع ka-sii-rul-vu-quu(?): (ع، صف) کثرت سے واقع ہونے والا۔
کثیف ka-siif: (ع، صف) دبیز، غلیظ، گاڑھا، گندہ، مث: کثیفہ۔

ک۔ج

کج kaj: (ف، صف) ٹیڑھا، خم، نادرست، ترچھا، بد، اسم کیفیت مث: کجی۔
کج اخلاق kaj-aK-laaq: (فع، صف) بداخلاق، بدمزاج، اکھڑ، روکھا، اسم کیفیت مث: کج اخلاقی۔
کج ادا kaj a-daa: (ف، صف) بدخلق، بے مروت، بے وفا، اکھڑ، روکھا اسم کیفیت مث: کج ادائی۔
کج باز kaj-baaz: (ف، صف) بدمعاملہ، مفسد، اسم کیفیت مث: کج بازی۔
کج بحث kaj-behs: (فع، صف) وہ شخص جو الٹی بحث کرے، الٹی سیدھی باتیں کرنے والا، اسم کیفیت مث: کج بحثی۔
کج خلق kaj-Kulq: (فع، صف) بدمزاج، اکھڑ، بے مروّت، بد اخلاق، بدخو، بدسرشت، اسم کیفیت مث: کج خلقی۔
کج رائے kaj-raa-ye: (فع، صف) وہ شخص جس کی رائے اور تدبیر درست نہ ہو اسم کیفیت مث: کج رائی۔
کج رفتار/رو/خرام kajraf-taar/ruu-Ka-raam: (فع، صف) ٹیڑھی رفتار، ٹیڑھی چال چلنے والا، اسم کیفیت مث: کج رفتاری/روی/خرامی۔
کج فہم kaj-fe-ham: (ف، صف) الٹی رائے کا، خودرائے، ناسمجھ، اسم کیفیت مث: کج فہمی۔
کج کلاہ kaj-ku-laah: (ف، صف) ٹیڑھی ٹوپی والا، شاہانِ ایران کا لقب، بانکا، ترچھا، اسم کیفیت مث: کج کلاہی۔

کج مج بیان / زبان kaj-maj bi-yaan/zu-baan: (فع صف) وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو، وہ شخص جو صاف نہ بول سکے۔

کج مدار kaj-ma-daar: (ف، صف) ٹیڑھی چال چلنے والا۔

کج نظر kaj-na-zar: (ف، صف) ٹیڑھی نظر والا، ترچھی نظر سے دیکھنے والا، اسم کیفیت مث: کج نظری۔

کج نہاد kaj-na-haad: (ف، صف) دیکھیے کج سرشت وغیرہ۔

کُجا ku-jaa: (ف، متعلق فعل) کدام جا کا مخفف ہے۔ کہاں؟ کس جگہ، نفی کے واسطے بھی آتا ہے۔

کُجات ku-jaat: (ہ، صف) کمینی ذات کا، نیچ قوم کا، غیر ذات کا، سفلہ، کذاب۔

کجاوہ ka-jaa-vah: (ف، مذ) اونٹ کی کاٹھی، ہودج۔

کجرا kaj-raa: (ہ، مذ) کاجل۔

کجری kaj-rii: (ہ، مث) گیت کی ایک خاص قسم جو عموماً ہولی میں گاتے ہیں۔

کجک ka-jak: (ف، مذ) ہاتھی کا آنکس۔

کجکول / کچکول kaj-kol: (ف، مذ) بھیک کی جھولی، کشکول، بھیک کا ٹھیکرا، زنبیل، مجازاً، وہ بیاض جس میں منتخب اشعار یا مضامین درج ہوں۔

کجلا kaj-laa: (ہ، مذ) کاجل کی تصغیر۔ کالی آنکھوں والا۔

کجلانا kaj-laa-naa: (ار، مص) آگ کا بجھ جانا، سانولا پڑ جانا۔

کجلوٹی kaj-lau-Tii: (ہ، مث) کاجل کی ڈبیا، سرمہ دانی۔

ک۔چ

کچ kach: (ہ، صف) کچا کا مخفف سابقہ۔

کچ kuch: (ہ، مث) چھاتی، تھن، پستان۔

کچ دھات kach-dhaat: (ہ، صف) کچی دھات، دھات اور دیگر چیزوں کا مرکب۔

کچ لہو kach-la-huu: (ہ، مذ) پیپ ملا ہوا خون، پھوڑے کا کچا مواد۔

کچا kach-chaa: (ہ، صف) خام، ناپختہ، بن پکا، ناتجربہ کار، ٹھنکان جو مٹی کا بنا ہوا ہو، آدھ گلا، اسم کیفیت مث: کچا پن / پنا۔ مث: کچی۔

کچا پکا kac-chaa pak-kaa: (ار، صف) نیم پختہ، کچھ کچا کچھ پکا، وہ تعمیر جس میں کہیں چونے اور کہیں گارے کی چنائی ہو۔

کچا جن kac-chaa jan: (ار، مذ) کسی بات کے پیچھے پڑنے والا، جاہل مطلق۔

کچا چٹھا kac-chaa chiT-Thaa: (ار، مذ) ٹھیک ٹھیک صحیح حال، کل کیفیت (افعال: کہنا، سنانا)

کچا سودا kac-chaa sau-daa: (ار، مذ) ناقص خبط، جنون، وہ معاملہ جو پوری طرح طے نہ ہوا ہو۔

کچا سونا kac-chaa sau-naa: (ار، مذ) بغیر صاف کیے ہوئے سونا۔

کچا کاغذ kac-chaa-kaa-Gaz: (ار، مذ) وہ کاغذ یا دستاویز جس پر سرکاری مہر نہ لگائی گئی ہو۔

کچالو ka-chaa-luu: (ہ، مذ) ایک قسم کی ترکاری جو اروی کی قسم سے ہو۔

کچائی ka-chaa-ii: (ار، مث) کچا پن۔

کچ پچ kach-pach: (ار، مث) کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز، چھوٹے بچے۔

کچرا kach-raa: (ہ، مذ) کچا پھل، کچا خربوزہ، کپاس کا ڈوڈا، کوڑا کرکٹ۔

کچر پچر ka-char-pa-char: (ہ، صف) مٹی

میں لت پت، کیچڑ میں لتھڑا ہوا، کیچڑ میں چلنے کی آواز۔ (افعال: ہونا)

کچر کچر ka-char-ka-char: (ہ،مث) کچا پھل یا آدھ کچا گوشت کھانے کی آواز۔ (افعال: ہونا)۔ بک بک۔

کچری kach-rii: (ہ،مث) ایک خوبصورت پھل کا نام۔

کچڑانا kach-Raa-naa: (ہ،مص) آنکھوں میں کیچڑ آنا۔

کچ کچ kach-kach: (ہ،مث) بک بک، تکرار، بحث۔

کچکچانا kich-ki-cha-naa: (ہ،مص) غصے سے دانت پیسنا، زور سے دانت پیس کر کوئی کام کرنا، زمین سے کیڑوں کا بکثرت نکل آنا، کسی روئیدگی کا زمین سے کثرت سے نکلنا۔

کچکچاہٹ / کچکچی kich-ki-chaa-haT/ kich-ki-chii: (ہ،مث) کچکچانا کا حاصل مصدر، دانتوں کے پیسنے کی حالت، زور سے دانت پیسنا۔

کچلا kuch-laa: (ہ،مذ) ایک زہریلی دوا، کچلہ، کچلا ہوا۔

کچلنا ku-chal-naa: (ار،مص) مسلنا، ملنا، روندنا، کسی چیز سے رگڑ کر صدمہ پہنچانا، نیم کوب کرنا۔

کچلوانا ku-chal-vaa-naa: (ار،مص) دیکھیے 'کچلنا' جس کا متعدی المتعدی ہے۔

کچلی kuch-lii: (ار،مث) نوک دار دانت جو اگلے دانتوں کے متصل ہوتا ہے۔

کچنار kach-naar: (ہ،مث) ایک درخت اور اس کے پھل جو سبزی کی طرح پکا کر کھائے جاتے ہیں۔

کچو kach-chuu: (ہ،مذ) کچالو کی طرح کا ایک پھل۔

کچوانسی kach-vaaN-sii: (ہ،مث) بسوانسی کا بیسواں حصہ 1/20 قریبا 1/2 65 مربع انچ۔

کچور ka-chuur: (ہ،مذ) ہلدی کی قسم کا پودا اور اس کی جڑ جو دواؤں میں کام آتی ہے۔

کچوری ka-chau-rii(i): (ہ،مث) ماش کی دال پڑی ہوئی پوری۔

کچوری مل ka-chau-rii mal: (ہ،مذ) مذاقاً موٹا ہندو۔

کچوکا ka-chau-kaa: (ار،مذ) کوئی نوک دار چیز، جسم میں چبھونے لگانے کا صدمہ، طعنہ۔

کچومر ka-chuu-mar: (ہ،مذ) ایک قسم کا اچار جس میں کیریاں کتر کر ڈالتے ہیں۔

کچونا ka-cho-naa: (ہ،مص) چبھونا، بھونکنا، گھونپنا۔

کچھ kach: (ہ،مذ) بغل، پہلو، دیوار کا کونا، چوتڑ، کچھوا، سنگ پشت، سکھوں کا جانگیا۔

کچھ مچھ kach-mach: (ہ،مذ) کچھوے اور مچھلیاں، آبی جانور۔

کچھ kuch: (ار،صف) ذرا، کسی قدر، تھوڑا، استفہام کے لیے۔ کیا؟ کہیں؟ کوئی؟ بطور انکار، نہیں، بالکل، مطلق۔ (جب مکرر آتا ہے) حالت کا جلد از جلد بدلنا ظاہر کرتا ہے۔ کسی مہلک چیز کے لیے۔ اشارے کے لیے، جہاں قرینہ دلالت کرے مثلاً (کچھ کھا کر مر گیا)

کچھ اور kuch-aur: (ار،صف) اور بھی زیادہ، دوسری بات، تازہ، جدید، نئی۔

کچھ تو kuch-tau: (ار، محاورہ) تھوڑا بہت، کسی قدر، کوئی چیز۔

کچھار ka-chaar: (ہ،مذ) دریا کا کنارہ، دریا کے قریب کی زمین، ترائی جہاں شیر رہتا ہے۔

کچھا kach-chaa: (ہ،مذ) وہ پاجامہ جس کے پائنچے چھوٹے اور گھٹنے سے اوپر ہوتے ہیں۔

کچھوا kach-vaa: (ہ،مذ) سنگ پشت، ایک دریائی

جانور، مث: کچھوی۔

کچھی kach-chii: (ہ، صف) کچھ کے علاقے کا گھوڑا جس کی کمر بیچ میں سے جھکی ہوتی ہے۔

کچہری ka-cheh-rii: (ار، مث) اجلاس، عدالت، انصاف گاہ۔

کچی اسامی kach-chii aa-saa-mi: (ار، مث) غیر موروثی زمیندار، چند روزہ، عارضی جگہ، عارضی نوکری۔

کچی بہی kach-chii ba-hii: (ار، مث) وہ بہی جس میں رقم کے زیادہ یا کم کرنے اور غلطی درست کرنے کا اختیار ہو۔

کچی پیشی kach-chi pe-shii: (ار، مث) اپیل کی پہلی شنوائی جس میں اپیل کے قابل سماعت ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔

کچی تول kach-chii taul: (ار، مث) کچے باٹوں کے موافق وزن، وہ تول جو معیاری پیمانے کی بجائے کم پیمانے سے ہو۔

کچی چاندی kach-chii chaaNd-nii: (ار، مث) وہ چاندی جو بالکل کھری ہو۔

کچی رسید kach-chii ra-siid: (ار، مث) مشروط صداقت نامہ زر جو چند روز کے لیے باقاعدہ صداقت نامہ زر کا قائم مقام ہوتا ہے، انگریزی لفظ Script کا ترجمہ۔

کچی سڑک kach-chii sa-Rak: (ار، مث) وہ سڑک جس پر کنکر یا روڑی وغیرہ نہ بچھائی گئی ہو۔

کچی سلائی kach-chii si-laa-ii: (ار، مث) تنکیا نا، لنگر ڈالنا، وہ سلائی جس کو ادھیڑ کر دوبارہ سلائی کی جاتی ہے۔

کچی عمر kach-chii u-mar: (ار، مث) ناسمجھی کی عمر، ناتجربہ کاری کی عمر۔

کچی کلی kach-chii ka-lii: (ار، مث) منہ بند کلی، پاکیزہ دوشیزہ، نابالغ لڑکی۔

کچی نیند kach-chii-niiNd: (ار، مث) وہ نیند جو ابھی بھری نہ ہو۔

کچے پکے دن kach-che pak-ke din: (ار، مذ) حمل کا زمانہ جو چوتھے اور پانچویں مہینے تک ہوتا ہے۔

کچے دن kach-che din: (ار، مذ) عورتوں کے حمل کا زمانہ جو آٹھ مہینوں تک ہوتا ہے۔

کچیل ka-chail: (ہ، صف) میل کا تابع جیسے میل کچیل، خراب لباس، کھردرا کپڑا۔

کچیلا ku-chai-laa: (ہ، صف) میلا کا تابع جیسے: میلا کچیلا، پرانے یا گندے کپڑے، مث: کچیلی۔

ک۔ح

کحال kah-haal: (ع، مذ) آنکھوں کا علاج کرنے والا، آنکھوں میں سرمہ لگانے والا، آنکھوں کا حکیم۔

کحل ka-hal: (ع، مذ) سرمہ، انجن۔

کحل الجواہر kah-lul-ja-vaa-har: (ع، مذ) وہ سرمہ جس میں آنکھوں کی تقویت کے لیے مروارید ناسفتہ اور دوسرے جواہر ڈالے جاتے ہیں۔

ک۔د

کد kad: (ار، متعلق، فعل ق) کب

کد kad: (ع، مث) سختی، تکلیف، جدوجہد، سرگرمی، سعی، کوشش، ضد، اصرار، ہٹ۔ (افعال: ہونا)

کدّ و کاوش kad-du kaa-vish: (ف، مث) تلاش، جستجو، چھان بین، سعی۔

کد kad: (ف، مذ) گھر، خانہ، بیت، مکان، کدہ کا مخفف۔

کد بانو kad baa-no: (ف،مث) گھر والی، دلہن، بیوی، بیگم۔

کد خدا / کتخدا kad Ku-daa-ii: (ف،مث) نکاح، ازدواج، بیاہ۔

کِدارا ki-daa-raa: (ہ،مذ) کلیان ٹھاٹھ کا ایک راگ جو عموماً چاندنی رات میں گایا جاتا ہے۔

کُدال ku-daal: (ہ،مث،مذ) زمین کھودنے کا نوکدار اوزار، تصغیر مث: کدالی۔

کُدام ku-daam: (ف،کلمہ) استفہام۔

کُدانا ku-daa-naa: (ار،مص) اڑانا، اچھلوانا، چھلانگ لگوانا، کسی سے کودنے کا کام لینا۔

کُدائی ku-daa-ii: (ار،مث) گھوڑوں سے چھلانگیں لگوانے کا عمل، انعام جو کودنے پر دیا جاتا ہے۔

کِدر ki-dar: (ار،متعلق فعل،ق) کدھر۔

کُدکنا ku-dak-naa: (ار،مص) اچھلنا، کودنا، پھاندنا، چوکڑیاں۔

کدم ka-dam: (ہ،مذ) ایک سایہ دار درخت جس پر کرشن جی نہاتی ہوئی گوپیوں کے کپڑے لے کر چڑھ گئے تھے۔

کدن ka-dan: (ار،مث،ق) طرف۔

کدّو kad-duu: (ف،مذ) ایک ترکاری، گھیا، اردو میں بہ تشدید دال بھی مستعمل ہے، کوزہ شراب، شراب کی بوتل یا صراحی کنایۃً بچوں کا سر اس معنی میں بتشدید دال بھی بولتے ہیں۔

کدو دانہ ka-duu-daa-na(h): (ف،مذ) پیٹ کے ایک قسم کے کیڑے۔

کدّو کش kad-du-kash: (ف،مذ) کدو وغیرہ کو رگڑ کر باریک کرنے کا آلہ۔

کدورت ka-duu-rat: (ع،مث) گدلا پن، غبار، دل کا ملال، رنجش، کینہ۔

کدہ ka-dah: (ف،مذ) جگہ، مقام، خانہ، گھر، جو مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔

کِدھر ki-dhar: (ار،متعلق فعل) کہاں؟ کس جگہ؟ کس طرف؟ کس طرف چلے۔

ک۔ذ

کذّاب kaz-zaab: (ع،اسم مبالغہ) بہت جھوٹ بولنے والا، بڑا جھوٹا۔

کِذب kizb: (ع،مذ) جھوٹ، دروغ۔

ک۔ر

کر kar: (ف،صف) بہرا، جس کو سنائی نہ دے، مذ، زور، طاقت، قوت، توانائی۔

کروفر karo-far: (ف،متعلق فعل) شان وشوکت، دھوم دھام، ٹھاٹ باٹ، زور وتوانائی۔

کر kar: (ار،متعلق فعل) ماضی کے بعد آکر، یہ ظاہر کرتا ہے کہ پہلا فعل پہلے ہوا، اور دوسرا بعد میں، رعایت سے، لحاظ سے۔

کرال ka-raal: (ار،مث) محصول، چنگی، خراج، مال گزاری، ٹیکس، تاوان، سرکی خشکی۔

کرات ومرات kar-raa-to-ma-raat: (ار، متعلق فعل) بار بار، متعدد بار۔

کرّار kar-raar: (ع،صف) بار بار حملہ کرنے والا اور ڈٹا رہنے والا۔ (حضرت علیؓ کا لقب)

کرارا ka-raa-raa: (ار،صف) سخت، کڑا، پژمردہ کی ضد، تگڑا، زور آور کرکرا، خستہ، گراں، مہنگا، وہ سکہ جس کے حروف ونشان برقرار ہوں۔ مث: کراری، اسم کیفیت مث: کرارا پن۔

کروکری ku-ro-ka-rii: (انگ،مث) Crookery مٹی کے یا چینی کے برتن۔

کرامات ka-raa-maat: (ع،مث) دیکھیے 'کرامت' جس کی یہ جمع ہے۔ اردو میں بطور واحد حسب ذیل معانی میں مستعمل ہے۔ حیرت انگیز بات جو کسی ولی سے ظاہر ہو۔ بڑی چیز، بڑائی، کرشمہ، بادشاہوں اور بزرگوں سے خطاب کرنے کا کلمہ۔

کراماتی ka-raa-maa-tii: (ع،صف) کرامت والا، صاحب کرشمہ، کرامت سے منسوب۔

کرامت ka-raa-mat: (ع،مث) نوازش، بزرگی، وہ حیرت انگیز بات جو ولی سے صادر ہو، عنایت، بخشش، خوبی، عمدگی، خرق عادت۔

کراں ka-raaN: (ف،مذ) کنارہ، انتہا، حد۔

کرانا ka-raa-naa: (ار،مص) دیکھیے 'کرنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

کِرانا ki-raa-naa: (ار،مذ) مسالے کی مختلف اشیا، کریانا، سوپ یا کسی اور چیز میں رکھ کر کوڑا کرکٹ صاف کرنا۔

کرانچی ka-raaN-chii: (ہ،مث) سامان لادنے کی گاڑی۔

کرانہ ka-raa-na(h): (ف،مذ) کنارہ، ساحل

کرانی ka-raa-nii: (ار،مذ) (کرسچین کا بگاڑ) عیسائی انگریزی دفتر کا کلرک۔

کراہ ka-raah: (ار،مث) وہ آواز جو کسی درد یا تکلیف کے سبب نکلے۔

کراہت ka-raa-hat: (ع،مث) نفرت، بیزاری، گھن۔

کراہتہً ka-raah-tan: (ع،متعلق فعل) کراہت سے، بیزاری سے۔

کراہنا ka-raah-naa: (ار،مص) ہائے ہائے کرنا، دکھ یا درد سے آہ آہ کرنا، دردناک آواز نکالنا۔

کراہیت ka-raa-hiy-yat: (ار،مث) دیکھیے 'کراہت' جو صحیح ہے۔

کِرایہ ki-raa-yah: (ف،مذ) کسی چیز کے استعمال کرنے کا معاوضہ، اُجرت، بھاڑا، مزدوری۔

کِرایہ دار ki-raa-yah daar: (ف،صف) کرایہ پر لینے والا، کرایہ کے مکان یا دکان میں رہنے والا، اسم کیفیت مث: کرایہ داری۔

کِرایہ نامہ ki-raa-yah naa-ma(h): (ف،مذ) وہ تحریر یا دستاویز جو کرایہ دار مالک کو لکھ کر دیتا ہے۔ جس میں ادائے کرایہ اور استعمال وغیرہ کی شرائط درج ہوتی ہیں۔

کَرب karb: (ع،مذ) اضطراب، بے چینی، سخت تکلیف، غم، رنج۔

کرب انگیز karb-an-gez: (عف،صف) دکھ دینے والا، تکلیف بڑھانے والا، اسم کیفیت مث: کرب انگیزی۔

کرب ناک karb naak: (عف،صف) جس میں دکھ اور تکلیف پائی جائے، دردناک، اسم کیفیت مث: کربناکی۔

کربلا kar-ba-laa: (ع،مث) وہ مقام جہاں امام حسین شہید ہوئے، وہ جگہ جہاں تعزیے دفن کیے جاتے ہیں۔ کنایۃً وہ مقام جہاں پانی نہ ملے۔ تکلیف کا مقام، قحط، کمی، شہیدوں کا مدفن۔

کربلائی kar-ba-laa-ii(i): (ع،صف) کربلا سے منسوب۔

کِرپا kir-paa: (ہ،مث) مہربانی، عنایت، نوازش

کُرتا kur-taa: (ہ،ار،مذ) قمیص، پیراہن۔

کرتا kar-taa: (ار،صف) کرنے والا، خاوند، شوہر

کرتادھرتا kar-taa: (ار،صف) کرنے والا، فاعل، خالق، مالک، مختار۔

کرتار kar-taar: (ہ، صف) مالک، خالق، کنایتہً خدا۔

کرتب kar-tab: (ار، مذ) کام، ہنر، بازی گری، سپاہ گری کا ہنر۔

کرتوت kar-tuut: (ار، مذ) (بطور جمع مستعمل ہے) برے کام، ناشائستہ حرکات۔

کُرتھی kur-thii: (ہ،مث) ایک قسم کا اناج جس کے دانے خشخاش کی طرح چھوٹے ہوتے ہیں۔

کُرتی kur-tii: (ار،مث) آستینوں کے بغیر کرتہ جو اونچا ہوتا ہے اور عورتیں اسے انگیا کے اوپر پہنتی ہیں۔ وردی کا کوٹ جیسے لال کرتی کی پلٹن، بانات کی چھوٹی قمیص جسے کہار پہنتے ہیں۔

کِرچ kirch: (ہ، مذ) ایک قسم کی لمبی اور سیدھی تلوار، سیف۔

کِرچ / کرچ kirch/karch: (ہ،مث) ریزہ، ذرہ، ٹکڑا۔

کرچھا kar-chaa: (ہ،مذ) لوہے کا ایک ڈنڈی والا ظرف جس میں گھی داغتے ہیں، بڑا چمچہ۔

کرچھی kar-chhii: (ہ،مث) دیکھیے، کرچھا جس کی یہ تصغیر ہے۔

کُرخت ka-raKt: (ف، صف) سخت، کڑا، اسم کیفیت مث: کرختی / کرختگی۔

کردال kar-daal: (ہ،مذ) بٹا، بدادائی، کٹوتی / دھرا۔

کِردار kir-daar: (ف،مذ) طرز طریق، قاعدہ، شغل، کام، چلن، خصلت، عادت۔

کِردار نگاری kir-daar ni-gaa-rii: (ف،صف) اشخاص قصہ کے افعال واطوار کا بیان۔

کِردنی kir-da-nii: (ف،صف) کرنے کے لائق، عمل، کام۔

کِردنی خویش آمدنی پیش kar-da-nii Ka-vesh aam-da-nii pesh: (ف،مثل) برے کام کا برا نتیجہ، جیسا کیا تھا ویسا پایا۔

کردہ kar-dah: (ف،صف) کیا ہوا، عمل میں لایا ہوا۔

کردھنی kar-dha-nii: (ہ،مث) ایک زیور جسے ہندو کمر میں باندھتے ہیں۔

کِرِسٹان ki-ris-Taan: (ار، مذ) انگریزی لفظ Christian کا بگاڑ عیسائی۔

کِرِسٹل ki-ris-Tal: (انگ،مذ) Crystal بلور، بلور نما، شفاف۔

کِرِسمس ڈے ki-ris-mas De: (انگ، مذ) Christmas Day عیسائیوں کا بڑا دن، حضرت عیسیٰ کی پیدائش کا دن، 25 دسمبر، عید نصاریٰ، عید میلاد مسیح۔

کِرِسمس ٹری ki-ris-mas Ti-rii: (انگ، مذ) Christmas Tree شجر عید، سرو کی شاخ جسے کرسمس کے دن گھروں میں رکھا جاتا ہے۔ اس میں موم بتیاں اور مٹھائی وغیرہ اور تحائف دیے جاتے ہیں۔

کرسی kar-sii: (ہ،مث) گوبر یا اپلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، چورا۔

کُرسی kur-sii: (ع،مث) چوکی، تخت، مسند، گدی، عمارت کی تہہ کی اونچائی، زینہ، درجہ، تخت الٰہی کا مقام، پیڑھی پشت، خاندان۔

کُرسی نامہ kur-sii-naa-ma(h): (عف، مذ) سلسلہ خاندان، نسب نامہ، شجرۂ نسب۔

کُرسی نشین kur-sii-na-shiin: (عف،صف)

دربار میں بیٹھنے والا، ذہن نشین، مرتبہ حاصل کرنے والا، کامیابی حاصل کرنے والا (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: کرسی نشینی۔

کرشمہ ka-rish-ma(h): (ف، مذ) آنکھ کی جھپکی، ناز، نخرہ، غمزہ (ار) انوکھی بات، حیرت انگیز بات، چال، عیاری (افعال: دیکھنا، دکھانا وغیرہ)

کرشن لیلا ki-rishn lii-laa: (س، مذ) کرشن جی کے کھیل تماشے جو ڈراموں کی صورت میں پیش کیے جاتے ہیں۔ کرشن بھگوان کے کمالات۔

کرفس kar-fis: (ع، مث) خراسانی اجوائن۔

Curfew خانہ بندی کا حکم جسمیں وقت مقررہ کے اندر کوئی شخص اپنے گھر سے باہر نہیں نکل سکتا۔

کرک kark: (س، مذ) کیکڑا، برج سرطان، سفید گھوڑا۔

کرکٹ kar-kuT: (ہ، مذ) گھاس پھوس، خس (خاشاک عام طور پر کوڑے کے ساتھ مستعمل ہے)

کرکٹ kir-kiT: (انگ، مذ) Cricket گیند بلے کا کھیل۔ ایک کھیل جو دولتِ مشترکہ کے ممالک میں بہت مشہور ہے۔

کرکر kir-kir: (ہ، مث) وہ آواز جو ریت وغیرہ کو دانتوں سے چبانے سے پیدا ہوتی ہے۔

کرکرا kir-ki-raa: (ہ، صف) رتیلا، خاک آمیز، اسم کیفیت، مذ: کرکراپن، اسم کیفیت مث: کرکراہٹ مث: کرکری۔

کرکرا kur-ku-raa: (ہ، صف) خستہ، بھربھرا، کرارا، اسم کیفیت مث: کرکراہٹ مث کرکری۔

کرکری kur-ku-rii: (ہ، مث) ایک بیماری کا نام جس میں گھوڑے کا پیشاب بند ہو جاتا ہے، پیچش، مروڑ۔

کرکری kir-ki-rii: (ہ، مث) دیکھیے کرکرا، جس کی تانیث ہے، ہیٹی، ذلت، خواری، ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

کرگدن kar-ga-dan: (ف، مذ) گینڈا جس کی کھال کی ڈھال بنتی تھی۔

کرگس kar-gas: (ف، مذ) گدھ، ایک مردار خور پرندہ۔

کرم ka-ram: (ع، مذ) بزرگی، ہمت، جواں مردی، بخشش، دان پن، عنایت، مہربانی۔

کرم پرور / فرما / گستر ka-ram/par-var/ far-maa/gus-tar: (عف، صف) مہربانی کرنے والا، مہربان اسم کیفیت مث: کرم پروری / فرمائی، گستری۔

کرم پیشہ ka-ram-pe-shaa: (ع، صف) سخی، جوانمرد، اسم کیفیت مث: کرم پیشی۔

کرم kirm: (ف، مذ) کیڑا۔

کرم پیلہ kirm-pii-la(h): (ف، مذ) ریشم کا کیڑا۔

کرم خوردہ kirm-Kor-dah: (ف، صف) گھن لگا ہوا، پرانا، بوسیدہ، کیڑوں کھایا۔

کرم ka-ram: (س، مذ) کام، نوکری، فرض، چال چلن، مذہبی رسم، ذات کے فرائض، مفعول، قسمت، نصیب۔

کرم چاری karm-chaa-rii: (ہ، صف) کارکن، ملازم، نوکر۔

کرم کلا ka-ram kal-laa: (ف، مذ) ایک قسم کی گوبھی جس میں پھول نہیں لگتا۔

کرمک kir-mak: (ف، مذ) دیکھیے 'کرم' جس کی تصغیر ہے۔

کرمی kar-mii: (ق، مث ق) سبب۔

کرن karn: (س، مذ) کان، گوش، مثلث کا قاعدہ۔

کرن پھول karn phuul: (ہ، مذ) کان کا زیور، گوشوارہ۔

کرن ki-ran: (ہ، مث) سورج یا چاند کی شعاع،

سنہری یا روپہلی گوٹے کا تار۔

کِرنا kir-naa: (ار، مص) خنجر یا چھری وغیرہ کی دھار گر جانا۔

کرنا kar-naa: (ار، مص) بنانا، عمل میں لانا، انتظام کرنا، بیوی بنانا، جادو کرنا، کاروبار کرنا۔

کرنٹ ka-ranT: (انگ، مذ) Current رو، لہر (خاص طور پر بجلی کی) موجودہ، تازہ۔

کُرنڈ ku-zinD: (ار، مذ) راکھ اور ریت ملا ہوا پتھر جو ہتھیار تیز کرنے کے کام آتا ہے۔

کرنڈی ka-ran-Dii: (انگ، مث) سر کی چادر، کچے ریشم کی بنی ہوئی لنگی، کپڑے کی ایک قسم۔

کرنسی ka-ran-sii: (انگ، مث) Currency سکہ رائج الوقت، روپیہ پیسہ، نقدی۔

کرنل ker-nal: (انگ، مذ) Colonel کا مؤرد، سردار فوج، رجمنٹ کا اعلے افسر، فوج کا عہدیدار۔

کرنی kar-nii: (ار، مث) کام، فعل، معماروں کا ایک اوزار جس سے گارا چونا وغیرہ بچھاتے ہیں۔

کرْوا kar-vaa: (ہ، مذ) مٹی کا ٹونٹی والا برتن، لوٹا، چھوٹا گھڑا۔

کرّوبی kar-ro-bii: (ع، مذ) فرشتہ، مقرب فرشتہ۔

کروٹ kar-vaT: (ار، مث) پہلو، ایک طرف، جانب، رخ، بل، طور، ڈھنگ، طریق، انقلاب۔

کروڑ ka-roR: (ار، عدد) سو لاکھ

کروڑپتی ka-roR-pa-ti: (ہ، صف) ایک کروڑپتی، دولت مند، سیٹھ۔

کِروشیا ki-ro-shiyaa: (ار، مث) دھاگے کی جالی بننے کا ایک آلہ جو آر کی مانند ہوتا ہے، اس کی نوک آنکڑے دار ہوتی ہے اور دھاگے کو کھینچنے کا کام دیتی ہے۔

کروندا ka-ron-daa: (ار، مذ) ککروندا، سرخ اور

سفید رنگ کا ایک ترش پھل۔

کُردی kur-dii: (ع، صف) کرہ سے منسوب، گول، مدور۔

کُرہ ku-ra(h): (ع، مذ) وہ پانی جس نے کرہ ارض کو گھیر رکھا ہے۔ آبی طبقہ۔

کُرۂ آب kur-ra-e-aab: (ف، مذ) وہ پانی جس نے کرہ ارض کو گھیر رکھا ہے، آبی طبقہ۔

کُرہ آتش/نار ku-ra(h)-aa-tish/naar: (عف، مذ) قدیم خیال کے مطابق آگ کا کرہ جو ہوا کے کرہ کے بعد زمین کے گرد چھایا ہوا ہے۔

کُرۂ ارض ku-ra(h)-e-arz: (عف، مذ) زمین جو گیند کی شکل کی ہے۔

کُرۂ باد ku-ra(h)-e-baad: (عف، مذ) وہ ہوا جو کوسوں تک زمین کے چاروں طرف پھیلی ہوئی ہے۔

کرہاً kar-han: (ع، متعلق فعل) ناگواری سے، مجبوراً۔

کُرکُری kur-ku-rii: (ار، صف) خستہ، بھربھری۔

کِریا کرم kir-yaa-ka-ram: (ہ، مذ) ہندوؤں میں مردے کو کفنانے جلانے کی مذہبی رسوم۔

کُریال kur-yaal: (ہ، مث) جانوروں کا اپنے بازوؤں کو کھجانا اور سہلانا، امن، آرام۔

کریپ ka-rep: (انگ، مث) Crape ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

کُریت ku-ri-yat: (ہ، مث) بری رسم، بدمعاملگی۔

کریٹ ka-reT: (انگ، مذ) لکڑی کا معمولی بکس یا صندوق جس میں کوئی چیز بند کر کے بھیجی جائے۔ Crate

کُرید ku-rad: (ار، مث) چھان بین، جستجو، کاوش (افعال: کرنا، ہونا)

کُریدنا ku-red-naat: (ار، مص) کھودنا، کھود کر باہر نکالنا، دانتوں میں خلال کرنا، آگ کو تلے اوپر کرنا،

ہندی کی چندی کرنا۔

کُریدنی ku-red-nii: (ار، اسم آلہ) کھرچنے کا آلہ، تنور یا چولہے کی آگ الٹ پلٹ کرنے کا آلہ، خلال، کھٹکا، خلش، کھوج، تجسس۔

کرے دار ka-re-daar: (ار، مذ ق) ایک پھل کا نام۔

کِرید ki-red: (ار، مذ) ایک کانٹوں والا پودا جس سے کنگھی بنتی ہے۔

کُریز ku-rez: (ف، مث) پرندوں کے پرانے پر گرنا، پرندوں کے پر جھاڑنے کی کیفیت۔

کِریز ki-riiz: (انگ، مث) Crease تہہ کی شکن یا خط، سلوٹ۔

کُڑی ku-Rii: (ار، صوت صف) مرغیوں کو ہنکانے کی آواز۔

کریل ka-rel: (ھ، مذ) ایک خاردار جھاڑی جس کا کانٹا بہت زہریلا اور تیز ہوتا ہے۔ کریر۔

کریلا ka-re-laa: (ار، مذ) ایک قسم کی کڑوی ترکاری۔

کِریم ki-riim: (انگ، مث) Cream ملائی، بالائی، چہرے پر ملنے کی خوشبودار چیز۔

کریم ka-riim: (ع، صف) بخشنے والا، سخی، فیاض، بامروت جوانمرد، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، اسم کیفیت مث (ف) کریمی۔

کریم النفس ka-rii-mun-nafs: (ع، صف) نیک دل، مہربان بزرگ، اسم کیفیت مث: کریم النفسی۔

کِریم رول ki-riim rol: (انگ، مث) Cream Roll ایک قسم کی انگریزی مٹھائی۔

کریمانہ ka-rii-maa-nah: (عف، صف) سخی کی مانند۔

کِرین ki-ren: (انگ، مث) Crane وزن اٹھانے کا بڑا آلہ، آلہ جرثقیل۔

کریہہ ka-riih: (ع، صف) مکروہ، قابل نفرت بدشکل۔

کریہہُ الصوت ka-rii-hus saut: (ع، صف) ناگوار آواز والا، بدآواز۔

کریہہ منظر ka-rii(h) man-zar: (عف، صف) بدصورت، بدشکل، بدنما۔

ک۔ڑ

کڑا ka-Raa: (ھ، مذ) سخت، کرخت، بے رحم، مضبوط، زور آور، بدمزاج، کٹھن، دشوار، بہادر، دلیر، دھات کا حلقہ یا کنڈا، وہ عمارت جس میں چونے پتھر اور اینٹوں کے سوا لکڑی کا کام نہ ہو، بہت گراں، مہنگا۔

کڑاپا ka-Raa-paa: (ار، مث، ق) جلن۔

کڑاکا ka-Raa-kaa: (ھ، مذ) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز، فاقہ، سختی، شدت۔

کڑاکڑ ka-Raa-kaR: (ار، مذ) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے یا بجنے کی متواتر آواز۔

کڑاکڑی ka-Raa-ka-Rii: (ار، صف، ق) سخت۔

کڑاکے کا جاڑا ka-Raa-ke-kaa jaa-Raa: (ار، مذ) سخت سردی جس میں دانت بجتے ہوں۔

کڑاہی ka-Raa-hii: (ھ، مث) چھوٹا کڑھاؤ، لوہے کا ظرف، پکوان، تلی ہوئی چیز، شیرینی کی نیاز۔

کڑب ka-Rab: (ار، مذ ق) شکم، پیٹ۔

کڑبڑا kaR-ba-Raa: (ھ، صف) ابلق، چتکبرا، وہ شخص جس کی داڑھی میں سیاہ اور سفید بال ہوں۔ ادھیڑ عمر، مث: کڑبڑی۔

کڑبی kaR-bii: (ھ، مث) جوار باجرہ اور چری وغیرہ کا ملا جلا چارہ۔

کڑتی krR-tii: (ار، مذ ق) وہ برتن جس میں جانوروں

کو پانی پلایا جاتا ہے۔ عورتوں کا کرتا جو بغیر آستینوں کے ہوتا ہے۔

کڑک ka-Rak: (ار، مث) بجلی کی آواز، سخت اور مہیب آواز، کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز، پٹے بازی کا وہ ہاتھ جو حریف کے سیدھے پاؤں کی بائیں جانب لگے، کمان کے چھٹنے کی آواز۔

کڑک بانکا ka-Rak-baaN-kaa: (ار، صف) بانکا، ترچھا جوان، وہ آدمی جس کی آواز سے لوگ ڈر جائیں۔

کُڑُک ku-Ruk: (ار، مث) وہ مرغی جو انڈے دینے رک گئی ہو۔ (فعل: ہونا)

کڑکا kaR-kaa: (ہ، مذ) کڑاکا، بجلی کا شور، آوازہ، رجز، میدانِ جنگ میں دل بڑھانے والے اشعار یا گیت، وہ آواز جو نقیب بادشاہ کی سواری کے آگے لگاتے ہیں۔ رزم نامہ بہادری کے گیت۔

کڑکڑاتا kaR-ka-Raa-taa: (ار، صف) شدت کا، سخت، زور کا (جاڑا)

کڑکڑانا kaR-ka-Raa-naa: (ار، مص) گھی یا تیل کے بگھارنے کی آواز، بگھارنا، داغ دینا، آگ پر گھی یا تیل کا گرم کرنا۔

کُڑکُڑانا kuR ku-Raa-naa: (ار، مص) مرغیوں کا بولنا، بڑبڑانا، جلنا، حسد کرنا، برا بھلا کہنا۔

کڑکنا ka-Rak-naa: (ار، مص) گرجنا، بجلی کی آواز پیدا ہونا، چیخ کر بولنا، باجے یا نوبت کا زور سے بجنا، تیزی کے ساتھ روانہ ہونا۔

کُڑکنا ku-Rak-naa: (ار، مص) تڑکنا، چٹکنا، ترخنا، موتی میں بال آنا، موتی کا ٹوٹ جانا، چرمر ہونا، شکن پڑ جانا، جیسے کاغذ میں۔

کڑکیت kaR-ki-yat: (ار، مذ) نقیب، وہ شخص جو میدانِ جنگ کے اندر روز بہ نظم یا نثر بہادروں کو جوش دلانے کے لیے پڑھتا ہے۔

کڑی ka-Rii: (ار، مث) جھلی

کڑوا kaR-vaa: (ار، صف) تلخ، نیم کے مزے کا، تیز و تند، کھاری، نمکین، بدمزاج، اکھڑ، مث: کڑوی، اسم کیفیت مذ: کڑواپن، اسم کیفیت مث: کڑواہٹ۔

کڑوا تیل kaR-vaa-tel: (ار، مذ) سرسوں کا تیل، روغن تلخ۔

کڑوا زہر kaR-vaa ze-har: (ار، مذ) نہایت، تلخ، بہت کڑوا، زہر کی مانند۔

کڑوا کریلا kaR-vaa-ka-re-laa: (ار، مذ) نہایت بدمزاج (کنایۃً)

کڑوا کسیلا kaR-vaa-ka-sii-laa: (ار، مذ) تلخ، ناگوار طبع، مث: کڑوی کسیلی۔

کڑوانا kaR-vaa-naa: (ار، مص) کڑوا ہونا، تلخ ہونا، بگڑنا، خفا ہونا۔

کُڑھانا ku-Rhaa-naa: (ار، مص) رنجیدہ کرنا، غمگین کرنا، رنج دینا، رنج دلانا۔

کڑھانا ka-Rhaa-naa: (ار، مص) دودھ کو، دیر تک گرم کرنا کہ بالائی آجائے۔

کڑھاؤ ka-Rhaa-au: (ار، مذ) دیکھیے 'کڑاہا'۔

کڑھنا kaRh-naa: (ار، مص) نکلنا، باہر آنا، کھنچنا، زردوزی اور کشیدہ کاری ہونا۔

کُڑھنا kuRh-naa: (ار، مص) رنج کرنا افسوس کرنا، ہمدردی کرنا، دلسوزی کرنا۔

کڑھوانا kaRh-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کاڑھنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کڑھوائی kaRh-vaa-ii: (ار، مث) کاڑھنے کی اجرت۔

کڑھی ka-Rhii: (ار، مث) ایک قسم کا سالن جو دہی،

بیسن اور مصالحہ ملا کر پکایا جاتا ہے۔

کڑی ku-Rii: (ہ،مث) مرغیوں کو ہنکانے کی آواز (پنجابی) لڑکی۔

کڑے تیور ka-Re-tai-var: (ار،مذ) غصے کے تیور۔

کڑیل kaR-yal: (ار،صف) کڑا، سخت، طاقتور۔ (مذ) آگ کا بڑا ٹھیکرا۔

کڑیل جوان kaR-yal ja-vaan: (ار،مذ) قد آور جوان، پہلوان آدمی۔

ک۔ژ

کژدم kaZ-dam: (ف،مذ) بچھو، عقرب۔

ک۔س

کس مپرسی kas-ma-pur-sii: (ف،مث) ایسی حالت جس میں کوئی پرسانِ حال نہ ہو، بے کسی کا عالم۔

کس و ناکس ka-so-naa-kas: (ف،مذ) ادنیٰ و اعلیٰ، خاص و عام، ہر شخص۔

کس kas: (ہ،مذ) طاقت، بل، زور، امتحان، آزمائش، تلوار کی خمیدگی، مضبوطی، پہاڑی بارش کے پانی سے بہنے والا نالہ، اصل حقیقت، کسنا کا امر۔

کس بل kas-bal: (ار،مذ) دم خم، زور، طاقت، قوت (افعال: نکالنا، نکلنا)

کس kis: (ار،کلمہ استفہام) کون، کدام۔

کس منہ سے kis-muNh-se: (ار،متعلق فعل) کس دلیل سے، کس طرح، کس حوصلہ سے، کس ثبوت سے۔

کُس kus: (ف،مث) عورت کی شرم گاہ، اندام نہانی۔

کسا ka-saa: (ار،صف) کم وزن اترتا ہوا تول، کھینچا ہوا۔

کسا کسایا ka-sa-ka-saa-yaa: (ار،صف) کھینچا کھنچایا، تیار، زین ڈالا ہوا تیار گھوڑا، گاڑی میں جوتا ہوا گھوڑا۔

کساد ka-saad: (ع،مث) جنس کا نہ بکنا، عدم خریداری اشیاء، مندا ہونا۔

کساد بازاری ka-saad-baa-zaa-rii: (عف،صف) بازار میں خرید و فروخت کا نہ ہونا، مندا ہونا۔

کسان ki-saan: (ار،مص) کاشتکار، کھیتی باڑی کرنے والا، مزارع۔

کسانا ka-saa-naa: (ار،مص) امتحان کرانا، پرکھوانا، کسوٹی پر لگوانا، تلوار کو موڑ کر آزمائش کرنا، بٹیروں کو لڑانے کے لیے باہم کشتی کروا کر دیکھنا۔

کساوٹ ka-saa-vaT: (ہ،مث) دیکھیے 'کساؤ' کپڑا باندھنے کا چست انداز۔

کساؤ ka-saa-au: (ہ،مذ) کھچاوٹ، تناؤ، تنگی، چستی، بدمزگی، کسیلا پن وہ کیفیت، جو تانبے یا پیتل کے برتن میں کسی ترش چیز کے رکھنے سے ہوتی ہے، کچے پھل کی بدمزگی۔

کسب kasb: (ع،مذ) حاصل کرنا، پیشہ، دھندا، کام، ہنر، فن، وہ کمائی جو عورت بدکاری سے حاصل کرے۔ (افعال: کرنا)

کسبت kis-bat: (ار،مث) چمڑے کا وہ تھیلا جس میں حجام اور جراح اپنے اوزار رکھتے ہیں، چمڑے کا ٹکڑا جو اکثر سقے اپنے بائیں چوتڑ پر بطور حفاظت باندھتے ہیں۔

کسبی kas-bii: (ع،صف) کسب سے متعلق، وہ کمال یا ہنر جو اپنی کوشش سے حاصل کیا جائے، پیشہ ور، ہنر مند، فاحشہ۔ رنڈی

کستورا kas-tuu-raa: (ار،مذ) ایک قسم کا ہرن

جس سے مشکِ نافہ حاصل ہوتا ہے۔ ایک قسم کی سینگ دار مچھلی، ایک نہایت خوش آواز، پرندہ، ابابیل کا لعاب جو نہایت مقوی ہوتا ہے۔

کستوُری kas-tuu-rii: (ار، مث) مشک نافہ، ایک خوش آواز پرندہ کا نام ہے، مجازاً ہر قیمتی چیز۔

کسٹرڈ kas-TarD: (انگ، مذ) Custard دودھ انڈے اور چینی کی لئی، انگریزی فرنی۔

کسٹم kas-Tam: (انگ، مذ) Custom محصول درآمد محصول چنگی، بحری لگان رسم و رواج، دستور۔

کسٹوڈین kas-Tu-Di-yan: (انگ، مذ) Custodian محافظ نگران، رکھوالا۔

کسر kasr: (ع، مث) شکستگی، ٹوٹ پھوٹ، ٹکڑا، حصہ، جزو، زیر کی حرکت، کسرہ، علم حساب پر اکائی کا ایک حصہ یا کئی حصے۔

کسر اعشاریہ kas-re-a(?)-shaa-ri-ya(h): (ع، مث، بترکیب فارسی) وہ کسر جو دس کا کوئی حصہ ہو اس کی نشانی ، ہے۔

کسرِ شان kas-re-shaan: (ع مث، بترکیب فارسی) وہ بات جس سے کسی کی عزت و آبرو میں فرق آئے۔

کسرِ نفس kasr-nafs: (ع مث، بترکیب فارسی) نفس کا توڑنا۔

کسرِ نفسی kas-re-naf-sii: (ع ف مث) اپنے آپ کو کم رتبہ ظاہر کرنا، انکسار، عاجزی۔

کسر ka-sar: (ار، مث) کمی، نقص (افعال رکھنا، رہنا، ہونا) بچوں کی بدہضمی، پیٹ کا خال، نقصان، گھاٹا۔

کسرت kas-rat: (ار، مث) ورزش، مشق، مہارت (افعال: کرنا)

کسرتی kas-ra-tii: (ار، صف) کسرت یا ورزش کیا ہوا، کسرت کرنے والا، ورزشی۔

کسرہ kas-ra(h)/kis-ra(h): (ع، مذ) زیر۔ زیر کی حرکت۔

کِسریٰ kis-raa: (ع، مذ) نوشیرواں عادل، شاہان عجم کے ہر بادشاہ کا لقب۔

کسک ka-sak: (ار، مث) ٹیس، ہلکا ہلکا درد۔

کسکنا kas-ak-naa: (ار، مص) درد کرنا، دکھنا، ٹیس مارنا، کم کم درد ہونا۔

کسگر kas-gar: (ف، مذ) مٹی کے برتن بنانے والے کمہار، کوزہ گر۔ مث: کس گرن، (کاسہ گر کا مخفف)

کسل ka-sal: (ع، مذ) سستی، کاہلی، تھکان، تھکاوٹ۔ (ار) علالت، کمزوری طبع۔

کسل مند ka-sal-mand: (عف، صف) علیل، بیمار، سست، اسم کیفیت مث: کسل مندی۔

کُسمسانا kus-ma-saa-naa: (ار، مص) پہلو بدلنا، ہلنا، تنگ ہونا، درد کے سبب اینٹھنا۔

کسمساہٹ kas-ma-saa-haT: (ار، مث) بے آرامی، بے چینی، اضطراب۔

کسنا kas-naa: (ھ، مذ) پٹاری کا غلاف، ستر بند، پلنگ کسنے کی ڈوری، خوان پوشی، چھینکا۔

کسنا kas-naa: (ار، مص) کھینچنا، جکڑنا، مضبوط اور تنگ کر کے باندھنا، تلوار کو خمیدہ کرنا، جانچنا، کم تولنا۔

کسند ka-sand: (ار، مذق) سیسا۔

کسوانا kas-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کسنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کُسوانا kus-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کوسنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کِسوت kis-vat: (ع مث) لباس، پوشاک۔

کسوٹی ka-sau-Tii: (ار، مث) وہ پتھر جس پر سونے کا کس دیکھتے ہیں، پرکھ، جانچ، امتحان، معیار۔

کُسُوف ku-suuf: (ع، مذ) سورج گرہن۔

کسی ka-sii: (ھ، مث) چھوٹا پھاوڑا، بیلچہ، دو قدم کے برابر فاصلے کا ایک پیمانہ۔

کِسی ki-sii: (ار، کلمہ استفہام) کوئی چیز، کوئی آدمی، وہ شخص جس کا نام نہ لیں۔

کسیرا ka-sii-raa: (ار، مذ) ٹھٹھیرا، دھات کے برتن بنانے اور بیچنے والا، مث، کسیرن۔

کسیس ka-siis: (ھ، مذ) ایک قسم کی پھٹکری جو لوہے اور گندھک کے پھونکنے سے تیار ہوتی ہے۔

کسیلا ka-sii-laa: (ار، صف) کساؤ دار، بدمزہ، ترش جو زبان اور حلق کو پکڑے۔ مث: کسیلی، اسم کیفیت مذ: کسیلا پن۔

ک۔ش

کَش kash: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر کشیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ کھینچنے اور برداشت کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً محنت کش (ار مذ) حقہ کا گھونٹ (افعال: کھینچنا، لینا، لگانا)

کُش kush: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی کشتن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ مارنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً جراثیم کش۔

کُشا ku-shaa: (ف، لاحقہ فاعلی) کشودن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھولنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً دل کشا۔

کُشاد ku-shaad: (ف، مث) فراخی، کامیابی، فتح، خوشی، حل۔

کُشادہ ku-shaa-da(h): (ف، صف مفعولی) کھلا ہوا، وا، فراخ، لمبا چوڑا، پھیلا ہوا، اسم کیفیت مث: کشادگی۔

کُشادہ دل ku-shaa-dah-dil: (ف، صف) سخی، فیاض، عالی حوصلہ، فراخ دل، اسم کیفیت مث: کشادہ دلی۔

کشاف ka-shaaf: (ع، صف) نہایت کھولنے والا، بالکل پردہ اٹھانے والا، قرآن کی ایک تفسیر کا نام جس کے مصنف علامہ زمخشری ہیں۔

کشاکش ka-shaa-kash: (ف، مث) کھینچا تانی، دھکم دھکا، تکرار جھڑپ، جھپٹا جھپٹی۔

کشاں ka-shaaN: (ف، صف) کھینچتے ہوئے۔

کشاں کشاں ka-shaaN ka-shaaN: (ف، متعلق فعل) کھینچتے ہوئے، بالجبر (افعال: لانا)

کشائش ka-shaa-ish: (ف، مث) فراخی، کشادگی، وسعت۔

کِشت kisht: (ف، مث) کھیتی، زراعت، بویا ہوا کھیت، شطرنج کے بادشاہ کا ایسے خانہ میں ہونا کہ اگر اس کی جگہ کوئی اور مہرہ ہوتا تو مارا جاتا۔

کِشت زار kisht-zaar: (ف، مذ) کھیتی، ہرا بھرا کھیت۔

کِشتکار kisht-kaar: (ف، صف) کھیتی کرنے والا، کسان، مزارع، دہقان، اسم کیفیت مث: کشت کاری۔

کُشت kusht: (ف، مذ) قتل، خونریزی۔

کُشت و خون kush-to-Kuun: (ف، مذ) خونریزی، مارکٹائی، جنگ و جدال۔

کُشتم کُشتا kush-tam kush-taa: (ار، مذ) گتھم گتھا (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: کشتم کشتی۔

کُشتنی kush-ta-ni(i): (ف، صف) گردن

مارنے کے قابل، گردن زدنی۔

کشتہ kush-tah: (ف، صف) مقتول، ذبح کیا ہوا، مذ، لاش، جسم مردہ، عاشق مفتون، ماری ہوئی دھات، (افعال: کرنا، ہونا) جمع: کشتگان۔

کِشتی kish-ti(i): (ف، مث) ناؤ، بیڑی، سفینہ، ڈونگا، ایک قسم کی پیالی، سینی، لمبا خوان۔

کِشتیبان kish-tii-baan: (ف، مذ) ملاح، مانجھی، اسم کیفیت مث: کشتی بانی۔

کُشتی kush-ti(i): (ف، مث) زور آزمائی، پہلوانوں کا باہم گتھم گتھا ہونا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

کُشتی باز kush-tii-baaz: (ف، صف) کشتی لڑنے والا، اسم کیفیت مث: کشتی بازی۔

کشٹ kashT: (س، مذ) دُکھ، وقت، تنگی، مصیبت، تکلیف، عذاب۔

کَشِش ka-shish: (ف، مث) کشیدگی، کھنچاؤ، جذب، دلربائی، ناز و کرشمہ، رجحان، رغبت، دیر، توقف، مصیبت، سختی، شکر رنجی، انقباض، حرفوں کی کشش۔ جیسے ک کی کشش۔

کَشِشِ اتصال ka-shi-she-et-te-saal: (فع، مث) علم الطبیعات میں اجسام کے پاس پاس کے اجزا کو آپس میں ملا کر رکھنے کی قوت۔

کَشِشِ ثقل ka-shi-she-saql: (فع، مث) وہ کشش جس کی وجہ سے اجسام زمین کے مرکز کی طرف مائل ہوتے ہیں۔

کشف kashf: (ع، مذ) کھولنا، ظاہر کرنا، پردہ اٹھانا، غیب کی باتوں کا اظہار کرنا، انکشاف۔

کشفِ قبور kash-fe-qu-buur: (ع، مذ، بترکیب، فارسی) صوفیوں کا وہ مرتبہ جس میں انھیں مردے کی قبر سے اس کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔

کشفی kash-fii: (ف، صف) دیکھیے 'کشف' جس سے یہ منسوب ہے۔

کشکول kash-kuul: (ف، مذ) بھیک مانگنے کا کاسہ، کاسہ گدائی۔

کِشمِش kish-mish: (ف، مث) ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور، چھوٹے خشک انگور۔

کِشمِشی kish-mish(i): (ف، صف) زردی مائل سیاہ کشمش کے رنگ کا۔

کش مکش kash-ma-kash: (ف، مث) کھینچا تانی، لڑائی جھگڑا، کشیدگی، رکاوٹ، بھیڑ جس میں سے نکلنا مشکل ہو، دقت، دشواری۔

کشمیرا kash-mii-ra(a): (ص، مذ) کشمیر کا بنا ہوا اونی کپڑا، پشینہ۔

کُشن ku-shan: (انگ، مذ) Cushion تکیہ، گدا، گدیلا۔

کُشندہ ku-shin-da(h): (ف، صف) مارنے والا، قاتل۔

کِشنیز kish-niiz: (ف، مذ) دھنیا، کوتھمیر۔

کُشود ku-shuud: (ف، مث) کھلنا، پھیلاؤ، خوشی سے پھیلنا، کامیابی، فائدہ۔

کشود کار ka-shuud-kaar: (ف، مذ) مطلب حاصل ہونا، مشکل حل ہونا۔

کشور kish-var: (ف، مذ) ولایت، ملک۔

کشید ka-shiid: (ف، مث) کھینچنا، عرق نکالنا، کھچاوٹ۔

کشیدہ ka-shii-da(h): (ف، صف) کھینچا ہوا، رنجیدہ، ملول، دراز بلند، مذ، سوئی کا کام، زردوزی، گلکاری، اسم کیفیت مث: کشیدگی۔

کشیدہ خاطر ka-shii-dah Ka-tir: (ف، صف) رنجیدہ دل، آزردہ، ناراض۔

کشیدہ قامت ka-shii-dah qaa-mat: (نع ،صف) لمبے قد کا، دراز قد۔

کشیدہ کار ka-shii-dah-kaar: (ف، صف) کڑھائی کا کام کرنے والا، زردوزی، سوئی کا کام کرنے والا۔

کشیدہ کاری ka-shii-dah-kaa-ri(i): (ف،مث) سوئی کا کام، کڑھائی۔

ک۔ع

کعب ku(?)b: (ع، مذ) ٹخنا، پانسا، علم حساب میں کوئی عدد تین مرتبہ باہم ضرب کھاتا ہو تو اس کا حاصل ضرب کعب کہلاتا ہے۔

کعبہ ka(?)-ba(h): (ع، مذ) چار گوشوں والی چیز مربع، مکہ مکرمہ، اہل اسلام کے مقدس اور متبرک مقام کا نام، جہاں ہر سال حج ہوتا ہے۔ یہ عمارت چار گوشوں والی ہے۔

ک۔ف

کف kaf: (انگ، مذ) Cuff کپڑے کی دوہری پٹی جو آستین کے آگے لگاتے ہیں۔

کف kaf: (ع، مذ) روکنا، بحر کے رکن کے ساتویں حرف کو ساقط کر دینا، ہاتھ، پنجہ۔

کف kaf: (ف، مذ) تلوا، پاؤں، پاؤں کے پنجہ کا حصہ، پنجۂ دست، ہاتھ کی ہتھیلی، جھاگ، پھین، بلغم۔

کف آنا kaf-aa-na(a): (ار، محاورہ) منہ سے پھین گرانا، منہ سے جھاگ نکلنا، نکالنا۔

کفِ پا ka-fe-paa: (ف، مذ) پاؤں کا تلوا۔

کفِ خاک ka-fe-Kaak: (ف، مذ) مٹھی بھر خاک، کنایۃً انسان۔

کفِ دست ka-fe-dast: (ف، مث) ہتھیلی، برابر، ہموار، یکساں، جہاں کوئی آبادی نہ ہو۔

کفِ مرجان ka-fe-mar-jaan: (ف،مث) مونگے کی شاخیں جو پنجے کی شکل کی ہوتی ہے۔

کِفا ki-faa: (ف،مث) تکلیف، محنت، تنگی، گلا گھونٹنا، رنج، سختی۔

کفّار kuf-faar: (ع، مذ) دیکھیے 'کافر' جس کی یہ جمع ہے۔

کفّارہ kaf-faa-ra(h): (ع، مذ) کسی خطا یا گناہ کا عوض، تاوان، ڈنڈ (افعال: بھرنا، دینا)

کَفاف ka-faaf: (ع، مذ) روزینہ، وظیفہ، روزمرہ کا خرچ، روٹی کپڑا۔

کِفالت ka-faa-lat/ ki-faa-lat: (ع،مث) ذمہ داری، ضمانت، ضامنی، بار اٹھانا۔

کِفالت نامہ ka-faa-lat naa-ma(h): (عف، مذ) ضمانت کی دستاویز، ضمانت نامہ۔

کِفایت ki-faa-yat: (ع،مث) کافی ہونا، حسب ضرورت فائدہ حاصل ہونا، بچت، کمی۔

کفایت شعار ki-faa-yat shi-(?)aar: (ع، صف) کم خرچ کرنے والا، جزرس، واجبی خرچ کرنے والا، اسم کیفیت مث: کفایت شعاری۔

کُفر kufr: (ع، مذ) ناشکری، خدا کو نہ ماننا، انکار، بے دینی، ہٹ، ضد۔

کفرستان kuf-ris-taan: (عف، مذ) کافروں کا ملک۔

کُفران kuf-raan: (ع، مذ) ناشکری، ناسپاسی۔

کفرانِ نعمت kuf-raa-ne-na(?)-mat: (ع، مذ، بترکیب فارسی) احسان فراموشی، نعمت کی ناشکری، نمک حرامی۔ (افعال: کرنا)

کفش kafsh: (ف،مث) جوتی، پاپوش۔

کفش بردار kafsh-bar-daar: (ف، صف) جوتی اٹھانے والا، ادنیٰ، اسم کیفیت مث: کفش برداری۔

کفش خانہ kafsh-Kaa-na(h): (ف، مذ) انکساری کے طور پر اپنے مکان کو کہتے ہیں۔ غریب خانہ۔

کفش کن kafsh-kun: (ف، مذ) درگاہ کا وہ خادم یا دروازہ جس کے پاس زائرین جوتے اتارتے ہیں۔

کفگیر kaf-giir: (ف، اسم آلہ) ڈوئی، کفچہ، ڈنڈی والا بڑا چمچہ۔

کفگیرہ kaf-gii-rah: (ف، مذ) سوراخ دار کفچہ جو حلوائیوں کے پاس ہوتا ہے۔

کفن ka-fan: (ع، مذ) وہ کپڑا جس میں مردے کو لپیٹتے ہیں، مردے کی چادر۔

کفن دفن ka-fan-da-fan: (ع، مذ) تجہیز و تکفین۔

کفنانا kaf-naa-naa: (ار، مص، جعلی) مردے کو کفن پہنانا، مردے کو نہلا دھلا کر کفن پہنانا۔

کفنی kaf-nii: (ار، مث) فقیروں کا ایک لباس جو مردے کے کفنی کی طرح ہوتا ہے بے آستیں کرتہ جو نوزائیدہ بچہ کو پہناتے ہیں۔ مردے کو بھی پہنایا جاتا ہے۔

کفو kufv: (ع، صف) ہم جنس، ہم ذات، ہم قوم، ہم خاندان، مانند، برابر۔

ک۔ک

ککروندا kak-rauN-da(a): (ھ، مذ) ایک درخت اور اس کا پھل

ککڑ kuk-kaR: (ار، مذ) مرغا، طنزاً بوڑھا آدمی۔

ککڑوں کوں kuk-RuuN-kuuN: (ار، صوت) مرغ کی اذان، مرغ کی آواز۔

ککڑی kak-Rii: (ار، مث) خیار، ایک قسم کی لمبی اور سبز ترکاری۔

ککڑی kuk-Rii: (ار، مث) کچے سوت کی پچھی، انٹی، مکئی کا بھٹا، آک کا ڈوڈا، مرغی۔

کِکیانا kik-yaa-naa: (ار، مص) بندر کا چلانا، چیخنا۔

ک۔گ

کگر ka-gar: (ار، مث) کنارہ، حاشیہ، کنگورہ، مکان کی کگنی۔

ک۔ل

کل kal: (ار، صف) دیکھیے 'کالا' جس کا یہ مخفف ہے اور مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً کل سرا یعنی کالے سر والا۔

کل مُنہا / موہا kal-muN-haa: (ار، صف) کالے منہ کا آدمی، کم بخت، بدنصیب، مث: کل منہی / موہی۔

کل kal: (ار، مث) مشین، کام کرنے کا اوزار۔

کل دار kal-daar: (ار، صف) کل کے ذریعے سے بنا ہوا سکہ یا روپیہ۔

کل kal: (ار، مث، ق) ترکیب، حکمت، فوارہ، بندوق کا گھوڑا۔

کل kal: (ار، مث) آرام، چین، سکون، قرار، اطمینان۔

کل kal: (ار، مث) گزرا ہوا دن، آنے والا دن۔

کل کلاں (کو) kal-ka-laaN: (ار، متعلق فعل) پھر، آئندہ زمانے میں۔

کل جُگ kal-jug: (س، مذ) چوتھا جگ، آخری زمانہ، برا زمانہ۔

کل kal: (ار، مذ، ق) پھوڑا۔

کُل kul: (ہ، مذ) خاندان، گھرانا، کنبہ، ذات۔

کُل kul: (ع، صف) تمام، سب، جملہ، پورا، کامل، ہر، ہر ایک، صرف، فقط، صوفیاء کی اصطلاح میں خدا تعالیٰ جو واحد مطلق ہے۔

کُلُّہُم kul-lu-hum: (ع، صف) سب کے سب۔

کلا ka-laa: (س، ہ، ث) فریب، آرٹ، گُن، ہنر، فن۔

کلا بازی ka-laa-baa-zii: (ار، مث) ٹانگیں اوپر سر نیچے کر کے نٹ کا کرتب دکھانا۔

کلاکار ka-laa-kaar: (ہ، صف) فن کار، ہنر مند، صاحب کمال، نٹ کھٹ، شوخ، فسادی، شریر۔

کلا ka-lan: (ار، مذ) کونپل، گال، جبڑا، سر، لیمپ کا وہ پرا جس میں بتی لگائی جاتی ہے۔ مکر، فریب، دھوکا۔

کلاتوڑ kal-laatoR: (ار، صف) برابر کا، دندان شکن۔

کلابتوں ka-laa-bat-tuuN: (ف، مذ) چاندی یا سونے کے تار جو ریشم پر چڑھا کر بنے جاتے ہیں۔ چاندی یا سونے کے تار وا۔ کے ڈور، صف نسبتی: کلابتونی۔

کلابہ ka-la-ba(h): (ف، مذ) کچا سوت جو تکلے پر لگا ہوا ہو۔

کلار ka-laar: (ہ، مذ) شراب فروش

کِلاس ki-laas: (انگ، مث) Class، درجہ، مرتبہ، پایہ، طبقہ، جماعت، درجہ، ذات، پات۔

کِلاس فیلو / میٹ ki-laas fai-lo: (انگ، مذ) Class fellow/Mate، ہم سبق، ہم جماعت۔

کِلاسِک ki-laa-sic: (انگ، صف، مذ) Classic قدیم، اعلیٰ درجہ کا، مستند، ادبیات عالیہ، صف نسبتی کلاسکی۔

کلال ka-laal: (ہ، مذ) کلار، شراب بیچنے والا۔

کلال خانہ ka-laal-Kaa-na(h): (ہ، ف، مذ) شراب کی دوکان، مے خانہ۔

کلام ka-laam: (ع، مذ) سخن، بات، گفتگو، وہ عبارت جو کلموں سے مرکب ہو، شعر و سخن، نظم، مقولہ، قول، ملفوظات تصنیف، مضمون، اعتراض، عذر، وہ علم جس سے مذہبی عقائد کو عقلی دلیلوں سے ثابت کرتے ہیں۔ سوال۔

کلامُ اللہ ka-laa-mul-la(h): (ع، مذ) خدا کا کلام، کلام الٰہی، قرآن مجید۔

کلام مجید ka-laam-ma-jiid: (ع، مذ) دیکھیے 'کلام اللہ' قرآن شریف۔

کلامِ ناقص ka-laam-e-naa-qis: (ع، مذ بترکیب فارسی) وہ مرکب جس سے سننے والے کو پورا فائدہ حاصل نہ ہو، مرکب غیر مفید، جیسے احمد کا غلام، محمود کا باپ، مرد عقلمند۔

کلاں ka-laaN: (ف، صف) بڑا، بزرگ، لمبا، طویل، بلند، اونچا، اسم کیفیت، مث: کلانی۔

کلانچ ka-laaNch: (ار، مث) دیکھیے 'قلانچ' چھلانگ۔

کلاوہ ka-laa-vah: (ف، مذ) دیکھیے 'کلابہ' دھاگا

کلاہ ku-laa(h): (ف، مذ) لمبی ٹوپی، تاج شاہی۔

کلائی ka-laa-ii: (ہ، مث) ساعد، پہنچا، ہاتھ اور کہنی کا درمیانی حصہ، ق، قلعی۔

کلب ka-lab: (انگ، مذ) انجمن، سبھا، بزم، ڈنڈا، سونٹا، لٹھ، گاف کے کھیل وغیرہ کا ڈنڈا۔

کلب kalb: (ع، مذ) کتا، سگ۔

کُلبُل kul-bul: (ار، مث) کیڑوں کا رینگنا، کچر کچر، بچے، کچے۔

کُلبُلانا kul-bu-laa-na(a) t: (ار، مص) آہستگی سے ہلنا، کھجانا، بیقرار ہونا، تڑپنا، کیڑوں کا رینگنا، انتڑیوں کا بولنا۔

کُلبُلاہٹ kul-bu-laa-haT: (ار، مث) کیڑوں

کاریگنا، آہستگی سے حرکت کرنا۔
کُلبہ kul-ba(h): (ف، مذ) چھوٹا سا گھر، غریبوں کا جھونپڑا۔
کلبی kal-bii: (ع، صف) سگی، جنونی۔
کِلپ ki-lip: (انگ، مذ) Clip کاغذوں یا بالوں کو اکٹھے رکھنے کی چٹکی۔
کلپانا kal-paa-naa: (ف، مص) ستانا، دکھ دینا، ظلم کرنا، بیقرار کرنا، تڑپانا۔
کلپنا ka-lap-na(a): (ھ، مص) دیکھیے 'کلپانا' جس کا یہ لازم ہے۔
کِلچ ki-lich: (انگ، مذ) Clutch وہ آلہ جس سے مشین چلائی یا ٹھہرائی جاتی ہے۔
کلچا / کلچہ kul-chaa: (ار، مذ) ایک قسم کی میدے کی چھوٹی خمیری روٹی جو تنور میں پکائی جاتی ہے۔
کلچر kal-char: (انگ، مذ) Culture ثقافت، تہذیب، ترقی، زراعت، کاشت، صف، کلچرل Cultural۔
کلچھن ku-lach-chan: (ھ، صف) بدکرداری، برا فعل۔
کِلرک ki-lark: (انگ، مذ) Clerk محرر، منشی، اہلمد، اسم کیفیت مث: (ار) کلرکی۔
کلس ka-las: (ھ مث) گنبد کے اوپر کا نوکدار حصہ، سنہری کلغی جو مندروں مسجدوں یا گنبدوں پر لگی ہوتی ہے۔
کلسا kal-saa: (ھ، مذ) تانبے یا پیتل کا تنگ منہ کا بڑا گھڑا، دیگچہ، گاگر۔
کلغا kal-Gaa: (ار، مذ) ایک قسم کا سرخ رنگ کا پھول، تاج خروس۔
کلغی kal-Gii: (ار، مث) پرندوں کے خوشنما پر جو بادشاہ اپنے تاج ٹوپی یا پگڑی، پر لگاتے ہیں۔ طرہ، مور یا دوسرے پرندوں کے سر کا تاج، پرندوں کی چوٹی۔

کلف ka-laf: (ار، مذ) ایک پکا ہوا لیس دار مادہ جسے پانی میں ملا کر کپڑے کو اس میں ڈبوتے ہیں۔ ہار، وہ سیاہ دھبے جو خون خراب ہونے سے منہ پر ہوتے ہیں۔
کُلفت kul-fat: (ع، مث) رنج، تکلیف، مصیبت، کدورت، رنجش۔
کُلفہ kul-fa(h): (ھ، مذ) دیکھیے 'خرفہ'
کِلک kilk: (ف، مذ، مث) نے جو اندر سے کھوکھلی ہوتی ہے، قلم، نرکل۔
کِلکارنا kil-kaar-na(a): (ار، مص) پکارنا، نعرہ لگانا، چیخنا۔
کِلکاری kil-kaa-rii: (ار، مث) چیخ، زور کی آواز، بندر کی آواز (افعال: مارنا)
کِلکانا kil-kaa-naa: (ار، مص، ق) بددعا دینا، شور کرنا۔
کلکٹر ka-lak-Tar: (انگ، مذ) Collector ضلع دار، ڈپٹی کمشنر، محصول، وصول کرنے والا، اگاہنے والا، اسم کیفیت مث: (ار) کلکٹری۔
کل مکھی kal-mu-khi(i): (ار، صف، ق) سیاہ رو، کالی۔
کلمہ ka-li-ma(h): (ع، مذ) لفظ، بات، قول، وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے، دین اسلام کی صداقت کا جملہ، مجازاً خدا کا نام۔
کلمۃ الحق kal-ma-tul-haq: (ع، مذ) سچی بات، حق کی بات، انصاف کی بات۔
کلمۃ اللہ kal-ma-tul-lah: (ع، مذ) کنایۃً حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
کلمۂ تکبیر kal-ma-he-tak-biir: (ع، مذ بترکیب فارسی) اللہ اکبر سے مراد ہے۔
کلمۂ شہادت kal-ma-he-sha-haa-dat:

(ع، مذ بتر کیب فارسی) اشہد ان لا الہٰ الا اللہ الخ، اس کلمہ میں صرف خدا تعالیٰ کے معبود ہونے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بندہ اور اللہ کے رسول ہونے پر گواہی دی گئی ہے۔

کلمۂ طیبہ kal-ma-e-tay-ya-ba: (ع، مذ) پہلا کلمہ لا الہ الا اللہ، الخ۔

کلمہ گو kal-mah go: (عف، صف) مسلمان، دین کا کلمہ پڑھنے والا، دعا گو، معتقد۔

کلینڈر ka-lain-Dar: (ار، مذ) (انگریزی لفظ Calender کا بگاڑ) فہرست جرائم، قرار داد جرم۔

کلنک ka-lank: (س، مذ) عیب، الزام، بدنامی، دھبا، سیاہی، داغ۔

کلنگ ku-lang: (ف، مذ) سارس، ایک آبی پرندہ، لمبی ٹانگوں والا آدمی، اصیل مرغ۔

کلو kal-luu: (ار، صف) کالے رنگ کا آدمی (مونث کے لیے واؤ مجہول کے ساتھ) کلوٹا، نہایت کالا۔

کلوگرام ki-lo-gi-raam: (انگ، مذ) KiloGram، ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولے کے برابر وزن۔

کلومیٹر ki-lo mii-Tar: (انگ، مذ) Kilo-Meter فرلانگ یا 1100 گز کے برابر فاصلہ۔

کلوواٹ ki-lo-vaaT: (انگ، مذ) Kilo-Watt برقی طاقت کا درجہ ایک ہزار واٹ۔

کلوا kal-vaa: (ار، صف) دیکھیے 'کلو' جس کی یہ تصغیر ہے۔ (امذ) کالا کتا۔

کلوانا kil-vaa-naat: (ار، مص) کیلین، جڑوانا، منتر پڑھ کر کیلوں سے بند کرانا، تسخیر کرانا۔

کلوائی kil-vaa-ii: (ار، مث) کیلنے کا عمل، کیلنے کی اُجرت۔

کلوٹا ka-luu-Taa: (ار، صف) کالا سیاہ، مث کلوٹی۔

کلوخ ku-luuK: (ف، مذ) مٹی کا ڈھیلا، پکی یا کچی اینٹ کا ٹکڑا۔

کلور ka-luur: (ھ، مث) گائے کا بچہ جو جوان ہونے کے قریب ہو۔

کلونجی ka-lauN-jii: (ار، مث) چھوٹے چھوٹے سیاہ بیج جو اچار کے مصالحے میں اور دوا میں استعمال ہوتے ہیں۔

کلہ kal-la(h): (ف، مذ) سر، گال، جبڑا، نیز دیکھیے، کلا، مع مرکبات ومحاورات۔

کلہارنا kul-haar-naat: (ار، مص) دال کا چھلکا جلا کر اتارنا۔

کلہاڑا kul-haa-Raa: (ار، مذ) لکڑی پھاڑنے کا ایک آلہ، تصغیر مث: کلہاڑی۔

کلہڑ kul-lhaR: (ار، مذ) مٹی کا آب خورہ، ایک قسم کی آتش بازی۔

کلھڑا ku-lah-Raa: (ار، مذ) مٹی کا آب خورہ، ایک قسم کی آتشبازی۔

کلیا kul-ya: (ار، مث) مٹی کا چھوٹا برتن، چھوٹی ہنڈیا، وہ ظرف جس میں کتھا چونا رکھتے ہیں۔

کلی ka-lii: (ار، مث) بے کھلا پھول، کپڑے کا ٹکڑا جو کرتے یا قمیص کے پائچے میں ڈالتے ہیں۔ ایک قسم کا حقہ جو ابتدا میں صراحی نما کلی کی صورت میں بنایا جاتا تھا۔ تر چونا، قلعی، کنایۃً باکرہ، کنواری، پرندوں کے نئے اور چھوٹے پر۔

کلی پوش ka-lii-posh: (ار، صف) پرندہ کا بچہ جس کی کلی نکلی ہو (ترکیب غلط ہے)

کلی دار پاجامہ / پائجامہ ka-lii-daar paa-jaa-mah: (ار، مذ) وہ پاجامہ جس میں کلیاں ڈالی جاتی ہیں۔

کلی kul-lii: (ع، صف) پورا، تمام، منطق جس کے

مفہوم میں بہت سے افراد شامل ہوں۔ مثلاً انسان۔

کُلّی kul-lii: (ار، مث) رقیق چیز منہ میں ڈال کر اگلنا، غرغرہ (افعال: پڑنا، تھوکنا، کرنا)

کِلّی kil-lii: (ار، مث) کھونٹی، کیل، پیچ، (افعال: مارنا)

کُلّیات kul-li-yaat: (ع، مذ) 'کلّی' کی جمع، مجموعۂ کلام، کل تصنیفات کا مجموعہ۔

کلیجا ka-le-jaa: (ہ، مذ) ایک اندرونی عضو جس میں پت پیدا ہوتی ہے اور خون صاف ہوتا ہے۔ جگر، ہمت، حوصلہ، جرات، دلیری، ظرف پیارا یا عزیز شخص عزیز چیز، دولت، پونجی، جھوٹ کے موقع پر کلمۂ تنفر واکراہ۔

کلیجی ka-le-jii: (ار، مث) حیوانات کے کلیجے کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔

کلیجے کا ٹکڑا / کی کور ka-le-je ka Tuk-Raa: (ار، مذ) بیٹا، نورِ چشم، لختِ جگر، پارہ جگر۔

کلیجہ ka-le-ja(h): (ف، مذ) کلیجا، جگر، عزیز، پیارا۔

کلید ka-liid: (ف، مث) چابی، کنجی، تالی۔

کلیدی ka-lii-di(i): (ع، صف) کلید سے منسوب، اہم اختیارات کا حامل۔

کلیسا / کلیسا ka-lii-saa: (یونانی، مذ) گرجا، عیسائیوں کی عبادت گاہ، کافروں کا بت خانہ، صف نسبتی: کلیسائی۔

کُلیل ku-lail: (ار، مث) چوپایوں کا خوشی سے اچھلنا کودنا، کریز۔

کلیم ka-liim: (ع، صف) بات کرنے والا، ہم سخن، حضرت موسیٰ کا لقب۔

کلیم اللہ ka-lii-mul-lah: (ع، صف) اللہ سے کلام کرنے والا، حضرت موسیٰ کا لقب۔

کِلیم ki-lem: (انگ، مذ) Claim حق، دعویٰ، مطالبہ، استغاثہ، نالش۔

کِلینر ki-li-nar: (انگ، صف) Cleaner صاف کرنے والا، صفائی کرنے والا، لاری کے ڈرائیور کا مددگار۔

کِلینک ki-lii-nik: (انگ، مذ) Clinic صحت گاہ، شفاخانہ۔

کُلیہ kul-ya(h): (ع، مذ) گردہ، ایک اندرونی عضو۔ (از) مٹی کا چھوٹا کوزہ۔

کُلّیہ kul-li-ya(h): (ع، مذ) قاعدہ، فارمولا، جزئیہ کی ضد، تمام وکمال، کالج۔

کُلّیتہً kul-li-ya-tan: (ع، مذ متعلق فعل) مکمل طور پر، کاملاً، بطور قاعدہ، اصولی طور پر۔

ک۔م

کم kam: (ف، صف) تھوڑا، ذرا سا، خفیف، قلیل، نہیں، معدوم، ادنیٰ، گھٹیا، بد، برا، اسم کیفیت مث: کمی۔

کم آزار kam-aa-zaar: (ف، صف) تھوڑی تکلیف دینے والا، اسم کیفیت مث: کم آزاری، رحمدل، صلح پسند۔

کم از کم kam-az-kam: (ف، صف) کم سے کم، بہت کم، تھوڑے سے تھوڑا۔

کم اصل kam-asl: (ع، صف) کمینہ، نیچ ذات کا، ذلیل، نالائق۔

کم بخت kam-baKt: (ف، صف) بدبخت، بدنصیب، اسم کیفیت مث: کم بختی۔

کم بختی kam-baK-tii: (ار، محاورہ) شامت آنا، برے دن آنا، مصیبت پڑنا، آفت کرنا۔

کم تر kam-tar: (ف، صف) مقابلتاً بہت کم، بہت تھوڑا، نہایت ادنیٰ۔

کم ترین kam-ta-riin: (ف، صف) سب سے کم، نہایت ہی کم، درخواستوں اور عرضیوں میں سائل عام

طور پر اپنے آپ کو بولتے ہیں۔

کم حوصلہ kam-haus-lah: (فع، صف) کم ظرف، اوچھا، کم ہمت، اسم کیفیت مث: کم حوصلگی۔

کم حیثیت kam-hai-si-yat: (ف، صف) ٹٹ پونجیا، کم بضاعت، کم سرمایہ۔

کم خرچ kam-Karch: (ار، صف) کفایت شعار، کنجوس۔

کم دلا kam-di-laa: (ف، صف) بزدل، ڈرپوک، کنجوس، اسم کیفیت مث: کم دلی۔

کم ذات kam-zaat: (ف، صف) رذیل، کمینہ، نیچ ذات۔

کمزور kam-zor: (ف، صف) ناتواں، ہلکا (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: کمزوری۔

کم سخن kam-su-Kan: (ف، صف) تھوڑا بولنے والا، چپ، کم گو، اسم کیفیت مث: کم سخنی۔

کم سن kam-sin: (ف، صف) چھوٹی عمر کا، اسم کیفیت مث: کم سنی / عمری۔

کم سے کم kam-se-kam: (ار، صف) دیکھیے 'کم از کم'

کم ظرف kam-zarf: (فع، صف) کم حوصلہ، اوچھا، کمینہ، سفلہ۔ کیفیت مث: کم ظرفی۔

کم عقل kam-aql: (فع، صف) بیوقوف، نادان، کم فہم، مورکھ، اسم کیفیت مث: کم عقلی۔

کم عیار kam-(?)ay-yaar: (فع، صف) وہ روپیہ جو کم قیمت پر چلے، کھوٹا، اسم کیفیت مث: کم عیاری۔

کم فرصت kam-fur-sat: (فع، صف) بہت مصروف، جس کو فرصت نہ ہو، اسم کیفیت مث: کم فرصتی۔

کم فہم kam-fa-ham: (فع، صف) نادان، کم عقل، اسم کیفیت مث: کم فہمی۔

کم قیمت kam-qii-mat: (فع، صف) سستا ارزاں، کم داموں کا۔

کم گفتار kam-guf-taar: (ف، صف) کم بولنے والا، اسم کیفیت مث: کم گفتاری / گوئی۔

کم مایہ kam-maa-yah: (ف، صف) تھوڑی پونجی والا، اسم کیفیت مث: کام مائگی۔

کم نصیب kam na-siib: (فع، صف) دیکھیے کم بخت، اسم کیفیت مث: کم نصیبی۔

کم و بیش ka-mo-besh: (ف، صف) تھوڑا بہت، لگ بھگ۔

کم ہمت kam-him-mat: (فع، صف) کم حوصلہ، بزدل، ڈرپوک، کام چور، اسم کیفیت مث: کم ہمتی۔

کمیاب kam-yaab: (ف، صف) کم ملنے والا، نادر، نایاب، اسم کیفیت مث: کم یابی۔

کماحقہ ka-maa-haq-qahu: (ع، متعلق فعل) ٹھیک ٹھیک، جیسا اس کا حق ہے۔

کُماج / کماچ ku-maaj/ch: (ف، مث) وہ روٹی جو کہیں سے پتلی اور کہیں سے موٹی ہو، مجازاً موٹی اور گول چیز، لکڑی کا گول ٹکڑا جو چوب خیمہ کے اوپر ہوتا ہے۔

کُماچہ ku-maa-chah: (ار، مث، ق) ایک قسم کی روٹی۔

کماد ka-maad: (ع، مذ) ٹکور، سینک۔

کُمار ku-maar: (س، مذ) کنوارا، شہزادہ، راجا کا بیٹا، مث: کماری۔

کمال ka-maal: (ع، مذ) پورا ہونا، ہنر، گن، لیاقت، (ار) عجیب کام، انوکھی بات، خوبی، کاریگری، استادی، کامل، پورا، نہایت۔

کمالیت ka-ma-li-yat: (ع، مث) کمال،

حالت کمال۔

کمان ka-maan: (ار،مث) انگریزی لفظ command کا مورد، حکم، فرمان، حکومت، سرداری، فوج کی سرداری۔

کمان ka-maan: (ف، مث) تیر پھینکنے کا آلہ، قوس، دھنک، قوسی شکل جو سلاطین کے فرمانوں پر بنی ہوتی تھی۔ خمیدہ، جھکا ہوا، لچکیلا۔

کمان بردار ka-maan bar-daar: (ف، صف) کمان لے کر چلنے والا، تیرانداز، سپاہی۔

کمان دار ka-maan-daar: (ف،صف) تیرانداز، سپاہی، محراب دار، قوسی شکل کا۔

کمانِ رُستم ka-maa-ne-rus-tam: (ار،مث) قوسِ قزح۔

کمان کش ka-maan-kash: (ف،صف) کمان چلانے والا، تیرانداز، اسم کیفیت مث: کمان کشی۔

کمان کیانی ka-maan ki-yaa-nii: (ف، مث) کئے خاندان سے منسوب کمان، نہایت عمدہ کمان۔

کمان گاہ ka-maan-gah: (ف مث) ایک آلہ جس سے 2500 گز کے فاصلہ پر پتھر پھینکتے تھے۔

کمان گر ka-maan-gar: (ف، مذ) کمان بنانے والا، اسم کیفیت مث: کمان گری۔

کمانا ka-maa-naa: (ار،مص) روپیہ پیدا کرنا، مٹی لوہے یا زمین یا چمڑے کو مسلسل ریاضت سے صاف اور درست کرنا، حاصل کرنا، ریاضت اور محنت سے جسم کو مضبوط کرنا، کسب کرنا، بھنگی کا غلاظت کرنا۔

کمانچہ ka-maan-cha(h): (ف، مذ) چھوٹی کمان، غلیل، کمان کی شکل کی ایک صورت جو بادشاہوں کے فرمانوں پر بنائی جاتی تھی۔ سارنگی کا گز، محرابدار چھت۔

کمانڈ ka-maanD: (انگ، مذ) Command دیکھیے کمان بمعنی حکم۔

کمانڈر ka-maan-Dar: (انگ، مذ) Commander سپہ سالار، فوج کا سردار۔

کمانڈو ka-maan-Do: (انگ، مذ) Commando چھاپہ مار سپاہی، گوریلا فوجی۔

کمانہ ka-maa-na(h): (ف، مذ) بڑھئی کی کمان جس سے وہ برما چلاتا ہے۔

کمانی ka-maa-nii: (ار، مث) لوہے کا خمیدہ لچکدار حلقہ جو بگھیوں، گھڑیوں گدیوں اور بندوق کی چاپ میں لگاتے ہیں۔ اس کے کئی نمونے ہوتے ہیں عام طور پر کمان کی شکل یا تار کا بل دار بنا ہوا ہوتا ہے، سارنگی کا گز، بڑھئی کی وہ لکڑی جس سے برما لگاتے / چلاتے ہیں وہ تار جو دانتوں کی چانپ میں دیتے ہیں۔

کماؤ ka-maa-uu: (ار، صف) کمانے والا، محنتی، مزدور، خاوند، مالک، پتی۔

کمائی ka-maa-ii: (ار،مث) آمدنی، پیدا، ماحصل، نفع، روپیہ جو محنت سے پیدا کیا جائے۔ مزدوری، کام۔ (افعال: کرنا، لٹنا)

کمبل kam-bal: (ار،مذ) دیکھیے 'کمل' معہ مرکبات محاورات، اوڑھنے کی اونی موٹی چادر۔

کمپ kemp: (انگ، مذ) دیکھیے 'کیمپ' Camp

کمپا kam-paa: (ہ،مذ) ایک لمبی لکڑی یا بانس جس پر لاسا لگا ہوتا ہے، اس سے پرندوں کو پکڑتے ہیں۔

کمپارٹمنٹ kam-parT-menT: (انگ، مذ) Compartment کمرا، حجرہ، درجہ، ڈبا۔

کمپاس kampaas: (انگ،مث) Compass، قطب نما۔ قبلہ نما، پرکار، محیط، دائرہ، زمین کی پیائش کا ایک آلہ، گاڑی کا چکر۔

کمپاؤنڈ kam-paa-unD: (انگ،مذ) Compound ملانا، مرکب، احاطہ جو مکان کے گرد ہو۔

کمپاؤنڈر kam-paa-un-Dar: (انگ، مذ) Compounder، دواساز۔

کمپنی kam-pa-nii: (انگ، مذ) Company سوداگروں کی جماعت جس نے ملکہ الزبتھ سے 1600 میں یہ فرمان حاصل کیا کہ اس جماعت کے سوا کوئی دوسری جماعت ہندوستان میں تجارت نہیں کر سکتی۔

کمپنی باغ kam-pa-nii-baaG: (ار، مذ) سرکاری باغ جو لوگوں کی سیر کے لیے بنا ہو۔

کمپنی راج kam-pa-nii-raaj: (ار، مذ) جنگ آزادی 1857 سے پہلے ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت تھی اس دور سے مراد ہے۔

کمپو kam-puu: (ار، مذ) کیمپ کا بگاڑ، چھاؤنی، پڑاؤ۔

کمپوزنگ kam-po-zing: (انگ، مذ) Composing ٹائپ کے حروف ملانا، جوڑنا، مرکب کرنا۔

کمپٹیشن kam-pi-Tii-shan: (انگ، مذ) Competition مقابلہ (امتحان یا تجارت) رقابت۔

کمتی kam-tii: (ہ، صف) وزن مرتبہ، لیاقت وغیرہ میں گھٹا ہوا، کمی۔

کم خواب / کمخواب kam-Kwaab: (ف، مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بنا جاتا ہے۔

کمر ka-mar: (ف، مث) جسم کے بیچ کا پچھلا حصہ، پیٹھ، پشت، بیچ، وسط، پٹی، پٹکا، پرتلہ، فوج کا پہلو، بازوئے لشکر، پہلوانوں کا ایک پیچ جو کمر یا کولہے کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ کابلی کبوتر کی ہوا میں قلابازی۔

کمر بستہ ka-mar-bas-tah: (ف، صف) آمادہ، تیار، ہتھیار بند، مسلح، نوکر، خدمتگار۔

کمر بند ka-mar-band: (ف، صف) تیار، مستعد۔ (ار) ازار بند، کمر کو باندھنے کا دوپٹا۔

کمر بندی ka-mar-ban-dii: (ف، مث) فوج کا تیار ہونا، وردی اور ہتھیاروں وغیرہ سے لیس ہونا۔

کمر شکستہ ka-mar-sha-kis-tah: (ف، صف) بے یار و مددگار، بے سہارا۔

کمر کوہ kamar-koh: (ف، مث) پہاڑ کا درمیانی حصہ۔

کمرا kam-raa: (پر، مذ) حجرہ، کوٹھری، خلوت خانہ، کوٹھی کا ہر درجہ، ریل یا جہاز کا درجہ۔

کھرکھراغ khar-khar/kh: (ہ، مذ) ایک ترش پھل جس کی قدرتی طور پر چار پھانکیں ہوتی ہیں۔

کمری kam-rii: (ف، مذ) جھک کر چلنے والا گھوڑا، ایک قسم کی جاکٹ مرزئی۔

کمشنر ka-mish-nar: (انگ، مذ) Commissioner قسمت کا حاکم، کئی ضلعوں کا حاکم۔

کمشنری ka-mish-na-rii: (انگ، صف) Commissionary قسمت، کئی ضلعوں کا حلقہ، کمشنر کی کچہری، کمشنر کا عہدہ۔

کُمک ku-mak: (ف، مث) مدد، جماعت، وہ فوج جو لڑائی میں مدد کے لیے بھیجی جائے، صف نسبتی، کمکی۔

کمل ka-mal: (ار، مذ ق) کنول۔

کمّل kam-mal: (ار، مذ) بھیڑ بکری کے بالوں کا بنا ہوا کپڑا، جو سردیوں میں جسم پر لپیٹتے ہیں۔ تصغیر مث: کملی۔

کمل پوش kam-mal posh: (ار، صف) کمل اوڑھنے والا، درویش، وہ سوار جو دلی کے بادشاہ محمد شاہ کے ملازم تھے۔ اور نادر شاہ کی فوج کے مقابلہ میں مارے گئے۔

کُملانا، کمھلانا kum-laa-naa: (ار، مص) مرجھانا، طراوت نہ رہنا، خشک ہونا، سوکھنا، دبلا ہونا۔

کمینٹری ka-main-Try:(انگ،مث)Commentary تفسیر، تبصرہ، شرح۔

کمنڈ ka-mand:(ف،مث) ایک قسم کی چرمی رسی جو کسی کی گردن یا منڈیر میں ڈال دیتے ہیں۔ اس کے ذریعے گلا گھونٹتے یا دیوار پر چڑھتے ہیں۔ پھندا، حلقہ۔

کمنڈل ka-man-Dal:(ہ،مذ) مٹی یا لکڑی کا پانی کا برتن جسے سادھو استعمال کرتے ہیں۔

کمنگر ka-man-gar:(ا،مذ) دیکھیے 'کمان گر' ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے والا، اسم کیفیت مث: کمنگری

کمونا kam-vaa-naa:(ا،مص) دیکھیے 'کمانا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کمونی ka-muu-nii:(ف،مث) ایک قسم کی معجون جس کا جزو اعظم زیرہ ہوتا ہے۔

کمہار kum-haar:(ا،مذ) مٹی کے برتن بنانے والا، مث کمہاری / کمہارن۔

کمھلانا kumh-laa-naa:(ا،مذ) کملانا، پژمردہ ہونا۔

کمیت ka-miy-yat:(ع،مث) مقدار، تعداد۔

کمیٹی ka-mai-Tii:(انگ،مث)Committee ذیلی مجلس جو کسی خاص مقصد کے لیے بنائی گئی ہو، مجلس، انجمن۔

کمیدان ka-mii-daan:(ت،مذ) کپتان کا ماتحت یا نائب۔

کمیرا ka-mii-raa:(ا،مذ) کام کرنے والا، کسان کا نوکر معاون، مددگار مث: کمیری۔

کمیسار ka-mii-saar:(انگ،مذ)Commissar نگران، محکمہ کا افسر۔

کمیشن ka-mii-shan:(انگ،مذ)Commission جماعت ماہرین، وہ جماعت جسے کوئی خاص کام کرنے کا اختیار ہو۔ پروانگی۔ حکم نامہ، ہدایت، سند، معاوضہ یا فی صدی رقم جو کسی کمیشن ایجنٹ یا آڑھتی کو دی جائے۔

کمیشن ایجنٹ ka-mii-shan e-jainT:(انگ، مذ)Commission-Agent، دلال، آڑھتیا۔

کمیلا ka-mii-laa:(یائے مجہول)(ہ،مذ) وہ جگہ جہاں قصاب گائے بکری وغیرہ ذبح کرتے ہیں۔

کمیلا ka-me-laa:(ہ،مذ) سرخ رنگ کی دوا جو کھجلی والے زخم یا پیٹ کے کیڑوں کے لیے مفید ہے۔

کمین ka-miin:(ا،مذ) نیچ، ادنی، ذلیل (صف) اوچھا، کم ظرف، پاجی۔

کمین ka-miin:(ع،مث) گھات، دشمن یا شکار پر حملہ کرنے کے لیے چھپ کر بیٹھنا۔

کمین گاہ ka-miin-gaah:(عف،مث) گھات کی جگہ، حملہ کرنے کے لیے پوشیدہ جگہ۔

کمینہ ka-mii-nah:(ف،صف) کم رتبہ، اوچھا، کم ظرف، پاجی، نیچ، اسم کیفیت مث: کمینگی، اسم کیفیت مذ: کمینہ پن۔

کمیون kam-yuun:(انگ،مذ)Commune پرگنہ، تعلقہ، ملکی انتظام کا چھوٹا مرکز۔

کمیونٹی ka-muu-ni-Tii:(انگ،مث)Community ساجھا ملکیت مشترکہ، طبقہ، فرقہ، گروہ، بستی، آبادی، محلہ، برادری۔

کمیونزم kam-yuu-nizm:(انگ،مث) Communism دیکھیے 'اشتراکیت'

کمیونسٹ kam-yuu-nisT:(انگ،صف) Communist دیکھیے اشتراکی۔

ک۔ن

کن kan:(ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر کندن سے

صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعلی ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھودنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے گورکن، کوہکن وغیرہ۔

کن kan: (ہ، مذ) ذرہ، ریزہ، اناج کا دانہ، اناج، اناج کا کیڑا، شگوفہ کونپل، آٹا، ہیرے کا پہلو، (صف) چھوٹا۔ کان کا مخفف، جانچ، پرکھ، کونہ، گوشہ، آدھا، نیم۔

کن پٹی / کنپٹی kan-pa-Tii: (ار، مث) کان اور ماتھے کے درمیان جگہ۔

کن پھٹا kan-pha-Taa: (ار، مذ) وہ شخص جس کے کان پھٹے ہوئے ہوں، ایک قسم کے ہندو جوگی جو کانوں میں بڑے بڑے چھید کر کے مندرے ڈالتے ہیں۔

کنٹوپ kan-Top: (ار، مذ) ایک قسم کی بڑی ٹوپی جس کا پچھلا حصہ کانوں کے اوپر آ جاتا ہے۔

کن چھدا kan-chi-daa: (ار، صف) وہ شخص جس کے کان چھدے ہوئے ہوں جس کے کانوں میں سوراخ ہوں۔

کن چھیدن kan-che-dan: (ار، مذ) بچوں کے کان چھیدنے کی رسم۔

کن رس kan-ras: (ار، صف) راگ / رنگ / باتیں سننے کا مزہ / دلچسپی وہ شخص جو گا تو نہ سکے مگر موسیقی سے واقف ہو۔

کن رسیا kan-ras-yaa: (ار، مذ) جسے گانے سننے کا شوق ہو۔

کن سلائی kan-sa-laa-ii: (ار، مث) ایک لمبا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے۔

کن سوئی kan-suu-ii: (ار، مث) سنتا۔

کن کٹا kan-ka-Taa: (ار، صف) جس کے کان کٹے ہوئے ہوں، مث کن کٹی۔

کنکوت kan-kuut: (ار، مذ) کھڑی فصل سے اناج کا اندازہ کرنے کے بعد مالک مزارع میں اناج کا حصہ لینے کا فیصلہ۔

کن کھجورا kan-kha-juu-raa: (ار، مذ) ایک لمبا کیڑا جس کی بہت سی ٹانگیں ہوتی ہیں۔

کِن kin: (ہ، استفہام) کون کی جمع، مگر اردو میں کس کی جمع استعمال ہوتا ہے، (کا، کو، کے، کی میں کے ساتھ مستعمل ہے)

کُن kun: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر کردن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً کارکن۔

کُن فکاں / فیکون kun-fa-kaaN: (ع، فعل) ہو جا اور ہو گئی، کنایۃً تمام عالم، موجودات۔

کنّا kan-naa: (ہ، مذ) کنارہ، لب، کور، وہ ڈور جس کو پتنگ میں اوپر نیچے چھید کر کے باندھتے ہیں۔ جوتی کے نیچے کا کنارہ، کڑا یا حلقہ جو کڑاہی میں لگا ہوتا ہے۔

کنار ka-naar: (ار، مذ) گھوڑے کا زکام۔

کِنار ki-naar: (ف، مذ) کنارہ، لب، پہلو، طرف، حاشیہ، گوشہ، کونہ، ساحل۔ (متعلق فعل) ایک طرف۔

کِنار ki-naar: (ف، مث) گود، بغل، پہلو، سینہ، چھاتی، جدائی، علیحدگی۔

کِنارا ki-naa-raa: (ار، مذ) دیکھیے 'کنارہ'

کِنارہ ki-naa-ra(h): (ار، مذ) ساحل، لب دریا، حاشیہ، فیتہ جو چادروں اور دوشالوں پر لگایا جاتا ہے۔ گوشہ، کونہ، کھونٹ، انجام، انتہا، سرا، جدائی، علیحدگی۔

کِناری ki-naa-rii: (ار، مث) کنارہ سے منسوب، پتلا گوٹا جو عورتیں دوپٹوں کے کناروں پر لگاتی ہیں۔

کِناری باف ki-naa-rii-baaf: (ف، مذ) کناری بننے والا۔

کِنارے کِنارے ki-naa-re ki-naa-re:

(ار، متعلق فعل) سڑک، رستے کے کنارے ساحل کے ساتھ ساتھ۔
کنال ka-naal: (ھ، مذ) زمین کا ایک پیمانہ جو بیس مرلے کے برابر ہوتا ہے، بیگھے کا چوتھا حصہ۔
کِنائت ki-naa-yat: (ع، مث) دیکھیے 'کنایہ نمبر3'
کِنایتاً ki-naa-ya-tan: (ع، متعلق فعل) اشارے سے۔
کِنایہ ki-naa-yah: (ع، مذ) اشارہ، رمز، پوشیدہ بات، استعارہ، مجاز، منشا، مقصد، مطلب۔
کنبہ / کنبا kum-bah: (ار، مذ) قبیلہ، گھرانہ، خاندان۔ اہل و عیال۔
کنبہ پرور kum-bah par-var: (ار، صف) بال بچے اور رشتہ داروں اور عزیزوں کو جمع کرنا۔
کنبٹ kun-baT: (ار، مذ ق) کسان، کاشتکار، رعیت، اسم کیفیت مذ: کنبٹ، پنا۔
کنبی kan-bii: (ار، مذ ق) کسان، کاشتکار۔
کنتھا kan-thaa: (ار، مذ) شوہر، خاوند، پیارا، عاشق، ق، گودڑی، دلق۔
کنٹرول kan-Ta-raul: (انگ، مذ) Control اقتدار، حکومت، قابو، نگرانی، روک، رکاوٹ، بندش۔
کنٹرولر kan-Tro-lar: (انگ، صف) Controller محاسب نگران، ناظم، ناظر۔
کنٹریکٹ kan-TrekT: (انگ، مذ) Contract معاہدہ، اقرار نامہ، ٹھیکہ۔
کنٹریکٹر kan-Trek-Tar: (انگ، مذ) Contracter تاجر، ٹھیکیدار، اجارہ دار۔
کنٹھ kanTh: (ھ، مذ) گلا، گلے کی ہڈی جو مرد کے بالغ ہونے پر اُبھر آتی ہے، گانٹھی، آواز، سُر۔

کنٹھ مالا kanTh-maa-laa: (ار، مذ) ایک بیماری جس میں گلے سے گلٹیاں نکل آتی ہیں۔
کنٹھا kan-Thaa: (ھ، مذ) بڑے بڑے دانوں کا ہار، پھولوں کا ہار، بڑے دانوں کی تسبیح، ہلالی وضع کا کڑھا ہوا کپڑا۔ جو گریبان میں لگاتے ہیں۔
کنٹھی kan-Thii: (ھ، مث) موتیوں کی لڑی جو گلے میں باندھتے ہیں۔ پرندوں کے گلے کا طوق۔
کنٹھے باز kan-The-baaz: (ار، صف) کنٹھے پہننے والا، (فقیر) مکار۔
کنٹھے دار kan-The-daar: (ھ، صف) طرحدار۔
کُنج kunj: (ف، مذ) کونہ، گوشہ۔
کُنج kunj: (س، مذ) درختوں کا جھنڈ، بنگلہ، گلی
کنجا / کرنجا kan-jaa/ ka-ran-ja(a): (ھ، صف) نیلی آنکھوں والا، مث: کنجی / کرنجی۔
کنجال kan-jaal: (ھ، مذ) سبز کائی جو پانی پر جم جاتی ہے۔
کُنجد kun-jad: (ف، مذ) ایک پودا اور اس کا بیج جس کا میٹھا تیل نکلتا ہے، تل۔
کنجڑ kan-jaR: (ھ، مذ) ایک خانہ بدوش قوم جو سرکیاں بنا کر بیچتی ہے اور گوہ اور سانپ تک کھا جاتی ہے۔ رنڈیوں کا بھڑوا، کنجن۔
کنجری kan-ja-rii: (ار، مث) کنجر قوم کی عورت، کنجر کی جورو۔ رنڈی، طوائف، کنجنی۔
کُنجڑا kunj-Raa: (ھ، مذ) ترکاری بیچنے والا، سبزی فروش۔ مث: کنجڑن / کنجڑی۔
کُنجشک Kun-jash!: (ف، مث) چڑیا، جو مکانوں میں رہتی ہے۔
کنجوس kan-juus: (ار، صف) بخیل، شوم، تنگ دل، ممسک، اسم کیفیت مث: کنجوسی۔

کُنجی kun-jii: (ار، مث) چابی، تالی، کلید۔
کنچن kan-chan: (ار، مذ) سونا، زر، طلا، ایک قوم جو اپنی عورتوں کو نچواتی ہے اور کسب کراتی ہے۔
کنچنی kanch-ni: (ار، مث) ناچنے والی عورت، فاحشہ، بیسوا۔
کنْد kand: (ہ، مث) جڑ، بیخ۔
کُنْد kund: (ف، صف) کھنڈا، وہ چاقو، چھری یا تلوار جو تیز نہ ہو۔
کُندا kun-daa: (ار، مذ) پاجامے کی سہ گوشہ کریز، بندوق کا پچھلا حصہ، پتنگ کا ہر گوشہ۔
کندرُو kand-ruu: (ار، مذ) ایک قسم کی ترکاری۔
کندلا kand-laa: (ار، مذ) سونے کا تار، سونے یا چاندی کا تار۔
کُندن kun-dan: (ہ، مذ) خالص سونا، اعلیٰ درجہ سونا، بے میل، خالص۔
کُندن سا رنگ kun-dan saa rang: (ار، مذ) چمکتا ہوا سنہرا رنگ۔
کندُورا kan-duu-raa: (ف، مذ) دسترخوان
کندُوری kan-duu-rii: (ف، مث) دسترخوان، روٹیوں پر لپیٹنے کا رومال، بی بی کی صحنک، مذ: ایک قسم کا جنگلی گھیا۔
کندہ kan-dah: (ف، صف) کھدا ہوا، منقش (افعال: کرنا، ہونا)
کندہ کار kan-dah-kaar: (ف، صف) قلم کار نقش ونگار، کھودنے والا، اسم کیفیت مث: کندہ کاری۔
کُندہ kun-dah: (ف، مذ) موٹی لکڑی کا ٹکڑا، بندوق کی لکڑی، لکڑی کا ٹکڑا جس پر قصائی قیمہ کوٹتے ہیں۔ وہ لکڑی جس میں سوراخ کر کے مجرموں کے پاؤں ٹھونک دیتے ہیں۔ دیکھیے کندا۔

کُندہ ناتراش kun-dah-naa-ta-raash: (ف، صف) ان گھڑی لکڑی، مجازاً احمق، بے وقوف۔
کندھا kan-dhaa: (ہ، مذ) شانہ، مونڈھا۔
کُنڈی kun-Dii: (ار، مث) لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر دروازے کی چول گھومتی ہے۔
کُندی kun-dii: (ار، مث) دھلے ہوئے یا رنگے ہوئے کپڑوں کو صاف کرنے کا کام۔ کپڑوں کی صفائی جو موگروں سے کی جائے، موگری، مار پیٹ۔
کُندی گر kun-dii-gar: (ار، صف) ریشمی اور عمدہ کپڑوں کو صاف کرنے والا۔
کُنڈ kunD: (س، مذ) تالاب، چشمہ، گڑھا، غار۔
کنڈا kan-Daa: (ہ، مذ) اُپلا، خشک گوبر
کُنڈا kun-Daa: (ار، مذ) حلقہ، لوہے کا وہ حلقہ جو زنجیر میں ڈالتے ہیں، زنجیر۔
کنڈرگارٹن kin-dar-gaar-ten: (انگ، مذ) Kindergarten، چھوٹے بچوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں سے تعلیم دی جاتی ہے۔
کنڈکٹر kan-Dak-Tar: (انگ، صف) Conductor، رہنما، رہبر، پیشرو، داروغہ، کرایہ کی گاڑیاں چلانے والا، موصل، ناقل (حرارت)
کُنڈل kun-Dal: (س، مذ) حلقہ، چکر، دائرہ، کان کا بالا، چاند سورج کا حلقہ۔
کُنڈلی kunD-lii: (ہ، مذ) چھوٹا سا حلقہ، دور، چکر، گھیرا، جنم پترا، سانپ کا جلیبی کی شکل بنا کر بیٹھنا۔
کُنڈی kun-Dii: (ار، مث) ایک قسم کی ٹوکری جس میں اسباب وغیرہ لاتے ہیں۔ میوے کا ہار جو ہندو کے بچے تہوار وغیرہ کو گلے میں ڈالتے ہیں۔
کنستر ka-nas-tar: (انگ، مذ) Canister، بکس، پیپا۔

کنسیشن kan-se-shan: (انگ، مذ) Concession، رعایت۔

کنفرمیشن kan-far-me-shan: (انگ، مث) Confirmation، مستقل، استقلال، برقراری۔

کنک kank: (ار، مث، ق) کلنک، دھبا، داغ، عیب، سونا، زر۔

کنک ka-nak: (ہ، مث) گیہوں، گندم۔

کنکر kan-kar: (ہ، مذ) چونے کا سخت ٹکڑا، سنگریزہ، تصغیر مث: کنکری۔

کنکری kan-ka-rii: (ار، مث) ٹھیکری، ڈلی، ٹکڑا۔

کنکریٹ kan-ki-riiT: (انگ، مث) Concrete کنکر اور پتھر یا سمنٹ کا مرکب۔

کنکوا kan-kav-vaa: (ہ، مذ) کاغذ کا بنا ہوا، پتنگ، گڈی، تکل۔

کنکوت kan-kuut: (ہ، مذ) کھڑے کھیت کا تخمینہ لگانے والا۔

کنکیاں kan-ki-yaaN: (ار، مث، ق) چاول کے ٹکڑے۔

کنگال kan-gaal: (ار، صف) مفلس، محتاج، نادار، تنگ حال، کال کا مارا۔

کنگارو kan-gaa-ruu: (انگ، مذ) Kangaroo، آسٹریلیا کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ اس کے پیٹ میں ایک تھیلی ہوتی ہے جس میں بچے کو بٹھا لیتا ہے۔

کنگلا kan-ga-laa: (ار، صف) دیکھیے 'کنگال' جس کی تصغیر ہے۔ مث: کنگلی۔

کنگن kan-gan: (ار، مذ) کلائی کا ایک زیور، دستینہ۔

کنگنا kang-naa: (ار، مذ) وہ ڈورا جو دولھا کی کلائی پر باندھا جاتا ہے۔

کنگنی kang-nii: (ار، مث) کارنس، دیوار کی نگر، ایک قسم کا چکنا اناج، اینٹوں کا بنا ہوا اردا جو دیوار سے باہر نکال کر رکھتے ہیں۔ آلہ تناسل کی کھال، دندانہ دار کارنس۔

کنگورا / کنگورہ kan-guu-raa: (ار، مذ) کنگرہ، کلغی جو پگڑی کے اوپر لگائی جاتی ہے، سنگھاڑا۔

کنگھا kan-ghaa: (ہ، مذ) بال سلجھانے کا بڑا آلہ جو مرد استعمال کرتے ہیں۔ سکھوں کی کنگھی، جولاہوں کا اوزار جس سے بانا ٹھوکتے ہیں اس کے ایک طرف دندانے ہوتے ہیں۔ (افعال: کرنا، ہونا) تصغیر مث: کنگھی

کنو kin-nuu: (ار، مذ) سنگترہ کی ایک جدید ترقی یافتہ قسم جو سنترہ سے زیادہ شیریں اور بہتر ہوتی ہے۔

کنوار kun-vaar: (ار، مذ) ایک پودا جو اکثر دوائیوں میں کام آتا ہے، ہندی چھٹا اور فصلی سال کا پہلا مہینہ، اسوج، ستمبر۔

کنوار، کنوارا kaN-vaar/ kan-vaa-ra(a): (ار، صف) وہ مرد جس کی ابھی شادی نہ ہوئی ہو، بن بیاہا مث: کنواری۔ اسم کیفیت: کنوارا پن، پنا۔

کنواں kuN-vaaN: (ہ، مذ) زمین میں گول گڑھا کھود کر اس کے گرد اندر کی طرف لکڑی کا گول چکر رکھ کر اس کے اوپر پختہ اینٹوں سے جو عمارت چن دیتے ہیں۔

کنور kuN-var: (ہ، مذ) راجا کا بیٹا، شہزادہ، لڑکا، پسر۔

کنوس kain-vas: (انگ، مذ) Canvas، ٹاٹ، کرمچ، تصویر، تصویر کا چوکھٹا۔

کنول kaN-val: (ہ، مذ) ایک پودا جو پانی میں اگتا ہے، اس کے پھل کو کول ڈوڈہ کہتے ہیں۔ نیلوفر، اس کا

پھول، گل نیلوفر، پدم کمودنی (افعال: پھولنا، کھلنا) سرخ کاغذ یا ابرک کا پھول جس میں موم بتی جلا کر دریا میں خواجہ خضر کے نام پر چھوڑتے ہیں۔ قمقمہ چڑھانا (افعال: چڑھانا، لگانا، لگنا) ایک ظرف جس میں موم بتی جلاتے ہیں۔ (افعال: جلانا، جلنا، روشن کرنا یا ہونا، لگنا، لگانا)

کنول باد kaN-val baad: (ار، مذ) یرقان۔

کنویسنگ kan-ve-sing: (انگ، مذ) ووٹ کے حصول کے لیے کوشش۔

کُنہ kunh: (ع، مث) مادہ، روح، عطر، اصلی بات، بات کی باریکی، بات کی تہہ، حقیقت۔

کینہ kii-naa: (ف، مذ) دشمنی، مخالفت۔

کنہائی kan-haa-ii: (ہ، مث) تال۔ کھڑی فصل کا تخمینہ۔

کنھیّا ka-nhay-yaa: (ہ، مذ) کرشن جی کا لقب، خوبصورت، حسین۔

کنی ka-ni: (ہ، مث) ذرہ، ریزہ، ہیرے وغیرہ کا نہایت چھوٹا ٹکڑا، ٹوٹے ہوئے چاول، چاولوں کا کچا رہ جانا۔

کنّی kan-nii: (ہ، مث) فیتہ، حاشیہ، گوٹ، کنارہ، سرا، شال پر لگانے کا اونی / ریشمی کنارہ، کپڑے کا ٹکڑا / دھجی جو پتنگ کے ایک کونے میں وزن برابر کرنے کو باندھتے ہیں۔ تمباکو کے چھوٹے چھوٹے پتے جو کاٹنے کے بعد پھوٹ آتے ہیں۔

کنی دار kan-nii daar: (ار، صف) وہ کپڑا جس کے کنارے پر کسی رنگ کی دھاری ہو۔

کنی دبانا kan-nii da-baa-naa: (ار، محاورہ) قابو میں لانا، بس میں کرنا۔

کنیادان kan-yaa-daan: (ہ، مذ) جہیز دینا، وہ روپیہ جو بیٹی کے بیاہ کے لیے لوگوں سے مانگا جائے۔

کنیانا kan-yaa-naa: (ہ، مص) ایک طرف ہو جانا، پتنگ کا کنی کھانا، کسی عیب کی وجہ سے شرم و حجاب کرنا۔

کُنّیت kun-ni-yat: (ع، مث) وہ نام جو ماں باپ یا بیٹے کی طرف منسوب ہو۔ جیسے ابوسعید مثلاً اُم جمیلہ اور ابن عمر یہ نسب کے اظہار کے لیے آتی ہے اور وصف کے لیے بھی۔

کنیر ka-niir: (ہ، مذ) ایک پودا جس کے پتے لمبے اور پھول سفید و سرخ ہوتے ہیں۔ اس کی جڑ اور چھال زہریلی ہوتی ہے جِنوں کے سفوف کے جوشاندہ سے پتو، کھٹمل مر جاتے ہیں۔

کنیرال ka-nii-raal: (ہ، مذ) ایک قوم جو تیر بناتی ہے۔

کنیز ka-niiz: (ف، مث) لونڈی، باندی، تصغیر مث: کنیزک۔

کنیزی ka-nii-zii: (ف، مث) لونڈی کی حالت، لونڈی ہونا، ملازمت، نوکری۔

کنیسہ ki-nii-sah: (ف، مذ) گرجا، معبد یہود و نصاریٰ کا۔

ک ـ و

کُو kuu: (ف، مذ) کوچہ کا مخفف، گلی، فراخ رستہ۔ (متعلق فعل) کہاں، کہاد کا مخفف، کون، کونسا۔

کُوبہ کُو kuu-bah-kuu: (ف، متعلق فعل) دربدر، گلی گلی۔

کُوچہ kuu-chah: (ف، مذ) تنگ راہ، گلی۔

کُوچہ بند kuu-chah-band: (ف، صف) وہ کوچہ جس کے نکاس پر دروازہ لگا ہوا ہو۔

کوّا kav-vaa: (ہ، مذ) سیاہ رنگ کا پرندہ جو ہندو

پاکستان میں عام ہے۔ زاغ، کاگ، گوشت کا ٹکڑا جو حلق میں ہوتا ہے۔

کوال kuu-aal: (ہ، مذ) دیکھیے کنواں۔

کوار ka-vaar: (ہ، مذ) دیکھیے کنوار مع مرکبات و محاورات۔

کوارٹر ka-vaa-Tar: (انگ، مذ Quarter) چوتھا حصہ، ایک انگریزی وزن جو 28 پونڈ کا ہوتا ہے۔ سال کا چوتھا حصہ، سہ ماہی، مقام، جگہ۔ چھاؤنی، کوارٹرز کا تحرب، رہنے کا مکان، پناہ۔

کِواڑ ki-vaaR: (ہ، مذ) لکڑی کا تختہ جو دروازے میں لگا ہوتا ہے۔ (افعال: بند کرنا، بھیڑنا، کھولنا) چھاؤنی کا ہر ایک پہلو۔

کِواڑی ki-vaa-Rii: (ہ، مث) چھوٹا دروازہ دیکھیے کواڑ، قبا، انگرکھے مرزائی وغیرہ کا وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف رہتا ہے۔

کواکب ka-vaa-kab: (ع، مذ) دیکھیے 'کوکب' جس کی یہ جمع ہے۔

کوآنچ kuu-aNch: (ہ، مث) ایک درخت اور اس کی پھلی، اس کے چھو جانے سے انسان کے بدن پر خارش ہو جاتی ہے۔

کوائف ka-vaa-if: (ع، مذ) کیفیت کی غلط جمع صحیح کیفیات ہونی چاہیے۔

کوب kuub: (ف، لاحقہ فاعل) کوفتن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور کوٹنے والے کے معنی دیتا ہے، مثلاً سینہ کوب۔

کوبرا kob-raa: (انگ، مذ Cobra) ایک قسم کا سیاہ پھن والا نہایت زہریلا سانپ، افعی۔

کوبڑا / کوبڑ ko-baR: (ہ، مذ) بڑھاپے کی وجہ سے پیٹھ کی ہڈی کا نکل آنا۔

کوپ kop: (س، مذ) غصہ، جوش، کرودھ، ناراضی۔

کوپن ko-pan=ko-pin: (انگ، مذ Coupon) کاغذ کا وہ حصہ جسے مثنیٰ سے علیحدہ کر لیا گیا ہو، پرچہ، رسید اقرارنامہ۔

کوتاہ ko-taah: (ہ، مذ) اندازہ، تخمینہ کرنے والا افسر۔

کوت kot: (انگ، مث) وہ لکڑی کا شکنجہ جس میں بندوقیں رکھتے ہیں۔

کوتاہ ko-taah: (ف، صف) چھوٹا، مختصر، تنگ، سکڑا ہوا، ٹھنگنا، ادا، بے باق، اسم کیفیت مث: کوتاہی۔

کوتاہ اندیش ko-taah-an-desh: (ف، صف) بے سوچے سمجھے کام کرنے والا، کم فہم، اسم کیفیت مث: کوتاہ اندیشی۔

کوتاہ بین / نظر ko-taah biin/na-zar: (ف، صف) کم نظر، کم بین، کم فہم، پست ہمت، اسم کیفیت مث: کوتاہ بینی / نظری۔

کوتاہ دست ko-taah dast: (ف، صف) پست ہمت، کم حوصلہ، اسم کیفیت مث: کوتاہ دستی۔

کوتاہ فہم ko-taah fe-ham: (ف، صف) کم فہم، بے عقل، اسم کیفیت مث: کوتاہ فہمی۔

کوتاہ قد / قامت ko-taah qad: (ف، صف) ٹھنگنا، بونا، پست قد، چھوٹے قد کا۔

کوتاہ قلم ko-taah qa-lam: (ف، صف) کم لکھنے والا، اسم کیفیت مث: کوتاہ قلمی۔

کوتاہ گردن ko-taah gar-dan: (ف، صف) چھوٹی گردن والا، کنایتہً شریر آدمی۔

کوتاہ ہمت ko-taah him-mat: (ف، صف) پست ہمت، کم حوصلہ، اسم کیفیت مث: کوتاہ ہمتی۔

کوتل ko-tal: (ف، مذ) خالی گھوڑا، خاص گھوڑا جو امیروں کی سواری کے آگے آگے آراستہ پیراستہ ہو کر محض سجاوٹ اور دکھاوے کے لیے رہے، جلو کا گھوڑا

کوتوال kot-vaal: (ف، مذ) پولیس کا وہ عہدہ دار جس کے ماتحت کئی تھانے ہوں۔

کوتوالی kot-vaa-lii: (ار، مث) کوتوال کا صدر مقام، پولیس اسٹیشن۔

کوتہ ko-tah: (ف، صف) دیکھیے 'کوتاہ' جس کا یہ مخفف ہے، مع مرکبات۔

کوٹ koT: (ہ، مذ) قلعہ، حصار، گڑھ، فصیل، شہر پناہ، چاردیواری، احاطہ۔

کوٹ koT: (انگ، مذ) Coat آستینوں والا فرنگی جامہ، وہ جامہ جو دوسرے لباس کے اوپر پہنا جاتا ہے۔

کوٹ koT: (ار، مذ) انگریزی Court کا بگاڑ، کچہری عدالت، دربار، معاشقہ، ملاقات۔

کوٹا ko-Taa: (انگ، مذ) Quota حصہ، حصہ، رسد۔

کوٹلا koT-laa: (ار، مذ) چھوٹا قلعہ، گڑھی۔

کوٹنا kooT-naa: (ار، مص) مارنا، پیٹنا، کوبہ کاری کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کچلنا، زدوکوب کرنا۔

کوٹھا ko-Thaa: (ہ، مذ) بالا خانہ، اوپر کا کمرہ، دکان کی بڑی کوٹھری ذخیرہ، گودام، گھر۔

کوٹھری / کوٹھڑی koTh-rii: (ہ، مث) حجرہ، کمرا، درجہ۔

کوٹھی ko-Thii: (ہ، مث) چھوٹا پکا گھر، گودام، ذخیرہ، غلہ رکھنے کا ظرف، بیٹھک، ساہوکار یا صرّاف کی کوٹھی، کارخانہ، بڑی دوکان، بندوق کا خانہ جہاں بارود جاکر ٹھہرتی ہے۔ امیروں کا مکان جو شہر سے باہر ہوتا ہے۔

کوٹھی وال ko-Thii-vaal: (ہ، صف) مہاجن، ساہوکار، صراف۔

کوٹھے والیاں ko-The-vaa-li-yaaN: (ار، مث) رنڈیاں، کسبیاں، طوائفیں۔

کوٹی ko-Tii: (ار، مث) کوٹ کی تصغیر، طنز، جلی کٹی، ہجو۔

کوٹیشن kuu-Te-shan: (انگ، مذ) Quotation بھاؤ کی تفصیل، نرخ نامہ، تخمینہ۔

کوثر kau-sar: (ع، صف) بہشت کی ایک نہر، جنت کا حوض۔

کوچ koch: (انگ، مذ) Couch صوفہ، پلنگڑی۔

کوچ koch: (انگ، مث) Coach شاہی گاڑی، سواری گاڑی، ریل کا ڈبا، استاد، معلم۔

کوچبان / کوچوان koch-baan: (ار، مذ) گھوڑا گاڑی چلانے والا۔ (Coach-Man کا موڑد)

کوچ koch: (ہ، مذ) جولاہوں کی تانی صاف کرنے والا برش، مث۔ وہ موٹا پٹھا جو آدمی کی ایڑی کے اوپر اور چوپایوں کے ٹخنے کے نیچے ہوتا ہے۔ دوسرے معنوں میں بیشتر جمع میں مستعمل ہے۔ (کوچیں)۔

کوُچ kuuch: (ف، مذ) روانگی، رحلت۔

کوچا ko-chaa: (ار، مذ) کچوکا، کسی نوکدار چیز یا تلوار کا تھوڑا سا زخم جو آر پار نہ ہو۔ (افعال: دینا، کرنا)

کوچک ko-chak: (ف، صف) چھوٹا، ننھا، خرد۔

کوچنا koch-naa: (ار، مص) چبھونا، چھری یا کانٹے کی نوک سے گودنا، کچو کے دینا۔

کوُچہ kuu-chah: (ف، مذ) دیکھیے 'کو' مع مرکبات۔

کوُچی kuu-chii: (ار، مث) سفیدی کرنے یا سونا چاندی صاف کرنے کا برش۔

کوُد kuud: (ار، مث) چھلانگ، جست۔

کوُد پھاند kuud-phaaNd: (ار، مث) اچھل

کود، دوڑ دھوپ۔

کُودنا kuud-naa: (ار، مص) اچھلنا، پھاندنا، چھلانگیں مارنا، اترانا، غرور کرنا۔

کوڈ koD: (انگ، مذ) Code مجموعہ قوانین، اشاروں کا کلام، خفیہ لغت، بری اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ۔

کَوَر ka-var: (انگ، مذ) Cover ڈھکن، ڈھکنا، سرپوش، چینی، پوشش، غلاف، کتاب کا پٹھا، مقوا، دفتی، سرورق۔

کور kor: (انگ، مذ) Corps فوج کا دستہ جو کسی کام کے لیے متعین کیا جائے۔

کُور kuur: (ھ، صف) اندھا، اسم کیفیت مث: کوری۔

کُوردل kuur-dil: (ف، صف) کند فہم، کج طبع، دل کا اندھا، دل میں کینہ رکھنے والا۔

کُورچشم kuur-chashm: (ف، صف) کورنگاہ، اندھا، نابینا، جسے آنکھوں سے دکھائی نہ دے، اسم کیفیت مث: کورچشمی۔

کُورده kuur-dah: (ف، مذ) کم آباد چھوٹا گاؤں، جو مشہور نہ ہو، جاہلوں کی بستی۔

کُورنمک kuur na-mak: (ف، صف) نمک حرام، ناشکرا، احسان فراموش۔ اسم کیفیت مث: کورنمکی۔

کور kor: (ھ، مث) کنارہ، حاشیہ، کنی، سرا، سنجاف، مغزی، کگر، اُپلے کا چوڑا، ناخن کا نوکدار ٹکڑا، کھال کا ٹکڑا جو ناخن کی جڑ میں سے ابھر آتا ہے۔

کور کسر kor ka-sar: (ار، مث) نقص، عیب، کمی بیشی، برائی بھلائی، قصور، قباحت۔

کورا ko-raa: (ھ، صف) نیا، غیر مستعمل، سادہ، صاف، بےلاگ، جاہل، احمق، نادان، غریب، مفلس، تنگ دست، بے مروت، بے وفا، مث: کوری، اسم کیفیت مذ: کوراپن۔

کَورانہ kau-ra-naa: (ف، صف) اندھوں کی طرح، بے سوچے، بے سمجھے۔

کورٹ korT: (انگ، مث) Court قصر شاہی، محل سرا، کچہری، عدالت۔

کورٹ اِنسپکٹر korT ins-paik-Tar: (انگ، مذ) Court Inspector پولیس کا وہ عہدہ دار جو سرکار کی طرف سے عدالت میں مقدمات کی پیروی کرتا ہے۔

کورٹ شِپ korT ship: (انگ، مذ) Court-ship شادی سے قبل لڑکے لڑکی کے راز و نیاز، معاشقہ۔

کورٹ مارشل korT-mar-shal: (انگ، مذ) Court-Martial جنگی عدالت، فوجی عدالت۔

کورس kors: (انگ، مذ) Course تعلیم کا نصاب، درسی کتاب۔ گھوڑ دوڑ کا میدان۔

کورس ko-ras: (انگ، مذ) Chorus وہ نغمہ جو سب مل کر گائیں گانے والوں کی جماعت، چوکی طائفہ۔

کورم ko-ram: (انگ، مذ) Quorum ارکان کی وہ تعداد جس کی موجودگی سے جلسہ کی کاروائی جائز اور موثر ہو سکتی ہے۔

کورنش kor-nish: (ف، مث) خمیدگی، جھکاؤ، تسلیم، بندگی، آداب جھک کر سلام کرنا۔

کورو ko-rav: (مص، مذ) دھرت راشٹر کے بیٹے جو مہابھارت کی لڑائی میں پانڈوؤں کے مقابلہ پر تھے۔

کوریڈور ko-ri-Dor: (انگ، مذ) Corridor غلام گردش، متعدد کمروں کے سامنے کا راستہ کسی ملک کی مقبوضہ زمین کا وہ تنگ قطعہ جو کسی دوسرے ملک کے علاقہ میں سے گزرتا ہے۔

کاڑ kuuR: (ار، صف ق) دیوانہ، بے وقوف، گنوار، احمق۔

کاڑا kuu-Raa: (ار، مذ) دیکھیے 'کوڑی' جس کا یہ اسم مکبر ہے۔

کاڑا ko-Raa: (ار، مذ) چابک، تازیانہ، درّہ، تنبیہ، گوشمالی (افعال: مارنا، کھانا، لگانا)

کاڑا kuu-Raa: (ار، مذ) خس و خاشاک، گھاس پھوس، نکمی اور خراب چیز۔

کوڑا کرکٹ kuu-Raa-kar-kaT: (ار، مذ) گھاس پھوس، ردّی اور نکمی چیز۔

کوڑھ koRh: (ھ، مذ) برص، جذام، ایک مرض جو فسادِ خون سے ہوتا ہے۔ اس میں یا تو بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں یا اعضا پر ورم ہو کر انگلیاں گرنے لگتی ہیں۔ مصیبت۔

کاڑھ kuuRh: (ھ، صف) بیوقوف، احمق، مورکھ، اسم کیفیت مذ: کوڑھ پن/پنا۔

کوڑھی ko-Rhii: (ھ، صف، مذ) جذامی، مجذوم، کوڑھ کا مریض۔

کوڑی kau-Rii: (ار، مث) ایک بیسی، بیس۔

کوڑی kau-Rii: (ار، مث) ایک قسم کا چھوٹا سنکھ جو پہلے زمانہ میں ادنیٰ سکہ کے طور پر چلتا تھا۔ سینے کی ہڈی کے نیچے کا گڑھا جو انسان کے جسم میں ہوتا ہے۔ کٹار کی موٹی نوک، مجازاً روپیہ پیسہ، مال دولت، قلیل مقدار حبہ، پائی۔

کوڑیا koR-yaa: (ھ، مث) چھوٹا دروازہ، کھڑکی کا پٹ، کواڑ کی تصغیر۔

کاز kuuz: (ف، صف) کبڑا، خمیدہ۔

کازپشت / کوزہ پشت kuuz-pusht: (ف، صف) خمیدہ پشت، کبڑا۔

کازہ kuu-zah: (ف، صف) کبڑا، خمیدہ، مذ، ڈونگا، مصری کے گول گول ڈلے، مٹی کا آب خورہ۔

کوزہ گر kuu-zah-gar: (ف، مذ) کمہار، کاسہ گر، کلال، اسم کیفیت مث: کوزہ گری۔

کوس kuus: (ف، مذ) بڑا نقارہ، بڑا طبل، دمامہ۔

کوسِ رحلت/ارتحل kuu-se-rah-lat: (فع، مذ) کوچ کا نقارہ، موت کی خبر۔

کوس kos: (ھ، مذ) راستہ کی ایک حد، فرسنگ، تین ہزار گز کی لمبائی سنگِ نشان جو ہر فرسنگ پر ہوتا ہے، کروہ۔

کوسنا kos-naa: (ار، مص) بد دعا دینا، برا بھلا کہنا، پیٹنا، ماتم کرنا۔

کوسوں ko-sauN: (ار، متعلق فعل) دور تک۔

کوش kosh: (ف، لاحقہ فاعلی) کوشیدن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور کوشش کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے کم کوش/ستم کوش، مجموعہ، مخزن۔

کوشاں ko-shaaN: (ف، صف) کوشش کرنے والا۔

کوشش ko-shish: (ف، مث) دوڑ دھوپ، محنت، مشقت (افعال: کرنا، ہونا)

کوشک ko-shak: (ف، مذ) قصر، محل، اونچی اور بلند عمارت۔

کوفت koft: (ف، مث) مارنا، کوٹنا، سونے کو لوہے میں جڑنا، تکلیف، درد، رنجیدگی، ملال۔

کوفت گر koft-gar: (ف، مذ) کوفت کا کام کرنے والا شخص، ملمع گر، سونے کے وزن بنانے والا آدمی، اسم کیفیت مث: کوفت گری۔

کوفت وکوب kof-to-kob: (ف، مث) مارنا، کوٹنا۔

کوفتہ kof-ta(h): (ف،صف) ضرر رسیدہ، کوٹا ہوا، قیمے کے گول کباب کا سالن، اسم کیفیت مث: کوفتگی۔

کوک kuuk: (ف،مذ) کچی سلائی، ترپائی، لمبے لمبے ٹانکے، دھاگا ڈالنا، کوئل یا پپیہے کی پکار۔

کوک شاستر kok-shastr: (س،مذ) ایک کتاب مصنفہ کوک نامی پنڈت جس میں عورتوں کی اقسام اور مباشرت کے طریقے دیے ہیں۔

کوک kuuk: (ہ،مث) آواز، صدا، سریلی آواز، کوئل یا فاختہ کی آواز، آواز بلند، مور کی آواز چیخ، کیک، کلکاری، آہ، نالہ وہ آواز جو کوے رات کو ملتے وقت ایک دوسرے کو مارتے ہیں۔ گھڑی یا باجے وغیرہ میں چابی دینا، لپیٹنا جیسے سوت کا۔ (افعال: دینا، چڑھنا، اترنا)

کوکا kuu-kaa: (ہ،مذ) سکھوں کا ایک فرقہ جس کی بنا رام سنگھ نے 1767 میں رکھی۔ یہ تقریر کرتے وقت بہت چیختے تھے اس لیے یہ نام پڑا۔

کوکا ko-kaa: (ہ،مذ) چھوٹی کیل (زیور) پریک، کلی، سرخ کنول گل نیلوفر، وہ گچھا جو کیلے میں سے نکلتا ہے۔ کانٹا، سول، کوکا بیلی، نیلوفر۔

کوکب kau-kab: (ف،مذ) ستارہ، اختر۔

کوکبہ ko-ka-bah: (ف،مذ) ستارہ، جماعت، انبوہ، بھیڑ، ایک روپہلی سنہری گولا جو لکڑی کے اوپر لگا ہوتا ہے اور بادشاہوں کے جلوس میں لے کر چلتے ہیں۔ شاہی جلوس، شان و شوکت، سواروں کا پرا۔

کوکلتاش ko-kal-taash: (ت،مذ) دودھ شریک بھائی۔

کوکنا kuuk-naa: (ہ،مث) گھڑی وغیرہ کو چابی لگانا، چیخنا، چلانا، درد کی آواز نکالنا، کوئل، فاختہ اور قمری کا کوکو کرنا، مور کا چنگاڑنا۔

کوکنار kuuk-naar: (ف،مذ) پوست، پوست کا ڈوڈا۔

کوکہ / کوکا ko-kah=ko-kaa: (ت،مذ) رضاعی بھائی، رضاعی بہن۔

کوکھ kokh: (ہ،مث) پہلو کے نیچے وہ جگہ جہاں ہڈی نہیں ہوتی، پیٹ، پہلو، رحم، بچہ دان، اولاد۔

کوکھ جلی kokh-ja-lii: (ار،صف) وہ عورت جسے اولاد کے مرجانے کا صدمہ پہنچا ہو۔

کوکئی ko-ka-ii: (ہ،مث) اودا رنگ، کنول کا رنگ۔

کوکین ko-kiin: (انگ،مث) Cocaine کوکا پودے کا مرکب جو نشہ اور بے حس کر دینے والا ہے۔ شوقین اور عیاش لوگ پان میں ڈال کر کھاتے ہیں۔

کول تار kol-taar: (انگ،مذ) Coaltar تارکول، لک جو سڑکوں پر ڈالتے ہیں۔

کول گیس kol-gais: (انگ،مذ) Coal-Gas ایک ہوا جو جلانے کے کام آتی ہے۔

کولا kau-laa: (ہ،مذ) گود، بغل، دروازے کے ادھر ادھر کی دیواریں، پہلو کی دیوار، کونا، گوشہ، کھونٹ، وہ اناج کی پولی جو کاٹنے والے کو دی جاتی ہے، ایک قسم کی نارنگی، اس قدر جو دونوں بازوؤں میں آجائے، سوراخ، چھید، غار۔

کولھا kuu-lhaa: (ہ،مذ) چوتڑ، پٹھا، ازار بند ھنے کی جگہ۔

کولر kuu-lar: (انگ،مذ) Cooler ٹھنڈا کرنے کی مشین، برتن، خنک ساز۔

کولھو / کولو ko-lhuu: (ہ،مذ) تیل نکالنے کا آلہ یا کل، رس نکالنے کی کل۔ وہ لکڑی جس کے گرد چکی پھرتی ہے۔

کولی kau-lii: (ار،مث) گود، آغوش، دونوں بانہوں کا حلقہ۔

کون kaun: (ع،صف) ہو جانا، وجود میں آنا، دنیا،

جہاں، عالم موجودات، ہستی۔

کون و مکاں kau-no-ma-kaaN: (ع، مذ) دنیا، جہاں۔

کوُن kuun: (ف، مذ) گانڈ، مقعد، دبر۔

کون kon: (س، مذ) زاویہ، کونا، بربط، بجانے کا گھر، کوئی درمیانی سمت جیسے شمال مشرق۔

کوَن kaun: (ار، حرف استفہام) غیر انسان کے لیے سا اور سی کے ساتھ مستعمل ہے۔ انسان کے ساتھ بغیر سا اور سی کے استعمال ہوتا ہے۔ کدام، کو، کے، کیا چیز بے حقیقت، کوئی، زیادہ، بیحد۔

کون سا kaun-saa: (ار، حرف استفہام) کون، کیا؟ کس قدر، کتنا؟ مث کونسی۔

کونا ko-naa: (ار، مذ) گوشہ، زاویہ، طرف، جانب، پہلو، کولا۔

کونپل kaun-pal: (ہ، مث) شگوفہ، کلی، نئی چھوٹی ملائم پتی جو درخت میں سب سے پہلے نکلتی ہے۔

کونت kuuNt: (ہ، مث) اندازہ، تخمینہ، انکل، تشخیص، کوت۔

کونج kuuNj: (ار، مث) قاز، کلنگ، راج ہنس، حواصل، سارس۔

کونچ kuuNch: (ار، مث) ایک زہریلا درخت اور اس کا پھل۔

کونچا kuuN-chaa: (ار، مذ) بھڑ بھونجے کا کڑچھا جس سے بالو وغیرہ نکالتے ہیں۔

کونچال koN-chaal: (ار، مذ) گھاس کا پولا۔

کونچنا koNch-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کوچنا'

کونچی koN-chii: (ار، مث) دیکھیے 'کوچی'

کوندا / کوندا kauN-daa: (ار، مذ) بجلی کی چمک، افعال: لپکنا، ہونا۔

کوندنا kauNd-naa: (ار، مص) بجلی کا چمکنا۔

کونڈ kuuND: (ار، مث) نانڈ، کپڑا رنگنے دھونے کا برتن۔

کونڈا kuuN-Daa: (ار، مذ) آٹا گوندھنے والا برتن، نانڈ، پرات۔

کونڈی kuuN-Dii: (ار، مث) چھوٹا کونڈا جو اکثر مٹی یا پتھر کا ہوتا ہے۔ دوری۔

کونسل kaun-sil: (انگ، مث) Council جماعت، مجلس، سبھا، مجلس شوریٰ، دیوان، ارکان مجلس۔

کونسلر kauNs-lar: (انگ، مذ) Councillor کونسل کا رکن، مشیر، صلاح کار۔

کوں کوں kuuN-kuuN: (ہ، مث) کتے کے پلے کی آواز۔

کونی kuu-nii: (ف، مث) وہ شخص جسے علت مشائخ ہو، اغلام کرانے والا۔

کونین kau-nain: (ع، مذ) دونوں جہاں، ہر دو عالم، دین دنیا، ہر دوسرا۔

کونین kuu-niin: (انگ، مث) Quinine ایک مشہور دوا جو بخار بالخصوص ملیریا وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے۔

کوہ koh: (ف، مذ) پہاڑ، سنگلاخ پہاڑی سلسلہ، صفت نسبتی: کوہی۔

کوہِ آتش فشاں ko-he-aa-tish-fi-shaaN: (ف، مذ) وہ پہاڑ جس میں گندھک کا مادہ ہونے کے باعث آگ کے شعلے نکلتے ہیں۔ جوالا مکھی پہاڑ۔

کوہِ آدم ko-he-aa-dam: (ف، مذ) لنکا کے سلسلہ کوہ کی وہ بلند چوٹی جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت آدمؑ بہشت سے یہاں اترے تھے۔

کوہِ بے ستون ko-he-be-su-tuun: (ف، مذ)

ایران کا ایک پہاڑ جس کے متعلق مشہور ہے کہ فرہاد نے کھود کر اس میں سے جوئے شیر نکالی تھی۔

کوہ پیکر koh-pai-kar: (ف، صف) پہاڑ جیسے جسم والا، گرانڈیل، قوی ہیکل۔

کوہ پیما koh-pai-maa: (ف، صف) پہاڑ پر چڑھنے والا، اسم کیفیت مث: کوہ پیمائی۔

کوہِ جگر ko-he-ji-gar: (ف، صف) حوصلہ مند آدمی، شجاع، دلیر، بہادر۔

کوہِ جودی ko-he-jo-dii: (ف، مذ) وہ پہاڑ جس میں حضرت نوحؑ کی کشتی طوفان کے ختم ہو جانے کے بعد ٹھہری تھی۔

کوہِ رحمت ko-he-reh-mat: (ف، مذ) مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام (جبل الرحمت)

کوہِ صفا ko-he-sa-faa: (ف، مذ) مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔

کوہِ طور ko-he-tuur: (ف، مذ) ملک شام کا وہ پہاڑ جس پر خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو اپنی تجلی دکھائی تھی۔

کوہ قاف koh-qaaf: (ف، مذ) بحیرہ اسود کے شمالی حصہ کا وہ پہاڑ جسے پرانے قصے کہانیوں میں پریوں کا مسکن بتایا جاتا ہے۔ کنایۃً حسین اور ناقابل گزر مقام۔

کوہ کن koh-kan: (ف، صف) پہاڑ کھودنے والا، شیریں کے عاشق فرہاد کا لقب، اسم کیفیت مث: کوہ کنی۔

کوہِ نور ko-he-nuur: (ف، مذ) ایک بہت بڑے ہیرے کا نام جو بابر کو ابراہیم لودھی سے لڑائی کے بعد ملا تھا اور آخر میں انگریزوں کے ہاتھ لگا۔

کوہان ko-haan: (ف، مذ) اونٹ کی پیٹھ کی بلندی، سانڈ یا بیل کا اونچا کندھا۔

کوہسار koh-saar: (ف، مذ) پہاڑ کی جگہ، پہاڑوں کا سلسلہ، پہاڑی ملک۔

کوہستان ko-his-taan: (ف، مذ) وہ جگہ جہاں کثرت سے پہاڑ ہوں، پہاڑی ملک، صف نسبتی، کوہستانی۔

کوہی ko-hii: (ہ، مث) ایک قسم کا شکرا جو اکثر کبوتروں کا شکار کرتا ہے۔

کوئیلا ko-ye-laa: (ہ، مذ) دیکھیے 'کولا' نیم سوختہ لکڑی۔

کوئی ko-ii: (ار، کلمہ تنکیر) کچھ، کسی، نامعلوم شخص، تقریباً، لگ بھگ، ایک آدھ، کہیں، ممکن ہے، ذرا، ایک۔

کوئی سا ko-ii saa: (ار، صف) کئی میں سے ایک کوئی مث: کوئی سی۔

کوئی ہے ko-ii hai: (ار، حرف مذ) ملازم کو بلانے کی آواز، کیا کوئی شخص موجود ہے

کوی ka-vii: (س، مذ) شاعر، عالم و فاضل شخص۔

کوی راج ka-vii raaj: (س، مذ) ملک الشعرا۔

کویا ko-yaa: (ہ، مذ) آنکھ کا کونا، شریفے یا کٹھل / مٹھل کا خوشہ یا دانہ یا گودا، وہ چیز جو بیج سے سب سے پہلے پھوٹتی ہے۔ ریشم کے کیڑے کا خول۔

کویل / کوئل ko-yal: (ہ، مذ) سیاہ رنگ کا چھوٹا پرندہ جو برسات کے موسم میں ہند و پاکستان میں خوب دکھتا ہے۔

کویہ ko-yah: (ف، مذ) ریشم کے کیڑے کا بنایا ہوا خول۔

ک ــ ہ

کہ ki(h): (حرف بیان) بیان کے لیے نیز 'جو' کے بجائے جو بیان کے موقع پر آتا ہے، علت، سبب، ناگاہ، دفعتہً۔

کہیں ka-hiiN: (ف، صف) بہت چھوٹا۔

کہ kah: (ف، مذ) کاہ کا مخفف، گھاس۔

کہرُبا kah-ru-baa: (ف، مذ) ایک قسم کا زرد گوند، اگر اسے اون کے کپڑے سے رگڑیں تو یہ گھاس کے تنکے اٹھالیتا ہے۔ صف نسبتی: کہربائی۔

کہکشاں kah-ka-shaaN: (ف، مذ) وہ سفیدی جو آسمان پر شمالاً جنوباً شام کو نظر آتی ہے۔ یہاں مراد بہت سے ستارے ہیں جو دوری کی وجہ سے نظر نہیں آتے مگر سب کی روشنی مل کر ایک رستہ سا نظر آتی ہے۔

کہہ keh: (ہ، ار، فعل) کہنا مصدر سے صیغہ امر، بات کر، منہ سے بول۔

کہہ مُکرنی keh-mu-kar-nii: (ار، مث) ایک قسم کی پہیلی۔

کہا ka-haa: (ار، فعل) کہنا کا ماضی، کہنا، قول، بچن، کہا ہوا حکم، گفتہ۔

کہا سُنا ka-haa su-naa: (ار، مذ) خطا، قصور، جرم، تقصیر، جو کچھ کسی کی نسبت منہ سے نکلا ہو یا کانوں سے سنا، مرتے وقت ان الفاظ میں معافی مانگتے ہیں۔

کہار ka-haar: (ار، مذ) ایک قوم جس کا کام پانی بھرنا، ڈولی یا پالکی اٹھا کر چلنا اور برتن مانجنا ہے (جھیور) مث: کہارن، کہارنی، کہاری۔

کہاں ka-haaN: (ار، کلمہ استفہام) برائے ظرف مکان، کس جگہ، کس طرف، کدھر، کس مقام پر، کجا (استفہام انکاری) نہ، نہیں، بعد، دوری، کتنا حقیر۔

کہاں تک ka-haaN tak: (ار، مذ) کب تک؟ کس وقت تک؟ کتنی دیر تک؟ تا بہ کے؟ کتنی دور تک؟ کس حد تک؟ کس قیمت یا مول پر، کتنا؟

کہاں کا ka-haaN-kaa: (ار، متعلق فعل) کس جگہ کا؟ کس مقام کا؟ کس ملک کا؟ کس غرض کا؟ کیسا؟ کون؟ دشواری یا بے پروائی۔

کہانت ka-haa-nat: (ع، مث) غیب کی بات بتانا، فال گوئی، وہ علم جس کے ذریعہ غیب کی باتیں بتاتے ہیں، علم نجوم۔

کہانی ka-haa-nii: (ہ، مث) قصہ، افسانہ، داستان، حال، احوال، ذکر، بات، فضول اور لغویات۔

کہاوت ka-haa-vat: (ہ، مث) قول، بچن، مقولہ، ضرب المثل، کوئی فقرہ جو زبان زد خلائق ہو اور نظیراً بولا جائے۔

کہر ko-har: (ار، مث) وہ بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کو دھندسی پیدا کر دیتے ہیں۔

کہر ka-har: (ف، مذ) گھوڑے کا ایک خاص رنگ، کمیت رنگ۔

کہرا koh-raa: (ار، مذ) دیکھیے 'کہر'

کہرام koh-raam: (ار، مذ) رونا، واویلا، آہ و نالہ، آفت، قیامت (افعال: پڑنا، ڈالنا، کرنا، مچنا، ہونا)

کہرْوا ka-har-vaa: (ہ، مذ) کہاروں کا ناچ اور گانا جو طوائفیں صبح کے وقت ناچتی ہیں۔

کہف ka-haf: (ع، مذ) غار، گڑھا، کھوہ۔

کہگل kah-gil: (ف، مث) بھوسا ملی ہوئی، وہ مٹی جو دیواروں پر ملی جاتی ہے (افعال: کرنا، لگانا)

کہل kahl: (ع، مذ) ادھیڑ، میانہ سال، نہ بوڑھا نہ جوان۔

کہلانا kah-laa-naa: (ار، مص) دوسرے شخص کی معرفت پیغام دینا، اقرار کرلینا، دوسری دفعہ پڑھوانا، مشہور ہونا، نامزد ہونا، کاہلی کرنا۔

کہلوانا ka-hal-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کہلانا' جس کا یہ متعدی ہے۔

کہن ka-han: (ار، مث) کہنے کا ڈھنگ، طرز گفتار، کہاوت، قول، بچن، بات، مقولہ۔

کُہن ku-han: (ف، صف) پرانا، کہنہ، سال خوردہ، اسم کیفیت مث: کہنگی۔

کُہن سال ku-han saal: (ف، صف) بوڑھا، بڈھا، بڑی عمر والا، معمر، اسم کیفیت مث: کہن سالی۔

کہنا kah-naa: (ار، مص) بیان کرنا، زبان پر لانا، اطلاع دینا، شعر کہنا، قول، کہاوت، بیان۔

کہنا سننا kah-naa sun-naa: (ار، محاورہ) بہکانا، ورغلانا، سفارش کرنا، بات چیت کرنا

کہنہ koh-na(h): (ف، صف) پرانا، دیرینہ، سال خوردہ، اسم کیفیت، مث: کہنگی۔

کہنہ مشق koh-naa mashq: (ف، صف) تجربہ کار، مشاق، اسم کیفیت مث: کہنہ مشقی۔

کہنی koh-nii: (ار، مث) کلائی اور بازو کا جوڑ۔

کہی سُنی ka-hii su-nii: (ار، مث) لوگوں کا کہنا سننا، ورغلانا، بہکانا۔

کہیں ka-hiiN: (ار، متعلق فعل) کسی جگہ، دوسری جگہ، بہت، کسی طرف، کسی جانب، شاید، ایسا نہ ہو۔

کہیں کہیں ka-hiiN ka-hiiN: (ار، متعلق فعل) بہت کم، کسی کسی جگہ۔

کہیں نہ کہیں ka-hiiN na ka-hiiN: (ار، متعلق فعل) کسی نہ کسی جگہ، ضرور کسی نہ کسی مقام پر۔

ک ۔ ھ

کھاپڑ khaa-paR: (ار، مث، ق) ٹھیکری۔

کھات khaat: (ار، مث) وہ میلا جسے گڑھا کھود کر دبا رکھتے ہیں۔ اور کچھ عرصے بعد نکال کر کھیتوں میں ڈالتے ہیں۔ بوسیدہ گلی سڑی چیزیں۔ کیمیاوی مادہ جو پیداوار بڑھانے کے لیے زمین میں ڈالتے ہیں۔

کھاتا khaa-taa: (ار، مذ) حساب کی کتاب، روزنامچہ، لیکھا بہی، لین دین۔

کھاٹ khaaT: (ار، مث) چارپائی، پلنگڑی۔

کھاج khaaj: (ار، مث) کھجلی، خارش۔

کھاجا khaa-jaa: (ار، مذ) خوراک، غذا، ایک قسم کی مٹھائی۔

کھاد khaad: (ار، مث) دیکھیے "کھات"

کھادر khaa-dar: (ار، مث) نشیب، پست زمین، وہ جگہ جہاں سیلاب رہے۔

کھادی khaa-dii: (ار، مث) دیکھیے 'کھدر'

کھار khaar: (ار، مذ) شور، کلر، شوریت، نمک، سجی، کاٹ کرنے والی چیز۔

کھارا khaa-raa: (ار، صف) شور، نمکین، کڑوا، (پورب) گھاس باندھنے کی جالی، سرکی کے تیلیوں یا سرکنڈوں کا چوکھونٹا ٹوکرا جس پر دولہا کو پھیروں کے وقت کپڑا ڈال کر بٹھاتے ہیں۔ رسی کا جال، مث: کھاری اسم کیفیت مذ: کھاری پن

کھارے khaa-re: (ار، مذ) وہ شکنیں جو عورتوں کے پیٹ پر وضع حمل کے بعد پڑ جاتی ہیں۔ (افعال: پڑنا)

کھاڑی khaa-Rii: (ار، مث) خلیج، پانی کا وہ تنگ قطعہ جو دور تک خشکی میں چلا گیا ہو۔

کھاگ khaag: (ھ، مذ) گینڈے کا سینگ جو اکثر خنجر پیش قبض اور دستی چھریوں میں لگایا جاتا ہے۔

کھال khaal: (ار، مث) چمڑا، چام، چرم، دھوڑی، انسان کے جسم کا پوست، دھونکنی، پوست، چھلکا، پانی کی نالی۔

کھالا khaa-laa: (ار، مذ) وہ نیچی زمین جس میں بہت سے ندی نالے ہوں، گڑھا، غار، پانی کا نکالا۔

کھالی khaa-lii: (ار، مث) کھیتوں کو سیراب کرنے کی پانی کی نالی۔

کھام khaam: (ار، مذ، ق) ستون۔

کھانا khaa-naa: (ار، مذ) خوراک، طعام،

بھوجن، دعوت، وہ ضیافت جو کسی کے مرنے کے بعد کی جائے، مہمانی۔

کھانا پینا khaa-naa pii-naa: (ار، مذ) دانہ پانی، آب وخور، خورو ونوش کا خرچ۔

کھانہ دانہ khaa-na(h) daa-na(h): (ار، مذ) وہ دعوت جو برادری کے لوگوں کو دی جاتی ہے۔

کھانا khaa-naa: (ار، مص) نوش کرنا، نگلنا، حلق سے اتارنا، ہضم کرنا، اڑانا، چھین کرنا، رشوت لینا، فضول خرچ کرنا، سہنا، برداشت کرنا، ڈسنا، ڈنگ مارنا، مار ڈالنا، قتل کر دینا، گلا دینا، بوسیدہ کر دینا۔

کھانچی khaaN-chii: (ار، مث) ٹوکری، ڈھکن والی ٹوکری۔

کھانڈ khaaND: (ار، مث) شکر سفید، چینی۔

کھانڈا khaaN-Daa: (ہ، مذ) ایک قسم کی سیدھی بھاری تلوار جس کی نوک مثلث ہوتی ہے۔ قصائی کا بغدا۔

کھانسنا khaaNs-naa: (ار، مص) کھانسی کی آواز نکالنا، کھوں کھوں کرنا۔

کھانسی khaaN-sii: (ار، مث) سرفہ، سعال، خارش گلو، گھر گھر، کھوں کھوں۔

کھانگڑ khaaN-gaR: (ہ، صف) خشک، سوکھا، وہ چیز جو بہت خشک ہو گئی ہو۔

کھاؤ khaa-uu: (ار، صف) بہت کھانے والا، پیٹو، رشوت خور، چٹورا، خرچ کرنے والا۔

کھائی khaa-ii: (ار، مث) خندق، گڑھا۔

کھبا khab-baa: (ار، صف) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا، چپ دست، مث: کھبی

کھبنا khab-naa: (ار، مص) گھسنا، چبھنا، گڑھنا، پسند آنا، آنکھوں کو بھانا۔

کھپچی / کھپچ kha-pach: (ار، مذ) بانس کا ٹکڑا، چھانس (صف) نہایت پتلا دبلا آدمی۔

کھپا دینا / کھپانا kha-paa-naa: (ار، مص) صرف کرنا، کام میں لانا، گھلانا، تحلیل کرنا، کام تمام کرنا، تباہ کرنا، برباد کرنا، کھونا، گنوانا، ضائع کرنا، جذب کرنا، پلانا، سمانا، بھرنا۔

کھپت kha-pat: (ار، مث) گنجائش، سمائی، خرچ، صرف۔

کھپچی khap-chii: (ار، مث) بانس کا چرا ہوا ٹکڑا۔ بانس کی تیلی یا کھچی۔

کھپڑ khap-par: (ہ، مذ) سر کی ہڈی، کھوپڑی، جوگیوں کا تونبے کا بنا ہوا برتن۔

کھپرا khap-raa: (ار، مذ) ایک قسم کا کیڑا جو اناج کو لگ جاتا ہے۔ مٹی کا ٹھیکرا، مچھلی کا چھلکا، قاش، پھانک، وہ مٹی کا برتن جو کھپریل کی چھت پر ڈالتے ہیں۔

کھپریل khap-rail: (ار، مث) کھپروں سے چھائی ہوئی چھت، وہ مکان جس کو کھپروں سے پاٹا گیا ہو۔

کھپنا khap-naa: (ار، مص) خرچ ہونا، اٹھنا، سمانا، جذب کرنا، کام آنا، مارا جانا، تحلیل ہو جانا۔

کھپت kha-pat: (ار، مث، ق) بل، مکان، جگہ، مقام۔

کھتا khat-taa: (ار، مذ) زمین دوز گڑھا جس میں اناج دبا کر رکھا جاتا ہے، برف دبانے کا گڑھا۔

کھترا khut-raa: (ار، مذ) کونہ، گوشہ، (صف) جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں، بل، سوراخ۔

کھتری khat-rii: (ہ، مذ) ہندوؤں کی ایک قوم، چھتری، کشتری، مث: کھترانی۔

کھتونی kha-tau-nii: (ہ، مث) وہ کاغذ جس پر گاؤں کی زمین کا حساب کتاب ہو۔

کھتی khat-tii: (ہ، مث) کھتا کی تصغیر، چھوٹا گڑھا۔

کھتیانا khat-yaa-naa: (ار، مص) روزنامچے

سے نکال کر کھاتے میں درج کرنا۔

کھٹ khaT: (ہ، مث) دو چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز، کھاٹ کا مخفف، کھٹیا کا مخفف۔

کھٹ بُنا khaTbu-naa: (ار، مذ) چار پائی بننے والا۔

کھٹ پٹ khaT paT: (ار، مث) جلد جلد چلنے کی آواز، فساد، لڑائی، جھگڑا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

کھٹ سے khaT se: (ار، متعلق فعل) فوراً۔

کھٹ مِٹھا khaT miT-Thaa: (ار، صف) کھٹا میٹھا، ایک پھل جو ذائقہ میں کھٹا میٹھا ہوتا ہے۔ مث: کھٹ مٹھی

کھٹ راگ khaT-raag: (س، مذ) وہ راگ جس میں چھ راگوں کے سر شامل ہوں، بکھیڑا، جھگڑا، فضیتہ، ٹنٹا، جنجال، جھمیلا۔

کھٹ بڑھئی khaT ba-Rha-yi: (ہ، مث) کٹھ پھوڑا، بدبد۔

کھٹا khaT-Taa: (ہ، صف) ترش۔ (مذ) ایک ترش پھل جس کا رس آلوؤں، کابلی چنوں، کچالوؤں پر ڈال کر کھاتے ہیں۔ مث: کھٹی: اسم کیفیت مث: کھٹاپن، اسم کیفیت مث: کھٹاس۔

کھٹ پٹ khaT-paT: (ہ، مذ) تکرار، ان بن، کسی چیز کے ٹکرانے کی آواز، مث: کھٹاپٹی۔

کھٹاس kha-Taas: (ہ، مث) ترشی، کھٹائی، خفگی، ناراضگی۔

کھٹاک سے kha-Taak-se: (ار، متعلق فعل) آواز کے ساتھ، کھڑاکے سے، فوراً۔

کھٹائی kha-Taa-ii: (ہ، مث) ترشی، کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانک، امچور۔

کھٹائی kha-Taa-ii: (ہ، مث) کھوٹ، ملاوٹ، نقص، دغابازی، عصمت کا نہ ہونا۔

کھٹک kha-Tak: (ہ، فعل) کھٹکنا مصدر سے صیغہ امر، خلش، چبھن، ٹیس، چیس، رنج، غم، ملال، گلہ، شکوہ۔

کھٹکا khaT-kaa: (ار، مذ) کھڑکا، آہٹ، بانس کا وہ ٹکڑا جو درخت میں جانوروں کو ڈرانے کے لیے باندھ دیتے ہیں اور اسے بلاتے رہتے ہیں۔ چٹخنی، سریلی آواز کا وہ جھٹکا جس سے دل پر چوٹ لگتی ہے۔ ڈر، خوف، اندیشہ، ڈر گیا۔

کھٹکا ہونا khaT-kaa ho-naa: (ار، محاورہ) آہٹ ہونا، فکر یا تردد ہونا، خوف یا اندیشہ ہونا۔

کُھٹکنا khu-Tak-naa: (ار، مص) پرند کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا۔

کھٹکنا kha-Tak-naa: (ار، مص) چبھنا، درد کرنا، برا لگنا، لڑائی ہونا، اچٹنا، اندیشہ کرنا، دل پر اثر کرنا۔

کھٹکھٹانا khaT-ka-Taa-naa: (ار، مصدر) کھڑکھڑانا، دستک دینا۔

کھٹمل khaT-mal: (ہ، مذ) ایک سیاہی مائل سرخ رنگ کا کاٹنے والا کیڑا جو چار پائیوں میں رہتا ہے اور انسان کا خون چوستا ہے۔

کھٹنا khaT-naa: (ار، مص) کمانا، فائدہ ہونا، بچنا، اترنا، ٹھہرنا، جاری رہنا۔

کھٹوانا khaT-vaa-naa: (ار، مص) کہیں سے کچھ دلوانا۔

کھٹولا kha-To-laa: (ار، مذ) چھوٹا پلنگ، تصغیر مث: کھٹولی۔

کھٹیا khaT-yaa: (ہ، مث) کھٹ، چارپائی، جنازہ۔

کھٹیک kha-Tek: (ہ، مذ) ایک ہندو قوم جو جانور رکھتی، پالتی اور بیچتی ہے۔ ہندوؤں کی وہ قوم جو چمڑا رنگنے کا کام کرتی ہے۔ مث: کھٹیکنی۔

کھجانا khu-jaa-naa: (ار، مص) ناخن یا انگلیوں

سے آہستہ آہستہ سہلانا۔ ناخن سے کھرچنا، سراہنا، تعریف کرنا، خارش ہونا، چُل ہونا، کھجلی ہونا۔

کھُجلا khuj-laa: (ہ، مذ) ایک قسم کا خستہ پکوان جس میں کئی پرت ہوتے ہیں۔ کھاجا۔

کھُجلاہٹ khuj-laa-haT: (ار، مث) خارش، کھجلی، چُل۔

کھُجلی khuj-lii: (ار، مث) خارش، کھاج، چُل، خارشت، ایک قسم کی بیماری جس میں بدن بہت کھجلاتا ہے۔

کھجور kha-juur: (ہ، مث) ایک بہت لمبا درخت جو عموماً ریگستانوں میں ہوتا ہے۔ جس کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔ سرے پر چند پتے دار چھوٹی چھوٹی چھڑیاں، اس درخت کا پھل، خرما۔

کھجورا kha-juu-raa: (ہ، صف) کھجورا سے منسوب، پلیٹ پڑا ہوا، گندھا ہوا، نر کھجور جس میں پھل نہیں لگتا، چھپر کی گری، کن کھجورا۔

کھچاکھچ kha-chaa-khach: (ار، صف) خوب بھرا ہوا، بکثرت، کثرت سے (مث) (افعال: بھرنا)

کھچڑا khich-Raa: (ار، مذ) وہ نمکین قسم کا کھانا جس میں گیہوں اور ہر قسم کی دالیں ڈال کر عموماً عشرۂ محرم میں پکاتے ہیں۔

کھچڑی khich-Rii: (ار، مث) ایک خوراک جو دال اور چاول ملا کر پکاتے ہیں، خفیہ صلاح مشورہ، سیاہ اور سفید بال۔

کھچڑی ڈاڑھی khich-Rii Daa-Rii: (ار، مث) وہ داڑھی جس میں کچھ سیاہ اور کچھ سفید بال ہوں۔

کھچم کھچا khich-cham-khich-chaa: (ار، مذ) دو یا زیادہ آدمیوں کا ایک ہی چیز کو اپنی اپنی طرف کھینچنا۔

کھینچنا khiiNch-naa: (ار، مص) گھسیٹنا، تاننا، جذب کرنا، غرور کرنا، جلد جلد لکھنا، تصویر بنانا، باہر نکلنا، لمبا سانس لینا، گھیرنا، کاڑھنا، اوپر چڑھانا، جکڑنا۔

کھچوانا khich-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کھینچنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

کھچوائی khich-vaa-ii: (ار، مث) کھینچنے یا نکلنے کی اُجرت، مزدوری۔

کھدانا khu-daa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کھودنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

کھدائی khu-daa-ii: (ار، مث) کھودنے کا فعل، کھدوانے کی اُجرت کندہ کاری۔

کھدبد kha-dar ba-dar: (ار، مث) کسی چیز کے ہانڈی میں پکنے کی آواز، اناج وغیرہ کے ابلنے کی آواز، پانی ابلنے کی آواز۔

کھدبدانا khad-ba-daa-naa: (ار، مص) اُبلنا، پکنا، کھولنا۔

کھدبدی khad-ba-dii: (ار، مث) ہل چل، فکر و اندیشہ، شوق و ہوس۔

کھدڑ khad-dar: (ار، مذ) موٹا سفید کھردرا دیسی کپڑا، موٹا کھردرا۔

کھدرا khudra: (ار، صف) کھردرا، ناہموار، اونچا نیچا، وہ شخص جس کے چہرے پر چیچک کے نشان ہوں، کونہ، گوشہ۔

کھدڑنا kha-daR-naa: (ار، مص، ق) ہانکنا، ہانکا جانا۔

کھدنا khud-naa: (ار، مص) کھودا جانا، جڑ سے نکلنا، نقش کیا جانا، مسمار ہونا، رگڑنا، کندہ ہونا۔

کھدنی khud-nii: (ار، مث) کھدائی، مال و دولت کی تلاش کے واسطے زمین کا کھودنا، تلاش، جستجو، پوشیدہ، تحقیقات۔

کھدوانا khud-vaa-naa: (ار، محاورہ) کھودنا کا

متعدی الصعدی، کندہ کرانا۔ نقش کرانا، جڑ سے نکلوانا،
یوں توں کرانا، زنا کروانا۔

کھدوائی khud-vaa-ii: (ار، مث) کھودنے کی اجرت۔

کھدیڑنا kha-deR-naa: (ار، محاورہ) تعاقب کرنا، پیچھا کرنا، رگیدنا، شکار کرنا۔

کھڈ khaD: (ہ، مذ) گڑھا، غار، پہاڑوں کے بیچ کا میدان۔

کھڈا khaD-Daa: (ہ، مذ) غار، گڑھا، چاہ غبغب، گھٹنے کا گڑھا، دندانہ ہوانا (صف) کیڑا، خیدہ۔

کھڈی khaD-Dii: (ہ، مث) جولاہوں کا گڑھا جس میں وہ کپڑا بننے کا کام کرتے ہیں۔ آج کل گڑھے کی بجائے چوبی ڈھانچہ بنایا جاتا ہے۔ جس پر بننے والا کرسی کی طرح بیٹھ کر کام کرتا ہے۔

کھڈی khuD-Dii: (ہ، مث) چھوٹا گڑھا، دراڑ، سوراخ، قدمچہ، وہ چوکھا سا جس پر بیٹھ کر پاخانہ کرتے ہیں۔ جگہ جو دانت کے نکل جانے پر ہو جائے۔ سر کے بالوں کا پیشانی سے لے کر سیدھا چوکون منڈا ہوا حصہ۔

کھر khur: (ہ، مذ) مویشی ہرن وغیرہ کے ناخن جو بیچ سے چرے ہوئے ہوتے ہیں جن جانوروں کا ناخن چرا ہوا نہیں ہوتا وہ سم کہلاتا ہے، جیسے گھوڑے گدھے کا۔

کھرا khu-raa: (ہ، مذ) کھر، ایڑی، پاؤں کا نشان، نقش پا۔

کھر بندی khur-ban-dii: (ہ، مث) ان مویشیوں کی نعل بندی جن کے کھر چرے ہوتے ہیں۔

کھر کھر khur-khur: (ہ، مث) کھانسی کی آواز۔

کھرا kha-raa: (ہ، مذ) مسودہ، یادداشت، طومار، طول طویل لکھا ہوا مضمون، طول طویل خط، کھر کھرا، ایک قسم کا سخت پھوڑا پاؤں کے اوپر ہوتا ہے۔ کھر نڈ۔

کھرّا khur-raa: (ہ، صف) کھردرا، اونچا نیچا، درشت، سخت، درشت خو، اکھڑ مزاج، بد مزاج، ایک آلہ جس سے کپڑا چنتے ہیں ایک مصالحہ جس سے چھاپنے کے پتھر پر سے حرف اڑاتے ہیں کھنگر، چکنے کا ضد، کھانسی، بے خرش کا۔

کھرا khu-raa: (ہ، مذ) وہ پکی جگہ جہاں بیٹھ کر کپڑے دھوتے یا نہاتے ہیں۔ کھوج، سراغ، نقش پا۔

کھرا kha-raa: (ہ، صف) خالص بے میل، نہایت اچھا، نفیس، بہترین، اصلی، جو نقلی نہ ہو، صاف، پاک، بے ریا، سچا، صادق، راست باز، صاف گو، منصف مزاج، خوش مزاج، لین دین کا صاف، وہ مٹی کا ظرف جو زیادہ پک گیا ہو، نقد، مقدمہ جو فیصلہ کیا گیا ہو۔ فیصلہ شدہ، جائز، مث: کھری اسم کیفیت مذ: کھرا پن۔

کھرا کھوٹا kha-raa kho-Taa: (ار، صف) اچھا برا، برا بھلا۔

کھرا کھیل kha-raa-khel: (ہ، مذ) خوش معاملگی، معاملے کی صفائی (متعلق فعل) فوراً، جلد۔

کھرانڈ / کھراہند kha-raaNd: (ہ، مث) پیشاب کی بو، گھاس یا بو سے کے جلنے کی بو، بری بو۔

کھرب kha-rab: (س، مذ) (صف) چھوٹے قد کا بونا، سوا رب۔

کھرپا khur-paa: (ہ، مذ) گھاس کھودنے کا آلہ، گنے کی چھینی، کنایۃً بے وقوف۔ احمق۔

کھرپا جالی khur-paa jaa-lii: (ہ، مث) گھاس کھودنے کا اوزار اور جالی جس میں گھاس باندھتے ہیں۔

کھرپی khur-pii: (ہ، مث) چھوٹا کھرپا، انگیا اور پشواز کے مونڈھوں کی تراش، چمڑا کاٹنے کا آلہ۔

کھرج kha-raj: (ہ، مث) ہندی موسیقی کا پہلا سر جو سب سے پست ہے۔ اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں

ہوتی اس لیے اچل یا قائم سر کہلاتا ہے۔ سا بھی کہتے ہیں۔

کھرچن khur-chan: (ہ، مث) وہ چیز جو پکی ہوئی ہانڈی کے پیندے میں لگ جاتی ہے۔ دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی، مذا تا سب سے اخیر بچہ (صف) بچا کھچا، پس ماندہ چیزیں۔

کھرچنا khu-rach-naa: (ہ، مصدر) چھیلنا، رگڑنا، کریدنا، مونڈنا۔

کھردرا khur-da-raa: (ہ، صف) ناہموار، اونچا نیچا، دانے دار، کھرکھرا، درشت مث: کھردری، اسم کیفیت مذ: کھردراپن۔

کھرکھرا khur kha-raa: (ار، صف) ناہموار، کھردرا، خرخرا، کھریرا۔

کھرکھرانا khar-kha-raa-naa: (ار، مص) ناہمواری یا درشتی ظاہر کرنا، آہستہ آہستہ مالش کرنا۔

کھرکھراہٹ khar-kha-raa-haT: (ہ، مث) درشتی، ناہمواری۔

کھرل kha-ral: (ار، مث) پتھر کا برتن جس میں دوائیں پیستے ہیں یا حل کرتے ہیں۔

کھِرن khi-ran: (ہ، مذ) سیاہ حلقہ جو طبلے پر بناتے ہیں۔

کھرنجا / کھڑنجا kha-ran-jaa: (ہ، مذ) اینٹ یا پتھر کا فرش، کھڑی اینٹوں کا فرش۔

کھرنڈ khu-ranD: (ہ، مذ) وہ خشک چھلکا جو زخم کے اوپر جم جاتا ہے۔ (افعال: اتارنا، اُترنا، جمنا، بندھنا)

کھِرنی khir-nii: (ہ، مث) ایک بہت بڑا درخت جس کے پتے جامن سے مشابہ مگر قد میں چھوٹے اور پھل نیم کے پھل سے مشابہ مگر شیریں ہوتا ہے۔ اس کی عمر بہت زیادہ ہوتی ہے اور پھل بھی بہت مدت کا ہو کر دینا شروع کرتا ہے۔ اس کا پھل۔

کھروچنا kha-roch-naa: (ار، محاورہ) نوچنا، کھسوٹنا۔

کھرّی khur-rii: (ہ، صف) کھرا کا مونث، بے فرش کی چارپائی۔

کھرے کرنا kha-re-kar-naa: (ار، محاورہ) نقد وصول کرنا۔

کھریرا kha-re-raa: (ہ، مذ) لوہے کا دندانے دار آلہ جس سے گھوڑے کے بدن سے مٹی وغیرہ صاف کرتے ہیں۔ کھرکھرا (افعال: کرنا)

کھڑا kha-Raa: (ہ، صف) سیدھا، اٹھا ہوا، قائم، کچا، آدھ گلا، جکی سلائی کیا ہوا، مذ، عمود، بغیر کٹا ہوا کھیت، نصب، برقرار مث: کھڑی۔

کھڑا پانی kha-Raa-paa-nii: (ار، مذ) وہ پانی جو بہتا نہ ہو، بند پانی۔

کھڑا زبر kha-Raa-za-bar: (ار، مذ) عربی رسم الخط میں وہ چھوٹا الف جو کسی حرف پر ڈال دیا جاتا ہے۔

کھڑا زیر kha-Raa-zer: (ار، مذ) وہ زیر جو یائے معروف کی طرح پڑھا جائے۔

کھڑا کھیل kha-Raa-khel: (ار، مذ) ترت کا معاملہ، ہاتھوں ہاتھ کا کام۔

کھڑا نقشہ kha-Raa-naq-sha(h): (ار، مذ) لمبا چہرہ، چہرے کے تیکھے نقش۔

کھڑاؤں kha-Raa-auN: (ار، مث) لکڑی کی جوتی۔

کھڑبڑ khaR-baR: (ار، مث) ٹاپ کی متواتر آواز، کھٹ کھٹ۔

کھڑکا khaR-kaa: (ار، مذ) کھٹکا، آہٹ۔

کھڑکانا khaR-kaa-naa: (ار، مص) کنڈی کھٹکھٹانا، زنجیر مارنا، پکارنا، بلانا، جھڑکنا، دھمکانا، ہوشیار کرنا۔

کھڑکنا kha-Rak-naa: (ار، مص) سوکھے پتوں

کا بجنا، دیگوں کا بجنا، بگاڑ ہونا۔

کھڑکھڑا khaR-kha-Raa: (ار، مذ) ایک قسم کی گاڑی جس میں بگھی کے گھوڑے کو سدھاتے ہیں۔

کھڑکھڑانا khaR-kha-Raa-naa: (ار، مص) کھنکھٹانا، بجانا، کھٹ کھٹ کرنا، کنڈی بجانا، دھرکانا، خبر لینا، جھڑکنا، آڑے ہاتھوں لینا۔

کھڑکھڑاہٹ khaR-kha-Raa-haT: (ار، مث) سوکھے پتوں کے بجنے کی آواز، دیگوں کے باہم ٹکرانے کی آواز۔

کھڑکی khiR-kii: (ار، مث) جھروکا، دریچہ، چھوٹا دروازہ، غرفہ، پنجرے کا دروازہ، پگڑی کے اوپر کا حصہ جو کھلا رہتا ہے۔

کھڑنجا kha-Ran-jaa: (ار، مذ) دیکھیے 'کھرنجا' اینٹوں کا فرش۔

کھڑی بولی kha-Rii bo-lii: (ار، مث) دوآبہ گنگ وجمن کی بولی۔ جو اردو سے منسوب ہے۔

کھساٹ kha-saaT: (ار، مث ق) کھوسٹ، بوڑھی عورت۔

کھُس پھُس khus-phus: (ار، مث) دیکھیے 'کھسر پھسر'۔

کھسرا khas-raa: (ار، مث) چھوٹی چیچک۔

کھُسر پھُسر khu-sar phu-sar: (ار، مث) کانا پھوسی، سرگوشی۔ (افعال: کرنا، لگانا)

کھسکانا khis-kaa-naa: (ار، مص) ہٹانا، سرکانا، ٹالنا، روانہ کرنا، چپکے سے کچھ دے دینا، الگ کرنا، غائب کرنا، چرانا، ملتوی کرنا۔

کھسوٹنا kha-soT-naa: (ار، مص) نوچنا، بال اکھاڑنا، زبردستی لے جانا۔

کھسیانا khis-yaa-naa: (ار، صف) رونی صورت کا، رو دینے والا، چڑچڑا شرمندہ، خجل، نادم، محجوب، مث: کھسیانی، اسم کیفیت مث: کھسیان پت: اسم کیفیت مذ: کھسیان پن/ اپنا۔

کھل khal: (س، مث) کھلی، تلی یا سرسوں کا پھوگ، کھال کا مخفف۔

کھُل جا سم سم khul-jaa sim-sim: (ار، مذ) الف لیلہ کی کہانی کے وہ الفاظ جن کے بولنے سے خزانے کا دروازہ کھلتا ہے۔ کنایۃً فسوں کارکشا۔ کلید در، فتح کی کنجی۔

کھلا khal-laa: (ار، مذ ق) چاند کا ہالہ، خرمن، اناج کا ڈھیر۔

کھُلا khu-laa: (ار، صف) کشادہ، وا، فراخ، چوڑا، ننگا، صاف۔ بے روک، آزادانہ، عام مشہور، ظاہر، اعلانیہ مث: کھلی (ق) معرکہ، لڑائی۔

کھُلا کھُلا khu-laa khu-laa: (ار، صف) صاف صاف، کھرا کھرا، دور دور، فاصلے سے، فراخ، کشادہ، مث، کھلی کھلی۔

کھِلا khi-laa: (ار، صف) شگفتہ، خوش، مث: کھلی۔

کھلاڑ khi-laaR: (ار، صف) مردوں کے ساتھ کھیلنے والی، فاحشہ عورت، مذ، وہ شخص جو عیاشی اور لہو و لعب کی طرف مائل ہو۔ اسم کیفیت مذ: کھلاڑپن۔

کھلاڑی khi-laa-Rii: (ار، صف) کھیلنے والا، کرتبی، ماہر فن، استاد، سپیرا، مداری، شعبدہ باز، بازی گر، جواری، قمار باز، کھلندرا، کھیل کا شوقین۔

کھلانا khi-laa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کھانا' جس کا یہ متعدی ہے۔ بچوں کو کھیل میں لگانا، شگفتہ کرنا، ضیافت کرنا، دعوت کرنا، سانپ کو منتر کو زور سے خوش کرنا، بھوت پریت کو سر پر بلانا، پکے چاول کا دانہ دانہ الگ کرنا۔

کِھلائی khi-laa-ii: (ار، معاوضہ مث) بچوں کو کھلانے بہلانے کی اجرت، بچوں کو کھلانے والی عورت، وہ لڑکی جو کسی کی پرورش کی ہوئی ہو، کھانا، خورش، خوراک۔

کھلائی پلائی khi-laa-ii pi-laa-ii: (ار، معاوضہ، مث) کھانے پینے کی قیمت یا اثر۔

کِھلایا khi-laa-yaa: (ار، صف) کسی کی گود کا پالا ہوا۔

کھلبلاہٹ khal-bu-laa-haT: (ار، مث) گھبراہٹ، اضطراب۔

کھلبلی khal-ba-lii: (ار، مث) ہل چل، ہنگامہ، فتور، شوروشر، فتنہ وفساد، گھبراہٹ، اضطراب، بے قراری، جلدی (افعال: پڑنا، مچنا، ڈالنا)

کِھلکھلانا khil-khi-laa-naa: (ار، محاورہ) قہقہہ مارنا، زور سے ہنسنا۔

کھلم کھلا khul-lam khul-laa: (ار، صف) علانیہ، بے روک ٹوک، آزادانہ، مث: کھلم کھلا۔

کِھلنا khil-naa: (ار، مص) کلی کا پھولنا، پھول کا شگفتہ ہونا، پھول آنا، خوش ہونا، سجنا۔

کھلنا khul-naa: (ار، مص) ظاہر ہونا، کسی بندھی ہوئی چیز کا وا ہو جانا، موزوں معلوم ہونا، پھٹ جانا، ادھڑ جانا، بہنے لگنا، شرم اُٹھ جانا، مطلع صاف ہو جانا، آزاد ہونا۔

کِھلنڈرا khi-lan-Da-raa: (ار، صف) کھیل کا شوقین، کھیل کود میں مشغول، مث: کھلنڈری، اسم کیفیت مذ: کھلنڈراپن۔

کِھلونا khi-lo-naa: (ار، مذ) بچوں کے کھیلنے کی چیز، نازک اور دکھاوے کی چیز، آسان اور سہل چیز۔

کھلی kha-lii: (ار، مث) سرسوں یا تیل وغیرہ کا پھوک جو تیل نکلنے کے بعد بچتا ہے۔

کِھلّی khil-lii: (ار، مث) ہنسی، ٹھٹھا، تمسخر۔

کھلیان khal-yaan: (ار، مذ) وہ جگہ جہاں غلّے کا ڈھیر لگاتے ہیں۔ خرمن، غلّے کا انبار، انبار، ڈھیر، اناج کا گودام، کوٹھی۔

کھماچ kha-maach: (ار، مث) ایک راگنی جو کھماج ٹھاٹھ کی ہے۔

کھمبا kham-baa: (ار، مذ) دیکھیے "کھمب"۔

کھمبی khum-bii: (ار، مث) ایک قسم کی سفید نباتات جو اکثر برسات میں اگتی ہے اور اسے تل کر کھاتے ہیں۔

کھندلنا khuN-dal-naa: (ار، مص) روندنا، پامال کرنا، پاؤں میں ملنا/مسلنا۔

کھنڈ khanD: (س، مذ) ٹکڑا، حصہ، مکان، ملک یا زمین کا ایک حصہ، باب، فصل، مکان کا کمرہ، پہلو، طرف، جانب، ضلع، علاقہ، ملک، ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بندھیل کھنڈ، روہیل کھنڈ، جواہرات میں ایک نقص، ایک قسم کا گانا جو دھوبی گاتے ہیں۔ کھانڈ کا مخفف۔

کھنڈا khan-Daa: (ہ، مذ) چاولوں کا چورا، کھانڈ کا مخفف، ایک قسم کی دورخی تلوار، کھانڈا۔

کھُنڈا khun-Daa: (ہ، صف) کند، جو تیز نہ ہو، مث: کھنڈی۔

کھنڈت khan-Dat: (س، صف) ٹکڑے ہونا، ابتری، تردید، تنسیخ۔

کھنڈر khaN-Dar: (ہ، مذ) گرا ہوا مکان، ویران مکان، اونچی نیچی زمین، جمع: کھنڈرات (یہ جمع قاعدے کے لحاظ سے غلط ہے)

کھنک kha-nak: (ار، مذ) روپے، اشرفی وغیرہ کے بجنے کی آواز، چینی کی آواز، گانے والے کی اچھی آواز۔

کھنکار khan-kaar: (ار، مذ) بلغم خارج کرنے کی آواز۔

کھنکانا khan-kaa-naa: (ار، مص) روپے اشرفی وغیرہ کو بجانا، پرکھنے کے وقت آواز نکالنا، بجانا، جھنکارنا، کھڑکانا، دیکھیے 'کھنکارنا'

کھنکنا kha-nak-naa: (ار، مص) بجنا، روپے اشرفی کا بجنا، برتنوں کا ٹکرا کر آواز دینا۔

کھنکھاڑنا khaN-khaar-naa: (ار، مذ) گلا صاف کرنے کی آواز، بلغم، کف، گلے میں بلغم کی آواز۔

کھنکھارنا khaN-khaar-naa: (ار، مص) کھانسی کے ذریعے سے اشارہ کرنا، کھانس کر گلا صاف کرنا۔

کھنکھنانا khan-kha-naa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'کھنکانا'

کھِن کھِن khin-khin: (ہ، مث) ناک میں رونے کی آواز۔

کھنگالنا khaN-gaal-naa: (ار، محاورہ) پانی ڈال کر برتن ہلانا اور اسے پھینک دینا، سرسری طور پر کپڑے کو دھونا اور صاف کرنا۔

کھنگر khaN-gar: (ار، مذ) کچی جلی ہوئی، جڑی ہوئی اینٹیں، زیادہ جلی ہوئی اینٹیں، دھات کا میل جو پکنے کے بعد نکلتا ہے۔ ایک قسم کا مسالے کا پتھر جس سے چھاپے کے پتھر کو صاف کرتے ہیں۔ (صف) دیکھیے کھنکھو۔

کھو kho: (ار، مث) غار یا گڑھا جو پہاڑوں میں ہو، گڑھا، کھتا جس میں اناج وغیرہ رکھیں اذخیرہ کریں۔

کھوا kha-vaa: (ہ، مذ) مونڈھا، کندھا۔

کھوپا / کھوپرا khop-raa: (ہ، مذ) ناریل کا مغز، کاسۂ سر۔

کھوپڑی / کھوپڑی khop-Rii: (ار، مث) گردن سر کے اوپر کا حصہ، چندیا۔

کھوٹ khoT: (ملاوٹ، عیب، نقصان، برائی، شرارت، بدی، دغا)

کھوٹا kho-Taa: (ار، صف) جو خالص نہ ہو، سکہ قالب، ناقص، نکما، بے وفا، ریاکار، بددیانت، جھوٹا، بدباطن، شرارتی، بدذات، مث: کھوٹی، اسم کیفیت مذ: کھوٹاپن۔

کھوج khoj: (ہ، مذ) نشان، پتہ، سراغ، جستجو، تلاش، قدم، پیر، خبر ملنا۔ (افعال: پانا، کرنا، لگانا، ملنا، نکالنا)

کھوجنا khoj-naa: (ار، مص) تلاش کرنا، دریافت کرنا۔

کھوجی kho-jii: (ار، صف) سراغ رساں، پاؤں کے نشان دیکھ کر سراغ لگانے والا۔

کھود khod: (ہ، مث) کھچٹ، دیکھیے خوید، کھلی۔

کھودنا khod-naa: (ار، مص) زمین اکھاڑنا، گڑھا کرنا، کھوکھلا کرنا، خال کرنا، کریدنا، کھرچنا، کندہ کرنا، نقاشی کرنا، مینا کاری کرنا، مہر، چپراسی وغیرہ میں حروف کندہ کرنا، تفتیش، تجسس یا کھیس کرنا، گھاس درخت۔

کھور khor: (ار، مث) مویشیوں کے چارہ کھانے اور پانی پینے کی ناند یا نالی، غار، کھوہ، چھوٹی وادی، راستہ، گلی، چینی، ڈھکنا۔

کھوڑ khoR: (ار، مث) دیکھیے 'کھور'۔ مرے ہوئے بزرگوں کی ناراضی، آسیب، وہ تلک جو ہندو لوگ صندل یا سیندور سے لگاتے ہیں۔

کھوڑا kho-Raa: (ار، مث ق) جھکڑی، لکڑی جو مویشی کے گلے میں باندھتے ہیں۔

کھوسٹ khuu-saT: (ار، صف) بوڑھا پھوس، پیر فرتوت، کہن سال۔

کھوسنا khuus-naa: (ار، مص) کسی چیز کو کسی چیز میں اڑا دینا، اٹکا دینا، الجھانا، بال نوچنا۔

کھوکھا kho-khaa: (ار، مذ) ہاری ہوئی ہانڈی، بچہ، لڑکا، ہلکی لکڑی کا صندوق جس میں سامان وغیرہ بند

کرتے ہیں۔ وہ دکان جو سڑکوں پر صندوق کی شکل میں بنا لیتے ہیں۔

کھوکھلا kho-kh-laa: (ار، صف) خالی، پولا، کھنکل، بے مغز، تھوتھا، مث: کھوکھلی۔ اسم کیفیت: کھوکھلا پن۔

کھولانا khau-laa-naa: (ار، مص) جوش دینا، ابالنا، جلانا، غم دینا۔

کھولن khau-lan: (ار، مث) جوش، ابال، جلن، سوزش، زخم، ٹیس۔

کھولنا khaul-naa: (ار، مص) ابلنا، پکنا، جوش کھانا، نہایت گرم ہونا، دل ہی دل میں غم کھانا، زخم یا پھوڑے میں جلن یا ٹیس ہونا۔

کھولنا khol-naa: (ار، مص) کسی بندھی ہوئی چیز کا وا کر دینا، ظاہر کرنا، بھانڈا پھوڑنا، چیرنا، ادھیڑنا، آزاد کرنا، ننگا کرنا، سلجھانا، حجاب دور کرنا، بادل کا دور کرنا، کسی بندھے ہوئے جانور کی چوری کرنا، ہتھیار کر سے جدا کرنا۔

کھونا kho-naa: (ار، مص) گم کرنا، گنوانا، بھلانا، بسرانا، ضائع کرنا، برباد کرنا، بے قابو کرنا، بگاڑنا، رفع کرنا، زائل کرنا۔

کھومپ khauNp: (ار، مث) ایک قسم کی لمبی سلائی، لمبے لمبے ٹانکے (افعال: بھرنا)

کھونٹ khuuNT: (ار، مث) کونہ، گوشہ، زاویہ، جانب، طرف، سمت، کان کا میل، ملک کا حصہ، قطعہ۔

کھونٹا khuuN-Taa: (ار، مذ) میخ، کیل، کولھو کی لاٹھ، چکی کا ہتھا، دوست، مددگار۔

کھونٹی khuuN-Tii: (ار، مث) چھوٹی میخ، کیل، سارنگی یا ستارے کے کان، بالوں کی جڑ۔

کھونچ khaunch: (ار، مث) کپڑے وغیرہ کی جگہ جو کیل وغیرہ کی وجہ سے الجھ کر پھٹ جائے، بدن کا وہ حصہ جو کسی صدمے سے پھٹ جائے۔ (افعال: آنا، لگنا)

کھونچا khauN-chaa: (ہ، مذ) ساڑھے چھ کا پہاڑا۔

کھونچڑ khoN-chaR: (ار، صف) بد باطن، کینہ، بن بلایا مہمان۔

کھونچنا khauNch-naa: (ار، مص) پھاڑنا، کھونچ لگانا، ٹھونسنا۔

کھونچی khoN-chii: (ہ، مث) ایک چیز کو دوسری چیز میں ٹھونسنا، اناج کا وہ حصہ جو بھڑ بھوجی بھوننے کے لیے نکال دیتے ہیں۔ مٹھی بھر چیز بطور چونگی یا محصول دیتے ہیں۔

کھوندنا khuuNd-naa: (ار، مص) پامال کرنا، روندنا، پاؤں سے ملنا یا کچلنا۔

کھونڈا khoN-Daa: (ار، صف) وہ لڑکا جس کے آگے کے دودھ دانت ٹوٹے ہوئے ہوں کھنڈلا، مث: کھونڈی۔

کھونسنا khuuNs-naa: (ار، مص) کسی درز یا شگاف میں کوئی چیز رکھنا یا اٹکانا، الجھنا۔

کھوں کھوں khuuN-khuuN: (ار، مص) کھانسی کی آواز (افعال: کرنا)

کھوہ khoh: (ار، مث) غار، گپھا۔

کھوئی kho-i(i): (ار، مث) گنے کے چھلکے جو رس نکلنے کے بعد رہ جاتے ہیں۔ بھنے ہوئے چاول یا دھان کی کھیل۔

کھویّا khi-vay-yaa: (ار، مذ) ناؤ چلانے والا، ملاح، مانجھی۔

کھویا kho-yaa: (ار، مذ) دودھ کا ماوا، ربڑی، پکی

اینٹ کا موٹا چورا، اینٹیں بنانے کا گارا۔

کھیپ khep: (ار، مث) دریائی سفر، بھرتی، بوجھ، بار جہاز، بھرتی۔

کھیت khet: (ار، مذ) کشت، وہ زمین جس میں بویا جوتا جائے۔ میدانِ جنگ، چاندنی، تلوار کا پھل۔

کھیتی khe-tii: (ار، مث) زراعت، غلّہ، فصل، کنایۃً آل اولاد۔

کھیتی باڑی khe-tii-baa-Rii: (ار، مث) کاشت کاری (افعال: کرنا)

کھیدا khe-daa: (ہ، مذ) ہاتھیوں کو پکڑنے کے لیے گھاس پھونس سے ڈھانپا ہوا گڑھا، زور آور پرندہ۔

کھیدنا khed-naa: (ار، مص) نکالنا، ہانکنا، ہاتھی یا شیر کا شکار کرنا۔

کھیر khiir: (ار، مث) دودھ میں پکے ہوئے چاول، ایک لذیذ کھانا، شیر برنج۔

کھیر چٹائی khiir cha-Taa-ii: (ار، مث) ایک رسم جو بچے کے دودھ چھڑانے پر ادا کی جاتی ہے۔

کھیر khair: (ہ، مذ) ایک درخت جس سے کتھا بناتے ہیں۔

کھیرا khii-raa: (ار، مذ) ایک قسم کی چھوٹی ککڑی۔

کھیری khii-rii: (ار، مث) پاکھا کا گوشت، جانوروں کے تھنوں کے اوپر کا وہ گوشت جس میں دودھ بنتا ہے۔

کھیڑا khe-Raa: (ہ، مذ) بستی، چھوٹا گاؤں، کئی قسم کا ملا جلا غلّہ، اناج، کسی تباہ شدہ گاؤں کے کھنڈر یا نشان۔

کھیڑی khe-Rii: (ہ، مث) ایک قسم کا عمدہ اور صاف لوہا۔

کھیس khes: (ہ، مذ) ایک قسم کا سوتی کپڑا جو اوڑھنے اور بچھانے کے کام آتا ہے۔

کھیس khiis: (ار، مث) نقصان جو کسی چیز کے گھسنے یا استعمال کرنے سے ہوتا ہے۔ گائے بھینس وغیرہ کے بچہ پیدا ہونے کے تین دن بعد تک کا دودھ جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے پھٹ جاتا ہے۔

کھیسا khii-saa: (ہ، مذ) دیکھیے 'کیسہ' تھیلی۔

کھیل khel: (ار، مذ) بازی، بازیچہ، تماشا، کرتب، دل بہلاؤ، سیر، مشغلہ، شغل، کاریگری، کام، کاج، فعل دھندا، صف سہل، آسان۔

کھیل تماشا khel-ta-maa-shaa: (ار، مذ) تفریح کا مشغلہ، آسان کام۔

کھیل کود khel-kuud: (ار، مذ) اچھل کود، لہو ولعب۔

کھیلا کھلایا khe-laa-khi-laa-yaa: (صف) تجربہ کار، آزمودہ کار، آوارہ،

کھیلنا khel-naa: (ار، صف) اچھلنا، کودنا، لہو ولعب، کام کرنا، کوئی کام کرنا، فعل کرنا، دل بہلانا، گزرنا، بیتنا، جوا کھیلنا، قمار بازی کرنا، بھوت پریت یا جن پری کے اثر سے سر ہلانا۔

کھینا khe-naa: (ار، مص) ناؤ چلانا، چپو سے کشتی چلانا، برداشت کرنا، سہنا، آگ پر رکھنا۔

کھینچ khiiNch: (ار، مث) کشش، کھچاؤ، کمی، قلت، قحط، کالی

کھینچنا khiiNch-naa: (ار، مص) گھسیٹنا، تاننا، جذب کرنا، غرور کرنا، جلد جلد لکھنا، تصویر بنانا، باہر نکالنا، لمبا سانس لینا، گھیرنا، کاڑھنا، اوپر چڑھانا، جکڑنا۔

کھیوا khe-vaa: (ار، مذ) ناؤ کا کرایہ، ناؤ، کشتی، دریا کے پار اترنا، کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ۔

کھتونی kha-to-nii: (ار، مث) گاؤں کا بندوبست کا حساب کتاب، مالکان اراضی اور ان کی زمینوں کا

حساب کتاب۔

کئی ka-ii: (ار،صف) چند، کتنے ہی، دو چار۔

ک۔ی

کی kii: (ار، متعلق فعل) حرف اضافت کا کی تانیث

کے ke: (ار، حرف جار) دیکھیے 'کا' جس کی یہ جمع ہے۔

کیا kyaa: (ار، حرف، استفہام) چہ، آیا، خواہ، چاہے، کس قدر، کتنا، استفہام انکاری، کون، کدام، اظہار عظمت کے لیے، برائے نفی، برائے تحسین و آفرین، کراہت و نفرت کے واسطے، کون سی بڑی بات ہے، کس لیے، حیرت، کثرت۔

کیا خوب kyaa-Kuub: (ار، متعلق فعل) واہ واہ، کیا کہنا، سبحان اللہ۔

کیا کہنا kyaa-keh-naa: (ار، کلمہ فجائیہ) کلمہ تحسین، سبحان اللہ، شاباش کیا بات ہے، طنزاً یا بطور ہجو ملیح۔

کیا کیا kyaa kyaa: (ار، متعلق فعل) کون کونسا، کون کون چیز، بہت کچھ کس قدر، کیسے کیسے۔ انواع و اقسام کے، کون کون، کہاں کہاں، تجاہل کرنا، کس کس طرح۔

کیا ki-yaa: (ار، فعل) کرنا مصدر سے صیغہ ماضی (مذ) کام، فعل، برے افعال۔

کیاری ki-yaa-rii: (ار، مث) کھیت یا باغ کا چھوٹا حصہ جس کی مینڈھ بنی ہوتی ہے۔ زمین کا ٹکڑا جس میں سمندری نمک یا کتھ وغیرہ بناتے ہیں۔ تختۂ باغ، خیاباں، قطعہ باغ۔

کیاں ka-yaaN: (ف، مذ) کے کی جمع بمعنی بادشاہ، ایران کے چار بادشاہ: خسرو، کیکاؤس، کیقباد، لہراسپ۔

کیانی ka-yaa-nii: (ف، مث) کیاں سے منسوب۔

کیبن ke-bin: (انگ، مذ) Cabin کمرہ، کوٹھری، جہاز

کیبنٹ kaib-niT: (انگ، مذ) Cabinet مجلس وزرا، کابینہ، ریڈیو وغیرہ کا صندوقچہ یا خول، چھوٹی الماری چھوٹا کمرہ۔ کوٹھری۔

کیپٹن kaip-Tin: (انگ، مذ) Captain ایک فوجی عہدہ، کپتان، سردار، لیڈر، کھیا، جہاز کا کپتان، جنگی جہاز کا سردار، کھیلوں میں کسی فریق کا سردار / لیڈر۔

کیپسول kaip-suul: (انگ، مذ) Capsule دوائی وغیرہ کا لبوترہ خول، خول، بیج کا خول / ڈوڈا جو پکنے پر کھل جاتا ہے۔

کیت ket: (ہ، مذ) دمدار ستارہ، راہو ستارہ۔

کیتلی ket-lii: (انگ، مث) Kettle کا بگاڑ، ایک ٹونٹی دار دستے والی دیگچی جس میں پانی وغیرہ گرم کرتے اور چائے وغیرہ پکاتے ہیں۔

کیتھولک ke-tho-lik: (انگ، مذ) عیسائیوں کا قدیمی فرقہ، رومن کیتھولک (Catholic)

کیٹ kiiT: (ہ، مذ) میل جو تیل کی تہہ میں بیٹھ جائے، حقے کا کیل۔

کیٹلاگ kai-Tl-laag: (انگ، مذ) Catalogue فہرست، بترتیب حروف تہجی۔

کیچ / کیچڑ kiich/kii-chaR: (ہ، مث) گارا، دلدل، گیلی مٹی، آنکھ کا میل، تلچھٹ۔

کیچلی / کینچلی kaich-lii: (ہ، مث) ایک سفید سوراخ دار پوست جو سانپ کے بدن پر ہوتا ہے۔

کیچوا kech-vaa: (ار، مذ) ایک لمبا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے۔ اسے کنڈیوں سے لگا کر مچھلیاں پکڑتے ہیں۔ ایسا کیڑا جو پیٹ میں پیدا ہوتا ہے۔

کید kaid: (ع، مذ) دھوکا، دغا، فریب، مکر۔

کیدھر kii-dhar: (ار، متعلق ق) دیکھیے 'کدھر'۔

کیڈٹ kai-DiT: (انگ، مذ) Cadet فوجی کالج کا

طالبِ علم۔

کیرالین ke-ra-liin:(انگ، مذ) ایک قسم کا کپڑا جو مصنوعی ریشہ سے بنتا ہے۔

کیرا kai-raa:(ہ، مذ) وہ جس کی آنکھ نیلی یا فاختہ رنگ کی ہو۔ بھینگا، مث: کیری۔

کیرتن kiir-tan:(ہ، مذ) ذکر، گفتگو، تعریف، سکھوں کی قوالی جس میں گرنتھ گاتے ہیں، اظہار و اشوک گاتے ہیں۔

کیرم بورڈ kai-ram-borD:(انگ، مذ) ایک تختہ جس پر قرص نما گوٹوں سے کھیلتے ہیں۔

کیری ke-rii:(ہ، مث) کچا آم، ایک قسم کا ظرف جس میں عطر رکھتے ہیں۔ یہ آم کے مشابہ ہوتا ہے۔ مصنوعی پھول جو کیری کی شکل کے بناتے ہیں۔

کیڑا kii-Raa:(ہ، مذ) جانوروں کی چوتھی قسم، رینگنے والا، کرم، گھن، دیمک، سانپ، جمع کی صورت میں جوں، کھٹمل، مث: کیڑی۔

کیڑے مکوڑے kii-Re-ma-ko-Re:(ار، مذ) چھوٹے چھوٹے کیڑے، حشرات الارض۔

کیس kes:(انگ، مذ) Case معاملہ، وقوعہ، حالات، کیفیت، مقدمہ، دعویٰ، نالش، عرض حال، مریض جو ڈاکٹر کے زیرِ علاج ہو، بیمار کی حالت مرض۔ ڈھکنا، خانہ، پیٹی، بکس۔

کیس kes:(ہ، مذ) بال، سر کے بال، سکھوں کے لمبے لمبے بال، پرندے کی چوٹی۔

کیسا kai-saa:(ار، متعلق فعل) کسی چیز کا، کسی قسم کا، کسی کام کا، کیوں، کس لیے، کس قدر، کتنا، کس درجہ، از حد، کس ڈھنگ سے (استفہام انکاری) کیا ذکر، کہاں کا، کس کا۔

کیسر ke-sar:(ہ، مث) زعفران، زرد رنگ کا ایک نہایت خوشبودار پھول۔

کیسری / کیسریا kes-ri/kai-sar-yaa:(ہ، صف) زعفرانی، زعفران کے رنگ کا۔

کیسے kai-se:(ار، حرف استفہام) دیکھیے 'کیسا' جس کی یہ جمع ہے۔

کیش kaish:(انگ، مذ) Cash نقد روپیہ پیسا، نقدی، روکڑ۔

کیش بک kaish-buk:(انگ، مث) Cash-Book روکڑ، بہی، نقد کے حساب کی کتاب۔

کیش kesh:(ف، مذ) مذہب دین، اعتقاد، عادت، خصلت، صفت، طور طریقہ، ڈھنگ، روش، ترکش، تیردان۔

کیف kaif:(ع، مذ) نشہ، خمار، سرور، حالت، کیفیت، کیوں کر، کیسا۔

کیف و کم kai-fo-kam:(ع، صف) کیسا، کتنا، مقدار اور خاصیت۔

کیفر kai-far:(ف، مذ) پاداش، بدلا، برے کام کا بدلا۔

کیفر کردار kai-fa-re-kir-daar:(ف، مذ) کیے کی سزا، عمل کی پاداش۔ (افعال: پانا، پہنچنا)

کیفے ke-fe:(انگ، مذ) Cafe قہوہ خانہ۔

کیفیت kai-fi-yat:(ع، مث) حالت، احوال، حقیقت، عالم، رنگ۔ ڈھنگ۔ ار، شرح، تفسیر، لطف، بہار، رونق، نشہ، سرور۔

کیفیٹیریا ke-fe-Te-ri-yaa:(انگ، مذ) قہوہ خانہ۔ Cafeteria۔

کیک kek:(انگ، مذ) Cake ایک قسم کی انگریزی مٹھائی یا روٹی جو میدہ انڈے میوے وغیرہ ڈال کر سانچے کے ذریعہ تنور میں پکاتے ہیں۔

کیکر kii-kar:(ہ، مذ) ببول کا درخت، مغیلاں۔

کیکری kek-rii: (ہ،مث) کیکر کی تصغیر، کنگری دار سلائی۔

کیکڑا kek-Raa: (ہ،مذ) ایک آبی کیڑا، جو بچھو سے مشابہ ہوتا ہے، سرطان، برج سرطان۔

کیکنا kiik-naa: (ہ،مص) بندر کا چیخنا، چلانا، پکارنا۔

کیل kiil: (ہ،مث) میخ، لوہے کی کھونٹی، مہاسوں یا پھوڑے کے اندر کی جمی ہوئی پیپ، ناک میں پہننے کا ایک زیور۔

کیل کانٹا kiil-kaaN-Taa: (ار،مذ) اوزار، ہتھیار، اسلحہ بچوں کا ایک کھیل۔

کیلا ke-laa: (ار،مذ) ایک پھل جو کم وبیش چار انچ لمبا اور خمدار ہوتا ہے۔ اس کا گودا نرم اور لذیذ ہوتا ہے۔ نیز اس کا پودا۔

کیلا kii-laa: (ہ، مذ) کھونٹا، بڑی میخ، گوشت خور جانوروں کے چاروں بڑے دانت جن کے ذریعے سے وہ گوشت کاٹتے یا شکار پکڑتے ہیں۔

کیلنا kiil-naa: (ار،مص) منتر سے سانپ کو قابو میں کرنا۔ دکان کے کونوں میں منتر پڑھ کر کیلیں گاڑنا، تا کہ وہاں آسیب کا اثر نہ ہو، کیلیں جڑنا یا ٹھونکنا، آنے جانے سے روک دینا، قابو میں کرنا، جادو یا منتر کے زور سے کسی کو بولنے سے باز رکھنا۔

کیلشیم kel-shi-yam: (انگ، مذ) Calcium چونا، ایک کیمیاوی عنصر۔

کیلنڈر kel-len-Dar: (انگ، مذ) Calendar جنتری، تقویم، نظام، فہرست۔

کیلوس cai-luus: (مذ) غذا کا معدے میں پہلا ہضم۔

کیلی kii-lii: (ہ، مث) لکڑی کی کھونٹی، لوہے کی لاٹھ، کشتی کا ایک داؤں۔

کیمپ kemp: (انگ،مذ) Camp پڑاؤ، چھاؤنی، لشکرگاہ، فوجی ڈیرہ۔

کیمپس kaim-pas: (انگ، مذ) Campus یونیورسٹی سے متعلق عمارات۔

کیمخت kii-muKt: (ف، مذ) گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ کا چمڑا جس کو دانہ دار بنا کر سبز رنگ دیتے ہیں۔

کیمرا kaim-raa: (انگ، مذ) Camera عکسی تصویری کھینچنے والا آلہ، جج کا پوشیدہ کمرہ۔

کیمرک kem-rak: (انگ،مث) Cambric ایک قسم کا نہایت عمدہ کپڑا۔

کیمسٹ ke-misT: (انگ، مذ) Chemist دوا ساز، دوا فروش۔

کیمسٹری ke-mis-Trii: (انگ،مث) Chemistry علم کیمیا، رسائن ودّیا۔

کیموس ke-muus: (یو،مذ) وہ رقیق شے جو جگر میں غذا کے دوسرے ہضم سے پیدا ہوتی ہے۔

کیمیا kiim-yaa: (ع،مث) رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا۔

کیمیا ساز / گر kii-mi-yaa-saaz: (ف،صف) کیمیا بنانے والا، زرساز، اسم کیفیت مث: کیمیا گری، سازی۔

کیمیاوی kii-mi-yaa-vii: (ف،صف) دیکھیے 'کیمیا' جس سے یہ منسوب ہے۔

کینٹب kain-tab: (انگ،مث) Cantab انگلینڈ کی کیمبرج یونیورسٹی کا سند یافتہ۔

کینٹین ken-Tiin: (انگ، مث) Canteen چھاؤنی، کارخانہ، کالج وغیرہ میں چھوٹی سی دکان جس میں کھانے پینے کا سامان مقررہ قیمت پر ملتا ہے۔

کینچلی keNch-lii: (ہ،مث) دیکھیے 'کیچل / کیچلی'

کینچوا keNch-vaa: (ہ، مذ) 'کیچوا' زمین کا کیڑا،

پیٹ کا کیڑا۔

کینڈا keN-Daa: (ھ، مذ) نمونہ، پیانہ، ڈول، اندازہ، خاکہ۔

کینسر kain-sar: (انگ، مذ) Cancer سرطان کی بیماری، بھگندر۔ راج پھوڑا، کیکڑا، خط سرطان۔

کینسل kain-sal: (انگ، مث) Cancel قلم زد کرنا، منسوخ کرنا (افعال: کرنا، ہونا)

کینوس kain-vas: (انگ، مذ) Canvas ولایتی کپڑا یا ٹاٹ۔

کینہ kii-nah: (ف، مذ) حسد، بغض، عداوت، کپٹ۔

کینہ پرور/توز/خواہ/کش kii-nah-par-var/toz/Kwah/kash: (ف، صف) دل میں بغض رکھنے والا، کینہ رکھنے والا، دشمنی رکھنے والا، حاسد، کپٹی، اسم کیفیت مث: کینہ پروری/توزی/خواہی/وری/کشی۔

کیوڑا kev-Raa: (ھ، مذ) ایک درخت اور اس کے پھول کا نام جس کی خوشبو نہایت عمدہ ہوتی ہے۔

کیُوں kyuuN: (ار، متعلق فعل) کس لیے، کس سبب سے، کس خاطر، کس وجہ سے، کس باعث۔

کیُوں کر kyuuN-kar: (ار، متعلق فعل) کس طرح۔ کس لیے، کیسے، کس بنا پر۔

کیُونکہ kyuuN-ke(h): (ار، متعلق فعل) اس لیے کہ اس طرح کہ

کیُوں نہیں kyuuN-na-hiiN: (ار، کلمہ اقرار) ہاں، ضرور، واقعی، بلاشبہ، کیا وجہ، کیا سبب، ایسا ہی ہے۔

گ

گ

گ g: (ف، مذ) اس کا نام گاف ہے جسے کاف فارسی بھی کہتے ہیں۔
یہ اردو حروف تہجی کا انتیسواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا پچھلا حصہ نرم تالو کے رابطے میں آکر لمحہ بھر کو خارج ہونے والی منہ کی ہوا کو روک دیتا ہے اور غشائی پردوں کے سکڑ کر ارتعاش کرنے سے ایک گونج سی پیدا ہوتی ہے۔ اس آواز کو صوتیات کی اصطلاح میں مسموع تالوی بندشی مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

گ۔ا

گا ga(a): (ہ، مذ) ہندی موسیقی کے تیسرے سر گندھار کا مختصر نام۔

گا ga(a): (ار، لاحقہ مستقبل) لاحقہ مستقبل جو عموماً مضارع کے صیغہ کے بعد آکر اسے فعل مستقبل بنا دیتا ہے۔ جیسے آئے گا۔ لکھے گا۔

گابھ gaabh: (ہ، مذ) حمل خصوصاً جانوروں کا۔

گابھا gaa-bha(a): (ہ، مذ) پیڑ کا نیا پتا، درخت کا گودا، شگوفہ، پھول کا اکھوا، کچی نالی، لکڑی کا گودا، درخت کے پوست کا تازہ حصہ، خصوصاً کیلے کا، پرانی روئی جو لحاف میں سے نکالیں، وہ جگہ جہاں سے درخت کی دو یا زیادہ شاخیں ہوں۔

گابھن gaa-bhin: (ہ، مث) مادہ حیوان جس کے پیٹ میں بچہ ہو۔

گاتی gaa-ti(i): (ہ، مث) دوپٹا چادر کو اوڑھنے کا ایک طریقہ جس میں دوپٹے یا چادر کو دونوں کندھوں کے اوپر اور نیچے سے گذار کر سامنے گانٹھ باندھ دیتے ہیں۔ آج کل پن بھی لگا لیتی ہیں۔ (افعال: باندھنا، مارنا، لگانا)

گاج gaaj: (ہ، مث) بجلی، برق، صاعقہ، گرج، غصہ، قہر، غضب کانچ کی چوڑی۔

گاجر gaa-jar: (ہ، مث) ایک ترکاری / میٹھی جڑ، جسے کچی بھی کھا لیتے ہیں۔ مربا، اچار اور حلوا بنایا جاتا ہے۔

گاچ gaach: (ہ، مث) ایک قسم کا بہت باریک جالی دار کپڑا۔

گاچنی gaach-ni(i): (ہ، مث) وہ مٹی جو لکھنے کی تختیوں پر پھیرنے کے کام آتی ہے۔ ملتانی مٹی۔

گاد gaad: (ہ، مث) تلچھٹ، تیل کے نیچے، بیٹھی ہوئی مٹی یا ململ۔

گاڈر gaa-Dar: (انگ، مذ) Girder کا بگاڑ، لوہے کا بڑا شہتیر۔

گار gaar: (ف، ار، حصہ فاعلی) اسم فاعل کا لاحقہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ جیسے خدمتگار، مددگار۔

گارا gaa-ra(a): (ہ، مذ) گندھی ہوئی مٹی، جس سے اینٹیں بناتے بھی ہیں اور چنتے بھی ہیں پلستر کرتے ہیں۔ پیتے ہیں، برتن بناتے ہیں۔ گاڑھا، کیچڑ، ایک راگ۔

گارڈ gaarD: (انگ، مذ) Guard کا بگاڑ، سپاہیوں کا دستہ جو حفاظت یا پہرہ دینے کے لیے مخصوص ہو، پہرے دار۔

گارڈ gaarD: (انگ، مذ) ریل گاڑی کا دورانِ سفر ذمہ دار افسر، محافظ، نگران۔

گارجیئن gaar-ji-yan: (انگ، مذ) Guardian سرپرست، محافظ، ولی۔

گارنٹی gaa-ran-Tii: (انگ،مث) Guarantee ضمانت، کفالت، ذمہ داری، یقین دہانی۔

گاڑا gaa-Ra(a): (ہ، مذ) بندوق کی گولی، گڑھا، نشیبی زمین، چھپنے کی جگہ، کمین گاہ، خندق راجپوتوں / رنگڑوں کا انتہائی گھٹیا فرقہ، ایک قسم کا موٹا اور گاڑھا کپڑا۔

گاڑنا gaaR-na(a): (ار، مص) ٹھوکنا، دبانا، دفن کرنا، آگ کو راکھ کے نیچے دبانا۔

گاڑھا gaa-Rha(a): (ار،صف) موٹا، گھنا، کثیف، چالاک، مضبوط، گہرا، بھاری موٹا، بہادر، دلیر (مذ) ایک قسم کا موٹا کپڑا، کھدر، لڑائی کا مست ہاتھی، مث: گاڑھی، اسم کیفیت مذ: گاڑھا پن۔

گاڑی gaa-Ri(i): (ار،مث) وہ لکڑی لوہے وغیرہ کی چیز جو پہیوں پر چلتی ہے اور اس پر سوار ہوتے اور سامان لادتے ہیں۔

گاڑی بان/واں gaa-Ril-baan/vaaN: (ار، مذ) گاڑی چلانے والا، کوچوان۔

گاف gaaf: (انگ، مذ) Golf، ایک کھیل جس میں چھوٹی سی گیند کو چوگاں سے مار کر فاصلے پر پھینکتے ہیں۔

گاگر gaa-gar: (ہ،مث) پانی رکھنے کا لوہے یا پیتل کا گھڑا، وہ مٹی کا برتن جس میں شربت بھر کر اوپر سے سرخ کپڑا ڈال کر / باندھ کر، پھول یا ہار ڈال کر مزاروں پر چڑھاتے ہیں۔

گال gaal: (ار، مذ) رخسار، گفتگو، باتیں، لقمہ، گھونٹ، اناج کی مٹھی جو چکی میں ڈالتے ہیں۔

گالا gaa-la(a): (ف، مذ) دھنکی اور صاف کی ہوئی روئی کی اتنی مقدار جو ایک ہاتھ میں آ جائے۔

گالی gaa-li(i): (ار،مث) بدزبانی، دشنام۔

گالی گفتار / گلوج gaa-lii guf-taar/ ga-loj (ار،مث) باہمی دشنام دہی یا بدزبانی (افعال: کرنا، ہونا)

گام gaam: (ف،مذ) قدم، پاؤں۔

گامچی gaam-chi(i): (ف،مث) ساز کا ایک حصہ جو گام میں لگایا جاتا ہے۔

گامزن gaam-zan: (ف،صف) تیز رو، قاصد، تیز رفتار۔

گان gaan: (ف،صف) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے اور والا، صاحب کے معنی دیتا ہے جیسے شایگاں۔ تین عدد کے لیے جیسے دوگان۔ جب اسم یا صفت ہائے ہوز پر ختم ہو، تو جمع کی نشانی ہے۔ جیسے مردگان، راندگان۔

گانٹھ gaaNTh: (ف،صف) گرہ، جوڑ، بند، جڑ، عداوت، نفاق، بیر، عہد، پیمان، ہاتھ پاؤں اور انگلیوں کے جوڑ، گنے اور بانس وغیرہ کی گرہ۔

گانٹھ دار gaaNTh-daar: (ار،صف) جس میں گرہیں ہوں۔

گاہی gaa-hii: (ار،مث) خریداری۔

گاہنا gaah-na(a): (ار، مص) بالیوں کو کچل کر گیہوں کو نکالنا، تلاش کرنا، ڈھونڈنا۔

گاہوار gaah-vaar: (ف،مذ) گہوارہ۔

گاؤن gaa-uun: (انگ،مذ) Gown لبادہ، لمبا چوغا۔

گاؤں gaa-uN: (ہ،مذ) موضع، دیہہ، بستی۔

گائے gaa-ye: (ہ، مث) مادہ گاؤ، گؤ، کنایۃً غریب، بے زبان۔

گائیڈ gaa-iD: (انگ،صف) Guide رہنما، رہبر

بدرقہ، وہ کتاب جس میں اصل کتاب کی مشکلات کا حل درج ہوتا ہے۔

گایک gaa-yak: (س، صف) گویا، مغنی، مث: گاین، گائک۔

گ-ب

گبر gabr: (ف، مذ) آتش پرست، پارسی۔

گبرو gab-ruu: (ہ، صف) جوان، نوخیز، جس کی داڑھی مونچھیں نہ اگی ہوں۔ (مذ)

گبھرو gabh-ruu: (ہ، صف) دیکھیے 'گبرو'

گ-پ

گپ gap: (ف، مث) گفتگو، بات چیت، جھوٹی بات، افواہ، شیخی، ڈینگ، سرگزشت، افسانہ، داستان، بکواس، بک بک، فضول باتیں۔

گپ شپ gap-shap: (ہ، مث) دل لگی کی باتیں کرنا، ہنسی مذاق کی باتیں (افعال: اُڑانا، اڑنا)

گپ gup: (ہ، صف) چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی، اندھا

گپ چپ gup-chup: (ہ، صف) دیکھیے 'گپ' متعلق فعل، چپکے سے، مخفی طور پر، مث: خاموشی، چپ، راز۔

گپت gupt: (ہ، مذ) محفوظ، بچا ہوا، چھپا ہوا، پوشیدہ، خفیہ، وہ جو نظر نہ آئے، نہاں، صرف و نحو۔ جو بیان نہ کیا جائے اور سمجھا نہ جائے۔

گپت دان gupt -daan: (ہ، مذ) خیرات جو خفیہ طور پر کی جائے، روپیہ پیسہ جو نہانے کے بعد تالاب میں چھوڑا جائے۔

گپت مار gupt-maar: (ہ، مث) مار جس کا نشان نہ پڑے، طنز، طعن و تشنیع۔

گپتی gup-tii: (ہ، مث) حفاظت، بچاؤ، چھپانا، پوشیدگی، وہ تلوار جو دستی چھڑی میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ چھپی ہوئی تلوار، پوشیدہ، چھپا ہوا، (افعال: کرنا، ہونا)

گپڑ سپڑ ga-paR-sa-paR: (ہ، مث) بیہودہ بات، گپ شپ۔

گپھا gu-phaa: (ہ، مذ) غار، کھوہ، چھپنے کی جگہ۔

گپھے gu-phe: (ہ، مذ) سر کے سامنے کے اُٹھے ہوئے بال جو عورتیں زینت کے لیے اٹھا دیتی ہیں۔ (افعال: بنانا، بننا)

گپی gap-pii: (ا، صف) جھوٹا، فضول باتیں کرنے والا، شیخی باز۔

گ-ت

گت gat: (ہ، مث) حرکت، چال، حالت، طرز، سُر، نغمہ، ایک قسم کا اناج۔

گتا gat-taa: (ا، مذ) موٹا پٹھا جس سے کتابوں کی جلدیں باندھتے ہیں۔

گتھم گتھا gut-tham-gut-thaa: (ہ، مذ) غٹ پٹ، کشتم کشتا (افعال: ہو جانا/ہونا)

گتھنا guth-naa: (ا، مص) لڑائی میں دو آدمیوں / جانوروں / پرندوں کا باہم لپٹ جانا، بھڑنا، پرو دیا جانا، نتھی ہونا۔

گتھواں guth-vaaN: (ا، صف) بنا ہوا، ملا ہوا، پرو یا ہوا، گندھا ہوا۔

گتھوانا guth-vaa-naa: (ہ، مصدر) دیکھیے گتھنا جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

گتھی gut-thii: (ا، مث) الجھاؤ، گرہیں جو دھاگے میں پڑ جاتی ہیں۔ پیچ یا مشکل جو کسی معاملے میں پڑ جائے، تھیلی۔

گتیا gat-yaa: (ہ، مذ) طبلہ بجانے والا۔

گ۔ٹ

گٹ gaT: (ہ، مذ) فوج، گروہ، ہجوم، ٹھٹ، گھٹا، مجمع۔

گٹ gaT: (ہ، مذ) بوتل یا صراحی سے پانی نکلنے کی آواز، کسی رقیق شے کے جلد جلد پینے کی آواز۔

گٹ پٹ gaT-paT: (ہ،مث) باہم گتھ جانا، ڈھیر، انبار۔ لادہ، خلط ملط، بے ترتیبی، الجھیڑا، گٹھکر، ڈھیر ہوکر خلط ملط ہونا۔ (افعال: ہونا)

گِٹ پِٹ giT-piT: (ار، مث) چونکہ انگریزی زبان میں 'ت' کو 'ٹ' بولتے ہیں۔ اس لیے ہندوستانیوں نے انگریزی زبان کو گٹ پٹ رکھ دیا۔

گٹّا GaT-Taa: (ار، مذ) ٹخنے یا کلائی کا جوڑ، حقے کا وہ حصہ جہاں دونوں نیچے ملائے جاتے ہیں، وہ نشان جو سجدہ کرنے سے پیشانی پر پڑ جاتا ہے، گھٹا، پاؤں کے پشت کی وہ سختی جو بیٹھنے یا زمین پر ٹکنے سے پیدا ہوتی ہے۔

گُٹّا guT-Taa: (ہ، مذ) کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا، دیسی جوتے کے قالب کا ایک حصہ، موچیوں کی اصطلاح، (صف) پست قد، بونا۔

گٹر ga-Tar: (انگ، مذ) Gutter، موری، نالی، بدرو، پرنالہ۔

گُٹکا guT-ka(a): (ہ، مذ) شطرنج کا مہرہ، چھوٹی سی کتاب، ایک مرکب مسالہ جسے لوگ بجائے پان کے استعمال کرتے ہیں۔ پارے وغیرہ کی گدلی جسے جوگی منہ میں رکھتے ہیں۔

گٹکاری / گٹکری giT-kaa-ri(i): (ہ، مث) وہ پیچیدہ آواز جو گویے گانے کے وقت گلے سے نکالتے ہیں۔ افعال: لینا، نکالنا۔

گُٹگُٹانا guT-gu-Taa-na(a): (ار، مص) مستی کی حالت میں کبوتروں کا بولنا۔

گٹھ gaTh: (ہ، مذ) گٹھنا، مصدر سے صیغہ امر، بڑا بقچہ، (مث) گانٹھ کر۔

گٹھ بندھن gaTh-ban-dhan: (ہ، مذ) دولہا۔ دولہن کے آنچلوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت لگائی جاتی ہے۔ دو آدمیوں کا ایک دل ہونا۔

گٹھ جوڑ gaTh-joR: (ہ، صف) ملا ہوا، جڑا ہوا، (ار، مذ) دیکھیے گٹھ بندھن۔

گٹھانا ga-Thaa-na(a): (ہ، مصدر) گانٹھنا کا متعدی المتعدی، سلوانا، جوتے وغیرہ کی مرمت کرانا، پیوند لگانا۔

گٹھڑ gaT-ThaR: (ہ، مذ) بڑی گٹھڑی (صف) گانٹھ دار۔

گٹھڑی gaTh-Ri(i): (ہ،مث) چھوٹا بقچا، ایسا بقچہ جس کے اوپر باہر کے کپڑے کو گانٹھ دی گئی ہو، پارسل، بنڈل، پیکٹ۔

گُٹھل guT-Thal: (ہ،صف) گانٹھ دار، ڈھیلے دار، سخت، جما ہوا، بستہ۔

گُٹھلی guTh-lii: (ار،مث) پھل کا بیج، تخم، گلٹی، گانٹھ۔

گٹھنا gaTh-na(a): (ار، مص) سیا جانا، دوخت ہونا، پیوند لگانا، شریک ہونا، مل جانا، بندھنا، کھانا، مضمون بندھنا، برجستہ ہونا۔

گٹھوانا gaTh-vaa-na(a): (ہ، مصدر) دیکھیے 'گانٹھنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

گٹھی ga-Thi(i): (ہ،مث) گرہ گانٹھ، لہسن پیاز کی گٹھی رگانٹھ رگرہ۔ کسی چیز کا چھوٹا بنڈل، جوڑ بند، گدّا جو گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ پر رکھتے ہیں۔

گٹھیا gaTh-ya(a): (ہ، مث) چھوٹا، بقچہ، بوری، ٹوکرا، جوڑوں کا درد، وجعِ مفاصل۔

گٹھیلا ga-Thii-la(a): (ہ،صف) گانٹھ والا، گرہ دار، خوب مضبوط، مث: گٹھیلی، اسم کیفیت مذ: گٹھیلا پن۔

گٹی ga-Ti(i): (ہ،مث) نیل کا ٹکڑا جو مربع کاٹا جاتا ہے، مٹی کا ڈھیلا، پرانے چونے کا ڈلا۔

گٹی giT-Ti(i): (ہ،مث) ریل جس پر دھاگا لپیٹا جاتا ہے، ٹھیکری خصوصاً چلم کی جو تمباکو کے نیچے رکھی جاتی ہے۔

گ۔ج

گج gaj: (س،مذ) ہاتھی، آٹھ اطراف کے ہاتھیوں میں سے کوئی ایک، آٹھ کی علامت، ایک ناپ، گز، سلاخ، مٹی کا ٹیلا جس پر مکان بنائیں، مث: گجی۔

گجراج gaj-raaj: (ہ،مذ) بہت بڑا ہاتھی، ہاتھیوں کا سردار۔

گجر ga-jar: (ہ،مذ) چار، آٹھ یا بارہ بجے گھنٹوں کا جلد جلد بجنا، (افعال: بجنا، بجانا) صبح صادق کا وقت، گیہوں اور جو یا سرخ و سفید ملے جلے گیہوں اور جو کا مخفف ہے۔ گاجر کا مخفف۔

گجرا gaj-raa: (ہ،مذ) پھولوں کا زیور جو عورتیں کلائیوں میں پہنتی ہیں۔ ایک قسم کا زیور، سونے کا پنچی یا گلے کا ہار، ایک قسم کا ریشمی کپڑا، مشروع، مشروع کی لہریے دار دھاریاں۔

گجگجا gij-gi-jaa: (ہ،صف) گیلا، گلگلا، نرم نرم جو ناگوار ہو، پھسپھسا۔

گجگجانا gij-gi-jaa-na(a): (ہ،مص) اکٹھے ہونا، جمع ہونا، بہت آباد ہونا۔ بہت کاروبار، چہل پہل ہونا، کلبلانا، رینگنا۔

گجھا gajh-jha(a): (ہ،مذ) ڈھیر، انبار، بہتات، افراط، خزانہ، دبا ہوا۔

گ۔چ

گچ gach: (ف،مث) ایک قسم کی سفیدی جسے چونے کے ساتھ ملا کر پلاستر کرتے ہیں۔ پرانا پلستر جو دیواروں سے اکھڑے، پرانا فرش یا چھت جس پر گچ کا پلاستر ہو، ادکھلی، صف، گاڑھا، خت، ہضم نہ ہونے والا۔

گچ کاری gach-kaa-ri(i): (ف،مث) چونے کا کام، چونے کا کام بنانا۔

گچ پچ gich-pich: (ہ،مث) ازدہام، صف، گھنا، گنجان، کثرت سے، آس پاس۔

گچھا guch-cha(a): (ہ،مذ) خوشہ، اناج کی بالی، جھرمٹ، پھندنا، لچھا۔

گچی guch-chi(i): (ہ،مث) چھوٹا گڑھا جس میں بچے کوڑیاں وغیرہ کھیلتے ہیں۔ (پنجابی) کھتی۔

گ۔د

گد gad: (ہ،مث) مارنے کی آواز، زمین پر دے مارنے کی آواز۔

گدھ gidh: (ہ،مذ) ایک مردار خور پرندہ جو چیل سے بڑا ہوتا ہے، اس کی گردن لمبی اور بغیر بال و پر کی ہوتی ہے۔ ایک قسم کا پتنگ۔

گدا ga-da(a): (ف،مذ) فقیر، بھکاری، منگتا، صف، غریب، مفلس، اسم کیفیت مث: گدائی۔

گداگر ga-daa-gar: (ف،مذ) دیکھیے گدا، اسم کیفیت مث: گداگری۔

گدا gad-da(a): (ہ،مذ) روئی دار بستر، گدڑی، گدیلا، چری کا پولا، گیہوں وغیرہ کا خوشہ جو پکنے کے قریب ہو، ہاتھی کا چار جامہ، ان معنوں میں افعال

لگانا، دھوکا فریب، افعال: کھانا۔

گدّا gud-da: (ہ، مذ) درخت کی موٹی شاخ، ٹنڈا، (افعال: دینا)۔

گداختہ gu-daaK-tah: (ف، صف) پگھلا ہوا، گلا ہوا، اسم کیفیت مث: گداختگی۔

گداز gu-daaz: (ف، مذ) پگھلانے والا، مرکبات میں، جیسے دل گداز، نرم ملائم، موٹا، مذ، پگھلنا، نرمی، سوز، رنج، اسم کیفیت۔ مث: گدازی۔

گداکا gu-daa-ka(a): (ہ، مذ) وہ آواز جو ایک چیز کے دوسری پر گرنے سے پیدا ہوتی ہے۔

گدالا ga-daa-la(a): (ہ، مذ) بڑی کدال جس سے مٹی کھودتے ہیں، (دکنی) ہاتھی کا گدا۔

گودام go-daam: (انگ، مذ) godown، ذخیرہ، وہ مکان جس میں کسی چیز کا ذخیرہ رکھا ہو۔

گدر gad-dar: (ہ، صف) آدھ پکا، آدھ کچرا، وہ پھل جو پک جانے کے قریب ہو، بھرا ہوا، موٹا، فربہ، نرم، ملائم

گدرانا gad-raa-naa: (ار، مص) نیم پختہ ہونا، پھل کا پک جانے کے قریب ہونا، جوانی کا آغاز ہونا، جوبن پر آنا۔

گدراہٹ gad-raa-haT: (ار، مث) دیکھیے 'گدر' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گدرایا gad-raa-yaa: (ار، صف) آدھ کچا، آدھ پکا، پکنے کے قریب، بھرا ہوا۔

گدڑی guD-ri(i): (ار، مث) فقیروں کا جبہ جس میں بہت سے پیوند لگے ہوتے ہیں۔ خرقہ، وہ بازار جس میں ہر قسم کی پرانی چیزیں بکتی ہوں۔

گدڑیا gu-daR-yaa: (ار، مث) گدڑی کی تصغیر، صف، گدڑی پہننے والا، گدڑی بیچنے والا، فرش اور خیمہ کرایے پر لانے والا۔

گدکا gad-kaa: (ار، مذ) چمڑے کا مڑھا ہوا ڈنڈا، گتکا، کھیل جو ڈنڈوں کے ساتھ کھیلا جاتا ہے۔

گدکڑ gad-ka-Raa: (ار، صف، ق) گدلا، میلا۔

گدگدا gud-gu-daa: (ار، صف) نرم ملائم، پلپلا، موٹا، فربہ۔

گدگدانا gud-gu-daa-naa: (ار، مص) انگلیوں سے جسم چھوکر ہنسانا، اُبھارنا، بھڑکانا، چھیڑنا، مذاق کرنا، شوق بڑھانا، گھوڑے کے پیٹ کو پاؤں لگانا کہ جست وخیز میں آئے۔

گدگداہٹ gud-gu-daa-haT: (ار، مث) گدگدی کا اثر۔

گدگدی gud-gu-dii: (ار، مث) جسم کو انگلیوں کو چھونے کے باعث ہنسی کی کیفیت، جوش، شوق (افعال: کرنا، ہونا)

گدلا gad-laa: (ار، صف) میلا، مکدر، گاڑھا، غلیظ، مث، گدلی، اسم کیفیت، گدلاپن۔

گدلانا gad-laa-naa: (ار، مص) کسی شے کا مٹی ملنے کی وجہ سے غلیظ ہوجانا۔

گدنا gud-naa: (ار، مص) بدن پر نقش بوٹے ہونا، 'گودنا' کا متعدی۔

گدوائی gud-vaa-i(i): (ہ، مث) گدوانے کا عمل۔

گدھ gidh: (ہ، مذ) 'گدھ' مردارخور پرندہ۔

گدھا ga-dha(a): (ہ، مذ) ایک سفید، خاکستری سیاہ رنگ کا جانور جو گھوڑے سے چھوٹا ہوتا ہے اور بوجھ لادنے یا سواری کرنے کے کام آتا ہے، خر، بوجھ گدھے پر لدا ہوا ہو، بارخر، صف، بیوقوف، احمق، گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے مث: گدھی۔

گدھاپن ga-dhaa-pan: (ار، مذ) بیوقوفی،

حماقت، نادانی۔

گدھیّا ga-dhay-ya(a): (ہ،مث) گدھی، مادہ خر، گدھی کی تصغیر۔

گدی gad-di(i): (ہ،مث) تخت شاہی، گدیلا، مسند، کاغذ یا کپڑے کی تہہ۔

گدی نشین gad-dii na-shiin: (ف،صف) وہ جو حکومت کی گدی پر بیٹھے، حکومت سنبھالے، وہ جو مسند پر بیٹھے، وہ جو کسی بزرگ کا جانشین ہو، اسم کیفیت مث: گدی نشینی۔

گدی gud-dii: (ہ،مث) سر یا گردن کا پچھلا حصہ۔

گدیلا ga-dii-la(a): (ہ،مذ) روئی کا گدا، توشک، ہاتھی کے اوپر رکھنے کی گدی۔

گدیہ gad-yah: (ف، مذ) گدائی، بھیک مانگنا، بھکاری پن۔

گدیہ گر gad-ya(h)-gar: (ف،صف) دیکھیے 'گداگر' اسم کیفیت مث: گدیہ گری۔

گ۔ڈ

گڈا guD-Da(a): (ہ،مذ) گڑیا کا مذکر، کپڑے کا بنا ہوا آدمی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔

گڈریا ga-Dar-yaa: (ہ،مذ) چرواہا، راعی، شبان، چوپان، گوالا، بھیڑوں اور بکریوں کے ریوڑ چرانے والا۔

گڈولنا ga-Dol-na(a): (ہ،مذ) ایک چھوٹی تین پہیوں کی گاڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں اور چلنا سیکھتے ہیں۔

گڈی guD-Dii: (ہ،مث) دیکھیے 'گڈا' جس کی تصغیر ہے۔

گڈی gaD-Dii: (ہ،مث) ترکاری / سبزی کا مٹھا۔ پولی، بنڈل، کاغذ کے دس دستوں کا مجموعہ، پڑاتوں کا کاغذ، آتش بازی کے پڑاتے جو بکتا ہوں، سونے ر چاندی کے ورقوں کی تھئی جس میں سو ورق ہوتے ہیں۔ چھپا کے پھولوں کا دستہ گاڑی، چھکڑا، تاش کے پتوں کا مجموعہ یا تھئی۔

گڈی guD-Di(i): (ف،مث) ایک قسم کا مربع پتنگ جس میں دمچھالہ نہیں ہوتا، تنگی، کہنی یا گھٹنے کی ہڈیوں کا جوڑ، پرندوں کو اس طرح الجھا دینا کہ وہ اُٹھ نہ سکیں۔

گ۔ذ

گذار gu-zaar: (گذارش، گذاشتی، گذاف، گذر، گذران، گذرانا، گذرگاہ

گذرنامہ gu-zar-na-ma(h): (گذرنا، گذری، گذشتنی، گذشتہ وغیرہم۔ ان تمام کے لیے 'گ، ز' کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

گ۔ر

گر gar: (ف،صف) گار کا مخفف، مرکبات کے آخر میں آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے، اور بنانے والے کے معنی دیتا ہے، جیسے صورت گر، کاریگر، قلعی گر، زرگر وغیرہ کرنے والا، بنانے والا، رکھنے والا، صاحب، مالک خداوند، جیسے تونگر، بجائے لفظ باز کے جیسے لونڈے گر۔

گر gar: (ف،صف،شرط) دیکھیے 'اگر' جس کا یہ مخفف ہے۔

گرچہ gar-cheh: (ف،صف،شرط) دیکھیے 'اگرچہ' جس کا یہ مخفف ہے۔

گر gur: (ار،مذ) اصول، قاعدہ، کلیہ، راز، کسی کام کے کرنے کا خاص طریقہ یا قاعدہ، انگریزی میں اسے فارمولا Formula کہتے ہیں۔ گرو کا مخفف، مرشد، رہنما، استاد، نکتہ، باریکی۔

گُرمُکھی gur-mu-khi(i): (ہ،مث) گرو کے منہ کی زبان، پنجابی زبان جو سکھ بولتے اور لکھتے ہیں۔ پنجابی زبان کا وہ رسم الخط جو دیوناگری سے مشابہ ہے۔

گراب ga-raab: (ار، مذ) کارتوس کے چھروں سے بڑی گولی، بڑا چھرا۔

گراری ga-raa-ri(i): (ار، مث) دھاگے یا رسی بٹنے کا آلہ، دھاگہ لپیٹنے کی ریل، کنویں کی چرخی، مشینوں کا پرزہ جو پہیے کی شکل کا ہوتا ہے۔

گِراف gi-raaf or ga-raaf: (انگ، مذ) Graph، خاکہ اعداد و شمار کا علامتی خاکہ۔

گِرام gi-raam/ga-raam: (س، مذ) گاؤں، موضع بستی، راگ کی سروں کا مجموعہ۔

گِرام gi-raam: (انگ، مذ) Gram، ایک مکعب، سنٹی میٹر مقطر پانی کا وزن، جب کامل کثافت رکھتا ہو، اور خلا میں تولا جائے، 15.432 گرین کے برابر وزن۔

گِرامر gi-raa-mar: (انگ، مث) Grammer، صرف و نحو، زبان کے قواعد۔

گراموفون ga-raa-mo-fuun: (انگ، مذ) Gramophone ایک آلہ، جس کے ریکارڈ سے آواز نکلتی ہے، فونوگراف۔

گِرامی gi-raa-mi(i): (ف، صف) بہت بزرگ، مکرم، معظم۔

گِرامی نامہ gi-raa-mii naa-ma(h): (ف، مذ) بڑے کا خط۔

گِراں gi-raaN: (ار، مث، ق) گرہن۔

گِراں gi-raaN: (ف، صف) ثقیل، وزنی، بھاری، بوجھل، مہنگا، ناگوار، تکلیف دہ، بیش قیمت، انمول، سخت، درشت کڑا، سست، کاہل، اسم کیفیت مث: گرانی۔

گِراں بار gi-raaN baar: (ف، صف) بھاری بوجھ میں لدا ہوا، باردار پھل لانے والا، مالدار، اسم کیفیت مث: گراں باری۔

گِراں بہا gi-raaN ba-ha(a): (ف، صف) قیمتی، بیش قیمتی۔

گِراں پایہ gi-raaN paa-ya(h): (ف، صف) بڑا آدمی، بڑے پایہ کا شخص، صاحب قدر و منزلت۔

گِراں جان gi-raaN jaan: (ف، صف) سخت جان والا، ایسا شخص جس کو زندگی دوبھر ہو، سست، کاہل، اسم کیفیت مث: گراں جانی۔

گِراں خواب gi-raaN Kwaab: (ف، صف) وہ شخص جو زیادہ سوئے، دیر تک سوتا رہے، غافل، اسم کیفیت مث: گراں خوابی۔

گِراں سر gi-raaN sar: (ف، صف) متکبر، مغرور، اسم کیفیت مث: گراں سری۔

گِراں قدر gi-raaN qadr: (ف، صف) عالی مرتبہ، صاحب اعزاز۔

گِراں گوش gi-raaN gosh: (ف، صف) بہرا جو اونچا سنے، اسم کیفیت۔ مث: گراں گوشی۔

گِراں مایہ gi-raaN ma-ya(h): (ف، صف) نفیس، قیمتی، بڑا آدمی جو صاحب قدر و منزلت ہو۔ اسم کیفیت مث: گراں مائیگی۔

گِرانا gi-raa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'گرنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

گِرانٹ gi-raaNT: (انگ، مث) Grant، منظوری، مالی اعانت۔

گِراؤنڈ gi-raa-uND: (انگ، مث) Ground، زمین، میدان۔

گُربہ gur-bah: (ف، مث) بلی۔

گربھ garbh: (س، مذ) حمل، کچا بچا، جنین، گمان، غرور، تکبر۔

گرتا پڑتا gir-taa paR-taa: (ار، صف) افتاں و خیزاں۔

گرج ga-raj: (ار، مث) وہ آواز جو بادلوں سے پیدا ہو، کڑک، بادل یا بجلی کی آواز، شیر کی دہاڑ، ہاتھی کی چنگھاڑ، چیخ، زور کی آواز، گرجنا کا صیغہ امر۔

گرجا gir-jaa: (مذ) کلیسا، عیسائیوں کا عبادت خانہ۔

گرسنہ چشم ga-ras-nah-chashm: (ف، صف) بخیل، کنجوس، کمینہ، ندیدہ۔ حریص، قحط زدہ، فقیر، گدا، اسم کیفیت، گرسنہ چشمی۔

گرفت gi-raft: (ف، مث) پکڑ، قبضہ، دستہ، پکڑنے کی جگہ، مٹھ، اعتراض، نکتہ چینی، حرف گیری، مزاحمت، ٹوک، باز پرس، مطالبہ، (افعال: کرنا، ہونا)

گرفتار gi-raf-taar: (ف، صف) پکڑا ہوا، اسیر، قیدی، پھنسا ہوا۔ عاشق، (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: گرفتاری۔

گرفتہ gi-raf-ta(h): (ف، صف) پکڑا ہوا، مرکبات میں آخر میں ہوتا ہے جیسے اجل گرفتہ، اسم کیفیت مث: گرفتگی۔

گرگ garg: (ف، مذ) بھیڑیا، ذئب۔

گرگ بغلی / بغلی gurg-baG-lii: (ف، صف) وہ جو دوست بن کر دھوکا دے۔

گرگ زادہ gurg-zaa-da(h): (ف، مذ) بھیڑیے کا بچہ۔

گرگ کہن gurg-ka-han: (ف، صف) مجازاً خرانٹ، پرانا تجربہ کار، بڑا بھاری مکار۔

گرگا gur-ga(a): (ار، مذ) گرو کی ٹہل کرنے والا، چھوکرا، چیلا، مرید، شاگرد، کمینہ، نوکر، برتن مانجھنے / دھونے والا، خدمت گار، ٹہلوا، بدکار، بدوضع، شریر، شیطان۔

گرگابی gur-gaa-bi(i): (ار، مث) ایک قسم کی انگریزی جوتی، جو فیتوں کے بغیر ٹخنوں تک ہوتی ہے۔

گرگٹ gir-giT: (ف، مذ) چھپکلی کی شکل کا ایک جانور، جو دھوپ میں اپنا رنگ بدلتا رہتا ہے۔

گرم / گرم garm/ga-ram: (ف، صف) سوزاں، محرق، جلتا ہوا، حار، حریق، آتشی، تتا، سرد کی ضد، مستعد، سرگرم، تیز، خفا، ناراض۔

گرم بازاری garm-baa-zaa-ri(i): (ف، مث) بہت بکری، بے حد خریداری۔ کثرت خرید و فروخت، ہجوم خلائق۔

گرم جوشی garm-jo-shi(i): (ف، مث) ربط، ضبط، تپاک، اختلاط، محبت، سرگری، ولولہ، شوق، کوشش، سعی۔

گرم خانہ garm-Kaa-na(h): (ف، مذ) وہ مکان جہاں سردیوں میں نازک پودوں کو رکھیں، وہ مکان جہاں سردیوں کا موسم گزاریں۔

گرم خو garm Kuu: (ف، صف) تندخو، غضبناک، اسم کیفیت مث: گرم خوئی۔

گرم خیز garm-Kez: (ف، صف) تیز چلنے والا، چالاک۔

گرم دستی garm-das-tii: (ف، مث) تیز دستی۔

گرم دل garm-dil/ga-ram-dil: (ف، مذ) عاشق۔

گرم رفتار / رو garm-raf-taar: (ف، صف) تیز رفتار، تیز رو، سرگرم۔ مستعد: اسم کیفیت مث: گرم رفتاری / روی۔

گرم و سرد gar-mo-sard: (ف، مث) نیک و بد،

حوادث زمانہ (افعال: اٹھانا، دیکھنا، سہنا) رنج وراحت۔

گرم گرم garm-garm: (ف، صف) گرم کی تاکید، بہت گرم، تازہ بہ تازہ، نو بنو، جلد جلد، شتاب شتاب۔

گرم مزاج garm-mi-zaaj: (ف، صف) تیز مزاج، تند خو، اسم کیفیت مث: گرم مزاجی۔

گرم مسالا garm ma-saa-laa: (ف، مذ) ایک سفوف جو زیرہ، سیاہ مرچ، لونگ، الائچی، دارچینی، وغیرہ کے مجموعہ کو کوٹ کر بناتے ہیں اور سالن کو خوشبو دار اور چٹ پٹا بنانے کے لیے ڈالتے ہیں۔

گرما gar-maa: (ف، مذ) گرمی کا موسم (ار، مذ) سردے سے مشابہ ایک پھل جو گرمیوں میں ہوتا ہے۔

گرمانا gar-maa-naa: (ار، مص) گرم ہو جانا، ناراض ہونا، خفا ہونا، غصے میں آنا، مستانا، جوش میں آنا، مادہ چارپائے کا مستی میں آنا، خواہش، جماع کرنا، برسات کے موسم میں گرمی ہونا، حرارت میں بھر کر تیز دوڑنا، شباب ہونا۔

گرماہٹ gar-maa-haT: (ف، مذ) گرمی، حرارت، تپش، شوخی، شرارت۔

گرمائی gar-maa-i(i): (ار، مث) گرمی، تپش، حرارت، (صف) گرما سے منسوب۔

گرمی gar-mi(i): (ف، مث) حرارت، موسم گرما، گرم جوشی، شوخی تیزی، آتشک، غصہ۔

گرمی بازار gar-mi-e-baa-zaar: (ف، مث) رونق بازار، خریداری، گاہکی، بکری، خرید و فروخت کا زور و شور، شہرت و ناموری، دھوم، شہرہ، قدر و منزلت، عزت آبرو۔

گرنتھ gi-ranth: (س، مذ) کتاب، پوتھی، پستک، سکھوں کی مقدس کتاب جس میں گرونانک صاحب اور دیگر گروؤں اور مقدس آدمیوں کی تصنیف کردہ حمدیں یا اشعار ہیں۔

گرنتھی gi-ran-thi(i): (ہ، صف) کتاب کا، کتاب کے متعلق، عالم فاضل۔ ودیاوان، کتاب پڑھنے والا شخص، وہ شخص جس کے پاس بہت سی کتابیں ہوں، مصنف، مؤلف، گرنتھ پڑھنے والا شخص، سکھوں کا ملا، گیانی۔

گرینڈ gi-re-neD: (انگ، مذ) Grenade وہ ظرف جس میں کیمیائی اجزاء بھرے ہوتے ہیں۔ ایک بم۔

گرو gu-ruu: (س، صف) پیرو مرشد، بزرگ، استاد، معلم، کامل فن، جگت، استاد، شریر، طنزاً۔

گرودوارہ gur-dwaa-ra(h): (ہ، مذ) گرو کے رہنے کا مکان، سکھوں کا معبد۔

گرو گھنٹال gu-ruu ghan-Taal: (ہ، مذ) وہ گروہ جو اپنے گلے میں گھنٹے ڈالے ہوئے ہو، وہ مست جس کے آگے گھنٹہ بجتا چلے۔ وہ پرستش کرنے والا جو گھنٹا بجائے، بہت کامل استاد، پیرو مرشد، بدمعاشوں کا سرغنہ، بڑا چالاک اور خرانٹ۔

گروپ gu-ruup: (انگ، مذ) Group مجمع، جھنڈ، کئی آدمیوں کی اکٹھی تصویر، کئی چیزوں کا مجموعہ۔

گروہ gi-roh/ga-roh: (ف، مذ) جماعت، منڈلی، ٹولی، طائفہ، جرگہ، فرقہ، قسم، قوم، ذات، پرندوں کی جماعت، جھنڈ، غول، ڈار، ٹکڑی۔

گروہ بندی gi-roh ban-dii: (ف، مث) گروہ بنانا، جماعت قائم کرنا، جماعت بندی، قسم بندی۔

گروی gir-vii: (ف، صف) رہن، گروہ، بندھک، (صف) مرہونہ شے وہ چیز جو رہن رکھی جائے۔ (افعال: رکھنا، دھرنا، کرنا، ہونا)

گرویدہ gir-vii-dah/gur-vii-dah: (ف، صف) فریفتہ، عاشق، شیفتہ، اسم کیفیت مث: گرویدگی۔

گرہ gi-rah: (ف، مث) گانٹھ، جیب، گز کا سولھواں

حصہ، جوڑ، کدورت، مسدّہ، گلٹی، بند کا آخری شعر، کسی دوسرے کے مصرع پر لگایا جانے والا مصرع۔

گرہ باز ga-rah baaz: (ف، صف) ایک قسم کا کبوتر جو پرواز میں قلابازیاں کھائے۔

گِرہ دار gi-rah-daar: (ف، صف) بہت سی گانٹھوں والا، گٹھیلا، مشکل، پیچیدہ۔

گِرہ گیر gi-rah-giir: (ف، صف) بل کھاتے ہوئے، مڑا ہوا، پیچیدہ۔

گِرہ gi-rah: (س، مذ) سیارہ، ہندو جوتش کے موافق ان نو ستاروں کو کہتے ہیں۔ سورج، چاند، منگل، بدھ، برہسپت، شکر، سنیچر، راہو، کیت۔

گِرہست gi-rast: (ہ، مث) عیال داری، قبیل داری، دنیاداری، خانہ داری۔

گِرہستی gir-has-ti(i): (ہ، صف) دنیادار، عیال دار، گھر والا، مث: گرہستن۔

گِرہن gir-han: (س، مذ) گہن، کسوف، سورج پر چاند کا یا چاند پر سورج کا سایہ ہو جانا۔ اور اس طرح چاند یا سورج کا سیاہ نظر آنا (افعال: لگنا، لگانا)

گِری gi-ri(i): (ار، مث) مغز، تخم، ناریل کا مغز (صف) گری ہوئی۔

گِریاں gir-yaaN: (ف، صف) روتا ہوا، نالاں، اسم کیفیت مث: گریانی۔

گِریبان gi-re-baan: (ف، مذ) پوشاک، وہ حصہ جو گلے کے گرد رہتا ہے۔

گِریبان کوہ gi-re-baan-koh: (ف، مذ) وہ جگہ جو پہاڑ کے درمیان ہو۔

گِریبان گیر gi-re-baan-giir: (ف، صف) روکنے والا، مقابلہ کرنے والا، مزاحم، دعویدار، الزام لگانے والا۔

گِریجویٹ gi-re-ju-eT: (انگ، مذ) Graduate بی۔ اے پاس، سند یافتہ جس کو ڈگری ملی ہو۔

گِریچویٹی gi-re-chu-e-Ti: (انگ، مث) بخشش، عطیہ، انعام، وظیفہ۔ Gratuity۔

گِریڈ gi-reD: (انگ، مذ) Grade درجہ، مرتبہ، رتبہ، پایہ۔

گُریز gu-rez: (ف، مث) بھاگنا، فرار، علیحدگی، اجتناب، پرہیز، قصیدہ میں تمہید کے بعد اصل مقصد کی طرف متوجہ ہونا۔

گُریز پا gu-rez-paa/ga-rez-paa: (ف، صف) بھاگنے والا، بھگوڑا، مفرور، بے ثبات، ناپائیدار، وحشت زدہ، غلام، لونڈی جو ہمیشہ گھر سے بھاگ جایا کرے۔ اسم کیفیت مث: گریز پائی۔

گریزاں gu-re-zaaN / gu-re-zaaN: (ف، صف) بھاگنے والا، متنفر۔

گِریس gi-riis: (انگ، مث) Grease، چربی، چکنائی، روغن، ایک بیماری جو گھوڑے کے پیروں میں ہو جاتی ہے۔

گرین gi-ren: (انگ، مث) Grain، بیج، تخم، اناج، غلہ، دانہ۔

گِرِنٹ gi-rinT: (ہ، مث) وہ لکڑی جس پر کنویں کی چرخی چلتی ہے۔

گِریہ gir-yah: (ف، مذ) رونا پیٹنا، آہ و زاری، (افعال: کرنا)

گِریہ وزاری gir-yah-o-zaa-ri(i): (ف، مث) رونا پیٹنا، واویلا، کہرام (افعال: کرنا، ہونا)

گ۔ڑ

گُڑ guR: (ہ، مذ) گنے کا جما ہوا رس، قند سیاہ، مٹھاس، شیرینی۔

گڑدھانی guR-dhaa-ni(i): (ار، مث) بھنے ہوئے چاولوں یا گیہوں میں گڑ ملا کر بنائے ہوئے مرنڈے۔

گڑا ga-Ra(a): (ار، صف) گڑا ہوا، مذ، بڑا پولا، ڈھیر کھلیان، فعل، گڑنا، مصدر سے فعل ماضی مطلق۔

گڑابٹائی ga-Raa-ba-Taa-i(i): (ار، مث) اناج وغیرہ کی وہ تقسیم جو اندازے سے انبار لگا کر کی جائے۔

گڑبڑ gaR-baR: (ار، مث) پیٹ کے بولنے کی آواز، جھمیلا، بکھیڑا، افراتفری، بے انتظامی، کھلبلی، گڈمڈ، (افعال: کرنا، ہونا)

گڑبڑاہٹ gaR-ba-Raa-haT: (ار، مث) گڑبڑ، افراتفری۔

گڑبڑجھالا gaR-baR jhaa-laa: (ار، مذ) مینہ اور آندھی، بدنظمی۔

گڑبڑی gaR-ba-Rii: (ار، مث) کھلبلی، افراتفری، بدانتظامی، اضطراب۔

گڑپ ga-Rap: (ار، مث) جلدی میں کسی ملائم چیز میں گھس جانے کی آواز، جھٹ پٹ، جلد۔

گرگج gar-gaj: (ار، مذ) قلعہ کا وہ برج جس پر توپیں نصب کی جاتی ہیں۔

گڑگڑ guR-guR: (ار، مث) پیٹ کے بولنے کی آواز، حقہ پینے کی آواز (افعال: کرنا، ہونا)

گڑگڑ gaR-gaR: (ار، صوت مث) توپوں وغیرہ کی آواز۔

گڑگڑا guR-gu-Ra(a): (ہ، مذ) بڑا حقہ، تصغیر مث: گڑگڑی۔

گڑگڑانا gaR-ga-Raa-na(a): (ار، مص) گرجنا، کڑکنا، توپوں کا لگاتار چھوڑنا۔

گِڑگِڑانا giR-gi-Raa-na(a): (ار، مص) عاجزی کرنا، منت کرنا، خوشامد کرنا، التجا کرنا، زاری کرنا۔

گڑگڑانا guR-gu-Raa-na(a): (ار، مص) آنتوں کا بولنا، پیٹ کا آواز دینا، قراقر ہونا، حقے کا بولنا۔

گڑگڑاہٹ gaR-ga-Raa-haT: (ار، مث) گرج، کڑک، توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز۔

گڑگڑاہٹ giR-gi-Raa-haT: (ار، مث) عاجزی، منت، سماجت، خوشامد، التجا۔

گڑگڑاہٹ guR-gu-Raa-haT: (ار، مث) پیٹ کے بولنے کی آواز، حقے کی آواز۔

گڑنا gaR-na(a): (ار، مص) دبنا، دفن ہونا، چبھنا، جمنا، قائم ہونا، کھڑا ہونا، شرمندہ ہونا۔

گڑوا gaR-va(a): (ار، مذ) پانی رکھنے کا برتن، لوٹا، آبخورہ، سرسوں کے پھولوں کا گلدستہ۔

گڑوانا gaR-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'گاڑنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

گڑوانا guR-vaa-na(a): (ار، مص) زمین کھدوانا، زمین یا کھیت سے گھاس نکلوانا۔

گڑھ gaRh: (ہ، مذ) قلعہ، کوٹ، حصار، دمدمہ۔

گڑھا ga-Rha(a): (ہ، مذ) غار، کھڈ، کھائی، قبر، گور۔

گڑھل gu-Rhal: (ہ، مذ) ایک درخت جس میں سرخ رنگ کے پھول ہوتے ہیں اور اس کے پھولوں کا شربت بناتے ہیں۔

گڑھنا gaRh-naa: (ار، مص) ڈھالنا، بنانا، تیار کرنا، دھات کو پیٹ کر کوئی شکل دینا، گھڑنا۔

گڑھنت ga-Rhant: (ار، مث) شکل، بناوٹ، ساختگی، بنائی ہوئی بات۔

گڑھی ga-Rhii: (ار، مث) گڑھ کی تصغیر، چھوٹا قلعہ۔

گڑھیا gaRh-yaa: (ار، مث) گڑھا کی تصغیر، کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ وہ گڑھا جس میں برسات کا پانی جمع ہو جائے، نشیبی زمین۔

گڑیا guR-yaa: (ہ، مث) چھوٹا گڈا، پتلی، وہ کپڑے کی بنی ہوئی پتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی اور خانہ داری کی باتیں سیکھتی ہیں۔ (افعال: بنانا، بننا) چھوٹی گیند، غریب اور فقیر کی بیوی، کنویں کی گھرنی یا چرخی کی کھونٹی۔

گ ۔ ز

گز gaz: (ف، مذ) لوہے کی سلاخ، ایک پیمانہ جو سولہ گرہ یا ۳۶ انچ کا ہوتا ہے، وہ آلہ جس سے سارنگی یا ستار بجاتے ہیں۔ وہ لوہے کی سلاخ یا لکڑی جس سے بندوق صاف کرتے ہیں یا ڈاٹ لگاتے ہیں۔ ایک قسم کا تیر، بے پیکان کا تیر۔

گز الٰہی gaz-e-laa-hii: (ف، مذ) اکبری گز جو 33 انچ کا ہوتا ہے۔

گز بھر gaz-bhar: (ار، مذ) ایک گز کے برابر۔

گزا ga-zaa: (ف، ار، صف، فاعلی) گزیدن مصدر سے امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ نقصان پہنچانے والا، کاٹنے والا، ڈنک مارنے والا، مرکبات میں ہے جیسے جانگزا۔

گزار gu-zaar: (ف) گزاشتن / گزاریدن / گزاردن سے صیغہ امر ہے جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور ادا کرنے والے کے معنی دیتا ہے۔ جیسے شکرگزار۔

گزارش gu-zaa-rish: (ف، مث) درخواست، التجا، عرض، بیان، عرضداشت، خبر، اطلاع (افعال: سننا، کرنا، ہونا)

گزارش پذیر gu-zaa-rish pa-ziir: (ف، صف) جو گزارش کے لائق ہو۔

گزارش گر gu-zaa-rish-gar: (ف، صف) عرض کرنے والا۔

گزارش نامہ gu-zaa-rish-naa-ma(h): (ف، مذ) خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو ہو۔

گزارنا gu-zaar-naa: (ار، مص، جعلی) ادا کرنا، بجالانا، چھوڑنا، ترک کرنا، رہا کرنا، مہلت دینا، عمر بسر کرنا، عرض داخل کرنا / دینا۔ وقت رات وغیرہ کاٹنا، صرف کرنا، لگوانا، ضائع کرنا، نذر پیش کرنا، سامنے رکھنا۔

گزارہ gu-zaa-ra(h): (ار، مذ) راہ، رستہ، گزر، نباہ، بسر، گھاٹ، دریا سے اترنے کی جگہ، پل یا کشتی سے دریا عبور کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، کسی مقام سے گزرنا، گنجائش، سمائی، رقم جو گزر اوقات کے لیے ملے، وجہ معیشت۔

گزاشت gu-zaasht: (ف، مث) اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا، اصل میں گزاشتن کی ماضی سے چھوٹی ہوئی چیز، مرکبات میں، جیسے واگزاشت، فروگزاشت۔

گزاشتنی gu-zaasht-ni(i): (ف، صف) ترک کر دینے یا چھوڑ دینے کے قابل۔

گزاشتہ gu-zaash-ta(h): (ف، صف) چھوڑا ہوا، ترک کیا ہوا۔

گزاف gi-zaaf: (ف، مذ) بے ہودہ گفتگو، بکواس، جھوٹ، ڈینگ، شیخی، اردو میں لاف و گزاف کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

گزر gu-zar: (ف، مذ) پہنچ، رسائی، آمد و رفت، راستہ، سڑک، راہ، گھاٹ، نباہ گزران، عبور، پار جانا، چارہ، تدبیر۔ (مث) بسر اوقات۔

گزر اوقات qu-zar au-qaat: (فع، مث) دیکھیے گزر بسر
گزرباں gu-zar-baan: (ف، صف) شہر سے باہر آنے والے راستوں کے پہرے دار۔
گزراں guz-raan: (ف، مث) گزارا، بسر اوقات (افعال: کرنا، ہونا) (صف) گزر جانے والا، ناپائیدار۔
گزربسر gu-zarba-sar: (ف، مث) بسر اوقات۔
گزرنا gu-zar-naa: (ار، مص، فعل) بیتنا، مر جانا، چلا جانا، اتفاق سے کسی جگہ نکل آنا، پار ہونا۔
گزرنامہ gu-zar-naa-ma(h): (ف، مذ) راہداری کا پروانہ، گزرنے کی اجازت۔
گزری guz-rii: (ار، فعل) گزاشتن سے ماضی صیغہ واحد مونث۔ مصیبت پیش آئی (مث) شام کا بازار، وہ مقام جہاں کسی راہ کے کنارے شام کو سودا بیچنے والے آکر بیٹھتے ہیں۔
گزشت gu-zasht: (ف، ماضی) گزاشتن مصدر سے ماضی گزرا۔
گزشتنی gu-zisht-ni(i): (ف، صف) گزرنے والے نہ ٹھہرنے والا، ناپائیدار۔
گزشتہ gu-zish-ta(h): (ف، صف) گزرا ہوا زمانہ، پچھلا۔
گزک ga-zak: (ف، مث) وہ چیز جو شراب کے ساتھ تبدیل ذائقہ کے لیے کھاتے ہیں۔ نقل، مزیدار چیز جو منہ صاف کرنے کے لیے کھانے کے بعد کھائی جائے۔ میٹھی چیز جو افیون یا بھنگ کے بعد کھائی جائے، گجک، تل شکری۔
گزند ga-zand: (ف، مث، مذ) ایذا، تکلیف، دکھ، صدمہ، آفت، بلا، نظر بد، چشم زخم، ضرر، نقصان، خسارہ، ٹوٹا، رنج۔

گزی ga-zi(i): (ف، مث) ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا۔
گزیدہ ga-zii-da(h): (ف، صف) ڈسا ہوا، ڈنک مارا ہوا، مرکبات میں جیسے مارگزیدہ، کاٹا ہوا۔
گزیر gu-ziir: (ف، مذ) علاج، تدبیر، چارہ، بچاؤ، اردو میں صف ناگزیر کی ترکیب میں مستعمل ہے۔

گ۔س

گسار gu-saar: (ف، صف) مرکبات میں مستعمل ہے اور رفع کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے غمگسار، کھانے والا، پینے والا، میگسار۔
گستاخ gus-taaK: (ف، صفت) بےادب، بےشرم، شوخ، شریر، ناشائستہ غیر مہذب، اسم کیفیت مث: گستاخی۔
گستاخانہ gus-taa-Kaa-na(h): (ف، صف) بے ادبانہ، شوخی سے، بیباکانہ بات، جواب، طرز، طریقہ کے ساتھ۔
گستر gus-tar: (ف، لاحقہ، ہ، نامی) گستردن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پھیلانے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً کرم گستر۔
گستہ gu-sas-ta(h): (ف، صف) ٹوٹا ہوا، شکستہ، رکا ہوا، اسم کیفیت مث گسستگی
گسل gu-sil: (ف، صف) گسلیدن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور توڑنے والا، تباہ کرنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً جان گسل۔

گ۔ش

گشت gasht: (ف، مث) پھرنا، چکر لگانا، دور،

چکر، سیر، دورہ، روند۔

گشتہ gash-tah: (ف، صف) پھرا ہوا، الٹا ہوا، بدلا ہوا، بنا ہوا، آیا ہوا، مرکبات میں جیسے برگشتہ۔

گشتی gash-ti(i): (ف، صف) پھرنے والا، گشت کرنے والا، وہ پروانہ چٹھی / حکم جو تمام افسروں کے پاس یکے بعد دیگرے جائے اور ہر ایک اس پر دستخط کرے۔

گشتیاں gusht-yaaN: (ار، مذ) چوکیدار، روند، محصول اکٹھا کرنے والا۔

گ۔ف

گف gaf: (ار، صف) موٹا، گاڑھا، ٹھونک کر بنا ہوا۔

گفت guft: (ف، ماضی) گفتن سے مصدر سے صیغہ ماضی، بمعنی کہا۔ (مث) بات چیت لفظ، مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

گفت و شنید guf-to-sha-niid: (ف، مث) کہی سنی، بات چیت، بحث، بحثا بحثی۔

گفتار gaf-taar: (ف، مث) گفتگو، بول چال (صف) کہنے والا، مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے شیریں گفتار، تلخ گفتار۔

گفتگو guft-guu: (ف، مث) بول چال، بات چیت، بیان، تقریر، مقالہ، ذکر اذکار، تذکرہ (افعال کرنا، ہونا)

گفتنی guft-nii: (ف، صف) کہنے کے لائق۔

گ۔گ

گگر ga-gar: (ہ، مث) گاگر، تانبے یا لوہے کا گھڑا جو نیچے سے چپٹا ہوتا ہے۔

گگن ga-gan: (س، مذ) کرہ ہوا، آسمان، فلک، موج، لہر، پانی کا اچھلنا، تموج (صف) نہایت اونچا۔

گ۔ل

گل gal: (ہ، مذ) گال کا مخفف، گلے کا مخفف، مرکبات میں مستعمل ہے۔ بات سخن، معاملہ۔

گلباہ gal-baah: (ہ، مث) گلے میں باہیں ڈال کر محبت یا پیار جتانے کی حالت، معانقہ۔

گلپھڑا gal-pha-Raa: (ہ، مذ) مچھلی کا جبڑا جس سے وہ سانس لیتی ہے۔ پرندے کا وہ گوشت جو چونچ کے پیچھے لٹکا رہتا ہے۔ انسان کے منہ کے دونوں گوشے۔

گلپھیڑ gal-pheR: (ہ، مذ) گلے کی گلٹی جو سوج کر بہت تکلیف دیتی ہے۔ گردن کی گٹھلی۔

گل تکیہ gal-tak-ya(h): (ار، مذ) وہ گول چھوٹا تکیہ جو گالوں کے نیچے رکھتے ہیں۔

گل جوٹ gal-joT: (ہ، مذ) وہ لکڑی یا رسی جو دو بیلوں کو آپس میں جتے رہنے کے لیے ڈالتے ہیں۔ گٹھ جوڑ، گلے کا ہار۔

گلخور gal-Kor: (ہ، مث) وہ حلقہ دار رسی جو مویشی کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

گلسری gal-sa-ri(i): (ہ، مث) گلے کا ایک زیور۔

گل مچھے gal-much-che: (ہ، مذ) وہ بال جو ٹھوڑی منڈا کر گالوں پر رکھ لیتے ہیں۔

گل gil: (ف، مث) گارا، گیلی مٹی، کیچڑ، دلدل۔

گل ارضی gil ar-zi(i): (ف، مث) ایک قسم کی سیاہی مائل سرخ مٹی۔

گل حکمت gil hik-mat: (کپڑوٹی) (ف، مث) مٹی اور کپڑے سے برتن کا منہ بند کرنے کا عمل تاکہ بھاپ باہر نہ نکل جائے (افعال: کرنا)

گلخورہ gil-Ko-rah: (ف، مذ) کینچوا۔

گل مالہ gil-maa-la(h): (ف، مذ) ایک آلہ جس سے مٹی پیٹتے ہیں۔

گل gul: (ف، مذ) پھول، جسم کو داغنے کا نشان، چراغ کی بتی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا سرا۔ جوتے کی ایڑی کا چمڑا۔ حقے کا جلا ہوا تمباکو، دھبہ جو آنکھ میں پڑ جاتا ہے۔ سگریٹ کی راکھ۔

گل آفتاب gul-aaf-taab: (ف، مذ) سورج مکھی کا پھول۔

گل احمر gul-ah-mar: (ف، مذ) سرخ پھول، گلاب کا پھول۔

گلِ اشرفی gu-le-a-shar-fii: (ف، مذ) ایک قسم کا گول پھول، زرد رنگ کا پھول، گیندا۔

گل افشاں gul-af-shaaN: (ف، صف) پھول بکھیرنے والا، ایک قسم کی آتش بازی، پھل جھڑی، خوش گفتار آدمی۔ وہ شیشی جس میں گلاب یا شراب ڈال کر رکھتے ہیں۔ چراغ، پھول جھاڑنے والا، اسم کیفیت مث: گل افشانی۔

گلِ انار gu-le-a-naar: (ف، مذ) انار کا پھول، سرخ، لال، ارغوانی رنگ ایک قسم کا انار کا درخت جس میں پھل نہیں لگتا۔ صرف پھول ہی لگتے ہیں۔

گل اندام gul-an-daam: (ف، صف) پھول جیسے بدن والا، نازک بدن، کنایۃً معشوق، اسم کیفیت مث: گل اندامی۔

گل بار gul-baar: (ف، صف) پھول برسانے والا، اسم کیفیت مث: گل باری۔

گل باز gul-baaz: (ف، صف) پھولوں کا کھیل، پھولوں سے کھیلنے والا اسم کیفیت مث: گل بازی۔

گل بانگ gul-baaNg: (ف، مث) چہچہا، بلبل کی نغمہ سرائی، شادی کی دھوم دھام، نعرۂ جنگ، خوش خبری۔ افواہ، آواز، قلندروں کی آواز۔

گل بدن gul-ba-dan: (ف، صف) نازک بدن، کنایۃً معشوق، خوبصورت (ار، مذ) ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا، اسم کیفیت مث: گل بدنی۔

گل برگ gul-barg: (ف، مذ) گلاب کی پتی گلاب کی پنکھڑی، کنایۃً نازک اندام معشوق۔

گل بکاؤلی gul-ba-kaa-o-li(i): (ف، مذ) سفید رنگ کا ایک خوشبودار پھول جس کا پودا ہلدی سے مشابہ ہوتا ہے۔

گلبن gul-bun: (ار، مذ) پھلواڑی، چمن، باغ، گلاب کا پودا۔

گل بوٹا gul-buu-Taa: (ار، مذ) پھول اور اس کا پودا، بیل بوٹا، کنایۃً زیب و زینت۔

گل بے خار gul-be-Kaar: (ف، مذ) وہ گلاب جس میں کانٹے نہ ہوں۔ کنایۃً شراب۔

گلِ بیگانہ gu-le-be-gaa-na(h): (ف، مذ) خودرو پھول، جنگلی پھول۔

گل پوش gul-posh: (ف، مذ) پھولوں سے چھپا ہوا، بہت پھول نکلے ہوئے۔ پھولوں کا لباس پہنے ہوئے۔

گل پیادہ gul-pyaa-da(h): (ف، مذ) وہ گلاب جس میں خوشبو نہیں ہوتی سدا گلاب۔

گل پیرہن gul-per-han: (ف، صف) پھولوں کے سے لباس والا، کنایۃً معشوق، اسم کیفیت مث: گل پیرہنی۔

گل تر gul-tar: (ف، مذ) تازہ پھول، خوبصورت چہرہ، حسین۔

گل تراش gul-ta-raash: (ف، مذ) شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی، گلگیر۔

گل تراشنا gul-ta-raash-naa: (ار، مص،

مرکب) شمع یا چراغ کی بتی کا ٹنا، بتی کا جلا ہوا حصہ الگ کرنا۔

گلِ تسبیح gu-le-tas-biih: (ف، مذ) تسبیح کا امام، ایک قسم کا پھول جو عقیق کے پودے پر لگتا ہے۔ گل عباسی۔

گلِ جعفری gu-le-jaaf-ri(i): (ف، مذ) زرد پھول جو گیندے سے مشابہ ہوتا ہے۔

گل جھڑی gul-jha-Ri(i): (ار، مث) پھولوں کی جھڑی، گنجلک، شکن، بل، گتھی (افعال: پڑنا)

گل چاندنی gul-chaaNd-ni(i): (ف، مذ) ایک قسم کا سفید پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے۔ گل مہتاب۔

گل چشم gu-le-chashm: (ف، صف) وہ شخص جس کی آنکھ میں پھلی ہو۔

گل چہرہ gul-cheh-raa: (ف، صف) پھول جیسے چہرے والا، معشوق۔

گل چین gul-chiin: (ف، صف) پھول توڑنے والا، مالی، باغبان، اسم کیفیت مث: گل چینی۔

گل خطمی / خیرو gu-le-Kat-mii: (ف، مذ) نیلے رنگ کا پھول جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

گل خن gul-Kan: (ف، مذ) بھٹی، تنور، چولہا، کوڑا کرکٹ۔

گل خندہ gul-Kan-dah: (ف، مذ) قہقہہ، ٹھٹھا، مختصر ہنسی۔

گل خوردہ gul-Kur-dah: (ف، مذ) داغ کھائے ہوئے۔

گل دار gul-daar: (ف، صف) وہ چیز جس پر پھول بنے ہوں۔ داغ دار دھبے والا، چتکبرا، چھوٹا شیر ببر۔

گل دان gul-daan: (ف، مذ) پھولوں کا گلدستہ رکھنے کا برتن۔

گلِ داؤدی gu-le-daa-uu-di(i): (ف، مذ) ایک قسم کا بڑا پھول جو بہت سے رنگوں کا ہوتا ہے۔ پودے کی شاخیں توڑ کر درمیانی شاخ پر ایک یا دو پھول رہنے دیتے ہیں۔ پھول بڑا ہو جاتا ہے۔

گل دستہ gul-das-tah: (ف، مذ) پھولوں کا گچھا، طاق یا محراب جہاں اذان ہو، غزلوں کا رسالہ یا مجموعہ۔

گل دم gul-dam: (ف، مذ) بلبل کی قسم کا ایک پرندہ جس کی دم کے نیچے سرخ پر ہوتے ہیں۔

گل دوپہری / دوپہریا gu-le-do-peh-ri(i): (ف، مذ) ایک قسم کا پھول جو برسات میں دوپہر کو کھلتا ہے۔

گل رُخ / رخسار gul-ruK/ruK-saar: (ف، صف) وہ شخص جس کا چہرہ یا رخسار گلاب کی طرح سرخ ہوں۔ خوبصورت معشوق۔

گلِ رعنا gu-le-ra(?)-na(a): (ف، مذ) ایک قسم کا پھول جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے۔ کنایۃً معشوق۔

گل رنگ gul-rang: (ف، صف) سرخ، لال، ارغوانی۔

گل ریز gul-rez: (ف، مذ) کپڑا جس پر پھول کڑھے ہوں (صف) پھول بکھیرنے والا (مث) آتش بازی، پھلجھڑی، مذ، پت جھڑ کا موسم، اسم کیفیت مث: گل ریزی۔

گل زار gul-zaar: (ف، مذ) چمن، گلشن، پھلواری، ایک خط کا نام جس میں حرفوں کے اندر بیل بوٹے بناتے ہیں۔ ایک راگ کا نام۔

گل زمین gul-za-miin: (ف، مث) سرسبز و شاداب قطعۂ زمین۔

گلستان gu-lis-taan: (ف، مذ) باغ، گلزار، چمن، پھلواڑی۔

گلِ سرخ gu-le-surK: (ف، مذ) گلاب کا پھول۔

گل سوُر gul-suur: (ق) سورج مکھی کا پھول، سرخ پھول۔

گل سوُری gul-suu-rii: (ف، مث) خوشبودار گلاب کی ایک قسم۔

گل سوسن gul-so-san: (ف، مذ) آسمانی رنگ کا ایک پھول۔

گلِ شب افروز gu-le-shab-af-roz: (ف، مذ) ایک قسم کا پھول جو رات کو کھلتا ہے۔

گل شکر gul-sha-kar: (ف، مذ) گلقند۔

گل شمع gul-sha-m(?)a: (ف، مذ) شمع کی بتی جل جانے سے جو گل پیدا ہوتا ہے کنایۃً شمع کی لو۔

گلشن gul-shan: (ف، مذ) دیکھیے 'گلستان'۔

گلشن آرا gul-shan aa-raa: (ف، صف) باغ کو سجانے والا، باغباں، مالی، اسم کیفیت مث: گلشن آرائی۔

گلشنِ شدّاد gul-sha-ne-shad-daad: (ف، مذ) دیکھیے 'ارم یا باغ ارم'۔

گلشنِ قُدس gul-sha-ne-quds: (ع، مذ) عالم جبروت۔

گلِ صد برگ gu-le-sad-barg: (ف، مذ) گیندے کا پھول۔

گل عبّاسی gu-le-(?)ab-baa-sii: (ف، مذ) ایک پھول کا نام جو سفید، سرخ یا زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

گل عذار gul-(?)a-zaar: (ف، مذ) دیکھیے گل رخ، وغیرہ۔

گل فام gul-faam: (ف، صف) پھول کے رنگ کا خوبصورت، کنایۃً معشوق۔

گل فشاں gul-fa-shaaN: (ف، صف) دیکھیے 'گل افشاں' اسم کیفیت مث: گل فشانی۔

گل قند gul-qand: (ف، مذ) ایک معجون جو قند یا کھانڈ اور گلاب کی پتیاں ملا کر بناتے ہیں۔

گل کار gul-kaar: (ف، صف) وہ چیز جس پر بیل بوٹے بنے ہوں، وہ چیز جس سے پھول نکلیں اسم کیفیت مث: گل کاری۔

گل کدہ gul-ka-da(h): (ف، مذ) باغ، پھلواڑی۔

گل کیس gul-kes: (ف، مذ) ایک پھول جو مرغ کی کلغی کے مشابہ ہوتا ہے۔

گل گشت gul-gasht: (ف، مث) باغ کی سیر، سیرِ چمن۔

گل گوں gul-guuN: (ف، صف) گلاب کے رنگ کا، فرہاد کی معشوقہ شیریں کے گھوڑے کا نام، عمدہ و چالاک گھوڑا۔

گل گونہ gul-guu-na(h): (ف، مذ) غازہ، رنگین سفوف، جسے عورتیں خوبصورتی کے لیے چہرے پر ملتی ہیں۔ بٹنا، پاؤڈر۔

گل گیر gul-giir: (ف، مذ) شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی۔

گلِ لالہ gu-le-laa-la(h): (ف، مذ) خشخاش کا پھول۔

گلِ مشکی gu-le-mush-kii: (ف، مذ) ایک سیاہ رنگ کا خوشبودار پھول۔

گلِ مہتاب gu-le-mah-taab: (ف، مذ) دیکھیے 'چاندنی'۔

گل میخ gul-meK: (ف، مذ) ایک قسم کی لوہے کی میخ جس کا سرا چوڑا ہوتا ہے۔

گل نار gul-naar: (ف، مذ) ایک درخت جو انار سے مشابہ ہوتا ہے اور اس کا پھول، کنایۃً سرخ شوخ رنگ رکھنے والا۔

گلِ ناشگفتہ gu-le-naa sha-guf-tah: (ف، مذ) کلی، غنچہ، کنواری لڑکی، باکرہ۔

گل نافرمان gu-le-naa-far-maan: (ف، مذ) نیلے اودے رنگ کا ایک پھول۔

گل نسرین gu-le-nas-riin: (ف، مذ) جنگلی گلاب، سیوتی۔

گل نیلوفر gu-le-nii-lo-far: (ف، مذ) کنول کا پھول۔

گلِ ہزارہ gu-le-ha-zaa-ra(h): (ف، مذ) ایک قسم کا بہت سی پنکھڑیوں والا پھول، گیندا۔

گلا gal-laa: (ہ، مذ) دکاندار کی بکری کی نقدی رکھنے کا برتن، پکا ہوا نیم کا پھل۔ (ف) جھنڈ، ریوڑ۔

گلا ga-laa: (ار، مذ) گردن، گلو، حلق، آواز، سر، گریبان، قمیض وغیرہ کا (صف) گلا ہوا، خوب پکا ہوا، بوسیدہ، بے جان، سڑا ہوا، پگھلا ہوا۔

گلاب gu-laab: (ف، مذ) ایک پھول، گلاب کا پودا، گلاب کے پھولوں کا عرق۔

گلاب پاش gu-laab-paash: (ف، مذ) وہ صراحی نما برتن جس میں عرق گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں۔

گلاب جامن gu-laab-jaa-mun: (ار، مث) ایک قسم کی بڑی جامن جس میں سے گلاب کی سی خوشبو آتی ہے۔ ایک قسم کی مٹھائی۔

گلابو شتانو gu-laa-bo-sha-taa-no: (ار، مث) کاٹھ کی دو پتلیاں جن کا پتلیوں والے تماشا دکھاتے ہیں۔

گلابی gu-laa-bii: (ف، صف) گلاب کے رنگ کا، گہرا پیازی رنگ، چھوٹی رنگین بوتل جس میں شراب یا گلاب رکھتے ہیں۔

گلابی جاڑا gu-laa-bii jaa-Raa: (ار، مذ) ہلکا جاڑا، سردی کے ابتدائی یا آخری ایام۔

گِلاس gi-laas: (انگ، مذ) Glass پانی پینے کا برتن، پیالہ، ساغر، ایک قسم کا آبخورہ، شیشہ کانچ، آئینہ، شیشے کا ایک لمبا ظرف جو شمع یا کنول میں لگایا جاتا ہے۔ شیشے کی ہانڈی جو شمع پر لگاتے ہیں۔ جیبی گھڑی کا شیشہ، عینک کا شیشہ۔

گُلال gu-laal: (ار، مذ) ایک قسم کا سرخ سفوف جو ہندو لوگ ہولی کے دن ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں۔ سنگھاڑے کا ایک پسا ہوا آٹا جس میں مختلف قسم کے رنگ ملاتے ہیں۔ (اڑنا، اڑانا، ملنا)

گلال باڑی gu-laal-baa-Ri(i): (ار، مث) وہ شاہی باغ جو محل سے ملحق ہو، وہ باغ جو مکان کے ساتھ ملحق ہو۔

گلانا ga-laa-na(a) t: (ار، مص) پگھلانا، گوشت ترکاری وغیرہ کو پکا کر نرم کرنا، سڑانا، بیماری یا غم کو دبلا کر دینا، ضائع کرنا، بوسیدہ کرنا۔

گلاوٹ ga-laa-vaT: (ار، مث) گلانے کی اہلیت، تحلیل، وہ چیز جس سے گوشت گل جائے۔

گلاؤ ga-laa-uu: (ہ، صف) گلنے والا، سڑنے والا، تحلیل ہونے والا۔

گلائیڈر ga-laa-ii-Dar: (انگ، مذ) Glider ایک قسم کا ہوائی جہاز جو انجن کے بغیر چلتا ہے۔

گلتھی gu-lat-thi: (ار، مث) کھیر کی ایک اعلیٰ قسم، اُبلے ہوئے نرم چاول، صف، نرم، ملائم۔

گِلٹ gilT: (انگ، مذ) Gilt، ملمع کا چترایا پانی، ظاہری خوبصورتی۔

گِلٹی gil-Ti(i): (ہ، مث) رسولی، گانٹھ، گرہ، غدود، گلے کے اندر کا پھوڑا۔

گِلڈ gilD: (انگ، مث) Guild، ہم پیشہ لوگوں کی انجمن، یونین۔

گلیسرین gi-les-riin: (انگ، مث) Glycerine، ایک بے رنگ میٹھی اور سیال شے جو صابن سے نکلتی ہے۔

گلگل gal-gal: (ار، مذ) ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا نیبو، ترنج۔ ایک پرندہ کا نام۔

گلگلا gul-gu-laa: (ار، مذ) ایک قسم کا میٹھا پکوان، میٹھا پکوڑا۔

گلگلا gil-gi-laa: (ار، مذ) گیلا، گیلاتر، نمدار، نرم، مث، گلگلی، تصغیر، مث، گلگلی۔

گلگلاہٹ gil-gi-laa-haT (ار، مث): نرمی، ملائمت، نرم کرنے کا فعل۔

گلنا gal-naa: (ار، مص) گھلنا، پگھلنا، پکنا، بوسیدہ ہونا، سڑنا، داغنا۔

گلی ga-li(i): (ہ، مث) کوچہ، محلے کے اندر کا راستہ، آبادی کے اندر کی تنگ سڑک۔

گلی gil-li(i): (ار، مث) لکڑی کی بنی ہوئی کھیلنے کی چیز جو دونوں طرف سے نوکدار ہوتی ہے۔

گلی ڈنڈا gil-lii Dan-Daa: (ار، مذ) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام، جو گلی اور ڈنڈے کے ساتھ کھیلا جاتا ہے۔

گلے باز ga-le-baaz: (ار، صف) اچھی آواز والا، خوش آواز، گلے سے پینترے بازی کرنے والا۔

گلے کا ہار ga-le-kaa-haar: (ار، مذ) موتیوں کی مالا، پھولوں کا بنا ہوا ہار جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں۔ گلے کا ایک زیور۔ (صف) وہ جو ہر وقت ساتھ رہے۔ وہ جو کسی وقت جدا نہ ہو۔ نہایت عزیز پیارا، اجیرن، ناگوار خاطر، سر ہو جانے والا۔

گلنداز gu-lan-daaz: (ار، مذ، ق) گولنداز، گولہ انداز، توپچی، گولہ چلانے والا۔

گلو gu-lu(u): (ار، مث) ایک بیل جو بخار کے لیے مفید ہوتی ہے۔

گلو gi-lo: (ہ، مث) گلہری، چھوٹی لڑکیوں کا خطاب۔

گلو gu-lu(u): (ف، مذ) گلا، حلق، گردن، مرکبات میں آواز، لے، سر (جیسے خوش گلو)

گلوبند gu-luu-band: (ف، مذ) گلے میں باندھنے کا اونی یا ریشمی پٹکا، ایک زیور جو گلے میں پہنتے ہیں۔

گلو خلاصی gu-lo-Ka-laa-si(i): (فع، مث) رہائی، چھٹکارا، نجات۔

گلوسوز gu-lu-soz: (ف، صف) نہایت میٹھی اور لذیذ چیز۔

گلوکار gu-lu-kaar: (ف، صف) گانے والا، گویا۔

گلوگیر gu-lu-giir: (ف، صف) گردن پکڑنے والا، الزام لگانے والا، وہ گیلی چیز جو گلے کو پکڑ لیتی ہے۔ لالچی، طالع، دعویدار، دامن گیر، سر ہونے والا۔

گلوب gu-lob (انگ، مذ) Globe گولا، گول چیز، کرہ، کرہ زمین، چینی کا ایک گول ظرف جو لیمپ کے اوپر چڑھا دیتے ہیں تاکہ روشنی کے پھیلنے کی بجائے نیچے پڑے (شیڈ)

گلوری gi-lo-ri(i): (ف، مث) پان کا بیڑا، بنا ہوا پان جو خاص طریقے سے لپیٹتے ہیں کہ اس کے تین کونے ہو جاتے ہیں۔ (افعال: بنانا، بننا، بنوانا، چبانا، دینا، کھلانا، کھانا، لگانا، لگنا)

گلوکوز gu-luu-koz: (انگ، مذ) Glucose، انگور سے نکلی ہوئی شکر۔

گلولہ gu-lo-la(h): (ف، مذ) گولی، گولہ۔

گلہ gal-la(h): (ف، مذ) جھنڈ، غول، گروہ، مویشیوں کی ڈار۔ ریوڑ، بیرا۔

گلہ بان gal-laa-baan: (ف، صف مذ) چرواہا، گڈریا، ریوڑ والا، اسم کیفیت مث: گلہ بانی۔

گِلہ gi-la(h): (ف، مذ) شکوہ، شکایت، (افعال: کرنا، ہونا)

گِلہ گزاری gi-la gu-zaa-ri(i): (ف، مث) شکوہ شکایت (افعال: کرنا، ہونا)

گِلہری gi-lah-rii: (ار، مث) چوہے کی قسم کا ایک جانور جس کی پیٹھ پر کالی کالی دھاریاں ہوتی ہیں جو اکثر درختوں پر رہتی ہے۔

گلہڑ gal-lahR/ ga-lahR: (ہ، مذ) گلے کا پھولا ہوا غدود، گلے کی ایک بیماری۔

گِلیا ga-li-yaa: (ار، مذ) ریشمی کپڑے اور بافات وغیرہ رنگنے والا، رنگریز۔ وہ بیل جو کام کرتا ہوا بیٹھ جائے، تھکا ہوا بیل، کام چور، حیلہ جو۔

گلیارا gal-yaa-ra(a): (ہ، مذ) وہ کوچہ جو گزرگاہ ہو جس میں سے عام وخاص گزر سکیں۔

گلیاری gal-yaa-ri(i): (ہ، مث) بہت تنگ کوچہ، پگ ڈنڈی۔

گِلیم gi-liim: (ف، مث) کمبل، کملی، لوئی، اوڑھنے کا اونی کپڑا۔ اونی لباس۔

گِلیم پوش gi-liim-posh: (ف، مذ) کملی پوش، کمبل پوش، وہ جو کمبل اوڑھے رکھے۔

گ ـ م

گُم gum: (ف، صف) کھویا ہوا، مفقود، گیا ہوا، ضائع، رائیگاں، پوشیدہ، غائب، غیر حاضر، ناپید، ناپدید، مغرور، بھاگا ہوا، حیران، پریشان، حواس باختہ۔

گمراہ، گمرہ gum-rah: (ار، صف) بھٹکنے والا، راستہ بھولا ہوا، بے دین، منحرف، کافر، اسم کیفیت مث: گمرہی / گمراہی۔

گُم شدہ gum-shu-dah: (ف، صف) کھویا ہوا، بھاگا ہوا، حواس باختہ، تلف شدہ، ضائع شدہ، پوشیدہ، اسم کیفیت مث: گم شدگی۔

گُم صُم gum-sum: (ف، صف) گونگا، بہرہ، خاموش اور چپ رہ جانا، حیران وششدر رہ جانا۔

گُم کردہ gum-kar-dah: (ف، صف) کھویا ہوا، گم شدہ۔

گُم گشت gum-gasht: (ف، صف) گم شدہ، اسم کیفیت مث: گم گشتگی۔

گمنام gum-naam: (ف، صف) غیر مشہور، بے نام ونشاں، جس کا نام معلوم نہ ہو، پوشیدہ، مخفی، اظہار نام کے بغیر (ان معنوں میں چٹھی، خط، درخواست، شکایت، عرضی وغیرہ کی صفت ہے) اسم کیفیت مث: گمنامی۔

گماشتہ gu-maash-tah: (ف، صف) وہ شخص جس کے سپرد کوئی کام ہو، نائب کارندہ، ایجنٹ، کارپرداز، مختار، منیجر، عام منیم، وکیل، قائم مقام، اسم کیفیت مث: گماشتگی، گماشتہ گری۔

گمان gu-maan: (ف، مذ) شک وشبہ، احتمال، بھرم، وہم، وسواس، خیال، قیاس، رائے، غرور تکبر۔

گمانِ غالب / قوی gu-maa-ne Gaa-lib/ qa-vi(i): (ار، مذ) احتمال قوی، پکا خیال۔

گمانی gu-maa-ni(i): (ف، صف) شبہ کرنے والا، شک کرنے والا، رشک کرنے والا، حاسد، مغرور، متکبر۔

گمبھیر gam-bhiir: (س، صف) گہرا، عمیق، بری آواز والا، عقلمند دانا، فہیم، دور اندیش، سنجیدہ، متین، متحمل، بردبار، بھاری، بوجھل، وزنی، ایک قسم کا اندرونی پھوڑا۔

گمت gam-mat: (ہ، مث) ٹولی، سنگت، تفریح، خوش وقتی، فن، کھیل کود۔

گمٹی gum-Tii: (ہ،مث) چھوٹا گنبد،Gun
گموا gum-Raal: (ار،مذ) سوجن، گومڑ، خراش۔
گمک ga-mak: (ہ،صف) زور کی یا اونچی آواز، گونج۔ کسی ساز کی آواز، گرج، کڑک، بادل کی آواز، وہ گونجدار آواز جو گانے والے کے منہ سے بھاری نکلتی ہے۔ (افعال: سننا، سنانا، ہونا) تصادم، صدمہ، تھاپ، خوشبو، مہک۔
گملا gam-laa: (ہ، مذ) مٹی کا ظرف جس میں پودے بوتے ہیں، اس کا اوپر کا حصہ نیچے کے حصہ سے چوڑا ہوتا ہے۔

گ-ن

گن gan: (انگ،مث) Gun توپ، بندوق۔
گن پاؤڈر gan-paa-uu-Dar: (انگ، مذ) Gun Powder بارود۔
گن gun: (ہ، مذ) عادت، اعمال، صف، تاثیر، تعریف، ہنر، خوبی۔
گن کلی gun-ga-lii: (ہ،مث) بلاول ٹھاٹھ کی راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔
گنا gan-na(a): (ہ،مذ) ئیشکر، پونڈا، ایک پودا جس کی موٹی پوریوں سے رس نکال کر گڑ شکر بناتے ہیں۔ اور پھر اس سے ہی کھانڈ تیار کی جاتی ہے۔
گنا gu-naa: (ہ،مذ) چند، مرتبہ، بار مثلاً دوگنا، تین گنا وغیرہ۔
گنانا gi-naa-naat: (ار،مص) شمار کرانا، گنوانا۔
گناہ gu-naah: (ف، مذ) برا کام، وہ کام جس سے دوسرے کو ناجائز نقصان پہنچے، وہ کام جس پر انسان کو خدا کی طرف سے سزا ملے، عصیان، پاپ، اپرادھ۔ معصیت، خطا، قصور، دوش، جرم، خلاف ورزی، قانون۔

گناہِ صغیرہ gu-naa-he-sa-Gii-ra(h): (ف، مذ) ادنیٰ گناہ، معمولی گناہ، چھوٹا گناہ۔
گناہِ کبیرہ gu-naa-he-ka-bii-ra(h): (ف، مذ) بھاری گناہ، جرم، سخت گناہ، وہ گناہ جس کی سزا قرآن شریف یا شرع میں مقرر ہو، فرائض مذہبی کا ادا نہ کرنا، زنا، چوری، قتل وغیرہ۔
گناہ گار gu-naah-gaar: (ف، صف) عاصی، پاپی، مجرم، خطاوار، بدکار، اسم کیفیت مث: گناہ گاری۔
گنبد gum-bad: (ف، مذ) مدور چھت جس میں آواز گونجتی ہے۔ یہ عموماً مسجد پر ہوتی ہے۔ برج۔
گنبدی gum-ba-dii: (ف، مذ) ایک قسم کا ستون والا گول خیمہ، مدور، گول، گنبد کی شکل کا۔
گنت gi-nat: (س، مذ) حساب کا علم، مرکبات میں مستعمل جیسے ان گنت۔
گنتی gin-ti(i): (ہ، مث) شمار، تعداد، اندازہ، حساب، حاضری، جائزہ، معاینہ، اسم نامہ۔
گنٹھا gin-Tha(a): (ہ، مذ) پیاز کی گرہ، اسم تصغیر، مث: گنٹھی / گنٹھیا۔
گنٹھیا ganTh-ya(a): (ار، مث) جوڑوں کا درد، نقرس، وجع المفاصل۔
گنج ganj: (ف، مذ) خزانہ، ذخیرہ، گودام، مخزن، خزینہ، اناج کی منڈی، بازار، انبار، ڈھیر، وہ چاقو جس میں چاقو قینچی وغیرہ اکٹھے لگاتے ہیں۔ وہ زمین جس میں کچھ لوگوں کو آباد کیا گیا ہو۔
گنجِ رواں gan-je-ra-vaaN: (ف، مذ) قارون کا خزانہ جو ہر وقت زمین میں دھنسا جاتا ہے۔
گنجِ شہیداں gan-je-sha-hii-daaN: (ف، مذ) وہ گڑھا جس میں شہیدوں کو اوپر تلے بھر کر دفن کرتے ہیں، مردوں کا ڈھیر، بہت سی چیزوں کا انبار۔

گنج قارون gan-je-qaa-ruun: (ف، مذ) حضرت موسیٰ کے وقت کے ایک مشہور بخیل کا خزانہ۔

گنج ganj: (ار، مذ) ایک بیماری جس میں سر کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

گنجا gan-jaa: (ار، صف) وہ شخص جس کے سر کے بال نہ ہوں، اسم کیفیت مذ: گنجاپن مث: گنجی۔

گنجان gun-jaan: (ار، صف) گھنا، پاس پاس، متصل، اسم کیفیت۔مث: گنجانی۔

گنجائش gun-jaa-ish: (ف، مث) سمائی، ٹھکانا، جگہ، فائدہ، بچت، حوصلہ، مقدور۔

گنجفہ gan-ji-fah: (ف، مذ) ایک کھیل کا نام جس میں 94 گول پتے ہیں۔ تین کھلاڑی ہوتے ہیں۔

گنجفہ باز gan-ji-fah-baaz: (ف، صف) گنجفہ، کھیلنے والا، عیار، چالاک، فریبی، اسم کیفیت مث: گنجفہ بازی۔

گنجلک gun-ja-lak: (ف، مث) شکن، سلوٹ، گانٹھ، گرہ، عقدہ، الجھن۔ (افعال: پڑنا ہٹنا)

گنجور gan-juur: (ف، مذ) دولت مند، امیر آدمی، خزانہ دار، اصل میں گنج ور ہے۔

گنجینہ gan-jii-na(h): (ف، مذ) دیکھیے 'گنج' جس سے یہ منسوب ہے۔

گنجینہ دار gan-jii-nah-daar: (ف، اسم، مذ) خزانچی، فوطہ دار، خزینہ دار، روکڑیا۔

گند gand: (ف، مث) بدبو، عفونت، تعفن، نجاست، غلاظت، پلیدی کوڑا کرکٹ، خراب اور جھگڑا، بکھیڑا۔

گندا gan-da(a): (ار، صف) ناپاک، غلیظ، نجس، میلا، بدبودار، مث: گندی، اسم کیفیت مذ: گنداپن۔

گندم gan-dum: (ف، مذ) گیہوں۔

گندمی gan-du-mi(i): (ف، صف) گندم کے رنگ کا سانولا۔

گندہ gun-dah: (ف، صف) موٹا، باریک کی ضد۔

گندہ gan-dah: (ف، صف) ناپاک، نجس، غلیظ، بدبودار، بگڑا ہوا، سڑا ہوا، بدزبان، برا، خراب، بیہودہ، اسم کیفیت مث: گندگی۔

گندھ gandh: (س، مذ) بو، بدبو، سرخ صندل، گھسا ہوا صندل۔

گندھار gan-dhaar: (ہ، مث) ہندی موسیقی کا تیسرا سر، جس کا اختصار 'گا' ہے۔

گندھرب gan-dha-reb: (س، مذ) راجا اندر کے دربار کا گویا، اچھا گانے والا قوال، مغنی، ایک پرندے کا نام، خوبصورت حسینہ۔

گندھنا gundh-naa: (ار، مص) دیکھیے 'گوندھنا' جس کا یہ لازم ہے۔

گندھوانا gundh-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'گوندھنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

گندھی gan-dhi(i): (ہ، مذ) عطر وغیرہ بیچنے والا، عطار، عطر ساز۔

گنڈ ganD: (ار، مذ ق) بھاری پتھر، جبڑے کے نیچے گردن کا اوپر اور سامنے کا حصہ۔

گنڈا gan-Daa: (ار، مذ) حلقہ، چھلا، کڑا، چوڑی، چار عدد، چار کوڑیاں، گھوڑوں کے گلے میں ڈالنے کا پٹا، وہ بڑا ڈورا جس میں منتر یا کوئی عمل پڑھ کر گرہ دیے جاتے ہیں اور یہ بچوں کے گلے یا بازو پر بیماری دور کرنے کے لیے باندھ دیتے ہیں۔ سفید پر جو کبوتر کے بازو پر نکلتے ہیں۔ وہ طوق جو پرندوں کے گلے میں ہوتا ہے۔

گنڈا تعویز gan-Da-ta(?)-viiz: (ار، مذ) منتر، جنتر، جھاڑ پھونک، جادو ٹونا۔

گنڈا gun-Daa: (ہ، مذ) لچا، شہدا، بدکار، اوباش،

بدمعاش، غنڈا، مث: گنڈی

گنڈاسا gan-Daa-saa: (ھ، مذ) چارا کاٹنے کا ہتھیار، لاٹھی میں لگا ہوا لوہے کا تیز ہتھیار، اسم تصغیر مث: گنڈاسی۔

گنڈم gan-Dam: (ق) آفت، مصیبت۔

گنڈمالا ganD-maa-laa: (ار، مذ، ق) کنٹھ مالا۔

گنڈی gan-Dii: (س، مث) جادو کا حلقہ، مٹی کا بند جو تالاب کے گرد بناتے ہیں، صف مفعول، نامرد، ہیجڑا، ڈرپوک۔

گنڈے دار gan-De-daar: (ھ، ف، صف) دھاری دار، بے سلسلہ، بے قاعدہ۔

گنڈیری gaN-De-rii: (ھ، مث) گنے کی چھوٹی سی پوری، گنے کا چھوٹا گول ٹکڑا، حقے کی نیچے کی بناوٹ جو گری میں لگائی جاتی ہیں۔

گنگ gang: (ف، مث)، دریائے گنگا۔

گنگ gung: (ف، صف) گونگا، جو زبان سے بول نہ سکے۔

گنگ محل gang-me-hal: (ف، مذ) اکبر بادشاہ کا محل جو اس نے انسان کی طبعی زبان دریافت کرنے کے لیے بنوایا تھا۔

گنگا gan-ga(a): (س، مث) ہندوستان کا ایک مشہور دریا جس کے متعلق ہندوؤں کا خیال ہے کہ اس میں نہانے سے تمام گناہ دور ہو جاتے ہیں۔ ہندو اس میں مردوں کی راکھ اور ہڈیاں ڈالنا باعث نجات سمجھتے ہیں۔

گنگا جلی gan-gaa ja-li(i): (ھ، مث) وہ برتن جس میں گنگا کا پانی رکھتے ہیں۔

گنگا جمنی gan-gaa jam-ni(i): (ار، صف) ملا جلا، دو رنگا، سنہرا، رو پہلا، وہ چیز جس پر طلائی اور نقرئی دونوں کام ہو، (مث) کان کے ایک زیور کا نام۔

گنگنا gun-gu-na(a): (ار، صف) ناک میں بولنے والا، نیم گرم، مث: گنگنی، اسم کیفیت مث: گنگناہٹ۔

گنگنانا gun-gu-naa-na(a): (ار، مص) ناک میں بولنا، دھیمی آواز میں گانا، منہ ہی منہ میں گانا۔

گننا gin-na(a): (ار، مص) گنتی کرنا، شمار کرنا، ماننا، سمجھنا، جانچنا، اندازہ کرنا۔

گنوار gaN-vaar: (ار، مذ) گاؤں کا رہنے والا، بے وقوف، ناداں، ان پڑھ، جاہل، غیر مہذب، اسم کیفیت، مذ: گنوار پن، مث: گنواری۔

گنوارو gaN-vaa-ru(u): (ار، صف) گنوار وکا سا، بدو، بدنما، بدزیب، مث: گنواری

گنوانا gaN-vaa-na(a): (ار، مص) ضائع کرنا، برباد کرنا، کھونا۔

گنوانا gin-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'گننا' جس کا یہ متعدی ہے۔

گنی gin-ni: (انگ، مذ) Guinea سونے کا ایک سکہ جو اکیس شلنگ کا ہوتا ہے۔

گنی gu-ni(i): (ھ، صف) ہنرمند، عالم فاضل، ولی، خدا رسیدہ، سانپ کا کھلاڑی، سپیرا، جادو ٹونا کرنے والا، ماہر موسیقی۔

گنیش ga-nesh: (س، مذ) شیوجی اور پاربتی کا بیٹا، جسے ہندو دانائی کا دیوتا اور مشکل کشا مانتے ہیں۔ ان کی شکل ہاتھی اور بدن انسان جیسا ہوتا ہے۔

گ۔و

گو go: (ف، لاحقہ، فاعلی) فارسی مصدر گفتن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ اور کہنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً دعا گو، حرف

شرط، اگر چہ، بالفرض، باوجودیکہ۔

گُو gu(u): (ہ، مذ) غلاظت، فضلہ، براز، نجاست۔

گُو کا کیڑا guu ka kii-Ra(a): (ار، مذ) وہ کیڑا جو فضلہ میں پیدا ہوتا ہے۔ مجازاً بدطینت، ذلیل آدمی۔

گُوار gu-vaar: (ہ، مث) ایک قسم کا غلہ جو بھینسوں وغیرہ کو دودھ کی زیادتی کے لیے کھلایا جاتا ہے۔

گُوارا ga-vaa-ra(a): (ف، صف) زود ہضم، انگ لگنے والا، خوش ذائقہ، پسندیدہ۔

گوال / گوالا ga-vaal: (ار، مذ) گوجر، گائے بھینس کو پالنے والا، دودھ بیچنے والا، مث: گوالن۔

گوانا ga-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'گانا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

گواہ ga-vaah: (ف، مذ) شاہد، ثبوت، پہنچانے والا، اسم کیفیت، مث: گواہی۔

گوبر go-bar: (ہ، مذ) چوپایوں کا فضلہ، میلا۔

گوبھی go-bhi(i): (ہ، مث) ایک مشہور ترکاری، کرم کلا۔

گوپ gop: (س، مذ) گوجر، گائے چرانے والا۔

گوپال go-paal: (س، مذ) گائیوں کو پالنے والا، کرشن جی کا لقب۔

گوپن / گوپھن go-pan: (ہ، مذ) گوپیا، فلاخن، رسی کا بنا ہوا ایک آلہ جس میں پتھر یا مٹی کی گولی رکھ کر چکر دے کر پھینکتے ہیں۔

گوپی go-pii: (س، مث) گوالن، گوجری، گائے چرانے والی، دودھ بیچنے والا، کرشن جی کے ساتھ بچپن سے کھیلنے والی لڑکیوں میں ہر ایک کا لقب۔

گوپیا go-pi-ya(a): (ہ، مذ) دیکھیے 'گوپن / گوپھن'

گوتم gau-tam: (س، مذ) بدھ مذہب کا بانی، ساکی منی جو ریاست کپل وستو میں پیدا ہوا تھا۔

گوتھنا gauth-na(a): (ار، مص) پرونا، گوندھنا، سینا۔

گوتی go-thi(i): (ہ، صف) ہم نسل، ایک خاندان کے۔

گوٹ goT: (ہ، مث) حاشیہ، سنجاف، کنارہ، کور، لیس چوسر کی نرد، وہ کڑی جو تخت اور صندوقچے کے ارد گرد لگاتے ہیں، دعوت، گاؤں، موضع، جماعت، گروہ، ق، دریافت، دھاگہ لپیٹنے کی ریل۔

گوٹا go-Ta(a): (ہ، مذ) کناری، چاندی یا سونے کے تاروں کا بافتہ، پتلی لیس۔

گوٹا کناری go-Taa ki-naa-ri(i): (ہ، مث) چاندی سونے کے تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے سے بنی ہوتی ہے۔ وہ لباس جس میں گوٹا کناری لگا ہو۔

گوجر gu-jar: (ہ، مذ) ایک قوم جس کا پیشہ گائے بھینس پالنا اور دودھ بیچنا ہے، مث: گوجری۔

گوجرال goj-raal: (ہ، مذ) گیہوں اور جو ملا ہوا اناج۔

گوچنا / گونچنا goch-naa: (ہ، مص) کسی چیز کا ہوا کے رخ پر اس طرح لینا کہ زمین پر نہ گرے۔

گوچنی goch-nii(i): (ہ، مث) گیہوں اور چنے ملا ہوا اناج۔

گود god: (ار، مث) آغوش، پہلو، کنار۔

گودا guu-da(a): (ار، مذ) مغز، بھیجا، موٹی روٹی کا اندرونی حصہ، خلاصہ، کسی چیز کا بہترین حصہ، ہڈی کے اندر کی نرم چیز۔

گودام go-daam: (ار، مذ) ذخیرہ رکھنے کی جگہ، مخزن۔

گودڑ guu-daR: (ار، مذ) پھٹا پرانا، ناکارہ کپڑا، پرانی روئی جو لحاف وغیرہ سے نکالی جائے۔

گودنا god-na(a): (ار، مص) بدن میں سوئی سے سرمہ یا نیل بھرنا، ٹھولے بنانا، چبھونا، چھیدنا، طعن و تشنیع کی

باتوں سے کسی کا دل دکھانا، (مذ) جسم کے وہ نشان جو نشتر وغیرہ سے دیے گئے ہوں۔ ایک اوزار کا نام جس سے نیشکر گودتے ہیں۔

گودی go-dii: (ار، مث) گود، آغوش، کنار، جھولی، پہلو، کوکھ، دامن، آنچل، بندرگاہ کا ایک حصہ۔

گور gor: (ف، مث) قبر، تربت، مزار، گورخر۔

گور پرست gor-pa-rast: (ف، صف) قبر کی پرستش کرنے والا، اسم کیفیت مث: گور پرستی۔

گورخر gor-Kar: (ف، مذ) جنگلی گدھا۔

گورستان go-ris-taan: (ف، مذ) قبرستان، مردوں کے دفن ہونے کی جگہ۔

گورغریباں go-re-Ga-rii-baaN: (ف، مذ) قبرستان کی زمین کا وہ ٹکڑا جہاں مسافروں کو دفن کرتے ہیں، غریبوں کی ٹوٹی پھوٹی قبریں۔

گورکن gor-kan: (ف، مذ) وہ شخص جس کا پیشہ قبر کھودنا ہو، اسم کیفیت مث: گورکنی۔

گور کنارے gor-ki-naa-re: (ار، صف) نہایت کمزور ہونا، بہت بوڑھا ہونا، مرنے کے قریب۔

گور گڑھا gor-ga-Rha(a): (ار، مذ) تجہیز و تکفین، کریا کرم، گورکفن، (افعال: کرنا، ہونا)

گورا go-ra(a): (ہ، صف) خوبصورت، سرخ وسفید رنگ والا، فرنگی، انگریز، ادنی درجے کا فرنگی، انگریز سپاہی، اسم کیفیت مذ: گوراپن، مث: گوری۔

گورا چٹا go-raa chit-taa: (ار، صف) سفید گورا، خوبصورت حسین، مث: گوری چٹی۔

گوراشاہی go-raa shaa-hi(i): (ار، مذ) گوروں کا عمل دخل، لوٹ مار۔

گورک دھندا go-rak dhan-da(a): (ہ، مذ) ایک قفل جو بغیر چابی کے کھلتا ہے مگر بہت مشکل سے۔

ایک آلہ جس میں ایک طرف سے ایک رنگ کا دھاگا نکلتا ہے، دوسری طرف سے دوسرے رنگ کا۔ جھگڑا، بکھیڑا، پیچیدہ معاملہ بکھیڑے کا کام، رہنے کا طریقہ، رہائش، کئی قسم کے پیچیدہ کھلونے، بھول بھلیاں۔

گورکھا gor-khaa: (ہ، مذ) گورکھپور کا رہنے والا، ایک ہندو قوم جو نیپال میں رہتی ہے، نیپال کا باشندہ، چھوٹے قد کا، بونا۔

گوریلا go-rii-la(a): (افریقہ، مذ) دنیا کا سب سے بڑا بندر، کھڑا ہو، تو چھ فٹ کے قریب اونچا ہوتا ہے، لاٹھی سے لڑتا ہے، رنگ عموماً سیاہ ہوتا ہے، بدن پر بال ہوتے ہیں، بن مانس، جنگلی انسان۔

گورنر ga-var-nar: (انگ، مذ) Governor، صوبہ کا حاکم اعلی، فرمانروا، مشین کا لٹو، جس کے ذریعے گیس پہنچتی ہے۔ اسم کیفیت مث، گورنری۔

گورنمنٹ ga-varn-ment: (انگ، مذ) Government، سرکار، حکومت، سلطنت، راج، بادشاہی، عملداری، فرمانروائی، طرز حکومت، حکمرانی، انتظام سیاست۔

گوریلا go-rii-la(a): (انگ، مذ) Gorrila، غیر منظم مسلح افواج کا سپاہی، چھاپے مار۔

گوریلا جنگ go-rii-laa jang: (انگ، مث) Guerrila، چھاپے مار جنگ۔

گوریٹا گوریا go-ray-ya(a): (ہ، مث) چڑیا، مذ، مٹی کا چھوٹا حقہ۔

گوڑ goR: (ہ، مذ) زمانہ قدیم میں بنگال کا وہ حصہ جو بنگ سے اڑیسہ کی حد تک تھا۔ اس میں ایک شہر جو ایک زمانے میں بنگال کا دارالخلافہ تھا اس ملک کے باشندے، برہمنوں کی دس ذاتوں میں سے ایک، اس ذات کا ایک فرد۔

گوڑنا goR-naa: (ہ، مص) اناج صاف کر کے بھس نکالنا، ہل چلانا، زمین کھودنا، کھرچنا، کریدنا۔

گوز goz: (ف، مذ) اخروٹ، گری، گٹھلی، جیسے چلگوز، جو بگڑ کے چلغوزہ ہو گیا۔

گوز goz: (ف، مذ) ہوا جو بآواز مقعد سے نکلے، پاد، ریح، پھسکی۔

گوزن go-zan: (ف، مث) بارہ سنگھا، سانبھر، پہاڑی یا جنگلی گائے، ہرن۔

گوسالہ فلک go-sa-lah-fa-lak: (ف، مذ) برج ثور۔

گوسائیں go-saa-iiN: (ہ، مذ) دیکھیے 'گسائیں'۔

گوش gosh: (ف، مذ) کان، سمع، گردن۔

گوش بریدہ gosh-ba-rii-dah: (ف، صف) کان کٹا ہوا، کن کٹا۔

گوش زد gosh-zad: (ف، صف) وہ بات جو سنی جائے، مسموع۔ (افعال: کرنا، ہونا)

گوشمالی / گوشالی gosh-maal/ go-shu-maa-li(i): (ف، مث) تنبیہ، تادیب (افعال: دینا، ہونا) کان مروڑنا۔

گوشوارہ gosh-vaa-rah: (ف، مذ) کان کا آویزہ، بالا، میزان، خلاصہ، حساب، جوڑ، نقشہ یا رجسٹر کی پیشانی، بڑا موتی، زرردی، پٹی جو دستاویز پر باندھی جاتی ہے۔

گوشت gosht: (ف، مذ) بدن کا وہ حصہ جو کھال سے نیچے اور ہڈیوں کے اردگرد ہوتا ہے، لحم، ماس، پھل کا گودا، پکا ہوا گوشت۔ (افعال: بنانا، بننا، بیچنا، پکنا، پکانا، خریدنا، دینا، کھانا، لینا)

گوشت پوست gosht-post: (ف، مذ) تمام اعضاء، ماس اور کھال۔

گوشت خوار / گوشت خور gosht-Kwaar/Kor: (ف، صف) گوشت کھانے والا، اسم کیفیت مث: گوشت خواری/ خوری۔

گوشہ go-shah: (ف، مذ) کونا، کھونٹ، زاویہ، طرف، جانب، سمت، پہلو، علیحدگی، تنہائی، خلوت، کنارہ، کمان کا سرا۔

گوشۂ تنہائی go-sha-e-tan-haaii: (ف، مث) تنہائی کی جگہ، خلوت۔

گوشۂ جگر go-sha-e-ji-gar: (ف، مذ) جگر کا کونہ / ٹکڑا، کنایۃً بہت عزیز، پیارا۔

گوشۂ چشم go-sha-e-chashm: (ف، مذ) آنکھ کا کونا۔

گوشۂ عافیت go-sha-e-(?)af-yat: (ف، مذ) وہ جگہ جہاں امن وامان ہو کوئی جھگڑا وغیرہ نہ ہو۔

گوشہ گیر / گزیں go-shah-giir: (ف، صف) خلوت نشین، تنہائی میں رہنے والا، تارک الدنیا، اسم کیفیت مث: گوشہ گیری / گزینی۔

گوشہ نشین go-shah-na-shiin: (ف، صف) دیکھیے 'گوشہ گیر وغیرہ' اسم کیفیت مث: گوشہ نشینی۔

گوکل go-kul: (ھ، مذ) گائیوں کا ریوڑ، بھارت کے ضلع متھرا میں ایک قصبہ جو کرشن جی کی جائے پیدائش ہے۔

گوکھا go-khaa: (ف، مذ) گائے کا چمڑا، گوکا (صف) بیوقوف، احمق، کودن۔

گوکھرو go-kha-ruu: (ھ، مذ) ایک کانٹا سا گوشہ ہوتا ہے، گوکھرو کا پودا، گوکھرو کا ساگ، لوہے کے بنے ہوئے کانٹے جو دشمن کی راہ میں ڈالتے ہیں۔ کان کا ایک زیور، منقش کا موڑا ہوا گوٹا۔

گوگا go-gaa: (ھ، مذ) خاکروبوں کا پیر، بیان ہوتا

ہے کہ ایک راجے کا لڑکا تھا جو فقیر ہو گیا اور محمود غزنوی کی آمد سے مسلمان ہو گیا تھا۔

گوگل guu-gal: (ہ، مذ) ایک درخت گوگل مائی کے گوند کا نام، جو خوشبودار ہوتا ہے۔ ہندو اسے ہوا صاف کرنے کی غرض سے جلاتے ہیں۔

گول gol: (ہ، مث) چھوٹی نالی جس سے کھیتوں میں پانی پہنچاتے ہیں۔

گول gol: (ار، صف) مدور، چکر دار، مبہم، مشکوک، تذبذب، پیچیدہ، وہ جو سمجھ میں نہ آئے، مٹی کا بڑا مٹکا، کوئی مدور چیز، گیند، کرہ، دائرہ، مویشیوں کا غول دوسرے گاؤں / علاقے کسی دریا کے کنارے یا پہاڑ کے دامن میں جہاں گھاس زیادہ ہو چرنے کے لیے جائے، اسم کیفیت مذ: گول پن۔

گول بات gol-baat: (ار، مث) مبہم بات، جو بات ٹھیک طرح سے سمجھ میں نہ آسکے۔

گول گپا gol-gap-paa: (ار، صف) گول مٹول، موٹا تازہ (مث) ایک قسم کی چاٹ۔

گول مال gol-maal: (ار، مذ) ملا جلا، خلط ملط، غبن، خیانت، سازش، آنٹ سانٹ (افعال: کرنا، ہونا)

گول مرچ gol-mirch: (ار، مث) کالی مرچ۔

گول مول gol-mol: (ار، مذ) مدور، نہایت گول، موٹا تازہ، ٹھگنا آدمی، موٹا، بیوقوف۔

گولا go-laa: (ار، مذ) گھیرا، تاگوں کی پچک، گیند، گیند ستون کے گرد ابھرا ہوا حلقہ، ایک قسم کا کبوتر، پگڑی کا قالب جس پر دستار بند پگڑی باندھا کرتے ہیں، ناریل کی اندر کی گری، اناج کا کوٹھا منڈی، پکا کنواں جو اندر سے استرکاری کیا ہوا ہو، گول شہتیر۔

گولائی go-laa-ii: (ار، مث) چکر، گول ہونے کی کیفیت۔

گولر guu-lar: (ار، مذ) ایک درخت اور اس کا پھل جو انجیر سے مشابہ ہوتا ہے، کپاس، روئی کا ڈوڈا۔

گولف golf: (انگ، مذ) دیکھیے 'گاف'

گولک go-lak: (ار، مذ، مث) غلک، کلا، روزمرہ کی بکری، رکھنے کا ظرف، حرامی بچہ۔

گولہ go-lah: (ف، مذ) گیند، دھات یا مٹی کی گول شکل، کرہ، توپ کا گولہ۔

گولہ انداز / گولنداز go-lah-an-daaz: (ف، صف) توپ چلانے والا، توپچی، اسم کیفیت مث: گولہ اندازی۔

گولہ باری go-lah baa-ri: (ار، مث) گولے پھینکنے کا عمل (افعال: کرنا، ہونا)

گولی go-lii: (ار، مث) دیکھیے 'گولا' جس کی یہ تصغیر ہے، بندوق کی گولی، افیون کی گولی، دوا کی چھوٹی گولی، چھوٹی گول چیز، بچوں کے کھیلنے کی گولی۔ کسی کو گولی کا نشانہ بنانا۔

گوم gom: (ہ، مذ) گھوڑے کے بالوں کا پیچیدہ ہونا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

گومڑ / گومڑا go-maR gom-Ra(a): (ہ، مذ) سوجن، ورم، آماس، ڈنبل، پھوڑا، اسم کیفیت مث: گومڑی۔

گوں guuN: (ہ، مث) مطلب، غرض، واسطہ، لائق، خواہش۔

گون gaun: (انگ، مذ) ایک قسم کا انگریزی وضع کا ڈھیلا ڈھالا لباس، جبہ Gown

گون gu-van: (ہ، مث) خرجین، باربردار، جانور پر سامان لادنے کا تھیلا، جو عموماً ٹاٹ یا موٹے کپڑے کا یا بالوں یا رسیوں سے بنایا جاتا ہے۔

گوں guuN: (ف، مذ) رنگ، طرز، روش، ڈھنگ،

مرکبات میں مستعمل ہے، جیسے نیلگوں۔
گونا guu-naa: (ف، مذ) رنگ، طرح، طلائی رنگ کا جو غلاف شمشیر اور صندوقچہ وغیرہ پر کرتے ہیں۔
گونا گوں guu-naa-guuN: (ف، صف) رنگ برنگ کا، طرح طرح کا، اسم کیفیت مث: گونا گونی۔
گونٹھنا gauNth-naa: (ہ، مص) ریشم کے قلابوں کو آپس میں لپیٹنا، گوندھنا۔
گونج guuNj: (ار، مث) آواز کی گردش، شور، گرج، غلغلہ، شیر کی آواز، کبوتر اور قمری کی آواز، کان کی بالی کی نوک۔
گونجنا guuNj-naa: (ار، مص) آواز کا گردش کرنا، شور ہونا، شیر کا دھاڑنا۔
گوند gond: (ار، مث، مذ) ایک قسم کا لیس دار مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے جو کاغذ وغیرہ چپکانے کے کام آتا ہے۔
گوند دانی gond-daa-nii: (ار، مث) وہ برتن جس میں بھیگا ہوا گوند رکھا جاتا ہے۔
گوند کش gond-kash: (ف، صف) جس سے گوند دانی سے گوند نکالی جاتی ہے۔
گوندا gon-daa: (ار، مذ) بھنے ہوئے چنوں کا گوندھا ہوا آٹا جو پرندوں کو کھلایا جاتا ہے، گلتھی۔
گوند لا gond-laa: (ہ، مث) مدور، گول۔
گوندنی gond-nii: (ہ، مث) ایک درخت اور اس کا پھل جو نہایت لیسدار ہوتا ہے۔
گوندھنا guundh-naa: (ار، مص) آٹے میں پانی ملا کر روٹی کے قابل کرنا، مہندی لگانا، سر کے بالوں کو باہم بنانا، چوٹی کرنا، پرونا، منسلک کرنا۔
گوندی gon-dii: (ار، مث) دیکھیے 'گوند' ق، کونہ، گوشہ۔

گونگا guun-gaa: (ار، مذ) وہ شخص جو بول نہ سکے، گنگ، چپ چاپ، خاموش، مث: گونگی۔
گونہ guu-nah: (ف، صف) اسلوب، وضع، کسی قدر۔
گونہ گو guu-nah-guu: (ف، صف) اسلوب، وضع کی قدر۔
گونہار gon-haar: (ہ، مذ، مث) وہ عورتیں جو دلہن کے ساتھ میکے سے سسرال جاتی ہیں۔ وہ لوگ جو دولہا کے ساتھ گونے کے لیے جاتے ہیں۔
گونی go-nii: (ار، مث، ق) پانی یا غلہ رکھنے کا بڑا برتن۔
گونیا guun-yaa: (ف، مث) ایک مثلث شکل کا اوزار جس سے عمارت یا دیوار کی کجی یا راستی دریافت کرتے ہیں۔
گوہ goh: (ہ، مث) ایک جانور جو چھپکلی سے مشابہ ہوتا ہے۔ مگر قدم میں بڑا ہوتا ہے جس کی کھال سخت مگر خوبصورت ہوتی ہے، سوسمار۔
گوہ goh: (ف، مذ) دیکھیے 'گو' مع مرکبات، فضلہ، پاخانہ۔
گوہار go-haar: (ہ، مث) واویلا، فریاد، استغاثہ، غل، شور، ایک آدمی کا کئی آدمیوں سے مقابلہ کرنا، گالی گلوچ۔
گوہانجنی go-haanj-nii: (ار، مث) آنکھ کی پھنسی جو پلک کے نیچے ہوتی ہے۔
گوہر gau-har: (ف، مذ) قیمتی مادہ، اصلی چیز، موتی، مروارید، جواہر، خاندان، نسل۔
گوہر افشاں / پاش gau-har-paash: (ف، صف) فیض پہنچانے والا۔ خوش بیان، اسم کیفیت مث: گوہر افشانی / پاشی۔
گوہر بار gau-har-baar: (ف، صف) موتی برسانے والا (زبان اور قلم کی صفت میں استعمال ہوتا ہے۔)

گوہر تاب gau-har-taab: (ار، مذ) موتی کی طرح چمکنے والا، باریک لباس جو عورتیں گرمیوں میں پہنتی ہیں۔

گوہر تر gau-har-tar: (ف، مذ) کنایۃً آنسو، اچھی باتیں۔

گوہر سنج gau-har-sanj: (ف، صف) خوش بیان

گوہر شب تاب / شب چراغ go-har-shab-taab/ shab-cha-raaG: (ف، مذ) ایک قسم کا لعل جو رات کو روشنی دیتا ہے۔

گوہر غلطاں gau-har Gal-taan: (ف، مذ) اعلیٰ قسم کا موتی، جو سڈول ہونے کے باعث ایک جگہ نہیں ٹھہرتا۔

گوہر فروش gau-har fa-rosh: (ف، صف) موتی بیچنے والا، اسم کیفیت مث: گوہر فروشی۔

گوہر نگار gau-har-ni-gaar: (ف، صف) جڑاؤ، موتیوں سے جڑا ہوا۔

گوہری gau-ha-rii: (ف، صف) جوہری، موتی والا، گوہر کی آب و تاب رکھنے والا۔

گوئندہ go-in-dah: (ف، صف) کہنے والا، کہنے والی، مخبر، جاسوس۔

گوئے go-ye: (ف، مذ) گیند۔

گوئیاں go-i-yaaN: (ہ، مث) سہیلی۔

گوسی go-sii: (ار، مث، ق) شیر کے رہنے کی جگہ، غار، کھوہ، گپھا۔

گویا go-yaa: (ف، صف) بولنے والا، خوش گفتار، مانند، مثل، ہو بہو، اسم کیفیت مث: گویائی۔

گویّا ga-vay-yaa: (ہ، مذ) گانے والا، مطرب، مغنی۔

گ۔ہ

گہ geh: (ف ظرف زماں) دیکھیے 'گاہ' جس کا یہ مخفف ہے۔

گہر gohr: (ف، مذ) دیکھیے 'گوہر' مع مرکبات جس کا مخفف ہے۔

گہرا gaih-raa: (ار، صف) عمیق، بے تھاہ، ژباؤ، نہایت، تیز، شوخ، گاڑھا، بھاری، پکا، غار، گڑھا مث: گہری۔ اسم کیفیت مذ: گہرا پن، گہراپا۔

گہرائی gaih-raa-ii: (ار، مث) عمق، گہرا ہونے کی کیفیت، گہرا پن۔

گہری بات gaih-rii-baat: (ار، مث) باریک خیال، دقیق اور مشکل خیال، تہ کی بات۔

گہما گہمی gah-maa-gah-mii: (ار، مث) چہل پہل، گرم بازاری، رونق، دھوم دھام، آدمیوں کی کثرت۔

گہن ga-han: (ار، مذ) گرہن، چاند کا سورج پر سایہ، داغ، عیب، جنگل (افعال: پڑنا، لگنا) چاند یا سورج کا تاریک ہو جانا، کالا یا جزواً۔

گہنا gah-naa: (ار، مص) گہن لگنا (مذ) زیور۔

گہنانا gah-na-naa: (ار، مص) گہن لگنا، کسی عضو کا بدقطع ہونا، کسی چیز کا زوال پذیر ہونا۔

گہنی gah-nii: (ار، مث) وہ گائے جو چاند گرہن کے وقت پیدا ہوا ہو اور اس کے بدن میں کوئی نقص ہو۔

گہوارہ gah-vaa-ra(h): (ف، مذ) ہنڈولا، بچوں کو سلانے کا جھولا، وہ چارپائی جس پر محراب نما کڑیاں لگا کر عورتوں کا جنازہ لے جاتے ہیں۔

گہے ga-he: (ف، متعلق فعل) دیکھیے 'گاہے' جس کا مخفف ہے۔

گ۔ھ (گھ)

گھات ghaat: (ہ، مث) تاک، داؤں، موقع،

فریب، دھوکا، ارادہ، مطلب، کمین گاہ، وہ جگہ جہاں شکار یا دشمن کے انتظار میں بیٹھیں۔

گھاتک / گھاتوں gha-tak: (س، مز) قاتل، خونی، جانی دشمن، جان کا گولا۔

گھاٹ ghaaT: (ار، مذ) دریا یا تالاب سے اترنے کا مقام، تلوار کی وہ جگہ جہاں سے اس کا خم شروع ہوتا ہے۔ طرف، جانب، سمت، انگیاں کا گریبان، راہ، راستہ، دریا یا تالاب کا کپڑے دھونے کا مقام۔

گھاٹا ghaa-Taa: (ار، مذ) کمی، نقصان، خسارہ (افعال: آنا، اٹھانا، پڑنا وغیرہ)

گھاٹی ghaa-Tii: (ار، مث) دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ، درۂ کوہ۔

گھاس ghaas: (ار، مث) کاہ، گیاہ، پھوس، چارہ، ساگ، پات، سبزی۔

گھاس پات ghaas-paat: (ار، مث) سبزی۔

گھاگ ghaag: (ار، صف) پرانا، تجربہ کار آدمی۔

گھاگرا / گھاگر ghaag-raa: (ار، مذ) لہنگا، پشواز، ایک دریا کا نام، ایک قسم کا کبوتر۔

گھاگھس ghaa-ghas: (ار، مذ) ایک قسم کا دوغلا مرغا یا بیٹر۔

گھالا ghaa-laa: (ار، مث، ق) آفت، صدمہ، شرارت، نقصان۔

گھامڑ ghaa-maR: (ار، صف) گرمی کی ماری ہوئی گائے، بدحواس، احمق، سادہ لوح۔

گھان ghaan: (ار، مذ، مث) اناج یا سرسوں کی وہ مقدار جو کولہو میں یکبارگی ڈالی جائے، پکوان کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں ڈالی جائے، چنے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ بھونی جائے۔

گھانس ghaaNs: (ار، مث) دیکھیے 'گھاس' جو فصیح ہے۔

گھانی ghaa-nii: (ار، مث) تلوں یا سرسوں کی مقدار جو ایک مرتبہ کولہو میں پیلنے کے واسطے ڈالی جائے، مٹی کا تغار۔

گھاؤ ghaa-o: (ار، مذ) زخم، جراحت، نقصان، خسارہ۔

گھائی ghaa-ii: (ار، مث) دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ، چَل، فریب، دھوکا، مغالطہ، چولہے کی وہ جگہ جہاں روٹی سینکتے ہیں۔ پٹے بازوں کی اصطلاح میں ایک قسم کی معین ضرب جو باہم مشق کرتے ہوئے استعمال کرتے ہیں۔

گھائل / گھائل ghaa-il: (ار، صف) زخمی، مجروح، عشق کا مارا، دل فگار، سرخ کنکوا، افعال: کرنا وغیرہ۔

گھبرانا ghab-raa-naa: (ار، مص) اوسان خطا ہو جانا، سٹ پٹا جانا، تلملانا، بے قرار ہونا، پریشان ہونا، ڈر جانا، اُچاٹ ہونا، بے کیف ہونا۔

گھبراہٹ ghab-raa-haT: (ار، مث) بے قراری، اضطراب، بدحواسی، ہل چل، جلدی، پریشانی۔

گھُپ ghup: (ار، صف) نہایت، تاریک، سخت اندھیرا۔

گھپلا ghap-laa: (ار، مذ) حساب میں گڑبڑ، جھگڑا، شور و غل۔

گھپنا ghup-naa: (ار، مص) گھونپا جانا۔

گھٹا gha-Taa: (ار، مث) ابر، بادل، کالی بدلی، غبار، کدورت۔

گھٹاٹوپ gha-Taa-Top: (ار، مث) وہ اندھیرا جو بادلوں کی وجہ سے ہو، پالکی پینس یا گھوڑا گاڑی کا غلاف جو گرد و غبار اور بارش سے بچنے کے لیے ڈالتے ہیں۔ نہایت سیاہ۔

گھٹانا gha-Taa-naa: (ار، مص) کم کرنا، نرخ گرانا، درجہ توڑنا، منہا کرنا، وضع کرنا۔

گھٹاؤ بڑھاؤ gha-taa-o-bar-haa-o: (ار، مذ) کمی بیشی، ترقی، تنزل۔

گھٹا ہوا ghu-Taa-hu-aa: (ار، صف) پسا ہوا، پختہ کار، تجربہ کار۔ عیار، چالاک، ہوشیار، وہ سر جس کے بال اس طرح مونڈے گئے ہوں کہ سر کی چکنائی ظاہر ہو۔

گھٹائی ghu-Taa-ii: (ار، مث) کسی چیز کو گھوٹ کر یکجان کر دینا، گھوٹنے کی اُجرت۔

گھٹن ghu-Tan: (ار، مث) ہوا بند ہونے سے ایسی گرمی کہ دم گھٹ جائے۔

گھٹنا ghaT-naa: (ار، مص) کم ہونا، تھوڑا ہونا، اترنا، تنزل ہونا، دبلا ہونا، نرخ کم ہونا، بھاؤ گرنا۔

گھٹنا ghuT-naa: (ار، مص) پسنا، کھرل ہونا، ایک جان ہونا، پالش ہونا، ریگ مال ہونا، سر منڈنا، صفایا ہونا، دم گھٹنا، سانس رکنا، بھرنا، پر کرنا، سمانا، موافقت کرنا، دوستی ہونا۔

گھٹنا ghuT-naa: (ار، مذ) زانو، پنڈلی، گوڈا، ران کے بیچ کا جوڑ، ران اور پنڈلی کے درمیان کا جوڑ۔

گھٹنا ghu-Tan-naa: (ار، مذ) گھٹنوں تک پاجامہ جو جانگیے سے بڑا ہوتا ہے، پاجامے کے نیچے پہننے کی پوشش۔

گھٹنوں گھٹنوں ghuT-nauN ghuT-nauN: (ار، متعلق فعل) گھٹنوں تک۔

گھٹوانا ghuT-vaa-naa: (ار، مص) حل کرانا، کھرل کرانا، سر یا داڑھی منڈوانا۔

گھٹی ghuT-Tii: (ار، مث) وہ دوا جو نوزائیدہ بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لیے جوش دے کر پلائی جاتی ہے۔ عادت، طبیعت، خصلت۔

گھٹیا ghaT-yaa: (ار، صف) کم قیمت، معمولی، ارزاں، ادنٰے، کمینہ۔

گھچ پچ ghich-pich: (ار، مث) کثرت، بھیڑ، جمگھٹا، بہت گنجان اور پاس پاس لگا ہوا۔

گھر ghar: (ار، مذ) مکان، خانہ، رہنے کی جگہ، سیارے کے ٹھہرنے کا مقام، ٹھکانا، خول، کیس، بھٹ، کھوہ، بل، گھونسلا، آشیانہ، وطن، دیس، خاندان، گھرانا، بیوی۔

گھر بار ghar-baar: (ار، مذ) گھر اور اس کے متعلقہ عمارت، خانہ داری کا سامان، بال بچے، خاندان، کنبہ، شوہر۔

گھر جمائی ghar ja-maa-ii: (ار، مذ) گھر میں رکھا ہوا داماد، داماد کو اپنے گھر رکھنا۔ (افعال: رکھنا، رہنا)

گھر جوت ghar-jot: (ار، مث) اپنی کھیتی، گھر کی کھیتی، دیسی زراعت، خود کاشت۔

گھر دار ghar-dar: (ار، صف) گھر والا، دنیا دار، بال بچے والا، اسم کیفیت مث: گھر داری۔

گھر داماد ghar-daa-maad: (ار، مذ) گھر جمائی، خانہ داماد۔

گھر کا بھیدی ghar-kaa-bhe-dii: (ار، مذ) وہ شخص جو گھر کے حالات سے واقف ہو، ہم دم، محرم، ہمراز، رازداں۔

گھر کا چراغ ghar ka cha-raaG: (ار، صف) خاندان کا نام روشن کرنے والا۔

گھر کا گھر ghar-kaa-ghar: (ار، مذ) سارا کنبہ، گھر کے تمام لوگ، سارا گھر، گھر بھر، اثاث البیت، گھر کا سامان۔

گھر گرہستی ghar-gi-rahs-tii: (ار، مث) گھر کا انتظام، گھر میں رہنے والی شریف عورت، خانہ نشین عورت۔

گھر گھاٹ ghar-ghaaT: (ار، مذ) چال ڈھال،

رنگ ڈھنگ، طور طریق، خو، خصلت، عادت، طبیعت۔

گھر گھسوؤ / گھسنا ghar-ghus-Ruu: (ار، صف) وہ مرد جو ہر وقت عورتوں میں بیٹھا رہے۔

گھر والا ghar-vaa-laa: (ار، مذ) صاحب خانہ، مالک مکان، خاوند، شوہر میاں، مث: گھر والی۔

گھرّا ghar-raa: (ار، مذ) وہ آواز جو حالت نزع میں گلے سے نکلتی ہے۔ گھونگرو بولنا، ایک قسم کا ضماد جو آشوب چشم کے لیے لگاتے ہیں۔ سوت کی تکلیف، گھونگرو کی آواز۔

گھرانا gha-raa-naa: (ار، مذ) خاندان، گھر، دودمان، کنبہ، قبیلہ، سلسلہ، نسب، پشت، نسل، اولاد۔

گھرائی ghi-raa-ii: (ہ، مث) وہ جرمانہ اور خرچ خوراک جو مویشی کو گھیر کر رکھنے اور چرانے پر لی جاتی ہے۔

گھرکی / گھڑکی ghur-kii/ghuR-kii: (ار، مث) جھڑکی، دھمکی، ڈانٹ ڈپٹ، (افعال: دینا، کھانا)

گھر گھر ghar-ghar: (ار، مث) وہ کرخت آواز جو چکی، مشین یا گاڑی کے چلنے سے پیدا ہوتی ہے۔

گھر گھراہٹ ghar-gha-raa-haT: (ار، مث) گھر گھر کی آواز، گھمر گھمر۔

گھرنا ghir-naa: (ار، مص) محصور ہونا، بند ہونا، جھومنا، چھانا، رنج و غم میں مبتلا ہونا۔

گھرنی ghir-nii: (ار، مث) چرخی، گھمانے کا آلہ، پلی، رسی کی کل، سر کا چکر، دوران سر، ایک آبی پرندہ، لوٹن کبوتر۔

گھروندا gha-ron-daa: (ہ، مذ) مٹی کا چھوٹا گھر جو لڑکیاں کھیلنے کے لیے بناتی ہیں (صفت) کنایۃً ناپائیدار، بے وقعت۔

گھڑ ghuR: (ار، مذ) گھوڑا کا مخفف، جو مرکبات میں مستعمل ہے۔

گھڑ چڑھا ghuR-cha-Rhaa: (ار، مذ) گھوڑے پر سوار، عمدہ سواری کرنے والا، گھوڑے پر خوب بیٹھنے والا۔

گھڑ دوڑ ghuR-dauR: (ار، مث) گھوڑوں کا شرط بد کر دوڑانا، وہ میدان جہاں گھوڑوں کی دوڑ ہو۔

گھڑسار ghuR-saar: (ہ، مذ) اصطبل، گھوڑوں کا طویلہ۔

گھڑسوار ghuR-sa-vaar: (ار، صف) گھوڑے کا سوار، اسم کیفیت مث: گھڑسواری۔

گھڑمنہا ghuR-muN-haa: (ار، صف) وہ شخص جس کا منہ گھوڑے کے منہ سے مشابہت رکھتا ہو، لمبے منہ کا آدمی۔

گھڑنال ghuR-naal: (ہ، مث) توپ، رہکلا، وہ توپ جسے گھوڑے پر لے جائیں۔

گھڑا gha-Raa: (ار، مذ) پانی رکھنے کا مٹی کا تنگ منہ کا برتن، مٹکا، سبوچہ (افعال: بھرنا، بھروانا، اٹھانا۔ اٹھنا، اٹھوانا، بنانا، بننا، بنوانا، بیچنا، توڑنا، ٹوٹنا، خریدنا، لے جانا، لانا وغیرہ)

گھڑائی gha-Raa-ii: (ہ، مث) گھڑنے کی اجرت، ساخت، گھڑت، بناوٹ۔

گھڑت gha-Rat: (ہ، مث) ساخت، بناوٹ، بنائی ہوئی بات۔

گھڑچ ghu-Rach: (ہ، مث) موسیقی کے ساز کی گھوڑی۔

گھڑگھڑاہٹ ghaR-gha-Raa-haT: (ہ، مث) چکی، مشین یا گاڑی وغیرہ کی آواز، گھر گھر۔

گھڑگھڑانا ghaR-gha-Raa-naa: (ار، مص)

گھڑ گھڑ کی آواز پیدا کرنا۔
گھڑنا ghaR-naa: (ار،مص) بنانا، تراشنا، درست کرنا، زدوکوب کرنا، پیٹنا، جھوٹی بات بنانا۔
گھڑونچا gha-Ron-chaa: (ار، مذ) لکڑی کا وہ چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھے جاتے ہیں، اسم تصغیر مث: گھڑونچی۔
گھڑی gha-Rii: (ار،مث) 24 منٹ کا وقفہ، گھنٹے کا 2/5 اور دن رات کا ساٹھواں حصہ، وقت سماں، زمانہ، ساعت گھنٹہ، لمحہ، لحظہ، تھوڑا سا وقفہ، وقت بتانے کا آلہ جس کی کئی قسمیں ہیں۔ جیسے جیبی گھڑی، کلائی پر باندھنے کی گھڑی، ٹائم پیس، کلاک، دھوپ گھڑی، آبی گھڑی، ریت کی گھڑی وغیرہ وغیرہ۔
گھڑی بھر gha-Rii bhar: (ار، لف) ایک گھڑی، ایک ساعت، لمحہ بھر، لحظہ بھر، ذرا، یکدم۔
گھڑی ساز gha-Rii saaz: (ار،صف) گھڑی کی درستی/مرمت کرنے والا۔
گھڑی گھڑی gha-Rii gha-Rii: (ار،لف) دم بدم، لحظہ بہ لحظہ، پے در پے، بار بار۔
گھڑیا ghaR-yaa: (ار،مث) دیکھیے 'گھڑا' جس کی تصغیر و تانیث ہے کٹھالی جس میں سنار سونا چاندی پگھلاتے ہیں۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا چھتا، مہال۔
گھڑیا ghuR-yaa: (ار، مث) دیکھیے 'گھوڑی' جس کی یہ تصغیر ہے۔
گھڑیال ghaR-yaal: (ار، مذ) پیتل یا کانسہ کی وہ تھالی سی جسے موگری سے بجاتے ہیں گھنٹہ، مگرمچھ، نہنگ۔
گھس ghas: (ار، مث) دیکھیے 'گھاس' جس کا یہ مخفف ہے اور مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
گھس کھدا ghas-khu-daa: (ار، مذ) گھاس کھودنے والا، گھسیارا، کنایۃً بے وقوف۔
گھس گھس ghis-ghis: (ار،مث) گھسنے کا عمل، بالخصوص قلم کے۔
گھس پیٹھ ghus-piiTh: (ار، مث) پہنچ، دخل، رسائی۔
گھسا ghas-saa: (ار،مذ) رگڑ، رگڑا، گھوڑے کو بگھی وغیرہ میں جوتنے کے لیے سدھانے کی لکڑی۔
گھسا ghis-saa: (ار،صف) گھسا ہوا، پرانا، کہنہ، فرسودہ، مث: گھسی۔
گھسانا ghi-saa-naa: (ار،مص) دیکھیے 'گھسنا' جس کا یہ متعدی ہے۔
گھسٹنا ghi-saT-naa: (ار،مص) دیکھیے 'گھسیٹنا' جس کا یہ لازم ہے۔
گھسڑنا ghu-saR-naa: (ار، مذ) دیکھیے 'گھسیڑنا' جس کا یہ لازم ہے۔
گھسم گھسا ghas-sam ghas-saa: (ار، مذ) ایک کا دوسرے کو رگڑنا، ایک پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑنا۔
گھسنا ghis-naa: (ار،مص) رگڑ کھانا، رگڑ لگنا، پرانا ہونا، فرسودہ ہونا، رگڑنا، پیسنا، حل کرنا۔
گھسنا ghus-naa: (ار،مص) اندر جانا داخل ہونا، دخل دینا، مداخلت کرنا۔
گھسوانا ghus-vaa-naa: (ار،مص) دیکھیے 'گھسنا' جس کا یہ متعدی ہے۔
گھستے دینا ghas-se-de-naa: (ار،مص) رگڑنا، پتنگ کی ایک ڈور سے دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑنا۔
گھسیارا ghas-yaa-raal: (ار،مذ) گھاس کھودنے والا، گھاس، بیچنے والا، مث: گھسیارن، گھسیاری۔
گھسیٹنا gha-siT-naa: (ار،مذ) ایک قسم کی گاڑی

جس سے گھوڑے کو بگھی کھینچنے کی مشق کراتے ہیں۔

گھسیٹا گھساٹی gha-sii-Taa: (ار، مث) کھینچا تانی، کھینچا کھینچی۔

گھسیٹن gha-sii-Tan: (ار، مث) گھسیٹنے کا وہ نشان جو کسی چیز کے زمین پر کھینچنے سے پڑ جائے۔

گھسیٹنا gha-siiT-naa: (ار، مص) کھینچنا، زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا۔

گھسیڑنا ghu-seR-naa: (ار، مص) ٹھونسنا، ایک چیز کا دوسری چیز میں زور سے داخل کرنا۔

گھگرا ghag-raal: (ہ، مذ) لہنگا۔

گھگی ghig-gii: (ار، مث) ہچکی، بے حد خوف کی حالت، یکا یک ڈر جانے سے منہ سے گھی گھی کی آواز نکلنا، روتے ہوئے رک رک کر آنے کی آواز۔

گھگیانا ghig-yaa-naa: (ار، مص) گھگی بندھ جانا، عاجزی کرنا، منت سماجت کرنا۔

گھلا ملا ghu-laa mi-laa: (ار، صف) بے تکلف، خوب ملا ہوا، حل کیا ہوا، مث: گھلی ملی۔

گھلانا ghu-laa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'گھلنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

گھلاوٹ ghu-laa-vat: (ار، مث) نرمی، گداز پن، پلپلاہٹ۔

گھلنا ghul-naa: (ار، مص) پگھلنا، رقیق ہونا، گداز ہونا، نرم ہونا، ملائم ہونا، دبلا ہونا، لاغر ہونا، حل ہونا، حل ہو کر اچھی طرح مل جانا، سرمہ یا کاجل اچھی طرح لگنا۔

گھلنا ملنا ghul-naa mil-naa: (ار، محاورہ) بے تکلف ہو جانا، خوب مل جانا۔

گھلوانا ghul-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'گھولنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

گھما گھم gha-maa-gham: (ار، مث) دیکھیے 'گھما گھمی' وہ آواز جو کنویں میں ڈول کے حرکت کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔

گہما گہمی geh-maa-geh-mi(i): (ار مث) چہل پہل، رونق آبادی، ہجوم دھام، آدمیوں کی کثرت۔

گھمام gha-maam: (ار، مذ ق) گھمسان۔

گھماں / گھماؤں ghu-maaN: (ار، مذ) ایکڑ، دو بیگھے۔

گھمانا ghu-maa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'گھومنا' جس کا یہ متعدی ہے۔ چرانا۔

گھماؤ ghu-maa-o: (ار، مذ) پھیر، چکر، زمین کا وہ رقبہ جو بیلوں سے ایک دن میں جوتا جا سکے۔

گھمر گھمر ghu-mar ghu-mar: (ار، مث صوت) چکی چلنے کی آواز۔

گھمس gha-mas: (ار، مث) حبس، گرمی میں ہوا کا بند ہو جانا۔

گھمسان gham-saan: (ار، مث) لڑائی، رن، جنگ، قتل و خون۔ مقتولوں کا ڈھیر، انبوہ، کثرت، تباہی، بربادی، زیر و زبر، اوپر تلے، شدت کی لڑائی۔

گھمنڈ gha-manD: (ار، مذ) تکبر، غرور، نمود، خود بینی، شیخی، بادلوں کا ہجوم، آسرا، امید (افعال: کرنا، ہونا)

گھمنڈی gha-man-Dii: (ار، صف) مغرور، متکبر، شیخی خورہ، خود پسند۔

گھن ghan: (س، مذ) ابر، بادل، گھٹا، بڑا ہتھوڑا، اہرن۔ ایک خوشبودار گھاس، فراخی (وسعت، مضبوطی، استحکام) بلغم، کھنکھار، گھنٹا، گھڑیال، ایک قسم کا ناچ، بڑی رقم، جسم، بدن، صف: موٹا، دبیز، بہت زیادہ، کثیر گنجان، گھنا، مستقل، دائمی، پُر، بھرا ہونا۔

گھن چکر ghan-chak-kar: (ار، مذ) بہت چکر

کھانے والا، بہت گردش کرنے والا، آوارہ گرد، بے وقوف، آتش بازی جو آگ دینے سے گھومتی ہے، سورج مکھی کا پھول، ق، آسمان۔

گھن گرج ghan-ga-raj: (ار، مث) بجلی کی کڑک، مزدور کی کڑک، صف: زور کا، پرشور، مہیب، وزنی، بھاری۔

گھنگھور ghan-ghor: (ہ، صف) گہرا بادل، ڈراؤنی، کالی گھٹا، گرجنے والا، بادل۔

گھن ghin: (ہ، مث) نفرت، کراہت، متلی، الٹی (افعال: آنا، کرنا، کھانا)

گھن ghun: (ار، مذ) لکڑی کو یا غلے کو کھانے والا کیڑا۔

گھنا gha-naa: (س، صف) گنجان / چیزوں کا پاس پاس ہونا کہ بیچ میں کسی دوسری چیز کی گنجائش نہ ہو، مث: گھنی۔

گھنا ghu-naa: (ار، صف) گھنا ہوا، جسے گھن لگ گیا ہو۔

گھنا ghun-naa: (ار، صف) بات کو سمجھ کر نادان بننے والا، گھنی، کینہ ور مث: گھنی۔

گھناؤنا ghi-naa-o-naa: (ار، صف) نفرت انگیز (افعال: کرنا) مث: گھناؤنی اسم کیفیت مذ: گھناؤناپن۔

گھنٹ ghanT: (س، مذ) وہ گھنٹا جو ہاتھی کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔

گھنٹا / گھنٹہ ghan-Taa: (ار، مذ) گھڑیال، گھنٹی، وقت بتانے کا بڑا آلہ کلاک، ساٹھ منٹ کا وقفہ۔

گھنٹا گھر ghan-Taa ghar: (ار، مذ) وہ اونچا مینار، جس پر بڑا گھنٹہ یا کلاک لگایا جاتا ہے۔

گھنٹی ghan-Ti(i): (ار، مث) چھوٹا گھڑیال، پیتل یا کانسہ کی چھوٹی سی نلکیا۔

گھنڈی ghun-Dii: (ار، مث) گریبان کو بند کرنے کے لیے کپڑے یا دھاگے کا گول بٹن، دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی جڑ، گرہ، کدورت۔

گھنگرالے ghung-raa-ley: (ار، صف) گھنگھر والے، بل کھائے ہوئے۔

گھنگرو ghung-ruu: (ر، مذ) ایک قسم کا بجنے والا زیور، گلے کی آواز جو جان کنی کے وقت نکلتی ہے، بچوں کے پاؤں کا زیور، سن کا پھول جس میں بیج ہوتا ہے۔

گھنگولنا ghaN-gol-naa: (ار، مص) کسی رقیق چیز میں ہاتھ ڈال کر ہلانا، گدلا کرنا، گھولنا، الٹ پلٹ کرنا، نشتر چبھونا۔

گھنیانا ghin-yaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'گھن آنا'

گھنیائی ghin-yaa-ii: (ار، مث) وہ چیز جس سے نفرت آئے۔

گھنیرا gha-ne-raa: (ہ، صف) بہت گھنا، مث: گھنیری۔

گھوٹا gho-Taa: (ار، مذ) کاغذ گھوٹنے کا مہرہ، صاف یا چمکدار بنانے کا اوزار، استرے سے سر یا داڑھی کی صفائی۔

گھوٹنا ghoT-naa: (ار، مص) رگڑنا، حل کرنا، باریک کرنا، مہرے سے صفائی کرنا، رٹنا، بار بار پڑھنا، اچھی طرح ذہن نشین کرنا۔

گھور ghuur: (ار، مذ، صف) غلاظت، میل، چرک، خوفناک، بھیانک، ڈراؤنا۔

گھورا ghuu-raa: (ہ، مث) چوپایوں کے رہنے کی سایہ دار جگہ۔

گھورا ghuu-raa: (ار، مذ) وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے، کھتا۔

گھورچی ghor-chii: (ار، مث) تاگے کی گرہ، الجھن۔

گھوُرنا ghuur-naa: (ار، مص) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، غور سے دیکھنا، خفگی کی نظر سے دیکھنا، دیدار بازی کرنا، محبت کی نظر سے دیکھنا۔
گھوُری ghuu-rii: (ار، صف) میلا کچیلا، گندہ، غلیظ، غلاظت گاہ۔
گھوڑا gho-Raa: (ار، مذ) ایک سواری کا چوپایہ جو سواری اور بار برداری کے کام آتا ہے، اسپ، مرکب، توسن، شطرنج کا ایک مہرہ، بندوق کا کتا، چٹخنی، مث: گھوڑی۔
گھوڑی gho-Rii: (ار، مث) دیکھیے 'گھوڑا' جس کی یہ تانیث ہے۔ سویاں بنانے کا آلہ، وہ لکڑی جو تارکش گوٹے کا تار تنے رہنے کے لیے تار کے نیچے کھڑی کر دیتے ہیں۔ کپڑا ڈالنے کی چوبی بپائی، بچوں کے ایک کھیل کا نام اس میں جس کی چڑھی لیں اسے گھوڑی کہتے ہیں۔ بانس کی چری ہوئی لکڑی جو ختنہ کے وقت نائی بچہ کے عضوِ تناسل پر چڑھا دیتا ہے۔
گھوڑیاں ghoR-yaaN: (ار، مث) شادی کے گیت جو عورتیں شادی بیاہ میں گاتی ہیں۔
گھوُس ghuus: (ار، مذ) ایک قسم کا بڑا چوہا، رشوت۔
گھوُسم گھوُسا ghuu-sam-ghuu-saa: (ار، مذ) مکا بازی، مار کٹائی، زد و کوب۔
گھوُسی ghuu-sii: (ار، مذ) گوالا، گائے بھینس رکھنے والا، دودھ بیچنے والا، مث: گھوسن۔
گھول میل ghol-mel: (ار، مذ) دیکھیے 'گھال میل'
گھولا gho-laa: (ار، مذ) پانی میں حل کی ہوئی افیون، ایک قسم کی مچھلی۔
گھولنا ghol-naa: (ار، مص) پانی یا کسی رقیق چیز میں حل کرنا، چوسنا۔
گھوُمتا گھامتا ghuum-taa ghaam-taa: (ار، صف) پھرتا پھراتا، مث: گھومتی گھامتی۔
گھوُمنا ghuum-naa: (ار، مص) پھرنا، چکر لگانا، چکرآنا، مارا مارا پھرنا۔
گھوُنٹ ghuuNT: (ار، مذ) پانی یا کسی رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اترے، جرعہ، چسکی، حقے کا دم، کش۔
گھونٹنا ghoNT-naa: (ار، مص) گھوٹنا، حل کرنا، رگڑنا، کسی چیز کو کسی چیز پر رکھ کر ملائم یا نرم کرنا، کسی چیز کو اوکھلی یا کسی اور ظرف میں ڈال کر گھسنا، بار بار رٹنا، دبانا، گلا وغیرہ۔
گھونٹوانا ghoNT-vaa-naa: (ار، مص) گھونٹنا کا متعدی المتعدی، اُسترے سے اس طرح بال منڈوانا کہ کھونٹی کا نشان باقی نہ رہے۔
گھونسا ghooN-saa: (ار، مذ) مکا، مشت، چوٹ، ضرب۔ کنایۃً صدمہ۔ (افعال: لگانا، لگنا، جڑنا، چلانا، مارنا)
گھونسلا ghauNs-laa: (ار، مذ) پرندوں کا گھر، آشیانہ، کنایۃً چھوٹا سا گھر، جھونپڑا (افعال: بنانا، بننا)
گھوُنگٹ / گھونگھٹ ghuuN-ghaT: (ار، مذ) برقع، نقاب، پردہ، چادر کا منہ پر پڑا ہوا کپڑا، روک، حجاب، دروازے کی اندرونی دیوار، شرم و حیا۔
گھونگٹ والی ghuuN-ghaT-vaa-lii: (ار، مث) برقع پوش، باحیا، دلہن۔
گھونگر ghuuN-gar: (ار، مذ) بالوں کا قدرتی پیچ و خم۔
گھونگرو ghuuNg-ruu: (ار، مذ) دیکھیے 'گھنگرو' مع مرکبات۔
گھونگھی ghoN-ghii: (ار، مث) گھونگا کی تصغیر، مٹی کا پکایا ہوا گھونگے کی شکل کا ٹکڑا جس کو کھپریل میں رخنہ بندی کے لیے رکھتے ہیں۔ ایک کپڑے کا نام۔

گھونگنی ghuuNg-nii: (ار،مث) دیکھیے 'گھنگھنی' مع مرکبات۔

گھی ghii: (ار، مذ) پگھلایا اور صاف کیا ہوا مکھن۔ روغن زرد صف: نرم وملائم۔

گھیا ghi-yaa: (ار،مذ) ایک قسم کی ترکاری، کدو۔

گھیر gher: (ار، مذ) محیط، دور، چکر، گھماؤ، حلقہ، دائرہ، احاطہ، گرداگرد۔

گھیردار gher-daar: (ار،صف) فراخ، کشادہ، دور دار، ڈھیلا ڈھالا۔

گھیرا ghe-raa: (ار، مذ) حلقہ، گروہ، چکر، دائرہ، احاطہ، کور، کنارہ، محاصرہ، بنا ہوا، پلنگ، کنایۃً جنجال۔

گھیرنا gher-naa: (ار، مص) چار دیواری بنانا، باڑھ، لگانا، احاطہ کرنا، محاصرہ کرنا، پکڑنا، جکڑنا، راہ روکنا، مجبور کرنا، پیچھے پڑنا۔

گھیکوار ghek-vaar: (ار،مذ) ایک قسم کا پودا جس کے لمبے لمبے پتے ہوتے ہیں اور درمیان میں لیس دار مادہ ہوتا ہے۔

گھینگا gheN-gaa: (ہ، مذ) گلا پھولنے کی بیماری، گھیگھ۔

گھیوار ghe-var: (ار، مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو میدے اور گھی کی آمیزش سے تل کر بنائی جاتی ہے۔

گ۔و

گؤ ga-uu: (س،مث) گائے۔

گؤدان ga-uu-daan: (ہ،مذ) گائے کی خیرات، خیرات کے طور پر گائے دینا۔ پریم چند کے ایک مشہور ناول کا نام۔

گؤدنتی ga-uu-dan-tii: (ہ،مث) ایک قسم کا پتھر جس کا کشتہ بخار میں مفید ہوتا ہے، ہڑتال گؤدنتی۔

گؤشالا ga-uu-shaa-laa: (ہ،مذ) گایوں کے رہنے کی جگہ۔ گایوں کا طویلہ۔

گؤہتیا ga-uu-hat-yaa: (ہ،مث) گائے کے ذبح کرنے یا مارنے کا گناہ، گاؤکشی۔

گئی ga-ii: (ار،صف) چلی گئی، گزری ہوئی۔

گئی گزری ga-ii guz-rii: (ار،صف) ناچیز، حقیر، بے وقعت، کھوئی ہوئی، پرائی۔

گئے گزرے ga-ye-guz-rey: (ار،صف) دیکھیے 'گیا گزرا' جس کی یہ جمع ہے۔

گئے وقت میں ga-ye-vaqt-meiN: (ار،متعلق فعل) اس برے وقت میں، اس بد اقبالی کے زمانے میں۔

گ۔ی

گی gii: (ار،لاحقہ مستقبل) 'گا' کی تانیث مثلاً آئے گی۔

گی gii: (ف، لاحقہ اسم کیفیت) ایک لاحقہ جو ہائے مختفی پر ختم ہونے والے اسم صف کی ہائے مختفی دور کرنے کے بعد 'گی' بڑھانے سے اُسے اسم کیفیت بنا دیتا ہے۔ مثلاً کشیدہ سے کشیدگی، سنجیدہ سے سنجیدگی۔

گے ge: (ار،لاحقہ، مستقبل) دیکھیے 'گا' جس کی یہ جمع ہے۔

گیا ga-yaa: (ار،صف) رفتہ، سابقہ، گذشتہ، چلا گیا، گزر گیا، تباہ ہوا، برباد ہوا، جانا مصدر کا ماضی مطلق واحد غائب کا صیغہ۔

گیا اور آیا ga-yaa aur aa-yaa: (ار،صف) فوراً واپسی کے موقع پر کہتے ہیں، یعنی جانے کے بعد فوراً واپس آیا۔

گیا بیتا ga-yaa-bii-taa: (ار،صف) گزرا ہوا، پچھلا، نکما، ناقابل اعتبار۔

گیا گزرا ga-yaa-guz-raa: (ار،صف) گزرا

ہوا، رفتہ، معدوم، بیکار، خراب، برا، بزدل، نہایت کمزور، ناتواں، بے حیثیت، بےشرم، بےحیا، بےغیرت، نالائق، بدچلن، مفلس، غریب، قلاش، ناقابل وصول، تباہ شدہ (ماضی) کسی کام کا نہ رہا (افعال: ہونا)

گیارہ gi-yaa-rah/gyaa-rah: (ار، عدد) دس اور ایک (11)

گیارھواں gi-ya-raNh-vaaN/gyaar-vaaN (ار، صف، مذ ترتیبی) ترتیب میں دس کے بعد کا درجہ۔

گیارھویں gyaar-viiN: (ار، صف، تر تیبی) دیکھیے 'گیارھواں' جس کی یہ تانیث ہے چاند کے ہر مہینے کی گیارھویں تاریخ جس میں شیخ عبدالقادر جیلانی کی نیاز دلائی جاتی ہے۔

گیان gyaan: (س، مذ) علم، دانش، عقل، فہم، علم الٰہی، علم معرفت، عرفان۔

گیانی / گیان وان ga-yaa-nii/gyaan- vaan: (ہ، صف) خداشناس، عالم، فاضل۔

گیاہ gi-yaah: (ف، مث) ہری گھاس، خشک گھاس، کاہ۔

گیت giit: (ار، مذ) راگ، بھجن، سرود، نغمہ (افعال: گانا، سنانا، سننا)

گیتا gii-taa: (ہ، مث) ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب جس میں کرشن جی کے اس وعظ کو پیش کیا گیا ہے جو انھوں نے ارجن کو سمجھانے کے لیے کیا تھا مقدس نظم۔

گیتی gii-tii: (ف، مث) دنیا، عالم، جہان، زمانہ، سنسار، جگ۔

گیتی آرا gii-tii aa-raa: (ف، صف) جہاں کو آراستہ کرنے والا، نہایت خوبصورت، کنایۃً بادشاہ۔

گیتی آفریں gii-tii aaf-riin: (ف، صف) جہاں کو پیدا کرنے والا، خدا تعالیٰ۔

گیتی افروز gii-tii-af-roz: (ف، صف) دنیا کو روشن کرنے ولا، کنایۃً آفتاب۔

گیتی بان gii-tii-baan: (ف، صف) دنیا کا محافظ، دنیا کا بادشاہ۔

گیتی پناہ gii-tii pa-naah: (ف، مذ) بادشاہ۔

گیتی نورد gii-tii-na-vard: (ف، صف) دنیا میں پھرنے والا۔

گیٹ geT: (انگ، مذ) Gate پھاٹک، بڑا دروازہ۔

گیٹ اپ gaiT-ap: (انگ، مث) Get up انداز، وضع، طرز، کتاب کی لکھائی، چھپائی وغیرہ ظاہری حسن۔

گیٹس geTs: (ار، مذ) انگریزی لفظ Garter کا بگاڑ، موٹے کپڑے یا چمڑے کی پٹی جسے سوار پنڈلیوں پر بٹنوں سے کس لیتے ہیں۔ ربڑ یا سوت کا فیتہ جو موزوں پر چڑھالیا جاتا ہے تاکہ وہ نیچے نہ گریں۔

گیج gej: (انگ، مذ) Gauge ناپ، پیمائش، گنجائش۔

گیدڑ gii-daR: (ار، مذ) ایک جنگلی جانور جو کتے کے برابر ہوتا ہے، کنایۃً بزدل۔

گیدڑ بھبکی gii-daR bhab-kii: (ار، مث) دکھاوے کا ڈراوا، اوپری دھمکی، گھڑکی۔

گیدی gii-dii: (ف، صف) بےغیرت، بے ہمت، بھڑوا، دیوث، مخنث، ہیجڑا، نامرد، بزدل، کم حوصلہ، احمق، نادان، بیوقوف، بےتمیز۔

گیر giir: (ف، لاحقہ، فاعلی) گرفتن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پکڑنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً عالم گیر، دل گیر۔

گیراج gai-raaj: (انگ، مذ) Garage، موٹر کی

مرمت اور ٹھہرانے کی جگہ۔

گہرائی gii-raa-ii: (ف ،مث) پکڑ، گرفتگی، خفیہ پولیس کا محکمہ، محکمہ کارِ خاص۔

گیرو ge-ro: (ھ،مذ) ایک قسم کی سرخ مٹی جس سے جوگیوں کے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔گل ارمنی۔

گیرؤا ger-vaa: (ہ،صف) گیرو کے رنگ کا، جوگیا، وہ جسے گیرو میں رنگا ہو۔

گیرؤی ger-vii: (ہ،صف،مث) دیکھیے گیروا جس کی یہ تانیث ہے، ایک قسم کا سرخ کیڑا جو گیہوں کو لگ جاتا ہے۔

گہری ا گیڑی gii-rii: (ہ،مث) وہ لکڑی جس سے لڑکے کھیلتے ہیں، ایک لکیر کھینچ دیتے ہیں اور دوسرا شخص چوٹ لگا کر لکیر سے پار کرتا ہے اور جیت لیتا ہے۔

گیسو ge-suu: (ف،مذ) عورتوں کے لمبے بال جو سر کے دونوں طرف ہوتے ہیں، کاکل کٹ۔

گیسو بریدہ ge-suu ba-rii-dah: (ف،صف) ایک گالی، بے حیا، فاحشہ۔

گیسو دار ge-suu daar: (ف،صف) گیسوؤں والا، مجازاً پیرزادہ۔

گیسو دراز ge-suu da-raaz: (ف،صف) وہ جس کے گیسو بہت لمبے ہوں، مشہور صوفی بندہ نوازؒ کا لقب جن کا اردو کے پہلے ادیبوں میں نام آتا ہے۔

گیسوئے شمع ge-suu-e-sha-ma(?): (ف،مذ) موم بتی کا دھواں۔

گیل gail: (ہ،مث) راستہ، راہ، باٹ، پگ ڈنڈی، کیلے کی پھلیوں یا کھجوروں کا گچھا (متعلق فعل) ساتھ، ہمراہ سنگ۔ (افعال: جانا، کرنا)

گیل giil: (ہ،مث) گیلا پن، نمی، سیل۔

گیلا gii-laa: (ہ،مث) نم، تر، بھیگا ہوا، (افعال: کرنا، ہونا) مث: گیلی اسم کیفیت مذ: گیلا پن۔

گیلا سیلا gii-laa sii-laa: (ہ،صف) سیل کی وجہ سے نم / تر مث: گیلی سیلی۔

گیلری gail-rii: (انگ،مث) Gallery، گرجے / مکان، تھیٹر وغیرہ میں بیٹھنے کی اونچی جگہ، تصویر خانہ، نگار خانہ۔

گیلڑ ge-laR: (ہ،مذ) پہلے خاوند کا وہ بچہ جسے عورت اپنے ساتھ دوسرے خاوند کے گھر لائی ہو، ربیب۔

گیلن gai-lan: (انگ،مذ) Gallon سیال اشیاء ناپنے کا پیمانہ جو 4 کوارٹر یا 5 سیر دس چھٹانک کے برابر ہوتا ہے۔

گین giin: (ف،صف) آگین کا مخفف ہے جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم صفت بنا دیتا ہے اور بھرا ہوا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے غم گین، اندوہ گین، سرگیں، شرمگین۔

گیند gaind: (ار،مث) چمڑے، کپڑے یا ربڑ کا گولا جس سے کھیلتے ہیں۔ گوئے، ٹوپیوں کے رکھنے یا پگڑی باندھنے کا قالب، جلانے کی گیند جسے میدان جنگ یا دیوار میں روشن کرتے ہیں۔ (افعال: اچھالنا، اچھلنا، پھینکنا، کھلانا، کھیلنا)

گیند بلا gaind-balla: (ہ،مذ) کئی ایک کھیل جو گیند اور بلے سے کھیلے جاتے ہیں۔ ہاکی، کرکٹ، ٹینس، پولو وغیرہ۔

گیندا gaiN-Daa: (ہ،مذ) ایک پودا جس کا پھول زرد یا نارنجی اور سرخ ہوتا ہے۔ اس کا پھول صد برگ کہلاتا ہے۔

گیندوا gaiNd-vaa: (ہ،مذ) تکیہ، سرہانہ، کیڑا جو پیٹ میں پیدا ہو جاتا ہے۔

گیندئی gaiN-dai: (ھ،صف) گیندے کا رنگ زرد۔

گینڈا gain-Daal: (ہ، مذ) ایک سیاہ رنگ کا چوپایہ جو بڑے بھینسے کے برابر ہوتا ہے۔

گینگ gang: (انگ، مذ) Gang، گروہ، جماعت، جتھا، ٹولی۔

گینی gai-nii: (ہ، مث) چھوٹے قد کی گائے، موٹی تازی گائے، ایک قسم کی چھوٹی گاڑی جسے گینی بیل کھینچتے ہیں۔

گیہاں gi-haaN: (ف، مذ) جہان، زمانہ، روزگار۔

گیہواں gaih-vaaN: (ہ، صف) گیہوں کے رنگ کا، گندمی۔

گیہوں gai-huuN: (ہ، مذ) ایک مشہور غلہ جو انسانی خوراک میں سب سے زیادہ استعمال ہوتا ہے، گندم، گنک۔

ل

ل۔ا

اس کا نام لام ہے۔ یہ اردو حروف تہجی کا بیسواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ اوپری مسوڑے کے پچھلے حصے کے رابطے میں آتا ہے اور منہ سے خارج ہونے والی ہوا بغلوں سے خارج ہوتی ہے۔ اور غشائی پردوں کے سکڑ کر ارتعاش پیدا کرنے سے اندر گونج سی پیدا ہوتی ہے۔ صوتیات کی اصطلاح میں اسے مسموع لثاتی یا مسوڑی بغلدار مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

لا laa: (ار، فعل) ا۔آ (ان معنوں میں اب متروک ہے) لا کر، مثلاً لا اتارنا، بمعنی لا کر اتارنا۔

لا laa: (ع، حرف نفی) نہیں، نہ، بغیر۔

لا اُبالی laa-u-baa-lii: (ع، صف) بے فکر، بے پروا، شوخ، بے شرم۔

لاادریت laa-ad-ri-yat: (ع، مث) متکلمین کا نظریہ کہ ہم خدا اور کسی چیز کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتے۔

لا إلٰہ laa-i-laa-haa: (ع، متعلق فعل) لا الٰہ الا اللہ کا مخفف، معاذ اللہ، توبہ ہے۔

لابُد laa-bud: (ع، متعلق فعل) بے شک، یقیناً، قطعی، مجبوراً۔

لابُدی laa-bud-dii: (ع، صف) لازمی ضروری، یقینی۔

لاپتا laa-pa-ta(a): (ار، صف) بے پتا، وہ جس کا پتا نہ ہو، گم، غائب، صحیح 'بے پتا' ہے۔

لاپروا laa-par-va(a): (عف، صف) دیکھیے 'بے پروا' جو صحیح ہے۔ اسم کیفیت مث: لاپروائی۔

لا تعداد laa-ta(?)-daad: (ع، صف) بے حساب، بے شمار۔

لاثانی laa-saa-ni(i): (ع، صف) بے مثل، بے نظیر، یگانہ، فرد۔

لاجَرم laa-ju-ram: (ع، متعلق) بے شک، یقیناً، مجبوراً۔

لاجواب laa-ja-vaab: (ع، صف) خاموش، چپ، بے نظیر، بے مثل، عاجز، قائل، مغلوب، جس کا جواب نہ ہو، (افعال: کرنا، ہونا)

لاچار laa-chaar: (ار، صف) دیکھیے 'ناچار' جو صحیح ہے، اسم کیفیت مث: لاچاری۔

لاحاصل laa-haa-sil: (ع، صف) بے فائدہ، فضول، نکما، بیکار۔

لاحول laa-haul: (ع، کلمہ نفرت) لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ شیطان کو بھگانے کے واسطے بولتے ہیں، کسی بات سے اظہار نفرت کے لیے کہتے ہیں۔

لاحول ولاقوۃ laa-haul-va-laa-quv-vat: (ع، کلمہ، اظہار نفرت) اظہار نفرت اور بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں۔

لادعویٰ laa-da(?)-va(a): (ع، صف، مذ) دست برداری، فارغ خطی، بے تعلق ہونے کی سند۔

لادوا laa-da-va(a): (ع، صف) جس کی دوا نہ ہو سکے، جس کا علاج نہ ہو سکے۔

لاریب laa-raib: (ع، متعلق فعل) بلا شبہ،

بے شک، یقیناً۔

لازوال laa-za-vaal: (ع،صف) جس کو زوال نہ ہو، غیر فانی، ازلی، قدیم۔

لاسلکی laa-sil-kii: (ع،مث) بے تار، برقی پیغام رسانی، انگریزی Wireless کا ترجمہ۔

لاشریک laa-sha-riik: (ع،صف) جس کا کوئی شریک نہ ہو، خدا۔

لاشے laa-shay: (ع،صف) ہیچ، بے وقعت، معدوم۔

لاطائل laa-taa-il: (ع،صف) بے سود، بے فائدہ، فضول، بے کار۔

لاعلاج laa-i(?)-laaj: (ع،صف) لادوا، ناچار۔

لاعلم laa-(?)ilm: (ع،صف) بے خبر، ناواقف، انجان، اسم کیفیت مث: لاعلمی۔

لافانی laa-faa-ni(i): (ع،صف) جس کو فنا نہ ہو، ہمیشہ رہنے والا، خدا تعالیٰ۔

لاکلام laa-ka-laam: (ع،صف) وہ کلام جس میں کچھ جائے گفتگو نہ ہو، (متعلق فعل) بے شک، یقیناً۔ اسم کیفیت مث: لاکلامی۔

لامتناہی laa-mut-naa-hi(i): (ع،صف) بے محدود، بے حد، بے انتہا۔

لامحال laa-ma-haal: (ع، متعلق فعل) یقیناً، ضرور۔

لامذہب / دین laa-maz-hab: (ع،صف) جس کا کوئی مذہب نہ ہو، بے دین، دہریا، اسم کیفیت مث: لامذہبیت/لادینیت۔

لامرکزیت laa-mar-ka-zi-yat: (ع،صف) جس کا مرکز نہ ہو، مرکزی حکومت کو توڑنا، بے مرکزی، انتشار۔

لامکان laa-ma-kaan: (ع،صف) وہ مقام جس کی کوئی تشخیص نہ ہو، عالم قدس جس کی طرف اور جگہ معین نہ ہو، صف نسبتی، لامکان۔

لاوارث laa-vaa-ris: (ع،صف) وہ مال یا شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو، وہ چیز جس کا کوئی حق دار نہ ہو۔

لاوارثی laa-vaar-si(i): (ع، صف، مث) وہ شے جس کا کوئی حقدار نہ ہو۔

لاولد laa-va-lad: (ع،صف) بے اولاد، جس کے کوئی اولاد نہ ہو۔

لایزال laa-ya-zaal: (ع،صف) ہمیشہ رہنے والا، جسے زوال نہ ہو، بے زوال، کنایۃً خدا تعالیٰ۔

لایعقل laa-ya(?)-qil: (ع،صف) بے وقوف، نادان، بے عقل۔

لایعلم laa-ya(?)-lam: (ع، صف) جاہل، بے علم۔

لایعنی laa-ya(?)-nii: (ع،صف) بے معنی، لغو، بیہودہ، فضول، لاحاصل۔

لایموت laa-ya-muut: (ع،صف) نہ مرنے والا، غیر فانی، وہ خوراک جو زندگی قائم رکھنے کے لیے کافی ہو۔

لاینحل laa-ya-Kal: (ع،صف) وہ جو حل نہ ہو سکے، مشکل۔

لاینفک laa-yan-fak: (ع،صف) جدا نہ ہونے والا، لازمی۔

لا laal: (انگ،مذ) Law، قانون، ضابطہ، قاعدہ۔

لابہ laa-bah: (ف،مذ) درخواست، خواہش، خوشامد۔

لابہ گر laa-bah-gar: (ف،صف) چاپلوس، خوشامدی، اسم کیفیت مث: لابہ گری۔

لابھ laabh: (س، مذ) فائدہ، نفع، حصول، تحصیل، نجوم کا گیارھواں گھر، بوجھ۔

لابی laa-bi(i): (انگ، مث) Lobby پارلیمنٹ یا اسمبلی یا ہوٹل کا بڑا کمرہ جہاں ممبر حضرات ملاقاتیوں سے ملتے ہیں۔

لات laat: (ہ، مذ) زمانۂ جاہلیت میں عربوں کا ایک دیوتا جس کی پرستش کی جاتی تھی۔ چاندی کی دیوی، اللہ کی تانیث۔

لات laat: (ار، مث) پاؤں کی ضرب، ٹھوکر، لت، لکد۔

لاٹ laaT: (ار، مث) بہت اونچا ستون، مینار، لاٹھ، لو، شعلہ۔

لاٹ laaT: (ار، مذ) مالک، آقا، امیر، برطانیہ کا اعزازی خطاب، گورنر، حاکم، صوبہ (انگریزی لفظ Lord کا بگاڑ)

لاٹ laaT: (انگ، مذ) Lot، چیزوں کا انبار، ڈھیر، تھوک۔

لاٹ بندی laaT-ban-dii: (ار، مث) چیزوں کے الگ الگ انبار لگانا۔

لاٹری laaT-rii: (انگ، مث) Lottery ایک قسم کی قرعہ اندازی، جوئے کی ایک قسم۔

لاٹنا laaT-naa: (ار، مص، ق) ذلیل کرنا۔

لاٹھ laaTh: (ہ، مث) کھم، ستون، کھمبا، کولہو کی موٹی اور لمبی لکڑی، موصل، دستہ، موگری، چرخی کی سب سے لمبی اور اوپر کے بیچ کی کھونٹی۔

لاٹھی laa-Thii: (ہ، مث) عصا، جریب، ہاتھ کی لکڑی۔

لاج laaj: (ہ، مث) شرم، حیا، غیرت، عزت، آبرو، (افعال: آنا، رکھنا، کرنا، کھانا، ہونا)

لاجنا laaj-naa: (ار، مص، ق) شرمانا۔

لاجونتی laaj-van-tii: (ہ، صف) حیادار، غیرت والی، پاک دامن (مث) چھوئی موئی کا پودا۔

لاحق laa-haq: (ع، صف) ملا ہوا، پیوستہ، وابستہ، کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا، (افعال: ہونا)

لاحقہ laa-hi-qah: (ع، صف) دیکھیے 'لاحق' جس کی یہ تانیث ہے۔ (مذ) وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ کے آخر میں آکر اس کے معنوں میں کوئی اضافہ کرے، جیسے نامہ بر۔

لاد laad: (ار، مث) بار بوجھ، لدا ہوا بوجھ۔

لادنا laad-naa: (ار، مص) بار کرنا، بوجھ رکھنا، اسباب بھرنا، بہت سا بوجھ رکھ دینا۔

لادو laa-duu: (ار، صف) وہ جانور جس پر بوجھ لادتے ہیں۔ بوجھ لادنے کے قابل۔

لادیا laa-di-yaa: (ار، مذ) بار بردار، بوجھ لاد کر لے جانے والا۔

لاڈ laaD: (ار، مذ) پیار، لاڈ، اخلاص، محبت۔

لاڈ پیار laaD-pyaar: (ار، مذ) پیار، اخلاص۔

لاڈلا laaD-laa: (ار، صف) پیارا، معشوق، ناز و نعمت سے پالا ہوا، مث: لاڈلی۔

لاڈو laa-Do: (ار، صف، مث) لاڈلی، دلہن، عروسی۔

لاروا laar-vaa: (انگ، مذ) Larva، کیڑے کے انڈے سے نکلنے کے بعد کی حالت، پہلا روپ۔

لاری laa-rii: (انگ، مث) Lorry ایک قسم کی موٹر گاڑی، بڑی موٹر گاڑی، بس۔

لازم laa-zim: (ع، صف) چمٹا ہوا، وابستہ، ملحق، ضرور، واجب، فرض، صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے۔

لازم وملزوم laa-zim-o-mal-zuum:

(ع،صف) ایک دوسرے کے متعلق، ایک دوسرے سے وابستہ، ایک دوسرے کے لیے، ضروری، واجب۔

لازمہ laaz-mah: (ع، مذ) جوڑ، میل، سامان، ضروری اسباب۔

لازمی laaz-mii: (ع،صف) ضروری، واجب۔

لاسا laa-saa: (ار، مذ) ایک لیس دار مادہ جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ نشاستہ، گوند جس سے چڑیاں پکڑتے ہیں، چپکا، عادت، جھگڑا، (افعال: لگانا، لگنا)

لاش laash: (ف، مث) مردہ جسم، نعش، میت اور جنازہ۔

لاشعاعیں laa-shu-(?)aa-(?)eN: (ار، مث) وہ خاص قسم کی شعاعیں جو ٹھوس اجسام میں سے گزر جاتی ہیں۔ اور ان کی مدد سے اجسام کے اندر کی تصویر لی جاتی ہے۔ انگریزی لفظ X-ray کا ترجمہ۔

لاشہ laa-shah: (ف، مذ) مردہ جسم، لاغر، پتلا۔

لاطینی laa-tii-nii: (ع،صف،مث) قدیم دور کی زبان، رومی زبان، انگریزی لفظ Latin کا معرب۔

لاغر laa-Gar: (ف، صف) دبلا، پتلا، نزار، اسم کیفیت مث: لاغری۔

لاف laaf: (ف، مذ) شیخی، بڑائی، ڈینگ، خودستائی۔

لاف زن laaf-zan: (ف،صف) شیخی باز، ڈینگ مارنے والا، بڑبولا، اسم کیفیت مث: لاف زنی۔

لاف وگزاف laa-fo-ga-zaaf: (ف، مث) بے ہودہ سرائی، شیخی، تعلی۔

لاکٹ laa-kiT: (انگ، مذ) Locket گھنڈی، تکمہ، ٹِک، تعویذ، گلے کا ایک زیور۔

لاکھ laakh: (ار، صف) سو ہزار کی تعداد، لکھ، بہت، بہتیرے، بہت سے، ہر چند، ایک قسم کی گوند جو لاکھ کے کیڑے پیدا کرتے ہیں۔ جسے پگھلا کر مہر لگائی جاتی ہے۔

لاکھا laa-khaa: (ھ، مذ) لاکھ کا سرخ رنگ جسے عورتیں خوبصورتی بڑھانے کے لیے اپنے ہونٹوں پر لگاتی ہیں۔ ہونٹوں پر لگانے کی سرخی، (افعال: لگانا) لاکھی رنگ کا گھوڑا۔

لاکھوال laakh-Van: (ار، صف) لاکھ کی نسبت رکھنے والا۔

لاکھوری laa-kho-ri(i): (ار،صف) لاکھ کے رنگ کا، لکھوری۔

لاکھی laa-khi(i): (ار،صف) لاکھ کے رنگ کا سرخ، گھوڑے کا ایک رنگ، راکھ کا بنا ہوا۔

لاگ laag: (ار، مث) تعلق، علاقہ، نسبت، انس، محبت، لگن، مزہ، چسکا، شوق، رغبت، عداوت، دشمنی، کرتب، شعبدہ، طلسم، جادو، ٹونا، منتر، دوا دارو، سہارا، مدد۔

لاگ ڈانٹ laag DaaNT: (ار،مث) اَن بَن، عداوت، بغض، حسد۔

لاگ لپیٹ laag-la-peT: (ار،مث) طرفداری، پاسداری، حمایت، دغا، فریب، مکر۔

لاگت laa-gat: (ار، مث) اصل خرچ، صرف، قیمت، مول، بھاؤ، خرچ۔

لاگو laa-gu(u): (ار،صف) درپے، خواہشمند، چاہنے والا، ساتھی، خبر گیر، طرفدار، خریدار، گاہک، دشمن، وہ چیز جس کا اطلاق ہو، عائد ہونے والی (افعال: کرنا، ہونا)

لال laal: (ت،صف) گونگا، اسم کیفیت مث: لالی۔

لال laal: (ار، صف) سرخ، احمر، سوہا، دہکتا ہوا، خشمناک، غصے میں بھرا ہوا، ایک چھوٹا سا خوش آواز

پرندہ، پیارا، لاڈلا، ناز پروردہ، بیٹا، فرزند، اسم کیفیت مث: لالی۔

لال انگار laal-an-gaar: (ار، مذ، صف) آگ کے انگارے کی طرح سرخ، نہایت سرخ، صف: غصہ میں بھرا ہوا۔

لال بجھکڑ laal-bu-jhak-kaR: (ار، صف) پرلے درجے کا بیوقوف۔

لال پری laal-pa-ri(i): (ار، مث) کنایۃً شراب، سرخ رنگ کی شراب، اندر سبھا کے قصے کی ایک پری۔

لال رکابی laal-ra-kaa-bi(i): (ار، مث) حضرت فاطمہؓ کی نیاز، صحنک۔

لال سوداگر laal-sau-daa-gar: (ار، مذ) کم مایہ سوداگر، جو ادھر مال لے اور اُدھر جھٹ، تھوڑے منافع پر بیچ دے۔

لال کتاب laal-ki-taab: (ار، مث) بندوبست کی کتاب، پٹواریوں یا قانون دانوں کی سرکاری کتاب۔ مارکسیوں کی کتاب۔

لال کُرتی laal-kur-tii: (ار، مث) گوروں کی پلٹن جو سرخ وردی پہنتی تھی۔ وہ مقام جہاں گوروں کی فوج رہتی تھی۔

لال مرچ laal-mirch: (ار، مث) سرخ مرچ/ فلفل دراز۔

لال ٹین laal-Tain: (ار، مث) شیشے کی قندیل، فانوس جس میں شیشے لگے ہوں۔ انگریزی لفظ Lantern کا بگاڑ۔

لالا laa-la(a): (ف، مذ) غلام، وہ شخص جو ہمیشہ بزرگوں کی خدمت کرے، روشن، تابندہ، صف: درخشاں، چمکنے والا۔

لالہ laa-lah: (ہ، مذ) جناب، صاحب، معزز ہندوؤں کا خطاب، بنیا، ساہوکار، مہاجن، عزیز، پیارا، خسر، سسر۔

لالاشاہی laa-laa-shaa-hii: (ار، مذ) پینے کا تمباکو جو قند سیاہ میں ملا کر پیتے ہیں۔

لالچ laa-lach: (ار، مذ) حرص، طمع۔

لالچی laal-chi(i): (ار، صف) حریص، لوبھی، طامع۔

لالڑی laal-Rii: (ار، مث) لعل کی گھٹیا قسم، لعل سے مشابہ چھوٹا نگ، لعل کی تصغیر، ننھی، رتی۔

لالن laa-lan: (ار، مذ، ق) معشوق، محبوب۔

لالہ laa-lah: (ف، مذ) ایک قسم کے سرخ پھول کا نام، جس کے اندر سیاہ داغ ہوتا ہے، (لکھنؤ) وہ شمع جو مشاعرے میں شعراء کے سامنے رکھی جاتی تھی۔

لالہ رُخ/ رُخسار laa-lah-ruK/ ruK-saar: (ف، صف) سرخ چہرے والا، معشوق، دلربا، دلبر۔

لالہ زار laa-lah-zaar: (ف، مذ) وہ کھیت جس میں لالے کے پھول کثرت سے ہوں، کنایۃً، باغ، گلزار، چمن۔

لالہ فام/ گوں laa-lah-faam/guuN: (ف، صف) لال سرخ، سرخ رنگ کا۔

لالی laa-li(i): (ار، مث) سرخی، عزت، آبرو، سرخروئی، عزیزہ، بہن (ق) لالچ۔

لام laam: (ار، مذ) فوج یا پلٹن کا مجموعہ، بریگیڈ، فوج کا دستہ، فرانسیسی لفظ Larme کا بگاڑ، جنگ۔

لام بندی laam-ban-di(i): (ار، مث) لشکر جمع کرنا، فوجی بھرتی۔

لام laam: (ع، مذ) حرف 'لال' کا نام (ف، صف) خمیدہ، ٹیڑھا، تشبیہاً زلف، گالی گفتار، برا بھلا، واہی

تباہی (افعال: کہنا)

لام کاف laam-kaaf: (ع) گالی گفتار، برا بھلا، واہی تباہی، (افعال: کہنا، بکنا)

لاما laa-ma(a): (س، مذ) بودھوں کے روحانی پیشواؤں کا لقب۔

لامسہ laa-mi-sah: (ع، ا، مث) چھونے یا مس کرنے والی قوت جس سے انسان کو نرمی، سختی، گرمی اور سردی کا احساس ہوتا ہے۔

لامع laa-ma(?): (ع، صف) چمکنے والا، روشن، درخشاں۔

لان laan: (انگ، مذ) Lawn گھاس کا قطعہ، سبزہ زار۔

لانا laa-na(a): (ار، مص) لے آنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ لانا، حاضر کرنا، پیش کرنا، سامنے کرنا، اٹھانا، برپا کرنا، مول لینا، خریدنا، ملانا۔

لانبا laam-baa: (ار، صف) لمبا، طویل، دراز، مث: لانبی۔

لانچ laanch: (انگ، مذ) Launch پٹرول اور بھاپ سے چلنے والی بڑی کشتی۔

لانڈا Laan-Daa: (ار، صف، ق) لنڈورا۔

لانڈری laaND-ri(i): (انگ، مث) Laundry، کپڑے دھونے کا کارخانہ، دھوبی کی دکان۔

لانڈکا laaND-ka(a): (ار، مذ، ق) بھیڑیا۔

لانک laank: (ار، مث) کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر، کھلیان، نیل کی وہ سبز شاخیں اور پتیاں جن سے نیل کا رنگ بناتے ہیں۔

لانگ laang: (ار، مث) دھوتی کا وہ حصہ جو آگے لٹکتا رہتا ہے، جس کو پیچھے کی طرف اڑس لیتے ہیں۔

لانگنا laang-na(a): (ار، مص) پھاندنا، چھلانگ مارنا، اچھلنا کودنا، عبور کرنا، اوپر سے گزر جانا۔

لانی laa-ni(i): (ار، صف، ق) رنگیلا۔

لاوا laa-va(a): (انگ، مذ) Lava، آتش فشاں پہاڑ سے نکلنے والی سیال چیز یا سیال مادہ، (ار، مذ) دیکھیے 'لایا'

لاوک laa-vak: (ار، مذ ق) خمیر اٹھانے کا کونڈا۔

لاون laa-van: (ھ، مذ) سالن، ترکاری، وغیرہ۔

لاہوت laa-huut: (ع، مذ) عالم ذات الٰہی، جس میں سالک کو فنائی اللہ کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔

لاہوری laa-hau-ri(i): (ار، صف) لاہور سے منسوب، ایک پھوڑے کا نام، کاربنکل۔

لاہی laa-hi(i): (ار، مث) ایک قسم کا پودا، ایک قسم کی سرسوں، ایک قسم کا ریشمی کیڑا، وہ سرخ رنگ جس میں سیاہی غالب ہو۔

لائبریری laa-ib-re-ri(i): (انگ، مث) Library، کتب خانہ، کتاب گھر، دارالمطالعہ۔

لائبریرین laa-ib-re-ri-yan: (انگ، مذ) Liberarian، کتاب خانہ کا ناظم، محافظ کتب خانہ۔

لائٹ laa-IT: (انگ، مذ) Light، روشنی، نور۔

لائٹ ہاؤس laa-IT haa-us: (انگ، مذ) Light House، مینار جس پر جہازوں کی راہنمائی کے لیے روشنی کی جاتی ہے، روشنی کا مینار۔

لائیٹر laa-i-Tar: (انگ، مذ) Lighter سگرٹ سلگانے کی مشین، جس میں پٹرول ڈال کر چقماق کی مدد سے روشنی کی جاتی ہے۔

لائحہ laa-i-hah: (ع، مذ) کوئی چمکیلی چیز، کوئی واضح چیز، ثبوت، فہرست، پروگرام۔

لائحۂ عمل laa-e-ha-(?)a-mal: (ع، مذ) دستورالعمل، نصب العین، پروگرام۔

لائسنس laa-i-sens: (انگ، مذ) Lisense، اجازت نامہ، پرمٹ۔

لائف laa-if: (انگ، مث) Life، زندگی، حیات، سوانح حیات۔

لائف انشورینس laa-if-in-sho-rens: (انگ، مذ) Life Insurance، زندگی کا بیمہ۔

لائف بوٹ laa-if buuT: (انگ، مث) Life Boat، بچاؤ کی کشتی، وہ کشتی جو جہازوں میں بچاؤ کے وقت استعمال کے لیے رکھتے ہیں۔

لائق laa-iq: (ع، صف) قابل، مناسب، زیبا، موزوں، واجب، روا، جائز، بجا، درست، کافی، ہنرمند، گنی، مستعد، ہوشیار مث: لائقہ

لائق فائق laa-iq faa-iq: (ار، صف) لیاقت میں فوقیت رکھنے والا، بڑا لائق مث: لائقہ، فائقہ۔

لائن laa-in: (انگ، مث) Line خط، ریل کی لوہے کی پٹری، قطار، طرز، انداز۔

لائن کلیر laa-in ki-li-ar: (انگ، مذ) Line Clear، ریل کی سڑک کے صاف اور آمدورفت کے قابل ہونے کا اشارہ۔

لاؤ لشکر laa-o-lash-kar: (ار، مذ) فوجی بھیڑ بھاڑ اور ہمراہی، ہجوم۔

لاؤڈ سپیکر laa-uDs-pii-kar: (انگ، مذ) Loud Speaker، آلۂ مکبر الصوت، ایک آلہ جو برقی قوت کے ذریعے آواز کو اصل سے کئی گنا بلند کر دیتا ہے۔

لاؤنج laa-unj: (انگ، مذ) Lounge، سبز گاہ، انتظار گاہ۔

لاونی Laa-au-ni(i): (ار، مث) فصل کاٹنے کی مزدوری، خراج، مال گزاری، معاملہ (افعال: کرنا)

ایک قسم کے گیت۔

لائی laa-i(i): (ار، مث) فصل کا کاٹنا، جو ملا چاول، بھنا ہوا اناج، ایک قسم کی مٹھائی۔

ل۔ب

لب lab: (ف، مذ) ہونٹ، کنارہ، طرف، جانب، ساحل، حاشیہ، دور، کگی، منڈیر، تھوک، مث: ہونٹوں کے اوپر کے بال، مونچھیں۔

لبِ آب la-be-aab: (ف، مذ) دریا، ندی، حوض وغیرہ کا کنارہ۔

لبِ بام la-be-baam: (ف، مذ) کوٹھے کی چھت کا کنارا، منڈیر۔

لبِ تشنہ la-be-tash-naa: (ف، صف) پیاسا، آرزومند، اسم کیفیت مث: لب تشنگی۔

لب تیغ lab-teG: (ف، مذ) کنایۃً تلوار کی دھار۔

لب دوز lab-doz: (ف، صف) لب بند کرنے والا، کنایۃً بہت میٹھی چیز۔

لب ریز lab-rez: (ف، صف) بھرا ہوا، پُر، لبالب، کناروں سے اوپر تک بھرا ہوا، (افعال: کرنا، ہونا)

لبِ لعل / لعلیں la-be-la(?)l/la(?)-liiN: (ف، مذ) سرخ ہونٹ، کنایۃً معشوق کا ہونٹ۔

لب و لہجہ la-bo-lah-jah: (ف، مذ) تلفظ، طرز کلام، طرز گفتگو۔ الفاظ کے بولنے کا انداز۔

لبّ lub: (ع، مذ) عنصر، نچوڑ، خلاصہ، ست کاست، خالص۔

لبّ لباب lub-be-lu-baab: (ع، مذ) مغز، نچوڑ، خلاصہ، عطر کا عطر، ست کاست، خالص۔

لباب lu-baab: (ع، مذ) مغز، نچوڑ۔

لبادہ la-baa-dah: (ف، مذ) روئی دار چغہ، جبہ، فرغل۔

لباڑ / لباڑی lu-baaR/la-baa-Ri(i): (ار، صف) جھوٹا، گپی، بددیانت۔

لباس li-baas: (ع، مذ) پوشاک، جامہ، کپڑے، روپ، شکل، بھیس۔

لبالب la-baa-lab: (ف، صف) لبریز، بھرا ہوا، کناروں تک بھرا ہوا (افعال: کرنا، ہونا)

لبد la-bad: (ار، مذ ق) منہ۔

لبدا lab-daa: (ار، صف، ق) موٹا، بے ڈول، ڈنڈا۔

لُبد lub-dal: (ار، صف، ق) فریفتہ۔

لبدڑی lab-da-Ri(i): (ہ، مث) پتلا گندھا ہوا آٹا، پتلا۔

لبدیڑ lab-diiR: (ہ، صف) گاڑھا، لیٹا۔

لُبدی lub-di(i): (ہ، مث) لگدی، پڑی، کسی پسی ہوئی گیلی چیز کی گولی، کاغذ یا گنے کا گودا۔

لبڑ کنڈا la-baR Kan-da(a): (ار، مذ) بے ہودہ گو، جھوٹا، لپاٹی (مث: لبڑ کنڈی)

لبلبا lab-la-ba(a): (ہ، صف) لیس دار، چپکنے والا، جگر کے پاس ایک عضو۔

لبلبی lab-la-bi(i): (ہ، مث) لبالب کی تانیث، بندوق اور پستول کا وہ پرزہ جس کے دبانے سے گھوڑا گرتا ہے، اور بندوق چل جاتی ہے۔

لبن la-ban: (ع، مذ) دودھ، شیر۔

لبنی lab-ni(i): (ار، مث) مٹی کی چھوٹی ٹھلیا جس میں تاڑیا کھجور کا دودھ یا عرق جمع کرتے ہیں۔

لُباب lu-buub: (ع، مذ) دیکھیے 'لب' بمعنی مغز، جس کی یہ جمع ہے۔

لبھانا lu-bhaa-na(a): (ار، مص) لالچ دینا، للچانا، مائل کرنا، عاشق بنانا، پھسلانا، بہکانا، ورغلانا۔

لُبھاؤ lu-bhaa-au: (ار، مذ) لالچ، ترغیب، رونگا، کوئی چیز جو سودے کے بعد مفت دی جائے۔

لبیب la-biib: (ع، صف) عقلمند، دانا۔

لبیرا la-bii-ra(a): (ار، مذ) دھجی، چیتھڑا، لیر، اسم تصغیر مث: لبیری۔

لبیک lab-baik: (ع، مذ) حاضر ہوں، موجود ہوں، (حاجی لوگ مقام عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں) (افعال: کہنا)

لبیس la-biis: (ار، مث) لب کی جمع، ہونٹوں پر مونچھوں کے بال۔

ل-پ

لپ lap: (ہ، مث) وہ مقدار جو دونوں ملی ہوئی ہتھیلیوں میں آجائے، دو مٹھی بھر مقدار۔

لپا lap-paa: (ہ، مذ) تھپڑ، چانٹا، ایک قسم کا رنگ جو تلوار کے غلاف پر کرتے ہیں۔

لپاڈگی lap-pa-Duk-ki(i): (ہ، مث) گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی۔

لپائی li-paa-ii: (ار، مث) کہگل، پلستر، استرکاری (افعال: کرنا، ہونا)

لپٹ la-paT: (ہ، مث) لپک، شعلہ، لو، آنچ، لپک، گرمی، لاٹ، جوت، جوالہ، ہوا کا جھونکا یا لہر، خوشبو جو ہوا کے ساتھ آئے، مہک، باس، سگند، گرم ہوا، لو، بادسموم۔

لپٹانا lip-Taa-na(a): (ار، مص) چمٹانا، گلے لگانا۔

لپٹنا li-paT-na(a): (ار، مص) چمٹنا، لپیٹا جانا، بھڑنا، گتھنا۔

لپ جھپ / لپاک جھپاک lap-jhap/ la-paak- jha-paak: (ہ، مث) تیزی،

پھرتی، جلدی، چوری، دزدی، زود رفتاری (صف) تیز، چالاک۔

لپری lap-ri(i): (ہ،مث) دیکھیے 'لپڑی'

لپڑی lup-Ri(i): (ہ،مث) روغنی آٹے کی گولی، جس سے نوزائیدہ بچے کا بدن صاف کرتے ہیں، پلٹس، لیپ، ضماد، میدے وغیرہ کی پوٹلی جس سے تکور کرتے ہیں۔

لپسی lap-si(i): (ہ،مث) گیہوں کے آٹے کا کم گھی کا پتلا حلوا، سیرا، بہت بوڑھا آدمی، پیر فرتوت۔

لپک la-pak: (ار،مث) جھپٹ، کود، چھلانگ، چمک، روشنی کوند (بجلی) شعلہ، لو، لپٹ، دھڑک، تڑپ، ٹیس، سوزش، لچک، اچھلنے، دینے، لڑنے وغیرہ کی قوت۔

لپک جھپک la-pak-jha-pak: (ار،مث) چستی، پھرتی، چالاکی، جلد بازی، جلد۔

لپک کر la-pak-kar: (ار) دوڑ کر، جھپٹ کر، جلدی سے۔

لپکا lap-kaa: (ار،مذ) عادت، خو، لت، بری عادت، خو لے، بد، چاٹ، مزہ، چسکا، (افعال: پڑنا، جھپٹنا، لگنا، ہونا)

لپکانا lap-kaa-naa: (ار،مص) بھگانا، ہاتھ بڑھانا۔

لپکنا la-pak-naa: (ار،مص) دوڑنا، جھپٹنا، اُچکنا، چھینا، زخم میں ٹیس پڑنا، بجلی چمکنا، دھڑکنا، دوڑ کر جانا، حملہ کرنا، شعلہ بھڑکنا۔

لپ لپ lap-lap: (ہ،مث) کتے کے کھانے اپنے کی آواز، زبان سے چاٹنے یا پوپلے منہ سے بغیر چبائے نگلنے کی آواز، دل کی دھڑکن جو خوف کے سبب ہو (لف) جلد جلد، جھپ جھپ

لپیٹ la-peT: (ار،مث) پیچ، بل، تہ، پوشش، غلاف، بندھن، دور، محیط، گرداد، گھیرا، مکر، فریب، الجھاؤ، مصیبت، ضمن، شمول۔

لپیٹ جھپیٹ la-peT jha-peT: (ار،مث) فریب، داؤ، پیچ۔

لپیٹن la-pe-Tan: (ار،مذ) لپیٹنے کا کپڑا، بیٹھن، پیچ، وہ گول لکڑی جس پر کپڑا لپیٹتے ہیں۔ چرخ، بیلن تر جس پر جولاہے کپڑا لپیٹتے ہیں۔ روئی کا بیلن کا آہنی پیچ۔

لپیٹنا la-peT-naa: (ار،مص) تہہ کرنا، باندھنا، اُلجھانا، چھپانا۔

ل۔ٹ

لت lat: (ہ،مث) لات کا مخفف، مرکبات میں مستعمل ہے۔

لت lat: (ہ،مث) بد عادت، خو، خصلت، آمیزش، آلودگی، بہکا، چسکا، علت (افعال: کرنا، ہونا، پڑنا، لگنا)

لتّا lat-taa: (ہ،مذ) کپڑے کا ٹکڑا، چیتھڑا، پارچہ، کپڑا۔

لتا la-taa: (س،مث) بیل، انگور کی بیل، بیل کی لٹکتی ہوئی شاخ، کئی پودوں اور بیلوں کا نام، لمبی اور پتلی عورت۔

لتاڑ la-taaR: (ار،مذ) ملامت، سرزنش، دُکھ، مصیبت، دوڑ دھوپ، دباؤ، لات کی مار۔

لترا/لتّرا lut-raa: (ہ،صف) لگا ہوا، بدر کیا ہوا، رفع کیا ہوا، چغل خور، غماز، ادھر کی ادھر لگانے والا، خوشامدی، چاپلوسی، اسم کیفیت مث: لترا پن، مث: لتری۔

لتی lat-tii: (ہ،صف) منسوب بہ لات، مرکبات میں جیسے دولتی۔

لتیانا lat-yaa-naa: (ار،مص) لاتیں مارنا۔

ل-ٹ

لٹ laT: (ار،مث) جٹا، زلف، رسی، دھوئیں کا سلسلہ، لو، شعلہ۔

لٹ پٹ laT-paT: (چٹخارے دار، چٹ پٹا، گھلا ملا، گاڑھا (مذ) صرف لٹ پٹا کی صورت میں) قلیہ جس میں شوربا ہو۔

لٹا دھاری la-Taa dhaa-rii: (ہ،صف) لمبے بالوں والا فقیر، جٹا دھاری، جوگی۔

لٹا پٹا lu-Taa pi-Taa: (ار، صف) لوٹا ہوا، تباہ حال، برباد، مث: لٹی، پٹی۔

لٹانا li-Taa-naa: (ار،مص) پسارنا، پھیلانا، فرش یا چارپائی پر ڈالنا، بچے کو سلانا۔

لٹ پٹانا laT-pa-Taa-naa: (ار، محاورہ) ہکلانا، اُلفت کرنا۔

لٹس luT-Tas: (ار،مث) لوٹ کھسوٹ، لوٹ مار (افعال: پڑنا، مچانا)

لٹک la-Tak: (ار،مث) لٹکاؤ، ناز و ادا، آن بان، موج ترنگ، جنون، دیوانگی کا اثر۔

لٹکا laT-kaa: (ار، مذ) جادو، شعبدہ، چٹکلا، تدبیر، داؤں۔

لٹکانا laT-kaa-na(a): (ار،مص) معلق کرنا، آویزاں کرنا، پھانسی دینا، اٹکائے رکھنا، الجھانا، امید میں رکھنا۔

لٹکن laT-kan: (ار،مث) لٹکنے والی چیز، ایک زیور، لکڑی کی چھوٹی سی گھڑونچی جس پر گھڑا رکھتے ہیں۔ گھڑی کا پنڈولم، تاخیر، دیر۔

لٹکنا la-Tak-na(a): (ار،مص) آویزاں ہونا، معلق ہونا، پھانسی لگنا، رکنا، اٹکنا، اُمیدوار رہنا، مدتوں بیمار رہنا۔

لٹکوانا la-Tak-vaa-na(a): (ار،مص) دیکھیے 'لٹکنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

لٹنا luT-naa: (ار،مص) لوٹا جانا، برباد ہونا، مالی نقصان اٹھانا۔

لٹو laT-Tuu: (ار، مذ) ایک گول مخروطی کھلونا جو دیر تک گھومتا رہتا ہے، سیدھ معلوم کرنے کا آلہ، ساقول۔

لٹو دار laT-Tuu daar: (ار،صف) گول۔

لٹو ہونا laT-Tuu ho-naa: (ار، محاورہ) عاشق ہونا، فریفتہ ہونا، محو ہونا، مستغرق ہونا، پھرکی بننا۔

لٹوانا luT-vaa-naa: (ار،مص) دیکھیے 'لٹنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے، غارت کرانا، تباہ کرانا، برباد کرانا، ویران کرانا۔ نقصان کروانا، مہنگا سودا کروانا۔

لٹورا la-To-raa: (ہ، مذ) لٹ، جٹا، چونڈا، سر، ایک شکاری پرندہ جو فاختہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

لٹوری la-To-rii: (ہ،مث) جادوگرنی۔

لٹھ laTh: (ہ، مذ) لکڑی، سونٹا، عصا، لاٹھی، مجازاً درشت کلام، چرخے کی لاٹھ۔

لٹھ باز laTh-baaz: (ہ،ف،صف) لاٹھی سے لڑنے والا، لاٹھی باندھنے والا، اسم کیفیت مث: لٹھ بازی۔

لٹھ بند laTh-band: (ہ، ف، صف) لاٹھی باندھنے والا۔

لٹھا laT-Tha(a): (ہ، مذ) ایک سفید دبیز کپڑا، شہتیر، لکڑی کا چوڑا ٹکڑا۔

لٹھیا laTh-ya(a): (ہ، مث) لاٹھی کی تصغیر، چھوٹی لاٹھی، چھڑی، ہاتھ کی لکڑی۔

لٹھیانا laTh-yaa-na(a): (ار،مص) لاٹھیوں سے خبر لینا، پیٹنا۔

لٹھیت la-Thait: (ہ، صف) لاٹھیوں سے لڑنے والا، لٹھ باز۔

لٹیرا lu-Te-ra(a): (ہ، مذ) فضول خرچ، لوٹنے والا، ڈاکو، فریبی۔

ل۔ث

لثاث li-saas: (ع، مذ) دیکھیے 'لثہ' مسوڑھے۔

لثہ lis-sah: (ع، مذ) مسوڑھا۔

ل۔ج

لج laj: (ہ، مث) لاج کا مخفف۔

لجا laj-jaa: (ہ، مث) حیا، شرم۔

لجاجت la-jaa-jat: (ع، مث) منت سماجت، عاجزی، خوشامد، گڑگڑانا۔

لجالو la-jaa-luu: (ہ، صف) شرمیلا، حیادار، لاجونتی کا پودا۔

لجام le-jaam: (ع، مذ) 'لگام' کا معرب، عنان۔

لجانا la-jaa-naa: (ار، مص) شرمانا، شرمندہ ہونا، خجل ہونا، جھینپنا، شرمندہ کرنا۔

لجاؤ la-jaa-au: (ہ، صف) شرمیلا، شرگیں، حیادار، غیرت مند، غیرت والا۔

لجوانا laj-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے لجانا جس کا یہ متعدی ہے۔ شرمندہ کرانا، کرنا۔

لجلجا laj-la-jaa: (ہ، صف) گلگلا، پلپلا، لچک دار، نرم، ملائم، لیس والا، لسلسا، لجلجا، مث: لجلجی۔

لجیلا la-gii-laa: (ہ، صف) شرمیلا، باحیا، حیادار، مث: لجیلی۔

ل۔چ

لچ luch: (ف، صف) لوچ کا مخفف، ننگا، عریاں، برہنہ، بدچلن۔ بدوضع، بدمعاش، اسم کیفیت مث: لچ پن/پنا۔

لچا luch-cha(a): (ار، صف) بے شرم، بے حیا، بے باک، اوباش۔ بدمعاش، بدوضع، شریر، فتنہ انگیز، فسادی، جھگڑالو۔ قمار باز، عیب دار، اسم کیفیت مذ: لچاپن، مذ: لچی۔

لچانا la-chaa-na(a): (ار، مص) جھکانا، ٹیڑھا کرنا، لچکانا۔

لچر la-char: (ار، صف) بے ہودہ، لغو، مہمل، پوچ، بیوقوف، احمق، اناڑی، بے معنی، بے ربط (بات) جس میں زور نہ ہو۔

لچک la-chak: (ار، مث) وہ قوت جس سے اجسام جھک کر اپنی اصلیت پر آجاتے ہیں۔ جھکاؤ، خمیدگی، کسی چیز کا نزاکت سے جھک جانا، ملائمت، نرمی (افعال: آنا، جانا)

لچکدار la-chak-daar: (ار، صف) وہ جس میں لچک ہو، لرزاں، جنباں۔

لچکا lach-ka(a): (ار، مذ) جھٹکا، ضرب، ہچکولا، چک، موچ، ایک قسم کا گوٹا۔

لچکانا lach-kaa-na(a): (ار، مص) نرم چیز کو ہلانا یا جھکانا۔

لچکنا la-chak-naa: (ار، مص) نرم شے کا جھک کر اپنی جگہ آجانا، مڑنا، بل کھانا، نزاکت سے بل کھانا۔

لچلچ lach-lach: (ہ، مث) لچکنے کی آواز۔

لچلچا lach-la-cha(a): (ہ، صف) لعابدار (سالن) رسیا سالن جس میں نہ شوربا ہو اور نہ ہی خشک ہو، صرف گھی سے تر ہو۔

لچلچانا lach-la-chaa-na(a): (ار، مص) لیسدار ہونا، لعاب دار ہونا، لسلسانا، لچکدار ہونا۔

لچھا lach-cha(a): (ہ، مذ) سوت کی انٹی، ایک زیور، الجھی ہوئی ڈور، لپٹے ہوئے تار۔

لچھمن lach-man: (ہ، مذ) دیکھیے لکشمن، جس کی یہ ہندی صورت ہے۔ رام چندر جی کے بھائی۔

لچھمی lach-mi(i): (ہ، مث) دھن، دولت، مال، زر، دولت کی دیوی۔

لچھن lach-chan: (ہ، مذ) نشان، علامت، انداز، آثار، چال ڈھال، طریق، طور، رنگ ڈھنگ، افعال، کرتوت، قول، فعل، کام، کردار، حال۔

لچھی lach-chii: (ار، صف) پیچیدہ، مسلسل، سلسلہ وار، پرلطف، مزے دار۔

لچیلا la-chii-la(a): (ہ، صف) لوچدار، لیسدار، نرم، ملائم، نازک، مث: لچیلی۔

ل۔ح

لحاظ li-haaz: (ع، مذ) نظر، نگاہ، ادب، حفظ مراتب، شرم، حیا، مروت، ملاحظہ، خیال، دھیان، پرہیز، اجتناب، توجہ، غیرت، حمیت۔

لحاف li-haaf: (ع، مذ) رضائی جس میں بہت روئی ہو، ایک قسم کی بڑی رضائی، اصطلاح کیمیا، وہ دوا جو کشتہ کرتے وقت کسی دوا کے اوپر رکھی جائے، مجازاً بیوی، (افعال: اوڑھنا، لینا، کرنا)

لحد la-had: (ع، مث) قبر، مزار، تربت، گور، قبر کے اندر کا وہ گڑھا جس میں مردہ کو رکھا جاتا ہے۔

لحظہ lah-zah: (ع، مذ) پل، لمحہ، پلک، جھپکنے کا عرصہ۔

لحم lahm: (ع، مذ) گوشت، ماس۔

لحن lahn: (ع، مذ) آواز، شیریں آواز، خوش آوازی، خوش خوانی۔

لحنِ داؤدی lah-ne-daa-uu-dii: (ع، مذ، بترکیب فارسی) حضرت داؤد کی آواز جو سریلے پن کے لیے مشہور ہے۔

ل۔خ

لخت laKt: (ف، مذ) ٹکڑا، پارہ، حصہ، لوہے کا گرز، کنایتہً تھوڑا، اندک۔

لختِ جگر laK-te-ji-gar: (ف، مذ) جگر کا ٹکڑا، کنایتہً، اولاد، بیٹی، بیٹا۔

لخت لخت / لختہ لختہ laK-tah laK-tah/ laKt laKt: (ف، صف) ٹکڑا ٹکڑا۔

لختہ laK-tah: (ف، مذ) منجمد خون کا لوتھڑا، مضغہ۔

لخ لخ laK-laK: (ف، صف) لاغر، دبلا پتلا، مث: وہ آواز جو حلق کی خشکی کے باعث نکلتی ہے۔

لخلخہ laK-la-Kah: (ف، مذ) خوشبودار چیزوں کا مرکب جو تقویت دماغ کے لیے مریض کو سنگھاتے ہیں۔

ل۔د

لدا پھندا la-daa-phaN-da(a): (ار، صف) اچھی طرح لدا ہوا، بہت بھرا ہوا، بوجھ میں دبا ہوا، اسباب ساتھ لیے ہوئے۔ مث: لدی پھندی۔

لدانا la-daa-na(a): (ار، مص) بار کرانا، بوجھ دھروانا، اسباب لدوانا۔

لداوا la-daa-va(a): (ار، مذ) بوجھ، بار، اسباب۔

لداؤ la-daa-au: (ار، مث) وہ چھت جو صرف چونے سے ڈاٹ لگا کر چھوڑ دیں، بغیر کڑیوں کے چھت۔

لدنا lad-na(a): (ار، مص) بوجھ رکھا جانا، بھر جانا، پر ہو جانا، انتقال کر جانا، درخت پر بہت سا پھل ہونا۔

لدّو lad-du(u): (ار، صف) بوجھ اٹھانے کے قابل،

بار برداری کے لائق، وہ حیوان جو بار برداری کے کام آئے۔

لدوانا lad-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'لادنا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

لدوائی lad-vaa-i(i): (ار، مث) لادنے کی اجرت۔

ل۔ڈ

لڈو laD-Du(u): (ار، مذ) ڈھیلا ڈالا، کلوچ، بیسن یا مونگ کے آٹے کی گول مٹھائی، کنایۃً نفع، فائدہ۔

ل۔ذ

لذات laz-zaat: (ع، مث) دیکھیے 'لذائذ'۔

لذائذ la-zaa-iz: (ع، مث) دیکھیے 'لذت' جس کی یہ جمع ہے۔

لذت laz-zat: (ع، مث) مزہ، ذائقہ، سواد، حظ (افعال: لینا، اٹھانا)

لذت آشنا laz-zat aash-na(a): (عف، صف) لذت حاصل کرنے والا۔ لذت کا خوگر، اسم کیفیت مث: لذت آشنائی۔

لذت پرست laz-zat pa-rast: (عف، صف) لذت کا جس کو چسکا ہو، اسم کیفیت مث: لذت پرستی۔

لذتیت laz-za-ti-yat: (ع، مث) لذت پرستی۔

لذیذ la-ziiz: (ع، صف) خوش ذائقہ، مزہ دار، خوشگوار، پر لطف، عزیز، پیارا۔

ل۔ر

لر lar: (ار، مذ) ایک قسم کا گز جس سے زمین ناپی جاتی ہے، اس کی لمبائی ساڑھے چار فٹ سے ساڑھے چھ فٹ تک ہوتی ہے۔

لُر lur: (ف، صف) احمق، اجہل، بے تمیز، اسم کیفیت، مذ: لرپن / اپنا۔

لرزاں lar-zaaN: (ف، صف) لرزنے والا، ہلنے والا۔

لرزانا lar-zaa-na(a): (ار، مص، جعلی) کپکپا دینا، تھرا دینا۔

لرزش lar-zish: (ف، مث) رعشہ، کپکپی، تھرتھراہٹ۔

لرزنا la-raz-na(a): (ار، مص، جعلی) کانپنا، تھرانا، ڈرنا، ہلنا، جنبش کرنا۔

لرزہ lar-zah: (ف، مذ) تھرتھراہٹ، لرزش، رعشہ، کپکپاہٹ۔

لرزہ براندام lar-zah-bar-an-daam: (ف، صف) وہ جس پر کپکپی طاری ہو، کانپنے والا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

ل۔ڑ

لڑ laR: (ار، مث) لڑی، ہار، سلسلہ، ڈوریا رسی کا بل، قطار (صف) پلہ، کنارہ، دامن، گرہ، گانٹھ، وسیلہ، تعلق، رشتہ۔

لڑاک / لڑاکو la-Raak/la-Raa-kuu: (ار، صف) جنگجو، جھگڑالو، شریر، بدخو، بدمزاج، ترش رو۔

لڑاؤ la-Raa-u(u): (ار، مذ) لڑنے کے قابل، ڈور جو ایک مرتبہ کنکوا لڑانے کے قابل ہو۔

لڑائی la-Raa-i(i): (ار، مث) جنگ، رزم، معرکہ، جھگڑا، فساد، مار پیٹ، مقابلہ، سامنا، چشمک، عداوت، خفگی، ان بن۔

لڑائی بھڑائی la-Raa-ii bhi-Raa-i(i): (ار، مث) دنگا، جنگ وجدل۔

لڑکا laR-ka(a): (ار، مذ) طفل، کودک، چھوکرا، کمسن، بیٹا، پسر، کنایۃً ناتجربہ کار، نادان، مث: لڑکی، اسم کیفیت مذ: لڑکپن/لڑکپنا۔

لڑکھڑانا laR-kha-Raa-na(a): (ار، مث) ڈگمگانا، لرزنا، تھرانا، ہلنا، بے راہ ہونا، بہکنا۔

لڑنا laR-na(a): (ار، مص) جھگڑنا، تکرار کرنا، بھڑنا، مقابلہ کرنا، باہم ٹکرانا، باہم ضد کرنا، زور آزمائی کرنا، کشتی کرنا، مطابق ہو جانا (ایک کے شعر کا دوسرے کے شعر کا) نصیبہ جاگ جانا، کاٹنا، ڈسنا۔

لڑوانا laR-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'لڑنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

لڑھکنا lu-Rhak-na(a): (ار، مص) پھسلنا، لڑھکنی کھانا، ڈگمگانا، لیٹنا، پڑنا، سونا، مرنا، انتقال کرنا۔

لڑی la-Ri(i): (ار، مث) ہار، موتیوں کی مالا، لڑ، جھڑی، سلسلہ، تسلسل۔

ل۔ز

لُزوم lu-zuum: (ع، مذ) لازم ہونا، واجب ہونا، ضرور۔

ل۔س

لس las: (ار، مذ) لیس، چیپ، لعاب۔

لس دار las-daar: (ار، صف) لعاب دار، چپ دار۔

لِسانُ العصر li-saa-nul-(?)asr: (ع، صف) اپنے وقت کا فصیح الکلام، (لفظی معنی زمانہ کی زبان) اکبر الٰہ آبادی کا لقب۔

لِسانُ الغیب li-saa-nul-Gaib: (ع، صف) غیب کی زبان، حافظ شیرازی کا لقب۔

لسّان las-saan: (ع، مبالغہ) بہت بولنے والا، بکی، خوش گفتار، شیریں زبان، چرب زبان، چکنی چپڑی باتیں بنانے والا، اسم کیفیت مث: لسانی۔

لِسانیات li-saa-ni-yaat: (ع، مث) زبان کا علم۔

لِسٹ lisT: (انگ، مث) List فہرست، فرد۔

لسلسا las-la-saa: (ار، مث) لعاب دار، لیس دار، چیپ دار، مث: لس لسی۔

لسلسانا las-la-saa-naa: (ار، مص) چپ چپانا

لَہسن las-san: (ار، مذ) لہسن، تھوم، وہ سرخ یا سیاہ داغ جو جسم پر ہو جاتا ہے، جو خوش قسمتی کی علامت تصور کی جاتی ہے۔

لسنا las-naa: (ار، مص) آلودہ ہونا، لتھڑنا، چسپاں ہونا، ٹھیک بیٹھنا۔

لسوڑا la-so-Raa: (ار، مذ) ایک نہایت چیپ دار پھل جس کا اچار ڈالتے ہیں اور دواؤں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

لسّی las-sii: (ار، مث) پانی ملا ہوا دودھ، دہی اور پانی کا مرکب، چھاچھ۔

ل۔ش

لشتم، پشتم lash-tam pash-tam: (ار، صف) بری بھلی طرح، جوں توں کر کے، مشکل سے۔

لشکر lash-kar: (ف، مذ) فوج، سپاہ، عسکر، بھیڑ بھاڑ، ہجوم، چھاؤنی، کیمپ۔

لشکر شکن lash-kar shi-kan: (ار، صف) بہادر آدمی، دلیر، شجاع۔

لشکر کشی lash-kar-ka-shii: (ف، مث) حملہ، دھاوا، چڑھائی۔

لشکر گاہ lash-kar-gaah: (ف، مث) کیمپ،

چھاؤنی، سپاہ کا پڑاؤ۔

لشکری lash-ka-ri(i): (ف، مذ) سپاہی، فوجی، لشکر سے متعلق۔

ل۔ط

لطافت la-taa-fat: (ع، مث) عمدگی، خوبی، نرمی، ملائمت، پاکیزگی، صفائی، نزاکت۔

لطائف la-taa-if: (ع، مذ) دیکھیے 'لطیفہ' جس کی یہ جمع ہے۔

لطائف غیبی la-taa-i-fe-Gai-bi(i): (عن، مذ) غیب نیکیاں، وہ نیکیاں اور مہربانیاں جو محض خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوں۔

لطف lutf: (ع، مذ) عنایت، مہربانی، خوبی، عمدگی، نرمی، ملائمت، لذت، خوش طبعی۔

لطفی lut-fii: (ع، صف) لے پالک، متبنّی۔

لطمہ lat-mah: (ع، مذ) تھپیڑا، تماشا، تھپڑ (افعال: کھانا)

لطیف la-tiif: (ع، صف) نرم، ملائم، ہلکا، سبک، نازک، صاف شفاف، پاکیزہ، ستھرا، عمدہ، مقدس۔

لطیفہ la-tii-fah: (ع، مذ) اچھی چیز، چٹکلا، دلچسپ بات، شگوفہ، انوکھا، عجیب، لطیف کی تانیث۔

لطیفہ باز la-tii-fah-baaz: (عف، صف) دیکھیے 'لطیفہ گو' اسم کیفیت مث: لطیفہ بازی۔

لطیفہ گو la-ti-fah-go: (عف، صف) خوش مزاج، بذلہ سنج، چٹکلے بیان کرنے والا، اسم کیفیت مث: لطیفہ طرازی/گوئی۔

ل۔ع

لعاب lu-(?)aab: (ع، مذ) تھوک، آب دہن، کف، رال، لیس، چیپ۔

لعاب دار lu-(?)aab-daar: (عف، صف) لیس دار، چیپ دار۔

لعب la(?)b: (ع، مذ) کھیل کود، دل بہلاوا، سیر تماشا۔

لعل la(?)l: (ع، مذ) سرخ رنگ کا جواہر، کنایۃً معشوق کے ہونٹ۔

لعل لب la(?)-le-lab: (عف، صف) سرخ لب، سرخ ہونٹ۔

لعلیں la(?)-liiN: (عف، صف) دیکھیے 'لعل' جس سے یہ منسوب ہے۔

لعن la(?)n: (ع، مث) لعنت، ملامت، نفریں، پھٹکار، دھتکار، جھڑکی، سرزنش۔

لعن طعن la(?)n ta(?)n: (ع، مث) لعنت، ملامت، نفریں، پھٹکار، دھتکار، جھڑکی، سرزنش۔

لعنت la(?)-nat: (ع، مث) پھٹکار، نفریں، سخت سست، برا بھلا، سرزنش، جھڑکی۔

لعنت ملامت la(?)-nat ma-laa-mat: (ع، مث) برا بھلا، سخت سست، شرمندہ، ذلیل (افعال: کرنا، ہونا)

لعنتی la(?)n-tii: (عف، صف) مردود، بدنصیب، بدبخت۔

لعوق la-(?)uuq: (ع، مذ) چاٹنے کی لیس دار دوا، چٹنی۔

لعین la-(?)iin: (ع، صف) ملعون، مردود، لعنتی۔ بدبخت۔

ل۔غ

لغات lu-Gaat: (ع، مذ) دیکھیے 'لغت' جس کی جمع

ہے۔ فرہنگ، ڈکشنری۔

لِغایت li-Gaa-yat: (ع، متعلق فعل) آخر تک، انجام تک۔

لُغت lu-Gat: (ع، مذ) بولی، زبان، لفظ، فرہنگ، ڈکشنری، وہ کتاب جس میں الفاظ اور ان کے معنی درج کیے گئے ہوں۔

لُغت تراش lu-Gat ta-raash: (عف، صف) لسان، لفاظ، لغت گھڑنے یا بنانے والا، ثقیل لفظ بولنے والا، اسم کیفیت مث: لغت تراشی۔

لُغت دان lu-Gat daan: (عف، صف) لغت جاننے والا، اسم کیفیت مث: لغت دانی

لُغز luGz: (ع، مث) معما، بجھارت، پہیلی۔

لَغزِش laG-zish: (ف، مث) پھسلن، پھسلاہٹ، لرزش، جنبش۔ کپکپی، خطا، سہو، غلطی، بھول چوک، گمراہی، ضلالت، (افعال: کرنا، آنا، لگانا)

لَغو laGv: (ع، صف) بے ہودہ، واہیات، نامعقول، مہمل، بے معنی، بے کار، بے فائدہ، بکواس، ژٹل، جھک، لایعنی بات۔

لُغوی luG-vii: (ع، صف) دیکھیے 'لغت' جس سے یہ منسوب ہے، ماہر لغت۔

لَغویت laG-vi-yat: (ع، مث) بیہودگی، جمع: لغویات۔

ل۔ف

لَف laf: (ع، صف) لپٹا ہوا، تہہ کیا ہوا، شامل، منسلک۔

لف و نشر la-fa-o-na-shar: (ع، مذ) (لغوی معنی لپیٹنا اور پھیلانا) علم بیان کی اصطلاح میں، وہ صفت جس میں اول چند چیزوں کا ذکر کریں پھر چند چیزیں اور بیان کریں جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں۔ مگر اس طرح کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے ہو جائے۔

لَفّاظ laf-faaz: (ع، ف، مبالغہ) خوش گو، خوش بیان، شیریں زبان، مبالغہ آمیز باتیں کرنے والا، اسم کیفیت مث: لفاظی۔

لِفافہ li-fa-fah: (ع، مذ) وہ چیز جو کسی چیز پر لپیٹی جائے، وہ کاغذ کا غلاف جس میں خط وغیرہ بند کیا جائے، بناوٹ، دکھاوا، ظاہری سامان، دھوکا (افعال: ہونا)

لِفٹ lifT: (انگ، مذ) Lift وہ مشین جس کے ذریعے لوگ ایک منزل سے دوسری منزل کی طرف جاتے ہیں، کسی چیز کو اوپر لے جانے والی مشین۔

لِفٹ lifT: (ار، محاورہ) سواری دینا، اکسانا، حمایت کرنا۔

لیفٹیننٹ lef-Ti-nenT: (ار، مذ) Lieutenant نائب حاکم، کپتان کے ماتحت، ایک فوجی افسر، بحری جہاز کا افسر، طنزاً بڑا حاکم۔

لفظ lafz: (ع، مذ) کلمہ، شبد، بات، لغت، (لکھنؤ میں شاذ مونث بھی استعمال ہوا ہے)

لفظ بہ لفظ lafz-ba-lafz: (عف، صف) حرف بہ حرف، ایک ایک لفظ، ہو بہو، تفصیل وار۔

لفظی laf-zii: (ع، صف) اصلی، حقیقی، لغوی، باتوں کی، الفاظ کی، لفظ سے متعلق۔

لفظی ترجمہ laf-zii tar-ju-mah: (ع، مذ) لفظ بہ لفظ ترجمہ۔

لفنگا la-fan-gaa: (ار، صف) لچا، شہدا، گنڈا، بدمعاش، بدچلن، بے غیرت، شیخی باز۔

ل۔ق

لَق laq: (ف، صف) صاف، جس میں بال نہ ہوں۔

لق و دق la-qo-daq: (ف، صف) صاف، چٹیل، جہاں سبزہ اور گھاس درخت وغیرہ نہ ہوں، ویرانہ، بنجر۔

لِقا li-qaa: (ع، مث) دیدار، ملاقات، چہرہ، صورت، شکل۔

لقّا laq-qaa: (ار، مث) ایک قسم کا کبوتر جو اکثر اپنی گردن دم کے ساتھ لگائے رکھتا ہے۔

لقا la-qaa: داستان امیر حمزہؒ میں طلسم ہوشربا کا مشہور کردار جو جادوگروں کا بادشاہ اور خدا کہلاتا تھا۔ اس کی ڈاڑھی کے بال بال میں موتی پروئے ہوتے تھے۔

لُقّا luq-qaa: (ار، صف) لچا، شہدا، بدمعاش۔

لقات la-qaat: (ف، صف) نہایت دبلا (عربی لکات) بگاڑ۔

لقب la-qab: (ع، مذ) وہ نام جو کسی خاص مدح یا ذم کے سبب پڑ گیا ہو، وصفی نام جو مشہور ہو گیا ہو۔

لقلق laq-laq: (ع، مذ) فارسی لک لک کا معرب، سارس، بگلا۔

لقلقہ laq-la-qah: (ع، مذ) سارس کی آواز، کنایۃً، ہر کرخت، آواز، رعب داب، لب ولہجہ، خوش بیانی قوت بیان۔

لُقمان luq-maan: (ع، مذ) ایک مشہور حکیم جن کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے۔ مجازاً بڑا دانا، عقلمند، تجربہ کار آدمی۔

لُقمہ luq-mah: (ع، مذ) نوالہ، کھانے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ منہ میں ڈالی جائے۔

لُقمۂ اجل luq-ma-e-a-jal: (ار، محاورہ) مر جانا

لُقمۂ تر luq-mae-tar: (عف، مذ) اچھی غذا، عمدہ اور لذیذ خوراک۔

لُقمۂ حرام luq-mae-ha-raam: (عف، مذ) حرام کی آمدنی، حرام کا مال۔

لقندرا lu-qand-ra(a): (ار، صف، مذ و مث) بدمعاش، لچا، شہدا، بدچلن، مث: لقندری۔ اسم کیفیت مذ: لقندراپن۔

لقوہ laq-vah: (ع، مذ) ایک مرض جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ اور چہرہ پھر جاتا ہے۔

ل۔ک

لک luk: (ف، مذ) روغن، وارنش، جلا، لو، شعلہ، لو کا

لکا lu-kaa-naat: (ار، مص) چھپانا، پوشیدہ کرنا۔

لیکچر laik-char: (انگ، مذ) Lecture درس، سبق، وعظ، تقریر، زبانی مضمون، اُپدیش۔

لیکچرار laik-cha-raar: (انگ، صف) Lecturer واعظ، درس دینے والا، تقریر کرنے والا، مقرر، کالج یا یونیورسٹی کا مدرس۔

لکدزن la-kad-zan: (ف، صف) لاتیں مارنے والا، اسم کیفیت مث: لکدزنی۔

لکدکوب la-kad-kuub: (ف، مذ) لات مارنا، ضرب، اسم کیفیت مث: لکدکوبی۔

لکڑ lak-kaR: (ار، مذ) شہتیر، بڑی لکڑی، لٹھا۔

لکڑبگھا la-kaR-bag-ghaa: (ار، مذ) بھیڑیئے کی قسم کا ایک جانور۔

لکڑتوڑ la-kaR toR: (ار، صف) سخت، ثقیل۔

لکڑہارا la-kaR haa-ra(a): (ار، مذ) لکڑیاں بیچنے والا، لکڑیاں چیرنے پھاڑنے والا۔

لکڑی lak-Ri(i): (ار، مث) ہیزم، کاٹھ، چوب، چھڑی، ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی، لاٹھی، عصا، سونٹا، سہارا، مدد، آسرا، پٹا، چوب بازی، کنایۃً سخت، کڑا۔

لکشمن laksh-man: (س، مذ) راجا رام چندر جی

کے چھوٹے بھائی کا نام، جس نے بن باس میں ان کا ساتھ دے کر وفاداری کا ثبوت دیا۔

لکلانا laK-la-Kaa-naa: (ار، مص ق) پیاس یا گرمی سے بے دم ہو جانا، چیکنا، دکھنا۔

لکنا luk-naa: (ار، مص) پوشیدہ ہونا، چھپنا، مخفی ہونا۔

لکنت luk-nat: (ع، مث) ہکلاپن، رک رک بولنے کی حالت، ہٹ (افعال: پڑنا)

لکہ lak-kah: (ف، مذ) ٹکڑا، پارچہ، عام طور پر ابر اور دھوئیں کے لیے مستعمل ہے۔

لکھ lakh: (ہ، مذ) لاکھ کا مخفف۔

لکھ بخش lakh-baKsh: (ار، مذ) نہایت سخی۔

لکھ پتی lakh-pa-tii: (ار، صف) وہ شخص جس کے پاس لاکھ روپیہ ہو، دولت مند، متمول۔

لکھ لٹ lakh-luT: (ار، صف) بڑا فضول، خرچ۔

لکھا lik-khaa: (ار، مذ) نوشتہ، لکھا ہوا، قضا، بھاگ، تقدیر۔

لکھا پڑھا li-khaa pa-Rhaa: (ار، صف) تعلیم یافتہ، خواندہ، مث: لکھی پڑھی۔

لکھانا li-khaa-naa: (ار، صف) لکھوانا، تحریر کروانا، تحریری اقرار نامہ لینا، مشق کرانا۔

لکھائی li-khaa-ii: (ار، مث) لکھنے کی اجرت، تحریر، لکھنے کا کام، خط، انداز تحریر۔

لکھت li-khat: (ار، مث) تحریر، نوشتہ، اقرار، دستاویز۔

لکھنا likh-naa: (ار، مص) تحریر کرنا، لکھائی کرنا، کتابت کرنا، کسی کی قسمت مقرر کرنا۔

لکھوٹا la-kho-Taa: (ار، مذ) سرخی جو عورتیں ہونٹوں پر لگاتی ہیں، لاکھ کی مہر جو پاسپورٹوں یا لفافوں پر لگاتے ہیں۔

لکھیرا la-khe-raa: (ار، مذ) لاکھ کا کام کرنے والا، لاکھ کی چیزیں بنانے والا۔

لکیر la-kiir: (ار، مث) خط، لائن، سلسلہ، قطار، سطر، پرانا دستور، رسم قدیم۔

ل۔گ

لگ lag: (ہ، متعلق فعل) قریب، پاس، تک (مرکبات میں مستعمل ہے) 'لگنا' کا امر۔

لگ بھگ lag-bhag: (ار، متعلق، فعل) قریب قریب، ملتا جلتا، مشابہ۔

لگا lag-ga(a): (ہ، مذ) لمبا بانس، ٹیڑھی لکڑی جو لانبی لکڑی میں باندھتے ہیں اور درختوں سے پھل وغیرہ توڑنے کا اس سے کام لیتے ہیں۔ لمبا بانس جس میں پتلی پتلی لکڑیاں باندھ کر پتنگ لوٹنے کا کام لیتے ہیں۔ ناؤ کھینے کا بانس، برابری، ہمسری، ڈھنگ، ڈول۔ شروع، آغاز۔

لگا سگا la-ga-aa-sa-ga(a): (ہ، مذ) میل جول، واقفیت، رسائی، رشتے دار۔

لگا la-gaa: (ار، صف) ملا ہوا، ساتھ، چسپاں، پیوستہ، گلاسٹر۔

لگا بندھا la-gaa-ban-dha(a): (ار، صف) مطیع، فرمانبردار، مقرر کیا ہوا، قدیمی آشنا، متعلق، وابستہ، قیدی، پابند، گرفتار۔

لگاتار la-gaa-taar: (ار، صف) متواتر، پے در پے۔

لگا ہوا la-gaa-huu-a(a): (ار، صف) ملا ہوا، پاس، معروف، مشغول، آشنا، یار، وابستہ، سدھا ہوا، ملا ہوا، داغی، داغدار۔

لگام la-gaam: (ف، مث) گھوڑے کے منہ میں دینے کا دہانہ، لوہے کا بنا ہوا گھوڑے کے منہ میں ڈالنے کا آلہ، عنان، باگ۔

لگان la-gaan: (ار، مذ) معاملہ، خراج زمین، باج، کر، سرکاری محصول، زرِ آمدنی جو زمین سے حاصل ہو۔

لگانا la-gaa-naa: (ار، مص) چھونا، جوڑنا، ملانا، شامل کرنا، بونا، اُکسانا، چغلی کھانا، سجانا، مشغول رکھنا، سدھانا، تہمت دھرنا، مقرر کرنا، دانوں پر رکھنا، آگ لگانا، بنانا۔ (پان)

لگاوٹ la-gaa-vaT: (ار، مث) لگاؤ، تعلق، علاقہ، میلان، میل ملاپ، ناز نخرہ، چرب زبانی۔

لگاوٹ باز la-gaa-vaT baaz: (ار، صف) لگاوٹ کرنے میں مشاق، اسم کیفیت مث: لگاوٹ بازی۔

لگاؤ la-gaa-au: (ار، مذ) تعلق، علاقہ، نسبت، پہنچ، دخل، باریابی، میل ملاپ، رشتہ، ناتا، جوڑ، ہمسری، آمیزش، رجحان، میلان طبع۔

لُگائی lu-gaa-ii: (ار، مث) عورت، بیوی، مدخولہ۔

لگائی بجھائی la-gaa-ii bu-jhaa-i(i): (ار، مث) چغلی، بدگوئی، غمازی، تہمت، بہتان، الزام۔

لگے ہاتھ la-ge-haath: (ار، متعلق فعل) دیکھیے 'لگے ہاتھ' فوراً۔

لُگدی lug-di(i): (ار، مث) کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی، (افعال: بنانا)

لگڑ la-gaR: (ار، مث) ایک قسم کا باز، شکرا۔

لگڑ بھگو / بھگا la-gaR bha-gaR/ bhag-ga(a): (ار، مث) چرخ، بھیڑیے کی قسم کا ایک جانور۔

لگن la-gan: (ار، مث) طشت، طاس، پرات، ٹب، چلمچی، شمع دان، اگردان۔

لگن la-gan: (ار، مث) تعلق، نسبت، خیال، چت، خواہش، محبت، عشق، گھڑی، ساعت، وقت، سماں، سہولت، پیغام، شادی، شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر، آفتاب کے برج حمل میں تحویل کرنے کی ساعت۔

لگنا lag-a(a): (ار، مص) چسپاں ہونا، ملنا، سلنا، شامل ہونا، قائم ہونا، اُگنا، چوٹ آنا، ٹکر کھانا، محسوس ہونا، برا ہونا، شروع ہونا، باہم آشنائی ہونا، موثر ہونا، جلنا، ہضم ہونا، پیچھے پڑنا، سجایا جانا، مصروف ہونا، ذمہ پڑنا، گھسنا، چبھنا، تیز ہونا، کنارے پر پہنچنا، خرچ ہونا، بازی پر لگانا، استعمال میں آنا، مرصع کیا جانا۔

لگی la-gi(i): (ار، مث) خواہش، آرزو، عشق، لگن، بھوک، کسی چیز کی انتہائی آرزو۔

لگی لپٹی la-gii lip-Ti(i): (ار، مث) طرفداری کرنا، دورخی بات کہنا۔

لگی لگائی la-gii la-gaa-i(i): (ار، صف) لگی ہوئی، طے شدہ، مقررہ۔

لگے بندھے la-ge ban-dhey: (ار، صف، ق) علاقہ دار، متعلقین۔

لگے ہاتھ la-ge-haath: (ار، متعلق فعل) ساتھ کے ساتھ، اسی وقت، اسی سلسلے میں۔

ل۔ل

لل lal: (ار، صف) لال کا مخفف، مرکبات میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً للسرا۔

لل پرا lal-pa-raa: (ار، مذ) ایک پردار سرخ رنگ کا کیڑا جو اکثر گندے مقامات پر پایا جاتا ہے۔ ایک قسم کا کنکوا جس کے دونوں کنارے سرخ کاغذ کے ہوتے ہیں۔

لل دُما lal-du-maa: (ار، مذ) وہ کنکوا یا کبوتر جس کی دم سرخ کاغذ کی ہوتی ہے۔

لل سرا lal-si-raa: (ار، مذ) وہ کنکوا جس کا سرا سرخ رنگ کے کاغذ کا ہوتا ہے۔

للّا lal-laa: (ار،مذ) بچہ، طفل، لڑکا، بیٹا، پوت، کرشن جی کا لقب (صف) پیارا، لاڈلا، نادان، کم سن، نوعمر، احمق، بیوقوف، گاؤدی۔

للائن la-laa-in: (ار،مث) لالہ، لالا کی زوجہ۔

للچانا lal-chaa-naa: (ار،مص) لالچ کرنا، بوجھ کرنا، حرص کرنا، آرزو کرنا، تمنا کرنا، مائل کرنا، طمع دینا، لبھانا۔

للچاہٹ lal-chaa-haT: (ار،مث) لالچ، طمع، حرص، خواہش، آرزو۔

للک la-lak: (ار،مث) امنگ، شوق، جوش، ولولہ، خیال، دھن، لو، لہر، موج۔

للکار lal-kaar: (ار،مث) نعرہ، سخت آواز، ہانک، پکار، ڈپٹ، دھمکی، جھڑکی، رعب کی آواز۔

للکارنا lal-kaar-na(a): (ار،مص) نعرہ مارنا، آواز لگانا، پکارنا، ہانک لگانا، دھمکانا، دھتکارنا، کڑک کر بولنا۔

للّو lal-lu(u): (ار،مث) زبان، جیبھ، بول، بول چال، گفتگو، چٹورپن، چاٹ۔

للّو پتّو lal-luu-pat-tu(u): (ار،مث) خوشامد، درآمد، چاپلوسی، سخن سازی، چکنی چپڑی باتیں (افعال: کرنا)

لِلّٰہ lil-laah: (ع، متعلق فعل) خدا کے لیے، برائے خدا، خدا کے نام پر۔

لِلّٰہِ الحمد lil-laa-hil-hamd: (ع، کلمہ مذ) سب تعریف خدا کے لیے ہے، خدا کا شکر ہے۔

ل۔م

لم lam: (ار، مث) لمبا کا مخفف اور مرکبات میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً لم ٹنگا۔

لمبوترا lam-buut-ra(a): (ار،صف، مذ) لانبا، ایسا لانبا جو بدنما ہو۔ مث: لمبوتری۔

لم ٹنگا / ٹنگو lam Tan-gaa/ Tan-gu(u): (ار،صف) بڑی بڑی ٹانگوں والا، لم ڈھینگ، گلنگ۔

لم چھڑ / چھڑا lam-chaR: (ار،صف) لمبا، قد آور، طویل القامت، مث: لم چھڑی۔

لم ڈور lam-Dor: (ار، صف) ایک خوش آواز، سنہری رنگ کا پرندہ۔

لم ڈھینگ lam-DhaiNg: (ار،مذ) لمبی ٹانگوں والا ایک آبی پرندہ، گلنگ، کنایۃً بیوقوف، احمق۔

لم کنا lam-kan-naa: (ار،صف) لمبے لمبے کانوں والا، خرگوش، مث: لم کنی۔

لم lam: (ع، حرف نفی) نہ، نہیں۔

لم یزل lam-ya-zal: (ع، صف) اٹل، ہمیشہ رہنے والا، غیر فانی، جس کو زوال نہ ہو۔

لم lim: (ع، مث) اصلیت، کنہ، بات کی تہہ، باعث، سبب۔

لمبا lam-ba(a): (ار،صف) فراخ، کشادہ، کھلا ہوا، وسیع، بہت، کثیر، زیادہ، مث: لمبی۔

لمبا چوڑا lam-baa chau-Ra(a): (ار،صف) فراخ، کشادہ، کھلا ہوا، وسیع، طویل و عریض۔

لمباڑا lam-baa-Ra(a): (ار،مذ ق) بنجاروں کی قسم کی ایک قوم۔

لمبان lam-baan: (ار،مذ، مث) درازی، لمبائی، طویل، طوالت۔

لمبائی lam-baa-i(i): (ار، مث) درازی، طوالت، طول۔

لمبر lam-bar: (ار،مذ) دیکھیے 'نمبر' جس کا یہ بگاڑ ہے۔

لیمپ laimp: (انگ، مذ) Lamp مغربی طرز کا چراغ جس پر شیشے کی چمنی لگی ہو۔

لمحہ lam-hah: (ع، مذ) پلکیں جھپکنے کا وقت، بہت تھوڑا وقت، کوند، بجلی کی چمک۔

لمس lams: (ع، مذ) کسی چیز کو ہاتھ لگانا، چھونا، مس کرنا، چھو کر معلوم کرنے کی قوت۔

لمعان lam-(?)aan: (ع، ا، مذ) بجلی، چمکنا، روشن ہونا، چمک، روشنی۔

لمعہ lam-(?)ah: (ع، مذ) چمک، روشنی، نور، شعاع، کرن۔

لمیٹیڈ li-mi-TeD: (انگ، صف) Limited شرکت محدود، وہ کمپنی جس کے حصہ داروں کی ذمہ داری محدود ہوتی ہے۔

ل ـ ن

لن lan: (ع، حرف نفی) نہ، مت۔

لن ترانی lan-ta-raa-nii: (ع، مث) تو مجھے کبھی نہیں دیکھ سکے گا، خودستائی، انانیت، شیخی، ڈینگ۔

لنج lunj: (ف، صف) ہاتھ پاؤں سے معذور، لنگڑا، لولا۔

لنج منج lunj-munj: (ف، صف) لنگڑا لنجا۔

لنچ lanch: (انگ، مذ) Lunch دوپہر کا کھانا، حاضری، چاشت کا کھانا۔

لنڈ lunD: (ھ، مذ) بے سر کا دھڑ، سر کٹا ہوا دھڑ، وہ انسان جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں، بے بال و پر پرندہ، کٹا ہوا، بے پتوں کا، بے شاخوں کا درخت۔

لنڈ منڈ lunD-munD: (ار، صف) وہ شخص جس کا سر، ڈاڑھی، مونچھیں منڈی ہوئی ہوں، بن پتوں اور شاخوں کا درخت، مفلس۔

لنڈا lun-Daa: (ار، صف) دم بریدہ، لنڈورا، دم کٹا، وہ درخت جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں مث: لنڈی۔

لنڈھانا luN-Dhaa-na(a): (ار، مص) اوندھانا، بہانا، کسی رقیق چیز کو برتن میں سے زمین پر گرانا۔

لنڈی lun-Di(i): (ار، مث ق) لنڈوری۔

لینز lains: (انگ، مذ) Lens عینک کا شیشہ، عدسہ، کیمرے، دوربین یا خردبین کا شیشہ۔

لنکا lan-kaa: (ھ، مث) جزیرہ، سیلون، جہاں راون رہتا تھا۔

لنگ lang: (ف، صف) لنگڑا، لولا، اپاہج، لنگڑا پن۔

لنگ lang: (ھ، مذ) قطار، صف: سلسلہ، طرف، جانب، راغب، سرا، کنارا، دیوار، قناعت، اوٹ، پردہ، دھوتی کا لڑیا پلا۔

لِنگ ling: (س، مذ) آلۂ تناسل۔

لُنگ lung: (ف، مذ) گھٹنوں تک تہ بند، دھوتی، لنگوٹی۔

لنگر lan-gar: (ف، مذ) لوہے کی زنجیر یا رسا جو کشتی ٹھہرانے کے لیے کسی بھاری چیز کے ساتھ کنارے پر باندھ رکھتے ہیں۔

لنگر خانہ lan-gar Kaa-nah: (ار، مذ) خیرات، خانہ، باورچی خانہ، فقیروں کو روزانہ کھانا تقسیم کرنے کا اہتمام۔

لنگر دار lan-gar-daar: (ف، صف) سنگین، وزنی، وہ دریا جس میں پانی رواں نہ ہو۔

لنگر گاہ lan-gar-gaah: (ار، مذ) بندرگاہ، جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔

لنگڑی lang-ri(i): (ف، صف) لنگر سے منسوب، مذ، ایک قسم کا بڑا طشت، مث: پان رکھنے کی چھوٹی گہری تھالی، وہ تھالی جس میں لنگر کا کھانا بانٹتے ہیں۔

لنگڑا lang-Ra(a): (ار، صف) ایک ٹانگ سے معذور، کمزور، بودا، ایک مشہور قسم کا آم جو بہت لذیذ اور شیریں ہوتا ہے۔ مث: لنگڑی، اسم کیفیت مذ: لنگڑا پن۔

لنگڑانا lang-Raa-na(a): (ار، مص) لنگ کرنا، پورا پاؤں ٹیک کر نہ چلنا۔

لِنگوافرینکا lin-gu-aa-fi-rain-kaa: (انگ، مث) Lingua Franca وہ مخلوط زبان جو مختلف قوموں میں اظہارِ خیالات کا ذریعہ ہو، بین الاقوامی زبان۔

لنگوٹ lan-goT: (ار، مذ) کاچھا، کم عرض کپڑا جسے پہلوان یا فقیر باندھتے ہیں، جانگیہ۔

لنگوٹ بند lan-goT-band: (ار، صف) لنگوٹ باندھنے والا، مجرد، کمینہ۔

لنگوٹ دار lan-goT-daar: (ار، صف) وہ پتنگ جس کے نیچے کی طرف رنگین مثلثی یا لانبا کاغذ لگا ہوا ہو۔

لنگوٹا lan-go-Taa: (ار، مذ) دیکھیے 'لنگوٹ' اسم تصغیر مث: لنگوٹی۔

لنگوٹیا (یار) lan-go-Ti-a(a): (ار، صف) لنگوٹ بندھنا، ساتھ کھیلا ہوا، بچپن کا یار، پرانا اور گہرا دوست۔

لنگور lan-guur: (ھ، مذ) ایک قسم کا بندر جس کا منہ کالا اور دم لمبی ہوتی ہے۔

لُنگی lun-gi(i): (ار، مث) تہہ بند، دھوتی، سر سے باندھنے کی رنگین دھاری دار پگڑی۔

ل۔و

لَو lau: (ار، مث) شعلہ، لپٹ، بھبھوکا، لاٹ، دھیان، نور، خیال، آس، امید، توقع، شوق، محبت، کان کی جڑ، کان کے نیچے کے رخ کی لو۔ (افعال: آنا، اٹھنا، تھرکنا، دینا)

لولاک lau-laak: (ع، مذ) حدیث قدسی کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی اگر تیری (رسول اکرمؐ) ذات نہ ہوتی تو میں آسمانوں اور زمینوں کو پیدا نہ کرتا۔

لو lo: (ار، متعلق فعل) پکڑو، سنبھالو، کلمۂ تعجب، واہ، کیا خوب۔

لُو luu: (ار، مث) وہ گرم ہوا جو موسم گرما میں چلتی ہے۔ سموم (افعال: چلنا)

لَوا la-vaal: (ار، مذ) بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ جو اکثر جھاڑیوں میں رہتا ہے۔

لِوا li-vaal: (ع، مذ) علم، جھنڈا، فوج کا نشان۔

لواحق la-vaa-hiq: (ع، مذ) لاحق اور لاحقہ کی جمع، متعلقین، رشتہ دار، بھائی بند، نوکر چاکر، جمع الجمع، لواحقین۔

لوازم la-vaa-zim: (ع، مذ) دیکھیے لازم / لازمہ جس کی یہ جمع ہے، ضروری چیزیں، جمع الجمع: لوازمات

لوازمہ la-vaa-zi-mah: (ع، مذ) دیکھیے 'لازمٗ' جس کی جمع ہے۔

لِواطت li-vaa-tat: (ع، مث) لڑکوں کے ساتھ بد فعلی کرنا، اغلام۔

لوامع la-vaa-mi(?): (ع، مذ) دیکھیے 'لامع' جس کی یہ جمع ہے۔

لوّامہ lav-vaa-mah: (ع، اسم، مبالغہ) سخت ملامت کرنے والا، نفس کی ایک قسم جو انسان کو بدی کے ارتکاب پر ملامت کرتی ہے۔

لِوانا li-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے 'لینا' جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔ خرید کر وا دینا، مول لے لینا، اٹھوانا، بدلوانا۔

لوائح la-vaa-i(h): (ع، مذ) دیکھیے 'لائحہ' جس کی یہ جمع ہے، تصوف کی ایک کتاب۔

لوائم la-vaa-im: (ع، مذ) دیکھیے 'لائمہ' جس کی یہ جمع ہے۔

لوبان lo-baan: (ع، مذ) ایک قسم کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے۔

لوبھ lobh: (ہ، مذ) لالچ، طمع، حرص (افعال: کرنا، ہونا)

لوبھی lo-bhii: (ہ، صف) لالچی، حریص، طامع، بخیل، کنجوس، مث: لوبھن۔

لوبیا lob-yaa: (ف، مذ) ماش کی قسم کا ایک پودا، جس کی کچی پھلیوں اور دانوں کو پکا کر کھاتے ہیں۔

لوپنا lop-naa: (ار، مص، ق) بہلانا۔

لوتھ lauth: (ہ، مذ) لاش، مردہ جسم۔

لوتھڑا loth-Raa: (ہ، مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا، جس میں ہڈی نہ ہو، پارچہ مضغہ، منجمد خون کا ٹکڑا۔

لوٹ loT: (ہ، مث) لڑھکنی، غلطیدگی، کروٹ، پہلو (صف) عاشق، مفتون، فریفتہ، وہ جگہ جو پرندوں کے لوٹنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔

لوٹ پوٹ loT-poT: (ار، صف) لڑھکتا، لوٹنیاں کھاتا ہوا، عاشق، مفتون، بے قرار، بے چین، اوپر تلے، الٹ پلٹ۔

لُوٹ luuT: (ار، مث) زبردستی قبضہ، غارت گری، تاراج، ظلم اندھیرا۔

لُوٹ کھسوٹ / مار luuT kha-soT/ maar: (ار، محاورہ) غارت گری، ڈاکا، قزاقی، راہزنی۔

لوٹا lo-Taa: (ار، مذ) ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن، آفتابہ، بڑی لٹیا۔

لوٹانا lau-Taa-na(a): (ار، مص) واپس کرنا، پھیرنا، اوپر تلے کرنا، نیچے کا اوپر اور اوپر کا نیچے کرنا۔

لوٹن lo-Tan: (ار، صف) لوٹنے والا، پھڑکنے والا، تڑپنے والا، قلابازیاں کھانے والا۔

لوٹن کبوتر lo-Tan ka-buu-tar: (ار، مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کے سر پر ہاتھ لگا کر چھوڑ دینے سے وہ لوٹنیاں کھانے لگتا ہے۔

لوٹنا lauT-na(a): (ار، مص) واپس ہونا، پلٹنا، رخ بدلنا۔

لوٹنا loT-na(a): (ار، مص) لڑھکنیاں کھانا، زمین پر تڑپنا، مچلنا، بچے کا ضد کرنا، پھڑکنا، فریفتہ ہونا، وجد میں آنا، رقص کرنا، خوش ہونا۔

لُوٹنا luuT-na(a): (ار، مص) لوٹ کھسوٹ کرنا، غارت کرنا، تباہ کرنا، زبردستی چھین لینا، عاشق کرنا، شیدا کرنا، مال مارنا، غبن کرنا، حاصل کرنا (مزہ یا لطف کے لیے)

لوٹنی loT-ni(i): (ار، مث) قلابازی، لڑھکنی، صاف جواب، بالکل انکار۔

لوث laus: (ع، مذ) آمیزش، ملا ہوا، آلودگی، داغ، دھبا، عیب۔

لوچ loch: (ار، مذ) چیپ، لیس، نرمی، ملائمت، نزاکت، لچک۔

لوچ دار loch-daar: (ار، صف) لیس دار، ملائم، نازک، لچک دار۔

لوح lauh: (ع، مث) لکھنے کی تختی، کتاب کا پہلا صفحہ، جس پر کتاب کا نام وغیرہ لکھا ہوتا ہے۔

لوحِ تربت lau-he-tur-bat: (عف، مث) قبر کے سرہانے کا پتھر جس پر مردے کا نام وغیرہ لکھ کر لگا دیتے ہیں۔

لوحِ طلسم lau-he-tilism: (عف، مث) ایک تختی جس کے متعلق مشہور ہے کہ بانی طلسم اس پر طلسم کھولنے کا طریقہ لکھ کر طلسم کے درمیان رکھ دیتے ہیں۔

لوحِ محفوظ lau-he-mah-fuuz: (ع، مث،

ترکیب فاعل) وہ تختی جس پر اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ہونے والی ہر بات لکھ دی ہے۔ کنایۃً علم الٰہی۔

لوحِ مشق lau-he-mashq: (عف،مث) تختۂ مشق، وہ تختی جس پر بچے مشق کرتے ہیں۔ وہ چیز جو کثرت سے استعمال میں آئے۔

لوح و قلم lau-ho-qa-lam: (عف،مذ) تختی اور خامہ، خدا کے احکام کی تختی اور قلم، مجازاً قضا و قدر۔

لوڈ loD: (انگ،مذ) Load بوجھ، بھار، وزن۔

لوری lo-rii: (ار،مث) ہلکی آواز کے سریلے گیت جو عورتیں، بچوں کو سلانے یا بہلانے کے لیے آہستہ آہستہ گاتی ہیں۔ (افعال: دینا، سنانا)

لوڑھی lo-Rhii: (ہ،مث) ہندوؤں کا ایک تہوار جو ماہ پوس کی انتیس تاریخ کو منایا جاتا ہے اور کالی دیوی کے نام پر تمام رات لکڑیاں جلاتے ہیں اور گیت گاتے ہیں۔

لوز lauz: (ع،مذ) بادام، ایک مثلثی وضع کی تراشی ہوئی مٹھائی۔

لوزینہ lau-zi-nah: (ف،مذ) بادام کا حلوہ، ایک قسم کی مٹھائی جس میں بادام ڈالتے ہیں۔

لوط luut: (ع،مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیمؑ کے بھیجتے تھے۔

لوطی luu-tii: (ع،مذ) حضرت لوطؑ کی قوم کا، رنڈ، اغلام باز۔

لوفر lo-far: (انگ، مذ) Loafer آوارہ، کھلنڈرا، وقت ضائع کرنے والا۔

لوک lok: (س،مذ) جہان، عالم، دنیا، عوام، عوام کا، عوامی۔

لوک سبھا lok-sa-bha(a): (ہ،مث) قومی اسمبلی، ایوانِ زیریں، مجلس دستور کا ایوانِ زیریں۔

لوک کہانی lok ka-haa-ni(i): (ہ،مث) عوامی کہانی، وہ قصے کہانیاں جو عوام میں مروج ہیں۔ انگریزی لفظ Folk Story کا ترجمہ۔

لوک گیت lok giit: (ہ،مذ) عوام کے گیت، عوامی گیت، وہ گیت یا گانے جو عوام میں مروج ہیں اور زیادہ تر دیہات میں گائے جاتے ہیں (انگریزی Folk song کا ترجمہ)

لوک ناچ lok naach: (ہ،مذ) عوام کے قدیم ناچ جو کسی رسم یا تہوار سے تعلق رکھتے ہیں (انگریزی لفظ Folk Dance کا ترجمہ)

لوکا luu-ka(a): (ہ، مذ) لاٹ، لو، لپٹ، آگ کا شعلہ، جلتی ہوئی لکڑی۔

لوکاٹ lo-kaaT: (ہ،مذ) ایک کھٹمٹھا زرد رنگ کا مشہور میوہ۔

لوکل lo-kal: (انگ،صف) مقامی، کسی خاص مقام سے متعلق، Local

لوکی lau-ki(i): (ہ،مث) کدو، لمبا گھیا۔

لوگ log: (ار،مذ) بنی نوع انسان، بہت سے آدمی، اشخاص، خلقت۔

لوگ باگ log-baag: (ار،مذ) عوام، عام لوگ۔

لولا luu-la(a): (ہ،صف) وہ شخص جس کے ہاتھ پیر نہ ہوں، پیروں سے اپاہج، ٹنڈا اور لنگڑا۔

لولو luu-lu(u): (ع،مذ) موتی، گوہر، مروارید۔

لولی luu-lii: (ف،مث) کچنی، رنڈی، ناچنے گانے والی۔ اپاہج۔

لولی فلک luu-lii-fa-lak: (ف، مث) زہرہ، ایک مشہور ستارہ۔

لونڑی laum-Rii: (ہ،مث) بلی کے قد کے برابر ایک جنگلی جانور کنایۃً: عیار، مکار۔

لومہ lo-mah: (ع،مث) ملامت، رسوائی۔

لَون laun: (ع،مذ) رنگ، چہرے کی رنگت، زردی، سرخی، سفیدی۔

لونا lo-na(a): (ہ،صف) سلونا، نمکین، کھاری، شور، کڑوا (مذ) وہ کھار جو دیواروں یا زمین پر پیدا ہوتا ہے۔

لونجی lauN-ji(i): (ار،مث) کچے آموں کی پھانکوں کا اچار۔

لَونڈ lauNd: (ہ،مذ) وہ مہینہ جو ہر تیسرے برس شمسی سال سے قمری سال کو مطابق کرانے کے لیے بڑھایا جاتا ہے، کبیسہ، فضول، زیادہ، فالتو، زائد۔

لَوندا lauN-daa: (ہ،مذ) ڈلا، ڈھیلا، گوندھی ہوئی مٹی، لگدی، مٹی یا گارے کی وہ مقدار جو دونوں ہاتھوں میں اٹھائی جا سکے۔

لَونڈا lauN-Daa: (ہ،مذ) لڑکا، چھوکرا، وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو، بیٹا، بد فعلی کرانے والا لڑکا، یار مفعول۔ لڑکا، کنایۃً نادان اور ناتجربہ کار، چھچھورا، اسم کیفیت مذ: لونڈا پن۔

لَونڈی lauN-Dii: (ار،مث) کنیز، باندی، خدمت کرنے والی عورت، خادمہ، احسان مند۔

لَونڈے باز lauN-De baaz: (ار،صف) اغلام کرنے والا، اسم کیفیت مث: لونڈے بازی۔

لَونڈیا lauN-Di-yaa: (ار،مث) لونڈی کی تصغیر، چھوکری، لڑکی، بیٹی۔

لَونگ laung: (ار،مث) ایک خوشبودار درخت کی کلی جو نہایت تیز اور خوشبودار ہوتی ہے۔ قرنفل، ناک کا ایک زیور جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے۔

لَونی laun-ni/luu-nii: (ار، مث) دیکھیے 'لونا' جس کی یہ تانیث ہے جس میں نمک پایا جائے، کھار، شور، سیم۔

لوہ loh: (ار،مذ) لوہا، آہن۔

لوہ چون loh-chuun: (ار،مذ) لوہے کا چورہ، برادہ آہن۔

لوہا lo-haa: (ار،مذ) ایک سخت دھات کا نام جو بہت مضبوط ہوتی ہے۔ جو بہت سی چیزیں بنانے کے کام آتی ہے۔ آہن، کنایۃً مضبوط، سخت، بھاری، تلوار۔

لوہار lo-haar/lau-haar: (ار،صف) لوہے کی چیزیں بنانے والا، آہنگر، مث: لوہارن، لوہاری۔

لوہے کی چھاتی lo-he ki chhaa-ti(i): (ار،مث) سخت دلی، عالی ظرفی۔

لوہیا lo-hay-ya(a): (ار،صف) لوہے کی چیزیں بیچنے والا۔

لوئی lo-i(i): (ار، مث) اونی چادر، گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا، عزت کا لباس۔

ل۔ہ

لہار la-haar: (ار،مذ،ق) نشہ، لہر۔

لُہار lu-haar/ lau-haar: (ار، مذ) دیکھیے 'لوہار' مع مرکبات، آہن گر۔

لُہان lu-haan: (ار،صف) خون آلود، لہو سے لتھڑا ہوا۔ اور یہ لہو کے ساتھ مستعمل ہے۔ جیسے لہولہان۔

لہجہ lah-ja(h): (ع،مذ) الفاظ کی آواز، تلفظ، کلام، زبان، محاورہ، بول چال، طرزِ کلام، اندازِ گفتگو۔

لہٰذا li-haa-za(a): (ع، متعلق، فعل) اسی واسطے، اسی لیے، پس، الحاصل، الغرض۔

لہر lehr: (ار،مث) موج، تلاطم، امنگ، ترنگ، وجد، حال، وہم، خیال، دیوانگی، کسی مرض یا زہر وغیرہ کا دورہ، کشیدہ کی دھاری بیل، کسی کی یاد یا خیال۔

لہر بہر lehr-behr: (ار، مث) خوش حالی، خوش

اقبالی، آسودگی، چہل پہل (افعال: ہونا)

لہرا leh-ra(a): (ار، مذ) چلتی ہوئی لے، طبیعت میں لہر پیدا کرنے والی آواز یا سر، سارنگی کی ایک گت، سر، آواز، سے لے، ترانہ نغمہ (افعال: اڑانا، بجانا)

لہرانا leh-raa-na(a): (ار، مص) موج مارنا، پانی کا لہریں لینا، لہلہانا، ہلنا، جنبش کرنا، فرانٹے بھرنا۔

لہری leh-ri(i): (ار، صف) ترنگی، موجی، بے پروا، خود سر، زندہ دل، ظریف، ٹھٹھول، خوش مزاج، رسیلا، بھالو۔

لہریا le-har-ya(a): (ار، صف) لہردار، دھاری دار (مذ) ایک قسم کا کپڑا جس میں آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں۔

لہسن leh-san: (ار، مذ) پیاز سے مشابہ ایک ترکاری جو ہنڈیا میں بطور مصالحہ استعمال ہوتی ہے۔

لہسنیا leh-sa-ni-yaa: (ار، صف) لہسن کے رنگ سے مشابہ ایک بیش قیمت جواہر۔

لہک la-hak: (ار، مث) شعلہ، لاٹ، لہلہاہٹ، بہار، جوبن، چمک۔

لہک لہک کر / کے le-hak le-hak kar/ ke: (ار، متعلق فعل) جھوم جھوم کر، خوش ہو ہو کر، امنگ کے ساتھ۔

لہکنا la-hak-naa: (ار، مص) بھڑکنا، جلنا، دہکنا (آگ کا) لہلہانا، لہرانا۔

لہلوٹ lah-loT: (ار، صف) بے قرار، بے تاب، وہ شخص جو دوسروں کی چیزوں کو دیکھ بے قرار ہو جائے اور اسے ہر ممکن طریق سے حاصل کرنا چاہے۔

لہلہاتا lah-la-haa-ta(a): (ار، صف) ہرا بھرا، تروتازہ، لچکتا ہوا، جنبش کرتا ہوا۔

لہلہانا leh-la-haa-na(a): (ار، صف) جھومنا، ہوا سے ہلنا (سبز کھیت وغیرہ) تروتازہ ہونا، پھولنا، پھلنا۔

لہلہاہٹ leh-la-haa-haT: (ار، مث) کھیت کی ہوا سے ہلنے کی کیفیت، سرسبزی وشادابی۔

لہنگا lehn-ga(a): (ہ، مذ) عورتوں کا غرارہ، گھگھرا۔

لہو / لہو la-huu: (ار، مذ) خون، دم، ایک خلط، اپنا، یگانہ، ایک باپ دادا کی اولاد۔

لہولہان la-huu-la-haan: (ار، صف) خون میں لتھڑا، خون آلود، خون سے بھرا ہوا زخمی (افعال: کرنا، ہونا)

لہو ولعب la-huu-wo-la(?)b: (ع، مذ ترکیب فارسی) کھیل کود، سیر تماشا، عیش ونشاط، تفریح، ہنسی، مذاق۔

ل۔ء

لئیق la-iiq: (ار، صف) لائق، قابل۔

لئیم la-iim: (ع، صف) وہ کنجوس جو نہ خود کھائے اور نہ دوسرے کو کھانے دے، کمینہ، سفلہ۔

ل۔ے

لے lai: (ار، مث) سر، آواز، آہنگ، لحن، لہجہ، شوق، آرزو، تمنا، دھن، رٹ، تسلسل، سلسلہ، گانے کی رفتار جس کا تعین تال سے ہوتا ہے۔

لے پالک le-paa-lak: (ار، صف) گود لیا ہوا، لے کر پالا ہوا، متبنیٰ۔

لے دے کر / کے le-de-kar/ ke: (ار، متعلق، فعل) بڑی محنت اور کوشش سے، بمشکل، بیباق کرکے، دے دلا کر۔

لے کر / کے le-kar: (ار، متعلق فعل) ابتدا کرکے۔

لیاقت li-yaa-qat: (ع ،مث) قابلیت، وصف، جوہر،خوبی،عمدگی، دانائی، ہوشیاری، کسی چیز کے حاصل کرنے کا مادہ۔شائستگی،تمیز،حوصلہ،ظرف،مقدار۔

لیالی li-yaa-li(i): (ع،مث) دیکھیے 'لیل' جس کی یہ جمع ہے۔راتیں، کنجوس۔

لیام li-yaam: (ع ،صف) دیکھیے 'لئیم' جس کی یہ جمع ہے۔

لیبارٹری le-baareT-ri(i): (انگ،مث) Laboratory، وہ کمرا جہاں سائنس کے تجربات کیے جاتے ہیں۔

لیبر le-bar: (انگ،مث) Labour مشقت، محنت،مزدور۔

لیبل le-bil: (انگ، مذ) Lebel کاغذ، کپڑے یا دھات کا ٹکڑا جو کسی چیز پر اس کا نام نوعیت اور مالک کا پتہ نشان وغیرہ بتانے کے لیے لگایا جاتا ہے۔

لیپ lep: (ار،مذ) ضماد، پلستر، وہ دوا جو پانی یا روغن میں ملا کر کسی جگہ لگائی جائے۔ کہگل، لپائی (افعال: لگانا،لگنا)

لیپ پوت liip-pot: (ار، مث) لپائی، کہگل (افعال: کرنا،ہونا)

لیپا پوتا lii-paa-po-taa: (ار، مذ) پلستر کیا ہوا، بنا بنایا، کیا کرایا۔

لیپنا lep-naa: (ار،مص) پوتنا، کہگل کرنا،سفیدی کرنا، گوبری پھیرنا، پلستر کرنا، کنایۃً چھپانا، مخفی کرنا۔

لیتھ leth: (انگ،مث)Lathe خرادنے کی مشین۔

لیتھو (گرافی) le-tho(gi-raa-fi(i)): (انگ، مث)Lithography طباعت کا وہ طریقہ جس میں پہلے کاغذ پر لکھ کر پتھر یا دھات کی پلیٹ پر سے چھپائی کرتے ہیں۔

لیٹ leT: (انگ،صف) Late دیر سے آنے والا، (متعلق فعل) دیر سے بے وقت، وقت کے بعد۔

لیٹربکس le-Tar-baks: (انگ،مذ) Letter Box خطوں کا صندوق، ڈاک خانے کا سرخ رنگ کا ڈبا جس میں چٹھیاں ڈالتے ہیں۔

لیٹنا leT-naa: (ار،مص) سیدھا ہو کر پڑنا، آرام کرنا، سونا، پاؤں پڑنا، خوشامد کرنا، عجز کرنا، ہار ماننا، مغلوب ہونا، زمین پر گر جانا۔

لیجر le-jar: (انگ، مذ) Ledger روزنامچہ۔ بہی کھاتہ، روزانہ حساب کی کتاب۔

لجسلیٹو اسمبلی le-jis-le-Tiv a-sam-bli(i): (انگ،مث) Legislative Assembly صوبے یا ملک کی مجلس قانون ساز۔

لیچڑ lii-chaR: (ہ،صف) کنجوس، بخیل، بد معاملہ، لے کر نہ دینے والا، اسم کیفیت مذ: لیچڑپن۔

لیچی lii-chi(i): (ہ،مث) ایک کھردرے چھلکے والا سرخی مائل شیریں پھل۔

لید liid: (ہ،مث) گھوڑے، گدھے یا ہاتھی کا فضلہ یا گوبر۔(افعال: کرنا)

لیدر lai-dar: (انگ، مذ) Leather چمڑا، کمایا ہوا چمڑا۔

لیڈی le-Dii: (انگ،مث)Lady بی بی، بیگم، معزز عورت، خاتون، لارڈ کی تانیث۔

لیس lais: (ار،صف) کمر بستہ، مستعد، تیار، آمادہ، کیل کانٹے سے درست۔

لیس les: (انگ،مث)Lace فیتہ، جھالر، گوٹا کناری، ڈوری۔

لیس les: (ہ،مذ) چیپ، چپچپاہٹ، گوبر اور بھوسا ملی ہوئی مٹی جو دیواروں پر پھیری جاتی ہے۔ایک قسم کا تیر جس کا پیکان لمبا ہوتا ہے۔

لیسدار les-daar: (ار، صف) چپچپا، چپکنے والا۔
لیسنا les-naa: (ہ، مص) پلستر کرنا، لیپنا، بھرنا۔
لیک lek: (ف، حرف استدراک) لیکن کا مخفف۔
لیک liik: (ہ، مث) راہ، گاڑی کے پہیے کا نشان۔ انعام جو حسب دستور کمپنیوں کو دیا جاتا ہے۔ رسم و رواج۔
لیکن le-kin: (ف، حرف استدراک) الا، مگر، پر (شک دور کرنے کے لیے)
لیکوریا li-ko-ri-aa: (انگ، مث Leucorrhoea) دیکھیے سیلان الرحم۔ (عورتوں کی) سفید پانی کی بیماری۔
لیکھ liikh: (ہ، مث) جوں کا انڈا، چھوٹی جوں، دیکھیے لیک۔
لیکھ lekh: (ہ، مث) نوشتہ، تقدیر کا / قسمت کا لکھا، نام لکھنا، دستخط۔
لیکھا le-khaa: (ہ، مذ) حساب، لین دین، پکا حساب، بہی کھاتہ، معاملہ، برتاؤ۔
لیگ liig: (انگ، مث League) جمعیت، مجلس، جماعت۔
لیل lail: (ع، مث) رات، شب۔
لیلا lii-laa: (ہ، مث) کھیل، خوشی، تماشا، بھیس، بہروپ، قدرت، مظاہر قدرت۔ کرشمہ، عجوبہ۔
لیلا دھاری lii-laa-dhaa-rii: (ہ، صف) ایکٹر، تماشا کرنے والا، بہروپیا۔
لیلۃ الاسری lai-la-tul-as-ra(a): (ع، مث) شب معراج۔
لیلۃ القدر lai-la-tul-qadr: (ع، مث) رمضان المبارک کی ایک رات جس میں عبادت کرنا ہزار رات سے بہتر ہے۔ شب قدر۔
لیلیٰ lai-laa: (ع، مث) کالی، شب رنگ، سیاہ فام، سانولی، قیس (مجنوں) کی معشوقہ۔
لیمپ laimp: (انگ، مذ Lamp) چراغ، دیا۔

لیمن lai-man: (انگ، مذ Lemon) لیموں، نمبو، ترنج۔
لیمو (ن) lii-mu: (ف، مذ) نیبو، ترنج، ایک ترش، گول پھل۔
لیموں نچوڑ lii-muNni-choR: (ار، صف) مفت خورا۔
لین len: (ار، مث) (انگ لفظ Line کا بگاڑ) لکیر، خط، جدول، قطار، صف، لوہے کی پٹری، ریل کی سڑک، رسی، ڈوری، چھاؤنی کیمپ، لشکر گاہ۔ نیز دیکھیے لائن بمعہ مرکبات۔
لین lain: (ہ، مذ) لینے کا عمل۔
لین دین lain-dain: (ار، مذ) لینا دینا، داد و ستد، حساب کتاب، معاملہ، برتاؤ، بیوپار، خرید و فروخت، واسطہ، تعلق، سروکار، کاروبار، تجارت، سوداگری۔
لینا lai-naa: (ار، مص) پکڑنا، حاصل کرنا، تھامنا، خریدنا، قرض لینا، فتح کرنا، وصول کرنا، استقبال کرنا، پیش آنا، قرضہ، قرض۔
لینڈ lainD: (انگ، مث Land) زمین، خشکی، سر زمین، ملک۔
لینڈو laiN-Do: (انگ، مث Landau) چار پہیوں کی گاڑی، جس کی چھت گرائی جا سکتی ہے۔
لینڈی laiN-Dii: (ہ، مث) بستہ پاخانہ، براز، (مذ) ایک قسم کا بازاری کتا، ڈرپوک، بزدل۔
لیوَر li-var: (انگ، مذ Lever) مشین میں لگی ہوئی دھات کی سلاخ جو وزن کو اوپر اٹھائے رکھتی ہے بیرم۔
لیول le-vil: (انگ، مذ Level) ہموار، سطح، معماروں کا ایک اوزار جس سے سطح کی یکسانیت دیکھتے ہیں (صف) کنایۃً مساوی، برابر، یکساں، ایک سطح پر۔
لیہی / لیئی le-hii le-ii: (ہ، مث) لیس دار مادہ جو میدے کو پانی میں پکا کر بنتا ہے۔ پلپس، لیری، ضماد۔

م

م m: (ع، مذ) اس کا نام میم ہے یہ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں اکتیسواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت دونوں ہونٹ ایک دوسرے سے جا کر مل جاتے ہیں اور ہوا منہ کے بجائے ناک سے خارج ہوتی ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت غشائی پردے سکڑ کر ارتعاش کرتے ہیں جس کی وجہ سے اندر گونج سی پیدا ہوتی ہے۔ صوتیات کی اصطلاح میں اس آواز کو مسموع، دولبی، انفی، مصمتہ یا حرف صحیح کہتے ہیں۔

م-ا

مابدولت ma-ba-dau-lat: (ف، روزمرہ) بادشاہ خود اپنے لیے کہتے تھے۔

مابعد maa-ba(?)d: (ع، صف) جو کچھ بعد میں آئے، پچھلا، پیچھے آنے والا، پیچھے کا۔

مابعد الطبیعات maa-ba(?)d-ta-bii-(?)aat (ع مث) فوق الفطرت، صف نسبتی، مابعد الطبیعاتی۔

مابین ma-bain: (ع، متعلق فعل) درمیان میں، وسط میں، بیچ میں، اثنا میں، (صف) درمیانی، وسطی، بیچ کا (مذ) درمیان، وسط، دروں۔

ماتحت ma-taht: (ع، صف) زیر حکم، تابع فرمان، (مذ) نائب، مددگار، معاون، وہ ملازم جو زیر حکم کام کرے (افعال: رکھنا، ہونا)

ماجرا maaj-raa: (ع، مذ) جو چیز جاری ہو، جو کچھ کہ گزر گیا ہو، سرگزشت، احوال بیتی۔ حادثہ، وثیقہ، واردات، حالت، وجہ، کیفیت، حال احوال، خیر خبر، ذکر اذکار، افعال: پوچھنا، سننا، کہنا

ماحصل maa-ha-sal: (ع، مذ) جو کچھ کہ حاصل ہو، حاصل شدہ نتیجہ، حصول، پھل، ثمرہ، نفع، منافع، فائدہ، پیداوار، پیدا۔

ماحضر maa-ha-zar: (ع، مذ) جو کچھ حاضر یا موجود ہو، کھانا جو موجود ہو، دال دلیا۔

ماحول maa-haul: (ع، مذ) گرد و پیش، حلقہ اثر۔

مادام maa-daam: (ع، متعلق فعل) ہمیشہ، مدام، جب تک، جب کہ۔

ماسلف maa-sa-laf: (ع، صف) گزرا ہوا، گزشتہ، بیتا ہوا۔

ماسوا maa-si-vaa: (ع، حرف استثنا) اس کے علاوہ، جو کچھ کہ ہوا ہوا بجز، علاوہ، صوفیوں کی اصطلاح میں خدائے تعالیٰ کے علاوہ دوسری چیزیں، معشوق مجازی۔

ماشاءاللہ maa-shaa-al-lah: (ع، معلق فعل) جو خدا چاہے، کسی چیز کی تعریف کے موقع پر کہتے ہیں۔

مافات maa-faat: (ع، مذ) جو فوت ہوا، جو گزر گیا۔

مافوق الفطرت / الطبعہ maa-fau-qul-fit-rat/tab-(?)ah: (ع، صف) عقل و فہم سے بالاتر، انتہائی حیرت انگیز بات۔

مافی الضمیر maa-fii-az-za-miir: (ع، مذ) جو کچھ دل میں ہو، دل کی بات۔

مافیہا maa-fii-ha(a): (ع، مذ) جو کچھ اس میں ہے، جو کچھ دنیا میں ہے جو کچھ آسمان اور زمین کے درمیان میں ہے۔

ماقبل maa-qabl: (ع، صف) جو پہلے ہو، پہلے کا۔

ماوَرا maav-ra(a): (ع،صف) بالاتر، اسم کیفیت مث: ماورائیت۔

مآب ma-aab: (ع، مذ) واپسی کی جگہ، جائے بازگشت، وہ جگہ جہاں انسان یا کوئی چیز واپس آجاوے۔ وہ جگہ جس میں کوئی چیز ہو۔ مقررہ جگہ، اردو میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے عزت مآب، رسالت مآب۔

مآت me-aat: (ع،مذ) ماۃ کی جمع، کئی سو، صدہا۔

مآثر ma-aa-sir: (ع،مذ) ماثرہ کی جمع، اچھے آثار، اچھے کام، اچھی خصوصیتیں، (حدیث میں) تاریخیں، نشانیاں، یادگاریں، مرکبات میں استعمال ہوتا ہے، جیسے ظفر مآثر۔

مآرب ma-aa-rib: (ع،مث) ماربہ کی جمع، ضرورت کی چیزیں، ضروریات۔

مآل ma-aal: (ع،مذ) جائے بازگشت، واپس آنے کی جگہ، مرجع، انجام، اخیر، خاتمہ، نتیجہ، مرکبات میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے خیر مآل۔

مآل اندیش ma-aal-an-desh: (ع،صف) ہر بات کے نتیجہ کو سوچنے والا، دور اندیش، اسم کیفیت مث: مآل اندیشی۔

مآل کار ma-aal-kaar: (ع،متعلق فعل) آخر کو، انجام کار۔

مآلِ کار ma-aa-le-kaar: (ع،مذ) نتیجہ، کرنی کا پھل، نتیجہ کار۔

ماپ maap: (ہ،مذ) پیمائش، ناپ، پیمانہ، جانچ، اندازہ، جریب کشی، ماپنا مصدر سے صیغہ امر۔

مات maat: (ع،مث) شکست، ہار، ہزیمت، شطرنج یا بیت بازی میں ہار، صف، عاجز، ہارا ہوا، مقابلے سے عاجز۔

ماتا maa-taa: (ہ،مث) بڑی عورت کو عزت سے خطاب کرتے ہیں۔ چیچک، سیتلا (صف) مدہوش، مست، بھرا ہوا، بھرپور، شگفتہ، شاداب، کامل، پورا، بالغ، جوان۔

ماترا maat-raa: (ہ،مث) ماپ، پیمائش، تھوڑی سی چیز، ذرّہ، عنصر، لحہ، لحظہ، حصہ، دوائی کی خوراک، وہ وقت جو چھوٹی حرکت کے بولنے میں لگے، ناگری الفاظ کا اوپر کا حصہ، مال و متاع، جائداد، دولت، شیشہ۔

ماتم maa-tam: (ع،مذ) مرنے کا غم، گریہ وزاری، سوگ، بیاپا شیون، سینہ زنی، سینہ کوبی، امام حسینؓ کی عزاداری میں شیعوں کا سینہ پیٹنے کا فعل، آفت، مصیبت، چِتا، غم، رنج، الم، ملال، اندوہ، کہرام، عورتوں کا سوگ یا سیاپے کے لیے اجتماع۔

ماتم پُرسی maa-tam pur-sii: (عف،مث) اور ثائے میت کی ہمدردی تعزیت پرسا (افعال: کرنا، ہونا)

ماتم خانہ / سرا / کدہ maa-tam Kaa-nah/ sa-raa ka-dah: (عف، مذ) وہ گھر جس میں کوئی موت ہوگئی ہو، سوگ / غمی کا گھر۔

ماتم دار maa-tam daar: (عف،صف) ماتمی، سوگی، سوگوار، جس کے گھر میں کوئی موت ہو جائے، اسم کیفیت مث: ماتم داری۔

ماتم نشین maa-tam na-shiin: (عف، صف) وہ جس کے گھر میں ماتم ہو / موت واقع ہوئی ہو اور لوگ پرسے کے واسطے اس کے پاس آئیں۔ سوگوار۔

ماتمی maat-mi(i): (ع،صف) ماتم کے متعلق، ماتم سے تعلق رکھنے والا، ماتم کرنے والا، سوگوار۔

ماتھا maa-tha(a): (ہ، مذ) سر کا وہ حصہ جو بالوں

سے نیچے اور بھوؤں کے اوپر ہے۔ پیشانی، جبیں، ناصیہ، جبہہ، جہاز یا ناؤ کا اگلا حصہ۔

ماث/ماٹھ maaT/maaTh: (ہ، مذ) بڑا مٹکا، خم، نیل کا حوض۔

ماٹی maa-Thii: (ہ، مث) مٹی، گرد، غبار، خاک، دھول، زمین، دھرتی۔

ماثور/ماثورہ maa-suur/ maa-suu-ra(h): (ع، صف) وہ جو حدیث سے معلوم ہو، جیسے ادعیہ ماثورہ۔

ماجد maa-jid: (ع، صف) بزرگ، بزرگوار، قابل احترام، جیسے والد ماجد مث: ماجدہ۔

ماجوج maa-juuj: (سریانی، مذ) ایک قوم جس کے متعلق خیال ہے کہ قیامت کے نزدیک عروج کرے گی۔ اس کو روکنے کے لیے ذوالقرنین نے دیوار بنائی تھی۔ دیکھیے 'یاجوج ماجوج'۔

ماجور maa-juur: (ع، صف) اجر دیا گیا، ثواب دیا گیا۔

ماجھی maa-jhi(i): (ہ، مذ) ملاح، کشتی چلانے والا، مانجھی، ناخدا۔

ماچا/ماچہ maa-cha(a): (ہ، مذ) بڑا پلنگ، اونچی اور بڑی چارپائی، مچان، وہ اونچی جگہ جہاں بیٹھ کر پرندوں کو اڑاتے/شیر وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔

ماچاتوڑ ma-chaa-toR: (د، صف) وہ جو ہر وقت چارپائی پر پڑا رہے۔ سست، کاہل، جو پلنگ سے نہ اٹھے، راجپوت سپاہیوں کی ایک قسم جو ہر وقت بھنگ کے نشہ میں پڑے رہتے تھے مگر میدان جنگ میں بڑی بہادری دکھاتے تھے۔

ماچخر maa-chaa-Kar: (ع، صف) بیوقوف، احمق۔

ماچھ/ماچھی maa-chii/ maa-chhi(i): (ہ، مذ مث) مچھلی۔

ماچی maa-chii: (ہ، مث) چھوٹی چارپائی، پلنگڑی، وہ جالی دار تھیلا جو گاڑی کے نیچے اسباب رکھنے کے لیے ہوتا ہے۔ ایک قسم کا بیلوں کا جوا جو دو لکڑیوں سے بنا ہوتا ہے۔ میڑا، بہنگا، پیڑھی، گاڑی کا صندوق، گاڑی کے پیچھے کی وہ جگہ جس پر نوکر یا بچہ بیٹھتا ہے۔ (دکنی) مکھی۔

ماحی maa-hii: (ع، صف) محو کرنے والا، نیست و نابود کرنے والا۔

مآخذ ma-aa-Kaz: (ع، مذ) دیکھیے 'ماخذ' جس کی یہ جمع ہے، مرکز۔

ماخذ maa-Kaz: (ع، مذ) وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے، منبع، نکاس، چشمہ۔

ماخوذ maa-Kuuz: (ع، صف) مبتلا، لپٹا ہوا، گرفتار، پکڑا ہوا، حاصل کیا، لیا گیا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مادام maa-daam: (ار، مث) انگریزی Madam کا مواد خاتون، بیگم۔ (ع) جب تک کہ

مادر maa-dar: (ف، مث) ماں، والدہ / اماں، ماتا۔

مادربخطا maa-dar-baK-taa: (ف، مث) (گالی) جس کی ماں نے خطا/زنا کیا ہو، ولدالزنا۔

مادرپدر maa-dar-pi-dar: (ف، مث) ماں باپ، والدین۔

مادرپدرآزاد maa-dar-pi-dar aa-zaad: (ف، صف) ہر قسم کی اخلاقی اور مذہبی پابندیوں سے آزاد۔

مادرزن/مادرشوہر maa-da-re-zan/ ma-da-re-shau-har: (ف مث) ساس۔

مادرانہ maa-da-raa-na(h): (ف،صف) ماں کی طرف منسوب، ماں کا۔

مادری maad-rii: (ف، صف) دیکھئے 'مادرانہ' پیدائشی، فطری۔

مادری زبان maad-rii-zu-baan: (ف،مث) وہ زبان جو انسان اپنی ماں سے سیکھے، ذاتی زبان، اپنی بولی۔

مادہ maa-dah: (ف،مث) مؤنث، جانوروں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

مادّہ mad-da(h): (ع،مذ) اصل، وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جائے، ماخذ، دھاتو، جڑ، منبع، مخرج۔

مادّہ پرست mad-da-pa-rast: (عف،صف) مادہ کو سب کچھ سمجھنے والا، دہریہ، ملحد، اسم کیفیت مث: مادہ پرستی۔

مادّی maad-dii: (ع،صف) منسوب بہ مادہ، اصلی، جبلی، ذاتی، قدرتی، خلقی، طبعی۔

مادّیات maa-diy-yaat: (ع،مث) دیکھیے 'مادیت' جس کی یہ جمع ہے۔ مادی چیزیں، مخلوقات۔

مادیان maad-yaan: (ف،مث) گھوڑی، گدھی۔

مادّیت maa-diy-yat: (ع، مث) جسمانیت، جسمیت، مادہ ہونے کی حالت۔

ماذون maa-zuun: (ع،مفعول) اجازت دیا گیا۔

مار maar: (ار،مث) چوٹ، ضرب، دھکا، صدمہ، دکھ، درد، ٹوٹا، لعنت، پھٹکار۔ (صف) ہلاک کرنے والا، مارنا کا حاصل مصدر۔

مار maar: (ف،مذ) سانپ، ناگ، افعی، کیڑا۔

مار آستین maa-re-aas-tiin: (ف،صف) وہ شخص جو دوست بن کر دشمنی کرے۔

مار پٹائی maar-pi-Taa-i(i): (ار،مث) مار پیٹ۔

مار پیٹ maar-piiT: (ار،مذ) زدوکوب، مار کٹائی، لڑائی جھگڑا۔

مارخور maar-Kor: (ف،مذ) ایک قسم کا جنگلی بکرا۔

ماردھاڑ maar-dhaaR: (ار،مث) زدوکوب، مار پیٹ، لڑائی، جنگ وجدل (دھاڑ تابع ہے) (افعال: کرنا، ہونا)

مار ضحاک maa-re-zu-haak: (ف، مذ) دو سانپوں میں سے ایک جو روایتہً شیطان کے بوسہ دینے سے ضحاک کے شانوں پر پیدا ہو گئے تھے اور ان کو روزانہ دو آدمیوں کا مغز کھلایا جاتا تھا۔

مار کٹائی maar ka-Taa-ii: (ار،مث) مار پیٹ، زدوکوب، ماردھاڑ۔

مار گزیدہ maar-ga-zii-dah: (ف،صف) سانپ کا کاٹا ہوا، ڈسا ہوا،

مار گنج maar-ganj: (ف،مذ) وہ سانپ جو خزانے کا نگہبان ہوتا ہے۔ پرانے جاہل لوگ خزانہ دفن کر کے اس پر طلسم کا سانپ بٹھا دیا کرتے تھے، کنجوس، سخت بخیل۔

مالتی maal-ti: (س، مث) کلی، شگوفہ، دوشیزہ، کنواری لڑکی، نوجوان عورت، چاندنی، رات، کئی پودوں کا نام چنبیلی یاسمن وغیرہ۔

مالٹا maal-Taa: (ار،مذ) سنگترے کی قسم کا یا اس سے بڑا ایک ترش و شیریں پھل جو پاکستان میں بکثرت ہوتا ہے۔

مالدا maal-daa: (ھ،مذ) ہندو پاکستان کا ایک مشہور خوشبودار اعلیٰ قسم کا آم۔

مالسری maal-sa-rii: (ھ، مث) ایک خوشبودار پھولوں والا درخت۔ بیری راگ کی پانچویں راگنی جو اگہن پوس میں گائی جاتی ہے۔ جدید تقسیم کے

مطابق کلیان ٹھاٹھ کی ایک راگنی جس میں پانچ سر ہوتے ہیں۔

مالش maa-lish: (ف،مث) ملنا، رگڑنا، مٹھی، چپی کا ملنا، صیقل، جلا، کھریرا پھیرنا / کرنا، کسی چیز کو جسم پر مل کر جذب کرنا (افعال: کرنا)

مالک maa-lik: (ع،مذ) صاحب، آقا، خدا تعالی، شوہر، قابض مختار، حضرت امام مالکؒ فقہ کے بہت بڑے امام جن کے پیرو مالکی کہلاتے ہیں۔

مالکُ الرِّقاب maali-kur ra-qaab: (ع،صف) گردنوں کا مالک، آقا، غلاموں کا آقا۔

مالکُ المُلک maa-li-kul mulk: (ع،مذ) ملک کا مالک، بادشاہ، راجا، شہنشاہ والی ملک، خدا تعالی۔

مالکِ حقیقی maa-li-ke ha-qii-qii: (ع،مذ) اصلی مالک، خدا تعالی۔

مالکانہ maa-li-kaa-nah: (عف،صف) مالک سے منسوب۔

مالکوس maal-kuus: (ھ،مذ) ایک راگ جو ماگھ یا پھاگن میں گایا جاتا ہے۔ بھیرویں ٹھاٹھ کا راگ جو رات کو گاتے ہیں۔

مالوف maa-luuf: (ع،صف) مانوس، خوگر، انیس، پیارا، عزیز، اپنا وطن، پیارا وطن، جنم بھوم۔

مالی maa-li(i): (ھ،مذ) ایک قوم جو باغبانی کا پیشہ کرتی ہے، اُس کا فرد، باغبان ؛ مث: مالن / مالنی۔

مالی maa-li(i): (ع،صف) مال سے منسوب، مالگزاری سے منسوب، عدالت مال سے منسوب۔

مالیات maa-li-yaat: (ع،مذ) مالی امور، خزانہ۔

مالیت maa-liy-yat: (ع،مث) جمع، پونجی، سرمایہ، دولت، دھن، مول، قیمت، قدر و منزلت، وقعت، مال پن، مول، اصل قیمت، تشخیص، جانچ۔

مالیخولیا maa-lii-Kol-ya(a): (یو،مذ) میلنکولیا سے ماخوذ، خلل دماغ، خفقان، سودا، خیال خام۔

مالیدہ ma-lii-dah/ ma-lii-da(h): (ف، صف) ملا ہوا، رگڑا ہوا، ایک قسم کا اونی کپڑا جو مل کر نرم کیا جاتا ہے۔ چورما، روٹی کے ٹکڑوں کو چورا چورا کر کے اس میں کھانڈ اور گھی ملانے سے جو چیز تیار ہوتی ہے۔

مالیہ maa-li-yah: (ع،مذ) مالیت، مال گزاری، خراج۔

ماما/ماماں maa-maa/maa-maaN: (ھ،مذ) ماموں، ماں کا بھائی۔

ماما / مام maa-maa/maam: (ف،مث) والدہ، ماں، ماتا (ان معنوں میں انگریزی زبان میں بھی ماما ہی کہتے ہیں) بڑھیا، بوڑھی عورت، کھانا پکانے والی عورت، باورچن، خادمہ، ملازمہ، دائی، مسلمانوں میں وہ عورت جو گھر کا کام کاج کرے۔

ماماگری / گیری maa-maa-gi-ri(i): (ف،مث) عورت کی کھانا پکانے کی ملازمت، باورچی گیری، خدمت گاری کا پیشہ (افعال: کرنا، ہونا)

مامائی maa-maa-i(i): (ف،مث) دایہ گیری۔

مامتا maam-ta(a): (ھ، مث) ماں کی محبت، الفتِ مادرانہ، الفت، شفقت، پیار۔

مامن maa-man: (ع،مذ) امن کی جگہ، پناہ کی جگہ، جائے امن، ٹھکانا۔

مامور maa-muur: (ع،صف) حکم کیا گیا، اجازت کیا گیا، مقرر، معین۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مامون maa-muun: (ع،صف) امن دیا گیا، محفوظ، بے خوف۔

ماموں maa-muuN: (ار، مذ) ماں کا بھائی، چاند، سانپ، چوہا، عورتوں کی زبان میں۔

ماں maaN: (ھ، مث) وہ عورت جس نے جنا ہو، ماتا، مادر، والدہ۔

ماں باپ maaN baap: (ھ، مذ) والدین، ماتا پتا۔

ماں جایا maaN jaa-yaa: (ھ، مذ) بھائی جو ماں کے بطن سے ہو، مث: ماں جائی۔

مان maan: (ھ، مذ) ماننا مصدر سے صیغہ امر، مذ اپنے متعلق اچھی رائے، غرور، گھمنڈ، تکبر، نخوت، کبر، ابھیمان، عزہ۔

مان پان maan paan: (ھ، مذ) عزت آبرو۔

مان جانا maan jaa-naa: (ار، محاورہ) منظور کر لینا، تسلیم کر لینا، راضی ہو جانا، اقرار کر لینا، استادی کا قائل ہو جانا/ ہونا، اعتراف کرنا۔

مانجھنا maaNjh-naa: (ار، مص) برتن صاف کرنا، اُجالنا، اُجلا کرنا، سونتنا، بٹی ہوئی ڈور یا دھاگے کو تر کپڑے سے صاف کرنا، کسی کام میں مشق کرنا۔

مانجھ maaNjh: (ھ، مث) وسط، بیچ، درمیان، ایک راگنی، ایک قسم کا شعر (صف) درمیانی، وسطی، متعلق فعل میں، اندر۔

مانجھا maaN-jha(a): (ھ، مذ) دیکھیے، مانج بمعنی دلدلی زمین، درخت کا تنا، وہ مصالحہ جو پتنگ اڑانے کی ڈور میں ملتے ہیں۔ چاولوں کی بھدی میں کٹا اور کترا ہوا شیشہ اور رنگ ملا کر بناتے ہیں (افعال۔ سونتنا) وہ دعوت جو دولہا یا دلہن کی طرف سے شادی سے پہلے دی جاتی ہے۔ وہ زرد پوشاک جو دلہن کو مائیوں میں پہنائی جاتی ہے۔ مائیوں کا جوڑا۔ (افعال: پہننا، پہنانا) دولہا و دلہن کا شادی سے پہلے گوشے میں بیٹھ جانا۔

مانجھی maaN-jhi(i): (ھ، مذ) ملاح، کشتی چلانے والا مث: مانجھن۔

ماند maaNd: (ار، صف) جس کی آب وتاب / چمک دمک جاتی رہے۔ بے آب وتاب، بے رونق، غیر مجلّہ، غیر مصفا۔

ماندو بود maan-do-buud: (ف، مث) رہنے سہنے کا طریقہ، طرز رہائش۔

ماندہ maan-dah: (ف، صف) تھکا ہوا، خستہ، بچا ہوا، پیچھے رہا ہوا، مرکبات میں جیسے باقی ماندہ، درماندہ، مریض، علیل، اسم کیفیت مث: ماندگی۔

مانڈ maaND: (ھ، مذ) اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی، پیچ، مانڈی، کلف، دھار، ماوا۔

مانڈی maaN-Dii: (ھ، مث) پیچ، کلف، ماوا۔

مانس / مانَس maaNs/maa-nas: (ھ، مذ) آدمی، انسان، اردو میں صفت بھلا مانس اور بن مانس میں مستعمل ہے۔

مانع maa-ne(?): (ع، صف) منع کرنے والا، روکنے والا، خدا تعالیٰ کا نام، روک، ممانعت، اٹکاؤ۔ (افعال: آنا) جمع مانعات۔

مانک maaNk: (ھ، مذ) موتی، گوہر، ایک قسم کا ماتھے کا زیور جس پر موتی جڑے ہوتے ہیں، ٹیک۔

مانگ maaNg: (ھ، مث) گاہکی، خریداری، ضرورت، طلب، وہ لڑکی جس کی نسبت ہوگئی ہو، منگیتر، شوہر، خاوند، سر کے بالوں کی درمیانی لکیر، مانگنا مصدر سے صیغہ امر۔

مانگ بھری maaNg bha-rii: (ھ، مث) سہاگن، جورو، بیوی (صف) عزیزہ، پیاری۔

مانگ پٹی maaNg paT-Tii: (ھ، مث) سر کے

بالوں کی درستی، کنگھی چوٹی۔

مانگا maaN-gaa: (ہ، مذ) مانگنا مصدر سے ماضی، صف، طلب کیا ہوا، مستعار لیا ہوا۔

مانگنا maaNg-naa: (ار، مص) درخواست کرنا، چاہنا، طلب کرنا، سگائی، چاہنا، دعا، التجا، قرض طلب کرنا۔

مانند maa-nind: (ف، صف) مثل، نظیر، مشابہ، ہو بہو، بعینہٖ۔

مانوس maa-nuus: (ع، صف) ہلا ملا، ملا ہوا، شیر و شکر، اُنس کردہ، مالوف، مائل، راغب، خوگر، پسند، مرغوب (افعال: کرنا، ہونا)

مانی maa-nii: (ف، مذ) ایک مشہور رومی مصور کا نام جس کا مرقع ارژنگ تھا۔ اس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا اور مصوری کو اپنا معجزہ بتاتا تھا۔

مانیٹر maa-ni-Tar: (انگ، مذ) Moniter مدرسے میں مدرس کا خلیفہ۔

ماوا maa-vaa: (ہ، مذ) اصل، جوہر، مادہ، گاڑھا ہوا دودھ۔ کھویا، مانڈی، کلف، مانجھی، سامان، مصالح، سرشت، خمیر، دودھ، نشاشتہ، عطاروں کی اصطلاح میں صندل کا عطر، انڈے کی زردی۔

ماہ maah: (ف، مذ) چاند، قمر، چندرماں، ماہتاب، مہینہ، ایک ہلال کے دیکھنے سے دوسرے ہلال کے دیکھنے تک کا عرصہ۔ ہر شمسی مہینہ کے بارھویں دن کا نام، چاند کے مؤکل کا نام، کوئی کام جو بارھویں تاریخ کو کیا جائے، معشوق (پہلوی) شہر، ملک۔

ماہ بماہ maah-ba-maah: (ف، متعلق فعل) ہر مہینے، ماہوار، ایک مہینے سے دوسرے مہینے تک۔

ماہ پیکر maah-pai-kar: (ف، صف) وہ جس کا بدن چاند کی مانند خوبصورت ہو، معشوق کی تعریف۔

ماہتاب maah-taab: (ف، مذ) چاند کی روشنی، چاندنی، چاند، ایک قسم کی آتش بازی، گنجفہ کا وزیر۔

ماہتابی maah-taa-bii: (ف، مث) وہ زمین جس پر چاندنی پڑے، ایک قسم کی آتش بازی، کمرا یا چبوترہ جس پر بیٹھ کر چاندنی کی بہار دیکھیں۔

ماہ جبیں maah-ji-biiN: (ف، صف) وہ جس کی پیشانی چاند کی مانند خوبصورت ہو، معشوق کی تعریف۔

ماہ رُخ / رو maah-ruK/ru(u): (ف، صف) دیکھیے 'ماہ پیکر' (مذ) سفید رنگ کا کبوتر، شیرازی کبوتر۔

ماہ کامل maa-he-kaa-mil: (ف، مذ) پورا چاند، بدر۔

ماہ کنعان / مصر maa-he-ki-naa(?)n: (ف، مذ) حضرت یوسفؑ۔

ماہ لقا maah-ba-qaa: (ف، صف) دیکھیے 'ماہ پیکر'

ماہ نو maa-he-no: (ف، مذ) مہینے کا پہلا چاند، ہلال۔

ماہ نیم ماہ maa-he-niim-maah: (ف، مذ) چودھویں رات کا چاند۔

ماہوار mah-vaar: (ف، صف) ہر مہینے ماہ بماہ، (مذ) مشاہرہ، تنخواہ۔

ماہواری maah-vaa-rii: (ف، مث) ماہانہ جو ہر مہینے کے بعد ملے۔ (مث) تنخواہ یا وظیفہ جو ہر مہینے کے بعد دیا جائے (مذ) وہ ملازم جو ماہ بماہ تنخواہ لے، حیض۔

ماہر maa-hir: (ع، صف) تیز فہم، زیرک، لائق فائق، ہنرمند، صاحب شعور۔

ماہو maa-hu(u): (ف، مث) کنسلائی۔

ماہی maa-hi(i): (ف، مث) مچھلی، وہ مچھلی جس کی نسبت ہندوؤں کا خیال ہے کہ اس کی پشت پر زمین

ہے، ایک آسمانی برج، حوت، دیکھیے 'ماہ کے تحت'۔

ماہی بے آب maa-hii-be-aab: (ف، مث) وہ مچھلی جو پانی سے باہر نکال لی جائے (صف) بہت بیتاب۔

ماہی پروری maa-hii-par-va-ri(i): (ف، مث) مچھلیوں کی پرورش، جس کا کام مچھلی کی پرورش کرنا ہے۔

ماہی پشت maa-hii-pusht: (ف، صف) قبہ دار، محدب، جو بیچ میں سے اونچا اور کناروں پر سے نیچا ہو، بڑا ٹیلا۔ ایک قسم کا کار چوب جو مچھلی کی پیٹھ سے مشابہ ہوتا ہے۔

ماہی توا maa-hii-ta-va(a): (ف، مذ) ایک قسم کا گہرا توا جس میں مچھلی کے کباب تلے جاتے ہیں۔

ماہی خوار maa-hii-Kwaar: (ف، صف) مچھلی کھانے والا، مذ بگلا، بوتیمار۔

ماہی دندان maa-hii-dan-daan: (ف، مذ) ایک قسم کی مچھلی کا دانت جس سے تلواروں کے قبضے بناتے ہیں۔

ماہی گیر maa-hii-giir: (ف، مذ) مچھلی پکڑنے والا، مچھوا، مچھیرا۔

ماہی مراتب maa-hii-ma-raa-tib: (ف، مذ) اعزازی نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے ہیں۔

ماہیانہ maa-hi-yaa-na(h): (ف، صف) مشاہرہ، تنخواہ، ماہوار۔

ماہیّت maa-hiy-yat: (ع، مث) اصل، مادہ، جوہر، مغز، حقیقت، کیفیت، خصوصیت۔

ماء maa: (ع، مذ) پانی، آب، جل، عرق۔

ماء الحیات maa-ul-ha-yaat: (ع، مذ) آب حیات، کیمیا گروں کی اصطلاح میں وہ دوائی جسے کشتے کے ساتھ ملا کر آگ پر رکھیں تو وہ اپنی اصلی حالت پر آجائے۔

ماء الشعیر maa-ush-sha-(?)iir: (ع، مذ) جو کا پانی، جواش، آشِ جو۔

ماء اللحم maa-ul-lahm: (ع، مذ) گوشت کا عرق جو کشید کر کے نکالا جاتا ہے۔

مائدہ maa-idah: (ع، مذ) دسترخوان یا میز جس پر کھانا چنا ہوا ہو، قرآن کی ایک سورۃ کا نام۔

مائع maa-a(?): (ع، صف) رقیق چیز جو پانی کی طرح ہو، جیسے دودھ، تیل، جمع، مائعات۔

مائع پیما maa-a(?)-pai-maa: (عف، مذ) رقیق چیزوں کو ناپنے کا آلہ۔

مائل maa-il: (ع، صف) راغب، متوجہ، میلان رکھنے والا، شائق، عاشق، جھکا ہوا، خمیدہ، ڈھلوان، تھوڑا سا جیسے سرخ سیاہی مائل۔

مائل کرنا / ہونا maa-il kar-naa: (ار، مص مرکب) راغب کرنا/ہونا، متوجہ کرنا/ہونا۔

مأؤف maa-uuf: (ع، صف) وہ جس کو صدمہ پہنچا ہو (عضو کے لیے مستعمل ہے) بے حس۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مائی maa-ii: (ع، مث) پانی سے منسوب، پانی کا۔

مائی maa-ii: (ھ، مث) والدہ، ماں، مادر، اماں، ماتا، ضعیفہ، بڑھیا۔

مائی باپ maa-ii-baap: (ھ، مذ) والدین، ماتا پتا، مادر پدر، خداوند نعمت، پالن ہار، ولی نعمت، حاکم، سردار، آقا۔

مائیات maa-ay-yaat: (ار، مث) وہ چیزیں جو پانی کی طرح رقیق ہوں۔

مائیک maa-ik: (انگ، مذ) Mike دیکھیے 'مائیکروفون'۔

مائیکروفلم maa-ii-kro-film: (انگ، مث) Micro Film چھوٹی فلم یا سیولائیڈ کی تصویر جسے خردبین کی مدد سے دیکھتے ہیں۔

مائیکروفون maa-ii-kro-fuun: (انگ، مذ) Microphone آلہ مکبر الصوت، آلہ نشر الصوت۔

مائیں maa-iiN: (ہ، مث) ایک پھل جو بازو سے مشابہ ہوتا ہے اور ادویات میں مستعمل ہے۔ پھر اس کے درخت کا پھل مائیں کلاں اور جھاڑ کا پھل مائیں خرد کہلاتا ہے۔

مائیوں maa-ii-yauN: دولھا اور دلہن کو شادی سے کچھ روز پہلے زرد کپڑے پہنا کر اندر بٹھا دینے کی رسم۔

مایا maa-yaa: (س، مث) خدا کی قدرت، ایشور کی شکتی، ظہور قدرت، نیچر، دھوکہ، فریب، دھن، دولت، زر، عجیب، نادر، کرامت، کرشمہ، روح، جان۔

مایا جال maa-yaa-jaal: (ہ، مذ) دولت کا چکر، حرص، لالچ، بوجھ۔

مایوس maa-yuus: (ع، صف) ناامید، بے آس، ناکام، نامراد، بے نیل و مرام، دل شکستہ، اسم کیفیت مث: مایوسی۔

مایہ maa-ya(h): (ہ، مث) پونجی، جمع، سرمایہ، اصل، راس المال، مادہ، جوہر، دستگاہ، سامان، مال۔

مایہ دار maa-yah-daar: (ف، مذ) دولت مند، مالدار، دھن والا۔

مایہ ناز maa-yah-naaz: (ف، مذ) فخر و ناز کا سبب۔

م ـ ب

مُباح mu-baah: (ع، صف) جائز، روا، حلال، شریعت کے موافق مسنون، درست۔ (افعال: رکھنا، کرنا، ہونا) جمع: مباحات۔

مَباحث ma-baa-his: (ع، مذ) دیکھیے 'مبحث' جس کی یہ جمع ہے۔

مُباحثہ mu-baa-hi-sah: (ع، مذ) بحث، مناظرہ، تکرار۔

مبادا/مبادا ma-baad/ma-baa-da(a): (ف، مذ) خدا نہ کرے، ایسا نہ ہو، خدانخواستہ، دور پار، کبھی، کہیں، اتفاقاً، شاید۔

مُبادرت mu-baa-da-rat: (ع، مث) جلدی کرنے والا، گذشتہ، سابق، جرأت یا دلیری۔

مُبادلہ mu-baa-da-lah: (ع، مذ) بدلہ، معاوضہ، عوض، ادل بدل، پلٹا (افعال: کرنا، ہونا)

مَبادی ma-baa-di(i): (ع، مذ) دیکھیے 'مبداء' جس کی جمع ہے، بنیادی باتیں۔

مُبادی mu-baa-di(i): (ع، صف) شروع کرنے والا، جو شروع کرے۔

مُبازرت mu-baa-za-rat: (ع مث) لٹانا، کھونا، پھینکنا۔

مُبارز mu-baa-riz: (ع، صف) لڑائی کے لیے تیار، مقابلہ پر چڑھ کر لڑنے والا، جنگجو، منچلا، لڑاکا، جنگی بہادر۔

مُبارزت mu-baa-ra-zat: (ع، مث) لڑائی کے واسطے صف سے باہر آنا، لڑائی، جنگ۔

مُبارک mu-baa-rak: (ع، صف) برکت دیا گیا، باعث برکت، خوش قسمت، خوش نصیب، نیک، سعید، شبھ (مث) تہنیت، مژدہ، خوش خبری، طنزاً منحوس، جب کسی کے گھر لڑکا پیدا ہو یا شادی ہو یا کوئی اور خوشی کا موقع ہو تو کہتے ہیں۔

مُبارک سلامت mu-baa-rak sa-laa-mat: (ع،مث) ایک دوسرے کو شادی یا خوشی کی مبارک باد دینا۔ (افعال: ہونا)

مُبارک فال mu-baa-rak-faal: (ع،صف) نیک شگون۔

مُبارک قدم mu-baa-rak qa-dam: (ع، صف) جس کا آنا باعث برکت ہو۔

مُبارک نہاد mu-baa-rak ni-haad: (ع،صف) جس کا مزاج یا طبیعت نیک ہو۔

مُبارک باد mu-baa-rak-baad: (عف،مث) تہنیت، خوشخبری، مژدہ، بدھائی، شادیانہ، بدھاوا، دعائے خیر، کلیان، آشیرواد، مبارک ہو، نیک ہو، سعید ہو، خدا برکت دے (افعال: دینا، کہنا)

مُبارکی mu-baar-ki(i): (ع،مث) مبارک باد، تہنیت، نیکی، سعادت، دعائے خیر، ایک بیماری جس سے نیند بہت آتی ہے، دانے جو تپ محرقہ کے دوران اختتام پر نکلتے ہیں۔

مُباشرت mu-ba-sha-rat: (ع،مث) جماع، صحبت، ہمبستری، مجامعت (افعال: کرنا، ہونا) اردو میں صرف ان معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ عورت کے ساتھ جنسی عمل کرنا۔

مُبالغہ mu-baal-Ga(h): (ع،مذ) حد سے بڑھ کر تعریف یا برائی کرنا، زودگوئی، حد سے بڑھ کر بولنا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مبانی ma-baa-nii: (ع،مذ) مبنیٰ کی جمع، مکانات، عمارتیں، بنیادیں۔

مُباہات mu-baa-haat: (ع،مث) فخر، بڑائی، شیخی، شان و شوکت، شیخی کرنا، فخر کرنا۔

مُباہلہ mu-baa-ha-lah: (ع،مذ) ایک دوسرے کے حق میں بد دعا کرنا، ایک دوسرے کو برا کہنا، نفرین کرنا۔

مُبتدا mub-ta-daa: (ع،مذ) آغاز، شروع، پہل، اول، ابتدا، اصطلاح، علم نحو میں جملہ اسمیہ کا پہلا جزو جس کے متعلق کوئی خبر دی جائے۔

مُبتدع mub-ta-di(?): (ع،مذ) نئی ایجاد، وہ کام جو نیا نکالا گیا ہو۔

مُبتدی mub-ta-di(i): (ع،مذ) ابتدا کرنے والا، نوآموز، شروع کرنے والا۔

مُبتذل mub-ta-zal: (ع، صف) ذلیل، حقیر، رذیل، سفلہ، کمینہ، بے قدر کلام۔

مُبتلا mubt-laa: (ع،صف) پکڑا ہوا، گرفتار، ماخوذ، پھنسا ہوا، الجھا ہوا، لپٹا ہوا، گھرا ہوا، بلا یا آفت میں پکڑا ہوا، مشغول، مصروف، فریفتہ، عاشق، شیدا، مفتون (افعال: کرنا، ہونا)

مُبدع mub-di(?): (ع،صف) آپ ہی آپ کسی نئی چیز کا پیدا کرنے والا، بے مادّہ بنانے والا، خدا۔

مُبدء mub-di(?): (ع،صف) شروع کرنے والا، پیدا کرنے والا۔

مُبدّل mu-bad-dal: (ع،صف) بدلا ہوا، پلٹا ہوا، تبدیل شدہ، متغیر۔

مُبذّر mu-baz-zir: (ع،صف) فضول خرچ، اسراف کرنے والا۔

مبذول mab-duul: (ع،صف) خرچ کیا گیا، لگایا گیا، منعطف۔

مُبرّا mu-bar-raa: (ع،صف) پاک، بے عیب، بری، صاف، منزہ۔

مُبرّد mu-bar-rad: (ع،صف) سرد کرنے والا، مث: مبردہ، جمع، مبردات۔

مبرز mab-raz: (ع، مذ) پاخانہ نکلنے کی جگہ، مقعد، دبر۔

مُبرم mub-ram: (ع، صف) مضبوط، استوار، مستحکم، ضروری نہ ٹلنے والی۔

مبرُوص mab-ruuz: (ع، صف) برص کا مریض، پھل بہری کا مریض۔

مُبرہن mu-bar-han: (ع، صف) دلیل سے ثابت کیا ہوا، ثابت، مضبوط۔

مبسُوط mab-suut: (ع، صف) پھیلا ہوا، کشادہ، فراخ۔

مُبشّر mu-bash-shar: (ع، صف) جس کی خوشخبری دی گئی ہو۔

مُبشِّر mu-bash-shir: (ع، صف) بشارت دینے والا، خوشخبری سنانے والا۔

مُبشِّرات mu-bash-shi-raat: (ع، مث) بارش لانے والی ہوائیں۔

مُبصِّر mu-bas-sir: (ع، صف) دیکھنے والا، بینا، پرکھنے والا، صراف، مشیر، صلاح کار۔

مُبطِل mub-til: (ع، صف) باطل کرنے والا۔

مبطُون mab-tuun: (ع، صف) جو پیٹ کی بیماری میں مبتلا ہو، بڑے پیٹ والا، توندیل۔

مبعُوث mab-(?)uus: (ع، صف) اٹھایا گیا، بھیجا گیا، پیدا کیا گیا (عموماً نبی کے لیے آتا ہے) (افعال: کرنا، ہونا)

مبغُوض mab-Guuz: (ع، صف) بغض کیا گیا، دشمن رکھا گیا، قابل نفرت۔

مُبلغ mub-laG: (ع، مذ) حد، نہایت، کمال، پہنچنے کی جگہ، مقدار، مجموعی تعداد، رقم۔

مُبلِّغ mu-bal-liG: (ع، صف) پہنچانے والا، تبلیغ کرنے والا۔

مُبنی mub-ni: (ع، صف) بنیاد رکھا ہوا، بنیاد رکھنے کی جگہ جس پر کسی چیز کی بنا ہو، علم صرف میں وہ کلمہ جس کے آخری حرف میں کسی عامل سے تبدیلی نہ ہو۔

مُبہم mub-ham: (ع، صف) مشکوک، پوشیدہ، دربستہ، گول مول بات۔

مبہُوت mab-hoot: (ع، صف) حیران، متحیر، ہکا بکا، دیوانہ، باؤلا، نشہ میں چور، مخمور، مدہوش۔

مُبہی mu-beh-hii: (ع، مذ) قوت باہ بڑھانے والا، شہوت زیادہ کرنے والا، جمع، مبہیات۔

مُبیّضہ mu-bay-ya-zah: (ع، صف) صاف کیا گیا، صاف اور خوشخط لکھا ہوا مسودہ۔

مبیع ma-bii(?): (ع، صف) خریدی ہوئی چیز، بکا ہوا مال۔

مُبیّن mu-bay-yan: (ع، صف) بیان کی گیا، بیان کیا ہوا، نحو میں وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اس کی تفسیر میں واقع ہو، تفسیر کیا گیا، کھولا گیا، مث: مبینہ۔

م-ت

مت mat: (ہ، کلمہ نہیں) نہ، نہیں۔

مت mat: (ہ، مث) سمجھ، بوجھ، عقل، دانش، فہم، ادراک، دانائی، رائے، نصیحت، عادت، (مذ) مذہب، ملت، دھرم، عقیدہ۔

متا ma-taa: (ار، مث، ق) مجال، طاقت، مشورہ، رائے۔

متأدّب mu-taad-dab: (ع، صف) ادب پایا ہوا، مہذب، شائستہ۔

مُتاثّر mu-ta-as-sir: (ع، صف) کارگر، اثر پذیر، دل پر اثر کرنے والا، رقت انگیز۔

مُتاخّر ma-ta-aK-Kir: (ع،صف) پیچھے آنے والا، اخیر زمانہ والا۔

مُتاذّی mu-ta-az-zii: (ع،صف) تکلیف پانے والا۔

مُتاسّف mu-ta-as-sif: (ع،صف) افسوس کرنے والا۔

مَتاع ma-taa(?): (ع،مذ،مث) پونجی، اثاثہ، تجارت کا سامان۔

مَتاعِ غرُور ma-taa-(?)i-Ga-ruur: (ع،مذ) کنایۃً دنیا، جہاں۔

مَتاعی ma-taa-(?)ii: (ع،مث) وہ عورت جس سے متعہ کیا گیا ہو، مقررہ مدت کے لیے نکاحی عورت۔

مُتالّم mu-taa-al-lim: (ع،صف) الم پانے والا، رنجیدہ، دکھیا۔

مُتالی mu-taa-lii: (ہ،مث) وہ جگہ جو گھوڑے کے پیشاب کے لیے ہو، گھاس جس پر گھوڑے نے پیشاب کیا ہو۔

مُتانا mu-taa-naa: (ہ،مص) بچہ کو پیشاب کرانا۔ (مذ) جسم میں پیشاب رہنے کی تھیلی، مثانہ۔

مَتانت ma-taa-nat: (ع،مث) مضبوطی، استواری، پختگی، سنجیدگی، تہذیب، خیالات کی آراستگی اور درستی۔

مُتاہّل mu-ta-ah-hil: (ع،صف) اہلیہ کرنے والا، بیاہا، شادی شدہ، بیوی بچوں والا۔

مُتبادِر mu-ta-baa-dir: (ع،صف) جلدی کرکے آگے بڑھ جانے والا، جلد ذہن میں آنے والا، جلد نکلنے والا۔

مُتبادِل mu-ta-ba-dil: (ع،صف) بدلنے والا، باری سے آنے یا کام کرنے والا۔

مُتبائن mu-ta-baa-in: (ع،صف) ان میل، باہم مختلف، باہم الگ الگ، دو ایسے مخالف جو ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں۔ متناقض، علم حساب میں وہ عدد جس کے اجزائے ضربی نہ ہو سکیں۔

مُتبدِّل mu-ta-bad-dil: (ع،صف) کسی چیز کا معاوضہ لینے والا، تبدیل کرنے والا، بدلنے والا۔

مُتبدَّل mu-ta-bad-dal: (ع،صف) تبدیل شدہ۔

مُتبرّک mu-ta-bar-rak: (ع،صف) برکت والا، مقدس، پاک، صاف، پوتر، معزز، بزرگ، قابل تعظیم، مث: متبرکہ۔

مُتبسّم mu-ta-bas-sim: (ع،صف) مسکرانے والا، شگفتہ، کھلا ہوا۔

مُتّبِع mu-tib-ba(?): (ع،صف) پیروی کرنے والا، پیچھے چلنے والا۔

مَتبوع mat-buu(?): (ع،صف) سردار، پیشوا، پیروی کیا گیا۔

مُتجانِس mu-ta-jaa-nis: (ع،صف) ہم جنس ہونے والا، ہم جنس۔

مُتجاوِز mu-ta-jaa-viz: (ع،صف) اپنی حد سے بڑھنے والا۔

مُتجسّس mu-ta-jas-sis: (ع،صف) تلاش کرنے والا، جستجو کرنے والا، ڈھونڈھنے والا۔

مُتجلّی mu-ta-jal-li(i): (ع،صف) چمکدار، روشن، آشکارا۔

مُتحارِب mu-ta-haa-rib: (ع،صف) آپس میں جنگ کرنے والا۔

مُتحجّر mu-ti-haj-jar: (ع،صف) ورم یا پھوڑا، جو سخت پتھر کی مانند ہو جائے، جو پتھر کی شکل اختیار کرے۔

متحد mut-ta-hid: (ع، صف) اتحاد رکھنے والا، متفق، ملا ہوا شامل۔

متحرک mu-ta-har-rik: (ع، صف) حرکت کرنے والا، جاری، نحو میں وہ حرف جس پر حرکت ہو۔

متحف mut-haf: (ع، مذ) عجائب خانہ۔

متحقق mu-ta-haq-qiq: (ع، صف) بکسر قاف اول صحیح اور درست کرنے والا کسی خبر کا۔

متحقق mu-ta-haq-qaq: (ع، صف) تحقیق کیا ہوا، ٹھیک، درست، صحیح خبر۔

متحمل mu-ta-ham-mil: (ع، صف) بردبار، مستقل مزاج، برداشت کرنے والا۔

متحیر mu-ta-hay-yar: (ع، صف) حیرت زدہ، حیران، حواس باختہ، برداشت کرنے والا، مث: متحیرہ

متخالف mu-ta-Ka-lif: (ع، صف) باہم مخالفت کرنے والا۔

متخصص mu-ta-Kas-sis: (ع، صف) خصوصیت رکھنے والا، کسی فن میں خاص مہارت رکھنے والا specialist

متخلخل mu-ta-Kal-Kal: (ع، صف) اندر سے خالی، پولا، ڈھیلا ڈھالا۔

متخلص mu-ta-Kil-lis: (ع، صف) تخلص رکھنے والا۔

متخیل mu-ta-Kay-yal: (ع، صف) خیال کیا گیا، خیال میں لایا ہوا، مث: متخیلہ۔

متخیلہ mu-ta-Kay-yi-la(h): (ع، صف) خیال میں لانے کی قوت، سوچنے کی قوت۔ ایک دماغی قوت جس سے انسان غیر حاضر چیزوں کا نقش دل میں لاتا ہے۔ وہم، خیال، قیاس۔

متدارک mu-ta-daa-rik: (ع، صف) کھوئی ہوئی چیز کو پانے والا، عروض میں ایک بحر کا نام جو بعد میں ایجاد ہو کر پہلی بحروں میں شامل کی گئی۔

متداول mu-ta-da-val: (ع، صف) ہاتھوں میں پھرتی ہوئی چیز، دست بہ دست، پہنچی ہوئی، رائج، مث: متداولہ۔

متدین mu-ta-day-yan: (ع، صف) دین دار، ایمان دار، دیانت دار، مومن، امین، امانتدار، معاملہ اور بات کا سچا اور پکا۔

متذبذب mu-ta-zab-zab: (ع، صف) تذبذب میں پڑنے والا، تردد میں پڑنے والا، لٹکا ہوا۔

متذکرہ mu-ta-zak-ka-rah: (ع، صف) ذکر کیا گیا، مذکورہ۔

مترادف mu-ta-raa-dif: (ع، صف) ہم ردیف، وہ ایسے لفظ جن کے معنی ایک ہی ہوں۔

مترتب mu-ta-rat-tib: (ع، صف) ترتیب دینے والا۔

مترجم mu-ta-rajim: (ع، صف) ترجمہ کرنے والا۔

مترجم mu-ta-rajam: (ع، صف) ترجمہ کیا ہوا۔

متردد mu-ta-rad-did: (ع، صف) تردد کرنے والا، فکرمند، پس و پیش کرنے والا، سوچ میں پڑ جانے والا، پریشان، مضطرب۔

مترشح mu-ta-rash-shih: (ع، صف) ترشح کرنے والا، ٹپکنے والا، ظاہر ہونے والا۔

مترشح mu-ta-rash-shah: (ع، صف) ٹپکا ہوا، ظاہر۔

مترقب mu-ta-raq-qab: (ع، صف) انتظار کیا گیا، امید کیا گیا، مث: مترقبہ۔

مترقب mu-ta-raq-qib: (ع، صف) انتظار کرنے والا، منتظر، امیدوار۔

مُترنّم mu-ta-ran-nim: (ع،صف) گانے والا۔

متروک mat-ruuk: (ع،صف) ترک کیا ہوا، چھوڑا ہوا۔مث: متروکہ،جمع: متروکات۔

مُتزلزل mu-ta-zal-zal: (ع،صف) کانپنے والا، ڈگمگانے والا،جنبش کرنے والا۔

متساوی mu-ta-saa-dii: (ع،صف) ایک دوسرے کے مساوی، برابر۔

مُتسلّط mu-ta-sal-lit: (ع،صف) غالب ہونے والا، قبضہ کرنے والا۔

مُتسلّی mu-ta-sal-lii: (ع، صف) خوش اور بےغم۔

مُتشابہ mu-ta-shaa-bah: (ع،صف) مشابہ ہونے والا، مانند، ہم شکل، ہم صورت، یکساں، مشتبہ، شکوک جس کے بارے میں کچھ شبہ ہو نہ، بھول، چوک، شبہہ، وہ قرآنی آیت جس کے ایک سے زیادہ معنی نکل سکیں، جمع: متشابہات۔

متشاعر mu-ta-shaa-ir: (ع،صف) جو شاعر نہ ہومگر اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے، بناوٹی شاعر۔

متشدّد mu-ta-shad-did: (ع،صف) سختی کرنے والا۔

مُتشرّع mu-ta-shar-re(?): (ع،صف) پابند شریعت، پارسا، پرہیزگار، پکا دین دار۔

مُتشکّر mu-ta-shak-kir: (ع،صف) شکر گزار، شکر ادا کرنے والا۔

مُتشکّک mu-ta-shak-kik: (ع،صف) شبہ کرنے والا، شک کرنے والا۔

مُتشکّل mu-ta-shak-kil: (ع،صف) شکل اختیار کرنے والا، بصورت قبول کرنے والا۔

مُتشکّی mu-ta-shak-kii: (ع،صف) شکایت کرنے والا، جھگڑنے والا، شک میں پڑنے والا۔

متصادم ma-ta-saa-dim: (ع، صف) ٹکرا جانے والا۔

مُتصدّی mu-ta-sad-dii: (ع، صف) دیوان، محاسب، جمع خرچ نویس، محرر، کاتب، منشی، نائب، گماشتہ، منتظم، انتظام کرنے والا، ذمہ دار، کفیل۔

مُتصرِّف mu-ta-sar-rif: (ع،صف، فاعلی) قبضہ کرنے والا، قابض۔

مُتصرَّف mu-ta-sar-raf: (ع، صف، مفعولی) تصرّف میں لایا گیا، مقبوض، مث: متصرفہ۔

مُتّصِف mut-ta-sif: (ع،صف) صفت رکھنے والا، جس کے ساتھ کوئی وصف لگا ہوا۔

مُتّصِل mut-ta-sil: (ع،صف) اتصال رکھنے والا، پاس، قریب، نزدیک، لگا ہوا، برابر ملنے والا، لگاتار، پے درپے، متواتر۔

مُتصوِّر mu-ta-sav-vir: (ع،صف) تصور کرنے والا، دل میں نقشہ بنا لینے والا۔

مُتصوَّر mu-ta-sav-var: (ع، صف) تصور میں لایا ہوا، خیال کیا گیا، سوچا ہوا۔

مُتصوِّف mu-ta-sav-vif: (ع،صف) صوفی بننے والا، اہل تصوف۔

متضاد mu-ta-zaad: (ع، صف) برعکس، خلاف، الٹا۔

متظلّم mu-ta-zal-lim: (ع،صف) دادخواہ، فریادی۔

مُتعارض mu-ta-(?)aa-riz: (ع، صف) ایک دوسرے کے سامنے آنے والے، ایک دوسرے کے خلاف۔

مُتعارف mu-ta-(?)aa-raf: (ع،صف)

معروف، مشہور، آپس میں جان پہچان والے، مث: متعارف۔

متعاقب mu-ta-(?)aa-qib: (ع، صف) تعاقب کرنے والا، پیچھے آنے والا۔

متعال mu-ta-(?)aal: (ع، صف) اصل میں تعالی سے اسم فاعل تھا، عالی، بلند، برتر، خدا تعالی کا ایک نام۔

متعجب mu-ta-(?)aj-jib: (ع، صف) تعجب کرنے والا، حیران، متحیر، دنگ، ششدر۔

متعدد mu-ta-(?)ad-did: (ع، صف) گنے ہوئے، چند، تھوڑے، بہت، کئی، متفرق۔

متعدی mu-ta-(?)ad-di(i): (ع، صف) حد سے بڑھنے والا، طب میں وہ مرض جو ایک سے دوسرے کو لگے، نحو میں وہ فعل جو مفعول کو چاہے۔

متعذر mu-ta(?)-zir: (ع، صف) دشوار، مشکل، محال کے قریب۔

متعرض mu-ta-(?)ar-riz: (ع، صف) روکنے والا، آگے آنے والا۔

متعصب mu-ta(?)as-sib: (ع، صف) تعصب کرنے والا، دین کی پچ کرنے والا، جانب دار۔

متعفن mu-ta-(?)af-fan: (ع، صف) سڑا ہوا، بدبودار، بسا ہوا۔

متعلق mu-ta-(?)al-liq: (ع، صف) تعلق رکھنے والا، لگاؤ رکھنے والا، رشتہ دار، قرابتی، چسپاں، شامل، منسلک، ماتحت، تابع، جمع: متعلقات۔

متعلقین mu-ta-(?)al-li-qiin: (ع، صف) گھر کے لوگ، بال بچے، نوکر چاکر، متعلق کی جمع۔

متعلم mu-ta-(?)al-lim: (ع، صف) تعلیم پانے والا، طالب علم، شاگرد۔

متعہ mu-ta(?)h: (ع، مذ) شیعہ مذہب میں کچھ مدت کے لیے عورت سے نکاح کر لینا۔

متعہد mu-ta(?)ah-hid: (ع، صف) عہد کرنے والا، جس سے عہد کیا گیا ہو، ذمہ دار، کام میں مشغول، ہم عصر، ایک زمانہ کے ٹھیکیدار۔

متعین mu-ta-(?)ay-yan: (ع، صف) تعین کیا ہوا، مقرر کیا ہوا، کسی کام پر لگایا ہوا۔ (افعال: کیا) مث: متعینہ۔

متغائر mu-ta-Gaa-ir: (ع، صف) الگ، جدا۔

متغزل mu-ta-Gaz-zil: (ع، صف) غزل کہنے والا، غزل گو۔

متغیر mu-ta-Gay-yar: (ع، صف) بدلا ہوا، تبدیل شدہ، پلٹا ہوا۔

متغیر mu-ta-Gayyir: (ع، صف) تبدیل ہونے والا، بدلنے والا، غیر مستقل۔

متفحص mu-ta-fah-his: (ع، صف) ڈھونڈھنے والا، تلاش کرنے والا۔

متفرد mu-ta-far-rid: (ع، صف) تنہا، یگانہ۔

متفرع mu-ta-far-re(?): (ع، صف) کسی چیز سے اس کی شاخ کی طرح نکلنے والا۔

متفرق mu-ta-far-riq: (ع، صف) جدا جدا، الگ الگ، پراگندہ، منتشر، جمع: متفرقات۔

متفق mut-ta-fiq: (ع، صف) اتفاق کرنے والا، ملا ہوا، شامل، لگا ہوا، رضامند، موافق، ہم خیال، ہم رائے، ہم صلاح، ہم مشورہ (افعال: کرنا، ہونا)

متفق الرایے mut-ta-fi-qur-raa-ye: (ع، صف) ہم رائے، ہم خیال، ہم مشورہ۔

متفکر mu-ta-fak-kir: (ع، صف) فکرمند، رنجیدہ، مغموم، اداس۔

مُتَفَنِّن mu-ta-fan-nin: (ع،صف) مختلف فن جاننے والا۔

مُتَفَنّی mu-ta-fan-ni: (ع،صف) بہت سے فنون کا ماہر، مکار، فریبی، دغاباز، فسادی، شریر۔

مُتَقابِل mu-ta-qaa-bil: (ع،صف) مقابلہ کرنے والا، حریف، آمنے سامنے۔

مُتَقارِب mu-ta-qaa-rib: (ع،صف) ایک دوسرے کے نزدیک، عروض میں ایک بحر کا نام۔

مُتَقاضی mu-ta-qaa-zii: (ع،صف) تقاضا کرنے والا، مانگنے والا، طلب کرنے والا۔

مُتَقاطِر mu-ta-qaa-tir: (ع،صف) قطرہ قطرہ ٹپکنے والا۔

مُتَقَدِّم mu-ta-qad-dim: (ع،صف) آگے بڑھنے والا، پہلے زمانہ کا، سابقین۔

مُتَّقی mut-ta-qii: (ع،صف) پرہیزگار، گناہوں سے بچنے والا، خلاف شرع کاموں سے پرہیز کرنے والا۔

مُتَکَبِّر mu-ta-kab-bir: (ع،صف) تکبر کرنے والا، مغرور، گھمنڈی، خود پسند، کمال بزرگی والا، بزرگ منشی، خداتعالیٰ کا صفاتی نام۔

مُتَکَفِّل mu-ta-kaf-fil: (ع،صف) کفالت کرنے والا، کفیل، ضامن، ذمہ دار۔

مُتَکَلِّف mu-ta-kal-lif: (ع،صف) تکلیف دینے والا، کوشش کرنے والا۔

مُتَکَلِّم mu-ta-kal-lim: (ع،صف) کلام کرنے والا، بات کرنے والا، علم کلام جاننے والا۔

مُتَلاشی mu-ta-laa-shii: (ار،صف) تلاش کرنے والا، جستجو کرنے والا، (غلط لفظ ہے) جو تلاش سے عربی قاعدہ پر بنایا گیا ہے۔

مُتَلاطِم mu-ta-laa-tim: (ع،صف) تلاطم برپا کرنے والا، تھپیڑے مارنے والا۔

متلانا mat-laa-na(a): (ار،مص) قے کرنے کو جی چاہنا۔

مُتَلَوِّن mu-ta-lav-vin: (ع،صف) غیر مستقل مزاج، رنگ بہ رنگ ہونے والا۔

مُتَلَوِّن مِزاج mat-lav-van mi-zaaj: (ع،صف) غیر مستقل مزاج، گھڑی گھڑی بدلنے والا۔

متلی mat-lii: (ار،مص) جی متلانا، اُبکائی آنا، (افعال: ہونا)

مُتَمادی mu-ta-maa-dii: (ع،صف) لمبا دراز، طویل۔

مُتَمَثِّل mu-ta-mas-sil: (ع،صف) ہم شکل، صورت پذیر۔

مُتَمَتِّع mu-ta-mit-ta?: (ع،صف) فائدہ اٹھانے والا، نفع حاصل کرنے والا۔

مُتَمَدِّن mu-ta-mad-din: (ع،صف) بسنے والا، مہذب۔

مُتَمَرِّد mu-ta-mar-rid: (ع،صف) نافرمان، سرکش، باغی، بپھرا ہوا۔

مُتَمَکِّن mu-ta-mak-kin: (ع،صف) جگہ پکڑنے والا، قرار پکڑنے والا، جاگزیں، قائم۔

مُتَمَلِّق mu-ta-mal-liq: (ع،صف) تملق کرنے والا، خوشامدی، ہاں میں ملانے والا۔

مُتَمَنّی mu-ta-man-nii: (ع،صف) تمنا کرنے والا، آرزو رکھنے والا۔

مُتَمَوِّل mu-ta-mav-vil: (ع،صف) دولت مند، مالدار، امیر۔

مُتَمَیِّز mu-ta-may-yiz: (ع،صف) جدا ہونے والا۔

مَتن matn: (ع، مذ) کتاب کی اصل عبارت، کتاب، کپڑے یا سڑک کے بیچ کا حصہ، درمیان، وسط، درمیانی، پشت، مضبوط۔

مُتنا mut-na: (ھ، صف) وہ بچہ جسے بستر پر پیشاب کر دینے کی عادت ہو۔

مُتَنازع mu-ta-naa-za(?): (ع، صف) جھگڑا کیا گیا، وہ چیز جس پر جھگڑا ہو مث: متنازعہ۔

مُتَناسِب mu-ta-naa-sib: (ع، صف) تناسب رکھنے والا، باہم نسبت رکھنے والا۔

مُتَناقِض mu-ta-naa-qiz: (ع، صف) نقیض رکھنے والا، مخالف، برعکس، الٹا، خلاف۔

مُتَناہی mu-ta-naa-hii: (ع، صف) انتہا کو پہنچنے والا، لامتناہی اس کی ضد ہے۔

مُتَنَبِّہ mu-ta-na-bb-e(h): (ع، صف) تنبیہ کیا گیا، خبردار، آگاہ، ہوشیار، چوکس (افعال: کرنا، ہونا)

مُتَنَبّی mu-ta-nab-bi(i): (ع، صف) نبوت کا دعویٰ کرنے والا جھوٹا نبی۔

مُتَنجن mu-ta-na-jan: (ف، مذ) ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں نیبو کی ترشی بھی ڈالی جاتی ہے۔

مُتَنَفِّر mu-ta-naf-fir: (ع، صف) نفرت کرنے والا، بیزار، کراہت کرنے والا۔

مُتَنَفِّس mu-ta-naf-fis: (ع، صف) سانس لینے والا، جاندار، انسان، آدمی۔

مُتنی mut-nii: (ھ، مث) پیشاب کرنے کا عضو۔

مُتَواتِر mu-ta-vaa-tir: (ع، صف) ایک کے بعد ایک، یکے بعد دیگرے، لگاتار، مسلسل۔

مُتَوارِث mu-ta-vaa-ris: (ع، صف) باہم میراث پانے والا، وراثت پانے والا۔

مُتَوارِد mu-ta-vaa-rid: (ع، صف) باہم ایک جگہ اترنے والے، ایک دوسرے کے بعد آنے والا۔

مُتَوازی mu-ta-vaa-zii: (ع، صف) ایک دوسرے سے برابر فاصلہ پر آنے والا، علم اقلیدس میں جو خطوط ایک سطح میں ہوں ان کو دونوں طرف خواہ کتنا ہی برابر بڑھائیں وہ آپس میں نہ ملیں (انگریزی Parallel Lines کا ترجمہ)

مُتَواضِع mu-ta-vaa-zi(?): (ع، صف) تواضع کرنے والا، خاطر مدارت کرنے والا، عاجزی کرنے والا۔

متوالا mat-vaa-laa: (ار، صف) مست، مدہوش، نشہ میں چور، مخمور، مجازاً مغرور، گھمنڈی، وہ بڑا گول پتھر جو قلعہ کی دیوار پر سے دشمن کو دفع کرنے کے واسطے لڑھکاتے ہیں مث: متوالی۔

مُتَوالی mu-ta-vaa-lii: (ع، صف) پے درپے، لگاتار، وہ عدد جو بار دوبارہ آئے۔

مُتَوَجِّہ mu-ta-vaj-jih: (ع، صف) توجہ کرنے والا، دھیان دینے والا، راغب، مخاطب، مہربان، نظر عنایت رکھنے والا۔

مُتَوَحِّش mu-ta-vah-hish: (ع، صف) وحشت میں ڈالنے والا، وحشت میں پڑنے والا، غیر مانوس، نفرت کرنے والا۔

مُتَوَرِّع mu-ta-var-ri(?): (ع، صف) پارسا، پرہیزگار، عابد، زاہد۔

مُتَوَرِّم mu-ta-var-rim: (ع، صف) سوجنے والا، ورم کرنے والا۔

مُتوڑا mu-to-Raa: (ار، صف) سوتے میں بستر پر پیشاب کرنے والا مث: متوڑی۔

مُتَوَسِّط mu-ta-vas-sit: (ع، صف) اوسط درجہ کا، درمیانی، بیچ کا، معمولی، رسمی۔

مُتَوَسِّل mu-ta-vas-sil: (ع،صف) وسیلہ ڈھونڈنے والا، وسیلہ بنانے والا، نزدیکی چاہنے والا، سبب تلاش کرنے والا، وسیلہ ہونے والا۔

مُتَوَطِّن mu-ta-vat-tin: (ع،صف) باشندہ، رہنے والا، وطن اختیار کرنے والا۔

مُتَوَفِّی mu-ta-vaf-fii: (ع،صف) مارنے والا، اللہ تعالیٰ۔

مُتَوَقِّع mu-ta-vaq-qi(?): (ع،صف) توقع رکھنے والا، صابر، بھروسا کرنے والا۔

مُتَوَقِّف mu-ta-vaq-qif: (ع،صف) توقف کرنے والا، بھروسا کرنے والا۔

مُتَوَکِّل mu-ta-vak-kil: (ع،صف) توکل کرنے والا، بھروسا کرنے والا۔

مُتَوَکِّلانہ mu-ta-vak-ki-laa-nah: (عف، صف) خدا کے بھروسے پر۔

مُتَوَلِّد mu-ta-val-lid: (ع،صف) پیدا ہونے والا۔

مُتَوَلّی mu-ta-val-lii: (ع،مذ) انتظام کرنے والا۔

مُتُون mu-tuun: (ع، مذ) دیکھیے 'متن' جس کی یہ جمع ہے۔

مُتَوَہِّم mu-ta-vah-him: (ع،صف) وہم کرنے والا، وسواسی۔

متھرا math-ra(a): (ہ،صف) کند (چاقو وغیرہ) مث: متھری، بندرابن، آگرہ کے پاس مشہور شہر۔

مُتھری mu-tah-ri: (ہ،مث) وہ جگہ جو اصطبل میں گھوڑوں کے پیشاب کے لیے بناتے ہیں۔

مُتَّہَم mu-ttah-ham: (ہ، صف) جس پر تہمت لگائی جائے (افعال: کرنا، ہونا)

مُتھِن mu-thin: (س، مذ) آسمان کا تیسرا برج جو جوزا بھی کہلاتا ہے۔

متھنا math-naa: (ار،مص) ہلنا، بلونا، چکر دینا، مکھن نکالنے کے لیے دہی کو بلونا، دل میں کسی بات کو بار بار سوچنا، تفتیش کرنا۔

متھنی math-nii: (ہ،مث) دودھ بلونے کا آلہ، مدھانی، بلونی، رئی۔

مِتی mi-tii: (ہ،مث) تاریخ، سود، دستوری کمیشن۔

مُتَیَقَّن mu-ta-yaq-qan: (ع،صف) یقین کیا گیا، وہ امر جس کا یقین ہو، یقینی۔

مُتَیَقِّن mu-ta-yaq-qin: (ع،صف) یقین کرنے والا۔

مَتِین ma-tiin: (ع، صف) مضبوط، استوار، محکم، سنجیدہ، مستقل۔

م-ٹ

مٹ maT: (ار،مذ ق) مکان۔

مٹا maT-Taa: (ار،مذ ق) چوگان۔

مُٹاپا mu-Taa-paa: (ار، صف) موٹاپن، فربہی، جسامت (افعال: چڑھنا، آنا)

مِٹانا mi-Taa-naa: (ار،مص) معدوم کرنا، نابود کرنا، زائل کرنا، تباہ کرنا، برباد کرنا، کھرچنا، چھیلنا، منسوخ کرنا، رد کرنا۔

مُٹائی mu-Taa-ii: (ار،مث) موٹاپن، فربہی۔

مُٹھ بھیڑ muTh-bheR: (ار،مث) مقابلہ، آمنا سامنا، دوبدو ہونا، گتھ جانا، اتفاقیہ ملاقات۔

مٹر ma-Tar: (ار، مذ) ایک قسم کا غلہ جس کے دانے گول ہوتے ہیں۔ اس کے دانے ترکاری کے طور پر پکا کر کھاتے ہیں۔

مٹر گشت ma-Tar gasht: (ار، مذ) سیر، ہوا خوری، آوارہ گردی (افعال: کرنا)

مٹر مٹر ma-Tar ma-Tar: (ار، صف) چھوٹے بچوں کے جلد جلد کام کرنے اور جلد جلد دیکھنے کے لیے مستعمل ہے۔

مٹک ma-Tak: (ار، مث) ناز نخرہ، چوچلا، نخرے کی چال، نازکی، رفتار۔

مٹکا maT-kaa: (ار، مذ) خم، بڑا گھڑا۔

مٹکانا maT-kaa-naa: (ار، مص) گھمانا، پھرانا، گردش دینا، چمکانا جیسے آنکھیں مٹکانا۔

مٹکنا ma-Tak-naa: (ار، مص) نخرہ کرنا، ناز دکھانا، ہاتھوں کو نچانا، زنانہ حرکتیں کرنا۔

مُٹکنا mu-Tak-naa: (ار، مص) نخرہ کرنا، ناز دکھانا، ہاتھوں کا نچانا، زنانہ حرکتیں کرنا۔

مٹکو ma-Tak-ko: (ار، صف) ناز نخرے کرنے والی اور مٹک مٹک کر چلنے والی عورت۔

مٹکی maT-kii: (ار، مث) چھوٹا مٹکا، ٹھلیا، شراب کا گھڑا، دہی جمانے کا برتن۔

مٹن ma-Tan: (انگ، مذ) Mutton بھیڑ یا بکری کا گوشت۔

مٹن چاپ ma-Tan chaap: (انگ، مذ) Mutton Chop انگریزی طرز کے پسندے جو سینے کے گوش سے تیار کیے جاتے ہیں۔

مِٹنا miT-na(a): (ار، مص) ناپید ہونا، معدوم ہونا، تباہ ہونا، برباد ہونا، پھیلا جانا، عاشق ہونا، فریفتہ ہونا۔

مِٹوانا miT-vaa-na(a): (ار، مص) برباد کرانا، نابود کرانا، چھلوانا۔

مٹھ maTh: (ار، مذ) مندر، بت خانہ، بت کدہ، خانقاہ، دھرم سالا، ہندو فقیروں کی جھونپڑی، کٹی، نیل کا حوض، ماٹھ۔

مِٹھ miTh: (ہ، صف) میٹھا کا مخفف، شیریں جو مرکبات میں مستعمل ہے۔

مٹھ بولا miTh-bo-laa: (ار، مذ) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا، شیریں کلام، مث: مٹھ بولی۔

مِٹھلونا miTh-lo-na(a): (ار، صف) کم نمک کا، پھیکا میٹھا جس میں کچھ میٹھا پن ہو۔

مٹھ maTh: (ہ، مذ) دیکھیے 'موٹھ' جس کا یہ مخفف ہے۔

مٹھا ma-Tha(a): (ہ، مذ) دہی جو مکھن نکل جانے کے بعد بچ رہتا ہے۔

مٹھا maT-Thaa: (ار، مذ) مٹھی، لپ، بنڈل، گڈا، کاغذوں کا پشتارہ، قبضہ، دستہ، مٹھ، ہل کا وہ حصہ جس جگہ سے اُسے پکڑتے ہیں۔ لکڑی کا وہ اوزار جسے تانت پر مار کر روئی دھنتے ہیں۔

مٹھارنا ma-Thaar-na(a): (ار، مص) گول کرنا، آٹے کو لوچ دینا، بکی دینا، پھیلانا۔

مِٹھاس mi-Thaas: (ار، مث) شیرینی، حلاوت، مٹھائی، رس۔

مِٹھائی mi-Thaa-i(i): (ار، مث) شیرینی، لڈو، پیڑا، جلیبی وغیرہ۔

مِٹھو miT-Thu(u): (ہ، مذ) طوطا، سوا، شیریں کلام۔

مٹھولا ma-Tho-la(a): (ار، مذ) جلق، مشت زنی، ہتھ رس (افعال: لگانا، مارنا)

مِٹھی miT-Thi(i): (ہ، مث) بچوں کا پیار۔

مُٹھیا muTh-yaa: (ہ، مث) ہل کی مٹھ یا موٹھ، کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے۔ موٹھ، قبضہ، گڑ کی پٹی، ایک قسم کا زیور جو گول سا ہوتا ہے اور اُس میں تعویذ رکھ کر باندھ دیتے ہیں۔ دھنے کا روئی پیٹنے کا چوبی دستہ۔

مِٹی miT-Tii: (ہ، مث) زمین، دھرتی، گیلی مٹی، کیچڑ، خمیر، سرشت، مادہ۔

مِٹّی کا تیل miT-Tii kaa tel: (ار، مذ) ایک قسم کا بدبودار تیل جو زمین سے نکلتا ہے اور لیمپ وغیرہ میں جلایا جاتا ہے۔

مِٹّی کا مادھو miT-Ti kaa maa-dho: (ار، مذ) بیوقوف۔

مٹیار maT-yaar: (ھ، صف) مٹی کے رنگ کا، چکنی مٹی کی زمین، دوشیزہ۔

مٹیا محل maT-yaa mehl: (ار، مذ) چکنی مٹی کا بنا ہوا محل۔ ایک جگہ کا نام۔

مٹیالا maT-yaa-laa: (ار، صف) مٹی کا بنا ہوا، مٹی کے رنگ کا، بھورا۔مث: مٹیالی۔

م۔ث

مِثال mi-saal: (ع، صف) نظیر، شکل، مانند، تصویر، صورت، نمونہ، حکایت۔

مثالب ma-saa-lib: (ع، مذ) مثلب کی جمع، برائی، عیب۔

مِثالی mi-saa-li: (ع، صف) نمونے کا۔مث: مثالیہ۔

مثانہ ma-saa-nah: (ع، مذ) جسم کے اندر پیشاب کی تھیلی۔

مُثبت mus-bat: (ع، صف) ثبوت دیا گیا، قائم کیا گیا، جو منفی نہ ہو، جس میں فعل کا ہونا پایا جائے، تعمیری۔

مِثقال mis-qaal: (ع، مذ) ساڑھے چار ماشے کا وزن، سونے کا ایک سکہ جو عرب میں رائج ہے۔

مَثَل masl: (ع، مث) کہاوت، مثال، کہانی، داستان۔

مِثل misl: (ع، صف) مانند، موافق، جیسا، ملتا ہوا، ہم شکل، یکساں، کاغذات جن کا تعلق کسی مقدمہ یا خاص معاملہ سے ہو۔ (فائل)

مثلاً mas-lan: (ع، صف) جیسے، جس طرح، گویا۔

مثلب mas-lab: (ع، مذ) عیب، عیب کی جگہ۔

مثلث ma-sal-las: (ع، مذ) سہ گوشہ، تکون، وہ سطح جو تین خطوط مستقیم سے گھری ہوئی ہو، تین ضلعوں کی شکل، وہ نظم جس میں مثلث بنا کر سطح کی پیمائش کی جاتی ہے۔ علم عروض کے ایک وزن کا نام جس کے سہ گوشہ فرض ہوتے ہیں۔ ایک قسم کا تعویذ جس میں سہ در سہ خانے ہوتے ہیں، صف نسبتی: مثلثی۔

مُثلہ mus-lah: (ع، صف) جس کے کان اور ناک کاٹ دیئے جائیں۔

مُثمر mus-mir: (ع، صف) ثمر دار، پھل دار، فائدہ دینے والا، نتیجہ بخش۔

مُثمن mu-sam-man: (ع، صف) ہشت پہلو (مذ) آٹھ ضلعوں کی شکل۔ مث: وہ بحر جس میں آٹھ رکن ہوں۔ وہ بند جس میں آٹھ مصرعے ہوں۔

مثنوی mas-na-vii: (ع، مث) دو دو والا، نظم کی ایک قسم جس میں کوئی باب مسلسل بیان کی جاتی ہے۔ اس میں ہر شعر کا قافیہ جدا لیکن ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

مُثنّیٰ mu-san-naa: (ع، صف) دوسرا پرت Duplicate

م۔ج

مُجاب mu-jaab: (ع، صف) جواب دیا گیا، منظور کیا گیا۔

مُجادِل mu-jaa-dil: (ع، فاعل) لڑنے والا، جھگڑنے والا۔

مُجادَلہ mu-jaa-da-lah: (ع، مذ) لڑائی، جنگ، پیکار، خونریزی، جھگڑا، ٹنٹا، قضیہ، بکھیڑا، دشمنی، خصومت، نزاع، بحث، تکرار۔

مجاذیب ma-jaa-ziib: (ع، مذ) دیکھیے 'مجذوب' جس کی یہ جمع ہے۔

مجاز ma-jaaz: (ع،صف) وہ جس کی اصلیت نہ ہو، حقیقت کے برخلاف (مذ) وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنوں کے علاوہ اور معنوں میں استعمال ہو جیسے مٹی کے اصل معنی خاک اور مجازی معنی موت اور بدذائقہ، اختیار دیا گیا، بااختیار، جائز۔

مجازاً ma-jaa-zan: (ع، متعلق فعل) فرضاً، حسب قانون، قانوناً، از روئے شرع۔

مجازِ مُرسل ma-jaa-ze-mur-sal: (ع، مذ) علم بیان میں صفت بیانیہ سے مراد ہے۔ جس میں سبب سے مسبب، کل سے جزو، لازم سے ملزوم، ذکر سے صاحب ذکر اور ظرف سے مظروف مراد لیے جائیں۔

مجازی ma-jaa-zii: (ع،صف) غیر اصلی، غیر حقیقی، فرض کیا ہوا، فرضی، مرادی، نقلی، جعلی، مصنوعی۔

مجال ma-jaal: (ع،مث) قدرت، طاقت، بساط، حوصلہ، مقدور، تاب، بس، قابو۔

مجالس ma-jaa-lis: (ع،مث) دیکھیے 'مجلس' جس کی یہ جمع ہے۔

مجالست ma-jaa-la-sat: (ع،مث) مل کر بیٹھنا، ہم نشینی، ہم صحبت ہونا۔

مجامر ma-jaa-mir: (ع، مذ) دیکھیے 'مجمر' جس کی یہ جمع ہے۔

مُجامعت mu-jaa-me(?)t: (ع، مث) جماع، ہم بستری، مباشرت، صحبت، بھوگ (افعال: کرنا ہونا)

مُجانست mu-jaa-na-sat: (ع، مث) ہم جنس ہونا، ہم جنسیت، ہم قومی۔

مجانین ma-jaa-niin: (ع، مذ) دیکھیے 'مجنون' جس کی یہ جمع ہے۔

مُجاوِر mu-jaa-vir: (ع، فاعل) قریب کا، نزدیکی، وہ جو مسجد میں رہے۔ وہ شخص جو کسی خانقاہ یا مزار، درگاہ میں رہے اور وہاں جھاڑو وغیرہ دے اور خدمت کرے، خادم، پڑوسی، ہمسایہ، اسم کیفیت مث (ف) مجاوری۔

مُجاوَرت mu-jaa-va-rat: (ع، مث) ہمسائیگی، قرب، بے تکلفی، مسجد میں بطور مجاور رہنا۔

مُجاہد mu-jaa-hid: (ع، فاعل) کوشش کرنے والا، کافروں سے جہاد کرنے والا مث: مجاہدہ۔

مُجاہدہ mu-jaa-ha-dah: (ع، مذ) ریاضت، نفس کشی، جانفشانی، جہاد، کافروں سے لڑائی میں کوشش کرنا۔

مجبور maj-buur: (ع، مفعول) ناچار، بے بس، تنگ، دق، متعلق فعل مجبوراً۔ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ف مجبوری۔

مجبوراً maj-buu-ran: (ع، متعلق فعل) مجبور ہو کر، بے اختیاری کی حالت میں، تنگ آ کر۔

مُجتبےٰ muj-ta-baa: (ع، مفعول) چنا ہوا، چیدہ، برگزیدہ، پیغمبر صلعم کا لقب۔

مُجتمع muj-ta--ma(?): (ع، فاعل) اکٹھا کیا گیا، جمع کیا گیا۔

مُجتمعاً muj-ta-mi-(?)an: (ع، متعلق فعل) مجموعی حالت میں۔

مُجتنب muj-ta-nab: (ع، فاعل) اجتناب کرنے والا، پرہیز کرنے والا، دور رہنے والا۔

مجتہد muj-ta-hid: (ع، فاعل) کوشش کرنے والا، جدوجہد کرنے والا، راہ صواب پیدا کرنے والا، ٹھیک اور درست راستہ نکالنے والا، منکروں سے جہاد کرنے والا، اجتہاد کرنے والا، کتاب اور سنت سے مذہبی مسائل نکالنے والا، جو دلیل کے ساتھ ایک بات کا

قائل ہو۔ مذ، شیعوں کا فقیہ، امام، پیشوائے مذہب۔

مجتہدانہ muj-ta-hi-daa-nah: (عف، متعلق، فعل) مجتہدوں کے طریقے پر۔

مجد majd: (ع، مذ) بزرگی، عظمت، بڑائی، شان، وہ عزت جو بزرگوں کی وجہ سے ہو، ایک قبیلہ کی جدہ کا نام۔

مجدِّد mu-jad-did: (ع، فاعل) تجدید کرنے والا، پرانے کو نیا کرنے والا، از سر نو کوئی کام کرنے والا۔

مُجدّر mu-jad-dar: (ع، صف) چیچک زدہ، آبلہ زدہ۔

مجذوب maj-zuub: (ع، مفعول) خدا کی محبت میں غرق، بے ہوش مست، دیوانہ، پاگل۔

مجذور maj-zuur: (ع، مفعول) مربع، حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی نفس ضرب دینے سے پیدا ہو وہ عدد جذر کہلاتا ہے۔

مجذوم maj-zuum: (ع، مفعول) کوڑھی، جذامی، وہ جسے جذام ہو گیا ہو۔

مُجرا muj-raa: (ع، مفعول) کٹوتی، منہائی، کورنش، تسلیمات، مرثیہ، جو رباعی، غزل، قطعہ یا قصیدے کے طور پر کہا جاتا ہے۔ اور اس کے مطلع میں مجرا یا سلام کا لفظ لایا جاتا ہے۔ ناچ، رنگ، رقص۔

مُجراگاہ muj-raa-gaah: (عف، مث) بادشاہوں کے دربار میں وہ جگہ جہاں لوگ کھڑے ہو کر مجرا عرض کرتے تھے۔

مُجرائی muj-raa-ii: (ع، مذ) مجرا بجا لانے والا، سلام کرنے والا، منصبدار درباری، وہ لوگ جو صرف مجرا رسلام کرنے کی تنخواہ پاتے ہیں۔ وہ شاعر جو سلام نظم میں کہے مرثیہ گو، منہائی، کٹوتی۔

مُجرّب mu-jar-rab: (ع، مفعول) تجربہ کیا گیا، آزمایا گیا، آزمودہ، کارگر، موثر، تیر بہدف، مث: مجربہ، جمع، مجربات۔

مُجرّد mu-jar-rad: (ع، مفعول) اکیلا، تنہا، بن بیاہا، ناکتخدا، بے زن و فرزند، آزاد، وہ شخص جو دنیا سے الگ ہو گیا ہو، تارک الدنیا، وہ شے جو مادہ سے پاک ہو، مث: مجردہ، جمع: مجردات۔

مُجرّداً mu-jar-ra-dan: (ع، متعلق، فعل) اکیلے، خالصۃً۔

مُجرِم muj-rim: (ع، مذ) جرم کرنے والا، قصور کرنے والا، خطاوار، قصوروار، گنہگار، جو سزا کا قانونی طور پر مستحق ہو۔

مُجرمانہ muj-ri-maa-na(h): (عف، صف) دیکھیے 'مجرم' جس سے یہ منسوب ہے۔

مجروح maj-ruuh: (ع، صف) زخمی، گھائل، چوٹ کھایا ہوا، وہ جس کے زخم لگا ہو۔

مُجرئی muj-ra-ii: (ار، صف) وہ ناچنے والا جو بیٹھ کر گائے، مرثیہ پڑھنے والا۔

مجسٹریٹ ma-jis-Tl-reT: (انگ، مذ) Magistrate حاکم فوجداری مقدمات، فوجداری کی ادنیٰ عدالت کا منصف، منصف، اسم کیفیت مث: مجسٹریٹی۔

مُجسّم mu-jas-sam: (ع، صف) جسم دار، وہ چیز جس میں طول و عرض اور عمق ہو، مسطح، سر سے پاؤں تک، سراپا۔

مُجسّمہ mu-jas-sa-mah: (ع، مذ) بت، صنم۔

مجسمہ ساز mu-jas-sa-mah-saaz: (عف، صف) مٹی اور پتھر کے بت بنانے والا، اسم کیفیت مث: مجسمہ سازی۔

مُجلّا mu-jal-laa: (ع، صف) اجلا کیا ہوا، چمکایا ہوا، صاف کیا ہوا۔

مُجلّد mu-jal-lad: (ع، صف) جلد بندھا ہوا، جلد

بندی کیا ہوا مث: مجلدہ، جمع: مجلدات۔

مجلس maj-lis: (ع، مث) بیٹھنے کی جگہ، انجمن، بزم، جلسہ، مجمع، سبھا، وہ جگہ جہاں آدمیوں کا گروہ جمع ہو، شہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع۔

مجلسِ شوریٰ maj-li-se-sho-raa: (ع، مث بترکیب فارسی) مشورہ کرنے والی مجلس، مجلس مشاورت۔

مجلسِ عاملہ maj-li-se-(?)aa-mi-lah: (ع، مث، بترکیب، فارسی) منتخب ارکان کی مجلس جو عملی طور پر مجلس کی کارکردگی کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ انگریزی Working-Committee۔

مجلسِ قائمہ maj-li-se-qaa-i-mah: (ع، مث، بترکیب فارسی) مستقل کمیٹی جو مقرر کرنے والوں کی موجودگی تک قائم رہے۔(Standing Committee)

مجلسی maj-li-sii: (ع، مذ) مجلس سے متعلق، اہل مجلس، وہ شخص جو شریک جلسہ ہو۔

مُجلّہ mu-jal-lah: (ع، مذ) رسالہ، میگزین۔

مُجلّی mu-jal-li(i): (ع، صف) روشن کرنے والا، صاف کرنے والا، جلا دینے والا۔

مجمع maj-ma(?): (ع، مذ) مجلس، لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ، جلسہ، ہجوم، بھیڑ۔

مجمع البحرین maj-ma-(?)ul-beh-riin: (ع، مذ) وہ جگہ جہاں سمندر یا دو دریا ملتے ہوں، دو دریاؤں کا ملاپ۔

مجمع عام maj-ma-(?)e-(?)aam: (ع، مذ) عام لوگوں کا ہجوم یا بھیڑ۔

مجموع maj-muu(?): (ع، صف) جمع کیا گیا کل۔

مجموعہ maj-muu-(?)aa: (ع، صف) جمع کیا ہوا، اکٹھا کیا ہوا، جوڑا (ار مذ) ذخیرہ، خزانہ، مخزن، کلیات، پشتارہ، بنڈل، گٹھا، وہ عطر جس میں کئی عطر ہوں۔

مجموعۂ کلام maj-muu-(?)a-e-ka-laam: (ع، مذ بترکیب فارسی) کلام کا ذخیرہ، وہ کتاب جس میں کسی شاعر کی منظومات اکٹھی درج کی گئی ہوں۔

مجموعی maj-muu-ii: (ع، صف) تمام، یک جا طور پر، اکٹھا۔

مجنوں maj-nuuN: (ع، صف) دیوانہ، پاگل، سودائی، خبطی باؤلا، قیس عامری کا لقب، جو لیلیٰ کا عاشق تھا۔ عاشق، شیدا، مفتون، نہایت دبلا پتلا اور کمزور آدمی، اسم کیفیت مث: مجنونیت۔

مجوّز mu-jav-vaz: (ع، صف) تجویز کیا گیا، جائز کیا گیا، مث: مجوزہ۔

مجوِّز mu-jav-viz: (ع، صف) تجویز کرنے والا، رائے دینے والا، روا اور جائز رکھنے والا۔

مجوسی ma-juu-sii: (ع، مذ) آتش پرست، زردشت کا پیرو، چاند سورج کی پوجا کرنے والا۔

مجوّف mu-jav-vaf: (ع، صف) جوف کیا گیا، اندر سے خالی، کھوکھلا، پولا، تھوتھا۔

مجہول maj-huul: (ع، صف) نامعلوم، غیر معلوم، وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو، سست، کاہل، آرام طلب، نکما، نکھٹو، جبر و مقابلہ میں نامعلوم رقم۔

مجہول النسب maj-huu-lun-na-sab: (ع، صف) وہ شخص جس کی اصل و نسل کا پتہ نہ ہو۔

مجھ mujh: (ار، کلمہ ضمیر واحد متکلم) ایک کلمہ ہے جو اپنے نفس پر اطلاق کیا جاتا ہے، جیسے مجھ کو۔

مجھولا ma-juu-laa: (ار، صف) بیچ کا، درمیانی، وسطی، مذ، بڑا دیگچہ، چھوٹی دیگ، اتصغیر مث: مجھولی۔

مجھے mu-jhe: (ار، کلمہ ضمیر) مجھ کو، میری ذات کو۔

مُجیب mu-jiib: (ع، صف) جواب دینے والا، قبول کرنے والا، خدا تعالیٰ کا نام۔

مجید ma-jiid: (ع، صف) بزرگ، بزرگ وار، گرامی، اسمائے باری تعالیٰ میں سے ایک نام۔

مجیرا ma-jii-raal: (ار، مذ) جستل کی بنی ہوئی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لیے دونوں ہاتھوں میں لے کر بجاتے ہیں۔

م۔چ

مُچّا much-cha(a): (ار، مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا، لوتھڑا۔

مچان ma-chaan: (ار، مث) ٹانڈ، وہ تختہ یا لکڑی جو دیواروں میں اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے اونچی جگہ لگا دیتے ہیں، درخت پر وہ جگہ جو شیر کے شکار کے لیے بناتے ہیں۔ باغ اور کھیت میں وہ اونچی جگہ جو پھلوں یا فصل کی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے۔

مچانا ma-chaa-na(a): (ار، مص) رچانا، عمل میں لانا، برپا کرنا۔

مچکنا ma-chak-na(a): (ار، مص) لرزنا، تھرتھرانا، کانپنا، چارپائی کا چوں چوں کرنا۔

مچلانا mach-laa-na(a): (ار، مص) ٹالنا، ٹال مٹول کرنا، بہانہ کرنا، ضد کرنا، ہٹ کرنا، اڑ جانا، اصرار کرنا۔

مچلائی mach-laa-i(i): (ار، مث) مچلنا، ضد پر آ جانا، اڑ جانا۔

مُچلکہ mo-chal-kah: (ف، مذ) عہدنامہ، قول و قرار، کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری، عہدنامہ جو مجرم کی طرف سے ہوتا ہے۔

مچلنا ma-chal-na(a): (ار، مص) ضد پر آنا، ہٹ کرنا، اصرار کرنا، ڈھٹائی کرنا، بپھرنا۔

مچمچانا mach-ma-chaa-na(a): (ار، مص) گرمانا، کچکچانا۔

مچمچاہٹ mach-ma-chaa-haT: (ار، مث) دیکھیے "مچمچانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے، چارپائی کا چوں چوں کرنا۔

مچنا mach-na(a): (ار، مص) رچنا، بسنا، عمل میں لانا۔

مچوانا mach-vaa-na(a): (ار، مص) عمل کرانا، جیسے غل مچوانا۔

مچھر mach-chhar: (ار، مذ) ایک چھوٹا سا پردار کیڑا جو اپنے ڈنک کے ذریعے آدمی اور جانور کا خون چوستا ہے۔

مچھلی machh-li(i): (ار، مث) ماہی، مچھلی، انسان کے بازو کا گوشت حیوانات کی پنڈلی کا گوشت۔

مُچھندر mu-chhan-dar: (ار، صف) بڑی بڑی مونچھوں والا چوہا، موش، مسخرہ، بے ہودہ آدمی۔

مچھوا machh-vaa: (ار، مذ) ماہی گیر، مچھلیاں پکڑنے والا، مچھلیاں بیچنے والا۔

مچھی mach-chhi(i): (ار، مث) مچھلی، بوسہ۔

مچھی بھون mac-chhii-bha-van: (ہ، مذ) راجاؤں یا امیروں کا وہ تالاب جس میں چھوٹی چھوٹی مچھلیاں خوبصورتی کے لیے چھوڑتے ہیں۔

مچھیرا ma-chhe-ra(a): (ار، مذ) مچھلیاں پکڑنے والا، ماہی گیر مث: مچھیرن۔

مُچھیل mu-chel: (ار، صف) بڑی بڑی مونچھوں والا۔

م۔ح

مُحابا mu-haa-baa: (ع، مذ) لحاظ، مروت، پاس داری، صلح، اعانت، فروگزاشت، ڈر، خوف، احتیاط۔

محاذ ma-haaz: (ع، مذ) مقابلہ کی جگہ، میدان، سامنے، جمع: محاذات۔

محاذِ جنگ ma-haa-ze-jang: (عف، مذ) لڑائی کا میدان۔

محاذی ma-haa-zi(i): (ع، صف) مقابل، سامنے، روبرو، برابر۔

محارِب ma-haa-rib: (ع، صف) لڑنے والا، جنگ کرنے والا۔

مُحاربہ mu-haa-ra-bah: (ع، مذ) لڑائی، جنگ، معرکہ، مجادلہ۔

محارم ma-haa-rim: (ع، مذ) محرم کی جمع۔

محاریب ma-haa-riib: (ع، مث) دیکھیے 'محراب' جس کی جمع ہے۔

مُحاسِب mu-haa-sib: (ع، مذ) علم حساب سے واقف، حساب دان، حساب کرنے/ پڑتال کرنے والا۔

مُحاسبہ mu-haa-sa-bah: (ع، مذ) حساب، شمار، پڑتال، حساب کے متعلق پوچھ گچھ۔ (افعال: کرنا، لینا)

مُحاسن mu-haa-sin: (ع، صف) اچھائیاں، خوبیاں، بھلائیاں، نیکیاں، داڑھی، مونچھیں۔

مُحاصِر mu-haa-sir: (ع، صف) محاصرہ کرنے والا، گھیرنے والا۔

مُحاصرہ mu-haa-sa-rah: (ع، مذ) گھیرا ڈالنا، چاروں طرف سے بند کر دینا، راہ بندی، قلعہ بندی، حصار۔ (افعال: اٹھانا، کرنا، ہونا)

محاصِل ma-haa-sil: (ع، مذ) محصول کی جمع، پیداوار کا محصول، خراج حاصل آمدنی، نفع، پھل، نتیجہ، فائدہ۔

مُحاضرات mu-haaz-raat: (ع، مذ) معلومات، یاد رکھی ہوئی چیزیں یا باتیں، موافق حال کی نقلیں، مناسب مقام کی حکایتیں گزری ہوئی کہانیاں بیان کرنا۔

مُحافِظ mu-haa-fiz: (ع، صف) حفاظت کرنے والا، نگران، پاسبان چوکیدار، ولی، سرپرست۔

مُحافِظ خانہ mu-haa-fiz-Kaa-nah: (عف، مذ) وہ دفتر جس میں فیصلہ شدہ نقلیں رکھی جاتی ہیں۔

مُحافظت mu-haa-fa-zat: (ع، مث) حفاظت، رکھوالی، پاسبانی، چوکیداری، اہتمام، سرپرستی۔

محافِل ma-ha-fil: (ع، مث) دیکھیے 'محفل' جس کی یہ جمع ہے۔

مُحافہ mu-haa-fah: (ع، مذ) پردہ دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں، فنس، عربی محفہ کا مخرب۔

محاق mi-haaq: (ع، مذ) چاند کا گھٹنا، چاند کے گھٹنے کے دن جو پندرھویں سے شروع ہوتے ہیں۔ وہ دن جن میں چاند نظر نہیں آتا۔

مُحاکات mu-haa-kaat: (ع، مذ) باہم حکایت کرنا، آپس میں بات چیت کرنا، ایک دوسرے کو بتانا ایک دوسرے سے ملنا، مشابہ ہونا نقل کرنا، کسی منظر یا کیفیت کی لفظی تصویر۔

مُحاکمہ mu-haa-ka-mah: (ع، مذ) قاضی کے پاس جانا، کسی فیصلے کے لیے حاکم کے پاس جانا، انصاف طلبی، دعویٰ، منصف بن کر جھگڑے کا فیصلہ کرنا، فیصلہ۔

محال ma-haal: (ع، مذ) محل کی جمع، اردو میں منفرد استعمال ہوتا ہے۔ وہ جائداد غیر منقولہ یا اراضی جس میں بہت سی پٹیاں ہوں اور جس پر مال گزاری کی علیحدہ تشخیص ہو۔ محکمہ (ار) شہد کی مکھیوں کا چھتا (ان معنوں میں صرف ہندو پاکستان میں مستعمل ہے اور ایجاد ہے)

مُحال mu-haal: (ع، صف) مشکل، دشوار، کٹھن، ناممکن، غیر ممکن، ان ہونی، جمع محالات۔

محاورہ ma-haa-va-rah: (ع، مذ) وہ کلمہ / کلام جسے اہل زبان نے لغوی معنی کی مناسبت یا غیر مناسبت

سے کسی خاص معنی کے لیے مخصوص کر دیا ہو۔ بول چال، بات چیت، باہمی گفتگو، عادت، مشق، لپکا، مہارت۔

مُحِب mu-hib: (ع، صف) محبت کرنے والا، دوست، یار، مشفق، شفیق۔

مُحبت mu-hab-bat: (ع، مث) پیار، الفت، چاہ، لاڈ، پریم، پریت، موہ، مہر، اُنس، حب، دوستی، تہ آشنائی، یارانہ، اخلاص، ملاپ، یاری، عشق، لگن۔ (افعال: آنا، رکھنا، کرنا، ہونا)

مُحبت آمیز mu-hab-bat-aa-mez: (ع، صف) محبت بھرا، پرمحبت، الفت آمیز، پیار سے ملا ہوا۔

مُحبت نامہ mu-hab-bat-naa-mah: (عف، مذ) چٹھی خط جو کسی دوست یا عزیز کی طرف سے آئے۔

محبس mah-bas: (ع، مذ) قید خانہ، جیل خانہ، زندان۔

محبوب mah-buub: (ع، صف) معشوق، دلدار، منظور، نظر، دل پسند، چہیتا، پیارا، عزیز، محب، دوست ایک ترک طلائی سکہ کا نام جو زرمحبوب کا مخفف ہے۔ مث: محبوبہ۔

محبوبی mah-buu-bi(i): (ع، مث) معشوق ہونا، معشوقیت۔

محبوس mah-buus: (ع، صف) وہ جو جسے قید کیا گیا ہو، جائے قیدی، اسیر، مقید۔

محبوس خانہ mah-buus Kaa-na(h): (عف، مذ) قید خانہ، زندان۔

محتاج moh-taaj: (ع، صف) حاجتمند، ضرورت مند، غریب، مفلس، طلبگار، خواہاں، فقیر، بھکاری، منگتا، گدا، ہاتھ، پاؤں یا آنکھوں سے معذور، اسم کیفیت مث: ف۔ محتاجی۔

محتاط moh-taat: (ع، صف) احتیاط رکھنے والا، وہ جو بہت احتیاط رکھے، ہوشیار۔

محترز moh-ta-riz: (ع، صف) محتاط، ہوشیار، پرہیز کرنے والا، اپنے آپ کو بچانے والا۔

محترق moh-ta-riq: (ع، صف) جسے آگ لگی ہو، جلا ہوا۔

محترم moh-ta-ram: (ع، صف) عزت کیا گیا، معزز، بزرگ، احترام۔

محتسب moh-ta-sib: (ع، مذ) حساب لینے والا، وہ حاکم جو خلاف شرع باتوں کی ممانعت کرے۔ کوتوال جو باٹوں اور پیمانوں کی پڑتال کرے اور خلاف شرع باتوں کو روکے، اسم کیفیت مث: محتسبی۔

محتشم moh-ta-shim: (ع، مذ) صاحب خدم و حشم، احتشام والا، جاہ و جلال والا، امیر، دولتمند، رئیس، نواب، بہت سے نوکروں اور متعلقین کا مالک۔

محتقر moh-ta-qir: (ع، صف) حقیر، ذلیل، کمینہ

محتکر moh-ta-kir: (ع، صف) وہ غلہ فروش جو غلے کو گرانی کی وجہ سے بند رکھے۔

محتلم moh-ta-lim: (ع، صف) وہ جسے احتلام ہو جائے، وہ جو سن بلوغت کو پہنچ جائے۔

محتمل moh-ta-mal: (ع، صف، مفعول) گمان کیا گیا، شبہ کیا گیا، مشتبہ۔ جمع: محتملات۔

محتمل moh-ta-mal: (ع، صف، فاعل) بوجھ اٹھانے والا، جو ذمہ داری لے، قیدی کو خریدنے والا، صابر، جس کی امید ہو، ممکن۔

محتوی moh-ta-vi(i): (ع، صف، فاعلی) گھیر لینے والا، محیط کرنے والا۔

محجر mo-haj-jar: (ع، صف، مفعولی) جالی دار۔

محجوب mah-juub: (ع، صف، مفعولی) پردے میں

چھپا ہوا، مخفی، وہ جو کسی کی میراث پانے سے محروم ہو، وہ جو پیدائشی اندھا ہو، وہ جسے داخل ہونے کی ممانعت ہو، شرمندہ، منفعل۔

محدّب mo-had-dab: (ع، صف مفعولی) قبہ دار، گنبد نما، بیچ میں ابھرا ہوا۔

محدِّث mo-had-dis: (ع، مذ) حدیث کا علم جاننے والا۔

محدِث moh-dis: (ع، صف فاعلی) نیا پیدا کرنے والا، نئی بات نکالنے والا، موجد۔

محدث moh-das: (ع، صف مفعولی) نیا پیدا کیا ہوا، بدعت، ٹوٹا ہوا، وضو ٹوٹا ہوا۔

محدُود mah-duud: (ع، صف مفعولی) رکا ہوا، حد کیا گیا، گھرا ہوا، جدا کیا ہوا، ختم کیا ہوا، محصور، مقید، مقررہ، متعینہ (افعال: کرنا، ہونا)

محذُوف mah-zuuf: (ع، صف، مفعولی) حذف کیا گیا، گرایا گیا، نکالا گیا، علیحدہ کیا گیا، الگ کیا گیا، (عروض) وہ رکن جس کے سبب خفیف یا دو حرف گرا دیے جائیں۔ جمع: محذوفات۔

محراب meh-raab: (ع، مث) وہ قوس نما جگہ جہاں مسجد میں امام کھڑا ہو کر نماز پڑھاتا ہے۔ مسجد میں وہ کمان دار جگہ جو قبلہ رخ بنی ہوئی ہو۔ ڈاٹ، گول دروازہ، کمرے میں سب سے اونچی بیٹھنے کی جگہ، وہ جگہ جہاں بادشاہ یا بڑے آدمی بیٹھتے ہیں۔ شاہی خلوت گاہ، خلوت خانہ، حجرہ۔

محرابدار meh-raab-daar: (عف، صف) قوس نما، کمان کی مانند۔

محرابی meh-raa-bii: (ع، صف) محرابدار، مسجد، ایک قسم کی شمشیر۔

مُحَرّر mo-har-rar: (ع، صف، مفعولی) لکھا ہوا، تحریر شدہ۔ مث: محررہ۔

محرِّر mo-har-rir: (ع، مذ) لکھنے والا، کاتب، نویسندہ، منشی، اسم کیفیت مث: محرری، مث: محررہ۔

مُحرِّف ma-har-rif: (ع، مذ) تحریف کرنے والے، بدلنے والا، وہ جو مذہب کو اپنے مفاد کا ذریعہ بنائے: مث: محرفہ۔

مُحرِق moh-riq: (ع، فاعلی) جلا دینے والا، بخار کی ایک قسم جو ایک معیاد تک رہتا ہے مث: محرقہ۔

مُحرِّک mo-har-rik: (ع، مذ) حرکت دینے والا، ہلانے والا، ابھارنے والا، اکسانے والا، شہ دینے والا، وہ جو اعراب نکالے مث محرکہ۔

محرَم mah-ram: (ع، صف) حرام، ممنوع، راز دار، ہمراز، جان پہچان، واقف، روشناس، مذ، وہ شخص جس سے پردہ جائز نہ ہو، جیسے خاوند، وہ شخص جس سے نکاح جائز نہ ہو، جیسے باپ، بھائی، (ار، مث) انگیا، سینہ بند۔

محرم کار mah-ram-kaar: (عف، صف) کسی کام سے واقف، ماہر، تجربہ کار (عورتیں بغیر اضافت بولتی ہیں)

مُحرّم mo-har-ram: (ع، صف، مفعولی) حرام کیا گیا، ممنوع، مسلمانوں کے سال کا پہلا مہینہ اس مہینہ کی دسویں تاریخ کو امام حسینؓ کی شہادت ہوئی تھی۔ کنایۃً غم کا زمانہ، خانۂ کعبہ کی چار دیواری، حرم۔

مُحرّم کا سپاہی mo-har-ram kaa si-paa-hii: (ار، مذ) وہ لڑکا جسے عورتیں محرم میں سبز کپڑے پہناتی ہیں، جن عورتوں کے لڑکے مر جاتے ہوں وہ منت مانتی ہیں کہ اگر ان کا بچہ زندہ رہا تو وہ اُسے محرم کا سپاہی بنائیں گی۔

مُحرّم کی پیدائش mo-har-ram ki pai-daa-

ish: (ار، صف) وہ شخص جو ہمیشہ غمگین رہتا ہو۔

محرُوْر mah-ruur: (ع، صف مفعولی) گرم گرم مزاج، وہ جسے غلامی سے آزادی دی گئی ہو۔

محرُوْرُ المزاج mah-ruu-rul-mi-zaaj: (ع، صف) گرم مزاج، گرم طبیعت۔

محرُوْس mah-ruus: (ع، صف) محفوظ، حفاظت کیا گیا، زیرِ نگرانی، زیرِ حفاظت مث: محروسہ۔

محرُوْم mah-ruum: (ع، صف) روکا گیا، باز رکھا گیا، ممنوع، منع کیا گیا، حرام کیا گیا، بےنصیب، مایوس۔

محرُوْم الارث mah-ruu-mul-ars: (ع، صف) وہ جو وراثت سے خارج کیا گیا ہو۔

محرُوْمی / محرومیت mah-ruu-mii/mah-ruu-mi-yat: (عف، مث) ناامیدی، ناکامی، مایوسی، بدنصیبی، بدطالعی۔

محزُوْن mah-zuun: (ع، صف، مفعولی) غمگین، رنجیدہ، مغموم۔

مُحسِن moh-sin: (ع، مذ) احسان کرنے والا، بھلائی کرنے والا، سلوک کرنے والا، سخی، فیاض، مددگار، معاون، سرپرست، مربی۔

مُحسِن کُش moh-sin-kush: (ع، صف) احسان کرنے والے کے ساتھ برائی کرنے والا، اسم کیفیت مث: محسن کشی۔

محسنات moh-sa-naat: (ع، مث) نیکیاں، خوبیاں، بھلائیاں، سلوک، احسانات۔

محسُوْب mah-suub: (ع، صف، مفعولی) شمار کیا گیا، حساب کیا گیا، حساب میں لگایا گیا مجرا دیا گیا۔

محسُوْد meh-suud: (ع، صف مفعولی) حسد کیا گیا، رشک کیا گیا، (ر مذ) پٹھانوں کی وزیری قوم کی شاخ۔

محسُوْس mah-suus: (ع، صف، مفعولی) وہ شے جو کسی حس کے ذریعے معلوم ہو، ظاہر، آشکارا، معلوم، پہچانا گیا۔ (افعال: کرنا، ہونا) مث: محسوسہ جمع محسوسات۔

محشر mah-shar: (ع، مذ) وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوں۔ مجازاً قیامت کا دن، حشر، ہنگامہ۔

محشُوْر mah-shuur: (ع، مذ) جو قیامت کے میدان میں اٹھایا جائے گا، حشر کیا گیا۔

مُحشّیٰ mu-hash-sha: (ف، صف مفعول) حاشیہ چڑھایا ہوا، شرح لکھی ہوئی۔

مُحشّی mo-hish-shii: (ع، صف) وہ جو کپڑے پر جھالر یا لیس لگائے، حاشیہ نگار۔

مُحصِّل mo-has-sil: (ع، مذ) وصول کرنے والا، محصول وصولی کرنے والا، ٹیکس لگانے والا، تحصیل کا سپاہی، تحصیلدار، اسم کیفیت مث: محصلی۔

مُحصَن moh-san: (ع، مذ) جس کی حفاظت کی جائے، جسے بچایا جائے، پاکدامن، نیک، پارسا، شادی شدہ، بیاہتا، جس کے گرد دیوار بنائی جائے۔

مُحصِن moh-sin: (ع، مذ) بچانے والا، حفاظت کرنے والا۔ پارسا، پاکدامن، وہ جو کسی کے گرداگرد دیوار بنائے حفاظت کرے، محافظ، داروغہ۔

مُحصنہ moh-sa-nah: (ع، مث) بیاہی عورت، زنِ پارسا، جمع، محصنات۔

محصُوْر mah-suur: (ع، صف) گھیرا ہوا، روکا ہوا، مقید، قلعہ بند (افعال: کرنا، ہونا)

محصُوْل mah-suul: (ع، مفعول) اکٹھا کیا گیا، حاصل کیا گیا۔ ٹیکس، لگان، ڈنڈ، حاصل، خراج، مال گزاری، کرایہ، اُجرت، آمدنی۔

محضْ ma-haz: (ع، صف) خالص، نرا (متعلق فعل) صرف، فقط، تمام، بالکل، سراسر۔

محضر mah-zar: (ع، مث) حاضر ہونے کی جگہ،

چہرہ، وہ کاغذ جس پر قاضی / مجسٹریٹ کی مہر لگی ہو۔ نوشتہ جس پر بہت سے آدمی دستخط کریں یا مہر لگائیں۔ اور کسی حاکم کے پاس بھیجیں۔

محضر خانہ mah-zar-Kaa-nah: (عف، مذ) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ، عدالت، تھانہ وغیرہ۔

محظوظ mah-zuuz: (ع، مفعول) حظ یافتہ، مسرور، خوش۔

محفل mah-fil: (ع، مث) مجلس، جلسہ، آدمیوں کا مجمع، انجمن دیکھیے 'مجلس'۔

محفلِ عروسی mah-fil-(?)u-ruu-si(i): (ع، مث) شادی کی مجلس۔

محفوظ mah-fuuz: (ع، مفعول) حفاظت کیا گیا، بچایا گیا، صحیح سلامت، مامون، یاد، حفظ (افعال: رکھنا، رہنا، ہونا، مث: محفوظہ)

محقر mu-haq-qar: (ع، مفعول) حقیر سمجھا گیا، ذلیل کیا گیا، حقیر، ذلیل، کمینہ۔

محقق mu-haq-qaq: (ع، مفعول) تحقیق کیا گیا، یقین کیا گیا، تسلیم کیا گیا، مانا گیا، گاڑھا بنا ہوا کپڑا، یقینی، درست، صحیح، پاکیزہ (زبان یا گفتگو، مذ، ایک قسم کا خط)

محقق mu-haq-qiq: (ع، فاعل) تحقیق کرنے والا، جو کسی بات کو ثبوت سے ثابت کرے، فلسفہ دان، فلاسفر، صوفیوں کی اصطلاح میں وہ جو درجہ حقیقت کو پہنچ گیا ہو۔

محققانہ mu-haq-qi-qaa-na(h): (ع، صف) از روئے تحقیق۔

محک mi-hak: (ع، مذ) کسوٹی، وہ پتھر جس پر سونے کو گھس کر دیکھتے ہیں، پرکھ، آزمائش، جانچ۔

محکم moh-kam: (ع، مفعول) پکا، مضبوط، مستحکم، پائیدار، اسم کیفیت مث: محکمی۔ مث: محکمہ۔

محکمات moh-ka-maat: (ع، مذ) کلام الٰہی کی وہ آیتیں جو صریح ہوں۔

محکمہ ma-hak-ma(h): (ع، مذ) حکم کرنے کی جگہ، عدالت: کچہری، دربار، صیغہ، سررشتہ، ڈیپارٹمنٹ

محکوک mah-kuuk: (ع، مفعول) چھیلا گیا، محو کیا گیا، مذ، نگینہ۔ جس پر کچھ کندہ کیا گیا ہو۔

محکوم mah-kuum: (ع، مفعول) حکم دیا گیا۔ ماتحت، تابع فرمان، رعایا، رعیت، نوکر، چاکر، ملازم، مث: محکومہ۔

محل ma-hal: (ع، مذ) اترنے کی جگہ، ٹھکانا، جگہ، بڑا مکان، بادشاہوں یا امیروں کا مکان، قصر، دیوان، موقع، وقت، رانی، ملکہ، بیگم۔

محل خانہ ma-hal-Kaa-na(h): (عف، مذ) رئیسوں کا مکان۔

محل خطر ma-hal Ka-tar: (عف، مذ) خطرے کا موقع، خطرے کی جگہ۔

محلدار ma-hal-daar: (عف، مذ) شاہی زمانے کا ایک عہدہ دار جو شاہی محل کا انتظام اور حفاظت کرتا تھا۔ مث: محلداری۔

محل سرا ma-hal-sa-raa: (عف، مذ) محل، حرم سرا۔

محلِ نظر ma-hal-le-na-zar: (ع، صف) جائے تامل، مقام فکر، جائے اعتراض۔

محلول mah-luul: (ع، مفعول) حل کیا ہوا، گھلا ہوا۔

محلہ ma-hal-lah/mo-hal-lah: (ع، مذ) شہر یا قصبے کا ایک حصہ، آبادی کا علیحدہ حصہ، پورہ، ٹولہ، گلی کوچہ، اترنے کی جگہ، منزل، فرودگاہ، کیمپ، محلے کے لوگ، ف۔ فوج کا ملاحظہ۔

محلہ دار ma-hal-la-daar: (عف، مث) محلہ کا

چوہدری، ہم سایہ، ہم محلہ، مالک مکان، خاکروب، بھنگی، مہتر۔
محلہ داری ma-hal-lah-daa-ri(i): (عف، مث) محلہ میں رہنے کا فعل، محلہ دار ہونا، ہم سائگی۔
مُحلّٰی mu-hal-li(i): (ع، مفعول) کپڑے پہنایا گیا، ملبوس کیا گیا، میٹھا، شیریں وہ جو تلوار کے قبضے یا نیام کو سجائے۔
مُحَمَّد mo-ham-mad: (ع، مفعول) تعریف کیا گیا، سراہا گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام نامی جو مکہ معظمہ میں خاندان قریش میں پیدا ہوئے اور وحی نازل ہونے کے بعد نبوت کا اعلان کیا۔
مُحَمَّدی mo-ham-ma-dii: (ع، مث) حضرت محمد صلی علیہ وآلہ وسلم سے نسبت رکھنے والا، حضرت محمد صلعم کا پیرو، مسلمان۔
مَحمِل mah-mil: (ع، مذ) کجاوہ، ایک قسم کی ڈولی، جو اونٹ پر باندھتے ہیں۔ (افعال: باندھنا، بندھنا، کسنا)
محمل کش mah-mil-kash: (ع، صف) محمل اٹھانے والے/والا۔
محمل نشین mah-mil na-shiin: (ع، صف) محمل میں بیٹھنے والا۔
محمود mah-muud: (ع، صف) تعریف کیا گیا، سراہا گیا، پیغمبر صلعم۔
محمودی mah-muu-dii: (ع، مث) ایک قسم کی باریک ململ، مذ، عرب کا ایک نقری سکہ جو ڈھائی آنے کے برابر ہوتا تھا۔ افغانوں کی ایک قوم۔
محمول mah-muul: (ع، مفعول) لادا گیا، اٹھایا گیا، قیاس، گمان یا ظن کیا گیا، مث: محمولہ۔
مِحَن mi-han: (ع، مذ) محنت کی جمع، بلائیں، تکلیفیں۔
مِحنت (محنت) meh-nat: (ع، مث) مشقت ریاضت، کوشش، سرگرمی، رنج، تکلیف، مزدوری، دستکاری۔
محنت (محنت) کا پھل meh-nat kaa phal: (ار، مذ) کام کا صلہ، مزدوری (افعال: ملنا، دینا)
محنت (محنت) کش meh-natkash: (ع، صف) جفاکش، محنتی، اسم کیفیت مث: محنت کشی۔
محنت (محنت) مزدوری meh-natmaz-duu-ri(i): (ار، مث) مزدوری، اُجرت، محنت کا کام، کاروبار، کام کاج۔
محنت (محنت) مشقت meh-natma-shaq-qat: (ار، مث) سخت محنت کا کام، مزدوری۔
محنتی (محنتی) meh-na-tii: (ع، صف) محنت کرنے والا، جفاکش، مزدور، قلی۔
مِحوَر mah-var: (ع، مذ) دھرا جس پر پہیا گردش کرتا ہے، کیلی۔
محورِ زمین mah-va-re za-miin: (عف، مذ) قطبین کے درمیان وہ فرضی خط جس کے گرد زمین گردش کرتی ہے۔
مُحَوَّل mu-hav-val: (ع، صف) حوالہ دیا گیا، سپرد کیا گیا، مث: محولہ۔
محویت mah-vi-yat: (ع، مث) خیال میں گم، غرق ہونا، استغراق۔
مُحیِّی mo-hay-yii: (ع، صف) مخلوق کو حیات بخشنے والا، زندہ کرنے والا، خدا تعالیٰ کا نام۔
محی الدین mo-hii-ud-diin: (ع، صف) دین کو زندہ کرنے والا، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا لقب۔
مُحَیِّر mo-hay-yar: (ع، صف) حیران کرنے والا، تعجب میں ڈالنے والا۔

مُحیّرُ العُقول mo-hay-ye-rul-(?)u-quul: (ع، صف) عقلوں کو حیرانی میں ڈالنے والا، تعجب میں ڈالنے والا۔

مُحیل mo-hiil: (ع، صف) فریبی، مکار، حیلہ گر۔

م۔خ

مخابرہ mo-Kaa-ba-rah: (ع، مذ) خبر رسانی، باہم خبریں پہنچانا، جمع: مخابرات۔

مخادیم ma-Kaa-diim: (ع، مذ) مخدوم کی جمع، بزرگ۔

مخارج ma-Kaa-rij: (ع، مذ) مخرج کی جمع۔

مخازن ma-Kaa-zan: (ع، مذ) مخزن کی جمع، خزانے۔

مُخاصِم mo-Kaa-sim: (ع، مذ) خصومت رکھنے والا، دشمنی کرنے والا۔

مُخاصِمانہ mo-Kaa-si-maa-na(h): (عف، صف) دشمنی کے طور پر، دشمنی سے، دشمن کی طرح۔

مُخاصمت mo-Kaa-sa-mat: (عف، صف) دشمنی، مخالفت، لاگ، بیر۔

مُخاطِب mo-Kaa-tib: (ع، مذ) خطاب کرنے والا، بات کرنے والا، بولنے والا۔

مُخاطَب mu-Kaa-tab: (ع، صف، مفعولی) وہ شخص جس سے بات کہی جائے۔

مُخاطبت mu-Kaa-ta-bat: (ع، مث) کلام، بات، خطاب، ایک دوسرے کو مخاطب کرنا۔

مُخاطرہ mu-Kaa-ta-rah: (ع، مذ) خطرہ، ڈر، خوف، اندیشہ، وہ بات جو ذہن میں آجائے۔ خطرے میں پڑنا، اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔

مُخالِف mu-Kaa-lif: (ع، صف) برخلاف، الٹا، برعکس، خلاف کرنے والا، دشمن، عدو (افعال: کرنا، ہونا)

مُخالَفت mu-Kaa-la-fat: (ع، مث) دشمنی، عداوت، اختلاف، ایک دوسرے کے خلاف کرنا، ضد، ہٹ، کشیدگی، مغائرت (افعال: کرنا، ہونا)

مُخبِر muK-bir: (ع، مذ) خبر دینے والا، جاسوس، خفیہ پولیس، رپورٹر، اسم کیفیت مث: مخبری۔

مخبُوط maK-buut: (ع، صف، مفعولی) پاگل، خبطی، دیوانہ، مجنون، بدحواس۔

مخبُوطُ الحواس maK-buu-tul ha-vaas: (ع، صف) دیکھیے 'مخبوط'۔

مُختار muK-taar: (ع، صف، مفعولی) اختیار دیا گیا، منتخب کیا گیا، با اختیار، مجاز، آزاد، سرپرست، سربراہ کار، ایجنٹ، گماشتہ، ایک قسم کا وکیل (افعال: کرنا ہونا)، اسم کیفیت مث: مختاری۔

مُختارِ خاص muK-taa-re-Kaas: (ع، مذ) وہ جس کے ذمے کوئی خاص کام یا خاص کام کا اختیار دیا گیا ہو۔

مُختارِ عام muK-taa-re-(?)aam: (ع، مذ) وہ شخص جس کے نام مختار نامہ عام ہو جس کو ہر کام کرنے کا اختیار ہو۔

مُختارِ کار muK-taa-re-kaar: (عف، مذ) کام کرنے کا مجاز، سربراہ کار۔

مُختار نامہ muK-taar-naa-ma(h): (عف، مذ) وہ تحریر جس کی رو سے کسی شخص کو مختار بنایا گیا ہو۔

مُختتم muK-ta-tam: (ع، صف فاعلی) ختم کیا گیا۔

مُختَرَع muK-ta-ra(?): (ع، صف، مفعول) ایجاد کیا گیا، وہ چیز جو ایجاد کی جائے، وہ لفظ جو گھڑا جائے (مث) ایجاد، دریافت، جمع مخترعات۔

مُختَرِع muK-ta-ra(?): (ع، سف فاعلی) موجد، بانی، ایجاد کرنے والا۔

مختص muK-tas: (ع،صف،مفعولی) خاص کیا گیا، خاص، نچ کا، منتخب، چنا گیا۔

مختصر muK-ta-sar: (ع،صف،مفعولی) خلاصہ کیا گیا، اختصار کیا گیا، خلاصہ انتخاب، چھوٹا۔

مختصراً muK-tas-ran: (ع،متعلق) اختصار کے ساتھ، خلاصتہً۔

مختصر نویس muK-ta-sar na-viis: (عف، صف) اختصار نویس، اسم کیفیت مث: مختصر نویسی۔

مختفی muK-ta-fi(i): (ع،صف، فاعلی) چھپا ہوا، پوشیدہ، خفیہ، وہ ہائے ہوز جو پڑھی نہیں جاتی محض اظہار حرکت کے لیے ہوتی ہے مثلاً بستہ میں۔

مختل muK-tal: (ع،صف،مفعولی) بگڑا ہوا، درہم برہم۔

مختلط muK-ta-lat: (ع،صف،مفعولی) ملا ہوا، گڈمڈ

مختلط muK-ta-lit: (ع،صف،فاعلی) اختلاط کرنے والا، نامعلوم، غیر مشہور، گمنام، (شجرہ نسب) گڈمڈ (کاروبار)

مختلف muK-ta-lif: (ع،صف، فاعلی) جدا، جو یکساں نہ ہو، علیحدہ، قسم قسم کا، طرح طرح کا، اختلاف رکھنے والا۔

مختلف فیہ muK-ta-laf-fii(h): (ع،صف) وہ جس پر اتفاق نہ ہو، وہ جس کے متعلق مختلف رائیں ہوں۔

مختوم maK-tuum: (ع،صف،مفعول) مہر شدہ، دستخط کیا گیا، بند کیا گیا، مقفل۔

مختون maK-tuun: (ع،صف،مفعولی) ختنہ کیا گیا، جس کی ختنہ ہوگئی ہوں۔

مخدر mu-Kad-dar: (ع،صف مفعولی) پردے میں رکھا ہوا، برقع پوش چھپا ہوا، مث: مخدرہ، جمع: مخدرات۔

مخدِّر mu-Kad-dir: (ع،صف فاعلی) سن کر دینے والا، بے حس و حرکت کر دینے والا، خواب آور۔

مخدوش maK-duush: (ار،صف مفعولی) خدشے سے بھرا ہوا، وسوسہ کیا ہوا۔ (عربی میں مستعمل نہیں صرف اہل ہند کی اختراع ہے)

مخدوم maK-duum: (ع،صف،مفعولی) خدمت کیا گیا، قابل تعظیم آقا، مالک، مسلمان، پیر، مث: مخدومہ، اسم کیفیت مث: مخدومیت۔

مخرب mu-Kar-rab: (ع،صف مفعولی) خراب شدہ، بگڑا ہوا۔

مخرج maK-raj: (ع، مذ) نکلنے کی جگہ، منبع، مصدر، اصل، جڑ، مادہ۔

مخروط maK-ruut: (ع، صف، مفعولی) گاؤدم، گاجر کی شکل کا چھیلا گیا۔ تراشا گیا۔

مخروطی maK-ruu-tii: (ع،صف) گاجر کی شکل کا، گاؤدم۔

مخزن maK-zan: (ع، مذ) جمع کرنے کی جگہ، خزانہ، ذخیرہ، گدام / گودام، رسالہ، میگزین۔

مخزون maK-zuun: (ع،صف، مفعولی) خزانہ میں رکھا گیا، مث: مخزونہ

مخصوص maK-suus: (ع،صف،مفعولی) خاص کیا گیا، نامزد کیا گیا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مخضب mu-Kaz-zab: (ع،صف، مفعولی) خضاب کیا گیا، رنگا گیا۔ (اردو میں داڑھی کے لیے مستعمل ہے)

مخطط mu-Kat-tat: (ع،مفعول) دھاریدار، لکیروں والا، خوبصورت، حسین، سبزہ آغاز، جس کی

مسیں بھیگ رہی ہوں۔

مخطور maK-tuur: (ع، مفعول) وہ جس میں خطرہ ہو، خطرناک، خوفناک، خیال کیا گیا، سوچا گیا۔

مخطورات maK-tuu-raat: (ع، مذ) دل کے خطرے، دلی خیالات۔

مخطوطہ maK-tuu-ta(h): (ع، مذ) قلمی، نسخہ، غیر مطبوعہ، جمع: مخطوطات۔

مخطی muK-ti(i): (ع، مذ) وہ جو غلطی سے خطا کرے، جس سے بے ارادہ خطا ہو جائے۔

مخفف mu-Kaf-faf: (ع، مفعول) تخفیف کیا گیا، گھٹایا گیا۔ کم کیا گیا، اختصار کیا گیا، وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف گھٹایا جائے۔ وہ حرف صحیح جس پر بجائے لمبے کے چھوٹا اعراب دیا جائے یا تشدید رفع کی جائے۔ مث: مخففہ۔

مخفی maK-fii: (ع، مفعول) چھپا ہوا، خفیہ، پوشیدہ (افعال: رکھنا، رہنا، کرنا، ہونا)

مخل mu-Kil: (ع، مذ) خلل ڈالنے والا، حارج، مفسد، فتنہ پرداز، جو اپنا وعدہ نہ کرے (افعال: کرنا)

مخلص muK-lis: (ع صف، مفعولی) خالص، بے داغ۔

مخلصی muK-li-si(i): (ع، مث) رہائی، آزادی، چھٹکارا، نجات، خلاصی (افعال: دلانا، دینا، ہونا)

مخلوط maK-luut: (ع، صف، مفعول) ملا ہوا، ملا جلا، گڈمڈ۔

مخلوط النسل maK-luu-tun-nasl: (ع، صف) وہ شخص جو ایک نسل سے نہ ہو، دوغلا۔

مخلوق maK-luuq: (ع، صف، مفعولی) پیدا کیا گیا، پیدا کیا ہوا۔ (مث) دنیا، کائنات، خلقت، جمع: مخلوقات، اسم کیفیت مث: مخلوقیت۔

مخلّیٰ mu-Kal-la: (ع، صف، مفعولی) خالی کیا گیا، آزاد یا رہا کیا گیا۔

مخمّر mu-Kam-mar: (ع، صف، مفعولی) خمیر کیا گیا، گوندھا گیا۔

مخمِّر mu-Kamir: (ع صف، فاعلی) خمیر کرنے والا۔

مخمّس mu-Kam-mas: (ع، صف، مفعول) پانچ ضلعوں والی شکل۔ پنج گوشہ (مذ) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ مصرعوں کا ہو، جمع: مخمسات۔

مخمصہ maK-ma-sah: (ع، مذ) جھمیلا، جھگڑا، بکھیڑا، غم جس سے دل مضطرب ہو، بھوک، پیٹ کا خالی ہونا۔

مخمل maK-mal: (ع، مث) بعض شعرا نے مذکر بھی باندھا ہے، ایک قسم کا کپڑا جس کی ایک طرف نہایت ملائم اور روئیں دار ہوتی ہے، صف نسبتی: مخملی: مخملیں۔

مخمور maK-muur: (ع، صف مفعول) مست، نشے میں چور، مدہوش، متوالا (افعال: کرنا، ہونا، رہنا، کر دینا، ہو جانا)

مخنث mu-Kan-nas: (ع، صف، مفعول) ہیجڑا، زنخا، نامرد۔

مخول ma-Kaul: (ار، مث) مذاق، ٹھٹھا، چھیڑ، ہنسی (افعال: کرنا، ہونا)

مخولیا ma-Kau-li-ya: (ار، مذ) مسخرا، ظریف، وحشی، خبطی، گھبرایا ہوا (آدمی) مالی خولیا کا مخفف ہے۔

مخیر mu-Kay-yar: (ع، صف فاعل) اختیار دینے والا، خیرات کرنے والا، نیکی کرنے والا، سخی، فیاض۔

مخیل mu-Kay-yal: (ع، صف، مفعولی) خیال کیا گیا، سوچا گیا۔

م ۔ د

مد mad: (ع، مذ) کشش، چاند کی کشش سے سمندر

کے پانی کا چڑھاؤ، جزر کا نقیض، پھیلاؤ، محکمہ دفتر، عنوان، مَد، الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت، حساب، حصہ۔

مد / مدھ madh: (س، مذ) خمار، نشہ، شراب، خوشی، غرور، منی، وہ پانی جو مستی کی حالت میں ہاتھی کی کنپٹی سے ٹپکتا ہے۔

مدِّ امانت mad-de-a-maa-nat: (ع، مث) رقم امانت، حساب امانت، بصیغہ امانت۔

مدھ بھرا mad-bha-ra(a): (ہ، صف) مست، نشیلا، مث: مدبھری۔

مد کھینچنا mad-khiiNch-na(a): (ار، محاورہ) خط کھینچنا۔

مدِّ مقابل mad-de-mu-qaa-bil: (ع، صف) برابر کا دعویدار، مخالف، حریف، رقیب، برابر کی چوٹ، برابر کا جوڑ، برابر کا خط، جمع اور خرچ کی مد جو ایک دوسرے کے محاذی ہوتی ہے۔ دو سوداگروں کا باہمی کھاتا۔

مدِّ نظر / نگاہ mad-de-na-zar/ni-gaah: (عف، مث) وہ چیز جو نظروں کے سامنے ہو، پیش نظر، قصد، ارادہ، مقصود دلی، منظور نظر، محبوب، وہ چیز جو آنکھوں میں کھبی ہوئی ہو۔

مدّ و جزر mad-do-ja-zar: (عف، مث) جوار بھاٹا، اتار چڑھاؤ۔

مدّاح mad-daah: (ع، صف) تعریف کرنے والا، ثناخواں، اسم کیفیت مث: مداحی۔

مداخل ma-daa-Kil: (ع، مذ) دیکھیے 'مدخل' جس کی یہ جمع ہے۔

مداخلت ma-daa-Ka-lat: (ع، مث) دخل، دست اندازی، مزاحمت، تعرض، قبضہ، قابو، تصرف۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مداخلتِ بے جا ma-daa-Ka-la-te-be-jaa: (ع، مث) کسی کے مکان یا زمین پر بغیر مالک کی اجازت کے جرم کرنے یا کسی کو بے عزت کرنے یا رنج دینے کے لیے داخل ہونا۔ (قانون)

مِداد mi-daad: (ع، مث) روشنائی، سیاہی جس سے لکھتے ہیں۔

مدار ma-daar: (ار، مذ) آک کا پودا، ایک خودرو پودا جس کے پتوں سے دودھ اور ڈوڈوں سے روئی کی مانند ریشے نکلتے ہیں۔

مدار ma-daar: (ع، مذ) گردش کی جگہ، دور کرنے کی چول، دھری، کیلی، منحصر کیا گیا، موقوف کیا گیا، جس پر کوئی بات ٹھہری ہو، انحصار، دور، دائرہ، قرار، ٹھہراؤ، قیام، ستارے کا دورہ کرنے کا مقام، قطب۔

مدار کا چاند ma-daar ka chaaNd: (ار، مذ) عورتوں کی زبان میں جمادی الاوّل کا مہینہ، شاہ مدار۔

مدارعلیہ ma-daar (?)al-ya(h): (ع، صف) وہ جس پر انحصار ہو، مدار ہو۔

مدارِ کار ma-daa-re-kaar: (عف، مذ) کام کا انحصار، موقوف علیہ۔

مدارات mu-daa-raat: (ع، مذ، مث) خاطر تواضع، آؤ بھگت، اچھی طرح پیش آنا۔

مدارج ma-daa-rij: (ع، مذ) مدرج کی جمع، درجے، رتبے، مناصب۔

مدارس ma-daa-ris: (ع، مذ) دیکھیے 'مدرسہ' جس کی یہ جمع ہے۔

مداری ma-daa-rii: (ار، مذ) شعبدہ باز، ہاتھ کی چالاکی سے کھیل تماشے کرنے والا، بھان متی، نٹ، بازی گر، بندر، ریچھ اور سانپ کا تماشا کرنے والا۔

مداریا ma-daar-yaa: (ار، مذ) حضرت شاہ مدار

کے سلسلہ کا پیرو، ایک قسم کا چھوٹا حقہ۔
مدافعت ma-daa-fa-(?)at: (ع، مث) دفع کرنا، روکنا، روک، تردید۔
مُدام mu-daam: (ع، صف، مفعولی) ہمیشہ، سدا، نت، دائم، متواتر، شراب۔
مداوا ma-daa-vaa ~mu-daa-vaa: (ع، مذ) علاج معالجہ، درماں، تدبیر، چارہ، جمع: مداوات۔
مُداہنت mu-daa-hi-nat: (ع، مث) جھوٹ، چرب زبانی، خوشامد، جو دل میں ہو اس کے خلاف ظاہر کرنا، سستی کرنا۔
مُدبِر mud-bir: (ع، صف) واپس آنے یا جانے والا، جو پیٹھ پھیرے وہ جسے اس کے نصیبے نے پیٹھ دکھائی ہو، بدبخت، بدنصیب، اسم کیفیت مث: مدبری
مُدبّر mu-dab-bar: (ع، صف، مفعولی) اچھی طرح کیا ہوا، قابلیت سے انصرام کیا ہوا، وہ دوا جس کی اصلاح اور درستی کی گئی ہو۔
مُدبّر mu-dab-bir: (ع، صف) تدبیر کرنے والا، عقلمند، دانشمند، مشیر، صلاح کار۔ (مذ) منتظم، وزیر، گورنر، ڈائریکٹر اسم کیفیت مث: مدبری۔
مُدّت mud-dat: (ع، مث) عرصہ دراز، عرصہ، دیر، وقت زمانہ، میعاد، مہلت، وقفہ، ڈھیل، قرن، جگ۔
مُدّتِ پنج روزہ mud-da-te-panj-ro-za(h): (ع، مث) قلیل مدت۔
مُدّتِ مدید mud-da-te ma-diid: (ع، مث) عرصہ بعید یا دراز، بہت دیر۔
مدح ma-dah: (ع، مث) تعریف، توصیف، ثنا، مدحت، ستائش، وہ نظم جس میں کسی کی تعریف کی گئی ہو۔
مدح خواں mad-ha- KwaaN: (ع، صف) تعریف کرنے والا، ثناخواں، اسم کیفیت مث: مدح خوانی/سرائی۔ (افعال: کرنا، ہونا)
مدخل mad-Kal: (ع، مذ) داخل ہونے کی جگہ، دروازہ، پھاٹک، ڈیوڑھی، داخل ہونے کا وقت، آمدنی، محاصل۔
مُدخَل mud-Kal: (ع، صف مفعولی) داخل کیا گیا، وہ جو داخل کیا جائے، داخل دفتر کیا گیا۔
مدخولہ mad-Kuu-lah: (ع، صف) وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو۔ وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو۔
مدد ma-dad: (ع، مث) امداد، اعانت، کمک، حمایت، رسد، خوراک، وہ فوج جو امداد کے لیے بھیجی جائے۔ وہ روپیہ جو کسی کو امداد کے طور پر دیا جائے۔ راج مزدور۔
مدداللہ ma-dad-al-lah: (ا، کلمہ جواب سلام) آزاد فقیروں کے سلام کا جواب۔
مددخرچ ma-dad-Karch: (ا، مث) وہ رقم جو خرچ کرنے کے لیے بطور امداد دی جائے، خرچ میں مدد کرنا، پیشگی روپیہ، تقاوی۔
مددگار ma-dad-gaar: (عف، صف) مدد کرنے والا، حمایتی، معاون۔
مددمعاش ma-da-de-ma-(?)aash: (عف، مث) کھانے پینے کا سہارا، پرورش کا وسیلہ، پنشن، وظیفہ، وہ جاگیر جو کسی خاص مصرف کے لیے وقف کر دی جائے، وہ جاگیر جو کسی کو بادشاہ کی طرف سے ملے۔
مُدِرّ mu-dir-ra: (ع، صف، فاعلی) وہ دوا جو ادرار کرے، جس سے ادرار ہو، پیشاب لانے والی دوا اور خونِ حیض کو جاری کرنے والی، جاری کرنے والی۔

مُدَرِّس mu-dar-ris: (ع، صف، فاعلی) پڑھانے والا، درس دینے والا، استاد، معلم، پروفیسر، اسم کیفیت مث: مدرسی۔

مدرسہ mad-ra-sa(h): (ع، مذ) پڑھانے کی جگہ، مکتب، سکول، دبستان، پاٹھ شالا۔

مُدرِک mud-rik: (ع، صف) سمجھنے والا، عقیل، فہیم، ذہین مث: مدرکہ۔

مدریا ma-dar-ya(a): (ار، مذ) مٹی کا حقہ۔

مُدّعا mud-da-(?)a(a): (ع، مذ) مقصد، مراد، طلب، غرض، خواہش، مرضی، وہ چیز جس پر دعویٰ تھا، مال، مالکیت، مطلوبہ، وہ عورت جس کی خواہش ہو۔

مُدّعا علیہ mud-da-(?)aa-(?)a-leh: (ع، مذ) وہ شخص جس پر دعویٰ کیا جائے۔

مدعو mad-(?)u(u): (ع، صف) دعوت دیا گیا، بلایا گیا۔

مدعی mud-da-(?)i(i): (ع، مذ) دعویٰ کرنے والا، نالش، دعویدار، مستغیث، سائل، رقیب، حریف، غیر، مث: مدعیہ۔

مدغم mad-Gam: (ع، صف، مفعولی) ایک جنس کے دو حروف جو باہم ملائے گئے ہوں۔ شامل پیوست

مدغم mad-Gam: (ع، صف، فاعلی) دو حرفوں کو ملانے والا، پیوست کرنے والا۔

مدفن mad-fan: (ع، مذ) دفن ہونے کی جگہ، وہ جگہ یا گڑھا جس میں دفن کیا جائے، قبر، گور، مزار، مقبرہ۔

مدفون mad-fuun: (ع، صف) دفن کیا ہوا، گاڑا ہوا، پوشیدہ، مخفی۔

مدقق ma-daq-qiq: (ع، صف) دقیقہ رس، باریک بین، جو دلیل کو دلیل کے ساتھ ثابت کرے۔

مدقوق mad-quuq: (ع، صف) دق کا مریض۔

مدک ma-dak: (ہ، مث) ایک نشہ آور چیز جو افیون اور پان کی آمیزش سے بنتی ہے۔

مدک باز / مدکیا ma-dak-baaz/ ma-dak-ya(a): (ہ، صف) مدک کا نشہ کرنے والا۔

مُدلّل mu-dal-lal: (ع، صف) دلیل سے ثابت کیا ہوا، معقول، ٹھیک، درست۔

مدلول mad-luul: (ع، صف) بتلایا گیا، دلالت کیا گیا، ہدایت کیا گیا۔

مُدمّغ mu-dam-miG: (ار، صف) دماغ دار، متکبر، مغرور، گھمنڈی (اردو میں عربی طریقہ پر اسم فاعل بنایا گیا ہے)

مدن ma-dan: (ار، مذ ق) جوانی کی مستی۔

مُدن mu-dan: (ع، مذ) دیکھیے 'مدینہ' جس کی یہ جمع ہے۔

مدنایک mad-naa-yak: (ار، مذ ق) سردار۔

مدنی ma-da-ni(i): (ع، صف) مدینہ کا شہری، مدینہ کا باشندہ، مدینے سے متعلق۔

مدنیت ma-da-niy-yat: (ع، مث) شہریت، شہری پن۔

مدوّر ma-dav-var: (ع، صف) دائرہ نما، گول۔

مدوّن mu-dav-vin: (ع، صف) ترتیب دینے والا، جمع کرنے والا، (فتح واو) جمع کیا ہوا۔

مدھ madh: (ار، مذ) شہد، پھولوں کا رس، شراب کوئی نشہ آور چیز، غرور تکبر، موسم بہار، عنفوان شباب، مستی، وہ رطوبت جو درختوں سے ٹپکتی ہے۔ صف، درمیان وسط، بیچ۔

مدھر ma-dhur: (س، صف) شیریں، میٹھا، رسیلا، سریلا، دل پسند، پیارا، مرغوب، خراماں، مٹک چال، معشوقانہ رفتار، دھیما، نرم، ملائم، متوسط درجہ کا۔

مدھم mad-dham: (ار،صف) آہستہ، دھیما، میانہ، اچھا نہ برا، متوسط، نیچا، کم، ہلکا، خفیف، بے آب، پھیکا، ماند، گھٹا ہوا۔

مدھیم سر madh-yam sur: (ار، مذ) راگ کا چوتھا سر جو گندھار سے ایک درجہ بلند اور اس کا مخرج معدہ ہے۔ دھیما سر، اس کو ما بھی کہتے ہیں۔

مدھیہ / مدھیا mad-dhya(h)/mad-dhya: (ہ،صف) درمیانی، وسطی۔

مدہوش mad-hosh: (ف،صف) بدمست، متوالا، حیران، متحیر، ہکابکا، اسم کیفیت مث: مدہوشی۔

مدیح ma-diih: (ع،مث) تعریف، توصیف، ثنا، ستائش۔

مدید ma-diid: (ع،صف) لمبا، طول، طویل، دراز، مث: علم عروض میں ایک بحر کا نام۔

مُدیر mu-diir: (ع، مذ) دور دینے والا، گھمانے والا، اخبار کا مہتمم، اڈیٹر۔

مدینہ ma-dii-nah: (ع، مذ) شہر، بلدہ، نگری، عرب کے مشہور اور مقدس شہر کا نام، جہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سرقد مبارک ہے۔ پہلا نام یثرب تھا۔

مدیون mad-yuun: (ع،مذ) قرض دار، مقروض

م۔ڈ

مِڈل mi-Dil: (انگ،صف) Middle درمیانہ درجہ، وسط، درمیان۔

مِڈ وائف miD-vaa-if: (انگ،مث) Mid Wife دائی، جنائی، قابلہ۔

مُڈھ بھیڑ maDh-bheR: (ہ،مث) مٹھ بھیڑ، مقابلہ صحیح ہے۔ آمنا سامنا، ملاقات۔

م۔ذ

مذاق ma-zaaq: (ع، مذ) چکھنا، مزہ، لذت، رغبت، میلان، سلیقہ، ہنسی، دل لگی۔

مذاقاً ma-zaa-qan: (ع، متعلق فعل) ہنسی سے، ظرافت سے، دل لگی کے طور پر۔

مذاقیہ ma-zaaq-yaa: (ع،صف) ہنسی کے طور پر، دل لگی باز، ظریف، مذاق سے منسوب۔

مذاکرہ ma-zaa-ka-rah: (ع، مذ) باہم ذکر کرنا، مباحثہ۔

مذاہب ma-zaa-hib: (ع،مذ) مذہب کی جمع، راستے، طریقے دین، دھرم پنتھ۔

مذبح maz-bah: (ع،مذ) ذبح کرنے کی جگہ۔

مُذبذب mu-zab-zab: (ع، صف) دھکڑ، پکڑ کرنے والا، وہ جس کا ارادہ مصمم نہ ہو، مشتبہ، ایک خیال پر قائم نہ رہنے والا، متزلزل یقین۔

مذبوح maz-buuh: (خ،مذ) ذبح کیا گیا، مقتول

مُذکّر mu-zak-kar: (ع، صف، فاعلی) یاد دلایا ہوا، نصیحت کیا ہوا۔

مذکور maz-kuur: (ع، صف) ذکر کیا گیا، ذکر، گفتگو، بات، افواہ، چرچا، شہرت۔

مذکورہ maz-kuu-rah: (ع، صف) ذکر کیا گیا، جس کا ذکر ہو چکا ہو۔

مذکوری maz-kuu-rii: (ار،مذ) وہ بلا تنخواہ چپراسی جو مالگزاری وصول کرنے پر تعینات ہو اور جسے رقم طلبانہ سے اُجرت دی جاتی ہو، سمنوں وغیرہ کی تعمیل کرانے والا چپراسی۔

مذلت ma-zal-lat: (غ،مث) ذلت، رسوائی، ہجو، بدنامی، خواری، بے عزتی۔

مذمّت ma-zam-mat: (ع، مث) برائی، ہجو۔ (انفعال: کرنا، ہونا)

مذموم maz-muum: (ع، صف) برا، خراب، قبیح، وہ جس کی برائی کی جائے، مث: مذمومہ۔

مُذنِب muz-nib: (ع، صف) گنہگار، گناہ کرنے والا۔

مُذہّب mu-zah-hab: (ع، صف) سونا چڑھی ہوئی چیز، سونے کا ملمع کی ہوئی چیز۔

مذہب maz-hab: (ع، مذ) راستہ، طریقہ، ایمان، دھرم، عقیدہ، ملت، مشرب، روش، رائے، صف نسبتی، مذہبی۔

مذہبیّت maz-ha-biy-yat: (ع، مث) مذہبی تعلق، مذہب سے متعلق ہونے کی کیفیت، مذہب۔

مذی ma-zi: (ع، مث) وہ پتلا مادہ جو شہوت۔ کے غلبہ سے نکلتا ہے اور منی سے پتلا ہوتا ہے۔

م۔ر

مِرآت mi-raat: (ع، مذ) آئینہ، آرسی، چہرہ دیکھنے کا آئینہ۔

مراتب ma-raa-tib: (ع، مذ) دیکھیے 'مرتبہ' جس کی یہ جمع ہے۔

مراثی ma-raa-sii: (ع، مذ) مرثیہ کی جمع۔

مراجع ma-raa-jih: (ع، مذ) دیکھیے 'مرجع' جس کی یہ جمع ہے۔

مراجعت mu-raa-ja-(?)at: (ع، مث) واپسی، واپس ہونا، لوٹنا، رجوع (انفعال: کرنا، ہونا)

مراحل ma-raa-hil: (ع، مذ) دیکھیے 'مرحلہ' جس کی یہ جمع ہے، منزلیں

مُراد mu-raad: (ع، مث) حاجت، خواہش، طلب، مقصد، غرض، تمنا، آرزو، منت، نذر، بھینٹ، مفہوم، منشا۔

مُرادِف mu-raa-dif: (ع، صف) کسی کے پیچھے بیٹھنے یا سوار ہونے والا، ہم معنی۔

مُرادوں کے دن mu-raa-dauN ke-din: (ار، مذ) ایامِ جوانی، شباب کا زمانہ بہار کے دن۔

مُرادی mu-raa-di: (ع، صف) منشا کے مطابق، مراد کے موافق، مجازی، اصلاحی۔

مُراسلت mu-raa-sa-lat: (ع، مث) باہمی خط و کتابت، ایک دوسرے کو چٹھیاں لکھنا، اطلاع، طلبی، سمن۔

مُراسلہ mu-raa-sa-lah: (ع، مذ) چٹھی، خط، نامہ، جمع، مراسلات۔

مَراسِم ma-raa-sim: (ع، مذ) دیکھیے 'رسوم' جس کی یہ جمع ہے۔ اردو میں رسم کی جمع ہے۔

مُراعات mu-raa-(?)aat: (ع، مث) جانوروں کا باہم مل کر چرنا۔ نگاہ رکھنا، آنکھوں سے دیکھنا، اصطلاحاً، رعایت سلوک، مروت، لحاظ، توجہ۔

مُراعاتُ النظیر mu-raa-(?)aa-tun-na-ziir: (ع، مث) علم بدیع کی ایک صنعت کئی چیزیں جن میں باہم مناسبت ہو، ایک جگہ جمع کرنا، رعایت لفظی۔

مُرافعہ mu-raa-fa-(?)ah: (ع، مذ) اپیل، نگرانی، ایک حاکم کے فیصلہ پر مطمئن نہ ہو کر اس سے بڑے حاکم کے پاس داد خواہی کرنا۔ (انفعال کرنا، ہونا)

مِراق mi-raaq: (ع، مذ) ایک قسم مالیخولیا، سودا، جنون۔

مُراقِب mu-raa-qib: (ع، صف) مراقبہ کرنے والا۔

مُراقبہ mu-raq-ba(h): (ع، مذ) غور، تصور، سوچ، بچار، گردن جھکا کر فکر کرنا، سب چیزیں چھوڑ کر خدا کا دھیان کرنا۔

مِراقی mi-raa-qii: (ع، صف) وہ جو مراق میں مبتلا ہو۔

مراکب ma-raa-kib: (ع، مذ) دیکھیے 'مرکب' جس کی یہ جمع ہے، سواریاں۔

مرام ma-raam: (ع، مذ) مراد، مطلب، مقصد۔

مُراہق mu-raa-hiq: (ع، صف) بلوغ کو پہنچنے والا لڑکا، بالغ ہونے کے قریب۔

مُراہقت mu-raa-ha-qat: (ع، مث) مراہق ہونا، لڑکپن۔

مراہم ma-raa-him: (ع، مذ) دیکھیے 'مرہم' جس کی یہ جمع ہے۔

مرایا ma-raa-yaa: (ع، مذ) مرآت کی جمع، علم مناظر کی ایک شاخ۔

مُربّا mu-rab-baa: (ع، مذ) وہ پھل وغیرہ جن کو کھانڈ کے قوام میں پکا کر رکھا گیا ہو۔

مُربّع mu-rab-ba(?): (ع، مذ) وہ سطح جس کے چاروں ضلعے باہم برابر ہوں اور چاروں زاویے قائم ہوں۔ ہر چوکور چیز جس کے طول و عرض برابر ہوں۔ ایک قسم کی نشست پلتھی مارنا۔

مُربّع نشین mu-rab-ba(?) na-shiin: (عف، صف) چارزانوں بیٹھنے والا۔

مربُوط mar-buut: (ع، صف) ربط کیا گیا، لگا ہوا، وابستہ۔

مُربّی mu-rab-bi(i): (ع، مذ) پرورش کرنے والا، تربیت کرنے والا، سرپرست، پشت پناہ، حامی۔

مُرتاض mur-taaz: (ع، صف) ریاضت کرنے والا، علم و ہنر میں یا تصوف میں مشقت اٹھانے والا۔

مُرتّب mu-rat-tab: (ع، صف) ترتیب کیا گیا، قرینے سے لگایا گیا، تیار، مکمل، اکٹھا کیا گیا، تالیف کیا گیا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مرتبان mar-ta-baan: (ف، مذ) اچار چٹنی رکھنے کے لیے چینی یا مٹی کا بڑا برتن جس پر روغن کیا گیا ہو، بویام۔

مرتبت mar-ta-bat: (ع، مث) مرتبہ، رتبہ، درجہ۔

مَرتبہ mar-ta-bah: (ع، مذ) درجہ، منصب، عہدہ، بار، دفعہ۔

مُرتد mar-tad: (ع، مذ) اسلام سے پھرا ہوا، منحرف، مردود، ملحد، ملعون۔

مُرتسم mur-ta-sam: (ع، صف) نشان کیا گیا، مہر لگایا گیا۔

مُرتشی mur-ta-shii: (ع، صف) رشوت لینے والا، رشوت خور۔

مُرتضیٰ mur-ta-zah: (ع، صف، مفعولی) چنا گیا، منتخب کیا گیا، پسندیدہ، مقبول، حضرت علیؓ کا ایک لقب۔ صف نسبتی: مرتضوی۔

مُرتعش mur-ta-(?)ish: (ع، صف فاعلی) کانپنے والا، لرزاں، رعشے والا۔

مُرتفع mur-ta-fa(?): (ع، صف مفعولی) اٹھایا گیا، رفع کیا گیا، دور کیا گیا، بلند، اونچا۔

مُرتکب mur-ta-kib: (ع، صف، فاعلی) کسی فعل کا کرنے والا، ارتکاب کرنے والا، پسند کرنے والا، مجرم، قصوروار، گنہگار (افعال: ہونا)

مُرتہن mur-ta-han: (ع، صف، مفعولی) رہن رکھا گیا، گروی رکھا گیا۔

مرتہن mar-ta-hin: (ع، صف فاعلی) گرو رکھنے

والا، رہن رکھنے والا۔

مرثیہ mar-si-yah: (ع، مذ) وہ نظم یا اشعار جس میں کسی شخص کی وفات یا شہادت کا حال اور اس کی مصیبتوں کا ذکر ہو خصوصاً شہدائے کربلا۔

مرثیہ خواں mar-si-yah KwaaN: (عف، صف) مرثیہ پڑھنے والا، وہ شخص جو مجلس عزا میں جا کر مرثیے پڑھتا ہے۔ اسم کیفیت مث: مرثیہ خوانی۔

مرثیہ گو mar-si-yah go: (عف، صف) مرثیہ کہنے والا، وہ شاعر جو مرثیہ لکھے، اسم کیفیت مث: مرثیہ گوئی۔

مَرَج ma-raj: (ع، مذ) خرابی، تباہی، بربادی بے آرامی، بے چینی (جب ہرج کے ساتھ بولا جائے تو 'ر' ساکن ہو جاتی ہے۔

مرجان mar-jaan: (ف، مذ) مونگا صف نسبتی، مرجانی، چھوٹا موتی۔

مرجح mu-raj-jah: (ع، صف، مفعولی) ترجیح دیا گیا، لائق، افضل، غالب۔

مرجح mu-raj-jih: (ف، صف، فاعلی) ترجیح دینے والا۔

مُرجَز mu-raj-jaz: (ع، صف، مفعولی) نثر کی ایک قسم جس میں دو فقروں کے کلمات باہم ہم وزن ہوں اور قافیہ رکھتے ہوں۔

مرجع mar-ja(?): (ع، مذ) واپس آنے کی جگہ، جائے بازگشت، ملجا، ماوا، ٹھکانا، جائے پناہ، وہ نام ضمیر جس کی نمائندگی کرتی ہے۔

مُرجھانا mur-jhaa-naa: (ار، محاورہ) کملانا، پھولوں کا پژمردہ ہونا، خشک ہونا، سوکھنا، غمگین ہونا، اداس ہونا، کڑھنا، لاغر ہونا، افسردہ کرنا۔

مُرجی mur-jii: (ع، صف، فاعل) وہ جو وعدہ کرنے پر ٹال مٹول کرے۔ فرقہ مرجیہ کا ایک فرد، ایک قبیلے کا نام۔

مُرجیہ / مرجیہ mur-ji-yah: (ع، مذ) ایک فرقہ جس کا عقیدہ ہے کہ نجات کے لیے ایمان کافی ہے۔ نماز روزے کی ضرورت نہیں۔

مِرچ mirch: (ہ، مث) ایک ہندوستانی پودا جس کا پھل عام طور پر سرخ / زرد ہوتا ہے۔ مزہ بہت تیز، اکثر مصالحہ اور سالن میں ڈالا جاتا ہے۔ توہم پرست لوگ جن بھوت کو نکالنے کے لیے اس کی دھونی دیتے ہیں۔

مرچڑا mar-cha-Raa: (ہ، صف) ضدی، ہٹیلا، ایک قسم کا فقیر جو اپنا سر زخمی کر کے بھیک مانگتا ہے۔ اسم کیفیت مذ: مرچڑاپن۔

مرچنٹ mar-chenT: (انگ، مذ) (Merchant) سوداگر، تاجر۔

مرحبا mar-ha-baa: (ع، مذ) شاباش، آفرین، کیا کہنا، واہ واہ، سبحان اللہ، خوش آمدید۔

مرحلہ mar-ha-lah: (ع، مذ) منزل، بارہ میل کی مسافت، وہ جگہ جہاں سفر کے بعد مسافر قیام کریں توجہ، مرتبہ۔

مرحمت mar-ha-mat: (ع، مث) مہربانی، عنایت، الطاف، کرم کرپا، دیا، نوازش (افعال: کرنا، ہونا)

مرحمت نامہ mar-ha-mat na-ma(h): (عف، مذ) بڑے کا خط چھوٹے کے نام، عنایت نامہ۔

مرحوم mar-huum: (ع، صف، مفعولی) رحمت کیا گیا، بخشا گیا، مغفور، آنجہانی متوفی، فوت شدہ، مرا ہوا مث: مرحومہ۔

مُرخّص mu-raK-Kas: (ع، صف مفعولی)

رخصت کیا گیا، روانہ کیا گیا، اجازت دیا گیا۔

مُرَخّم mu-raK-Kam: (ع، صف، مفعولی) نرم کیا گیا، وہ کلمہ جس کا آخری حرف گرادیا گیا ہو۔

مَردْ mard: (ف، مذ) نر، مذکر، شخص، خاوند، بہادر۔

مَردْ آدمی mard-aad-mii: (ف، مذ) شریف آدمی، بھلا مانس، دوسرے کو خطاب کرتے ہیں۔

مَردْ افگن mard-af-gan: (ف، صف) قوی، شہ زور، فاتح، غالب زبردست۔

مَردْ باز mard-baaz: (ف، صف) زانیہ، فاحشہ، اسم کیفیت مث: مرد بازی۔

مردِ حق mar-de-haq: (ف، مذ) ولی، عارف، پارسا۔

مردِ خدا mar-de-Ku-da(a): (ف، مذ) ولی، عارف، پارسا، شریف آدمی، بزرگ شخص، حسن کلام کے واسطے۔

مردشناس mard-sha-naas: (ف، صف) دیکھیے 'مردم شناس' اسم کیفیت مث: مردشناسی

مردِ غیب mar-de-Gaib: (ع، مذ) ایک غیبی ہستی جو زمین کے گرد چکر لگاتی ہے۔

مردِ میدان mar-de-mai-daan: (ار، صف) بہادر، دلیر، جری۔

مردوزن mar-do-zan: (ف، مذ) مرد عورت، عام لوگ۔

مُردار mur-daar: (ف، صف) اپنی موت سے مرا ہوا، ناپاک، نجس، حرام، مردہ، بے جان، کلمۂ حقارت، نالائق۔

مُردارخور mur-daar-Kor: (ف، صف) مردہ جانوروں کو کھانے والا، مثلاً گدھ، چیل، کوا وغیرہ۔

مردارسنگ mur-daar sang: (ف، مذ) ایک دوا کا نام۔

مُرداری mur-daa-ri(i): (ار، مث) چھپکلی، چل پاسہ۔

مردانگی mar-daan-gi(i): (ف، مث) مردی، بہادری، دلیری، جوانمردی۔

مردانہ mar-daa-na(h): (ف، صف) دیکھیے 'مرد' جس سے یہ منسوب ہے۔ دلیری سے جرأت سے، مکان کا وہ حصہ جہاں مرد بیٹھتے ہیں۔

مردانہ وار mar-daa-na(h)-vaar: (ار، صف) مردوں کی طرح، بہادروں کی مانند۔

مردانی mar-daa-ni(i): (ار، صف، مث) وہ عورت جو اپنے آپ کو مردوں کی طرح بنائے۔

مُرَدّد mu-rad-dud: (ع، صف، مفعولی) تردید کیا گیا، رد کیا گیا، واپس کیا گیا۔

مُرَدّف mu-rad-daf: (ع، صف) وہ جس میں ردیف پائی جائے۔

مردک mar-dak: (ف، مذ) مرد کی تصغیر، حقیر اور ذلیل آدمی۔

مردُم mar-dum: (ف، مذ) مرد، آدمی، انسان، لوگ / واحد اور جمع دونوں صورتوں میں استعمال ہوتا ہے) آنکھ کی پتلی۔

مردم آزار mar-dum-aa-zaar: (ف، صف) لوگوں کو ستانے والا، ظالم بے رحم، اسم کیفیت مث: مردم آزاری۔

مردم آمیز mar-dum aa-mez: (ف، صف) خلیق، متواضع، ملنسار، اسم کیفیت مث: مردم آمیزی۔

مردم چشم mar-dum-chashm: (ف، مذ) آنکھ کی پتلی۔

مردم خوار mar-dum Kwaar: (ف، صف) وہ

جو آدمیوں کو کھائے، انسانوں کو کھا جانے والا آدمی یا جانور، بے رحم، ظالم، سفاک، اسم کیفیت مث: مردم خواری۔

مرْدُم خیز mar-dum-Kaiz: (ف، صف) وہ جگہ جہاں قابل لوگ پیدا ہوں۔ اسم کیفیت مث: مردم خیزی۔

مرْدُم دیدہ mar-du-m-dii-dah: (ف، مذ) مردم چشم، پتلیاں۔

مرْدُم زاد mar-dum-zaad: (ف، مذ) آدمی، آدم زاد۔

مرْدُم شماری mar-dum shu-maa-ri(i): (ف، مث) آدمیوں کی گنتی۔

مرْدُم شناس mar-dum-sha-naas: (ف، مث) وہ شخص جو آدمیوں کی اہلیت اور قابلیت کو جانچ لے۔ اسم کیفیت مث: مردم شناسی۔

مرْدُم ماہی mar-dum maa-hii: (ف، مث) ایک قسم کی مچھلی جس کا دھڑ انسان کا سا ہوتا ہے۔ جل پری۔

مرْدَمی mar-da-mi(i): (ف، مث) بہادری، شجاعت، دلیری، انسانیت، مروت، خلق، رعایت۔

مردنگ mar-dang: (ار، مث) ایک قسم کی ڈھولک جو طبلہ کی طرح ایک طرف سے بجائی جاتی ہے۔ شیشے کا فانوس جسے شمع روشن کر کے اُس کے اوپر رکھ دیا جاتا ہے۔

مُردنی mur-dani(i): (ف، مث) موت کے آثار، علامت مرگ، جو چہرہ پر خون خشک ہونے سے پائی جاتی ہے۔ مرنا، قضاء، موت۔

مردوا mar-du-a(a): (ار، مذ) دیکھیے 'مرد' جس کی یہ تصغیر ہے۔

مردُود mar-duud: (ع، صف) رد کیا گیا، راندہ ہوا، بے عزت کیا گیا، ملعون، ناکار، نالائق، بدنصیب، نکما، (افعال: ہونا)

مُردہ mur-dah: (ف، صف) بے جان، بے روح، مرا ہوا، مجازاً کمزور، ناتواں، نحیف، لاغر، لاش، میت، جنازہ، جمع: مردگان۔

مُردہ باد mur-dah baad: (ف، فقرہ) مرجائے، تباہ ہو، یہ عموماً اظہار نفرت کے لیے بولا جاتا ہے۔

مُردہ خوار mur-dah Kwaar: (ف، صف) مردہ کھانے والا، غیبت کرنے والا۔

مُردہ دل mur-dah dil: (ف، صف) اُداس، آزردہ، رنجیدہ، دلگیر، مغموم، سست، کاہل، کم بخت، بے ذوق، اسم کیفیت مث: مردہ دلی۔

مُردہ سنگ mur-dah sang: (ف، مذ) مردار سنگ، ایک دوا۔

مُردہ شو mur-dah sho: (ف، مذ) مردہ نہلانے والا، غسال۔

مردی mar-di(i): (ف، مث) مردانگی، بہادری، آدمیت، انسانیت قوت باہ، رجولیت۔

مرْز marz: (ف، مذ) زمین و قابل کاشت زمین، حد، سرحد۔

مرْزبان mar za-baan: (ف، مذ) زمین دار، حاکم زمین، سرحد کا افسر، سرحدی صوبہ کا گورنر، صوبہ دار، حاکم، شاہ، شہزادہ، آتش پرستوں کا سردار۔

مرْزبُوم marz-buum: (ف، مث) پیدائش کی جگہ، ملک کی حدود مملکت، سلطنت۔

مرزا mir-zaa: (ف، مذ) میرزا کا مخفف، امیر زادہ، شہزادہ، مغلوں کا لقب، مغل زادہ، خاندان تیموریہ کے شہزادوں کا لقب۔

مِرزا پھویا mir-zaa pho-yaa: (ار، صف) نہایت نازک اندام آدمی، لاغر، دُبلا، پتلا، آرام طلب، تن آسان آدمی۔

مِرزا منِش mir-zaa ma-nish: (ف، صف) نازک مزاج، نازک طبیعت اسم کیفیت مث: مرزا منشی۔

مِرزائی (mir-zaa-i(i: (ف، مث) بزرگی، شہزادگی، حکومت کی بو، تکبر۔ غرور، حکومت، سرداری، صدری، کُرتی، واسکٹ، نیم آستیں، مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو احمدی۔

مِرزائیت mir-zaa-ii-yat: (ار، صف) احمدیت، مرزا غلام احمد کو ماننے کا مذہب۔

مِرزئی mir-zaa-ii: (ف، مث) مرزائی کا مخفف، پوری یا آدھی آستینوں کی کُرتی۔

مُرسَل mur-sal: (ع، مذ) ارسال کیا گیا، بھیجا ہوا، رسول، پیغمبر، حدیث کی ایک قسم جس کی آخری سند سے تابعی کے بعد کوئی راوی مذکور نہ ہو۔

مُرسَل اِلیہ mur-sal i-leh: (ع، مذ) جس کی طرف بھیجا جائے۔

مُرسِل mur-sil: (ع، مذ) ارسال کرنے والا، بھیجنے والا، خط بھیجنے والا۔

مرسُوب mar-suub: (ع، صف) تہہ میں بیٹھا ہوا، تلچھٹ۔

مرسُوم mar-suum: (ع، صف، مفعولی) رسم ڈالا گیا، قاعدہ باندھا گیا، نشان کیا گیا، تنخواہ، وظیفہ، مشاہرہ۔

مُرشِد mur-shid: (ع، مذ) ہدایت کرنے والا، سیدھی راہ بتانے والا، راہنما، ہادی، پیر، استاد، چالاک، عیار، ہوشیار، شریر، فریبی، دغاباز، پاکھنڈی، گرو گھنٹال۔

مُرشِد زادہ mur-shid zaa-dah: (ف، مذ) پیر کا بیٹا، بادشاہ کا رشتہ دار یا بیٹا۔

مُرشِدی (mur-shi-di(i: (عف، صف) مرشد کا منصب، راہِ راست دکھانا۔

مرصد mar-sad: (ع، مث) گھات، رسدگاہ۔

مُرصّع (?)mu-ras-sa: (ع، صف) جڑاؤ، موتی یا جواہرات جڑا ہوا، آراستہ، وہ نثر یا نظم جس میں ہر لفظ کے مقابلہ میں دوسرا لفظ اُسی وزن یا قافیہ کا ہو، خوش بیانی سے آراستہ۔

مُرصّع رقم mu-ras-sa(?)-ra-qam: (عف، صف) نہایت خوبصورت لکھنے والا، اچھا لکھنے والا کا لقب۔

مُرصّع ساز / گار /mu-ras-sa(?) saaz gaar: (عف، صف) نگینے یا جواہرات جڑنے والا، جڑیا، اسم کیفیت مث: مرصع سازی / کاری۔

مُرغ باز murG-baaz: (ف، صف) مرغ پالنے اور لڑانے والا، اسم کیفیت مث: مرغ بازی۔

مُرغِ خانگی (murG Kaan-gi(i: (ف، مذ) گھر کا پلا ہوا مرغ، پالتو مرغ۔

مُرغِ سحر mur-Ge-sehr: (ف، مذ) وہ مرغ جو صبح کے وقت اذان دیتا ہے۔ صبح کے وقت چہچہانے والے پرندے۔

مُرغِ سلیماں :mur-Ge-su-lai-maan (ف، مذ) حضرت سلیمانؑ کا ایک تاج دار خوبصورت پرندہ جو قاصد بن کر بلقیس کے پاس گیا تھا۔ ہدہد۔

مُرغِ شب خیز / شب آہنگ -mu-Ge-shab Kez / mur-Ge-shab-aa-hang: (ف، مذ) بلبل، عندلیب۔

مُرغِ فلک اعرشی mur-Ge-fa-lak: (ف، مذ) کنایۃً حضرت جبرئیل علیہ السلام۔

مُرغا murGaa: (ار، مذ) مرغی کا نر، خروس، مث: مرغی۔

مُرغا بننا mur-Ga ban-naa: (ار، محاورہ) ٹانگوں کے نیچے سے ہاتھ نکال کر کان پکڑنے پر مجبور کرنا/ ہونا۔

مُرغابی mur-Gaa-bi(i): (ف، مذ) ایک آبی پرندہ۔

مُرغن mu-raG-Gan: (ف، صف) بہت سا گھی پڑا ہوا، (عربی قاعدے کے مطابق بنایا گیا ہے جو غلط ہے۔)

مرغوب mar-Guub: (ع، صف) رغبت کیا گیا، پسندیدہ، دل پسند، قابلِ رغبت، من بھاتا، دل کش، دل ربا، محبوب، پیارا، خوبصورت، مزیدار، لذیذ، جمع: مرغوبات (افعال: ہونا، آنا)

مرغولا mar-Guu-la(a): (ف، صف) پیچ دار، پیچیدہ، خم دار، ٹیڑھا، گھنگھریالا، بل کھائے، مڑا ہوا، ڈنڈی دار یا کنگرے دار محراب، مدور بنا ہوا، کھم، پیچیدہ آواز۔

مرغولی mar-Guu-li(i): (ار، مث، ق) خوشی، پرندوں کا چہچہانا۔

مرفوع mar-fuu(?): (ع، صف) رفع کیا گیا، اٹھایا گیا، بلند کیا گیا، علم صرف میں وہ حرف جس پر پیش ہو، وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک نہ پہنچے۔

مرفوع القلم mar-fuu-(?)ul-qa-lam: (ع، مذ) وہ شخص جس کا جرم قابلِ باز پرس نہ ہو، معذور، پاگل، دیوانہ، مخبوط الحواس۔

مُرفّہ mu-raf-fah: (ع، صف) آسودہ، خوش حال، پیٹ بھرا، فارغ البال۔

مرقد mar-qad: (ع، مذ) سونے کی جگہ، آرام گاہ، خواب گاہ، تربت، قبر، گور، مزار۔

مُرقّع mu-raq-qa(?): (ع، مذ) مرمت شدہ، جس میں پیوند لگے ہوں۔ فقیروں کی گدڑی، تصویروں کی کتاب، قطعات رکھنے کی کتاب، لفظی تصویر، خاکہ۔

مرقوم mar-quum: (عف، صف) لکھا ہوا، لکھا گیا، مث: مرقومہ۔

مرقوم الحاشیہ mar-quu-mul-hash-yah: (ع، صف) حاشیہ پر لکھا ہوا۔

مرقوم الذیل mar-quu-muz-zail: (ع، صف) نیچے لکھا ہوا۔

مُرکانا mur-kaa-na(a): (ار، مص) مروڑنا، موڑنا، بل دینا۔

مرکب mar-kab: (ع، مذ) وہ شے جس پر سوار ہوں، سواری، گھوڑا۔

مُرکّب mu-rak-kab: (ع، صف) ترکیب دیا ہوا، ملا ہوا، ملایا ہوا، مخلوط، وہ کلام جس میں ایک سے زیادہ کلمات ہوں، جمع، مرکبات۔

مُرکّب تام mu-rak-kab-taam: (ع، مذ) وہ مرکب کلام جس سے سننے والے کو پورا فائدہ ہو۔

مر کر / کے mar-kar/ke: (ار، متعلق، فعل) بہ مشکل تمام، نہایت دشواری سے، مرنے کے قریب پہنچ کر۔

مرکز mar-kaz: (ع، مذ) کسی چیز کا درمیانی حصہ، درمیان، دائرے کے بیچ کا وہ نقطہ جس سے اس کے محیط تک جتنے خط کھینچے جائیں سب آپس میں برابر ہوں۔ وہ آڑھی لکیر جو کاف یا گاف پر کھینچی جاتی ہے۔

مرکزِ ثقل mar-ka-ze-saql: (فع، مذ) کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر رکھنے سے اس جسم کے تمام اجزا برابر ملے رہیں اور جسم گرنے نہ پائے۔

مرکزِ دولت mar-ka-ze-dau-lat: (عف، مذ)

دارالسلطنت، پایۂ تخت، راجدھانی۔

مرکزہ mar-ka-zah: (ار، مذ) مرکزی ذرہ جس کے گرد اور چیزیں جمع ہوتی ہیں۔

مُرکنا mur-ak-na(a): (ار، مص) بل کھانا، موچ آنا، ٹوٹنا۔

مرکوز mar-kuuz: (ع، صف) گڑا ہوا، محکم کیا ہوا، مجازاً منظور کیا گیا، پسند کیا گیا، دل نشیں، ایک نقطہ پر جمع کیا گیا۔

مرکوزِ خاطر mar-kuu-ze-Kaa-tir: (عف، مذ) دل میں بیٹھا ہوا، دل نشین۔ (افعال: ہونا)

مرکھنا mar-kha-na(a): (ار، صف) سینگ مارنے والا جانور، شریر، مث: مرکھنی۔

مُرکی mur-ki(i): (ار، مث) کان کا ایک زیور، چھوٹی سی بالی، گلے سے آواز کو نکالنے کا ایک خاص انداز (اصطلاح موسیقی)

مرگ marg: (ف، مث) موت، قضا، اجل۔

مرگِ طبعی mar-g-e-ta-bii-(?)i(i): (ف، مث) قدرتی موت، وہ موت جو پوری عمر پر پہنچ کر آئے۔

مرگِ مُفاجات mar-ge-mu-faa-jaat: (ف، مث) ناگہانی موت، بے وقت موت۔

مِرگ mirg: (ار، مذ) ہرن، آہو، چکارا، چوپایہ، حیوان۔

مِرگ چھالا mirg-chaa-laa: (ار، مذ) ہرن کی بالوں سمیت کھال جس پر بیٹھ کر درویش لوگ عبادت کرتے ہیں۔

مِرگ نین/ نینی mirg-nain/nai-ni(i): (ار، مث) ہرن کی آنکھ، ہرن جیسی آنکھوں والا۔

مِرگان mir-gaan: (ار، مذ ق) مرگ چھالا۔

مرگانگ mar-gaang: (ھ، مذ) دھات وغیرہ کا کشتہ۔

مرگھٹ mar-ghaT: (ھ، مذ) مسان، شمشان، ہندوؤں کے مردے جلانے کی جگہ۔

مِرگی mir-gi(i): (ھ، مث) ایک مرض جس میں آدمی اچانک زمین پر گر کر بے ہوش ہو جاتا ہے۔ ہاتھ پیر ٹیڑھے ہو جاتے ہیں اور منہ سے جھاگ نکلنا شروع ہو جاتا ہے (افعال: آنا، اٹھنا)

مُرلی mur-li(i): (ھ، مث) بانسری، نے، الغوزہ۔

مُرلی دھر mur-lii-dhar: (ھ، مذ) کرشن جی کا لقب۔

مُرلیا mu-ral-ya(a): (ھ، مث) چھوٹی مرلی، چھوٹی بانسری۔

مرمّت ma-ram-mat: (ع، مث) درستی، اصلاح، ٹوٹی ہوئی چیز کو ٹھیک کرنا، ترمیم، پھٹے ہوئے کپڑے کی درستی، سزا، گوشمالی، مار پیٹ۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مرمِٹا mar-mi-Ta(a): (ار، صف) جو فنا اور بے نشان ہو گیا ہو، عاشق۔

مرمِٹنا mar-miT-na(a): (ار، محاورہ) قتل ہونا، کمال مشقت برداشت کرنا، فنا ہو جانا، تباہ ہو جانا، عاشق ہو جانا۔

مرمر mar-mar: (یو، مذ) ایک سفید اور نیل گوں پتھر، صف نسبتی: مرمریں۔

مُرمُرا mur-mu-ra(a): (ار، مذ) بھنے ہوئے چاول جن کو چباتے وقت مرمر کی آواز نکلتی ہے۔

مر مر کر/ کے mar mar kar/ ke: (ار، متعلق، فعل) بڑی مشکل سے، بہت محنت برداشت کر کے۔

مرموز mar-muuz: (ع، صف) جس میں رمز پائی جائے، رمزیہ۔

مرن ma-ran: (ار، مذ) قضا، موت، مرگ، اجل، مرنے کا وقت، وقتِ مرگ، جان دینا، مر جانا۔

مرن برت ma-ran ba-rat: (ہ، مذ) وہ فاقہ جسے کرتے کرتے آدمی مر جائے وہ روزہ جو موت تک جاری رہے۔ بھوک ہڑتال تا مرگ۔

مرنا mar-na(a): (ار، مص) فوت ہونا، عاشق ہونا، از حد مشقت کرنا، وصول نہ ہونا، قمار بازوں کی اصطلاح میں ہارنا، دھات وغیرہ کا کشتہ ہونا۔

مرنج و مرنجان ma-ran-jo-ma-ran-jaan: (ف، صف) وہ شخص جو ہر حالت میں خوش رہے۔

مُرنڈا mu-ran-Daa: (ہ، مذ) بھنے ہوئے گیہوں وغیرہ جن میں گڑ اور گھی ملا کر لڈو بناتے ہیں۔ وہ بچہ جو انڈے میں جان پڑنے سے پہلے مر جائے (صف) چرمر، سوکھا ہوا۔

مرواریِد mar-vaa-riid: (ف، مذ) موتی، گوہر، دُر۔

مُروّت mu-rav-vat: (ع، مث) مردانگی، بہادری، جوانمردی، لحاظ، رعایت، اخلاق، خلق، بھل منسائی، انسانیت، سخاوت فیاضی، توفیق۔ (افعال: برتنا، توڑنا، کرنا، ہونا)

مُروّج mu-rav-vaj: (ع، صف) رواج دیا گیا، رائج کیا گیا، چلایا گیا، جاری، رسمی، معمولی، مث: مروجہ۔

مُروِّج mu-rav-vij: (ع، صف) رواج دینے والا، رائج کرنے والا۔

مروڑ ma-roR: (ہ، مث) پیچ، خم، بل، زور، تمکنت، اینٹھن، تشنج، پیچش۔

مروڑ پھلی ma-roR-pha-li(i): (ار، مث) ایک قسم کی پھلی جو پیچش کی دوا میں کام آتی ہے۔

مروڑنا ma-roR-na(a): (ار، مص) بل دینا، پھیرنا، اینٹھنا، دبوچنا، دبانا، نچوڑنا، جیسے بخار نے بچے کو دو ہی دن میں مروڑ دیا ہے۔ توڑنا، کھانا، جیسے منت کی روٹیاں مروڑنا۔

مروڑی ma-ro-Ri(i): (ار، مث) وہ آٹا جسے روٹی پکاتے ہیں بتیوں کی صورت میں ہاتھ سے چھڑاتے ہیں۔ بدن کے میل کی بتیاں، پیچ۔

مُروّق mu-rav-vaq: (ع، صف) صاف کیا ہوا، مصفا، مقطر، خالص۔

مروہ mar-vah: (ع، مذ) مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام۔

مروی mar-vi(i): (ع، صف) روایت کیا گیا، بیان کیا گیا، مث: مرویہ، جمع۔ مرویات۔

مرّہ mar-rah: (ع، صف) ایک بار، ایک دفعہ۔

مرہٹا mar-ha-Ta(a): (ہ، مذ) ایک قوم جو مہاراشٹر کی رہنے والی ہے۔

مرہٹی mar-ha-Ti(i): (ہ، صف) دیکھیے 'مرہٹہ' جس سے یہ منسوب ہے، مرہٹی زبان۔

مرہم mar-ham: (ع، مذ) وہ گاڑھی، نرم اور چکنی دوا جو زخم پر لگائی جاتی ہے۔ مجازاً کسی قسم کے زخم کا علاج، افعال: لگانا، رکھنا۔

مرہُون mar-huun: (ع، مذ) رہن کیا گیا، گروی رکھا گیا، مث: مرہونہ۔

مرہُونِ منّت mar-huu-ne-min-nat: (ع، صف) احسان مند، ممنون، شکر گزار۔

مرئی mar-i(i): (ع، صف) دیکھی گئی، جو چیز دیکھنے میں آئے، جس کو دیکھ سکیں، جمع: مرئیات۔

مری ma-ri(i): (ہ، مث) وبا، مرض عام، جیسے ہیضہ، طاعون وبائے حیوانات، مردہ شے، ماری گئی۔

برِّ یخ mir-riiK: (ع، مذ) ایک سیارے کا نام جو علم نجوم کے اعتبار سے پانچویں آسمان پر ہے۔ اسے منحوس

سمجھا جاتا ہے۔

مُرِید mu-riid: (ع، مذ) خواہش مند، مشتاق، ارادہ کرنے یا رکھنے والا، مطیع، فرمانبردار، معتقد، دینی شاگرد، چیلا، بالکا (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: مریدی۔

مریض ma-riiz: (ع، صف) بیمار، علیل، روگی، مث: مریضہ۔

مریل mar-yal: (ار، صف) نہایت دبلا پتلا، لاغر، کمزور، ناتواں۔

مریم mar-yam: (ع، صف) کنواری، دوشیزہ، کنیا، پارسا، باعصمت، پاک دامن، حضرت عیسیٰؑ کی والدہ ماجدہ کا نام۔

مریم کا پنجہ mar-yam kaa pan-jah: (ار، مذ) ایک قسم کی خوشبودار گھاس جو پنجے کی شکل سے مشابہ ہوتی ہے۔ کہتے ہیں دردِ زہ کے وقت حضرت مریم نے اسی پر ہاتھ رکھا تھا۔ اس سبب سے یہ شکل ہوگئی۔

مَرِینہ ma-rii-nah: (ار، مذ) ایک قسم کا اونی کپڑا جو مرینو بھیڑ کے اون سے بنایا جاتا ہے۔ انگریزی لفظ Merina سے ماخوذ۔

م۔ڑ

مڑک ma-Rak: (ار، مث) ریٹھ، ٹیڑھ، بل، کجی، مروڑ۔

مُڑنا muR-na(a): (ار، مص) لوٹنا، واپس ہونا، پلٹنا، بل کھانا، خم کھانا۔

مڑر ma-Rar: (ار، مذ ق) تالاب۔

مُڑوانا muR-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'مڑنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

مڑھنا maRh-na(a): (ار، مص) کھال چڑھانا، منڈھنا، پوشش کرنا۔

مڑھوانا maRh-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'مڑھنا' جس کا یہ متعدی ہے۔

مڑھی ma-Rhi(i): (ھ، مث) جھونپڑی، چھوٹا مندر، سادھ۔

م۔ز

مزال ma-zaal: (ف، مذ) دیکھیے 'مزہ' جو صحیح ہے۔

مزاج mi-zaaj: (ع، مذ) طبیعت، سرشت، خمیر، گن، خاصیت، اثر، خاصہ، عادت، خصلت، جوہر، تکبر، غرور، دماغ، کبر۔

مزاج آشنا mi-zaaj aash-na(a): (عف، صف) طبیعت شناس، مزاج پہچاننے والا۔

مزاج پٹی mi-zaaj pe-Ti(i): (ار، صف مث) بددماغ، مغرور، گھمنڈی عورت، نک چڑھی۔

مزاج دار mi-zaaj-daar: (عف، صف) مغرور، متکبر، خود پسند، نازک طبع۔

مزاج داں mi-zaaj-daaN: (عف، صف) طبیعت سے واقف۔

مزاج شریف mi-zaaj sha-riif: (ار، کلمہ مزاج پرسی) آپ کی طبیعت کیسی ہے۔

مزاج شناس mi-zaaj sha-naas: (عف، صف) دیکھیے 'مزاج آشنا' اسم کیفیت مث: مزاج شناسی۔

مزاح mi-zaaj: (ع، مذ) خوش طبعی، مذاق، ہنسی۔

مُزاحِف mu-zaa-hif: (ع، مذ) گری ہوئی چیز، اپنی اصل سے دور شے، علم عروض میں وہ رکن جو سالم نہ ہو۔ بلکہ اس میں کچھ تغیر آگیا ہو۔

مُزاحِم mu-zaa-him: (ع، صف) مزاحمت کرنے

والا، روکنے والا، حائل (افعال: ہونا)

مُزاحمت mu-zaa-ha-mat: (ع، مث) روک، ممانعت، تعرض۔

مُزاحمتِ بے جا mu-zaah-ma-te-be-jaa: (عف، مث) قانون کے خلاف روک ٹوک۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مزار ma-zaar: (ع، مذ) زیارت کرنے کی جگہ، درگاہ، آستانہ، مقبرہ، قبر، تربت، گور۔

مُزارع mu-zaa-ri(?): (ع، مذ) کھیتی کرنے والا، کسان، کاشتکار۔

مزامیر ma-zaa-miir: (ع، مذ) مزمار، موسیقی کے ساز۔

مزاوجت ma-zaa-va-jat: (ع، مث) زوج ہونا، بیاہ شادی۔

مُزاولت mu-zaa-va-lat: (ع، مث) کسی کام کو ہمیشہ کرنا، روز مرہ مشق۔

میزائل mi-zaa-il: (انگ، مث) Missile، راکٹ، موٹروں کی طاقت سے پرواز کرنے والے خوفناک جنگی ہتھیار جنھیں ہزاروں میل دور مقررہ مقام پر گرایا جاسکتا ہے۔

مزبلہ maz-ba-lah: (ع، مذ) وہ جگہ جہاں نجاست اور کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں (پنجابی) روڑی۔

مزبُور maz-buur: (ع، مذ) لکھا ہوا، مذکورہ بالا۔

مزخرف mu-zaK-raf: (ع، مث) بناوٹ کی بات، وہ جھوٹی بات جو سچ کی طرح آراستہ کی گئی ہو، بیہودہ بات۔

مُزد muzd: (ف، مث) مزدوری، اُجرت، طلب تنخواہ، صلہ، بدلہ۔

مُزدلفہ muz-dal-fah: (ع، مذ) منیٰ اور عرفات کے درمیان ایک مقام جہاں حاجی لوگ عرفات سے واپسی پر نو اور دس ذوالحجہ کی رات کو قیام کرتے ہیں۔

مزدُور maz-duur: (ف، مذ) مزدوری کرنے والا، اُجرت پر کام کرنے والا، بوجھ اُٹھانے والا، محنتی، اسم کیفیت مث: مزدوری۔

مزرع maz-ra(?): (ع، مذ و مث) کھیتی، کھیت، کشت۔

مزرُوع maz-ruu(?): (ع، صف) بویا گیا، کاشت کیا ہوا، بویا ہوا کھیت مث: مزروعہ۔

مُزعفر mu-za(?)-far: (ع، مذ) زعفرانی، زرد، زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاول کا پلاؤ۔

مزعُوم maz-(?)uum: (ع، صف) گمان کیا ہوا، زعم کیا ہوا، مث: مزعومہ۔

مزکُوم maz-kuum: (ع، صف) جس کو زکام ہو۔

مُزکی mu-za-ki(i): (ع، صف) پاک کیا گیا، زکوٰۃ دیا گیا۔

مُزلت mu-za-lat: (ع، مث) پھسلنے کی جگہ۔

مُزلف mu-zal-laf: (ع، صف) زلفوں سے گھرا ہوا، زلف والا، معشوق۔

مِزمار miz-maar: (ع، مث) نے، بانسری، ساز، باجا۔

مُزمّل mu-zam-mil: (ع، صف) کپڑوں میں لپٹا ہوا، قرآن شریف کی ایک سورۃ۔

مُزمن muz-min: (ع، صف) پرانا، کہنہ، مث: مزمنہ۔

مزمُور maz-muur: (ع، مث) مناجات، نغمہ۔

مُزوِّر mu-zav-vir: (ع، صف) جھوٹا، فریبی، مکار، بدمعاش، بدچلن، لچا۔

مزہ ma-zah: (ف، مذ) لذت، سواد، ذائقہ، چسکا،

چاٹ، لطف، حظ، رس، بہار، خوشی، عیش، عشرت، جوبن، شباب، لت، عادت، وصف۔

مزہ دار ma-zih-daar: (ف، صف) پرلطف، لذیذ، اسم کیفیت مث: مزہ داری۔

مُزیّب mu-zay-yab: (ف، صف) زیبا، سجا ہوا، فارسی زیب سے بقاعدہ عربی غلط ہے۔

مزید ma-ziid: (ع، مذ) اضافہ، زیادتی، افزونی، بیشی، بڑھوتری۔

مزید براں ma-ziid-bar-aaN: (عف، متعلق، فعل) اس کے علاوہ، اس سے بڑھ کر۔

مزید علیہ ma-ziid-(?)a-le-yah: (ع، صف) زیادہ کیا گیا، بڑھایا گیا۔

مُزیّن mu-zay-yan: (ع، صف) زینت دیا گیا، سجایا ہوا، آراستہ مکلف۔

مژدہ maz-dah: (ف، مذ) خوش خبری، بشارت، مبارکباد، تہنیت۔

مژدہ باد muz-dah-baad: (ف، کلمہ، دعا) مبارک ہو، خوش خبری ہو۔

مژہ mi-zah: (ف، مث) پلک، جمع: مژگان۔

م۔س

مس mas: (ع، مذ) چھونا، چھونے کا عمل، لمس، لگاؤ، رغبت، رجحان۔

مس mis: (ف، مذ) تانبا، ایک دھات جس کے برتن وغیرہ بناتے ہیں، صفت نسبتی: مسی۔

مس خام mis-Kaam: (ف، مذ) کچا تانبا، وہ تانبا جو کان سے نکالنے کے بعد صاف نہ کیا گیا ہو۔

مس گر mis-gar: (ف، صف) تانبے کے برتن بنانے والا، ٹھٹھیرا، اسم کیفیت مث: مس گری۔

مس mis: (انگ، مث) Miss کنواری لڑکی، دوشیزہ، بھول چوک، سہو، نہ مل سکنا، نہ پکڑ سکنا۔

مسا mas-saa: (ھ، مذ) گوشت کا سیاہ دانہ جو بدن پر پڑ جاتا ہے۔ بڑا تل، خال، زائد گوشت جو بواسیر کے سبب مقعد میں پیدا ہو جاتا ہے۔

مسا ma-saa: (ع، مث) شام، سانجھ۔

مِسا mis-saa: (ھ، مذ) ملا جلا اناج، موٹا اناج، سستا اناج، غریبوں کے کھانے کا اناج۔

مُسابقت ma-saa-ba-qat: (ع، مث) باہم سبقت لے جانا، سبقت۔

مساجد ma-saa-jid: (ع، مذ) دیکھیے 'مسجد' جس کی یہ جمع ہے۔

مساح mas-saah: (ع، صف) پیمائش کرنے والا، ناپنے والا۔

ساحت ma-saa-hat: (ع، مث) زمین کی پیمائش۔

مساس ma-saas: (ع، مذ) چھونا، ہاتھ پھیرنا، ہاتھ سے ملنا، عورت کے جسم کو ہاتھ ملنا۔

مُساعد mu-saa-(?)id: (ع، مذ) یاور، معاون، موافق، مددگار۔

مُساعدت mu-saa-(?)a-dat: (ع، مث) یاوری، مدد، اعانت۔

مساعی mu-saa-(?)i(i): (ع، مث) 'سعادت' کی جمع اردو میں سعی کی جمع۔

مسافت mu-saa-fat: (ع، مث) دوری، فاصلہ، عرصہ، سفر، سفر کی تکان۔

مُسافر mu-saa-fir: (ع، مذ) سفر کرنے والا، راہ گیر، پردیسی، اسم کیفیت مث: مسافری۔

مُسافر خانہ mu-saa-fir Kaa-na(h): (عف، مذ)

مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ سرائے، کنایۃً دنیا۔

مُسافر گاڑی mu-saa-fir gaa-Ri(i): (عف، مث) وہ ریل گاڑی جس میں مسافر سوار ہوتے ہیں۔

مُسافرانہ mu-saa-fi-raa-nah: (عف، صف) مسافر کی طرح، پردیسیوں کی مانند۔

مُسافرت mu-saa-fi-rat: (ع، مث) سفر، سیاحی، پردیس۔

مساکن ma-saa-kin: (ع، مذ) دیکھیے 'مسکن' جس کی یہ جمع ہے۔ گھر

مساکین ma-saa-kiin: (ع، مذ) دیکھیے 'مسکین' جس کی یہ جمع ہے، غریب۔

مسالا ma-saa-laa: (ار، مذ) عربی مصالح کا مورد، نمک، مرچ، لہسن، لونگ وغیرہ، گوٹا کناری گوگھرو وغیرہ، چونا، سرخ سیمنٹ جو تعمیرات میں کام آتے ہیں، ایک مرکب جو پان میں کام آتا ہے۔ ہر چیز کی تیاری کے لوازم اور ضروریات۔

مسالک ma-saa-lik: (ع، مذ) دیکھیے 'مسلک' جس کی یہ جمع ہے۔

مسالمہ ma-saa-la-ma(h): (ع، مذ) وہ مجلس جس میں باہم سلام پڑھا جائے خاص طور پر شہدائے کربلا کی یاد میں سلام پڑھنا۔

مسالے دار ma-saa-le-daar: (ار، صف) وہ چیز جس میں مسالا پڑا ہوا ہو، چٹپٹی۔

مسام ma-saam: (ع، مذ) جسم کے وہ سوراخ جن میں سے پسینہ نکلتا ہے۔

مُسامحت mu-saa-ma-hat: (ع، مث) چشم پوشی کرنا، کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا، سستی، کاہلی، کسی سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔

مساکر ma-saa-kar: (ار، متعلق فعل ق) کھینچ تان کر، بڑی مشکل سے۔

مسان ma-saan: (ھ، مذ) مرگھٹ، وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے مردے جلائے جاتے ہیں۔ شمشان، بچوں کی ایک بیماری جس میں بچہ سوکھتا جاتا ہے۔ سفلی عمل جس سے خبیث روح کو قابو میں کرتے ہیں۔ منتر جنتر، خبیث، بھوت۔

مسانی ma-saa-ni(i): (ھ، مث) چھوٹی چیچک، کھسرا، سیتلا دیوی کی بہن کا نام۔

مساوات ma-saa-vaat: (ع، مث) برابری، ہمسری، باہم برابر کرنا، حالت کا برابر کرنا، نامعلوم مقدار کی قیمت معلوم کرنے کا قاعدہ، الجبرا۔

مساوی ma-saa-vi(i): (ع، صف) برابر، یکساں۔

مساہلت mu-saa-hi-lat: (ع، مث) تساہل کرنا، سستی کرنا۔

مساہمت mu-saa-hi-mat: (ع مث) شرکت، ساجھا، قرعہ اندازی۔

مسائل ma-saa-il: (ع، مذ) دیکھیے 'مسئلہ' جس کی یہ جمع ہے۔

مسبّب mu-sab-bab: (ع: صف، مفعولی) سبب کیا گیا، باعث وجہ۔

مُسبّح mu-sab-bih: (ع، صف) سبحان اللہ کہنے والا، اللہ تعالیٰ کی پاکیزگی بیان کرنے والا۔

مُسبّحہ mu-sab-bi-hah: (ع، مث) انگشت شہادت، کلمہ کی انگلی۔

مُسبّع mu-sa-bba(?): (ع، مذ) سات حصے کیا گیا، سات پہلوؤں والی چیز یا شکل، سات مصرعوں کا بند۔

مسبوق mas-buuq: (ع، صف، مفعولی) گزشتہ، سابق، گزرا ہوا، اصطلاح فقہ میں وہ شخص جس کی نماز کی کوئی رکعت جاتی رہی ہو یعنی امام کے ایک یا دو

رکعت پڑھنے کے بعد نماز میں ملنے والا۔

مست mast: (ف، صف) متوالا، نشہ میں چور، مخمور، پرشہوت، جوانی سے بھرا ہوا، بے خود، مدہوش، مجذوب، مجنون، خوش، سرور، بے پروا، مغرور، متکبر (افعال: کرنا، ہونا)

مست مَولا mast mau-laa: (ا، مذ) بے پروا آدمی، آزاد طبع۔

مُستاجِر mu-sa-taa-jir: (ع، مذ) ٹھیکیدار، اجارہ لینے والا، کاشت کار اسم کیفیت مث: مستاجری۔

مستان شاہ mas-taan shaah: (ا، مذ) مست فقیر، گدائے مجذوب۔

مستانا mas-taa-na(a): (ا، مص) مستی پر آنا، مدھ پر آنا، گرما جانا۔

مُستانِس mus-taa-nis: (ع، صف) اُلفت رکھنے والا، خوگر، آرام پانے والا۔

مُستانِف mus-taa-nif: (ع، صف) پہل کرنے والا، جدا، علیحدہ۔ (اصطلاح نحو) وہ جملہ جس کو سابقہ جملے سے معناً تو ربط ہو مگر لفظاً کوئی تعلق نہ ہو، مث: مستانفہ۔

مستانہ mas-taa-nah: (ف، صف) مست کی طرح، متوالے کی طرح۔

مستانہ چال mas-taa-nah-chaal: (ف، مث) متوالے کی سی لڑکھڑاتی چال، جھومتی چال۔

مُستبِد mus-ta-bid: (ع، صف) اکیلے کام کرنے والا، خودمختار، مطلق العنان۔

مُستبدانہ mus-tab-daa-nah: (ع، صف) خود مختارانہ، مطلق العنانہ۔

مُستبعِد mus-tab-(?)id: (ع، صف) دور، بعید، خلاف، قیاس، دشوار۔

مُستتِر mus-ta-tir: (ع، صف) چھپنے والا، پوشیدہ۔

مُستثنیٰ mus-tas-naa: (ع، صف) استثنا کیا گیا، الگ کیا گیا، چنا گیا، چھوٹا ہوا، ماسوا، الا، مگر، بجز، وہ شخص یا چیز جسے علیحدہ کر دیا گیا ہو، اصطلاح نحو میں وہ اسم جو حرف استثنا کے بعد واقع ہوا ہو۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مُستجاب mus-ta-jaab: (ع، صف) جواب دیا گیا، مجازاً قبول کیا گیا، مانا گیا۔

مُستحاضہ mus-ta-haa-zah: (ع، صف) وہ عورت جسے معمولی سے زیادہ عرصہ تک خون آئے۔

مُستحب mus-ta-hab: (ع، صف) محبت کیا گیا، پسند کیا گیا، پسندیدہ فقہ کی اصطلاح میں عبادت میں سے وہ فعل جسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرما کر خود کیا اور اس کا ثواب بیان فرمایا۔

مُستحسن mus-tah-san: (ع، صف) نیک، پسندیدہ، خوب، بہتر۔

مُستحضر mus-tah-zar: (ع، صف) یاد رکھا ہوا، وہ بات جو یاد ہو۔

مُستحق mus-ta-hiq: (ع، صف) حق دار، حق رکھنے والا، دعویٰ دار، لائق، قابل، سزاوار، درویش، مفلس، مسکین، نادار۔

مُستحکم mus-tah-kam: (ع، صف) پکا، مضبوط، سخت، قائم رہنے والا۔

مُستحیل mus-ta-hill: (ع، صف) بدلا ہوا، ایک حال سے دوسرے حال میں پھرنے والا، ناممکن، محال۔

مُستخرَج mus-taK-raj: (ع، صف، فاعلی) خارج کرنے والا، نکالنے والا۔

مُستخرِج mus-taK-rij: (ع، صف، فاعلی) خارج

کرنے والا، نکالنے والا۔

مُستخلَص mus-taK-lis: (ع،صف) چھوڑا گیا، خلاص کیا گیا۔

مُستدعی mus-tad-(?)ii: (ع،صف) استدعا کرنے والا، چاہنے والا، خواہشمند، کسی بات کو چاہنے والا، ملتجی۔

مُستدیر mus-ta-diir: (ع،صف) گول، مدور۔

مُستراح mus-ta-raah: (ع، مذ) فراغت کی جگہ، پاخانہ۔

مُسترحِم mus-tar-him: (ع،صف) رحم چاہنے والا۔

مُسترد mus-ta-rad: (ع،صف) رد کیا گیا، واپس کیا گیا۔

مُسترشِد mus-tar-shid: (ع،صف) ہدایت طلب کرنے والا، سیدھی راہ کا خواہاں، مرید۔

مِستری mist-rii: (ار، مذ) اہل حرفہ کا افسر، کاری گروں کا استاد، کسی پیشہ کا کاری گر، خصوصاً لوہار، بڑھی (انگریزی Master سے ماخوذ)

مُستزاد mu-sa-ta-zaad: (ع،صف) بڑھایا گیا، زیادہ کیا گیا، افزوں عروض میں وہ غزل جس کے ہر مصرعے یا شعر کے بعد ایسا زائد ٹکڑا لگا ہو جو اس مصرعہ کے رکن اول اور آخر کے برابر ہو۔

مُستسقی mus-tas-qi(i): (ع،صف) وہ جو پانی طلب کرے، وہ شخص جسے جلندھر کی بیماری ہو۔

مُستشرِق mus-tash-riq: (ع،صف) وہ فرنگی جو مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر ہو۔ Orientalist

مُستطاب mus-ta-taab: (ع،صف) خوش گوار، اچھا عمدہ، خوب، مبارک، خجستہ، سعید نیک۔

مُستطیع mus-ta-tii(?): (ع، صف) استطاعت رکھنے والا، صاحب مقدر۔

مُستطیل mus-ta-tiil: (ع، مذ) طویل، لمبا، وہ چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں زاویے قائمے اور مقابل کے ضلعے برابر ہوں۔

مُستظہِر mus-taz-har: (ع، صف) مدد چاہنے والا، امداد کا خواہاں، ظہور چاہنے والا۔

مُستعار mus-ta-(?)aar: (ع، صف) مانگا ہوا، اُدھار لیا ہوا (افعال: دینا)

مُستعارلہ mus-ta-(?)aar-la-huu: (ع، مذ) وہ چیز جو کسی کے لیے ادھار لی جائے۔ استعارہ کا وہ رکن جو مشبہ کی جگہ ہوتا ہے۔

مُستعِد mus-ta-(?)id: (ع، صف) آمادہ، تیار، موجود، کمربستہ، چست، چالاک، ہوشیار، طرار، سعادت چاہنے والا۔ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: مستعدی۔

مُستعفی mus-ta(?)-fii: (ع،صف) استعفا دینے والا، معافی چاہنے والا۔

مُستعمرہ mus-ta(?)-mi-rah: (ع،مث) نوآبادی، کالونی، جمع: مستعمرات۔

مُستعمل mus-ta(?)-mal: (ع،صف) عمل میں لایا ہوا، کام میں لایا ہوا۔ (افعال: ہونا)

مُستعین mus-ta-(?)iin: (ع،صف) مدد چاہنے والا، امداد طلب کرنے والا۔

مُستغاث mus-ta-Gaas: (ع، مذ) وہ جس سے فریاد چاہیں۔

مُستغرِب mus-taG-rib: (ع،صف) وہ مشرقی جو مغربی علوم کا ماہر ہو۔

مُستغرق mus-taG-riq: (ع،صف، فاعلی) غرق ہونے والا، ڈوبنے والا۔

مُستغفِر mus-taG-fir: (،صف) استغفار کرنے

والا، گناہوں کی معافی مانگنے والا۔

مُستغنی mus-taG-nii: (ع،صف) آزاد، بری، بے پروا، دولتمند، مالدار، آسودہ حال، فارغ البال، مطمئن۔

مستغیث mus-ta-Giis: (ع،صف) استغاثہ کرنے والا، داد خواہ / فریادی، مدعی، دعویدار، مث: مستغیثہ۔

مُستفاد mus-ta-faad: (ع،صف) فائدہ حاصل کیا ہوا۔ جو چیز فائدہ میں حاصل ہو۔

مُستفتی mus-taf-tii: (ع،صف) فتویٰ طلب کرنے والا، کسی معاملہ میں شرعی حکم چاہنے والا۔

مُستفسر mus-taf-siir: (ع،صف) استفسار کرنے والا، پوچھنے والا، تحقیق کرنے والا۔

مُستفید mus-ta-fiid: (ع،صف) فائدہ چاہنے والا، فائدہ طلب کرنے والا، فائدہ اٹھانے والا۔

مُستفیض mus-ta-fiiz: (ع،صف) فیض چاہنے والا، فیض کا خواہاں، فائدہ اٹھانے والا۔

مُستقبل mus-taq-bil: (ع،صف) آگے آنے والا، آئندہ، وہ فعل جو آنے والے زمانہ سے تعلق رکھتا ہو۔

مُستقر mus-ta-qar: (ع، مذ) ٹھہرنے کی جگہ، جائے قرار، ٹھکانا۔

مُستقل mus-ta-qil: (ع،صف) مضبوط، مستحکم، اٹل، برقرار، پائیدار، پکا، قائم، ہمیشہ، عام، اسم کیفیت مث: مستقلی۔

مُستقل مزاج mus-ta-qil mi-zaaj: (ع،صف) وہ جس کے مزاج میں استقلال ہو، ثابت قدم، اسم کیفیت مث: مستقل مزاج۔

مُستقیم mus-ta-qiim: (ع،صف) سیدھا، راست، درست، مضبوط۔

مُستمِد mus-ta-mid: (ع،صف) امداد چاہنے والا۔

مُستمِر mus-ta-mir: (ع،صف) ہمیشہ رہنے والا، دائم، مضبوط، پائدار، مستقل، پیوستہ۔

مُستمِع mus-ta-mi(?): (ع،صف) سننے والا۔

مُستمند mus-ta-mand: (ع،صف) غمگین (مجازاً) حاجت مند، ضرورت والا۔

مُستنبط mus-tan-bat: (ع،صف) اخذ کیا گیا، چنا گیا، چھانٹا گیا۔

مُستند mus-ta-nad: (ع،صف) سند پایا ہوا، تصدیق کیا ہوا، مصدقہ، قابل اعتماد، معتبر۔

مُستنصر mus-tan-sar: (ع،صف) مدد طلب کیا گیا، مدد مانگا ہوا۔

مُستنیر mus-ta-niir: (ع،صف) روشنی طلب کرنے والا، روشن۔

مستوُر mas-tuur: (ع،صف) چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی، مث: مستورہ۔

مستوُرات mas-tuu-raat: (ع، مث) دیکھیے 'مستورہ' جس کی یہ جمع ہے۔ پردہ دار عورتیں۔

مستوُفی mas-tuu-fii: (ع،مذ) پورا لینے والا، مجازاً محاسب، اعلیٰ جو اپنے ماتحتوں کے حساب کی جانچ پڑتال کرے۔

مستوُل mas-tuul: (ار،مذ) جہاز یا کشتی کا ستون۔

مستولی mus-tuu-li(i): (ع،صف) غالب، زور آور، چھانے والا، قابو پانے والا۔

مستی mas-ti(i): (ف،مث) نشہ، خمار، بے ہوشی، بدمستی، باہ، خواہش نفسانی۔

مِسٹر mis-Tar: (انگ، مذ) Mister تعظیمی خطاب جو نام سے پہلے آتا ہے۔

مِسٹرِس mis-Ti-res: (انگ،مث) عورت کے واسطے جو نام سے پہلے آتا ہے۔ Mistress
مُسٹنڈا / مشٹنڈا mus-Tan-Daa: (ار،صف) موٹا تازہ آدمی، ہٹا کٹا۔ اوباش، کام چور، مث: مسٹنڈی / مشٹنڈی۔
مسجد mas-jid: (ع،مث) سجدہ کرنے کی جگہ، نماز پڑھنے کی جگہ، مسلمانوں کا عبادت خانہ۔
مسجدِ اقصیٰ mas-ji-de-aq-saa: (ع،مث) بیت المقدس، وہ مسجد جو حضرت سلیمانؑ نے بنوائی تھی۔
مسجدِ جامع mas-ji-de-jaa-mi(?): (ع،مث) وہ مسجد جہاں جمعہ کی نماز ہوتی ہے۔
مسجدِ حرام mas-ji-de-ha-raam: (ع،مث) قابل حرمت مسجد، خانہ کعبہ۔
مسجدِ نبویؐ mas-jid-na-ba-vii: (ع،مث) وہ مسجد جو مدینہ منورہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار مقدس کے قریب ہے۔
مُسجّع mu-saj-ja(?): (ع،صف) قافیے دار عبارت، وہ مضمون جس میں قافیہ کا اہتمام ہو۔
مُسجّل mu-saj-jal: (ع،صف) وہ کاغذ جس پر حاکم یا قاضی کی مہر ثبت ہو، درست، صحیح، رجسٹری شدہ، انگریزی لفظ Registered کا ترجمہ۔
مُسجِّل mu-saj-jil: (ع، صف، فاعل) رجسٹرار، رجسٹری کرنے والا۔
مسجود mas-juud: (ع،صف) سجدہ کیا گیا جسے سجدہ کریں۔
مسح mash~mas-ah: (ع، مذ) پونچھنا، چھونا، ہاتھ ملنا، ہاتھ پھیرنا، وضو یا غسل میں ہاتھ کسی عضو پر پھیرنا، وضو میں سر پر ہاتھ پھیرنا۔
مسحور mas-huur: (ع،صف) جس پر سحر کیا گیا ہو، جس پر جادو کیا جائے۔
مسخ masK: (ع،صف) اچھی صورت بدل کر بری صورت ہو جانا۔ (افعال: کرنا، ہونا)
مُسخّر mu-saK-Kar: (ع،صف) تسخیر کیا گیا، تابع کیا گیا، قبضہ کیا گیا، فتح کیا گیا۔
مسخرہ mas-Ka-rah: (ف، مذ) ٹھٹھے باز، مذاقیہ، ہنسوڑ، اسم کیفیت مث: اسم کیفیت مذ: مسخرہ پن، مث: مسخری۔
مسخرہ بازی mas-Ka-rah baa-zi(i): (ف،مث) مسخرہ پن۔
مُسدّس mu-sad-das: (ع،مذ) علم ہندسہ میں چھ ضلعوں کی شکل جس کے سب ضلعے اور زاویے برابر ہوں۔ نظم کی وہ قسم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں۔
مسدود mas-duud: (ع،صف) بند کیا گیا، روکا گیا، بند، رکا ہوا۔
مسرّت mu-sar-rat: (ع،ف) خوشی، شادمانی، انبساط، آنند۔
مُسرف mus-rif: (ع،صف) فضول خرچ، بہت خرچ کرنے والا، کھاؤ، اڑاؤ۔
مسرور mas-ruur: (ع،صف) خوش، شادمان۔
مسروق mas-ruuq: (ع،صف) چوری کیا گیا، چرایا گیا، مث: مسروقہ۔
مِسِز mis-iz: (انگ، مذ) Misses بیگم، شادی شدہ عورت۔
مُسطّح mus-tah: (ع،صف) پھیلا ہوا، بچھا ہوا، چوڑا، کھلا۔
مِسطر mis-tar: (ع،مذ) وہ کاغذ جس پر سطریں کھینچنے کے لیے ڈورے لگاتے ہیں۔ وہ کاغذ جس پر موٹی سیاہ لکیریں کھینچی ہوتی ہیں اور اس پر دوسرا کاغذ رکھ کر لکھتے

ہیں۔ خاص قسم کا کاغذ جس پر لیتھو کی چھپائی کے لیے خاص سیاہی سے کاتب لکھتے ہیں۔ سطریں کھینچنے کا آلہ پیمانہ۔

مِسطر کرنا / کھینچنا mis-tar kar-naa: (ار، محاورہ) رول کرنا، ایک دوسرے کے برابر میں خط کھینچنا۔

مسطُور mas-tuur: (ع، صف) مسطر کیا گیا، سطر بندی کیا گیا، لکھا گیا۔

مسعُود mas-(?)uud: (ع، مذ) سعید، نیک، مبارک، خوش نصیب، بختاور۔

مسقط mas-qat: (ع، مذ) گرنے کی جگہ، خلیج فارس کا ایک ساحلی شہر۔

مسقط الرّاس mas-qa-tur-raas: (ع، مذ) پیدا ہونے کی جگہ، پیدائش مولد، وطن، زاد، جنم۔

مِسک misk: (ع، صف) مشک کا معرب، کستوری۔

مسکا mus-ka(a): (ار، مذ) وہ چھینکا جو چوپایوں کے منہ پر باندھ دیتے ہیں کہ وہ کسی چیز کو منہ میں نہ ڈال سکیں، مکھن۔

مسکانا mas-kaa-na(a): (ار، مص) کپڑے کو ایسا پھاڑنا کہ تانے کے تار الگ نہ ہوں۔

مُسکِت mus-kit: (ع، صف) چپ کرانے والا، خاموش کرنے والا۔

مُسکِر mu-sak-kir: (ار، مص) نشہ پیدا کرنے والی چیز، مستی لانے والی چیز۔

مُسکراہٹ mus-ku-ra-haT: (ار، مث) تبسم، دبی دبی ہنسی۔

مسکن mas-kan: (ع، مذ) رہنے کی جگہ، رہنے کا مقام، گھر مکان، ٹھکانا۔

مُسکِّن mu-sak-kin: (ع، صف) تسکین دینے والا، تسکین بخش۔

مسکنا ma-sak-naa: (ار، مص) پھٹنا، کپڑے کا ذرا سا پھٹنا، دبانا، بھینچنا۔

مسکنت mas-ka-nat: (ع، مث) مسکینی، غریبی، مفلسی، عاجزی۔

مِسکوٹ mis-koT: (ار، مذ) صلاح، مشورہ، مث، خفیہ، سازش، انگریزی لفظ Mess-Court کا بگاڑ (افعال: کرنا، ہونا)

مسکُوک mas-kuuk: (ع، صف) سکہ لگا ہوا، ٹھپا کیا ہوا، سرکاری چھاپ کا، سکہ۔

مسکُون mas-kuun: (ع، صف) سکونت کیا گیا، آباد، رہنے کے قابل۔

مسکہ mas-kah: (ف، مذ) مکھن، تازہ نکلا ہوا کچا گھی جو تپایا نہ گیا ہو۔

مِسکین mis-kiin: (ع، صف) غریب، مفلس، کنگال، نادار، عاجز، ناتواں، بے چارہ، حلیم، بردبار، اصطلاح، فقہ میں وہ شخص جس کے پاس اتنا مال نہ ہو کہ زکوٰۃ واجب آئے، اسم کیفیت مث: مسکینی۔

مِسل misl: (ار، مث) مقدمے کی کاروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں روئداد مقدمہ نیز دیکھیے 'مثل'۔

مُسلّح mu-sal-lah: (ع، صف) ہتھیار بند، ہتھیار لگائے ہوئے۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مسلخ mus-lah: (ع، مذ) جانوروں کو ذبح کرنے کی جگہ، کمیلا، کھال کھینچنے کا مقام۔

مُسلسل mu-sal-sal: (ع، صف) سلسلہ وار، لگاتار، متواتر، پے در پے۔

مُسلّط mu-sal-lat: (ع، صف) مغلوب کیا گیا، فتح کیا گیا، مقرر کیا گیا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مُسلِّط mu-sal-lit: (ع، صف فاعلی) قبضہ کرنے والا، غالب، طاقتور۔

مسلک mas-lak: (ع، مذ) راہ، راستہ، طریقہ، قاعدہ، دستور۔

مُسلِم mus-lim: (ع، صف) اسلام رکھنے والا، اسلام کا پیرو، مسلمان، مث: مسلمہ۔

مُسلَّم mu-sal-lam: (ع، صف) پورا، کامل، ثابت، سارا، سب تسلیم کیا گیا، مانا گیا، درست، بجا، ٹھیک، بے شک، ضرور، واجب، فرض، مث: مسلّمہ۔

مُسلّم الثّبوت mu-sal-la-mus-su-buut: (ع، صف) جو ثبوت کا محتاج نہ ہو، مانا ہوا۔

مُسلمان mu-sal-maan: (ف، مذ) 'مسلم' کا مترادف۔

مُسلمانی mu-sal-maa-nii: (ف، مث، اسلام) ار، بچوں کا آلۂ تناسل۔ ختنہ (افعال: کرنا، ہونا) (ار، مث) مسلمان عورت مسلمان ہونے کی حالت۔

مسلنا ma-sal-na(a): (ار، مص) کچلنا، بہت دبانا، آٹا گوندھنا۔

مسلوب mas-luub: (ع، صف) سلب کیا گیا، چھین لیا گیا، مٹا ہوا۔

مسلوبُ الاختیار mas-luu-bul aK-ta-yaar: (ع، صف) جس کے اختیارات چھین لیے گئے ہوں۔

مسلوبُ الحواس / العقل mas-luu-bul-ha-vaas/ hul-(?)aql: (ع، صف) وہ جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں، دیوانہ، پاگل، سڑی، سودائی۔

مسلوک mas-luuk: (ع، صف) جاری کیا گیا، سلوک کیا ہوا، احسان کیا گیا، سلوک کرنے والا۔

مسلول mas-luul: (ع، صف) وہ جسے سل کی بیاری ہو، کھینچا ہوا۔

مِسلی mis-li(i): (ار، صف) وہ جس کی مِسل بنی ہوئی ہو، سزایافتہ۔

مسمّاۃ mu-sam-maat: (ع، مث) وہ لفظ یا خطاب جو عورت کے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے۔

مِسمار mis-maar: (ع، مث) میخ، کھونٹی، کیل، گرایا ہوا، ڈھایا ہوا۔

مِسماع mis-maa(?): (ع، مذ) سننے کا آلہ۔

مِسماعُ الصّدر mis-maa-(?)us-sa-dar: (ع، مذ) وہ آلہ جس کے دونوں سرے ڈاکٹر اپنے کانوں میں رکھتا ہے اور دوسرا یا آخری سرا مریض کے سینہ یا پشت پر رکھا جاتا ہے۔ صدر بین۔ (انگریزی Stethescope کا ترجمہ)

مُسمّط mu-sam-mat: (ع، صف) پروئی ہوئی چیز، موتیوں کی لڑیوں میں پرونا، موتیوں کی لڑی، وہ شعر جس میں کئی ایک جگہ قافیہ ہو، وہ نظم جس میں تین سے لے کر دس مصرعے تک ہوں۔

مسموع mas-muu(?): (ع، صف) سنا گیا، قبول کیا گیا۔

مسموم mas-muum: (ع، صف) زہر دیا گیا، وہ جس نے زہر کھالیا ہو، زہریلا۔

مُسمّیٰ mu-sam-maa: (ع، صف) موسوم کیا گیا۔

مسند mas-nad: (ع، مث) بیٹھنے کی جگہ، تکیہ گاہ۔

مسند نشین mas-nad na-shiin: (عف، صف) مسند پر بیٹھنے والا، بادشاہ، اسم کیفیت مث: مسند نشینی۔

مُسنَد mus-nad: (ع، مذ) دوسرے کی سند سے بیان کیا گیا، سہارا دیا گیا، نحو کی اصطلاح میں جو کچھ کسی کے متعلق کیا جائے۔

مسنون mas-nuun: (ع، صف) سنت کی گئی، وہ کام جس کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کیا ہو، مث: مسنونہ۔

مِسواک mis-vaak: (ع، صف) داتن، دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی۔

مُسوّدہ mu-sav-va-da(h): (ع، مذ) وہ تحریر جو سرسری طور پر لکھی جائے اور جسے صاف وصحیح کرنے کی ضرورت ہو، قلمی مضمون یا تحریر، غیر مطبوعہ تحریر، منصوبہ، مدعا، مطلب۔

مسوُر ma-suur: (ار، مث) ایک قسم کا غلہ بطور دال کے پکایا جاتا ہے۔

مسوڑا / مسوڑھا ma-suu-Ra(a)/Rha(a): (ار، مذ) دانتوں کے اوپر کا گوشت۔

مسوس ma-sos: (ھ، مث) مروڑ۔

مسوسنا ma-sos-na(a): (ار، مص) بل دینا، مروڑنا، نچوڑنا، پچھتانا، افسوس کرنا، دل میں رنج کرنا، کڑھنا، صدمہ کے باعث دل پر ہاتھ رکھنا، جبراً صبر کو گوارا کرنا۔

مسہری ma-sah-ri(i): (ار، مث) چھپر کھٹ، ایک قسم کا پردہ دار پلنگ جو مکھیوں مچھروں سے محفوظ ہو کر سونے کے لیے بنایا جاتا ہے۔

مُسہِل mus-hil: (ع، صف) اسہال لانے والا، دست آور، وہ دوا جس سے دست آئیں۔ مذ، جلاب (افعال: دینا، لینا)

مسئلہ mas-aa-lah: (ع، مذ) سوال، پوچھی ہوئی بات (ار) اپنی بات، دینی قانون۔

مسئول mas-uul: (ع، صف) سوال کیا گیا، مانگا گیا، ذمہ دار جواب مث: مسئولہ۔

مِسّی mis-sii: (ف، مث) ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار استعمال کرتی ہیں۔ طوائفوں کی اصطلاح میں تقریب شادی اس دن سے کنواری نوچی مسی ملنا شروع کر دیتی ہے۔

مسیح / مسیحا ma-siih/ma-sii-haa: (ع، مذ) حضرت عیسیٰ کا لقب، جو بطور معجزہ، مردے کو زندہ کر دیتے تھے۔

مسیحائی ma-sii-haa-ii: (عف، مث) حضرت عیسیٰ کے معجزے والی طاقت، حیات بخشی۔

مسیحی ma-sii-hii: (ع، مث) حضرت عیسیٰ سے منسوب، عیسائی نصرانی۔

م۔ش

مُشابہ mu-shaa-bah: (ع، صف) مانند، مثل، نظیر، ہم شکل، مطابق، یکساں۔

مُشابہت mu-shaa-ba-hat: (ع، مث) مطابقت، موافقت، شکل، شبیہ، تشبیہ (افعال: پائی جانا، رکھنا، ہونا)

مُشاجرہ mu-shaa-ja-rah: (ع، مذ) مخالفت، منازعت، جمع، مشاجرات۔

مَشارب ma-shaa-rib: (ع، مذ) دیکھیے 'مشرب' جس کی یہ جمع ہے۔

مشارق ma-shaa-riq: (ع، مذ) دیکھیے 'مشرق' جس کی یہ جمع ہے۔

مُشارکت mu-shaa-ra-kat: (ع، مث) باہم شرکت، حصہ داری۔

مشاطگی mash-shaat-gi(i): (عف، مذ) مشاطہ کا کام، بنانا سنوارنا، کنگھی، چوٹی، بناؤ سنگار کرنا۔

مُشاطہ mush-shaa-tah: (ع، مث) وہ عورت جو عورتوں کا بناؤ سنگار کرائے، وہ عورت جو شادی کرائے۔

مُشاعرہ mu-shaa-(?)a-rah: (ع، مذ) شاعروں کا ایک جگہ جمع ہو کر شعر پڑھنا۔

مشاغِل ma-shaa-Gil: (ع، مذ) دیکھیے 'مشغلہ' جس کی یہ جمع ہے۔

مشّاق mash-shaaq: (ع، مذ) نہایت مشق رکھنے والا، بہت مہارت رکھنے والا، اسم کیفیت مث: مشاقی۔

مشام ma-shaam: (ع، مذ) مشم کی جمع ہے۔ (ار، مذ) دماغ، قوت شامہ کی جگہ، سونگھنے کی قوت۔

مشامِ جاں ma-shaame-jaaN: (عف، مذ) کنایۃً دماغ۔

مشاورت ma-shaa-va-rat: (ع، مث) آپس میں مل کر مشورہ کرنا، باہم صلاح کرنا۔

مُشاہدہ mu-shaa-ha-dah: (ع، مذ) دیکھنا، دید، معائنہ، صوفیوں کی اصطلاح میں نورالٰہی کا نظارہ (افعال: کرنا، ہونا)

مُشاہرہ mu-shaa-ha-rah: (ع، مذ) ماہوار، تنخواہ، طلب، وظیفہ۔

مشاہیر ma-shaa-hiir: (ع، مذ) دیکھیے 'مشہور' جس کی یہ جمع ہے۔

مشائخ ma-shaa-iK: (ع، مذ) دیکھیے 'شیخ' جس کی یہ جمع ہے۔

مشّائی ma-sh-shaa-i(i): (ع، صف) وہ حکیم یا فلسفی جو حقائق اشیا کو دلیل سے دریافت کر سکے، یہ لوگ چل چل کر شاگردوں کو سبق دیتے تھے۔

مشّائیت mash-shaa-iy-yat: (ع، مث) دلیل سے حقیقت اشیا کو معلوم کرنے کا طریقہ یا مسلک۔

مشایعت mu-shaa-ya-(?)at: (ع، مث) رخصت کرنے کے لیے چند قدم ساتھ جانا۔

مُشبّک mu-shab-bak: (ع، صف) جالی دار وہ شے جس میں سوراخ ہوں۔

مُشبّہ mu-shab-bah: (ع، صف) تشبیہ دیا گیا، مثال دیا گیا، نظیر دیا گیا، وہ چیز جسے کسی دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے۔

مُشبّہ بہ mu-shab-bah-beh: (ع، صف) وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے۔

مُشت musht: (ف، مذ) مکا، گھونسا، ڈک، (ار، مث) مٹھی، تھوڑی چیز۔

مُشتِ خاک mush-te-Kaak: (ف، مث) مٹھی، بھر خاک، کنایۃً انسان۔

مُشت زن musht-zan: (ف، صف) مکے سے لڑنے والا، گھونسے باز، کشتی لڑنے والے پہلوان Boxer جلق لگانے والا، اسم کیفیت مث: مشت زنی۔

مُشت مال musht-maal: (ف، مث) مالش جو پہلوان بدن کو سخت کرنے کے لیے کراتے ہیں۔ مالش جو حمام میں نہانے والے کراتے ہیں (افعال: کرنا، ہونا)

مُشتاق mush-taaq: (ع، صف) آرزومند، شوقین، خواہاں، طالب، خواہش مند، منتظر، انتظار کرنے والا، اسم کیفیت مث: مشتاقی۔

مُشتاقانہ mush-taa-qaa-nah: (ف، صف) آرزومندانہ، مشتاق کے مانند۔

مُشتبہ mush-ta-bah: (ع، صف) مشکوک، جس میں شبہ ہو، شبہ والا۔

مُشترک mush-ta-rak: (ع، صف) شریک کیا گیا، شرکت کیا ہوا، وہ لفظ جس کے کئی معنی ہوں۔ مث: مشترکہ۔

مُشتری mush-ta-ri(i): (ع،صف) خریدار، مول لینے والا، (مث) ایک ستارہ کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے۔ اور سعد اکبر سمجھا جاتا ہے۔ (مذ) کیمیاگروں کی اصطلاح میں رانگ کی قلعی اگر تاریخوں میں زہرہ کے ساتھ مشتری کا لفظ آئے تو اس کے معنی دولہا ہوں گے۔

مُشتعِل mush-ta-(?)il: (ع،صف) بھڑکتا ہوا، شعلے مارنے والا۔

مُشتغِل mush-ta-Gil: (ع،صف) مشغول ہونے والا، مصروف، روگردانی کرنے والا۔

مُشتق mush-taq: (ع،صف) نکلا ہوا، وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا جائے۔ وہ صیغہ جو مصدر سے بنایا جائے۔

مُشتمل mush-ta-mil: (ع،صف) شامل ہونے والا، شامل، شریک۔

مُشتہر mush-ta-hir: (ع،صف) شہرت دینے والا، اشتہار دینے والا۔

مُشتہی mush-ta-hi(i): (ع،صف) خواہش کرنے والا، آرزو کرنے والا، اشتہا پیدا کرنے والا۔

مُشخ mushK: (ار،مث ق) مشک۔

مُشدّد mu-shad-dad: (ع،صف) تشدید دیا گیا، وہ حرف جس پر حرف تشدید ہو، باندھا گیا، مضبوط کیا گیا۔

مشرب mash-rab: (ع،مذ) پانی پینے کی جگہ، چشمہ، جھیل، دین، مذاہب، ملت، طور، طریقہ، ڈھنگ، طریقہ۔

مُشرّح mu-shar-rah: (ع،صف) تشریح کیا گیا، تفصیل کیا گیا، صاف مفصل۔

مُشرّف mu-shar-raf: (ع،صف) شرف دیا گیا، عزت، بخشا گیا، معزز (افعال: کرنا، ہونا)

مُشرِّف mu-shar-rif: (ع،صف) بلند ہونے والا، اونچائی پر چڑھنے والا، نگراں، خبردار، صدر، محرر، میر منشی، خزانہ کا عہدہ دار۔

مشرق mash-riq: (ف،صف) مشرق، سورج نکلنے کی سمت، صف، نسبتی: مشرقی۔

مشرقیات mash-riq-yaat: (ع،مث) وہ امور جن کا تعلق مشرق یا مشرقی ممالک سے ہو، مشرقی علوم وفنون۔ مث: مشرقیہ۔

مُشرِک mush-rik: (ع،صف) شرک کرنے والا، وہ شخص جو خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک بنائے، بت پرست۔

مشرُوب mash-ruub: (ع،صف) پیا ہوا، پینے کی چیز، جمع، مشروبات۔

مشرُوح mash-ruuh: (ع،صف) کھول کر بیان کیا گیا۔

مشرُوحاً mash-ruu-han: (ع،متعلق فعل) تشریح کے ساتھ، مفصل۔

مشرُوط mash-ruut: (ع،صف) شرط کیا گیا، کسی شرط پر موقوف۔

مشرُوع mash-ruu(?): (ع،صف) شرع کے موافق، جائز کیا گیا، ایک قسم کا کپڑا جو ریشم اور روئی کے سوت کو ملا کر بنایا جاتا ہے۔

مشرُوعیّت mash-ruu-(?)iy-yat: (ع،مث) شرع کی رو سے جائز ہونا، شرعی جواز۔

مشعرُ الحرام ma-sha-(?)a-rul-ha-raam: (ع،مث) مکہ کے قریب وہ مقام جہاں حج کے موقع پر قربانی دی جاتی ہے اور سر منڈائے جاتے ہیں۔

مشعل mash-(?)al: (ع،مث) روشنی کی جگہ،

چراغدان، بہت موٹی بتی جو تیل سے تر کرکے جلاتے ہیں۔

مشعل بردار mash-(?)al bar-daar: (ع،صف) مشعل اٹھانے والا، مشعل روشن کرنے والا۔

مشعلِ راہ mash-(?)a-le-raah: (عف، مث) وہ مشعل یا روشنی جس سے راستہ دیکھتے ہیں۔ کنایۃً، رہبر، رہنما۔

مشعلچی mash-(?)al-chii: (ف،مذ) مشعل اٹھانے والا، مشعل دکھانے والا۔

مشغلہ mash-Ga-lah: (ع، مذ) مشغل، کام، تفریح، کھیل تماشا، ہنسی مذاق۔

مشغول mash-Guul: (ع، صف) شغل میں لگا ہوا، مصروف، اسم کیفیت مث: (ع) مشغولیت، اسم کیفیت مث: مشغولی۔

مُشفِق mush-fiq: (ع، مذ) شفقت کرنے والا، مہربان، شفیق۔

مُشفِقانہ mush-fi-qaa-nah: (ف،صف) ہمدردانہ، دوستانہ۔

مشق mashq: (ع،مث) مہارت، بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا۔ تختی جس کی مشق کی ہو (افعال: رکھنا، رہنا، کرنا، ہونا)

مشقت ma-shaq-qat: (ع، مث) محنت، ریاضت، کام کاج، مزدوری، دکھ، تکلیف (افعال: اٹھانا، کرنا، ہونا)

مشقی mash-qii: (ف، صف) مشق کیا ہوا، منجھا ہوا، مث: مشق کرنے کی وصلی۔ تحریر کی مشق کرنے کا موٹا کاغذ۔

مشک mashk/ma-shak: (ف، مث) پانی بھرنے کی کھال، وہ سلی ہوئی کھال جس میں پانی بھرا جاتا ہے۔

مُشک mushk: (ف، مذ) خوشبودار سیاہ رنگ کا مادہ جو ایک قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے۔ کستوری (صف) یہ زخم کو بڑھا دیتی ہے۔

مُشک بار / بیز mushk-baar: (ف،صف) نہایت معطر، خوشبودار، اسم کیفیت مث: مشک باری / بیزی۔

مُشک بید mushk-bed: (ف،مذ) ایک قسم کا بید جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔

مُشک فام mushk-faam: (ف، صف) مشک کے رنگ کا، سیاہ، کالا۔

مُشکِ نافہ mush-ke-na-fah: (ف، مذ) ہرن کے پیٹ کی وہ تھیلی جس میں مشک ہوتی ہے۔

مُشکّل mu-shak-kal: (ع، صف) مجسم کیا گیا، شکل دی گئی۔

مُشکِل mush-kil: (ع، صف) دشوار، کٹھن، سخت پیچیدہ، اُلجھا ہوا، دقیق (مث) سختی، دشواری، مصیبت، دقت۔

مُشکِل پسند mush-kil-pa-sand: (عف، صف) دقت پسند، نظم و نثر میں مشکل الفاظ استعمال کرنے والا، اسم کیفیت مث: مشکل پسندی۔

مُشکِل سے mush-kil-se: (ار، متعلق فعل) دقت سے، جوں توں کرکے۔

مُشکِل کُشا mush-kil-ku-shaa: (ف،صف) مشکل حل کرنے والا، مصیبت دور کرنے والا، مشکل آسان کرنے والا، حضرت علیؓ کا لقب اسم کیفیت مث: مشکل کشائی۔

مُشکُو mush-kuu: (ف، مذ) بت خانہ، بادشاہوں کی حرم سرا، شیریں خسرو کا خلوت خانہ، باغیچہ، امراد

رؤسا کا دولت خانہ۔

مِشکوٰۃ mish-kaat: (ع،مث) چراغدان، فانوس، حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مشہور کتاب۔

مشکوُر mash-kuur: (ع،صف) پسندیدہ، شکر گزار، ممنون۔ (ان معنوں میں اصل کی رو سے غلط ہے) اسم کیفیت مث: مشکوری۔

مشکوُک mash-kuuk: (ع،صف) شک کیا گیا، گمان کیا گیا۔

مُشکی mush-kii: (ف،صف) مشک کے رنگ کا، کالا، سیاہ رنگ کا گھوڑا۔

مُشکیزہ mush-ki-zah: (ف،مث) چھوٹی مشک

مُشکیں mush-kiiN: (ف،صف) مشک کی مانند، سیاہ، کالا، مشک کی خوشبو کا۔

مشموُل mash-muul: (ع،صف) شامل کیا گیا، شریک کیا گیا، ملایا گیا مث: مشمولہ۔

مشموُم mash-muum: (ع،صف) سونگھا گیا، وہ چیز جو سونگھی جائے، معطر۔

مِشن mi-shan: (انگ،مذ) Mission رسالت، پیغمبری، پادریوں کے رہنے کی جگہ، سفارت، وفد، کمیشن، پیغام، مقصد، تبلیغ، تبلیغی جماعت۔

مِشنری mish-na-rii: (انگ،صف) Missionary تبلیغی ادارے، تبلیغی جماعت کا رکن۔

مشوَرت mash-va-rat: (ع،مث) صلاح، مشورہ، باہمی تجویز، سازش۔

مشوَرہ mash-va-rah: (ع،مذ) صلاح، باہمی تجویز۔ (افعال: دینا، رہنا، کرنا، ہونا)

مُشوَّش mu-shav-vash: (ع،صف) پریشان، مضطرب، حیران۔

مُشوِّش mu-shav-vish: (ع،صف) پریشان کرنے والا، حیران کرنے والا۔

مشہد mash-had: (ع،مذ) حاضر ہونے کی جگہ شہید ہونے کی، جگہ شہادت گاہ۔

مشہوُد mash-huud: (ع،صف) حاضر کیا گیا، موجود، ظاہر، ثابت کیا گیا۔

مشہوُر mash-huur: (ع،صف) شہرت کیا گیا، نامور، معروف (افعال: کرنا، ہونا)

مشہوُر و معروُف mash-huu-ro-ma(?)-ruuf: (عف،صف) نامی جسے سب جانتے ہوں۔

مَشیّت ma-shiy-yat: (ع،مث) خواہش، مرضی، ارادہ، قسمت تقدیر۔

مَشیّتِ اَیزدی ma-shii-ya-te-ai-za-dii: (عف،مث) تقدیر ایزدی، خدا کی مرضی۔

مُشیر mu-shiir: (ع،مذ) مشورہ دینے والا، صلاح کار، تدبیر بتانے والا، رائے دینے والا، کار پرداز، دیوان، مصاحب۔

مُشیرُالدّولہ mu-shii-rud-dau-lah: (ع،مذ) شاہی خطاب جو بڑے بڑے امراء اور وزراء کو دیا جاتا ہے۔ سلطنت کا صلاح کار۔

مُشیرِ خاص mu-shii-re Kaas: (ع،مذ) مصاحب خاص، پرائیویٹ سکریٹری، خاص صلاح کار، دیوان خاص۔

مُشیّن mu-shay-yan: (ع،صف) شان دار، رعب والا، وجیہ۔

مشین ma-shiin: (انگ،مث) Machine کل، آلہ۔

مشین گن ma-shiin gan: (انگ،مث) Machine-gun ایک قسم کی بندوق جس سے بہت سی گولیاں جلدی جلدی چلتی ہیں۔

مشینری ma-shii-na-rii: (انگ، مث) Machinery کل کے پرزے، کلیں، مشینیں، کل کی ساخت، فنی تدبیریں جن سے فنکار کام لے۔

م۔ص

مُصابِیح mu-saa-biih: (ع، مث) مصباح کی جمع، چراغ، شمع۔

مُصاحِب mu-saa-hib: (ع، صف) ساتھی، ہم صحبت، ہم نشین، خاص دوست، ندیم ۔مث: مصاحبہ۔

مُصاحبت mu-saa-he-bat: (ع،مث) ہم نشینی، ساتھ رہنا، پاس اٹھنا بیٹھنا۔

مصاحِف mu-saa-hif: (ع، مذ) دیکھیے 'مصحف' جس کی یہ جمع ہے، قرآن۔

مصادِر ma-saa-dir: (ع، مذ) دیکھیے 'مصدر' جس کی یہ جمع ہے۔

مصارِف ma-saa-rif: (ع، مذ) دیکھیے 'مصرف' جس کی یہ جمع ہے۔

مصاف ma-saaf: (ع، مث) (مصف کی جمع) صف باندھنے کا مقام، لڑائی کا میدان، لڑائی جنگ۔

مُصافحہ mu-saa-fa-hah: (ع، مذ) ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانے کا عمل۔ (افعال: کرنا) درگزر کرنا۔

مصالح mu-saa-leh: (ع، مذ) مصلحت کی جمع، دیکھیے 'مسالا'

مصالحت mu-saa-la-hat: (ع،مث) میل ملاپ، آپس میں صلح کرنا۔

مصالحہ ma-saa-li-hah: (ع، مذ) دیکھیے 'مسالا' (افعال: کرنا، ہونا)

مُصاہرت mu-saa-ha-rat: (ع،مث) سمدھیاں، خسر بنانا، داماد بنانا، دامادی۔

مصائب ma-saa-ib: (ع،مث) دیکھیے 'مصیبت' جس کی یہ جمع ہے۔

مِصباح mis-baah: (ع، مذ) چراغ، صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ۔

مُصَبَّر mu-sab-bar: (ع، صف) مشہور کڑوی دوا، ایلوا۔

مُصحف mus-haf: (ع، مذ) وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں۔ مراد قرآن شریف۔

مُصحفِ بغلی mus-hafe-baG-lii: (ف،مذ) چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف حمائل۔

مُصحَّف mu-sa-haf: (ع، صف، مفعولی) تصحیف شدہ، وہ حرف جس کے نقطے بدل دیے گئے ہوں۔

مِصداق mas-daaq: (ع، مذ) وہ شے جس پر کسی معنی کا اطلاق ہو، ثبوت صداقت، تصدیق کرنے والا، گواہ، گواہی، شہادت۔

مصدر mas-dar: (ع، مذ) صادر ہونے کی جگہ، نکلنے کی جگہ، منبع، سرچشمہ، جڑ، نحو میں وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں۔ اردو میں مصدر کے آخر میں 'نا' آتا ہے اور اس میں کوئی زمانہ نہیں پایا جاتا۔ جیسے آنا، لانا۔

مصدری mas-da-rii: (ف، صف) دیکھیے 'مصدر' جس سے یہ منسوب ہے۔ اصل بنیاد۔

مُصَدَّق mu-sad-daq: (ع، صف) تصدیق کیا گیا، آزمائش کیا گیا، تحریر کیا گیا۔ مث: مصدقہ۔

مُصَدِّق mu-sad-diq: (ع، صف) تصدیق کرنے والا، سچائی کی گواہی دینے والا، ثابت کرنے والا۔

مصدُور mas-duur: (ع، صف) صادر کیا گیا۔

مِصر misr: (ع، مذ) شہر، نگری، ایک مشہور ملک کا نام۔

مُصِر mu-sir: (ع، صف) اصرار کرنے والا، کسی چیز پر اڑ جانے والا۔

مُصَرَّح mu-sar-rah: (ع، صف) تصریح کیا گیا، تفصیل کیا گیا مث: مصرحہ۔

مُصَرِّح mu-sar-rih: (ع، صف) صراحت کرنے والا، تفصیل کرنے والا۔

مصرع / مصرعہ mis-ra(?) mis-ra(?)ah: (ع، مذ) ایک کواڑ، ایک پٹ، آدھا شعر، نصف، بیت۔

مصرع طرح mis-ra(?)e-ta-rah: (عف، مذ) وہ مصرع جو بحر اور ردیف و قافیہ بتانے کے لیے بطور نمونہ دیا جائے۔

مصرف mas-raf: (ع، مذ) خرچ کرنے کی جگہ، خرچ کرنے کا موقع محل، مطلب، کام، غرض۔

مُصرِف mus-rif: (ع، صف) خرچ کرنے والا، صرف کرنے والا۔

مصروع mas-ruu(?): (ع، مذ) وہ جسے مرگی کی بیماری ہو، مرگی کا مریض۔

مصروف mas-ruuf: (ع، صف) صرف کیا گیا، پھیرا گیا، مشغول کام میں لگا ہوا۔ (افعال: کرنا، ہونا، رہنا)

مِصری mis-rii: (ع، صف، مث) دیکھیے 'مصر' جس سے یہ منسوب ہے، مصر کا رہنے والا، شکاری چاقو، ایک قسم کی تلوار، شیرہ، راب۔ (ار) دانہ دار قند، قند کی ڈلیاں۔

مِصری کا کوزہ mis-rii kaa kuu-zah: (ار، مذ) مصری کا بنا ہوا گول ڈلا۔

مُصطفیٰ mus-ta-faa: (ع، صف) چنا ہوا، انتخاب کیا ہوا، برگزیدہ، پسندیدہ، مقبول، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب، صف نسبتی، مصطفوی، مصطفائی۔

مُصطلَح mus-ta-lah: (ع، صف) اصطلاح کیا ہوا، وہ لفظ جو مجازی معنوں میں مستعمل ہے۔ جمع: مصطلحات۔

مُصغّر mu-saG-Gar: (ع، صف) چھوٹا کیا گیا، وہ اسم جس میں چھوٹا پن پایا جائے۔ جیسے باغ سے باغچہ، باغچہ، باغیچہ۔

مُصفّا mu-saf-faa: (ع، صف) پاک، صاف، ستھرا ہوا۔

مُصفّی mu-saf-fii: (ع، صف) صاف کرنے والا۔

مُصلّا / مصلّیٰ mu-sal-laa: (ع، مذ) نماز پڑھنے کی جگہ، عبادت گاہ، مسجد، جانماز، بوریا، دری، صف، شیراز کی مشہور عیدگاہ جو ایک پرفضا میدان میں واقع ہے۔

مُصلِح mus-lih: (عف، صف) اصلاح کرنے والا، درست کرنے والا، نیکی کی طرف لانے والا، عیوب دور کرنے والا، اصطلاح طب میں ضرر سے بچانے والا۔

مصلحت mas-la-hat: (ع، مث) نیک صلاح، اچھا مشورہ، مناسب تجویز، خوبی، بھلائی، مشورہ، صلاح، حکمت، پالیسی۔

مصلحت اندیش mas-la-hat an-desh: (عف، صف) مناسب اور معقول بات سوچنے والا، اسم کیفیت مث: مصلحت اندیشی۔

مصلحت کار mas-la-hat kaar: (عف، صف) نیک کام کرنے والا، جو معاملات میں ماہر ہو۔

مصلحتہً mas-li-ha-tan: (ع، متعلق فعل) بھلائی کی بنیاد پر۔

مصلوب mas-luub: (ع، صف) صلیب پر چڑھایا گیا، سولی دیا گیا۔

مُصلّی mu-sal-lii: (ع، صف) صلوٰۃ ادا کرنے

والا، نماز پڑھنے والا، نمازی، نو مسلم، خاک روب، درود پڑھنے والا۔

مُصَمَّم mu-sam-mam: (ع، صف) پکا، مضبوط، مستحکم۔

مُصَنِّف mu-san-nif: (ع، مذ) تصنیف کرنے والا، اپنے دل سے کوئی بات بنانے والا، مث: مصنفہ۔

مُصَنَّف mu-san-naf: (ع، صف) تصنیف کیا ہوا، لکھا ہوا، مث: مصنفہ۔

مصنوع mas-nuu(?): (ع، صف) صنعت کیا ہوا، بنایا ہوا، جمع: مصنوعات۔

مصنوعی mas-nuu(?)ii: (ع، صف) بنایا ہوا، جو قدرتی نہ ہو، بناوٹی، نقلی، جعلی۔

مُصَوَّقہ mu-sav-va-qah: (ع، مذ) حرف صحیح

مصوَّر mu-sav-var: (ع، صف) تصویر بنایا گیا، باتصویر، تصویر والی چیز۔

مصوِّر mu-sav-vir: (ع، صف) تصویر بنانے والا، نقاش آرٹسٹ رنگ بھرنے والا، بیل بوٹے بنانے والا، خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، اسم کیفیت مث: مصوری۔

مصؤن ma-suun: (ع، صف) محفوظ، نگہبان کیا گیا، مث: مصونہ۔

مُصیب mu-siib: (ع، صف) بات کی تہہ کو پہنچنے والا، ٹھیک کہنے والا۔

مُصیبت mu-sii-bat: (ع، مث) رنج، دکھ، تکلیف، حادثہ، صدمہ، نحوست، بداقبالی، ادبار، دقت، مشکل، دشواری (افعال: اٹھانا، بن جانا، بھرنا، پڑنا، پیٹنا، جھیلنا)

مُصیبت زدہ mu-sii-bat-za-dah: (عف، صف) مصیبت کا مارا ہوا، بد بخت، تباہ حال۔

م۔ض

مضاربت ma-zaa-ra-bat: (ع، مذ) نفع میں شریک بنا کر کسی کو مال دینا، تلوار مارنا۔

مُضارِع mu-zaa-ri(?): (ع، م) مشابہ، مانند، اصطلاح قواعد زبان میں وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں پائے جائیں۔

مُضاعَف mu-zaa-(?)af: (ع، صف) دُگنا، دونا، دوچند، اصطلاح علم صرف میں وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف آئیں۔

مُضاف mu-zaaf: (ع، صف) جڑا ہوا، ملا ہوا، پیوستہ، منتھی کیا ہوا، منسلک شامل، منسوب، متعلق، علم نحو میں وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے جیسے امجد کی کتاب میں کتاب۔ مملوک، اضافہ کیا گیا، زیادہ کیا گیا۔

مُضاف الیہ mu-zaaf i-le-h: (ع، مذ) وہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم منسوب کیا جائے۔

مضافات ma-zaa-faat: (ع، صف) دیکھیے 'مضاف' جس کی یہ جمع ہے۔ قرب و جوار، اردگرد، اطراف و جوانب، مفصلات، شہر کے آس پاس کے قصبے۔

مضامین ma-zaa-miin: (ع، مذ) دیکھیے 'مضمون' جس کی یہ جمع ہے، مطالب، معانی۔

مُضایقہ mu-zaa-ya-qah: (ع، مذ) تنگی، دشواری، ایک دوسرے کو تنگ کرنا، حرج، قباحت، ڈر، خوف، پروا۔

مضبوط maz-buut: (ع، صف) ضبط کیا گیا، قبضہ کیا گیا۔ پکا، پائدار، دیرپا، شہ زور، قوی، طاقت والا، توانا، تندرست، اسم کیفیت مث: مضبوطی (افعال: کرنا، ہونا)

مضحک maz-hik~muz-hak: (ع،صف) ہنسانے والا، مضحکہ، مضحکہ خیز، جمع: مضحکات۔

مضحکہ maz-ha-kah: (ع، مذ) ہنسی، ٹھٹھا، تمسخر، وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں، مسخرہ، (افعال: اُڑانا، اُڑنا)

مضحکہ خیز maz-ha-kah-Kez: (عف،صف) ہنسی مذاق میں ڈالنے والی بات، ہنسی لانے والی بات، اسم کیفیت مث۔

مُضِر mu-zir: (ع،صف) ضرر پہنچانے والا، نقصان رساں (افعال: ہونا) جمع: مضرات۔

مِضراب miz-raab: (ع مث) ستار بجانے کا چھلا۔

مضرّت ma-zar-rat: (ع، مث) ضرر، نقصان، زیاں۔

مضروب maz-ruub: (ع،صف) ضرب کھایا ہوا، چوٹ لگا ہوا، وہ شخص جس چوٹ آئی ہو، اصطلاح حساب میں وہ عدد جس کو ضرب دی جائے۔

مُضطر muz-tar: (ع،صف) ضرر رسیدہ، تکلیف میں مبتلا مجازاً بے بس، بے اختیار، بے تاب، بے قرار، بے چین، پریشان۔

مُضطرب muz-ta-rib: (ع، صف) بے چین، بے قرار۔

مُضطربانہ muz-ta-ri-baa-nah: (ع، متعلق فعل) بے قراری سے بے چینی سے۔

مُضغہ muz-Gah: (ع، مذ) لوتھڑا، گوشت کا ٹکڑا، وہ جنین جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو۔

مِضمار miz-maar: (ع، مذ) میدان جنگ، وہ جگہ جہاں گھوڑ دوڑاتے ہیں۔

مُضمحِل muz-ma-hil: (ع،صف) محو ہونے والا، گم ہونے والا، کمزور، دبلا پتلا، ناتواں، لاغر، اداس، دلگیر (افعال: کرنا، ہونا)

مُضمر muz-mar: (ع،صف) پوشیدہ، مخفی، دل میں رکھا گیا، (افعال: ہونا)

مضموم maz-muum: (ع،صف) وہ حرف جس پر پیش ہو، ضمہ دیا گیا۔

مضمون maz-muun: (ع، مذ) ضمن میں لیا ہوا، درمیان میں ڈالی ہوئی چیز، مطلب، معنی، بیان، جواب مضمون، انشاء، اداریہ، بات، سخن، وہ عبارت یا تحریر جو کسی خاص بحث پر لکھی جائے۔

مضمون آفرین maz-muun aaf-riin: (عف،صف) نئی بات پیدا کرنے والا، اسم کیفیت مث: مضمون آفرینی۔

مضمون نگار / نویس maz-muun-ni-gaar/navlis: (عف، صف) مضمون لکھنے والا، انشا پرداز، اسم کیفیت مث: مضمون نگاری / نویسی۔

م-ط

مطابخ ma-taa-biK: (ع، مذ) دیکھیے 'مطبخ' جس کی یہ جمع ہے۔

مطابع ma-taa-be(?): (ع، مذ) دیکھیے 'مطبع' جس کی یہ جمع ہے۔

مُطابق mu-taa-biq: (ع، صف) موافق، برابر، یکساں، مانند، موجب، حسب، مناسب (افعال: کرنا، ہونا)

مُطابقت mu-taa-ba-qat: (ع مث) موافقت، مشابہت، برابری۔

مُطاع mu-taa(?): (ع، صف) اطاعت کیا گیا، سردار، بزرگ، مربی وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے۔

مطاعن ma-taa-(?)in: (ع، مذ) دیکھیے 'مطعن' جس کی یہ جمع ہے۔

مطاف ma-taaf: (ع، مذ) طواف کرنے کی جگہ۔
مطالِب ma-taa-lib: (ع، مذ) دیکھیے 'مطلب' جس کی یہ جمع ہے۔
مُطالبہ mu-taa-la-bah: (ع، مذ) دعوی، نالش، اپنا حق چاہنا، درخواست مانگنا، تقاضا (افعال: کرنا، ہونا)
مُطالعہ mu-taa-la-(?)ah: (ع، مذ) غور، توجہ، دھیان، کسی چیز کو اس سے واقفیت کرنے کی غرض سے دیکھنا، کتب بینی (افعال: کرنا، ہونا)
مطائبہ mu-taa-ya-bah: (ع، مذ) خوش طبعی، مہذب، تفریح، مزاح، جمع: مطائبات۔
مطب ma-tab: (ع، مذ) مکان جہاں بیٹھ کر طبیب مریضوں کو دوا دیتا ہے۔
مطبخ mat-baK: (ع، مذ) باورچی خانہ، کھانا پکانے کی جگہ۔
مطبخی mat-ba-Kii: (ع، صف) باورچی، کھانا پکانے والا۔
مطبوع mat-ba(?): (ع، صف) طبع کیا ہوا، چھپا ہوا، پسندیدہ، مرغوب، پسند کیا گیا، دل پسند، مث: مطبوعہ، جمع مطبوعات۔
مُطرِب mut-rib: (ع، مذ) خوش کرنے والا، گویا، قوال، گانے والا، مث: مطربہ۔
مطرُوح mat-ruuh: (ع، صف) حقیر، ناپسندیدہ، نکالا ہوا، پھینکا ہوا، مث: مطروحہ۔
مطرُود mat-ruud: (ع، صف) دھتکارا ہوا، نکالا گیا، راندہ، مردود، بھیجا ہوا، شہر بدر کیا گیا۔
مطعُون mat-(?)uun: (ع، صف) طعنہ دیا گیا، عیب نکالا گیا، بدنام، رسوا۔
مطعُونِ خلائق mat-(?)uu-ne-Ka-laa-yaq: (ع، صف بترکیب فارسی) رسوائے عالم، دنیا بھر کا بدنام۔
مُطلّا mu-tal-laa: (ع، صف) طلا کیا گیا، سنہرا، زریں، طلائی سونے کے کام والا۔
مطلب mat-lab: (ع، مذ) مقصد، غرض، منشا، خواہش، مفہوم، مضمون۔
مطلب براری mat-lab ba-raa-ri(i): (عف، مث) حصول مدعا، حاجت روائی، کام نکالنا (افعال: کرنا، ہونا)
مطلبی /مطلبیا mat-la-bi(i): (ار، صف) خودغرض۔
مطلع mat-la(?): (ع، مذ) طلوع ہونے کی جگہ، چاند یا سورج نکلنے کی جگہ، غزل یا قصیدہ کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرع ہم قافیہ ہوں۔
مُطّلع mut-ta-la(?): (ع، صف) اطلاع دیا گیا، واقف، خبردار، آگاہ۔ (افعال: کرنا ہونا)
مُطلق mut-laq: (ع، صف) آزاد، بے قید، بالکل، قطعی، جیسے آزاد مطلق، قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا پڑے یا چاہیے، نفی کی تاکید کے لیے۔
مُطلق العِنان mut-la-qul-(?)i-naan: (ع، صف) بے لگام، جس کی لگام چھوٹ گئی ہو، آزاد، خودسر، اسم کیفیت مث: مطلق العنانی۔
مُطلّقہ mu-tal-la-qah: (ع، صف) طلاق دی ہوئی عورت، وہ عورت جسے خاوند نے چھوڑ دیا ہو۔
مطلوب mat-luub: (ع، مذ) طلب کیا گیا ہوا، مانگا گیا، خواہش کیا گیا۔
مطمح mat-ma(h): (ع، مذ) نظر پڑنے کی جگہ، مقصود۔
مطمحِ نظر mat-mahe-na-zar: (ع، مذ بترکیب فارسی) مرکز نگاہ، مقصد اصلی۔

مطمئن mut-ma-in: (ع، صف) اطمینان پانے والا، جمع خاطر رکھنے والا، بے فکر، آسودہ۔

مطوّعہ mu-tav-vi-(?)ah: (ع،صف) وہ مسلمان جو جہاد سے مستثنیٰ ہو مگر اپنی خوشی سے جہاد کرے۔

مطوّف mu-tav-vif: (ع،صف) طواف کرنے والا۔

مطوّل mu-tav-val: (ع، صف) لمبا، دراز، طویل، نحو کی مشہور کتاب۔

مطہر mat-har: (ع، مذ) طہارت کی جگہ۔

مطہّر mu-tah-har: (ع،صف) (مفعولی) پاک، صاف، مبرا، معصوم، مث: مطہرہ۔

مطیر mu-tiir: (ع،صف) برسنے والا، بارش کرنے والا۔

مطیع mu-tii(?): (ع، صف) اطاعت کرنے والا، فرمانبردار، تابع حکم بردار۔ (افعال: کرنا، ہونا، بنانا، رہنا)

م۔ظ

مظالم ma-za-lim: (ع، مذ) دیکھیے 'مظلمہ' جس کی یہ جمع ہے۔ اردو میں ظلم کی جمع کے طور پر آتا ہے۔

مظاہر ma-zaa-hir: (ع، مذ) دیکھیے 'مظہر' جس کی یہ جمع ہے۔

مظاہر mu-zaa-hir: (ع،صف) مظاہرہ کرنے والا، کسی کو مدد دینے والا۔

مظاہرہ mu-zaa-ha-rah: (ع، مذ) مدد دینا، کسی خاص امر میں اظہار تائید کے لیے جمع ہونا اور جمع ہو کر گشت کرنا، کسی بات کی مخالفت یا موافقت کے لیے جوش اور جذبات کا اظہار، اظہار، نمائش، انگریزی لفظ (Demonstration) کا ترجمہ۔

مظروف maz-ruuf: (ع، صف) برتن میں رکھی ہوئی چیز جو چیز ظرف میں ہو۔

مظفّر mu-zaf-far: (ع،صف) فتح دیا ہوا، فتح مند، فتح یاب۔

مظلمہ muz-la-mah: (ع، مذ) ظلم، ستم، جور، جفا۔

مظلوم maz-luum: (ع، صف) ظلم کیا گیا، ستم رسیدہ، ستایا ہوا، ستم زدہ، مث: مظلومہ، اسم کیفیت مث: مظلومی، مظلومیت۔

مظہر maz-har: (ع، مذ) ظاہر ہونے کی جگہ، جائے ظہور، تماشا گاہ، اسٹیج، اکھاڑا، تماشا دکھانے کا چبوترہ، ظہور، اظہار۔

مظہر maz-har: (ع،صف) ظاہر کیا گیا، بیان کیا گیا، مث: مظہرہ۔

مظہر muz-hir: (ع،صف) بیان کرنے والا، ظاہر کرنے والا، گواہ، شاہد، مخبر، جاسوس، خبر رساں، مث: مظہرہ۔

م۔ع

مع ma(?): (ع، متعلق فعل) ساتھ، ہمراہ، سمیت، سنگ۔

مع الخیر ma-(?)ul-Kair: (ع، صف) خیریت سے، سلامتی سے، بخیر و عافیت۔

معابد ma-(?)aa-bid: (ع، مذ) دیکھیے 'معبد' جس کی یہ جمع ہے۔

معاتب mu-(?)aa-tab: (ع،صف) عتاب کیا گیا، وہ جس پر خفگی ہو۔

معاجم ma-(?)aa-jim: (ع، مث) دیکھیے 'معجم' جس کی یہ جمع ہے۔

معاجین ma-(?)aa-jiin: (ع، مث) دیکھیے 'معجون' جس کی یہ جمع ہے۔

معاد ma-(?)aad: (ع، مذ) واپس جانے کی جگہ، پلٹنے کا مقام، آخرت، قیامت۔

مُعادلت mu-(?)aa-da-lat: (ع، مث) برابری، مساوات، انصاف کے ساتھ۔

معادن ma-(?)aa-din: (ع، مث) دیکھیے 'معدن' جس کی یہ جمع ہے۔

معاذ ma-(?)aaz: (ع مث) بچاؤ کی جگہ، جائے پناہ۔

معاذ اللہ ma-(?)aa-zal-lah: (ع، کلمہ استغفار) خدا کی پناہ، اللہ محفوظ رکھے کسی کام یا فعل کی کثرت، نفرت ظاہر کرنے کے لیے، توبہ توبہ، خدا نہ کرے۔

معارج ma-(?)aa-rij: (ع، مث) دیکھیے 'معراج' جس کی یہ جمع ہے، بلندیاں۔

مُعارض mu-(?)aa-riz: (ع، صف) معترض، جھگڑا کرنے والا، مخالف، مدعی، حریف۔

مُعارضہ mu-(?)aa-ra-zah: (ع، مذ) جھگڑا، ٹنٹا، مناقشہ، برابری کا دعویٰ۔

معارف ma-(?)aa-rif: (ع، مذ) دیکھیے 'معرفت' جس کی یہ جمع ہے۔

معارک ma-(?)aa-rik: (ع، مذ) دیکھیے 'معرکہ' جس کی یہ جمع ہے، لڑائیاں۔

معاش ma-(?)aash: (ع، مث) رزق، خوراک، روزی، وہ شے جس سے بسر اوقات کی جائے، جاگیر۔

مُعاشرت mu-(?)aa-sha-rat: (ع، مث) مل جل کر زندگی بسر کرنا، طرز زندگی صف نسبتی: معاشرتی۔

مُعاشرہ mu-(?)aa-sha-rah: (ع، مذ) سماج، سوسائٹی، جماعتی زندگی جس میں ہر فرد کو رہنے سہنے اپنی ترقی و بہبود کے لیے دوسروں سے واسطہ پڑتا ہے۔

معاشی / معاشیاتی ma-(?)aa-shiyaa-ti(i): (ع، صف) روزی اور بسر اوقات کے متعلق انگریزی لفظ (Economic) کا ترجمہ (اقتصادی)

معاشیات ma-(?)aa-shi-yaat: (ع، مث) اقتصادیات کا وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے انگریزی لفظ (Economics) کا ترجمہ۔

معاشیق ma-(?)aa-shiiq: (ع، مذ) دیکھیے 'معشوق' جس کی یہ جمع ہے۔

مُعاصر mu-(?)aa-sir: (ع، صف) ہم زمانہ، ہم عہد، ہم عصر۔

مُعاصرانہ mu-(?)aa-si-raa-nah: (عف، صف) معاصر کی طرح، ہم عصرانہ۔

مُعاصرت mu-(?)aa-sa-rat: (ع مث) دیکھیے معاصر جس کی یہ اسم کیفیت ہے۔

معاصی ma-(?)aa-si(i): (ع، مذ) دیکھیے 'معصیت' جس کی یہ جمع ہے۔

مُعاف mu-(?)aaf: (ع، صف) بخشا گیا، عفو کیا گیا، چھوڑا گیا، بری، آزاد، درگزر، عفو۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مُعافی mu-(?)aa-fii ma-(?)aa-fii: (ع مث) بخشش، رہائی، خلاصی، نجات، عفو، مغفرت (افعال: چاہنا) وہ زمین جس کا لگان سرکار سے معاف ہو۔

مُعافی دار mu-(?)aa-fii-daar: (عف، صف) عطا کی ہوئی زمین کا مالک، اسم کیفیت مث: معافی داری۔

مُعافی نامہ mu-(?)aa-fii-naa-mah: (عف، مذ) معافی کی درخواست، معافی کی تحریر۔

مُعالج mu-(?)aa-lij: (ع، مذ) علاج معالجہ کرنے والا، حکیم، طبیب، وید، ڈاکٹر۔

مُعالجہ mu-(?)aa-la-jah: (ع، مذ) علاج، دوا دارو (افعال: کرنا، ہونا)

معالی ma-(?)aa-lii: (ع، مذ) دیکھیے 'معلی' جس کی یہ جمع ہے۔ بلندیاں

مُعاملت mu-(?)aa-ma-lat: (ع، مث) لین دین، بیوپار، کاروبار، کوئی بات باہم فیصلہ کرنا، قول و قرار، برتاؤ، سلوک (افعال: کرنا، ہونا)

مُعاملہ mu-(?)aa-ma-lah: (ع، مذ) کام، کاج، کاروبار، دھندا، باہم مل کر کوئی کام کرنا۔ لین دین، خرید و فروخت، بیع بیوپار، واقعہ، جھگڑا، قضیہ، خاص بات، تعلق، واسطہ، مال گزاری، لگان۔

مُعاملہ بند mu-(?)aa-ma-lah band: (عف، صف) عاشق و معشوق کے نجی واقعات کو نظم کرنے والا شاعر، اسم کیفیت مث: معاملہ بندی۔

مُعاملہ شناس mu-(?)aa-ma-lah sha-naas: (عف، صف) تجربہ کار، بات کی تہہ کو پہنچنے والا، اسم کیفیت مث: معاملہ دانی، شناسی/فہمی۔

مُعانِد mu-(?)aa-nid: (ع، مذ) عناد کرنے والا، دشمن، مخالف، عدو۔

مُعاندت mu-(?)aan-dat: (ع، مث) دشمنی، عداوت، جھگڑا، ٹنٹا۔

مُعانقہ mu-(?)aa-na-qah: (ع، مذ) بغل گیری، گلے ملنا۔

معانی ma-(?)aa-nii: (ع، مث) دیکھیے 'معنی' جس کی یہ جمع ہے۔ وہ علم جس سے الفاظ کا صحیح موقع استعمال اور معنوں کا درست و موزوں ہونا معلوم ہوتا ہے۔

مُعاوَدت mu-(?)aa-va-dat: (ع، مث) بازگشت، واپسی۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مُعاوَضہ mu-(?)aav-za(a): (ع، مذ) بدلہ، پلٹا، عوض، اُجرت، حق محنت، تاوان، ہرجانہ، (افعال: دینا، دلانا، پانا، ادا کرنا، ہونا)

مُعاوِن mu-(?)aa-vin: (ع، مذ) اعانت کرنے والا، مددگار، دست گیر۔

مُعاونت mu-(?)aa-va-nat: (ع، مث) مدد، حمایت، امداد، سہارا، تائید۔

مُعاہِد mu-(?)aa-hid: (ع، مذ) عہد و پیمان کرنے والا، قول و قرار کرنے والا۔

مُعاہدہ mu-(?)aa-hi-dah: (ع، مذ) باہم قول و قرار، عہد نامہ۔

معائنہ ma-(?)aa-ib: (ع، مذ) ملاحظہ، جانچ پڑتال، مطالعہ، مشاہدہ، سامنے دیکھنا، اپنی آنکھوں سے دیکھنا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

معبَدہ ma(?)-ba-dah: (ع، مذ) عبادت گاہ، جائے پرستش۔

معبر ma(?)a-bar: (ع، مث) عبور کرنے کی جگہ، گھاٹ، پل۔

مِعبر mi(?)-bar: (ع، مث) دریا سے پار اترنے کی سواری، کشتی وغیرہ۔

مُعبَّر mu-(?)ab-bar: (ع، صف، مفعولی) تعبیر کیا گیا، جس کی تعبیر بتائی گئی ہو۔

مُعبِّر mu-(?)ab-bir: (ع، صف، فاعلی) تعبیر بتانے والا۔

معبود ma(?)-buud: (ع، مذ) عبادت کیا گیا، جس کی عبادت کی جائے، اللہ تعالیٰ۔

مُعتاد mu(?)-taad: (ع، صف) عادی، خوگر، (ار، مذ) مقدار، خوراک، خوراک کا انداز۔

مُعتبر mu(?)-ta-bar: (ع، صف) اعتبار کیا گیا، قابل اعتبار، ٹھیک، درست، اسم کیفیت مث: معتبری۔

مُعتد بہ mu(?)-tad-be(h): (ع، صف)

معقول، بہت سا، تعداد یا مقدار میں زیادہ۔

مُعتدِل mu(?)-ta-dil: (ع،صف) اعتدال والا، درمیانی درجہ کا، متوسط، مدھم، موافق۔

مُعتدِل المزاج mu(?)-ta-di-lul-mi-zaaj: (ع، صف) جس کے مزاج میں سردی گرمی وغیرہ اوسط درجہ کی ہو۔

مُعترِض mu(?)-ta-riz: (ع، مذ) اعتراض کرنے والا، روک ٹوک کرنے والا، افعال: ہونا، مث: معترضہ۔

مُعترِف mu(?)ta-rif: (ع، مذ) اعتراف کرنے والا، اقرار کرنے والا، اقبالی، اقراری (افعال: ہونا)

مُعتزِل mu(?)-ta-zil: (ع،صف) جدا ہونے والا، اختلاف کرنے والا۔

مُعتزِلہ mu(?)-ta-zi-lah: (ع، مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو معقول پسند کہلاتا ہے ان کے نزدیک قرآن مخلوق ہے۔ ان کا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید عقلاً معلوم ہوسکتی ہے۔ اس لیے وحی کے بغیر ہی اہل عقل وحکمت توحید پر ایمان لا سکتے ہیں۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو منزہ صفات خیال کرتے ہیں۔ یعنی خدا میں متضاد صفات نہیں ہوسکتیں۔ مامون الرشید کے عہد میں یہ سرکاری مذہب بن گیا تھا۔

مُعتقِد mu(?)-ta-qid: (ع، مذ) اعتقاد رکھنے والا، (افعال: ہونا)

مُعتقِدہ mu(?)-ta-qi-dah: (ع، مذ) اعتقاد رکھنے والا، (افعال: ہونا)

مُعتکِف mu(?)-ta-kif: (ع، مذ) ماہ رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف میں بیٹھنے والا، گوشہ نشین۔

مُعتمَد mu(?)-ta-mad: (ع،صف) اعتبار کیا گیا، بھروسہ کیا گیا، قابل اعتبار سکریٹری (Chief Secretary)

مُعتمِد اعلیٰ mu(?)-ta-mi-de-aa(?)-laa: (ع،صف) انتظامیہ میں گورنر کے بعد کا عہدہ، چیف سکریٹری۔

مُعتمِد mu(?)-ta-mid: (ع،صف) اعتماد کرنے والا، بھروسا کرنے والا۔

معتوب ma(?)-tuub: (ع، صف) وہ جس پر عتاب کیا جائے (یہ لفظ عتاب سے بنایا گیا ہے۔ عربی میں یہ لفظ نہیں)

مُعجِز mu(?)-jiz: (ع،صف) عاجز کرنے والا، طاقت بشری سے باہر۔

مُعجِز بیان mu(?)-jiz-ba-yaan: (ع، صف) بترکیب فارسی، کمال فصاحت و بلاغت سے تقریر کرنے والا، بڑا خوش بیان، اسم کیفیت مث: معجز بیانی۔

مُعجِزہ mu(?)-ji-zah: (ع، مذ) وہ کام جو انسانی طاقت سے باہر ہو، وہ خلاف قانون قدرت بات جو نبی سے ظاہر ہو۔

مُعَجَّل mu-(?)aj-jal: (ع،صف) فوراً، جلد، ہاتھوں ہاتھ، بے مہلت۔

مُعَجِّل mu-(?)aj-jil: (ع، صف) جلدی کرنے والا، جلد باز۔

مُعجَم mu(?)-jam: (ع،صف) نقطہ والا حرف (مث) کتاب لغت مث: معجمہ۔

مُعَجَّم mu-(?)aj-jam: (ع،صف) وہ لفظ جو عربی ہو مگر اپنے روزمرہ میں استعمال ہوں۔ مث: معجمہ۔

معجون ma(?)-juun: (ع،مث) گوندھا ہوا، کوئی مرکب پسی ہوئی دوا جو شہد یا قند کے قوام میں گوندھ کر بنائی جائے، ملی جلی، آمیختہ قوام جو کھانڈ اور بھنگ سے تیار کیا جاتا ہے۔

معدِن ma(?)-din: (ع، مذ) کان، کھان، وہ جگہ جہاں زمین کھود کر دھاتیں، کوئلہ وغیرہ نکالیں، صف نسبتی: معدنی۔

معدنیات ma(?)-din-yaat: (ع، مث) وہ چیزیں جو کان سے نکالیں، دھات۔

معدُود ma(?)-duud: (ع، صف) گنا گیا، شمار کیا گیا، چند، گنتی کے، تھوڑے۔

معدُودے چند ma-duu-de-chand: (عف، صف) گنتی کے، بہت تھوڑی تعداد میں۔

معدُولہ ma(?)-duu-lah: (ع، صف) وہ حرف جو لکھنے میں تو آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے یہ بات واؤ کے لیے مخصوص ہے۔ جیسے خود، خویش، وغیرہ۔

معدُوم ma(?)-duum: (ع، صف) مٹایا گیا، فنا کیا گیا، نابود، ناپید، (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: معدومی، معدومیت۔

میعدہ (معدہ) me(?)-dah: (ع، مذ) پیٹ کے اندر کی وہ تھیلی جس میں کھانا رہتا اور ہضم ہوتا ہے۔

معذِرت ma(?)-zi-rat: (ع مث) عذر، حیلہ، بہانہ۔

معذُور ma(?)-zuur: (ع، صف) عذر کیا گیا، بہانہ کیا گیا، مجبور ناچار، اپاہج، اسم کیفیت مث: معذوری۔

معرّاالمعرّیٰ mu-(?)ar-ra(a): (ع، صف) ننگا، برہنہ، خالی، سادہ، وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہو۔ بلا ترجمہ قرآن پاک۔ پاک صاف، آزاد، کھلا، سادہ نثر، وہ نظم جس میں قافیہ نہ ہو۔

میعراج (معراج) me(?)-raaj: (ع، مث) سیڑھی، زینہ، اوپر چڑھنے کی چیز، درجۂ اعلےٰ، بلند رتبہ، وہ درجہ جس سے زیادہ تصور میں نہ آسکتا ہو۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آسمان پر جانا اور تجلیات الٰہی کا نظارہ کرنا۔

مُعرّب mu-(?)ar-rab: (ع، صف) وہ لفظ جسے عربی بنا لیا گیا ہو۔ اور در اصل وہ لفظ دوسری زبان کا ہو۔

مُعرب mu(?)-rab: (ع، صف) اعراب لگایا گیا۔

معرفت ma(?)-ri-fat: (ع، مث) شناخت، پہچان، علم الٰہی، قانون، قدرت یا فطرتی اشیاء کی واقفیت، خداشناسی۔ ذریعہ، سبب، وسیلہ۔

معرفہ ma(?)-ri-fah: (ع، مث) وہ اسم جو ایک معین شے کے لیے وضع کیا گیا ہو۔

معرکہ ma(?)-ri-kah: (ع، مذ) میدان جنگ، لڑائی کا میدان، مقابلہ، جھگڑا۔ (افعال: کرنا، پڑنا، جھیلنا، مارنا، ہونا)

معرکہ آرا ma(?)-ri-kah aa-ra(a): (عف، صف) صف آرا، جنگ آور، زبردست پرزور، اسم کیفیت مث: معرکہ آرائی۔

معرکۃ الآراء ma(?)ri-ka-tul-aa-ra(a): (ع، صف) شاندار، پرزور، زبردست، معرکے کو رونق دینے والا۔

معرکہ گاہ ma(?)-ri-kah-gaah: (عف مث) لڑائی کی جگہ، میدان جنگ۔

معرُوض ma(?)-ruuz: (ع، صف) عرض کیا گیا، پیش کیا گیا، (مث) التماس، عرض، گزارش، درخواست، مث: معروضہ۔

معرُوضہ ma(?)-ruu-zah: (ع، صف) عرضی، عریضہ، گزارش۔

معرُوضی ma(?)-ruu-zi(i): (ع، صف) خارجی، واقعی، انگریزی لفظ (Objective) کا ترجمہ۔

معرُوضیت ma(?)-ruu-zi-yat: (ع، مث)

(اصطلاح فلسفہ) یہ نظریہ کہ خارجی اشیاء کا علم مقدم اور حقیقی ہے۔ انگریزی لفظ (Objectivity) کا ترجمہ۔

معرُوف maa-ruuf: (ع، صف) مشہور، معلوم، ظاہر، الم نشرح، نیکی، نیک بات، علم صرف میں وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو، جیسے ناصر نے اکرم سے کہا، وہ حرف جس کے پہلے پیش ہو۔ اور خوب کھینچ کر پڑھا جائے، جیسے نور، حور، وہ 'ی' جس کے پہلے کسرہ ہو اور خوب کھینچ کر پڑھی جائے جیسے وزیر، نظیر۔

مُعزّز mu-(?)az-zaz: (ع، صف) عزت دار، باوقعت، بزرگ، بڑا، بڑا شریف۔

معزُول ma(?)-zuul: (ع، صف) موقوف کیا گیا، نوکری سے برطرف کیا گیا، تخت یا گدی سے اتارا گیا۔ بے کار کیا ہوا۔ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: معزولی۔

معشر ma(?)-shir: (ع، مذ) عزیزوں کا گروہ، سوسائٹی۔

مُعشّر mu-(?)ash-shar: (ع، صف) دس سے منسوب، دس پہلوؤں کی شکل، نظم کی ایک قسم۔

معشُوق ma(?)-shuuq: (ع، مذ) جس پر کوئی عاشق ہو، محبوب، پیارا، دلبر، دلربا مث: معشوقہ۔

معشُوقانہ ma(?)-shuu-qaa-nah: (عف، صف) دیکھیے 'معشوق' جس سے یہ منسوب ہے، دلفریب، دلکش۔

معشُوقی / معشُوقیت ma(?)-shuu-qii-yat: (عف، مث) دل فریبی، دلبری، دلربائی، محبوبیت، دوستی، محبت۔

معصُوم ma(?)-suum: (ع، صف) بے گناہ، بے قصور، پاک دامن، ننھا، کم سن بچہ، بھولا، سیدھا سادہ، اسم کیفیت مث: معصومیت۔

معصیّت ma(?)-si-yat: (ع، مث) گناہ، قصور، خطا، پاپ، نافرمانی، انحراف۔

مُعطّر mu-(?)at-tar: (ع، صف) خوشبودار، خوشبو میں بسا ہوا۔

مُعطّل mu-(?)at-tal: (ع، صف) بے کار، کام سے خالی، سست کاہل، ڈھیلا، نکما، کچھ دنوں کے لیے بیکار، بنجر، غیر مزروعہ، افتادہ زمین (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: معطلی۔

معطُوف ma(?)-tuuf: (ع، صف) پھیرا گیا، پلٹا ہوا، موڑا ہوا، جھکایا گیا (ا ر، مذ) نحو میں وہ کلمہ جو حرف عطف کے بعد واقع ہو۔

مُعظّم mu-(?)az-zam: (ع، صف) بزرگی دیا گیا، بزرگ، بڑا شریف، واجب التعظیم۔

معقُول ma(?)quul: (ع، صف) عقل میں لایا گیا، قرین عقل، مناسب، پسندیدہ، مہذب، قائل، خاطر خواہ، قائل، ماننے والا، وہ جو حواس پنجگانہ سے محسوس نہ ہو۔

معقُولات ma(?)-quu-laat: (ع، مث) معقول کی جمع، حکمت و فلسفہ و منطق۔

معقُولی ma(?)-quu-li(i): (ع، صف) منطقی، فلسفی۔

معقُولیت ma(?)-quu-li-yat: (ع، مث) انسانیت، سمجھ بوجھ، پسندیدگی، مناسبت۔

معکُوس ma(?)-kuus: (ع، صف) الٹا، اوندھا، ٹیڑھا۔

مُعلّق mu-(?)al-laq: (ع، صف) لٹکا ہوا، آویزاں، لٹکایا ہوا۔

مُعلّقہ mu-(?)al-la-qah: (ع، صف، مث) معلق کی تانیث، وہ عورت جس کو شوہر نہ طلاق دے اور نہ اس سے تعلق رکھے۔

مُعلِّم mu-(?)al-lim: (ع، مذ) علم سکھانے والا، استاد، مدرس، ادیب، ملاح، مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں وہ شخص جو حج وغیرہ میں لوگوں کو دعائیں پڑھاتا ہے۔مث: معلّمہ اسم کیفیت مث: معلمی۔

مُعلّم الملکوت mu-(?)al-li-mul-mal-kuut: (ع، مذ) فرشتوں کا استاد، شیطان جس کی نسبت مشہور ہے کہ وہ مردود ہونے سے قبل فرشتوں کو تعلیم دیتا تھا۔

مُعلّم گِری / گیری mu-(?)al-lim-gii-rii: (عف، صف) بچوں کو پڑھانے کا پیشہ۔

معلول ma(?)-luul: (ع، صف) علت کیا گیا، وہ شے جس کا کوئی باعث یا سبب ہو، وہ چیز جسے علت یا اسباب سے ثابت کریں، نتیجہ، پھل۔

مَعلوم ma(?)-luum: (ع، صف) جانا گیا، تمیز کیا گیا، ظاہر، روشن، واضح، نمودار، مشہور معروف، ناممکن، دشوار، جیسے ان تک رسائی معلوم۔مث: معلومہ

مَعلومات ma(?)-luu-maat: (ع، مث) معلومہ کی جمع، واقفیت، تجربہ، علمی لیاقت، محسوسات، علم۔

مُعلّیٰ mu-(?)al-la(a): (ع، صف) بلند کیا گیا، عالی، اونچا، بزرگ، معظم۔

مُعمّا / معمہ mu-(?)am-ma(a)/ mu-(?)am-mah: (ع، مذ) مخفی، پوشیدہ، مبہم، پہیلی، چیستان، وہ بات جو بطور رمز بیان کی جائے، پیچیدہ بات، الجھا ہوا مسئلہ۔

مِعمار mi(?)-maar: (ع، صف) عمارت بنانے والا، راج، مستری، اسم کیفیت مث: معماری۔

مُعمّر mu-(?)am-mar: (ع، صف) عمر رسیدہ، بوڑھا، بڑی عمر کا، کہن سال۔

معمل ma(?)-mal: (ع، مذ) عمل کرنے کی جگہ، تجربہ گاہ، انگریزی لفظ (Laboratory) کا ترجمہ۔

معمور ma(?)-muur: (ع، صف) بھرا ہوا، لبریز، آباد، بسا ہوا، بند، مقفل۔ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: معموری۔

معمول ma(?)-muui: (ع، صف) عمل کیا گیا، وہ شخص جس پر عمل کیا گیا ہو، وہ بات جو روزمرہ کی جائے رواج، دستور قاعدہ، سرشتہ۔

معمولہ ma(?)-muu-lah: (ع، صف) معمول کی تانیث، وہ قافیہ جو ترکیب سے حاصل کیا جائے۔

معمولی ma(?)-muu-lii: (عف، صف) مقررہ، رسمی، مروجہ، حسب عادت۔

مُعنبر mu-(?)m-bar: (ع، صف) عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا، معطر، خوشبودار۔

معنون ma(?)n-van: عنوان کیا گیا، دیباچہ کیا گیا، نامزد کیا گیا، کسی کے نام منسوب کیا گیا۔

معنوی ma(?)-na-vi(i): (ع، صف) معنی سے منسوب، اصلی، ذاتی، حقیقی، اندرونی، باطنی۔

معنی خیز ma(?)-nii-Kez: (عف، صف) پُرمعنی، اہم، اسم کیفیت مث: معنی خیزی۔

معنویت ma(?)-na-viy-yat: (ع، مث) باطنیت، روحانیت، بامقصد ہونا، پرمطلب ہونا۔

مِعیار mi(?)-yaar: (ع، مث) کسوٹی، کھرا کھوٹا جانچنے کا پتھر، محک، ناپنے یا وزن کرنے کا آلہ، اندازہ، پیمانہ، قاعدہ، نصاب، پرکھ، جانچ۔

مِعیار بندی mi(?)-yaar-ban-di(i): (عف، مث) درجہ بدرجہ کرنا، انگریزی لفظ (Standardize) کا ترجمہ۔

مِعیاری mi(?)-yaa-ri(i): (ع، صف) معیار کے مطابق، عمدہ، اعلیٰ۔

معیب ma-(?)iib: (ع، مذ) عیب، نقص۔
معیت ma(?)-iy-yat: (ع، مث) ساتھ، ہمراہی۔
معیشت ma-(?)ii-shat: (ع، مث) زندگی، زندگانی، زیست حیات، عیش، روزگار، روزی، وہ علم جو انسان کی معاش سے بحث کرتا ہے۔
مُعین mu-(?)iin: (ع، صف) اعانت کرنے والا، مددگار، معاون خدا کا نام۔
مُعیّن mu-(?)ay-yan: (ع، صف) مقرر کیا گیا، ٹھہرایا گیا، مقررہ، معہود، مفروضہ، علم ہندسہ میں وہ شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں مگر زاویے قائمے نہ ہوں۔ (افعال: کرنا، ہونا) مث: معینہ۔
معیوب ma(?)-yuub: (ع، صف) عیب دار، برا، نکما، قابل شرم، باعث ندامت۔

م۔غ

مُغ muG: (ف، مذ) آتش پرست، آگ کی پوجا کرنے والا، مجوسی، کلال، مے فروش، کلال۔
مُغ بچہ muG-bach-chah: (ف، مذ) آتش پرست کا لڑکا، کلال کا لڑکا، بھنگیوں کی اصطلاح میں بھنگ کا بیج۔
مغارب ma-Gaa-rib: (ع، مث) دیکھیے 'مغرب' جس کی یہ جمع ہے۔
مُغالطہ mu-Gaal-tah: (ع، مذ) دھوکا، فریب، دغا، مکر، دم، جھانسا، بھول چوک (افعال: دینا، ڈالنا)
مغرب maG-rib: (ع، مث) سورج غروب ہونے کی جگہ، پچھم وہ نماز جو غروب آفتاب کے عین بعد پڑھی جائے۔
مغربی maG-ra-bi(i): (ع، صف) مغرب کا، پچھم کا، یورپ کا۔
مغربیت maG-ri-bi-yat: (ع، مث) یورپ کے انداز واطوار، یورپ کی تہذیب۔
مُغرق mu-Gar-raq: (ع، صف) پانی میں ڈوبا ہوا، جگمگاتا ہوا، سونے چاندی میں لپا ہوا۔
مغرور maG-ruur: (ع، صف) متکبر، خود پرست، گھمنڈی، اسم کیفیت مث: مغروری۔
مغز maGz: (ع، مذ) دماغ، بھیجا، گری، گودا، کسی چیز کا اندرونی حصہ، مجازاً عقل، سمجھ، فہم، فراست، جڑ، انجام، اصل، خلاصہ، تکبر، غرور، دماغ۔
مغز چٹ ma-Gaz-chaT: (ار، صف) بکی، بکواسی، فضول باتوں سے دوسرے کا دماغ پریشان کرنے والا، اسم کیفیت مث: مغز چٹی۔
مغزدار ma-Gaz-daar: (عف، صف) گودے دار، چرب اور فصیح۔
مغز ماری ma-Gaz-maa-rii: (ار، مث) بہت سمجھانا، کوشش۔
مغزی maG-zii: (ف، مث) پتلی گوٹ، کور، ایک قسم کا سفید حلوا جس میں پستہ اور بادام ڈال کر ٹکیاں بناتے ہیں۔
مغسول maG-suul: (ع، صف) غسل دیا گیا، دھویا ہوا۔
مغصوب maG-suub: (ع، صف، مفعولی) غصب کیا ہوا، چھینا ہوا۔
مغضوب maG-zuub: (ع، صف) زیر عتاب، جس پر غصہ ہو۔
مِغفر miG-far: (ع، مذ) لوہے کی جالی جو خود کے اندر پہنی جاتی ہے۔ خود، لوہے کا ٹوپ جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔
مغفرت maG-fi-rat: (ع، مث) بخشش، نجات،

رہائی، چھٹکارا، خلاصی۔

مغفور maG-fuur: (ع، صف) مغفرت کیا گیا، بخشا گیا، جنتی، بہشتی۔

مُغلا muG-laa: (ف، مذ) دیکھیے 'مغل' جس کی یہ تصغیر ہے۔

مُغلانی muG-laa-nii: (ا، مث) مغل کی تانیث، درزن کپڑے سینے والی عورت خاص کر اس عورت کو کہتے تھے جو خواتین مغلیہ کے خاص وضع اور تراش کے کپڑے سیا کرتی تھی۔

مُغلائی muG-laa-ii: (ف، صف) مغلوں کی طرز، مغلوں کی طرز و روش کی چیز۔

مُغلّظ mu-Gal-laz: (ع، صف، مفعول) گاڑھا، سخت، مضبوط۔

مُغلِّظ mu-Gal-liz: (ع، صف) گاڑھا کرنے والا۔

مُغلِّظات mu-Gal-la-zaat: (ع، مث) فحش گالیاں، فحش باتیں (افعال: بکنا، سنانا)

مُغلق muG-laq: (ع، صف) بند کیا گیا، بند کیا ہوا، مقفل، دقیق، مشکل، دور از فہم۔

مُغلِم muG-lim: (ع، صف) اغلام کرنے والا، لوطی، لونڈے باز۔

مغلوب maG-luub: (ع، صف) غلبہ کیا گیا، ہارا ہوا، مفتوح، شکست خوردہ، دبا ہوا، عاجز، زیر افعال: کرنا، ہونا

مغلوبیت maG-luu-bi-yat: (ع، مث) دیکھیے 'مغلوب' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مغلوط maG-luut: (ع، صف) غلط کیا ہوا۔

مُغلیہ muG-li-yah: (ف، صف) مغل خاندان سے منسوب۔

مغموم maG-muum: (ع، صف) غمگین، رنجیدہ، ملول، دل گیر، آزردہ، غم زدہ، اُداس، فکر مند، پریشان۔

مُغنّی mu-Gan-ni(i): (ع، صف) گانے والا، گویا، ڈوم، میراثی، مث: مغنیہ۔

مغول ma-Guul: (ع، مذ) دیکھیے 'مغل'۔

مغوی maG-vii: (ع، صف) گمراہ کرنے والا، اغوا کرنے والا۔

مغویہ maG-vi-yah: (ع، صف، مث) مغوی کی تانیث، اغوا شدہ۔

مُغیلاں mu-Gii-laaN: (ع، مذ) اُم غیلان کا مخفف، کنایۃً کیکر، ببول۔

م۔ف

مُفاجات mu-faa-jaat: (ع، صف) اچانک، یکایک، ناگہاں۔

مُفاخرت mu-faa-Ka-rat: (ع، مث) بڑائی، شیخی، لاف زنی، ڈینگ، فخر، ناز، گھمنڈ۔

مُفاد mu-faad: (ع، صف مفعولی) فائدہ دیا گیا۔

مفاد ma-faad: (ع، مذ) فائدہ، نفع، فائدہ کی جگہ۔

مفاد پرست ma-faad pa-rast: (عف، صف) مطلبی، نفع چاہنے والا، خود غرض، اپنے فائدہ سے کام رکھنے والا، اسم کیفیت مث: مفاد پرستی، جوڑ۔

مُفارقت mu-faa-ra-qat: (ع، مث) جدائی، فرقت، علیحدگی۔

مُفاسِد mu-faa-sid: (ع، مث) دیکھیے 'مفسدہ' جس کی یہ جمع ہے۔

مُفاصِل mu-faa-sil: (ع، مث) دیکھیے 'مفصل' جس کی یہ جمع ہے۔

مُفت muft: (ف، صف) بلا قیمت، بن داموں، بے عوض، ناحق، بے فائدہ، لاحاصل، ضائع، اکارت،

رائگاں، بلاسبب، بے وجہ، بے قصور، بے محنت، بلا مشقت۔

مُفت بر muft-bar: (ف، صف) بلا قیمت لے جانے والا، مفت خوار، اسم کیفیت مث: مفت بری۔

مُفت خور / خوار muft-Kor/Kwaar: (ف، صف) بلا اجرت، محنت کھانے والا، اسم کیفیت مث: مفت خوری۔

مُفتح muf-teh: (ع، صف) فتح کرنے والا، جیتنے والا، فاتح، کھولنے والا، وہ دوا جو سدے خارج کرے، مث: مفتحہ۔ جمع: مفتحات

مُفتخر muf-ta-Kir: (ع، صف) فخر کرنے والا، شیخی باز، ڈینگیاں، لاف زن۔

مُفترض muf-ta-riz: (ع، صف) فرض کیا گیا، جمع: مفترضات۔

مُفتِّش mu-fat-tish: (ع، صف) تفتیش کرنے والا، دریافت کرنے والا۔

مفتوح maf-tuuh: (ع، صف) کھولا گیا، فتح کیا گیا، جیتا گیا، وہ حرف جس پر زبر ہو، مث: مفتوحہ۔

مفتون maf-tuun: (ع، صف) فتنے میں ڈالا ہوا، مبتلا، شیدا، فریفتہ، عاشق۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مُفتی muf-tii: (ع، مذ) فتویٰ دینے والا، حاکم شرع، فقیہ۔

مفر ma-far: (ع، مذ، مث) بھاگنے کی جگہ، جائے فرار، چارہ کار۔

مُفرد muf-rad: (ع، صف) تنہا، اکیلا، علیحدہ، واحد، ایک، غیر مرکب، یگانہ، یکتا، مث: مفردہ۔

مُفرّس mu-far-ras: (ع، صف، مفعولی) غیر زبان کا لفظ جو فارسی بنا لیا گیا ہو۔

مُفرط muf-rat: (ع، صف) بہت زیادہ، افراط سے، کثرت سے۔

مفرور maf-ruur: (ع، صف) بھاگا ہوا، فراری، روپوش، وہ شخص جو کوئی جرم کرکے بھاگ جائے، اسم کیفیت مث: مفروری۔

مفروض maf-roz: (ع، صف) فرض کیا گیا، مانا گیا، فرضی، قیاسی، مث: مفروضہ، جمع: مفروضات۔

مفروق maf-ruuq: (ع، صف) فرق کیا گیا، جدا کیا گیا، وہ عدد جسے کسی عدد میں سے تفریق کیا گیا ہو۔

مُفسِد muf-sid: (ع، صف) فساد کرنے والا، خرابی ڈالنے والا، جھگڑالو، باغی، بغاوت کرنے والا، لوگوں کو آپس میں لڑانے والا۔

مُفسِدانہ muf-si-daa-nah: (عف، صف) مفسد کی مانند، فسادیوں کی طرح، فساد پردازوں کی طرح، باغیانہ۔

مُفسِدہ muf-si-dah: (ع، مذ) تباہی، فساد، جھگڑا، غدر، بلوا، ہنگامہ۔

مُفسّر mu-fas-sir: (ع، صف) تفسیر کرنے والا، شارح، مسلمانوں کی اصطلاح میں کلام مجید کے معنی اور مطلب بیان کرنے والا۔

مُفصّل mu-fas-sal: (ع، صف) تفصیل کیا گیا، صاف، واضح، کھول کر بیان کیا گیا، مث: مفصلہ۔

مُفصّلات mu-fas-si-laat: (ع، مذ) شہر کے ارد گرد کے قصبات اور دیہات۔

مُفطر muf-tir: (ع، صف) روزہ توڑنے والا، روزہ کھولنے والا۔

مفعول maf-(?)uul: (ع، صف) فعل کیا گیا، وہ اسم جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہو، برا کام کرانے والا، اغلام کرانے والا۔

مفعول بہٖ maf-(?)uul be-hii: (ع، مذ) وہ مفعول جس پر فاعل کا کوئی کام واقع ہوا ہو۔

مفعول ثانی maf-(?)uu-li-saa-nii: (ع، مذ)

فعل کا دوسرا مفعول جیسے کریم نے پنسل سے کاغذ پر لکھا، اس میں کاغذ مفعول ثانی ہے۔

مفعول مُطلق maf-(?)uule-mut-laq: (ع، مذ) وہ حاصل مصدر جو بطور مفعول کے فعل کے ساتھ مذکور ہو۔

مفقود maf-quud: (ع، صف) کھویا ہوا، غائب، ناپید، ندارد۔

مفقودُ الخبر maf-quu-dul Ka-bar: (ع، مذ) وہ شخص جس کی کچھ خبر نہ ہو۔

مُفکّر mu-fak-kir: (ع، صف) فکر کرنے والا، سوچنے والا۔

مفلر maf-lar: (انگ، مذ) Muffler گلو بند، گلو پوش، کوئی چیز جس سے آواز دب جائے۔

مُفلِس muf-lis: (ع، صف) غریب، کنگال، محتاج، نادار، فقیر، بے زر، اسم کیفیت مث: مفلسی۔

مفلوج maf-luuj: (ع، صف) وہ شخص جسے فالج کی بیماری ہو، فالج کا مارا ہوا۔

مفلوک maf-luuk: (ع، صف) مفلس، تباہ حال، خستہ حال۔

مفلوکُ الحال maf-luu-kul-haal: (عف، صف) تباہ حال، خستہ حال۔

مفہوم maf-huum: (ع، صف) سمجھا گیا، جو سمجھ میں آئے۔ (ار، مذ) منشاء، مطلب۔

مُفید mu-fiid: (ع، صف) فائدہ مند، سودمند، فائدہ دینے والا۔

مُفیض mu-fiiz: (ع، صف) فیض پہنچانے والا، فائدہ رساں۔

م-ق

مقابر ma-qaa-bir: (ع، مذ) دیکھیے 'مقبرہ' جس کی جمع ہے۔

مُقابِل mu-qaa-bil: (ع، صف) سامنے والا، روبرو، دشمن، مخالف، حریف، برابر، مساوی، نظیر، مثل، مانند، مطابق۔

مُقابلہ mu-qaa-ba-lah: (ع، مذ) آمنا، سامنا، مُنھ بھیڑ، برابری، ہمسری، مخالفت، پڑتال، جانچ، اصطلاح نجوم میں ایک ستارے کی دوسرے ستارے کی طرف ایک سو اسی درجے کے فاصلے سے نظر، ایک ستارے کا دوسرے ستارے کے سامنے ہونا۔

مُقابہ mu-qaa-bah: (ار، مذ) مقوی سے بنایا ہوا، سنگاردان، آرائش کا صندوقچہ، پان دان۔

مُقاتلہ mu-qaa-ta-lah: (ع، مذ) قتل، کشت و خوں، خون ریزی۔

مقاصِد ma-qaa-sid: (ع، مذ) دیکھیے 'مقصد' جس کی یہ جمع ہے۔

مقال mu-qaal: (ع، مث) گفتگو، بات چیت، کلام۔

مقالہ ma-qaa-lah: (ع، مذ) کہی ہوئی بات، قول، مقولہ، تحریر اقلیدس کا ہر حصہ جس میں اقلیدس کے دعوے اور ان کے ثبوت اور شکلیں درج ہوں۔ کتاب کا باب، حصہ، فصل۔

مقام ma-qaam: (ع، مذ) ٹھہرنے کی جگہ، مکان، مسکن، ٹھکانا، گھر، منزل، اترنے کی جگہ، پڑاؤ، محل، موقع، وقت، موسیقی میں پردۂ سرود، کھڑا ہونا، کھڑے ہونے کی جگہ۔

مقامِ محمود ma-qaa-me mah-muud: (ع، مذ) پسندیدہ درجہ، خوبیوں کا سب سے اعلےٰ درجہ، اس مقام کا نام جہاں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج کو پہنچے تھے۔

مقامِ ہُو ma-qaa-me-huu: (ع، مذ) سناٹے کی جگہ، خاموش مقام، جہاں ہر طرف خاموشی ہو۔

مقامات ma-qaa-maat: (ع، مذ) دیکھیے 'مقام' جس کی یہ جمع ہے احکام، قواعد علم موسیقی کے بارہ پردے۔

مقامی ma-qaa-mii: (ع، مذ) دیکھیے 'مقام' جس سے یہ منسوب ہے، ٹھہرا ہوا، ساکن، قائم، کسی خاص جگہ سے متعلق، لوکل۔

مُقاوَمت mu-qaa-va-mat: (ع، مث) مقابلہ، برابری۔

مقبرہ maq-ba-rah: (ع، مذ) قبر کی جگہ، روضہ، درگاہ، مزار، گور، مرقد، وہ عمارت جو قبر پر بنائی جائے۔

مُقبِل muq-bil: (ع، صف) حق کا فرمان قبول کرنے والا، اقبال مند، دولت مند، صاحب اقبال، بھاگ وان، روبرو ہونے والا۔

مقبُوض maq-buuz: (ع، صف) قبضہ کیا گیا، قبضہ میں لیا گیا، پکڑا گیا، مث: مقبوضہ، جمع: مقبوضات

مقبول maq-buul: (ع، صف) قبول کیا گیا، مانا گیا، پسندیدہ، برگزیدہ، پیارا، محبوب۔ (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: مقبولیت۔

مُقتبِس muq-ta-bis: (ع، صف) اقتباس کرنے والا، روشنی لینے والا، دوسرے شخص سے فائدہ اٹھانے والا۔

مُقتبَس muq-ta-bas: (ع، صف) اقتباس کیا گیا، فائدہ اٹھایا گیا۔

مُقتدا muq-ta-daa: (ع، مذ) پیروی کیا گیا، وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں، پیشوا، راہ نما۔

مُقتدِر muq-ta-dir: (ع، صف) اقتدار رکھنے والا، طاقتور، قوی، زور آور، معزز۔

مُقتدی muq-ta-dii: (ع، مذ) پیروی کرنے والا، پیرو، امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا۔

مُقتضا muq-ta-zaa: (ع، صف) تقاضا کیا گیا، مجازاً مطلب، مراد۔

مُقتضی muq-ta-zii: (ع، صف) تقاضا کرنے والا، خواہش کرنے والا، چاہنے والا۔

مقتل muq-tal: (ع، مذ) قتل کرنے کی جگہ، مذبح، مسلخ، کمیلا۔

مقتول maq-tuul: (ع، صف) قتل کیا گیا، مارا گیا، مجازاً عاشق، فریفتہ۔

مِقدار miq-daar: (ع، مث) اندازہ، شمار جسامت، وزن، قول مجموعہ، میزان، جوڑ، حاصل، پھیلاؤ، وسعت۔

مُقدَّر mu-qad-dar: (ع، صف) پہلے سے لکھا گیا، اندازہ کیا گیا، تقدیر کیا گیا، وہ لفظ جو عبارت میں نہ ہو، مگر اس کے معنی لیے جائیں، تقدیر، نصیب، قسمت، سرنوشت، جمع: مقدرات۔

مقدرت maq-di-rat: (ع، مث) قدرت، طاقت، قوت، بساط، حیثیت۔

مَقدِس maq-dis: (ع، مذ) پاک جگہ، متبرک مقام۔

مُقدَّس mu-qad-das: (ع، صف) پاک کیا گیا، پاک، معصوم، بے گناہ۔

مُقدّس کتاب mu-qad-das ki-taab: (ع، مث) پاک کتاب، آسمانی کتاب، جیسے توریت، زبور، انجیل، قرآن مجید۔

مقدم maq-dam: (ع، مذ) آمد، ورود، تشریف آوری، قدم رنجہ فرمائی، رونق افروزی، وہ جگہ جہاں سے کوئی آئے، پاؤں رکھنے کی جگہ۔

مُقدِّم mu-qad-dim: (ع، صف) بڑھ کر آگے جانے والا، بہادر، پیش کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

مُقَدَّم mu-qad-dam: (ع،صف) پیش کیا گیا، پہلا، سابقہ، قدیم، اعلیٰ معزز، واجب، فرض، آگے کا حصہ، گاؤں کا نمبردار، حساب پہلی رقم، قصابوں کی اصطلاح میں ران کا وہ حصہ جو چڈھے سے ملحق ہے۔ (منطق) میں شرط کا پہلا جز، قضیہ۔

مُقَدِّمہ mu-qad-di-mah/mu-qad-da-mah: (ع، مذ) آگے چلنے والا، آگے جانے والا، فوج کا وہ دستہ یا حصہ جو آگے بھیج دیا جائے۔ ہراول دستہ، دیباچہ، تمہید۔ (اصطلاح منطق) جو عبارت بطور تعارف بیان کی جائے۔ جمع: مقدمات۔

مُقَدَّمہ mu-qad-da-mah: (ع، مذ) نالش، دعویٰ، استغاثہ، حادثہ، وقوعہ واردات، واقعہ، معاملہ، موقع، بات، مسئلہ، جمع: مقدمات۔

مُقَدَّمہ باز mu-qad-da-mah-baaz: (عف، صف) وہ شخص جسے مقدمے لڑنے کا بہت شوق ہو۔ اسم کیفیت مث: مقدمہ بازی۔

مُقَدِّمی mu-qad-di-mii: (ع، صف) مقدم کا پیشہ، نمبرداری کا عہدہ، مقدم کے حقوق، مقدم کے متعلق۔

مقدُور maq-duur: (ع، مذ) قدرت، طاقت، قوت، زور، بل بوتا، سمائی، بس، قابو، دسترس، اختیار، رسائی، پہنچ، وسیلہ، ذریعہ، سہارا، جرأت، دلیری، دولت، ثروت۔

مِقراض miq-raaz: (ع مث) قینچی، کترنی۔

مِقراضہ miq-raa-zah: (ع، مذ) ایک قسم کا تیر جس کا پھل قینچی کی طرح دوشاخہ ہوتا ہے۔ گلگیر، گل تراش، ایک قسم کا حلوا۔

مُقَرَّب mu-qar-rab: (ع،صف) قریب کیا گیا، بزرگی دیا گیا۔ (ار، مذ) وہ شخص جسے قربت حاصل ہو، مصاحب، خاص دوست، ہمراز، منہ چڑھا

مُقَرَّر mu-qar-rar: (ع،صف) قرار کیا گیا، ٹھہرایا گیا، چکایا گیا، نفسیات، مامور، معین، عہد کیا گیا، بلاشبہ، یقیناً، ضرور۔ مث: مقررہ۔

مُقَرِّر mu-qar-rir: (ع،صف) تقریر کرنے والا، لکچرار، مث: مقررہ۔

مُقَرَّری mu-qar-ra-ri(i): (ع، مث) تقرر، لگان، تنخواہ، طلب، وظیفہ مقرر۔

مُقَرَّض mu-qar-raz: (ع، صف) کاٹا ہوا، قینچی سے کاٹا ہوا، کترا ہوا۔

مقرُوض maq-ruuz: (ع،صف) وہ جس پر کسی کا قرض آتا ہو، قرض دار (افعال: کرنا، ہونا)

مقرُوق maq-ruuq: (ع،صف) قرق کیا گیا، ضبط کیا گیا، مث: مقروقہ۔

مقرُون maq-ruun: (ع،صف) نزدیک کیا گیا، پاس، قریب، وہ عدد جس کے ساتھ اس کا مصدر بھی آئے۔

مقسُوم maq-suum: (ع،صف) تقسیم کیا گیا، بانٹا گیا، (ار، مذ) علم حساب میں وہ عدد جسے تقسیم کیا گیا ہو، حصہ، بخرہ، نصیب، تقدیر، بخت: مقدر۔

مُقَشَّر mu-qash-shar: (ع،صف) چھلکا اتارا ہوا، پوست دور کیا ہوا۔

مقصد maq-sad: (ع، مذ) قصد کرنے کی جگہ، وہ جگہ جہاں کا ارادہ ہو، مطلب، مدعا، مراد، نیت، ارادہ، منشا۔

مُقَصِّر mu-qas-sir: (ع،صف) قصور کرنے والا، کوتاہی کرنے والا، کم کرنے والا۔

مُقَصَّر mu-qas-sar: (ع،صف) کم کیا گیا، تقصیر کیا گیا۔

مقصُود maq-suud: (ع،صف) قصد کیا گیا، ارادہ کیا گیا، مجازاً مطلب مراد، غرض، مدعا۔

مقصوٗر maq-suur: (ع،صف) کم کیا گیا، چھوٹا کیا گیا، مث: مقصورہ۔

مُقطّر mu-qat-tar: (ع،صف) ٹپکایا ہوا، قطرہ قطرہ کر کے ٹپکایا ہوا اور صاف کیا ہوا۔

مقطع maq-ta(?): (ع،مذ) غزل یا قصیدہ کا وہ شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو۔

مُقطّع mu-qat-ta(?): (ع، صف) تراشا ہوا، چھانٹا ہوا، تراش خراش سے آراستہ کیا ہوا، مہذب، شائستہ، سنجیدہ، قابل اعتبار، معتمد۔

مُقطّع داڑھی mu-qat-ta(?) daa-Rhii: (ار،مث) شرع کے مطابق تراشی ہوئی داڑھی۔

مُقطّعات mu-qat-ta-(?)aat: (ع،مذ) کپڑے کے ٹکڑے، کترین، ریشمی کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، بحر رجز کے اشعار، سبک وزن اشعار، قرآن میں بعض سورتوں کے آغاز میں الگ الگ آنے والے حروف۔ جیسے الم، حٰم، یٰسین۔

مقطوٗع maq-tuu(?): (ع،صف) کاٹا گیا، ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا۔ قافلہ سے چھوٹا ہوا۔

مِقعد miq-(?)ad: (ع،مث) بیٹھنے کی جگہ، دبر، کون۔

مُقفل muq-fal: (ع،صف) قفل لگا ہوا، تالا پڑا ہوا (افعال: کرنا، ہونا)

مُقفّٰی mu-qaf-faa: (ع،صف) قافیہ کیا گیا، قافیہ دار۔

مُقل muql: (ع،مذ) ایک قسم کا گوند، گوگل۔

مُقلّب mu-qal-lib: (ع، صف) پھیرنے والا، بدلنے والا، پلٹنے والا۔

مُقلّد mu-qal-lid: (ع،صف) تقلید کرنے والا، پیرو، مرید، معتقد۔

مقلوٗب maq-luub: (ع،صف) پلٹا گیا، علم بیان کی ایک صنعت کا نام جس کی عبارت الٹی سیدھی جس طرح بھی پڑھی جائے وہی رہے۔

مقناطیس maq-naa-tiis: (ع،مذ) ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ جاذب، دلکش، صف نسبتی۔ مقناطیسی۔

مقناطیسیت maq-naa-tii-si-yat: (ع،مث) مقناطیسی کشش، کشش، دل کشائی۔

مقنانا maq-naa-naa: (ار،مص،جعلی) مقناطیسی خاصیت پیدا کرنا۔ مقناطیسی اثر ڈالنا، انگریزی لفظ (Magnetise) کا ترجمہ۔

مُقنّن mu-qan-nin: (ع،صف) قانون بنانے والا، قانون جاننے والا، مث: مقننہ۔

مقولہ ma-quu-la(h): (ع، مذ) بات، کہاوت، قول، بچن، ضرب المثل۔

مُقوّی mu-qav-vi(i): (ع،صف) قوت دینے والا، طاقت بخشنے والا۔

مُقوّیٰ mu-qav-va(a): (ع، مذ) قوی کیا گیا، مضبوط کیا گیا، پٹھا، دفتی، دفتی کا بنا ہوا بکس جس میں کاغذات رکھتے ہیں۔

مقہوٗر maq-huur: (ع،صف) قہر کیا گیا، جس پر غصہ ہو۔

مقیاس miq-yaas: (ع،مذ) وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کریں۔

مقیاس الحرارت miq-yaa-sul-ha-raa-rat (ع،مذ) وہ آلہ جس سے گرمی کا اندازہ کریں، تھرمامیٹر (Thermo meter)

مقیاس المطر mi-qaa-sul-metr: (ع، مذ) بارش ناپنے کا آلہ۔ (Rain Gauge) کا ترجمہ

مُقیّد mu-qay-yad: (ع،صف) قید کیا گیا، قیدی، اسیر، پابند۔

مقیش mu-qay-yash: (ار، مذ، مث) سونے چاندی کے تار، سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا جیسے زری، بادلہ، تمامی، صف نسبتی، مقیشی۔

مقیم mu-qiim: (ع، صف) قیام کرنے والا، ٹھہرنے والا، فروکش ہونے والا، وہ شخص جو کسانوں، باغبانوں کی سبزی پھل پھول، بطور آڑھت نیلام کرتا ہے۔ (افعال: ہونا)

م-ک

مکا mak-kaa: (ار، مث) بڑی جوار، مکی۔

مکا muk-kaa: (ار، مذ) گھونسا، مشت، ڈک، بند مٹھی جس کی ضرب لگائی جائے۔

مکاتب ma-kaa-tab: (ع، صف) وہ غلام جس سے کچھ معاوضہ لے کر آزاد کیا جائے۔

مکاتبت mu-kaa-ta-bat: (ع، مث) باہم خط و کتابت، مراسلت۔ غلام سے اس کی قیمت لے کر آزاد کرنا۔

مکاتیب ma-kaa-tib: (ع، مذ) دیکھیے 'مکتوب' جس کی یہ جمع ہے۔

مکار mak-kaar: (ع، صف) مکر کرنے والا، فریبی، دغاباز، دھوکے باز، عیار، اسم کیفیت مث: مکارن۔

مکاشفہ ma-kaash-fah: (ع، مذ) اولیاء اللہ کو امورِ غیبی کا معلوم ہو جانا، کشف، کرامات۔

مکافات mu-kaa-faat: (ع، مث) عوض، بدلہ، تاوان، پاداش۔

مکالمہ mu-kaa-la-mah: (ع، مذ) گفتگو، زبانی سوال و جواب۔

مکان ma-kaan: (ع، مذ) رہنے کی جگہ، گھر، مسکن۔

مکان دار ma-Kaan-daar: (عف، صف) مالک مکان، گھر والا، اسم کیفیت مث: مکانداری۔

مکان ضرور ma-kaa-ne-za-ruur: (عف، مذ) بیت الخلاء، پاخانہ، جائے ضرور۔

مکبر mu-kab-bir: (ع، صف) تکبیر کہنے والا، اللہ اکبر کہنے والا، بلند کرنے والا۔

مکتی muk-ti(i): (ع، مذ) نجات، بخشش، چھٹکارا، مغفرت، رہائی، چھوٹا ہوا، رہا، آزاد، گناہ کی سزا سے بچا ہوا، نجات پایا ہوا۔ (افعال: پانا، ہونا)

مکتب mak-tab: (ع، مذ) لکھنے پڑھنے کی جگہ، مدرسہ، درسگاہ، ابتدائی مدرسہ۔

مکتب خانہ / گاہ mak-tab-Kaa-nah/gaah: (عف، مذ، مث) مدرسہ، اسکول۔

مکتب خیال / فکر mak-tab-Kyaal/fikr: (ع، مذ، بترکیب فارسی) کسی خاص خیال یا نظریہ کے لوگوں کا گروہ، انگریزی لفظ (School of thought) کا ترجمہ۔

مکتبہ mak-ta-bah: (ع، مذ) دفتر، کتب خانہ۔

مکتسب muk-ta-sib: (ع، صف) اکتساب کرنے والا، حاصل کرنے والا فائدہ اٹھانے والا۔

مکتشف muk-ta-shif: (ع، صف) کھلنے والا، ظاہر ہونے والا۔

مکتفی mak-ta-fi(i): (س، صف) کافی، پورا، باقی۔

مکتوب mak-tuub: (ع، مذ) لکھا گیا، لکھا ہوا، خط، نامہ، چٹھی۔ مث: مکتوبہ، جمع، مکتوبات۔

مکتوب الیہ mak-tuub-i-leh: (ع، مذ) جس کے نام خط لکھا جائے۔

مکتوبی mak-tuu-bi(i): (ع، صف) وہ حرف جو لکھا جائے مگر پڑھا نہ جائے۔ تحریر میں آنے والا۔

مکتوم mak-tuum: (ع، صف) چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی۔

مُکٹ mu-kuT: (ہ، مذ) مور کا سا تاج۔

مکحل mak-hal: (ع، صف) کدورت آمیز، گدلا، میلا، ملول، ناراض، رنجیدہ، غمگین۔

مُکذِّب mu-kaz-zib: (ع، صف) جھٹلانے والا، جھوٹا بنانے والا۔

مکر ma-kar: (ع، مذ) آسمان کے دسویں برج کا نام، جدی۔

مکر makr: (ع، مذ) دھوکا، فریب، دغا، چھل، حیلہ، بہانہ، بہروپ، بھیس، جھوٹ، خلاف توقع بات، ریا، نفاق، دورنگی، چالاکی، عیاری، چال، ہوشیاری (افعال: کرنا، ہونا)

مکر چاندنی ma-kar-chaaNd-nii: (ار، مث) پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح ہونے کا دھوکا دیتی ہے۔

مکر چکر ma-kar-chakr: (ار، مث) دھوکا دھڑی، چھل بٹا، دغا فریب، حیلہ بہانہ۔

مُکرّر mukar-rar: (ع، صف) دوبارہ، پھر، دوسری بار/دفعہ، بار دیگر۔

مُکرّم mu-kar-ram: (ع، مث) عزت دیا گیا، بزرگ، محترم، معظم، معزز۔

مُکرنا mu-kar-naa: (ار، مص) اپنے قول سے پھرنا، اقرار سے انکار کرنا۔

مُکرنی mu-kar-nii: (ار، مث) ایک قسم کی چار مصرعوں کی پہیلی جس میں پہلے کسی چیز کا اشارہ کرکے پھر اس سے منکر ہو کر مضمون کو کسی دوسری منسوب کرنا۔ اس کے موجد امیر خسرو ہیں۔

مکرُوہ mak-ruuh: (ع، صف) کراہیت کیا گیا۔ نفرت انگیز، گھناؤنا، بھونڈا، بدنما، ناپسند، نامرغوب۔ (ار، مذ) قابل کراہ چیز، (فقہ کی اصطلاح میں) ناجائز چیز۔ وہ بات جو بعض اماموں کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہو۔ جمع، مکروہات۔

مکرہائی ma-kar-haa-i(i): (ار، مذ) مکار۔

مکڑ / مکڑا mak-Ra(a): (ہ، مذ) بڑی مکڑی، نر مکڑی، مونث: مکڑی۔

مکسچر miks-char: (انگ، صف) Mixture آمیزش، دواؤں کا سیال مرکب۔

مُکسّر mu-kas-sar: (ع، صف) ٹوٹا ہوا، شکستہ، مربع، مکعب، عرض، طول اور موٹائی کا حاصل ضرب۔

مکسُوب mak-suub: (ع، صف) حاصل کیا گیا، حاصل کیا ہوا۔ مث: مکسوبہ

مکسُور mak-suur: (ع، صف) زیر دیا ہوا حرف، وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو، مث: مکسورہ۔

مکشُوف mak-shuuf: (ع، صف) کھولا گیا، واضح، ظاہر، مث: مکشوفہ۔

مُکعّب mu-ka(?)-a(?)b: (ع، صف) چار گوشہ کیا گیا، وہ جس کی لمبائی، چوڑائی گہرائی برابر ہو۔ وہ عدد جو کسی عدد کو تین دفعہ آپس میں ضرب دینے سے حاصل ہو۔

مکفُول mak-fuul: (ع، صف) کفالت میں دیا گیا، ضمانت میں محفوظ کیا گیا۔ رہن رکھا گیا۔ گرد رکھا ہوا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مُکلادا muk-laa-da(a): (ہ، مذ) گونا، ہندوؤں میں شادی کے بعد دولہا کا دولہن کو پہلی بار گھر لے جانا، مسلمانوں میں شادی کے بعد دولہن کا سسرال سے میکے یا میکے سے سسرال جانا۔

مُکلّف mu-kal-laf: (ع، صف) پرتکلف، مزین، سجا ہوا، بھڑکیلا، تکلیف دیا گیا، عاقل، بالغ۔

مُکلِّف mu-kal-lif: (ع، صف) تکلیف دینے والا،

بلانے والا، تقریب میں شریک ہونے کی تکلیف دینے والا۔

مُکلّل mu-kal-lal: (ع،صف) سر پر تاج رکھا گیا، تاجدار، چمکایا گیا، چمک دار، بھڑکیلا۔

مُکمّل mu-kam-mal: (ع،صف) کامل کیا گیا، پورا کیا گیا، تمام، کامل، کل، پورا، ثابت۔

مُکنت muk-nat: (ع، مث) قدرت، طاقت، توانائی، تونگری۔

مکنون mak-nuun: (ع،صف) پوشیدہ، چھپا ہوا، سربستہ۔

مکوہ ma-koh: (ہ، مث) ایک بوٹی جو کئی امراض میں کام آتی ہے۔

مکوڑا ma-ko-Raa: (ہ،مذ) بڑا کیڑا، بڑا چیونٹا۔

مکّہ mak-ka(h): (ع،مذ) عرب کا وہ مشہور عالم شہر جہاں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی تھی اور جہاں خانہ کعبہ ہے۔

مُکھ mukh: (ہ،مذ) منہ، چہرہ۔

مکھانا ma-khaa-naa: (ہ، مذ) کنول کا بیج جو بھون کر کھایا جاتا ہے۔

مُکھڑا mukh-Raa: (ہ،مذ) پیارا منہ، پیارا چہرہ۔

مکھن makh-khan: (ہ،مذ) کچا تازہ گھی، مسکہ۔

مکھنا makh-naa: (ہ،مذ) بے دانت کا ہاتھی، ایک بڑا ہاتھی جو جھوم کر چلتا ہے۔

مکھی makh-khii: (ہ،مث) مگس، بندوق کا وہ ابھرا ہوا نشان جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں۔

مکھی چوس makh-khii chuus: (ار،صف) کنجوس، ایسا کنجوس کہ اگر سالن میں مکھی گر جائے تو اسے بھی چوس کر پھینکے۔

مُکھیا mukh-yaa: (ہ، مذ) سرگروہ، سرغنہ، سردار، چودھری۔

مکئی ma-ka-ii: (ہ،مث) ایک قسم کا غلہ، جوار۔

مکّی mak-kii: (ع،صف) مکہ کا رہنے والا، مکہ کا، مکہ سے متعلق و منسوب۔

مُکّی muk-ki(i): (ہ، مث) ہتھیلی پر بندھی ہوئی انگلیاں۔ مٹھی، مشت، ڈک۔

مُکیانا muk-yaa-na(a): (ار،مص) مکی لگانا، مکی مارنا۔

مکیدہ ma-kii-dah: (ع، مذ) بداندیشی، بدخواہی، مکر، فریب۔

مکین ma-kiin: (ع، مذ) مکان دار، مکان میں رہنے والا، صاحب خانہ۔

م۔گ

مُگدر mug-dar: (ہ، مذ) وہ بھاری لکڑی جو ورزش کے لیے ہاتھ سے اٹھاتے ہیں۔ جس کے عین درمیان میں موٹھ لگی ہوتی ہے۔

مگر ma-gar: (ہ، مذ) مگرمچھ، گھڑیال، نہنگ، ناکو، شیر آبی، کان کے ایک زیور کا نام جو مگر کی شکل کا ہوتا ہے۔

مگر ma-gar: (ف، حرف استثنا) لیکن، پر، بجز، ماسوا، شاید، پھر، بااین ہمہ۔

مگرا mag-ra(a): (ہ،صف) گھنا، مکار، وہ شخص جو غرور کے سبب کسی کی نہ سنے، گھنا، کام چور، سست، کاہل اسم کیفیت مذ مگرا پن۔

مگرمچھ ma-gar-mach: (ار،مذ) گھڑیال، نہنگ۔

مگس ma-gas: (ف،مث) مکھی، شہد کی مکھی۔

مگس راں ma-gas-raaN: (ف،مذ) مکھیاں جھلنے والا، مورچھل ہلانے والا، خادم، اسم کیفیت مث: مگس رانی۔

مگسی ma-ga-si(i): (ف،صف) مکھی کے رنگ کا،

سیاہی مائل، وہ گھوڑا جس کے تمام بدن کے بال سفید اور سارے بدن پر سرخی کی چھینٹیں ہوں۔ اور دم اور ایال کا ایک رنگ ہو، بھنکتا ہوا، مگس سے منسوب۔

مگن ma-gan: (ہ، صف) ڈوبا ہوا، غرق، مستغرق، آنند، خوش، مسرور، بے خود، مست۔

مگنا mug-naa: (ار، مص، ق) فرسودہ ہونا، بوسیدہ ہونا۔

مُغمّم mug-gham: (ار، صف) (عربی مبہم سے بنا ہوا) گول سول بات، جواریوں کی اصطلاح میں برابر سرابر، نہ ہار نہ جیت۔

م۔ل

مِل mil: (انگ، مث) Mill چکی، آٹے، کپڑے، کاغذ وغیرہ کی کل۔

مُل mul: (ف، مث) شراب، مے، بادہ۔

ملا ma-la(a): (ع، صف) بھرا ہوا، پر، ظاہر، واضح، آشکار۔

مُلا mul-la(a): (ع، صف) نہایت عمدہ لکھنے والا، عالم، فاضل، مسجد میں نماز پڑھانے والا، بچوں کو پڑھانے والا، طنزاً، تنگ نظر، ظاہر پرست۔

مُلاّ گری mul-laa-ga-ri(i): (ار، مث) مدرسی، معلّمی

مُلابست mu-la-ba-sat: (ع، مث) مشابہت، تعلق۔

مِلاپ mi-laap: (ار، مذ) میل جول، اتفاق، صلح، صفائی، باہم رضامندی، موافقت، سنجوگ، ملاقات، وصل، وصال، محبت، دوستی، ربط و ضبط۔ (افعال: رکھنا، کرنا، ہونا)

مِلا جُلا mi-laa-ju-la(a): (ار، مذ) مخلوط، گڈمڈ، مث: ملی جلی۔

ملاح mal-laah: (ع، مذ) کشتی بان، ناؤ چلانے والا، کھویا، ناخدا، اسم کیفیت مث: ملاحی مث: ملاحن، ملاحی۔

ملاحت ma-laa-hat: (ع، مث) نمکین ہونا، نمکینی، سانولا پن، خوبصورتی۔

ملاحِد / ملاحدہ ma-laa-hid/ ma-laa-hi-da(h): (ع، مذ) دیکھیے 'ملحد' جس کی یہ جمع ہے۔

مُلاحظہ mu-laa-ha-zah: (ع، مذ) معائنہ، مشاہدہ، دیکھنا، غور، توجہ، لحاظ، مروت، سامنے، پیش۔

مُلاحظہ کار mu-laa-ha-zah-kaar: (ار، صف) لحاظ کا، بامروت۔

مِلّت mil-lat: (ع، مث) دین، مذہب، شریعت، قوم، فرقہ۔

مِلتا جُلتا mil-taa-jul-taa: (ار، صف) مشابہ، مثل، مث: ملتی جلتی۔

مُلتان mul-taan: (ار، مذ) پاکستان کے پنجاب کا مشہور شہر، گرد و گرما گدا و گورستان کے لیے مشہور ہے۔

مُلتانی mul-taa-ni(i): (ار، صف) ملتان سے منسوب، زرد رنگ کی چکنی مٹی جو لکھنے کی تختیوں پر پھیرتے ہیں۔ ٹوڈی ٹھاٹھ کی ایک راگنی۔

مُلتجی mul-ta-ji(i): (ع، صف) التجا کرنے والا، درخواست کرنے والا، منت سماجت کرنے والا۔

مُلتزَم mul-ta-zam: (ع، صف) لازم کیا ہوا، (مذ) بیت اللہ کا رکن ایمانی کے قریب ایک مقام جہاں کی جانے والی دعا مستجاب ہوتی ہے۔

مُلتزِم mul-ta-zim: (ع، صف) التزام کرنے والا، اپنے اوپر لازم کرنے والا۔

مُلتفِت mul-ta-fit: (ع، صف) التفات کرنے والا، متوجہ ہونے والا۔

مُلتمِس mul-ta-mis: (ع، مذ) التماس کرنے والا، عرض کرنے والا۔

ملتوی mul-ta-vi(i): (ع،صف) التوا کرنے والا، دیر کرنے والا، توقف کرنے والا۔

ملتہب mul-ta-hib: (ع،صف) شعلہ زن، بھڑکنے والا۔

ملٹری mi-li-Tai-ri(i): Military (انگ،صف) فوج، فوجی۔

ملیٹھی / ملہٹی mul-Thi(i)/ mu-leh-Ti(i): (ار،مث) گھونگچی کے درخت کی جڑ، اصل السوس، ایک مشہور دوا جو کھانسی کے لیے مفید ہے عموماً پان میں ڈال کر کھاتے ہیں۔

ملجا mal-jaa: (ع،مذ) جائے پناہ، پناہ ملنے کی جگہ، وہ مقام جہاں جا کر آدمی اپنی جان بچائے۔

مل جل کر mil-jul-kar: (ار، متعلق، فعل) متفق ہوکر، اکٹھے ہوکر، متحد ہوکر، اتحاد کرکے، اتفاق کرکے۔

ملیچھ ma-lich: (ہ،صف) پلید، میلا، ناپاک، غلیظ، گھوری، ناپاک قوم، جنگلی آدمی، وحشی آدمی، کافر، بے دین۔

ملح milh/mi-leh: (ع،مذ) نمک، لون، کھار، شور۔

ملحد mul-hid: (ع،مذ) فاسق، فاجر، کافر، بے دین، راہ حق سے پھرا ہوا۔ مث: ملحدہ۔

ملحق mul-haq: (ع،صف) جڑا ہوا، لگا ہوا، ملا ہوا، پیوستہ، منسلک۔ مث: ملحقہ (افعال: کرنا، ہونا)

ملحوظ mal-huuz: (ع،صف) ع، صف لحاظ کیا گیا، خیال کیا گیا۔ (افعال: رکھنا، رہنا)

ملحوظ خاطر mal-huuze- Kaa-tir: (عف، مذ) دلی خیال، دلی توجہ، خیال رکھنا۔

ملخص mu-laK-Kas: (ع،صف) خالص کیا گیا، پاک کیا گیا، خالص، پاک، خلاصہ کیا گیا، مختصر، مث: ملخصہ۔

ملزم mul-zim: (ع،مذ) الزام لگایا گیا، جس پر الزام لگایا گیا ہو۔ مث: ملزمہ۔

ملزوم mal-zuum: (ع،صف) لازم کیا گیا، جو جدا نہ ہوسکے۔ متعلق شریک حال۔

ملطف mu-lat-tif: (ع، مث) پتلا کرنے والا، رقیق کرنے والا، تلیین کرنے والی دوا۔

ملعون mal-(?)uun: (ع،صف) لعنت کیا گیا، مردود، لعین، نکالا ہوا۔ مث: ملعونہ۔

ملغوبا mal-Go-baa: (ار،مذ) آلائش، آلودگی، جسم کے اندر کی آلائش، انتڑیاں، اوجھڑی، مواد، پیپ، کوڑا کرکٹ، مرکب، مخلوط، ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا انبار

ملفوظ mal-fuuz: (ع،صف) پڑھا گیا۔ جو پڑھنے میں آئے۔ منہ سے بولی ہوئی بات کتاب جس میں کسی بزرگ کے حالات اُن کی زبانی لکھے گئے ہوں مث: ملفوظ، جمع، ملفوظات۔

ملفوظی mal-fuu-zii: (ع،صف) وہ جو پڑھنے اور بولنے میں آئے۔

ملفوف mal-fuuf: (ع،مذ) لپٹا ہوا، لفافہ میں بند، سربند، بند۔

ملقب mu-laq-qab: (ع،صف) لقب دیا گیا، خطاب دیا گیا، معروف، نام زد۔

ملک ma-lak: (ع،مذ) فرشتہ۔

ملک الموت ma-la-kul-maut: (ع،مذ) موت کا فرشتہ، عزرائیل، جان نکالنے والا۔

ملک ma-lik: (ع،مذ) بادشاہ، سلطان، فرماں روا، شہریار، ایک خطاب جو اکثر مسلمان قوموں میں رائج ہے۔ مث: ملکہ۔

ملک التجار ma-li-kut-taj-jaar: (ع،صف) بہت بڑا تاجر، سوداگروں کا سردار۔

ملک الشعرا ma-le-kush-sho-(?)-raa:

(ع، مذ) شاعروں کا بادشاہ، بہت بڑا شاعر، راج کوی، وہ خطاب جو بادشاہ کی طرف سے اعلٰے درجے کے شاعر کو دیا جائے۔

مُلک mulk: (ع، مذ) دیس، ولایت، کشور، اقلیم، سلطنت، راج شہر، نگر، خلقت، لوگ۔

ملک بدر کرنا mulk-ba-dar-kar-na(a): (ار، مص مرکب) جلاوطن کرنا، ملک سے نکال دینا۔

مُلکِ بقا mul-ke-ba-qa(a): (ف، مذ) ہمیشہ رہنے والا ملک، عاقبت، اگلا جہاں۔

مُلکِ خموشاں mul-ke-Ka-mo-shaaN: (عف، مذ) قبرستان۔

مُلک داری mulk-daa-ri: (عف، صف) حکومت، سلطنت۔

مُلکِ عدم mul-ke-(?)a-dam: (ع، مذ) وہ عالم جس میں مرنے کے بعد روح رہتی ہے۔ عاقبت۔

ملکوت ma-la-kuut: (ع، مذ) بادشاہی، سلطنت، حکومت، حکمرانی فرشتوں کا عالم، فرشتوں کے رہنے کا مقام۔ فرشتے، ملائکہ، صوفیوں کی اصطلاح میں عالم ارواح صف نسبتی: ملکوتی۔

ملکہ ma-la-kah: (ع، مذ) مشق، مہارت، لیاقت، قابلیت، استعداد، ہنر، تجربہ، استادی، فہم، ادراک، جمع، ملکات۔

ملکہ مسور mal-kah-ma-suur: (ار، مث) بڑی قسم کی مسور۔

مِلکی mil-kii: (ع، مذ) جاگیردار، ملک والا، زمین دار۔

مُلکی mul-kii: (ع، صف) ملک کا، ملک والا، ملک سے تعلق رکھنے والا، قومی، وطن کا۔

مِلکیت mil-ki-yat: (ع، مذ) دیکھیے 'ملک' مالک ہونے کی حیثیت۔

ملگجا mal-ga-jaa: (ار، صف) میلا، مٹی کے رنگ کا، غبار آلود، کچھ میلا کچھ اُجلا، مث: ملگجی، اسم کیفیت مذ: ملگجاپن۔

مُلمّع mu-lam-ma(?): (ع، صف) روشن کیا گیا، چمکتا ہوا، درخشاں، گلٹ کیا ہوا، سونا چاندی چڑھایا ہوا۔ (ار، مذ) جھول، گلٹ، سونے چاندی کا ورق، پتر یا پانی جو کسی چیز پر چڑھایا ہوا ہو۔ نرا دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ، بناوٹ، اصطلاح میں ایک زبان کی نظم جس میں دوسری زبان کا ایک مصرعہ یا زیادہ شعر ملا دیے جائیں۔

مُلمّع ساز / گر / کار mu-lam-ma(?) saaz/ gar/ kaar: (عف، صف) ملمع کرنے والا، سونا چاندی چڑھانے والا، اسم کیفیت مث: ملمع سازی / گری / کاری۔

ململ mal-mal: (ار، مث) ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا۔

ململانا mal-ma-laa-na(a): (ار، مص) پچھتانا، افسوس کرنا، تڑپنا، لوٹنا۔

مِلن mi-lan: (ار، مث) ملاقات، ملنا، میل جول۔

مِلنسار mi-lan-saar: (ار، صف) ہر ایک سے ملنے والا، خلیق، خوش اخلاق، اسم کیفیت مث: ملنساری

ملنا mal-na(a): (ار، مص) رگڑنا، مسلنا، مالش کرنا، لیپ کرنا، مانجھنا، کھریرا کرنا، ہاتھ پھیرنا، جیسے گھوڑا ملنا، مروڑنا، اینٹھنا، جیسے کان ملنا۔

مِلنا mil-na(a): (ار، مص) پیوستہ ہونا، ملحق ہونا، مرکب ہونا، اکٹھا ہونا، ملاقات کرنا، حاصل ہونا، معانقہ کرنا، سازش کرنا، مطابق ہونا، اتفاق رائے کرنا۔

ملنگ ma-lang: (ار، مذ) مجنوں، آپے سے باہر، بے ہوش، مجرد آدمی، موٹا تازہ، آدمی، شاہ مدار کے مرید، بے شرع فقیر۔

مِلنی mil-ni(i): (ار، مث) ملاقات، درشن، استقبال، پیشوائی۔ ایک رسم جس میں شادی کے بعد سمدھی مع دیگر عزیز و اقارب ایک دوسرے سے ملتے ہیں، ملاوا۔

مُلّو mul-lu: (ھ، مذ) وہ پرندہ جس کے ہاتھ پاؤں باندھ کر جال میں ڈال دیتے ہیں تاکہ اور پرند آ کر جال میں پھنس جائیں۔

ملوانا mal-vaa-na(a): (ار، مص) مالش کروانا، صاف کروانا، پائمال کرانا۔

مِلوانا mil-vaa-na(a): (ار، مص) آمیز کرانا، شریک کرانا، ملاقات کرانا، صلح کرانا۔

ملوائی mal-vaa-i(i): (ھ مث) دیکھیے 'ملوانا' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ ملوانے کی اجرت۔

مُلوّث mu-lav-vas: (ع، مذ) لتھڑا ہوا، آلودہ، بھرا ہوا، ناپاک نجس، پلید، گنہ گار، قصوروار (افعال: کرنا، ہونا)

مُلوک mu-luuk: (ع، مذ) دیکھیے 'ملک' جس کی یہ جمع ہے۔

مُلوکیت mu-luu-kiy-yat: (ع، مث) شہنشاہی، بادشاہی۔

ملوکانہ mi-luu-kaa-nah: (عف، صف) شاہانہ، خسروانہ، قیصرانہ۔

ملول ma-luul: (ع، مذ) اداس، رنجیدہ، غمگین۔

مُلوّن mu-lav-van: (ع، مذ) رنگا ہوا، رنگ برنگ کا، گونا گوں، بوقلموں۔

مِلونی mi-lau-nii: (ھ مث) ملاوٹ، آمیزش، کھوٹ۔

مُلہَم mul-ham: (ع، مذ) الہام کیا گیا، وہ شخص جس کے دل میں غیب سے کوئی بات پڑے۔

مِلّی mil-li(i): (ع، صف) دیکھیے 'ملت' جس سے یہ منسوب ہے۔ مث: ملیہ۔

ملیامیٹ mal-yaa-maiT: (ار، صف) پامال، روندا ہوا، تباہ و برباد، ناپید، نیست و نابود، ستیاناس (افعال: کرنا، ہونا)

ملی بھگت mi-lii-bha-gat: (ار، مذ) سازش، باہمی مشورہ (افعال: ہونا)

ملیح ma-liih: (ع، صف) نمکین، سلونا، خوبصورت، سانولا۔

ملیدہ ma-lii-dah: (ار، مذ) مالیدہ کا مخفف، چورما، روٹی کو چورہ کر کے اس میں گھی اور شکر ملا لیتے ہیں۔ کنایۃً ہر چیز جو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے بعد مل ڈالی گئی ہو۔

ملیریا ma-le-ri-ya(a): (انگ، مذ) Maleria موسمی بخار جو خاص مچھر کے کاٹنے سے پیدا ہوتا ہے۔

ملیشیا ma-le-shi-ya(a): (انگ، مث) Militia رضا کار فوجی، ایک سیاہی مائل کپڑا۔

ملی میٹر mi-lii-mii-Tar: (انگ، مذ) Milli meter علم مساحت میں ایک پیمانہ جو میٹر کا ہزارواں حصہ ہے۔

ملین ma-liin: (ار، صف) میلا، ناپاک، گندہ، غلیظ، سست، اداس، غمگین، مکدر۔

م۔م

مم mam: (ار، مذ) دودھ پیتے بچے کے منہ میں ڈالنے والا پانی۔

ممات ma-maat: (ع مث) موت، مرگ، مرنا۔

مُماثل mu-maa-sil: (ع، مذ) مثل، مشابہ، نظیر، برابر۔

مُماثلت mu-maa-sa-lat: (ع، مذ) مشابہت، مانند ہونا۔

ممارست mu-maa-ra-sat: (ع مث) مشق، تجربہ۔

مُماس mu-maas: (ع، صف) مس کرنے والا، چھونے والا، اقلیدس میں وہ خط جو دوسرے خط کو چھوتا ہوا گزرے، وہ نقطہ جہاں کوئی چیز چھوئے۔

مُمالک mu-maa-lik: (ع، مذ) مملکت کی جمع، بہت سے ملک، مقامات۔

مُمانعت mu-maa-na-(?)at: (ع، مث) روک، بندش، مناہی، منع کرنا۔

مُمانی mu-maa-nii: (ار، مث) ماموں کی بیوی۔

ممبر mim-bar: (انگ، مذ) Member رکن مجلس، کمیٹی کا رکن، عضو، جوڑ، بند، حصہ دار، پتی دار، شریک۔

ممتا mam-ta(a): (س، مث) دیکھیے 'ماستا' ماں کی الفت۔

مُمتاز mum-taaz: (ع، صف) امتیاز دیا گیا، انتخاب کیا گیا، چنا گیا، عزت دیا گیا۔ معزز، اعلیٰ، افضل، سرفراز، برتر، برگزیدہ، عالی رتبہ، نامی، مشہور، شریف، ذی شان۔

مُمتحن mum-ta-hin: (ع، مذ) امتحان لینے والا، پڑتال کرنے والا، جانچنے والا، مث: ممتحنہ۔

مُمتد mum-tid: (ع، صف) پھیلایا گیا، طویل کیا گیا، دراز کیا گیا۔

مُمتنع mum-ta-na(?): (ع، مذ) باز رکھا گیا، روکا گیا۔

ممتوعہ mam-tuu-(?)ah: (ع، صف) وہ عورت جس سے متعہ کیا گیا ہو، جمع: ممتوعات۔

مُمثل mu-mas-sil: (ع، مذ) اداکار، ایکٹر، مث: ممثلہ۔

مُمد mu-mid: (ع، صف) مدد کرنے والا، مددگار، معاون، ساتھی۔

ممدوح mam-duuh: (ع، مذ) تعریف کیا گیا، جس کی تعریف کی جائے، مث: ممدوحہ۔

ممدود mam-duud: (ع، صف) بڑھایا گیا، لمبا کیا گیا، پھیلایا گیا، مث: ممدودہ۔

ممزوج mam-zuuj: (ع، مذ) ملایا ہوا، آمیختہ۔

مُمسک mum-sik: (ع، مذ) پکڑنے والا، روکنے والا، کنجوس، بخیل، امساک بڑھانے والا۔

مُمکن mum-kin: (ع، مذ) جو ہو سکے، ہونے کے قابل، قابل امکان آسان، سہل، مجال، مقدور، طاقت، منطق میں وہ شے جو معرض زوال و فساد میں ہو، مث: ممکنہ، جمع: ممکنات۔

ممکن الحصول mum-ki-nul-hu-suul: (ع، صف) وہ چیز جو حاصل ہونے کے قابل ہو، جو حاصل ہو سکے۔

ممکن الوقوع mum-ki-nul-vu-quu(?): (ع، صف) ہونے والی بات، جس کے واقع ہونے کا امکان ہو۔

مُملکت mum-li-kat: (ع، مث) سلطنت، بادشاہت، حکومت، ملک، علاقہ۔

مملو mam-luu: (ع، مذ) بھرا ہوا، لبریز۔

مملوک mam-luuk: (ع، مذ) وہ جس پر قبضہ کیا جائے، جو ملکیت میں ہو، غلام، بندہ، مث: مملوکہ۔

ممنوع mam-nuu(?): (ع، صف) منع کیا گیا، روکا گیا، ناجائز، نادار، خلاف شرع، خلاف قانون، مث: ممنوعہ۔

ممنون mam-nuun: (ع، مذ) احسان کیا گیا، وہ جس پر احسان کیا گیا ہو، احسان مند، شکر گزار۔ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ممنونیت۔

ممولا ma-muu-la(a): (ار، مذ) ایک چھوٹا پرند جس کے پیٹ پر کالے نقطے ہوتے ہیں۔

ممی mam-mii: (انگ، مث) Mummy، لاش جو مسالا لگا کر محفوظ رکھی جائے، حنوط شدہ، بچے ماں کو کہتے ہیں۔ امی، ماں۔

ممیا نُسر / سسر mam-yaa Ku-sar/ su-sar:

(ار، مذ) خاوند یا بیوی کا ماموں۔ مث: ممیا ساس

ممیانا mam-yaa-naa/ mim-yaa- na(a): (ار، مص) بکری کا بولنا، میں میں کرنا۔

ممیرا ma-mii-ra(a): (ار، مذ) ایک کٹھیلی جڑ جو ہلدی سے مشابہ ہوتی ہے اور آنکھ کی بینائی کے لیے نہایت مفید ہوتی ہے۔

ممیرا ma-me-raa: ماموں کا بیٹا۔ مث: ممیری۔

ممیز mu-may-yaz: (ع، صف) تمیز کیا گیا، پہچانا گیا۔ مث: ممیزہ۔

ممیز mu-miy-yaz: (ع، صف) تمیز کرنے والا، بھلے برے کو پہچاننے والا۔

م-ن

من man: (ار، مذ) دل، قلب، جی، ضمیر، چالیس کا وزن، سانپ کا مہرہ، کنویں کی منڈیر۔

من بھاتا man-bhaa-ta(a): (ار، صف، مذ) مرغوب خاطر، دل پسند۔ مث: من بھاتی۔

من بھر man-bhar: (ار، متعلق فعل) ایک من وزن، چالیس سیر کے برابر وزن، خاطر خواہ۔

من چلا man-cha-la(a): (ار، صف) رنگین مزاج والا، سورما، نڈر، بے خوف۔ مث: من چلی۔

من کی موج man-kii-mauj: (ار، مث) دل کی لہر، دل کی ترنگ۔

من مارنا man-maar-na(a): (ار، مذ) صبر اختیار کرنا، دل کی خواہش دبانا۔

من مست man-mast: (ار، مذ) زندہ دل، خوش طبع، ظریف۔

من موجی man mau-ji(i): (ار، صف) خودمختار، آزاد طبع، زندہ دلی۔

من موہن man-mo-han: (ار، صف) دل کو موہ لینے والا، دلربا، معشوق۔

منوہر ma-no-har: (ار، صف) دل چھین لینے والا، من موہن، معشوق۔

من ہرن man-ha-ran: (صف، ق) دل چرانے والا، محبوب، معشوق۔

من man: (ف، ضمیر واحد متکلم) میں، دل، طبیعت

منجانب min-jaa-nib: (ع، متعلق فعل) از طرف، جانب سے۔

منجملہ min-jum-lah: (ع، متعلق فعل) سب میں سے، تمام میں سے۔

من وعن min-no-(?)an: (ع، متعلق فعل) حرف بحرف، مفصل، تفصیل وار ہو بہو۔

منّا man-naa: (ہ، مص) راضی ہونا، خوش ہونا، رنجیدگی رفع ہونا۔

منا / منیٰ mi-na(a): (ع، مذ) مکہ کے قریب ایک مقام جہاں حاجی لوگ قربانیاں کرتے ہیں اور سر منڈاتے ہیں۔

منّا mun-na(a): (ہ، مذ) پیار سے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں، پیارا، ننھا لاڈلا۔

منابر ma-naa-bir: (ع، مذ) دیکھیے 'منبر' جس کی یہ جمع ہے۔

منابع ma-naa-bi(?): (ع، مذ) دیکھیے 'منبع' جس کی یہ جمع ہے۔

منات ma-naat: (ع، مذ) عرب کے ایک مشہور بت کا نام۔

مناجات mu-naa-jaat: (ع، مث) سرگوشی، کانا پھوسی، دعا، عرض، التجا، وہ نظم جس میں خدا کی تعریف اور اپنی عاجزی کا اظہار کر کے دعا مانگی جاتی ہے۔

مناجاتی mu-naa-jaa-ti(i): (عف، صف) مناجات کرنے والا۔

مُناد mu-naad: (ع، مذ) نداکرنے والا، پکارنے والا۔

مُنادیٰ mu-naa-da(a): (ع، مذ) پکارا گیا، بلایا گیا، وہ جس کو پکاریں۔

مُنادی mu-naa-di(i): (ع، مذ) پکارنے والا، اعلان کرنے والا، ڈھنڈورچی۔ (مث) ڈھول کی آواز جو اس غرض سے ہو کہ لوگ آگاہ ہو جائیں، وعظ، دین کی تلقین۔

منار / منارہ ma-naar/ma-naa-ra(a): (ع، مذ) نور کی جگہ، چراغدان، لالٹین اونچا ستون، لاٹھ، چیل پایہ، کھمبا، بلند ستون۔ جو مسجد کے پہلو میں بنائے جاتے ہیں اذان دینے کی جگہ۔

مُنازعت mu-naa-za-(?)at: (ع، مث) جھگڑا، قضیہ، تکرار۔

منازل ma-naa-zil: (ع، مث) منزل کی جمع، اترنے کی جگہیں، مقامات، مکانات۔

مُناسب mu-naa-sib: (ع، صف) نسبت رکھنے والا، موزوں، لائق سوزوں، شایان، ٹھیک، درست، معقول، بہتر، لازم، جائز، روا۔

مُناسبت mu-naa-sa-bat: (ع، مث) باہمی لگاؤ، تعلق، نسبت۔

مناسخہ mu-naa-sa-Kah: (ع، مذ) فقہ اسلامی کا ایک قاعدہ، شرعی تقسیم، میراث میں وارثوں کے درجے معین کرنا۔

مناسک ma-naa-sik: (ع، مذ) منسک کی جمع، حج کے ارکان، حاجیوں کی عبادت کے مقامات۔

مناصب ma-naa-sib: (ع، مذ) دیکھیے 'منصب' جس کی یہ جمع ہے۔

مناظر mu-naa-zir: (ع، مذ) مناظرہ کرنے والا، بحث کرنے والا۔

مناظرہ mu-naa-za-rah: (ع، مذ) بحث، مباحثہ، تکرار، وہ علم جس میں بحث کرنے کے قوانین درج ہوں۔ کسی چیز کی حقیقت و ماہیت کے واسطے باہم فکر کرنا۔

مُنافات mu-naa-faat: (ع، مث) ایک دوسرے کی ضد ہونا۔

مُنافذ mu-naa-fid: (ع، مذ) دیکھیے 'منفذ' جس کی یہ جمع ہے۔ سوراخ۔

مُنافر mu-naa-fir: (ع، مذ) نفرت کرنے والا۔

منافرت mu-naa-fa-rat: (ع، مث) نفرت، گھن، پرہیز۔

مُنافست mu-naa-fa-sat: (ع، مث) ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا، معارضہ، برابری، حسد۔

منافع ma-naa-fi(?): (ع، مذ) منفعت کی جمع۔ (ع، مذ) منفعت کی جمع۔ (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے)

مُنافعہ mu-naa-fa-(?)ah: (ع، مذ) نفع یابی، فائدہ۔

مُنافق mu-na-fiq: (ع، مذ) نفاق رکھنے والا، ریاکار، وہ دشمن جس کے دل میں کچھ ہو اور زبان میں کچھ، شریعت اسلامیہ میں وہ شخص جو بظاہر مسلمان ہو مگر دل سے کافر ہو۔

مُنافقت mu-naa-fa-qat: (ع، مث) باطن کا ظاہر کے خلاف ہونا، ریاکاری، مکاری ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی۔

مُنافی mu-naa-fii: (ع، صف) نفی کرنے والا، خلاف، ضد۔

مناقب ma-naa-qib: (ع، مذ) منقبت کی جمع، تعریفیں، خوبیاں۔

مُناقضہ mu-naa-qa-zah: (ع، مذ) ایک دوسری کی بات کو توڑنا، بحث، مباحثہ، جھگڑا۔

مُناکحت mu-naa-ka-hat: (ع، مث) نکاح کرنا، عقد کرنا۔

منال ma-naal: (ع، مذ) جاگیر، جائداد، مال و اسباب، دھن دولت۔

منّان man-naan: (ع، مذ) بہت احسان کرنے والا، نہایت نیکی کرنے والا، خدا تعالیٰ کا نام۔

منانا ma-naa-na(a): (ا، مص) روٹھے ہوئے کو راضی کرنا، رضامند کرنا، رجانا، منت ماننا، دعا کرنا۔

مناہی ma-naa-hi(i): (ع، مذ) منہی کی جمع منع کی ہوئی چیزیں، ناجائز باتیں خلاف شرع کام، روک ٹوک، ممانعت۔

منبت ma-nab-bat: (ع، مذ) اُگایا ہوا، ابھرا ہوا، وہ نقش جو اپنی سطح سے اوپر اٹھا ہوا۔

مُنبت کاری mu-nab-bat kaa-rii: (عف، مذ) بیل بوٹے کا کام جو لکڑی وغیرہ پر بنائے جاتے ہیں۔

منبر mim-bar: (ع، مذ) وہ بلند مقام جس پر کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر امام جمعہ یا عیدین کو خطبہ پڑھتا ہے۔ وعظ کہنے کا مقام، تقریر کرنے کی جگہ، وہ لکڑی کا زینہ جس پر بیٹھ کر مرثیہ پڑھتے ہیں۔

مُنبسط mum-ba-sit: (ع، مذ) پھیلنے والا، مجازاً خوش، مسرور۔

منبع mam-ba(?): (ع، مذ) پانی کی نکلنے کی جگہ، پانی جاری ہونے کا مقام۔ چشمہ، سوتا، پانی کا خزانہ، نکلنے کی جگہ۔

مِنّت min-nat: (ع، مث) عاجزی، خوشامد، چاپلوسی، احسان، بھلائی، سلوک، سپاس، احساس۔

مِنّت پذیر min-nat pa-ziir: (عف، صف) احسان مند، احسان ماننے والا اسم کیفیت مث: منت پذیری۔

مِنّت کرنا min-nat kar-na(a): (ا، مص مرکب) عاجزی کرنا، انکسار کرنا، التجا کرنا، خوشامد کرنا۔

مِنّت کش min-nat kash: (عف، صف) احسان مند، احسان اٹھانے والا۔ (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: منت کشی۔

مِنّت گزار min-nat gu-zaar: (عف، صف) شکرگزار۔

مَنّت man-nat: (ا، مث) نذر، عہد، نیاز، بھینٹ۔

منتج man-taj: (ع، صف) نتیجہ دیا ہوا، نتیجہ۔

منتج mun-taj: (ع، صف) نتیجہ دینے والا، ثمرہ بخشنے والا۔

منتخب mun-ta-Kab: (ع، مذ) انتخاب کیا گیا، چنا گیا، چھانٹا گیا، پسندیدہ، چنا ہوا، برگزیدہ، نایاب، عجیب، یکتا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

منتر man-tar: (س، مذ) جادو، ٹونا، سحر، افسوں، وید کا کوئی حصہ۔

منتری man-tri(i): (س، مذ) ہدایت کرنے والا، ہادی، راہبر، پیر و مرشد، صلاح کار، وزیر، مشیر، جادوگر۔

منتسب mun-ta-sib: (ع، مذ) نسبت رکھنے والا، لگاؤ رکھنے والا۔

منتشر mun-ta-shir: (ع، مذ) بکھرنے والا، پھیلنے والا، پراگندہ ہونے والا، متفرق، تتر بتر، حیران، پریشان (افعال: کرنا، ہونا)

منتصف mun-ta-saf: (ع، صف) آدھا، نصف۔

منتظَر mun-ta-zar: (ع، مذ) جس کا انتظار کیا جائے، وہ چیز جس کا انتظار ہو۔

منتظِر mun-ta-zir: (ع، مذ) انتظار کرنے والا، راہ تکنے والا، امیدوار، اسم کیفیت مث: منتظری۔

مُنتظِم mun-ta-zim: (ع، مذ) انتظام کرنے والا، اہتمام کرنے والا، ناظم، کفایت شعار، جز رس، مث: منتظمہ۔

مُنتفِع mun-ta-fi(?): (ع، مذ) نفع حاصل کرنے والا، فائدہ اٹھانے والا۔

مُنتقِل mun-ta-qil: (ع، صف فاعل) مکان بدلنے والا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔

مُنتقَل mun-ta-qal: (ع، صف، مفعولی) ایک جگہ سے دوسری جگہ کیا گیا، بدلا ہوا، تبدیل شدہ۔

مُنتقِم mun-ta-qim: (ع، صف) بدلہ لینے والا، انتقام لینے والا، عوض لینے والا، خدا تعالیٰ کا نام۔

مُنتہا mun-ta-ha(a): (ع، صف) انتہا کیا گیا، انتہا کو پہنچا ہوا۔ انجام کو پہنچا ہوا، پورا، کامل، تمام، مکمل، نتیجہ، انجام، ثمرہ، پھل، حاصل، حد۔

مُنتہی mun-ta-hi(i): (ع، صف) وہ شخص جو علم کی تحصیل پوری کر چکا ہو، انتہا کو پہنچنے والا۔

مِنَٹ mi-naT: (انگ، مذ) Minute گھنٹے کا ساٹھواں حصہ ساٹھ سیکنڈ کا وقفہ، پل، کسی مجلس کی کارروائی کے نکات۔

منثور man-suur: (ع، مذ) ان بندھا موتی، ذر ناسفتہ، پھیلا ہوا، منتشر، نثر کا۔

منجا man-jaa: (ھ، مذ) پلنگ، چارپائی (صف) رگڑا ہوا، صاف کیا ہوا، تجربہ کار، مث: منجی۔

منجدھار manj-dhaar: (ار، مث) سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار، مصیبت، عین مصیبت کی جگہ۔

منجر man-jar: (ع، مذ) کھینچا ہوا۔

منجلی man-ja-lii: (ع، مذ) روشن، ظاہر، آشکارا۔

مُنجّم mu-naj-jam: (ع، مذ) ستاروں کا علم جاننے والا، نجومی، جوتشی، اختر شناس۔

مُنجمِد mun-ja-mid: (ع، مذ) سردی سے جما ہوا، بستہ، ٹھوس (افعال: کرنا، ہونا)

منجن man-jan: (ار، مذ) دانتوں کے صاف کرنے کا سفوف۔

منجنا maNj-na(a): (ار، مص) رگڑ کر صاف ہونا، اُجلا ہونا، صیقل ہونا، شائستہ ہونا، تجربہ کار ہونا۔

منجھا maN-jha(a): (ار، مذ) لکڑی کا تختہ، چوکی، چرخے کا درمیانی حصہ، جس کے اوپر مال رہتی ہے۔ ایٹرن کے بیچ کی لکڑی، پلنگ، چارپائی۔

منجھلا maNjh-la(a): (ار، صف) درمیان کا، بیچ کا، درمیانی، مث: منجھلی۔

منجھنا maNjh-na(a): (ار، صف) رگڑ کر صاف ہونا۔

منجھو man-jhu(u): (ار، صف) منجھلا، درمیانی۔

منجھولا maN-jhuu-la(a): (ار، صف) بڑا نہ چھوٹا، درمیانہ، متوسط (مذ) اوسط درجہ کا دیگچہ۔ (جاندار چیز کے لیے مستعمل نہیں) مث: منجھولی۔

مُنحرِف mun-ha-rif: (ع، مذ) پھرنے والا، خم کھایا ہوا، ترچھا، ٹیڑھا، باغی، سرکش، غدار۔

مُنحصِر mun-ha-sir: (ع، مذ) گھیر لینے والا، موقوف، مشروط، متعلق، وابستہ۔

مُنحنی mun-ha-ni(i): (ع، مذ) جھکا ہوا، خمیدہ، ٹیڑھا، دُبلا پتلا، لاغر، کمزور۔

منحوس man-huus: (ع، مذ) بدبخت، بدنصیب، برا، مکروہ، گھناؤنا۔

منخر man-Kar: (ع، مذ) نتھنا، ناک کا سوراخ۔

مند mand: (ف، لاحقہ نسبت) والا، صاحب، جیسے خردمند، عقلمند وغیرہ۔

منڈا man-daa: (ار، صف) سستا، کم، ہلکا، دھیما، مدھم، مث: منڈی۔

مندر man-dir: (ار، مذ) گھر، مکان، محل، شوالا، معبد، پرستش گاہ۔

مُندرا mun-da-raa: (ھ، مذ) جوگیوں کے کان کا کنڈل، کان کا ایک زیور۔

مُندرج mun-da-rij: (ع، صف) درج ہونے والا، لکھا جانے والا، مث: مندرجہ۔

مُندرجہ بالا mun-dar-ja baa-la(a): (عف، صف) اوپر لکھا ہوا۔

مُندرس mun-da-ris: (ع، مذ) مٹا ہوا، کاٹا ہوا، پھٹا ہوا، خارج کیا ہوا، گھسا ہوا۔

مُندری mun-da-rii: (ھ، مث) دیکھئے 'مندرا' جس کی یہ تصغیر ہے، انگلی میں پہننے کا چھلا۔

مندل man-dal: (ھ، مث) ڈھول، پکھاوج، طبلہ، ڈھولنا، چرخے کے بیچ کی لکڑی، جس پر مال پھرتی ہے۔ وہ دائرہ جو عمل پڑھنے والے اپنے گرد بنا لیتے ہیں۔ چشمہ

مُندمل mun-da-mil: (ع، مذ) بھرنے والا زخم۔ (افعال: ہونا)

مُندنا muNd-na(a): (ار، مص) بند ہونا، مچنا، بھڑنا جیسے دروازہ مندنا، غائب ہونا، چھپنا۔

مندوب man-duub: (ع، مذ) نمائندہ، ممبر جو کام کے لیے بلایا گیا ہو۔

مُندیل mun-del: (ع، صف) طلائی، پگڑی، لنگی، سنہری دستار، تولیہ، رومال، انگوچھا، کمر کا پٹکا، پٹی۔

منڈا mun-daal: (ار، مذ) منڈ ہوا، وہ آدمی جس کا سر منڈا ہوا ہو، درخت جس کی شاخیں نہ ہوں، جانور جس کی سینگ نہ ہوں، مینار، گنبد، مندر، گرجا جس پر کلس نہ ہو، ایک قسم کا جوتا جس کی نوک نہیں ہوتی۔ (ار، مذ) لڑکا، بچہ پتنگ کا سرا، مث: منڈی۔ ایک زبان کے خاندان کا نام۔

مُنڈاسا mun-Daa-sa(a): (ھ، مذ) پگڑی، عمامہ، دستار (افعال: باندھنا، رکھنا)

مُنڈانا muN-Daa-na(a): (ار، مص) استرہ پھروانا، بال صاف کرانا، ڈاڑھی صاف کرانا۔

مُنڈائی muN-Daa-i(i): (ار، مث) دیکھیے 'منڈانا' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ منڈانے کی اجرت۔

مَنڈپ man-Dap: (س، مذ) وہ کھلی جگہ جہاں بیاہ وغیرہ کی تقریب کا انتظام ہو، مندر، دیر، معبد۔

مُنڈکڑی muND-ka-Rii: (ھ، مث) گھٹنوں میں سر دے کر بیٹھنے کا طریقہ (افعال: مارنا)

منڈل man-Dal: (س، مذ) گھیرا، دائرہ، چکر، گول خیمہ یا تینوں احاطہ، صوبہ، ضلع، پرگنہ، نمبردار، گاؤں کا بڑا پٹواری، گردش۔

منڈلانا manD-laa-naa: (ار، مص) چکر لگانا، گھومنا، حلقہ باندھنا، گول دائروں میں اُڑنا۔

منڈلی manD-li(i): (ھ، مث) ٹولی، گروہ، جتھا، جماعت، وہ غلہ جس پر بیل چلانے جاتے ہیں۔

مُنڈن mun-Dan: (ھ، مذ) سر کا منڈایا جانا، بچے کے بالوں کا پہلی دفعہ منڈایا جانا، موئڈن۔

مُنڈنا muND-na(a): (ار، مص) حجامت بننا، مال منڈے جانا دھوکے میں آ کر نقصان اٹھانا۔

منڈوا maND-va(a): (ھ، مذ) ایک قسم کا ادنیٰ غلہ، تھیٹر، تماشا گاہ، پنڈال۔

مُنڈوانا muND-vaa-na(a): (ار، مص) بال صاف کرانا، چوری کرانا، لٹوانا، ٹھگوانا، دھوکے سے خرچ کرانا۔

منڈھا maN-Dha(a): (ھ، مذ) وہ سائبان جو ہندوؤں میں شادی کے روز بطور رسم تانا جاتا ہے۔ اور

جس کے نیچے دولہا دولہن کے پھیرے ہوتے ہیں۔ ایک قسم کے گیت جو دلہن کی رخصتی کے وقت گائے جاتے ہیں۔

مُنڈھنا muNDh-na(a): (ہ، مص) پوشش ہونا کرنا، کپڑا، کاغذ، چڑا وغیرہ چڑھانا، مڑھنا، بھانپنا، ڈھانپنا، ڈھانکنا، ذمے لگانا، سر کرنا، گلے مڑھنا، رچنا، بسنا، مچنا۔

مُنڈھوانا muNDh-vaa-na(a): (ار، مص) دیکھیے 'منڈھانا'

مُنڈھوائی muNDh-vaa-i(i): (ار، مث) منڈھنے کی اُجرت، پوشش کرائی کی مزدوری۔

منڈی man-Di(i): (ار، مث) تجارت گاہ، بازار، پاٹ، بڑا بازار، تھوک فروشی کی جگہ۔

منڈیانا maND-yaa-na(a): (ار، مص) کلف لگانا، مانڈی لگانا، مانڈنا، چاول کی پیچ یا نشاستہ وغیرہ سے کپڑے یا کاغذ کو سخت بنانا۔

منڈیٹ men-DeT: (انگ، مذ) Mandate حاکم عدالت کا حکم، ہدایت، حق وکالت، انجمن اقوام کی طرف سے کسی ریاست کو کسی ملک پر حکومت کرنے کا عارضی اختیار (قانون) معاہدہ جس کی رو سے کوئی شخص بلا معاوضہ کسی خدمت کے انجام دینے کا اقرار کرے۔

مُنڈیر mun-Der: (ار، مث) دیوار کا اوپر کا حصہ جو ڈھلوان ہوتا ہے، پشتہ، مینڈھ، تصغیر مث: منڈھیری۔

منزِل man-zil: (ع، مث) اترنے کی جگہ، ٹھہرنے کا مقام، سرائے، ٹھکانا، مسافر خانہ، پڑاؤ، ایک دن کا سفر، مرحلہ، گھر، مکان، مسکن مکان کا ایک درجہ، چاند کا گھر، قرآن مجید کے سات حصوں میں سے ایک حصہ۔

منزِل بہ منزل man-zil ba man-zil: (ف، متعلق فعل) پڑاؤ پڑاؤ، ایک ایک پڑاؤ، بتدریج، درجہ بدرجہ۔

منزِل man-zal: (ع، صف) نیچے اترنے والا، انزال ہونے والا (افعال: ہونا)

منزِلت ma-na-zi-lat: (ع، مث) توقیر، قدر، عزت، اعزاز، وقعت، درجہ، مرتبہ۔

منزِلہ man-zi-lah: (ع، صف) درجے کا، کھنڈ والا جیسے دو منزلہ۔

منزّہ mu-naz-zah: (ع، مذ) عیبوں سے بری، پاک، مبرا۔

منسٹر mi-nas-Tar: (انگ، مذ) Minister وزیر، دیوان، مدار المہام۔

منسلِک mun-sa-lik: (ع، مذ) لڑی میں پرویا جانے والا، شامل مشمولہ۔ (افعال: کرنا، ہونا) مث: منسلکہ۔

منسوب man-suub: (ع، مذ) نسبت کیا گیا، متعلق کیا ہوا، جس سے نسبت یعنی منگنی ہو۔ (افعال: کرنا، ہونا) مث: منسوبہ۔

منسوخ man-suuK: (ع، صف) رد کیا ہوا، نابود کیا گیا، ترک کیا گیا۔ (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: منسوخی۔

منش ma-nish: (ار، مذ) آدمی، مرد، شخص، خاوند، شوہر، پتی، گھر والا۔

منشا man-shaa: (ع، مذ) پیدا ہونے کی جگہ۔ (مجازاً) سبب، باعث، وجہ، ارادہ، مطلب، مقصد، مراد، مقصود، عندیہ۔

مُنشآت mun-sha-aat: (ع، مذ) مسودہ، عبارتیں، تصنیفات۔

منشور man-shuur: (ع، مذ) تتر بتر، بکھرا ہوا، شاہی فرمان، پروانہ جماعتی اعلان، انگریزی لفظ

Manifesto کا ترجمہ، وہ سیدھا شیشہ جس سے گزر کر شعاعیں پھیلتی ہیں۔

منشور مُثلثی man-shuur mu-sal-sii: (ع،مث) تکونا شیشہ جس میں سے شعاعیں گزر کر مختلف رنگوں میں تقسیم ہو کر پھیل جاتی ہیں۔

مُنشی mun-shii: (ع، مذ) پیدا کرنے والا، آغاز کرنے والا، لکھنے والا، محسور، مصدری، نویسندہ، مضمون نگار، خوش قلم، خوش تحریر۔

مُنشی خانہ mun-shii-Kaa-na(h): (عف، مذ) فارسی دفتر، اردو دفتر، ڈاک، بنگلوں کے ساتھ ایک چھوٹا سا مکان جس میں افسروں کے منشی ٹھہراتے ہیں۔

مُنشی گری mun-shii-gi-ri(i): (عف، مث) دیکھیے 'منشی' جس کا یہ اسم کیفیت یہ ہے، منشی کا پیشہ۔

مُنشی ma-nash-shi(i): (ار، صف) نشہ لانے والی چیز۔ (فارسی نشہ سے غلط طور پر عربی قاعدہ پر بنایا گیا ہے)

منشیانہ mun-shi-yaa-nah: (عف، صف) منشیوں کا سا، منشی کا محنتانہ۔

منصب man-sab: (ع، مذ) رتبہ، عہدہ، درجہ، مرتبہ، کام، خدمت، حوصلہ، بحالی، طاقت یہ لفظ عام طور پر صاد کے زبر سے بولا جاتا ہے۔ صف نسبتی: منصبی۔

منصب دار man-sab-daar: (عف، صف) عہدہ دار، عامل، عالم، نسلاً بعد نسلاً وظیفہ پانے والا۔

مُنصرف mun-sa-rif: (ع، مذ) پھر جانے والا، ایک حال سے دوسرے حال میں لوٹ جانے والا، باغی، منحرف، اصطلاح صرف و نحو میں وہ جس کی گردان ہو سکے۔

مُنصرم mun-sa-rim: (ع، مذ) منتظم، انتظام کرنے والا، مہتمم، سربراہ، منیجر، منیم۔

مُنصف mun-sif: (ع، مذ) انصاف کرنے والا، عادل، اسم کیفیت مث: منصفی۔

مُنصفانہ mun-si-faa-nah: (عف، صف) از روئے انصاف، عدل کے اعتبار سے: دو ٹوک، ٹھیک ٹھیک۔

منصوب man-suub: (ع، مذ) کھڑا، سیدھا، قائم، کھڑا کیا گیا، وہ حرف جس پر زبر ہو، مفتوح۔

منصوبہ man-suu-bah: (ع، مذ) کھڑی ہوئی چیز، تجویز، تدبیر، توڑ جوڑ، حکمت دانائی۔

منصوبہ باز man-suu-bah-baaz: (عف، صف) ارادے گانٹھنے والا، سوچنے والا، دور اندیش، مدبر۔

منصوبہ بندی man-suu-bah-ban-dii: (عف، مث) تجویز کرنا، تدبیر کرنا، خاکہ یا نقشہ بنانا، طریق یا عمل تجویز کرنا، انگریزی لفظ Planning، کا ترجمہ۔

منصور man-suur: (ع، مذ) نصرت دیا گیا، مدد دیا گیا، مظفر، فتحمند۔

منصوص man-suus: (ع، مذ) تحقیق کیا گیا، ظاہر کیا گیا، کمال تحقیق کو پہنچا ہوا، قرآن شریف کی وہ آیت جو قابل تاویل نہ ہو۔ وہ حدیث جو کامل طور سے ثابت ہو گئی ہو۔

مُنصّہ mu-nas-sah: (ع، مذ) ظاہر ہونے کی جگہ، جلوہ گاہ، وہ تخت یا چوکی جس پر دلہن کو بٹھا کر جلوہ کراتے ہیں۔ مجلہ عروسی جسے خوب سجایا جائے۔

مُنضبط mun-za-bit: (ع، مذ) پیوستہ، ضبط میں آنے یا لانے والا مضبوط۔

مُنضم mun-zam: (ع، مذ) ملایا گیا، ملایا ہوا، شامل، پیوستہ۔

مُنطبع mun-ta-bi(?): (ع، مذ) چھپنے والا، منقوش

ہونے والا، مث: منطبعہ۔

مُنطبِق mun-ta-baq: (ع، مذ) برابر، موافق، اوپر تلے ٹھیک آنے والا۔

منطِق man-tiq: (ع، مث) نطق، گویائی، گفتگو، بات چیت، فصاحت، خوش کلامی، تلفظ، لہجہ، ٹھیک طور سے سوچنے کا علم، وہ علم جو عقلی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو ناحق کر دیتا ہے۔

مِنطقہ min-ta-qah: (ع، مذ) کمر میں باندھنے کا پٹکا، وہ فرضی خط جو زمین کے چاروں طرف کھینچا گیا ہے۔ دائرہ، حلقہ۔

منظر man-zar: (ع، مذ) جائے نظر، آنکھ، نظر، نظارہ، سیرگاہ، تماشا گاہ، چہرہ، صورت، شکل، حدِ نظر، حدِ نگاہ، دریچہ، کھڑکی، روزن، سوراخ، اونچی عمارت لاٹھ، مینار۔

منظرِ چشم man-za-re-chashm: (ع، ف، مث) آنکھ کی پتلی۔

منظرِ عام man-za-re-(?)aam: (عف، مذ) کھلی جگہ، گزرگاہ عام، شاہراہ عام۔

مُنظّم mu-naz-zam: (ع، مذ) دھاگے میں پرویا ہوا، موزوں کلام، وہ چیز جو انتظام سے ہو۔

منظور man-zuur: (ع، صف) دیکھا گیا، نظر کیا گیا، پسندیدہ مقبول مانا گیا۔ اسم کیفیت مث: منظوری (افعال: کرنا، ہونا)

منظورِ نظر man-zuu-re-na-zar: (ع، صف) بترکیب فارسی نظر کو پسند، مرغوب عزیز، پیارا، بیٹا، محبوب، جس پر کسی کی نظر عنایت ہو۔

منظوم man-zuum: (ع، صف، مفعولی) نظم کیا گیا، اشعار میں لایا گیا، پرویا گیا، منسلک کیا گیا۔

منع ma-na(?): (ع، مذ) باز رکھنا، روکنا۔ (صف) ناجائز، نادرست، نامناسب (افعال: کرنا، ہونا)

مُنعطِف mun-(?)a-tif: (ع، صف) مڑنے والا، پلٹنے والا، پھرنے والا۔

مُنعقِد mun-(?)a-qid: (ع، صف) بندھنے والا، کنایۃً مقرر ہونے والا ٹھہرنے والا۔

مُنعکِس mun-(?)a-kis: (ع، صف) عکس قبول کرنے والا، شعاع جو لوٹ کر آئی ہو، اُلٹا، اوندھا، سرنگوں۔

مُنغّص mu-naG-Gas: (ع، صف) مکدر، رنجیدہ، افسردہ، ناراض۔

منفذ man-fad: (ع، مذ) گزرنے کی جگہ، راستہ، سوراخ، مسام، رخنہ، روزن۔

مُنفرِج mun-fi-raj: (ع، صف) کشادہ، وسیع، کھلا، مث: منفرجہ۔

مُنفرِد mun-fa-rid: (ع، صف) اکیلا، تنہا، یکتا، یگانہ، واحد۔

مُنفصِل mun-fa-sil: (ع، صف) جدا ہونے والا، علیحدہ ہونے والا، فیصل ہونے والا، مث: منفصلہ۔

منفعت man-fa-(?)at: (ع، مث) نفع، سود، فائدہ، حاصل۔

مُنفعِل mun-fa-(?)il: (ع، صف) اثر قبول کرنے والا، نادم، شرمندہ۔

مُنفک mun-fak: (ع، صف) الگ کیا گیا، علیحدہ کیا گیا، جدا کیا گیا۔

منفی man-fii: (ع، صف) نفی کیا گیا، تفریق کیا گیا، منہا کیا گیا۔ خارج کیا گیا، جدا کیا گیا، (صرف و نحو) وہ جس سے کسی کام کا نہ ہونا پایا جائے۔ تخربی۔

مُنقّا mu-naq-qaa: (ع، مذ) منقی، خشک شدہ انگور۔

مُنقاد mun-qaad: (ع،صف،مفعولی) تابع، مطیع، زیرِحکم، فرمانبردار۔

مِنقار min-qaar: (ع،مث) چونچ۔

منقبت man-qa-bat: (ع،مث) کوئی چیز جس پر انسان فخر کرے یا اُسے ممتاز بنائے، تعریف، توصیف، صفت، ثنا، (اہلِ بیت کی)

مُنقبض mun-qa-biz: (ع،صف) ناراض، مکدر، افسردہ، ناخوش، سکڑنے والا۔

مُنقّح mu-naq-qah: (ع،صف، مفعولی) ظاہر کیا گیا، صاف کیا گیا، پاک کیا گیا، کمزور الفاظ یا شعروں سے حذف کیا گیا۔

مُنقرض mun-qa-riz: (ع،صف،مفعولی) کاٹا گیا، کترا ہوا، گزرا ہوا، بریدہ۔

مُنقسم mun-qa-sim: (ع، صف، فاعلی) تقسیم ہونے والا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مُنقّش mu-naq-qash: (ع،صف،مفعولی) نقش کیا گیا، کھودا گیا، نقش و نگار کیا گیا، بیل بوٹے دار۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مُنقضی mun-qa-zi(i): (ع، صف، فاعلی) گزرنے والا، گزرا ہوا، گزشتہ (افعال: ہونا)

مُنقطع mun-qa-ta(?): (ع، صف فاعلی) قطع ہونے والا، اختتام کو پہنچنے والا۔ فیصل شدہ، تصفیہ شدہ۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مِنقل min-qal: (ع،مث) انگیٹھی۔

مُنقلب mun-qa-lib: (ع، صف، فاعلی) الٹنے والا، گردش کھانے والا، لوٹنے والا، پھر جانے والا، اوندھا، مث: منقلبہ۔

منقوش man-quush: (ع،مفعول) نقش کیا گیا، نقش و نگار کیا گیا، کندہ کیا گیا، کھدا ہوا۔

منقوط man-quut: (ع،مفعول) نقطہ دیا گیا، نقطہ والا، نقطہ دار، مث: منقوطہ۔

منقول man-quul: (ع،مفعول) نقل کیا گیا، بیان کیا گیا، ذکر کیا گیا، اتارا یا، لکھا گیا، ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا (مث) وہ علم جس میں صرف ان باتوں سے بحث ہو جو دوسروں نے بیان کی ہوں، مث: منقولہ۔

منقولات man-quu-laat: (ع، مث) دیکھیے "منقول" جس کی یہ جمع ہے۔ روایات۔

منقولی man-quu-li(i): (ع،صف) دیکھیے 'منقول' جس سے یہ منسوب ہے، کتابی، روائتی۔

مُنقّٰی mu-naq-qa(a): (ع، مفعول) صاف کیا گیا، مصفا، بیج نکالا ہوا (مذ) خشک انگور (اصل میں مویز منقی تھا، بمعنی صاف کیا ہوا مویز، اس کی جگہ اب صرف منقی استعمال ہوتا ہے۔)

مُنقّی mu-naq-qi(i): (ع، فاعل) صاف کرنے والا، پاک کرنے والا۔

منکا man-ka(a): (ہ،مذ) مالا کا دانہ، کانچ کا نگینہ، وہ مہرے جن کو فقیر گلے میں ڈالے رہتے ہیں، گردن کا مہرہ۔ ایک خاص قسم کے سانپ کے منہ کا پتھر۔

منکر mun-kar: (ع،مفعولی) انکار کیا گیا، مکروہ، خراب، ناشائستہ (مذ) ایک فرشتہ جو نکیر کے ساتھ مل کر قبر میں سوال کرے گا، خلاف شرع کام۔

منکِر mun-kir: (ع، فاعل) انکار کرنے والا، مکرنے والا، نہ ماننے والا، خدا سے انکار کرنے والا، کافر، بے دین، ملحد، دہریہ (افعال: کرنا، ہونا)

منکر نکیر mun-kar na-kiir: (ع،مذ) فرشتے جو قبر میں سوال کریں گے۔

منکسر mun-ka-sir: (ع، فاعلی) ٹوٹنے والا،

عاجز، مسکین، انکسار کرنے والا۔

منکسرُ المزاج / منکسر مزاج mun-ka-si-rul mi-zaaj/mun-ka-sir mi-zaaj: (ع، صف) وہ شخص جس کی طبیعت میں انکسار و عاجزی ہو۔

منکشف mun-ka-shif: (ع، صف) کھلنے والا، کھلا ہوا، ظاہر، آشکار۔

منکوب man-kuub: (ع، صف) خراب، بدحال، مفلس۔

منکوحہ man-kuu-hah: (ع، صف) (نکاح) عورت، نکاح کی بیوی، زوجہ، جورو، استری۔

منگتا mang-ta(a): (ہ، مذ) بھیک مانگنے والا، بھکاری، گدا، فقیر، مث: منگتی۔

منگھچی / منگوچی maNgh-chil/maN-guu-chii: (ہ، مث) مونگ کی پھلی، مونگ کی دال کی تلی ہوئی بڑیاں۔

منگل man-gal: (س، مذ) خوشی، مسرت، خوشی کا گیت، مریخ ستارہ، پیر کے بعد والا دن، سہ شنبہ۔

منگنی mang-ni(i): (ہ، مث) شادی سے پہلے کی ایک رسم جس میں مرد کو عورت سے اور عورت کو مرد سے منسوب کرتے ہیں، نسبت (افعال: کرنا، ہونا)

منگیتر maN-ge-tar: (ہ، مذ مث) وہ لڑکا یا لڑکی جس کی منگنی کی گئی ہو، ہو چکی ہو۔

منمنانا min-mi-naa-na(a): (ہ، صف) ناک میں بات کرنا، مث۔

منمنا mun-mu-na(a): (ہ، مذ) ایک قسم کا چھوٹا اور کالے رنگ کا دانہ جو گیہوں کے ساتھ اگتا ہے اور گیہوں میں مل جائے تو آٹے کو کڑوا کر دیتا ہے، چھوٹا سا، ننھا سا۔

منوال min-vaal: (ع، مذ) وہ لکڑی جس پر جلاہا کپڑا بن کر لپیٹتا جاتا ہے (طرز، طور، ڈھنگ، طریقہ، وضع، دستور، رسم)

منوانا man-vaa-na(a): (ہ، مص) تسلیم کرانا، اقبال کرنا، اقرار کرالینا۔

منوتی ma-nau-ti(i): (ہ، مث) تسلی، تشفی، ضمانت، تسلیم قبولیت، رضامندی، وہ نقدی جو ساہوکار سود سے زیادہ لے۔

منوّر mu-nav-var: (ع، مفعول) روشنی دیا گیا، نور دیا گیا، روشن تاباں، چمکیلا۔

منوّم mu-nav-vim: (ع، صف فاعلی) نیند لانے والا، سلانے والا۔

منوّم mu-nav-vam: (ع، صف، مفعولی) سلایا گیا، مسمریزم سے سلایا گیا۔

منوہر ma-nau-har: (ہ، صف) خوبصورت، حسین، دل پسند، دل پذیر۔

مُنہ / منھ muNh: (ہ، مذ) سوراخ، موری، کھڑکی، دروازہ، راستہ، دہن، مکھ، چہرہ، شکل، پاس، لحاظ، حوصلہ، کلام، کلمہ، سامنے، نوک، طرف، سمت۔

منہ بند / بندھی کلی muNh-band/bandhi-ka-li(i): (ار، مث) شگوفہ، بن کھلا پھول، کنواری، باکرہ۔

منہ بولا muNh-bo-la(a): (ار، صف) منہ سے کہا ہوا، زبان سے بنایا ہوا، زبان سے پکارا ہوا، جیسے منہ بولا بھائی، بیٹا، باپ وغیرہ ہم (افعال: بنانا) مث: منہ بولی۔

منہ پھٹ muNh-phaT: (ار، صف) زبان دراز، بدزبان، منہ زور، موقع بے موقع بولنا۔

منہ چڑھا muNh-cha-Rha(a): (ار، صف) سرچڑھا، گستاخ، بے ادب، ضدی مث: منہ چڑھی۔

منہ در منہ muNh-dar-munh: (ار، متعلق،

فعل) روبرو، سامنے، رودررو، بالمواجہ۔

مُنہ دِکھائی / دِکھلائی muNh di-khaa-i(i)/ dikh-laa-i(i): (ار، مث) رونمائی، وہ نقدی یا زیور وغیرہ جو کسی نئی دلہن کا منہ دیکھ کر اُسے نذرانہ دیتے ہیں۔ یہ سسرال کے رشتہ داروں کی طرف سے دی جاتی ہے۔

مُنہ زبانی muNh-za-baa-ni(i): (ار، صف) زبانی، بلاتحریر، بلا لکھے، حفظ، باہم زبانی گفتگو۔

مُنہ زور muNh-zor: (ار، صف) منہ پھٹ، دیدہ دہن، بدزبان، بکواسی، بکّی، بہت باتیں کرنے والا، سرکش، شریر، بدلگام، لگام کو نہ ماننے والا گھوڑا، اسم کیفیت مث: منہ زوری۔

مُنہ کالا muNh-kaa-la(a): (ار، صف) بدنام، رسوا، بدافعال، بدکردار (بددعا) خدا غارت کرے۔

مُنہ لگا munh la-ga(a): (ار، صف) سرچڑھا، مث: منہ لگی۔

مُنہ مانگا muNh-maaN-ga(a): (ار، صف) حسب خواہش، جیسا منہ سے کہا ہو، مث: منہ مانگی۔

منہال man-haal: (ار، مث) وہ ٹونٹی جو حقے کی نے کے آگے لگی رہتی ہے اور جسے منہ میں لے کر کش لگاتے ہیں۔

مِنہا min-haa: (ع، مذ) تفریق، نفی، منفی، وضع، مجرا (افعال: کرنا، ہونا)

مِنہاج min-haaj: (ع، مذ) کھلی سڑک، شاہ راہ، شارع عام۔

منہار man-haar: (ار، مذ) چوڑیاں بنانے والا یا بیچنے والا۔ مث: منہارن، منہاری۔

مِنہائی min-haa-i(i): (عف، مث) گھٹاؤ، تفریق، نفی۔

مُنہدم mun-ha-dim: (ع، مذ) گرنے والا، خراب ہونے والا، برباد، ویران۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مِنہدی / مہندی miNh-dii: (ار، مث) ایک قسم کا درخت جس کی پتیاں پیس کر لگانے سے سرخی آجاتی ہے۔ شادی سے پہلے ایک رسم جس میں دولہا کے گھر سے دولہن کے یہاں مہندی کے ساتھ سنگار کی چیزیں بھیجی جاتی ہیں۔ محرم کی ساتویں کو رنگین کاغذ سے منڈھ کر ایک ڈھانچ بناتے ہیں اور حضرت قاسم کی مہندی کے نام سے امام باڑوں میں لے جاتے ہیں۔ وہ نظمیں جو شادی یا محرم کی مہندی کے موقعوں پر پڑھی جاتی ہیں۔

مُنہزم mun-ha-zim: (ع، مذ) شکست کھانے والا، پیٹھ دکھانے والا، لڑائی سے بھاگنے والا۔

مُنہضِم mun-ha-zim: (ع، مذ) ہضم ہونے والا، پچنے والا۔

مُنہمِک mun-ha-mik: (ع، مذ) کسی کام میں بہت مصروف۔ کام میں بے حد کوشش کرنے والا۔

منہی man-hi(i): (ع، مذ) منع کی گئی، ممانعت کی گئی، روکی گئی، جمع منہیات۔

منی ma-ni(i): (ع، مث) وہ سفید لیسدار رطوبت جو عضو تناسل سے بوقت انزال نکلتی ہے۔ دھات، ویرج، نطفہ۔

منی ma-nii: (ت، مث) غرور، تکبر، خود بینی، نخوت، خودی۔

منی آرڈر ma-niiaa-Dar: (انگ، مذ) Money-order روپیہ جو ڈاک کے ذریعہ بھیجا جاتا ہے۔

منی بیگ ma-nii beg: (انگ، مذ) Money bag نقدی رکھنے کا بٹوا۔

مُنی mu-ni(i): (س، مذ) زاہد، رشی، مرتاض۔

مُنّی mun-ni(i): (ہ، مث) چھوٹی بچی، چھوٹی چیز۔

مُنیا mun-yaa: (ہ، مث) لال کی مادہ، پدڑی۔

مُنیب mu-niib: (ع، مذ) آقا، مالک، مربی، سرپرست، رجوع کرنے والا، توبہ کرنے والا۔

منیجر me-ne-jar: (انگ، مذ) Manager، منتظم، مہتمم۔

مُنیر mu-niir: (ع، صف) روشن، چمکدار، روشنی دینے والا۔

مُنیم mu-niim: (ار، مذ) منیب کا بگڑا ہوا، محاسب، محرر، حساب رکھنے والا۔

م ـ و

مُو muu: (ف، مذ) بال، کیس

مُوباف muu-baaf: (ف، مذ) وہ ڈوری، پٹی یا فیتہ جو عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں۔ چوٹی باندھنے کا کپڑا، پراندہ۔

مُوبمُو muu-ba-muu: (ف، مذ) بال بال، ذرا ذرا، حرف بہ حرف، سب کا سب، کُل۔

مُوپریشان muu-pa-re-shaan: (ف، صف) بال بکھرے ہوئے۔

مُوتراش mu-ta-raash: (ف، مذ) بال کاٹنے والا، اُسترہ۔

مُوشگاف mu-sha-gaaf: (ف، صف) باریک بین، نکتہ رس، بال کی کھال کھینچنے والا، اسم کیفیت مث: موشگافی۔

مُوقلم muu-qa-lam: (ف، مذ) مصوروں کا باریک برش، بالوں کا قلم۔

مُوکشاں muu-ka-shaaN: (ف، صف) سر کے بال کھینچتے ہوئے۔

مُوئے زہار muu-ye-za-haar: (ف، مذ) وہ بال جو زیر ناف ہوتے ہیں۔ وہ بال جو اندام نہانی یا عضو تناسل کے اردگرد ہوتے ہیں۔ جھائیں۔

مُوئے کمر muu-ye-ka-mar: (ف مث) پتلی کمر۔

مُوئے مُبارک muu-ye-mu-baa-rak: (ف، مذ) کسی بزرگ کے مقدس بال، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ریش مبارک کے بالوں کے واسطے مخصوص ہے۔

مَوّا/مَہُوا mav-va(a)/ ma-hu-va(a): (ار، مذ) ایک درخت کا نام جس کے پھلوں کو کھاتے اور شراب بناتے ہیں اور بیجوں کا تیل وغیرہ نکالتے ہیں۔

مُوا muu-a(a): (ار، صف) مردہ، بے جان، نگوڑا، نامراد، خانہ خراب مرگیا۔

مَوّاج mav-vaaj: (ع، مبالغہ) موجیں مارنے والا، لہریں مارنے والا، طوفان خیز، تند و تیز۔

مَواجِب ma-vaa-jib: (ع، مذ) دیکھیے 'موجب' جس کی یہ جمع ہے۔ تنخواہ، مشاہرہ، اجرت۔

مُواجہہ mu-vaa-ja-ha(a): (ع، مذ) روبرو، سامنے، مقابل۔

مواخات ma-vaa-Kaat: (ع مث) بھائی چارہ۔

مواخذہ mu-vaaK-zah: (ع، مذ) جواب طلبی، گرفت، باز پرس، بدلہ، عوض، مکافات۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مواخذ دار mu-a-Kaz-daar: (عف، صف) جواب دہ، ذمہ دار۔

مواد ma-vaad: (ع، مذ) دیکھیے 'مادہ' جس کی یہ جمع ہے۔ پیپ، رطوبت، سامان، اشیاء۔

موازنہ ma-vaaz-nah: (ع، مذ) برابری، ہم

وزن ہونا، اندازہ کرنا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مؤازی mu-va-zi(i): (ع، مذ) برابر، مقابل، مجازی، ہم قیمت، تخمینا، تیا سا، یہ لفظ عموماً نکوں، آنوں اور بیگھوں وغیرہ کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے۔ جیسے موازی چار آنے، موازی دو بیگھ

مُواسات mu-vaa-saat: (ع، مث) غم خواری، صلح، یاوری۔

مواشی ma-vaa-shii: (ع، مذ) ماشیہ کی جمع، بہت تیز چلنے والا، چوپائے، بیل، گائے، گھوڑا، گدھا، بھینس، بھیڑ، بکری، اونٹ وغیرہ، اردو میں مویشی مستعمل ہے۔

مواصلات ma-vaa-sa-laat: (ع، مذ) ذرائع حمل ونقل، انگریزی لفظ MeansofCommunication کا ترجمہ۔

مواصلت ma-vaa-sa-lat: (ع، مث) ملاقات، وصل، ملنا، پیوستگی۔

مواضع ma-vaa-zi(?): (ع، مذ) دیکھیے موضع جس کی یہ جمع ہے۔

مواعظ ma-vaa-(?)iz: (ع، مث) دیکھیے 'مواعظت' جس کی یہ جمع ہے۔

مُوافِق mu-vaa-fiq: (ع، مذ) مطابق، یکساں، برابر کا، ہم شکل، ٹھیک، مشابہ، لائق، سزاوار، موافقت کرنے والا۔

مُوافقت mu-vaa-fi-qat: (ع، مث) مطابقت، برابری، ساتھ، اتفاق، دوستی، رسائی (افعال: کرنا، آنا، ہونا، رکھنا، کھانا)

مواقع ma-vaa-qe(?): (ع، مذ) دیکھیے 'موقف' جس کی یہ جمع ہے، ربط ضبط، راہ ورسم، منزلیں، مرحلے۔

مُوالات mu-vaa-laat: (ع، مث) باہمی اتحاد، آپس کی دوستی۔

موالی ma-vaa-lii: (ع، مذ) دیکھیے 'مولی' جس کی یہ جمع ہے، دوست، غلام۔

موالید ma-vaa-liid: (ع، مذ) دیکھیے 'مولود' جس کی یہ جمع ہے۔

موانع ma-vaa-ni(?): (ع، مذ) دیکھیے 'مانع' جس کی یہ جمع ہے، روکنے والے۔

مواہب ma-vaa-hib: (ع، مث) دیکھیے 'موہبت' جس کی جمع ہے۔

موبد mo-hid: (ف، مذ) آتش پرستوں کا ملا، حکیم، فلاسفر، دانشمند۔

موپلا mo-pa-laa: (ار، مذ) جنوبی ہند میں ایک مسلمان قوم جو عرب نسل سے ہے، اور مالابار میں رہتی ہے۔

موت muut: (ار، مذ) پیشاب، منی، نطفہ۔

موت maut: (ع، مث) اجل، مرگ، قضا، وفات، انتقال، خرابی، شامت۔

موتاری mo-taa-rii: (ار، مذق) جوگیوں کا عصا۔

مؤتمر muu-ta-mar: (ع، مث) مجلس شوریٰ، کانفرنس۔

مؤتمن muu-ta-min: (ع، مث) امانت دار، وہ شخص جو کسی کے مال میں خیانت نہ کرے۔

موتنا muut-naa: (ار، مص) پیشاب کرنا۔

موتی mo-ti(i): (ار، مذ) گوہر، دُر، مروارید، (صف) صاف، شفاف، آب دار۔

موتی پاک/پاگ mo-tii paak/g: (ار، مذ) ایک قسم کی مٹھائی۔

موتی جھرا mo-ti-jha-ra(a): (ار، مذ) ایک بیماری جو عام طور پر بچوں کو ہوتی ہے جس میں جسم پر باریک باریک دانے نکل آتے ہیں۔ کھسرا۔

موتی چور mo-tii-chuur: (ار، صف) چمکیلا،

موتیوں کے چورے کی طرح سمجھدار، آنکھوں کی تعریف میں مستعمل ہے۔ چمکدار، آب دار، ایک قسم کی مٹھائی ایک قسم کے کابلی کبوتروں کی چمکدار آنکھ۔

موتی چور کا لڈو mo-tii chuur ka laD-Duu: (ار، مذ) ایک قسم کے مٹھائی کے گولے جو نکتیوں سے بناتے ہیں۔

موتی محل mo-tii-ma-hal: (ار، مذ) موتیوں کا بنا ہوا محل، ایک خوبصورت محل جو لال قلعہ دہلی میں سنگ سرخ اور سنگ مرمر کا بنا ہوا ہے۔

موتیا mot-yaa: (ار، صف) موتی کی مانند، (ار، مذ، مث) بیلے کی ایک عمدہ قسم، ایک قسم کی چیچک جس میں بڑی بڑی سرخ پھنسیاں نکل آتی ہیں۔

موتیا بند mot-yaa-bind: (ار، مذ) آنکھ میں پانی اتر آنے کا مرض جس سے بینائی جاتی رہتی ہے، نزول الماء۔

موٹا mau-Taa: (ہ، صف) لحیم و شحیم، فربہ، تنومند، تیار، گاڑھا، دبیز، ادنیٰ درجے کا، سخت ناگوار، فحش، مضبوط، قوی، جلی، خفی کا نقیض، اسم کیفیت مذ: موٹاپن، مث: موٹی، اسم کیفیت مث: موٹائی۔

موٹا تازہ mau-Taa taa-zah: (ار، صف) تندرست، توانا، تیار۔

موٹا جھوٹا mo-Taa-jhuu-Taa: (ار، مذ) ادنیٰ قسم کا گھٹیا۔

موٹا قلم mo-Taa qa-lam: (ار، مذ) جلی خط، بڑے بڑے حرف، جلی قلم وہ قلم جس سے بڑے بڑے حرف لکھے جائیں۔

موٹر mo-Tar: (انگ، مث / مذ) Motor، بگھی نما گاڑی جو پٹرول سے چلتی ہے، کار۔

موٹھ mauTh: (ہ، مث) ایک قسم کا غلہ جس کی عموماً دال بناتے ہیں۔

موٹھ muuTh: (ہ، مث) دستہ، قبضہ گرفت، مٹھی، مشت، جادو، سحر، ٹونا۔

موٹھڑا moTh-raa: (ار، مذ) ایک قسم کا موٹا دھاری دار کپڑا، نقرئی یا طلائی کام جو تلوار یا کٹار پر بنا ہوتا ہے۔

مؤثر mu-as-sir: (ع، مذ) تاثیر کرنے والا، اثر کرنے والا، کارگر مث: موثرہ۔ جمع: موثرات۔

موثق ma-vas-saq: (ع، مذ) پکا مضبوط۔

موج mauj: (ع، مث) لہر، ترنگ، امنگ، جوش، ولولہ، طبیعت کی خوشی، کثرت، افراط۔

موج خیز mauj Kez: (عف، صف) لہریں مارنے والا، طوفان اٹھانے والا۔

موج زن mauj-zan: (عف، صف) ٹھاٹھیں مارنے والا۔

موجب muu-jab: (ع، مذ) واجب کرنے والا، لازم کرنے والا، فرض، واجب، سبب، باعث، وجہ، علت، موافق، حسب لائق مث: موجبہ، موجبات۔

موجد muu-jid: (ع، مذ) ایجاد کرنے والا، نئی بات نکالنے والا، بانی مث: موجدہ۔

موجز muu-jaz: (ع، مذ) مختصر، خلاصہ، انتخاب، اختصار۔

موجل mu-vaj-jal: (ع، مذ) مہلت دیا گیا، فرصت دیا ہوا، کسی وقت پر موقوف رکھا گیا، معجّل کی ضد۔

موجود mau-juud: (ع، مذ) وجود کیا گیا، حاضر، سامنے، روبرو، اب، اس وقت، تیار، مہیا، مستعد۔

موجودات mau-juu-daat: (ع، مث) دیکھیے 'موجود' جس کی یہ جمع ہے۔ کائنات، کل دنیا۔

موجودہ mau-juu-dah: (ع، صف) حال کا، اب کا، حاضر، اس وقت کا، اسم کیفیت مث: موجودگی۔

موجّہ muu-vaj-jah: (ع، صف) پسندیدہ،

مرغوب، خوب، عمدہ، قابل، معقول، جس کی طرف منھ کیا جائے۔

موجہ mau-jah: (ع، مذ) موج، لہر، ہلار۔

موجی mau-jii: (ار، صف) لہری، آزاد طبع، ظریف۔

موچ moch: (ار، مث) بجی، لچک، ہچک، پاؤں بے موقع پڑ جانے سے بدن کا کوئی جوڑ مڑ جانا۔ (زیادہ تر پاؤں کے لیے بولا جاتا ہے) (افعال: نکلنا، نکالنا)

موچرس moch-ras: (ار، مث) سیمل کے درخت کا گوند جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

موُنچھ muuNch: (ار، مث) ہونٹوں کے اوپر کے بال۔

مُچھیل mu-chall: (ہ، صف) بڑی بڑی مونچھوں والا۔

مُوَحِّد mu-vah-hid: (ع، صف) خدا کو ایک ماننے والا، سچا مسلمان، موحدت، مادہ مث: موحدہ۔

مُوَحِّدانہ mu-vah-hi-daa-nah: (عف، صف) موحدوں کی طرح، خدا کو ایک ماننے والا۔

مُؤخّر mu-aK-Kir: (ع، صف) آخر کیا گیا، پچھلا، آخری، آخیر کا۔

مؤخّر الذکر mu-aK-Ki-rul-zikr: () جس کا ذکر بعد میں آئے۔

مؤدّب mo-ad-dab: (ع، صف) ادب سکھایا گیا، شائستہ، مہذب، تہذیب یافتہ۔

مؤدّبانہ mo-ad-di-baa-nah: (عف، صف) ادب سے، تہذیب سے، شائستگی سے۔

مودّت mo-ad-dat: (ع مث) محبت، پیار، دوستی۔

مودی mo-di(i): (س، مذ) اناج کا سوداگر، غلہ بیچنے والا، بقال، وہ بنیا جس کی دوکان سے ادھار کا لین دین ہو۔ اسم کیفیت مذ: مودی پنا۔

مودی خانہ mo-dii Kaa-nah: (ہ، ف، مذ) گودام گھر، ذخیرہ رہنے کی جگہ، اناج وغیرہ رکھنے کا کمرہ۔

موڈ muuD: (انگ، صف) Mood، کیفیت مزاج، رنگ، حالت۔

موڈرن / ماڈرن mo-Darn: (انگ، صف) Modern جدید زمانہ کا، حال، نئی نئی روش کا۔

موڈل / ماڈل ma-Dil: (انگ، مذ) Model، چھوٹا مجسمہ، نمونے کا ڈھانچہ، عمارت کی ساخت کا ڈھانچہ، نمونہ جس کی نقلیں کی جائیں، قابل تقلید، مثالی نمونہ۔

موذّن mo-az-zin: (ع، مذ) اذان دینے والا۔

موذی muu-zi(i): (ع، مذ) ایذا دینے والا، تکلیف پہنچانے والا، ستانے والا، آزار دہندہ، جابر، ظالم، شریر، بدذات، مجازاً بخیل، کنجوس، اسم کیفیت مث: موذی پن / پنا۔

مَور maur: (ہ، مذ) آم کا پھول، بور، تاج، کلغی، شگوفہ (افعال: آنا)

مور mor: (ار، مذ) طاؤس، ایک خوبصورت رنگین پروں والا پرندہ، مث: مورنی۔

مورپنکھی mor-pan-khi(i): (ار، مث) ایک چھوٹی کشتی جو مور کی شکل کی بنی ہوتی ہے۔ مور کے پروں کا پنکھا، ایک قسم کی پنکھیا جو کھولنے سے مور کے پروں کی مانند ہو جاتی ہے۔ ایک گھاس کا نام، ایک قسم کا اناج۔

مورچال mor-chaal: (ار، مث) ایک قسم کی ورزش جس میں ہاتھ زمین پر رکھ کر اور پاؤں اوپر کر کے چلتے ہیں، مورناچ۔

مورچنگ mor-chang: (ار، مذ) ایک ساز۔

مورچھل mor-chal: (ار، مذ) موروں کے پروں کا چنور (افعال: کرنا، جھلنا، ہلانا)

مور muur: (ف، مث) چیونٹی۔

مور و ملخ muu-ro-malK: (ف، مث) چیونٹی اور

ٹڈی دل، بے شمار، ان گنت۔

مورال mau-raal: (انگ، مذ) Morale حوصلہ، ہمت۔

مورت muu-rat: (ار، مث) صورت، بت، پتھر یا دھات کی بنی ہوئی شبیہ، پتلی۔

مورتی muur-ti(i): (ار، مث) بت، صنم، پتلی۔

مورث muu-ris: (ع، مذ) وارث کرنے والا، وہ شخص جس سے ورثہ یا ترکہ ملے، وصیت کرنے والا، باعث، سبب، مث: مورثہ

مورث اعلیٰ muu-ri-se-aa(?)-la(a): (ع، مذ بترکیب فارسی) سب سے بڑا مورث، سب سے بڑا مربی یا بزرگ جس سے ورثہ ملا ہو، جداعلیٰ، وہ شخص جس کا پہلا ورثہ اس کی اولاد کو ملے۔

مورچہ mor-cha(a): (ف، مذ) وہ گڑھا جو قلعے کے چاروں طرف کھودتے ہیں، خندق، کھائی، وہ خندق جو لڑائی کے لیے کھودتے ہیں۔ وہ فوج جو مورچے پر لڑائی کے لیے ہو۔

مورچہ mor-cha(h): (ف، مذ) زنگ، نونگار، چیونٹی، چھوٹی کیڑی۔

مورچھا muur-cha(a): (ار، مث) بیہوشی، غشی، بیخودی۔

مورچھت muur-chat: (ار، صف) بیہوش، بے سدھ۔

مورخ mo-var-riK: (ع، مذ) تاریخ لکھنے والا، تاریخ نگار، مث: مورخہ۔

مورخانہ mo-var-ri-Kaa-na(h): (عف، صف) تاریخ لکھنے والوں کی طرح۔

مورخہ mor-Kaa: (ع، صف) تاریخ دیا گیا، لکھا ہوا، مرقومہ۔

مورد muu-rid: (ع، مذ) اترنے، پہنچنے، آنے، ٹھہرنے کی جگہ، تالاب، جوہڑ، چشمہ۔

مورکھ muurkh: (ھ، صف) احمق، بیوقوف، گھامڑ نادان، ناواقف، جاہل، اسم کیفیت مذ: مورکھ پن/پنا، اسم کیفیت: مورکھتا، مورکھتائی۔

موروث mau-ruus: (ع، مذ) وارث کیا گیا، ورثہ میں ملا ہوا۔

موروثی mau-ruu-si(i): (ع، صف) ورثہ کا، خاندانی، نسلی۔

موری mo-ri(i): (ار، مث) نالی، بدرو، پانی کے نکاس کا راستہ، منہ، دہانہ، سوراخ، آستان کا ہاتھ کی طرف کا سرا۔ پائجامے کا پائنچہ۔

موڑ moR: (ار، مث) گھماؤ، وہ جگہ جہاں سے راستہ مڑے، راہ کی کجی یا پھیر، چکر، پھیر، خم۔

موڑ توڑ moR-toR: (ار، مذ) چکر، پیچ، خم۔

موڑنا moR-na(a): (ار، مص) پھیرنا، گھمانا، چکر دینا، بل دینا، واپس کرنا، لوٹانا، الٹا پھیرنا، واپس لانا، رخ بدلنا۔

موڑھا muu-Rhaa: (ھ، مذ) سرکنڈے کی بنی ہوئی کرسی۔

موز mauz: (ھ، مذ) کیلے کی پھلی، کیلا۔

موزوں طبع mau-zuuN ta-ba(?): (ع، صف) وہ شخص جس کی طبیعت موزوں ہو، جو شخص شعر کہہ سکتا ہو، اگرچہ شاعر نہ ہو، اسم کیفیت مث: موزوں طبعی۔

موزہ mo-zah: (ف، مذ) جراب، چمڑے کی جراب۔

موزہ ساز mo-zah-saaz: (ف، صف) چمڑے کی جرابیں بنانے والا۔ جوتے بنانے والا، اسم کیفیت مث: موزہ سازی۔

موزہ گیر mo-zaa giir: (ف، مذ) وہ گھوڑا جو اپنے سوار کی ٹانگ کو کاٹے یا موزے کو منہ مارے۔

مؤسائی muu-saa-i(i): (ع، مذ) حضرت عیسیٰ کا پیرو، یہودی۔

مؤسل muu-sal: (ھ، مذ) ایک موٹا اور بھاری سونٹا جس سے اوکھلی میں چاول وغیرہ کوٹتے ہیں۔

مؤسلا muus-laa: (ھ، مذ) موسل ملاحظہ ہو جس کی یہ تصغیر ہے۔ چھڑی، چھی، چوب، عصا، پچکاری کی ڈنڈی، جڑ

مؤسلا دھار muus-laa dhaar: (ھ، صف) وہ مینہ جو دیر تک زور سے برسے۔

مؤسلی muus-lii: (ھ، مث) اصل جڑ۔

مَوسم mau-sam: (ع، مذ) وقت، سماں، موقع، دن، زمانہ۔

مَوسم بہار / گل mau-sa-me ba-haar: (ع، مذ) بہار کا موسم، پھاگن، مارچ کا مہینہ۔

مؤسمی maus-mi(i): (ع، صف) موسم کا، رت کا، وقت کا، موقع کا۔

مؤسمیات mau-sim-yaat: (ع، صف) موسم اور آب و ہوا سے متعلق شعبہ علم Meteorology کا ترجمہ، صف نسبتی: موسمیاتی۔

مؤسنا muus-na(a): (ار، مص) لوٹ لینا، ٹھگ لینا، دغا فریب سے روپیہ کھا لینا۔

مؤسوم mau-suum: (ع، مذ) نام رکھا گیا، مخاطب، نام دیا گیا، نقش کیا گیا، مث: موسومہ۔

مؤسوی muu-sa-vi(i): (ع، صف) دیکھیے 'موسیٰ' جس سے منسوب ہے: موسائی۔

مؤسی mau-si(i): (ھ، مث) ماں کی بہن، خالہ۔

مؤسیٰ muu-sa(a): (ع، مذ) حضرت موسیٰ جو ایک پیغمبر تھے، جن کا مقابلہ فرعون سے ہوا۔

مَوسیرا mau-se-ra(a): (ار، مذ) خالہ زاد بھائی، ماں کی بہن کا بیٹا، مث: موسیری۔

مَوسیقار mau-sii-qaar: (ف، مذ) ایک پرند کا نام جس کے متعلق کہا جاتا ہے اس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں۔ جن میں سے طرح طرح کی راگنیاں اور چنگاریاں نکلتی ہیں۔ قفس بھی اس کو کہتے ہیں۔ ایک باجے کا نام، گانے والا، گویا، موسیقی کا ماہر۔

مؤسیقی mau-sii-qi(i): (ع، مذ) گانے بجانے کا علم، راگ کا علم۔

مؤش muush: (ف، مذ) چوہا۔

مؤشک muu-shak: (ف، مذ) چھوٹا سا چوہا، چوہیا، چھچھوندر۔

مؤش گیر muush-giir: (ف، مذ) ایک شکاری پرندہ جو چوہے پکڑ کر کھا جاتا ہے۔

موشن mo-shan: (انگ، مذ) Motion حرکت، جنبش، تحریک، تجویز۔

مؤشی muu-shi(i): (ف، صف) جنگلی چوہے کے رنگ کا گھوڑا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

مؤصل muu-sil: (ع، مذ) پہنچانے والا، لے جانے والا، جس سے برقی رو گزر سکے، Conductor کا ترجمہ۔

مؤصوف mau-suuf: (ع، مذ) تعریف کیا گیا، ممدوح، جس کی تعریف کی جائے، مث: موصوفہ۔

مؤصول mau-suul: (ع، مذ) ملا ہوا، ملایا گیا، صرف ونحو میں وہ اسم ناتمام جو اکیلا کسی جملہ میں معنی نہیں دیتا، حاصل، دستیاب (افعال: کرنا، ہونا)، مث: موصولہ۔

مؤصی muu-si(i): (ع، صف، مفعولی) وصیت کرنے والا، مث: موصیہ۔

مؤصیٰ muu-saa: (ع، صف، مفعولی) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔

مؤضع mau-zi(?): (ع، مذ) گاؤں، جگہ، دکان،

ٹھکانا، ('جن' کی زیر اور زبر دونوں مستعمل ہیں، اردو میں زیر ہے۔)

موضع دار mau-zi(?)-daar: (عف، مذ) گاؤں گاؤں، گاؤں کی ترتیب سے، نمبردار۔

موضوع mau-zuu(?): (ع، مذ) وضع کیا گیا، رکھا گیا، مدعا، مضمون، علم منطق میں مبتدا جو خبر کے مقابل میں ہو، معنی یا لفظ، اصل شے جس کے متعلق کسی شے میں بحث کریں۔

موضوعی mau-zuu-(?)i(i): (ع، صف) نفسی، خیالی، داخلی، انگریزی (Subjective) کا ترجمہ۔

موطن mau-tin: (ع، مذ) وطن، اپنا دیس، زاد بوم، جنم بھوم۔

موعظت mau-(?)i-zat: (ع، مث) پند، نصیحت۔

موعود mau-(?)uud: (ع، مذ) وعدہ کیا گیا، اقرار کیا گیا، وہ شے جس کا اقرار کیا گیا ہو۔ مث: موعودہ۔

موفور mau-fuur: (ع، صف) وافر کیا گیا، زیادہ کیا گیا، بہت، بہ افراط، بکثرت، بے انتہا، پورا، مکمل۔

مؤقت mu-vaq-qat: (ع، مذ) خاص طور پر ٹھہرایا گیا، زمانے کے ساتھ معین کیا گیا، کسی خاص وقت پر ٹھہرایا گیا۔

موقر mu-vaq-qar: (ع، مذ) وقعت دیا گیا، توقیر کیا گیا، عزت دار، معزز، حرمت والا۔

موقع mau-qa(?): (ع، مذ) وہ جگہ جہاں کوئی چیز واقع ہو جائے، وقوع، محل وقوع، خاص وقت، خاص مقام، مناسب وقت۔

موقع واردات mau-qa(?)-e-vaar-daat: (ع، مذ بترکیب فارسی) وہ جگہ جہاں کوئی جرم واقع ہو۔

موقف mau-qif: (ع، مذ) کھڑے ہونے کی جگہ، ٹھہرنے کا مقام، حجاز میں ایک مقام جو مکہ سے سات کوس پر ہے اور جس کو عرفات بھی کہتے ہیں۔ نقطۂ نظر، نصب العین۔

موقوف mau-quuf: (ع، مذ) ٹھہرایا گیا، کھڑا کیا گیا، برخاست کیا گیا، نوکری سے علاحدہ کیا گیا، انحصار کیا گیا، وقف کیا گیا، عام کر دیا گیا، وہ حرف جو خود اور اس کا ماقبل متحرک نہ ہو، وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ صحابہ تک پہنچے۔

موقوفی mau-quu-fi(i): (عف، مث) برطرفی، برخاستگی، معزولی، التوا، توقف، ڈھیل۔

موک mok: (ار، مذق) مکھ، منھ۔

موکا mo-ka(a): (ار، مذق) گونگا، خاموش، چپ۔

موکب mo-kib: (ع، مذ) لشکر، فوج، سپاہ، محافظ، سپاہ پیدل ہو یا سوار، سواری کا جلوس۔

مؤکد mo-ak-kad: (ع، مذ) تاکید کرنے والا۔

مؤکل mu-vak-kal: (ع، مذ) وہ شخص جسے کوئی کام سپرد ہو، امانت دار، ذمہ دار، محافظ، وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو۔

مؤکل mu-vak-kil: (ع، مذ) وہ شخص جو وکیل مقرر کرے، وکیل کرنے والا، کام سپرد کرنے والا، اپنا کام وکیل کو دینے والا۔ مث: مؤکلہ۔

موگرا mog-ra(a): (ار، مذ) دوہرا، موتیا، بڑا بیلا، بڑی موگری، گڑوں کا وہ حصہ جو گول گھنڈی کی طرح ہوتا ہے۔ ایک قسم کا چاول، بندوق کا گز۔

موگری mog-ri(i): (ار، مث) کوٹنے کا آلہ۔

موگرے mog-re: (ار، مذ) مولی کے بیجوں کی پھلیاں جو ترکاری کے طور پر پکائی جاتی ہیں۔

مول muul: (ار، مذ) جڑ، اصل، بنیاد، پونجی، سرمایہ، زر اصل، نسل۔

مول mol: (ار، مذ) قیمت کا تعین، سودا۔

مولا / مولیٰ maw-la(a): (ع، مذ) آقا، مالک، صاحب، والی، سردار، خدا تعالیٰ، بادشاہ، سلطان، شہنشاہ، آزاد کیا ہوا غلام، مددگار، معاون، دوست، شریک، ساتھی، یار، حضرت، جناب۔

مولا بخش mau-laa-baKsh: (عف، مذ) خدا کا دیا ہوا، بخشش الٰہی، شہنشاہ اکبر کے وقت ایک جوتا جو سزا کے لیے (مجرموں کی) بنایا گیا تھا۔ مسلمانوں میں ایک نام، استاد کا ڈنڈا۔

مولا علیؑ mau-laa a(?)-lii: (ع، مذ) حضرت علیؑ

مولانا mau-laa-naa: (ع، مذ) علما کا اعزازی خطاب، بعض جگہ مولانا سے مراد مولانا جلال الدین رومی بھی ہے۔

مولد mau-lid: (ع، مذ) پیدا ہونے کی جگہ، وطن۔

مولڈ molD: (انگ، صف) Mould کسی خاص شکل میں ڈھالنا۔

مولسری maul-sa-ri(i): (ھ، مث) ایک درخت کے پھول جو خوشبودار ہوتے ہیں۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر مولسری کے سے پھول کڑھے ہوں۔

مؤلَّف mau-al-laf: (ع، مذ) تالیف کیا گیا، ترتیب دیا گیا، مونث: مؤلفہ۔

مؤلِّف mau-al-lif: (ع، مذ) تالیف کرنے والا، جمع کرنے والا، مث: مؤلفہ

مولود mau-luud: (ع، مذ) جنا ہوا، بچہ، پیدائش کا دن، بیٹا، لڑکا، پسر، وہ مجلس جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا بیان کیا جائے۔

مولود خواں mau-luud-KwaaN: (عف، مذ) جو مولود شریف پڑھے، وہ شخص جو پیغمبر اسلام کے حالات سنائے۔

مولود شریف mau-luud-sha-riif: (ع، مذ) میلاد شریف، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا دن، وہ مجلس جس میں رسولؐ خدا کی پیدائش کا ذکر کیا جائے۔

مولودِ مسعود mau-luu-de-mas-(?)uud: (ع، صف) خوش نصیب بچہ۔

مولوی maul-vi(i): (ع، مذ) شرع اسلامی کے احکام جاننے والا، عالم دین فقیہ، پکا دین دار، پابند دین، پابند شریعت، معلم مدرس، علماء کا خطاب، مث: مولوین۔

مولویت maul-vi-yat: (ع، مث) مولوی ہونا، مولوی کا منصب۔

مولی muu-li(i): (ار، مث) ایک ترکاری۔

موم mom/maum: (ف، مذ) وہ چکنا اور نرم مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کرتی ہیں، ملائم، نرم، صف نسبتی: مومی۔

موم بتی maum-bat-ti(i): (ف، مث) وہ بتی جو موم سے بنائی جائے۔

موم جامہ maum-jaa-mah: (ف، مث) وہ کپڑا جس پر موم کا روغن ملا گیا ہوتا کہ پانی اثر نہ کرے۔

موم دل maum-dil: (ف، صف) رحم دل، ترس کھانے والا، اسم کیفیت مث: موم دلی۔

موم روغن maum-ro-Gan: (ف، مذ) ایک قسم کا روغن جو کسی خوشبودار تیل میں موم کو پگھلا کر تیار کیا جاتا ہے اور پھٹے ہوئے اعضاء پر لگایا جاتا ہے۔

مومن mau-min: (ع، مذ) ایمان لانے والا، ایماندار مسلمان جو لاہے کو بھی مومن کہتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، مث: مومنہ۔

مؤمنیت muu-mi-niy-yat: (ع، مث) مومن

ہونا، مطیع، فرمانبردار ہونا، ایمانداری۔

مَومی شمع mau-mi sha-ma(?): (ف، مث) موم بتی، موم کی بنی ہوئی شمع۔

مؤمی muu-mi(i): (ع، مذ) اشارہ کیا گیا، ایما کیا گیا۔

مَومیا maum-yaa: (ف، مث) مسالا لگی اور سوکھی ہوئی لاش، وہ مسالا جسے لگا کر لاش کو محفوظ رکھتے ہیں۔

مومیائی mom-yaa-i(i): (ف، مث) ایک دوا جو موم کی طرح نرم ہوتی ہے۔ اور زخم و ضرب کے لیے بہت مفید ہوتی ہے۔

مُوَنّث mu-an-nas: (ع، صف) عورت، مادہ، نر کی ضد۔

مونج mau-nij: (ار، صف) سرکنڈے کی چوٹی کے اردگرد کا چھلکا جس کو کوٹ کر رسی بناتے ہیں۔

مونچھ muuNch: (ار، مذ) دیکھیے 'موچھ' مع مرکبات۔

مونْدنا muuNd-na(a): (ار، مص) بند کرنا، ڈھانپنا، معمور کرنا۔

مونڈن muuN-Dan: (ار، مذ) ایک رسم جس میں مسلمان ساتویں دن بچے کے بال منڈاتے ہیں۔ عقیقہ، ہندوؤں کی ایک رسم جس میں پہلے پہلے کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے سر کے بال منڈائے جاتے ہیں۔

مونڈنا muuND-na(a): (ار، مص) بالوں کو استرے سے صاف کرنا، چیلا بنانا، دھوکا دے کر مال مارنا۔

مونڈھا mauN-Dha(a): (ار، مذ) کندھا، شانہ، دوش، سرکنڈوں اور مونج کی بنی ہوئی کرسی۔

مؤنس muu-nis: (ع، صف) انس رکھنے والا، آرام دینے والا، ساتھی، دوست، یار، مث: مونسہ۔

مؤنس تنہائی muu-nistan-haa-i(i): (عف، صف) تنہائی کا دوست، غم بٹانے والا، خلوت کا ساتھی۔

مان سون maan-suun: (انگ، مث) بارش لانے والی ہوائیں۔

مونگ پھلی muuNg pha-li(i): (ار، مث) ایک قسم کا میوہ جس کی پھلیوں میں سے بادام کی طرح، دانے نکلتے ہیں

مونگا moN-ga(a): (ار، مذ) مرجان، حجر البحر، ایک قسم کے سمندری کیڑوں کے گھر جن کی کثرت سے پورے پورے جزیرے بھر جاتے ہیں۔

مونگری mong-ri(i): (ار، مث) ایک قسم کا کھانا جو مونگ سے بنایا جاتا ہے، مونگ کی بڑی۔

مونگیا muuNg-ya(a): (ار، صف) سیاہی مائل سبز رنگ

مَونی mau-ni(i): (ار، صف) چپ چاپ آدمی، جوگیوں کا ایک فرقہ جو خاموش رہتا ہے، نوکری۔

موہ moh: (س، مث) پیار، محبت، لاڈ، ناز، عشق، فریفتگی خواہش، لوبھ، لالچ، جادو، ٹونا، منتر۔

موہب mo-hab: (ع، مث) بخشش، خیرات۔

مَوہبت mauh-tat: (ع، مث) عطا، بخشش، نذر، بھینٹ، پیش کش۔

مَوہت mau-hit: (س، صف) جادو سے فریفتہ کیا ہوا، عاشق، شیدا۔

موہن mo-han: (ہ، صف) موہ لینے والا، فریفتہ کرنے والا، دل فریب، دلربا، نہایت خوبصورت، کرشن جی کا لقب۔

موہنا moh-na(a): (ہ، مص) فریفتہ کرنا، عاشق بنانا، تسخیر کرنا، جادو کرنا۔

موہنی moh-ni(i): (س، مث) موہنے والی، دلربا، نہایت خوبصورت عورت۔ پیاری پیاری، دلربائی، دلبری، دلفریبی، ساحرہ، جادوگری۔

مَوہُوب mau-haub: (ع، مذ) مرحمت کیا گیا، بخشا گیا، عنایت کیا گیا۔

مَوہُوم mau-huum: (ع، مذ) وہم کیا گیا، وہمی، قیاسی، فرضی، اسم کیفیت مث: موہومی۔

مُوئی muu-i(i): (ھ، مث) مری ہوئی، مردہ عورت، بدنصیب، اجڑی۔

مُؤیِّد mu-viid: (ع، مذ) تائید کرنے والا، مدد دینے والا، وقت دینے والا، مددگار، معاون، حمایتی۔

مُؤیَّد mu-vay-yad: (ع، مذ) تائید کیا گیا، مدد دیا گیا، حمایت کیا گیا۔

مَوَیشی ma-ve-shi(i): (ف، مذ) دیکھیے 'مواشی' چوپایہ، ڈھور ڈنگر۔

مَوَیشی خانہ ma-ve-shi Kaa-nah: (ف، مذ) وہ جگہ جہاں ڈھور ڈنگر رکھے جائیں۔

م — ہ

مہ mah: (ف، مذ) دیکھیے 'ماہ' جس کا وہ مخفف ہے۔ چاند، صف: بڑا، بزرگ۔

مہا ma-ha(a): (س، صف) بڑا، بزرگ، اعلےٰ، معزز، کلاں، عظیم، خاندانی شریف۔

مہابلی ma-haa-ba-li(i): (ھ، صف) بڑا طاقت ور، زبردست، شہ زور (اکبر کا لقب)

مہابھارت ma-haa-bhaa-rat: (ھ، مذ) بڑی لڑائی، جنگ عظیم، وہ لڑائی جس میں کورو اور پانڈو کوروکشیتر کے میدان میں اٹھارہ روز تک لڑتے رہے، وہ کتاب جس میں کوروؤں اور پانڈوؤں کی لڑائی کا حال بیان ہے۔

مہاتما ma-haat-ma(a): (ھ، مذ) ولی، نیک آدمی، سعید، روح عظیم۔

مہاجن ma-haa-jan: (ھ، مذ) بڑا آدمی، دولت مند، غنی، سوداگر، بیوپاری، ساہوکار، خزانچی، ہنڈی والا، اسم کیفیت مث: مہاجنی۔

مہاراج ma-haa-raaj: (ھ، مذ) بڑا راجا، راجوں کا راجا، بادشاہ برہمنوں اور ہندوؤں کے اونچے خاندان کا خطاب۔

مہاراجا ma-haa-raa-ja(a): (ھ، مذ) بہت بڑا راجا، راجوں کا راجا، سب سے بڑا راجا۔

مہارانی ma-haa-raa-ni(i): (ھ، مث) بڑے راجہ کی رانی، بڑی رانی۔

مہاسبھا ma-haa sa-bha(a): (ھ، مث) بڑی انجمن، ہندوؤں کی ایک مذہبی و سیاسی انجمن کا نام کھانے کا بڑا کرا۔

مہاسنگھ ma-haa sangh: (ھ، مذ) آریہ، سماجی ہندو، کرشن جی کے ایک بیٹے کا نام، کسی کو عزت دیتے ہوئے پکارنا۔

مہاشیر ma-haa-shiir: (ھ، مث) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔

مہاگنی ma-haa-ga-ni(i): (ھ، مث) ایک درخت کی لکڑی۔

مہامنتری ma-haa-man-tri(i): (ھ، مذ) وزیر اعظم۔

مہانومی ma-haa-na-vi(i): (ھ، مث) وہ مہینہ جس میں درگا جی کی پوجا ہوتی ہے۔

مہابت ma-haa-bat: (ع، مث) ڈر، خوف، ہیبت، دہشت، ہول، رعب۔ (ف) شان و شوکت، جاہ و جلال، غصہ، غضب۔

مہاجات ma-haa-jaat: (ع مث) باہمی ہجوگوئی۔

مُہاجر mu-haa-jir: (ع، صف) ہجرت کرنے والا،

اپنے وطن کو چھوڑنے والا، وہ شخص جس نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مکہ سے مدینہ کو ہجرت کی تھی۔ مث: مہاجرہ۔

مُہاجَرت mu-haa-ja-rat: (ع، مث) ہجرت، جدائی، مفارقت، ترکِ وطن اپنا وطن چھوڑ کر چلا جانا۔

مِہار mi-haar: (ف، مث) اونٹ کی نکیل (افعال: اٹھانا)

مہارت ma-haa-rat: (ع، مث) مشق، کسرت، ربط، عادت، سجاوٗ اُستادی، کاریگری، ہنرمندی، تیز دستی، چابک دستی۔

مُہاسا mu-haa-sa(a): (ہ، مذ) جوانی کی پھنسی، وہ دانے جو عہد شباب میں منہ پر نکل آتے ہیں۔

مہال ma-haal: (ہ، مث) شہد کی مکھیوں کا چھتا۔

مہاوت ma-haa-vat: (ہ، مذ) فیل بان، ہاتھی چلانے والا۔

مہاوٹ ma-haa-vaT: (ہ، مث) وہ بارش جو ماگھ کے مہینے میں ہوتی ہے۔

میہبط meh-bit: (ع، مذ) اُترنے کی جگہ۔

مہتاب mah-taab: (ف، مث) چاندنی، چاند کی روشنی، چاند، قمر، ماہ، ایک قسم کی آتش بازی۔

مہتابی meh-taa-bi(i): (ف، مث) ایک قسم کی آتش بازی، کم خواب، زربفت، تمامی، بادلہ، کٹہرے دار بڑا اونچا چبوترہ، جس پر چاندنی کی سیر کریں۔

مُہتدئی (مؤتہدا) moh-ta-da(a): (ع، صف) ہدایت کرنے والا۔

مہتر meh-tar: (ف، مذ) سب سے بڑا، بزرگ، سردار، سرگروہ، آقا، مالک، امیر (ار) خاک روب، بھنگی، حلال خور، چمار، موچی، بھٹیارا، مث: مہترانی۔

مُہتمِ بالشان moh-ta-me-bish-shaan: (ع، صف) اہم، ضروری، شان دار۔

مہتمم moh-ta-mim: (ع، مذ) اہتمام کرنے والا، منتظم، سربراہ کار، اسم کیفیت مث: مہتمی۔

مہجور (مَہجُور) mah-juur: (ع، صف) بدا، چھوڑا گیا، فراق زدہ، اسم کیفیت مث: مہجوری۔

مہد (میہد) mahd: (ع، مذ) پنگوڑا، پالنا، گہوارہ، ہنڈولا، جھولنا، بستر، بچھونا، مجازاً ڈولا، محافہ، پالکی چھپرکھٹ۔

مہدی (میہدی) mah-dii: (ع، صف) راہ نما، پیشوا، ہدایت یافتہ، بارھویں امام جن کا ظہور قرب قیامت میں ہوگا۔

مُہذّب mu-haz-zib: (ع، صف) تہذیب دیا گیا، تہذیب یافتہ، شائستہ، خلیق، نیک خصلت، عیبوں سے پاک۔

مہر (میہر) mahr: (ع، مذ) روپیہ یا جنس جو مسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمے عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے۔

مہرِ (میہر) شرعی mah-re-shar-(?)ii: (ع، مذ) وہ مہر جو شرع محمدی کے مطابق مرد کی حیثیت دیکھ کر مقرر کیا جاتا ہے۔

مہرِ (میہر) مثل mah-re-misl: (ع، مذ) وہ مہر جو عورت کے باپ کے خاندان میں مروج ہو اور دیا جائے۔

مہرِ (میہر) مُعجّل mah-re-mu-(?)aj-jal: (ع، مذ) وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے۔

مہرِ (میہر) مُؤجّل mah-re-mu-vaj-jal: (ع، مذ) وہ مہر جو کسی اور وقت ادا کیا جائے، وہ مہر جس کی مدت مقرر ہو اور فی الفور ادائیگی ضروری نہ ہو۔

مہر نامہ mahr-naa-mah: (عف، مذ) نکاح نامہ،

وہ کاغذ جس پر نکاح کے متعلق شہادتیں اور مہر کی مقدار لکھی جائے۔

مِہر (میہر) mihr: (ف، مث) محبت، حب، دوستی، الفت، پیار، شفقت، ہمدردی، رحم، ترس، ماننا، الفت مادری، آفتاب، سورج، شمس، شمسی مہینوں میں سے ساتویں مہینے کا نام جو ہندی اسوج اور انگریزی ستمبر کے مطابق ہوتا ہے، ہر شمسی مہینے کی سولہویں تاریخ۔

مہر بان (میہربان) mihr-baan: (ف، صف) محبت کرنے والا، رفیق، شفیق، اسم کیفیت مث: مہربانی۔

مہر بانی نامہ (میہربانی نامہ) mihr-baa-nii naa-mah: (ف، مذ) دوست کا خط۔

مِہر پرور (میہرپرور) mihr-par-var: (ف، صف) مہربان۔

مہر گستر mihr-gus-tar: (ف، صف) کمال مہربانی کرنے والا، اسم کیفیت مث: مہر گستری۔

مُہر muhr: (ف، مث) چھاپ، کسی چیز پر کھدا ہوا نام، خاتم، انگوٹھی، اشرفی سونے کا سکہ۔

مُہر بردار muhr bar-daar: (ف، صف) وہ شاہی ملازم جس کے پاس مہر خاص رہتی ہے۔

مُہر برلب mu-har bar-lab: (ف، مث) خاموش، چپ۔

مہر بند mur-har-band: (ف، صف) جس پر مہر لگا کر بند کر دیا گیا ہو۔

مُہر دار muhr-daar: (ف، صف) دیکھیے 'مہر بردار'

مُہر کن muhr-kun: (ف، صف) مہر کھودنے والا۔

مُہرِ نبوت muh-re-na-buv-vat: (ع، مث) وہ نقش نبوت جو حضور اکرم صلی اللہ والہ وسلم کے دونوں کندھوں کے درمیان تھا۔

مُہر نماز muhr-na-maaz: (ف، مث) سجدہ گاہ۔

مَہرا (میہرا) mah-raa: (ار، مذ) کہار، ڈولی یا پالکی اٹھانے والا، کہاروں کا افسر، گلا ہوا گوشت۔

مُہرا moh-raa: (ار، مذ) سامنا، آگا، نشانہ، زد۔

مُہرانہ moh-raa-nah: (ف، مذ) وہ رقم جو کاغذ پر سرکاری مہر لگانے کے عوض لی جائے۔

مُہرہ moh-raa(h): (ف، مذ) کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ، شطرنج کا مہرہ گوٹ، کوڑی، سیپ، صدف، سانپ کا من، گردن اور ریڑھ کی ہڈی کا ٹکڑا، لوہاروں، سناروں کا ہتھوڑا، تریاق جیسے زہر مہرہ۔

مُہرہ باز moh-ra(h)-baaz: (ف، صف) شعبدہ باز، عیار، اسم کیفیت مث: مہرہ بازی۔

مُہرۂ مار moh-rah-maar: (ف، مذ) وہ پتھر کا ٹکڑا جس کے ذریعہ سے سانپ کا زہر دفع کرتے ہیں۔ یہ مہرہ جہاں سانپ کے کاٹنے کا زخم ہوتا ہے چپک جاتا ہے اور زہر کو جذب کر لیتا ہے۔

مَہری mah-ri(i): (ار، مث) دیکھیے 'مہرا' جس کی یہ تانیث ہے، کہار، خادمہ۔

مُہری moh-ri(i): (ف، صف) مہر کیا ہوا، مہر لگا ہوا، گھوٹا پھیرا ہوا۔

مہری moh-ri(i): (ار، مث) موری، بدر رو، نالی، بندوق کا سوراخ نال، آستین یا پائجامہ کا منہ۔

مہک ma-hak: (ار، مث) خوشبو، نکہت۔ (افعال: آنا، جانا)

مہکار mah-kaar: (ہ، مث) دیکھیے 'مہک'

مہکانا (میہکانا) mah-kaa-naa: (ار، مص) خوشبو پھیلانا، خوشبودار کرنا۔

مہکنا (میہکنا) ma-hak-naa: (ار، مص) خوشبو پھیلنا، معطر ہونا، خوشبو میں بسنا۔

مہکیلا mah-kii-laa: (ہ، صف) خوشبودار، مہکتا، مث: مہکیلی۔

مُہلت moh-lat: (ع، مث) دیر، وقفہ، ڈھیل، توقف، فرصت، چھٹی، تعطیل (افعال: دینا، ملنا)

مُہلِک moh-lik: (ع، مذ، صف) ہلاک کرنے والا، مار ڈالنے والا، قتل کرنے والا، قاتل، ضرر رساں، مث: مہلکہ۔

مُہلّل mo-hal-lil: (ع، صف) تہلیل کرنے والا، کلمہ طیبہ پڑھنے والا۔

مُہم mo-him: (ع، مذ) بڑا کام، بھاری کام، معرکے کا کام، مشکل کام جنگ، لڑائی جمع: مہمات، مہام۔

مَہما meh-maa: (ہ، مث) بڑائی، بزرگی، عظمت، شان و شوکت، مہربانی، عنایت، مروت، نوازش، مدح، تعریف و توصیف۔

مہمیز mah-miiz: (ف، مذ) وہ خاردار چکری جو سواروں کے جوتوں کے ایڑی میں گھوڑوں کو ایڑ کرنے کے لیے لگی ہوتی ہے۔ مہمیز۔

مہمان (مَہمان) meh-maan: (ف، مذ) جو آدمی کچھ عرصے کے لیے کسی کے پاس آکر ٹھہرے، دعوت میں آنے والا، اسم کیفیت مث: مہمانی۔

مہمان (مَہمان) / نواز meh-maan na-vaaz: (ف، مث) مہمان کی آؤ بھگت کرنے والا، اسم کیفیت مث: مہمان پروری / نوازی۔

مہمان (مَہمان) خانہ meh-maan Kaa-nah: (ف، مذ) مہمانوں کے ٹھہرنے کا مکان، مہمان سرا، مسافر خانہ۔

مہمان (مَہمان) سرا meh-maan sa-raa: (ف، مث) دیکھیے 'مہمان خانہ'

مہمل moh-mal: (ع، مذ) چھوڑا ہوا، ترک کیا ہوا، بیکار، نکما، بے معنی، سست، مجہول، وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو مث: مہملہ۔

مہموز mah-muuz: (ع، مذ) معیوب، عیب دار، عربی کا وہ کلمہ جس کے اصل حرفوں میں سے ایک پر ہمزہ ہو۔

مہنا mah-naa: (س، مذ) طعنہ، تشنیع، سرزنش، اردو میں طعنہ مہنا کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

مہنال mah-naal: (ہ، مث) وہ پیتل چاندی یا جست کی نلی جو حقے کی نے کے آگے لگاتے ہیں۔

مَہنت ma-hant: (س، مذ) جوگی، تکیہ دار، فقیروں کا سردار، بہت موٹا آدمی طنزاً شرارتی آدمی، بگلا بھگت، اسم کیفیت مث: مہنتائی۔

مُہنّد mu-han-nad: (ع، صف) وہ لفظ جس کی اصل کسی دوسری زبان میں پائی جاتی ہو اور اسے ہندی بنالیا گیا ہو۔ جیسے رپورٹ سے رپٹ، ہندی بنایا گیا ہے۔

مُہندِس mu-han-dis: (ع، مذ) ہندسہ دان، علم ہندسہ کا عالم، اقلیدس کا ماہر، نجومی، جوتشی۔

مَہندی mehN-dii: (ہ، مث) دیکھیے، مہندی، حنا

مہنگا mahN-ga(a): (ار، صف) گراں قیمتی زیادہ مول کا (افعال: کرنا، ہونا) مث: مہنگی، اسم کیفیت مذ: مہنگاپن۔

مہوا mah-va(a): (ار، مذ) ایک درخت جس کا پھل کھاتے، بیجوں کا تیل نکالتے اور پھولوں کی شراب وغیرہ بناتے ہیں۔

مہورت ma-huu-rat: (ہ، مذ) دن کا تیسرا حصہ، اڑتالیس منٹ، مبارک گھڑی، شگن، وقت، موقع، علم نجوم کے مطابق کسی کام کے کرنے کا مبارک وقت۔

مہوِس ma-hav-vis: (ع، مذ) لالچی، حریص،

ہوس ناک (ف، مذ) کیمیاگر، سونا بنانے والا، اسم کیفیت مث: مہوسی۔

مُہیّا (موہیّا) mo-hay-ya(a): (ع، مذ) تیار، آمادہ، لیس، حاضر۔ (افعال: کرنا، ہونا)

مہیب ma-hiib: (ع، مذ) خوفناک، خطرناک، ڈراؤنا، بھیانک۔

مُہیریاں mu-hiir-yaaN: (ع، مذ) بالوں کی پٹیاں، لٹیں۔

مہیش ma-hesh: (س، مذ) بڑا دیوتا، شیو جی کا نام۔

مہیلا ma-hii-la(a): (ہ، مذ) گھوڑوں کے لیے ابلا ہوا دانہ جس میں گڑ بھی ملایا جاتا ہے۔ سانی مجازاً نہایت بے مزہ کھانا۔

مہین ma-hiin: (ار، صف) باریک، پتلا، رقیق، نازک، ناز پرور پردہ، کومل، باریک۔

مہینہ ma-hii-na(h): (ار، مذ) ماہ، ماس، تیس دن یا اس سے کم و بیش کا عرصہ۔ سال کا بارھواں حصہ، تنخواہ وظیفہ، طلب، مشاہرہ۔

مہینہ دار ma-hii-nah-dar: (ار، مذ) تنخواہ کا ملازم، نوکر۔

م۔و

مئی ma-ii: (انگ، مذ) May عیسوی سن کا پانچواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔

م۔ی

مے mai: (ف، مث) شراب، خمر، بادہ، دُختِ رز، صہبا۔

مَیے آتشیں ma-e-aa-ta-shiin: (ف، مث) سرخ رنگ کی شراب۔

مَیے آشام ma-e-aa-shaam: (ف، صف) شراب پینے والا، اسم کیفیت مث: مے آشامی۔

مَیے پرست ma-e-pa-rast: (ف، صف) شراب کا عاشق، شرابی، اسم کیفیت مث: مے پرستی۔

مَے خانہ / کدہ mai-Kaa-nah: (ف، مذ) شراب خانہ، شراب پینے اور بکنے کی جگہ۔

مَیے خوار / کش / نوش mai-Kwaar/mai-kash mai-nosh: (ف، صف) شراب پینے والا، اسم کیفیت مث: مے خوری / کشی / گساری / نوشی۔

مَیے طہور ma-e-ta-huur: (ف، مث) پاک شراب، جنت کی شراب۔

مَے فروش mai-fa-rosh: (ف، صف) شراب بیچنے والا، کلال، اسم کیفیت مث: مے فروشی۔

مَے گوں mai-guuN: (ف، صف) شراب کے رنگ کا، سرخ، لال۔

میے ناب ma-e-naab: (ف، مث) خالص شراب

میا ma-yaa: (ار، مث، ق) محبت۔

میّا may-yaa: (ہ، مث) دیکھیے 'ماں' جس کی یہ تصغیر ہے، ماں۔

مَیان mi-yaan: (ف، مذ) بیچ، وسط، درمیان، کمر، نیام، [illegible] وغیرہ رکھنے کا خول۔

میانہ تہ mi-yaa-ne-teh: (ف، مث) بیچ کی تہ۔

میان تہی ma-yaan-ta-hi(i): (ف، مث) وہ بستر جس کے ابرے اور استر کے درمیان روئی کی تہ ہو۔

میاں mi-yaaN: (ار، مذ) آقا، والی، وارث، خدا، مالک، سرکار، حضور، صاحبزادہ، بیٹا، خاوند، جناب، جناب عالی، یار، دوست، شہزادہ، صاحب عالم، امیر زادہ، پہاڑی راجاؤں کے خاندان کے لوگ۔

میاں آدمی mi-yaaN aad-mi(i): (ار، مذ) بھلا مانس، نیک آدمی، شریف آدمی۔

میاں بیوی mi-yaaN bii-vi(i): (ف، مذ) زن و شوہر، خاوند بیوی۔

میاں جی mi-yaaN ji(i): (ار، مذ) استاد، معلم، مدرس، پڑھانے والا۔

میاں صاحب mi-yaaN-saa-hab: (ار، مذ) حضرت سلامت، جناب عالی پیرو مرشد، قبلہ و کعبہ، عابد و زاہد۔

میاں مٹھو mi-yaaN miT-Thuu: (ار، مذ) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا طوطا، پیار سے طوطے کو کہتے ہیں۔ جانور، سیدھا سادہ، بھولا بھالا سادہ لوح، اپنی تعریف آپ کرنے والا۔

میانہ mi-yaa-nah: (ار، مذ) ڈولا، پینس، پالکی، کھ پال، گاڑی کی بلی، بانس۔

میانہ mi-yaa-nah: (ف، صف) بیچ، وسط درجے کا، منجھلا، وسطی درمیانی (ار، مذ) کیلی، دھری، مرکز۔

میانہ قد mi-yaa-nah-qad: (ف، صف) متوسط قد، نہ لمبا نہ کوتاہ۔

میانہ گیر mi-yaa-nah-giir: (ف، صف) اعتدال پسند، افراط و تفریط سے دور رہنے والا۔

میانی ma-yaa-ni(i): (ار، مث) دونوں پائنچوں کے بیچ کا کپڑا۔

میاؤں mi-yaa-uuN: (ار، صوت) بلی کے بولنے کی آواز۔

میت miit: (ار، مذ) دوست، ساتھی، رفیق، عاشق، مفتون۔

میت may-yat: (ع، مث) جنازہ، مردہ لاش، نعش۔

میتھی mai-thii: (ہ، مث) ایک خوشبودار ساگ۔

میٹر mi-Tar: (انگ، مذ) Meter ایک گز سوا تین انچ کا پیمانہ۔

میٹل mai-Tal: (انگ، مذ) Metal دھات، فلز، سڑک کو پکا کرنا۔

میٹنا maiT-naa: (ار، مص) برباد کرنا، نیست و نابود کرنا، مٹانا کی ایک صورت۔

میٹنگ mii-Ting: (انگ، مث) Meeting جلسہ، بزم، مجلس، سبھا، مجمع، کمیٹی، پنچایت۔

میٹنی شو mai-Ti-nii-sho: (انگ، مذ) Matinee show سہ پہر کا تماشا، شو۔

میٹھا mii-Thaa: (ار، صف) شیریں، مزیدار، سست رفتار، ڈھیلا (مذکر) مٹھائی، ایک قسم کا شیریں لیموں۔

میٹھا برس / سال mii-Thaa ba-ras/ saal: (ار، مذ) عمر کا اٹھارواں سال، چونکہ اس کو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ اس لیے اس کو بطور نیک شگون یہ نام رکھ لیا گیا ہے۔

میٹھا پوئیا mii-Thaa-po-yi-ya(a): (ار، مذ) گھوڑے کی ہلکی چال جو نہ بہت تیز ہو اور نہ بہت سست۔

میٹھی چھری mii-Thii chu-ri(i): (ار، مث) وہ شخص جو ظاہر طور پر دوست ہو مگر باطنی طور پر دشمن ہو۔

میٹھی عید mii-Thii-(?)iid: (ار، مث) عیدالفطر

میٹھی مار mii-Thii-maar: (ار، مث) باطنی تکلیف، وہ مار جس سے نشان ظاہر نہ ہو۔ (افعال: دینا)

میٹھی نیند mii-Thii-niind: (ار، مث) خواب راحت، سکھ کی نیند۔

میثاق mii-saaq: (ع، مذ) قول و قرار، عہد و پیمان، معاہدہ۔

میجر me-jar: (انگ، مذ) Major ایک فوجی، عہدہ جو کپتان سے اوپر اور کرنل کے نیچے ہوتا ہے۔

میجک mai-jik: (انگ، صف) Magic علم تسخیر، جادو، ٹونا، سحر۔

میچ match: (انگ، مذ) Match مقابل، حریف،

ہمسر، ہم پلہ، مقابلہ، مقابلہ کا، جوڑا، دولہا دولہن، دیا سلائی۔

میچنا miiNch-na(a): (ار، مص) آنکھ بند کرنا۔

میخ meK: (ف، مث) کیل، کھونٹی، کھونٹا، چوب۔

میدان mai-daan: (ف، مذ) صاف اور وسیع سطح زمین، چٹیل میدان، سرزمین (ار) لڑائی، مقابلہ، جنگ، جوہریوں کی اصطلاح۔

میدان محشر mai-daa-ne-meh-shar: (ف، مذ) وہ مقام جہاں قیامت کے روز لوگ حساب کتاب کے اکٹھے کیے جائیں گے۔

میدانی mai-daa-ni(i): (ف، مث) میدان سے منسوب، وہ لالٹین جو مکان کے صحن میں روشنی کے لیے نصب کرتے ہیں۔ نصیب۔

میدہ mai-dah: (ف، مذ) نہایت باریک آٹا۔

میڈل mai-Dil: (انگ، مذ) Medal تمغہ، وہ خاص شکل کا دھات کا ٹکڑا جس پر مناسب عبارت کندہ ہوتی ہے اور کسی نمایاں خدمت کے اعتراف کے طور پر دیا جاتا ہے۔

میڈیکل mai-Dii-kal: (انگ، صف) Medical طبی، دوا یا علاج سے تعلق۔

میئر mai-yar: (انگ، مذ) Mayor رئیس بلدیہ، کارپوریشن کا صدر۔

میر miir: (ف، مذ) افسر، سردار، سرکردہ، سالار، چوہدری، مقدم، ہادی، راہنما، پیشوائے دین، سید کا اعزازی لقب، شہزادہ، تاش کا بادشاہ۔

میر آخور miir-aa-Kor: (ف، مذ) داروغہ اصطبل

میر بحر mii-re-be-har: (ف، مذ) دریا کے گھاٹ کا داروغہ، امیر البحر، میر آب، جہازی، سپہ سالار، بندرگاہوں کا منتظم۔

میر بخشی miir-baK-shii: (ف، مذ) تنخواہ تقسیم کرنے والا، عہدہ دار۔

میر تزک miir-tuzk: (ف، مذ) فوج کا انتظام کرنے والا، سپہ سالار۔

میر جی miir-ji(i): (ف، مذ) میر صاحب، سید صاحب کی جگہ بولتے ہیں۔

میر حاج miir-haaj: (ف، مذ) حاجیوں کا سردار۔

میر دہ miir-dih: (ف، مذ) قاصدوں اور چوبداروں کا سردار، گاؤں کا سردار، نمبردار، مقدم، جریب کش۔

میر دیوان miir-di-vaan: (ف، مذ) سررشتہ دار، نائب پیشکار۔

میر سامان mii-re-saa-maan: (ف، مذ) بادشاہوں یا امیروں کے کھانے کا انتظام کرنے والا، مہتمم مطبخ، خان سامان، رکابدار۔

میر شکار mii-re-shi-kaar: (ف، مذ) وہ ملازم شاہی جس کے متعلق شکاری جانوروں کی نگرانی ہو۔

میر عرب mii-re-(?)a-rab: (ف، مذ) کنایۃً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔

میر کلام miir-ka-laam: (ف، مذ) نہایت اچھا مقرر، جادو بیان خطیب۔

میر مجلس / محفل mii-re-maj-lis/mai-fil: (ف، مذ) صدر جلسہ، صدر نشین بزم، پریذیڈنٹ۔

میر محکمہ mii-re-ma-hak-mah: (ف، مذ) سررشتے کا افسر۔

میر محلہ miir mo-hal-lah: (ف، مذ) محلے کا بزرگ / سردار

میر مشاعرہ mii-re-ma-sha-(?)i-rah: (ف، مذ) وہ شخص جو مشاعرے کی مجلس میں صدر قرار دیا جائے۔

میر منش miir-ma-nish: (ف، صف) نازک

مزاج، اسم کیفیت مث: میر منشی۔

میر منشی miir-mun-shi(i): (ف، مذ) سررشتہ، پیشکار اعلی، محرر، صدر۔

میر میدان mii-re-mai-daan: (ف، مذ) بہادر، دلیر، شجاع۔

میرا mii-ra(a): (ہمث) وہ زمین جس میں چکنی مٹی اور ریت ملی ہوتی ہے۔

میرا me-ra(a): (ار، کلمہ ضمیر) اپنا، اپنی ذات، خود کا۔

میری me-ri(i): (ار، کلمہ ضمیر) دیکھیے 'میرا' جس کی تانیث ہے۔

میراث mii-raas: (ع، مث) ورثہ، ترکہ، وہ جائداد وغیرہ جو مرنے والے کی طرف سے حق داروں کو ملے۔

میراں mii-raaN: (ف، مذ) سرداروں کا سردار، بہت بڑا امیر، بہت بڑا بزرگ۔

میراں جی mii-raaN ji(i): (ار، صف) حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ اور حضرت غوث الاعظم کا لقب، ربیع الآخر کا مہینہ۔

میراں جی کا چاند mii-raaN-ji kaa-chaaNd: (ار، مذ) سنہ ہجری کا چوتھا مہینہ، ربیع الآخر جس میں حضرت غوث الاعظم جیلانیؒ کی نیاز ہوتی ہے، گیارھویں کا مہینہ۔

میرزا miir-zaa: (ف، مذ) امیرزادہ، رئیس زادہ، مغلوں کا لقب۔

میرزا منش miir-za ma-nish: (ف، صف) شہزادوں کی خو بو کا آدمی، نازک مزاج، شاہانہ دماغ کا آدمی، اسم کیفیت مث: میرزا منشی۔

میرزائی miir-zaa-i(i): (ف، مث) شہزادگی، بزرگی، شرافت، عالی خاندان، نجابت، تکبر، نازک مزاجی، ناز، گھمنڈ، کرتی، صدری، واسکٹ، نیم جامہ، میرزا غلام احمد قادیانی کو ماننے والا۔

میروئی miir-va-ii: (ار ہمث، ق) خرام ناز۔

میز mez: (ف، مث) لکڑی کا اونچا تختہ جس پر کھانا رکھ کر کھاتے ہیں یا لکھنے پڑھنے کے کام آتا ہے۔

میزبان mez-baan: (ف، مذ) وہ شخص جس کے ہاں مہمان آئے، مہمان دار مہمان نواز، اسم کیفیت مث: میزبانی۔

میزان mii-zaan: (ع، مث) ترازو، ملاراس، آسمان کا ساتواں برج۔

میزان کل mi-zaan-kul: (عف، مث) تمام رقموں کا مجموعہ۔

میزانیہ mii-zaa-ni-yah: (عف، مذ) بجٹ، آمد و خرچ کا تخمینہ۔

میزائل mii-zaa-il: (انگ، مذ) وہ ہتھیار جسے کسی دوسرے آلہ کی مدد سے پھینک کر مارا جائے، انگریزی لفظ Missile کا ترجمہ۔

میس mais: (انگ، مذ) Mess کھانا، طعام، خوراک، اکٹھے کھانا کھانے والوں کی جماعت۔

میسّر ma-yas-sar: (ع، مذ) آسان کیا گیا، وہ چیز جو آسانی سے مل سکے دستیاب، حاصل، موجود (افعال: آنا، کرنا، ہونا)

میسرہ mai-sa-rah: (ع، مث) بائی طرف، بائیں بازو کی فوج۔

میشا mii-shaa: (ار، مذ) بھیڑ یا بھیڑ کے بچے کا ملائم چمڑا۔

میعاد mii-(?)aad: (ع، مث) مقررہ وقت، معینہ وقت، وعدے کا وقت۔

میعادگاہ mii-(?)aad-gaah: (عف، مث) وعدہ گاہ۔

میعادی mii-(?)aa-dii: (ار، صف) معین وقت والا، قیدی سزایاب۔

مَیکا mai-kaa: (ہ، مذ) عورت کے والدین کا گھر۔

میک اپ maik-ap: (انگ، مذ) Make up چہرے کی آرائش کریم پاؤڈر۔

میکانیات mii-kaan-yaat: (ع، مث) مشین اور کلوں کا علم (Mechanics کا مورد)

میکائیل mii-kaa-iil: (ع، مذ) وہ فرشتہ جو مخلوق کی روزی رسانی پر مقرر ہے۔

میگزین maig-ziin: (انگ، مذ) Magazine خزانہ، گنجینہ، مخزن، گودام، بارود خانہ، متفرق، مضامین کا رسالہ۔

میگھ megh: (س، مذ) بادل، بدلی، ابر، گھٹا، مہینہ، بارش، ایک ہندی راگ، ایک راکشس کا نام۔

میگھ راگ megh-raag: (ہ، مذ) ایک ہندی راگ جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے۔

میل mel: (ع، مذ) جھکاؤ، خمیدگی، رغبت، رجحان، میلان، توجہ، رجوع۔

میلِ خاطر mai-le-Kaa-tir: (عف، مث) دل کی رغبت، التفات۔

میل mail: (ار، مث) کیچ، کیچڑ، چیکٹ، فضلہ، گاد، رنگ، مورچہ، کدورت، رنج جو دل میں کسی کی طرف سے آجائے۔

میل خورا mail Ko-raa: (ار، صف) میل چھپانے والا رنگ، جیسے کالا خاکی وغیرہ۔ وہ کپڑا جو کام میں آتے آتے میلا ہوگیا ہو۔

میل کچیل mail ku-chail: (ار، مذ) دیکھیے 'میل'

میل miil: (ع، مذ) سرمہ لگانے والی سلائی، سینگ، سلاخ وہ پتھر جو فرسنگ یا کوس کے فاصلے پر کھڑا کر دیتے ہیں، ستون، کھم، لاٹھ۔ 1760 گز کا فاصلہ، انگریزی میں مائل ہوتا ہے۔ برجوں کے اوپر کی کیل، مجلس، مطلق کیل۔

میل پیما miil-pai-maa: (عف، صف) وہ آلہ جس سے میلوں کے حساب سے فاصلے کی پیائش کی جاتی ہے۔

میل mel: (ار، مذ) ایک دوسرے سے ملنا، اتحاد، دوستی، ربط وضبط، ملاپ، راہ و رسم، ناتا، رشتہ داری، قرابت، مناسبت، نسبت، جوڑ، ہمسری، ایک چیز کی دوسری چیز میں ملاوٹ۔

میل جول mel-jol: (ار، مذ) ملنا جلنا، پیار، اخلاص، اتحاد، اختلاط۔

میل ملاپ mel mi-laap: (ار، مث) دیکھیے 'میل جول'

میلا / میلہ me-laa/ me-la(h): (ار، مذ) انبوہ، ہجوم، سیر، تماشا، کسی زیارت پر مقررہ تاریخوں پر لوگوں کا اجتماع، کسی جگہ کی خاص رُتوں میں جانوروں اور دوسری اشیاء کا فروخت کے لیے جمع ہونا (افعال: لگانا، لگنا، کرنا، ہونا)

میلا ٹھیلا me-laa-The-la(a): (ار، مذ) سیر، تماشا، بھیڑ بھاڑ۔

مَیلا mai-la(a): (ار، صف، مذ) گدلا، خاک دھول میں بھرا ہوا، زنگ آلودہ، غلیظ، نجس، پیشاب، پاخانہ، مث: میلی اسم کیفیت مذ: میلا پن۔

مَیلا کچیلا mai-laa ku-chai-la(a): (ار، محاورہ) خاک دھول میں بھرا ہوا، مث: میلی کچیلی۔

میلاد mii-laad: (ع، مذ) پیدا ہونے کا زمانہ، پیدائش کا وقت، پیدائش، ذکر پیدائش رسولؐ۔

میلادالنبی mii-laa-dul-na-bii: (ع، مذ)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سعید۔

مَیلان mai-laan: (ع، مذ) توجہ، التفات، رجحان، خواہش۔

مِیلانہ mii-laa-na(h): (ع، مذ) فعل میل اجرت یا کرایہ۔

مَیم maim: (انگ، مث) (انگریزی لفظ میڈم کا بگاڑ) بیگم خاتون انگریز عورت۔

میم miim: (ع، مذ) تشبیہاً دہن معشوق، حرف میم کا نام۔

مَیمنا maim-naa: (ار، مذ) بکری کا بچہ۔

مَیمنت mai-ma-nat: (ع، مث) برکت، سعادت، مبارکی، خوشی، کامرانی، عروج، اقبال مندی۔

مَیمنہ maim-na(h): (ار، مذ) دائیں طرف، دائیں بازو کی فوج۔ بکری کا بچہ۔

مَیمون mai-muun: (ع، صف) مبارک، خجستہ، مسعود، محمود، نیک بخت، بھاگوان (مذ) بندر۔

میں maiN: (ار، متعلق فعل) اندر، بھیتر۔

مَیں maiN: (ار، کلمہ ضمیر متکلم) اپنی ذات، خود آپ، غرور، تکبر۔

مَیں مَیں maiN maiN: (ار، کلمہ) انانیت، خود ستائی، بکری کی آواز۔

مِینا mii-naa: (ف، مذ) شیشہ، رنگ، برنگ کا شیشہ، ایک قسم کا پتھر کا نام، شراب کی بوتل، صراحی، مرصع کاری، نقش و نگار۔ وہ کام جو شیشے اور چاندی سونے کے زیور اور برتن پر بناتے ہیں۔ کنایۃً، شراب۔

مینا بازار mii-naa-baa-zaar: (ف، مذ) وہ بازار جو بادشاہ کی سیر کے لیے لگایا جاتا تھا اور اس میں طرح طرح کی چیزیں سجائی جاتی تھیں۔ زنانہ بازار، وہ بازار جہاں عورتیں ہی ہر طرح کی چیزیں بیچتی ہیں اور خریدتی ہیں۔

مینا کار mii-naa-kaar: (ف، صف) مرصع ساز، جڑاؤ کام کرنے والا، اسم کیفیت مث: مینا کاری۔

مینائی mii-naa-i(i): (ف، صف) دیکھیے 'مینا' جس سے یہ منسوب ہے۔

مینا mii-na(a): (ار، مث) ایک خوش الحان پرند، چھوٹے بچے جو پیاری پیاری باتیں کرتے ہیں۔

مینار mii-naar: (ار، مذ) منار، منارہ، ملاحظہ فرمائیں، اونچا ستون۔

مَینڈ maiND / maiNR: (ہ، مث) کھیت کی منڈیر، باڑ، ڈول، پشتہ، حد، کنارہ، موج، لہر، گھاٹ، من، کنویں کی منڈیر۔

مَینڈک maiN-Dak: (ار، مذ) ایک قسم کا آبی جانور جو برسات میں پیدا ہو کر تالابوں اور جوہڑوں کے کنارے ٹرٹراتا ہے، مینڈکی۔

مَینڈھا maiN-Dhaa: (ہ، مذ) دنبہ، میش نر، آسمان کا بارھواں، برج، لہر، موج، وہ لہر جو باد مخالف سے دریا میں اٹھتی ہے۔ بھیڑ جب تک ڈنک نہیں مارتی اُس کو مینڈھا کہتے ہیں۔

مینگنی maiNg-nii: (ہ، مث) چوہے، اونٹ، بکری، خرگوش وغیرہ کا فضلا جو گولیوں کی مانند ہوتا ہے۔

مینو mii-nuu~mai-nuu: (ف، مذ) بہشت، فردوس، جنت، رنگین شیشہ جو زیور پر جڑا ہوتا ہے، مینا، سبز یا لاجوردی رنگ کا آبگینہ نگ یا جواہر وغیرہ۔

مینو mii-nuu: (انگ، مث) Menu فہرست طعام، کھانوں کی فہرست۔

مَینوَل mai-nu-al: (انگ، مذ) Manual رسالہ، دستی کتاب، کتابچہ، دستور العمل، مذہبی رسوم کے آداب۔

مَین ہول main-hol: (انگ، مذ) Man-hole نالی یا بدررو کا وہ سوراخ جس میں سے آدمی گزر سکے۔

مینھ meNh: (ا، مث) بارش، برکھا۔

مینیجر ma-ne-jar: (انگ، مذ) Manager مہتمم، منتظم۔

میوزک mi-yuu-zik: (انگ، صف) Music موسیقی، راگ، نغمہ سرود، علمِ موسیقی، کوئی خوشگوار آواز۔

میوزیم mi-yuu-zi-yam: (انگ، مذ) Museum عجائب گھر، عجائب خانہ، نوادر خانہ۔

میوہ me-va(a)h: (ف، مذ) پھل، ثمر، جیسے انگور، انار، سیب، بادام وغیرہ، جمع: میوہ جات۔

میوہ دار me-vaa-daar: (ف، صف) پھل دار۔

میوہ فروش me-vaa fa-rosh: (ف، صف) پھل بیچنے والا، اسمِ کیفیت مث: میوہ فروشی۔

مینیا mii-ni-ya(a): (انگ، مذ) Mania، خبط، مالیخولیا۔

ن

ن۔ا

اس حروف کا نام نون ہے۔ یہ اردو حروفِ تہجی کی ترتیب میں بتیسواں حرف ہے۔ اس آواز کو تلفظ کرتے وقت زبان کا اگلا حصہ اوپری مسوڑے کے اندرونی حصے کے ربط میں آتا ہے اور ہوا منہ کے بجائے ناک سے خارج ہوتی ہے اور غشائی پردوں کے سکڑ کر ارتعاش سے اندر گونج سی پیدا ہوتی ہے۔ اسے صوتیات کی اصطلاح میں مسموع لثائی یا مسوڑی انفی مصمتہ یا حرفِ صحیح کہتے ہیں۔

نا naa: (ار، کلمہ) مصدر کی علامت، نفی کی علامت، نہیں، ضرور کی جگہ، تاکید کے لیے آخر میں آتا ہے۔ جیسے بچہ ہے نا، نفی کی تاکید کے لیے، جیسے نا بابا نہیں جاتے۔ زائد کلام کے لیے، جیسے آونا، چلونا، استفسار کے لیے، یعنی آخر کو پٹے نا؟

نا naa: (ف، حرف نفی) نہیں، نہ، ہوں، ہاں، بن بغیر، بنا، بلا (عموماً فارسی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)

ناآزمودہ naa-aaz-muu-dah: (ف، صف) ناتجربہ کار، اناڑی، کچا، ناواقف، ناآموز (متعلق فعل) بغیر آزمائش، بن دیکھے بھالے، بغیر جانے بوجھے۔

ناآزمودہ کار naa-aaz-muu-dah-kaar: (ف، صف) ناتجربہ کار، اناڑی، کچا، ناپختہ کار، ناواقف۔

ناآشنا naa-aash-naa: (ف، صف) ناواقف، انجان، بداخلاق، وہ شخص جو تیرنا نہ جانتا ہو، اسم کیفیت مث: ناآشنائی۔

نااتفاقی naa-it-ti-faa-qi(i): (ف، مث) پھوٹ، نفاق، رنجیدگی۔

نااُمید naa-um-miid: (ف، صف) مایوس، ناکام، بے آس، نراش (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ناامیدی۔

ناانصاف naa-in-saaf: (ف، صف) انصاف نہ کرنے والا، آسمان کی صفت میں مستعمل ہے، اسم کیفیت مث: ناانصافی۔

نااہل naa-ahl: (ف، صف) نالائق، ناشائستہ، ناموزوں، بے تہذیب، ناقابل، کمینہ، اسم کیفیت مث: نااہلی۔

نابالغ naa-baa-liG: (ف، صف) کم سن، جو سن بلوغ کو نہ پہنچا ہو، اسم کیفیت مث: نابالغی۔

نابغہ naa-bi-Gah: (ع، مذ) عربی کے ایک مشہور شاعر کا نام۔ بہت ذہین، فطین۔

نابکار naa-ba-kaar: (ف، صف) شریر، بدذات، بدکردار، معیوب، بیجا، نازیبا، ناموزوں، خراب، بیہودہ، کم بخت، بیکار، نکما، بے فائدہ۔

نابلد naa-ba-lad: (ف، صف) انجان، ناواقف، ناآشنا، اسم کیفیت مث: نابلدی۔

نابود naa-buud: (ف، صف) نیست، ناپید، فانی، معدوم، زوال پذیر (افعال: کرنا، ہونا)

نابینا naa-bii-na(a): (ف، صف) اندھا، کور، بے بصر (افعال: کردینا، کرنا، ہونا)

ناپاک naa-paak: (ف، صف) پلید، نجس، میلا، گندا، وہ شخص جس پر نہانا فرض ہو (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ناپاکی۔

ناپائیدار naa-paa-ye-daar: (ف، صف) جو پائیدار نہ ہو، بے ثبات، کمزور، بودا، غیر مستحکم، اسم کیفیت مث: ناپائیداری۔

ناپختہ کار naa-puK-tah-kaar: (ف، صف) دیکھیے 'ناآزمودہ کار' اسم کیفیت مث: ناپختہ کاری۔

ناپدید naa-pa-diid: (ف، صف) جو ظاہر نہ ہو، پوشیدہ، چھپا ہوا، غائب، مخفی۔

ناپُرساں naa-pur-saaN: (ف، صف) بے پروا، اسم کیفیت مث: ناپرسائی۔

ناپسند naa-pa-sand: (ف، صف) وہ چیز جو پسند نہ ہو، مرغوب، لغو، عیب دار، بے تمیز، اسم کیفیت مث: ناپسندی۔

ناپسندیدہ naa-pa-san-di-dah: (ف، صف) نامرغوب، ناگوار، بارِ خاطر، اسم کیفیت مث: ناپسندیدگی۔

ناپَید naa-paid: (ف، صف) نیست، معدوم، فنا، عنقا صفت، نادر الوجود۔

ناتمام naa-ta-maam: (فع، صف) نامکمل، ادھورا، ناقص۔

ناتواں naa-ta-vaaN: (ف، صف) کمزور، بودا، ناطاقت، لاغر، ضعیف، نحیف، عاجز، مضمحل (آہ کی صفت) افعال: کرنا، ہونا اسم کیفیت مث: ناتوانی۔

ناجائز naa-jaa-iz: (ف، صف) ناروا، نادرست، ممتنع، بے جا، خلافِ شرع۔

ناجنس naa-jins: (ف، صف) غیر جنس، ان میل، ناموافق، کم اصل، رذیل، کمینہ، اوچھا، پاجی، غیر مہذب، ناشائستہ، بےادب۔

ناچار naa-chaar: (ف، صف) عاجز، بے بس، مجبور، بیچارہ، مفلس، نادار، غریب، اپاہج، معذور، ناامید، مایوس، نراس (متعلق فعل) بالضرور، لابد، مجبور ہو کر، ہار کر، مجبوراً چار و چارہ کا مخفف ہے) افعال: خیال کر دینا، کرنا، ہونا، اسم کیفیت مث: ناچاری۔

ناچاق naa-chaaq: (ف، صف) علیل، بیمار، جو تندرست نہ ہو، لاغر، دُبلا۔

ناچاقی naa-chaa-qi(i): (ف، مث) علالت، بدمزگی، ان بن، بگاڑ، رنجش۔

ناچیز naa-chiiz: (ف، صف) جو کچھ نہ ہو، بے حقیقت، بے وقت، نابکار، نکما، اپنے نام سے پہلے بطور انکسار لکھتے ہیں۔

ناحق naa-haq: (ف، صف) بے انصافی سے، حق کے خلاف، بے جا، بلا سبب، بے سبب، بے فائدہ، نامناسب، ناواجب، (افعال: کرنا، ہونا)

ناخُدا ترس naa-Ku-daa ta-ras: (ف، صف) خدا سے نہ ڈرنے والا، خدا کا خوف نہ کرنے والا، بے رحم، سنگدل، ظلم کرنے والا، اسم کیفیت مث: ناخدا ترسی۔

ناخلف naa-Ka-laf: (ف، صف) وہ جو باپ کے موافق نہ ہو، نالائق، نااہل، بدچلن، بدذات، بداطوار، عیبی اولاد۔

ناخواندہ naa-Kwaan-dah: (ف، صف) نہ پڑھا ہوا، بے علم، ان پڑھ، جاہل، بغیر بلایا ہوا، بن بلایا (مہمان کے ساتھ) اسم کیفیت مث: ناخواندگی۔

ناخُوش naa-Kush: (ف، صف) جو خوش/راضی نہ ہو، ناراض، ناشاد، خفا، بیزار، متنفر، رنجیدہ، (افعال: کرنا، ہونا) مریض، بیمار، اسم کیفیت مث: ناخوشی۔

ناخوشگوار naa-Kush-ga-vaar: (ف، صف) ناپسندیدہ، جو برا معلوم ہو (واقعہ وغیرہ کے ساتھ)

نادار naa-daar: (ف، صف) غریب، مفلس، تنگ حال، محتاج، کنگال، گنجفہ میں وہ بازی جس میں کوئی پتا نہ آئے، اسم کیفیت مث: ناداری۔

نادار naa-daar: (ف،صف) غریب، مفلس، تنگ حال، محتاج، کنگال، گنجفہ میں وہ بازی جس میں کوئی پتا نہ آئے، اسم کیفیت مث: ناداری۔

نادان naa-daan: (ف،صف) ناسمجھ، بے وقوف، احمق، جاہل، انجان، کم سن، چھوٹی عمر کا، اسم کیفیت مث: نادانی۔

نادانستہ naa-daa-nis-tah: (ف، متعلق فعل) بے مقصد، بن جائے، بھولے سے، ناواقفیت سے، سہواً، اسم کیفیت مث: نادانستگی۔

نادُرست naa-du-rust: (ف،صف) جو ٹھیک نہ ہو، غلط، بیجا، نامناسب، غیر مباح، ناجائز، غیر مشروع، جو ٹھیک نہ چلے، (جیسے گھڑی) جس کی ترکیب ٹھیک نہ ہو، اسم کیفیت مث: نادرستی۔

نادِہند naa-di-hind: (ف،صف) نہ دینے والا، خصوصاً قرض لے کر نہ دینے والا، مزدوری مار لینے والا، اسم کیفیت مث: نادہندگی، نادہندی۔

نادیدہ naa-dii-dah: (ف،صف) بے دیکھا، ان دیکھا، جسے دیکھا نہ ہو، ندیدہ، جس نے کچھ نہ دیکھا ہو۔

ناراست naa-raast: (ف، صف) ٹیڑھا، کج، دروغ، جھوٹ، نامناسب، کھوٹا آدمی، اسم کیفیت مث: ناراستی۔

ناراض naa-raaz: (ف، صف) دیکھیے 'ناخوش' (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ناراضی، ناراضگی۔

نارس naa-ras: (ف،مث) کچا، خام، شراب خام جو پینے کے قابل نہ ہو، ناشگفتہ کلی۔

نارسا naa-ra-saa: (ف،صف) نہ پہنچنے والا، کوتاہ، بے اثر (آہ) نامراد، اسم کیفیت مث: نارسائی۔

نارساں naa-ra-saaN: (ف، صف) وہ جو واقع نہ ہو۔

نارسیدہ naa-ra-sii-dah: (ف،صف) نہ پہنچا ہوا، خام، کچا (پھل) نامکمل، نابالغ، اسم کیفیت مث: نارسیدگی۔

نارَوا naa-ra-vaa: (ف،صف) ناجائز، بے جا، خلاف شرع، ممنوع، غیر مشروع، نامعلوم، نامناسب، غیر واجب، خلاف شان، غیر مروج، بے رواج، وہ جس کا رواج نہ ہو، (سکہ) وہ جنس جس کا رواج نہ ہو، نامقبول، ناپسند، نامناسب، نامراد، ناکامیاب۔

نازیب/نازیبا naa-zeb/naa-ze-ba(a): (ف،صف) بد زیب، بدنما، بدشکل، غیر موزوں، نامناسب، ان میل، بے میل۔

ناساز naa-saaz: (ف،صف) ناموافق، مخالف، برعکس، برخلاف، ناسازگار، بیمار، علیل، بدمزہ، راس نہ آنے والا، ناسازگار، اسم کیفیت مث: ناسازی۔

ناسازگار naa-saaz-gaar: (ف،صف) مخالفت، ناموافق، برخلاف، منحوس، بدنصیب، بدبخت، اسم کیفیت مث: ناسپاس۔

ناسپاس naa-si-paas: (ف،صف) ناشکرگزار، ناشکرا، اسم کیفیت مث: ناسپاسی۔

ناسزا naa-sa-zaa: (ف،صف) نازیبا، نامناسب، بیجا، ناواجب، سفلہ، کمینہ، نالائق، بیوقوف

ناسمجھ naa-sa-majh: (ف،صف) بیوقوف، احمق، نادان، کند ذہن، غبی، بچہ، کم عمر، کم سن، اسم کیفیت مث: ناسمجھی۔

ناشاد naa-shaad: (ف،صف) ناخوش، رنجیدہ، دلگیر، پژمردہ، کم بخت، بدنصیب، بدبخت۔

ناشایستہ naa-shaa-is-tah: (ف،صف) ناہموار، نالائق، ناموزوں، نازیبا، نامناسب،

اسم کیفیت مث: ناشائستگی۔

ناشدنی naa-shud-nii: (ف، صف) ناممکن، محال، بدنصیب، کمبخت، ناخلف۔

ناشکرا naa-shuk-raa: (ار، صف) دیکھیے 'ناسپاس' اسم کیفیت مث: ناشکری۔

ناشناس naa-sha-naas: (ف، صف) نہ پہچاننے والا، ناواقف۔

ناصواب naa-sa-vaab: (ف، صف) غلط، نادرست، برا۔

نافرمان/نافرمانبردار naa-far-maan/ naa-far-maaN-bar-daar: (ف، صف) حکم نہ ماننے والا، متمرد، سرکش، ایک اُودے رنگ کا پھول، اسم کیفیت مث: نافرمانبرداری۔

نافہم naa-fa-ham: (ف، صف) ناسمجھ، نادان، کم عقل، بیوقوف، اسم کیفیت مث: نافہمی۔

نامقبول naa-qu-buul: (ع، صف) ناپسندیدہ، نامنظور۔

ناقدر naa-qa-dar: (ف، صف) جو کسی کی قدر نہ سمجھے، گن نہ ماننے والا، نالائق، اسم کیفیت مث: ناقدری۔

ناکارہ naa-kaa-rah: (ف، صف) نکما، جو کام کا نہ ہو، بے کار، برا، خراب، نابکار، سست، اپاہج۔

ناکام naa-kaam: (ف، صف) محروم، ناکامیاب، نامراد، ناامید، مایوس، ناچار، مجبور، لاعلاج، ناگزیر (افعال: رہنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ناکامی۔

ناکامیاب naa-kaam-yaab: (ف، صف) دیکھیے 'ناکام' وہ جو امتحان میں فیل ہو جائے۔ (افعال: رہنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ناکامیابی۔

ناکردہ naa-kar-dah kaar: (ف، صف) نہ کیا ہوا (تنہا استعمال نہیں ہوتا)

ناکردہ کار naa-kar-dah: (ف، صف) نہ کیا ہوا (تنہا استعمال نہیں ہوتا)

ناکردہ کار naa-kar-dah-kaar: (ف، صف) ناتجربہ کار، ناآزمودہ کار، ناپختہ کار، کچا، خام۔

ناکردنی naa-kar-da-ni(i): (ف، صف) جو کرنے کے لائق نہ ہو۔

ناکس naa-kas: (ف، صف) نیچ، کمینہ، سفلہ، سفلہ، پاجی، نالائق (اُردو میں ہر کس و ناکس کی ترکیب میں آتا ہے) اسم کیفیت مث: ناکسی۔

ناکند naa-kund: (ف، مذ) وہ بچھیرا جس کے ابھی دودھ کے دانت ہوں، ناسمجھ، نادان، ناتجربہ کار، دوشیزہ، باکرہ۔

ناگاہ/ناگاہاں naa-gaah/naa-ga-haaN (ف، متعلق فعل) اچانک، یکایک، ناگہ، دفعتہً۔

ناگزیر naa-gu-ziir: (ف، صف) ضرور، لازم، واجب، ناچار۔

ناگفتنی naa-guf-ta-ni(i): (ف، صف) شرمناک، وہ جو کہنے کے قابل نہ ہو، خراب ہونا۔

ناگفتہ naa-guf-tah: (ف، صف) نہ کہی ہوئی، کہنے کے ناقابل۔

ناگفتہ بہ naa-guf-tah beh: (ف، صف) اس کا نہ کہنا بہتر ہے، کنایۃً شرمناک۔

ناگہ/ناگہاں naa-gah/naa-ga-haaN (ف، متعلق فعل) اچانک، دفعتہً، یکایک، بےخبری میں (صف)

ناگہانی naa-ga-haa-ni(i): (ف، صف) اتفاقی، اچانک۔

نالائق naa-laa-yaq: (ع، صف) ناقابل، سفلہ، کمینہ، نامناسب، بے جا، اسم کیفیت مث: نالائقی۔

نامانوس naa-maa-nuus: (ف، صف) جس کو محبت نہ ہو، جو گھلا ملا نہ ہو، اجنبی۔

نامبارک naa-mu-baa-rak: (ف، صف) ناسزاوار، منحوس، نامسعود۔

نامتناہی naa-mut-naa-hii: (ف، صف) جس کی انتہا نہ ہو، لاانتہا، بےحد، بےکنار، بےتھاہ۔

نامحرم naa-mah-ram: (ف، صف) ناواقف، ناآشنا، انجان، غیر، اجنبی، وہ جس سے عورت کو پردہ واجب ہو، وہ رشتہ دار یا شخص جس سے نکاح جائز ہو۔

نامراد naa-mu-raad: (ف، صف) ناکام، محروم، بدنصیب، بدبخت، بےنصیب، کم بخت، اسم کیفیت مث: نامرادی۔

نامرد naa-mard: (ف، صف) ہجڑا، زنانہ، ڈرپوک، بزدل، بودا، بےحوصلہ، وہ جو عورت پر قادر نہ ہو، اسم کیفیت مث: نامردی، وہ جو عورت سے صحبت کے قابل نہ ہو۔

نامردم naa-mur-dam: (ف، صف) ناکس، نالائق۔

نامسعود naa-mas-(?)uud: (ف، صف) نامبارک۔

نامشخص naa-mu-shaK-Kas: (ف، صف) بےتحقیقی، غیر متعین، جو ایک وضع یا ایک حالت پر نہ ہو، وہ جس کی پڑتال نہ لکھی گئی ہو۔ بےحیثیت وغیرہ، بےوقعت۔

نامطبوع naa-mat-buu(?): (ف، صف) ناگوار، ناپسند، خلاف طبع۔

نامعقول naa-ma(?)-quul: (ف، صف) ناپسندیدہ جو عقل میں نہ آئے۔ بعید از عقل، بیوقوفی کی بات۔

نامعلوم naa-ma(?)-luum: (ف، صف) بےخبر، ناواقف، غیر مشہور، غیر معروف، انجان، نہ جانا ہوا، مجہول الاسم، جو معلوم نہ ہو۔

نامُلائم naa-mu-laa-yam: (فع، صف) کڑا، سخت، نامناسب، نازیبا۔

ناممکن naa-mum-kin: (فع، صف) نہ ہونے والی، اَن ہونی، خارج از امکان۔

نامناسب naa-mu-na-sib: (فع، صف) ناپسندیدہ، نامعقول، غیر مناسب، ناموزوں، غیر واجب، بےموقع، بےہودہ۔

نامنظور naa-man-zuur: (فع، صف) انکار کیا گیا، ناپسند، نامعقول، اسم کیفیت مث: نامنظوری۔

ناموافق naa-mu-wa-fiq: (فع، صف) جو موافق نہ ہو، خلاف، ناگوار، اسم کیفیت مث: ناموافقت۔

ناموزوں naa-mo-zuuN: (فع، صف) نازیبا، بےجوڑ، ناموافق، بےمیل، جس کا وزن درست نہ ہو۔

نامہربان naa-ma-har-baan: (ف، صف) بےمہر، بےمروت، بےرحم، بےدرد، اسم کیفیت مث: نامہربانی۔

ناواجب naa-vaa-jib: (ف، صف) بےجا، نامناسب، نازیبا۔

ناواقف naa-vaa-qif: (ف، صف) انجان، نامحرم، جاہل، ناتجربہ کار، اسم کیفیت مث: ناواقفی / ناواقفیت۔

ناوقت naa-vaqf: (ف، صف) بےوقت، بےہنگام، بےموقع، بےمحل۔

ناہموار naa-ham-vaar: (ف، صف) نابرابر، غیر مسطح، نامساوی، اونچا، نیچا، ناموافق، نالائق،

ناخلف، ناشائستہ، بیہودہ، اسم کیفیت مث: ناہمواری۔

ناہنجار naa-han-jaar: (ف، صف) بدچلن، بدذات، کمینہ، نالائق۔

نایاب naa-yaab: (ف، صف) کمیاب، نادر، وہ چیز جو بہت کم میسر آئے، ناپید، نامیسر، بیش قیمت، قابل قدر، اسم کیفیت مث: نایابی۔

ناب naab: (ف، صف) بے آمیزش، خالص، صاف، مرکبات میں جیسے مے ناب، شراب ناب، پاک شدہ، مخلص، صادق، راسخ، نالی، جھری، لکیر، دراز، تلوار کی نالی جو قبضے سے نوک تک ہوتی ہے۔ ستون کی نالی۔

ناب naab: (ع، مذ) کاٹنے والا دانت، کینچلی، داڑھ۔

نابدان naab-daan: (ف، مذ) وہ زمین دوز موری جس سے گندہ پانی نکلے۔

نابھاوت naa-bhaa-vat: (ہ، مث) وہ بھنوری جو گھوڑے کے زیر ناف یہ منحوس خیال کی جاتی ہے۔

ناپ naap: (ار، مث، مذ) 'ناپنا' مصدر سے صیغہ امر (مث) پیمانہ، انداز، پیمائش، ماپ۔

ناپ تول / جوکھ naap-tol/jokh: (ار، مث) پیمائش اور تول۔

ناپنا naap-naa: (ار، مص) پیمائش کرنا، اندازہ کرنا، کاٹنا، قلم کرنا (سر) گردن پکڑ کر نکال دینا، سفر کرنا (راستہ) آوارہ پھرنا، تھوڑی دیر کے لیے آنا۔

ناتا naa-taa: (ہ، مذ) رشتہ، قرابت، رشتہ داری، بھائی بندی، تعلق، علاقہ، واسطہ، نسبت، میل، لگاؤ۔

ناتے دار naa-te-daar: (ار، صف) رشتہ دار، اسم کیفیت مث: ناتے داری۔

ناتھ naath: (ہ، مذ) بیلوں کی ناک کی رسی، ڈورا جس سے زخم کھلا رہے۔

ناتھ naath: (س، مذ) مالک، آقا، ولی نعمت، خداوند، خاوند، پناہ، سہارا، مدد۔

ناتھنا naath-naa: (ار، مص) سوراخ کرنا، چھیدنا، بیل کے نتھنے میں رسی ڈالنا، قابو کرنا، بس میں کرنا، مطیع کرنا، شامل کرنا، پھانسنا۔

ناٹا naa-Taa: (ہ، مذ) پست قد، ٹھگنا، بونا، شریر، شرارتی، نوجوان بیل جو ابھی سدھایا نہ گیا ہو، اسم کیفیت مذ: ناٹاپن۔

ناٹک naa-Tak: (س، مذ) ناچنے والا شخص، رقاص، تماشا کرنے والا شخص، بہروپیا، بھان متی، ایکٹر، کھیل، ڈراما۔ سنسکرت کے کھیلوں کی دس بہترین قسموں میں سے پہلی قسم، نٹ کا پیشہ (نٹ) ناچنا، تماشا دکھانا۔

ناثر naa-sir: (ع، مذ) نثر لکھنے والا، عبارت نویس، مضمون نگار۔

ناج naaj: (ہ، مذ) اناج کا مخفف، اناج، غلہ، دانہ

ناجو naa-jo: (ہ، مث) ناز پردہ، نازک عورت، لاڈلی بیٹی۔ پیار سے کہتے ہیں۔ (غالباً نازک کا بگاڑ ہے)

ناجی naa-ji(i): (ع، صف) نجات پانے والا، گناہ معاف کیا ہوا، مغفور، مث: ناجیہ۔

ناچ naach: (ہ، مذ) (ناچنا مصدر سے صیغہ امر) (مذ) خوشی میں آ کر چلنا، کودنا، ناچ، اظہار خوشی کا ایک طریقہ ہے۔ بچے جب کسی بات پر خوش ہوتے ہیں تو ناچنے کودنے لگتے ہیں۔ اسے موجودہ ناچ کی ابتدا سمجھنا چاہیے۔ اہل رقص کا باقاعدہ تال اور سر پر پاؤں مارنا، رقص، اچھل کود۔

ناچنا naach-na(a): (ار، مص) رقص کرنا، تھرکنا، خفگی یا غصے میں تلملانا۔ بگڑنا، اچھلنا کودنا۔

ناحیۃ naa-hi-yah: (ع، مذ) ملک، علاقہ، قطعۂ زمین، کنارہ، ساحل، نواحی، جمع۔

ناخدا naa-Ku-dah: (ف، مذ) کشتی کا مالک، جہاز کا کپتان، ملاح، کشتی بان، (ناؤ خدا کا مخفف) راہنما، اسم کیفیت مث: ناخدائی۔

ناخن naa-Kun: (ف، مذ) انگلیوں کے سروں کی ہڈی، جو پاؤں کے کھر اسم۔ پرندوں اور درندوں کے پیروں کی انگلیوں کے اوپر سروں کی ہڈی جس سے وہ اپنا شکار پکڑتے اور زخمی کرتے ہیں۔

ناخن بندی naa-Kun-ban-di(i): (ف، مث) مدد معاش، مدد خرچ، ملازمت، نوکری چاکری، علاقہ، تعلقہ۔

ناخن تراش naa-Kun-ta-raash: (ف، مذ) وہ آلہ جس سے ناخن تراشتے ہیں، نہرنی، نہرنا۔

ناخن گھسنا naa-Kun ghis-na(a): (ار، محاورہ) حد سے زیادہ کوشش کرنا۔

ناخن گیر naa-Kun-giir: (ار، مذ) دیکھیے 'ناخن تراش'۔

ناخنہ naa-Ku-nah: (ف، مذ) مضراب، ستار، بجانے کا مڑا ہوا تار، آنکھ کی ایک بیماری جس میں سفیدی مائل گوشت آنکھ کے کوئے میں پیدا ہو جاتا ہے۔ گھوڑے کی آنکھ کے سرخ ریشے، چیرا باندھنے کا نوکدار انگشتانہ۔

ناخون naa-Kuun: (ف، مذ) دیکھیے 'ناخن' معہ مرکبات جو تمام کے تمام اس کے ساتھ بھی مستعمل ہیں۔

ناد naad: (ع، مذ) پکار، ندا۔

نادعلی naa-de-(?)a-li: (ع، مذ) علی کو بلاؤ یا اُن سے مدد طلب کرو، ایک دعا جسے پتھر پر لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ ایک قسم کا پتھر جس پر یہ دعا لکھی جاتی ہے جسے حاجی مکہ سے لاتے ہیں۔

نادر naa-dir: (ع، فاعل) کمیاب، کم، قلیل، تھوڑا، عمدہ، تحفہ، عجیب، نایاب، ایک بادشاہ کا نام، مث: نادرہ، جمع نادرات۔

نادر شاہی naa-dir shaa-hii: (ف، صف) متعلقہ، نادر شاہ، ظلم کا، اندھیر کا (مث) نادر شاہ کے زمانے کا سا اندھیر یا ظلم نادر شاہ کی حکومت کا زمانہ۔

نادر گرامی naa-dir ga-raa-mi(i): (ع، مث) دیکھیے 'نادر شاہی'

نادری naad-ri(i): (ع، صف) نادر سے منسوب، نادر کا (مث) ایک قسم کی صدری، گنجفہ کا یکہ، ظلم (نادر شاہ کی طرف منسوب)

نادم naa-dim: (ع، افاعل) شرمندہ، خجل، شرمسار، منفعل۔

نادیا naa-di-yaa: (ھ، مذ) وہ بیل جس کا کوئی عضو زیادہ ہو۔

نار naar: (ف، مذ) انار کا مخفف، مرکبات میں جیسے گلنار۔

نار naar: (ع، مث) آگ، آتش، اگنی۔

نار naar: (ھ، مث) ناری کا مخفف، عورت، بیوی، جلاہوں کا ایک آلہ آہنی۔

نارپستان naar-pis-taan: (ف، صف) جس کی چھاتیاں انار کی طرح گول ہوں۔

نارجیل naar-jiil: (ف، صف) ناریل، کھوپرا، گری۔

نارمل naar-mal: (انگ، صف) Normal ٹھیک، درست، باقاعدہ، معتدل۔

نارنج naa-ranj: (ع، مذ) نارنگ کا معرب، سنگترہ

نارنجی naa-ran-ji(i): (ع، صف) نارنج کے رنگ

کا، سرخی مائل زرد رنگ۔

نارنگ naa-rang: (ف، مذ) ایک پودا جس کا پھل کھاتے ہیں۔ یہ بیج سے نہیں اُگتا بلکہ کھٹے یا میٹھے پر پیوند کرتے ہیں۔ رس کا پھل، سنگترہ، نارنگی۔ پنجابیوں میں نام کے آخر میں بھی لگایا جاتا ہے۔

نارنگی naa-ran-gii: (ف، مث) نارنگ، مجازاً عورت کے پستان۔

نارو naa-ru(u): (ہ، مذ) ایک بیماری جس میں انسان کے بدن سے تاگا سا نکلتا ہے۔ نہروا۔

ناروان / نارون naar-vaan/naa-ruun: (ف، مذ) ایک قسم کا خوشنما درخت، انار کا درخت۔

ناری naa-rii: (س، مث) عورت، زن، بیوی، استری، زوجہ، مؤنث، مادہ۔ (ع، دوزخی)

ناریا / ناڑیا naaR-yaa: (ہ، مذ) نبض دیکھنے والا، نباض، طبیب، حکیم۔

ناریل naa-ri-yal: (ہ، مذ) ایک بہت اونچا کھجور کی قسم کا درخت جو ہندوستان کے جنوبی ساحل اور جزائر شرق الہند میں ہوتا ہے۔ اس پر بڑے بڑے گول پھل لگتے ہیں۔ جس کا چھلکا بہت سخت ہوتا ہے۔ اس کا گودا کھاتے ہیں۔ اور تیل نکالتے ہیں۔ اس درخت کا پھل، حقہ جو ناریل میں سوراخ کر کے اس کا گودا نکال کر بناتے ہیں۔ ایک قسم کی آتش بازی، مجازاً سر۔ (افعال: بیچنا، خریدنا)

ناڑ naaR: (ہ، صف) زخم، پھوڑا، گردن، نرخرہ، نس، نبض۔

ناڑا naa-Raa: (ہ، مذ) ازار بند، کمر بند۔

ناڑی naa-Rii: (ہ، مث) پودے کی شاخ، بدن کا کوئی نالی دار عضو، نس، نبض، بندوق کی نالی، انتڑی، پھوڑا یا زخم، گھڑی، ایک قسم کی آتش بازی۔

ناڑیا naaR-yaa: (ہ، مذ) نبض شناس، نباض۔

ناز naaz: (ف، مذ) ادا، نخرہ، غمزہ، معشوق کی پیار کی باتیں یا ادائیں، پیار، لاڈ، چونچلا، گھمنڈ، غرور، فخر، بڑائی، عزت۔

ناز بالش naaz-baa-lish: (ف، مذ) پہلو کا تکیہ، نرم تکیہ۔

ناز بردار naaz-bar-daar: (ف، صف) ناز اٹھانے والا، اسم کیفیت مث: ناز برداری۔

ناز پرور / پروردہ naaz-par-var/ par-var-dah: (ف، صف) ناز یا لاڈ میں پلا ہوا، اسم کیفیت مث: ناز پروری / پروردگی۔

ناز کا پالا naaz-kaa-paa-laa: (ف، صف) وہ جو لاڈ اور پیار میں پلا ہو، محبوب، معشوق، پیارا۔

ناز و نیاز naa-zo-na-yaaz: (ف، مذ) پیار، اخلاص، لاڈ پیار، چاؤ چوچلا، ناز نخرہ۔

نازاں naa-zaaN: (ف، صف) ناز کرنے والا، فخر کرنے والا، مغرور۔

نازبو naaz-bu(u): (ف، مذ) ایک پودا، سیاہ تلسی، اس کے پھول اور پتے بہت خوبصورت اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ ریحان

نازش naa-zish: (ف، مث) اترانا، ناز، فخر، گھمنڈ، بے پروائی، بددماغی۔

نازک naa-zuk: (ف، صف) پتلا، دبلا، ہلکا، چھریرا، لطیف، نفیس، نرم، کومل، نزاکت بھرا، جلد ٹوٹ جانے والا، خوب صورت، خوش وضع، سڈول، سہاؤنا، وقت طلب، ناز پروردہ، خطرناک، اسم کیفیت مث: نازکی۔

نازک خیال naa-zuk-Ka-yaal: (ف، صف) عمدہ خیالات والا، عالی خیال، اسم کیفیت مث: نازک خیالی۔

نازک دماغ naa-zuk di-maaG: (ف، صف) مغرور، مدمغ، بد دماغ، بدمزاج، چڑچڑا، تنگ مزاج، اسم کیفیت مث: نازک دماغی۔

نازک زمانہ naa-zuk za-maa-nah: (ف، مذ) برا وقت، مصیبت کا وقت، خطرے کا وقت۔

نازک مزاج maa-zuk mi-zaaj: (ف، صف) تنگ مزاج، چڑچڑا، زود رنج، معشوق، اسم کیفیت مث: نازک مزاجی۔

نازل naa-zil: (ع، افاعل) اترنے والا، نیچے آنے والا، وارد ہونے والا، گزرنے والا، (افعال: کرنا، ہونا)

نازنین naaz-niin: (ف، صف) دل فریب، دلربا، نازک اندام، نازک ادا، خوب صورت، خوش وضع، بانکی، البیلی، چھبیلی، خوش گفتار۔

ناس naas: (ہ، مذ) تباہی، بربادی، غارت، خرابی، نابود، ہلاس، نسوار، پسا ہوا تمباکو۔

ناسپال naas-paal: (ف، مذ) پوست انار، انار کا چھلکا، جو رنگ نکالنے کے کام آتا ہے۔ کچا انار، انار خام، ایک قسم کی آتشبازی۔

ناسپالی naas-paa-lii: (ف، صف) وہ رنگ جو انار کے چھلکے سے حاصل ہو، انار کے چھلکے کے رنگ کا، زردی مائل، سنہری، نسواری۔

ناستک naas-tik: (ف، صف) جو کہے کہ یہ نہیں ہے، انکار کرنے والا، کافر، دہریہ، منکر، بے دین، بے ایمان۔

ناسخ naa-siK: (ع، افاعل) نقل کرنے والا، مٹانے والا، منسوخ کرنے والا۔

ناسک naa-sik: (ع، فاعل) خدا پرست، عبادت کرنے والا، باعصمت، نیک۔

ناسوت naa-suut: (ع، مذ) عالم اجسام، دنیا، مجازاً شریعت ظاہری، عبادت ظاہری۔

ناسور naa-suur: (ع، مذ) وہ زخم جو ہمیشہ رہتا ہے۔ رستا ہوا زخم۔

ناش naash: (س، مذ) غیب ہوجانا، فنا، تباہی، ناس، بربادی، موت (افعال: کرنا، ہونا)

ناشپاتی naash-paa-tii: (ف، مث) ایک پھل دار درخت جو بیج سے پیدا نہیں ہوتا۔ اس کی جڑوں سے نئے پودے پھوٹتے ہیں۔ اور ان پر پیوند کیا جاتا ہے۔ سیب سے ملتا جلتا پھل۔

ناشتا naash-taa: (ف، مذ) لفظی معنی خالی پیٹ، بھوکا، نہاری، صبح کا کھانا، چاشت۔

ناشر naa-shir: (ع، مذ) نشر و اشاعت کرنے والا، پبلشر، کتابوں کو چھپوا کر بیچنے والا، بکھیرنے والا، فاش کرنے والا۔

ناصب naa-sib: (ع، فاعل) کھڑا کرنے والا، برپا کرنے والا، قائم کرنے والا، نصب کرنے والا۔

ناصبی naa-si-bi(i): (ع، مذ) حضرت علیؓ کا مخالف مسلمان۔

ناصبیت naa-si-biy-yat: (ع، مث) ناصبی ہونے کی حالت میں یا ناصبی ہونے کا عقیدہ۔

ناصح naa-seh: (ع، فاعل) نصیحت کرنے والا، صلاح کار، پند گو۔

ناصر naa-sir: (ع، فاعل) مدد کرنے والا، مددگار، معاون، حامی مث: ناصرہ۔

ناصیہ naa-si-yah: (ع، مذ) پیشانی کے بال، ماتھا، پیشانی، جبین۔

ناطق naa-tiq: (ع، فاعل) بولنے والا، گویا، صاحب عقل۔ منطق چھانٹنے والا، قطعی، قرار، واقعی، مستحکم، مضبوط۔ وہ جو دوسرے کو عاجز اور خاموش کر

دے۔ مث: ناطقہ۔

ناطقہ naat-qah: (ع، مذ) بولنے کی قوت، طاقت گویائی۔

ناظر naa-zir: (ع، صف) دیکھنے والا، نظر کرنے والا، مشاہدہ کرنے والا، نگہبان، محافظ، نگرانی کرنے والا (مذ) محرروں کا افسر، ہیڈ محرر، میر سامان، خواجہ سرا، محلوں کا محافظ، عدالتوں کا ایک عہدہ دار، جو ماتحت ملازموں کی نگرانی کرتا اور خرچ وغیرہ کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ مث: ناظرہ۔

ناظرہ naa-zi-rah: (ع، مذ) قوت ناظرہ، دیکھنے یا مشاہدہ کرنے کی قوت دیکھ کر پڑھنا، خصوصاً قرآن مجید۔

ناظری naa-zi-rii: (ع، مث) ناظر کا کام یا پیشہ، ملاحظہ، نگہبانی، حفاظت، انسپکٹری۔

ناظم naa-zim: (ع، صف) پرونے والا، لڑی بنانے والا، انتظام کرنے والا، منتظم، کارکن، سربراہ کار، منصرم، نظم کہنے والا، شاعر، شعر گو، سیکریٹری، گورنر، صوبہ دار، ڈپٹی کمشنر، مث: ناظمہ۔

ناظورہ naa-zuu-rah: (ع، صف) جس کی سب سے بڑھ کر عزت کی جائے، سردار، افسر، مالنوں کی سردار، خوبصورت عورت، محبوبہ۔

ناغہ naa-Gah: (ف، صف) خالی، بے کار (مذ) تعطیل، غیر حاضری۔

ناف naaf: (ف، مث) لونڈی، پیٹ کے درمیان وہ سوراخ جہاں رحم مادر میں بچے کی آنول جڑی ہوتی ہے۔ درمیان، مرکز۔

نافذ naa-fiz: (ع، افاعل) وہ جو داخل ہو، گزرے / نافذ کرے، جاری ہونے والا، مث: نافذہ۔

نافع naa-fey(?): (ع، صف، فاعلی) مفید، سودمند، نفع دینے والا۔ خدا تعالیٰ، مث: نافعہ۔

نافلہ naa-fi-lah: (ع، مذ) وہ فعل یا عبادت جو فرض نہ ہو، اور جو اپنے طور پر کی جائے، بچوں کے بچے۔ مال غنیمت۔

نافہ naa-fah: (ف، مذ) ایک تھیلی جو ایک خاص قسم کے ہرن کے پیٹ پر ہوتی ہے۔ اس میں خون جم جاتا ہے۔ جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔ اسے مشک بھی کہتے ہیں۔

نافی naa-fii: (ع، صف) نفی کرنے والا، نیست کرنے والا، مث: نافیہ۔

ناقد naa-qid: (ع، صف فاعلی) پرکھنے والا، جو لین دین کے معاملے میں ہوشیار ہو، اچھے روپیہ کو برے روپیہ سے علیحدہ کرنے والا، تنقید کرنے والا، نکتہ چین۔

ناقص naa-qis: (ع، صف) نامکمل، ادھورا، غیر مکمل، عیب دار، عیبی، غیر خالص، کھوٹا، خراب، نکما، ناکارہ (مذ) وہ لفظ جس کا آخری حرف علت ہو، مث: ناقصہ، جمع: ناقصات۔

ناقوس naa-quus: (ع، مذ) وہ سنکھ جو ہندو اپنی عبادت/پوجا پاٹ کے وقت بجاتے ہیں۔ یہ ایک قسم کا سمندری جانور کا گھر ہوتا ہے، کوڑی کی شکل کا مگر اس سے قد میں بہت بڑا ہوتا ہے۔

ناقہ naa-qah: (ع، مث) اونٹنی، سانڈنی۔

ناک naak: (ار، مث) انسان اور جانوروں کا ایک عضو جس سے وہ سانس لیتے ہیں۔ غیرت، شرم، لحاظ، نمود کی چیز۔ چوٹی، عزت آبرو، عظمت، شان، بزرگی۔

ناک کا بال naak kaa baal: (ار، مذ) نہایت عزیز، مقرب، دوست، منہ چڑھا آدمی۔

ناک کی سیدھ naak kii siidh: (ار، مث) ٹھیک سامنے، سیدھے خط میں، بخط مستقیم (افعال:

چلنا، چلنا، چلا جانا)

ناک گھسنی naak ghis-nii: (ار، مث) جبہ سائی، منت سماجت، عجز۔

ناک نقشہ naak naq-shaa: (ار، مذ) چہرے کے خط و خال۔

ناکا naa-kaa: (ہ، مذ) سڑک کا اخیر، راستے کی حد، گلی کوچے کا دروازہ، شہر کا دروازہ، چنگی کی چوکی، سوئی کا چھید، پولیس کا چھوٹا تھانہ، مگر مچھ کی قسم کا ایک دریائی جانور۔

ناکا بندی naa-kaa-ban-dii: (ار، مث) حد بندی، راستہ روکنا، راستے پر پہرا بٹھانا، چنگی یا کسی دوسرے محصول کے لیے جگہ جگہ پہرے بٹھا دینا، (افعال: کرنا، ہونا)

ناگ naag: (س، مذ) سانپ، پھن دار سیاہ سانپ۔

ناگر بیل naa-gar-bel: (ار، مث) پریان کی بیل۔

ناگر پان naa-gar-paan: (ار، مذ) بہترین قسم کا پان، عمدہ اور بڑھیا نیز بڑا پان۔

ناگری naag-rii: (ہ، مث) ہندی زبان کا رسم الخط جو آج کل عام طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اسے دیوناگری بھی کہتے ہیں۔ شہری زبان۔

ناگن / ناگنی naa-gan/naag-ni(i): (ہ، مث) ناگ کی مادہ، سانپن، گدودی کے اوپر سرک بالوں میں ایک بھونری، گھوڑے کی گردن کی بھونری جو منحوس ہوتی ہے۔

ناگور naa-guur: (ہ، مذ) مارواڑ کے قریب ایک علاقہ جہاں کے بیل بہت مشہور ہیں۔

نال naal: (ف، مذ) وہ ریشہ جو قلم سے نکلتا ہے۔ نے، نرسل۔

نال naal: (ہ، مث) وہ آنت جو پیدائش کے وقت بچے کی ناف سے جڑی ہوتی ہے۔ اسے کاٹ کر دبا دیتے ہیں۔ ان معنوں میں مذکر بھی مستعمل ہے۔ بندوق یا تمنچہ کی نالی جس کے سر پر سے گولی نکلتی ہے۔ گھاس وغیرہ کی ڈنڈی، کنویں کی لمبائی، گولے کی لمبائی، قمار بازوں میں وہ نقدی جو ہر داؤں میں سے نکالی جاتی ہے جسے مالک قمار خانہ لیتا ہے (مذ) پتھر یا لکڑی کا آلہ جسے پہلوان اٹھاتے ہیں (صف) قریب، پاس۔

نالا naa-laa: (ہ، مذ) ازار بند، چھوٹی ندی، چھوٹا دریا، برساتی ندی یا نہر۔

نالاں naa-laaN: (ف، صف) روتا ہوا، فریادی، شاکی، واویلا کرنے والا، عاجز، تنگ دست۔

نالش naa-lish: (ف، مث) رونا، گریہ وزاری، فریاد، دہائی، شکایت، دعویٰ، استغاثہ، حاکم سے چارہ جوئی۔

نالشی naa-li-shii: (ف، صف) دعوے دار، فریادی، شکایت کرنے والا، شکایتی۔

نالہ naa-la(h): (ف، مذ) رونا، گریہ وزاری، شور و غل، نغاں، فریاد، واویلا، دہائی، شکایت، آہ و بکا۔

نالۂ سرد naa-la-he-sard: (ف، مذ) آہ سرد۔

نالۂ شب گیر naa-la-he-shab-giir: (ف، صف) وہ فریاد جو رات کے پچھلے پہر کی جائے۔

نالہ کش naa-lah kash: (ف، صف) نالہ کرنے والا، رونے والا، گریہ وزاری کرنے والا، اسم کیفیت مث: نالہ کشی۔

نالی naa-lii: (ہ، مث) موری، نالی، راستہ، بدن کا کوئی گول سوراخ دار حصہ، نس، نبض، انتڑی وغیرہ، مرد کے سینے کے درمیان کا حصہ جو گہرا ہوتا ہے۔ ڈنڈ پیلنے کا گڑھا جو پہلوان کھود لیتے ہیں۔ گھوڑے کی پیٹھ کا

گڑھا۔ وہ کپڑا جو نالی کی صورت کا ہوتا ہے۔ کھیت میں پانی لے جانے کا راستہ، کنیت، شہرت، آبرو، نسل۔ ار

نام naam: (ف، مذ) اسم، ناؤں، کنیت، شہرت، آبرو، نسل، الزام، یادگار۔

نام آوَر / وَر naam-aa-var/var: (ف، صف) مشہور، معروف، نامور، اسم کیفیت مث: نام آوری / وری۔

نام بُردہ naam bur-dah: (ف، مث) وہ شخص جس کا ذکر اوپر آچکا ہو، مذکورہ بالا، ذکر شدہ۔

نام پر naam par: (ار، متعلق فعل) نام کے لیے، طفیل میں، شہرت کے لیے، کسی کے نام کی تعظیم کے لیے جیسے نام پر درود بھیجنا / پڑھنا۔

نام جُو naam-juu: (ف، صف) ناموری چاہنے والا، طالب شہرت۔

نام دار naam-daar: (ف، صف) مشہور، نامی، اسم کیفیت مث: نام دھاری۔

نام نامی naa-me-naa-mii: (ار، مذ) معروف و مشہور نام، کسی کے متعلق عزت سے استعمال کرتے ہیں۔

نام و نمُود naa-mo-na-muud: (ف، مذ) عزت نمائش، ٹیپ ٹاپ، ظاہری ٹھاٹھ۔

نام نِہاد naam na-haad: (ف، صف) موسوم نامزد، برائے نام، صرف نام کا۔

نامور naam-var: (ف، صف) نام آور کا مخفف ہے، نامی، مشہور، اسم کیفیت مث: ناموری۔

ناموُس naa-muus: (ع، مث) آبرو، لاج، شرم، جو بات موجب عزت ہو، راز پوشیدہ، حضرت جبرائیلؑ کا لقب، فرشتہ، احکام الٰہی، اہل خانہ، حرم سرا، زنانہ، حکیموں کے نزدیک تدبیر و سیاست، آئین۔

ناموُس اکبر naa-muu-se-ak-bar: (ع، مذ) حضرت جبرائیلؑ کا لقب، شریعت، قاعدہ، دستور۔

نامہ naa-mah: (ف، مذ) خط، مکتوب، چٹھی، نوشتہ، صحیفہ، کتاب، رسالہ، دفتر، مرکبات میں جیسے اقرار نامہ، نام لکھی ہوئی رقم، قرضہ، کنجڑوں کی اصطلاح میں خوا کہ کا تمیں دانوں کا ڈھیر۔

نامۂ اعمال na-ma-ye-(?)aa-maal: (ع، مذ) اعمالنامہ، وہ کاغذ جس پر منکر نکیر ہر ایک کے اعمال لکھتے ہیں۔

نامہ بر naa-mah-bar: (عف، صف) چٹھی لے جانے والا، چٹھی رساں، ڈاکیہ، ہرکارہ، قاصد، پیامبر، پیک، اسم کیفیت مث: نامہ بری۔

نامہ نِگار na-ma(h) ni-gaar: (ف، مذ) خبر دہندہ، خبر نویس، پرچہ نویس، اخبار کا نامہ نگار، کار سپانڈنٹ، اسم کیفیت مث: نامہ نگاری۔

نامہ و پیام / پیغام naa-mah-o-pa-yaam/pai-Gaam: (ف، مذ) خط و کتابت، سلام پیام

نامی naa-mi(i): (ع، صف، فاعلی) بڑھنے والا، غور کرنے والا، مشہور، معروف، نامور، موسوم، نام والا۔

نامیاتی naa-ma-yaa-ti(i): (ع، صف) وہ جس میں نمو کرنے یا بڑھنے پھولنے کی صلاحیت ہو، عضویاتی، جسم کے متعلق، جسمانی۔

نامیہ naa-ma-yah: (ع، مث) بڑھنے / بڑھانے والی قوت، نمو کرنے والی قوت۔

نان naan: (ھ، نفی) نہیں، نہ۔

نان naan: (ف، مذ) روٹی، چپاتی، تنور کی موٹی روٹی، ایک خاص قسم کی موٹی روٹی جو میدے سے بناتے ہیں۔ قرص۔

نان آبی naan-aa-bii: (ف، مذ) وہ روٹی جو

گندھے ہوئے آٹے کو پانی لگا کر بنائی جاتی ہے۔
نانبائی naan-baa-ii: (ف، مذ) روٹی پکانے کا پیشہ کرنے والا، روٹی اور شوربہ بیچنے والا۔
نان پاؤ naan-paa-o: (ف، مذ) ایک قسم کی خمیری روٹی جو شہر خطا میں ایجاد ہوئی تھی۔
نان پز naan-pur: (ف، مذ) روٹی پکا کر بیچنے والا، نانبائی، اسم کیفیت مث: نان پزی۔
نان خطائی naan-Ka-taa-i(i): (ف، مث) ایک قسم کی روٹی کی شکل کی مٹھائی جو کھانڈ میدے اور گھی سے بناتے ہیں اور بسکٹ کے برابر ہوتی ہے۔ بعض جگہ روٹی کے برابر بناتے ہیں۔
نان خواہ naan-Kwaa(h): (ف، مذ) اجوائن۔
نان خورش naan-Ko-rash: (ف، مذ) قرص خورشید۔
نان رباط naan-ra-baat: (ف، مذ) وہ روٹی جو خانقاہوں میں ملتی ہے۔
نان روغنی naan-ro-Ga-nii: (ف، مذ) ایک قسم کی روٹی جس میں گھی ڈال کر پکاتے ہیں۔
نان فروش naan-fa-rosh: (ف، صف) روٹی بیچنے والا، اسم کیفیت مث: نان فروشی۔
نان و نفقہ naa-no-naf-qah: (ف، مذ) روٹی کپڑا، گھر بار کا خرچ، بیوی کا خرچ۔
نان و نمک naa-no-na-mak: (ف، مذ) معمولی روٹی جس میں کوئی تکلف نہ ہو۔
نانا naa-na(a): (ھ، مذ) ماں کا باپ مث: نانی۔
ناند naaNd: (ھ، مث) مٹی کا بڑا کونڈا، مٹی کا بہت بڑا برتن جس میں پہلے زمانہ میں نانبائی آٹا گوندھتے / رنگت کپڑے رنگتے تھے اور جانوروں (گائے، بھینس) کو اس میں چارا بطور کھڑ لی کھلاتے ہیں۔
نانک naa-nak: (ھ، مذ) گرو نانک کا ایجاد کردہ مذہب، سکھ مذہب۔
نانک شاہی naa-nak shaa-hi(i): (ھ، مذ) فقیروں کا ایک گروہ، ایک قسم کا موٹا پیسہ جو اب رائج نہیں ہے۔
نانگا naan-ga(a): (ھ، صف) ننگا، وہ سادھو جو ننگا رہے، سادھوؤں کا ایک فرقہ جو ننگا رہتا ہے۔
نانواں naaN-vaaN: (ھ، مذ) قیمت، کسی چیز کی لگی ہوئی قیمت، روپیہ جو ملنے والا ہو۔
ننھیال nanh-yaal: (ھ، مذ) نانا کا گھر یا خاندان، لکھنؤ میں ننہال بولتے ہیں۔
ناوک naa-vak: (ف، مذ) ایک قسم کا چھوٹا تیر۔
ناوک انداز / افگن naa-vak an-daaz/ af-gan: (ف، صف) تیر انداز، تیر چلانے والا، اسم کیفیت مث: ناوک اندازی۔
ناول naa-vil: (انگ، مذ) Novel مسلسل اور لمبا قصہ جس میں متعدد افراد کی کردار نگاری ہو۔
ناول نگار / نویس naa-vil-ni-gaar: (انگ، ف، صف) مسلسل اور لمبا قصہ لکھنے والا، اسم کیفیت مث: ناول نگاری / نویسی۔
ناہر naa-har: (ھ، مذ) شیر، شیر ببر۔
ناہید na-hiid: (ف، مذ) زہرہ سیارہ۔ (۵) شکر۔
نائب naa-yib: (ع، افاعل) مددگار، قائم مقام، مختار، وکیل، سفیر۔
نائب السلطنت naa-yi-bus-sal-ta-nat: (ع، مذ) وائسرائے، گورنر، صوبے دار۔
نائرہ naa-yi-rah: (ع، مذ) شعلہ، لپٹ، لو، آگ، اگنی، گرمی، سوجن، دشمنی، نفرت، حقارت، حروف قافیہ میں سے ایک حرف، جو روی کے بعد آتا ہے۔
نائزہ naa-yi-zah: (ف، مذ) آلۂ تناسل، پیشاب

کی نالی، سوراخ ذکر، سوراخ دار شاخ یا ٹہنی۔ نل، نالی، کھوکھلا، سرکنڈہ، نہر۔

نائک naa-yak: (س، مذ) دیکھیے 'نایک' سردار، سالار۔

نائکہ / نائکا naa-yi-kah/ naa-ye-ka(a): (س، مذ) نائک کی تانیث، وہ عورت جس کے پاس کئی نوچیاں ہوں، رنڈیوں کے گھر کی سردار۔

نائلون na-i-lon: (انگ، مذ) ایک جدید مصنوعی جو کپڑا اور دوسری مصنوعی چیزیں بنانے کے کام آتا ہے۔

نائن naa-yan: (ار، مث) نائی کی بیوی، نائی قوم کی عورت۔

ناؤ naa-au/o: (ہ، مث) کشتی، چھوٹی کشتی، ڈونگا۔

ناؤ نوش naa-o-nosh: (ف، مذ) عیش و عشرت، عیش و طرب، عیش و طرب، عیش و نشاط۔

نایک na-yak: (س، مذ) سردار، سرگردہ، مربی، قافلہ سالار، نمبردار، مستری، فوج میں ایک عہدہ جو سب سے چھوٹا افسر ہوتا ہے، خاوند، عاشق، ہیرو، شجاع، ماہر فن موسیقی، بڑا گویا رقاص، گویوں کا سردار، استاد، گلے کے ہار کا سب سے بڑا ہیرا مث: نایکہ۔

ن۔ب

نب nib: (انگ، مذ) Nib انگریزی قلم کی نوک جو عموماً فولاد کی ہوتی ہے۔

نبات na-baat: (ع، مث) سبزہ، روئیدگی، بوٹی، گھاس، پات درخت جو زمین سے اُگے، مصری کھانڈ، صف نسبتی: نباتی۔

نباتات na-baa-taat: (ع، مث) دیکھیے 'نبات' جس کی یہ جمع ہے۔ پودے، گھاس۔

نبّاض nab-baaz: (ع، صف) نبض دیکھنے والا، نبض شناسی میں مہارت رکھنے والا، اسم کیفیت مث: نباضی۔

نباہ ni-baah: (ہ، مذ) کسی کام کو تکمیل پر پہنچانا، سبھاؤ، تکمیل کمال، ختم کرنا، اختتام، انجام، وفاداری، وعدہ وفائی، امن، امن سے رہنا، وقت گزارنا۔ (افعال: دینا، کرنا، ہونا)

نباہو na-baa-hu(u): (ار، صف) نباہنے والا، بسر کرنے والا، وفادار۔

نبائر na-baa-yir: (ع، مذ) نبیرہ کی جمع (عربی کے طور پر فارسیوں نے بنائی ہے اس لیے درست نہیں)

نبٹاؤ nib-Taa-o: (ار، مذ) فیصلہ، انفصال، بے باقی، چکوتا۔

نبرد na-bard: (ف، مذ) لڑائی، جنگ، جدل، حرب۔

نبرد آزما na-bard aaz-maa: (ف، صف) جنگ آزمودہ، جنگی، بہادر، شجاع، دلیر، دلاور، اسم کیفیت مث: نبرد آزمائی۔

نبرد پیشہ na-bard-pe-sha(h): (ف، صف) جنگ آزمودہ، پرانا جنگ جو، سپاہی۔

نبرد گاہ na-bard-gaah: (ف، مث) میدان جنگ، لڑائی کا کھیت۔

نبڑنا ni-baR-naa: (ار، مص) خرچ ہونا، تمام ہونا، باقی نہ رہنا، انجام کو پہنچنا۔

نبض nabz: (ع، مث) کلائی کی وہ رگ جو حرکت کرتی رہتی ہے۔ طبیب اس پر انگلیاں رکھ کر تشخیص کرتے ہیں۔ ناڑی، جنبش رگ، رگوں کا تڑپنا۔

نبض قوی nabz-qa-vii: (ع، مث) زوردار نبض، وہ نبض جس کی حرکت انگلیوں میں زور سے محسوس ہو، یہ غلبہ قوت حیوانی پر دلالت کرتا ہے۔

نبوّت na-buv-vat: (ع، مث) خبر ارسائی، احکام

الٰہی کا پہنچانا، پیغمبری، رسالت، پیش گوئی۔

بنولی/نبولی ni-bo-li(i): (ہ،مث) نیم کا پھل، نمکولی۔

نبوی na-ba-vi(i): (ع،مث) نبی سے منسوب، نبی سے نسبت رکھنے والا۔

نبہرا na-ba-ha-ra(a): (ار،مذ) جہاں نیم کے درخت بکثرت ہوں۔

نبھانا ni-bhaa-na(a): (ار،مص) گزارا کرنا، نبھانا، باہم بسر کرنا، وفا کرنا۔

نبھاؤ ni-bhaa-o: (ہ،ذ) گزارہ، باہم بسر کرنا، ثابت قدمی۔

نبھنا nibh-na(a): (ہ،مص) بسر ہونا باہم گزرنا، انجام کو پہنچنا، اخیر تک پہنچنا۔

نبی na-bi(i): (ع،مذ) خبر رساں، خبر پہنچانے والا، احکام الٰہی پہنچانے والا، پیغمبر، رسولؐ جس پر وحی نازل ہو۔

نبی مُرسل nab-bi-e-mur-sal: (ع،مذ) بھیجا گیا، نبیؐ، مجازاً وہ نبیؐ جو صاحب کتاب ہو۔

نبید/نبیذ na-biid: (ع،مث) جو یا کھجور کی شراب، بعض فقہاء کے نزدیک یہ حلال ہے۔

نبیرہ na-bii-rah: (ف،مذ) پوتا، بیٹے کا بیٹا (شاذ و نادر) بیٹی کا بیٹا، نواسا۔

نبیڑا na-bii-Raa: (ہ،مذ) نبٹاؤ، تکمیل، اختتام، انجام۔

نبیڑنا na-biiR-naa: (ہ،مص) تمام کرنا، پورا کرنا، بسر کرنا، گزارنا، طے کرنا، خالی کرنا۔

ن ـ پ

نپاتُلا na-pa-tu-la(a): (ہ،صف) مقررہ، محدود، تھوڑا، ناپا ہوا۔

نپوتا ni-puu-ta(a): (ہ،صف) بے اولاد، نگوڑا، کم بخت، موا، نالائق، مث: نپوتی۔

ن ـ ت

نت nit: (ہ،صف) ہمیشہ، مدام، دائم، ہر روز۔ ہر وقت۔

نتائج na-taa-ij: (ع،مذ) دیکھیے "نتیجہ" جس کی یہ جمع ہے۔

نتھ nath: (ہ،مث) ناک میں پہننے کا ایک زیور، یہ صرف سہاگنیں پہنتی ہیں۔ سہاگ، جانوروں کی ناک کی رسی۔

نتھاہُوا na-thaa-huu-a(a): (ار،صف) جس کی ناک میں رسی پڑی ہو، جو دوسرے کے قابو میں ہو۔

نتھارنا ni-thaar-na(a): (ار،مص) پانی یا کسی مائع چیز کو صاف کرنا، میل دور کرنا۔

نتھرنا ni-thar-na(a): (ار،مص) مل بیٹھ جانا/دور ہوجانا، صاف ہوجانا۔

نتھنا nath-na(a): (ہ،مص) ناک میں رسی ہونا، قابو میں ہونا (مذ) ناک کا سوراخ، بڑی نتھ۔

نتھنی nath-ni(i): دیکھیے "نتھ" جس کی یہ تصغیر ہے، بیل کی ناک کی رسی، تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔

نتھی nat-thi(i): (ہ،مث) وہ ڈورا جو کاغذ میں ڈالا جاتا ہے۔ کاغذ کو نتھنے کی ڈور۔

نتیجہ na-tii-jah: (ع،مذ) غرض، مطلب، ماحصل، حاصل، انجام، اخیر، خاتمہ، انت، انتہا، پھل، ثمر، بدلہ، سزا، پیدائش، منطق، وہ قول جو صغریٰ کبریٰ کے جزوں کو ملانے سے بوسیلہ حد اوسط حاصل ہو، جیسے ہر چیز بدلتی ہے اور بدلنے والی چیز فانی ہے۔ امتحان کا فیصلہ، پاس یا فیل (افعال: نکالنا، نکلنا)

ن ـ ٹ

نٹ naT: (ہ،مذ) ہندوؤں کی ایک ذات، ناچنے والا

آدمی، رسی پر چڑھ کر ناچنے والا شخص، بازیگر، شعبدہ باز، ایک راگنی کا نام۔ (صف) دغاباز، مکار، کئی پودوں کا نام، مث: نٹنی۔

نٹ کھٹ naT-khaT: (ہ، مذ) چالاک، شوخ، شریر، شرارتی، فتنہ پرداز، دغاباز، بدمعاملہ، اسم کیفیت مث: نٹ کٹی۔

نٹیا naT-yaa: (ہ، مث) چھوٹی قسم کا بیل، چھوٹے قد کا آدمی۔

ن۔ث

نثار ni-saar: (ع، مذ) بکھیرنا، پھینکنا، نچھاور کرنا، صدقہ، تصدق، عاشق، فریفتہ، صدقے، قربان، واری (افعال: کرنا، ہونا)

نثار nas-saar: (ع، مذ) نثر لکھنے والا، مصنف، انشاپرداز۔

نثر nasr: (ع، مث) وہ عبارت جو نظم نہ ہو، غیر منظم، (لفظی معنی بکھرا ہوا)

نثر عاری nas-re-(?)aa-rii: (ع مث) سادہ نثر جس میں وزن یا قافیہ وغیرہ کا لحاظ نہیں کرتے۔

ن۔ج

نج nij: (ار، صف) اپنا، خاص، ذاتی، گھر کا، خانگی، پرائیویٹ۔

نجابت na-jaa-bat: (ع مث) صحتِ نسب، شرافت، اصالت، بزرگواری۔

نجات na-jaat: (ع، مث) مخلصی، چھٹکارا، رہائی، برأت، عفو گناہ، پرم گت، نروان، مکتی، رستگاری (افعال: پانا، دلانا، دینا، ماننا، ہونا)

نجار naj-jaar: (ع، مث) بڑھئی، ترکھان، اسم کیفیت مث: نجاری۔

نجاری na-jaa-rii: (ہ، مث) وہ زمین جس میں اناج کی کاشت ہوتی ہے۔

نجاست na-jaa-sat: (ع، مث) میلا پن، گندگی، پلیدی، غلاظت، ناپاکی، بول و براز، پاخانہ، میلا، کھاد۔

نجاشی na-jaa-shi(i): (ع، مذ) پیغمبر صلعم کے عہد میں حبش کے بادشاہوں کا لقب۔

نجانے na-jaa-ney: (ہ، متعلق فعل) (نہ جانے کا مخفف) میں نہیں جانتا، معلوم نہیں، کسے خبر ہے، شاید (اب 'کیا جانے' استعمال ہوتا ہے)

نجبا nu-ja-ba(a): (ع، مذ) دیکھیے 'نجیب' جس کی یہ جمع ہے۔

نجدی naj-di(i): (ع، صف) عرب کے ایک علاقہ نجد سے منسوب، عبدالوہاب نجدی کا پیرو، وہابی۔

نجس na-jas: (ع، صف) میلا، گندہ / گندا، غلیظ، ناپاک، پلیدی۔

نجس العین na-ji-sul-(?)ain: (ع، صف) وہ چیز جس کا ہر جز ناقص ہو، جو کبھی پاک نہ ہو سکے، جیسے کتا، شراب۔

نجف na-jaf: (ع، مذ) اونچی زمین جہاں پانی نہ چڑھتا ہو، دریا کے درمیان اونچی زمین، پہاڑی، ٹیلہ، عراق کا ایک مشہور شہر جہاں حضرت علیؓ کا مزار ہے، تعظیماً نجف اشرف کہتے ہیں۔

نجم najm: (ع، مذ) ستارہ، سیارہ، تارہ، قسمت، نصیبہ، ستاروں کو دیکھ کر پیشگوئی کرنا، زائچہ، جنم پتری، ستارے کا چڑھنا / طلوع ہونا۔

نجم الثاقب naj-mus-saa-qib: (ع، مذ) چمکدار ستارہ، روشن ستارہ۔

نجوم nu-juum: (ع، مذ) دیکھیے 'نجم' جس کی یہ جمع

ہے، ستاروں کا علم، جوتش۔

نجومی nu-juu-mii: (ع، مذ) ماہر علم نجوم (صف) ستاروں کے متعلق۔

نجیب na-jiib: (ع، صف) شریف، اشراف، بھلا مانس، اعلیٰ نسل کا۔

نجیب الطرفین na-jii-but-tar-fain: (ع، مذ) وہ جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے نسب ہو اور اعلیٰ خاندان سے ہو۔

نچوانا nach-vaa-na(a): (ار، محاورہ) دیکھیے 'ناچنا' جس کا یہ متعدیہ ہے۔

نچوڑنا ni-choR-naa: (ار، مص) کسی چیز کو دبا کر عرق نکالنا، سوتنا، چوسنا، ایذا کرنا، لاغر کر دینا۔

نچھاور ni-chhaa-var: (ہ، مذ) روپیہ یا نقدی جو بطور تصدق کسی کے اوپر بکھیری جائے۔ نثار، بکھیر، وہ قیمت جو بت کے لیے ادا کی جائے، ہدیہ جو کسی بڑے آدمی کو دیا جائے۔ (افعال: کرنا، ہونا)

ن۔چ

نچا nuch-chaa: (ار، صف) نوچا ہوا مث: نچی۔

نچا کھچا nu-chaa-khu-chaa: (ار، صف) نوچا کھسوٹا ہوا مث: نچی کھچی۔

نچان/نچائی ni-chaa-i(i): (ہ، مذ) نشیب، پستی، ڈھال، ڈھلوان، نیچی زمین، وادی۔

نچانا na-chaa-na(a): (ار، مص) ناچ کرانا، رقص کرانا۔

نچڑنا nu-chaR-na(a): (ار، مص) ٹپکنا، تراوش ہونا، قطرہ قطرہ گرنا، دبنے یا بھینچنے سے عرق نکلنا، فشردہ ہونا، دبلا ہونا۔

نچلا nich-la(a): (ہ، صف) خاموش، چپ چاپ، ساکت، بے حرکت، ساکن، برقرار، جو ہلے نہ جلے مث: نچلی اسم کیفیت مذ: نچلا پن۔

نچنا nuch-na(a): (ار، مص) نوچا کھسوٹا جانا، لپٹ جانا، پھٹنا۔

نچنت ni-chant: (ہ، صف) فارغ جسے کوئی کام نہ ہو، بے فکر، بے پروا، مطمئن۔

نچنیا nach-ni-ya(a): (ہ، مذ) ناچنے والا لڑکا، زنانہ، زنخہ۔

ن۔ح

نحاس na-haas: (ع، مذ) تانبا، مس۔

نحافت na-haa-fat: (ع، مث) دبلا پن، لاغری، کمزوری، ناتوانی۔

نحر nahr: (ع، مذ) ذبح کرنا، قربانی، (اونٹ کے لیے مخصوص ہے)

نحس nahs: (ع، صف) منحوس، نامبارک، بدشگون، نامسعود، کم بخت، بدبخت۔

نحس قدم nahs qa-dam: (ع، صف) منحوس قدم، جس کا آنا منحوس ہو۔

نحل nahl: (ع، مث) شہد کی مکھی۔

نحو nahv: (ع، مث) طور، طریقہ، طرح، ڈھنگ راستہ، علم جس سے کلموں کی ترکیب، اجزائے کلام کو ٹھیک ٹھیک جوڑنا، کھولنا، ان کا باہمی تعلق یا لگاؤ معلوم ہو۔

نحوی nah-vii: (ع، مذ) ماہر علم نحو۔

نحوست na-huu-sat: (ع، مث) منحوس ہونا، بدشگونی، بدنصیبی، بدطالعی، نامبارکی، ضعیف۔

نحیف na-hiif: (ع، صف) لاغر، دبلا، پتلا، نازک، کمزور، ناتواں، ضعیف۔

ن ـ خ

نخ naK: (ف، مث) ریشم کا سوت یا تاگا، کچا ریشم، سوت، تاگا، پتنگ کی ڈور، ایک قسم کا قالین جس پر بر ہوتی ہے۔ قطار، تھوڑی سی چیزیں، چند چیزیں، نہایت پتلی لاکھ۔ کانچ / کاچ کی چوڑی۔

نخاس naK-Kaas: (ع، مذ) غلاموں یا مویشیوں کے بیچنے کا بازار، غلاموں / مویشیوں کی منڈی، ف، گھوڑوں کی منڈی، بازار، منڈی۔

نخچیر naK-chiir: (ف، مذ) شکار، صید، مارا ہوا شکار، شکار کیا ہوا جانور، جنگلی یا صحرائی جانور، جانور صحرائی۔

نخرا / نخرہ naK-raa: (ف، مذ) ناز، غمزہ، عشوہ، چوچلا، کرشمہ، عورتوں اور معشوقوں کی حرکات خصوصاً ایسی حرکات جن میں تصنع بناوٹ ہو۔

نخرے باز naK-re-baaz: (ف، صف) نخرہ کرنے والا، عشوہ گر، کرشمہ پرداز، اسم کیفیت مث: نخرابازی۔

نخرے پٹی naK-rey pe-Tii: (ار، صف، مث) طنزاً نخرے باز، وہ عورت جو اپنے غرور میں آپ مری جائے۔

نخست na-Kust: (ف، مث) ابتدا، شروع، اوّل (متعلق فعل) شروع میں، پہلے پہل، صف، پہلا، اسم کیفیت مث: نخستگی۔

نخستیں na-Kus-tiiN: (ف، صف) پہلا، شروع کا، ابتدائی، شروع میں پہلے پہل۔

نخشب naK-shab: (ف، مذ) ترکستان کا وہ شہر جس کے قریب حکیم مقنع ن کنویں سے ایک چاند نکالا تھا۔ دیکھیے 'چاہ نخشب'۔

نخصمی ni-Kas-mi(i): (ہ، صف) وہ جس کا خصم نہ ہو، عورت کو دوسری عورت تحقیراً کہتی ہے۔

نخل naKl: (ع، مذ) کھجور کا درخت شجر، عام درخت۔

نخل بند na-Kal band: (ف، مذ) باغبان، مالی، موم اور کاغذوں کے درخت بنانے والا۔

نخلستان naK-lis-taan: (ع، مذ) کھجور کے درختوں کا جنگل، ریگستان میں وہ تمام مقام جہاں بہت سے درخت ہوں۔

نخلِ طور naK-le-tuur: (ع، مذ) وہ درخت جس پر حضرت موسیٰ کے لیے تجلی کا ظہور ہوا۔

نخلِ ماتم naK-le-maa-tam: (ف، مذ) دیکھیے 'نخلِ تابوت'۔

نخلِ مریم naK-le-mar-yam: (ف، مذ) وہ خشک درخت جس کے نیچے حضرت مریم بر وقت ولادت حضرت عیسیٰ بیٹھی تھیں اور وہ سرسبز ہو گیا تھا۔ انجیل میں اس امر کا ذکر نہیں ہے۔

نخوت niK-vat: (ع، مث) غرور، گھمنڈ، خود بینی، تکبر، کبر۔

نخود nu-Kuud: (ف، مذ) چنا۔

نخیل na-Kiil: (ع، مذ) درخت، کھجور کا درخت۔

ن ـ د

ند nad: (ہ، مذ) دریا، ندی۔

ندا ni-daa: (ع، مث) آواز، صدا، پکار، وہ حرف جو بلانے کے لیے استعمال ہو، جیسے او، یا (افعال: آنا، دینا)

ندارد na-daa ;ad: (ف، صف) خالی، کورا، نہیں، نیست، غیر موجود، غیر حاضر (افعال: کرنا، ہونا)

نداف nad-daaf: (ع، مذ) دھنیا، روئی دھننے والا، اسم کیفیت مث: ندافی۔

ندامت na-daa-mat: (ع، مث) انفعال،

پشیمانی، شرمندگی، خجالت، خفت، تأسف، پچھتاوا۔

ندان ni-daan: (ھ، مذ) آخر کار، پیچھے، بعد میں، انتہائی۔

ندرت nud-rat: (ع، مث) اکیلا ہونا، یکتائی، کمیابی، نادر پن، انوکھا پن، کمی، عمدگی، خوبی، تنہائی۔

ندما nada-maa: (ع، مذ) دیکھیے 'ندیم' جس کی یہ جمع ہے۔

ندولا na-do-la(a): (ھ، مذ) ناند کی تصغیر، مٹی کی ایک برتن، چھوٹا کونڈا، چھوٹی ناند۔

ندوہ nad-vah: (ع، مذ) انجمن، مجلس، سبھا۔

ندھڑک ni-dha-Rak: (ا، صف) بے خوف، نڈر۔

ندی/ندیا na-di(i)/nad-ya(a): (ھ، مث) چھوٹا نالا، نالا، جو، بہتا ہوا پانی، جل، دھارا۔

ندیدہ na-dii-dah: (ف، صف) ان دیکھا، نہ دیکھا ہوا، وہ جس نے کبھی عمدہ کھانا نہ کھایا ہو اور دوسرے کو کھاتے گھورے، طالب، لالچی، مث: ندیدی، اسم کیفیت مذ: ندیدہ پن۔

ندیم na-diim: (ع، صف) دوست، یار، ہم نوالہ ہم پیالہ، (بالخصوص شراب کا ساتھی)

نڈر ni-Dar: (ھ، صف) جو نہ ڈرے، بے خوف، بے باک، دلیر، بہادر، شجاع، جری، اسم کیفیت مذ: نڈر پن/پنا، اسم کیفیت مث: نڈری۔

ن-ذ

نذر nazr: (ع، مث) اپنے اوپر کوئی چیز واجب کرنا، عہد، اقرار، خدا کے نام پر کوئی چیز دینا، جیسے صدقہ، قربانی، بھینٹ، منت، چڑھاوا، نیاز، فاتحہ، چراغی، تحفہ، پیشکش، جو بڑے لوگوں یا بادشاہوں کی خدمت میں پیش کی جائے۔

نذرانہ naz-raa-nah: (ع، مذ) وہ چیز جو بطور پیشکش نذر دی جائے، تحفہ، ہدیہ، بھینٹ۔

نذر و نیاز naz-ro-ne-yaaz: (ع، مث) فاتحہ اور پھل اور شیرینی یا جنس وغیرہ جو کسی بزرگ کے نام پر دی جائے۔

نذور nu-zuur: (ع مث) 'نذر' کی جمع۔

نذیر na-ziir: (ع، مث) ڈرانے والا، پیغمبر صلعم کا لقب کیونکہ آپ گناہوں سے ڈراتے تھے۔

نذیراً و بشیراً na-zii-ran va ba-shii-ran: (ع، صف) ڈرانے والا، بشارت دینے والا، قرآن شریف میں پیغمبر صلعم کی تعریف میں کہا گیا ہے۔

ن-ر

نر nar: (ف، مذ) وہ جانور جس میں قوت رجولیت ہو۔ مرد، مذکر، پرش، مادہ کا نقیض۔

نر nir: (س، حرف) بجائے نس کے ان حروف سے پہلے جو عموماً حرف علت سے شروع ہوں آتا ہے۔ بعض وقت حروف صحیح کے شروع میں بھی آتا ہے۔ دور، باہر، نہیں، نہ، بغیر، کم، مثلاً نربھے، نرلج۔

نرادر ni-ra-dar: (س، صف) جس کی عزت، نہ ہو، بے عزت، جو عزت نہ کرے، گستاخ، بدتہذیب۔

نردوش nir-dosh: (ھ، صف) بے گناہ، معصوم، (افعال: ٹھہرانا، رکھنا)

نردھن nir-dhan: (ھ، صف) غریب، مفلس۔

نرِوان nir-vaan: (ھ، مذ) مکتی، نجات، شکتی، رہائی، پرم گت۔

نرا ni-raa: (ھ، صف) خالص، بے میل، صاف، نرل، اکیلا، واحد، سادہ۔

نرالا ni-raa-laa: (ھ، صف) جدا، علیحدہ، نیارا، انوکھا،

نادر، عجیب، نئی وضع کا / مث: نرالی، اسم کیفیت مذ: نرالا پن۔

نرت nirt: (ھ، مث) رقص، ناچ۔

نرت کار nirt-kaar: (ھ، صف) رقص کرنے والا، ناچنے والا۔

نرخ nirK: (ف، مذ) بھاؤ، شرح، در، قیمت، مول۔

نرخ بندی nirK-ban-dii: (ف، مث) قیمت کا فیصلہ، تصفیہ قیمت، قیمت مقرر کرنا۔

نرخ نامہ ni-riK naa-mah: (ف، مذ) بازار کے نرخ کی فہرست، وہ فہرست جس میں اشیاء اور قیمت درج ہو۔

نرخرا nar-Ka-raa: (ھ، مذ) گلے کی نالی، حلقوم، ٹینٹوا (اصل نرکھرا ہے)

نرد nird: (ف، مث) چوسر کی گوٹ (افعال: اٹھانا، اُٹھنا، پٹنا، پیٹنا، دبنا، مارنا، مرنا) چوسر کا کھیل، درخت کا تنا۔

نردبان nird-baan: (ف، مذ، مث) سیڑھی، زینہ۔

نرسری nar-sa-ri(i): (انگ، مث) Nursery، بیل بوٹے اُگانے اور ان کی پرورش کرنے کی جگہ، ذخیرہ۔

نرسل nar-sal: (ھ، مذ) ایک قسم کا پودا جس کے درمیان میں سرکنڈے کی شکل مگر بیچ میں سے خالی اور سخت شاخ نکلتی ہے۔ اس کے نیچے اور پتوں سے چٹائیاں بنتی ہیں۔

نرسنگا nar-sin-ga(a): (ھ، مذ) ایک قسم کا بجانے کا سینگ، دھوتو، بگل، ترئی، ناقوس۔

نرسوں nar-sauN: (ھ، مذ) پرسوں سے پہلے کا دن، پرسوں کے بعد کا دن، آج سے چار دن پہلے یا چار دن بعد کا دن۔

نرغا / نرغہ nar-Gaa/ nar-Gah: (ف، مذ) آدمیوں کا حلقہ جو شکار کو ایک جگہ جہاں شکاری بیٹھا ہو، گھیر کر لانے کے لیے بنایا جاتا ہے۔ بھیڑ، ہجوم، انبوہ، بحث، مشکل، وقت، مصیبت، اذیت۔

نرک na-rak: (س، مذ) ہندوؤں کا دوزخ۔

نرگل nar-gal: (ھ، مذ) 'نرسل' نَے۔

نرگس nar-gis: (ف، مث) ایک پودہ جس کے پتے گھاس کی مانند ذرا چوڑے ہوتے ہیں موسم سرما میں بیچ میں سے ایک شاخ نکلتی ہے جس پر سفید اور خوبصورت پنکھڑیاں جن کے درمیان پتیوں کا زرد یا سیاہ پیالہ سا ہوتا ہے۔ اس پودے کا پھول، اسے آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں۔ (مجازاً) معشوق کی مست آنکھ، چشم معشوق۔

نرگستان nar-gis-taan: (ف، مذ) وہ مقام جہاں بہت سے پودے ہوں، نرگستان۔

نرگسی nar-gi-sii: (ف، صف) نرگس سے نسبت رکھنے والا، نرگس سے مشابہ، ایک قسم کا کپڑا جس کے نرگس کے سے پھول ہوتے ہیں۔ ایک قسم کا کوفتہ، ایک قسم کے اعصاب کا مریض۔ خود پسند، Neorotic کا ترجمہ۔

نرگسی پلاؤ nar-gi-sii pu-laa-o: (ف، مذ) وہ پلاؤ جس میں اُبلے ہوئے انڈوں کو کوفتوں میں پکا کر اور درمیان میں سے دو کر کے رکھ دیتے ہیں۔

نرگسی کباب nar-gi-sii ka-baab: (ف، مذ) وہ کباب جو انڈے کو قیمے کے ساتھ لپیٹ کر پکاتے ہیں۔

نرگسیت nar-gis-yat: (ا، مث) اعصابی خلل، خود پسندی، Neorosis کا ترجمہ۔

نرمادہ / مادین nar-maa-dah/maa-diin: (ف، مذ، مث) مرد و عورت، طبلے کا دایاں اور بایاں، کواڑ یا صندوق کا قبضہ، بیشکر سلنے کی مشین کے پیچ اور بیلن۔

نِرمَل / نِرمَلا nir-mal: (ہ،صف) بے داغ، خالص، صاف، شفاف، روشن۔

نرم narm: (ف،صف) جو ہاتھ کو ملائم معلوم ہو، ملائم، کومل، گدگدا، پلپلا، لوچدار، نازک، سبک، ہلکا، لطیف، سہل، آسان، معتدل، سستا۔ (بھاؤ وغیرہ) زود ہضم، (خوراک) سست (بازار) ناقص، گھسا ہوا، (سکہ) (متعلق فعل) نرمی سے، بردباری سے۔

نرم چارا narm-chaa-raa: (ار،مذ) ملائم خوراک، لطیف غذا، زود ہضم غذا۔

نرم خُو narm Kuu: (ف،صف) دھیمے مزاج کا، نیک مزاج، اسم کیفیت مث: نرم خوئی۔

نرم دِل narm-dil: (ف،صف) رحمدل، اسم کیفیت مث: نرم دلی۔

نرم گرم narm garm/na-ram ga- ram: (ف، صف) سخت سست، برا بھلا، گرم سرد زمانہ، اختلاف زمانہ۔

نرم لگام na-ram la-gaam: (ف،صف) جو لگام کے ذرا سے اشارے کو مانے (گھوڑا)

نرما nar-maal: (ار،مذ) سمبل کا درخت، اس کا پھول سرخ ہوتا ہے اور پھل میں سے نرم روئی نکلتی ہے۔ ایک قسم کا کپڑا، ایک قسم کی عمدہ اور بڑھیا روئی جو امریکہ سے دوسرے ملکوں میں درآمد ہوتی ہے۔ آج کل ہندو پاکستان میں بہت زیادہ مقدار میں پیدا ہوکر دیگر ممالک کو برآمد ہو رہی ہے۔ کپڑے دھونے کے ایک صابن کا نام۔

نرماہٹ nar-maa-haT: (ار،مث) ملائمت، نرمی۔

نرمی nar-mi(i): (ف، مث) ملائمت، نزاکت، گدگدا پن، پلپلا پن، لوچ، ہلکا پن، لطافت، سہولت، آسانی، تحمل، بردباری، برداشت، دھیما پن، آہستگی۔

مہربانی، شفقت، خوشامد، چاپلوسی، کمی، تخفیف۔

نِرنجن ni-ran-jan: (س،صف) وہ جس میں جوش یا غصہ نہ ہو (مذ) ایشور کا نام۔

نِروان nir-vaan: (ہ،مذ) مقام فنافی اللہ، نجات، مُکتی۔

نَرِیا na-ri-yaa: (ہ،مذ) کھپریل۔

نَرِینہ na-rii-na(h): (ف،صف) دیکھیے 'نر' جس سے منسوب ہے، مذکر۔

ن۔ڑ

نڑ naR: (ہ،مذ) ایک قسم کا نرسل، ایک قوم جو چوڑیاں بناتی ہے۔

نڑال na-Raal: (ہ،مذ) گاجر کے اندر کا سخت حصہ۔

نڑی / نلی na-Ri(i): (ہ،مث) ایک قسم کی آتش بازی، حقے کی نے، ایک آبی پرندہ، جو اکثر مچھلیاں اور دریائی / آبی کیڑے کھاتا ہے۔

ن۔ز

نژاد na-zaad: (ف،صف) دیکھیے 'نژاد' خاندان۔

نزار na-zaar: (ف،صف) دبلا، پتلا، لاغر، کمزور، ناتواں، ضعیف، نحیف، مفلس، قلاش، اسم کیفیت مث: نزاری۔

نِزاع ni-zaa(?): (ع،مث) جھگڑا، فساد، تکرار، منازعہ، بیر، دشمنی، عداوت، خصومت (افعال: پڑنا، کرنا، ہونا)

نِزاعِ لفظی ni-zaa-(?)i-laf-zii: (ع،مذ) زبانی جھگڑا یا تکرار۔

نزاکت na-zaa-kat: (ف،مث) ناز و ادا، باریکی، خوبی، لطف، نفاست، نازک مزاجی، ہلکی، سبک روی۔

نزد nazd: (ف، متعلق فعل) قریب، پاس، نزدیک، آگے، پیش۔

نزدیک naz-diik: (ف، متعلق فعل) قریب، پاس، آگے، پیش، رائے میں، سمجھ میں، اسم کیفیت مث: نزدیکی۔

نزع (?)naz: (ع، مث) جان کنی، جان کندنی، دم ٹوٹنا، جان کھنچنا۔

نزلہ naz-lah: (ع، مذ) زکام، ایک مرض کا نام جس کی وجہ سے ناک میں پانی پیدا ہو کر حلق میں گرتا ہے۔

نزلہ بند naz-lah band: (عف، مذ) وہ گول پھاہا جو نزلہ روکنے کے لیے کنپٹیوں پر لگایا جاتا ہے۔ قرص زریں جو معشوق خوبصورتی کے لیے کنپٹیوں پر چسپاں کرتے ہیں۔

نُزُول nu-zuul: (ع، مذ) اترنا، نازل ہونا، فروکش ہونا، ورود، قرآن شریف یا وحی کا نازل ہونا، آنکھ کی ایک بیماری جس سے آنکھ کی بینائی کم ہو جاتی ہے۔ وہ پانی جو آنکھ میں آجاتا ہے۔ وہ پانی جو فوطوں میں پڑ جاتا ہے۔ فتق، سرکاری زمین، میونسپلٹی کی زمین، ضبط شدہ زمین، ورود لشکر۔

نُزُولی nu-zuu-li(i): (ع، صف) سرکاری محکمہ نزول، وہ جو ضبط ہو جائے۔ (زمین) مث: ضبط شدہ زمین، مکان جس میں بغیر اجازت اترا جائے، بغیر اجازت کسی مکان میں اترنا، نزول کا بگاڑ۔

نُزہت nuz-hat: (ع، مث) پاکیزگی، بے عیب ہونا، تروتازگی، خوشحالی، فرحت، انبساط، خوشی، خرمی، سرور، عیش و نشاط، حظ نفسانی۔

نُزہت افزا nuz-hat af-zaa: (ع، صف) خوشی زیادہ کرنے والا، فرحت بخش۔

نُزہت کدہ / گاہ nuz-hat ka-dah: (ع، مذ، مث) تروتازہ و سبز۔ مقام، پاکیزہ مقام، تماشا گاہ۔

ن ـ ژ

نژاد na-zaad: (ف، مث) اصل، نسل، حسب و نسب، خاندان، تخم، نطفہ۔

نژند na-zand: (ف، صف) بدلا ہوا (غم یا عمر کی وجہ سے) مغموم، غمگین، اداس، ذلیل، خوار۔

ن ـ س

نس nas: (ہ، مث) رگ، پے، عرق، بدن کی وہ نالی جس میں خون چلتا ہے، پٹھا، غصب، ریشہ۔

نس کٹا nas-ka-Ta(a): (ہ، صف) خواجہ سرا، ہیجڑا، زنخا، زنانہ۔

نسّاب nas-saab: (ع، صف) علم نسب کا جاننے والا۔

نِساء ni-saa: (ع، مث) امراۃ کی جمع مگر خلاف قیاس، عورتیں، بیویاں۔

نِسائی ni-saa-i(i): (ع، مث) عورتوں کے متعلق، عورتوں کا / کی۔

نسب na-sab: (ع، مذ) اصلی، نسل، نژاد، سلسلہ خاندان، باپ کی طرف سے نسبت۔

نسب نامہ na-sab-naa-ma(h): (عف، مذ) شجرۂ نسب، کرسی نامہ۔

نسب نما na-sab-nu-ma(a): (عف، مذ) کسر کے نیچے کا ہندسہ، وہ عدد جس سے معلوم ہو کہ ایک عدد کے اتنے حصے برابر کیے گئے ہیں۔

نِسبت nis-bat: (ع، مذ) کسی چیز کی طرف منسوب ہونا، لگاؤ، علاقہ، تعلق، واسطہ، مناسبت، مشابہت، مطابقت، منگنی، سگائی، پیغام شادی، نکاح کا پیغام، نسب، حسب نسب، (متعلق فعل) تفصیل بعض کے

لیے جیسے اس کی نسبت یہ اچھا ہے۔ مقابلہ میں، بلحاظ۔

نِسبتی nis-ba-ti(i): (ع، صف) رشتہ دار، قرابتی، نسبت رکھنے والا۔

نِسبی nas-bi(i): (ع،صف) نسبت سے منسوب، خاندانی۔

نسترن nas-ta-ran: (ف، مث) ایک قسم کا پودا جس کے پھول نہایت خوشبودار اور خوب سفید ہوتے ہیں۔ یہ گلاب کی قسم کا ہوتا ہے، سیوتی۔

نستعلیق nas-ta(?)-liiq: (ع، مذ) وہ خط جس میں حروف کی پوری گولائی اور دائرے ہوں۔ یہ دو خطوں نسخ اور تعلیق سے ملا کر بنایا گیا ہے۔ اس لیے نسخ اور تعلیق کا مخفف ہے۔ صف، مہذب، متین۔

نسخ nasK: (ع، مذ) تردید، منسوخی، بطلان، تنسیخ، کسی چیز کو اس سے بہتر چیز پا کر دور کر دینا، نقل، تحریر کی نقل، کتابت، کاپی، ایک رسم الخط۔

نُسخ nu-sak: (ع، مذ) نسخہ کی جمع، کتابیں۔

نُسخہ nus-Kah: (ع، مذ) وہ چیز جو لکھی ہوئی ہو، کاپی، مکتوب، کتابت، کتاب، جلد، رسالہ، کاغذ کا وہ پرچہ / پرزہ جس پر طبیب دوائیں اور ان کی ترکیب استعمال لکھ کر دیتا ہے۔ ترکیب، ڈھنگ۔

نُسخہ نویس nus-Kah na-viis: (عف، مذ) نسخہ لکھنے والا، اسم کیفیت مث: نسخہ نویسی۔

نسرین nas-riin: (ف، مذ) ایک قسم کا سفید گلاب کا پودا، سیوتی۔

نسق nasq: (ع، مذ) قاعدہ، دستور، روش، ترتیب، انتظام، بندوبست۔

نسقچی na-saq-chi(i): (ع، ت، صف) انتظام کرنے والا، (مذ، ار) صاحب دیوان، جلاد۔

نسل nasl: (ع، مث) آل اولاد، بال بچے، خاندان، اصل تخم، قبیلہ، قوم۔

نسل دار na-sal-daar: (عف، صف) اچھی نسل کا، اصلی۔

نسناس nus-naas: (ع، مذ) بن مانس، ایک قسم کا بندر، ایک قسم کا خیالی جانور جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے۔ مگر اس کی ایک آنکھ، ایک ہاتھ اور ایک ٹانگ ہوتی ہے اور پھدک کر چلتا ہے۔ ایک قسم کا شیطان۔

نسوار nas-vaar: (ہ، مث) ناس، ہلاس، پسا ہوا، تمباکو۔

نِسواں nis-vaaN: (ع، مث) دیکھیے 'نساء' جس کی یہ جمع ہے۔ (عورتیں، بیویاں، مستورات)

نِسوانی nis-vaa-ni(i): (ع، صف) عورتوں سے منسوب۔

نِسیان nis-yaan: (ع، مذ) بھول، فراموش، سہو، چوک۔

نسیلا na-sii-la(a): (ہ، مذ) نس دار، ریشے دار / والا۔

نسیم na-siim: (ع، مث) بھینی بھینی ہوا، ٹھنڈی ہوا، ہوا، کم رفتار ہوا۔

نِسلیہ nis-la-yah: (ع، مذ) تاخیر، دیر، موقع، قرض، ادھار بیچنا، وقت جو قرض کی ادائیگی کے لیے دیا جائے، دیر کرنا۔

ن۔ش

نشا na-shaa: (ع، مذ) دیکھیے 'نشئہ' پیدا کرنا، نئے سرے سے پیدا کرنا، دنیا، جہاں۔

نشات nash-aat: (ع، مث) گناہ ظاہر ہونا، پھوٹنا، پیدا ہونا، دنیا، جہان۔

نِشاستہ ni-shaas-tah: (ف، صف) جمایا ہوا، بیٹھا ہوا، مذ، گیہوں کا پودا، مغز گندم، کلف، آہار، فالودہ، مانڈی، پیچ (افعال: جمانا وغیرہ)

نشاط na-shaat/ni-shaat: (ع، مذ) خوشی، مسرت، شادمانی، انبساط، خرمی، فرحت، عیش، طرب، مزہ، لطف، حظ، امنگ۔

نشاط افزا/ انگیز na-shaat-af-zaa/an-gez: (عف، صف) خوشی زیادہ کرنے والا، خوشی پیدا کرنے والا، اسم کیفیت مث: نشاط افزائی/انگیزی۔

نِشاط باغ ni-shaat-baaG: (عف، مذ) کشمیر کا ایک مشہور باغ۔

نشاط پرست na-shaat pa-rast: (عف، صف) خوش رہنے والا، عیش پسند، اسم کیفیت مث: نشاط پرستی۔

نشاطِ کار na-shaa-te-kaar: (عف، مذ) کام کرنے کی خوشی، کام کی اُمنگ۔

نِشان ni-shaan: (ف، صف) آثار، کھوج، سراغ، چھاپا، یادگار، جھنڈا، داغ، بادشاہ کا فرمان، تمغہ۔

نشان بردار na-shaan-bar-daar: (ف، مذ) علم بردار، اسم کیفیت مث: نشان برداری۔

نِشانِ پا ni-shaa-ne-pa(a): (ف، مذ) پاؤں کا نشان، کھرا، کھوج۔

نِشان چی ni-shaan-chi(i): (ف، مذ) علم بردار، صحیح نشانہ لگانے والا، قادر انداز۔

نِشان دہی ni-shaan-da-hi(i): (ف، مث) پتا یا ٹھکانہ بتانا (افعال: کرنا، ہونا)

نِشانہ ni-shaa-nah: (ف، مذ) وہ علامت جو تیر یا گولی مارنے کے لیے بنائیں، ہدف، شست، زد۔

نِشانی ni-shaa-ni(i): (ف، مث) یادگار، پہچان، نسل، خاندان۔

نِشتر۔نَشتر nish-tar~nash-tar: (ار، محاورہ) نشتر سے چیرنا۔

نِشتر۔نشتر زن nish-tir-zan/nash-tar-zan: (ف، صف) فصاد، فصد کھولنے والا، نشتر سے پھاڑنے والا، چیرنے والا، اسم کیفیت مث: نشتر زنی۔

نشر nashr: (ع، مذ) زندہ کرنا یا ہونا، اشاعت، بکھیرنا۔

نشرہ nash-rah: (ع، مذ) بچے کے قرآن شریف ختم کرنے کی خوشی وہ (ب۔ت جو مکتب نشینی کے دن استاد بچے کی تختی پر زعفران اور شنجرف سے لکھتا تھا)

نشریات nash-ri-yaat: (ع، مذ) نشریہ کی جمع، براڈکاسٹنگ Broadcasting کا ترجمہ۔

نشریہ nash-ri-yah: (ع، مذ) ریڈیو سے شائع ہونے والی بات۔

نِشست ni-shast~na-shist: (ف، مث) بیٹھنا، بیٹھک، صحبت، مجالست، ہمنشینی، کرسی، پارے کا بیٹھ جانا۔

نِشست برخاست na-shist bar-Kaast: (ف، مث) اٹھنا بیٹھنا، آداب مجلس۔ (افعال: رہنا، ہونا)

نشست گاہ na-shist-gaah: (ف، مث) بیٹھنے کی جگہ، دیوان خانہ، بیٹھک۔

نِشستہ ni-shis-tah: (ف، صف) بیٹھا ہوا۔

نشو nashv: (ع، مذ) اُگنا، پیدا ہونا، پیداوار، بڑھنا، بالیدگی، روئیدگی۔

نشو و نما nash-vo-nu-ma(a): (ع، مذ، مث) اُگنا اور بڑھنا، پرورش پانا، شادابی، سرسبزی، رونق، ترقی، ظہور۔

نُشور nu-shuur: (ع، مذ) مردوں کا قیامت کے دن زندہ ہونا، مردوں کا زندہ کرنا، حشر، قیامت۔

نشہ na-shah: (ف، مذ) سرور، خمار، کیف شراب، بیہوشی، مدہوشی، سکر، جوش، ولولہ، ترنگ، غرور، تکبر۔

نشہ آور na-shah-aa-var: (ف، صف) نشہ

لانے یا پیدا کرنے والا۔

نشہ باز na-shah-baaz: (ف، صف) نشہ آور چیزوں کا استعمال کرنے والا، نشے کی چیز کھانا، بھنگی، چنڈوباز۔

نشیب na-sheb: (ف، مذ) پست یا نیچی زمین، وہ زمین جہاں پانی کھڑا رہے۔ پستی، نچان۔

نشیب وفراز na-she-bo-fa-raaz: (ف، مذ) اونچ، نیچ، اتار چڑھاؤ، نیک وبد، نہ فائدہ نہ نقصان۔

نشید na-shiid: (ع، مذ) نغمہ، سر، لے، آلاپ، وہ اشعار جو لوگ باری باری پڑھتے ہیں۔

نشیلا (na-shii-la(a: (ار، صف) نشے میں بھرا ہوا، سرشار، مست، متوالا، مخمور (نشے سے لیا گیا اُردو والوں نے بنالیا ہے) مث: نشیلی۔

نشیمن na-she-man: (ف، مذ) آرام کی جگہ، خلوت کی جگہ، مکان، حویلی، محل، مسکن، پرندوں کا گھونسلا، آشیانہ۔

نشیمن گاہ na-she-man-gaah: (ف، مث) آرام گاہ، خلوت گاہ۔

نشین na-shiin: (ف، لاحقہ) فارسی مصدر نشستن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور بیٹھنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً گوشہ نشین۔

نص nas: (ع، مذ) ظاہر کرنا، دکھانا، آشکارا کرنا، وہ چیز جو ظاہر اور صریح ہو۔ آشکارا، قرآن شریف کی وہ آیت جس کے معنی صاف اور صریح ہوں۔

نِصاب ni-saab: (ع، مذ) پڑھائی کا کورس، سرمایہ، مال جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہو۔

نصاری (na-saa-ri(i: (ع، مذ) قصبہ ناصرہ جہاں حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے تھے سے منسوب، نصرانی کی جمع، کنایۃً عیسائی، مسیحی۔

نصائح na-saa-yih: (ع، مث) دیکھیے 'نصیحت' جس کی یہ جمع ہے۔

نَصبْ nasb: (ع، مذ) کھڑا کرنا، برپا کرنا، قائم کرنا، لگانا، گاڑنا، زبر، فتح، زبر دینا/لگانا۔

نصب العین nas-bul-(?)ain: (ع، مذ) اصل، منشا، مقصد، اصل، مدنظر، منظور خاطر۔

نصرْ nasr: (ع، مث) فتح، ظفر، یاری، مدد، حمایت، کمک۔

نصرانی (nas-raa-ni(i: (ع، مذ) عیسائی، حضرت عیسیٰ کا پیرو، (ناصرہ سے منسوب جو کنعان میں ایک قریہ ہے۔ جہاں حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے تھے)

نصرانیت nas-raa-ni-yat: (ع، مث) عیسائی مذہب۔

نُصرت nus-rat: (ع، مث) فتح، ظفر، جیت، مدد، یاری، حمایت، کمک۔

نِصف nisf: (ع، مذ) دن کا نصف، دوپہر۔

نِصف النہار nis-fun-na-haar: (ع، مذ) دن کا نصف، دوپہر۔

نصوح na-suuh: (ع، مذ) خالص، صاف، پکی توبہ جس کے بعد گناہ نہ کرے۔

نصیب na-siib: (ع، مذ) قسمت، حصہ۔

نصیبوں جلا (na-sii-buuN-ja-la(a: (ار، صف) بدقسمت، بدبخت، بدنصیب، مث: نصیبوں جلی۔

نصیبہ na-sii-bah: (ف، مذ) دیکھیے 'نصیب' مع مرکبات ومحاورات۔

نصیحت na-sii-hat: (ع، مث) اچھی صلاح، نیک مشورہ، پند، تنبیہ، گوشمالی، فہمائش۔

نصیحت آمیز na-sii-hat aa-mez: (عف، صف) وہ بات جس میں نیک صلاح/مشورہ شامل ہو،

وہ کھیل، تماشا، کہانی جس میں عبرت دلانے والی بات شامل ہو۔

نصیحت پذیر na-sii-hat pa-ziir: (عف، صف) نصیحت پر عمل کرنے والا، نصیحت قبول کرنے والا۔

نصیر na-siir: (عف، صف) مدد کرنے والا، مددگار، معاون، دوست، یار، خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

نُصیری nu-sii-rii: (ع، مذ) نُصیر سے منسوب، حضرت علیؓ کو (نعوذ باللہ) خدا ماننے والا، کنایۃً شیدائی۔

ن۔ض

نضارت na-zaa-rat: (ع، مث) تازگی، سرسبزی، آبداری، چمک دمک۔

نضیج na-ziij: (ع، صف) پکا ہوا، پختہ (جیسے میوہ) اچھی طرح پکا ہوا (گوشت) نرم، گداز۔

ن۔ط

نطفہ nut-fah: (ع، مذ) منی، ویرج، آبِ صاف و شفاف، اولاد، زائیدہ۔

نطق nu.q: (ع، مذ) بولنے کی طاقت، گویائی، بات، گفتگو۔

نطول na-tuul: (ع، مذ) دواؤں کا گرم پانی ڈالنا، دواؤں کے پانی کا تریڑا۔

ن۔ظ

نظارت na-zaa-rat: (ع، مث) کسی چیز کو دیکھنا، ملاحظہ کرنا، نظر کرنا، محافظت، نگرانی، نگہبانی، ناظر کا عہدہ، ناظر کا کام، ناظر کا دفتر۔

نظّارگی naz-zaar-gi(i): (عف، مث) دیکھنا، دید بازی، نظارہ بازی، صف: دیکھنے والا، نظارہ کرنے والا، نظر ڈالنے والا، نظرباز۔

نظّارہ naz-zaa-rah: (ع، مذ) دیکھنا، نظر ڈالنا، نظر بازی، گھورا، گھوری، دید بازی، عاشق کا معشوق کو دیکھنا، وہ چیز جو دیکھی جائے، منظر، تماشا، سیر، نظر، نگاہ، چتون، چیت۔

نظارہ باز na-za-rah-baaz: (عف، صف) نظربازی کرنے والا، تاڑنے والا، اسم کیفیت مث: نظارہ بازی۔

نظافت na-zaa-fat: (ع، مث) پاکیزگی، صفائی

نظام ni-zaam: (ع، مذ) موتیوں کی لڑی، جڑ، بنیاد، سلسلہ، ترتیب، بندوبست، انتظام، آراستگی، نواب دکن کا موروثی خطاب، طریقہ، روش، صلاح کار، تربیت۔

نظامِ شمسی ni-zaa-me-sham-si(i): (ع، مذ) سورج اور دوسرے سیاروں کی گردش کا نظام، سورج کے گرد سیاروں کی گردش کا طریقہ۔

نظامت ni-zaa-mat: (ع، مذ) دیکھیے 'ناظم' جس کا یہ اسم کیفیت ہے، ناظم کا عہدہ یا کام۔

نظامیہ ni-zaa-mi-yah: (ع، مث) بغداد کی قدیم یونیورسٹی، جنگی فوج، تصوف کا ایک سلسلہ، جو حضرت نظام الدین اولیاء سے منسوب ہے۔

نظائر na-zaa-yir: (ع، مذ) دیکھیے 'نظیر' جس کی جمع ہے۔

نظر na-zar: (ع، مث) بغور، دیکھنا، نگاہ، آنکھ، بصارت، غور، تامل، نگرانی، دیکھ بھال، تمیز، شناخت، توجہ، مہربانی، معائنہ، اندازہ، تخمینہ، امید، توقع، بھوت پریت کا اثر، آسیب۔

نظرباز na-zar-baaz: (عف، صف) نیک دید

پہنچاننے والا، تاڑ لینے والا، بھانپ لینے والا، حسن پرست، اسم کیفیت مث: نظربازی۔

نظرِ بد naz-re-bad: (عف، مث) بری نظر، بری نظر کا اثر۔

نظربند na-zar-band: (ف، صف) وہ شخص جسے عدالت میں مقدمہ چلانے اور سزا دیے بغیر قید میں رکھا جائے یا اُس کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی جائے (انفعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: نظربندی۔

نظرِ ثانی na-za-re-saa-ni(i): (ف، مث) دوبارہ دیکھنا، ترمیم یا تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا، (انفعال: کرنا، ہونا)

نظرفریب na-zar fa-reb: (ف، صف) نظر کو لبھانے والا، اسم کیفیت مث: نظرفریبی۔

نظر کردہ / یافتہ na-zar yaaf-tah/ kar-dah: (ف، صف) منظور بہ نظر۔

نظرگاہ na-zar-gaah: (ف، مث) سیرگاہ، تماشاگاہ۔

نظرگزر na-zar gu-zar: (ف، مث) چشم بد کا اثر، وہ چیز جو نظر کا اثر بد دور کرنے کے لیے الگ کر دیتے ہیں (انفعال: ہونا، کرنا)

نظری na-za-rii: (ع، صف) وہ چیز جو نا منظور ہو، منسوخ، پامال، بے وقعت، نظر سے گرا ہوا، ناقص، خیالی، قیاسی، وہ علم جس میں موجودات کے تصور سے بحث کی جاتی ہے۔

نظریہ na-zar-yah: (ع، مذ) وہ مسئلہ جس میں نظر و فکر سے کام لیا جائے، اصول، جمع، نظریات، صف نسبتی: نظریاتی۔

نظم nazm: (ع، مث) لڑی، سلک، موزوں کلام، شعر (مذ) بندوبست، انتظام۔

نظمِ آزاد naz-me-aa-zaad: (عف، مث) نظم میں وہ قسم جس میں مصرعے چھوٹے بڑے اور قافیہ ندارد۔

نظمِ معرّیٰ naz-me-mu-(?)ar-raa: (ع، مث) ایسی نظم جس میں قافیے نہ ہوں، مگر وزن ہو اور مصرعے برابر ہوں۔

نظم و نسق naz-mo-nasq: (ف، مذ) بندوبست، انتظام، حکومت کا قاعدہ۔

نظیر na-ziir: (ع، صف) مانند، مثل، نمونہ، مثال، تمثیل۔

ن ۔ ع

نعت naa(?)t: (ع، مث) مدح، ثنا، تعریف و توصیف، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف میں مدحیہ اشعار۔

نعتیہ naa(?)-ti-yah: (ع، صف) دیکھیے 'نعت' جس سے یہ منسوب ہے۔

نعرہ naa(?)-rah: (ع، مذ) للکار، بلند آواز، شور، آہ و بکا، شور۔

نعرہ زن naa(?)-rah-zan: (عف، صف) للکارنے والا، نعرہ مارنے والا، فریاد کرنے والا، اسم کیفیت مث: نعرہ بازی۔

نعش na(?)sh: (ع مث) لاش، میت۔

نعل na(?)l: (ع مث) جوتا، کفش، پاپوش، گھوڑے کے سم میں لگانے کا آہنی حلقہ، لوہا جو جوتی کی ایڑی میں مضبوطی کے واسطے لگاتے ہیں۔

نعل بند na(?)l-band: (عف، صف) نعل باندھنے والا، اسم کیفیت مث: نعل بندی۔

نعل بہا na(?)l-ba-haa: (عف، مذ) وہ خراج یا

ٹیکس، جو کمزور حکومت زبردست حکمرانوں کو ادا کرے۔
نعلین na(?)-len: (ع،مث) دیکھیے 'نعل'؛ جس کا یہ تثنیہ ہے، جوتی کا جوڑا، دونوں جوتیاں۔
نِعَم ni-(?)am: (ع،مث) نعمت کی جمع نعمتیں۔
نِعمَ البدل ni(?)-mul-ba-dal: (ع،مذ) اچھا بدلہ، نیک عوض۔
نِعمت ni(?)-mat: (عف، مذ) وہ مکان جس میں دعوت کا سامان رکھتا ہو، وہ مکان جس میں امراء کھانا کھاتے ہیں۔ لکڑی کی جالی دار الماری جس میں کھانا وغیرہ رکھتے ہیں۔
نِعمت کدہ ni(?)mat-Ka-dah: (عف، مذ) نعمت کا گھر، کنایۃً 'بہشت'۔
نعوذ باللہ na-(?)uu-zo-bil-lah: (ع، حکم پناہ) ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں۔ خدا کی پناہ، خدا بچائے۔
نعوظ nu-(?)uuz: (ع،مذ) شہوت، عضو تناسل کا کھڑا ہونا، استادگی۔
نعیم na-(?)iim: (ع، مذ) نیکی، نعمت، مال، پہنچ، رسائی، لاڈ پیار، ناز، صاحب نعمت، نعمت والا۔

ن۔غ

نغز naGz: (ف، صف) خوب، عمدہ، اچھا، اعلیٰ، افضل، فائق۔
نغزک naG-zak: (عف، صف) خوب، عمدہ، اچھی چیز (مذ) کنایۃً آم۔
نغمگی naG-mi-gii: (ع، مذ) راگ، گیت، ترانہ، سریلی آواز، ترنم۔
نغمہ naG-mah: (ع، مذ) راگ، گیت، ترانہ، سریلی آواز، ترنم، جمع: نغمات۔
نغمہ پرداز / ریز / سنج / زن / طراز / سرا: naG-maa par-daaz/ rez/ sanj/ zan/ ta-raaz/ sa-ra(a): (عف، صف) اچھا گانے والا، اچھا شعر کہنے والا، اسم کیفیت مث: نغمہ پردازی / ریزی / سنجی / زنی / طرازی، سرائی۔

ن۔ف

نفاخ naf-faaK: (ع، صف) پھونک مارنے والا، پھلانے والا، ریح پیدا کرنے والا، پیٹ میں ہوا کرنے والا، بادی۔
نفاذ na-faaz: (ع، مذ) جاری ہونا، صدور، ایک چیز کا دوسری سے نکلنا، عاید ہونا، لاگو ہونا، (افعال: کرنا، ہونا)
نِفاس ni-faas: (ع، مذ) وہ خون جو عورت کے بچہ جننے کے چالیس روز بعد تک ٹپکتا رہتا ہے، زچہ کا چلہ۔
نفاست na-faa-sat: (ع، مث) خوبی، عمدگی، لطافت، صفائی، پاکیزگی۔
نِفاق ni-faaq: (ع، مذ) پھوٹ، ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی، بگاڑ، نا اتفاقی (افعال: پڑنا، ڈالنا، رکھنا)
نفط naGt: (ع، مث) مٹی کا تیل، بارود۔
نفخ nafK: (ع، مث) پھونکنا، ہوا سے بھرنا، پھولنا۔
نفر na-far: (ف، مذ) تین سے دس تک آدمیوں کا گروہ، نوکر، ملازم، ادنیٰ خادم، کام کرنے والا، مزدور، ایک آدمی، سائیس۔
نفرال na-fa-raal: (ار، مذ) ادنیٰ نوکر۔
نفرائی naf-raa-ii: (ار، مث، ق) نوکری، خدمت گاری۔
نفرت naf-rat: (ع، مث) گھن، کراہت، بیزاری، تنفر، ناپسندیدگی، ناگواری (افعال: آنا، رکھنا، کرنا، ہونا)
نفرت انگیز naf-rat an-gez: (عف، صف)

نفرت بڑھانے والا، نفرت دینے والا، اسم کیفیت مث: نفرت انگیزی۔

نفری(ا) naf-ri(i): (ا، مث) روزانہ مزدوری، اُجرت، ایک آدمی کا ایک دن کا کام، فی آدمی، تعداد، مزدوروں یا کارکنوں کی تعداد۔

نفرین naf-riin: (ف، مث) ملامت، پھٹکار، لعنت (افعال: کرن، ا، ہونا)

نفس na-fas: (ع، مذ) سانس، تنفس، گھڑی، ساعت دقیقہ۔ (انفاس جمع ہے)

نفسِ سرد naf-se-sard: (عف، مذ) آہ سرد۔

نفسِ شماری na-fa-se shu-maa-rii: (عف، مث) حالت نزع، جب سانس گنے جائیں۔

نفس nafs: (ع، مذ) جان، روح، ذات، وجود، ہستی، حقیقت، اصلیت، اصل شے، بیت، لب لباب، عضو تناسل، خواہش نفسانی۔ (نفوس جمع ہے)

نفس الامر naf-sul-amr: (ع، مذ) مدعا، واقعی بات، درحقیقت۔

نفسِ امّارہ naf-se-am-maa-rah: (عف، مذ) بہت حکم کرنے والا، انسان کی وہ خواہش جو برائی کی طرف مائل کرے۔

نفس پرست nafs-pa-rast: (عف، صف) شہوت پرست، عیاش، اسم کیفیت مث: نفس پرستی۔

نفسِ لوّامہ naf-se-lav-va-mah: (ع، صف) گناہ سرزد ہونے کے بعد اپنے آپ کو ملامت کرنے والا نفس۔

نفسِ مطلب naf-se-mat-lab: (عف، مث) اصل مدعا، منشا۔

نفسِ مُطمئنہ naf-se-mut-ma-an-nah: (ع، مذ) حکم الٰہی پر چلنے والا نفس جو بری عادتوں سے پاک صاف ہو۔

نفسِ ناطقہ naf-se-naa-te-qah: (ع، مذ) انسانی روح، وہ شخص جو کسی دوسرے کی ناک کا بال بنا ہو۔

نفسِ نفیس naf-se na-fiis: (ع، مذ) خدا کی ذات پاک، ذات خاص، خود ذات (بادشاہ وغیرہ کے لیے)

نفسا نفسی naf-saa-naf-sii: (ا، صف) خود غرضی، اپنی اپنی غرض سے مطلب ہونا۔

نفسانی naf-saa-nii: (ع، صف) دیکھیے 'نفس' جس سے یہ منسوب ہے۔

نفسانیت naf-saa-niy-yat: (ع، مث) خود غرضی، غرور، نفس پرستی۔

نفسی نفسی naf-sii-naf-si(i): (ع، مث) اپنی اپنی ذات کی خود غرضی۔ (افعال: پڑنا)

نفسیات naf-si-yaat: (ع، مذ) وہ علم جس میں انسان کے ذہنی محرکات سے بحث کی جاتی ہے، ترجمہ علم النفس، صف نسبتی، نفسیاتی۔

نفسیاتی تجزیہ naf-si-yaa-tii taj-zi-yah: (ع، مذ) انسان کے ذہنی محرکات اور اعمال کی جانچ پڑتال۔

نفط nafz: (ع، مذ) نفت، مٹی کا تیل۔

نفع na-fa(?): (ع، مذ) فائدہ، حاصل، نتیجہ، پھل، ثمر، منافع، سود۔ (افعال: اُٹھانا، دیکھنا)

نفع رساں na-f(?) ra-saaN: (عف، صف) فائدہ پہنچانے والا، اسم کیفیت مث: نفع رسانی

نفقہ na-fa-qah: (ع، مذ) بال بچوں کا خرچ، کفالت، بیوی کے روٹی کپڑے کا خرچ۔

نفل nafl/na-fil: (ع، مذ) وہ عبادت جو فرض نہ ہو، وہ نماز جو فرض واجب اور سنت کے علاوہ پڑھی جائے،

زائد عبادت جو شکرانے کے طور پر ادا کی جائے۔

نفوذ nu-fuuz: (ع، مذ) سرایت کرنا، اندر گھسنا، گزرنا، جاری ہونا، اثر کرنا (افعال: کرنا، ہونا)

نفور nu-fuur: (ع، صف) نفرت کرنے والا، بھاگنا، نفرت کرنا، نفور، نفرت۔

نفوس nu-fuus: (ع، مذ) دیکھیے 'نفس' جس کی یہ جمع ہے، جانیں، روحیں۔

نفوسِ قدسیہ nu-fu-se qud-si-yah: (عف، مذ) پاک روحیں، بزرگانِ دین، پیغمبر اور فرشتہ، نیک مخلوق، نیک لوگ، نیک ہستیاں۔

نفی na-fii: (ع، مث) اثبات کی ضد، کسی چیز کے وجود سے انکار کرنا۔ (افعال: کرنا، ہونا)، نکال دینا۔

نفیر na-fiir: (ع، صف) نفرت کرنے والا، متنفر، وہ لوگ جو کسی کام کے لیے آگے آگے جائیں۔ آواز جو سونے کی حالت میں نکلتی ہے۔ نفیری، شہنائی، ترئی، نالہ، فریاد، چیخ، پکار، واویلا۔

نفیرچی na-fiir-chi(i): (ف، صف) نفیری بجانے والا۔

نفیری na-fii-ri(i): (ف، مث) شہنائی، ترئی۔

نفیس na-fiis: (ع، صف) عمدہ، اعلیٰ، قیمتی، بیش قیمت، لطیف، پاکیزہ، پاک وصاف، مث: نفیسہ۔

نفیسی na-fii-si(i): (ع، مث) طب کی بنیادی کتاب

ن۔ق

نقّاب na-q-qaab: (ع، مذ) نقب لگانے والا، سرنگ کھودنے والا، سوراخ کرنے والا۔

نقاب na-qaab: (ع، مذ) گھونگھٹ، برقع، چہرے پر ڈالنے کا پردہ۔

نقاب پوش na-qaab-posh: (عف، صف) وہ شخص جو منہ پر پردہ ڈالے رہے، اسم کیفیت مث: نقاب پوشی۔

نقاب دار na-qaab-daar: (عف، صف) پردہ پوش، نقاب پہننے والا۔

نقّاد naq-qaad: (ع، صف) پرکھنے والا، کھوٹا کھرا دیکھنے والا۔ اچھائی برائی ظاہر کرنے والا، تنقید اور تبصرہ کرنے والا۔

نقّارچی naq-qaar-chi(i): (ف، مذ) نقارہ بجانے والا، نوبت بجانے والا۔

نقّار خانہ naq-qaar-Kaa-nah: (عف، مذ) وہ مکان جہاں نقارہ بجایا جاتا ہے۔

نقّارہ naq-qaa-rah: (ف، مذ) نوبت، طبل۔

نقّاش naq-qaash: (ع، صف) نقش بنانے والا، رنگ ساز، نقش و نگار بنانے والا، مصور، اسم کیفیت مث: نقاشی۔

نقّاشِ ازل naq-qaa-she a-zal: (ع، مذ) کنایۃً، خدا۔

نقّال naq-qaal: (ا ر،) نقل کرنے والا، بھانڈ، نقلیں کرنے والا، مسخرہ، بہروپیا، اسم کیفیت مث: نقالی۔

نقاہت na-qaa-hat: (ع، مث) ضعف، کمزوری، ناتوانی، ناطاقتی۔

نقائص na-qaa-is: (ع، مذ) دیکھیے 'نقص' جس کی یہ جمع ہے۔

نقب naqb: (ع، مث) سیندھ، سرنگ، شگاف، دیوار میں بڑا سوراخ۔

نقب زن naqb-zan: (عف، مذ) سیندھ لگانے والا، سرنگ کھودنے والا، سرنگ لگانے والا، اسم کیفیت مث: نقب زنی/افگنی۔

نقد naqd~na-qad: (ع، مث) آمادہ کرنا، سکہ کا

کھرا یا کھوٹا پرکھنا، سونے یا چاندی کا سکہ، وہ رقم جو فوراً ادا کی جائے، پونجی، سرمایہ۔

نقدوم naq-duum: (عف، صف) اکیلا، مجرد، تن تنہا، (افعال: رہنا، ہونا)

نقد و تبصرہ naq-do-tab-sa-rah: (ع، مذ) کسی کتاب کی بھلائی برائی کو پرکھنا اور اس کے متعلق رائے دینا۔

نقد و جنس naq-do-jins: (ع، مذ) دھن دولت، مال اسباب، روپیہ، پیسہ، نقد روپیہ اور غلہ وغیرہ۔

نقدی naq-dii: (ار، مث) روپیہ، مال وزر، دولت، رقم۔

نقرس naq-ras: (ع، مذ) ایک قسم کا گھنٹیا، وہ درد اور سوجن جو ہاتھ اور پاؤں میں ہوتی ہے۔

نُقرہ nuq-rah: (ع، مذ) چاندی، ہر وہ چیز جو سفید ہو، نقرہ گھوڑا۔

نُقرئی nuq-ra-i(i): (ع، مث) دیکھیے 'نقرہ' جس سے یہ منسوب ہے۔ چاندی کا، سفید۔

نقش naqsh: (ع، مذ) نگار، صورت، شبیہ، مورت، مورتی، تصویر، پھولوں بوٹوں کا کام، گل کاری، بیل بوٹے، کندہ کاری، چھاپ، مہر، ٹھپا، نرد کی بازی میں جیت کا داؤں، ایک قسم کا جوا، تعویذ، نشان، کھوج، علامت، خیال، تصور، تاثیر، اثر، جادو، ٹونا، افسوں۔ منتر، لکھا ہوا، منقوش، کھدا ہوا۔

نقشِ آب / بر آب naq-she-aab/bar-aab: (عف، مذ) فانی، جلد مٹ جانے والا، بے ثبات، باطل۔

نقشِ اوّل naq-sho-av-val: (ع، مذ بترکیب فارسی) مسودہ، پہلی تحریر، پہلی تصویر۔

نقش بر naqsh-bar: (عف، صف) حیران، متعجب، متحیر، حیرت زدہ، ہکا بکا، بے حس و حرکت۔

نقش بند naqsh-band: (عف، مذ) نقاش، مصور، نقش کیا ہوا، حضرت خواجہ بہاء الدینؒ کا لقب۔

نقش بندی naqsh-ban-dii: (عف، مث) دیکھیے 'نقش بند' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ حضرت خواجہ بہاؤالدینؒ نقش بند کے سلسلہ کا مرید۔

نقشِ پا / قدم naq-she-paa/qa-dam: (ع، مذ) پاؤں کا نشان، سراغ، کھوج۔

نقش پرداز naqsh-par-daaz: (عف، مذ) مصور، نقاش، اسم کیفیت مث: نقش پردازی۔

نقشِ تسخیر naq-she-tas-Kiir: (عف، مذ) دوسرا نقش جو پہلے نقش یا تحریر سے بہتر ہوتا ہے۔

نقشِ دیوار naq-she-di-vaar: (عف، مذ) حیران و سراسیمہ۔

نقشِ سُوَیدا naq-she-su-ve-da(a): (عف، صف) نقاش، مصور، اسم کیفیت مث: نقش طرازی / گری۔

نقش طراز / گر naqsh-ta-raaz/gar: (عف، صف) نقاش، مصور، اسم کیفیت مث: نقش طرازی / گری۔

نقشِ قدم naq-she-qa-dam: (ع، مذ) پاؤں کا نشان۔

نقشِ مراد naq-she-mu-raad: (عف، مذ) مراد کا نقش سے استفادہ، عامل کا مطلوب اثر۔

نقش و نگار naq-sho-ni-gaar: (عف، مذ) بیل بوٹے، پھول پتی۔

نقشہ naq-shah: (ع، مذ) تصویر، تشبیہ، روپ، شکل، چہرہ، حلیہ، ساخت، بناوٹ، طرز، سج دھج، وضع قطع، نمونہ، مثال، خاکہ، چربہ، عمارت یا کسی اور چیز کی صورت جو بطور خاکہ تیار کیا جائے، سانچہ، قالب، ڈھانچ، حالت، کیفیت، عالم، فہرست، فرد، شطرنج کی چال۔

نقشہ نویس naq-sha-na-viis: (عف، صف) نقشہ بنانے والا، مصور، عدالتوں میں ایک عہدے کا نام، اسم کیفیت مث: نقشہ نویسی۔

نقص naqs~nuqs: (ع، مذ) کم کرنا، کم ہونا، کمی، کوتاہی، کسر، عیب، برائی، کھوٹ۔

نقصان nuq-saan: (ع، مذ) کمی، کوتاہی، قباحت، حرج، ضرر، خسارہ، گھاٹا، (افعال: اٹھانا، بھرنا، پہنچانا، کرنا، ہونا)

نقصان رساں nuq-saan-ra-saaN: (عف، صف) نقصان پہنچانے والا، اسم کیفیت مث: نقصان رسانی۔

نقض naqz: (ع، مذ) ٹوٹ پھوٹ، توڑنا پھوڑنا، بگاڑنا۔

نقضِ امن naq-ze-a-man: (ع، مذ بترکیب فارسی) جھگڑا، فساد، امن شکنی۔

نقضِ عہد naq-ze-(?)a-had: (ع، مذ بترکیب فارسی) وعدہ شکنی۔ وعدہ خلافی۔

نقط naqt/nuqt: (ع، مذ) 'نقطہ' کی جمع، نقطے۔

نقطہ nuq-tah: (ع، مذ) صفر، شک ظاہر کرنے کے لیے نقطہ دیا کرتے ہیں۔ انتخاب کے لیے دائرے کا وسط جس کے دائرے تک خط کھینچے جائیں، نشان جس پر نشانہ لگاتے ہیں۔

نقطۂ (نقطہ) اشتعال nuq-ta-ye-ish-ti-(?)aal: (ع، مذ بترکیب فارسی) گرمی اور کھولاؤ کا وہ درجہ جس پر آگ بھڑک اُٹھے۔

نقطۂ (نقطہ) انتخاب nuq-ta-ye-in-ta-Kaab: (ع، مذ بترکیب فارسی) وہ نقطہ جو کسی کتاب کے حاشیہ پر یا کسی عبارت یا شعر پر اظہار پسندیدگی کے طور پر لگایا جاتا ہے۔

نقطۂ (نقطہ) جاسوس nuq-ta-ye-jaa-suus: (ع، مذ بترکیب فارسی) وہ نقطہ جو عامل تعویذ میں مقصد معلوم کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔

نقطۂ (نقطہ) عروج nuq-ta-ye-(?)u-ruuj: (ع، مذ بترکیب فارسی) مرکز نظر، انداز نظر، انداز فکر، دیکھنے یا سوچنے کا انداز یا ڈھنگ Climax

نقطۂ (نقطہ) نظر naq-ta-ye-na-zar: (ع، مذ بترکیب فارسی) مرکز نظر، انداز نظر، انداز فکر، دیکھنے یا سوچنے کا انداز یا ڈھنگ۔

نقل naql: (ع، مث) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، مثنی، چربہ، نمونہ، نظیر، روایت، کہانی، سوانگ، ایک حرف کی حرکت دوسرے کو دینا۔

نقلِ مکان naq-le ma-kaan: (ع، مث بترکیب فارسی) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، مکان تبدیل کرنا (افعال: کرنا، ہونا)

نقل نویس naql na-viis: (عف، صف) عدالتوں کے فیصلے اور دستاویزوں کی نقل کرنے والا، اسم کیفیت مث: نقل نویسی۔

نقل و حمل naq-lo-ha-mal: (ع، مث بترکیب فارسی) اٹھانا اور لے جانا بار برداری، اٹھانے اور لے جانے کا نام۔

نُقل naql: (ف، مذ) وہ چیز جو کسی نشہ آور چیز کے بعد تبدیل ذائقہ کے لیے کھائیں، ایک قسم کی مٹھائی۔

نقلی naq-li(i): (ار، صف) جھوٹا، مصنوعی، جعلی، کھوٹا۔

نقلیا naq-li-ya(a): (ار، مث) نقال، بھانڈ، مسخرہ۔

نُقوش nu-quush: (ع، مذ) 'نقش' کی جمع۔

نُقوع nu-quu(?): (ع، مذ) بھیگی ہوئی دوا یا میوہ، وہ پانی جس میں دوا بھگوئی گئی ہو۔

نقی na-qii: (ع، صف) پاک، صاف، خالص، دسویں امام حضرت علی بن محمد کا لقب۔

نقیب na-qiib: (ع، مذ) تشہیر کرنے والا، خبر دینے والا، بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے آواز لگانے والا، ہرکارہ، چوب دار۔

نقیض na-qiiz: (ع، صف) مخالف، اُلٹا، برعکس، ضد، عداوت۔

نقیہ naq-yah: (ع، صف) ناتواں، کمزور، ضعیف، ناطاقت۔

ن۔ک

نک nuk: (ار، مت) ناک کا مخفف، جو مرکبات میں مستعمل ہے۔ مثلاً نک چڑھا۔

نکٹوڑا nak-tuu-Ra(a): (ار، مذ) ناز نخرہ، غرور، نخوت، طنز آمیز بات۔

نک چڑھا nak-cha-Rha(a): (ار، صف) بد دماغ، مزاج دار، مغرور، مث: نک چڑھی۔

نک چھکنی nak-chik-ni(i): (ار، مث) ایک بوٹی جس کو سونگھنے سے چھینکیں آتی ہیں۔

نک کٹا/نکٹا nak-ka-Ta(a)/nak-Ta(a): (ار، مذ) کٹی ہوئی ناک والا، بے غیرت، مث: نک کٹی/نکٹی۔

نک گھسنی nak ghis-nii: (ار، مث) ناک رگڑنا، منت سماجت، عاجزی، (افعال: کرنا، ہونا)

نکا nik-kaa: (ار، مذ) چھوٹا، خرد، ننھا، مختصر، کم، ناقص۔

نکا nuk-kaa: (ار، مذ) نوکدار چیز کی نوک، نکیلا، تیکھا، ایک قسم کا گیڑی کا کھیل۔

نکات ni-kaat/na-kaat: (ع، مذ) نکتہ، باریکیاں، رموز۔

نکاح ni-kaah: (ع، مذ) عقد، بیاہ، شادی، چیندھنا

نکاح متعہ ni-kaa-he-mu-ta(?)h: (ع، مذ) عارضی نکاح، وقتی نکاح جو شیعوں میں رائج ہے۔

نکاح مؤقت ni-kaa-he mu-vaq-qat: (ع، مذ) وہ نکاح جو کسی خاص مدت کے لیے کیا جائے۔

نکاح نامہ ni-kaah-na-mah: (عف، مذ) وہ کاغذ جس پر شادی کی تفصیلات درج ہوں۔

نکاحی ni-kaa-hi(i): (ف، مث) نکاح کر کے لائی ہوئی عورت، منکوحہ۔

نکاس ni-kaas: (ار، مذ) اصل، بنیاد، جڑ، آغاز، شروع، منبع، سوت، مبدا، نسل، خاندان، صدر، ظہور، اخراج، برآمد۔

نکاسی ni-kaa-si(i): (ار، مث) محاصل، پیداوار، فائدہ، منافع، بکری، مال کی فروخت، روانگی، برآمد، چنگی، محصول، راہداری، سرحد۔

نکالا ni-kaa-la(a): (ار، مث) شہر بدر، اخراج۔

نکالنا ni-kaal-na(a): (ار، مص) باہر کرنا، علیحدہ کرنا، چھانٹنا، تفریق کرنا، ایجاد کرنا، حل کرنا، کاڑھنا۔

نکبت nuk-bat: (ع، مث) افلاس، بدحالی۔

نکتہ nuk-tah: (ع، مذ) باریکی، تہ کی بات، باریک بات، لطیفہ، چٹکلا، رخنہ، عیب، وہ چمڑا جو گھوڑے کے منہ پر رہتا ہے۔

نکتہ بین nuk-tah-biin: (عف، صف) نازک خیال، باریک بین، اسم کیفیت مث: نکتہ بینی۔

نکتہ سنج/شناس nuk-tah-sha-naas/ sanj: (عف، صف) سخن شناس، عقل مند، ہوشیار، اسم کیفیت مث: نکتہ پروری/پردازی/سنجی/شناسی۔

نکتہ چین nuk-tah-chiin: (عف، صف) عیب ڈھونڈھنے والا، اسم کیفیت مث: نکتہ چینی۔

نکتہ داں nuk-tah-daaN: (عف، صف) باریک بات سننے اور جاننے والا، دقیقہ رس، اسم کیفیت مث: نکتہ دانی۔

نکتہ رس nuk-tah-ras: (عف، صف) تیز فہم، زیرک، فہیم، ذکی، اسم کیفیت مث: نکتہ رسی۔

نکتہ گیر nuk-tah-giir: (عف، صف) عیب جو، نکتہ چیں، اسم کیفیت مث: نکتہ گیری۔

نکتہ نواز nuk-tah-na-vaaz: (عف، صف) لطیف بات کی قدر کرنے والا، اسم کیفیت مث: نکتہ نوازی۔

نکتی nuk-tii: (ار، مث) ایک قسم کی مٹھائی جو بیسن سے موتیوں کے برابر بنائی جاتی ہیں۔

نکتی پلاؤ nuk-tii-pu-laa(o): (ار، مث) وہ پلاؤ جس میں چنے کی نکتیاں پڑی ہوئی ہوں۔

نکٹا nak-Taa: (ار، مذ) دیکھیے 'نک کٹا' سیاہ رنگ کی مرغابی۔ کوڑی جس سے جوا کھیلتے ہیں۔ ایک قسم کا گانا۔

نکٹائی nak-Taa-i(i): (انگ، مث) Necktie مغربی وضع کی پٹی جو گلے میں قمیض کے کالر پر باندھی جاتی ہے۔

نکرہ nak-rah: (ع، مذ) وہ اسم جو غیر معین چیز کے لیے آئے، اسم عام، انجان پن۔

نکڑ nuk-kaR: (ار، مث) نوک کی تصغیر، سرا، نوک، اخیر، انتہا، کونا، گوشہ، موڑ۔

نکسنا ni-kis-naa: (ار، مص) نکلنا۔

نکسیر nak-siir: (ار، مث) ناک سے خون بہنا، ایک بیماری جس میں ناک سے خون بہتا ہے۔

نکل ni-kal: (انگ، مذ) Nickel ایک قسم کی سفید دھات جس کی جلا دوسری دھاتوں کے سامان پر کی جاتی ہے۔ (افعال: کرنا، ہونا)

نکلنا ni-kal-na(a): (ار، مص) اُگنا، بہنا، ظاہر ہونا، باہر چلا جانا، زائد ہو جانا، خارج ہو جانا، سبقت لے جانا، پھٹ جانا۔

نکما ni-kam-ma(a): (ار، صف) بے کار، ناکارہ، بے مصرف، خالی، معطل، برا، خراب، ناچیز، حقیر۔ (افعال: کرنا، ہونا) مث: نکمی، اسم کیفیت مذ: نکما پن

نکّو nak-ku(u): (ار، صف) بدنام، رسوا، مطعون، بڑی ناک والا، لمبی ناک والا۔

نکو ni-ko: (ف، صف) 'نیکو' ملاحظہ ہو جس کا مخفف ہے۔ اسم کیفیت مث: نکوی، اچھائی۔

نکوکار ni-ko-kaar: (ف، مذ) اچھے افعال کا مالک، اسم کیفیت مث: نکوکاری۔

نکو نام ni-ku-kaam: (ف، مذ) نیک نام، اچھی شہرت والا۔

نکوا nak-va(a): (ار، مذ) سوئی کا ناکہ، ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ۔

نکوٹین ni-ko-Tiin: (انگ، مث) Nicotine کا زہر۔

نکوہیدہ ni-ko-hii-dah: (ف، صف، مفعولی) ملامت کیا گیا، براخراب۔

نکہت nak-hat: (ع، مث) خوشبو، پہلی بار کی مہک۔

نکھ nakh: (ار، مذ) ناخن، ایک خوشبودار جڑی، کچا ابریشم۔

نکھاد ni-khaad: (ار، مذ) ایک بلند اور اُونچا سر، ہندی موسیقی کا ساتواں سر، جس کو مختصراً 'نی' کہتے ہیں۔

نکھار ni-khaar: (ار، مذ) صفائی، اُجلا پن، زیب و زینت، آرائش، خوبصورتی۔

نکھٹو ni-khaT-Tu(u): (ار، صف) ناکارہ، نکما، وہ شخص جو کچھ نہ کمائے، سست، احدی، مفلس، تنگ دست۔

نکھرنا ni-khar-naa: (ار، مص) صاف ہونا، اُجلا ہونا، میل کٹنا، چمکنا، رونق آنا، بننا، سنورنا، سنگھار کرنا۔

نکیر na-kiir: (ع، مذ) قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ، انکار۔

نکیرَین na-kii-rain: (ع، مذ) قبر میں سوال و جواب کرنے والے دو فرشتے، منکر و نکیر۔

نکیل na-kel: (ار، مث) اونٹ کی مہار، اونٹ کی ناک کی رسی۔

نکیلا nu-kii-laa: (ار، صف) نوکدار، بانکا، طرح دار، اسم کیفیت مذ: نکیلا پن، مث: نکیلی۔

ن۔گ

نگ nag: (ار، مذ) نگینہ، قیمتی پتھر یا شیشہ جو زیور میں جڑا ہوتا ہے۔

نگار ni-gaar: (ف، مذ) تصویر، بت، مورتی، خوبصورت، معشوق، محبوب، وہ شکل جو عورتیں اپنے ہاتھ پر مہندی سے بناتی ہیں۔ زیبائش، آرائش، زینت، فارسی مصدر، نگارشتن / نگاریدن سے صیغۂ امر جو کسی اسم۔کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لکھنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً افسانہ نگار۔

نگار بندی / بنداں ni-gaar-ban-dii/ban-daaN: (عف، مث) حنابندی، مہندی لگانا، مہندی سے نقش بنانا۔

نگار خانہ ni-gaar-Kaa-nah: (ف، مذ) تصویر خانہ، تصویروں کا مکان، نقاشی کیا ہوا گھر، بت خانہ، نگارستان، فلم اسٹوڈیو۔

نگارستان ni-gaa-ris-taan: (ف، مذ) دیکھیے 'نگار خانہ'۔

نگارش ni-gaa-rish: (ف، مث) تحریر، لکھا ہوا۔

نگاریں ni-gaa-riiN: (ف، مذ) مہندی لگا ہوا، آراستہ، معشوق۔

نگالی ni-gaa-li(i): (ار، مث) حقے کی نے کا وہ سرا جس کو منہ لگاتے ہیں۔ نیچا بنانے کی نے، چھوٹا پیچوان

نگاہ ni-gaah: (ف، مث) نظر، چتون، تیور، بصارت، آنکھ، شناخت، توجہ، عنایت، مہربانی، نظارہ، نگرانی، رکھوالی، چوکسی۔

نگاہ بان / نگہبان ni-gaah-baan/ni-gah-baan: (ف، صف) چوکیدار، محافظ، اسم کیفیت مث: نگاہ بانی / نگہبانی۔

نگاہ دار / نگہدار ni-gaah-daar: (ف، صف) نگہبان، محافظ، اسم کیفیت مث: نگاہ داری / نگہداری

نگاہ رُو بَرُو ni-gaah ruu-ba-ru(u): (ف، فعل امر) نقیب جو بادشاہ کے سامنے کسی شخص کو پیش کیا کرتے تھے۔ تو نگاہ روبرو کہا کرتے تھے۔ یعنی نگاہ سامنے رکھو۔

نگاہِ شوق ni-gaa-he-shauq: (ف، مث) شوق بھری نگاہ۔

نگاہِ گرم ni-gaa-he-ga-ram: (ف، مث) تیز نگاہ، غصہ کی نظر۔

نگاہِ ناز ni-gaa-he-naaz: (ف، مث) ناز و انداز کی نظر، معشوقانہ نگاہ۔

نگاہِ واپسیں ni-gaa-he-vaap-siiN: (ف، مث) مرتے وقت کی نگاہ جو آخری وقت ڈالی جائے۔

نِگر ni-gar: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر نگریستن سے امر جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بناتا ہے۔ مثلاً خودنگر، کم نگر۔

نگر na-gar: (ار، مذ) شہر، قصبہ، آبادی، اسم تصغیر مث: نگری۔

نِگران nig-raan: (ف، صف) دیکھنے والا، نگہبان، اسم کیفیت مث: نگرانی۔

نِگلنا ni-gal-na(a): (ار، مع) حلق سے نیچے اتارنا، کھانا، ہضم کرنا۔

نِگَندنا ni-gand-na(a): (ار، مص) لحاف یا کسی روئی دار کپڑے میں ڈورے ڈالنا۔

نِگَندہ ni-gan-dah: (ف، مذ) بخیہ، رضائی یا لحاف میں دو دو ڈورے ڈالنا، ہر ایک ٹانکا، نگندنا۔

نِگوڑا ni-go-Raa: (ار، صف) جس کے گھنٹے یا پاؤں نہ ہوں، نکما، ناکارہ، منحوس۔

نِگوں ni-guuN: (ف، صف) خمیدہ، اوندھا، اُلٹا۔

نِگوں بخت ni-guuN baKt: (ف، صف) بدنصیب، بدقسمت۔

نِگوں سار ni-guuN saar: (ف، صف) اوندھا، شرم سے سر جھکائے ہوئے۔

نِگہ ni-gah: (ف مث) دیکھیے 'نگاہ' جس کا یہ مخفف ہے۔

نِکہت nig-hat: (ف مث) دیکھیے 'نکہت' پہلی مہک۔

نِگھرا nigh-raa: (ف، صف) بے گھر، خانہ بدوش، بے خانماں۔

نگیں na-giin: (ف، مذ) نگینہ، نگ، جواہر۔

نگینہ ساز na-gii-nah saaz: (ف، صف) جواہرات تراشنے والا، اسم کیفیت مث: نگینہ سازی۔

ن۔ل

نل nal: (ار، مذ) موٹی نلی، اندر سے کھوکھلی، گول اور لمبی چیز، نال، بانس کا نلوار، نرکل، سرکنڈا۔

نل کُواں nal-kuu-aaN: (ار، مذ) وہ کنواں جس سے نل کے ذریعے پانی نکالا جاتا ہے۔ ٹیوب ویل۔

نلا na-laa: (ھ، مذ) پیشاب کی نالی، ناف کی مانند ایک پٹھا، پاؤں کی ہڈی۔

نلانا na-laa-naa: (ار، مص) کھیت سے گھاس پھوس صاف کرنا۔

نلائی na-laa-i(i): (ار، مث) کھیت سے گھاس پھوس نکالنے کی اُجرت، نلانے کا کام۔

نِلجا ni-laj-jaa: (ھ، صف) بے شرم، بے حیا، بے غیرت، مث: نلجی۔

نلکا nal-kaa: (ار، مذ) چھوٹا، پانی کھینچنے کا چھوٹا نل، ہینڈ پمپ۔

نلکی nal-kii: (ار، مث) نلی، ریل۔

نلوا nal-va(a): (ھ، مذ) نل کی تصغیر، چھوٹا سا نل، کاغذ وغیرہ رکھنے کے لیے ٹین یا دھات کا نل۔

نلوانا nal-vaa-na(a): (ار، مص) گھاس پھوس سے کھیت کی صفائی کرانا۔

نلوائی nal-vaa-i(i): (ھ، مث) نلوانے کی اجرت۔

نلی na-li(i): (ھ، صف) نے، نال، پنڈلی کی ہڈی، جولاہے کی نال، بندوق کی نالی، نرکل جو اندر سے خالی ہو، آبی پرندہ۔

نلیا nal-ya(a): (ھ، صف) چڑی مار، صیاد، (ار، مث) نال کی تصغیر۔

ن۔م

نم nam: (ف، صف) گیلا پن، رطوبت، سیل، تری، تر، گیلا، طراوت۔

نم خوردہ nam-Kor-dah: (ف، صف) سیلا ہوا، مرطوب۔

نم گیر nam-giir: (ف، صف) نمی جذب کرنے والا۔

نم گیرہ nam-gii-rah: (ف، صف) وہ کپڑا جو اوس کی نمی جذب کرنے کے لیے پلنگ پر چھت گیری کی طرح ڈال لیتے ہیں۔

نم ناک nam-naak: (ف، صف) تر، گیلا، بھیگا ہوا، مرطوب۔

نم nam: (ار، مث، ق) ندی، نہر۔

نُما nu-maa: (ف، صف) دکھانے والا، ظاہر کرنے والا، مرکبات میں لاحقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے قبلہ نما وغیرہ۔

نماز na-maaz: (ف، مث) بندگی، پرستش، نیاز، عاجزی، انکسار، اہل سلام کی عبادت۔

نمازِ استسقاء na-maaz-e-is-tis-qaa: (ف، مث) وہ نماز جس میں بارش کے واسطے دعا کی جاتی ہے۔

نمازِ پنجگانہ na-maa-ze panj-gaa-nah: (ف، مث) پانچوں وقت کی نماز۔

نمازِ جنازہ na-maa-ze ja-naa-zah: (ف، مث) وہ نماز / دعا جو مردے کی لاش پر کھڑے ہی کھڑے پڑھتے ہیں۔

نمازِ چاشت / اِشراق na-maa-ze-chaasht ish-raaq: (ف، مث) وہ نماز جو طلوعِ آفتاب کے کچھ دیر بعد پڑھی جائے۔

نمازِ خسوف na-maa-ze Ku-suuf: (ف، مث) وہ نماز جو چاند گرہن کے وقت پڑھتے ہیں۔

نمازِ کسوف na-maaz-ku-suuf: (ف، مث) وہ نماز جو سورج کے گہن کے وقت پڑھی جاتی ہے۔

نماز گزار na-maaz-gu-zaar: (ف، صف) نماز ادا کرنے والا، پابند نماز۔

نمازِ وتر na-maa-ze-vitr: (ف، مث) عشاء کے ساتھ جو تین رکعت نماز پڑھی جاتی ہے۔

نمازِ وحشت na-maa-ze-veh-shat: (ف، مث) وہ نماز جو کسی شخص کی موت کے بعد پہلی رات کو پڑھی جاتی ہے۔

نمازی na-maa-zi: (ف، صف) نماز پڑھنے والا، نماز کا پابند۔

نمام nam-maam: (ع، صف) چغل خور، ادھر اُدھر کی کہنے والا، لترا، اسم کیفیت مث: نمامی۔

نمائش nu-maa-ish: (ف، مث) دکھاوا، نمود، ظہور، زرعی پیداوار، مصنوعات یا دوسری چیزوں کو کسی خاص جگہ پر لوگوں کو دکھانا۔

نمائش گاہ nu-maa-ish gaah: (ف، مث) وہ جگہ جہاں نمائش منعقد ہو، میلہ، تماشا گاہ۔

نمائشی nu-maa-ya-shii: (، صف) دکھاوے کا، ظاہری۔

نمائندہ nu-maa-yin-daah: (ف، مث) دکھانے والا، قائم مقام، ترجمان، اسم کیفیت مث: نمائندگی۔

نمایاں nu-maa-yaaN: (ف، صف) ظاہر، عیاں، علانیہ، آشکارا، مشہور، نامور، نکلا ہوا، اُبھرا ہوا۔

نمبر nam-bar: (انگ، مذ) Number تعداد، درجہ، باری، نوبت، (افعال: بڑھنا، دینا، ڈالنا، لگانا)

نمبردار nam-bar-daar: (ار، صف) وہ شخص جو گاؤں یا اُس کے کسی حصہ کی سرکاری مال گزاری وصول کر کے سرکاری خزانہ میں داخل کراتا ہے۔

نمبری nam-ba-ri(i): (ار، صف) نمبر سے نسبت رکھنے والا، مشہور بدنام جیسے نمبری بدمعاش۔

نمٹانا nim-Taa-na(a): (ار، مص) بھگتانا، چکانا، بیباق کرنا، ختم کر دینا۔

نمد na-mad: (ف، مذ) دیکھیے 'نمدا'۔

نمد پوش na-mad-posh: (ف، صف) وہ شخص جو پوستین یا پٹو کا لباس پہنے، درویش، اسم کیفیت مث: نمد پوشی۔

نمدا nam-da(a): (ار، مذ) وہ اُونی کپڑا جو بھیڑ بکری کے بالوں سے بنے بغیر بناتے ہیں۔ اونی کپڑا جو

گھوڑے کی زین کے نیچے ڈالتے ہیں۔

نمرُود nam-ruud: (ع، مذ) ایک بادشاہ جس نے حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں ڈالا تھا۔

نمستے na-mas-te: (ھ، مذ) بندگی، آداب، تسلیم۔

نمکین nam-kiin: (ف، صف) سلونا، نمکدار، سانولا، گندمی رنگ، چرچرا، کھاری، اسم کیفیت مث: نمکینی۔

نمل naml: (ع، مث) چیونٹی۔

نمن na-man: (ع، مث، ق) مانند، کی طرح۔

نمو nu-muu: (ع، مث) بالیدگی، روئیدگی، بڑھنے پھولنے کی قوت۔

نمُود nu-muud: (ف، مث) علامت، شان، رونق، ظاہر ہونا، نمائش، بھڑک، دھوم دھام، ظہور، بالیدگی، شان وشوکت، کروفر، نظارہ، ورش، دیدار، جلوہ، تجلی، شہرت، ناموری، صورت، ہیئت۔

نمُود بے بُود na-muud be-buud: (ف، مث) ناپائیدار دکھاوا، بے وجود چیز۔

نمُودار na-muu-daar: (ف، صف) عیاں، ظاہر، آشکارا، (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: نموداری۔

نمُونہ na-muu-nah: (ف، مذ) وہ چیز جو دکھانے کے لیے آئے، نظیر، مثل، تمثیل، نقشہ، نقل، قالب، سانچہ، ڈول۔

نمونیا na-muu-ni-ya: (انگ، مذ) Pneumonia وہ مرض جس سے پھیپھڑے خراب ہوجاتے ہیں۔

نمی na-mii: (ف، مث) نم، تری، گیلاپن، رطوبت۔

نمیقہ na-mii-qah: (ع، مذ) خط، نوشتہ، تحریر۔

ن-ن

نن nan: (انگ، مث) Nun دنیا چھوڑ دینے والی عورت، راہبہ (عیسائیوں میں) وہ عورت جو اپنی زندگی عبادت وریاضت کے لیے وقف کردیتی ہے۔

ننّانوے nin-naan-vey: (ار، اعدد) ایک کم سو (99)

ننوانواں nin-vaan-vaaN: (ھ، صف) وہ چیز جس کا نام لینا برا خیال کیا جاتا ہے۔

نند nand: (ھ، مث) خاوند کی بہن۔

نندا nin-daa: (ھ، مث) الزام، قصور، تنبیہ، گالی، دشنام، بے عزتی، نفرت، حقارت۔

نندوئی nan-do-yi: (ھ، مذ) نند کا خاوند۔

نندولا nan-do-laa: (ار، مذ) دیکھیے 'نند' جس کی یہ تصغیر ہے۔

نندیا nind-yaa: (ھ، مث) نیند کی تصغیر۔

ننگ nang: (ف، مذ) لحاظ، شرم، حیا، ذلت، بدنامی

ننگِ خاندان nan-ge-Kaan-daan: (ف، صف) خاندان کو بدنام کرنے والا، خاندان کو بٹا لگانے والا۔

ننگِ خلائق nan-ge-Ka-laa-yaq: (ف، صف) خلقت کی ذلت کا باعث۔

ننگِ قوم nan-ge-qaum: (ف، صف) جس کا وجود قوم کے لیے باعث بدنامی ہو۔

ننگ و نام / ناموس nan-ge-naam/ naa-muus: (ف، مث) عزت اور شہرت، آبرو، لاج۔

ننگ دھڑنگ nang dha-Rang: (ار، صف) بالکل ننگا، مفلس، قلاش۔

ننگا nan-gaa: (ار، صف) ننگا، برہنہ، عریاں، لچا، شہدا، بے حیا، بے غیرت، قلاش، مفلس، مث: ننگی، اسم کیفیت مذ: ننگاپن۔

ننھا nan-nhaa: (ار، صف) چھوٹا، کم عمر، مث: ننھی۔

ننھیا nanh-yaa: (ار، صف) نانا اور نانی، ملاحظہ ہو،

جس سے یہ منسوب ہے۔

نَنھیا ساس nanh-yaa saas: (ار، مث) زوجہ یا شوہر کی نانی۔

نَنھیا سُسر nanh-yaa-su-sar: (ار، مذ) زوجہ یا شوہر کا نانا۔

نَنھیال nanh-yaal: (ار، مث) نانا کا گھر، نانا کا خاندان۔

ن۔و

نَو nau: (ار، صف) آٹھ اور ایک، ایک کم دس۔

نَوٹنکی nau-Tan-kii: (ھ، مث) ایک قسم کا ناچ، تماشا جس میں اکثر ہندوؤں کے تاریخی واقعات کا چربہ اتارا جاتا ہے۔

نَورتن nau-ra-tan: (ھ، مث) نو جواہر، لعل، موتی، پکھراج، زمرد، مونگا، لاجورد، نیلم، ہیرا، ایک قسم کے جڑاؤ زیور کا نام، نو دانش مند۔

نَوسَو nau-sau: (ار، صف) نو سیکڑے، بہت بہت سے، بے انتہا۔

نَولکھا ہار nau-la-khaa-haar: (ار، مذ) نو لاکھ کا نہایت قیمتی ہار۔

نَوماسا nau-maa-sa(a): (ار، مذ) ایک رسم جو حمل کے نویں مہینے ادا کی جاتی ہے۔

نَونگا nau-na-ga(a): (ھ، مذ) بازوؤں کا ایک زیور جس میں نو نگینے جڑے ہوتے ہیں۔

نَو nau: (ف، صف) نیا، جدید، ابھی کا، تازہ۔

نَوآباد nau-aa-baad: (ف، صف) حال ہی میں بسایا ہوا، تازہ آباد کیا ہوا، وہ زمین جس میں پہلی دفعہ ہل چلایا گیا ہو۔

نَوآبادکار nau-aa-baad-kaar: (ف، صف) کسی نئی آباد جگہ پر نیا نیا آباد ہونے والا۔

نَوآبادی nau-aa-baa-di(i): (ف، مث) نیا آباد کیا ہوا علاقہ، Colony کا ترجمہ۔

نَوآموز nau-aa-moz: (ف، صف) جس نے ابھی سیکھنا شروع کیا ہو، مبتدی، ناتجربہ کار، اسم کیفیت مث: نوآموزی۔

نَوآئین nau-aa-iin: (ف، صف) زیبا، آراستہ، نئی بات، وہ شخص جو نئی بات نکالے۔

نَوایجاد nau-ii-jaad: (فع، صف) نیا ایجاد کیا ہوا، حال میں ایجاد کیا ہوا۔

نَوبہار nau-ba-haar: (ف، صف) موسم بہار کا شروع، موسم بہار، وہ چیز جس پر نئی رونق ہو۔

نَوتوڑ nau-toR: (ف، مث) وہ اراضی جو حال میں قابل کاشت کی گئی ہو۔

نَوجوان nau-ja-vaan: (ف، صف) جس کی جوانی کا ابھی آغاز ہوا ہو۔ نوخیز، نوعمر، اسم کیفیت مث: نوجوانی۔

نَوچندی nau-chan-dii: (ار، صف) نئے چاندکی، عموماً چاند کی پہلی جمعرات۔

نَوخاستہ nau-Kaas-tah: (ف، صف) نوجوان، تازہ لگا ہوا، ناتجربہ کار۔

نَوخط nau-Kat: (فع، صف) وہ جس کے سبزہ کا آغاز ہوا ہو۔

نَوخیز nau-Kez: (ف، صف) نوجوان، تازہ لگا ہوا، ناتجربہ کار، اسم کیفیت مث: نوخیزی۔

نَودولت / دولت دار nau-dau-lat/ dau-lat-daar: (ف، صف) وہ شخص جس کو مفلسی کے بعد دولت ملی ہو، جو خاندانی امیر نہ ہو۔

نَورس nau-ras: (ف، صف) نیا پھل، تازہ پھل،

نوخیز، نوجوان۔

نوروز nau-roz: (ف، مذ) نیا دن، نیا روز، وہ دن جس سے نیا سال شروع ہوتا ہے۔ کنایۃً خوشی کا دن۔

نوسیکھیا nau-sikh-yaa: (ار، صف) نوآموز، نیا سیکھنے والا۔

نوشاہ/نوشہ nau-shah/no-shah: (ف، مذ) نوجوان بادشاہ، کنایۃً دولھا۔

نوعمر nau-umr: (ف، مذ) نوجوان، نابالغ، کم سن، اسم کیفیت مث: نوعمری۔

نوکرشاہی nau-kar-shaa-hii: (ار، مث) دفتروں وغیرہ میں اہلکاروں اور کلرکوں کی حکومت، دفتری حکومت۔

نوگرفتار nau-gi-raf-taar: (ف، صف) تازہ گرفتار، ناتربیت یافتہ، نیا پکڑا ہوا، نیا عاشق۔

نومسلم nau-mus-lim: (ف، صف) نیا مسلمان، وہ شخص جس نے کسی دوسرے مذہب سے حال ہی میں اسلام قبول کیا ہو، جو خاندانی مسلمان نہ ہو۔

نومشق nau-mashq: (فع، صف) نوآموز، ناتجربہ کار، اناڑی، اسم کیفیت مث: نومشقی۔

نونہال nau-na-haal: (ف، مذ) درخت کا نیا پودا، کنایۃً کم عمر بچہ۔

نووارد nau-vaa-rid: (ف، صف) اجنبی، مسافر، تازہ وارد۔

نوا na-vaa: (ف، مث) آواز، صدا، کوک، چہچہ، سر، راگ، نغمہ، موسیقی کے بارہ مقامات سے ایک مقام، ساز و سامان، روزی، خوراک، تونگری، سامان، توشہ۔

نوا ni-vaa: (ار، صف، ق) نیا۔

نواب nav-vaab/na-vaab: (ع، مذ) نیابت کرنے والا، شہر یا علاقے کا حاکم، سردار، صوبہ دار، ناظم، عہد مغلیہ کا ایک خطاب، اسم کیفیت مث: نوابی، صف نسبتی: نوابی۔

نواب زادہ na-vaab-zaa-dah: (عف، مذ) نواب کا بیٹا، مث (ار) نواب زادی۔

نواح na-vaah: (عف، مذ) مضافات، اردگرد کا علاقہ، قرب و جوار۔

نواحی na-vaa-hi(i): (ع، مذ) دیکھیے 'ناحیہ' جس کا یہ جمع ہے۔

نوادر na-vaa-dir: (ف، مث) نادر، ملاحظہ ہو جس کی یہ جمع ہے۔

نواڑ / نواڑ na-vaaz/ni-vaaR: (ف، مث) نواڑ، وہ موٹا اور چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بنا جاتا ہے۔

نوار na-vaar: (ف، ار، مث، ق) مخالفت۔

نواڑا na-vaa-Raa: (ار، مذ) بجرا، سیر کرنے کی چھوٹی کشتی۔

نواڑی na-vaa-Rii: (ار، صف) نوار کا بنا ہوا، چھوٹا بجرا، ایک قسم کی چنبیلی۔

نواز na-vaaz: (ف، لاحقہ فاعلی) نواختن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پرورش کرنے والا اور بجانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً طلبہ نواز وغیرہ۔

نوازش na-vaa-zish: (ف، مث) مہربانی، عنایت، کرم (افعال: کرنا، ہونا)

نوازش نامہ na-vaa-zish-naa-mah: (ف، مذ) عنایت نامہ، مہربانی نامہ۔

نوازنا na-vaaz-naa: (ار، مص، جعلی) مہربانی کرنا، عنایت کرنا۔

نوازندہ na-vaa-zin-dah: (ف، صف) بجانے والا، سرفراز کرنے والا۔

نِواس ni-vaas: (س، مذ) رہنا، رات گزرنا، رہنے کی جگہ، مکان، گھر، شب باشی کا مقام۔

نواسہ na-vaa-sah: (ف، مذ) بیٹی کا بیٹا، مث (ار) نواسی۔

نواسی na-vaa-sii: (ار، اعدد) ایک کم نوے (89)

نواصب na-vaa-sib: (ع، مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کو نہیں مانتا، ناصبی، خارجی۔

نوافل na-vaa-fil: (ع، مذ) دیکھیے 'نافلہ' جس کی یہ جمع ہے۔

نوال na-vaal: (ع، مث) مہربانی، احسان، بخشش۔

نوالہ ni-vaa-lah: (ف، مذ) لقمہ، تھوڑی چیز، لقمے برابر چیز۔

نواں na-vaaN: (ار، عدد ترکیبی) ترتیب میں آٹھ کے بعد کا درجہ، مث: نویں۔

نِواں ni-vaan: (ار، مث، ق) نشیب، ڈھلان۔

نِوانا ni-vaa-na(a): (ار، مص) جھکانا، نیچا کرنا۔

نواہی na-vaa-hii: (ع، مذ) نہی کی جمع، منع کیے ہوئے کام۔

نوائب na-vaa-yib: (ع، مذ) نائبہ کی جمع، حادثات، واقعات۔

نوبت nau-bat: (عف، مث) باری، دفعہ، مہلت، فرصت، حالت، کیفیت، گت، نقارہ۔

نوبت خانہ nau-bat Kaa-nah: (ف، مذ) نقار خانہ، وہ مکان جہاں نوبت بجے۔

نوبت نشان nau-bat ni-shaan: (ف، مذ) نقارہ اور جھنڈا یہ دونوں عزت سمجھے جاتے ہیں۔

نوبت نواز nau-bat na-vaaz: (ف، صف) نوبت بجانے والا، نقارچی، اسم کیفیت مث: نوبت نوازی۔

نوبتی nau-ba-ti(i): (ف، صف) باری کا، چوکیدار، نقارچی، کوتل گھوڑا، بڑا خیمہ، شاہی دربان۔

نوتا nau-ta(a): (ار، مذ) نیوتا، وہ نقدی جو بیاہ شادی میں صاحب خانہ کو بطور رسم دی جاتی ہے۔ بلاوا، طلبی۔

نوٹ noT: (انگ، مذ) Note کاغذی سکہ، تمسک، دستاویز، سند، یادداشت، پرچہ، چٹھی، حاشیہ جو کسی کتاب پر لکھا جائے، تفسیر۔

نوٹ بک noT buk: (انگ، مث) Note Book، وہ چھوٹی کتاب جس میں یادداشت لکھیں۔

نوٹس no-Tis: (انگ، مذ) Notice اطلاع، یادداشت، عدالت کی طرف سے جاری شدہ اطلاع نامہ۔

نوٹنکی no-Tan-ki(i): (ھ، مذ) ایک قسم کا ناچ، ڈرامہ، ناٹک۔

نوج nauj: (ار، کلمہ، پناہ) خدا نہ کرے، خدانخواستہ، نہ، نہیں (نعوذ باللہ کا بگاڑ)

نوچ کھسوٹ nauch kha-soT: (ار، مث) لوٹ مار، غارت گری، مال کی زبردستی وصولی۔

نوچنا noch-na(a): (ار، مص) ناخن مارنا، کھرچنا، بال کھینچ لینا، شاخ سے پتیاں توڑنا۔

نوچی no-chii: (ار، مث) نوجوان لڑکی جس کو طوائفیں پیشہ کرانے کے لیے پالتی ہیں۔

نوح nuuh: (ع، مذ) تسکین دینے والا، ایک نبی کا نام جن کے عہد میں بہت بڑا طوفان آیا۔

نوحہ nau-hah: (ع، مذ) رونا، گریہ آہ وزاری، رونا پیٹنا، ماتم کرنا، لاش پر چلا کر رونا۔

نوحہ خواں / گر nau-haa-KwaaN/gar: (عف، صف) ماتم کرنے والا، مردے کے حالات بیان کر کے رونے اور رلانے والا، اسم کیفیت مث: نوحہ خوانی / گری۔

نُور nuur: (ع، مذ) روشنی، تجلی، اُجالا، چمک، رونق، روپ، قرآن مجید کی ایک سورۃ کا نام، صوفیوں کی اصطلاح میں خدا کا ایک صفاتی نام۔

نُور آگیں nuur aa-giiN: (عف، صف) پرنور، نور سے بھرا ہوا، روشن۔

نُور افزا nuur-af-za(a): (عف، صف) روشنی بڑھانے والا، رونق بڑھانے والا۔

نُور افشاں / پاش nuur af-shaaN: (عف، صف) روشنی چھڑکنے والا، منور کرنے والا، اسم کیفیت مث: نور افشانی/پاشی۔

نُورالعین: نورعین nuu-rul-ain: (ع، عف، مذ) مجازاً بیٹا، آنکھوں کی روشنی، بینائی۔

نُورانی nuu-raa-ni(i): (ع، صف) منور، نور سے منسوب۔

نُورباف nuur-baaf: (ف، مذ) جولاہا، اسم کیفیت مث: نورباقی۔

نُوربخشش nuur-baK-shish: (ف، صف) روشنی دینے والا۔

نُورچشم / نظر / بصر / دیدہ nuur-re chashm/ na-zar/ basr/ dii-da(h): (عف، مذ) دیکھیے 'نورالعین'۔

نُورہ nuu-rah: (ع، مذ) بال اڑانے کا سفوف جو چونے اور ہڑتال کا مرکب ہوتا ہے۔

نُورانا nuu-raa-na(a): (ار، مص، ق) روشن کرنا۔

نُوری nuu-ri(i): (ع، صف) دیکھیے 'نور' جس سے یہ منسوب ہے، فرشتے۔

نوڑھنا noRh-na(a): (ار، مص، ق) جھکانا۔

نوش nosh: (ف، مذ) خوشگوار چیز، آب حیات، امرت، شہد، تریاق، صف: پینے والا، مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بادہ نوش وغیرہ۔

نوش کرنا nosh-kar-na(a): (ار، مص، مرکب) کھانا پینا۔

نوشادر nau-shaa-dar: (ف، مذ) ایک سفید رنگ کی دوا جو ایک قسم کا نمک ہے اور ہاضم طعام ہے۔

نوشانوش nau-shaa-nosh: (ف، صف) پے در پے پینا۔

نوشت na-visht: (ف، مث) تحریر، لکھائی، کتابت۔

نوشتہ na-vish-tah: (ف، صف) لکھا ہوا، تحریری سند، دستاویز، تقدیر۔

نوشہ no-shah: (ار، مذ، ق) نوشہ، دولہا۔

نوشین nau-shiin: (ف، صف) شیریں، میٹھا، خوش ذائقہ۔

نوع nau(?): (ع، مث) قسم، جنس، وضع، طور، ڈھنگ، ذات، شکل، صورت، منطق، وہ افراد یا اشیاء جن کی خصوصیات آپس میں ملتی ہیں۔

نوعِ انساں nau-(?)e-in-saan: (ع، مذ) بنی آدم۔

نوعیت nau-(?)iy-yat: (ع، مث) قسم، خصوصیت۔

نوک nauk: (ف، مث) کسی چیز کا باریک سرا، انی، چونچ، منقار، ڈھنگ، آن، ادا، انداز، بانکپن، وضعداری، شیخی، ڈینگ، عزت، آبرو، چھیڑ چھاڑ، نیش زنی، کونا، زاویہ۔

نوک پلک nauk pa-lak: (ار، مث) آنکھ ناک کی موزونیت، خوبصورتی، (کاتب کی) حروف کی موزونیت۔

نوک جھوک nauk jhauk: (ار، مث) لعن طعن کی باتیں، تکرار، چھیڑ چھاڑ (افعال: کرنا، ہونا)

نوک دار nauk-daar: (ف،صف) نوک رکھنے والی چیز۔

نوکا nau-kaa: (س،مث) کشتی، بجرا، چھوٹا جہاز۔

نوکر nau-kar: (ف،مذ) ملازم، خدمت گار، خادم، مث: نوکرانی، اسم کیفیت مث: نوکری۔

نوکر چاکر nau-karchaa-kar: (ف،مذ) ملازمان۔

نوکری پیشہ nauk-rii-pe-shah: (ار،صف) وہ شخص جس کا پیشہ ملازمت ہو، نوکری کر کے کھانے والا۔

نوگرہی nau-gar-hii: (ہ،مذ) ہاتھوں کا ایک زیور۔

نوگزی / نوگزہ nau-ga-zii: (ار،مذ،ق) خیمہ، نوگز کا۔

نوَل / نول na-val: (ار،صف،ق) بے مثل، نادر، نیا۔

نوم naaum: (ع،مذ) نیند، خواب۔

نومبر na-vam-ber: (انگ،مذ) November انگریزی سال کا گیارہواں مہینہ۔

نومید nau-miid: (ف،صف) مایوس، نا اُمید، اسم کیفیت مث: نومیدی۔

نون naun: (ہ،مذ) نمک۔

نون تیل nuun-tel: (ار،مذ) ضروریاتِ زندگی، کھانے پینے کی چیزیں۔

نون nuun: (ف،مذ) حرف 'ن' کا نام۔

نونیا naun-yaa: (ہ،صف) نمک بنانے والا، (مذ) ایک قسم کا ساگ۔

نوی na-vii: (ف،صف) نئی، تازہ، (مث) تازگی، جدت۔

نوید na-ved: (ف،مث) خوشخبری، مژدہ، بشارت، کسی تقریب میں شرکت کرنے کا پیغام۔

نویس na-viis: (ف، لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر، نوشتن کا صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لکھنے والے کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً افسانہ نویس۔

نویسندہ na-vi-san-dah: (ف،صف) لکھنے والا، محرر۔

نویلا na-ve-laa: (ہ،صف) نیا، تازہ، جدید، انوکھا، البیلا، بانکا، عجیب، نرالا، ممتاز، مرکبات میں بطور لاحقہ جیسے نیا نویلا، مث: نویلی۔

ن ۔ ہ

نہ nah: (ف، حرف نفی) نہیں، نا، مت، حرف انکار

نہ سہی na-sa-hii: (ار، متعلق فعل) کوئی مضائقہ نہیں۔

نہ معلوم nah maa-luum: (ار، متعلق فعل) خدا جانے۔

نہاد ne-haad: (ف، صفہ) سرشت، خلقت، طینت، طبیعت، مرکبات میں جیسے نیک نہاد۔

نہار na-haar: (ع،مذ) روز، دن، یوم، صبح سے شام تک صبح سے کچھ نہ کھائے ہوئے تھوڑا سا کھانا، ناشتہ۔

نہار منہ ni-haar muuh: (ار،مذ) وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔

نہاری na-haa-rii: (ف، مث) نہار، تھوڑا سا کھانا، جو صبح کے وقت کھاتے ہیں۔ ناشتہ، ایک قسم کا شوربا اور سالن، گھوڑے کو صبح کے وقت کھلانے کا مالیدہ۔

نہال ni-haal: (ف،مذ) تازہ لگایا ہوا پودا، توشک، بستر، گدا، شکار، صید، مالا مال، خوش حال، کامیاب، بے فکرا، خوش و خرم، (افعال: کرنا، کر دینا، ہونا، ہو جانا)

نہالچہ ni-hal-chah: (ف،مذ) بچے کا بستر۔

نہالی ni-haa-yii: (ف، مث) توشک، غالیچہ، لحاف، رضائی۔

نہاں ni-haaN: (ف، صف) چھپا ہوا، پوشیدہ۔

نہاں خانہ ni-haaN Kaa-nah: (ف، مذ) پوشیدہ گھر، تہ خانہ۔

نہان na-haan: (ہ، مذ) غسل، اشنان (گنگا میں نومبر میں نہانے کی ہندو مذہب کی ایک رسم)

نہانا na-haa-naa: (ار، مص) غسل کرنا، جسم کو پانی سے دھونا۔

نہانا ni-haa-naa: (ار، مذ) دودھ دوہتے وقت گائے بھینس وغیرہ کی ٹانگیں باندھنے کا رسا۔

نہانی ni-haa-nii: (ف، صف) دیکھیے 'نہاں' بمعنی پوشیدہ؛ جس سے یہ منسوب ہے۔

نہایت ni-haa-yat: (ع، مث) حد، انتہا، انجام، آخر، بے انتہا، بہت، بکثرت۔

نہتا / نہتھا ni-hat-taa: (ار، صف) جس کے پاس ہتھیار نہ ہوں، خالی ہاتھ، غیر مسلح مث: نہتی۔

نہب naht: (ع، مذ) لوٹ، غارت، غنیمت۔

نہج na-haj: (ع، مذ) روشن اور کشادہ راستہ، طور طریقہ، ڈھنگ، ثبوت۔

نیب niib: (ہ، مث) ایک تلخ پتوں والا درخت، نیم۔

نیبو nii-buu: (ار، مذ) ایک ترش پھل اور اس کے پودے کا نام، لیموں۔

نیپالی nai-paa-lii: (ار، صف) نیپال کا رہنے والا، چنبیلی کی ایک قسم، لال سنکھیا۔

نیت niit: (ار، مذ) اخلاق، نیک چلنی، پیش بینی، رہنمائی۔

نیت niy-yat: (ع، مذ) دلی ارادہ، دلی منشا، اصل مقصد، مرضی، خواہش، منصوبہ، عہد، خیال، دھیان۔

نیتا ne-taa: (س، مذ) راہنما، لیڈر، آقا۔

نیتی ni-tii: (ہ، مث) مدھانی یا متھنی گھمانے کی رسی، طریقہ، آئین، پالیسی۔

نیٹ neT: (انگ، مذ) Net، جالی۔

نیچ niich: (ہ، صف) کمینہ، رذیل، سفلہ، اسم کیفیت مث: نیچ پن۔

نیچا nii-chaa: (ار، صف) نشیب، عمیق، گہرا، اوچھا، کم، اونی، مدھم، دھیما، مث: نیچی۔

نیچر nai-chur: (انگ، مث) Nature فطرت، خلقت، پیدائش، دنیائے عالم، موجودات، قدرت، قانون قدرت۔

نیچرل nai-chu-ral: (ار، صف) Natural فطری، قدرتی۔

نیچہ nen-chah: (ف، مذ) حقہ کی نے، حقہ کی نلیاں، عرق کھینچنے کی نلیاں (پانچہ سے ماخوذ)

نیر niir: (س، مذ) پانی، جل، دریا، سمندر، آنسو۔

نیر nay-yar: (ع، مذ) نہایت چمکدار ستارہ۔

نیر اعظم nay-yaraa-zam: (عف، مذ) آفتاب، سورج۔

نیرنگ nai-rang: (ف، مذ) مکر، فریب، شعبدہ، جادو، چالاکی، اسم کیفیت مث: نیرنگی۔

نیرنگ زمانہ nai-rang-e-za-maa-nah: (ف، مذ) زمانہ کا شعبدہ، زمانہ کی افسوں گری، انقلاب روزگار۔

نیرو nii-ru: (ف، مث) قوت، طاقت، زور آزمائی۔

نیڑنا neR-naat: (ار، مص ق) نزدیک رکھنا۔

نیز nitz nez: (ف، حرف، عطف) دیگر، اور بھی۔

نیزہ ne-zah: (ف، مذ) برچھی، بالا، بلم، کلک، نے، ایک قسم کا نرکل جس سے قلم بناتے ہیں۔ چار گز کی لمبائی۔

نیزہ باز ne-zah-baaz: (ف، صف) نیزہ چلانے والا، نیزے کے کرتب جاننے والا اسم کیفیت مث: نیزہ بازی۔

نیزہ بردار ne-zah bar-daar: (ف، صف) نیزہ اٹھانے والا۔

نیساں ne-saaN: (ف، مذ) قدیم رومی و شامی کلینڈر کا ساتواں مہینہ اور اس کی بارش، ماہِ مارچ۔

نیست nest: (ف، مذ) خالی، عدم، نابود، معدوم، فنا، (افعال: کرنا، ہونا)

نیست و نابُود nest naa-buud: (ف، مذ) بیخ و بنیاد سے تباہ، بالکل فنا (افعال: کرنا، ہونا)

نیستی nes-tii: (ف، مث) ہستی کا مقابل، ناپید ہونا، فنا، عدم، بدنصیبی، بداقبالی، تنگدستی، مفلسی، ناداری۔

نیش nesh: (ف، مذ) نوک کی تیزی، نوک، انی، ڈنک، خار، کانٹا، کانٹے کی نوک، زہر (افعال: مارنا)

نیش زن nesh-zan: (ف، صف) ڈنک مارنے والا، برائی کرنے والا، اسم کیفیت مث: نیش زنی۔

نیشِ عقرب ne-she-(?)aq-rab: (ف، مذ) بچھو کا ڈنک، کنایۃً دشمنوں کی شرارت۔

نیشتر nesh-tar: (ف، مذ) نشتر، زخم کھولنے کا اوزار۔

نیشن ne-shan: (انگ، مث Nation) قوم، وطن۔

نیشنل naish-nal: (انگ، صف National) قومی، وطنی۔

نیشنلسٹ naish-na-lisT: (انگ، مذ Nationalist) قوم پرست، وطن پرست۔

نیفہ ne-fah: (ف، مذ) پاجامے کے گھیرے کا وہ حصہ جس میں ازار بند ڈالتے ہیں۔ حاشیہ جو کپڑے کو دوہرا کر کے سی دیتے ہیں۔

نیک nek: (ف، صف) بھلا، اچھا، عمدہ، سعید، پرہیزگار، عابد، پاکدامن، رحمدل، شریف، مہذب، بھلا مانس، نیک چلن، اسم کیفیت مث: نیکی۔

نیک اختر nek aK-tar: (ف، صف) نیک بخت، سعید، مبارک۔

نیک انجام nek-an-jaam: (ف، صف) وہ جس کا انجام نیک ہو، اچھا ہو۔

نیک بخت nek-baKt: (ف، صف) خوش نصیب، اقبال مند، نصیبے والا، بھلا مانس، بھولا بھالا، سیدھا سادا، اسم کیفیت مث: نیک بختی۔

نیک چلن nek-cha-lan: (ف، صف) وہ شخص جس کا رویہ اچھا ہو، اسم کیفیت مث: نیک چلنی۔

نیک خواہ nek-Kwaah: (ف، صف) اچھائی اور بہتری چاہنے والا، وفادار، نمک حلال۔

نیک دل nek-dil: (ف، صف) اچھی نیت رکھنے والا، اسم کیفیت مث: نیک دلی۔

نیک ساعت nek-saa-(?)at: (ف، مث) اچھی گھڑی، اقبال کا وقت، خوش بختی کا زمانہ۔

نیک فال nek-faal: (ف، صف) اچھا شگون، نیک شگون۔

نیک فرجام nek-far-jaam: (ف، صف) نیک انجام۔

نیک قدم nek-qa-dam: (ف، مذ) مبارک قدم، جس کا آنا مبارک ہو۔

نیک گھڑی nekgha-Rii: (ار، محاورہ) اچھی ساعت آنا۔

نیک مزاج nek-mi-zaaj: (ف، صف) اچھی طبیعت اور مزاج والا، اسم کیفیت مث: نیک مزاجی۔

نیک نام nek-naam: (ف، صف) وہ شخص جس کا نام نیکی کے ساتھ مشہور ہو۔ اسم کیفیت مث: نیک نامی۔

نیک نفس / نہاد nek-nafs: (ف، صف) پاک طینت، نیک مزاج، اسم کیفیت مث: نیک نفسی / نہادی۔

نیک نیت nek-ni-yat: (ف، صف) اچھے ارادے کا، اسم کیفیت مث: نیک نیتی۔

نیک و بد ne-ko-bad: (ف، صف) برا بھلا، برائی بھلائی۔

نیکر nai-kar: (انگ، مث) Knickers جانگیا، گھٹنوں تک کا پاجامہ۔

نیکو neko: (ف، صف) اچھا، خوب، عمدہ، اسم کیفیت مث: نیکوی۔

نیکو سیر / سیرت ne-ko-siir: (ف، صف) نیک سیرت، اچھی خصلت والا۔

نیکو شمائل ne-ko-sha-maa-il: (ف، صف) نیک خصلت، نیکوکار۔

نیکی ne-ki(i): (ف، مث) بھلائی، خوبی، عمدگی، کار خیر، احسان۔

نیگ neg: (ہ، مذ) حصہ بخرہ، نذر، بھینٹ، بیاہ شادی میں رشتہ داروں کو شگون کے طور پر یا خدمتگاروں کو بطور انعام دی جانے والی رقم۔

نیگرو niig-roo: (انگ، مذ) Negro زنگی، حبشی، سیاہ فام۔

نیل nail: (ع، مذ) حصول، دست رس، پہنچنا۔

نَیل مرام nai-le ma-raam: (ع، مذ) حصولِ مقصد، مقصد پانا، مقصد پورا ہونا۔

نیل niil: (ف، مذ) نیلا رنگ، وسمہ، مصر کا ایک مشہور دریا، چوٹ کا نشان۔

نیل کنٹھ niil-kanTh: (ار، مذ) ایک رنگین پرندہ جس کی گردن اور پر نیلے ہوتے ہیں۔

نیل کنٹھی niil-kan-Thi: (ار، مث) ایک بوٹی جس کا رنگ نیلاہٹ پر ہوتا ہے۔

نیل گاؤ / گائے niil-gaa-ye: (ار، مث) ہرن کی قسم کی جنگلی گائے۔

نیل گر niil-gar: (ف، صف) نیل بنانے والا، نیل کا کام کرنے والا۔

نیل گوں niil-guuN: (ف، صف) نیلے رنگ کا، آسمانی رنگ کا۔

نیلا nii-laa: (ف، صف) نیلے رنگ کا، نیل گوں، آبی، آسمانی، ایک کبوتر، مث: نیلی، اسم کیفیت مذ: نیلا پن، نیل گائے۔

نیلا پیلا nii-laa pii-laa: (ف، صف) زرد اور نیلا، زرد اور نیلگوں، غضب ناک (افعال: ہونا)

نیلاب nii-laab: (ار، مذق) دریا (سندھ)

نیلام nii-laam: (پر، مذ) بولی بول کر بیچنا، بولیوں کے ذریعہ قیمت بڑھائے جانا۔

نیلام گھر nii-laam ghar: (ار، مذ) وہ مقام جہاں بولی بول کر چیزیں فروخت ہوتی ہیں۔

نیلامی nii-laa-mi(i): (ار، صف) دیکھیے 'نیلام' جس سے یہ منسوب ہے، نیلام کے ذریعہ فروخت (افعال: ہونا)

نیلاہٹ nii-laa-haT: (ار، صف) نیلا پن، نیلی جھلک۔

نیلم nii-lam: (ف، مذ) نیلے رنگ کا قیمتی پتھر۔

نیلم پری nii-lampa-rii: (ار، مث) ایک فرضی پری۔

نیلوفر ni-lo-far: (ف، مذ) ایک قسم کے سفید پھول کا نام جو پانی میں پیدا ہوتا ہے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے، صف نسبتی: نیلوفری۔

نیم nem: (ار، مذق) مذہبی پابندی، قسم، حلف۔

نیم niim: (ار، مذ) ایک چھتنار درخت جس کے پتے بہت کڑوے ہوتے ہیں۔

نیم niim: (ف، صف) نصف، آدھا۔

نیم آستین niim aas-tiin: (ف، مث) ایک قسم کا کرتہ جس کی آستین چھوٹی ہوتی ہے۔

نیم باز niim-baaz: (ف، صف) آدھا کھلا، آدھا بند۔

نیم برش / برشت niim-bi-rash/-bi-risht: (ف، صف) آدھا پکا آدھا کچا۔

نیم بسمل niim-bis-mil: (ف، صف) آدھا ذبح کیا ہوا، گھائل، مجروح، اُدھ موا۔

نیم جاں niim-jaaN: (ف، صف) آدھ موا، نیم مردہ، کنایۃً عاشق۔ اسم کیفیت مث: نیم جانی۔
نیم جوش niim-josh: (ف،صف) آدھا جوش دیا ہوا، ہلکا اُبلا ہوا، آدھا پکا ہوا۔
نیمچہ niim-chah: (ف،مذ) چھوٹی تلوار۔
نیم حکیم niim ha-kiim: (ف،مذ) ناتجربہ کار حکیم، اَن پڑھ اور عطائی حکیم۔
نیم خواب niim-Kwaab: (ار، مثل) کچی نیند، جاگنے سونے کی کیفیت۔
نیم خوردہ niim-Kor-dah: (ف، صف) جھوٹا، کچھ کھا کر بچایا ہوا۔
نیم راضی niim-raa-zi(i): (ف،صف) آدھا رضامند۔
نیم رُخ niim-ruK: (ف،صف) ایک رُخی تصویر۔
نیم رضا niim ra-za(a): (ف، صف) کسی قدر رضامندی۔
نیم رس niim-ras: (ف،صف) وہ چیز جو ابھی پک کر پوری طرح تیار نہ ہوئی ہو۔
نیم رنگ niim rang: (ف،صف) وہ جس کا رنگ اڑ گیا ہو۔
نیم روز niim-roz: (ف، صف) دوپہر، نصف النہار، ایک ملک۔
نیم شب niim-shab: (ف، مث) آدھی رات، صف نسبتی: نیم شبی۔
نیم کش niim-kash: (ف،صف) آدھا کھینچا ہوا، آدھا اندر آدھا باہر۔
نیم گرم niimgarm niim-ga-ram: (ف،صف) وہ چیز جو پوری طرح گرم نہ ہو، تھوڑا گرم۔
نیم مُلّا niim mul-la(a): (ف،صف) ناقص العلم، معمولی پڑھا لکھا۔

نیم نگاہ niim-ni-gaah: (ف، صف) کنکھیوں سے دیکھنے والا، اسم کیفیت مث: نیم نگاہی۔
نیمہ nii-mah: (ف،صف) آدھا، نصف، ایک قسم کا اونچا پاجامہ، جانب، طرف، برقع، زنانہ استعمال کا اندرونی لباس، محرم۔
نین / نَین nain: (ہ،مذ) آنکھ، چشم، نظر، نگاہ۔
نین سکھ nain-sukh: (ہ،مذ) ایک قسم کا عمدہ باریک کپڑا، ململ، ایک قسم کا پھول، نگاہوں کے لیے آرام۔
نیند niind: (ہ، مث) خواب، سونے کی کیفیت، جاگنے کی ضد۔ (افعال: آنا، اُڑنا)
نیوتا ni-yau-ta: (ہ،مذ) شادی بیاہ میں نقدی وغیرہ دینے لینے کی رسم (افعال: دینا، بھیجنا)
نیوز ایجنسی ni-yuuz ai-jain-si(i): (انگ،مث) News Agency محکمہ اطلاعات، اطلاع رسانی، محکمہ خبر رسانی۔
نیوز پرنٹ ni-yuuz pi-rinT: (انگ،مذ) News Print، اخبار چھاپنے کا معمولی کاغذ۔
نیوش ni-yuush: (ف،صف) فارسی مصدر نیوشیدن سے صیغۂ امر جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سننے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً حق نیوش۔
نیوشندہ ni-yuu-shin-dah: (ف،صف) سننے والا۔
نیوگ ni-yug: (ہ،مذ) ہندوؤں میں اولاد حاصل کرنے کی رسم جس میں نطفہ شوہر کے بجائے غیر سے حاصل کیا جاتا ہے۔
نیولا ni-yau-la(a): (ہ، مذ) چوہے کی قسم کا ایک جانور جو سانپ کا دشمن ہے۔
نیوی ne-vii: (انگ،مث) Navy بحری فوج، جنگی جہازوں کا بیڑا۔
نیہا nii-ha(a): (ہ،مذ) پیار، محبت، عشق (افعال: لگانا، لگنا)

و

اس کا نام واو ہے۔ یہ اُردو حروف تہجی کا تینتیسواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت نچلا ہونٹ اوپری دانت کے ربط میں آتا ہے اور سطح زبان سے ہوا قدرے رگڑ کھاتے ہوئے منہ سے خارج ہوتی ہے اور غشائی پردے سکڑ کر ارتعاش کرتے ہیں۔ یہ عمل مسموع مصمتہ یا حرف صحیح کی شکل میں ہوتا ہے۔ اگر ہونٹ گول ہو کر اور زبان کا پچھلا حصہ مختلف اونچائیوں کے ساتھ اوپر اٹھے تو حسب ترتیب بالائی، نچلا بالائی وسطی اور نچلا وسطی مصوتے یا حروف علت تلفظ ہوں گے۔ اس حرف کے ذریعے اردو میں چار حروف علت ایک حرف صحیح اور ایک نیم حرف صحیح یا semi vowel ظاہر کیے جاتے ہیں۔

و۔ا

وا vaa: (ف،صف) کھلا ہوا، کشادہ، جُدا، الگ، پھیلا ہوا۔ (متعلق فعل) دوبارہ، دوسری دفعہ، پھر، پیچھے، بعد (افعال: کرنا، ہونا)

وابستہ vaa-bas-tah: (ف، صف) بندھا ہوا، متعلق، رشتہ دار، عزیز، ملازم، نوکر، جمع: وابستگان، اسم کیفیت مث: وابستگی۔

واپس vaa-pas: (ف، صف) پیچھے، بعد میں، لوٹایا ہوا، پھر، دوبارہ (افعال: کرنا، ہونا، آنا، دینا، لینا، ملنا) اسم کیفیت مث: واپسی۔

واپسیں vaap-siiN: (ف، صف) آخرکار، دم واپسیں، بمعنی حالت نزع۔

وادید vaa-diid: (ف، مث) باز دید، پھر کر دیکھنا، جوابی ملاقات۔

وارستہ vaa-ras-tah: (ف، اند) آزاد، فارغ البال، اسم کیفیت مث: وارستگی۔

وارفتہ vaa-raf-tah: (ف، صف) جو اپنے آپ سے باہر ہو، بے خود، شیفتہ، عاشق، اسم کیفیت مث: وارفتگی۔

وارفتہ مزاج vaa-raf-tah mi-zaaj: (ف، صف) جس کا مزاج اس کے قابو میں نہ ہو، بے خود، بے خبر۔

واسوخت vaa-soKt: (ف، مذ) وہ نظم جس میں معشوق کے جور و ستم اور اپنے رنج و الم کا حال بیان کر کے عشق اور معشوق سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں۔

واشد vaa-shud: (ف، مذ) گرفتگی دور ہونا، بے تکلفی ہو جانا، اسم کیفیت مث: واشدگی۔

واشگاف vaa-shi-gaaf: (ف، صف) کھلا، ظاہر۔

واگذار vaa-gu-zaar: (ف، صف) چھوڑ دینا، آزاد۔ (افعال: کرنا، ہونا)

واگزاشت vaa-gu-zaasht: (ف، مث) دیکھیے "واگزاشتہ" جس کا یہ اسم کیفیت مث ہے، ضبط شدہ چیز کی واپسی اور بحالی۔

وامانده vaa-maaN-dah: (ف، صف) جو تھک کر پیچھے رہ گیا ہو، جو تھک کر بیٹھ گیا ہو، باقی بچا ہوا، جمع: واماندگان۔ اسم کیفیت مث: واماندگی۔

واویلا vaa-vai-la(a): (ع، حرف، مذ ب) ماتم، رونا پیٹنا، دہائی، فریاد، افسوس، حیف (افعال: کرنا، ہونا)

واٹ vaaT: (انگ، مذ) (WATT) برقی قوت کا پیمانہ جو اپنے موجد کے نام سے مشہور ہے۔

واٹر پُرُوف vaa-Tar pu-ruuf: (انگ، مذ)

(Water Proof) جس پر پانی اثر نہ کرے، پانی کے اثر سے محفوظ۔

واثق vaa-siq: (ع،صف) مضبوط، پکا، مستحکم، پختہ، مستقل۔

واجب vaa-jib: (ع،صف) ضروری، لائق، سزاوار، جو اپنے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ ہو، خدا تعالیٰ، ہمیشہ (فقہ میں) وہ رکن دین جس کو بغیر عذر ادا نہ کرنے والا گنہگار ہو۔ (علم ریاضی) وہ مکسور جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو، تنخواہ۔

واجب الادا vaa-ji-bul-a-da(a): (ع،صف) جس کا ادا کرنا ضرور ہو، ایسی رقم جو کسی کے ذمے نکلتی ہو۔

واجب التعظیم vaa-ji-but-ta(?)-ziim: (ع،صف) تعظیم کرنے کے لائق، بزرگ، محترم۔

واجب العرض vaa-ji-bul-(?)arz: (ع،صف) جس کا بیان کرنا ضروری ہو، عرض، دعویٰ، تحریری معروضہ۔ (مذ) وہ شرائط جو قانونی بندوبست کے خاتمے پر مالکوں اور کاشتکاروں کے درمیان کاشت وغیرہ کے بارے میں لکھی جائیں۔

واجبات vaa-ji-baat: (ع،مذ) دیکھیے ''واجب'' جس کی یہ جمع ہے، ضروری چیزیں۔

واجبی vaa-ji-bi(i): (ف،صف) ضروری، ضرورت کے مطابق، مناسب، معقول، تھوڑا، حسب مقدور۔

واحد vaa-hid: (ع،صف) ایک، مفرد، فرد، یگانہ، یکتا، اکیلا، نرا، تنہا، صرف، محض، فقط، خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔

وادی vaa-di(i): (ع،مث) نیچی زمین، گھاٹی، دو پہاڑیوں کے درمیان کی زمین، نالے یا دریا کے سیلابی پانی کی گزرگاہ (مذ) جنگل، صحرا، بیاباں۔

وادیِ ایمن vaa-dii-e-ai-man: (عف،مذ) وہ جنگل جہاں حضرت موسیٰ اپنی بیوی کو درروزہ میں چھوڑ کر پانی کی تلاش میں نکلے تو ایک درخت پر خدا کی تجلی نظر آئی یہ مقام کوہ طور کی دائیں جانب تھا۔ اس لیے وادیٔ ایمن مشہور ہے۔

وادیِ خموشاں vaa-di-e-Ka-mo-shaaN: (عف،مذ) قبرستان، گورستان۔

وار vaar: (ار،امذ) حملہ، چوٹ، ضرب، مار، الزام، بہتان، بہت وزن، زخم، گھاؤ، بازی، داؤں، موقع، گھات، روز، ڈھیر، مقدار، صدقہ، نچھاور۔ دریا کا قریبی کنارہ، ساحل (متعلق فعل) اس طرف، ادھر۔

وار vaar: (ف،مذ) بوجھ، وقت، باری (صف) صاحب رکھنے والا، پانے والا، بھرا ہوا، جیسے امیدوار، قصوروار، لائق، مناسب، موزوں، جیسے سزاوار، شاہ وار، مثل، مانند، جیسے مردانہ وار، بموجب، موافق، جیسے ماہوار، کلمہ نسبت جیسے بزرگوار۔

وارا vaa-ra(a): (ار،مذ) بچت، کفایت، فائدہ، نفع (بیماری سے) افاقہ، صدقہ، قربانی، نذر، (صف) سستا۔

وارابندی vaa-raa-ban-di(i): (ار،امث) محکمہ نہر کی اصطلاح میں کاشتکاروں کو پانی ملنے کی باری کا تعین۔

وارانیارا vaa-raa ni-yaa-ra(a): (ار،مذ) قطعی فیصلہ، دوٹوک فیصلہ، خلاصی، نجات، کنایۃً خاتمہ۔

وارے نیارے vaa-re -ni-yaa-re: (ار،مذ) دولت، نفع، کمائی، افعال: کرنا، ہونا)

وارث vaa-ris: (ع،مذ) مردے کے مال کا جائز حق دار، مالک، خاوند، شوہر، مددگار، حامی، حمایتی (ان معنوں میں والی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) مث: وارثہ۔

ؤارثی vaa-ri-si(i): (ع، مذ) صوفیائے کرام کا ایک گروہ جو حضرت وارث علی شاہ صاحب دیوہ شریف کا پیرو ہے (صف) اس گروہ سے متعلق۔

ؤارد vaa-rid: (ع، صف) آنے والا، پہنچنے والا، موجود (افعال: کرنا، ہونا)

ؤاردات vaar-daat: (ع، امث) واردہ کی جمع، وہ حال جو آدمی پر گزرے، بیتی ہوئی، پیش آئی ہوئی، حال، احوال، حالات، سانحہ، حادثہ، واقعہ، وقوعہ۔

ؤارڈ vaarD: (انگ، مذ) (Ward) میونسپلٹی یا کارپوریشن کی علاقہ بندی کے مطابق شہر کا ایک علاقہ یا حلقہ، وہ نابالغ جس کی ذات یا جائیداد یا دونوں کے لیے عدالت سے کوئی منتظم مقرر ہو۔ ہسپتال میں مقررہ کمرا یا حصہ عمارت۔

ؤارڈن vaar-Dan: (انگ، مذ) (Warden) چوکیدار، پاسبان، سنتری، نگراں، حاکم۔

ؤارنا vaar-na(a): (ار، مص) صدقہ کرنا، نچھاور کرنا، قربان کرنا، بھینٹ دینا۔

ؤارنٹ vaa-ranT: (انگ، مذ) (Warrant) گرفتار کرنے کا تحریری حکم نامہ، طلب نامہ، حکم نامہ۔

وارننگ vaar-ning: (انگ، مذ) (Warning) تنبیہ، انتباہ۔

ؤاری vaa-ri(i): (ار، امث) عورتوں کا تکیہ کلام، صدقے، قربان، تصدق، نثار۔ (افعال: جانا، کرنا، ہونا)

واڑا vaa-Ra(a): (ار، مذ) محلہ، ٹولہ، کوچہ، گلی، علاقہ، ملک، سلطنت (ق) گنے کا اوپر کا حصہ جو پھیلا ہوا ہوتا ہے۔

ؤاژگوں vaaZ-guuN/vaaz-guuN: (ف، صف) اوندھا، اُلٹا، منحوس، نامبارک، برگشتہ۔

ؤاسطہ vaas-tah: (ع، مذ) درمیانی چیز یا شخص، ایلچی، ثالث، بچولیا، بیچ کا، قاصد، ربط، لگاؤ، تعلق، نسبت، کام، سروکار، غرض، مطلب، وسیلہ، ذریعہ، طفیل، صدقہ، آشنائی، رشتہ داری، محبت، بڑا موتی۔

ؤاسطے vaas-te: (ار، مذ) دیکھیے "واسطہ" جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ صورت ہے۔

ؤاسکٹ vaas-kaT: (انگ، مذ) (Waist Coat) بے آستینوں کی فتوحی، انگریزی وضع کی مرزئی یا صدری۔

ؤاسع vaa-si(?): (ع، صف) پھیلنے والا، وسیع، خدا تعالیٰ کا نام ایک صفاتی نام۔

ؤاشر vaa-shar: (انگ، مذ) (Washer) وہ چھلا جو ڈھبری کے ساتھ کس دیتے ہیں۔

ؤاصف vaa-sif: (ع، صف) ملنے والا، تعریف کرنے والا، وصف یا خوبی بیان کرنے والا۔

ؤاصل vaa-sil: (ع، صف) ملنے والا، ملا ہوا، جڑا ہوا، حاصل ہونے والا، قابل وصول، مث: واصلہ۔

ؤاصل باقی vaa-sil baa-qi(i): (عف، مذ) وہ حساب جس سے یہ معلوم کیا جا سکے کہ کل واجب رقم میں سے کتنی رقم وصول ہوگئی ہے اور کتنی باقی ہے۔

ؤاصلات vaa-si-laat: (ع، امث) واصلہ کی جمع، کل وصول شدہ محاصل کی میزان، وصول شدہ رقم کی میزان۔

ؤاضح vaa-zi(?): (ع، صف) ظاہر، عیاں، آشکارا، مفصل، شرح کے ساتھ، صاف جس کے پڑھنے میں کوئی دقت نہ پیش آئے۔ جلی قلم سے لکھا ہوا (افعال: کرنا، ہونا، لکھنا)

ؤاضع vaa-zeh: (ع، صف) بنانے والا، وضع کرنے والا، رکھنے والا۔

ؤاعظ vaa-(?)iz: (ع، صف) وعظ کہنے والا، نصیحت کرنے والا۔

وافر vaa-fir: (ع،صف) بہت کثرت سے، افراط سے، بعلم عروض میں ایک بحر کا نام۔

وافی vaa-fi(i): (ع،صف) پورا، مکمل، بہت سارا، خاطر خواہ، پرخلوص، مخلص۔

واقِعہ vaa-qi-(?)ah: (ع،صف) حادثہ، وقوعہ، سانحہ، واردات، خبر، حال، ماجرا، سرگزشت، جگ بیتی، آپ بیتی، لڑائی، جنگ، مڈبھیڑ، موت، انتقال، وفات، سختی، آفت، جمع: واقعات۔

واقعہ نویس vaa-qa(?)h-na-viis: (عف، صف) خبریں لکھنے والا، حکومت کو حالات حاضرہ سے باخبر رکھنے والا، اسم کیفیت مث: واقعہ نویسی۔

واقعی vaa-qa(?)i(i): (ف،صف) درست، ٹھیک، سچ مچ (متعلق فعل) دراصل، حقیقت میں۔

واقِف vaa-qif: (ع، صف) شناسا، جان پہچان والا، جاننے والا، آگاہ، مطلع، مث: واقفہ۔

واقِف الحال / حال vaa-qi-ful-haal: (عف، اند) ہم راز، راز داں، حال جاننے والا۔

واقِف کار vaa-qif-kaar: (عف، صف) کام جاننے والا، تجربہ کار، جس کو کسی چیز سے آگاہی ہو، شناسا، جان پہچان والا، اسم کیفیت مث: واقف کاری۔

واقْفِیت vaaq-fi-yat: (ع، اسث) دیکھیے 'واقف' جس کی یہ اسم کیفیت مث ہے۔

واک آؤٹ vaak-aa-uT: (انگ، اند) (WalkOut) احتجاج کے طور پر اُٹھ کر چلے جانا۔

والا vaa-la(a): (ف، صف) مرکبات میں مختلف معنوں میں آتا ہے۔ اسم کے بعد آئے تو کبھی بیچنے والے یا کام کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے برف والا، دودھ والا، اور کبھی مالک کے جیسے: گھر والا، مصدر کے ساتھ آئے تو مصدر کا الف ''نے'' سے بدل جاتا ہے اور مرکب فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے پڑھنے والا، کبھی اسم کے ساتھ آ کر صفت بناتا ہے۔ جیسے گنجائش والا کبھی نسبت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے لاہور والا، مث: والی۔

والا vaa-la(a): (ف، صف) بلند، اونچا، عالی، ذی عزت، بزرگ۔

والا جاہ vaa-laa-jaah: (ف، صف) بلند مرتبے والا، بڑی شان والا، بلند عہدے والا، بڑے گھرانے کا، عالی خاندان۔

والا نامہ vaa-laa-na-maah: (ف، اند) بلند مرتبہ آدمی کا خط۔

والِد vaa-lid: (ع، اند) باپ، ابا، پدر، پتا، مث: والدہ۔

والِدَین vaal-dain: (ع، اند) ماں باپ، مادر پدر، (والد کی جمع تثنیہ)

والنٹیر vaa-lan-Ti-yar: (انگ، اند) (Volunteer) وہ شخص جو اپنی خوشی یا رضا سے بلا تنخواہ کوئی خدمت انجام دینے کا ذمہ لے، رضا کار۔

واللہ val-laah: (ع، کلمۂ قسم) خدا کی قسم، بے شک، یقیناً، سچ مچ۔

واللہ اعلم val-laa a(?)-lam: (ع، متعلق فعل) خدا زیادہ جانتا ہے، کسی بات سے اپنی ناواقفیت کے اظہار پر کہتے ہیں۔

واللہ اعلم بالصواب val-laa a(?)-lam bis-sa-vaab: (ع، اند) خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ خدا کو معلوم ہے۔

واللہ باللہ val-laah bi-laah: (ع، کلمہ قسم) دوہری قسم۔

والِہ vaa-lih: (ع، صف) شیدا، فریفتہ، مفتون، عاشق۔

والہانہ vaa-li-haa-nah: (ف، صف) شیفتگی

کے انداز سے، عاشقانہ انداز سے۔

وَالی vaa-li(i): (ع، اند) مالک، آقا، سردار، حاکم، بادشاہ، دوست، رشتہ دار، حامی، مددگار، مربی، سرپرست، محافظ، نگہبان، گورنر، صوبہ دار، حاکم صوبہ، مث: والیہ۔

وَالیِ المُلک vaa-li-ul-mulk: (ع، اند) ملک کا حکمران، بادشاہ۔

وَالی وَارِث vaa-lii vaa-ris: (ع، اند) حامی، مددگار، پشت پناہ، سرپرست۔

وَام vaam: (ف، اند) قرض، اُدھار، فام بمعنی رنگ کی ایک شکل۔

وَامِق vaa-miq: (ع، اند) عرب کی مشہور معشوقہ عذرا کے عاشق کا نام، پیار کرنے والا۔

وَان vaan: (ار، لاحقہ) رکھنے والا، صاحب، مالک، جیسے بھاگوان، کوچوان۔

وَاں vaaN: (ار، لاحقہ) اعداد کے بعد نسبت ظاہر کرنے کے لیے جیسے پانچواں، ساتواں، آٹھواں، مث: ویں (متعلق فعل) وہاں کا مخفف۔

وَاوَین vaa-vain: (ع، اند) دو واؤ جو کسی لفظ یا عبارت کو خاص کرنے یا رعایتِ لفظی کے اظہار کے لیے آتے ہیں۔ انگریزی لفظ (Inverted Commas)

وَاوَچر vaa-au-char: (انگ، اند) (Voucher) بیجک، فرد حساب، تصدیق ادائی رسید۔

وَاہ vaah: (ف، کلمہ تحسین) ماشاء اللہ، سبحان اللہ، آفرین، شاباش، مرحبا، کیا بات ہے۔ بے شک، طنزاً کیا خوب، چہ خوش، حیرت و تعجب، ارے، کیسے، افسوس، ہائے، کسی کام سے انکار، کیوں۔

وَاہے vaa-ye: (ار، حرف فجائیہ) تعجب، تعریف، طنز، نفرت اور اظہار افسوس کا کلمہ۔

وَاہ وَا/وَاہ وَاہ vaah-vaa: (ار، کلمہ تحسین) شاباش، مرحبا، حیرت و تعجب اور طنز کے موقع پر بولتے ہیں۔

وَاہِمہ vaa-hi-mah: (ع، صف) بے ہودہ، لغو، بے مغز، فضول، آوارہ، ناکارہ، گمراہ، بودا، کمزور، ناتواں، ضعیف، ناطاقت، سست، کاہل۔

وَاہی تَباہی vaa-hii ta-baa-hii: (عف، صف) فضول، لغو، بیہودہ، نکما، آوارہ، در بدر، خستہ حال، پریشان حال، لچا، بدمعاش، لفنگا۔

وَاہِیات vaa-hi-yaat: (ع، صف) دیکھیے ''واہی'' جس کی یہ جمع ہے۔

وَائٹ پیپر vaa-iT pe-par: (انگ، اند) (White Paper) قرطاس ابیض، وہ اعلان جو حکومت یا جماعت کی طرف سے اطلاع عام کے لیے شائع کیا جائے۔

وَائر vaa-yar: (انگ، اند) (Wire) تار، تار برقی۔

وَائرلیس vaa-yar-lais: (انگ، مث) (Wireless) بے تار کا، لاسلکی، لاسلکی پیغام، لاسلکی پیام وصول کرنے اور بھیجنے کی مشین۔

وَائس پریزیڈنٹ vaa-is pi-rai-zii-DenT: (انگ، اند) (Vice President) نائب صدر۔

وَائس چانسلر vaa-is chaan-se-lar: (انگ، مذ) (Vice Chancellor) یونیورسٹی کا سب سے بڑا عہدہ دار، نائب امیر جامعہ، چانسلر کا نائب۔

وائسرائے vaa-is-raa-ye: (انگ، اند) (Viceroy) بادشاہ کا نائب، نائب السلطنت۔

وَائل vaa-il: (انگ، اند) (Voil) ایک قسم کا نیم شفاف سوتی یا ریشمی کپڑا۔

وَائلن vaa-ye-lan: (انگ، مث) (Voilin)

ایک قسم کا ساز جو سارنگی سے مشابہ ہوتا ہے۔

وَاے vaa-ye: (ع، حرفِ ندبہ) کلمہ افسوس جو اظہار مصیبت یا رنج والم کے موقع پر زبان سے نکلتا ہے۔

و ـ ب

وَبا va-ba(a): (ع، امث) وہ بیماری جو ہوا کے خراب ہو جانے سے پھیلتی ہے۔ متعدی بیماری، مرض عام، جیسے طاعون، ہیضہ وغیرہ۔

وَبال va-baal: (ع، امذ) بوجھ، بار، عذاب، آفت، مصیبت، بپتا (صف) جو ناگوار معلوم ہو۔ (افعال: آنا، پڑنا)

وَبالِ جان / دوش va-baa-le-jaan/ dosh: (عف، صف) عذابِ جان، دوبھر، اجیرن، سخت ناگوار۔

وَبائیات va-baa-yi-yaat: (ع، امذ) وباؤں کی تحقیق اور روک تھام کا علم۔ انگریزی لفظ (Epidemiology) کا ترجمہ۔

و ـ ت

وَتَد va-tad: (ع، امذ) کھونٹی، کھونٹا، میخ، لاٹھی، ڈنڈا، علم عروض میں سہ حرف لفظ۔

وَتَر va-tar: (ع، امذ) مثلث قائمۃ الزاویہ کا سب سے بڑا ضلع، کسی مثلث کے کسی زاویے کا سامنے کا ضلع۔ وہ خط جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے۔ وہ خط جو دائرہ کے کسی حصہ کو گھیرے اور دائرے کے قطر سے چھوٹا ہو۔ کمان کا چلا، باجے کا تار۔

وِتر vitr: (ع، امذ) وہ تین رکعتیں جو عشاء کی نماز میں پڑھی جاتی ہیں۔ (صف) تنہا، طاق (عدد)۔

وَتیرا va-ti-ra(a): (ع، امذ) عادت، دستور، شیوہ، روش، طریقہ۔

و ـ ٹ

وَٹ vaT: (ہ، امذ) حصہ، ٹکڑا، جزو، تقسیم، کھیت کی مینڈھ، کھیت کی منڈیر، ڈول۔

وَٹ بندی VaT-ban-dii: (ار، امث) کھیت کی حد بندی، کھیت کی حصہ بندی۔

وِٹامن vi-Taa-min: (انگ، امذ) (Vitamin) وہ کیمیائی مادّتیں جو انسانی غذا میں موجود ہیں اور بیماریوں کو روکتی اور بدن کو طاقت دیتی ہیں۔ حیاتین۔

و ـ ث

وَثَن va-san: (ع، امذ) پتھر یا کسی اور چیز کا بت، صنم۔

وَثیقہ va-sii-qah: (ع، امذ) معاہدہ، عہد و پیمان، اقرار نامہ، تمسک، بونڈ، دستاویز، پرامیسری نوٹ، پرونوٹ، مضبوطی، استحکام، وظیفہ۔

وَثیقہ دار va-sii-qah-daar: (عف، صف) جو پرونوٹ کا مالک ہو۔ جس کے پاس پرونوٹ ہو۔ جس کے حق میں وثیقہ لکھا ہوا ہو۔ وظیفہ خوار۔

وَثیقہ نویس va-sii-qah na-viis: (عف، صف) وہ شخص جس کو حکومت کی طرف سے وثیقے لکھنے کا لائسنس ملا ہوا ہو۔ اسم کیفیت مث: وثیقہ نویسی۔

و ـ ج

وَجاہت va-jaa-hat: (ع، امث) خوبصورتی، چہرے کی رونق، رعب۔

وَجد vajd: (ع، امث) بے خودی کی حالت، حال، جذبہ، بے اندازہ خوشی، صوفیوں کی اصطلاح میں حالت بیخودی جو بعض اشخاص کو سماع سے ہوتی ہے۔

وِجدان vij-daan: (ع، امذ) دریافت کرنا، جاننے

اور دریافت کرنے کی قوت، ذکاوت۔

وجع va-ja(?): (ع، اند) درد، ٹیس۔

وُجوب vu-juub: (ع، اند) واجب ہونا، لازم ہونا، ضروری ہونا۔

وُجود vu-juud: (ع، اند) زندگی، ہستی، جسم، بدن، ذات، پیدائش ظہور، مادہ، جوہر۔

وُجودی vu-juu-di(i): (ع، مف) شہودی کا مقابل، وحدت الوجود کا قائل۔

وُجوہ vu-juuh: (ع، اند و مث) دیکھئے 'وجہ' جس کی یہ جمع ہے جمع الجمع: وجوہات۔

وَجہ va-jah: (ع، امث) چہرہ، صورت، شکل، سبب، کارن، باعث، دلیل، جانب، طرف، رُخ، طرز، طور، ڈھنگ، ذریعہ، نقدی، زر، مال۔

وَجہ تسمیہ va-jah tas-mi-yah: (ع، امث) نام رکھنے کا سبب۔

وَجیہ va-jiih: (ع، صف) خوش وضع۔ خوبصورت، صاحب جاہ، موزوں، زیبا۔

و۔چ

وِچار vi-chaar: (س، اند) غور و فکر، دھیان، سوچ بچار، تمیز، سمجھ، عقل۔

وَچن va-chan: (س، اند) قول، عہد، پیمان، قرار، بچن۔

و۔ح

وَحدانی vah-daa-ni(i): (ع، صف) دیکھیے ''واحد'' جس سے یہ منسوب ہے۔

وَحدانی طرز حکومت vah-daa-nii tar-ze-hu-kuu-mat: (عف، امث) وہ طرز حکومت جس میں تمام اختیارات مرکز کے پاس ہوں۔ مرکز صوبوں کو اختیار دے اور واپس لے سکتا ہے۔

وَحدانیت vah-daa-ni-yat: (ع، امث) دیکھیے ''واحد'' جس کا یہ اسم کیفیت مث ہے۔

وَحدت vah-dat: (ع، اند) اکیلا پن۔

وَحدتُ الشُّہود vah-da-tush-shu-huud: (ع، امث) (اصطلاح تصوف) دنیا کی ہر چیز جو پیش نظر ہے اُسی یعنی اللہ تعالیٰ کا پرتو ہے یعنی ہمہ از دست۔

وَحدتُ الوُجود vah-da-tul vu-juud: (عف، اند) صوفیوں کی اصطلاح میں تمام موجودات کو خدا تعالیٰ کا وجود ماننا اور ماسوا کے وجود کو محض اعتباری سمجھنا، یعنی ہمہ اُوست۔

وَحدہٗ لاشریک vah-da-hu-laa sha-riik: (ع، کلمہ) خدا ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

وَحش وطیر vah-sh-va-tair: (ع، اند) جنگلی جانور/چوپائے اور پرند۔

وَحشت vah-shat: (ع، امث) گھبراہٹ، سودا، خفقان، دیوانگی، جنون، حیوانیت، بدک، بھڑک، نامانوس ہونا، نفرت، آوارگی، اُداسی، خوف، ڈر، ہیبت۔ (افعال: کرنا، ہونا، اُبھرنا، اُچھلنا)

وَحشت انگیز veh-shat-an-gez: (عف، صف) وحشت پیدا کرنے والا، ڈراؤنا، ہولناک، بھیانک، خوفناک، اسم کیفیت مث: وحشت انگیزی۔

وَحشت خیز vah-shat-Kaiz: (عف، صف) وحشت بڑھانے والا، وحشت پیدا کرنے والا، مہیب۔

وَحشت زدہ vah-shat-za-dah: (عف، مف) حواس باختہ، گھبرایا ہوا، خبطی، زیادہ باتیں کرنے والا۔

وَحشت ناک vah-shat-naak: (عف، مف) خوفناک، بھیانک، گھبرا دینے والی۔

وَحشی vah-shii: (ع، صف) جسے انسانوں سے وحشت ہوتی ہے، غیر مانوس، بھڑکنے والا، صحرائی، جنگلی، غیر مہذب، ناتراشیدہ، اُجڈ۔

وَحشی طبیعت / مزاج vah-shii ta-bii-(?)at: (عف، صف) وہ شخص جو تنہائی پسند ہو اور آدمیوں سے بھاگتا ہو۔

وَحی va-hi(i): (ع، اسث) خدائی پیغام، خدا کے وہ پیغام یا احکام جو نبیوں پر اُترتے تھے۔ (افعال: آنا، اترنا، نازل ہونا)

وَحید va-hiid: (ع، صف) یگانہ، لاثانی، اللہ تعالیٰ کی صفت۔

وَحیدُ العصر va-hii-dul-(?)asr: (ع، صف) یکتائے زمانہ، جس کا اپنے زمانہ میں کوئی ثانی نہ ہو۔

و-د

وِداع vi-daa(?): (ع، اسث) رخصت، روانگی، دلہن کی رُخصتی کی رسم یا تقریب۔ صف نسبتی: وداعی۔

وَدُود va-duud: (ع، صف) دوست، چاہنے والا، شفیق، نیک بندوں کو دوست رکھنے والا، خدا تعالیٰ کا نام۔

وِدھوا vidh-vaa: (ہ، اسث) بیوہ، رانڈ۔

وِدیا vid-di-yaa: (س، اسث) علم، فن، ہنر، سائنس، فلسفہ، سرسوتی کا نام۔

وَدیعت va-dii-a(?)t: (ع، اسث) امانت، سپردگی۔

و-ڈ

وَڈیرا va-De-ra: (سندھ، اند) بڑا زمیندار، جاگیردار۔

و-ر

وَر var: (س، صف) غالب، برتر، فائق۔

وَر var: (ف، صف) آور کا مخفف، والا، صاحب، خداوند، رکھنے والا، قبضے میں رکھنے والا، حرف ربط، وگر کا مخفف، ورنہ۔

وَرا va-ra(a): (ع، متعلق فعل) پیچھے، پرے، دوسری جانب، پس پشت، دوسری طرف، پیچھے کے رخ، سوا، ماسوا (مذ) دنیا، مخلوقات۔

وِراثت vi-raa-sat: (ع، اسث) ورثہ، میراث، ترکہ۔

وِراثت نامہ vi-raa-sat naa-ma(h): (عف، اند) کسی کے وارث ہونے کی تحریر یا سند۔

وِراثتاً vi-ras-tan: (ع، متعلق) بطور ترکہ، میراث کے طور پر۔

وَرّاق va-raaq: (ع، صف) محرر، دولت مند، ورق ساز، جلد ساز، کاغذی۔

وَرائٹی va-raa-ye-Tii: (انگ، اسث) (Variety) تنوع، گوناگوں، قسم قسم کا ہونا۔

وَرثا va-ra-saa: (ع، اند) دیکھیے 'وارث' جس کی یہ جمع ہے۔

وِرثہ vir-saa: (ع، اند) مرنے والے کا مال، ترکہ، میراث۔

وَرد vard: (ع، اند) گلاب کا پھول۔

وِرد vird: (ع، اند) وہ کام جو بلا ناغہ کیا جائے، معمول، وظیفہ، قرآن شریف کی بار بار تلاوت۔

وِردِ زبان vir-de-za-baan: (عف، اند) زبان پر چڑھا ہوا، ازبر (افعال: کرنا، ہونا)

وَردی var-di(i): (ار، اسث) فوجی لباس، یونیفارم، ڈریس، پریڈ پر بجایا جانے والا فوجی بگل۔ وہ باجا جو فوجی بارکوں میں رات دس بجے سو جانے اور صبح چار بجے جاگنے کے لیے بجتا ہے۔

وَرزِش var-zish: (ف، اسث) کسرت، ریاضت

(افعال: کرنا، ہونا) صفت نسبتی: ورزشی۔

وَرطہ var-tah: (ع، اند) ہلاکت کا مقام، ایسی زمین جہاں راستہ نہ ہو۔ مجازاً پانی کا چکر، بھنور، گرداب، بھول بھلیاں۔

وَرع va-ra(?): (ع، اسث) پرہیزگاری، زہد۔

وَرغلانا var-Ga-laa-na(a): (ار، مص، جعلی) بہکانا، بھڑکانا، اغوا کرنا، دھوکا دینا، پھسلنا۔

وَرق va-raq: (ع، اند) کاغذ کا ٹکڑا یا پرچہ، درخت کا پتا، پھول کی پتی، چاندی یا سونے کا باریک کوٹا ہوا ٹکڑا۔ باریک اور چوڑی تراشی ہوئی چیز۔ تاش کا کوئی پتا۔

وَرق داغ va-raq-daaG: (عف، اند) وہ ہندسہ جو صفحوں کے شمار کے لیے لکھتے ہیں۔

وَرق ساز va-raq-saaz: (عف، صف) چاندی یا سونے کے ورق کو کوٹنے کا کام کرنے والا۔

وَرق گردانی varq gar-daa-nii: (عف، اسث) کتاب کے ورق الٹنا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

وَرقہ va-ra-qah: (ار، اند) کتاب کا ورق، پتا۔

وَرقی var-qi(i): (ع، صف) دیکھیے 'ورق' جس سے یہ منسوب ہے۔

وَرک verk: (انگ، اند) (Work) کام، ہنر، فرض، چوہڑ۔

وَرک شاپ vark-shaap: (انگ، صف) (Workshop) کارخانہ، کارگاہ۔

وَرلا var-la(a): (ہ، صف) ادھر کا، اس کنارے، اس رخ کا۔

وَرَم varm: (ع، اند) بیماری یا چوٹ سے جسم کے کسی حصہ کا پھول جانا، سوجن (افعال: کرجانا، کرنا، ہونا، آنا)

وَرناکیولر var-naa-kyuu-lar: (انگ، اند) (Vernacular) دیسی، ملکی، مقامی (اسث) دیسی زبان۔

وَرنہ var-nah: (ف) حرف شرط، نہیں تو، پر، وگرنہ۔

وُرُود vu-ruud: (ع، اند) اترنا، اندر آنا، وارد ہونا، پہنچنا۔

وَرے va-re: (ار، متعلق فعل) ادھر، اس طرف، پاس، نزدیک، قریب۔

وَرِید va-riid: (ع، اسث) گردن کی موٹی رگ، شہ رگ۔

و۔ز

وِزارت vi-zaa-rat: (ع، اسث) وزیر کا عہدہ، مدارالمہامی، وزیر کا کام، وزیر کا دفتر۔

وِزیٹر vi-zii-Tar: (انگ، اند) (Visitor) وہ شخص جو معائنہ یا ملاقات کے لیے آئے۔

وُزرا vuz-raa: (ع، اند) دیکھیے "وزیر" جس کی یہ جمع ہے۔

وَزن vazn/va-zan: (ع، اند) تول، جانچ، اندازہ، عزت، قدر، وقعت، بوجھ، بار، مقدار، پیمانہ، علم عروض میں شعر کی بحر۔

وَزن دار va-zan-daar: (عف، صف) بھاری، باوقعت۔

وَزنہ vaz-nah: (ار، اند) لوہے یا پتھر کی بنی ہوئی وہ چیز جو کاغذ کو دبانے کے لیے اس پر رکھی جائے (پیپر ویٹ Paper Weight) کا ترجمہ۔

وَزنی vaz-nii: (ف، صف) بھاری، بوجھل، سنجیدہ، ٹھوس، باوقعت۔

وَزیر va-ziir: (ع، اند) دیوان، مدارالمہام، منتری، شطرنج کا مہرہ۔

وَزیرِ اعظم va-zii-re-aa-zam: (ع، اند) مرکزی حکومت کا سب سے بڑا وزیر، چیف منسٹر، پردھان منتری۔

وَزِیرِ اعلیٰ va-zii-re-aa(?)-la(a): (ع، اند) صوبائی حکومت کا سب سے بڑا وزیر، چیف منسٹر۔
وَزِیری va-zii-ri(i): (ف، اند) وزیر کا عہدہ، ایک قسم کا انجیر۔

و۔س

وَساطت va-saa-tat: (ع، مث) وسیلہ، ذریعہ، واسطہ۔
وَساوِس va-saa-vis: (ع، اند) دیکھیے 'وسواس' جس کی یہ جمع ہے۔
وَسائِط va-saa-it: (ع، اند) دیکھیے 'واسطہ' جس کی یہ جمع ہے۔
وَسط vast: (ع، اند) بیچ، درمیان، قلب، مرکز، وہ چیز جو جسامت یا درجہ میں درمیانی ہو، کسی چیز کا ٹھیک بیچوں بیچ جو اسے برابر کے دو حصوں میں تقسیم کرے۔
وَسطانی vas-taa-ni(i): (ع، صف) درمیانی، مڈل کی جماعتیں۔
وَسطی vas-ti(i): (ف، صف) بیچ کا، درمیان کا، درمیانی۔
وُسطیٰ vas-ti(i): (ع، صف) (اوسط کا مؤنث) میانہ۔
وُسع va-sa(?): (ع، مث) چوڑائی، پھیلاؤ، فراخی، دسترس، توانائی۔
وُسعت vus-(?)at: (ع، مث) گنجائش، سمائی، چوڑائی، کشادگی، پھیلاؤ۔
وُسعتِ اخلاق vus-(?)a-te-aK-laaq: (ع، مث) ہر ایک سے خاطرداری سے پیش آنا۔
وِسکی vis-kii: (انگ، مث) (Whisky) ایک قسم کی شراب۔
وِسل vi-sil: (انگ، مث) (Whistle) سیٹی (افعال: کرنا، ہونا)
وِسمہ vis-ma(h): (ع، اند) نیل کے پتے جن سے خضاب تیار کیا جاتا ہے۔ (افعال: کرنا، لگانا، ہونا)
وَسواس vas-vaas: (ع، اند) برا خیال جو دل میں آئے۔ وہم، وسوسہ، اندیشہ، ڈر، خوف، شبہ، گمان۔
وَسواسی vas-vaa-sii: (ع، صف) وہمی، شکّی، شبہ کرنے والا، جورو کے پاکچپاہٹ پیدا کرے۔
وَسوسہ vas-va-sah: (ع، اند) دیکھیے 'وسواس'۔
وَسیع va-sii(?): (ع، صف) فراخ، چوڑا، کشادہ، دور تک پھیلا ہوا۔
وَسیعُ الظَّرف va-sii- (?)uz- zarf (ع، صف) تنگ ظرف کی ضد، بلند حوصلہ
وَسیعُ القَلب va-sii-(?)ul- qalb: (ع، صف) تنگ دل کی ضد، فراخ دل، سخی۔
وَسیعُ النَّظر va-sii-(?)un-na-zar: (ع، صف) جس کی نظر وسیع ہو، بلند خیال، اسم کیفیت مث: وسیع النظری۔
وَسیلہ va-sii-lah: (ع، اند) ذریعہ، واسطہ، سبب، سہارا، آسرا۔

و۔ش

وَش vash: (ف، حرف تشبیہ) مانند، نظیر (مرکبات کے آخر میں آتا ہے، جیسے پری وش وغیرہ)
وِشال vi-shaal: (س، صف) عظیم، وسیع و عریض۔
وِشواس vish-vaas: (س، اند) بھروسا، اعتماد، صف نسبتی: وشواسی۔

و۔ص

وِصال vi-saal: (ع، اند) صحبت، ملنا، ملاقات، ملاپ، انسان کا خدا سے جا ملنا، مرجانا، انتقال کر جانا۔ (اصطلاح تصوف) وحدت میں فنا ہونا۔

وصایا va-saa-yaa: (ع،اند) دیکھیے 'وصیت' جس کی یہ جمع ہے۔

وصایت va-saa-yat: (ع،اند) نابالغ کی سرپرستی۔

وصف vasf: (ع،صف) تعریف، صفت، خوبی، خو، بھلائی۔

وصل vasl: (ع،اند) ملاقات، معشوق سے ملاقات، ہجر کی ضد۔

وصلت vas-lat: (ع،است) وصل، معشوق سے ملاقات۔

وصلی vas-li(i): (ع، است) خوشنویسوں کے مشق کرنے کا دوہرا کاغذ۔

وصول vu-suul: (ع، اند) جو مل گیا ہو۔ جو حاصل ہوگیا ہو۔ اسم کیفیت مث: وصولی۔

وصول کنندہ vu-suul ku-nan-dah: (عف،اند) وصول کرنے والا، پانے والا۔

وصی va-si(i): (ع،اند) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو، وصیت پر عمل کرنے والا، منصرم۔

وصیت va-si-yat: (ع،است) سفر کو جاتے ہوئے یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا کہ میرے بعد ایسا کرنا۔ آخری نصیحت (افعال: کرنا، ہونا)

وصیت نامہ va-si-yat naa-mah: (عف،اند) تحریری وصیت۔

و۔ض

وضاحت va-zaa-hat: (ع، است) واضح کرنا، تفصیل کے ساتھ بیان کرنا، تشریح کرنا۔

وضع va-za(?): (ع، است) شکل، صورت، حلیہ، ظاہری حالت، حال، طور طریق، رنگ ڈھنگ، طرز، چال ڈھال، چلن، بناوٹ، ساخت، ترکیب، مجرا، منہا، کاٹنا، تفریق کرنا۔

وضع حمل va-za(?) ha-mal: (عف، اند) بچہ پیدا ہونا۔

وضع دار va-za(i)- daar: (عف، صف) وضع بنانے والا، اپنے طور طریقے پر قائم رہنے والا، پابند وضع، اسم کیفیت مث: وضع داری۔

وضع قانون va-za(?) qaa-nuun: (ع،اند) قانون بنانا، قانون سازی کرنا۔

وضع قطع va-za(?) qa-ta(?): (ع، است) شکل وصورت۔

وضو vu-zuu: (ع،اند) نماز کے لیے جسم کے خاص خاص اعضا کو پانی سے دھونا۔ (افعال: کرنا، ہونا)

وضوح vu-zuuh: (ع، اند) وضاحت، صفائی، ثبوت، گواہی، اظہار، ظہور۔

وضیع va-zii(?): (ع، صف) کمینہ، نیچ، فرومایہ، مث: وضیعہ۔

و۔ط

وطن va-tan: (ع،اند) پیدا ہونے اور رہنے کی جگہ، دیس، اپنا ملک، جنم بھومی۔

وطن مالوف va-tan maa-luuf: (عف، اند) پیارا وطن، وہ وطن جہاں کے رہنے کی جگہ یا عادت ہو اور جس سے محبت ہو۔

وطنی va-ta-nii: (ع،صف) ہم وطن، ایک دیس کا، وطن سے منسوب۔

وطی va-tii: (ع، است) عورت سے صحبت کرنا، روندنا، پامال کرنا، (افعال: کرنا، ہونا)

وطنیت va-ta-ni-yat: (ع،است) کسی ملک کا باشندہ ہونے کی حیثیت، توطن (انگریزی لفظ Nationality کا ترجمہ)۔

و۔ظ

وَظائف va-zaa-if: (ع، امذ) دیکھیے 'وظیفہ' جس کی یہ جمع ہے۔

وَظیفہ va-zii-fah: (ع، امذ) روزینہ، پنشن، تنخواہ، درماہہ، وہ رقم جو طالب علم کو اس کے اخراجات کے لیے دی جائے، حسن خدمات کے صلہ میں عطا کی ہوئی جاگیر، کوئی دعا جو روزانہ پڑھی جائے۔

وَظیفہ خوار va-zii-fah Kwaar: (عف، امذ) پنشن پانے والا، اسم کیفیت مث: وظیفہ خواری۔

و۔ع

وَعدہ va(?)-daah: (ع، امذ) اقرار، قول و قرار، عہد و پیمان، ملاقات کا تعین، رقم کی ادائیگی کے لیے ایک مدت مقرر کرنا، مرنے کا دن، موت کا وقت۔

وَعدہ خلاف/شکن va(?)-dah Ki-laaf/shi-kan: (عف، صف) وہ شخص جو اپنے وعدے کا پورا نہ ہو۔ جو وعدے سے پھر جائے، اسم کیفیت مث: وعدہ خلافی/شکنی۔

وَعدہ فراموش va(?)dah fa-ra-mosh: (عف، امذ) اقرار کو بھول جانے والا، وعدہ یاد نہ رکھنے والا، اسم کیفیت مث: وعدہ فراموشی۔

وَعدہ وعید va(?)-dah va-(?)iid: (عف، امذ) لیت و لعل، ٹال مٹول، حیلہ حوالہ۔ (افعال: کرنا، ہونا)

وَعظ va(?)z: (ع، امذ) مذہبی نصیحت جو زبانی کی جائے، مذہبی تقریر، مذہبی باتوں کا بیان کرنا، نصیحت، تلقین (افعال: کرنا، کہنا، ہونا وغیرہ)

وَعلیکم السلام va-(?)-lai-ku-mus-sa-laam: (ع، امذ) السلام علیکم کا جواب، تم پر بھی سلامتی ہو۔

وَعید va-(?)iid: (ع، امذ) سزا دینے کی دھمکی، سزا دینے کا وعدہ۔

و۔غ

وَغا va-Ga(a): (ع، امث) لڑائی، جنگ، ہنگامہ، شور و غل، دنگا فساد، جھگڑا۔

وَغیرہ va-Gai-rah: (ع، متعلق، فعل) اور بھی، اور اس کے سوا، مؤنث کے لیے وغیرہا اور دو کے لیے وغیرہ زیادہ کے لیے وغیرہم استعمال ہوتا ہے۔

و۔ف

وَفا va-faa: (ع، امث) نباہ، ساتھ دینا، خیر خواہی، نمک حلالی، وابستگی، عقیدت مندی، تعمیل، تکمیل۔

وَفا پرست va-faa-pa-rast: (عف، صف) وفادار، باوفا، نباہنے والا، اسم کیفیت مث: وفا پرستی۔

وَفا پیشہ va-faa-pe-shaa(h): (عف، صف) جو سب کے ساتھ وفا کرے جو ہمیشہ وفادار رہے۔ اسم کیفیت مث: وفا پیشگی۔

وَفاداری va-faa-daa-ri(i): (عف، صف) وفا کرنے والا، نباہنے والا، باوفا اسم کیفیت مث: وفادار

وَفا شعار/کیش va-faa-shi-(?)aar/kesh: (عف، صف) نباہنے والا، وفا کرنے والا، جس کا شعار وفا کرنا ہو۔ اسم کیفیت مث: وفا شعاری/کیشی۔

وَفات va-faat: (ع، امث) موت، انتقال، رحلت۔

وَفاق va-faaq: (ع، امذ) اتحاد، اتفاق، کئی ریاستوں یا صوبوں کا مل کر ایک حکومت بنانا۔ (فیڈریشن Federation) صفت نسبتی: وفاقی۔

وَفد vafd: (ع، امذ) نمائندوں کی جماعت، چند اشخاص کا کوئی پیغام لے کر افسر یا حاکم کے پاس جانا،

(ڈیپوٹیشن Deputation)

وفود vu-fuud: (ع، اند) دیکھیے 'وفد' جس کی یہ جمع ہے۔

وفور vu-fuur: (ع، اند) افراط، بہتات، زیادتی، کثرت۔

و۔ق

وقار va-qaar: (ع، صف، ق) نہایت روشن، بہت چمکیلا۔

وقار va-qaar/ vi-qaar: (ع، اند) بھاری بھرکم پن، متانت، سنجیدگی، بردباری، جاہ وجلال، صبر۔

وقائع va-qaa-ye(?): (ع، اند) 'وقیعہ' کی جمع، واردات، حالات۔

وقائع نگار/نویس va-qaa-ye(?) ni-gaar: (عف، اند) اخبار نویس، نامہ نگار، حالات لکھنے والا، اسم کیفیت مث: وقائع نگاری/نویسی۔

وقت vaqt: (ع، اند) گھڑی، ساعت، دم، عرصہ، مدت، میعاد، وقفہ، زمانہ، عہد، دور، جگ، موقع، ہنگامہ، موسم، فصل، رُت، فرصت، مہلت، باری، نوبت، دفعہ، حالت، گت، عمر، زندگی، حیات، موت کی گھڑی، مصیبت۔

وقت بے وقت vaqt-be-vaqt: (ع، متعلق فعل) موقع بے موقع، ہر وقت، ہر موقع پر۔

وقتاً فوقتاً vaq-tan fa-vaq-tan: (ع، متعلق فعل) کبھی کبھی، گاہے بگاہے۔

وقتی vaq-tii: (ع، صف) وقت کا، زمانے کا، عارضی، ہنگامی۔

وقر vaqr: (ع، اند) بڑائی، عظمت، بزرگی، عزت، آبرو، قدر ومنزلت، رتبہ، درجہ، پایہ۔

وقعت vaq-(?)at: (ع، امث) عزت، اعتبار۔

وقف vaqf: (ع، اند) ٹھہراؤ، توقف، خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز جس کا کوئی مالک نہ بنایا گیا ہو، رفاہِ عامہ کی چیز جسے ہر شخص استعمال کرسکتا ہے۔ ساکن حروف کے بعد غیر متحرک حرف آنا جیسے پیار میں 'ا' (صف) اتنا زیادہ مشغول اور مصروف کہ دوسری طرف توجہ نہ دے سکے۔

وقفِ اولاد/علی الاولاد vaq-fe-au-laad/(?)a-lal-au-laad: (ع، اند) وہ چیز جو مالک اپنی اولاد کے لیے وقف کرے۔

وقف نامہ vaqf na-ma(h): (عف، اند) وہ دستاویز جو وقف مال کی بابت لکھی جائے۔

وقفہ vaq-fah: (ع، اند) مہلت، تھوڑی سی دیر، قرآن مجید کی تلاوت میں اوقاف پر رکنا۔

وقوع vu-quu(?): (ع، امث) واقعہ ہونا، ظہور، ظاہر۔

وقوعہ va-quu-(?)ah: (ع، اند) حادثہ، واردات، صدمہ، ہنگامہ، دنگا فساد۔

وقوف vu-quuf: (ع، اند) جاننا، علم، آگاہی، فہم سمجھ، واقفیت، شعور، تمیز، سلیقہ، تجربہ، مہارت، ٹھہرنا، (حاجیوں کا مقام عرفات میں ٹھہرنا)

وقیع va-qii(?): (ع، صف) وقعت رکھنے والا، معزز، عزت دار، ذی عزت، بلند مرتبہ، ذی وقار۔

و۔ک

وکالت va-kaa-lat: (ع، امث) وکیل کا کام، وکیل کا پیشہ، وکیل ہونا، نیابت، قائم مقامی، کسی کا معاملہ اس کے نمائندے کی حیثیت سے پیش کرنا۔

وکالت نامہ va-kaa-lat naa-mah: (عف، اند) وکیل مقرر کرنے کا تحریری اقرارنامہ، وکالت کے لیے مختارنامہ۔

وَکالتۃً va-kaa-la-tan: (ع، امذ) وکیل کے ذریعے، وکیل کی معرفت۔

وِکٹوریا vik-To-ri-ya(a): (انگ، امث) (Victoria) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی۔

وُکلاء vuk-la(a): (ع، امذ) دیکھیے 'وکیل' جس کی یہ جمع ہے۔

وکیل va-kiil: (ع، امذ) مختار، قائم مقام، نائب، وہ شخص جس کے سپرد اپنا کام کیا جائے۔ سند یافتہ قانون دان (جو عدالت میں کسی فریق کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرے اور جس کا یہ پیشہ ہو)

وکیل سرکار va-kiil-sar-kaar: (ع، امذ) حکومت کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرنے والا وکیل۔

وَکیل عام va-kiil-(?)aam: (ع، امذ) ایسا کارندہ جسے ہر بات کا پورا پورا اختیار ہو۔

و۔گ

وِگ vig: (انگ، امث) (Wig) مصنوعی بالوں کی ٹوپی۔

وَگر va-gar: (ف، حرف عطف) اور اگر۔

وَگرنہ ga-gar-na(h): (ف، حرف، عطف) ورنہ، اور اگر نہیں۔

و۔ل

وِلا vi-la(a): (ف، امث) محبت، اُلفت، دوستی۔

وِلا vi-la(a): (ف، امذ) وقت، موسم، کام، معاملہ۔

وِلادت vi-laa-dat: (ع، امث) بچہ پیدا ہونا، جنم، پیدائش۔

وِلایَت vi-laa-yat: (ع، امث) ملک، اقلیم، سلطنت، مملکت، بادشاہت، محکوم ملکوں کے باشندوں کے لیے وہ ملک جہاں کا بادشاہ ہو۔ کسی کام کی ذمہ داری، کفالت، ولی ہونا، سرپرست ہونا، ولی کا مرتبہ۔

وِلایَت مآب vi-laa-yat-ma-aab: (ع، امذ) کنایۃً حضرت علی کرم اللہ وجہہ، ولی، صاحب ولایت۔

وِلایَتی vi-laa-ya-ti(i): (عف، صف) ولایت کا رہنے والا، ولایت کا بنا ہوا۔

وَلد va-lad: (ع، امذ) بیٹا، لڑکا، فرزند، پسر، پوت۔

وَلَدُ الحرام va-la-dul-ha-raam: (ع، صف) حرامی، حرام زادہ، ناجائز اولاد۔

وَلَدُ الحلال va-laa-dul-ha-laal: (ع، صف) وہ جو حرامی نہ ہو، جائز اولاد۔

وَلدِیَت val-di-yat: (ع، امث) باپ کا نام، حسب نسب، اصل نسل، خاندان۔

وَلندیز va-lan-diiz: (ع، امذ) نیدرلینڈ (ہالینڈ) یورپ کا ملک۔ صف نسبتی: ولندیزی۔

وَلوَلہ val-va-lah: (ع، امذ) جوش، اُمنگ، بہت زیادہ شوق، (افعال: کرنا، اُٹھنا)

وَلوَلہ انگیز val-va-lah an-gez: (عف، صف) جوش پیدا کرنے والا، اُمنگ پیدا کرنے والا۔

وَلی va-li(i): (ع، امذ) ایسا انسان جو خدا کے قریب ہو۔ سرپرست، محافظ۔

وَلی اللہ va-lii-al-lah: (ع، امذ) خدا رسیدہ، مقرب بارگاہِ الٰہی۔ بزرگ دین۔

وَلی عہد va-lii-(?)a-had: (ع، امذ) بادشاہ وقت کا ہونے والا جانشین، وارث تخت و تاج، اسم کیفیت مث: ولی عہدی۔

وَلی نعمت va-lii ne(?)-mat: (ع، صف) خداوند نعمت، پرورش کرنے والا۔

وَلے لَوْلیک va-le/va-lek: (ف، حرف استدراک)

ولیک کا مخفف، لیکن، مگر۔

وَلیمہ va-lii-mah: (ع، اند) شادی کی ضیافت، بیاہ کی دعوت، نکاح کے بعد کی دعوت جو دولہا کی طرف سے دی جاتی ہے۔

و۔و

ووٹ voT: (انگ، اند) (Vote) رائے، کسی معاملے کے فیصلے کے لیے رائے دینا، عوامی نمائندوں کے انتخاب کے لیے تحریری اظہار رائے کی پرچی، رائے دہی۔

ووٹر vo-Tar: (انگ، اند) (Voter) ووٹ دینے والا۔ رائے دینے والا۔

ووٹنگ vo-Ting: (انگ، امث) رائے شماری، رائے دہی۔

وولٹ volT: (انگ، اند) برقی قوت کی اکائی۔

و۔ہ

وَاہ vah: (ف، کلمہ تحسین) واہ، شاباش، (کلمہ افسوس)، ہائے۔

وُہ voh: (ار، کلمہ ضمیر) غائب یا بعید کی طرف اشارہ، اس قدر اتنا، ایسا، اس قسم کا، اس درجے کا، پہلا سا، اونچے مرتبہ کا۔

وہاب va-haab: (ع، صف) بہت بخشنے والا، مراد خدا تعالیٰ۔

وہابی va-haa-bii: (ع، صف) شیخ عبدالوہاب نجدی کے پیرو جو تقلید ائمہ کے قائل نہیں، غیر مقلد۔

وہاں va-haaN: (ار، متعلق فعل) اُس جگہ، اُس مقام پر، اُدھر، کسی کے یہاں۔

وہب vahb: (ع، اند) بخشش، عطا، سخاوت۔

وہبی vah-bii: (ع، صف) قدرت کی طرف سے دیا گیا، عطیہ۔

وِہپ vihp: (انگ، اند) (Whip) پارلیمنٹ کی کسی پارٹی کا وہ عہدہ دار جو اس کے اراکین میں تال میل رکھتا ہے۔

وہم va-ham: (ع، اند) شک، گمان، احتمال، بے اعتباری، دماغ کی وہ قوت جو فاسد خیالات پیدا کرتی ہے۔

وہمی vah-mii: (ع، صف) جو وہم میں مبتلا ہو، وہم سے منسوب۔

وہی va-hii: (ار، اسم اشارہ) وہ ہی، اسی طرح، مثل، سابق، پہلے ہی جیسے طریقہ سے۔

وہیل Vi-hel: (انگ، امث) (Whale) ایک بہت بڑی مچھلی۔

وہیں va-hiiN: (ار، متعلق فعل) اسی جگہ، اسی مقام پر، اسی وقت، اسی دم۔

و۔ی

وے ve: (ار، کلمہ ضمیر) "وہ" ملاحظہ فرمائیں جس کی یہ جمع ہے۔ (اب متروک ہے)

وی vii: (ار، کلمہ نسبت) "ی اور ہ" وغیرہ پر ختم ہونے والا، اسی پر اضافہ کرتے ہیں جیسے دہلوی۔

وی پی vii-pii: (ار، اند) V.P. (انگ لفظ) Value Payable کا مخفف، وہ مال جو ڈاکخانے سے قیمت دے کر چھڑایا جاتا ہے۔

ویٹر ve-Tar: (انگ، مذ) (Waiter) ہوٹل کا خدمت گار جو گاہکوں کو کھانا لاکر دیتا ہے اور دیگر ضروریات کا خیال رکھتا ہے۔

وِیٹو vi-To: (انگ، اند) (Veto) کسی تجویز، فیصلے یا

قانون کو نامنظور کرنے کا حق، حقِ استرداد۔
ڈیدvedؔ: (س، اند) ہندوؤں کی مقدس کتاب۔
ڈَید vaid: (س، اند) ہندی طریقے پر علاج کرنے والا طبیب۔
ڈیدانت vai-daant: (س، اند) ہندوؤں کے فلسفے اور دینیات کی کتاب۔ ایک نظام جس میں خدا پر بحث کی گئی ہو۔
ڈیدِک ve-dik: (س، اند) علمِ طب۔
ڈِیر viir: (س، صف) بہادر، شجاع، دلیر۔
ڈِیران vii-raan: (ف، صف) اجڑا ہوا، غیر آباد، تباہ شدہ، بنجر، اُجاڑ زمین جس میں کھیتی باڑی نہ ہوتی ہو، پریشان، بے رونق، اُداس، حیران، (افعال: کرنا، ہونا) اسمِ کیفیت مث: ویرانی۔
ڈِیرانہ vii-raa-nah: (ف، اند) اُجاڑ اور غیر آباد جگہ۔
ڈِیزا vi-zaal: (انگ، اند) (Visa) پروانہ راہداری۔
ڈیسلین vais-liin: (انگ، اند) موم، روغن جو نرمی کے لیے لگاتے ہیں۔
ڈَیش vaish: (س، اند) ہندو کی چار ذاتوں میں سے ایک ذات جس کا پیشہ تجارت اور زراعت ہے۔
ڈِشنو vish-nu: (س، اند) ہندوؤں کا ایک بڑا فرقہ جو وشنو دیو کو مانتا ہے، ایک دیوتا۔
ڈیشیا viash-yaa: (س، اسث) طوائف، رنڈی۔
ڈَکسین vaik-siin: (انگ، اسث) (Vaccine) کسی بیماری کا خاص تدبیر سے تیار کیا ہوا زہریلا مادہ جس کا ٹیکا لگانے سے انسان اس بیماری سے محفوظ رہتا ہے۔
ڈَیگن vai-gan: (انگ، اند) (Wagon) مال گاڑی کا ڈبہ، چھکڑا۔

ہ

ہ۔الف

اسے اردو میں "ہے" اور "ح" سے ممیز کرنے کے لیے ہائے ہوز بھی کہتے ہیں۔ اردو حروف تہجی میں یہ چونتیسواں حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت حلق میں لٹکا ہوا کوا زبان کی جڑ کے ربط میں آتا ہے اور ہوا ہلکی رگڑ کے ساتھ منہ سے خارج ہوتی ہے۔ غشائی پردے بغیر سکڑے ہوئے ارتعاش پیدا کرتے ہیں۔ صوتیات کی اصطلاح میں یہ آواز غیر مسموع، حلقی صفیری مصمتہ یا حرف صحیح کہلاتی ہے۔

ہا haa: (ف، لاحقہ جمع) فارسی الفاظ کے آخر میں آ کر جمع بنا دیتا ہے۔ مثلاً "دل ہا" بالخصوص بے جان اشیاء کو۔

ہا haa: (ار، حرف افسوس) افسوس، دریغ، حیف، کسی امر کے روکنے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

ہابیل haa-biil: (ع، اند) حضرت آدم کے فرزند جن کو ان کے بڑے بھائی قابیل نے قتل کر دیا تھا۔

ہاتف (غیب) haa-tif: (ع، اند) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ، سروش، آواز غیب، غیب کی آواز۔

ہاتھ haath: (ہ، اند) دست، ہتھیلی، آدھ گز کی مقدار، قابو، اختیار، باعث، طفیل، حملہ، داؤں، معرفت، ذریعہ۔

ہاتھ اُدھار haath-u-dhaar: (ار، اند) قرض (بغیر تحریر کے) بہ اقرار جلد واپسی، دست گرداں۔

ہاتھ پاؤں haat-paa-auN: (ار، اند) دست و پا، وہ ملازم جو بہت کام کرے۔

ہاتھ دُھلائی haath-dhu-laa-i(i): (ار، اسث) ہاتھ دھلانے کا انعام جو دولہا سے لیا جاتا ہے۔

ہاتھ گاڑی haath-gaa-Rii: (ار، اسث) وہ گاڑی جو ہاتھ سے پکڑ کر کھینچی / دھکیلی جاتی ہے۔ ٹھیلا، رکشا۔

ہاتھوں ہاتھ haa-thauN-haath: (ار، متعلق فعل) دست بدست، فوراً، شتاب، جلد، تر نت۔

ہاتھی haa-thi(i): (ار، اند) فیل، پیل۔

ہاتھی پاؤں haa-thii-paa-auN: (ار، اند) ایک بیماری جس میں پاؤں نہایت موٹے ہو جاتے ہیں۔

ہاتھی خانہ haa-thiiKaa-nah: (ار، اند) فیل خانہ۔

ہاتھی دانت haa-thii-daaNt: (ار، اند) ہاتھی کے دانت جن کی اکثر چیزیں بنائی جاتی ہیں۔

ہاتھی نال ha-thii-naal: (ار، اسث) ایک قسم کی توپ جسے ہاتھی کھینچتے تھے۔

ہاٹ haaT: (ہ، اند) دوکان، سودا بکنے کی جگہ۔

ہاجی haa-ji: (ع، صف) ہجو کرنے والا، نقال، منہ چڑانے والا۔

ہادم haa-dim: (ع، صف) منہدم کرنے والا، عمارت کا ڈھانے والا، گرانے والا۔

ہادی haa-di(i): (ع، صف) ہدایت کرنے والا، رہنما، پیشوا۔ مث: ہادیہ۔

ہار haar: (ار، اسث) شکست، ہزیمت، مات، تکان، ماندگی۔

ہار haar: (ار، اند) پھولوں یا موتیوں کی مالا، تسبیح، سمرن، مالا، گلوبند۔

ہار/ہارا haa-ra(a): (ہ، صف) مرکبات میں بطور

لاحقہ کے مستعمل ہے۔ بمعنی والا، صاحب جیسے ہونہار۔

ہارا haa-ra(a): (ار، صف) تھکا ہوا، تھکا ماندہ، کمزور، ضعیف، ناتواں، ہارا ہوا مث: ہاری۔

ہاربر haar-bar: (انگ، مذ) Harbour بندرگاہ، سمندر میں ساحل کے قریب وہ مقام جہاں جہاز کھڑے ہوتے ہیں۔

ہارپوَن haar-pa-van: (انگ، مذ) Harpoon برچھے کی شکل کا وہ خمدار کانٹا جس سے بڑی مچھلیوں کا شکار کرتے ہیں۔

ہارسنگار haar-sing-haar: (ار، مذ) زیب و زینت، ایک درخت جس کے پھول کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں۔

ہارمونیم haar-mu-ni-yam: (انگ، مذ) Harmonium انگریزی قسم کا باجا جو ہاتھوں سے بجاتے ہیں۔

ہارنا haar-na(a): (ار، مص) بازی میں دے دینا، جوئے میں شرط دینا، شکست پانا، شکست کھانا، تھکنا، ماندہ ہونا، عاجز ہونا، مغلوب ہونا۔

ہاروُت haa-ruut: (ع، مذ) ایک عقیدے کے مطابق ان دو فرشتوں میں سے ایک جو دنیا میں آکر زہرہ نامی عورت پر عاشق ہو گئے تھے اور لوگوں کو جادو سکھاتے تھے۔ اب چاہ بابل میں لٹکے ہوئے عذاب الٰہی میں مبتلا ہیں۔

ہاروُن haa-ruun: (ع، مذ) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی کا نام، سردار، سالار قوم، قاصد، نقیب، پاسبان۔

ہاڑ haaR: (ہ، مذ) ہڈی، استخوان، ڈھانچ، ڈھچر۔

ہاڑنا haaR-naa: (ار، مص) ایک ہاٹ سے دوسرا ہاٹ تول کر دیکھنا، وزن سے وزن برابر کرنا، وزن کا مقابلہ کرنا۔

ہاسا haa-saal: (ار، مذ ق) ہنسی۔

ہاشم haa-shim: (ع، مذ) حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پردادا کا نام، صفت نسبتی: ہاشمی

ہاضم haa-zim: (ع، مذ) ہضم ہونے والا، ہضم کرنے والا، پاچک۔

ہاضمہ haa-zi-mah: (ع، مذ) ہضم کرنے کی قوت۔

ہاکر haa-kar: (انگ، مذ) Hawker، پھیری والا، خوانچے والا، گھوم پھر کر بیچنے والا۔

ہاکی haa-kii: (انگ، مث) Hockey ایک کھیل جس میں گیند اور خمیدہ لکڑی سے کھیلتے ہیں۔

ہال haal: (ار، مث) حرکت، جنبش، جھٹکا، چال، رفتار، گردش، (مذ) لوہے کا وہ چکر جو پہیے کے گرد چڑھایا جاتا ہے۔

ہال haal: (انگ، مذ) Hall بڑا کمرا، بڑا کمرا جس میں جلسے وغیرہ ہوتے ہیں۔

ہالٹ haalT: (انگ، مذ) Halt پڑاؤ، منزل، مقام، ٹھہراؤ، رُکنے کا حکم۔

ہالوُن haa-luun: (ہ، مث) سرسوں کی شکل کے دانے جو دواؤں میں کام آتے ہیں۔

ہالہ haa-lah: (ف، مذ) چاند کا کنڈل جو بخارات اور نمی سے چاند کے گرد پڑ جاتا ہے۔

ہالی haa-li(i): (ہ، صف) ہل چلانے والا، ہل جوتا۔

ہاموُن haa-muun: (ف، مذ) میدان، بیابان، جنگل، صحرا۔

ہاں haaN: (ار، کلمہ ایجاب) اچھا، ہوں، بھلا، ضرور، ٹھیک، بیشک، البتہ (مث) اقرار، حکم کا اشارہ، تاکید، تنبیہ (متعلق فعل) واقعی، وہاں اور یہاں کا مخفف۔

ہاں جی haaN ji(i): (ار، متعلق فعل) تعظیم کے

موقع پر، بیشک بجا ہے۔نام پکارتے وقت جواب دینے کا کلمہ۔

ہاں ہاں haaN haaN: (ار، متعلق فعل) وعدہ، اقرار، منظوری، قبولیت، ہرگز، بیشک، البتہ، ہرگز نہ، نہ نہ۔

ہانپنا haaNp-na(a): (ار، مص) جلد جلد سانس لینا، دم ٹوٹنا، سانس اکھڑنا۔

ہانڈنا haaND-na(a): (ار، مص) آوارہ پھرنا، بیکار پھرنا، آوارہ گرد ہونا۔

ہانڈی HaaN-Di(i): (ار، امث) کھانا پکانے کا مٹی کا برتن، شیشے کی ہانڈی جس میں روشنی رکھتے ہیں، لیمپ کا گلوب، (صف) پھرنے والی، آوارہ گرد۔

ہانڈی وال haaN-Dii-vaal: (ار، صف) کھانا کا شریک، ساجھی، حصہ دار۔

ہانس haaNs: (ھ، امذ) سینے سے اوپر اور گردن کے نیچے کی ہڈی، ہنسلی، ایک آبی پرندہ، ہنس۔

ہانک haaNk: (ار، امث) آواز، پکار، چلاہٹ، غل، شور۔

ہانک پکار haaNk-pu-kaar: (ار، امث) آدمیوں کا شور وغل، غل غپاڑہ۔

ہانکا haaN-ka(a): (ار، امذ) ہانکنے کا فعل، شکار کے لیے جھاڑیوں سے جانوروں کو باہر لانا۔

ہانکنا haaNk-na(a): (ار، مص) چلانا، دوڑانا، تیز رفتار کرنا، بے سوچے سمجھے کوئی بات زبان سے نکالنا، بڑھانا، ریلنا، پیلنا۔

ہانگی haaN-gi(i): (ار، امث) کپڑے کی چھلنی، میدہ چھاننے کی باریک چھلنی۔

ہاون haa-uun: (ف، امذ) اوکھلی، کھرل۔

ہاون دستہ haa-van-das-tah: (ف، امذ) اوکھلی اور موصل، دوائیں کوٹنے کا ایک ظرف اور موسلی۔

ہاؤ ہو haa-uu-hu(u): (ار، امث) شور و غوغا، آہ و بکا، واویلا، کراہنا وغیرہ۔

ہاویہ haa-vi-yah: (ع، امذ) دوزخ کا ساتواں اور سب سے نچلا طبقہ۔

ہاؤ ہاؤ haa-o-haa-o: (ار، امث) جلدی، گھبراہٹ، ہائے، پکار، واویلا، مانگ، طلب، تقاضا، کمی، توڑا۔

ہاہا haa-ha(a): (ار، امث) ہی ہی، ہنسی ٹھٹھے کی آواز، افسوس، حیف، چاپلوسی۔

ہاہا کار haa-haa-kaar: (ار، امث) ہائے ہائے، ڈر، خوف، گھبراہٹ، اضطراب، حیرانی، سرگردانی (افعال: مچانا، مچنا)

ہائل haa-il: (ع، صف) ہولناک، مہیب، ڈراؤنا، بھیانک، سخت، مث: ہائلہ۔

ہاؤس haa-uus: (انگ، امذ) House گھر، خانہ۔

ہاؤس بوٹ haa-uus-boT: (انگ، امث) Houseboat ایک کشتی جس میں رہتے بھی ہیں۔ کمرے کی طرح کی کشتی جس میں قیام وطعام کا انتظام ہوتا ہے۔

ہائی haa-i(i): (انگ، صف) High بلند، اونچا، بالا، بڑا، اعلیٰ۔

ہائی اسکول haa-ii is-kuul: (انگ، امذ) High School بڑا مدرسہ، وہ مدرسہ جس میں دسویں جماعت تک تعلیم ہو۔

ہائی کمان haa-ii ka-maan: (انگ، امث) ہائی کمانڈ کا بگاڑ، سالار اعلیٰ اور اس کا منصب، سالار عظمیٰ۔

ہائی کمشنر haa-ii ka-mish-nar: (انگ، امذ) سفیر، کسی حکومت کا نمائندہ جو اپنی حکومت کے مفادات کے لیے کسی دوسرے ملک میں رہتا ہے۔ High Commissioner۔

ہائی کورٹ haa-ii korT:(انگ،امث) HighCourt عدالت عالیہ، بڑی عدالت جس میں مرافعہ کرتے ہیں۔

ہائے (ہاۓ) haa-ye:(ار، حرف ندبہ) افسوس، دریغ، آہ، فریاد، بیماری وغیرہ کی آواز۔

ہائے (ہاۓ) اللہ haa-ye-al-laah:(ار، حرف ندبہ) اے خدا، اے اللہ۔

ہائے ہائے (ہاۓ) haa-ye haa-ye:(ار، متعلق فعل) آہ آہ، واویلا، آہ وزاری، پکار، مانگ، طلب۔

ہائیں haa-aiN:(ار، کلمہ تنبیہ) کسی کو منع کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

ہ-ب

ہبڑا hab-Raa: (ار، صف) بڑے بڑے دانتوں والا، بدشکل، بدصورت، بے ڈول، بھدا، مث: ہبڑی۔

ہبڑ دھبڑ ha-baR dha-baR:(ار، متعلق، فعل) جلدی جلدی۔

ہُبل hu-bal: (ع، امذ) ایک مشہور بت جو ایام جہالت میں مکہ میں رکھا ہوا تھا۔

ہبنق ha-ban-naq: (ع، صف) چھوٹے قد کا، احمق، سڑی، باولا، جانگلو۔

ہُبُوط hu-buut: (ع، امذ) نیچے اترنا، نازل ہونا، پستی، نشیب۔

ہبہ hi-bah: (ع، امذ) عطا، بخشش، وقف، خیرات، (افعال: کرنا، ہونا)

ہبہ نامہ hi-bah naa-mah:(ع، امذ) وہ کاغذیا دستاویز جس میں کسی چیز کو بخشنے کا اقرار لکھا جائے۔

ہ-پ

ہپ hap:(ار، امث) نگلنے کی آواز، ہڑپ۔

ہپ ہپ hap-hap:(ار، امث) جلدی جلدی نگلنے کی آواز، پوپلوں کے بولنے کی آواز۔

ہپا hap-pa(a):(ار، امذ) بچوں کا کھانا، پوپلوں کے کھانے کی چیز۔

ہپّی hip-pi(i):(انگ، امذ) ایک گروہ جس کے لوگ ہر قید و بند سے آزاد ہیں، نشہ عام کرتے ہیں اور آوارہ پھرتے ہیں (Hippy) اسم کیفیت مث: ہپی ازم (Hippyism)

ہ-ت

ہت hat:(ار، کلمہ تنفر) چل دور ہو، الگ ہو، ہٹ پرے۔

ہتا / ہتھا hat-ta(a)/hat-tha(a): (ار، امذ) ہاتھ، دستہ، موٹھ، قبضہ، گرفت، قابو، داؤ، اسم تصغیر مث: ہتی / ہتھی۔

ہتا جوڑی hat-taa jo-Ri(i):(ار، امذ) ایک قسم کا ناچ جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر ناچتے ہیں۔

ہتک ha-tak: (ع، امث) پردہ دری، رسوائی، بے حرمتی، بے عزتی۔

ہتک آمیز ha-tak-aa-mez:(عف، صف) بے عزتی سے بھرا ہوا، گستاخانہ۔

ہتک حرمت / عزت ha-tak hur-mat/(?)iz-zat: (عف، امث) کسی کی عزت میں بٹا لگانا، کسی کو رسوا و بدنام کرنا۔

ہتوتی / ہتوٹی ha-tau-ti(i)/Ti(i): (ہ، امث) دستکاری، چالاکی، عیاری، چھوٹی ہتھوڑی۔

ہتوڑا / ہتھوڑا ha-tau-Raa/ ha-thau-ra(a): (ار، امذ) لوہاروں کا ایک اوزار۔ کوٹنے کا آلہ، اسم تصغیر مث: ہتوڑی / ہتھوڑی۔

ہتھ hath:(ہ، امذ) دیکھیے "ہاتھ" جس کا یہ مخفف ہے

اور مرکبات میں مستعمل ہے۔

ہتھ اُدھار hath u-dhaar: (ار، اند) وہ قرض جو گرو رکھے بغیر دیا جائے، دست گرداں، قرض۔

ہتھ پھول hath phuul: (ار، اند) ایک قسم کی آتش بازی جس سے پھول جھڑتے ہیں جسے ہاتھ میں لے کر چھوڑتے ہیں۔

ہتھ پھیر hath-pher: (ار، اند) ہاتھ کی چالاکی، ادھار، (افعال: کرنا، لینا)

ہتھ پھیری hath-phe-ri(i): (ار، امث) دست مالی، مساس، معشوق کے بدن پر ہاتھ پھیرنا، غبن، صفایا، دست بُرد۔

ہتھ جوڑی hath-joRi(i): (ہ، امث) پہلوانوں کا کشتی کا معاہدہ کرنے کی غرض سے ہاتھ ملانا، ایک قسم کی گھاس جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔

ہتھ چھٹ hath-chhuT: (ار، صف) وہ جو ذرا سی بات پر مار بیٹھے۔ بڑا بھاری پھکیت، وہ پھکیت جس کا وار خالی نہ جائے۔

ہتھ رس / رسی hath-ras: (ہ، اند، مث) مساس، جلق، خارش، کھجلی۔

ہتھ کٹی hath-ka-Ti(i): (ہ، امث) ضرب جو اس لیے لگائی جائے کہ حریف کا ہاتھ بیکار ہو جائے۔

ہتھ کڑی / ہتھکڑی hath-ka-Ri(i): (ہ، امث) وہ آہنی کڑا یا زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے۔ (افعال: لگانا، لگنا)

ہتھ کنڈا hath-kan-Da(a): (ار، اند) ہاتھ کا کرتب، چالاکی، ہوشیاری، عیاری، شرارت، داؤ، پیچ، انداز، ڈھنگ، طور طریق، اپنے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیز۔

ہتھنی hath-ni(i): (ہ، امث) ہاتھی کی مادہ، بہت موٹی عورت۔

ہتھا hat-tha(a): (ار، اند) دیکھیے 'ہتا' معہ مرکبات۔

ہتھی hat-thii: (ار، امث) چھوٹا دستہ، دستی، موٹھ، گھوڑے کا برش، گنے کے رس کو ہلانے کا ڈنڈا۔

ہتھیار hath-yaar: (ہ، اند) اسلحہ، اوزار جنگ، وہ آلہ جس سے لڑیں، تلوار، خنجر، بندوق، توپ، نیزہ، چھری، ڈنڈا، لاٹھی، تکوا، کلباڑی وغیرہ۔ کام کرنے کا آلہ، اوزار پیشہ وراں۔

ہتھیار بند hath-yaar-band: (ف، صف) ہتھیار لگائے ہوئے، مسلح، سپاہی۔

ہتھیار خانہ hath-yaar Kaa-nah: (ار، ف، اند) ہتھیاروں کے رکھنے کا مکان، اسلحہ خانہ۔

ہتھیلی ha-the-li(i): (ار، امث) ہاتھ کا اندرونی حصہ جو انگلیوں کے نیچے ہوتا ہے، کف دست، تالی، ہتھیلیوں کو بجانے کی آواز۔

ہتیا hat-ti-ya(a): (س، امث) قتل، پاپ، گناہ، (افعال: کرنا، ہونا)

ہتیارا hat-yaara: (ہ، صف) قتل کرنے والا، جان سے مارنے والا، قاتل، خونخوار، سفاک، گناہگار، پاپی، مث: ہتیاری۔

ہ۔ٹ

ہٹ haT: (ہ، امث) ضد، اَڑ، اصرار، سرکشی، مخالف

ہٹ haT: (س، امث) دوکان، ہاٹ۔

ہٹ دھرم haT-dharm: (ہ، صف) ضدی، ہٹی، متمرد، بے ایمان، بد معاملہ، احسان فراموش، ناشکر گزار، متعصب، اسم کیفیت مث: ہٹ دھرمی۔

ہٹا کٹا haT-Taa kaT-Ta(a): (ار، صف) موٹا تازہ، فربہ، تندرست، مضبوط، مث: ہٹی کٹی۔

ہٹانا ha-Taa-na(a): (ار، مص) سرکانا، کھسکانا،

پرے کرنا، ایک طرف رکھنا، رستے میں سے ایک طرف کرنا، پسپا کرنا، شکست دینا، روکنا، ملتوی کرنا۔

ہٹنا haT-na(a): (ہ، مص) دیکھیے 'ہٹانا' جس کا یہ لازم ہے۔ ہٹ کرنا۔

ہٹی / ہٹیلا haT-Ti(i) ha-Tiilaa: (ہ، صف) ضدی، اڑیل، مچلا، بات کی پچ کرنے والا، مث: ہٹیلی۔

ہٹیا haT-ya(a): (ہ، اسث) دیکھیے 'ہٹی نمبر ا' جس کی یہ تصغیر ہے۔

ہ۔ج

ہجا hij-jaa: (ع، اند) حروف کا اعراب سے ظاہر کرنا، برائی بیان کرنا، ہجو، ملامت۔

ہجدہ hij-dah: (ف، عدد) اٹھارہ (18) ہژدہ۔

ہجدہم haj-dham: (ف، صف) اٹھارواں۔

ہجر hijr: (ع، اند) جدائی، مفارقت، علیحدگی۔

ہجراں hij-raaN: (ع، اند) دیکھیے 'ہجر' بمعنی جدائی۔

ہجرت hij-rat: (ع، اسث) جدائی، مفارقت، وطن کا چھوڑنا، وطن کو ہمیشہ کے لیے خیر باد کہنا، پیغمبر صلعم کا مکہ سے مدینہ جانا۔ (افعال: فرمانا، کرنا، ہونا)

ہجری hij-ri(i): (ع، اسث) ہجرت سے منسوب، مسلمانوں کا سنہ جو پیغمبر صلعم کی ہجرت کے دن سے شمار ہوتا ہے یعنی 622، 16 جولائی سے۔

ہجو hajv: (ع، اسث) برائی کرنا، برا کہنا، نظم میں کسی کی برائی کہنا، مذمت، برائی، بدگوئی۔ (افعال: کرنا، ہونا)

ہجوگو vajv-go: (عف، صف) ہجو کہنے والا، اسم کیفیت مث: ہجوگوئی۔

ہجو ملیح hajv-ma-liih: (ع، اسث) وہ ہجو جو بظاہر مدح معلوم ہو۔

ہجوم hu-juum: (ع، اند) بھیڑ کرنا، حملہ کرنا، بھیڑ، مجمع، انبوہ، کثیر، ٹھٹھ، جمگھٹ، بھیڑ بھاڑ، جم غفیر، ٹھٹ۔ (افعال: کرنا، ہونا، رہنا)

ہجے hij-je: (ار، اند) دیکھیے 'ہجا' جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ صورت بھی۔

ہجے hij-je: (ار، مص مرکب) اعراب سے لفظ ادا کرنا، حرفوں کو جوڑنا، کسی معاملہ میں خوانخواہ حجت نکالنا۔

ہ۔چ

ہچر مچر hi-char mi-char: (ہ، اسث) ہچکچاہٹ، جھجک، بہانہ، ٹال مٹول، پس و پیش، پکڑ دھکڑ، ٹال، رکاوٹ (افعال: کرنا، ہونا)

ہچک hi-chak: (ہ، اسث) جھٹکا، دھکا، ہچکولا، رکاوٹ، ٹال، جھجکنا، ہچکچاہٹ۔

ہچکچانا hich-ka-chaa-na(a): (ہ، مص) پس و پیش کرنا، کسی کام میں ٹال کرنا، آگا پیچھا کرنا، شک کرنا، شبہ کرنا، وہم کرنا، متردد ہونا، ڈرنا۔

ہچکچاہٹ hich-ka-chaa-haT: (ہ، اسث) دیکھیے 'ہچکچانا' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ تذبذب، ٹال۔

ہچکنا hi-chak-na(a): (ہ، مص) ہچکچانا، جھجکنا، ٹال کرنا، رُکنا۔ بہانہ کرنا، ٹال مٹول / مٹولے کرنا۔

ہچکولا hich-ko-la(a): (ہ، اند) دھچکا، دھکا، جھٹکا، دھکا، جنبش۔

ہچکی hich-ki(i): (ہ، اسث) چھوٹی چیز اٹکنے کی آواز جو سانس کے ایک دم رکنے سے پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے پردہ شکم اور نرخرہ کے سرے فوری تشنج سے سکڑ جاتے ہیں۔ وہ ہوا جو آواز کے ساتھ نکلتی ہے۔ وہ حالت جو نزع کے وقت ہوتی ہے (افعال: آنا، بندھنا، لگنا، لینا۔)

ہ ـ د

ہُدا hu-da(a): (ع، اِمذ) دیکھیے "ہُدیٰ"

ہدایا ha-daa-ya(a): (ع، اِمذ) دیکھیے 'ہدیہ' جس کی یہ جمع ہے۔

ہدایت hi-daa-yat: (ع، امث) کسی کو سیدھے راستے پر لے جانا، راہنمائی، رستہ دکھانا، رہبری، فہمائش، نصیحت، راہ نیک، حکم ارشاد، فرمان۔

ہدایت نامہ hi-daa-yat-naa-mah: (ع، اِمذ) ہدایتوں کی کتاب، وہ رسالہ یا کتاب جس میں کسی امر کے متعلق احکام یا طریقے درج ہوں۔ دستور العمل۔

ہدر ha-dar: (ع اِمذ) کسی کے قتل کو مباح قرار دینا، مفت۔

ہدف ha-daf: (ع، اِمذ) تیر کا نشانہ، زد، مار، نشانہ۔

ہُدہُد hud-hud: (ع، اِمذ) ایک پرندہ جو فاختہ کے برابر ہوتا ہے۔ اس کے سر پر پروں کی کلغی ہوتی ہے، یہ لکڑی میں سے کیڑے نکال کر کھاتا ہے۔ کٹھ پھوڑا، کٹھ بڑھئی، کنایۃً بیوقوف۔

ہُدیٰ hu-da(a): (ع، اِمذ) راہ راست دکھانا، راہبری، راہنمائی کرنا، تجارت کے لیے رہنمائی، درست راستہ، نجات کا راستہ۔

ہدیہ had-yah: (ع، اِمذ) تحفہ، نذر، نذرانہ، نسخۂ قرآن شریف کی قیمت، قرآن ختم کرنے کی تقریب، وہ نذرانہ/پوشاک وغیرہ جو ختم قرآن پر استاد کو دیتے ہیں۔

ہ ـ ڈ

ہُڈ huD: (ار، اِمذ) ہڈا یا ہڈی کا مخفف۔

ہُڈا huD-Daa: (ار، اِمذ) بڑی ہڈی، وہ ہڈی جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے جوڑ میں پیدا ہو جاتی ہے اور گھوڑا اس کی وجہ سے لنگ کرنے لگتا ہے۔

ہڈی haD-Dii: (ار، امث) وہ سخت چیز جو انسان، حیوان اور پرندوں کے بدن میں گوشت کے اندر ہوتی ہے، استخوان، گاجر کے اندر کی سخت چیز، اصل۔

ہ ـ ذ

ہٰذا haa-zaal: (ع، اسم اشارہ، مذ) یہ، اس سمت بنٰذہ

ہذیان haz-yaan: (ع، اِمذ) وہ بیہودہ باتیں جو انسان مرض کی بیہوشی میں کرتا ہے۔ بیہودہ کلام، بک بک، بکواس۔ (افعال: بکنا) صف نسبتی: ہذیانی۔

ہ ـ ر

ہر har: (ہ، اِمذ) وشنو، کرشن، مہادیو، خدا، پرمیشور۔ بھگوان۔

ہر بھجنا har-bhaj-na(a): (ہ، مص مرکب) خدا کا نام لینا، مالا جپنا، خدا کا ذکر کرنا۔

ہر بھگت har-bha-gat: (ہ، صف) وشنو کی عبادت کرنے والا۔

ہر har: (ف، حرف تنکیر) ایک ایک، فی کس، تمام، سب، یہ لفظ مجموعۂ افراد یا اشیا میں سے فرداً فرداً ذکر کرنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ جمع کے ساتھ درست نہیں۔

ہرآن har-aan: (ف، متعلق فعل) ہر لحہ، ہر گھڑی، ہر دفعہ، ہر بار۔

ہرآنکہ har-aaN-kih: (ف، متعلق فعل) جو شخص، جو کوئی۔

ہرایک har-ek: (ار، حرف تنکیر) ہر شخص، ایک ایک، ہر بشر۔

ہر بار har-baar: (ف، متعلق فعل) ہر دفعہ، بار بار، گھڑی گھڑی۔

ہرجائی har-jaa-i(i): (ف،صف) وہ جو ایک جگہ نہ ٹھہرے اور مارا مارا پھرے، کنایۃً معشوق جو خاص کر کسی کا پابند نہ ہو، بے مروت، بے وفا، اسم کیفیت مذ (ہرجائی پن /پنا)

ہرچند har-chand: (ف، متعلق فعل) کتنا ہی، کیسا ہی، اس کے آگے کہ زائد بھی لگا دیتے ہیں۔ جتنا کچھ جس قدر۔

ہرچہ har-chah: (ف، حرف تنکیر) ہر چیز، جو کچھ۔

ہرحال میں har-haal-main: (ار، متعلق فعل) ہر حالت میں، ہر طرح۔

ہردفعہ har-da-fa(?): (ف، متعلق فعل) ہر بار، ہر موقع، ہمیشہ۔

ہردل عزیز har-dil-(?)a-ziiz: (فع، صف) سب کا پیارا، عام پسند، وہ آدمی جسے ہر ایک آدمی عزیز رکھے۔ اسم کیفیت مث: (ہردل عزیزی)

ہردم har-dam: (ف، متعلق فعل) ہر وقت، ہر گھڑی، ہر لحظہ، ہر لحہ۔

ہرروز har-roz: (ف، متعلق فعل) روزمرہ، بلاناغہ، سدا۔

ہرسو har-suu: (ف، متعلق فعل) ہر طرف، ہر جانب، ہر سمت، سب طرف۔

ہرطرف har-ta-raf: (ف، متعلق فعل) سب طرف، ہر جانب۔

ہرفن مولا har-fan-mau-laa: (ار، مذ) ہر فن جاننے والا، ہر کام میں طاق، ہمہ داں۔

ہرکارہ har-kaa-rah: (مذ) ہر کام کرنے والا، چٹھی رساں، قاصد، ڈاکیا، نامہ بر، چپراسی، پیادہ، اردلی، جلوس، مخبر۔

ہرکجا har-ku-jaa: (ف، متعلق فعل) ہر جگہ، جہاں کہیں۔

ہرکس وناکس har-ka-so-na-kas: (ف، متعلق فعل) ہر شخص، ادنیٰ اعلیٰ، چھوٹا بڑا۔

ہرکہ har-keh: (ف، متعلق فعل) جو کوئی۔

ہرگاہ har-gaah: (ف، متعلق فعل) جب، جس وقت، جس گھڑی، جس حال میں، چونکہ۔

ہرگز har-gaz ~ glz: (ف، کلمہ تاکید) بالکل، قطعاً، مطلقاً۔

ہروقت har-vaqt: (فع، متعلق فعل) ہر گھڑی، بار ہا، ہر موقع پر

ہریک ha-rek: (ف، حرف تنکیر) ہر ایک۔

ہُر hur: (ار، اسث) وہ آواز جو پرندوں کے اڑنے سے پیدا ہوتی ہے۔

ہرا ha-raa: (ار، صف) سبز، دھانی، سرسبز، شاداب، تروتازہ، زرخیز، بارآور، کامیاب، بامراد، پھلا پھولا، مث: (ہری بھری)

ہُرّے hur-rey: (انگ، کلمہ تحسین و مسرت) Hurrah کلمہ تحسین، مرحبا، شاباش، کیا خوب۔

ہراس hi-raas: (ف، اند، مث) خوف، ڈر، ہول (ار، اند) ناامیدی، مایوسی۔

ہراساں hi-raa-saaN: (ف، صف) ڈرا ہوا، خوفزدہ، ناامید، مایوس۔

ہرانا ha-raa-na(a): (ار، مص) بازی دینا، مات کرنا، شکست دینا، مغلوب کرنا، تھکانا، مضمحل کرنا۔

ہرائند ha-raand: (ہ، اسث) کچے مصالحے کی بو، کچی ہلدی کی سی بو، کچے پھول وغیرہ کی بو۔

ہرج harj: (ع، اند) شورش، ہنگامہ، دنگا، گڑبڑ، فتنہ، خرابی، خسارہ، خلل، وقفہ، ڈھیل، دیر، (افعال: کرنا، ہونا)

ہرج مرج harj-marj: (ف، اند) شورش، بلوا، نقصان، خلل، گڑبڑ، بدنظمی، ایسی ضرورت پیش آنا جس وجہ سے دوسرا کوئی کام نہ ہو سکے (افعال: کھینچنا)

ہرجانہ har-jaa-nah: (ار، اند) ہرج کرنے کا معاوضہ، تاوان۔

ہرجہ har-jah: (ف، اند) نقصان، خسارہ، ہرجانہ، تاوان۔

ہِروال hir-vaal: (ار، اند) دل، من، قلب، ضمیر۔

ہرداول har-daa-val: (ار، امث) گھوڑے کے سینے کی بھونری جو منحوس سمجھی جاتی ہے۔

ہرزہ har-zah: (ف، صف) بیہودہ، لغو، نامعقول۔

ہرزہ کار har-zah-kaar: (ف، صف) وہ جو بیہودہ باتوں کا خوگر ہو۔

ہرزہ گرد har-zah-gard: (ف، صف) بے مقصد، مارا مارا پھرنے والا، اسم کیفیت ہے: ہرزہ گردی۔

ہرم ha-ram: (ع، صف) بوڑھا، بوڑھا آدمی، روح، عقل، سمجھ، پرانا، قدیم، مصر کے قدیم بادشاہوں کا مقبرہ۔

ہرن hi-ran: (ار، اند) مرگ، آہو۔

ہرنا har-naa: (ار، اند) کاٹھی کا اگلا حصہ جو ابھرا ہوا ہوتا ہے۔

ہرنوٹا har-nau-Taa: (ار، اند) ہرن کا بچہ۔

ہرنی hir-nii: (ار، امث) دیکھیے 'ہرن' جس کی یہ تانیث ہے۔

ہرّہ hir-rah: (ع، صف) بلی، گربہ۔

ہرہرانا hir-ha-raa-naa: (ہ، صف) ڈرنا، کانپنا، غرانا، دریا کا شور کرنا۔

ہری ha-rii: (ہ، اند) خدا، پرمیشور، بھگوان۔

ہری چگ ha-rii-chug: (ار، صف) ہری گھاس کھانے والا، دولت کا ساتھی، بے وفا، ہرجائی۔

ہریالا har-yaa-la(a): (ار، صف) سرسبز، نوجوان، خوبصورت۔

ہریاول har-yaa-val: (ہ، امث) ہریالی، سبزی، طراوت، تازگی، سبزہ زار، چراگاہ، مرغزار۔

ہریسہ ha-rii-sah: (ع، اند) ایک قسم کا کھانا جو گیہوں کے آٹے، گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکاتے ہیں۔ صف، نہایت گلا ہوا، گھلا ہوا۔

ہریل har-yal: (ہ، اند) ایک قسم کا سبز رنگ کا پرندہ جو کبوتر کے برابر ہوتا ہے۔

ہ۔ڑ

ہڑ haR: (ار، امث) ہلیلہ، ایک قسم کا کسیلا پھل، ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہڑ سے مشابہ ہوتی ہے۔ اور گوٹے کے ہاروں اور ازار بند میں لگائی جاتی ہے۔ ہاڑ کا مخفف، ہڈی، استخوان۔

ہڑپھوٹن har-phuu-Tan: (ار، امث) ہڈیوں کا درد، اعضا شکنی۔

ہڑبڑانا haR-ba-Raa-na(a): (ار، مص) بوکھلانا، بے قرار ہونا، مضطرب ہونا۔

ہڑبڑی haR-ba-Ri(i): (ار، صف) جلدی، گھبراہٹ، بے قراری، اضطراب، ہل چل، افراتفری۔

ہڑبڑیا haR-baR-ya(a): (ار، صف) مضطرب، بے چین، گھبرایا ہوا، جلد باز۔

ہڑبونگ haR-bauNg: (ہ، اند، مث) ہنگامہ، تلاطم، ابتری، گڑبڑ، فساد۔

ہڑپ ha-Rap: (ہ، اند) بغیر چبائے نگل جانا، ایک ہی دفعہ نوالہ اتار دینا۔

ہڑپنا ha-Rap-naa: (ار، مص) نگلنا، غبن کرنا۔

ہڑتال haR-taal: (ار، امث) کسی ماتم یا احتجاجی طور پر تمام بازار بند کر دینا یا کام چھوڑ دینا۔

ہڑدنگا haR-dan-gaa: (ہ، صف) آوارہ، مارا مارا پھرنے والا اند: لڑکیوں کا اچھلنا کودنا، مث: ہڑدنگی۔

ہڑک ha-Rak: (ھ، اسث) جنون، سگ گزیدگی، وہ بیماری جو باؤلے کتے کے کاٹنے سے ہو جاتی ہے۔ کنایۃً امنگ ولولہ، لت، عادت، وحشت۔

ہڑک اُٹھنا ha-Rak-uTh-na(a): (ار، محاورہ) باؤلے کتے کی طرح بولنا اور کاٹنے کو دوڑنا، ولولہ اُٹھنا۔

ہڑکا haR-ka(a): (ھ، امذ) کسی کی جدائی کا غم جس سے بچے بیمار پڑ جاتے ہیں۔

ہڑکانا haR-kaa-na(a): (ار، مص) ترسانا، بھڑکانا، کسی کی جدائی سے رنج دینا۔

ہڑکائی haR-kaa-i(i): (ھ، صف) پگلی، دیوانی، باؤلی۔

ہُڑکنا hu-Rak-na(a): (ھ، مص) بچوں کا کسی کو یاد کرنا، ترسنا، پھڑکنا، خواہش مند ہونا۔

ہ۔ز

ہزار ha-zaar: (ف، اسم عدد) دس سو، بے شمار، متعلق فعل، ہر چند، کتنا ہی، بہتیرا، مث بلبل ہزار داستان۔

ہزار پا ha-zaar-pa: (ف، امذ) کنکھجورا۔

ہزارہ ha-zaa-raah: (ف، امذ) سرحدی پہاڑی علاقے کی قوم کا نام، ایک قسم کا تالا جس کا پھول بڑا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا فوارہ۔

ہزاری ha-zaa-ri(i): (ف، صف) دیکھیے 'ہزار' جس سے یہ منسوب ہے، قدیم فوجی منصب مثلاً دو ہزاری، ہفت ہزاری۔

ہزّال haz-zaal: (ع، صف) پرلے درجہ کا ہزل گو، بہت بڑا مسخرہ۔

ہِزبر hiz-bar: (ع، امذ) شیر ببر، پھاڑ ڈالنے والا۔

ہزج ha-zaj: (ع، اسث) عروض کی ایک بحر کا نام، وہ آواز جو سر تال کے ساتھ ہو۔

ہزل hazl~ha-zal: (ع، اسث) بیہودہ باتیں، مزاح، تمسخر، وہ نظم جس میں مسخرے پن کی باتیں اور مضامین ہوں۔ فحش باتیں۔

ہزل گو ha-zal-go: (عف، صف) بیہودہ باتیں کرنے والا، مذاقیہ نظم لکھنے والا، اسم کیفیت مث: ہزل گوئی۔

ہزیمت ha-zii-mat: (ع، اسث) شکست، بھاگڑ، ہار، (افعال: کھانا، اُٹھانا)

ہ۔س

ہست hast: (ف، اسث) ہستی، زندگی، زیست، حیات وجود، کائنات۔

ہست وبُود has-to-buud: (ف، اسث) قیام و وجود، حیات و زندگی۔

ہستنی has-ta-ni(i): (س، اسث) مادہ فیل، ہتھنی، کوک شاستر کے مطابق عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم جو بدن کی بھاری اور بڑی پرشہوت ہوتی ہے۔

ہستی has-ti(i): (ف، اسث) وجود، قیام، موجودگی، موجودات، مخلوقات، کائنات، حیات، زندگی، زیست (ار) حقیقت، اصل، بساط، مجال، طاقت، تاب، دولت، ثروت، دنیا۔

ہ۔ش

ہُش hush: (ف، اسث) کتے وغیرہ کو دھتکارنے کی آواز اُونٹ کے بٹھانے کی آواز، پرندوں کو اُڑانے کی آواز، ہوش کا مخفف۔

ہشاش hash-shaash: (ع، صف) خوش، شاداں، بشاش، ہنس مکھ۔

ہشاش بشاش hash-shaash bash-shaash:

(ع،صف) بہت خوش، خوش اور ہنستا ہوا۔

ہشت hasht: (ف،اسم عد) آٹھ (8)

ہشتم / ہشتمیں hash-tam/ hash-ta-miiN: (ف،صف) آٹھواں

ہُشت husht: (ف، اند) کسی امر سے روکنے / جھڑکنے / نفرت ظاہر کرنے کے لیے بولا جاتا ہے۔

ہشت مُشت hasht-musht: (ف،اند) لات، گھونسا، مارکٹائی، دھینگا مشتی، جوتی پیزار (انعال: ہونا)

ہُشیار hush-yaar: (ف، اند) دیکھیے 'ہوشیار' اسم کیفیت مث: ہشیاری۔

ہ۔ض

ہضم hazm: (ع،اند) معدے میں کھانا پچنا، پچاؤ۔

ہ۔ف

ہفت haft: (ف،اعدد) سات (7)

ہفت خواں haft-KwaaN: (ف،اند) ایران اور توران کے درمیانی سات مقامات جو رستم نے سات دن میں کیکاؤس کو چھڑانے کے لیے طے کیے تھے۔ نہایت مشکل کام۔

ہفت دہ haft-dah: (ف،اسم عدد) سترہ۔ (17)

ہفت رنگی haft-ran-gi(i): (ف، صف) سات رنگوں کا، مکار، گھاگ۔

ہفت روزہ haft-ro-zah: (ف،اند) سات دن والا، وہ کاغذ جس میں ہفتہ کی کارگزاری یا حالات و واقعات درج ہوں ہفتہ میں ایک بار شائع ہونے والا اخبار۔

ہفت زبان haft-zu-baan: (ف، صف) وہ شخص جو سات زبانیں جانتا ہو، بہت سی زبانیں جاننے والا۔

ہفت قلزم haft qul-zum: (ف، اند) بحیرۂ قلزم، بحیرۂ عمان، بحیرۂ عرب، بحیرۂ روم، بحیرۂ خضر، بحیرۂ اسود، بحیرۂ ظلمات۔

ہفت قلم haft-qa-lam: (ف، اند) لکھنے کے سات انداز یا خط، ثلث، محقق، توقیع، ریحان، رقاع، نسخ، نستعلیق، وہ شخص جو لکھنے کے تمام انداز جانتا ہو۔

ہفت گوشہ haft-go-sha(a): (ف،اند) سات کونے والا۔

ہفتگی haf-ti-gi(i): (ف،صف) دیکھیے 'ہفت روزہ۔'

ہفت ہزاری haft-ha-zaa-ri(i): (ف،اند) شاہان مغلیہ کی طرف سے ایک بہت بڑے منصب کا نام۔

ہفتاد haf-taad: (ف،اسم عدد) ستر، (70)

ہفتم haf-tum: (ف،صف) ساتواں۔

ہفتہ haf-tah: (ف،اند) سات دن کی مدت، سات دن، سنیچر، شنبہ، ساتواں دن۔

ہفتہ عشرہ haf-tah (?)ash-rah: (ف، اند) آٹھ دس دن کا زمانہ، چند روزہ۔

ہفت نظر haf-na-zar: (ع، امث) چشم بددور، ماشاءاللہ۔

ہ۔ک

ہک huk: (انگ،اند) (Hook) آہنی میخ، وہ خمدار کیل جو دیوار میں گاڑتے ہیں۔ اچکن میں گھنڈی کی جگہ لگانے کی کنیا۔

ہکا بکا hak-kaa bak-ka(a): (ار،صف) متحیر، گھبرایا ہوا، سراسیمہ، حواس باختہ۔ (انعال: رہنا، ہونا)

ہکلا hak-la(a): (ار،اند) لکنت کرنے والا، رک رک کر باتیں کرنے والا مث: ہکلی، اسم کیفیت مذ: ہکلا پن۔

ہکلانا hak-laa-na(a): (ار، مص) لکنت کرنا، زبان کا لڑکھڑانا۔

ہ۔گ

ہگاس ha-gaas: (ار، امث) پاخانے کی حاجت۔ رفع ضرورت کی خواہش۔ (افعال: لگنا)

ہگانا ha-gaa-na(a): (ار، مص) پاخانہ پھرانا۔

ہگنا hag-na(a): (ار، مص) براز کرنا، پاخانہ پھرنا۔

ہگو / ہگوڑا hag-gu(u)/ ha-go-Ra(a): (ار، صف) بار بار ہگنے والا، بہت ہگنے والا، کنایۃً، ڈرپوک، بزدل۔

ہ۔ل

ہل hal: (ار، امذ) زمین جوتنے کا آلہ، زمین کھودنے کا اوزار۔

ہل جوتنا/چلانا/چلنا hal-jot-naa/ cha-laa-na(a)/ chal-na(a): (ار، مص مرکب) بیج بونے کے لیے زمین کو ہل سے نرم کرنا/ہونا۔ قلبہ رانی کرنا/ہونا۔

ہلا hal-la(a): (ار، امذ) چڑھائی، دھاوا، حملہ، یورش، شور، غل۔

ہلا ہلا ha-laa-hi-la(a): (ار، صف) مانوس۔ (افعال: ہونا) مث: ہلی ہلی۔

ہلاس hu-laas: (ہ، امث) خوشی، شادی، شادمانی، ناس، نسوار ناک میں سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو یا کوئی دوا۔

ہلاک ha-laak: (ع، امذ) قتل، فنا، تلف، تباہی، بربادی، خرابی (صف) قتل کیا ہوا (ار، صف) پژمردہ، مضمحل، مجازاً مشتاق، آرزومند۔

ہلاکت ha-laa-kat: (ع، امث) دیکھیے "ہلاک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے، قتل، فنا، تباہی۔

ہلاکو ha-laa-ku(u): (ار، صف، مذ) ظالم، جلاد، سفاک، ایک تاتاری بادشاہ کا لقب۔

ہلال hi-laal: (ع، امذ) پہلی رات کا چاند، صف نسبتی: ہلالی۔

ہلال ابرو hi-laal ab-ru(u): (عف، امذ) ابرو کو ہلال سے تشبیہہ دیتے ہیں۔

ہلالین hi-laa-lain: (ع، امث) دیکھیے "قوسین" ہلال کا تثنیہ لغوی معنی دو چاند۔

ہلانا hi-laa-na(a): (ار، مص) حرکت دینا، جنبش دینا، مانوس کرنا، خوگر کرنا، پرچانا، سدھانا۔

ہلاہل ha-laa-hal: (ع، صف) قاتل، مہلک، زہر قاتل۔

ہلچل hal-chal: (ار، امث) بھاگڑ، کھلبلی، بے قراری، گھبراہٹ، بلوا، دنگا فساد۔ (افعال: پڑنا، مچنا، ہونا)

ہلدی hal-di(i): (ار، امث) ایک قسم کی زرد جڑ جو سالن میں رنگ کے واسطے ڈالتے ہیں، زرد چوبہ۔

ہلڑ hul-laR: (ار، امذ) شور وغل، غل غپاڑہ، ہنگامہ، (افعال: کرنا، مچانا، مچنا، ہونا)

ہلکا hal-ka(a): (ار، صف) سبک، خفیف، کم وزن، ادچھا، کم ظرف، کم قیمت، گھٹیا، بے عزت، حقیر، ذلیل، پھیکا مث: ہلکی، اسم کیفیت مذ: ہلکا پن۔

ہلکارنا hul-kaar-na(a): (ار، مص) کتے کو شکار پر دوڑانا، کنایۃً کسی کو جنگ و فساد پر آمادہ کرنا، مرغوں کو لڑنے کے لیے اکسانا۔

ہلکان hal-kaan: (ع، صف) تھکا ماندہ، پریشان، مضمحل۔ نیم جان (افعال: کرنا، ہونا)

ہلکورا hal-ko-ra(a): (ار، امذ) لہر، موج۔

ہلکورنا hal-kor-na(a): (ار، مص) ہلانا، جھنجھوڑنا۔

ہلگت hil-gat: (ار، امث) عادت، سبھاؤ، خو۔

ہلگنا hi-lag-na(a): (ار، مص) چمٹ رہنا، الجھنا، پھنسنا۔

ہلنا hil-na(a): (ار، مص) متحرک ہونا، لرزنا، کانپنا، تھرتھرانا، جنبش کرنا، مانوس ہو جانا، پرچنا۔

ہلو ha-lo: (انگ، اند) Hello

ہلہل hul-hul: (ار، اند) ایک پودا جو بواسیر کے لیے بہت مفید ہے۔

ہلہلا hal-ha-la(a): (ہ، اند) شگوفہ، کوئی عجیب بات، انوکھی بات، شوق، امنگ، بہتان، جھوٹی بات، بے سروپا بات۔

ہلیلہ ha-lii-la(h): (ف، امث) ہڑ، ایک دوا کا نام۔

ہ۔م

ہم ham: (ار، اسم ضمیر متکلم جمع) میں اور میرے ساتھی، کلمہ تعظیم اپنی ذات کے لیے۔

ہم ham: (ف، حرف، ربط) نیز، بھی، بلکہ، اس کے علاوہ، کسی کام میں شرکت ظاہر کرنے کے لیے، آپس میں، باہم دگر۔

ہم آغوش ham-aa-Gosh: (ف، صف) بغل گیر، ہم کنار، باہم گلے ملنے والا، (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: ہم آغوشی۔

ہم آواز / آہنگ ham-aa-vaaz/aa- hang: (ف، صف) سُر یا راگ میں شریک ساتھی۔ متفق الرائے، اسم کیفیت مث: ہم آوازی، آہنگی۔

ہم بزم ham-bazm: (ف، صف) محفل میں شریک، اسم کیفیت مث: ہم بزمی۔

ہم بستر ham-bis-tar: (ف، صف) ایک بستر پر کسی کے ساتھ سونے والا، جماع کرنے والا، (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: ہم بستری۔

ہم پلہ ham-pal-lah: (ف، صف) برابر کی ٹکر کا، برابر کا جوڑ، ہم جنس، برابر کی مار کا، برابر فاصلہ کا، ہم رتبہ، ہم وزن۔

ہم پہلو ham-peh-lu(u): (ف، صف) پہلو بہ پہلو، ساتھی، برابر کا۔

ہم پیالہ / نوالہ ham-pyaa-la(h): (ف، صف) ایک پیالے میں کھانے والا، ہم کاسہ، گہرا دوست۔

ہم جلیس ham-ja-liis: (ف، صف) ہم نشین، پاس بیٹھنے والا۔

ہم جماعت ham-ja-maa-(?)at: (ف، صف) ہم سبق، جماعت کا یار، ایک جماعت سے تعلق رکھنے والا۔

ہم جنس ham-jins: (ف، صف) ایک جنس کا، ہم ذات، ایک نمونے کا، ہم رتبہ، ہم پیشہ۔

ہم جنسی ham-jin-si(i): (ف، امث) دیکھیے 'ہم جنس' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ اپنی جنس میں جنسی دلچسپی لینے کا عمل، Homosexual کا ترجمہ۔

ہم جولی ham-jo-li(i): (ار، صف) ہم عمر، ساتھ کھیلا ہوا، لنگوٹیا۔ ہم سن، وہ کم سن جو ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک ہے۔

ہم چشم ham-chashm: (ف، صف) برابر والا، ہم مرتبہ، مقابل۔ (افعال: ہونا) اسم کیفیت مث: ہم چشمی۔

ہم چومن ham-chuu-man: (ف، مثل) میرے یا ہمارے مثل دوسرا نہیں، خودستائی کے لیے مستعمل ہے۔

ہم داماں ham-daa-maaN: (ف، اند) بیوی کی بہن کا شوہر، ہم زلف، ساڑھو۔

ہم درد ham-dard: (ف، صف) دکھ درد کا ساتھی، دردمند، غمخوار، اسم کیفیت مث: ہم دردی۔

ہم درس ham-dars: (ف، اند) ساتھ سبق پڑھنے والا، اسم کیفیت مث: ہم درسی۔

ہم دست ham-dast: (ف، اند) ہمراہ، ساتھ، شریک، رفیق، متفق۔

ہم دم ham-dam: (ف، اند، مث) رفیق، یار، دوست۔ (ار، اند) حقہ، اسم کیفیت مث: ہم دمی۔

ہم دوش ham-dosh: (ف، صف) برابر بیٹھنے والا، ہمسر، برابر کا اسم کیفیت مث: ہم دوشی۔

ہم دیوار ham-di-vaar: (ف، صف) پڑوسی، ہمسایہ۔

ہم ذات ham-zaat: (ف، صف) ایک ذات کا، ہم قوم۔

ہم راز ham-raaz: (ف، صف) ساتھ چلنے والا، ساتھی، رفیق، ہم رنگ، ساتھ، سنگ۔

ہم راہی ham-raa-hi(i): (ف، صف) ساتھی، ساتھ چلنے والا، دیکھیے 'ہم راہ' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہم رشتہ ham rish-tah: (ف، صف) جو رشتہ میں برابر ہو، ایک لڑی میں پرویا ہوا، ساتھ، منسلک۔

ہم رکاب ham-ra-kaab: (ف، صف) ہم سفر، ہم راہ، سواری کے ساتھ۔

ہم رنگ ham-rang: (ف، صف) ایک طرح کا، یکساں، یکساں رنگ کا، اسم کیفیت مث: ہم رنگی۔

ہم زاد ham-zaad: (ف، صف) جو ساتھ پیدا ہوا ہو (اند) وہ جن یا فرشتہ جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے۔

ہم زُبان ham-zu-baan: (ف، صف) ہم قول، متفق، ہم کلام، اسم کیفیت مث: ہم زبانی۔

ہم زُلف ham-zulf: (ف، صف) ساڑھو، سالی کا خاوند۔

ہم زماں ham-za-maaN: (ف، صف) ہم عصر، ایک زمانے کے لوگ۔

ہم سایہ ham-saa-yah: (ف، صف) پڑوسی، پاس کے مکان والا، اسم کیفیت مث: ہم سائگی۔

ہم سبق ham-sa-baq: (ف، صف) دیکھیے "ہم درس" اسم کیفیت مث: ہم سبقی۔

ہم سخن ham-su-Kan: (ف، صف) ہم زبان، ہم کلام، ساتھی اسم کیفیت مث: ہم سخنی۔

ہم سر ham-sar: (ف، صف) برابر کا، ہم رتبہ، بیوی یا شوہر، اسم کیفیت مث: ہم سری۔

ہم سفر ham-sa-far: (ف، صف) ساتھ سفر کرنے والا، سفر کا ساتھی، رفیق راہ، اسم کیفیت مث: ہم سفری۔

ہم سن ham-sin: (ف، صف) ہم جولی، ہم عمر، اسم کیفیت مث: ہم سنی۔

ہم سنگ ham-sang: (ف، صف) ہم وزن، رتبہ میں برابر۔

ہم شکل ham sha-kal~shakl: (فع، صف) ایک شکل کا، ہم صورت، اسم کیفیت مث: ہم شکلی۔

ہم شیر ham-shiir: (ف، اند) رضائی بھائی، حقیقی بھائی یا بہن۔

ہم شیر زاد ham-shiir-zaad: (ف، اند) بھانجا، خواہر زادہ، اسم کیفیت مث ( ) ہم شیر زادی۔

ہم صحبت ham-soh-bat: (فع، صف) صحبت میں رہنے والا، مصاحب۔

ہم صفیر ham-sa-Fiir: (فع، صف) وہ پرندے جو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں۔ مجاز اً ہمدم، ہم رنگ۔

ہم طالع ham-taa-le(?): (فع، صف) یکساں نصیب والا۔

ہم طرح ham ta-rah: (ف، صف) وہ غزل یا

قصیدہ جو ایک ہی طرح یا زمین میں لکھا جائے۔ اسم کیفیت:مث: ہم طرحی۔

ہم عصر / عہد ham-(?)asr/ (?)e-had: (فع، صف) ہم عہد، ہم زمانہ، ایک وقت کا، اسم کیفیت مث: ہم عصری / عہدی۔

ہم عمر ham-umr: (ف، صف) برابر عمر کا، اسم کیفیت مث: ہم عمری۔

ہم عناں ham-(?)i-naaN: (ف، صف) ہمرکاب، ہمراہ، ساتھی، رفیق۔

ہم قدم ham-qa-dam: (ف، صف) ساتھی، رفیق، ہمراہی، ہم سفر، اسم کیفیت مث: ہم قدمی۔

ہم قسم ham qa-sam: (ار، صف) حلیف، باہم عہد کرنے والا، کسی بات پر ایک دوسرے کا ساتھ دینے کا وعدہ کرنے والا۔

ہم قلم ham-qa-lam: (ف، صف) ہم عہدہ، وہ لوگ جو ایک ہی خدمت پر مقرر ہوں۔

ہم قوم ham-qaum: (ف، صف) ایک قوم کا، ایک ذات کا۔

ہم کلام ham-ka-laam: (ف، صف) ہم سخن، مل کر بات کرنے والا، اسم کیفیت مث: ہم کلامی۔

ہم کنار ham-ki-naar: (ف، صف) ہم آغوش، بغل گیر، (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت مث: ہم کناری۔

ہم مذہب / مشرب ham maz-hab/ mash-rab: (ف، صف) ایک ہی مذہب کا، ایک ہی ملت کا۔

ہم مرکز ham-mar-kaz: (ف، صف) وہ دائرے جن کا ایک مرکز ہو۔

ہم معنی ham ma(?)-ni(i): (ف، صف) وہ لفظ جو ایک دوسرے کے مترادف ہوں۔

ہم مکتب ham mak-tab: (ف، صف) ہم مدرسہ، ایک ہی مدرسہ کے پڑھے ہوئے۔ ایک ہی مکتب میں پڑھنے والا۔

ہم نام ham naam: (ف) ایک ہی نام کا، ہم اسم، اسم کیفیت مث: ہم نامی۔

ہم نشین ham-na-shiiN: (ف، صف) مصاحب، پاس کا اُٹھنے بیٹھنے والا، ہم صحبت، اسم کیفیت مث: ہم نشینی۔

ہم نفس ham-nafs: (ف، صف) دوست، آشنا، رفیق، ہم کلاس، اسم کیفیت مث: ہم نفسی۔

ہم نوا ham-na-vaa: (ف، صف) ہم آہنگ، ہم آواز، ہم صفیر، اسم کیفیت مث: ہم نوائی۔

ہم نوالہ ham-na-vaa-lah: (ف، صف) ساتھ کھانے پینے والا۔

ہموار ham-vaar: (ف، صف) برابر، یکساں ہمیشہ، اسم کیفیت مث: ہمواری۔

ہم وقت ham-vaqt: (ف، صف) ہم عصر، ہم عہد۔

ہُما hu-ma(a): (ف، اند) ایک مشہور خیالی پرند جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ جس کے سر پر سے گزرے وہ بادشاہ بن جاتا ہے۔

ہمارا ha-maa-ra(a): (ار، ضمیر، جمع تعلم) 'ہم' کی حالت اضافی، اپنا۔

ہماری ha-maa-ri(i): (ار، صف، مث) اپنی، ذاتی، نج کی، میری، میری بات، نصیحت۔

ہماشما ha-maa shu-maa: (ار، ضمیر) ہم تم، ادنیٰ اعلیٰ، چھوٹے بڑے، سب، عام، عوام۔

ہماں / ہمانا ha-maaN: (ار، صف) مثل، برابر، مانند، ملتا جلتا۔ (متعلق فعل) یقیناً، ظاہر طور پر، جیسے کہ پہلے تھے۔ پھر، بار بار وہی، گویا، شاید۔

ہما ہمی (ha-maa-ha-mi(i: (ار، اسث) (لکھنؤ) خود پسندی، انانیت، بڑا بول، سرزوری، زور آوری، زبردستی، زور، طاقت، خودغرضی۔ (افعال: کرنا)

ہُمایوں hu-maa-yuuN: (ف، صف) خوش قسمت، خوش نصیب، بلند اقبال، خودغرضی۔ (افعال: کرنا)۔ ایک مغل بادشاہ کا نام۔

ہمت him-mat: (ع، اسث) قوت، طاقت، توفیق، دسترس، دلیری، جرأت، بہادری، شجاعت، ارادہ، قصد، عزم، عالی حوصلگی، اولوالعزمی، فیاضی، لیاقت، قابلیت، کوشش۔

ہمتا (ham-ta(a: (ف، صف) نظیر، مثل، مانند، اسم کیفیت، مث: ہمتائی۔

ہمزہ ham-zah: (ع، امذ) وہ الف جو حروف کے درمیان یا آخر میں آئے۔ حساب میں چھٹا نک کا نشان۔

ہُمکارا (hum-kaa-ra(a: (ار، امذ) ہاں، ہوں، کسی بات کے قرار/اقبال کی آواز مث: ہمکاری۔

ہمکنا (hu-mak-na(a: (ہ، مص) بچے کا کسی دوسرے کے پاس جانے کے لیے اُچھلنا، پھدکنا، اُچکنا۔

ہمگی/ہمگیں (ha-maa-gi(i: (ف، صف) کل، تمام۔

ہمم hi-mam: (ع، اسث) 'ہمت' مع مرکبات جس کی یہ جمع ہے۔

ہمہ ha-mah: (ف، متعلق فعل) سب، کل، سارا، جملہ، تمام۔

ہمہ گیر ha-maa-giir: (ف) سب پر حاوی۔

ہمہ تن گوش ha-mah-tan-gosh: (ف، صف) کمال متوجہ۔

ہمہ دان ha-mah-daan: (ف، صف) ہر بات سے واقف، ہر علم جاننے والا، اسم کیفیت مث: ہمہ دانی۔

ہمی (ha-mi(i: (ار، ضمیر) ہم ہی، (اپنے متعلق کہتے ہیں) 'ہمیں' لکھنا غلط ہے۔

ہمہ وقت ha-mah vaqt: (ف، متعلق فعل) ہر وقت۔

ہمیش ha-mesh: (ف، متعلق فعل) ہمیشہ کا مخفف۔

ہمیشگی (ha-mesh-gi(i: (ف، اسث) دیکھیے ''ہمیشہ/ہمیش'' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہمیشہ ha-me-shah: (ف، متعلق، صف) مدام، سدا، دائم، نت، آئے دن۔

ہمیں ha-miiN: (ف، متعلق فعل) یہی، اسی طرح، اسی طریقے پر۔

ہ۔ن

ہُن hun: (ار، امذ) دکن کے ایک قدیم سکے کا نام (کنایۃً) دولت، مال و زر۔

ہنٹر han-Tar: (انگ، امذ) Hunter کوڑا، چابک، تازیانہ۔

ہنجار han-jaar: (ف، امذ) راہ، راستہ، مجازاً، طرز، روش، قاعدہ۔

ہند hind: (ہ، امذ) ہندوستان، بھارت، سیاہ، صفت، نسبتی: ہندی۔

ہندسہ hin-di-sah: (ہ، امذ) عدد، رقم، اقلیدس، جیومیٹری، عدد کی تحریری شکل یا علامت۔

ہندسہ داں hin-di-sah daaN: (عف، صف) علم ہندسہ کا عالم، اقلیدس کا عالم، اسم کیفیت مث: ہندسہ دانی۔

ہندنی (hin-di-ni(i: (ہ، اسث) ہندو عورت۔

ہندو (hin-du(u: (ہ، امذ) ہندستان کی ایک بت پرست قوم، تل، خال سیاہ، زلف سیاہ۔

ہندو مت hin-duu mat: (ہ، اسث) ہندو کا مذہب، ہندو دھرم۔

ہند وانہ hind-vaa-nah: (ف، اند) تربوز۔

ہندوستان hin-dus-taan: (ف، اند) ملک ہند، بھارت، صف، نسبتی: ہندوستانی۔

ہنڈا han-Daa: (ہ، اند) مٹی کی بڑی ہانڈی، مٹی کا بڑا برتن، مٹکا، ہانڈی کی شکل کا بڑا فانوس، ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے ہوتی ہے۔

ہنڈانا han-Daa-na(a): (ہ، مص) شہر بدر کرنا، جلاوطن کرنا، گشت کرانا، پھرانا، تشہیر کرانا۔

ہنڈ کلیا hanD-kul-ya(a): (ہ، امث) بچوں کی ہانڈی جو کلہایا چھوٹے سے برتن میں پکاتے ہیں۔ بچوں کا کھانا، پکانے کا کھیل۔

ہنڈنا hanD-na(a): (ہ، مص) گشت کرنا، پھرنا، گشت کرنا۔

ہنڈول hin-Dol: (ہ، اند) ہندی راگوں کا پانچواں راگ، موسم بہار کا ایک راگ، جھولا۔

ہنڈولا hin-Do-la(a): (ہ، اند) پالنا، گہوارہ، جھولا، پنگوڑا، برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے۔

ہنڈولنا hin-Dol-na(a): (ہ، اند) جھولنا، پالنا، گہوارہ۔

ہُنڈوی /ہُنڈی hun-Da-vi(i): (ہ، امث) وہ رقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ دینے کے واسطے دیتے تھے۔ آجکل اس کی جگہ چیک کا نظام چلتا ہے۔ ہانڈی۔

ہنڈیا hanD-ya(a): (ہ، امث) دیکھئے 'ہانڈی' جس کی یہ تصغیر ہے کنایۃً "ترکاری، سالن۔"

ہُنر hu-nar: (ف، اند) فن، کام، کاریگری، حرفت، کمال، جوہر صفت، کرتب، وصف، خوبی، انداز، سلیقہ، حکمت، دانائی۔

ہنر مند /ور hu-nar-mand/var: (ف، صف) ہنرور، صاحب ہنر، باہنر، گنی، دستکار، کاریگر، صناع، اسم کیفیت مث: ہنر مندی/وری۔

ہنس مُکھ haNs-mukh: (ار، صف) خوش خلق، ملنسار، شگفتہ رو۔

ہنس hans: (ار، اند) ایک قسم کا آبی پرندہ جو بطخ سے مشابہ ہوتا ہے۔

ہنس راج hans-raaj: (ار، اند) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے یا پہاڑوں پر کثرت سے ہوتی ہے۔ ایک قسم کی آبی بطخ، تاز۔

ہنسانا haN-saa-na(a): (ار، مص) ہنسی دلانا، خندہ دلانا، خوش کرنا، محظوظ کرنا، (ہنسنا کا متعدی)

ہنسائی han-saa-i(i): (ار، امث) تضحیک، ٹھٹھا، ہنسی۔

ہنستے بولتے haNs-te bol-te: (ار، اسم حالیہ) مذاق کرتے کرتے، باتوں باتوں میں، آسانی سے، خوش دلی سے، گفتگو کرتے کرتے۔

ہنسلی haNs-li(i): (ار، امث) وہ ہڈی جو گردن کے نیچے ہوتی ہے۔ ایک قسم کا زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے۔

ہنسنا haNs-na(a): (ار، مص) خندہ کرنا، کھلکھلانا، کھلنا، مذاق کرنا، خوش دلی سے بات کرنا۔

ہنسنا ہنسانا haNs-naa haN-saa-na(a): (ار، محاورہ) تفریح کرنا۔

ہنسوا haNs-va(a): (ہ، اند) درانتی، کاٹنے کا اوزار۔ (فصل وغیرہ)

ہنسوانا haNs-vaa-na(a): (ار، مص) کسی پر ہنسنے کے لیے دوسرے کو تحریک کرنا، ہنسنا کا متعدی المتعدی۔

ہنسوڑ haN-soR: (ار، صف) خوش طبع، خوش مزاج۔

ہنسی haN-si(i): (ار، امث) ہنسنے کا عمل / فعل۔ دل لگی، خوش طبعی، خوش مزاجی، تمسخر، تضحیک، فضیحتی،

کھیل، نہایت آسان کام۔

ہنسی خوشی haN-si-Ku-shi(i): (ار، متعلق فعل) خوشی سے، خوش ہوکر، خوشی کے ساتھ، خوش خوش، خیریت کے ساتھ، بخیرت تمام۔

ہنسی کرنا haN-sii kar-na(a): (ار، محاورہ) مذاق کرنا، دل لگی کرنا، رسوائی کرنا، بدنامی کرنا، تضحیک کرنا۔

ہنسی ہنسی میں haN-sii haN-sii maiN: (ار، متعلق، فعل) دل لگی میں، مذاق میں، مذاقاً، بلاوجہ، بلاسبب، یونہی، باتوں باتوں میں۔

ہنسیا haNs-ya(a): (ھ، اند) درانتی۔

ہُنکار hun-kaar: (ھ، است) ہاں کی آواز، پشتی، حمایت۔

ہُنکارا/ہُنگارا hun-kaa-raa/ han-gaa-ra(a): (ھ، اند) ہوں، ہاں، مث: ہنکاری

ہنکانا han-kaa-na(a): (ار، مص) پاس سے دور کرنا، بھگانا، کھدیڑنا۔

ہنکوانا haNk-vaa-naa: (ار، مص) دیکھیے ''ہنکانا'' جس کا یہ متعدی ہے۔

ہنگام han-gaam: (ف، اند) وقت، زمانہ، موقع۔

ہنگامہ han-gaa-mah: (ف، اند) مجمع، بھیڑ، ازدحام، انبوہ، معرکہ، میدان، شورش، دنگا فساد، شور غوغا، ہائے ہو، زور شور۔

ہنگامہ آرا han-gaa-mah aa-ra(a): (ف، صف) جنگ برپا کرنے والا، فتنہ برپا کرنے والا۔

ہنگامہ پرواز han-gaa-mah-par-vaaz: (ف، صف) ہنگامہ کرنے والا، فسادی اسم کیفیت مث: ہنگامہ پردازی۔

ہنگامۂ محشر han-gaa-ma-e-mah-shar: (ھ، اند) قیامت کے روز کا ہجوم۔

ہنگامی han-gaa-mi(i): (ف، صف) چند روز کا، خاص وقت تک کا، وقتی، غیر معمولی، بے اصلی کا، فوری نوعیت کا۔

ہنُود hu-nuud: (ع، اند) دیکھیے ''ہندو'' جس کی یہ جمع ہے اہل ہنود غلط لفظ ہے۔

ہنوز ha-noz: (ف، متعلق فعل) ابھی تک، اب تک، اس وقت تک، ابھی۔

ہنُومان ha-nuu-maan: (ھ، اند) ہندوؤں کا ایک دیوتا، ہندوؤں کا ایک روایتی سردار۔ جس نے سیتاجی کی بازیابی میں رام چندر جی کی مدد کی تھی۔ بندر، بوزنہ۔

ہنہنانا hin-hi-naa-na(a): (ار، مص) گھوڑے کا بولنا۔

ہنہناہٹ hin-hi-naa-haT: (ار، است) دیکھیے ''ہنہنانا'' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہنی مُون ha-nii-muun: (انگ، اند) Honeymoon شادی کا پہلا مہینہ جس میں دولہا دولھن باہر سیر تفریح کے لیے چلے جاتے ہیں۔ ماہِ عسل۔

ہ۔و

ہو ho: (بہ واوَ مجہول) (ار، متعلق فعل) اردو میں ضمیر واحد حاضر، زمانہ حال کا فعل ناقص، جیسے تم جاتے ہو، کھاتے ہو۔

ہو ho: (ار، است) پکارنے یا بلانے کی آواز، بعض جنگلی جانوروں کی آواز، بچوں کو ڈرانے کی آواز، حقارت کا کلمہ۔

ہوُ hu(u): (ع، اند) اللہ ہو کا مخفف، ڈر، خوف، آہ، ہائے۔

ہوُ بہوُ huu-ba-hu(u): (ف، صف) بعینہٖ، بالکل ٹھیک ٹھیک۔

ہوُحق huu-haq: (ع، است) وجد یا مستی میں منہ

سے نکلنے والا نعرہ، شور وغل (افعال: کرنا، ہونا)

ہو ho: (ار، محاورہ) چیخنا، چیخ کر بھاگنا، نعرہ لگانا۔

ہُوَ الشّافی ho-vash-shaa-fi(i): (ع، کلمہ) خدا تعالیٰ شفا دینے والا ہے، طبیب نسخوں کے شروع میں لکھتے ہیں۔

ہوا ha-va(a): (ع، امث) خلا اور زمین کے درمیان کی فضا، باد، پون، ریح، حرص، ہوس، لالچ، آرزو، ارمان، تمنا، اشتیاق، خواہش نفس، خفیف نسبت۔ ساکھ، اثر، رخ، میلان، انداز، وضع، شہرت، چرچا، فنا۔

ہواباز ha-vaa-baaz: (ف، صف) ہوائی جہاز چلانے والا، طیاران، اسم کیفیت مث: ہوابازی۔

ہواپرست ha-vaa-pa-rast: (ف، صف) عیاش، بیہودہ، ظاہر پرست، اسم کیفیت مث: ہواپرستی۔

ہواخواہ ha-vaa Kwaa(h): (ف، صف) خیر خواہ، بھلائی چاہنے والا، اسم کیفیت مث: ہواخواہی۔

ہواخوری ha-vaa-Ko-ri(i): (ف، مث) کھلی ہوا میں جا کر سیر و تفریح کرنا۔

ہوادار ha-vaa-daar: (ف، صف) خیر خواہ، طالب، خواہش مند، کشادہ جگہ جس میں اچھی طرح ہوا کا گزر ہو۔ ایک قسم کی سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں، تام جھام۔ دوست دار، اسم کیفیت مث: ہواداری۔

ہوا و ہوس ha-vaa-o-ha-vas: (ف، صف) حرص اور لالچ، عیاشی، شہوت پرستی۔

ہُوا hu-va(a): (ار، فعل) ہو چکا، ہوگیا، گزر گیا، آمادہ ہوا، ہونا مصدر سے ماضی کا صیغہ۔

ہوّا hav-va(a): (ہ، امذ) بچوں کو ڈرانے کی فرضی صورت، مہیب صورت۔

ہوائی ha-vaa-i(i): (ف، صف) منسوب بہ ہوا، آسمانی، بادی، چالاک، تیز رفتار، تیز رو، آوارہ۔

ہوائی دیدہ ha-vaa-ii-dii-dah: (ار، امذ) شوخ چشم، کنایۃً گستاخ، ڈھیٹ۔

ہوتا ho-ta(a): (ار، فعل ناقص) ہوسکتا اور نہیں ہوسکتا تھا کی جگہ، ہونے والا۔ (ار، امذ) رشتے دار، قرابت دار۔ دولت، ثروت، مقدور، مث: ہوتی۔

ہوتے ہوتے ho-te ho-te: (ار، متعلق فعل) رفتہ رفتہ، آہستہ آہستہ، سہج سہج، دھیرے دھیرے۔

ہوٹل ho-Tal: (انگ، امذ) Hotel وہ جگہ جہاں کھانے اور سکونت کا انتظام ہو۔

ہُوٹنگ huu-Ting: (انگ، امث) شور وغل، کسی تقریر وغیرہ پر اظہار ناپسندیدگی سے نعرے لگانا۔

ہُوٹر huu-Tar: (انگ، امذ) (Hooter) کارخانے کی دخانی سیٹی، سائرن۔

ہوجانا ho-jaa-na(a): (ار، مص) کام بن جانا، کام پورا ہو جانا، آ کر چلے جانا، جل جانا، ختم ہو جانا، تمام ہو جانا، آسیب کا اثر ہو جانا، ذمہ چڑھ جانا، طلوع ہونا۔ (چاند کا)

ہودج ho-daj: (ع، امذ) ہودہ، عماری، اونٹ کا کجاوہ، محمل۔

ہُودہ huu-dah: (ف، صف) ٹھیک، سچا، درست، حق (اُردو میں بےہودہ ہی مستعمل ہے)

ہَودہ hau-dah: (ار، امذ) عماری جو ہاتھی کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لیے رکھتے ہیں۔ چہ بچہ، قبر کا احاطہ۔

ہوس ha-vas: (ع، امث) مالی خولیا، خبط، شوق، اشتیاق، آرزو، تمنا، خواہش، جھوٹا عشق، لالچ، حرص، شہوت نفسانی، خواہش۔

ہوس پرور / پیشہ ha-vas par-var/ pe-sha(a): (ف، صف) بڑا حریص، لالچی، اسم کیفیت مث: ہوس پروری / پیشگی۔

ہَوَس ناک ha-vas-naak: (ف، صف) لالچی، حرصی، ہوس کا بھرا ہوا، پُرشہوت، اسم کیفیت مث: ہوس ناکی۔

ہوش hosh: (ف، اند) عقل، دانش، دانائی، فہم، سمجھ، شعور، خبر، واقفیت، آگاہی، سُدھ، روح، دل، جان، حواس، قوتِ مدرکہ۔

ہوش رُبا hos-ru-ba(a): (ف، صف) ہوش لے جانے والا، اسم کیفیت ہوش ربائی۔

ہوش مند hosh-mand: (ف، صف) عقل والا، خبردار، ہوش والا اسم کیفیت مث: ہوش مندی۔

ہوش والا hosh-vaa-la(a): (ف، صف) ہوشیار، تجربہ کار، سمجھدار، مث: ہوش والی۔

ہوشیار hosh-yaar: (ف، صف) فہیم، دانا، عقل مند، عاقل، واقف کار، خبردار، عیار، چالاک، جاگتا، بیدار، چوکنا، چوکس (افعال: کرنا، ہونا) اسم کیفیت، مث: ہوشیاری۔

ہُوک huuk: (ار، مث) وہ درد جو دل یا سینے میں ٹھہر ٹھہر کر یکایک اُٹھے، کراہ۔

ہَوکا hau-ka(a): (ار، اند) بہت لالچ کرنا، کھانے کی بے انتہا حرص کرنا، کھانے کی حرص جو بیمار یا بچے کو ہوتی ہے۔ بے انتہا خواہش۔ (افعال: کرنا، لگنا، ہونا)

ہَول haul: (ع، اند) خوف، ڈر، خطرہ، اندیشہ، اضطراب، گھبراہٹ۔

ہَول پُکار haul-pu-kaar: (ار، مث) شوروغوغا۔

ہَول ناک haul-naak: (عف، صف) وہ جن کے دیکھنے سے دل میں خوف پیدا ہو، بھیانک، خوفناک، اسم کیفیت مث: ہول ناکی۔

ہَول haul: (ہ، مث) دھکا، صدمہ، ضرب، کسی دھار دار آلے کا چبھونا۔

ہولا ho-la(a): (ہ، اند) بھنے ہوئے سبز چنے۔

ہَولا hau-la(a): (ہ، صف) گھبرایا ہوا، بوکھلایا ہوا۔

ہُولی ho-li(i): (ہ، امث) ہندوؤں کا ایک تہوار جو پھاگن میں مناتے ہیں۔ وہ گیت جو ہولی میں گاتے ہیں۔

ہَولے hau-le: (ار، متعلق فعل) سہج، آہستہ، بتدریج۔

ہوم hom: (انگ، اند) Home گھر، مکان، وطن۔

ہَوَن ha-van: (س، اند) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں منت کرتے ہوئے آگ میں گھی ڈالا جاتا ہے۔

ہُوں huuN: (ار، کلمہ، ایجاب) کلمۂ اقبال واقرار یا اجازت، فعل ناقص، زمانہ حال واحد متکلم۔

ہُوں ہُوں huuN huuN: (ار، کلمہ ایجاب وانکار) وہ کلمہ جس میں اقرار وانکار دونوں باتیں پائی جائیں۔

ہونا ho-naa: (ار، مص) پیدا ہونا، جنم لینا، ظاہر ہونا، واقع ہونا، وارد ہونا، پیش آنا، موجود ہونا، بچہ پیدا ہونا، تولد ہونا، حاصل ہونا، ملنا، بہم پہنچنا۔

ہونٹ haunT: (ار، اند) لب، منہ کے باہر کا اوپر اور نیچے کا حصہ۔

ہونٹھی haun-Thii: (ہ، اند) دیکھیے 'ہونٹ'

ہَونسنا hauns-naa: (ہ، مص) نظر بد لگانا، ٹوکنا، جلنا، حسد کرنا، بڑائی چاہنا۔

ہونق ha-van-naq: (ار، صف) احمق، بیوقوف، جانگلو، وحشی (عربی، ہنق کا مُؤرد)

ہُونکنا huunk-naa: (ار، مص) ہانپنا، سانس پھولنا۔

ہَونہار hau-na-haar: (ار، صف) ہونے والا، وہ جس میں لیاقت قابلیت کے آثار پائے جائیں۔

ہونی ho-nii: (ہ، مث) ہُدنی، قسمت کا لکھا۔

ہُوَیدا hu-vai-daa: (ف، صف) ظاہر، عیاں، آشکارا، واضح، صاف، صریح۔

ہ۔ی

ہی hii: (ار، حروف تاکید) ایک کلمہ جو کلمات کے آخر میں آتا ہے۔ فقط، صرف، اکیلا، تنہا، محض، بالکل، ذرا، تھوڑا، ضرور، فوراً، ذریعہ، وجہ۔

ہَے hai: (ار، فعل ناقص) ہونا سے مشتق، حاضر، موجود، امدادی فعل زمانہ حال واحد غائب۔

ہَے ہَے hai-hai: (ار، کلمہ تاسف) ہائے، افسوس۔

ہَیبت hai-bat: (ع، امث) دہشت، رعب، ڈر۔

ہَیبت ناک/زدہ hai-bat-naak: (عف، صف) خوفناک، مہیب، ڈراؤنا، خطرناک۔

ہیٹی he-Tii: (ار، امث) ذلت، سبکی، بدنامی، رسوائی، (افعال: کرنا، ہونا)

ہَیجا hai-jaa: (ع، امث) جنگ، لڑائی، رزم۔

ہَیجان hai-jaan: (ع، امذ) جوش، ابال، تیزی، شدت، زور، غلبہ۔

ہیجڑا hij-Raa: (ار، امذ) وہ شخص جس کے خصیے اور عضو تناسل کاٹ ڈالے گئے ہوں۔ مخنث، خواجہ سرا۔ (ار، صف) نامرد، زنانہ، زنخا، بودا۔

ہیڈ ماسٹر haiD-maas-ter: (انگ، امذ) Head Master صدر مدرس، مدرسہ کا افسر اعلیٰ، مدرس اوّل۔

ہیرامن hii-raa-man: (ھ، امذ) ایک خاص قسم کا طوطا۔

ہیرا پھیری he-raa phe-rii: (ار، امث) کسی سودے کو لانا اور پھیر پھیرا کر لے جانا، بار بار آنا جانا، اینچ پیچ، مکر و فریب۔

ہیرو hii-ro: (انگ، امذ) Hero فوق البشر، بہادر، شجاع، غازی، سورما، قہرمان، وہ شخص جس پر قصے کا مدار ہو، میر افسانہ، مث: ہیروئن۔

ہیز hiiz: (ف، صف) ہیجڑا، مخنث، خواجہ سرا، زنخا۔

ہَیزُم hai-zum: (ع، امث) جلانے کی لکڑی، سوکھی لکڑی، ایندھن۔

ہَیضہ hai-zah: (ع، امث) ایک مہلک اور متعدی بیماری۔

ہیک hiik: (ار، امث) ایک قسم کی بو، ہلدی وغیرہ کی بو۔

ہیکڑ he-kaR: (ار، صف) زبردست، خود سر، شیخی مارنے والا، موٹا تازہ، ہٹا کٹا، اسم کیفیت مث: ہیکڑی۔

ہَیکل hai-kal: (ع، امث) صورت یا بت جو کسی ستارے کے نام پر بنایا جائے۔ مجازاً سیارے کا مندر۔ بڑے جسم کا گھوڑا، بت خانے کا بڑا مکان، شان و شوکت، شکوہ، تعویذ، جنتر، حمائل، صورت، شکل، نقشہ، علامت، نشان، جسم، بدن، قد و قامت، عدد، ہندسہ، تصویر، ہیئت، وضع قطع، اشرفیوں کا ہار۔

ہَیگا hai-gaa: (ار، فعل، ناقص ق) ہے، موجود ہے، حاضر ہے۔

ہیلو ha-lo: (انگ، امذ) Hello متوجہ کرنے کا کلمہ، اظہار تعجب کا کلمہ۔

ہیلی کاپٹر hai-li kop-Tar: (انگ، امذ) Helicopter ایک قسم کا چھوٹا ہوائی جہاز جس کو اتارنے چڑھانے کے لیے ہوائی اڈہ کی ضرورت نہیں۔ یہ فضا میں ساکن ہو سکتا ہے۔ اس کے اوپر پنکھا ہوتا ہے۔

ہَیں haiN: (ار، کلمہ، تنبیہ و ممانعت) باز آ، خبردار، ہوش کر، استفہام کے لیے کیا، فعل ناقص دیکھیے 'ہے' جس کی یہ جمع ہے۔

ہَیں ہَیں haiN haiN: (ار، کلمہ تنبیہ) خبردار، (باز رکھنے کے لیے مستعمل ہے) فعل ہے کی جمع۔

ہَینڈ بیگ hainD-baig: (انگ، امذ) H. Bag دستی بیگ، چھوٹا بکس۔

ہَینڈل hain-Dal: (انگ، اند) Handle دستہ، موٹھ، قبضہ۔

ہِینگ hiing: (ہ، اسث) ایک درخت کا نام اور اس کا بدبودار گوند جو اکثر امراض میں کام آتا ہے۔ تاثیر کے لحاظ سے گرم ہے۔

ہیولا / ہیولیٰ he-yo-laa: (ع، اند) ہر چیز کا مادہ، ماہیت، اصل، ڈھیر، تودہ، انبار، لوتھڑا، بے ڈول جسم، ڈول، ڈھانچ، خاکہ۔ (ار، صف) غیر مہذب۔ لاغر، ضعیف، متلون مزاج۔

ہَیہات hai-haat: (ع، کلمہ) افسوس، تف ہے۔

ہی ہی hii-hii: (ہ، اسث) ہنسنے کی آواز، کھل کھل، بیہودہ ہنسی۔

ہَیئت hai-yat: (ع، اسث) علم جس میں اجرام فلکی، زمین کی گردش اور کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ فلکیات، بناوٹ، ساخت، صورت، شکل، حالت، کیفیت، طور، طریق۔

ہَیئت دان hai-yat-daan: (عف، صف) علم ہیئت جاننے والا، فلکیات کا ماہر۔

ہَیئت کذائی hai-yat ka-zaa-ii: (عف، اسث) مکروہ حالت۔

ی

ی y: (ع، امث) اسے اُردو میں یے () کہتے ہیں۔ یہ اُردو حروفِ تہجی میں پینتیسواں اور آخری حرف ہے۔ اسے تلفظ کرتے وقت زبان کا پچھلا حصہ نرم تالو کے اگلے حصے کے ربط میں آتا ہے اور منہ سے ہوا خارج ہونے سے پہلے غشائی پردے سکڑ کر ارتعاش پیدا کرتے ہیں۔ اسے صوتیات کی اصطلاح میں مسموع ثنائی نیم مصوتہ یا نیم حرفِ علت کہتے ہیں کیونکہ یہ مصمتہ اور مصوتہ دونوں طرح سے عمل کرتا ہے۔

ی۔ا

یا yaa: (ف، حرف تردید، عطف) خواہ، چاہے، بھاویں۔ (عطف) میں یا دہ۔

یا yaa: (ع، حرف، ندا) اے۔ جی۔ ارے۔

یااللہ / الٰہی yaa-al-lah/i-laa-hi(i): (ار، روزمرہ) اے خدا، دعا مانگنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ یا تعجب اور حسرت ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

یاہو yaa-hu(u): (ار، امذ) اے خدا (مذ) ایک قسم کا سفید کبوتر جس کے منہ سے اس قسم کی آواز نکلتی ہے۔

یاب yaab: (ف، لاحقہ فا) فارسی مصدر یافتن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً فتح یاب۔

یات yaat: (ع، لاحقہ جمع) جمع مونث سالم کا لاحقہ جو بعض اوقات "ات" کی بجائے لاتے ہیں، اور ایسی جمع عموماً بطور واحد استعمال ہوتی ہے اور علم و فن کے معنی پیدا کرتی ہے۔ مثلاً نفسیات۔

یاترا yaa-tra(a): (س، امث) جاترا، مذہبی سفر، مقدس مقامات کی زیارت۔

یاجوج ماجوج ya-juuj maa-juuj: (ع، امذ) دو مفسد قومیں جن کا ذکر قرآن اور انجیل میں آیا ہے۔ مفسد اور جھگڑالو لوگ۔

یاد yaad: (ف، امث) کسی کو رٹنا، تسبیح، خیال، قوت حافظہ، یادداشت، دل، قلب، خاطر، حفظ، ازبر۔

یادآوری yaad-aav-rii: (ار، امث) یاد کرنا، مزاج پرسی کرنا، خط بھیجنا۔

یاداللہ yaad al-laah: (ار، امث) خدا کی یاد، فقیروں کا سلام، خدا کی عبادت، واقفیت، صاحب سلامت، جان پہچان، (افعال: ہونا)

یادِایّام yaa-de-ay-yaam: (ار، امث) گزشتہ زمانہ کی یاد۔

یادداشت yaad-daasht: (ار، امث) حافظہ، یاد رکھنے کا نشان، یاد، روزنامچہ، نوٹ بک، یاددہانی کی چٹھی، دوسرا خط۔

یادش بخیر yaa-dash ba-Kair: (ف، متعلق فعل) کسی غیر حاضر دوست یا گزرے ہونے کا زمانہ کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

یادفراموش yaad fa-raa-mosh: (ف، امث) ایک قسم کا کھیل اور شرط، چند آدمی آپس میں عہد کرتے ہیں کہ اگر ہم تمہیں کوئی توام پھل دیں اور ساتھ ہی لفظ فراموش کہہ دیں تو تمہیں اس قدر فلاں چیز دینی ہوگی اور اگر تم نے کہہ دیا یاد رہے تو تم جیت گئے (افعال: بدنام)

یادگار yaad-gaar: (ف، امث) وہ چیز جو کسی

دوست کو بطور یادگار دی جائے۔ وہ چیز جو کسی کی یاد تازہ کرے، بیٹا، فرزند، اولاد (افعال: بنانا، بننا، قائم کرنا، قائم ہونا)

یادگاری yaad-gaa-ri(i): (ف،امث) یاد، یادگار سے منسوب۔

یار yaar: (ف، امذ) دوست، ہم صحبت، ساتھی، آشنا، ہم نشیں۔

یارباز yaar-baaz: (ف،صف) فاحشہ، بدچلن عورت۔

یارباش yaar-baash: (ف،صف) وہ شخص جو ہر ایک سے دوستی رکھے۔ خوش باش، اسم کیفیت مث: یارباشی۔

یارِ غار yaar-Gaar: (ف، امذ) سچا دوست، دوست صادق، ہجرت کے شروع میں تین دن تک پیغمبر صلعم اور حضرت ابوبکر صدیقؓ ایک غار میں رہے اس کی طرف اشارہ ہے۔

یارفروش yar-fa-rosh: (ف،صف) دوست کی تعریف کرنے والا اسم کیفیت مث: یارفروشی۔

یارمار yaar-maar: (ار،صف) دوست سے دغا کرنے والا، دوست کو لوٹنے والا، محسن کش، اسم کیفیت مث: یارماری۔

یارا yaa-ra(a): (ھ، امذ) قوت، توانائی، حوصلہ، طاقت، مقدور۔

یارانِ طریقت yaa-raa-ne-ta-rii-qat: (فع،امذ) ہم مشرب لوگ یا دوست۔

یاری yaa-ri(i): (ف، امث) مدد، معاونت، مددگاری، دستگیری تائید، اعانت، حمایت، دوستی، آشنائی، اتحاد، اخلاص۔

یازہ yaa-zaah: (ف، امذ) انگڑائی، جماہی، کپکپی، لرزہ۔

یاس yaas: (ع، امث) ناامیدی، مایوسی، حرمان، خوف، ڈر، اندیشہ، دھڑکا۔

یاسمین yaas-miin: (ف،امث) چنبیلی۔

یاسیت yaa-sii-yat: (ع،امذ) مایوس ہونے کی کیفیت، قنوطیت۔

یاسین yaa-siin: (ع، امث) قرآن شریف کی ایک سورۃ جو اس لفظ سے شروع ہوتی ہے۔ یہ جانکنی کے وقت بیمار کے پاس پڑھتے ہیں کہ اس کے پڑھنے سے جانکنی کی تکلیف رفع ہو جاتی ہے (افعال: پڑھنا، پڑھوانا، پڑھی جانا، سننا، سنانا)

یافت yaaft: (ف،امث) آمدنی، محاصل، نفع، رشوت، بالائی آمدنی۔ یافتن مصدر سے صیغہ امر۔

یافتنی yaaf-ta-nii: (ف،صف) قابل وصول، پانے کے لائق (مث) وہ چیز جو ملتی ہو، قرضہ، بل کی رقم، حقوق۔

یافتہ yaaf-tah: (ف،صف) پایا ہوا، مرکبات میں جیسے سند یافتہ۔

یاقوت yaa-quut: (ع،امذ) ایک قسم کا سرخ قیمتی پتھر، لعل، ایک قسم کا پلاؤ جس کے چاول سرخ ہوتے ہیں۔

یاقوتی yaa-quu-ti(i): (ف،صف) یاقوت سے نسبت رکھنے والا، ایک قسم کی مقوی معجون جس میں یاقوت ڈالا جاتا ہے۔ ایک قسم کی مٹھائی جو نشاستہ، قند اور زعفران سے کھیر کی طرح بنا کر اور چاندی کے ورق لگا کر بیچتے ہیں۔

یاک yaak: (ھ، امذ) تبت کا بیل، اس کے جسم پر لمبے لمبے بال ہوتے ہیں۔ پہاڑی بکرا۔

یاں yaaN: (ھ، متعلق فعل) یہاں کا مخفف (عموماً اشعار میں مستعمل ہے)

یاور yaa-var: (ف،صف) مدد کرنے والا، حمایتی، مددگار (مذ) دوست، یار، اسم کیفیت مث: یاوری۔

یاوہ yaa-vah: (ف،صف) بیہودہ، لغو، نامعقول، فضول بے معنی، پوچ، لچر، گم، نادیدہ۔

ی۔ت

یتیم ya-tiim: (ع،اند) وہ بچہ جس کی ماں یا باپ یا دونوں مر گئے ہوں، قیمتی جواہر، بے نظیر موتی، نوکر، غلام اسم کیفیت مث: یتیمی۔

یتیم خانہ ya-tiim Kaa-nah: (صف، اند) وہ مکان جس میں یتیم رکھے جائیں۔

ی۔خ

یخ yaK: (ف،امث) سخت برف، وہ برف جو آسمان سے گر کر پہاڑوں پر جم جاتی ہے۔ جس وقت برف گرتی ہے روئی کے گالوں کی مانند ہوتی ہے۔ کچھ عرصہ بعد ہوا لگ کر وہ پتھر کی طرح سخت ہو جاتی ہے۔ پالے کی وجہ سے جو پانی کو جم جائے اُسے بھی یخ کہتے ہیں۔ مگر آجکل لفظ برف ہی عام طور پر استعمال ہوتا ہے (صف) نہایت سرد۔

یخ بستہ yaK bas-tah: (ف،صف) سردی سے برف کی طرح جما ہوا۔

یخنی yaK-ni(i): (ف،امث) گوشت کا پانی جو گوشت کو اُبال کر تیار کیا جاتا ہے اور بیماروں کو پلاتے ہیں، اسی میں پلاؤ پکاتے ہیں۔ انگریزی میں سوپ کہتے ہیں جو کھانے سے پہلے پیا جاتا ہے۔

یخنی پلاؤ yaK-nii pu-laa-o: (ف،اند) گوشت کے اُبالے ہوئے پانی میں پکے ہوئے چاول۔

ی۔د

ید yad: (ع،اند) ہاتھ (عربی میں مونث ہے)

یداللہ ya-dul-laah: (ع،اند) خدا کا ہاتھ، حضرت علیؓ کا کنایۃً۔

ید بیضا/بیضوی ya-de-be-za(a): (ع،اند) چمکتا ہوا ہاتھ۔ جب حضرت موسیٰؑ اپنا ہاتھ بغل میں ڈال کر نکالتے تھے تو وہ بہت چمکتا اور دیکھنے والوں کی آنکھیں چندھیا جایا کرتی تھیں ان کا ایک معجزہ تھا۔ معجزہ، خرق عادت۔

ید طولیٰ ya-de-tuu-la(a): (ع،اند) لمبا ہاتھ، دسترس، کمال، مہارت، بھاری ملکہ۔ (افعال: رکھنا، ہونا)

ی۔ر

یراق ya-raaq: (ف، اند) سامانِ جنگ، ہتھیار، اسلحہ، سامان، اسباب۔

یرغمال yar-Ga-maal: (ف،اند) دو بادشاہوں میں صلح ہونے پر فاتح مفتوح کے بچوں یا قریبی رشتہ داروں کو بطور ضمانت اپنے پاس رکھ لیتا ہے تاکہ پھر فساد نہ کرے۔

یرقان yar-qaan: (ع،اند) ایک بیماری جس میں تمام بدن زرد پڑ جاتا ہے۔ یہ جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہے۔

یرقانی yar-qaa-nii: (ع،صف) وہ شخص جو یرقان میں مبتلا ہو۔ زرد، خزاں رسیدہ۔

یروشلم ya-ro-sha-lam: (فلسطینی، مذ) فلسطین کا دارالسلطنت جو بہت بڑا پرانا شہر ہے۔ حضرت داؤدؑ اور حضرت سلیمانؑ کا دارالسلطنت تھا۔

ی۔ز

یزد yazd: (ف،اند) خدا تعالیٰ، ایران کے مشرق میں ایک شہر۔

یزداں yaz-daaN: (ف، اند) خدا تعالیٰ، ایرانی دو خدائی طاقتیں مانتے ہیں۔ خیر کی یزداں اور شر کی اہرمن۔

یزداں پرست yaz-daaN pa-rast: (ف، صف) خداتعالیٰ کی پرستش کرنے والا، پارسی، آتش پرست۔

یزدانی yaz-daa-ni(i): (ف، صف) خدا سے منسوب، خدا کے متعلق، خدائی، آتش پرستوں کے زاہد وعابد۔

یزدی yaz-di(i): (ف، امث) ایک قسم کا کپڑا جو یزد (ایران) میں بنا جاتا ہے۔

یزید ya-ziid: (ع، صف) امیر معاویہ کا جانشین، جس کے عہد میں سانحہ کربلا پیش آیا تھا۔ دولت میں بڑھنے والا، دولت میں بڑھنا، سنگ دل، بے رحم، مجازاً سفاک۔

یزیدی ya-zii-dii: (ع، صف) کردوں کا ایک فرقہ اس کے اصول مختلف مذہبوں سے لئے گئے ہیں۔

یزیدیت ya-zii-di-yat: (ع، امث) سفاکی، بے رحمی۔

ی۔س

یٰسین yaa-siin: (ع، امث) "یاسین" ملاحظہ فرمائیں۔

یسار ya-saar: (ع، اند) بہت افراط، دولت، ثروت، بائیں جانب، بایاں ہاتھ، بدقسمت آدمی (صف) بایاں۔

یسوع ya-suu(?): (عبرانی، اند) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

یسیر ya-siir: (ع، صف) سہل، آسان، تھوڑا، قلیل، چھوٹا، بن ماں کا، جس کی ماں مرگئی ہو۔

ی۔ش

یشب ya-shab: (ف، اند) ایک قسم کا سبزی مائل پتھر۔

ی۔ع

یعقوب ya(?)-quub: (ع، اند) بن اسحاقؑ، بن ابراہیمؑ، یہودیوں کے جد اعلیٰ، ان کو اسرائیل بھی کہتے تھے۔

یعنی ya(?)-nii: (ع، مضارع) مطلب یہ ہے، مراد یہ ہے۔

ی۔غ

یغمال yaG-maal: (ف، اند) شکار، لوٹ کا مال، مال غنیمت۔

ی۔ق

یقین ya-qiin: (ع، اند) بے شبہ، بلاشک، ضرورت، البتہ، ٹھیک، درست، اعتبار، اعتماد، اطمینان، بھروسا، ظن، گمان۔

یقیناً ya-qii-nan: (ع، متعلق فعل) بلاشک، ازروئے یقین۔

یقینی ya-qii-ni(i): (ع، صف) بے شبہ، شک سے مبرا، یقین کیا ہوا۔

یقینیت ya-qii-ni-yat: (ع، امث) یقینی بات، سچائی، یقینی امر، جمع یقینیات۔

ی۔ک

یک yak: (ف، اعدد) ایک، اکیلا۔

یک بار yak baar: (ف، صف) ایک دفعہ، ایک بار۔

یک بارگی/ بارہ/ باری yak-baar-gi(i): (ف، متعلق فعل) دیکھیے 'یک بیک'

یک بیک yak-ba-yak: (ف، متعلق فعل) دفعتہً، یکا یک، ناگہاں۔

یکتا yak-ta(a): (ف، صف) اکیلا، بے نظیر، نرالا، خدا تعالیٰ، اسم کیفیت مث: یکتائی۔

یک جا yak-ja(a): (ف، صف) ایک جگہ، اکٹھا، ملے ہوئے، ملے جلے اسم کیفیت مث: یک جائی۔

یکجان yak-jaan: (ف، صف) خوب ملا ہوا، آمیختہ، شیر و شکر، یک دل، اسم کیفیت، مث: یک جانی۔

یک جہت yak-ja-hat: (ف، صف) متفق، ہم زبان، اسم کیفیت مث: یک جہتی۔

یک چشم yak-chashm: (ف، صف) کانا، منافق۔

یک چند yak-chand: (ف، صف) تھوڑا سا، کچھ، بعض وقت۔

یک دست yak-dast: (ف، صف) یکساں، برابر، کل، تمام، ایک جیسا، برابر بنا ہوا، جو ایک ہاتھ سے اُٹھایا جا سکے۔

یک دل yak-dil: (ف، صف) متفق، ہم زبان، ہم دم، ہم راز، مخلص (متعلق فعل) متفق ہو کر، اکٹھے ہو کر، اسم کیفیت مث: یک دلی۔

یک ذات yak-zaat: (ف، صف) ایک ہی ذات کے۔ حل ہو کر یکجان۔

یک رخی yak-ru-Ki(i): (ف، صف لمث) ایک طرف (یک طرفہ تصویر) دونوں طرف سے ایک ہی شکل کا۔

یک رنگ yak-rang: (ف، صف) یکساں، اندر باہر سے ایک سا، ایک رنگ کا، صاف دل، صادق، محب، مخلص، دوست، اسم کیفیت مث: یک رنگی۔

یک رو yak-ru(u): (ف، صف) جو حاضر و غائب ایک طرح کی بات کہے، ایک طرف لکھا ہوا، مخلص، محب، صادق۔

یک روزہ yak-ro-zah: (ف، صف) ایک دن کا، ایک دن کے لیے۔

یک زُبان yak-zu-baan: (ف، صف) متفق، ہم زبان، بات کا پکا، ثابت قدم، اسم کیفیت مث: یک زبانی۔

یک سالہ yak-saa-lah: (ف، صف) ایک سال کا۔

یکساں yak-saaN: (ف، صف) ایک سا، ایک جیسا، برابر، مانند، ملتا ہوا، ہم شکل، مشابہ، ہموار، مسطح، متوازی، ایک ہی قسم کا، ایک جیسے پہلوؤں والا۔ (متعلق فعل) اسی طریقہ سے۔ ایک ہی سلسلے یا ترتیب سے، اسم کیفیت مث: یکسانی۔

یکسر yak-sar: (ف، صف) تمام، بالکل، برابر، محض، سارا (متعلق فعل) فوراً، دفعتہً، اکٹھا، کل، تمام، شروع سے آخر تک، اکیلا، تنہا۔

یک شنبہ yak-shan-bah: (ف، اند) اتوار کا دن۔

یک طرف yak-ta-raf: (ف، متعلق فعل) ایک طرف، الگ، علیحدہ۔

یک طرفہ yak-tar-fah: (ف، صف) ایک طرف کا، خصوصاً جب دوسری طرف کا خیال نہ کیا جائے۔

یک فنی yak-fa-ni(i): (ف، صف) بے نظیر، فن کا کامل۔

یک قلم yak-qa-lam: (ف، متعلق فعل) بالکل، تمام، یک لخت، فوراً، ضرور۔

یک گونہ yak-guu-nah: (ف، صف) کسی قدر، ایک طرح سے۔

یک لخت yak laKt: (ف، صف) بالکل، سارا، سب، تمام۔ کمال، فوراً، معاً۔

یکم ya-kum: (ف، امث) مہینے کی پہلی تاریخ، پہلا، پہلی، اوّل۔

یک مُشت yak-musht: (ف، امث) ایک مٹھا، فی الفور ادائیگی (متعلق فعل) ایک دفعہ ہی، اکٹھا۔

یک منزلہ yak-man-zi-lah: (ف، صف) ایک منزل والا مکان۔

یک نفس yak-nafs: (ف، امذ) یک دم۔

یکا yak-kaa: (ہ، صف) دیکھیے 'یکہ'۔

یکا یک ya-kaa yak: (ف، متعلق، فعل) فوراً، ناگاہ، دفعتہً۔

یکہ yak-kah: (ف، صف) اکیلا، مجرد، بے مثل، ایک گھوڑے کی گاڑی، تاش کا پتا جس پر ایک کا نشان ہو۔ ایک ہی کا فتیل سوز، احدی سپاہی۔

یکہ تاز yak-kaa taaz: (ف، صف) وہ جو اکیلا ہی دشمن پر حملہ کرے، اور کسی کی مدد کا منتظر نہ ہو، بہادر، جری، شجاع۔

یکے ya-ke: (ف، متعلق فعل) ایک کا، ایک کو، ایک تو، ایک کے۔

ی۔گ

یگ yug: (س، امذ) دیکھیے 'جگ' بیلوں کا جوا، جوڑا، دو، چوسر میں دو گوٹیں جو ایک خانے میں اکٹھی ہو جائیں۔

یگان ya-gaan: (ف، صف) ایک، واحد، اکیلا دیکھیے ''یگانہ''۔

یگانہ ya-gaa-nah: (ف، امذ) قرابتی، رشتہ، سگا، ایک گھرانے کا، ایک خاندان کا، اکیلا، واحد فرد، بے نظیر، لاثانی، بے مثل، بھائی بند، برادر۔

ی۔ل

یل yal: (ف، امذ) بہادر، دلیر، شجاع، دلاور، شہ زور، پہلوان، فربہ، موٹا، جسیم آدمی۔

یل yal: (ہ، کلمہ) صیغہ امر وغیرہ کے ساتھ قابلیت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے چلبل، غلیل، نکیل، کہیں صفت اور تشبیہ کے معنی دیتا ہے۔ جیسے کڑیل، اڑیل۔

یلغار / یلغر *yal-Gaar*: (ف، امذ) حملہ، دھاوا، (افعال: کرنا، ہونا)

ی۔م

یَم yam: (ع، امذ) سمندر، بحر، بڑا دریا۔

یم yam: (س، امذ) قابو کرنا، روکنا، سدھانا، روک، ممانعت، اپنے آپ کو قابو کرنا، توجہ، کنارہ، نفس کشی۔ کوئی بڑا فرض یا رسم، جوڑے یا توام میں سے ایک عدد، نرک کا مالک، جسم، موت، وقت۔

یمان / یمانی ya-maa-nii: (ع، صف) یمن کا، یمن سے منسوب، یمنی۔

یَمن ya-man: (ع، امذ) برکت، سعادت، کامیابی، اقبال مندی۔

یَمین ya-miin: (ع، امذ) دایاں ہاتھ، سیدھا ہاتھ، دائیں طرف، قسم، سوگند، حلف، طاقت، قوت، توانائی۔

ی۔و

یو۔این۔او yuu-ain-o: (انگ، امذ) (U.N.O) مجلس اقوام متحدہ کا اختصار United Nations Organisation۔

یوحنا ya'u-hun-naa: (ع، امذ) حضرت عیسیٰ کے ایک حواری اور خالہ زاد بھائی جو ماہی گیری کے سردار تھے۔ حضرت یحییٰ پر ایمان لائے اور ان کے پیرو رہے۔

یوحا yuu-haa: (ع، امذ) ایک قسم کا سانپ جس کے متعلق مشہور ہے کہ ایک ہزار سال کا ہونے کے بعد جیسی شکل چاہے اختیار کر لے۔

یُوروپ yu-rop: (انگ، اند) ایک براعظم جو ایشیا کے مغرب میں ہے اس میں بہت سے ممالک ہیں۔ Europe

یُورش yuu-rish: (ف، مث) دھاوا، چڑھائی، حملہ۔

یُوریشین yuu-rii-shi-yan: (انگ، اند) وہ یوروپین نسل کا آدمی جو ایشیا کے کسی ملک میں پیدا ہوا ہو، دوغلا۔ (Euracian)

یُورینیم yuure-ni-yam: (انگ، اند) (Uranium) ایک سفید دھاتی عنصر۔

یُوسفؑ yuu-suf: (عبرا، اند) بن حضرت یعقوبؑ بن حضرت اسحٰقؑ بن حضرت ابراہیمؑ، حضرت یعقوب کے گیارھویں بیٹے تھے جو اپنے حسن کی وجہ سے مشہور تھے۔

یُوسُفِ ثانی yuu-su-fe-saa-nii: (ع، صف) حضرت یوسف جیسا حسین۔ دوسرا یوسف۔

یُوکلپٹس yuu-ka-lap-Tas: (انگ، اند) (Eucalyptus) ایک قسم کا درخت جس کا عرق دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔ سفیدہ۔

یُوگ yog: (س، اند) مراقبہ، مذہبی ورزش، لائق، قابل۔

یُوگی yo-gii: (ہ، اند) یوگ کا ماہر، جوگی۔

یَوم yaum: (ع، اند) دن، روز، تاریخ۔

یَومُ الاضحیٰ yo-mul-az-haa: (ع، اند) ذی الحجہ کی دسویں تاریخ، جس روز عید قرباں ہوتی ہے۔

یَومُ الجُمعہ yo-mul-ju-mah: (ع، اند) جمعہ کا دن، آدینہ۔

یَومُ الحِساب yo-mul-hi-saab: (ع، اند) قیامت کا دن۔

یَومُ الدِّین yo-mud-diin: (ع، اند) قیامت کا دن۔

یَومُ النُّشور yau-mun-nu-shuur: (ع، اند) قیامت کا دن۔

یَومیہ yau-mi-yah: (ع، صف) روزانہ (مذ) روزینہ، روزانہ خوراک، مزدوری یا اُجرت، دہاڑی، دن بھر کا خرچ۔

یُوں yuuN: (ار، متعلق فعل) اس طرح، اس طرز یا ڈھنگ سے، ایسا، اس طور، یہ (صف) بیکار، یونہی۔

یُونہی yuuN-hii: (ہ، متعلق فعل) اس طرح، اس طریقے سے، اس ڈھنگ سے، مفت، بلا قیمت، نکما، بیکار، بلاوقت، آسانی سے، بلاوجہ، جھٹ پٹ، فوراً، اتفاقاً، ازخود، آپ ہی، تھوڑا سا، قلیل، بغیر کسی تدبیر کے۔

ی۔ہ

یَہُود ya-huud: (ع، اند) یہودی کی جمع، حضرت یعقوبؑ کی اولاد اور حضرت موسیٰؑ کی اُمت۔

یَہُودی ya-huu-dii: (ع، اند) ایک قوم جو حضرت یعقوب کی اولاد اور حضرت موسیٰ کی اُمت ہے۔ مث: یہودیہ مث: یہودن۔

یَہُودیت ya-huu-di-yat: (ع، مث) یہودی ہونا، یہودی ہونے کی حیثیت، یہودی ہونے کا دعویٰ کرنا۔

یَہُودیہ ya-huu-di-yah: (ع، اند) ملک فلسطین، کنعان، اصل میں کنعان۔

یِہی ye-hii: (ہ، متعلق فعل) خالص یہ، خصوصاً یہ، اسی قسم کا، اشارہ قریب کے لیے، یہ ہی کا مخفف۔

یَہیں ya-hiiN: (ار، متعلق فعل) اسی جگہ، اسی مقام پر، اس طرف، اسی دنیا میں۔

ی۔ی

یئے ye: (ار، اشارہ ق) یہ، بہت۔

یَیلاق yii-laaq: (ت، اند) وہ سرد مقام جہاں گرمی کا موسم گزارتے ہیں۔

₹ 707/-

ISBN: 978-93-5160-066-4

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Farogh-e-Urdu Bhawan, FC- 33/9, Institutional Area,
Jasola, New Delhi-110 025